فرہنگِ تلفّظ

مرتّبہ

شان الحق حقّی

مقتدرہ قومی زبان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سلسلہ مطبوعات: ۳۰۹

عالمی معیاری کتاب نمبر : ISBN ۹٦۹-۴۷۴-۱۵۳-X

○

طبع اوّل	۱۹۹۵ء
تعداد	ایک ہزار
قیمت	۲۴۰ روپے
فنّی تدوین	ڈاکٹر عطش درانی
مطبع	عمیز پبلیکیشنز، رفیع سنٹر زیروپوائنٹ، اسلام آباد۔
ناشر	افتخار عارف (صدرنشین) مقتدرہ قومی زبان، ۳-ایچ، ستارہ مارکیٹ، جی-۷ مرکز، اسلام آباد۔

○

پیش لفظ

اردو میں لغات اور دیگر حوالہ جاتی مواد تیار کرنا مقتدرہ کے مقاصد میں شامل ہے۔ مقتدرہ نے اب تک ساٹھ سے زائد لغات مرتب اور شائع کیے ہیں۔ "فرہنگ تلفظ" اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جسے ہمارے عہد کے نامور ادیب، شاعر اور ماہر زبان جناب شان الحق حقی نے شبانہ روز کی محنت سے مکمل کیا ہے۔ کم لوگ ہوں گے جنھیں حقی صاحب کی طرح ہمارے زمانے میں اردو زبان کے مزاج و منہاج اور عہد بہ عہد ارتقا سے اتنی گہری واقفیت ہو۔

اس لغت میں نہ صرف یہ کہ الفاظ کے تلفظ کی نشاندہی کی گئی ہے بلکہ اختلافی تلفظ کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی قواعدی علامات اور معانی کا اہتمام بھی موجود ہے جس سے یہ لغت علمی مقاصد اور عمومی لسانی ضروریات کے لیے یکساں طور پر کارآمد ہو گیا ہے۔ اس لغت میں بنیادی توجہ الفاظ کے اندراج پر دی گئی ہے۔ محاورہ اور روزمرہ شامل کر کے اسے بلاوجہ طولانی کرنے سے گریز کیا گیا ہے۔ اردو اصطلاحیں شامل ہیں لیکن اگر یہ اصطلاحیں انگریزی سے ترجمہ شدہ ہیں تو ان کے سامنے انگریزی مترادف بھی درج کر دیے گئے ہیں۔ اس طرح اس فرہنگ نے گویا ایک قاموس کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔

امید ہے اردو کے عام اہل ذوق، اساتذہ، طلبا، صحافیوں، وکیلوں اور علمی موضوعات پر لکھنے والوں کے لیے یہ لغت مفید اور کارآمد ثابت ہو گا۔

افتخار عارف ــــــــــ

اردو زبان کی جامع لغت جس میں معانی کے علاوہ الفاظ کا
رائج فصیح تلفظ بھی، حسب موقع اصل تلفظ کے ساتھ
ساتھ، اعراب نیز الفاظ کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔

مرتّبہ
شان الحق حقّی

عرضِ مرتّب

تبدیلی زبان کی فطرت ہے۔ ہر دور کی زبان پچھلے دور سے تھوڑی یا بہت مختلف ہوتی ہے۔ خصوصی حالات میں یہ عمل اور بھی تیز اور زیادہ نمایاں ہوگا۔ زبان جس قدر بولی اور برتی جائے گی اُتنے ہی اس میں تبدیلی کے امکانات بڑھتے جائیں گے۔ زبان جامد جبھی ہوتی ہے کہ اس کا چلن باقی نہ رہے۔

زبان جتنی پھیلے گی اتنا ہی اس میں مقامی لب و لہجے،تلفظ اور محاورے کا تنوع پیدا ہوگا۔ تحتی بولیاں رفتہ رفتہ علاحدہ زبانوں کی شکل بھی اختیار کر لیتی ہیں۔

ہر زبان دوسری زبانوں سے استفادہ و اکتساب کرتی ہے۔ الفاظ اور اسالیبِ اظہار میں اضافے کا ایک مستقل ذریعہ اخذ و اکتساب ہے اور ہر زبان مستعار الفاظ کے معنی اور تلفظ میں تصرّف روا رکھتی ہے۔ یہ عموماً نادانستہ طور پر ایک قدرتی عمل ہوتا ہے۔

یہ زبان کے بارے میں چند مسلّمات ہیں۔ انھیں اس لیے دوہرایا گیا کہ ان کے حوالے سے موجودہ تالیف کے مقاصد کو واضح کیا جا سکے اور کوئی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔ اس لغت کی تدوین میں دو مقاصد سامنے رکھے گئے ہیں۔ ایک خالص علمی پہلو رکھتا ہے، اور دوسرا عملی ضرورت کا تقاضا ہے۔

علمی مسئلے کے طور پر یہ بات دلچسپ اور تحقیق کے قابل ہے کہ اردو نے دوسری زبانوں سے اخذ کردہ الفاظ، نیز اپنے ہی موروثی الفاظ میں کیا تصرّفات کیے ہیں۔ یہ تصرّفات اب سے پچھلے دوروں میں ہمارے پیشروؤں نے زیادہ دل کھول کر روا رکھے تھے۔ یہ آزادہ روی خود اعتمادی کی دلیل تھی، یعنی بولنے والوں کو اپنی زبان کے مزاج اور اس کے وقار کا پاس تھا۔ وہ خود کو دوسری زبانوں کی روش کا پابند نہیں سمجھتے تھے۔ بڑے اعتماد کے ساتھ لفظوں کو جس طرح چاہتے ، بولتے اور برتتے تھے اور پوری طرح اپنا لیتے تھے۔ مستعار لفظ جب تک مقامی لب و لہجے کے لیے اجنبی رہے گا اور اپنی اصلیت پر اصرار کرے گا، اوپری شمار ہوگا، پوری طرح جزو زبان نہ بن سکے گا۔ لیکن یہ تصرّفات بعض صورتوں میں بے جا اور غیر ضروری بھی تھے جس کا سبب عمومی ناواقفیت تھی۔ ہمارے ہاں خواندگی کی شرح ہمیشہ سے کم رہی ہے اور اکثریت ہمیشہ حاوی رہتی ہے۔ ظاہر ہے کہ عربی یا سنسکرت الفاظ میں جو تصرّفات ہوئے اور بعض صورتوں میں کایا پلٹ ہو گئی، وہ مولوی یا پنڈت نہیں کر سکتے تھے۔ یہ تبدیلی ناخواندہ یا نیم خواندہ عوام النّاس ہی کے ہاتھوں ہوئی۔ اہل علم تو ان الفاظ کو مسخ ہوتے دیکھ کر شاید سر پیٹ لیتے ہوں گے۔

بہر حال ان تصرّفات کی تحقیق ایک مفید اور دلچسپ علمی مسئلہ ہے۔

اس مطالعے کے ضمن میں کچھ اور لسانی نکات بھی سامنے آئیں گے۔ مثلاً الفاظ کی اصل و اشتقاق کے سلسلے میں کوئی نکتہ جو دلچسپی کا پہلو رکھتا ہو یا تلفظ یا تذکیر و تانیث یا محاورے میں مقامی یا عہد بعہد اختلافات ، متروک و متداول الفاظ، غلط العام اور غلط العوام ، فصیح و غیر فصیح کا امتیاز۔

جہاں تک عملی مقاصد کا تعلق ہے، ان کی تحریک و ترغیب اسی بنا پر ہوئی کہ زبان ایک تغیّر پذیر شے ہے۔ تغیّر کئی طرح کا ہوتا ہے۔ نئے الفاظ و اسالیب کا اضافہ اس تغیّر کا ایک مثبت اور خوشگوار پہلو ہے، جسےفروغ دینا چاہیے۔ بلکہ زبان کا چلن جس قدر بڑھے گا یہ خ‍ود بخود فروغ پائے گا۔ تغیّر کا منفی پہلو یہ ہے کہ اچھے

خاصے کام کے الفاظ ناحق متروک یا مغلوب ہوتے چلے جائیں جیسے کہ انگریزی نے ہمارے بہت سے چلتے چلاتے الفاظ کو مار بھگایا ہے۔ بیگانے لفظ اپنے اور اپنے لفظ بیگانے محسوس ہونے لگے ہیں۔ تغیّر کا ایک سبب ناواقفیت بھی ہے۔ لوگ دانستہ نہیں محض نادانستہ طور پر بعض الفاظ کی حرکات یا معنی کو بدل دیتے ہیں۔ متشابہ لاحق ہو جاتے ہیں۔ اس سے انتشار پیدا ہوتا ہے جو ہرگز مفید نہیں، کیونکہ زبان ہمارا نازک آلۂ اظہار ہے۔ ہم اسے زندگی کے گوناگوں مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ادب و شاعری سے لے کر قانون اور سائنس تک ہر جگہ صحتِ اظہار کی ضرورت ہوتی ہے۔ الفاظ کی صحیح قدر و قیمت یا ان کے معانی اور محلِ استعمال کی بابت اشتباہ نہیں ہونا چاہیے۔

چونکہ زبان میں بدلنے اور بکھرنے کا رجحان پہلے ہی موجود ہوتا ہے اسے سنبھالنے اور سمیٹنے کی اور بھی زیادہ ضرورت ہے۔ انگریزی دنیا بھر میں پھیلی ہوئی زبان ہے اور اس میں بھی لب و لہجے کا اختلاف موجود ہے۔ خود جزائر برطانیہ میں بھانت بھانت کی انگریزی بولی جاتی ہے۔ مگر اس کا ایک معیار بہرحال قائم ہے جس کے بغیر یہ علمی و سماجی ضروریات کو کماحقہٗ پورا نہیں کر سکتی تھی۔

جدید دور میں عوامی ذرائع نشر و ابلاغ کی بنا پر معیار کو سنبھالنا آسان ہو گیا ہے۔ کسی چیز کو بھی اس کی فطرت پر نہیں چھوڑ دینا چاہیے۔ تہذیب اور ترقی تو نام ہی فطری میلانات کو قابو میں رکھنے اور فطرت پر حاوی ہونے کا ہے۔ زبان ایک بڑھتی اور پھیلتی ہوئی بیل کی طرح ہے۔ اس کو زیادہ سے زیادہ مفید و کارگر بنانے کے لیے اس کی بھی پرداخت ضروری ہے۔

ہم اپنے ہاں ایک مربوط و منظّم معاشرے کی تشکیل کے متمنّی ہیں جو پڑھا لکھا ہوگا، معیار کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے اس کا پاسدار بن جائے گا اور الفاظ کو صحت کے ساتھ بولنے اور برتنے کا قائل ہوگا جو ہر طرح کی ادبی، سماجی، قانونی، علمی و سائنسی ضروریات کے لیے لازم ہے۔

اس ضمن میں سب سے اہم بات الفاظ کی حرکات اور ان کے معانی و محلّ استعمال کو مدّنظر رکھنا ہے۔ فطری لب و لہجے کا فرق اہمیت نہیں رکھتا۔ ہم عربی کے حروف ث، ح، ذ، ط، ص، ض، ق کو صحیح مخارج سے ادا نہیں‌کرتے۔ اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں۔ صرف اُن کے املا کو شناخت کے لیے قائم رکھا ہے، کیونکہ املا کی تبدیلی سے نہ صرف الفاظ کا رشتہ ان کی اصل سے ٹوٹ جاتا ہے، بلکہ شکل ہی بدل جاتی ہے۔ مطالعےمیں لفظ کی شکل ہی پہچانی جاتی ہے۔ ہجّے نہیں کیے جاتے۔ لفظ کی شکل کا بدلنا ایسا ہی ہے جیسے آدمی کا ناک نقشہ بدل جائے پھر اسے پہچاننا مشکل ہے۔ املا کو تبدیل کر دیا جائے تو پڑھی لکھی آبادی بھی تقریباً ناخواندہ ہو کر رہ جائے اور پڑھنے لکھنے کی مشق و مہارت کھو بیٹھے۔ اس نقصان کو کوئی قوم یا اس کی کوئی پیڑھی برداشت نہیں کر سکتی، ورنہ انگریزی کا املا بدل چکا ہوتا جو بغایت بے قاعدہ واقع ہوا ہے۔

ہمارے ہاں حرکات کے لیے مد، زبر، زیر، پیش، الف ، و، ی، ے، جزم ، شد وغیرہ مقرر ہیں۔ بعض لوگ اس کو اردو کی ایک کمزوری خیال کرتے ہیں، حالانکہ یہ خوبی شمار ہونی چاہیے۔ اِعراب جہاں کہیں ضروری ہوں لگائے جا سکتے ہیں۔ مانوس الفاظ کے لیے ان کی ضرورت نہیں ہوتی۔ انگریزی میں اعراب کی جگہ حروف ہی استعمال ہوتے ہیں (AEIOUY)، لیکن اس سے کوئی فائدہ انگریزی زبان کو نہیں پہنچا، کیونکہ ان مصوّتوں میں سے کسی کی بھی قدروقیمت متعیّن نہیں ہے۔ بات وہیں پہنچتی ہے کہ ہر لفظ چہرے کی طرح الگ پہچانا جاتا ہے۔ اس کے ہجّے نہیں کیے جاتے۔

زبان کا چلن عام ہو تو پڑھے لکھے لوگوں کا کام اعراب کے بغیر بھی چل سکتا ہے، لیکن افسوس ہے کہ اردو کا استعمال محدود ہے۔ اس لیے بہت سے پڑھے لکھے لوگ بھی بعض معمولی الفاظ کی صحیح حرکات سے مانوس نہیں۔ چنانچہ تلفظ کی غلطیاں خاصی عام ہیں۔ اس لغت کا ایک عملی مقصد صحیح تلفظ کو منضبط کرنا اور ایسی اغلاط کی اصلاح ہے جو ناواقفیت کی بنا پر رواج پا گئی ہیں۔ اس سے انتشار کی روک تھام ہوگی اور زبان کو استحکام ملے گا۔

چونکہ اس لغت میں خاص طور پر تلفظ کی وضاحت مدّنظر تھی، مفرد الفاظ کو زیادہ سمیٹنے کی کوشش کی

گئی ہے اور مرکّبات، محاورات، کہاوتوں وغیرہ کا اندراج محدود ہے اگرچہ بالکل متروک نہیں۔ یہ یک جلدی لغت تکمیل و استیعاب کا دعویٰ نہیں کرتی۔ اردو اتنی وسیع و محیط زبان ہے کہ شاید کوئی بھی لغت یہ کام کبھی نہ کر سکے گی۔ پھر بھی اس ایک جلد میں اس کا اتنا سرمایہ سما گیا ہے کہ پڑھنے لکھنے والوں کے ایک وسیع حلقے کی ضروریات کو پورا کر سکے گا۔

اردو کے بارے میں ایک غلط فہمی یہ بھی پائی جاتی ہے کہ یہ ادبی اور مجلسی زبان ہے جسے عوام خصوصاً دیہات سےچنداں لگاؤ نہیں، حالانکہ اردو کی تو اساس ہی عوامی تھی۔ یہ شاہی دربار کی نہیں لشکر کی زبان تھی جہاں دُور و نزدیک سے آئے ہوئے رنگروٹ اسے بولتے تھے اور بازار کی عوامی بولی پر اپنی اپنی بولیوں کا پیوند لگاتے رہے۔ اسے دربار میں تو کم ہی بار ملا۔ پہلے فارسی پھر انگریزی کے دباؤ میں رہی۔ لیکن اتنی باصلاحیت تھی کہ جب کبھی اسے برتا اور آزمایا گیا تو اس نے بازار، کاروبار، حرفوں، پیشوں، درگاہوں ، خانقاہوں اور مجالس سے لے کر سرکار، دربار، سیاست، قانون، نشرو اشاعت، افواج اور سِول یا دیوانی محکمہ جات، مدارس، مکاتب، جامعات، ادب و معارف تک ہر جگہ اور ہر طور سے اپنی اہلیت کو ثابت کیا۔ دراصل کوئی بھی زبان اپنی قوم کو مایوس نہیں کرتی۔ ہر زبان پھلنے پھولنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ماڈرن فرانسیسی اور اطالوی وغیرہ سب ایک وقت میں بازاری بولیاں تھیں۔ انگریزی کو خود انگریز گھٹیا، غیر علمی بولی سمجھتے تھے۔ جب اس سے کام لیا گیا تو اس نے بھی اپنی قوم کے ساتھ ساتھ ترقی کی۔ اردو کے وسائل تو کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ اس نے کئی شائستہ زبانوں کا ست کھینچ لیا ہے۔ اس کا کچھ اندازہ اس لغت سے بھی ہوگا اور یہ بھی نظر آئے گا کہ علمی فنّی اور ادبی اسالیب و اصطلاحات کے علاوہ اس میں دیہی زندگی سے تعلق رکھنے والے کتنے الفاظ موجود ہیں، یعنی یہ اپنی علمی و ادبی استعداد کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ اپنی اصل میراث کو بھی دامن میں سمیٹے رہی ہے، ہر چند کہ عوامی و دیہی کہاوتیں جن سے اس کا دامن مالا مال ہے، اس لغت سے خارج رکھی گئی ہیں۔ ان کا ایک الگ مجموعہ "جامع الامثال" کے عنوان سے مقتدرہ قومی زبان نے شائع کر دیا ہے۔

اس کام میں مرزا نسیم بیگ صاحب نائب مدیر اردو لغت بورڈ میرے مددگار رہے، جنھوں نے پورا مسوّدہ بالاستیعاب پڑھ کرفروگذاشتوں پر توجہ دلائی اور میرے بہت سے سہو قلم درست کیے، جو اس وقت تو لطیفے ہی نظر آئے جن پر ہنس دیا گیا، لیکن اگر باقی رہ جاتے تو رونے کا مقام تھا۔ میں ان کا بہت ممنون ہوں، اب بھی مجھے معلوم نہیں کہ میں اپنے ناظرین یا ناقدین کے سامنے کس حد تک سرخرو ہو سکوں گا۔

شان الحق حقّی

اِعرابِ ملفوظی یا مکتُوبی کا ضابطہ

اس لغت میں مندرج الفاظ پر اِعراب مکتُوبی (زبر، زیر، پیش وغیرہ) لگا دیے گئے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے حرکات لفظوں میں بھی لکھ دی گئی ہیں۔ پورا ضابطہ حسب ذیل ہے:-

عنوان	علامت	تخفیف/تعریف	مثال	اعراب ملفوظی	توضیح
الف مقصورہ	ا		بڑا، با لا	(واضح، غیر ضروری)	○ الف مقصورہ بطور حرف علّت (Vowel) پچھلے حرف سے بعض صورتوں میں الگ اور بعض میں جُڑا ہوا ہوتا ہے۔ بڑا اور بالا میں الف کی آواز یا حرکت واضح ہے، لہٰذا اعراب ملفوظی غیر ضروری و علیٰ ہٰذالقیاس الف ممدودہ و الف بالا کی آواز بھی معلوم ہے۔
الف ممدودہ	آ	امد/مد	آپ مآل	امد	
الف بالا	ٰا		اِلٰہی	کس ا، ی مع	
الف غیر ملفوظ	اْ	اغم	بِالْکُل	کس ب، ا غم، سک ل، ضمہ ک	
الفِ واوی	آْ		بآْل، کآْل		○ یہ علامت انگریزی الفاظ کے لیے مخصُوص ہے۔ بہ ضمنی اشتقاق م، Call , Ball
الف زیریں	اٖ	امثل ی مع	بِذاتِہٖ	کسمع ب،تہٖ امثل ی مع	○ مزید صراحت کے لیے (بِ زات ہی) بھی درج ہوگا۔
واو معروف	ُو	ومع	دکُوپ، رُوپ	و مع	○ جہاں ہائیہ حروف دو لخت ہوں وہاں ان پر قوس بنا دی جائے گی۔ تاکہ ھ (دو چشمی ھ) مخلوط سمجھی جائے۔
واو مجہُول	وٓ	ومج	لوٓہا، ووٓٹی	ومج	○ واو پر افقی خط (وٓ) مجہول ہونے کی علامت ہے (دیکھیں حاشیہ ۱)۔
واولین	َو	ولین	آور، غَور		○ پچھلے حرف پر زبَر (فتح) واولِین کی علامت ہے۔
واو مَعدُولہ	وْ	و غم (غیر ملفوظ)	خوْد	ضم خ، و غم	○ حرف پر حلقہ غیر ملفوظ (غم) ہونے کی علامت ہے، یعنی اس کی آواز شامل نہیں ہوگی۔
یاے معروف	ی یہ یے	ی مع	جی، تِین	ی مع	○ لفظ کے آخر میں ی معروف کی آواز واضح ہے، درمیانِ لفظ پچھلے حرف کے نیچے زیر سے ظاہر ہوگی۔
یاے مجہُول	ے، ۓ	ےمج	سے، پھیٖر	ےمج	○ ے مجہول لفظ کے بیچ میں دونقطوں کے نیچے لیٹے زیر (افقی خط) سے ظاہر ہوگی۔
یاے لِین	ےَ	یَہ/ ے لین	خیَر، غَیر	ے لین	○ پچھلے حرف پر زبر (فتحہ) یا ے لِین کی علامت ہے۔
فَتحَہ	َ	فت	آب، جَب	فت ا، فت ج	○ زبر اور زیر میں چونکہ صرف ایک نقطے کا فرق ہے اس لیے تشابہ سے بچنے کی خاطر فتحہ (فت) اور کسرہ (کس) کے نام اختیار کیے گئے ہیں اور پیش کے لیے ضمہ۔
کِسرَہ	ِ	کس	اِک، اِنسان	کس ا	
ضَمّہ	ُ	ضمہ/ضم	بُت، بُرا	ضمہ ب	
فتحہ مجہول	ٓ	فت مج	شٓہر، صٓحرا	فت مج ش سک ہ، فت مج ش سک ح،	○ حرف کے اوپر لیٹواں (اُفقی) خط فتحہ مجہول کی علامت ہے۔
کَسرَہ مجہول	ٖ	کس مج/کسمج	سِہرا، تِہرا	کس مج س، سک ہ کس مج ت ، سک ہ	○ زیریں خط کسرہ مجہول کی علامت ہے۔

ضمّہ مجہول	ـٗ	ضم مج	شُہرت، کُہرا	ضم مج ش سک ہ، فت ر ضم مج ک، سک	○حرف کے اوپر گردانیدہ (رخ پھرا ہوا) پیش ضمّہ مجہول کو ظاہر کرتا ہے۔
فتحہ مغنونہ	ـَٓ	فت مغ	بھَنْوَر، کَنْوَل	فت مغ بھ، فت و فت مغ ک، فت و	○الٹا جزم غنائی آواز کی علامت ہے (دیکھیں حاشیہ ۲)۔
کسرہ مغنونہ	ـِٓ	کس مغ	سِنْگار	کس مغ س	○ الف کی آواز خود ہی واضح ہے اور آخری حرف ساکن شمار ہوتا ہے۔ مزید صراحت کے لیے "بروزن نکار" بھی درج ہوگا۔
ضمّہ مغنونہ	ـُٓ	ضم مغ	کُنْوارا	ضم مغ ک	○مزید صراحت کے لیے "بروزن تُمھارا" بھی درج ہوگا۔
نونِ صحیح	ن نـ	ن	مکان؛ مَنْکا	فت م؛ فت م، سک ن	
نونِ غنّہ	ں، ںٓ	غنہ	ہاں، ہانْک	غنہ؛ غنہ	
میم بشکلِ ن	نٓ	ن مثل م	عَنبر؛ چَنْپا	فت ع، ن مثل م، فت ب فت چ، ن مثل م،	○مزید صراحت کے لیے "خَم بَر"، "چَم پا" بھی درج ہوگا۔
تشدید	ـّ	شد	لَتّو	فت ل، شد ت،	○معروف کی آواز ظاہر ہے۔
		شدِ فت	پَتّھر،	فت پ، شدفت تھ	شدفت یعنی تشدید مع فتحہ۔
جزم	ـْ	سک	مَنْزِل	فت م سک ن، کس ز،	○سیدھا جزم حرف ساکن کی اور الٹا جزم نونِ غنہ یا حرکت مغنونہ کی علامت ہے۔

حاشیہ: (۱) چونکہ بعض اوقات خط کشیدہ الفاظ کے نیچے خط دیا جاتا ہے۔ اس لیے واومجہول کی علامت و کی گھُنڈی کے اوپر لگانا بہتر خیال کیا گیا۔ (و)

(۲) حرکتِ مغنونہ اور ں غنہ میں فرق کرنا ضروری ہے۔ الفاظ ایک دو یا چند صوتی اجزا (Syllables) پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جز یا سلیبل کی شناخت حرکت سے ہوتی ہے۔ جیسے اِمکانات: اِم / کا/ نات (تین حرکات)۔ بعض حرکات مغنونہ ہوتی ہیں جیسے آنگن میں آں؛ الف مدّہ مغنونہ (امد مغ)۔ اس کے برخلاف انگنائی میں غنہ کی آواز گ کو شامل کیے بغیر نہیں نکل سکتی۔ انگ پورا ایک سلیبل، جُز یا حرکت ہے اور اس میں غنّہ شامل۔ چَنگیر دو اجزا کا لفظ ہے۔ جس میں فتحہ مغنونہ پہلے جز کو متعیّن کرتا ہے، ورنہ چگیر رہ جائے۔ اگر چَنگیر کے ن کو غنہ کہا جائے تو چَنگ اپر بن جائے گا۔ چَنگ اور چَنگل میں "غنہ" چ اور گ کے درمیان ایک ہی جز یا حرکت میں شامل ہے۔ (چَنگ / گل) اگر یہاں فتحہ مغنونہ کہا جائے تو یہ چَں گل بروزن چگل پڑھا جائے گا جو غلط ہوگا۔ اسی طرح مَنگل کو میں گل بروزن مَحَل پڑھنا ہوگا۔ اسی لیے ں غنہ اور حرکت مغنونہ میں تمیز رکھی گئی ہے۔ چند اور مثالیں حسب ذیل ہیں:

حرکت مغنونہ	ں غنہ	
بھانْڈا (امغ) بھاں/ڈا	تَنْگی	فت ت، غنہ (تنگ/ گی)
کانٹا (امغ) کاں ٹا	سانْس	غنہ (ایک جز)
سَنْبھَلنا (فت مغ س، فت بھ، سک ل)	ہَنْسلی	فت ہ، غنہ (بروزن برقی)
مَنْگیتر (فت مغ م، ے مج، فت ت)	کَنْگال	فت ک، غنہ (بروزن برسات)
کَھنْگالنا (فت مغ کھ، سک ل)	سینْچنا	ے مج غنہ (بروزن دیکھنا)

چنانچہ بنگال اور بنگالی میں ں غنہ ہے ، منگانا اور منگیتر میں حرکتِ مغنونہ (فت مغ م)

ترتیبِ تہجّی

*ا، *آ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ث، ج، جھ، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ، ڈھ، ذ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ژ، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، کھ، گ، گھ، ل، لھ، م، مھ، ن، *و، ہ(ھ)، ء، *ی، *ے۔

ان میں سے وہ حروف جن کے نیچے نشان ہے کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتے، صرف بعض الفاظ کے درمیان واقع ہوتے ہیں۔

جن حروف پر پھول بنا ہے وہ مصمّہ یا حرف صحیح کے علاوہ بطور مصوتہ (واول) حرکات کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں اور اعراب میں شامل ہیں۔

اوپر حُروف کی سالم شکلیں دی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ املا میں ان کی دوسری شکلیں بھی ہیں۔ نقطہ دار حروف اپنے نقطوں سے اور ط کی علامت والے حروف اسی علامت سے پہچانے جاتے ہیں۔

مخففات

ا۔ اسم۔ اردو

ا جِنس۔ اسم جنس،

ا کیف۔ اسم کیفیت

امث۔ اسم مؤنث

امد۔ الف ممدودہ

امذ۔ اسم مذکر

انگ۔ انگریزی

ت - ترکی

تص - تصغیر

تن - تنوین تن بفت تنوین بالفتحہ (زبر کے ساتھ (اً)، تن بکس، کسرہ کے ساتھ (ٍ) تن بضم (ٌ)

ج - جمع ج ج - جمع الجمع

ح - حرف

ح مص - حاصل مصدر

رک - رجوع کریں (برائے حوالہ)

س - سنسکرت

سک - سکون ، ساکن (جزم)

شد - تشدید

ضم/ ضمہ - پیش (ـُ) ضم مج ضمہ مجہُول (ـٗ)

ع۔ عربی

غنہ۔ ن غنہ

ف - فارسی

فت - فتحہ (زبَر) فت مج - فتحہ مجہول (ـَ)

ف ل۔ فعل لازم

ف م۔ فعل مجہول

ف مر - فعل مرکب

قب - مقابلہ کریں

کس - کسرہ (زیر) کس مج / کسمج کسرہ مجہول (ـِ)

کیف۔ کیفیت - (اکیف مذ۔ اسم کیفیت مذکر - ا کیف مث۔ اسم کیفیت مؤنّث)

لاط - لاطینی

م - مثال/ مثلاً

مر۔ مرکب، مروصفی، مرکب وصفی؛ مر اضا مرکب اضافی

م ف۔ متعلق فعل

ہ - ہندی

ۂ - ہمزہ مع کسرہ اضافت مجہول

اوقاف

وقفہ کامل کے لیے چھوٹا خط (-) استعمال کیا گیا ہے، نیم وقفہ کے لیے (؛) جو تشریح میں مختلف معانی کے درمیان فصل قائم رکھنے کے لیے بھی آتا ہے۔ بعض جگہ پہلے معنی کے بعد نمبر شمار (۲)، (۳) وغیرہ بھی ڈال دیے گئے ہیں۔ باقی اوقاف و رموز مروّجہ چلن کے مطابق ہیں۔ بڑی بریکٹ [ ] عموماً اشتقاق یا الفاظ کی اصل کی وضاحت کے لیے استعمال کی گئی ہے۔

عنوان کے لفظ کے تحت بعض مرکبات مثالاً درج کیے گئے ہیں۔ باقی ترتیب تہجی کے مطابق اپنے اپنے مقام پر ملیں گے۔

عربی جمع مُکَسَّر کے اوزان جو اردو میں معروف و مستعمل ہیں

مَفاعِل	مجالس، مَواقع، مَقابِر، مَحافِل، مَطابع، مَبادی (مَبدء کی جمع)
فُعَلاء	عُلَمَا(ء) ، غُرَبا(ء)، رُؤَسا (رُءَ سا؛ یہاں وغیر ملفوظ ہے۔)
فَعائِل	عَزائِم، خصائل، فَضائل، قَبائِل، مَوانع، لآلی، عَساکر (عسکر کی جمع)
فَعالِیل	مَکاتیب، مَضامین، مَجانین، صَنادید، اَقالِیم، اَقانِیم۔ (اُقنون کی جمع)
فُعُل	کُتُب، رُسُل، مُدُن، صُحُف، طُرُق۔ (طریق کی جمع)
فُعُول	نُفُوس، نُجُوم، نُقُوش، نُصوص، فصُوص، طُیُور، وُجُوہ، رُسُوم، رُقُوم، اُصُول۔ (اصل کی جمع)
فَعالا	خَطایا، بَرایا، عَطایا، قَضایا، رَعایا، (رعیت کی جمع)
اَفعال	اَخبار، اَصنام، اَسرار، اَتبار، اَطفال، اَہداف، اَشکال، اَباد، (اَبَد کی جمع)
اَفعِلاء	اَقرِبا(ء)، اَنبیا (ء)، اَصفیا(ء)، اطِبّا(ء)، اَوصیا(ء)، (وصی کی جمع)
اَفعِلَہ	اَمثِلہ، اَدعیَہ، اَغذیَہ، اَجِنّہ، اَطِبّہ، اَبخِرہ، اَزمِنہ (زمان کی جمع)
فُعّال	عُمّال، حُکّام، حُجّاج، خُدّام، عُشّاق، زُہّاد، قُرّاء (قاری کی جمع)
فِعَل	نِعَم، فِتَن، سِیَر، حِصَص، قِصص، مِلَل، مِنَن (مِنّت کی جمع)
فُعال	نُقّاط، قُضاۃ
فِعال	کِبار، عِظام، خِصال، نِکات، جِہات، اِناث، (اُنثیٰ کی جمع)
فُعَل	عُقَد، صُوَر، اُمَم، نُقَط، غُدَد۔ (غُدّہ کی جمع)
فَعَلَہ	عَمَدہ، عَمَلہ، طَلَبہ، صَحَبہ، (فتحہ ح کے اشباع سے صَحابَہ)
فِعلَہ	اِخوۃَ، عِلیہ (علی کی جمع)
اَفعُل	اَنجُم، اَنفُس۔
فِعلان	غِزلان، (غَزال کی جمع)
فَعَلات (غیر مکسر)	دَرَجات، غَزَوات، حَشَرات، غَزَلات، عَصَبات۔

بعض عام الفاظ کا تلفّظ

اَبخِرہ (ا ب خِ رَ) بھاپیں، بخارات، واحد: **بُخار**
اِبلاغ (کس ا، سک ب) پہنچانا
اِتّفاق (کس ا، شد کس ت: اِ ت تِ فاق)، ایکا، اچانک واقعہ۔
اِتْمام (کس ا، سک ت)، پورا کرنا
اِحْتِساب (کسمج ا، سک ح: کسمج ت) حساب طلبی، صف **مُحْتَسِب**
اِحْتِمال (کسمج ا، سک ح، کسمج ت) قومی امکان
اِحْساس (کسمج ا، سک ح) حواس سے کام لینا
اِحسان (کسمج ا، سک ح) حسن سلوک
اِخراجات (کس ا، سک خ) مصارف، ادائیگیاں
اَدَبیّات فت ا (کس ب، شدی) نظم و نثر
اَدْعِیہ (فت ا، سک د، کس ع) دعائیں
اَدْوِیہ (فت ا، سک د، کس و، فت ی، اَدوِیَ)، دوائیں
اَرْجمَنْد (فت ا، سک ر ج، فت م، سک ن، اَرج مَند) قیمتی، اعلیٰ
اِرسال (کس ا، سک ر) بھیجنا
اَرْکان (فت ا، سک ر) ستون، عناصر، واحد **رُکن** ج ج **اَراکِین**
اِزْدِہام (کس ا، سک ز، کسمج د) ہجوم
اِزدِواج (کس ا، سک ز، کسمج د) بیاہ ، شادی
اَساس (فت ا) بنیاد
اَسْلِحَہ (فت ا، سک س، کسمج ل، فت ح: اَس لِ حَ) ہتھیار، واحد **سِلاح**
اُسلُوب (ضمہ ا، سک س، و مع) طور، انداز
اِفاقَہ (کس ا، فت ق) مرض میں کمی
اِفطار (کس ا، سک ف) روزہ کھولنا
اِقلیم (کس ا، سک ق) ملک، ولایت
اِقلِیدِس (کس ا، سک ق، ی مع، کس ل) علم الاشکال
اِکسِیر (کس ا، سک ک، ی مع) امرت
اَیوان (ے لین) وسیع مسقف جگہ، ہال
آبِستَن (کس ب، سک س، فت ت) حاملہ
آتِش (امذ، کس ت) آگ
آغِشْتَہ (کس غ، سک ش، فت ت) آلودہ
آیَت (فت ی) نشانی، دلیل، نصّ قرآنی، کتب سماوی کی عبارت۔
بِاَحسَنِ وُجُوہ (کسمج ب، فت مج ا، سک ح، فت س، کسمج ن، ضمہ و، و مع) نہایت عمدگی سے
بِالمُشافَہَہ (کس ب، اغم، ضمہ م، فت ف ہ، بِل مُ شا فَ ہَ) آمنے سامنے
بُحَیرَہ (ضم مج ب، ے لین: بُ حَے رَ) بحر کی تصغیر
بَھَنک (فت بھ ن) سرسری آواز
پَچّی (فت پ، شد چ) سختی سے بند کیا ہوا، (دانت بتّیسی ڈھکنا، ڈاٹ وغیرہ)
پَچّی کاری (فت پ، شد چ) لکڑی یا دھات پر کَندہ کاری، نگینے جڑنا۔
پَرَخْچے (فت پ ر، سک خ) پرزے، ٹکڑے
پَنْکھڑی (فت پ، غنہ، سک کھ: پنکھ ڑی) پھول کی پتّی
تَرجَمَہ (فت ت، سک ر، فت ج: تَر جَ مَ) ایک زبان سے دوسری زبان میں ڈھالنا۔ صف **مُتَرْجِم** (مُ تَرجِم)
تَوَجُّہ (فت ت و،شد ضم مج ج: تَ وَ جْ جُ ہْ) دھیان، التفات صف **مُتَوَجِّہ** (مُ تَ وَجْ جِہ)
تَوَقُّع (فت ت و، شدضم ق: تَ وَ قْ قُ ع) آس، اُمید، صف **مُتَوَقِّع** (مُ ت وَ ق قے)
تَولِیَت (ولین، کس ل، فت ی) سرپرستی میں لینا، صف **مُتَوَلّی** (مُ تَ وَ لّ ی)
تَہْلُکَہ (فت مج ت ہ، سک ل، فت ک؛ بروزن(مَحَل

کا) ہلچل (اصلاً ع: تَہلکَہ)
تَہیّہ (فت ت، کس ہ، شد فت ی) پکا ارادہ۔
ٹھیلنا (ے مج، سک ل) دھکیلنا
ثُبُوت (ضمہ ث، و مع) دلیل، شہادت۔
جِبِلّت (کس ج ب، شد فت ل) فطرت، سرشت
جِدّ وَ جَہْد (کس ج، شد د، و مع، فت مج ج، جِدَ وُ جَ ہْ د) نیز۔ جُہْد (ضم مج ج) سخت کوشش
جُرثُومَہ (ضمہ ج، سک ر، و مع، فت م) خورد حیاتی وجُود
جَلاوَطَنی (فت ج و ط) دیس نکالا
جُمادَیْ الاَوّل (ضمہ ج فت د، ی ا غم، سک ل اوّل: جُ ما دَل اَوْوَل) ہجری تقویم کا پانچواں مہینہ
جُمادَیْ الثّانی (جُ ما دَ س سانی) چھٹا مہینہ
جَہالَت (فت ج، ل) علم سے محرومی
جَہَنّمَ (فت ج ہ، شد فت ن) دوزخ
چَکّھا چُکّھی (فت چ، شد کھ، ضمہ چ) تھوڑا بہت چکھنا
چیِنْوْٹی (ی مع، غنہ، سک و: بروزنِ ٹھیکری)
حَجْم (فت ح، سک ح) جسامت
حَقَارت (فت ح، ر) کمتری، تنّفر
حَرارَتِ غَرِیزی (فت ح ر، کسمج ت، فت غ، ی مع) جسم کی طبعی، معتدل حرارت
حُضُور (ضمہ ح، و مع) حاضری ، کلمۂ خطاب
خَاصّہ (شد فت ص) نمایاں وصف
خَسارَہ (فت خ ر) نقصان
خَضْراء (فت خ، سک ض) ہرے بھرے،ہری بھری
خوْاب (و غم، خاب) نیند ، سپنا
خوْار (و غم: خار)
خوْاہ مَخوْاہ (و غم، سک ہ: خاہْ مَ خاہْ) ناحق، بے فائدہ
خوْانْدگی (وغم، سک ن د: خانْدگی) پڑھائی حرف شناسی

دَرخوْاسْت (فت د، سک ر، و غم، سک س: دَرخاست) عرضی، گزارش
دُرُود (ضمہ د، و مع) سلام ، صلوٰۃ بر نبی کریمؐ
دُوُم (ضمہ دو، بروزنِ کُمُک) دوسرا، دوسری
دِیَت (کس د، فت ی، بروزنِ صِفَت) خوں بہا
ذوْالْفَقار (و اغم، سک ل، فت ف: ذُل فَ قار) حضرت علیؑ کی تلوار کا نام
ذُو مَعْنَیَین (و مع، فت م ، سک ع، فت ن، ے لین، مَع ن) جس کے دو معنی ہوں۔
رِضا (کس ر) تسلیم، اجازت، نیز علَم (اسم معرفہ)
رُطُوبَت (ضمہ ر، و مع، فت ب) نمی
رَقَم (فت ر ق) نقدی، زر۔ ج رُقُوم
رُونگھٹا (و مع، غنہ، سک گھ) رُواں، مہین بال
روٗسا (ضم مج ر، و غم، فت ء، رَء سا) اُمرا؛ واحد رَئیس
زِراعَت (کس ز، فت ع) کھیتی باڑی
زَعم (فت ز، سک ع) گھمنڈ
زَکَرِیّا (فت ز ک، سک ر، شدی) علم، ایک پیغمبر کا نام۔
سِیاحَت (کس س، فت ح) سیر و سفر، صف سَیّاح
شَرَف (فت ش ر) بڑائی، خوش اوصافی۔
شِعار (کس ش) چلن، طور طریقہ۔
شُمُولِیَت (ضمہ ش، و مع، کس ل، فت ی) شرکت
صِفْر (کس ص، سک ف) ہیچ
طِرازَ (کس مج ط) وضع، اکیف مث طرازی
طَمَع (فت ط م) لالچ صف طامِع، طَمّاع
ظَرافَت (فت ظ، ف) خوش طبعی۔
عُنصُر (ضمہ ع، سک ن، ضمہ ص) بنیاد، مادّہ، اصلی جُز ج عَناصِر۔
عُیُوب (ضمہ ع، ومع) نقائص واحد: عَیب
غَرَض (فت غ، ر) مقصد، مدّعا، ج اَغْراض

فُکاہات (ضمہ ف) لطائف، ظرافت
قُضاۃ (ضمہ ق: قُ زات) قاضی کی جمع، منصفین
قُماش (ضمہ ق) وضع، ڈھنگ، ریشمی کپڑا، گنجفے کے ایک پتّے کا نام
کَدّو کاوِش (فت ک، شد د، و مج، کس و) زحمت کشی
کَسیلا (فت ک، ے مج)، پھیکے سوکھے ناگوار ذائقے کا
لاحِق (کس ح) عارض، لاگُو
لَاف وَ گُزاف (و مج، ضمہ گ) شیخی، ڈینگیں۔
مُتّحِد (ضمہ م، شد فت ت، کس ح) باہم موافق۔ مث، ج مُتّحِدہ (مُتْ تَ حِ دَ)
مُثبَت (ضمہ م، سک ث ، فت ب: مُس بَت) محکم، موافق، منفی کی ضد۔
مُجَسَّمَہ (ضمہ م، فت ج، شد فت س، فت م) مصنوعی پیکر
مُحَوَّلَہ (ضمہ م، فت ح، شد فت و) جس کا حوالہ دیا گیا، م مُحَوَّلۂ بالا (مُ حَوْ وَ لَ ءِ بالا)
مُخَیِّر (ضمہ م، فت ح، شد کس ی) بھلائی کرنے والا
مَرَض (فت م ر، بروزن غَرَض بَرَس) روگ، بیماری
مَسَرَّت (فت م س، شد فت ر) خوشی
مَشِیّت (فت م، کس ش، شد فت ی)، مرضی، ارادہ، مراد، مرضیِ الٰہیٰ
مَوقِف (ولین، کس ق) جائے قیام، اختیار کردہ راستہ یا فیصلہ
مَولِد (ولین، کس ل) جائے پیدائش
ناتُواں (ضمہ مج ت) کمزور نحیف
نُمُو (ضمہ ن، و مع) پروان چڑھنا۔
نُمُودار (ضمہ ن، و مع) ظاہر۔
وابَستہ (فت ب، سک س، فت ت)، بندھا ہوا
واپَس (فت پ) لوٹا، لوٹایا ہوا۔
وَرَم (فت و ر) سُوجن۔
وَکالَت (فت د، ل) نمائندگی ، پیروی۔
وَلَد (فت و ل) بیٹا اکیف مث وَلَدِیّت مث وَلَدَہ بیٹی۔
ہَجْو (فت ہ، سک ج ، بروزن لَغْو، لَفْظ) مَذَمَّت
ہیُولا (فت ہ، ومع) ابتدائی مادّہ، انگھڑ صورت۔

بعض مُماثِل الفاظ کا جداگانہ تلفظاور معانی

آبا (فت ا) ا ب = باپ کی جرّی صورت م: یا ابالحَسن
اِبا (کس ا) انکار، سرتابی
آتَم (فت) مکمّل ، کامل (ع) اُتَّم اونچا (س)
اَثْناء (فت ا، سک ث) دوران، عرصہ
اِثْنا عَشَر (کس ا، فت ع ش) عدد ۱۲
اَشْفاق (فت ا، سک ش) لطف و عنایت شَفَقَت کی جمع
اِشْفاق (کس ا) مہربانی کا برتاؤ ، حسن سلوک۔
اَشْکال (فت ا، سک ش) صورتیں، شَکْل کی جمع
اِشْکال (کس ا) دشواری۔
اَعْراب (فت ا، سک ع) عربستان کے لوگ عَرَب کی جمع۔
اِعْراب (کسمج ا، سک ع) زیر زبر وغیرہ لگانا
اَقْدام (فت ا، سک ق) قَدَم کی جمع
اِقْدام (کس ا) قدم اٹھانا، آغاز کار
اَمارَت (فت ا، ر) نشانی، علامت، دولت مندی، امیری ج اَمارات
اِمارَت (کس ا) حکومت ، ریاست ج امارات
اُولیٰ (و مع، ی غم: اُولا) اوّل کا صیغۂ تفصیل و تانیث سب سے بڑھ کر، سب سے پہلی۔
اُوْلی (ضمہ ا، و غم: اُلی) اُولُو کی متصرّف شکل، ذی کا ہم معنی م اُوْلِي الْاَبصار
آخر (کس خ) دوسرا، بعد کا۔ اصلاً: آخَر مث اُخْریٰ (اُخ را)۔
اَخِیر (فت ا، ی مع) سب سے پچھلا۔
آذَر (فت ذ) آگ۔ شمسی سال کا نواں مہینہ۔
آزَر (فت ز) حضرت ابراہیم کے والد یا چچا کا نام
بْھَرَشْت (سک بھ، فت ر، سک ش) بُھونا ہوا [س: قب ف: برشت]
بْھرِشْٹ (سک بھ، کس ر، سک ش) خراب، ناپاک
پاڑس (سک ر) ایران کا ایک نام
پارَس (فت ر) ایک مفروضہ پتھر جو لوہے کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے۔
ٹَھنْڈا (فت ٹھ ، سک ن) سرد ، بارِد
ٹَھنْڈائی (فت مغ ٹھ) بغیر جوش دیے پی جانے والی طبی نسخے کی دوا۔ وہ دوا جو گرمی کے دفعیہ کے لیے پی جائے۔
ثَقَل (فت ث ق) بوجھ، سامان؛ تثنیہ ثَقَلَین اِنس و جا ن ج اَثْقال
ثِقْل (کس ث، سک ق) بھاری پن، قب کَشِش
ثِقل زمین کا اپنے مرکز کی طرف کھینچنا۔ اجزائے مادّی کی باہمی کشش
جَدّ (فت ج) دادا ج اَجداد
جِدّ (کس ج) کوشش، تندہی
جَدی (فت ج) خط اِستِوا کے جنوب میں فرضی متوازی خط
جَدّی (فت ج شد د) آبائی
جُرْم (ضمہ ج، سک) قصور، خطا
جِرْم (کس ج) جسم، مادّی وجود، ج اَجرام
جَست (فت ج، سک س) چھلانگ؛ ایک مرکب دھات
جُست (ضمہ ج) تلاش
جَگ (فت ج) دنیا، عالم ؛ (۲) دستے دار پانی کا برتن [انگ: Jug]۔
جُگ (ضمہ ج) زمانہ، دور زمانی۔ اصلاً یُگ
جَگَت (فت ج گ) عالم، سنسار
جُگَت (ضمہ ج، فت گ) ہنر مندی، لفظی صناعی، نیز ضلع جُگَت رعایت لفظی
جُھرّی (ضمہ جھ، شد ر) شکن
جِھری (کس جھ) درز، دراڑ

جَھک جَھک (فت جھ) بکواس
جِھک جِھک (کس جھ) حجّت ، بحثابحثی، جھگڑا، تکرار، بک بک
جَھمَکّا (فت جھ م، شد ک) رونق ، روشنی
جُھمْکا (ضمہ جھ، سک م) کان کا اُلٹی کٹوری کی شکل کا آویزہ
جھول (و مج) ڈھیلاپن
جُھول (و مع) پالان
چَٹ پَٹ (فت چ پ) جھٹ، فوراً، یکایک۔
چُٹ پُٹ (ضمہ چ پ) متفرق چھوٹی موٹی اشیاء
چَکْتا (فت چ، سک ک) ٹھوس، نرم، مدّور جیسی شکل میں ڈھلی ہوئی شے۔ مث چَکتی،قرص، کاسۂ سر۔
چَکَتّا (فت چ ک، شد ت) چکنائی کا دھبّا
چَنْٹ (فت چ، سک ن) تیز، طرّار، چالباز
چُنَّٹ (ضمہ چ، شد فت ن)کپڑے پر ڈالی ہوئی شکن، سلوٹ۔
چھْچَہا (فت مج چ، سک ہ، فت چ) پرندے کی چہکار
چْھچَہاتا (فت لین چ، سک ہ، فت چ؛ چوُہ چَ ہا تا بروزن تو کھلاتا (آبدار شوخ ، سرخ رنگ)۔
حَبّ (فت ح) گولی ، دانہ
حُبّ (ضمہ ح) محبت، لگاؤ۔
حَرّ (فت ح) گرمی، تاب، تپش، مرکب حرّوبَرْد گرمی و سردی مث حَرَارَت
حُرّ (ضمہ ح) آزاد، امث حُرِیَّت آزادی
حَسِین (فت ح، ی مع) خوبصورت، خوش جمال
حَصِین (فت ح، ی مع) مضبوط ، سنگین
حَکَم (فت ح ، ک) ثالث، منصف
حُکْم (ضمہ ح، سک ک) امر، فرمائش
حِکَم (کس ح، فت ک) حکمت کی جمع۔
خَبَث (فت خ ب) دھات کا مَیل، آلائش

خُبْث (ضمہ خ ، سک ب) کپٹ، کینہ
خَصْم (فت خ، سک ص) دشمن امث خُصُومَت (ضمہ خ) عداوت
خَصَم (فت خ ص) شوہر، (اردو کا تصرّف)
خَفا (فت خ) ناراض (غالباً س؛ کھشپ سے مشتق)
خِفاء (کس خ) پوشیدگی، پردہ داری۔
خَلَف (فت خ ل) بیٹا، ج اَخلاف اولادیں، بیٹے پوتے
خَلْف (فت خ، سک ل)۔ پیچھے، عقب میں
خَلْط (فت خ، سک ل) ملا جلا، گڈ مڈ، مختلِط، مرکب خَلْط مَلْط
خِلْط (کس خ، سک ل) طبّی نظریے کے مطابق چار خِلقی عناصر میں سے کوئی جن کے توازن سے صحت قائم رہتی ہے۔ ج اَخلاط
خَنّاق (فت خ، شد ن) پھانسی لگانے والا
خُناق (ضمہ خ) بچوں کے گلے میں جھلّی پیدا ہو جانے کی مہلک بیماری
خَیّام (فت خ، شد ی) خیمہ دوز
خِیام (کس خ) خَیمَہ کی جمع
دَہاڑ (فت د) شیر کی گرج
ڈْھاڑ (بروزن دار) ٹولا، گروہ، جتھا۔ ڈھارا، ڈاکا۔
ذَبْح (فت ذ، سک ب) حلال کرنا، قربانی کرنا
ذِبْح (کس ب) قربان کیا ہوا جانور۔
رَحِم (فت ر، سک ح) بَچّہ دانی، کوکھ۔
رَحْم (فت ر،سک ح) کرم، بخشش، مہربانی [ع: رَحْمہ کی تخفیف]۔
رَسَد (فت ر، س) اشیاء ضرورت کی دست یابی۔
رَصَد (فت ر، ص) دوربین کے ذریعے افلاک کا مشاہدہ
ریش (ی مع) ڈاڑھی
رِیش (ے مج) زخم، گھاؤ۔
زُور (و مع) جھوٹ ، فریب۔

زوَر (و مج) طاقت، اثر۔
سُدھارنا (ضمہ س) درست کرنا، اصلاح کرنا
سِدھارنا (کسر س) روانہ ہونا
صَدِیق (فت ص، ی مع) دوست رفیق
صِدّیق (کسر ص، شد د، ی مع) صادِق کی تفضیل، نہایت راست گو، نہایت سچّا۔
صَفَر (فت ص ف) اسلامی قمری سال کا دوسرا مہینہ۔
صِفْر (کسر ص، سک ف) عدد بے قیمت جو دوسرے اعداد سے مل کر ان کی قیمت کو دس گنا کر دیتا ہے۔
ضَلال (فت ض) گمراہی
زُلال (ضمہ ز) نتھرا ہوا پانی
عَرْض (فت ع ، سک ر) استدعا؛ چکلان؛ چوڑائی
عَرَض (فت ع ر) کسی وجود کے غیر لازمی اجزاء ، جوہر کی ضد
عَقْد (فت ع، سک ق) باندھنا، نکاح۔
عِقد (کسر ع، سک ق) مالا، ہار۔
عَیّار (فت ع، شد ی) چالاک، بدمعاش
عِیار (کسر ع) کسوٹی
عَمْد (فت ع، سک م) ارادہ، نیت م: قتلِ عَمد ، جان بوجھ کر مارنا
عُمَد (ضمہ ع، فت م) بستی کے بڑے لوگ، چودھری واحد: عُمدَہ جمع عمائد؛ رکن، سہارا، رئیسِ بلدہ
عِیال (کسر ع) اہل خانہ، بال بچے
اَیال (فت ا) گھوڑے کی گردن کے بال
غَیض (ے لین) کچّا بچّہ، ستوانسا
غَیظ (ے لین) غصّہ، غضب، تپہا
فاسِخ (کسر س) توڑنے، موقوف کرنے، عہد شِکنی کرنے والا
فاسِق (کسر س) گناہگار، بد اعمال، امث فِسق (کسر ف) گناہ کا ارتکاب
فَرّار (فت ف ، شد ر) تیز دوڑنے والا
فِرار (کسر ف) بھاگ جانا، حینیت ہونا، گریز کرنا
قُوت (و مع) غذا ، مرکب وصفی قُوتِ لا یَمُوت اتنی خوراک جو جسم و جاں کا رشتہ قائم رکھ سکے۔
قُوَّت (ضمہ ق، شد فت و) زور، توانائی
کَرَم (فت ک ر) مہربانی، درگزر
کِرْم (کسر ک، سک ر) حشرہ، کیڑا
کُشْت (ضمہ ک ، سک ش) قتل مرکب کُشت وَ خُون، خون خرابہ
کِشْت (کسر ک، سک ش) کھیتی؛ شطرنج میں شاہ پر شہ پڑنا۔
کَنْدَن (فت ک، سک ن، فت د) کھودنا، گودنا، صف کَنْدہ، مث کَنْدَہ کاری
کُنْدَن (ضمہ ک، سک ن، فت د) سونا، طلا
کَوڑی (ولین) سمندری گھونگے کی ایک قسم
کوَڑی (و مج) شمار کا ایک پیمانہ، بیس کا مجموعہ، (۵ کوڑی کا ایک سیکڑہ)
کوَس (و مج) مسافت کا ایک پیمانہ جس کا طول مختلف جگہ مختلف ہوتا ہے؛ عموماً ڈیڑھ میل۔
کُوس (و مج) تاشہ جو ایک طرف سے مڈھا ہوتا ہے۔
کُومَل (و مع، فت م) سیندھ، نقب
کوَمَل (و مج، فت م) نرم، دھیما؛ نازک، (سُر، پھول وغیرہ)
کَھرا (فت کھ) خالص، بے میل، اچھا، صاف۔
کَھرّا (فت کھ) لمبی چوڑی تحریر، کچّی تحریر، مسوّدہ
کُھرا (ضمہ کھ) نہانے دھونے کے لیے بنایا ہوا پکّے فرش کا۔ مویشی کے پاؤں کا نشان
کُھرّا (ضمہ کھ، شد ر) ناہموار م: کُھرّا فرش؛ بان سے بُنا ہوا (پلنگ، چارپائی)؛ بطور صفت: خشک، بے ملاحظہ (شخص)

گَزِیدَہ (فت گ، ی مع، فت د) ڈسا ہوا
گُزِیدَہ (ضمہ گ، ی مع، فت د) چُنا ہوا، منتخب، برتر نیز بَرگُزِیدَہ
گَوں (و لین) فائدہ، مطلب، صف گَوں کا مفیدِ مطلب، ڈھب کا
گُوں (و مع، غنہ) رنگ، قسم، م: لالہ گوں، گونا گوں (قسم قسم کا)
لِسان (کس ل) زبان، بولی صف لِسانی مث لِسانِیات زبانوں کا مطالعہ
لَسّان (فت ل، شد س) بہت بولنے والا، چرب زبان
لَیس (ے لین) آراستہ، تیار۔
لیس (ے مج) چِپچِپاہٹ، لزُوجت، چیپ؛ (۲) جھالر [انگ: Lace]۔
لَغْو (فت ل، سک غ و، بروزن دَرد) بے معنی، فضول، مہمل، غیر معقول
لُغَوی (ضمہ ل، فت غ) لغت یا لفظ سے تعلق رکھنے والا، لفظی
لَیلیٰ (ے لین، ی غم: لے لا) علم، مجنوں کی محبوبہ کا نام
لِیلا (ی مع) جلوہ، تماشا
لَیلَہ (لین،فت ل، ہ غم) رات عموماً تراکیب میں جب کہ ہ، ت مدّور سے بدل جاتی ہے۔ م لَیلَۃُ اْلْقَدْر
مال دولت، سامان؛ مشین کے پہیوں کو گردش دینے کے لیے چڑھائی ہوئی پٹی
مآل (فت م) نتیجہ، انجام، حاصل
مادَہ (فت د، ہ غم) جنسِ مؤنث، خصوصاً جانوروں کے لیے مستعمل، نیز مادِیں، نر کی ضد
مادّہ (شد فت د، ہ غم) محسوس شے، معروضی وجود، عنصری حقیقت
مانْدا (ا مغ) بیمار، نزار۔ م: تھکا ماندا
مانْدہ (ا مغ، فت د) بچا ہوا ، ٹھہرا ہوا، عموماً تراکیب میں بطور جزو ثانی۔ م پسماندہ، بَچھڑا ہوا

مَباحِث (فت م، کس ح) موضوعات، مَبْحث کی جمع
مُباحَثَہ (ضمہ م ، فت ح ث) کسی مسئلے پر باہمی گفتگو
مُثْبَت (ضمہ م، سک ث، فت ب) محکم ، اقراری، موافق، منفی کی ضد
مُثْبِت (ضمہ م، سک ث، کس ب) ثابت ، قائم کرنے والا
مُثَبَّت (ضمہ م، فت ث، شد فت ب) نقش شدہ
مَثَل (فت م، ث) کہاوت، مثال
مِثْل (کس م، سک ث) بدل، نمونہ
مَدار (فت م) محور، ماہ جمادی الثانی کا مقامی نام
مُدارا (ضمہ م) خاطر، تواضع ، دلدہی
مُصَنِّف (ضمہ م، فت ص، شد کس ن) کتاب کا لکھنے والا، خالق، موجد
مُصَنَّفَہ (شد فت ن) تصنیف کردہ
مَکاتِب (فت م، کس ت) مکتب/ مکتبہ کی جمع
مَکاتِیب (فت م، ی مع) مکتوب کی جمع، مراسلات۔
مَنُش (فت م، ضمہ ن) آدمی، انسان، (اصلاً: مَنُشیَہ)
مَنِش (فت م، سک ن) مزاج، طبیعت عموماً تراکیب میں م: مرزا مَنِش
مَنْثُور (فت م، سک ن، ومع) نثری، منظوم کی ضد۔
مَنْشُور (فت م، سک ن، و مع) نشر کردہ، رسمی اعلان؛ شعاعوں کو منتشر کرنے والا بلوری ٹکڑا۔
مُعَجَّل (ضمہ م، فت ع، شد فت ج) فوری، بلا تاخیر م : مہرِ مُعَجَّل
مؤَجَّل (ضمہ م، و غم، فت ء، شد فت ج: مُ ا جّ جَل) ملتوی کردہ، م: مہر مؤَجَّل
مَلَکَہ (فت م ل ک، و غم) مہارت، مشّاقی
مَلِکَہ (فت م، کس ل، فت ک، ہ غم) بادشاہ بیگم،

رانی
مَیل (ے لین) رجحان، رغبت، التفات
میل (ے مج) موافقت، ملاپ
مِیل (ی مع) سلائی، سلاخ، ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ
نَسْخ (فت ن، سک س) مٹانا، منسوخ کرنا؛ عربی خط کی ایک روش
نُسَخ (ضمہ ن، س) نسخہ کی جمع
نَشْأ (فت ن، سک ش، فت ء: نَش ءَ) اُگنا، پنپنا، نیز نَشْأَۃ (نَش اَت)۔
نَشَہ (فت ن، ش ، ہ غم) شراب یا کسی اور سرور یا غفلت پیدا کرنے والی شے کا اثر۔ نیز نَشّہ [اصلاً ع: نَشْئ، اِنشاء]۔
نَظِیر (فت ن، ی مع) مثال۔
نَذِیر (فت ن، ی مع) تنبیہہ کرنے والا، خبردار کرنے والا
نَفَس (فت ن ف) سانس
نَفْس (فت ن، سک ف) ذات، جی، مَن
نَیل (ے لین) حصول، یافت، مرکب، نَیلِ مَرام: مراد پانا
نِیل (ی مع) ایک بوٹی جس سے نیلا رنگ بنایا جاتا ہے
نُقطَہ (ضمہ ن، سک ق، فت ت) صفر کا نشان، بِندی
نُکتَہ (ضمہ ن، سک ک، فت ت) لطیف، پُرمعنی بات، اصل مطلب، کسی بیان کی کوئی شق
وَتَر (فت و ت) مثلث کے زاویۂ قائمہ کے مقابل کا ضلع؛ عددِ طاق
وِتْر (کس و، سک ت) عشا کی نماز کے آخر کی تین نَفلی رکعتیں
ہَڑَک (فت ہ ڑ) باولے کتّے کے کاٹنے سے پیدا ہونے والی بیماری، باؤلے کتّے کے زہر کا اثر کر جانا اور کتے کی طرح کاٹنے کو دوڑنا
ہُڑَک (ضمہ ہ، فت ڑ) شدید یاد یا خواہش، اچانک اٹھنے والی طلب
ہوش (و مج) اوسان، شعور، بیداری
ہُوش (و مع) ہونق، خِیرہ سر

اردو کے بعض تَصَرّفات جو مُروَج اور مُسلَم ہیں

ہر زبان دوسری زبانوں سے اکتساب کرتی اور ان کے الفاظ کو اپنے لب و لہجے میں ڈھال کر اپناتی ہے۔ اردو نے عربی، فارسی سنسکرت وغیرہ کے الفاظ میں جو تصرفات کیے ہیں، ان کا احاطہ محال ہے۔ ذیل میں چند مثالیں نمونتہً درج کی جا رہی ہیں۔ اصل و اشتقاق علمی دلچسپی کا معاملہ ہے۔ چلن ہمیشہ اصل پر حاوی رہتا ہے۔

اردو لفظ	اصل صورت
اِتوار (کس ا)	س: آدتیَہ وار
اَچرَج فت ا، سک چ، ر	اَشچریَہ
آسامی	ع: اسم کی جمع، اردو میں واحد بمعنی شخص، کاشتکار، ملازمت کے لیے خالی جگہ
افسَر	ف: تاج: انگ: آرفسو= عہدہ دار
آوَرد	ف : آوَرد
باقر خانی	ع: باقِر (کس ق)
بالٹی	پرتگالی: بالڈی
بپتا	س: وِپَتّی
بَرشکال	س: ورشا کال
بِروَگ	س : وِیوگ
بکرید	بَقَر عید
بَناسپَتی	س: وَنَسیَہ پَترکا
بیکل	س: ویاکُل
پَچّھم	س: پَشچِم
پستَول	انگ: پِسٹَل
پُورَب	س: پوُرْوَ
پَیراہَن	ف: پیراہن (ی مع)
پیَرایَہ	ف: پیرایَہ (ی مع)
جَولان	ع: جَوَلان، (فت ج و)
حاجی	ع: حاج، ج : حُجّاج
چَابی	پرتگالی : چاوی
حَجامَت	ع: حِجامَہ (کس ح)
حُجْلَہ	ع: حَجَلہ (فت ح ج)
چاق	ترکی : چاغ

خ

حَشْمت	ع: حِشْمَۃ = حیاداری بمعنی شان و شکوہ اردو کا تصرف
حُلیَہ	ع: حِلیَۃ (کس ح)
حمائِل	ع: حَمائِل حَمُولہ کی جمع = بوجھ، بار
حَیوان	ع: حَیَوان (فت ح ی)
حَوصْلہ	ع: حَوصَلَۃ = پرندے کا پوٹا یا پتّا
خالُو	ع: خال
خِرمَن	ف: خَرمَن
خَصَم	ع: خَصْم = دشمن
داخْلہ	ع: داخِلہ (= اندرون، اندرونی)
دَرْجَہ	ع: دَرَجَہ (فت د ر ج)
دَرِندَہ	ف: دَرّندہ
دَسپَنا	ف: دست پناہ
دکَان	ع: دکّان
راتَب	ع: راتِب = معمول کی بندھی ہوئی خوراک یا وظیفہ
رَحْم	ع: رَحِم (کس ح)
رِواج	ع: رَواج (فت ر)
رَضا	ع: رِضاء
زَبان	ف: زُبان
زَنخا	ف: زن خواستہ = شادی شدہ۔ موجودہ شکل و معنی۔ اردو کی اختراع
سُبُک	ف: سَبُک
سِجدَہ	ع: سَجدَہ (فت س)
سَمَندَر	س: سَمُدْر
سَن	ع: سَنَہ
شاخسانَہ	ف: شاخ شانَہ
شراکَت	ع: شرکَۃ
شَعُور	ع: شُعُور (ضمہ ش)
شکِیل	ع: شَکْل سے اردو کی اختراع
شَہاب	ع: شِہاب (کس ش)
شیخی	ع: شَیخ (ے لین) سے اردو کی اختراع
صاحَب	ع: صاحِب = ہم جلیس
صِحَت	ع: صِحّت (شد فت ح)
صَدَر	ع: صَدْر (بمعنی چھاؤنی یا وسط شہر اردو کی اختراع)

صَدمَہ	ع: صَدَمہ (فت ص د)
صَندُوق	ع: صُنْدُوق (ضمہ ص)
ضربُ المَثَل	ع:ضَرَبَ مَثَلاً سے اردو کی اختراع
ضِلَع	ع: ضِلْع (سک ل)
طَراز	ف: طِراز (کس ط)
طَے	ع: طَيّ
طَرَح	ع: طَرْح = بنیاد
ظَلمات	ع: ظُلُمات (ضمہ ظ ل)
عَدُو	ع: عَدُوّ
عُلُو	ع: عُلُوّ
عَمَلہ فِعلہ	ع: عَمَلہ (فت ع م) (فِعْلہ بطور تابع اردو کی اختراع)
عیوضی	ع: عِوَض سے اردو کی اختراع
غَش	ع: کھوٹ، ملاوٹ، دھوکا؛ اردو : بے ہوشی
غَلبَہ	ع: غَلَبہ (فت غ ل)
غُلُو	ع: غُلُوّ
فَرمانا	ف: فرمُودَن سے اردو کی اختراع
فَروش	ف: فِروش
قابِل	ع: صف: اگلا اسم: جتوانے والا بمعنی اہل، لئیق اردو کی اختراع
قُطَب	ع: قُطْب (سک ط)
قَلع قَمَع	ع: قَلْع وَ قَمْع
قُلفی	ع: قُفْلی
قَلیا	ع: قَلِيَّہ
کال	س: اَکَالَ
کَریپ	انگ: کْریپ
کَرُوشِیا	انگ: فرانسیسی: کروشے
کَسَر	ع: کَسْر (سک س)
کَلاَ شَجرَہ	ف: کُلاہ + ع: شَجَرہ (فت ش ج) میں اردو کا تصرّف
کَلَف	س: کَلْپ = اہار
کَڑوی	ف: کَرَو
کُلَک / غُلَق	ع: غَلَق = بند کرنا سے اردو کی اختراع
لیت وَ لَعَل	ع: لیتَ وَ لَعَلّ = کاشکے و تاکہ سے اردو کا تصرف
مُحَبَت	ع: مَحَبّہ (فت م ح)

محوَر	ع: مِحوَر (کسمج م)
مُجرَئی	ع: مِجرائی (کس م)
مَزدُور	ف: مُزدُور (ضمہ م)
مُشاعِرَہ	ع: مُشاعَرَہ (فت ع ر)
مُعاف/ مُعافی	ع: مُعافیً (مٓ عافی) اِجازت یافتہ
مُعَزّز	ع: مُعَزّز (شد فت ز)
مَوسَم	ع: مَوسِم
نِشاط	ع: نَشاط = سرخوشی چونچالی
نَشَہ	ع: نَشْی ف نَشّہٌ
نَفِل	ع: نَفْل
نمُونَہ	ف : نُمُونہ (ضمہ ن)
نَواب	ع: نُوّاب: نائب کی جمع
وِداع	ع: وَدَاع (فت و)
وِلایَت	ع: وَلایَۃ
ہَتک	ع: ھُتک
ہِجَے	ع: ہِجاء
ہِذیان	ع: ھَذَیان (فت ہ ز)

ا الف، الف مقصورہ ، پہلا حرف ہجا، اللہ اور عدد واحد (ایک) کی علامت، بطور صامتہ یا مصمتہ ہمزہ (ء) کا ہم آواز، بطور مصوّتہ زبر (فتحہ) کی کشیدہ آواز دیتا ہے۔ لفظ کے شروع میں کسی دوسرے حرف سے وصل نہیں ہوتا۔ بعض حروف کے اوپر بھی مختصر شکل میں لکھا جاتا ہے، م: اِلٰہی، لِہٰذا، اسمٰعیل، اور کبھی حرف کے نیچے چھوٹا الف یائے معروف کی آواز پیدا کرتا ہے۔ م: بِجِنسِہٖ : بذاتہٖ لفظ کے شروع میں فتحہ کے ساتھ علامت نفی م: ابھاگی، امولا، انیائے؛ درمیانِ کلمہ تواتر و تکرار کا مفہوم پیدا کرتا ہے، م: رواروی ، مارا مار، نوشا نوش، اسم کے آخر میں علامت ندام: خداوندا، ناصحا! جمل میں عدد واحد (۱) کے مساوی، حروف قمری میں شامل۔

حرف الف رومن A اور دیوناگری आ کا ہم اصل ، سریانی الف (= بیل کا سر) کی مختصر ترین شکل ہے جو کثرت استعمال پر دلالت کرتی ہے اور جسے تجرید یا ترقی کی انتہا کہنا چاہیے۔

اَ فت ا۔ سابقہ نفی م: اَجیت = ناقابل تسخیر؛ اَچھُوتا، بے بدل؛ اَمر = غیرفانی۔ مترادف: اَن، بِلا، بِن، بے، غیر۔

اً الف مع تنوین بالفتحہ ، تلفظ۔ اَن م: اَوّلاً، حکماً، دائماً، لازماً، متعلق فعل کے معنی پیدا کرتا ہے۔ جن الفاظ میں ت یا ۃ (تائے مدوّرہ) جزو اصلی نہ ہو ان پر تنوین بغیر الف صحیح ہے م: اَصالتہً، حقیقتہً، ضرورۃً، جہاں ت لفظ کا جزو اصلی ہو وہاں الف کے ساتھ ہو گی، م: نَباتاً حَسَناً، وَقتاً فوَقتاً، مگر ایسے الفاظ اردو میں شاذ ہیں۔

اَب (۱) فت ا۔ امذ۔ باپ، والد، عموماً تراکیب میں مستعمل ، م: اَب وجد (اَبْ جَد، اَبوَجَد)۔ پُرکھے، اسلاف، عربی قاعدے سے ندا کی صورت میں مخاطَب کے لیے اَبا، فاعل کے لیے اَبُو، مجرور کے طور پر اَبی آنا چاہیے، م: یا اَباَالقاسم = اے قاسم کے والد؛ قالَ اَبُو اَلقاسِم = قاسم کے والد نے کہا؛ الیٰ اَبی القاسم = قاسم کے والد کی طرف ، م ف: اَباً عَن جَدّ دادا سے بیٹوں پوتوں کی طرف، نسلاً بَعدَ نَسلِ صف: اَبَوی باپ کا؛ ا کیف مث: اُبُوَّت (ضمہ ا، ب، شد فت و) باپ ہونا، باپ کا درجہ۔

اَب (۲) فت ا۔ م فد اس وقت ، اس موقع پر، اس صورت میں؛ اس کے بعد، آئندہ، بعد ازاں؛ پھر کے سے، مکرّر۔ مرکب عطفی: اَب تَب ٹال مٹول؛ نزع کا عالم، م ف: اَب سے آئندہ۔ اَب کی/ اَب کے: اِس دفعہ؛ آئندہ ، اگلی بار، (بول چال) اَب آئیں تو جائیں کہاں ایسے آدمی پر فقرہ جو آپے سے باہر ہو۔ اَب سے دُور ، کبھی پہلے، خدا نہ کرے کہ پھر۔

اَبّا فت ا، شد ب۔ امذ۔ باپ، والد، مرکبات، اَبّا جان، اَبّا جی، اَبّا حُضور، اَبّا میاں۔

اِبا کس ا۔ امذ۔ انکار، سرتابی؛ احتراز، نیز امث: اِباءَت۔

اَبابِیل فت ا، ی مع۔ امث۔ سیاہ رنگ کی چھوٹی سی چڑیا جو عموماً پرانی عمارتوں میں بسیرا کرتی اور غول کی صورت میں اڑتی ہے۔ [اصلاً صیغۂ جمع بمعنی جُھنڈ کے جُھنڈ م: طیراً ابابیل (القرآن ۱۰۵:۳ = پرندے غول کے غول) مترادف: پرستک، خَطّاف۔

اَبابِیلْیا فت ا، ی مع، سک ل۔ امذ۔ ایک قسم کا سیاہ کبوتر۔

اِباحَت کس ا، فت ح۔ امث۔ شرعی جواز، جائز ہونا۔ امذ۔ اِباحی/ اَباحِیَہ ایک فرقہ جو ہر عمل کو جو مقتضائے فطرت ہو، جائز مانتا ہے۔ نیز امث۔ اِباحیَّت شرعی بندشوں سے انکار کا مسلک۔

اُبارنا ضمہ ا، سک ر۔ ف م۔ چُھٹکارا دلانا، بچانا، صف اُبارا بچا کُھچا، پس خُوردہ نیز اُبْرا سُبْرا، اُبلا سُبلا، اُبرَن سُبرَن (سک ب)۔

آبازِیر فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ مسالے، کھانے میں ذائقہ اور خوشبو پیدا کرنے کے لیے ڈالے جانے والے اجزا [ع: بِزْر کی جمع]۔

اُباس ضمہ ا۔ امث۔ بدبو۔ صف، اُباسا، بدبودار، مزے سے اترا ہوا (کھانا وغیرہ) مث، اُباسی [اصلاً اَوْ + باس س: واس]۔

اُباسی ضمہ ا۔ امث۔ جماہی۔

اِباق کس ا۔ امذ۔ فرار، بھگوڑا پن، غلام یا لونڈی کا مالک کے پاس سے بھاگ جانا۔

اُباکنا ضمہ ا، سک ک ۔ ف ل۔ اُبکائیاں لینا، نیز اُبکنا۔

اُبال ضمہ ا۔ امذ۔ کسی سیّال کا حرارت پا کرکھولنا، جوش کھانا، کف، پھین۔

اُبالا ضمہ ا۔ صف۔ اُبلا ہوا، بغیر گھی کے پانی میں ابال کر پکایا ہوا (کھانا)، بن بگھارا۔ مرکب مع تابع اُبالا سُبالا، معمولی، بے مزہ، (کھانا) ف م اُبالنا ف ل اُبَلنا

اَبتَث فت ا، سک ب، فت ت۔ امث۔ ترتیب تہجّی جو اب ت ث سے شروع ہوتی ہے، بخلاف ابجد جو ا ب ج د وغیرہ پر مشتمل ہے۔

اِبتِدا کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امث۔ آغاز ، شروع، افتتاح، نیز اِبتداء صف: اِبتدائی۔ شروع کا، تحتانی تعلیم کا نچلا درجہ، ماقبل فوقانی، ثانوی وغیرہ، امذ اِبتدائیہ کتاب کی تمہید۔ ا ف اِبتداءً (اً) اوّل اوّل ، شروع میں۔

اِبتِذال کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ۔ عامیانہ پن، گھٹیا مذاق، صف مُبتَذَل (فت ذ) گھٹیا، پامال، گھسا پٹا، فرسودہ۔

اَبتَر (۱) فت ا، سک ب، فت ت۔ صف۔ بے ترتیب، اُلٹ پُلٹ، منتشر نیز اصلاً بَتَر [ف: بَتَر بد تر کی تخفیف]۔

اَبتَر (۲) فت ا، سک ب، فت ت۔ صف۔ دُم بُریدہ لاولد (اِنّ شانِئَک ھُوَ الاَبتَر۔ القرآن ۱۰۸ : ۳)

اِبتِسام کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ۔ مسکراہٹ، شگفتگی۔

اِبتِغا کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ۔ طلب ، خواہش، نیز اصلاً اِبتغاء م: ابتغاء منصب = عہدے کی خواہش، ابتغاء عَبَث، خواہش بے جا۔

اِبتِکار کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ ۔ ایجاد، اختراع، ابداع، نئی بات نکالنا، نئی طرح ڈالنا۔

اِبتِلا کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امث۔ بلا میں گھرنا، مصیبت ، آزمائش نیز اِبتلاء م: ابتلاء ناگہانی، ابتلائی دور۔

اِبتِہاج کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ۔ خوشی، مسرت، لطف اندوزی۔ صف امث۔ اِبتہاجیَہ خوشگوار خوش انجام کہانی، کامیڈی، طربیہ۔

اِبتِہال کس ا، سک ب، کسمج ت۔ امذ۔ گریۂ نَدامت، عفو و درگزر کے لیے گڑگڑانا۔

اُبٹَن ضمہ ا، سک ب، فت ٹ۔ امذ۔ جلد کی صفائی کے لیے جِسم اورچہرے پر مل کر دھو ڈالنے کے لیے کَھلی، ہلدی اور بعض خوشبو دار بوٹیوں وغیرہ سے تیار کردہ مرکّب، نیز اُبٹنا (فت ب، سک ٹ) بُٹنا (ضمہ ب)

اَبجَد فت ا، سک ب: فت ج۔ امث۔ حروف تہجّی کی وہ ترتیب جو ا ب ج د سے شروع ہوتی ہے اور جس کے حروف کو ملا کر چند کلمات میں تقسیم کر دیا گیا ہے: اَبجَد، ہَوَز، حُطّی، کَلِمَن، سَعفص، قَرَشَت، ثَخَذ، ضَظَغ۔ پہلے نو حروف بالترتیب اکائیوں پر، ی تا ص نو دہائیوں پر، (۱۰ تا ۹۰)، ق تا ظ سیکڑوں پر مشتمل اور غ ایک ہزار کا حامل قرار دیا گیا ہے۔ ان اقدار پر طریق جمل (ر ک) مبنی ہے۔ مرکّب امذ قُفلِ اَبجَد وہ قفل جو بعض حروف کو ملانے سے

کھلتا ہے۔

اَبُجھ فت ا، ضمہ بہ صف، جو سمجھ میں نہ آئے؛ نا سمجھ، بے وقوف نیز **اَبُوجھ**۔

اَبْحار فت ا، سک بہ ج مذ۔ **بحر** (ر ک) کی جمع، نیز **بُحُور**۔

اَبْخَر فت ا، سک ب، فت خ۔ صف۔ جس کے منہ سے بدبو آئے، گندہ دَہَن، (انگ: Halitosis کا مریض)

اَبْخِرَہ فت ا، سک ب، کسمج خ، فت ر۔ امذ۔ بھاپ، بخارات، [اصلاً ع: بُخار کی جمع اَبخِرَہ]

اَبَد فت ا، ب ۔ امذ، زمانے کی حدّ آخر، مستقبل کا لامحدود زمانہ، ہمیشگی، نیز **اَبَدُالآباد** (اَ بَ دَ ل آباد) م ف، **اَبَداً مُؤَبّداً** (اَ بَ د نَ مُ ءَ بَ دَن) ہمیشہ ہمیشہ، دائماً، صف: **مُؤَبّد** دائمی ہمیشہ کے لیے م: **حَبْسِ مُؤَبّد** (م اَ ب بَد) عمر قید ۔ صف **اَبَدی** اکیف مث: **اَبَدِیّت**۔ دوام۔

اِبْدا کس ا، سک بہ امذ ۔ اظہار، اعلان۔ نیز اصلاً **اِبداء**۔

اِبداج کس ا، سک ب ۔ امذ۔ کنایہ، کلام میں ذو معنویت پیدا کرنا (ایہام لفظی ہوتا ہے ابداج معنوی)

اِبداع کس ا، سک ب ۔ امذ ۔ ایجاد ۔ اختراع تخلیق ، اِبکار (رک)

اَبدال فت ا، سک ب ۔ امذ ۔ ج مذ ۔ اولیا کا ایک گروہ جسے زمین کے معاملات کا نگراں خیال کیا جاتا ہے؛ اس گروہ کا کوئی ولی۔ [ع: بدیل = نائب کی جمع] ج ج **بُدَلاء**۔

اِبدال کس ا، سک بہ امذ ۔ بدلنے کا عمل، ایک کی جگہ دوسرے کو لانا، (علم صرف) ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف لانا م : عَلا سے عَلو، عَلی بنانا۔

اَبدان فت ا، سک بہ ج مذ۔ **بَدَن** (ر ک) کی جمع

اَبدْھوت فت ا، سک ب، ومع۔ امذ۔ سادھو، سنیاسی، تارک الدنیا۔

اَبْر فت ا، سک ب ۔ امذ، بادل ، ابخرات، گھٹا؛ فولاد پر صیقل کا نشان یا لہریے، روک آڑ، حجاب؛ **اَبر آذاری/ آذری**، بہار کے موسم کا بادل، ماہ آذر سےمنسوب، **اَبرِ گندَہ بَہار** برسات کا بادل جو کیچڑ پھیلاتا ہے۔ **اَبرِ مُردَہ**، اسفنج ۔ **اَبرِ مَطیر**، بہت برسنے والا بادل، **ابرِ نَیساں** (نَے ساں) نیساں کے مہینے کا بادل جس کی بابت خیال ہے کہ اس کے قطرے سے سیپ میں موتی بنتے ہیں۔

اِبْر کس ا، سک ب ۔ امث ۔ سوئی، نیش، ڈنک، ٹیکا لگانے کی پچکاری۔

اِبرا (ء) کس ا، سک ب ۔ امذ ۔ رہائی ، برأت، الزام یا ذمہ داری سے بری قرار دیا جانا۔

اَبرار فت ا، سک بہ ج مذ۔ نیک لوگ، اتقیاء [ع: بَرّ (واحد) نیکو کار]

اِبرام کس ا، سک بہ امذ۔ اصرار، تقاضا؛ تصفیہ[ع : برم: مروڑنا؛ پکا کرنا، طے کرنا]

اِبراہیم کس ا، سک ب، ی مع ۔ عَلَم ۔ کعبے کے بانی، موحّد پیغمبر، آزر بت تراش کے بیٹے، حضرت اسمٰعیلؑ کے والد جنھیں نمرود و فرعون نے آگ میں ڈلوا دیا تھا اور وہ آگ گلزار بن گئی تھی۔ مُخفّف **بَراہیم** صف **بَراہِیمی** حضرت اِبراہیمؑ سے منسوب۔

اَبرَش فت ا، سک ب، فت ر۔ صف ۔ چتکبرا، سیاہ سفید چتّیوں والا (گھوڑا)۔

اَبرَص فت ا، سک ب، فت ر۔ صف ۔ برص کا مریض، جذامی ۔ مَبرُوص کا صیغۂ تفضیل۔

اَبرَق فت ا، سک ب، فت ر۔ امث۔ سلیکا کی قسم سے ایک نیم شفاف بُھربُھرے پَتّروں کی شکل میں مٹی کے تودوں سے نکلنے والی معدنی شے جو چمکیلی اور برقی رو کے لیے غیر موصّل ہونے کی بنا پر بہت سے

کاموں میں آتی ہے۔ نیز اَبرک [س: ابھرک ، ع: ابرق] بھُوڈَل، ستارۂ زمین۔

اَبْرَن فت ا، سک ب، فت ر۔ امذ ۔ زیور، گہنا پاتا نیز ابھرن/ آبھَرن [س: آبھَرنڑ]

اُبْرَن سُبْرَن ضمہ ا، سک ب، فت ر، ضمہ س، سک ب، فت ر، امذ۔ فالتو، بچی کھچی شے؛ پس خوردہ۔

اُبَرنا ضمہ ا، فت ب، سک ر۔ ف ل۔ باقی بچنا، پڑا رہ جانا۔

اَبْرَنجن فت ب، سک ب، فت ر، سک ن، فت ج۔ امذ۔ کلائی یا ٹخنوں کا طلائی یا نقرئی زیور۔

اَبرُو فت ا، سک ب، ومع۔ امذ۔ امثد بھوں بھویں؛ مرکب، اَبرُوئے پَیوستَہ، (یے وَ سْ ت) جُڑی بھویں [ف: قب، س: بھرُو]

اَبْرَہ فت ا، سک ب، فت ر۔ امذ۔ سلے ہوئے کپڑے، لحاف، رضائی، توشک وغیرہ کی بالائی تہ، اوپر کا کپڑا، جس کے نیچے استر ہوتا ہے۔

اَبری فت ا، سک بـ امثد کتاب وغیرہ کی جلد پر چڑھانے کا رنگین، چکنا کاغذ؛ کمائے ہوئے چمڑے کا چمکیلا رخ؛ ایک دو رنگا سیاہ و سفید دھاریوں والا پتھر۔

اَبْرِیشَم فت ا، سک ب، ے مج، فت ش۔ امذ۔ کچا ریشم، نرم مہین، چمکیلا ریشہ جو ایک کیڑے کے منہ سے نکلتا ہے اور اس سے کپڑے بنے جاتے ہیں۔ ریشم کا کویا۔

اِبریق کس ا، سک ب، ی مع۔ امذ ۔ صراحی، شراب رکھنے کا ٹونٹی دار ظرف [ف: آبریز کا معرّب]۔

اَبڑ دَھبڑ فت ا ب دھ ب، سک ڑ۔ امثد م فد افراتفری، بھاگ دوڑ؛ بے ترتیبی کے ساتھ، لشتم پشتم (بھاگنا)

اُبَسنا ضمہ ا، فت ب ،سک س ۔ ف ل۔ گلنا، سڑنا، بد ذائقہ ہو جانا، چل جانا نیز بُسنا صف بُسا/ اُبسا۔

اَبصار فت ا، سک بـ ج مذ۔ بَصَر (رک) کی جمع، نگاہیں، بینائیاں ج مذ: اُولُوْالاَبصار (اُلُل اب سار) آنکھوں والے۔ امذ اِبصار (کس ا) دیکھنا۔

اَبطال فت ا، سک ب ۔ ج مذ ۔ بَطَل (رک) کی جمع۔ بہادر، عظیم لوگ۔

اِبطال کس ا، سک ب ۔ امذ ۔ جُھٹلانا، رَد کرنا۔

اَبعاد فت ا، سک بـ ج مذ ۔ فاصلے، دوریاں؛ حدود جو کسی جسم کی جسامت یا حجم کو متعین کریں؛ طول ، عرض، عمق جنھیں اَبْعادِ ثَلاثَہ (سَ لا س) کہتے ہیں، نئے تصوّر زمان کوملا کر اَبْعادِ اَرْبَعَہ صف اَبْعادی جسامت یا حجم رکھنے والا۔

اَبْعاض فت ا، سک بـ ج مذ۔ بَعض (رک) کی جمع، نیز بَعضے کوئی کوئی۔

اَبْعَد فت ا، سک ب، فت ع۔ صف۔ بہت دور، بَعید کا صیغۂ تفضیل۔

اَبْغَض فت ا، سک ب، فت غ ۔ صف۔ نہایت مکروہ، بہت قبیح، قابل نفرت [ع: بغیض کا صیغہ تفضیل]

اِبقا کس ا، سک بـ امذ۔ پائیداری، تسَلسُل، قیام، مستقل وجود، تحفظ، مرکّب، (حیاتیات) اِبقاءِ نَوعی بقائے جنس، تحفظ نسل۔

اَبقیٰ فت ا، سک ب، ی غم۔ باقی کا صیغۂ تفصیل، دائمی، امر، ہمیشہ رہنے والا۔

اُبْکائی ضمہ ا، سک بـ امثد۔ متلی، اُچھال۔

اَبْکَم فت ا، سک ب، فت ک۔ صف۔ گُونگا۔

اَبْلا فت ا، سک بـ امثد۔ عورت، صنف نازک نیز صف مث: اَبَلا (فت ا ب) نازک، کمزور، ناطاقت عورت [س: اَبَل = کمزور، مث اَبَلا] اکیف مث: اَبْلاپا کمزوری، بودا پن۔ امث اَبلاپَری حسینہ، نازنیں۔

اِبلاغ کس ا، سک بـ امذ پہنچانے، پھیلانے، نشر

کرنے کا عمل؛ بکھیرنا۔صف ابلاغی، امث ابلاغیات (کس غ) نشرو اشاعت کا فن یا شعبہ۔
اَبلاکَھا فت ا، سک بـ امث ۔ رک آبھلاکھا۔
اَبلَق فت ا، سک ب، فت ل۔ صف۔ امذ۔ دو رنگا، سفید و سیاہ، چتکبرا، (گھوڑا ، پرندہ وغیرہ) امذ: ابلقا ایک سُریلا پرندہ جس کے پر سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
اُبَلنا ضمہ ا، فت ب، سک ل۔ ف ل۔ کھولنا، کَھد بَدانا، جوش کھانا؛ اُمڈنا، ا د بدا کے نکل پڑنا، اُبھرنا، زور کر کے چڑھنا، کناروں سے نکل پڑنا؛ (مجازاً) طیش میں آنا، جوش میں آنا، محاورہ اُبَل پڑنا آپے سے باہر ہو جانا۔ باہر نکل آنا۔ اُگل پڑنا۔
اَبلُوچ فت ا، سک ب، ومع ۔ رک آبلُوچ
اَبْلَہ فت ا، سک ب، فت ل صف۔ بھولا، سیدھا، بیوقوف، ا کیف مث: اَبلَہی حماقت۔ مرکب امث، اَبلَہ فریبی الّو بنانا، دھوکا دینا۔
اِبلِیس کس ا، سک ب، ی مع۔ امذ۔ علم۔ شیطان کا نام جو قرآن میں مذکور ہے۔ ملائکہ میں سے خدا کا باغی فرد۔ امث اِبلِیسی/ اِبلِیسِیَت شیطنیت، سیاہ کاری، مفسدہ پردازی۔
اِبن کس ا، سک بـ امذ۔ بیٹا ولد، فَرزَند، مرکب اِبنُ اْلسَّبِیل (اب نَس س بی ل) مسافر؛ ابن اْلوَقت (اِ ب نُل وَ ق ت) دنیا دار آدمی، اِبنِ آدم انسان، آدمی، ج ابناء م: اَبناءِ جِنس ایک ہی نسل یا نوع کے افراد اَبناءِ وَقت مطلبی، زمانہ ساز لوگ۔ اَبناءِ وَطَن اہل ملک، ہم وطن (نیز اَبنائے) اِبنِیَت (اِب نی یت) وَلدیّت، فرزندی۔
اُبْنَہ ضمہ ا، سک ب، فت ن۔ امث۔ مقعد کی خلش، اِغلام کی خواہش بیبس، نیز عِلّتِ اُبنَہ
اَبُو فت ا، ومع ۔ باپ ، والد؛ مالک، صاحب، والد کا مترادف م: اَبُوْاْلخَیر، بطور لقب یا کُنیّت، م: اَبُوْاْلآباء (اَبَل آباء) جدّ اعلیٰ، حضرت آدم کالقب نیز اَبُوْاْلبَشَر (اَبَل بَ شَر)۔ اَبُوْاْلحَسَن حسن کے والد، مراد حضرت علیؓ۔
اَبّوُ فت ا، شد ب، و مع۔ امذ۔ والد کو پکارنے کا کلمہ، ابّا کا مترادف۔
اَبْوَاب فت ا، سک بـ ج مذ۔ باب (رک) کی جمع۔
اُبُوّت ضمہ ا، ب، شد فت و۔ ا مث ۔ باپ ہونے کا مرتبہ یا حیثیت، باپتا۔
اَبُوجھ فت ا، و مع۔ صف۔ صف۔ نادان، کم عقل، [س: اَبُدھ]
اَبُوس فت ا، و مع۔ امذ ۔ تُوتیائے سبز، تانبے کا زنگ۔
اِبْہام کس ا، سک بـ امذ ۔ عدم وضاحَت غیرواضح ہونا، مکھَم پن، صف۔ مُبہَم۔ مرکب امث اِبہام پَسَندی تحریر و تقریر میں دانستہ مفہوم کو خبط یامشکوک رکھنے کی روش۔
اُبَّہت ضمہ ا، شد فت ب، فت ہ۔ امث ۔ شان و شوکت، طمطراق، بڑائی بزرگی۔
اَبْہَل فت ا، سک ب، فت ہ ۔ امذ۔ چیڑ کی قسم سے ایک پہاڑی درخت جس کی دو قسمیں ہوتی ہیں؛ کلاں جس کے پتّے بڑے اور شاخیں گھنی ہوتی ہیں، جنہیں خوشبو کے لیے سلگاتے ہیں۔ پھل پنجۂ مریم کی طرح۔ دوسرا چھوٹا جھاڑ کی طرح اور اس کا پھل جنگلی بیر کے برابر جس کا تیل دواءً استعمال ہوتا ہے۔ عَر عَر بر غُنچہ [لاط: Juniperus /Juniperus Communis] اس کے پھل کو جَوزُ اْلاَبہَل (جَوزُل اَبْ ہل) کہتے ہیں۔
اِبّی دُبّی کس ا، شد ب، ضمہ د۔ امث۔ گلی ڈنڈے کا کھیل۔ گلی پر ڈنڈے کی پہلی چوٹ کو اِبّی اور جب وہ ہوا میں اچھل جائے تو دوسری چوٹ کو دُبّی کہتے ہیں۔
اَبے فت ا، ے مج۔ حَرف ندا۔ بے تکلفی سے یا تحقیر

کے ساتھ پکارنے کا کلمہ۔ نیز بے، م: "ادھر آبے، ابے او چاک گریباں والے"۔ مرکب امذ، امث۔ **آبے تبے** (فت ت) ناشائستہ گفتگو، بازاری بول چال۔

اَبّے تَبّے فت ا، شد ب، فت ت، ے مج۔ ٹھاٹ باٹ ٹھسّے (بطور طنز)۔

اَبیات فت ا، سک بـ ج مث۔ اشعار؛ ایسے اشعار جن کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوں؛ مثنوی۔ **بَیت** (رک) کی جمع۔

اَبیَض فت ا، سک ب، فت ی۔ صف ۔ سفید، اُجلا [ع: ج **بِیض** (ی مع)] مرکب امذ **اَبیضِ مَنقُوش** چاندی کا سکّہ روپیہ۔

اَبِیقُوری فت ا، ی مع، و مع۔ امذ۔ یونانی حکیم ابیی کیورس سے منسوب فلسفہ' ابتہاج کا قائل۔ (انگ: Epicurian) امث اَبِیقورِیت زندگی سے پوری طرح لطف اندوز ہونے کا رویہ یا فکری مشرب۔

اَبَیل دَبَیل فت ا، ے لین، فت د (بروزن سمَیت بغیر)۔ امذ/ ج مذ۔ دبنے، رعب کھانے والا یا والے، ہیٹے، دبُو لوگ۔

اُبھار ضمہ ا۔ امذ۔ آس پاس سے اونچی سطح، اونچائی، اُٹھان، برآمدگی، پُھولا ہونے کی کیفیت؛ نموداری، حَدبیّتہ جوش، ولولہ۔ امذ: **اُبھارا** بڑھاوا شہ، اکساہٹ۔ ف م: **اُبھارنا**، پُھلانا، تاننا، نمایاں کرنا؛ اُکسانا، اوپر اچھالنا؛ اِغوا کرنا، بھگا لے جانا۔ صف **اُبھارُو**، ابھارنے والا، **اُبھَرواں** اُٹھا ہوا، اونچا، نمایاں۔ امذ ؛ **اُبھارا** اُچھال، اُچھالا پانی کا، ڈوبتی شے کو اوپر اُچھالنا۔

اَبھاگی فت ا۔ صف۔ بدنصیب، کمبخت۔ مث۔ **اَبھاگن/ اَبھاگِن** (فت نیز کس گ) نیز **اَبھاگنی** (سک گ)

اَبھَرَن فت ا، سک بھ، فت ر۔ امذ۔ رک **اَبرن** ، **آبھرن**۔

اُبھَرنا ضمہ ا، فت بھ، سک ر۔ ف ل۔ سطح سے اوپر اٹھنا، اونچا ہونا، نمایاں ہونا، پُھوٹنا، اپچنا، نمودار ہونا، سر اُٹھانا، ترقی کرنا، پستی سے نکلنا۔

اَبھلاشا فت ا، سک بھ۔ امث۔ آرزو، ارمان ۔ صف۔ **اَبھلاشی** (کس نیز سک بھ) آرزو مند، متمنی نیز **اَبھلا کھا/ اَبھلاکھی** ۔

اَبھمان فت ا، کس بھ۔ امذ۔ گھمنڈ غرور۔ صف **اَبھمانی**۔ متکبر مغرور۔

اَبھن فت ا، کس بھ۔ صف ۔ سالم، غیر منقسم متّحد، نیز **اَبھنّگ**۔

اَبھوت فت ا، و مع۔ صف ۔ ناپید ، معدوم ۔

اَبھی فت ا۔ م ف۔ اسی وقت، فوراً، اب تک، تاحال، ہنوز؛ ماضی یا مستقبل قریب میں م: ابھی گیاہے، ابھی آ جائے گا۔ [اب اور ہی کا مرکب]

اَبھَے فت ا، ے لین۔ صف ۔ نڈر، بے خوف۔ نیز **اَبھیت** (ی مع)۔

اَبھیاس فت ا، سک بھ۔ امذ ۔ ریاضت، وظیفہ، مراقبہ، مطالعہ ۔ صف: **اَبھیاسی** محنتی، شاغل، ذاکر، طالب علم۔

اَبھید فت ا، ے مج۔ امذ۔ ایکا، یگانگت۔

اَبھیروگ فت ا، ی مع، و مج ۔ امذ ۔ مویشیوں کی ایک بیماری جس میں زبان پر زخم پڑ جاتے ہیں۔

اَبھَینتَر فت ا، سک بھ، فت ی، سک ن، فت ت۔ امذ۔ اندرون، وسط، بیچ، قلب ۔

اَپ فت ا۔ سابقہ۔ جو تصغیر ، تحقیر، فصل، تفریق، برات، بے تعلقی یا برائی وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔ م: **اَپ بھرَنش** بگڑی بولی، اصطلاحاً پراکرتوں کا وہ وسطی دور جس کے بعد وہ جدید دور میں داخل ہوئیں، **اَپ جَس** بدنامی ، رسوائی۔

اُپ ضمہ ا، سابقہ، جو تصغیر، ضمنیت یا تحتی

حیثیت ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔ م: اُپ جَنْتَر جراحی کا چھوٹا نشتر؛ اُپ نام، عرف، تخلص؛ امذ اُپ وَن، باغیچہ، پائیں باغ۔

اَپاپ فت ا۔ صف۔ جائز، مباح

اُپا دْھیاے ضمہ ا، شد کس دھ۔ امذ۔ پنڈت ، وید، عالم، امث، اُپادّھیانی، عالمہ۔

اَپار فت ا۔ صف۔ ناقابل عبور، جس کا اور چھور نہ ہو۔

اُپاڑنا ضمہ ا، سک ڑ۔ ف م۔ اکھیڑنا، بیخ کَنی کرنا، فعل، اُپَڑنا، اکھڑآنا، اُبھر آنا۔

اُپاس ضمہ ا۔ امذ۔ روزہ، بَرت؛ پوجا پاٹھ، خدمت گزاری، صف: اپاسی/ اُپاسک (فت س) روزہ دار۔

اَپاہَج فتا،ہ۔ صف۔ ہاتھ پانو سے معذور، لنگڑا یا لولا، اکیف مث اَپاہَجی۔

اُپانگ ضمہ ا، غنہ۔ امذ - ماتھے کا نشان، تلک ، صندل کا ٹیکا۔

اُپائی ضمہ ا۔ ا مث۔ نگینہ سازی، نگوں کی گِھسائی۔

اُپائے ضمہ ا۔ امذ۔ حل، تدبیر، چارۂ کار۔

اَپَج فت ا پہ صف۔ نہایت کمینہ، پاجی کا صیغہ تفضیل (اردو کا تصرف) نیز اَپَجّ اَلْپُوّاج (اپج جَل پُو واج)۔

اُپَج ضمہ ا، فت پہ ا مث۔ کھیتی، فصل، پیداوار نیز اُپجان؛ ایجاد، نئی تخلیق؛ گانے میں تان پلٹے۔ صف اُپجاؤ (و مع) زرخیز زمین نیز اُپجَن ہار۔

اُپَدْرَو ضمہ ا، فت پ ، سک د، ولین۔ امث۔ شورو غل، افراتفری؛ ناگہانی آفت، کوئی قدرتی واقعہ جو اتفاقاً ظہور میں آئے اور اس کو بدشگونی پر محمول کیا جائے۔ صف۔ اُپدَروی نامبارک، مصیبت لانے والا؛ ظالم ، فسادی۔

اُپْدَنْش ضمہ ا، سک پ، فت د، سک ن۔ امذ۔ آتشک کا مرض، آبلۂ فرنگ۔

اُپْدیش ضمہ ا، سک پ، ے مج۔ نصیحت، نیک صلاح، مشورہ، تلقین، صف اُپدیشک ناصح۔

اَپْرادْھ فت ا، سک پہ امذ۔ خطا قصور، گناہ، اَپرادْھی خطا کار ، گناہگار۔

اُپرانا ضمہ ا، سک پہ ف ل۔ الگ تھلگ رہنا، غیریت برتنا، اکل کھرا پن دکھانا؛ باہر نکل آنا، الگ ہو جانا، اوپر اٹھ آنا۔

اَپْرَم پار فت ا، سک پ، فت ر۔ صف۔ لامحدود، لا انتہا۔

اَپْسَرا فت ا، سک پ س۔ امث۔ پری، حسینہ، نیز اَپْچھرا (سک پ چھ)

اُپْکار ضمہ ا، سک پہ امذ۔ احسان، مہربانی، مدد ، اعانت۔

اُپ کَرْم ضمہ ا، سک پ، فت ک۔ امذ۔ بری حرکت، کمینہ پن۔

اُپلا ضمہ ا، سک پہ امذ۔ گول چکّتی کی شکل میں پاتھا ہوا گوبر جو ایندھن کے طور پر جلایا جاتا ہے۔ مجازاً؛ پھولا یا سوجا ہوا (گال ، منہ، بطور پھبتی) ف م اُپلا / اُپلے/ پاتھنا/ تھاپنا گوبر کی چکتی بنانا۔ ف ل م، اُپلانا سوج آنا، سجانا، پُھلانا۔

اَپْمان فت ا، سک پہ امذ۔ ہتک ، توہین ، بےعزتی، صف اَپمانِت اَپمانِیَہ (کس ن) جسے بےعزت کیا گیا ہو۔

اَپَن فت ا، پہ ضمیر۔ ہم ، جمع یا واحد متکلّم۔

اَپنا فت ا، سک پ، ضمیر اضافی،ہمارا، میرا، خود کا، ذاتی؛ مانوس، بےگانے کی ضد؛ عزیز، قریب۔ اپنا سا مُنّہ لے کر رہ جانا، خجل شرمندہ لاجواب ہو جانا، مث اپنی۔ روزمرّہ: اپنی ایڑی دیکھنا ٹوٹکے کے طور پر، تا کہ نظر نہ لگے۔ صف اپنی سی امکان بھر، م: اپنی سی کوشش کر دیکھی۔

اُپ نام ضمہ ا، سک پ۔ امذ۔ لقب، عرف، عنوان، صف **اُپ نامی** ملقب، موسوم۔

اَپنانا فت ا۔ ف م۔ اپنا بنانا، اپنی ملکیت یا قبضہ میں لینا؛ اپنا سمجھنا؛ اختیار کرنا، شعار بنانا؛ عزیز سمجھنا۔

اَپنایَت فت ا، سک پ، فت ی۔ امث۔ قرابت، اُنسیت، دوستی، عزیزداری، آپس کا تعلق۔

اُپَنشَد ضمہ ا، فت پ، کس ن، فت ش۔ امذ۔ ویدوں کے مقالات، اقتباسات اور ان کی شرح، ہندوانی تصوف کے رسائل۔ [س: لفظاً ہم جلیس، قب ف، نشستن]

اَپنی فت ا، سک پ۔ اپنا کی تانیث۔ محاورہ: **اپنی وادی پر آنا** اپنی بات پر اڑنا، ہٹ کرنا، ضد کرنا، [س: واد = بحث رَدّ کد] اپنی ہائی اور پہ گنوائی اپنے کیے کا الزام دوسرے پر رکھنا۔

اَپنے فت ا، سک پ۔ ج مذ۔ اپنا کی مغیّرہ حالت نیز جمع۔ عزیز، ساتھی۔ م ف **اَپنے تَئیں** (فت ت، ی مع، بروزن تَن) اپنے آپ کو، خود کو۔

اُپَنیّاس ضمہ ا، فت پ، شد کس ن۔ امذ۔ کتھا کہانی، ناول، لچھے دار بات۔

اَپُوڑب فت ا، و مع، سک ر۔ صف۔ نادر، انوکھا، بے مثل۔ [اصلاً : **اَپُوڑو**]

اُپوَن ضمہ ا، سک پ، فت و۔ امذ۔ رک **اُپ**۔ نیز **اُپ بَن**۔

اُپی ضمہ ا، صف مث، آب دار، چمکدار، تیز [تلوار وغیرہ]

اَپھار فت ا۔ امذ۔ نفخ شکم، پیٹ کا پھولنا، ف ل، اَپھَرنا پھولنا، ف م: **اَپھرانا** ٹھونس ٹھونس کے پھلا دینا امذ: **اَپھارا** حُقنہ، مقعد کے ذریعے پانی چڑھانا۔

اُپھان ضمہ ا۔ امذ ۔ جوش اُبال، جھاگ۔

اَپھَرَن فت ا، سک پھ، فت ر۔ امث۔ پھولا ہونے کی کیفیت۔

اَپَھل فت ا، پھ ۔ صف ۔ جس میں پھل نہ آئے، بے ثمر، سَپَھل کی ضد، امث **اَپَھلتا** لا حاصلی، بے ثمری [اصلاً : اَپَھ لتَ، اَ پَھ لِ تا]

اَت فت ا۔ سابقہ جو شدت ، کثرت ظاہر کرنے کےلیے آتا ہے۔ نہایت، بغایت، م: **اَت چَپَل** بہت تیز طرار، شوخ، چنچل۔ **ات گت** (م ف) بے حد ، بڑھ چڑھ کر [اصلاً : اَ ت]

اَتا فت ا۔ امذ۔ باپ، ترکی ناموں میں ابو کا مترادف م : اتا محمد = ابُو محمد؛ **اَتابِک** (کس ب) اتالیق، معلّم، عالم۔

اِتّا کس ا، شد ت۔ صف۔ رک: **اِتنا اِتّاسا** بہت تھوڑا، بہت چھوٹا۔

اَتا پَتا فت ا، پ۔ ا مذ۔ ٹھکانا؛ سراغ، کھوج، تعریف، تعارف، پہیلی بوجھنے والے کو بتایا جانے والا اشارہ۔ م: اتا پتا یہ کہ کھانے میں ہے، یعنی کھانے کی چیز ہے۔

اُتار ضمہ ا۔ امذ۔ ڈھلان، ڈھال ، نشیب کا راستہ؛ زوال؛ نُزول، کمی جوکسی کیفیت میں واقع ہو؛ اِزالہ توڑ؛ چڑھاؤ کی ضد، بہاٹا۔

اُتارا ضمہ ا۔ امذ۔ اترنے یا اتارنے کاعمل، اترنے، پڑاؤ کرنے کی جگہ، نزول، پڑاؤ؛ دریا کا گھاٹ؛ ازالہ ، دفعیہ (زہر یا منتر کا) دان یا صدقہ کی ہوئی شے، وار پھیر؛ عکس ، شبیہہ۔

اُتارنا ضمہ ا، سک ر۔ ف م۔ اوپر سے نیچےلانا؛ جسم سے الگ کرنا؛ جدا کرنا؛ نقل کرنا، چربہ لینا، شبیہہ کھینچنا؛ چکانا، بے باق کرنا، زائل، رفع کرنا، پار لے جانا، منزل پر پہنچانا؛ نازل کرنا، مبعوث کرنا۔ ف ل: **اُتَرنا**۔

اُتارُو ضمہ ا۔ و مع۔ صف آمادہ، تُلا ہوا، کمر بستہ نیز **اُدھارو**۔

اُتاق ضمہ ا۔ امذ۔ کمرہ، حجرہ، کوٹھا، شہ نشین [ت : اُوتاغ]

اُتاقا ضمہ ا۔ امذ۔ کلغی ، طرّہ۔

اُتالا ضمہ ا۔ صف۔ جلد باز ، بے کل، بے چین، تیزی میں ، نیز **اُتاوْلا**۔ امث۔ **اُتاوَل** تیزی پُھرتی۔ مارا مار۔

اُتانا ضمہ ا۔ صف۔ ڈھیلا ڈھالا؛ بِن کسا؛ سُست، کاہل، مَٹھا۔

اَتائی فت ا۔ صف۔ شوقیہ گانے والا، خاندانی یا پیشہ ور کے برخلاف کسی ہنر یا فن کو شوقیہ سیکھنے والا، بے اُستادا، غیر سند یافتہ معالج [اصلاً س: آتم آدھین = خود پر انحصار کرنے والا] **اَتائی** نسخہ، وہ دوا جو کسی حکیم کی تجویز کردہ نہ ہو، چٹکلا۔

اَتْباع فت ا، سک ت۔ ج مذ۔ مقلّدین، متّبعین، پیرو، چیلے، مرید، واحد : **تَبَع** امث **اِتّباع** پیروی، تقلید۔

اِتْباع کس ا، سک ت۔ ا مذ۔ کسی لفظ کے بعد اس کا تابع لانا۔ عموماً لفظ کے پہلے حرف کو بدل کر م: کام وام، میلا ٹھیلا۔

اُتْپات ضمہ ا، سک ت ۔ ا مذ ۔ قہر ، غضب۔

اُتْپَت ضمہ ا، سک ت، فت پ۔ امث۔ آغاز، ابتدا، پیدائش، نمود، ظہور۔ ف م: **اُت پَت کرنا**۔ وجود میں لانا صف: **اُت پَن**: پیدا، ہویدا، وجود میں لایا ہوا۔ [اصلاً : اُت پتّی]۔

اِتّحاد کس ا، شد کسمح ت۔ امذ۔ ایکا، یکانگت، ملاپ، آمیزش؛ باہم حلیف ہونا، صف **اتّحادی** حلیف، ساتھی، (افراد، گروہ یا ریاستیں وغیرہ)۔

اِتّخاذ کس ا، شد کسمح ت۔ امذ۔ لینا، اختیار کرنا، پکڑنا، حاصل کرنا۔

اُتَّر ضمہ ا، شد فت ت۔ امذ۔ صف۔ سمت شمال؛ بائیں طرف؛ دور دراز مقام؛ جانشین، وارث؛ جواب، مدافعت؛ اعلیٰ، افضل، حاوی۔

اَتْراک فت ا، سک ت۔ ج مذ۔ **تُرک** (رک) کی جمع۔

اِتْرانا کس ا، سک ت۔ ف ل۔ ناز کرنا، کسی بات پر فخر کا اظہار کرنا، خوبی، برتری کو جتانا، پُھولنا، اکڑنا۔

اُتْرانا ضمہ ا، سک ت۔ ف ل۔ کسی ڈوبی ہوئی چیز کا سیّال سطح پر تیرنا، اُبھرآنا۔

اُتْرانگ ضمہ ا، سک ت، غنہ۔ امث۔ (موسیقی) سپتک کے آخری سروں (پا دھا نی / سا) کا مجموعہ ، جس میں اگلی سپتک کا کھرج سر (سا) بھی شامل ہے۔

اُتراوَن ضمہ ا، سک ت، فت و۔ امث۔ بان یا سُتلی سے بُنے ہوئے پلنگ یا کھٹولے میں پڑی ہوئی وہ موٹی رسّی جس میں سے بُنائی کو تاننے کے لیے ادوان پرو کر کسی جاتی ہے۔

اِتْراہَٹ کس ا، سک ت، فت ہ۔ امث۔ رک: **اِترانا** جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

اُتْرائی ضمہ ا، سک ت۔ امث۔ ڈھلان، نشیب، نیچے اُترتا ہوا، پہاڑی راستہ۔

اَتْرپال فت ا، ت، سک ر۔ امث۔ ناقابل کاشت خشک زمین۔

اُتْرُج ضمہ ا، کس ت، ضمہ ر۔ امذ۔ لیموں کی قسم کا پھل، اُترُنج (ضمہ ا ، ر) [ف: تُرنج کی تعریب]

اَتْرسوں فت ا ت، سک ر، و مج۔ امث۔ آئندہ پرسوں سے اگلا، یا گزشتہ پرسوں سے پچھلا دن۔

اُتْرَن ضمہ ا، سک ت، فت ر۔ امث۔ پہن کر اتارا ہوا کپڑا، استعمال شدہ، پرانا لباس۔ مرکب (مع تابع) **اُتْرَن کُھتْرَن**۔

اُتَرنا ضمہ ا، فت ت، سک ر۔ ف ل۔ نیچے کی طرف آنا، نزول کرنا؛ نازل ہونا، پڑاؤ کرنا؛ زینے سیڑھی یا

گاڑی سے پانوں نیچے رکھنا؛ جگہ سے کھسک جانا م: پہنچا اترنا؛ نقش ہونا؛ م: تصویر شبیہہ اترنا؛ زائل، رفع ہونا، م: بخار اُترنا؛ (کھانے کا) مزہ بگڑ جانا؛ نیچے رکھا جانا؛ ادا ہونا، بے باق ہونا؛ دودھ کا تھن یا پستان میں آنا؛ محو ہونا م: حافظے سے مٹنا، (پھلوں یا پھلوں کا) شاخ پر سے توڑا جانا؛ ظاہر، ثابت ہونا، م: پورا اترنا؛ سمانا، تہہ میں پہنچنا، جگہ پر ٹکنا، م: دل میں اترنا، ڈھیلا پڑنا، م: ساز کا اترنا، صف **اُترا** ڈھیلا، نڈھال، معزول، موقوف م: **اُترا شَحنَہ**۔

اُترنگ ضمہ ا، سک ت، فت ر، غنہ ۔ امث ۔ دروازے یا پاکھوں کے اوپر ٹکی ہوئی لیٹواں لکڑی یا سل نیز امذ **اُترَنگا**۔

اِتّساع کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ پھیلاؤ ، وسعت؛ مبہم طولانی بات۔

اُتساہ ضمہ ا، سک ت۔ امذ۔ حوصلہ، امنگ، ولولہ۔

اُتسَو ضمہ ا، سک ت، ولین۔ امذ۔ جشن ، خوشی کی تقریب، تہوار، اصلاً: **اُتسَوْ** (فت س، سک و)

اِتّصاف کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ کسی صفت سے متصف ہونا۔ کسی وصف کا حامل ہونا۔

اِتّصال کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ ملحق ہونا، باہم ملا ہوا ہونا، جڑا ہوا ہونا، پیوستگی، باہمی قربت۔ **اِتّصال تَفصیلی**۔ ہڈیوں کا وہ جوڑ جس میں حرکت کے لیے فصل باقی ہے۔ جیسے کہنی یا گھٹنے کا جوڑ۔ **اِتّصال اِلتِحامی** کی ضد۔ صف **اِتّصالی** (لسانیات) ترکیبی م: **اِتّصالی** زبان جس میں تصریف کی جگہ ترکیب و تالیف سے کام لیا جائے۔ **تَصْرِیفی** کی ضد مثلاً اردو ۔ (انگ ۔ Agglutinative)

اِتّفاق کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ اتّحاد، یکانگت؛ ہمخیالی؛ میل؛ یکسانیت، اچانک واقعہ، یکایک پیش آ جانے والی بات (لزوم کی ضد)۔ م ف: **اِتّفاقاً** (ق) یک بیک، غیر متوقع طور پر، صف: **اِتّفاقی** اچانک، غیر متوقع، کبھی کبھی کا، م: رخصت اتّفاقی۔

اِتّقا کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ زہد، پرہیز گاری۔

اِتْقان کس ا، سک تہ امذ ۔ اکملیت، مہارت تامّہ۔

اَتْقیٰ فت ا، سک ت، ی غم۔ صف۔ نہایت پرہیزگار، نیکی میں بڑھ چڑھ کر، تَقی کا صیغۂ تفضیل۔

اَتْقیا فت ا، سک ت، کس ق۔ ج مذ۔ نیک برگزیدہ لوگ۔ تَقی کا صیغہ جمع۔

اِتّکا کس ا، شد کسمج تہ امذ۔ ٹیک لگانا۔ سہارا لینا، تکیہ کرنا۔ نیز اصلاً **اِتّکاء**۔ صف: **اِتّکائی** جس پر تکیہ، بھروسا کیا جائے۔

اُتْکَٹ ضمہ ا، سک ت، فت ک۔ صف۔ معمول سے سوا، شدید دشوار، امذ **اُتکَٹ آسَن** کسی ٹیک کے بغیر اس طرح کی بیٹھک جیسے کرسی پر بیٹھتے ہیں۔

اَتْگت فت ا، سک ت، فت گ۔ م ف۔ صف۔ بہت بڑھ چڑھ کر، انتہائی ، بغایت [اصلاً: ات گت]۔

اَتْگَندھ فت ا، سک ت، فت گ، سک ن۔ چنپا، موگرا۔ [اصلاً: اَت گندَھ، نہایت مہکیلا]۔

اَتَل فت ا، تہ صف ۔ اتھاہ ، جس کی تہ نہ ملے۔

اِتْلاف کس ا، سک تہ امذ۔ زیاں، تلف ہونا، ضائع جانا، جنگ میں زخمی ہونا یا کام آنا۔ **اِتلافِ خانَہ** محاذ پر زخمی ہونے والے سپاہیوں کا شفاخانہ، بیماروں کا کیمپ۔

اَتَمّ فت ا، تہ صف۔ کامل، بحدّ کمال، بالکل پورا۔ م **بَدَرجۂ اَتَم** اعلیٰ ترین درجے پر (ع: تمام کی تفضیل)

اُتَّم ضمہ ا، شد فت تہ صف۔ افضل، بڑھ کر، برتر، اعلیٰ؛ نہایت مناسب۔ امث **اُتّمتا** برائی، فوقیت۔(س: اُد کی تفضیل ، اُدتَم = بہت اونچا)

اِتْمام کس ا، سک تہ امذ۔ پوراکرنا، انجام کو پہنچانا، تکمیل، مراسا **اِتمامِ حُجّت** بحث کو

ختم کرنے کے لیے، دلیلِ آخر یا تکمیل شرط۔

اِتْنا کس ا، سک ت۔ صف۔ اِس قدر، اِس درجہ، ایسا، **اِتْنا سا** بہت چھوٹا، بہت تھوڑا خفیف۔ **اِتنا سارا**، بہت سا، بکثرت۔

اُتْنا ضمہ ا، سک ت۔ صف ۔ اُس قدر ۔ اُس جیسا، اُس کے برابر۔

اُتّو ضمہ ا، شد ت، و مع۔ امذ۔ دھات کا دھار دار اوزار جسے گرم کر کے کپڑوں پر نقش یا شکنیں ڈالی جاتی تھیں؛ اتّو سے کپڑوں پر ٹھپہ لگانا، نقش ابھارنا، محاورہ مار مار کے اتّو بنانا/ کرنا۔ جسم پر مار سے بدّھیاں ڈالنا۔ (دھمکی کے طور پر مستعمل)

اَتْواپ فت ا، سک ت۔ ج مث۔ **توپ** (رک) کی جمع

اِتْوار کس ا، سک ت۔ امذ۔ سنیچر کے بعد کا دن، یک شنبہ جو سورج سے منسُوب کیا جاتا ہے۔ [س: آدتیَہ وار]

اِتِہاس کس ا، ت۔ امذ۔ تاریخ، علم التواریخ، وقائع۔

اِتّہام کس ا، کسمج ت۔ امذ۔ الزام ، بہتان، تہمت دھرنا۔

اَتْیا چار فت ا، سک ت۔ امذ۔ انصاف یا نیکی کے راستے سے تجاوز، تشدد، زیادتی، ظلم، جور صف۔**اَتیا چاری** جابر، ظالم۔

اَتیت فت ا، ی مع۔ امذ ۔ سادھو، سنیاسی مہمان نیز **اَتیتھ**۔

اَتیس فت ا، ی مع۔ امث۔ ایک بوٹی کی جڑ، باہر سے مٹیالی اندر سے سفید ، دواءً مستعمل، کاشمیرا (لاط: Aconitum Hetrophyllum)

اَتھاہ فت ا۔ صف۔ بہت گہرا جس کی تہہ نہ ملے۔

اَتَھرْوید فت ا، تھ، سک ر، ے مج، علم۔ ہندوؤں کے چار ویدوں میں سے چوتھا۔ [س : اَتھرو وید]

اُتْھلا ضمہ ا، سک تھ۔ صف مذ۔ جس میں گہرائی نہ ہو۔ سپاٹ یا قدرے ابھرواں، مث **اُتھلی**

اُتَھل پُتَھل ضمہ ا، فت تھ، فت پ۔ صف، امث۔ الٹ پلٹ، ڈانواڈول، ابال پر آیا ہوا؛ کھد بَداہٹ، کھدبَدی، ہیجان؛ متلی، کھانا پیٹ میں نہ پچنے کی کیفیت۔

اَتْھوا فت ا، سک تھ، حرف تفسیر بمعنی یا، یعنی نیز مثل ، مانند۔

اَٹا (۱) فت ا۔ امث۔ ایک بوٹی جو پتھر پر اگتی ہے۔ پتھر پھوڑی۔

اَٹا (۲) فت ا۔ صف۔ رک **اَٹنا** جس کا یہ حالیہ نیز صف ہے۔

اَٹّا فت ا، شد ٹ۔ امذ۔ کوٹھا ، چھت پر بنا ہوا کمرہ، نیز امث، **اَٹاری** تص: **اَٹڑیا**۔

اَٹال(۱)فت ا۔ امث۔ صف ۔ ڈھیری، انْبار؛ ڈھیروں، بکثرت۔

اَٹال(۲)فت ا، امث، چھت کے نیچے تختہ پاٹ کر بنائی ہوئی عارضی دو چھتی یا مچان۔

اَٹالا فت ا۔ امذ۔ اسباب، لداوا، سامان، کاٹھ کباڑ۔

اَٹ سَٹ فت ا، سک ٹ، فت س۔ امث۔ خفیہ سمجھوتہ، سازش، یارانہ، لگاوٹ۔

اَٹْکانا فت ا، سک ٹ۔ ف م۔ **اَٹکنا** (رک) کا متعدی۔

اَٹْکاوا فت ا، سک ٹ۔ امذ۔ بندش ، روک؛ تعلق، بندھن، نیز **اَٹکاؤ**۔

اِٹْکَری کس ا، سک ٹ، فت ک۔ امث۔ اینٹ کا ٹکڑا، ٹھیکری۔

اَٹْکَل فت ا، سک ٹ، فت ک۔ امث۔ اندازہ، قیاس، پرکھ، آنکنے کی حس، مہارت یا صلاحیت، سمجھ بوجھ، م ف: **اَٹکَل پَچّو** (فت پ، فت شد چ، و مع) الل ٹپ، سرسری طور سے، غور و تامّل کے بغیر۔

اَٹْکَن بَٹْکَن فت ا، سک ٹ، فت ک، سک ن، فت

ب۔ امذ۔ چھوٹے بچوں کا ایک کھیل جو چند بچے حلقے میں بیٹھ کر کھیلتے ہیں۔ ہتھیلیاں اوندھی رکھتے ہیں۔ ایک بچہ باری باری ہر بچے کے ہاتھ پر انگلی ٹکاتا ہوا کچھ بول دہراتا ہے: اٹکن بٹکن دہی چٹیکن، اگلا جھولے، بگلا جھولے، ساون ماس کریلا پھولے، پھول پھول کی بالیاں، مرزا گئے دلّی، واں سے لائے سات بلی، ایک بلّی کانی، مرزا کی نانی، مرزا گئے اندر، باہر ناچے بُھورا بندر۔ (بعض جگہ الفاظ قدرے مختلف)۔

اَٹکنا فت ا ٹ، سک ک۔ ف ل۔ کسی نکیلی چیز میں پھنسنا، الجھنا؛ ٹِھٹکنا، روکا جانا؛ جڑنا؛ آشنائی کرنا، ف م: **اَٹکانا**، امذ: **اَٹکاوا**، پھندا؛ روک، مزاحمت؛ تعلق خاطر۔

اَٹکھیل فت ا، ے مج۔ صف۔ امث۔ شوخ چشم، چلبلا؛ چنچل پن؛ شوخی؛ نیز **اَٹکھیلی**۔

اَٹَل فت ا، ٹ۔ صف۔ نہ ٹلنے والا، اچل، جسے ہلایا، ٹالا یا پسپا نہ کیا جا سکے؛ ناگزیر۔

اَٹَم فت ا ٹ۔ امذ۔ انبار، ڈھیر، کباڑ نیز **اَٹَمبار**۔

اَٹنا فت ا، سک ٹ۔ ف ل۔ ساری جگہ کا گھر جانا، سراسر پُر ہو جانا، بھر جانا، پٹ جانا؛ آلودہ ہونا؛ گرد آلود ہو جانا۔

اُٹَنگا ضمہ ا، فت ٹ، غنہ۔ صف۔ اوچھا، لمبان میں کم (جامہ ، کپڑا)

اُٹَنگن ضمہ ا، فت ٹ، غنہ، فت گ۔ امذ۔ ایک پودا جس کے چار جوڑے پتّوں کے درمیان کلی میں سے تال مکھانے کی طرح کے دو چکنے بیج نکلتے ہیں جو دواءً مستعمل ہیں، چوپکتیا، [لاط: Blepharis Edulis]۔

اَٹْواٹی کَھٹْواٹی فت ا، سک ٹ، فت کھ۔ امث۔ استر بستر، چارپائی، پلنگ بچھونا، محاورہ: **اَٹْواٹی کَھٹْواٹی لے کر پڑ رہنا**، اوٹ میں جا کر لیٹ رہنا، روٹھنے کا نسوانی انداز، جس کا ذکر عموماً کہانیوں میں ہوتا ہے۔

اَٹُوٹ فت ا، و مع۔ صف۔ جو الگ نہ ہو سکے، جو توڑا یا جدا نہ کیاجاسکے، ناقابل شکست، ابھنگ، یکساں، ہموار؛ لگاتار۔

اَٹّی فت ا، شد ٹ۔ امث۔ رک **اَنٹی**۔

اَٹیرَن فت ا، ے مج، فت ر۔ امث۔ انٹی بنانے کے لیے سوت لپیٹنے کا آلہ، اوجنا، نیز **اَٹیرنی** ف م: **اَٹیرنا**، لپیٹنا ، لچّھی بنانا۔

اَٹْھ فت ا۔ عدد آٹھ کی تخفیف م: **آٹھ پَہری** دن رات کے آٹھ پہروں پر بجنے والی نوبت؛ **اٹھ گُنا**۔ آٹھ درجے زیادہ، **آٹھ ماسا، آٹھ وانسا** حمل کے آٹھویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ؛ **آٹھواڈا/ اَٹْھواڑا** آٹھ دن کا دور یا عرصہ، پورا ہفتہ۔

اَٹّھا فت ا، شد ٹھ۔ امذ۔ آٹھ کا مجموعہ، تاش کا وہ پتہ جس پر کسی رنگ کے آٹھ نشان ہوں۔

اُٹھا پَٹَک ضمہ ا، فت پ ٹ۔ امث۔ دھینگا مشتی، گُتّھم گُتّھا۔

اَٹّھارَہ فت ا، شد ٹھ۔ عدد [دس اور آٹھ کا مجموعہ (۱۸)] صف۔ مذ **اٹّھارْواں**۔

اَٹّھاسی فت ا، شد ٹھ۔ عدد۔ اسی اور آٹھ (۸۸) صف **اٹھاسی واں/ ویں**۔

اُٹھان ضمہ ا۔ امث۔ اونچائی، قد، بڑھنے، اونچا ہونے کا عمل یا رفتار؛ ابتدا؛ آغاز۔

اَٹّھانْوے فت شد ٹھ۔ نوے اور آٹھ (۹۸) صف **اَٹّھانْواں/ویں**۔

اَٹّھاوَن فت ا، شد ٹھ، فت و۔ عدد۔ پچاس اور آٹھ (۵۸) صف مذ **اَٹّھاوَن واں**۔

اُٹھاؤُ چُولھا ضمہ ا، و مع۔ امذ۔ عارضی چولھا؛ بے ٹھکانا آدمی۔

اُٹھائی گیِرا ضمہ ا، ی مع۔ امذ۔ چوٹّا اُچکا۔

اَٹّھائیس فت ا، شد ٹھ، ی مع۔ عدد۔ بیس اور آٹھ (۲۸) صف **اَٹّھائیسواں/ ویں**۔

اُٹْھ بَیٹْھ ضمہ ا، سک ٹھ، ے لین۔ امث ز ک: اُٹّھک بَیٹّھَک م ف: اُٹھ بیٹھ کے صحبت میں رہ کر م: انسان اچھے لوگوں کی صحبت میں اٹھ بیٹھ کے ہی کچھ سیکھتا ہے۔

اَٹْھتّر فت ا، ٹھ شد فت ت۔ عدد۔ ستر اور آٹھ (۷۸) صف اَٹھتّرواں/ ویں۔

اَٹھراہ فت ا، سک ٹھ ۔ امذ۔ سوکھے کی بیماری، بغایت لاغری۔

اُٹّھک بَیٹّھک ضمہ ا، شد فت ٹھ، ے لین ۔ امث۔ بار بار اکڑوں بیٹھنا اور کھڑا ہونا؛ مشقّت بے جا۔ نیز اُٹھ بَیٹھ، اُٹّھا بَیٹّھی۔

اَٹْھلانا فت ا، سک ٹھ۔ ف ل۔ ناز سے چلنا، چنچل پن دکھانا، اترانا نیز اِٹھلانا (کس ا)۔

اُٹْھنا ضمہ ا، سک ٹھ۔ ف ل۔ اونچا ہونا، اوپر کو بڑھنا؛ سوتے سے جاگنا؛ کھڑا ہونا؛ مستعد، کمر بستہ ہونا؛ لدنا؛ ڈھویا جانا؛ برپا ہونا؛ مچنا؛ ترک ہونا؛ موقوف ہونا؛ خرچ صرف ہونا؛ تربیت پرورش پانا۔ ف م: اُٹھانا، فعل ماضی اُٹّھا، اٹھا/ امر اٹّھو، اُٹھو (شد ٹھ، نیز بلا شد نظم میں جائز)۔

اُٹَھنْگَن ضمہ ا، فت ٹھ، غنہ، فت گ۔ امث۔ ایک طرح کا چوڑے بازوؤں کا چمٹا، جس کی مدد سے بچے کو ماں کے پیٹ سے بعض صورتوں میں نکالا جاتا ہے۔ (انگ: Forceps)

اَٹھنّی فت ٹھ، شدن۔ امث۔ آٹھ آنے یا نصف روپے کا سکہ جسے دھیلی یا ادھیلی بھی کہتے تھے۔

اَٹھوانْسا فت ا، سک ٹھ، ا مع۔ صف مذ۔ آٹھ سے منسوب صف اَٹھوانْسی، م: اٹھوانْسی جالی ہشت پہلو اُقلیدسی شکلوں سے بنی ہوئی عموماً پتھر کی جالی۔

آثاث فت ا۔ ج مذ۔ مال و متاع، آسائش کے اسباب، مرکّب آثاث البَیت گھریلو سامان، نیز واحد: آثاثہ، سامان، املاک۔

اَثبات فت ا، سک ث۔ ج مذ ۔ معتبر، معزز لوگ۔ واحد: ثابت/ اَثْبَت؛ تفضیل اَثبت: نہایت محکم۔

اِثبات کس ا، سک ث۔ امث۔ محکم، ثابت، مضبوط، مستحکم ہونا، نفی کی ضد، م ف۔ اِثباتاً (تی) اثبات میں ہاں میں، اقرار نہ کہ انکار کے طور پر۔ امث: اِثباتیّت/ اِثبَاتیَت وہ فلسفیانہ مکتب فکر جو حسّی مشاہدآت و تجربات پر انحصار کرتا ہے اور ظن و قیاس کا قائل نہیں۔ (انگ: Positivism)

اِثْخان کس ا، سک ث۔ امذ۔ خونریزی، مقاتلہ۔

اَثدیٰ فت ا، سک ث، ی غم۔ ج مث۔ چھاتیاں، پستان۔

اَثَر فت ا، ث۔ امذ۔ نشان، چربہ، نقش، عکس؛ یادگار، روایت؛ ردّعمل؛ نتیجہ؛ حاصل زور، رسوخ، رسائی؛ دباؤ، آسیب، سایہ؛ سُنّتِ صحابہؓ ، کسی صحابی کا قول جسے حدیث کے طور پر قبول کیا جا سکے۔ ج آثار (رک)۔

اَثَرَہ فت ا، ث، ر۔ امذ۔ انانیت، خود غرضی ، زبردستی، ہما ہمی۔

اِثْغار کس ا، سک ث۔ امذ۔ شیر خوار بچے کے اگلے دو دانتوں کا نکلنا۔

اَثْقال فت ا، سک ث۔ ج مذ۔ بھاری بوجھ ، بار ہائے گراں، بوجھل اشیاء ، مجازاً بھاری ذمہ داریاں، مشکل مسائل؛ دیر ہضم غذائیں، صف اَثْقَل بہت بھاری یامشکل۔

اَثَل فت ا، ث۔ امذ ۔ جھاؤ کا درخت جس کی ٹوکریاں بنتی ہیں۔ [لاط : Tamarix Indica]

اِثْلاث کس ا، سک ث۔ امذ۔ تین سے تقسیم کرنا، تین حصے بنانا۔

اِثْلاج کس ا، سک ث۔ امذ۔ ٹِھٹھرن، سردی،شل ہو جانے کی کیفیت۔

اِثْم کس ا، سک ث۔ امذ۔ گناہ، جرم، صف **آثِیم/ آثِم** عاصی، گناہگار ج **آثام، مآثِم** ۔

اَثْمار فت ا، سک ث۔ ج مذ۔ پھل پُھلاری، تازہ میوے نیز ثمَرات۔

اِثْمار کس ا، سک ث۔ امذ ۔ درخت کا پھل دینا، پھل لانا، پَھلنا۔

اَثْنا فت ا، سک ث۔ امذ ۔ دوران، وقفہ، مدت، عرصہ م: **دَرایں اَثْنا** اس دوران میں نیز **اَثْناء** م: اثناء سفر میں۔ صف **اَثْنائی** محدود وقت کے لیے۔

اِثْنا عَشَر کس ا، سک ث، فت ع ش۔ عدد۔ بارہ (۱۲) صف **اِثْناء عَشَری** بارہ اماموں کو ماننے والے شیعی؛ پیٹ کی لمبی آنت جس کا طول بارہ انگل ہوتا ہے ۔(لاط: Duodenum کا مترادف)

اِثْنَین کس ا، سک ث، ے لین۔ عدد دو۔ (۲) امث **اِثْنَینِیّت**، دو ہونا، دو کو ماننا، توحید کی ضد۔ صف۔ **اِثْنَینی** دو سے متعلق، عدد ۲ پر مبنی (قب انگ Binary)

اَثِیر فت ا، ی مع۔ امذ۔ ایتھر وہ لطیف مادہ جو خلا میں پھیلا ہوا اور روشنی کا مُوصّل مانا جاتا ہے؛ قدیم فلکیات میں: سب سے اونچا آسمان؛ طبّ و کیمیا میں: گندھک کے تیزاب اور الکحل سے تیار کردہ ایک محلول جواعضاء کو سُن کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (لاط: Aether)

اَثِیل فت ا، ی مع۔ صف۔ جس کی بنیاد محکم ہو، اچھی نسل کا۔ [قب: اصیل]

اِجابَت کس ا، فت ب۔ امث۔ دعا کی قبولیت، دعا کا موافق جواب؛ رفع حاجت۔

اَجات فت ا۔ صف۔ غیر جنس، ذات باہر، جس کی کوئی ذات نہ ہو؛ نئی قسم کا پودا جو اپنی نوع سے کچھ مختلف ہو۔

اِجارا کس ا۔ امذ۔ دیوار کے نچلے حصے کی آگےکو نکلی ہوئی چنائی۔ [ف : اِزارہ]۔

اِجارَہ کس ا، فت ر۔ امذ۔ ٹھیکا، معاوضہ یا اجرت پر تفویض کیا ہوا کوئی خاص کام، کرایہ داری؛ قبضہ تصرف، اختیار۔

اُجاڑ ضمہ ا۔ صف۔ امذ، ویران ، غیرآباد؛ ویرانہ، دشت، صحرا۔

اِجازَہ کس ا، فت ز۔ امذ ۔ **اِجازت** (رک) کی اصل شکل۔

اُجاغ ضمہ ا۔ امذ ۔ چُولھا، انگیٹھی [ف : اُوجاغ]۔

اُجاگَر ضمہ ا، فت گ۔ صف۔ روشن، جلی ، واضح [س : اُدّے + کر]

اُجالا ضمہ ا۔ امذ ۔ روشنی، طلوع صبح، (بول چال) صفایا، ستھراؤ، سویرا۔

اُجالنا ضمہ ا۔ ف م۔ چمکانا، جلا دینا؛ روشن ، واضح کرنا۔

اُجالی ضمہ ا۔ امث۔ روشنی، سفیدی، اُجالا۔

اَجان فت ا۔ صف۔ نادان، انجان، نیز رک **اَجایَن**۔

اُجان ضمہ ا۔ امث۔ دریا کے بہاؤ کی مخالف سمت۔

اَجانِب فت ا، کس ن۔ ج مذ۔ **اَجنَبی** (رک) کی جمع۔

اَجایَن فت ا، ی۔ امذ۔ نیم کے برابر ایک درخت جس میں آدھ گز تک لمبی، پتلی پھلیاں لگتی ہیں جن کے بیج دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

اِجبار کس ا، سک ب۔ امذ۔ زبردستی، جبر، زورا زوری کرنا۔

اِجتبا کس ا، کسمج ت۔ امذ۔ پسندیدہ، منتخب ، چنیدہ ہونا۔ صف **مُجتَبیٰ** (مُج تَ با)

اِجتماع کس ا، سک ج، کسمج ت۔ امذ۔ یکجائی،

اکٹھا ہونا، گروہ، بڑا جلسہ، مرکب وصفی۔ اِجتماعِ ضِدّین۔ دو بالکل مختلف چیزوں کا یکجا ہونا نیز اجتماعِ نَقِیضَین۔ صف اِجتِماعی متفقہ پوری جماعت سے منسوب۔ امث: اِجتِماعیّت/ اِجتِماعیّت مل جل کر کاشتکاری ؛ اشتراک، ہمکاری، اشتراکیت (انگ: Collectivism)۔

اِجتِناب کس ا، سک ج، کسمج ت۔ امذ۔ بچنا؛ گریز ، پرہیز کرنا۔

اِجتِنان کس ا، سک ج، کسمج ت۔ امذ۔ پیٹ کے بچے کا بڑھنا، جنین کی تدریجی افزائش۔

اِجتِہاد کس ا، سک ج، کسمج ت۔ امذ ۔ کوشش، محنت؛ جستجو؛ جدّت، اُپج؛ شرعی امور میں غور و خوض اور اصول کی روشنی میں حکم لگانا۔

اَجْداد فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ باپ دادا، پُرکھے، اسلاف، جَدّ کی جمع۔

اُجَدّ ضمہ ا، فت ج۔ امذ۔ صف۔ گنوار، ناشائستہ۔

اَجْر فت ا، سک ج۔ امذ۔ صلہ، بدلہ، عوض، انعام، ثواب۔

اِجْرا کس ا، سک ج۔ امذ۔ جاری ہونا، رواں ہونا، نمودار ہونا، نکلنا، عام، اشاعت پذیر ہونا نیز اِجراء م: اِجراءِ حکم/ اِجراءِ کار۔ امث اِجرائی۔

اَجْرام فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ مادّی وجود، خصوصاً اجسام فلکی ستارے اور سیّارے، واحد جِرم۔

اُجْرَت ضمہ ا، سک ج، فت ر۔ امث۔ معاوضہ، صلۂ خدمت، مزدوری۔ اُجرتِ مُتَعارَف (فت ر) عام طور پر ملنے والی اُجرت، معلومہ اُجرت۔

اَجْرَک فت ا، سک ج، فت ر۔ امث۔ سندھ کی مخصوص پکّے رنگوں میں چھپی ہوئی چادر جس میں نیلا رنگ ضرور شامل ہوتا ہے۔ [ع: ازرق کی تحریف]

اُجَڑنا ضمہ ا، فت ج، سک ڑ۔ ف ل۔ سُنسان، ویران، غیر آباد، خالی ہو جانا؛ بے رونق ہو جانا، بے گھر، برباد ہونا۔ صف اُجڑا، پُجڑا، تباہ، برباد، بد رونق۔

اَجزا فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ جُز (رک) کی جمع نیز اَجزاء م: اجزاء پریشاں، منتشر حصّے۔

اِجزال کس ا، سک ج۔ امذ ۔ کثرت، زیادتی، وفُور، صف: جَزِیل، بہت، وافر۔

اَجساد فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ جَسَد (ر ک) کی جمع۔

اَجسام فت ا، سک ج۔ ج مذ ۔ جِسم (رک) کی جمع۔

اَجفان فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ پپوٹے، غلاف چشم کا کنارہ جس پر پلکیں بالوں کی جھالر کی شکل میں جڑی ہوتی ہیں۔ (ع: واحد، جَفن)۔

اَجگَر فت ا، سک ج، فت گ۔ امذ۔ اژدہا، موٹا لمبا سانپ کی قبیل کا رینگنے والا جانور [س : ا ج = بکری + گر = نگلنے والا، قب ف : اژدَر]

اَجَل فت ا، ج ۔ امث ۔ مقررہ وقت، مراد موت مرکب صف: اَجَل گرِفتہ (گِ رِ ف ت) مرنہار، کمبخت۔

اَجَلّ فت ا، ج۔ صف۔ عظیم، ذی مرتبت، مہا، مہان، جَلیل کا صیغۂ تفضیل، تراکیب میں ل مشدّد م: اَجَلّ و اَہم، اَجلّ فُضَلاء ج: اَجِلّہ/ اَجِلّاء۔

اَجل فت ا، سک ج۔ امذ ۔ سبب، وجہ، علّت [ع: لاَجل = اس لیے]

اِجَل کس ا، فت ج۔ امذ۔ ندی تالاب کے آس پاس پایا جانے والا ایک پودا جس کی شاخیں سرخ اور پتے کنیر کی طرح کے ہوتے ہیں اور لال پھولوں کی بال اگتی ہے۔ جَل کَنیر [لاط: Elative Verticellata].

اُجّل (۱) ضمہ ا، شد فت ج۔ صف مذ مث۔ اجلا، چمکیلا، روشن، شفاف۔

اُجّل (۲) ضمہ ا، شد فت ج۔ امذ۔ دریا کے بہاؤ کے خلاف کشتی کھینا [س : اُد + جل]۔

اُجلا ضمہ ا، سک ج۔ صف : امذ ۔ ستھرا، صاف، بے داغ، بے کثافت؛ شفاف، روشن؛ عمدہ؛ شریف؛ سفید پوش؛ چاندی کا سکہ؛ روپیہ؛ دھوبی کا ایک مقامی نام (پورب)۔ **اُجلا خرچ** فراخی، آسائش کا رہن سہن۔ امث **اُجلی**۔

اِجلاس کس ا، سک ج۔ امذ۔ نشست، بیٹھک؛ رسمی اجتماع؛ افسر کے بیٹھنے کا کمرہ یا دفتر۔

اَجلاف فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ نچلے لوگ، معمولی اشخاص، ایرے غیرے۔

اِجلال کس ا، سک ج۔ امذ۔ بڑائی، عظمت، شان و شکوہ۔

اِجلِواز کس ا، سک ج، کسمج ل۔ امذ۔ تیز رفتاری۔

اَجْلیٰ فت ا، سک ج، ی غم۔ صف۔ زیادہ جلی، واضح تر، روشن تر۔

اَجَم فت ا، ج۔ امذ۔ کچھار، شیروں کا ٹھکانا، جنگل، نیستان، نیز ع: **اَجمَہ**

اِجْماع کس ا، سک ج۔ امذ۔ یکجا ہونا، جمع ہونا، ہم خیالی، اتفاق رائے۔

اِجْمال کس ا، سک ج۔ امذ۔ اختصار، خلاصہ، صف : **اِجْمالی** مختصر مشترک۔ م: اِجمالی زمین، جو کئی آدمیوں کے قبضے میں ہو۔

اَجْمل فت ا، سک ج، فت م۔ صف۔ نہایت حسین، جمیل کا صیغۂ تفضیل۔

اَجْمُود فت ا، سک ج، د مع۔ امذ۔ ایک پودا جس کی پتیاں خوشبودار، پھول سفید اور بیج کالے کلونجی سے ملتے جلتے جو دواءً مستعمل ہوتے ہیں۔ (لاط : Apium Involcratum)۔

اَجْناس فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ غلے کی جملہ اقسام؛ کھیت کی فصلیں، کاشت کی پیداوار؛ اشیا؛ انواع، فروعات ۔ **جِنس** رک کی جمع۔

اَجنَبی فت ا، سک ج، فت ن۔ صف۔ غیر، نامانوس، انجانا۔ امث: **اَجنَبیّت**، بیگانگی۔

اَجْنِحَہ فت ا، سک ج، کسمج ن، فت ح۔ ج مذ۔ شہپر، بازو [ع: واحد **جَناح** (فت ج)]۔

اَجَنما فت ا، ج، سک ن۔ صف۔ جو پیدا نہ ہوا ہو، ہمیشہ سے ہو، قدیم، حادث کی ضد۔

اَجِنّہ فت ا، سک ج، شد فت ن۔ **جَنین** (رک) کی جمع ۔ نیز اردو میں جن کی جمع کے طور پر مستعمل بجائے **جِنّہ**۔

اَجوائِن فت ا، سک ج، کسمج ء ۔ امث ۔ ایک پودا جس کے سیاہی مائل بھورے مہین چرپرے بیج کھانوں میں ہاضمے کے لیے ، نیز طبی نسخوں میں مستعمل ہیں، دیسی اجوائن (لاط: Ammi Capticum) مرکب **اَجوائِن خُراسانی**: اس کا تنا زیادہ موٹا روئیں دار ہوتا ہے، اس کی تین قسمیں ہیں۔ سرخ ، سفید اور سیاہ ۔ صرف سفید پھول والی دواءً مستعمل ہے۔ باقی زہریلی ۔ (لاط: Hyoseumus)

اَجْوِبَہ فت ا، سک ج، کس و، فت بہ ج مذ۔ جواب رک کی جمع۔

اَجوَت فت ا، و مج۔ امث ۔ تاریکی ، اندھیرا [س، اَجیوتی]

اَجوت فت ا، و مج۔ ا مث۔ بغیر جوتی (زمین)

اُجُورَہ ضمہ ا، و مع، فت ر۔ ا مذ۔ مزدوری، اجرت ، حق المحنت، صف: **اُجُورَہ دار** مزدور، کام سے لگا ہوا آدمی۔

اَجْوَف فت ا، سک ج، فت و۔ صف۔ کھوکھلا، تھوتھا، جس کا پیٹ یا اندرون خالی ہو۔

اَجوَگ فت ا، و مج ۔ صف ۔ جس کا جوڑ نہ ہو بے جفت، مفرد، تنہا، منفرد۔

اَجوَلی فت ا، ومج۔ امث۔ کھلیان پر کام کرنے والے

مزدوروں کو دیا جانے والا اناج [اصلاً س: اَجَوَل کُھلی مٹھی، لپ]۔

اِجْہاز کس ا، سک ج، امذ ۔ اسقاطِ حمل۔

اَجَہر فت ا، سک ج، فت ہ ۔ صف ۔ رَتوندھا، جسے دن کو کم نظر آئے۔

اَجی فت ا، ی مع۔ ندائیہ، اے جی کی تخفیف۔

اَجْیال فت ا، سک ج۔ ج مذ۔ عہد، زمانے، پشتیں، نسلیں، قومیں، [ع: واحد جَیل]۔

اُجْیالا ضمہ ا، سک ج۔ ا مذ۔ روشنی، **اُجالا** (رک) کی ایک شکل، گیتوں میں مستعمل۔

اَجِیت فت ا، ی مع ۔ صف۔ جو شکست نہ کھا سکے۔ غالب، غیر مفتوح، ناقابل شکست، (شخص، فوج) ناقابل تسخیر (قلعہ وغیرہ)

اَجیر فت ا، ی مع۔ امذ۔ اجرت پر کام کرنے والا۔

اَجیرَن فت ا، ی مع، فت ر۔ صف۔ جو ہضم نہ ہو سکے؛ دشوار، دُوبھر۔

اُجَھڑ ضمہ ا، فت جھ۔ صف۔ جھگڑالو، بات بات پر الجھنے، تکرار کرنے والا۔

اُجھینا ضمہ ا، ی مع۔ امذ۔ چولھے میں سلگنے کے لیے جمائی ہوئی لکڑیاں، رینی۔

اُچاپَت ضمہ ا، فت پ۔ امث۔ اُدھار پر خوردہ خریداری، قرض پر سودا لینا۔ جس کا حساب مہینے پر کیا جائے؛ آفت، ہنگامہ، شُورش۔

اُچاٹ ضمہ ا۔ صف۔ اُکتایا ہوا، بد دل، اُکھڑا اُکھڑا، بے توجہ، لگاؤ یا دلچسپی سے عاری۔ ف ل: **اُچٹنا**، ف م: **اُچاٹنا/اُچٹانا**، پھرانا، بنانا، بد دل کرنا، اکھاڑنا۔

اَچار فت ا۔ امذ۔ مسالوں کے ساتھ کچھ دن تیل یا پانی میں رکھ کر گلایا اور چاشنی دار بنایا ہوا پھل، ترکاری وغیرہ۔ کھٹومر۔ نیز (ف: **آچار**) امث: اَچاری، اچار رکھنے کا ظرف۔

اُچّار ضمہ ا، شد چ۔ امذ۔ لفظ کی ادائگی، لہجہ، تلفظ [اصلاً: اُچّارَن]۔

اَچانک فت ا، ن۔ م فہ یکایک، دفعتہً، اتفاقاً۔

اُچاوا ضمہ ا۔ امذ۔ بد خوابی، کابوس۔ نیز **اُچایا/ اُچھایا**۔

اَچْپَل فت ا، سک چ، فت پ۔ صف۔ شوخ، چنچل، چلبلا، نیز **اَچپلا** مث **اَچپلی** ا کیف مث **اَچپلاہَٹ** شوخی، چنچل پن نیز **اَچپلائی**۔

اَچُت فت ا، ضمہ چ۔ صف۔ جسے گرایا نہ جا سکے، مضبوط محکم، مستحکم [اصلاً س : اَچیُت]۔

اُچت ضمہ ا، کس چ۔ صف ۔ مناسب، بہتر۔

اُچْٹا ضمہ ا، سک چ۔ امذ۔ کھیت میں چڑیوں کو ڈرانے کے لیے کھڑی کی ہوئی آدمی سے ملتی جُلتی مورت، چشمارُو، بچکا، دھڑکا، نیز **اُچکا**۔

اُچَٹْنا ضمہ ا، فت چ، سک ٹ۔ ف ل۔ وار کا نشانے پر نہ بیٹھنا، خطا کرنا؛ سطح سے اُچھلنا، لوٹنا یا ادھر اُدھر بھٹک جانا؛ ہٹنا یا ہٹ جانا، نیند ، طبیعت ، توجہ کا قائم نہ رہنا۔ صف **اُچَٹْتا**، سرسری، چُھوکرگزر جانے والا، خفیف، بے اثر۔

اَچْرَج فت ا، سک چ، فت ر۔ امذ۔ صف۔ اچنبھا، تعجب، عجیب، نادر، انوکھا، [س: اشچرَی]۔

اُچک ضمہ ا، فت چ۔ امث۔ **اُچکنا** (رک) کا اسم کیفیت۔ م: مر عطفی **اُچک پھاند**، اُچھل کود۔

اُچْکا ضمہ ا، سک چ۔ امذ۔ پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چرخی، نیز **بچکا**؛ کھیت میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھڑی کی جانے والی انسانی شبیہہ۔ چَشما رُو - نیز **اُچْٹا**۔

اُچکّا ضمہ ا۔ فت چ، شدک، امذ ۔ آنکھ بچا کر چیز اٹھا لینے والا چور، ہاتھ چالاک، بدمعاش آدمی، امذ۔ **اُچکّا پَن** چوری، جھپٹنے کی عادت۔

اَچْکَن فت ا، سک چ، فت ک۔ ا مث۔ بند گلے کا

گھٹنوں سے ذرا نیچے تک مردانہ لباس جس کے دامن چولی سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ آستینیں پوری۔ گلے سے پیٹ تک بٹن۔ پہلوؤں میں عمودی کٹاؤ کی تھیلی دار جیبیں۔ اس میں شیروانی کی طرح کالر اور دونوں پٹوں کو جوڑنے والی ڈوریاں نہیں ہوتیں۔ نیز چَپکَن۔

اُچکنا ضمہ ا، فت چ، سک ک۔ ف ل/م۔ اوپر کے دھڑ کو اُبھارنا، پنجوں کے بل کھڑے ہو کر جسم کو اوپر اُٹھانا؛ جھپٹ لینا، ہتھیا لینا، اُبھارلینا، اڑا لینا۔ نیز ف م: **اُچکانا**، یک بیک اوپر اٹھانا، ابھارنا م: کندھے اُچکانا، چپکے سے جھپٹ لے جانا۔

اَچَل فت ا، چ - صف۔ جو ہل نہ سکے، محکم، مستحکم، قائم م: **اَچَل سُر** سرگم کے دو قائم سُر آ اور پا، جن کی دو شکلیں، تیور اور کومل، نہیں ہوتیں۔

اِچّم کس ا، شد چ۔ امث۔ پتنگ کی ڈور کو کھینچنا، جھٹکا، ٹھمکا، ڈھیل کی ضد۔

اَچَنْبھا فت ا، چ ، ن مثل م۔ امذ۔ حیرت، تعجب، **اَچنْبھادانہ**، ایک طرح کی مہین میٹھے دانوں کی کی مٹھائی۔

اُچَنگ ضمہ ا، فت ج، غنہ۔ امث۔ اُبھار، سُوجن، جوش، اُمنگ۔

اَچیت فت ا، ی مع۔ صف۔ امذ - غافل، بے سُدھ؛ تحت الشّعُور۔

اَچّھا فت ا، شد چھ۔ صف۔ عمدہ، خوب، پسندیدہ، درست، صحیح ، معقول، مناسب؛ تندرست، شفا یاب، زور دار، بھرپور؛ حسین دلربا؛ بطور حرف اقرار: ٹھیک ہے؛ بہتر، مانا، سن لیا؛ (بطور طنز)؛ عجیب، بُرا، بے ڈھب۔ م: اچھا کاروبارکیا، سب کچھ ڈبو بیٹھے۔ تابع مہمل کے ساتھ: **اَچھا بِچّھا** (کس ب) خاصا، ٹھیک ٹھاک۔ امث **اَچّھائی** خوبی۔

اِچّھا کس ا، شد چھ۔ امث۔ خواہش ، مرضی ، حکم۔

اُچھال ضمہ ا۔ امذ۔ متلی، قے، استفراغ؛ اُبھار، زور، دباؤ نیز **اُچھالا** پانی کا جھکولا، اونچی موج۔ نیز رک: **اُچَھلنا** جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

اُچھال چَھکّا ضمہ ا، فت چھ، شد ک۔ امث۔ کھلنڈری، بے باک عورت۔

اُچھالنا ضمہ ا، سک ل۔ ف م۔ اوپر کی طرف پھینکنا، شہرت دینا، م: نام اچھالنا نیز رک **اُچَھلنا** جس کا یہ تعدیہ ہے۔

اُچھایا ضمہ ا۔ امذ۔ رک **اُچاوا**۔

اَچّھر فت ا، شد فت چھ۔ امذ۔ کلمہ، لفظ، بات، نیز **اَکشَر/اَنْچھر**۔

اَچَھرَوئی فت ا، سک چھ، و لین۔ ستار کی طرح کا ایک ساز۔

اُچَھل ضمہ ا، فت چھ۔ **اُچھال** رک کی تخفیف م: **اُچَھل کُود** اُچھلنا، کودنا، وجد، دھماچوکڑی،

اُچَھلنا ضمہ ا، فت چھ، سک ل۔ ف ل۔ یکایک اُبھرنا، اُوپر کی طرف جست کرنا، کودنا، پھاندنا۔ ف م: **اُچھالنا**۔

اَچَھن بَچَھن فت ا چھ بـ امث۔ حیلے حوالے ، ٹالنے کی باتیں۔ (غالباً اصل: آسَن، بَھاشَن)

اَچّھن بَچّھن فت ا، شد فت چھ، ومع۔ امذ۔ بات چیت کا انداز، حرکات و سکنات، ادائیں۔

اُچّھو ضمہ ا، شد چھ، فت ب۔ امذ۔ حلق کا پھندا، سانس کی نالی میں کوئی چیز اٹک جانے سے اٹھنے والا کھانسی کا ٹھکا۔

اَچھوانی فت ا، سک چھ۔ امث۔ زچّہ کے لیے تیار کیا جانے والا ایک طرح کا بگھارا ہوا حریرہ جس میں اجوائن، سونٹھ، میوے وغیرہ ڈالے جاتے ہیں۔

اَچُھوت فت ا، و مع۔ ا مذ - ہندوؤں کی نیچ ذات

کا آدمی، شُودر، چھونے کے ناقابل۔

آچُھوتا فت ا، و مع۔ صف ۔ نادر ، نایاب، انوکھا، نیا۔ امذ: **آچُھوتا پِنڈا**، کنوار پن۔

اَچّھے فت ا، شد چھ۔ صف۔ کلمۂ تخاطب۔ پیار یا خوشامد سے مخاطب کرنے کا کلمہ مث : **اَچھّی۔**

اَچْھیا بَچْھیا فت ا، سک چھ، فت پ، امث ۔ چھوٹے بچوں کو ہنسانے کے لیے ایک کھیل۔ بچّے کی ہتھیلی سے بغل تک دو انگلیاں چلاتے ہوئے لے جاتے ہیں اور اس کے ساتھ یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں؛ اچھیا بچھیا، کھل کھاتی، ممّا پتی کھوگئی، کسی نے دیکھی ہو تو بتا دینا، اور پھر بغل میں گدگدیاں کرتے ہوئے کہتے ہیں: مل گئی مل گئی۔

اَحادِیث فت ا، ی مع۔ ج مث۔ **حدیث** (رک) کی جمع۔

احاطہ کس ا، فت ط۔ امذ۔ چار دیواری، کسی جگہ کے گرد کھینچی ہوئی دیوار، باڑھ یا جنگلا؛ گھری ہوئی جگہ؛ محلہ، بستی۔ ف م: **احاطہ کرنا**، گھیرنا، جزویات پر حاوی ہونا، استیعاب، تکمیل کرنا۔

اَحِبّا فت ا، کس ح، شد ب۔ ج مذ۔ **حبیب** (رک) کی جمع، نیز **آحباب** (فت مج ا)۔

آحبال فت مج ا، سک ح۔ ج مذ ۔ ڈوریاں ، تار، رسیاں؛ رگیں، اعصاب حَبل کی جمع۔

اِحْتبا کس مج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ ۔ رانوں کو کپڑے میں لپیٹ کر اکڑوں بیٹھنا۔

اِحْتباس کس مج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ دم گھٹنے کی کیفیت، گھمَس، اُمَس؛ ہوا یا گیس کا کسی جگہ بند ہو جانا۔ **اِحتِباس اَسفَل** (کسمج س، فت ا، سک س، فت ف) زائدہ آنت کی عفونت سے پیدا ہونے والا درد جو مہلک ہو سکتا ہے۔ (انگ: Appendicitis) اِحتباط الطَّمث (اَ ت تَمس) حیض کا بند ہو جانا۔

اِحْتِجاب کسمج ا، سک ح، کس مج ت۔ امذ۔ پردہ داری، پردہ نشینی۔

اِحْتِجاج کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ حُجّت لانا، اختلاف پر زور دینا، ناپسندیدگی کا مظاہرہ، پرزور اختلاف یا شکایت۔ صف۔ امذ۔ **اِحتِجاجی**، احتجاج سے متعلق؛ احتجاج کرنے والا۔

اِحْتِراز کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ بچنا، پرہیز کرنا، اجتناب، علیحدگی، الگ تھلگ رہنا۔

اِحْتِراق کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ جلنا، سوختہ ہونا، بھڑکنا؛ سوزش، جلن۔

اِحْتِساب کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ گنتی، شمار، حساب کتاب کرنا، جانچ پڑتال، حساب طلبی۔

اِحْتِساس کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ ۔ مادی حسیّات سے لطف اندوزی (وضعی لفظ)

اِحْتِشام کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ ا مذ۔ شان و شوکت، کرّوفر۔

اِحْتِصار کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ (نفسیات) کسی وہم کا ذہن پر غلبہ۔

اِحْتِضار کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ ۔ نزع کی حالت، دم واپسیں۔

اِحْتِظاظ کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ لطف اندوزی، مزا لینا۔

اِحْتِفال کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ محفل برپا کرنا، جلسہ کرنا۔

اِحْتِقار کسمج ا،سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ گھٹیا۔ غیر اہم، معمولی سمجھنا۔

اِحْتِقان کسمج ا، سِک ح، کسمج ت۔ امذ۔ انجماد، گھٹن، کسی مادّے کا جسم میں اٹک جانا، رکاوٹ ڈالنا؛ حقنہ دینا، انجیکشن لگانا۔

اِحْتِکار کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ ذخیرہ

اندوزی، آئندہ منافع کمانے کی غرض سے مال کو روک رکھنا۔

اِحْتِکاک کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ رگڑ، باہمی ٹکراؤ۔

اِحْتِلال کس مج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ تسلط، قبضہ، فوج کا کسی ملک کو تسخیر کرنا۔

اِحْتِلام کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ خواب میں انزال یا جنسی فعل کا واقع ہونا، بدخوابی، [اصلاً ع: بالغ ہونا، سِنّ بلوغ کو پہنچنا]

اِحْتِمال کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ قوی امکان، کسی بات کے ہو گزرنے کا گمان، غالبہ بوجھ اٹھانا۔

اِحْتِوا کسمج ا، سک ح، کسمج ت۔ امذ۔ گھیرنا جمع کرنا، سمیٹنا، یکجا کرنا، جزویات پر حاوی ہونا، احتیاز، صف **مُحتَوی** گھیرنے والا، محیط۔

اِحْتِیاج کسمج ا، سک ح، کس ت۔ امث۔ ضرورت، محتاجی، فطری بشری تقاضا۔

اِحْتِیاز کسمج ا، سک ح، کس ت۔ امث۔ قبضہ، تصرف، سمیٹنا، سنبھالنا، احتوا۔

اِحْتِیاط کسمج ا، سک ح، کس ت۔ امث۔ چوکنا پن، دیکھ بھال کر یا سوچ سمجھ کر عمل کرنا، پیش بینی سے کام لینا؛ تقوی، پرہیز گاری، صف **مُحتاط۔**

اَحَد فت ا، ح۔ صف عددی، ایک، یکتا، یگانہ، اللہ کا ایک نام۔ ا کیف مث **اَحَدِیَّت** (کس د، شد فت یٔ)۔ یکتائی۔

اِحْداث کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ پیدا کرنا، وجود میں لانا، انوکھی بات کرنا، بدعت۔

اَحْدَب فت مج ا، سک ح، فت د۔ صف۔ کُبڑا، کوزہ پشت۔

اَحْدی فت مج ا، سک ح۔ امذ۔ جو جگہ سے نہ ہلے، سست، کاہل، اصلاً **اَحَدی**، اکبر کے دربار کا ایک منصب دار جو گھر بیٹھے وظیفہ پاتا تھا۔

اِحدیٰ کسمج ا، سک ح، ی غم۔ **اَحَد** (رک) کی تانیث، اکیلی۔

اَحرار فت مج ا، سک ح۔ ج مذ۔ آزاد لوگ، **حُر** (رک) کی جمع۔

اِحْراز کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ ذخیرہ اندوزی، احتکار۔

اِحْرام کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ لفظاً؛ حرم یا ماہ حرام میں داخلہ؛ عرف عام میں وہ سفید بن سلا لباس جو حج یا عمرے کے لیے حرم کعبہ سے مقررہ فاصلے سے پہلے پہننا ضروری ہے۔

اَحْزان فت مج ا، سک ح۔ ج مذ۔ رنج و غم۔ پریشانیاں، واحد **حُزن۔**

اَحْزَم فت ا، سک ح، فت ز۔ صف۔ بہت محتاط، نہایت چوکس، امذ۔ **حَزم**، تدبّر، مضبوط ارادہ (ع : **حازِم** کی تفضیل)

اِحْساس فت مج ا، سک ح۔ امذ۔ حواس سے کام لینا، محسوس کرنا؛ متاثّر ہونا، م: **اِحساسِ کَمتَری**، (فت ک، سک م، فت ت) خود کو حقیر سمجھنے کا طبعی رجحان یا ذہنی عادت۔ **اِحساسِ بَرتَری** کی ضد۔

اِحْسان کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ بھلائی کرنا، حسن سلوک، عمل خیر، نیکی، صف: **اِحسان مَند** (فت م، سک ن) اچھے سلوک کا معترف، زیر بار احسان۔

اَحْسَن فت مج ا، سک ح، فت س۔ صف۔ نہایت خوب، بہترین۔

اَحْسَنْتَ فت مج ا، سک ح، فت س، سک ن، فت ت۔ کلمۂ تحسین، واہ وا، مرحبا۔

اَحْشا فت ا، سک ح۔ ج مذ۔ آنتیں، انتڑیاں، پیٹ کے اندر کی نالیاں۔

اَحْشام فت ا، سک ح۔ ج مذ۔ حَشَم (رک) کی

جمع؛ نوکر چاکر، جلو میں چلنے والے لوگ۔

اِحصا کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ کُل اجزا کو گھیر لینے کا عمل، سب کچھ سمیٹ لینا، جزویات کا احاطہ۔ تکمیل۔

اِحصان کسمج ا، سک ح۔ امذ۔ الزام سے مبّرٰی ہونا، اچھوتا پن، بن بیاہا ہونا۔

اِحضار کسمج ا، سک ح۔ امذ - حاضر، موجود ہونا، حاضری، موجودگی۔

اَحفاد فت مج ا، سک ح۔ ج مذ۔ ذُرّیات، پوتے نواسے وغیرہ [ع؛ واحد **حَفِید**]

اَحقَر فت مج ا، سک ح؛ فت ق۔ صف۔ نہایت حقیر، پست، ادنیٰ۔ مرکب **اَحْقَرُ اْلعِباد**۔ سب انسانوں میں بے وقعت، کمترین (عموماً بطور انکسار اپنی ذات کی بابت مستعمل)۔

اَحکام فت مج ا، سک ح۔ ج مذ۔ حکم کی جمع، فرمائشیں، فرمان، ضوابط، قواعد۔ **اَحکامِ عَشَرہ** (فت ع ش ر) دس احکام جو حضرت موسیٰؑ سے منسوب ہیں۔

اَحْکَم فت ا، سک ح، فت ک۔ صف۔ حاکم (رک) صیغہ تفضیل۔ مرکب وصفی **اَحْکَمُ اْلحَاکِمِین** (اَح ک مُل حَاکِ مِین) سب سے بڑا حاکم مراد اللہ تعالیٰ۔

اَحلام فت ا، سک ح۔ ج مذ۔ خواب (ع؛ حلم کی جمع) مرکب؛ **اَضْغاث اْلاَحلام** (اَزْ غاسُل اَح لام) بدخوابیاں، ڈراؤنے خواب۔

اَحْلَم فت ا، سک ح، فت ل۔ صف۔ نہایت حلیم، بردبار، مرکب وصفی **اَحلَم اْلنّاس** (ا، ل غم، شدن) سب سے زیادہ حلیم، مزاج پر قابو رکھنے والا۔

اِحْلیل کسمج ا، سک ح، ی مع۔ امث۔ (علم تشریح البدن) پیشاب کی نالی، پیشاب خارج ہونے کا سوراخ۔

اَحْمَال فت ا، سک ح۔ ج مذ۔ **حَمْل** (رک) کی جمع، بوجھ، بار، سامان۔

اَحمَر فت مج ا، سک ح، فت م۔ صف۔ سرخ رنگ کا

اَحمَرِ قانی خون کے رنگ کا [ع؛ احمرِقانِ]

اَحمَق فت مج ا، سک ح، فت م۔ صف۔ بدّھو، بے وقوف۔ (برائے شدّت و تاکید؛) **اَحمَقُ الّلذی** (قل لَ زی) نہایت بے عقل۔

اَحْناف فت ا، سک ح۔ ج مذ۔ حضرت امام ابو حنیفہ کے پیرو سنّی مسلمان۔ واحد **حَنَفی**۔

اَحْوال فت مج ا، سک ح۔ ج مذ۔ حالات ، کیفیات؛ بطور واحد؛ صورت حال، کیفیت۔

اَحْوَل فت مج ا، سک ح، فت و۔ صف۔ بھینگا، جس کی دونوں آنکھوں کے زاویے متوافق نہ ہوں۔

اَحْیا فت ح، سک ح۔ ج مذ - زندہ ، ذی حیات، لوگ۔

اِحْیا کس مج ا، سک ح۔ امذ۔ نئی زندگی دلانا، دوبارہ جلانا، تازہ کرنا، نئی روح پھونکنا، (کسی عمل، تحریک جماعت وغیرہ میں) نیز **اِحیاء** م؛ **اِحْیاءِ عُلُوم** یونانی علوم کی طرف نئے سرے سے توجہ کی تحریک جو قرون وسطیٰ کے یورپ میں شروع ہوئی۔

اَحْیان فت ا، سک ح۔ ج مذ - اوقات ، ساعات، مواقع، واحد **حِین**۔ م ف؛ **اَحْیاناً** گاہے گاہے، اتفاقاً، کبھی کبھار، مرکب؛ **حِینِ حَیات** عرصۂ زندگی۔

اَخ فت ا۔ امذ۔ بھائی ، برادر، ج؛ اِخوَہ، اِخوان؛ نیز اخی [اصلاً ع؛ اَخُو]

اَخّاذ فت ا۔ شد خ۔ صف۔ شدت یا کثرت کے ساتھ حاصل کرنے ہتھیانے بٹورنے والا۔ زبردست اکتسابی صلاحیت والا، ا کیف مث : **اَخّاذِیَت**۔

اَخّاہ فت ا، شد خ۔ فجائیہ۔ حیرت و مسرت کے اظہار کا کلمہ۔

اِخْبات کس ا، سک خ۔ امذ۔ خدا کے سامنے عاجزی

کرنا۔

اَخْبار فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ امذ۔ خبر کی جمع، اطلاعات؛ روایات، احادیث؛ بطور واحد؛ خبروں کا باقاعدگی سے شائع ہونے والا پرچہ یا جریدہ ج: **اَخْبارات** خبر نامے، جرائد، خصوصاً روزنامے۔

اِخْبار کس ا، سک خ۔ امذ۔ خبر رسانی، نامہ نگاری۔

اَخْبَث فت ا، سک خ، فت ب۔ **خَبیث** (رک) کا صیغۂ تفضیل، بڑا بد۔

اُخْت ضمہ ا، سک خ۔ امث۔ بہن، ہمشیرہ، **اَخ** کی تانیث۔ **اُخت بَند**۔ بھائی بنانے کے لیے یا بھائی کے ہاتھ میں بہن کی طرف سے پہنائی جانے والی راکھی (جو ایک ہندی رسم ہے) ج: **اَخَوات**

کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ عملی تجربہ، جانچ، آزمائش صف، **اِخْتِباری** عملی تجربے سے متعلق۔ نظری کے برعکس عملی تعلیم (انگ: پریکٹیکل)

اِخْتِباط کس ا، سک خ کسمج ت۔ امذ۔ دیوانگی، جنون، خبط الحواسی، نیز **خَبط**۔

اِخْتِتام کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ خاتمہ، انجام، آخر، **اِخْتِتامیہ** کسی تقریب یا تصنیف وغیرہ کے آخر میں بولے یا لکھے جانے والے کلمات۔

اَخْتَر فت ا، سک خ، فت ت۔ امذ۔ ستارہ، جِرم فلکی۔ امث۔ **اَخْتَر شناسی** (کس ش) نجوم۔

اَخْتَر بَخْتَر فت ا، سک خ، فت ت، ب۔ ا مذ۔ سامان، استر بِستر، ٹنڈیرا۔

اِخْتِراع کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ ایجاد، تخلیق، اپج، ابداع۔ **اِختراعِ فائقہ** نمایاں تخلیق، غیر معمولی ایجاد (انگ: ماسٹر پیس)۔

اِخْتِزال کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ تحریر میں حروف کی جگہ علامتوں سے کام لینا، مختصر نویسی۔

اِخْتِصار کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ گھٹانا کم کرنا، خلاصہ، اجمال، کم لفظوں میں مطلب بیان کرنا۔

اِخْتِصاص کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ کسی شے یا شخص، یا علم یا فن سے خاص لگاؤ، خصوصی مطالعہ یا مہارت، صف: **اِخْتِصاصی**، **مُتَخَصِّص** (م ت خَس سِس) خصوصی علم رکھنے والا، ماہر۔

اِخْتِصام کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ عداوت، اختلاف۔

اِخْتِفا کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ چھپ جانا، روپوش ہوجانا۔

اِخْتِفاف کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ ۔ چھپانا، کسی چیز پر پردہ ڈالنا۔

اِخْتِلاج کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ دھڑکن، دل کی حرکت میں تیزی، گھبراہٹ۔

اِخْتِلاط کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ میل جول، ربط ضبط، تعلق؛ بے تکلفی کی ملاقات۔

اِخْتِلاف کس ا، سک خ، فت مج ت۔ امذ۔ ناموافقت، تضاد، فرق ، دوری؛ بدہضمی، دستوں کی شکایت۔ **اختلافُ الدَّم** (فد دَ م) خون کے دست۔

اِخْتِلال کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ خلل، بگاڑ، فساد؛ ابتری۔

اِخْتِناق کس ا، سک خ، کسمج ت۔ امذ۔ دم گھٹنا، خناق کے مرض میں سانس کا رکنا۔ مرکب: **اختناقُ الرَّحِم** (قُرْرَحِم) غشی یا مجنونانہ حرکات کا دورہ جو بعض کنواری عورتوں کو لاحق ہو جاتا ہے۔

اَخْتَہ فت ا، سک خ، فت ت۔ صف۔ بیل بکرا مرغ وغیرہ جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں۔ خصّی کیا ہوا جانور، مجازاً نامرد، نیز عام: **آختہ**۔ **اَختہ بیگی**، جانوروں کو خصی کرنے والا جرّاح۔

اِخْتِیار کس ا، سک خ، کس ت۔ امذ۔ قبضہ، قدرت، قابو؛ اپنی مرضی سے عمل کی آزادی؛ کسی کام

کا حق یا منصب، اقتدار، حاکمیت؛ جبر کی ضد، یہ نظریہ کہ انسان اپنے عمل کا مختار ہے بالکل معذور یامجبور نہیں۔ صف **اختیاری** مرضی پر مبنی ، جس میں انتخاب کی گنجائش ہو (انگ: Optional)

آخ تُھو فت ا، سک خ، و مع۔ نقل صوت پر مبنی، امذ۔ تھوکنے کا عمل، یا اُس کی نقل اظہار نفرت کے لیے، نیز **آخ تُھو** (امدّہ)۔

اَخْذ فت ا، سک خ۔ امذ۔ لینے، پکڑنے ، حاصل کرنے کا عمل، اکتساب ؛ نقل، چربہ۔

اِخْراج کس ا، سک خ۔ امذ۔ نکاسی، باہر نکالنا، الگ کرنا، بدر کرنا، (حدیث) روایت کا راویوں کے سلسلے کے ساتھ کتاب میں اندراج۔

اِخْراجات کس ا، سک خ۔ ج مذ۔ مصارف، خرچ، ادا کی جانے والی رقمیں، [اصلاً ع: خرج کی جمع خُرُوجات]

اَخْرَب فت ا، سک خ، فت ر۔ صف۔ (عروض) وہ رکنِ بحر جس میں دو زحافات خرم و کف کا اجتماع ہو م: مفاعیلن کا "م" اور "ن" ساقط کر کے فاعیل بنانا اور اسے مفعول سے بدل دینا؛ (لفظاً) تباہ کیا ہوا، نہایت خراب کردہ۔

اَخْرَج فت ا، سک خ، فت ر۔ صف۔ **خارجی** (رک) کا صیغۂ تفضیل۔

اَخْرَف فت ا، سک خ، فت ر۔ صف۔ سٹھیایا ہوا، پیرفرتوت۔

اَخْرَم فت ا، سک خ، فت ر۔ صف۔ (عروض) وہ رکن بحر جس میں پہلے وتد کا پہلا حرف گرا دیا جائے، م: فعولن سے عولن جسے فعلن سے بدل دیتے ہیں؛ مونڈھے کی ابھری ہوئی ہڈی۔

اَخْرَوٹ فت ا، سک خ، ومج۔ امذ۔ انچ سوا انچ قطر کا گول میوہ جس کا خول لکڑی سے مشابہ اور اندر سے بھیجے کی شکل کی گری نکلتی ہے۔ اس کا درخت اونچا اور پتے موٹے ہوتے ہیں (لاط: Aleuritis Triloba) صف: **اَخروٹی** اخروٹ کے رنگ کا، گہرا بادامی مائل بہ سیاہی۔

اُخْرىٰ ضمہ ا، سک خ، ی غم۔ صف مث دوسری، آخری؛ اگلی زندگی، آخرت، عاقبت، صف۔ **اُخرَوی** م: حیات اُخروی۔

اَخْشَم فت ا، سک خ، فت ش۔ صف۔ وہ جس کی سونگھنے کی قوت زائل ہو جائے۔ قوت شامّہ سے محروم۔

اَخَصّ فت ا خ ۔ صف ۔ بہت خاص، خاص الخاص، خاص کا صیغۂ تفضیل نیز مر تفضیل **اخصّ اُلخاص**۔

اَخْضَر فت ا، سک خ، فت ض۔ صف ۔ سبز، ہرا۔ مث **خَضراء**۔

اِخْفا کس ا، سک خ۔ امذ۔ چھپانا، خفیہ رکھنا، پردہ پوشی، نیز **اخفاء** م: **اخفاءِ و ارْدات**۔

اَخفیا فت ا، سک خ، کس فـ ج مذ۔ چھپے ہوئے، روپوش لوگ مراد: اولیاء ابدال۔

اَخْفَش فت ا، سک خ، فت فـ صف، علم۔ چھوٹی آنکھوں والا، لقب مشہور نجومی اور ماہر عروض ابوالحسن سعید سیبویہ کا (م: ۹۲۰)۔ **بُزِ اَخفَش** وہ بکرا جو حکیم موصوف سے منسوب ہے، مجازاً کوئی جاہل جوکسی عالم کے ساتھ نتھی ہو جائے یا وہ شخص جو ہر بات میں ہاں سے ہاں ملائے۔

اَخْگَر فت ا، سک خ، فت گ۔ امذ۔ انگارہ، سلگتا ہوا کوئلہ۔

اِخْلاص کس ا، سک خ۔ امذ۔ نیک نیتی، خلوص، دوستی، خیر خواہی؛ امث: قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام جو آخر سے تیسری ہے۔

اَخلاط فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ ج مث طبِ قدیم کے مطابق جسم کے اندر پیدا ہونے والے چار مادے: سودا،

صفرا، بلغم اور خون۔ واحد: خِلْط۔

آخْلاف فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ اولاد، ذُرّیات، آئندہ پیڑھیاں، واحد خَلَف بیٹا۔

آخلاق فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ ا مذ۔ اعمال، عادتیں، خصلتیں؛ برتاؤ، تہذیب، شائستگی، خوش اعمالی، امث آخْلاقیّات، (فت ا، سک خ، سک ق، شد ی) فلسفے کی وہ شاخ جو اچھے برے اعمال کے معیار سے بحث کرتی ہے نیز علم اَلْاَخلاق (عِل مُل)

اِخْلال کس ا، سک خ۔ امذ ۔ خلل ڈالنا، عہد شکنی، ناپسندیدہ بات۔ (بلاغت) موزوں لفظ کو چھوڑ کر دور از کار لفظ کا استعمال م: استاد و شاگرد کی جگہ استاد و مرید۔

آخَوات فت ا، خ۔ ج مث۔ اُخْت کی جمع، بہنیں۔

آخْوال فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ خال کی جمع ماموں۔

اِخْوان کس ا، سک خ۔ ج مذ۔ اَخ کی جمع، بھائی، برادران مرکب اضافی اِخوان اَلشّیاطِین (نُش شَ یاتِین) مفسد؛ شریر لوگ، لفظاً: شیطان کے بھائی بند۔ اِخْوان اَلْصَّفا (نُس سَ فا) صاف دل لوگ۔ اہل علم و فکر کی ایک جماعت جو چوتھی صدی ہجری کے وسط میں بغداد و بصرہ میں پیدا ہوئی، اور جس سے ۵۱ رسائل منسُوب ہیں، جن کے نسخے یا تراجم عموماً مغربی ممالک میں محفوظ رہ گئے ہیں۔

اِخْوَت کس ا، سک خ، فت و، ج مذ۔ اخ (رک) کی جمع۔

اُخُوّت ضمہ ا، خ، شد فت و۔ امث۔ بھائی بندی، برادری کا رشتہ۔

آخُوْند فت ا، ضمہ خ، و غم، سک ن۔ امذ۔ استاد معلّم، اتالیق۔

آخی فت ا۔ امذ۔ (رک) اَخ [اصلاً ع: اَخُو کا متبادل نیز میرا بھائی]۔

آخْیار فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ اچھے لوگ، بزرگ، برگزیدہ اشخاص۔

آخْیاف فت ا، سک خ۔ ج مذ۔ ایک ماں کی اولاد جن کے باپ مختلف ہوں صف آخیافی سوتیلے جن کی ماں ایک ہو۔

آخِیر فت ا، ی مع۔ صف۔ سب سے آخر کا، پچھلا؛ حتمی، قطعی۔

آخِیرُوس فت ا، ی مع، و مع۔ امذ۔ چینا یا کنگنی کی قسم سے ایک غلّہ نیز آخِلینُوس۔

اَدا (۱) فت ا۔ امث۔ انداز، طرز، اسلُوب ، وضع؛ حرکات و سکنات، خصوصی روش، مخصوص طریق اظہار یا کلام، شیریں حرکات، اَدابَندی: کلام میں محبوب کے ناز و انداز کا بیان۔ اَداکاری: پرتکلف انداز؛ تماشے ڈرامے وغیرہ میں کسی کردار کی نمائندگی، ایکٹنگ۔ امذ: اَداکار، ایکٹر، امث: اَداکارَہ، ایکٹرس۔

اَدا (۲) فت ا۔ امث۔ بجا آوری، تعمیل، تکمیل، بُھگتان؛ اظہار، بیان، ابلاغ نیز اَدائی/ اَدائیگی۔

اَدات فت ا۔ ج مذ ۔ آلات، اوزار (ع: واحد، اَدُو) صف اَداتی مشینی میکانکی، کلوں سے متعلق۔

اُدات ضمہ ا۔ امث۔ آواز کا اٹھان، اونچا سر، [س: د آدا]۔

اِدارَت کس ا، فت ر۔ امث۔ مدیر کا منصب یا کام، ایڈیٹری۔

اِدارَہ کس ا، فت ر۔ امذ۔ کسی تنظیم کا مرکز، وہ مقام جہاں کسی مخصوص گروہ کے لوگ کوئی علمی، فنی یا کسی دوسری اجتماعی نوعیت کا کام انجام دیتے ہوں۔ ہم خیال لوگوں کی تنظیم، دفتر، محکمہ، صیغہ۔

اِدارِیَہ کس ا، ر، فت ی۔ امذ۔ اخبار رسالے یا جریدے کا افتتاحی یا رسمی مقالہ یا نوٹ جومدیر یا

ادارے کی جانب سے ہو۔
اُداس ضمہ ا۔ صف۔ افسردہ، رنجیدہ، مرجھایا ہوا؛ سُونا، ویران [س: الگ بیٹھنا] امث **اُداسی**، ویرانی، خاموشی، بے کیفی، نیز امذ: فقیر ، درویش؛ (موسیقی) کومل سُر۔
اُداسا ضمہ ا۔ امذ۔ فقیروں کی کفنی جو کاندھے پرڈال لیتے ہیں۔
اَدامَ فت ا، م۔ کلمۂ دعا م: **اَدَامَ اللهُ اقبالَہُ الله** اس کے اقبال کو ہمیشہ قائم رکھے **اَدَامَ اللهُ فُیُوضَہُم** الله ان کے فیض کو ہمیشہ جاری رکھے۔ [لفظاً: دوام بخشا الله نے]۔
اَدَانْت فت ا، سک د، ن ۔ رک ۔ **آدَانْت**۔
اَدانی فت ا، ج مذ ۔ **اَدنیٰ** (رک) کی جمع۔
ادائگی فت ا، کسمج ء ۔ امثہ بے باقی، چکتا، پورا کرنا، انجام دہی، نیز **اَدائی**۔
اَدَب فت ا، د۔ امذ۔ تعظیم، تکریم، لحاظ، خوش اسلوبی، شائستگی؛ کسی زبان کی یا کسی موضوع پر وقیع ، عمدہ، دل پسند تحریریں، نظم و نثر کی تخلیقات اور ان سے تعلق رکھنے والی تنقیدی یا تحقیقی انشائیں۔ **اَدَب اْلعالِیَہ** (اَدَبُلْ عا لِ یَ) کسی زبان کی قدیم، وقیع، اعلیٰ، یادگار تحریریں۔ کلاسیکل لٹریچر، نیز **اَدَبِ عالِیَہ** (کسمج ب، کس ل) صف : **اَدَبی** (فت ا د) امذ **اَدِیب**۔ ادب داں، ادب نگار **اَدَبِیّات** (رک)۔
اُدَبا ضمہ ا، فت د۔ ج مذ۔ **اَدِیب** (رک) کی جمع نیز **اُدَباء** م: اُدباءِ کرام۔
اِدْبار کس ا، سک د۔ امذ۔ پستی، زبوں حالی، تنزل، اقبال کی ضد، [ع: میدان سے فرار]
اَدْبَدا کے فت ا، سک د، فت ب۔ م ف۔ کثرت یا شدّت کے ساتھ، متواتر، بالضّرور۔
اَدَبِیّات فت ا د، کس ب، شد ی۔ ج مثہ نظم و نثر یا ان سے متعلق اُمور، لٹریچر۔
اَدَبِیّت فت ا د، کس ب، شد ی۔ امثہ تحریر کی خوش اُسلوبی، عمدہ طرزِ نگارش، حُسنِ بیان۔
اِدْخال کس ا، سک د۔ امذ۔ داخل کرنا، گھسانا، اندر کرنا یا ڈالنا؛ جمع کرانا، درج کرنا یاکرانا۔
اَدخِنَہ فت ا، سک ر، کس خ، فت ن۔ ج مذ۔ **دُخَان** (رک) کی جمع۔
اِدْراج کس ا، سک د۔ امذ۔ کسی بیان یا متن میں دانستہ اضافہ، خلط ملط، (قب، انگ : Interpolation)
اُدْراج ضمہ ا، سک د۔ امذ۔ سُپاری کے درخت کے برابر ایک درخت جس کے دانوں سے جوگی مالا بنا کرگلے میں ڈالتے ہیں؛ کان کا ایک زیور نیز **رُد راکھش**، س: ردر راکھش؛ [لاط : Eleocarpus Ganitries؛ انگ: Napolean Plum]۔
اِدْرار کس ا، سک د۔ امذ۔ بہاؤ، سیلان، اِخراج، جاری ہونا، (پیشاب وغیرہ کا)
اِدْرافُوس کس ا، سک د، و مع۔ امذ۔ سورج مکھی کا پُھول۔
اِدْراک کس ا، سک د۔ امذ۔ فہم، اشیاء یا صورت حال کا ذہنی طور پر احاطہ کرنا، اچھی طرح ذہن نشین کرنا، ذہنی پختگی، بلوغ، ج **ادراکات** مشاہدات، اشیاء معلومہ، انسانی ذہن کے احاطہ کردہ محسوسات، نیز **مُدْرِکات**۔
اَدَرسا فت ا د، سک ر۔ امذ۔ ایک قسم کا نہایت مہین سوتی کپڑا، نیز دَرَس [اصلاً س: د رشیہ جس کے آر پار دیکھا جا سکے]۔
اَدْرَک فت ا، سک د، فت ر۔ امثہ۔ ایک پودے کی زردی مائل بھوری جڑ جو مسالے کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ زنجبیل [لاط: Ammonum Zanjiber] امث **اَدْرَکی** ادرک کی مٹھائی۔
اَدْرِکْنی فت ا، سک د، کس ر، سک ک۔ کلمۂ دعائیہ؛

میری مدد کو پہنچ، مجھ تک آ۔

اُدْرَہ ضمہ ا، سک د، فت ر، امذ۔ فوطوں کے پھول جانے کا مرض۔

اِدّعا کس ا، شد کس مج د۔ امذ۔ دعویٰ کرنا، کسی قول یا بات کو شد و مد سے کہنا، یا منوانے کی کوشش۔

اَدْعِیَہ فت ا، سک د، کس ع، فت ی۔ ج مثد (۱) دعائیں، مناجاتیں، دعائیہ کلمات یا آیات۔ واحد دُعا؛ (۲) نیز منہ بولے بیٹے۔ واحد دَعی۔

اِدْغام کس ا، سک د۔ امذ۔ ملانے، یکجا کرنے کا عمل، گڈمڈ؛ ہم مخرج یا قریب المخرج حروف کی آوازوں کو باہم ملا کر ایک طرح پڑھنا م: مِمّا (مِن + ما)۔

اَدَق فت ا، د۔ صفہ نہایت دقیق، بہت باریک، مشکل ، دقت طلب۔

اَدَقْچَہ فت ا، د؛ سک ق، فت ج۔ امذ۔ زرتار حاشیے کی چادر جو مسہری پر بچھونے کے نیچے آرائش کے لیے بچھائی جاتی تھی۔

اَدَلّ فت ا، د۔ صف۔ محکم، معتبر، نہایت مدلّل، بالکل واضح۔

اَدْلا فت ا، سک د۔ امذ۔ (قصّابی) باریک ریشے کا دست اور ران کی مچھلیوں کا گوشت، کریلے کا گوشت (بازو کی مچھلی کی کریلے سے مشابہت کی بنا پر) [ع: عضلہ بازو یا ران وغیرہ کی مچھلی]۔

اَدْلابَدلی فت ا، سک د ، فت بہ امثہ ایک کا دوسری چیز سے تبادلہ، نیز اَدَل بَدَل (فت ا، سک ل، فت ب، د) تبدیلی ، ہیر پھیر، ایک کے بدلے دوسری چیز کا لایا جانا، ف م اَدَلنا بَدَلنا امذ اَدْلے کا بَدلا۔ انتقام، برائی کے بدلے برائی، وار کے جواب میں وار۔

اَدِلّہ فت ا، کس د، شد فت ل۔ دَلِیل (رک) کی جمع مرکب: اَدِلّہ ءِ اَربَعَہ چار دلیلیں جن سے شرعی حکم لگایا جاتا ہے، یعنی کتاب ، سنت، اجماع اور قیاس یا عقل۔

اَدْما فت ا، سک د۔ امذ۔ کھال، چمڑی۔

اُدْمات ضمہ ا، سک د۔ امذ۔ ہوس، مستی، شہوت، صف؛ اُدماتا مغلوب الہوس مث: اُدماتی بدمست۔

اِدْمان کس ا، سک د۔ امذ۔ مثد پختہ عادت، شدید طلب (نشے وغیرہ کی) (انگ Addiction)۔

اَدمِغَہ فت ا، سک د، کس م۔ ج مذ۔ دِماغ رک کی جمع۔

اَدنیٰ فت ا، سک د، ی غم۔ صف۔ قریب تر، زیادہ نزدیک؛ معمولی، خفیف، معمولی، نچلے درجے کا، ج: اَدانی۔

اَدْوات فت ا، د۔ اَدات، رک کی جمع۔

اَدْوار فت ا، سک د۔ ج مذ۔ دَور (رک) کی جمع۔

اَدْوان فت ا، سک د۔ امثہ بان کی چارپائی کی پائنتی کی رسی جسے اُتراون میں پرو کر بُنائی کو کسا جاتا ہے۔ نیز اَدوائِن (کسمج ء) امذ اَدوان کا توتا سست رو، بہت آہستہ سنبھل سنبھل کر چلنے والا جیسے توتا ادوان پر چلے۔

اَدْوِیات فت ا، سک د، کس و۔ ج مثد دوائیں۔ اَدوِیہ کی جمع یا دوا کی ج ج۔

اَدْہَم فت ا، سک د، فت ہ۔ صف۔ کالے رنگ کا گھوڑا، مشکی۔

اُدَے ضمہ ا، ے لین۔ امذ۔ طلوع، برآمد ہونا، ظہور کرنا۔

اَدْیان فت ا، سک د۔ ج مذ۔ دِین (رک) کی جمع۔

اَدِیب فت ا، ی مع۔ امذ۔ انشا پرداز، نظم و نثر سے شغف رکھنے والا۔

اَدِیم فت ا، ی مع۔ امذ۔ چمڑا، کھال، چمڑے کا دستر خوان؛ فرش، سطح۔

اَدھ فت ا۔ صف۔ آدھا کی تخفیف م: اَدھ بیچ درمیان، وسط؛ اَدھ پوّا پاؤ سیر کا باٹ، اَدھ سیرا آدھ سیر کا باٹ؛ اَدھ کچرا جو پوری طرح پکّا نہ ہو، اَدھ مُوا نیم جاں، اَدھ واڑ نصف حصّہ [س: اردھ = آدھا]

اَدّھا فت ا، شد دھ۔ امذ۔ چھوٹی بوتل، آدھی مقدار کا ظرف، آدھے طول کی ریل گاڑی، دو پہیوں کی چھوٹی گھوڑا گاڑی، طبلے کی اُچٹتی تال۔

اُدھار ضمہ ا۔ امذ۔ قرض، وام، دَین، واپسی کے وعدے پر لینا یا لی گئی چیز۔ محاورہ اُدھار کھائے بیٹھا ہونا۔ کسی بات پر تُلا ہونا، مستعد، آمادہ، اُتارُو ہونا۔

اُدّھار ضمہ ا، شد دھ۔ امذ۔ نجات، رستگاری، بچانا، چھُڑانا، بھلائی، بہتری۔

اُدھارُو ضمہ ا، و مع۔ صف۔ رک اُتارُو۔

اَدھَر (۱) فت ا دھ۔ صف۔ معلّق، لٹکا ہوا، ادھ بیچ میں، الگ تھلگ۔

اَدھَر (۲) فت ا دھ۔ امذ۔ نچلا ہونٹ۔

اَدھَرسا فت ا، دھ۔ امذ۔ ململ کی ایک نفیس قسم نیز اَدَرسا۔

اَدھَرمی فت ا د، سک ر۔ صف۔ بے دین، بدعقیدہ۔

اَدھَرنگ فت ا، سک دھ، فت ر، غنہ۔ امذ۔ نصف بدن کا ماؤف ہو جانا، فالج۔

اُدھَڑنا ضمہ ا، فت دھ، سک ڑ۔ ف ل۔ ٹانکے کھُلنا، جُڑی یا سلی ہوئی چیز کا ٹوٹنا، جدا ہونا، ف م اُدھیڑنا، ٹانکے کھولنا، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، بکّل اُتارنا۔

اَدھک فت ا، کس دھ۔ صف۔ زیادہ، بیشتر۔

اَدھکار فت ا، کس دھ۔ امذ۔ اختیار، اقتدار، قبضہ، قدرت، صف اَدھکاری، بااختیار۔

اُدھَم ضمہ ا، فت دھ۔ امذ۔ دھما چوکڑی، ہنگامہ، دنگا فساد، نیز اُودَھم (و مع)۔

اَدّھن فت ا، دھ، صف۔ گرم پانی جو چاول وغیرہ ابالنے کے لیے چولھے پر چڑھایا گیا ہو۔

اَدّھنّا فت ا، دھ، شد ن۔ امذ۔ دو پیسے یا نصف آنے کا سکّہ، موٹا پیسہ۔

اَدّھوتَر فت ا، و مع، فت ت۔ امذ۔ ایک قسم کا ہاتھ کا بنا ہوا موٹا سوتی کپڑا، نیز دُھوتَر۔

اَدّھورا فت ا، و مع۔ صف۔ نامکمل، تشنہ، ناتمام چھوڑا ہوا۔

اَدھَوڑی فت ا، ولین۔ امذ۔ موٹا چمڑا، جونَری کے مقابلے میں سخت ہوتا ہے۔ مرکب، اَدَھوڑی اَستَر موٹے چمڑے کا جوتا۔

اَدّھی فت ا، شد دھ۔ امث۔ ایک پیسے کا آٹھواں حصّہ۔ اَدّھی کی چُوں چُوں چھوٹے بچوں کا چوں چوں بولنے والا سستاکھلونا۔

اَدھیاتَم فت ا، سک دھ، فت ت۔ امث۔ روح، جان۔

اَدھیار فت ا، سک دھ۔ امذ۔ بیک وقت دو کھیتوں پر یا دو گانووں میں کام کرنے والا کسان، اُدھیلیا۔

اَدھیار فت ا، سک دھ۔ امث۔ دو حصّہ داروں یا کاشتکار اور زمیندار کے درمیان فصل کی مساوی تقسیم کا اصول۔

اَدھیانا فت ا، سک دھ۔ ف م۔ آدھا رہ جانا، گھٹ کے رہ جانا۔

اَدھیاے فت ا، سک دھ، ے مج۔ امذ۔ کتاب کا باب یا فصل۔

اَدھیراج فت ا، ی مع۔ امذ۔ بڑا راجا، مہاراج، راجوں کا راجا۔

اَدھیڑ فت ا، ے مج۔ صف مذ۔ امث۔ جس کی جوانی بیت چکی ہو۔ میانہ سال۔

اَدھیڑ بُن ضمہ ا، ے مج، ضمہ ب۔ امث۔ چِنتا، فکر، تردّد، سوچ بچار۔

اُدھیڑنا ضمہ ا، ے مج، سک ڈ، ف م۔ رک: اُدھڑنا جس کا یہ تعدیہ ہے۔

اَدھیل فت ا، ے مج۔ صف۔ امذ۔ آدھا، آدھے حصّے کا مالک یا حقدار؛ آدھے وقت کام کرنے والا۔

اَدھیلا فت ا، ے مج۔ امذ۔ نصف پیسے کا سکّہ، نیز دھیلا مث: اَدھیلی دھیلے کی پتنگ، چھوٹی پتنگ جو کاغذ کے ایک تختے یا تاؤ کے آٹھویں حصّے سے بنی ہو۔

اَدھین فت ا، ی مع۔ امذ۔ چاکر، تابع، غلام، محکوم۔

اَدھی نایک فت ا، ی۔ امذ۔ سردار، مُکھیا، حاکم، بالادست، مختار کل، مث، اَدھی نا یکا۔

اَڈّا فت ا، شد ڈ۔ امذ۔ ملنے، جمع ہونے کی جگہ، کام کرنے کا ٹھکانا؛ گاڑیوں وغیرہ کے آ کر ٹھہرنے کا مقام؛ بُنائی، کار چوب، کشیدہ کاری کا چوکھٹا، پالتو پرندے کے بیٹھنے کے لیے کھڑی کی ہوئی لکڑی، جوتے کی ایڑی، زینے کی سیڑھی۔

اَڈاسَن فت ا، س۔ امذ۔ کنُویں کے پاس بنی ہوئی ہودی جس میں فالتو پانی جمع ہوتا ہے۔

اَڈانا فت ا۔ امذ۔ ایک راگ جس کا وقت آدھی رات اور تال ترواڑا ہے۔

اَڈر فت ا، ڈ۔ امذ۔ دو کھیتوں کے درمیان کنویں کے پانی کی نکاسی کی نالی۔

اَڈگ فت ا، کس ڈ۔ صف۔ نہ ہلنے والا، اٹل، نیز اَڈول (ومج)۔

اَڈنڈی فت ا، ڈ، سک ن۔ امث۔ وہ زمین جس پر کوئی لگان نہ ہو۔

اُڈَو ضمہ ا، شد ڈ، و مع۔ صف۔ آوارہ گرد، مث: اُڈّو (و مج) امذ۔ طبلے کی طنابوں کو کسنے کی چوبی کھُونٹی جو ان میں پروئی یا اٹکی ہوئی ہوتی ہے۔

اَڈول فت ا، و مج، صف رک: اَڈگ۔

اُڈونی ضمہ ا، و مج۔ امث۔ ایک بُوٹی جس کی سبز پتیاں چمکیلی ریشہ دار ہوتی ہیں اور زرد و سرخ پھول لگتے ہیں، اس سے ایک دوا Odonidine تیار کی جاتی ہے۔(لاط: Odonto glossum)۔

اَڈّی فت ا، شد ڈ۔ امث۔ جوتے کا پچھلا حِصّہ جو پانو کی ایڑی کو ڈھانپتا ہے؛ خراد میں اڑا ہوا لکڑی کا ٹکڑا جو پھل کو پھنسائے رکھتا ہے؛ حقے کی نے کو صاف کرنے والا پتلا گز۔

اَڈیانی فت ا، سک ڈ۔ امث۔ کھیت کی رکھوالی کرنے والے کو مچان پر پھونس کی چھت۔

اَڈیٹھ فت ا، ی مع۔ امذ۔ سرطان، راج پھوڑا۔

اِذابَت کس ا، فت ب۔ امث۔ پِگھلن، گُھلنے پِگھلنے کا عمل۔

اِذالَت کس ا، فت ل۔ امث۔ (عروض) رکنِ مستفعلن کا ایک زحاف، وتد مجموع میں حرف ساکن سے پہلے الف کا اضافہ (مستفعلن سے مستفعلان) ۔ لفظاً: دامن دراز کرنا، نیز اذالہ۔

اَذان فت ا۔ امث۔ نماز کے واسطے بلانے کے لیے مسجد سے پکار کر پڑھے جانے والے مقررّہ کلمات۔ یہی کلمات جماعت کے کھڑے ہونے پر بھی "قد قامت الصلوٰۃ" کے اضافے کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں۔ نیز بعض اور مواقع پر بھی؛ مرغ کی بانگ۔

اِذخِر کس ا، سک ذ، کس خ۔ امذ۔ ایک خوشبو دار بوٹی جس کا پودا سرکنڈے کی طرح ہوتا ہے اور جڑ کے پاس سے پتلی شاخیں پھوٹتی ہیں، پتے سرخ اور زردی مائل، پھول گچھے دار سفید، مزا تیز جو زبان پر ابلے ڈال دیتا ہے، سوندھیا، مرچیا، گندھ، گندھیل، (لاط: Androporgon Schoenanthus)۔

اِذعان کس ا، سک ذ۔ امذ۔ اطاعت، فرماں برداری، یقین، وثوق، مرکب، وَاجِب اَلاِذعان (واج بُل اِذعان) وہ حکم جس کا ماننا ، بجا لانا لازم ہو، صف۔ اِذعانی لازمی، ماننے کے قابل۔

اَذفَر فت ا، سک ذ، فت ف۔ صف۔ جس کی خوشبو بہت تیز ہو۔

اَذکار فت ا، سک ذ۔ ج مذ۔ وظائف دعائیں، حکایات، چرچے، یادیں، **ذکر** کی جمع۔

اَذکیا فت ا، سک ذ، کس ک۔ ج مذ۔ ذہین ، طبّاع لوگ، واحد، **ذکی**۔

اَذَلّ فت ا ذ۔ صف۔ بہت ذلیل، نہایت حقیر، ذلیل کا صیغۂ تفضیل م: **اَذَلّ خَلائق** بدترین آدمی۔

اِذْلاق کس ا، سک ذ۔ امذ۔ پھسلن؛ (قرات) حروف کا قرات میں سبک طور پر ادا ہونا۔

اَذْلال فت ا، سک ذ۔ ج مذ۔ حقیر، پست، کمینے لوگ، نیز **اَذِلّہ**۔ واحد: **ذَلیل**۔ **اِذلال**: ذلیل کرنا، رسوا کرنا۔

اِذْن کس ا، سک ذ۔ امذ ۔ اجازت، رضا؛ کسی کام کے کرنے کا حکم۔ مرکب **اِذنِ عام**۔ کسی مقام پر داخلے وغیرہ کی عام اجازت ؛ میّت کی نماز جنازہ کے بعد جنازے میں شریک ہونے والوں کو رخصت کی اجازت کے لیے پکار کر "اِذنِ عام" کہا جاتا ہے۔ امث **اِذْنی**: اعلان، ڈھنڈورا۔

اُذن ضمہ ا، سک ذ۔ امذ۔ کان، آلۂ سماعت، مرکب، **اُذنِ اَلْقَلْب** (اُزُنَل قَلب) دل کے بالائی حصے کے دونوں خانوں میں سے کوئی ایک جن میں خون وریدوں سے آ کرجمع ہوتا ہے۔ (انگ: Auricle)۔

اُذْنَک ضمہ ا، سک ذ، فت ن۔ امذ۔ بہروں کی سماعت کو بڑھانے والا آلہ۔

اَذْواق فت ا، سک ذ۔ **ذوق** (رک) کی جمع۔

اَذُوقَہ فت ا، و مع، فت ق۔ امذ۔ روزی، گزارے کا سامان، زندگی کی لازمی ضروریات۔

اِذْہاب کس ا، سک ذ۔ امذ۔ جاتا رہنا، زائل ہونا، کھو جانا، رخصت ہونا، م: **اِذْہابِ بَصارَت** بینائی جاتی رہنا۔

اَذِیّت فت ا، کس ذ، شد فت ی۔ تکلیف، آزار، دکھ۔

اَرّا فت ا، شد ر۔ امذ۔ پہیے کے اندر مرکز یا ناگر سے گھیرے تک جڑی ہوئی تانوں میں‌سے کوئی جو گھیرے کے سہارے اور مضبوطی کے لیے لگی ہوتی ہیں۔ جھنی، سال۔

اَرابَہ فت ا۔ امذ۔ سامان ڈھونے کا دو پہیّا چھکڑا امذ **اَرابَچی** ارابہ کھینچنے والا۔ مرکب، **آرابۂ دَستی**، ہاتھ سے کھینچنے کا ٹھیلا۔

اَرّاٹا فت ا، شد ر۔ امذ۔ نقل صوت۔ ہوا کے جھکّڑ سے توڑ پھوڑ مچنے کی یا اس سے مماثل آواز جس سے افراتفری کا اظہار ہو۔ اکیف مث **اَرّاہَٹ**۔

اَراجیز فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ بحر رجز کے اشعار، واحد، **اُرجُوزَہ**۔

اِرادَت کس ا، فت د۔ امث۔ کسی کے ساتھ دلی لگاؤ یا عقیدتمندی، بزرگ ماننا، عزیز ماننا، مریدی کا دم بھرنا، نیز رک: **ارادَہ**۔

اِرادَہ کس ا، فت د۔ امذ۔ قصد، عزم، منشا، مقصد؛ حق سے لگاؤ، صف: **اِرادی** م: **قُوّتِ ارادی** عزم صمیم، ذہنی قوت جو مقاصد کے حصول میں معاون ہوتی ہے، امذ: **فِعلِ اِرادی** وہ کام جو قصداً یا جان بوجھ کر کیا جائے۔

اَرادْھَنا فت ا، سک دھ۔ امث۔ پرستش، پوجا۔

اَراذِل فت ا، کس ذ۔ ج مذ۔ رک **رَذِیل** جس کی یہ جمع ہے۔

اَرار فت ا۔ امذ۔ گڈریوں کا دھوپ سے بچنے کے لیے بنایا ہوا سائبان یا چھپّر۔

اَرارانا فت ا، سک ر۔ ف ل۔ کراری کرخت آواز کرنا، جیسے ٹہنے کے ٹوٹنے یا سائبان کے گرنے کی آواز۔

اَرارُوٹ فت ا، و مج۔ امذ۔ ایک قسم کا نشاستہ جو ایک درخت کی جڑ کی لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔

ساگودانے کی طرح لطیف، سنگھاڑے کا آٹا بھی کہتے ہیں۔ غذا کے طور پر مستعمل [انگ: Arrowroot؛ لاط: Meranta Arundinasia]۔

اَراضی فت ا۔ امث۔ ج مثد کھیت، قطعۂ زمین؛ زرعی زمینیں جن کی تفصیل مالگزاری کے دفتر میں درج ہو، [ع: ارض کا صیغۂ جمع] اراضی بَسکَت (فت ب سک س، فت ک)، کاشت کی زمین سے خارج گاؤں کی بستی کی زمین۔ **اَراضی جَل کَر** وہ زمین جس پر بارش کا جمع شدہ پانی آبپاشی کے لیے مہیا کیا جائے۔ **اَراضی خالصہ** (اصلاً: کس ل، عام سک ل) سرکاری ملکیت کی زمین۔ ج ج **اَراضِیات** زرعی زمینیں۔

اِراقَت کس ا، فت ق۔ امث۔ بہنا، جاری ہونا، سیلان، جَرَیان، م: **اِراقَت بَول** (ولین) پیشاب کا جاری ہونا۔ **اِراقَتِ حَیض** عورتوں کے ماہواری خون کا جاری ہونا۔

اَراک فت ا۔ امذ۔ پیلو کا درخت جس کی ٹہنی سے مسواکیں بنتی ہیں (لاط: Salvidora Persica) نیز **اَرک**۔

اَراکِین فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ رک: **اَرکان** جو صحیح و فصیح ہے۔

اَرامِل فت ا، کس م۔ ج مذ۔ رک: **اَرمَل** جس کی یہ جمع ہے۔

اَرّانا فت ا، شد ر۔ ف ل۔ جانور کا درد سے کراہنا، برّانا، یا کسی کا اس سے مماثل آواز نکالنا۔ امث **اَرّاہَٹ**۔

اَرانِب فت ا، کس ن۔ ج مذ۔ رک: **اَرنَب** جس کی یہ جمع ہے۔

اِراءَت کس ا، فت ء۔ ا مثد رہنمائی، ہدایت۔

اَرائِک فت ا، کس ء۔ ج مذ۔ رک: **اَرِیکَہ** جس کی یہ جمع ہے۔

اَرَب فت ا ر۔ عدد۔ امذ۔ سو کروڑ یا ہزار مِلین۔

اَرْباب فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ والی، مالکان، صاحبان، کسی خاص حلقے یا زمرے سے تعلق رکھنے والے م: **اَرْبابِ ذَوق** ادب و فن کا مذاق رکھنے والے، **اَربابِ نَشاط** گانے بجانے والے۔

اُرْبَرا ضمہ ا، سک ر، فت بـ امث۔ عمدہ زمین جس پر ہر قسم کی کاشت ہو سکے۔

اُرْبَسی ضمہ ا، سک ر، فت بـ امث۔ گلے کا ایک نگینے جڑا زیور، جگنی، دُھکدُھکی۔

اَرْبَع فت ا، سک ر، فت بـ عدد۔ چار (۴) مت نیز ج **اَربَعَہ**۔ **عَناصِرِ اَربَعَہ** چار بنیادی مادّے جن سے دنیا بنی ہوئی خیال کی جاتی تھی، آگ ، پانی، مٹی اور ہوا۔ مرکب" **اَربَع سِتَّہ** حساب کتاب، لفظاً ۴، ۶ **اَربَعۂ مُتَناسِبَہ** ریاضی کا قاعدہ جس کی مدد سے تین رقموں کو سامنے رکھ کر متناسب چوتھی رقم دریافت کی جا سکتی ہے۔ (م: ۹: ۱۲ :: ۶: ۴)

اَرْبَعِین فت ا، سک ر، فت ب، ی مع۔ عدد۔ چالیس (۴۰)

اَرْبَل فت ا، سک ر، فت بـ امث۔ گھوڑے کے کان کی پشت پر اوپر کی طرف بنی ہوئی بھونْری۔

اَرْپَن فت ا، سک ر، فت پـ امذ۔ دان، نذر، بھینٹ، وقف۔

اِرْتِباط کس ا، سک ر، کسمج تـ امذ۔ میل جول، ربط ضبط، خَلا مَلا۔

اِرْتِجاج کس ا، سک ر، کسمج تـ امذ۔ تھپیڑا، دَھکّا، دھماکا۔

اِرْتِجاع کس ا، سک ر، کسمج تـ امذ۔ لوٹنا، پلٹنا، رجعت، پسپائی۔

اِرْتِجال کس ا، سک ر، کسمج تـ امذ ۔ بداہت، بدیہہ گوئی، تامّل یا تیاری کے بغیر نئی بات ذہن سے برآمد کرنا۔ م فـ **اِرتِجالاً** (لن) فوری، بدیہی طور

پر۔

ارتداد کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ دین سے پھر جانا، ترک اسلام۔ صف مُرتَد۔

ارتفاع کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ اونچائی، بلندی۔

ارتفاق کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ ملا یا جڑا ہوا ہونا، رفاقت، یکجائی۔ ج **ارتفاقات** وہ باتیں جو کسی گروہ یا قوم میں یگانگت کا باعث یا مظہر ہوتی ہیں۔

ارتقا کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ اوپر اٹھنا، ترقی کرنا، بہتر سے بہتر کی طرف جانا۔ **نظریۂ ارتقاء** چارلس ڈارون (۱۸۰۹ - ۱۸۸۲ء) سے منسوب یہ حیاتیاتی نظریہ کہ زندگی کے مظاہر نے ادنیٰ سے اعلیٰ صورتوں کی طرف تدریجاً بقاء اَصلح کے اصول کے تحت سفر کیا ہے اور انسان غالباً بن مانسوں کے بعد اس سلسلے کی آخری موجودہ صورت ہے۔ صف: **ارتقائی**

اِرتِکاب کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ صادر، سرزد ہونا، م: **ارتِکابِ جُرم**۔

ارتِکاز کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ ایک طرف راجع ہونا، ایک نکتے پر جمع ہونا، صف **مُرتَکز**۔

ارتِکاس کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ اُلٹ جانا، اُلٹی طرف کا سامنے آ جانا م: آنکھ کے پپوٹے کا ارتکاس۔

اَرتَلا فت ا، سک ر، فت تد امذ۔ نام لیوا، حامی، علمبردار۔

ارتِماس کس ا، سک ر، کسمج تد امذ۔ غوطہ، ڈبکی۔

اَرتَنگ فت ا، سک ر، فت ت، غنہ امذ۔ رک: **اَرژنگ**۔

اَرتَنی فت ا، سک ر، فت تد امثہ فیلبان کی رکاب کی رسّی؛ کافور، کپُور۔

ارتیاب کس ا، سک ر، کس تد امذ۔ شک شبہ، دُبدھا۔ صف **ارتیابی**، مشاہدات کی صحت پر شک کرنے والا(انگ: Sceptic)۔

ارتیاح کس ا، سک ر، کس تد امذ۔ فرصت، انبساط۔

اَرتھ فت ا، سک ر۔ امذ۔ معنی، مفہوم؛ حاصل؛ قدر، قیمت(س: ارتھ قب ف: ارز، ارد، ارج۔) **اَرتھ وِدّیا** علم معیشت، اکنامکس۔

اَرتھی فت ا، سک ر۔ امثہ ہندو میّت کا جنازہ جو بانسوں کے ٹھاٹھرپر اٹھا کر لے جایا جاتا ہے۔

اِرث کس ا، سک ر۔ امذ۔ ترکہ، میراث، مرنے والے کا متروکہ اثاثہ؛ عادات،خصوصیات جو پچھلی پشتوں سے منتقل ہوں۔

اِرجاع کس ا، سک ر۔ امذ۔ رجوع کرنا، مائل ہونا، لو لگانا؛ نالش، فریاد، دعویٰ۔

اِرجاء کس ا، سک ر۔ امذ۔ یہ عقیدہ کہ مومن ایمان کے صلے میں گناہوں کے عذاب سے محفوظ ہے۔صف **مَرجِیہ**، م: فرقۂ مرجیہ۔

اَرجَح فت ا، سک ر، فت ج۔ صفہ قابلِ ترجیح، زیادہ مناسب۔

اَرجَل فت ا، سک ر، فت ج۔ امذ۔ وہ گھوڑا جس کا پچھلا کوئی پَیر گھٹنوں تک سفید ہو۔ایسا گھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

اَرجُمَند فت ا، سک ر، ج، فت م، سک ن۔ صف۔ قیمتی، وقیع، بیش قدر؛ بلند مرتبے والا۔ ا کیف مث، **اَرجُمَندی**۔ عام: ضمہ ج۔

اَرجَن فت ا، سک ر، فت ج۔ امذ۔ ایک پہاڑی درخت، پتے لمبے گولائی لیے ہوئے۔ چھال سفید اور اس سے سفید ریزش یا دودھ ٹپکتا ہے، اس کی راکھ رنگنے میں کام آتی ہے۔(لاط : Terminalia alata

Globra۔

اَرْجُن فت ا، سک ر، ضمہ ج۔ عَلَم۔ مہا بھارت کا ہیرو جس کے حامی شری کرشن تھے اوراس کی تلقین کے لیے بھگوت گیتا تصنیف ہوئی۔

اُرجُوحَہ ضمہ ا، سک ر، و مع، فت ح۔ امذ۔ جھولا، پنگھورا، گہوارہ۔

اُرْجُوزَہ ضمہ ا، سک ر، و مع، فت ز۔ امذ۔ بحر رجز میں موزوں کیا ہوا کلام۔ ج: اَراجِیز۔

اُرْجھاسَن ضمہ ا، سک ر، فت س۔ امثہ سن کے پودے کا پوست جس کے ریشے کی رسیاں ڈوریاں بنتی ہیں۔

اَرْحام فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ رَحِم (رک) کی جمع۔

اَرحَم فت ا، سک ر، فت ح۔ صف۔ رحیم کا صیغۂ تفضیل، بڑا رحم کرنے والا۔ مرکب اَرحَم اَلْرّاحِمین (اَرحَ مُرْ راح می ن) رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر۔

اَرْخا فت ا، سک ر۔ امذ۔ (قصابی) بکرے کی بالائی پشت کا گوشت [ت : ارقا]۔

اُرْدابیگنی ضمہ ا، سک ر، ے مج، کس گ۔ امثہ ہتھیار بند زنانہ پہرہ دارنی جو شاہی محلات میں ہوتی تھی۔ [ت: اُوردَہ : حرَم]

اَرْدابَہ فت ا، سک ر، فت ب۔ امذ۔ دلا ہوا اناج، دلیا، گھوڑے کا دانہ جو بھگو کر کھلایا جاتا ہے۔

اَرْداس فت ا، سک ر۔ امثہ التجا ، التماس عرضی، درخواست [س: اَردَن = مانگنا + آس]

اَرْدَب فت ا، سک ر، فت د۔ امذ۔ آڑ ، روک ، سپَر شطرنج میں کسی مہرے کا شہ بچانے کے لیے بادشاہ کے سامنے سے ہل نہ سکنا، بندھ جانا، کِل جانا۔

اِرْدْگِرد کس ا، سک ر د، کس گ۔ م فہ آس پاس، چاروں طرف۔

اَرْدَل فت ا، سک د، فت د۔ امثہ چپراس گیری، پیش خدمتی۔ امذ: اَرْدَلی کسی حاکم کا سرکاری طور پر خدمتگار۔ نیز مث بمعنی اَردل، خدمتگاری، حاضر باشی۔ اَردَلی بازار فوج کے ساتھ چلنے والی ضروریات کی دوکانیں۔ لشکری باشہ۔

اُرْدُو ضمہ ا، و مع۔ امذ۔ امثہ لشکر، فوجی پڑاؤ، مغلیہ عہد میں بادشاہ کا لشکر اور قلعہ اور کل شاہی کار خانجات اردو کی تعریف میں آتے تھے۔ جسے (امذ) اُردُوے معلّٰی کہا جاتا تھا۔ اسی نسبت سے دہلی میں عام طور پر بولی جانے والی زبان کا نام بھی اردو یا زبانِ اردوئے معلّٰی ہوا، جو آریائی نسل کی ایک مخلوط بولی ہے، کھڑی بولی کا ایک روپ جو جدید ہندی سے تَدبَھو کے رجحان، عربی و فارسی الفاظ کی فراواں آمیزش اور اپنے رسم الخط کی بنا پر مختلف ہے، پاکستان کی قومی زبان اور پاکستان کی علاقائی زبانوں کی ہمرشتہ، مختلف لسانی گروہوں کے درمیان مشترک ذریعۂ اظہار ہے۔ [ت : اُردو] اُردُو بازار چھاؤنی کا بازار۔ ف م: اُردُوانا بیرونی لفظ کو اردو کے لب و لہجے میں ڈھالنا م: لینٹرن سے لالٹین۔ نیز تارِید، تورِید۔

اُرْدی ضمہ ا، سک ر۔ امذ۔ ایرانی سال شمسی کا آغاز بہار کا مہینہ، ہندی جیٹھ اور فروری مارچ کے لگ بھگ۔ نیز اُردی بَہِشت۔

اَرْدھ فت ا، سک ر۔ صف۔ آدھا ، نصف م: اَرْدَھنگ، آدھا جسم ،دھڑ، آدھے دھڑ کا فالج، نیز اَردَنگ۔

اَرْذَل فت ا، سک ر، فت ذ۔ صف۔ رَذِیل (رک) کا صیغۂ تفضیل۔

اَرْز فت ا، سک ر۔ امذ۔ قیمت،قدر، م: کم اَرز کم قیمت، ہیچ میرْز، حقیر، بے مقدار، صف اَرزاں سستا [ژند: ارج، قب س، اَرتھ]

اَرُز فت ا، ضمہ ر۔ امذ ۔ چاول ، چاول بھر وزن [ع]

اَرْزاق فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ اشیاء خوردنی، واحد رِزق۔

اَرْزاں فت ا، سک ر، غنہ۔ صف۔ کم قیمت، سستا، عام، امث۔ اَرزانی سستا ہونا، گرانی کی ضد، فراوانی، بہتات، ف م: اَرزانی کرنا مرحمت کرنا، عطا کرنا، بخشش کرنا۔

اَرْزِش فت ا، سک ر، کس ز۔ امث۔ قیمت، بہا، معاوضہ۔

اَرْزَنْدَہ فت ا، سک ر، کس ز، سک ن، فت د۔ صف۔ مناسب، موزوں، مفید۔

اَرْزِیز فت ا، سک ر، ی مع۔ امث۔ قلعی، رانگ۔

اَرْژَنگ فت ا، سک ر، فت ژ، غنہ۔ امذ۔ مرقع، تصاویر کا مجموعہ، خصوصاً مشہور نقاش، مانی کی تصاویر کا نگار خانہ جو اِس نام سے موسوم تھا۔

اِرْسال کس ا، سک ر۔ امذ۔ بھیجنا، روانہ کرنا۔ (علم بیان) مجاز مرسل کی ایک قِسم، اِرسال نامہ روانہ کیے جانے والے تجارتی مال کی فہرست، بیجک، چالان۔

اَرْسَتّا فت ا، سک ر، فت س، شد ٹ۔ امذ۔ آمد و خرچ کا حساب۔ نقد وصولی و ادائگی کا کھاتہ؛ تخمینہ؛ گماشتہ، ایجنٹ۔ اَرسَتّا نَویس حساب کتاب لکھنے والا منشی، مُتصدّی (مُ تَ سَدّی)۔

اَرِسطا طالِیس فت ا ر، سک س، ی مع۔ علم۔ یونانی مفکر (۳۲۲ تا ۳۸۴ ق م) افلاطون کا شاگرد، مشائی مکتبِ فکر کا بانی، اِستخراجی منطق کا مدوّن، معلّم اول کے لقب سے موسوم، نیز اَرَسطو [یونانی اَرِسٹوٹلیز کا معرّب]۔

اَرْش (۱) فت ا، سک ر۔ امذ۔ ایک ہاتھ کا طول جو بڑی انگلی سے کہنی تک مانا جاتا ہے۔ [ف] نیز اَرَش۔

اَرْش (۲) فت ا، سک ر۔ امذ۔ خوں بہا؛ قِصاص، قتل کے بدلے دِیَت یا جان کے بدلے جان۔ [ع]۔

اَرْشا فت ا، سک ر۔ امذ۔ انسانی قد کے برابر اونچا ایک درخت، پتّے گھاس کی مانند، پھول بنفشہ سے ملتا جلتا کئی رنگ کا جس کے بیچ میں بالوں کی طرح ریشے ہوتے ہیں اور پھل الائچی کی طرح سہ گوشہ، دواءً مستعمل۔

اِرْشاد کس ا، سک ر۔ امذ۔ ہدایت، رہنمائی، تربیت خصوصاً روحانی؛ تلقین؛ فیض رسانی، حکم، فرمان؛ قول، بیان کسی بزرگ کا، ج اِرشادات اقوال، احکام، فرمودات۔

اِرْشاش کس ا، سک ر۔ امذ۔ پھوہار، مہین بوندوں کا برسنا، فوارہ چھوٹنا۔

اَرْشَد فت ا، سک ر، فت شد۔ صف۔ مرشدین میں ممتاز، بڑا، راشد کا صیغۂ تفضیل۔ دعائیہ فقرہ اَرْشَدَکَ اللہُ تَعَالیٰ (اَرشَ دَ کَل لاہُ تَ عالا) خدا نے تجھے ہدایت بخشی، مراد خدا تجھے ہدایت بخشے۔

اَرْشَق فت ا، سک ر، فت ش۔ صف۔ بہت اچھے متناسب قد و قامت والا، خوش اندام، رشیق کا صیغۂ تفضیل۔

اَرْصاد فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ دیدبان، تاڑنے، کھوج لگانے، دور سے تاکنے والے؛ ستاروں کے مشاہدے کے لیے بنائی ہوئی تعمیر، رصد گاہ، واحد: رَصَد امذ؛ اِرصاد تاکنے، تاڑنے، مشاہدہ کرنے کا عمل۔

اَرْض فت ا، سک ر۔ امث۔ زمین، دھرتی، دُنیا، کرۂ خاکی اَرضِ تِسعِین نوے (دن) والی زمین، مراد قطب شمالی و قطب جنوبی جہاں نوے دن مسلسل روشنی رہتی ہے، پھر اندھیرا، صف: اَرضی، زمین سے متعلق، دنیوی ضِدّ سماوی نیز اَرضِیاتی کرۂ ارض سے متعلق۔

اِرْضاع کس ا، سک ر۔ امذ۔ شیر خوار بچے کو چھاتی سے دودھ پلانا، رضاعت۔

اَرْضَہ فت ا، سک ر، فت ض۔ امث۔ دیمک، چوب خوار حشرہ۔

اِرْغام کس ا، سک ر۔ امذ۔ دبانا، مجبور کرنا، ناک رگڑوانا۔

اَرْغَن فت ا، سک ر، فت غ۔ امذ۔ ایک قدیم ساز جس میں ہوا کو دھونکنی کے ذریعے مختلف سائز کی نلکیوں میں گزارا جاتا تھا۔ اسی اصول پر بجنے والا کوئی باجہ، نیز **اَرغُنُوں** (و مع، غنہ)، **اَرغُوں** (یونانی: Organon)۔

اَرْغَواں فت ا، سک ر، فت غ۔ امذ ۔ ایک ایرانی پھول جو بہار میں کثرت سے پھولتا ہے، رنگ سرخ نیلگوں [ف: ارجواں کا معرّب] صف: **اَرغوانی**۔

اَرْفَض فت ا، سک ر، فت ف۔ **رافِضی** (رک) کا صیغۂ تفضیل۔

اَرْفَع فت ا، سک ر، فت ف۔ صف۔ بہت بلند، سب سے اونچا؛ برتر، افضل، امث **اَرْفَعِیّت** خیالات و جذبات کی اعلیٰ سطح [ع: اَرفع = اونچا سے وضعی لفظ]۔

اَرْفَق فت ا، سک ر، فت ف۔ **رَفِیق** (رک) کا صیغۂ تفضیل۔

اَرْقام فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ ج مث۔ رقمیں، ہندسے، اعداد، مرکب **اَرقامِ ہِندِیَہ** گنتی جس کی ایجاد ہندسے سے منسُوب ہے، [اِسی کو اہل مغرب ارقام عربیہ کہتے ہیں۔ انگ: Arabic Numerals] امذ۔ **اِرْقام** لکھنا، لکھائی، تحریر۔

اَرْقَم فت ا، سک ر، فت ق۔ صف۔ دورنگا، چتکبرا۔

اَرک (۱) فت ا، سک ر۔ امذ۔ قلعہ، محل [ف]۔

اَرْک (۲) فت ا، سک ر۔ امذ۔ (پیلو کا درخت [ع: اراک]۔ نیز اراک (رک)

اَرْک (۳) فت ا، سک ر۔ امث۔ ایک بیل جس کے پتے گِلو سے مشابہ، پھول سُورج مکھی کی طرح گول پچ پتیا ہوتا ہے۔ اور ڈنٹھلوں سے سفید ریزش یا دودھ ٹپکتا ہے۔(لاط: Gynandropsis Pentaphylla)۔

اَرْکان فت ا، سک ر۔ ج مذ۔ **رُکن** (رک) کی جمع؛ وقیع عناصر یا اصول جن پر کسی نظام یا ہیئت کا مدار ہو۔

اَرْکُوک فت ا، سک ر، و مع۔ امذ۔ گھوڑے کا ایک رنگ جو تانبے کی طرح سرخی مائل بادامی یا سنہری ہوتا ہے۔

اَرْگجا فت ا، سک ر، فت گ، امذ ۔ صندل اور دیگر خوشبویات کا مرکّب جو مورتیوں کو چڑھایا یا مہمانوں کو تواضع کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

اَرْگَنْدْھ فت ا، سک ر، فت گ، سک ن۔ امذ۔ اگر اور صندل کا مرکب، چندن جس کا تلک ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔

اَرْگ فت ا، سک ر۔ امث۔ نذر، بھینٹ، چڑھاوا جو ہندو رسماً دیوتاؤں کو چڑھاتے ہیں نیز **اَرگھ**۔ صف **اَرْگھا** کشتی نما برتن جس میں سے ہندو پجاری دیوتا کو پانی کا چھینٹا دیتے ہیں۔

اِرَم کس ا، فت ر۔ امذ ۔ شداد کی بنوائی ہوئی مصنوعی جنّت کا نام، بہشت ، فردوس۔

اَرْماں فت ا، سک ر۔ امذ۔ دلی خواہش، تمنا، آرزو [ت : حسرت]

اُرْمانا ضمہ ا، سک ر۔ ف م۔ کپڑے کے کنارے موڑ کر سینا تاکہ پھونسڑے نہ نکلیں۔ اورما کرنا۔

اَرْمُغاں فت ا، سک ر، ضمہ م، غنہ۔ امذ ۔ تحفہ، ہدیہ، سوغات۔ نیز **اَرمَغاں**۔

اُرْمُک ضمہ ا، سک ر، ضمہ م۔ امذ۔ بکری کے اون کا موٹا گرم کپڑا۔

اَرْمَن فت ا، سک ر، فت م۔ عَلَم کوہ قاف کا علاقہ، صف **اَرْمَنی** م: **گِلِ اَرمَنی** (کس گ، کسمج ل) گیرو، سرخ مٹی۔ (قب: انگ: آرمینیا)۔

اُرِن ضمہ ا، کس ر- صف- بے باق، قرض سے سبکدوش-

اَڑنا (۱) فت ا، سک ر- امذ- جنگلی بھینسا، مرکب **اَرنا اُپلا** گرا پڑا سوکھا گوبر جسے تھاپا نہ گیا ہو اور ایندھن کے طور پر جلایا جائے مث: **اَرنی** جنگلی بھینس-

اَڑنا (۲) فت ا، سک ر- امذ- بجائی کی نلکی جو بیج بوائی کے وقت ہل کے ساتھ باندھ دی جاتی ہے-

اَرنَب فت ا، سک ر، فت ل- امذ- خرگوش، **اَرنَبِیّہ** (کس ب، شد فت ی) آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکیں باہم نہیں مل سکتیں اور آنکھ ادھ کُھلی رہتی ہے-

اَرنَج فت ا ر، سک ن- امذ- رک **آرَش** (۱)

اَرَنڈ فت ا ر، سک ن- امذ- چوڑے پتّوں کا ایک پودا جس کے بیجوں سے ارنڈی کا تیل نکلتا ہے- بید انجیر (لاط: Ricinus Communis) اَرنڈ خَربُوزہ (فت خ و مع) پپیتا، نیز **اَرنڈ کَکڑی**- (لاط: Carica papaya) امث: **اَرَنڈی** ارنڈ کا بیج؛ ایک ریشہ جو ریشم کی طرح نرم ایک کوئے سے نکلتا ہے جو ارنڈ کے درخت پر پلتا ہے-

اَرْنَہ فت ا، سک ر، فت ن- حرف جزا- **وَرنہ** کی تخفیف-

اَرْنی فت ا، سک ر- امث- ایک درخت جس کی چھوٹی بڑی دو قسمیں ہیں- بڑی ارنی کا درخت ۱۰ گز تک اونچا ہوتا ہے، پتے کِنگرے دار، شاخیں کانٹے دار، پھول سفید نیلاہٹ لیے ہوئے، جن کی بُو ناخوشگوار ہوتی ہے- لکڑی سفید مضبوط جس کے اندر بیخنی لکیریں نظر آتی ہیں- چھوٹی ارنی دو تین گز اونچی ، پھول سدا بہار خوشبودار، پھل کالا، جڑ موٹی، کڑوی قدرے خوشبودار، دواءً مستعمل (لاط: Chloridendron phlomides)

اَرْنی کا نَیچَہ فت ا، سک ر، ے لین، فت چ- امذ- حقے کی نرکل کی بنی ہوئی نے، آب نے،

اَرِنی فت ا، کسمح ر- فقرہ- مجھے دکھا، مجھے نظر آ، حضرت موسیٰؑ سے منسُوب فقرہ جو انہوں نے کوہ طُور پر خدا کو مخاطب کر کے بولا جس کے جواب میں لن تَرانی کہا گیا، یعنی تو مجھے نہیں دیکھ سکتا- مرکب: **اَرِنی گو** ارنی کہنے والا مراد حضرت موسیٰؑ-

اَرْوا فت ا، ر- امذ - دھان کی ایک موٹی قسم-

اَرْواح فت ا، سک ر- ج مث- ا مث- رُوح (رک) کی جمع؛ فرشتے، ملائک، جان، نفس، بھوت، آسیب-

اَرُوپ فت ا، و مع- صف- امذ - جس کا کوئی روپ یا شکل نہ ہو، مراد باری تعالیٰ؛ گیہوں، گندم-

اَروٹی فت ا، و مج- امث- چھولداری، چھوٹا خیمہ-

اَروڑنا فت ا، و مج، سک ر- ف م- غلے کو ہاتھوں سے مل مل کر صاف کرنا-

اَرُوسَا فت ا، و مع- امذ- بانس کی ایک قسم،ایک درخت جس کی لکڑی چھپّر کے پٹاؤ کے لیے استعمال ہوتی ہے اور اس کا برادہ بارُود میں ملایا جاتا ہے کیونکہ جلد بھڑک اٹھتا ہے، بانسہ- اس کی ایک قسم پیا بانْسا کہلاتی ہے (لاط: Adhastoda Vasica)-

اَرْوی فت ا، سک ر- امث- کچالو کی قسم کی ایک جڑ جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہے کچی اروی یا اس کے پتے، زبان پر خارش پیدا کرتے ہیں (لاط: Arum Golocassia Indicum)-

اَرْوے فت ا، سک ر- ج مذ- اُبکائیاں جوعورتوں کو حمل قرار پانے کے بعد آتی ہیں- محاورہ **اَروے کَھانا** چکرانا، حاملہ عورت کا ابکائیاں لینا-

اَرّہ فت ا، شد فت ر- امذ- لکڑی چیرنے کا دندانے دار آلہ، نیز آرہ **اَرّہ کَش** لکڑی چیرنے والا-

اِرْہاص کس ا، سک ر- امذ- آمد وحی سے پہلے آثار

وحی نمودار ہونا؛ اللہ تعالیٰ کا کسی کو کارخیر کے لیے منتخب کرنا۔ [لفظاً دیوار کا پہلا ردّہ رکھنا]۔

اَرہَر فت ا، سک ر، فت ہ۔ امث۔ دال کی ایک قسم جس کا رنگ چنے کی طرح زردی مائل ہوتا ہے۔ (لاط: Cajanus Indicus)

اَرہَنْت فت ا، سک ر، فت ہ، سک ن۔ امذ - جینیوں کا دیوتا، جین مت کے نزدیک اوّلین مخلوق؛ بُدھ، بدھ مت کا پجاری [س: لائق سزا وار] مث **اَرہَنتکار** بُدھ بِھکشنی، بدھ مت کی پجارن۔

اَرئی فت ا، ر۔ امث۔ بیل کو ہانکنے کا ڈنڈا؛ دودھ بلونے کا آلہ اور برتن، رَئی ؛ ایک نبات جو مویشیوں کا چارہ ہے۔

اَری فت ا۔ حرف ندا،عورت کو مخاطب کرنے کا کلمہ، خصوصاً بے تکلفی یا حقارت کے ساتھ، اے ری کا مخفف۔

اَرے فت ا، ے مج۔ کلمۂ تخاطب نیز فجائیہ۔ اے رے کی تخفیف، حقارت یا بے تکلّفی سے پکارنے کا کلمہ، مث **اَری** نیز حیرت کے اظہار کے لیے مُنہ سے ادا ہونے والا لفظ م: ارے یہ کیا ہوگیا نیز **ارے رے/ رے**۔

اُریا ضمہ ا، سک ر۔ امذ۔ ایک بھورے رنگ کی پہاڑی چڑیا جس کے نر کے گلے پر سیاہ لمبے بال ہوتے ہیں، اُریل، شا (لاط: Oriolus Xanthornus)۔

اَریب فت ا، ی مع، صف۔ ذہین، طباع، ہنر مند، شائستہ [ع]۔

اُریب ضمہ ا، ے مج۔ صف امذ - آڑا، ترچھا، نیز **اُریبْواں**۔ امذ۔ آڑا پن، ٹیڑھی چال، مکر فریب۔

اَریکَہ فت ا، ی مع، فت ک۔ امذ۔ تخت؛ گدّے دار، گداز، باآرام نشست، ج: **اَرائک** (۲) نیا گوشت جو زخم کو بھردے، انکور۔

اُریَنْچ کُھرینچ ضمہ ا، ے مع، غنہ، ضمہ کھ۔ ا مث۔ عیب جوئی، اعتراض، خوردہ گیری، ف م: ا، کھ نکالنا۔

اَڑ فت ا۔ امث - رکاوٹ؛ ضد ہٹ۔ امذ **اَڑبَنگا** روک، آڑ، جھگڑا، فساد، امث، **اَڑ ضامنی** جوابی ضمانت، ضامن کی ضمانت۔

اُڑ ضمہ ا۔ رک: **اُڑنا** جس کا یہ صیغۂ امر ہے، مرکبات میں مستعمل م: **اُڑ پَہیّا** (فت پ، سک ہ، شد ی، بروزن، بھیّا) ذیلی پہیّا جو مشین کے پہیّے کی رفتار پر قابو رکھتا ہے۔ **اُڑ لاگ** امذ مرض کے متعدی ہونے کی خاصیت۔

اَڑا فت ا۔ صف۔ حائل، پھنسا ہوا، مرکب **اَڑا وَقت** مشکل کا وقت۔

اَڑاڑا فت ا۔ امذ۔ دریا کا اونچا کنارہ، کڑاڑا، نقلِ صوت: **اَڑاڑادَھم** تودے، چٹان یا عمارت کے گرنے کا دھماکا، ڈھینے کی آواز۔

اَڑاس فت ا۔ امث۔ تنگ راستے یا نالی میں پھنسی ہوئی چیز؛ رکاوٹ، اَڑچن۔

اُڑان ضمہ ا۔ امث۔ پرواز، اڑنے کا عمل یا انداز، اڑنے کی حد، نقطۂ عروج۔ امذ۔ **اُڑان جَھلاّ** بچوں کا ایک کھیل جو زمین پر نشان ڈال کر کوڑیوں سے کھیلا جاتا تھا۔ **اُڑان گھائی** کھیل میں دھوکے بازی؛ عموماً جمع کے صیغے میں، محاورہ **اُڑان گھائیاں بتانا** چٹکیوں میں اڑانا، باتیں بنانا، دَڑ بَڑانا۔

اَڑانا فت ا۔ ف م۔ **اَڑنا** (رک) کا متعدی۔**نیز** امذ (موسیقی) ایک خیال جو تلوارا تال کے ساتھ گایا جاتا ہے؛ نیز **اَڈانا**۔

اُڑانا ضمہ ا۔ ف م۔ **اُڑنا** (رک) کا متعدی؛ جھپٹ لینا، چرانا، خرچ کر ڈالنا؛ مٹا دینا، تناول کرنا، نوش جاں کرنا، کاٹ کے علاحدہ کردینا، لہرانا، ہوا میں ہلانا؛ گانا، تان کھینچنا؛ گپ ہانکنا۔

آڑاہا فت ا۔ امذ۔ کھیت میں اگی ہوئی بیکار گھاس پھونس جسے نلائی میں صاف کر دیتے ہیں، سبزۂ بیگانہ، نیز مٹ **آڑاہٹ**۔

اَڑتالیس فت ا، سک ڑ، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور آٹھ ۴۸؛ صف: **اَڑتالیسواں/ ویں**۔

اَڑتلا فت ا، سک ڑ، فت ت۔ امذ۔ آڑ، پناہ؛ گھات میں چھپ کر بیٹھنے کی جگہ۔ پناہ گاہ؛ واہمہ، وسوسہ، خوف۔

اَڑتیس فت ا، سک ڑ، ی مع۔ عدد۔ تیس اور آٹھ (۳۸) صف **اَڑتیسواں/ ویں**۔

اَڑچَن فت ا، سک ڑ، فت چ۔ امث۔ رکاوٹ، مزاحمت؛ فکر، تردّد۔

اُڑد ضمہ ا، فت ڑ۔ امث۔ ماش کی دال [لاط: Grangea] بول چال اُڑد پر سفیدی خفیف مقدار، تقریباً معدوم۔

اُڑدابیگنی ضمہ ا، سک ڑ، ے مج، سک گ۔ امث۔ رک **اُردابیگنی**۔

اَڑسٹھ فت ا، سک ڑ، فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور آٹھ (۶۸) صف **اڑسٹھواں/ ویں**۔

اُڑسنا ضمہ ا، فت ڑ، سک س۔ ف م۔ لٹکتی یا پھیلی ہوئی چیز کو سمیٹ کر کسی چیز میں اٹکانا، پھنسانا، کھونسنا، ٹھونسنا، ٹھانسنا۔

اَڑکا فت ا، سک ڑ۔ امذ۔ (بانک‌بنوٹ) حریف کے وار کو ہتھیار پر روکنا۔

اَڑگڑا فت ا، سک ڑ فت گ۔ امذ۔ مویشیوں کو بند کرنے کا جنگلہ؛ نئے گھوڑوں کو سدھانے کے لیے جوتی جانے والی نیچی گاڑی؛ کرائے کی گاڑیوں کا اڈّا۔

اُڑَن ضمہ ا، فت ڑ۔ سابقہ۔ اُڑان کی تخفیف بمعنی اڑنے والا م: **اُڑَن انار** ایک آتشبازی، **اُڑَن کھٹولا** افسانوی حکایتوں میں اڑنے والا پلنگ۔

اُڑَن چھو ضمہ ا، فت ڑ، و مع۔ صفہ۔ آناً فاناً غائب ، جو ہوا ہو جائے، رفو چکر۔

اَڑنا فت ا، سک ڑ۔ ف ل۔ راستے میں رک جانا، رکاوٹ ڈالنا؛ ضد کرنا، اصرار کرنا۔

اُڑنا ضمہ ا، سک ڑ۔ ف ل۔ ہوا میں تیرنا، فضا میں اوپر اٹھنا؛ غائب ہو جانا، اوجھل ہو جانا؛ ختم، صرف ہو جانا؛ طرح دینا، بچ نکلنا؛ بکھرنا، وحشت زدہ ہونا م: دل اُڑا اُڑا سا ہو رہا ہے۔

اَڑَنگ فت ا، ڑ، غنہ۔ امذ۔ ڈھیر، انبار۔ صف۔ **اَڑنگ بَڑنگ** بے ربط، الٹی سیدھی (باتیں)، نیز **اَڑنگ تَڑنگ**۔

اَڑَنگا فت ا ڑ، غنہ۔ امذ۔ ٹانگ میں ٹانگ پھنسانا، چلتی چیز میں رکاوٹ ڈالنا؛ روک، آڑ، رکاوٹ، پاڑ کے نیچے کھڑی بلّی، اڑواڑ۔

اَڑوا فت ا، سک ڑ۔ امذ۔ صندوق کا بغلی پاکھا۔

اَڑواڑ فت ا، سک ڑ۔ امث۔ پاڑ کے نیچے کھڑی کی جانے والی سہارے کی بلّی، سہارا، روک۔

اَڑوسا فت ا، و مع۔ امذ۔ ایک بوٹی جس کاگرہ دار پودا اونچا، پھول سفید اور پتّے آم کے پتّوں سے مشابہ ہوتے ہیں، دواءً مستعمل [لاط: Justicia Adhenatoda]۔

اَڑوس پَڑوس فت ا، و لین، فت پ، و لین۔ امذ۔ ہمسائے کی بستی؛ آس پاس کے لوگ، مکان وغیرہ۔

آڑی فت ا۔ امث۔ مشکل کا وقت، دشوار مرحلہ یا مسئلہ؛ کشتی کا ایک وانو جس میں حریف کی گردن پر ہاتھ مار کر جھٹکا دیتے ہیں محاورہ **آڑی ٹھڑی میں**: بے چارگی میں، مشکل وقت میں نیز **آڑے ٹھڑے میں** نیز **آڑیا**: مصیبت۔

اُڑیک ضمہ ا، ی مع۔ امث۔ گاڑی کے بغلی پاکھوں کے سنبھال کی آڑ جو ان کو باہر کی طرف جھکنےسے روکے رکھتی ہے۔ جھوک۔

اَڑیکا فت ا، ی مع۔ امذ۔ (بُنائی) چوبی ڈنڈا جس

سے زری کے تانے کی بلّی کو کھینچے رکھنے کے لیے رسی کو البیٹ دی جاتی ہے۔

آڑیَل فت ا، سک ڑ، فت ی۔ صف۔ اَڑجانے والا، ضدّی، ٹھس۔

اُڑینچ ضمہ ا، ے مج، غنہ۔ امث۔ عداوت، دشمنی، مخالفت، مرکب **اُڑینچ کُھڑینچ**: بے جا تکرار، مین میکھ، مزاحمت۔

اَڑھائی فت ا۔ کسری عدد۔ دو اور آدھا، **ڈھائی** (رک) امذ ۔ **اَڑھیّا** (فت ڑھ) ڈھائی سیر کا باٹ۔

اَز فت ا۔ حرف جار۔ سے، مِن کا مترادف، م: **اَز آدَم تا اِیں دم** ہمیشہ سے اب تک۔ **اَزراہِ عنایَت**: مہربانی سے، **اَزمَن**: مجھ سے، میری طرف سے، میرے سبب سے۔ **اَزخُود** (خد) آپ سے، اپنے آپ ، صف: **اَز خُود رَفتَہ**: بے خود، بے ہوش، **اَزرُوئے**: بر بنائے، بطور، بوجہ، بمطابق، **اَز غَیبی** ناگہاں، اچانک، غیب سے، آسمان سے، **اَزکار رَفتَہ**۔ ناکارہ، مجھول، بے مصرف، نکمّا۔

اِزار کس ا۔ امث۔ پاجامہ؛ جانگھیا۔ مرکب **اِزار بَند** پاجامے کے نیفے میں پروئی جانے والی ڈوری۔ **اِزارکَش** اِزار بَند پرونے کی لکڑی وغیرہ۔

اِزارَہ کس ا، فت ر۔ امذ۔ دیوار کی نچلی چُنائی رک : **اِجارا**۔

اِزالَہ کس ا، فت ل۔ امذ۔ دفعیّہ ، توڑ، چارہ، خاتمہ، مرکب: **اِزالۂ بکارَت**۔ لڑکی کا کنوار پن زائل ہونا، **اِزالۂ حَیثیَتِ عُرفی** ہتکِ عزّت، بدنامی۔

اَزانجُملہ فت ا، ا مغ، ضمہ ج، سک م، فت ل۔ م ف۔ ان میں سے، ان کو ملا کر ، ان کو شامل کر کے، نیز **اَزاں قَبیل** اسی گروہ میں سے۔

اَزبَر فت ا، سک ز، فت ب۔ صف۔ حفظ، حافظے میں، محفوظ،جو زبانی یاد ہو۔

اَزبَس فت ا، سک ز، فت ب۔ صف۔ م ف۔ بہت زیادہ، بشدّت، بکثرت، م ف: غرضکہ ، القصہ، نیز **اَزبَسکِہ** (از بس ک)

اُزبک ضمہ ا، سک ز، ضمہ ب۔ علَم ایک ترکی قبیلہ۔

اَزحَد فت ا، سک ز، فت ح۔ صف۔ نہایت، بے حد، لاانتہا۔ [ف: از حد زیاد کی تخفیف]۔

اِزدِحام کس ا، سک ز، کسمح د۔ امذ۔ ہجوم، مجمع، بھیڑ بھاڑ [ع: اِزتِحام، اِزدِحام]۔

اِزدِواج کس ا، سک ز، کسمح د۔ امذ۔ بیاہ، عقد، مناکحت؛ (بدائع) مصرعوں کے آخر میں ایسے دو لفظ لانا جن کا جزو آخر ملتا ہو یا ہم آواز ہو، م:

روتا ہے ہجر میں یہ دل زار، زار زار

اور کچھینچتا ہے آہ شرر بار، بار بار

اِزدیاد کس ا، سک ز، کس د۔ امذ۔ زیادتی، بڑھوتری، اضافہ۔

اَزر فت ا، سک ز۔ امذ۔ قوت، طاقت۔

اَزرَق فت ا، سک ز، فت ر۔ صف۔ نیلا ، نیلگوں مرکب: **اَزرَق چَشم** کرنجی آنکھوں والا۔

ازعرفت ا، سک ز، فت ع۔ صف۔ دُم کٹا؛ گنجا، جس کے سرپر بال کم ہوں۔

اَزکیٰ فت ا، سک ز، ی غم۔ صف۔ **زَکی** کا صیغۂ تفضیل: بہت پاکیزہ۔

اَزَل فت ا، ز۔ امذ۔ ابتداء زمان، آغاز آفرینش۔ صف: **اَزَلی**: جو ہمیشہ سے ہو، قدیم، بہت پُرانا۔

اَزمان فت ا، سک ز۔ رک: **اَزمِنَہ** ج مذ۔

اَزمِنَہ فت ا، سک ز، کسمح م، فت ن۔ **زمان** کی جمع، زمانے، ادوار، **اَزمِنَۂ ثَلاثَہ** تین زمانے، ماضی ،حال، مستقبل، **اَزمِنۂ وُسطیٰ** (وُس تا) درمیانی زمانے، دور جدید سے پہلے اور دور قدیم سے بعد کی صدیاں(انگ: Middle Ages) نیز **اَزمان**۔

آزْواج فت ا، سک ز۔ ج مذ/ مثد زَوج کی جمع، شوہر یا بیویاں، مرکب: اَزواج مُطَہَّرات (مُ تَ ہَ ہَ رات) رسول اللّٰہ کی بیویاں۔

اِزہاق کس ا، سک ز۔ امذ۔ مٹانا، استیصال۔

اَزہَر فت ا، سک ز، فت ہ۔ صف۔ نہایت روشن، چمکیلا۔

اَژْدَر فت ا، سک ژ، فت د۔ امذ۔ اَژدہا (ژند: اژ + دہاک = ہلاک، قب س: اَہی + دہا)

اَژْدَہا فت ا، سک ژ، فت د۔ امذ۔ لمبا، موٹا سانپ کی قسم کا رینگنے والا جانور جو اپنے شکار کو لپیٹ میں لے کر کچل دیتا ہے، اس کی کئی قسمیں ہیں۔

اَژْدَھات فت ا، سک ژ۔ امذ۔ آٹھ دھاتوں کا مرکب یا آٹھ دھاتیں: سونا، چاندی، تانبا، پیتل، جست، رانگ، سیسا اور لوہا۔ [س: اَشٹ = آٹھ + دھات]۔

اَساتِذَہ فت ا، کسمح ت، فت ذ۔ ج مذ۔ اُستاد، اُستاذ (رک) کی جمع بقاعدۂ عربی۔

اُسارا ضمہ ا۔ امذ۔ گھر کے آگے کا چھپّر، برآمدہ۔

اِسارَت کس ا، فت ر۔ امثد اسیری، قید، حراست

اُسارنا ضمہ ا، سک س۔ ف م۔ الگ ، علاحدہ کرنا؛ پورا کرنا، جلد نمٹانا۔

اُسارَہ ضمہ ا، فت ر۔ امذ۔ پتھر کی چھپائی کے لیے کتابت کے لیے کاغذ کورنگنے کا زرد مسالہ [ع: عُصارہ کی تحریف]۔

اُساریٰ ضمہ ا، ی غم۔ ج مذ۔ قیدی، اسیران واحد، اسیر۔

اَسارِیر فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ پیشانی کی شکنیں، ہتھیلیوں کی لکیریں [واحد ع: سِرُر]۔

اَسارْھ فت ا، سک ڑھ۔ امثد امذ۔ ہندی سال کا تیسرا مہینہ جو جون جولائی کے لگ بھگ واقع ہوتا ہے۔ امث ۔ اَسارْھی: برسات کے چار مہینے، اساڑھ ، ساون، بھادوں، کنْوار؛ اساڑھ کی چاند رات۔

اَساس فت ا۔ امثد بنیاد، نیو، جڑ؛ مدار، مبنیٰ جس پر کوئی تعمیر، ادارہ یاشے قائم ہو۔ صف آساسی م: دَستورِ اَساسی، بنیادی قوانین کا مجموعہ۔صف اَساس بَستَہ وہ پودا جس کا زردان رشتکوں کے ساتھ پیوست ہو جیسےدھتورا، بینگن، سرسوں، لالہ۔

اَساطِیر فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ رک اُسْطُورَہ۔

اَسامی فت ا۔ امث/ ج مذ۔ اسم کی جمع؛ بطور امث، امذ۔ ملازم، مزدور؛ ملازمت جو بھرتی کے لیے خالی ہو [اصلاً ع: اَسامِ] محاورہ: اسامی بنانا، پھسلانا، اُلو بنانا۔

اُسانا ضمہ ا۔ ف م۔ بھوسا اڑانے کے لیے غلہ کو پھٹکنا، اُچھالنا۔ امث اُسائی۔

اَسانِید فت ا، ی مع۔ ج مثد سندیں، حدیث کے راویوں کا سلسلہ۔ سَنَد کی جمع۔

اَساوَری فت ا، سک و۔ مثد سری راگ کی ایک تحتی راگنی جو پانچ سروں،دھا نی سا ما پا.پر مبنی ہے؛ جدید تقسیم کے مطابق اساوری ٹھاٹھ کا اوڈو سمپورن راگ؛ ایک ریشمی کپڑا جس کی بُناوٹ میں سنہری یا روپہلی تار کا چار خانہ شامل ہوتا ہے، تمامی۔

اِسائَت کس ا، فت ء۔ امثد برائی، خطا۔ بداخلاقی، بدتہذیبی، صف سُوء = بُرا۔

اَسْباب فت ا، سک س۔ امذ۔ ج مذ۔ سامان، اثاث البیت؛ ذرائع، وسائل ؛ وجوہ ، سَبَب (رک) کا صیغۂ جمع۔

اَسْباط فت ا، سک س۔ ج مذ۔ ذُرِّیات، اولادیں، بنی اسرائیل کے بارہ قبائل؛ واحد سِبْط۔

اَسْباق فت ا، سک س۔ ج مذ۔ سَبَق (رک) کی جمع۔

اِسبال کس ا، سک س۔ امذ۔ نیچے لٹکانا م: اِزاربند کا اِسبال۔

اَسْبَرْگ فت ا، سک س، فت ب، سک ر۔ امذ۔ ایک قسم کا ساگ [لاط: Trigunilla Corniculata]

اِسْبَغوْل کس ا، سک س، فت ب، و مج۔ امذ۔ ایک ہاتھ بھر لمبا پودا جس میں گیہوں کی طرح کی بالیں لگتی ہیں، جن کے بیج دواءً مستعمل ہیں، پانی میں لیس دار ہو جاتے ہیں اور تُخمِ اسبَغول کہلاتے ہیں۔ نیز اصلاً اَسپ غول (فت ا، سک س پ، و مج) اس پودے کے پتے گھوڑے کے کان سے ملتے ہیں اس لیے یہ نام پڑا۔ [ف: ا سپ +ت: غول = کان، لاط pantago Ispagula]

اَسْبَق فت ا، سک س، فت ب۔ صف۔ جو پہلے یا پیشتر ہو، مقدّم، زیادہ پرانا، ا کیف مث اَسبَقیّت۔

اُسبُوع ضمہ ا، سک س، و مع۔ امذ۔ ہفتہ، سات دن کی مدّت۔

اَسْپ فت ا، سک س۔ امذ۔ گھوڑا، فرس، اَسپی طاقت، کلوں کا زور ناپنے یامتعیّن کرنے کا پیمانہ جو ۷۴۶ برقی واٹ کے مساوی ہے یا اتنی طاقت جو ۳۳ ہزار پونڈ وزن ایک فٹ فی منٹ کی رفتار سے اوپر کھینچ سکے۔

اِسپات کس ا، سک س۔ امذ۔ فولاد، کاربن ملا کر مضبوط کیا ہوا لوہا [پرتگالی: Aspada]۔

اِسپَرک کس ا، سک س، فت پ، سک ر۔ امذ۔ رک: اَکلیل المَلِک۔

اَسپغُول فت ا، سک س پ، و مع۔ رک۔ اسَبغول۔

اَسپک فت ا، سک س، فت پ۔ امذ۔ بڑا خیمہ۔

اِسْپَنْج کس ا، سک س، فت پ، سک ن۔ امذ۔ نرم مسام دار شے جو پانی جذب کر لیتی ہے، ابرِ مُردہ، دراصل ایک آبی جانور کا مردہ جسم، نیز اِسفَنج۔

اِسْپَنْد کس ا، سک س، فت پ، سک ن۔ امذ۔ کالا دانہ جسے جلا کر دھونی دیتے ہیں اور کوئلوں پر چھڑکنے سے دھوئیں کے ساتھ چٹر پٹر کی آواز کرتا ہے حَرمَل، نیز (معرّب) اِسفَند (لاط: Reganum Hormola)۔

اِسپینا کس ا، سک س، ی مع۔ امذ ۔ بانک کا ایک داؤ جس میں حریف کا ہاتھ پکڑ کر گھوم جاتے ہیں۔ [انگ: Spin]۔

اَسْت فت ا، سک س۔ کلمۂ اقراری۔ ہے، موجود ہے، نیز ہَست۔

اَسَت فت ا، س۔ صف ۔ غیر حقیقی، باطل، جھوٹ، [س: اَ حرف نفی + سَتیَہ = سچ]۔

اُسْتا ضمہ ا، سک س۔ امذ۔ اُستاد رک کی تخفیف م: اُستا احمد، اُستا حامِد (شاہجہانی معماران و مہندسین)۔

اُسْتاد ضمہ ا، سک س: امذ۔ پڑھانے والا، معلّم، مؤدّب: کسی فن کا ماہر؛ چالاک، عیّار آدمی۔ مرکب اُستادِ ازل: مراد خدائے تعالیٰ۔ اُستاد بھائی ہم سبق، ایک استاد کے شاگرد؛ خواجہ، سائیں۔ امث اُستادی: مہارت، چالاکی، ہوشیاری۔ نیز (معرّب) اُستاذ مث اُستانی ج اَساتِذَہ۔

اِسْتادَہ کس ا، سک س، فت د۔ صف۔ کھڑا ہوا، نصب کیا ہوا؛ ٹھہرا ہوا، قائم۔ا کیف مث اِستادَگی کھڑے ہونے کی حالت: نعوظ، مردانہ عضو تناسل کا دراز ہونا۔

اُسْتاذ ضمہ ا، سک س۔ امذ۔ رک اُستاد، مرکب: اُستاذ اَلْاَساتِذَہ بہت بڑا استاد، بڑا عالم۔

اَسْتار فت ا، سک س۔ ج مذ۔ سَتر (رک) کا صیغۂ جمع، پردے، حجابات۔

اَسْتائی فت ا، سک س۔ امث۔ گانے میں ٹیپ کے بول جو انترے کی نسبت نیچے سروں میں ادا کیے جاتے ہیں۔ انترا کی ضد۔

اِسْتِباح کس ا، سک س، کسمج تد امذ۔ کسی شے

یا کام کو مباح، جائز قرار دینا۔

اِستِبداد کس ا، سک س، کس ت، سک بہ امذ۔ زورا زوری، ہٹ دھرمی، زبردستی؛ جور، ظلم، صف **مُستَبِد**۔

اِستِبدال کس ا، کس س، کس ت، سک بہ امذ۔ ادلا بدلی، مُبادَلہ۔

اِستِبرا کس ا، سک س، کس ت، سک بہ امذ۔ طہارت، استنجا، پاک ہونا، پاک کرنا۔

اِستَبرَق کس ا، سک س، فت ت، سک ب، فت ر۔ امذ۔ سبز مخمل [ف: ستَبرَہ کا معرّب]۔

اِستِبعاد کس ا، سک س، کس ت، سک بہ امذ۔ بعید (از قیاس) ہونا، محال ہونا [ع: بُعد = دُوری]۔

اَستُت فت ا ، سک س ضمہ ت۔ امث۔ بھجن گانا، حمد و ثنا کرنا، [س: سُتتی]۔

اِستِتابَت کس ا، سک س، کس ت، فت بہ امث۔ توبہ ، استغفار۔

اِستِتار کس ا، سک س، کس ت۔ امذ۔ چھپانا، اِخفا، پردہ پوشی، پردہ داری، اِستخفا۔

اِستِثنا کس ا، سک س، کس ت۔ امذ۔ علیٰحدہ قرار دینا، شمول یا شمار سے خارج رکھنا، نیز **اِستِثناء** م: بہ **اِستِثناءِ چَند**: کچھ کو چھوڑ کر، چند کے علاوہ، صف **اِستِثنائی**۔

اِستِجابَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت بہ امث۔ مقبولیت ، قبول کیا جانا، مان لیا جانا۔

اِستِحاضَہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت ض۔ امذ۔ ایام ماہواری کا معمول سے بڑھ جانا، حیض کے خون کا معمول سے زیادہ اخراج۔

اِستِحالَہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت ل۔ امذ۔ قلب ماہیت، ہیئت یا خاصیت وغیرہ کا تبدیل ہونا؛ محال ہونا، خلافِ قیاس ہونا۔

اِستِحباب کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ پسندیدہ، مناسب، مستحب قرار پانا۔

اِستِحداد کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ زیر ناف بالوں کا صاف کرنا۔

اِستِحسان کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ اچھا سمجھنا، پسند کرنا۔

اِستِحصا کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ حِصار کرنا، احاطہ کرنا، جزویات یا کُل اجزا کو پوری طرح سمیٹ لینا، نیز **استحصاء**۔

اِستِحصال کس ا، کس س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ حاصل کرنا، پانا؛ ہتھیانا، زبردستی چھیننا، مار لینا۔

اِستِحصان کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ مضبوطی، پائیداری۔

اِستِحضار کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ توَجہ، لگاؤ، حضور قلب انہماک ذہن میں بروقت حاضر، حافظے میں موجود ہونا۔

اِستِحقار کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ ہیٹا، ادنیٰ ، گھٹیا سمجھنا۔

اِستِحقاق کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ حقداری، مستحق ہونا۔

اِستِحکام کس ا، سک س، کسمج ت، سک ح۔ امذ۔ مضبوطی، پختگی۔

اِستِخارہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت ر۔ امذ۔ فال لینا، کسی کام کے لیے غیبی اشارہ طلب کرنا، لفظاً: خیر طلب کرنا۔

اِستِخبار کس ا، سک س، کس ت، سک ح۔ امذ۔ جستجو کرنا، خبر لینا، دریافت کرنا، تحقیق تفتیش، عملی تجربہ کرنا۔

اِستِخراج کس ا، سک س، کس ت، سک خ۔ امذ۔ نکالنا، خارج کرنا، اخذ کرنا، دلیل سے نتیجہ اخذ کرنا، امث **اِستِخراجی مَنطِق** (مَن تِق) کلیّات

کی روشنی میں نتیجہ اخذ کرنا، صغریٰ کبریٰ سے استنباط کرنا، استقرائی منطق کی ضد۔

اِسْتِخْفاف کس ا، سک س، کس ت، سک خ۔ امذ۔ خفیف کرنا، شرمندہ کرنا، تحقیر ، تذلیل ، اہانت۔

اِسْتِخْلاف کس ا، سک س، کس ت، سک خ۔ امذ۔ جانشینی، قائم مقامی۔

اُسْتُخْواں ضمہ ا، سک س، ضمہ ت، و غم، امذ۔ ہڈی، عظم، پنجر۔

اِسْتِدارَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت ر۔ امث۔ گولائی، مدوّر ہونا۔

اِسْتِدامَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت م۔ امث۔ دوام، ہمیشگی، استقلال۔

اِسْتِدراج کس ا، سک س، کس ت، سک د۔ امذ۔ تدریجی، ترقی، درجہ بدرجہ بڑھنا۔

اِسْتِدراک کس ا، سک س، کس ت، سک د۔ امذ۔ تلافیٔ مافات، تاوان کی ادائگی؛ بدلہ؛ اصلاح، درستی؛ سمجھنا، جاننا۔

اِسْتِدْعا کس ا، سک س، کس ت، سک د۔ امث۔ درخواست، گزارش، التماس۔

اِسْتِدقاق کس ا، سک س، کس ت، سک د۔ امذ۔ پتلا، مہین، باریک ہونے کی کیفیت۔

اِسْتِدلال کس ا، سک س، کس ت، سک د۔ امذ۔ عقل لڑانا، دلیل لانا، نتیجہ اخذ کرنا۔

اَسْتَر (۱) فت ا، سک س، فت ت۔ امذ۔ کپڑے کے اندر دوسرے کپڑے کی تہ؛ دُلائی رضائی وغیرہ کے ابرے کے نیچے معمولی کپڑے کی سلائی؛ دیوار وغیرہ پر پلستر سے پہلے ہلکا پُچارا؛ لکڑی کے فرنیچر وغیرہ پر روغن کے نیچے کی تہہ۔ امث **اَسْتَر کاری**: تعمیر کی چنائی پر پلستر کی تہ۔

اَسْتَر (۲) فت ا، سک س، فت ت۔ امذ۔ ہتھیار، سلاح مرکّب، مث **اَسْتَروِدّیا**، ہتھیار چلانے کا فن، ہتھیاروں کا علم؛ نیز مرکب عطفی **اَسْتَر شَسْتَر**۔

اَسْتَر (۳) فت ا، سک س، فت ت۔ امذ۔ خچّر۔

اِسْتِراحَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت ح۔ امث۔ آرام کرنا، تازہ دم ہونا، نیند لینا، سونا، آسائش کے ساتھ قیام کرنا۔

اِسْتِراق کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ۔ چوری، سرقہ، مرکب **اِسْتِراقِ سَماعَت**: چھپ کر باتیں سننا، کی سوئیاں لینا۔

اِسْتَر بِسْتَر کس ا، سک س، فت ت، کس ب۔ امذ۔ اوڑھنا بچھونا، بستر بوریا، ذاتی ضرورت کا سامان۔ (بستر کا تابع اِستَر)۔

اِسْتِرْجاع کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ پیچھے کی طرف لوٹنا، اُلٹا چلنا، کسی پچھلی بات کو ذہن میں لانا، دوہرانا۔

اِسْتِرْحام، کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ رحم کی درخواست کرنا۔

اِسْتِرْخاء کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ نرم پڑنا، ڈھیلا ہونا۔

اِسْتِرْداد کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ مسترد کرنا، رد کرنا، واپس لینا، بازیابی۔

اِسْتِرْشاد کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ ہدایت چاہنا، رہنمائی کا طالب ہونا۔

اِسْتِرْضا کس ا، سک س، کس ت، سک ر۔ امذ۔ رضا جوئی، صلح جوئی، ملاپ کی خواہش۔

اُسْتُرَہ ضمہ ا، سک س، ضمہ ت، فت ر۔ امذ۔ بال مونڈنے کا تیز دھار کا اوزار۔

اِسْتِری (۱) کس ا، سک س، کس ت۔ امث۔ عورت، زن؛ بیوی، اہلیہ۔[س: ستری]۔ **اِسْتِری دَھن**: بیٹی کا جہیز۔

اِسْتِری (۲) کس ا، سک س، کس ت۔ ا مث۔ لوہے کا آلہ جسےگرم کر کے کپڑوں پر پھیرتے اور شکنیں

مثاتے ہیں۔ [س: سَتر = پھیلانا]۔

اِستِسعاد کس ا، سک س، کس ت، امذ۔ برکت حاصل کرنا، سعادت کا طالب ہونا۔

اِستِسعاط کس ا، سک س، کس ت۔ امذ۔ ناک میں دوا ٹپکانا۔

اِستِسقا کس ا، سک س، کس ت۔ امذ۔ پانی مانگنا، جسم کے کسی حصے میں پانی بھر جانا، جلندر کا مرض، **نماز اِستِسقا**: مینھ کی دعا کے لیے باجماعت نماز۔

اِستِشراق کس ا، سک س، کس ت، سک ش۔ امذ۔ مشرقی تہذیب و علوم سے لگاؤ، ایشیائی افریقی، ممالک کے کلچر، ادب زبانوں وغیرہ کا خصوصی مطالعہ، صف **مُستَشرِق**: السنہ و علوم شرقیہ کا ماہر جو مغربی ممالک سے تعلق رکھتا ہو۔

اِستِشہا(ء) کس ا، سک س، کس ت، سک ش۔ امذ۔ بھوک بڑھانا؛ شہوت خیزی۔

اِستِشہاد کس ا، سک س، کس ت، سک ش۔ امذ۔ ثبوت، سند، دلیل، شہادت پیش کرنا۔

اِستِصحاب کس ا، سک س، کس ت، سک ص۔ امذ۔ نظائر کی رو سے استدلال، نظیر یا نظریہ پیش کر کے قائل کرنا۔

اِستِصلاح کس ا، سک س، کس ت، سک ص۔ امذ۔ اپنے کام پر اصلاح چاہنا، درستی کرانا، مشورۂ سخن؛ طبّی نسخے میں کسی جز کا مصلح شامل کرنا۔

اِستِصواب کس ا، سک س، کس ت، سک ص۔ امذ۔ مشورہ کرنا، صلاح مانگنا۔

اِستِطاعَت کس ا، سک س، کس مج ت، فت ع۔ امث۔ مقدرت، صلاحیت، مالی حیثیت یا اہلیت۔

اِستِطراد کس ا، سک س، کس ت، سک ط۔ امذ۔ آمد سخن کے طور پر ضمنی، ذیلی یا ادھر اُدھر کی بات جو کسی بیان میں در آئے۔

اِستِظلال کس ا، سک س، کس ت، سک ظ۔ امذ۔ سایہ، پناہ ڈھونڈنا۔

اِستِظہار کس ا، سک س، کس ت، سک ظ۔ امذ۔ پشت پناہی، مدد، اعانت [ع: ظَہر: پیٹھ]۔

اِستِعاذَہ کس ا،سک س، کسمج ت، فت ذ۔ امذ۔ اَعوذُ باللہ پڑھنا، اللہ کی پناہ چاہنا۔

اِستِعارَہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت ر۔ امذ۔ تشبیہ بلا حرفِ تشبیہ، لفظ کے اصلی معنی کی بجائے مجازی معنی لینا، م: گل سے مراد محبوب، کانِ جواہر سے مراد خوبیوں بھرا آدمی۔

اِستِعانَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت ن۔ امث۔ مدد چاہنا۔

اِستِعباد کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ غلامی، بندگی ، غلام بنانا۔

اِستِعجاب کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ حیرت ، اچنبھا۔

اِستِعجال کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ عجلت، جلدی؛ مارا مار۔

اِستِعداد کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امث۔ لیاقت، اہلیت، صلاحیت۔

اِستِعذار کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ معذرت کرنا، عذر چاہنا۔

اِستِعفا کس ا، کس س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ منصب، کام یا ذمّہ داری سے سبکدوشی کی درخواست، [لفظاً: معافی چاہنا]۔

اِستِعلاً کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ برتری، غلبہ، بڑائی؛ اونچا کرنا، (تجوید) حروف کی ادائگی کے وقت زبان کا تالو کی طرف اٹھنا۔

اِستِعمار کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ نئی بستی آباد کرنا؛ دوسرے ملک پر قبضہ کرنا، نو آبادی قائم کرنا۔

اِستِعمال کس ا، سک س، کسمج ت، سک ع۔ امذ۔ برتنا، صرف میں لانا۔

اِستِغاثہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت ث۔ امذ۔ دعویٰ، فریاد، داد خواہی، نالش جو عدالت میں دائر کی جائے۔

اِستِغراق کس ا، سک س، کس ت، سک غ۔ امذ۔ انہماک، گہری سوچ۔

اِستِغفار کس ا، سک س، کس ت، سک غ۔ امذ۔ گناہوں کی معافی چاہنا، مغفرت کی دعا مانگنا۔

اَستَغفِرُاللہ فت ا، سک س، فت ت، سک غ، کس ف، ضمہ ر، ا غم، شد ل۔ فقرہ۔ میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں؛ عموماً کسی بات کی تردید یا اظہار تاسّف کے موقع پر مستعمل م: استغفراللہ ہم ایسا نہیں کر سکتے۔

اِستِغنا کس ا، سک س، کس ت، سک غ۔ امذ۔ بے پروائی، بے نیازی، سیر چشمی؛ دولتمندی، غنی ہونا۔

اِستِفادَہ کس ا، سک س، کسمج ت، فت د۔ امذ۔ فائدہ حاصل کرنا، فیض پانا، نیز **اِستفاضَہ** (اس تِ فاض)

اِستِفال کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ۔ حرف کی ادائگی میں جبڑے کا نیچے کی طرف جھکنا،

اِستِفتاء کس ا، سک س، کس ت، سک ف۔ امذ۔ شرعی مسئلے میں فتویٰ حاصل کرنا۔

اِستِفتاح کس ا، سک س، کس ت، سک ف۔ امذ۔ آغاز، شروعات، کُھلنا، چالُو، جاری ہونا؛ مدد یا خیرات مانگنا۔

اِستِفراغ کس ا، سک س، کس ت، سک ف۔ امذ۔ قے، اُبکائی، اچھال؛ معدے سے غذا یا فاسد مادّے کا اخراج۔

اِستِفسار کس ا، سک س، کس ت، سک ف۔ امذ۔ دریافت ، سوال کرنا، پوچھنا۔

اِستِفہام کس ا، سک س، کس ت، سک ف۔ امذ۔ رک: **اِستفسار** مرکب، امث **عَلامَتِ اِستِفہام**۔ جملے کے آخر میں سوالیہ نشان(؟)

اِستِفہام اقراری: سوال کے پیرائے میں اقرار م:

چشم نرگس ہی سے آخر پیار کیوں

اہل گلشن ہم نہیں بیمار کیا؟

اِستِفہام اَنکاری: سوال کے پیرائے میں انکار م: چمن میں آہ کیا رہنا جو ہو بے آبرو رہنا۔

اِستِقامَت کس ا، سک س، کس ت، فت م۔ امث۔ ثابت قدمی، مضبوطی، استقلال، قیام ، ٹھہرنا، رہنا، بسنا۔

اِستِقبال کس ا، سک س، کسمج ت، سک ق۔ امذ۔ آگے بڑھنا، آنے والے سے بڑھ کر ملنا، پیشوائی، (قواعد) زمانہ آئندہ، صف: **اِستقبالیَہ**: پیشوائی، خوش آمدید کہنے سے متعلق، م: اِستِقبالیَہ کمیٹی، خطبۂ استقبالیہ۔ امذ۔ کسی مہمان کے اعزاز میں بڑی دعوت۔

اِستِقداس کس ا، سک س، کس ت، سک ق۔ امذ۔ پاس تقدس، احترام، خشوع و خضوع۔

اِستِقراء کس ا، سک س، کس ت، سک ق۔ امذ۔ جستجو، تلاش، مشاہدے سے کلیّہ قائم کرنا، نتیجہ نکالنا۔ صف **اِستِقرائی**: منطق کی وہ شاخ جو استخراج کے بر خلاف جزئیات سے کلّیات مرتب کرتی ہے۔

اِستِقرار کس ا، سک س، کس ت، سک ق۔ امذ۔ ٹھہرنا، قیام کرنا، قرار پانا، مرکب، **اِستِقرارِ حَمل**: رحم میں نطفے کا ٹھہرنا۔

اِستِقصا کس ا، سک س، کس ت، سک ق۔ امذ۔ تمام امور یا جزئیات کا احاطہ، کامل عبور، استیعاب۔

اِستِقلال کس ا، سک س، کس ت، سک ق۔ امذ۔ ثابت قدمی، استقامت۔ پائیداری ، استحکام، آزادی، خودمختاری۔

اِستِکان کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ۔ چھوٹی پیالی، فنجان۔

اِستِکبار کس ا، سک س، کس ت، سک ک۔ امذ۔ غرور، تکبر، گھمنڈ۔

اِستِکثار کس ا، سک س، کس ت، سک ک۔ امذ۔ وفور، زیادتی، کثرت، فراوانی۔

اِستِکراہ کس ا، سک س، کس ت، سک ک۔ امذ۔ کراہت، تنفر، بے رغبتی۔

اِستِکشاف کس ا، سک س، کس ت، سک ک۔ امذ۔ ظاہر واضح کرنا، کھولنا، حقیقت پر سے پردہ ہٹانا۔

اِستِکمال کس ا، سک س، کس ت، سک ک۔ امذ ۔ کمال پر ہونا، تکمیل پانا۔

آستَل فت ا، سک س، فت ت۔ امذ۔ فقیروں کی کٹیا، درویشوں کی اقامت گاہ، خانقاہ، [س: ستھل = مقام]۔

اِستِلام کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ۔ بوسہ دینا، چُومنا۔

اِستِلذاذ کس ا، سک س، کس ت، سک ل۔ امذ۔ لذّت حاصل کرنا، لطف اٹھانا، مزہ لینا۔

اِستِلزام کس ا، سک س، کس ت، سک ل۔ امذ۔ لازم قرار دینا، ضروری بتانا۔

اِستِماع کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ۔ سننا، کان دھرنا، سماعت کرنا۔

اِستِمالَت کس ا، سک س، کسمج ت، فت ل۔ امث۔ خوشنودی حاصل کرنا، دلجوئی کرنا، اپنی طرف مائل کرنا۔

اِستِمداد کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ مدد چاہنا۔

اِستِمرار کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ مسلسل جاری رہنا، بلا توقف واقع ہونا، تسلسل، صف، **اِستِمراری** م: (قواعد) **ماضی اِستِمراری**۔ وہ فعل جس سے کسی کام کا ماضی میں مسلسل ہونا ظاہر ہو م: یونہی دن گزرتے جا رہے تھے۔

اِستِمزاج کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ مزاج پرسی، مرضی معلوم کرنا۔

اِستِمساک کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ توسّل رکھنا، ملے رہنا، استقلال برتنا؛ مجامعت میں انزال کو روکنا۔

اِستِملا کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ بول کر لکھوانا، املا کرانا۔

اِستِملاک کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ ملکیت میں آنا۔

اِستِمنا کس ا، سک س، کس ت، سک م۔ امذ۔ بلا مجامعت منی نکالنا، جلْق لگانا، مرکب **استمنا بالْیَد**: ہاتھ کے مٹھولوں سے اخراج منی، ہتھلس، زَلق۔

اِستِناد کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ ۔ سند لینا، ثبوت لانا۔

اِستِنباط کس ا، سک س، کس ت، م بشکل ن۔ امذ ۔ نتیجہ نکالنا، معلوم حقائق سے نامعلوم بات کو دریافت کرنا، استخراج؛ ایجاد، تخلیق۔

اِستِنتاج کس ا، سک س، کس ت، سک ن۔ امذ۔ نتیجہ اخذ کرنا۔

اِستِنجا کس ا، سک س، کس ت، سک ن۔ امذ۔ طہارت، آبدست۔ محاورہ **استنجا لڑانا**، مجامعت کرنا؛ نہایت بے تکلفی ہونا۔

اِستِنساخ کس ا، سک س، کس ت،سک ن۔ امذ۔ کتاب کا نسخہ مرتب کرنا، ضبط تحریر میں لانا۔

اِسْتِنْشاق کس ا، سک س، کس ت، سک ن۔ امذ۔ ناک سے سانس اندر کھینچنا، سونگھنا، ناک میں پانی ڈالنا۔

اِسْتِوا کس ا، سک س، کسمج ت۔ امذ ۔ مساوات ، برابری، دو برابر کے حصوں میں بانٹنا؛ **خَطِّ اِسْتِوا**: وہ فرضی خط جو کرۂ ارضی کو، قطبین سے مساوی فاصلے پر، دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

اُسْتُوار ضمہ ا، سک س، ضمہ ت۔ صف۔ مستحکم ، مضبوط، پختہ؛ ہموار، امث **اُسْتُواری**، پائیداری، استحکام۔

اِسْتِہزا کس ا، سک س، کسمج ت، سک ہ۔ امذ۔ مذاق اُڑانا، ہنسی، تمسخر۔

اِسْتِہلال کس ا، سک س، کس مج ت، سک ہ۔ امذ۔ تمہید، اِبتدا، تعارف ، آغاز گفتار، ہلال کا نمودار ہونا۔

اُسْتی ضمہ ا، سک س۔ امث۔ اناج کی بالوں کی ایک بیماری، کَنڈوا، کرنجوا۔

اِسْتِیذان کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ اجازت مانگنا۔

اِسْتِیصال کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ مٹانا، جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی۔

اِسْتِیعاب کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ جزئیات کا پورا احاطہ، تکمیل، جامعیت، حَصْر، استقصا۔

اِسْتِیفا کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ پورا کرنا، تکمیل، ایفا؛ استیعاب۔

اِسْتِیلا کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ غصب، ہتھیانا، قبضہ، تسلط قائم کرنا۔

اِسْتِیناس کس ا، سک س، یِ مع۔ امذ۔ انس ، محبت۔

اَسْتھ فت ا، سک س۔ امث۔ ہڈی، ہاڑپنجر؛ جلے ہوئے مردے کی راکھ، پھول نیز **اَسْتھی** ۔

اِسْتھاپَت کس ا، سک س، فت پ۔ صف۔ نصب، قائم؛ فروکش، ٹھہرا ہوا۔ امث۔ **اِستھاپَن**، قیام، تنصیب، [س: سْتھا پَن، سْتھا پَت، سک س]۔

اِسْتھان، کس ا، سک س۔ امذ۔ جگہ، مقام ، جائے قیام، ٹھکانا؛ (جیوتش) برج آسمانی، [س: سْتھان، سک س]۔

اَسْتِھر فت ا، سک س، کس تھ۔ صف۔ ڈانواں ڈول، غیر مستحکم۔

اِسْتِھر کس ا، سک س، کس تھ۔ صف۔ قائم، ٹھہرا ہوا، مستحکم [س: سْتِھر، سک س]۔

اَسْتھی فت ا، سک س۔ امث۔ رک۔ **اَستھ** [س: استھ]۔

اَسْجاع فت ا، سک س۔ ج مذ۔ قوافی جبکہ نثر کے درمیان آئیں، مسجّع عبارت کے قوافی واحد؛ **سَجْع** (رک)۔

اَسْحِیَہ فت ا، سک س، کس ح، فت ی۔ ج مث۔ **سحائہ** (رک) کی جمع، دماغ کی جھلیاں، نیز سَحایا۔

اَسْخِیاء فت ا، سک س، کس خ۔ ج مذ۔ **سخی** کی جمع، فیاض ، دریا دل لوگ۔

اَسَد فت ا، س۔ امذ۔ شیر درّندہ، (نجوم) ایک آسمانی برج جس کا نشان شیر ہے (لاط : Leo)۔ **اَسَد اللہ**: حضرت علیؓ ابن ابی طالب کا لقب۔

اَسِدّھ فت ا، کس س۔ صف۔ ناکام، نادرست، ناقص۔

اَسُر فت ا، ضمہ س۔ امذ۔ راکشس، دیوتاؤں کے مخالف، [س: سُر = دیوتا کی ضد]

اُسْر ضمہ ا، سک س۔ امث۔ گرفتاری، قید، حبس؛ شکنجہ، جال، [ع: اَسْرٌ] **اَسْر اَلْبَول** (اَسْ رُلْ بَول) پیشاب بند ہو جانا، حبس بول۔

اَسْرا فت ا، سک س۔ امث۔ معراج نبوی صلعم (کنایہ آیۂ قرآنی سے: سُبحان اللّذی اَسرىٰ بِعَبدہٖ (الخ ۱۵: ۱)

نیز اَسْرٰیٔ (یٔ غم) مرکب شَبِ اَسریٰ معراج کی رات۔

اِسْراج کس ا، سک س۔ امذ۔ سارنگی سے ملتا ایک ساز جس میں تانت کی جگہ لوہے کے تار ہوتے ہیں اور کمانچے سے بجایاجاتا ہے، طاؤس۔

اِسْراع کس ا، سک س۔ امذ۔ تیز کرنا، سُرعت پیدا کرنا، رفتار بڑھانا۔

اَسْرار فت ا، سک س۔ ج مذ۔ امذ۔ بھید، رمز، رموز، نکتہ یا نکات لطیف، واحد سِرّ (رک)۔

اِسْرار کس ا، سک س، امذ۔ آسیب، بھوت، بدروح [اردو کا تصرّف]۔

اِسْراف کس ا، سک س۔ امذ۔ فضول خرچی، صرف بے جا۔

اِسْرافیل کس ا، سک س، ی مع۔ علم۔ مسلمانوں کی مذہبی روایت کی رو سے وہ فرشتہ جو قیامت کے دن مخلوق کو ایک بار ہلاک کرنے اور دوسری بار جلانے کے لیے صُور پھونکے گا۔

اِسْرائیل کس ا، سک س، ی مع۔ علم۔ حضرت یعقوبؑ کا لقب، یہود کے جد اعلیٰ؛ نیز خطۂ فلسطین میں یہود کی نئی ریاست کا نام۔ صف **اِسرائیلی**، یہودی، نیز **بنی اِسرائیل**۔

اُسْرُب ضمہ ا، سک س، ضمہ ر۔ امذ۔ سیسہ، رَصاص۔

اَسْرَع فت ا، سک س، فت ر۔ صفہ بہت تیز رفتار، **سَرِیع** کی تفضیل۔

اِسْرَول کس ا، سک س، ولیہ۔ امثہ ایک بوٹی جس کی جڑ سانپ کی طرح لہراتی ہوئی ہوتی ہے۔ اس سے جنون کی دوا تیار کی گئی ہے ۔ چندرا بوٹی، سانپ بوٹی [لاط: Rauwolfia Serpentina]۔

اُسْطُرلاب ضمہ ا، سک س، ضمہ ط، سک ر۔ امذ۔ رک۔ **اُصطُرلاب**۔

اِسْطَبْل کس ا، سک س، فت ط، سک ب۔ امذ۔ گھوڑوں کو باندھنے کی جگہ، نیز عام **اَستَبَل**۔

اِسْطَقِس کس ا، سک س، کس ط ق۔ امذ۔ مادّہ، عنصر ج، **اِسطقسات** وہ عناصر جن سے عالم مادّی تشکیل ہوا ہے۔

اُسْطُوانہ ضمہ ا، سک س، ضمہ ط، فت ن۔ امذ۔ ستون، بیلن، گول لمبوتری ٹھوس سہ ابعادی شکل یا جسم، (انگ: Cyllinder) ج **اَساطِین**؛ مجازاً: ممتاز لوگ، اَعیان و ارکان۔

اُسْطُو خُودُوس ضمہ ا، سک س، و مع، ضمہ خ، و غم، شد د، و مع۔ امذ۔ ایک چھوٹا بالشت بھر کا پودا جس کے پتے صعتر یا پہاڑی پودینے سے ملتے ہیں، پھول بنفشی رنگ کے گچھوں میں لگتا ہے، تخم باریک جن کو مسلنے سے کافور کی بو آتی ہے۔ پہاڑیوں کی ترائی میں اُگتا ہے اور دواءً مستعمل، دھارُو، آتش الارواح (لاط: Lavandula Stachos)۔

اُسْطُورَہ ضمہ ا، سک س، و مع، فت ر۔ امذ۔ مذہبی حکایت دیو مالا کی کہانی، مذہبی روایت، قصہ، قدیم افسانہ ج **اَساطیر**۔

اُسْطُول ضمہ ا، سک س، و مع۔ امذ۔ بحری جہازوں کا بیڑا۔

اَسْعَد فت ا، سک س، فت ع۔ صفہ بہت مبارک، نہایت نیک، **سَعِید** کا صیغۂ تفضیل۔

اَسَف فت ا، س۔ امذ ۔ رک **تأسُّف**۔ فجائیہ: **واأسَفا!** ہائے افسوس۔

اَسْفار فت ا، سک س۔ ج مذ۔ **سَفَر** رک کی جمع۔

اَسْفَل فت ا، سک س، فت ف۔ صفہ نچلا پست، نیچ، کمتر، حقیر، **سِفْلہ** کی تفضیل۔ مرکب وصفی: **اَسْفَلَ السّافِلِین** (اَسْ فَ لَسْ سا فِ لِین) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ؛ نہایت پست، حقیر مقام۔

اِسْفِلیناس، کس ا، سک س، کس ف، ی مع۔ امثہ۔

نزد بعض جنگلی لکڑی، یا ایک طولانی پتوں کا پہاڑی پودا جس کے ریشے باریک، چاندنی کی بیل کے پتوں سےمشابہ اور خوشبودار ہوتے ہیں، بیج مہین، لبلاب کبیرہ، کمالا قنبَل(لاط: Mallosus Philipinensis)۔

اِشفَنج کس ا، سک س، فت ف، سک ن۔ امذ۔ رک۔ **اَشپَنج** صف **اِسفَنْجی** ؛مسام دار، مُشَبَّک۔

اِسْفیداج کس ا، سک س، ی مع۔ امذ۔ کاشغری سفیدہ۔ نیز اسفیداب [لاط: Plumbicarbonas]۔

اِسْفِین کس ا، سک س، ی مع۔ امث۔ ڈاٹ، پچّر، روک جو کسی سوراخ کو بند رکھنے کے لیے پھنسائی جائے یاکسی دراڑ کو کُھلا رکھنے کے لیے اڑائی جائے، پھانا۔

اِسْقاط کس ا، سک س۔ امذ ۔ گرنا یا گرانا، ساقط ہونا؛ حذف کیا جانا۔ **اسقاطِ حَمْل**: پیٹ کا گرنا، حمل یا جنین کا ضائع جانا۔

اَسْقام فت ا، سک س۔ **سُقْم** (رک) کی جمع۔

اُسْقُف ضمہ ا، سک س، ضمہ ق۔ امذ۔ پادری، عیسائی مولوی، [یونانی Episcopos کی تعریب]۔

اِسْقِیل کس ا، سک س، ی مع۔ امث۔ جنگلی پیاز [انگ: Squilla، لاط: Urginea Scilla]۔

اَسْکات فت ا، سک س۔ امث۔ جہاز پر چڑھنے اترنے کے لیے رسّی کی سیڑھی۔

اِسْکار کس ا، سک س۔ امذ۔ نشہ، سُکر، نشہ آوری۔

اِسْکاف کس ا، سک س۔ امذ۔ موچی، جوتے گانٹھنے والا کاریگر۔

اِسْکان کس ا، سک س۔ امذ۔ ٹھہرانا، سکون دینا، حرف پر جزم لگانا۔

اِسْکَربُوط کس ا، کس س، فت ک، سک ر، و مع، امذ، مسوڑھوں کے نرم پڑنے اور خون بہنے کی بیماری، لثہٗ۔

اِسْکَنْدَری کس ا، سک س،فت ک، سک ن، فت د۔ صف۔ امث۔ (۱) یونانی فاتح سکندرِ اعظم سے منسُوب؛ م: فطرتِ اسکَندری؛ (۲) ٹھوکر، قلابازی۔

اَسْگَنْد فت ا، سک س، فت گ، سک ن۔ امث۔ ایک پودے کی جڑ جس میں سے گھوڑے کے پسینے کی سی بو آتی ہے۔ [س: اَشْوْ = گھوڑا + گَندھ = بو][لاط: Withania Somnifera]۔

اَسَل فت ا، س۔ امث۔ ایک نبات جس کے پتوں کی چٹائیاں بنی جاتی ہیں، کسرانی [ع: اَسَل، اَسَلہ نکیلی شاخیں]۔

اَسْلاف فت ا، سک س۔ ج مذ۔ باپ دادا، پُرکھے؛ اگلے لوگ۔ سَلَف کی جمع۔

اِسْلام کس ا، سک س۔ امذ۔ مسلمانوں کا مذہب جس کی دینی کتاب قرآن مجید ہے؛ توحید و رسالتِ محمدیؐ پر مبنی عقیدہ۔ [لفظاً : رضائے حق کو تسلیم کرنا]۔

اَسْلِحَہ فت ا، سک س، کسمج ل، فت ح۔ امذ۔ آلات جنگ، ہتھیار، شستر، **سِلاح** کی جمع۔

اَسْلَم فت ا، سک س، فت ل۔ صف۔ نہایت صحیح سلامت، پوری طرح محفوظ، **سالِم** کا صیغہٗ تفضیل۔

اِسْلَنْج کس ا، سک س، فت ل، سک ن۔ امث۔ ایک باریک دراز، زردی مائل اور نلکی دار کھوکھلی شاخوں کا پودا جس کے پتے مہین خاکی رنگ کے ہوتے ہیں، جن سے رنگنے کا کام بھی لیا جاتا ہے، اِسلَنج بُستانی، ذنب الخیل۔ اسی نام کی ایک جنگلی گھاس زمین پر بیل کی صورت میں بچھی رہتی ہے، جس میں پھلیاں لگتی ہیں، جن میں باریک سیاہ بیج ہوتے ہیں۔ یہ **جَنگلی اِسلَنج یاجنگلی** کہلاتی ہے [لاط: (Tragopogron Pratensis Equisetum Arvense)

اُسْلُوب ضمہ ا، سک س، ومع۔ امذ۔ طور ، طریقہ، وضع، انداز، روش، حکمت عملی۔

اَشلیخ کس ا، سک س، ی مع۔ امث۔ ایک ریگستانی زرد پودا جس میں چھوٹی چھوٹی پتیوں سے لدی بہت سی پتلی زرد شاخیں پھوٹتی ہیں جن پر تہ بہ تہ غلاف ہوتے ہیں، بیج سیاہ باریک جو دواءً مستعمل ہیں، درد قولنج کے لیے مفید بتایا جاتا ہے۔(لاط: Rauwulfia Asolaich).

اَسَلِیّہ فت ا، س ، کس ل، شد فت ی۔ صف۔ امذ۔ وہ حروف جو زبان کی نوک سے ادا ہوتے ہیں، ر، ز، س وغیرہ [ع: اَسَلہ = نوک]۔

اِسْم کس ا، سک س۔ امذ۔ نام، عرف وہ لفظ جو کسی شے، شخص، یا جنس یا نوع کی پہچان ہو؛ ملازم ، مزدور۔ ج: **اَسماء** م: اسماءِ الٰہی ، نیز **آسامی** (رک)۔ **اِسمِ اَعظَم:** اللہ کا ایک نام جو سب سے بڑا اور باکرامت خیال کیا جاتا ہے لیکن بالتحقیق دریافت نہیں، صف **اِسمِ بامُسَمّٰی** (مُ سَمْ ما) وہ نام جو کسی کی سچی صفت کو ظاہر کرے۔ امث **اِسمْ نَوِیسی:** شادی کی درخواست کا رقعہ جس میں رشتہ مانگنے والے کے اہل خاندان کے نام درج ہوتے ہیں۔ (قواعد) امذ۔ **اِسمِ اشارَہ/ ضَمِیر:** وہ لفظ جو نام لیے بغیر کسی کی طرف اشارہ کرے م: یہ، وہ، اِس، اُس۔ **اِسمِ آلَہ** (لَ/ لا) جو کسی اوزار کا نام ہو، م: قینچی؛ **اِسمِ تَفضِیل:** وہ صفت جو مقابلتہً برتر بتائی جائے، م: اکبر ، فعّال؛ **اِسمِ جامِد:** وہ لفظ جو کسی لفظ سے نکلے نہ اس سے کوئی لفظ بنے۔ م: بال ، برتن، **اِسمِ جَمْع** (جَمْ عْ / جَمَع) وہ لفظ جو ایک سے زائد پر اطلاق رکھتا ہو م: اقوال، مقاصد، **اِسمِ خاص/ مَعرِفَہ** (مع رِ فَ) جو ایک ہی مخصوص مُسمّیٰ کے لیے ہو م: ابراہیم، لاہور؛ **اِسمِ صَوت** (و لین) وہ لفظ جو کسی آواز کی نقل ہو م: چھن چھن، زَن زَن؛ **اِسمِ ظَرف:** جو جگہ یا وقت کو ظاہر کرے م: اب، یہاں، وہاں، ادھر (ظرف زماں)؛ مکتب، مَعمل (ظرف مکاں)؛ **اِسمِ عام/ نَکِرہ** (نَ کَ رَ) جو نا معلوم یا غیر مخصوص جنس کو ظاہر کرے۔ م: کتاب ، پہاڑ؛ **اِسمِ عَدَد:** جس سے تعداد کا اظہار ہو م: دو، دس، بیس، **اِسمِ فاعِل:** جس سے کوئی عمل منسوب ہو م: کلیم (کلام کرنے والا)؛ مُؤذِّن ، مخبر؛ **اِسمِ کَیفِیّت/** عام: **کَیفِیَت** جو کسی شے کی خاص حالت وضع، ہیئت کو ظاہر کرے م: سہانا پن، ملائمت، **اِسمِ مُشتَق:** وہ لفظ جو کسی مصدر سے بنا ہو م: سینا سے سلائی، بھاگنا سے بھگوڑا، بھاگتا، بھگدڑ؛ **اِسمِ مَصدَر:** وہ لفظ جس سے کسی عمل یا حرکت کا اظہار بغیر زمانہ ظاہر کیے ہوئے پایا جائے مثلاً سونا، جاگنا، دیکھنا **اِسمِ مُعاوِضَہ** (مُ عا وِ ضَ/ ضا) وہ مشتق لفظ جو کسی عمل کے بدلے یا اجرت کے معنی دیتا ہو م: بنوائی، گھڑاول؛ **اِسمِ مُکَبَّر:** (شد فت ب) جو کسی بات کو بڑھا کر بیان کرے م: بات سے بتنگڑ، لکڑی سے لکڑ، **اِسمِ مَوصُول** وہ لفظ جو دو جملوں کو ملائے مگر کسی جملے کا فاعل یا مفعول نہ ہو م: "جوجئے گا وہ دیکھے گا" میں لفظ جو موصول اور وہ فاعل ہے، وعلیٰ ہٰذا القیاس ، جدھر، جیسا، جتنا، وغیرہ اسم موصول ہیں۔

اَسْمات فت ا، سک س۔ ج مث۔ رخ، اطراف، جوانب۔ سمت کی جمع [اردو کا تصرف: ع: سُمُوت]۔

اِسْماع کس ا، سک س۔ امذ۔ سننے کا عمل۔

اِسْمٰعیل کس ا، سک س، ی مع۔ علم۔ حضرت ابراہیمؑ کے بڑے بیٹے جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے جن کی اولاد خانۂ کعبہ کے ارد گرد آباد ہوئی۔حسب روایت حضرت ابراہیم انہیں اللہ کے حکم سے ذبح کرنے پر تیار اور وہ خود آمادہ ہوگئے تھے، لیکن پھر حکم الٰہی سے ان کی جگہ دنبہ ذبح کر دیا گیا؛ نیز حضرت امام جعفر صادق کے بڑے بیٹے جن کے

نام سے اسماعیلی فرقہ منسوب ہے، صف اِسمٰعیلی: فرقہ سبعیہ جوحضرت علیؑ کے سلسلے میں صرف سات اماموں کو مانتا ہے، جن کے بعد داعیوں کا سلسلہ چلتا ہے۔ آغا خانی۔ نیز اِسماعیل/ اِشماعِیلی۔

آسْماء فت ا، سک س۔ ج مذ۔ اسم رک کی جمع، مرکب، آسماء اَلرِّجال (اس مَا اَرْ رِجال) (لفظاً) اشخاص کے نام؛ اصطلاحاً حدیث نبوی کی تصدیق و تحقیق کے سلسلے میں راویوں کے انساب و کردار کی چھان بین کا ضابطہ اور یادداشتیں۔

آسَمْبَھو فت ا س، سک م، و لین۔ صفہ۔ ناممکن، محال۔

اِسْمیّت کس ا، سک س، کس م، شد فت ی۔ امث۔ کسی لفظ میں اسم کی خصوصیت کا پایا جانا؛ (فلسفہ) قرون وسطیٰ کے آخری دور کا ایک فلسفیانہ نظریہ جس کی رو سے تمام عالم موجودات کے نام اور تجریدی اصطلاحیں صرف خیال کی ایک عملی ضرورت ہیں جن کے پیچھے کوئی حقیقی وجود نہیں، عقیدۂ شَیئیت یا وجودیت کی ضد (انگ: Nominalism)۔

آسَن فت ا، س۔ امذ۔ کھانا، خوراک، مرکب، آسَن بَسَن: روٹی کپڑا مکان۔

آسناد فت ا، سک س۔ ج مثہ ثبوت، دلیلیں، صداقت نامے؛ حدیث کے راویوں کا سلسلہ، سَنَد کی جمع۔ امذ: اِسناد (کس ا) دلیل لانا؛ ثبوت بہم پہنچانا(قواعد) جملۂ خبریہ بنانا، مسند اور مسند الیہ کے درمیان ربط پیدا کرنا، م: "زید عالم ہے" میں زید (مسند الیہ) کی بابت علم (مسند) کی خبر یا اسناد۔

آسْنان فت ا، سک س۔ ج مذ۔ دانتہ سِنّ کی جمع نیز آسِنّہ، صف آسنانی، دانتوں سے منسوب (لسانیات) دانتوں کی مدد سے ادا ہونے والی آوازیں یا حروف جیسے ت، د۔

آسَنْتوش فت ا، س، سک ن، و مج۔ صفہ بے چینی، بے اطمینانی۔

آسْنیٰ فت ا، سک س، ی غم۔ صفہ زیادہ روشن [ع: سَنِیٰ کی تفضیل]۔

آسْوار فت ا، سک س۔ امذ۔ ج مذ۔ گھڑ سوار، سوار کی ایک شکل [ف، قب، س: آشووار، آشو= گھوڑا] امث آسْواری، سواری۔

آسْواق فت ا، سک س۔ ج مذ۔ بازار، سڑک، منڈی، سُوق کی جمع۔

اِشْواق کس ا، سک س۔ امذ۔ تیز کرنا، بڑھانا، ہنکانا؛ ہوا دینا۔

آسْوانْسی فت ا، سک س، امغ۔ امثہ زمین کی پیمائش کا ایک پیمانہ، کچوانسی کا بیسواں حصّہ۔

آسوَج فت ا، ولین۔ امذ۔ امثہ ہندی جنتری کا چھٹا مہینہ، مطابق ستمبر یا اکتوبر؛ کُوار، آس۔

آسْوَد فت ا، سک س، فت و۔ صف مذ۔ کالا ، سیاہ، مث سَوداء۔

أُسْوَہ ضمہ ا، سک س، فت و، امذ ۔ مثال ، نمونہ، طریقہ، طور، مرکب، أُسوَۂ حَسَنَہ (فت حَ سَن نَ) عمدہ نمونہ، مثالی کردار، مراد سنت رسولؐ۔

اِسْہال کس ا، سک س۔ امذ۔ دست، پیٹ چلنا، پتلی اجابتہ

اِسْہام کس ا، سک س۔ امذ۔ حصہ داری، کاروبار میں شراکتہ

آسّی فت ا، شد س۔ عدد، ستر اور دس ، آٹھ دہائیاں (۸۰) صف آسّی واں/ویں۔

آسی فت ا۔ امثہ رنج، غم، ماٗسات، غمناک کہانی [ع: آسيٍ (آسِن)]۔

آسِیر فت ا، ی مع۔ امذ۔ گرفتار، قیدی، بندی، امث:

آسِیری، قید و بند۔

آسِیس فت ا، ی مع۔ امث۔ دعائے خیر، آشیرواد۔

اُسَیلَم ضمہ، ے لین، فت ل۔ امذ۔ (علم تشریح) انگلیوں کا جوڑ۔

اشارَہ کس ا، فت ر۔ امذ۔ انگلی، ہاتھ، ابرو یا آنکھ کی بامعنی جنبش؛ کسی بات یا چیز کی طرف اختصار کے ساتھ توجہ دلانا؛ ایما، اجمالی حکم، یا مرضی کا اظہار؛ نشانی علامت؛ تلمیح، حوالہ، رمز، کنایہ۔ مث **اشارِیَت**: آرٹ یا ادب میں بیّن الفاظ یااشکال کی بجائے علامات کے ذریعے رمزیہ پیرائہ اظہار۔ امذ **اشارِیَہ**: حوالے کی آسانی کے لیے حروف تہجی کے مطابق مرتب کی ہوئی فہرست، انڈیکس، امث **اشارِیَہ بَنْدی**: اشاریہ تیار کرنا۔

اَش اَش فت ا، سک ش۔ رک۔ **عَش عَش** جو صحیح ہے۔

اشاعَت کس ا، فت ع۔ امث۔ پھیلانا، دور دور پہنچانا، ابلاغ، تشہیر؛ کتاب اخبار رسالے وغیرہ کا چھاپ کر تقسیم کرنا، چھپنے تقسیم ہونے کی تعداد، پھیلاؤ۔

اَشاعِرَہ فت ا، کسمج ع، فت ر۔ ج مذ۔ متکلّمین کا ایک گروہ یا مکتب، ابوالحسن علی اشعری (۸۷۳ - ۹۳۵ء) سے منسوب، جو معتزلہ کے مخالف تھے۔ نیز **اَشعَرِیَہ**، **اَشعَری**۔

اشاعِیّہ کس ا ع، شد فت ی۔ امذ۔ اعلان جو رسمی طور پر اخبارات وغیرہ کو چھاپنے کے لیے بھیجا جائے۔

اَشْباح فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ دھندلی شکلیں، ارواح، سائے [ع: واحد شَبَح]۔

اِشْباع کس ا، سک ش۔ امذ۔ کھینچنا، بڑھانا، طول دینا، حرف کی حرکت کو کھینچ کر پڑھنا جیسے اُوستاد (اُستاد) یمانی (یَمنی)۔

اَشْباہ فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ مماثلتیں، شباہتیں۔ واحد شِبہ صف **اَشبَہ**: بہت مشابہ، بالکل ملتا جلتا۔

اَشْبُھ فت ا، ضمہ ش، سک بھ۔ صف۔ نامبارک، منحوس۔

اشْتِباہ کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ مماثلت ایک سا ہونا، مغالطہ، شک، دھوکا۔

اَشْتُت فت ا، سک ش، ضمہ ت۔ امث۔ تعریف، توصیف، حمد، گن گانا۔ [اصلاً س: شْتُتی]۔

اشْتِداد کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ شدّت، زیادتی، زور وظلم۔

اَشْتَر فت ا، سک ش، فت ت۔ صف۔ پھٹا، چرا ہوا، کنایۃً پھٹے دیدوں والا۔

اُشْتُر ضمہ ا، سک ش، ضمہ ت۔ امذ۔ اونٹ، نیز **شُتُر**۔

اِشْتِرا کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ خریداری۔

اشْتِراک کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ ساجھا، شرکت، باہمی حصہ داری؛ رفاقت ہمکاری، امث، **اشْتِراکِیّت/ کیَت** قومی ذرائع پیداوار کا ریاست کی تحویل میں اور کل آبادی کی ملکیت ہونا۔ مارکسی نظریہ، مارکسیّت۔ صف۔ **اشْتِراکی** نظریۂ اشتراکیت سے منسوب یا متعلّق، اشتراکیت کا قائل یا پیرو۔

اشْتِعال کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ سلگنا، بھڑکنا، بھڑکانا؛ مجازاً غصّہ، برہمی، جوش، ہیجان۔ **اشْتِعالک**: چھوٹا سا شعلہ، فتیلہ، لَو۔

اشْتِغال کس ا، سک ش، کسمج ت ا مذ۔ مصروفیت، مشغولیت، انہماک۔

اشْتِقاق کس ا، سک ش، کسمج ت۔ امذ۔ مصدر یا مادّے سے دوسرے الفاظ بنانا؛ لفظ کی اصل کا کھوج لگانا؛ نسل کا پھیلنا۔

اشْتَک کس ا، سک ش، فت ت۔ امث۔ خواہش، طلب، ہُڑک [س: اِشٹی] نیز **اِشْٹَک**؛ **اِشْٹَہ**۔

اُشْتُلَم ضمہ ا، سک ش، ضمہ ت ل۔ امذ۔ ہجوم، دھما چوکڑی؛ شدّت، جھگڑا فساد، نیز اُشْتُلَنگ بلّہ، حملہ۔

اِشْتمال کس ا، سک ش، کسمج تہ امذ۔ شمُول، شرکت، ساجھا، اِشتمالِیَت رک: اِشتراک/ اِشتراکِیَت۔

اِشْتِمام کس ا، سک ش، کسمج تہ امذ ۔ سونگھنا۔

اِشْتِہا (ء) کس ا، سک ش، کسمج تہ امث۔ بھوک، گرسنگی؛ طلب، خواہش، مرکب، اِشتہاءِ صادق: صحتمندانہ بھوک۔

اِشْتِہاد کس ا، سک ش، کسمج تہ امذ۔ گواہی، شہادت۔

اِشْتِہار کس ا، سک ش، کسمج ت، امذ ، شہرت، نشر و اشاعت، اعلان، اطلاع عام کے لیے ذرائع ابلاغ کے ذریعے شائع ہونے والا پیغام، خصوصی کاروباری پیغام جو تجارتی مال یا خدمت کی فروخت کے لیے لوگوں کو راغب کرنے کے لیے ہو۔ اِشتِہاری مُجْرِم وہ مجرم جس کی گرفتاری کے لیے حلیے وغیرہ کا اعلان کیا گیا ہو۔

اِشْتِیاق کس ا، سک ش، کس ت، امذ ۔ خواہش، آرزو، ولولہ، چاہت۔

اَشْت دَہات فت ا، سک ش۔ رک: اَژْدہات

اِشْٹ کس ا، سک ش۔ امذ۔ محبوب ، معبود؛ امث۔ طلب، خواہش، محبت نیز اِشت [س: اِشٹ، اِشٹی]۔

اَشْٹانْگ فت ا، سک ش،غنہ۔ امذ۔ جسم کے آٹھ اعضا؛ ہاتھ ، پانو، آنکھیں، اور کان یا ہاتھ، پانو، گھٹنے، چھاتی، ماتھا، جو ڈنڈوت کرنے میں زمین سے لگتے ہیں؛ حالت سجدہ۔

اَشْٹَمی فت ا، سک ش، فت ٹہ امث۔ چاند کی آٹھویں تاریخ۔

اَشْجار فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ شَجَر (رک) کی جمع۔

اَشْجَع فت ا، سک ش، فت ج۔ صف۔ بہت بہادر، بڑا دلاور، شَجِیع کا صیغۂ تفضیل۔

اَشْخار فت ا، سک ش۔ امذ۔ نباتی نمک، کھار۔

اَشْخاص فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ شَخص (رک) کی جمع۔

اِشْخِیص کس ا، سک ش، ی مع۔ امث۔ ایک بوٹی جس کی دو قسمیں ہیں، سفید جس کا تنا نہیں ہوتا؛ پتے کاہو سے بڑے کانٹے دار پھول نیلا ریشےدار، جڑ سفید جس سے گوند نکلتا ہے؛ دوسری قسم سیاہ، پتے چھوٹے بے خار، سبز پک کرسیاہ پھول میں بندکیاں اور مہین خار، جڑ موٹی اور کالی۔ دونوں قسمیں دواءً مستعمل(لاط: Atractyllis Gummifera)۔

اَشَدّ فت ا، ش۔ صف۔ بہت سخت، نہایت شدید، پُرزور، شدت کرنے، دباؤ ڈالنے والا۔

اَشُدْھ فت ا، ضمہ ش۔ صف۔ ناپاک؛ ناخالص، جس میں ملاوٹ ہو۔

اَشَرّ فت ا ، ش۔ صف۔ شَرِیر، (رک) کی تفضیل، مرکب، اَشَرُّالنّاس (اَشر رُن ناس) شریر ترین آدمی۔

اَشْراف فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ اچھے ، خوش اطوار، عالی نسب یا ایماندار لوگ۔ شَرِیف کی جمع، امث اَشرافِیَت: ایسی حکومت جس پر امراء کا غلبہ یا اقتدار قائم ہو۔

اِشْراق کس ا، سک ش۔ امذ۔ طلوع، روشنی کا نمودار ہونا، پو پھٹنا، طلوع آفتاب کے بعد کی ساعت؛ خارجی ذرائع کے بغیر بات کا دل میں پیدا ہونا یا حقیقت کی دریافت؛ اِشْراقِیّت افلاطونی فلسفہ؛ نیز بعض دوسرے صوفیانہ مکاتب فکر، صف اِشراقی، ج اِشْراقِین (انگ: Illuminism, Illuminate)۔

اِشراک کس ا، سک ش۔ امذ۔ شریک کرنا، شرک کا مرتکب ہونا۔

اَشرِبَہ فت ا، سک ش، کسمج ر، فت ب۔ ج مذ۔ پینے کی اشیا، مشروبات، شراب کی جمع۔

اَشرَف فت ا، سک ش، فت ر۔ صفہ نہایت بزرگ، عزّت والا؛ برتر، افضل۔ اَشرَف اَلمَخلُوقات (اَ شْ رَ فُلْ مَخ لُو قات) کائنات میں سب سے افضل، مراد انسان۔

اَشرَفی فت ا، سک ش، فت ر۔ امث۔ سونے کا سکّہ؛ ایک زرد پھول؛ نیز عام اَشَرفی (فت ش، سک ر) مر؛ اَشرَفی بُوٹی زربفت کی گول سنہری بوٹی، ج اَشرَفیاں/ اَشَرفِیاں۔

اَشعار فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ شعر (رک) کی جمع

اِشعاع کس ا، سک ش۔ امذ۔ شعاع ڈالنا، بکھیرنا، روشنی کی لہریں پھیلانا، پر کاشت کرنا، (انگ: Radiation)۔

اَشعَر فت ا، سک ش، فت ع۔ صفہ بڑا شاعر، شاعرور کاشاعر، شاعر کا صیغۂ تفضیل۔

اَشعَری فت ا، سک ش۔ امذ۔ رک اَشاعِرَہ۔

اَشعِۂَ فت ا، سک ش، کسمج ع، فت ۔ ج مث۔ شعائیں، کرنیں۔

اَشغال فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ شغل کی جمع، کام، مصروفیات؛ اوراد، وظائف۔

اُشغُلَہ ضمہ ا، سک ش، ضمہ غ، فت ل۔ امذ۔ افواہ، فتنہ، جھوٹی بات جس سے فساد پیدا ہو [ع: اُشغُولَہ] نیز اُشقُلا، اُشقُلَہ۔

اَشفار فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ پپوٹے، پلکوں کی جڑ [ع: واحد شَفَر]۔

اَشفاق فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ مہر ومحبت، لطف و عنایات، شَفَقت کی جمع۔

اِشفاق کس ا، سک ش۔ امذ۔ لطف کا برتاؤ، رعایت، مہربانی، مربّی ہونا۔

اَشفَق فت ا، سک ش، فت ف۔ صفہ نہایت مہربان، شفیق کی تفضیل۔

اَشقَر فت ا، سک ش، فت ق۔ صفہ صبیح خوشرنگ۔ امذ۔ یکرنگ اور بے داغ سرخ گھوڑا۔

اَشقِیا فت ا، سک ش، کس ق۔ ج مذ۔ بُرے لوگ، ظالم لوگ؛ بدبخت، بدنصیب، شَقِی کی جمع۔

اَشک فت ا، سک ش۔ امذ۔ آنسو اَشک بُلبُل افیونیوں کی اصطلاح میں افیون کی خفیف مقدار، چھوٹی گولی؛ اَشک ریزی (ے مج) آنسو بہانا؛ اَشک شوئی (و مج) آنسو پونچھنا، تسلی، تشفی، تالیف قلب کرنا۔

اَشکال فت ا، سک ش۔ ج مث۔ شَکل (رک) کی جمع۔

اِشکال کس ا، سک ش۔ امذ۔ دشواری، کٹھنائی؛ اعتراض، گرفت۔

اِشکالنا کس ا، سک ش، ل۔ ف م۔ ہچکولا دینا، اچھالنا، اُبھارنا۔

اَشلوک فت ا، سک ش، و مج۔ امذ۔ شبد، شعر، حمدیہ بول، مسجع عبارت [س: شَلوکَ]۔

اَشنان فت ا، سک ش۔ امذ۔ غسل، جسم پر پانی بہانا، ڈبکی لگانا [س: سْنان، سک س]۔

اُشنان ضمہ ا، سک ش۔ امث۔ ایک صحرائی بوٹی جس کے پتوں کوجلا کر سجّی بنائی جاتی ہے، لانہ، لانی؛ نیز سجّی (لاط: Salsola Kali)۔

اُشنَہ ضمہ ا، سک ش، فت ن۔ امذ۔ چھڑیلا، دوالک (لاط: Parmelia Perforata)۔

اَشواق فت ا، سک ش۔ ج مذ۔ شوق (رک) کی جمع۔

اَشْو فت ا، سک ش۔ امذ۔ گھوڑا، مرکّب آشو

پَت/پَتی۔ سوار، گھڑ سوار [س ، قب ف: اسپ] آشو میدھ گھوڑے کی قربانی جو قدیم ہند میں رائج تھی۔

آشَوتا فت ا، سک ش، فت و۔ امذ۔ پیپل کا درخت جو ہندوؤں میں مقدس سمجھا جاتا ہے۔

آشوک (۱) فت ا، و مج۔ امذ۔ ایک درخت جس کے پتّے آم کے پتوں کی مانند مگر قدرے زیادہ لمبے ، پھل فالسے سے ملتا ہوا ہوتا ہے، مزے میں تلخ، آس ہندی (لاط: Jonesia Indica) (۲) چیت کے مہینے کا آٹھواں دن جب ایک ہندوانی تہوار پر پانی میں اشوک کی پتیاں ڈال کر دیتے ہیں۔

آشوک (۲) فت ا، و مج۔ عَلَم۔ برصغیر میں موریہ خاندان کا قدیم حکمران (م: ۲۳۸ ق م) جس نے بدھ مت اختیار کر کے اس مذہب کا دور دور تک پرچار کیا، اپنے کتبوں کی وجہ سے خاص طور پر مشہور جو جگہ جگہ آج بھی نصب ہیں، آشوک وانی: پالی زبان۔

اَشہَب فت ا، سک ش، فت ہ۔ امذ۔ ملے جلے سیاہ و سفید بالوں کا گہرے خاکستری رنگ کا گھوڑا۔

اَشہَر فت ا، سک ش، فت ہ۔ صفہ بہت مشہور، شَہیر کی تفضیل۔

اَشہُر فت ا، سک ش، ضمہ ہ۔ ج مذ۔ شَہر بمعنی مہینہ کی جمع۔

اَشہَل فت ا، سک ش، فت ہ۔ صفہ نیلگوں (خصوصاً آنکھ) مث شہلا۔

اَشیاء فت ا، سک ش۔ ج مشد چیزیں ، سامان، شے کی جمع۔ اشیا/ ئے صرفہ: عام استعمال کی خوردہ چیزیں۔

آشیرباد فت ا، ی مع، سک ر۔ امشد رک: آشیرواد۔

اِصابَت کس ا، فت بہ امشد صائب، درست، صحیح، مناسب ہونا۔

اَصابِع، فت ا، کسمع بہ ج مشد ج مذِ۔ انگلیاں، واحد، اَصبَع۔

اَصاغِر فت ا، کس غ۔ ج مذ۔ صغیر کی جمع، چھوٹے لوگ؛ بچّے، اطفال۔

اَصالَت، فت ا، ل۔ امشد اصل کا کھرا، خالص، خاندانی، شریف النّسب ہونا، م ف، اَصالَتہً (اَسالَتَن) بذات خود، اپنی اصل صورت و حیثیت میں، وکالتہً کی ضد؛ دراصل۔

اَصبَح فت ا، سک ص، فت بہ صفہ بہت گورا، اُجلے رنگ کا، صَبیح کی تفضیل۔

اَصَحّ فت ا، ص۔ صفہ بالکل صحیح، زیادہ درست، باوثوق، مرکبات میں ح مشدد م: اَصَحُّ الْکلام۔ نہایت درست کلام۔

اَصحاب فت ا، سک ص۔ ج مذ۔ ہم صحبت، ساتھی، رفیق؛ معزز لوگ؛ واحد، صاحب (رک) اَصحاب اَلْرَّقیم نیز اَصحابِ کہف: جو قرآنی روایت کے مطابق سو برس تک غار میں سوتے رہے تھے؛ اَصحاب اَلْشِّمال: بائیں جانب کے لوگ، مراد گناہگار جن کے اعمال نامے قیامت میں ان کے بائیں ہاتھ میں دیے جائیں گے۔ اَصحاب اَلْیَمین، کی ضد، نیک لوگ، اَصحابِ صُفّہ (سُفّ فَہ) مسجد نبویؐ کے باہر ایک چبُوترے پر عبادت کرنے والے آنحضرت صلعم کے صحابی۔ اَصحابِ ظَواہِر وہ لوگ جو قرآن شریف کے لفظی معنی پر اصرار کرتے ہیں۔

اَصحاح فت ا، سک ص۔ امذ۔ توریت کا کوئی باب۔

اِصدار کس ا، سک ص۔ امذ ۔ صادر، اجراء نافذ ہونا۔

اَصدَق فت ا، سک ص، فت د۔ صفہ بہت سچّا، حق گوئی میں بڑھ کر، صادِق کی تفضیل۔

اِصْرار کس ا، سک ص۔ امذ۔ زور دینا، تاکید کرنا؛ اَڑنا، سر ہونا، ہٹ، ضد۔

اِشْراف کس ا، سک ص۔ امذ ۔ رک۔ **صرف**۔

اِصْطِباغ کس ا، سک ص، کسمج ط۔ امذ ۔ بپتسمہ دینا، رنگدار پانی میں غسل دے کر عیسائی مذہب میں داخل کرنا۔

اَصْطَبَل فت ا، سک ص، فت ط، بـ امذ۔ گھوڑے باندھنے کی جگہ نیز اصلاً **اِصْطَبْل**۔

اِصْطَخْر کس ا، سک ص، فت ط، سک خ۔ عَلَم۔ قدیم کیانی سلاطین ایران کا ایک قلعہ جس کا ذکر ادب میں مضبوطی کے باوجود ناپائیداری کی مثال میں آتا ہے۔ اسے اسکندر نے مسمار کر دیا تھا۔

اِصْطفا کس ا، سک ص، کس ط۔ امذ ۔ پاکیزگی، برگزیدگی، صف **مُصطَفیٰ**۔

اِصْطِفاف کس ا،سک ص، کس مج ط۔ امذ۔ انواع یا اشیاء کی ترتیب، تقسیم، درجہ بندی [قب انگ: Classification]۔

اِصْطِکاک کس ا، سک ص، کس مج ط۔ امذ۔ رگڑ، تصادم ۔

اِصْطِلاح کس ا، سک ص، کسمج ط۔ امث۔ بامعنی لفظ، وہ لفظ جو اپنے اصل معنی میں برتا جائے نہ کہ استعارۃً؛ کوئی لفظ جو کسی مخصوص مفہوم میں اختیارکر لیا جائے؛ آپس کی بول چال۔

اَصْعَب فت ا، سک ص، فت ع۔ صف۔ نہایت دُشوار۔

اِصْغا کس ا، سک ص۔ امذ۔ توجہ کرنا، کان لگا کر سننا، کی سوئیاں لینا۔

اَصْغَر فت ا، سک ص، فت غ۔ صف۔ بہت چھوٹا، سب سے چھوٹا، **صَغیر** کی تفضیل۔

اَصْفار فت ا، سک ص۔ ج مذ۔ **صِفْر** کی جمع۔

اِصْفاق کس ا، سک ص۔ امذ۔ ایک طرف سے دوسرے طرف یا ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کرنا (انگ : Transfusion)۔

اَصْفَر فت ا، سک ص، فت ف۔ صف۔ زرد ، پیلا، مرکب **اَصفر فاقع**۔ شوخ زرد۔

اِصْفَہانَک کس ا، سک ص، فت ف ن۔ امذ۔ ایرانی موسیقی کے بارہ مقامات یا پردوں میں سے ایک پردہ۔

اَصْفیٰ فت ا، سک ص، ی غم۔ صف۔ بہت پاکیزہ، نہایت مخلص، **صَفی** کی تفضیل، ج: **اَصفیا**۔

اَصْل فت ا، سک ص۔ ا مثد جڑ، بنیاد، ابتدا، منبع ، مخرج، حقیقت، امرِ واقعی؛ لفظ کا مادّہ، سود پر دیا ہوا سرمایہ، مرکب: **اَصلِ اُصول** (ضمہ ا) بالکل ابتدائی ماخذ؛ مخرج، بنیاد، کلیہ، قانون جس پر فروعات کا مدار ہو۔ **اَصل اَلسّوس** (اَس لَس سُوس) سوس کی جڑ، مُلہٹی، صف۔ اَصلی ابتدائی حقیقی، امث۔ **اَصلِیّت** عام اَصلیَت حقیقت سچائی، نسل، نژاد۔

اَصْلا فت ا، سک ص۔ م فـ ہر گز، بالکل (نہیں)؛ قطعاً، مطلق [ع: اصلاً کی تخفیف]۔

اَصْلاب فت ا، سک ص۔ ج مذ۔ **صُلْب** (رک) کی جمع۔

اِصْلاح کس ا، سک ص۔ امث۔ درستی ، بہتری؛ نقص دور کرنا؛ مراعات دینا؛ ترقی دینا؛ بحال کرنا؛ اعتدال پر لانا؛ خط یا حجامت، چہرے کے بالوں کو ترشوانا؛ چھپنے سے پہلے، کاپی یا پلیٹ کی غلطیاں نکالنا، ٹھیک کرنا **اصلاحات**: محکوم قوموں کے سیاسی حقوق میں اضافہ کرنا۔ (قب انگ : Reforms)

اَصْلَح فت ا، سک ص، فت ل۔ صف۔ زیادہ درست، بہت بہتر۔

اَصَمّ فت ا، ص۔ صف۔ نپٹ بہرا سننے سے معذور؛ وہ عدد جس کا جذر عدد صحیح کی صورت میں نہ نکل سکے۔

اَصْوَب فت ا، سک ص، فت و۔ صف۔ زیادہ مناسب،

صائب کی تفضیل۔
اُصول ضمہ ا، و مع، ج مث۔ امذ۔ ج مذ۔ جڑیں، بنیادیں؛ ج مذ؛ قواعد، قوانین، بندھے ہوئے طور طریقے؛ امذ۔ طور ، قاعدہ، طریقہ، چلن ؛(موسیقی) راگ کے بندھے ہوئے سُر جن سے اس کی شناخت ہوتی ہے۔ مرکب **اُصولِ اَوّلیَہ** منطق کے چار بنیادی قاعدے؛ عینیّت، تبایُن، اصول خارج الاوسط، استدلال؛ **اُصولِ فاختَہ**، ایرانی موسیقی کی مقررہ ۱۷ تالوں میں سے گیارہویں تال، نیز سُور فاختہ ج مذ؛ **اُصولِ قَدْریَہ** (طبیعیات) برقیاتی مقداروں کے ضابطے۔ **اُصولِ مُتعَارِفَہ**، عام باتیں جن میں کوئی اختلاف کی گنجائش نہیں، مسلّمات۔
اَصِیل فت ا، ی مع۔ امذ۔ گدھ یا نر چیل اور مرغی کے جوڑے سے پیداہونے والا مرغ جو لڑنے میں تیز ہوتا ہے؛ ملازم یا ملازمہ، تنخواہ دار خادم؛ اچھے حسب نسب والا، کھرا، خالص، (فولاد)؛ (شرع) وہ شخص جو کسی کی وکالت کے بغیر اپنا نکاح کرے (قب آثیل)۔
اِضاعَت کس ا، فت ع۔ امث۔ نقصان، تضیع۔
اِضافَت کس ا، فت فـ امث۔ جوڑ، میل، نسبت، تعلق، دو الفاظ کے درمیان نسبت ظاہر کرنے کی علامت، مضاف مضاف الیہ کو باہم ملانے کا طریقہ یعنی کسرۂ اضافت یا کا کے کی کا استعمال کرۂ اضافت یا زیر۔ **اِضافتِ مُقلُوب**، ترکیب اضافی میں کسرۂ اضافت کو حذف کر دینا اور مضاف اور مضاف الیہ کی ترتیب کو اُلٹ دینا، م؛ پیر زن (زنِ پیر) جہاں پناہ، دہخدُا۔
اِضافَہ کس ا، فت فـ امذ۔ زیادتی ، افزائش، بیشی، بڑھوتری۔
اِضافی کس ا۔ صف۔ ضمنی، ذیلی، فُروعی، بنیادی یا اصلی کی ضِد؛ مزید، مقررہ کے علاوہ۔
اِضافِیّت کس ا، ف، شد فت ی۔ امث۔ طبیعیاتی اور کائناتی نظریہ جو حرکت ، رفتار اور حجم کو اضافی وجود مانتا ہے، نہ کہ قائم بالذات اور زمان کو چوتھا بُعد؛ آئن سٹائن سے منسوب۔
اِضرار کس ا، سک ض۔ امذ۔ نقصان پہنچانا، ضرر رسانی۔
اُضْحُوکَہ ضمہ ا، سک ض، و مع، فت ک۔ امذ۔ ہدفِ تضحیک، نُقل محفل، جس کا مذاق اڑایا جائے۔
اَضْحیٰ فت ا، سک ض، ی غم۔ امذ ۔ قربانی، خدا کی راہ میں جانور ذبح کرنا، [اصلاًع: اَضحیٰ؛ اَض حِیَہ اُضحِیَہ]۔
اَضْداد فت ا، سک ض۔ ج مذ۔ ایک دوسرے کی ضد؛ مخالف یا متناقض باتیں یا حالتیں۔
اِضْراب کس ا، سک ض۔ امذ۔ رُوگردانی، پھر جانا، ترک کر دینا، پڑتال (قواعد) وہ لفظ جو کسی قول میں مزید اضافے کے لیے لایا جائے؛ بل، بلکہ حروف اضراب ہیں۔
اِضْطِراب کس ا، سک ض، کسمج ط۔ امذ۔ بے چینی، بے قراری، تردد، تشویش، ہلچل، ہیجان؛ حدیث میں راویوں کے بیان میں اختلاف سے پیدا ہونے والی صورت حال۔
اِضْطِرار کس ا، سک ض، کسمج ط۔ امذ۔ غیر ارادی، بے اختیار حرکت، مجبوری کی کیفیت، اعصابی ہیجان، صف **اضطراری** بے اختیارانہ۔
اَضْعاف فت ا، سک ض۔ ج مذ ۔ دگنے چوگنے اعداد، یا اَقدار؛ حاصل ضرب، **ضِعف** کی جمع۔ م ف؛ **اَضْعافاً مُضاعَفَتہً** (اَز عافی مُزاعَ فَ تَن) بدرجہا زیادہ، بڑھ چڑھ کر، دگنا چوگنا ہوتا ہوا، نیز **اَلْمُضاعَف** امذ۔ اِضعاف بڑھانا، دگنا کرنا۔
اَضْعَف فت ا، سک ض، فت ع۔ صف۔ نہایت ضعیف، بہت کمزور، نامعتبر (قول یا روایت)۔

اَضْغاث فت ا، سک ض۔ ج مذ۔ گھاس کے گٹھے، بے حقیقت باتیں، مرکب: **اَضغاثُ الْاَحلام** پریشان خواب، ڈراؤنے خواب۔

اَضْلاع فت ا، سک ض۔ ج مذ ۔ **ضِلع** (رک) کی جمع۔

اِضْلال کس ا، سک ض۔ امذ۔ گمراہ کرنا، بھٹکانا۔

اِضْمار کس ا، سک ض۔ امذ۔ مضمر، مخفی، مقدّر، بے ظاہر کیے موجود ہونا؛ کنایہ، رمز؛ (عروض) رکن کے شروع میں سبب ثقیل کا دوسرا حرف ساکن کر دینا۔ م: مُتَفاعِلُن سے مُت فاعلن جسے مُستَفعِلُن سے بدل دیتے ہیں تا کہ مسلّمہ ارکان میں شامل ہو جائے حالانکہ مدّعا عربی عروض سے انحراف ہے **اضمار قَبْل اَز ذکر** اسم سے پہلے جس کی طرف اشارہ مقصود ہو، ضمیر کا استعمال؛ پیشگی بات۔

اِضْمِحْلَال کس ا، سک ض، کسمج م، سک ح۔ امذ۔ کمزوری، نقاہت، گھٹنا۔

اَضْمِدَہ فت ا، سک ض، کسمج م، فت د۔ ج مذ۔ **ضِماد** (رک) کی جمع۔

اِطاعَت کس ا، فت ع۔ امث۔ پیروی ، تابعداری۔

اُطاق ضمہ ا۔ امذ۔ کمرہ، حجرہ، نشست گاہ، بیٹھک۔

اَطِبّا فت ا، کس ط، شد ب۔ ج مذ۔ **طَبیب** (رک) کی جمع، نیز **اَطِبّاء**۔

اَطْباق فت ا، سک ط۔ ج مذ۔ تہیں جو ایک دوسرے کے اوپر چڑھی ہوں؛ سینیاں خوان، واحد، **طَبَق**۔ امذ **اِطْباق** تہ بہ تہ، اوپر تلے ہونا۔

اَطْراف فت ا، سک ط۔ ج مث۔ سمتیں، رُخ، پہلو، کنارے، مضافات، م ف: ارد گرد، چاروں طرف، **طَرَف** کی جمع۔

اِطْرِیفَل کس ا، سک ط، ی مع، فت ف۔ امذ ۔ تین پھلوں، ہڑ، بہیڑا اور آنولہ سے تیار کی ہوئی معجون ؛ تر پھلا (س: تْری پھلہ، کا معرّب)

اَطْعِمَہ فت ا، سک ط۔ کس ع، فت م۔ ج مذ۔ **طَعام** (رک) کی جمع۔

اِطْفا کس ا، سک ط۔ امذ۔ چراغ کی لو یا شعلے کو بجھانا، ٹھنڈا کرنا۔

اَطْفال فت ا، سک ط۔ ج مذ ۔ بچّے، **طِفل** کی جمع۔

اِطّلاع کس ا، شد کسمج ط۔ امث۔ خبر، آگاہی، باخبری، معلومات، اعلان؛ ج: **اطّلاعات** سرکاری اعلانات، خبریں جو شائع یا نشر کی جائیں۔

اِطْلاق کس ا، سک ط۔ امذ ۔ رخصت، اجازت، اختیار تفویض کرنا؛ چسپاں، منطبق، لاگو کرنا یا ہونا؛ کسی مفہوم کو کسی شےسے مخصوص کرنا. صف **اِطْلاقی** آزاد، غیر مشروط، مطلق۔

اَطْلَس فت ا، سک ط۔ فت ل۔ امذ۔ ریشم اورسوت کے تاروں کا ملا جلا، چمکیلا کپڑا جس کی بُناوٹ میں اوپر کی سطح ہموار رہتی ہے؛ (نجوم قدیم) نویں آسمان کا خلا جس میں کوئی ستارہ نہیں۔

اِطْمِینان کس ا، سک ط، ی مع۔ امذ ۔ دل جمعی، ڈھارس، تسلّی، فراغت، [ع: اِطمئنان]۔

اَطْناب فت ا، سک ط۔ ج مذ۔ خیمہ کی ڈوریاں، بادبان کی رسیاں، وہ ڈوریاں وغیرہ جو کسی چیز کو تانے رکھیں۔

اِطْناب کس ا، سک ط۔ امذ ۔ کھینچنا، طول دینا، **اِطْنابِ مُمِلّ** تھکانے والا طول کلام۔

اَطْوار فت اَ، سک ط۔ ج مذ ۔ **طَور** (رک) کی جمع۔

اَطْہَر فت ا، سک ط، فت ہ۔ صف۔ پاک، مقدّس، **طاہر** کی تفضیل۔

اَطْیَب فت ا، سک ط، فت ی۔ صف۔ نہایت عمدہ، پسندیدہ، مرغوب **طَیِّب** کی تفضیل۔

اَظْلال فت ا، سک ظ۔ ج مذ ۔ سائے، پرتو، واحد ظِلّ، امذ۔ **اظلال** (کس ا، سک ظ) سایہ ڈالنا، جھلک دکھانا۔

اَظْلَم فت ا، سک ظ، فت ل۔ صف۔ بہت بے رحم، بڑا کٹھور، **ظالم** کی تفضیل۔

اظْہار کس ا، سک ظ۔ امذ۔ ظاہر کرنا، یا ہونا، نمودار ہونا؛ دکھانا، بیان کرنا؛ نمود، ظہور؛ بیان جو عدالت میں دیا جائے، گواہی۔

اَظْہَر فت ا، سک ظ، فت ہ۔ صف۔ روشن، آشکار، بالکل واضح **ظاہر** کی تفضیل۔ مرکب **اَظْہَر مِنَ اَلْشَّمْس** (م نَشْ شَمْش) بالکل ثابت بیّن، سورج سے روشن تر۔

اعادَہ کس ا، فت د۔ امذ۔ لوٹنا، لوٹانا، دوہرانا، دُسرا کے کرنا، بازگشت، دوہرانے کا عمل۔

اَعالی فت ا۔ ج مذ۔ **عالی** (رک) کی جمع۔

اعانَت کس ا، فت ن۔ امث۔ مدد، ہمکار، شریک بننا، سہارا ، سہایتا۔

اِعتِیاد کس مج ا، ت۔ امذ ۔ شمار ہونا، مشمول ہونا، شُمولیت۔

اِعْتِدال کس مج ا، ت۔ امذ ۔ توازن تناسب، بیچ کی راس، کمی نہ بیشی، معمول پر ہونا، راست روی، تنبیہ، **اِعتِدالَین** (ے لین) سال کے وہ دو دن جب کہ سورج عین خط اِستوا کے اوپر ہوتا ہے (۲۱ مارچ، اور ۲۲، ۲۳ ستمبر) اور دن اور رات کا طول برابر ہوتا ہے۔

اِعْتِذار کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ اظہار، معذرت، اپنی صفائی میں کچھ کہنا۔

اِعتِراض کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ گرفت، نکتہ چینی، نقص نکالنا، اختلاف کا اظہار۔

اِعْتِراف کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ ماننا، تسلیم کرنا، اقرار۔

اِعْتِزار کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ اپنی عادت پر قابو رکھنا، خود پر گرفت رکھنا۔

اِعْتِزاز کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ تفاخر، تکبّر، زعم۔

اِعْتِزال کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ موقوف، سبکدوش، فارغ کیا جانا، گوشہ نشینی۔

اِعْتِساف کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ بے تامّل، بے دھڑک عمل کرنا، بے سوچے سمجھے اقدام۔

اِعْتِصاب کس ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ کام سے دستبرداری، تعطّل، ہڑتال۔

اِعْتِصار کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ نچوڑنا، عرق نکالنا، عُصارہ بنانا۔

اِعْتِصام کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ مضبوط گرفت، پکڑ، صلابت، مضبوطی سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتِضاد کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ مدد کرنا، سہارا دینا، تقویت پہنچانا۔

اِعْتِقاد کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ ایمان، یقین، اعتبار۔

اِعْتِکاف کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ یکسوئی، خلوت نشینی، عبادت کے لیے تنہائی اختیار کرنا۔

اِعْتِلا کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ بلندی پر پہنچنا، عزّ و وقار پانا۔

اِعْتِماد کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ بھروسا، اعتبار۔

اِعْتِنا(ء) کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ ۔ التفات، توجہ، پروا، تعلق خاطر۔

اِعْتِناق کسمج ا، سک ع، کسمج ت۔ امذ۔ معانقہ، گلے ملنا، بغل گیری۔

اِعْتِیادی کسمج ا، سک ع، کس ت۔ صف۔ حسبِ معمول، حسبِ عادت۔

اِعْجاب کسمج ا، سک ع۔ امذ ۔ تمکنت، خود کو لیے دیے رہنا، ادائے ناز۔

اِعْجاز کسمج ا، سک ع۔ امذ ۔ کمال، غیر معمولی، حیرت انگیز بات، معجزہ۔

آعْجام فت ا، سک ع۔ ج مذ ۔ عجم کے باشندے، غیر عرب لوگ، غیر مہذب لوگ۔ آعجمی/عَجَمی کی جمع۔

اُعْجُوبَہ ضم مج ا، سک ع، و مع، فت بـ صف۔ طرفہ، عجیب، انوکھا۔

آعْدا(ء) فت ا، سک ع۔ ج مذ ۔ دشمن، بیر رکھنے والا، عَدُو کی جمع نیز آعداء م: آعداءِ قوم۔

آعْداد فت ا، سک ع۔ ج مذ ۔ عَدَد (رک) کی جمع۔

اِعْدام کسمج ا، سک ع۔ امذ ۔ مٹانا،منہدم، ناپیدا کرنا، اِعدامیّت (فلسفہ) علم کی معتبر بنیاد اور وجود اشیاء کی حقیقت سے انکار، روایتی نظام اخلاق سے بغاوت؛ (سیاست) ایک تخریبی تحریک جو پچھلی صدی میں یورپ سے چلی اورجس کا مقصد تشدّد کے ذریعے سماجی نظام کو تبدیل کرنا تھا (انگ: Nihilism)۔

آعدَل فت ا، سک ع، فت د۔ صف۔ عادِل (رک) کی جمع۔

آعْراب فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ اسم جنس، عَرَب کی جمع عربستان کےلوگ امذ آعرابی، بدّو، بادیہ نشین عرب،

اِعْراب کسمج ا، سک ع۔ امذ ۔ ج مذ۔ الفاظ کی حرکات کو حروف نیز حروف پر علامات (فتحہ کسرہ، ضمہ: زبر، زیر پیش وغیرہ) لگا کر ظاہر کرنا، نیز علامات جو حروف پر لگائی جاتی ہیں (زیر، زبر، پیش، جزم وغیرہ)

اِعْراج کسمج ا، سک ع۔ امذ۔ لنگڑانا، لنگ، صف آعْرَج لنگڑا۔

آعراس فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ عُرس (رک) کی جمع۔

آعراض فت ا، کس ع۔ ج مذ۔ عَرَض (ضد جوہر) (رک) کی جمع، ذوات۔

اعراض کس ا، سک ع۔ امذ۔ اجتناب، روگردانی؛ تذبذب، ابا۔

آعراف فت ا، سک ع۔ امذ۔ جنت اور دوزخ کے درمیان کی دیوار، قرآن شریف کی ساتویں سورۃ کا نام؛ (مجازاً) راحت و زحمت کی درمیانی کیفیت۔

آعَزّ فت ا، ع۔ صف۔ نہایت عزت والا، عزیز کی تفضیل۔

اعزاز کسمج ا، سک ع۔ امذ۔ قدر و منزلت؛ لگاؤ، تعلق خاطر، عزت افزائی، خطاب یا سند، صف: اِعْزازی جس سے عرت افزائی مقصود ہو م: اعزازی ڈگری، بلا معاوضہ (خدمت، منصب، عہدہ) امذ اعزازِیَہ وہ رقم جو معاوضہ کے بدلے میں اعتراف خدمت یا احسان مندی کے طور پر کسی معزّز شخص کو پیش کی جائے۔

آعِزّہ فت ا، سک ع، شد فت ز۔ ج مذ۔ رشتے ناتے والے، اقارب، (اصلاً معزز ذی مرتبت لوگ) نیز آعِزّاء۔

آعْشار فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ عُشر (ک) کی جمع، صف آعشاری م: آعشارِی نظام عدد ۱۰ (ایک اور صفر سے بننے والے اعداد پر مبنی) ناپ تول اور گنتی کا حسابی نظام صف: نیز مذ: آعشارِیَہ دس سے نسبت رکھنے والا عدد دس (۱۰) سے تقسیم کا نشان جو رقوم میں حرف ع (بشکل ہمزہ ۰) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

آعْصاب فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ جسم کے اندر سفید ریشے جن کا سلسلہ حرام مغز اور دماغ سے ملتا اور جن پر حسیّات کا دارو مدار ہے؛ نیز پٹھے جو

گوشت کو ہڈی کے ساتھ جوڑے رکھتے ہیں اور زور لگانے میں اکڑ جاتے ہیں، واحد عَصَبَہ مرکب آعْصاب زَدَہ، صف جلد مشتعل ہو جانے والا، جو کمزور اعصاب کے سبب زُود حس ہو، صف آعْصابی، اعصاب سے تعلق رکھنے والا م: آعصابی نظام جسم کے اندر اعصاب کا جال، مرکّب، آعْصابی جَنْگ بغیر ہتھیاروں کے سیاسی رسّہ کشی جو مخالف کو تھکانے یا برافروختہ کرنے یا نفسیاتی دباؤ ڈالنے کے لیے ہو۔

آعْصار فت ا، سک ع- ج مذ - عَصر (رک) کی جمع۔

آعْضا فت ا، سک ع- عَضْو (رک) کی جمع، نیز اعضاء م: آعضائے رَئیسہ، جسم کے وہ اہم اندرونی اعضا جن پر زندگی کا دارومدار ہے؛ دماغ ، دل، جگر ، پھیپھڑے، گردے- مرکّب، آعضا شِکَنی، بدن کا ٹوٹنا، سخت تھکن اور بے چینی کی کیفیت۔

آعْطاف فت ا، سک ع- ج مذ- لطف و عنایات، مہربانیاں عاطِفَت (رک) کی جمع [ع: عَواطِف، واحد عَاطِفَہ]۔

آعْظَم فت ا، سک ع ظ- صف - بہت بڑا، بزرگ عظیم تر؛ وسعت، جسامت یا مرتبے میں بڑھا ہوا عَظیم کی تفضیل۔

آعْقاب فت ا، سک ع- ج مذ - بعد میں آنے والے؛ آئندہ نسل؛ اولاد، اخلاف۔

اِعْلا کسمج ا، سک ع- امذ- اونچا کرنا، بڑھاوا دینا، زیادہ بیشتر، افزوں کرنا، اوج پر پہنچانا، نیز اِعْلاء م: اِعْلائے کَلِمَۃُ اُلْحَق سچائی کو فروغ دینا۔

آعْلاج فت ا، سک ع- ج مذ- کُفّار، ادنیٰ، پست لوگ (واحد؛ عِلْج)

آعْلام فت ا، سک ع- ج مذ- جھنڈے، پھریرے مشاہیر، ممتاز لوگ؛ اسماء معرفہ، واحد عَلَم۔

اِعْلام کس ا، سک ع- امذ - اِعلان ، اطلاع ، تعارف نامہ، اِعلامیَہ: رسمی طور پر جاری کیا جانے والا سرکاری اعلان، خبرنامہ۔

اِعْلان کس مج ا، سک ع- امذ - عام اطلاع کے لیے جاری ہونے والا پیغام، اونچی آواز سے کوئی بات سنانا، نشر، اشاعت، کسی حرف صحیح (ع، ن، ، ، و، ی) کو وضاحت کے ساتھ ادا کرنا جیسے خشوع و خضوع ، تمکین آسماء ، عُلُوّ، علیٰ م ف اِعلانِیَہ، کھلم کھلا، برملا، نیز عام عَلانیَہ۔

آعْلَم فت ا، سک ع، فت ل- صف- بڑا عالم، سب سے زیادہ باخبر، عالِم کی تفضیل۔

آعْلیٰ فت ا، سک ع، ی غم- صف- بہت اونچا، ارفع، بڑے مرتبے یا خوبیوں والا؛ بہت بڑھیا، عمدہ، تحفہ۔ آعْلیٰ حَضْرَت/ اَعلیٰحضرت اُمراء و سلاطین کا خطاب، اَعلیٰ علیّین (علّی یین) جنت کا ممتاز مقام، مث عُلیا م: عُلیا حَضرت۔

آعَمّ فت ا، ع- صف- نہایت معمولی، ادنیٰ، مرکب، آعَمّ اُلْاَعَمّات پست ترین، نہایت پامال بہت ہی عام۔

آعْمار فت ا، سک ع- ج مذ- عُمْر (رک) کی جمع۔

آعْماق فت ا، سک ع- ج مذ- گہرائیاں، نچلی تہیں، عُمُق کی جمع۔

آعْمال فت ا، سک ع- ج مذ- عَمَل (رک) کی جمع- مرکب: آعمال نامَہ اچھے برے اعمال کا حساب جو آخرت میں کھولا جائے گا۔

آعْنَش فت ا، سک ع، فت ن- صف- چھ انگلیوں والا، چھنگلا۔

آعْنی فت ا، سک ع- کلمۂ توضیح- لفظاً: میری مراد

یہ ہے، یوں سمجھیے کہ، گویا، یعنی۔

اَعْوان فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ انصار، مدد گاروں کی جمعیت، محافظین، کُمک ، واحد عَون۔

اِعْوِجاج کس مج ا، سک ع، کسمج و۔ امذ ۔ کجی، ٹیڑھ، کسی عضو کا جگہ سے کھسک جانا۔

اَعُوذُ بِاللہ فت ا، ومع، ضم مج ذ، کس ب، اغم، شد ل۔ فقرہ۔ پناہ مانگتا ہوں میں اللہ سے، اختصار کلمۂ استعاذہ: اَعُوذ بِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ (م نَش شَے طا نِۃ رَ جی مْ)

اَعْوَر فت ا، سک ع، فت و۔ امذ۔ یک چشم، کانا؛ بڑی آنت کے سرے پر بنی ہوئی تھیلی، یا چوڑی آنت، اندھی آنت، (انگ: Caecum)۔

اَعیاد فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ میلے تہوار، عِید کی جمع۔

اَعْیان فت ا، سک ع۔ ج مذ۔ ممتاز، سربرآوردہ، اہم لوگ، اُمرا، اکابر، ارکان سلطنت، مَجلِس اَلْاَعْیان سینیٹ (انگ : Senate)۔ تصورات: ج مذ۔

اَعیان ثابِتَہ: افلاطونی نظریے کے مطابق وہ خیالی نقوش یا وجود جن کا پرتو مادی اشیاء میں دکھائی دیتا ہے، امثال کی اصل۔

اَغالِیط فت ا، ی مع۔ ج مث/ مذ۔ مغالطہ دلانے والی باتیں، چکرانے ، خلط مبحث پیدا کرنے والے سوالات یا اعتراضات [ع: واحد اُغلُوطَ]۔

اَغانی فت ا۔ ج مذ۔ نغمے، گیت، منظومات۔

اَغْبَر فت ا، سک غ، فت بہ صف۔ خاکی، مٹیالا، (ع: غَبَر = خاک)

اَغْبَش فت ا، سک غ، فت بہ صف۔ دُھندلا، غیر شفاف، جس کے آرپار نہ دیکھا جا سکے۔

اَغِثْنی فت ا، کس غ، سک ثہ کلمۂ دعائیہ۔ میری مدد کےلیے آ!

اَغْذِیَہ فت ا، سک غ، کس ذ، فت ی۔ غِذا (رک) کی جمع۔

اَغْراض فت ا، سک غ۔ ج مث۔ غَرَض (رک) کی جمع۔

اِغرافِیلی کس ا، سک غ، ی مع۔ صف۔ تصویری (حروف) جو حروف ابجد کی ابتدائی شکلیں تھیں (قب انگ: Hieroglyphics)۔

اِغْراق کس ا، سک غ۔ امذ۔ غرق ہونا، ڈوبنا؛ انہماک، مبالغہ۔

اَغْشِیَہ فت ا، سک غ، کس ش، فت ی۔ ج مث۔ پوشش، پردے، جھلیاں، واحد غِشاء۔

اَغْصان فت ا، سک غ۔ ج مث۔ ڈنٹھل، ٹہنیاں، ڈالیاں۔ [ع: واحد غُصن]۔

اَغْلاط فت ا، سک غ۔ ج مث۔ خطائیں، لغزشیں، غلطیاں، بے بنیاد، باتیں، اَغلاط نامَہ: کسی کتاب وغیرہ کے ساتھ لگی ہوئی طباعت و کتابت کی غلطیوں کی فہرست۔

اِغْلاق کس ا، سک غ۔ امذ۔ مفہوم کا خبط ہونا؛ عبارت یا کلام کا دشوار ، ناقابل فہم ہونا؛ اِبہام، اشکال۔

اَغْلال فت ا، سک غ۔ ج مذ۔ لوہے کے طوق جو قیدیوں یا غلاموں کو پہنائے جاتے تھے [ع: واحد غُلّ]۔

اِغْلام کس ا، سک غ۔ امذ ۔ لڑکوں کے ساتھ بدفعلی، لواطت، امردپرستی، صف مُغلِم بچے باز۔

اَغْلَب فت ا، سک غ، فت ل۔ صف۔ زیادہ قرین امکان؛ زیادہ تر واقع ہونے والا، م ف، اَغلباً (اَغ لَ بَن) غالباً کی جگہ نادرست کلمہ ہے۔

اَغَل بَغَل فت ا، غ، بہ م فہ پہلوؤں میں دو طرفہ، ادھر اُدھر۔

اَغْلَط فت ا، سک غ، فت ل۔ صف۔ بہت نادرست، غَلَط کی تفضیل۔

اِغْماز کس ا، سک غ۔ امذ ۔ نظر بچانا، نظر انداز کرنا، [اصلاً ع: آنکھ مارنا، اشارہ کرنا]۔

اِغْماض کس ا، سک غ۔ امذ۔ نظر انداز کرنا، نظریں پھیر لینا، آنکھیں بند کر لینا، نیند لینا۔

اَغْنام فت ا، سک ن۔ ج مذ ۔ بھیڑ بکریاں، چھوٹے مویشی۔

اَغْنیا فت ا، سک غ، کس ن۔ ج مذ۔ دولتمند، خوش حال لوگ، واحد: غَنی۔

اِغْوا کس ا، سک غ۔ امذ۔ بہکانا، ورغلانا، بھگا لے جانا، نیز اِغْواء م: اِغواءِ اطفال۔

اَغْیار فت ا، سک غ۔ ج مذ ۔ انجانے، بیگانے، غیر لوگ، کسی حلقے یا زمرے سے خارج؛ حریف، دشمن، مخالف، غَیر کی جمع۔

اُف ضمہ ا۔ امث۔ سِسکی ، سِسکاری؛ پُھونک مارنا؛ تکلیف، بیزاری، تعجب، یا رنج کے موقع پر منہ سے نکلنے والا کلمہ، اُف نہ کرنا، دم بخود رہ جانا، تکلیف یا شکایت کا اظہار نہ کرنا، اُف ہو جانا، صرف، خرچ ہو جانا، اٹھ جانا، ختم ہو جانا۔

اِفادَہ کس ا، فت د۔ امذ ۔ فیض رسانی، فائدہ پہنچانا، ج : اِفادات: بصیرت افروز اقوال۔ صف۔ اِفادی عمل کو اس کے مفید ہونے کی بنا پر درست سمجھنے والا [انگ Pragmatic]۔ امث اِفادِیَت اعمال کو عملی فائدے کی نسبت سےجانچنا، سود مندی، عملی فائدہ۔

اِفاضَت کس ا، فت ض۔ امث۔ فیض ، فائدہ پہنچانا، تہذیب تلقین کرنا۔

اَفاضِل فت ا، کس ض۔ ج مذ ۔ اہل علم، فضل و کمال والے لوگ، واحد اَفضَل۔

اَفاعِیل فت ا، ی مع۔ ج مذ۔ ف ع ل سے بننے والے عربی کلمات جو عروض میں ارکان بحر کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ م: فَعُولُن، مُسْتَفعِلُن۔

اَفاغِنَہ فت ا، کسمج غ ، فت ن۔ افغان نسل کے لوگ، افغان کی جمع بقاعدۂ عربی۔

اِفاقَہ کس ا، فت ق۔ امذ ۔ مرض کی شدت میں کمی، بیماری، سے رُوبصحت ہونا۔

اِفتاء کس ا، سک فہ امذ ۔ کسی مسئلے میں شرع کے بموجب حکم لگانا، فتویٰ دینا۔

اُفتاد ضمہ ا، سک فہ امث۔ مصیبت، آفت، کڑا وقت، اُٹھان، بچپن کی تربیت، پُختہ عادات و اطوار۔

اُفتادَہ ضمہ ا، سک ف، فت د۔ صف۔ گرا ہوا، پڑا ہوا؛ چھوڑا، ترک کیا ہوا؛ غیر مزروعہ، م: افتادہ زمین؛ امث اُفتادَگی: گری ہوئی حالت، عاجزی، بے چارگی، پسماندگی؛ عام: اُفتادگی۔

اُفتاں ضمہ ا، سک فہ صف۔ گرتا پڑتا، مرکّب، اُفتاں و خیزاں: بدشواری چلتا ہوا، لشتم پشتم۔

اِفْتِتاح کس ا، سک ف، کسمج ت۔ امذ ۔ کھولنا، باز کرنا، چالو کرنا، جاری کرنا، آغاز۔ ابتداء امذ۔ صف اِفتِتاحِیَّہ/ حِیَہ: ابتدائی مقالہ یا تقریر، دیباچہ۔

اِفْتِخار کس ا، سک ف، کسمج ت۔ امذ۔ سربلندی؛ فخر کرنا، ناز کرنا، قابل فخر بات، عزت کا نشان۔

اِفْتِرا کس ا، سک ف، کسمج ت۔ امذ ۔ بہتان، اِلزام تراشی، نیز اِفتِراء م: اِفتراءِ پیہم، مرکب اِفْتِرا پَردازی جھوٹی افواہیں پھیلانا، کسی پر تہمت باندھنا۔

اِفْتِراض کس ا، کس ف، کسمج ت۔ امذ ۔ (منطق) عارضی مفروضہ قائم کرنا جسے کلّیے میں تبدیل کیا جا سکے؛ فرض کرنا، قیاس کرنا، (قب انگ: Hypothesis)

اِفْتِراق کس ا ، سک ف، کسمج ت۔ امذ۔ جدائی، علیحدگی، دوری، مہجوری، صف اِفتِراقی دوری پیدا کرنے، پھوٹ ڈالنے والا۔

اِفْتِقار کس ا، سک ف، کسمح ت۔ امذ۔ فقیری، محتاجی، مسکینی، حاجتمندی۔
اَفْتِیمُون فت ا، سک ف، ی مع، و مع۔ امث۔ اکاس بیل، اَمَربیل۔
اَفْخَم فت ا، سک ف، فت خ۔ صف۔ شاندار، شوکت و حشمت والا۔ (ع: فَخْم کی تفضیل) نیز مُفَخّم۔
اَفْراتَفْری فت ا، سک ف، فت ت۔ امث۔ ہلچل، ہیجان، کھل بلی، بے ترتیبی، بدنظمی۔
اَفْراخْتَہ فت ا، سک ف، فت ت۔ صف۔ کھڑا کیا ہوا؛ قائم، علَم یا نصب کیا ہوا۔
اَفْراد فت ا، سک ف۔ ج مذ۔ فرد (رک) کی جمع، صف: اَفرادی، مرکب اَفرادی قُوّت، آبادی؛ کام کرنے والوں کی تعداد، مزدوروں کی نفری۔
اِفْراد کس ا، سک ف۔ امذ ۔ الگ ہونا، علیٰحدہ ہونا۔
اَفراز فت ا، سک ف۔ امذ ۔ بلندی ، اونچائی ۔نیز فَراز۔
اِفْراز کس ا، سک ف۔ امذ۔ رسنا، ٹپکنا، نکلنا، خارج ہونا۔
اَفْراس فت ا، سک ف۔ ج مذ۔ فَرَس (رک) کی جمع۔
اَفْراسِیاب فت ا، سک ف، کس س۔ علَم۔ قدیم تُورانی حکمراں جو ایران پر بار بار حملہ آور ہوا۔ افسانوی ادب میں جبر و ظلم کی علامت۔
اَفْراشْتَہ فت ا، سک ف، ش، فت ت۔ صف۔ اُٹھایا، اونچا کیا ہوا، علَم کیا ہوا۔
اِفْراط کس ا، سک ف۔ امث۔ کثرت ، بہتات، فراوانی، مرکب، اِفراطِ زَر، (معاشیات) زیر گردش نقدی کی غیر معتدل زیادتی۔
اَفْرِشْتَہ فت ا، سک ف، کس ر، سک ش، فت ت۔ رک: فرِشتہ۔
اَفْرَنْج فت ا، سک ف، فت ر، سک ن۔ اسم جنس۔ فرنگی، یورپ کا باشندہ۔ نیز اَفرنْجی/ اَفرَنْگ۔
اَفْرَوخْتَہ فت ا، سک ف، و مج، کس خ، فت ت۔ صف۔ روشن کیا ہوا؛ غصے میں بھراہوا؛ مشتعل، سرخ، تمتماتا ہوا۔
اَفْزائِش فت ا، سک ف، کس ء۔ امث۔ زیادتی، کثرت؛ اضافہ، ترقی۔
اَفْزُود فت ا، سک ف، و مع۔ صف۔ زیادہ بڑھا ہوا، نیز اَفزُودَہ۔
اَفْزُوں فت ا، سک ف، و مع، غنہ۔ صف۔ بڑھنے والا، بیش، زیادہ، ا کیف مث، اَفزُونی: زیادتی، اضافہ، ترقی۔
اِفساد کس ا، سک ف۔ امذ ۔ بگاڑنا، خراب کرنا، فساد مچانا۔
اَفْسار فت ا، سک ف۔ امث۔ گھوڑے کی باگ، لگام۔
اَفْساں فت ا، سک ف، غنہ۔ امث۔ سان، دھار تیز کرنے کا پتھر یا آلہ نیز فَساں۔
اَفْسانَہ فت ا، سک ف، فت ن۔ امذ ۔ دلچسپ بیان کے قابل واقعہ یا روداد؛ مختصر کہانی، قصہ داستان، من گھڑت بات، جھوٹ، سُخن سازی، افواہ۔ اَفسانَہ خوْاں (خاں) قصہ گو۔
اَفْسَر فت ا، سک ف، فت س۔ امذ۔ تاج، مکٹ، حاکم، ا کیف مث، اَفسَری: حاکمی۔
اَفْسُردَہ فت ا، سک ف، ضمہ س، سک ر، فت د۔ صف۔ بجھا ہوا، ٹھنڈا کیا ہوا۔ (چراغ)؛ پژمردہ، رنجیدہ، اُداس، بے کیف۔
اَفْسَق فت ا، سک ف، فت س۔ صف۔ بہت زیادہ گناہوں میں آلودہ، سخت بدکار، بد اعمال، شرعی احکام سے منحرف، فاسِق کی تفضیل۔
اَفْسَنْتِین فت ا، سک ف، فت س، سک ن، ی مع۔ امذ۔ بابونہ کے مثل ایک پودا جس کے پتے صقر کے پتوں سے ملتے جلتے ہوتے ہیں، غبار آلود اور روئیں

دار، پھول بھی بابونہ کی مانند قدرے چھوٹا، سفید بیج میں زردی اور ایک گھنڈی جس میں‌کالے دانے کی طرح کے بیج ہوتے ہیں۔ کڑوے اور تیز بو، ختری، مروہ (انگ: Wormwood ورم وڈ، لاط: Artemesia absinthium)۔

اَفْسوس فت ا، سک ف،و مج۔ امذ۔ رنج، پچھتاوا، حسرت، کلمۂ تاسّف؛ حیف، وائے، مرکب۔ ف م: بے **اَفْسوس**، بے تکلف ،بے تامّل۔

اَفْسُوں فت.ا، سک ف، و مع۔ امذ۔ جادو، ٹوٹکا، نیز **اَفسون** (ن صحیح) م: افسونِ کارگر۔

اِفْشا کس ا، سک ف۔ امذ۔ بھید، راز کا ظاہر ہونا، بھانڈا پھوٹنا، چھُپا نہ رہنا، نیز **اِفْشاء** م: **افشاءِ راز**۔

اَفْشار فت ا، سک ف۔ صف ۔ بطور لاحقہ، دبانے، نچوڑنے والا، گھونٹنے والا، تنگ کرنےوالا، م: زنجیر گلو افشار۔

اَفْشاں فت ا، سک ف، غنہ۔ امث۔ سونے کا یا سنہری برادہ جو زنانہ سنگھار کے طور پر مانگ یا ماتھے پر چھڑکا جاتا ہے، نیز بطور لاحقہ چھڑکنے بکھیرنے والا م: گہر افشاں، عرق افشاں، ان معنی میں نیز **فِشاں** (کس ف) ا کیف مث، **اَفشانی/ فِشانی**: چھڑکنے، بکھیرنے کا عمل۔

اَفْشُردَہ فت ا، سک ف، ضمہ ش، سک ر، فت د۔ صف۔ امذ۔ نچوڑا ہوا، دبا کر نکالا، ٹپکایا ہوا، عرق، رس۔

اَفْصَح فت ا، سک ف، فت ص۔ **فَصِیح** (رک) کی تفضیل مرکب، **اَفصَح اَلْفُصَحا** فصیح لوگوں میں معتبر اور ممتاز۔

اِفْضا (ء) کس ا، سک ف۔ امذ ۔ کشادگی، استراحت، مباشرت۔

اَفْضال فت ا، سک ف۔ ج مذ ۔ خوبیاں، بڑائیاں، فضیلتیں؛ الطاف مہربانیاں، واحد، **فَضْل**۔ امذ۔ **اِفْضال** (کس ا) عنایت ، کرم، صف، **اَفضَل** (فت ض) اعلیٰ، برتر۔ مرکب **اَفْضَل اَلتَّفْضیل** (ا ف زلت تَفْ زِیل) ایسا لفظ جس سے انتہائی بڑائی ظاہر ہو، جیسے خوب اور بہتر کے مقابلے میں بہترین، ممتاز ترین، اکبرالاکابرین، نیز **اَفْعَل اَلتَّفْضیل** اکیف، مث **اَفضَلِیّت** (ا ف ز لی یَت) برتری، تقدم۔

اِفْطار کس ا، سک فہ امذ ۔ روزہ کھولنا، ف م: **افطارنا**، امث **افطاری** روزہ کھولنے کے لیے کھانے پینے کا سامان۔

اَفْعال فت ا، سک فہ ج مذ۔ **فعل** (رک) کی جمع۔

اَفْعی فت ا، سک فہ امذ ۔ زہریلا سانپ، [ع: اَفعیّ، اَف عَی]۔

اُفُق ضمہ ا فہ امذ ۔ سطح زمین کا مدوّر کنارہ جہاں زمین آسمان ملتے نظر آتے ہیں؛ حدّ نظر، صف **اُفُقی** لیٹواں، عمودی کی ضد، سطح کے متوازی۔

اِفْک کس ا، سک فہ امذ ۔ پاکدامن عورت پر جھوٹا الزام دھرنا۔

اَفْکار فت ا، سک ف۔ **فِکر** (رک) کی جمع۔

اَفْگار فت ا، سک فہ صف۔ مجروح، زخمی، نیز بطور لاحقہ صفت م: دل افکار، جس کا دل زخمی ہو، نیز **فگار**۔

اَفْگَن فت ا، سک ف، فت گ۔ صف بطور لاحقہ۔ بمعنی ڈھانے، گرانے، پچھاڑنے، پھینکنے، ڈالنے والا م: شیر افگن، سایہ افگن مخفف **فگَن**۔

اِفْلاس کس ا، سک فہ اَمذ۔ ناداری، محتاجی، محرومی۔

اَفْلاطُون فت ا، سک فہ و مع۔ علم امذ۔ قدیم، یونانی مفکر، (۳۴۷۔ ۴۲۷ ق م) خیال پرست مثالیت کے فلسفے کا بانی جس کے صوفیانہ خیالاف نے مشرقی فلاسفہ و صوفیہ کو بھی بڑی حد تک متاثر کیا۔

ارسطو کا اُستاد، بول چال میں بطور طنز برخود غلط، مدّمغ، خود کو افلاطون سمجھنے والا، نیز **اَفلاطُون کا بچّہ**، امذ **اَفلاطُونی پُھلکا** روے کی وَرَقی پوریاں۔

اَفْلاک فت ا، سک ف۔ ج مذ۔ **فَلَک** (رک) کی جمع۔

اَفْواج فت ا، سک ف۔ ج مث۔ **فَوج** (رک) کی جمع۔

اَفْواہ فت ا، سک ف۔ امث۔ ج مذ - اڑتی ہوئی خبر، جھوٹی خبر جو پھیلائی گئی ہو؛ غیر مصدّقہ ، مشتبہ بات یا باتیں، شہرت۔ بطور ج مذ۔ دہانے، کھلے منہ؛ خوشبویات (ع: **فم**: منہ کی جمع)۔

اُفّوہ ضم مج ا، شد ف، و مج۔ فجائیہ۔ کلمۂ حیرت و افسوس۔ درد تکلیف ظاہر کرنے والا لفظ نیز **اُفّوہ**، **اوفّو**۔

اَفْہام فت ا، سک ف۔ ج مث۔ **فہم** (رک) کی جمع۔ امذ **اِفْہام** (کس ا) سمجھانا، ذہین نشین کرانا، مرکب: **اِفْہام وَ تَفْہیم** (اِف ہا مو تَف ہیم) سمجھنا اور سمجھانا، باہمی تبادُل خیال، سمجھوتے کی بات چیت۔

اَفیم فت ا ی مع۔ امث۔ رک **اَفیُون** صف **اَفیمْچی/ اَفیمی** افیون کا عادی۔ سست، مَتّھا۔ پِینک میں رہنے والا۔

اَفیمیدُون فت ا، ی مع، و مع۔ امث۔ ایک مرطوب زمین میں اگنے والی یک قلم یا یک شاخہ بُوٹی، پتّے سوسن کی طرح تعداد میں دس پارہ ، پھل پھول نہیں لگتا، دواءً مستعمل۔

اَفیُوس فت ا، سک ف، و مع۔ امث۔ جنگلی مولی جو نہایت تیز یا جَھلّی ہوتی ہے۔ (لاط: Rephanus Sativus)۔

اَفیُون فت ا، سک ف، و مع۔ امث۔ خشخاش کے کچے ڈوڈوں سے رِسنے والی سیاہی مائل تلخ ریزش جس میں کئی نشہ آور اجزاء مَورفین، کوڈِین وغیرہ شامل ہوتے ہیں، اور کئی طرح کی نشہ آور ، نیز طبی ضرورت کی مسکّن یا خواب آور اشیاء تیار کی جاتی ہیں صف **اَفیُونی**۔ نیز **اَفِیم/ اَفیمی**۔

اَقارِب فت ا؛ کس ر۔ ج مذ۔ عزیز، رشتہ دار، خویش، ناتی، واحد **قَرِیب**۔

اَقاصی فت ا۔ ج مذ۔ دُور کے، بڑے یا اونچے لوگ، ادانی کی ضد [اصلاً ع: اَقاصٍ؛ اقصٰی = دور، بعید کی جمع]۔

اَقاقِیہ فت ا، کس ق، فت ی۔ امذ۔ ببول اور کیکر کی پھلیوں پتّوں کاعرق جو چمڑا کمانے میں استعمال ہوتا ہے۔ [یونانی، Akakia، انگ: acacia]۔

اِقالہ کس ا، سک فت ل۔ امذ۔ منسوخی، رد، انقطاع، معاہدہ یا منگی توڑ دینا۔

اَقالِیم فت ا، ی مع۔ **اِقلیم** (رک) کی جمع۔

اِقامَت کس ا، فت م۔ امث۔ مقیم ہونا، ٹھہرنا، رہنا، بسنا، پڑاؤ کرنا، قائم رہنا، کاربند رہنا۔

اَقانِیم فت ا، ی مع۔ ج مذ - خالص مجرّد مادے، عناصر، جڑیں، بنیادیں، اصول (واحد ع: **اُقنُوم**) مرکب **اَقانِیم ثَلاثَہ**: تین بنیادی مسیحی عقائد؛ باپ، بیٹا اور روح القُدس۔

اِقْبال کس ا، سک ق۔ امذ - خوش بختی، عروج؛ اقتدار؛ ادبار، پستی کی ضد؛ اعتراف، ماننا، منظور کرنا، م: اِقبالِ جرم، مرکب **اِقْبالنامَہ**: مجرم کا اقبالی بیان۔

اِقْتِباس کس ا، سک ق، کسمج ت۔ امذ - اخذ کرنا، حصول، یافتہ؛ کسی متن کا کوئی حصہ جو الگ کر لیا جائے۔

اِقْتدا کس ا، سک ق، کسمج ت۔ امذ - امث۔ پیروی، تَقلید، اِتّباع، صف **مُقتَدی**: پیرو، امام کے پیچھے نماز

پڑھنے والا۔

اقْتِدار کس ا، سک ق، کسمج تہ امذ ۔ قوت غلبہ، حاکمیت، صف، **مُقْتَدِر**۔

اقْتِراح کس ا، سک ق، کسمج تہ امذ۔ تجویز ، صلاح، اُپج، نیا خیال۔

اقْتِران کس ا، سک ق، کسمج تہ امذ۔ یکجائی، ملاپ۔

اقْتِصاد کس ا، سک ق، کسمج تہ امذ۔ بچت، پس اندازی، کفایت شعاری، روزی کی فراہمی، امث۔ **اقْتِصادیات**: وہ علم جو پیداواری عمل، دولت کی تقسیم، کاروبار اور کسب معاش وغیرہ کے مسائل سے بحث کرتا ہے، اکنامکس، علم المعیشت، معاشیات ، نیز **علم اُلاِقتِصاد**۔

اقْتِضا کس ا، سک ق، کسمج تہ امذ ۔ (حالات یا وقت کا) تقاضا، ضرورت، مطالبہ؛ ترغیب، چاہنا، سُجھانا،

اَقْدار فت ا، سک ق۔ ج مث۔ **قَدْر** (رک) کی جمع اچھائی برائی، حسن و قبح کی بابت کسی فرد یا گروہ کے تصورات۔

اَقْدام فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ **قَدَم** (رک) کی جمع، امذ **اِقدام** (کس ا) قدم اٹھانا، بڑھنا، عمل کرنا۔ کسی کام کو شروع کرنا۔

اَقْدَس فت ا، سک ق۔ صف۔ نہایت متبرک، پاکیزہ، لائق احترام، (واحد، ع: **قادس**)

اَقْدَم فت ا، سک ق، فت د۔ صف۔ زیادہ قدیم، پیشتر۔

اَقْرَء فت ا، سک ق، فت ر۔ صف۔ زیادہ اچھی قرائت کرنے والا، زیادہ پڑھنے والا۔ **قاری** کی تفضیل۔

اِقْرا کس ا، سک ق، امر۔ امث۔ لفظاً؛ پڑھ، قرآن شریف کی چھیانویں سورۃ العلق کا پہلا لفظ، جس سے الہام کا سلسلہ شروع ہوا تھا، بچّے کو پڑھنے کے لیے بٹھانے کی تقریب بسم اللہ میں اسی آیت کے الفاظ اس کی زبان سے کہلوائے جاتے ہیں۔

اِقْرار کس ا، سک ق۔ امذ۔ ماننا، تسلیم کرنا، اعتراف، منظوری، رضامندی، **اِقرار بِاَللِّسان** (بِل لِ سان) زبان سے تسلیم کرنا، کلمہ پڑھنا۔

اَقْران فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ ہمسر ، ہم رتبہ لوگ، ہمچشم، حریف، مدمقابل (واحد: ع: **قِرن**)

اِقْران کس ا، سک ق۔ امذ۔ ملاپ، یکجائی، سنجوگ۔

اَقْرَب فت ا، سک ق، فت ر۔ صف۔ نہایت قریب۔

اَقْرِباء فت ا، سک ق، کس ر۔ ج مذ۔ رشتے دار، خویش، اعزّہ۔

اَقْرَع فت ا، سک ق، فت ر۔ صف۔ جس کا سر سپاٹ ہو، جس کے سر کے بال جھڑ گئے ہوں۔

اَقْساط فت ا، سک ق۔ ج مث۔ **قِسط** (رک) کی جمع۔

اَقْسام فت ا، سک ق، ج مذ۔ مث۔ **قِسم** (رک) کی جمع۔

اَقْصا فت ا، سک ق، صف۔ ج مذ۔ بہت بعید، دور تر؛ آخری حد پر؛ آخری حدود، دور دراز مقامات، م؛ اقصائے چین، نیز **اَقصیٰ** (ی غم) عَلَم **مَسجدِ اَقصیٰ**: یروشلم کی مسجد جو مسلمانوں کا قبلۂ اوّل رہ چکی ہے۔

اِقْطاب فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ **قُطب** (رک) کی جمع۔

اَقْطاع فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ ٹکڑے، حصے، زمین کے حصے، خَطے، علاقے۔ واحد **قطعَہ** (رک)

اَقْطَع فت ا، سک ق، فت ط۔ صف۔ دست بریدہ ، جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو۔

اَقَلّ فت ا، ق۔ صف۔ بہت کم، بہت چھوٹا، نہایت کم مقدار، کم تعداد؛ چھوٹے سے چھوٹا عدد۔ **اَقَلّ قَلیل** چھوٹے سے بھی چھوٹا، بہت ہی کم۔ ا کیف مث

اَقَلّیّت (اَقَلْ لی یَت) کمی، تعداد میں کم ہونا؛ اصطلاحاً چھوٹی جماعت، فرقہ یا فریق۔
اَقْلام فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ قَلَم (رک) کی جمع۔
اَقْلَف فت ا، سک ق۔ صف۔ غیر ختنہ شدہ۔
اَقَلّیّت فت ا، ق؛ شد کس ل، شد فت ی۔ امث۔ کسی آبادی یاجمعیّت کا چھوٹا گروہ۔ جس کی تعداد کم ہو؛ چھوٹائی، چھوٹا پن، کم تعدادی۔
اِقْلیدِس کس ا، سک ق، ی مع، کس د۔ علم۔ تقریباً ۳۰۰ ق م کا یونانی مہندس جس سے ریاضی کی شاخ علم الاشکال یا جیومیٹری یا پیمائش زمین کا علم منسوب ہے؛ جیومیٹری (یونانی؛ Eukleides) نیز عام اُقلَیدَس۔ عام اُقلَیدَس۔
اِقْلیم کس ا، سک ق، ی مع۔ امث۔ دُنیا کے سات قدیم مفروضہ منطقوں میں سے ایک؛ ملک، ولایت (انگ: Clime، یونانی؛ Klima کی تعریب)۔
اِقْلیمیا کس ا، سک ق، ی مع۔ امث۔ سونے چاندی کا مَیل، کچرا یا زنگ۔
اَقْمار فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ قَمَر (رک) کی جمع۔
اَقْمِشَہ فت ا، سک ق، کسمج م، فت ش۔ ج مذ۔ کپڑے، پارچہ جات؛ گھریلو استعمال کی اشیاء۔ (واحد ع؛ قُماش کوڑا کرکٹ)
اُقْنُوم ضمہ ا، سک ق، و مع۔ امذ۔ بنیادی اصول، جوہر، عنصر، بنیادی مادہ، جمع اَقانیم۔
اِقْوا کس ا، سک ق۔ امذ۔ قافیے کا ایک عیب جبکہ حرف روی سے پہلے حروف کی حرکات مختلف ہو جائیں، م: اندلُس، مجلِس۔
اَقْویٰ فت ا، سک ق، ی غم۔ صف۔ زیادہ قوت والا، بہت قوی، محکم، مضبوط، قوی کا صیغۂ تفضیل (قول دلیل وغیرہ) ج: اَقْوِیا۔
اَقْوال فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ قَول (رک) کی جمع۔
اَقْوام فت ا، سک ق۔ ج مذ۔ قوم (رک) کی جمع،
اَقْوامِ مُتَّحِدَہ (مُتْ تَ حِ دَ) دنیا کے آزاد ممالک کامشترک ادارہ جو دوسری جنگ عظیم کے خاتمے پر قائم کیا گیا اور اس کا صدر دفتر نیویارک (امریکا) میں ہے۔
اَقْوِیا فت ا، سک ق، کس و۔ ج مذ۔ قوی، طاقتور لوگ، قَوی کی جمع۔
اِک کس ا۔ صف عددی۔ ایک (رک) کی تخفیف۔
اَکّا فت ا، شد ک۔ امث۔ بڑی بہن۔
اِکّا کس ا، شد ک۔ امذ۔ شمعدان جس میں ایک موم بتی یا ایک چراغ روشن ہو؛ تاش کا پتہ جس پر کسی رنگ کا ایک نشان بنا ہوتا ہے اور سب سے قیمتی شمار ہوتا ہے؛ جوشن، جس میں ایک نگ جڑا ہو؛ پہلوانوں کا لمبا بھاری مگدر، نیز رک؛ یکّا۔ مرکب اکّا دکّا، کوئی کوئی، بعضے بعضے خال خال، بہت کم۔
اَکابِر فت ا، کس ب۔ ج مذ۔ معزز، مقتدر، بڑے لوگ، آباء، پُرکھے، واحد کَبیر۔
اَکاج فت ا۔ امذ۔ نقصان، زیاں، خرابی، ف م؛ اکاجْنا: نقصان پہنچانا، صف اکاجی: مضر، نقصان دہ۔
اَکار فت ا۔ امذ۔ صورت، مورت، شبیہہ، اصلاً؛ آکار (۲) دیوناگری کا پہلا حرف آ (آکی)۔
اَکارا فت ا۔ امذ ۔ رک؛ عاقَر قَرحَہ؛ نیز بعض چَرچَٹا (رک)
اَکارَت فت ا، ر۔ صف ضائع ، برباد، لاحاصل۔
اَکاس بیل فت ا، ے مج۔ امث۔ ایک طفیلی بیل جس کی جڑ نہیں ہوتی اور زردی مائل ڈنڈیاں آس پاس کی ہر چیز پر لپٹی اور پھیلتی جاتی ہیں، افتیمون ہندی (لاط: Cuscuta Reflexa) نیز آکاش بیل۔
اِکاسی کس ا۔ عدد۔ اسّی اور ایک (۸۱)، نیز اِکّاسی، اِکیاسی (سک ک) صف اِکّاسِواں/

وِیں۔

آکاشی فت ا۔ امث۔ بارانی زمیں، [اصلاً : آکاشی]۔

اَکال فت ا۔ امذ ۔ قحط، خشک سالی، نیز عام کال، اَناج کال۔

اَکّال فت ا، شد ک۔ صف۔ جو بہت کھائے، کھاؤ، پیٹو؛ گلانے بھسم کر دینے والا، جیسے تیزاب؛ آکل کی تفضیل۔

اکالی فت ا۔ اسم جنس۔ سکھوں کا ایک جنگجو، نیلی پوش، فرقہ جس کی بنا گرو گوبند سنگھ نے ڈالی تھی (لفظاً اَمَر)۔نیز نِہنگ۔

اکانوے کس ا، سک ں، ے مج۔ عدد۔ نوے اور ایک (۹۱) صف اِکانواں نیز اِکّانوے/ اِکّانواں/ وِیں۔

اکاوَن کس ا، فت و۔ عدد۔ پچاس اور ایک (۵۱)، صف اِکاوَنواں/وِیں نیز اِکیاوَن (سک ک)، اِکّاوَن۔

اکائی کس ا۔ امث۔ ایک سے ۹ تک مجرد یا مفرد اعداد میں سے کوئی۔ وہ رقم جو صرف ایک عدد پر مبنی ہو۔ کسی پیمانے کا مقررہ نشان جو بنیادی اقل مقدار کو ظاہر کرے؛ وحدت، دوئی کی ضد۔

اِکْباب کس ا، سک ک۔ امذ۔ جُھکنا، سجدہ کرنا؛ مشغول، منہمک ہونا۔ اصطلاحاً (حیوانیات) چاروں پنجوں کے بل چلنا۔

اَکْبَر فت ا، سک ک، فت بـ صف ـ بہت بڑا، جسیم، عظیم؛(منطق) پہلا کُلّیہ جس پر استدلال مبنی ہو نیز کُبریٰ (کُب را) اصغر یا صغریٰ کے مقابل۔

اُکَت ضمہ ا، فت ک۔ صف۔ ساختہ، من گھڑت؛ تخلیقی، بنایا ، ایجاد، اختراع کیا ہوا م: اُکَت کہانی موضوعہ، فرضی قصہ۔

اِکْتالیس کس ا، سک ک، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور ایک (۴۱) صف اِکتالیسواں/ وِیں۔

اُکْتانا ضمہ ا، سک ک۔ ف ل۔ دل سیر ہوجانا، تنگ آ جانا، دلچسپی کھو بیٹھنا۔ جی اُچاٹ ہو جانا۔ اُکیف مث اُکتاہَٹ دل سیری، بے زاری، بے کیفی۔

اِکْتِراث کس ا، سک ک، کسمج ت۔ امذ۔ تردد، تشویش، پروا۔

اِکْتِساب کس ا، سک ک، کسمج ت۔ امذ۔ حاصل کرنا، اخذ کرنا، کمانا، حصول فیض یابی۔ صف۔ اِکْتِسابی: باہر سے پایا، کمایا، حاصل کیا ہوا، فطری و وہبی کی ضد۔

اِکْتِشاف کس ا، سک ک، کسمج ت۔ امذ۔ سربستہ چیز کو کھولنا، حقیقت پر سے پردا اُٹھانا، نامعلوم کو دریافت کرنا۔

اِکْتِفا کس ا، سک ک، کسمج ت۔ امذ۔ امث۔ کافی سمجھنا، قناعت کرنا، بس کرنا۔

اِکْتِناز کس ا، سک ک، کسمج ت۔ امذ۔ قوت ، صلابت، تنومندی۔

اِکَتّیس کس ا، فت ک، شد ت، ی مع۔ عدد۔ تیس اور ایک (۳۱) صف اِکَتّیسواں۔

اَکَٹ فت ا، ک۔ صف۔ ڈھیٹ، سخت؛ سخت جاں، اٹوٹ، اَبھنگ۔

اِکْٹا کس ا، سک ک۔ امذ۔ نگینوں کی گھسائی کرنے کی سان۔

اُکَٹْنا ضمہ ا، فت ک، سک ٹـ ف م۔ برائیاں منہ پر رکھنا یا زبان پر لانا، بُرا بھلا کہنا، بے باکی سے یا بار بار طعن و تشنیع کرنا۔ نیز (اَفصح) اُگٹنا، اُگھٹنا۔

اِکَٹّھا کس ا، فت ک، شد ٹھ۔ صف۔ یکجا، مجتمع، مُتَّحِد، پاس پاس؛ سمٹا، جڑا ہوا، بکھرا، متفرق کی ضد۔

اَکْثَر فت ا، سک ک، فت ثـ صف۔ م ف بہت سے، زیادہ تر؛ بسا اوقات، بیشتر، عموماً ا کیف۔ مث۔ اَکْثَرِیَّت (اَ کْ ثَ رِ یَت) تعداد میں زیادہ ہونا؛

بڑا طبقہ، گروہ جماعت یا فرقہ۔

اَکحَل فت ا، سک ک، فت ح۔ امث۔ بازو کی بڑی رگ یا ورید۔

اَکَّر فت ا، شد فت ک۔ امذ ۔ ایک پالتو کبوترجو لقا کی طرح سینہ اُبھارتا ہے۔

اَکْرا (۱) فت ا، سک ک۔ امث۔ گیہں کے کھیت میں اُگنے والا خود رو پودا جس کی پھلیوں کے سیاہ دانے بعض اوقات گیہوں کے ساتھ مل کر آٹے میں اکلاہٹ پیدا کر دیتے ہیں (لاط: Vicia Sativa)

اَکْرا (۲) فت ا، سک ک۔ صف۔ (وہ شے) جس کے دام بازار میں چڑھے ہوئے ہوں۔

اِکْرام (۱) کس ا، سک ک۔ امذ۔ عزت، توقیر، لطف، عنایت۔

اِکْرام (۲) کس ا، سک ک۔ امث۔ لوہے کا حلقہ جس میں چٹخنی چڑھائی جاتی ہے۔

اِکْراہ کس ا، سک ک، ہ ملفوظ۔ امذ۔ جبر، مجبور کرنا زبردستی۔

اَکْرَم فت ا، سک ک، فت ر۔ صف۔ کَرِیم (رک) کی تفضیل۔

اَکَرْما فت ک، سک ر۔ صف۔ نکما، ناکارہ، نکھٹّو۔

اَکْرَوڑا فت ا، سک ک۔ و مع۔ امذ۔ زچگی کے بعد زچہ کی طہارت یا آبدست کے لیے تیار کیا جانے والا پانی؛ نیز اَکْڑورا۔

اَکَڑ فت ا،ک ۔ امث۔ تناؤ، جسم کو تاننا؛ نخرہ، نخوت، تکبر۔ مرکب اَکَڑفُوں: تنتنا، بدمزاجی، تیہا، تیور۔

اَکَّڑ فت ا، شد فت ک۔ صف۔ بد مزاج، ہیکڑی باز۔ امذ۔ اَکَّڑ بَکَّڑ چھوٹے بچوں کا ایک کھیل اور اس میں بولے جانے والے بول۔

اَکَڑنا فت ا، ک، سک ڑ۔ ف ل۔ جسم کو تاننا، اینٹھنا، بل بھرنا؛ کسی عضو کا آم جانا، سخت ہو جانا، ہلنے جلنے میں تکلیف دینا، سردی سے ٹھٹھرنا۔

اُکْڑُوں ضمہ ا، سک ک، و مع، غنہ۔ م فہ گھٹنے پیٹ سے ملا کر تلووں کے بل بیٹھنا۔

اِکْزاز کس ا، سک ک۔ امذ۔ سکڑنا، سُوکھنا۔

اُکْسا ضمہ ا، سک ک۔ امذ۔ پانی کی زیادتی سے پودوں کی جڑوں کے گل جانے کی کیفیت م: اُکسا لگنا۔

اِکْساد کس ا، سک ک۔ امذ۔ آکسیجن پیدا ہونے کا عمل (انگ: Oxidation)

اِکْسار کس ا، سک ک۔ صف۔ یکساں ، ہموار، مسطح نیز یَکسار۔

اُکْسانا ضمہ ا، سک ک۔ ف م۔ چراغ کی لو کو تیز کرنا؛ شہ دینا، تاؤ دلانا۔

اِکْسَٹھ کس ا، سک ک، فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور ایک (٦١) صف اِکْسَٹھواں/ وِیں۔

اَکْسُوں فت ا، سک ک، و مع۔ امذ۔ ایک قیمتی سیاہ ریشمی ساٹن جو شاہانہ لباس میں استعمال ہوتی تھی۔ نیز اَکْسُون۔

اِکْسِیر کس ا، سک ک، ی مع۔ امث۔ مفروضہ کیمیائی شے جو معمولی دھات کو سونا بنا سکتی تھی؛ جان بچانے اور مریض کو شفا دینے والی دوا؛ مؤثر، تیر بہدف نسخہ یا علاج۔

اَکْشَر فت ا، سک ک، فت ش۔ امذ۔ حرف بول، لکھا ہوا بول، نیز اَچّھَر اَنْچھَر [اصلاً: جو کھُرچا یا مٹایا نہ جا سکے؛ کھشر کھودا ہوا]۔

اَکْل فت ا، سک ک۔ امذ۔ کھانا، پیٹ بھرنا؛ غذا، ان مرکب اَکلِ حَلال: وہ روزی جو جائز ذریعے سے حاصل کی گئی ہو۔

اَکْلانا فت ا، سک ک، ف ل۔ کسمسانا، بے چین ہونا، رکنا، الگ تھلگ رہنا؛ کلَونس آ جانا۔

اَکْلاہَٹ فت ا، سک ک۔ امث۔ ذائقے کی کسی قدر ناگواری، ایک طرح کا کسیل پن۔

اَکَل کُھرا فت ا، ک، ضمہ کھ۔ صف۔ الگ تھلک رہنے والا، بے مروّت۔ اکیف مذ **اَکل کُھرا پن**۔ مث **اَکل کُھری**۔

اِکْلَوتا کس ا، سک ک۔ ولین۔ وہ بیٹا جو والدین کی اکیلی اولاد ہو؛ اکیلا بیٹا جس کا کوئی بھائی نہ ہو؛ وہ رشتہ دار جس کی مِثل دوسرا نہ ہو م: اکلوتا بھائی، داماد، سالا، مث **اِکْلَوتی**۔

اِکْلِیل کس ا، سک ک، ی مع۔ امذ۔ تاج، افسر، کلاہ شاہی؛ سورج سے پھوٹنے والی شعاعوں کا حلقہ یا ہالہ؛ بعض پھولوں کے پیندے میں لگی ہوئی زائد پتیاں۔ مرکب **اِکْلِیل اُلْمَلِک** (لُل مَ لِک) ایک پودے کی ہلالی شکل کی پھلی جس کے اندر خشخاش سے زیادہ باریک بیج ہوتے ہیں۔ (لاط: Melilotus Officinalis)

اَکَمّ فت ا، ک۔ صف۔ بھرپور، مفرط، فراواں، تراکیب میں م مشدد م: **اَکَمّ وَ اَتَمّ** ۔ پورا، کامل، حتمی۔

اِکْمال کس ا، سک ک۔ امذ ۔ مکمل ہونا، کمال کو پہنچنا۔

اِکْمامَہ کس ا، سک ک ۔ فت م۔ امذ۔ پھول کی پیالی یا پیندی جو سبز پتیوں سے بنی ہوتی ہے۔

اَکْمَل فت ا، سک ک، فت م۔ **کامل** (رک) کی تفضیل۔ اکیف مث۔ **اَکمَلِیّت** (ا ک مَ لی یَت) کامل ترین ہونا۔

اَکْمَہ فت ا، سک ک، فت م۔ ہ ملفوظ۔ صف۔مادر زاد نابینا۔

اِکَن کس ا، فت ک۔ امذ۔ اِکائی م: دو اِکی دو، یعنی دو کی اکائی دو۔ یہ لفظ پہاڑے دوہرانے میں استعمال ہوتا ہے۔

اَکْناف فت ا، سک ک۔ ج مذ۔ اطراف و جوانب پہلو ۔ [ع: واحد، **کَنَف** (فت ک ن)]۔

اَکَنگ کس ا، فت ک، غنہ ۔ صف ، اکیلا، واحد، گدکے کا وار۔

اِکَنّی کس ا، فت ک، شد ن۔ امث۔ ایک آنے یا چار پیسے کی مالیت کا سابق سکہ۔

اَکَوّا فت ا، ک، شد و۔ امذ۔ **آکھ** (رک) نیز **اکوڑا، اکون**۔

اَکْوان فت ا ، سک ک۔ ج مذ۔ تمام عالم یا عوالم۔ **کَون** کی جمع۔

اَکْوانا فت ک، سک ک۔ ف م۔ مالیت کا تخمینہ لگوانا، خصوصاً زیور کے لیے مستعمل، **آنکنا** کا متعدی امث **اَکوائی**: آنکنے کا معاوضہ یا آنکنے کا عمل۔

اِکْوانجھ کس ا، سک ک، غنہ۔ امث۔ وہ عورت جس کے ایک ہی اولاد ہو کر رہ جائے؛ نیز **اِکَونج** (ولین)۔

اِکْواہی کس ا، سک ک۔ صف۔ ایک پہلو یا ایک سمت کا، ایک طرف جُھکا ہوا، ایک ہی طرف کھلنے والا (بند، آبپاشی کا نالہ وغیرہ)؛ایک ٹانگ اٹھا کر چلنے والا (گھوڑا)۔

اِکَوتا کس ا، ولین۔ امذ۔ داد کا مرض۔

اَکُول فت ا، و مع۔ صف۔ پیٹو، کھاؤ، بسیار خور، اکال۔

اَکوڑا فت ا، ولین۔ امذ۔ رک: **آکھ**۔

اَکوَل فت ا، و مج۔ امذ۔ رک **اَنکول**۔

اَکولا فت ا۔ ومج۔ امذ۔ لوہے کا گھریلو چولھا، گنے کی اوپری پور جو عموماً پھیکی ہوتی ہے۔

اَکَون فت ا، و لین۔ مذ رک : **اکوّا، آکھ**۔

اِکَونا کس ا، و لین۔ صف ۔ پھٹکا، بینا، چنا ہوا (اناج)۔

اِکَونج کس ا، و لین، غنہ۔ امث ۔ رک: **اکوانجھ**۔

اَکَونڈی فت ا، و لین، غنہ ۔ امث۔ بھٹی کی آگ کریدنے کا آہنی گز، آنکڑی۔

اُکَونی ضمہ ا، و لین۔ امث۔ ابکائیاں لینے والی حاملہ

عورت۔ امذ۔ اَکَونا اُبکائی محاورہ اَکَونے لگنا پے بہ پے اُبکائی آنا۔

اِکْھرا کس ا، فت مج ک، سک ہ۔ صف مذ۔ بغیر تہہ کیا ہوا، اوپرا، ڈبل، موٹا، کی ضد؛ ہلکا م: اکھرا زیور ہاتھ گلے وغیرہ کی ایک ایک چیز یا رقم، مرکب اکھرا پَردہ معمولی ، خفیف رسمی حجاب۔

اکّی کس ا، شد ک۔ امث۔ آکھ کی قسم کا ایک صحرائی پودا، نیز اکیا۔

اکْیاسی کس ا، سک ک۔ عدد۔ اسی اور ایک (۸۱) نیز اِکاسی صف اکیاسی واں۔

اکْیانوے کس ا، سک ک، ن۔ عدد۔ نوے اور ایک (۹۱) نیز اکانوے صف اکیانواں/ ویں۔

اکْیاوَن کس ا، سک ک، فت و۔ عدد۔ پچاس اور ایک (۵۱) صف نیز اکاوَن/اِکّاوَن۔ اکیاوَن واں/ ویں۔

اَکید فت ا، ی مع۔ صف۔ حتمی، پُرزور، موکّد، وکید۔ مرکب تاکید اکید باصرار ہدایت، سختی سے جتانا۔

اکّیس کس ا، شد ک، ی مع۔ عدد۔ بیس اور ایک (۲۱) صف اکّیسواں/ ویں۔

اَکیل فت ا، ے مع۔ امث۔ تنہائی، نیز امذ۔ اکیل پَن، صف اکیلا تنہا نیز امذ۔ سناٹا، تنہائی (رک) اکیلا دُکیلا تنہا، اِکا دُکا، ایک آدھ۔

اُکیلنا ضمہ ا، ے مع، سک ل۔ ف م۔ چھیلنا، ناخن سے کُٹکنا؛ چھلکا اتارنا؛ بل نکالنا، گرہیں کھولنا۔

اَکھات فت ا۔ امث۔ دریا کی شاخ۔

اُکھاری ضمہ ا۔ امث۔ گنے کی نئی پور نیز اکھاڑی۔

اُکھاڑنا ضمہ ا، سک ڑ۔ ف م۔ جڑ سے کھینچنا، بیخ کنی، ڈھانا، زبردستی ہٹانا، چپکی ہوئی چیز کو چھڑانا، مرکب مث اُکھاڑ پچھاڑ: تخریبی کارروائی، انقلابی عمل، شدید ردّو بدل۔ نیز اکھیڑنا۔

اَکھاڑا فت ا۔ امذ۔ کُشتی لڑنے کا پالا، پہلوانوں کا اڈا؛ پرا، جمعیت م: پریوں کا اکھاڑا پریوں کا جمگھٹا۔

اُکھاڑی ضمہ ا۔ امث۔ گھٹیا قسم کی ریکھ جس میں رس اور مٹھاس کم ہو۔

اُکھال ضمہ ا۔ امذ۔ متلی، قے، نیز اُچھال۔

اَکھانی فت ا۔ امث۔ ایک سستی قسم کی جوار جو جانوروں کے چارے کے کام آتی ہے۔

اُکھانی ضمہ ا۔ امث۔ روڑی کنکر وغیرہ سمیٹنے کا پھاوڑا جس کا پھل پنجشاخہ ہوتا ہے۔

اَکھَت فت ا کھ ۔ امث۔ فصلانہ، فصل پر گانو کے خدمت گزاروں کاریگروں وغیرہ کو دیا جانے والا اناج، اگوار۔

اِکَھتّر کس ا، فت کھ، شد فت ت۔ عدد۔ ستر اور ایک (۷۱) صف اِکھترواں/ ویں۔

اِکَھٹّا کس ا، فت کھ، شد ٹ۔ صف۔ رک: اکٹّھا۔

اُکَھٹنا ضمہ ا، فت کھ، سک ٹ۔ ف ل۔ جڑ ہلنے کے سبب پودے کا نااستوار ہو جانا، ٹھوکر کھانا۔

اَکْھرا فت ا، سک کھ۔ صف۔ وہ کھیت جس میں کٹی ہوئی فصل کی جڑیں صاف نہ کی گئی ہوں۔

اُکْھرا ضمہ ا، سک کھ۔ امذ۔ کنویں کے منہ کے ارد گرد کی بلی، جن کے درمیان چرخی کا دُھرا لگا ہوتا ہے۔

اُکْھراج ضمہ ا، سک کھ۔ امث۔ گنے کی پور کھیت میں منتقل کرنے کا زمانہ۔

اَکْھرالی فت ا، سک کھ۔ امث۔ جنگلی جانوروں کے سستانے کا ٹھکانا۔

اَکَھرنا فت ا، کھ، سک ر۔ ف ل۔ کَھلنا، ناگوار گزرنا، چُبھنا۔

اکھری فت ا، سک کھ۔ امث۔ بجائی کرنے کا قیف نما پیالہ۔

اکھڑ فت ا، شد فت کھ۔ صف۔ تند مزاج، درشت، اکڑنے والا۔

اکھڑنا ضمہ ا، فت کھ، سک ڑ۔ ف ل۔ **اکھاڑنا** (رک) کا لازم۔

اکھنڈ فت ا کھ، سک ن۔ صف۔ سالم، پورا، سارا کا سارا، جو ٹوٹا بکڑا نہ ہو، جو استعمال میں آ کر جھوٹا نہ ہوا ہو، نیز **اکھنڈت**۔

اکھنڈ فت ا کھ، سک ن۔ امذ (ماہی گیری) تالاب کے کنارے پر گھرا ہوا اتھلے پانی کا قطعہ جس میں سے مچھلیاں نکل کر نہ جا سکیں۔

اکھنڈت فت ا، کھ، سک ن، کس ڈ۔ رک **اکھنڈ**۔

اکھوا فت ا، سک کھ۔ امذ۔ پھوٹا ہوا، بیج، بیج میں سے نکلنے والی پہلی پتی؛ بانس گنے وغیرہ کی پور پر نئی شاخ کا پھٹاؤ۔

اکھو مکھو فت ا، شد کھ، و مج، فت م۔ امث۔ آنکھ اور مکھ۔ وہ بول جو چھوٹے بچوں کو بہلانے کے لیے بولے جاتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے منہ اور آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں جیسے پہلے چراغ کی طرف لے جاتے ہیں، پھر منہ کی طرف لاتے ہیں۔ ف مر، **اکھو مکھو کرنا**، اکھو مکھو میاں کو اللہ رکھو کہنا اور بچے کے منہ پر ہاتھ پھیرنا۔

اکھیڑنا ضمہ ا، ے مج، سک ڑ۔ ف م۔ رک؛ **اکھاڑنا**۔

اگاچی فت ا۔ امث۔ چھوٹا برآمدہ یا بالکونی؛ نیز **اگاسی**۔

اگار فت ا۔ امذ۔ محل، حویلی۔

اگارنا ضمہ ا، سک ر۔ ف م۔ کنویں کی صفائی کرانا، کنواں الیچنا۔

اگاڑا فت ا۔ امذ۔ مکان کے سامنے کا میدان یا صحن۔

اگاڑی فت ا۔ امث۔ آگے کا حصہ، سامنے کا رخ؛ ترازو کا وہ پلڑا جس میں تولنے والی جنس رکھتے ہیں۔ مرکب **اگاڑی پچھاڑی**: جانور کے اگلے اور پچھلے پیروں میں باندھ کر کھونٹے سے باندھنے والی رسیاں۔

اگاس ضمہ ا۔ امث۔ روئیدگی، نمو؛ اگنا، پھوٹنا۔

اگاسی فت ا۔ امث۔ رک؛ **اگاچی**۔

اگال ضمہ ا۔ امذ۔ اگلا ہوا، نوالہ، تھوکا ہوا پان۔ مرکب **اگال دان**: تھوکنے کا برتن۔

اگانا ضمہ ا۔ ف م۔ بونا، کاشت کرنا۔

اگاہنا ضمہ ا، سک ہ۔ ف م۔ وصول کرکے لانا، جمع کرنا (کرایہ وغیرہ) امث **اگاہی**: وصولی کا کمیشن یا کام نیز **اگھانا/ اگھائی**۔

اگایا فت ا۔ امذ۔ اگلا حصہ، سامنے کا رخ۔

اگت ضمہ ا، فت گ۔ امث۔ خوش اسلوبی، خوش ادائی، سلیقہ۔

اگتاپیچی ضمہ ا، سک گ، ے مج۔ امث۔ لتاڑ، جلی کٹی سنانا۔ طعنے مہنے دینا۔

اگٹنا ضمہ ا، فت گ، سک ٹ۔ ف م۔ برائیاں منہ پر رکھنا، عیب گنانا؛ کہی ہوئی بات کو دوہرانا؛ دو بدو کرنا۔

اگڈھ فت ا، گ۔ امث۔ وہ خوشہ جس میں دانے نہ ہوں، بے دانوں کے بالی۔

اگر (۱) فت ا، گ۔ حرف شرط۔ جو یوں ہو یا ہوتا، بشرطیکہ؛ بالفرض مخفف، **گر** (اس کا حرف جزا تو ہے) اگر چاہو تو چلو۔ مرکب **اگرچہ** (چ/ چے) گوکہ، مانا کہ، باوجود یکہ، ہر چند (اس کا حرف جزا مگر یا لیکن ہے) اگرچہ جانتے ہیں، لیکن مانتے نہیں۔ نیز بمعنی اگر (متروک)-امث **اگرمگر**: حیل حجت، پس و پیش، عذر معذرت۔

اگر (۲) فت ا، گ۔ امذ۔ ایک پہاڑی درخت کی لکڑی

جو سلگ کر خوشبو دیتی ہے۔ عُود البُخور بھاری ہوتی ہے اور پانی میں ڈوب جاتی ہے اس لیے **اگر غَرَقی** بھی کہتے ہیں۔ (لاط: Aniyous Aequilaria) مرکب مث، **اگر بَتّی**: خوشبودار مسالہ چڑھی ہوئی تیلی جسے درگاہوں ، محفلوں وغیرہ میں خوشبو کے لیے سُلگاتے ہیں۔ امذ **اگردان**: اگر کی بتیاں سجا کر لگانے کا سوراخ دار ظرف، نیز امذ **اگر سوز**، امذ **اگرگُل** (ضمہ گ) مزارات وغیرہ پر اگر بتّیاں سلگانے اور پھول چڑھانے کی رسم۔ صف **اگرَئی**: زرد مٹیالا، اگر کے رنگ کا؛ نیز **اگرَنگ، اگری، اگْری**۔

اگْرَش فت ا، سک گ، فت ر۔ امذ۔ ایک بحری سَیلانی پرندہ جو وسط ایشیاء کے علاقوں سے آتا ہے۔

اگر ہار فت ا گ، سک ر۔ امث۔ وہ املاک جو پول، دیوتا کے نام وقف کر دی جائے۔

اگْڑم بَگْڑم فت ا، سک گ، فت ڑ، بہ صف ۔ امذ۔ اناپ شناپ، گڈ مڈ، فضول مہمل بات، بےترتیب کاٹھ کباڑ۔

اگّل فت ا، شد فت گ۔ امث۔ دروازے میں لگی ہوئی گھومنے والی لکڑی یا سلاخ جسے اندر یا باہر دونوں طرف سے گھما کر دروازہ کھولا جا سکے، پُرامن، پتراوَند۔

اگْلا فت ا، سک گ۔ صف۔ آگے کا ، سامنے کا، بعد کا، دوسرا، پہلا؛ گزرا ہوا، م: اگلے سال ہو آئے تھے، آئندہ آنے والا م: اگلے سال جائیں گے۔ مرکب: **اگلا پِچھلا**: ولی وارث، عزیز قریب؛ بقایا، چڑھا ہوا (حساب ، قرضہ)۔

اُگْلنا ضمہ ا، فت گ، سک ل۔ ف م۔ تھوکنا، حلق یا منہ سے نکالنا، چھپائی ہوئی بات کو کہہ ڈالنا؛ ف ل میان میں سے نکل پڑنا، (تلوار، خنجر وغیرہ کے لیے)۔

اگم فت ا، گ ۔ صف۔ گہرا، عمیق، اتھاہ، دقیق، پرمعنی۔ نیز **اگھم**۔

اگن فت ا، گ۔ امث۔ آگ؛ سوزش ، جلن؛ نیز **اگنی** آگ۔ مرکب صف **اگن باد**: گھوڑے کا ایک جلدی مرض جس میں کھال گل جاتی ہے۔ **اگن بان** خدنگا ۔ امذ/ امث **اگن بوٹ**: دُخانی کشتی (ا + انگ Boat) **اگن پَریکشا**: بے گناہی ثابت کرنے کے لیے انگاروں پر چلنا، نیز **اگن پَرچّھا**۔ صف **اگن روک**: (و مج) جس پر آگ اثر نہ کرے امذ **اگن گولا**: آتش بازی جو اڑ کر اوپر جاتی اور پھول برساتی ہے، تارا مَنڈل، **اگن ہوتری**: اگنی پوجا یا ہَوَن کرانے والا برہمن۔

اگن فت ا، گ۔ امذ ۔ چڑیا کے برابر ایک چھوٹا خوش آواز پرندہ، چنڈول کی ایک قسم۔

اگُن فت ا، ضمہ گ۔ صف۔ نالائق، بے ہنر۔

اُگْنا فت ا، سک گ۔ ف ل ۔ زمین میں سے پھوٹنا، اُپجنا، پیدا ہونا، نُمو، ظُہور کرنا۔

اگْنی فت ا، سک گ۔ امث۔ آگ، نیز رک **اگن**۔

اگْوا فت ا، سک گ۔ امذ۔ آگے چلنے والا، راستے دکھانے والا، رہبر؛ نمائندہ۔

اگْوار فت ا، سک گ۔ رک۔ **اکَھت**۔

اگْواڑا فت ا، سک گ۔ امذ۔ مکان کے آگے کا حصہ، یا کھلا صحن؛ سامنے کا علاقہ، پچھواڑا کی ضد۔

اگْواسی فت ا، سک گ۔ امث۔ ہل کی آگے کی لکڑی جس میں بھال جڑی ہوتی ہے۔

اگْوانی فت ا، سک گ۔ امث۔ پیشوائی، استقبال، آگے بڑھ کر ملنا۔

اگْوائی فت ا، سک گ۔ امث۔ چولھے کا آگے کا حصہ، راہا، گھئی۔

اگور فت ا، و لین۔ امذ ۔ لگان کا پیشگی وصول کیا جانے والا حصہ، پیشگی ادائگی، اجرت وغیرہ۔

اگور فت ا، و مج۔ امذ۔ کھیت کا رکھوالا۔ ف م۔

اگَوْرنا رکھوالی کرنا۔

اگَوَل فت ا، ولین۔ امذ ۔ اِیکھ کی ایک ادنیٰ قسم جس سے زیادہ تر سِرکہ بناتے ہیں۔

اگِیا گھاس فت ا، سک گ۔ امثہ آگ کی تصغیر، ایک پودے کی پتّی جس کا مزا قدرے ترش ہوتا ہے؛ رُوا گھاس (لاط: Andropogan Schoemanthus) امذ ۔ اگِیا بیتال: غُول بیابانی۔ صحرا یا شمشان میں دور سے چمکنے والی روشنی، جو ہڈّیوں کے فاسفورس سے پیدا ہوتی ہے۔

اگِیاری فت ا، سک گ۔ امثہ دھونی، آگ پر ہَوَن کے لیے گھی، چاول، خوشبویات، چھڑکنا۔

اگِیان فت ا، سک گ۔ صف۔ امذ۔ غافل، ناواقف، انجان، نیز اگِیانی؛ انجان پن؛ جہالت، نادانی۔

اگِیت فت ا، ے لین۔ امثہ تعمیر کا اندرونی حصہ، پچھیت کی ضد۔

اگِیتا فت ا، ے لین۔ صف۔ فصل کا پہلا پھل۔ مثہ اگِیتی: پہلے پھلنے والی فصل۔

اگھانا ضمہ ا۔ ف م۔ رک: اگاہنا۔

اگھم فت ا، گ۔ صف۔ رک اگم۔

اگھن فت ا، گھ۔ امذ۔ ہندی سال کا نواں جاڑے کا مہینہ، پُوس سے پہلے۔

اگھوَر فت ا، و مج۔ صف۔ میلا، گندا، بدہیئت، ڈراؤنا، ہیبت ناک۔ شِوجی کا ایک لقب، اگھوَر پَنتھی شِوجی کے پجاریوں کا ایک گروہ۔

اَل فت ا۔ حرف تخصیص و تعریف جو عربی الفاظ و اسماء سے پہلے آتا ہے م: الرّحمٰن (اَرْ رَحْمان) وہ جو رحمٰن ہے؛ الحمد: تمام تعریف۔ کلمۂ فجائیہ م: العَطَش = ہائے پیاس؛ اَلاَمَان، اَلحَفیظ، اَلمَدَد؛ کلمہ تنبیہہ م: اَلحَذَر (فت ح ذ) بچو ، پرہیز کرو اَلرَّحِیل (اَر رَحیل) = اب کوچ کا وقت ہے؛ قافلے کے چلنے کے وقت کی پکار۔ فقرات: اَلاَقَارِبُ عَقَارِبُ (اَل۔ اَقارِبُ عَقارِبُن) رشتے دار بچھوؤں کی طرح ہیں، اکثر اپنوں سے ضرور پہنچتا ہے۔ اَلاَمْرُ فَوقَ اْلاَدَب (اَل اَمْ رُ فَو قَل اَدَب) حکم بجا لانا تکلفات پر مقدم ہے، ایسے موقع پر جب کوئی بڑا کسی ایسے کام کے لیے کہے جس سے اس کے ساتھ گستاخی لازم آئے مثلاً میرے کاندھوں پر چڑھ کر مچان پر سے کتاب اُتارو۔ اَلاِنسَانُ مُرَکَّبٌ مِن اْلخطاءِ وَالنِّسیان (اَل اِنْ سانُ مُ رَکْ کَ بُم مِ نَل خَ تاءِ وَنْ نِسْ یان) انسان سے خطا ہونا فطری بات ہے، انسان خطاؤں کا پتلا ہے۔ اَلسَّعْیُ مِنّی وَاْلاِ تْمَامُ مِنَ اللہ (اَ سْ سَعْ یُ مِنْ نی وَل اِتْ مامُ مِ نَلْ لاہْ) کوشش میرا کام ہے، تکمیل اللہ کے ہاتھ میں۔ اَلسَّفَرُ وَسِیلَۃُ الظَّفَر (اَسْ سَ فَ رُ وَ سِی لَ تُز زَ فَر) سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔ اَلشُّعَراءُ تَلامیذُ الرَّحمٰن (اَش شُعَ را ءُ تَ لا می ذُ رْ رَ حْ مان) شاعر براہ راست خدا سے علم پاتے ہیں۔ اَلعِلْمُ حِجابُ الاَکْبَر (اَلْ عِلْ مُ حِ جا بُل اَ کْ بَر) علم ہی عقل کا پردہ ہے۔ اَلعِلْمُ عِنْدَاللہ (اَلْ عِلْ مُ عِنْ دَلْ لاہ) خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ القاسِمُ مَحْرُومُ (مَح رُومُنْ) بانٹنے ولا ہی اپنے حصے سے محروم۔ اَلقَرضُ مِقْراضُ الْمَحَبَّت (اَل قَرْ ضُ مِقْ را ضُل مَ حَبْ بَت) قرض قطع محبت کا سبب بن جاتا ہے۔ اَلنَّاسُ عَلیٰ دِینِ مُلُوکِہِم (اَنْ ناسُ عَ لَا دِی نِ مُ لُو کِ ہِم) لوگ اپنے حاکموں کے عقائد پر چلتے ہیں۔ اَلآن اِس وقت۔

اَلا فت ا۔ حرف ندا۔ سُنو! خبر دار ہو جاؤ!

اِلّا کس ا، شد ل۔ حرف اِستثنا۔ سوائے، بجز، فقرہ اَلاَّ اللہ (اِلْ لَلْ لاہ) سوائے خُدا کے کلمۂ طیّبہ کی تخفیف، عموماً ہمت باندھنے بندھانے یا عزم کرنے کے موقع پر م: اِلّااللہ کر کے اٹھ بیٹھو۔ اِلّا ماشاءَ اللہ (ما شا اَل لاہْ) سوائے بعض مستثنیات کے، بعض کے سوا۔ م: اِلّا ماشاءَ اللہ سبھی اس دھوکے میں آ جاتے

ہیں۔

اَلّا کس ا، شد ل۔ امذ۔ گیڑیوں کے کھیل میں چوٹ لگانے کے لیے رکھی جانے والی پہلی گیڑی نیز اَلّو (و مج)۔

اَلا بَلا فت ا، بہ امشہ متفرق، اَلم غَلم چیزیں۔

اَلاپ فت ا۔ امشہ امذ۔ گانے کے بول شروع کرنے سے پہلے راگ کے سُروں کی مشق۔ ف م/ ل اَلاپنا گانا، سُر نکالنا، تان لینا، نیز الاپ لینا، صف اَلاپیا الاپ لینے والا۔

اِلاچہ کس ا، فت چ۔ امذ۔ ایک طرح کا دھاریدار ریشمی کپڑا جو ملتان کے علاقے میں بنتا ہے۔ اِلاچ/ چا۔نیز اَلاچہ (فت ا)۔

اِلاچی کس ا۔ امشہ رکـ: اِلائچی۔ [فـ: اِلاچی، س: اِلاکا]۔

اُلار ضمہ ا۔ صفہ زیادہ بوجھ کے باعث ایک طرف کو جُھکا ہوا تانگہ گاڑی وغیرہ، نیز اُلارُو (و مع) اُلانک۔

اَلاراسی فت ا۔ صفہ بے پروا، کاہل، نکما، من موجی (عورتوں کا کلمہ)۔

اُلاغ ضمہ ا۔ امذ۔ خچر، ٹٹو، نیز اُلاق۔

اَلَاّ لَانا فت ا، سک ل۔ ف ل۔ زور شور دکھانا، ایک دم چڑھ دوڑنا۔ م ف اَل اَلا کے (ادبدا کے)۔

اَلْاَمان فت ا، سک ل۔ فجائیہ۔ پناہ مانگنے کی پکار، نیز اَلْاَمانَ اَلْحَفیظ رکـ حفیظ۔

اَلّانا فت ا، شد ل۔ ف ل۔ کراہنا۔

اُلانْگنا ضمہ ا، غنہ، سک گ۔ ف م۔ پھلانگنا، نیز لانْگنا۔

اَلاوا فت ا۔ امذ۔ رکـ: اَلاؤ۔

اِلٰہ کس ا۔ خدا، اللہ، معبود، دیوتا، وہ جس کی پرستش کی جائے، امث، اِلٰہہ دیوی۔ ج آلِہَ (آلِ ہَ) حرف ندا، تخاطب، اِلٰہا اے خدا! نیز اِلٰہی میرے خدا۔

اُلاہنا ضمہ ا، سک ہ۔ امذ۔ الزام، دوش، شکوہ، شکایت، طنز۔

اِلٰہی کس ا۔ حرف ندا۔ صفہ اے میرے خدا، عموماً حیرت یا خوف کے موقع پر مستعمل م: اِلٰہی خَیر۔ مرکب اِلٰہی خَرچ لمبا چوڑا خرچ، شہ خرچی۔

اِلٰہیّات کس ا، ہ، شد ی۔ امشہ مذہبیات کا مطالعہ، تصوف، فلسفہ۔

اِلائچی کس ا، کسمج ء۔ امشہ ایک یک ساقہ پودا جو ڈیڑھ دو گز تک بلند ہوتا ہے، پتّے انار کے پتوں جیسے، پھول چھوٹا سفید مائل بسرخی، باقلے کے پھول سے ملتا ہوا، نیز اس کی پھلی جو چھوٹی لنبوتری سہ پہلو، سبز زردی مائل ہوتی ہے اور اِلائچی خُوْرد (خُرد) یا چھوٹی اِلائچی کہلاتی ہے۔ اس کے اندر خوشبو دار سیاہ بیج ہوتے ہیں۔ کھانوں میں ذائقے کے لیے، پان میں، نیز دواءً استعمال ہوتی ہے۔ (لاط: Cardamomi Semina)

الائچی کلاں یا بڑی الائچی اسی قبیل کی ایک بڑی پھلی ہے جو اسی طرح کے پودے پر لگتی ہے، یہ کھانوں کے مسالے میں عموماً شامل ہوتی ہے (لاط: Amomum Subulatum)۔ نیز اِلاچی امذ۔

الائچی دانہ: اِلائچی کے دانے پر شکر چڑھا کر بنائی ہوئی میٹھی کھیل [اصلاً: الا کی تصغیر ف: الاچی، س: اِلاکا]۔

اَلاؤ فت ا،و مج۔ امذ۔ اُپلوں یا لکڑیوں کی آگ جو بغیر چولھے کی سُلگائی جائے۔

اَلْبیٹ فت ا، سک ل، ے مج۔ امشہ بل جو رسی، ڈوری، وغیرہ کو مروڑ کر ڈالا جائے۔

اَلْبیلا فت ا، سک ل، ے مج۔ صفہ طرحدار، بانکا، چھبیلا (شخص)؛ دلکش، انوکھا، (موسم گانا وغیرہ) امث، اَلْبیلی۔

اَلْپ فت ا، سک ل۔ صف۔ چھوٹا، خورد ادنیٰ۔

آلپاکا فت ا، سک ل۔ امذ ۔ جنوبی امریکا کے جانور لاما کی ایک قسم جس کے اون سے ایک طرح کا کپڑا بُنا جاتا ہے جو اسی نام سے مشہور ہے، نیز اسی سے ملتا ہوا ایک سوتی کپڑا، عام آلپکا۔

اِلتِباس کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ اشتباہ ، مغالطہ، دھوکا، ذہنی اُلجھن، ایک چیز پر دوسری چیز کا شبہ ہونا۔

اِلتِجا کس ا، سک ل، کسمج تـ امثـ درخواست، کسی خواہش کا عاجزانہ اظہار، اِستدعا۔

اِلتِحام کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ جوڑ، وصل، پیوند، ملانا، جوڑنا۔

اِلتذاذ کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ لطف اندوزی، مزا لینا۔

اِلْزاق کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ ۔ چسپیدگی، چپکنا، پیوست ہونا، نیز اِلتِصاق۔

اِلْتِزام کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ ضروری، لازم قرار دینا، پابندی کرنا، م فـ بِالْاِلْتِزام (بِل اِل تِ زام) پابندی کے ساتھ، لازماً، مسلسل، متواتر، نیز اِلتِزاماً (اِل تِ زا مں)ث

اِلتِصاق کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ رک: اِلتِزاق۔

اِلتِفات کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ توجہ، رُخ دینا، دھیان دینا؛ شفقت، خیال داری۔

اِلتِفاظ کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ لکھنا، رقم کرنا، لفظ بنانا۔

اِلتِفاف کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ لپیٹنا، لپیٹا ہوا ہونا، لفافے میں بند کرنا یا بند ہونا۔

اِلتِقا کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ ۔ ملاقات، یکجائی، قرب، وصل۔

اِلتِقاط کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ چُن چُن کر اکٹھا کرنا، اقتباسات کو یکجا کرنا۔

اِلتِماس کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ عرض گزارش، التجا۔

اِلتِوا کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ وقتی طور پر ٹالنا، کسی اور وقت پر اٹھا رکھنا، ملتوی کرنا؛ آئندہ پر مبنی رکھنا، موڑنا، بل دینا (ع: موڑنا، لپیٹنا وغیرہ) مرکب اِلتِواء اْلاَمعا، آنتوں میں بل پڑنا۔

اِلتِہاب کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ ۔ بھڑکنا، لو دینا، سوزش، جلن؛ غصہ، تپہا۔

اِلتِیام کس ا، سک ل، کسمج تـ امذ۔ مرہم پٹی، اندمال، زخم کا بھرنا، گرفت میں لینا، قابو، تصرف، قبضہ، ٹکڑوں کو جوڑنا، مجتمع کرنا، باندھنا۔

اَلَٹ فت ا، ل، صف۔ مضبوط، ناقابل شکست۔

اُلَٹ ضمہ ا، فت ل۔ صف۔ برعکس ، ضد، معکوس، برخلاف، اُلَٹ پُلَٹ۔ اوپر نیچے، تتّر بتّر، زیر و زبر، تہ و بالا۔ اُلَٹ پیچ/ اُلَٹ پھیر چکّر، گردش ، اُلجھاؤ، م : قسمت کا الٹ پھیر، ناموافقت ؛ تغیر تبدل، ادلا بدلی۔

اُلٹا ضمہ ا، سک ل۔ صف۔ اوندھا، واژوں؛ معمول یا معلومہ صورت کے برخلاف؛ برعکس، متضاد؛ بایاں؛ ناموافق۔ ف م: اُلٹانا، رک اُلٹنا صف مث اُلٹی نیز امث۔ قے؛ اُبکائی۔

اُلٹام ضمہ ا، سک ل۔ صف۔ نشے میں مدہوش، بدمست؛ ولایتی شراب کی ایک پرانی قسم کا کاروباری نام جو زباں زد ہو گیا (انگ: Old Tam)۔

اَلَٹ پَلَٹ فت ا، ل پـ امثـ اوپر نیچے کرنا، ادلنا بدلنا، نیز صف بے ترتیب، تہ و بالا۔ نیز مث۔ اُلٹا پُلٹی۔

اُلَٹنا ضمہ ا، فت ل، سک ٹـ ف م/ل۔ پلٹنا، الٹا کرنا، اوندھانا، اُنڈیلنا، دوہرانا؛ ف ل: پلٹ کر آنا؛ اُلٹا ہو جانا، لوٹ پوٹ ہو جانا؛ اُلٹا اثر دکھانا۔

اَلٹوانسی ضمہ ا، فت ل، سک ٹ، ا مغ۔ امث۔ اُلٹی بات جوعقل یا قاعدے کے خلاف ہو؛ ایک قسم کا ابہام جو ہندی شعر میں بھگت کبیرداس سے منسوب ہے م: چلتی کو گاڑی کہیں، بنے دودھ کو کھویا، نیز **اُلٹی**۔

اُلٹی ضمہ ا، سک ل۔ صف مث۔ **اُلٹا** کی تانیث، متلی، اُبکائی، قے؛ عجیب، انوکھی بات۔ محاورہ **اُلٹی آنتیں گلے پڑنا** فائدے کی جگہ نقصان ہونا، **اُلٹی پٹّی پڑھانا**: بہکانا، غلط مشورہ دینا، **اُلٹی تَسبیح پھیرنا/ سَیفی پھیرنا**: سفلی عمل کرنا، نقصان پہنچانا۔ **اُلٹی چُھری سے حلال کرنا**: سخت اذیت پہنچانا، **اُلٹی گنگا بہانا**: فطرت یا قاعدے کے خلاف چلنا۔ امث **اُلٹی چولی** انگرکھے کی چولی جس کے بند بائیں طرف ہوتے ہیں۔

اَلْجانا فت ا، سک ل۔ ف ل۔ ریجھنا، فریفتہ ہونا۔

اَلْجَبرا فت ا، سک ل، فت ج، سک بہ امذ۔ ریاضی کی وہ شاخ جس میں مسائل کو مساوات قائم کر کے حل کیا جاتا ہے اور مقداروں کو حروف یا مثبت و منفی علامات سے ظاہر کیا جاتا ہے، مثلاً لامعلوم مقدار کے لیے لا۔

اُلْجھاوا ضمہ ا، سک ل امذ ۔ گتھی، گُل جھٹی، جھمیلا، اُلجھن، مشکل، مسئلہ؛ نیز **الجھاؤ**: پیچیدگی ، ذہنی اُلجھن یا اعتدال سے ہٹی ہوئی کیفیت، نفسی پیچاک یا اُلجھاؤ۔

اُلْجَھٹّا ضمہ ا، سک ل، فت جھ، شد ٹ امذ۔ اُلجھے ہوئے دھاگوں وغیرہ کا گُچھا، نیز **گُل جھٹّا**۔ مث **گُل جھَٹّی**۔

اُلْجَھن ضمہ ا، سک ل، فت جھ۔ امث۔ پیچیدگی ، غیر واضح یامشکل صورت حال؛ ذہنی پریشانی، یا تذبذب کی کیفیت۔

اُلْجَھنا ضمہ ا، فت ل، سک جھ۔ ف ل۔ دھاگوں یا تاروں کا بےترتیبی سے لپٹ جانا، گرہ در گرہ۔ پُر پیچ ہو جانا، بھنسنا، گتھنا، بِھڑنا، گُتھم گتھا ہونا۔

اُلجھیڑا ضمہ ا، سک ل، ے مج۔ امذ۔ پھندا، گُتھی، بکھیڑا، جھمیلا، اُلجھاؤ۔

اُلْچْنا ضمہ ا، فت ل، سک چ۔ ف م۔ صفائی کرنا، ظرف کو بالکل خالی ، صاف کر دینا۔

اِلحاح کس ا، سک ل۔ امث۔ منت سماجت، عاجزی، التجا۔

اِلْحاد کس ا، سک ل۔ امث۔ کفر، بے دینی، لادینیت۔

اِلْحاف کس ا، سک ل۔ امذ۔ اِصرار، ابرام، پرزور التجا۔

اِلْحاق کس ا، سک ل۔ امذ۔ آ ملنا، جُڑنا، پیوست ہونا، باہم قریب قریب، متصل ہونا؛ ضمیمے کے طور پر شامل ہونا۔ صف **اِلحاقی**: بڑھایا ، اضافہ کیا ہوا، اصل سے زائد۔ م: اِلحاقی عبارت یا بیان۔

اِلْحان کس ا، سک ل۔ امذ۔ خوش آوازی، نغمگی، ترنم، لے کاری۔

اَلخ رک **اِلی**۔

اَلْخالِق فت ا، سک ل،ضمہ ل۔ امذ ۔ قبا کے نیچے پہننے کا ایک نرم کپڑے کا لباس۔

اَلْرَبیکہ ضمہ ا، فت ل، ے مج، فت گ۔ امث۔ قدیم شاہی محل کی ایک عہدہ دار عورت۔

اِلزام کس ا۔ سک ل۔ امذ۔ کسی جرم یا غلطی کا مرتکب ٹھہرانا، تہمت لگانا، قصووار بتانا، [ع: زبردستی؛ مجبور کرنا]۔

اَلزَم فت ا، سک ل، فت ز۔ صف زیادہ ضروری؛ بالکل لازم، ناگزیر۔

اَلَسْت فت ا، ل، سک س۔ جملۂ ناتمام۔ازروئے قرآن ازل کے قولِ ربّانی اَلستُ بِرَبِّکُم = کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ کی تخفیف جس کے جواب میں مخلوق نے "بلا" کہا یعنی ہاں،بجا۔

اَلْسّلام فت ا، ل غم، شد فت س، ضمہ مج م۔ کلمۂ دعائیہ۔ سلامتی کی دعا کا کلمہ، نیز اظہار خلوص کے لیے اَلْسّلامُ عَلَیکُم تم پر سلامتی ہو عَلَیکَ تجھ (مرد) پر عَلَیکِ تجھ عورت پر۔

اَلَسْنا بِلَسْنا کس ا، فت ل، سک ل، کس بہ ف لَ۔ رَسنا، بَسنا، ف ل، آباد رہنا، خوش رہنا۔

اَلسِنَہ سک ل، کس س، فت ن۔ ج مثد زبانیں بولیاں، لسان کی جمع۔

اَلسی فت ا، سک ل۔ امثہ ایک چھوٹا مہین پتیوں کا پودا جس کے ننھے، چپٹے کتھئی بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔ کتان (لاط: Lina Semina)۔

اَلسیٹ فت ا، سک ل، ے مج۔ امثہ دھوکا، فریب، چکمہ۔

اُلش ضمہ ا، ل۔ امذ۔ جھوٹا کھانا، پس خوردہ۔

اَلطاف فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ مہربانیاں، عنایات، لطف و کرم۔

اَلطَف فت سک ل، فت ط۔ صف۔ نہایت نفیس، پاکیزہ مہین، پتلا، لطیف کی تفضیل۔

اَلغاروں فت ا، سک ل، و مج۔ م فہ کثرت سے ، ڈھیروں، بہت زیادہ مقدار میں۔

اَلغوزَہ فت ا، سک ل، و مج، فت ز۔ امذ۔ منہ سے بجایا جانے والا ایک ساز، دو نلکیوں کی بانسری۔

اَلغیاث فت ا، سک ل، کسمج غ۔ فجائیہ۔ فریاد ہے، دہائی ہے۔

اَلف فت ا، کس ل۔ امذ۔ پہلے حرف تہجی کا نام، رکؕ، محاورہ اَلِف ہونا، گھوڑے کا پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا، صف اَلِف ننگا بالکل چُم، مادر زاد ننگا۔

اَلف فت ا، سک ل۔ عدد۔ ہزار (۱۰۰۰)؛دس صدیوں کی مدت، ج اُلوف، اَلفِ ثانی: وہ دور جو سنہ ایک ہزار ہجری کے بعد شروع ہوا۔ علم اَلفِ لَیلَہ: عربی کی مشہور تصنیف جو داستاں در داستاں ہزار راتوں کی داستاں سرائی پر محیط ہے۔ اصلاً اَلفِ لَیلَۃٌ و لیلہ (اَلفِ لَے لَ تُن وَ لَے لَ) ایک ہزار ایک راتیں۔ صف اَلفی ہزار سے منسوب؛ ایک عقیدہ کہ نبی کی مدت بعثت ایک ہزار برس ہوتی ہے نیز اس کے پیرو جو اکبری عہد میں رونما ہوئے تھے۔

اِلف کس ا، سک ل۔ امذ۔ ہم آہنگی، آپس میں میل کی صلاحیت، م: تانبے اور گندھک کے مابین زیادہ اِلف ہوتا ہے۔

اَلفا (۱) فت ا، سک ل۔ امذ ۔ جوگیوں درویشوں کا بے آستینوں کا جُبّہ۔

اَلفا (۲) فت ا، سک ل۔ امذ۔ حروف تہجی "ف" (فے) نیز اَلفاء، حروف تہجی کا پہلا حرف الف کی اصل، بیل کا سر، انگریزی حرف A کا مترادف م: اَلفا شعاعیں۔ [انگ: Alpha Rays]۔

الفا (۳) فت ا، سک ل۔ امثہ مٹر کی نسل کا ایک امریکی پودا جو جانوروں کے چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ انگ: الفالفا (ہسپانوی ، ازع : حلفا)

الفاظ فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ لفظ (رک) کی جمع۔

اَلفانسو فت ا، سک ل، ن، و مج۔ امذ۔ آم کی ایک عمدہ قسم [پرتگالی]۔

اَلفبائی فت ا، کس ل، سک فہ صف۔ حروف تہجی کے لحاظ سے، م: اَلِفبائی ترتیب (قب، انگ: Alphabetical)۔

اُلفَت ضمہ ا، سک ل، فت تہ امثہ محبت، لگاؤ، چاہت۔

اُلفَتا ضمہ ا، فت ل، سک فہ امذ۔ مفت خورا، دست نگر ، الفت جتا کے فائدہ اٹھانے والا، گلے پڑ جانے والا۔

اَلفَریہ فت ا، سک ل، فت ف، سک ر، کسمج ب، ہ ملحفوظ۔ موٹے آدمی پر پھبتی۔

اَلفَن فت ا، سک ل، فت فہ امثہ ایک پتنگ جس

کے بیچ میں دوسرے رنگ کی کھڑی پٹّی لگی ہو، نیز
اَلفی: سیدھی پٹّی لگا ہوا،کنکوّا، کپڑا، جھنڈا، وغیرہ۔
اَلفی چال: تلوار کی سیدھی کاٹ۔
اُلفی ضمہ ا، سک ل۔ صف۔ (علم تشریح) گردے کے وسطی حصے سے متعلق (انگ: Wolfficen)۔
اِلقا کس ا، سک ل۔ امذ۔ پھینکنا، ڈالنا، گرانا؛ لکھوانا، املا کرنا؛ نازل کرنا یا ہونا، غیب سے پہنچنا (علم یا خیال)۔
اَلقاب فت ا، سک ل۔ امذ۔ امث۔ **لَقَب** (رک) کی جمع؛ نیز بطور واحد؛ ادب سے مخاطب کرنے کا کلمہ، لقب، خطاب۔
اِلْقاح کس ا، سک ل۔ امذ ۔ پیٹ رکھوانا، نطفہ ڈالنا، حاملہ کرنا، قوت تولید۔
اَلْقَلی فت ا، سک ل، فت ق۔ امث۔ چونا، کھار، سجی یا ان کے خواص کی حامل شے، تیزاب کی ضد (جس مائع شے میں القلی کے خواص ہوں وہ لِٹمَس کاغذ کو سرخ کر دیتی ہے اور تیزابیت رکھنے والی اشیاء نیلا) [ع: القلی]۔
اَلَک فت ا، ل ۔ امث۔ بالوں کی لٹ، ج: **اَلْکیں** لڑیاں لٹیں نیز رک: **اَلَکھ۔**
اَلْکُحل فت ا، سک ل، ضم مع، ک ج۔ امث۔ ایک بے رنگ ، جلد آگ پکڑنے اور بھک سے اڑنے والا، تیز ذائقے والا مادہ، جو بعض اشیاء کی تخمیر سے پیدا ہوتا ہے، اور کئی طرح کی شراب کا جز ہے-] ع: الکُحل۔سرمہ سے مشتق بہ تبدیل معنیٰ]۔
اَلکَسات فت ا، سک ل، فت ک۔ امث۔ سُستی، آلکسی، ف ل، **اَلْکَسانا** نیز **الکَساہَٹ۔**
اَلکَن فت ا، سک ل، فت ک۔ صف۔ لکنت کرنے والا، جس کی زبان بولتے میں لڑکھڑائے [ع: مث **لَکناء**]
اَلَکھ فت ا، ل۔ صف ۔ امذ۔ جو نظر نہ آئے، جسے دیکھا نہ جا سکے، مراد ذات باری، خالق کائنات کا آنکھ سے پوشیدہ وجود، نیز **اَلَک، آنکھ**[س : ا+ لکشیہ] **اَلَکھ دھاری:** ہندوؤں کا ایک موحّد طبقہ جو صرف برھما کو قابل پرستش مانتا ہے۔
اَلَگ فت ا، ل۔ صف۔ جدا، علیٰحدہ، مختلف؛ مستزاد؛ نیا، انوکھا؛ برطرف۔مرکب، **اَلَگ تَھلَگ** بے تعلق، امذ۔ **اَلگاوا:** جدائی، بٹوارہ۔
اَلْگَنی فت ا، سک ن، فت گ۔ امث۔ کپڑے دھو کر لٹکانے کے لیے باندھی ہوئی رسّی۔ پھبتی **اَلگَنی پر ڈالنے کے قابِل** لاغر، نحیف، بوڑھا پھونس۔
اَللّٰہ فت ا، شد ل، ہ۔ ملفوظ۔ امذ۔ علم ۔ واحد، معبود، خدائے تعالیٰ کا ذاتی نام۔ بطور فجائیہ: حیرت، گھبراہٹ، مصیبت، خوف، تحسین و آفرین وغیرہ کے موقع پر مستعمل، نیز **اَللّٰہ رے۔** **اَللّٰہُ اکبَر!** لفظاً: اللہ بہت بڑا ہے۔ اسلامی نعرہ یا کلمۂ تکبیر جو ذبح کرتے وقت پڑھا جاتا ہے، نیز اذان میں شامل؛ بطور فجائیہ، استعجاب، تحسین، وغیرہ کے موقع پر مستعمل۔ ف مرکب: **اَللّٰہ اَللّٰہ کرنا۔** عبادت میں مصروف رہنا؛(بول چال) **اَللّٰہ اَللّٰہ خَیر سَلاّ** بات یا حکایت ختم کرتے وقت مستعمل، بس ختم، صرف اس قدر، اور کچھ بھی نہیں امث۔ **اَللّٰہ آمین** منت مراد؛ **اَللّٰہ حافظ،** رخصت کے وقت کا سلام؛ **اَللّٰہ دے اور بَندہ لے** کثرت یا شدت کے اظہار کے لیے مستعملؔ م: پھر تو وہ دھواں دھار ہوئی، تو انہوں لے وہ بل بھرے، کہ اللہ دے اور بندہ لے۔ فجائیہ **اَللّٰہُ غنی/ اَلْغَنی،** کلمہ استعجاب؛ **اَللّٰہ کا نام** برکت، مراد، ناداری، نہوت۔ (عورت) **اَللّٰہ کی سَنْوار:** پھٹکار، خدا کی مار، تنبیہ کرنا، ڈانٹنے کے موقع پر، **اَللّٰہ میاں کا رحم:** نیاز کے لیے میٹھی تلی، ایک طرح کے گلگلے، **اَللّٰہ میاں کی گائے** چپکی سیدھی بھولی عورت یا مرد۔
اَللّٰھُمَّ فت ا، شد ل، ضمہ ہ، شد فت م۔ کلمۂ ندا۔ اے

خدا؛ خداوند۔ کلمہ دعا اَللّٰھُمَّ زِد فَزِد: اللہ کرے اور اضافہ اور ترقی ہو۔
اَلَل بَچھیرا فت ا، ل؛ سک ل، فت ب، ے مج۔ امذ۔ بن سدھا گھوڑے کا بچہ؛ مجازاً کھلنڈرا، بے پروا لڑکا۔
اَلَل ٹَپ فت ا،ل، سک ل، فت ٹ ۔ م فد بے سوچے سمجھے، اٹکل سے، قیاساً۔
اِلَّل لَذی نَہ اُلْ لَل لَذی کس ا، شد فت ل، فت ل، ن، ضمہ ا۔ م ف صف۔ ادھر نہ اُدھر، معلّق، ادھر میں، ایسا نہ ویسا، مجہول، بے اہمیت۔
اَللّے تَلّلے فت ا، ل، شد ل، فت ت۔ ج مذ۔ اِسراف، فضول خرچیاں، موج، مزیداریاں، دھوم دھام، بے جا تکلفات۔
اَلَم (۱) فت ا، ل۔ امذ۔ کرب، دکھ، رنج، غم، مصیبت۔
اَلَم (۲) فت ا، ل۔ امذ۔ سہارا، ستون، روکہ [س: آلمبن]۔
اِلْم کس ا، سک ل۔ امث۔ چینا، اُرزن، کنگنی کی قسم کا ایک پودا (لاط: Penicum Miliaceum)۔
اَلْماری فت ا، سک ل۔ امث۔ اوپر نیچے کئی خانوں پر مشتمل ۔سامان رکھنے کی عموماً کواڑ سمیت فرنیچر کی ایک قسم۔ [اصلاً: پرتگالی]۔
اَلْماس فت ا، سک ل۔ امذ۔ ہیرا، سب سے قیمتی سفید پتھر، شفاف کاربن، اَلماس خَانی: ہیرا تراش کوئی شکل جس‌میں ترشے ہوئے ہیرے کی طرح پہلو یا خانے بنے ہوئے ہوں۔
اَلْماغوچی فت ا، سک ل، و مج۔ صف۔ بے ہنگم، بے تکا، مجہول، اَلَم غَلَم، اینڈا اینڈا۔
اَلْمانی فت ا، سک ل۔ امذ۔ جرمنی کا، جرمنی سے منسوب، نیز اَلْمانَوی، اَلْمَنی، اَلِیمانی (اصلاً Alamanni)۔
اَلَم نَشْرَح فت ا، ل، ن، سک ش، فت ر۔ قرآن مجید کی ایک سورہ کا نام جو انھی الفاظ سے شروع ہوتی ہے؛ بطور صفت: واضح، مبین، صاف، روشن۔
اَلْمُوت فت ا، سک ل، و مع۔ علم۔ ایران میں ایک پہاڑی قلعہ جوگیارہویں صدی عیسوی۔میں باطنی فرقے کا مرکز رہا۔
اَلَمِیہ فت ا، ل، کس م، شد فت ی۔ صف ۔ المناک، امذ۔ حزینہ داستان، ڈراما، یا واقعہ، عام: اَلْمِیَہ۔
اَلَنْکار فت ا، ل، غنہ۔ امذ۔ زیور، گہنا۔
اَلَنْگ فت ا، ل، غنہ۔ امذ۔ اوٹ، آڑ؛ گوشہ، مورچہ، چاردیواری، فصیل، صف۔ پوشیدہ، الگ تھلگ، اُجاڑ۔
اَلَنْگا (۱) فت ا، ل، غنہ۔ امذ۔ (معماری) رُوکار کے لیے تراشا ہوا پتھر۔
اَلَنْگا (۲) فت ا، ل، غنہ۔ صف۔ ناقابل عبور، جسے لانگ نہ سکیں۔
اُلَنْگا ضمہ ا،فت ل،غنہ۔ صف۔ ننگا، بے برگ و بار۔
اُلّو ضمہ ا، شد ل، و مع۔ امذ۔ رات کو شکار کرنےوالا،بھاری سر اور بڑی چمکدار آنکھوں والا جنگلی پرندہ، چُغَد، مجازاً: بیوقوف ، احمق، مث اُلّی، محاورہ اُلّو بوِلنا: ویران سنسان ہونا، محاورہ، اُلّو سِیدھا کرنا: کسی کو اسامی بنا کرکام نکالنا، امذ ۔ اُلّو کا پَٹّھا: اُلّو کا بچہ، بطور دشنام مستعمل، نیز اُلّو کا چَرخا: بَولا یا،بھکا ہوا آدمی، اُلّو کی دُم فاختہ: سادہ لوح۔
اَلواح فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ مث:تختیاں، کتبے، واحد لوح۔
اَلواط فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ لُوطی (رک) کی جمع۔
اَلوان فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ رنگ، واحد لَون؛ امث۔ پشمینہ، پوستین۔
اَلوایا فت سک ل۔ صف۔ ہلکا، نازک، کاجُو بھوجُو، آبلہ پڑا ہوا، آبلے جیسا، م فد ہلکے سے، م: اَلوایا

پکڑنا/ اُٹھا لینا، آہستہ سے چٹکی میں پکڑ کر اٹھا لینا۔

اَلْواہی فت ا، سک ل۔ صف مث۔ گابھن (گائے بھینس وغیرہ)۔

اَلوپ فت ا، و مج۔ صف۔ نظر سے اوجھل، مرکب، **اَلوپ اَنْجَن**، حکایات میں مذکور سرمہ جس کے لگانے سے آدمی نظروں سے اوجھل ہوجاتا تھا۔

اَلوِداع فت ا، سک ل، کس و۔ امث۔ رخصت کا کلمہ، خدا حافظ، نیز رک **جُمْعَتہُ اْلوِداع** [ع: **اَلوَداع** فت و]

اُلوش ضمہ ا، و مع۔ امذ۔ رک اُلش، [ت: اُلش]۔

اُلوف ضمہ، ا، و مع۔ ج مذ۔ **اَلف** (رک) کی جمع۔

اَلوَل فت ا، و مج۔ امذ۔ اُچھل کود، کُلیل، کُدکڑا، **اُلیل** صف، مسخرا، شوخ۔

اَلْوَنْد فت ا، سک ل، فت و سک ن۔ عَلَم ایک ایرانی پہاڑ جس سے بارہ چشمے پھوٹتے ہیں، مجازاً پہاڑ۔

اُلُوہی ضمہ ا، ومع۔ صف۔ الٰہ سے منسوب، خداسے تعلق رکھنے والا، امث۔ **اُلُوہیّت**: خدا ہونا، خداوندی، اللہ تعالیٰ کا مرتبہ۔

اَلوِیَہ فت ا، سک ل، کس و، فت ی۔ ج مذ۔ جھنڈیاں، چھوٹے جھنڈے، بیرقیں، واحد **لَواء**۔

اِلہام کس ا، سک ل۔ امذ - وحی الٰہی، غیبی خبر، خود بخود دل میں کسی خیال کا پیدا ہونا۔

اُلَہنا ضمہ ا، فت مج، ل، سک ہ۔ امذ۔ رک: اُلاہنا۔

اِلیٰ کس ا، ی غم۔ حروف جار۔ مترادف: تک، تا ، تا بہ،کی طرف، م: **اِلیٰ الْآن** (ا لل آن) اِس وقت تک۔ **اَلْدّاعی اِلیٰ اْلخَیر** (اَدّ داعی اِلل خَیر) نیکی، بھلائی کی طرف بلانے والا۔ **اِلیٰ آخِرِہٖ** (الا اخ رہی) اس (عبارت کے اختتام تک جب کوئی نامکمل اقتباس درج کریں تو اس کے اگے یہ الفاظ لکھ دیتے ہیں یا اختصار کے طور پر صرف الخ

آلی فت ا، ی مع۔ امذ۔ بھونرا ، پردار سیاہ حشرہ، جو پھولوں پر منڈلاتا ہے۔

اِلْیاس کس ا، سک ل۔ علم۔ آلِ ہارون میں سے ایک نبی جن کی بابت روایت ہے کہ خضرؑ کی طرح دریاؤں کے کنارے پائے جاتے اور ڈوبنے والوں کی مدد کرتے ہیں۔

اَلْیاف فت ا، سک ل۔ ج مذ۔ (تشریح) ریشے، پٹھے، واحد، **لِیف**۔

اُلیچْنا ضمہ ا، ے مج، سک چ۔ ف م۔ ہاتھ میں لے کر پھینکنا، پانی کو جھکول کر باہر کرنا۔

اَلیَل فت ا، سک ل، فت ی۔ صف۔ **لَیل** کی تفصیل، سیاہ رات۔

اَلیل فت ا، ے مج۔ صف۔ غافل ، بے پروا۔

اُلیل ضمہ ا، ےمج۔ امث۔ اُچھل کود، نیز **اَلوَل**۔

اَلیم فت ا، ی مع۔ صف۔ دردناک تکلیف دہ، پرآزار، م: **عَذاب اَلیم**۔

الین کس ا، ی مع۔ امذ۔ (معماری) دالان کے پہلوؤں میں پاکھوں سے ملا کرنصب کیے جانے والے نصف ستون یا دروں کے ادھّے۔

اَلّھڑ فت ا، شد فت لھ۔ صف۔ جس کے طور، چال ڈھال، یا مزاج سے بچپن، بے پروائی، ناتجربہ کاری، ظاہر ہو، امذ۔ **اَلّھڑپَن**: ناپُختہ کاری، بے پروائی کا انداز۔

اَمّ فت ا، ضمیر اضافی۔ میرا، میرے، م: **قبلہ اَم** میرے بزرگ۔

اُمّ ضمہ ا۔ امث ماں، والدہ، نیز بطور کنیت، م: **اُمّ کُلثُوم**، **اُمّ سَلمیٰ**، مرکب، **اَب وَ اُمّ** باپ اور ماں۔ **اُمّ اْلاَلْسِنہ** (اُمّ مُل اَلْ سِ نہ) زبانوں کی ماں مراد عربی۔ **اُمّ اْلخَبائث** (اُمّ مُل خَ با اِس)

برائیوں کی جڑ مراد شراب؛ اُمّ الصِّبیان (اُم سِبیان) بچوں کی تشنج کی بیماری، بچوں کی مرگی، اُمّ القُریٰ، شہر مکّہ کا لقب، اُمّ الکتاب (اُمّ مُل کِ تاب) مراد قرآن؛ لوح ازل؛ اُمّ المؤمنین (اُمّ مُل مُ ء م نِین) مسلمانوں کی ماں، رسول اللہؐ کی ازواج مطہرات کا لقب، اُمّ الوَلَد (اُم مُل وَلَد) وہ لونڈی جس کے بطن سے اُس کے آقا کا بیٹا پیدا ہو۔ اُمّ غیلان (غِی لان) ببول کا درخت۔

اما کس اِ۔ ج مث۔ لونڈیاں، واحد اَمَۃ [اصلاً ع: اَماء]۔

اَمّا فت ا، شد م۔ حرف استثناء۔ مگر، لیکن، فقرہ اَمّابَعد: اب اس کے بعد ، اثناء تقریر، یا گفتگو میں تمہید کے بعد گریز کا فقرہ۔

اماتَت کس ا، فت ت۔ امث۔ مار دینا، فنا کرنا۔

اَماثِل فت ا، کس ث۔ ج مذ۔ ہمسر، ہم چشم، برابر کے لوگ [ع واحد: اَمثَل]۔

اَماجِد فت ا، کس ج۔ ج مذ۔ بزرگ ، بڑے، ذی عزت لوگ، واحد: اَمجَد۔

اَمّار فت ا، شد م۔ صف۔ حاکم، اُولُوالاَمر، صف۔ سرکش، بےمہار، مث۔ اَمّارہ م: نَفسِ اَمّارہ مجبور کر دینے والی جبلت، فطری کمزوری۔

اَمارَت فت ا، تد امث۔ نشانی، علامت، ج: اَمارات۔

اِمارَت کس ا، فت ر۔ امث۔ حکومت، ریاست، ج: اِمارات۔

اَمارِد فت ا، کس د۔ ج مذ۔ اَمرَد (رک) کی جمع۔

اماعَت کس ا، فت ع۔ امث۔ بہانا، پگھلانا، ٹھوس کو مائع یا گیس میں تبدیل کرنا۔

اَمّارہ فت ا، شد م، فت ر۔ رک : اَمّار

اَماکِن فت ا، کس ک۔ مَکان (رک) کی جمع۔

اِمالَہ کس ا، فت ل۔ امذ؛ جُھکاؤ، میلان، رخ موڑنا(قواعد) زبر یا فتحہ کی حرکت کو کسرہ یا یاے مجہول میں تبدیل کر دینا۔ مثلاً جہاز سے جَہیز، رکاب سے رکیب آچھا سے اچھے، لڑکا سے لڑکے۔

اِمام کس ا۔ امذ ۔ سردار، پیشوا؛ نماز میں امامت کرنے، نماز پڑھانے والا؛ تسبیح کے دانوں میں لمبا یا پش دانہ جو ایک سرے پر لگا ہوتا ہے؛ کسی علم یا فن کا ممتاز ماہر یا عالم؛ اہل سنت کے ممتاز فقہا کا لقب؛ اہل شیعہ کے نزدیک حضرت علیؑ کے جانشینوں کا لقب؛ اِمامِ آخر اَلزّماں اثنا عشری عقیدے کی رو سے بارہویں امام غائب جو قیامت سے پہلے ظہور کریں گے۔ حضرت امام مَہدی۔ اِمامِ ضامن: اہل شیعہ کے آٹھویں امام علی رضا کا لقب؛ امذ۔ سفر پر روانہ ہونے والوں کے بازو پر باندھا جانے والا سکہ جسے منزل پر پہنچ کر خیرات کرنا ہوتا ہے۔ مث

اِمامَت: امام کا منصب۔

اَمام باڑا کس ا۔ امذ ۔ شیعوں کی مجلس گاہ، عزا خانہ [ع: امام +ا، باڑا، احاطہ]

اِمام دستہ کس ا، فت ر، سک س، فت ت۔ امذ۔ اوکھلی نما لوہے کا ظرف مع دستہ جس میں مسالے وغیرہ کوٹے جاتے ہیں۔ اصلاً ہاوَن دَستہ۔

اَمان فت ا۔ امث۔ سلامتی، امن ، حفاظت، پناہ؛ معافی۔

اَمّاں فت ا، شد م۔ امث۔ ماں، والدہ۔

اَمانَت فت ا، ن۔ امث۔ کسی کی حفاظت یا سپردگی میں دی ہوئی شے؛ امین ہونا، بھروسے کے قابل ہونا؛ م ف، اَمانَتہً (امان تَن) حفاظت سے رکھنے اور لوٹا دینے کے لیے۔

اَمانی (۱) فت ا۔ امث۔ وہ کام جو اپنی نگرانی میں مزدوروں سے کرایا جائے۔ ٹھیکے کے بر خلاف ۔

اَمانی (۲) فت ا۔ ج مث۔ آرزوئیں، تمنائیں واحد اُمنِیَت۔

آماوَٹ فت ا، و۔ امذ۔ آم کا گودا، امرس۔

آماوَس فت ا، و۔ امث۔ چاند کی آخری تاریخ جب وہ غائب ہوتا ہے۔

اَمبارُا فت ا، سک م۔ امذ۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ، آمرُہ (لاط: Habiscus Cannabinus)۔

اَمبان فت ا، سک م۔ امذ۔ کمہار کا پڑاوہ۔

اَمبَر (۱) فت ا، سک م، فت ب۔ امذ۔ آسمان، سماء۔

اَمْبَر (۲) فت ا، سک م، فت ب۔ امذ۔ کولھو میں بنی ہوئی موری جس میں سے تیل بہہ کر نکلتا ہے۔

اَمْبُوتی فت ا، سک م، و مع۔ امث۔ زمین پر پھیلنے والی ایک بیل جو مرطوب سایہ دار جگہوں پر اُگتی ہے، پتے میتھی جیسے پھول چھوٹا، پھلی پتلی، مزہ ترش، چانگیری (لاط: Oxalis Corniculata)۔

اَمَت فت ا، م۔ امث۔ لونڈی، کنیز [ع: امۃ]۔

اُمّت ضمہ ا، شد فت م۔ امث۔ قوم، گروہ، کسی نبی کے پیرو، خصوصاً **اُمّتِ مُسلِمَہ**: رسول اکرم محمدؐ کے پیرو، نیز **اُمّتِ مَرحُومَہ**: وہ قوم جس کی بخشش کی گئی۔صف **اُمّتی** پیرو۔

اِمتِثال کس ا، سک م، کسمج ت۔ امذ۔ تعمیل، عملدرآمد، حکم بجا لانا۔

اِمتِحان کس ا، سک م، کسمج ت۔ امذ۔ آزمائش، جانچ، پرکھ، تجربہ، معائنہ، مقدمے میں کسی کے بیان پر جرح۔

اِمتِداد کس ا، سک م، کسمج ت۔ امذ۔ پھیلاؤ، تناؤ، طول دینا، کھینچ کر لمبا کرنا، طول یا حجم بڑھانا، مرکب، **اِمتدادِ زمانہ**: وقت کا گزرنا، ج **اِمتِدادات**، مادّے یا کسی جسم کے ابعاد ثلاثہ؛ طول عرض، عُمق۔

اَمتِعَہ فت ا، سک م، کسمج ت، فت ع۔ ج /مذ۔ **مَتاع** (رک) کی جمع۔

اِمتِلا کس ا، سک م، کسمج ت۔ امذ۔ بھرپور، مکمل ہونا، پوری طرح بھرا ہونا، مملو ہونا، پھولا ہوا ہونا، متلی، اُبکائی آنے کی کیفیت، **اِمتلاءِ قَمَر**: چاند کا پوری گولائی پر ہونا، کامل ہونا۔

اِمتِناع کس ا،سک م، کسمج ن ت۔ امذ۔ بندش، ممانعت، روک، عقلی یا عملی طور پر محال ہونا۔

اِمتِنان کس ا، سک م، کسمج ت۔ امذ۔ شکر گزاری، احسانمندی، تشکر۔

اِمتِیاز کس ا، سک م، کس ت۔ امذ۔ فرق کرنا، جُدا جُدا رکھنا یا خیال کرنا، فرق تمیز، شناخت، ممتاز ہونا، برتری، فوقیت، بڑائی، صف **اِمتِیازی**: خصوصی نیز **مُمتاز** (رک)۔

اَمٹ فت ا، کس م۔ صف۔ نہ مٹنے والا، نیز **اَنمٹ**۔

اَمثال فت ا، سک م۔ ج مذ۔ **مِثال/ مِثل** (رک) کی جمع؛ ہمسر، ہمرتبہ لوگ؛ مظاہر فطرت جو صوفیانہ نظریے کے مطابق حقیقت کی مثل یا نقل خیال کیے جاتے ہیں نہ کہ اصل حقیقت۔ اَعیان کی ضد۔

اَمثِلَہ فت ا، سک م،کسمج ث، فت ل۔ ج مث۔ مثالیں، نظائر، مثلیں، مثال کی جمع۔

اَمجاد فت ا، سک م۔ صف ج۔ معززین، بزرگی رکھنے والے، واحد **مَجید**۔

اَم جانا فت ا، سک م۔ ف ل۔ شل ہو جانا، (کسی عضو کا) ماؤف ہو جانا۔

اَمجَد فت ا، سک م، فت ج۔ صف۔ بہت بزرگی والا، بڑے مرتبے والا، **ماجِد** کا صیغۂ تفضیل۔

اَمچُور فت ا، سک م، و مع۔ صف۔ کھٹائی، سوکھی کیری کی پھانک۔

اِمداد کس ا، سک م۔ امث۔ مدد دینا، ہاتھ بٹانا، اعانت کرنا؛ وظیفہ، عطیہ، بخشش، **اِمدادِ باہَمی**: مشترک مفاد کے لیے آپس کی تنظیم؛ باہمی اشتراک سے سماجی یا معاشی فلاح و بہبود کے کام انجام دینا۔

اُمَڈنا ضمہ ا، فت م، سک ڈ۔ رک **اُمَنڈنا**۔

اَمَر فت ا، م۔ صفہ جسے موت نہ آ سکے، جاودانی، غیرفانی۔ مرکبات امث **اَمَربیل** رک اکاس بیل۔ **اَمَرجَل**: ابحیات **اَمَر دَھج** (شمشیر زنی) حریف کے سامنے مقابلے کے لیے کھڑے ہونے کا ایک انداز یا ٹھاٹھ جس میں دونوں پانو آگے پیچھے، گھٹنے قدرے خمیدہ تلوار اور سپرسر کے سامنے ہوتی ہے۔ **اَمَر لوک** (ومج) دیوتاؤں کی نگری۔

اَمْر فت ا، سک م۔ امذ۔ حکم، فرمان، ارشاد، ہدایت، رضامندی؛ فعل؛ عمل؛ معاملہ، مسئلہ، بات، موضوع۔ **اَمْر بِالْمَعْرُوف** (اَمر بِل مَعْ رُوف) نیک کام کی صلاح یا ترغیب۔ **اَمرِ وَاقِعی** (واق عی) اَصل بات۔ صحیح واقعہ۔

اَمْرا فت ا، سک م۔ امذ۔ چنے کا کھیت، چنرا، چنیارا۔

اُمَراء ضمہ ا، فت م۔ ج مذ۔ **اَمیر** (رک) کی جمع۔

اَمْراض فت ا، سک م۔ ج مذ۔ **مَرَض** (رک) کی جمع مرکب **اَمراضِ خَبِیثَہ**؛ (خَ بی ثہ) جنسی امراض، **اَمراضِ سارِی**: اُڑ کر لگنے والی بیماریاں وبائی امراض **اَمراضِ طارِیَہ**: خاندانی، نسلی، پُشتینی مرض۔

اُمْراؤ ضمہ ا، سک م، و مج۔ امذ۔ (بروزن افعال) حاکم شہر [س: اُم = شہر، قریہ]

اَمْرِت فت ا، سک م، کس ر۔ امذ۔ آب حیات، امر جل؛ تریاق، مرکب **اَمْرِت بان**: کیلے کی ایک عمدہ شیریں ؛ خوشبودار قسم، اچاری، آچاردان، صفہ **اَمرِت بَچَن**: خوش بیان، شیریں بیان۔

اِمَرتی کس ا، فت م، سک ر۔ امث۔ ماش کے آٹے کی بلدار حلقوں کی شکل میں تلی ہوئی شیرے میں ڈبو کر تیار کی ہوئی ایک مٹھائی۔

اَمْرَد فت ا، سک م، فت ر۔ امذ۔ نوخیز لڑکا جس کی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو؛ لونڈا، بالک؛ **اَمْرَد پَرَست**: لڑکوں سے عشق یا جنسی فعل کرنے والا؛ لونڈے باز [ف: نیز بے پتوں کا جھاڑ]

اَمْرَس فت ا، سک م، فت ر۔ امذ۔ آم کا سکھا کر پپڑیوں کی شکل میں محفوظ کیا ہوا رس۔

اِمروتی کس ا، سک م، ولین۔ امث۔ حقے کی کلی کا اوپری گول مخروطی سرا جس پر چلم رکھی جاتی ہے۔

اَمرُود فت ا، سک م، ومع۔ امذ۔ گول یا مخروطی شکل کا ناشپاتی سے ملتا ایک زردی مائل گودے دار پھل جس کا گودا بیج سے بھرا ہوتا ہے، جام پھل (لاط: Psidium Pyriferum)

اِمروز کس ا، سک م، و مج۔ امذ۔ آج کا دن؛ زمانۂ حال، مرکب عطفی **اِمروز و فردا**، آجکل ، آج یا آنے والی کل م: امروز و فردا میں،بہت جلد، عنقریب۔

اَمْرَوہی فت ا، سک م، و مج۔ امث۔ (موسیقی) اُلٹا سرگم، ٹیپ کی کھرج (سا) سے پہلی کھرج تک لَوٹنے کا عمل۔

اَمْرَئی فت ا، سک م، فت ر۔ امث۔ آم کے درختوں کا جُھنڈ۔ آم کا باغ۔ ج: **اَمرَئیاں** (بروزن گل بیّاں) نیز **اَمریلی**۔

اِمریل کس ا، سک م، ے مج۔ امذ۔ قدرتی طور پر خوش وضع نگینہ جسے کاٹنے گھسنے کی ضرورت نہ ہو۔

اَمْڑا فت ا، سک م۔ امذ۔ ایک اونچا چھوٹی پتیوں کا درخت جس میں چھوٹے تُرش پھل لگتے ہیں۔ اس کی کونپلیں اور پھول جو آم کے بور کی طرح ہوتے ہیں۔ بھجیا کے طور پر پکائے جاتے ہیں (لاط: Hisbuscus Cannabinus)

اَمْزِجَہ فت ا، سک م، کس مج ز، فت ج۔ ج مذ۔ **مِزاج** رک جمع۔

اُمَس ضمہ ا، فت م۔ امث۔ برسات کے دنوں کا حبس، گھٹن، گھمس۔

اِمْساک کس ا، سک م۔ امذ۔ روک، بندش؛ بُخل، کنجوسی؛ انزال کو دیر تک روکنا؛ دیر میں مباشرت سے فارغ ہونا۔

اِمْسال کس ا، سک م، ظرف۔ م فد اس برس، اب کے برس، موجودہ سال میں۔

اُمَسنا ضمہ ا، سک س۔ ف ل۔ پنپنا، اُبھرنا۔

اَمْشاج فت ا، سک م، ج مذ۔ ج مذ۔ (حیاتیات) بارور ہونے والے حیوانی جرثومے **مَشِیج** (رک) کی جمع۔

اَمْشا سپَند فت ا، سک م س؛ فت ب، سک ن۔ امذ۔ فرشتہ، ملک، کرّوبی، نوعِ ملائکہ؛ نیز **آمشا سفَند** (ف)۔

اَمْصار فت ا، سک م۔ ج مذ۔ ممالک ، دیار، دیس، **مصر** کی جمع۔

اِمضاء کس ا، سک م۔ امذ۔ نفاذ، بجا آوری، تعمیل، م: **امضاءِ شریعَت**۔

اَمعا فت ا، سک م۔ ج مث۔ انتڑیاں، آنتیں، [واحد ع: مَعی]۔

اِمْعان کس ا، سک م۔ امذ۔ گہری نظر نیز **اِمعانِ نَظَر**۔

اَمْکا ڈُھمکا فت ا، سک م، فت ڈھ۔ امذ۔ اَیرا غَیرا، شخص نا مشخص، فلاں فلاں۔ کوئی بھی، نیز **آمک ڈُھمَک**۔

اِمْکان کس ا، سک م۔ امذ۔ قدرت، بضاعت؛ ممکن ہونا؛ محال کی ضد، وجود میں آنا، **عالَمِ اِمکان** کائنات، موجودات۔

اُمَکْنا ضمہ ا، فت م، سک ک۔ ف ل۔ اُبھرنا، نمودار ہونا۔

اَمَل (۱) فت ا،م۔ امذ۔ امید، آرزو، ارمان۔

اَمَل (۲) فت ا، م۔ صف۔ امذ۔ بے کثافت، پاک، صاف، نشہ، سرور **اَمَل پانی**: آب مصفیٰ مراد شراب ، الکحل ، **اَمَل پَتّی**: بھنگ، نشہ آور بوٹی، صف ، **اَمَلی** (سک م) نشے باز۔

اَمَل بیت فت ا، م ، ے مج۔ امذ۔ ترنج کی ایک بڑی اور تیز قسم جس میں تیزابیت زیادہ ہوتی ہے اس کا عرق موئی کو گلا دیتا ہے، گَلگَل ، (لاط: Acidozey Folia)۔

اَمْلا فت ا، سک م۔ امذ۔ عمارت میں لگا ہوا مسالہ، اینٹ چونا وغیرہ۔

اِمْلا کس ا، سک م۔ امذ۔ لکھنا، الفاظ کی صحیح شکل؛ لکھنے کی مشق، کٹکھنوں پر قلم پھیرنا [ع: املاء پُر کرنا ۔ف م **املا کرانا**، بول کر لکھوانا۔

اِمْلاص کس ا، سک م۔ امذ۔ اسقاط حمل[ع: پھسلنا]۔

اِمْلاق کس ا، سک م۔ امذ۔ تنگدستی، افلاس۔

اَمْلاک فت ا، سک م۔ ج مذ۔ مال و متاع، جائیداد، **مِلک** کی جمع۔

اِمْلاک کس ا۔ سک م۔ امث۔ مالک بنانا؛ ملکیت، مملوکہ اثاثہ [اردو کا تصرف]۔

اَمَلْتاس فت ا، م۔ امث۔ ایک درخت جس کے پھول زرد، خوشنما اور پھلیاں املی سے ذرا بڑی لمبی ہوتی ہیں جن میں سے ایک رطوبت نکلتی ہے جسے عسلی خیار شنبر یا مغز املتاس کہتے ہیں اور دواءً مستعمل ہے۔خیارِ شنبر (لاط: Cassia fistula)

اَمْلَس فت ا، سک م، فت ل۔ صف۔ چکنا، چمکیلا۔

اَمْلَق فت ا، سک م، فت ل۔ صف۔ ہموار، مسطح۔

اَمَلْنا فت ا، م، سک ل۔ ف ل۔ کھونڈا، کُھٹّل ہونا، گِھس جانا، م: ترشی سے دانتوں کا املنا یا کھٹیا جانا۔

آمَلْنا فت ا، سک ل۔ ف ل ۔ رگوں کا کھنچنا، ناف ٹلنا۔

آملوک فت ا، سک م، و مع۔ امذ۔ آملے کی قسم کا ایک کھٹا پھل۔

املی کس ا، سک م۔ امث۔ کھٹی پھلی جس کے گودے کے اندر سے سیاہ بیج یا چئیں نکلتے ہیں، نیز اس کا درخت جس کی پتّیاں بہت باریک جھالر کی طرح ہوتی ہیں۔ (لاط: Tamarindus Indica)۔

اَمن فت ا، سک م۔ امذ۔ پناہ، تحفظ، اَمان؛ سکون، امی جمی؛ فساد، ہلچل، ہنگامے کی ضد۔ **اَمن چَین**: (ے لین) زلزلہ بھونچال۔

اُمَنا ضمہ ا، فت م۔ ج مذ۔ **اَمِین** (رک) کی جمع۔ **مجلسِ اُمَنا**، متولیان (انگ: بورڈ آف ٹرسٹیز)۔

اُمْنا ضمہ ا، سک ن۔ ف ل۔ امنگ یا ترنگ میں آنا۔

اُمَنْڈنا ضمہ ا، فت م، سک ن، ڈ۔ ف ل۔ اُبلنا، جوش کھانا؛ (گھٹاکا) گھر کر چھانا؛ (دریا وغیرہ کا) کناروں سے اُچھلنا؛ نیز (استعارۃً) آنسو، جذبات، خیالات کے وفور یا شدت کے لیے مستعمل۔

اُمَنگ ضمہ ا، فت م، غنہ۔ امث۔ ترنگ، لہر؛ جوش، ولولہ۔

اِمْنِیَّت کس ا، سک م۔ کس ن، شد فت ی۔ امث۔ جسم کی امراض کے خلاف مدافعت پیدا کرنے کی فطری صلاحیت (انگ: Immunity کی تارید)

اَموّا فت ا، م، شد و۔ صف۔ آم کے رنگ کا، گہرا سبز۔

اَمْوات فت ا، سک م۔ ج مذ۔ امث۔ مرے ہوئے لوگ، میّتیں، مَوتیں، واحد **مَیّت**۔

اَموَلا فت ا، و مع۔ صف۔ انمول، بیش قیمت۔

اُمُومَت ضمہ ا،و مع، فت م۔ امث۔ ماں ہونا، ماں کا فطری منصب، کردار یا جذبہ۔

اَمَوی فت ا، م۔ صف۔ اُمَیَّہ، یا بنو اُمَیّہ سے منسوب، نیز **اُمَوی** (ضمہ ا)۔

اُمَّہات ضمہ ا، شد فت م۔ ج مثد مائیں، خاندان، کی بزرگ عورتیں، مرکب، **اُمَّہات اَلْکُتُب**: نہایت اہم، بنیادی، اعلیٰ پائے کی کتابیں، **اُمَّہات اَلْمُؤمِنِین**: مومنوں کی مائیں، مراد ازواج مطہّرات نبویؐ۔

اَمّی فت ا، شد م۔ امث۔ ماں کو پکارنے کا کلمہ۔

اُمّی ضمہ ا، شد م۔ صف۔ ناخواندہ، جو پڑھا لکھا نہ ہو؛ اُم = ماں سے منسُوب؛اُمّ القریٰ مَکّہ معظمہ۔

اَمْیا فت ا، سک م۔ امث۔ کیری، کچّا آم، نیز **اَنبیا** (اَمْب یا)۔

اُمیٹھنا ضمہ ا، ےمج، سک ٹھ۔ ف م۔ مروڑنا (کان کے لیے مخصوص) نیز **اَمیٹھنا** (فت ا) **اُمیٹھی دینا**۔

اَمی جَمی فت ا، ج ۔ امث۔ امن و امان، انقلاب سے پہلے کی پُرسکون حالت۔

اُمِّید ضمہ ا، شد م، ی مع۔ امث۔ آس، توقع، آرزو، تمنا؛ حمل۔نیز تخفیف **اُمید** (بلا شد) **اُمّید** (ے مج) محاورہ **اُمِّید سے ہونا**: پیٹ میں بچہ ہونا۔

اَمیر فت ا، ی مع۔ امذ۔ دولت مند۔ سردار۔ حکمراں مذہبی پیشوا؛ مرکب، **اَمیر اَلاُمَرا** (اَمی رُل اُ مَ را) بہت بڑا امیر، اونچے مرتبے کا رئیس **اَمیرالْبَحر** (اَمی رُل بحر) سمندری بیڑے کا اعلیٰ کمانڈار، **اَمیر اَلْمُؤمِنِین** (اَ می رُل مُ ، ، مِ نین) مسلمانوں کا خلیفہ یا امام وقت۔ **اَمیر جُملہ/ جُملگی** (جُم لَ / گی) کُل شاہی امور کا مختار، وزیر اعلیٰ، ایک قدیم منصب **اَمیر داد** کوتوالی کا حاکم، وزیر قانون یا انصاف۔ صف **اَمیری**: رئیس، دولتمند ہونا۔ امث۔ (تار کشی) معمول سے چوڑا بادلہ۔

اَمیریا فت ا، ی مع، کس ر۔ امذ۔ کبوتر کی ایک قسم۔

اَمین فت ا، ی مع۔ صف۔ امانت دار، جس پر اعتماد کیا جا سکے۔وحی لانے والے فرشتے۔حضرت جبریلؑ کا

لقب: **قرق امین** (رک) کی تخفیف۔

اُمّین ضمہ ا، شد م، ی مع۔ امذ۔ گیہوں یا جو جو فصل پکنے سے پہلے کاٹ لیے جائیں۔

اَن فت ا، سابقہ نفی م: **ان بدھا/ بیندھا**، بن چھدا (موتی) **ان بَن** لڑائی، ناچاقی **اَن پَڑھ** بے پڑھ لکھا۔ **انجان** بے خبر، اجنبی، **ان گنت** (فت ن) بہت زیادہ، بے شمار۔

اَن کَہنی ناگفتہ بہ بات، گالی، بُرا نام، **اَن کَہی**، اچُھوتی یا بن کہی بات، **اَن گِنا بَرس/ مہینہ**، عمر کا آٹھواں برس یا حمل کا آٹھواں مہینہ (جسے عورتوں میں خطرناک سمجھا جاتا تھا) **اَن مل**، (کس م) بے جوڑ، بے ربط، صف **اَن مَنا**، خفا، روٹھا ہوا، امث **اَنہونی**، محال، ناممکن بات۔

اَن (۲) فت ا۔ امذ۔ غلہ ، اناج، کھانا، غدا ، خوارک مرکب امذ۔ **اَن بان**، کھانا پینا، علم **اَن پُورنا**، (فت ن ، ومع، سک ر) خوراک کی دیوی، دُرگا کا ایک روپ، امذ: پیٹ بھر کھانا۔

اُن ضمہ ا۔ ضمیر اشارہ بعید۔ اس کا صیغہ جمع، مغیرہ شکلیں انُھوں/ اُنھیں۔ نیز اُنھوں، اُنھیں۔

اِن کس ا، ضمیر اشارہ قریب، "یہ" کا صیغہ جمع مغیرہ شکلیں **اِنھوں، اِنھیں۔**

اَنا فت ا، ضمیر ہم۔ میں امث۔ خودی، خود پرستی، ہما ہمی، تکبر نیز **اَنانیت** فقرہ **اَناالَحق**، میں ہی حق ہوں۔ منصور حلاج سے منسوب نعرہ۔ جس کی بنا پر ان پر کفر کا فتویٰ لگا اور سُولی پر چڑھائے گئے۔

اِنا کس ا۔ امذ۔ برتن ظرف، [ع: اِناء ج آنیہ]۔

اَنّا فت ا، شد ن۔ امث۔ شیر خوار بچے کی دایہ۔ دودھ پلانے والی ماما (ژ ند آنا، ت: آنا، س: اَنّ دا)۔

انابَت کس ا، فت ب۔ امث۔ نائب بنانا، اختیار سونپنا، وکیل بنانا، **انابَت الی اللہ** (اِلل لاہ) خدا سے لو لگانا۔

انابِیب فت ا، ی مع۔ ج مث۔ پتلی نالیاں، نلکیاں، نلیاں، نسیں۔ (نباتیات) **انابیب شعری** بال برابر پتلی نالیاں جن کے ذریعے پودے پانی کھینچتے ہیں۔ (ع: واحد اَنبُوب)۔

اَناپ شَناپ فت ا، سک پ، فت ش۔ صف۔ م ف: اُوٹ پٹانگ، بے تُکا، لایعنی اَلَم غلَم، بے سوچے سمجھے، اَلل ٹپ۔

اَناتھ فت ا۔ صف۔ جس کے سر پرکوئی نہ ہو، یتیم، لاوارث، **اَناتھ آشرم**: یتیم خانہ، محتاج خانہ، نیز **اَناتھ آلے/ آلَیہ** (آلَ یٰ)۔

اناث کس ا۔ ج مث۔ عورتیں، خواتین، (واحد ع: **اُنثیٰ** اُن سا)۔

اَناج فت ا، امذ۔ غلہ۔

اَناجِیل فت ا، ی مع۔ ج مث۔ انجیلیں **اناجیل اَربعَہ** (کسمج ل، فت ا، سک ر، فت ب،ع) عیسائی، مذہب کی چار مقدس کتابیں جن میں حضرت عیسیٰ کے احوال و اقوال درج ہیں اور ان کے حواریوں یوحنا، متی، اور اُن کے تابعین لوقا اور مرقس سے منسوب ہیں۔

اَنادی فت ا۔ صف۔ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو، قدیم، حادث کی ضد۔

اَنار فت ا۔ امذ۔ ایک درخت جس کا سرخ شگوفہ پھل میں تبدیل ہو جاتا ہے، جس میں کسیلے زرد گودے کے درمیان رسیلے سرخ یا سفید دانے ہوتے ہیں، میٹھے انار کو **اَنارِ شیریں** اور کھٹے کو **اَنارِ تُرش** کہتے ہیں، دونوں کی طبّی تاثیر الگ ہے۔

(لاط: Punica Granatum)؛ نیز ایک قسم کی آتشبازی جس کی شکل انار کے پھل سے ملتی ہے اور آگ دکھانے پر انار کے پودے کے برابر اونچی چنگاریاں اڑاتی ہے۔ مرکب، **اَنارْ دانَہ**: ترش انار کے سکھائے ہوئے دانے جو کھٹائی کے طور پر کھانے یا چورن میں استعمال ہوتے ہیں۔صف شوخ سرخ رنگ۔ **اَنارِین**: دو طرح کے انار یعنی کھٹے میٹھے اناروں کے ملے جلے دانے۔

آنارا فت ا۔ امذ۔ کبوتر جس کی آنکھیں سرخ ہوں۔

انارَت کس ا، فت ر۔ امث۔ نُور پہنچانا، روشنی دینا۔

آنارْیَہ فت ا، سک ر، فت ی۔ صف۔ غیر آریائی نسل کا۔

آناڑی فت ا، صف مذ۔ مث۔ نو سیکھ، ناتربیت یافتہ، جس میں مہارت نہ ہو، پھوہڑ، بھدّا۔

أناس ضمہ ا۔ ا جنس۔ بشر آدمی، مانس، نیز اِنس، انسان، ناس یا اَلنّاس۔

أناسی ضمہ ا۔ اسّی سے ایک کم (۷۹) صف **أناسواں/ أناسی واں**۔

أنام فت ا۔ امذ۔ لوگ مخلوق ، فقرہ **أنام کَالْاَنْعام** (اَنام کَل اَنْ عام) عام لوگ مثل مویشی۔

أنامِل فت ا، کس م۔ ج مذ۔ مث انگلیاں، انگلیوں کی پوریں۔

أنانیّت فت ا، کس ن، شد فت ی۔ رک: **أنا**۔

أنْبار فت ا، سک ن مثل م۔ امذ۔ ڈھیر، تودہ؛ بہت سا سامان۔

أنْباز فت ا، سک ن مثل م۔ امذ۔ شریک ، مِثل، نظیر، امث، **أنْبازی** (اَم بازی) برابری، ہمسری۔

أنْبان فت ا، سک ن مثل م۔ امذ۔ چمڑے کا تھیلا۔

أنْبَر(۱) فت ا، سک ن مثل م۔ امذ ۔ آسمان، سماء، فضا۔

أنْبَر (۲) فت ا، سک ن مثل م۔ امذ۔ گڑی ہوئی کیل اکھیڑنے کا آلہ، زنبور۔

اِنبِساط کس ا، سک ن مثل م، کسمج بہ امث۔ خوشی، فرحت، سُرور، کشادگی، پھیلاؤ۔

اِنْبِعاث کس ا، سک ن، مثل م۔ امذ - جی اٹھنا؛ جوش یا جذبے میں آنا؛ مبعوث ہونا۔ مرکب، **اِنْبِعاثِ مَوتیٰ** (مَوتا) مُردوں کا جی اٹھنا (خصوصاً بروز قیامت)۔[ع: أبھار، امنگ، پیغمبری]۔

اَنْبوہ فت ا، سک ن مثل م، و مج۔ امذ۔ ہجوم، مجمع، کثرت۔

اَنْبَہ فت ا، سک ن، مثل م، فت ب۔ امذ۔ آم۔

اَنْبِیا فت ا، سک ن مثل م، کس ب۔ ج مذ۔ **نَبی** رک کی جمع، نیز **اَنْبِیاء** م: **اَنْبیائے کِرام**۔

اَنْبِیا فت ا، غنہ ، سک بہ امث۔ آم کی تصغیر؛ کَیری۔

اَنْبیق فت ا، سک ن، مثل م، ی مع۔ امذ۔ عرق کشید کرنے کے آلے کا وہ حصہ جس میں بھاپ قرع سے اٹھ کر پہنچتی ہے۔

اَنْ بَھو فت ا، ضمہ ن، فت بھ۔ امذ۔ علم، ادراک، شُعُور۔

اَنْت فت ا، سک ن۔ امذ۔ اختتام، حد، انتہا، انجام؛ صف **اَنْتِم** آخری، انتہائی۔

اَنْتَ (۱) فت ا، سک ن، فت ت۔ ضمیر مخاطب۔ تُو، آپ، م: اَنتَ حَبِیبی:تو میرا محبوب ہے۔ [ع]۔

اَنْتَ (۲) فت ا، سک ن، فت ت۔ صف۔ بیچ کا، درمیانی، اندرونی، م: **اَنتَ کَرَن**: ضمیر، دل، حِسِّ باطن [س]۔

اِنْتاج کس ا، سک ن۔ امذ۔ نتیجہ نکالنا۔

أنتالِیس ضمہ ا، سک ن، ی مع۔ عدد۔ چالیس سے ایک کم (۳۹) صف **أنتالِیسواں/ لِسواں**۔

اِنْتِباہ کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ آگاہ ہونا یا کرنا، تنبیہہ، خبردار کرنا۔

اَنْت بَنَت فت ا، ن، سک ت، فت بہ امذ۔ بناؤ

سنگھار۔

اِنْتِخاب کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ چھانٹنا، چُن لینا، چناؤ؛ الیکشن، صف - چنا ہوا، منتخَب، چیدہ۔

اِنْتِداب کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ مقرر کرنا، نامزد کرنا، اختیار تفویض کرنا (سیاست) جمعیت اقوام کی طرف سے بعض طاقتور قوموں کو کمزور قوموں کا مُتولّی یا حاکم مقرر کرنا (مجازاً) بیرونی غلبہ، محکومی۔

اَنْتَر فت ا، سک ن، فت تہ امذ - فرق، اختلاف؛ مختلف، الگ الگ؛ باہمی؛ درمیانی۔ امذ۔ بھید؛ قلب؛ اندرون۔ اَنْتَر وید (ے مج) دوآبہ۔ صف اَنْتَر جامی/ یامی قلبی، روحانی، دل کا بھید جاننے والا۔

اَنْتر فت ا، سک ن، ت۔ صف۔ بیچ کا، درمیانی، دوغلا؛ امذ۔ (موسیقی) ٹیپ کے بولوں کے درمیان گائے جانے والے نسبتہً اونچے سروں کے بول۔

اَنْتْڑی فت ا، غنہ، سک تہ امث۔ آنت؛ پیٹ کے اندر کی نالیوں میں سے کوئی جن میں ہضم کی تکمیل ہوتی ہے اور جن کے ذریعے فضلہ خارج ہوتا ہے۔

اِنْتِزاع کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ معزولی، ضبطی، چھننا، چھین لیا جانا۔

اِنْتِساب کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ نسبت دینا، تعلق ہونا، متعلق کرنا، معنوَن کرنا۔

اِنْتِشار کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ پراگندگی، بے ترتیبی، بکھراؤ، گڑ بڑ، بدنظمی؛ پھیلاؤ۔

اِنْتِصاب کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ نصب کرنا، سیدھا کھڑا کرنا، صف۔ اِنْتِصابی: عمودی۔

اِنْتِصاف کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ آدھا آدھا کرنا، بیچ میں سے تقسیم کرنا؛ انصاف کرنا۔

اِنْتِظار کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ راہ دیکھنا، آس لگانا، متوقّع رہنا۔

اِنْتِظام کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ - لڑی میں پرونا، بیندھنا؛ بندوبست ، نظم و نَسَق، اہتمام، دیکھ بھال۔ ضابطہ، طریق کار، امث۔ اِنتظامیہ (م ی) با اختیار ادارہ جو نظم و نَسَق کا ذمہ دار ہو۔ حکومت ، سرکار۔

اِنْتِعاش کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ سرور، مسرت، بحالی، بہتری۔

اِنْتِعاظ کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ جنسی شہوت، اعضائے جنسی کا تناؤ۔

اِنْتِفاخ کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ اُبھار، پھولنا، سوجن۔

اِنْتِفاع کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ نفع اندوزی، فائدہ حاصل کرنا۔

اِنْتِقا کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ متقی، پاکباز ہونا، نیکی، تقویٰ، پاکبازی۔

اِنْتِقاد کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ خوبی، سچائی، خواص کو پرکھنا، جانچنا، رائے زنی کرنا۔ نقد و تبصرہ ج: اِنتِقادِیات: ادبی تنقیدیں، نیز ادب کے اصول،مباحث۔

اِنْتِقاص کس ا، کس ن، کسمج تہ امذ۔ کمی کرنا، گھٹانا۔[قب ع: نقص]۔

اِنْتِقال کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ کوچ کرنا، نقل مکانی کرنا؛ وفات؛ ملکیت کی تبدیلی؛ رخ یا توجہ کسی طرف پھیرنا؛ (الجبرا) مساوات میں کسی مقدار کو ایک سمت سے دوسری طرف لے جانا۔

اِنْتِقام کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ بدلہ چکانا، عِوض، معاوضہ، قصاص۔

اِنْتِما کس ا، سک ن، کسمج تہ امذ۔ نسبت رکھنا، منسوب ہونا، م: سعادت اِنْتِما: بابرکت۔

اِنْتِہا کس ا، سک ن، کسمج تہ امث۔ حدّ آخر،

نہایت، انجام، آنت، صف، اِنتہا پَسند (سیاست) تشدّد کا حامی، حصول مقصد کے لیے سخت یا غیر معتدل ذرائع اختیار کرنے کا حامی۔

اِنتہیٰ کس ا، سک ن، کسمج ت۔ ی غم۔ علامت وقفہ، مراد حد، یہاں بیان یا جملہ ختم ہوا۔

اَنْٹی فت ا، سک ن۔ امث۔ کان کی چھوٹی بالی۔

اُنَتّیس ضمہ ا، فت ن، شد ت، ی مع۔ عدد۔ تیس سے ایک کم (۲۹) نیز اُنْتِیس (سک ن، ی مع) صف اُنَتّیسواں/ اُنْتِیسواں/ اُنتِسواں۔

اَنْتِسار فت ا، سک ن، کس ت۔مذ۔ اسہال، دستوں کی بیماری [س؛ اَتِ سار]۔

اَنْٹا فت ا، سک ن۔ امذ۔ گولا، افیون کی بڑی گولی؛ مختلف کھیلوں (بلِیَرڈ وغیرہ) میں استعمال ہونے والی گیند؛ چوسر وغیرہ میں وہ کوڑی جو چت ہو نہ پٹ بلکہ آڑی کھڑی ہو جائے۔(باغبانی) بغیر بیج کے بوائی کا ایک طریقہ جس میں قلم یا دبّا لگانے کی بجائے، کٹی ہوئی شاخ میں کلّا پھوٹنے کے مقام پر مٹی تھوپ دی جاتی ہے۔ صف اَنْٹا غَفِیل: مدہوش، دُھت۔

اَنْٹالا فت ا، سک ن۔ امذ۔ بڑا گولا، افیون کا انٹا یا معمول سے بڑی گولی۔

اَنْٹ شَنْٹ فت ا، سک ن، فت ش۔ صف۔ م ف۔ (بول چال) بے ربط، بے معنی،الّم غلّم۔

اَنْٹی فت ا، سک ن۔ امث۔ لپٹا ہوا سُوت یا ریشم، لچھی، رِیل؛ گانٹھ گرہ، نیفے کی تہ جس میں کوئی چیز اُڑس لی جائے؛ آپس میں بل دی ہوئی انگلیاں۔

اُنْثیٰ ضمہ ا، سک ن، ی غم۔ امث۔ عورت، مادہ، امث اُنْثِیّت (اُن سی یَت) زنان پن۔

اُنْثِیَہ ضمہ ا، سک ن، کس ث، فت ی۔ امذ۔ خُصیہ، فوطہ، تولیدی غدہ۔ جمع اُنْثِیَین (اُن سِ ، یےَ نَ بروزن مشرقین) دونوں خصیئے۔

اِنْجاح کس ا، سک ن۔ امذ ۔ حاجت روائی؛ مقصد کا حصول۔

اِنْجاز کس ا، سک ن۔ امذ۔ (وعدے کا) ایفا، پورا کرنا۔

اَنْجام فت ا، سک ن۔ امذ۔ انتہا، آغاز کی ضد؛ نتیجہ، حاصل، مآل کار۔

اَنْجان فت ا، سک ن۔ صف۔ ناواقف، لاعلم، اکیف مث اَنجان پَن۔

اَنْجانا فت ا، سک ن۔ صف۔ نامعلوم، اجنبی؛ انوکھا مث اَنجانی۔

اَنْجَب فت ا، سک ن، فت ج۔ صف۔ نہایت عالی نسب، نجیب کی تفضیل؛ (اصطلاحاً) دوغلا یا بدنسل گھوڑا؛ لونڈی بچہ۔

اِنْجبار کس ا، سک ن، کسمج ج۔ امذ۔ سُکھانا، خشک کرنا۔

اَنْجُدان فت ا، سک ن، ضمہ ج۔ ہینگ کا درخت۔ [ف؛ انگدان کا معرّب]۔

اِنْجِذاب کس ا، سک ن، کسمج ج۔ امذ۔ کشش، جذب کرنا، کھینچنا۔

اَنْجَر پِنْجَر کس ا، سک ن، فت ج، سک ر، کس پ۔ امذ۔ ڈھانچا، کل پرزے، اعضا، جوڑ۔

اَنْجَل فت ا، سک ن، فت ج۔ امذ۔ دونوں ہتھیلیوں کو جوڑ کر بنایا ہوا لَپ یا اوک؛ لَپ بھر مقدار نیز اَنْجَر، اَنْجَلی۔

اَنْجُم فت ا، سک ن، ضمہ ج۔ ج مذ۔ ستارے، نَجم کی جمع ،نیز نُجُوم۔ اَنجُم جالی: پتھر، لکڑی وغیرہ میں ستاروں کی شکل کے کٹاؤ؛ اَنجُم شِناس (کس ش) نجومی، جیوتِشی۔

اِنْجماد کس ا، سک ن، کسمج ج۔ امذ۔ جمنے، سخت یا ٹھوس ہونے کی کیفیت۔

اَنْجُمَن فت ا، سک ن، ضمہ ج، فت م۔ امث۔ مجلس، منڈلی، محفل، ہم خیال لوگوں کا مشترک

ادارہ، مشرب، مل بیٹھنے کا مقام۔

اَنْجَن (۱) فت ا، سک ن، فت ج۔ امذ۔ سرمہ، کُحل بصر؛ کاجل، صف انجَن سار، سرمگیں (آنکھ)۔

اَنْجَن (۲) فت ا، سک ن، فت ج۔ امذ۔ ایک درخت جس کے پتّے جانوروں کا چارہ ہیں اور لکڑی نہایت سخت ہوتی ہے۔ (انگ: Iron wood لاط: Momeylon edule)۔

اَنْجَنا فت ا، سک ن، فت ج۔ امذ۔ معمولی قسم کا چاول جوگرمی میں بویا جاتا ہے۔

اَنْجیر فت ا، سک ن، کس ج۔ امذ۔ گُولر سے ملتا ہوا ایک پھل جو تازہ ہوتو رسیلا اور خشک ہو کر زیادہ میٹھا ہو جاتا ہے۔ (لاط: Ficus Carica)؛ **انجیر آدم**: گُولر۔

اَنْجیریا فت ا، سک ن، ی مع، کس ر۔ امذ۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے پر اوداہٹ لیے ہوئے ہوتے ہیں۔

انجیل کس ا، سک ن، ی مع۔ امث۔ عیسائی مذہب کا صحیفہ۔

اَنْجَھر فت ا، سک ن، فت جھ۔ امذ۔ بول؛ جادو کا بول، مَنتر، ٹونا۔

اَنْچھی فت ا، سک ن۔ امث۔ چانڈو کا دم لگانے کی نلکی یا نَیچا۔

اِنْحِداد کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ ڈھال، نشیب۔

اِنْحِراف کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ راستہ بدلنا، سیدھے راستے سے گریز ، بھٹکنا، عدول حکمی، روگردانی۔

اِنْحِصار کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ گھیرنا، احاطہ کرنا، پوری طرح شمار میں لانا؛ تکیہ، وقوف، دارومدار۔

اِنْحِطاط کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ گرنا، نیچے اُترنا، زوال پذیر ہونا؛ کمزور پڑنا۔

اِنْحِلال کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ پھیلنا، بکھرنا، مرکب، **اِنحلال نُور**: روشنی کا محدب شیشے سے گزر کر شعاعوں میں تقسیم ہونا۔

اِنْحِنا(ء) کس ا، سک ن، کسمج ح۔ امذ۔ کجی، ٹیڑھ، خمیدگی۔

اِنْخِفاض کس ا، سک ن، کسمج خ۔ امذ۔ نیچے آنا، جُھکنا؛ ارتفاع کی ضد۔

اِنْخِلا(ء) کس ا، سک ن، کسمج خ۔ امذ۔ خالی کرنا، کسی جگہ کی چھوڑ جانا۔

اَنْداخْت فت ا، سک ن، خ۔ امث۔ ڈالنے ، گرانے، پھینکنے کا عمل، صف: **اَنداختَہ**: ڈالا، گرا، پھینکا، پچھاڑا ہوا۔

اَنْدارا فت ا سک ن۔ امذ۔ کنواں، خصوصاً پختہ یا بڑا کُنواں۔

اَنْداز فت ا، سک ن۔ امذ۔ ڈھنگ، طور، وضع ، قرینہ؛ قیاس، تخمیں؛ نازو و ادا۔ م ف۔ **اَندازاً** تخمیناً، قیاس یا اٹکل سے۔

اَنْدازَہ فت ا، سک ن، فت ز۔ امذ۔ قیاس، تخمینہ، ظن، خیال۔

اَنْدام فت ا، سک ن۔ امذ۔ جسم ، بدن، قدو قامت؛ عضو، **اَندام نِہانی**: زنانہ شرم گاہ، غلاف فرج کے اندر کا سوراخ۔

اَنْدَر فت ا، سک ن، فت د۔ صف۔ درمیان، بیچ میں، کسی خاص حد سے ورے یا اس طرف، م ف **اَندَر خانہ**: پوشیدہ طریقہ سے، خفیہ طور سے، امذ **اَندر والا** مراد دل۔

اِنْدَر کس ا، سک ن، فت د۔ علم۔ ہندوانی عقیدے میں آسمان کا دیوتا جس کے بارے میں اعتقاد ہے کہ پانی برساتا ہے، پریوں کے دیس کا راجہ، اصلاً **اِنْدرَ** (سک ن د): خدائی طاقت۔ **اِندرَ لوک** (و مج) آسمان، عالم غیب۔ مث **اِندرا** اندر کی تانیث ، راجہ

اندر کی بیوی۔

اِندراج کس ا، سک ن، کسمج د۔ امذ۔ درج کرنا، فہرست، جدول وغیرہ میں چڑھانا، لکھنا۔

اِندراس کس ا، سک ن، کسمج د۔ امذ۔ مٹانا، فنا کرنا، کھو دینا، ازالہ، استیصال۔

اِنْدرایَن کس ا، سک ن د ، فت ی۔ امث۔ ایک پھیلنے والی بیل جس کے پتے تربوز کے پتوں کی طرح اور زردی مائل ہوتے ہیں، پھل بھی زرد یا نارنجی، چھوٹی پھونٹ سے ملتا، مزے میں تلخ اور زہریلا۔ حنظل، (لاط: Cucumis Colocynthis) اندرایَن کا پھل: (مجازاً) وہ آدمی جوبظاہر اچھا، اندر سے بُرا ہو، میٹھی چھری۔

اِندَر جَو کس ا، سک ن، فت د، ولین۔ امذ۔ کُڈے یا کُڑے کے بیج، سفید کُڈے کے بیج اِندر جو شیریں،اور کالے کُڈے کے تلخ کہلاتے ہیں؛ جو کے برابر سرخی مائل؛ زبانِ کنجشک، نیز لسان العصافیر (لاط: Neriun antidysentaricum)۔

اَنْدَرْز فت ا، سک ن، فت د، سک ر۔ امذ۔ وصیت، ہدایت، تحریری دستاویز۔

اَنْدَرسا فت مغ ا، فت د، سک ر۔ (بروزن اَنگَرکھا، سَنْورنا) امذ۔ چاول کے خمیری آٹے کی تلی ہوئی، تِل چڑھی میٹھی گولیوں کی شکل کی ایک مٹھائی۔ اَندرسے کی گولی۔

اَنْدَرکی فت مغ ا، فت د، سک ر۔ امث۔ میدے یاروے کے جمے ہوئے حلوے کا قتلہ یا لوَزات۔

اَنْدَرُون فت ا، سک ن، فت د، و مع۔ امذ۔ درمیان؛ باطن؛ اندر کا حصہ؛ ضمیر؛ قلب۔ صف اَندَرُونی خفیہ، نجی، امذ۔ اَندَرُونَہ مکان کے اندر کا صحن، محلسرا۔

اِنْدْری کس ا، سک ن د۔ امث۔ محسوس کرنے کی قوت، حاسّہ، حواس خمسہ میں سےکوئی حِس۔ جنسی لذت۔

اِنْدِفاع کس ا، سک ن، کسمج د۔ امذ۔ دفع، دور کرنا، ہونا، دفعیہ۔

اَنْدَک (۱) فت ا، سک ن، فت د۔ صف۔ تھوڑا، بہت کم۔

اَنْدَک (۲) فت ا، سک ن، فت د۔ امذ۔ ایک بڑا کانٹے دار درخت،پتے کیکر کی مانند، لمبی پھلی جس کو سانگری/کہتے ہیں، لکڑی نہایت سخت جو دیر تک جلتی، اور بہت دھواں دیتی ہے (لاط: Prosopis Spicigora)

اِنْدُک کس ا، سک ن، ضمہ د۔ امذ۔ سالئ، ایک اونچا درخت' پتے نیم کے پتوں کی مانند، پھل میں تین پھانکیں ہوتی ہیں، ہاتھی رغبت سے کھاتا ہے۔ (لاط: Indian Olibanum)۔

اَنْدَلُس فت ا، سک ن، فت د، ضمہ ل۔ علم۔ ملک ہسپانیہ، اِسپین، عام: اَنْدْلُس/ اَنْدلُس (سک ن د)۔

اِندِمال کس ا، سک ن، کسمج د۔ امذ۔ زخم کا بھرنا، مندمل ہونا۔

اَندوَختہ فت ا، سک ن، و مج، سک خ، فت ت۔ صف۔ امذ۔ جمع کیا ہوا، پس انداز کیا ہوا، بچایا ہوا، مال و متاع۔

اَنْدُود فت ا، سک ن، و مج۔ صف۔ لپا ہوا، ملمع کیا ہوا، نیز اَندُودَہ۔

اَندوہ فت ا، سک ن، ومج۔ امذ۔ رنج ، غم صف۔ اَندوہگیں: غمگیں، غمزدہ، غمناک، پُرآزار؛ نیز اَنْدوہناک غمناک۔

اِندِہاش کس ا، سک ن، کسمج د۔ امذ۔ حیرت، استعجاب، دُہاکا۔

اَنْدیشَہ فت ا، سک ن، ے مج، فت ش۔ امذ۔ خیال، فکر، تخیل؛ خطرہ خوف، دھڑکا۔ صف۔ اندیشناک:

خطرناک، باعث تشویش۔

اَنْدْھا فت ا، سک ں، صف۔ امذ۔ نابینا، دیکھنے سے محروم؛ جہل، ناعاقبت اندیشی میں مبتلا؛ مدھم، ٹمٹماتا؛ تاریک، بے آب، م: **اَنْدْھا کُواں**؛ دھندلا، غیر شفاف جس کے آر پار نہ دیکھا جا سکے۔ م: اندھا شیشہ؛ جس کا بھید پانا مشکل ہو، م: اندھا کاروبار، **اَنْدْھا بَھیْنسا**: دانستہ ٹھوکر کھانے والا؛ نیز بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچےکی آنکھوں پر پٹی باندھ دیتے ہیں، دوسرے باری باری چپت مارتے ہیں اور اسے مارنے والے کا صحیح نام بتانا ہوتا ہے۔ (بول چال) **آندھا گھوڑا**، مراد جوتا، پاپوش، مث: **آندھی** مرکب: **آندھی آنْت** (علم تشریح) بڑی آنت کے سرے پر ایک زائد بند نالی، (انگ: اَپنڈِکس)۔ **آندھی سُوئی** (سُ اِی) کڑھت کے کام کی بغیر ناکے کی سوئی جس میں دھاگا اٹکا لیا جاتا ہے۔

اَنْدْھا دُھنْد فت مغ ا، ضمہ دھ۔ م فد بے سوچے سمجھے، بے تحاشا۔

اَندھوری فت مغ ا، و لین۔ امثہ گرمی دانے، الائی، نیز **اَنھوری** (مقامی دیہاتی بولی)۔

اَنْدْھیاری فت مغ ا، سک دھ۔ امثہ تاریکی، سیاہی؛ آندھی، غبار کا طوفان، اندھیاؤ نیز رک: **اَنْدھیری**۔

اَنْدْھیاؤ فت مغ ا، غنہ، و مج۔ امذ۔ آندھی، غبار کا جھکڑ، کالی آندھی۔

اَنْدھیر فت ا، سک ں، ے مج۔ امذ۔ ظلم، بے انصافی؛ ابتری، بد نظمی، ظلمت، تاریکی، تاریک فضا یا مقام، مثل: **اَنْدھیر نَگری چَوپَٹ راج/ راجا** ابتری، بدنظمی [اصلاً: چوپٹ راجیَہ = راج]۔

اَنْدْھیرا فت مغ ا، ے مج، امذ۔ صفہ تاریکی، سیاہی، تاریک فضا، روشنی کی ضد؛ تاریک بے نور، سیاہ م: اندھیرا گھر م ف **اَنْدھیرے مُنہ** صبح سویرے، نیز **مُنہ اَنْدھیرے**۔

اَنْدھیری فت مغ ا، ے مج۔ صف۔ امثہ تاریک، اندھیرا کی تانیثہ امثہ سرخ کپڑا جو سقّے گھروں میں آتے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں؛ گھوڑوں کے منہ پر ڈالی جانے والی جھالر یا پردا، نیز **اَنْدھیاری**۔

اَنْڈا فت ا، سک ں۔ امذ۔ بیضوی خول جس میں سے پرندوں وغیرہ کا بچہ پرورش پا کر نکلتا ہے، تخم، بیضہ زنانہ مادّہٴ تولید؛ فوطہ، خایہ، صف **اَنْڈاسی** (فت مغ ا) انڈا دینے کے لیے جگہ ڈھونڈتی ہوئی مرغی۔

اَنْڈج: انڈے میں سے پیدا ہونے والی مخلوق ۔ ف ل

اَنْڈیانا: انڈے دینے کے قریب ہونا۔

اَنْڈرا فت ا، سک ں ڈ۔ امذ۔ دھان کا پودا جس میں سے بال پھوٹنی شروع ہو جائے۔

اَنْڈوا (۱) فت مغ ا، سک ڈ۔ امذ۔ سانڈ، وہ مویشی جس کے خصیے سلامت ہوں؛ خصّی، بدھیا کی ضد۔

اِنْڈوا کس مغ ا، سک ڈ۔ امذ۔ رک **اینڈوا**۔

اِنْذار کس ا، سک ں۔ امذ۔ ڈرانا، خوف دلانا، تخویف۔

اَنَرْتھ فت ا ں، سک ر۔ امذ۔ نقصان، زیاں، ضرر۔

اِنْزال کس ا، سک ں۔ امذ۔ برسنا، اوپر سے آنا، نازل ہونا؛ ذکر سے منی کا اخراج۔

اِنْزِجار کس ا، سک ں، کسمج ز۔ امذ۔ پرہیز، اجتناب، دور رہنا؛ پرے رکھنا؛ تنفر، بے رغبتی۔

اَنْزَروت فت ا، سک ں، فت ز، و مج۔ امذ۔ ایک درخت کا گوند جو اکثر مرہموں میں استعمال ہوتا ہے، لائی، لاہی (انگ: Sarcocolla, Flesh Gum)۔

اِنْزِعاج کس ا، سک ں، کسمج ز۔ امذ۔ بے چینی، بے آرامی؛ کسمساہٹ۔

اِنْزِوا کس ا، سک ں، کسمج ز۔ امذ۔ گوشہ نشینی، زاویہ گزینی، الگ تھلگ بیٹھنا۔

اَنْس (۱) فت ا، سک ں۔ امذ۔ طاقت، زور، دم؛ روح، ست۔ **اَنْس اُکھڑنا**، دم پھولنا، سانس اکھڑنا۔

اَنْس (۲) فت ا، سک ن۔ امذ۔ جُز، حصہ، قطعہ، ضلع، بھاگ [س: اَنش]۔

اِنْس کس ا، سک ن۔ اسم جنس۔ نوع انسانی۔ **اِنس وَجان**، انسان اور جنّات صف **اِنسی** (رک)۔

اُنْس ضمہ ا، سک ن۔ امذ۔ لگاؤ، تعلق خاطر، میل، محبت، امث، **اُنسیّت** ذاتی لگاؤ، دوستی۔

اَنّس فت ا، شد فت ن۔ امذ۔ گِلّی پر ڈنڈے کی ضرب۔

اَنْساب فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ آبائی سلسلے، باپ داداؤں کے نام، **اَنساب وَ اَرحام** باپ اور ماں دونوں طرف کے نسب نامے۔ **علم الاَنساب** پچھلی نسلوں کی عادات و خصائل کا مطالعہ؛ نیز رک: آسماء الرجال۔

اَنُسار فت ا، ضمہ ن۔ م فـ بمطابق، بلحاظ۔

اَنْساق فت ا، سک ن۔ **نَسَق** (رک) کی جمع۔

اِنْسان کس ا، سک ن۔ امذ۔ آدمی، نوع بشر، بنی آدم؛ مہذب فرد؛ آنکھ کی پتلی، مردم چشم۔ امث **اِنسانیات**: انسانی نسلوں اور ان کے تمدن کا مطالعہ، **اِنسانیَت**: شرافت، شائستگی، خوش اخلاقی۔

اَنْسَب فت ا، سک ن، فت س۔ صف۔ بہتر ، زیادہ مناسب۔

اُنْسَٹھ ضمہ ا، سک ن، فت س۔ عدد۔ ایک کم ساٹھ (۵۹) صف **اُنسَٹھواں/ویں**۔

اِنْسِجام کس ا، سک ن، کسمج س۔ امذ۔ رَو، بہاؤ، کلام کی روانی، بے تکان روش۔

اِنْسِداد کس ا، سک ن، کسمج س۔ امذ۔ روکنا، رکوانا، بند کرانا، بندش لگانا، خاتمہ کرنا۔

اِنْسِکاب کس ا، سک ن، کسمج س۔ امذ۔ رِسنا، بہنا، ٹپکنا۔

اِنْسِلاخ کس ا، سک ن، کسمج س۔ امذ۔ کھال اُتارنا، سلخ کرنا، علیحدہ ، جدا کرنا یا ہونا۔

اِنْسِلاک کس ا، سک ن، کس س۔ امذ۔ نتّھی ہونا، متعلق، منسلک ہونا۔

اِنْسی کس ا، سک ن۔ صف۔ دایاں، سیدھا، چت، امذ۔ نیزے کے قلم کی شگاف دی ہوئی زبان کا داہنا پرا جو کسی قدر آگے کو نکلا ہوتا ہے، وحشی کے مقابل۔

اِنْسِیّہ کس ا، سک ن، کس س، فت شد فت ی۔ صف۔ امث۔ انسانوں سے متعلق؛ زن، عورت ذات امث۔ **انسیّات**: علم الانسان۔

اِنْشا کس ا، سک ن۔ امث۔ نگارش، لکھائی، تحریر، عبارت آرائی، مضمون نگاری، خطوط نگاری، نیز **اِنْشاء** م: **انشائے لَطیف**، ادبی تحریر جو لطف کلام کے لیے لکھی جائے خصوصاً رومانی۔ امذ۔ **اِنْشائیَہ**: ادبی مضمون (انگ: Essay)۔ نیز **اِنْشاپَردازی**۔

اِنْ شاءَ اللّٰہ کس ا، سک ن، فت ء، ا غم۔ فقرۂ شرطیہ۔ اگر خدا نے چاہا، عموماً اپنے ارادے کی پختگی کو ظاہر کرنے کے لیے مستعمل، یعنی سوائے اس صورت میں کہ خدا کو منظور نہ ہو اور کوئی مجبوری حائل ہو جائے۔

اِنْشِراح کس ا، سک ن، کسمج ش۔ امذ۔ کشادگی، کھولنا، واضح کرنا؛ فرحت پہنچانا، اِنقباض کی ضد۔

اِنشِعاب کس ا، سک ن، کسمج ش۔ امذ۔ شاخیں پھوٹنا، بیل کا پھیلنا۔

اِنْشِقاق کس ا، سک ن، کسمج ش۔ امذ۔ شق کرنا، توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، م: ایٹم کا اِنشقاق۔

اُنْشُوطَہ ضمہ ا، سک ن، و مع، فت ط۔ امذ۔ ڈیڑھ گرہ یا ایسی ہی کوئی گرہ جو دیکھنے میں پیچیدہ ہو مگر آسانی سے کھل جائے (انگ Slip Knot)۔

اَنْصاب فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ بن گھڑے پتھر جنھیں بُت کی طرح پوجا جائے۔ واحد **نَصْب**۔

اَنصار فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ مددگار، رفقاء؛ (تاریخ اسلام) اہل مدینہ جنھوں نے مہاجر مسلمانوں کو پناہ دی۔ صف **اَنصاری**؛ قدیم اہل مدینہ کی اولاد۔

انصاف کس ا، سک ن۔ امذ۔ عدل، حق پسندی، داد گستری، نیائے۔

انصِباب کس ا، سک ن، کسمج ص۔ امذ۔ ٹپکنا، ٹپکانا، ریزش۔

انصِراف کس ا، سک ن، کسمج ص۔ امذ۔ پلٹنا، واپس ہونا، مُڑنا، کسی طرف رجوع کرنا؛ اِنحراف، روگردانی۔

انصِرام کس ا، سک ن، کسمج ص۔ امذ۔ انتظام، اہتمام [ع: قطع کرنا، تقسیم کرنا، سختی کرنا، پیچھے چھوڑ دینا یا رہ جانا]۔

انضاج کس ا، سک ن۔ امذ۔ میوے کا پکنا، پال ڈالنا؛ (طب) کسی خِلط کو پکانا، پختہ، کثیف، غلیظ کرنا۔

انضِباط کس ا، سک ن، کسمج ض۔ امذ۔ سمیٹنا، سنوارنا، قاعدے میں لانا، قابو میں کرنا، تحریر کرنا۔

انضِغاط کس ا، سک ن، کسمج ض۔ امذ۔ دبنے، پچکنے کی صلاحیت، لچک۔

انضِمام کس ا، سک ن، کسمج ض۔ امذ۔ بستہ، پیوستہ، یکجا ، یکجان ہونا، شمولیت، شرکت، الحاق۔

اَنطاع فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ **نِطْع** (رک) کی جمع۔

انطِباع کس ا، سک ن، کسمج ط۔ امذ۔ چھاپا، چھپائی، طباعت۔

انطِباق کس ا، سک ن، کسمج ط۔ امذ۔ مطابق، موافق ہونا، صف **مُنطَبِق** من و عن، مماثل، چسپاں۔

انطِفا کس ا، سک ن، کسمج ط۔ امذ۔ بُجھانا، فرو کرنا، رفع دفع کرنا۔

انطِلاق کس ا، سک ن، کسمج ط۔ امذ۔ طلوع ہونا، یکبارگی نکل پڑنا، اُبھر آنا، پھٹ پڑنا۔

انطِوا کس ا، سک ن، کسمج ط۔ امذ۔ اندر کی طرف پلٹنا؛ لپٹنا، بند ہونا؛اپنے خیالات میں گم رہنا، علحدگی پسندی (انگ: Introversion)۔

اَنْظار فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ **نَظَر** (رک) کی جمع۔

اِنْظار کس ا، سک ن۔ امذ۔ مشاہدہ، دیکھنا، نظر کرنا، جانچنا؛ ستارہ بینی۔

انظِلام کس ا، سک ن، کسمج ظ۔ ظلم کو برداشت کرنا۔

اَنْعام فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ جانور، چوپائے؛ قرآن مجید کی چھٹی سورت کا نام۔

اِنْعام کس ا، سک ن۔ امذ۔ صلہ، اجر، اچھی جزا؛ عطیہ، بخشش، مرکب عطفی **انعام و اکرام** (اِنعامُ اِک رام) **انعامِیہ**: تنخواہ سے زائد ادائگی اظہار خوشنودی کے طور پر (قب انگ: Gravity)۔

انعِطاف کس ا، سک ن، کسمج ع۔ امذ۔ میلان، جھکاؤ، مُڑنا، گریز کرنا، گھومنا۔ **اِنعطاف نُور** شعاع کا سیدھ بدلنا۔

انعِقاد کس ا، سک ن، کسمج ع۔ امذ۔ ملنا، جمع ہونا، جلسہ، تقریب رچانا، برپا، منعقد کرنا۔

انعِکاس کس ا، سک ن، کسمج ع۔ امذ۔ عکس ڈالنا، پرتو افگنی، پرچھائیں، روشنی کا کسی چیز سے ٹکرا کر پلٹنے کا عمل۔ (منطق) قضیئے کو پلٹنا، موضوع کو محمول، محمول کو موضوع بنانا۔

انغِماد کس ا، سک ن، کسمج غ۔ امذ۔ دخول، باہم پیوست ہونا[ع: تلوار کو نیام میں ڈالنا]۔

اَنْف فت ا، سک ن۔ امث۔ ناک، سونگھنے سانس لینے کا عضو، صف: **اَنْفی** ناک سے متعلق؛ غنائیہ حروف۔

اِنْفاخ کس ا، سک ن۔ امذ۔ پھونکنا، م: **اِنفاخ**

رُوح: جسم میں روح پھونکی جانا، اِنفاخ صُور: صور کا پھونکا، بجایا جانا۔

انفاذ کس ا، سک ن۔ امذ۔ نافذ کرنا، بروئے عمل لانا۔

اَنْفار فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ افراد، لوگ نَفَر کی جمع۔

اَنْفاس فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ سانسیں، دم ، مجازاً زندگی کے گزرتے ہوئے لمحے، واحد نَفَس (فت ن ف)۔

اِنْفاق کس ا، سک ن۔ امذ۔ خرچ کرنا، صرف کرنا، کام میں لانا، (نقدی یا مال کو)۔

اَنْفال فت ا، سک ن۔ امذ۔ ج مذ۔ لُوٹ کا مال، مال غنیمت۔

اِنْفائیّت کس ا، سک ن، کس ،، شد فت ی۔ امث۔ نفی کرنا، جھٹلانا، باطل ٹھہرانا (فلسفہ) کائنات کے حقیقی وجود سے انکار۔

اِنْفجار کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ بھڑکنا، سلگنا، روشن ہونا۔

اِنْفِراج کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ رخنہ، شگاف؛ فصل؛ دم لینا، آرام کرنا، فرحت حاصل کرنا؛ نیز انفراج ابنساط۔

اِنْفِراد کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ علیٰحدگی، الگ الگ رہنا، متفرق ہونا، اجتماع کی ضد۔ صف۔

اِنْفرادی: فرد سے منسوب یا متعلق، ذاتی، شخصی۔ امث۔ انفرادیَت: شخصی امتیاز، دوسروں سے الگ، نمایاں، منفرد ہونا۔

اِنْفراغ کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ فرصت، فراغت۔

اَنْفُس فت ا، سک ن، ضمہ فـ ج مذ۔ مخلوق، لوگ، نَفْس کی جمع نیز نُفُوس۔

اِنْفِساخ کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ فسخ کرنا، توڑنا، منسوخی۔

اِنْفِصال کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ علاحدگی، جدائی، قطع تعلق؛ قضیے کا تصفیہ۔

اِنْفِعال کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ اثر قبول کرنا، متأثر ہونا؛ خجالت، شرمندگی؛ عربی، قواعد کا ایک باب جس کے وزن پر بہت سے الفاظ اردو میں رائج ہیں۔

اِنْفِکاک کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ جدا، علاحدہ، متفرق، الگ الگ کرنا؛ رفع ہونا، دور ہونا، م:

اِنْفِکاک رِہْن، رقم کی ادائگی پر رہن کا ختم ہو جانا۔

اِنْفِلاق کس ا، سک ن، کسمج فـ امذ۔ رک: اَنطلاق۔

اِنْقِباض کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ سکڑنا، گھٹنا، بند ہونا، بے کیفی، گھٹن۔

اِنْقِراض کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ قطع ہونا، اچانک اختتام کو پہنچنا۔

اِنْقِسام کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ تقسیم کا عمل، بانٹ، بٹائی، تفریق۔

اِنْقِصاف کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ بُھربُھرا، پُھوٹک ہونا، ٹھوس پن، گٹھا، بندھا ہونے کی ضد۔

اِنقضا کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ گزر جانا، ہو چکنا، ختم ہوجانا، نیز اِنقِضاء م: اِنقضائے میعاد۔

اِنْقِطاع کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ کاٹنا، قطع کرنا یا ہونا؛ بند یا موقوف ہونا۔

اِنْقِلاب کس ا، سک ن، کسمج ق۔ امذ۔ تغّیر، تبدل، اُلٹا پَلٹی، یکسر یا ہیجان انگیز تبدیلی، نیا سیاسی سماجی نظام، زمین کی گردش کے سبب موسم کا پلٹنا جیسے اِنقِلابَین (دو انقلابوں) سے تعبیر کرتے ہیں، جب سورج خط اِستوا کے جنوب سے شمال کی طرف یا شمال سے جنوب کی طرف مراجعت کرے۔

انقیاد کس ا، سک ن۔ امذ۔ ضابطے میں لانا، قابو میں کرنا یا آنا؛ اطاعت، تسلیم۔

اَنْک فت ا، غنہ۔ امذ۔ چھاپ، نشان، ٹھپّہ، قِطعہ، حصہ، بخرہ۔

اِنکار کس ا، سک ن۔ امذ۔ نفی میں جواب دینا، نا کہنا، نہ ماننا، سرتابی کرنا۔

اَنْکَر فت ا، غنہ، فت ک۔ صف۔ تنّفر، کراہت پیدا کرنے والا، بھیانک، مکروہ۔

انکُر فت ا، غنہ ضمہ ک۔ امذ ۔ کونپل، کلّا، پُھٹاؤ، نیز **انکُور۔**

اَنْکری فت ا، غنہ سک ک۔ امث۔ بِجائی کی نلکی جو ہل کے جوئے سے بندھی ہوتی ہے۔

اَنْکڑی فت ا، غنہ، سک ک۔ امث۔ روڑی جو سڑک بنانے کے کام آتی ہے انکٹا، نیز **اَنْکڑی۔**

اَنْکَس فت ا، غنہ، فت ک۔ امذ۔ ہاتھی کو ہنکانے کا نوکدار آہنی آلہ جس سے اس کی گردن اور کان کو گدگدایا جاتا ہے۔

اِنکسار کس ا، سک ن، کسمج ک۔ امذ۔ عاجزی، فروتنی، خود کو اَخلاقاً جُھکانا، کمتر ظاہر کرنا۔

انکِشاف کس ا، سک ن، کسمج ک۔ امذ۔ ظاہر، افشا کرنا، کھولنا، پردہ اٹھانا، کسی بات کا غیب سے القا ہونا۔

انکماش کس ا، سک ن، کسمج ک۔ امذ۔ انقباض، گھٹن، تشنج، اینٹھن، م: اِنکماش قلب = دل میں گُھٹن پیدا ہونا۔

اَنْکوانا فت ا، غنہ ، سک ک۔ ف م۔ **آنکنا** (رک) کا متعدی۔

اَنْکول فت ا، سک ن، و مج۔ امذ۔ ایک درخت جس کے پتے آڑو کے پتوں سے ملتے ہوئے، ان پر پان کی طرح کی رگیں، پھول زرد، اور بکائن کی طرح گچھے دار پھل لگتا ہے، اور نِبولی کی طرح بیج۔اس درخت میں سےمچھلی کی بساند آتی ہے (لاط: Alangium Decapitalum)۔

اَنْکھرس فت ا، غنہ، سک کھ، فت ر۔ امذ۔ آنکھوں کا لڑنا، آشنائی، اشارے بازی۔

اَنْکھڑی فت ا، غنہ، سک کھ۔ امثد **آنکھ** (رک) کی تصغیر نیز **آکھی** ج **انکھڑیاں/ اَنْکھیاں۔**

اَنْکھنانا فت ا، غنہ، سک کھ۔ ف ل۔ جلنا، حسد کرنا۔

اَنْگ فت ا، غنہ۔ امذ۔ جسم ، بدن، ہاڑ، ہَیئت؛ جزو، حصہ، قطعہ، باب (کتاب، ناٹک، وغیرہ کا)۔

اِنْگ کس ا، غنہ، سک گ۔ امذ۔ پتلا، جھرجھرا، گھٹیا قسم کا گاڑھا۔

اَنْگا فت ا، غنہ۔ امذ۔ دایہ، بچوں کی انا یا کھلائی۔ نیز رک **اَنْگرکھا۔**

اَنْگارا فت ا، غنہ ۔ امذ۔ سلگتا ہوا کوئلہ، نیز انگار۔

اَنْگارَہ فت ا، غنہ، فت ر۔ امذ۔ ڈَول، خاکہ، ہیُولا، ابتدائی نقش۔

اَنْگْبِیں فت ا، غنہ، سک گ، ی مع۔ امذ۔ شہد، عسل۔

اَنْگَد فت ا، غنہ، فت گ۔ امذ۔ بازو کا کڑے کی شکل کا زیور جس کے سروں پر عموماً شیر یا مگرمچھ کا منّہ بنا ہوتا ہے۔

اَنْگَرکھا فت مغ ا، فت گ، سک ر۔ امذ۔ اچکن کی وضع کا مردانہ لباس جس میں اچکن کے برخلاف صرف ایک پاکھا ہوتا ہے ، جسے پہنتے وقت گھنڈی کے ذریعے اوپر گلے سے جوڑ دیا جاتا ہے، اور نچلے سرے کو کمر کے پاس بند سے باندھ دیتے ہیں۔ اونچی چولی کا گھیر دار انگرکھا **اَنْگا** کہلاتا ہے۔

اَنْگریز فت ا، غنہ، ے مج۔ اسم جنس۔ انگلستان کا باشندہ یا انگلستان میں بسنے والی قوم، امث۔

اَنْگریزن، صف امث، **اَنْگریزی**: انگریزوں سے منسوب ؛ انگلستان کی زبان جو آریائی زبانوں کی جَرمَینِک شاخ سے تعلق رکھتی ہے۔

اَنْگڑائی فت ا، غنہ، سک گ۔ امث۔ دونوں ہاتھ اوپر اُٹھا کر بدن کو اُبھارنے کا اضطراری عمل، خمیازہ، اُباسی۔

اَنْگَڑ کَھنْگَڑ فت ا، غنہ، فت گ کھ۔ امث۔ کاٹھ کباڑ، متفرّق سامان۔

اَنْگُشت فت ا، غنہ، ضمہ گ، سک ش۔ امث۔ انگلی، مرکب، **اَنْگُشت شہادت**: انگوٹھے کے برابر والی کلمے کی انگلی۔ امث۔ **اَنْگُشت نُمائی**، اعتراض، عیب جوئی، نکتہ چینی، **اَنْگُشتی**: انگلی سے تعلق رکھنے والا م: **اَنْگُشتی حُروف**: نابیناؤں کے لیے ابھرواں حروف صف: **اَنْگُشتِیا**: اُنگلی بھر چوڑا (ٹھپہ وغیرہ)۔

اَنْگُشت فت ا، غنہ، ضمّہ گ، سک ش۔ امذ۔ کوئلہ، انگارا۔

اَنْگُشتانہ فت ا، غنہ، ضمہ گ، سک ش۔ امذ۔ کپڑا سیتے وقت انگلی میں پہننے کا ٹوپی نما دھات کا خول۔

اَنْگُشتَر فت ا، غنہ ضمہ گ، سک ش، فت ت۔ امذ۔ چھلّا ہاتھ یا پاؤں کی انگلی میں پہننے کا۔ امث **اَنْگشتَری**: انگوٹھی۔

اُنْگَل ضمہ ا، غنہ، فت گ۔ امذ۔ انگلی، عموماً تراکیب میں مستعمل، م: **اُنگل بیت/ بیونت** (بیّنت) **کرنا**، مین میکھ نکالنا، [س: انگل]

اُنْگلی ضمہ ا، غنہ، سک گ۔ امث۔ ہاتھ یا پانوؤں کے ساتھ جُڑے ہوئے وہ پتلے اعضا جن کے سرے پر ناخن ہوتے ہیں، ف **اُنگلی چَٹْخانا/ چَٹْکانا**: انگلی کو کھینچ کر یا دبا کر پوروں کے جوڑ سے چٹ کی آواز نکالنا، ف م: **اُنْگلانا/ اُنْگلیانا**: تنگ کرنا، بے چین کرنا۔

اَنْگلیس کس ا، غنہ، سک گ، ی مع۔ امذ۔ رک : **اَنْگریز** صف **اِنگلِیسیَہ/ اِنگلِشیَہ** انگریزی، انگلستان سے منسوب۔

اَن گنا فت ا، سک ن، کس گ۔ صف۔ آٹھواں (مہینہ یا برس) نیز رک : آن ۔

اَنْگنائی فت ا، غنہ سک گ۔ امث۔ گھر کے اندر کا صحن، آنگن۔

اَنْگُوٹھا فت ا، غنہ، و مع۔ امذ۔ ہاتھ یا پاؑنو کی موٹی انگلی جو چھنگلی کی مخالف سمت میں ہوتی ہے، نیز انگشت؛ انگوٹھے کا نشان جو بجائے دستخط دستاویز وغیرہ پر ثبت کیا جائے۔

اَنْگُوٹھی فت ا، غنہ و مع، نیز فت مغ ا، و مع۔ امث۔ انگلی میں پہننے کا حلقہ نما زیور جو اکثر نگینے دار ہوتا ہے یا چھلّے کے برخلاف ایک طرف سے ابھرواں، خاتَم، انگشتری۔

اَنْگوَچھا ومج (مثل انوکھا) امذ بدن پونچھنے کا بڑا رومال، جھاڑن کی طرح کا کپڑا۔

اَنْگُور فت ا، غنہ، و مع۔ امذ۔ گول یا بیضوی رسیلا پھل جو اپنی بیل پر خوشوں کی شکل میں لگتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ **انگور بے دانہ** کی ایک قسم خشک ہونے پر کشمش کہلاتی ہے؛ بڑا موٹے دانوں اور سخت بیجوں کا **قُتّی یا پٹاری کا اَنْگور** خشک ہو کر مویز کہلاتا ہے، جسے طبی نسخوں میں مویز منقیٰ لکھا جاتا ہے اور عام طور پر منقّی کہلاتا ہے، یہ عموماً قُطی یا پٹاری میں چمن (بلوچستان) سے آتا ہے، نیم پختہ انگور کو غوزہ اور خشک ہو جانے پر غورَہ مویز کہتے ہیں (لاط: Vitis Vinifen)۔ مجازاً ؛ بھرتا ہوا زخم۔ **اَنگورشغال** (۱ں) رک: مکو، صف: **اَنْگورِیا**: انگور کے رنگ کا، ہلکا سبزی مائل۔

اَنْگُورَہ فت ا، غنہ، و مع، فت ز۔ امذ۔ ہینگ، حِلتِیت۔
اَنْگوَل فت ا، غنہ، و مج۔ امذ۔ سرپر پانی ڈالے بغیر غُسل۔
اَنْگی فت ا، غنہ ۔ امث۔ ایک آنہ فی روپیہ کٹوتی کے لیے بیوپاریوں کی اصطلاح۔
اَنْگیا فت ا، غنہ، سک گ۔ امث۔ سینہ ڈھکنے کے لیے کٹوروں کی شکل میں سلا ہوا زنانہ لباس، محرم، چھوٹا کپڑا۔
اَنْگِیٹھی فت ا، غنہ، ی مع، نیز فت مع ا، ی مع۔ امث۔ کوئلے سلگانے کا ظرف جس میں کوئلوں کے نیچے جالی اور نچلے حصے میں راکھ نکالنے کے لیے کھڑکی ہوتی ہے؛ آگ تاپنے کی مٹی کی صندلی۔ مکّبر **اَنْگیٹھا**: سناروں کی بھٹی۔
اَنْگیزنا فت ا، غنہ، ے مج، سک ز۔ ف ل۔ برداشت کرنا، سہنا، جھیلنا، اُٹھانا۔ صف **انگیختہ**، اُٹھایا، اُبھارا ہوا، امث **اَنْگیز/ انگیزش** (ے مج، کس ز) جوش، اُبھار ہیجان۔
اَنُماں فت ا، ضمہ ن۔ امذ۔ اٹکل، اندازہ، قیاس، تخمین۔
اَنْمَت فت ا، سک ن، فت م۔ صف۔ سالم، پورا، مکمل۔
اُنْمُوذَج ضمہ ا، سک ن، و مع، فت ذ۔ امذ۔ نظیر، مثل، نمونہ [ف: نمونہ، نمودہ کا معرب] م ف: **اُنموذَجاً** (جَن) نمونے کے طور پر۔
اَنَنّاس فت ا، ن، شد ن۔ امذ۔ گومڑے دار چھلکے کا ایک زرد رسیلے گودے کا پھل جس کا درخت ایک ہاتھ تک اونچا ہوتا ہے۔ اور دوسرے درختوں کے سائے میں لگایا جاتا ہے (لاط: Ananas Sativa)
اَنَنْت فت ا، ن، سک ن۔ صف۔ لا انتہا غیر محدود، ابدی؛ امذ، سنْبھالُو، فلفِل کوہی۔
اُنَنْچاس ضمہ ا، فت ن، سک ن۔ عدد۔ ایک کم پچاس (۴۹) صف **اُنَنْچاسْواں**۔
اَنَنْگ فت ا، ن، غنہ۔ صف۔ بے جسم، بے بدن کا، غیر مجسم، امذ۔ کام دیو کا لقب۔
اَنُواد فت ا، ضمہ ن۔ امذ۔ ترجمہ، **اَنُوادک**: مُتَرجِم۔
اَنُوبَھو فت ا، ضمہ ن، و غم، فت بھ۔ امذ۔ تجربہ، آزمائش سے حاصل کیا ہوا علم یا اِحساس۔
اَنُورادھا فت ا، ضمہ ن، و غم۔ امث۔ جیوتش میں چاند کی سترھویں منزل۔
اَنْوار فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ **نُور** (رک) کی جمع۔
اَنْواسنا فت ا، سک ن، س۔ ف م۔ کورے برتن میں پہلی بار پانی بھرنا اور تر کرنا۔ صف مث۔ **اَنْواسی**: عورت جس کی بکارت زائل ہو چکی ہو، زنِ مردم دیدہ، ثَیِّبہ۔
اَنُوپ فت ا، و مع۔ صف۔ تازہ، شاداب؛ انوکھا، بے مثل، مث۔ **اَنُوپا**۔
اَنْوَٹ فت ا، سک ن، فت د۔ امذ۔ پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا گھنگرو دار چھلا؛ کولھو کے بیل کی آنکھوں پر چڑھائی جانے والی اندھیری یا ڈھوکا [س: آندھ پَٹ]۔ (۲) نظریں پھیرنا، پہلو بچانا، نیز**اَنْوَٹھا پَن**، لگاوٹ کی ضد، بے دِید پن۔
اَنوٹھا فت ا، و مج۔ صف۔ نرالا، انوکھا، غیر معمولی۔
اَنْوَر فت ا، سک ن، فت و۔ صف۔ بہت روشن، نُورانی۔
اَنوشَدارُو فت ا، و مج، سک ش، و مع۔ امذ۔ تریاق، باد زہر، ایک مقوی معجون۔
اَنوکھا فت ا، و مج۔ صف۔ نرالا، عجیب، نادر۔
اُنہتّر ضمہ ا، فت نھ، شد فت تہ۔ عدد۔ ایک کم ستّر صف **اُنہتّرواں**۔
اَنْہَد فت ا، سک ن، فت ہ۔ امث (یوگا) وہ آواز جو

کانوں پر ہاتھ رکھ کر دھیان کرنے سے سنائی دیتی ہے؛ قلب کی آواز۔نیز اَنْہَدناد/ اَناہت۔

اِنْہِدام کس ا، سک ن، کسمج ہ۔ امذ۔ ڈھانا، مسمار کرنا یا ہونا۔

اِنْہِماک کس ا، سک ن، کسمج ہ۔ امذ۔ محویت، استغراق، کسی بات یا کام پر پوری توجہ۔

اَنی فت ا۔ امثہ ٹیڑے، تیر وغیرہ کی نوک، جوتی کی نوک۔

اِنّی(۱)کس ا، شد ن۔ حرف تاکید۔ بیشک ، البتہ، تحقیق، ج اِنّیات؛ حقائقِ معتبر، امث، اِنّیت؛ اصلیت، حقیقت حال، امر واقعی۔

اَنّی (۲) رک؛ عنّین۔

اَنْیاب فت ا، سک ن۔ ج مذ۔ نکیلے دانت، کِیلے واحد: ناب۔

اَنْیا خَنْیا فت ا، سک ن، فت ج۔ امثہ ایری غیری، اَنجان، معمولی عورت، ج اَنْیاں خَنْیاں۔

اَنیائےفت ا، مع، کس مج ن|امذ۔ ظلم ، زبردستی، بے انصافی، صف اَنیائی؛ جابر۔

اَنِیس فت ا، ی مع۔ صف ۔ اُنس رکھنے والا، دوست، ہمدم۔

اُنّیس ضمہ ا، شد ن، ی مع۔ عدد۔ ایک کم بیس (۱۹) صف اُنّیسواں/ ویں۔ اُنّیس بِیس کا فرق بہت معمولی فرق۔

اَنِیسُون فت ا، ی مع، و مع۔ امذ۔ ایک ہاتھ بھر کا پودا جسکی پتلی پھلی میں باریک بیج ہوتے ہیں جو دوا کے طور پر مستعمل ہیں،اَندنی، زیرۂ رومی (لاط؛ Pimpenella Anisum)۔

اَنِیق فت ا، ی مع۔ صف۔ طرفہ، عجیب، نفیس، عمدہ، وضعدار، اعلیٰ، ستھرا۔

اَنیک فت ا، ے مج۔ صف۔ بہت سے، مختلف، متنوع۔

اَنیلا فت ا، ے مج۔ صف۔ البیلا، دلاویز، الھڑ، مستہ

اَنِینْدا فت ا، ی مع۔ غنہ۔ صفہ نندا سا، مخمور، جس کی آنکھوں میں نیند بھری ہو مث: اَنیندی ۔

اُنَہتّر ضمہ ا، فت تھ، شد فت تہ عدد ساٹھ اور نو (۶۹)۔

اَنھَوری فت ا، ولین، رک: اَندھَوری۔

اُنھوں ضمہ ا، و مج۔ رک: اُن۔

اِنھوں کس ا، و مج۔ رک: اِن۔

اُنھیں ضمہ ا، ے مج۔ ضمیر اشارہ۔ اُن کو۔

اِنھیں کس ا، ے مج۔ ضمیر اشارہ۔ اِن کو۔

اُنھیں ضمہ ا، ی مع۔ ضمیر مع حرف تاکید۔ ا اُن ہی نیز اُنھی/ اُن ہی/ اُنھی م، اُنھیں نے کہا، اُنھیں سے ملا۔

اِنھیں کس ا، ی مع۔ ضمیر مع حرف تاکید اِن ہی۔ نیز اِنھی/ ان ہی/ اِنھی۔

اَو ولین۔ حرف عطف و تردید۔ یا (ہندی آتھوا) م؛ قابَ قوسَین اَوادنیٰ؛ دو کمانوں کا فاصلہ یا اس سے کچھ کم۔ (القرآن؛ ۸:۵۳)

اَواخِر فت ا، کس خ۔ ج مذ۔ آخر کی جمع۔ بعد کے اوقات یا زمانہ۔

اَوامِر فت ا، کس م۔ اَمر (رک) کی جمد، اَوامِر و نَواہی؛ جن باتوں کا حکم دیا گیا اور جن کی ممانعت کی گئی۔

اَوائِل فت ا، کس ء۔ ج مذ۔ شروع کے اوقات یا زمانہ، اواخر کی ضد، م؛ اوائل عمر، بچپن۔

اَوائی فت ا۔ امثہ ہل سے کھودی ہوئی نالی۔

اَوباش و لین۔ صف ۔ امذ۔ ج مذ۔ آوارہ، سِفلہ، بدچلن، بازاری لوگ،[اصلاً؛ صیغۂ جمع واحد وَبَش] امث، اَوَباشی؛ آوارہ گردی، بدچلنی۔

اُوبَڑ کھابَڑ ومع، فت بہ صف۔ بدزیب، بدوضع، ناہموار۔

اُوبھنا و مع، سک بہ ف ل۔ اُکتانا، بے کیفی، بے دلی

محسوس کرنا، آندھ آنا، جی اُچاٹ ہونا۔

اُوبَہٹ و مع، فت بھ۔ صف۔ دشوار، ناہموار، تھکانے والا (راستہ)۔

اُوپ و مع، امث۔ کاشتکار کو نقد کے بدلے جنس کی شکل میں واپس کرنے کی شرط پر دیا جانے والا قرضہ۔

اوپ و مج، و امث۔ چمک آب۔

اوپچی و مج۔ سک پ۔ امذ۔ سلح پوش، درباری، شاہی دربار سے تعلق رکھنے والا [ف: اوپچہ]۔

اُوپر و مع، فت پ۔ حرف جار۔ بر، پر، بالا، نیچے کی ضد۔ مستزاد، مزید، نیچے ۔ اندر کی ضد امث۔ **اُوپر والی** مراد چیل۔ صف **اُوپری**: سطحی، ظاہری، باہر کا، غیر۔

اُوت و مع۔ امذ۔ بے اولاد مرنے والا جو ہندوانی گمان کے مطابق سانپ کی جون لے لیتا ہے نیز بطور دشنام،نامراد کمبخت، نالائق، ہونق مث **اُوتنی**۔

اَوتاد و لین۔ ج مذ۔ میخیں، خیمے کی بلّیاں یا کھونٹے؛ ایک عقیدے مطابق کے چار برگزیدہ اولیا جو چار سمت میں دنیا کی نگرانی پر مامور ہیں۔ (عروض) سہ حرفی کلمات **وتد** (رک) کی جمع۔

اَوتار (۱) و لین۔ امذ۔ انسان کی جون میں ایشور؛ خصوصاً وشنو کی انسانی شبیہہ [اصلاً س: اَوتار نیچے آنا بھگوان کا]۔

اَوتار (۲) ولین۔ ج مذ۔ تار، ڈوریاں، ریشے، تانت، نسیں، پٹھے، واحد **وَتَر**۔

اُتانا ضمہ ا۔ صف۔ ڈھیلا ڈھالا، بن کسا، سُست، کاہل۔

اوٹ و مج۔ امث۔ آڑ، پردہ؛ پردے کے لیے لکڑی کے چوکھٹے میں تنا ہوا کپڑا۔

اُوٹ پٹانگ و مع، فت پ، غنہ۔ صفہ بے ربط، بےسروپا، مہمل، بےمعنی، اُلٹا سیدھا۔ الّم غلّم۔

اوٹنا و مج، سک ٹ۔ ف م۔ چھپانا،ڈھکنا : جھیلنا، برداشت کرنا؛ اپنے سر لینا (ذمہ داری، الزام وغیرہ)۔ اوڑھنا۔

اَوثان و لین۔ ج مذ۔ مجسمے ، بت، اصنام، مورتیاں۔واحد **وَثَن**۔

اَوج و لین۔ امذ۔ بلندی، اُونچائی، اعلیٰ مرتبہ، عروج، (نجوم) آسمان کا بلند ترین مقام، سیّارے کا بعید ترین نقطہ۔

اَوجاع و لین۔ ج مذ۔ تکالیف، درد، واحد، **وَجْع** (رک)۔

اَوجَب ولین، فت ج۔ صف۔ نہایت ضروری، بغایت لازم، **واجِب** کی تفضیل۔

اوجنا و مج، سک ج۔ امذ۔ رک **اَٹیرن**۔

اوجھ ومج۔ امذ۔ پیٹ کے اندر وہ اعضا جن کا تعلق نظام ہضم سے ہے، آنت، خصوصاً بڑی آنت، تصغیر **اوجْھڑی**۔

اوجَھڑ و مج۔ امث۔ وار، ہلّہ، یُورش؛ دھکّا، دھکیل؛ لگاتار ضربیں، زور دار چوٹ۔

اوجَھل و مج، فت جھ۔ صف۔ نظر سے چھپا ہوا، غائب، آڑ میں، اوٹ کے پیچھے۔

اوچھا و مج، صف۔ کم ظرف۔ کمینہ، خفیف، الحرکات؛ سطحی، اوپری، اُتھلا، اُتنگا، طول میں کم (لباس) ہلکا، اُچٹتا ہوا (وار، ضرب)۔مث **اوچھی**۔ مرکب **اوچھے ہَتھیار**، گھٹیا چالیں، بے اصولی سیاست۔ بازی۔

اُودا و مع۔ صف۔ نیلے اور سرخ رنگ کا میل جس میں نیلاہٹ غالب ہو، امث **اُوداہَٹ**۔

اُودبِلاؤ و مع، سک د، کس ب، و مع۔ امذ۔ ایک دریائی جانور، گوشت خور جس کے پاؤں چپّو نما اور دم لمبی اور چپٹی ہوتی ہے۔ اس کو پوستین کی خاطر شکار کیا جاتا ہے۔ قُندُس، دریائی کتا (انگ: Otter)

نیز اُود مرکب اُود کی ڈھیری: وہ جھگڑا جو کبھی طے نہ ہو (روایتہً اُود بلاؤ مل کر شکار کرتے اور پھر مچھلیوں کے ڈھیر پر تقسیم کے لیے لڑتے رہتے ہیں۔ ہر دفعہ کوئی ایک حصہ دار لگی ہوئی ڈھیریوں کو گڈمڈ کر دیتا ہے اور جھگڑا چلتا رہتا ہے۔)

اَودی و لین۔ امث۔ رک اَوگھی۔

اوڈَو و مج۔ صف۔ (موسیقی) پانچ سروں سے مرتّب، آروہی یا امروہی جس میں پانچ سُر ہوں۔

اَور و لین۔ حرف عطف۔ نیز، مزید، علاوہ ازیں؛ پھر، دوبارہ، مکرّر؛ اس کے باوجود ؛ دوسرا، غیر، بیگانہ۔ (بول چال) اَور کیا (بروزن تھا) بیشک، بالکل یونہی، ضرور (لو) اَور سُنو: کلمۂ حیرت نیز لو اَور لو۔

اوَر ومج۔ سمت، طرف، جانب، مرکب اوَرچھور: حد، انتہا، حدودِ نگاہ۔

اَوراد و لین۔ ج مذ۔ وظائف، ورد کیے جانے والے کلمات، آیات، وغیرہ، واحد وِرد

اَوراق ولین۔ ج مذ۔ وَرَق (رک) کی جمع۔

اَورام ولین۔ ج مذ۔ وَرَم (رک) کی جمع۔

اَورِدَہ فت ا، سک و، کس ر، فت د۔ ج مث۔ وَرِید (رک) کی جمع۔

اوَرما و مج، سک ر۔ امذ۔ دو کپڑوں کے کناروں کو باہم ملائے بغیر آڑے ٹانکوں سے سلائی جس سے دونوں کناروں کے درمیان ایک جالی دار نالی سی بن جائے۔

اَوَرنگ ولین، فت ر، غنہ۔ امذ۔ تخت شاہی، سنگھاسَن۔

اَوَرنگ زیبی و لین، فت ر، غنہ، ے مج۔ امث۔ داد کی قسم کا ایک پھوڑا۔

اوَری و مج۔ امث۔ مٹی کی باڑھ جو نہر یا نالے کے کنارے اٹھائی جائے۔

اوَڑھنا و مج ا، سکھ ڑھ۔ ف م۔ ٹوپی سر پر رکھنا؛ کپڑا جسم پر ڈالنا، دوپٹے وغیرہ سے سر ڈھانپنا؛ (الزام) اپنے سر لینا، مر عطفی امذ۔ اوَڑھنا بچھونا (محاورۃً) وہ کام جس میں ہمہ وقت مصروفیت ہو۔ مث۔ اوَڑھنی، دوپٹہ۔

اَوزار و لین۔ امذ۔ ج مذ۔ کام کرنے کے آلات یا آلہ، [ع: واحد وِزرہ = بوجھ، بار]۔

اَوزان و لین۔ ج مذ۔ وزن (رک) جمع، (عروض) ارکان آفاعیل، نظم کے پیمانے۔

اوَس و مج۔ امث۔ ہوا کی نمی جو رات کو ٹھنڈی سطح پر قطروں کی شکل میں نمودار ہو جاتی ہے شبنم۔

اَوساط ولین۔ ج مذ۔ درمیانے درجے کے لوگ۔ (منطق) دلائل جن سے کسی دعوے کو پرکھا جائے۔ واحد وَسَط (فت و، س)۔

اَوسان ولین۔ امذ۔ ج مذ۔ سُدھ بُدھ، ہوش و حواس [س: اَوسان]۔

اَوَستا فت ا و، سک س۔ امذ۔ مذہب زرتشت کی مقدس کتاب۔

اَوَستھا فت ا، و، سک س۔ امث۔ حالت، کیفیت، دَشا؛ موقع، محل، اَوسر، ستھان۔

اَوسَر ولین، فت س۔ امذ۔ موقع، مرحلہ، مہلت، چانس۔

اُوسَر و مع، فت س۔ امث۔ بنجر یا افتادہ زمین؛ بانجھ گائے۔

اوَسرا و مج، سک س۔ امذ۔ نر گاؤ، بیل یا بھینسے کا گوشت۔

اَوسَط ولین، فت س۔ صف درمیانہ، بچلا، بیچ کا؛ مدھم، معتدل؛ رقوم کی میزان کو رقوم کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہونے والا عدد۔ مث وُسطیٰ ج اَوساط، صف مُتَوَسِّط م ف اَوسَطاً۔

اوشا و مع۔ امث۔ طلوع صبح، نورِ سحر، صبح کی شفق۔

اَوشَدْھ و لین، فت ش۔ امث۔ دوا، دارُو، امذ۔

اَوشَدْھ آلَیہ/ آلَے: دواخانہ۔

اَوَشیک فت ا، و، سک ش، فت ی۔ صف۔ ضروری، لازمی۔

اَوصاف و لین۔ وصف (رک) کی جمع۔

اَوصِیا و لین، کس ص۔ وَصِّی (رک) کی جمع۔

اَوعِیَہ و لین، کس ع، فت ی۔ وِعی، (رک) کی جمع، مرکب، اَوعیہٴ دَمَوِیّہ جسم کے اندر خون کی نالیاں۔

اَوفَق ولین، فت ف۔ صف۔ زیادہ مناسب، زیادہ موافق۔

اَوفیٰ و لین، ی غم۔ بہت بڑھ چڑھ کر، بھرپور، بہت زیادہ، بدرجۂ اتم، وافی کا صیغۂ تفضیل۔

اوَقات و لین۔ وقت (رک) کی جمع، امث۔ حیثیت، درجہ، مرتبہ (طنز یا تحقیر کے طور پر م: بھلا ہماری کیا اوقات، تھوتری اوقات پر)، [ع: وقت۔اردو کا تصرف]۔

اَوقاف و لین۔ وَقف نیز وَقْفَہ (رک) کی جمع؛ (انشا) تحریر کے درمیان جملوں یا اجزاء عبارت کی تقسیم، توضیح وغیرہ کی علامات: کوما، ختمہ، ہلالَین وغیرہ۔

اَوقِیہ و مع، کس ق، فت ی۔ امذ۔ وزن کا ایک پیمانہ، رطل کا ۱/۱۲ (تقریباً ۳ تولے، ۴ ماشے) [ع: وِقِیہ وُقَیَہ]۔

اَوک و مع۔ امث۔ چُوک، لغزش، بھول۔ ف ل۔ اَوکنا خطا کرنا۔

اَوک و مج۔ امث۔ پانی پینے کے لیے، چُلّو بنانا، ہتیلی کا پہلو دہانے سے ملانا۔

اَوکھ و مع۔ امث۔ اِیکھ (رک) کی ایک شکل امث

اَوکھاری گنے کا کھیت۔

اَوکھا و لین۔ صف۔ بُرا، بیَنڈا، بے ڈھنگا، ناپسندیدہ، مث اَوکھی۔

اَوکھا و مع۔ صف۔ گریز کرنے، الگ ہونے، ٹوٹنے والا، [س: اُلکَ:ٹوٹتا تارا]۔

اَوکھلی و مج، سک کھ۔ امث۔ لکڑی یا پتھر کا دھان وغیرہ کوٹنے کا ظرف۔

اَوگرا و مج۔ سک گ۔ صف۔ امذ۔ بے مزہ، پھیکا سیٹھا (کھانا)؛ لب دھڑا۔

اَوگی و لین۔ امث۔ لمبی رسّی جسے سدھائے جانے والے گھوڑے یا بیل کے پیچھے ہَنکارتے ہیں؛ ہاتھی پکڑنے کے لیے بنایا جانے والا گڑھا جس پر ٹھاٹھر ڈال کر پتے بچھائے جاتے ہیں؛ دیسی جوتی پر کار چوبی حاشیہ؛ نیز اَوگری۔(س: اگر = اگلا، نمایاں، اَو = ہنکانا)۔

اَوگھٹ و لین، فت گھ۔ صف۔ ناہموار، دشوار گزار راستہ گھاٹی وغیرہ۔

اَول و مع۔ امث۔ وہ روک یا گِلی جو کواڑ کو چول میں گھومنے سے روکنے کے لیے لگاتے ہیں۔ مجازاً رکاوٹ۔

اوَل (۱) ومج۔ امذ۔ گِروی، یاضمانت کے طور پر رکھوایا ہوا مال یا شخص، یرغمال۔

اوَل (۲) و مج۔ امذ۔ زِمی قند، آلو،اروی، شکر قند کی قسم سے ایک جڑ۔

اَوَل ضمہ ا، فت و۔ ج مذ۔ مثد اگلے،پہلے ، سابقوں، اَوّل و اُولیٰ کی جمع۔

اَوّل فت ا، شد فت، و۔ صف عددی۔ پہلا، مرکب اَوّل منزِل، میّت کا قبر تک لے جایا جانا، اَوّلاً: ابتداءً، ابتدا کے طور پر،۔ امث اَوّلِیّت: فوقیت، فضیلت۔ صف اَوّلین: بالکل پہلا، فائق۔

اَولا و لین۔ امذ ۔ مٹی کے چولھے کا پچھلا حصہ جس

کے اوپر موکھا بنا ہوتا ہے۔

اولا و مج۔ امذ۔ سرد موسم میں برسنے والا منجمد پانی کا قطرہ یا برف کی گولی، محارۃً **اولے پڑنا**؛ سفید پسی ہوئی چینی کا لڈو۔

اَولادو لین۔ امذ۔ بال بچے ، بیٹے، بیٹیاں اور ان کے بچے۔

اُولانگ و مع، غنہ۔ امذ۔ سبزہ زار، طرف [ت: اُولنگ]۔

اَولتی و مج، سک ل۔ امث۔ چھت یا سائبان کا کنارہ جو پاکھوں سے آگے نکلا رہتا ہے۔

اُول جَلُول و مع، فت ج۔ صفہ بےتکا، غیر معقول، بے ڈھنگا (شخص بات یا شے)۔

اَول فَول و لین۔ امث۔ بدکلامی، دُشنام۔ محاورہ **اَول فَول بَکنا**۔

اَولما و مج، سک ل۔ امذ۔ موٹا قیمہ، گوشت کا کُٹا ہوا پارچہ، پَسَندہ۔

اَولُو و لین، و مع۔ صفہ اوپری، اجنبی، بے میل، انوکھا۔

اُوْلُو ضمہ ا، و غم، و مع۔ لاحقہ صفت بمعنی، مالک، اصحاب، والے، رکھنے والے (ع: ذو کا صیغۂ جمع) م: **اُوْلُوْاْلاَبْصار** (اُلُل ابصار) بصارت یا بصیرت رکھنے والے۔ **اُوْلُوْاْلاَلْباب** (اُ لُل اَل باب) صاحبان عقل و دانش، **اُوْلُوْاْلعَزْم** (اُلُل) بلند ہمت لوگ، (حالت جر میں **اُوْلی**) تخاطب میں **اُولی** (اُلَ) ہو جاتا ہے م: **یااُوْلِیْ اْلاَلْباب، یا اُوْلِی اْلاَبْصار** (اُ لل ابْ صار)۔

اَولیٰ و لین، ی غم۔ صفہ۔ بڑھ کر، برتر، افضل، امث، **اَولویّت**: برتری، افضلیت۔

اُولیٰ و مع، ی غم۔ صف مثد اوّل کی تانیث اُولا۔

اُولی و مع، ی مع۔ لاحقۂ صفتہ رک **اُولو**۔

اَولِیا و لین، کس ل۔ ج مذ۔ **ولی** (رک) کی جمع، نیز بعض اوقات بطور واحد مستعمل م: **گھڑی میں اَولیا گھڑی میں بُھوت** (مثل) متلوّن مزاج آدمی کے لیے مستعمل۔

اوِم و مج۔ امذ۔ ہندو مت کا متبرک کلمہ جو اکثر تحریروں کے شروع میں لکھا جاتا ہے۔ شمرِ تیؔوں کی رو سے برہما کے منہ سے نکلا ہوا پہلا کلمہ،نیز **اوِنکار**: اوم کی تحریر یا نشان۔

اُون و مع۔ امذ۔ بھیڑ بکری وغیرہ کے بال، پشم صف: **اُونی**۔

اُونٹ و مع، غنہ۔ امذ۔ اونچا، لمبی گردن، چھوٹی دُم اور پیٹھ پر کوہان والا چوپایہ جس سے سواری اور باربرداری کا کام لیاجاتا ہے، شُتُر، جَمَل۔ امث **اُونٹنی** امذ **اُونٹ کٹارا**: ایک خار دار جھاڑی جس کے پھل میں روئی کی طرح کا سفید رواں بھرا ہوتا ہے [لاط: Alhgimaururum] نیز **اُونٹ کَٹیلی**۔

اُونجْری و مع، غنہ، سک ج۔ امث۔ وہ اناج جو فصل پر نذر نیاز کے لیے الگ کر دیا جائے۔

اونچ و مع، غنہ ا۔ امث۔ بلندی، فراز؛ اونچی جگہ نیز اونچان، اونچائی، مرکبہ۔

اُونچ نِیچ: نشیب و فراز، ناہموار راستہ؛ لغزش، ٹھوکر، محاورہ: **اُونچ نِیچ بتانا/ سُجھانا**: احتیاط کی تلقین کرنا۔ صف **اُونچا**: بلند، بالا، برتر، فائق؛ اُوچھا، اُٹنگا (لباس)۔محاورہ: **اُونچا سُننا**، بہرا ہونا۔

اَوند و مج، غنہ۔ امث۔ شامیانے، چھولداری وغیرہ کی طناب۔

اَونْدھا و لین مغ۔ صفہ۔ پَٹ، چِت کی ضد، مُنہ کے بل پڑا ہوا؛ بد عقل، بے وقوف، ف ل **اَونْدھنا**: اُلٹا ہونا، ف م **اَونْدھانا**: پَٹ کرنا۔

اَونْڈا و لین مغ۔ پرندے کے گلے کی تھیلی جس میں

غذا معدے میں جانے سے پہلے بھری جاتی ہے۔

اَونْگا و لین مغ۔ بَونْگا (رک) کا تابع مقدم۔

اُونْگھ و مع، غنہ۔ امث۔ نیند آنے کی کیفیت، غنودگی، نیند کی جھپکی۔ ف ل **اُونْگھنا**: نیند کے غلبے سے آنکھیں بند ہونا۔

اُونْہ ومع، غنہ۔ امث۔ منہ سے اونہ کی آواز جو لاپروائی یا بے رغبتی ظاہر کرنے کے لیے نکالی جائے؛ یا تکلیف کے وقت بے ساختہ منہ سے نکلے۔ **اُونْہوں** (و مع مغ) نفی یا انکار کا کلمہ۔

اونا پَونا ولین۔ صفہ اصل سے تھوڑا ساکم۔ م ف: **اونے پَونے** کم داموں۔

اُونا سُونا و مع۔ صف۔ برا بھلا۔ مث۔ **اُونی سُونی**، بری بھلی بات۔

اوّہ و مع۔ فجائیہ۔ حیرت یا درد و کرب کے اظہار کے لیے نیز **اوہو** اظہار حیرت کے لیے یاطنزیہ ہنسی کے طور پر۔

اَوہام ولین۔ ج مذ۔ وَہم (رک) کی جمع۔

اُوئی و مع۔ فجائیہ۔ عورتوں کی زبان کا کلمہ، کم و بیش اوہ کا مترادف، حیرت یا خوف کے موقع پر مستعمل۔

اَوِیر فت ا، ے مع۔ امث دیر ، تاخیر۔ مرکب: **اَوِیر سوِیر**؛ دیر دار، تعویق، تھوڑی بہت دیر۔ امذ۔ **اَوِیرا** سویرا کی ضد۔

اَہاہا فت ا۔ ا فجائیہ، اظہار مسرت کا کلمہ۔

اَہاجی فت ا۔ ج مذ مث ہَجْو (رک) کی جمع۔

اَہار فت ا۔ امث کَلف، لیپی؛ کتابت کی کاپیوں پر پھیرنے والا زرد مسالہ۔ امذ۔ **اَہار مُہرہ**: بڑی کوڑی جسے اہار پھیرنے کے بعد کاغذ پر رگڑتے ہیں تاکہ چکنا ہو جائے۔

اَہالی فت ا۔ ج مذ۔ رہنے والے، باشندے، باسی، اَہل کی جمع۔ مرکب: **اَہالی مَوالی** رک: **حَوالی مَوالی**۔

اِہانَت کسمح ا، فت ن۔ امث بے عزتی کرنا، تحقیر ، تذلیل، ہتک۔

اَہْباء فت ا، سک ہ، ج مذ۔ ذرات مرکب **اَہْباءَ آلْدَمَ** (ہ یا آدَم) خون کے ذرّے [ع: واحد ہَباء]۔

اِہتِدا کسمح ا، سک ہ، کسمح تہ امث وعظ و پند، تلقین، ہدایت دینا۔

اِہتِزاز کسمح ا، سک ہ، کسمح تہ امذ۔ وجد، حال؛ حرکت، ارتعاش۔

اِہتِمام کسمح ا، سک ہ، کسمح تہ امذ۔ زحمت کشی، انتظام، بندوبست [ع: فکر، تردّد، پریشانی]۔

اَہْتِیا فت ا، سک ہ، تہ امذ۔ فصل کے کٹنے پر سرکار کی طرف سے نگرانی کرنے والا کارندہ۔

اَہداب فت مح ا، سک ہ ج مذ۔ نباتات کے اوپر کا رُواں، باریک ریشے جو باہر نکلے رہیں۔ (انگ: Cilia) [ع: پلکیں، واحد ہَدب]۔

اَہرا فت مح ا، سک ہ امذ۔ جلانے کے لیے چُنا ہوا لکڑیوں کا ڈھیر۔ [س: آہرن، ڈھیر کرنا]۔

اَہرام فت مح ا، سک ہ امذ۔ مصر کی قدیم مخروطی تعمیرات جو فراعنۂ مصر کی یادگار ہیں واحد: ہَرَم (فت ہ ر)۔

اَہْر تَہْر فت مح ا، سک ہ ر، فت مح تہ امث جاں کنی، نزع کا وقت۔

اَہُرمَزْد فت ا، ضمہ ہ، سک ر، فت م، سک ز۔ علم۔ رک **ہُرمُزْد**۔

اَہرَمَن فت مح ا، سک ہ، فت ر، م۔ امذ۔ زرتشتیوں کے عقیدے میں یزداں کا مخالف بدی کا پیکر، شیطان۔ نیز **اَہرِیمَن** (ی مع)۔

اَہْرَن فت مح ا، سک ہ، ا فت ر۔ امذ۔ لوہے کا سپاٹ دھرنا جس پر لُہار گرم لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں، سِنداں، نہائی۔

اُہْرنا ضم مع ا، فت ہ، سک ر۔ ف ل۔ چڑھی ہوئی ندی وغیرہ کا اُترنا، اُتار، بھاٹا؛ دَبنا، ٹھنڈا پڑنا۔

اَہْل فت مع ا، سک ہ۔ صف ج لائق، سزاوار؛ مالک، صاحب، مترادف: والے، جوگے م: **اَہلِ استطاعَت**، مقدور رکھنے والے۔ **اہلِ خانَہ**: گھر کے لوگ۔ **اہلِ دل**: دردمند لوگ۔ **اَہلُ الرّاے** (اہ لر رائے) سوچنے سمجھنے والے جن کی صلاح پر اعتبار کیا جا سکے۔ **اہلِ زبان**: کسی زبان میں خاطر خواہ علم اور قدرت کا اظہار رکھنے والے، **اہلِ حال** صوفیہ۔ **اہْل کار** (سک ل) کارندے، عُمّال؛ **اَہلِ کتاب**۔ کتب سماوی کے ماننے والے م: توریت و انجیل پر ایمان رکھنے والے؛ **اَہْلْ مَد** (سک ل) عدالت کے پیشکار کا ماتحت منشی۔ **اَہلِ معنی**: نکتہ داں، ماہرین ادب و زبان، **اَہلِ نَظَر**: حقائق کو جاننے ، پرکھنے والے، ناقد، رمز شناس۔ امث **اَہلیّت**: لیاقت، موزونیت۔

اَہْلا گَہْلا فت مع ا، سک ہ، فت مع گ، صف مذ۔ خوش و خرم، ہشاش بشاش۔ مث: **اَہلی گَہلی**۔

اِہلال کس مع ا، سک ہ۔ امذ۔ کلمہ طیّبہ پڑھنا، تہلِیل کرنا۔

اَہلاً وَ سَہلاً فت مع ا، سک ہ، تن فت ا، فت مع س۔ کلمۂ ترحیب۔ جم جم آئیے، خوش آمدید، مرحبا۔

اَہلا فت مع ا، سک ہ۔ امذ۔ پانی کا ریلا۔ ہلچل، یلغار۔ نیز **اَہلا** [پراکرت: اَہلو، قب: ہَلّہ]۔

اَہلی فت مع ا، سک ہ۔ صف۔ خانہ نشین، گھریلو پالتو (جانور)۔

اَہلیَت فت مع ا، سک ہ،کس ل، فت ی۔ امث لیاقت، قابلیت، استعداد۔ اصلاً: اہلیت

اَہلیَہ فت مع ا، سک ہ، کس ل، فت ی۔ امث بیوی ، زوجہ۔

اَہَمّ فت ا، ہ۔ صف۔ زیادہ ضروری، زیادہ قابل توجہ۔ امث **اَہَمِیّت** (ا ہم می یَت) عام۔ آہ م یَت۔

اِہمال کس مع ا، سک ہ۔ امذ۔ التوا، ڈھیل، تاخیر؛ مُہمَلِیّت، بے معنی ہونا، ابہام ، لغویت۔

اَہِمْسا فت ا، کس ہ، سک م۔ امث۔ عدم تشدّد، دکھ دینے، وار کرنے سے گریز، جبر کے مقابلے میں صبر۔

اَہَنْکار فت ا ہ، غنہ ۔ امذ۔ غرور گھمنڈ، خودی۔

اَہوَن فت مع ا، سک ہ، فت و۔ صف۔ آسان، باآرام؛ ادنیٰ، غیر اہم۔

اَہِیر فت ا، ی مع۔ امذ۔اسم جنس۔ گوالوں کی ایک قوم۔

اَہِیری فت ا، ی مع۔ امث۔ بھیروں ٹھاٹھ کی ایک سمپورن راگنی۔

ائْتِلاف کس مع، کس مع ت۔ امذ۔ موافقت، اتحاد، یکدلی؛ یکسانیت، ضلع جگت، تلازُم خیال، ایک شے سے دوسری شے کا خیال میں آنا۔

اَئِمَّہ فت ا، کس ء، شد فت م۔ ج مذ۔ **اِمام** (رک) کی جمع۔

اَے ے لین، حرف ندا، پکارنے مخاطب کرنے کا کلمہ، نیز زور کلام کے لیے م: اَے سبحان اللہ! اَے وائے! نیز اے (ے مج)۔

اِیاباً وَذِہاباً کس ا، تن فت ا، فت و، کس ذ۔ م ف۔ آتے اور جاتے میں، آتے یا جاتے وقت۔

اَیادی فت ا۔ ج مذ۔ اِختیارات قبضہ، قدرت [ع: اَیا دیِ (اَیادِن)، ید = ہاتھ کی جمع]۔

اَیاز فت ا۔ عَلَم۔ سلطان محمود غزنوی کے غلام کا نام۔ فقرہ: ایاز قدر خود بشناس۔ اترابہٹ پر کلمۂ تہدید: ایاز اپنی اوقات نہ بھول۔

اِیاس کس ا۔ امذ۔ عورت کے ایّام ماہواری کا انقطاع، جس کے بعد حمل سے مایوسی ہو جاتی ہے۔ آغاز کہولت۔ نیز **سِنّ اَلْیاس** (سِن نُل یاس)۔

اَیاغ فت ا۔ امذ۔ پیالہ، شراب کا پیالہ۔ نیز **اَیاق**۔

آیال فت ا۔ امث۔ گھوڑے کی گردن کے بال، نیز کسی اور جانور کے جسم پر ایسے ہی بالوں کی جھالر [اصلاً ت: یال]۔

ایالت کس ا، فت ل۔ امث۔ نوّابی، تفویض کی ہوئی مختاری، سرداری؛ ریاست، صوبہ [اصلاً: نگرانی]۔

اَیّام فت ا، شد یَ۔ ج مذ۔ یَوم (رک) کی جمع؛ دور، زمانہ، عہد؛ عورت کے حیض کا زمانہ۔ اَیّام اُلعَرَب: عرب کی قبل اسلام کی جنگوں کا احوال۔ اَیّامِ تَشرِیق: یوم الحج کے بعد کے تین دن۔ اَیّامِ سُرخی: حیض کا زمانہ۔

اَیامیٰ فت ا، ی غم۔ ج مذ۔ ج مث۔ رنڈوے اور رانڈیں، بے بیویوں کے شوہر یا بیوہ عورتیں۔

آیانا فت ا۔ صف۔ بھولا، سیدھا، نادان، نیز عام؛ یانا مث: آیانی/ یانی۔

اَیتام ے لین۔ ج مذ، مث۔ یتیم (رک) کی جمع۔

اِیتلاف ی مع، کسمج تد امذ۔ رک: اِئتلاف۔

اِیتَر ی مع، فت تد۔ صف۔ اِترانے والا، چھچھورا۔

ایثار ی مع۔ امذ۔ اپنے مفاد پر کسی اور مقصد کو ترجیح دینا؛ قربانی، عالی ظرفی۔

ایجاب ی مع۔ امذ۔ منظور، قبول کرنا، سوال کا جواب دینا؛ عورت کی طرف سے کسی کے نکاح میں آنے کا اقرار، (فلسفہ) اثبات، نفی یا سلب کی ضد۔

ایجاد ی مع۔ امث۔ نئی چیز بنانا، اختراع، بداعَت۔

اِیجاز ی مع۔ امذ۔ اختصار برتنا، کلام میں طوالت سے پرہیز، کفایت سے کام لینا، صف۔ وَجیز: مختصر۔ اِیجازِ مُخِلّ ا یسا اختصار جو کافی نہ ہو، ابہام پیدا کرے۔

ایچ پیچ ے مج، سک چ۔ امذ۔ چکر، پھندا، گرہ؛ الجھن، ہیر پھیر، دھوکا، مکر، فریب۔

ایداع کس ا ہ، سک بہ امذ۔ سونپنا، ودیعت کرنا۔

اِیدائی ی مع۔ صف۔ اپنی عمر سے بڑھ کر ذہنی قوت کا حامل (انگ: Precocious) امث اِیدائیَت۔

ایذا ی مع۔ امث۔ تکلیف، دکھ، آزار۔

اِیراد ی مع۔ امذ۔ بیان، حکایت، کہنا، دوہرانا؛ اعتراض، نکتہ چینی، الزام دہی۔

اَیرا غَیرا ے لین۔ صف مذ۔ انجانا؛ معمولی؛ نامشخص (آدمی)۔ نیز اَیرا غَیرا نَتّھو خیرا؛ ج: اَیرے غَیرے/ پَچ کَلیان۔

اِیراوَت ے مج، فت و۔ امذ۔ ہاتھی کے لیے پیار کا نام، راجہ اندر کے ہاتھی کا نام۔

ایرسا ی مع، سک ر۔ امث دھنک، ایک پودا جس کے پھول کئی رنگ کے ہوتے ہیں اور اس کی جڑ میں سے بنفشہ کی سی خوشبو آتی ہے، اس لیے بیخ بنفشہ بھی کہلاتی ہے،دواءً مستعمل [لاط: Iris Florintina]۔

ایر ی مع، سک ر۔ امث۔ حسد، جلن، ڈاہ نیز اَیرشا۔

ایرَج ی مع، فت ر۔ امذ۔ سورج، خورشید۔ ایک قدیم ایرانی شہزادے کا نام۔

ایڑ ے مج۔ امث۔ ایڑی کی تخفیف، سواری کے گھوڑے کو جوتے کی ایڑی سے ٹھوکا دینا۔ جو تیز چلنے کا اشارہ ہے۔

ایڑی ے مج۔ امث پاؤں کے تلوے کا پچھلا سخت حصہ؛ پاشنہ جوتے، پاپوش کے تلے کا پچھلا نسبتاً اونچا حصہ م ف ایڑی سے چوٹی تک تمام سراپا میں، پورا جسم لگا کر۔

ایزاد ی مع۔ امذ۔ اضافہ، بیشی، اصلاً: اِزدیاد۔

اِیزد ے مج، کس ز۔ علم۔ خدا، معبود، عام ؛ ایزَد، اِیزِد۔

اَیسا ے لین۔ حرف تشبیہ۔ اس طرح کا، اس قدر، اتنا۔ مرکب اَیسا وَیسا خراب، گیا گزرا۔ مث: ایسی۔بول چال، اَیسی (کی) تَیسی: کمبختی، خرابی؛ نیز بطور دشنام،م: کوئی پروا نہیں، بھاڑ میں

جائے۔

اِیستادَہ ی مع، سک س، فت د، صف۔ رک: اِستادَہ۔

ایستگاہ ی مع؛ سک س، ت۔ امث۔ گاڑیوں ، سواریوں وغیرہ کا اڈا، جائے قیام۔

اَیسَر ے لین، فت س۔ صف۔ بایاں، چپ۔

ایصال ی مع۔ امذ۔ پہنچانا، ترسیل۔

اَیضاً ے لین، تن فت ا۔ م فہ۔ اوپر کی طرح، پہلے کی طرح، حسب بالا؛ مکرّر۔

ایضاح ی مع۔ امذ۔ واضح ہونا، روشن ہونا۔

ایطاء ی مع۔ امذ۔ قافیے کا ایک عیب جبکہ حروف زوائد (جو کلمہ کا لازمی جز نہ ہوں) بالکل ہم معنی ہوں۔ م: (فروزاں، نمایاں میں حروف زائد (اں) جنہیں حذف کریں تو قافیہ باقی نہیں رہتا۔ ایطائے جَلی جبکہ حروف زوائد واضح طور پر وارد ہوں م: دیکھتا ہے، جانتا ہے۔ ایطائے خَفی جبکہ چنداں توجہ طلب نہ ہوں، م: آب اور گلاب کا قافیہ جس میں "آب" مشترک ہے مگر نمایاں نہیں یا چلے، بسے، گئے وغیرہ جہاں سے حرف زائد اور ہم معنی ہے۔

ایفا ی مع۔ امذ۔ وعدے کی تکمیل ، وعدہ وفا کرنا، قول پورا کرنا۔

اِیقاع ی مع۔ امذ۔ لحن، آواز کا اُتار چڑھاؤ۔

اِیقاف ی مع۔ امذ۔ روکنا، موقوف کرنا، تعطل میں ڈالنا۔

ایقان ی مع۔ امذ۔ ایمان، یقین، پکّا بھروسا، پکّا اعتقاد۔

ایک ے مج۔ عدد، صف عددی۔ واحد (۱) پہلا، اوّل؛ اکیلا؛ بےمثل؛ یکساں، برابر؛ ساتھی، ساجھی، رفیق، شریک، مخلوط، یکجاں: فقط، صرف، م: سب کچھ سہی پر ایک نہیں کی نہیں سہی۔ ایک اکَن ایک (۱ × ۱ = ۱) پہاڑے یاد کرنے کے آغاز کے بول۔ مرکب ایک ایک = ہر ایک ، ایک آدھ،کوئی کوئی، اِکا دُکّا۔ ایک بَر ایک ۔ اعلیٰ ، عمدہ، لائق ؛ مؤثر کارگر، آزمودہ ایک ٹَک (فت ٹ) متواتر، مسلسل، لگاتار، برابر (دیکھے جانا)۔صف ایک ڈال: ایک ہی وضع یا رنگ یا جنس(کے)؛ ایک پتّھر سے تراشے ہوئے؛ بے جوڑ، بے میل۔

ایکا ے مج۔ امذ۔ اتفاق ، اتحاد، ملی بھگت، م ف

ایکا ایکی: اچانک، دفعتہً ، یکبارگی۔

ایکادَشی ے مج، فت د۔ امث۔ چاند کے روشن یا ڈھلتے پھرے کی گیارہویں تاریخ۔ جبکہ ہندوؤں میں متقی لوگ برت رکھتے اور پوجا پاٹھ کرتے ہیں۔

ایکتا ے مج، سک ک۔ امث۔ ایکا، اتحاد؛ اکیل پن، تنہائی۔

اِیکھ ی مع۔ امث۔ نیشکر، گنّا۔

اَیَل فت ا، شد فت ی۔ امذ۔ ہرن، پاڑھا، جھانک۔

ایلاء ی مع۔ امذ۔ بیوی سے مباشرت نہ کرنے کی قسم۔

ایلام ی مع۔ امذ۔ سزا دینا، آزار پہنچانا۔

اِیلاوَس ی مع، و مع۔ امذ۔ فضلے کا منہ کی طرف سے نکلنا، اُنتڑی میں بل پڑنا۔ [لاط: Ilues]۔

ایلچی ے مج، سک ل۔ امذ۔ قاصد، پیغام رساں، سفیر۔

ایلخان ی مع۔ سک ل۔ امذ۔ فوج کا سپہ سالار۔

اِیلوا ے مج، سک ل۔ امذ۔ گھیکوار کے پودے کا عرق جو نہایت کڑوا ہوتا ہے اور دواءً مستعمل۔ [لاط: Hexandria Marogenia]۔

اَیلُولا ے لین، و مع۔ امذ۔ قدیم شامی سال کا بارہواں مہینہ، اکتوبر کے لگ بھگ۔ نیز اَیلُول۔

ایلیا ے مج، کس ل۔ امذ۔ الیاس کی عبرانی شکل، حضرت علیؓ کا ایک نام؛ بیت المقدّس کا ایک نام۔

ایما(ء) ی مع۔ امذ۔ اشارہ، جسم کےکسی عضو کی

بامعنی جنبش؛ رمز، کنایہ؛ مرضی، منشا۔

اِیماق ی مع۔ امذ۔ قوم، قبیلہ [ت]۔

اِیمان ی مع۔ امذ۔ عقیدہ، مذہب؛ دین اسلام کی پیروی، کفر کی ضد۔ **ایمان بِالْغَیب** (بل غَیب) عالَم بالا یا ان دیکھی اور ناقابل مشاہدہ باتوں پر کامل یقین۔

اَیمَن (۱) ے لین، فت م۔ صف۔ دایاں، داہنا، سیدھے ہاتھ کا۔

اَیمَن (۲) ے لین، فت م۔ صف۔ محفوظ، امن و عافیت میں رہنے والا؛ علم: وادی طُور [ع: آمِن سے بطریق امالہ اے مِن (ے مج)،ے لین اردو کا تصرف]۔

اَیمن (۳) ے لین، فت م۔ امذ۔ کلیان ٹھاٹھ کا ایک سمپورن راگ جس کے سارے سُر چڑھے سُر ہیں۔

اَینَ ے لین، فت ن۔ حرف استفہام، مراد: وہ کہاں ہے؛ (اصطلاحاً) اَینْ (سک ن) ظرفیت، مکانیت، جائے وجود۔

این ی مع، غنہ۔ ضمیر، یہ اور اس کا مترادف۔ **اِینجانب**: میں، ہم، خاکسار، متکلّم، مر عطفی.**این وآں**: یہ اور وہ، مراد سب کچھ۔

اِینَٹ ی مع، غنہ۔ امث۔ تعمیر کے لیے پزاوے میں پکایا ہوا مٹی کا مستطیل شش پہل بلاک ۔ تاش کے پتوں کا ایک نشان جس کا رنگ سرخ ہوتا ہے اور شکل چہار ضلعی نوکیلی ۔

اَینْٹھ ے لین، غنہ۔ امث۔ اکڑن ، بل، پیچ، خمیدگی جو کسی شے کو مروڑنے ، بل دینے یا تختے وغیرہ میں سیلن کے سبب پیدا ہو جائے۔ امذ۔ **اَینْٹھا** رسی کو بٹنے، بل دینے کا اوزار، بل دے کر لپیٹی ہوئی پگڑی۔ امث **اینٹھن**: کھنچاؤ، اکڑن، تشنّج۔ ف ل **اَینْٹھنا** اکڑنا، اِترانا، ف م: زبردستی یا دھوکے سے چھیننا، ہتھیانا؛ نیز **اَینْٹھانا** بل دینا، مروڑنا، سختانا؛ **اَینْٹھنی**: دُھنیے کی دُھنکی؛ **اینٹھن**، کھنچاؤ کی کیفیت۔

اینْچا تانی ے مج مغ۔ امث۔ کشاکش، کھینچ تان، اپنی اپنی طرف کھینچنا؛ چھین جھپٹ۔ اینچن گھسیٹن۔

اینْچَن ے مج مغ، فت چ۔ امث۔ کھینچنے کا عمل۔ ف م، **اینْچنا**، کھینچنا، زور لگا کر اپنی طرف گھسیٹنا۔

اینْچی ے مج مغ۔ امث۔ چانڈو کا مَیل یا کِیٹ۔

ایندْھَن ی مع مغ، فت دھ۔ امذ۔ جلانے کی لکڑی کوئلہ وغیرہ؛ قدرتی ذرائع توانائی جن سے کلیں چلتی ہیں، گیس، پٹرول وغیرہ۔ امذ۔ **ایندھَورا** (و لین) ایندھن رکھنے کی جگہ یا خانہ۔

اَینڈْ ے لین، غنہ۔ امث۔ اکڑ، اکڑفوں، کبر، ناز؛ پاسنگ کا پتھر یا کوئی اور شے جو پلڑے برابر کرنے کے لیے رکھ یا باندھ دی جائے؛ معذور ، بے عمل، کاہل، لدھڑ؛ معطّل۔ ف ل **اَینْڈنا**: بےکار پڑا رہنا، کروٹیں لینا؛ ٹیڑھی چال چلنا۔ لہراتے ہوئے چلنا؛ **اَینْڈَل**: نکما، کاہل الوجود، بگڑے ہوئے چلن والا۔

اَینْڈا بَینْڈا ے لین مغ، صف۔ کج مج، ٹیڑھا سیدھا، ناہموار۔

اِینْڈْوا ے مج، غنہ، سک ڈ۔ امذ۔ گول گول لپٹی ہوئی رسی یا سوت کی ڈوریوں سے بنا ہوا حلقہ یا گِردا جو بوجھ ڈھونے والے مزدور سر پر رکھ لیتے ہیں؛ ایسی ہی طبلے کے نیچے رکھنے والی ٹیک یا گِردی تاکہ وہ لڑھک نہ جائے۔ امث۔ **اِینْڈْوی**۔

اِینک ی مع، فت ن۔ ضمیر اشارہ۔ این کی تصغیر، مراد: یہ سامنے والی شے۔

اِینْگُر ی مع مغ، ضمہ گ۔ امذ۔ سیندور، شنگرف، سیندوری رنگ، نیز **اِینگُور**، صف **اینگُوری**۔

ایو ے مج، سک د۔ حرف تشبیہ۔ مثل، مانند۔[س]۔

اِیوار ی مع۔ امذ۔ مویشیوں کا باڑا۔

اَیوان ے لین۔ امذ۔ شہ نشین؛ فراخ، کشادہ مسقّف،

جگہ، ہال؛ محل، قصر؛ کوئی باوقار مجلس یا اِدارہ، بڑی جلسہ گاہ۔

اَیّوُب فت ا، شد ی، و مع۔ عَلَم۔ ایک پیغمبر جو بڑی آزمائشوں سے گزرے اور صبر و رضا کی مثال سمجھے جاتے ہیں۔

اَیُوس فت ا، و مع۔ امذ۔ زنگار، سبز رنگ۔

اِیہام ی مع۔ امذ۔ شک میں ڈالنا، بھٹکانا، بہکانا؛ اشتباہ؛ ذو معنی بات، (بلاغت) صنعتِ تَوریہ م: "چکھّی نہیں پر کھائی ہے"۔ (اشرفی کی پہیلی)۔ یہاں "پر کھانا" سکے کی جانچ کرانا سے مراد ہے، لیکن قریبی معنی چکھی کے ساتھ کھائی ہے پہلے ذہن میں آتے ہیں۔

اَے ہَے ے لین۔ فجائیہ۔ کلمۂ تاسّف افسوس، حسرت یا ہمدردی کے اظہار میں م: اَے ہَے غریب مفت میں مارا گیا۔ آئے ہائے کی تخفیف؛ نیز **اَئے ہَۓ**۔

آ

آ الف ممدودہ، الف مَدّہ۔ حرف ا کی ممدودہ شکل، دو الف کے مساوی۔ حرف علّت، نیز حرف صحیح، عموماً لفظ کے شروع میں اور کمتر بیچ میں آتا ہے م: آم، مآثر، مآل؛ صرفی طور پر مصدر آنا سے امر واحد؛ نیز آ کر، آکے کاہم معنی یا آن کا بدل، م: آ لینا، آ پہنچنا؛ آ(ں) براحنا؛ گلے سے نکلنے والی تان کی نقل صوت۔ جُمل میں اس کا ایک عدد لیا جاتا ہے اور مد کو علامت شمار کیا جاتا ہے، مثل زیر، زبر، پیش؛ بعض دو الفوں کا مجموعہ بھی خیال کرتے ہیں۔ بعض تحریروں میں مد کی جگہ ایک چھوٹا الف لکھا جاتا ہے۔ (م : مٰال)۔حُروف قمّری میں شامل۔

آب امذ - پانی، افشردہ، عرق، محلول؛ آنسو، پسینہ؛ رونق، چمک دمک. مرکب: **آب آب**: پسینے میں تر، شرمندہ، نادم؛ **آبِ بَخْت** (کسمج ب، فت مج ب،سک ح) **آبِ زُلال** (ضمہ ز) خالص پانی، **آبِ بَقا** زندگی یا دوام بخشنے والا پانی نیز **آبِحَیات**: (کسمج ب، فت ح) و **آبِ حَیوان**: (ے لین)؛ **آبْ پاشی** امث۔ کھیت کی سِنچائی؛ امذ **آب تَراش** بہتے پانی کو دو حصّوں میں بانٹنے کے لیے بنائی ہوئی روک یا پشتہ؛ امث **آب تَرْسی**: باولے کتے کے کاٹے سے پیدا ہونے والی بیماری، ہُڑک؛ **آبْجُو** (سک ب) ندی۔ امذ۔ **آبْجَوش** یخنی امذ۔ **آبَچک** (فت چ) پرنالے کے پانی کی نکاسی کے لیے بنائی ہوئی جگہ۔ امذ **آبِ چَکابُو** قلعے کی خندق میں گردش کرنے والا پانی، **آبْچِیں**، (ی مع، غنہ) رومال، تولیا۔ **آبِ حَمِیم** کھولتا پانی۔صف **آبْ خَشْتَہ** پانی کی زیادتی سے گلی ہوئی (جڑ یا پودا) امذ **آبْ خوَرا** مٹی کا کوزہ، کُلّھڑ صف **آبْ خیزْ** سیلی اراضی، کھادر۔ صف **آبْ داغ** گرم لوہے سے داغا، بجھایا ہوا پانی۔ امذ **آب دُزْد** سوکھی زمین جس کے نیچے

پانی کا سوتا ہو؛ پن چورا (رک)؛ امث۔ آبْدَست رفع حاجت کے بعد پانی سے نجاست دھونا، طہارت امث آبْدوز۔ پن ڈبی کشتی صف۔ آبْدیدہ: رونکھا، رُہانسا (کسمح ر) آنسو؛ صف آب رَنگی (سک ب) پانی میں حل ہونے والے رنگوں سے بنی ہوئی (تصویر ، نقاشی)؛ آب قَراح: مقطر پانی، آبْ کار کلال، شراب فروش کلال ۔امث آبْ کاری مَنَشّیات کی نگرانی کا محکمہ؛ امذ۔ آبْ گرد (کس گ) بھنور؛ آب مُردہ: ٹھہرا ہوا پانی، آبِ رواں کی ضد۔ آبِ مُسخّن (ضمہ م، فت س، شد فت خ) گرم یا جوش کیا ہوا پانی۔ آبِ مُشَمَّس (ضمہ م، فت ش، شد فت م) سورج کی تابش سے گرم کیا ہوا پانی آبِ مُضاف نخالص پانی جس میں آمیزش ہو؛ آبِ مَقطَّر نتھرا ہوا، خالص پانی۔ آبْ ناگُزار (سک ب) جس میں پانی سرایت نہ کر سکے، واٹر پروف۔آب وَ ہَوا (و مج) طبعی و موسمی حالات و خصوصیات۔ صف آبی پانی سے تعلق رکھنے والا؛ ہلکے کافوری رنگ کا۔

آباء ج مذ۔ اجداد پُرکھے؛ نیز آباؤ اَجْداد؛ آبائے عُلْوی آسمان اور سیّارے، صف آبائی باپ دادا سے منسوب؛ موروثی۔

آباد صف۔ معمور، بَسا ہوا جہاں کاشت ہوتی ہو؛ مقیم، متمکّن، رسا بسا ، فروکش۔ امذ۔ آبادْ کار غیر آباد، اُفتادہ جگہ کو آکر بسانے والا۔ (حشریات) پردار حشرے جو نئی جگہ جا کر نسل کَشی کریں۔ امث آباد کاری غیر آباد جگہ کو آباد کرنا، اُکھڑے ہوئے لوگوں کو بسانا۔

آبادان صف۔ معمور، بسا ہوا، آباد۔ امث آبادانی آبادی، رونق، چهل پہل۔

آبادی امث۔ نفری، موجود یا بسے ہوئے لوگوں کی کُل گنتی؛ بسنے کا عمل، بساؤ؛ بسا ہوا مقام جہاں لوگ رہتے ہوں، ویرانے کی ضد۔

آبار ج مذ۔ کُوئیں، چاہ [ع: واحد بِئر]۔

آبان امذ۔ ایرانی شمسی سال کا آٹھواں مہینہ (مطابق نومبر تا دسمبر)؛ شمسی مہینے کا دسواں دن۔

آبْرُو سک ب، و مع۔ امث۔ چہرے کی رونق؛ عزت، وقار؛ ناموس، صف۔ آبرُو باخْتہ: بدنام، بے شرم، امث۔ آبرُو ریزی: عزت و ناموس میں بٹہ لگانا؛ زنا بالجبر کرنا، نیز آبرُو اُتارنا/ لینا۔

آبْرُون سک ب، و مع۔ امث۔ ایک قسم کی نبات جو سایہ دار جگہ میں اُگتی اور ہمیشہ سرسبز رہتی ہے۔ کُلفہ، حیی العالم۔ [لاط: Sedum Telephium]۔

آبِسْتَن کس ب، سک س، فت ت۔ صف۔ حاملہ، جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔

آبْشار سک ب۔ امث۔ پانی کا جھرنا یا اونچائی سے گرنے والی چادر۔

آبِق کس ب۔ امذ۔ بھگوڑا غلام۔

آبْگینہ سک ب، ی مع۔ امذ۔ شیشہ، بلّور، شیشے کا ظرف، جام شراب۔

آبْلُوس سک ب، و مع۔ امذ۔ نیلا تھوتھا۔

آبْلَہ سک ب، فت ل۔ امذ۔ چھالا، پھپھولا۔ مرکب: آبلہ ءِ فرنگ آتشک۔

آبْنائے سک ب۔ امث۔ پانی کی رو جو خشکی کے دو بڑے قطعوں کو جدا کرے اور دو سمندروں کو ملائے م: آبنائے پاناما، آبنائے جبرالٹر۔

آبْنُوس سک ب، و مع۔ امذ۔ ایک درخت اور اس کی سیاہ ، سخت، پائیدار لکڑی [لاط: Ebenus]۔

آبیات سک ب۔ امث۔ پانی سے تعلق رکھنے والا علم یا مطالعہ، زیرِ زمین پانی کی تلاش، پانی کے ذخائر کا شمار اور تقسیم وغیرہ۔

آبْیانَہ سک ب۔ امذ۔ نہری پانی کا محصول۔

آبیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ نم، بھیگا ہوا، آب آلُود، امث۔ **آبیدگی**: نمی، پانی کے سرایت کرنے کا عمل۔
آبھا امث۔ چمک دمک، عکس، جھلک، نیز **آبھاس**۔
آبُھوشَن ومع، فت ش۔ امذ۔ زیور، گہنا، ابھرن۔
آپ (۱) ضمیر اضافی۔ میں ، ہم، تم، وغیرہ، کے ساتھ مستعمل؛ مترادف خود۔ ضمیر مخاطب تعظیمی، نیز گاہے طنزاً یا مزاحاً؛ آپ کو دیکھیے، دم بدم بیٹ کرتے اور بولنے کے نام فقط ٹیں ٹیں کرتے ہیں امث۔ **آپ بیتی**: ذاتی سرگذشت، قب: جگ بیتی۔
آپ (۲) امذ۔ پانی، رانگ [س: آپَس، قب ف: آب]۔
آپا (۱) امذ۔ نفس، ذات، تن، جسم؛ ہوش و حواس۔ امث۔ **آپا دھاپی**، نفسی نفسی، خود غرضی؛ افراتفری۔ (شاذ) **آپَل آپَل**۔
آپا (۲) امث۔ بڑی بہن، باجی، دیدی، جیجی۔
آپتا سک پ، امث۔ گرمی؛ سوزش، جلن۔
آپَتّی فت پ، شد ت۔ امث۔ پروا، فکر؛ عذر، اعتراض۔
آپٹا سک پ۔ امذ۔ کچنال کی طرح کا ایک پودا جو سخت پتھریلی زمین میں اگتا ہے، پھول تین پنکھڑیوں والا، ریشے دار، مزے میں میٹھا، پھلی املی کی طرح ٹیڑھی خوشبودار، دواءً مستعمل، آری، آری پَود [لاط: Bauhinia Tomentosa]۔
آپَس فت پ۔ امذ۔ باہمی تعلق، قرابت، صف: **آپس کا**، باہمی، اندرونی، نجی۔ امث۔ **آپس داری**: باہمی میل، اپنائیت، نجی واسطہ۔ م ف، **آپس میں**: باہم، ایک دوسرے کے درمیان۔
آپی م ف۔ امث۔ **آپ ہی** کی تخفیف؛ **آپا** (رک) کے لیے پیار کا کلمہ۔
آتش کس ت۔ امث۔ آگ: آنچ، نار۔ صف۔ امذ۔ **آتِش فِشاں** (کس ف)۔ آگ اور لاوا اگلنے والا (پہاڑ، چوٹی) نیز **آتش فشاں** (کس ف)۔ امث **آتِش بازی**: بارود، پوٹاش وغیرہ سے تیار کی ہوئی تفریحی اشیاء، جن کو آگ دکھانے سے پٹاخے، پھلجھڑی خدنگے وغیرہ چھوٹتے اور چنگاریوں کے پھول برستے ہیں۔ مر وصفی، **آتش بے دُود** لفظاً بغیر دھوئیں کی آگ، مراد شراب۔ **آتش پَرَست** آگ کی پوجا کرنے والے، پارسی، مجوسی۔ **آتش خانَہ** بھٹی، تنور، چُولھا، **آتش دان** دیوار میں بنا ہوا کمرہ گرم کرنے کا چولھا جس کا دھواں چمنی کے راستے خارج ہوتا ہے۔ امذ۔ **آتش خوار** (خار) آگ کھانے والا افسانوی پرندہ، سمندر؛ بطور دشنام رشوت خور۔ صف۔ **آتش زیرِ پا** (مجازاً) بے چین بے قرار مر وصفی امث۔ **آتش سَیّال** (فت س، شد ی) مراد شراب۔ **آتشگیر** (ی مع) صف جلد آگ پکڑلینے، بھڑک اٹھنے والا (مادّہ)؛ **آتش نَفَس** (فت ن ف) پھونکنے جلانے سوختہ کرنے والا، آگ اگلنے والا۔
آتشی/ آتشیں آگ سے منسوب آگ جیسا، غضب ناک۔
آتشک کس ت، فت ش۔ امث۔ ایک متعدی جنسی مرض جس کی ابتداء جائے مخصوص پر آبلہ نمودار ہونے سے ہوتی ہے اور وقفے وقفے سے شدید تر اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ آبلۂ فرنگ، اُپدَنْش، گرمی۔
آتشی کس ت۔ صف رک **آتش**۔ امذ۔ **آتشی شیشہ**: روشنی کی حدّت اور چمک کو بڑھا کر منعکس کرنے والا آئینہ؛ دبیز مضبوط شیشہ جو تیز آنچ میں نہیں پگھلتا، **آتشی مٹّی** ایک خاص قسم کی تپائی ہوئی مٹی جو بھٹیوں وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے۔
آتشیں کس مج ت، ی مع، غنہ۔ صف۔ **آتش** رک سے مَنسُوبہ مرکب **آتشیں اَسلِحَہ** (کسمج ل، فت ح) بارود کے زور سے گولا یا گولی سر کرنے والا

ہتھیار، توپ، بندوق وغیرہ۔
آتَم فت ت، ضمیر، خود، آپ، مرکب: **آتَم ہتّیا** (ہَت ت یا) خود کُشی۔
آتْما سک ت۔ امث۔ روح، جان، نفس، چیتَنیہ پیٹ۔ صف **آتمان**: آتما سے منسوُب، غیر مادّی، روحانی، نیز **آتمک**۔
آتُو و مع۔ امث۔ لڑکیوں کو سینا پرونا سکھانے والی اُستانی یا مغلانی نیز **آتُون/ آتُوں** [ت]۔
آتی پاتی امث۔ آنکھ مچولی کی قسم کا ایک کھیل جس میں ایک بچے کو کسی درخت کا پتّا لانے کے لیے بھیج کر سب چھپ جاتے ہیں اور وہ انھیں ڈھونڈتا ہے۔
آتِیوں کو کس ت، ومج، غنہ۔ م ف۔ (عوام) آتےوقت، واپسی پر۔
آٹا امذ۔ پسا ہوا گیہوں یا کوئی اور اناج یا دال مثلاً ماش کی دال کا آٹا؛ مجازاً کوئی چیز جو گل کر بہت خستہ بُھربُھری ہو گئی ہو۔ ف م۔ **آٹا گوندھنا**: آٹے کو گیلا کرنے کے ساتھ ساتھ اُلٹنا پَلٹنا، مُکیانا تاکہ اُس کے پیڑے بنائے جا سکیں۔ مرکب، **آٹے کا چراغ**: محاورۃً ایسی شے یا شخص جس کی حفاظت مشکل ہو۔
آٹْنا سک ٹ۔ ف م۔ **اَٹْنا**، رک کا متعدّی۔
آٹھ عدد۔ سات اور ایک یا دس سے دو کم (۸)۔صف **آٹھواں** صف، مث **آٹھویں**، مرکب، **آٹھ پَہر**: ایک دن اور رات، م ف۔ پورے وقت، ہمیشہ ، ہرگھڑی۔ **آٹھوں گانٹھ**: گھوڑے کی چار ٹانگوں کے آٹھوں جوڑ (نیز رک کُمَیت)۔
آثار ج مذ، امذ۔ **اَثَر** (رک) کی جمع، نشانات، باقیات، قدیم یادگاریں؛ وقائع، روایات، احادیث؛ آئندہ کی بابت نظر آنے والی پیشگی علامات، مرکب، **آثارُالصَّنادِید** (آسَا رُسْ سَ نَا دِید) قدیم اکابر کی یادگار عمارات وغیرہ، نیز **آثار قَدِیمہ**؛ امث **آثاریات** قدیم اشیا کا مطالعۂ تاریخی ۲۔ امذ۔ دیوار کا دَل یا موٹائی؛ بنیاد نیو؛ ۳۔ ایک سیر یا ۱۶ چھٹانک وزن؛ نیز **ثار**۔
آثِم کس ث۔ صف۔ گناہگار، خطا کار۔
آثْنِیَّہ کس ث، ن، شد فت ی۔ امذ۔ پیغمبر خدا حضرت محمدؐ اور حضرت علیؓ کو ہمرتبہ گرداننے والا ایک قدیم فرقہ۔
آج م ف۔ اِس دن، امروز؛ موجودہ وقت یا دور میں۔ مرکب **آجکل** ان دنوں، دور حاضر میں۔
آجال ج مذ۔ مُقَرَّرہ اوقات، معیّن ساعتیں، **اَجَل** (رک) کی جمع۔
آجِر کس ج۔ امذ۔ ٹھیکیدار، ملازم رکھنے والا، نیز **مُستاجِر**۔
آجِل کس ج۔ صف۔ ملتوی شُدہ، جو آئندہ پر موقوف رکھا گیا ہو، عاجِل کی ضد م ف **آجِلاً** دیر سے، آئندہ، بعد میں۔
آجِیوکا ی مع، سک و۔ امذ۔ غذا، کھانا، قوت لایَمُوت۔
آچا امذ۔ امث۔ بڑے ، دادا، دادی، نانا، نانی؛ آنّا، دایہ۔ [ت]
آچار (۱) امذ۔ چلن، طور طریق؛ سُبھاؤ؛ رہن سہن؛ سلیقہ، صفائی سُتھرائی، پاکیزگی۔ امث **آچارجی**: پروہت کا منصب یا کام۔ امذ۔ **آچاریَہ**: گرُو، پنڈت، عالم، وید پڑھانے والا۔
آچار (۲) رک: **اَچار**۔
آچْمَن سک چ، فت م۔ امذ۔ کلی کرنا، منہ صاف کرنا۔
آخ امث۔ گلا صاف کرنے یا تھوکنے کی آواز۔ نیز **آخ تُھو**: محاورۃً لعنت، نفرت۔
آخْتَہ سک خ، فت ت۔ صف۔ کھینچا یا کھنچا ہوا،

کشیدہ م: شَمشیرِ آختَہ، اَبروئے آختَہ؛ خصّی کیا ہوا (جانور) نیز اصلاً؛ آختَہ۔ امذ آختَہ بیگی: اصطبل کا داروغہ۔ نیز آقتَہ بیگی: [ت]۔

آخِذ کس خ۔ صف۔ اخذ کرنے ، حاصل کرنے، جذب کرنے والا۔

آخَر فت خ۔ صف۔ دوسرا، ایک کے بعد کا۔ مث۔ اُخریٰ (اُ خ را) دوسری۔

آخِر کس خ۔ صف۔ سب سے پچھلا، آخری، حتمی۔ مث آخِرَہ، نیز آخِرَت دارُالآخِرَہ دوسری دنیا، عالم ابدی، عالم مابعد، امذ۔ انجام، نتیجہ، م ف۔ انجام کار، ہوتے ہوتے، سب کے بعد میں؛ بہرحال، الغرض نیز آخِرِ اَلْاَمر (آ خِ رُل اَمْر) آخِر کار۔ صف آخِرَ اَلْذِکر (آخِ رُذْ زِکْر) جس کا نام بعد میں لیا گیا۔ آخِرُ اَلْزّماں (آخِ رُزْ زَماں) سب سے آخری عہد کا، سب سے بعد والا۔ م: نَبیِ/ اِمام آخِرِ اَلْزّماں۔ سب سے آخری نبیؐ / یا سب سے آخری امام (ازروئے عقیدۂ اِثنا عشَری)۔ صف آخِری۔

آخِرَت کس خ، فت ر۔ امث۔ دوسرا عالم، عقبیٰ ، دارالآخرہ۔

آخِرَش کس خ،فت ر۔ م ف۔ آخر کار، آخر کو، بالآخر، انجام کار۔

آخِری کس خ۔ صف۔ بعد کا، پچھلا، سب کے بعد آنے والا، نیز آخِریں۔

آخْشِیج سک خ، ی مع۔ امذ۔ عنصر، ان بنیادی اجزا میں سے کوئی جن سے مادی عالم تعمیر ہوا ہے؛ ہوا ، آگ، مٹی، یا پانی۔ نیز آخْشیگ۔

آخور و مج۔ امث۔ گھوڑے کے پانی پینے کی جگہ، گھوڑے کا تھان؛ گھوڑے کا دانہ گھاس وغیرہ، گھوڑے کے تھان کی گندی سُندی گھاس، کچرا، کوڑا کَرکَٹ۔ صف۔ نالائق، نابکار امذ۔ بدقوارہ، نکمّا، گھٹیا۔

آخُونْد ضم خ، و غم، سک ن۔ امذ۔ استاد، معلّم، اتالیق۔

آد صف۔ پہلا، اول۔ مرکب آدْاَنْت: اوّل و آخر، ابتدا و انتہا۔

آداب ج مذ۔ امذ۔ رسوم، ضابطے، طور طریقے؛ تکلّفات، شائستہ انداز، مہذّب اسلوب؛ سلام ، تسلیم، ف مر آداب بَجا لانا، تہذیب کے ساتھ سلام کرنا۔

آدِتْیَہ کس د، سک ت، فت ی۔ امذ۔ سورج، دیوتا، آفتاب، خورشید، علم: وِکرم آدتیَہ: چندر گُپت ثانی کا لقب۔[وِ کْرم = زور ، بل، تہَوّر]۔

آدَر فت د۔ امذ۔ عزت، مان، تعظیم، تکریم، آؤ بھگت۔

آدرا سک ر۔ امذ۔ سورج یا چاند کی چھٹی منزل یا نکھشَتْر، اساڑھ کا آغاز، ادرک، سونٹھ۔

آدَرْش فت د، سک ر۔ امذ۔ مقصد؛ نصب العین؛ نمونہ؛ مثال؛ آئینہ؛ ٹیکا۔

آدَم فت د۔ امذ۔ علم، انسان اوّل، ابوالبشر؛ انسان، نوع انسانی؛ مذہبی روایت کی رو سے پہلے آدمی جو جنّت سے نکال کر زمین پر بھیجے گئے اور خدا سے ہمکلام ہونے والے پہلے پیغمبر تھے۔ مرکب علم۔ آدَم ثانی: حضرت نوحؑ کا لقب۔ آدَمْ زاد نوعِ انسانی میں سے کوئی۔

آدمی سک نیز فت د۔ امذ۔ اسم جنس۔ بنی نوع انسان، حیوان ناطق، بندہ، بشر، کارندہ، ملازم۔ امث۔ آدمیّت: تہذیب، شائستگی، بھلے مانسی۔ بول چال آدمی کا بَچّہ: معمولی شکل و صورت کا جو برا نہ لگے۔

آدیش ے مج۔ امذ۔ اجازت، اُپدیش، نصیحت؛ سلام، پرنام۔ جوگیوں سادھوؤں کا مخصوص کلمہ سلام، نیز آدیس۔

آدینَہ ی مع، فت ن۔ امذ۔ روز جمعہ۔

آدْھ صف، نصف، آدھا کی تخفیف امذ۔ آدْھ اَنْگ: آدھے جسم کا فالج۔

آدْھا صف۔ نصف، ادھُورا، نامکمّل۔ مرکب آدھے سی سی کا دَرد، سر کا درد جو آدھے سر میں ہو۔ مث آدْھی، نصف؛ نصف شب کو بجنے والا گھنٹہ، آدھی بات: ذرا سی گفتگو، معمولی کلمہ جو کسی صورت ناگوار نہ گزر سکتا ہو۔

آدْھار امذ۔ آسرا، سہارا؛ نیو، بنیاد۔

آدِھین ی مع۔ صف۔ ماتحت، ملازم، دست نِگر، لاچار، مجبور۔ نیز اصلاً اَدْھین۔

آڈمبَر فت ڈ، سک م، فَت ب۔ امذ۔ نقارہ، شور غوغا، لاف زنی، لن ترانی۔ طول کلام۔

آذار امذ۔ رومی سال کا چھٹا مہینہ (مارچ کے لگ بھگ)۔ صف آذاری، ماہ آذر کا۔

آذَر فت د۔ امذ۔ آتش، آگ، نار؛ ایرانی سال شمسی کا نواں مہینہ (تقریباً جنوری کے مطابق)۔

آر امث۔ کیل، خار، کانٹا؛ بیلوں کو ہنکانے کی پینی یا سانٹے میں لگی ہوئی کیل، کٹے ہوئے ناکے کا سُوا جو موچی استعمال کرتے ہیں۔

آرْ پار سک ر۔ صف، م فہ ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانے والا؛ اِدھر بھی اُدھر بھی، نیز وار پار۔

آرا امذ۔ لکڑی چیرنے کا بڑا دندانے دار اوزار۔ مث آری، صف آراکَش لکڑی چیر کر تختے بنانے والا کاریگر یا مشین۔

آراء ج مث۔ رائے (رک) کی جمع۔

آرادْھن فت دھ۔ امذ۔ سیوا، پوجا، اُپاسنا۔

آراستَہ سک س، فت تہ صف۔ سنوارا، سجایا ہوا؛ مرتّب، مزیّن، امث۔ آراستگی سجاوٹ، زیب و زینت۔

آراضی ج مث۔ رک اَراضی۔

آرام امذ۔ سکون، ٹھہراؤ؛ راحت، چَین، آسائش، آسودگی؛ خواب، نیند؛ صحت، شفا۔ آرامْ تَکیہ: نرم، گد گدا گول تکیہ جسے کبھی کبھی گود میں بھی رکھ لیا جاتا تھا۔ آرامْ دان پاندان جو کبھی کبھی نقدی وغیرہ رکھنے کے کام بھی آتا تھا۔ صف آرام دہ: (کسمج د، ہ ملفوظ) با آرام، باآسائش (جگہ یا شے)۔ امث آرامْ کُرسی: لمبے اور چوڑے ہتّوں کی کرسی جس پر بیٹھنے والا نیم دراز ہو سکتا ہے۔ آرام گاہ: خواب گاہ، استراحت کی جگہ؛ مقبرہ۔

آرا مِش کس م امث۔ رک: آرام۔

آرا مَکھّی فت م، شد کھ۔ امث۔ ایک چار پروں والا کیڑا جس کی مادہ کی تھوتھنی آری کی طرح دندانے دار ہوتی ہے جس سے پودوں کو چیر کر ان میں انڈے رکھ دیتی ہے۔

آرامِی امث۔ ازمنۂ قبل مسیح کی ایک سامی زبان، کلدانی اور سُریانی کی قدیم شکل۔

آرامِیدہ ی مع، فت د۔ صف۔ لیٹا یا سویا ہوا، آرام سے، راحت میں، نیز آرْمَیدَہ (سک ر)۔

آرائِش کس ء۔ امث۔ سجاوٹ، آراستگی، بناؤ سنگھار، بیل بوٹے؛ کاغذ پنّی، ابرک اور کھپچّیوں وغیرہ سے بنایا ہوا سجاوٹ کا سامان، ٹٹّیاں، فانوس وغیرہ، جو جلوسوں میں رونق کے لیے ساتھ لے جایا جاتا تھا۔ باغ بہاری، باگ باڑی۔

آرْتی سک ر۔ امث گھی کے چراغوں سے بھری تھالی کو مورتی یا کسی عزیز یا محترم شخص کے سامنے یا سر پر سے گھمانے کی ہندوانی رسم؛ مندر میں آرتی کے وقت گایا جانے والا بھجن۔ افعال: آرتی اُتارنا، نوارنا۔

آرْتھِک سک ر، کس تھ۔ صف۔ مالی، معاشی، اقتصادی، آرتھ: معنی، قیمت سے تعلق رکھنے والا۔

آرْج سک ر۔ امذ۔ آرْیَہ (رک) کی ایک پراکرتی

شکل۔

آرْجار سک ر۔ امث۔ آمد و رفت، آنا جانا، ٹریفک، نیز آرَک جارَک (فت ر)۔

آرَد فت ر۔ امذ۔ آٹا [نیز ف آرْد (سک ر)] امث۔

آرَدبیز (ے مج) چھلنی۔

آرزُو سک ر، و مع۔ امث۔ ارمان، دلی خواہش، تمنا۔ صف آرزُومَند: تمنّائی۔

آرسی سک ر۔ امث۔ آئینہ جڑی چوڑے گول منہ کی انگوٹھی جو عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ مرکب آرسی بَھَون: شیش محل۔ آرسی مُصْحَف شادی کی ایک رسم جس میں نکاح کے بعد دُولھا دُلھن کو آمنے سامنے بٹھا کر دلھن کے منہ کے نیچے آئینہ رکھ کر اس میں دولھا کو اُس کی شکل دکھاتے ہیں اور قرآن کو دونوں کے درمیان لاتے ہیں۔

آرَمْبْھ فت ر، سک م۔ آغاز، ابتداء۔ شُروعات۔

آرمیدَہ سک ر، ی مع، فت د۔ صف۔ رک : آرامیدَہ۔

آرناَ سک ر۔ ف م۔ آرے یا آری سے چیرنا۔

آرَنْج فت ر، سک ن۔ امذ۔ کہنی؛ طول ناپنے کا ایک پیمانہ، آدھ گز یا ایک ہاتھ کے برابر۔

آرِنْدَہ کس ر، سک ن، فت د۔ صف۔ لانے والا۔

آروا سک ر۔ امذ۔ (موسیقی) سا سے نی تک سروں کو بتدریج اونچا لے جانا۔

آروغ و مج۔ امث۔ ڈکار۔

آروہی و مج۔ امث۔ کسی راگ، یا راگنی کے چڑھتے ہوئے سُر، امروہی کے برخلاف۔

آری امث آرا (رک) کی تصغیر؛ نیز رک : آپٹا۔

آری بَند (باغبانی)، پیوند، قلم۔

آرے امذ۔ کلمۂ اقراری، ہاں، ٹھیک ہے، بجا درست۔

آرے بَلے، ہاں ہاں، ضرور۔(محاورۃً) ٹال مٹول، لیت و لعل۔

آرِیا (۱) سک ر۔ امذ۔ اسم جنس۔ رک: آریَہ صف: آریائی، آریَوی۔ علم: آریَہ وَرْت ہندوستان، بھارت وَرْش۔

آرْیا (۲) سک ر۔ کھیرے کی ایک قسم ۔

آریُوسیَت سک ر، و مع، کس س، فت ی۔ امث۔ یونانی، عیسائی مبلّغ آریُوس (متوفی ۳۳۶ء) کا عقیدہ جس کی رو سے حضرت عیسیٰؑ اور ذات الٰہی ایک جنس نہیں اگرچہ کائنات میں برگزیدہ ہیں۔

آرْیَہ سک ر، فت ی۔ امذ۔ اسم جنس۔ انسانی نسلوں میں سے ایک نسل جو غالباً وسط ایشیا سے یورپ اور ایران و ہند میں پھیلی؛ شریف النسل، مہذّب آدمی۔ آرْیَہ سَماج: ہندوؤں کی ایک مذہبی و فرقہ واری تحریک جس کا آغاز انیسویں صدی میں سوامی دیانند سرسوتی کی تبلیغ سے ہوا؛ آریَہ وَرْت: برّصغیر ہندو پاکستان کا ایک لقب، آریوں کا دیس۔ صف آرْیائی، آرْیَوی۔

آڑ امث۔ اوٹ، پردہ؛ روک؛ پناہ؛ باڑھ، حد بندی؛ عُذر، حیلہ؛ ضامن، ضامنی؛ کجی، تِرچھا پن؛ کاجل کی ترچھی لکیر جو ہندو عورتیں ماتھے پر بندی کے نیچے کھینچتی ہیں۔ م ف: چھوڑ کر، ناغہ کر کے م: ایک دن آڑ دوا دی جائے گی۔ آڑ بَنْد: دھوتی کی لانگ جسے دونوں ٹانگوں کے بیچ میں سے نکال کر پیچھے کی طرف اُڑس لیتے ہیں۔ پچھیٹا، اکھا، آڑ ڈنْڈا: دروازے کو اندر سے بند رکھنے کے لیے اٹکائی جانے والی لکڑی۔

آڑا صف۔ ٹیڑھا، ترچھا، کج؛ اُفقی، سیدھا، کھڑا کی ضد، آڑا پاجامَہ: تنگ موری کا چوڑیدار پاجامہ، جس کی تراش آڑی یا اُریبی ہوتی ہے۔ آڑا چَوتالَہ: طبلے کی ایک تال مت آڑی۔

آڑْنی سک ڑ، امث۔ دروازے کو کُھلا رکھنے کے لیے لگائی جانے والی لکڑی یا روک۔

آڑو و مع۔ امذ۔ شفتالُو کی ایک قدرے تُرش قسم جس کی گٹھلی کے قریب خفیف تلخی بھی ہوتی ہے۔ چھلکا خفیف روئیں دار، گٹھلی سخت، سرخ کُھردری (لاط: Premus Domestica)۔

آڑی امذ۔ رفیق، ساتھی، شریک کار؛ کھیل کا ساجھی، نیز رک **آڑا** جس کی یہ تانیث ہے **آڑی ہیکل**: بَدّھی کی طرح کا ایک زیور۔

آڑے آنا محاورہ۔ مدد گار ہونا، بچاؤ کرنا۔

آڑھت فت ڑھ۔ امث۔ تھوک کے مال کی منڈی کوٹھی یا دکان؛ تھوک کا کاروبار؛ تھوک کا مال بکوانے کی کمیشن۔ صف امذ۔ **آڑھتی** (سک ڑھ) تھوک فروش۔

آز امث۔ حرص ، لالچ۔

آزاد صف۔ اپنی مرضی کا مختار، کُھلا، چُھٹا، پابند گرفتار کی ضد؛ جس پر روک ٹوک نہ ہو؛ مراعات یافتہ؛ بے فکرا، منچلا؛ قلندر؛ تارک الدنیا، مبرا، منزّہ؛ روشن خیال۔ امث **آزاد نظم**، وہ شاعری جس میں ارکان بحر کی مقررہ تعداد کا خیال نہ رکھا جائے۔ **آزاد بَنْدَر گاہ**: درآمد و برآمد کے محصول سے مبرّا۔

آزادَہ صف۔ آزاد کی متبادل شکل عموماً ادبی زبان میں مستعمل، **آزادَہ رَو**: لاگ لپیٹ نہ رکھنے والا، تعصبات و تکلفات سے بری، نیز **آزاد مَنِش** (کس ن)۔

آزادی امث۔ رہائی، مخلصی، خود مختاری، بندشوں سے بری ہونا؛ اجازت، پروانگی۔

آزار امذ۔ دکھ، بیماری؛ رنج، تکلیف، جھمیلا، بکھیڑا۔

آزَر فت ز۔ علَم۔ حضرت ابراہیمؑ کے والد جو بت تراش تھے۔

آزُردَہ ضمہ ز، سک ر، فت د۔ صف۔ رنجیدہ، خفا، شاکی۔ امث۔ آزُردگی [اصلاً: ف **آزَردہ، آزَردگی** (فت ز)]۔

آزَرم فت ز، سک ر۔ امذ۔ مروّت، رواداری؛ مرحمت، ملائمت؛ مہر، اُنس؛ حیاو شرم۔

آزمانا سک ز۔ ف م۔ جانچنا، پرکھنا، اِمتحان کرنا؛ برتنا، تجربہ کرنا۔ ا کیف مث **آزمائِش**: آزمانے کا عمل، صف **آزمائِشی**: زیر غور، عارضی۔

آزمُودَہ سک ز، و مع، فت د۔ جانچا، پرکھا، برتا ہوا؛ مجّرب۔

آزمُون سک ز، و مع۔ امذ۔ آزمائش، تجربہ۔

آزُو بازُو۔و مع۔ صف ـ دو طرفہ، اِدھر اُدھر، دائیں بائیں۔

آژَنگ فت ژ، غنہ۔ امثہ شِکن ، جھُری۔

آس (۱) امث۔ اُمید، آشا، لَو، لگن؛ مجازاً؛ حمل؛ اولاد؛ سہارا؛ گانے والے کو سہارا اور دم لینے کا موقع دینے کے لیے سازندے یا تان پورے کی مسلسل آواز۔ صف آسی: اُمیدوار۔

آس (۲) امذ۔ ایک سدا بہار پودا جس کے بیج سیاہ، خوشبودار چکنے، دوا کے طور پر مستعمل ہیں (انگ: Myrtle ؛ لاط: Myrtus Communis)۔

آسا (۱) امث۔ صبح کے وقت کی ایک راگنی۔

آسا (۲) بطور لاحقہ۔ حرف تشبیہ، مثل، مانند، جیسا یا جیسے۔

آسان صف۔ سہل، بے دشواری؛ سَرَل، سادھارَن، معمولی۔ م ف۔ بے دقّت، سہولت سے۔

آسائِش کس ء۔ امث۔ آرام، سکھ، فراخی؛ خوشحالی۔

آستان سک س، غنہ۔ امذ۔ چوکھٹ، دہلیز، محترم یا متبرک مقام، بارگاہ، تراکیب میں ن صحیح، ملفوظ م: **آستان یار**۔ نیز **آستانہ**۔

آستِین سک س، ی مع۔ امث۔ کاندھے سے کلائی تک ہاتھ کو ڈھکنے والا لباس کا حصّہ۔ مرکب، **آستِین**

کا سانپ: دوست بن کر عداوت کرنے والا، نیز مارِ آستیں۔
آسُر ضمہ س۔ امذ۔ ایسی شادی جس میں دام لے کر لڑکی کو بیاہا جائے۔
آسرا سک س۔ امذ۔ سہارا، بھروسا؛ آڑ، پناہ۔
آسمان سک س۔ امذ۔ بالائی فضا، نیلگوں شامیانہ سا جو زمین کے اوپر چھایا دکھائی دیتا ہے اور رات کے وقت تاریک ہو کر ستاروں کو نُمایاں کرتا ہے، فلک، سما، چرخ، کنایتہً بہت بلندی، اونچا مقام یا مرتبہ محاورہ آسمان سَر پر اُٹھانا: شور و غوغا کرنا؛ آسمان سے باتیں کرنا: بہت اُونچا ہونا (تعمیر کے لیے مستعمل) آسماں کے تارے توڑ لانا کمال کر دکھانا؛ آسمان میں تِھگلی لگانا: (کس تھ) خفیہ طور سے دور کی خبر یا شے اُڑا لانا؛ آسمان وَ زمین کے قُلابے مِلانا: جُھوٹ مُوٹ باتیں بنانا۔ بڑ ہانکنا۔ صف آسمانی: آسماں سے منسُوب، عَیبی، ہلکا نیلگوں۔
آسَن فت س۔ امذ۔ بیٹھنے کی جگہ، نشست گاہ؛ بیٹھنے کا انداز، مجامعت کا ڈھنگ، آسَن پاٹی فقیروں کی چٹائی نیز آسَنی (فت س)۔
آسِن کس س۔ امذ۔ ہندوانی سال کا چھٹا مہینہ۔
آسُودَہ و مع، فت د۔ صف۔ با اطمینان، چین سے، خوشحال، خوابیدہ۔ ا کیف مث۔ آسُودگی۔
آسی امذ۔ طبیب، معالج، نیز رک آس (۱)
آسْیا سک س۔ امث۔ آٹا پیسنے کی چکّی، مرکّب آسیاباد/ آسیائے باد: ہوا سے چلنے والی، پَوَن چکّی، آسْیاب: پَن چکّی نیز آسْیائے آب۔
آسیب ے مج۔ امذ۔ سایہ؛ ضرر، صدمہ؛ اثر خصوصاً بد اثر؛ بدروح، جن بُھوت۔
آش امذ۔ یخنی، عرق، دلیا۔ آش بُغرا: ایک طرح کی یخنی؛ گوشت کو اُبال اور پیس کر تیار کی ہوئی غذا، آش جَو: اُبالی ہوئی جَئی جو عموماً بیماروں کو ہلکی غذا کے طور پر کھلائی جاتی ہے۔
آشا امث۔ امید، تمنّا، اَبھلاشا۔
آشْتی سک ش۔ امث۔ صلح، موافقت، مصالحت۔
آشْچَرْیَہ سک ش، فت چ، سک ر، فت ی۔ امذ۔ حیرت، استعجاب، نیز اَچرج۔
آشرَم سک ش، فت ر۔ امذ۔ پناہ گاہ، امن کی جگہ؛ خانقاہ، گیان دھیان کرنے والے لوگوں کے رہنے کا مقام؛ خیرات خانہ۔ م: اَناتھ آشرَم یتیم خانہ۔
آشْفْتَگی ضمہ ش، سک ف، فت ت۔ امث۔ پریشانی، انتشار، ابتری، صف آشُفتَہ: حیران پریشان، پراگندہ، بکھرا ہوا۔ مرکب: آشُفتَہ سَر: دیوانہ، سرپھرا، خیرہ سَر۔ ا کیف مث آشُفتَہ سَری۔
آشکار سک ش۔ صف۔ ظاہر، عیاں، پیدا، ہُویدا، نیز آشکارا کیف مث۔ آشکارائی۔
آشمالی سک ش۔ امث۔ خوشامد، چاپلوسی، حاشیہ برداری، صف آشمال۔
آشْنا سک ش۔ صف۔ دوست، یار؛ شناسا، واقف کار؛ آگاہ، خبردار، جاننے سمجھنے والا، م: رَمز آشنا۔ مزاج آشنا، عادی، خوگر، م: دیر آشنا۔ امث آشنائی: دوستی، یارانہ، تعلق۔
آشوب و مج۔ امذ۔ ہیجان، تلاطم؛ ہنگامہ، بدنظمی؛ آنکھ دکھنا، سُرخیِ چشم نیز آشوبِ چَشم۔
آشْیاں سک ش، غنہ۔ امذ۔ گھونسلا، گھر، مسکن، نیز آشیانَہ، صف آشیانی: باسی، رہنے والا؛ وہ چینْچلا جسے گھونسلے میں سے پکڑ لیا جائے۔
آشِیرواد ی مع، سک ر۔ امث۔ نیک تمناؤں کا اظہار، دعائے خیر، شُبھ کامنا، نیز آشِش۔ عام: آشیر باد/ آسِیس، اَشیرباد۔
آصَف فت ص۔ علَم۔ حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام: آصف (اِبن) بَرخِیا ۲۔ امذ۔ تحصیل دار۔ مرکب:

آصَفْجاہ نظام دکن کا خطاب جو چیں قلیچ خاں آصف جاہ اول کے وقت سے ساتویں نظام عثمان علی خاں تک چلا آتا تھا۔

آغا امذ۔ سردار، قبیلے کا بزرگ، معزز شخص، نیز آقا؛ سرحد پار کا باشندہ، قبائلی کابلی۔ علم: **آغا خاں**، اسمٰعیلی فرقے کے امام حاضر کا لقب، پہلے پہل فتح علی خان قاچار نے ۱۸۱۷ء میں امام حسن علی کو دیا تھا۔ **آغا خانی**: آغا خاں کا پیرو، اسمٰعیلی خوجہ۔

آغاز امذ۔ ابتدا، شروعات، تمہید۔

آغشْتَہ کس غ، سک ش، فت ت۔ صف۔ آلودہ، بھیگا، سَنا، لِتھڑا ہوا۔نیز **آغَشْتَہ** (فت غ)۔

آغوش و مج۔ امذ۔ امث۔ گود، بازوؤں کا گھیرا، کَولی، پہلو۔

آفاق ج مذ۔ **اُفُق** (رک) کی جمع امذ۔ عالم،کائنات؛ وسعتِ دنیا، صف؛ **آفاقی**؛عالمی، کُل دنیا سے منسوب یا متعلق، ملکی و مقامی کی ضد۔

آفَت فت فـ امث۔ مصیبت، بلا، دکھ، پریشانی، ج **آفات**، صف مذ ، مث۔تیز، طرّار، عجیب، حیران، یا پریشان کرنے والا/ والی، نیز **آفَتِ جاں**، **آفت کا پَر کالَہ/ ٹُکڑا**۔ مَثَل **بُڑھیا آفت کی پُڑیا**۔

آفتاب سک فـ امذ۔ سورج، شمس، خورشید۔ مرکب، **آفتاب خانہ** گرمی میں آرام کرنے کی ٹھنڈی قیام گاہ، **آفتاب گرداں** (فت گ، غنہ) چھتری، چتر جو امراء کے سر پر چھایا جاتا تھا۔ **آفتاب گیر**؛ دھوپ روکنے کا پنکھا، آفتابی۔

آفتابَہ سک ف، فت بـ امذ۔ دستہ دار اور جڑے ہوئے ڈھکنے وٖالا بڑا لوٹا، جو (سلفچی کے ساتھ) ہاتھ منہ دُھلانے کے لیے استعمال ہوتا تھا۔

آفتابی سک فـ امث۔ چہرے پر دُھوپ روکنے کے لیے پنکھا نما دستہ دار شے، سورج مکھی، آفتاب گیر؛ سائبان، چھوٹا، شامیانہ: کوٹھے کی بارہ دری جہاں بیٹھ کر دھوپ تاپی جا سکے؛ جلال الدین اکبر کے عہد کا ایک گول طلائی سکّہ۔ صف۔ دھوپ کھایا، دھوپ میں رکھ کر تیار کیا ہوا (گل قند یا کوئی اور شے)؛ گول، مدّور۔

آفْرِیدَہ سک ف، ی مع، فت د۔ صف۔ پیدا کیا ہوا، مخلوق، حادِث۔افاعِل **آفرِیدْگار**: خالق، پیدا کرنے والا۔ بطور لاحقہ صفت۔ **آفْرِیں** م: **جاں آفْرِیں**؛ زندگی بخشنے والا، خالق۔

آفْرِیدی سک ف، ی مع۔ اسم جنس۔ پاکستان کی شمال مغربی سرحد کے پٹھانوں کا ایک قبیلہ یا اس کا کوئی فرد۔

آفْرِیں فت ا، سک ف، ی مع، غنہ۔ کلمۂ تحسین، واہ واہ! مرحبا! بطور لاحقۂ فاعلی: پیدا کرنے والا م: **جاں آفریں**؛ خالق **مَعنی آفریں**؛ نکتہ طراز۔

آفْرِینِش سک ف، ی مع، کس ن۔ امث۔ تخلیق، پیدائش صف **آفرِینِنْدَہ** (آ فْ رِیں نِن دَ) پیدا کرنے والا، خالق۔

آقا امذ۔ مالک، غلام کی ضد؛ سردار، حاکم، بزرگ۔ **آقائے شَرِیعَت**؛ ذی مرتبہ مولوی، مجتہد۔

آک امذ۔ ایک صحرائی پودا جس کی ڈنڈیوں سے دُودھیا مادّہ نکلتا ہے اور ڈوڈوں سے سفید ریشے جنہیں **آک کی بُڑھیا** کہتے ہیں نیز **آکھ**، **آکڑ**، **مدار** (لاط: Calotropis Gigantia)۔

آکا امذ۔ بڑے بھائی کو مخاطب کرنے کا کلمہ، نیز **آقا** کا متبادل،تپاک سے مخاطب کرنے کا کلمہ۔

آکار امذ۔ صورت، جسم، ہیئت، شبیہ؛ رُوپ، وضع، چھب؛ مادّی وجود۔

آکاش امذ۔ آسمان، فضائے سماوی۔ امث۔ **آکاش وانی**: غیبی آواز، **آکاش مُولی**: جل کُھنبی،

بادرنجبویہ کی مثل ایک بیل جو پانی پر پھیلتی ہے (لاط: Pistia Stratiotis)۔

آکڑی سک ک۔ امث۔ اکڑ، انا، ہٹ، م: کہاوت: چاکری میں آکری کیا ملازم کو دبنا پڑتا ہے۔

آکڑا کاکڑا (سک ک)۔ امذ۔ خسرہ۔

آکُس ضمہ ک۔ امذ۔ پتھر تراشنے کا آہنی قلم۔

آکِل کس ک۔ صف۔ کھانے یا کھا جانے والا، تفضیل اکّال مث اکِلہ نیز رک آکلا۔

آکلا سک ک۔ امذ۔ سرطان کا مرض۔ اصلاً آکِلہ گوشت کو کھا جانے والی بیماری۔

آکَن فت ک۔ امث۔ کھیت، کیاری میں سے صاف کی جانے والی فالتو گھاس، سبزۂ بیگانہ۔

آکوَلا و مج۔ ایک چھوٹا پودا جس کی لکڑی قدرے خوشبودار ہوتی ہے۔ پتیاں شش پہل اور اس میں سے چکنی رطوبت نکلتی ہے (لاط: Alangium Hexapetalum)۔

آکھ امذ۔ رک: آک۔

آکھا امذ۔ رک: آڑ کے تحت آڑ بَنْد۔

آکھَت فت کھ۔ امث۔ کھیت پر بیگار کرنے والے مزدوروں کو بانٹا جانے والا اناج۔

آکَھر فت کھ۔ امث۔ جنگل میں وہ جگہ جہاں درندے پھرا کرتے یا ٹھہرتے ہوں۔

آکھلا سک کھ۔ امذ۔ شوخ، شریر، منہ زور گھوڑا، امث۔ آکھلا پن۔

آگ امث۔ جلنے اور جلانے والا عنصر جو قدیم تصور کے مطابق عناصر اربعہ میں سے ہے، نار، آتش، نیز اگنی؛ تپش، سوزش، شدید جذبہ؛ صفہ نہایت گرم، مرکّب وصفی، آگ بگُولا (فت ب، و مع) دہکتا ہوا؛ مجازاً: غصے سے بھرا ہوا، نیز آگ بَھبُوکا (فت بھ، و مع)۔

آگا امذ۔ کسی شے یا جسم کا آگلا رُخ یا آگے کی طرف کا حصہ، پچھاڑی یا پیچھا کی ضد۔ نیز آگاڑی؛ آنے والا وقت، مستقبل۔ مرکب آگا تاگا: آگا پیچھا؛ ٹوہ، جستجو۔

آگاہ صف۔ واقف، باخبر، جاننے والا۔ صف آگاہی: واقفیت، علم۔

آگر فت گ۔ امذ۔ ایک کیمیائی لیس دار مادّہ جو بعض سمندری نباتات سے حاصل کیا جاتا ہے اور جراثیم کی نسل کَشی میں استعمال ہوتا ہے، نیز آگر آگر [انگ: از ملائی]۔

آگَم فت گ۔ امذ۔ آنے والا وقت۔ مستقبل۔ آخرت۔ آگم وِدّیا: مستقبل کا حال بتانے کی مہارت ، علم نجوم۔

آگمَن فت گ م۔ امذ۔ آمد، ظہور ، نمودار ہونا۔

آگَنْدَہ فت گ، سک ن، فت د۔ صف۔ بھرا ہوا، پُر، مملو؛ آلودہ، صف آگَنْدہ گوش: کانوں میں رُوئی ٹھونسے ہوئے ، بہرا، اصم۔

آگے صف۔ م ف۔ پہلا، پہلے مقدّم، بڑھ کر، سامنے کی طرف، مقابل؛ آئندہ، اس کے بعد، بول چال آگے آیَت بس ختم، اس کے بعد کچھ نہیں، تمّت بالخیر، ف م آگے رکھ لینا، پیچھا کرنا، تعاقب کرنا۔

آگْیا سک گ۔ امث۔ اجازت، مرضی، حکم۔

آل (۱) امث۔ اولاد، ذُرّیات؛ قوم، قبیلہ م: آلِ عِمران؛ مرکب آلِ اطہار: حضرت محمدؐ کی اولاد جن کی بابت آیتِ تطہیر نازل ہوئی، آلِ عَبا فت ع۔ پنجتن پاک۔

آل (۲) امث۔ پیاز کا ڈنٹھل۔

آل (۳) امذ۔ ایک درخت جس کی لکڑی سے سرخ رنگ نکلتا ہے (لاط: Morinda Citritolia) نیز لال رنگ۔ آل تَمغا سرخ رنگ کی شاہی مہر جو فرمانوں پر لگائی جاتی تھی؛ مجازاً سندِ شاہی۔

آل (۴) امث۔ آنچ، لپٹ، [قب: الاؤ]۔

آل (۵) امث۔ نمی، تری، آل بَنْدی: کھیت میں نالیاں بنانا۔

آل جَنْجال سک ل، فت ج، سک ن۔ امذ۔ ج مذ۔ ڈراؤنے خواب، کابُوس؛ اضغاث الاحلام۔

آلْ تَمْغا سک ل، فت ت، سک م۔ امذ۔ رک : آل (۳)

آلا (۱) صفہ کچّا زخم جو پوری طرح نہ بھرا ہو۔

آلا (۲) امذ۔ طاق، موکھا، مث: آلی۔

آلا (۳) صف۔ ترکیب کا جزو ثانی: بھرنے والا، بھرا ہوا۔

آلات ج مذ۔ آلہ (رک) کی جمع۔

آلاراسی امث۔ سستی، کاہلی، غفلت، بے پروائی، صف: کاہل، الھڑ، لاأبالی نیز آلاّ راسی۔

آلاف ج مذ۔ اَلف = ہزار (عدد) کی جمع۔

آلام ج مذ۔ اَلَم (رک) کی جمع۔

آلان امذ۔ ہاتھی کے پیر میں ڈالنے کی زنجیر یا رسّا؛ بیل چھانے کا ٹھاٹر۔

آلاء ج مذ۔ نعمتیں، برکتیں [ع: واحد: اِلیٰ اِلیٰ]۔

آلائش کس ء۔ امث۔ گندگی، مَیل، غلاظت۔

آلَت فت ت۔ امذ۔ مردانہ عضوِ تناسل، ذکر؛ اوزار؛ آلہ کی متبادل شکل۔

آلْتا سک ل۔ امذ۔ لاکھی رنگ، لاکھی رنگ میں رنگا ہوا کپڑا جس سے ہندو عورتیں پانو مہندی کی طرح رنگتی ہیں۔

آلْتی پالْتی سک ل۔ امث۔ بیٹھنے کا یہ ڈھب یا آسن کہ پنڈلیاں ایک دوسرے کے اوپر رہیں؛ چار زانو بیٹھنا۔

آلَکس فت ک۔ امث۔ آلکسی، سستی، کاہلی، نیز آلَکسی۔

آلَن فت ل۔ امث۔ چُنائی کے گارے میں ملایا جانے والا پُھوس؛ ساگ میں ملایا جانے والا آٹا۔

آلَنْگ (۱) فت ل، غنہ۔ امذ۔ مادہ جانور کی مستی، بہار پر ہونا۔

آلَنْگ (۲) فت ل، غنہ۔ امذ۔ مورچے کے گرد خندق یا حصار۔

آلُو و مع۔ جڑیلی ترکاریوں میں ایک معروف ترکاری جس کی کئی قسمیں اور وضعیں ہیں۔ اور بہت سے پکانے اور کھانے کے طریقے، چھلکا بھورا ملگجا جو ابالنے پر آسانی سے اُتر جاتا ہے اور اندر سے زردی مائل گودا نکل اتا ہے۔ آلُو گاچ: آلو کی پود۔ چونکہ یورپ سے آیا اس لیے آلوئے فرنگ بھی کہلاتا ہے (ع: بَطاطہ، لاط: Arum Compantulatum)۔

آلُو بالُو و مع۔ امذ۔ کیلاس کے درخت کا ریٹھے کے برابر پھل جو کچی حالت میں سبز کسیلا اور پک کر سیاہی مائل چاشنی دار ہو جاتا ہے نیز آلی بالی (لاط: Pruni Virganana)۔

آلُو بُخارا و مع، ضمہ ب۔ امذ۔ عام طور پر مراد باغی آلو بخارا سے، آلوچے کی قسم سے ایک کھٹ میٹھا پھل، دافع صفرا کے طور پر دواءً مستعمل۔

آلُو چھولے و مع، و مج، ج مذ۔ اُبلے ہوئے آلو کی قاشوں اور چنوں کی چاٹ۔

آلُودَہ و مع، فت د۔ صف۔ آمیزش یا ملاوٹ والا، مخلوط، کسی شے کے ساتھ گُھلا ملا، بھرا، لتھڑا ہوا، دھبّے دار، نیز آلُود اکیف مث۔ آلُودگی۔

آلُوسَن و مع، فت س۔ امث۔ ایک بوٹی جو کتّے کے کاٹے کے علاج میں مفید ہے، شجرۃ الکلب (لاط: Alyssum Saxatile)۔

آلَہ فت ل۔ امذ۔ اوزار، ہتھیار؛ ذریعہ، وسیلہ، عضو، آلۂ تَناسُل: نسل کَشی کا عضو، زنانہ یا مردانہ جنسی عضو۔ آلۂ حَرْب: ہتھیار، آلۂ حِصار: منجنیق (آلۂ حصار شکن کی تخفیف) آلۂ سُدُس: (ضمہ س ، د) زاویہ پیما جس سے ستاروں کی

حرکات کا مشاہدہ کرنے میں کام لیا جاتا ہے۔ آلۂ کار: اوزار، محاورۃً وہ شخص جس کے ذریعے سے کوئی کام نکالا جائے۔ آلۂ کَشید: بھپکا، قرع انبیق۔ آلۂ مانع: (کسمج ن) روکنے یا رفتار کم کرنے کا مشینی پرزہ۔ آلۂ مُکبّرِ اَلصّوت: آواز کو اونچا کر کے دور تک پہنچانے والا برقی آلہ، لاؤڈ سپیکر۔

آلِہَہ کسمج ل، فت ہ۔ ج مذ۔ معبود، دیوتا، خداوندگان [ع: واحد الٰہ]۔

آلی امث۔ سکھی، سہیلی، ہمجولی۔

آلِیَہ کس ل۔ فت ی۔ صف عضوی، نامیاتی۔

آلھا امذ۔ ہندی بحر کا وہ چھند جس میں جگنِک کا تصنیف کردہ آلھا اودل کا رزمیہ لکھا گیا ہے اسے ماترک سوَیّا بھی کہتے ہیں۔ م: بَنی رسوئی جب آلھا کی وَہی میں پَری ساتھ مَن ہینک۔ آلھا اُودَل: چندیل راجاؤں کی قدیم راجدھانی مہوبا کے دو چھتری بھائیوں آلھا اور اُودل کی جنگ اور بہادری کی جوشیلی منظوم داستان جو ہندوستان میں یوپی اور راجپوتانہ کے بعض دیہات میں بہت مقبول ہے۔

آم امذ۔ گرمی میں پھلنے والا ایک گھنا پیڑ اور اس کا لنّبوترا سبز یا زرد لذید پھل جو کچّی حالت میں کَیری کہلاتا اور کھٹائی بنانے کے کام آتا ہے، بعض اقسام رس چوسنے کے لیے اور بعض تراش کر کھانے کے لیے ہوتی ہیں جنھیں قَلمی/ قَلمی آم کہتے ہیں، اَنْبہ (لاط: Mangifera Indica)

آماج امذ۔ نشانہ، ہدف، جس کی طرف سیدھ باندھی جائے۔ مرکب آماجگاہ: جس طرف ہجوم کیا جائے، جو مرکز نظر ہو۔

آمادَہ فت د۔ صف۔ تیار، مستعد، راضی، مائل، م: زوال آمادہ: انحطاط کی طرف مائل، گھٹتا یا بگڑتا ہوا۔ ا کیف مث آمادگی۔

آماس امذ۔ سُوجن، وَرَم، گومڑا، صف آماسِیدَہ:

سوجا، پُھولا۔

آمال ج مذ۔ اَمَل (رک) کی جمع۔

آمَد فت م۔ آنا، وارد ہونا، آپہنچنا، آگمن؛ محاصل، وصولی؛ اِلقا، نزول شعر یا مضمونِ لطیف، بھرپور یا بے ساختہ کلام۔ آمَد آمَد: آنے کی خبر دھوم یا چرچا، آمَد و رفت: (و مج) آنا جانا، آرجار، آمد وشُد (ومج)، (عموماً سانس کا) اندر آنا، اور باہر نکلنا۔ آمَد نامَہ: فارسی مصادر کی فرہنگ جو پہلے مصدر آمدن سے شروع ہوتی ہے۔

آمَدَنی فت م، د۔ امث۔ یا فت، منافع، کمائی؛ صف آنے والا م: پیش آمَدَنی: واقع، ظاہر ہونے والا۔ نیز آمْدَن، آمْدَنی۔

آمِر کس م۔ امذ۔ حکم دینے والا، من مانی کرنے والا، حاکم مطلق العنان۔ امث آمِرِیّت۔

آمُرزِش ضمہ م، سک ر، کس ز۔ امث۔ خطاؤں کی معافی، مغفرت، بخشش، صف: آمُرزگار: عفو کرنے والا، بخشائندہ۔

آملَہ سک م، فت ل۔ امذ۔ آلوچے کے برابر گول سبزی مائل ترش کسیلا پھل، طبّی خواص کا حامل اور مربّے کے طور پر دواءً مستعمل۔

آمَن فت م۔ امث۔ آم کی ایک قسم؛ چاول کی سَرمائی فصل۔

آمَنّا فت م، شدن۔ فقرہ۔ ہم ایمان لائے، عموماً: آمَنّا وَ صَدَّقنا (سَدْ دَقْ نا) ہم نے مانا اور تصدیق کی۔

آمْنا سامْنا سک م۔ امذ۔ ایک دوسرے کے مقابل آ جانے کی صورت۔ رُوبَرُو ہونا؛ مُڈ بھیڑ، مُواجَہَہ۔

آمْنی سک م۔ صف۔ (معماری) آم یا نصف آم کی شکل سے ملتی ہوئی لہردار، بانکی وضع کی محراب وغیرہ، مانگ دار۔

آموخْتَہ و مج، سک خ، فت ت۔ امذ۔ پچھلا سبق، پڑھایا ہوا سبق۔

آمَوزش و مج، سک ز۔ امث۔ تعلیم، سکھلائی صف
آموزگار: سکھانے والا۔
آمیختَہ ے مج، سک خ، فت ت۔ صفہ مخلوط، باہم ملایا ہوا، گڈ مڈ۔
آمیزَہ ے مج، فت ز۔ امذ۔ مرکّب، مخلوط شے، گھولوا، مسالہ۔ امث۔ آمیزِش: میل، ملاوٹ۔
آمین ی مج۔ حرف دعا، قبولیتِ دعا کی تمنا کے اظہار کے لیے مستعمل۔ نیز آمین اللہ: امث بچے کے قرآن ختم کرنے پر منائی جانے والی تقریب جس میں مہمان بچے دعائیہ کلمات پر آمین کہتے جاتے ہیں۔
آمین بِالْجَہر: نماز میں سورۂ فاتحہ کے بعد مقتدیوں کا بلند آواز سے "آمین" کہنا جو شافعیوں اور اہل حدیث کا طریقہ ہے، ضد: آمین بِالسِّر: (بِسْ سر) آہستہ سے یا دل میں آمین کہنا۔ آمین ثُمَّ آمین لفظ آمین کی تکرار ، آمین اور پھر آمین، تاکید اور اظہار اشتیاق کے طور پر۔
آن (۱) امث۔ وقت، ساعت، گھڑی؛ لحظہ، لمحہ، ج آنات۔
آن (۲) امث۔ وقار ، تمکنت، خودداری؛ وضع، طور، طرز؛ مخصوص، ادا، انداز؛ مرکب آن بان: سج دھج، شان و شوکت۔
آن (۳) بطور م ف آ کا مترادف آنا کی تخفیف، آن بَیٹھنا، آ بیٹھنا۔
آن (۴) غنہ ضمیر اشارہ ، وہ م: آن جناب، وہ صاحب، آنکَس، وہ شخص، آنجہانی جو دوسرے جہان کی طرف کوچ کر گیا، وفات یافتہ۔
آنا (۱) مَص، ف ل، کسی جگہ سے پہنچنا، وارد ہونا، اُترنا، نازل ہونا؛ ظاہر، نمودار، عیاں ہونا؛ گرنا، ڈھَینا، قرض ہونا، واجب الوصول ہونا؛ محسوس ہونا، خیال یا دل میں گزرنا؛ معلوم ہونا، علم یا دسترس میں ہونا؛ مذکور ہونا؛ لاحق، عارض، لاگو ہونا۔

آنا (۲) رک آنہ جو عام املا ہے۔
آناً فاناً تن فت ا۔ م فہ فوراً ، دم کے دم میں، ذرا سی دیر میں، دم بہ دم، ہر گھڑی، ہر لمحہ۔ [اصلاً ع: آناً فاناً (فَ آ نَن)]۔
آنا کانی امث۔ کنّا چھَنی، بَیر، ایک دوسرے سے منہ چھپانا، بے مُروتی برتنا، بے رخی؛ گریز، احتراز۔
آنْبا ہَلدی امدّہ مغ، فت ہ، سک ل۔ امث۔ کچّی، ہلدی سے ملتی ایک جڑ، پتّے لانبے، تخم سفید، چھال زرد، چوٹ پر پیس کر لگاتے ہیں۔ [لاط: Curcuma Amada]
آنْت ا مدّہ، غنہ۔ امث۔ پیٹ کے اندر کی بڑی نالی یا چھوٹی نالیوں میں سے کوئی، جہاں غذا ہضم کے آخری مدارج میں پہنچتی ہے۔ معیٰ، مِعا، رُودَہ۔ آنت کَٹَو: مویشیوں کی بد ہضمی۔
آنْٹ غنہ۔ امث۔ آنٹی، گِرہ، گانٹھ؛ آنکاؤ؛ مجازاً؛ کدورت، عداوت، تنکوں کا گٹّھا، پُولا۔ مرکب، آنَٹ سانْٹھ (غنہ) ملاوٹ، کدورت، کھوٹ؛ بگاڑ، خرابی پیدا کرنا، فتنہ انگیزی، سازش، گٹھ جوڑ۔
آنْٹی امدّہ مغ۔ امث۔ لچّھی سوت، یا ریشم کی؛ دھوتی تہمد کے اوپری سرے کو موڑ کر بنائی ہوئی جیب یا گرہ؛ نیز آنْٹی۔
آنْچ غنہ۔ امث۔ آگ کی لپیٹ، تپش، حدّت، گرمی؛ سایہ، پرتو؛ ضرر، زد۔
آنْچَل امدّہ مغ، فت چ، امذ۔ دوپٹے کا پلّو؛ دامن مرکب: آنْچل پَلّو: مقَیش کی جھالر جو بعض کپڑوں کے کناروں پر ٹانکی جاتی ہے۔ محاورہ، آنْچل دینا: بچے کو چھاتی سے دودھ پلانا۔
آنْدُو امدّہ مغ، و مع۔ رک: آلان۔
آنْدَھ غنہ۔ امث۔ تھکاوٹ، اکتاہٹ؛ تھکن وغیرہ سے آنکھوں کے آگے چھانے والا اندھیرا؛ آندھی روگ۔
آنْدھی امد، مغ۔ امث۔ ہوا کا جھکَڑ، گردوغبار کا

طوفان۔ آنْدھی کے آم، لوٹ کا مال، اچانک ہاتھ لگنے والی چیز۔

آنْڈ غند۔ امذ۔ فوطہ، خصیہ۔ صف آنْڈُو جس کے خصیے بڑے ہوں، شہوت زدہ؛ سست، کاہل، مَنْھا، م: آنْڈُو بَیل۔

آنْڈی امدمغ۔ امثہ۔ پیاز، لہسن کی گٹھی۔

آنِس اُلْاَرْواح کس ن غم، سک ل، فت ا، سک ر۔ امذ۔ رک اُسطُو خُوْدُوْس۔

آنْسُو امد مغ، و مع۔ امذ۔ آنکھوں سے بہنے والا پانی کا قطرہ، اشک، دمْع۔

آنِسَہ کسمج ن، فت س۔ امثہ دوشیزہ، مِس، کُماری۔ کنْواری لڑکیوں کے نام سے پہلے لگایا جانے والا لقب، بطور شناخت، جس کے ساتھ عموماً باپ کا نام شامل ہوتا ہے۔ عرب دنیا میں لڑکیوں کے اپنے نام کے ساتھ رائج؛ ج: اَوانِس۔

آنْک غند۔ امذ۔ نشان، حرف؛ لکیر؛ جزو، حصّہ، گھڑی ہوئی بات؛ اندازہ؛ تخمینہ۔

آنْکڑا غند۔ امذ۔ رسی، کپڑے وغیرہ کو دُور سے پکڑ کر کھینچنے یا سانپ پکڑنے کے لیے استعمال ہونے والا اوزار، سابل۔لوہے کی لمبی سلاخ جس کے ایک سرے پر نوک دار حلقہ بنا ہوتا ہے، جسے بل دینے سے چیز اس میں اٹک کر لپٹی جاتی ہے۔تص مث: آنْکڑی۔

آنْکَل امد مغ، فت ک۔ امذ۔ بجار، سانڈ۔

آنْکْنا غند، سک ک۔ ف م۔ کسی چیز کو جانچ کر اس کے داموں کا اندازہ کرنا، جانچنا، پرکھنا۔ صف آنْکیا، پرکھنے والا۔

آنْکھ غند۔ امثہ۔ آلۂ بَصارت، دیکھنے والا عضو۔ عین، چشم، نین، بینائی، نظر؛ جانچنے پرکھنے کی صلاحیت؛ توّجہ، التفات، لگاؤ، تعلق؛ کوئی چھوٹا حلقہ یا چھید جو مثلاً کسی پھل یا ترکاری پر بنا ہو؛ آک کا ڈوڈا، آنْکھ آنا: آشوب چشم، آنکھیں دکھنا؛

آنْکھ بَند ہونا: وفات پانا، مرنا؛ آنکھ بھر آنا؛ رونے پر مائل ہونا، دل یا جی بھر آنا؛ آنْکھ پَھڑکْنا، آنکھ کے پپوٹے میں اضطراری جنبش جس سے اچھا یا برا شگون لیا جاتا ہے۔ آنْکھ پھوَڑ ٹڈّا: ایک سبز حشرہ جو عموماً آک کے درخت پر منڈلاتا اور اُس کے ڈوڈے توڑ کر کھاتا ہے آنْکھ جَھپَکنا: آنکھ کے پپوٹے کا بند ہونا، نیند آنا۔ آنْکھ دکھانا: (کس د) تیز نظروں سے دیکھنا، غصے یا دھمکی کے طور پر۔ آنکھ کا تارا؛ محبوب، نہایت عزیز۔ آنْکھ کا پانی ڈھلَکنا/ مَرنا: ڈھیٹ، بے مروّت، بد لحاظ، بے دید ہو جانا۔ امث آنْکھ مِچَولی (و مج) بچّوں کا ایک کھیل جس میں ایک کی آنکھیں بند کر لی جاتی ہیں اور سب اِدھر اُدھر چھپ جاتے ہیں جنھیں وہ ڈھونڈتا ہے اور جسے پکڑ لے وہ اس کی جگہ چور بن جاتا ہے۔ ج: آنْکھیں، محاورہ آنْکھیں بچھانا: آؤ بھگت، پُرجوش پذیرائی کرنا۔آنکھیں کُھلنا، ہوش آنا، غفلت دور ہونا، عبرت پانا۔ آنْکھیں مَٹکانا: شوخی سے آنکھوں کی پتلیوں کو گردش دینا۔ آنْکھیں مِچکانا: جلد جلد کھولنا، بند کرنا آنْکھیں نکالنا: تیز نظروں سے دیکھنا۔ مثل آنْکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا: اپنے عزیز گراں نہیں گزرتے، مترادف: گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے۔

آنْگ غند۔ امذ۔ رک آنک۔

آنْگَن امد مغ، فت گ۔ صحن، گھر کے اندر کُھلی جگہ؛ نیز انگنائی۔

آنَنْد فت ن، سک ن۔ امذ۔ مسرت ، خوشی؛ ترنگ، جشن، منگل، صف۔ سکھی، خوش، مطمئن، مسرور، نیز آنَنْدی: عیش منانے والا۔ محاورہ آنَنْد کے تار بجانا: موج، مزے کرنا، بے فکری سے وقت

گزارنا۔
آنْو غند۔ امث۔ پیچش کے مریضوں کے دستوں میں نکلنے والی سفید لیسدار رطوبت جو انتڑیوں میں زخم پڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔
آنْوَل امدہ مغ، فت و۔ امث۔ جَنِین کی جھلی جس میں وہ لپٹا ہوتا ہے آنول نال: جنین کی ناف میں جُڑی ہوئی نلکی جس کے ذریعے اس کو ماں کے جسم سے غذا پہنچتی ہے۔ مرکب آنْوَل جھانْوَل: جڑواں بچے۔
آنْولہ غند، سک و، فت ل۔ رک: آملہ۔
آنہ فت ن۔ امذ۔ روپے کا سولھواں حصہ، ۴ پیسے کے برابر کا سکہ۔
آنی صف۔ وقتی، عارضی، ایک آن یا مختصر وقت کا۔
آنی بانی امث۔ اکڑفوں، شوخی، شرارت۔
آنی جانی صف مث۔ ناپائیدار، نہ ٹکنے والی؛ جو کبھی آئے اور کبھی چلی جائے (شے) دولت، حکومت وغیرہ)
آؤ سکو،امث۔ قیمت، قدر، نیز آیے، مرکب، آو آدَر عزّت،پذیرائی، قدر افزائی، نیز آوَ بھگت/ آؤ بَھگَت تواضع ، خوش آمدید۔
آوا امذ۔ مٹی کے برتن پکانے کا الاؤ؛ اینٹوں کا بھٹّا، چولھے کے سامنے کا حصہ۔ آوا بِگڑنا: آوے میں سے خراب مال نکلنا، محاورۃً پورے کنبے یا گروہ کا ایک ساتھ برائی یا خرابی میں مبتلا ہونا۔ نیز آوے کا آوا بگڑنا/ خراب ہونا۔
آوا جاوی امث۔ رک : آر جار۔
آوا گَوَن فت گ، و۔ امذ۔ آنا جانا؛ روح کا بار بار ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا ، تاآنکہ اسے نِروان حاصل ہو؛ تناسخ کا نظریہ [نیز س: آوا گَمَن (فت گ م)]۔
آوارِجہ کسمج ر، فت ج۔ امذ۔ آمد و خرچ کے حساب کی کتاب، روکڑ، نیز آوارہ۔
آوارَہ صف، امذ۔ بے ٹھکانا، برباد، پریشان، سرگرداں، بدچلن؛ امث۔ رک آوارجہ مرکب آوارہ گیر مُحاسِب۔
آواز امث۔ ہوا میں ہونے والا ارتعاش جو کان کے پردے کے ذریعے سنائی دے؛ صدا، صوت، سُر، آہنگ، پکار، دہائی؛ بُلاوا؛ نیز (مجازاً) اِیما، تقاضا، اِلقا، م؛ ضمیر یا غیب کی آواز۔ ف مر آواز بَھرّانا، آواز کا صدمے یا گریے کے اثر سے بھاری ہونا۔ آواز پَھٹنا، آواز کا بے سُرا ، بے ہنگم ہو جانا؛ آواز ڈوک میں آنا: آواز بھاری ہونا۔ آواز کا پَلّا: جہاں تک آواز پہنچے۔ نیز آواز کا پاٹ۔آواز نگار: آواز بھرنے، منضبط کرنے، ریکارڈ کرنے کا آلہ؛ فونوگرام، نیز صوت نگار۔
آوازَہ فت ز۔ امذ۔ دُھوم، غُلغُلہ؛ پھبتی، فقرہ۔نیز آوازے تَوازے/ آوازے توازے۔ پھبتیاں، طعن و طنز، محاورہ ۔ اُچھالنا ، کَسنا۔
آواہَن فت ہ۔ امذ۔ منتر کے زور سے بلانا، طلب کرنا؛ دعوت دینا، بلاوا۔
آوَخ فت و۔ کلمۂ تاسف۔ حیف، افسوس، وائے۔
آوُرد ضمہ و، سک ر۔ امث۔ لایا جانا؛ تصنّع، بناوٹ، کھینچ تان، آمد کی ضد؛ دلی تقاضے یا زور طبیعت کے بغیر مشقِ فن [اصلاً: آوَرد (فت و)] صف آوُردہ لایا ہوا، روشناس کرایا ہوا، رائج کردہ، نیز آوَردہ۔
آوَک جاوَک فت و۔ امث۔ آر جار، آرک جارک۔
آوَن فت و۔ امث۔ پہیّے کے ناگر کے سوراخ میں لگی ہوئی آہنی نلی جو دھرے کی رگڑ سے بچاؤ کے لیے ہوتی ہے۔ مرکب آوَن نال (رک) آنْول نَال۔
آوَن (۲) امث۔ دھان کی پنیری۔
آوَنْد فت و، سک ن۔ امذ۔ مٹی کا برتن، آبخورہ وغیرہ۔

آوَنّک فت و، غنہ۔ امث۔ الگنی جس پر کپڑے سکھانے کے لیے لٹکاتے ہیں، چوٹ لگے ہاتھ کے سہارے کے لیے گلے میں لٹکائی ہوئی پٹی؛ (تعمیرات) پُل کو اٹھانے یا سہارے رکھنے کے لیے اس کے تختوں سے باندھی ہوئی رَسّیاں جو اس کی چھت یا بالائی شہتیر سے لٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ اِسی اصول پر کوئی آہنی تعمیر۔

آویختَہ ے مج، سک خ، فت ت۔ صف۔ لٹکا ہوا، ٹنگا ہوا، اٹکا ہوا؛ باہم لپٹے ہوئے۔ دست و گریباں۔

آویزاں ے مج، غنہ صف، لٹکایا، ٹانگا ہوا۔

آویزش ے مج، کس ز۔ امث۔ چپقلش ، جھگڑا، کھینچا تانی۔

آویزَہ ے مج، فت ز۔ امذ۔ کان کا بُندا؛ گوشوارہ، پُھندنا، کوئی لٹکتی ہوئی آرائشی یا سجاوٹ کی شے؛ ضمیمہ۔

آہ سک ہ۔ امث۔ تکلیف، یا رنج میں کھینچا جانے والا سانس یا آواز، کراہنے یا اظہار افسوس کرنے کی آواز؛ ہائے، نالہ، بکا، ٹھنڈا سانس۔

آہا! فجائیہ۔ اظہار مسرت، یا تحسین کا کلمہ، واہ وا، نیز آہاہا، آہاہا۔

آہار امث۔ غذا، خوراک، لیئی، کلف، مانڈی۔ **آہار مُہرَہ** آہارلگا کاغذ کو مہرے سے رگڑ کر چکنا کرنے کا عمل۔

آہُتی ضمہ ہ۔ امث۔ ہَوَن یا یگیہ کا سامان؛ قربانی، بھینٹ۔

آہَٹ فت ہ۔ امث۔ کسی حرکت کی خفیف آواز، کھٹکا، قدموں کی چاپ۔

آہَر جاہَر فت ہ۔ رک: **آر جار**۔

آہِستَہ کس ہ، سک س، فت ت۔ صف۔ م فہ بے آواز؛ سست قدم، دھیما، دھیرے سے، سہج سے، ہلکے ہاتھ سے، رک رُک کر۔

آہَک فت ہ۔ امذ۔ چونا، چونے کا پتّھر یا بُجھا ہوا چُونا، امث **آہک پاشی**۔ چونے کی سفیدی پھیرنا۔ **آہکِ مَغسُول**: پانی میں بجھایا ہوا چونا۔

آہَن فت ہ۔ امذ۔ لوہا، فولاد، صف **آہَن پوش**، زرہ بکتر لگائے ہوئے؛ آنکھوں پر آہنی ٹوپی چڑھائے ہوئے؛ لوہے کی چادروں سے ڈھکا ہوا، م: آہن پوش گاڑی [انگ: آرَمَرڈ کار] **آہَن تاب**: گرم لوہے سے بجھایا ہوا (پانی) امذ **آہَن رُبا**: مقناطیس؛ **آہَنگر**: لوہار صف **آہَنی**: لوہے کا بنا ہوا، سخت، مضبوط، محکم م: آہنی عزم، نیز **آہَنیں**۔

آہَنْجَہ فت ہ، سک ن، فت ج۔ امذ۔ کنڈی، سانکل، لفظاً لوہے کا ٹکڑا۔

آہَنّگ فت ہ، غنہ۔ امذ۔ ارادہ ، قصد؛ سریلی آواز، لحن، وزن، کلام، کی موزُونیت؛ راگوں کا ٹھاٹھ؛ ایک راگ کا نام۔

آہُو و مع۔ امذ۔ ہرن، چکارا، غزال، یا اس قبیل کا کوئی چوپایہ۔ صف **آہُو چَشم**: بڑی اور سیاہ آنکھوں والا، **آہُوے چَرخ**: کنایہ آفتاب سے۔

آہَوری و لین۔ امث۔ رائی، خُردل۔

آئِسہ کسمج ء، فت س۔ امث۔ وہ عورت جو سنّ یاس کو پہنچ چکی ہو اور حیض بند ہو گیا ہو۔

آ ئِنْتی پائِنْتی کسمج مغ ء۔ ظر فہ۔ م فہ۔ سرہانے اور پائنوں کی طرف م: پلنگ پر صرف ایک چادر آئنتی پائنتی کچھ نہیں۔

آئِنْدَو رَوَنْد کس ء، سک ن، و مع، فت ر، کس و۔ ج مذ۔ آنے جانے والے، ہمہ شُما۔ نیز آیَند۔

آئِنْدہ کس ء سک ن، فت د۔ صف۔ م فہ آنے والا؛ مستقبل، اگلا وقت یا زمانہ، آگے چل کر، اب کے بعد۔

آئِنَہ کس ء، فت ن۔ امذ۔ رک **آئینَہ**

آئی امث۔ موت، قضا، آنے والی شے مرکب: '**آئی آوائی**، (ک) آیا آوایا، **آئی بَلا**: درپیش مصیبت،

آئی لَگائی: آشنا عورت، داشتہ۔
آئے ے مج۔ امث۔ آمدنی، یافت۔
آئِین ی مع۔ امذ۔ قانون، ضابطہ، دستورُ العَمل؛ طور طریقہ۔
آئِیں بائِیں شائِیں ے مج، غنہ۔ م ف۔ فضول، بے ربط، بے سروپا باتیں۔
آئیں تو جائیں کہاں فقرہ۔ ایسے آدمی کی بابت جو آپے میں نہ رہے، مراد: غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو گئے، بہت طیش میں آ گئے۔
آئِینَہ ی مع، فت ن۔ امذ۔ وہ شیشہ یا مصفیٰ سطح جس میں عکس دکھائی دے، منہ دیکھنے کا آلہ، درپن، مرآت۔ صف، عیاں، روشن، واضح، آئینہ ءِ اَنکاری، آتشی شیشہ، آئِینَہ بَنْدی، آرائش، سجاوٹ، صف آئِینہ بَند: آراستہ، سجا ہوا۔ (مکان، شہر، کوچہ، بازار وغیرہ) آئینہ حَلَبی: (فت ح ل) شہر حَلَب کا بنا ہوا آئینہ جو کسی زمانے میں مشہور تھا۔ آئِینَہ خانَہ: وہ کمرہ جس کی دیواروں پر چھوٹے چھوٹے آئینے جَڑے ہوئے ہوں جو روشنی میں چمکیں اور چراغاں کا سماں پیدا کریں۔ آئِینَہ دار: مشّاطگی کرنے والا، مِثل، تمثال، عکّاس، ترجمان، آئِینہ روٗبوٗ: ایک قسم کی میٹھے پانی کی مچھلی، آئِینہ کار، آئینے جڑنے والا کاریگر، آئینے کا چھالا، وہ بلبلہ جو شیشے کے اندر رہ جائے۔
آیا (۱) امث۔ بچوں کی کھلائی۔ [پرتگالی: Aia]۔
آیا (۲) کلمۂ استفہام۔ بمعنی کیا، بتاؤ، جواب دو، سوال یہ ہے کہ۔
آیا (۳) صف۔ آنے والا، وارِد، (جواب ندا) آتا ہوں، حاضر ہوتا ہوں؛ مرکب آیا اَوا یا جو آچکا تھا، آیا گَیا غیر، مہمان؛ آنے یا جانے والا۔
آیَت فت ی۔ امث۔ نشانی، دلیل، نصِ قرآنی؛ قرآن میں آیت کے ختم ہونے کا نشان؛ الہامی الفاظ۔ آیَتُ اللہ: شیعہ عالمِ دین کا لقب۔ نیز امذ آیَہ۔ ج آیات، مرکب: آیاتِ بیِّنات (فت ب، شد کس ی) روشن نشانیاں، قرآن کی واضح عبارتیں، آیاتِ مُتَشابِہات (مُ تَ شَابِ ہات) قرآن شریف کی وہ آیات جن کا مفہوم واضح نہیں، وہ آیات قرآنی جن کے معنی میں تاویل کی گنجائش ہو، آیاتِ بیّنات کی ضد۔
آئینے میں بال آناً تڑقنا، دَرَکنا۔
آیُو و مع۔ امث۔ جیون، عُمر، مدّتِ زندگی؛ بقا، سلامتی۔ آیُوروید (آیُروید) صحت و سلامتی سے تعلق رکھنے والا علم، طبِّ ہندی، صف آیُورویدِک (آیُروے دِک) طبِّ ہندی سے متعلق۔
آیَہ فت ی۔ امذ۔ رک: آیت۔ آیۂ رحمت، رحمت الٰہی کی نشانی؛ بابرکت شخصیت، آیۂ کَرِیمَہ: قرآن مجید کی کوئی آیت، خصوصاً مراد اِس آیت سے: لا اِلٰہَ اِلّا اَنْتَ سُبحانَک اِنّی کُنْتُ مِنَ الظّالِمین۔ (سورۂ انبیاء)

ب

ب بے، با، بائے وحدانی یا موحّدہ، پ سے متمیز کرنے کے لیے بائے تازی بھی کہا جاتا ہے۔ اردو ترتیب تہجّی کا تیسرا حرف مابعد الف و الف ممدودہ، شفوی مصمتہ جو دونوں ہونٹوں کو ملانے سے ادا ہوتا ہے، اِس کا مخرج میم کے مخرج سے ذرا آگے کی طرف ہے۔ قدیم سُریانی میں اس کی شکل بَیت یا گھر کے دروازے سے مشابہ تھی جو رومن میں B میں کسی حد تک موجود ہے، لیکن عربی فارسی اور اردو رسم الخط میں کثرتِ استعمال سے تجریدی صورت میں رہ گئی ہے، اور اس خط کے ارتقا کی شاہد ہے۔ جُمل میں دو عدد کے برابر۔ حروف قمری میں شامل۔

بَ فت بہ سابقہ۔ حرف جار، بائے مفتوحہ، بَہ کی تخفیف، مختلف کلمات کے ساتھ مل کر مختلف معنی دیتا ہے، مترادف با، کو، میں، سے، پر، تا، مع، طرف۔ م: بَمن، مجھ کو، بَجانب = کی طرف، بَخدمت = کی خدمت میں، بَسروچشم، بخوشی: خوشی کےساتھ، قدم بَقدم = ساتھ ساتھ، آگے پیچھے؛ سربَسر: تمام تر، کاملاً؛ بَراہ: راستے سے راستے پر؛ بَقدر؛ بَمقدار= اتنی مقدار میں؛ نوبَنو: نئے سے نیا، نئے نئے؛ نیز حرف قسم م: بَخدا، بَجانِ شما = تمہاری جان کی قسم۔

بِ/ ـِب (۱) کس نیز کس مج بہ حرف جار، تراکیب میں مستعمل، مترادف: ساتھ، سے، م: بِالواسطہ: ذریعے یا واسطے سے، بِالخیر = بھلائی یا خیریت کے ساتھ۔ نیز حرف قسم م: بِاللہ (بِلّاہ) خدا کی قسم۔

بِ (۲) کس/ کسمج بہ سابقہ۔ صفتہ بمعنی غیر بیگانہ۔ م: بِدیس؛ بے (حرف نفی) کی تخفیف م: بِچارہ۔

با (۱) حرف ب کا نام۔

با (۲) حرف جار۔ مترادف، بَہ سے، ساتھ، مع، والا، صاحب، م: بااَثر: اثر، پہنچ، رسوخ رکھنے والا؛ با ادَب مہذب، تمیزدار؛ با اَدَب با مُلاحِظہ: ادب و احترام کے ساتھ؛ شاہی سواری کے آگے بولا جانے والا کڑکا۔ م ف: بادلِ ناخوَاسْتہ: بے رغبتی سے، جبراً قہراً، بمجبُوری۔ صف باصَفا: مخلص، بے ریا، کھرے کردار کا حامل، صاف دل؛ باصَواب: درست، حسب دلخواہ، بامَذاق: خوش ذوق، م ف باوُجُودیکہ (ضمہ و، و مع، ے مج، کسمج ک) گوکہ، حالانکہ، اگرچہ۔ باوَصْف: کے ہوتے ہوئے، کے باوجود، باہَم: آپس میں نیز باہَمدگر: صف: باہَمی: آپس کا۔

با (۳) آبا (رک) کی تخفیف م: باوہاب، وہاب کا والد۔

باب امذ۔ دروازہ، اَیوان، ادارہ؛ مد ، شِق، موضوع، م ف: باب میں: بارے میں، خُصُوص میں، بابت، مرکب باب عالی: ایوانِ حکومت؛ کابینہ۔ صف: سزاوار، موزوں م: بابِ نَبرد لڑنے کا اہل، (نیز رک: بابی)۔

بابا امذ۔ باپ، بزرگوں ، ضعیفوں کو مخاطب کرنے کا لفظ؛ نیز بے تکلفی سے خطاب کرنے کا کلمہ؛ گود کا بچّہ۔ مرکب بابا لوَگ، انگریز افسروں کے بچّے جنہیں ان کے خادم اِس نام سے پکارتے تھے۔

بابَت (۱) فت بہ م ف۔ صف۔ بارے میں، کی نسبت۔

بابَت (۲) فت بہ امثہ۔ خوشنویسوں کی اصطلاح میں حرف ب کے جوڑوں کی تختی جس کی شاگردوں کو مشق کرائی جاتی ہے (با، بت، بس، بل، بن وغیرہ کا سلسلہ)۔

بابْچی سک بہ امثہ۔ ایک بوٹی اور اس کے سیاہ تخم، مسور کے دانوں سے کسی قدر بڑے مغز سفید، مزا کڑوا، دواءً مستعمل (لاط: Psoralea Corilifolia)۔

بابْری سک بہ امثہ جنگلی تُلسی، [لاط:

[Ocimum Basilicum]۔

بابَڑ فت ب۔ ایک گھاس جس کے ریشوں کی رسّیاں بٹی جاتی ہیں، نیز بھابَڑ۔

بابْرَن سک ب، فت ز۔ امث۔ کباب لگانے کی سیخ۔

بابَسَر فت ب، س۔ امث۔ سَنائے مکّی کے پتے جو مہندی کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ [لاط: Cassia Acutifolia]۔

بابِل کس ب۔ علم۔ایک قدیم شہر جہاں حضرت نوحؑ کے جانشینوں نے ایک مینار آسمان تک پہنچنے کے لیے بنانا چاہا تھا۔ رک: مَنارہ ٔ بابِل۔

بابُل ضمہ ب، باپ (عموماً گیتوں میں مستعمل)۔

بابْلِس سک ب، کس ل۔ امث۔ جنگلی خشخاش، خشخاش زَبَدی، ایک سفید گھاس جس کی شاخیں دودھ بھری اور تخم خشخاشِ سفید سے زیادہ باریک ہوتا ہے، نیز بابْلِیس (معرّب از یونانی)۔

بابَن فت ب۔ امث۔ سلائی کی مشین کی چرخی یا گِھرّی؛ باریک رنگین فیتا یابٹی ہوئی ڈوری جو حاشیے کے طور پر کپڑوں میں لگائی جاتی ہے(انگ: Pipnig) امذ بابَن لَیٹ (ے لین) ایک قسم کا باریک جالی دار کپڑا [انگ: Bobbin Net]۔

بابُو و مع۔ امذ۔ مردانہ ناموں کے ساتھ تپاک کا کلمہ؛ انگریزی پڑھا ہوا، کلرک، منشی؛ تعظیماً نیز بابُوجی۔نیز مترادف: ابّا جی، پتا جی۔

بابُونَہ و مع، فت ن۔ امذ۔ ایک نبات جس کی شاخیں سبز نازک ایک بالشت سے ایک ہاتھ تک ہوتی ہیں اور ان میں سے مزید پتلی شاخیں نکلتی ہیں، پتے چھوٹے لَنبوترے، پھول گول، تیز خوشبو والا، بیچ میں سے زرد حاشیے سفید۔ (لاط: Anthemeois Nobilis)معرّب: بابُونَج۔

بابی اسم جنس امذ۔ ایک نیا مذہب جس کی بنا محمد علی باب شیرازی نے ۱۹ویں صدی عیسوی میں ڈالی؛ اس مذہب کا پیرو۔ باب کا ماننے والا۔

باپ امذ۔ والد، باوا، پتا، پدر؛ گرو، پیشوا۔

باپُو و مع۔ امذ۔ باپ، پتا؛ بزرگ۔

باپْھنی سک پھ۔ امث۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں کویوں میں زخم پڑ جاتے ہیں۔

بات امث۔ منہ سے نکلنے والے بول یا جملے؛ قول، کلام؛ گفتگو؛ امر، مکالمہ، مسئلہ؛ ذِکر، تذکرہ؛ خیال؛ خوبی، خصوصیت؛ عزّت، آبرو؛ شادی کا پیغام، سگائی، نسبت؛ امذ۔ بات کا بَتَنْگَڑ؛ ذرا سی بات پر ضرورت سے زیادہ ہنگامہ، مبالغہ آرائی م ف: بات کی بات میں؛ معاً ، فوراً۔

باتُونی و مع۔ صفہ بہت بولنے والا، بَکواسی۔

باتیں ے مع، غنہ ج مث۔ بات کی جمع؛ گپ شپ، اعتراضات؛ طعن و طنز؛ حرکتیں، شرارتیں، ف مر: باتیں بَگھارنا/ بَنانا/ مَلْکانا، بہت بولنا، گپ ہانکنا۔ مزے لے کر بولنا۔

باٹ (۱) امث۔ راستہ، سڑک؛ انتظار، امذ: باٹ مار؛ رہزن، لٹیرا، نیز بَٹ مار، تص بَٹْیا۔

باٹ (۲) امذ۔ وزن کرنے کا پتھر یا معلومہ وزن کا دھات کا ڈھلا ہوا پیمانہ،وزنہ نیز بَٹّا۔

باٹی امث۔ آٹے کا گول پیڑا جسے روٹی کی شکل میں ڈھالے بغیر انگاروں پر سینکا جائے، عموماً گھی سے کھایا جاتا ہے، یا اِسے گھی میں ڈبو کر گھی پلایا جاتا ہے۔

باج (۱) امذ۔ خراج؛ لگان، محصول، باج دار، چھوٹا رئیس جو کسی بڑے کو خراج یا آمدنی کا کچھ حصہ بطور نذرانہ دے؛ تابع، ماتحت حکمراں، نیز باج گُزار، باجی۔ باج سِتاں (کس س) زبردست حکمراں جو دوسرے حکمرانوں سے خراج وصول کرے، نیز باج گِیر: [ا: باج + ف: گیرا]۔

باج (۲) امث۔ تار گھنٹی، ساز یا گھڑی کی آواز،

جھنکار۔

باج (۳) م ف۔ حرف، استثنا، بغیر، بِلا، علاوہ، ماسوا، م: پیا باج = پیا کے بغیر [دکھنی]۔

باجا امذ۔ سُر نکالنے والا آلہ، آلۂ طرب؛ ساز، مِزمار۔

باجپئی سک ج، کسمح پ۔ صف۔ اسم جنس، وہ شخص جس نے ایک خاص قربانی (باجپئی) ادا کی ہو؛ اعلیٰ خاندان کا آدمی، برہمنوں کی ایک گوت [اصلاً واج پے ای]۔

باجْرا سک ج۔ امذ۔ جوار سے ملتا ہوا فصل خریف میں پکنے والا غلّہ جس کی لمبی بالوں میں مہین سبزی مائل دانے ہوتے ہیں۔ باجرے کا دانہ؛ مجازاً مہین چھرّہ ؛ مہین اولا۔(لاط: Panisatum Typhodium) نیز **باجَرَہ** تصغیر **باجَری** باجرے کی ایک چھوٹی قسم۔

باجْنا سک ج۔ ف ل۔ رک۔ **بَجنا۔** (محاورۃً) موسوم ہونا، کہلانا، پکارا جانا؛ مشہور ہونا، صف، **باجَنتَر** بجانے والا، سازندہ۔

باجی امث۔ بڑی بہن کو پکارنے کا کلمہ۔

باچْنا سک چ۔ ف م۔ پڑھنا، مطالعہ کرنا، سَیر کتاب۔

باچْھ (۱) امث۔ خراج، لگان، **باج** (۱) (رک) کا بگاڑ۔

باچْھ (۲) امث۔ تقسیم ، درجہ بندی، چھَنٹائی، انتخاب؛ بانٹ ، حصہ رسدی، جَمعْبندی، لگان، ف م، **باچْھنا** ، الگ الگ کرنا، چھانٹنا۔ تقسیم کرنا۔

باچْھ (۳) امث۔ ہونٹوں کا کنارا، گوشۂ لب۔

باچھا امذ۔ کسی جانور، خصوصاً مویشی کا نر بچہ۔

باحِث کس ح۔ امذ۔ بہت بحث کرنے والا، حجتی ، نیز (رک) **بَحّاث۔**

حُسنِ وُجُوہ فت ب، فت مع ا، سک ح، فت س، کسمح ن، ضمہ د، و مع، سک ہ۔ ملفوظ۔ م ف۔ نہایت عمدگی کے ساتھ [ع: وَجہ، چھرہ، انداز، طریقہ]۔

باخَبَر فت خ، بہ صف۔ آگاہ، ہوشیار، رمز شناس۔

باخْتَر سک خ، فت ت۔ مغرب، پچّھم۔

باخْتَہ سک خ، فت ت۔ صف۔ گُم، غائب، اُڑا ہوا، زائل، م: صف: **آبرُو باخْتَہ**: بدنام، بے شرم؛ **حَواس باخْتَہ**: گھبرایا، بولایا۔

باخَہ فت خ۔ امذ۔ کچھوا۔

باد (۱) امث۔ ہوا، باؤ؛ جھونکا، جَھکّڑ؛ پیٹ میں پیدا ہونے والی گیس۔

باد (۲) امث۔ گھوڑے کی ایک بیماری۔

باد (۳) دعائیہ کلمہ۔ فارسی مصدر بودن سے مشتق، مراد: ہو، ہو جائے م: **زِندہ باد!** قائم رہے، **مُبارَک باد!** بھاگوان، سازگار ہو؛ نیز **بادا!** م: **بیش باد/ بادا** اور زیادہ ہو؛ **مَبادا** (فت م) (ایسا) نہ ہو (کہ)۔

بادام امذ۔ لکڑی کی طرح کے بیضوی خول میں بند خشک شیریں میوہ جس کا کوئی دانہ تلخ بھی نکلتا ہے۔ صف **بادامی**؛ بادام کے چھلکے کے رنگ کا، زردی مائل بھورا۔

باد آوَرد فت د۔ صف۔ (تلمیح طلب) ہوا کا اڑا کر لایا ہوا از غَیبی خزانہ، خسرو پرویز قدیم شاہ ایران کا ایک خزانہ جو روایتہً کشتیوں میں لدا ہوا اِسی طرح حاصل ہوا تھا نیز عام **بادآوُرد۔**

بادْبان سک د۔ امذ۔ ج مذ۔ ہوا کو روکنے یا اس کا رخ موڑنے کے لیے کشتی یا جہاز کے مستولوں پر بندھے ہوئے دبیز پردے یا چادریں۔

بادبُویَہ سک د، و مع، فت ی۔ امث۔ ایک خوشبودار گھاس، بِلّی لوٹنی، نیز بادْرَنگ بُویَہ [انگ: Mountain or Arabian balm]۔

بادْپا سک د۔ صف۔ تیز رفتار ، نیز **باد پَیما**، **بادْ رَفتار۔**

بادْپَیما سک د، ے لین۔ صف رک: **بادپا**، امث،

باد پَیمائی، تیز رفتار سفر؛ سانس لینا۔

بادخْواں سک د، و غم۔ امذ۔ گپ ہانکنے والا۔

بادخْورا سک د، و مج۔ امذ۔ گنج یا بال اڑنے کی بیماری نیز **بال خوّرا**۔

بادِدَبُور کسمج د، فت د، ومع۔ پچھمی ہوا، پیچھے سے آنے والی ہوا، پَچھوا۔

بادرَنْجبُویَہ سک د، فت ر، سک ن ج، و مع، فت ی۔ امذ۔ رک : **بادبُویہ**۔

بادزَدگی سک د، فت ز د۔ امث۔ کسی عضو کا شل ہو جانا، نیز **باد شِکَنْجہ**۔

باد زَہر سک د، فت مج ر، سک ہ۔ امذ۔ زہر مہرہ، ایک پتھر جو دافع زہر سمجھا جاتا ہے نیز **فاد زَہر**۔

بادِ سَمُوم کس مج د، فت س، و مع۔ وبا پھیلانے والی ہوا؛ گرم صحرائی ہوا۔

بادْ سَنْج سک د، فت س، سک ن۔ صف۔ فضول کام کرنے، وقت ضائع کرنے والا۔ امث **باد سَنْجی** فضول مشغلہ۔

بادْشاہ سک د۔ امذ۔ سلطان، راجہ، والی، کسی فن میں کامل؛ شطرنج کا بڑا مہرہ جسے گھیر کر مات دیتے ہیں نیز شاہ، **پادْشاہ** اکیف مث **بادشاہَت، بادشاہی**۔

بادِشُرطَہ کس مج د، ضمہ ش، سک ر، فت ط۔ امث۔ موافق ہوا جسے قدرت کی طرف سے کشتی کی روانگی کا اذن یا اشارہ سمجھا جائے۔ نیز **بادِ مُراد**۔

بادِصَبا کس مج د، فت ص، امث۔ صبح کے وقت کی خوشگوار ہوا۔

بادِ صَرصَر کس مج د، فت ص، سک ر۔ امث۔ آندھی۔

بادْفَر کس د، فت ف۔ امث۔ ہوا سے گھومنے والی پھرکی۔

بادِ فِرَنْگ کس مج د،کس، ف، فت ر، غنہ۔ امث۔ آتشک کا مرض۔

بادْفَروش سک د، فت ف، و مج۔ صف۔ بھاٹ، خوشامدی، جھوٹی مدح سرائی کرنے والا۔

بادْکَش سک د، فت ک، امذ۔ فرشی پنْکھا کھینچنے والا؛ دھونْکنی، ہوا دان جو عمارتوں کی چھت پر ہوا کے رخ بناتے ہیں تا کہ گرمیوں میں حبس نہ ہونے پائے نیز **بادْ گیر**۔

بادَل فت د۔ امذ۔ ابر، گھٹا۔

بادْلا سک د۔ امذ۔ سونے یا چاندی کا، چَپٹا تار، مُقَیَّش۔

بادِمُراد کس مج د، ضمہ م۔ رک: **بادِشُرطہ**۔

بادَنْجان فت د، سک ن۔ امذ۔ بینْگن۔

بادَہ (۱) فت د۔ امذ۔ شراب ، خَمر، مے، **بادۂ شَبانہ** رات کو پی جانے والی شراب، صف **بادَہ گُسار**، (ضمہ گ) شراب پینے والا، مے نوش، **بادۂ ناب**: خالص شراب، بے ملاوٹ؛ اصلی عمدہ شراب۔

بادَہ (۲) فت د۔ امذ۔ اضافہ جو اصل قیمت یا لاگت پر کیا جائے بڑھوتری نیز بادا، **بادَھا**۔

بادی (۱) صف۔ ہوا سے منسوب، ہوا کے زور سے چلنے والا م: بادی کَل۔ امث: جسم میں زہریلا مادّہ جو کسی مرض کی صورت میں ظاہر ہو۔ صف: پیٹ میں ریاح پیدا کرنے والی شے۔

بادی (۲) امذ۔ مدعی، نالشی، [س: وادی]۔

بادی (۳) صف۔ ابتدا کرنے والا، ایجاد کرنے والا؛ روشن، واضح کرنے والا، چمکانے والا، قلعی گر۔

بادیُ اَلنَّظر (بادِیَن نَ زَر) پہلی نظر، سرسری نظر۔

بادْیان سک د۔ امث۔ سونْف [لاط: Pimpinella Anisum]۔

بادْیَہ سک د، فت ی، امذ۔ جنگل، صحرا، ویرانہ، صف بادْیَہ پیما (ے لین) جنگلوں، ویرانوں میں گھومنے پھرنے والا، ویرانوں میں سے دور دراز کے سفر کرنے والا، بادیَہ نَشین (فت ن، ی مع) صحرا میں رہنے والا، بدّو، بادیَہ نَورد بادیَہ پیما (۲) گہرا کنگرے دار ظرف جس میں کھانا نکال کر دستر خوان پر رکھتے ہیں۔

بادْھ سک دھ۔ امث۔ ڈوری، رسّی؛ روک، رکاوٹ، تار لپیٹنے کی کُٹّی نما چرخی جس پر تار چڑھا کر تپایا بھی جاتا ہے تاکہ ڈھالا یا کھینچا جا سکے۔ نیز بادھی۔

بادْھا رک؛ بادہ (۲)۔

باذِل کس ذ۔ صف۔ خرچ کرنے، بخشش کرنے والا۔

بار (۱) امذ۔ بوجھ، وزن؛ اسباب، سامان، ذمہ داری؛ پھل، ثمر، دخل، پہنچ، رسائی؛ داخلہ۔ صف؛ دشوار، ناگوار۔ مرکب، باربَردار سامان ڈھو کر لانے لے جانے والا اکیف امث باربَرداری سامان ڈھونے کا شغل یا کاروبار؛ بارپَیما ہوا کا دباؤ بتانے والا آلہ؛ بارِ خَاطِر (کسمج ر، کس ط) ناگوار، بارْدانَہ (سک ر، فت ن) ضرورت کا سامان خصوصاً کھانے پینے کی اشیا، جِنس وغیرہ۔ بارْوَر پھل لانے والا (درخت) نتیجہ خیز (عمل، کوشش وغیرہ)۔

بار (۲) امث۔ دفعہ، مرتبہ، باری، مَرّہ، م؛ سو بار، کئی بار، ہر بار، م ف؛ بار بار پیہم، پھرپھر کر۔

بار (۳) صف۔ اِسم الہیٰ، خالق، آفریدگار؛ مرکب بار اِلٰہ؛ خالق معبود بارِالٰہا/ بارْ الٰہا اے معبود حقیقی،نیز بطور کلمۂ استعجاب و استمداد،بے چارگی یا حیرت کے اظہار کے لیے نیز بارِ خُدایا۔

بارا (۱) امذ۔ چَرْسہ، ڈول جس سے آبپاشی کرتے ہیں؛ کنوئیں سے آبپاشی کا عمل، آبپاشی کے وقت گایا جانے والا گیت۔

بارا (۲) امذ۔ بڑی جونک، بھینسیا جونک۔

بارات امث۔ رک؛ بَرات۔

باراں غنہ۔ امذ۔ مینْہ، بارش۔ صف۔ برسنے والا؛ باراں دِیدَہ؛ بارش سے سیراب، بارش میں بھیگا ہوا؛ گُرگِ بَاراں دِیدہ؛ تجربہ کار، گھاگ، صف بارانی؛ بارش سے سیراب ہونے والی (زمین، کھیتی)؛ چھتری، برساتی، یا ٹوپی جو بارش سے بچنے کے لیے پہنی جاتی ہے۔

باربَد سک ر، فت بہ علَم۔ قدیم شاہ ایران خسرو پرویز کا درباری موسیقار؛ (کنایتہً) بھاٹ، گویّا۔

باربک سک ر، فت بہ امذ۔ قدیم شاہی درباروں کا ناظر یا داروغۂ محلات۔ نیز باربیگ/ بیگی۔

بارتَنگ سک ر، فت ت، غنہ۔ امث۔ ایک بوٹی جس کے پتے بکری کی زبان کی طرح ہوتے ہیں۔ ذَنَب الفار (انگ؛ Plantain)۔

بارْجات سک ر۔ امث۔ زبردستی بازار کے بھاؤ سے زیادہ پر بکوانا۔

بارِحَہ کس مج ر، فت ح۔ مشرق سے طلوع ہونے والا ستارہ، ج؛ بَوارِح (رک) (۲) گزری ہوئی رات، شب گزشتہ۔

بارِد کس ر۔ صف۔ ٹھنڈا، سرد؛ تاثیر کے لحاظ سے حرارت جسمانی کو کم کرنے والا (مشروب دوا وغیرہ)؛ غیر دلچسپ، غیر مؤثر۔

بارِز کس ر۔ صف۔ نمایاں، سربرآوردہ [ع؛ تاریکی یا گمنامی سے نکلنے والا]۔

بارِش کس ر۔ امث۔ باراں، مینْہ۔

بارِق کس ر۔ صف۔ کَوندنے والا؛ چمک، جھلک دکھلانے والا؛ امث، بارِقَہ؛ بجلی کوندا۔

بارَکَ اللّٰہ فت ر،ک، اغم، شد ل، بمد؛ ملفوظ۔ دعائیہ فقرہ، اللہ مبارک کرے، بطور اظہارِ تحسین۔

بارْگاہ سک ر۔ امث۔ دربار، محترم یا مقدس ایوان،

خاص مقام جہاں تک رسائی باعث عزت و سعادت ہو، نیز **بارگہ** (فت مع گ، ہ ملفوظ)۔

بارگی سک ر۔ امذ۔ گھوڑا، اسپ، فرَس، چھوٹا خیمہ۔

بارْگِیر سک ر، ی مع۔ امذ۔ گھوڑے کی لگام تھام کر چلنے والا، سائیس۔

بارَن فت ر۔ امثد خادمہ، نوکرانی۔

بارَنبَہ فت ر، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ آم کے پیڑ کا پھل یا فصل؛ آموں کے باغ کا لگان۔

بارِنْدگی کس ر، سک ن، فت د۔ امثد بارش، باراں، مینْھ برسنا۔

بارُود و مع۔ پوٹاش، گندھک ، شورے، کوئلے کے چورے وغیرہ سے تیار کردہ آتشگیر مادہ جو اسلحہ یا آتشبازی میں استعمال ہوتا ہے نیز **بارُوت** [ف؛ اصلاً شورہ]۔

بارَہ (۱) فت ر۔ امذ۔ قلعے کی فصیل۔

بارَہ (۲) فت ر۔ امذ۔ امر، معاملہ، مذکور، باب، خصوص، موضوع م؛ دربارۂ ملازماں، نوکروں کے متعلق؛ ملازموں کے بارے میں۔

بارَہ (۳) فت ر۔ عدد۔ دس اور دو کا مجموعہ (۱۲)۔ صف **بارَھواں** (سک دھ) بول چال **بارَہ باٹ**: تِتّر بِتّر، ٹکڑے ٹکڑے، منتشر، حیران پریشان، **بارہ پانی**، کامل، پورا؛ **بارَہ پَتّھر باہَر/ دُور**، بہت فاصلے پر، فاصلہ بتانے والے ۱۲ سنگ میل گزرنے کے بعد۔ **بارَہ بیلَن**: کُشتی کا ایک داؤ۔ امث **بارَہ دَری**: ہوا دار دالان جس میں کئی سمتوں میں متعدد (نہ کہ لازماً ۱۲) درہوں۔ امث **بارَہ کَھڑی**: دیوناگری ابجد کے ابتدائی (۱۲) حروف علّت کو دوسرے حروف سے ملا کر لکھنے کی مشق [اصلاً ا + س بارَہ اَکْشَرَی] امذ۔ **بارَہ ماسا**: ہندی نظم کی ایک قسم جس میں بِرہ کے بارہ مہینوں کی منظر کشی کے ساتھ جدائی کا دکھ بیان ہوتا ہے۔ **بارہ وَفات**: ربیع الاوّل کا مہینہ جس کی ۱۲ تاریخ کو آنحضرت صلعم نے وفات پائی تھی [حسب روایت ملکۂ نورجہاں کا اختراع کردہ نام]۔

باری (۱) امثد کسی ترتیب میں کسی شے یا فرد کا مقام، محل، موقع، وقت، نوبت، م؛ اب میری باری ہے۔ **باری کا بُخار**: ملیریا جو مقررّہ وقفوں سے حملہ کرے۔ م ف؛ **باری باری**: ایک ایک کر کے، حسب ترتیب اپنے اپنے موقع پر؛ متواتر، باربار۔

باری (۲) امذ۔ پیدا کرنے والا، خالق، اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

باری (۳) امثد کھڑکی نیز **دُوباری** (دُباری) [اصلاً دُواری]۔

باری (۴) امذ۔ مشعلچی، خدمتگار۔

باری (۵) علم۔ دریائے بیاس اور راوی کے دوآبے کا علاقہ۔

بارے م فد ایک بار، ایک مرتبہ؛ بالآخر، آخر کار؛ الغرض، غرضیکہ۔

بارِیطُون ی مع، و مع۔ امثد پیٹ کے اندر کی شفّاف جھلی جو اعضائے شکم پر مَنڈھی ہوتی ہے۔ [انگ: Peritoneum]۔

بارِیک ی مع۔ صف۔ پتلا، مہین، جس کا دَل، موٹائی یا چوڑائی کم یا خفیف ہو؛ خوب پسا ہوا؛ لطیف ، نازک؛ مشکل سے قابل فہم یا قابل شناخت، اونچے سروں کی (آواز)، موٹی یا بھاری کی ضد۔ **بارِیک بِیں**: غور و فکر سے مشاہدہ کرنے، تاڑنے، سمجھنے والا، ا کیف مث، **بارِیک بِینی**: نکتہ رَسی؛ **بارِیکی**: مہین، لطیف، نازک ہونے کی کیفیت؛ **بارِیک کاری/ نَقّاشی**: باریک قلم کی مصوّر تصاویر۔

بارِیکَہ ی مع۔ امذ۔ باریک قلم جس سے مہین

عبارت لکھی یا خط کھینچے جائیں؛ کتاب کا باریک قلم سے بنایا ہوا حاشیہ یا چوکھٹا جس کے اندر متن لکھا یا چَھپا ہوا ہو۔

بارْھواں تیزا امذ۔ دورنگا کبوتر جس کی دم سفید ہو۔

باڑ امث۔ جنگلہ، نیچی حد بندی؛ حاشیہ؛ ٹوپی کی دیوار؛ قطار، صف؛ لڑی؛ ہلّہ، یلغار؛ اولوں کا ایک ساتھ برسنا، گولیوں کا ایک ساتھ چھوٹنا۔ محاورہ **باڑ روکنا** دلھن کے بھائی بہنوں کا نیگ مانگنے کے لیے دولھا کا راستہ روک کر کھڑا ہونا۔

باڑا امذ۔ احاطہ، چاردیواری؛ محلّہ؛ جانوروں کو بند کرنے کی گھری ہوئی جگہ۔امث **باڑی**، ترکاریاں اُگانے کی چھوٹی کھیتی، باغیچہ۔

بارْھ سک ڑھ۔ امث۔ دھار؛ تلوار، چاقو وغیرہ کا کاٹنے والا پہلو؛ سیلاب، پانی کا ریلا؛ بڑھنے کا عمل، نُمو، اَفزائش۔ نیز رک **باڑ**۔ **باڑھ کا ڈورا**؛ جلد پر تلوار کے اچٹتے وار کی دھاری۔ محاورہ، **باڑھ ماری جانا**؛ نشوو نما رک جانا صف؛ **باڑھیا**؛ سان رکھنے، دھار تیز کرنے والا۔ **باڑھَیل** (و لین) دھار دار۔

بارْھا امذ۔ زیادتی ، افزونی، بڑھوتری۔

باز (۱) امذ۔ ایک شکاری پرندہ؛ شاہین کی مادہ۔ **بازِ ہوائی**، دوغلا شاہین۔

باز (۲) صف۔ کُھلا ہوا، وا، کُشادہ۔ (در، راستہ، وغیرہ)۔مروصفی، **نیم باز**؛ ادھ کُھلا۔

باز (۳) م فـ مکّرر، دوبارہ، پھر کے سے، لوٹ کر؛ دست بردار، الگ، بے تعلق، تائب۔محاورہ؛ **باز آنا** ترک کرنا، تائب،کنارہ کش ہونا، امث **بازْ پُرس**، تحقیقات ، پوچھ گچھ، جواب طلبی، صف **بازپَسیں** رخصتی، آخری، نزع کے وقت کا۔ امث **بازخوْاست** (خاست) پُرسِش، حساب فہمی، صف **باز خوْاہ** (خاہ) دریافت کرنے، جواب طلبی کرنے والا، **باز گَرداں**؛ واپس وصول۔ امث **بازْگشت**؛ گونج، گنبد کی آواز۔ **بازْیابی** دوبارہ پانا، واپس لانا، نیز **بازْ یافت**۔

بازار امذ۔ وہ جگہ جہاں خرید و فروخت ہو؛ جہاں بہت سی دکانیں ہوں ہاٹ، پَینٹھ؛ تجارتی مال کی کھپت کا حلقہ، مارکیٹ، منڈی؛ شارع عام، گزرگاہ عام، ج مذ، **بازاْرگاں**؛ بیوپاری، تاجر لوگ، نیز بازرگاں صف؛ **بازاری**؛ بازار سے متعلق، عام ، گھٹیا، معمولی، ناشائستہ۔ عصمت فروش۔

بازُو و مع۔ امذ۔ بانہہ، شانے سے کہنی تک کا حصہ، ڈنڈ، قبضہ؛ پورا ہاتھ؛ شہپر؛ پہلو، کنارا؛ داہنی یا بائیں سمت میں سے کوئی؛ فوج کا میمنہ یا میسرہ، صف؛ (استعارۃً) سہارا، مدد گار، جس کے بغیر اپاہجی محسوس ہو۔ م ف، **آزُو بازُو**؛ دونوں جانب، متصل، امذ۔ **بازُو بَند** ، جوشن، ڈنڈ پر باندھنے کا جڑاؤ زیور۔

بازی (۱) امث۔ کھیل، کرتب، کھیل کا ایک دور یا مقابلہ۔ مرکب۔ امث۔ **بازی گاہ**؛ کھیل کا میدان، تماشے کی جگہ۔ امذ **بازی گر**؛ تماشا کرنے،کرتب دکھانے والا؛ شعبدہ باز، مداری۔

بازی (۲)امث۔ بطور لاحقہ، یا مرکبات کا جزو دوم، بمعنی مشغلہ، کھیل، پیشہ م؛ **بَیت بازی** (رک) **کبُوتَر بازی**، **نَعْرہ بازی** وغیرہ۔

بازِیچَہ ی مع، فت چ۔ امذ۔ کھلونا؛ تماشا؛ آسان کام۔

باس (۱) امث۔ بُو، مہک، ناگوار بُو۔

باس (۲) امذ۔ بسنے کی جگہ؛ بسیرا، بِواس؛ قیام پڑاؤ۔نیز **باسا** [س: واس]۔

باس (۳) امذ۔ قوت، صلابت، شجاعت۔

باسا امذ۔ ایک خوشبودار پھول اور اس کا پودا

[لاط: Justicia Ganderussa]۔

باستاں سک س۔ امذ۔ ماضی، زمانۂ قدیم صف پُرانا، تاریخی [ژند دن تاریخ] نیز **باستانی**۔ امذ۔
باستاں نامَہ: علم، تاریخ، وقائع۔
باسَٹھ فت س۔ عدد، ساٹھ اور دو (٦٢) صف **باسَٹھواں**۔
باسِط کس س۔ صف۔ وسیع، پھیلا ہوا؛ پھیلانے کشادہ کرنے، فراخی پیدا کرنے والا؛ عطا کرنے والا؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
باسِق کس س۔ صف۔ بلند، اونچا۔
باسُک ضمہ س۔ امذ۔ ہندو دیو مالا کے مطابق پاتال کا وہ سانپ جس کے پھن پر دنیا قائم ہے [س: واسُک] شیش ناگ۔
باسَلِیق کس س، ی مع۔ امث۔ ایک رگ جو بازو کے اندر واقع ہوتی ہے۔ [لاط: Vene Basilica]۔
باسْمَتی سک س، فت م۔ امذ۔ چاول کی ایک عمدہ خوشبودار قسم، [اصلاً س: واس وَنتی = مہکیلا]۔
باسَن فت س۔ امذ۔ برتن، بھانڈا، ظرف۔
باسُور و مع۔ امذ۔ خونی مَسّا، ج: **بَواسِیر** (رک)۔
باسی (۱) صف۔ پُرانا، پہلے کا رکھا ہوا؛ تازہ کی ضد۔ مرکب **باسی تِباسی**: کئی دن یا کئی وقتوں کا رکھا ہوا (کھانا وغیرہ)۔ امث **باسی عید**: عید کا دوسرا دن۔ م ف **باسی مُنْہ**: صبح کو بغیر منہ دھوئے، یا کلی کیے ہوئے۔
باسی (۲) امذ۔ صف۔ بسنے، رہنے والا، مقیم، [س: واسی، قب ف: باشِندہ]۔
باسی (۳) امذ۔ اک پرت دار یا ریتیلا، کُھردرا پتھر جس کی ایک قسم قدرے زردی مائل دوسری سرخی مائل ہوتی ہے۔ اکثر مغلیہ عمارات میں لگا ہوا ہے۔ نیز **سَنگِ باسی**۔

باش صیغۂ امر (مصدر بُودن سے)۔ ٹھہر، صبر کر، دم لے، بطور لاحقہ یا مرکبات کا جزو دوم، بمعنی رہنے ، گزر کرنے والا، م: **خُوش باش، یار باش**۔
باشَد فت ش۔ فارسی مصدر بودن سے فعل حال (واحد غائب)، مراد: ہوتا ہے، ہوا کرے، ہونے دو۔
باشُعُور ضمہ ش و مع۔ صف۔ عاقل، سمجھ دار، فہمیدہ، باتمیز، شائستہ، عام: **باشَعُور**۔
باشِنْدَہ کس ش، سک ن، فت د۔ امذ۔ امث۔ ساکن، رہنے والا، بسنے والا، باسی، ج: **باشِندگاں**۔
باشَہ فت ش۔ امذ۔ باز سے چھوٹا، ایک شکاری پرندہ، مث **باشِین**۔
باشی امذ۔ سردار، سردھرا عموماً (مرکبات میں م: قافلہ باشی میرکارواں۔
باصِر کس ص۔ صف۔ دیکھنے والا، بینا، امث۔ **باصِرہ**: دیکھنے کی قوت، بینائی نیز**قُوّتِ باصِرَہ**۔
باطِل کس ط۔ صف۔ جھوٹا، غیر حقیقی، حق کی ضد امث **باطِل خُوری**: بے ایمانی، ناجائز کمائی۔
باطِن کس ط۔ امذ۔ اندرُون، پیٹ، جوف؛ چھپی ہوئی شے؛ اصلیت، پوشیدہ حقیقت؛ ضمیر، نفس، روح؛ ج: **بَواطِن**۔ صف **باطِنی**: پوشیدہ، خفیہ روحانی، سِرّی، **باطِنِیہ** (باتِ نی یٰ) ایک شیعی فرقہ جو حضرت امام جعفر صادق کو زندہ و مستور مانتا ہے۔
باع امذ۔ چار ہاتھ کا طول، چار گز کا پیمانہ۔
باعِث کس ع۔ امذ۔ سبب، وجہ، علّت۔ صف: پیدا یا زندہ کرنے والا، خالق۔ اللہ کا ایک صفاتی نام۔
باغ امذ۔ چمن، گلستان، پھلواری؛ پَھلوں کا بن۔ صف باغ باغ: خوش و خرم، نہایت خورسند، **باغِ فدک** خیبر کے مقام پر ایک قدیم باغ جو یہود نے آنحضرت صلعم کو نذر کیا تھا، وفات کے بعد امت کی ملکیت قرار پایا لیکن اس کی ملکیت باعث نزاع رہی تا آنکہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے سادات کو واگزار کیا۔

مر وصفی: **باغِ قُدُس/ قُدس**: بہشت؛ عالم روحانی۔ صف **باغ و بہار**: شگفتہ شاداب، پُرکیف، خوش دل، طبّاع۔ **باغ وحش**: چڑیا گھر امذ

باغبان: مالی، باغ کا رکھوالا۔ ج: **باغات**۔

باغ رُو سک غ، و مع۔ امذ۔ حضرت امیر خسرو کے ایجاد کردہ یا ان سے منسوب راگوں میں سے ایک۔

باغی صف۔ بغاوت کرنے والا، سرکش؛ باغ سے متعلق یا منسوب۔

باغیچَہ: ی مع، فت چ، امذ۔ باغ کی تصغیر، چھوٹا باغ، پُھلواری نیز **باغچَہ** امث۔ **باغچی**۔

باف بطور لاحقہ۔ بُننے والا، م: **نُور باف** جولاہا؛ اکیف، مث۔ **بافی**: م: **دروغ بافی** (رک) **پارچہ بافی**۔

بافت سک ف۔ امث۔ بُناوٹ، بنائی۔ صف، **بافتَہ**: بنا ہوا، امذ۔ ایک زرتار ریشمی کپڑا، زربفت؛ کورا لٹّھا۔ امث۔ **بافنْدگی** بُنائی کا فن یاہنر۔

باقِر کس ق۔ صف علم، محقق، باریک بیں [ع: کاٹنے، چاک کرنے والا] حضرت محمد ابن جعفر (صادق) کا لقب جو اثنا عشری سلسلے کے پانچویں امام ہیں۔

باقَر خانی فت ق، سک ر۔ امث۔ میدے کی پرت دار خستہ روٹی۔

باقْلا سک ق۔ امذ۔ ایک پتلی بیضوی بیجوں والی پھلی جس کا سالن پکایا جاتا ہے۔ [لاط Pisello]۔

باقی صف۔ موجود، زندہ، قائم رہنے والا؛ بچا ہوا، جو صرف میں نہ آیا ہو، جو واجب الوصول یا واجب الادا ہو؛ عمل تقسیم میں بچنے والا عدد جو مقسوم علیہ سے کمتر ہو علم: اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

م‌ف: اس کے علاوہ اس کے بعد م: **باقی خیریت**۔ باقی خیر سلّا، باقی آپ جانیں۔ **باقی شَبیہہ** کسی چیز پر نظر جمانے کے بعد آنکھیں بند کرنے پر نظر آنے والا نقش، **باقِیات**: بچی ہوئی یا محفوظ اشیا۔

باقِیاتُ الصّالِحات (باقِ یا تس صالِ/شوالِ حات) کسی بزرگ ہستی کی ذُرّیات میں پاک نفوس؛ یادگار اشیا۔

باک امث۔ جھجک ، ہچکچاہٹ، تاملّ، خوف، ڈر۔

باکِرَہ کسمج ک، فت ر۔ امث۔ کنواری لڑکی، ثیّبہ کی ضد۔

باکی صف۔ رونے والا، بُکا کرنے والا۔

باکھَر فت کھ۔ امذ۔ ایک قسم کا مخصوص پھالے کا ہل جو سخت زمین کو توڑنے کے لیے بیلوں کے ذریعے چلایا جاتا ہے؛ اوزاروں کا تھیلا۔

باکْھری سک کھ۔ امث۔ نوجوان بچھیا، نیز **باکْھڑی**۔

باکھلا سک کھ۔ امذ۔ صف، دورنگا، مرغ۔

باگ امث۔ لگام، یا تسمہ، جس کا ایک سرا سوار کے ہاتھ میں رہتا ہے؛ نتھ کی ڈوری جس کا ایک سرا سر کے بالوں میں اٹکا دیا جاتا ہے، نیز رک: **باگھ**؛ مرعطفی **باگ ڈور**: مراد: قیادت، عناں، اختیار۔

باگا امذ۔ کپڑوں کا جوڑا، پوشاک، خلعت، دولھا کا لباس۔

باگَر فت گ، سک ر۔ امث۔ معمولی جوار جو چارے کے طور پر استعمال ہو؛ ندّی کا اونچا کنارا؛ کانٹوں کی باڑھ۔

باگَریا فت گ، سک ر۔ امذ۔ رنڈیوں کا اُستاد یا رکھوالا۔

باگَڑْبِلّا فت گ، سک ڑ، کس ب۔ امذ۔ ایک فرضی بلّا یا جانور جس کا نام بچّوں کو ڈرانے کے لیے لیتے ہیں۔

باگ سِیار سک گ، کس س۔ امذ۔ گیدڑ جو شیر کی بو پا کر رونے کی سی خاص آواز نکالتا ہے۔ جس سے دوسرے جانور چوکنّے ہو جاتے ہیں۔

باگمْبَری فت گ، سک م، فت ب۔ امث۔ شیر کی

کھال جو بعض جوگی پہن لیتے ہیں نیز **باگھمبر**۔

باگیشریٔ، مح، سک ش۔ امث فن کی دیوی سرسوتی کا ایک نام؛ ایک راگنی۔ [اصلاً: باگیشوری]۔

باگھ امذ۔ شیر نر [س: یا گھرَ] نیز **باگ**۔

بال (۱) امذ۔ ج مذ۔ سر اور جسم کے دوسرے حصوں پر اگنے والے ریشے، کیس، شَعَرْ؛ زلف، گیسو؛ زونکھٹے، روئیں؛ شیشے پر درکنے یا تڑخنے کا نشان یا پتلی لکیر؛ پرندے کے پر، صف **بال برابر**: نہایت خفیف محاورہ؛ **بال بیکا ہونا**، نقصان پہنچنا، محفوظ نہ رہنا۔ **بال بال بَچنا**: خیر گزرنا، خطرے کے قوی امکان کے باوجود محفوظ رہنا۔

بال (۲) امث گیہوں، جوار وغیرہ کا خوشہ۔

بال (۳) امذ۔ بَچّہ نیز **بالا** نیز **بال بچّہ** ج **بال بچّے** اولاد، اہل و عیال اکیف مذ، **بال پَن**: بچپن، کچی عمر۔

بالا امذ۔ صف نیز بطور لاحقہ اونچا، بلند؛ برتر، بڑھکر، امذ۔ قد، قامت م ف: **بالا بالا**: خبر کیے بغیر، بتائے بنا۔ **بالا بَتانا**: دھوکا دینا؛ **بالابَر/پوش**: زیر جامہ، کپڑوں کے نیچے پہننے کا جانگھیا؛ **بالابَنَفْشی شُعاع** (طبیعیات) قصیر طول کی، غیر مرئی، زہریلی، موج نُور۔

بالا (۲) امذ۔ رک: **بالی**، نیز **بال** (۳)۔

بِالْاِسْتیعاب کس ب، اغم، سک ل، کس ا، سک س، ی مع۔ م ف۔ تکمیل کے ساتھ، پوری طرح، تمامتر، کاملاً۔

بال توڑ سک ل، و مج۔ امذ۔ ایک قسم کا سُوجنے پکنے والا پھوڑا جو جلد کے اوپر ہو جاتا ہے۔

بِالْخُصُوص کس ب، ا غم، سک ل، ضمہ خ، و مع۔ م ف۔ خاص طور پر خصوصاً۔

بِالْبَداہَت کس ب، ا غم، سک ل، فت ب ہ۔ م ف۔ ایک دم، فوراً، بلا غور و فکر، بلاتامّل، نیز **بَداہَتہً**: (بَ داہَ تَن) **فِیْ اْلبَدیہَہ** (فِل بَ دی ہ) [ع: بداہہ]۔

بِاْلجَزْم کس ب، ا غم، سک ل، فت ج، سک ز۔ م ف۔ مضبوطی کے ساتھ، پختہ طور پر، م: **عَزْم بِاْلجَزْم** پکّا ارادہ۔

بِاْلجَہْر کس ب، ا غم، سک ل، فت مج ج، سک ہ۔ م ف۔ بلند آواز کے ساتھ، زور سے، پکار کر مرکب **آمین بِاْلجَہر** (رک)۔

بالِشت کس ل، سک ش۔ امذ۔ کُھلے ہاتھ کے انگوٹھے کے سِرے سے چُھنگلی کے سِرے تک کا فاصلہ جو ناپ کا ایک پیمانہ ہے، بُتّی۔

بِاْلضَّرُور کس ب، ا ل غم، شد فت ض، و مع۔ م ف۔ لازماً، قطعی طور پر، عام: بالضَّرُور۔

بِاْلعُمُوم کس ب، ا غم، ضمہ ع، و مع۔ م ف۔ عام طور پر، اکثر و بیشتر۔

بالِغ کس ل۔ صف۔ سیانی عمر کو یا اس سے اوپر پہنچا ہوا۔ مرکب **بالِغ نَظَر** دُور رس نگاہ رکھنے والا، پختہ رائے رکھنے والا۔

بِاْلفِعْل کس ب، اغم، سک ل، کسمج ف، سک ع، م۔ ف۔ سر دست، فی الحال؛ بیرونی اثر سے، بالقوّہ کی ضد۔

بِاْلقُوَّہ کس ب، اغم، سک ل، ضمہ ق، شد فت و۔ م ف۔ اپنی ذاتی، خلقی، اندرونی، اہلیت یا خاصیت کی بنا پر۔ بالفعل کی ضد۔ نیز **بِاْلقُوَّت**۔

بالَک فت ل۔ امذ۔ لڑکا، بچّہ کمسن، بالا۔

بِاْلکُل کس ب، اغم، سک ل، ضمہ ک۔ م ف۔ قطعاً، تمامتر، یکسر، نیز **بِالکُلّیَہ** (بِلْ کُلْ لی یَ)۔

بِاْللّٰہ کس ب، ا غم، شد ل۔ حرف قسم، خدا کی قسم، خدا گواہ۔

بَالَم فت ل۔ امذ۔ محبوب، ساجن۔

بِاْلمُشافَہَہ کس ب، ا غم، سک ل، ضمہ م، فت ف ہ۔ م ف۔ روبرو، آمنے سامنے۔ نیز **بِاْلمُواجَہَہ** (ج

ہ)۔

بِالْمُقْطَع کس ب، ا غم، سک ل، ضمہ م، سک ق، فت ط۔ م فد علی الحساب، یک مُشت، حساب کی بے باقی کے طور پر۔

بِالْمُواجَہَہ کس ب، ا غم، سک ل، ضمہ م، فت ج ہ۔ م فد رک **بِالْمُشافَہَہ**۔

بالنا سک ل۔ ف م۔ جلانا، روشن کرنا۔ **بَلْنا**(رک) کا تعدیہ۔

بالُو ومع۔ امذ۔ ریت، در دری مٹی جو دریاؤں کے کنارے پائی جاتی ہے۔

بالُوچَر و مع، فت چ۔ امث۔ گھٹیا درجے کی چرس۔

بالُوشاہی و مع۔ امث۔ گول کچوری کی شکل کی خستہ میدے کی مٹھائی۔

بالوَنْچی و مج مغ۔ امث۔ بالوں کی بنی ہوئی روغن پھیرنے کی کونچی، بُرش۔

بالی (۱) ی مع۔ امث۔ گول کیے ہوئے تار کی شکل کا کان کا زیور، مذکر **بالا** (۲) کی تصغیر؛ (۲) گیہوں وغیرہ کا خوشہ ان معنی میں نیز **بال**۔

بالی (۲) امث۔ لڑکی، **بالا** کی تانیث۔

بالِیدَگی ی مع، فت د۔ امث۔ نشوونما کا عمل، پکنا، پختہ ہونا، صف **بالِیدَہ**: پکا ہوا، پُختہ، رسیدہ۔

بالِیں ی مع، غنہ۔ امذ۔ سرہانہ، بستر پر سر رکھنے کی سمت، مریض کا بستر، مرکبات میں ن صحیح، م: **بالِینِ مَزار**۔

بام (۱) امذ۔ کوٹھا، چھت، اٹاری، مکان کی بالائی منزل۔

بام (۲) امذ۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا پیمانہ؛ پھیلے ہوئے بازوؤں کی ایک ہاتھ کے سرے سے دوسرے کے سرے تک تقریباً چھ فٹ کی لمبائی نیز **وام** [س: وْیام]۔

بام (۳) امث۔ ایک لنبوتری مچھلی، نیز تص: **بامچَہ**۔

بامْداد سک م۔ ظرف زماں۔ صبح، سویرا۔

بامَن فت م۔ رک : برہمن۔

بامْنی سک م۔ امث۔ چھپکلی کی طرح کا ایک حشرہ جس کی دم سرخ، جسم زرد، سنہری مائل ہوتا ہے، سانپ کی خالہ؛ آنکھوں کا ایک مرض جس میں برنیاں سوج کر سرخ ہو جاتی ہیں نیز **بامْھنی**۔

بان (۱) امذ۔ تیر، خدنگ؛ ایک طرح کی آتشبازی جو چھوٹ کر اُڑتی اور دور تک اوپر جاتی ہے؛ روئی دھننے کا آلہ جس سے تانت پر ضرب لگاتے ہیں۔ مونج کی ڈوری جس سے چار پائی وغیرہ بُنتے ہیں۔

بان (۲) امذ۔ ایک اونچا، پہاڑی، سدا بہار، درختہ بکا ین کی ایک قسم، مرکب **رام بان** سرکنڈا، نیز رک **وان**۔

بان (۳) امذ۔ تجارت ، بیوپار، مثل، **اُتَّم کھیتی مَدّھَم بان** سب سے اچھا پیشہ کھیتی باڑی، اس کے بعد بَنَج بیوپار۔

بان (۴) لاحقہ۔ بمعنی رکھوالا، ہانکنے والا، م: **باغْبان، شُتُربان، کوَچ بان**؛ صاحب، والا، مالک، کوئی خصوصیت رکھنے والا، منتظم؛ م: **مِہْربان، جَہاں بان، نِگَہْبان**۔

بانا (۱) امذ۔ بُنائی میں عرض کے تار جو تانے میں پروئے جاتے ہیں؛ بُنائی، بُنا ہوا کپڑا، لباس، پوشاک، جوڑا۔

بانا (۲) امذ۔ ایک طرح کا بلّم، گھما کر چلایا جانے والا ہتھیار۔

بانات امث۔ گٹھی ہوئی، بناوٹ کا، رنگین اُونی کھردرا کپڑا جسے عموماً میزوں وغیرہ پر منڈھتے ہیں۔

بانایَت فت ی۔ امذ۔ بانا چلانے والا۔

بانْبی ا مغ۔ امث۔ سانپ کا بل۔

بانْٹ غنہ۔ امث۔ تقسیم ، حصّے بخرے، ٹکڑے کرنا، بٹائی؛ حصّہٗ رسدی، ف م، **بانْٹنا**، تقسیم کرنا، حصے لگانا نیز رک بٹنا۔

بانْجھ غنہ، سک جھ۔ صفہ۔ امث۔ وہ عورت جو اولاد پیدا کرنے کے ناقابل ہو؛ بے ثمر درخت۔ امث۔ **بَنْجَوٹی/ بَنْجَھوٹی** بانجھ پن، نیز **بانْجھ گانْٹھ**، **بانْجھ لَکوَڑا**؛ ایک خود رو طفیلی بیل جس میں پھل نہیں لگتا، ککوڑا (رک) کی ایک قسم۔

بانْچنا غنہ سک چ۔ ف م۔ پڑھنا، قرأت کرنا۔ نیز **باچَنا**۔

بانْدا ا مغ۔ امذ۔ طفیلی بیل جو کسی دوسرے درخت پر چڑھ کر اس پر پلے۔

بانْدی امغ۔ امث۔ لونڈی، داسی، کنیز۔

بانْدَھ غنہ۔ رک **بَنْدَھ**۔

بانْدَھنا غنہ سک دھ۔ ف م۔ روکنا، تھامنا؛ بند کرنا؛ گرہ لگانا؛ لپیٹنا؛ پابند کرنا؛ مقرر کرنا؛ مرتّب کرنا؛ پکّا کرنا، استوار کرنا؛ نظم کرنا۔

بانْدَھنُو غنہ سک دھ، ومج، امذ۔ تہمت، الزام تراشی، بندش، بندھن؛ بندھیج (رک)۔

بانْڈ سک ن۔ امث۔ دریا کے پاس کی زمین جو چڑھاؤ کے وقت ڈوب جائے پھر اُبھر آئے۔ صفہ۔ دُم کٹا، بے دُما، اَبتر۔

بانْڈی امغ۔ امث۔ ہاتھ کی چھوٹی چھتری، سونْٹی، مویشی خانہ، باڑا۔

بانْس غنہ۔ امذ۔ ایک پودا جس کی جڑ میں سے کئی کھوکھلے گرہ دار پوروں والے ڈنڈے نکلتے ہیں اور مختلف پودوں میں مختلف موٹائی اور اونچائی کے ہوتے ہیں۔ اوپری سرے پر لنبوتری پتّیاں پھوٹتی ہیں جو چارے کے کام آتی ہیں۔ ڈنڈے یا ڈنڈیاں لاٹھی کے طور پر نیز پلنگ وغیرہ کے ڈھانچے بنانے اور بہت سے اور کاموں میں استعمال ہوتی ہیں؛ نَے، قصبہ محاورہ، **بانْس پر چڑھانا** رسوا، بے عزت کرنا، امذ۔ **بانس غَرقی** لچکیلا بانس؛ جس کی کھپچّی سے کمان بنتی ہے۔ **بانْس واڑا/ واڑی** بانسوں کا جُھنڈیا جنگل، نیستاں مخفف **بَنْسْواڑا/ واڑی** (لاط؛ Bambusa Axundinacea)۔

بانْسا ا مغ۔ امذ۔ ناک کی ہڈی، نۓ بینی؛ موٹے بانس کا نلکا، بانسا پھرنا؛ ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو نزع کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

بانْسری غنہ، سک س۔ امث۔ بانس کی پتلی پور یا نلکی سے بنایا ہوا پھونک سے بجنے والا باجا، بنسی، مُرلی، نے، نیز **بانْسلی**، **بَنْسْری**۔

بانْقْراس سک ن، کس ق۔ امذ۔ پیٹ کے اندر ایک غدہ جس سے مادّہ اِنسولین خارج ہوتا ہے۔ اس کا فعل خراب ہونے سے ذیابیطس پیدا ہو جاتا ہے۔ [انگ؛ Pancreas]۔

بانْک غنہ۔ امث۔ صفہ۔ خمدار، نوک، والی پتلی چُھری جو بَکیت چلاتے تھے، کنّا چھیلنے کا گھوڑے کی نعل کی شکل کا اوزار۔ لہریے دار کانچ کی چوڑی؛ لہریا بیل جو کپڑوں پر ٹانکی جاتی ہے۔ بازو پر پہننے کا کڑا؛ شکنجہ جس میں کاریگر کسی چیز کو کس دیتے ہیں تاکہ گھسائی وغیرہ کرنے میں ہلے نہیں؛ گِرہ، صفہ؛ ٹیڑھا، خمیدہ، کج نیز **بانْکا**، **بِینْکا**۔

بانْکا امغ۔ صفہ۔ ٹیڑھا، خمیدہ؛ بانک چلانے والا، بکیت؛ طرحدار، وضعدار جوان۔ امذ۔ **بانْکْپَن** چھب، تیکھا پن، معشوقانہ ادا یا وضع، **مث بانکی**: البیلی، چنچل، شوخ۔

بانْکڑی غنہ سک ک۔ امث۔ سلمہ ستارے اور کِجائی کی بنی ہوئی بیل جو عموماً دو ٹکنوں ٹھپّہ پیمک وغیرہ کے درمیان ٹانکی جاتی ہے؛ بانک، پَتلی چُوڑی۔

بانْگ غنہ۔ امث۔ پکار، اونچی آواز، صدا، صلا، نعرہ؛

اذان، مرغ کی ککڑوں کوں۔مراضا مث **بانگِ دَرا**: قافلے کی روانگی پر بجنے والے گھنٹے کی آواز، صدائے جرس، مذ **بانگی**: مؤذن۔

بانکا امغ۔ امذ۔ بنولے دار روئی۔

بانگر امغ، فت گ۔ امث۔ دریا کے کنارے اونچی زمین جہانتک چڑھاؤ نہ پہنچ سکے۔

بانگی سک ن۔ امث۔ گاہک کو دکھانے یا چکھانے کا نمونہ۔

بانو و مج۔ امث۔ معزز عورت، خواتین کے لیے عزت کا لقب۔

بانوا فت ن۔ صفہ۔ خوش نوا، گاکر مانگنے والا فقیر۔

بانوے سک ن، ے مج۔ عدد۔ نوّے اور دو (۹۲) صف **بانواں/ بانویں**۔

بانہہ غنہ۔ امث۔ بازو؛ ڈنڈ، قبضہ۔ محاورہ، **بانہہ گہنا** (فت مج گ، سک ہ) بانہ پکڑنا، سہارا دینا۔

بانی (۱) صف۔ بنیاد ڈالنے، بنا کرنے، آغاز کرنے والا، مؤسّس۔ بانی کار، موجد، اُستاد، سردھرا؛ فساد کی جڑ، **بانی مَبانی** (فت م) بنیادوں کا رکھنے والا، سلسلہ شروع کرنے والا؛ اصل سبب۔ [ع: مبان، مبنیٰ کی جمع = تعمیرات]۔

بانی (۲) امث۔ خصلت، فطرت، سرشت، [س: وَرَن]۔

بانی (۳) امث۔ آواز۔ بولی، صدا؛ حکایت، چرچا، [س: وانی]۔

بانی (۴) رک: **بنیا**۔

باؤ امث۔ ہوا، باد، ریح؛ گٹھیا کا مرض؛ بُھوت، آسیب، نیز **باوبتّاس/ باؤ بتّاس**۔

باوا امذ۔ باپ، والد؛ گُرو، استاد، بڑھ چڑھ کر، م: شیطان کا باوا۔

باؤ برنگ سک و، کس ب، فت ڑ، غنہ۔ امث۔ کالی مرچ کی طرح کے چھوٹے، کالے سرخی مائل جُھری دار پھل، جن کے اندر سے خوشبو دار سرخی مائل تخم نکلتا ہے، مزا کسیلا، دواءً مستعمل [لاط: Embelia Robusta] نیز **بائے برنگ**۔

باوٹا و مج۔ امذ۔ جھنڈا، جھنڈا گاڑنے کی جگہ؛ نیز رک: **بائنٹا**۔

باوُجُود ضمہ و، ومع۔ م ف۔ ہوتے ہوئے، ہوتے ساتے، باوصف۔

باوَر (۱) فت و۔ امذ۔ یقین، اعتماد، بھروسا، محاورہ، **باوَر آنا/ کرنا/ ہونا**۔

باوَر (۲) فت و۔ امذ۔ جنگلی جانوروں کو پکڑنے کے لیے بچھایا جانے والا پھندا یا جال۔

باوَرچی فت و، سک ر۔ امذ۔ کھانا پکانے والا، بکاول، **باوَرچیخانہ**: کھانا پکانے کی جگہ رسوئی۔ مث **باوَرچن**۔

باوَصف فت و، سک ص۔ م ف۔ باوجود، (رک)۔

باؤکُھنبا سک و، ضمہ کھ، ن مثل م۔ امذ۔ انار کی کلی کی طرح کا ایک خاکستری پھل جس کے اندر مغز اور باریک تخم ہوتے ہیں، درخت تُوت کے برابر، پتے توت سے بڑے، [لاط: Careya Arboria] نیز **باؤ/ بائے کُھنبا**۔

باؤلا سک و۔ صف۔ دیوانہ، پاگل، سِڑی؛ گمراہ، بہکا ہوا۔ ا کیف مذ، **باؤلا پن**، نیز **باؤلا** امث، **باؤلی/ باؤلی**: دیوانی، سڑن، مرکب، **باؤلی ہنڈیا**: کئی ترکاریوں کو ملا کر پکائی ہوئی بُھجیا یا سالن۔

باؤلی سک و۔ امث۔ زمین کو گہرائی تک کھود کر بنایا ہوا تالاب جس تک سیڑھیوں سے جاتے ہیں؛ گہرا چوڑا کنُواں نیز **باؤلی/ باوڑی**۔

باوَن فت و۔ عدد۔ پچاس اور دو (۵۲)، صف **باوَنواں/ باوَنویں**۔ صف م ف، **باوَن تولے پاؤرتی**: بالکل درست، قطعاً صحیح، ٹھیک ٹھیک۔

باوْنی سک و۔ امث۔ کھیت کی بجائی کا وقت؛ سبھا،

مجلس، محفل موسیقی جو ساجھے سے سجائی جائے۔
باہ امث۔ قوّت مردمی، جماع کی طاقت۔ [ع]۔
باہَر فت ہ۔ ظرف۔ کسی حد یا مقام یا جگہ سے خارج، نکلا ہوا، دور، بیرون اندر کی ضد؛ آسمان کے نیچے؛ ملک یا شہر سے دور؛ صف: متجاوز، دسترس وسعت، استطاعت سے بڑھ کر؛ الگ، جدا، مختلف۔
باہَروالا غیر، اجنبی، دوسرے شہر یا مقام کا۔
باہِر کس ہ۔ صف۔ روشن، واضح، ظاہر، نمایاں، ممتاز۔
باہَرا فت ہ۔ امذ۔ پھکیتی کا ایک داؤں جس میں بائیں طرف سے وار کیاجاتا ہے۔ نیز کشتی کا ایک داؤں۔
باہَم فت ہ۔ م ف۔ آپس میں ، مل جل کر، قریب قریب، نیز **بَہَم**، **باہَمدگر**، ایک دوسرے کے ساتھ۔ صف **باہَمی**، آپس کا۔
باہَن فت ہ۔ امث۔ کھیت میں ہل چلانے کا نشان یا نالی۔
بائِع کسمج ء۔ صف۔ بیع کرنے، بیچنے والا، فروخت کار۔
بائِلہ بَتانا کسمج ء، فت ب۔ محاورہ۔ دھوکا دینا، غچہ دینا، نیز **بالابَتانا/ بائِلہ دینا**۔
بائِنٹا کس مغ ء۔ امذ۔ جسم کے کسی پٹھے کا کھنچ جانا، رگ چڑھنا جس سے تھوڑی دیر سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ نیز **باؤٹا**۔
بائِن کس ء۔ صف۔ جدا کرنے والا ، مرکب **طلاق بائِن**: شرع اسلامی کی رو سے وہ حتمی طلاق جس کے بعد رجوع بغیر حَلالہ کے نہیں ہو سکتا۔
بائی (۱) ی مع۔ امث۔ عورت، مَہلا، معزز خاتون۔ مرکب **بائی جی**: اکثر طوائفوں کے لیے مستعمل۔
بائی (۲) امث۔ اینٹھن، اکڑن؛ رگ چڑھنا، پٹھے میں بَل پڑنا جس سے تھوڑی دیر تک سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے؛ گٹھیا کا مرض۔

بائیس ی مع۔ عدد۔ بیس اور دو (۲۲) صف **بائیسواں/ بائیسویں**۔
بائے سَرنی فت س، سک ر۔ امث۔ ایک خوشبودار نبات کی جڑ، رائے سن، سوسن جَبلی [لاط: Gymbidian Tessaloids]۔
بائینی ی مع۔ امث۔ سپیروں کی پٹاری جس میں سانپ لے کر چلتے ہیں۔
بایاں صف مذ۔ الٹا، چپ، دایاں/ داہنا کی ضد؛ مث **بائیں** (۲) طبلے کی جوڑی کاوہ طبلہ جو طبلچی کے بائیں ہاتھ پر رہتا ہے۔
بایَد فت ی۔ بایَستَن مصدر سے فعل حال۔ بمعنی ضروری ہے، ہونا چاہیے۔ مرکب **باید وَ شایَد**: جیسا کہ ہونا چاہیے اور مناسب ہے، جچتا ہے۔
بایِستَہ کس ی، سک س، فت ت۔ صف۔ لائق سزاوار، مناسب، موزوں ۔
بایِض کس ی۔ صف۔ انڈے دینے والا جانور۔
بایُو و مع۔ امث۔ رک: **باو** [س: وایُو]۔
بَبَر فت ب ر۔ امذ۔ وہ شیر جس کے ایال ہوتی ہے اور دُم گُچھے دار، نیز **شیرِ بَبَر**: [ت: بَبْر سک ب]۔
بَبْری فت ب، سک ب۔ امث۔ ماتھے پر بالوں کی جھالر۔
بَبْکارنا فت ب، سک ب، ر۔ ف ل۔ شیر کا دَہاڑنا۔
بَبْوا فت ب، سک ب۔ امذ۔ گڈّا، آدمی کی شکل کا کھلونا۔
بَبْوا ہِند فت ب، سک ب، کس ہ، سک ن۔ امث۔ باسی کچّے گوشت کی بساند۔
بَبُول فت ب، و مع۔ امذ۔ کِیکر کا درخت۔
بَبُولا فت ب، و مع۔ امذ۔ بگولا، گَرد باد۔
بَبِئی فت ب۔ (بروزن فَعل/ مکئی) تخم ریحان۔
بَبّی فت ب، شد ب۔ امث۔ بوسہ، پیار، چُمّی، مچّھی۔

ببیا کس ب، سک بـ امث۔ بی بی کی تصغیر، بیگم، ملکہ، تاش کے پتّوں کی رانی۔

ببیس فت ب، ے مج۔ امثـ علّت اُبنہ، اِغلام کی خواہش، علّت المشائخ۔صف ببیسیا، نیز **بویس، بویشیا۔**

بپتا کس ب، سک پـ امثـ آفت، مصیبت، سختی؛ نیز **بپت** (قدیم) [س: وپتا]۔

بپتسمہ فت ب، سک پ، کس ت، سک س، فت م۔ امذ۔ عیسائی مذہب میں داخل کرنے کے لیے رنگدار پانی سے بچے یا نئے آدمی کو نہلانے یا پانی چھڑکنے کی رسم، اِصطباغ۔

بپل کس ب، فت پـ امذ۔ لمحہ، پَل۔ [س: وپل]۔

بپھرنا کس ب، فت پھ، سک ر۔ ف ل۔ غضبناک ہونا، غصے میں آنا، آپے سے باہر ہونا۔

بَت (۱) فت بـ امذ۔ ایک آبی کیڑا جو کشتی کی لکڑی کو چاٹ جاتا ہے۔(لاط : Tereo)۔

بَت (۲) فت بـ **بات** (رک) کی تخفیف، تراکیب میں مستعمل، م : **بَت، بَتاہَٹ** باتیں کرنے کی آواز جو واضح نہ ہو۔ **بَتَ کَہاؤ** (و مج) باتوں کا انداز، لہجہ۔

بَت (۳) فت بـ امذ۔ لفظ بت سے ملتا بے نقطوں کا نشان جو شعرا کے تخلص پر یا کسی لفظ کو نمایاں کرنے کے لیے کتابت میں بنا دیا جاتا ہے (ـٮـ)۔

بُت (۱) ضمہ بـ امذ۔ آڑا سلامی دار تختہ جس پر کھلاڑی پانسہ پھینکتے ہیں۔ (۲) مکّا، گھونسا نیز **بُتّا۔**

بُت (۲) ضمہ بـ امذ۔ مورتی، مجسمہ، حسین، محبوبہ صف؛ خاموش، ساکت۔

بِت کس بـ امثـ طاقت، قدرت، استطاعت۔

بُتّا (۱) ضمہ ب، شد تـ امذ۔ جُل، فریب؛ گھونسا مکّا؛ سُناروں کا چراغدان۔

بِتّا (۲) کس ب، شد تـ امذ۔ بالشت۔ انگوٹھے کی نوک سے چھنگلی کی نوک تک کا فاصلہ۔

بَتاس فت بـ امذ۔ ہوا، آندھی، جھکڑ۔

بَتاشا فت بـ امذ۔ شکر کے قوام سے تیار کی ہوئی سفید پھولی پھولی گول نازک چپٹی مٹھائی جو منہ یا پانی میں جلد گھل جاتی ہے۔ نیز **بَتاسَا**: [س: وات = پھولنا، آشہ کھانا] ۲۔ آتشبازی کا چھوٹا انار۔

بَتانا (۱) فت بـ ف م۔ کہنا، اطلاع دینا، خبر کرنا؛ سکھانا، سمجھانا؛ بُوجھنا، جواب دینا۔ نیز **بَتلانا۔**

بَتانا (۲) فت بـ امذ۔ گھنگرو دار چوڑی؛ کڑا، مَنہیاریوں کا کڑا جس کے سہارے سے چوڑی چڑھائی جاتی ہے تاکہ ٹوٹنے نہ پائے۔ (اکیلی چوڑی آسانی سے ٹوٹ سکتی ہے)؛ پگڑی کے نیچے پہننے کی پتلی کپڑے کی ٹوپی؛ کسبیوں کا دلّال نیز رک: **بَطانہ۔**

بِتانا کس بـ ف م۔ بسر کرنا، گزارنا، طے کرنا (عمر، رات، عرصہ، وغیرہ)۔

بَتاوا فت بـ امذ۔ نِرت ، بھاؤ۔

بَتاوی فت بـ امذ۔ میٹھا لیموں، موسمبی کی ایک قسم [لاط: Citrus Decuma]۔

بَتر فت ب تـ صف۔ **اَبتَر** (رک) کی تخفیف۔

بُترا ضمہ ب، سک تـ صف۔ کُند۔ کھونڈا۔

بِتلاب کس ب، سک تـ امذ۔ پھول کی پتّیوں کا گھیرا، کمامَہ۔

بَتلانا فت ب، سک تـ ف م۔ رک **بتانا۔**

بَتنگڑ فت ب ت، غنہ، فت گ۔ امذ۔ **بات** (رک) کا مکبر۔

بَتوڑا فت ب، و لین۔ امذ۔ گومڑا، رسولی۔

بَتُول فت ب، و مج۔ صف مثـ کنواری، دوشیزہ، امثـ **بَتُولیَت**: کنوارپن۔

بَتولا فت ب، و مج۔ امذ۔ فضول بات، گپ بازی؛ دلچسپ مزے دار بات، شکاری پرندے کو جُھلا کر

شکار کی طرف پھنکنے کا عمل صف **بَتوَلیا**؛ باتونی، گپّی۔

بَتّی فت پ، شد ت۔ امث۔ بٹی یا بل دی ہوئی روئی، دھجّی یا ڈوری، فتیلہ؛ شافہ؛ مَل کر یا مروڑ کر پتلی کی ہوئی شے؛ مروڑی م: آٹے کی بتّی؛ روشنی ، چراغ، قمقمہ۔

بِتّی کس ب، شد ت۔ امث۔ بالشت، ناپ کا ایک پیمانہ، تقریباً ۱۸ انچ کے برابر۔

بَتْیاں فت ب، سک ت۔ ج مث۔ باتیں، گیت کے بولوں میں مستعمل۔

بَتّیس فت ب، شد ت ، ی مع۔ عدد۔ تیس اور دو (۳۲) صف **بَتّیسواں/ ویں**۔ امث **بَتّیسی**؛ دانتوں کا چوکا، اوپر نیچے کے ، بتّیس دانت، **بَتّیس دھار**، ماں کا دودھ، (خیال ہے کہ ہرپستان میں سولھا دھاروں کے لیے مہین سوراخ ہیں)۔

بَتّیسا فت ب، شد ت، ی مع۔ امذ۔ سنھورے کی قسم کا میوے دار مقوّی سوکھا حلوہ جو زچّہ کے لیے تیار کیا جاتا ہے، بعض اور حلووں کو بھی یہی نام دیا جاتا ہے۔

بِتھا کس ب۔ امث۔ بے چینی، الم، دکھ، درد۔ [س: وِیتھا]۔

بِتھاڑنا کس ب، سک ر۔ ف م۔ (نُور بافی) تنے ہوئے تانے پر کُوچ، یا برش پھیر کر اسے صاف اور ہموار کرنا امث۔ **بِتھاری/ تانا بِتھاری**؛ بِتھارنے کا عمل۔

بِتھرانا کس ب، سک تھ۔ ف م۔ بکھیرنا، ادھر اُدھر پھینکنا، پھیلانا ف ل: **بِتھرنا** منتشر ہونا۔

بَتْھوا فت ب، سک تھ۔ امذ۔ ایک ساگ جو عموماً فصل ربیع میں گیہوں کے کھیت میں کثرت سے اُگتا ہے، مزا کسی قدر سلونا [لاط: Chenopodium Album]۔

بَٹ (۱) فت ب۔ امث۔ بانٹ۔ بٹائی، تقسیم، امث۔ **بَٹائی**۔

بَٹ (۲) فت ب۔ امذ۔ باٹ کی تخفیف، **بَٹ کَھرا**، (فت کھ) صحیح وزن کا معیاری باٹ یا بٹّا، معیاری باٹ سے پوری تول تلا ہوا۔

بَٹ (۳) فت ب۔ امث۔ **باٹ** (۱) (رک) کی تصغیر۔ امذ، **بَٹ مار**؛ رہزن۔

بَٹا فت ب۔ صف۔ (لفظاً) بٹا ہوا؛ ریاضی میں کسروں کو ظاہر کرنے کی علامت م: ۲ بٹا ۳ مراد دو جو تین حصوں میں بٹا ہو؛ نیز **بٹے** م: ۴ بٹے ۲ = ۲۔

بَٹّا (۱) فت ب، شد ٹ۔ امذ۔ ہنڈی کی بھنائی، کٹوتی، کمیشن، فرق، کمی، گھاٹا، نقصان م: شان میں بٹا لگنا، وقار میں کمی آنا **بَٹّا کھاتَہ** وہ کھاتا جس میں گھاٹے کا حساب لکھا جائے۔

بَٹّا (۲) فت ب۔ امذ۔ پتھر جو ہاتھ میں آ سکے، پتھر کا ترشا اور رَہایا ہوا ٹکڑا جس سے سل پر مسالہ پیستے ہیں؛ اُلٹا پیالہ نما ظرف جو مداری گولیوں کو غائب کرنے یا ادھر سے اُدھر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ تولنے کا باٹ۔

بَٹّا سَٹّا فت ب، شد ٹ، س۔ امذ۔ ایک قسم کی زرہ؛ سازش، سازباز، ادلی بدلی یا آمنے سامنے کا رشتہ؛ نیز **وَٹّا سَٹّا**۔

بَٹانا (۱) فت ب۔ ف م۔ آپس میں تقسیم کرنا، بانٹ لینا؛ دوسری طرف منتقل یا متوجہ کرنا م: دھیان بٹانا۔ امث **بَٹائی**۔

بَٹانا (۲) فت ب۔ امذ۔ چنے کی طرح کا ایک سخت دانہ۔ اس کی بُوٹی کے پتے لمبے، نوکدار اور باریک چھلکا سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے جسے ساگ کے طور پر پکاتے ہیں۔ دانوں کو بھون کرمسالے میں ملا کر کھاتے ہیں۔ مثنال؛ (مجازاً) سیسے کا چھرّا۔

بَٹاوَن فت ب، و۔ امث۔ سکّوں کی تبدیلی کا کمیشن

یا کٹوتی۔

بَٹاوُ فت ب، و مع۔ امذ۔ مسافر، راہگیر، غیر، بیگانہ؛ صف، بٹانے، بانٹنے، رخ پھیرنے، بھٹکانے والا۔

بَٹلوئی فت ب، سک ٹ، و مج۔ امث۔ پیتّل کا چھوٹا بے ٹونٹی کا ظرف۔

بَٹنا فت ب، سک ٹ۔ ف م۔ بَل دینا، مروڑنا۔ ف ل: بٹا جانا، بَل دیا جانا، باہم لپیٹنا (دھاگے ، ڈوری کا)؛ تقسیم کیا جانا، منقسم ہونا، الگ الگ ہونا۔ امذ۔ رسی بٹنے کے لیے استعمال کیا جانے والا ڈنڈا۔

بُٹنا ضمہ ب، سک ٹ۔ امذ۔ **اُبٹنا** کی تخفیف، رک: **اُبٹَن۔**

بَٹوا فت ب، سک ٹ۔ امذ۔ ایک طرح کی ڈوریاں پروئی ہوئی کپڑے کی خانے دار، گول جیبی تھیلی جس میں چھالیہ زردہ وغیرہ رکھتے ہیں؛ کیسہ، ہمیانی، نقدی وغیرہ رکھنے کی چمڑے یا کسی اور چیز کی بنی ہوئی جیبی تھیلی۔ صف **بَٹواسا/سی** کمسن، گول مٹول لڑکا یا لڑکی۔

بَٹوارا فت ب، سک ٹ۔ امذ۔ تقسیم، حصوں میں بانٹا جانا، حصّے بخرے ہونا۔ مشترک ملکیت کا حصہ داروں میں منقسم ہونا۔

بِٹورا کس ب، و مج۔ امذ۔ اُپلوں کی ڈھیری یا اوپر تلے چُنے ہوئے اُپلے۔

بَٹورنا فت ب، و مج، سک ر۔ ف م۔ سمیٹنا، اکٹھا کرنا؛ ہتھیانا۔

بَٹوہی فت ب، و مج۔ امذ۔ رک : **بَٹاوُ** (امذ)۔

بَٹّئی فت ب، ٹد امث۔ کلا بتّوں بٹنے کا کام، امذ **بَٹیّا** (شد ی)۔

بَٹّی فت ب، شد ٹ۔ امث۔ پتھر کا چھوٹا گھِسا گھِسایا ٹکڑا، یا اس سے ملتی جُلتی شکل کی شے، ناریل کی چھلی ہوئی سالم گری نیز **بَٹیا۔**

بَٹّے باز فت ب، شد ٹ، ے مج۔ صف۔ چالاک، آدمی

محاورہ، **بٹّے کھاتے میں جانا/ڈالنا:** نقصان کی مد میں داخل ہونا/کرنا۔

بَٹیا فت ب، سک ٹ۔ امث۔ **باٹ** (۱) (رک) کی تصغیر، پگڈنڈی۔

بَٹیر فت ب، ے مج۔ امث۔ ایک خاکستری، چتّی دار پروں کا چھوٹا پرندہ جسے لڑانے کے لیے پالا جاتا ہے۔ نیز پکا کر کھاتے ہیں۔

بِٹھانا کس بـ ف م۔ **بَیٹھنا** (رک) کا متعدی؛ جوڑنا، جگہ پر رکھنا، جمانا، فٹ کرنا، م: نگینہ بٹھانا؛ داخل کرنا، م: مدرسے میں بٹھانا؛ دبانا، نیچا، پست کرنا؛ نقش کرنا، مُرتسِم کرنا؛ متعین کرنا، قائم کرنا، متروک: بٹھلانا، بٹھالنا۔

بِٹھائی کس بـ امث۔ چمڑے کو کمانے کے بعد چکنا ہموار کرنے کا عمل۔

بِٹھواں کس ب، سک ٹھ۔ صف مذ، مث۔ چپٹا، دبا، بیٹھا ہوا، م: بِٹھواں جوتی نیز **بَیٹھا/ بیٹھی، بَیٹھواں۔**

بِٹھَور کس ب، ولین۔ امث۔ چولھے کی سرخ مٹی۔

بِٹھَونگی کس ب، و لین، مغ۔ امث۔ چھپّر چھانے کے لیے بنایا ہوا کھپچّیوں کا ٹھاٹھر۔

بَثْرَہ فت ب، سک ث، فت ر۔ امذ۔ پُھنسی کا دانہ، ج **بُثور۔**

بِجار کس بـ امذ۔ سانڈ، بیل جس سے نسل کشی کا کام لیا جائے امث۔ **بِجارِیَت:** شہوت کا غلبہ، ہرجائی پن۔

بِجالا کس بـ صف۔ بیجوں بھرا جس میں بہت بیج ہوں۔

بَجانا فت بـ ف م۔ ساز چھیڑنا، ساز سے سر نکالنا؛ کسی چیز کو ہاتھ یا کسی اور شے کی چوٹ دے کر آواز نکالنا، چھَنکانا، ٹھَنکانا؛ سکّے کو چٹکی سے اُچھال کر پرکھنا؛ مارنا، چوٹ لگانا، م: لاٹھیاں

بجائیں۔

بِجائی کس بہ۔ امث۔ بیج بونے کا عمل، تخم ریزی، کاشت، بَویرا۔

بِجْبِجانا کس ب، سک ج۔ ف ل۔ چکا چوند کرنا، چمکنا دمکنا؛ کَھد بدانا، سڑی ہوئی چیز میں کیڑوں کی حرکت سے کَھد بَد ہونا؛ کیڑوں کا کلبلانا، نیز **بِج بِج کرنا۔**

بَجِد فت ب، سک د۔ صف۔ مُصر، اصرار کرنے، زور دینے والا، غلط العام: بَضِد۔

بجر فت ب، سک ج۔ امث۔ بجلی، صاعقہ [س: وَجْر]۔

بَجَّر فت ب، شد ج۔ صف۔ اَڑیل، سُست، کاہل؛ بوجھل، بھاری۔

بَجْرا فت ب، سک ج۔ امذ۔ سپاٹ پیندے کی کشتی جو دریا کی سیر کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

بَجْرَنْگ فت ب، سک ج، فت ر۔ صف۔ بجلی کی طرح، زبردست طاقت والا نیز **بَجْرَنگ بَلی** ہندو دیو مالا میں ہنومان جی کا لقب۔

بَجَر بَٹّو فت ب ج، فت ر، شد ٹ، و مع۔ امذ۔ تاڑ کی نسل کا ایک درخت جس کے کالے بیجوں کی مالاجوگی پہنتے ہیں یا بچّوں کے گلے میں ڈالی جاتی ہے تا کہ نظر گزر سے محفوظ رہیں، صرف ایک دفعہ پھول دے کر تڑاقے کے ساتھ پھٹ جاتا ہے [لاط: Corypha Umbraculifera]۔

بَجَر بَہرا فت ب، ج، فت مج ب، سک ہ۔ امذ۔ نِپٹ بہرا جو کچھ نہ سُن سکے۔

بَجَر بھَنگ فت ب ج بھ، غنہ۔ امثہ امذ۔ تمباکو کا ایک نام۔

بَجَر کَنْد فت ب، ج، سک ر، فت ک، سک ن۔ امذ۔ زمیں قند یا بنڈے کی ایک قسم۔

بَجْری فت ب، سک ج۔ امثہ بھربھری چٹانوں کی سرخ کنکریلی مٹی جو اکثر سڑکوں پر بچھائی جاتی ہے؛ کٹی ہوئی اینٹیں جو بجری سے مشابہ ہوتی ہیں۔ صف **بَجریلا**: کنکریلا۔

بَجَریا فت ب ج، سک ر۔ امثہ بازار کی تصغیر (گیتوں میں مستعمل)؛ تکونی شکل کی انگوٹھی جس میں ہیرا اور اس کے ارد گرد دوسرے نگ جڑے ہوں۔

بِجْلی کس ب، سک ج۔ امثہ بادلوں میں چمکنے والی روشنی کی لہر؛ صاعقہ، برق؛ کَہڑ بائی قوت، برقی لہر جو ایٹم کے اندر موجود الیکٹرونوں یا برقیروں کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے اور رگڑیا کیمیائی عمل سے رواں کی جا سکتی ہے؛ آم کی گٹھلی کی گری۔ صف۔ طرّار تیز۔ **بِجْلی بَسَنْت، بِجلیاں**: کان کی ہلالی شکل کے عموماً جڑاؤ آویزوں کی جوڑی، نیز **بِجلی بالا**: بجلیوں سے ذرا بڑا ہلالی آویزہ عموماً سادہ، نیز **بِجْلی جھالا**۔ مرکب **بِجْلی کا کڑکا**: گرج، تندر۔

بَجْنا فت ب، سک ج۔ ف ل۔ آواز نکالنا، سُر پیدا کرنا، ڈنڈوں، لاٹھیوں کا آپس میں ٹکرانا، نیز رک؛ **بَجانا** جس کا یہ لازم ہے، صف **بَجَنْتر**: بجانے والا، سازندہ؛ ساز، باجا، نیز **بَجَیّا**: بجانے والا۔

بُجْنا ضمہ ب، سک ج۔ امذ۔ لیتھڑا، حیض کا لتّہ۔

بِجِنْسِہٖ کس ب ج، سک ن، کسمج س، امثل ی۔ م ف۔ عین اُسی طرح، کاملاً، ہُو بہُو۔

بِجّو کس ب، شد ج، و مع۔ امذ۔ ایک مردار خور پتلی تھوتھنی کا بلّی کے برابر جانور جو زمین کھودنے میں تیز اور حسب روایت قبروں کے مردوں کو کھا جاتا ہے [لاط: Ursus Indicus]۔

بِجُورنا کس ب، و مع، سک ر۔ ف م۔ انگلیوں سے مَل مَل کر توڑنا، چُورنا، ملیدہ کرنا، نیز **بچُورنا۔**

بِجَوڑا کس ب، و لین۔ امذ۔ لیموں کی ایک قسم، [لاط: Citrus Medica]۔

بِجوَڑنا کس ب، و مع، سک ڑ۔ ف م۔ مارنا، ضرب

لگانا، گیدنا۔

بِجوگ کس ب، و مج۔ امذ۔ مصیبت ، بدنصیبی؛ جدائی، فراق۔

بُجَھڑا ضمہ ب، فت مج ج، سک ہ۔ امذ۔ گھڑوں کے منہ پر رکھنے کا عموماً لکڑی کا ڈھکّن، گھڑے ٹکانے کا بیچ میں سے خالی تختہ؛ لٹکن، گھڑونچی، نیز **بُجھیرا** (ی مج)۔

بَجّیا فت ب، سک ج۔ امث۔ **باجی**، (رک) کی تصغیر۔

بُجّیالا ضمہ ب، سک ج۔ امذ۔ وہ بکری کا میمنا جسے مداری کرتب سکھاتے ہیں، [ف: بُزغالہ کی تحریف]۔

بُجھارَت ضمہ ب، فت ر۔ امث۔ پہیلی، معمّیٰ؛ یادداشت، خصوصاً زمین کا حساب کتاب۔

بُجھانا ضمہ ب۔ ف م۔ (روشنی) گُل کرنا؛ (آگ وغیرہ کو) ٹھنڈا کرنا، افسردہ کرنا، تپتی ہوئی چیز کو پانی (میں) ڈال کر ٹھنڈا کرنا؛ پیاس کو تسکین دینا، سمجھانا کا تابع؛ نیز رک: **بُجھنا** جس کا یہ تعدیہ ہے۔

بُجھاوَٹ ضمہ ب، فت و۔ امث۔ (نجّاری) دو تختوں کے کناروں پر کھانچے دار وصلی جوڑ۔

بُجھَکَّڑ ضمہ ب، فت جھ، شد فت ک۔ صف۔ سیانا، صلاح کار، نیز **بُوجھ بُجھکَڑ** قب: **لال بُجھَکَڑ**۔

بِجْھکاہ کس ب، سک جھ۔ امذ۔ چڑیوں کو ڈرانے کے لیے کھیت میں کھڑا کیا جانے والا ہوّا، کالی ہانڈی، بُھج کاگ۔

بُجْھنا ضمہ ب، سک جھ۔ ف ل۔ گُل ہونا، بے نور، اندھیرا، ٹھنڈا، افسردہ ہونا، نیز رک: **بُجھانا** جس کا یہ لازم ہے۔

بِجھوہی کس ب، و مج۔ امث۔ جدائی، بِجوگ۔

بُجھیرا ضمہ ب، ے مج۔ امذ۔ رک: **بُجھرا**۔

بَچا فت ب۔ **بَچّہ**، بچہ، بچّو، عموماً تحقیر یا تنبیہ کے طور پر مستعمل۔ [ف: بچہ]۔

بِچار کس ب۔ امذ۔ سوچ، فکر ، غور، ف م: **بِچارنا** سوچ کر یا اٹکل اندازے سے دریافت کرنا۔

بِچارا کس ب۔ صف۔ رک: **بے چارہ** جس کی یہ متبادل شکل ہے۔

بِچالا کس ب۔ امذ۔ گوشہ، کونا۔

بِچالی کس ب۔ امث۔ گھوڑے کے تھان پر بچھائی جانے والی سُوکھی گھاس۔

بَچانا فت ب۔ ف م۔ جمع کرنا، پس انداز کرنا، اٹھا رکھنا؛ روکنا، (وار حملہ وغیرہ) نیز (رک) **بَچنا**۔

بَچاؤ فت ب، و مج۔ (بروزن بہاؤ) امذ۔ روک تھام، تحفظ (لڑائی کو) بچانے روکنے رفع دفع کرنے کا عمل م: **بیچ بَچاؤ**۔

بَچْپَن فت ب، سک چ، فت پ۔ امذ۔ کچّی عمر طفلی، نوعمری، نادانی، نیز **بَچْپَنا** کمسنی، نادانی۔

بَچَت فت ب چ۔ امث۔ باقی ماندہ یا پس انداز کردہ شے مقدار وغیرہ؛ منافع، فائدہ۔

بِچْکا کس ب، سک چ۔ امذ۔ رک ، **بِجھکاہ**۔

بَچکانَہ فت ب، سک چ، فت ن۔ صف۔ نوعمری کا، بچّوں کے لائق، بچّوں جیسا طفلانہ، [ف: بچگانہ] مث **بچکانی**۔

بِچْکائی کس ب، سک چ، امث۔ نچلے ہونٹ کے نیچے اگنے والے اصلاح شدہ بال۔

بِچَکنا کس ب، فت چ، سک ک۔ ف ل۔ دبکنا، پیچھے ہٹنا، گریز کرنا۔

بِچْلا کس ب، سک چ۔ صف۔ بیچ کا، درمیانہ، وسطی۔

بِچَلنا کس ب، فت چ، سک ل۔ ف ل۔ (پانْو کا) پھسلنا، لغزش کرنا؛ ہاتھ سے پھسل کر چھوٹ جانا،

گریز کرنا، راہ راست سے بھٹکنا۔
بَچَن فت ب، چ۔ امذ۔ بول ، بات، قول؛ اقرار، عہد [س: وَچَن]۔
بَچنا فت ب، سک چ۔ ف ل۔ محفوظ رہنا، باقی رہنا؛ گریز کرنا، اجتناب کرنا؛ رہ جانا، چھوٹ جانا۔
بَچّو فت ب، شد چ، و مع۔ امذ۔ بچے کو پکارنے یا مخاطب کرنے کا کلمہ عموماً تحقیر یا تہدید کے لیے۔
بِچُورنا کس ب، ومع، سک ر۔ ف م۔ رک: **بِجورنا** ، **بِچھوڑنا**۔
بِچَولیا کس ب، و مج، سک ل۔ امذ۔ دو فریقوں کے درمیان رابطہ پیدا کرنے والا؛ ثالث، دلال۔
بَچُونگڑا فت ب، و مع، غنہ، سک گ۔ امذ۔ بچہ کی تصغیر۔
بَچّہ فت ب، شد فت چ۔ امذ۔ کمسن لڑکا، کمسن اولاد؛ طفل، کودک؛ کسی مخلوق کی نوزائیدہ یا کمسن اولاد؛ (مجازاً) ضمیمہ؛ ذیلی، طفیلی؛ نادان، ناسمجھ فرد۔ مث **بَچّی**۔ **بَچّہ جھمورا/ جَمورا** وہ لڑکا جو مداریوں کے تماشے میں انکی مدد کرتا ہے **بَچّہ دانی**: رحم، کوکھ۔ [ف: بچہ]۔
بُچّیانا ضمہ ب، سک چ۔ ف ل۔ جانور، گھوڑے، وغیرہ کا اپنا کان دبانا یا پیچھے کی طرف موڑنا۔
بَچْھ فت ب۔ امث۔ ایک بوٹی جو حوض تالاب وغیرہ میں اُگتی ہے، جڑ سفیدی مائل گٹھیلی؛ مہکیلی، دواءً مستعمل نیز **بَچ** [لاط: Acorus Calamus]۔
بَچْھڑا فت ب، سک چھ۔ امذ۔ گائے کا نر بَچّہ، گوسالہ۔
بِچَھڑنا کس ب، فت چھ، سک ڑ۔ ف ل۔ جدا ہونا، الگ ہونا۔
بَچْھڑو فت ب، سک چھ، و مع۔ امذ۔ (جُفت سازی) گائے کے بچّے کا چمڑا۔
بَچّھل فت ب، شد فت چھ۔ صفہ۔ شفیق، مہربان۔

بِچھنا کس ب، سک چھ۔ ف ل۔ فرش پر پھیلایا جانا، کسی چیز کا زمین کو ڈھانکنے کے کام آنا؛ لیٹ جانا؛ انتہائی انکسار برتنا، خوشامدانہ برتاؤ کرنا۔
بِچھناگ کس ب، سک چھ۔ امذ۔ ایک بالشت بھر کا زہریلا پودا۔ پھول سرخ یا زرد یانیلگوں، تخم سوئے کے ساگ کی طرح، جڑ چھوٹی سیاہ، تیز بو۔ اس کی کئی قسمیں ہیں، میٹھا تِلیا، میٹھا زہر [لاط: Aconitum Frox]۔
بِچّھو کس ب، شد جھ، و مع۔ امذ۔ زہریلا حشرہ جس کی مڑی ہوئی دم میں ڈنک ہوتا ہے، کژ دُم، عقرب، ایک پہاڑی بوٹی جس کے چھونے سے جلد پر آبلہ پڑ جاتا ہے۔ **بچھو بوٹی/ بچھوا گھاس** (لاط: Urtica Heterophylla)۔
بچھوا کس ب، سک چھ۔ امذ۔ پانو کی انگلیوں پر پہننے کے گھنگرو دار چھلّے، نیز **بچھیا**؛ ایک درانتی نما چھوٹا خمدار، یک رخا خنجر؛ ہاتھ کی انگلیوں پر چڑھانے کے نوکدار ناخن نما خول جو بند مٹھی میں ڈھکے رہتے ہیں اور خفیہ ہتھیار کا کام دیتے ہیں؛ پٹ سن کی ایک قسم [لاط: Crofalaria Juncia]؛ ایک تیز دیسی کاشت کا تمباکو جس کے پودے کو جانور نہیں سونگھتے؛ ایک قسم کا لڑاکا مرغ۔
بِچھوڑنا کس ب، ومج، سک ڑ۔ ف م۔ الگ الگ کرنا، تقسیم کرنا، نیز رک : **بِجُورنا**۔
بِچھونا کس ب، و مج۔ امذ۔ بستر، فرش جو لیٹنے یا بیٹھنے کے لیے بچھایا جائے۔
بَچھیا فت ب، سک چھ۔ امث۔ گائے کا مادہ بچّہ، بچھڑا کی تانیث۔
بَچھیرا فت ب، ے مج۔ امذ۔ گھوڑے کا نَر بچّہ، **بَچھیرا پلٹن**: بچّوں کی ٹولی، امث، **بَچھیری** نو عمر مادہ گھوڑی۔
بَحّاث فت ب، شد ح۔ صفہ۔ بہت بحث و حجت کا

شوقین۔ باحث کی تفضیل۔

بَحال فت ب، صف۔ اپنی اصلی حالت پر قائم برقرار یا واپس۔

بَحْت فت ب، سک ح۔ صف۔ خالص، بے میل نیز بَحْت امث۔ بَحتیّت کھرا پن۔

بَحْث فت مج ب، سک ح۔ امث۔ تحقیق، مطالعہ؛ مناظرہ، جرح، جواب و سوال؛ حجّت، تکرار، کٹ حجّتی؛ تعلق، واسطہ، لگاؤ، م؛ ہمیں اس سے بحث نہیں کہ کون، بلکہ کیا۔ مرکب بَحْث مُباحَثہ طویل یا شدید گفتگو یا لفظی تکرار و حجت۔

بَحر فت مج ب، سک ح۔ امذ۔ سمندر۔ مجازاً بہت بڑا ذخیرہ، خزینہ؛ کلام موزوں کے مقررہ اوزان میں سے کوئی جو ارکان افاعیل پر مشتمل ہیں۔ تثنیہ؛ بَحرَین، دو سمندر م؛ مَجمعُ الْبَحْرَین (مجازاً) دو علوم کا فاضل ج؛ بِحَار، بُحُور (کس ب، ضمہ ب و مع) تصغیر؛ بُحَیرَہ (ضمہ ب، ے لین، فت ر) علم بَحرُالْکاہِل (بَحْ رُلْ کاہِل) سب سے بڑا سمندر جو امریکا کے مغربی ساحل سے ایشیا کے مشرقی ساحل تک پھیلا ہے۔ بَحراُقْیانُوس (و مع) یورپ اور امریکا کے درمیان کا سمندر۔ عام؛ اوقیانوس۔

بُحْران ضمہ مج ب، سک ح۔ امذ۔ مرض کا زور، توڑ کا وقت؛ شدید صورت حال۔

بَحْرِیّہ فت مج ب، سک ح، کس ر، شد فت ی۔ امث۔ سمندری فوج، جہازوں کا بیڑہ، بحری دفاع کی تنظیم۔

بَحَسْب فت ب ح، سک س۔ م فہ کے مطابق، کے لحاظ سے، کے حساب سے، نیز بَحَسب، بمقدار، بقدر۔

بِحِل کسمج ب، کس ح۔ صف۔ معاف کیا ہوا؛ جائز، حلال، مُباح۔

بَخ فت بہ فجائیہ۔ واہ وا، کیا کہنا، مرحبا! کتّے کے پلّے کے بھونکنے کی آواز۔

بُخار ضمہ بہ امذ۔ حرارت غریزی کی زیادتی، تپ، حُمّیٰ؛ ابخرہ، بھاپ، ج بُخارات، اَبْخِرَہ۔

بُخاری ضمہ بہ امث۔ کولکی، دیوار میں بنا ہوا بڑا طاق۔

بَخالَت فت ب، فت ل۔ امث۔ کنجوسی، بُخل، بخیلی، [وضعی لفظ]۔

بَخْت فت ب، سک خ، امذ۔ حصہ؛ نصیب، قسمت، مرکب، بَخْتِ دِژَم؛ بری تقدیر، اُلٹی قسمت۔ بَخْتِ رَسا؛ خوش نصیبی، اچھے بھاگ، صف بَخْتاوَر (فت و) خوش نصیب، بلند اقبال۔

بُخْت ضمہ ب، سک خ۔ امث۔ بیٹا، ابن۔ عَلَم، بُخْتِ نُصّر (کس مج ت، ضمہ ن، سک ص) چھٹی صدی قبل مسیح کا آشوری بادشاہ جس کا ذکر تورات میں ہے، فاتح یروشلم اور نہایت ظالم مشہور ہے۔ (لفظاً)، نُصّر نامی بُت کا بیٹا، کیونکہ ولدیت نامعلوم تھی اور بُت کے قریب پڑا ہوا ملا تھا۔ [قب انگ؛ Nebuchednazzer]۔

بَخْتی فت ب، سک خ، امذ۔ دو کوہانوں والا اُونٹ جو وسط ایشیا میں پایا جاتا ہے۔

بَخْتْیار فت ب، سک خ، تد صف۔ خوش نصیب۔

بَخَر فت ب، خ۔ امذ۔ منہ سے بدبو آنے کی کیفیت؛ گندہ دہانی، نیز بَخری۔

بَخْرہ فت ب، سک خ۔ امذ۔ حِصّہ، جزو، قطعہ، ٹکڑا؛ وہ شے جو تقسیم کے وقت کسی کے حصّے میں آئے، عموماً حصہ کے تابع کے طور پر م؛ حصّے بَخْرے کرنا؛ تقسیم کرنا۔

بَخْش فت ب، سک خ۔ امذ۔ حِصّہ،قطعہ، شعبہ، ضلع۔

بَخْشائِش فت ب، سک خ، کس ء۔ امث۔ مغفرت، معافی، بخشش، عطا۔

بَخْشِش فت ب، سک خ، کس ش۔ امث۔ انعام،

عطیہ، مغفرت۔

بَخشنا فت ب، سک خ ش۔ ف م۔ عطا کرنا، ہبہ کرنا؛ معاف کرنا؛ دعا مانگ کر اپنی عبادت کو کسی کے نام کرنا؛ جان چھوڑنا، پیچھا چھوڑنا، م: **بخشو!** معاف رکھو۔

بَخْشِنْدگی فت ب، سک خ، کس ش، سک ن، فت د۔ معافی، مغفرت، بخشش، صف **بَخْشِندَہ** بخشنے والا۔

بَخْشَنْہار فت ب، سک خ، فت ش، سک ن۔ صف۔ بخشنے والا، بخشِندہ نیز **بخشانْہار/ ہارا۔**

بَخْشی فت ب، سک خ۔ امذ۔ مغل فوج کا خزانہ دار؛ کماندار، امث۔ **بخشی گری:** بخشی کا عہدہ۔

بُخْل ضمہ ب، سک خ، امذ۔ کنجوسی، خِسّت، بخالت، بخیلی، ج: **بُخَلاء** صف: **بَخِیل**، کنجوس، کنٹک۔

بَخُور فت ب، و مع۔ امذ۔ دھونی، دھونی دینے کی خوشبودار شے، جیسے لوبان کالے دانے وغیرہ۔ **بَخُورِ مریَم، پنجۂ مَریَم**، ایک خشک لکڑی کی طرح ہاتھ کے پنجے سے مشابہ نبات، ہاتھا جوڑی [لاط: Anastatica Hierochuntina]۔

بَخْیہ فت ب، سک خ، فت ی۔ مہین ٹانکے کی مشینی سلائی، مجازاً ٹانکے، شیرازہ، جمعیّت؛ محاورہ **بَخْیے اُدھیڑنا:** خراب تباہ ٹکڑے ٹکڑے کرنا نیز **بَخْیہ دَری۔**

بَد فت ب۔ صف۔ برا، قبیح، مذموم؛ شریر، فسادی؛ ڈھیٹ؛ بدچلن، **بَداُسلُوب:** (ضمہ ا) بد وضع، بے ڈھنگا؛ بَد اَصل، بُری خصلت والا، کمینہ، بد ذات، **بَد اَنْدیش:** بَیری، برا چاہنے والا؛ **بَد آموز:** جس کو اچھی تربیت نہ ملی ہو، ناشائستہ۔ **بَد تُخْم:** بَد اصل؛ **بَد حَظ:** بے مزا، کوفت اٹھانے والا، **بَد خِصال، بَدخُو:** بد اصل، **بَد دِیانَت:** بے ایمان، خائن۔ **بَد ذَوق:** جسے حسن و قبح کی تمیز نہ ہو، خوبی کی شناخت سے محروم؛ **بَد رَگ:** بد اصل، **بَد سگال:** بداندیش؛ **بَدشعار:** برے چال چلن کا؛ **بَد قمار:** (کس ق) اناڑی جوئے باز؛ **بَد قُماش:** (ضمہ ق) برے چلن کا، **بَد قوارہ/ قُوارہ:** (کس/ ضمہ ق) بھدا، بد وضع، **بَد گوہَر:** بد خصال، **بَدلگام:** منہ زور، سرکش۔ **بَد مَظَنّہ:** بَد گمان۔ **بَد مَعاش:** (فت م) اوباش، **بَد نَعل:** (فت ن، سک ع) شریر (گھوڑا)؛ **بدہَیئَت:** (ہے اَت) بُری وضع کا،بے ڈھنگا۔

بِد کس ب۔ امث۔ سِن، عمر، بساط، مقدرت۔

بَدا فت ب۔ فجائیہ۔ اظہار ناپسندیدگی کے لیے، خوشامد کی ضد؛ تُھو، پھٹکار۔

بَدا فت ب۔ امذ۔ فیصلہ بدلنا، متلّون مزاجی، یہ مختلف فیہ مسئلہ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فیصلے سے رجوع کر سکتا ہے۔ [ع: بداۃ]۔

بِدا کس ب۔ امث۔ دلھن کی رخصتی، وداع، امث۔ **بِداگی:** رخصتی کا گیت، مَنڈھا۔

بَداعَت فت ب ع۔ امث۔ ندرت، نئی بات، اُپج، اختراع۔ صف، **بَدیع:** نیا، انوکھا۔

بَداوَت فت ب، و۔ امث۔ صحرانشینی، صحرائی بودوباش، بدّوؤں کی زندگی۔

بداہَتہً کس ب، فت ہ، فت ت۔ م ف۔ فوری طور پر، رک : بَدیہہ۔

بَدایَت فت ب ی۔ امث۔ ابتدا؛ آغاز، شروعات، نیز بَدائت۔

بُدبُدانا ضمہ ب، سک د۔ ف ل۔ بے آواز کے ہونٹ ہلانا، چپکے چپکے، منہ ہی منہ میں بولنا۔

بَدَر فت د ر۔ صف۔ باہر، بیروں ، خارج، نکالا ہوا، آگے نکلا ہوا؛ امث۔ حساب میں غلطی، چُوک۔

بَدَرْرَو (و لین) گندا پانی باہر نکالنے کی موری۔

بَدَرریز (ے مج) پرنالہ۔ بَدَر نَویس: حساب کی پڑتال کرنے، غلطیاں نکالنے والا۔ محاسب۔
بَدْر فت ب، سک د۔ امذ۔ چودھویں کا چاند۔ بَدرُالدُّجیٰ (بَدرُد دُجا) سیاہ رات کو روشن کرنے والا چاند۔
بِدْر کس ب، سک د۔ امذ۔ بھرت، جست اور تانبے کی سطح کو سیاہ کر کے اس پر چاندی کے نقش اتارنے کا ہنر، صف بِدْرساز نیز بِیدری کام: [دکن کے شہر بِیدَر سے مَنسُوب]۔
بَدرَقَہ فت ب، سک د، فت ر ق۔ امذ۔ رہبر، رہنما؛ ہمراہی۔ وہ غذا یا دوا جو کسی دوسری دوا کے مصلح کے طور پر دی جائے۔
بَدْرَہ فت ب، سک د، فت ر۔ امذ۔ ہمیانی، نقدی کی تھیلی، نیز بَدری۔
بِدعَت کس ب، سک د، فت ع۔ امث۔ مذہبی امور میں کوئی نئی بات داخل کرنا جو پہلے سے نہ ہو۔ مرکب بِدعَتِ حَسَنَہ: پسندیدہ اضافہ۔ بِدعَتِ سَیِّئَہ (فت س، شد کس ی، فت ء) دینی امور میں بےجا اور بلا جواز مداخلت۔ صف: بِدعَتی۔
بِدکنا کس ب، فت د، سک ک۔ ف ل۔ جانور کا چونک کر قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا۔
بَدَل فت ب د۔ امذ۔ ایک کی جگہ دوسری مماثل شے یا شخص وغیرہ۔ تثنیہ بَدَلَین دو چیزیں جو ایک دوسری کی ہم پلّہ یا جواب ہوں۔ بَدَلِ ما یَتَحَلَّل تحلیل شدہ توانائی کا بدل، غدا جو قوت کو بحال کرے۔
بَدلا فت ب، سک د۔ امذ۔ بدل، جواب، جزا؛ انتقام۔
بُدَلاء ضمہ ب، فت د۔ ج مذ۔ اَبدال (رک) کی جمع، بَدیل کی ج ج۔
بَدَلنا فت ب د، سک ل۔ ف م۔ پلٹنا، مختلف کرنا؛ ایک کی جگہ دوسرے کو لانا، تبدیل کرنا، ف ل۔ مختلف ہو جانا، پلٹ جانا؛ منحرف ہونا۔
بَدْلی (۱) فت ل، سک د۔ امث۔ بادل کی تصغیر۔
بَدْلی (۲) فت ب، سک د۔ امث۔ تعیناتی کے مقام کی تبدیلی، تبادلہ۔
بَدمَزَہ فت ب، سک د، فت م ز۔ صف۔ بدذائقہ۔ اکیف مث، بَدمَزگی (فت م ز) عام بَدمَزگی۔
بَدَن فت ب د۔ امذ۔ جسم، انگ، پنڈا۔
بَدنا فت ب، سک د۔ ف م/ل۔ بولنا، کہنا؛ شرط لگانا؛ داؤ لگانا؛ طے کرنا، مقرر کرنا، متعیّن کرنا۔
بَدَنَہ فت ب د ن۔ امذ۔ قربانی کا اونٹ یا گائے جسے مکۂّ معظمہ میں حلال کیا جائے۔
بَدَنی فت ب د۔ صف۔ بدن سے منسُوب، جسمانی، نیز بَدَنِیَہ۔
بَدْنی فت ب، سک د۔ امث۔ آئندہ فائدے کی امید میں کسی شے کی بابت قبل از وقت بولی،مثلاً بوئی جانے والی فصل کی بابت بُوائی کے وقت بتایا جانے والا بھاؤ۔
بَدْوْ (۱) فت ب، سک د و۔ امذ۔ ابتدا، آغاز۔
بَدْوْ (۲) فت ب، سک د و۔ امذ۔ صحرا، دیہات،نیز بادِیَہ۔
بَدُّو فت ب، شد د، و مع۔ امذ؛ ا ج۔ صحرا نشین، عرب کا دیہاتی، امث۔ بَدْوِیَت صحرائی تمدن۔
بُدُّوح ضمہ ب، شد د، و مع۔ علم۔ ایزد، کردگار، خدائے تعالیٰ کا ایک قدیم نام جو برکت کے لیے تعویذوں، تلواروں وغیرہ پر لکھا جاتا ہے [غالباً عبرانی] نیز یا بُدّوح! بسم اللہ کا متبادل۔
بِدُوں کس ب، و مع، غنہ۔ م فہ بغیر، سوا، بجز، علاوہ، نیز اضافت کے ساتھ، بِدُون (ن صحیح) م: گھر میں بدُوں خواتین کوئی نہ تھا۔
بَدی (۱) فت بہ۔ امث۔ برائی شر؛ غیبت؛ بدگوئی۔
بَدی (۲) فت بہ۔ امث۔ چاند کا اندھیرا پاکھ،مہینے

کے آخری پندرہ ایام، نیز بَدّئی [س: وَدی]۔

بَدّی فت ب، شد د۔ امث۔ دو جڑے ہوئے ہار جو دولھا کو بغلوں میں سے گزار کر پہنائے جاتے ہیں، نیز بدھی (س: وَدھی)

بِدّیا کس ب، شد کس د۔ امث رک: وِدّیا۔

بَدیس فت ب، ے مج۔ امذ۔ پردیس، پرایا ملک صف۔ بَدیسی: غیر ملک کا [اصلاً: بِدیش (کس ب)]

بَدیع فت ب، ی مع۔ صف۔ نادر، نیا، تازہ، نوایجاد؛ عجیب، انوکھا، بے مثل۔

بَدیں فت ب، ی مع، غنہ۔ م ف۔ بہ ایں، بایں کی ایک شکل، مراد؛ اس کے ساتھ، اس کے ہوتے، اس (صورت) میں، م: بَدیں وجہ = اس وجہ سے۔

بَدیہہ فت ب، ی مع، فت ہ۔ (بروزن طریقہ)۔ م ف: بَدِیہَۃً کی تخفیف، برجستہ، برمحل، اِرتجالاً، فوراً کے فوراً، نیز فِیْ اْلبَدِیہَہ، بَدیہہ گو زُود گو، بلا تامّل شعر کہنے والا۔

بَدیہی فت ب، ی مع۔ صف۔ صاف، صریح، عیاں؛ جس پر غور یا تامّل کی ضرورت نہ ہو۔ (منطق) وہ کُلّیات جو محتاج ثبوت نہ ہوں۔ نَظَری کا نقیض۔ ج: بَدیہیّات سامنے کے حقائق۔

بَدھ فت ب، سک دھ۔ امذ۔ قتل، ہتّیا، بَدھک۔

بِدھ، کس ب، سک دھ۔ امث۔ رقموں کی میزان، محاورہ، بِدھ ملنا: حساب کی پڑتال میں میزان کا درست پایا جانا؛ تطابق، موافقت م: لڑکا لڑکی کے زائچوں کی بدھ ملنا؛ شرعی حکم، دھار مک قانون۔

بُدھ (۱) ضمہ ب، سک دھ۔ امث۔ عقل، سمجھ، شعور، بُدّھی کی تخفیف؛ نیز عاقل گیانی۔

بُدھ (۲) ضمہ ب، سک دھ۔ امذ۔ مَنگل کے بعد کا دن، چہار شنبہ۔

بُدھ (۳) ضمہ ب، سک دھ۔ عَلَم۔ مہاتما گوتم بُدھ کا لقب جن کا اصل نام سدا رتھ تھا اور چھٹی صدی ق م میں ایک نئے مذہب کے بانی ہوئے جو بُدھ مَت کہلاتا ہے۔ نیز بدھ مت کا پَیرو، لفظاً عاقل، دانا۔

بُدھ وان ضمہ ب، سک دھ۔ صف۔ عاقل، فہیم، عالم، نیز بُدھی مان/ وان۔

بِدھاتا سک ب۔ صف۔ پروردگار، خداوند تعالیٰ، [س: ودھاتک]۔

بِدھارا کس ب۔ امث۔ ایک درخت جس کی شاخیں کانٹے دار پتے بیضوی اور نکیلے ہوتے ہیں [لاط: Gmelia Pervifolia]۔

بِدھان کس ب۔ امذ۔ منصوبہ، پلان، تدبیر، لائحۂ عمل؛ قانون، اصول کار۔

بَدھائی فت ب، ی مع۔ امث۔ بڑھوتری، افزائش، اضافہ؛ تہنیت، تبریک، مبارکباد؛ مبارکبادی کا گیت؛ خوشی کی تقریب پر دیا جانے والا انعام۔

بَدھنا (۱) فت ب، سک دھ۔ امذ۔ مٹی کا چھوٹی ٹونٹی کا لوٹا۔

بَدھنا (۲) فت ب، سک دھ۔ ف م۔ مار ڈالنا، قتل کرنا، نیز رک: بَدنا جس کا یہ متبادل ہے۔

بِدھنا کس ب، سک دھ۔ ف ل۔ سرایت کرنا، بارپانا، در آنا، بیندھا جانا۔

بِدھنا کس ب، سک دھ۔ امذ۔ خالق، خدا نیز بدھاتا [س: ودھاتک]۔

بُدّھو ضمہ ب، و مع۔ صف۔ احمق، بیوقوف، سادہ لوح، بھولا۔

بِدھوا کس ب۔ امث۔ رانڈ، بیوہ، اصلاً: وِدھوا۔

بَدّھی فت ب، شد دھ۔ امث رک: بَدّی، نیز جسم پر قمچی کی مار کے نشان۔

بُدّھی ضمہ ب، شد دھ۔ امث۔ عقل، شعور، سمجھ۔

بَدھیا فت ب، سک دھ۔ امث۔ خصّی بیل، لدّو بیل؛ دو شاخہ کُتّا، بَدھیا بیٹھنا، دیوالہ نکل جانا، کام

چوپٹ ہو جانا۔

بَڈ ہنس فت ب، سک ڈ، فت ہ، سک ن۔ امذ۔ کھماچ ٹھاٹھ کا ایک راگ جس میں پنچم وادی اور مدھم سم وادی سُر ہے۔

بَڈّھا فت ب، شد ڈھ۔ امذ۔ مٹی ڈھو کر لے جانے کے لیے کھودا جانے والا گڑھا۔

بُڈّھا ضمہ ب، شد ڈھ۔ امذ۔ رک **بُوڑھا۔**

بِذاتِہٖ کسمج ب، ت، ا تحتی، مثل ی۔ م ف۔ اپنی ذات سے بذات خود، اصالتہً۔

بَذائت فت ب، ۔ امث۔ فحش کلامی، ہزل [ع: بَذاءۃ]

بَذْر فت ب، سک ذ۔ رک: **بَزْر**، جس کی یہ تخریب ہے۔

بَذْل فت ب، سک ذ۔ امذ۔ سخاوت، بخشش، عطا۔

بَذْلَہ فت ب، سک ذ، فت ل۔ امذ۔ شوخ فقرہ، لطیفہ، پُر لطف کلام، [اردو فارسی کا تصرف۔ ع: عامیانہ، لچر کلام] مرکب امث۔ **بَذْلَہ سَنْجِی**: لطیفہ گوئی، ظرافت، شگفتہ کلامی، خوش طبعی۔

بَر (۱) فت ب۔ امذ۔ شوہر، جوڑا؛ مراد، آرزو، امث۔ **بَرْجوگ** شادی کے قابل لڑکی۔ امذ۔ **بَر دکھاوا/ دکَھوا**: شادی سے پہلے دلھن والوں کا لڑکے کو دیکھنا، ف مر **بَر پانا**: دلی مراد پوری ہونا۔ [قب: بھرپانا] **بَردان** دلی مراد بخشنا، پوری کرنا صف **بَرداتا**: مراد پوری کرنے والا۔

بَر (۲) فت ب۔ امذ۔ کپڑے کا عرض، تھان کی چوڑائی؛ چکلان، پھیلاؤ، م: تلوار، ڈھال وغیرہ کا بر۔

بَر (۳) فت ب۔ امث۔ بھڑ، تتّیا، زنبور۔

بَرّ (۴) فت ب۔ صف۔ نیک، صالح، خوش اطوار۔ شریف، ج **اَبرار/بَرَرَہ** (تراکیب میں مشدّد م: پھل وتقی)؛ نیز اللہ کا ایک صفاتی نام۔

بَرّ (۵) فت ب۔ امذ۔ قطعہ زمین، خشکی، بحر کی ضد۔ **بَرِّاَعْظَم**: زمین پر خشکی کے بڑے قطعوں میں سے کوئی م: براعظم ایشیا، **بَرِّصغیر**: جنوبی ایشیا خصوصاً ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش کا علاقہ۔

بَر (٦) فت ب۔ امذ۔ جسم، بدن، سراپا؛ بَغل، سینہ، آغوش۔

بَر (٧) فت ب۔ حرف جار۔ اوپر، پر، بالا، علیٰ کا مترادف۔

بُر (۱) ضمہ ب۔ امث۔ عورت کی شرمگاہ، فرج، نیز **بُل** [س: اُلو]۔

بُر (۲) ضمہ ب۔ امذ۔ رُواں، پشم، نرم بال، **بُور**، کا مخفف صف: **بُردار** روئیں والا۔

بِرّ کس ب۔ امذ۔ نیکی، خداترسی، حسن سلوک، احسان۔

بُرا ضمہ ب۔ صف۔ ناقص، عیب دار، خراب؛ ناپسندیدہ، منحوس، نامبارک، رسوا، بدنام، **بُرا بَھلا** ملامت فضیحتہ؛ صف: جیسا تیسا مث، **بُری۔**

بَرابَر فت ب۔ صف۔ متّصل، ملا ہوا؛ پہلو میں، ملحق؛ مثل، مانند، یکساں، ایک جیسا؛ ہموار؛ ختم، بے باق۔ م ف: متواتر، پے در پے؛ امث: **بَرابَری** یکسانیت، مقابلہ؛ ٹکر۔

بَرات (۱) فت ب۔ امث۔ دولھا کا جُلوس لے کر شادی کے لیے جانا، دولھا کے ساتھ آنے والے لوگ؛ (مجازاً) دُھوم دھام، رونق، جلوس، ج مذ، **بَراتی** دولھا کے ساتھ آنے والے مہمان۔

بَرات (۲) فت ب۔ امث۔ اُجرت ، معاوضہ، صلہ؛ روزینہ؛ مقدّر، مقسوم؛ شاہی خزانے سے ادا ئگی کا حکم۔

بَرات (۳) فت ب۔ امث۔ رک : **بَراءَت۔**

بِراجْنا کس ب، سک ج۔ ف ل۔ جلوہ دکھانا، نمودار ہونا، بیٹھنا، تشریف رکھنا، رہنا، قیام کرنا۔

بِرادَر کس ب، فت د۔ امذ۔ بھائی، بیرَن، اخ؛ یا بھائی کا ہم مرتبہ عزیز؛ ہم قوم، ساتھی۔ **بِرادَر**

اَعْیانی/ عَینی: سگا بھائی، (قب: اَخیافی علّاتی) برادرِ نِسبَتی سالا، بِرادَری/ بِراۡدری: کُنبہ، قبیلہ، قوم، ہم پیشہ گروہ۔
بُرادَہ ضمہ ب، فت د۔ امذ۔ لکڑی یا دھات کا چُورا۔
بَراز فت ب۔ امذ۔ فضلہ، پاخانہ؛ گوبر، لید، بیٹ۔
بَرازوری فت ب، و مج۔ م ف۔ زبردستی، زور کر کے۔
بُراس ضمہ ب۔ امذ۔ ایک پہاڑی درخت جو ہمالیہ کی نچلی پہاڑیوں پر پایا جاتا ہے [لاط: Rhododendron Arborium]۔ نیز بَراس/ بِرانس۔
بَراعَت فت ب، ع۔ امث۔ ہنر، لیاقت، مہارت۔ بَراعَتُ اۡلاستِہلال (بَ راعَ تُل اِس تِہ لال) ابتدائے کلام میں موضوع کا نام لیے بغیر اشارۃً اس کی طرف توجہ دلا دینا [ع: ہنر مندانہ آغاز یا تعارف]۔
بُراق ضمہ ب۔ امذ۔ وہ سواری جس پر رسول خدا حضرت محمد صلعم نے معراج کا سفر کیا۔
بُرّاق ضمہ ب، شد ر۔ صف۔ نہایت سفید، چمکیلا، سفید، شفّاف، (بَرّاق کی تحریف،زباں زد عام)
بَرّاق فت ب، شد ر۔ صف۔ روشن، تیز طبع، پُھرتیلا، ذکی، ذہین۔ امث: بَراقَت، بَرّاقی۔
بِراگ کس ب۔ امذ۔ نفس کُشی، ترک لذات و خواہشات، فقیری، صف۔ بِراگی مث بِراگن/ براگن نیز بیراگی [س: وِراگ]۔
بُرّاں ضمہ ب، شد ر۔ صف۔ کاٹنے والا، تیز دھار کا۔
بَرانا فت ب۔ ف م۔ بات کو ٹالنا، بولنے سے بچنا، پی جانا، روک لینا؛ حفاظت کرنا؛ کھیت میں سے چوہوں اور نقصان کرنے والے جانوروں کو بھگانا؛ چُننا، الگ کرنا،انتخاب کرنا، چھانٹنا؛ بالنا، جلانا، روشن کرنا؛ سنچائی کے لیے کھیت میں ایک نالی سے دوسری نالی میں پانی پہنچانا؛ سنچائی کرنا۔

بَرّانا فت ب، شد ر۔ ف ل۔ سوتے میں بُڑبُڑانا؛ ٹرّانا، بک بک کرنا؛ شور کرنا۔
بَرانِس فت ب، کس ن۔ امذ۔ رک: بُرنُس جس کی یہ جمع ہے۔
بَرانۡغار فت ب، سک ن۔ امذ۔ فوج کا دایاں بازو، مَیمنہ، قب جَرانۡغار/ یر انغار (دایاں بازو)۔
بَرانۡگا فت ب، امغ۔ امذ۔ جرّ ثقیل کے اصول پر کسی بھاری چیز کو اٹھانے کے لیے استعمال ہونے والا ڈنڈا یا آلہ۔
بَرانُوٹ فت ب، و مع۔ امذ۔ (نباتیات) گوبھی کی طرح کا بڑا پھول جو پورے بزرہ دان کو گھیر لیتا ہے۔
بَراہمَن رک: بَرہمَن۔
بَراہوی فت ب، سک ہ۔ امث۔ بلوچستان کی ایک بولی جو اصلاً دراوڑی ہے۔ بروہی قبیلے کی زبان۔
بَراہِیم فت ب، ی مع۔ علَم۔ ابراہیم کی تخفیف۔
بَراہِین فت ب، ی مع۔ بُرہان (رک) کی جمع۔
بَراءَت فت ب ء۔ امث۔ نَجات، خلاصی، بری ہونا، (کسی الزام یا ذمہ داری سے)۔
بَراؤ فت ب، و مج۔ (بروزن برات) امذ۔ بچاؤ، تحفظ۔
بُرائی ضمہ ب۔ امث۔ خرابی، نقص، بدی بدگوئی۔
بَرائے فت ب، ی مج۔ م ف: کے لیے، کے واسطے، کی بنا پر، کی غرض سے م: بَرائے بَیت: ضرورۃً ، بطور آورد، برائے خدا: خدا کے لیے لِلّٰہ بَرائے نام: نام چارے کو، بہت کم، بالکل قلیل۔
بَرایا فت ب۔ ج مذ۔ مخلوقات، عام لوگ، خلق خدا۔ [ع: بریّۃ کی جمع]۔
بَرا یَ اۡلعَین فت ب، ی، ا غم، سک ل، ے لین۔ م ف: کُھلی آنکھوں سے؛ بغور، بچشم خود۔
بَربَرِیَت فت ب، سک ر ، کس ر، شد فت ی۔ امث۔ وحشت، جنگلی پن، زور وظلم۔

بَربَط فت ب، سک ر۔ امذ۔ ایک قدیم ساز جس میں ایک چوکھٹے کے اندر تار کسے ہوتے تھے۔ جنہیں انگلیاں پھیر کر بجایا جاتا اور چوکھٹے کو اکثر بطخ کی شکل دی جاتی تھی (انگ: Lyre)۔

بَربیل فت ب، سک ر، ے مج۔ امث۔ ایک کانٹوں دار پودا، پتے جھونکر کی مانند، پھول پچ رنگے [لاط: Desmonthis Cinarium]۔

بَرَت فت ب ر۔ امذ۔ مذہبی ریاضت، تپسیا، روزہ۔

بِرتا کس ب، سک ر۔ امذ۔ طاقت، زور، استطاعت، مقدور؛ بھروسا۔

بَرتاوا فت ت، سک ر۔ امذ۔ سلوک، طرز عمل، استعمال، آزمائش۔نیز **بَرتاؤ**۔

بَرتَر فت ب، سک ر، فت ت۔ صفہ بڑھ کر، افضل، فائق، امث۔ **بَرتَری**۔

بَرتَن فت ب، سک ر، فت ت۔ امذ۔ ظرف، بھانڈا، باسن، کھانا پکانے اور کھانے کے لیے دھات یا چینی وغیرہ کا سامان۔

برج کس ب۔ علم۔ فت ر۔ بھارت میں متھرا کے آس پاس کا علاقہ جو کرشن جی کا جنم بھوم تھا، اس علاقے کی زبان **بِرَج بھاشا** [اصلاً: برَج، وْرَج]۔

بُرج ضمہ ب، سک ر۔ امذ۔ گنبد، قبّہ، قدیم فلکیات کی رو سے آسمان کے بارہ حصّوں میں سے ایک۔ م: **بُرج ثَور** وہ آسمانی علاقہ جہاں ستاروں کے جھرمٹ سے بیل کے سر کا گمان ہوتا ہے، **بُرج حَضِیضی**: جنوبی آسمان کی طرف کے برجوں میں سے کوئی (حضیض = پستی) **بُرج حَمَل** جہاں ستاروں کی ہیئت بکری کے بچے سے ملتی ہے۔ **بُرج سرطان**، کیکڑے کی شکل والے ستاروں کا برج۔

برجیس کس ب، سک ر، ی مع۔ امذ۔ ستارۂ مشتری کا ایک نام۔

بَرچَخ فت ب، سک ر، فت چ۔ امذ۔ چھوٹا نیزہ نیز **بَرچَک**۔

برِچھ سک ب، کس ر، سک چھ۔ امذ۔ درخت ، پیڑ، [اصلاً س: وْرکش]۔

بَرچھا فت ب، سک ر۔ امذ۔ ایک ڈنڈے کے سرے پر چوڑا نکیلا پھل لگا ہوا ہتھیار۔ تصغیر **بَرچھی** جسے کبھی پھینک کر بھی مارتے تھے۔ صف **بَرچَھیت** برچھا یا برچھی چلانے والا۔

بَرخ فت ب، سک ر۔ امذ۔ چھوٹا سا ٹکڑا یا مقدار۔

بَرخاست فت ب، سک ر س۔ صف۔ موقوف، ختم، برطرف، علاحدہ۔

بَرد فت ب، سک ر۔ امذ۔ سردی، خُنکی، ٹھنڈک۔

بَردُالْعَجُوز فت ب، سک ر، فت د، اغم، سک ل، فت ع، و مع۔ امذ۔ سرما کے آخری چند روز، نیز **بَرد عَجُوز**۔

بُرد (۱) ضمہ ب، سک ر۔ امث۔ آڑا لے جانا، ہتھیانا؛ شطرنج میں آدھی مات جبکہ بادشاہ اکیلا رہ جائے۔

بُرد (۲) ضمہ ب، سک ر۔ امث۔ (بالخصوص رسول اللّٰہ کی چادر سے مراد ہے) چادر، چادرہ [ع: لباس]۔

بَردار فت د، سک ر۔ صف۔ اُٹھانے، لے جانے، ڈھونے والا عموماً بطور لاحقہ م: **عَلَمبَردَار**، **باربَردار**۔

بَرداشت فت ب، سک ر ش۔ امث۔ تحمل، سہار، سکت، بُردباری؛ اٹھنا، رخصت ہونا؛ دیکھ بھال، پرداخت، امذ۔ **بَرداشت خانَہ**: گودام، صف۔ **بَرداشتَہ خاطر**: اکتایا ہوا۔

بَردانا فت ب، سک ر۔ ف م۔ گائے کو بیل سے ملا کر گابھن کرانا نیز **بَلدانا**۔

بَردَعی فت ب، سک ر، فت د۔ صف۔ لدّو اونٹ۔

بَرْدوَخت فت ب، سک ر، و مج، سک خ۔ امث۔ ہتھیانا، حصول۔

بَرْدَہ فت ب، سک ر، فت د۔ امذ۔ غلام، **بَردَہ**

فَروش: لونڈی غلام بیچنے والا۔

بُردہ ضمہ ب، فت د۔ صف۔ ٹوٹا ہوا، ہتھیایا ہوا، تاراج کیا ہوا۔

بَردی فت بـ۔ امث۔ نرسل کی ایک قسم جس سے کاغذ بنایا جاتا ہے۔ (قب انگ: Papyrus)۔

بَردْھ فت ب ر۔ امذ۔ بَیل، نَرگاؤ، نیز: **بَرَد**، **بَلَد**، **بَردھا**۔

بَرَڑنا فت ب ر، سک ر۔ ف ل۔ اکڑنا، اَینٹھنا، کج ہونا، بَل کھا جانا؛ اِترانا، بل بھرنا۔

بَرزَخ فت ب، سک ر، فت ز۔ امث، امذ۔ آڑ، روک؛ خلا، رخنہ، وقفہ؛ ہیئت، انوکھی وضع؛ تصوّرِ شیخ، کسی خیالی شبیہہ پر دھیان جمانا؛ جنّت اور دوزخ کے بیچ کا علاقہ، موت سے قیامت تک کا عرصہ؛ واسطہ، وسیلہ، خصوصاً خالق و مخلوق کے درمیان **بَرزَخِ کُلّی**: مراد رسول خداؐ کی ذات اقدس۔

بَرزَن فت ب، سک ر، فت ز۔ امذ۔ گلی ، کوچہ، محلّہ۔

بَرَس فت ب ر۔ امذ۔ سال، بارہ مہینے کی مدّت۔ **بَرَس بیاوَڑ**: ہر سال بچہ دینے والی (گائے، بھینس وغیرہ) **بَرَس گانٹھ**: سالگرہ۔

بَرسات فت ب، سک ر۔ امث۔ بارشوں کا موسم، برشگال، بارش،جھڑی۔ [س: وَرشَ رتُ]۔

بَرساتی فت ب، سک ر۔ امث۔ بارش سے بچاؤ کے لیے کوٹھے یا صحن میں بنا ہوا دالان؛ پانی سے بچاؤ کے لیے پہننے کا لمبا کوٹ یا لبادہ۔ صف برسات سے منسوب یا متعلق۔

بَرسام فت ب، سک ر۔ امذ۔ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانے کی بیماری (انگ: Pleurisy)۔

بَرسَم فت ب، سک ر۔ امذ۔ کسی شاخ کی بالشت بھر لمبی ڈنڈی جو آتش پرست اپنی مذہبی رسومات ادا کرتے وقت استعمال کرتے تھے۔ **بَرسَم دان** قلمدان کی قسم کا خانہ جس میں برسم رکھے جاتے تھے۔

بَرَسنا فت ب ر، سک س۔ ف ل۔ بوندوں کی لڑیوں یا پھوہار کی شکل میں گرنا، بارش ہونا، ترشّح، فضیحت کرنا، نمایاں ہونا، م: چہرے سے متانت برس رہی تھی، مزار پر حسرت برس رہی تھی۔

بَرسی فت ب، سک ر۔ امث۔ موت کے تقریباً سال بھر بعد یا تاریخ وفات پر کسی کی یاد منانے کی تقریب یا فاتحہ۔

بُرسی ضمہ ب، سک ر۔ امث۔ انگیٹھی، چولھے کا اولا جس پر توا یا ہنڈیا ٹکاتے ہیں۔

بُرّش ضمہ ب، شد کس ر۔ امث۔ کاٹنے کا عمل؛ کاٹ، دھار کی تیزی۔

بَرشاشَن فت ب، سک ر، فت ش۔ امث۔ سال بھر کے استعمال کی خوراک، جنس یا سامان۔

بُرشائی ضمہ ب، سک ر۔ امث۔ مطبع میں کاغذ کے گڈے تراشنے کا عمل،سَیفَہ چلانا [از ف: بُرّش]۔

برِشتہ کس ب ر، سک ش، فت ت۔ صف۔ جلا ہوا، پکّا ہوا یا بُھنا ہوا؛ سانولا (پنڈا، رنگ وغیرہ)۔

بَرشکال فت ب، سک ر، کس ش۔ امذ۔ برسات کا موسم [ف،قب س: وَرشا کال]۔

بَرَص فت ب، ر ۔ امذ۔ جسم پر سفید داغ پڑنے کا مَرض۔

بَرَضاوِ رَغبَت فت ب، کس ر، و مج، فت ر، سک غ، فت بـ۔ م ف۔ اپنی خوشی اور پسند سے۔ بلااِکراہ، بلا جبر۔

بَرطَرف فت ب، سک ر، فت ط ر۔ صف۔ جدا علاحدہ، خارج از بحث؛ موقوف، معزول، عہدے سے ہٹایا ہوا، امث، **بَرطَرَفی/ طَرْفی**۔

بَرعکس فت ب، سک ر، فت ع، سک ک۔ صف۔ اُلٹا، متضاد۔

بُرغو ضمہ ب، سک ر، و مج۔ شَنکھ، نرسِنکا، ناقُوس، جسے پھونک کر بجاتے ہیں [ت]۔

بَرغَہ فت ب، سک ر، فت غ۔ امذ۔ گھوڑے کی پویہ، پَو قدمی چال۔

بَرف فت ب، سک ر۔ امث۔ منجمد پانی، سرد مقامات پر برسنے والے پانی کے منجمد پھوئے کی شکل کے قطرے؛ لطف لے کر کھانے کے لیے جمایا ہوا شربت دودھ، بالائی وغیرہ۔ صف: نہایت سرد۔ امذ۔ **برفاب:** ٹھنڈا یا بَرف ملایا ہوا پانی۔ **بَرف خانہ:** برف کی سلیں جمانے کا کارخانہ **بَرف کوَری:** برف پر دھوپ کی چمک سے زائل ہو جانے والی بینائی۔ ف م **بَرفانا:** جمانا، برف میں یا برف کی طرح ٹھنڈا کرنا۔ امذ۔ **بَرفستان:** نہایت ٹھنڈی جگہ، وہ مقام جہاں بہت برف پڑتی ہو، صف **بَرفیلا، بَرفانی۔**

بَرفی فت ب، سک ر۔ امث۔ ماوے کی سفید، بِن کھوئے کی مٹھائی جو لوزاتوں کی شکل میں تیار کی جاتی ہے۔

بَرق فت ب، سک ر۔ امث۔ رک : **بجلی** امذ۔ **بَرق انداز/ بَرقَنداز،** بندوقچی ، مرکب وصفی؛ **بَرقِ جَہندَہ:** آسمان سے لہرا کر گرنے والی بجلی۔ **بَرقِ خاطِف:** چُندھیانے والی بجلی، **بَرقِ خِرمن/ خَرمن:** غلّے کے ڈھیر پر گرنے، کھیتی کےحاصل کو جلا دینے والی بجلی۔ صف **برقِ دَم:** (سک ق) پُھرتیلا ، تیز رفتار۔ **بَرق گُزار:** مُوَصِّل۔ **بَرق وَ زَرق:** چمکیلا، نیز **زَرق بَرق:** ف م، **بَرقانا:** برقی رَو دوڑانا، چارج کرنا، امذ۔ **بَرقاؤ:** برقانے کا عمل۔

بَرقَرار فت ب، سک ر، فت ق۔ صف۔ قائم اپنی جگہ موجود، ٹھہرا ہوا۔

بُرقَع ضمہ ب، سک ر، فت ق۔ امذ۔ منہ ڈھانپنے کا پردہ، نقاب۔ سر سے پاؤں تک ڈھکنے کا زنانہ لباس۔

بَرقَک فت ب، سک ر، فت ق۔ امث۔ کیمیائی عمل سے پیدا کی جانے والی برقی قوّت۔

بَرقْناطِیس فت ب، سک ر ق، ی مع۔ امذ۔ برقی مقناطیس۔

بَرقی فت ب، سک ر۔ صف۔ برق یا بجلی سے منسُوب یا متعلق، **بَرقی اِفتِراق** سیّال یا گیس میں برقی رَو کا گزرنا؛ رَواں سازی، **بَرقی اِمالَہ،** بجلی کی کشش سے کسی چیز کا ایک طرف جھکنا؛ کسی جسم میں برقی یا مقناطیسی اثر پیدا کرنا، (انگ: Induction) **بَرقی ٹانکا** شَعلے سے پگھلا کر دھات کی چیز میں ٹانکا لگانا یا جوڑ ملانا (انگ: Welding) **بَرقی حاسِب** کمپیوٹر، برقی قوت کے تیز عمل سے ریاضی کا عمل کرنے والی مشین۔

بَرقِیرَہ فت ب، سک ر، ی مع، فت ر۔ امذ۔ ایٹم کے مرکزے کے گرد گھومنے والا منفی بار کا حامل ذرّہ۔

بَرَک فت ب ر۔ امذ۔ اونٹ کے اون سے تیار کیا ہوا پٹّو یا پشمینہ۔

بَرکان فت ب، سک ر۔ امذ۔ آتش فشاں چٹان ج: **بَراکِین۔**

بَرَکَت فت ب ر ک۔ امث۔ افزائش ، بڑھوتری، فلاح، بھلائی، خصوصاً جو روحانی فیض کی بنا پر ہو؛ روحانی فیض۔

بُرَکنا ضمہ ب، فت ر، سک ک۔ ف م۔ کسی پسی ہوئی شے ، سَفُوف بُرادے وغیرہ کو چھڑکنا۔ امث۔ **بُرکی** چُٹکی بھر سفوف یا بُرادہ۔

بَرکَندہ فت ب، سک ر، فت ک، سک ن، فت د۔ صف۔ اُکھاڑا ہوا، کھودا ہوا۔

بِرکَہ کس ب، سک ر، فت ک۔ امذ۔ حوض، چھوٹا تالاب۔

بَرکھا فت ب، سک ر۔ امث، بارش، برسات، [س:

وَرشا]۔

بَرگ فت ب، سک ر۔ امذ۔ پتّا، پتّی، پنکھڑی، سازوسامان، **بَرگِ تَنبول** پان، **بَرگ ریز** (ے مج) خزاں ، پت جھڑ، **بَرگ وَ نَوا** ضروری سامان، ضروریات، زندگی۔

بُرگت ضمہ ب، سک ر، فت گ۔ امذ۔ شکاری باز یا عقاب۔

بَرگد فت ب، سک ر، فت گ۔ امذ۔ رک : **بَڑ**۔

بَرگُزیدَہ فت ب، سک ر، ضمہ گ، ی مع۔ صف۔ اعلیٰ، افضل، منتخب۔

بَرگُستُواں فت ب، سک ر، ضمہ گ، سک س، ضمہ ت۔ امذ۔ روئی کی جگہ ریشم کی بھرائی کا لبادہ یا گچّھا زینت اور تحفظ کے لیے جنگی گھوڑے پر بھی ڈالا جاتا تھا، گھوڑے کا جنگی ساز۔

بَرگَشتَہ فت ب، سک ر، فت گ، سک ش، فت ت۔ صف۔ پھرا ہوا، پلٹا ہوا، منحرف، رُوگرداں۔

بَرگی گری فت ر، سک ر، گ۔ امث۔ قزاقی، لوٹ مار، مرہٹہ گردی (بَرگی = س: وَگرِیَہ = بن بُلایا مہمان، عرف عام میں مرہٹے)۔

بِرلا کس ب، سک ر، صف۔ شاذ، اکّا دکّا، کوئی کوئی؛ غیر معمولی، بہتوں میں سے کوئی ایک، الگ [س: وِرنک]۔

بَرَم فت ب، ر۔ صف۔ بخیل، شوم [ع]۔

بَرما فت ب، سک ر۔ امذ۔ دھار دار نوک کو گھما گھما کر چھیدنے، سوراخ کرنے کا آلہ، ف م، بَرمانا۔

بَرْم راکشَس فت ب، سک ر م ک، فت ش۔ مردہ برہمن کا بھوت۔

بَرمَکی (۱) فت ب، سک ر، فت م۔ امث۔ اگر وغیرہ کی دُھونی جو عورتیں بالوں میں دیتی تھیں۔

بَرمَکی (۲) فت ب، سک ر، فت م۔ علم۔ خلفائے بغداد ہارون و مامون کے اتالیق اور وزیر یحییٰ و جعفر برمکی کا لقب یا خاندانی نام، جو غالباً ہندی نژاد تھے۔ [س: پر مکھ کی تعریب]۔

بَرمَلا فت ب، سک ر، فت م۔ صف م فـ صاف، روشن، آشکار، کُھلّم کُھلا، علانیہ۔

بَرَن فت ب ر۔ جسم، جلد، رنگ، حلیہ، بھیس، ذات یا جاتی۔ **بَرَن سَنکَر** (غنہ) اونچی اور نیچی ذات کے ماں باپ کے میل سے پیدا ہونے والی اولاد؛ ذات پات سے بے پروا شخص؛ دریا کی لائی ہوئی ریت۔ [س: وَرَنْ]۔

بَرنا (۱) ایک بڑا درخت جس کے پتے پیپل کی طرح پھل تیندو کی طرح کا ہوتا ہے [لاط: Crataeva Tapia]۔

بَرنا (۲) فت ب، سک ر۔ صف۔ نوجوان، بالغ لڑکا۔

بَرنال فت ب، سک ر۔ امذ۔ جہاز پر سے فالتو، پانی باہر نکالنے کی نالی۔

بَرنَباتی فت ب، سک ر، فت ن۔ امذ۔ صف۔ طفیلی پودا، جو دوسرے پودوں پر پلے۔

بِرَنج کس ب، فت ر، غنہ۔ امذ۔ چاول، چار رائی کے دانوں یا ایک چاول کے برابر وزن؛ پیتل۔ صف **بِرَنْجی** پیتل کا بنا ہوا، پیتل کے رنگ کا نیز **بِرنج** [ف پرنگ کا معرب]۔

بِرَنجاشف کس ب، فت ر، سک ن، س۔ امذ۔ ایک بوٹی جو ایک ہاتھ تک اونچی ہوتی ہے، شاخیں اور پتّیاں باریک ، پھول چتّردار، زرد، سفید یا آسمانی؛ گندنا، گومادر بوے مادراں؛ پیاز کی ایک قسم [لاط: Allium Porum, Artimesca Vulgares]

بَرَنْجَن فت ب ر، سک ن، فت ج۔ امذ۔ کڑا (ہاتھ یا پاؤں میں پہننے کا) م: **دَست بَرنجن/ پا بَرنجن**۔

بِرَنْجَہ کس ب، فت ر، سک ن، فت ج۔ امذ۔ کِیل، کوکا۔

بِرَنگا کس ب، فت ر، غنہ۔ امذ۔ چھت کے ٹپاؤ کا تختہ۔

بَرنی فت ب، سک ر۔ امث۔ پلک، پپوٹا۔

بَرُو فت ر، و مع۔ امذ۔ بانس کی قسم سے ایک پتلی چھڑوں کا پودا جس کی پوروں سے قلم بنائے جاتے ہیں، ایک قسم کا سر کنڈا، سینٹھا، [لاط: Saccharum Sara]۔

بِروا کسر ب، سک ر۔ امذ۔ پودا، درخت، بوٹا۔

بُرُوت ضمہ ب، و مع۔ امث۔ مُونچھ، لبوں کے بال۔

بَرُوتھ فت ب، و مع۔ امذ۔ کھیت کی زمین کو ہموار کرنے کا تختہ، پٹیلا، میڑا، سُہاگا، گاڑی کو ٹکر سے بچانے کے لیے لگایا جانے والا جنگلہ ، ٹکر روک۔

بَڑوٹ فت ب، سک ر، فت و۔ امث۔ پیٹ کا ورم، پچھنے لگانے کا چاقو، افیون کے ڈوڈے گودنے کا دھار دار آلہ۔

بَروٹھا فت ب، و مج۔ امذ۔ زنانہ مکان اور مردانہ دیوانخانے کے درمیان کا کمرہ۔

بُرُودَت ضمہ ب، و مع، فت د۔ امث۔ ٹھنڈک، خنکی۔

بُرُوز ضمہ ب، ومع۔ امذ۔ ظہور، جلوہ، نمود؛ آشکارا ہونا۔

بِروگ کس ب، و مج۔ امذ۔ فراق، جدائی، بِرہ؛ مُصیبت، بپتا۔ صف بِروگی مث، بِروگن/گِن [س: ویوگ]۔

بَرومَنْد فت ب، و مج، فت م، سک ن۔ صف۔ پھل دار، پھلنے والا درخت، مجازاً کامیاب،بامُراد، [ف: بَربار+پھل]۔

بِروں کس ب، و مع۔ رک: بیروں نیز بُروں (ضمہ ب)۔

بِروہا کس ب، ومج امذ۔ چمڑے کا ڈول۔

بِرَہ کس ب، فت مج ر ہ۔ ملفوظ۔ امذ۔ ہجر، فراق، جدائی ،بروگ، نیز بِرْہا مث بِرْہن/ بِرْہَن دُور افتادہ عورت جو اپنے محبوب سے جدا ہو۔

بَرَّہ فت ب، شد فت ر۔ امذ۔ بھیڑ، بکری کا بچہ، میمنا۔

بَرہا فت ب، سک ر۔ امذ۔ کھیت کی نالی جس کے ذریعے پانی کنویں یا تالاب سے پہنچتا ہے؛ وہ زمین جو گانْو کی سرحد پر ہو۔

بُرہان ضمہ ب، سک ر۔ امث۔ روشن، دلیل، حُجّتِ قاطع؛ بیّنہ۔

بْرَہَسْپت سک ب، فت ر، سک ہ س، فت پ۔ عَلَم۔ امذ۔ ستارۂ مشتری، برجیس، جمعرات کا دن، نیز بَرہسپَت وار جمعرات؛ پنجشنبہ۔

بَرْہَم فت ب، سک ر، فت ہ۔ صف۔ بکھرا ہوا، پریشان، منتشر؛ غصے میں بھرا، آپے سے باہر، مر وصفی بَرہم وَ دَرہَم تباہ و برباد، اُلٹ پلٹ۔ اکیف مث، بَرہمی۔

بْرَہم سک ب، فت ر، سک ہ، فت م۔ امذ۔ روح کائنات وجود حقیقی جس کا پرتو یہ عالم ہے۔

بْرَہما سک ب، فت ر، سک ہ۔ امذ۔ عَلَم برہم (رک) کے تین روپوں میں سے پیدا کرنے والا روپ، ہندو عقیدے میں خالقِ کائنات، جو خود مخلوق اوّل تھا۔

بْرَہمْچاری سک ب، فت ر، سک ہ م۔ امذ۔ جو رُو جاتا نہ رکھنے والا مذہبی تعلیم و عبادات میں منہمک آدمی، بْرَہمْچَرْیَہ (بْ رَ ہْ مْ چَرْ یَ) تجّرد کی زندگی۔

بْرَہمَن سک ب، فت مج ر، سک ہ، فت م۔ امذ۔ ہندوؤں کی چار جاتیوں میں سے سب سے اونچی جاتی کا آدمی، مث۔بَرہَمنی برہمن عورت، بَرہمن کی بیوی؛ صف۔ بْرَہمن سے متعلق، ج: بَراہِمہ (بقاعدۂ عربی)۔

بَرَہْنَہ فت ب، فت مج ر، سک ہ، فت ن۔ صف۔ ننگا، عریاں، بے لباس، کھلا، آشکار؛ بے پردہ؛ نیام سے باہر (شمشیر) وغیرہ؛ بَرَہْنَہ پا پاؤں سے ننگا، بغیر جوتی پہنے۔ بَرَہْنَہ سَر سر کھلا۔

بری (۱) فت بہ صف۔ جس کے سر سے الزام اٹھ جائے۔ نجات مخلصی پایا ہوا، غیر ماخوذ۔ بے واسطہ، الگ، غیر ملوث، بری الذمہ (بَ رِی اَز زِم مَ) جوابدہی سے مستثنی۔

بَری (۲) فت بہ امث۔ شادی سے پہلے دولھا کے ہاں سے دلھن کے لیے بھیجا جانے والا سامان، ساچق میں جانے والی مٹھائی اور تحائف۔

بڑِیا کس ب، سک ر۔ ظرف۔ وقت، موقع، محل۔

بِڑیاں کس ب، غنہ۔ صف۔ جلا ہوا، پکّا ہوا، سوختہ۔

بِڑیانی کس ب، سک ر۔ امث۔ پلاؤ کی ایک نفیس قسم جس میں قورمے کی تہہ دی جاتی ہے اور زعفران بھی پڑتی ہے۔

بِری بِری کس بہ فجائیہ۔ ہاتھی کو روکنے کے لیے بولے جانے والا کلمہ۔

بِری پَراٹھا کس ب، فت بہ امذ۔ دال بھر کر پکائی ہوئی گھی کی روٹی۔

بَرِید فت ب، ی مع۔ امث، امذ۔ خطوط رسانی کا نظام، ڈاک؛ ڈاکیا، قاصد۔

بُرِید ضمہ ب، ی مع۔ امث۔ کاٹنا، قطع کرنا، صف۔ بُرِیدَہ کاٹا ہوا، مرکب، قطعُ وَ بُرِید کاٹ چھانٹ۔

بِریز کس ب، ے مج۔ فجائیہ۔ فریاد کرنے، پناہ مانگنے کا کلمہ، مراد: المدد، بچاؤ، معاف کرو۔

بَریشَم فت ب، ے مج، فت ش۔ امذ۔ اَبْرِیشَم رک کی تخفیف۔

بَریغ فت ب، ے مج۔ امذ۔ انگور کا خوشہ۔

بَرِیق فت ب، ی مع۔ امث۔ چکاچوند، چمک دمک۔

بَرِیں فت ب، ی مع، غنہ۔ صف۔ اونچا، بالا، بلند؛ ارفع اعلیٰ۔

بَرِیَّہ فت ب، کس ر، شد فت ی۔ امث۔ مخلوق، خلقِ خدا۔

بَڑ (۱) فت بہ امذ۔ برگد کا پیڑ جس کی شاخیں زمین کی طرف جا کر جڑ پکڑ لیتی ہیں اور پھیلتا چلا جاتا ہے (لاط: Ficus Indica)بَڑْبَتّا (فت ب)/ بَڑ گولا، (و لین) بڑ کا پھل۔

بَڑ (۲) فت بہ امث۔ رک بُر (۱) نیز بُڑ گالی کے طور پر مستعمل؛ بَڑ چوِد۔

بَڑ (۳) فت بہ امث۔ رٹ، زِڑ، ایک بات کی تکرار، بَڑہانْکنا باتیں بنانا۔ شیخی بگھارنا، ڈوں کی لینا۔

بَڑ (۴) فت بہ سابقہ و صفت بڑا کی تخفیف م: بَڑ باگڑ بڑی چمگادڑ، بَڑبولا ڈینگیں ہانکنے والا، بَڑ پیٹا توندل، بَڑچُچّی (ضمہ چ، شد چ) بڑی چھاتیوں والی، بَڑ دَنْتا بڑے دانتوں والا، بَڑ کَنّا جس کے کان بڑے ہوں۔

بَڑا (۱) فت بہ صف۔ اونچا؛بھاری بھرکم، ضخیم؛ وسیع، فراخ؛ باوقعت، معزز؛ عمر میں زیادہ، بزرگ؛ سخت، شدید؛ غیر معمولی، اہم؛ بَڑا دِن، حضرت عیسیٰ کی پیدائش کا تہوار جو ۲۵ دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ بڑا گوشت گائے یا بھینس کا گوشت (بول چال) بڑا کوئی بہت شریر۔ بڑا گھر جیلخانہ۔

بَڑا (۲) فت بہ امذ۔ ماش یا مونگ کی تلی ہوئی پھولی پھولی ٹکیا یا پکوڑا جسے اکثر دہی میں ڈال کر کھاتے ہیں۔

بَڑار فت بہ امذ۔ لدّو بیلوں کا گلّہ۔

بَڑائی فت بہ امث۔ بڑا ہونے کی کیفیت، فضیلت،

بزرگ، برتری، تعریف و توصیف۔
بُڑبُڑانا ضمہ ب، سک ڑ۔ ف ل۔ منہ ہی منہ میں بولنا، خفگی کا اظہار کرنا۔
بَڑبَڑیا فت ب، سک ڑ۔ صف۔ بکواسی، شیخی خورا۔
بُڑبَھس ضمہ ب، سک ڑ، فت بھ۔ امث۔ بڑھاپے میں جنسی شہوت، نیز **بُوڑھ بَھس** صف **بُڑ بَھشیا**۔
بُڑز ضمہ ب، فت ڑ۔ امذ۔ بیت کی بُنائی کرنے والا، بوریا بننے والا۔
بُڑکنا ضمہ ب، فت ڑ، سک ک۔ ف ل۔ مُنہ مارنا، بُکنا بھرنا۔
بُڑکی ضمہ ب، سک ڑ۔ امث۔ غوطہ، ڈبکی، غڑپّا۔
بَڑنا فت ب، سک ڑ۔ ف ل۔ گھسنا، در آنا، ف م: **باڑنا**، گھسانا، داخل کرنا۔
بَڑنگا فت ب، ڑ، غنہ۔ امذ۔ کڑیوں پر پاٹنے کا تختہ۔
بِڑنگا کس ب، فت ز، غنہ۔ صف۔ بَینڈا، بے ڈول، عموماً ٹیڑھا کے ساتھ: **ٹیڑھا بڑنگا**۔
بَڑی (۱) فت بہ صف۔ بڑا، رک کی تانیث۔ مرکب بَڑی بی، بوڑھی عورت، ماما۔
بَڑیاں فت ب، سک ڑ۔ ج مث۔ دھوئی ماش یا مونگ کی مسالے دار سکھائی ہوئی ٹیڑھی میڑھی گولیاں جن کا سالن پکاتے ہیں۔ واحد **بَڑی**۔
بَڑیرا فت ب، ے مج۔ امذ۔ چھت یا چھپّر کو سہارنے والا بڑا شہتیر یا بَلّی۔
بُڑھ ضمہ ب، سک ڑھ۔ **بُوڑھا/ بُوڑھی** کی تخفیف م: **بُڑھ مونہا** بے دانت کا، پوپلا؛ جوانی میں بوڑھا نظر آنے والا۔
بُڑھاپا ضمہ بہ امذ۔ پکّی عمر، کِبرسِنی، ضعیفی، پیری۔
بَڑھانا فت بہ ف م۔ اضافہ کرنا، طول دینا،اُونچا کرنا؛ مبالغہ کرنا؛ بدن پر سے اُتارنا (زیور چوڑی کپڑے وغیرہ)؛ ختم کرنا؛ بند کرنا (دکان وغیرہ) سمیٹنا، (دستر خوان وغیرہ)؛گُل کرنا، ٹھنڈا کرنا، بجھانا، (چراغ وغیرہ)؛ **بَڑھانا چڑھانا** (فت چ) مبالغہ کرنا۔
بَڑھاوا فت بہ امذ۔ ہمت افزائی؛ ترغیب، تشویق۔
بَڑھاوَن فت ب و۔ امث۔ بری نظر سے بچانے کے لیے اناج کے ڈھیر پر رکھے جانے والے اُپلے جو ہندو کاشتکار رکھتے ہیں۔
بَڑھت فت ب، ڑھ۔ امث۔ اُٹھان، نشوونما (موسیقی) آواز کو بتدریج اونچا کرنا۔
بَڑھتی فت ب، سک ڑھ۔ صف۔ زیادہ؛ بڑھتا، نکلتا، زیادہ ہوتا ہوا۔ بڑھنے کا عمل، ترقی۔
بَڑھَل فت ب، ڑھ۔ امذ۔ ایک کھٹ میٹھا زرد پوست کا خربوزے کے برابر گودے دار پھل۔ [لاط: Artocarpus lakoocha]۔
بَڑھنا فت ب، سک ڑھ۔ ف ل۔ بڑا ہونا، نشوونما پانا، پنپنا؛ طول یا ضخامت میں آگے نکلنا؛ ترقی کرنا؛ نیز رک **بَڑھانا** جس کا یہ لازم ہے۔
بَڑھوت فت ب، و لین۔ امث۔ مالیت میں اضافہ جو وقت گزرنے کے ساتھ ہو؛ **بَڑھوتری** اضافہ، ترقی۔
بُڑھئُو ضمہ ب ڑھ، و مع۔ امذ۔ بوڑھا آدمی، بُڈھا، بڑے میاں۔
بَڑھئی فت ب ڑھ، (بروزن عمل) امذ۔ لکڑی کا کام کرنے والا کاریگر، نجّار، ترکھان۔
بَڑھیا فت ب، سک ڑھ۔ صف۔ قیمتی، عمدہ، اعلیٰ۔
بُڑھیا ضمہ ب، سک ڑھ۔ امث۔ بوڑھی عورت، عجوزہ، نیز **بُڑھیا ٹُھڑیا** بطور ترحم یا تمسخّر **بُڑھیا کا کاتا**۔ روئی کے گالے کی شکل کی ایک مہین ریشوں کی بنی ہوئی مٹھائی۔
بَڑھیلا فت ب، ے مج۔ امذ۔ جنگلی سُور۔
بُز ضمہ بہ امذ/ امث بکرا، بکری، گوسفند، بھیڑ،

دُنبہ۔ **بُزاخَفش** بُدھو، نافہم، جاہل جو عالم کی صحبت میں نظر آئے۔ (تلمیح مشہور نحوی اخفش کی طرف جس کی بابت مشہور ہے کہ وہ اپنا لکھا ہوا بکرے کو سنایا کرتا تھا۔) صف **بُزدِل / دِلا** ڈرپوک، کم ہمّت، امث **بُزدِلی** امذ، **بُزدِلاپَن** بزدل ہونے کی کیفیت یا خصوصیت **بُزغالہ** بکری کا بچّہ۔

بُزّا ضمہ ب، شد ز۔ امذ۔ ایک آبی پرندہ، لق لَق۔

بَزّاز فت ب، شد ز۔ امذ۔ کپڑا بیچنے والا۔

بَزازا فت بـ۔ امذ۔ کپڑوں کا کاروبار یا بازار۔

بِزْر کس ب، سک ز۔ امذ۔ بیج، تخم؛ دانہ، تولیدی جرثومہ، نیز **بِزرَہ**۔

بُزُرگ ضمہ ب ز، سک ر۔ صف، امذ۔ معمّر، بڑی عمر کا؛ معّزز آدمی، نیک مرد۔ **بُزُرگ داشت** خبر گیری، نگہداشت، پرورش، بڑوں کا پاس و لحاظ؛ عزت؛ صف **بُزُرگوار** والا، معزز، محترم (شخص) ا کیف مث، **بُزُرگی** بڑائی، کِبرسنی، بڑھاپا۔

بَزْغَنْد فت ب، سک ز، فت غ، سک ن۔ امذ۔ پستے کے درخت کا شگوفہ۔

بَزْل فت ب، سک ز۔ امذ۔ نشتر یا آلات جرّاحی کا استعمال، آپریشن۔

بَزْم فت ب، سک ز۔ امث۔ محفل، مجلس، اجتماع۔

بِزَن کس ب، فت ز۔ فارسی مصدر زدن سے صیغۂ امر = مار، وارکر۔ف مر **بِزَن بولنا** قتل پر تُل جانا۔ کشت و خون کرنا۔

بَس فت بـ۔ امذ۔ قابو، قدرت، مقدور؛ حد، اختتام؛ صبر، قناعت؛ م ف؛ فقط، اتنا ہی، محض۔ صرف۔ صف؛ کافی، غنیمت۔

بِس کس بـ۔ امذ۔ زہر، سم ، **بِس کی گانٹھ**، زہر کی پوٹلی، فساد کی جڑ **بِس کھانپَر، بِس کَھپْرا**، ایک دور تک پھیلنے والی بیل جس کی دو قسمیں ہیں بَری و باغی، ساٹھ (لاط: Boerchavia procumbens /Diffusa) **بِسالا/ بِس بھرا/ بِس مَے** زہریلا، مسموم۔

بَسا فت بـ صف، م فـ بہت، بکثرت، اکثر، بیشتر، م؛ **بَسا اَوقات** بہت مرتبہ **بَسا غَنیمت**، بہت غنیمت۔

بُسا ضمہ بـ۔ صفـ سڑا ہوا، بدبودار۔

بَساتِین فت ب، ی مع۔ ج مذ۔ **بُستان** (رک) کی جمع۔

بِسار کس بـ۔ امذ۔ ادھار لیا ہوا بیج جو فصل پکنے پر اضافے کے ساتھ ادا کیا جائے۔نیز **بِسارا**۔

بِسارنا کس ب، سک ر۔ ف م۔ بُھلانا، فراموش کرنا۔ ف ل، **بِسَرنا** ذہن سے اُترنا۔

بِساط کس بـ۔ امثـ سپاٹ سطح؛ پھیلی، بچھائی ہوئی شے، فرش، چادر وغیرہ؛ چوسر، شطرنج وغیرہ کھیلنے کے لیے بچھایا جانے والا کپڑا یا تختہ؛ وُسعت قدرت، استطاعت۔ امذ۔ **بِساط خانَہ** سینے پرونے کا سامان اور گھریلو اشیائے ضرورت بیچنے کی دوکان **بِساطی** خوردہ فروش جو گھریلو استعمال کی چیزیں بیچے۔

بَساطَت فت ب، ط۔ امث۔ پھیلاؤ، وسعت۔

بُساق ضمہ بـ۔ امذ۔ تھوک، لعاب دہن۔

بِساکھا کس بـ۔ امذ۔ قدیم فلکیات کے مطابق چاند کی سولھویں منزل۔

بَسالَت فت ب، ل۔ امثـ جرأت، ہمّت، بہادری۔

بَسان فت بـ م فـ۔ مثل، مانند م؛ بسانِ نقش پا، نقش پا کی طرح۔

بَسانا فت بـ ف م۔ آباد کرنا، ٹھہرانا؛ بُو یا خوشبو میں رچانا، ا کیف مذ **بَساؤ** مث: **بَساوَٹ**۔

بِسانا کس بـ۔ ف م۔ ملوث، مبتلا، آلودہ کرنا۔

بِساند کس ب، سک ن۔ امثـ ناگوار بُو جو کسی

کھانے کی چیز میں ہو؛ جیسے گوشت کے اچھی طرح نہ پکنے پر، نیز بِساہِند۔ صف بِساندا/ بِسانْدی۔

بَسائِط فت ب، کس ء۔ بَسیط (رک) کی جمع۔

بَسْت (۱) فت ب، سک ، امث۔ شے چیز، مرکب، چیز بَست عموماً مراد زیور۔ [اصلاً وَسْتُو]۔

بَسْت (۲) فت ب، سک س۔ امث۔ تنگی، گھٹن؛ کُشادگی کی ضد۔ مرکب عطفی بَست وَ کُشاد، کھولنا بند کرنا، مراد تدبیر، انتظام صف؛ بَستَہ اکیف مث بَستگی۔ بندش، انقباض۔

بِست کس ب، سک س۔ عدد۔ بیس، بِیست کی تخفیف۔

بِشْتار کس ب، سک س۔ امذ۔ پھیلاؤ، وسعت، شرح، تفصیل؛ طول کلام، [س؛ وِستار = بچھانا پھیلانا، قب ف؛ بستر]۔

بُستان ضمہ ب، سک س۔ امذ۔ بوستان (رک) کی تخفیف بُستانِ اَلْاَطفال (بُس تا نُل اَت فال) ننھے بچّوں کو کھلونوں، کھیل تفریح کے ذریعے ابتدائی ذہنی تربیت دینے کا مدرسہ (جرمن؛ Kindergarten)۔

بَستَر فت ب، سک س، فت ت، امذ۔ کپڑے پوشاک، [س: وَستر]۔

بِستَر کس ب، سک س، فت ت۔ امذ۔ سونے کے لیے بچھایا جانے والا کپڑا ، دری چادر وغیرہ۔ بچھونا۔ بِستَر بَند سفر پر لے جانے کے لیے بستر کولپیٹنے کے لیے عموماً کرمچ کا بنا ہوا غلاف یا تسمے، بِستَرِ ناخُن ناخن کے نیچے کا نرم گوشت۔

بَستَم بَستَم فت ب، سک س، فت ت۔ امث (روز مرّہ) بول چال پر بندش، آواز نہ نکالنے کی پابندی۔

بَستَن فت ب، سک س، فت ت۔ امث۔ باندھنا، کسنا، امث۔ بَستَنی غلاف، پوٹلی، گٹھڑی، تھیلی، چُنائی کا مسالہ؛ صف۔ بندھا جانے والا، باندھنے کے قابل۔

بَستَہ فت ب، سک س، فت ت۔ صف۔ بندھا ہوا، کسا ہوا، منجمد۔ امذ۔ باندھے یا لپیٹے ہوئے کاغذات کا غلاف، تھیلا یا پشتارہ۔

بَسَر فت ب س۔ امث۔ گزران، دن گزارنا، جینا، رہنا سہنا، بَسَر اَوقات (سک ر، و لین) گزارا، شکلِ زیست، معاش، نیز بَسَر بُرد۔

بِسرام کس ب، سک س۔ امذ۔ قیام، پڑاؤ، آرام، استراحت [س؛ وِشرام]۔

بِسَرجَن کس ب، فت س، سک ر، فت ج۔ امذ۔ اختتام، خاتمہ، تتّمہ۔

بِسَرنا کس ب، فت س، سک ر۔ ف ل۔ فراموش ہونا، بھلا دیا جانا، ف م : بِسرانا، بُھولنا۔ (عموماً گیتوں میں)۔

بَسَرو چَشم فت ب س، و مج، فت چ، سک ش۔ م ف۔ سر آنکھوں پر، خوشی سے، خندہ پیشانی کے ساتھ۔

بَسْط فت ب، سک س۔ امث۔ کشادگی، پھیلاؤ؛ بچھانا؛ کھولنا، شرح کرنا؛ شگفتگی، انبساط۔

بَس کَھٹ فت ب، سک س، فت کھ۔ امث۔ بانس کی بنی ہوئی کھاٹ یا چارپائی۔

بِسْمِ اللہ کس ب، سک س، کس م، اغم، شد ل، بمد۔ امث۔ قرآن شریف کے آغاز کے الفاظ بِسمِ اللہِ اَلرّحمٰنِ الرّحیم کی تخفیف؛ ابتدا، آغاز؛ وہ الفاظ جو مسلمانوں میں کسی کام کو شروع کرتے وقت یا کسی لغزش سے سنبھلتے وقت برکت کے لیے پڑھے جاتے ہیں۔ بِسمِ اللہِ مَجریھا و مُرسٰھا (ے مج) وہ الفاظ جو ازروئے قرآن حضرت نوح نے کشتی کو رواں کرتے وقت پڑھے تھے۔ اس کا چلنا اور لنگر انداز ہونا اللہ کے نام کے ساتھ ہے [مَجرے ہا (ی مع)

میں اِمالہ ہے] بِسم اللہ کا گُنبَد (گُم بَد) دنیا سے الگ تھلگ ، بند ، محفوظ جگہ۔

بِسمِل کس ب، سک س، کس م۔ صف۔ زخمی، گھائل، مقتول؛ تڑپتا ہوا۔

بَسمَہ فت ب، سک س، فت م۔ امذ۔ کپڑے پر سنہری حروف چھاپنے کا فن، منقش قیمتی کپڑا، صف، بَسمَئی بسمہ کی ہوئی پوشاک۔ [ع: وَسمَہ]۔

بَسنا (۱) فت ب، سک س۔ ف ل۔ آباد ہونا، قیام کرنا، رہنا، سمانا؛ سرایت کرنا؛ خوشبو میں بسایا جانا۔

بَسنا فت ب، سک س۔ امذ۔ سناروں کی گدّی کے آگے بچھا ہوا کپڑا جس پر زیور معائنے کے لیے رکھتے ہیں۔

بُسنا ضمہ ب، سک س۔ ف ل۔ سڑ جانا، بدبودار ہو جانا۔

بَسَنْت فت ب س، سک ن۔ امث۔ بہار کے موسم کا میلہ، جب سرسوں پھولتی ہے۔ اس موقع پر زرد بسنتی لباس پہنا جاتا ہے؛ (موسیقی) ایک راگنی جو بہار سے ملتی جلتی ہے۔ [س: وسَنت]۔

بَسنتی فت ب س، سک ن۔ صف۔ سرسوں کے رنگ کا، زرد۔

بِسوا کس ب، سک س۔ امذ۔ ایک بیگھے زمین کا بیسواں حصّہ، ۱۸۰ مربع گز کے مساوی بِسوے دار۔ کاشتکار جسے کسی قطعۂ زمین پر کاشت کرنے کا حق ہو۔

بِسْواس کس ب، سک س۔ امذ۔ (رک) وِشواس مرکب امث بِسواس گھات بدعہدی۔

بِسوانسا کس ب، سک س، امغ۔ امذ۔ بسوے کا بیسواں حصہ۔

بِسُورنا کس ب، و مع، سک ر۔ ف ل۔ روتی شکل بنانا۔ صف بِسُوریا۔

بَسوَڑ فت ب، و مج۔ امذ۔ ٹوکریاں بُننے والا کاریگر۔

بَسُولا فت ب، و مع۔ امذ۔ لکڑی چھیلنے کا اوزار جس میں لکڑی کے پتے کے ایک سرے پر ایک چوڑا آہنی پھل ایک حلقے کے ذریعے پھنسا ہوتا ہے۔ مث بَسُولی بسولے سے ملتا ایک چھوٹا اوزار جس سے معمار اینٹوں کو توڑتے اور چھانٹتے ہیں۔

بَسَوَیّا فت ب، سک س، فت و، شد ی، امذ۔ بسنے والا، کہیں آکر رہنے، بس جانے والا نیز بَسَیّا۔

بَسیے فت ب، ے مج۔ صف۔ م ف۔ بہت سے، اکثر، اکثر اوقات [ف: قب بسا]۔

بِسیار کس ب، سک س۔ صف۔ زیادہ بہت، کثیر، بڑھ کر، بہتات سے، مر وصفی بِسیار خوَر زیادہ کھانے والا، پیٹو۔

بَسیٹھ فت ب، ے مج، صف۔ پیغام رسانی کرنے والا؛ بچولیا، دلّال مث، بَسیٹھی دلّالی۔

بَسیرا فت ب، ے مج۔ امذ۔ شب باشی، رات کا قیام، رہنے، سونے، آرام کرنے کا مقام، پڑاؤ، جاے سکونت؛ صف بَسیرُو بسیرا کرنے والا۔

بَسیط فت ب، ی مع۔ صف۔ چوڑا پھیلا ہوا، کشادہ، وسیع، فراخ؛ (فلسفہ) مفرد، خالص، قائم بالذّات، جس کا تجزیہ نہ ہو سکے ناقابل تقسیم (ریاضی) سادہ عمل، مرکب کی ضد۔

بَسیکھ فت ب، ے مج۔ امذ۔ امتیازی صفت، خصوصیت خاصّہ؛ چلن، وضع، رواج۔

بَسیلا فت ب، ے مج۔ امذ۔ پھنسی یا پھوڑا جس میں پیپ پڑ جائے۔ صف زہریلا۔

بَشارَت فت ب، ر۔ امث۔ خوش خبری، مژدہ، [اصلاً ع: بِشارَہ کس ب]۔ ج بَشائر۔

بَشّاش فت ب، شد ش۔ صف۔ خوش و خرم، شاد، ہنستا بولتا، اکیف مث، بَشاشت (بلا شد)

شادمانی۔

بَشَر فت ب، ش۔ امذ۔ آدمی ، انسان۔ **بَشَرِیّات** تاریخ تمدّن، نوع انسان کا تاریخی مطالعہ۔

بُشْرَہ فت ب، سک ش، فت ر۔ امذ۔ چہرہ، شکل و صورت، جِلد، برَن [ع: بَشَرَہ: جلد رنگت] **بُشرہؐ** باطِنہ جلد کے نیچے کی نرم کھال، **بُشرۂ مخاطِبہ** بالائی جلد، نباتات کی چھال۔

بُشْریٰ ضمہ ب، سک ش، ی غم۔ فجائیہ۔ مُژدہ ہے، شاد باشید۔

بُشْقاب ضمہ ب ، سک ش۔ امث۔ بڑی قاب، تھال نما رکابی۔

بِشَن کس ب، فت ش۔ امذ۔ علم رک: **وِشْنُو**۔

بَشِیر فت ب، ی مع۔ صف۔ بشارت دینے، خوش خبری سنانے والا۔

بَصَارَت فت ب، ر۔ امث۔ بینائی، دیکھنے کی حس، نیز **بَصَر** صف **بَصَری/ بَصَارتِ زَوجی** بھیّنگا پن۔ ج: **بَصائر** بینائیاں۔

بَـصَر فت ب ص۔ رک: **بَصارَت** ج **اَبصار**۔

بَصْرِی فت ب، سک ص، فت ر۔ امذ۔ کبوتر کی ایک لمبی چونچ والی قسم جو بلند پرواز اور تیز رفتار ہوتی ہے اور پیغام رسانی کے لیے سدھائی جاتی تھی۔

بَصَل فت ب ص۔ امث۔ پیاز، **بَصَلُ اْلفار** جنگلی پیاز کی ایک قسم جس سے چوہے مار دوا بنائی جاتی ہے (لاط: Urginia Indica) ج **بَصَلہ** پیاز کی قسم کے پودے جن کا پَھل پرت دار ہوتا ہے۔

بَصِیر فت ب، ی مع۔ صف۔ دیکھنے والا، بینا، اکیف مث **بَصِیرَت**۔ گہری نظر، قوت فہم، دیکھنے کے ساتھ سمجھنے جانچنے کی صلاحیت، چشم باطن، ج: **بَصائِر**۔

بِضاعَت کس ب، فت ع۔ امث۔ مال و متاع، حیثیت، استطاعت، مقدور، بساط۔

بَضِد فت ب، کس ض۔ صف۔ مخالف، اُلٹا، مقابلے پر: نیز **بَرضِد** عام طور پر **بَجِد** کے مفہوم میں رائج۔

بُضْعہ ضمہ ب، سک ض، فت ع۔ امث۔ عورت کی شرمگاہ، فرج، نیز **بُضع**۔

بِضْعَہ کس ب، سک ض، فت ع۔ امذ۔ پارہ، ٹکڑا، **بِضعَتُہ مِنّی** میری ذات کا ایک حصّہ (رسول خداؐ کی حدیث بابت حضرت فاطمہؓ)۔

بَط فت ب، امث۔ بطخ، بطخ کی شکل کی صراحی۔ امذ۔ عملِ جرّاحی، نشتر لگانا۔

بَطالَت فت ب، ل۔ امث۔ جھوٹ، دروغ گوئی؛ ہمّت، حوصلہ۔

بِطالَت کس ب، فت ل۔ امث۔ سستی، کاہلی، بے عملی۔

بِطانہ فت ب، ن۔ امذ۔ استر، پگڑی کے نیچے پہنی جانے والی ٹوپی، تہ پیچ، چھت گیری،خفیہ تہ؛ راز،چُھپی ہوئی شے۔

بَطْحا فت ب، سک ط۔ امذ۔ چٹانی، پتھریلا علاقہ، مراد وادئ مکّۂ معظمہ۔

بَطّخ فت ب، شد فت ط۔ امث۔ پانی کے قریب رہنے والا تیراک جانور جس کی کئی قسمیں ہیں اور بعض اڑ بھی سکتی ہیں۔ عام طور پر لمبی گردن چوڑی زرد یا سُرخ چونچ اور چھوٹے چوڑے جھلی دار پنجوں والی گھریلو بط سے مراد لی جاتی ہے جو اجنبی آدمی کو دیکھ کر شور مچاتی اور حفاظت کے لیے مفید خیال کی جاتی ہے اور اس کاگوشت بھی کھایا جاتا ہے۔ نیز **بَطَک**، **بَط** (رک)۔

بَطْخی فت ب، سک ط۔ توڑے دار بندوق کے ساتھ بارود رکھنے کی ڈبیا یا کُپّی۔

بِطْرِیق کس ب، سک ط، ی مع۔ امذ۔ عیسائیوں کا مذہبی رسوم ادا کرنےوالا پادری؛ قطب جنوبی کے علاقے کا ایک پرندہ جس کے پر پادریوں کے لبادے سے ملتے ہیں (انگ: Penguine)۔

بَطْش فت ب، سک ط۔ امث۔ سختی، سخت گیری، تشدد۔

بَطَل فت ب ط۔ امذ۔ بہادر، دلاور شحض ممتاز شخصیت، ہیرو۔

بُطْلان ضمہ ب، سک ط۔ امذ۔ تکذیب، جُھٹلانا، رد کرنا، منسوخ کرنا، تردید، تنسیخ۔

بَطلیمُوس فت ب، سک ط، ی مع، و مع، امذ۔ قدیم مصری بادشاہوں کا ایک نام، عام طور پر اِس نام کے اُس مہندس سے مراد لی جاتی ہے جس سے ایک جنتری مُنسوب ہے، جس میں زمین کو مرکزِ کائنات قرار دیا گیا تھا، اور گریگورین جنتری سے پہلے رائج رہی [انگ Ptolemy یونانی: Ptolemaikos)

بَطن فت ب، سک ط۔ امذ۔ پیٹ، شکم؛ رحم، بچہ دانی، کوکھ؛ مجازاً کسی چیز کا اندرونی حصّہ، جوف، مرکب وصفی، **بَطنِ اَلْبُطون**، نہایت گہرا، خفیہ پوشیدہ راز یا شے، صف۔ **بَطنی** مفروضہ، قیاسی **بَطْنی حُرُوف**، وہ حروف جو لکھنے میں نہ آئیں، لیکن پڑھے جائیں، ا، و، ی کی آوازیں جو زیر، پیش یا زبر کے اشباع سے پیدا ہوں۔

بَطنوَل فت ب، سک ط، و مج۔ امذ۔ لفظاً بطخ کی چونچ مراد ایک لوٹے کی طرح کا ظرف یا آفتابہ جس کی ٹونٹی بطخ کی چونچ سے ملتی تھی۔

بُطُون ضمہ ب، و مع۔ ج مذ۔ امذ۔ **بَطن** رک کی جمع؛ اندرونی حصّے یا جوف۔

بَطی فت ب، ی مع۔ صف۔ سُست، مدھم، سریع کی ضد۔ **بَطیِ اَلاِنْزال** مجامعت میں دیر سے فارغ ہونے والا؛ **بَطیِ السَّیر** سست رفتار۔

بَطیبِ خاطِر فت ب، ی مع، کس مج ب، کس ط۔ م ف۔ رضا و رغبت سے، خوش ہو کر، خوشدلی یا نیک دلی سے۔

بَطیرَہ فت ب، ی مع، فت ر۔ امذ۔ تاروں سے کسا ہوا ایک ساز جس کے چوکھٹے میں بطخ کی گردن بنی ہوتی ہے، بربط۔

بَطین فت ب، ی مع۔ صف۔ جس کا پیٹ بڑھا ہوا ہو، توندل۔

بَظْر فت ب، سک ظ، امذ، وہ چھوٹا سا اُبھار جو فرج کے بالائی حصے میں غلاف فرج سے ڈھکا ہوتا ہے اور نہایت ذکی الحس ہوتا ہے۔

بَعْث فت ب، سک ع۔ امذ۔ مر کے جینا؛ سوکے اٹھنا؛ قیامت کے دن خلق کا دوبارہ زندہ کیا جانا؛ وہ غزوہ جس میں رسول اللہؐ نے بذات خود شرکت نہ کی، سَریہ۔

بِعْثَت کس مج ب، سک ع، فت ث۔ امث۔ خدا کی طرف سے بندوں کی جانب بھیجا جانا، رسالت، نُبُوّت۔

بَعْد فت ب، سک ع۔ ظرف؛ م ف۔ زمانے کے لحاظ سے پیچھے، مؤخّر، **بَعد اَزاں/ بَعدَہُ** (بَع دَ ہُو) اُس کے بعد، **بَعد اَز خرابیٔ بِسیار/ بَصَرہ** بہت سا نقصان زحمت اٹھانے کے نتیجے میں۔

بُعْد ضمہ مج ب، سک ع۔ امذ۔ فاصلہ، دوری، ضلع؛ کسی جسم کا طول ، عرض ، عُمُق۔ **بُعد اَلْمَشرِقَین** کامل تضاد **بُعدِ رابِع** کسی جسم کے حدود و حجم کو متعیّن کرنے والی تین مرئی خصوصیات طول، عرض، عُمق کے علاوہ اُس کے وُجود زمانی کا تصوّر۔

بَعْض فت ب، سک ع۔ صف۔ چند، کچھ، کوئی؛ کُل کا کوئی جُز، نیز امذ۔ **بَعضا** ج **بَعضے** کوئی ایک، کوئی کوئی۔ مث **بَعضی**۔

بَعْل فت ب، سک ع۔ عَلَم۔ قدیم سامی دیوتا، دیوتا کا بُت، نیز **بَعلزَبُوب بَعْلَبَک** لبنان کا ایک قدیم شہر جہاں بعل کا بڑا مندر تھا۔ ج **بُعُول** دیوتا، اصنام۔

بَعِید فت ب، ی مع۔ صف۔ دور، بڑے فاصلے پر؛ محال، خلاف قیاس۔

بَعِیر فت ب، ی مع۔ امذ۔ اونٹ، شُتُر۔

بَعَینِہٖ کسمج ب، ے لین، کسمج ن، امثل ی، م ف، ہُوبَہو، بالکل۔

بَغارَہ فت ب، ر۔ امذ۔ بڑا چھید جو کپڑے میں ہو، بھمباقا۔

بَغاوَت فت ب، و۔ امث۔ سرکشی، اقتدار کے خلاف اقدام، خُروج۔

بَغْبَغا فت ب، سک غ۔ امذ۔ ٹھوڑی کے نیچے لٹکتا ہوا گوشت؛ ایک قسم کا کبوتر جس کی گردن نیچے کی طرف سے زیادہ پھولی ہوئی ہوتی ہے۔ **بَغْبَغوں** (غنہ) کبوتر کا مادہ سے جفتی کے لیے گردن پُھلا پُھلا کر مخصوص آواز نکالنا۔

بَغْتَتہً فت ب، سک غ، فت ت، تن فت تہ م ف۔ دفعتہً ناگہاں، اچانک۔

بُغْچَہ ضمہ ب، سک غ، فت چ۔ امذ۔ چھوٹی گٹھڑی، کپڑے یا دوسری اشیا باندھنے کی ڈوریوں دار چادر، تصغیر مث **بُغچی**۔

بُغْدا ضمہ ب، سک غ۔ امذ۔ قصاب کا قیمہ بنانے کا بھاری چُھرا۔

بُغْض ضمہ ب، سک غ۔ امذ۔ بَیر ، جلَن، عداوت، کَپَٹ۔ (بول چال) **بُغضِ لِلّٰہی** (لِل لاہی) خواہ مخواہ کا بیر، بلا وجہ پرخاش۔

بَغَل فت ب، غ۔ امث۔ بازو کے اندرونی سرے اور سینے کے درمیان کی گھائی،کا نکھ؛ پہلو، آغوش؛ کنارا؛ قبضہ،تصرف، م؛ اپنا مال اپنی بغل میں **بَغَل بَچّہ** گود کا بچّہ یا پٹھو، **بَغَل بَنْد** انگرکھا جس کا بند پہلو میں لگتا ہے۔ **بَغَل بِلائی** (کس ب) بَغل میں نکلنے والا پھوڑا، ککرالی۔ **بَغَل گَنْد** زیادہ پسینہ آنے اور نہ نہانے کے سبب بغل سے آنے والا بو کا بھبکا، **بَغَل گِیر** ہم آغوش ، گلے ملنے والا۔ محاورہ؛ **بَغلیں بَجانا**، کامیابی پر فخر یا خوشی کا شدید برملا اظہار، **بَغلیں جھانَکنا**، لاجواب ہو جانا، سٹ پٹا جانا، صف۔ **بَغلی** پہلو کا م؛ **بَغلی قَبَر**، وہ لحد جو قبر کے پہلو میں ہو۔

بَغَلا فت ب، سک غ۔ امذ۔ ایک قسم کی بڑی کشتی جو بحیرۂ عرب کے ساحلوں میں چلتی ہے۔

بَغْلَک فت ب، سک غ، فت ل۔ امث۔ (بنوٹ) پہلوپروار۔

بَغْلول فت ب، سک غ، و مج۔ صف۔ احمق، عجیب ہیئت و صورت کا آدمی جسے دیکھ کر ہنسی آئے۔

بَغْلِیاں فت ب، سک غ، کس ل۔ ج مث۔ (جلد بندی) کتاب کے دونوں جانب کی دفتیاں مَلَث یا پٹھے۔

بَغا فت ب۔ امث۔ سر کے بالوں کی خشکی جو بھوسی کی طرح جھڑتی ہے۔

بَق فت ب۔ امذ۔ مچھر، بَعُوض۔

بَقا فت ب۔ امث۔ حیات، زندگی، فنا کی ضد؛ پائیداری، دوام، **بَقائے اَصْلَح** یہ حیاتیاتی نظریہ کہ انواع حیات کی باہمی کشمکش میں وہ نوع جو حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی قدرت یا بہتر صلاحیت رکھتی ہو باقی رہتی ہے۔ **بَقائے باہَمی**، باہم مل جل کر رہنا۔ **بَقائے دَوام** غیر فانی زندگی؛ پائیدار شہرت۔

بُقّا ضمہ ب، شد ق۔ امذ۔ دھوئیں کا مرغولہ، بُو کی لپَٹ۔

بِقاع کس ب۔ ج مذ۔ **بُقْعَہ** (رک) کی جمع۔

بَقّال فت ب، شد ق۔ امذ۔ سبزی فروش، کُنجڑا، اَجناس اور اشیائے خوردنی بیچنے والا۔

بَقایا فت ب۔ ج مذ۔ صف۔ **بَقِیّہ** (رک) کی جمع؛ واجب الوصول رقم، باقی بچنے والی مقدار۔

بَقْباق فت ب، سک ق۔ امذ۔ بکواسی آدمی، فضول

گو۔
بُقْچَہ ضمہ ب، سک ق، فت چ۔ امذ۔ رک **بُغچہ** [اصلاً ت : بوغچہ]۔
بَقَر فت ب، ق۔ امذ۔ گائے یا بیل۔مث **بَقَرہ**، **بَقَر جَبَلی** (فت ج ب) نیل گائے امذ۔ **بَقَرِیَّہ** گائے کے جسم میں پیدا ہونے والے چیچک کے جراثیم سے تیار کیا جانے والا چیچک کا ٹیکا۔
بُقْراط ضمہ ب، سک ق۔ علم۔ پانچویں صدی ق م کا یونانی طبیب جسے طب کا بانی کہا جاتا ہے؛ مجازاً بڑا عالم، یا بر خود غلط، علمیت کا دعویٰ رکھنے والا، یا گمبھیر نظر آنے والا آدمی۔ [یونانی: Hypocrates]۔
بقْرہ عید فت ب، سک ق، فت ر، ی مع۔ امث۔ حج کے موقع پر ۱۰ ذی الحجہ کو منائی جانے والی عید جس میں جانوروں کی قربانی ہوتی ہے۔ عید الاضحیٰ **بَکْرِید**۔
بُقْعَہ ضمہ ب، سک ق، فت ع۔ امذ۔ خانہ، گھر ، مقام؛ قطعۂ اراضی، چھینٹ یا رنگ کا نشان، داغ، نقطہ۔ **بَقْعۂ نُور** قندیل؛ **بُقعۂ ظُلمت** آنکھ کی پتلی کا وہ نقطہ جس میں بینائی کی حس نہیں ہوتی **بُقْعۂ عَمْیا** [انگ: Blind Spot]۔
بَقْل فت ب، سک ق۔ امذ۔ سبزی، ترکاری، نیز **بَقْلہ** ج: **بُقُولات**۔ **بَقّال** سبزی فروش، **بَقَل بَطُورا** اُول جَلُول آدمی پر پھبتی، **بَقْلَتُہ اْلحَمْقا** (بَق لَ تَل حَم قَا) خرفے کا ساگ لفظاً: باولی سبزی، [ع: جَمقاء احمق کا مؤنث]۔
بُقُم ضمہ ب ق۔ امذ۔ رک **بُکم**۔
بَقِیّہَ فت ب، ی مع، شد فت ی۔ امذ۔ بچا ہوا، جُز، حصّہ، مقدار یا افراد۔ **بَقِیّتہ اْلسَیف** (بَ قی یَ تُس سَیف) وہ لوگ جو جنگ میں زندہ بچ گئے ہوں۔
بَک فت ب۔ امذ۔ بگلا (لاط: Ardea torra Nivea)۔ **بک دھیان** گہری سوچ، غوطہ۔

بُک ضمہ ب۔ امث۔ ایک نفیس باریک کپڑا جس کے دوپٹے وغیرہ بناتے تھے،تنْزیب کی ایک قسم۔
بُکا ضمہ ب۔ امذ۔ رونا، گریہ، زاری۔
بُکّا ضمہ ب، شد ک۔ امذ۔ رک **بُقّا**۔
بَکار فت ب۔ امذ۔ لفظ، صوت، بول۔
بکار کس ب۔ امذ۔ تبدیلی، پلٹنا، [س: وِکْرِتی]۔
بَکارا فت ب۔ امذ۔ پرچی، چٹ، لیبل جو کسی صندوق ، پیٹی وغیرہ پر نام پتہ لکھ کر لگایا یا چپکایا جائے۔
بکارا کس ب، امث۔ ناکارہ، ناقابل کاشت ریتلی زمین۔
بَکارَت فت ب، ر۔ امث۔ کنْوار پن، دوشیزگی۔
بَکام فت ب۔ صف۔ موافق، سازگار۔
بَکانا فت ب۔ ف م۔ بولنے پر اُکسانا، بکواس کرنے پر مائل کرنا۔
بَکاوَل فت ب و۔ امذ۔ باورچی، خانساماں، امث۔ **بَکاوَلی** باورچی گیری۔
بَکاوُلی فت ب، و مج۔ رک: **گُل بَکاوُلی**۔
بَکائن فت ب، کس مج ء۔ امذ/ امث۔ نیم سے مشابہ ایک درخت جس کی پتیاں نیم سے ذرا لمبی اور بے مزا پھل کا مزا بِکٹا ہوتا ہے۔ پتّے جانور شوق سے کھاتے ہیں۔ مہا نیب، کاکیڑ (لاط: Melia Azadirachta)نیز **بَکایَن**۔
بکاؤ کس ب، ومع۔ صف۔ بکنے کے لیے، برائے فروخت۔
بَکْتَر فت ب، سک ک، فت ت۔ امذ۔ زرہ، لوہے کے تاروں یا چادروں سے بنا ہوا جنگی لباس۔ **بکتر بَنْد** زرہ پوش، جنگی موٹر گاڑی جو چاروں طرف سے بند، مضبوط آہنی چادروں سے ڈھکی ہوتی ہے۔ **بکتر بَنْد دَستَہ** آہنی بکتر پوش گاڑیوں کا فوجی ٹولا۔

بِکَٹ کس ب، فت ک۔ صف۔ درد انگیز، دکھ بھرا، مشکل، کٹھن، امث۔ مصیبت، بپتا۔
بِکَٹ کس ب، فت ک۔ امذ۔ پہرہ چوکی، حفاظت کے لیے متعین سپاہی [انگ: Picket]۔
بُکَّٹ ضمہ ب، شد فت ک۔ امذ۔ **بُکَّٹا** ۔
بُکٹا ضمہ ب، سک ک۔ صف۔ زبان کے لعاب کو خشک کرنے والا (ذائقہ) کسیلا، بَھکسا؛ نیز رک **بُکَّٹا**۔
بُکَّٹا ضمہ ب، فت ک، شد ٹ۔ امذ۔ جھپٹ کر پنجے یا دانتوں سے نوچ لینے کا عمل، محاورہ، **بُکَّٹا بھرنا** ، منہ یا پنجہ مار کر جھپٹ لینا، بوٹی اتار لینا۔
بَکْر فت ب، سک ک۔ امذ۔ عَلَم۔ ایک نام جو مثالوں یا مسئلوں میں کسی فرضی شخصیت کو ظاہر کرنے کے لیے لیا جاتا ہے، مثل زید و عَمر۔
بَکْرا فت ب ، سک ک۔ امذ۔ نر گوسفند، تخفیف **بَکْر/بَکَر** م: **بَکْرِید** عیدالاضحیٰ ۔ **بَکر قصاب** بکری کا گوشت بنانے اور بیچنے والا قصائی، تصغیر **بَکرَوٹا** (و لین) بکری کا بچہ میمنا، امذ۔ **بَکری**۔
بُکرانْد ضمہ ب، سک ک، غنہ۔ امث۔ باسی بند رکھی ہوئی ،غلے کی بنی ہوئی غذا میں پیدا ہو جانے والی بو۔ صف۔ **بُکرانْدا، بُکراندی، بُھکْرانْد**۔
بِکْرَمی کس ب، سک ک، فت ر۔ صف۔ مہاراجہ وکرم آدتیہ سے منسوب سمَوت یا تاریخوں کا حساب رک **وِکْرَم**۔
بَکْرَنْڈی فت ب، سک ک، فت ر، سک ن۔ امث۔ چارپائی کی پائنتی کی طرف عرض میں ڈالی ہوئی بٹے ہوئے سوت یا بان کی ڈوریوں کی رسّی جس میں سے ادوان کی ڈوریاں پرو کر کسی جاتی ہیں۔
بِکری کس ب، سک ک۔ امث۔ فروخت، بیچنے کا عمل یا آگھائی؛ فروخت کی کُل مالیت۔
بِکری تَولِید کس ب، سک ک، و لین، ی مع۔ امث۔ (حیاتیات) بعض انواع حیات میں نر و مادہ کے ملے بغیر افزائش یا ولادت ہونا۔
بِکَسنا کس ب، فت ک، سک س۔ ف ل۔ پوری طرح کُھلنا، وا ہونا؛ شگفتہ ہونا؛ پھول کا پوری طرح کِھل کر بکھر جانا؛ مرجھانے کے قریب ہونا؛ مرجھانا، کملانا؛ سوکھنا، بکھر جانا؛ گَل جانا، کھال گوشت وغیرہ کا نرم پڑ جانا۔
بَکْسُوا فت ب، سک ک، ضمہ س۔ امذ۔ کمر پیٹی، تسمے وغیرہ کے سِروں کو جوڑنے کے لیے ایک سرے پر لگا ہوا حلقہ جس کے بیچ میں نوک ہوتی ہے جو دوسرےسرے کے چھیدوں میں پھنسا لی جاتی ہے۔ نیز رک: **بَکلُوس**۔
بَکُل فت ب، ضمہ ک۔ امث۔ مولسری کا پیڑ (لاط: Surinam Medlar)۔
بَکَّل فت ب، شد فت ک۔ امذ۔ درخت کی چھال، پوست، محاورہ **بَکَّل اُڑانا** مار مار کر کھال اُدھیڑ دینا۔
بُکَّل ضمہ ب، شد فت ک۔ امذ۔ دوپٹے کا سینے اور کاندھے پر پڑا ہوا پَلّو۔ ف مر **بُکَّل مارنا**، دوپٹے کے پلّو کو سامنے کی طرف سے کاندھے پر ڈالنا۔

بَکلُوس فت ب، سک ک، ومع، امذ۔ بکسوئے سے بندھے والی کمر پیٹی جو وردی کا جز ہوتی ہے۔
بُکْم ضمہ ب، سک ک۔ صف ج۔ گونگے، واحد
بَکَم فت ب، ک۔ امذ۔ چندن کی قسم سے ایک درخت جس کی لکڑی سرخ رنگ بنانے کے کام آتی ہے۔ پتنگ کا پیڑ۔ نیز **بُقَّم** (لاط: Haemotoxyli Lignum)۔
بُکَن ضمہ ب، فت ک۔ امث۔ ایک چھتہ دار بوٹی،

شاخیں باریک، پتے پتلے اور لنبوترے، نوکدار، شاخ کی ہرگرہ پر چھوٹا سا گول پھول گھنڈی نما، آسیا بُوٹا۔ دواءً مستعمل۔

بَکْنا فت ب، سک ک۔ ف ل۔ بڑ بڑانا، بکواس کرنا، ڈانٹنا ڈپٹنا، نیز **بَکنا جَھکْنا/ جھینکنا۔**

بِکنا کس ب، سک ک۔ ف ل۔ بیچا جانا، کسی معاوضے کے بدلے کسی کا طرفدار تابع دار ہو جانا۔

بُکْنی ضمہ ب، سک ک۔ امث۔ سفوف، برادہ چورا۔

بِکوٗٹ کس ب، و مج۔ امذ۔ جلاّد، پھانسی دینے والا۔

بُکوٗر ضمہ ب، و مع۔ امذ۔ سحر خیزی، سویرے اٹھنا، جلد نکل پڑنا، وقت سے پہلے آ پہنچنا۔ قبل از وقت ولادت۔ صف **بَکُور** سحرخیز۔

بَکّہ فت ب، شد فت ک۔ علم۔ مکّۂ معظمہ کا دوسرا نام۔

بَکَیت فت ب، ے لین۔ امذ۔ بانک بنوٹ کا ماہر۔ امث۔ بَکَیتی چُھریوں سے مقابلہ۔

بَکھان فت بـ امذ۔ ذکر ، بیان؛ وعظ؛ ف م؛ **بَکھاننا** کہنا، باتیں ملانا، قصّہ سنانا؛ تعریف توصیف کرنا، گن گانا۔ [س: ویاکھیان]۔

بَکھّر فت ب، کھ۔ امذ۔ زراعت و باغبانی کا آلہ جس سے مٹی کو سمیٹتے یا بکھیرتے اور پھیلاتے ہیں۔

بَکْھرا فت ب، سک کھ۔ امذ۔ کہاروں کا کندھے پر رکھنے کا کپڑا یا گدّی تا کہ ڈولی کے ڈنڈے سے چھلنے نہ پائیں،نیز **پَکْھرا۔**

بِکھَرنا کس ب، فت کھ، سک ر۔ ف ل۔ منتشر، تتّر بتّر ہونا، پراگندہ، پریشان ہونا؛ مچلنا، قابو سے باہر ہونا۔

بِکْھما کس ب، سک کھ۔ امذ۔ تریاق، زہر کا توڑ۔

بِکَھم کس ب، فت کھ۔ صف۔ طاق،سَم یا جفت کی ضد؛ ناہموار، بے جوڑ۔

بَکھّی فت ب، شد کھ۔ امث۔ پسلی ، پہلو۔

بَکھیر فت ب، ے مج۔ امث۔ نچھاور، پھول، سکے وغیرہ برسانا، لٹانا۔

بَکھیرنا فت ب، ے مج، سک ر۔ ف م۔ منتشر، تتر بتر کرنا، **بِکَھرنا** رک کا متعدی، نیز **بِکھرانا۔**

بَکھیڑا فت ب، ے مج۔ امذ۔ بکھرا ہوا سامان۔ جھگڑا، ٹنٹا، الجھاوا، پیچیدگی، صف **بَکھیڑیا** الجھنیں پیدا کرنے والا، فسادی۔

بَگ (۱) فت بـ امث۔ باگ رک کا مُخفف م: **بگ ٹُٹ** بے قابو، بے لگام (گھوڑا)، سرپٹ دوڑنے والا، **بگ ڈَھری** شہسواری۔

بَگ (۲) فت بـ امث۔ کچّی لکڑی، لکڑی کے کُندے کا نرم حصہ جو بکّل کے عین نیچے ہوتا ہے۔

بَگّا فت ب، شد گ۔ امذ۔ بیل کی ناک میں بندھی ہوئی رسّی، نیز رک **پَگھا،پَگّا۔**

بِگاڑ کس بـ امذ۔ خرابی، رنجش، لڑائی، فساد، ف م، **بِگاڑنا**، خراب کرنا، ناکارہ بنانا، مٹانا، لڑائی مول لینا؛ نقصان پہنچانا، ضائع کرنا؛ ورغلانا، بری ترغیب دینا، عصمت دری کرنا، صف **بِگاڑُو** بگاڑنے والا **بِگڑا** خراب، آوارہ **بِگڑادِل** برہم، جان پر کھیل جانے والا۔

بگ ڈَنْڈ فت ب، سک گ، فت ڈ، سک ن۔ امذ۔ ڈنڑ بنانے کے لیے ہاتھ کے سہارے اچکنے کے واسطے پایوں پر لگے ہوئے افقی ڈنڈے (انگ: Parallel Bars)نیز **بل ڈنڈ** ۔

بَگریلی فت ب، سک گ، ے مج۔ امث۔ ایک بہت چھوٹی پہاڑی چڑیا جو سردیوں میں میدان کی طرف اتر آتی ہے۔ نیز **بَگیری۔**

بَگَّڑ فت ب، گ۔ امذ۔ ایک احاطے میں بنے ہوئے مکان، گھیر۔

بَگْڑا فت ب، سک گ۔ امذ۔ فریب، جعل یا دغا بازی

گڑ بڑ مجرمانہ کارروائی۔ صف بگڑیا چال باز۔
بِگڑنا کس ب، فت گ، سک ڑ۔ ف ل۔ خراب ہونا، بے کار، ناکارہ ہو جانا، نقصان ہونا، ہاتھ سے جانا، ناراض ہونا، روٹھنا، ابتر ہونا، بے قابو ہونا۔
بِگڑی کس ب، سک گ۔ امث۔ برا وقت، بدقسمتی، خراب حالت۔
بَگلا فت بہ امذ۔ آبی پرندوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی جس کی گردن اور ٹانگیں لمبی اور دم پتلی ہوتی ہے سارس، ہنس، بَگلا بھگَت (فت بھ گ) نیک نظر آنے والا بد آدمی، متقئیِ تصغیر بَگلی فت ب سک گ۔ ایک قسم کا چھوٹا بگلا۔
بک نُونا فت ب، سک گ، و مع۔ امذ۔ آہنی ناخنوں کا پنجہ جسے ہاتھ پر چڑھا کر ہتھیار کا کام لیتے ہیں نیز بَگھ نُکھ، بَگھ نُونا۔ لفظاً: شیر کا ناخن۔
بَگنی فت ب، سک گ۔ امث۔ کشید کی ہوئی شراب (انگ: Wine)۔
بکوبشنو کس ب، و مج، سک ش۔ امث۔ تکرار، حجت، کہا سُنی، لفظاً: کہہ اور سن۔
بَگوٹی فت ب، و لین۔ امث۔ باغ لگانے کے لیے کھیت سے علاحدہ کی ہوئی زمین۔
بَگوڑی فت ب، و لین۔ امث۔ کھیت کی گوڈی/ گوڑی کرنے کا کھرپا۔
بَگّو گوشہ فت ب، شد گ، و مع، و مج، فت س۔ امذ۔ ایک قسم کی ناشپاتی۔
بَگُولا فت ب، و مع۔ امذ۔ چکراتا ہوا غُبار کا جھکّڑ، گرد بار، بَونڈلا، بَونڈر۔
بَگونا فت ب، و مج۔ امذ۔ سیدھی باڑ کا بڑا پیالہ۔
بَگّی فت ب، شد گ۔ امث۔ اصلاً: ایک گھوڑے سے کھینچی جانے والی ہلکی دو پہیّا گاڑی، نیز چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی۔نیز بَگھی [اصلاً: فرانسیسی]۔
بُگّی ضمہ بہ امث۔ ایک قسم کی چھوٹی صراحی جس میں ہندو گنگا جل بھر کر لاتے ہیں۔
بَگھار فت بہ امذ۔ ہنڈیا کو پیاز وغیرہ پڑے ہوئے کڑکڑاتے گھی یا تیل سے داغنا، ف م: بَگھارنا، (مجازاً) باتیں بنانا/ ہانکانا۔ بَگھارے بینگن خشخاش، تِل کھوپرا، پیس کر، اور اِملی اور دیگر مسالے ڈال کر تیل میں حیدر آباد (دکن) کے طریقے سے پکائے ہوئے چاشنی دار بینگن۔
بَگھمبَری فت ب گھ، سک م، فت بہ صف۔ شیر ببر کے رنگ کا گھوڑا یا کبوتر، شتری رنگ سے مشابہ نیز بَگھمبَریا (سک م ب)۔
بِگھن کس ب، فت گھ۔ امذ۔ دِقت، دشواری، رکاوٹ (س: وِگھن)۔
بِگھوٹی کس ب، و لین۔ امث۔ لگان جو فی بیگھا کے حساب سے لگایا جائے۔
بَگھیلا فت ب، ے مج۔ امذ۔ شیر کا بچہ، نیز بَگھیرا۔
بَل (۱) فت بہ امذ۔ پیچ، لہریا، لپیٹ، خم، ٹیڑھ؛ پھیر، فرق، تفاوت، کمی یا بیشی؛ (حساب میں) پھیر؛ پیروں کا لہریے دار کڑا؛ زور، طاقت، بھروسا، پشت پناہ،آسرا، بَل بُوتا، (و مع) دم خم، سہارا ، حمایت۔ محاوہ بَل بھرنا غصہ تیہار دکھانا، اکڑنا، اینٹھنا، ف مر، بَل کھانا، مڑنا، تڑنا، لچکنا۔ بل نکالنا، سیدھا کرنا، غرور توڑنا، مزاج درست کرنا۔
بَل (۲) فت بہ امذ۔ بھینٹ، چڑھاوا، قربانی، بَلدان/ بَلیدان کا مخفف۔ بَل بَل جانا صدقے قربان ہونا، صف بَلہار قربان جانے والا۔
بَل (۳) فت بہ م فہ رُخ پر،کی طرف م: سر کے بل (گرنا)، پہلو کے بل (لیٹنا)۔
بَل (۴) فت بہ رک: بَلکہ۔
بِل کس بہ امذ۔ زمین میں بنا ہوا سوراخ یا کھوہ جس میں حشرات الارض رہتے ہیں تصغیر بِلُوکا۔

بُل ضمہ بہ رک: بُر۔صف بُلّو (و مج) چھنال۔
بَلا فت بہ امث۔ آفت مصیبت؛ بُھتنی، بدروح؛ پیچھے لگ جانے والی شے، نامعلوم شے؛ بھید۔ (بول چال) بَلا جانے، ہمیں خبر ہے نہ تعلق یا دلچسپی، بَلا سے ہمیں پروا نہیں۔ صف بَلا کا، شدید، غضب کا بہت بڑھکر؛ بَلا گرداں، (فت گ، سک ر) قربان، صدقے، نثار، بَلا نوش، پیٹو جو سب کچھ چَٹ کر جائے؛ بڑا پیوٹ، ج: بَلایات محاورہ بَلا/ بلائیں لینا، صدقے جانا، کسی کی مصیبتیں اپنے سر لینا، تصغیر بَلیّاں (فت ب، ل، شد ی)ث
بِلا کس بہ حرف نفی۔ بغیر، بن، بنا، بے، م ف: بِلا تَشبیہہ سچ مچ، حقیقتاً، نہ کہ مجازاً، ہو بہو، عین مَیں، بِلاناغہ پابندی کے ساتھ، بالالتزام ، بالتّواتر۔ بِلاوَاسطہ براہ راست، کسی وسیلے کے بغیر؛ بے وجہ، خواہ مخواہ۔
بَلّا فت ب، شد ل۔ امذ۔ گلی کا ڈنڈا، کرکٹ کھیلنے کا بَیٹ؛ ٹینس یا بیڈ منٹن کھیلنے کا تانت سے کسا ہوا رَیکِٹ، کھیلوں میں اسی قسم کی کوئی ضرب لگانے کی دستے دار شے، نیز بَلّی کا مکبّر۔
بِلّا (۱) کس ب، شد ل۔ امذ۔ بلّی کا نر، نیز بِلّار، بِلاؤ۔
بِلّا (۲) کس ب، شد ل۔ امذ۔ تمغا، سینے پر سجانے کا نشان۔
بَلابِل فت ب، کس بہ ج بُلبُل (رک) کی جمع۔
بِلاپ کس بہ امذ۔ رونا دھونا، گریہ و زاری، اصلاً: وِلاپ۔
بَلاد فت بہ امذ۔ ملک ، دیس، ولایت ج بُلدان۔ (ضمہ ب، سک ل)۔
بِلاد کس بہ ج مذ۔ بَلَد (رک) کی جمع شہر، ممالک، علاقے۔
بَلادَت فت ب د۔ امث۔ بیوقوفی، حماقت، غباوت [ع: بَلادَہ]۔
بَلادُر فت ب، ضمہ د۔ امذ۔ رک: بَھلاواں۔
بُلارا ضمہ بہ امذ۔ سدھا ہوا بٹیر جو دوسرے بٹیروں کو پھانسنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
بِلاس کس بہ امذ۔ خوشی شادمانی، اصلاً وِلاس۔
بَلّاع فت ب، شد ل۔ صفہ پیٹو، بلانوش۔
بَلاغ فت بہ امذ۔ پہنچانا؛ پیغام رسانی۔
بَلاغت فت ب غ۔ امث۔ جچا تُلا کلام، صحیح البیانی، درست منجھی ہوئی تحریر یا تقریر۔ صف بَلیغ۔
بُلَاق ضمہ بہ امذ/امث۔ ناک کے بانسے میں پرو کر ڈالنے کا ایک چھلّا جس میں ایک نگ بھی لٹکا ہوا ہوتا ہے۔ صف بُلاقی جس کی ناک میں مَنّت کی بلاق ڈالی گئی ہو۔ مث بُلاقن۔
بِلانا کس بہ ف م۔ غائب کر دینا، اُڑنچھو کر دینا۔
بُلانا ضمہ بہ ف م۔ اپنی طرف آنے بڑھنے پہنچنے کا اشارہ یا ایما کرنا؛ پکارنا، آواز دینا، طلب کرنا، باجے، برتن، حقّے وغیرہ میں سے سُر یا آواز پیدا کرانا۔
بُلاوا ضمہ بہ امذ۔ طلبی، دعوت۔
بِلاوَل کس ب، فت و۔ امذ۔ کلاسیکی موسیقی کا بھیرویں سے ملتا ہوا ایک راگ؛ محبوب ، معشوق، نیز بِلاوَلی۔
بَلاہَت فت ب، ہ۔ امث۔ احمق پن، غباوت۔
بُلاہِر ضمہ ب، کس ہ۔ امذ۔ گاؤں میں نیچ ذات کا نوکر، ٹہلیا؛ پیغام رسانی یا چوکیداری کرنے والا۔ نیز بَلاہَر/ بَلائی، (فت ب)۔
بَلْبان فت ب، سک ل۔ امذ۔ دانتوں سے پکڑ کر منہ سے بجانے کا ایک قدیم باجا، مورچَنگ۔
بُلبُل ضمہ ب، سک ل۔ امذ/امث۔ ایک سیاہ خاکستری رنگ کا پرندہ جو خوش آواز اور گلاب کے

پھول سے مانوس ہوتا ہے، سر پر چھوٹی سے کلغی، گلدم کی طرح دم کے نیچے سرخی۔ امذ۔ **بُلبُل ترَنگ**، کمانچے سے بجایا جانے والا، کسے ہوئے تاروں کا ساز۔ امذ **بُلبُل چشم** ایک ریشمی کپڑا، ڈھاکے کی ریشمی دھاریدار ململ۔ **بُلبُل ٹین** سوتی مخمل [انگ : Velveteen]۔

بُلبُلا ضمہ ب، سک ل۔ امذ۔ ہوا سے پھولا ہوا پانی کا قطرہ، حباب۔

بَلبَلانا فت ب، سک ل۔ ف ل۔ اونٹ کا بولنا۔

بِلبِلانا کس ب، سک ل۔ ف ل۔ رنج یا تکلیف کے اثر سے رونکھا اور بےقرار ہو جانا۔

بُلبُلی ضمہ ب، سک ل۔ امث۔ ورق کوٹنے کی چمڑے کی تھیلی۔

بَلبُوس فت ب، سک ل، و مع۔ امث۔ جنگلی پیاز، ایک سفید شلغمی جڑ جو پیاز کی طرح پرت دار نہیں ہوتی، دواءً مستعمل [غالباً از یونانی: Bulbosus]۔

بَل بے فت ب، ے مج۔ فجائیہ۔ (قدیم) واہ رے! کیا کہنا! نیز **بَلّہ بے**۔

بِلَٹنا کس ب، فت ل، سک ٹ۔ ف ل۔ تباہ ہونا، برباد ہونا، ف م، **بِلٹانا** بگاڑنا، مٹانا۔

بِلَچنا کس ب، فت ل، سک چ، ف ل، تلملا اُٹھنا، اُچھل پڑنا [اصلاً، وِلَکشَن طور سے بے طور]۔

بَلَچک فت ب، سک ل، فت چ۔ امث۔ تلوار کا وار، تلوار کی لچک [اصلاً : بَل چَکر]۔

بَلَخَش فت ب، سک ل، فت خ۔ امذ۔ ایک قیمتی پتھر جو کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ [اصلاً ف : بَلَخَچ = سلفیٹ]۔

بَلَد (۱) فت ب، ل۔ امذ۔ شہر، نگر، نیز **بَلْدَہ** (اردو کاتصرف) ج **بَلاد**۔ امث۔ **بَلْدِیہ**، شہر کا منتظم ادارہ، میونسپلٹی یا میونسپل کارپوریشن۔

بَلَد (۲) فت ب، ل۔ صف۔ جاننے والا، آگاہ، واقف؛ رہنما۔

بَلَدنا فت ب، ل، سک د۔ ف م۔ گائے کو بیل سے ملانا، گابھن کرانا۔

بَلّر فت ب، شد فت ل۔ امث۔ لہر، موج، ہَلکورا۔

بَلَڑا فت ب، سک ل۔ امذ۔ شادی کی ایک مقامی رسم جس میں دلھن کے ہاتھ سے سات مٹھی چاول وار کراتے ہیں۔

بَلَسان فت ب، سک ل۔ امذ۔ ایک اونچا درخت جس کے خوشبودار روغن سے بام اور دیگر ادویات بنائی جاتی ہیں (لاط: Terebenthima Canadensis انگ: Balsam) ج: **بَلَسانات** گوند، رالیں، چیپ۔

بِلَسنا کس ب، فت ل، سک س۔ ف ل۔ ہنسنا، مسکرانا، صف **بِلَسیا** شادماں۔

بَلَطائِفُ اَلحِیَل فت ب ل، کسمج ،، ضمہ ف، ا غم، سک ل، کس ح، فت ی۔ م ف۔ عذر معقول کر کے، صلاحیت کے ساتھ سمجھا بجھا کر۔

بُلَطِیَہ ضمہ ب، سک ل، کس ط، فت ی۔ امث۔ ایک دریائی مچھلی۔

بَلْع فت ب، سک ل ع۔ صف۔ جَذب، ہضم، جزو بدن، ف ل، بَلع ہونا۔

بَلعَم با عُور فت ب، سک ل، فت ع، کسمج م، و مع۔ عَلم۔ حضرت موسیٰؑ کا معاصر ایک شخص جس نے ان کے حق میں بددعا کی تھی جس کے سبب وہ چالیس سال سرگرداں رہے۔ مجازاً اگلے وقتوں کا بوڑھا، لمبا، تقدس مآب آدمی۔

بَلعُوم فت ب، سک ل، و مع۔ امذ۔ گلا، حلقوم، صف، **بَلعُومی** حلق سے متعلق (اعصاب، امراض وغیرہ) نیز **بُلعُوم/ بُلعومی**۔

بَلَغَ اَلْعُلیٰ فت ب، ل، غ، ا غم، سک ل، ضمہ ع، ی غم۔ فقرہ۔ شیخ سعدی کے مصرع نعتیہ کی تخفیف؛ **بَلَغَ العُلیٰ بِکَمالِہ** (ان کو کمال سے بڑائی

حاصل ہوئی)۔
بِلکنا کس ب، فت ل، سک گ۔ ف ل۔ لگنا، چمٹ جانا، چپک جانا۔
بِلّلا کس ب، فت ل، شد ل۔ صف۔ غیر سنجیدہ؛ کھلنڈرا، کم عقل، نادان، مث **بِلّلی**۔
بَلَم فت ب، ل۔ صف۔ **بالَم** (رک) کا مخفف تصغیر **بَلما**۔
بَلّم فت ب، شد فت ل۔ امذ۔ لوہے کی نوک والی **چھڑ** بھالا، دھات کے پترے چڑھی ہوئی لاٹھی جو چوبدار لے کر چلتے تھے۔
بِلمانا کس ب، سک ل۔ ف م۔ کسی کو روک رکھنا، جانے نہ دینا، اٹکانا، ف ل، **بِلمنا** رُکنا، تھمنا، دیر کرنا۔
بِلمْب کس ب، فت ل، سک م۔ امث۔ دیر، تاخیر، آہستگی، دھیما پن، صف، **بِلمپِت** دھیمی چال والی (لے) [اصلاً: **وِلمْب پَد**]۔
بَلنا فت ب، سک ل۔ ف ل۔ جلنا، روشن ہونا۔
بَلنا فت ب، سک ل۔ ف م۔ بٹنا، بل دینا۔
بَلَنْد فت ب، ل، سک ں۔ صف۔ اونچا ، ارفع، بالا، لمبے قد کا، اعلیٰ؛ بڑے مرتبے والا؛ پاک منزّہ، دور تک سنائی دینے والا، (بول سُر، آواز وغیرہ) **بَلَند بال** اونچا اڑنے والا، **بَلَنْد بانگ** جو زور شور کے ساتھ ہو، زور سے بولا یا کہا جائے، **بَلَنْد گیر** بوجھ اوپر اٹھانے والی کل (انگ: Crane) امث۔ **بَلَنْدی**، اُونچائی، رفعت، اونچی سطح۔
بَلْوا فت ب، سک ل۔ امذ۔ فساد، شورش، ہنگامہ؛ ہجوم، بھیڑبھاڑ؛ شوروغل۔ نیز **بَلْوہ** [ع: بَلویٰ، مصیبت، اُفتاد] صف **بَلوائی** فسادی، دنگا کرنے والا/ والے۔
بَلوار فت ب، سک ل۔ امث۔ چھوٹی دریائی کشتی جو مسافروں کو لاتی لے جاتی ہے۔
بَلواری فت ب، سک ل۔ صف۔ ریتیلی (زمین) نیز **بَلوراس**۔
بِلوَ بِلَو کس ب، و مج۔ امث۔ بلبلانا، ہائے وائے کرنا، ہائے ہائے مچنا، تنگ ترشی نیز **بِلوَں بِلوَں**۔
بَلوتا فت ب، ولین۔ امذ۔ پیچ گر، سرگھومنا۔
بِلوٹا کس ب، و لین۔ امذ۔ بلّی کا بچّہ، نیز **بِلونٹرا**۔
بِلَور کس ب، و لین۔ امذ۔ شیشہ، کانچ، زُجاجہ، نیز **بُلّوَر، بِلّوَر** صف **بِلّوَری/ بلّوَریں** عام: **بِلُور/ بِلُوری** (ع: بَلُّوَر، بِلَّور)۔ **بِلَورہ** شیشے کا ٹکڑا، طیف، زُجاجہ۔
بَلُوط فت ب، و مع۔ امذ۔ ایک بڑا پہاڑی درخت، جس کی لکڑی شہتیر، مستول وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے۔ (لاط: Quercus Infectoria) نیز **شاہ بَلُوط** صف **بَلُوطی** بیچ میں سے اُبھرواں گول لَنبوتری شکل (جیسے ڈھولک یا بیر کی گٹھلی)۔
بُلُوغ ضمہ ب، و مغ۔ امذ۔ جوانی کو پہنچنا، بالغ ہونا؛ سِنّ شعور۔ امث: **بُلُوغَت**۔
بَلُولا فت ب، و مع۔ امذ۔ (قدیم) **بُلبُلہ**۔
بِلونا کس ب، ومج۔ ف م۔ کسی سیّال کو گُھمانا، چکرانا، حرکت دینا، متھنا، رئی پھرا کر دہی میں سے مکھن نکالنا۔
بَلونْت فت ب، سک ل، فت و، سک ں۔ صف۔ زور آور، طاقتور، جی دار۔
بِلونی کس ب، و مج۔ امث۔ رئی، متھانی۔
بُلْہ ضمہ ب، سک ل، فت ہ۔ امذ۔ احمق، بھولا، ج: **اَبْلِہ** (آب لِ ہ) بیوقوف ، کم عقل لوگ۔ [ع: بُلْہ]۔
بَلّہ فت ب، شد فت ل۔ امذ۔ ڈنڈا، قبضہ، بازو۔
بَلْہار فت ب، سک ل۔ صف: صدقے، قُربان، ف ل، **بَلْہارنا**، نثار ہونا، مث، **بَلہاری**۔
بَلّہ بے فت ب، شد فت ل، ے مج۔ فجائیہ۔ رک **بَل**

بے۔

بِلْھرا کس ب، فت مع ل، سک ھ۔ امذ۔ خس یا تنکوں کی بنی ہوئی پانوں کی ڈبیا، تصغیر، بِلْھری۔

بَلیٰ فت ب، ی غم۔ کلمۂ توثیق یا اقرار۔ ہاں، بیشک، ضرور بالضرور، [ع]۔

بَلی فت بـ صفـ قوی، مضبوط، طاقتور، نیز **بَلوان**۔

بَلّی فت ب، شد ی۔ امثـ لکڑی کا لمبا کُندہ، شہتیر، موٹا بانس، کشتی کا مَستُول، لکڑی کی لمبی پَتوار۔

بِلّی (۱) کس ب، شد ل۔ امث۔ اسم جنس، شیر کی نسل کا چھوٹا گود میں سما جانے والا مسکین صورت جانور، جو چوہوں کا شکار کرتا ہے۔ مذ **بِلّا، بلاؤ**۔

بِلّی (۲) کس ب، شد ل۔ امث۔ ایک کیل پر گھومنے والا لکڑی کا ترشا ہوا ٹکڑا جو کواڑوں کو اندر سے بند کرنے کے لیے کُنڈی کی جگہ لگایا جاتا ہے۔

بَلے فت بـ کلمۂ اقرار۔ ہاں، اچھا، بلیٰ [ف]۔

بَلْیا فت ب، سک ل۔ صفـ طاقتور، زور آور۔

بَلیّات فت ب، کس ل، شد ی۔ ج مثـ مصیبتیں، پریشانیاں، بلائیں [ع: واحد بَلیّہ آزمائش، مصیبت]۔

بَلید فت ب، ی مع۔ صفـ غبی، کند ذہن، مرکب، **بَلیدُالذّہن** (بَ لی دُذْ زِہْ ن)۔

بَلیدان فت ب، ی مع۔ امذ۔ قربانی صدقہ، بھینٹ۔

بَلیغ فت ب، ی مع۔ صفـ رک: **بَلاغت** جس کا یہ اسم صفت ہے؛ دور رس، کامل، پورا پورا، تمام، م: **سَعی بَلیغ** انتہائی کوشش۔

بَلیلَہ فت ب، ے لین، فت لـ امذ۔ رک: **بہیڑا**۔

بَم (۱) فت بـ امذ۔ گاڑی، تانگے وغیرہ کے آگے نکلے ہوئے دو ڈنڈوں میں سے کوئی جو جتے ہوئے گھوڑے کے پہلوؤں میں ہوتے ہیں؛ پھیلے ہوئے ہاتھوں کے درمیان کا فاصلہ؛ بلّی چھت کی کڑی؛ پانی کا سوتا، نلکا، نیز **بَمْبا**۔ **بَم پُھوٹنا** چشمہ اُبلنا۔

بَم (۲) فت بـ امذ۔ اونچا سُر، زیر کا اُلٹ، نقارہ، دمامہ، شوروغُل نیز مرکب **بَم چَخ** ہنگامہ، بحث، تکرار۔

بَم (۳) فت بـ امذ۔ بارودی گولہ جو بغیر توپ کے پھینکا جائے، کسی اور توانائی کے زور سے پھینکا جانے والا ایسا ہی گولا، م: **اَیٹم بَم**۔

بِمان کس بـ امذ۔ دیوتاؤں کی رتھ، اُڑن کھٹولا، ارتھی جس پر میت کو لے جایا جائے۔

بِمب کس ب، سک م۔ امذ۔ کدو، کی قسم سے ایک سرخ پھل یا اس کا پودا [لاط: Memordica Monadelpha] صف، **بِمبک** لال بُھبوکا۔

بَم بَم فت بـ فجائیہ۔ جے کار، نعرہ جو اظہار مسرت یا عقیدت کے لیے لگایا جائے م: **بَم بَم مَہا دیو** شِو شنکر کی شان میں لگایا جانے والا نعرہ۔

بَمبُوق فت ب، سک م، و مع۔ امذ۔ ہونّق، پھبتی جو عموماً موٹے بھدے بیوقوف آدمی پر کَسی جاتی ہے۔

بَم پُلس فت ب، ضمہ پ، کس ل۔ امذ۔ عام استعمال کی جا ضرور، پاخانہ۔

بِمْٹا کس ب، سک م۔ امذ۔ ایک سرخ چیونٹا جو اکثر آم کے درخت پر پایا جاتا ہے، دھکوڑی۔

بِمُجَرد فت ب، ضمہ م، فت ج، شد فت ر۔ م فـ فوراً، ایک ساتھ ہی، اُسی وقت۔

بَمَکنا فت ب م، سک ک۔ ف ل۔ ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا۔

بَمْنا فت ب، سک م۔ امذ۔ یک رنگ کبوتر جس کی چونچ کے نیچے سفیدی ہوتی ہے؛ شیرازی یا دوغلی نسل کے کبوتروں کی ایک قسم۔

بَمْنی فت ب، سک م۔ امث۔ ایک چھوٹا ڈیڑھ دو انگل کا کیڑا، دھاریدار اور چھپکلی سے ملتا ہوا جو سانپ کی طرح لہراتا ہوا چلتا ہے۔

بَمّھَن فت ب، شد فت مھ۔ امذ۔ رک: بَرَہمن جس کی یہ تحریف ہے بَمھَنٹیا (سک مھ) چھوٹا برہمن، برہمن کا لڑکا۔

بَن (۱) فت بـ امذ۔ جنگل ، بیابان، مرغزار، سبزہ زار، کپاس کا پودا۔ بَن باس/ واس، جنگل کی طرف دیس نکالا، صف بَن باسی، جنگل میں رہنے والا، بَن بلاؤ، (فت ب، کس ب، و مج) جنگلی بِلّا [لاط: Felis Caracal]؛ بن سٹّی سٹّی کپاس کے پودے کا ڈنٹھل بَن کَھنڈی بن کا کوئی گوشہ، بَن میں رہنے والا سنیاسی، بَن مانَس آدمی سے قریب تر مشابہت رکھنے والا بندر کی نسل کا جانور، گوریلا؛ جنگلی آدمی۔

بَن (۲) فت بـ امذ۔ کھیت کٹائی کے معاوضے میں مزدوروں کو دی جانے والی روٹی، چراگاہ میں مویشی چرانے کا محصول؛ بَن چَر کاشتکاروں کی طرف سے زمیندار کو تقریبات پر دیا جانے والا نذرانہ۔

بن چر فت ب چ۔ امذ۔ کاشتکاروں کی طرف سے زمیندار کو تقریبات پر دیا جانے والا نذرانہ۔

بِن (۱) کس بـ امذ۔ اِبن رک کی تخفیف م: بن صبّاح، بن قاسم۔

بِن (۲) کس بـ حرف انکار۔ لاحقہً، نفی، بلا، بغیر، سوائے، م: بِن کوڑی کا مفت۔نیز بِنا۔

بُن ضمہ بـ امذ۔ قہوہ کا بیج، جسے بُھون کر اور پیس کر قہوہ بناتے ہیں، اور سالم گوٹے کے ساتھ ملا کر چباتے ہیں۔ بُن دھَنیا ایک طرح کا چِنیا جو تقریبات میں بانٹا یا تواضع کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، اس میں خربوزے کے بیجوں اور ناریل کی گری، بھنا ہوا دھنیا، مصری اور بُن شامل ہوتے ہیں۔

بُن (۲) ضمہ ب، امث، جڑ، بیخ، بنیاد، بُن دَنداں، مسوڑھا، بُنِ گوش/بُنا گوش، کان کی لو، کُچیا، بُن مُو بال کی جڑ رُونگٹا، جلد کا مسام۔

بَنا فت بـ امذ۔ دولھا، تصغیر بَنڑا مث، بَنی/ بَنڑی دلہن۔

بِنا کس بـ امث۔ بنیاد، تعمیر؛ م ف-آغاز؛ سبب،نیز اصلاً بِناء، م بِناء/بِنائے تعمیر، بِنا بَر کی بنا پر، کے سبب سے، م: بنا برآں اس بنا پر، نیز بِناءً عَلَیہ (بِنا آن عَ لَے ہْ)۔

بِنا کس بـ حرف نفی۔ رک: بِن (۲)۔

بَنات فت بـ ج مث۔ بِنْت (رک) کی جمع، بَنات اَلْمَسیح، انار کے درخت کی شاخیں؛ بَنات اَلنَّعش (نَن نَعْ شْ) وہ سات ستاروں کا جھرمٹ جو چارپائی کی شکل میں ہے، دُبِّ اکبر، سات سہلیوں کا جُھمکا۔

بَنادر فت ب، کس د۔ بَندر (۲) (رک) کی جمع۔

بَنادِیق فت ب، ی مع۔ بَندَوق (رک) کی جمع۔

بُنار ضمہ بـ امث۔ گاڑی کے نیچے لٹکتا ہوا گھاس چارا رکھنے کا رسی سے بنا ہوا جُھولا۔

بَناس پَتی فت ب، سک س، فت پـ امذ۔ نباتات، پھول پتیاں؛ نباتی اشیا مثلاً کھوپرا، مونگ پھلی، مکئی کے دانوں سے نکالا ہوا تیل جسے کیمیائی عمل سے گھی کی شکل بھی دے دی جاتی ہے نیز بَنَس پَتی [[اصلاً وَنَس پَتی]۔

بُنا گوش ضمہ ب، و مج۔ رک: بُن کے تحت۔

بُنالا ضمہ بـ امذ۔ گوٹا کناری وغیرہ کی بُنائی کا بانا۔

بَنان فت بـ ج مث۔ انگلیوں کے سرے۔

بَنانا فت بـ ف م۔ گھڑنا، ڈھالنا، وضع کرنا؛ تعمیر کرنا؛ ترتیب، ترکیب دینا؛ پیدا کرنا؛ سنوارنا، اصلاح کرنا، درست کرنا؛ چھیلنا، چھانٹنا؛ ترتیب دینا؛ مرتبہ دلانا؛ کمانا، حاصل کرنا؛ بیوقوف بنانا، نیز رک بَننا جس کا یہ تعدیہ ہے۔

بَناؤ فت ب، و مج۔ امذ۔ (بروزن بہار) سجاوٹ، آراستگی، سنگار، سج دھج، نیز مرکب: بناؤ سنگار، مانگ پٹی، سجنا، سنگار کرنا۔

بَناوَٹ فت ب و۔ امث۔ ساخت، ترکیب، کاریگری؛ مصنوعی پن؛ تکلف، دکھاوا؛ جھوٹ، من گھڑت بات۔ صف بَناوٹی، مصنوعی، جھوٹ موٹ کا، نقلی۔

بُناوَٹ ضمہ ب، فت و۔ امث۔ بُنائی کی وضع یا عمل، نیز بُنَت۔

بَنّاء فت ب، شد ن۔ صف۔ معمار، بنانے تعمیر کرنے والا، بنیاد ڈالنے والا۔

بُنائی ضمہ ب۔ امث۔ بُننے کا عمل، ہنر، یا اُجرت، بُنائی کی وضع، بُناوٹ۔

بَنَت فت ب، ن۔ امث۔ کامدانی کپڑے پر سلمہ ستاروں چٹیوں وغیرہ سے بیل بوٹے بنانا، زری کی کڑھت سے بنائی ہوئی لوئی۔

بِنْت کس ب، سک ن۔ امث۔ بیٹی، دختر، مرکب، بِنت اْلعِنَب (لفظاً) انگور کی بیٹی، مجازاً شراب، ج: بَنات (فت ب) بیٹیاں۔

بِنْتی کس ب، سک ن۔ امث۔ منّت، خوشامد، عرض، گزارش، [س: وِنتی]۔

بَنْٹا فت ب، سک ن۔ پانی کا بڑا برتن، گنگال، (بول چال) بَنْٹا ڈھار کرنا کیے کرائے پر پانی پھیر دینا۔

بَنَج فت ب، ن۔ امذ۔ بیوپار، کاروبار؛ معاملہ؛ بیٹے یا بیٹی کا رشتہ یا نسبت یا رشتہ لگنے کی بات نیز بَنْج ف م: بَنْجنا بیٹے بیٹی کا بیاہ کرنا، بَنجی پھیری والا۔

بَنْج فت ب، سک ن۔ امث۔ بھنگ کی تعریب (۲) اجوائن خراسانی۔

بَنْجارا فت ب، سک ن۔ امذ۔ غلہ اور دیگر اجناس ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جاکر بیچنے والا۔ بیوپاری، خانہ بدوش قبیلے کا فرد۔مث بَنْجارَن۔

بَنْجاری کُتّا بنجاروں کے ساتھ رہنے والا چوکیداری میں ہوشیار کتا، نیز مجازاً رقیب۔

بَنْجَر فت ب۔ سک ن، فت ج۔ صف۔ ناقابل کاشت، اُوسر زمین۔

بَنْجَھوٹی فت مغ ب، و لین۔ امث۔ بانجھ پن، مانع حمل دوا۔

بَنْد فت ب، سک ن۔ امذ۔ جوڑ، عضو؛ گرہ؛ ڈوری؛ تسمہ؛ دیوار کا پشتہ؛ ندی یا دریا کا پشتہ؛ فرد، فہرست، سلسلہ؛ گوشوارہ؛ کاغذ کا تاؤ یا تختہ؛ کسی نظم کا جو کئی اجزا یا مرتب حصوں پر مشتمل ہو؛ کوئی ایک حصہ، م: ترجیع بَنْد، ترکیب بَنْد (رک)؛ کشتی کا کوئی داو جو حریف کو زیر کر دے؛ ترکیب، تدبیر، نسخہ، داؤ؛ تلوار کے قبضے کا بیڑا یا تسمہ۔ صف: ٹھہرا، رکا ہوا؛ ساکت؛ ممنوع؛ مسدود؛ عاجز؛ مقفّل، باندھا ہوا؛ ملفوف؛ محبوس۔ بَند بیجا (ی مع) (نباتیات) وہ پودا جس کے بیج ، بیض خانے میں بند ہوتےہیں۔ محاورہ بَند ٹُوٹنا/ ٹوٹ پڑنا/ کُھل جانا کثرت و تواتر سے کسی چیز کا نمودار ہونا۔ امذ بَندِ ظَفَر پیکر شمشیر زنی کا ایک ٹھاٹھ یا کھڑے ہونے کا انداز، علی مد کا ٹھاٹھ یا دھج۔ امث بَندْ گوبھی کرم کلّا امذ، بَند نَویس فرد حساب تیار کرنے والا محرر، بَنْدوبَست انتظام، انصرام، بست و کشاد۔

بَنْدا فت ب، سک ن۔ امث۔ ایک بِن جڑ کی طفیلی بیل جو کیکر، سرس، بیری وغیرہ پر چڑھ جاتی ہے۔ [لاط: Cymbium Tessaloides]۔

بُنْدا ضمہ ب، سک ن۔ امذ۔ کان کا آویزہ، گوشوارہ۔

بِنْدا کس ب، سک ن۔ امذ۔ بِندی (رک) کا مکبّر، بڑا نشان، ماتھے کا تلک۔

بِنْدال کس ب، سک ن۔ امث۔ ایک بیل دار بوٹی

جسے اکثر کھیتوں کی باڑھ پر لگایا جاتا ہے، پھول سفید، زرد اور سرخ، پھل ترئی کی مانند اور کانٹے دار مزے میں تلخ (لاط: Xanthium Indicum)۔

بَندَر (۱) فت ب، سک ن، فت د۔ امذ۔ اسم جنس۔ حیوانیات کی رو سے انسان کے بعد اعلیٰ زمرے میں شمار ہونے اور چھاتی سے دودھ پلانے والا حیوان جس کی بہت سی قسمیں ہیں، عموماً چہرہ سرخی مائل، جلد خاکستری، روئیں دار، جسامت بلّے سے بڑھ کر، درختوں پر بسیرا کرتا اور بستیوں میں چھتوں پر منڈلاتا ہے، بُوزنہ، قرو، بانر، وانر۔ مرکب امث۔ **بَندَر بانٹ** ایسی تقسیم جس میں بانٹنے والا حقداروں کو محروم کر کے خود جنس ہتھیا لے۔ **بَندَر بَھبکی** جھوٹ موٹ کا ڈراوا، **بَندر کا پھوڑا/ گھاؤ** جو زخم (بار بار نوچ لینے کے سبب) کبھی اچھا نہ ہو سکے۔ مث **بَندَریا** (فت مغ ب)۔

بَندَر (۲) فت ب، سک ن، فت د۔ امذ۔ وہ ساحلی مقام جہاں جہاز لنگر انداز ہوں، نیز امث **بَندرگاہ**۔

بَندر (۳) فت ب، سک ن، فت د۔ امذ۔ بڑا ہتھوڑا، دھمّس [انگ: monkey کا ترجمہ]۔

بَندرا فت ب، سک ن د۔ امذ۔ ایک سدا بہار بیل جس میں سفید پھول لگتے ہیں، کرسمس پر گھروں میں سجاتے ہیں [لاط: Epidendron Tesseloides Mistleto]۔

بِندرابَن کس ب، سک ن، فت ب۔ علَم۔ ہندوستان کے شہر متھرا کے آس پاس کا علاقہ جو ہنود کے اوتار کرشن جی کا جنم بھوم ہے، برج کا علاقہ [اصلاً: ورندابن]۔

بَندَروال فت ب، سک ن، فت د۔ امث۔ رنگ برنگے مہین پتنگ کے کاغذوں کو کتر کر بنائی ہوئی بیلیں جو تقریبات پر آرائش کے لیے لٹکاتے ہیں۔

بَندِش فت ب، سک ن، کس د۔ امث۔ روک، ممانعت، قدغن، قید، حراست، باندھنے کا عمل؛ ساخت، ترکیب، قوام؛ کساؤ، گٹھاؤ؛ الفاظ کا دروبست، نظم کا اُسلوب؛ نیز رک: **بَند** جس کا یہ حاصل مصدر ہے۔

بُندُق ضمہ ب، سک ن، ضمہ بد امذ۔ ایک خشک میوہ جس کی گری ذائقے میں کسی قدر بادام سے ملتی ہے مگر شیرینی میں کمتر بادام کوہی، بادام سہ گوشہ۔(انگ: Tilbert Hazel Nut نیز **فُندُق**۔)

بُندُقہ ضمہ ب، سک ن، ضمہ د، فت ق۔ امذ۔ گولا (یا گولی) جو پھینک کر مارا جا سکے۔

بَندک بَندا فت ب، سک ن، فت د، سک ک۔ امث۔ روک ٹوک، ممانعت، نیز **بَندا بَندی**۔

بُندکی ضمہ ن، سک ن د۔ امث۔ بُوند کا نشان، چھینٹ، چتّی۔

بَندِگان فت ب، سک ن، کسمج د۔ ج مذ۔ **بَندہ** (رک) کی جمع۔ مرکب: **بَندِگانِ عالی** مالک/ صاحب، بَندگانِ عالی کی تخفیف: بندوں کے عالی مرتبت مولا، رُؤسا کو خطاب کرنے کا کلمہ۔

بَندِگی فت ب، سک ن، کسمج د۔ امث۔ غلامی؛ سلام ، آداب عرض۔

بَندوڑ فت مغ ب، (بروزن کَروَڑ) و مج۔ امث۔ کنیز، باندی، لونڈی، تصغیر **بَندوڑی**۔

بَندُوق فت ب، سک ن، و مع۔ امث۔ لکڑی کے کندے میں جڑی ہوئی نال کا بارود کے زور سے گولی چھوڑنے والا ہتھیار جس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ **بندُوق کی مَکھی** بندوق کی نال کے آخری سرے پر بنا ہوا نشان جس کی مدد سے سیدھ لیتے ہیں، صف **بَندُوقچی** بندوق چلانے یا لے کر چلنے والا سپاہی، قراوَل۔

بَندہ فت ب، سک ن، فت د۔ امذ۔ غلام، چاکر، عبد،

مث بَندی، بَندگی (رک)۔
بَنْدی فت ب، سک ن۔ امث۔ بَندہ (رک) کی تانیث؛ نیز: بندش؛ پابندی (بطور سابقہ) باندھنے بنانے؛ جوڑنے کا عمل م: خاتَم بَندی، دستار بَندی۔
بِنْدی کس ب، سک ن۔ امث۔ ٹیکا جو ماتھے پر لگایا جائے؛ نقطہ، صفر کا نشان؛ گول دھبّا یا نقش۔ تصغیر **بِنْدیا** کس ب، غنہ سک ن (بروزنِ ٹھلیا)۔
بَنْدے ماتَرَم فت ب، سک ن، ے مج، سک ت، فت ر۔ فقرہ: اے ماں ہم تیری بندگی کرتے ہیں، بھارت کے ایک قومی گیت کے بول جو بنکم چندر چیٹوجی کے بنگالی ناول آنند مٹھ (۱۸۸۲ء) میں شامل تھا۔
بَنْدھان فت ب، سک ن۔ امذ۔ جوڑ؛ بندھن، مرکب، **سَنْدھان بَنْدھان** جوڑ بند، انجر پنجر
بَنْدھانی پیشہ ور مزدور جو تعمیرات میں معمار کی پاڑ وغیرہ باندھنے میں مدد کرتا ہے، جھلّی والا۔
بَنْدھاوَٹ فت مغ ب، فت د۔ (بروزنِ سجاوٹ) امث۔ جوڑنے، باندھنے کی وضع یا طریقہ۔
بَنْدھک فت ب، سک ن، فت دھ۔ صف، امذ۔ باندھنے پکڑنے والا؛ گروی رکھنے والا؛ مبادلہٴ اشیاء؛ امث۔ داشتہ، کسبی، **بَندھک پَتر/پَٹ** رہن نامہ، اقرار نامہ، کاروباری معاہدہ۔
بَنْدھن فت ب، سک ن، فت دھ۔ امذ۔ ڈوری، گرہ، پھندا، اٹکاوا، جوڑ۔
بَنْدھنا فت ب، سک ن، دھ۔ ف ل۔ رک: **بانْدھنا**؛ جس کا یہ لازم ہے۔ صف: بَندھا ہوا (فت مغ ب) مقرّرہ، حسب دستور، **بَنْدھیا** فت مغ ب، شد ی، باندھا جانے والا، م: ڈوری دار زیور۔
بِنْدھنا کس ب، سک ن، دھ۔ ف ل۔ رک: **بِیندھنا** جس کا یہ لازم ہے۔
بَنْدھو فت ب، سک ن، و مع۔ صف۔ رشتہ دار، قرابتی؛ دوست، چیلا، خادم م: **دیش بَندھو** ملک کا خادم۔
بَنْدھوا فت ب، سک ن، دھ۔ صف۔ غلام، قیدی۔
بَنْڈا فت ب، سک ن۔ امذ۔ پتّھر، بتّی، سِل کا موٹا ٹکڑا، اروی کی قسم کی ایک بڑی گول جڑ، پنڈالو (لاط: dioscorea Solobosa)۔
بَنْڈال فت ب، سک ن۔ امذ۔ ایک بیل جو اکثر کھیتوں کی باڑھ میں لگائی جاتی ہے۔ پھول سفید زرد اور لال، پھل ترئی کی مانند، مگر کانٹوں دار اور کڑوا (لاط: Zcanthium Indicum)۔
بَنْڈی فت ب، سک ن۔ امث۔ روئی کی صدری؛ ایک پردے دار سواری جسے بیل یا گھوڑا کھینچتاتھا؛ گڈّی، کاغذوں یا نوٹوں کی۔
بَنْڈیری فت مغ ب، ے مج، امث۔ چھپّر یا سلامی دار چھت کی درمیانی بَلّی۔
بَنْڈیلا فت مغ ب، ے مج۔ امذ۔ جنگلی سؤر۔
بَنْس (۱) فت ب، سک ن۔ امذ۔ نسل، خاندان، م: چندر بَنس، سورج بَنس راجپوتوں کے قبیلے۔ اصلاً: **وَنْش** صف **بَنْسی/ وَنْشی**۔
بَنْس (۲) فت ب، سک ن۔ امذ۔ بانس کی تخفیف م: **بَنْس پھوڑ**، بانس کی کھپچّیوں سے ٹوکری وغیرہ بننے والا کاریگر۔ **بَنس لوچن**، تباشیر **بَنْسری**، الغوزہ، نیز بانسری۔
بِنْصَر کس ب، سک ن، فت ص۔ امث۔ ہاتھ کی چھنگلی کے برابر کی انگلی۔
بِنَفسِہٖ کسمج ب، فت ن، سک ف، کسمج س، ا مثل ی مع۔ م فہ بذات خود، اپنے آپ۔
بَنَفْشَہ فت ب، ن، سک ف، فت ش۔ امث۔ ایک پہاڑی بیل۔ پتّے مہندی کی طرح، پھول اُودا یا نیلگوں جو دواء کے طور پر مستعمل ہے۔ **گُلِ بَنَفشہ** صف۔ **بَنَفشیٔ** ہلکا اُودا رنگ،نیز **بَنَفشی** (لاط: Viola Odorata)۔

بِنْکا کس ب، سک ن- امذ- رانگ، قلعی، نیز اصلاً **بِنگ**-

بَنْکار فت ب، غنہ- امشہ ڈینگ، دہاڑ، مُنہ سے زور کی آواز- ف ل؛ **بَنکارنا** چلا کر بولنا-

بَنْکڑی فت ب، غنہ، سک ک- امشہ رک؛ **باٹکڑی**-

بَنْکَیت فت مغ ب، و لین- صف- بانک چلانے کا ماہر، نیز **بَکَیت**-

بَنْگ فت ب، غنہ- امشہ رک؛ **بَھنگ**، صف **بَنگی** بھنگ پینے والا-

بِنْگا (۱) کس ب، غنہ- امذ- کوئیں کا پانی جس میں کھار یا تیل کی آمیزش ہو-

بِنْگا (۲) کس ب، غنہ- امذ- ایک بلوچی لوک رقص جو الاؤ کے گرد ناچا جاتا ہے-

بِنْگا (۳) کس ب، غنہ- امذ- ایک ٹیڑھا، کہنی نما، اوزار جو ٹھٹھیرے استعمال کرتے ہیں-

بُنْگاہ ضمہ ب، سک ن- امشہ سامان، اسباب، خوراک کا، ذخیرہ جو فوج کے ساتھ چلے؛ مال گودام، سٹور، [ت؛ بَنگاہ جگہ، خیمہ، اقامت گاہ]-

بَنْگلہ فت ب، غنہ، سک گ، فت ل- امذ- کوٹھی، مکان؛ اصلاً؛ بنگال میں یورپی لوگوں کے لیے بنایا جانے والا کویلو یا چھپر سے چھایا ہوا پختہ، احاطے دار مکان- بنگالی زبان؛ بُرجی نما، سواری یا ہَودہ، تصغیر **بَنگلیا** (فت مغ ب، فت گ) مثہ چھوٹا بنگلہ-

بَنْنا فت ب، سک ن- ف ل- تیار ہونا، سنورنا، تصنع برتنا، نیز (رک) **بنانا** جس کا یہ لازم ہے-

بُنْنا ضمہ ب، سک ن- ف م- تانا بانا تن کر ڈوریوں یا دھاگوں سے کپڑا جالی یا جال تیار کرنا، تنکوں کھپچیوں وغیرہ سے ٹوکری وغیرہ بنانا؛ سلائیوں سے اُونی دھاگوں کا جال بنا کر کپڑے موزے وغیرہ تیار کرنا-

بَنّو فت ب، شد ن، و مج- امشہ بانو، بی بی، بہن کے لیے پیار کا لفظ؛ دلھن، بنی، بَنْڑی کا متبادل-

بَنْوا فت ب، سک ن- امذ- صف- جنگل کی تصغیر؛ جنگل سے منسوب، نیز **بَنَیلا**-

بَنوائی فت ب، سک ن- امشہ بنوانے کی اجرت، زیور کی گھڑائی-

بَنْوَٹ فت ب، سک ن، فت و- امشہ بَناوٹ، تصنّع؛ وضع، ساخت-

بَنوٹ فت ب، و مج- امشہ لکڑی بازی کا فن، بَغیر ہتھیار کے لڑنے، بچاؤ اور وار کرنے کے کرتب، صف؛ **بَنوٹیا**- نیز عام؛ **بھتّوٹ**-

بِنَولا کس ب، و لین- امذ- کپاس کا بیج-

بَنی فت ب- امشہ چھوٹا سا جنگل کا ٹکڑا، اُپ وَن، (نیز رک **بَنا**)-

بَنی فت ب- کیفیت- اولاد، نسل، قبیلہ، جِنس، م؛ **بَنی اسرائیل** حضرت یعقوب کی امت، یہودی اسم جنس **بَنی آدم** انسان **بَنی جان** جنّات-

بَنّی فت ب، شد ن- کھیت کے مزدوروں کو اُجرت میں دیا جانے والا غلّہ-

بَنْیا فت ب، سک ن- امذ- اجناس وغیرہ بیچنے والا ہندو ویش جات کا بیوپاری، مث **بَنینی/ بَنیائن**-

بُنْیاد ضمہ ب، سک ن- امشہ نیو، جڑ؛ آغاز، ابتدا؛ اصل و نژاد- صف **بُنیادی** ابتدائی، اصلی [ف]-

بَنْیان فت ب، سک ن- امذ- کرتے قمیص کے نیچے پہننے کا جسم سے لگا ہوا کپڑا ، زیر جامہ-

بُنْیان ضمہ ب، سک ن- امشہ نیو، جڑ؛ بنیاد، اصل ، نہاد، نژاد [ع]- **بُنیانِ مَرصُوص** (کس مج ن، فت م، سک ر، و مع) سیسہ پلائی ہوئی بنیاد-

بَنیائن فت ب، سک ن، کسمج ء- رک؛ **بَنینی**-

بَنَیت فت ب، ے لین- صف- بانا، بلّم چلانے کا ماہر، پھکیت-

بَنَیٹھی فت ب، ی لین۔ امث۔ بانس کی چھڑ جس کے دونوں سروں پر تیل میں تر کیے ہوئے کپڑے کے گولے روشن ہوتے ہیں؛ بَنَیٹھی کو گھمانے پھرانے کا تماشا۔

بَنیرا فت ب، ے مج۔ امذ۔ چاردیواری یا کھلی دیوار کے اوپری سرے کو ڈھکنے والی سل یا مسالے کی لپائی تاکہ پانی اس میں سرایت نہ کرے۔

بَنیَوئی فت ب، سک ن، و لین۔ امث۔ بنیاپن، خسّت۔

بَو و لین۔ امث۔ کونپل۔

بُو (۱) و مع۔ امث۔ بُری یا بھلی یا کسی شے کی مخصوص باس، ناک کے ذریعے محسوس ہونے والی کیفیت، خوشبو، مہک؛ بدبُو، نیز بَو (ومج) مجازاً: شائبہ ، ہلکا سا اثر یا پرتو۔ مرکب: بُوباس شائبہ، ہلکا اثر [ف بُو + ا + باس]۔

بُو (۲) و مع۔ امذ۔ اَبُو رک کا مخفف م: بُوْالْبَشَر حضرت آدمؑ کا لقب، صف بُوْ اَلْعَجَب حیرت انگیز، انوکھا، نرالا، بُوْالْہَوَس نفس پرست، بدنیت، حریص، بُوتُراب حضرت علیؓ کا لقب۔

بُوا ضمہ ب۔ امث۔ عورتوں خصوصاً عمر میں بڑی یا مرتبے میں برابر کی عورتوں کو مخاطب کرنے کا کلمہ، اصلاً : بڑی بہن، باپ کی بہن پھوپھی۔

بَوّاب فت ب، شد و۔ امذ۔ دربان، حاجب؛ معدے اور آنت کا جوڑ۔

بَوار فت ب۔ امذ۔ فنا، ہلاکت، تباہی۔

بُوارا ضمہ ب۔ امذ۔ کھیت کی بِجائی۔

بَوارِح فت ب، کسمج ر۔ ج مذ۔ مشرق کی سمت طلوع ہونے والے ستارے، نوء کی ضد جو مغربی افق پر طلوع ہوتے ہیں۔ [ع: بارِحَہ (رک) کی جمع]۔

بَوارِق فت ب، کس ر۔ ج مث۔ بجلیاں، کوندے، بَرق (رک) کی جمع۔

بَواسِیر فت ا، ی مع۔ امث۔ مقعد میں مسّے پیدا ہو جانے کا مرض۔ بَواسِیرِ اَلْاَنْف ناک میں زائد گوشت پیدا ہو جانا۔

بُوتا و مع۔ امذ۔ تاب و طاقت، بل، قوت؛ بِضاعت، اِستطاعت۔

بُوتات ومع۔ امث۔ گھروں کو جنس کی ادھار فروخت، اچاپت۔ بُوتات خانہ اجناس کا گودام [ع: بیُوتات، بیت = گھر کی جمع کی تحریف]۔

بُوتام و مع۔ امذ۔ تکمہ، بٹن [پرتگالی]۔

بوتَل و مج، فت ت۔ امث۔ پتلے منہ کا عموماً شیشے کا ظرف؛ کنایتہً شراب کا شیشہ۔

بِوَتنا کس ب، فت و، سک ت۔ ف م۔ رک: بیونتنا۔

بُوتَہ (۱) ومع۔ امذ۔ کٹھالی، جس میں سونا چاندی پگھلاتے ہیں۔ امث بُوتَہ کاری دھاتوں کو پگھلا کر آلائش دور کرنا [ف]۔

بُوتَہ (۲) و مع۔ امذ۔ شُتُر بَچَہ۔ (ف) نیز بوتَہ (ومج)۔

بُوتے مار و مع، ے مج۔ امذ۔ بگلا۔

بوَٹ و مج۔ امذ۔ ہرائڈا۔

بُوٹا و مع۔ امذ۔ پودا، نہال؛ پُھول پتّی۔ تصغیر بُوٹی چھوٹا پودا، پھول؛بھنگ کی پتّی۔

بوٹی و مج۔ امث۔ گوشت کا کٹا ہوا ٹکڑا، پارچہ؛ جسم کا کوئی حصّہ م: بوٹی بوٹی کا تھرکنا؛ اعضا،رنگ روپ م: ہڈی بوٹی دیکھ کر رشتہ کرتے ہیں۔

بَوجْہِ فت ب و، سک ج، کسمج ہ۔ م ف۔ بنا پر، وجہ سے م: بَوجہِ علالت غیر حاضر۔

بُوجھ و مع، سک جھ۔ امث۔ فہم، سمجھ، عقل؛ معمے، پہیلی کا حل یا جواب۔ امذ بُوجھ بُجَھکَّڑ گانو کا سیانا جس سے معلومات یا مسئلوں کا حل

ملے؛ دانا بینا آدمی ف ل، م: بُوجھنا، حل کرنا، سمجھنا۔
بوَجھ و مع، سک جھ۔ امذ۔ بھاری پن، بار، وزن؛ مجازاً: ذمے داری، کفالت، نیز (عوام) بوَجھا، بھار، خصوصاً مزدور یا جانوروں پر لادنے والا سامان۔ صف۔ بوجَھل (ے لین) بوجھ سے لدا ہوا۔
بُوچا و مع۔ صف۔ جس کا کان غائب ہو، کن کٹا۔ مرکب ننّگا بُوچا/ ننّگی بُوچی جس کے جسم پر اچھی پوشاک یا زیور نہ ہو۔
بُوچا و مع۔ امذ۔ ایک قسم کی پالکی۔
بَوچھاڑ و لین۔ امث۔ پانی کی بوندیں یا بارش کے تار جو ہوا کے زور سے رخ پھیر کر در آئیں۔ نیز بَوچھار۔
بُود و مع۔ امث۔ پیدائش، نمود، ہستی، وجود؛ بضاعت، قدرت۔ اکیف مث بُودگی۔ مرکب امث۔ بُود وَ باش (و مع، و مج) رہن سہن، سکونت، اقامت، نیز بودوَ ماند (و مج، سک ن)۔
بوَدا و مج۔ صف۔ کمزور، نازک؛ کم ہمت۔
بوَدَر و مج، فت د۔ امث۔ کنوئیں سے کھیت تک پانی لے جانے والی نالی۔
بُودَم و مع، فت د۔ صف۔ بے وقوف، سادہ لوح، بُودَم بے دال مراد: بوم = الّو۔
بوَدی و مج۔ امث۔ منڈے ہوئے سر پر نیز بغیر منڈے مردانہ سر پر چھوڑی ہوئی چوٹی جو عموماً ہندو رکھتے ہیں۔
بَودھ و لین، سک دھ۔ امذ۔ بدھ مت کا پیرو، مہاتما گوتم بدھ سے منسوب۔
بُودھ و مع، سک دھ۔ علم۔ (رک) بُدھ (۳)۔
بُوذِیَت و مع، کس ذ، فت ی۔ امث۔ بُدھ مت [بُوذ ، بُدھ کی تعریب]۔
بَور (۱) و لین۔ امذ۔ آم کا پھول، مور۔
بَور (۲) و لین۔ امث۔ بنجر زمین۔
بُور و مع۔ امذ۔ چوکر، بھُوسی؛ ریزہ، زرّہ، صف: بُور بُور، ریزہ ریزہ۔
بَورا و لین۔ صف۔ باولا، دیوانہ، سڑی۔ ف ل/ م۔ بَورانا دیوانہ بنانا نیز بَولانا (رک)۔
بُورا و مع۔ امث۔ پسی ہوئی شکر، باریک چینی؛ برادہ، سفوف [ف: بُورہ معرّب: بُورق، انگ: Borax]۔
بوَرا و مج۔ امذ۔ ٹاٹ کا بڑا تھیلا، تصغیر بوری۔
بُورانی و مع۔ امث۔ تلے ہوئے بینگنوں کا رائتہ۔
بوَربَچہ و مج، سک ر، فت ب، شد چ۔ امذ۔ تیندوا۔
بوَرتا و مج، سک ر۔ امذ۔ سفید گھوڑا، نُقرہ، نیز بوردا۔
بُورَق و مع، فت ر۔ امذ۔ سہاگا، نیز بُورَہ۔
بُورنا (۱) و مع، سک ر۔ ف م۔ سفوف وغیرہ کو چھڑکنا، بُرکنا۔
بُورنا و مج، سک ر۔ ف م۔ ڈبونا، غرق کرنا، نیز بُوڑنا صف بُوڑیا غوطہ خور۔
بَوری و لین۔ امث۔ بھنے ہوئے مکئی کے دانے جو کھلنے نہ پائیں۔
بُوری و مع۔ امث۔ لکڑی کے درزوں یا گڑھوں میں بھرنے کے لیے لکڑی کے برادے سے بنایا ہوا مسالا۔
بوَریا و مج، سک ر۔ امذ۔ چٹائی۔ مرکّب، بوریا بَدھنا درویشی سامانِ سفر۔ محاورہ؛ بوریا بستر اُٹھانا کسی جگہ سے کُوچ کرنا۔ بوَریا نَشِیں درویش، فقیر۔
بوَرِیَت و مج، کس ر، فت ی۔ امث۔ بے کیفی۔ [انگ: Boredom کی تورید]۔
بَوڑ و لین۔ امث۔ طفیلی یا پھیلنے والی بیل۔
بَوڑم و لین، فت ڑ۔ صف۔ بیوقوف، گاودی۔
بَوڑی و لین۔ امث۔ نیزے کا سرا جس میں سے نوک نکلی ہوتی ہے۔ چھڑی کی نوکدار شام نیز بَونڑی۔

بُوڑھا و مع۔ امذ۔ عمر رسیدہ آدمی، بڈھا، ضعیف، **بُوڑھا پھوس/ پھونس**، نہایت کمزور بڈھا۔ نیز **بُوڑھا کھپّاٹ/ کھپّٹ** امث **بُوڑھی/ بڑھیا**۔

بُوزِنَہ و مع، سک ز، فت ن۔ امذ۔ بندر، میموں، نیز **بوزینہ**۔

بُوزِیَہ و مع، کس ز، فت ی۔ امذ۔ طبی معائنے کے لیے مقعد یا فرج کو چوڑا کرنے کے لیے لگایا جانے والا برقی آلہ (قب انگ: Bougie)

بَوس و مج۔ امذ۔ **بوسہ**، نیز بطور لاحقہ چومنے والا، م: دست بوس ہاتھ چومنے والا، مرکب، **بوس وَ کَنار** (ومج) بوسہ بازی زور آغوشی۔

بُوس و مع۔ امث۔ بدحالی، رنج، غم [ع: ب ء س]۔

بُوستاں و مع، سک س، غنہ۔ امذ۔ باغ، چمن، نیز **بوستاں/ بُستاں** تراکیب میں بطور جزواول ن صحیح م: **بوستانِ سَعدی**۔

بَوِستھا فت ب، کس و، سک س۔ امذ۔ کسی مذہبی مسئلے میں شاستروں کی رُو سے پنڈتوں کا حکم، فتویٰ [س: وِیَوَستھا]۔

بُو سَلِیک و مع، فت س، ی مع۔ امذ۔ فارسی کلاسیکی موسیقی کے بارہ مقامات میں سے ساتواں مقام۔

بوَسَہ ومج، فت س۔ امذ۔ چومنے کا عمل، پیار، چمّا، چُبلہ۔

بوسِیدَہ و مج، ی مع، فت د۔ صف۔ پُرانا، کہنہ، ا کیف مث۔ **بوسیدگی** پرانا پن، کہنگی۔

بوَغ بَند و مج، سک غ، فت ب، سک ن۔ امذ۔ گٹھڑی بنانے کی چادر جس میں ڈوریاں لگی ہوتی تھیں۔

بُوغما و مع، سک غ۔ امث/امذ۔ موٹی بھدی عورت؛ امذ۔ گھوڑے کا بند ہیضہ، گلے کی گلٹی پھولنے کا مرض، گلڑ۔

بُوق و مع۔ امذ۔ بھونپو، موٹی آواز نکالنے والا نفیری کی قسم کا ساز، بگل، نرسنگھا۔

بُوقَلَمُوں و مع، فت ق ل، و مع۔ صف۔ امذ۔ رنگا رنگ، مختلف رنگوں سے مزیّن، امذ۔ طیف، منشور جو شعاع کے رنگوں کو بکھیر دیتا ہے۔ (ان معنی میں ن کے اعلان کے ساتھ)۔

بُو قیصا و مع، ی مع۔ امذ۔ ایک چھتنار درخت جس کے پتے آزاد درخت کی مانند چوڑے پھول سفید اور ڈوڈے لگتے ہیں، جن میں سے سوکھنے کی بعد بھنگے نکلتے ہیں اس لیے اسے درخت پشّہ بھی کہتے ہیں۔ دروار ، بیولا۔

بُوک وَمَکر و مع، و مج، فت م گ۔ امث۔ حجّت، تکرار، اگر مگر بحثم بحث، (لفظاً: شاید و لیکن)۔

بَوک ومج۔ امذ۔ مستایا ہوا توانا جواں بکرا۔ امذ۔ **بوکا** بکرے کا چمڑا۔

بوَکر ومج۔ امذ۔ کسی نوع کا نر چوپایہ، مثلاً بَیل گائے کا بوکر، ہرن کا بوکر، نیز **بوکرا** نیز **بوکَڑ**۔

بوَکنا و مج، سک ک۔ ف ل۔ بڑبڑانا، ناصاف گفتگو۔

بَوکھا و لین۔ امذ۔ جھکّڑ، تیز جھونکا۔

بَوکَھل و لین، فت کھ۔ صف۔ گھبرایا بولایا، ف ل، **بوکھلانا**، ا کیف مث، **بَوکھلاہٹ**۔

بَول و لین۔ امذ۔ پیشاب، **بَول اُلدّم** خون کا پیشاب، **بَول وَ بَراز** (و مج فت ب) پیشاب پاخانہ۔

بوَل و مج۔ امذ/ج مذ۔ لفظ، بات، کلام؛ گیت کے الفاظ یا ٹکڑا؛ فضیحتے۔ **دو بول** نکاح کے وقت پڑھے جانے والے کلمات۔

بُول و مع۔ امذ۔ ایک درخت کا خوشبو دار گوند جسے خوشبو کے لیے لوبان کی طرح جلاتے ہیں مُرّ، گَندہ رَس، (لاط: Balsam Odendrum Myrrha)۔

بَولانا و لین۔ ف م۔ بدحواس کر دینا، گھبرا دینا، قب **بَورانا/ بَوکْھلانا** ا کیف مث، **بَولاہَٹ**۔
بَولتا و مج، سک ل۔ امذ۔ جان، روح؛ حقّہ ، گُڑگُڑی۔
بوَلنا و مج سک ل۔ ف ل۔ آواز نکالنا، منہ سے کچھ کہنا، بات کرنا۔
بولی و مج۔ امث۔ زبان سے ادا کیے جانے والے الفاظ؛ زبان، لسان، بھاشا؛ پرندوں کی آواز ، چھکار؛ نیلام میں پکاری جانے والی قیمت ۔ **بوَلی ٹھولی** کسی طبقے کی مخصوص گفتگو یا محاورہ؛ ہنسی مذاق۔
بوَم و مج۔ امث۔ حلال کیے ہوئے چوپائے خصوصاً گائے کی پنڈلی کا گوشت۔ نیز **بوَنگ**۔
بُوم و مع۔ امذ۔ الّو، چُغد، تصغیر **بُومک** الو کا بچہ۔
بَون و لین۔ امذ۔ فاصلہ، دوری۔
بَونا و لین۔ صف امذ۔ ٹھگنا، پستہ قد؛ ٹھگنے قد کا آدمی، بالشتیا، امث، **بونی**۔
بوَنا و مج۔ ف م۔ پودے اگانا، کاشت کرنا، بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا۔
بُونٹ و مع، غنہ۔ امذ۔ کچّا چنا، کچّے چنے کا خول، کویا، پھلی۔
بُوند و مع، سک ن۔ امث۔ قطرہ؛ بارش کا پانی، بندکیوں دار کپڑا، چھینٹ، تصغیر، **بُوندی** مہین قطرہ، چھینٹ؛ ج **بُوندیاں** بارش کی چھینٹیں یا قطرے۔
بَونڈا و لین۔ امذ۔ ڈوڈا، خول؛ پھول کا پیالہ؛ پتّے کی ڈنڈی؛ نبات کی شاخ پر کوئی اُبھار یا پُھٹاؤ، سرپستان، بھٹنی، نیز **بَونڈر، بَونڈل، بَونڑا**، تصغیر **بَونڈلی** کچی کلی جو تازہ نمودار ہوئی ہو۔
بَونڈلا و لین، غنہ، سک ڈ۔ امذ۔ بگولا، گردباد، **بَونڈر**۔
بَونڑی ولین مغ۔ امث۔ نیزے کی انی کا گھاٹ جس میں وہ پھنسی ہوتی ہے نیز **بَوڑی**۔
بوَنگ و مج، غنہ۔ امث۔ رک: **بوَم**۔
بَونگا و لین مغ۔ صف۔ کج مج، کُڈھب، بَینڈا، بے تُکا، بد عقل، مت مارا، مث **بَونگی** م: بونگی بات۔ چال، وضع۔
بوَنگی و مج مغ۔ امث۔ گاڑی میں سواریوں کی علاحدہ ہو سکنے والی نشست جو حسب ضرورت رکھی یا نکالی جا سکے۔
بوَہلی و مج کس ہ۔ امث۔ پیوسی۔
بوَہنی و مج، سک ہ۔ امث۔ دوکان پر کسی دن کی پہلی بکری۔
بُوئی و مع۔ امث۔ سونگھنے کا عمل، محاورہ، **بُوئی لینا** امتحاناً سونگھنا۔
بویام و مج۔ امذ۔ مرتبان۔
بَویرا فت ب، ے مج۔ امذ۔ بجائی، بیج بونا۔
بَویس فت ب، ے مج۔ امث۔ رک: **بَبیس**۔
بُویضہ ضمہ ب، ے لین، فت ض۔ امذ۔ زیرہٗ گُل جو تولید کے لیے بیضے کی مثل ہے۔
بہ فت بـ۔ حرف جار۔ مترادف پر، اُوپر، بالاے مخفف **بَ** (رک)۔
بہٖ (۱) کسمج بـ۔ ہ ملفوظ۔ (بروزن دِل) صف۔ اچھا، خوب، پسندیدہ، مرغوب، م: پرہیز بہ از علاج۔
بہٖ (۲) کسمج بـ ہ ملفوظ۔ (بروزن دل) تخفیف **بِہی** (رک) **بِہدانہ** بہی کا بیج [لاط Cydonium]۔
بَہا (۱) فت بـ۔ امث۔ قیمت، دام، قدر، عوض، معاوضہ۔
بَہا (۲) فت بـ۔ امذ۔ دریا کے کنارے بہنے والی شاخ یا نالی جس میں سے آبپاشی کے لیے پانی لیا جاتا ہے۔
بَہا (ف) (۳) فت بـ۔ امث۔ روشنی، رونق۔
بَہادُر فت ب، ضمہ د۔ صف۔ دلیر، شجیع، نڈر، ہمت ور، امث۔ **بہادُری**، دلیری، شجاعت۔

بَہار فت ب۔ امث۔ پھولوں کا موسم، فصل ربیع؛ شادابی، رونق، تازگی؛ شباب، جوانی؛ جلوہ، تماشا؛ گل نارنج، م: شربتِ بہار؛ کافی ٹھاٹھ کا ایک راگ۔

بِہار کس مج ب۔ امذ۔ رک: **وِہار۔**

بُہارنا ضمہ ب، سک ر۔ ف م۔ جھاڑو دینا، گرد غبار کوڑا کرکٹ صاف کرنا، امث: **بُہارَن** جھاڑن، **بُہارنی** جھاڑو۔ مرکب **جھاڑُو بُہارُو** جھاڑو دینا، صفائی کرنا۔

بِہاگ کسمج ب۔ امذ۔ بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ۔

بِہاگڑا کسمج ب، سک گ۔ امذ بہاگ سے ملتا ہوا ایک اور راگ۔

بَہانا فت ب۔ ف م۔ لنڈھانا؛ رواں کرنا؛ لٹانا، اڑانا نیز رک **بہنا** جس کا یہ تعدیہ ہے۔

بَہانَہ فت ب، ن۔ امذ۔ حیلہ، عذر لنگ؛ سبب، وجہ، باعث۔

بَہاؤ فت ب، و مج۔ امذ۔ بہنے کی کیفیت، رخ یا مقدار؛ روانی، سیل۔

بَہائِم فت ب، کس ء۔ ج مذ۔ چوپائے، چرندے اور درندے [ع: واحد بہیمہ]۔

بَہائی فت ب۔ امذ۔ ایرانی مبلّغ بَہاء اللہ (م: ۱۸۹۲ء) کے بنا کردہ مذہب کا پیرو۔

بِہائی کس ب۔ امث۔ علم ہندو گھروں میں ایک مفروضہ ارواح جو بچوں کو سوتے میں ہنساتی اور رلاتی ہے۔ (قب **بی شادی**)۔

بِہبُود کس مج ب، سک ہ، و مع۔ امث۔ بھلائی، فلاح، بہتری، نیز۔ **بِہبُودی** (اردو کا تصرف)۔

بُہَت ضم مج ب، فت ہ۔ صف۔ زیادہ، بکثرت، نہایت، وافر؛ کافی، بکفایت ا کیف مث: **بُہتات** کثرت، وفور صرفی صورت **بُہتوں** (بوہ توں بروزن سَرسوں) م: بہتوں نے دیکھا۔

بُہتان ضم مج ، سک ہ۔ امذ۔ الزام، تہمت، افترا۔

بِہتَر کس مج ب، سک ہ، فت ت۔ صف۔ زیادہ اچھا، مقابلتہً اچھا؛ (بطور ایجاب) بہت اچھا، جو ارشاد ہو، منظور ہے۔ ا کیف مث **بِہتَری** بھلائی، فلاح، نفع، فائدہ۔

بَہَتّر فت ب ہ، شد فت ت۔ عدد۔ ستراور دو (۷۲) صف **بَہتّرواں/ ویں۔**

بُہتیرا فت ب، ضم مج ہ، ے مج۔ (بروزن پَن سیرا) صف۔ م فہ بہت سا، بڑی مقدار میں؛ بہت بار، بہت طرح۔ مث **بُہتیری۔**

بَہجَت فت مج ب، سک ہ، فت ج۔ امث۔ خوشی ، فرحت؛ تازگی۔

بَہر فت مج ب، سک ہ۔ حرف ربط۔ برائے ، لیے، واسطے م: **بَہرِ خُدا** خدا کے واسطے لِلّٰہ۔

بُہر (۱) ضم مج ب، سک ہ۔ امذ۔ سانس پُھولنا، صف **مَبْہُور** ہانپتا ہوا۔

بُہر (۲) ضم مج ب، سک ہ۔ امذ۔ وسط، درمیان، کسی چیز کا بیچ کا حصہ م: **بُہرِکمان** کمان کا چلّہ نیز **بُہرَہ۔**

بَہرا فت مج ب، سک ہ۔ صف۔ سماعت سے محروم؛ اونچا سننے والا، گراں گوش، **بَہرا بِھَنڈ** نپٹ بہرا، جو بالکل نہ سن سکے۔

بَہرام فت مج ب، سک ہ۔ علم۔ امذ۔ ستارۂ مریخ کا ایک نام۔

بَہرُوپ فت مج ب، سک ہ، و مع۔ امذ۔ نقلی بھیس، سوانگ صف **بہرُوپیا** طرح طرح کے سوانگ بھر کر لوگوں کو خوش کرنے والا پیشہ ور نقال۔

بِہروزَہ کس مج ب، سک ہ، و مج، فت ز، امذ۔ نباتی ریزش یا گوند جو بعض درختوں میں سے رستا ہے، م: **گَندَہ بِہروزَہ** چیڑ کے درخت کا گوند۔

بِہروَزی کسمج ب، سک ہ، و مج۔ امث۔ خوش بختی، اقبال مندی۔

بہرَہ فت مج ب، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ حصّہ، نصیبہ؛ فائدہ، نفع، حاصل؛ علم، واقفیت۔ صف بہرہ اَندوز فائدہ اٹھانے والا؛ بہرہ مَند فیضیاب، متمتع نیز بہرَہ ور/ یاب۔

بہَری فت مج ب، سک ہ۔ امث۔ شاہین یا شکرے کی مادہ۔ امذ۔ بہری باشا، بہری کا نر، ایک شکاری پرندہ جسے شکار کے لیے پالتے ہیں۔

بہزاد فت مج بہ۔ امذ۔ علم۔ ایران کا مشہور مصور، لفظاً خوش نَسب [ف: بہ زاد]۔

بہِشت فت ب،کس ہ، سک ش۔ امث۔ جنت۔ فردوس، بہشتِ بَریں آسمانی جنت، بہشت کی قُمری زنخا؛ گانے والی طوائف؛ نیز بہشت (کسمج ب)۔

بہِشتی فت ب، مج ب، کس ہ، سک ش۔ صف۔ امذ۔ بہشت سے مَنسوب م؛ حلّہ ٔ بہِشتی (رک) امذ سقّا، گھروں میں پانی لاد کر لانے والا۔

بہَق فت ب، ہ۔ امذ۔ کوڑھ کی بیماری، [اصلاً: ف بہک کا معرّب]۔

بہکاوا فت ب، سک ہ۔ امذ۔ بہکانے گمراہ کرنے والی بات۔

بہکنا فت مج ب،ہ۔ سک ک۔ ف ل۔ دھوکے میں آنا، بھٹکنا، گمراہ ہونا؛ بے ہوشی میں غیر معقول باتیں کرنا، محاورہ بہکائے میں آنا ورغلایا جانا، کسی کی ترغیب پر دھوکا کھا جانا۔ ف م: بہکانا بھٹکانا، ورغلانا، غلط بیانی کرنا۔

بہَل فت مج ب ہ۔ امذ۔ رک بہلی۔

بِہل کس مج ب، کس ہ۔ صف۔ معاف، درگزر، رفت گزشت، ف مر بِہل کرنا۔

بہلا فت ب، کس مج ہ۔ صف۔ مث۔ بانجھ مویشی۔

بہلانا فت مج ب، سک ہ۔ ف م۔ فکر یا تکلیف سے دھیان بٹانے کی کوشش کرنا، دلاسا، تسلی دینا؛ محاورہ روزَہ بہلانا روزے کی شدت کو ٹالنے کے لیے کسی کام میں جی لگانا۔ ف ل: بہَلنا۔

بہلاوا فت مج ب، سک ہ۔ امذ۔ تسلی خصوصاً جھوٹی تسلی، پُھسلاوا۔

بہلوَل فت مج ب، سک ہ، و مج۔ صف۔ ظریف، خوش طبع۔

بہلی فت مج ب، سک ہ۔ امث۔ دو پہیّوں کی پردہ دار بیل گاڑی نیز امذ بہَل۔

بہَلیا فت ب، کس ہ، سک ل۔ امذ۔ شکار میں ساتھ رہنے والا مسلح خدمتی، نیز بہیلیا۔

بہَم فت ب ہ۔ صف۔ یکجا، ایک ساتھ؛ مجمّع؛ موجود، دستیاب؛ موافق متحد، باہَم کی تخفیف۔

بِہمان کس مج ب، سک ہ۔ امذ۔ کوئی امکا، ڈھمکا، نیز فُلان و بِہمان/ بِہمانی فُلانا۔

بہمَن (۱) فت مج ب، سک ہ، فت م۔ امذ۔ ایرانی شمسی سال کا گیارہواں جاڑے کا مہینہ؛ علم؛ ایک قدیم ایرانی بادشاہ کا نام جو اسفند یار کا بیٹا تھا اور شہزوری میں ضرب المثل ہے۔

بہمَن (۲) فت مج ب، سک ہ، فت م۔ امذ۔ برَہمَن رک کی تحریف؛ نیز بامَن۔

بہن فت مج ب ہ۔ امث۔ ہمشیرہ، خواہر؛ یا رشتے میں والدین کی اولاد کے برابر کی لڑکی۔ تصغیر بہنا/ بہینا۔

بہنا فت مج ب، سک ہ۔ ف ل۔ رواں، جاری ہونا؛ لُنڈھنا؛ رِسنا؛ پانی پر تیرنا (کشتی وغیرہ کا)؛ چھیجنا، دُبلانا، بافیض ہونا۔

بہناپا فت مج ب، سک ہ۔ امذ۔ سَہیل پن، لڑکیوں عورتوں کے درمیان میل ملاپ دوستی، منہ بولی بہن کا رشتہ۔

بہَنڈ کسمج ب، فت ہ، سک ن۔ امذ۔ بارش یا سیلاب سے کٹی ہوئی ناہموار زمین۔

بَہنْکار کس مج ب، کس ہ، سک ن۔ امث۔ تانبے اور سیسے کی مخلوط دھات۔

بَہنگی فت مج ب، فت مغ ہ۔ (بروزن مَہنگی)۔ امث۔ موٹے بانس کے سروں پر ترازو کی طرح لٹکتی ہوئی دو ٹوکریاں یا تھیلے جن پر سامان لاد کر کاندھے پر لے جایا جاتا ہے۔

بَہنوئی فت مج ب، سک ہ، و مج۔ امذ۔ برادر نسبتی جو بہن کا شوہر ہو۔

بَہنیلا فت مج ب، سک ہ، ے مج۔ امذ۔ بہن بنانا، منہ بولی بہن کا رشتہ امث۔ بَہنیلی منہ بولی بہن۔

بَہُو فت ب، و مع۔ امث۔ بیٹے کی بیوی؛ بیوی، گھر والی۔

بَہورنا فت ب، و مج، سک ر۔ ف ل۔ پھرنا، پلٹنا، لوٹنا، واپس آنا۔

بَہی فت ب، امث۔ تجارت یا دوکانداری کا حساب لکھنے کی کتاب جو پہلے عموماً لنبوتری، پتلی طرف سے سلی ہوئی اور ڈوری سے لپیٹ کر رکھی جاتی ہے نیز بَہی کھاتا۔

بِہی (۱) کسمج ب۔ امث۔ ناخ یا ناشپاتی سے مشابہ ایک پھل، سفر جل [لاط: Pyrus Cydonia]۔

بِہی (۲) کسمج ب۔ امث۔ بہتری، بھلائی، فلاح، صف۔ بِہی خوَاہ (خاہ) خیر خواہ، ہمدرد۔

بَہیا فت مج ب، سک ہ۔ امذ۔ سیلاب۔

بَہیج فت ب، ی مع۔ صف۔ فرحت انگیز۔ خوش کرنے والا۔

بَہیر فت ب، ی مع۔ امث۔ مجمع، بھیڑ، نفری، لشکر کے ساتھ چلنے والے غیر فوجی لوگ، لشکری، مرعطفی، بَہیرو بُنگاہ لشکری ملازم اور لشکر کی خوراک کا سامان رکھنے کا گودام یا خیمے وغیرہ۔

بَہیڑا فت ب، ے مج۔ امذ۔ ایک تناور درخت اور اس کا کسیلا، مازو کے برابر پھل جو دواءً مستعمل ہے۔ بَلیلہ(لاط: Terminalia Bellerica)۔

بَہیم فت ب، ے مع۔ امذ۔ حیوان [اردو کا تصرف۔ ع: بہیم (صف) کالا بھٹ، بہیمہ، وحشی جانور]۔ صف بَہیمانہ وحشیانہ، ظالمانہ۔ امث۔ بہیمی وَحْشت، جانور پن، حیوانیت، نیز بہیمیت۔

بَہیُو فت مج ب، سک ہ، و مع۔ صف۔ موسم کی تبدیلی پر نقل مکانی کرنے والے سیلانی پرندے۔

بِئْس کس مج ب، سک ء صف۔ بُرا، بد، ناپسندیدہ، خسارے کا م: بِئْس اَلْبَدَل گھٹیا عوض، نعم البدل کی ضد۔

بی امث۔ بی بی کی تخیف؛ بُوا، بہن، خاتون، م: امّاں بی والدہ، آپا بی، بڑی بہن، بَڑی بی، بوڑھی عورت کو مخاطب کرنے کا کلمہ، نیز بی بی۔

بی بی امث۔ زوجہ، بیوی، خاتون، کنایتہً حضرت فاطمہؓ م: بی بی کی صَحنَک/ کا کُونْڈا، نیاز جس میں پوریاں تیار کی جاتی ہیں۔ بی بُھچْڑی ضمہ بھ، سک چ، علم، زنخوں کی کوئی مانی ہوئی شخصیت جس کے نام پر نیاز دی جاتی ہے۔

بی شادی۔ امث ایک فرضی نام جس سے بچوں کو ڈرایا جاتا ہے۔(لفظاً مراد خوشی، بیاہ) بی ہائی ایک مفروضہ روح جو سوتے میں بچوں کو ہنساتی یا ڈراتی ہے نیز بہائی۔

بے (۱) امذ۔ ایک ترکی کلمۂ خطاب، مترادف میاں، جناب، مسٹر۔

بے (۲) امذ۔ ادنیٰ درجے کے آدمی کو مخاطب کرنے کاکلمہ ابے کا مخفف۔

بے (۳) حرف استثنا و نفی۔ مترادف، بغیر، بلا، بن، م ف، بے اختیار بلا قصد، دفعتہً، امث۔ بے اَندامی بد تہذیبی، گستاخی، صف بے ایمان بددیانت، دھوکے باز، بے انصاف۔ بے بَد بھلا، سیدھا۔ بےبُود بے حقیقت، بے وجود، محاورہ: بے

بھاؤ کی پڑنا، بہت جوتیاں ماری جانا، بہت پیٹا جانا۔ صف مث بے پَر کی جھوٹی افواہ۔ صف بے پناہ شدید، زبردست، بے پیر ضدی، خودسر جو کسی سے نہ دبتا ہو؛ بے استادہ، انگھڑ، لاأبالی م ف: بے تَحاشا بے دھڑک، ادبدا کے، صف بے تُکا (ضمہ ت) بے موقع، نامناسب، م ف: بے تَکان روانی کے ساتھ؛ بے رکے بے جھجکے امث: بے جائی دیس نکالا صف: بے جِگر نڈر، جرأت مند، بہادر، بے چِراغ ویران، اجاڑ، بےچُوں یکتا، یگانہ، م ف: بے چُون و چرا (و مع، و مج، کس چ،) بلا حجّت۔ صف: بے خُوْد (خُد) بے ہوش؛ بے دال کا بُودَم بوم، اُلو، بے وقوف۔ م ف: بے دریغ بے جھجک صف: بے دید بے مروت امث: بے رُخی بے التفاتی، بے مروتی، صف: بے ساخْتَہ، برجستہ، بے تامّل، بلاارادہ، بے سروپا (و مج) بے بنیاد، بے اصل؛ بے صَرفَہ (سَرَفَ) فضول، بےکار م ف: بے غِلّ و غِش (کس غ) بلا تردد؛ بے کم و کاست (فت ک، ومج، سک س) مِن و عن، از اول تا آخر؛ بے مُحابا بغیر لحاظ کیے، بے دھڑک صف: بے نَمک بے لطف، بے مزہ، بے نمُون (فت ن، و مع) بے مثل، بے نَوا بے چارہ، غریب؛ بے نیاز بے پروا، غنی، بے نَیلِ مَرام (ے لین، کسمج ل، فت م) ناکام؛ بے ہَمال (فت ہ) یکتا، نیز بے ہَمتا بے ہَنّگم (فت ہ، غنہ، فت گ) بے ڈول، بد وضع۔

بے ے مج۔ امث۔ حجت، تکرار، دو بدو، گستاخانہ کلام، محاورہ، بے تے کرنا۔

بَیا فت ب۔ امذ۔ ایک زرد چڑیا جو پتلی شاخوں کو بُن کر اپنا گھونسلا بڑے سلیقے سے بناتی ہے جسے بئے کی جھونجھ کہتے ہیں۔

بِیا (۱) کسمج ب۔ صیغۂ امر۔ بُلانے کا کلمہ مترادف آ، آ جا، ج کے لیے؛ بِیائید ف م: بیاوَرید لاؤ۔

بِیا (۲) کس ب۔ امث۔ بی (رک) کی تصغیر؛ بڑی بہن کے لیے پیار کا لفظ۔

بِیابان کسمج ب۔ امذ۔ ویرانہ، اجاڑ، جنگل، بِیاباں نَوَرد جنگلوں ویرانوں میں پھرنے والا۔

بِیاج کسمج ب۔ امذ۔ سُود، ربٰو، اصل رقم پر میعادی اضافہ۔ نیز بِیاز م ف: بِیازُونہ سودی اُدھار پر۔

بَیاسی فت ب۔ عدد۔ اسی اور دو (۸۲) صف بَیاسی واں/ ویں۔

بَیاض فت ب۔ امذ۔ امث۔ سفیدی، اُجالا؛ امث، یادداشتوں کی کتاب۔

ٹبیا کُرَن سک ب، ک، فت ر۔ رک: وِیاکرَن۔

ٹبیاکُل سک ب، ضمہ ک۔ صف۔ بے کل، بے چین، [اصلاً: ویاکُل]۔

بَیالُو فت ب، و مج۔ امذ۔ ہندوانی اصطلاح میں رات کا کھانا۔ [س: وَے کال]۔

بَیالیس فت ب، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور دو (۴۲) صف بَیالیسواں/ ویں۔

بَیان فت ب۔ امذ۔ روایت، حکایت؛ بات، قول، تفصیل، تشریح؛ تذکرہ، روئداد؛ اشاعت کی غرض سے جاری کیا جانے والا اظہار، اقوال؛ مذکور؛ موضوع؛ عدالت کے سامنے گواہی، اظہار؛ مرنے والے کا ذکر، نالہ و زاری کے ساتھ؛ مؤثر، دلکش، ادبی کلام کے اصول و نکات کا ضابطہ: عِلمُ اْلبَیان۔

بَیّاں فت ب، شد ی۔ ج مث۔ بانہیں، بطور تصغیر گیتوں میں مستعمل۔

بَیانوے فت ب، سک ن۔ عدد۔ نوّے اور دو (۹۲) صف بیانْوواں/ ویں۔

ٹبیاہ سک ب۔ امذ۔ شادی ، عروسی، نکاح اور رخصتی، ف م۔ ٹبیاہْنا۔ شادی کرنا یا کرانا۔

بے باق ے مج۔ صف۔ پوری طرح ادا شدہ (قرضہ،

مطالبہ)۔

بَے پار ے لین۔ امذ۔ رک **بَیوْپار**۔

بَیت ے لین۔ امذ۔ گھر مکان، **بَیت اْلاَحْزان** غمخانہ، جہاں رونا دھونا ہو، کنایہ حضرت یعقوبؑ کے حجرے کی طرف جس میں بیٹھ کر وہ حضرت یوسفؑ کی یاد میں روتے تھے۔ نیز **کُلبَۂ آحزاں بَیت اْلحَزَن** (حَ ز نِ) **بَیتُ اْلخَلا** پاخانہ، رفع حاجت کی جگہ؛ **بَیت اْلشَّرَف** (ا، ل غم، شد فت ش، فت ر)آستانۂ عالی، کسی بزرگ یا بڑے آدمی کا گھر؛ وہ برج جس میں سعد ستارہ ہو، **بَیت اْلصَّنَم** (تس سَ نَم) بتکدہ، **بَیت اْلعَتیق** (تل عَ تی ق) پرانا گھر مراد خانۂ کعبہ **بَیتُ اْللہ** (کعبہ) **بَیت اْلمال** اسلامی حکومت کا خزانہ **بَیت اْلمُقدَس** (تَل مُ قَد دَس) یروشلم میں حضرت سلیمان کی ہیکل نیز **اَلمَقْدِس** (اَل مَق دِس)۔

بَیت (۲) ے لین۔ امذ۔ شعر۔ دو مصرعوں کا مجموعہ امذ **بَیت اْلغَزَل** غزل کا سب سے اچھا شعر۔ امث **بَیت بازی** شعر کے جواب میں شعر پڑھنے کا مقابلہ۔

بیت ے مج۔ امث۔ بانس کی قبیل کا ایک پودا جس کی بیل پانی کے قریب پھیلتی ہے جس سے قمچیاں، چھڑیاں بنائی جاتی ہیں اور چھلکے سے کرسیاں وغیرہ بنی جاتی ہیں؛ نیز **بینْت** (ے مج، غنہ) **جَل بینَت بید** [لاط calamus Rutang]

بَیتال ے لین۔ امذ۔ بُھوت پریت، مرکب، **آگیا بَیتال** رات کو ویرانوں شمشانوں میں چمکنے والی روشنی جسے بھوت سمجھا جاتا تھا۔

بَیتْلا ے لین، سک ت، صف۔ جس پر ترس آئے، مترادف: بے چارہ، نِگوڑا، مُوا، مث، **بَیتلی**۔

بیتْنا ی مع، سک تہ ف ل۔ واقع ہونا، درپیش آنا، ہوگزرنا، سرپر پڑنا (آفت ، مصیبت)۔

بیتوَل ی مع، و مج۔ امث۔ چراگاہ، مویشیوں کے چرنے کے لیے چھوڑی ہوئی زمین۔

بیٹ ی مع۔ امث۔ پرندوں کا فضلہ۔

بیٹ (۱) ے مج۔ امذ۔ دستہ، قبضہ، کسی اوزار کا ڈنڈا۔

بیٹ (۲) ے مج۔ امث۔ افتادہ، بے کاشت زمین، نیز **بیٹھ**۔

بیٹا ے مج۔ امذ۔ اولادِ نرینہ، لڑکا، فرزند۔ نیز بطور کلمۂ تحقیر مترادف بچا م: بیٹا منہ کی کھاؤ گے۔ امث۔ **بیٹی** لڑکی، دختر، بول چال؛ **بیٹی بٹارو** لڑکی کی ذات۔ ناکتخدا لڑکی جس کے بیاہ کی فکر ہو۔

بیٹھک ے مج، فت ٹھ۔ امث۔ گھر کا مردانہ کمرہ؛ بیٹھنے کی جگہ؛ نشست گاہ، چوپال؛ بیٹھنے کا آسن؛ بیٹھکی (رک) نگینے کا گھاٹ، نیز **بَیٹھکا** گھر کا بڑا کمرہ، چھپر وغیرہ جہاں لوگ ملنے کے لیے جمع ہوتے ہوں۔

بَیٹْھکی ے لین، سک ٹھ۔ امث۔ اٹھک بیٹھک کی ورزش مں بیٹھنے کا عمل، محاورہ **بَیٹھکیاں لگانا**، اٹھک بیٹھک کرنا۔

بَیٹَھن ے لین، فت ٹھ۔ امث۔ قیمتی کپڑے وغیرہ کو نفاست سے باندھ کر دینے کے لیے استعمال کیا جانے والا کپڑا، پیکنگ کا کپڑا۔

بَیٹھنا ے لین، سک ٹھ۔ ف ل۔ لیٹی ہوئی حالت سے دھڑ اُبھارنا، کھڑے ہوئے آدمی کا گھٹنے موڑ کر کولھے ٹکانا، جانور کا چھاتی ٹکانا؛ جلسہ کرنا، نشست رکھنا؛ دوکان دفتر وغیرہ میں کام کرنا، سواری پر آسن جمانا، مرد کا مباشرت کے لیے آمادہ ہونا۔ ڈھے جانا، جھول کھا جانا، وار یا تیر وغیرہ کا نشانے پر لگنا، جم جانا، ڈٹ جانا، فِٹ ہونا؛ سمانا؛ مقابلے سے الگ ہونا؛ کسی کی جگہ تخت کرسی یا عہدہ سنبھالنا؛ کسی شے کا تہ نشین ہونا، نیچے جانا؛ آواز یا گلے کا

رُندھنا، بھاری یا دھیما ہونا۔ (بطور فعل امدادی مختلف اور معنی میں بھی مستعمل ہے)۔

بِیج ی مع۔ امذ۔ تخم، دانہ، حب، **بیج دان،** پھولوں یا پودوں کا وہ خانہ، ڈوڈا یا پیالہ جس میں تخم ہوتے ہیں۔ صف: **بیجار** جس میں بہت بیج بھرے ہوں۔

بیجادَہ ی مع، فت د۔ امذ۔ یاقوت کی ایک قسم۔

بِیجک ی مع، فت ج۔ امث۔ مال تجارت کی روانگی کی یادداشت کا پرچہ جس میں جملہ تفصیل مع شرح، مقدار وغیرہ درج ہوتی ہے؛ کوئی تجارتی یادداشت۔

بیجَھڑ ے مع، فت جھ۔ امذ۔ ملا جُلا سستا اناج۔

بیجھنا ی مع، سک جھ۔ ف م۔ جانور کا کھروں سے زمین کھودنا۔

بِیچ ی مع۔ ظرف۔ امذ۔ کسی شے کا اندرونی یادرمیانی حصہ؛ اندر، اندرون، درمیان، وسط، جوف، مرکز۔ **بیچ میں** اندر، وسط میں؛ دوران میں، اثنا میں، **بیچم بیچ** عین وسط میں۔ امذ۔ واسطہ، دخل، تعلق۔ **بیچ بَچاؤ** مداخلت کے ذریعے صلح، مصالحت، **بیچ کی راس،** درمیانہ، متوسط، **بیچ کھیت** کُھلے طور پر، سب کے سامنے۔

بیچا ی مع۔ امث۔ ڈراؤنی زنانہ صورت؛ بلا، چڑیل۔

بیچنَا ے مع، سک چ۔ ف م۔ فروخت کرنا، بیع کرنا، دام لے کر حوالے کرنا، ف مر **بیچنا باچنا/ کھوچنا** (و مج) بیچ کر فارغ ہونا [بیچنا مع تابع زائد]۔

بیخ ے مج۔ امث۔ جڑ، اصل، بنیاد؛ نژاد، اصلیت۔ مر عطفی، **بیخ وُبن** جڑ بنیاد جس پر کوئی چیز قائم ہو۔ مرکب امث **بیخ کَنی** (فت ک) جڑ اکھاڑنا۔

بیختَہ ے مج، سک خ، فت ت۔ صف۔ چھانا ہوا۔

بید[۱] ے مج۔ رک: **وید** ، نیز **بیت**۔

بید[۲] ے مج۔ رک: **بیت**، امث۔ **بیدِ لَرزاں** بیت کی قسم سے ایک درخت جس کی پتلی لچکیلی شاخیں ہوا کے خفیف جھونکے سے لچک جاتی ہیں۔ نیز **بیدِ مَجنُوں/ مُولَّہ/ بید مُشک** بیت کی ایک خوشبو دار قسم [لاط: Salix Caprea]۔

بَیدا ے لین۔ امذ۔ بلوہ، فساد، ہنگامہ؛ ویرانہ، بیابان۔

بیداد ے مج۔ امث۔ ظلم، تعدّی۔

بیدار ے مج۔ صف۔ جاگتا ہوا، چوکنّا، ذی شعور؛ **بیدار مغز** عالی دماغ، محافظ، موافق، م: **بَختِ بیدار**۔

بیدَ شتَر ے مج، فت د، سک س، فت ت۔ امذ۔ کوئی ۲-۱/۲ فٹ لمبا ایک خشک آبی جانور جس کے پچھلے پانو چپٹے اور تیرنے میں معاون ہوتے ہیں، نرم پوستین کے لیے شکار کیا جاتاہے۔(انگ: Beaver)۔

بَیدَق ے لین، فت د۔ امذ۔ شطرنج کا پیادہ نیز **بَیذَق** [پیادہ کا معرّب]۔

بیدی (۱) ے مج۔ امث۔ قربان گاہ، مندروں کا وہ حصہ جہاں جانوروں کا جھٹکا کیا جائے۔

بیدی (۲) ے مج۔ صف۔ **وید** (رک) سے منسُوب۔ (سکھ مت) بابا گرو نانک سے سلسلۂ نسب رکھنے والے افراد کا لقب۔

بیدھا ے مج۔ صف۔ ہونّق ،چکرایا ہوا، سحر زدہ۔

بیدھنا ے مج، سک دھ۔ ف م۔ چھیدنا، سوراخ کرنا۔

بِئر کسمج ب، سک ئ۔ امذ۔ کُنواں۔

بَیر ے لین۔ لاگ، دشمنی، عداوت ، صف **بَیری،** دشمن، حریف۔ امث۔ **بَیرا کھیری،** عداوت، لاگ، ڈانٹ۔

بیر ی مع۔ امذ۔ رک **وِیر** نیز **بِیرا** بھائی، **بیرَن** بھائی کے لیے پیار کا لفظ۔

بیر (۱) ے مج۔ امذ۔ ایک لنبوترا عموماً انچ بھر

لمبا پھل، مزا سیب سے ملتا ہوا، گٹھلی پتلی نوکیلی [لاط: Vorum Jujuba]؛ ایک جھاڑی میں لگنے والا سرخ گول گٹھلی کا کھٹ مٹھا موتیا انگور کے برابر پھل جس کے درخت کو جھڑبیری کہتے ہیں، نیز **جھاڑی بُوٹی کا بیر۔**

بیر (۲) ے مج۔ امذ۔ باری بمعنی دفعہ، مرتبہ کا دیہاتی مترادف۔

بَیراگ ے لین۔ امذ۔ فقیری، ترک لذّات صف **بَیراگی** تارک الدنیا، فقیر، سنّیاسی۔ امث۔ **بَیراگن** [اصلاً وَیراگ]۔

بیربانی ی مع۔ امث۔ خاتون، گھریلو عورت۔

بیر بَہوٹی ی مع، و مج۔ امث۔ سرخ مخملی رنگ کا ایک برساتی حشرہ، جو چھونے یا ہاتھ میں لینے سے بالکل ساکت ہو جاتا ہے [لاط: Arana Caccinia] نیز **بیر بِہنّی** (کسمع ب، فت ہ، شد ن)۔

بَیرَق ے لین، فت ر۔ امذ۔ جھنڈا، جھنڈی۔

بَیرَم (۱) ے لین، فت ر۔ امذ۔ بھاری چیزوں کو اٹھانے کے لیے ان کے نیچے اڑایا جانے والا لمبا ڈنڈا؛ سوراخ کرنے کا اوزار یا کل، برما۔

بَیرَم (۲) ے لین، فت ر۔ امذ۔ جشن، مسرت، بہجت، عید [ت]۔

بیرَنگ ے مج، فت ر، غنہ۔ صفہ۔ سادہ، بے رنگوں کا، غیر دلچسپ؛ لکیروں سے بنایا ہوا خاکہ، ڈول، نقشہ۔

بَیرَنگ ے لین، فت ر۔ غنہ۔ صفہ۔ بغیر ٹکٹ لگائے بھیجا جانے والا خط، محصول طلب۔ [انگ: Bearing]

بیرُوں ے مج، و مع۔ ظرفہ۔ باہر، اوپر، کھلا، سامنے۔ **بیرُونجات** بدیس، باہر کے ملک یا اطراف کے علاقے۔ صف **بیرُونی** باہر کا؛ ظاہری۔

بیڑ ی مع۔ درختوں یا جھاڑیوں کا جُھنڈ، کُنج؛ کھیت، کی مینڈ یا حد بندی نیز **بیڑھ**، گانْو کی مشترک اراضی جو جانوروں کی چرائی کے لیے چھوڑ دی گئی ہو۔

بیڑا (۱) ی مع۔ امذ۔ تلوار خنجر وغیرہ کی میان پر لگا ہوا تسمہ تاکہ اُگل نہ پڑے۔

بیڑا (۲) امذ۔ پان کی گلوری، جو کتھا چونا لگا کر سلیقے سے موڑی گئی ہو۔ محاورہ **بیڑا اُٹھانا** عزم کرنا، کسی کام کے انجام دینے کا ذمہ لینا۔

بیڑا ے مج۔ امذ۔ دریا پار کرنے کا وسیلہ، کشتی، سفینہ وغیرہ، جہازوں کا جُھنڈ۔ **بیڑا پار لگنا** کامیابی حاصل ہونا۔ **بیڑا غَرق ہونا** تباہی کا سامنا ہونا۔

بیڑی ی مع۔ امث۔ سوکھے پتّے کو لپیٹ کر بنائی ہوئی، تمباکو بھری مخروطی بتّی جسے چوڑی طرف سے سلگا کر پتلی طرف سے کش لیتے ہیں۔

بیڑی (۱) ے مج۔ امث۔ چھوٹی کشتی؛ کشتی نما ڈول جسے دو آدمی مل کر رسّیوں سے کھینچتے اور پانی نچلی سطح سے اوپر چڑھاتے ہیں۔

بیڑی (۲) ے مج۔ امث۔ قیدیوں کے پانو میں ڈالی جانے والی لوہے کی کڑی اور زنجیر تاکہ بھاگ نہ سکیں؛ پانو کا ایک زیور۔

بیزار ے مج۔ صفہ۔ اکتایا ہوا، متنفّر۔ اکیف مث **بیزاری** اکتاہٹ بے کیفی۔

بیس ی مع۔ عدد۔ دس اور دس کا مجموعہ (۲۰) صف **بیسواں/ بیسویں** صفہ۔ بہتر، برتر، (اُنیس کے مقابل)۔ م ف **بیس بِسوے** کاملاً، پورے طور پر۔ صف **بیسا** بیس ناخنوں والا جانور خصوصاً کُتّا۔

بیساختہ ے مج، سک خ، فت تہ۔ صفہ۔ م فہ اچانک، بلا ارادہ، بغیر سوچے۔ اکیف، مذ، بے

ساختہ پَن [ف +ا: پَن]۔

بَیساکھ ے لین۔ امذ۔ ہندی سال کا پہلا مہینہ اپریل مئی کے لگ بھگ۔ [س: وَیشاکھ]۔

بَیساکھی ے لین۔ امث۔ بغل میں دبا کر چلنے کی لاٹھی یا لکڑی کا بنا ہوا سہارا جسے لنگڑے لوگ استعمال کرتے ہیں؛ چھپّر کے سہارے کے لیے کھڑی کی ہوئی بلّی، ٹھونی۔ صف: بیساکھ کے مہینے سے منسوب۔ **بیساکھی کا میلہ**، بیساکھ کے مہینے میں لگنے والا گنگا نہان کا ہندوانی میلہ۔

بیست ی مع، سک س۔ عدد۔ بیس (۲۰)۔ صف **بیستم/ بِستُم** امذ۔ **بِیستی** مغلئی فوج میں بیس سواروں کا افسر۔

بے سُتوُن ے مع، ضمہ س، و مع۔ علَم۔ ایران کا ایک پہاڑ جو شیریں فرہاد کے قصّے سے منسوب ہے۔

بیسَر ی مع، فت س۔ امذ۔ کٹائی کے بعد کھیت میں بچا کھچا اناج جسے غریب غربا سمیٹ لاتے ہیں۔

بیسَر ے مع، فت س۔ امذ۔ بُلاق، ناک کا زیور جو دیہاتی یا پہاڑی علاقوں کی عورتیں، ناک کے بانسے میں نتھنوں کے درمیان لٹکاتی ہیں۔

بیسرا ے مع، سک س۔ امث۔ دُھوتی (رک) کی مادہ، ایک شکاری چڑیا۔

بیسَن ے مع، فت س۔ امذ۔ چنے کا آٹا۔ **بیسَن دانی** منہ ہاتھ دھونے کے لیے بیسن رکھنے کا خانہ یا ظرف۔

بیسوا ے مع، سک س۔ امث۔ رنڈی، طوائف [اصلاً: وَیشیا]۔

بیسی ی مع۔ امث۔ کوڑی، بیس کا مجموعہ، م: تین بیسی ساٹھ۔

بیش ے مع۔ صف۔ زیادہ، بڑھ کر، قیمتی، بیش از بیش زیادہ سے زیادہ، جتنا زیادہ ہو سکتا ہے، فقرہ **بیش باد!** زیادہ ہو، عموماً لعنت کے لیے بطور بد دعا مستعمل۔ صف **بیش قَرار** (ے مع، فت ق) حجم یا مقدار میں زیادہ [ع: قراره = تہہ، تھاه] امذ **بیشی** زیادتی، افزونی۔

بیشک ے مع، فت ش۔ م فد بلاشبہ، یقیناً، ضرور؛ بجا، درست۔

بیشَہ ے مع، فت ش۔ امذ۔ جنگلی درندوں کا ٹھکانا۔

بَیض ے لین۔ امذ۔ سفیدی، چمک، دستخط یا نشانِ تصدیق جو کسی تحریر یا دستاویز پر ثبت کیا جائے؛ (حیاتیات) انڈا، بیضہ۔ **بَیض خانہ/ دان** وہ تھیلی جس میں تولیدی بزرے ہوں۔ صف۔ **بَیضا**(ء) روشن، تاباں، **بَیضانہ** تصدیق کرانے کی فیس جو مصدق کو دی جائے۔

بَیضاوی ے لین، و مع۔ صف۔ انڈے کی طرح گولائی لیے ہوئے، لنبوترا گول۔ نیز **بَیضَوی** (فت ض) ا کیف مث۔ **بَیضَوِیّت** گولائی، قوسی شکل۔

بَیضَہ ے لین، فت ض۔ امذ۔ انڈا، خایہ، فوطہ، نطفہ، نیز رک **بَیض**۔ مرکب **بَیضَۃُ اَلْبَلَد** (بَے ضَتُل بَ لَد) شہر کا سب سے معتبر و معزز آدمی۔

بَیطار ے لین۔ امذ۔ گھوڑوں، مویشیوں کا معالج، سالوتری، امث۔ **بَیطاری** مویشیوں کے علاج کا علم، نیز **بَیطَر**۔

بَیع ے لین۔ امذ۔ فروخت۔ مرکب **بَیع بِاْلخیار** جانچ کے بعد واپسی کی شرط پر بکری، ہیرنی پھیرنی۔ **بَیع بِاْلمُعاطاۃ** (بل مَعاتات) لین دین بلا تحریر، دست گردانی، **بَیع بِاْلوَفا** (بِل وَفا) رہن کی وہ صورت کہ اگر مقررہ میعاد کے اندر نہ چھڑایا گیا تو فروخت شدہ خیال کیا جائے گا۔ **بَیع سَلَم** (فت س ل) بیعانہ دے کر پختہ کیا جانے والا معاہدۂ فروخت۔ امذ۔ **بَیعْنامَہ** خرید و فروخت کی دستاویز **بَیع وَ شِراء** (کس ش) خرید و فروخت۔

بَیعانَہ ے لین، فت ن۔ امذ۔ پیشگی رقم جو خریداری کے ارادے سے یا معاہدے کو پکّا کرنے کے لیے دی جائے۔

بَیعَت ے لین، فت ع۔ امث۔ کسی کی ہدایت کو تسلیم کرنے کا اقرار جو عموماً مرید پیر کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر کرتا ہے۔

بِیکا ی مع۔ صف۔ ٹیڑھا، کج۔

بَیکال ے لین۔ امذ۔ شام کا وقت۔

بَیکُنٹھ ے لین، ضمہ ک، سک ن۔ امذ۔ جنّت، سوَرگ صف **بَیکُنٹھ باسَی** مرحوم، جنّت نشیں (مرنے والے نیک لوگوں کے لیے مستعمل)۔

بیگ (۱) ے مج۔ امذ۔ قدیم ، لقب، صاحب، سردار کا مترادف؛ عموماً مغل ناموں میں شامل۔

بیگ (۲) ے مج۔ م ف۔ جلد، شتابی سے، فوراً، بلاتاخیر، نیز **بیگی** م: بیگی آنا۔

بیگار ے مج۔ امث۔ مفت کی مشقت جو رعایا یا کسی مجبور شخص سے لی جائے۔ صف: **بیگاری**۔ بیگار میں پکڑا ہوا مزدور۔

بیگانگی ے مج، فت ن۔ امث۔ غیریت، اپنا نہ سمجھنا؛ ناواقفیت۔ صف **بیگانَہ** (ے مج، فت ن)۔ اجنبی، غیر۔ اکیف مذ۔ **بیگانہ پَن** [ف + ا]۔

بیگَر ے مج، فت گ۔ امذ۔ قلعی، چمکانے والا روغن یا مسالہ۔

بیگَم ے مج، فت گ۔ امث۔ ملکہ، شہزادی، رئیس زادی وغیرہ کا لقب؛ بیوی، زوجہ؛ معزز خاتون؛ تاش کے پتوں کی رانی صف: **بیگماتی** (سک گ) بیگموں یا شریف گھرانوں سے منسوب۔ م: بیگماتی زبان۔ **بیگمی** عمدہ، نفیس قسم کا، بیگموں کے لائق۔ م: **بیگمی چاول** مہین، لانبے دانوں کا چاول، **بیگمی پان** ایک قسم کا زردی مائل چھوٹا نرم پان۔ اصلاً: **بیگم**۔

بیگھا ی مع۔ امذ۔ (قدیم) ایک جریب چوڑی اور ایک جریب لمبی مربع زمین کے برابر رقبہ؛ بیس بسوے یا ۳۰۲۵ مربع گز زمین جسے پختہ بیگھا کہتے ہیں۔ اس سے کم رقبے کے خام بیگھے کہلاتے ہیں جو بعض علاقوں میں رائج ہیں۔

بَیل ے لین۔ امذ۔ گائے کا نر۔

بیل (۱) ے مج۔ امث۔ سطح پر پھیلنے یا کسی سہارے کے گرد لپٹ جانے والی نبات؛ اس سے ملتا جلتا نقش جو کسی سطح ، کاغذ کپڑے وغیرہ پر بنایا یا کاڑھا جائے؛ طول ، قد ، قامت؛ سلسلہ، ترتیب۔ **بیل بُوٹے** (و مع) گلکاری۔ محاورہ **بیل مَنڈھے چَڑھنا** (فت مغ م، فت چ) منصوبہ پورا ہونا، کام کا خیر و خوبی سے انجام پانا، عموماً منفی صورت میں مستعمل؛ م: یہ بیل منڈھے چڑھتی دکھائی نہیں دیتی۔ کام بنتا نظر نہیں آتا۔

بیل (۲) ے مج۔ امذ۔ ایک سخت خول کا زرد گودے دار پھل جس کے ذائقے میں قدرے ہیک ہوتی ہے اس کا درخت بڑا، پتّے سرسوں کی طرح نوک دار، پھول سفید خوشبو دار ہوتا ہے۔ (لاط: Aegle Marmelos) **بیل گِری** (کس گ) بیل کا سوکھا گودا جو دواءً مستعمل ہے۔

بیل (۳) ے مج۔ امث۔ میراثیوں ڈومنیوں وغیرہ کو دیا جانے والا انعام، **بَیل بَٹّا** نچھاور کی رقم جو گانے والوں کو تقسیم کی جائے۔

بیل (۴) ے مج۔ امذ۔ زمین کھودنے کا دستہ دار اوزار، نیز **بَیلچَہ**؛ تعمیر کے لیے بیل سے زمین پر ڈالا جانے والا نشان، **بیل بانک** بکیتی یا چھریوں کا مقابلہ۔

بیل (۵) ے مج۔ امث۔ گردن، سر اور شانے کے درمیاں کا حصہ؛ گردن میں پیدا ہونے والا ایک مرض، خُنا زیر، کنٹھ مالا۔

بیل (۶) ے مج۔ امذ۔ کشتی کھینے کا ڈنڈا، پتوار۔
بِیلا ی مع۔ امذ۔ زنانہ انداز و اطوار رکھنے والا مرد۔ امث **بیلی** مرد نماعورت۔
بیلا (۱) ے مج۔ امذ۔ چنبیلی کی قسم سے ایک دوہری پتیوں کا پھول (لاط۔ Jasminum Zambac) (۲) کٹورا، پیالہ؛ تیل ناپنے کا ظرف۔
بیلا (۲) ے مج۔ امذ۔ وائلن کی طرح گز سے بجایا جانے والا ایک ساز۔ وائلن [س: وِیّل = تھرکنا]۔
بیلا (۳) ے مج۔ امذ۔ دریا کے کنارے کا گھنی جھاڑیوں سے پٹا ہوا علاقہ۔
بیلا (۴) امذ۔ گانو کی چوپال، مشترک زمین یا احاطہ [اصلاً: ویلا: خالی]۔
بیلچہ ے مج، سک ل، فت چ۔ امذ۔ زمین کھودنے کا آلہ، نیز **بیل/ بیلچک/ بیلک**۔
بیلن ے مج، فت ل۔ امذ۔ چکلے پر چپاتی وغیرہ بنانے کے لیے لکڑی کا لنبوترا گول ڈنڈا جس کے دونوں کناروں پر پتلی ڈنڈیاں نکلی ہوتی ہیں۔ جنھیں انگلیوں سے گھمایا جاتا ہے؛ کوئی گول لانبا لکڑی یا دھات کا اوزار یا پرزہ؛ زمین کو ہموار کرنے کا پٹیلا؛ دروازے کا کھٹکا، چٹخنی۔ امذ۔ **بیلن پٹڑا** چکلا بیلن۔ امث۔ **بیلنی** چھوٹا بیلن؛ چٹخنی۔
بیلنا ے مج، سک ل۔ ف م۔ بیلن پھیر کر چپٹا کرنا؛ چکلے پر آٹے کے پیڑے کو بیلن سے دبا دبا کر ٹکیا روٹی وغیرہ بنانا؛ گنّے وغیرہ کو بیلن سے دبا کر رس نکالنا امذ۔ رس نکالنے کا کولھو، روئی سے بنولے الگ کرنے کی آوٹنی۔
بیلی ے مج۔ امذ۔ محافظ، نگہبان م: **اللہ بیلی** خدا نگہبان؛ دوست، محبوب۔
بِیم ے مع۔ امذ۔ خوف، ڈر، خدشہ، وسوسہ، مر عطفی۔ **بیم و رجا** کچھ امید کچھ ہراس کا عالم۔
بِیمات ی مع۔ امث۔ سوتیلی ماں۔ نیز **بیماتر** **بیمات بھائی** سوتیلا بھائی۔
بِیمار ی مع۔ صف۔ مریض، روگی؛ (مجازاً) بدحال، نڈھال، نحیف، ضعیف؛ **بیمار پُرسی** (ضمہ پ) عیادت۔ اکیف مث۔ **بیماری** (ی مع) روگ، مرض، علّت۔
بیمہ ی مع، فت م۔ امذ۔ تلافی نقصان کا ذمّہ؛ مقررہ اقساط کی ادائگی کی شرط پر موت یا حادثے کی صورت میں معاوضہ ادا کرنے کا معاہدہ۔ **بیمے کی سَنَد** بیمے کا اقرار نامہ، بیمہ پالیسی۔
بَین (۱) ے لین۔ امذ۔ کسی کے مرنے پر آہ و زاری کے ساتھ بولے جانے والے بول۔
بَین (۲) ے لین۔ ظرف۔ بیچ، درمیان، م ف: کے درمیان، کے اندر، کے دوران میں، صف: **بَین الاقوامی** (بے نَل اَق وامی) عالمی، کل دنیا، تمام ملکوں یا کئی ملکوں سے تعلق رکھنے والا، **بَین الدَّفَّتَین** (بے نَد دَفْ فَ تَین) کتاب کی دونوں دفتیوں یا جلد کے درمیان، مراد کل متن، پوری کتاب۔ امذ۔ **بَینَ السُّطور** (بے نَس سُ تُور) کتاب کی سطروں کے درمیان کا فاصلہ (مجازاً) وہ بات جو الفاظ میں وضاحت سے نہ بیان کی گئی ہو لیکن مقدّر یا قابل فہم ہو۔ م ف۔ **بَین بَین** وسط میں، بیچوں بیچ، متوسّط طور پر۔
بِین ی مع۔ امث۔ تاروں سے کسا ہوا ساز جسے ستار کی طرح مضراب سے بجاتے ہیں اور اس کے دونوں سروں کے بیچ دو بڑے تونبے جڑے ہوتے ہیں۔ صف۔ **بین کار** بین بجانے والا؛ (۲) سپیروں کا منہ سے پھونک کر انگلیوں سے بجایا جانے والا باجا جس میں ایک تونبی اور دو بانسریاں جڑی ہوتی ہیں۔
بِیں ی مع، غنہ۔ لاحقہ۔ بمعنی دیکھنے والا م: دُور بیں، ستارہ بیں، ا کیف مث۔ **بِینی**، دیکھنا، مشاہدہ کرنا۔

بَیِّن فت ب، شد کس ی۔ صف۔ صاف، واضح، ظاہر، روشن، ج: **بَیِّنات** روشن دلائل یا حقائق۔

بَینا ے لین۔ امث۔ ماتھے کا گول زیور، ٹیکا۔ نیز امث۔ **بَینی**۔

بینا (۱) ی مع۔ صف۔ دیکھنے والا، صاحب نظر؛ عاقل دانا، اکیف مثد۔ **بینائی** بصارت، دیکھنے کی قوت، آنکھوں کی روشنی۔

بینا (۲) امذ۔ خس، ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔ (لاط: Andropagon Muricatus)۔

بینت ے مج، غنہ۔ رک: **بیت**۔

بَینٹ ے لین، مغ (بروزن خیر)۔ امذ۔ کلہاڑی پھاوڑے وغیرہ کا لکڑی کا دستہ یا ڈنڈا۔

بَینجنی ے لین مغ، سک ج۔ (بروزن بانسری) صف۔ بینگن کے رنگ کا، اودا۔

بینڈھنا ی مع، غنہ، سک دھ۔ ف م۔ پرونا، چھیدکرنا۔

بینڈ ی مع، سک ن۔ امثد گڈی، گجا، مٹھا۔ نیز امذ: **بینڈا** گٹھا، مٹھا، بندھی ہوئی تیلیاں، لکڑیاں، بانس وغیرہ۔

بَینڈا ے لین مغ۔ (بروزن ایسا) صف۔ ٹیڑھا کج؛ پیچیدہ؛ دشوار۔ مث **بَینڈی**۔

بینڈی ی مع مغ۔ امث۔ بیلوں کے گلے میں ڈالنے کی کپڑے میں لپٹی ہوئی لکڑی؛ رسّی یا سوت کی پینڈی۔

بینڈیا ی مع مغ، کس ڈ۔ امذ۔ وہ بیل جو تین بیلوں کی گاڑی میں آگے جوتا جاتا ہے اور اس کے گلے میں بینڈی پڑی ہوتی ہے۔

بینش ی مع، کس ن۔ امثد بینائی، بصارت۔

بَینگن ے لین مغ، فت گ۔ امذ۔ ایک عموماً اودے رنگ کی گول یا لنبوتری ترکاری (شاذ سفید)، جس میں سبز پینڈی لگی ہوتی ہے، بادنجان؛ (مجازاً) خایہ، عضو تناسل۔ (لاط: Solenum Melongena)۔

بینٹنا ی مع، سک ن۔ ف م۔ چُننا، ایک ایک دانہ کر کے اٹھانا۔

بَیِّنَہ فت ب، شد کس ی، فت ن۔ امذ۔ دلیل، حجت، برہان، ثبوت، کرامات، معجزہ جو قائل کر دے۔

بینی ی مع۔ امثد ناک، سونگھنے سانس لینے کا عضو؛ قرآن مجید یا بعض کتابوں کی جلد کا سموسہ یا وہ حصہ جو بند کرتے وقت کتاب کو پوری طرح ڈھک لیتا ہے (انگ: Flap)۔عینک کی دونوں تالوں کے بیچ کا حصہ جو ناک پر رکھا رہتا ہے۔ **بینی پاک** (ی مع) رومال/دستی/کواڑ کا کنارہ جو دوسرے پٹ کی طرف قدرے آگے نکلا رہتا ہے؛ کواڑ کے حاشیے یا پٹ کے کنارے پر جڑی ہوئی اُبھرواں پٹی یا حاشیہ؛ پہاڑی کی آگے نکلی ہوئی ککر۔

بیوپار سک ب، و لین۔ (بروزن دیوار) امذ۔ کاروبار، تجارت۔ امذ۔ **بیوپاری**، تاجر، نیز عام بے پار (ے لین) [س: ویاپار]۔

بُیُوت ضمہ ب، و مع۔ ج مذ۔ مکانات، گھر، (مجازاً) خاندان **بَیت** (رک) کی جمع۔ج ج **بُیُوتات**۔

بیوْرا ے مج، سک و۔ امذ۔ حال، کیفیت، سر گزشت۔

بیوْڑی ے مج، سک و۔ امثد کچوری جو ماش کی مسالے دار دال کو آٹے میں ملا کر تلی جاتی ہے۔

بَیوَشتھا ے لین، فت و، سک س۔ امذ۔ کسی مسئلے میں ہندو پنڈتوں کا شاستروں کی رُو سے دیا جانے والا فیصلہ، فتویٰ۔

بُیُوع ضمہ ب، و مع۔ ج مذ۔ **بَیع** (رک) کی جمع۔

بیوُقُوف ے مج، ضمہ و، و مع۔ صف۔ کم عقل، عام؛ بے **وَقُوف**۔

بیوَگ سک ب، و مج۔ امذ۔ ہجر، فراق، جدائی، صف، **بیوَگی**، (بروزن جوگی) مہجور۔ مثد بیوَگن/ گِن؛ **بِجوَگ** [س: ویوگ]۔

بْیونْتْنا سک ب، و مج، غنہ ، سک ت۔ (بروزن کھینْچنا) ف م: کوئی پہناوا سینے کے لیے.کپڑے کو ناپ کر دیکھنا اور تراش طے کرنا۔ نیز **بیْنْتْنا** (ے مج، غنہ، سک ت)۔

بیوَہ ے مج، فت و۔ امث۔ وہ عورت جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو، رانڈ [قب س: وِدھوا] اکیف مث **بیوَگی**۔

بْیوہار سک ب، و مج۔ امذ۔ بیوپار، کاروبار، لین دین؛ تنظیم؛ پیشہ، معاش۔

بِیوی ی مع۔ امث۔ زوجہ؛ خاتونِ خانہ، مالکہ؛ عورتوں کو مخاطب کرنے کا کلمہ مترادف بی بی، بنّو۔

بیہْری ے مج، سک ہ۔ امث۔ قسط، حصۂ رسد، محاورہ، **بیہْری باندھنا**، قسط مقرر کرنا، چندہ وصول کرنا۔ **بیہری دار** تقسیم میں شریک، حصہ دار۔

بیہَڑ ے مج، فت ہ۔ صف۔ امث۔ اونچی نیچی ناہموار زمین، ویرانہ۔

بیہَن ے مج، فت ہ۔ امث۔ دھان کی کیاری؛ بیجوں کے لیے دی جانے والی پیشگی رقم۔

بے ہُودَہ ے مج، و مع، فت د۔ صف۔ بدتمیز۔ بد کلام، بیکار، بے حاصل (بات، کام)۔ **بے ہُودَہ گو** لغو کلام کرنے یا کہنے والا۔ اکیف مث، **بے ہُودہ گوئی؛ بے ہُودگی**۔

بے ہوش ے مج، و مج۔ صف۔ غافل، بے سُدھ، بے پروا، مست، اکیف مث، **بے ہوشی**۔ مخفف **بیہُشی/ بے ہُشی**۔

بے یارو مَدَد گار و مج، فت م د۔ صف۔ اکیلا، تنہا، درماندہ۔

بھ

بھ بھے، بھا امث۔ حرف ہجا۔ اردو حروف تہجّی کا چوتھا حرف، ب کی ہائیہ شکل، شفوی صوتیہ، ہندی اصل کے الفاظ کے ساتھ مخصوص ، جمل میں اس کے ۷ عدد شمار ہوتے ہیں۔

بھابَر فت ب۔ امث۔ مُونج سے ملتی ایک گھاس جو رسیّاں بٹنے اور کاغذ سازی کے کام آتی ہے؛ کالی مٹی کی زمین، نیز **بھابَڑ**۔

بھابْڑا سک ب۔ صف۔ لال بھبھوکا، نیز **بھابھرا**۔

بھابو، و مج۔ امث۔ بھابی (رک) کو پکارنے کا نام۔

بھابی (۱) امث۔ بھائی کی بیوی، بھاوَج، نیز دوستوں کی بیوی کو پکارنے کا کلمہ۔

بھابی (۲) امذ۔ اناج کے دانوں میں سوراخ کرنے والا کیڑا۔

بھابھْرا صف رک: **بھابرا**۔

بھاپ امث۔ گرم پانی سے اٹھنے والی لپَٹ، بخارات، گیسوں میں تبدیل شدہ پانی، جس کے زور سے انجن چلائے جاتے ہیں؛ سرد موسم میں منہ سے نکلنے والا بھاپ سے ملتا ہوا سانس۔

بھات امذ۔ اُبلے چاول، خشکہ؛ شادی کا تحفہ جو میکے والوں کی طرف سے دلہن کو دیا جائے؛ پسند کی چیز، من بھاتی شے۔

بھاتی امث۔ لوہار کی دھونکنی، نیز **بھاتّنی**۔

بھاٹ (۱) امذ۔ قصیدہ خواں شاعر، قدیم رجواڑوں کا درباری شاعر۔

بھاٹ (۲) امذ۔ دریائی مٹی سے بنا ہوا ٹاپو؛ دریا کے بہاؤ کا رخ۔

بھاٹا (۱) امذ۔ چڑھے ہوئے پانی کا اُتار ، جُوار کی ضد۔

بھاٹا (۲) امذ۔ پتھر کا بٹّا؛ گول بینگن نیز **بھانٹا**۔

بھاٹی امث۔ نشیبی زمین۔

بھاجی امث۔ پکا ہوا ساگ، بُھجیا؛ پکے ہوئے کھانے کا تحفہ جو دوسرے گھروں کو بھیجا جائے۔

بھادوں و مج، غنہ۔ امذ۔ ساون کے بعد آنے والا، ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔

بھار امذ۔ بوجھ، وزن، لادی، گاڑی یا جانور پر لدا ہوا بوجھ یا سامان؛ (مجازاً) ذمہ داری، صف۔ مذ مث۔ **بھاری**، بوجھل، فربہ، سخت، کڑا یا کڑی؛ زبردست، گراں قدر؛ اعلیٰ؛ منحوس م: بھاری ساعت؛ بھرّائی ہوئی (آواز)۔

بھارَت صف۔ عَلَم۔ راجہ بھرت سے منسُوب؛ بڑی جنگ، مہا بھارت کی تخفیف؛ ہندوستان کا ہندوؤں میں مقبول نام؛ نیز **بھارَت وَرْش** صف۔

بھارْتی ہندی، ہندوستانی، (۲) پانی کے قریب اگنے والا ایک پودا جس کے پتے گھوڑے کے سُم کی طرح کے ہوتے ہیں، گھُڑ سُمّی۔ برہمی (لاط: Herpetis Spathulata)۔

بھارجا سک ر۔ امث۔ بیاہی عورت؛ زوجہ، استری۔

بھارجَہ، فت ج۔ امذ۔ ساتھی، حامی؛ کارکُن، چیلا۔

بھارَدْواج فت ر۔ سک ر۔ اسم جنس۔ رک **بَھردواج**، امث۔ **بھارَدواجی**، جنگلی کپاس۔

بھارَل فت ر۔ امذ۔ پہاڑی بھیڑ کی ایک قسم۔

بھارَنگی فت ر، غنہ۔ امث۔ ایک قد آدم پودا جس کے پتّے مہوے کے پتوں کی طرح کے پھول سفید، پتے ساگ کے طور پر، جڑ دواءً مستعمل (لاط: Clerodendrum Serratum)۔

بھاری صف۔ مذ مثد رک: **بھار**، مرکب **بَھاری بَھرکَم** گراں ڈیل، فربہ، اہم، **بھاری پانی**، کثافت ملا پانی جیسے سمندر کا نمکین پانی؛ (کیمیا) پانی کا ایک قلیل جزو جسے ماہرانہ کیمیائی عمل سے علیٰحدہ

کیا جاتا ہے اس میں آکسیجن کے ایک ایٹم کے ساتھ دو ہائیڈروجن کے ایٹم شامل ہوتے ہیں۔ (کیمیائی ترقیم H.O.) **بھاری پوشاک، جوڑا، کپڑا**، جس پر قیمتی مسالہ ٹکا ہو۔

بھاڑ امذ۔ بالو میں اناج بھوننے کی بھٹی۔ محاورہ **بھاڑ جھونکنا** (کنایتہً) ادنیٰ درجے کا کام کرنا، اوقات خراب کرنا، بول چال **بھاڑ میں جائے** غارت ہو، پروا نہیں۔

بھاڑا (۱) امذ۔ کرائے کی رقم، اُجرت۔

بھاڑا (۲) امذ۔ چیونٹوں کی بنائی ہوئی بستی کا تودہ؛ بَھٹ، بھٹّا۔

بھاڑو و مع۔ امذ۔ رک **بَھڑوا**۔

بھاس امث۔ پولی زمین جو بوجھ سے دھنس جائے۔

بَھاسُر (۱) ضمہ س۔ ایک پودا جس کی دو قسمیں کڑوا اور میٹھا مشہور ہیں، کُوٹھ۔ دواءً مستعمل (لاط: Aucklandia costus spectitus)۔

بھاسُر (۲) ضمہ س۔ امذ۔ جیٹھ، شوہر کا بڑا بھائی؛ بھائی سُسر کی تخفیف (دیہاتی)۔

بھاشکَر سک س، فت ک۔ امذ۔ صف۔ روشنی، چمک؛ روشن، چمکدار۔

بھاشا امث۔ بولی، زبان۔نیز **بھاکا/ بھاکھا**۔

بھاشَن فت ش۔ امذ۔ تقریر، خطاب، وعظ۔

بھاکُر ضمہ ک۔ امث۔ مچھلی کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے۔ قتلہ یا تھیلا مچھلی بھی کہتے ہیں۔

بھاگ (۱) امذ۔ نصیبہ، تقدیر، قسمت، حصہ، رسد۔ صف: **بھاگ مان/ وان/ وَنت** خوش نصیب، نیز **بھاگیہ**۔

بھاگ (۲) امث۔ رک: **بھاگنا**، جس کا یہ حاصل مصدر ہے، مرکّب **بھاگ دَوڑ** کوشش، تگ و دو، م ف۔ **بھاگم بھاگ** جلدی جلدی، دوڑ کر، رواروی میں۔

بھاگرا سک گ۔ امذ۔ سری راگ سے ملتی ایک راگنی۔

بھاگڑ فت گ۔ امث۔ رک: **بَھگدڑ**۔

بھاگنا سک گ۔ ف ل۔ دوڑنا؛ دُور ہُونا؛ بچنا، پہلوتہی کرنا؛ دفع ہونا۔

بھاگی امث۔ حصہ۔ بخرہ، اصلاً: **بھاگیہ**۔

بھال (۱) امث۔ تیر کی نوک، پیکان؛ ہل کی پھال؛ چمک دَمک۔

بھالا امذ۔ لمبے دستے کا نوکدار لوہے کا ہتھیار، بلّم، نیزہ۔

بھالنا سک ل۔ ف م۔ نگہداشت، نگرانی کرنا، عموماً دیکھنا کا تابع: **دیکھنا بھالنا**، نظر رکھنا، ٹوہ لینا، احتیاط برتنا م: دیکھ بھال کے۔

بھالُو و مع۔ امذ۔ ریچھ، خرس۔

بھان امذ۔ روشنی، نُور؛ چمک، پرکاش۔ صف: **بھان مَتا** چمکیلا، روشن، صف مث۔ **بھان مَتی**، چمکیلی؛ شعبدہ باز عورت۔ مرکب امذ، **بھان مَتی کا پِٹارا** جادو گری کا سازو و سامان، نیز مجازاً؛ الّم غلّم اشیا کا مجموعہ۔ **بھان متی کا کُنبہ** بہت سی بے جوڑ اشیاء یا افراد کا گروہ۔

بھانا ف ل مجھول۔ پسند آنا، لُبھانا، اچھا لگنا؛ ف م: پہننا، زیب تن کرنا۔

بھانپنا غنہ سک پ۔ ف م۔ تاڑنا، خاموشی سے تاکنا؛ اندازہ کرنا، سمجھ جانا۔

بھانْت (۱) غنہ۔ امث۔ قسم، نوع؛ طرز، طرح؛ م ف: **کی بھانت** مانند، مثل۔

بھانْت (۲) امذ۔ طبلے کا خول یا ڈھانچہ جس کے ایک سرے یا منہ پر کھال منڈھی جاتی ہے۔

بھانْتَل امغ، فت ت۔ امث۔ ایک نبات جس کے پتے گائے کی زبان کی طرح چوڑے ہوتے ہیں اور گوبھی کی

طرح کا پھول لگتا ہے، گوبھی بُوٹی، جنگلی گوبھی، (لاط: Elophuntopus Scaber)

بھانتیا امغ، کس ت۔ پالتو کبوتر کی ایک قسم جسے کئی نسلوں کے میل سے پیدا کرتے ہیں۔

بھانٹ غنہ۔ امذ۔ ایک درخت تقریباً بارہ فٹ لمبا، پتے بُند کی دار۔ پھول سفید چپٹا اور گول، پھل کالا جو دواءً مستعمل ہے۔

بھانٹل ا مغ، فت ٹ۔ امذ۔ سیوتی یا جنگلی گلاب کی ایک قسم جس کا پھول سفید اور بہت خوشبو دار ہوتا ہے؛ کوجا، سدا گلاب۔

بھانج غنہ۔ امث۔ ریزگاری، خوردہ، بُھنائی، چلّر، بڑے سکّے کے بدلے اسی مالیت کے چھوٹے سکّے؛ مروڑ، چکّر، البیٹ۔

بھانَج فت ن۔ صف۔ بھانجا، بھانجی کی تخفیف، مرکبات توصیفی میں، بھانجے یا بھانجی سے نسبت رکھنے والا یا والی م: **بھانَج داماد**، **بھانَج بَہو** بھانجی کا میاں، بھانجے کی بہو۔

بھانجا سک ن۔ امذ۔ بہن کا بیٹا، مث **بھانجی** بہن کی بیٹی۔

بھانجی امث۔ کھنڈت بگاڑ، خرابی، محاورہ، **بھانجی مارنا**، کھنڈت ڈالنا، ناحق دخل اندازی سے کام بگاڑنا۔

بھانڈ سک ن۔ امذ۔ نقلیں اُتارنے والا، تماشاگر، نقّال، مر عطفی **بھانڈ بھکتیے** (بَھ گت یے)۔

بھانڈا ا مغ۔ امذ۔ برتن، برتن کے تابع کے طور پر مستعمل م: **بَرتَن بھانڈے**، محاورہ **بھانڈا پُھوٹنا/ پھوڑنا** راز افشا کرنا/ ہونا۔

بھانگڑا غنہ سک گ۔ امذ۔ طفیلی پودا جو دوسرے پودوں پر پلے۔

بھانگَن امغ، فت گ۔ امث۔ ایک چپٹی، چھوٹی، چھٹانک بھر وزن کی دریائی مچھلی۔

بھان مَتی سک ن، فت م۔ امث۔ بازی گر عورت۔ جادوگرنی [س: بھان = سوانگ] نیز رک **بھان**۔

بھانویں ا مغ، ے مج مغ۔ صف م فد پسند، مرغوب عموماً طنزیہ جملوں میں م: کچھ بھی کرلو ان کے بھانویں ہی نہیں؛ خیال میں، رائے میں م: ہر کام ان کے بھانویں بدعت ہے: ان کے نزدیک۔

بھاؤ و مج۔ امذ۔ نرخ، مول، شرح؛ انداز، ڈھنگ، اعضا کی پُرمعنی حرکات، محاورہ **بھاؤ بَتانا** گیت یا رقص کے ساتھ اعضا کی جُنبشوں سے نفس مضمون کو ادا کرنا۔ **نرَت**۔

بھائیں بھائیں ے مج غنہ۔ امث۔ نقلِ صوت۔ چیخ پکار، مکروہ آواز۔ محاورہ **بھائیں بھائیں کرنا** (کسی جگہ کا) سنسان، اُجاڑ ہونا۔

بِھباس کس بھ۔ امذ۔ بھیروں ٹھاٹھ کا ایک صبح کا راگ جس میں پانچ سُر لگتے ہیں۔ نیز **بِھباگ**۔

بَھبَڑ فت بھ، شد فت ب۔ امث۔ بھیڑ بھاڑ، ہجوم، ہنگامہ۔

بَھبْکا فت بھ، سک ب۔ امذ۔ بھاپ کا زور سے نکلنا؛ گرم ہوا کا جھونکا؛ کسی چیز کی تیز بو، آگ کی لَپَٹ کیمیائی عمل یاعطر کی کشید کا خاص ظرف، نیز **بَھپْکا**۔ **بَھبک** جھونکا، لَپَٹ۔ ف ل۔ **بَھبَکنا**، **بَھپَکنا**۔

بَھبْکی فت بھ، سک ب۔ امث۔ ڈراوا، جھوٹ موٹ کی دھمکی، منہ سے ڈرانے کی آواز نکالنا۔ ف م۔ **بَھبکِیانا** (کس ک)۔

بَھبُوت فت بھ، و مع۔ امث۔ راکھ، گوبر کی راکھ جو سادھو جسم پر ملتے ہیں، نیز **بَھبُوتی** (س: وبُھوتی)۔

بَھبُوکا فت بھ، و مع۔ صف۔ انگارے کی طرح لال، دہکتا، چمکتا ہوا۔

بَھپارا فت بھ۔ امذ۔ بھاپ سے سینکنا، نہانا یا

دوائیں ملی بھاپ ناک میں چڑھانا۔
بَھپکا فت بھ، سک پ۔ امذ۔ رک : بھبکا؛ دھان کے پودے کی ایک بیماری جس میں پتّوں اور سٹّے پر مختلف رنگ کے نشان اُبھر آتے ہیں(انگ: Rice Blast)۔
بَھپُورا فت بھ، و مع۔ امذ۔ بھپکے سے کشید کیا ہوا خوشبو دار عرق۔ م: گلاب کا بَھپُورا۔
بَھتّا (۱) فت بھ، شد ت۔ گھونٹ کر پکائے ہوئے چاول، بھات؛ خوارک؛ خوراک وغیرہ کے لیے دی جانے والی رقم؛ تنخواہ سے زائد کسی طرح کی ادائگی؛ سفر خرچ جو دورے پر جانے والے ملازمین کو دیا جائے۔ نیز **بَھتّہ**۔
بَھتّا (۲) فت بھ، شد ت۔ امذ۔ لوہار کی دھونکنی، نیز **بَھتّا**، ف مر۔ **بَھتّا ہونا**، چاولوں کا بہت زیادہ گل جانا۔
بُھتْنا ضمہ بھ، سک ت۔ امذ۔ بھوت کی تصغیر، بونے قد کا بھوت؛ مکروہ، بدصورت آدمی، مث **بُھتْنی**۔
بَھتُولا فت بھ، و مع۔ صف۔ آباد، بارونق نیز **بھرا بَتُولا**، بھرا پُرا، گھر، کنبہ وغیرہ۔
بَھتّی فت بھ، شد ت۔ امث۔ میّت کے گھر میں عزیزوں یا ہمسایوں کی طرف سے بھیجا جانے والا کھانا؛ فاتحہ یا حاضری کا کھانا، فقرہ (بول چال) **ہماری بَھتّی کھائے** عزیزوں سے ضد کرنے کا ایک انداز، یعنی جو ہماری بات نہ مانے وہ ہماری میت کا کھانا کھائے۔
بَھتِیج فت بھ، ی مع۔ صف۔ بھتیجا، بھتیجی کی تخفیف مرکبات میں مستعمل م: **بَھتِیج داماد**، **بَھتِیج بَہُو** بھتیجی کا شوہر، بھتیجے کی بیوی۔
بَھتِیجا فت بھ، ی مع۔ امذ۔ بھائی کا بیٹا مث **بَھتِیجی**۔
بَھٹ (۱) امذ۔ امث۔ صف۔ جنگلی جانوروں کے رہنے کا غار، کھوہ؛ بھاڑ چولھا، تصغیر بَھٹّی؛ چولھے یا بھٹّی کی راکھ؛ صف۔ بہت کالا، بالکل سیاہ، م: کالا **بَھٹ**، **بَھٹ تِیتر** کالا تیتر، محاورہ **بَھٹ پڑے**، بھاڑ میں جائے، م: **بَھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹُوٹیں کان** ایسی نعمت کا نہ ہونا اچھا ہے جو آزار کا باعث ہو۔ عام: **بَھٹ پڑے** الخ۔
بَھٹ (۲) فت بھ۔ صف۔ جیّد، فاضل، بزرگ، مہاپنڈت، م: **بَھٹ آچارِیہ** فاضلِ اَجَلّ **بَھٹ ناگر** کا بِستھوں کی ایک گوت۔
بَھٹ (۳) فت بھ۔ امذ۔ جنگجو سپاہی، بہادر، نیز **بَھٹّی** راجپوتوں کی ایک گوت۔
بَھٹّا فت بھ، شد ٹ۔ اینٹیں پکانے کا الاؤ، پژاوہ، تصغیر **بَھٹِّیا**، محاورہ **بَھٹّا بَیٹھنا** تباہ برباد ہو جانا، دِوالہ نکل جانا۔
بَھٹّا (۲) فت بھ، شد ٹ۔ امذ۔ پیلی مٹی جس سے دیہات میں دیواریں رنگنے کا کام لیا جاتا ہے۔
بُھٹّا ضمہ بھ، شد ٹ۔ امذ۔ دانوں سمیت مکئی کی سالم گلی، بالی یا خوشہ۔
بَھٹْکنا فت بھ ٹ، سک ک۔ ف ل۔ راستے سے الگ ہونا، راہ گم کرنا، بھکنا؛ سرگرداں پھرنا۔ ف م۔ **بَھٹْکانا** گمراہ کرنا۔
بَھٹْنا فت بھ، سک ٹ۔ ف ل۔ سیاہ پڑ جانا، میلا ہو جانا، زنگ آلود ہونا۔
بِھٹْنی کس بھ، سک ٹ۔ امث۔ سرِپستان، چُوچی۔
بَھٹُوا فت بھ، ضمہ ٹ۔ صف۔ امث۔ نرم خشک زمین جس میں صرف خریف کی فصل بوئی جائے۔
بَھٹَئی فت بھ، ٹ۔ (بروزن مکئی، فَعَل) امث۔ تعریف، مدح سرائی، خوشامد، چاپلُوسی۔ امذ **بھاٹ** (رک)۔
بَھٹّی فت بھ، شد ٹ۔ امث۔ دھوبیوں، لوہاروں اور دوسرے کاریگروں کا الاؤ؛ شراب کشید کرنے، الکحل

بنانے کا کارخانہ۔ ف م: بَھٹیانا بھٹی میں تپانا۔

بَھٹیار فت بھ، سک ٹ۔ امذ۔ ماروا ٹھاٹھ کا ایک راگ جس میں ساتوں سر لگتے ہیں۔ نیز **بَھٹیال** امث **بَھٹیالی** بنگال کے مانجھیوں کا گیت [س: بھاٹ یال = بھاٹے یا دریا کے بہاؤ کے ساتھ]۔

بَھٹیارا فت بھ، سک ٹ۔ امذ۔ تنور میں روٹیاں پکا کر فروخت کرنے والا، نانبائی؛ مسافروں کو سرائے میں ٹھہرانے والا۔ امث۔ **بَھٹیارَن/ بھٹیاری** مرکب، **بَھٹیار خانہ** لڑائی جھگڑے دنگے فساد کی جگہ۔

بَھٹیال فت بھ، سک ٹ۔ امذ۔ سمندر کا اُتار، بھاٹا، نیز رک: بھٹیار۔

بُھج ضمہ بھ۔ امذ۔ بازو، قبضہ، بانہہ؛ ٹہنی، مرکب اضافی **بُھج بَنْد** بازو بند، جوشن جو ایک زیور، نیز فوجی لباس کا جُز ہے۔

بُھجالی ضمہ بھ۔ امث۔ ایک قسم کی کٹار، کھکری کی طرح کا ہتھیار۔

بُھجاوَٹ ضمہ بھ، فت و۔ امث۔ چھت پاٹنے کا موٹا تختہ۔

بَھجَن فت بھ، ج۔ امذ۔ حمدیہ گیت، دعائیہ بول جو بار بار دہرائے جائیں عموماً لحن کے ساتھ۔ ف م۔ **بَھجْنا** بار بار دوہرانا، وِرد کرنا، کسی نام کی رٹ لگانا۔

بُھجَنگ ضمہ بھ، فت ج، غنّہ۔ امذ۔ ناگ، کالا سانپ؛ کویل سے ملتا ایک سیاہ پرندہ۔ بھنگ راج۔ صف۔ بہت کالا۔ نیز **بُھجَنگا** کالا کے تابع کے طور پر مستعمل۔

بُھجْیا ضمہ بھ۔ سک ج۔ امث۔ بغیر گوشت کے پکائی ہوئی سبزی ترکاری۔

بُھچ ضمہ بھ۔ صف۔ نادان، مُورکھ؛ ا کیف۔ مذ۔ **بُھچ پَن/ پنا**۔

بِھچُک کس بھ، شد ضم چ۔ امذ۔ بھکاری، فقیر [س: بِھکشُک]۔

بِھچنا کس بھ، سک چ۔ ف ل مج، دبنا، پچکنا، بھینچا جانا؛ جھینپنا،دبکنا، محاورہ **بِھچّی میں آنا** گھر جانا، جائے فرار نہ رہنا اردب میں آنا۔

بُھچَنْپا ضمہ بھ، فت چ، ن مثل م۔ امث۔ چنپا سے مشابہ ایک خوشبودار پُھول۔ نیز **بُھوچَنْپا/ بُھومی چَنْپا** [لاط: Koempferia Rotunda]؛ انار کی طرح چھوٹنے والی ایک آتشبازی۔

بَھد فت بھ۔ امث۔ رسوائی، ہتک، مذاق اڑنا۔

بَھدّا فت بھ، شد د۔ صف مذ۔ بد وضع، بے ڈول، بھونڈا؛ بھاری، بوجھل؛ سُست؛ ثقیل، ناگوار، شستہ کی ضد۔

بَھڈْرا (۱) فت بھ، سک د۔ صف۔ معزز، معتبر، ممتاز؛ پسندیدہ، مرغوب، ستھرا، شائستہ نیر **بَھدر** [س: بَھدرا]:احاطہ، چاردیواری؛ ارواح خبیثہ۔

بَھڈْرا (۲) امذ۔ چار ابرو کا صفایا، سر اور ڈاڑھی مونچھ کے بال مُنڈوانا۔

بَھڈْرَک فت بھ، سک د، فت ر۔ امث۔ نیکی خوبی، بڑائی، سلیقہ، صفائی، ستھرائی؛ اعتبار، استقلال، پائیداری۔

بَھڈْری فت بھ، سک د۔ امذ۔ سیانا، نجومی، عامل۔ امث۔ مُونڈن، بھدرا کرانا، ہندوؤں کی مذہبی رسم کہ ماں باپ کے مرنے پر کریا کرم کے سلسلے میں چار ابرو کا صفایا کرایا جائے [اصلاً: بَھڈری]۔

بَھدَیّاں فت بھ، د شد ی۔ ج مث۔ بھادوں کے مہینے میں دیر سے پکنے والی کیریاں۔

بَھدیسَر فت بھ، ے مج، فت س۔ صف۔ موٹا، بھدّا، بےڈول، گنوارو آدمی یا شے نیز **بَھدیسَل/ بَھدیسڑ**۔

بَھڈورا فت بھ، و لین۔ امذ۔ پالتو سؤر، نیز

گڈُورا۔

بَھرا فت بھ۔ صف۔ خالی کی ضد، پُر، مملُو، آباد، معمور؛ جوشیلا، پُرغضب، مرکب بَھرا پُرا۔ آباد، معمور نیز بَھرا بَتُولا۔

بَھرّا فت بھ، شد ر۔ امذ۔ بُھلاوا، چکما، اتار چڑھاؤ، شہ، اشتعالک محاورہ بَھرّے پر چڑھانا تاؤ دلانا، بُھلاوا دینا۔

بھرامَر سک بھ، فت م۔ امذ۔ بھونرا؛ بڑی مکھی؛ مہال کی مکھی؛ منڈلانا، چکر کاٹنا، نیز بَھرمَر/ بَھرمَن [س: بَھرمَر، بھرَ مَنْتَر]۔

بھرّانا فت بھ، شد ر۔ ف ل۔ آواز کا بھاری، رقت آمیز ہو جانا، ا کیف مث۔ بَھرّاہٹ۔

بَھراؤ فت بھ، و مج۔ امذ۔ بھرنے، پُر کرنے ، پاٹنے کا عمل۔

بَھربَھراہٹ فت بھ، سک ر، فت ہ۔ امث۔ ورَم، پُھولا پُھولا ہونے کیفیت۔

بُھرابُھراہَٹ فت بھ، سک ر، فت ہ۔ امث۔ خستہ پن، چھونے سے ریزہ ریزہ ہو جانے کی کیفیت صف۔ بُھربُھرا مث بُھربُھری۔

بَھَرت فت بھ ر۔ امث۔ امذ۔ مرکّب دھات، تانبے اور سیسے کو ملا کر بنائی ہوئی دھات، بھرنے کا عمل، بھرائی۔ امذ۔ نقّال،تماشاگر؛ محصول، ٹیکس؛ چنڈول یا لوا۔

بَھرْتا فت بھ سک ر۔ امذ۔ شوہر، پتی [س: بَھرْتا = پا لنْہار]۔

بُھرْتا ضمہ بھ، سک ر۔ امذ۔ ابال کر کچلنے کے بعد مسالہ ڈال کر پکائی ہوئی ترکاری م: آلو، بینگن کا بُھرتا محاورہ: بُھرتا ہو جانا خستہ، نڈھال، بے حال ہوجانا۔

بُھرجی ضمہ بھ، سک ر۔ امث۔ بھونی ہوئی ترکاری وغیرہ [قب: بُھجیا]۔

بْھرَشْٹ سک بھ، فت ر، سک ش۔ صف۔ بگڑا ہوا، خراب، نجس، ناپاک، م: دَھرَم بھرَشٹ ہونا۔ ایمان خراب ہونا، دھرم جاتا رہنا۔ بھرشٹ۔

بْھرِشْٹ سک بھ، کس ر، سک ش۔ صف۔ بریاں، بھونا، ہوا [قب ف ر، برشت]۔

بُھڑْکَس ضمہ بھ، سک ر،فت ک۔ امذ۔ بُھوسی، ریزے، ٹکڑے، چُورا۔ محاورہ بُھرکَس نِکَلنا کُچلا جانا، خستہ، بے حال ہو جانا۔

بَھَرم فت بھ ر۔ امذ۔ ساکھ، وقار، عزت، اعتبار؛ زعم، مغالطہ، خوش فہمی؛ گھومنا پھرنا [س: بَھرَ مَرا]۔

بَھرمانا فت بھ، سک ر۔ ف م۔ چکّر دینا، بھٹکانا، فریب دینا؛ پرچانا۔

بَھرَن فت بھ ر۔ امث۔ زور کی بارش، مینہ کی جھڑی، نیز بَھرنا بَوچھاڑ، جھالا۔

بَھرنا (۱) فت بھ۔ سک ر۔ ف م۔ خالی چیز کو پُر کرنا، خلا دور کرنا؛ خانہ پُری کرنا؛ ذخیرہ کرنا، اکٹھا کرنا؛ ادا کرنا؛ دنڈ دینا؛ تلافی کرنا؛ بسر کرنا، گزارہ کرنا م: دن بَھرنا زندگی گزارنا؛ آلودہ، داغدار ہونا؛ لتھڑنا؛ زخم کا مندمل ہونا۔

بَھرنا (۲) فت بھ، سک ر۔ امذ۔ مینہ کی جھڑی، جھالا؛ بھرنے کا عمل، تاوان یا قرضہ جو ادا کرنا ہوں۔ ستون کا بالائی کھنڈ جو چھت کے قریب ہوتا ہے۔

بْھرَنْگ سک بھ، کس ر، غنہ۔ امذ۔ بھونرا، مہال، مکھی، مث بْھرَنْگی۔

بَھرَنْگ مُولکا سک بھ، فت ر، غنہ، و مع، سک ل۔ امذ۔ ایک درخت جس میں پتلی پھلیاں لگتی ہیں، لکڑی سفید ہوتی ہے جس سے تلوار کی میانیں وغیرہ بنائی جاتی ہیں [لاط: Hymonodictim excelsum] نیز بَھمَر چَھلّی۔

بَھرنی فت بھ، سک ر۔ امث۔ جولاہے کا اوزار جس سے بانا ڈالا جاتا ہے؛ (نجوم) آسمان کے ۲۷ برجوں

میں سے دوسرا برج؛ (نباتیات) نبات کے بیج کا درمیانی حصّہ، قلب ُمقسّمہ۔ [انگ: Pleurome]۔

بَھرواں فت بھ، سک ر۔ صف۔ بھرا ہوا، گنجان، گھنا؛ م: **بھرواں ڈاڑھی**۔

بَھَروٹا فت بھ، و لین۔ امذ۔ لکڑیوں کا گٹھا، مث **بَھَروٹی**۔

بَھروسا فت بھ، و مج۔ امذ۔ اعتبار، اعتماد، آسرا، سہارا۔

بِھرّی کس بھ، شد ر۔ صف۔ منتشر، تتّر بتّر۔ **بِھرّی پڑنا**، بھگدڑ مچنا، **بِھرّی ہونا**، بھاگ جانا۔

بِھڑ کس بھ۔ امث۔ تتّیا، زنبور۔

بَھڑاس فت بھ۔ امث۔ دل کا غبار، جوش غصّہ، محاورہ **بھڑاس نکالنا** بک جھنک کر جوش ٹھنڈا کرنا۔

بَھڑ بُونجا فت بھ، سک ڑ، و مع مغ۔ امذ۔ بھاڑ جھونکنے، غلّہ بُھوننے والا۔

بَھَڑک فت بھ، ڑ۔ امث۔ لپٹ، لو، لپک، روشنی؛ چمک دمک۔ ف ل۔ **بَھَڑکنا**، دہکنا، چمکنا؛ وحشت کرنا۔صف **بَھڑکیلا** چمک دمک والا۔ نیز **بَھڑک دار**، **بھڑکوَل**۔

بَھڑمَبا فت بھ، سک م۔ امذ۔ ُبھلّاوا، بَھرّا، پُھسلوا۔

بِھڑنا کس بھ، سک ڑ۔ ف ل۔ پاس آکر باہم ملنا، جُڑنا، ٹکرانا، ف ل۔ بند ہونا، (پٹ یا دروازے کا)، گتھم گتّھا ہونا۔ف م: **بھیڑنا**۔

بَھڑوا فت بھ، سک ڑ۔ امذ۔ عورت سے پیشہ کرانے یا اس کے لیے گاہک لانے والا، دیّوث، قرمساق۔

بَھس فت بھ۔ امث۔ راکھ، بھوبل؛ ہوس، خواہش، شہوت، مراضا، **بُڑھ بَھس**۔ بڑھاپے میں نفسانی خواہش۔

بُھس ضمہ بھ۔ امذ۔ بُھوسا، چوکر، امذ۔ **بُھسیرا** بھوسے کا ڈھیر۔

بَھساکُو فت بھ۔ و مع۔ امذ۔ حقّے کا گھٹیا سوکھا تمباکو جس میں قوام یا گڑ ملا ہوا نہ ہو۔

بَھسانا فت بھ۔ ف م۔ مال کشتی میں لاد کر لے جانا؛ امث۔ **بَھساوَن** غلّہ لاد کر لے جانے والی‌کشتیوں پر محصول۔ ف ل۔ **بَھسْنا**، تیرنا، پانی پر بہنا۔

بَھسْبَھسا فت بھ، سک س۔ صف۔ ڈھیلا ڈھالا، تَھل تَھل، پلپلا، پُھس پُھسا۔

بَھسْتَرا فت بھ، سک س، فت ت۔ امذ۔ لُہار کی دھونکنی۔

بِھسْٹَل کس بھ، سک س، فت ٹ۔ صف۔ گندا، میلا، پلید، نیز **بھِسْٹَل**۔

بُھسْرا ضمہ بھ، سک س۔ امذ۔ گھٹیا قسم کا گیہوں جس کا چھلکا موٹا ہو۔

بَھسَّڑ فت بھ، شد فت س۔ صف۔ بھدّا، بے ہنگم، بَھدیسل، بھدیسڑ۔

بَھسَکنا فت بھ، س، سک ک۔ ف م۔ منہ میں ٹھونس ٹھونس کر نگلنا، بَڑپنا۔ ف ل۔ دَھَنسنا، سطح کے نیچے اُترنا یا سمانا۔

بَھسَم فت بھ، س۔ صف۔ جل کر راکھ، سوختہ، بھجِا ہوا۔ ف م: بَھسَم کرنا، پُھونکنا [اصلاً: **بَھسْم**]۔

بُھسنْڈ ضمہ بھ، فت س، سک ن۔ صف۔ ہٹّا کٹّا، بھاری بھرکم؛ ہاتھی۔

بَھسَنْڈی فت بھ، س، سک ن۔ صف۔ امث۔ وہ جڑ جو زمین میں‌سیدھی نیچے کی طرف جائے، جیسے مولی، گاجر۔

بَھک فت بھ، نقل صوت۔ امث۔ رک **بَھق** مروصفی، **بَھک رُوئی**، آتشگیر مادےمیں تر کی ہوئی روئی کا فتیلہ۔

بِھکاری کس بھ۔ امذ۔ فقیر، بھک منگا، مث۔ **بِھکارَن**۔

بَھکْت فت بھ، سک ک۔ امذ۔ صفہ نیک، پرہیزگار، متّقی آدمی؛ چیلا، مرید، پیرو۔ امث۔ **بَھکْتی** عبادت، دھرم کرم، مذہبی فرقہ م: **کرشن بَھکْتی** کرشن سے خاص ارادت رکھنے والا فرقہ۔ نیز عام **بَھگَت** (فت گ) / **بَھگْتی** (سک گ)۔

بُھکْرانْد ضمہ بھ، سک ک، غنہ۔ امث۔ کسی کھانے کی چیز میں دیر تک بند رہنے یا سیل جانے کے سبب ناگوار بُو۔ صفہ **بُھکْراندا** مث **بُھکراندی**۔ نیز **بُکْرانْد**۔

بَھکَّڑ فت بھ، شد فت ک۔ امذ۔ گائے کا گوشت (قصابوں کی اصطلاح)۔

بَھکْسا فت بھ، سک ک۔ صفہ کسیلا، بُکْٹا؛ قابض۔

بُھکسانْد ضمہ بھ، سک ک، غنہ۔ امث۔ سِیلے ہوئے بند کپڑوں کی بو۔

بِھکْشا کس بھ، سک ک۔ امذ۔ بھیک صفہ امذ **بِھکشُو** بھکاری۔

بُھکّا ضمہ بھ، شد گ۔ صفہ احمق، گھامَڑ۔

بَھگانا فت بھ۔ ف ل۔ **بھاگنا** (رک) کا لازم؛ اِغوا کرنا، اُڑا لے جانا۔

بَھگَت فت بھ، گ۔ رک: **بَھکْت**۔

بُھگْتان ضمہ بھ، سک گ۔ امذ۔ بے باقی، ادائگی، تکمیل۔ ف م۔ **بُھگتانا** پورا کرنا، تمام کرنا؛ ٹالنا؛ فارغ ہونا، فارغ کرانا۔ ف ل: **بُھگَتْنا** جھیلنا، برداشت کرنا، آزمانا، برتنا، مزا لینا، بھوگنا، م م: **بُھگَتْوانا** جوکھم یا آزمائش میں ڈالنا؛ مزا دلانا؛ مرکب، **بُھگْتان گھر** دارالتّصفیہ، کلیرنگ ہاؤس۔

بَھگَدڑ فت بھ، ش فت گ۔ امث۔ بہت سے لوگوں کی سراسیمگی میں بھاگنے کی کیفیت۔ نیز **بھاگڑ**، **بَھگْدَڑ**۔ صفہ۔ بھاگنے والا،صفہ **بَھگوڑا**، **بَھگو**۔

بَھگَنْدَر فت بھ، کس گ، سک ن، فت د۔ امذ۔ بواسیر کا مرض۔

بَھگْوان فت بھ، سک گ۔ امذ۔ وجود باری، معبود، خدا، نیز **بَھگْوَن** صفہ **بَھگْوَت** اُلُوہی، بَھگوان سے متعلق یا منسُوب سماوی، مقدس، عَلم **بَھگْوَت گِیتا** ہندوؤں کی مقدس رزمیہ نظم مہا بھارت کا ایک باب جو شری کرشن کے اقوال پر مشتمل ہے، نیز **بَھگَوْد گیتا**۔

بَھگوڑا فت بھ، و مج۔ صفہ۔ امذ۔ فراری، بھاگ جانے کا عادی؛ ہارا ہوا، شکست خوردہ، نیز **بَھگیل** (ے مج)۔

بِھگونا کس بھ، و مج۔ ف م۔ گیلا کرنا، تر کرنا۔ **بِھیگنا**(رک)کا متعدی ۔

بَھگیرَت فت بھ، ی مج، فت ر۔ علم امذ۔ ہندو دیو مالا کا ایک کردار (دلیپ کا بیٹا) جس نے اپنی ریاضت سے گنگا مائی کو پہاڑوں سے نیچے اُتارا۔ امث۔ **بَھگِیرَتی** دریائے گنگا کا ایک نام۔ نیز **بَھگِیرَتھ**، **بَھگِیرَتھی**۔

بَھل فت بھ۔ صفہ۔ **بَھلا** (رک) کی تصغیر مرکبات میں مستعمل م: **بَھلْمَنْسات**، **بَھلْمَانَسی** میاں پَن، شرافت نیز **بھلے مانَسی**، (۲) ریچھ۔ امث۔ **بَھل پُچّھی** ایک پودے کا نام [لاط: Hedysarum Logpodiodes]۔

بَھلا فت بھ۔ صفہ۔ اچھا، عمدہ، شریف؛ صحتمند۔ امذ۔ نیکی، بھلائی، حسن سلوک، فائدہ۔ مرعطفی۔ **بھلا چَنّگا**، توانا، تندرست۔ امث۔ **بھلائی**، نیکی خوبی۔

بَھلات فت بھ۔ امذ۔ رک **بَھلاواں**۔

بُھلاوا ضمہ بھ۔ امذ۔ بھکانا، گمراہ کرنا؛ پُھسلا کر دھوکے میں ڈالنا؛ گھمنڈ، خوش فہمی۔

بَھلاواں فت بھ، غنہ۔ امذ۔ ہمالیہ پہاڑ کا ایک درخت جس کا تنا راکھی اور پتے ۹ سے لے کر ۱۸ انچ

تک چوڑے ہوتے ہیں جن کا سرا گول ہوتا ہے۔ نیز اس کابیج جو دواءً مستعمل ہے۔ بھلونجی (لاط: Semecarpus Anacardium) نیز **بھلانوہ**۔

بَھلبُھلانا ضمہ بھ، سک ل۔ ف م۔ بھوبل میں بھوننا، نرم کرنا۔

بُھلَسْنا ضمہ بھ، فت ل، سک س۔ ف ل۔ م۔ جلنا، جُھلسنا؛ بھوبل میں بھوننا؛ بُھلبھلانا۔

بُھلَکّڑ ضمہ بھ، فت ل، شد فت ک۔ صف۔ بھول جانے کا عادی، غائب دماغ۔

بِھلَونْجی کس بھ، و لین، مغ۔ امث۔ **بَھلاواں** (رک) کا بیج۔

بَھلی فت بھ۔ صف مث۔ **بَھلا** (رک) کی تانیث (بول چال) م ف: **بَھلی بھانْتی** سیدھی طرح سے، معقول، طریقےسے۔ **بَھلی چَلائی**، غلط ذکر چھیڑا، ناحق نام لیا م: اُسکی بھلی‌چلائی وہ اس گوں کا نہیں۔

بَھلے فت بھ، ے مج۔ **بَھلا** (رک) کی مغیّرہ حالت و صیغۂ جمع ۔(بول چال) مرکب وصفی۔ **بھلے دن** اچھا زمانہ، فراخی، خوشحالی؛ م ف: **بَھلے کو** غنیمت ہوا، حسن اتفاق سے، م: بھلے کو۔ تم آ گئے ورنہ کام نہ بنتا۔ **بَھلے ہی** خواہ، چاہے، اگرچہ، گوکہ م: بھلےؔ ہی سر پٹخ لو نہیں مانے گا۔

بَھمّباقا فت بھ، سک م۔ امذ۔ بڑا شگاف جو کسی کپڑے، پردے یا دیوار میں پڑ جائے۔ صف: **بَھمبَق** ضرورت سے زیادہ چوڑا چکلا؛ خلخل، ڈھیلا ڈھالا۔

بَھمبُو فت بھ، سک م،و مع۔ صف۔ بَھدّا، بدہَیئَت، موٹا، فربہ، مث **بَھمبو** (و مج)۔

بِھن کس بھ۔ صف۔ جدا، الگ، متفرق (ریاضی) مکسُور امذ **بِھنّاس** بکھرنا، کھنڈت، علاحدگی، محاورہ۔ **بِھنّاس اُڑانا**، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، برباد، تباہ کر دینا، ستیا ناس کرنا۔

بِھن بِھن کس بھ۔ نقل صوت۔ پر دار کیڑوں پتنگوں کے اُڑنے کی آواز ف ل: **بِھنبِھنانا** اکیف مث **بِھنْبِھناہَٹ**۔

بَھنْبھوڑنا فت مغ بھ، و مج، سک ڑ۔ ف م۔ دانتوں سے کاٹنا، بُکٹا بھرنا۔ نیز **بَھنبوڑنا**۔

بَھنْبھیری فت مغ بھ، ی مع۔ امث۔ لمبی دُم، اُبلی آنکھوں کا ایک سرخی مائل بھورا پر دار برساتی کیڑا جو تیز تیز گھومتا رہتا ہے۔ مرکب **بَھنْبھیری آواز** اونچی، پتلی، لہراتی، زنانہ آواز۔نیز **بَھنْبیری**۔

بَھنْتُو فت بھ، سک ن، و مع۔ امذ۔ ذکر، عضو تناسُل۔

بَھنْڈ فت بھ، سک ن۔ صف۔ خراب، ابتر، اُلٹ پُلٹ۔

بِھنْڈا کس بھ، سک ن۔ امذ۔ ڈلا، تودہ، ڈھیما؛ ہیولیٰ؛ حقہ، پیچوان، **بِھنْڈا بَردار** حقہ پلانے والا؛ ساقی؛ جو راہ چلتوں کو اجرت پر حقہ پلائے۔

بَھنْڈار فت بھ، سک ن۔ گودام سٹور، دوکان، فروخت کاری کا اڈّا؛ کھوپری؛ نیز **بَھنْڈارا**، **بَھنْڈا خانہ**، پھکیتی کا ایک وار جو بائیں رخ پر لگایا جاتا تھا۔ محاورہ **بَھنْڈارا کُھلنا**، سر پَھٹنا۔

بَھنْڈلی فت بھ، سک ن ڈ۔ امث۔ ایک حشرہ جس کے بدن پر مہین روئیں ہوتے ہیں، کھیتوں کو نقصان پہنچاتا ہے؛ سُوا پوکا۔

بِھنْڈی کس بھ، سک ن۔ امث۔ پتلی لَنبوتری پَھلی کی طرح کی ترکاری جس میں نرم سفید بیج اور چھلکے پر رواں ہوتا ہے۔ (لاط: Hibiscus esculautus)۔

بَھنک فت بھ ن۔ امث۔ دور کی ہلکی بھنبھناتی آواز؛ ساز کے تاروں کی دھیمی لرزش؛ اُڑتی ہوئی خبر، سُن گُن، کسی چیز کا ہلکا سا شائبہ، اثر یا اشارہ۔

بِھنَکنا کس بھ، فت ن، سک ک۔ ف ل۔ بِھن بِھن کی آواز نکالنا۔ مکھیوں کا ہجوم کرنا؛ کسی چیز کا بے غوری میں پڑا رہنا۔

بَھنْک فت بھ، غنہ ۔ امث۔ ایک پودے کی نشہ آور پتیاں، حشیش لاط: Cannabis Sativa صف: شکستہ خراب، برباد، صف۔ امذ۔ **بَھنکَڑ**، بھنگ پینے والا۔

بَھنْکا ضمہ بھ، سک ن۔ امذ۔ مہین پردار کیڑا جیسے کہ گولر کے پھل کے اندر ہوتے ہیں۔

بھنْکراج فت بھ، غنہ۔ امث۔ کویل سے ملتی خوش آواز چڑیا جس کے سیاہ پروں پر سفید دھاریاں ہوتی ہیں۔

بَھنْکی فت بھ، غنہ۔ امذ۔ خاکروب، مہتر، حلال خور، امث **بَھنکن**۔

بَھنْواسا فت مغ بھ۔ امذ۔ کشتی کے پاکھوں پر چپّو ٹِکا کر چلانے کے لیے بنایا ہوا کٹاؤ یا موکھا، کھوئی ، نیز **بَھنکوڑی**۔

بَھوانی فت بھ۔ امث۔ عَلَم (ہندو دیو مالا) دُرگا دیوی، کالی دیوی، مہا دیو کی بیوی۔

بھنْوَر فت مغ بھ، فت و۔ امذ۔ دریا میں پانی کا چکّر، گرداب؛ (۲) بھونْرا (رک)۔

بُھوبَل و مع، فت بہ۔ امث۔ گرم راکھ، ریت یا بالو۔

بُھوت و مع۔ امذ۔ ہستی، روح، جان؛ جن پریت؛ آسیب؛ زمانۂ ماضی، امث **بُھوت وِدّیا** علم تاریخ۔

بُھوت جَٹا و مع، فت ج۔ امث۔ گُندھی ہوئی چوٹی کی شکل کا ایک جنگلی پودا (لاط: Valeriana Jatamansi)۔

بُھوت ناس ومع۔ امذ۔ ایک پہاڑی پودا جس کے رس کا رنگ پکا ہوتا ہے، نیز **بَھلاواں** (رک)

بُھوت وِرْکْش ومع، سک و، کس ر، سک ک۔ امذ۔ ایک بیل جس میں زرد شہنائی کی شکل کے پھول آتے ہیں۔ اس کی کئی اقسام ہیں (قب انگ: Bigonia؛ لاط: Trophis Asper)۔

بھوَج ومج۔ امذ۔ لطف، مزہ، دعوت، ضیافت،

بھوج پَتّر پتوں کا دَونا یا دھات کا برتن جس میں کھانا پروسا جائے؛ نیز ایک درخت کا پتہ جو دیر تک نرم رہتا ہے اور لکھنے کے لیے کاغذ کی طرح استعمال ہوتا ہے۔

بھوَجَن ومج، فت ج۔ امذ۔ کھانا، معمول کی خوراک، ف مر۔ **بھوَجن پَروسنا** کھانا چُننا، لگانا۔

بُھوڈَل و مع، فت ڈ۔ امذ۔ ابرک اور گلال کا سفوف جو افشاں کے طور پر سنگار کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ نیز **بُھوڑَل**۔

بھوَر و مج۔ امث۔ سویرا، تڑکا۔ م ف۔ **بھوَر بَھئے** صبح ہوتے۔

بُھورا و مع۔ صف۔ سرخ زرد اور سیاہ کا مرکّب، نسواری رنگ، سرخی مائل مٹیالا۔ مث۔ **بُھوری** مرکب۔ **بُھوری گَنڈولی** امث۔ بلوچستان کا ایک جانور(لاط: Rhodopidila Ferra)۔

بھوَرا و مج۔ امذ۔ چھوٹا سا ذرّہ، مہین دانہ جو روئی یا کسی خستہ چیز سے جھڑ جائے۔

بُھوڑ و مع۔ امث۔ ریتلی زمین، صحرائی علاقہ۔ مرکّب۔ **بُھوڑ سَوائیا** ریت ملی، عمدہ، نرم زمین، نیز ریتوار، دومت، مٹیار، نیز **بھوَڑ**، ومج۔

بُھوسلا و مع، سک س۔ صف۔ بھوسے کے رنگ کا، مٹیالا۔

بُھوسی و مع۔ امث۔ آٹا چھاننے کے بعد بچنے والے باریک چھلکے؛ سبُوس، چوکر؛ جسم پر دانوں کے مندمل ہونے کے بعد جھڑنے والی خشکی۔ روزمرّہ: **بُھوسی ہے** منظور نہیں۔ م: دور سے دیکھ لو، ہاتھ میں دینے کی بُھوسی ہے۔

بَھوِش فت بھ، کس د۔ امذ۔ مستقبل۔

بُھوشَن و مع، فت ش۔ امذ۔ زیور، گہنا پاتا۔

بُھوک و مع۔ امث۔ کھانے کی خواہش، اشتہا؛ ہوس،

صف بُھوکا۔

بھوَکنا و مج، سک ک، ومج۔ رک: **بھونکنا۔**

بھوَگ و مج۔ امذ۔ لذت جسمانی؛ کھانا، کھانے کی چیز؛ مباشرت؛ گالی م: **بھوگ دینا سُنانا** دشنام دینا۔

بھوَگنا و مج، سک گ۔ ف م۔ لطف اٹھانا، پھل یا جزا پانا؛ سہنا، بُھگتنا۔ صف **بھوَگِیا** و مج، سک گ۔ عیّاش۔

بُھول و مع۔ امث۔ یادداشت کی کمزوری؛ سہو، چُوک، غلطی، لغزش؛ غلط فہمی، مرعطفی **بُھول چُوک** (ومع) نادانستہ غلطی۔ م ف **بُھولے چُوکے** غلطی سے، بھول کر، کبھی کبھار۔ صف **بُھلکَڑ** بہت بھولنے والا، غائب دماغ۔ ف م، ل۔ **بُھولنا** یاد نہ کرنا؛ ذہن سے محو کرنا؛ یا ہو جانا، راستے سے بَھٹک جانا، صف **بُھولا بَھٹکا** راستے سے بَھٹکا ہوا، ذہن سے اُترا جو اچانک یاد آ جائے۔

بُھول بُھلَیّاں و مع، سک ل، ضمہ بھ، فت ل، شد ی، غنہ۔ امث۔ پیچ دار راہ داری جس میں آدمی رستہ بھول جائے۔ ایسی راہ داریاں عموماً اوپری منزل پر بعض مغلیہ دور کی عمارات میں بنی ہوئی ہیں؛ اندھا راستہ۔

بھوَلا و مج۔ صف۔ سیدھا، نادان، کم فہم؛ معصوم، معصوم صورت، نیز **بھوَلا بھالا** مث **بھوَلی بھالی** ا کیف مث۔ **بَھول پَن** (سک ل، فت پ) معصومیت، سادگی، سادہ لوحی۔

بُھومی و مع۔ امث۔ زمین، فرش، دنیا نیز **بُھوم۔**

بَھوَن فت بھ و۔ امذ۔ محل، ایوان، مکان؛ کولھو کے گردا گرد تیل کے گھومنے کا چکّر۔

بَھوں و لین، غنہ۔ امث۔ ابرو، تیوری کے بال؛ تیوری [س: بْھرُو ف: اَبرُو] ج **بَھویں** (بروزن بھلے) -

بَھونْت فت بھ و، سک ن۔ صف۔ معزز، محترم۔

بَھونْپُو و لین، مغ، و مع۔ پھونک سے بجنے اور آواز کو بڑھانے والا باجہ یا آلہ، نرسنگا۔

بَھونْچکّا و لین، مغ، فت چ، شد ک۔ صف۔ حیران، ششدر۔

بھوَنْدُو و مج مغ، و مع۔ صف۔ سادہ لوح، لدّھڑ، بیوقوف مث۔ **بھونْدلی۔**

بھونْڈ و مج، غنہ۔ امذ۔ گوبر کا کیڑا۔ گُبریلا۔

بھوَنْڈا (۱) ومج مغ۔ صف۔ بدنما، بے ڈھنگا۔ بے تُکا، بے موقع۔

بھوَنْڈا (۲) و مج، مغ۔ امذ۔ ایک قسم کی گھاس جسے چارے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس میں جوار کی طرح کے دانے لگتے ہیں۔

بَھونْرا و لین مغ۔ امذ۔ سیاہ پر دار حشرہ جو پھولوں پر منڈلاتا ہے نیز **بَھنْورا**، **بَھنْور**۔(۲) تہ خانہ، نظر سے اوجھل مقام۔ محاورہ **بَھونْرے میں پَلنا**، دنیا سے بے خبر رہ جانا۔ (۳) گاڑی کے نیچے دُھرے کے سہارے کی لکڑی۔ صف **بَھونْرالا** بہت سیاہ۔

بَھونْری و لین مغ۔ امث۔ گھوڑے کی پیشانی پر بالوں کا حلقہ جو منحوس خیال کیا جاتا ہے؛ ٹھوڑی یا گالوں کا گڑھا، چاہِ غَب غَب (۲) پِھرکی؛ رَہٹ کی بَلّی یا بڑوڑ۔

بَھونْکَڑا و لین، غنہ، سک ک۔ صف۔ موٹی بھدی، ناخوشگوار (آواز)؛ موٹا بھدّا۔

بَھونْکنا و لین، سک ک۔ ف ل۔ کتے کا آواز نکالنا یا شور کرنا۔ (کنایتہً) بکواس کرنا، گلا پھاڑنا، بَنکارنا، چلّانا؛ بکنا جھِیّنکنا۔

بھوَنْکنا و مج، غنہ، سک ک۔ ف م۔ گھونپنا، چُبھونا، کوئی نوکدار آلہ یا سوئی جسم میں پیوست کرنا۔

بُھوننا و مج، سک ن۔ ف م۔ بھاڑ میں تپانا؛ کوئلوں

پر سینکنا؛ تیل یا گھی میں پگھارنا صف۔ بُھونا مث بُھونی، بُھونے ج محاورہ بُھونی بھانگ نہ ہونا مفلسی ناداری کی حالت؛ بُھونے تیتّر اُڑانا خام خیالی میں مبتلا ہونا۔

بھوئی و مج۔ امذ۔ کہار، پالکی بردار؛ مہاوت کا مدد گار۔

بَھوَیّا فت بھ و، شد ی۔ امذ۔ بھاؤ بتانے والا، نرت کرنے والا۔

بَھئی فت بھ۔ امذ۔ بھائی کی تخفیف۔

بھی حرف عطف۔ مترادف؛ نیز بمع؛ علاوہ مزید، ہم، ایضاً کسیے، جو کوئی م: کوئی بھی بلا تخصیص کوئی شخص، چاہے جو، کلمۂ انکار؛ کوئی بھی نہیں بالکل نہیں م: کیا سالن پک گیا؟ کوئی بھی نہیں۔

بَھے ے لین۔ امذ۔ ڈر خوف، دہشت۔ صف۔ بَھیانک۔

بَھیا فت بھ۔ ف ماضی۔ مترادف ہوا، [س: بُھوت = ہونا] بَھئی،ہوئی۔ (عموماً گیتوں کہاوتوں میں)۔

بَھیّا فت بھ، شد ی۔ امذ۔ بھائی (رک) کی تصغیر یا پیار کا کلمہ۔

بُھیّاں ضمہ بھ، شد ی، غنہ۔ امذ۔ امث۔ صف۔ زمین ناپنے والا یا والی۔ پیدل چلنے پھرنے والا، زمین کا گز۔ نیز بُھوئیاں (بروزن ٹُیّاں)۔

بَھیتا ے لین۔ امذ۔ صف۔ وہ پودا یا فصل جو ٹھٹھر جائے، پوری طرح پنپنے نہ پائے۔

بِھیتَر ی مع، فت تہ ظرف مکان۔ اندر، بیچ میں، صف بِھیتری اندر کا۔

بھیجا ے مج۔ امذ۔ مغز، کھوپری کا گودا۔

بھیجنا ے مج، سک ج۔ ف م۔ روانہ کرنا، چلتا کرنا؛ غائبانہ نذر کرنا م: دردو، سلام بھیجنا، م م بِھجْوانا۔

بِھیچنا ی مع، سک ج۔ رک: بھینچنا۔

بھید ے مج۔ امذ۔ راز، چھپی ہوئی بات؛ سبب، گر، چھید، سوراخ۔ صف بھیدی۔ راز دار، جاسوس؛ جاننے والا۔

بَھیروں ے لین، و مج۔ امذ۔ ہندی دیو مالا کے مہادیو شنکر کا نام؛ صبح کے وقت کا ایک راگ۔ ایک موٹا سوتی کپڑا؛ گنّے کا رس نکالنے کی بیلن دار چرخی؛ پٹیارا، رستولو، نیز بھیروں (ے مج) [س: بھیرو خوفناک، دہشت خیز]۔

بھیرویں ے مج، ی مع۔ امث۔ صبح کے وقت کی ایک راگنی جس میں سارے کومل سُر لگتے ہیں۔

بِھیڑ ی مع۔ امث۔ مجمع۔ جمگھٹا۔ انبوہ۔ مرکب امذ بِھیڑ بَھڑکّا مث بِھیڑ بھاڑ، بھڑکّا بطور تابعات)۔

بھیڑ ے مج امث۔ پالتو مویشی جس کے اون سے گرم کپڑے بنتے ہیں۔ نر کو مینڈھا کہتے ہیں۔ مرکب امث بھیڑ چال اندھا دُھند چلنا، کورانہ تقلید۔

بھیڑنا ے مج، سک ڑ۔ ف م۔ بند کرنا، مُوندنا (پٹ، دروازہ یا کواڑ) (عوام) آمنے سامنے کرانا، مقابلہ کرانا، بِھڑانا = ف ل۔ بِھڑنا بند ہونا۔ گتھم گتھا ہونا۔

بھیڑیا ے مج، کس ڑ۔ امذ۔ کتّے سے بڑا، مماثل نسل کا درندہ جو شمالی کرۂ ارض کے جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ مجازاً: خونخوار آدمی۔

بھیس ے مج۔ امذ۔ حلیہ، لباس؛ بہروپ۔

بھیک ی مع۔ امث۔ دان، خیرات۔ صف امذ۔ بِھک مَنگا (فت م غنہ) منگتا نیز بِھکاری مث بِھک منگی بِھکارن فقیرنی۔

بِھیگنا ی مع، سک گ۔ ف ل۔ تر ہونا، گیلا ہونا، صف بِھیگا/ بِھیگی۔ بھیگی بلّی مجازاً سکڑا سہما آدمی محاورہ بِھیگی بلّی بَتانا کام

کو ٹالنا، کام سے جی چرانا۔ بہانہ بازی کرنا۔

بھیلی ے مج۔ امث۔ گڑ کا گول موٹی چپٹی شکل کا ڈلا؛ چکتی۔

بِھیم ی مع صف۔ خوفناک؛ بھیانک نیز **بِھیشَم** عام: **بھیشَم**

بِھینا ی مع۔ صف۔ خوشگوار طور پر ہلکا، سُہانا م: بِھینا رنگ؛ جدا الگ تھلگ۔ مث **بِھینی** ہلکی سہانی (خوشبو)۔

بھینٹ ے مج، غنہ۔ امث۔ صدقہ، نِچھاور؛ قربانی؛ ملاقات، مُڈبھیڑ۔

بھینچنا ی مع، غنہ، سک چ۔ ف م۔ دو جسموں یا چیزوں کے درمیان دبانا؛ کولی میں لے کر کَسنا؛ سکیڑنا بند کرلینا، م: مٹھی بھینچنا امث **بِھینچ** بھیچنے کا عمل۔

بَھَینکَر فت بھ ی، غنہ، فت ک۔ صف۔ بھیانک؛ زبردست۔

بھینگا ے مج مغ۔ صف۔ جس کی دونوں پتلیوں کا زاویۂ نظر مختلف ہو، احول مث **بھینگی**۔ا کیف مذ **بھینگ پن**۔

پ

پ پے، پا۔ مث۔ بائے ہندی و فارسی، اردو ترتیب تہجی کا پانچواں حرف۔ شَفوی مسدود مصمتہ جو بند ہونٹوں کو ذرا کھولنے سے ادا ہوتا ہے۔ ب کی آواز سے قریب اور جمل میں ب کا ہم عدد۔

پا (۱) امذ۔ پانو ، قدم، عموماً تراکیب میں مستعمل م: **پا انْداز، پا بَرَہْنہ، پاشِکَشتہ۔ بادْپا** (رک)۔

پا (۲) امذ۔ (موسیقی) سپتک کا پانچواں سر جو ساکی کی طرح قائم‌سُر ہے جس کی دو شکلیں کومل اور تیور نہیں ہوتیں۔

پا انْداز فت ا، سک ن۔ امذ۔ جوتے صاف کرنے کے لیے دروازے پر بچھایا ہوا ٹاٹ وغیرہ؛ راستے میں بچھایا ہوا فرش یا قالین۔

پابَجَولاں فت ب، و لین، غنہ۔ صف۔ بیڑیاں پہنے ہوئے؛ پانو بندھا ہوا قیدی [ع: الجَوَل = رَسّی] نیز **پا بَسْتَہ**۔

پابَگِل فت ب، کس گ۔ صف۔ لفظاً: جس کے پانو زمین میں گڑے ہوں، مراد چلنے سے معذور۔

پابَند فت ب، سک ن۔ صف۔ مجبور، جس پر کوئی ضابطہ یا قول کا پورا کرنا عائد ہو۔ امذ۔ گھوڑے کو باندھنے کی اگلے پانو کی رسّی۔

پابَرَنْجَن فت ب،ر، سک ن، فت ج۔ امث۔ پایَل (رک)۔

پاپ امذ۔ گناہ، دوش۔ **پاپ روگ**۔ امراض خبیثہ میں سے کوئی۔ صف **پاپی** گناہگار۔

پاپاخ امث۔ رک: کلاہ پا پاخ۔

پاپاک امذ۔ پانو پونچھنے کا کپڑا، تولیہ وغیرہ [قب: بینی پاک = رومال]۔

پاپْ لیٹ ے مج۔ امث۔ ایک سمندری مچھلی جس

میں کانٹے کم ہوتے ہیں، ذائقہ سلونا بحر ہند اور بحرالکاہل میں پائی جاتی ہے۔ [انگ: Pomfret]۔

پاپوش و مج۔ امث۔ جُوتا، جوتی، پَیزار۔

پاتابَہ فت ب۔ امذ۔ جراب کے اوپر پہننے کا جوتی کی شکل کا سلا ہوا کپڑا؛ پانو کے نیچے ڈھیلے جوتے کے اندر بچھانے کا چمڑا، کتّہ وغیرہ۔

پاتال امذ۔ زمین کی سب سی نچلی تہ؛ جَہنّم؛ دھاتوں کو گلا کر آلائش سے پاک کرنے کا ایک ظرف۔

پاتام امذ۔ دروازے کو کھلا رکھنے کے لیے چوکھٹ میں لگائی ہوئی روک؛ چوکھٹ میں بنا ہوا کھانچا جس میں کواڑ ٹِکا ہوا ہوتا ہے۔

پاتُر ضمہ ت۔ امث۔ طوائف، کنْچنی، رقاصہ، نیز **پاتَر** تص مث **پَتُرْیا** [س: پاتْر: ناٹک کرنے والا]۔ (۲) مشیر، وزیر۔ صف۔ زکی، فہیم، چاتر، (۳) پتّا، پتّل، برتن۔

پاتُراب ضمہ ت۔ امذ۔ سفر یا نقل مکانی کا ارادہ کرنے کے بعد نیک شگون کے لیے پہلے کسی اور جگہ منتقل ہونا۔

پاتَک فت ت۔ امذ۔ پاپ، گناہ۔

پاتُک ضمہ ت۔ امذ۔ پہاڑ کا ڈھال یا پہلو؛ ڈھلان، ڈھالو چٹان۔

پاتَنْجَل فت ت، سک ن، فت ج۔ امث۔ ہندو حکیم پاتَنجلی کے مرتب کردہ یوگ کے قواعد۔

پاٹ امذ۔ چوڑائی، وسعت؛ تخت، سنگھاسن؛ اجابت کی چوکی؛ (۲) بٹا ہوا ریشم، (۳) چکّی کے دونوں پتّھروں میں سے کوئی۔

پاٹلا سونا سک ٹ، و مج۔ امذ۔ استعمال شدہ سونے کو پگھلا کر بنائی ہوئی مقررّہ وزن یا حجم کی سلاخ یا بٹّیا۔

پاٹَن فت ٹ۔ امذ۔ خالص ریشم کا بنا ہوا نفیس کپڑا، [قب: پاٹ (۲)]۔

پاٹھ امذ۔ سبق، آموختہ، صف۔ **پاٹَھک**، پڑھنے والا نیز پڑھانے والا، امث۔ **پاٹھ شالا**، مکتب، درسگاہ۔

پاٹھا (۱) امذ۔ ایک پہاڑی بیل جو پاس کےدرختوں پر چڑھ جاتی ہے، پتے گِلو سے مشابہ چھوٹے اور چکنے۔پھول کا فوری، پھل گول، مرچ کے برابر سرخی مائل، جڑ زرد، دواءً مستعمل، پراچینا، پاس، پارَس بیل (لاط: Cissampolos Hexandra)۔

پاٹھا (۲) صف۔ رک: **پَٹّھا** جس کی یہ قدیم، نیز مقامی شکل ہے؛ **ساٹھا**، (رک) کا تابع۔

پاجَر کانْدا فت ج، سک ر، امغ۔ امث۔ جنگلی پیاز (لاط: Urgina Indica)۔

پاجی صف امذ۔ کمینہ، بدفطرت، شریر آدمی، ا کیف مذ۔ **پاجی پَن** [ف،قب س: پایّ]۔ ج **پَوّاج** [وضعی]

پاجَھن فت جھ۔ امث۔ مویشی کے پچھلے پیروں میں باندھی جانے والی رسّی۔

پاچَک فت چ۔ امذ۔ تُھپا ہوا گوبر، اُپلا۔

پاچْھنا سک چھ۔ ف م۔ پچھنے لگانا؛ چیرہ دینا؛ گودنا؛ پُوچھنا (رک) کا تابع۔

پاچھی امث۔ دولتّی یا گھوڑے کا سوار کی ٹانگ پر مُنہ مارنا نیز **پَچّھی** (شد چھ)۔

پاد امذ۔ پانو، پیر؛ جڑ، بنیاد، پایہ؛ گوز [س: پَرْد۔گوز پاد۔پانو،قب: انگ Pedal وغیرہ، ف:پا]۔

پاداش امث۔ صلہ؛ سزا، بدلہ، کسی بُرے عمل یا غلطی کا نتیجہ [ف نیز **پاداشْت**]۔

پادْزَہْر سک د، فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ تریاق، زہر کا توڑ۔ مخفف **پازَہر**۔

پاڈَل فت ڈ۔ امذ۔ ایک پودا جس کے پھول زرد یا سرخ دو قسم کے ہوتے ہیں؛ پتّے بیل پَھل کی طرح، پتّوں کا جوشاندہ دوا کے طور پر دیا جاتا ہے(لاط: Bigonia Suavesious)نیز **پادَل، پاڈَھل**۔

پاراوَت فت د۔ امث۔ آبنوس کی ایک قسم(لاط:

(Diospyros glutinosa.

پاڑبَتی سک ر، فت بہ صف۔ عَلَم لفظاً: پربت کی رہنے والی؛ ہندی دیومالا میں شِوشنکر کی دیوی دُرگا، کالی دیوی، نیز **پاڑوتی**۔

پارَس فت ر۔ امذ۔ ایک خیالی پتھر جس کی بابت روایت ہے کہ لوہے کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے، سَنگِ اکسیر۔

پاڑس سک ر۔ امذ۔ عَلَم۔ ملک ایران کا پرانا نام [ع: فارس؛ یونانی Persis]۔

پارَس پیپَل فت ر، ی مع، فت ب۔ امذ۔ پیپل کی قسم کا ایک درخت جس میں پیپل کے بر خلاف بھنڈی کی طرح کے پھول لگتے ہیں (لاط: Hibiscus Populneodes)

پارَس ناتھ فت ر۔ امذ۔ جَینیوں کا مذہبی پیشوا۔

پارَکھ فت ر۔ صف۔ پرکھنے والا، صرّاف؛ ناقد۔

پاڑ امث۔ جولاہوں، تاربافوں وغیرہ کے کام کرنے کا ٹھکانا، ٹھیا؛ معماری کے کام کے لیے بنائی ہوئی بانس کی مچان۔

پارنا سک ر۔ ف م۔ بنانا، تیار کرنا، سانچے میں ڈھالنا، رک **کاجَل پارنا**۔

پاڑا امذ۔ بھَینس کا نر بچہ، کٹھڑا، پَڈھا۔ مث۔ **پَڈھیا، پَٹھیا**؛ ایک قسم کا ہرن۔

پازیب ے مج۔ امث۔ رک: **پایَل**۔

پاس (۱) صف۔ نزدیک، قریب، قبضہ میں، ہاتھ میں؛ حاصل، موجود، میّسر۔

پاس (۲) امذ۔ لحاظ، مروّت؛ بات کی پچ؛ قول کی پابندی، رسم کا نباہ۔

پاسا (۱) امذ۔ جوئے یا کھیل میں داؤ چلنے کے لیے استعمال ہونے والی کوڑیاں یا کعبتین۔

پاسا (۲) امذ۔ کھرے سونے کی اینٹ یا تختی، سلاخ وغیرہ۔ **پاسے کا سونا** تصدیق شدہ، ٹھپا لگا ہوا کھرا سونا۔

پاشتاں سک س۔ امذ۔ ماضی، زمانۂ گزشتہ، پراچین کال۔

پاسُخ ضمہ س۔ امذ۔ جواب، کسی سوال یا خط؛ پیغام وغیرہ کا، م: **پاسُخ نامَہ** (کس مع خ) خط کا جواب۔

پاسدار سک س۔ صف۔ امذ۔ جانبدار، حمایتی؛ پاسبان، محافظ۔ اکیف مث **پاسداری**۔

پاسَنگ فت س، غنہ۔ امذ۔ ترازو کے خالی پلڑوں کو برابر کرنے کے لیے رکھا یا ٹانکا جانے والا وزن۔

پاشان امذ۔ کنکر، روڑا؛ حقیر شے۔ مرکب۔ **پاشان بھید**۔ ایک پودا جس کی جڑ مثانے کی پتھری کے علاج کے لیے مفید خیال کی جاتی ہے **پَکھان بید** [س: پاکشنڑ؛ لاط: Plectantrus Scutillariodes]۔

پاشاں غنہ۔ صف۔ کشادہ، کھلا کھلا، بکھرا ہوا، چھڑکا، بکھیرا ہوا، امث۔ **پاشانی** چھڑکاؤ، کشادگی۔ **پاشش** بکھیر، لٹانا۔

پاشنَہ سک ش، فت ن۔ امث۔ ایڑی، آدمی کی، یا جانور کے کُھر یا سُم سے اوپر کا حصّہ۔ صف **پاشنَہ کوب** متعاقب، پیچھے پیچھے آنے والا۔

پاشیب ے مج۔ امذ۔ ڈھلان، سیڑھی، ڈھالو راستہ۔

پاشیدَنی ی مع، فت و۔ صف۔ بکھرنے یا تقسیم ہونے والا، م: پاشیدنی خلیے جو تولید کے لیے کئی خلیوں میں بٹ جاتے ہیں۔

پاک صف۔ ستھرا ، صاف، جس میں کوئی آلائش، آمیزش یا میل نہ ہو؛ مبرّیٰ منزّہ؛ ختم، تمام، چکتا م: قصہ، قرضہ پاک ہونا۔ مرکب **پاک شُہدَہ** سخت شریر، بڑا بدمعاش، چَھٹا ہوا۔

پاک پَہل فت ھ۔ امذ۔ کَکڑ ونّدا، ایک خاردار لیموں سے ملتا درخت، پتّے چوڑے اور لمبے پھول

گلابی پھل بیر کے برابر سرخ جو پک کر قدرے سیاہ ہو جاتا ہے(لاط: Carissa Corandes)۔

پاک رَنجَن فت ر، سک ن، فت ج۔ امذ۔ تیز پات (رک)۔

پاکا امذ۔ پھوڑا۔

پاکَٹھ فت کـ۔ صف۔ امذ۔ پختہ، پکّا، رسیدہ، تجربہ کار، عمر رسیدہ آدمی یا عورت نیز **پاکَھٹ**۔

پاکَر فت ک۔ امذ۔ پیپل سے ملتا ایک درخت جس کے پتّوں میں سےدودھ رستا ہے اور اس پر چیونٹے بہت چڑھتے ہیں، پھل پیپلی سے ملتا ہوا۔ (لاط: Ficus Infectoria)۔ نیز **پَلکھَن**، **پاکھر**، نیز اِنجیر۔

پاکَل فت ک۔ امذ۔ ایک پودا رک: **کاکَڑا سِینگی**۔

پاکی امثـ طہارت، اُسترہ، محاورہ۔ **پاکی لینا**، موئے زہار صاف کرنا۔

پاکِیزَہ ی مع، فت ز۔ صف۔ صاف ستھرا، نفیس شائستہ۔ ا کیف مث **پاکِیزگی**۔

پاکھا امذ۔ پہلو، بازو، دروازے کے پہلو کی دیوار؛ اُسارا، عارضی یا مختصر سائبان یا چھپر، ج؛ پاکھے۔ چولھے کے پہلو کی دیواریں، کتاب کی جلد کے دونوں رخ۔

پاکَھر فت کھ۔ امذ۔ ہاتھی گھوڑے کے شانوں کو ڈھکنے والی زرہ یا ساز۔

پاگ امذ۔ شیرہ، شہد۔ ف م۔ **پاگنا**، شیرے میں ڈبونا، شکر چڑھانا۔

پاگَل فت گ۔ صف۔ دیوانہ مرّی، امذ **پاگَل خانہ**، پاگلوں کا شفاخانہ [أ؛ پاگل + ف ؛ خانہ]۔

پال امثـ چھولداری، پردہ، بادبان؛ بُھوسا۔ **پال ڈالنا**، کچے پھل کو جلد پکانے کے لیے آٹے یا بھوسے میں دبانا۔

پالا امذ کُشتی کا اکھاڑا؛ کُشتی کا مقابلہ؛ جمی ہوئی شبنم؛ واسطہ، بُرا سابقہ، محاورہ: **پالا پڑنا**۔ ناحق سروکار ہونا، برا واسطہ پڑنا۔

پالاگَن فت گ۔ امذ۔ قدم لینا، احتراماً پاۡنو چھونا نیز **پالَگَن**۔

پالان امذ۔ گدھے کی جُھول۔

پالْتُو سک ل، و مع۔ صف۔ گھر میں پلنے والا جانور۔

پالتی سک ل۔ امثـ رک: **آلتی پالتی**۔

پالَٹ فت ل۔ امذ۔ پٹے بازی کا ایک وار جس میںحریف کی دائیں پنڈلی پر چوٹ لگاتے ہیں، قب کَڑکی۔

پالْکی سک ل۔ امثـ ڈولا، کہاروں کے کاندھوں پر لے جائی جانے والی پردہ دار سواری جو ڈولی سے بڑی اور لکڑی کی بنی ہوتی تھی۔

پالَن فت ل۔ امذ۔ پرورش؛ تحفظ؛ پاس، نباہ؛ م؛ قول یا آگیا کا پالن۔ صف؛ **پالَنہار** پالنے والا۔

پالْنا سک ل۔ امذ۔ جھولا؛ جُھولنا، پِنگُورا، گہوارہ۔ ف م۔ پرورش کرنا، کھلانا پلانا، حفاظت، سرپرستی کرنا نیز **پالنا پوسنا**۔

پالَنْک فت ل، غنہ۔ امذ۔ کندر کا درخت جس کی آمیزش سے لوبان بنتا ہے۔ **پالَنْکی** لوبان (لاط: Boswelia Thurifera)۔

پالُو و مع، امذ۔ گاۡنو کی حد پر واقع کَھیت، سال میں ایک فصل دینے والا کھیت؛ پودے کی جڑ کے اوپر کا ڈنٹھل یا پتلا تنا۔

پالْوانَہ سک ل، فتِ ن۔ امذ۔ حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر جھرنا۔

پالُودَہ و مع، فتِ د۔ صف۔ صاف کیا ہوا، چھانا، چُنا ہوا؛ فالودہ۔

پالَہ فت ل۔ امذ۔ دو کوہانوں والا اُونٹ

پالَہْنک فت مع ل، سک ہ، غنہ ۔ امذ۔ امثـ (بروزنِ مردَنک) پالتو جانور کے گلے کی

ڈوری۔

پالی (۱) امث۔ مُرغ بٹیر وغیرہ لڑانے کا اکھاڑا، لڑنے والے پرندوں کی لڑائی کا ایک دور یا ایک معرکہ۔

پالی (۲) امث۔ پاک و ہند کی ایک قدیم زبان جس میں بدھ مت کی مقدس کتابیں لکھی گئیں،ایک دور میں اردو کی طرح ملک گیر تھی۔

پالیز ے مج۔ امث۔ پائیں باغ، خربوزے تربوز کا کھیت، نیز **فالیز** [ف، اصلاً پالیز]۔

پام امث۔ پیمک، لیس وغیرہ کے کناروں پر لگی ہوئی ڈوری؛ ایک جلدی مرض، کھاج؛ تین انچ کی لمبائی کا پیمانہ۔

پامال صف۔ روندا ہوا، خراب، خستہ، برباد۔

پان (۱) امذ۔ دل کی شکل کا سبز یا زردی مائل پتہ جو چُونے کتّھے چھالیہ وغیرہ کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ اِس کی کئی قسمیں ہیں۔ بنگلہ، دیسی، سانچی، کپُوری، ملک پوری (لاط: Piper Betel) پان کی شکل کا نشان۔ **پاندان**، پان اور اس کے لوازم رکھنے کا صندوقچہ یا ڈھکنے دار ظرف، پٹاری، **پان کا بیڑا** (ی مع) بنے یا لگائے ہوئے پان کا لپٹا ہوا پتہ۔ گِلوری؛ پانوں کا مٹّھا۔

پان (۲) امذ۔ پینے کی چیز، پینے کا عمل، (رک: کھان پان)؛ دھات کی چیز کو تپا کرپانی میں بُجھانا؛ پہیّے کا آرا۔

پان (۳) عدد۔ پانچ کا مخفف م: **پان سو**، **پان سیر**؛ (نجّاری) انچ کا چوتھائی حصّہ؛ ایک قدیم سکّہ جو ۸۰ کوڑیوں کی مالیت کا ہوتا تھا۔

پانا ف م۔ حاصل کرنا، ڈھونڈ نکالنا؛ تاڑ لینا، کسی جگہ تک جا پہنچنا؛ محسوس کرنا؛ جاننا، سمجھنا م: تم نے اسے کیسا پایا۔

پانا (۲) امذ۔ ڈِھبری کسنے کا آلہ [انگ: Spanner کا مؤرّد]۔

پانبَر امغ، فت بہ امذ۔ دو رنگا بٹا ہوا ڈورا۔

پانت غنہ۔ امث۔ قطار، صف نیز **پانتی**، **پَنت**۔

پانجْرا غنہ۔ امذ۔ اناڑی کھِویّا، ناتجربہ کار کشتی راں۔

پانچا امغ۔ امذ۔ گھاس سمیٹنے کا ایک آلہ جس میں چار یاپانچ دانتے ہوتے ہیں۔ دَترا۔

پانچَرا مع۔ امذ۔ فت چ۔ کولھو کا وہ شکنجہ جو گنّے کو دبا کر رس نکالتا ہے۔

پانڈری غنہ، سک د۔ امث۔ تہ بازاری کا کرایہ جو خوانچہ فروشوں وغیرہ سے وصول کیا جائے۔

پانڈ غنہ۔ صف۔ وہ درخت جو پھل نہ دے؛ وہ عورت جس کے دودھ نہ اُترے؛ یرقان، پیلیا؛ زرد مٹّی، نیز **پانڈَر**، **پانڈْری**۔

پانڈا امغ۔ امذ۔ پروہت، پوجا کرانے والا۔ نیز **پَنڈا**، **پَنڈوا**، مث **پَنڈیائن**۔

پانزْدَہْ غنہ، سک ز، فت مج د، ہ ملفوظ۔ عدد۔ پندرہ (۱۵) صف عدد **پانزدہم** (فت د، ضمہ م) پندرھواں۔

پانس غنہ۔ امث۔ کھاد جو زمین کی تقویت کے لیے ڈالی جاتی ہے؛ فضلہ کچرا۔

پانسا امغ۔ رک **پاسا**۔ نیز **پاسَہ**، **پانسَہ**۔

پانشْنا غنہ سک س۔ ف م۔ گنّے کی آنکھ دار جڑ کو کھیت میں بونے سے پہلے پُھوٹنے کے واسطے دبانا۔ گنّے کی پود لگانا۔

پانسی امغ۔ امث۔ ڈوریوں کا جال جسے سامان کی گٹھڑی کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

پانک غنہ۔ امث۔ سیلاب کی لائی ہوئی ریت یا مٹی؛ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے، نیز **پانگ**۔

پانکھی امغ۔ امث۔ کیاریاں، کھیت کی نالیاں صاف کرنے کا دستہ دار تِکونی شکل کا اوزار، ایک طرح کا

کُھرپا۔

پانگرا غنہ سک گ۔ امذ۔ جنگلی مونگا، پَھرہد، ایک پودا جس کی شاخوں پر باریک کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ پھول سُرخ، پتے ڈھاک کی طرح تین تین اور پھلیاں لگتی ہیں (لاط: Erithrina Indica)۔ نیز **پانگڑا**۔

پانگو امغ، و مع۔ صف۔ نشیبی زمین جس میں برسات کا پانی بھر جائے۔

پانو غنہ۔ امذ۔ وہ دو عضو جن پر انسان یا حیوان کھڑا ہوتا ہے، دونوں پیروں میں سے کوئی ایک؛ پا، پد؛ ٹانگ، پایہ (تخت، کرسی وغیرہ کا)؛ پانو کا نشان، نقشِ قدم؛ دخل، حق، تعلق، م؛ معاملے میں پانو اڑانا، یا پانو ہونا۔ نیز **پاؤں** (بروزنِ پان) محاورہ **پانو بھاری ہونا** عورت کا حاملہ ہونا، **پانو پاک** پائیدان، پانو پونچھنے کا کپڑا؛ نیز **پا پاک**، **پانو پَسارنا** (فت پ) ٹانگیں پھیلانا، لیٹنا۔ **پانو گاڑی**، بائسکل، دو چرخی۔

پانی امذ۔ وہ سیال جس سے سمندر، ندی نالے بھرے ہوتے ہیں، ایک حصہ آکسیجن اور دوحصے ہائیڈروجن کا مرکب؛ آب، جل؛ ماء، نیر؛ تاب، رونق، چمک؛ رطوبت، تری؛ بارش۔ صف۔ آسان سہل۔ م؛ مشکل مسئلے کو پانی کر دیا۔ محاورہ **پانی چُوانا** (ضمہ چ) حلق میں پانی ٹپکانا امذ **پانی دیوا**، مرنے والے کا وارث (جو ہندوانی رسم کے مطابق پُرکھوں کو پانی چڑھائے۔ (اصطلاح) **پانی کا شباب** گھری کائی جو پانی کی سطح کو ڈھک دے۔ **پانی کی شَنبالی** (فت مغ ش) ساگوان کی طرح کا ایک پیڑ (لاط: Vitextrifolia)۔ [پراکرت: پانڑیٔ س: پانیَم]۔

پاؤ (۱) سک و۔ (بروزن آؤ) صف، عدد کسری۔ ایک چوتھائی (۱/۴) نیز **پاؤ**۔ امث۔ **پاوروٹی** نیز **نان پاؤ** ولایتی پھولی مستطیل خمیری روٹی۔

پاوَرَق فت ور۔ امذ۔ کتاب کے صفحے کے نیچے اگلے صفحے پر آنے والے پہلے لفظ کا اندراج برائے حوالہ و احتیاط۔ ترک، پوٹ؛ نیز صفحے کے نیچے کا حاشیہ، فُٹ نوٹ۔

پاہ امذ۔ رنگ کو پکّا کرنے کے لیے ڈالا جانے والا مسالہ جو رنگریز استعمال کرتے ہیں۔

پاہُنا ضم مج ہ۔ امذ۔ (دیہاتی) مہمان؛ داماد، نیز **پاہُن** [س: پْرَاگھَنڑ]۔

پاہُونی و مع۔ امث۔ (دیہاتی) وہ گیت جو دلہن کی رخصتی پر گایا جاتا ہے مَنڈھا نیز **پاوُنی**۔

پائجامہ کس مج ء، فت م۔ امذ۔ کمر سے ٹخنوں تک ستر پوش لباس جس میں دو پائنچے ہوتے ہیں اور نیفے میں کمر بند ڈال کر باندھا جاتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں اور وضعیں ہیں نیز **پاجامہ**۔ **پائے جامہ**، **پَجامہ**۔

پائچا کس مج ء۔ امذ۔ پاجامے کی موری سے رومالی تک ٹانگوں کو ڈھکنے والے دو حصوں میں سے کوئی ایک۔ نیز **پائنچا پائنچہ** (بروزنِ پارسا)۔

پائیدان ے مج۔ امذ۔ گاڑی پر چڑھنے کے لیےپانو رکھنے کا تختہ؛ پا انداز۔

پائرہ کس مج ء، فت ز۔ امذ۔ کواڑ میں لگا ہوا کُنڈا یا آہنی حلقہ۔

پائک کس ء۔ امذ۔ پیدل سپاہی، ہرکارہ۔ نیز **پایک** (فت ی)۔

پائگاہ کس مج ء۔ امث۔ بلند اَیوان، اونچا مرتبہ یا مقام؛ جاگیر۔

پائمال کس مج ء۔ رک: **پامال**، ا کیف مث۔ **پائمالی**، **پامالی**۔

پائنتی کس مج مغ ء۔ (بروزن بانسری)۔ امث۔ پلنگ کی وہ سمت جدھر پاؤں ہوں، سرہانے کے مخالف سمت۔

پائندَہ کس ء، سک ن، فت د۔ صف۔ ہمیشہ باقی رہنے والا، دائم قائم۔ امث **پائندگی**، نیز **پایَندہ**، **پایَندگی**۔ (فت ی)۔

پائی (۱) امث۔ ایک سکہ جو ایک پیسے کے تہائی کے برابر ہوتا تھا اورایک آنے میں بارہ پائیاں ہوتی تھیں۔

پائی (۲) امث۔ بے ایڑی کی جوتی جس میں پہلو بھی نہیں ہوتے، سلیپر۔

پائی (۳) امث۔ پانی کا عارضی بند۔

پائے ج مذ۔ گائے بکری کے پیروں (پایوں) کا پکّا ہوا سالن؛ پلنگ، مسہری تخت وغیرہ کو سہارنے والی عموماً کھڑی ستون نما لکڑیاں۔ واحد: **پایا**۔

پائیز ے مع۔ امث۔ خزاں کا موسم، پت جھڑ؛ انحطاط کا زمانہ، پیری، نیز **پائیز**۔

پائیں ی مع غنہ۔ امذ۔ م فہ نیچی جگہ، زیریں، نیچے کی طرف، پائنتی میں **پائیں باغ** مکان کے احاطے کا باغ جو اس کی کرسی سے نیچا ہوتا ہے۔ امث **پائیں سُرخ مَوج** روشنی کی وہ سرخ طویل موج جو انسانی آنکھ کو نظر نہیں آتی (انگ: Infra Red) نیز زیریں سرخ (ے مج، ی مع)۔

پاے ے مج۔ (بروزن ماہ) **پا** کی ایک شکل م: **پاے بازی** وجد و حال **پاے بوس** قدم چومنے والا۔ **پاے کوب**، رقصاں؛ **پاے تخت** دارالخلافہ۔

پایان امذ۔ خاتمہ، انجام، حد، م: **پایانِ کار**، آخر کار۔

پایَرا فت ی۔ گھوڑے کی رکاب، نیز **پایَرہ** (را)۔

پایک فت ی۔ امذ۔ پیدل سپاہی، پیادہ، نیز پائک۔

پایَل فت ی۔ امذ۔ پانو میں باندھنے کا ایک زیور جسے مسلمان گھرانوں میں پازیب کہا جاتا ہے اور سونے کا بھی ہوتا ہے۔ ہندوؤں میں صرف چاندی کا۔ ایک چوڑی پٹی کے نیچے مہین گھنگرو یا چاند لٹکے ہوتے ہیں [قب ف : **پابرنجن**] ؛ وہ بچہ جو پانو کے بل پیدا ہو؛ تیز چلنے والی **ہتھنی**۔

پایَہ فت ی۔ امذ۔ درجہ؛ رتبہ؛ **پانو رکھنے کا تختہ یا سیڑھی**؛ ستون، کھم۔

پَپ فت ب۔ امذ۔ **پانی کی نکاسی کا راستہ**۔ نیز **پوی**۔

پَپّڑ فت پ، شد فت پ۔ امذ۔ کھگل یا پلستر کی موٹی تہہ، تپڑ، کھپرا، کسی شے کا دبیز چپٹا لکڑا، پرت۔ تص مث۔ **پپّڑی**۔ ف ل، **پپّڑیانا**۔ صف، **پپّڑیلا** پپڑی جیسا۔

پُپلانا ضمہ پ، سک پ۔ ف ل۔ پوپلے منہ سے یعنی دانت جھڑے ہوئے ہونے کی صورت میں، بولنا نیز **پوپلانا** (و مع)۔

پِپلی کس پ، سک پ۔ امث۔ پیپل کے پیڑ کا تقریباً فالسے کے برابر پھل۔ نیز **پیپلی** (ی مع)۔

پِپلامُول کس پ، سک پ۔ و مع۔ پیپل کے درخت کی جڑ، نیز **پِپلی مُول** (کس پ، شد فت پ) **پیپلا مُول** (ی مع) (لاط: Piper Longum radix)

پَپنی فت پ، سک پ۔ امث۔ پلک، مژگاں۔

پَپوٹا فت پ، و مج۔ امذ۔ آنکھ کا غلاف، جَفن۔

پَپوتَن فت پ، و مج، فت ت۔ امذ۔ مکو کی قسم سے ایک پودا جس کا تخم زرد شیریں اور غلاف کے اندر ہوتا ہے۔ پتے زخم دھونے کے لیے استعمال ہوتے ہیں، نیز **کاکنج**، **پَن پوتکا** (لاط: Paretta Indica)۔

پَپولنا فت پ، و مج۔ سک ل۔ ف ل۔ دانتوں کے بغیر مسوڑھوں سے چبانا۔

پَپِیہری فت پ، کس مج پ، سک ہ۔ امث۔ نے، بانسری۔ نیز **پَپیری** (ی مع)۔

پَپَیّا فت پ۔ (بروزن مکئی، فعَل)۔ امث۔ ارنڈ خربوزہ۔

پَپّی فت پ۔ امث۔ پیار، چُمّی، (بچوں سے بولنے کا

لفظ)۔

پَپِیّا فت پ، شد ی۔ امذ۔ آم کی گٹھلی کی گری کو گھس کر بنایا ہوا باجا یا سیٹی۔ نیز **پَپِیری** (فت پ، ی مع)۔

پَپِیتا فت پ، ی مع۔ امذ۔ ایک اونچا درخت اور اس کا زرد لنبوترا خربوزے کی طرح کا پھل جس میں بہت سے سیاہی مائل چکنے چکنے بیج ہوتے ہیں۔ [از ہسپانوی پاپاو۔ لاط: Strychnos Ignatia]۔

پَپِیہا فت پ، ی مع۔ امذ۔ ایک چھوٹی سیاہ چڑیا جو اکثر آم کے باغ میں چہکتی سنائی دیتی ہے، آواز پتلی گہری، کُوکتی ہوئی۔ نیز **چاتَک** (لاط: Cuculus Melanoleneos)۔

پَت (۱) فت پ۔ امث۔ عزت، آبرو؛ نیز: پَتی کی تخفیف، شوہر۔

پَت (۲) امذ۔ گُڑ کو گھی میں تل کر اور میوہ ملا کر بنائی ہوئی کَھڑنک چپٹی ٹکیاں؛ اچھوانی جو زچہ کو دی جاتی ہے۔

پِت کس پ۔ امذ۔ پِتّے کا زرد کڑوا پانی، صفراوی مادّہ۔

پَت جَھڑ فت پ، جھ۔ امث۔ خزاں کا موسم۔

پَت رَوگ فت پ، ومج۔ درخت کے پتوں میں کیڑا لگنے کی بیماری۔ امذ **پَت کَت کیڑا** پتوں کو چاٹنے والا کیڑا، گھن۔

پَت رَنگا فت پ ر، غنہ۔ امذ۔ سبز رنگ کا ایک مکھی کھانے والا پرندہ (لاط: Merops Superciliosis)۔

پَت کَرنا فت پ، فت ک، سک ر۔ ف م۔ پانی ملا کر پتلا کرنا (دہی بیسن وغیرہ کو)۔ [قب **لَت پَت**]

پَتا فت پ۔ امذ۔ سراغ، کھوج؛ نام نشان؛ ٹھوڑ ٹھکانا، رہنے کا مقام؛ خبر، آثار نیز **پَتَہ**۔

پِتا کس پ۔ امذ۔ باپ، والد۔

پَتّا فت پ، شد ت۔ امذ۔ پودوں پیڑوں میں لگنے والے پتلےمختلف طرح کے وَرق، پات، برگ؛گنجفہ کھیلنے کی ٹکلی یا تاش کا مستطیل نشان زدہ پتّا یا کارڈ؛ کان کا ایک زیور جس میں پتّوں کی شکل نکلتی ہے۔(عموماً) ج مرکب **پتّے بالِیاں** (۲) پان یا پان کی شکل کی کوئی شے۔

پِتّا کس پ، شد ت۔ امذ۔ جگر سے ملی ہوئی ایک تھیلی جس میں پت جمع ہوتے ہیں؛ زَہرہ، مَرارَہ نیز **پِتّہ**۔مجازاً جوش، غصّہ۔

پَتال فت پ۔ امذ۔ پاتال (رک) کا مخفف۔ صف **پَتال دَنْتی** (عیبی ہاتھی) جس کے دانت زمین کے رخ مُڑے ہوں۔ **پَتال مُدّھا** انگوٹھے کے برابر ایک زمینی کیڑا جو مٹی کی ایک گولی میں بند پایا جاتا ہے۔ زرد رنگ اور جسم میں زرد چپچپی رطوبت۔ مرکب امذ۔ **پَتال جَنْتر** تیل کشید کرنے کا ایک عمل جس میں کشید کرنے کا ایک ظرف زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے۔

پِتامبَر کس پ، سک م، فت ب۔ رک: **پیتامبَر**۔

پِتامَہ کس پ۔ فت م۔ دادا، نیز **پِتامَہَہ** مث **پِتامَہی** دادی۔

پَتّانا فت پ، شد ت۔ ف ل۔ جھینپنا، شرمندہ ہونا۔

پَتاوَر فت پ، و۔ امث۔ پھوس جس سے چھپّر چھایا جاتا ہے۔

پُتائی ضمہ ب۔ امث۔ لپی ہوئی سطح پر سفیدی یا رنگ کا پھیرنا، نیز **پوتْنا**۔

پَتِت فت پ، کس ت۔ صف۔ گراہوا، تنزّل کا شکار، گھٹیا؛ مجرم۔

پَتْر فت پ، سک ت۔ امذ۔ پَتّا، برگ؛ پرچہ، کاغذ، خط نیز **پَتّر**،م؛ **خَط پَتْر**۔

پَتْرا فت پ، سک ت۔ امذ۔ پَتّا، ورق، پَنّا، دھات کا

پتلا پارچہ یا مہین چادر۔صف۔ پَتریلا چپٹا۔

پَتْراوَلی فت پ، سک ت، فت د۔ امث۔ گیرو، طینِ احمر۔

پَتْرانْگ فت پ، سک ت۔ غنہ۔ امث۔ چندن کی قسم کا ایک درخت جس کی لکڑی سُرخ ہوتی ہے؛ سرخ صندل۔ نیز **پَتَنْگ**، **پَتْرَنْگ** (لاط: Haemotoxyli Lignum)۔

پَتْرَک فت پ، سک ت، فت ر۔ امذ۔ کاغذ کا پرزہ، پارچہ، دستاویز، کارڈ، پَترا۔

پَتْرَنْگا فت پ، سک ت، فت ر، غنہ۔ امذ۔ ایک رنگین پروں کی چڑیا جو شہد کی مکھیاں اور کیڑے پتنگے کھاتی ہے۔

پَتْری فت پ، سک ت۔ امث۔ پتّوں کا دَونا، پتوں کی بنی ہوئی تھالی۔

پَتّل فت پ، شد فت ت۔ امذ۔ پَتّہ، پتوں کا دَونا؛ دھان کی ایک بیماری۔

پَتْلا فت پ، سک ت۔ صف۔ پانی جیسا یابہت پانی ملا ہوا؛ رقیق، سیّال؛ دبلا؛ تنگ کم گنجائش کا م: پتلا راستہ؛ خراب، زدہ، م: پتلا حال، مث **پَتْلی**۔

پُتْلا ضمہ پ، سک ت۔ امذ۔ نقلی مُورت جسم،پیکر، بُت، قالِب، ہیُولیٰ؛ نمونہ، مثال۔ م: شرافت کا پتلا، مث **پُتْلی**۔

پَتْلانا فت پ، سک ل۔ ف ل۔ پتلا ہو جانا۔

پِتْلانا کس پ، سک ل۔ ف ل۔ کسی چیز میں پیتل کا کَسیاوْ آ جانا؛ پیتل کے رنگ کا ہو جانا۔

پَتْلو فت پ، سک ت۔ و لین۔ امذ۔ سوکھے پتے، سرکنڈا، سرپَت جن سےچھت چھائی جائے۔

پُتْلی ضمہ پ، سک ت۔ امث۔ پُتلا کی تانیث: مورت، گڑیا؛ آنکھ کا ڈھیلا، مردُمَکِ چشم؛ تلوار کا قبضہ، دستہ؛ مجسمہ، نمونہ؛ کپڑا بننے کی کل۔ **پُتْلی گھر**، کپڑوں کی بنائی کا کارخانہ۔

پِتَمبَر رک: پیتامبَر۔

پَتَمْبَرا کس پ، فت ت، سک م، فت ب۔ امث۔ وہ لڑکی جو اپنے پتی کا خود انتخاب کرے [س: پَتِمبَرا]؛ کلونجی(لاط: Nigella Indica)۔

پَت مَنْجَری فت پ، سک ت، فت م، سک ن، فت ج۔ امث۔ لفظاً پتوں کی بیل۔راگ ہِنڈول سے ملتی ایک راگنی جس کا وقت آدھی رات بتایا جاتا ہے۔ نیز عام: پَت مَنجلی [س: پَتْر + مَنجلی = کَنْوَل کی بیل]۔

پَتَّن فت پ، شد فت ت۔ امذ۔ دریا کا طاس یا گھاٹ؛ بستی، قریہ۔

پَتَنْگ فت پ، ت، غنہ۔ امث۔ گُڈّی، کنکوّا، کاغذِ باد؛ امذ۔ ایک سرخ لکڑی، چنْدن کی ایک قسم، جس سے سرخ رنگ بنایا جاتا ہے، نیز **پَترانْگ** (رک)؛ پردار کیڑوں میں سے کوئی؛ پروانہ، نیز **پَتَنْگا**۔ پردار، کیڑا، پروانہ؛ چِنْگاری۔

پَتْنی فت پ، سک ت۔ امث۔ بیوی، زوجہ، گھروالی۔

پَتْوا فت پ، سک ت۔ امذ۔ شکار کھیلنے کےلیے درخت پر بنائی ہوئی مچان۔

پَتوّا فت پ، ت، شد و۔ امذ۔ پَتّا کی تصغیر، برگ، پَتّل، صف۔ **پَتوّاسا**، ہلکا، ڈھلمِل۔

پَتوار فت پ، سک ت۔ امث۔ کشتی کو موڑنے کی کل، ہتّھا یا پہیّا؛ ناؤ کھینے کا ڈنڈا یا چپّو، سُکّان۔

پَتْوَنْتی فت پ، سک ت، فت و، سک ن۔ امث۔ سہاگن، شوہر والی۔

پِتونیا کس پ، و لین، سک ن۔ امذ۔ ایک سبز قیمتی پتھر جس پر گلابی چِتّیاں ہوتی ہیں۔

پَتوئی فت پ، و مج۔ امث۔ گنّے کے رس کا پھین جو اسے تپانے پر اُوپر آ کر جم جاتا ہے۔

پَتی فت پ۔ امذ۔ شوہر، خاوند۔ امث۔ **پَتی وَرْتا** شوہر کی خدمت گزاری۔

پَتّی فت پ، شد ت۔ امث۔ چھوٹا پتّہ؛ کسی دھات کا پتلا ٹکڑا، پَترا، پَتری؛ قلم کی لوہے کی نِب؛ شراکت، ساجھا، حصّہ داری؛ حِصہ پتّی۔

پِتّی کس پ، شد ت۔ امث۔ کَدَوڑے جو الرجی کے باعث جسم پر پڑ جاتے ہیں اور ان میں کھجلی ہوتی ہے۔ محاورہ **پِتّی اُچھلنا** الرجی یا صفرا کی زیادتی سے جسم پر سرخ دانے ابھر آنا۔

پَتْیانا فت پ، سک ت۔ ف ل۔ نرم پڑنا؛ ف م، ل۔ خاطر میں لانا، لحاظ کرنا، اعتبار کرنا، امذ۔ **پَتْیارا**، اعتبار، بھروسا۔

پَتِیل فت پ، ی مع۔ صف۔ بہت پتلا یا پتلی؛ گاڑھا یا دبیز کی ضد م؛ پتیل آٹا۔

پَتِیلا (۱) فت پ، ی مع۔ امذ۔ کھانا پکانے کا دھات کا بنا ہوا، برتن۔ امث۔ **پتیلی** ہنڈیا۔

پَتِیلا (۲) فت پ، ی مع۔ امذ۔ کٹے ہوئےکھیت کو دوبارہ جوتنے سے پہلے جڑیں اکھاڑنے کے لیے چلایا جانے والا ہل۔ نیز **پَرَونْتھا** (ولین مغ)۔

پَتھ فت پ۔ امذ۔ راستہ، باٹ، راہ۔ [س، قب انگ: Path]۔

پَتھارا فت پ۔ امذ۔ دوکان کا ٹھڑا، ف مر: **پتھارا لگانا** سڑک کے کنارے مال رکھ کر بیچنا۔

پَتھِڈرَم فت پ، کس تھ، سک د، فت ر۔ امذ۔ کھیر کی قسم کا ایک درخت جس کا پھول زرد خوشبو دار ہوتا ہے۔ اس کی لکڑی کو جوش دے کر صاف کرنے کے بعد کتّھا بناتے ہیں۔

پَتّھَر فت پ، شد فت تھ۔ امذ۔ چٹان کا ٹکڑا، بٹیا؛ سنگ، حَجَر؛ سِل نگینہ؛ رَتّی؛ کتبہ۔ (مجازاً) سخت، بھاری، مشکل، بےڈھب شے۔ صفہ بے حس، بے رحم، ٹھس، **پَتّھر پُھول** (ومع) چھڑیلا۔ نیز **پَتّھر چَٹّا** ایک مچھلی کا نام جس کے سر سے سنگ سرماہی نکلتا ہے؛ نیز ایک بوٹی جو پتھری کو توڑ کر نکال دیتی ہے۔ نیز **پَتّھر چَٹّی** (قب انگ: Bryophillum)۔ ف م: **پَتّھر چَٹانا** دھار پر سان رکھنا، تیز کرنا۔ **پتّھر کَلا** ایک پرانی قسم کی بندوق جس کو چقماق کی رگڑ سے سر کرتے تھے۔ **پَتّھر کی لکِیر** نہ بھولنے نہ مٹنے والی بات۔

پَتْھرانا فت پ، سک تھ۔ ف ل۔ ساکت ہو جانا؛ سخت ہو جانا؛ بے نور، بےحس، بے حرکت، بے جان ہو جانا۔ محاورہ **آنکھیں پَتھرانا** (دیر تک گھورنے یا تکنے سے پیدا ہونے والی کیفیت کے اظہار میں) راہ دیکھتے دیکھتے تھک جانا۔

پَتْھراؤ فت پ، سک تھ، و مج۔ امذ۔ لگاتار یا کثرت سے پتھر پھینکے جانا، سنگباری۔

پَتھرَوٹا فت پ، سک تھ، ولین۔ امذ۔ کَھرَل، تصغیر مث **پَتھروٹی**۔

پَتھری فت پ، سک تھ۔ امث۔ سنگریزہ، سنگ مثانہ یا سنگ گردہ۔

پَتھریا فت پ، تھ، سک ر۔ امث۔ کنکریلی زمین۔

پَتھرِیلا فت پ، سک تھ ی مع۔ صف۔ کنکریلا؛ سخت دشوار۔ مث **پَتھرِیلی**۔

پَتْھنا فت پ، سک تھ۔ ف م۔ اُپلے تھاپنا؛ پکنے سے پہلے کچی اینٹیں بنانا؛ نیز **پاتھنا**؛ امث۔ **پَتھنار** پتھنے یا پاتھنے کا عمل، **پَتھوارَی** اینٹیں یا اُپلے تھاپنے کی جگہ نیز **پَتھیر** (ے مج) امذ **پَتھیرا** پاتھنے تھاپنے والا۔

پَٹ (۱) فت پ۔ امذ۔ ایک پہاڑی بکرا جس کے اون سے پٹّو بنتا ہے۔ مرکب **پَٹ پشَمِینَہ** پَٹّو۔

پَٹ (۲) فت پ۔ بند ہونے والا دروازہ یا دروازے کا ایک کواڑ؛ گھونگٹ کا لٹکتا ہوا پلّو؛ ایک پودا جس کے ریشے سے سن یا پٹ سن بنتا ہے۔ **پاٹ** (رک) کی تخفیف۔ چوڑائی عرض۔ وسعت؛ تخت، سنگھا سَن۔ مثہ **پَٹ رانی**، بڑی رانی؛ راج کرنے والی۔

پَٹ (۳) فت پ۔ صف۔ اوندھا، اُلٹا، بند؛ بے نور، نابینا (دیدے، آنکھیں) نیز **پَٹَم**۔

پُٹ (۱) ضمہ پ۔ امث۔ آمیزش، مِلاوٹ؛ پھٹکی جو کسی گاڑھی چیز کو گھولنے میں پڑ جائے۔

پُٹ (۲) ضمہ پ۔ امث۔ گولائی۔ چوپائے کے پُٹھے کا گوشت نیز **پُٹھ**۔

پَٹا فت پ۔ امث۔ لکڑی سے لڑنے کا فن۔ امذ۔ ڈنڈا، لاٹھی۔امذ۔ **پَٹے باز** (پھبتی) **کاغذ کا پٹے باز** بودا آدمی (کاغذ کےکھلونے کی طرح جو ڈوری کھینچنے سے ہاتھ چلاتا ہے)۔

پَٹّا (۱) فت پ، شد ٹ۔ امذ۔ چمڑے کا کالر جو پالتو کتے کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔ ع: **قِلادَہ**؛ مشین کے پہیّوں پر چڑھائی جانے والی مال۔

پَٹّا (۲) فت پ، شد ٹ۔ امذ۔ ٹھیکہ، اِجارہ یا اس کی دستاویز۔

پَٹّا (۳) فت پ، شد ٹ۔ امذ۔ سر کے دونوں طرف ہموار صورت میں ترشے ہوئے بالوں کی جھالر نیز **پَٹّھا** محاورہ **پَٹّے رکھنا**۔ جو ہمارے ہاں ایک مردانہ وضع تھی۔

پَٹا پَٹی فت پ۔ امث۔ دو رنگی دھاریاں۔ م: **پَٹا پَٹی کا پردا** جو دو رنگی پٹیوں کو جوڑ کر بنایا گیا ہو؛ کئی رنگ کے ٹکڑے تکونے یا چوکور ترتیب وار جوڑ کر بنائی ہوئی غرارے یا رضائی کی گوٹ۔

پَٹاخا فت پ۔ امذ۔ ہلکا سا دھماکا یا دھماکا کرنے والی آتش بازی؛ بطور پھبتی۔ تیز طرحدار معشوق یا معشوقہ۔

پِٹارا کس پ۔ امذ۔ گول ڈھکنے دار، لکڑی، بانس یا دھات کی بنی ہوئی پیٹی؛ بڑا پان دان، تص **پِٹاری** پاندان۔ انگوروں کی ٹُتی۔ نیز ایک نبات، پتے توت کی مانند؛ پھول زرد کنگھی کی طرح (لاط: Sidacardifolia)۔

پَٹانا فت پ۔ ف م۔ اُتار چڑھاؤ دے کر راضی کرنا، اسامی بنانا؛ طے کرنا م: سودا پٹانا۔ ف ل: **پَٹنا** طے پانا، ہموار ہونا۔

پَٹاؤ فت پ، و مج۔ امذ۔ گڑھے کو پاٹنے کے تختے وغیرہ۔

پَٹَخْنا فت پ، ٹ، سک خ۔ ف م۔ اُٹھا کر پھینک دینا۔ زور سے دے مارنا [اصلاً پَٹکنا]۔ ف ل: پچکنا، پھوڑے کا دبنا۔

پَٹ خَنَا فت پ، سک ٹ، فت خ۔ کسی آدمی کو اُٹھا کر دے مارنے، زمین پر پھینک دینے کی حرکت یا داؤ۔ تص مث **پَٹ خَنِی**۔ف مر **پَٹخَنی کھانا** خود کو زمین پر دے مارنا۔

پَٹخارنا فت پ، سک ٹ ر۔ ف م۔ چابک کوڑے یا کپڑے، دری وغیرہ کو زور سے آواز کے ساتھ جھٹکنا۔

پٹرا فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ لکڑی کا تختہ نیچی چھوٹی چوکی نما نشست؛ زمین کو ہموار کرنے کے لیے پھیرنے کا آہنی تختہ۔ سُہاگا، ہَینگا (رک)۔ تص مث**پٹڑی** چھوٹی تختی؛ پیدل چلنے کا راستہ، ریل کی لائن، کلائی کا ایک زیور؛ گھوڑوں کی ایک بیماری۔ نیز **پَٹرا** ، **پَٹڑی**؛ مرکب **پَٹڑا گوہ** رک:گوہ۔

پَٹ رَک فت پ، ر۔ امذ۔ ایک پانی کا پودا جس پر سر کنڈے کی طرح ایک بال ہوتے ہیں، چٹائی وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔ نیز **پَٹیر، پَٹیرا، گونڈ پَٹیر**۔

پَٹ رَنگ فت پ، سک ٹ، فت ر، غنہ۔ امذ۔ چندن کی قسم سے ایک درخت جس کی سرخ لکڑی سے کپڑے رنگنے کے لیے رنگ حاصل ہوتا ہے؛(نگریز۔ نیز **پٹرانگ، پَتّنگ** (رک) امث: **پَٹ نجِک** پٹ رنگ یا پتنگ کی لکڑی۔

پِٹّس کس پ، شد فت ٹ۔ امث۔ رونا پیٹنا، کہرام ۔ نیز **پِٹّس فَضِیحتاً**۔

پَٹ سَن فت پ، سک ٹ، فت س۔ امذ۔ پٹ کا پودا جس کے ریشے سے رسّیاں بُنی جاتی ہیں۔ جب اس کو پانی کے نیچے چند روز دبائے بغیر ریشہ اتار لیا جائے تو اس ریشے کو پٹ سن یا **سَنی** کہتے ہیں۔ (لاط: Cannabis Sativa)۔

پَٹْکا فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ کمر پیچ، کمر کسنے کا رومال یا کپڑے کی بنی ہوئی پیٹی جو اکثر زر کار بھی ہوتی تھی؛ صافہ، سر پیچ، علَم پر بندھا ہوا کپڑا۔

پَٹکنا فت پ، ٹ، سک ک۔ ف م۔ رک۔ **پَٹَخْنا**۔

پُٹکی ضمہ پ، سک ٹ۔ امث۔ آفت ، قہر۔ محاورہ پُٹکی پَڑنا (دشنام - کوسنا) **پُٹکی پَڑے** غارت ہو۔ نیز رک **پُھٹکی**۔

پَٹَل فت پ، ٹ۔ امذ۔ بھاگوان گھوڑا جس کی پیشانی پر مہتاب ہو؛ صندل کا ٹیکہ، قشقہ۔

پَٹّلوَدْھر فت پ، شد کس ٹ، و مع، فت دھ۔ رک: **پَٹھانی لودھ**۔

پَٹ مَنجْری فت پ، سک ٹ، فت م، سک ن ج۔ امث۔ راگ ہنڈول سے ملتے سروں کی ایک راگنی [اصلاً پَٹَم مَنْجَری۔ ہر سنگھار کی بیل]۔

پَٹَن فت پ، ٹ۔ امذ۔ بستی، قریہ؛ گھاٹ، مَعبَر۔ نیز **پَتَن**۔

پَٹْنا فت پ، سک ٹ۔ پاٹنا (رک) کا ف ل: ڈھکا جانا؛ اَٹنا، ہموار ہونا؛ نیز پٹانا (رک) کا ف ل: ہموار، راضی کر لیا جانا؛ طے پانا۔ ف مرکب **میزان پَٹْنا** (ی مع) ہم آہنگی، ہم نظری، اتفاق ملاپ ہونا؛ حساب ٹھیک بیٹھنا۔

پِٹْنا (۱) ضمہ پ، سک ٹ۔ ف ل۔ مار کھانا، **پیٹنا** (رک) کا ف ل؛ شکست کھانا، مہرے کا بساط پر سے اٹھایا جانا۔

پِٹنا (۲) کس پ، سک ٹ۔ امذ۔ماتم، رونا، جھینکنا کُہرام، مصیبت۔ نیز: **پِٹّس**۔

پَٹَنکھی فت پ ٹ، غنہ۔ صف۔ چُندھی (آنکھ)۔

پَٹْنی فت پ، سک ٹ۔ امث۔ دوامی پٹے پر دی ہوئی زمین؛ دو چھتی۔

پَٹّو فت پ، شد ٹ، و مع۔ امذ۔ اصلی اون کے رنگ کا دبیز اونی کپڑا۔

پَٹْوا (۱) فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ زیورات میں ڈورے ڈالنے والا کاریگر۔

پَٹْوا (۲) فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ (لاط: Hibiscus Cannabinus)۔

پُٹْوار ضمہ پ، سک ٹ۔ امذ۔ گٹھیلا، موٹا چمڑا۔

پَٹْواری فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ گانو کی زمینوں کا حساب رکھنے والا سرکاری ملازم۔

پَٹْواں فت پ، سک ٹ، غنہ۔ صف۔ پاٹا ہوا، پٹی ہوئی صورت میں۔ وہ چھت جسے ڈاٹ کی بجائے پٹاؤ ڈال کر چھایا گیا ہو۔

پِٹْواں کس پ، سک ٹ۔ صف۔ تپا کر اور پیٹ کر ڈھالی ہوئی دھات م: **پِٹْواں لوہا** وہ لوہا جس میں سے کثافتیں دور کر دی گئی ہوں اور بہت تھوڑی کاربن ہو، مضبوط اور آسانی سے ڈھل جانے والا۔

پَٹوتَن فت پ، و لین، فت ت۔ امث۔ چھت پاٹنے کا عمل؛ چھت بندی کے تختے یا سلیں۔

پَٹوکا فت پ، و مع۔ امذ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا، نیز **پَٹولا**۔

پَٹولی فت پ، و لین۔ امث۔ پٹے کا اقرار نامہ، زمین کو پٹے پر دینے کی دستاویز۔

پَٹّی فت پ، شد ٹ۔ امث۔ لمبی پتلی زمین یا راستہ؛ دھجّی کترن، کپڑے کا لمبا پتلا ٹکڑا؛ پلنگ کے بازو کی لکڑی۔ محاورہ **پَٹّی پَڑھانا** بہکانا سکھانا۔

پَٹّے فت پ۔ ج مذ۔ دونوں رانیں (پہلوانی) **پَٹّوں میں بَیٹھنا** حریف کی دونوں رانوں کے بیچ میں سرڈال کر اسے اٹھانے کی کوشش۔

پَٹّے رک پَٹّا (۳) پَٹّھے۔
پَٹّیا فت پ، سک ٹ۔ امث۔ چپٹے پیندے کی چھت دار ناؤ۔
پَٹیارا فت پ، سک ٹ۔ امذ۔ گنّے کا رس نکالنے کی کل؛ بھیروں، رَسَولُو۔
پِٹّیاں فت پ، شد کس ٹ۔ ج مث۔ لمبے موزوں کی جگہ دونوں پنڈیوں پر صفائی سے لپیٹا جانے والا پٹّو کا لمبا ترشا ہوا ٹکڑا جو بعض وردیوں کا جز ہوتا ہے، پنڈلی بند؛ ماتھے کے اُوپر آرائش کے لیے جمائے ہوئے بال۔
پَٹیَت فت پ، ے لین۔ امذ۔ پٹے باز، دو رنگا سیاہ و سفید کبوتر یا وہ یکرنگ کبوتر جس کے گلے میں سفید پٹّی یا طوق ہو۔
پَٹیرا فت پ، ے مج۔ امذ۔ ایک جنگلی نبات جس سے چٹائی بنی جاتی ہے(لاط: Typha Elephanta) نیز پَیٹَر؛ پَٹیل۔
پَٹیل فت پ، ے مج۔ امذ۔ گانو کا چودھری یا نمبر دار، مرہٹوں میں قبیلے کا سردار۔
پِٹیَل کس پ، سک ٹ، فت ی۔ صف۔ مار کھانے والا، بودا کمزور۔
پُٹیَل ضمہ پ، سک ٹ، فت ی۔ امذ۔ امث۔ ایک چھوٹی چڑیا، لٹورے کی ایک قسم، جو کئی طرح کی بولیاں بولتی ہے۔(لاط: Lanius Lahtora)
پَٹیلا فت پ، ی مع۔ صف۔ چوڑا، ہموار، م: پَٹیلا میدان۔
پَٹیلنا فت پ، ی مع۔ ف م۔ ہتھیانا، کمانا؛ زیر کرنا، مغلوب کرنا؛ اِتمام کار کرنا۔
پُٹھ ضمہ پ۔ رک: پُٹ جانور کے سُرین کا گوشت، نیز پُٹّھا جانور کے چُوتڑ۔
پَٹّھا (۱) فت پ، شد ٹھ۔ امذ۔ جسم کے عصبی نظام کا کوئی ریشہ، عَصَبہ، (عام بول چال میں) عضلہ، مچھلی، زندہ جسم میں گوشت کے وہ ریشے جو زور دینے سے سکڑتے اور پھیلتے، سخت یا نرم کیے جا سکتے ہیں۔
پَٹّھا (۲) فت پ، شد ٹھ۔ امذ۔ بعض حیوانات کا جوان بچّہ؛ پہلوان کا شاگرد؛ چوڑا سخت پتہ؛ مَلٹ، کارڈ بورڈ، گتّہ، مُقَوّیٰ، لاکھ کی چُوڑی، چوڑی گوٹ، جو کسی کپڑے کی کور پر لگائی جائے؛ حاشیہ، سنجاف۔
پَٹّھار فت پ، صف۔ امث۔ پتھریلی زمین۔
پَٹّھانا فت پ۔ امذ۔ کابلی چنا۔
پَٹّھانی لودھ، فت پ، و مج۔ امث۔ پَٹّو۔
پَٹّھنولی فت پ، سک ٹھ، و لین۔ امث۔ پٹھانی اصل و نژاد،پٹھان پن۔
پِٹّھو کس پ، شد ٹھ، و مج۔ امذ۔ مدد گار، ساتھی؛ شاگرد، چیلا؛ خوشامدی، طفیلی؛ سپاہیوں کا پیٹھ پر لادنے کا تھیلا؛ چھوٹے منہ اور بڑے گھیر دار پیٹ کا ٹوکرا؛ گِلّی ڈنڈے کے کھیل میں آپس میں طےکردہ ہدف یا لال یعنی ڈنڈوں کی تعداد (جو یہ ہدف پہلے پوار کر لے وہ جیت جاتا ہے)۔
پُٹھوال ضمہ پ، سک ٹھ۔ امذ۔ (لفظاً) پیچھے والا؛ پشت پر تعینات، دیکھ بھال کرنے والا آدمی؛ پشت پناہ، مدد گار۔
پِٹّھی کس پ، شد ٹھ۔ امث۔ بھگو کر پیسی ہوئی دال جو پوریوں کچوریوں میں بھری جاتی ہے۔ نیز پِیٹھی (ے مج)۔
پُٹّھی ضمہ پ، شد ٹھ۔ امث۔ سطح کو رگڑ کر صاف یا ہموار کرنے کا لوہاروں کا اوزار، سوہن، چوَرسا۔
پَٹّھیا فت پ، کس ٹھ۔ امث۔ بکری، بھینس یا گائے کا مادہ بچّہ۔ (مجازاً) نو عمر لڑکی۔
پُجاپا ضمہ پ۔ امذ۔ پوجا کا سامان، چڑھاوا؛ بے ترتیبی سے بکھری ہوئی چیزیں۔

پُجاری ضمہ پ۔ امذ۔ پوجا پاٹھ کرنے والا، مندر کا پُروہت۔

پَجاوا فت پ۔ امذ۔ اینٹوں کا بھٹا، **پژاوہ، پزاوا۔**

پَجَرنا (۱) فت پ، ج، سک ر۔ ف ل۔ رِسنا، ٹپکنا، سرایت کرنا، امث۔ **پَجَر** رسنے کا عمل پانی کے زمین میں جذب ہونے کا عمل۔

پَجَرنا (۲) فت پ، ج۔ ف ل۔ جلنا، دہکنا، بُھلَسنا۔

پَجَوڑا فت پ، و لین۔ صف۔ **پاجی** (رک) کی تحقیر، بڑا پاجی۔

پَچ (۱) فت پ۔ امث۔ طرفداری، جانبداری؛ ہٹ، اَڑ؛ کینہ۔

پَچ (۲) فت پ۔ صف عدد۔ پانچ کی تخفیف بطور سابقہ م: **پَچ رنگا** پانچ رنگوں کا، رنگا رنگ، کئی رنگوں کا **پَچ دھات** کانسی کی طرح مرکب دھات۔ **پَچ کَلسا۔** ایک قدیم سواری جس کی چھت پر پانچ کلس بنے ہوتے تھے۔ **پَچ کَلیا** پانچ کلیوں والا، پانچ نوکوں والا؛ **پَچ کَلیان** وہ گھوڑا جس کے چاروں پیر آدھے سفید موں اور ماتھے پر سفید نشان؛ صف۔ دوغلا، بد قوما؛ **پَچ گُنا** پانچ درجے بڑھ کر۔ **پَچ لوَنا** چورن جس میں کئی طرح کے نمک ہوں **پَچ مَحلہ/ مَنزِلہ** پانچ منزل کا مکان **پَچ میل** پانچ طرح کی دالوں کا کھانا یا پانچ اجزا کا مرکب م: پَچ میل مٹھائی۔

پَچار فت پ۔ امث۔ پانی میں پیدا ہونے والی ایک بوٹی جس کی شاخیں نرکُل کی طرح کھوکھلی اور گرہ دار ہوتی ہیں اور ہر گرہ پر ایک چوڑا نوک دار پتّہ۔

پُچار ضمہ پ۔ امث۔ نشیبی زمین جو دریا یا نہر کے پانی سے خوب سیراب ہوتی رہے، کھادَر۔

پُچارا ضمہ پ۔ امذ۔ مونجھ کی بنی ہوئی پُتائی کرنے کی کُوچی، پانی یا روغن پھیرنے کا کپڑا؛ چیتھڑا وغیرہ، پُتائی کرنا، پچارا پھیرنا۔

پَچاسا فت پ۔ امذ۔ پچاس تولے تک کا وزن تولنے کا باٹ؛ پچاس روپے کی رقم۔

پَچاسی فت پ۔ عدد۔ اسی اور پانچ (۸۵) نیز عام **پچّاسی/ پِچْیاسی** صف عدد **پَچاسی/ پچیاسی واں۔**

پَچانا فت پ۔ ف م۔ ہضم کرنا، روک کے رکھنا، بچانا، سَینتنا۔اکیف مذ **پَچاؤ** (و مج) ف ل **پَچنا** ہضم ہونا۔

پچانوے کس پ، سک ن۔ عدد۔ نوے اور پانچ (۹۵) صف **پچانواں** نیز **پچیانوے، پچیانواں۔**

پِچپِچا کس پ، سک چ۔ صف۔ نرم ، پسیجا، پنھیایا م: **پَچپچے چاوَل** خشکہ جو گل کر بہت نرم ہو گیا ہو اور دانے چبائے بغیر چٹکیوں میں دب کر گلتھی بن جائیں۔ ف ل، **پچپچانا** کسی پکائی ہوئی شے چاول، حلوے یا قوام کا ضرورت سے زیادہ نرم ہو جانا یا چپچپانا۔

پَچپَن فت پ، سک چ۔ عدد۔ پچاس اور پانچ (۵۵) صف **پَچپَنواں۔**

پَچتانا فت پ، سک چ۔ ف ل۔ اپنے کسی فعل پر ندامت یا حسرت کا احساس ہونا۔ ا کیف مذ۔ **پَچتاوا** نیز **پَچھتانا،پَچھتاوا۔**

پِچّخ کس پ، شد فت چ۔ صف۔ بد نما طور سے پچکا ہوا۔نیز **پِچخا** (پچ خا) ف ل **پِچخنا** (پِ چّخ نا) دبنا، پچکنا۔

پَچّڑ فت پ، شد فت چ۔ امذ۔ امث۔ آدھ چری لکڑی کے دونوں تختوں کے درمیان اڑایا ہوا لکڑی کا ٹکڑا، آڑان؛ روک، اَڑنگا؛ لکڑی کی چھپٹی جو کسی جگہ ٹھونکی جائے۔

پچک کس پ، ضمہ چ۔ ایک خار دار درخت اور اس

کا پھل جو آخروٹ کی طرح ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے۔ مدن پھل(لاط: Vangueria Spinosa)

پُچْکارنا ضمہ پ، سک چ،ر۔ ف م۔ چُمکارنا، منہ سے پیار کرنے کی آواز نکالنا۔ امث۔ **پُچکاری،** پُچکارنے کا عمل یا آواز۔

پِچْکاری کس پ، سک چ۔ امث۔ نلکی دار آلہ جس میں سے دباؤ کے ذریعے بھری ہوئی سیال شے کی دھار چھوڑی جائے؛ مریض کے جسم میں سوئی کے ذریعے دوا داخل کرنے کا طبّی آلہ؛ منہ سے پانی یا پان کی پیک کی دھار چھوڑنے کا عمل یا دھار۔

پِچَکنا کس پ، فت چ، سک ک۔ ف ل۔ پھولی ہوئی چیز کا دب جانا؛ پٹخنا یا بیٹھ جانا۔ نیز **پَچَخنا** (رک)۔

پِچُل کس پ، ضمہ چ۔ امذ۔ جھاؤ کا درخت، درخت گز لاط: Barringtonia Acutangula۔ نیز **پُچلہ۔**

پَچَمْپَچا فت پ، چ، سک م، پ۔ امذ۔ زرد چوبہ (جسے ہلدی کا پودا بھی کہتے ہیں اگرچہ ہلدی نہیں) جس کی جڑ اور شاخوں سے پیلا رنگ بنایا جاتا ہے۔ (لاط: Cucuma Aromatica)۔

پَچْوانْسا فت پ، سک چ، امغ۔ امذ۔ ہل میں ہرس اور ناگر کے جوڑ پر پھنسا ہوا لکڑی کا پچّر۔

پَچْوائی فت پ، سک چ۔ امث۔ چاول کی شراب، یا کسی اور اناج سے عمل تقطیر کے ذریعے بنائی ہوئی شراب۔

پَچَوترا فت پ، و لین، سک ت۔ امذ۔ پانچ فیصد کی کٹوتی، محصول یا کوئی اور ادائگی۔

پَچَونی فت پ، ولین۔ امث۔ معدہ، پوٹا؛ اوجھڑی۔

پِچوا کس پ، سک چ۔ امذ۔ ہاتھی کے پٹّھے پر ڈالی جانے والی جالی جو اس کے ساز کا ایک حصہ ہے۔

پَچَئی فت پ چ۔ (بروزن مکئی) امث۔ کھلیان کو پلٹنے کی پنجہ نما چھڑ، جیلی۔

پَچّی۔ فت پ، شد چ۔ صف۔ کس کر بند کیا ہوا، جسے مشکل سے کھولا جا سکے۔ (ڈھکنا، ڈاٹ وغیرہ)۔

پَچّی کاری فت پ، شد چ۔ امث۔ پتّھر یا دھات کی سطح پر نقش کندہ کر کے ان میں نگینے یا رنگ یا دوسری دھات یا پتھر کے ٹکڑے جمانا؛ کوفت کاری، قلم کاری، غرقی۔ اسم فاعل **پَچّی کار** کوفت کار، کندہ کار۔

پِچَیت کس پ، و لین۔ امذ۔ کشتی کے پیچ لڑنے والا، پہلوان۔

پَچّیس فت پ، شد چ، ی مع۔ عدد۔ بیس اور پانچ (۲۵)۔ صف۔ **پَچّیسواں/ پَچّسواں۔**

پچیسا کال فت پ، شد چ، ی مع۔ امذ۔ وہ قحط کا زمانہ جب اناج روپے کا ۲۵ سیر ہو گیا تھا، یعنی بہت مہنگا۔

پَچّیسی فت پ، شد چ، ی مع۔ امث۔ ایک گھریلو کھیل جو چوسرکی بساط پر کوڑیوں کے پانسے سے کھیلا جاتا ہے اور چار فریق چار مختلف رنگ کی گوٹوں سے کھیل سکتے ہیں۔

پَچّیسیا فت پ، شد چ، ی مع۔ امذ۔ (طباعت) چھپے ہوئے فرموں کی مُڑائی کرنے والا۔

پِچھات کس پ۔ امذ۔ دیر سے بویا جانے والا کھیت، اگات کی ضد۔

پِچھ تالو کس پ، سک چھ، و مع۔ صف۔ (لسانیات) تالو کے پچھلے نرم حصے سے پیدا ہونے والی آوازیں: ک کھ، گ گھ۔

پِچھ لگّا کس پ، سک چھ، فت ل، شد گ۔ صف مذ۔ پیچھے لگ جانے والا، ناحق ساتھ لگا رہنے والا ناپسندیدہ آدمی، طفیلی۔ نیز **پِچھ لگُو/ لگْوا،** **پُچھلّا** ضمہ پ۔

پَچھار فت پ۔ امث۔ نشیبی زمین جہاں پانی مرے یا آ کر بھر جائے۔
پَچھاڑ فت پ۔ امذ۔ اناج کو گاہنے، بھوسا الگ کرنے کا عمل۔ نیز **پَچھوڑ** (فت پ، و مج)؛ کھڑے کو گرانے، یا کھڑے سے گر پڑنے کا عمل۔ ف م **پَچھاڑنا** چت کرنا، ڈھا دینا، محاورہ **پَچھاڑ کھانا** بیتاب یا بے حال ہو کر چت حالت میں گر پڑنا۔
پِچھاڑی کس پ۔ امث۔ جانور کی پچھلی ٹانگیں؛ پچھلی ٹانگوں کو باندھنے کی رسّی؛ نیز پچھایا۔
پِچھایا کس پ۔ امذ۔ پشت کی طرف کا رخ۔ پیچھے کی طرف کا حصہ، پچھاڑی۔
پَچَھتّا فت پ، چھ، شد ت۔ صف۔ پانچ ہاتھ لمبا یا لمبی، ہٹّا کٹّا، یا ہٹّی کٹّی جوان، مضبوط نیز **پَچ ہتّا**۔ نیز مث **پَچَھتّی**۔
پَچھتانا فت پ، سک چھ۔ ف ل۔ رک؛ پچتانا۔
پِچَھتّر کس پ، فت چھ، شد فت ت۔ عدد۔ ستر اور پانچ (۷۵) صف **پِچَھتّرواں**۔
پِچھلا کس پ، سک چھ۔ صف۔ گزشتہ، سابقہ، پیچھے کی طرف کا، عَقبی، رات کا آخری پہر۔
پِچَھل پائی، کس پ، فت چھ۔ امث۔ چڑیل جس کے بارے میں سمجھا جاتا تھا کہ اُس کے پاٹو پیچھے کی طرف مڑے ہوتے ہیں۔ نیز **پِچھَل پَیری** عام؛ **پِچَھل پَہری** فت مج پ، سک ہ۔۔
پُچَھلّا ضمہ پ، فت چھ، شد ل۔ امذ۔ رک؛ پچھ لگا؛ دُم چھلّا، پتنگ کی دُم۔
پِچَھل پَیری کس پ، فت چھ، ے لین۔ امث۔ رک؛ **پِچھَل پائی** صف؛ رجعت پسندانہ، قدامت پرستانہ م؛ **پِچَھل پَیری رگ** جدید کے خلاف قدیم کے حق میں تعصّب۔ پچھَل پہری [غالباً پچھلے پہر کو نکلنے والی]۔
پَچّھَم فت پ، شد فت چھ۔ امذ۔ وہ سمت جدھر سورج غروب ہوتا ہے۔ مغرب [س؛ پَشچِم]۔ صف **پَچّھَمی** نیز **پَچْھمی**۔
پَچْھنا فت پ، سک چھ۔ امذ۔ سِینگی لگانے کا عمل؛ سِینگی۔
پَچْھوا فت پ، سک چھ۔ امث۔ مغرب کی طرف سے چلنے والی ہوا، پُروا، پُروائی کی ضد۔
پِچْھواڑا کس پ، سک چھ۔ امذ۔ مکان کے پیچھے کا علاقہ یا بستی۔
پَخ فت پ۔ امث۔ کوئی ناگوار شرط، حُجت آڑنگا؛ گدھا گاڑی میں بوجھ کھینچنے والے گدھے کے ساتھ لگا ہوا دوسرا گدھا؛ نیز رک **پَکھ**۔
پَخ پَخ فت پ، سک خ۔ امث۔ زِژ، جَھک، فضول گفتگو۔
پُخْت ضمہ پ، سک خ۔ امث۔ کھانا پکانا، پکّا ہوا کھانا۔ مرکب عطفی **پُخت وَ پُز** کھانا، روٹی پکانا؛ قرارداد، معاہدہ، پکّا منصوبہ۔
پُخْتَری ضمہ پ، سک خ، فت ت۔ امث۔ پکّی روٹی، وہ روٹی جو ماما اپنا حق سمجھ کر آنکھ بچا کر گھر لے جائے۔
پُخْتَہ ضمہ پ، سک خ، فت ت۔ صف۔ پکا ہوا؛ مضبوط، مستحکم؛ اینٹوں پتھروں اور پکی یا چونے کی چنائی کا مکان؛ کامل، ماہر، تجربہ کار؛ ماہرانہ، منجھا ہوا؛ **پُختَہ بِیگَھہ** (بی گھ)۳۰۲۵ مربع گز رقبے کی زمین۔
پَخْش فت پ، سک خ۔ صف۔ سوکھا، کچلا، روندا ہوا، بیکار۔ [ف]۔
پُخْمَہ ضمہ پ، سک خ، فت م۔ صف۔ کمسن لڑکی جو بڑوں کی سی پختہ بات کرے، نیز **پُغما**۔
پَخْنی فت پ، سک خ۔ امث۔ سکّے کا اُلٹا رخ۔
پَد فت پ۔ امذ۔ پاٹو، قدم یا نقش قدم؛ کلمہ، شَبْد، قول؛ اَشلوک؛ (معماری) دیوار کا دَل۔

پِدّا کس پ، شد د۔ امذ۔ ایک بُھورا چھوٹا، خوش آواز پرندہ (لاط: Thamnobia Comabagensis) وہ نواڑ یا چمڑا جو غلیل کے تانت میں غلّہ رکھ کر پھینکنے کے لیے سی لیتے ہیں، پَھنکنا؛ کمزور، بَونا آدمی۔ امث۔ پِدّی۔(بول چال) پِدّے کی ضامنی ناقابل اعتبار سہارا۔ بودی ضمانت یا حمایت۔

پِدَر کس پ، فت ت۔ امذ۔ باپ، والد، نیز پَدَر (فت پ) دشنام؛ پدرسوختہ حرامی (جس کا باپ جہنم میں ہو) صف پَدَری آبائی باپ سےمنسوب پَدرانہ عام؛ پدر (کس پ)۔

پِڈْری کس پ، سک ڈ۔ امث۔ جاڑوں میں نظر آنے والی ایک چھوٹی سی چڑیا، لال کی مادہ، پُھدکی،مُنیا۔

پَدْرُود فت پ، سک ر، و مع۔ امذ۔ رخصت، رحلت، الوداع۔

پَدَم فت پ، د۔ امذ۔ کنْول کا پُھول؛ جسم کے کسی حصے پر ایک طرح کا سرخ نشان جو مبارک سمجھا جاتا ہے؛ گنتی میں دہ نیل کے بعد کا عدد جو ایک کے بعد سولہ صفروں سے ظاہر ہوتا ہے۔ یوگا کا ایک آسن نیز پَدَم آسَن؛ آلتی پالتی سے مشابہ نشست جس میں پانو زانوؤں کے اوپر رہتے ہیں؛ گھوڑے کے ماتھے پر اسفید چتّی۔ پَدَم وِبُھوشَن ایک تمغا جو بھارت میں ادیبوں عالموں کو دیا جاتا ہے پَدَم شری پدم بھوشن سے چھوٹا تمغا۔ [س: پَدَم]۔

پَدْما فت پ، سک د۔ پدم جیسی، پدم کے رنگ کی؛ لکشمی دیوی کا ایک لقب۔ پَدْما لوچَن جس کی پدم جیسی آنکھیں ہوں۔

پَدْماکھ فت پ، سک د۔ امذ۔ ہمالیہ کا ایک درخت جس میں پھل نہیں لگتا صرف لکڑی دواءً استعمال کی جاتی ہے۔ (لاط: Hibicus Mutabilis)۔ نیز پَدمک، پَدَم چاڑنی۔

پَدوڑا فت پ، و لین۔صف۔ (بطور دشنام)۔ بُزدل، بودا۔

پَدْوی فت پ، سک د۔ امث۔ اعزاز، خطاب، لقب، مرتبہ، [س: راہ، راستہ]۔

پَدی فت پ۔ امث۔ کشتی یا جہاز کی وزن ڈھونے کی گنجائش(انگ: Displacement)۔

پَدید فت پ، ی مع۔ صف۔ ظاہر، آشکار، نمودار نیز پَدِیدار۔

پَدھارنا فت پ، ف ل، سک ر۔ (کسی معزز شخص کے لیے تعظیمی کلمہ)۔ بیٹھنا، آنا، جانا یا فرمانا کا مترادف؛ تشریف لانا یا لے جانا؛ یا تشریف رکھنا۔

پَڈّا فت پ، شد ڈ۔ امذ۔ بھینْس کا نر بچّہ، کٹْھڑا، کٹڑا، امث۔ پَڈیا کٹْھیا۔

پَڈّھی فت پ، شد ڈھ۔ امث۔ پُشت، پیٹھ، محاورہ۔ پَڈّھی پَر چڑھانا پیٹھ پر اٹھانا، بٹھانا۔ لادنا۔ م: بیمار یا بچّے کو ۔ چڈّی دینا، سواری دینا۔

پَذیرا فت پ، ی مع۔ صف۔ قبول، منظور؛ پھول یا پودے کا وہ حصہ جہاں عمل تولید واقع ہوتا ہے۔ امث۔ پَذیرائی قبولیت، آؤ بھگت صف پذیرفتہ (ضمہ ر، کس ف) قبول کیا ہوا۔ نیز پِذیرہ (ر) قابل قبول۔ نیز پِذیرا/ پِذیرائی وغیرہ (سکپ) [ف: مص پَذیرُ فتن،فت نیز کس پ]۔

پَر (۱) فت پ۔ امذ۔ پرندوں کے جسم کے نرم بال؛ پرندوں کے بازو، پنکھ؛ گھاس کی سوکھی پتّی؛ پھرکی، چرخی یا پنکھے کا بازو۔ صف پَر افشاں (فت ا، سک ف غنہ) اُڑتا، پر ہلاتا ہوا، پر پھڑپھڑاتا، مراد، گھبرایا، بے چین۔ امث پَرافشانی نیز پَرفشاں پَرفشانی (کس ف) صف پَر بستہ (فت ب ت) جس کے پر بندھے ہوں؛ گرفتار، مجبور؛ نیز پَر بَند۔ محاورہ: پَر تولنا (و مج) اڑنے کے لیے پر کھولنا؛ پَر قینچ (ے لین، غنہ) پر کٹا (پرندہ) اُڑنے کے ناقابل۔ پَر لگنا رفتار میں تیزی آنا، پھیلنا، فروغ

پانا، دور تک پہنچ ہونا۔ **پر مارنا** پر پھڑپھڑانا، پرواز کرنا۔ **پَر ملنا** موافقت، یگانگت ہونا۔ مرکب عطفی **پَروَ بال** (و مع) پر اور بازو مراد اُڑنے کی قدرت۔

پَر (۲) فت پ۔ حرف جر۔ کے اُوپر، کے قریب، کے بدلے، کے ذمّے، کے وقت، وغیرہ مختلف معانی میں مستعمل؛ [بطور سابقہ]۔ دُور، پرے، پَرلا، پرایا، م: **پَرمَحلّہ پَردیس، پَرسال** (۲) چوتھی پیڑھی کا بزرگ م: **پَردادا، پرنانا،** مث **پردادی؛ پرنانی** وغیرہ ؛ بڑھا ہوا، فائق؛ شدید۔ [س: پَرَم]۔

پَر (۳) حرف استثنا: مگر، لیکن۔ حرف تاکید: ضرور، یقیناً؛ ہرگز، بالکل نہیں۔

پر ضمہ پ۔ امذ۔ ڈھیکلی سے پانی کھینچنے کا بڑا ڈول، نیز رک؛ پُراہی۔

پُر ضمہ پ۔ صف۔ بھرا ہوا، معمور؛ کسی بات سے متّصف یا منسوب م: **پُر اَسرار** (فت ا) عجیب، مبہم، جس میں بھید ہوں؛ **پُرآب** لبریز، چمکیلا، بارونق؛ **پُرتاب،** بل دار؛ روشن، بھڑکیلا؛ **پُرتکلّف،** سجا، آراستہ؛ سادہ، معمولی کی ضِد۔ **پُر خَطَر** غیر محفوظ، **پُرخور** (و مع) زیادہ کھانے والا **پُرسوز** (ومع) دردبھرا؛ **پُرشِتاب** (کس ش) تیز، طرّار، **پُرشکوہ** (کس/ضمہ ش، و مع) شاندار؛ **پُرفِتَن** (کس ف، فت ت) فتنہ و فساد سے بھرا، **پُر اَفسُوں/ فُسُوں** دلکش، جادُو بھرا، سحر کار، **پُرفَضا** (فت ف) فرحت بخش، خوش منظر؛ **پُر فَن** مکار، عیّار، **پُر لُطف،** مزیدار؛ **پُرمَغز،** فکر انگیز؛ معلومات یا مفید نکات کا حامِل؛ **پُرہَول** (ولین) خوفناک۔

پَرا (۱) فت پ۔ امذ۔ صف۔ قطار؛ گروہ، غول؛ فوج کا بازو۔

پَرا (۱) امذ۔ وہ کبوتر جس کے رنگ اصلی پر اکھاڑ اکھاڑ کر تبدیل کیے گئے ہوں، اصلی پر اکھاڑنے سے مختلف پر نکلتے ہیں۔

پَرّا فت پ، شد ر۔ امذ۔ قینچی یا کسی اوزار کا ایک پھل یا بازو؛ قط لگے اور شگاف دیے ہوئے قلم کی دو زبانوں میں سے کوئی۔ نیز **پَرا** (بلا شد)۔ پتّے کا آدھا حصہ۔

پَراپَت کرنا سک پ۔ حاصل کرنا، پانا۔

پَرات فت پ۔ امث۔ بڑی تھالی، دھات کا بنا ہوا کُونڈے کی شکل میں ملتا ہوا برتن۔

پُراتَم ضمہ پ، فت ت۔ صف۔ کہن سال، قدیم؛ جہاندیدہ، نیز **پُراتَن**۔

پَراٹھا فت پ۔ امذ۔ پرت دار، روغنی روٹی جس کا آٹا گھی ملا کر گوندھا گیا ہو۔

پَراجِت فت پ، کس ج۔ صف۔ ہارا ہوا، شکست خوردہ امث **پَراجَے** شکست۔

پَراچَہ فت پ، چ۔ امذ۔ پارچہ فروش، پرانے کپڑے، گودڑ، بیچنے والا، نیز **پرائچ**۔

پِراچین کس پ، ی مع۔ صف۔ قدیم، پرانے زمانے سے تعلق رکھنے والا۔

پَراچِینا فت پ، ی مع۔ امث۔ ایک پہاڑی بیل جو درختوں پر چڑھتی یا زمین پر پھیل جاتی ہے؛ پتے چھوٹے، چکنے،پھول سفید، زردی مائل، پھل گول مرچ کے برابر سرخی مائلؔ جڑ، زرد اور تلخ، دواءً مستعمل، نیز **پاڑھا، پاس بیل** (لاط: Cissampelos Pariera)۔

پَرارَتھ فت پ، سک ر۔ امذ۔ بڑا فائدہ؛ نصب العین [اصلاً: سب سے بڑی خواہش]۔

پَرارْتَھنا سک پ، ر، فت تھ۔ امث۔ دعا، عرض، التجا۔

پْراکْرِت سک پ، ک، کس ر۔ امث۔ آریائی عوامی بولی جو سنسکرت کے دوش بدوش رائج رہی اور

جس کے نمونے سنسکرت ادب میں بھی ملتے ہیں۔اس کی مختلف شاخیں تھیں جن میں سے ایک شاخ شورسینی پراکرت اردو کا قدیم روپ خیال کی جاتی ہے۔

پرَآکھ فتّ پ، شد ر۔ صف۔ بڑا پارکھ، بڑا نقاد ["پرَکھ" سے بقاعدہ عربی صیغۂ تفضیل]۔

پرَاگ فت پ۔ امذ۔ پھول کا زیرہ، زرِگل؛ سفوف، پاؤڈر، غازہ۔ مرکب، **پرَاگ کیسَر** پھولوں کے ریشے جن میں زیرہ لگا ہوتا ہے۔

پرَاگنْدَہ فت پ، گ، سک ن، فت د۔ صف۔ بکھرا ہوا، منتشر، پریشان۔ ا کیف۔ مث۔ **پرَاگنْدگی** مرکب **پرَاگندہ روزی**۔ مفلس، بے روزگار۔

پرَال فت پ۔ امث۔ سوکھے پودے؛ بھوسا، نیز **پرَالی، پُوال، پیال**۔

پْرَالبْدَہ سک پ، فت ل، سک ب۔ امث۔ تقدیر، نصیب۔

پْران سک پ۔ امذ۔ دم، جان، روح۔ مرکب، **پْران پَتی** جان کا مالک، مراد شوہر، **پران تَجنا** (فت ت، سک ج) مرنا، جان دینا، نیز **پْران تیاگنا** (سک/کس ت) **پران دَنڈ** (فت ر، سک ن) سزائے موت۔ صف **پْرانک** جاندار۔

پُران ضمہ پ۔ امذ۔ ہندو دھرم کی ۱۸ مقدس کتابیں جو ویاس کوی سے منسُوب کی جاتی ہیں۔ صف قدیم.کہنہ، متروک؛ روایتی، اساطیری۔

پرَّاں فت پ، شد ر، غنہ۔ صف۔ اڑتا ہوا، اڑنے والا۔

پُرانا ضمہ پ۔ صف۔ قدیم، روایتی؛ بوسیدہ؛ متروک؛ ناکارہ؛ آزمُودہ، آزمودَہ کار، پکّا،قدیمی م: پُرانا دوست، مث **پُرانی**۔

پرانا کس پ۔ ف ل۔ دُکھنا، درد کرنا۔

پْرانایام سک پ۔ امذ۔ حبسِ دم، یوگ کی ایک ریاضت۔

پرَانْدَہ فت پ، امغ، فت د۔ امذ۔ موباف؛ چوٹی یا بالوں میں گوندھنے کی لڑیاں، چٹُلا۔

پرَانَسا فت پ، ن۔ امذ۔ طبابت، وید کا پیشہ۔

پُراہی ضمہ پ۔ امذ۔ چمڑے کا بڑا ڈول؛ ڈھیکلی؛ تُرسا، نیز **پُروَٹ، پُر**۔

پرَائِچَہ فت پ، کس مع ء، فت چ۔ رک؛ پرَاچَہ۔

پْرایَشْچِت سک پ، فت ی، سک ش، کس چ۔ امذ۔ گناہ کا کفّارہ۔

پرَْب فت پ، سک ر۔ امذ۔ تہوار، رسم؛ کتاب کا باب یا حصّہ؛ ایک طرف سے تراشا ہوا چپٹا ہیرا؛ گانٹھ، جوڑ، گرہ۔

پرَبال فت پ، سک ر۔ امذ۔ آنکھوں کی ایک بیماری جس میں بال پپوٹوں کے اندر کی طرف مڑ جاتے ہیں۔

پرَبَت فت ب، سک ر، فت ب۔ امذ۔ پہاڑ، کوہ، جَبل، گری۔

پرَبَتّا فت پ، سک ر، فت ب، شد ت۔ امذ۔ پہاڑی توتا، گرمیل۔

پرَبَنْدھ سک ب، فت ر ب، سک ن۔ امذ۔ انتظام، بندوبست۔

پْربودْھ سک پ، فت ر، ومج۔ امذ۔ ہوشمندی، دانائی۔

پرَبی فت پ، سک ر۔ امذ۔ تہوار، تہوار پر ملنے والا انعام۔

پرَبین فت پ، سک ر، ی مع۔ صف۔ ہوشیار، چالاک، دانا؛ حسین، خوشنما۔

پْرَبھا سک پ، فت ر۔ امث۔ روشنی، آب و تاب۔ صف **پْرَبھاکَر** منوّر عام: **پرَبھاکر**۔

پْرَبھات سک پ، فت ر۔ امث۔ سویرا، تڑکا۔ عام: **پرَبھات** امث **پرَبھاتی** صبح کی ایک راگنی۔

پْرَبھاؤ سک پ، فت ر، و مج۔ امذ۔ زور، اثر؛ خاصیت۔

پْرَبُھو سک پ، فت ر، و مع۔ امذ۔ خدائے تعالیٰ،

پرمیشوَر۔

پَربھوَگ فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ عیش، لطف اندوزی۔

پَرْپ فت پ، سک ر۔ امذ۔ پہیے دار کرسی بیماروں اپاہجوں کو لانے لے جانے کے لیے۔

پَرپَٹ فت پ، سک ر۔ صفہ۔ چورَس، چٹیل، ہموار، پٹا یا اٹا ہوا، نیز **پَٹ پَر** م؛ تالاب سوکھ کر پرپٹ ہوگیا۔ امذ۔ کنیر کا پودا۔

پَرپَٹی فت پ، سک ر۔ امثہ۔ زمین پر جمنے والی پپڑی؛ تپڑ، کَھپرا؛ دال کی پتلی روٹی۔

پَرپَراہَٹ فت پ، سک ر، فت ہ۔ ف ل۔ تیز، ناخوشگوار، ذائقہ یا تیز حِس، جَھنْجھناہٹ، ف ل۔ **پَر پَرانا**، جَھنْجھنانا،سنسنانا۔

پَرپَنچ فت پ، سک ر۔ امذ۔ چَھل، فریب، پاکَھنڈ۔

پَرَت (۱) فت پ، ر۔ امثہ۔ تہہ، طبق، تاؤ (کاغذ کا)؛ ورق، تختہ، پٹّی؛ جھلّی۔ صف **پَرتِیلا** (سک ر، ی مع) تہہ در تہہ، پرت دار۔

پَرَت (۲) فت پ، ر۔ امثہ دام، قیمت؛ حساب؛ اوسط، حصۂ رسد، نیز **پَڑتا**۔

پَرْتاب فت پ، سک ر۔ امثہ۔ ایک تیرکی اڑان کا فاصلہ۔ جتنی دور تک ایک تیر پھینکا جا سکتا ہے۔

پَرْتاپ سک پ، فت ر۔ امذ۔ تپش، حرارت؛ چمک؛ تجلّی، شان و شکوہ۔

پَرتال (۱) فت پ، سک ر۔ امذ۔ جانچ، تنقیح، جائزہ، چھان بین۔ عام؛ **پَڑتال**۔ ف م۔ **پَڑتالنا**۔

پَرتال (۲) فت پ، سک ر۔ امذ۔ لداوا، سامانِ باربرداری۔ نیز **پَرْتَل**۔

پَرتِشْٹھا فت پ، سک ر، کس ت، سک ش۔ امثہ۔ عزت، آبرو؛ اعتراف۔

پَرتِگْیا سک پ، فت ر، کس ت، سک گ۔ امثہ۔ عہد، قول، قرار۔

پُرتگیز ضمہ پ، سک ر، فت ت، ے مج۔ اسم جنس۔ پرتگال کا باشندہ۔ صف **پُرتگیزی**۔ پُرتگالی۔

پَرتَلا فت پ، سک ر، فت تہ امذ۔ کمر پیٹی جس میں تلوار لٹکائی جاتی ہے۔ ڈاب؛ گھوڑے کا چار جامہ۔ نیز **پَرْتَلا**۔

پَرتَو فت پ، سک ر، و لین۔ امذ۔ عکس ، سایہ، پرچھائیں؛ جھلک؛ اثر۔

پَرتی فت پ، سک ر۔ امثہ۔ افتادہ، غیر کاشتہ زمین۔ ف م۔ پنکھوں کی ہوا سے اناج اُسانے کا ایک عمل۔

پِرتی کس پ، سک ر۔ امثہ۔ تختۂ حساب، فرد حساب، نقشہ، کیفیت۔

پَرتِیت فت پ، سک ر، ی مع۔ امثہ۔ پرسِش، پُوچھ؛ ساکھ، عزّت۔

پْرَتکار سک پ، فت ر، کس تہ امذ۔ علاج، چارہ جوئی، تدبیر۔

پَرتِیکْشا سک پ، فت ر، ی مع، سک ک۔ صفہ۔ انتظار، راہ دیکھنا، [س: نظر جما کر دیکھنا]۔

پَرتی ہاری سک پ، فت ر۔ امذ۔ دربان۔

پْرَتھا سک پ، فت ر۔ امثہ۔ شہرت، نیک نامی۔

پَرتَھک فت پ، سک ر، فت تھ۔ صف۔ الگ، علیحدہ، جُدا۔

پَرتَھم فت پ، سک ر، فت تھ۔ امث/امذ۔ دنیا، عالم، جگت [اصلاً **پْرِتْھوی** = زمین]۔ نیز **پَرتَھمی** خلقت، مجمع۔

پْرَتَھم سک پ، فت ر، تھ۔ صف۔ پہلا، اولین۔

پْرِتھوی سک پ، کس ر، تھ۔ امثہ۔ کُرۂ زمین، دنیا، نیز **پِرتھی**۔

پَرَج فت پ ر۔ امثہ ایک راگنی (نیز **پَرَچ**)؛ ڈھال کا دستہ؛ ذات کُنْبہ، کُنْبہ۔

پْرَجا فت پ، سک ر۔ امثہ۔ خلقت، رعیّت۔

پَرجَنی فت پ، سک ر، فت ج۔ امذ۔ ایک خربوزے کی بیل جس کا پھل عمدہ ہوتا ہے۔(لاط: Cucumis Aromatica)۔

پَرجوت فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ مکان یا بسی ہوئی زمین کا کرایہ۔ ٹیکس۔

پَرَچ فت پ، ر۔ امذ۔ ہلکا، پتلا نگینہ، ریزہ، ذرّہ، کِرچی۔

پِرِچ کس پ، ر ۔امث۔ طشتری، (خصوصاً پیالی کے جوڑ کی)۔

پَرْچار فت پ، سک ر۔ امذ۔ اشاعت، تبلیغ، پھیلانا، شہرت دینا، نیز پرچار صف۔ **پَرچارَک** منادی کرنے والا، اعلان، اشاعت کرنے والا؛ گلّہ بان؛ چرواہا؛ ملازم؛ نیز **پَرچاری** ۔

پَرْچانا فت پ، سک ر۔ ف م: اپنی طرف راغب کرنا، توجّہ حاصل کرنے، اپنانے دل جیتنے کی کوشش کرنا۔ ف ل۔ **پَرَچنا** کھینچنا، پرچایا جانا۔

پَرچَخ فت پ، سک ر، فت چ۔ امذ۔ رک: **پَرَخچا**۔

پُرچک ضمہ پ، سک ر، فت چ۔ امث۔ حمایت، پاسداری۔ محاورہ **پُرچک دینا**، حمایت کرنا، پشتی پانی۔

پَرچَلِت فت پ، سک ر۔ فت چ۔ کس ل۔ صف۔ رائج، جاری، متحرک۔

پَرچَلی فت پ، سک ر، فت چ ل۔ امذ۔ تیز حرکت، گردش رفتار یا چال۔

پَرچَم فت پ، سک ر، فت چ۔ امذ۔ پھریرا، علم میں بندھا ہوا کپڑا؛ جَھنڈا، عَلَم؛ پھندنا، جھالر، پہاڑی گائے کی دُم کے بال، ماتھے پر پڑی ہوئی لٹ۔

پَرچَنْڈ فت پ، سک ر، فت چ، سک ن۔ صف۔ تیز، تُند؛ جوشیلا ، سخت، شدید، دلیر۔ امذ **پَرچَنْڈ مُورتی**۔ ایک سفید پھولوں کے پودے کا نام (لاط: Tapia irataem)۔

پَرچوَل فت پ، سک ر، و مج۔ امث۔ خلش، بڑک، دُھن، بے صبری [پَر + چُل]۔

پَرچُون فت پ ر، و مع۔ امذ۔ مختلف قسم کا گھریلو استعمال کا سامان؛ آٹا دال، کھانا پکانے اور عام ضرورت کی اشیا۔ **پَرچُونی** آٹا دال وغیرہ بیچنے والا، خوردہ فروش، بقّال؛ نیز **پرچُونِیا**۔

پَرچَہ فت پ، سک ر، فت چ۔ امذ۔ کاغذ کا ٹکڑا، پارچہ، چِٹھی، خط، اطلاع خبر، اخبار، امتحانی سوالات **پَرچَہ نَویس** مخبِر، خبر رساں۔ امث **پَرچی** کاغذ کا پُرزہ۔

پَرچِین فت پ، سک ر، ی مع۔ صف، امث۔ ٹھونکا گاڑا، پیوست کیا ہوا؛ کھیت کی مینڈھ پر لگی ہوئی باڑ؛ پچّی کاری (رک) نیز **پرچِین کاری**۔

پَرچھا فت پ، سک ر۔ امذ۔ تصفیہ، فیصلہ؛ قصہ مختصر ہونا، جھگڑا نبٹنا؛ بھیڑ کا چَھٹنا؛ مطلع صاف ہونا؛ مٹھائی تلنے کا اُتھلا کڑھاؤ؛ کولھو کے بیل کی آنکھوں پر باندھنے کا کپڑا؛ چھوٹا بے دیوار کا بانسوں پر چھایا ہوا چھپّر۔

پَرچھانْوا فت پ، سک ر، امغ۔ امذ۔ عکس، پرچھائیں؛ بُرا یا منحوس اثر۔ قبیح پرتو، آسیب۔ نیز **پرچھانْواں**۔

پَرچھائِیں فت پ، سک ر، ی مع، غنہ۔ امث۔ سایہ، عکس، پرتو۔

پَرچَھتی فت پ، سک ر، فت چھ۔ امث۔ پھونس کی ٹٹّی، ٹانڈ، مچان، نیز **پَرچَھتّی**۔

پَرچھئی فت پ، سک ر، فت چھ۔ (بروزن پَرچم) امث۔ سامان لادنے کا دوہرا کھلا ہوا تھیلا جو لدّو جانور کے پہلوؤں پر لٹکتا ہے۔ گھوڑے کے پہلو میں لٹکنے والی خُورجی۔

پَرخاش فت پ، سک ر۔ امث۔ کُدورت، جلن، عداوت۔

پَرخَچ فت پ، سک ر، فت خ۔ امذ۔ سواری پر کاٹھی کی جگہ ڈالا جانے والا کپڑا۔ [اصلاً ف: پا رخش]۔

پَرخُچَا فت پ ر، سک خ۔ امذ۔ کاغذ کا پرزا، چھوٹا سا ٹکڑا، ریزہ۔محاورہ **پَرخُچے اُڑانا** پرزے پرزے کر دینا، رد کر کے رکھ دینا، ٹکڑے اڑا دینا، دُھرّے بکھیر دینا۔

پَرداخْت فت پ، سک ر، خ۔ امث۔ پرورش، خبر گیری، تربیت، دیکھ بھال۔ **پَرداخْتَہ** بنایا، تیار کیا ہوا۔

پَردادا فت پ، سک ر۔ امذ۔ باپ کا دادا، مث **پَردادی** دادا کی ماں۔

پَرداز فت پ، سک ر۔ امث۔ تمہید، اٹھان، ابتدا، رنگ ڈھنگ، طور طریقہ؛ تصویر کا چوکھٹا۔ (بطور لاحقہ) بنانے، سنْوارنے تخلیق کرنے والا۔ م: **اِنْشا پَرداز، نَغْمَہ پَرَداز، فِتنَہ پَرداز۔**

پَردَہ فت پ، سک ر، فت د۔ امذ۔ آڑ، روک، ٹٹی، ساز کی سُندری یا وہ تار سوراخ وغیرہ جن سے سُر نکلتے ہیں؛ پوشیدگی، اِخفا؛ آنکھ یا کان کی جھلّی؛ دروازے یا تماشاگاہ کے چبوترے وغیرہ پر لٹکنے والا کپڑا؛ طبَق، پرَت ِ وغیرہ۔ **پَردۂ بکارت** کنْواری لڑکیوں کے اندام نہانی کی قدرتی جھلّی۔ **پَردۂ تَصْویر** وہ کپڑا کاغذ وغیرہ جس پر کوئی نقش بنایا جائے۔ **پَردۂ زَنبُوری** جالی کا پردا جس میں شہد کے چھتے کی سی جالی ہو۔ **پَردۂ زَنگاری** نیلا پردہ؛ مراد آسمان۔ **پَردۂ مُلتَحِمَہ** (مُلْ تَ حِ مَ) پپوٹے کا اندرونی حصہ۔ **پردے کی چڑیا** درز یا جھری۔ محاورہ **پردے میں زَرْدَہ لگانا۔** پردے میں سوراخ کرنا۔ نیز **پردے میں گِردَہ لگانا** (کس گ)۔

پُرَدیپ سک پ، فت ر، ی مع۔ امذ۔ روشن چراغ۔

پَردِیس فت پ، سک ر، ے مج۔ امذ۔ غیر ملک، بدیس۔ صف **پَردیسی** غیر ملک کا؛ اجنبی، نووارد۔ مث **پَردیسَن۔**

پَردھَان سک پ، فت ر۔ امذ۔ صدر، سردار، سربراہ، بزرگ، **پَردھَان چاری،** پردھان کا عہدہ۔ **پَردھان مَنتْری** وزیراعظم۔ **پَردھانْتا** بڑائی، بزرگی۔

پُرز ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ کپڑے کی بنائی میں ابھرا ہوا سوت یا دھاگا، سا نٹھ؛ دوات میں ڈالنے کا صُوف۔

پُرزَہ ضمہ پ، سک ر، فت ز۔ امذ۔ کاغذ کا ٹکڑا، کتّرن؛ پھونْسڑا؛ کَل یا مشین میں جُڑا ہوا کوئی آلہ یا جُز؛ پرندے کے چھوٹے پر۔ ج **پُرزے** ف مر **پُرزے اُڑانا** (محاورۃً) زد و کوب یا شدید نکتہ چینی کرنا۔ مترادف: اُدھیڑ کے رکھ دینا۔

پَرُس فت پ، ضمہ ر۔ امذ۔ بید، سرکنڈے وغیرہ کے پودوں کا جوڑ یا گانْٹھ۔

پُرْس ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ پُرسش کا مخفف، نیز صیغۂ امر م: **پُرس وَ جُو** تفتیش، چھان بین؛ **باز پُرْس** جواب طلبی، فقرہ **صُورَت بِبیں حالَت مَپُرس** (کس ب) صورت دیکھ حال نہ پوچھ، حالت صورت سے ظاہر ہے۔ صف۔ **پُرساں** پوچھنے والا، مرکب اضا **پُرسانِ حال** (کس مع ن) خبر گیرا، بات پوچھنے والا۔

پُرْس ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ بچُورا ہوا ریشم جس سے گوٹہ بننے والے ٹوٹے ہوئے تار کو جوڑ لیتے ہیں۔

پَرسا فت پ، سک ر۔ امذ۔ تبر، کلہاڑا، ایک جنگی ہتھیار؛ ایک آدمی کےلیے پروسا یا لگایا ہوا کھانا یا تھالی۔

پُرسا ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ مرنے والے کے عزیزوں سے اظہار افسوس کرنا، محاورہ **پُرسا دینا،** تعزیت کے لیے جانا۔

پْرَساد سک پ، فت ر۔ امذ۔ چڑھاوے یا نذر کا حصّہ؛ تبّرک؛ لطف، مہربانی، عام پْرْشاد، م: رام پْرَساد رام کی عطا، مہربانی۔

پْرَسادَھَن سک پ، فت ر، دھ۔ امذ۔ آراستگی، سنْوارنا؛ بناؤ، سِنگھار۔

پْرَسار سک پ، فت ر۔ امذ۔ پھیلاؤ، کشادگی، پھیلنے، بڑھنے، آگے نکلنے کا عمل، دشمن کو گھیرے میں لینا، ٹوہ۔ تلاش، جستجو میں نکلنا۔ نیز پَرْسارَن۔

پْرَسارنی سک پ، فت ر، سک ر۔ امث۔ آواز کے سُر کی ایک ذیلی تقسیم یا سُرتی؛ ایک بیل جس کے پتے زرد اور چھدرے ہوتے ہیں، مزہ ترش اور تیز(لاط: Paederia Foetida)۔

پَرْسال فت پ، سک ر۔ ظرف۔ رک: پارسال۔

پَرَستار فت پ ر، سک س۔ امذ۔ خادم خدمتگزار؛ پوجنے، پرستش کرنے والا۔ ا کیف مث پَرَستاری، پَرستِش۔

پْرَسْتار سک پ، فت ر، سک س۔ امذ۔ پھیلاؤ، کشادگی، فراخی۔

پَرِسْتان فت پ، کس ر، سک س۔ امذ۔ دیووں، پریوں کا خیالی مسکن؛ وہ جگہ جہاں حسینوں کا جمگھٹا ہو۔

پِرَستان کس پ، فت ر، سک س۔ امذ۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ، حُمّاض(انگ : Sorrel)۔

پَرَستاؤ سک پ، فت ر، کس س، و مج۔ امذ۔ تجویز، تمہید۔

پِرِسْتُک کس پ، ر، ضمہ تہ امث۔ ابابیل، سلار، نیز پِلِستک؛ فرِسْتوک۔

پُرَسْتو ضمہ پ، فت ر، سک س، و مع۔ امذ۔ کھیت کی جُتائی کاساجھی کسان۔

پَرَسْتِیدَہ فت پ ر، سک س، ی مع، فت د۔ صف۔ جس کی پرستش کی جائے؛ معزز، محترم۔

پْرَسْتھان سک پ، فت ر۔ امذ۔ کُوچ، روانگی۔

پْرَسِدّھ سک پ، فت ر، کس س۔ صف۔ مشہور و معروف، نامی گرامی۔

پُرسِش ضمہ پ، سک ر، کس س۔ امث۔ پوچھ گچھ، استفسار، مؤاخذہ؛ دریافتِ احوال۔ مزاج پُرسی؛ عزت، مان۔

پْرَسَنّ سک پ، فت ر س۔ صف۔ مگن، شادو خرم، مسرور؛ راضی؛ صاف، ستھرا، بے کھوٹ، بے میل۔ ا کیف مث، پْرَسَنّتا۔

پْرَسُوت سک پ، فت ر،و مع۔ امث۔ جننا، زچگی۔ پیدائش، عورتوں کی سفید پانی کی بیماری، سَیلان الرّحِم؛ نیز پْرَسُوتی جننا، جنم دینا، وجود میں لانا۔ صف۔ پْرَسُوتّر جنم داتا۔

پَرسُول فت پ، سک ر، و مع۔ امذ۔ بھالا، گُرز۔

پَرسوں فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ گزشتہ کل سے پچھلا یا آئندہ کل سے اگلا دن۔

پَرسِیا فت پ، سک ر، کس س۔ امذ۔ درانتی، ہَنْسِیا جس سے کھیتی کاٹتے ہیں۔

پَرسِیاوُش فت پ، سک ر، کس س، ضمہ و۔ امذ۔ آسمان میں ستاروں کا ایک جھرمٹ؛ راس الغُول؛ ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے اُگتی ہے، ڈنڈیاں چکنی باریک، سیاہی مائل سرخ پتیاں سفید یا زرد، دواءً مستعمل نیز پرَسِیاوُشاں، ہَنْسراج (لاط: Adiantum Lunulatum)۔

پَرُش فت پ، ضمہ ر۔ صف۔ امذ۔ ایک سخت، بدمزا، تند، تیز پودا جس کا پھول نیلا ہوتا ہے، جنس زرشک سے تعلق رکھتا ہے(لاط: Barleria Prionitis)۔

پُرُش ضمہ پ، ر۔ امذ۔ انسان، آدمی، مرد۔

پْرَشَاسَن سک پ، فت ر، س۔ امذ۔ انتظام، بندوبست، حکومت۔

پَرِشَد فت پ، سک ر، فت ش۔ امذ۔ پنچایت، سبھا، مجلس۔

پْرَشْن سک پ، فت ر، سک ش۔ امذ۔ سوال، استفسار؛ وہ بات جس کی فال یا شگون لیا جائے۔

پُرُشوتّم ضمہ پ، ر، و مج، شد فت ت۔ امذ۔ بڑا انسان، عظیم ہستی۔ عام: **پَرشوتَم**۔

پَرکار فت پ، سک۔ امث۔ دائرہ کھینچنے کا دو نوکدار ٹانگوں کا آلہ۔

پُرْکار ضمہ پ، سک ر۔ صف۔ کامل، ماہر، پختہ، منجھا ہوا۔

پْرَکار سک پ، فت ر۔ امذ۔ طرح، طریقہ، انداز، قسم، جنس۔

پْرَکاش سک پ، فت ر۔ امذ۔ نور، روشنی؛ پھیلاؤ، نشرو اشاعت۔

پَرکالا فت پ، سک ر۔ امذ۔ ستون کا بالائی کھنڈ۔

پَرکالہ فت پ، سک ر، فت ل۔ امذ۔ پرزہ، ریزہ، کرچی، چنگاری، شرارہ۔ مرکّب وصفی **پَرکالۂ آتش**۔ مجازاً شریر، تیز طرّار شخص نیز **پَرکالۂ آفت**۔

پَرکان فت پ، سک ر۔ امذ۔ دُھرا، محور، کِیل؛ توپ کا دُھرا جس پر اس کا رخ موڑا جاتا ہے۔

پَرکانا فت پ، سک ر۔ ف م۔ پرچانا۔

پَرکَٹ فت پ، سک ر، فت ک۔ امذ، بگلا۔

پْرَکَٹ سک پ، فت رک۔ صف۔ صاف، واضح، روشن؛ **پْرَکَٹ کرنا** پیش کرنا، ظاہر کرنا۔

پْرَکْرِتی سک پ، فت ر، سک ک، کس ر۔ امث۔ فطرت، فطری، اصلی حالت خلائے مکانی؛ ابتداء آفرینش، مخرج، مَبدء نیز رک. **پْراکْرِت**۔

پَرِکْشا فت پ، کس ر، سک ک۔ امث۔ امتحان، آزمائش، تجربہ، اختیار۔

پَرکم فت پ، سک ر۔ صف۔ بے چین، مضطرب۔

پَرکَمّا فت پ، سک ر، فت ک، شد م۔ امذ۔ طواف، وار پھیر؛ احاطہ، گھیرا [اصلاً س: پْرَکْرَم]۔

پُرکُن ضمہ پ، سک ر، ضمہ ک۔ صف۔ بَھرتی کا، فالتو، محض برائے بیت م: پُرکُن اشعار۔

پَرکوب فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ نانبائی کا اوزار جس سے تنّوری روٹی کو گودا جاتا ہے۔

پَرکوَپ فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ جوش، ابال، اُپھان، طیش، غیظ۔ [اصلاً پْرَکوَپ]۔

پَرکوٹا فت پ، سک ر، ومج۔ امذ، باڑ، چاردیواری، فصیل۔

پَرکی فت پ، سک ر۔ امذ، ایک خار دار پہاڑی درخت جو بیری سے ملتا جلتا ہے، پھول مکو کی طرح اور پھل مکو سے بڑا، نیز **پَر کی بِنْڈُو**۔

پَرَکھ فت پ، ر۔ امث۔ شناخت، پہچان، نظر جو کھوٹے کھرے کو جان لے۔ ف م۔ **پَرکھنا، پَرکھانا**۔ امث۔ **پَرکھائی**، پرکھوانا، پرکھنے کی اُجرت۔ امذ۔ **پَرکھیا** جانچنے والا۔ نیز **پارکھ**۔

پُرکھ ضمہ پ، ر۔ امذ۔ رک: **پُرُش**۔ امث۔ **پُرکھن**۔

پُرکھا ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ مورث اعلیٰ، باپ، دادا، اَسلاف میں سے کوئی صف **پُرکھَئی** موروثی م: **پُرکھَئی** خَلیہ (نباتیات) مرکزی خلیہ جو دُختری خلیوں میں تقسیم ہوتا ہے۔

پُرکھاروگی ضمہ پ، و مج۔ امث۔ موروثی بیماری، خاندانی مرض؛ بعض کمزوریوں یا امراض کا پشت در پشت چلنا یا ماں باپ سے اولاد کو منتقل ہونا۔

پَڑگا فت پ، سک ر۔ امذ۔ ستون کا اوپری چپٹا سرا جہاں سے محراب کی چُنائی شروع ہوتی ہے۔

پَرگَت فت پ، سک ر، فت گ۔ امث۔دوستی، میل، ساتھ، سَنگت، م: طبلے والے سےسازندے کی پرگت ملنا۔

پَرگَنَہ فت پ، سک ر، فت گ۔ امذ۔ علاقائی تقسیم میں کئی گانْووں پر مشتمل ایک انتظامی حلقہ۔
پْرگْیان سک پ، فت ر، سک گ۔ امذ۔ فضیلت، حذاقت، تبجّر علمی۔
پُرگیری ضمہ پ، ی مع۔ امث۔ لوا، پرگیل، بکیری (لاط: Perdix Chinensis)۔
پَرگھ فت پ، کس ر۔ امذ۔ لوہے کا ڈنڈا یا سلاخ موٹی سا نْکل۔
پَرگھَٹ فت ر، سک ر، فت گھ۔ رک : پَرَکَٹ۔
پَرگھرا فت پ، سک ر، فت گھ۔ امذ۔ وہ کبوتر جو دوسرے گھر کا ہو۔
پَرلا فت پ، سک ر۔ صف۔ پرے کا، پار کا، دُور کا، دوسری طرف کا مث۔ پرلی۔ صف مرکب پَرلے دَرجے کا، ازحد، نہایت، نیز پَرلے سِرے کا، م: پرلے سرے کا بے ایمان۔
پَرلو فت پ، سک ر۔ رک: پْرَلَے۔
پَرلوَک فت پ، سک ر، ومج۔ امذ۔ دوسری، دنیا، آخرت۔
پْرَلَے سک پ، فت ر، ے لین۔ امث۔ قیامت، دنیا کی تباہی، خاتمہ؛ آفت، مصیبت؛ شورش، بلوہ۔
پَرَم فت پ ر۔ صف۔ اعلیٰ، افضل، اول، فائق، پَرم آتما وجود اول،خداے تعالیٰ۔
پَرما فت پ، سک ر۔ امث۔ خوبصورتی، چھب، ادا۔
پَرَمارْتھ فت پ ر، سک ر۔ امث۔ اصل سچائی، خیر اعلیٰ؛ اعلیٰ مقصد،آدرش۔
پَرَم آنَنْد فت پ ر، فت ن، سک ن۔ امذ۔ سچی خوشی، سُرور سرمدی۔
پَرمانو فت پ ر، و مج۔ امذ۔ سب سے چھوٹا ذرہ، جز لا یتجزّیٰ جس کی مزید تقسیم نہ ہو سکے، مادّے کی اکائی، اَیٹم۔
پَرَمْپَرا فت پ ر، سک م، فت پ۔ امث۔ ترتیب، قطار؛ سلسلہ؛ ریت، روایت۔
پَرَم ہَنْس فت پ ر ہ، سک ن۔ امذ۔ درویش خدا مست، ولی کامل۔
پْرمُکھ سک پ، فت ر، ضمہ م۔ صف۔ اول، مقابل، اگلا-امذ- سردار، سربراہ، راج پْرَمُکھ، صدر مملکت؛ ایک درخت جس کی کلی ناگ کیسری کہلاتی ہے اور اس کا تیل نکالا جاتا ہے۔ پُنّاگ(لاط: Callophyllum Indophyllum)۔
پَرم گَرَم فت پ ر گ ر۔ امذ۔ پشمینہ۔
پَرمَل فت پ، سک ر، فت م۔ امذ۔ موٹے بیجوں کی ڈنڈے جیسی لنبوتری ترکاری۔ (۲) ج مذ۔ مکئی وغیرہ کے بُھنے ہوئے دانے۔ امذ۔ ایک عمدہ قسم کا چاول؛ خوشبو، عطرِ مجموعہ؛ ملاپ،ہمبستری [اصلاً پَرِمَل]۔
پَرمِلو فت پ، سک ر، کس م، و مج۔ ناچ کی ایک گت یا تْوڑا۔
پَرَم نَرَم فت پ ر، ن ر۔ امذ۔ فلالین، فتو، تُسّی۔
پَرمَنْڈَل فت پ، سک ر، فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ دائرہ، کُرہ، گول چکّر [س: پَرمَنْڈَل]۔
پَرَن (۱) فت پ ر۔ امذ۔ دُبّ اصغر؛ ریشم کی ایک قسم؛ روشنی، چاندنی؛ پَریزاد؛ موسیقی کی تیز گت۔
پَرَن (۲) فت پ ر۔ پر، پنکھ؛ پتّہ، پان؛ ڈھاک کا درخت(لاط: Butea Frandosa)۔
پَرَن (۳) فت پ ر۔ امذ۔ عہد، قول، وعدہ۔
پَرَن آسی فت پ ر۔ امث۔ سیاہ تُلسی، نازبو(لاط: Mum Sanctum)۔
پَرناش فت پ، سک ر۔ امذ۔ نظروں سے اوجھل ہو جانا؛ جادو کے عمل سے غائب ہو جانا، موت، خاتمہ۔
پَرنالا فت پ، سک ر۔ امذ۔ اوپر سے گرنے والا نالا؛ چھت کی موری۔ مرکب وصفی خَصّی پَرنالہ وہ بند پرنالہ جس کی دھار دور نہ پڑے بلکہ دیوار کے سہارے اُترے۔

پَرِنام فت پ، کس ر۔ امذ۔ انجام، نتیجہ؛ پختہ پن، بلوغ؛ ہاضمہ۔

پْرَنام سک پ، فت ر۔ امذ۔ سلام، بندگی، ڈنڈوت۔ عام: **پرنام**۔

پَرَنْتُو فت پ ر، سک ن، و مع۔ حرف استثناء، پَر، لیکن، مگر، اِلّا۔

پَرِنْد فت پ، کس ر، سک ن۔ امذ۔ اُڑنے والا جانور، طائر، پنچھی۔ نیز **پَرِندَہ**۔

پَرِنْدا فت پ، کس ر، سک ن۔ امذ۔ ماہی گیری کی کشتی۔

پُرَنْدَر ضمہ پ، فت ر، سک ن، فت د۔ امذ۔ نقب زن؛ قلعہ شکن (توپ)، ایک قسم کی مرچ لاط: Piper Chaba

پَرْنی (۱) فت پ، سک ر۔ امذ۔ سردار، حاکم، بالغ لڑکی، ایک آبی پودا جو عموماً کنوؤں کے اندر اگتا ہے۔ (لاط: Pistia Stractiosis)۔ پنّی، رانگ یا کسی دھات کا مہین پتر؛ پیشاب جاری کرنے کے لیے پیشاب کی نالی میں چڑھانے کی نلکی (انگ: کیتھیڑ)۔

پَرنی (۲) فت پ، سک ر۔ امث۔ شیشے کی باریک نلکی جو سائنسی تجربات میں استعمال ہوتی ہے۔

پَرنیاں فت پ، سک ر، کس ن۔ امذ۔ ایک نرم پھولدار، ریشمی کپڑا، دیبا۔

پُرُو ضمہ پ، و مع۔ امذ۔ پھول کا زیرہ، زرگل۔

پَروا فت پ، سک ر۔ امث۔ کسی کو یا کسی بات کو خاطر میں لانا، اہمیت دینا، لحاظ کرنا؛ فکر، تردّد، دھیان، خیال۔

پَرِوا فت پ، کس ر۔ امذ۔ چاند کے اول یا آخر پندھرواڑے کا پہلا دن۔

پِروا کس پ، سک ر۔ امث۔ زرد ریتلی زمین، جو آبپاشی کے قابل ہو۔

پُروا (۱) ضمہ پ، سک ر۔ امث۔ پورب کی طرف کی ہوا؛ نیز **پُروائی** تص **پُروَیّا**۔

پُروا (۲) ضمہ پ، سک ر۔ امذ۔ پُور یا پوُرہ کی تصغیر، چھوٹی بستی۔

پِروا کس پ، سک ر۔ امذ۔ ناک کے نتھنوں کے بیچ کی نرم ہڈی، پرہ بینی۔

پَرِوار فت پ، کس ر۔ امذ۔ کنبہ، خاندان، قریبی، حلقہ، متعلقین۔

پَرواز فت پ، سک ر۔ امث۔ اُڑان، طیران، اُڑنے کا عمل۔

پَروال (۱) فت پ، سک ر۔ امث۔ ماہی گیری کا گھاٹ۔

پَروال (۲) فت پ، سک ر۔ امذ۔ صندل سرخ نیز **پَروال پھل**۔

پَروان فت پ، سک ر۔ امذ۔ مستُول، بادبان کا ڈنڈا؛ صف۔ ٹھیک درست، معتبر؛ اونچا، بلند۔ **پَروَان چَڑھنا** پَڑھنا، پرورش پا کر بڑا ہونا؛ ترقی کرنا، پھلنا پھولنا۔ [س: پْرمانْڑ]۔

پَروانا فت پ، سک ر۔ امث۔ ایک بہت سخت لکڑی جس کے کلہاڑی کے دستے وغیرہ بنائے جاتے ہیں(لاط: Myrsine Semisserrati)۔

پَروانْچَہ فت پ، سک ر، ن، فت چ۔ امذ۔ رک: پروانہ جس کی یہ تصغیر ہے۔ **پَروانْچی** پروانہ، پیغام، لے جانے والا۔

پَروانَگی (۱) فت پ، سک ر، فت ن۔ امث۔ اجازت، رضامندی، منظوری۔

پَروانَگی (۲) فت پ، سک ر، فت ن۔ امث۔ شیفتگی، والہانہ پن، پروانہ وار نثار ہونا۔

پَروانَہ (۱) فت پ، سک ر، فت ن۔ امذ۔ شمع کے گرد منڈلانے والا پتنگا؛ (مجازاً) عاشق، جاں نثار؛ ملازم، (حشریات) گلابی سُنڈی کا ابتدائی کیڑا۔

پَروَانَہ (۲) فت پ، سک ر، فت ن۔ امذ۔ حکمنامہ،

اجازت نامہ مراسا، پَروانۂ راہداری، (کسمج ء، سک ہ) سفر کا اجازت نامہ، پاسپورٹ، پرمٹ۔ (بول چال) نَقلِ پَروانَہ اصل کی نقل، مراد: سالہ یا منگیتر کا بھائی۔

پَرواہ فت پ، سک ر۔ امذ۔ پانی کا بہاؤ، ریلا، سَیلِ آب؛ پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھا جانے والا بالوں کا بنا ہوا گدّا یا کوئی اور شے (نیز پُروایا)۔

پَرواہَٹ فت پ، سک ر، فت ہ۔ امث۔ بین کی ایک ضرب میں دوُسر ادا کرنے کی مہارَت۔

پَرواہی فت پ، سک ر۔امث۔ گنّے کے کھیت میں اکھاڑی؛ ختم ہونے پر گنّے کا رس پرادری میں تقسیم کرنے کی رسم۔

پَروِت فت پ، سک ر، کس و۔ امث۔ ایک قسم کی مچھلی (لاط: Silurus Pabda)۔

پَروَتا (۱) فت پ، و مج۔ امذ۔ اناج اُسانے کا ٹوکرا۔ یا بھوسا اُڑانے کے لیے جھلنے کی چادر، پَرتی (رک)۔

پَروَتا (۲) فت پ، ومج۔ امذ۔ پوتے کا بیٹا، پڑپوتا، نیز پَڑوتا مث پَروتی، پَڑوتی۔

پَروَتھا فت پ، ومج۔ امذ۔ ہل کی پھال۔

پَروَٹی فت پ، سک ر، فت و۔ امث۔ وہ زمین جو طاقت پکڑنے کے لیے کچھ عرصہ بغیر جوتے چھوڑ دی جائے نیز پَروَتی۔

پَروَجَن فت پ، و مج، فت ج۔ امذ۔ غرض، مطلب۔

پِروَجَن کس پ، و مج، فت ج۔ امذ۔ کان چھدائی کی رسم۔

پَروَر فت ب، سک ر، فت و۔ صف۔ پالنے، پرورش کرنے والا، محافظ، خبر گیرا، (عموماً ترکیبات میں) م: ماہی پَروَر مچھلیاں پالنے والا؛ مِہرپَروَر مہربانی، نوازش کرنے والا، نازْ پَروَر ناز کرنے والا، ناز آفریں۔

پَرْوَرَت فت پ، کس ر، فت و، سک ر۔ امث۔ ستاروں کی گردش، زمانے کی ایک مدت، قیامت، پرلے۔

پَروَرْتَن فت پ، کس ر، فت و، سک ر، فت ت۔ امذ۔ مبادلہ، لین دین۔

پَروَرْد فت پ، سک ر، فت و، سک ر۔ صف۔ پالا پرورش کیا ہوا؛ نیز پَروَردَہ نیز پَروَریدَہ۔

پَروَردگار فت پ، سک ر، فت و، سک ر، کس د۔ امذ۔ اللہ تعالیٰ، ربّ باری، ا کیف مث۔ پَروَردگاری پرورش کرنے؛ پروان چڑھانے کی قدرت، نیز پَروَرنْدَہ۔ پرورش کرنے والا۔

پَروَرِش فت پ، سک ر، فت و، کس ر۔ امث۔ پالنا، پروان چڑھانا، فروغ دینا۔

پَروَرْش فت پ، کس ر، فت و، سک ر، فت ش۔ امث۔ برسات کی پہلیُ بارش۔

پَروَسا فت پ، و مج۔ امذ۔ کھانے یا مٹھائی کا حصّہ جو تقسیم کیا جائے۔

پَروَسنا فت پ، و مج، سک س۔ ف م۔ کھانا چُننا یا تقسیم کرنا۔

پَروَکا فت پ، و مج۔ امث۔ بانجھ بھیڑ۔

پَروَکھ فت پ، و مج۔ امذ۔ کسی گناہ سے بخشش کے لیے پڑھی جانے والی دعا جو پنڈت پڑھتے ہیں۔

پَروَمُولی فت پ، و مج، و مع۔ امذ۔ تال مکھانے کا درخت (لاط: Roella Longifolia)۔

پِرونا کس پ، و مج۔ ف م۔ سوئی کے ناکے میں دھاگا ڈالنا، دھاگے یا ڈوری میں موتی، منکے پھول وغیرہ پرونا، گُوندھنا، منسلک کرنا۔

پُڑوَنا ضمہ پ، سک ر، فت و۔ امذ۔ اختتام، تکمیل، معاملہ چکانا، صف پُرونی قصہ، قضیہ یا معاملہ چکانے سے متعلق۔

پَرَونْدا فت پ، و لین، مغ۔ امث۔ زرد مٹی کی زمین جو پھلوں کی کاشت کے لیے موزوں نہ ہو۔

پُروہِت ضمہ پ، و مج، کس ہ۔ امذ۔ برہمن، پنڈت

جو کسی خاندان کو پوجا پاٹھ اور قربانی کرانے پر مامور ہو۔ مث۔ **پُروہتانی** پروہت کی بیوی۔

پَروہنا فت پ، و مج، سک ہ۔ ف م۔ چر سے کے ذریعے آبپاشی کرنا۔

پَروی رک **پَریوا**۔

پَرویادہ فت پ، سک ر، کس و۔ امذ۔ سرکنڈے کی ایک قسم، گورا راجہ۔ [لاط: Calamus Fasciculatus]۔

پَرویز فت پ، سک ر، ومج۔ صف۔ فیروز مند، فاتح، بختاور (علَم) ایران کا ایک بادشاہ؛ نوشیرواں کا پوتا، جس کا نام شیریں فرہاد کے قصے میں آتا ہے۔ شیریں کا شوہر۔ اس سے کئی خزانے بھی منسوب ہیں۔

پَرویزَن فت پ، سک ر، و مج، فت ز۔ امث۔ چھلنی، غربال۔

پَرویش سک پ، فت ر، و مج۔ امذ۔ داخلہ، ورود، اندر آنا؛ کسی جگہ بازیابی یا اقامت۔

پَرویل فت ب، سک ر، ے مج۔ امث۔ سیم کی قسم کی ایک چھوٹی پھلی، چھوٹی فراش بیں (لاط: Phaseolus Mungo)۔نیر پیلی مونگ۔

پَروین فت پ، سک ر، و مع۔ امث۔ عقد ثریّا، سات سہیلوں کا جُھمکا۔

پَرَہ فت پ، شد فت ر۔ امذ۔ صف۔ قطار؛ غول، جُھنڈ، نیز **پَرا**، نیز (رک) **پَرا**، م: **پَرہ ٔ بِینی**، (کس مج ہ، ی مع) نتھنا۔

پَرہاری فت پ، سک ر۔ امث۔ ہل کی پھال کی گاؤ دُم چوبی پُشتی جس پر پھال چڑھی ہوتی ہے۔

پَرہَتا فت پ، سک ر، فت ہ۔ امذ۔ ہل کی مُٹھیا، پَری ہت [اصلاً: پَرہت]۔

پْرَہْلاد سک پ، فت ر، سک ہ۔ امذ۔ خوشی شادمانی، فرحت۔

پَرہول فت پ، سک ر، و مج۔ امذ۔ گھوڑے کے ہونٹوں کا ورَم جس کے سبب وہ گھاس نہیں کھا سکتا۔

پُرہَول ضمہ پ، سک ر، و لین۔ صف۔ دہشت ناک، ڈراؤنا۔

پُرہی ضمہ پ، سک ر۔ امث۔ ادرک سے ملتی جلتی ایک خوشبودار جھاڑی۔ دھاک جدوار، نربسی، [لاط: Cucurma Amomum Zedoary]۔

پَرہی فت پ، سک ر۔ امذ۔ چونے کے پتھر کی ایک قسم جو تعمیرات میں عام طور سے استعمال ہوتا رہا ہے۔

پَرہیز فت پ، سک ر، ے مج۔ امذ۔ احتراز، بچنا، دور رہنا؛ اجتناب، کنارہ کشی۔ بیماری میں ممنوع اشیاء کے کھانے پینے یا ممنوعہ کاموں سے احتراز، احتیاط۔ صف۔ **پَرہیزگار** مُتقّی، برے کاموں سے بچنے والا۔ ا کیف مث **پرہیزگاری**۔ تقویٰ۔

پَری فت پ۔ امث۔ افسانوی حسین مخلوق جس کے پر ہوتے ہیں۔ مجازاً: حسینہ؛ محبوبہ؛ معشوق؛ ایک خاص شکل کی پتنگ۔ **پَری چِھم** چھبیلا معشوق۔ **پَریخانہ** وہ مکان جہاں حسینوں کا مجمع ہو؛ امذ۔ **پَری خواں** (خاں) عامل، جھاڑ پھونک کرنے والا۔ صف **پَری وَش** پری جیسی صورت والا۔ حسین۔

پَرے فت پ، ے مج۔ حرف جار۔ اُدھر، دُور، پار، مترادف کے پیچھے، کے اُس طرف، کی آڑ میں۔

پَری بَند فت پ، ب، سک ن۔ امذ۔ کلائی میں پہننے کی جالی دار چوڑیوں کی جوڑی۔ جہانگیریاں، نیز **پری جَھپک، پَری چَھن**۔

پریا سک پ، کس ر، فت ی۔ صف مث۔ پیاری، **پریا دَرشنی**، حسینہ؛ (۲) کھجور کے درخت کی ایک قسم [لاط: Terminalia Tomentosa]۔

پریادارنی سک پ، کس ر، فت ی، سک ر۔ امث۔ ایک

کانٹوں دار جھاڑی (لاط: Echites Frutescens)۔

پْرَیاگ سک پ، فت ر۔ امذ۔ عَلَم، قربان گاہ؛ دو دریاؤں کا سَنگم؛ شہر الٰہ آباد کا ایک نام جسے تْرِبینی، تْرِوینی بھی کہتے ہیں۔

پَریال فت پ، سک ر۔ امذ۔ مانگ کے دونوں طرف کنپٹیوں تک لٹکتی ہوئی جھالر کی شکل کا ایک زیور، سراسری، سِیس پٹّی۔

پَرِیت فت پ، ی مع۔ امذ۔ بُھوت، خبیث ارواح، آسیب۔

پْرِیت سک پ، ی مع۔ امث۔ محبت، پیار؛ الفت۔ نیز **پِیت**۔

پْرِیتَم سک پ، ی مع، فت ت۔ امذ۔ محبوب، شوہر، امث۔ **پْرِیتَما** محبوبہ۔

پَرَیتْن فت پ، سک ر، فت ی، سک ت۔ امذ۔ کوشش، جدوجہد۔

پَرِیتْنا فت پ، ی مع، سک ت۔ ف م۔ دھاگا یا سوت لپیٹنا؛ اٹیرن پر چڑھانا۔

پَرِیچَے فت پ، ی مع، ے لین۔ امذ۔ تعارف، دیباچہ، مقدمہ۔

پَرِیچھا فت پ، ی مع۔ امذ۔ شکرسازی میں استعمال ہونے والا چھلنا یا ناند؛ ۲۔ پھرکی جو ہوا کا رخ بتائے۔ نیز **پَرِیکھا**۔

پَرِیدَن فت پ، ی مع، فت د۔ ف ل۔ اُڑنا، پرواز کرنا۔ صف؛ **پَرِیدَنی** اُڑنے والا، عارضی؛ **پَرِیدَہ** (پ ر ی د) اُڑا ہوا م؛ رنگ پَرِیدہ؛ مرکب وصفی **پَرِیدَہ چَشم**، آوارہ نظر۔

پَرِیشاں فت پ، ے مج۔ صف۔ بکھرا ہوا، تتر بِتّر؛ فکرمند؛ حیران؛ عاجز۔

پَرِیکھا فت پ، ی مع۔ امذ۔ فکر، رنج، تردّد۔

پْرَیَل فت پ، سک ر، فت ی۔ امذ۔ صف۔ پُھولے پروں والا پرندہ جو دیکھنے میں موٹا اور وزن میں ہلکا ہو؛ نیز طوطا۔

پَریلی فت پ، ے مج۔ امث۔ تیز ناچ کی پہلی ریاضت جس میں جسمانی حرکت زیادہ اور بھاؤ یا نرت کم ہوتی ہے۔

پْرِیم سک پ، ے مج۔ امذ۔ رک **پْرِیت**۔ امث۔ **پرِیم لَتا** عشق پیچاں کی بیل۔ صف **پرِیمی**، محبت کرنے والا۔ مث **پرِیمکا**۔

پَریماں فت پ، ی مع۔ امذ۔ شہادت، ثبوت، گواہی۔

پْرَیَنْت سک پ، فت ر ی، سک ن۔ امذ۔ حدّ آخر [2]خری کنارہ

پَریوا فت پ، ی مع۔ امذ۔ چاند کی پہلی تاریخ؛ جنگلی کبوتر، نیز **پَڑْوا**۔

پَریوار رک؛ **پَروار**۔

پْرَیوگ سک پ، فت ر، ومج۔ امذ۔ استعمال، ترکیب استعمال، طریقہ، برتاؤ، قاعدہ، دستور۔ تدبیر۔

پَریہا فت پ، ی مع۔ امث۔ ہل چلانے کے بعد سینچی ہوئی زمین۔

پَریہَت رک **پَرہتا**۔

پُڑا ضمہ پ۔ امذ۔ لپیٹا ہوا کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو۔ م: **سُہاگ پُڑا** (رک) تص **پُڑیا**۔

پَڑاخا فت پ۔ امذ۔ تقل صوت۔ پٹاخا چھوٹنے کی یا اس سے ملتی جلتی آواز۔ **تَڑاقا، پَڑاقا**۔

پَڑاقا فت پ۔ رک؛ پڑاخا۔ امث۔ **پڑاقے کی گوٹ**۔ (و مج) کئی رنگ کے دھاگوں سے بُنی ہوئی گوٹ، پٹا پٹی کی گوٹ، تڑاخے کی گوٹ۔

پَڑاؤ فت پ، و مج۔ امذ۔ سفر میں ٹھہرنے کا مقام یا قیام کرنا۔

پَڑَت فت پ، ڑ۔ امث۔ بغیر کاشت کے چھوڑی ہوئی زمین؛ لاگت، لاگت کا تخمینہ یا حساب، لاگت کے لحاظ سے مقرر کی ہوئی شرح یا قیمت۔ امذ، **پَڑتا**، لاگت، تخمینہ۔

پَڑتال رک پَرتال۔

پُڑی ضمہ پ۔ امث۔ گلے کی ہڈی؛ نیز پُڑیا (رک) کی تصغیر۔

پُڑیا ضمہ پ، سک ڑ۔ امث۔ کاغذ میں لپیٹ کر بند کی ہوئی شے؛ یا لپٹا ہوا کاغذ، پُڑا کی تصغیر۔

پَڑیل فت پ، سک ڑ، فت ی۔ صف۔ سست، کاہل، آرام طلب، بروقت لیٹا رہنے والا۔

پَڑھاکُو فت پ، و مع۔ صف۔ بہت پڑھنے والا، نیز پَڑھوَیّا کتاب کا کیڑا۔

پَڑھائی فت پ۔ امث۔ تعلیم، خواندگی، مطالعہ، ف ل م۔ پَڑھنا۔

پَڑھن فت پ، کس ڑھ۔ امث۔ ایک مچھلی جو کھاری اور میٹھے دونوں طرح کے پانی میں پائی جاتی ہے اور دو مختلف رنگوں کی ہوتی ہے (انگ: mullet)

پَڑھَنت فت پ، ڑھ، سک ن۔ امث۔ جادو کا عمل، منتر پڑھنا یا پُھونکنا۔

پَزاوَہ فت پ و۔ امذ۔ اینٹیں پکانے کا بھٹا۔ نیز پجاوا، پژاوہ۔

پِزِشک کس پ، ز، سک ش۔ امذ۔ طبیب، حکیم، معالج۔

پِژوَہِش کس پ، و مج، کس ہ۔ امث۔ پوچھ گچھ، تفتیش، نیز پژوہش صف پِژوہ، م: دانش پژوہ علم کا جُویا۔

پَزِیرا رک: پذیرا۔

پَژامَن فت پ م۔ امذ۔ رک اَگل؛ نیز پَژاوَن۔

پِژمان کس پ، سک ژ۔ صف۔ افسردہ، غمگیں، نیز پَژماں (فت پ)۔

پَژمُردَہ فت پ، سک ژ، ضمہ م۔ صف۔ مرجھایا ہوا، افسردہ۔ امث۔ پَژمُردگی (فت د) کُملاہٹ، افسردگی، غمگینی، بے کیفی۔

پَژہ فت پ، ژ۔ امذ۔ پُشتہ، ٹیلا، اونچی نیچی سطح۔

پَس (۱) فت پ۔ حرف جر۔ بعد، پیچھے، پرے۔ م: پَس دیوار، پَس مَرگ، اس لیے، لہٰذا، چنانچہ۔ م: پَس خاموش! صف: پیچھے، عقب میں م: پَس پُشت پیٹھ پیچھے؛ پَس اُفتادہ، پَسماندَہ، پَچھڑا، پیچھے چھوڑا، ترک کیا ہوا؛ غیر ترقی یافتہ؛ ج: پَسماندگان مرنے والے کے پیچھے رہ جانے والے، وُرثاء، سوگوار۔

پَساچِین فت پ، ی مع۔ امذ۔ فصل اٹھانے کے بعد بڑا رہ جانے والا میوہ۔

پَسادَست فت پ د، سک س۔ امذ۔ قرض، وام۔

پَسارْنا فت پ، سک ر۔ ف م۔ پھیلانا، م: پانو ٹانگیں پَسارنا۔

پِسان کس پ۔ امث۔ پسی ہوئی شے، سفوف؛ آٹا۔

پَسانا فت پ۔ ف م۔ اُبال کر پانی نتھارنا، م: چاول، قیمہ پَسانا۔ امذ۔ پَساؤ پسانے کا عمل، پسائی ہوئی شے کا پانی۔

پَس اَنْداز فت پ، سک س، فت ا، سک ن۔ صف۔ بچایا، جمع کیا ہوا، پَس اَنْدازی، بچت، جمع۔

پَسائی فت پ۔ امذ۔ ایک قسم کا موٹا خود رو چاول جو اتھلے تالابوں میں اگ آتا ہے نیز پَسہی (فت پ س)۔

پِسائی کس پ۔ امث۔ پیسنے کا عمل، پیسنے کی اُجرت۔

پَس بار فت پ، سک س۔ (تشریح بدن) سکڑا ہوا عضلہ (انگ: After Loaded)؟

پَسپا فت پ، سک س۔ صف۔ میدان سے پلٹ کر بھاگنے والا، ہارا ہوا، ہزیمت خوردہ امث۔ پَسپائی۔

پَست فت پ، سک س۔ صف۔ نیچا، نشیبی؛ ادنیٰ، مغلوب؛ تھکا ہوا؛ دھیما (م: لہجہ وغیرہ)؛ غیر ترقی یافتہ، پسماندہ، اکیف مث پَستی گراوٹ، پسماندگی۔

پِستان کس پ، سک س۔ امذ۔ عورت کی چھاتی، سینے کا ابھار؛ جانور کا تھن، صف **پِستانیہ** دودھ پلانے والا جانور۔
پُستک ضمہ پ، سک س، فت ت۔ امث۔ کتاب، پوتھی۔
پِستول کس پ، سک س،و لین۔ امذ۔ طپنچہ، صف۔ **پِستولیا** پستول ساتھ رکھنے یا کمر میں باندھنے والا؛ باریک ململ (جس کا غالباً بیس تولے کا تھان ہوتا تھا؛ بیس تولیا کی بدلی ہوئی شکل۔)
پَستہ فت پ، سک س، فت ت۔ صف۔ نیچا، قد میں چھوٹا، بلندی میں کم م؛ **پَستہ قَد**۔
پِستہ کس پ، سک س، فت ت۔ امذ۔ بادامی چھلکے کا خشک میوہ جس کے اندر سبزی مائل گری ہوتی ہے۔ ع: فستق لاط: (Pistachia Narboneusis) صف **پِستئی** پستے کے رنگ کا، مدھم، سبز رنگ۔ **پِستہ دَہَن** جس کے ہونٹ پتلے ہوں اور دہانہ تنگ۔
پَس خُورْدَہ فت پ، سک س، ضمہ خ، و غم، سک ر، فت د۔ امذ۔ جھوٹن، کسی کے آگے کا بچا ہوا کھانا۔ اُلش۔
پَسْ خَیمہ فت پ، سک س، و لین۔ امذ۔ فوج کے پیچھے چلنے والا سازو سامان، فوج یا قافلے کا پیچھے چلنے والا حصّہ۔
پَسَر فت پ س۔ امث۔ چوری چھپے، پچھلی رات، ڈھوروں کی چَرائی۔
پِسَر کس پ، فت س۔ امذ۔ بیٹا، لڑکا، نوجوان، مرکب، **پِسَر خوْاندَہ** (خاں د) منہ بولا بیٹا، متبنّیٰ، **پِسَر صُلْبی** (ضمہ ص، سک ل) اصلی بیٹا۔
پَس ریز فت پ، سک س، ے مج۔ صف۔ خزاں میں سُوکھ کر جھڑ جانے والا پتہ، یا پتّے جھاڑنے والا درخت، سدا بہار کی ضد۔
پَسَرہٹّا فت پ، س، سک ر، فت ہ، شد ٹ۔ امذ۔ پنساریوں کا بازار۔
پَسْلی فت پ، سک س۔ امث۔ سینے کی پتلی ہڈی؛ پہلو۔ **پَسلی پَھڑکنا** دل کو کسی بات کی خود بخود خبر ہو جانا۔ ایک پسلی کے پھرکنے سے اچھا اور دوسری سے برا شگون لیا جاتا ہے۔ **پَسلی کا خَلَل** پھیپھڑے پر سردی کا اثر (عموماً بچّوں کے لیے مستعمل)۔ نیز **پَسلی چَلنا**۔ (حشریات) **پَسلِیہ** پسلی سے ملحق ورید۔
پِسنا کس پ، سک س۔ ف ل۔ رک پیسنا جس کا یہ لازم ہے؛ دباؤ میں آنا، زیر بار ہونا۔
پَسْ مَنْظَر فت پ، سک س، فت م، سک ن، فت ظ۔ امذ۔ کسی تصویر یا منظر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے سے دورتر ہو؛ ماحول جس میں کوئی واقعہ ظہور پذیر ہو؛ اصل حقیقت جو بدیہی طور پر نظر نہ آئے۔
پَسَند فت پ، س، سک ن۔ امث۔ رغبت، انتخاب، ذاتی ترجیح، صف، مرغوب، مطلوب، مرضی کے مطابق۔ امث۔ **پَسَندیدگی**۔ صف۔ **پَسَندیدَہ** (پَ سں دی د) مرغوب، مقبول، حسب دلخواہ۔
پَسَندا فت پ، س، سک ن۔ امذ۔ گوشت کا کچوکا ہوا پارچہ جسے مسالے میں بھون کر پکاتے ہیں۔
پَسَنگا فت پ س، غنہ۔ امذ۔ رک **پاسَنگ**۔
پِسنہارا کس پ، فت س، سک ن۔ امذ۔ چکّی پیسنے والا، پسائی کرنے والا۔ امث۔ **پِسنہاری**۔
پِسّو کس پ، شد س، و مع۔ امذ۔ سیاہ پردار حشرہ جو کپڑوں چارپائیوں وغیرہ میں گھس کر راتوں کو کاٹتا ہے۔ [ع: برغُوث]۔
پِسوا کس پ، سک س۔ امذ۔ بڑے پیٹ کا بوتل نما شیشے کا ظرف جس سے سُنار وغیرہ تیزاب میں سونے کا میل گلانے کا کام لیتے ہیں۔
پَسوارْہ فت پ، سک س، فت ڑ۔ امذ۔ پہلو، پکھوا۔
پَسوارْہ فت پ، سک س۔ امث۔ پسلی کا درد، ذات

الجنب۔

پَسوٹا فت پ، و لین۔ امذ۔ طمانچہ۔

پَسیج فت پ، ی مع۔ امث۔ سیلی، نمی۔ ف ل۔ **پَسیجنا**، گیلا ہونا؛ نرم پڑنا، متاثر ہونا، رحم کھانا۔

پَسینا فت پ، ی مع۔ امذ۔ جسم کے مساموں سے رسنے والی رطوبت جو گرمی میں بڑھ جاتی ہے۔

پِشاچ کس پ۔ امذ۔ عفریت، خون پینے والا دیو؛ (مجازاً) ظالم، وحشی انسان۔ امث **پِشاچنی**۔ ڈاین۔

پُشپ ضمہ پ، سک ش۔ امذ۔ پھول؛ پکھراج زبرجد۔ **پُشپا نَجلی** پھول پیش کرنا۔ مث **پُشپا** حسینہ؛ (بطور تشبیہ)۔

پُشپک ضمہ پ، سک ش، فت پ۔ امث۔ آنکھ کی پھلّی، ناخُونہ۔

پُشت ضمہ پ، سک ش۔ امث۔ پیٹھ، کسی چیز کا پچھلا حصہ؛ خاندان کی پیڑھی، م: اورنگ زیب پانچویں پشت میں بابر کا پوتا تھا۔ مرکب **پُشت پَناہ** حامی، مدد گار، **پُشتیبان**؛ **پُشت خار** (سک ت) پیٹھ کھجانے کا پنجہ نما آلہ، **پُشت گرم** (سک ت، فت گ، سک ر) جس کی مدد پر کوئی موجود ہو۔ **پُشت ماہی** یا **ماہی پُشت** بیچ میں سے اُبھری ہوئی سطح۔

پُشتارا ضمہ پ، سک س۔ امذ۔ پیٹھ پر لادنے کا بوجھ، گٹھڑی وغیرہ۔

پُشتانہ ضمہ پ، سک ش، فت ن۔ امذ۔ پَس مَنظر۔

پُشتاوَل ضمہ پ، سک س، فت د۔ امث۔ عَقبی فوج، کُمک۔

پُشتک ضمہ پ، سک ش، فت ت۔ امث۔ قلابازی؛ دولتّی؛ گھوڑے کے پچھلے پیروں کا ورَم، گھوڑے کی پچھلی کمر، دم سے اوپر تک؛ کُشتی کا ایک داؤ، پٹخنی۔

پُشتَنگ ضمہ پ، سک ش، فت ت۔ غنہ۔ امذ۔ گھوڑے کی دُمچی میں پڑے ہوئے تسمے جن کی وجہ سے وہ دولتی نہیں مار سکتا۔

پَشتو فت پ، سک ش، و مج۔ امث۔ پاکستان کے شمال مغربی سرحد کے قبائلی علاقوں کی زبان؛ جو آریائی گھرانے کی ایک قدیم شائستہ زبان ہے؛ طبلے کی ایک مخصوص تال جو حضرت امیر خسرو سے منسوب کی جاتی ہے؛ نقش گل، رباعی وغیرہ کی تال؛ نیز **پَختو** پشتو زبان۔

پُشتہ ضمہ پ، سک ش، فت ت۔ امذ۔ دیوار کے سہارے کے لیے کی جانے والی سلامی دار چُنائی؛ دریا کے بہاؤ کو روکنے کے لیے بنایا جانے والا بَند؛ کتاب کی جلد کی پشت کا پٹّھا؛ جلد کی موٹائی۔

پُشتی ضمہ پ، سک ش، امث۔ مدد۔ حمایت۔ صف۔ **پُشتی بان**، حامی، مددگار۔

پُشکَر ضمہ پ، سک ش، فت ک۔ امذ۔ نیلا کنول [لاط: Nelumbium Speciosum]۔

پَشم فت پ، سک ش۔ امث۔ اُون، رُواں؛ پیڑو کے بال؛ موئے زہار؛ حقیر آدمی کے لیے بطور دشنام مستعمل۔ محاورہ **پَشم اُکھاڑنا** (فت ش) زک دینا [عموماً نفی میں،م: پشم نہیں اکھاڑ سکتا]۔

پَشمَنت فت پ، سک ش، فت م، سک ن۔ امث۔ پشم کی تصغیر۔

پَشمینہ فت پ، سک ش، ی مع، فت ن۔ امذ۔ ایک گرم، نفیس اُونی کپڑا۔

پَشَنگ فت پ، ش، غنہ۔ امذ۔ (معماری) دیوار میں سوراخ کرنے کا برما۔

پِشَنگ کس پ، فت ش، غنہ۔ صف۔ سانولا؛ سرخی مائل بھورا (رنگ)۔

پَشُو فت پ، و مع۔ امذ۔ مویشی، ڈھور، ڈانگر۔

پِشْواز کس پ، سک ش۔ امث۔ چست چولی اور نیچے دامن کا گھیردار پہناوا جسے خواتین اُوپر سے لباس کی پوشش کے طور پر پہنتی تھیں۔ بعد میں صرف ناچنے والیوں کا لباس بن گیا، نیز **پیشواز** (ے مج)۔

پَشَّہ فت پ، شد فت ش۔ امذ۔ مچھّر، بعوض۔

پَشیز فت پ، ی مع۔ امذ۔ ایک قدیم چھوٹا سکہ، مراد، حقیر شے۔

پَشیمان فت پ، ے مج۔ صف۔ نادم، پچھتانے والا، شرمندہ۔ امث۔ **پشیمانی**، پچھتاوا۔

پُف وَ پُوری ضمہ پ، و مج، ومع۔ امث۔ تُف کرنا، اظہار حقارت کے طور پر ہونٹ بنانا۔

پَک مینْیا فت پ، سک ک، ی مع، کس ن۔ امذ۔ پودوں کی ایک بیماری جو رطوبت کی زیادتی سے پیدا ہوتی ہے، ڈنٹھل کھوکھلا ہو کر سرخ ذرّوں سے بھر جاتا ہے۔ رَتْوا۔

پِکّا کس پ، شد ک۔ امذ۔ بیس برس کی عمر کا جوان ہاتھی۔

پَکّا فت پ، شد ک۔ صف۔ پکایا ہوا، پختہ؛ رسیدہ (پھل)؛ تیار (فصل)؛ تپایا ہوا (برتن، اینٹ وغیرہ)؛ قابل اعتبار، باوثوق (قول، عہد وغیرہ)؛ مستحکم مضبوط (عمارت وغیرہ) کٹّر، عقیدے پر سختی سے قائم؛ چالاک، عیار؛ ٹھیک ٹھیک، کانٹے کی تول؛ معیاری (م: پکّا سیر، پکّا بیگھہ، من بھر پکّا) مث **پکّی**۔ مرکب **پَکّا پیسا** (ی مع) تجربہ کار، خرّانٹ **پکّا گانا** روایتی اصولوں، راگ راگنیوں کے مطابق، اُستادانہ موسیقی۔

پُکار ضمہ پ۔ امث۔ زورکی، اونچی تیز آواز، جو دُور تک جائے؛ فریاد، دہائی؛ مانگ، طلب۔ ف ل،م **پُکارنا** آواز لگانا، بلانا، نام لینا۔ م ف **پکارے گلے** بالاعلان۔

پُکارا ضمہ پ۔ امذ۔ چرچا، شہرت۔

پِکاس کس پ۔ امذ۔ زمین کھودنے کا ایک لمبے ہتھے کا، مخروطی پھل والا اوزار۔

پَکچَھل فت پ، سک ک، فت چھ۔ صف۔ امذ۔ یکرنگ گھوڑا۔

پَکَڑ فت پ ک۔ امث۔ گرفت، اعتراض؛ مُواخذہ؛ کُشتی کا پیچ یا مقابلہ؛ روک، کسی مشین میں چال روکنے کا پرزہ۔ مرکب عطفی، **پکڑ دَھکَڑ** (فت دھ) گرفتاریوں کا سلسلہ۔ ف م؛ **پکَڑنا** تھامنا، روکنا، گرفتار کرنا، غلطی نکالنا، اختیار کرنا، جا لینا، برابر پہنچ جانا۔

پَکْسالُو فت پ، سک ک، و مع۔ امذ۔ بانس کی ایک قسم جس سے ٹوکریاں بھی بُنی جاتی ہیں اور پانی کے لیے نلکیاں بنائی جاتی ہیں۔

پَکْش فت پ، سک ک۔ امذ۔ بازو، پہلو، بھاگ، حصّہ، پَنکھ، شہپر؛ چاند کا اول یا آخر پَندھرواڑا۔ نیز **پکھ**۔

پَکْشی فت پ، سک ک۔ امذ۔ رک **پَنچھی**۔

پَکلا فت پ، سک کَ۔ امذ۔ پاؤں کی انگلیوں کی گھائیوں کا زخم جو رطوبت اور میل کے باعث ہو جاتا ہے۔

پَکْنا فت پ، سک ک۔ **پَکانا** کا لازم؛ پُختہ رسیدہ ہونا۔ مرکب، **آبلہ/ زخم پکنا**، بھرائی پر آنا، پیپ پڑنا؛ **فَصل/ کھیتی پکنا**، کٹائی کے قابل ہونا، **کِھچڑی پکنا**، باہم مشورہ یا سازش ہونا۔

پَکْوان فت پ، سک ک۔ امذ۔ کڑاہی میں تلی ہوئی کھانے کی چیزیں، پھلکیاں، گلگلے وغیرہ۔

پَکھاڑی فت پ۔ امث۔ چھت کو سہارنے والی قینچی نما بلّیوں کے اوپری سروں کو ملانے والی لکڑی، بلّی یا تختہ۔

پکھال فت پ۔ امث۔ بیلوں پر لاد کر لے جائی

جانے والی دوہری بڑی مشک؛ کھال کی بنی ہوئی دھونکنی۔

پُکھراج ضمہ پ، سک کھ۔ امذ۔ ایک قیمتی نگینہ جو مختلف رنگوں میں ہوتا ہے، عموماً زردی مائل سفید، یاقوت اصفر، یاقوت زرد، (ع: بسراق؛ لاط: Topagio)۔

پَکھرَوٹا فت پ، سک کھ، و لین۔ امذ۔ چاندی سونے کا ورق، کپڑوں پر پنّی کا کام۔

پَکھوا فت پ، سک کھ۔ امذ۔ پہلو، سہارا، مدد۔

پَکھوائی فت پ، سک کھ۔ امذ۔ دالان کے پاکھوں کے سہارے لگا ہوا آدھا ستون جس کا سپاٹ حصہ پکھوے کے ساتھ ملا رہتا ہے اور ابھرا حصہ در کی طرف۔

پَکَھوٹا فت پ، و لین۔ امذ۔ شہپر۔

پَکھیرُو فت پ، ے مج، و مع۔ امذ۔ پرندہ، پنچھی۔

پَکھیو فت پ، سک کھ، و مج۔ امذ۔ وہ گڑ، سونٹھ ملا چارہ جو بھینس کو بچّہ دینے کے بعد ہفتہ بھر تک دیا جاتا ہے۔

پَگ (۱) فت پ۔ امذ۔ پانو، قدم۔ امث۔ **پَگڈَنڈی** راستے کا پتلا لمبا نشان جو لوگوں کے آنے جانے سے بن جائے، اور جہاں صرف پیدل چل سکیں، لیکھ، **پَگ گَرَک** بنوٹ کا وار جس سے ٹخنہ بیکار ہو جاتا ہے، رک: **کَرَکی**۔

پَگ (۲) فت پ۔ امث۔ پگڑی، دستار، صافہ۔

پَگا فت پ۔ امذ۔ جانور کے پچھلے پیروں میں باندھی جانے والی رسّی، مثل **آگے ناتھ نہ پیچھے پَگا**۔ آزاد، فارغ البال، بے اہل و عیال آدمی کی نسبت کہا جاتا ہے۔

پَگار فت پ۔ امث۔ تنخواہ؛ لپائی یا چنائی کرنے کا گارا، اوٹ کی دیوار یا چار دیواری؛ پگڈنڈی۔

پَگانا فت پ۔ ف م۔ شیرے میں ڈبونا، شکر چڑھانا، غلافنا، (مٹھائی وغیرہ کے لیے مستعمل)۔

پَگاہ فت پ۔ امذ۔ صبح، فجر، تڑکا۔

پَگرانا فت پ، سک گ۔ ف ل۔ جانوروں کا جُگالی کرنا، نیز **پَگلانا**۔

پَگَر بیڑا فت پ، سک گ، ے لین۔ امذ۔ گنے کا اونٹایا ہوا رس جس سے راب بنتی ہے۔

پَگّڑ فت پ، شد فت گ۔ امذ۔ بڑا سا صافہ، مُنڈاسا، نیز **پَگڑا**، تصغیر **پَگڑی** دستار، صافہ؛ مضمون کی سُرخی، جلی عنوان؛ وہ رقم جو مالک مکان کرایہ دار سے کرائے کے علاوہ قبضہ دینے کے لیے طلب کرے۔ محاورہ **پَگڑی اُتارنا** ذلیل کرنا، نیز **پَگڑی اُچھالنا**، مذاق اُڑانا، بے عزت کرنا۔ **پَگڑی بَدلنا**، بھائی بنانا۔ **پَگڑی پھیرنا** بھائی چارہ ترک کرنا، عداوت پر اُتر آنا۔

پَگلا فت پ، سک گ۔ امذ۔ پاگل، دیوانہ، سڑی۔

پُگنا ضمہ پ، سک گ۔ ف م۔ مکمل کرنا؛ (کبڈی وغیرہ) کھیل کے دونوں فریقوں کا اپنے اپنے ساتھیوں کو نام پکار کر چُننا۔

پِگھلانا کس پ، سک گھ۔ ف م۔ کسی سخت یا جمی ہوئی شے کوگرمی پہنچا کر نرم کرنا یا رقیق بنانا ف ل۔ **پِگھلنا** نرم پڑنا، ضد یا سرد مہری ترک کرنا۔

پَل (۱) فت پ۔ امذ۔ لمحہ، وقت کی مختصر اکائی، منٹ کا ساٹھواں حصہ؛ تول کی مختصر اکائی، تولے کا ۱۰۰واں حصہ؛ دھان کا سوکھا ڈنٹھل؛ پلک کی تخفیف **پَل مارنا**، پلک جھپکانا۔

پَل (۲) فت پ۔ امذ۔ سِل، پتھر، چکی کا پاٹ۔

پَلنا فت پ، سک ل۔ ف ل۔ پرورش پانا، بڑھنا، پروان چڑھنا؛ کسی ترکاری یا پھل کا ضرورت سے زیادہ گل جانا۔ ف م: **پالنا**، پرورش کرنا۔

پِلنا کس پ، سک ل۔ ف ل۔ ادبدا کے یا زور و

شدت کے ساتھ کسی کام کی طرف جھک جانا؛ کسی پر چڑھ جانا، حاوی ہونا، دبا لینا، نیز **پِل پڑنا**، چڑھ دوڑنا۔

پُل (۱) ضمہ پ۔ امذ۔ پانی یا گھاٹی یا کسی راستے یا نشیب کو اوپر سے لانگنے یا عبور کرنے کے لیے پاٹا یا بنایا ہوا راستہ۔ **پُل/ پُل صراط**، مذہبی روایت کے مطابق، وہ بال کی طرح باریک پُل جس پر سے قیامت کے دن خلقت گزرے گی اور نیک لوگ بآسانی گزر سکیں گے۔ تص مث **پُلیا**۔

پُل (۲) ضمہ پ۔ امذ۔ چمڑے کا بڑا ڈول، نیز **پُر** (رک)۔

پَلا فت پ۔ امذ۔ کسی گھرے ظرف سے تیل ناپ کر نکالنے کے لیے ڈنڈی دار کٹورا جس کی ڈنڈی عمودی اور اوپر سے مُڑی ہوتی ہے تاکہ انگلی سے تھامی جا سکے۔ تص مث **پَلی**۔

پلاّ (۱) فت پ، شد ل۔ امذ۔ دوپٹے کا آنچل؛ کرتے یا چادر وغیرہ کا دامن؛ ترازو کا پلڑا؛ مزدور کا سامان ڈھونے کا تھیلا یا چادر؛ فاصلہ، دوری، مسافت م: در سے دالان تک بیس گز کا پلا ہے؛ تیر کی زد یا مار کی حد؛ چوڑائی، پھیلاؤ، جولاہے کا ایک اوزار، راچھ، گلّا، تین من کا وزن، نیز رک: **پلّہ**۔

پَلّا (۲) فت پ، شد ل۔ امث۔ دریائے سندھ کی چپٹی مچھلی جو سمندر سے دریا میں آتی ہے۔

پِلّا کس پ، شد ل۔ امذ۔ کتّے بھیڑیے وغیرہ کا بچہ۔

پَلارک فت پ ر۔ امث۔ فولادی تلوار۔

پَلاس (۱) فت پ۔ امذ۔ کمبل، کملی، گلیم۔

پَلاس (۲) فت پ۔ امذ۔ ڈھاک کا پیڑ (لاط: Butea Frondosa)۔ نیز **پَلاسا**۔

پَلاس (۳) فت پ۔ امذ۔ زنبور، سُنْبی، کِیل اکھاڑنے کا اوزار، اَنْبر دست (انگ: Pliers کی تورید)۔ نیز **پِلاس** (کس پ)۔

پِلپِلا کس پ، سک ل۔ صف۔ دبانے سے پچک جانے والا، اندر سے نرم، گدگدا، ڈھیلا۔ ف م۔ **پِلپِلانا** دبا دبا کر نرم کرنا، گھلانا، اکیف مث **پِلپِلاہَٹ** مث **پِلپِلی** (پھبتی) **پِلپِلی ٹھیکری** پیڑو؛ **پِلپِلی صاحَب** انگریزی کپڑوں میں ڈھیلا ڈھالا دیسی آدمی یا کرنٹا۔

پَلْتھا فت پ، سک ل۔ امذ۔ غوطہ خور کا قلابازی کھانا۔

پَلَٹ فت پ ل۔ امث۔ پَلٹنا کا حاصل مصدر۔ صف۔ پلٹنے والا م: **وِلایَت پَلَٹ** جو دیسی آدمی انگلستان یا یورپ سے ہو آیا ہو؛ **تان پلٹا**، گانے والے کا سرگرم کو اُلٹا دوہرانا، اونچے سروں سے نیچے سروں پر آنا۔

پَلْٹا فت پ، سک ل۔ امذ۔ لَوٹنے کا عمل؛ یکسر تبدیلی، انقلاب؛ قلابازی؛ کُشتی کا ایک داؤ، گانے والے کی تان کا اُتار چڑھاؤ۔ ف مر **پَلٹا کھانا** اُلٹ جانا۔

پَلَٹنا فت پ، ل، سک ٹ۔ ف ل۔ واپس آنا، لَوٹنا، بدل جانا، پھر جانا، پہلو بدلنا، اوندھا ہو جانا؛ الٹے سے سیدھا یا سیدھے سے اُلٹا کرنا یا ہونا؛ بدل دینا، تبدیل ہیئت کرنا۔

پُلج ضمہ پ، کس ل۔ امث۔ زمین جو ہر فصل میں بوئی جاتی ہو۔

پِلچنا کس پ، فت ل، سک چ ف۔ گتھم گتھا ہونا۔

پَلَرّ فت پ، شد فت ل۔ امذ۔ تہ در تہ پٹیوں سے بنائی ہوئی آہنی کمانی کی کوئی پٹی۔

پَلڑا فت پ، سک ل۔ امذ۔ ترازو کا پَلا، رک **پَلا**۔

پَلِشت فت پ، کس ل، سک ش۔ صف۔ پلید، ناپاک۔ اکیف مثہ **پَلِشتی** (ف: پَلشت)۔

پَلک فت پ ل۔ امث۔ آنکھ کے پپوٹوں پر بالوں کی جھالر یا اس میں سے کوئی بال، مژگاں، ہُدب، آہداب۔ صف **پَلک دَنْتا** وہ ہاتھی جس کے دانت اوپر کی طرف، کُھلی آنکھ کی پلک کی طرح خم کھائے ہوئے ہوں، زیر دَنتا کی ضد۔ **پَلک نَواز** نہایت سخی، ذرا سی بات پر نہال کر دینے والا، **پَلک مُتنا** جلد رو دینے والا، نیَن مُتنا۔

پِلک کس پ، فت ل۔ رک: **پیلک**۔

پِلکا کس پ، سک ل۔ امذ۔ اَبلق، سیاہ و سفید کبوتر۔

پِلکی کس پ، سک ل۔ امذ۔ ایک دوغلی نسل کا کبوتر۔ رنگ عموماً لاکھی۔

پَلنا فت پ، سک ل۔ ف ل۔ پرورش پانا، نشوونما پانا، گزر بسر کرنا؛ پھل کا ضرورت سے زیادہ پک جانا۔

پُلندا ضمہ پ، فت ل، سک ن۔ امذ۔ بندھے یا لپٹے ہوئے کاغذوں کی گڈی، طبلق۔ مُٹھا، پوٹلا۔

پَلَنْگ (۱) فت پ، ل، غنہ۔ امذ۔ چارپائی یا مسہری۔ تص مث **پَلَنگڑی** بچّوں کے سونے کی چھوٹی چارپائی۔

پَلَنْگ (۲) فت پ، ل غنہ۔ امذ۔ چیتا جو سب سے تیز رفتار درندہ ہے۔ **پَلَنگِینَہ** چیتے کی کھال کی بنی ہوئی پوشاک۔

پَلّو فت پ، شد ل، و مع۔ امذ۔ دوپٹے یا چادر کا آنچل، نیز **پَلّا**۔

پِلّو کس پ، شد ل، و مع۔ امذ۔ کیڑا، کِرم۔

پَلوار فت پ، سک ل۔ امث۔ چھوٹے پودوں کو سردی اور نمی سے بچانے کے لیے بنائی ہوئی محفوظ جگہ؛ دھان کی کاشت کا ایک طریقہ جس میں پودوں کو بونے کے بعد پتوں وغیرہ سے ڈھک دیا جاتا ہے؛ باربرداری کی ایک ناؤ۔ امذ **پَلواری** کھویّا۔

پَلوان فت پ، سک ل۔ امث۔ ایک گھاس جو مویشیوں کے چارے میں استعمال ہوتی ہے۔ نیز **پَلّو** [س: پَلّو کونپل]۔

پَلوتا فت پ، ومع۔ امذ۔ بد دعا۔

پَلوتھی فت پ، و لین۔ امث۔ رک **پالتی**۔

پَلوٹا فت پ، و مج۔ صف۔ آہستہ چلنے والا، سست، مٹھا۔ ف ل: **پَلوٹنا** آہستہ چلنا۔

پَلوٹھا فت پ، و لین۔ صف۔ رک: **پہلوٹھی کا**۔

پَلورا فت پ، و لین۔ امذ۔ کسی جانور کا جوان پٹھا۔ مث **پَلوری**۔

پَلوَل فت پ، سک ل، فت و۔ امذ۔ ایک جنگلی درخت جس کی دو اقسام ہیں میٹھا پَلوَل اور کڑوا پَلوَل جو دواؤں میں مستعمل ہے، پھول پتلے پک کر سرخ (لاط: Trico santhus; Trico santhus Cucumerina)۔ نیز **پَٹوَل، پَترول**۔

پَلْہَنْڈا فت پ، فت مج مغ ل۔ (بروزن بَرَہْنَہ)۔ امذ۔ گھڑونچا۔

پَلی فت پ۔ امث۔ گھرے ظرف میں سے تیل گھی وغیرہ نکالنے کی ڈولچی جس کی ڈنڈی عمودی ہوتی ہے۔

پَلیت فت پ، ی مع۔ رک: **پَریت**۔

پَلیتا فت پ، ی مع۔ رک **فَتیلَہ**۔

پَلیھتَن فت پ، ے مج، فت تھ۔ امذ۔ پھوک، چورا، ملیدہ،کُچلی مسلی ہوئی شے؛ آٹے کی بھوسی؛ نشاستہ نکالنے کے بعد بچنے والا بھوسی کا لُکدایا بیکار جُز؛ مجازاً؛ بیکار بے مصرف شے، **پَلیتھن نِکال دینا**، کُچلا کر دینا، بے حال کر دینا۔

پَلید فت پ، ی مع۔ صف۔ ناپاک، نَجس، گندا؛ خراب، قابل نفریں۔

پَلیکا فت پ، ی مع۔ امذ۔ (موسیقی) اول و آخر بلمپت لے کے درمیان دُرت لے یا اس کے برعکس

ترتیب۔

پُمبئی ضمہ پ، سک م، فت ب۔ امذ۔ ایک قسم کی ڈھولچی جس کے ایک طرف کھال منڈھی ہوتی ہے اور دوسری طرف لکڑی جسے چوب سے رگڑ کر آواز پیدا کرتے ہیں۔

پَمپَت فت پ، سک م، فت پ۔ امث۔ چھیڑ چھاڑ، نوک جھوک۔

پَمَّن فت پ، شد فت م۔ امذ۔ گیہوں کی ایک قسم جو سب سے عمدہ شمار کی جاتی ہے۔

پَن (۱) فت پ۔ عدد۔ پانچ کی تخفیف مرکبات میں مستعمل، م: **پَن سُورَہ** (ر) قرآن شریف کی پانچ سورتیں یکجلد، **پَن سُول**، (ومع) پانچ نوکوں والا بلّم؛ **پَن سیرا/ سیری** (ے مج) پانچ سیر کا باٹ۔ **پَنْ شاخہ** پانچ بتیوں والی مشعل۔

پَن (۲) فت پ۔ بطور سابقہ پانی کی تخفیف م: **پَن آکال** بارش کی کثرت سے کھیتی کی خرابی **پَن بجلی** پانی کے بہاؤ سے کام لے کر پیدا کی جانے والی برقی قوت۔ **پَن بھتّا** پانی میں اُبالے ہوئے میٹھے چاول **پَن تالا** پانی کے بہاؤ کو حسب ضرورت روکنے یا جاری کرنے کے لیے بنایا ہوا پٹ؛ **پَن توڑ** پانی کے بہاؤ کو توڑنے یا روکنے کے لیے بنا ہوا پشتہ [انگ: Breakwater]۔ **پَن چکّی** بہتے ہوئے پانی کے زورسے چلنے والی (آٹا پیسنے کی) مشین۔ **پَن چور** **پَن توڑ** پانی کے بہاؤ کو حسب ضرورت روکنے یا جاری کرنے کے لیے بنایا ہوابند سائفن، مائی سارقہ۔ **پَن چورا** (ومج) ایسا ظرف جس کے پیندے میں سوراخ ہوں، جب اس کا منہ بند کر دیں تو سوراخوں میں سے پانی نہیں گرتا۔ **پَن ڈُبّا** پانی میں ڈبکی لگا کر مچھلیاں پکڑنے والا پرندہ۔ **پَن ڈُبّی**، آبدوز کشتی؛ ایک مرغابی؛ **پَن ڈیاس** ایک بڑی نسل کی نیلگوں کمر اور چوڑے منہ کے چھلکار مچھلی جس میں مہین کانٹے نہیں ہوتے۔ **پَن روک** نشیبی سطح جس میں پانی کھڑا ہو جائے۔ **پَن سال** پانی کی گہرائی اور اتار چڑھاؤ دریافت کرنے کے لیے گاڑی ہوئی لکڑی یا آلہ۔ **پَن سُوآ** ماہی گیروں کی بڑی ناؤ۔ **پَن گدی** پانی کا بہاؤ روکنے کے لیے کھودا جانے والا گڑھا، **پَن گھٹ** پانی بھرنے کا کنواں یا نہر کا کنارہ۔ **پَن وَٹ** بجائی کے بعد کی سچائی؛ **پَنْہارا** پانی بھرنے والا۔ مث **پَنہاری/ پَنہارَن** نیز **پَنْہیارَن** (سک نہ)۔

پَن (۳) فت پ۔ لاحقہ۔ جو اسم کیفیت بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے م: **تیکھا پَن، دیوان پَن، شُہْد پَن** وغیرہ۔ نیز **پَنا** م: ڈھیٹ پنا، اناڑی پنا، سجّل پنا، مسکین پنا۔

پَن (۴) فت پ۔ امذ۔ عہد، دور، پہرا۔ م: جوانی کا پَن، **بَچپَن، بال پَن، اَدھیڑ پَن، کُنوار پَن**۔

پَن (۵) فت پ۔ امث۔ سرکار کے مالکانہ حقوق محفوظ رکھنے کے لیے زمین کے قابض پر عائد کیا جانے والا معمولی کرایہ؛ ایک قدیم معمولی سکّہ جس کی مالیت ۸۰ کوڑی تھی؛ ہندوانی عہد میں سونے کا ایک قدیم سکّہ۔

پَن (٦) فت پ۔ پان (رک) کا مخفف۔ م: **پَن کُٹّی۔ پَنواڑی**۔

پُن (۱) ضمہ پ۔ امذ۔ دان، بخشش، خیرات، ثواب کا کام؛ نیکی کا پھل۔

پُن (۲) ضمہ پ۔ امذ۔ مرد، نر بچّہ۔ امث **پُن شَکْتی** مردانگی، قوت مردمی، رُجولیت؛ **پُن لِنگ** مردانہ عضو تناسُل۔

پَنا فت پ۔ امذ۔ کپڑے یا تھان کا عرض، پاٹ، بَر۔

پَنّا (۱) فت پ، شد ن۔ امذ۔ زمرّد، سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

پَنّا (۲) فت پ، شد ن۔ امذ۔ دھات کا پتلا ورق۔ امث۔ **پَنّی**؛ زردوزی کے کام کا قطعہ؛ پَنّھا؛ جوتی کے تلے کے اوپر کا چمڑا یا قالبہ جل زیرہ، املی کا پانی۔
پِنّا کس پ، شد ن۔ امذ۔ روئی دھنکنے کا آلہ؛ دُھنکی سُوت کا گولا؛ سرسوں کے تیل کا پھوک۔
پُناکھ ضمہ پ۔ امذ۔ ایک پیڑ جس کے پتّے ناگ کے پھن سے مشابہ ہوتے ہیں، پھول سرخ۔ دُھروا (رک) کی ایک قسم۔
پُنّاگ ضمہ پ، شد ن۔ امذ۔ ایک سدا بہار اونچا پیڑ جس میں سرخ پھول لگتے ہیں؛ پھل گچھوں کی شکل میں لگتے ہیں جن کا تیل دواءً کام آتا ہے؛ سلطان چینک (لاط: Colophyllum Apetalum)۔
پَناہ فت پ۔ امث۔ اماں، تحفظ، بچاؤ؛ روک، آڑ؛ عافیت، امن کی جگہ؛ آماجگاہ، ٹھکانا۔ (مرکبات میں) وہ ذات جس میں کوئی چیز بطور خاص پائی جائے یا جس سے اس کو خاص نسبت ہو۔ م: رسالت پناہ، عظمت پناہ، (بطور کلمۂ استعجاب یا فجائیہ) م: خدا کی پناہ! **پناہ گاہ** جائے امن، عافیت کی جگہ نیز **پنہ گاہ/ پَنا گاہ**؛ **پناہ گُزین** اماں مانگنے والا، جو کسی آفت سے بچنے کے لیے آئے نیز **پناہ گیر**۔
پَنباہ فت پ، سک ن۔ امذ۔ معاملے کے تصفیے کے لیے پہلی قسط کی ادائگی کا دن یا اُس کا نوٹس۔
پَنبَہ فت پ، ن مثل م، فت بہ امث۔ روئی، کپاس، محاورہ **پَنبَہ اٹھانا** فرار ہونا۔ **پَنبَہ بگوش** جان بوجھ کر انجان بننے والا، نہ سننے کا بہانہ کرنے والا؛ **پَنبَہ پا** آہستہ چلنے والا۔ **پَنبَہ دہاں** خاموش۔ چپ سادھے ہوئے۔ **پَنبۂ محلوج** دُھنکی ہوئی روئی [ع: عِهن المَنفُوش]۔ صف **پَنبئی** روئی دار گرم لباس، دَگلا، خیمے کا پردا (وغیرہ)۔
پَنپنا فت پ ن، سک پہ ف ل۔ نشوونما پانا، سرسبز ہونا؛ سنبھلنا، گری ہوئی حالت سے بہتر حالت میں آنا۔
پِنْپِنانا کس پ، سک ن۔ ف ل۔ مہین، غِنغنی آواز میں بولنا۔ اکیف مثد **پِنپناہٹ**۔
پَنْتھ فت پ، سک ن۔ امذ۔ راستہ، مسلک، مشرب۔ صف۔ **پَنْتھی** کسی مسلک یا حلقے سے وابستہ، چیلا، پیرو۔ م: نانک پنتھی، کبیر پُنتھی۔
پَنْثار فت پ، سک ن۔ امث۔ کھیت کی نلائی۔
پَنْج فت پ، سک ن۔ عدد۔ پانچ (۵) امذ۔ **پنج تارا** پانچ پنکھڑیوں والا پھول، چنْبیلی۔ **پَنْجْتن** پانچ مقدس شخصیتیں، مراد: رسول اللہ صلعم، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ۔ **پنْج تولیا**، پانچ تولے کا ململ کا تھان۔ صف **پَنْج روزہ** عارضی، چند دن کا؛ **پَنْج سَر** پنجشاخہ مشعل نیز **پَنْجی**؛ **پَنْجْگانہ** پانچوں وقت کا، م: نماز پَنجگانہ؛ پانچ ارکان یا شقوں وغیرہ پر مشتمل۔ **پَنْج گنْج** ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پانچ روایتی خزانے صف **پَنْجُم** پانچواں نیز **پَنجُمیں**۔
پِنْجارا کس پ، سک ن۔ امذ۔ دُھنیا، ندّاف۔
پِنْجال فت پ، سک ن۔ امذ۔ پرندے کی بیٹ۔
پَنْجاہ فت پ، سک ن۔ عدد۔ پچاس (۵۰)۔ صف **پَنْجاہُم** پچاسواں، پچاسویں۔
پِنْجَر کس پ، سک ن، فت ج۔ امذ۔ ڈھانچا؛ پسلیاں۔ مرکب **اَنجَر پِنجَر** جسم کی ہڈیاں، جوڑ۔
پِنْجْرا کس پ، سک ن ج۔ رک؛ پنجرہ۔
پنجراپول (و مج) مویشیوں کا باڑا۔
پِنْجْرَہ کس پ، سک ن ج، فت ر۔ امذ۔ جانوروں کو بند رکھنے کا جالی یا سلاخوں دار خانہ؛ مجازاً؛ انسانی سینہ، قبر کا محجَر یا گِرد کھینچی ہوئی باڑھ۔
پَنْجْری فت پ، سک ن، ج۔ امذ۔ جہاز کے عملے

کا وہ آدمی جو مستول پر بیٹھ کر دیدبانی کرتا ہے۔
پِنْجنا کس پ، سک ن ج۔ ف م۔ جھالنا، جَھلائی کرنا، رانگ وغیرہ کا ٹانکا لگانا۔
پَنْجَہ فت پ، سک ن، فت ج۔ امذ۔ انگلیوں سے کلائی تک انسانی ہاتھ؛ پرندے کا پانْو، درندے کا ناخن دار پیروں کا سِرا؛ ہتھیلی اور انگلیوں کا نشان؛ جوتے کا اگلا حصہ جس میں پاؤں کی انگلیاں رہتی ہیں؛ پیٹھ کُھجانے کی چھڑی، پشت خار؛ مجازاً؛ گرفت، قابو م: **پَنْجۂ آہنی** مضبوط قبضہ، سخت گیر تسلط؛ **پَنْجہ کرنا/ لَڑانا**، حریف کے پنجے میں پنجہ ڈال کر کلائی موڑنے کے لیے زور آزمائی نیز **پَنْجہ کَشی**؛ صف **پَنْجَہ کَش**۔ امذ۔ **پَنْجۂ آفتاب/ خُورشِید** سورج کی کرنیں۔
پَنْجیری فت پ، سک ن، ی مع۔ امث۔ رَوے میں شکر، گوند، سونٹھ، میوہ، مکھانے ملا کر گھی میں بھون کر بنائی ہوئی سُوکھی بُھربُھری مٹھائی، اگر نرم رکھی جائے تو اسی کو سَٹورا کہتے ہیں۔ جو زچّہ کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔
پَنْچ فت پ، سک ن۔ امذ۔ ثالث، کسی قضیے کا فیصلہ کرنے کے لیے باہمی اتفاق سے مقرر کیا ہوا منصف یا فیصلہ کرنے والی ٹولی (پنچایت) کا شریک۔
پَنْچ بَھوت فت پ، سک ن، فت بھ و۔ [بروزن بَھَرت]۔ امذ۔ حواسِ خمسہ،نیز **پَنْچ تَتْو** (فت ت، سک ت)، **پَنْچ شَکَنْدْھ** (سک س، فت ک، ن)۔
پَنْچ نَکھ فت پ، سک ن، فت ن۔ کوئی جانور جس کے ایک پیر میں پانچ ناخُن ہوں، یہ منحوس خیال کیا جاتا ہے اور ہندوؤں میں ایسے جانور کا گوشت کا کھانا ممنوع ہے۔ قب: **بِیسا** (جس کے چاروں پیروں میں ملا کر بیس ناخن ہوں)۔
پَنْچال فت پ، سک ن۔ امذ۔ عالم، فاضل؛ گیانی، ماہر، دانا۔ صف **پَنْچالی** تیز، طرّار، شاطر۔ امث: شطرنج یا چوسر کی بساط۔
پَنْچایَت فت پ، سک ن، فت ی۔ امث۔ ثالثی، ثالثوں کی ٹولی؛ مشورہ، مجلس مشاورت۔
پَنْچَم فت پ سک ن، فت چ۔ صف عددی۔ امذ۔ پانچواں؛ سرگم کا پانچواں سُر (پا) جو قائم سُر ہے یعنی اس کا کومل سر نہیں ہوتا۔
پَنْچَمی فت پ، سک ن، فت چ۔ امث۔ چاند کی پانچویں تاریخ۔
پَنْچولی فت پ، سک ن، و لین۔ امث۔ پنچایت کے ذریعے جھگڑا چکانے کا دستور؛ منصفی، انصاف پسندی۔
پِنْچی کس پ، سک ن۔ امث۔ گیڑی کے کھیل میں استعمال ہونے والی چھوٹی لکڑی، بڑی یا وَنچُو کی ضد۔
پَنْچیت فت پ، سک ن، ے مج۔ امث۔ سیلابی مٹی کی وہ تہ جس میں کوئلے کی آمیزش نہ ہو، لیکن نباتی اجزا شامل ہوں۔
پَنْچھالا فت پ، سک ن۔ امذ۔ پھولا ہوا پھپولا جس میں رطوبت بھری ہو۔
پُنْچھلّا ضمہ پ، سک ن، فت چھ، شد ل۔ امذ۔ گُڈی کی دم میں جُڑا ہوا کاغذ کا پُھندنا، دُم چَھلّا؛ طفیلی۔ نیز **پُنْچھالا**۔
پَنْچھی فت پ، سک ن۔ امذ۔ پرندہ، طائر۔
پَنْد فت پ، سک ن۔ امذ۔ نصیحت، نیک صلاح۔
پِنْدار کس پ، سک ن۔ امذ۔ غرور، گھمنڈ۔ نیز **پِنْداشْت**۔
پَنْدْرَہ فت پ، سک ن، فت ر۔ عدد۔ دس اور پانچ (۱۵) صف **پَنْدَرْھواں** (سک رھ)۔
پِنْڈْلی کس پ، سک ن د۔ امث۔ ایک پہاڑی خوشبو دار بوٹی جس کا پھل چکنی ڈلی سے مشابہ

ذائقے میں ملہٹی سے ملتا ہوا اور نہایت خوشبو دار ہوتا ہے۔ نیز **پُنَڈَرِیا** (ضمہ مغ پ، فت ڈ)۔

پِنڈ (۱) کس پ، سک ن۔ امذ۔ جسم، بدن، نیز **پِنڈا**۔

پِنڈ (۲) کس پ، سک ن۔ امذ۔ گانو، بستی۔

پَنڈا فت پ، سک ن۔ امذ۔ علم گیان؛ نیز **پانڈا** کی تخفیف، مندر میں پوجا کرانے والا پُجاری۔ قب **پَنڈِت**۔

پِنڈا کس پ، سک ن۔ امذ۔ رک **پِنڈ** (۱)؛ (۲) چاول یا تل کے لڈو جو ہندووٗں میں مرے ہوئے عزیزوں کے نام پر چڑھائے اور بانٹے جاتے ہیں۔

پِنڈار کس پ، سک ن۔ امذ۔ ایک پودا جس کا پھول سفید خوشبودار ہوتا ہے اوربعد میں زرد ہو جاتا ہے، ناگدوَن (لاط: Crinum deflexum)۔

پِنڈال کس پ، سک ن۔ امذ۔ بہت بڑا چھتر یا شامیانہ، چھائی ہوئی جگہ، جلسے یا تماشے کے لیے تانا ہوا تنبو۔

پِنڈالو کس مغ پ، و مع۔ امذ۔ رَتالوکی ایک قسم جو سرخ کی بجائے سفید ہوتی ہے(لاط: Trewia Nudiflora)۔

پَنڈت فت پ، سک ن، کس ڈ۔ امذ۔ برہمن، دھرم، شاستروں کا عالم۔ مث **پَنڈِتانی**، **پَنڈ تائن**۔ اکیف **پنڈ تائی** علمیت، پنڈت کا منصب یا مقام۔

پِنڈ تگر کس پ، سک ن، فت ت گ۔ امذ۔ تگر کی ایک قسم، ایک خوشبودار لکڑی، ذائقہ کڑوا (لاط: Tafenaemontana Coronaria)۔

پِنڈُخی کس پ، سک ن، ضمہ ڈ۔ امث۔ فاختہ کی ایک چھوٹی قسم۔ نیز **پِنڈُک**۔

پِنڈ کھجور کس پ، سک ن ڈ، فت کھ، و مع۔ تازہ کھجور، خُرمائے رطب۔

پِنڈلی کس پ، سک ن ڈ۔ امث۔ ٹخنے سے گھٹنے تک ٹانگ کا حصہ، ساق۔ **پنڈلی بند** رک: **پٹّیاں**۔

پِنڈَول کس مغ پ، و مج۔ امث۔ امذ۔ ایک طرح کی چکنی سونْدھی، مٹی جس سے دیہات میں لپائی پُتائی کی جاتی ہے۔

پَنڈھلانا فت پ، سک ن، ڈھ۔ ف م۔ گھیرنا، باندھنا،تسخیر کرنا۔

پُنَر ضمہ پ، فت ن۔ بطور سابقہ، بمعنی دوبارہ، مکرّر م: **پُنَر بَھَو** (فت بھ، سک و) دوسرا جنم۔ **پُنَر مِلَن** دوبارہ ملاقات، بازدید۔

پَنسار فت پ، سک ن۔ امذ۔ رک: **پَن**؛ سطح کی ہمواری کو جانچنے کا معماری کا آلہ جس میں پانی بھرا ہوتا ہے اور اُس کی سطح پر ایک بُلبُلہ تیرتا ہے۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ نیز **پَنسال**۔

پَنسارا فت پ، سک ن۔ امذ۔ خوردہ فروشی کا کاروبار، **پَنساری** گھریلو ضروریات کا سامان بیچنے والا دوکاندار۔

پَنسال فت پ، سک ن۔ امث۔ پانی کی مقدار یا بہاوٗ ناپنے کا آلہ؛ سطح کی ہمواری جانچنے کا آلہ جس میں پانی کا بُلبُلا ڈھال کا پتہ دیتا ہے، **پَن سار**۔

پِنک کس پ، فت ن۔ رک: **پِینک**۔ صف **پِنکی** نشے کے عالم میں؛ افیونی۔

پَن کُٹّی فت پ، سک ن، ضمہ ک، شد ٹ۔ امث۔ دھات کی چھوٹی سی کھرل جس میں بے دانت کے لوگ پان چھالیہ کُچل کر کھاتے ہیں۔

پَنکھ فت پ، غنہ۔ امذ۔ شہپر، بازو، پَنکھا۔

پَنکھا فت پ، غنہ۔ امذ۔ جسم کو ٹھنڈک پہنچانے یا کسی اور مقصد سے ہوا میں حرکت پیدا کرنے کا دستی فرشی یا مشینی آلہ، تص مث: **پَنکھیا**، چھوٹا دستی پنکھا۔

پَنکھڑی، فت پ، غنہ، سک کھ۔ امث۔ پھول کی پتّی۔

پَنک فت پ، غنہ۔ اسم جنس۔ رینگنے والا جانور جیسے سانپ،کنکھلائی؛ زمرد۔

پِنگا کس پ، غنہ۔ صف۔ جس کی پنڈلیوں میں خم ہو۔ مث پِنگی نیز ٹیڑھی پنڈلی۔

پَنگُل فت پ، غنہ، ضمہ گ۔ امذ۔ نقرئی گھوڑا، سفید چمکدار بالوں والا۔

پِنگَل کس پ، غنہ، فت گ۔ امذ۔ علم عَروض، ہندی شاعری کے اوزان و قواعد کا ضابطہ۔

پِنگُورا کس مغ پ، و مع، کس پ، غنہ، ومع۔ امذ۔ بچے کا گہوارہ، پالنا، جُھولا، نیز پَنگُورا۔

پَنگھٹ فت پ، سک ن گھ۔ امذ۔ پانی بھرنے کا مقام، کنُواں یا گھاٹ، بہتے پانی کا کنارہ۔

پَنمار فت پ، سک ن۔ امذ۔ وہ نشیبی زمین جہاں پانی مرتا اور فصل کو نقصان پہنچاتا ہو۔

پَن مَلّا فت پ، سک ن، فت م، شد ل۔ امث۔ پان کی باڑی۔

پِننا کس پ، سک ن۔ ف م۔ روئی دُھننا، بنولے روئی سے دُھنک کر الگ کرنا۔

پُننا ضمہ پ، سک ن۔ ف م۔ چُن چُن کر عیب نکالنا، بُرائیاں کھول کھول کر بیان کرنا۔م: باپ دادا، تک کو پُن کر رکھ دیا۔

پَنواڑا فت مغ پ۔ (بروزن گوارا) امذ۔ مدحیہ فخریہ نظم جس میں خاندان کی بڑائی اور کارنامے بیان کیے جائیں، پَنواڑیا بھاٹ، قصیدہ خواں۔

پَنواڑ فت مغ پ۔ امذ۔ ایک گز بھر اونچا پودا، پتے چھوٹے مخروطی جو رات کو آپس میں جُڑ جاتے ہیں؛ پھول پیلا؛ پھلیاں نصف بالشت کے برابر جن میں موٹھ کے برابر سخت دانے،(لاط: Cassiatora)۔

پَنواڑی فت پ، سک ن۔ .مذ۔ پان بنا کر بیچنے والا، تنبولی، امث۔ پَنواڑن۔

پَنوت فت پ، سک ن، فت و۔ امذ۔ مرتب فہرست۔ اشاریہ، انڈیکس۔

پُنَہ ضمہ پ، فت ن۔ امذ۔ ایک چھوٹا پودا از قسم کِندر، چمرور(لاط: Ehertias)۔

پَنہا فت پ، سک ن۔ صف۔ گرا پڑا، معمولی، ادنیٰ (عموماً جانور، پرندہ وغیرہ) [اصلاً پَن]۔

پِنہاں کس پ، سک ن،غنہ۔ صف۔ چُھپا ہوا، پوشیدہ، پردے میں، اوجھل، صف پِنہانی خفیہ۔

پَنہانا فت پ، سک ن۔ ف م۔ دودھ دوہنے سے پہلے تھنوں کو دھونا یا مَلنا۔ ف مر: پَنہا آنا دودھ اُترنا۔

پَنّی فت پ، شد ن۔ امث۔ رانگ یا کسی دھات کو کوٹ کر بنایا ہوا چمکیلا ورق یا پترا۔

پَنیا فت پ، سک ن۔ صف۔ پانی سے متعلق یا منسُوب م: پَنیا سانپ، پَنیا سوت پانی کا سوتا یا نالی۔ حاورہ: پَنیا سوت کرنا، خندق باولی وغیرہ میں پانی کا دھارا پہنچانا؛ پَنیا نَمک نمکین پانی کو سکھا کر نکالا ہوا نمک۔

پِنیا کس پ، سک ن۔ امث۔ تِلوں وغیرہ کا پھوک، کھلی، سُفل۔ نیز پِنیاک۔

پَنیَر فت پ، سک ن، فت ی۔ صف۔ پانی بھرا، شرابور، پنھیایا۔

پَنیر فت پ، ی مع۔ امذ۔ دودھ کو پھاڑ کر اس کا پانی نتھار کر بنائی ہوئی چکنی غذائی شے جو ایک خاص قسم کے جراثیم کے عمل سے تیار ہوتی ہے، جُبن؛ کَھنّے کے چھلکے کا اندرونی کا گودا۔

پَنیری فت پ، ی مع۔ امث۔ بوئے ہوئے بیجوں سے پھوٹی ہوئی ننھی پود جو دوسری جگہ منتقل کرنے کے لیے اُگائی جائے پَنیر (ے مج)۔

پُنَیہ ضمہ پ، سک ن، فت ی۔ امذ۔ ثواب کا کام رک: پُن۔

پِنھانا کس پ۔ ف م۔ رک: پہنانا۔

پنھاوْنی کس پ، سک و۔ امث۔ لباس، پہناوا؛ شادی پر عزیزوں کو تحفتہً دیا جانے والا جوڑا۔

پَنہَتّر فت پ نھ، شد فت تـ۔ امذ۔ اِنجر پِنجر، کل پُرزے، محاورہ پَنہَتر بِگاڑنا، انجر پنجر ڈھیلے کرنا، حُلیہ بگاڑنا۔

پُنہَر ضمہ پ، فت نھ۔ (بروزنِ خُسَر) امذ۔ چاندی کا مَیل جس میں کچھ چاندی کے ذرّے موجود ہوں۔

پَنْھیارا فت پ، سک نھ۔ امذ۔ کُنویں یا باولی، نہر وغیرہ سے پانی بھرنے والا۔ امث۔ پَنْھیاری پانی بھر کر لے جانے والی، نیز پَنْھارا، پَنْھاری۔

پَنْھیانا فت پ سک نھ۔ ف ل۔ پسیجنا، تر ہونا؛ ضرورت سے زیادہ رطوبت جذب کر لینا۔ صف پَنْھیایا مث پنْھیائی م؛ پَنھیائی کھچڑی، روٹی۔

پَو (۱) و لین۔ امث۔ تڑکا، صبح کی سفیدی ف مر؛ پَو پھَٹْنا، رات کا اندھیرا چھَٹنا۔ صبح کا اُجالا دکھائی دینا۔

پَو (۲) و لین۔ امث فائدہ، نفع، چوسر کے کھیل میں کوڑیوں کے پانسے کا موافق صورت میں پڑنا جس سے ایک گوٹ بساط پر بٹھانے یا ایک خانہ زائد چلنے کا حق ہو جاتا ہے۔ پَو بارَہ ہونا، بڑے فائدے میں رہنا۔ پَو بارَہ پھینَکنا/ چَلنا داؤ لگانا، عیاری سے کام لینا، کامیاب چال چلنا۔ [اصلاً پَو+وارا = نفع]۔ امذ پَو چھکا جوئے بازی۔

پَو (۳) ولین۔ امث۔ مسافروں کے آرام کی سایہ دار جگہ، جانوروں کے پانی پینے کی جگہ؛ پیال پیاؤ، نیز پَو سالہ/ پَوشالہ۔

پَو (۴) و لین۔ پاؤ کی تخفیف م؛ پَوسیرا، پاؤ سیر کا باٹ یا ناپ کا ظرف پَو قَدما دھیمی چال سے چلنے والا (عموماً گھوڑے کے لیے)۔

فت پ، شد د۔ امذ۔ پاؤ سیر کا بٹا، چوتھائی مقدار کی بوتل؛ نیچے قد کا بیل، اینٹ یا پتھر کا چھوٹا ٹکڑا، کتّل، کسی چیز کا ایک چوتھائی حصہ۔

پوآ و مج۔ امذ۔ کسی جانور کا چھوٹا بچہ۔

پُوّاج ضمہ پ، شد و۔ ج مذ۔ پاجی لوگ، وضیع، ارزل (پاجی کا صیغۂ تفصیل بقاعدۂ عربی بروزن فُعّال)۔

پُوال ضمہ پ۔ امث۔ دھان کا بُھوسا یا سوکھے ڈنٹھل نیز پیال۔

پُوانا ضمہ پ۔ ف م۔ پھیلانا، مجازاً مشہور کرنا۔

پوَیک و مج، فت پ۔ امذ۔ ہُد ہُد کا ایک نام۔

پُوپْلا و مع، سک پ۔ امذ۔ چھوٹی روٹی، ٹکیا۔ [س؛ اپُوپ = روٹی]۔

پوپلا و مج، سک پ۔ صف۔ امذ۔ بے دانت کا مث۔ پوپلی ف ل۔ پوپلانا پوپلے منہ سے بولنا کہ بعض آوازیں صحیح مخارج سے ادا نہ ہو سکیں۔

پوپَلیا ومج، فت پ، سک ل (نباتیات) خلوی بافت کا بنا ہوا بیضدان۔

پُوت و مع۔ امذ۔ بیٹا، فرزند۔

پوت (۱) ومج۔ امذ۔ دس سال کی عمر کا ہاتھی۔

پوت (۲) و مج۔ امث۔ سوئی میں پرو کر کپڑوں میں جڑنے، ٹانکنے کے لیے شیشے کے مہین سوراخ دار موتی کی طرح کے دانے؛ بنارسی کام کا ریشمی کپڑا؛ تانے بانے کے تار۔ [س؛ پروت]۔

پوت (۳) ومج۔ امذ۔ کمی، خسارہ، نقص، ادھورا پن، محاورہ، پوت پورا کرنا، حساب برابر کرنا۔ [س؛ پروتھ = جنین،ادھوری چیز]۔

پوت (۴) و مج۔ امذ۔ لگان ، زمین کا محصول، نیز پوتا۔

پوت (۵) و مج۔ امث۔ گندگی، گوبر، پاخانہ، فضلہ، [س؛ پُوتک]۔

پوت (۶) و مج۔ امذ۔ پوتا، پوتی کی تخفیف، م؛ پوت بَہُو، پوت داماد۔ [س؛ پوتْر]۔

پوتا (۱) و مج۔ امذ۔ بیٹے کا بیٹا۔ مث پوتی۔
پوتا (۲) و مج۔ مونجھ کی کونچی جس سے پُتائی کرتے ہیں؛ پُتائی، پُچارا [س: پُشت]۔
پَوتر فت پ، سک و، سک ت۔ صف۔ پاک، صاف، متبّرک، مقدس۔ اکیف، مث۔ **پوتْرتا**۔
پُوتْران جِیوا و مع، سک ت، ی مع۔ امذ۔ انگدی سے ملتا ایک سخت لکڑی کا پہاڑی درخت جس کے بیجوں کا تیل دواؤں میں کام آتا ہے اور فقیر بیجوں کی مالا بنا کر بھی پہنتے یا بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے پہناتے ہیں [لاط: Putranjiwa Robhurgii]۔
پوتْڑا و مج، سک ت۔ امذ۔ شیر خوار بچوں کی رانوں میں باندھنے کا تکونا کپڑا جو پیشاب پاخانے کے بعد تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ **پوتڑوں کا رَئیس** امیر گھرانے کی اولاد۔
پوتْنا و مج۔ ف م۔ چُنائی پر مٹی، رنگ، چونا وغیرہ پھیرنا۔
پوتھ (۱) ومج۔ امث۔ رک **پوت** (۲)۔
پوتھ (۲) ومج۔ امث۔ کلائی کا ایک زیور؛ گلے کی ایک کنٹھی، قالین کی بافت میں ڈالا جانے والا کچے سوت کا ڈورا۔
پوتھی (۱) ومج۔ امث۔ کتاب پُشتک، بیجک۔
پوتھی (۲) امث۔ لہسن کی گرہ یا گانٹھ؛ جَڑوَندا، گول گٹھیلی جڑ [س: پُوتِکا]۔
پوٹ (۱) ومج۔ امث۔ گٹھڑی، بُقچہ، پلندا؛ چادر؛ ایک ساتھ بندھی ہوئی یا اکٹھی بہت سی چیزیں یا عدد (مکبّر) **پوٹْلا** بڑی گٹھڑی، تص مث۔ **پوٹلی، پُٹْلیا**۔
پوٹ (۲) ومج۔ امث۔ (کتابت)، اگلے صفحے کا پہلا لفظ جو پچھلے صفحے کے آخر میں یا یادداشت یا سلسلہ ملانے کے لیے لکھا جاتا ہے، ترک، رِکاب۔ پاورق۔ نیز رک **لَوٹ پوٹ**۔
پوٹا (۱) ومج۔ امذ۔ پیٹ، معدے کی تھیلی؛ پرندے کی سَنگدانے کی تھیلی جس میں وہ دانے وغیرہ چُن کر بھر لیتا ہے اور آہستہ آہستہ ہضم کرتا ہے **پوٹا ٹیکنا** (ے مج) پورا زور کسی کام میں لگا دینا۔
پوٹا (۲) و مج۔ امذ۔ جانور خصوصاً پرندے کا چھوٹا بچّہ، چینْچلا، چینگی پوٹا؛ لکڑی کا ٹکڑا، (چھپٹی)۔
پوٹا (۳) ومج۔ امذ۔ (تار کشی) تار کھینچنے کا جنتر۔
پوٹلا و مج۔ امذ۔ رک **پوٹا** (۱) مجازاً: کلیجا۔
پُوجا و مع۔ امث۔ پرستش، عبادت۔ مرکب عطفی **پُوجا پاٹھ** پوجا کی رسمیں ادا کرنا اور پوتھیوں کے اشلوک جپنا، عبادت اور وظیفہ۔ نیز ف م **پُوجْنا**۔ نیز **پُوجَن** ۔
پُوجّیہ و مع، شد کس ج، فت ی۔ صف۔ لقب، عزت مآب، محترم۔
پوچ و مج۔ صف۔ ادنیٰ، بے مقدار، ہیچ، لغو، لچر۔
پُوچھ و مع۔ امث۔ عزت، مان، پُرسش۔ مرکب **پُوچھ پاچھ/ پُوچھ تاچھ، پوچھ گچھ**۔ حرج، تفتیش، استفسار۔ ف م: **پُوچْھنا** سوال کرنا، دریافت کرنا، مزاج پرسی کرنا۔
پَود و لین۔ امث۔ ننھا پودا، پَنیری۔
پَودا و لین۔ امذ۔ نیا اُگا ہوا پیڑ؛ چھوٹا درخت؛ ڈوری، ڈور، سوئی کے کام میں پرویا جانے والا دھاگا۔
پَودَر و لین، فت د۔ امث۔ چھوٹی پگڈنڈی،پانْوں کے نشانوں سے بنا ہوا مختصر راستہ؛ رَہٹ کھینچنے والے بیلوں کا ڈھالو راستہ۔
پودْنا ف مج۔ امذ۔ ایک چھوٹا پرندہ جو پُھدک پُھدک کر چلتا اور زمین میں گنبد نما گھونسلہ بناتا ہے (لاط: Sylvia Olivacea)۔

پودِینَہ و مج، ی مع، فت ن- امذ- سبز رونگٹے دار بیضوی پتیاں جن کا ذائقہ کسی قدر تیز، جھنجھناہٹ پیدا کرنے والا ہوتا ہے- کھانوں میں نیز دواءً مستعمل- پودا ایک فٹ تک بلند، پھول سرخی مائل، پتیوں کے ست سے پیپر منٹ بنتا ہے-(ع: نعناع؛ لاط: Mentha Sylvestris)-

پُور (۱) و مع- امذ- بیٹا، اولاد نرینہ-

پُور (۲) و مع- امذ- پانی کا ریلا-

پُور (۳) و مع- امذ- بستی، آبادی، نیز **پُورہ** (پ، را، بروزنِ کُرہ)-

پور ومج- امث- جسم کے جوڑ- م: پور پور دکھ رہی ہے؛ انگلیوں کے سرے سے جوڑ تک یا جوڑوں کے درمیان کا حصہ جو قدرتی نشانوں سے ظاہر ہوتا ہے؛ گنے؛ بانس یا نرکُل کی ایک گانٹھ سے دوسری گانٹھ تک کا کوئی حصہ؛ دو نشانوں کے درمیان کا فاصلہ؛ ایک قدم کا فاصلہ- (خیّاطی) **پور دانی**، انگشتانہ- نیز **پوری** انگلی کی پور؛ بانس، گنے وغیرہ کا ایک گانٹھ سے دوسری گانٹھ تک کا ٹکڑا-

پُورا و مع- صف- مکمل، تمام، سالم، معیاری؛ بےکم و کاست-

پُورَب و مع، فت ر- امذ- مشرق؛ پہلا، پچھلا، سابقہ، زمانہ [س: پُوْرْوْ]- صف **پُوربک** سابق، پچھلا، گزشتہ- [س: پُورَوَک]- صف- **پُورَبی** پورب یا مشرق کی طرف کا؛ راگوں کا ایک ٹھاٹھ اور ایک راگنی جو کافی کے سروں کولوٹنے سے بنتی ہے-

پُورَبِیا (فت ر، سک ب، بروزنِ پُتلیا) ہند کے علاقے اودھ کی طرف کا آدمی،(خصوصاً برطانوی فوج کا سپاہی)-

پُورَم پُور و مع، فت ر- م ف- ٹھیک ٹھیک، بالکل درست، تمامتر-

پُورَن و مع، فت ر- صف- پورا، مکمل، مرکب: **پُورَن ماشی** چاند کی چودھویں تاریخ-

پُوڑنا و مع- ف م- بُننا، تاننا (جالی، جالا وغیرہ)-

پُوری و مع، صف- امث- پورا کی تانیث؛ آٹے یا میدے کی تلی ہوئی ٹکیا-

پُوڑیا و مع، سکِ ر- امث- مارروا ٹھاٹھ کی ایک راگنی-

پوڑ و مج- پود اور پنیری کے ذریعے کاشت، جو گنے وغیرہ کی کاشت کا عام طریقہ ہے-

پُوز و مج- امذ- تھوتھنی، گھوڑے کا منہ، **پُوز بَند** گھوڑے کے منہ پر چڑھانے کا چھینکا-

پوزش و مج- امث- معذرت، معافی چاہنا-

پُوس و مع- امذ- ہندی سال کا نواں مہینہ، دسمبر جنوری کے مطابق-

پوست و مج، سک س- امذ- کھال، چمڑی؛ چھلکا، بَکّل؛ خشخاش کا ڈوڈا، کوکنار- مرکب توصیفی **پوست پَرَست** سطحی نظر رکھنے والا جو بات کی تہہ کو نہ پہنچ سکے؛ لفظوں کو پکڑنے والا، **پوشت کَندہ** اصلی، سچی بات-

پوستی و مج، سک س- امذ- افیمی؛ سست کاہل، شخص -

پوستِین و مج، ی مع- امث- جانوروں کی کھال کا بالوں والا لباس، بالوں والی کھال کا ٹکڑا [ف: نیز عیب جوئی]-

پوسنا و مج- رک **پالنا** جس کا یہ تابع ہے-

پوشاک و مج- امث- لباس، جامہ، پوشش، پہننے کے کپڑے-

پوشِش و مج، کس ش- امث- لباس، چادر، ڈھانپنے کا کپڑا، غلاف، کتاب کی چولی-

پوشَہ و مج، فت ش- امذ- پھول کی کٹوری جس پر پنکھڑیاں جڑی ہوتی ہیں؛ مَسنَدِ گُل-

پوشِیدَہ و مج، ی مع، فت د- صف- چھپا ہوا،

خفیہ۔ اکیف مث۔ پوشِیدَگی صف پوشیدَنی چُھپانے یا تن ڈھانپنے، پہننے کے لائق۔

پوکا و مج۔ امذ۔ پودوں کا ایک کیڑا، جھانجا۔

پوکھر و مج، فت کھ۔ امذ۔ جوہڑ، تالاب۔

پُول و مع۔ امذ۔ پیسہ، نقدی۔

پول و مج۔ امذ۔ کھوکھلا پن، م: ڈھول کا پول اصل حقیقت جسے چھپایا گیا ہو؛ محاورہ کھلنا، کھولنا؛ صف پولا کھوکھلا، نرم، پلپلا۔

پُولا و مع۔ امذ۔ خشک ڈنٹھلوں کا بندھا ہوا گٹھا؛ پودوں کو دھوپ پالے وغیرہ سے بچانے یا دوسری جگہ لے جانے کے لیے باندھا ہوا سوکھی ٹہنیوں یا پھونس کا غلاف۔ امث پُولی۔

پولاد و مج۔ امذ۔ کیمیائی طریقے سے ڈھال کر مضبوط کیا ہوا لوہا، فولاد۔

پولکی و مج۔ امذ۔ پتلا ایک طرف سے سپاٹ نگینہ، پَرب، چابڑ۔

پَوَن فت پ و۔ امث۔ ہوا، باد، باد جھکڑ، جھونکا۔ مرکب مث پَوَن چکّی ہوا کی طاقت سے چلائی جانے والی آٹا پیسنے کی چکّی۔

پَون (۱) ولین۔ کسری عدد امذ۔ اکائی کی تین چوتھائی ۔ صف پَونا۔

پَون (۲) و لین۔ خبیث ارواح، بھوت، پریت؛ جادو کا عمل؛ جادو کی چھڑی؛ عامل کا موکّل یا جن جو اس کے تابع ہو۔ نیز پَون پائی پچھل پائی۔

پُونْجا و مع مغ۔ امذ۔ گٹھا، پُولا۔

پُونْجی و مع مغ۔ امث۔ دولت، سرمایہ، مال و متاع۔ صف۔ پُونْجی پَتی (فت پ) سرمایہ دار، دولتمند، پُونْجی وادی سرمایہ داری کا حامی۔

پُونْجا ولین مغ۔ امذ۔ پونے پانچ کا پہاڑا۔

پُونْچھ و مع، غنہ امث۔ دُم جو جانوروں کی پشت سے جڑی ہوتی ہے۔ صف پُونْچھار گھنی یا لمبی دُم والا۔ تص پُونْچھڑی (سک چھ) چھوٹی دُم؛ بیل کی دم میں ڈالا جانے والا حلقہ۔

پونْچھنا و مج، غنہ۔ ف م۔ صاف کرنا؛ کپڑا پھیرنا، نمی؛ سِیل یا مَیل یا کوئی آلائش دُور کرنا۔

پَونْڈا و لین مغ۔ امذ۔ موٹی قسم کا گنا، سبز ڈالی۔

پَونْڈر و لین، فت ڈ۔ امذ۔ پیلے رنگ کا گنا؛ گڑ بنانے والوں کی ایک قوم۔

پُونْگ و مع، غنہ امذ۔ ٹڈی کا بچہ جو انڈوں سے نکل کر آیا ہو۔ اس کا رنگ سیاہی مائل بھورا ہوتا ہے۔

پُونْگا (۱) و مع مغ۔ امذ۔ سیب کا کیڑا، کِرم صدف؛ گھونگا۔

پُونْگا (۲) و مع مغ۔ امذ۔ بانس کی کھوکھلی پور؛ بَھونْپُو؛ بِگل۔ مث پُونگی بانسری، سپیروں کا تونْبی اور بانس کی پوروں سے بنا ہوا مخصوص منہ سے پھونکنے والا باجا؛ تونْبڑی، مجیدی، بِین پونَگا ومج۔

پُونی و مع۔ امث۔ چرخا کاتنے کے لیے تِیلی لپٹی ہوئی روئی کے گالے کی بتّی۔

پُوہ پُوہ و مع، سک ہ۔ امذ۔ کلمۂ حقارت و نفریں۔

پَویرا فت پ، ے مج۔ امذ۔ ہاتھ سے بجائی کرنا پَویریا بجائی کرنے والا۔

پویا و مج۔ صف۔ دوڑنے والا، نیز پویَندَہ۔

پَہ فت پ۔ حرف۔ پر کی تخفیف نیز پہ (پے ے مج) اُوپر؛ مگر، لیکن۔

پَہ (۲) فت پ۔ حر ف تہجی۔ یونانی حروف تہجی کے ۲۳ ویں حرف (Ψ) کا اردو بدل جس کی اصل آواز پ س کی مخلوط آواز ہے، جیسے انگریزی لفظ Caps یا اردو لفظ لَپسی میں، یہ بطور علامت ریاضی کی ترقیمات میں استعمال ہوتا ہے۔

پَہارسیا فت پ، سک ر، کس س۔ امذ۔ ایک درخت جس کی لکڑی ڈرم یا پیپے بنانے کے کام آتی ہے۔ بیملا،

دِہامون [لاط: Grewia Vestite]۔

پَہاڑ فت پ۔ میدانوں کے مقابلے میں سطح سمندر سے اونچی اور اُبھری ہوئی پتھریلی زمین؛ چٹان؛ چٹانوں اور پتھریلی چوٹیوں کا سلسلہ، کوہ، جبل۔ (مجازاً) مشکل کام، بھاری بوجھ۔ صف نیز تص پَہاڑی پہاڑ کا رہنے والا؛ چھوٹا پہاڑ، چٹان؛ پہاڑ سے متعلق۔

پَہاڑا فت پ۔ امذ۔ اعداد ضربی کی رقمیں جو ریاضی کے سبق کے طور پر بچّوں کوزبانی یاد کرائی جاتی ہیں۔ مثلاً دو کا پہاڑا؛ دو ایکں دو ۱×۲ = ۲، دو دونی چار ۲×۲ =۴، دو تیئے چھ،وعلیٰ ہذالقیاس۔

پَہاڑوا فت پ، سک ڑ۔ امذ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچہ چبوترےیااونچائی پر سے نیچے اُترتا ہے اور دوسرے بچے اس کو پکڑنے یا چھُونے کی کوشش کرتے ہیں، اگر وہ چھونے سے پہلے واپس اوپر پہنچ جائے تو بچ جاتا ہے ورنہ "مرا ہوا" شمار ہوتا ہے یعنی کھیل سے خارج۔ نیز چُنّی مُنّی کا پہاڑوا۔

پہچان فت مج پ، سک ہ۔ امث۔ شناخت، نشانی، علامت، معرفت؛ نظر پرکھ۔ ف م۔ پہچاننا، جاننا، واقف ہونا، تاڑنا۔ ف م پہچنوانا (فت مج پ، فت چ، سک ن)۔

پَہچَل فت مج پ، فت چ۔ امث۔ قدموں کی چاپ۔

پَہَر فت مج پ ہ۔(بروزن خبر) امذ۔ دن یا رات کا چوتھائی حصّہ، چوبیس گھنٹے میں ۸ پہر شمار کیے جاتے ہیں۔

پَہرا فت مج پ، سک ہ۔ امذ۔ رک پہر؛ سنتری جو مقررہ وقت کے لیے تعینات کیا گیا ہو۔ نگہبانی، پاسبانی، چوکیداری۔

پَہَل (۱) فت مج پ ہ۔ امذ۔ روئی کا گالا یا چپٹا ٹکڑا، نمدے کا ٹکڑا۔

پَہَل (۲) فت مج پ ہ۔ امث۔ پیش قدمی، ابتدا۔

پَہَل (۳) فت مج پ ہ۔ امذ۔ پہلو کی تخفیف، گوشہ، کونا۔م: رومال کے ایک پہلو پر پھول، تین پہل سادے۔

پَہلا فت مج پ، سک ہ۔ صف عددی۔ اول، شروع کا،فائق، برتر؛ پُرانا، گزشتہ۔ امث۔ پَہلی۔م: پہلی منزل سفر آخرت کا پہلا مرحلہ؛ مراد قبر۔

پَہلَن فت مج پ، سک ہ، فت ل۔ امث۔ گائے بھینس وغیرہ کے بچہ دینے کے بعد کا دودھ، پیوسی، چھیج (ی مع)۔

پَہلُو فت مج پ، سک ہ، و مع۔ امذ۔ بازو اور سینے کے درمیان کی جگہ، بغل؛ کروٹ؛ گود، آغوش، سمت، رُخ؛ متصل یا برابر کا مقام، مکان کا ضلع؛ زاویہ، کونا؛ نقطۂ نگاہ۔ امث۔ پَہلُوتَہی (کسمج پ، فت ت) احتراز، گریز، کنارہ کشی۔

پَہلَوْ فت مج پ، سک ہ، فت ل۔ و ملفوظ۔ امذ۔ علم۔ شہر؛ نیز اصفہان کے علاقے کا قدیم نام، پَہلوی ایران کی قدیم زبان، پہلو سے منسوب؛ شہری، مہذّب باشندہ۔

پَہلَوان فت مج پ ہ، سک ل۔ امذ۔ کشتی لڑنے والا، قوی آدمی، سورما؛ موسیقی کا ایک ٹھیکہ۔

پَہلَوٹھا فت مج پ، سک ہ، و لین۔ صف۔ پہلی نرینہ اولاد،نیز پَہلَوٹھی کا امث پَہلَوٹھی کی۔

پَہَن فت مج پ، سک ہ۔ صف، امذ۔ وسیع، کشادہ، فراخ؛ وسعت سمائی نیز پَہنا امث پَہناوری، پَہنائی کشادگی، پھیلاؤ۔

پہنانا (۱) فت مج پ، سک ہ۔ رک۔ پَہننا جس کا یہ ف م ہے۔

پَہنانا (۲) فت مج پ، سک ہ۔ ف ل۔ گھوڑے کا مستی پر آنا۔

پَہناوا فت مج پ، سک ہ۔ امذ۔ لِباس، عام طور پر پہننے کے کپڑے، رِواجی پوشاک۔

پَہناؤنی فت مج پ، سک ہ، ومج۔ امث۔ کسی تقریب پر عزیزوں کو تحفتہً دیے جانے والے کپڑے۔ عام پنہاؤنی۔

پَہنْچ فت پ، ضم مج ہ، غنہ۔ امث۔ رسائی دسترس، وہ حد جہاںتک جانا ممکن ہو؛ اثر و رسوخ (نیز پَوں ہَنْچ، بروزنِ فَعَل، کَمَر)۔

پَہنْچا فت پ، ضم مج ہ، غنہ۔ امذ۔ کلائی، ساعد؛ ہتیلی اور کلائی کا جوڑ۔ نیز رک: پہنچنا۔

پَہنْچانا فت پ، ضم مج ہ، غنہ۔ ف م۔ رک: پَہنچنا جس کا یہ تعدیہ ہے۔

پَہنْچنا فت پ،ضم مج ہ، غنہ۔ ف ل۔ کسی جگہ تک آنا یا کسی جگہ یا حد تک جانا؛ وارد ہونا؛ نازل ہونا، رسید ہونا؛ منزل کو پانا؛ وصول ہونا؛ حاصل ہونا۔ نیز پَونْہَچْنا (و لین مغ، فت ہ، بروزنِ سَنبھلنا، سَنورنا) صف پہنْچا ہوا خدا رسیدہ ولی عارف۔ طنزاً بڑا عیّار۔

پَہنْچی فت پ، ضم مج ہ، غنہ۔ امث۔ کلائی کا ایک زیور جس میں عموماً بڑوں، گرہوں اور نگوں کی دوہری لڑی ہوتی ہے اور سِروں پر گھنڈی اور حلقہ۔ نیز پُونْہْ چی (بروزنِ مَہکی فعلی)۔

پَہِنْنا فت مج پ، ہ، سک ن۔ ف ل۔ بدن کے کپڑے، ٹوپی، جوتی یا زیور کو استعمال میں لانا۔ اوڑھنا، چڑھانا، ڈالنا، سر پر لینا، سجنا۔ ف م پَہنانا نیز پِنہانا۔ پہننے کے لیے دینا یا پہننے میں مدد کرنا۔

پَہیّا فت پ، کس ہ، شد ی۔ (بروزنِ مَیّا ۔ فِعلی) امذ۔ چرخی، چکّر، اپنے محور پر گول گھومنے والی شے، خصوصاً وہ جس پر گاڑی چلتی ہے۔

پَہیلی فت پ، ے مج۔ امث۔ تفریحی ذہنی آزمائش کے لیے پوچھا جانے والا پیچدار سوال یا کسی عبارت کا مطلب؛ بوجھ، مفہوم، جواب، حل بتانے کی فرمائش؛ بُجھاوَن، چیستاں، مُعمّہ؛ مبہم بات۔ افعال: بُجھانا، بوجْھنا، بُجْھوانا۔

پَئے فت پ، ے مج۔ م ف۔ واسطے، لیے، برائے؛ پیچھے عقب یا تعاقب میں م: پَئے تعمیلِ ارشاد؛ ایک کے بعد ایک م: جام پئے جام، لقمہ پئے لقمہ۔

پی امذ۔ ساجن، محبوب، شوہر، نیز پیا۔

پَے (۱) ے لین۔ امذ۔ قدم، پانو؛ پٹّھا، عصب؛ نشان، سراغ؛ گھوڑے کی کُونچ یا سُم سے ملے ہوئے ٹانگ کے پچھلے پٹّھے۔ صف پَے خُجستہ مبارک قدم، پَے سَپر پامال۔

پَے (۲) و لین۔ امث۔ عَقَب، پُشت، پچھاڑی۔ م ف: پَئے (ے مج) کے پیچھے، کے عقب میں؛ کے واسطے، کے لیے۔

پَے (۳) امث۔ نقص، خرابی؛ گنجائش اعتراض۔

پیا بانْسا کس پ، امغ۔ امذ۔ گز بھر لمبا، کانٹے دار پودا، جس میں سفید، زرد سرخ، یا نیلے پھول لگتے ہیں۔اسی لحاظ سے اس کی چار قسمیں ہیں۔ اس کا کوئلہ بارود میں آتش بازی وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔(لاط: Barleria prayuntis)۔

پَیا پَے فت پ، ے لین۔ م ف۔ لگاتار، متواتر، یکساں۔

پیادَہ کس پ، فت د۔ امذ۔ پیدل سپاہی؛ شطرنج کا مہرہ جو فِیل اور گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے، سیدھا چلتا اور آڑا وار کرتا ہے۔ پیادَہ پا بغیر سواری کے، پیدل۔

پْیار سک پ۔ امذ۔ محبت ، الفت، عشق؛ بوسہ۔ نیز پیار (کس پ) صف۔ پیارا/ پْیارا محبوب، دل پسند، خوبصورت۔ امذ۔ محبوبہ مث پیاری۔

پیاز کس پ۔ امث۔ سفید، تہ در تہ، پرت والی گٹھی، جڑیلی ترکاریوں کی ایک قسم جو عام طور پرکھانوں میں استعمال ہوتی ہے، بُوتیز اور ذائقہ کسی قدر جھلّا، عرق، اشک آور (ع بَصَل،لاط: Allium Sepa)

صف **پیازی** ہلکا گلابی رنگ جس میں خفیف نیلاہٹ ہو۔ امث: جنگلی پیاز [لاط: uxginia scilla]۔

پیاس کس پ۔ امث۔ پانی پینے کی خواہش، تشنگی؛ چاہ، طلب۔ صف۔ **پیاسا**، نیز **پیاس/ پیاسا**۔

پیال کس پ۔ امث۔ چرونجی نیز رک **پوال**۔[س: پریال]۔

پیالہ کس پ، فت ل۔ منہ سے لگا کر پینے کا گول برتن؛ بلوری یا دھات وغیرہ کا بنا ہوا کٹورا، جام، کوئی پیالہ نما گڑھے دار ظرف، پُرزہ وغیرہ۔ تص مث **پیالی**۔ نیز **پیالہ/ پیالی** (سک پ) بروزن پالا/ پالی۔

پَیام فت پ۔ امذ۔ خبر، بات جو کسی کی طرف سے پہنچے یا کسی کو بھیجی جائے۔ سَندیسہ، پیغام،لڑکے والوں یا لڑکے کی طرف سے رشتے کی درخواست۔نیز **پَیغام**۔ صف امذ۔ **پَیامی** پیام لے جانے پہنچانے والا۔ نیز **پَیامبَر**۔

پیپَل ی مع، فت پ۔ امذ۔ گھنا، سایہ دار اونچا درخت جس کے پتے نکیلے پان کے پتوں سے ملتےہوئے ہوتے ہیں اور چھوٹا فالسے کی شکل کا پھل لگتا ہے جسے (امث) **پِپلی** کہتے ہیں۔ نیز **پیپلی** (لاط: Ficus Religiosa)۔ مرکب امذ **پیپَلا مُول** پیپل کی جڑ جو چونے کی دیوار میں بھی اُگ آتی ہے۔

پیپْلا ی مع، سک پ۔ امذ۔ تلوار کا نوکدار سرا۔

پیت (۱) ی مع۔ امث۔ محبت۔ پیار، نیز **پْریت** (سک پ) امذ۔ **پیتَم** محبوب۔

پیت (۲) امذ۔ صف۔ زرد رنگ، زرد، پیلا (قب، پیتل)۔

پیتَل ی مع، فت ت۔ امذ۔ مرکب زرد دھات جو تانبا اور جست ملا کر بنائی جاتی ہے۔ بِرنْج صف **پیتلا/ پیتْلی** برنجی۔

پیتَمبَر ی مع، فت ت، سک م، فت ب۔ صف۔ زرد پوش، زرد یا زعفرانی لباس پہنے والا، وِشنو دیو اور شری کرشن کا لقب۔ صف: **پیتَمبری** تسنتی زعفرانی۔

پیٹ ے مج۔ امذ۔ بدن کا درمیانی حصہ جس میں آنتیں وغیرہ ،اعضاً ہوتے ہیں؛ مجازاً وسط، درمیان، گھیر؛ حمل؛ بچہ دانی۔ ف مر: **پیٹ اَپھَرنا** (فت ا پھ) پیٹ پھولنا، **پیٹ پالنا**، گزارہ کرنا۔ امث۔ **پیٹ پُوجا** کھانا کھانا۔ ف مر: **پیٹ رَہنا** حمل ہونا، **پیٹ سے ہونا**، حاملہ ہونا، **پیٹ کاٹنا**، کم کھانا، کفایت کرنا، (کسی کی خاطر) اپنی ضروریات روکنا۔ صف۔ **پیٹ کا ہَلکا** جو راز نہ رکھ سکے۔ **پیٹ کی کُھرچَن** آخری اولاد۔ صف **پیٹو** (و مع) کھاؤ، پُر خور، ہوکے زدہ۔

پیٹا ے مج۔ امذ۔ دور، گولائی، گھیر؛ کسی ظرف کا پیٹ یا سمائی، جوف؛ پتنگ کی کانپ؛ دریا کے دونوں کناروں کے درمیان کی گہرائی۔ م ف **پیٹے میں لگ** بھگ، تقریباً۔ م: وہ اب چالیس کے پیٹے میں ہوں گے۔ **پیٹے میں آنا** زیر بار ہونا۔

پیٹَک پیّا، ی مع، فت ٹ، سک ک، فت پ، شد ی۔ امث۔ واویلا، رونا دھونا۔

پیٹْنا ی مع، سک ٹ۔ ف م۔ مارنا، چوٹ لگانا، ٹھونکنا؛ اپنا ماتھا یا سینہ کُوٹنا؛ کسی بات کی رَٹ لگانا؛ مات دینا، ہرانا، بھگانا۔

پیٹی ے مج۔ امث۔ کمر باندھنے کی پٹی؛ چھوٹا صندوق۔

پیٹْھ ی مع۔ امث۔ کمر کا بالائی حصہ، پشت؛ خاندان کی پیڑھی، نسل م ف: **پیٹھ پیچھے**، غیبت میں، خفیہ طور پر؛ **پیٹھ ٹھونکنا**، شاباش دینا، **پیٹھ دکھانا**، میدان سے بھاگنا، جنگ سے فرار ہونا۔

پیٹھا ے مج۔ امذ۔ کدُو کی ایک شیریں قسم ، کدُوے شریں، میٹھے گھیے یا تربوز کی طرح ایک گول ترکاری

جس کا گودا سفید اور نرم ہوتا ہے۔ اس کی مٹھائی بھی بنتی ہے۔ اور خول یا تونبی ساز بنانے کے کام آتی ہے۔ (لاط: Benin Casasifera)۔

پَیٹھنا ے لین، سک ٹھ۔ ف ل۔ گھسنا، دھنسنا، سمانا۔

پیٹھنا ی مع۔ سک ٹھ، ف ل۔ پیچھے ہٹنا، غائب ہونا۔ پیٹھ دکھانا۔

پیچ ی مع۔ امث۔ ابلے ہوئے چاولوں کا پانی یا دھوون۔

پیچ ی مج۔ امذ۔ چکّر، الجھاؤ، بل؛ پھیر، گھماؤ؛ گھما کر کسنے کی لہریے دار کٹاؤ کی کیل؛ کُشتی یا پتنگ بازی کا مقابلہ؛ پیٹ کا مروڑ؛ سر پر باندھنے کی پگڑی، نیز سر پیچ۔

پیچاک ے مج۔ امذ۔ مروڑا، بَل، مُڑی ہوئی خمیدہ، شے، اُلجھن۔

پیچاں ے مج، غنہ۔ صف۔ بلدار، پیچ کھایا ہوا، گردش میں۔

پیچش ے مج، کس چ۔ امث۔ آنتوں میں سوزش سے دست اور آنْو آنے کی بیماری، مروڑ، زحیر۔

پیچَک ے مج، فت چ۔ امث۔ لپٹے ہوئے دھاگے کی اَنٹی؛ تپنچہ لٹکانے کی کمر پیٹی۔

پیچُو ی مع، و مع۔ امذ۔ زرد آلو، آلوچے سے ملتا ایک پھل (لاط: Capparis Aphylla) کچالو جو اروی سے ملتی ایک جڑیلی ترکاری ہے۔ (لاط: Colocasia Antiquorum)۔

پیچْوان ے مج، سک چ۔ امذ۔ فرشی حقہ جس کی لچکدار لے دور تک جا سکتی ہے؛ برقی تاروں کا لچّھا، کُشتی کا ایک داؤ۔

پیچِیدگی ے مج، ی مع، فت د۔ امث۔ الجھن، بَل، مشکل صورت حال۔ صف **پیچِیدہ** (ے چی دَ) پیچ دار، اُلجھا ہوا، سیدھا کی ضد؛ مشکل،مبہم۔

پیچھا ی مع۔ امذ۔ تعاقب؛ پشت؛ پچھلا حصہ؛ پچھواڑہ۔

پیخال ے مج۔ امذ۔ چڑیا کی بیٹ۔

پَیدا ے لین۔ صف۔ موجود، حاضر؛ نمایاں؛ جنما، اُگا، بنا ہوا۔ امث۔ **پَیدٗ آوَری** کمائی، آمدنی۔ امث **پَیداوار** کھیتی کا حاصل، کارخانے کا تیار مال؛ افزائشِ نسل۔ **پَیدائی** ظہور، وجود، نظر آنا۔ صف؛ عیاں و ظاہر۔

پَیر (۱) ے لین۔ امذ۔ پانو؛ (مجازاً) دخل، تعلق؛ نقشِ پا۔ امث۔ **پَیر گاڑی** بائیسکل۔

پَیر (۲) ے لین۔ امذ۔ گاہنے کے لیے کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر، انبار۔

پِیر (۱) ی مع۔ امذ۔ بوڑھا، مرشد، روحانی پیشوا؛ **پیرِ بُھچڑی** (ضمہ بھ، سک چ) ہیجڑوں کا ایک فرضی پیر جس کی نیاز دلاتے ہیں۔ **پیرِ تسمَہ پا**، (فت ت، سک س، فت م) تلمیح ایک داستان کے کردار کی طرف جس کے پیر تسمے کی طرح تھے اور دوسروں کے کاندھوں پر چڑھی لیتا اور پانوؤں سے گردن دبا دیتا تھا، مراد ایسا شخص جو دوسروں کے لیے مصیبت بن جائے۔ امث **پیرِ زال** بُڑھیا؛ سفید سر بوڑھاڑ **پیرِ فرتوت** سٹھیایا ہوا بوڑھا۔ **پیرِ مُغاں** شراب خانے کا مالک، اصلاً مجوسیوں کا امام۔ تص مذ۔ **پیرَک** امث۔ **پیری** (ی مع) بڑھاپا، مرشد کا مرتبہ۔ (فقرہ) **پیری ہے!** ہارے ہوئے کو جھنپانے کا کلمہ، **پیری بولنا**، ہارے ہوئے پر فقرہ کسنا۔

پیر (۲) ی مع۔ امذ۔ اتوار اور منگل کے درمیان کا دن، سوموار۔

پَیراشتہ ے لین، سک س، فت ت۔ صف۔ سجایا، درست کیا ہوا؛ امث۔ **پَیراشتگی**، سجاوٹ، آرائش۔

پَیراک ے لین۔ امذ۔ تیرنے والا، نیز تَیراک۔ امث۔ پَیراکی تیرنے کا ہُنر یا عمل۔ ف ل پَیرنا۔

پَیراہَن ے لین، فت ہ۔ امذ۔ کُرتا، لباس، نیز پِیراہَن ے مع، [ف پِیراہَن (ی مع)]۔ پَیرہَن (ے لین، فت رہ)۔

پَیرائی ے مج۔ امث۔ آرائش، زیبائش، سنوارنا، بنانا، مرکبات کی جزو ثانی، م: زمزمہ پیرائی، نغمہ پَیرائی، گانا، سخن پَیرائی، نواپیرائی۔

پَیرایہ ے لین، فت ی۔ امذ۔ لباس، زیور، آراستگی؛ طرز اظہار، بیان کرنے کا انداز، نیز پیرایہ (ے مج)۔

پَیرنا ے لین، سک ر۔ ف ل۔ تیرنا، جسم میں پیوست ہونا، بُھکنا، گھونپا جانا؛ سمانا، سرایت کرنا۔

پَیرَو ے لین، و لین۔ امذ۔ مطیع، تابع، پیچھے چلنے، ماننے، تقلید یا اطاعت کرنے والا۔ م: پَیرَوِ دِین (کس مج و) امث۔ پَیرَوی (فت ر)۔

پَیرَوکار ے لین، و لین۔ امذ۔ کسی کے معاملے میں اس کی طرف سے کوشش یا کارروائی کرنے والا وکیل۔

پِیرَوز ی مع، و مج۔ صف۔ فاتح، کامیاب۔ امث پِیروزمَنْدی نیز فِیروز، فیرَوز مَندی۔

پِیڑ ی مع۔ امث۔ دکھ، تکلیف، پیڑا۔

پیڑ ے مج۔ امذ۔ درخت ، پودا، رُوکھ۔

پیڑا ے مج۔ امذ۔ گُندھے ہوئے آٹے کا گول کیا ہوا، ایک روٹی کے لیے تھاپا یا بیلا جانے والا گولا؛ کھوئے سے بنی ہوئی ایک مٹھائی کی گولی جسے چپٹا کر دیتے ہیں۔

پیڑُو ے مج، و مع۔ امذ۔ شرمگاہ سے اوپر کا اُبھار، جس پر مُوئے زِہار اُگتے ہیں؛ نیز ہڈیوں کا حلقہ جو اس کے نیچے واقع ہوتا ہے، پیڑو کی آنچ شہوت۔

پَیڑی ے لین۔ امث۔ سیڑھی، پانْو رکھنے کی جگہ۔

پِیڑھی ی مع۔ امث۔ چارپائیوں کی چوکور نیچی بان یا نواڑ سے بنی ہوئی چوکی۔ نیز امذ پِیڑھا؛ (۲) خاندان یا نسل کی ایک پُشت۔

پَیزار ے لین۔ امث۔ جوتی، پاپوش۔

پَیسا ے لین۔ امذ۔ تانبے کا چھوٹا سکہ جو پہلے چوتھائی آنے یا ۱/۶۴ روپے کے برابر ہوتا تھا، دولت، رقم۔ صف۔ پَیسے والا امیر۔

پیسْنا ی مع۔ ف م۔ کھرل یا سل بٹے پر رگڑنا، چکّی میں دل کر باریک یا آٹا آٹا کرنا، کُوٹ کر سُرما یا سفوف بنا دینا۔ مجازاً بہت آزار دینا۔ ف ل۔ مجہول؛ پِسْنا۔

پیش ے مج۔ صف۔ اگلا، پہلا، سامنے کا م: پیش امام، پیش دالان، صدر دالان؛ پیش کرنا؛ ہونا، سامنے لانا؛ رکھنا، یا جانا؛ رکھا جانا۔ پیش اُفتادَہ (د) سامنے پڑا ہوا، پامال، فرسودہ؛ عام، معمولی، پیش آنا، برتاؤ کرنا؛ واقع ہونا، ظاہر ہونا، پیش آہَنگ، قافلے یا سواری کے آگے چلنے والا یا فوج کا ہراول دستہ، نیز پیش خَیمہ/ پیش بُریدَہ (ضمہ پ، ی مع، فت د) زنخا۔ پیش بَنْدی روک تھام، کسی بات کا پہلے سے انتظام یا تدارک۔ امث۔ پیش تطبیب مرض سے پہلے اس کا دفعیہ، حفظ ما تقدم۔ امث۔ پیش خدَمت نجی ملازم۔ صف۔ پیش رَس فصل کا تازہ بتازہ پھل۔ پیش رَفت ترقی، کسی کام کا آگے بڑھنا؛ پیش قَبض خنجر؛ پیش قَدمی، آگے بڑھنا، سبقت؛ پیشکار ذاتی مددگار، سکریٹری پیش کَش نذر، تحفہ؛ پیش گاہ، عمارت کا اگلا حصہ، اگلا دالان، برآمدہ؛ پیش مَنْظر (سک ش) تصویر یا نظارے کا دیکھنے والے سےقریبی حصہ؛ پیش نَہاد تجویز؛ پیش و پَس (ومج) ہچکچاہٹ، تذبذب۔

پیشاب ے مج۔ امذ۔ بَول، مُوت، (مجازاً) نطفہ؛

حقیر آدمی، **پیشاب سے/ میں چراغ جَلْنا**، خوش اقبال، صاحب اقتدار ہونا۔

پَیشاچ ے لین۔ امذ۔ عورت سے عالم غفلت میں جماع۔

پَیشاچی ے لین۔ امث۔ پراکرت کی ایک قدیم شاخ۔

پیشانی ے مج۔ امث۔ ماتھا، سیما، طلعت، مجازاً؛ تقدیر کا لکھا؛ عنوان، سرنامہ۔

پیش دَستی ے مج، فت د، سک س۔ امث۔ پہل، سبقت، خصوصاً، لڑائی یا ہاتھا پائی میں۔

پَیشرَو ے مج۔ و لین۔ آگے جانے والے، اگلے لوگ، سابق لوگ۔

پیشقَدَمی ے مج، سک ش، فت ق د۔ امث۔ آگے بڑھنا، سبقت کرنا، عام: پیش قدمی (سک د)۔

پیشگی ے مج، سک ش۔ م ف۔ وقت سے پہلے، واجب ہونے یا کام پورا ہونے سے پہلے (ادائگی، اطلاع وغیرہ)۔

پیشوا ے مج، سک ش۔ امام، سربراہ۔ امث۔ **پیشوائی** سرداری؛ بدبرائی کسی کے استقبال کے لیے آگے بڑھنا۔

پیشَہ ے مج، فت ش۔ امذ۔ وہ کام جو کمائی کا ذریعہ ہو؛ ہُنَر، فن؛ جسم فروشی۔ صف۔ **پیشہ وَر** ماہر، مستقل طور پر کوئی کام انجام دینے والا، اتائی اور اناڑی کی ضد۔

پیشی ے مج۔ امث۔ حاضری، حضوری؛ مقدمہ کی سماعت۔

پیشِین ے مج، ی مع۔صف۔ پرانا، قدم پہلے کا، نیز **پیشیں** (غنہ)۔

پیغار ے مج۔ امذ۔ گڑھا، نشیب، کھوہ، سوراخ (اصلاً **پیغُور**)۔

پیغارہ ے مج، فت ر۔ امذ۔ بدگوئی، الزام تراشی، طنز و طعن، **پیغارَہ جُو** غیبت یا طعنہ زنی کرنے والا، [بظاہر غلط ترکیب ہے] پیغارہ زَن: طعنہ زن۔

پیغالہ ے مج، فت ل۔ امذ۔ پیالہ۔

پَیغام ے لین۔ امذ۔ سندیسہ، اطلاع، خبر جو کہیں بھیجی جائے۔ لڑکی کے رشتے کے لیے درخواست، نیز **پَیام**۔ مرکب صف؛ **پَیغام بَر/ رَساں** خبر پہنچانے والا۔ ا کیف مث۔ **پیغام بَری/ پَیغام رَسانی** نیز رک **پیغَمبر** -

پَیغَمبَر ے لین، فت غ، سک م، فت ب۔ امذ۔ خدا کی طرف سے ہدایت کے لیے بھیجا ہوا رسول، نبی، **پَیغَمبَرِ آخِرالزّماں** (آخ رُز زَماں) ا کیف مث۔ **پَیغَمْبری** رسول کا منصب۔ **پیغَمبری وقت** آزمائش یا مشکل کا وقت، فاقوں کی نوبت۔

پیغُولَہ ے مج، و مغ، فت ل۔ امذ۔ کھوہ، غار، گوشہ، نیز **پیغُورَہ**۔ صف **پیغُولی**، م؛ **پیغُولی کمانیں** جن کے پہلو ایک دوسرے کو قطع کریں اور گوشے بنائیں۔

پَیک ے لین۔ امذ۔ قاصد، نامہ بر؛ پیکاں (رک) کا مخفف۔

پِیک (۱) ے مع۔ امث۔ پان زردہ کھانے والے کے منہ میں جمع ہونے والا سرخ لُعاب، یا اُس کی پچکاری **پیک دان** اُگال دان۔

پِیک (۲) ی مع۔ امث۔ جلا ہوا بارود؛ آتشبازی کا گُل۔

پیکا ی مع۔ امذ۔ کونپل اَکھوا۔

پَیکار ے لین۔ امث۔ جنگ لڑائی۔ امذ۔ پھیری والا، گشتی سوداگر؛ (معماری) دروازے کے دونوں طرف کی چُنائی)۔

پَیکاں ے لین۔ امذ۔ تیر کی نوک یا انی نیز **پَیکان** (غنہ) تص: **پَیک**۔

پَیکَر ے لین، فت ک۔ امذ۔ جَسد، جسم؛ مجَسمہ، مجازاً: کسی خصوصیت کا مثالی نمونہ، م: **پَیکر**

زیبائی پیکرِ عُنصُری (ضمہ ع ص) مادّی خاکی جسم۔
پَے کَرما فت ی، سک ر۔ امذ۔ کسی یاتری کا سر کے بل سفر طے کرنا۔
پَیکی ے لین۔ امذ۔ راہ چلتوں سیلانیوں کو حقہ پلانے والا؛ ساقی۔
پیکھنا ے مج سک کھ۔ ف م۔ دیکھنا، نظارہ کرنا۔ امذ۔ پتلیوں کا تماشا۔
پیل ی مع۔ امذ۔ فیل، ہاتھی، شطرنج کا ایک مہرہ جو آڑے خانوں پر چلتا ہے، نیز فِیل، فیلا، پیلا۔ مرکب پیل بَند، شطرنج میں فیل اور پیدل کو ایک دوسرے کے زور پر بٹھانا۔ صف پیلتَن قوی،بڑے تن و توش والا امث۔ پیل مال ہاتھی کے پانو کے نیچے کچلوانے کی سزا۔ پیل مُرغ پیکو، ایک قسم کا بڑا مرغ (انگ: ٹرکی) پیل پا رک: فیل پا۔ پیل پایہ سُتون۔
پیلا ی مع۔ صف۔ زرد، اصفر، نیز رک: پیل اکیف مذ۔ پیلا پَن مث پیلی۔
پیلک ی مع، فت ل۔ امث۔ سارنگی پر لگی ہوئی ہاتھی دانت کی پتری۔
پیلنا ے مج، سک ل۔ ف م۔ سینے سے دھکیلنا؛ بیلن وغیرہ سے دبا کر بیجوں کا تیل نکالنا۔
پیلُو ی مع، و مع۔ امذ۔ مسواک کا درخت، کریھل، آراک(لاط: Salvadora Persica)۔ (موسیقی) کافی ٹھاٹھ کی ایک سمپورن راگنی جس کا وادی سر گندھار ہے؛ نیز رک: پیل مُرغ۔
پیلَہ ی مع، فت ل۔ امذ۔ ریشم کا کیڑا؛ ریشم کاکویا۔
پیلیا ی مع، سک ل۔ امذ۔ یرقان کا مرض؛ زرد مٹی یا ریت ملی زمین۔
پیم ے مج۔ امذ۔ رک پْریم۔
پَیمان ے لین۔ امذ۔ عہد، قول، قرار۔

پَیمانَہ ے لین، فت ن۔ امذ۔ ناپنے کا آلہ یا ظرف؛ معیار۔مثال؛ درجہ، مرتبہ؛ شراب کا جام۔
پَیمائش ے لین، کس ء امث۔ ناپ، ناپنے کا عمل؛ آلے کی مدد سے جانچ۔
پَیمبَر فت پ، ی، سک م، فت ب۔ امذ۔ رک پَیغَمبر۔
پَیمک ے لین، فت م۔ امثہ کلابتون کے تانے اور ریشم کے بانے سے بنی ہوئی پتلی پٹی جو کپڑوں ٹوپیوں وغیرہ پر حاشیے کے طور پر ٹانکی جاتی ہے، اور اس کی کئی وضعیں ہوتی ہیں۔
پَینا ے لین۔ امذ۔ ہاتھی کو ہنکانے کا انکس؛ پتھر میں سوراخ کرنے کا تکلا، سُنبا۔ صف۔ نوکدار، چھیدنے والا۔
پینا ی مع۔ ف م۔ کسی پانی جیسی پتلی شے کو منہ سے پیٹ میں پہنچانا؛ تمباکو کا کش لگانا؛ برداشت کرنا، ضبط سے کام لینا؛ شراب کا شغل کرنا۔
پَینتالیس ے لین، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور پانچ (۴۵) صف پَینتالیسواں۔
پَینترا ے لین مغ، سک ت۔ امذ۔ حریف پروار کرنے کے لیے مستعد ہونے، موزوں انداز سے کھڑا ہونے کا عمل؛ سوچی ہوئی چال۔
پَینتیس ے لین غنہ، ی مع۔ عدد۔ تیس اور پانچ (۳۵) صف پَینتیسواں۔
پَینٹھ ے لین، غنہ۔ امذ۔ مضافات میں وقفے وقفے سے خرید و فروخت کے لیے لگنے والا بازار، ہاٹ۔
پینجَنی ے مع، غنہ۔ کبوتروں یا دوسرے پالتو پرندوں کے پاؤں میں پہنائے جانے والے پیتل کے چھلے۔
پینڈا ے مج مغ۔ امذ۔ کسی برتن کا نیچےٹکنے والا حصہ؛ ٹیک؛ کسی چیز کا سب سے نچلا حصہ۔ مث پینڈی؛ گاجر یا مولی بینگن وغیرہ کا ڈنڈی کی طرف کا سخت حصہ، ڈنڈی کا اوپری سرا؛ پھول

کے پیالے کی نچلی روک یا ڈھال (رک)۔

پِینڈی ی مع مغ۔ امث۔ روے کے میٹھے میوہ دار بڑے لڈو جو بعض گھریلو تقریبوں پر برادری میں تقسیم ہوتے ہیں۔

پِینَس ی مع، فت ن۔ امث۔ پالکی، نیز فِینَس؛ ناک کی ایک بیماری جس میں قوت شامہ باقی نہیں رہتی۔

پَینْسَٹھ ے لین مغ، فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور پانچ (٦٥) صف پَینْسَٹھواں۔

پِینَک ی مع، فت ن۔ امث۔ افیون کا نشہ یا سرور، غوط، غفلت، غنودگی۔

پِینگ ی مع، غنہ۔ امث۔ جھولے کا جھونٹا، جھولے کی ایک سمت سے دوسری سمت پہنچنے کا فاصلہ۔ محاورہ پِینگیں بَڑھانا ربط ضبط پیدا کرنا، میل جول بڑھانا۔

پِینّی ی مع، شد ن۔ امث۔ روئی دھننے کا آلہ، دُھنکی، نیز پِنّی۔

پِیوَٹ ی مع، فت و۔ امذ۔ شراب کا دھتّی۔

پِیوڑی ے مج، سکو۔ امث۔ ہڑتال سے بنائی ہوئی زردی مائل رنگ کی ڈلی جسے پانی میں گھول کر کپڑے رنگتے ہیں۔

پَیوَست ے لین، فت و، سک س۔ صف۔ ملا ہوا، جڑا ہوا، متصل؛ کسی چیز میں اُترا یا سمایا ہوا، پیرا ہوا؛ ا کیف مث پَیوَستگی (فت ت) م ف: پَیوَستہ برابر، متواتر۔

پیوْسی ے مج، سک و۔ امث۔ گائے بھینس کا بچہ جننے کے بعد کا گاڑھا دودھ جو چند روز تک آتا ہے۔

پَیّاں فت پ، شد ی۔ ج مث۔ پاَنووں کی تصغیر، پَیّاں پَڑنا، پانو پڑنا، عاجزی کرنا۔ م ف پَیّوں پَیّوں (و مج مغ) خراماں خراماں بچوں کے چلنے کے لیے پیار سے بولا جاتا ہے۔

پَیوَستہ ے لین، فت و، سک س، فت ت۔ صف۔ جڑا ہوا، ملا ہوا۔

پَیوَند ے لین، فت و، سک ن۔ امذ۔ میل، تعلق، رشتہ؛ گرہ، گانٹھ؛ بوسیدہ کپڑے میں لگایا ہوا ٹکڑا۔ تھگلی؛ پیڑ میں لگائی جانے والی قلم۔ صف: سمایا گڑا ہوا، مدفون م: پَیوَندِ زَمیں (غنہ)۔ پَیوَندِ مَریَم ایک چھوٹا، گول مٹر کے برابر خوشبو دار پھل جس سے خوشبویات بنتی ہیں۔ گھیُونی(ع: حب المحلب، لاط: Puenus Mahalab)۔ صف پَیوَندی پیوند کے ذریعے اُگایا ہوا (پھل)؛ مصنوعی اوپری شے م: پَیوَنْدی مُوچھیں۔ نیز عام: پیوَنْڈ (ے مج)۔

پِیپْہ ی مع، سک ہ۔ امث۔ چربی۔

پِیہَر ے مج، فت ہ۔ امذ۔ باپ کا گھر، لڑکی کا میکا، آبائی گھر نیہر۔

پَیہَم ے لین، فت ہ۔ صف۔ م ف برابر، لگاتار، مسلسل، متواتر۔

پِیہُو ی مع، و مع۔ نقل صوت۔ پپیہے کی آواز؛ مور کی آواز۔

پھ

پھ پھے، پھا، مث۔ اردو حروف تہجی کا چھٹا حرف اور دوسرا ہائیہ، پ کا شوشہ دو چشمی ھ کے ساتھ مخلوط، ہندی اصل کے الفاظ کے ساتھ مخصوص مگر کسی لفظ کے آخر میں نہیں آتا۔ قدما میں سے بعض تڑپھنا لکھتے تھے جملہ جس سے اسم کیفیت تڑپھ بنتا ہے مگر یہ بھی اب متروک و موقوف ہے۔ جمل میں اس کے عددب + ہ کے برابر شمار ہوتے ہیں۔

پھاپھا کُٹنی ضمہ ک، سک ٹ۔ امث۔ عیار بوڑھی عورت کے لیے تحقیر کا کلمہ یا پھبتی۔

پھاٹا امذ۔ تختہ، بیچ میں سے چرا ہوا لکڑی کا تختہ جس میں پچر لگایا جا سکے۔ جُتی ہوئی زمین ہموار کرنے کے لیے پھیرا جانے والا تختہ۔

پھاٹک فت ٹ۔ امذ۔ چوڑا دروازہ، عموماً دو پاٹ کے کواڑوں یا پٹوں سے بند ہونے والا۔

پھار امث۔ ہل کا پھل یا پھال، پھالا۔

پھاڑنا سک ڑ۔ ف م۔ کاٹنا، شق کرنا، چاک کرنا، چیرنا، بھنبھوڑنا؛ دودھ میں ترشی وغیرہ ملا کر پُھٹکیاں ڈالنا۔

پھاس امث۔ مرطوب زمین جس میں پانی کھڑا ہو۔

پھاگ امذ۔ ہولی کے تہوار میں رنگ اُچھالنا محاورہ **پھاگ کھیلنا**۔ مزے اڑانا۔ موج کرنا۔

پَھاگُن ضمہ گ۔ امذ۔ ہندی کیلنڈر کا گیارہواں سردیوں کا مہینہ جس میں ہولی کا تہوار آتا ہے۔

پھال امذ۔ نوک؛ نیز رک: پھار۔ تص مث **پھالی**۔

پھالگُن سک ل، ضمہ گ۔ امذ۔ رک: پھاگن؛ ارجن نامی درخت(لاط: Pentapetia Arjuna)۔

پَھانٹا امغ۔ امذ۔ ڈنڈا؛ دریا کی پتلی شاخ۔

پھاند غنہ۔ امث۔ پَھندا؛ انگل بھر کی چوڑائی؛ نیز رک پھاندنا۔

پھاندنا غنہ، سک د۔ ف ل۔ پھلانگنا، کُودنا، ح مص۔ امثہ **پھاند**۔

پھاندی امغ۔ امثہ گٹھا، مٹھا، بندھی ہوئی اشیاء، پُولا، گٹھوں کی ایک وقت میں اٹھائی جانے والی لادی۔

پَھانس غنہ۔ امث۔ کھال میں چبھنے والا لکڑی، بانس وغیرہ کا مہین نوکیلا ٹکڑا؛ پھندا؛ پھانسنے پکڑنے کا عمل یا تدبیر۔ ف م۔ **پھانسنا** گھیرنا، جال میں پکڑنا، پھندے میں لانا، **پھانس مارنا**، اڑنگا لگانا، رکاوٹ ڈالنا۔

پھانسی امغ۔ امث۔ گلا گھونٹ کر مارنا؛ موت کی سزا اور اس کا مروّج طریقہ۔

پھانک غنہ۔ امث۔ کسی پھل کا تراشا ہوا ٹکڑا .قاش؛ نارنگی وغیرہ کے اندر سے نکلنے والی قدرتی قاشوں میں سے کوئی۔

پھانکڑ امغ، فت ک۔ صف۔ عیار و چالاک۔

پھانکنا غنہ، سک ک۔ ف م۔ چٹکی، پڑیا یا ہتیلی پر سے کسی چیز کو منہ مین ڈالنا، پھَنکی لگانا؛ سانس کے ذریعے جسم یا حلق میں اتارنا م؛ ہوا پھانکنا۔

پھاوڑا سک و۔ امذ۔ زمین کھودنے کا دستہ دار چوڑے پھل کا آلہ جس کا پھل بیلچے کے برخلاف چلانے والے کی سمت مڑا ہوا ہوتا ہے۔

پھاہا امذ۔ روئی یا کپڑے کا ٹکڑا جو مرہم کے ساتھ زخم پر لگایا جائے۔

پَھبْتی فت پھ، سک ب۔ امث۔ مذاق کا نام یا طنزیہ فقرہ جو کسی پر چست کیا جائے۔

پَھبَکْنا فت پھ ب، سک ک۔ ف ل۔ ادبدا کے پنپنا، پُھوٹنا، پُھولنا، کِھل اٹھنا۔

پَھبَن فت پھ ب۔ امث۔ کسی چیز کا کسی کے جسم یا ذات پر سجنا، زیب دینا۔ ف ل۔ **پَھبْنا** موزوں، متناسب، برمحل، چست، دلکش نظر آنا۔

سجنا، زیب دینا۔

پُھپّا ضمہ پھ، شد ب۔ رک: **پُھوپا۔**

پُھپڑ دلالے فت پھ پ، سک ڑ، فت د۔ ج مذ۔ چاپلوسی کی باتیں [اہ پَھپَڑ مصنوعی + ع: دلال: پرچانے کی باتیں]۔

پَھپّس فت پھ، شد فت پ۔ صف۔ بہت موٹا۔

پَھپْسا فت پھ، سک پ۔ صف۔ پولا، کھوکھلا؛ لکڑی کے تختوں پر گارے کی تہہ، کھگل۔

پُھپْیا خُسر ضمہ پھ، سک پ، ضمہ خ، فت س۔ امذ۔ شوہر یا بیوی کا پھوپا۔ نیز **پُھپیا سُسَر/ سُسرا** مث **پُھپْیا ساس۔**

پُھپیرا ضمہ پھ، ے مج۔ صف۔ پھوپی کے رشتے سے بھائی۔ مث **پُھپیری** نیز پُھپیرا بھائی، پُھپیری بہن۔

پَھپـوَلا فت پھ، و مج۔ امذ۔ آبلہ، چھالا؛ سکی ہوئی روٹی پر پھولا ہوا باریک ورق۔ نیز **پَھپْـوَلا۔**

پُھپُھونْد فت پھ، و مع، غنہ۔ امث۔ نمدار سطحوں پر بعض اوقات پُھوٹ آنے والی بن پتّیوں کی نبات جس میں اکثر کچھ نیلاہٹ **یا** سبزی ہوتی ہے۔

پَھٹ فت پھ۔ م ف۔ نقل صوت۔ معاً اُسی دم؛ ترت؛ پٹاخہ چھوٹنے کی یا اس سے مماثل آواز۔

پِھٹ کس پھ۔ امث۔ پھٹکار کی تخفیف، لعنت، تُف۔

پَھٹ پَھٹانا فت پھ۔ ف ل۔ بازو پھڑپھڑانا۔ ف م: جھٹکنا، جھاڑنا۔

پِھٹّا مُنہ کس بھ، شد ٹ، ضمہ مغ۔ م۔ بطور فضیحت نحوست زدہ چہرہ، رک: **پِھٹّے مُنہ۔**

پَھٹَک فت بھ ٹ۔ امث۔ پھٹکنے کا عمل؛ بِلّور، شیشہ ف م: **پَھٹَکنا۔** چھاج یا سوپ میں دانوں کو اچھال اچھال کر کنکر بھوسا وغیرہ الگ کرنا۔ ف ل: جھلک دکھانا۔

پَھٹْکا (۱) فت پھ، سک ٹ۔ امذ۔ لمحہ، لحظہ؛ اُچھال، اُچکنا، تڑپن، محاورہ۔ **پَھٹکا نہ کھانا** فوراً دم دے دینا۔

پَھٹْکا (۲) امذ۔ روئی دُھنکنے کا آلہ، دُھنکی، پینی، چوٹ، مار۔

پَھٹْکار فت پھ، سک ٹ۔ امث۔ پھٹکنے، جھٹکنے، پھٹکارنے کی آواز؛ چھڑکنے کا عمل؛ چاشنی۔

پِھٹْکار کس پھ، سک ٹ۔ امث۔ لعنت، نحوست۔

پَھٹْکارنا فت پھ، سک ٹ۔ ف م۔ ڈانٹنا ڈپٹنا، سرزنش کرنا، کپڑے کُوڑے وغیرہ کو جھٹکنا۔

پَھٹْکَن فت پھ، سک ٹ، فت ک۔ امث۔ تنکے کنکر وغیرہ جو پھٹکنے میں نکلیں۔

پَھَٹْکنا فت پھٹ سک ٹ، فت ک۔ امذ۔ غلیل کا فیتہ جس میں غلّہ رکھ کر کھینچتے ہیں۔

پَھٹْکی فت پھ، سک ٹ۔ امث۔ چڑیماروں کی ٹوکری۔

پُھٹْکی (۱) ضمہ پھ، سک ٹ۔ امث۔ گٹھلی جو کسی خشک چیز کو پانی میں گھولنے سے پڑ جائے: بُوند، داغ، چھینٹ۔ محاورہ **پُھٹکی پڑنا**، اوس پڑنا۔

پَھٹَن فت پھ ٹ۔ امث۔ زمین یا کسی سطح کے تڑق جانے کی کیفیت۔

پَھٹْنا فت پھ، سک ٹ۔ ف ل۔ شق ہونا؛ جُدا ہونا، الگ ہونا، ٹوٹنا؛ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

پُھٹّی ضمہ پ، ﮩ۔ ٹ۔ امث۔ ڈوڈا، کپاس کا پھول۔

پِھٹّے مُنہ کس پھ، شد ٹھ، ضمہ مغ م۔ فقرہ، دشنام: لعنت ہے، پھٹکار ہے۔ نیز **پِھٹّے سے مُنہ** بے حیائی یا نالائقی پر طنز۔

پَھٹیچَر فت پھ، ی مع، فت چ۔ صف۔ خراب و خستہ، ناکارہ؛ گھٹیا، نامعقول، ناشائستہ۔

پُھدَکْنا ضمہ پھ، فت د، سک ک۔ ف ل۔ اُچھلنا، کُودنا، اُچھل اُچھل کر چلنا۔ امث۔ **پُھدْکی** پنجوں کے بل اُچھلنا۔ ایک چھوٹی سی چڑیا جو پھدک پھدک

کر چلتی ہے (لاط: Certhia tula)۔
پَھڈّا فت پھ، شد ڈ۔ امذ۔ جھگڑا، ٹنٹا؛ کارستانی۔
پِھڈّا کس پھ، شد ڈ۔ صف۔ چپٹا، پَست، دبا؛ بیٹھا ہوا۔ مث **پِھڈّی** م: **پِھڈّی جُوتی** جس کی ایڑی پچکی ہوئی ہو **پِھڈّی چال**، ٹیڑھی، لڑکھڑاتی؛ **پِھڈّی ناک** چپٹی، پھیلی ناک۔
پَھر فت پھ۔ رک: پَھرک۔
پَھرّا فت پھ، شد ر۔ امذ۔ درخت کا بیچ میں سے کاٹا ہوا تنا جو ایک طرف سے چپٹا ہوتا ہے؛ پٹّرو کی ہڈی؛ چوکور لنگوٹ؛ علَم یا جھنڈے پر ٹانگا جانے والا کپڑے کا ٹکڑا؛ طول طویل تحریر، کھرّا۔
پھرانا ضمہ پھ۔ ف م۔ پھیرنا کا متعدی، موڑنا، گھمانا، ٹہلانا، اجابت کروانا۔
پَھرّانا فت پھ، شد ر۔ ف م۔ پرندوں کا پروں یا بازوؤں کو ہوا میں تیزی سے حرکت دینا؛ پھاندنا، کسی رکاوٹ کو کود کے پار کرنا؛ ہوا میں سے تیزی سے گزرنا۔ نیز **پَھڑپَھرانا**۔
پِھر پَہیّا کس پھ، فت پ، کس ہ، شد ی۔ امذ۔ توپ کا محور جس پر اسے گھما کر رخ پھیرا جا سکتا ہے۔
پِھرَت کس پھ، فت ر۔ امث۔ گھومنے، پھرنے، چکر کھانے کی کیفیت؛ دلال کی کمیشن جو اسے لوٹائی جائے۔
پُھرتی ضمہ پھ، سک ر۔ امث۔ اعضا کی چست اور تیز حرکت، حاضر دماغی؛ جلدی صف **پُھرتیلا**۔
پَھرسا فت پھ، سک ر۔ امذ۔ کُلھاڑی، تبر۔
پَھرک فت پھ ر۔ امث۔ ڈھال جس سے وار روکتے ہیں۔ نیز **پَھر** تڑپ، کھلبلی، کھدبدی نیز **پَھڑک**، **پَھڑکَن**۔
پِھرکا کس پھ، سک ر۔ امذ۔ (معماری) بڑی پرکار یا ڈوری جس سے زمین یا کسی سطح پر دائرہ بناتے ہیں۔
پِھرکَنی کس پھ، فت ر، سک ک۔ امث۔ گھگھریا، لہنگے کی طرح کا زنانہ لباس۔
پِھرکَئی ڈَنڈ کس پھ، فت ک ڈ، سک ن۔ امذ۔ پُھولے ، اُبھرے مردانہ بازو۔
پِھرکی کس پھ، سک ر۔ امث۔ چرخی چکئی گھومنے والی شے، کل یا کھلونا۔
پِھرنائی کس پھ، سک ر۔ امث۔ لکڑی کا تختہ چیرنے یا سل تراشنے کا چوکھٹے میں کسا ہوا آرا۔
پَھرہرا فت پھ، فت مج ر، سک ہ۔ صف۔ امذ۔ زخم جو اِندمال کے قریب ہو؛ دال چاول جو پک کر بکھرے بکھرے رہیں۔ امذ۔ جھنڈا۔ نیز **پَھریرا**؛ صف مث۔
پَھرَیری نیم خشک دال وغیرہ۔
پَھری فت پھ۔ امث۔ پٹے بازو ں کی چمڑے کی پھولی پُھولی روک یا ڈھال۔ **پَھری گُتکا** (ضمہ گ، سک ت) پٹے بازی کے آلات۔
پُھرَیری ضمہ پھ، ے لین۔ امث۔ تنکے یا سلائی کے سرے پر لپٹا ہوا پھویا؛ جُھر جُھری جو کسی ناگوار چیز کو دیکھ کر یا بُو سونگھ کرجسم میں محسوس ہو۔
پَھڑ فت پھ۔ امث۔ جوئے کا اڈا؛ جوئے کی بساط؛ تختہ، دوکاندار کی گدّی؛ توپ کا چبوترا، عمارت کے نیو کے لیے ڈالا ہوا نشان۔
پَھڑپَھڑانا فت پھ۔ ف ل۔ پرندے کا بازو یا پر مارنا، جھٹکنا؛ پھڑکنا، تڑپنا۔ اکیف مث **پَھڑپَھڑاہٹ**۔
پَھڑکا فت پھ۔ امذ۔ دھوپ کی تمازت یا لُو سے چڑھنے والا بخار، لُو کا اثر (جانوروں کے لیے مستعمل)۔
پَھڑکانا فت پھ، سک ڑ۔ ف م۔ ہلانا، ہوا میں جُھلانا، تڑپانا؛ چمکانا، جھمکانا، دِکھاوا کرنا، نظر کو

کھینچنے والا، لباس پہننا، کبوتر کے دونوں پنجے پکڑ کر جُھلانا (بطور سزا)۔

پَھڑکَن فت پھ، سک ڑ، فت ک۔ صف۔ یکساں چال سے چلنے والا جُتا ہوا بیل، چَلنسار؛ ح م۔ تیز تیز جنبش کرنا۔

پَھڑکنا فت پھ ڑ، سک ک۔ ف ل۔ تڑپنا، اُچھلنا؛ اضطراری طور پر جنبش کرنا م: پسلی پھڑکنا، آنکھ پھڑکنا۔

پَھڑوا فت پھ، سک ڑ۔ امذ۔ کُدال؛ کپڑے کی کترن، دھجّی۔ نیز **پَھڑوال** پھاوڑا مع کُدال ایک ساتھ ڈھلے اور ایک دستے میں لگے ہوئے۔

پَھڑی فت پھ۔ امث۔ اینٹوں کی چبوترے کی شکل میں لگائی ہوئی ڈھیری۔

پُھسپُھسا ضم پھ، سک س۔ صف۔ بودا، کمزور، بے جان، بے لطف، بے مزا۔

پِھسپِھسانا کس پھ، سک س۔ ف ل۔ دبکنا پیچھے ہٹ جانا، جی چُرانا، کانا پھوسی کرنا؛ سِیل جانا۔

پُھسَاہَندا ضم پھ، فت مغ ہ۔ صف۔ سیلا اور بُودار جیسے سِیلا اناج۔ امث۔ **پُھساہَند**۔

پِھسَڈّی کس پھ، فت س، شد ڈ۔ صف۔ پیچھے رہ جانے والا،کمتر، کم ہمت ، نالائق۔

پَھسکَڑا فت پھ، سک س، فت ک۔ امذ۔ فرش پر پھیل کر بے ڈول طریقے سے بیٹھنا۔ محاورہ **پَھسکَڑا مارنا**۔

پِھسَل بَنڈا کس پھ، فت س ب، سک ن۔ امذ۔ سلامی دار تختے جن پر بچّے تفریحاً پھسلتے ہیں۔

پُھسلانا ضم پھ، سک س۔ ف م۔ نرم، خوشامدانہ لہجے میں بات کر کے کسی کو راضی کرنا، منانا یا ورغلانا۔ امذ۔ **پُھسلاوا** بھکاوا، بُھلاوا۔

پِھسلَن کس پھ، سک س، فت ل۔ امث۔ سطح کا چکنا پن جس پر پانو پھسلے یا رَپٹے یا جہاں رگڑ اور رکاوٹ نہ ہو۔ ف ل۔ **پِھسَلنا** پانو کا رَپٹنا، بلارکاوٹ گزر جانا؛ زبان کا لغزش کرنا؛ مائل یا فریفتہ ہونا۔ نیز صف: چکنا، رَپٹواں، نیز **پِھسَلواں** ڈھالو، سلامی دار (سطح)۔

پُھسی ضم پھ۔ امث۔ جانوروں کا مادۂ مَنویّہ۔

پَھسْیارا فت پھ، سک س۔ امذ۔ پھانسی لگانے والا، خَنّاق۔

پِھش کس پھ۔ فجائیہ صف۔ کلمۂ نفریں۔ صف۔ ہیچ پوچ، حقیر، پھسڈّی۔

پَھک فت پھ۔ امث۔ بُھوسی۔

پُھکّا ضم پھ، شد ک۔ امذ۔ ابرک کا چُورا؛ برادہ۔

پَھکَر مُول فت پھ ک، و مع۔ امث۔ ایک پودے کی جڑ جو دواءً مستعمل ہے،کُٹھ، کُشٹھ۔

پَھکّڑ فت پھ، شد فت ک۔ امث۔ ہیجڑوں کی لڑائی جس میں وہ تالیاں پھٹکار پھٹکار کر ایک دوسرے پر فقرے چست کرتے ہیں؛ بیہودہ گوئی، فحش کلامی؛ صف:بیہودہ گو، منہ پھٹ۔ نیز **پَھکّڑ باز**۔ محاورہ **پَھکّڑ باندھنا**، لگاتار جھگڑنا، بکنا، بُرا بھلا کہنا، پنجے جھاڑ کے پیچھے پڑ جانا؛ اکیف مذ۔

پَھکّڑ پَن پَھکّڑی۔ ج مث **پَھکَوڑیات** پھکّڑ پن کی لچر پوچ باتیں [س: پَھکَ = براطَور]۔

پَھکّڑی فت پھ، سک ک۔ امث۔ بَھد، بُری گت۔

پَھکْسا فت پھ، سک ک۔ امذ۔ صف، گارا ، گاڑھی گیلی مٹی؛ صف: پھل کا گودا جو پھیکا اور مزے سے اترا ہوا ہو۔

پُھکْلائی ضم پھ، سک ک۔ امث۔ (جفت سازی) چمڑے کو نمک پانی سے مل کر نرم کرنے کا عمل۔

پُھکْنا ضم پھ، سک ک۔ امذ۔ گائے بکری وغیرہ کا مثانہ، غبارہ، یا جھلی جس میں ہوا بھری جائے؛ پھونک بھرنے کا آلہ؛ دھونکنی۔ امث۔ **پُھکْنی** بانس کی کھوکھلی پور یا لوہے کا گول لمبا کھوکھلا نل جس

میں سے پھونک مار کر آگ دہکاتے ہیں۔ نیز رک پھونکنا جس کا یہ فعل لازم ہے۔

پھِکّئی کس پھ، فت ک۔ (بروزن عمَل، مکیٗ) امث۔ جئی کی قسم سے ایک سستا غلّہ، چینا۔

پھِکیَت کس پھ، ے لین۔ امذ۔ پھرّی گتکا، یا بلّم چلانے کا ماہر؛ سیف باز، تلوَریا۔ امث۔ **پھِکیتی** پھکیت کا فن۔

پَھگُوا فت پھ، ضمہ گ۔ امذ۔ پھاگ کی تصغیر، ہولی کے تہوار کا دن؛ ہولی کا گیت؛ گتکے باز۔ ف م۔ **پَھگُوانا** ہولی کا رنگ پھینکنا، گت بنانا۔

پَھل فت پھ۔ امذ۔ تر میوہ، درختوں پر اگنے والی شے جس میں اس کے بیج ہوتے ہیں؛ حاصل، انعام، نتیجہ؛ چاقو ، خنجر وغیرہ کا دھار والا حصہ؛ ہل کی پھالی، مرکب **پَھل پُھلاری** کئی طرح کے پھل۔ امذ، **پَھلاہار** پھل کھانا۔ امث۔ **پَھلَت** پَھلنا، پیداوار۔

پُھل ضمہ پھ۔ **پُھول** (رک) کی تصغیر مرکبات میں م: **پُھلجَھڑی، پُھلواری۔**

پُھلّا ضمہ پھ، شد ل۔ امذ۔ بلبلے کی طرح پھولی ہوئی چیز، خمیری روٹی کا گول پپڑ؛ آنکھ میں ہو جانے والی ٹینٹ؛ نیز **پُھلّی۔**

پَھلانگ فت پھ، غنہ۔ امث۔ چھلانگ، کسی چیز کو کود کر پار کرنے کا عمل۔ ف م۔ **پَھلانگنا۔** لانگنا۔

پُھلاہی ضمہ پھ۔ امث۔ پیلو کے درخت کی ایک قسم جس کی مسواکیں بنتی ہیں۔

پُھلپُھلا ضمہ پھ، سک ل۔ صف۔ نرم، لجلجا، پھولا پھولا؛ ٹھوس کی ضد۔

پُھلجَھڑی ضمہ پھ، سک ل، فت جھ۔ امث۔ ایک قسم کی آتش بازی؛ تار پر چڑھایا ہوا بارود اور پسے ہوئے لوہ چون کا مسالہ جو سلگنے پر پھولوں کی طرح چنگاریاں برساتا ہے؛ مجازاً خوش گفتار یا لطیفہ باز آدمی؛ یا پھڑکتا ہوا فقرہ یا بول۔

پُھلڑوا ضمہ پھ، فت ل، سک ر۔ امذ۔ پھول کی تصغیر؛ پھول جیسا۔

پَھلڑا فت پھ، سک ل۔ امذ۔ پھل کی تصغیر، بمعنی خنجر، تلوار وغیرہ کی باڑھ۔

پُھلسرا ضمہ پ، سک ل، کس س۔ امذ۔ یکرنگ کبوتر جس کا صرف سر سفید ہو۔

پُھلسُنگی ضمہ پھ، سک ل، ضمہ س، غنہ۔ امث۔ پھولوں کا رس چوسنے والی ایک سیاہی مائل نیلی چڑیا۔

پَھلکا فت پھ، سک ل۔ امذ۔ آبلہ، چھالا، مجازاً؛ جلن، پرخاش۔

پُھلکا ضمہ پھ، سک ل۔ امذ۔ آٹے کی چھوٹی نرم سینک کر پھلائی ہوئی روٹی۔ صف مذ۔ ہلکا (خصوصاً ہلکا پُھلکا بطور تابع)۔

پُھلکاری ضمہ پھ، سک ل۔ امث۔ بیل بوٹے، بیل بوٹے بنانے کا کام، کشمیری کڑھائی۔

پُھلکی فت پھ، سک ل۔ امث۔ بیسن کی تیل میں تلی ہوئی پکوان کی قسم سے پھولی پھولی ٹکیاں۔

پَھلکی فت پھ، شد فت ل۔ امث۔ مچھلی کی ایک قسم، بھلسئی (لاط: Mystus Capirat)۔

پَھلنا فت پھ، سک ل۔ ف ل۔ درخت کا پھل لانا، کسی کام کا کامیاب، بار وَر ہونا، جسم کا پھنسیوں، گرمی دانوں سے بھر جانا۔ مرکب، **پَھلنا پُھولنا۔** کامیاب بامراد، صاحب اولاد ہونا۔

پَھلوا فت پھ، سک ل۔ امذ۔ لوئی چادر وغیرہ کی جھالر جسے بعض اوقات بٹ لیا جاتا ہے۔

پُھلوا گھاس ضمہ پھ، سک ل۔ امث۔ ایک خودرَو مہین پھولوں کی گھاس جسے کھیتوں وغیرہ سے نلائی میں چھانٹ دیا جاتا ہے۔

پُھلوار ضمہ پھ، سک ل۔ امث۔ پھولوں کی کیاری یا

باغیچہ، نیز **پُھلواری**۔

پَھلی فت پھ۔ امث۔ بعض پودوں میں لگنے والا عموماً گول لنبوترا پھل جس کے اندر بیج یا بیجوں کی قطار ہوتی ہے۔

پُھلیرا ضمہ پھ، ے مج۔ امذ۔ سنگھار کا سامان تیار کرنے والا، گنْدھی۔

پُھلیل ضمہ پھ، ے مج۔ امذ۔ خوشبو دار تیل،عطر،
پھلینْدا فت پھ، ے لین مغ۔ امذ۔ بڑی قسم کی جامن۔

پھن فت پھ۔ امذ۔ سانپ کے کلّے جنھیں وہ پھلا لیتا ہے۔ ف ل۔ **پَھنْپَھنانا** پھن پُھلانا؛ نیز (مجازا) غصہ کرنا۔

پَھنْٹی فت پھ، سک ن۔ امث۔ معماروں کی ہموار لمبی لکڑی جسے چونے وغیرہ کی لپائی پر پھیر کر سطح کو ہموار کرتے ہیں۔

پَھنْجی فت پھ، سک ن۔ امث۔ باغوں میں اُگایا جانے والا ایک پودا جس کے پھول چار انچ تک لمبے ہوتے ہیں۔ پھارَنگی، مجیٹھ (لاط: Clerodendram Siphonanthus)۔

پَھنْدا فت پھ، سک ن۔ امذ۔ جال، گرہ، رسی، ڈوری وغیرہ کا حلقہ جو کسا جا سکے؛ اُچّھو جو سانْس کی نالی میں عارضی رکاوٹ سے اُٹھے؛ گرفت، شکنجہ۔

پُھنْدْنا ضمہ پھ، سک ن د۔ امذ۔ دھاگوں، ڈوریوں یا کلابتون کی باریک لڑیوں کا بنا ہوا طُرّہ۔

پَھنْدوڑْنا فت مغ پھ، و مج۔ ف م۔ انگلیوں یا ہاتھوں سے ٹٹولنا، رولنا۔

پَھنْدَیت فت مغ پھ، ے لین۔ امذ۔ پھانسنے والا، وہ جانور جو اپنی جنس کے دوسرے جانوروں کو پکڑنے کے لیے سدھایا گیا ہو، نیز **پَھنْدیل**۔

پَھنْسنا فت پھ، غنہ، سک س۔ (بروزن بَسنا)ف ل۔ بَندھ جانا، گرفتار ہونا،اُلجھ جانا، گِھر جانا، مشکل میں پڑنا، دھنْسنا؛ پُھسلاوے میں آنا؛ آشنائی کرنا۔ ف م۔ **پَھنْسوانا** پکڑوانا، پھنسنے دینا۔

پُھنْسی ضمہ پھ، سک ن۔ امث۔ چھوٹا پھوڑا، سرخ ابھار جو فساد خون یا جلدی خرابی سے جسم پر اُبھر آئے۔

پَھنْسیّا فت مغ پھ، شد ی۔ (بروزن گویّا) امذ۔ چڑیمار؛ شکاری۔

پَھنْکا فت پھ، غنہ۔ (بروزن چھکّا) امذ۔ دانے یا پسی، دلی ہوئی سوکھی چیز جو ہتیلی پرسے منہ میں ڈالی جائے۔ تص مث **پَھنْکی**۔ ف م۔ **پَھنْکانا**، (فت مغ، پھ، بروزن بَتانا)۔

پُھنْکار ضمہ پھ، غنہ۔ (بروزن تلوار) امث۔ نتھنوں یا کسی سوراخ سے ہوا زور سے خارج ہونے کی آواز، جیسے سانپ کی پُھنکار۔ امذ۔مبکّر: **پُھنکارا**۔

پُھنَنْگ ضمہ پھ، فت ن، غنہ۔ (بروزن پَلنگ) امث۔ درخت کی چوٹی کسی اونچی چیز کا اوپری سرا، ناک کی نوک۔

پُھنّو ضمہ پھ، شد ن، و مج۔ امذ۔ چری ہوئی لکڑی کے پھٹوں کے درمیان اڑایا جانے والا لکڑی کا ٹکڑا، پچّر، پَھنّی؛ چھوٹے لڑکوں کا عضو تناسل۔

پَھنّے خاں فت پھ، شد ن، ے مج۔ اکڑ باز، نازک مزاج، جلد چڑ جانے والا آدمی۔

پَھنیری فت پھ، ے مج۔ صف۔ پھن پھیلانے والا سانپ، یا سانپوں کی قسم۔

پُھوار ضمہ پھ۔ امث۔ بارش یا فوّارے، جھرنے وغیرہ کی مہین بوندوں کا برسنا، نیز **پُھوہار** (پُھوار، لُہار کا ہموزن)؛ کسی سطح پر مہین بندکیوں کے نشان یا غبار؛ ایک مہین بندکیوں دار کپڑا۔

پُھوپا و مع۔ امذ۔ پھوپی کا شوہر۔ امث۔ **پُھوپی** باپ کی بہن، نیز **پُھپّا/پُھپّی**۔ (شد پ)۔

پُھوٹ و مع۔ امث۔ کھنڈت، بکھرنا، باہمی نفاق؛

جڑ جو پنپ گئی ہو؛ خربوزے کی طرح کا ایک پھیکے ذائقے کا پھل جسے کچالو کی چاٹ میں استعمال کرتے ہیں۔ اِسے پُھونٹ بھی کہتےہیں۔ (بطور فجائیہ) دُھت، دور پرے۔

پُھوٹک و مع، فت ٹ۔ صف۔ آسانی سے ٹوٹنے، بکھر جانے والا؛ ناہموار دبازت کا ناقص کاغذ۔

پُھوٹنا و مع، سک ٹ۔ ف ل۔ پھٹنا، ٹوٹنا، شکستہ، چکنا چُور، ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، رُخ بدلنا، جُدا ہونا؛ نُمُو پانا؛ اُگنا؛ پٹم، بے نور ہونا؛ م: دیدے، آنکھ، پھوٹنا؛ (طنزاً) منہ کھولنا، بولنا، م: کُچھ تو منہ سے پُھوٹو؛ اُبھر آنا، بہنا، اُبلنا، م: چشمہ پُھوٹنا؛ بکھرنا، پھیلنا، م: بُو پھوٹنا۔ نیز پھوڑنا کا ف ل۔

پھوڑا و مج۔ امذ۔ بُری پُھنسی، دُنبل۔

پُھوس و مع۔ امث۔ سوکھے پتے ڈنٹھل، تنکے۔ صف بہت بوڑھا۔ نیز پُھونس۔

پُھوسڑا و مع، سک س۔ امذ۔ دھاگے کا چھوٹا ٹکڑا؛ گودڑ کی باریک بتّی، تنکا، پرکاہ، نیز پُھونسڑا۔

پھوک و مج۔ امذ۔ چوسنے یا عرق نکالنے کے بعد بچا ہو بیکار جز، سُفل۔

پھوکا و مج۔ صف۔ کھوکھلا، ہلکا، بے زور، بے وزن، کھُلّھل۔ نیز پھوکل۔

پَھوکَٹ و مج، فت ک۔ صف۔ امث۔ مفت، بے قیمت؛ مفت ہاتھ آنے والی شے۔ م پھوکَٹ میں۔ مفت، اصل فائدے کے علاوہ۔

پُھول و مع، امذ۔ ج مذ۔ پودوں پر اگنے والے بے شمار انواع کے بوٹے؛ گل، زَہرہ، رَیحان؛ نقلی بوٹے جو مختلف صنعتوں سے بنائے جاتے ہیں؛ چراغ کی بتّی کا ادھ جلا سرا؛ چِتا پر جلی ہوئی ہڈیاں؛ مسلمان میت کی تیسرے دن کی فاتحہ، سوم یا سوئم؛ ہندوؤں میں تیسرے دن میت کی جلی ہوئی ہڈیاں سمیٹ کر بہانے کی رسم؛ ایک قسم کی قدیم شراب کا نام؛ مرکّب دھات، کانسی؛ نشتر کی نوک، ڈھال پر جَڑا ہوا دھات کا پَترا؛ نوجوان لڑکی کا پہلا حیض، آنکھ کی پُھلی؛ ٹائپ یا کتابت میں مختلف مواقع پر لگنے والا چار جڑے ہوئے نقطوں کا نشان؛ تاش کے پتوں میں چڑیا کے سیاہ نشان کا پتّہ۔ (مجازاً) پیاری، عزیز، ہلکی پھلکی شے یا بچّہ۔

پُھولا و مع۔ امذ۔ مرغ وغیرہ پردار جانوروں کا ایک مرض جس میں وہ پھول جاتا ہے؛ گھوڑے کے پُٹّھے یا ران پر سفید داغ جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ صف۔ پھیلا ہوا، اپنے معمولی حجم سے بڑھا ہوا۔ مث۔ پُھولی۔ محاورہ۔ پُھولی پُھولی کھانا (بطور طعن) کسی کے سر آرام چین سے رہنا۔

پُھولام و مع۔ امذ۔ ایک طرح کا ریشمی کپڑا جس کی بُناوٹ میں پھول ہوتے ہیں۔

پُھولنا و مع، سک ل۔ ف ل۔ درخت پودے یا بیل وغیرہ کا پھول لانا؛ پھول کھلانا؛ پَھیلنا، جسامت بڑھانا؛ اُبھرنا، سطح پر نمایاں ہونا؛ خوش ہونا، نہال ہونا، فخر کرنا؛ روٹھنا، رنجیدہ؛ کبیدہ خاطر نظر آنا۔

پُھونس و مع، غنہ۔ رک پُھوس۔

پُھونک و مع، غنہ۔ امث۔ سانس جو منہ سے باہر چھوڑا جائے یا کسی نلکی کے ذریعے کسی چیز میں بھرا جائے؛ دم؛ روح؛ ہوا جو کسی شے کو پھلانے کے لیے اس میں بھری جائے؛ چُھو جو کسی مریض یا معتقد پر پیر اپنے منہ سے کرے۔

پُھوہار و مع۔ رک پُھوار۔

پُھوہَڑ و مع، فت ہ۔ صف۔ امذ۔ امث۔ بدسلیقہ، جو بھونڈا کام یا بھونڈی حرکات کرے۔ امذ پُھوہَڑ پَن۔

پُھوئی و مع۔ امث۔ ایک قسم کی پھپھوند جو خالی آنکھ سے نظر نہیں آتی اور درختوں پر لگ کر انہیں نقصان پہنچاتی ہے۔تھار، تُوسر، کَنڈُوا۔

پُھوئیاں پُھوئیاں و مع، کس ء، غنہ۔ (بروزن بُرّاں بُرّاں) م فہ قطرہ قطرہ، بوند بوند (برسنا)۔
پھوِیا و مج۔ امذ۔ تنکے یا سلائی کے ایک سرے پر لپٹا ہوا روئی کا چھوٹا سا ٹکڑا، پُھرَیری، دوا میں بھگویا یا عطر میں بسایا ہوا روئی کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
پھیپڑا ے مج، سک پ۔ امذ۔ سینے کے اندر وہ گدگدا عضو جس میں سانس جا کر بھرتا ہے اوروہ اس میں سے آکسیجن اخذ کر کے کاربن گیس جسم سے خارج کرتا ہے۔ عموماً دو پھیپھڑے ہوتے ہیں، دایاں اور بایاں۔نیز **پھیپھڑا**۔
پھیر ے مج۔ امذ۔ چکّر، گھماؤ؛ احاطہ؛ موڑ، ٹیڑھا، لمبا، دور کا راستہ؛ گمراہی، بھٹکنے کی کیفیت، کج فہمی، نا سمجھی۔
پھیرا ے مج۔ امذ۔ گشت دورہ، مکّرر آمد، لوٹ کے آنا، **پھیرے** ہندوؤں میں نکاح کی رسم جو آگ کے گرد دُولھا دُلھن ایک دوسرے کے دامن سے دامن باندھے چند بار پیرے یا چکر لگا کے ادا کرتے ہیں۔

پھیرنا (۱) ے مج۔ ف م۔ واپس کرنا، لوٹانا؛ رخ موڑنا؛ منحرف کرنا، پلٹنا، بدلنا؛ گھمانا، مَلنا، چُپڑنا، لِیپنا، پوتنا؛ رَگڑنا م؛ چُھری پھیرنا؛ گھوڑے کو سدھانے کے لیے گردِش کرانا۔نیز **پِھرانا** ف ل **پِھرنا**۔
پھیرنا (۲) ے مج۔ امذ۔ (زرکوبی) ورق کوٹنے کی تھیلی جسے زرکوب ہر ضرب کے بعد پھیرتے یا گھماتے جاتے ہیں۔
پھیری ے مج۔ امث۔ گشت، گلی کوچوں میں گھوم پھر کر سودا بیچنا۔ محاورہ **پھیری لگانا**؛ رسی وغیرہ کو البیٹ دے کر کسنے کا ڈنڈا، تِکول، اَینٹھا؛ رقص؛ پاوؤں پر گھومنا، چک پھیری۔
پھیس ے مج۔ امذ۔ پھین، جھاگ۔

پِھیک ی مع۔ امث۔ چابک کا تسمہ۔
پھیکا ی مع۔ صفہ بے ذائقہ؛ بے نمک، بے مِٹھاس؛ بے مسالے کا، مدھم، ماند؛ بے رونق؛ بے حلاوت (بات، کلام وغیرہ) جس سے تصنّع یا بے ہُنری ظاہر ہو۔ اکیف مذ **پھیکا پَن**۔ مث **پِھیکی**۔ مرکب **پِھیکی ہَنسی** مصنوعی بے دلی کی مسکراہٹ۔
پَھیلانا ے لین۔ ف م۔ دور تک لے جانا، وسعت دینا، بکھیرنا، نشر کرنا؛ بچھانا؛ تفصیل کرنا، جانَچنا۔ م؛ حساب پَھیلانا۔ ف ل۔ **پَھیلنا**۔
پَھیلاؤ ے لین، و مج۔ (بروزن آباد) امذ۔ چوڑائی، وسعت، پہنائی؛ اشاعت، نفاذ؛ نیز **پَھیلاوا** وسعت، توسیع۔
پَھیلنا ے لین، سک ل۔ ف ل۔ مختلف اطراف میں بڑھنا، دراز یا وسیع ہونا؛ اشاعت پانا؛ عام ہونا، رواج پانا؛ ایک سے دوسرے تک پہنچنا یا ایک سے دوسرے کو لگنا (مرض وغیرہ کا)؛ اڑنا، ہٹ کرنا۔ صف **پَھیلواں** چوڑا۔
پھین ے مج۔ امذ۔ کف، جھاگ۔
پھینٹ، ے مج، غنہ۔ امث۔ چنائی کی اینٹوں کا درمیانی خلا، ریخ؛ لکڑی کی عرضی چرائی۔
پَھینٹا ے لین مغ۔ امذ۔ بغیر کلاہ کے گول، بل کھائی ہوئی پٹیوں کی صورت میں سر پر لپیٹی ہوئی پگڑی۔
پھینٹنا ے مج، غنہ۔ ف م۔ کسی رقیق یا نیم سیّال چیز یا مرکب کو ہلا ہلا کر یکجاں کرنا یا اس میں جھاگ اٹھانا۔ م؛ انڈا پھینٹنا۔ تاش کے پتّوں کو گڈ مڈ کرنا۔
پھینک ے مج مغ۔ امث۔ گتکے بازی، گل بازی؛ دباؤ، زور۔
پھینکا ے مج مغ۔ امذ۔ ریٹھا۔
پھینکنا ے مج، غنہ۔ (بروزن، سینکنا) ف م۔ بازو یا کسی طرح کے زور سے دور پہنچانا؛ اونچا اچھالنا،

زور سے گرانا، پٹکنا، ہاتھ سے لڑھکانا؛ ڈالنا۔ م: پانسہ پھینکنا، ضائع کرنا؛ رد کرنا؛ ف ل مجہول پِھکنا۔

پھینی ے مج۔ امث۔ میدے کے مہین تاروں کے لچھے کی صورت کی پِھیکی یا شکر چھڑکی ہوئی مٹھائی جسے دودھ میں ڈال کر کھاتے ہیں تو بالائی کی طرح کا ذائقہ دیتی ہے۔عموماً رمضان کے مہینے میں سحری کے وقت مستعمل۔ عام طور پر جمع کے صیغے میں پھینیاں۔

پِھیہا ی مع۔امذ۔مرغی کے پیٹ کا ورم جس کی وجہ سے وہ انڈے دینا چھوڑ دیتی ہے۔

ت

ت تے، تا۔ تائے فوقانی، تائے مثنات۔ امث۔ اردو حرُف تہجی کا ساتواں حرف۔ لثوی مصمتہ جو نوک زبان اور دانتوں یا مسوڑھوں کی پشت سے ادا کیا جاتا ہے۔ عربی کے مفرد الفاظ کے آخر میں اگر حرف اصلی ہو تو ت کی شکل میں لکھی جاتی ہے ورنہ تائے مدوّرہ کی صورت میں، جیسے،بطور حرف اصلی: ذات، وقت، سَمت، صوت، (ج: ذوات، اوقات، سُموت، اصوات)؛تائے تانیث صاعقہ، زائدہ، عاصمہ؛ تائے مدوّرہ۔ عربی تراکیب میں دوسرے لفظ سے وصل ہو کر حرف ت کی آواز ادا کرتی ہے، ورنہ صرف حرف ہ کے طور پر لکھی اور پڑھی جاتی ہے۔ م: مقدمہ، مُقَدّمَۃُ الجیش؛ قُدوَہ، قُدوَۃ السَّالکین، زاویہ، زاویۃُ القائمہ۔ مکسوُر ت، اردو میں عدد تین کی علامت یا تخفیف بھی ہے م: تکونا، تِسرا کے، تِکڑم؛ جمل میں ت کے بطور تائے قرشت ۴۰۰ عدد شمار ہوتے ہیں، بطور تائے مدوّرہ ہائے ہوز کی مثل صرف ۵۔حروف شمسی میں ہے۔

تا (۱) حرف جار۔ تک، جب تک؛ کی حد تک، نیز تاکہ کی تخفیف م: تا عرض شوق میں نہ رہے بندگی کی لاگ۔ مرکبات **تاآنکہ** (تا آن کِ) یہاں تک کہ۔ اس حد تک کہ؛ **تابَکَے** (بَ کَے۔ ے لین) کب تک، کہاں تک؛ نیز **تاکُجا**، **تا بمَقدُور** (فت م، سک ق، و مع) جہاں تک بس میں ہو؛ **تاحینِ حَیات** (ی مع، کس مج ن، فت ح)، زندگی بھر؛ **تاوَقْتیکہ** (وَق تے ک) جس وقت تک۔

تا (۲) امث۔ بچوں کو خوش کرنے کے لیے اوٹ میں سے منہ نکال کر کہا جانے والا کلمہ غالباً "تاک" کا مخفف۔ م موکھے میں سے تا کی/ تا کہا۔

تاب (۱) امث۔ گرمی، تپش؛ رَوشنی، چمک، نیز **تابِش**۔ صف **تاباں** روشن، نیز **تابْناک**،

تابَنْدَہ (تا بِن دَ) امذ۔ تابْ دان، روشن دان، تابِستان گرمی کا موسم۔ نیز رک: تابکار/ تابْکاری۔

تاب (۲) امث۔ بَل، پیچ؛ بالوں کی لہر یا گھُونگر۔

تاب (۳) امث۔ تحمل، برداشت؛ طاقت، مجال، مقدور، مرکب، امث۔ تاب وَ تُواں (ومج، ضمہ ت) طاقت، قدرت۔

تابَڑ توڑ فت ب، سک ڑ، ومج۔ م ف۔ مسلسل، متواتر، لگاتار۔

تابش کس ب۔ امث۔ رک: تاب۔

تابِع کس مج ب۔ صف۔ پیرو، اتّباع کرنے والا؛ ساتھ لگا ہوا، م: تابعِ مُہمَل، تابع دار فرماں بردار، مطیع، حکم کا بَندہ، ملازم۔[اردو کا تصّرف] اکیف مث تابع داری۔ اطاعت۔

تابِعی کس مج ب۔ امذ۔ اصحاب رسولؐ کی صحبت سے مستفید قدیم مسلمان، جو تا حیات ایمان پر قائم رہا ہو۔ ج: تابِعیں۔ امث۔ تابِعِیّت تابعی کا درجہ یا حیثیت۔

تابْکار سک ب۔ صف۔ زہریلی شعاعیں خارج کرنے والے (اجسام)۔امث تابْکاری انحطاط پذیر ایٹمی مرکزوں سے اَلفا بِیٹا، گاما، جیسی شعاعوں کا اخراج۔

تابِنْدَہ کس ب، سک ن، فت د۔ صف۔ روشن، چمکیلا۔

تابُوت و مع۔ امذ۔ لکڑی کا صندوق جس میں لاش کو رکھ کر دفن کیا جائے یا اس کی نقل جو محرّم کے دنوں میں کاندھوں پر بطور جلوس لے جائی جاتی ہے؛ جوتے کی شکل درست رکھنے کے لیے جوتے کے اندر رکھا جانے والا لکڑی کا فرما۔

تابَہ فت ب۔ امذ۔ توا جس پر روٹی پکاتے ہیں۔

تابی صف۔ وہ زمین جس پر جھیل، نہر وغیرہ کے ذریعے آبپاشی نہ ہوتی ہو، بارانی یا چاہی؛ آبی کی ضد۔

تابِیَہ کس ب، فت ی۔ امذ۔ تنبیہہ، فہمائش، محاورہ تابِیَہ بٹھانا روک ٹوک کرنا۔

تاپ امذ۔ بخار ، حرارت، نیز تَپ۔

تاپا امذ۔ ماہی گیری کی کشتی۔

تاپاک امذ۔ بے چینی، مچلاہٹ؛ چُستی، پُھرتی، چالاکی؛ گرمجوشی، نیز (رک) تَپاک۔ قب تَپک۔

تاپْنا سک پ۔ ف م۔ سینکنا، دھوپ میں یا آگ کے پاس بیٹھ کر جسم کو گرمی پہنچانا۔

تاتا تَھئی تَھئی فت تھ، ی مع۔ (بروزن تھم تھم) نقل صوت۔ ناچ گانا۔

تَاَثّر فت ت، ا، شد ضم ث۔ امذ۔ اثر ڈالنا یا قبول کرنا؛ کسی بات کا معنی خیز نتیجہ یا نکتہ جو ذہن میں رہ جائے؛ ذہن پر قائم ہونے والانقش؛ نیز تَاَثُّر۔

تاج امذ۔ کلاہ شاہی؛اکلیل، مُکٹ؛ مور، مرغ وغیرہ کی کلغی؛ درخت کی پھُننگ، تاج اَلْمُلوک۔ (تا جُل مُ لُوک) بچھناگ کا پودا، نیز کُلاہ راہب۔ (لاط: Aconitum Frox) تاج خَرُوس (تاجِ خَ رُوس) مرغ کی کلغی؛ ایک سرخ پھول، کلغہ، جس کی پتیاں مرغ کی کلغی کی طرح ہوتی ہیں۔ (لاط: Celosia Cristata)۔ امذ ، صف تاج دار بادشاہ؛(معماری) اصل تعمیر سے اگے نکلا ہوا سلامی دار چھجا، دالان یا لَداؤ کا دروازہ، تاجْوَر، (تاج وَر) تاجدار، بادشاہ، ج: تِیجان تاج، کلغیاں۔

تاجِر کس ج۔ امذ۔ سوداگر، تجارت پیشہ، کاروباری۔

تاجو و مج۔ صف۔ مث۔ بطور دشنام۔ بد عورت، سفاک، برادر کُش۔

تاجِیل ی مع۔ امث۔ التوا، مہلت، معینہ مدّت، قب۔ صف: مُؤَجَّل تاجیل کردہ، ملتوی۔

تاخْت سک خ۔ امث۔ حملہ، دھاوا؛ لُوٹ، غارتگری۔

تَاَخُّر فت ت، ا، شد ضم خ۔ امذ۔ مؤخر ہونا، پیچھے ہونا، تقدم کی ضد۔ نیز **تَاَخُّر**۔

تاخِیر ی مع۔ امث۔ دیر (کرنا یا ہونا) وقت کا کھونا؛ وقفہ، تعویق۔

تَاَدُّب فت ت، ا، شد ضم د۔ امذ۔ آداب سیکھنا؛ تمیز، تہذیب، شائستگی؛ نیز **تَاَدُّب**۔

تادِیب ی مع۔ امث۔ تعلیم، سدھانا، ادب سکھانا؛ سرزنش کرنا، سزا دینا، تعزیری کارروائی کرنا۔ [ع: تادیب]۔

تادِیَت کس د، فت ی۔ امث۔ عمل، مطلوبہ یا متوقع کارکردگی، انجام دہی؛ ابلاغ؛ (برقیات) ترسیل، توصیل؛ ادائگی، بے باقی [ع: **تأدیہ**]۔

تَاَذّی فت ت، ا، شد ذ۔ امث۔ اذیت دینا نیز **تَاَذّی**۔

تاذِین ی مع۔ امث۔ اجازت، اذن، [ع: تاذین]۔

تار (۱) امذ۔ دھات یا دھاگے کی پتلی ڈوری، کوئی مہین ریشہ؛ رشتہ، سلسلہ؛ تعلق بندھن؛ کسی قوام کی پتلی دھار؛ سالن پر تیرتی چکنائی۔ سورج یا روشنی کی شعاع۔

تار (۲) صف۔ تاریک، اندھیرا م: **شبِ تار** اندھیری رات۔

تارا امذ۔ ستارہ، نجم، جرمِ فلکی؛ امث۔ **تارا مچھلی** بے ریڑھ کی ہڈی کی نوع سے ایک مچھلی، ستارہ نما، متعدد بازوؤں والی سمندری مخلوق (لاط: Asteroides Echinoderm)۔

تاراج امث۔ غارت گری، لوٹ مار، نیز **تاراجی**۔

تارا مَنڈَل فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ پھول برسانے والی آتش بازی، آگی گولا۔

تارْ بَرْقی سک ر، فت ب۔ امذ۔ بجلی کے تاروں پر مقررہ علامات کے ذریعے پیغامات کی ترسیل کا طریقہ یا نظام (انگ: ٹیلیگراف، ٹیلیگرام)۔ قب: بے **تار بَرقی** ہوا میں برقی ارتعاش کے ذریعے پیغام رسانی (انگ: وائر لس)۔

تارْپَتْری فت پ، سک ت۔ امث۔ زربفت۔

تارتَرنگا سک ر، کس ت، فت ر، غنہ۔ صف۔ جھیر جھیر، جھوجھرا، جس کی بناوٹ کے تار دور دور یا الگ الگ ہوں، گھٹیا کپڑا یا مسالہ، ٹکی وغیرہ۔

تارْتِل سک ر، کس ت۔امذ۔چھوٹا موٹا زیور، نیز تار چھلّا، **تارتنکا**۔

تار تورْ و مج۔ امذ۔ ایک قسم کا سوئی کا کام۔

تارَخ فت ر۔ امذ۔ چندیا، تالو؛ نیز **تارَک**۔

تارِک کس ر۔ صف۔ ترک کرنے، چھوڑنے، تیاگنے والا، م: **تارِکُ الدُّنیا** (تارِ کُد دُنیا) راہب، گوشہ نشین۔

تارْکَشی سک ر، فت ک۔ امث۔ زربافی کے لیے سونے چاندی کے تار کو جنتر میں کھینچ کر باریک کرنے کا عمل یا ہنر؛ عمدہ باریک کڑھائی کا دھاگا۔

تارَن فت ر۔امذ۔چھپّر چھانے کے لیے بانس کا ٹھاٹھر؛ بانسوں کو جوڑ کر بنایا ہوا دریا پار کرنے کا وسیلہ۔

تاری امث۔ آتش بازی کی ایک قسم جو ہوا میں اڑ کر تاروں کے جھرمٹ کی طرح پھیلتی ہوئی نیچے اترتی ہے۔

تارِیج ی مع۔ امث۔ تختۂ حساب جو میزان جوڑنے کے لیے لکھا جائے؛ جدول، گوشوارہ۔

تارِیخ ی مع۔ امث۔ جنتری کی رو سے کسی دن کا عدد شمار؛ روئداد، سرگزشت؛ گزشتہ زمانوں کے حالات کی تحقیق و تالیف کا علم؛ عدالت میں پیشی کا دن؛ قواعد جمل کے مطابق حروف و الفاظ کو جوڑ کر کسی واقعے کا سال متعین کرنا۔ **تاریخِ ارجاع** (کس ا) عدالت سے رجوع ہونے، دعویٰ دائرکرنے کی تاریخ۔ **تاریخِ صُوری** (کس مج خ، ضمہ ص، فت

و) وہ مادۂ تاریخی جس میں حساب جمل کو دخل نہ ہو بلکہ الفاظ سے خود بخود ظاہر ہو، مۃ میر صاحب تیسویں ذی الحج کی شام.کر کے گئے چودھویں ہجری تمام۔

تارِید ی مع۔ امث۔ کسی غیر زبان کے لفظ کو اردو لب و لہجے میں ڈھالنا، اُردوانا مثلاً Pantaloon سے پتلُون lantern سے لالٹین۔ نیز **تَورِید** (ولین)۔ قب: **تَہنِید** (فت مج ت، ی مع) ہندی لہجے میں ڈھالنا۔

تارِیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ تارتار کیا ہوا، اُلجھا ہوا، پیچیدہ۔

تارِیک ی مع۔ صف۔ سیاہ، اندھیرا، اندھیری، مجازاً منحوس۔ ناخوشگوار ۔ امث۔ **تارِیکی** تیرگی، سیاہی؛ لاعلمی۔

تارِینَہ ی مع، فت ن۔ امذ۔ پھولوں کا گچھا جو ایک ہی ڈنڈی سے پھوٹے ہوں۔

تاڑ (۱) امذ۔ کھجور سے مشابہ ایک اونچا درخت جس کے اوپری سرے پر چھتری نما پتوں کا جھنڈ ہوتا ہے۔ اس کی مادہ قسم میں سخت چھلکے کا پھل لگتا ہے جسے مُنجَل کہتے ہیں اور اس میں سے نرم شفاف گودا نکلتا ہے، خام صورت میں پھلوں کے گچھے کو کاٹ کر ان کی جگہ مٹی کا برتن باندھ دیتے ہیں جس میں عرق جمع ہوتا رہتا ہے جو تاڑی کہلاتا ہے اور نشہ آور مشروب ہے (لاط: Barassus Flabelliformus) **تاڑ پَتر** تاڑ کا چوڑا پتہ جو قدیم زمانے میں کاغذ کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔

تاڑ (۲) امث تاکنے، تاڑنے کا عمل؛ دھیان، قیاس؛ ذہن کی رسائی۔ مرکب وصفی۔ **تاڑ باز** نظر باز؛ گہری نظر یا پرکھ رکھنے والا۔ ف م۔ **تاڑْنا**، پرکھنا، پہچاننا، بات کی تہ تک پہنچ جانا، مارنا، پیٹنا۔ صف۔ **تاڑَک** سزا دینے والا۔

تاڑی (۱) امث۔ تاڑ (۱) کے درخت سے حاصل ہونے والا عرق جو فوراً تازہ تازہ پی لیا جائے تو مفرّح ہوتا ہے، لیکن دن نکلنے پر نشہ آور ہو جاتا ہے۔

تاڑی (۲) امث۔ مُوٹھ، قبضہ، کسی ہتھیار کا دستہ۔

تاڑی (۳) صف۔ نظر لگانے والا شخص یا آنکھ؛ حاسد۔

تاز صف۔ بطور لاحقہ یا مرکبات میں جزو دوم، دوڑنے والا، دھاوا کرنے والا، م **تُرکتاز**، **یَکّہ تاز**۔

تازَہ فت ز۔ صف۔ نیا، جدید؛ سر سبز، ہرا بھرا؛ مکّرر، دوبارہ واقع ہونے یا کیا جانے والا؛ نورس، نودمیدہ، نوآمدہ؛ پُرانا، باسی، کہنہ کی ضد۔ مرکب **تازَہ بَتازَہ** (فت ب) بالکل نیا، جدید تر؛ **تازہ کار**، نئی بات کرنے، کرشمہ دکھانے والا، موجِد، مخترِع۔ اکیف مئث **تازَگی/تازْگی**۔

تازی صف۔ عرب سے تعلق رکھنے والا، عربی۔

تازِیانَہ کس ز، فت ن۔ امذ۔ کوڑا، چابک۔

تازِیب ی مع۔ امث۔ بہانا، رواں کرنا؛ شرمندہ کرنا۔

تازِیک ی مع۔ امذ۔ دو غلی نسل کا گھوڑا جس میں عربی کا میل ہو؛ تاجکستان کا باشندہ [**تاجیک**، **تاجِک** (ی مع، کس ج) کا معرّب]۔

تاس امذ۔ رک: **تاش**، نیز **طاس**۔

تاسِع کس مج س۔ صف عددی۔ نواں۔

تَاَسّف فت ت ا؛ شد ضم س۔ امذ۔ افسوس کرنا [ع: **تأسف**]۔

تاشلا سک س۔ امث۔ ریچھ کو نچانے کی رسّی۔

تاسْنا سک س۔ ف م۔ تاڑ کے درخت سے تاڑی نکالنا، تَونس یا شدید پیاس محسوس کرنا۔

تَاَسّی فت ت ا، شد س، ف م۔ امث۔ پیروی کرنا، اطاعت، اتباع [ع: **تأسّی**]۔

تاسِیس ی مع۔ امث۔ اساس، بُنیاد رکھنا،

(عروض) قافیے میں حرف روی سے پہلے ساکن الف یا الف بطور مصوتہ جو جزو قافیہ ہو، جیسے مدار، نگار بہار میں۔ [ع: تاسِیس]۔

تاش امذ۔ زربفت، ریشمی کپڑا جس کا بانا سنہری تاروں کا ہو، بادلے سے بُنی ہوئی ہلکی قسم کو کِرکِری تاش کہتے ہیں۔(۲) کاغذ کے باون نشان زدہ پتوں سے کھیلا جانے والا ایک گھریلو کھیل، تاش کا پتہ؛ (۳) ہم پیشہ؛ ایک دوسرے کے ہمکار؛ م؛ رک: **خوَاجہ تاش**۔

تاشَہ فت ش۔ امذ۔ گلے میں لٹکا کر دو چوبوں سے بجایا جانے والا پتلا تیز آواز کا ڈھول جس میں گونج نہیں ہوتی کڑا کا ہوتا ہے [ع: طاسہ]۔

تاصِیل ی مع۔ امث۔ اصلیّت بتانا؛ لفظ کا اشتقاق واضح کرنا [ع: **تأصِیل**]۔

تافتان سک ف۔ امث۔ میدہ ملی ہوئی نرم، روغنی پُھولی پُھولی پرت دار روٹی۔

تافتَہ سک ف، فت ت۔ صف۔ لپیٹا، پیچ کھایا، موڑا ہوا؛ بُنا ہوا؛ چمکیلا؛ ایک قیمتی ریشمی کپڑا۔

تافیف ی مع۔ امث۔ اُف کرنا، منہ سے اُف کہنا۔ [ع: **تأفِیف**]۔

تاقی صف۔ دورَنگی آنکھوں والا گھوڑا۔

تاک (۱) امث۔ انگور کی بیل۔

تاک (۲) امث۔ گھورنا، تاکنا، تاڑنا؛ تلاش، جستجو۔ مر عطفی **تاک جھانک** نظر بازی۔ ثوہ۔ ف م۔ **تاک لگانا**، موقع کی تلاش میں رہنا، شست باندھنا۔

تاک (۳) امث۔ نقل صوت۔ طبلے وغیرہ پر چوٹ پڑنے کی آواز م؛ **تاک دِھنا دِھن**۔

تاکا امذ۔ پودوں، ترکَاریوں کو لگنے والی ایک بیماری۔

تَاکُّل فت ت ا، شد ضم ک۔ امذ۔ دھات کا گلنا، رینجھنا؛ دبلا، نحیف ہونا، بوسیدہ ہونا۔ [ع: تاکّل]۔

تاکِہ کس مج ک۔ حرف علت و جزا۔ اس لیے، اس واسطے، اس غرض سے۔

تاکِید ی مع۔ امث۔ جتانا، زور دینا، اصرار کرنا [ع: تاکید]۔ مرکب **تاکِیدِ اَکِید** (کس مج د، فت ا، ی مع) سخت تاکید [ع: اکید = لازمی، یقینی]۔

تاگا امذ۔ دھاگا، ڈورا، محاورہ، **تاگا لینا**، ٹوہ لینا، کسی بات کا سرا پکڑنا، نیز رک: **آگا تاگا**۔

تاگڑی سک گ۔ امث۔ دھوتی یا لنگوٹی کو سہارنے کے لیے کمر میں باندھا جانے والا بٹا ہوا ڈورا۔

تاگنا سک گ۔ ف م۔ دھاگہ پرونا، ڈورا ڈالنا۔

تال (۱) امذ۔ تالاب، چھوٹی جھیل۔ امث۔ **تال گھَڑی** جوار بھاٹے یا پانی کے اتار چڑھاؤ کو ناپنے کا آلہ۔ **تال تُرازو** پن گھڑی۔

تال (۲) امث۔ عینک کا شیشہ۔

تال (۳) امث۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے کی آواز، طبلے کا ٹھیکہ، لے میں سروں کے متناسب مقررہ اوزان؛ چھوٹا ہاتھ میں اٹھا کر بجانے کا دف کی طرح کا ایک باجا، جھانجھ، مجیرا مرکب **تال میل** (ے مج) موافقت، ہم آہنگی، میل جول۔

تال (۴) امذ۔ رک **تاڑ** جس کی یہ ایک شکل ہے۔ **تال پَتّر** (فت پ، سک ت) تاڑ کا پتہ جولکھنے کے کام آتا تھا۔ **تال جَنتَر** تاڑ کے پتے کی شکل کا ایک آلۂ جرّاحی۔

تالا امذ۔ قفل؛ (مجازاً) بندش۔

تالاب امذ۔ قدرتی جھیل یا پانی کا پشتے باندھ کر بنایا ہوا ذخیرہ، نیز تال۔

تالا بیلی ے مج۔ امث۔ بے چینی، تڑپ، اضطراب، نیز **تَلا بیلی**۔

تالِسپَتری کس ل، سک س، فت پ، سک ت۔ امث۔ ایک پودا جس کی پتیاں اور کلیاں کڑوی ہوتی ہیں؛

ذائقہ ریوند چینی سے ملتا ہوا (لاط: Flacourtian Cotaphracta)۔

تَآلُف فت ت ا، شد ضم ل۔ امذ۔ محبت، موانست، مدارات [ع: تالّف]۔

تالک (۱) فت ل۔ امث۔ ابرک،نیز **طَلَق**؛ ہڑتال، تاڑ کا پھل،مُنجل [س: تالک]۔

تال گوبھی و مج۔ امث۔ بند گوبھی، کَرم کَلا۔

تَاللّٰہ فت ت، اغم، شد ل، کس مج ہ۔ کلمۂ قسم، واللہ، خدا کی قسم۔

تَاَلُّم فت ت، ا، شد ضم ل۔ امذ۔ رنج، افسوس، غمگینی، یاسیّت [ع: تألّم]۔

تال مکھانا فت م۔ نیلوفر سے ملتی ہوئی ایک بیل کا بیج جسکا چھلکا سیاہ اور سخت ہوتا ہے اور اندر سے سفید چِتّی دار مغز نکلتا ہے جسے بھون کر کھاتے ہیں اور سَتورے وغیرہ میں میوے کے طور پر ڈالتے ہیں نیز مکھانا (لاط: Eusayale Ferox)۔

تالْمُود سک ل، و مع۔ امذ۔ رک **تَلْمُود**۔

تالُو و مع۔ امذ۔ منہ کے اندر کا بالائی حصہ یا چھت، حَنَک؛ سرکا سب سے اوپری حصہ، چندیا۔

تالوا سک ل۔ امذ۔ بچّے کو پیدائش کے بعد پہنایا جانے والا پہلاجوڑا جو رسماً ننھیال سے آتا تھا۔

تَاَلُّہ فت ت، ا، شد ضممج ل۔ امذ۔ خدا سازی، معبود گری؛ کسی کو اوتار قرار دینا۔ اِلٰہِیّات: تخلیق کائنات اور وجود باری تعالٰی کی بابت غور و فکر و نظریات کا علم؛ خدا سے لو لگانا، خدا پرستی، عبادت، [ع: تاٗ لہ]۔

تالی (۱) امث۔ ہتیلی پر ہتیلی مارنے سے پیداہونے والی آواز۔ف مر **تالی بَجانا، پِٹْخارنا** (فت پ، سک ٹ)، **پیٹْنا** (ی مع) تالی کی آواز نکالنا، ف مج۔ **تالی پِٹْنا** مذاق اُڑنا، رُسوائی ہونا۔

تالی (۲) امث۔ کُنجی؛ کلید، مفتاح، چابی۔

تالی (۳) امث۔ تواتر، یکے بعد دیگرے یا مسلسل واقع ہونا۔ م ف: **بِالتّالی** متواتر؛ امذ۔ تلاوت کرنے، قرآن خوانی کرنےوالا۔ صف بعد میں واقع ہونے والا، تابع۔

تالِیف ی مع۔ امث۔ پرونا، مرتب کرنا، باہم مربوط کرنا؛ ملاپ، محبت، دلجوئی؛ مرتب شدہ کتاب۔ صف **تالِیفی** تالیف کے کام سے متعلق؛ (لسانیات) **تالِیفی زبان/ جملہ** وہ جس میں الفاظ ایک سلسلے سے ترتیب دیئے جائیں، م: میں نےکہا،تصریفی کی ضد جس میں صرفی عمل زیادہ واقع ہوتا ہے یعنی حرفوں کا اُلٹ پھیر یا الفاظ کی شکل میں تبدیلی [جیسے کہ عربی میں: قُلتُ = میں نے کہا]۔

تالِیکا ی مع۔ امذ۔ (لسانیات) وہ مصّمتہ جس کی ادائگی میں کسی قدر صوتی ارتعاش واقع ہوتا ہے جیسے ر۔

تالِیل ی مع۔ امذ۔ مسّا، پیدائشی، سیاہ دانہ جو بعض اوقات جسم پر ہوتا ہے اور عمر کے ساتھ بڑا بھی ہو جاتا ہے۔

تام (۱) صف۔ پورا، کامل م: **تعریفِ.تام** مکمل تعریف جو کسی چیز پر پوری طرح صادق آئے۔ **تامّ الْخلقَت** (تام مُل خِل قَت) اپنی ساخت میں بالکل مکمل اور بے نقص۔ م ف۔ **تاماً** (تامْ مَن) تمامتر، بالکل۔ صف مث نیز ج: **تامّہ** م: مہارتِ تامّہ۔

تام (۲) امذ تانبا کی تخفیف، مرکبات میں مستعمل م: **تام بَٹ** تانبے کے برتن بنانے والا،کسیرا۔ **تام چی**۔ اشرفی جس میں تانبے کا کھوٹ ہو، **تام چینی**۔ چینی کاروغن پھری ہوئی دھات۔ **تام لوَٹ** (ومج) تاْنبے کا لوٹا۔

تام جان امذ۔ شاہانہ یا زنانہ لباس کا لمبا فرشی دامن یا گھیر۔

تام جھام امذ۔ کھلی چھت کی پالکی جسے کہار کاندھوں پر اٹھاتے تھے،ہوادار۔
تامَرَس سک م، فت ر۔ امذ۔ تانبا، سرخی مائل سونا، سرخ کنْول۔
تامَری سک م۔ امث۔ ایک طرح کی پن گھڑی، ایک برتن جس کے پیندے میں باریک سوراخ ہوتا ہے، پانی پر رکھ دیا جاتا اور مقررہ مدت میں وہ پانی سے پُر ہو جاتا ہے۔
تامْڑا سک م۔ امذ۔ ایک گھٹیا قسم کا یاقوت؛ گول چندیا جس پر سے بال اڑ گئے ہوں۔
تَأَمّل فت ت، ا؛ شد ضم م۔ امذ۔ غور، فکر؛ توقف، ہچکچاہٹ، پس و پیش۔ ع: **تَأَمّل** ۔
تامین ی مع۔ امث۔ آمین کہنا؛ امان دینا۔ خصوصاً ملکی مال کو بیرونی مال کے مقابلے میں محصول کی چھوٹ دے کر تحفظ دلانا؛ بیمہ انشورنس [ع: تأمین]

تان (۱) امذ۔ کھڈی پر تنا ہوا دھاگا؛ تناؤ، کھنچاؤ؛ گانے میں‌لمبا سُر کھینچنا۔ مرکب ج: **تان پلٹے** راگ کے سُروں کی مشق یا مشّاقانہ ادائگی اور لوٹ پھیر۔
تان (۲) امذ۔ ساگونبہ کی قسم کا ایک پیڑ (لاط: Verbena Nodiflora)۔
تانا امذ۔ کپڑے بننے کے لیے لمبائی میں تنا ہوا دھاگا یا دھاگے جن پر بانا عرضاً بُنا جاتا ہے۔ مرکب **تانا بانا** تار و پود۔ (مجازاً) ساخت۔ امث۔ **تانا بَنْھاری** تانے کے دھاگوں کو سیدھا رکھنے کے لیے بار بار پنجا پھیرنا (مجازاً) محنت، مشقت، دردسری۔
تانا ف م۔ تپا کر آلائش، پھین وغیرہ چھانٹنا، م: گھی تانا۔
تانْبا ا مغ۔ امذ۔ ایک سرخی مائل دھات جو بجلی کی عمدہ مُوصِّل ہے اور دوسری دھاتوں کے ساتھ آسانی سے آمیز ہو جاتی ہے۔ بنیادی عناصر کی ترتیب میں اس کا نمبر انتیسواں ہے۔ **تانْبا بَنسی** ایک زہریلا سانپ جس کا سر تانبے کے رنگ کا ہوتا ہے۔ کھڑ کھڑیا سانپ کی نسل سے ہے لیکن اس کی دم میں کھٹ کھٹ کی آواز نہیں ہوتی۔
تانْبیل امغ، ے مج۔ امث۔ کچھوے کا ایک نام۔
تان پُورا و مع۔ امذ۔ ستار نما؛ تُونبا لگا ہوا تاروں کا ساز جسے دو انگلیوں سے گانے والے کو سرگرم کے اندر رہنے میں مدد دینے کے لیے چھیڑا جاتا ہے اور اس سے صرف بنیادی سُر "سا" کی آواز نکالی جاتی ہے۔
تانْت امث۔ بھیڑ بکری وغیرہ کی انتڑیاں جو صاف کرنے کے بعد تن کر آواز دیتی اور سازوں کے علاوہ بھی مختلف صورتوں سے استعمال ہوتی ہیں۔ تص **تانْتڑی** چھوٹی آنت۔ صف **تانْتو** (و مع) تانت والا، تانت کا بنا ہوا (ساز وغیرہ)۔ **تانْتیا** لمبا، لاغر۔ تص **تانْتڑی**۔
تانْتا ا مغ۔ امذ۔ سلسلہ، قطار، ہجوم۔
تانْترک سک ن ت، کس ر۔ صف۔ **تَنْتر** (رک) سے تعلق رکھنے والا۔
تانْتی امغ۔ امث۔ نسل، خاندان، قبیلہ، نوع۔
تانْڈَو غنہ، فت ڈ، سک و۔ امذ۔ ایک جوشیلا مردانہ ناچ، ہندو دیو مالا کی رُو سے مہا دیو شوجی کا زبردست رقص، نیز **تانْڈَو نرتَن**۔ **نرتیَہ** (ن رِ تَن، ن رِ ت ی)۔
تانْس غنہ۔ امث۔ جھڑکی، گھرکی۔ ف م۔ **تانْسنا**، دھمکانا، ڈانٹنا۔
تَأَنُّس فت ت ا، شد ضم ن۔ امذ۔ انسیت، اخلاص، لگاؤ، [ع: تأنس]۔
تانْگ غنہ۔ امث۔ خواہش، طلب۔
تانْگا امغ۔ امذ۔ دو پہیوں کی چھتری دار گاڑی جسے گھوڑا کھینچتا ہے اور مسافر اگلی نشست پر تانگے

والے کے ساتھ آگے کی طرف منہ کر کے یا پچھلی نشست پر مخالف سمت میں ٹانگ لٹکا کر بیٹھتا ہے۔

تانگھنا غن، سک گھ۔ ف ل۔ گھورنا؛ لانگنا، پھلانگنا۔

تاننا سک ن۔ ف م۔ تار دھاگے وغیرہ کو کھینچ کر ڈھیل، جھول نکالنا؛ چادر وغیرہ کو پھیلا کر لٹکانا؛ منڈھنا، ڈھانپنا؛ اوڑھنا، بچھانا؛ اشتعال دلانا، جوش دلانا؛ بندوق کا نشانہ لینا، وار کرنے کے لیے ہتھیار اٹھانا، تولنا۔ م: خنجر تاننا۔

تانور امغ، فت و۔ امذ۔ غنودگی، کسلمندی۔

تانی امث۔ جُولاہوں کا بُنائی کا اڈا۔

تانّی فت ت ا، شد ن۔ امث۔ صبر، تامّل، تحمل۔

تانیث ی مع۔ امث۔ مؤنث ہونا، مذکر سے مونث بنانا [ع: تأنیث]۔

تاوا امذ۔ سدھے ہوئے پالتو کبوتروں کی پرواز کا ایک چکّر؛ پھیرا ، طواف۔

تاؤلا سک و۔ رک: **اُتاولا** مث۔ م ف **تاولی** جلدی، جلدی سے۔

تاوِیل ی مع۔ امث۔ کسی بات کی غلط توجیہہ یا تعبیر جو کسی کو مطمئن کرنے کے لیے کی جائے۔

تاہِری کس ہ۔ امث۔ بگھارے چاول جن میں آلو کے قتلے یا بڑیاں ڈالی گئی ہوں۔ چنے کی دال کے ساتھ پکائے جائیں تو قبولی کہلاتے ہیں۔ نیز **تَہاری** (فت ت) **طاہِری**۔

تاَہُّل فت ت ا، شد ضم ہ۔ امذ۔ عیال دار ہونا [ع: تاہُّل]۔

تاہَم فت ہ۔ م ف۔ پھر بھی، اس کے باوجود۔

تائِب کس ء۔ صف۔ توبہ کرنے والا، کسی بری عادت کو ترک کرنے والا۔

تاؤ و مع۔ امذ۔ (دیہات) تایا، باپ کا بڑا بھائی، بڑا چچا۔مث **تائی**۔

تاؤ و مج۔ امذ۔ آنچ، آگ کی لپٹ، دہکنے کی حالت؛ غصّہ ؛ تیہا؛ جوش، ترنگ، ولولہ؛ کاغذ کا تختہ۔

تائِہ کس مج ء، سک ہ۔ (بروزن فاعل) امذ۔ عصبیات کے دس سلسلوں میں سے ایک جو نرخرے سے ہوتا ہوا پھیپھڑوں، دل اور معدے تک پہنچتا ہے [ع: سرگرداں، چکراتا، انگ: Vagus = ہرتا پھرتا]۔

تائِید ی مع۔ امثد۔ مدد، اعانت؛ توثیق، تصدیق، ہمنوائی۔

تایا امذ۔ باپ کا بڑا بھائی۔ مث **تائی**۔

تایَس فت ی۔ امث۔ (دیہات) چچیا ساس، خسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ امذ۔ **تایَسرا**، چچیا خُسر، تایا خسر۔

تَب (۱) فت ت۔ امذ۔ بخار، تپ؛ گرمی؛ چمک دمک، رونق، مرکب، **تَب وَ تاب** (ومج) جگمگاہٹ، جلوہ گری۔

تَب (۲) فت ت۔ ظرف زمان۔ جب، اُس وقت، اُس موقع پر، اس بات پر، اس مرحلے پر؛ اِس بنا پر، اِس لیے۔م: جب ایسے اچھے ہو تب ایسے نامی ہو [تو کی ایک شکل]۔

تَبادُر فت ت، ضمہ د۔ امذ۔ آپس کی دوڑ، مقابلہ، مسابقت، طلوع ہونا۔

تَبادُل فت ت، ضمہ د۔ امذ۔ باہمی تبادلہ، ادَل بدَل؛ (طبیعیات) ایک جسم کا دوسرے جسم سے حرارت اخذ کر کے مساوی درجۂ حرارت پر آنے کا رجحان،نیز **نظریۂ تَبادُل/ تَبادُلِ حرارَت** [ع: (نیز تبادلہ اردو کا تصرف]۔

تَبار فت ت۔ امذ۔ خاندان، دُود ماں، گھرانا، گھر (قب:پنجابی، ٹَبَر؛ ہ: ٹابَر) مر وصفی **عالی تَبار**۔

تبارا کس ت۔ م ف۔ تیسری بار، تِسرا کے۔

تَبارَک فت ت ر۔ صف۔ بزرگ، برتر، نہایت فیوض و برکات والا م: **اللہ تَبارک و تَعالیٰ** (تَ بارَک وَ

تَ عالا) رجب کے مہینے میں مردہ عزیزوں کی فاتحہ کی رسم؛ امث تَبارک کی روٹی ایک خاص قسم کی زیرہ سونف وغیرہ ملی روغنی موٹی روٹی جو رجب کی فاتحہ میں تقسیم کی جاتی ہے۔ [ع: تبارک = بزرگ ہوا]۔

تَبارک اللہ فت ت، ر، ک، اغم،شد ل۔ کلمۂ توصیف۔ بڑائی اللہ کے لیے ہے، کسی کی تعریف یا اظہار حیرت کے موقع پر بولتے ہیں، مراد ف سبحان اللہ، ماشاء اللہ۔

تِباسی کس ت۔ صف۔ تین دن یا تین وقتوں کی باسی روٹی۔ **تِباسی عید** عید کا تیسرا دن۔

تِباع کس ت۔ امذ۔ پیروی [ع: اِتّباع کی تحریف]۔

تَباعُد فت ت، ضمہ ع۔ امذ۔ باہمی بُعد، آپس کی دوری۔

تَباغُض فت ت، ضمہ غ۔ امذ۔ آپس کا بیر، باہمی بغض و عداوت۔

تَباک فت ت۔ امذ۔ بخار، تپش، حرارت، سوزش۔

تَباہ فت ت۔ صف۔ برباد، خراب، برے حال میں، ویران، اُجڑا بگڑا ہوا، اکارت، لاحاصل۔ امث **تَباہی**، بربادی۔

تَبَت فت ت ب۔ امذ۔ سارنگی کا کمانچہ یا گز۔

تَبَتُّل فت ت ب، شد ضمہ ت۔ امذ۔ تجرّد، تنہا، بے اہل و عیال زندگی۔ نیز **تَبتیل**۔ (تَب تِیل)۔

تَبْجیل فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ تعظیم و تکریم۔ صف۔ **مُبَجَّل** مکرَّم، مُعظَّم۔ **مُبجِّل** (شد کس ج) نیاز مند؛ تعظیم کرنے والا۔

تَبَحُّر فت ت ب، شد ضم ح۔ امذ۔ سمندر کی طرح وسیع عریض اور عمیق ہونا، مجازاً: علمی فضیلت۔

تَبْخال فت ت، سک ب۔ امذ۔ ہونٹ یا زبان پر معدے کی گرمی سے نکل آنے والا چھالہ، نیز **تَبخالہ** (ل)۔

تَبَخْتُر فت ت، ب، سک خ، ضمہ ت۔ امذ۔ نخوت، غرور، تکبر۔

تَبْخِرَہ فت ت، سک ب،کس مج خ، فت ر۔ امذ۔ معدے سے بخارات اٹھنا نیز مث۔ **تَبخیر** (ی مع) ہلکی حرارت؛ پانی سے بھاپ اٹھنا۔

تَبَدُّع فت ت، ب، شد ضم مج د۔ امذ۔ بدعت اختیار کرنا، خلاف شرع کا موں میں پڑنا۔

تَبَدُّل فت ت ب، شد ضم د۔ امذ۔ تبدیلی، ادل بدل، تحریف، میل ملاوٹ۔ امث۔ **تَبَدُّلی**، مرکب (نباتیات) **تبدّلی پَرَت/ غلاف** چھال کے نیچے نرم تہہ جو رفتہ رفتہ چھال کی جگہ لے لیتی ہے۔

تَبْدید فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ انتشار، بکھیرنا، پھیلانا۔

تَبْدیع فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ بدعت میں ملوث کرنا۔

تَبَذُّر فت ت ب، شد ضم ذ۔ امذ۔ فضول خرچی، اِسراف (حیوانیات) جراثیم کا تناسل کی بجائے خلیوں کے مُنقسم ہونے سے بڑھنا اور پھیلنا ایک خلیے کا دو خلیوں میں تقسیم ہو جانا۔

تَبَر فت ت، ب۔ امذ۔ کلھاڑا، کلھاڑی سے ملتا جلتا ایک جنّگی ہتھیار جس کا پھل قوسی ہوتا ہے۔ مرکب **تَبر زاغُنُول** (و مع) دوہرے، دو رخے پھل والا کلھاڑی نما ہتھیار۔

تَبَرّا فت ت ب، شد ر۔ امذ۔ پناہ مانگنا، براءت، مخلصی چاہنا؛ اظہار بیزاری، سب و شتم کرنا، نیز **تَبَرّیٰ**۔

تَبَرُّز فت ت ب، شد ضم ر۔ امذ۔ رفع حاجت، اجابت کے لیے جانا۔

تَبرزَد فت ت ب، سک ر، فت ز۔ امث۔ شکر، مصری، قند۔

تَبَرُّع فت ت ب، شد ضم مج ر۔ امذ۔ عبادت یا نیک

عمل جو فرائض میں شامل نہ ہو، اپنی خوشی سے کیا جائے۔ جیسے نفل، خیرات، چندہ برائے کار خیر۔

تَبَرَک فت ت، سک ب،فت ر۔ امذ۔ ایک درخت جس میں املی کی طرح کی پھلیاں لگتی ہیں جو مویشیوں کا دودھ بڑھانے کے لیے کھلائی جاتی ہیں۔ (لاط: Avecina tomentosa)

تَبَرُّک فت ت ب، شد ضم ر۔ امذ۔برکت والی شے؛ نیاز کی مٹھائی وغیرہ، نادر کمیاب، شے، ج **تَبَرُّکات** ایسی اشیاء جن کو اگلے بزرگ لوگوں سے نسبت ہو اور اس بنا پر سینت کر یا عزیز رکھے جائیں، بڑوں کی باقیات۔

تَبَرکُوں فت ت ب، و مع۔ عیبی منحوس خیال کیا جانے والا گھوڑا جس کی پشت تکونی تیر جیسی ہو۔

تَبْرِید فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ ٹھنڈائی، ٹھنڈی دوائیں جو جلاب کے بعد جسم کو تقویت پہنچانے کے لیے دی جاتی ہیں۔ **تَبْرِیدگر** ٹھنڈا کرنے یا ٹھنڈا رکھنے والا آلہ، مشین وغیرہ۔

تَبْرِیق فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ برقانا، بجلی دوڑانا۔

تَبْرِیک فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ تہنیّت مبارک باد۔

تَبْرِیَہ فت ت، سک ب، کس ر، فت ی۔ امذ۔ الزام سے بری کرنا۔

تَبْڑی فت ت، سک ب۔ امث۔ ڈھول یا تاشے پر چوٹ کی آواز، محاورہ **تَبْڑی پِٹنا**، رسوائی ہونا، ڈھنڈورا پِٹنا۔

تَبَسُّط فت ت، ب، شد ضم س۔ امذ۔ پھیلاؤ، وسعت، فراخی، فرصت۔

تَبَسُّم فت ت ب، شد ضم س۔ امذ۔ مسکراہٹ، کلی کاکھلنا۔

تَبْشِیر فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ بشارت دینا، خوش خبری سنانا۔

تَبْصِیر فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ وضاحت، تشریح، معنی یا خوبی کو روشن کرنا، **تَبصِرَہ**۔ امذ۔ اظہار خیال، نقد و نظر۔

تَبَطُّق فت ت، ب، شد ضم ط۔ امذ۔ باطن میں پوشیدہ رکھنا، چُھپانا۔

تَبْع فت ت، سک ب۔ صف، امذ۔ پیروی کرنے والا؛ پیروی،اِتّباع۔ ج **تَبَعَہ**۔ **تَبْع تابعِین** وہ مسلمان جو اصحاب رسول صلعم سے فیضیاب ہونے والوں کو جاننے والے تھے اور تاحیات دین پر قائم رہے۔

تَبَعُّض فت ت،ب، شد ضم ع۔ امذ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حصے بخرے کرنا،نیز **تَبْعِیض** (ی مع)۔

تَبْعی فت ت، سک ب، ی مع۔ صف۔ ضمنی، ثانوی۔

تَبْعِیَّت فت ت، سک ب، کس ع، شد فت ی۔ امث۔ پیروی، اِتّباع، تقلید؛ مستقل سکونت، کسی جگہ کا باشندہ ہونے کی صورت یا حیثیت۔

تَبْعِید فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ دوری، جدائی افتراق۔

تَبَغ فت ت ب۔ امذ۔ خام تمباکو؛ ایک نشہ آور بوٹی جس کے پھول نیلے سرخ یا ارغوانی ہوتے ہیں، نیز **تَبَغ صحرائی** (لاط: Lobelia Inflata)۔

تَبْغِیَہ فت ت، سک ب، کس غ، فت ی۔ اسم جنس۔ (نباتیات) پودوں کی ایک قسم جس میں دھتورا بھنگ تمباکو وغیرہ شامل ہیں۔ نیز **حَشِیشَۃُ الْحِمار** (حَ شی شَ تُل حِ مار)۔

تَبَلُّر فت ت ب، شد ضم ل۔ امذ۔ (طبیعیات) شیشے جیساہونا، بِلّوری خصوصیات رکھنا۔ [اصلاً : تَبَلُّور]۔

تِبَلی کس ت، فت ب۔ صف۔ مث۔ تین دھاگوں یا ڈوریوں سے بٹی ہوئی ڈوری یا رسی۔

تَبْلِیغ فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ پہنچانا، پھیلانا، پرچار کرنا، دین کی طرف مائل کرنا۔

تِبْن کس ت، سک ب۔ امذ۔ سوکھا تِنکا، گھاس، پھوس صف **تِبْنی** سوکھی گھاس کے رنگ کا، زردی مائل۔

تَبَنّی فت ت ب، شد ن۔ (بروزن تسلّی) امث۔ بیٹا بنانا، گود لینا، صف **مُتَبَنّی** گود لیا ہوا، لے پالک؛ نیز مث **تَبنِیَّت** ولدیت میں لینا [ع: تَبَنَا]۔

تَبُوری فت ت، و مع۔ امث۔ رسَولی۔

تَبَوُّل فت ت ب، شد ضم و۔ امذ۔ پیشاب کرنا۔

تَبْوِیب فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ کتاب کے باب قائم کرنا، مقالات وغیرہ کو مختلف عنوانات کے تحت مرتب کرنا۔

تَبْوِیض فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ (حیوانیات) بیضے یا انڈے کی صورت اختیار کرنا، انڈے دینا، بیضے کا مادہ کے رحم میں اُترنا۔

تَبَہ فت ت ب، سک ہ۔ رک؛ **تباہ** جس کا یہ مخفف ہے۔

تَبْیِیض فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ مسودے کو صاف کرنا، صفائی کے ساتھ لکھنا، نسخے کا مبیّضہ تیار کرنا، نیز **تَبْیِیض**۔

تَبْیِین فت ت، سک ب، ی مع۔ امث۔ تشریح، توضیح، واضح، روشن کرنا، نیز **تَبیِین**؛ **تِبیان**۔

تَبِیر فت ت، ی مع۔ امذ۔ ڈھول، نقارہ، نیز **تَبیرہ**۔

تَبَیُّض فت ت، ب، شد ضم ی۔ امذ۔ حیاتیات، بیضے پیدا ہونا۔

تَبِیع فت ت، ی مع۔ امذ۔ گائے کا سال بھر کابچہ، بَچھڑا۔ مث **تَبِیعہ**۔

تَبَیُّن فت ت، ب، شد ضم ی۔ امذ۔ کھول کر بیان کرنا، شرح کرنا، نیز **تَبیِین** (تبْ یِی ن)۔

تَپ (۱) فت ت۔ امذ۔ نخار، **تَپِ غِب** (کس مج پ، کس غ) باری کا بخار **تَپِ قِرْمِزی** ایک متعدی مرض جو عموماً بچوں کو ہوتا ہے۔ علامات حلق کی سوزش اور چہرے پر سرخی (انگ Scarlet Fever).

تَپِ لَرْزَہ (لرْز) جاڑا بخار، ملیریا، **تَپِ مُحْرِقہ** (ضم مج م، سک ح، کس مج ر) **میعادی** بخار، ٹائیفائڈ۔

تَپ(۲) فت ت۔ امذ۔ عبادت، ریاضت تپسیا۔ مرکب عطفی۔ **تَپ جَپ** دھونی رما کر جسمانی ریاضت اور ہر کا نام زبان سے جپنا۔

تَپاس (۱) فت ت۔ امذ۔ زُہد و اتّقا عبادت، ریاضت، پوجا کے سلسلے میں زحمت کشی، برت رکھنا، دھوپ میں جلنا وغیرہ۔

تَپاس (۲) فت پ۔ امذ۔ تفتیش، دریافت حال۔

تَپاک فت ت۔ امذ۔ خوش اخلاقی، مدارات، آؤ بھگت؛ دوستی کا برتاؤ، مرکب **تَپاکِ قلب** دل کی دھڑکن، اختلاج۔

تَپاں فت ت۔ صف۔ جلتا، بھلستا ہوا؛ تڑپتا ہوا، بیقرار۔

تَپانا فت ت۔ امذ۔ ف م۔ گرم کرنا، جلانا؛ پگھلانا؛ ایذا دینا؛ غصہ دلانا، تاؤ دلانا، ف مرکب **تَپا نَرْمانا** (میکانیات) دھات کو تپا کر نرم کرنا۔ امذ۔

تَپاؤ تَپانے کا عمل، ف ل۔ **تَپنا**۔

تِپایا کس ت۔ صف۔ تین ستونوں پر کی ہوئی تعمیر مثلّث نما عمارت۔

تِپائی کس ت۔ امث۔ تین پایوں کی چوکی یا چھوٹی میز۔

تِپَتّی کس ت، فت پ، شد ت۔ امث۔ ایک نازک پتیوں کی بُوٹی جس کے ایک ڈنٹھل میں تین پتیاں ہوتی ہیں، ذائقہ کھٹا؛ ایک قسم کی لکڑی جس کی بُو ناگوار ہوتی ہے؛ تاش کا ایک کھیل جس میں ہر کھلاڑی کو ایک وقت میں تین پتے بانٹے جاتے ہیں۔

تَپْچاق فت ت، سک پ۔ امذ۔ ایک اعلیٰ نسل کا قوی الجثہ گھوڑا۔

تَپّڑ فت ت، شد فت پ۔ امذ۔ کھال کا ٹکڑا، جِلد جو آبلہ پڑنے سے اُبھر جائے یا اُکھڑ آئے۔ اَستر کاری جو اُکھڑ کر گر جائے، کھپڑا، مث **تَپّڑی**۔

تَپّڑی فت ت، سک پ۔ امث۔ چٹائی، چمڑے کی گدّی؛ نیز رک؛ **تَپّڑ**۔

تَپَشیا فت ت، پ، سک س۔ امث۔ ریاضت، عبادت کے لیے دکھ جھیلنا۔ صف **تَپَشوی** زاہد، عابد۔

تَپِش فت ت، کس پ۔ امث۔ گرمی، حدّت؛ اضطراب، بے چینی۔

تُپَک ضمہ ت، فت پ۔ امث۔ توپ کی تصغیر، چھوٹی توپ، رَہکلا۔ امذ۔ **تُپکْچی/ تُپیکچی** گولَنداز، توپ چلانے والا۔

تَپکَن فت ت، سک پ، فت ک۔ امث۔ جلن، ٹِیس نیز **تَپک** ف ل۔ **تَپکنا** سوزش کرنا۔

تِپَنّا کس ت، فت پ، شد ن۔ صف۔ جس میں تین تہیں اپنے یا تاؤ ہوں مث؛ **تِپَنّی** م؛ پَتنگ۔

تَپَنْچَہ فت ت، پ، سک ن، فت چ۔ امذ۔ پستول، جیبی آتشیں ہتھیار نیز **طَپَنْچَہ، تَمَنْچہ** [ف: گھونسا]۔

تَپیدَن فت ت، ی مع، فت د۔ مصدر۔ تڑپنا، پھڑکنا، جلنا، تپنا۔ صف **تَپاں/ تَپیدَہ** (د) گرم، تپتا ہوا۔

تَتْ فت ت۔ امث۔ اصلیت، حقیقت، جوہر، روح، سچائی، صداقت، صف خالص، کھرا، پُرخلوص [س: **تَتْوْ**]۔

تَتّا فت ت،شد ت۔ صف۔ کھولتا ہوا، گرم۔

تَتابُع فت ت، ضم مج ب۔ امذ۔ تسلسل، ایک کے پیچھے ایک لگا ہونا، ایک کے بعد ایک آنا۔

تَتار خانی/ خوْانی کس ت، و غم۔ امث۔ طبلے کی ایک تال جو حضرت امیر خسرو سے منسوب کی جاتی ہے۔

تِتالَہ کس ت، فت ل۔ امذ۔ طبلے کی ایک مخصوص تال، تین بھری اور ایک خالی ضرب، نیز **تتالا**۔

تَتَبُّع فت ت، شد ضم مج ب۔ امذ۔ پیروی، تقلید، اتّباع۔

تَتْرات فت ت، سک ت۔ امث۔ شوخی، ناز و ادا، چُلبلا پن۔ صف **تَترا** مث **تَتری**۔

تِتّر بِتّر کس ت، شد فت ت، کس ب۔ صف۔ بکھرا ہوا؛ منتشر، بِھرّی۔

تَتْ سَم فت ت س۔ امذ۔ ہندی لفظ کا اصلی روپ، خصوصاً سنسکرت اصل کے مستعمل الفاظ کی اصل صورت جیسی کہ سنسکرت میں ہے۔ **تَدبَھوْ** کی ضد۔

تُتُق ضمہ ت۔ امذ۔ پردہ، چادر، خجلۂ عروسی۔

تَتْکار فت ت، سک ت۔ امذ۔ ہدایت یا ہدایات جو اسٹیج پر تماشا کرنے والے اداکاروں کو دی جائیں۔

تُتْلانا ضمہ ت، سک ت۔ ف ل۔ بولنے میں الفاظ کو صحیح طور پر ادا کرنے سے معذور ہونا، بچّوں کی طرح بولنا۔ امث۔ **تُتلاہَٹ** صف **توتلا** (ومج)۔

تِتْلی کس ت، شک ت۔ امث۔ خوشرنگ، پردار کیڑا جو پھولوں پر منڈلاتا ہے۔نیز **تیتری**۔

تِتَمْبا کس ت، فت ت، سک م۔ امذ۔ بکھیڑا، اُلجھن پریشانی کا کام جو مشکل سے سمیٹا جا سکے۔

تَتِمّہ فت ت، کس ت، شدفت م۔ امذ۔ آخری حصّہ، اختتامی تحریر یا ضمیمہ، بقیہ۔

تَتْمیم فت ت، سک ت، ی مع۔ امث۔ تمام کرنا، پورا کرنا، انجام کو پہنچانا۔ نیز اِتمام۔

تَتّو تَھمْبو فت ت، شد ت، و مج، فت تھ، سک م۔ امث۔ معاملے کو ٹھنڈا کرنے، جھگڑے کو رفع دفع کرنے کی کوشش؛ لیپا پوتی۔

تَتَہْرا فت ت، فت مج ت، سک ہ۔ امذ۔ تانبے کا گھڑا جس میں پانی گرم کیا جاتا ہو۔

تُتَئی ضمہ ت، فت ت۔ امث (بروزن سکھڑ) امث۔

ٹونٹی دار لُٹیا۔
تَتیّا فت ت، شد ی۔ امذ۔ بھیڑ، زنبور۔ امث **تَتیّا مرْچ** ایک چھوٹی مرچ جو نہایت تیز ہوتی ہے اور اس کی جھلّاہٹ بڑی دیر میں زائل ہوتی ہے **تَتیّا ناچ** تیز رقص جس سے اضطراب کا اظہار ہو۔
تَٹ فت ت۔ امذ۔ ندی وغیرہ کا کنارہ گھاٹ۔
تَثاقُل فت ت، ضمہ ق۔ امذ۔ بھاری پن، گرانی، ثقالت۔
تَثْبیت فت ت، سک ث، ی مع۔ امث۔ ثبت کرنا، نقش کرنا۔
تَثْلِیث فت ت، سک ث، ی مع۔ امث۔ مثلّث بنانا، الُوہیّت کے تین ارکان کا تصور، مراد خداوند، حضرت عیسیٰؑ اور روح القدس، جو عیسائیوں کا عقیدہ ہے؛ عیسائی مذہب۔
تَثْنِیَہ فت ت، سک ث، کس ن، فت ی۔ امذ۔ جمع کا وہ صیغہ جس کا اطلاق دو پر ہو م: طرفین، زوجین، نُورَین۔
تَثْوِیب فت ت، سک ث، ی مع۔ امث۔ اذان میں دو دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الصَّلوٰہ، حَیَّ عَلَی الْفَلاح کہنا۔
تَج فت ت۔ امذ۔ درخت کی چھال؛ پوست، قُرفہ، نیز دارچینی؛ قُرنت القرْنفَل (لاط: Cinamoni Cortex; Lauris Cassia)۔
تَجاذُب فت ت، ضمہ ذ۔ امذ۔ باہمی کشش؛ کلّیۂ کششِ ثقل۔
تُجّار ضمہ ت، شد ج۔ ج مذ۔ تاجر لوگ۔
تِجارَت کس ت، فت ر۔ امث۔ کاروبار، بیوپار۔ صف **تِجارَتی** کاروبار سے متعلق۔ ج مث۔ **تجارتی ہَوائیں**، سمندر پر شمالی کرۂ ارض میں شمال مشرق سے اور جنوبی کرۂ ارض میں جنوب مشرق سے خطِ استوا کی طرف چلنے والی ہوائیں، جن کی مدد سے پہلے تجارتی بیڑے راستہ متعین کرتے تھے۔

تِجارِی کس ت۔ امذ۔ چوتھے دن چڑھنے والا باری کا بخار۔
تَجانُس فت ت، ضمہ ن۔ امذ۔ دو اشیاء افراد یا انواع کا ایک جنس سے ہونا، مثلاً انسان اور حیوان میں بھی تجانُس ہے کہ دونوں ذی حیات ہیں اور ایشیائی و افریقی آبادی میں بھی کہ نوع انسان سے ہیں۔
تَجاوُز فت ت، ضمہ ۔ امذ۔ مقرّرہ حد سے بڑھنا؛ پھیلنا، زمین کا ناجائز طور پر ہتھیانا۔ ج: **تجاوُزات** غیر مملوکہ زمین پر قبضہ یا کھڑی کی ہوئی املاک۔
تَجاہُل فت ت، ضمہ ہ۔امذ۔ انجان بننا، بے پروائی برتنا؛ **تُجاہُل عارِفانہ** مصلحتہً خود کو لاعلم بتانا، یا چشم پوشی اختیار کرنا، بَن کر بات کرنا۔
تجدّد فت ت ج، شد ضم د۔ امذ۔ نیا پن، احیاء، ابداع، نئی بات کرنا (الہیات) **تجدد امثال** کائنات میں ہر آن تبدیلی اور فنا پذیری کے باوجود مثالی تصورات کا باقی رہنا، عالم کا ہر آن فنا ہو کر باقی رہنا، فنا میں بقا کا جلوہ۔

تَجْدِید فت ت، ی مع۔ امث۔ نیا کرنا، دوہرانا، از سر نو آغاز کرنا۔
تَجْدِیف فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ خدا کے منہ آنا، ذات باری کی بابت ہرزہ سرائی کرنا، کفر بکنا۔
تَجْرِبَہ فت ت، سک ج، کسج ر، فت ب۔ امذ۔ آزمائش، عملی، جانچ، اختبار؛ علم یا مہارت جو عمل سے حاصل ہو، ج **تَجربات**۔ صف **مُجَرّب** آزمایا ہوا۔ امث **تَجْرِیب** آزمانا۔
تَجَرُّع فت ت ج، شد ضم مج ر۔ امذ۔ جُرعہ کشی، گھونٹ لینا۔
تَجْرِیح فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ جرّاحی کرنا،

زخم لگانا، الزام دینا، جرح و حجّت کرنا۔

تَجْرِید فت ت، سک ج۔ امث۔ پوست اُتارنا، ننگا کرنا؛ جوڑے بنانا؛ علیحدہ کرنا؛ آزاد کرنا؛ خلاصہ کرنا؛ (فنون لطیفہ) مرئی ہیئت و اشکال کی نقل و تمثیل سے گریز؛ فنّی تخلیقات میں حسّی مشاہدات یا معروضی کیفیت و صورت کی بجائے اپنے ذہنی و جذباتی ردّ عمل کو پیش کرنا۔ صف **تَجرِیدی**۔

تَجْرِیع فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ چُسکیاں لینا، قطرہ قطرہ ٹپکانا۔

تَجَزّی فت ت ج ، شد ز۔ امث۔ رک تجزیہ۔

تَجْزِیَہ فت ت، سک ج، کس ز، فت ی۔ امذ۔ جزواً جزواً جانچنا؛ مرکّب یا مخلوط اشیاء کے اجزا کو الگ الگ کر کے دیکھنا، تفصیلی مشاہدہ یا مطالعہ۔ [ع: نیز جزا دینا]۔

تَجَسّد فت ت ج، شد ضم س۔ امذ۔ جسم اختیار کرنا، روح کا جسمانی ہیئت پکڑنا، اوَتار لینا؛ نیز **تَجسّم**، **تَجْسِیم**، صورت دینا، جسم دلانا، خدا کا جسمانی وجود کا تصور۔

تَجَسُّس فت ت ج، شد ضم س۔ امذ۔ ٹوہ، جستجو، کھوج، کرید۔

تَجْسِیم فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ رک **تَجَسُّد**؛ نیز **تَجْسِیمِیَت** وجود الٰہی کے جسمانی و مادی ہونے کا عقیدہ (۲) بے جان اشیاء کو جاندار فرض کرنا جو ادب میں عام ہے۔

تَجَشّم فت ت، ج، شد ضمہ ش۔ امذ۔ زحمت کشی، کلام میں آمد کے مقابل آورد۔

تَجْصَوتِیَہ فت ت، سک ج، و لین، کس ت، فت ی۔ امذ۔ اصوات کی اکائی، نطق انسانی کے تجزیے سے حاصل ہونے والی مجرّد بنیادی آوازوں میں سے کوئی جسیے م، د، ک (بلاحرکت)۔

تَجْصِیص فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ سفیدی پھیرنا، پکّی قبر بنانا۔

تَجْفِیف فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ سکھانا، رطوبت، نمی زائل کرنا، خشک کرنا (مثلاً پھلوں کو محفوظ کرنے کے لیے)۔

تَجَلّی فت ت، ج، شد ل۔ امث۔ روشن ہونا؛ ظہور، جلوہ؛ نورانی منظر نیز **تَجَلّیٰ** (تَ جَل لا)۔

تَجْلِیل فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ بڑائی کرنا؛ فضیلت بیان کرنا۔

تَجَمُّد فت ت ج، شد ضم م۔ امذ۔ ٹھوس بنانا، جمانا، جما ہوا گٹھا ہوا ہونے کی کیفیت۔ نیز امث **تَجْمِید**۔

تَجَمّع فت ت، ج، شدضمم۔ امذ۔ اکٹھا ہونا یا کرنا (حیوانیات) فروع کا مماثل خصوصیات کے اشتراک سے ایک نوع میں‌تبدیل یا شمار ہونا؛ خلاصہ کرنا، اجزا کی میزان یا اوسط نکالنا۔ نیز **تَجْمِیع** (معاشیات) متفرق کاشتکاروں کا اشتراک قائم کرنا۔

تَجَمُّل فت ت ج، شد فت م۔ امذ۔ جمال کی نمائش؛ زیبائش یا آرائش، جمال آرائی۔ شان و شوکت۔

تَجْمِیر فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ دھونی، بُخور۔

تَجْناَ فت ت، سک ج۔ ف م۔ چھوڑنا، ترک کرنا، تیاگنا۔

تَجَنُّب فت ت، ج، شد ضم ن۔ امذ۔ بچنا، پرہیز، اجتناب کرنا۔

تَجْنِیس فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ ہم جنس ہونا، ایک جیسا ایک قبیل سے ہونا؛ مختلف مفہوم کے الفاظ کا املا یا تلفظ ایک ہونا۔ (ریاضی) مختلف طرح کی رقموں کو ایک زمرے میں لے آنا، ملے جُلے سالم اور کسری اعداد کو کسور میں لے آنا۔ **تَجْنِیسِ تام** مختلف الفاظ کا بالکل ہم شکل و ہم آواز مگر معنی میں مختلف ہونا، م: دار (درخت) دار (مکان) **تَجنیس خطّی** مختلف معنی الفاظ کا

بظاہر ہمشکل ہونا یا کسی قدر مشابہ ہونا۔ م: میلا (تماشا) مَیلا (گرد آلود) یاسِیر اور سپر۔ نیز **تَجْنیسِ مُحرَّف** (مُ حَرْ رَف) **تَجْنیسِ ناقِص** (تام کی ضد) م: اِصرار، اَسرار۔

تِجوَری کس ت، ومج۔ امث۔ نقدی اور قیمتی دستاویزات وغیرہ محفوظ رکھنے کا آہنی صندوقچہ یا الماری۔ [غالباً انگ: Treasury کا مؤرد]۔

تَجَوُّز فت ت ج۔ شدضم و۔ امذ۔ رعایت، چشم پوشی۔

تَجَوُّع فت ت، ج، شد ضم مج و۔ امذ۔ بھوک، اشتہا، مانگ، طلب۔ قب جُوع = بھوک۔

تَجْوِید فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ قرآن شریف کی قرأت صحیح مخارج اور اصول قرأت کے مطابق۔

تَجویز فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ رائے، مشورہ، قرارداد، عدالتی فیصلہ [ع: گزرنا، عبور کرنا؛ اجازت چاہنا وغیرہ]۔

تَجوِیف فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ چھید کرنا، تِھگلی لگانا؛ جوف، پیٹ، پوٹا، خول۔

تَجْہِیز فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ تیاری، ضروری سامان کی فراہمی؛ میت کو تدفین کے لیے تیار کرنا۔

تَجْہِیل فت ت، سک ج، ی مع۔ امث۔ جاہل قرار دینا، ناواقفیت، لاعلمی۔

تَحاشِی فت ت۔ امث۔ حاشا، کہنا، پناہ مانگنا؛ کسی بات سے بے تعلقی ظاہر کرنا۔

تَحالُف فت ت، ضمہ ل۔ امذ۔ باہم مل کر حلف اٹھانا۔

تَحاوُر فت ت، ضمہ و۔ امذ۔ بول چال۔ گفتگو، مکالمہ، مباحثہ۔ قب: محاورہ۔

تَحْت فت مج ت، سک ح۔ امذ۔ نچلی جگہ؛ قبضہ، اختیار۔ م ف نیچے، ذیل میں، زمرے یا تعریف میں۔ م: اس جنس کے تحت یہ نوع بھی ہے۔ **تحت اَلْاَحْمَر** (تَح تَل اَح مَر) سرخ شعاعوں سے طویل تر طول موج کی غیر مرئی شعاعیں جو ٹھوس اجسام میں سرایت کر جاتی ہیں۔ **تَحْتَ اَلثَّریٰ** (تَس سَ را) زمین کا سب سے نچلا طبقہ۔ پاتال۔

تَحْتَ اَلْحَنَک فت مج ت، سک ح، فت ت، ا غم، سک ل، فت ح ن۔ امذ۔ دستار کا پیچ جو ٹھوڑی پر سےگزار کر لپیٹا جائے۔

تَحْتَ اَلْشّعاع فت مج ت، سک ح، فت ت، ال غم، شد فت ش۔ صف۔ نظر سے اوجھل۔

تَحْتَ اَلْشُّعُور فت مج ت، سک ح، فت ت، ا ل غم، ضمہ ش، و مع۔ امذ۔ ذہن یا نفس انسانی کا وہ علاقہ جہاں حِسّی ارتسامات غیر شعوری طور پر مرتب ہوتے ہیں اور اکثر تخلیقی عمل بھی واقع ہوتا ہے، شعور و لا شعور کا درمیانی منطقۂ ذہنی۔

تحتُ اَللَّفظ فت مج ت، سک ح، فت ت، ا غم، شد فت ل، سک ف۔ صف۔ لفظ کے مطابق؛ لفظاً لفظاً؛ صاف صاف، کسی غِنا یا کھینچ تان کے بغیر لفظ کو ادا کرنا۔

تَحْتانی فت مج ت، سک ح۔ صف۔ وہ حروف جن کے نیچے کی طرف نقطے لگتے ہیں۔ م: ب ی (فوقانی کے برخلاف)۔؛ نیچے کا، نچلا؛ (ریاضی) وہ رقم جو کسی دوسری رقم کے نیچے جمع، تفریق وغیرہ کے عمل کے لیے لکھی جائے۔

تَحَجُّر فت ت، ح، شد ضم ج۔ امذ۔ پتھرا جانا، پتھر کی طرح ٹھوس اور سخت ہو جانا۔

تَحَدُّب فت ت ح، شد ضم د۔ امذ۔ بیچ سے اُبھرا ہوا ہونا، کمر کا خمیدہ ہونا۔ کبڑا پن۔

تَحَدّی فت ت، ح، شد د۔ امث۔ للکار، مقابلے پر بلانا، مقابلہ کرنا۔

تَحْدِیث فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ ذکر، بیان، تذکرہ۔

تَحْدِید فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حد، روک، بندش لگانا۔

تَحْدِیق فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ گھور کر دیکھنا، نظریں گاڑنا۔

تَحْذِیر فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ خبردار کرنا، انتباہ۔

تَحَرُّز فت ت، ح، شد ضم ر۔ امذ۔ بچنا، احتراز کرنا۔

تَحَرُّق فت ت ح، شد ضم ر۔ امذ۔ جلانا، تپانا۔

تَحَرُّک فت ت ح؛ شد ضم ر۔ امذ۔ حرکت میں آنا، حرکت دینا، اُکسانا۔

تَحَرِّی فت ت ح، شد د۔ امث [فقہ]۔ احتیاط سے کام لینا، حتی المقدور کوشش کرنا، مثلاً تیمّم سے پہلے پانی کے لیے یا اندھیرے میں سمت قبلہ متعین کرنے کے لیے۔

تَحْرِیر فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ لکھنا، لکھی ہوئی چیز، نوشتہ، دستاویز، خط کی روش؛ انشا کا انداز؛ تصنیف؛ لکیر، پتلی سطر؛ طرزادا [ع: آزاد کرنا، غلام کو فارغ خطی دینا]۔ تحریرِ ظہری (زبرٰی) کاغذ کی پشت پر لکھی ہوئی عبارت [ع: ظہْر = پیٹھ]۔

تَحْرِیز فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ بچاؤ، تحفظ، حفظ ما تقدم۔

تَحْرِیص فت مج ت،سک ح، ی مع۔ امث۔ ترغیب دینا، مائل کرنا، لالچ دینا۔

تَحْرِیض فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ جنگ پر ابھارنا۔

تَحْرِیف فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ الفاظ میں تبدیلی یا تصرف کرنا،عبارت بدل دینا۔ مرکب **تَحرِیفِ مُضْحِک** کلام کی نقالی، پیروڈی۔

تَحْرِیق فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ جلانا، پھونکنا، آگ بھڑکانا۔

تَحْرِیک فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حرکت دینا؛ اُکسانا؛ کسی مقصد کے لیے منظم جدوجہد کا آغاز یا سلسلہ؛ کسی مجلس میں قرار داد کی پیشکش، تجویز۔

تَحْرِیم فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حرام قرار دینا؛ پاک کرنا، مرکب **تَحْرِیم وَ تَحْلِیل** حرام اور جائز اشیاء یا کاموں کا تعین۔

تَحْزِین فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ اندوہگیں لہجے میں کلام خوانی یا قرآن خوانی۔

تَحَسُّر فت ت، ح، شد ضم س۔ امذ۔ اظہار حسرت۔

تَحْسِیب فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حساب داری، اکاؤنٹنگ۔

تَحْسِین فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ خوبیاں بیان کرنا، سراہنا، تعریف و توصیف؛ آراستگی،سَدھارنا، سَنوارنا۔

تَحَشُّم فت ت، ح، شد ضم س۔ امذ۔ شان و شوکت، دبدبہ۔

تَحَشِّی فت ت، ح شد ش۔ امث۔ حاشیہ نگاری، نیز **تَحْشِیَہ** (تَح شِ یَ)۔

تَحْصِیر فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ احاطہ کرنا، گھیرنا، پوری طرح سمیٹ لینا۔

تَحْصِیل فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حاصل کرنا، وصول کرنا، سیکھنا، ضلع کا تحتی علاقہ یا اس کا سرکاری صدر مقام۔ امذ **تَحْصِیلدار** تحصیل کا حاکم۔

تَحْصِین فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ قلعہ بندی، تحفظ، پناہ۔

تَحَفُّظ فت ت، ح، شد ضم ف۔ امذ۔ خطرے سے بچاؤ، محفوظ کرنا؛ زبانی یاد کرنا؛ حفظ کرنا۔

تُحْفَگی ضم مج ت، سک ح، فت ف۔ امث۔ خوبی،

عمدگی، عجیب بات۔

تُحفَہ ضم مج ت، سک ح، فت ف۔ امذ۔ ہدیہ، سوغات؛ عمدہ، نفیس شے م ف **تحفَتہ** (تُح فَ تہ) بطور نذر یا سوغات۔ ج: **تَحائف**، **تُحفَہ جات**۔

تَحقِیر فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ قدر گھٹانا، ذلیل کرنا۔

تَحقِیق فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ جستجو، دریافت حقیقت، کھوج، چھان بین، تفتیش بہ م ف: مصدقہ طورپر، یقیناً، بیشک۔ ج: **تَحقِیقات** دریافت کردہ حقائق، تفتیش کا عمل۔

تَحَکُّم فت ت ح،شد ضم ک۔ امذ۔ حکم چلانا، حاکمیت جتانا۔

تَحَلُّل فت ت ح، شد ضم ل۔ امذ۔ گھٹنے، تحلیل ہونے، (بخار کے) اترنے کا عمل نیز تحلیل۔

تَحلِیف فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ قسم دلانا، حلف اٹھوانا۔

تَحلِیق فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ سر گھٹوانا، بال منڈانا۔ حَلق کرانا۔

تَحلِیل فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ رک **تَحَلُّل**؛ گھٹانا، کم کرنا؛ گھولنا، حل کرنا، اجزا کو الگ الگ کرنا؛ مرکب **تَحلِیلِ نَفسی** نفسیاتی مریض کے خیالات کے سلسلے کا غائر مطالعہ جس سے نفسی پیچیدگی کا پتہ چلایا جاسکے۔

تَحَمُّر فت ت ح، شد ضم م۔ امذ۔ سرخی ملانا، لال کرنا۔

تَحَمُّل فت ت ح، شد ضم م۔ امذ۔ برداشت، سہار، حلم، بُردباری، بوجھ اٹھانا۔

تَحمِید فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حمد کرنا، تعریف و ثنا کرنا؛ الحمد پڑھنا۔

تَحمِیق فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ مذاق اُڑانا؛ احمق بنانا، احمق ہونا، حماقت کا اظہار کرنا۔

تَحَنُّث فت ت ح، شد ضم ن۔ امذ۔ ترک بدعات، عبادت گزاری۔

تَحنِیک فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ حلق سے نیچے اُتارنا، نوزائیدہ بچے کو گھٹی دینا۔

تَحَوُّل فت ت، ح، شد ضم و۔ امذ۔ پلٹنا، جگہ بدلنا، عقیدے سے پھرنا۔

تَحوِیل فت مج ت، سک ح، ی مع۔ امث۔ تبدیلی، پھرنے، بدلنے کا عمل؛ حوالے کرنا سونپنا، سپرد کرنا۔ **تَحوِیل دار** امانت دار، محافظ؛ قابض، خزانچی، مُنیب۔

تَحَیُّر فت ت ح، شد ضم ی۔ امذ۔ حیرت، تعجب۔

تَحَیُّز فت ت ی، شد ضم ی۔ امذ۔ محدود، محصور ہونا۔

تَخارُج فت ت، ضمہ ر۔ امذ۔ کسی وارث کا کسی بات کے معاوضے کے طور پر اپنے حصے سےدست بردار ہو جانا نیز **تحارُج**۔

تَخاطُب فت ت، ضمہ ط۔ امذ۔ ہمکلامی، باہمی گفتگو، مخاطب یا اپنی طرف متوجہ کرنے کا عمل۔

تَخالُف فت ت، ضمہ ل۔ امذ۔ باہمی اختلاف؛ تضاد، مخالفت۔

تَخانا کس ت۔ صف۔ تین خانوں والا۔

تَخَبُّط فت ت، خ، شد ضم ب۔ امذ۔ خبطی، دیوانہ، سحر زدہ ہو جانا۔

تَخبِیط فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ خبطی بنانا، بہکانا۔

تَخْت فت ت، سک خ۔ امذ۔ لکڑی کی چارپایوں پر بنی ہوئی چبوترہ نما نشست گاہ؛ شاہی اجلاس کی پُر تکلف کرسی یا چوکی؛ مجازاً حکومت مملکت۔ مرکّب **تَختِ رَواں** کہاروں کے کاندھوں پر لے جائی جانے والی کُھلی سواری، ہوادار؛ وہ تخت جس پر گانے والوں کا طائفہ سواری کرتا تھا، **تَخت کی رات**

سہاگ رات۔

تَختَہ فت ت، سک خ فت ت۔ امذ۔ لکڑی کا چوڑا سپاٹ قطعہ؛ کاغذ کا ایک تاؤ؛ میت کو نہلانے کا پٹڑا؛ دکان یامکان پر نام نشان ظاہر کرنے کے لیے آویزاں کیا جانے والا بورڈ؛ گوشوارہ، فہرست یا حساب لکھا ہوا کاغذ؛ زمین کا قطعہ۔ **تَختَۂ سیاہ** مکتب میں لٹکایا یا کھڑا کیا ہوا کالی سطح کا تختہ جس پر کھریا سے لکھا اور مِٹایا جاسکتا ہے۔ **تَختَۂ مشق** (مجازاً) وہ شخص جس کی جان یا مفاد کو نظر انداز کر کے کوئی عمل کیا جائے۔

تَختی فت ت، سک خ۔ امث۔ چھوٹا تختہ، خصوصاً بچوں کو لکھنے کی مشق کرانے کے لیے جس کے ایک طرف مخروطی کٹاؤ کا دستہ ہوتا ہے؛ چہرے کی وضع۔

تَخدِیر فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ عمل جرّاحی سے پہلے بیہوش یا سُن کرنے کا عمل۔

تَخرجَہ فت ت، سک خ، کس ر، فت ج۔ امذ۔ گھٹانے، خارج کرنے کا عمل؛ (جمل) بعض حروف یا الفاظ کوشمار سے خارج رکھنے کا اشارہ دے کر تاریخ کہنا، احادیث اقوال یاکلام کے اصل حوالہ جات کی تحقیق کا اصطلاحی کام۔

تَخرِیب فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ تباہی، بگاڑ، خرابی۔

تَخرِیج فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ نصوص سے احکام اخذ کرنا، اِستنباط کرنا، نتیجہ نکالنا؛ اشعار، احادیث وغیرہ کا اصل حوالہ تلاش کرنا۔

تَخصِیب فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ مادہ کے جسم میں بیضے کا بارود ہونا، نمو پانا۔

تَخصِیص فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔خصوصیت، امتیاز۔

تَخطِئَہ فت ت، سک خ، کس ت، فت ء۔ امذ۔ خطا پکڑنا، غلطی نکالنا۔

تَخطِیط فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ نشان ، لکیر یا خط ڈالنا، حد بندی کرنا، تعمیر کا نقشہ بنانا۔ امذ **تَخطِیط قَلب** دل کی دھڑکنوں کا چربہ جو ایک خاص مشینی عمل سے کاغذ پر اتارا جاتا ہے (انگ: کارڈیو گرافی)۔

تَخفِیف فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ مختصر کرنا، کم کرنا، کمی واقع ہونا، **تَخفِیف تَصدِیعَہ** (تَص دی ع) (لفظاً) درد سر کو کم کرنا، مراد رخصت کی اجازت چاہنا۔

تَخلخُل فت ت، خ، سک ل، ضمہ خ۔ امذ۔ چھدرا پَن، ڈھیلا پَن۔

تَخَلُّص فت ت، خ، شد ضم ل۔ امذ۔ اختیار کردہ، عرف یا نام جس سے شاعر کی شناخت ہو: قصیدے میں تشبیب کے بعد گریز۔

تَخَلُّف فت ت، خ، شد ضم ل۔ امذ۔خلاف ہونا، انحراف کرنا، پِچھَڑنا، پیچھے رہ جانا۔

تَخَلُّل فت ت، خ، شد ضم ل۔ امذ۔ خلل پڑنا، خرابی آنا۔

تَخَلّی فت ت خ، شد ل۔ امث۔ خالی، تنہا،کھوکھلا، آلودگی سے پاک ہونا۔

تَخلِیص فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ خالص بنانا، خلاصہ کرنا؛ نتھارنا، قصیدے میں گریز کا مقام۔

تَخلِیط فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ ملاوٹ، آمیزش، خلط ملط کرنا۔

تَخلِیق فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ پیدائش، آفرینش، وجود میں لانا؛ تصنیف، اختراع، ایجاد؛ مخلوق۔

تَخلِیل فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ خلال کرنا، ڈاڑھی میں انگلیوں سے کنگھی کرنا۔

تَخلِیَہ فت ت، سک خ، کس ل، فت ی۔ امذ۔ باہر نکالنا یا نکلنا، خالی کرنا، خلوت، تنہائی۔

تُخْم ضمہ ت، سک خ۔ امذ۔ بِیج، بِزرہ گٹھلی، مرکب، **تُخْم دان**، حیوانوں یا پودوں کا وہ حصہ جہاں تولیدی مادہ، بیضہ، بیج یا زیرہ جمع رہتا ہے۔ بَیضہ دان، کیسۂ کرم نیز **تخم تھیلا۔ تُخْم رَیحاں** (ے لین، غنہ) تُلسی کے بیج، مہین سیاہ دانے جو پھول کر سفید لعاب میں لپٹے نظر آتے ہیں۔ اکثر شربت میں ڈالے جاتے ہیں، مفرِّح اور مسکّن ہیں؛ نیز رک **رَیحان** صف **تُخْمی** گٹھلی دار (پھل)؛ **تخمی آم** صرف گٹھلی سے پھوٹنے والا پیڑ کا آم، قلمی، پیوندی کی ضد، مجازاً؛ نسل، اولاد، ذریّات۔

تُخْمک ضمہ ت، سک خ، فت م۔ امذ۔ (نباتیات) بیج دان۔

تُخْمہ فت ت، سک خ، فت م۔ امذ۔ بیج دان، بیضہ، بد ہضمی۔

تَخْمِیر فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ خمیر اٹھانا یا اٹھنا۔ صف **تَخمِیری** م: **تَخمِیری فِعلیات**۔ نظام ہضم کا مطالعہ۔

تَخْمِیس فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ پانچ حصوں میں بانٹنا؛ (شاعری) خمسہ یعنی پانچ پانچ مصرعوں کے بند لکھنا۔

تَخْمِین فت ت، سک خ، ی مع۔ امذ۔ اندازہ، قیاس، ظن، گمان۔ م ف **تَخمِیناً** (تخ می نَن) اندازے کے مطابق، لگ بھگ، کم و بیش۔ صف **تَخْمِینی**، قیاسی، ظنّی۔ امد۔ **تَخْمِینَہ** (می نَ) خرچ وغیرہ کا پیشگی حساب۔

تَخْنِیق فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ گلا گھونٹنا۔

تَخْوِیف فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ خوف دلانا؛ ڈرانا۔

تَخْئِیل فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ ذہن کی اختراعی صلاحیت سے کام لینا، تخلیقی سوچ، اصلاً **تخِییل**۔

تَخَیُّک فت ت، خ، شد ضم ی۔ امذ۔ سپردِ خاک کرنا، اردو کی اختراع [ف: خاک سے بقاعدۂ عربی]۔

تَخَیُّل فت ت، خ، شد ضم ی۔ امذ۔ لاموجود کو ذہنی طور پر موجود دیکھنے کا عمل۔ ذہن کی اختراعی صلاحیت، نیا خیال، اچھوتی فکر۔

تَخْبِیر فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ ترجیح، انتخاب۔

تَداخُل فت د، ضمہ خ۔ امذ۔ ایک دوسرے کے معاملات میں دخل دینا، یا ایک دوسرے میں در آنا، گھس جانا؛ مداخلت۔ مرکب **تداخُلِ فصلَین** (فت ف، ے لین) موسموں کا باہم ملنا، وہ زمانہ جب ایک موسم رخصت اور دوسرا وارد ہو رہا ہو؛ (طب) ایک کھانا ہضم ہونے سے پہلے مزید خوراک کا معدے میں پہنچ جانا جس سے سوءِ ہضم واقع ہو۔

تَدارُک فت ت، ضمہ ر۔ امذ۔ دفعیہ، رد، روک تھام؛ علاج؛ مکافات، بدلہ، تلافی۔

تَدافُع فت ت، ضم مج ف۔ امذ۔ ایک دوسرے کے خلاف عمل کرنے کی کیفیت، باہمی ردّ و فشار، دفع کرنا، مدافعت کرنا۔

تَداوُل فت ت، ضمہ و۔ امذ۔ گردش، ادل بدل کر، باری باری آنا، گھومنا : گرداں رائج، رواں ہونا۔

تَداوی فت ت۔ امث۔ علاج، رد، چارہ جوئی۔

تَدَبُّر فت ت، د، شد ضم ب۔ امذ۔ سُوجھ بُوجھ، تدبر سے کام لینا، بردباری۔

تَدبِیر فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ کسی مسئلے کا عملی حل؛ سوچ بچار؛ علاج۔ **تَدبِیرُ الْمَنازِل** (تد بی رُل مَ نازِل) خانہ داری، گھر کا سنبھالنا، چلانا۔

تَدْخِین فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ دھونی دینا؛ تمباکو نوشی۔

تَدَرُّج (۱) فت ت، د، شد ضم ر۔ امذ۔ درجہ بدرجہ بڑھنا یا حرکت کرنا۔

تَدَرّج (۲) فت ت د، شد ضم ر۔ امذ۔ **تَدَرَوْ** (رک) کا معرّب۔

تَدَرُن فت ت، د، شد ضم ر۔ امذ۔ مرض دق یا **تَدَرُّنِ رِیَہ** (کس ر، فت ی) سِل، پھیپھڑوں کی دق۔

تَدَرو فت ت د، سک ر و۔ امذ۔ چکور نیز **تَذَرَوْ** (فت ذ)۔

تَدْرِیب فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ مشق کرانا، عادت ڈالنا۔

تَدْرِیج فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ آہستہ آہستہ آگے بڑھنا، درجہ بدرجہ حرکت کرنا۔ صف **تدرِیجی** مرحلہ وار۔

تَدْرِیس فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ درس دینا، تعلیم، پڑھائی۔

تَدفِین فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ دفن کرنا، سپرد خاک کرنا۔

تَدْقِیق فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ صحیح صحیح دریافت، صحّت و صداقت۔

تَدْلِیس فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ مکر، فریب کاری، صداقت پوشی۔

تَدَمُّغ فت ت د، شد ضم م۔ امذ۔ غرور، دماغ داری، تکبر۔ صف **مُدَمّغ** مغرور، متکبر۔

تَدَوّر فت ت د، شد ضم و۔ امذ۔ گولائی، دائرے کی صورت میں ہونا، امث۔ **تَدوِیر** (ی مع) گولائی دینا، گھمانا؛ دائرے میں حرکت کرنا۔ م: **تَدوِیر کَواکب** (فت ک،کس ک) ستاروں کی گردش۔

تَدوِین فت ت، سک و، ی مع۔ امث۔ مرتب کرنا، منتشر اجزا کو یکجا کرنا، تالیف، ترتیب۔

تَدَہّر فت ت د، شد ضم ہ۔ امذ۔ دہریت، خدا کے وجود سے انکار۔

تَدْہِین فت ت، سک د، ی مع۔ امث۔ تیل کی مالش، چکنا کرنا، مشین کے کل پرزوں میں تیل دینا۔

تَدَیُّن فت ت، د، شد ضم ی۔ امذ۔ دینداری، پرہیز گاری۔ صف۔ **مُتَدَیِّن**۔

تدْھارا کس ت۔ امذ۔ تین دھاروں کا سنگم؛ تِروینی، تُھوہَر کا پودا۔

تَذَبْذُب فت ت ذ، سک ب، ضم ذ۔ امذ۔ پس و پیش، تامّل۔ [ع: لَنگر کی طرح اِدھر سے اُدھر ڈولنا]۔

تذْکار کس ت، سک ذ۔ امذ۔ یاد کرنا، ذکر کرنا، نیز تَذکار (فت ت)۔

تَذکّر فت ت، ذ، شد ضم ک۔ امذ۔ قوتِ حافظہ، یادداشت۔

تَذْکِرَہ فت ت، سک ذ، کس ک، فت ر۔ امذ۔ سوانح، تراجم، مشاہیر کے احوال پر مشتمل تالیف؛ بیان، ذکر، حوالہ۔ م ف۔ **تَذکِرَۃً** (تَز کِ رَ تَن) سرسری طور پر، محض علم میں لانے کی غرض سے۔

تَذْکِیر فت ت، سک ذ، ی مع۔ امث۔ مذکّر ہونا۔ تانیث کی ضد؛ وعظ، یاددہانی۔

تَذْکِیَہ فت ت، سک ذ، کس ک، فت ی۔ امذ۔ جانور کی قربانی؛ ذکاوت، ذہانت۔

تَذَلُّل فت ت ذ، شد ضم ل۔ امذ۔ عجزو انکسار، خاکساری۔

تَذْلِیل فت ت، ذ، ی مع۔ امث۔ ذلیل کرنا، تحقیر۔

تَذْمِیم فت ت، سک ذ، ی مع۔ امث۔ بُرا بتانا، مذمّت کرنا۔

تَذْوِیب فت ت، سک ذ، ی مع۔ امث۔ پگھلانا، کیمیائی عمل سے دھاتوں کو گلانا یا گلا کر صاف کرنا۔

تَذْہِیب فت ت، سک ذ، ی مع۔ امذ۔ سونے کا ملمع کرنا، سنہری بنانا، سونے کا پانی پھیرنا۔

تَر فت ت۔ صف۔ گیلا، نم؛ زیر آب؛ آبدار، بارونق، مرغن۔ مرکب **خُشْک وتَر** زمین اور سمندر۔ (بِطور لاحقہ) تقابل اور بہتری بڑائی، فوقیت ظاہر

کرنے کے لیے م: سُبک تَر زیادہ ہلکا، بیش تَر بڑھ کر، صف تَربَتَر بالکل بھیگا ہوا، شرابور، تَردامی گناہگار، تَردَست چابکدست، پھرتیلا، ہنر مند؛ تَردماغ سرخوش، نفاست پسند۔

تِر کس ت۔ سابقۂ عدی۔ تین کی علامت [سن: تری]۔ م: تربھون تِرپھلا۔

تُر ضمہ ت۔ امذ۔ (پارچہ بافی) وہ تختہ جس پر بُنا ہوا کپڑا تیار ہو کر لپیٹا جاتا ہے، دفتی؛ تاکا، نیز تُرا۔

تِرا فت ت۔ ضمیر۔ تیرا کی تخفیف۔

تُرا ضمہ ت۔ ضمیر۔ تجھ کو، (استفہام)، تُراچہ (تُ راچے) تجھے کیا، تجھ سے کیا غرض، گیدڑوں کے غول سے حکایتہً منسوب جملے، ایک پکارتا ہے: پِدرَم سُلطان بُود (میرا باپ بادشاہ تھا) دوسرے جواباً کہتے ہیں تُراچہ یعنی پھر تجھے کیا۔

تُراب ضمہ ت۔ امذ۔ مٹی، خاک، صف تُرابی خاکی، مٹی کا۔

تَراجُع فت ت، ضم مج ج۔ امذ۔ رجعت کرنا، پھر جانا، پلٹ پڑنا، ایک دوسرے سے مخالف سمت میں جانا۔

تَراجِم فت ت، کس ج۔ رک: ترجَمَہ جس کی یہ جمع ہے۔

تَراخی فت ت۔ امث۔ ڈھیل دینا، سستی کرنا، التوا، تعویق۔

تَرادُف فت ت، ضمہ د۔ امذ۔ مترادف یا ہم معنی ہونا؛ آگے پیچھے ایک دوسرے کے ساتھ لگا ہوا ہونا، سلسلہ قائم کرنا۔

تَرارہ فت ت ر۔ امذ۔ تیز دوڑ، جست، زقند [نیز ف : طرارہ]۔

تِراز کس ت۔ امث۔ وضع، طرز، انداز، نمونہ، نیز طِراز [ف: اِتراز کا معَرب درزی اسی سے بنا ہے]۔

تَرازُو فت ت، و مع۔ امث۔ تولنے کا آلہ، کانٹا، ڈنڈی، میزان، محاورہ ترازُو ہونا، آر پار ہونا، آدھا ایک طرف آدھا دوسری طرف ہونا م: تیر جگر میں ترازو ہو گیا۔

تِراسی کس ت۔ عدد۔ اَسّی اور تین (۸۳) صف تِراسی واں، تِراسِواں نیز تیراسی نیز تیراسواں۔

تَراش فت ت۔ امث۔ قطع، کاٹ، وضع (لباس وغیرہ کی) ف م۔ تَراشنا، قطع کرنا، قلَم کرنا، قاش اتارنا، گھڑنا، م: الزام تراشنا، مرکّب تَراش خَراش کاٹنا، چھانٹنا، قطع و برید؛ وضع قطع۔

تَراشَہ فت ت ش۔ امذ۔ کترن، چھیلن؛ کسی چیز میں سے قطع کیا ہوا ٹکڑا؛ اخبار وغیرہ سے کاٹا ہوا پرچہ، سنگ تراشی کا ایک اوزار۔

تَراضی فت ت۔ امث۔ باہمی رضامندی م: تَراضیِ طَرَفَین (شد کس ی) دونوں فریقوں کا ہامی بھرنا۔

تَراکُب فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ باہم ملانا، ترکیب دینا۔

تَراکُز فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ کسی ایک مرکز پر آ ملنا، [اردو کا تصرّف]۔

تَراکُم فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ ڈھیر لگانا، تہ در تہ جمانا؛ گِھچ پچ، گُنجان پن۔

تِرانوے کس ت، سک ن، و مج۔ عدد۔ نوّے اور تین (۹۳) صف تِرانواں نیز تیرانوے/ تیرانواں۔

تَرانَہ فت ت ن۔ امذ۔ نغمہ، گیت؛ رباعی یا چوپائی کے لیے موسیقی کی اصطلاح؛ پکّے گانے کا ایک طرز جس میں بعض مخصوص کلمے برتے جاتے ہیں؛ تُوم، تانانا؛ دِر، دھا وغیرہ۔

تِرانی کس ت۔ امث۔ وہ پیشگی معاوضہ، سائی، کمیشن یا رشوت جو اس شرط پر دی جائے کہ کام نہ

ہوا تو واپس کر دی جائے گی۔

تَراوَت فت ت و۔ امث۔ تازگی شادابی، ٹھنڈک؛ فرحت، نیز **تَراوٹ**۔

تَراوِش فت ت، کس و۔ امث۔ ٹپکنا، تقاطر۔ ف مر۔ متبادر **تراوش ہونا** ظاہر ہونا، ٹپکنا، مترشح ہونا۔

تَراوِیح فت ت، ی مع۔ ج مث۔ ماہ رمضان میں عشاء کی نماز کے بعد پڑھی جانے والی عموماً بیس سُنّت رکعتیں جو دو دو کرکے پڑھی جاتی ہیں۔

تراہ کس ت۔ امث۔ پکار، فریاد، دُہائی، نیز **تراہ تراہ**۔

تِراہا کس ت۔ امذ۔ وہ مقام جہاں سے تین طرف سڑک نکلتی ہو، سہ راہا۔

تَرائِب فت ت، کس ء۔ ج مذ۔ سینے یا پیٹھ کے بالائی حصّے کی ہڈیاں یا پسلیاں [ع: واحد: **تَرِیبَہ** (ت ر ی بَ)]۔

تَرائی فت ت۔ امث۔ دامنِ کوہ؛ دریا کے طاس کا علاقہ۔

تَرْب فت ت، سک ر۔ امث۔ تانت یا تاروں والے ساز میں جڑی ہوئی افقی پٹریاں یا موٹے تار جن کو چھونے سے بجنے والے تار مطلوبہ سُر پیدا کرتے ہیں۔

تُربَت ضمہ ت، سک ر، فت ب۔ امث۔ خاک کا تودہ؛ مراد: قبر نیز **تُربَہ** (ب)۔

تُرْبُد ضمہ ت، سک ر، ضمہ ب۔ امث۔ ایک سرخ رنگ کی جڑ، دواءً مستعمل جو دست آور ہوتی ہے، نَسُوتھ/ نَسوت؛ کالنکا (لاط: Convolvulus Turpethum)۔

تَرَبُّض فت ت ر، شد ضم ب۔ امذ۔ انتظار، وقفہ؛ آزمائشی مدتِ ملازمت۔

تَرْبُوز فت ت، سک ر۔ گول سبز خول کے اندر سرخ گودے اور گلابی پانی والا بڑا پھَل جو بیل میں زمین پر لگتا ہے، ہندوانہ [لاط: Curcubita Citrulus]۔ صف **تَربُوزی** تربوز کے گودے سے ملتا جلتا گلابی رنگ۔

تَربِیب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ تعلیم، تربیت، پرورش۔

تَربِیَت فت ت، سک ر، کس ب، شد فت ی۔ امث۔ تعلیم، تادیب، سدھانا۔ سکھانا۔

تَربِیع فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ چوکور یا مربع شکل میں ڈھالنا؛ میت کے چاروں پایوں کو باری باری کاندھا دینا، (سیدھے سرہانے سے چل کر بائیں سرہانے تک)۔

تربھر کس ت، سک ر، کس بھ۔ صف۔ بپھرا ہوا، برہم۔

تربھَنگ کس ت، سک ر، فت بھ، غنہ۔ امذ۔ تین خموں جوڑوں یا درجوں والا، تین جگہ سے مڑا یا ٹوٹا۔ صف **تربھَنگا** ناچ میں کمر اور گھٹنوں کو لچکا کر کھڑا ہونے کا ایک انداز۔

تربھَوَن کس ت، سک ر، فت بھ و۔ امذ۔ تین لوک یا عالم، آسمان زمین اور پاتال، مراد کُل عالم [س: **تری بھُوَن**]۔

تُرُپ ضمہ ت ر۔ امث۔ تاش کے کھیل میں پتّوں کے چار رنگوں یا سلسلوں میں سے وہ رنگ جو دوسروں پر فائق مان لیا جائے اور اس کا گھٹیا پتہ دوسرے رنگ کے بڑھیا پتے کوکاٹ سکے۔ [انگ: Trump Card] مرکب **تُرُپ کا پتّہ** وہ چال جو یقینی ہو۔

ترپال کس ت، سک ر۔ امث۔ موم وغیرہ چڑھا کر بنا ہوا کپڑا یا ٹاٹ جس میں پانی سرایت نہ کر سکے [انگ: Tarpaulin]۔

تُرپَن ضمہ ت، سک ر، فت پ۔ امث۔ کپڑے کے کنارے کو اندر کے رخ موڑ کر سینا تاکہ اس کے تار دبے رہیں۔ نیز **تُرپائی** ف م **تُرپَنا**۔

تِرپَھلا کس ت، سک ر، فت پھ۔ امذ۔ ہڑ، بہیڑہ اور آنولہ تین پھلوں کا مجموعہ، اطریفل۔

تِرتال کس ت، سک ر۔ امث۔ طبلے کا ایک ٹھیکا جس کے بول ہیں نادھن، دھن نا نیز تِتالہ۔

تُرت پُھرت ضمہ ت، پھ، فت ر۔ م ف۔ فوراً تیزی سے، چھپاک چھپاک۔

تَرتیب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ سلسلے وار لگانا، مرتب کرنا، سلسلہ، درجہ بندی؛ تالیف۔ م ف تَرتیب وار یکے بعد دیگرے، درجہ بدرجہ۔

تَرتِیل فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ آہستہ آہستہ قرأت کرنا۔

تَرجُمان فت ت، سک ر، ضمہ ج۔ امذ۔ ترجمہ کرنے والا، ایک زبان سے دوسری زبان میں مطلب ادا کرنے والا؛ نمائندہ کسی کی طرف سے بات کرنے والا۔ امث تَرجُمانی۔

تَرجَمَہ فت ت، سک ر، فت ج م۔ امذ۔ ایک زبان کے الفاظ یا عبارت کو دوسری زبان میں منتقل کرنا؛ تذکرہ، احوال، بیان کسی شخصیت یا مشاہیر کا۔

تَرجِیح فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ برتری، فوقیت، امتیاز، مرکب؛ ترجِیح بِلا مُرَجح بے موقع ترجیح، بے موقع امتیاز، لایعنی ترجیح۔

تَرجِیع فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ لوٹنا، لوٹانا، پلٹنا، پھرنا، واپس جانا۔ مرکب (شاعری) تَرجِیع بَنْد ایسے بندوں کا سلسلہ جن میں ٹیپ کا شعر یا مصرعہ دہرایا جائے۔

تِرچھا کس ت، سک ر۔ صف۔ سیدھ سے ہٹا ہوا، کج، آڑا؛ بانکا، طرحدار، تیکھا۔

تَرَح فت ت ر۔ امث۔ رنج، خلش۔

تَرَحُّم فت ت ر، شد ضم ح۔ امذ۔ ترس کھانا، رحم کرنا، کرم کرنا۔

تَرخِیم فت ت، سک ر۔ امث۔ نام یا لفظ کے تلفظ میں اختصار۔ م: جمشید سے جم، [لفظاً: دُم کاٹنا] صف مُرخَّم۔

تَرَدُّد فت ت ر، شد ضم د۔ امذ۔ تامّل، رکاوٹ، پس و پیش، ہچکچاہٹ، اُدھیڑ بُن، فکر، ذہنی پریشانی۔

تَردِید فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ انکار کرنا، غلط ٹھہرانا، کاٹنا، رد کرنا۔

تِرزِیق کس ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ یاوہ گوئی، بے کار باتیں۔

تَرْس فت ت، سک ر۔ امذ۔ خوف، ڈر، تَرس کاری، ہراس، خوف زدہ رہنا، صف مرکب، خدا تَرْس خدا سے ڈرنے والا، نیک آدمی۔

تَرَس فت ت ر۔ امذ۔ رحم، خوف خدا۔ [س: ترَس]۔

تَرسا فت ت، سک ر۔ امذ۔ آتش پرست۔

تَرساں فت ت، سک د۔ صف۔ ڈرتا ہوا، خوف زدہ، نیز تَرسِیدَہ (ی مغ فت د)۔

تَرسانا فت ت، سک ر۔ ف م۔ محروم رکھنا، حسرت میں مبتلا رکھنا، للچانا، نیز رک: تَرَسنا جس کا یہ تعدیہ ہے۔

تِرسُول کس ت، سک ر، و مع۔ امذ۔ سہ شاخہ بلّم جو ہندو دیوتا مہا دیو شو کا نشان ہے [س: تِرشُول تین نوکیں]۔

تَرسِیب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ تہ نشین ہونا، نیچے بیٹھنا، کسی محلول کے اجزا کو ٹھہرا کر کشش ثقل کے اثر سے تہ میں پہنچانے کا عمل، نیز امذ: تَرَسُّب تہ نشین ہونا، نتھارنے کا عمل۔

تَرسِیل فت ت، سک ر، ی مع۔ بھیجنا، روانہ کرنا۔

تَرسِیم فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ نقش کرنا، ثبت کرنا، لکھنا، نقشہ بنانا، خاکہ کھینچنا۔

تُرُش ضمہ ت ر۔ صف۔ کَھٹّا؛ ناخوش، بد مزاج۔ صف تُرُش رُو، جس کی شکل سے غصہ ظاہر ہو، جس کی تیوری چڑھی ہو، نیز تُرُش اَبرُو سرکہ جبیں

بدمزاج۔ امث۔ **تُرشی** کھٹّا ذائقہ، کھٹاس؛ رنجش؛ طنز۔

تُرشابَہ ضمہ ت، سک ر، فت بہ امذ۔ سرکہ، تیزاب، نیز **تُرْشہ**، **تُرْشاوا**۔

تُرْشاوَہ ضمہ ت، سک ر، فت و۔ امذ۔ تُرنج کی قبیل کے پھل جن میں تُرشی ہوتی ہے۔ [انگ: Citrus جو جدار کا ہم اصل ہے]۔

تَرَشُّح فت ت ر، شد ضم ش۔ امذ۔ بوندا باندی، تقاطر، ٹپکنے کا عمل، نیز امث۔ **تَرشِیح** (ی مع)۔

تْرِشنا سک ت، سک ر، سک ش۔ امث۔ پیاس [س: ترشنا۔قب ف: تِشنگی]۔

تُرْشَہ ضمہ ت، سک ر، فت ش۔ امذ۔ تیزاب نیز **تُرْشاوا**، **تُرشابہ** ف م: **تُرشانا** کھٹا کرنا، تیزاب ملانا یا بنانا۔

تَرَصُّد فت ت ر شد ضم ص۔ امذ۔ انتظار، توقف؛ رصد گاہ میں ستاروں کا مشاہدہ۔

تَرصِیص فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ مضبوطی، استواری۔ مر وصفی **بُنیانِ مَرصُوص** سیسہ پلائی ہوئی بنیاد؛ جس کی ریخوں میں سیسہ بھرا گیا ہو [ع: وصاص=سیسہ]۔

تَرْصِیع فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ تزئین، آرائش، جڑاؤ کام، مرصّع کاری؛ ادب میں صنائع لفظی سے کام لینا؛ مقابل کے مصرعوں میں ہر لفظ کے مقابل ہم وزن لفظ لانا؛ تماثُل ترکیب۔

تَرصِیف فت ت، سک ز، ی مع۔ امث، صف۔ بندی، قطار باندھنا۔

تَرغِیب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ مائل کرنا، آمادہ کرنا، رغبت دلانا۔

تَرَف فت ت ر۔ امث۔ آسودگی، خوشحالی، عیش و آسائش، نیز **تَرَفُّہ**۔

تُرفانِیَہ ضمہ ت، سک ر، کس ن، فت ی۔ امذ۔ ایک جرثومہ جس سے نیند کی بیماری اور دوسری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں [انگ: Trupanon]

تَرَفُّع فت ت ر، شد ضم ف۔ امذ۔ بلندی، رفیع، اونچا ہونا، (نفسیات) دبی ہوئی جنسی قوت کا تخلیقی عمل کی طرف راغب ہونا۔(انگ: Sublimation)۔ نیز **تَرفِیع**۔

تَرَفُّہ فت ت ر، شد ضم مج فہ امذ۔ رک **تَرَف**، نیز **تَرفِیَہ** (یٰ) خوشحالی کا سامان کرنا۔

تَرَقّی فت ت ر، شد ق۔ امث۔ افزائش، بہتری، عروج پانا، قوت پکڑنا، عہدہ یا تنخواہ میں اضافہ؛ زیادتی، بڑھنا، پنپنا۔ **تَرقی پَذِیر** ترقی کرنے والا، ترقی کی طرف مائل، **ترقی پَذِیر** فتہ ترقی پایا ہوا، نیز **تَرَقّی یافتَہ** (یا فْ ت) **تَرَقی پَسَند** ترقی چاہنے والا، عموماً مراد اس تحریک کے حامی سے جو ادب میں عصری مسائل سے بحث کرنے کی قائل تھی اور کسی قدر اشتراکیت سے ہمرشتہ۔

تَرقِیدَہ فت ت، سک ر، ی مع، فت د۔ صف۔ تڑقا ہوا، پھٹا ہوا۔ [ف: مص: ترقیدن]۔

تَرقِیص فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ نچانا مراد؛ قرأت میں آواز کا اتار چڑھاؤ۔

تَرقِیط فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ سرمئی پتھر کی آتش فشاں چٹانیں [انگ: Trachyte]۔

تَرقِیق فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ پتلا کرنا۔

تَرقِیم فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ لکھنا، رقم کرنا۔ ج: **ترقیمات**، نوشتے ریاضی کی رقمیں۔ مذ **تَرقِیمَہ** (ی مع، فت م) کتاب یا مخطوطے کے آخر میں لکھی ہوئی عبارت جس میں عموماً کاتب کا نام اور تاریخ وغیرہ درج ہوتی ہے۔

تَرک فت ت ر۔ امث۔ شہتیر، چھت کی کڑی، لکڑیوں کو جوڑ کر بنا یا ہوا، دریا پار کرنے کا وسیلہ۔

تَڑک فت ت، سک ر ۔ امذ۔ چھوڑنا، تجنا، دست برداری، تیاگ؛ حذف شدہ الفاظ ؛ صفحۂ کتاب کے آخر میں اگلے صفحے کا پہلا لفظ، پاوَرق؛ خیمے کی طناب؛ یادداشت کے لیے کتاب کے اندر رکھی جانے والی نشانی۔ **تَرکِ تَرک** (کس مج ک، فت ت) (تصوف) مقام فنا؛ بے خودی و بے نیازی کی آخری منزل۔ (قب: ترک دنیا، ترک عقبیٰ، ترکِ مولا، ترکِ ترک) **ترکِ مُوالات** (ضم مج م)۔ عدم تعاون، بے تعلقی۔

تَرک (۲) فت ت، سک ر۔ امذ۔ (علم منطق) نامعلوم کی جستجو۔

تُرک ضمہ ت، سک ر۔ امذ۔ ترکستانی قبائل میں سے کسی قبیلے کا باشندہ جو یافث بن نوح کے بیٹے تُرک کی اولاد بتائی جاتی ہیں۔ (ہندوانی اصطلاح میں) مسلمان، محبوب۔ صف **تُرکانہ**۔

تَرکاری فت ت، سک ر۔ امث۔ ساگ بات؛ پھل پُھلاری یا ان کا سالن۔

تُرکتاز ضمہ ت، سک ر ک۔ امث۔ حملہ، دھاوا؛ لوٹ مار، غارت گری؛ نیز صف: لٹیرا، غارتگر، حملہ آور۔ امث۔ تُرکتازی۔

تِرکَٹ کس ت، سک ر، فت ک۔ امذ۔ طبلے کا ایک ٹھیکا؛ گوکھرو کا پودا (لاط: Ruellia Longifolia)۔

تِرکُٹا کس ت، سک ر، ضمہ ک۔ امذ۔ ویدک نسخے کا ایک چورن جو تین اجزا سے تیار کیا جاتا ہے؛ سونٹھ، پیپلی، سیاہ مرچ کا مرکب۔

تِرکُٹی کس ت، سک ر، ضمہ ک۔ امث۔ صوفیوں کا ایک مراقبہ جس میں نظر کو ناک کی پُھننگ پر مرکوز کیا جاتا ہے۔

تَرکَش فت ت، سک ر، فت ک۔ امذ۔ پیٹھ پر لادنے والا تیروں کے رکھنے کا مخروطی شکل کا خانہ۔

تِرکَون کس ت، سک ر، و مج۔ صف۔ تکون، مثلث؛ تِکَڑم۔

تَرکَہ فت ت، سک ر، فت ک۔ امذ۔ وفات پائے ہوئے آدمی کا وارثوں کے لیے چھوڑا ہوا مال و اسباب۔

تُرکی ضمہ ت، سک ر۔ صف۔ ترکستان کا باشندہ، زبان، گھوڑا یا کوئی شے۔ محاورہ: **تُرکی بَہ تُرکی جواب دینا**، برابر کا مقابلہ۔ محاورہ **تُرکی تمام ہونا**۔ تھوڑا سا زور دکھا کر رہ جانا، دم خم نکل جانا۔ امث **تُرکی ٹوپی** پتلے نمدے سے بنی ہوئی عموماً سرخ ٹوپی جس کی چندیا پر پُھندنے کے لیے ایک لمبی گھنڈی نکلی ہوئی ہوتی ہے، پہلے مسلمانوں میں عام تھی اور علی گڑھ یونیورسٹی کی یونیفارم کا لازمی جزو۔ اب تقریباً متروک۔ نیز **رُومی ٹوپی** -

تَرکِیب فت ت، سک ر، ی مج۔ امث: مختلف اجزا کی آمیزش؛ طریقہ، گُر؛ چال، حکمت عملی؛ الفاظ کا باہمی ربط (شاعری) **تَرکیب بَند** ایسے بندوں کا سلسلہ جن کے آخری شعر یا مصرعے سب بندوں میں ہمقافیہ ہو۔ **ترکیب اضافی** (کس ا) ایسے دو الفاظ کا مرکّب جو ایک دوسرے سے حرف اضافت یا علامت اضافت کے ذریعے جڑے ہوئے ہوں اور ایک کو دوسرے سے نسبت دی گئی ہو، ان میں سے ایک مضاف دوسرا مضاف الیہ کہلاتا ہے۔ م: دل کا حال یا حالِ دل (حال مضاف، دل مضاف الیہ)۔ **تَرکیب تَوصیفی** ایسے الفاظ کا مجموعہ جن میں سے ایک صفت دوسرا موصوف ہو جس کی صفت بیان کی گئی۔ م: سفید (صفت)، گھوڑا (موصوف)۔

تِرکھا کس ت، سک ر۔ امذ۔ ٹیڑھی بات، ڈانٹ پھٹکار۔

تَرَگ فت ت، سک ر۔ امذ۔ خود، فولادی ٹوپی۔

تِرلَوک کس ت، سک ر، و مج۔ رک تِربُھوَن۔

تُرَم ضمہ ت، فت ر۔ امذ۔ بِگل، تُرئی، جس میں سُر

نہیں ہوتے۔

تُرمَتی ضمہ ت، فت ر سک م۔ امث۔ شکرے کی نسل کا ایک چھوٹا پرندہ جس کی کئی قسمیں ہیں۔ (لاط: Falco Fasciatus وغیرہ)۔

تُرم خاں ضمہ ت، شد فت ر۔ امذ۔ (پھبتی) اکڑ فوں دکھانے، شیخی بگھارنے والا شخص، تنک مزاج دماغ دار آدمی۔ نیز **طُرم خاں**۔

تِرمرا کس ت، سک ر، م۔ امذ۔ شوربے پر تیرتی ہوئی چکنائی۔ ج: **تِرمِرے** کسی چوٹ یا چکر آ جانے سے، آنکھوں کے سامنے ناچتے ہوئے مہین ستارے۔

تَرمید فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ دھات کو تپا کر راکھ کرنا، بَھسَماؤ، کُشتہ سازی۔

تَرمیم فت ت، سک ر، ی م۔ امث۔ اصلاح، درستی، کتر پیونت؛ تبدیلی۔

تَرَن فت ت ر۔ امذ۔ گل نسرین، سیوتی۔

تَرَن تارَن فت ت ر۔ امذ۔ صف۔ نجات دہندہ، پار اترنے اور پار اُتارنے والا۔

تِرنا کس ت، سک ر۔ ف ل۔ ڈوبنے سے بچنا، تیرنا، پانی یا کسی سیال کی سطح پر اُبھر آنا۔

تُرَنْت ضمہ ت، فت ر، غنہ۔ م ف۔ فوراً، جھٹ پٹ، نیز **تُرت**۔

تُرَنْج ضمہ ت، فت ر، غنہ۔ امذ۔ نیبو کی قسم کا ایک پھل، گلگل [ف: تُرنگ کا معرب]۔

تُرَنْجبین ضمہ ت، فت ر، غنہ، سک ج، ی مع۔ امث۔ ایک سفید شیریں مادہ جو جواسا یا اونٹ کٹارا کے درخت پر جم جاتا ہے۔ یہ وہاں سے کُھرچ کر دواءً استعمال کی جاتی ہے، شکر جَواسا، عَسَل الحاج (لاط: Fraxinus Ornus)۔

تَرَنْگ (۱) فت ت ر، غنہ۔ امث۔ کیف، سرور؛ موج، دُھن؛ لہر؛ جذبہ، جوش؛ سرور یا جوش میں منہ سے نکلنے والی آواز، تان۔

تَرَنْگ (۲) فت ت ر، غنہ۔ امث۔ کڑاہی، جس میں پکوان تلا جاتا ہے۔

تُرَنْگ ضمہ ت، فت ر، غنہ۔ امذ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

تِرنگَل کس ت، فت ر، غنہ، فت گ۔ امذ۔ گھاس سمیٹنے کا سہ شاخہ ڈنڈا۔

تَرَنّم فت ت ر، شد ضم ن۔ امذ۔ سُریلی آواز، لحن، غنا، نغمہ۔

تَرُو فت ت، و مع۔ امذ۔ پیڑ، نیز **تَرُوَر**۔

تِرواہا کس ت، سک ر۔ امذ۔ ندی کے کنارے کی روئیدگی۔

تَرَونا فت ت، و لین۔ امذ۔ وہ ڈگڈگی کی شکل کی ٹیک جس پر خوانچہ فروش خوانچہ ٹکاتے ہیں۔

تَرونْجا فت ت، و لین، مغ۔ امذ۔ کچّی کھانڈ یا بورا جو پوری طرح صاف نہ کی گئی ہو۔

تَرویب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ جمانا، سخت کرنا۔

تَرویج فت ت، سک ر، ی مع۔ اُمث۔ رواج پانا یا دینا، اشاعت، چلن۔

تَرویح فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ ہوا دینا، سانس لینا۔

تَرَہُّب فت ت ر، شد ضمہ ہ۔ امذ۔ راہبی اختیار کرنا، ترک کر دینا۔

تُرَّہَت ضمہ ت، شد فت ر، فت ہ۔ امث۔ بکواس، یاوہ گوئی۔

تَرہیب فت ت، سک ر، ی مع۔ امث۔ دھمکی، ڈراوا۔

تُرَئی ضمہ ت، فت ر۔ امث۔ منہ سے پھونکنے والا ایک باجا، نیز **تُرہی** ایک لنبوتری ترکاری، چھلکا سبز دھاریدار، گودا مزے میں کدو سے ملتا ہوا، ایک بیل پر اُگتی ہے جو آسانی سے گھروں میں بھی اگ آتی ہے [لاط: Luffa Acutangula]۔

تِریا کس ت، سک ر۔ امث۔ عورت، تِریاہَٹ زنانہ ضد اور خود سری، تِریا چَر تَر/ چلتّر زنانہ مکر، عیّاری، کَید کاری۔

تِریاق کس ت ا، سک ر۔ امذ۔ زہر دوا، زہر مہرہ، تَریاقِ فاروق (ومع) ایک معجون جو زہر کے دفعیہ میں بہت موثر بتائی جاتی ہے، نیز تِریاقِ کَبیر، تَریاق مُحَلِّل جراثیم کودفع کرنے والی دوا، نیز تِریاک۔

تِریاک کس ت، سک ر۔ امذ۔ رک تِریاق نیز افیون صف تَریاکی نشہ باز، افیمچی۔

تِرِیپن کس ت، ے مج، فت پ۔ عدد۔ پچاس اور تین (۵۳) صف تِرِیپَن واں۔

تَرَیڑا فت ت، ے لین۔ امذ۔ پانی کی موٹی دھار۔

تَریز فت ت، ے مج۔ امث۔ پٹّی، پتھر کی انگھڑ پتری یا سل؛ کرتے یا انگرکھے کی چوڑے منہ کی کلی۔

تِریسَٹھ کس ت، ے مج،فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور تین (۶۳) صف تِریسَٹھواں۔

تِریسَر کس ت، ے مج، فت س۔ صف۔ تکونا، مثلث نما۔

تِری کس ت۔ صف۔ غائب، فرار۔

تَڑاخا فت ت۔ نقل صوت۔ امذ۔ گولی کے سر ہونے، پٹاخہ چھوٹنے یا ہنٹر، کوڑے کے پھٹکارنے کی آواز، کسی ظرف کے ٹوٹنے کی آواز نیز تڑاقا۔

تَڑاخ پَڑاخ فت ت، سک خ، فت پ۔ نقل صوت۔ ٹوٹنے، چٹخنے، پھٹکارنے کی مسلسل آوازیں۔ م ف: مسلسل لگاتار، جلد جلد اور متواتر۔ نیز تَڑاق پَڑاق۔ چٹا چٹ، چھپا چھپ، پھرتی کے ساتھ، لگاتار۔

تڑاخے کی گوٹ امث۔ رک: پڑاقے کی گوٹ، نیز تڑاقے کی گوٹ۔

تَڑاؤ فت ت، و مج (بروزن تمام)۔ امذ۔ شان، آن بان، نیز تَڑاوا۔

تَڑَپ فت ت ڑ۔ امث۔ بے چینی، بے قراری، لوٹنا، پھڑکنا۔ ف ل۔ تَڑپنا۔ ف م۔ تڑپانا، بے چین کرنا، نیز تَڑپن۔

تَڑَخ فت ت ڑ۔ امث۔ درز، دراڑ، چٹخن، ٹوٹ پھوٹ جانے کی حالت۔ تڑخی ہوئی خشک زمین۔ ف ل۔ تَڑخنا۔ نیز تَڑَق، تَڑقنا۔

تَڑَس فت ت ڑ۔ امذ۔ لگڑ بگڑ، چرخ (لاط: Hgaenidae)۔

تَڑکا فت ت، سک ڑ۔ امذ۔ سویرا، صبح صادق؛ گھی کا بگھار۔

تَڑوَڑ فت ت، سک ڑ، فت و۔ امذ۔ ایک جنگلی درخت جس کی چھال سے کپڑا رنگا جاتا ہے لاط: (Cassia Auriculata)۔نیز تَروَڑ۔

تَڑوڑ تَڑوڑ جھیم جھیم فت ت، سک ڑ، فت و، فت جھ، شد فت ی۔ نقلِ صوت۔ تاشوں مجیروں وغیرہ کی ملی جُلی آوازیں۔

تَزارید فت ت، ی مع۔ ج مث۔ شکنیں، سلوٹیں (علم تشریح) بھیجے کی بافت۔

تَزایُد فت ت، ضمہ ی۔ امذ۔ تجاوز، زیادتی؛ نیلام، حرّاج، بیماری کا طول پکڑنا۔

تُزُک ضمہ ت ز۔ امذ۔ شاہی روزنامچہ، نظم و نسق، قواعد و ضوابط، سوانح، سرگزشت [ت: تُو زُک]۔

تَزکِیَہ فت ت ا، سک ز، کس ک، فت ی۔ امذ۔ پاک کرنا، صاف کرنا، جلا دینا۔ مر اضا۔ تَزکیۂ جذبات ادب میں جذبات کو ابھار کر تسکین نفس کا سامان، ذہنی جلاب جو المیہ کے بابت ارسطو کا نظریہ تھا۔

تَزَلزُل فت ت ر، سک ل، ضمہ ز۔ امذ۔ لرزش، ہلچل، بھونچال۔

تَزَوّری فت ت ، ز، شد ضمو۔ امث۔ جھوٹ، فریب

کاری۔

تَزْوِیج فت ت، سک ز، ی مع۔ امث۔ جوڑے لگانا، دو دو کو ملانا، نکاح، بیاہ، شادی۔

تَزْوِیر فت ت، سک ز، ی مع۔ امث۔ جھوٹ فریب کاری۔ ج **تَزْوِیرات** جنگی چالیں۔

تَزْئِین فت ت، سک ز، ی مع۔ امث۔ سنوارنا، سجانا، آرائش۔

تُس ضمہ ت۔ امذ۔ پھونسڑ، ریشہ، تنکا، بھوسی وغیرہ کا ذرہ جو منہ میں آ جائے اور ناگوار ہو۔

تُسار ضمہ ت۔ امث۔ کُہر، پالا۔

تَسامُح فت ت، ضمہ مح م۔ امذ۔ سہو، لغزش، بھول چوک۔

تَساہُل فت ت، ضمہ ہ۔ امذ۔ لاپروائی، سستی، غفلت۔

تَسبِیب فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ سبب بتانا، اسباب پیدا کرنا، علّت و معلول کا سلسلہ، منطقی اصول؛ برا بھلا کہنا، سب و شتم۔

تَسبِیح فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ خدا کی ثنا؛ وہ مالا جس پر خدا کے نام یا حمدیہ کلمے گن گن کر ادا کیے جائیں؛ چاپ، کسی بات کو بار بار دوہرانا، **تَسبِیح سُلیمانی** ایک قسم کے سیاہ پتھر کے دانوں کی تسبیح جن پر سفید دھاری ہوتی ہے۔ **تَسبِیح گُلال** ایک پھول کے سرخ بیج جنہیں تسبیح میں پرو لیا جاتا ہے۔(لاط: Acymun Basilicum)۔نیز رک **گُل تسبیح**۔

تَسبِیع فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ تمام کرنا، پورا کرنا، (عروض) رکن کے آخر میں ایک سبب خفیف کے درمیان الف کا اضافہ م: مفاعیلن سے مفاعیلان۔

تَستُّر فت ت، س، شد ضم ت۔ امذ۔ ستر پوشی، پردہ نشینی۔

تسجیع فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ مقفیٰ نثر نگاری؛ نثر میں توازن اور ہم آہنگی پیدا کرنا۔

تَسجِیل فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ درج سِجل یا درج رجسٹر کرانا؛ نقش کرنا، مثبت کرنا۔

تَسَحُّر فت ت س، شد ضم ح۔ امذ۔ رمضان میں سحری کھانا۔

تَسحِیق فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ باریک پیسنا، سفوف بنانا۔

تَسَخُّن فت ت، س، شد ضم خ۔ امذ۔ گرمائی، گرمی پکڑنا، حرارت جذب کرنا، نیز **تَسخِین**۔

تَسخِیر فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ گرفت میں لینا، قابض ہونا، قابو پانا، فتح کرنا۔

تَسدِید فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ مضبوط، مستحکم کرنا، چھ حصّوں میں بانٹنا، مسدّس بنانا۔

تَسَر فت ت، س۔ امذ۔(پارچہ بافی) بانا ڈالنے کا چھوہارے کی گٹھلی سے مشابہ آلہ؛ دھڑ کی، تیری۔

تِسرانا کس ت، سک س۔ ف م۔ کسی کام کر تیسری بار کرنا۔ م ف **تِسرا کے**۔

تَسَرّی فت ت، س شد ر۔ امث۔ کنیز کو حرم بنانا، نکاح میں لانا۔

تَسطِیح فت ت، سک س۔ امث۔ سطح ہموار کرنا، مسطّح کرنا۔

تِسعَہ کس ت، سک س، فت ع۔ عدد۔ نو (۹) صف **تَاسِع**، **تِسعِی** نواں۔

تَسعِیر فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ آگ دہکانا، (نفسیات) جذبات میں اشتعال پیدا کرنا۔

تَسعِیط فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ ناک میں دوا ٹپکانا۔

تِسعِین کس ت، سک س، ی مع۔ عدد۔ نوّے (۹۰)۔

تَسَفُّل فت ت، س، شد ضم ف۔ امذ۔ گراوٹ، تنزّل، ترقی معکوس۔

تَسْقِیَہ فت ت، سک س، کس ق، فت ی۔ امذ۔ پانی کا چھینٹا دینا (کیمیا) کسی محلول پر عرق یا تیزاب چھڑکنا۔

تَشکیک فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ سکّہ ڈھالنا، ٹھپّہ لگانا؛ جعلی سکّہ ڈھالنا، من گھڑت بات کہنا۔

تَسْکِین فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ سکون پہنچانا، تسلی تشفی کرنا، (عروض) متحرک حرف کو ساکن کرنا؛ نیز تسکینِ اَوسط زحاف کی ایک شکل جس کی تعریف اور محل اور جواز کی بابت اہل عروض میں بڑا اختلاف ہے۔ مثلاً بعض اس کو تشعیث اس سے متمیز کرتے ہیں بعض تشعیث میں اس کو شامل سمجھتے ہیں اور خود تشعیث کی تعریف مختلف فیہ ہے۔

تَسَلُّخ فت ت س، شد ضم ل۔ امذ۔ مذبوحہ جانور کی کھال اتارنا، نیز تَسلیخ۔

تَسَلسُل فت ت، س، سک ل، ضمہ س۔ امذ۔ جاری، رواں متواتر ہونے کی کیفیت، تواتُر، سلسلہ واری۔

تَسَلُّط فت ت س، شد ضم ل۔ امذ۔ غلبہ، قابو، قبضہ۔

تَسَلُّم فت ت س، شد ضم ل۔ امذ۔ تسلیم کرنا، سلام کہنا، نماز کے آخر میں السلام علیکم و رحمتہ اللہ پڑھنا، سلام پھیرنا۔

تَسلَہ فت ت، سک س، فت ل۔ امذ۔ دھات کا بنا ہوا کونڈے کی شکل کا ظرف، نیز تَسلا۔

تَسَلّی فت ت، س، شد ل۔ امث۔ دلاسا، اطمینان۔

تَسْلِیم فت ت، سک س، ی مع۔ امثد سلام کرنا، رضامندی، ماننا، قبول کرنا؛ منظور کرنا؛ نذر کرنا، حوالے کرنا؛ ج تسلیمات آداب، اظہار، نیاز مندی کا کلمہ۔

تَسْلِیَہ فت ت، سک س، کس ل، فت ی۔ امذ۔ دلاسا دینا، تشفی کرانا۔

تَسمَہ فت ت، سک س، فت م۔ امذ۔ چمڑے کی پتلی ڈوری، کھال یا چمڑے کا پتلا ٹکڑا، تلوار یا بنوٹ کی کمر پٹی پر ضرب۔ صف تَسمَہ باز دھوکے باز۔ تَسمہ پا، رک پیرِ تَسْمَہ پا۔

تَسمِید فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ پتوں اور مینگنیوں کی کھاد۔

تَسمِیع فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ نماز میں رکوع سے سر اٹھاتے میں "سَمِعَ اللہُ لِمَن حَمِدَہ" کہنا۔

تَسْمِیَہ فت ت، سک س، کس م، فت ی۔ بسم اللہ پڑھنا؛ نام رکھنا، تَسمِیَہ خوانی (خانی) بچے کی تعلیم کے آغاز کی تقریب جب اسے ایک تختی پر لکھا ہوا بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم پڑھوایا جاتا ہے، رسم بسم اللہ۔

تَسَنُّن فت ت س، شد ضم ن۔ امذ۔ سنّی شریعت کی پیروی۔

تَسْنِیم فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ بہشت کے ایک چشمے یا نہر کا نام۔

تَسَوُّس فت ت، س، شد ضم و۔ امذ۔ گلنا، سڑنا، مسوڑھوں کا گلنا (انگ: Caries جو اردو سڑنا کا ہم اصل ہے)۔

تَسْوِید فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ تحریر، لکھائی، نقشہ، خاکہ، دھبّا [ع: سیاہ کرنا]۔

تَسْوِیف فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ دیر، ڈھیل، تساہُل۔

تَسْوِیق فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ کسی کام پر جبراً مائل ہونا، کسی کام کو کیے بن نہ رہ سکنا، ایک قسم کا نفسیاتی خلل (انگ: Compulsion)۔

تَسْوِیل فت ت، سک س، ی مع۔ امثد بہکانا، بھٹکانا، ورغلانا، تاویل کرنا، بات بنانا۔ (انگ: Seduction)۔

تَسْوِیَہ فت ت، سک س، کس و، فت ی۔ امذ۔ ہموار

کرنا، برابر کرنا، اِکسار کرنا، مساوات۔ (انگ: Procrustrianism)

تَسْہِیل فت ت،سک ہ، ی مع۔ امث۔ آسان بنانا، سہل کرنا۔

تَسْہِیم فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ تقسیم کرنا، حصّے لگانا؛ قرعہ ڈالنا۔

تسییح فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ پگھلانا، گلانا، کچ دھات کو کیمیائی عمل سے صاف کرنا۔

تَسییر فت ت، سک س، ی مع۔ امث۔ گھومنا، سیر کرنا، سیاروں کی گردش۔

تَشابُک فت ت، ضمہ ب۔ امذ۔ آپس میں بل دینا، بٹنا، حال بُننا، دو چیزوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ لگانا(قب انگ: Kinterlacel Intertwine)

تشابہ فت ت، ضم مج ب، سک ہ۔ امذ۔ مماثل، مشابہ ہونا؛ قرأت میں الفاظ کی مماثلت کے باعث سہو واقع ہونا۔ ف مر **تشابہ/ مُتشابہ لگنا/ ہونا۔**

تَشاغُب فت ت، ضمہ غ۔ امذ۔ شور شغب مچانا، اچھالنا، پروپیگنڈا کرنا۔

تَشاکُل فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ ہم شکل ہونا، ایک جیسا ہونا۔

تَشائُم فت ت، ضمہ ء۔ امذ۔ غم پسندی، یا سیّت حزنیت [قب انگ: Pessimism]۔

تَشَبُّث فت ت، ش، شد ضم ب۔ امذ۔ کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑ لینا، کسی چیز سےچمٹ جانا اور نہ چھوڑنا۔ م: **تَشَبُّث رُوح** روح کے جسم سے قبض کیے جانے کی کشمکش ، نزع کا عالم۔

تَشَبُّک فت ت ش، شد ضم ب۔ امذ۔ سوراخ دار، چھلنی کی طرح چھدا ہوا ہونا، صف۔ امث **مشبّک** جالی۔

تَشَبُّہ فت ت، ش، شد ضم مج ب ت۔ ہ ملفوظ۔ مشابہ، مانند، ملتا جُلتا ہونا، تقلید، نقّالی کرنا۔(قب انگ: Emulation)۔ م: **تَشبُّہ بالنّصاریٰ** (بن نَسارا) عیسائیوں کا چلن اختیار کرنا۔

تَشْبِیب فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ (لفظاً) ذکر شباب؛ روایتی قصیدےکے ابتدائی اشعار جو عموماً بہاریہ ہوتے تھے (لیکن لازماً نہیں)۔(نباتیات) خلیوں کا نئے سرے سے جوان ہونا؛ پودوں کا بلوغ کو پہنچنا۔

تَشْبِیہ فت ت، سک ش، ی مع۔ ہ ملفوظ امث۔ کسی چیز کو بعض خصوصیات کے اشتراک کی بنا پر دوسری (عموماً بہتر) چیز کے مماثل بتانا، مرکب **تَشْبِیہ مُفَصّل** وہ تشبیہ جس میں وجہ تشبیہ کھول کر بتائی گئی ہو، یا تشبیہ کے ساتھ تمہید ہو اور لمبا سا بیان ہو۔

تَشْبِیہَت فت ت، سک ش، ی مع، فت ہ۔ امث۔ خدا کو جسمانی یا انسانی شکل میں قیاس کرنا۔

تَشْت سک ش۔ امذ۔ تسلا، پرات، مرکب **تَشت چَوکی** مریض کے پاس رفع حاجت کے لیے سوراخ دار چوکی اور اس کے نیچے رکھا ہوا تسلا۔

تُشْت ضمہ ت، سک ش۔ فجائیہ۔ ہشت؛ چل؛ چپ۔

تَشْتَری فت ت، سک ش۔ امث۔ رکابی، پلیٹ۔نیز **طَشتَری۔**

تَشَجُّر فت ت، ش، شد ضم ج۔ امذ۔ پودے کا اُگنا، شاخوں کا پھوٹنا۔

تَشْجِیر فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ شجر کاری۔

تَشحِیذ فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ عاجزی کرنا، بھیک مانگنا، گڑگڑانا؛ دھار تیز کرنا، ذہنی جلا۔

تَشَخُّص فت ت، ش، شد ضم خ۔ امث۔ ذات باری کو ایک شخصی یا جسمانی وجود قرار دینا؛ شناخت، پہچان، انفرادیت۔

تَشْخِیص فت ت، سک خ، ی مع۔ امث۔ پہچان،

شناخت؛ فرق و امتیاز، تخصیص، علامات کو دیکھ کر مرض کو پہچاننا؛ تجویز، اندازہ، تخمینہ، تَشخیص قدر جانچنا، حکم لگانا۔(انگ: Evaluation)۔

تَشَدّد فت ت ش، شد ضم د۔ امذ۔ سختی، شدت، غلو؛ جبر، تعدّی، تعصب۔

تَشدید فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ حرف کی دوہری آواز ادا کرنا، صوتیے کو ادا کرتے وقت مخرج پر دگنا توقف کرنا، لفظ پر دوہری آواز کی علامت (ّ) [ع: لفظاً کسنا، باندھنا]

تَشَرّع فت ت، ش، شد ضم ر۔ امذ۔ شرع کی پابندی صف مُتَشَرّع۔

تَشَرّف فت ت ش، شد ضم ر۔ امذ۔ شرف پانا، مشرّف ہونا، عزت امتیاز حاصل کرنا؛ م: تَشَرّف بِالْمَعْرِفَت (بِل مَع رِ فت) خدا شناسی کا درجہ حاصل کرنا۔

تَشریح فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ وضاحت، تفصیل، تفسیر، توضیح کرنا، سمجھانا؛ اعضائے جسمانی کی ساخت کا تفصیلی مطالعہ(انگ: اناٹومی) نیز عِلمُ التَّشریح (عِل مُتْ تَش ریح) تَشریحُ الْاَبْدان (حُل آب دان)/ تَشریحِیّات (حِی یات)۔

تَشریف فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ شرف دینا، خلعت، عبا یا قبا (خصوصاً جو بادشاہ کی طرف سے عزت افزائی کے طور پر ملے۔) مرکب: تَشریف آوری۔ محاورہ تَشریف لانا کسی بزرگ کے آنے یا جانے کے لیے مستعمل۔ تَشریف رکھنا/ فرما ہونا کسی بڑے کا بیٹھنا، ٹھہرنا، موجود ، حاضر ہونا (گاہے طنزاً کسی ادنیٰ آدمی کے لیے)۔ ج تَشریفات رسمی تکلّفات؛ سرکار، دربار کے اصول و ضوابط اور رسوم جن کا تعلق حفظ مراتب سے ہو۔

تَشریق فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ یوم الحج کے بعد کے تین دن؛ واضح، روشن کرنا، تحقیق کرنا، مشرق کی طرف رخ کرنا؛ عمل یا حرکت کی سمت متعین کرنا یا رخ اختیار کرنا(قبانگ: Orientation)۔

تَشعیث فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ تفریق، بکھراؤ، پھیلاؤ، الجھاؤ، انتشار۔ (عروض) آخفش کے قول کے مطابق وتد مجموع کے دو مُتحرک حروف میں سے پہلے حرف کو گرانا م: فاعِلاتن کے وتد مجموع عِلا میں سے ع گرا کر فالاتُن جسے مَفعُولُن سے بدل دیا جاتا ہے جو اس کا ہم وزن ہے۔

تَشَفّع فت ت، ش، شد ضم مج ف۔ ع ملفوظ۔ امذ۔ شفاعت، سفارش۔

تَشَفّی فت ت ش، شد ف۔ امث۔ ڈھارس بندھانا یا بندھنا، تسکین پانا۔ [ع:تشفِ،کلیجا ٹھنڈا کرنا، م: انتقام لے کر چین پڑنا]۔

تَشقیق فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ ٹکڑے کرنا، تجزیہ کرنا۔ (قواعد) تصریف، لفظ کے حروف کو صرف کے قاعدے سے تبدیل کرنا، کلمے کی اصل کا پتہ چلانا۔ (حیاتیات) خلیے کا کئی خلیوں میں بٹ کر نسل کو بڑھانا۔ نیز اِنشقاق۔

تَشَکّر فت ت ش، شد ضم ک۔ امذ۔ شکر گزاری۔

تَشَکّک فت ت ش، شد ضم ک۔ امذ۔ بہت زیادہ شک و شبہ میں مبتلا ہونا، بے یقینی نیز تشکیک۔

تَشَکّل فت ت ش، شد ضم ک۔ امذ۔ خدا کے انسانی شکل اختیار کرنے کا عقیدہ، اَوتار۔

تَشکیل فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ کسی خیال یا تصور کو شکل دینا؛ عمل میں لانا؛ خاکہ، نقشہ تیار کرنا۔ (لسانیات) تَشکیل بالتَّمثیل کسی لفظ کے نمونے پر دوسرے لفظ وضع کرنا۔ غلط مثال کو سامنے رکھ کر لفظ گھڑنا، تَشکیلات، خطوط و اشکال کے ذریعے خلاصہ یا وضاحت کرنا(انگ: Diagrams)۔

تَشَمّع فت ت ش، شد ضم مج م۔ امذ۔ موم کی طرح

نرم پڑ جانا یا پگھلانا۔

تَشْمِیس فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ دھوپ دینا، دھوپ میں رکھنا۔

تَشَنّج فت ت ش، شد ضم ن۔ امذ۔ اکڑن، اینٹھن، کھنچاؤ؛ نچلا دھڑ رہ جانے، ماؤف ہو جانے کا مرض؛ پولیو۔

تَشْنَک فت ت، سک ش، فت ن۔ امذ۔ بچے کا نرم تالو۔

تِشْنَہ کس ت، سک ش، فت ن۔ صف۔ پیاسا، (محاورۃً) ادھورا، ناقص۔ امث۔ **تشنگی** پیاس؛ خلش، ناآسودگی۔ نیز (فت ت)۔ مرکب صف۔ **تِشنَہ کام** نامراد؛ **جگر تِشنہ** سخت پیاسا۔

تَشْنِیع فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ مذمت کرنا، بدنام کرنا، توہین کرنا،گالی دینا۔

تَشَوّش فت ت ش، شد ضم و۔ امذ۔ اُتھل پُتھل، شورش، زلزلہ۔

تَشَوُّہ فت ت ش، شد ضم مج و۔ امذ۔ شکل بگڑنا؛ جنین یا پودے وغیرہ کی نشوونما میں خرابی رہ جانا (قب انگ: Malformation)۔

تَشوِیر فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ سوزش، فساد مچانا، شرمندہ خَجل ہونا۔

تَشْوِیش فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ پریشانی، تردّد، فکر مندی۔

تَشْوِیق فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ شوق دلانا، ترغیب دینا۔

تَشَہّد فت ت، ش، شد ضم ہ۔ امذ۔ کلمۂ شہادت پڑھنا۔

تَشْہِیر فت ت، سک ش، ی مع۔ امث۔ شہرت پانا یا دینا؛ اُچھالنا، رسوا کرنا۔

تَشَیّن فت ت ش، شد ضم ی۔ امذ۔ شان و شوکت، آن بان۔ صف **مُشَیّن** بارعت۔

تَصادُم فت ت، ضمہ م۔ امذ۔ ٹکراؤ، ٹکر؛ مُڈبھیڑ۔

تَصاعُد فت ت، ضمہ ع۔ امذ۔ چڑھائی، غلبہ۔

تَصافُح فت ت، ضمہ مج ف۔ امث۔ اظہار خلوص کے لیے آپس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنا، نیز **مُصافَحہ**۔

تَصْحِیح فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ درستی، اصلاح، غلطیاں ٹھیک کرنا۔

تَصْحِیحَہ فت ت، سک ص، ی مع، فت ح۔ امذ۔ سند دینا، ٹھپّہ لگانا، (گھوڑے کو) داغنا، ملازمین کی فہرست کا رجسٹر۔

تَصْحِیف فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ اصل عبارت میں ردّوبدل؛ کتابت کی غلطی۔

تَصَدّق فت ت ص، شد ضم د۔ امذ۔ صدقہ، نچھاور، وارپھیر

تَصْدِیع فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ درد سر میں‌مبتلا کرنا، نیز **تَصدِیعہ**۔

تَصْدِیق فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ تائید، توثیق، تصویب، سچ قرار دینا۔

تَصَرّف فت ت، ص شد ضم ر۔ امذ۔ دخل، اختیار، ردّو بدل؛ اثر پر تو، فیض۔ صف **تَصَرفی**، بدلا ہوا، مختلف؛ عام لوگوں نوکروں چاکروں کو دیا جانے والا کھانا، ٹکڑے، اُلش۔

تَصْرِیح فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ وضاحت، تشریح، بات کو صاف کرنا۔

تَصْرِیف فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ اِنحراف، راستہ سے ہٹنا، گردش، اُلٹ پھیر؛ مصدر سے مختلف صیغے بنانے کا عمل۔

تَصْعِید فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ اونچا اُٹھانا، بلند کرنا، ہوا میں تحلیل ہونے کا عمل؛ (نفسیات) خیال اور قوائے ذہنی کا جنس سے ہٹ کر کسی تخلیقی، تعمیری عمل میں لگ جانا۔

تَصْغیر فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ چھوٹا کرنا، تکبیر کی ضد؛ وہ لفظ جس میں عمومی مفہوم کا اطلاق اسی نوع کی کسی چھوٹی مثال پر ہو یا اُسے عزیز، پیارا یا ادنیٰ ظاہر کرنا مقصود ہو م: نگریا، کٹھریا، گھروا، بُغچی۔

تَصَفُّح فت ت، ص، شد ضم مج ف۔ امذ۔ چھان بین، غور و خوض پہچاننے کے لیے چہرہ غور سے دیکھنا۔

تَصْفیق فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ تالی بجانا۔

تَصْفیہ فت ت، سک ص، کس ف، فت ی۔ امذ۔ معاملے کا طے پانا، یکسو؛ فیصل ہونا، صفائی کا عمل۔

تَصَلُّب فت ت ص، شد ضم ل۔ امذ۔ سخت ہونا، بے لچک ہونا، **تَصَلُّبِ شَرائین**، خون کی رگوں میں سختی آ جانا۔

تَصْلیب فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ سولی پر چڑھانا۔

تصنُّع فت ت ص، شد ضم مج ن۔ امذ۔ بناوٹ، تکلّف۔

تَصنیف فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ ایجاد، اختراع، تخلیقی یا تالیفی کام جو مضمون یا کتاب کی صورت میں ہو؛ صنفیں بنانا، ابواب قائم کرنا۔

تَصَوُّر فت ت ص، شد ضم و۔ امذ۔ خالی صورت، کسی شے کا دھیان، مرکّب، **تَصَوُّرِ شَیخ** (ے لین) سلسلۂ رشد و ہدایت کی ایک ریاضت یا روحانی مشق جس میں مرید اپنے پیر کی شکل پر خیال کو مرکوز کرتا ہے امث **تَصَوُّر نِگاری** حروف ہجا کی بجائے لفظیاخیال کو علامات و اشکال کے ذریعے تحریر کرنا جیسا کہ چینی جاپانی وغیرہ زبانوں کا طریقہ ہے۔ صف **تَصَوُّری** خیالی، حقیقی یا مادّی کی ضد۔

تَصَوُّرِیَّت فت ت ص، شد ضم و، کس ر، شد فت ی۔ امث۔ مادّی عالم کے قائم بالذات ہونے سے انکار اور داخلیت پر اصرار کرنے والے فلسفے کی ایک شاخ (قب انگ: Conceptualism)۔

تَصَوُّف فت ت ص، شد ضم و۔ امذ۔ مادّی علوم کے وسیلے کے بغیر روحانی ریاضات کے ذریعے حقیقت اصلی کو پانے کی جستجو، جس کے متنوع مسالک ہیں۔

تَصَوِیت فت ت، سک ص، کس و، فت ی۔ امث۔ آواز کو منہ سے ادا کرنا۔

تَصْویر فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ شبیہہ، نقلی صورت، نقشہ، عکسی فوٹو۔ صف **عالَم تَصْویر** نہات حسین، حسن کا مثالی نمونہ، تص: **تَصْویرچَہ** (چ) بہت چھوٹی تصویر(قب انگ: Miniature) **تَصویرِ قالی** قالین پر بنی ہوئی تصویر، بے جان مصنوعی افتادہ نقش،(مجازاً) مجبور، زارونزار آدمی۔ امث۔ **تَصْویر کَشی** تصویر یا نقش کھینچنا، اتارنا، بنانا، صف۔ **تَصْویری** م: **تَصویری اَبجَد** اَغرا لِیفی نقش، حروف کی جگہ تصاویر کا استعمال جن سے تخفیف ہو کو موجودہ حروف بنے۔

تَصْوین فت ت، سک ص، ی مع۔ امث۔ تحفّظ، استحکام۔

تَضاد فت ت۔ امذ۔ ضد، اختلاف۔ صف۔ **مُتَضاد**، اُلٹ، بالکل مختلف۔

تَضاعُف فت ت، ضمہ ع۔ امذ۔ بڑھنا، دو چند ہونا۔ نیز **تَضْعیف**۔

تَضْحیک فت ت، سک ض، ی مع۔ امث۔ مذاق اڑانا، تمسخر۔

تَضَرُّع فت ت ض، شد ضم مج ر۔ امذ۔ عاجزی، گڑ گڑانا۔

تَضْلیل فتَ ت، سک ض، ی مع۔ امث۔ گمراہ کرنا، بھٹکانا۔

تَضَمُّن فت ت ض، شد ضم م۔ امذ۔ ذیلی طور پر یا ضمناً شامل کرنا یا ہونا۔ صف **مُتَضَمِّن**۔

تَضْمِین فت ت، سک ض، ی مع۔ امث۔ ساتھ لگانا، شامل کرنا، ملانا؛ (شاعری) کسی کے کلام کو اپنے کلام کے ساتھ پیوند کرنا جس سے اس کی توضیح و تفضیل مقصود ہو یا اپنے کلام کی تائید حاصل کرنا۔

تَضْیِیع فت ت، ی مع۔ امث۔ ضائع کرنا، کھونا، گنْوانا ۔ **تَضْیِع** او ق ت [ح: تضییع]۔

تَطابُق فت ت، ضمہ ب۔ امذ۔ باہم مطابق ہونا، باہمی موفقت ، نیز **تَطبِیق**۔

تَطاوُل فت ت، ضمہ و۔ امث۔ بڑھنا، دراز ہونا، زیادتی کرنا، زور و ظلم، چیرہ دستی۔

تَطَبُّق فت ت، ط، شد ضم ب۔ امذ۔ طبق یا پرت جمانا، جمنا۔

تَطعِیم فت ت، سک ط، ی مع۔ امث۔ بیماری سے بچاؤ کا ٹیکا لگانا۔

تَطفِیف فت ت، سک ط، ی مع۔ امث۔ تول میں کمی کرنا، ڈنڈی مارنا۔

تَطَوُّع فت ت ط، شد ضم مج و۔ امذ۔ فرائض سے بڑھ کر نیک کام کرنا، اپنی خوشی سے خدمت یا اطاعت۔

تَطَوُّل فت ت، ط، شد ضم و۔ لمبا چوڑا سلسلہ، پھیلاؤ، بہت بخشش کرنا، فیاضانہ انعام و اکرام۔

تَطْوِیل فت ت، کس ط، ی مع۔ امث۔ طوالت، درازی، طول دینا، کھینچنا، لفاظی کرنا۔ مرکب۔ **تَطْوِیلِ لاطائل** بے کار، بے فائدہ طول دینا [لاطائِل بے جان، بے فائدہ]۔

تَطْہِیر فت ت، کس ط، ی مع۔ امث۔ پاک کرنا، طہارت، پاکیزگی۔

تَطَیُّر فت ت ط، شد ضم ی۔ امذ۔ پرندے کی پرواز سے فال لینا۔

تَظہِیر فت ت، سک ظ، ی مع۔ امث۔ پشت پناہی، پُشتیبانی۔

تَعارُض فت ت، ضمہ د۔ امذ۔ مخالفت، مزاحمت۔

تَعارُف فت ت، ضمہ د۔ امذ۔ باہمی شناسائی؛ پہلی ملاقات۔ کسی کتاب کا دیباچہ یا ابتدائی باب؛ روشناس کرانا، ملانا، ملاقات کرانا۔

تَعاقُب فت ت، ضمہ ق۔ امذ۔ پیچھا کرنا۔

تَعاکُس فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ اُلٹ دینا، اُلٹا کرنا؛ ردِّ عمل۔

تَعال فت ت۔ دعائیہ کلمہ کسی کی آمد پر خوش آمدید کہنے کے لیے، مرحبا فقرہ **تَعالَ اللهُ/ تَعالَی اللهُ** (ت عا لَلْ لاہ)= اللہ کو بزرگی ہو، مراد: واہ وا؛ سبحان اللہ؛ مرحبا، بطور تحسین **تعالیٰ شانُہٗ** (تَ عالا شانُ ہُو) حمدیہ کلمہ، اُس کی شان بلند ہے؛ [ع : تعال: آگے آؤ؛ تَعالَ: بلند ہوا]۔

تَعامُل فت ت، ضم م۔ امذ۔ باہمی اشتراکِ عمل، تعاوُن۔

تَعَب فت ت ع۔ امذ۔ تکان، تکلیف، بوجھ، سختی۔

تَعَبُّد فت ت ع، شد ضم ب۔ امذ۔ عبادت گزاری۔

تَعَبُّس فت ت، ع،شد ضم ب۔ امذ۔ ترش روئی، خشونت، تیوری چڑھانا، منہ بنانا، بد مزاجی، نیز **عَبُوسَت**۔

تَعبِیر فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ خواب کی تشریح، خواب میں ہونے والی بات کا ظاہر ہونا؛ مفہوم نکالنا، معنی بتانا۔

تَعْبِیَہ فت ت، سک ع، کس ب، فت ی۔ امذ۔ آرائش، زیبائش، تیاری، لیس ہونا۔

تَعْجِیل فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ عجلت، جلدی۔ صف **مُعَجَّل** فوری۔

تَعْجِیم فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ حروف پر نقطے لگانا۔ صف **مُعْجَم**۔

تعداد فت ت، سک ع۔ امث۔ گنتی، شمار۔

تَعَدُّد فت ت ع، شد ضم د۔ امذ۔ گنتی میں ایک سے زیادہ یا بہت ہونا؛ (برقیات) برقی موج کے تہیج کی

رفتار، کسی بات کے واقع ہونے کی شرح یا گنتی (قب انگ: Frequency)۔ تَعَدّد پَیما فریکوئنسی ناپنے کا آلہ تَعَدّدِ اَمثال ایک شکل کا بیک وقت کئی جگہ نظر آنا۔

تَعَدّی فت ت،ع، شد د۔ امث۔ جبر، زور و ظلم؛ شدّت؛ پھیلنا، چھوت ایک سے دوسرے کو لگنا۔ صف مُتعَدّی۔

تَعْدِیل فت ت،سک ع، ی مع۔ امث۔ برابر یکساں کرنا، اعتدال پیدا کرنا، درستی، ہمواری، غیر جانبداری، تَعدِیلِ لَیل وَ نَہار رات اور دن کا طول برابر ہونا، جب سورج خط اِستوا کے عین اوپر ہوتا ہے (۲۱ مارچ، ۲۲ ستمبر) قب انگ: Equinox)۔ تَعْدِیلِ اَرْکان نماز میں قیام، رکوع، سجدہ، وغیرہ میں جلدی کی بجائے آہستگی۔ تَعْدِیلی مادِّیت وہ فکری نظریہ جو ذہنی عمل کو ایک طرح کا مادّی عمل قرار دیتا ہے۔

تَعدِیَہ فت ت،سک ع، کس د، فت ی۔ امذ۔ فعل لازم سے فعل متعدی بنانا، م: بَڑھنا سے بَڑھانا۔ چھوت لگنا، بیماری کا پھیلنا۔

تَعْذِیب فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ سزا دینا، عذاب دینا۔

تَعَرُّف فت ت ع، شد ضم ر۔ امث۔ شناخت، پہچان۔

تَعْرِیب فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ غیر زبان کے لفظ کو عربی لب و لہجے کے مطابق ڈھالنا م: بَرِ پھلا سے اِطریفَل، گوہر سے جَوہر، کیبنٹ سے کابِینَہ۔

تَعْرِیج فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ بوجھ یا دباؤ سے جُھکنا، خمیدہ ہونا، کَجی، خمیدگی۔(قب انگ: Flexure)۔

تَعْرِیض فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ پھیلاؤ، توسیع؛ طعن، اعتراض۔

تَعْرِیف فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ الفاظ میں کسی شے کی شناخت کرانا؛ پہچان، شناخت، نام و نشان، مدح، ستائش، تَعْرِیف بِالْمَجہُول (بِل مَجْ ہُول) ایسی شے سے مثال دینا جو خود نا معلوم ہو، ج: تَعْرِیفات کُلّیے، گُر۔(قب انگ: Formulae (Theorems) [ع: عرف = پہچان]۔

تَعْرِیق فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ پسینہ لانا؛ عرق کشیدہ کرنا۔

تَعرِیَہ فت ت، سک ع، کس ر، فت ی۔ امذ۔ عریاں کرنا، کھود نکالنا، منصّۂ شہود پر لانا، کیمرے کی پلیٹ یا فلم کو روشنی دکھانا(قب انگ: Expose)۔

تَعزِیَت فت ت، سک ع، کس ز، فت ی۔ امث۔ میت کے ورثا پسماندگان سے اظہار رنج، ماتم پُرسی، پُرسا دینا، [ع: تَعْزِیَہ]۔

تَعْزِیر فت ت، سک ع،ی مع۔ سزا، ڈنڈ، سیاست، پاداش۔ ج: تَعْزِیرات سزائیں، مجموعۂ قوانین جس میں جرائم کی نوعیت اور مقررہ سزائیں درج ہوں۔ امث تَعْزِیرِیات جرائم اورسزاؤں کی بابت مباحث کا علم(قب انگ: Penology)۔

تَعزِیَہ فت ت، سک ع، کس ز، فت ی۔ امذ۔ تعزیت کرنا، عزاداری؛ عموماً بانس کے ٹھاٹھروں پر بنے ہوئے گنبد نما یا منارہ نما شہداء کربلا کے مقبروں کے نمونے جو عشرۂ محرَم میں جلوس کی شکل میں لے جا کر دریا بُرد کر دیے جاتے ہیں۔ جسے (محاورۃً) تَعزِیہ ٹھَنْڈا کرنا کہتے ہیں۔

تَعَسُّف فت ت، ع ، شد ضم س۔ امذ۔ سیدھے راستے سے بھٹکنا؛ ظلم و تَعدّی، نیز تَعْسِیف۔

تَعَشُّق فت ت ع، شد ضم ش۔ امذ۔ اظہارِ عشق؛ محبّت، پریم۔

تَعْشِیر فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ دس دس کے مجموعے بنانا،دس سے تقسیم کرنا، رقم میں اعشاریہ لگانا، عشری نظام میں ڈھالنا۔ قب انگ:

(Decimalization)۔

تَعَصُّب فت ت ع، شد ضم ص۔ امذ۔ کمزور اعصابی نظام کے باعث مغلوب الجذبات ہونا، جلد بپھر جانا؛ ہَٹ دھرمی، نارواداری، دوسروں سے بغض و بیر؛ اپنوں کی یا اپنی چیز کی بے جا پاسداری۔

تَعضِیَہ فت ت، سک ع، کس ض، فت ی۔ امذ۔ تشریحی مطالعے کے لیے اعضا کی چیر پھاڑ (قب انگ: Dissection)۔

تَعَطُّل فت ت ع، شد ضم ط۔ امذ۔ بے کاری، بے حرکت ہونے کی کیفیت، رکاوٹ، بَندش۔

تَعطِیر فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ عطر ملنا، خوشبو بسانا۔

تَعطِیل فت ت، سک ع، ی مع۔ امثد معلّق کرنا، موقوف کرنا، چھٹی کا دن؛ کام کا بند ہونا؛ خدا کو ان صفات سے مبّرا خیال کرنے کا عقیدہ جو انسانوں میں پائی جاتی ہیں۔ تَشبِیہ/ تَشبِیہیّت کی ضد۔ مر وصفی **تَعطِیل کَلاں** لمبی چھٹی۔

تَعطِین فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ پانی یا کسی سیال میں ڈبو کر نرم کرنا، غذا کا معدے میں جا کر نرم ہونا(قب انگ: Maceration)۔

تعظِیم فت ت ع، ی مع۔ امثد عزت دینا، احترام کرنا، بزرگ ماننا؛ **تعظیم دینا**، کھڑے ہو کر ملنا یا استقبال کرنا۔

تَعَفُّف فت ت ع، شد ضم ف۔ امذ۔ گناہوں سے پرہیز، نیکی، پاکدامنی۔

تَعَفُّن فت ت ع، شد ضم ف۔ امذ۔ بدبو، سڑاند۔ امث۔ **تَعفِین** کسی مادّے کا جراثیم کے عمل سے گلنا، [قب انگ: Putrefaction]۔ صف **مُتَعفِن** **عُفُونت زَدَہ** (ضم ع)۔

تَعَقُّد فت ت ع، شد ضم ق۔ امذ۔ بندھنا، رشتے میں منسلک ہونا؛ کسی سطح یا عضو پر اُبھار یا گُتھلیاں پڑنا،(قب انگ: Nodulation)۔

تَعَقُّل فت ت ع، شد ضم ق۔ امذ۔ عقل سے بہرہ وری، عقلمندی، ذہانت، سمجھ داری۔ ج **تَعَقُّلات**، فلسفیانہ نظریات یا کُلّیے۔

تَعقِیب فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ پیچھے رہنا، ٹھٹک جانا، رفتار میں بل پڑ جانا (قب انگ: Time Lag)۔

تَعقِید فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ گرہ دینا، الجھانا؛ مصرعے یا جملے میں الفاظ کا قواعد نحوی کے خلاف آگے پیچھے ہو جانا۔ **تَعقِید مَعنَوی** بیان میں اُلجھن، مبہم بات، نامانوس استعارہ۔ **تعقید نکاح** نکاح باندھنا۔

تَعقِیم فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ بانجھ کر دینا؛ تولید و افزائش کے ناقابل بنانا؛ جراثیم سے پاک کرنا (قب انگ: Sterilization)۔

تَعکِیس فت ر، سک ع، ی مع۔ امث۔ اُلٹانا، الٹا کرنا، پَلٹ دینا، بازگشت۔

تَعلُق فت ت ع، شد صم ل۔ امذ۔ لگاؤ، واسطہ، رشتہ؛ ربط؛ مناسبت، ج: **تَعَلّقات** راہ و رسم امذ، **تَعَلّقَہ** (ق) زیر انتظام علاقہ جو چند گانووں پر مشتمل ہو۔ **تَعلّقَہ دار/ تَعلقدار** (سک ق) جاگیر یا تعلّقہ کا حاکم۔

تَعَلّل فت ت ع، شد ضم ل۔ امذ۔ التوا، دیر دار، پس و پیش۔

تَعَلّم فت ت ع، شد ضم ل۔ امذ۔ پڑھائی، علم سیکھنا۔

تَعَلّی فت ت ع، شد ل۔ امث۔ شیخی، اپنی بڑائی کرنا۔

تَعلِیب فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ شکاف ڈالنا، نشان لگانا۔ (نباتیات) پتوں کا شاخ کے دونوں طرف آمنے سامنے اس طرح اگنا کہ صلیبی نشان بن جائے۔

(قب انگ: Decussation)۔

تَعلِیق فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ اُدھر رکھنا، معلّق، لٹکا ہوا رکھنا، ملتوی، مشروط رکھنا۔ امذ: خط عربی کی ایک قدیم رَوِش جو رقاع اور توقیع کو ملا کر بنائی گئی تھی۔ امذ **تَعلِیقَہ** حاشیہ، تشریحی نوٹ، پاوَرق، فرقی، ج **تَعلِیقَات** حواشی۔ **تَعلِیق بِاْلمُحَال** کسی امر کے ساتھ ایسی شرط لگانا جو محال ہو اور شرط پوری نہ ہو سکے۔

تَعلِیل فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ دھیان بٹانا؛ منطقی سوچ؛ علت سبب وجہ تلاش کرنا یا بیان کرنا (قواعد) کسی لفظ میں حرف علت (اوی میں سے کسی) کوبدلنا یا اس میں تصرّف کرنا م؛ قدیم سے قدامت۔

تَعلِیم فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ پڑھائی سکھانا؛ ذہنی تربیت کرنا، فنّی مشق کرانا، گُر بتانا، سدھانا۔

تَعَمّد فت ت ع، شد ضم م۔ امذ۔ کسی کام کا ارادہ کرنا، نیت باندھنا، **تَعَمّدِیَت** (تَ عَم مُ دِی یَت) قوت ارادی، اعمال پر انسان کے اختیار کا نظریہ (قب انگ: Volition)۔

تَعَمّر فت ت ع، شد ضم م۔ امذ۔ نشوو نما پانا۔

تَعَمّق فت ت ع، شد ضم م۔ امذ۔ غوروخوض، گہرائی میں جانا۔

تَعْمِیر فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ عمارت بنانا؛ عمارت، مکان؛ ترقی دینا، سنوارنا، سُدھارنا، مفید، مثبت، نتیجہ خیز بہتری کے کام۔ صف **تَعْمِیرِی** مثبت، فلاحی، تخریبی کی ضد، تعمیر سے متعلق۔

تَعْمِیل فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ حکم یا اصول یا ضابطے کے مطابق عمل، عمل درآمد، بجا آوری؛ عدالتی سمن یا طلبی کو مطلوبہ شخص تک پہنچا دینا۔

تَعْمِیم فت ت، سک ع، ی مع۔ امذ۔ عام کرنا، کسی اصول یا تعریف کے اطلاق کو وسیع کرنا۔

تَعْمِیَہ فت ت، سک ع، کس م، فت ی۔ امذ۔ مُعمّی گوئی، بات میں کوئی پوشیدہ نکتہ رکھنا جسے ذہانت سے سمجھا جا سکے؛ بناوٹ، اخفا؛ مادّۂ تاریخی کے عدد پورے کرنے کے لیے اس میں کسی حرف یا لفظ کو ہنر مندی کے ساتھ شامل کرنا۔

تَعَنّت فت ت، ع، شد ضم ن۔ امذ۔ عیب چینی، مذمت، طنز و طعن۔

تَعْنِین فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ رجولیت سے عاری، زنخا، نامرد بنانا۔ عِنّی (عِنّین) کرنا۔

تَعَوّد فت ت ع، شد ضم د۔ امذ۔ عادی ہونا، آب و ہوا سے مناسبت موافقت پیدا کر لینا (قب انگ: Acclimatization)۔ نیز **تَعوِید**۔

تَعَوّذ فت ت ع، شد ضم و۔ امذ۔ نعوذ باللہ کہنا، پناہ مانگنا۔

تَعْوِیذ فت ت، سک ع، ی مع۔ امذ۔ سلامتی کی غرض سے لکھا ہوا نقش، آیت دعا، یا طلسمی کلمات جو بعض اوقات زیور کے طور پر گلے میں لٹکایا یا بازو میں باندھ لیا جاتا ہے؛ ایک طرح کا جوشن یا بازو بند جو خواتین بازو پر پہنتی ہیں؛ قبر پر نشانی یا آرائش کے لیے صندوق نما تعمیر یا اُبھرواں پتھر۔

تَعْوِیق فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ تاخیر، دیر دار، التوا۔

تَعَہّد فت ت ع، شد ضم ہ۔ امذ۔ عہد باندھنا، ذمہ لینا، ٹھیکہ لینا، معاہدہ۔

تَعَیّش فت ت ع، شد ضم ی۔ امذ۔ مزے سے زندگی گزارنا۔

تَعَیّن فت ت ع، شد ضم ی۔ امذ۔ تقرر، طے پانا، معیّن مقرر مخصوص کرنا، حد بندی، ج: **تَعَیّنات** (تصوف) وجود انسانی پر عائد حدود، حقیقت تک پہنچنے میں رکاوٹیں۔

تَعَیّنات فت ت، ی مع۔ صف۔ مامور، مقرر، کسی

عہدے یا کام پر لگا ہوا۔ امث۔ **تَعیناتی** (ع: تعیّنات میں اردو کا تصرف)۔

تَعْیِیب فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ عیب لگانا۔

تَعیِین فت ت، سک ع، ی مع۔ امث۔ رک: تعیّن۔

تُغ ضمہ ت۔ امذ۔ گھوڑے کی دم کے بالوں کا بنا ہوا طرّہ۔

تَغابُن فت ت، ضمہ ب۔ امذ۔ ایک دوسرے کو دھوکا دینا، نقصان، زیاں کاری؛ قرآن کی ایک سورۃ۔

تَغار فت ت۔ امذ۔ گڑھا، گڑھے دارظرف، کونڈا، نیز امث تص **تغاری**۔

تَغافُل فت ت، ضمہ ف۔ امذ۔ بے التفاتی، غفلت، بے خبری۔

تَغایُر فت ت، ضمہ ی۔ امذ۔ فرق، اختلاف، غیریت۔

تُغْدَری ضمہ ت، سک غ، فت د۔ امذ۔ تلیر کی نسل کا ایک سنہری پرندہ۔

تَغذْ حَیوانْچہ فت ت، سک غ ذ، ے لین، سک ن، فت چ۔ امذ۔ (حیاتیات) غیر تناسلی عمل تولید میں خلیے کے تقسیم ہونے سے پیدا ہونے والے جوڑے میں سے کوئی خَلیہ، دُخْتَر خلیہ، (قب انگ: Trophozoite(s))۔

تَغْذِیَہ فت ت، سک غ، کس ذ، فت ی۔ امذ۔ خوراک کا جزو بدن بننا، انگ کو لگنا، خوراک بہم پہنچانا، کھلانا۔

تَغرِیَہ فت ت، سک غ، کس ر، فت ی۔ امذ۔ چپکانا، گوند لگانا، گاہک کو پرچانا۔

تَغَزّل فت ت غ، شد ضم ز۔ امذ۔ غزل کی صورت میں محبّت کی باتیں نظم کرنا؛ نظم میں غزل کا سا انداز۔

تَغْشِیش فت ت، سک غ، ی مع۔ امث۔ دواؤں میں ملاوٹ کرنا (قب انگ: Adulteration)

تَغَلُب فت ت غ، شد ضم ل۔ امذ۔ غلبہ پانا، زیر کرنا؛ خیانت، غبْن؛ دخل اندازی، مداخلت بے جا، غصْب، جارحِیت (قب انگ: Agression)۔

تَغْلِیط فت ت، سک غ، ی مع۔ امث۔ جھٹلانا، غلط ٹھہرانا، تردید کرنا۔

تَغْلیظ فت ت، سک غ، ی مع۔ امث۔ گاڑھا کرنا؛ اینٹھنا۔

تَغَیُّر فت ت غ، شد ضم ی۔ امذ۔ تبدیلی، فرق، تبدّل۔

تَغَیُّر بِالْمُرادِف (بل مُ را دِف) الفاظ کا اس طرح بدلنا کہ مفہوم میں فرق نہ آئے، نیز **تَغْیِیر** (ی مع)۔

تَف فت ت۔ امذ۔ تپ، حرارت۔

تُف ضمہ ت۔ امذ۔ تھوک، لعاب دہن (بطور کلمۂ نفرین) لعنت، تھو۔

تُفّاح ضمہ ت، شد ف۔ امذ۔ سیب: **تُفّاحِ آدَم**، مردانہ گردن میں نکیلا اُبھار، کنٹھ (قب انگ: Adam's Apple) نیز **تُفاحَت آدم**۔

تَفاخُر فت ت، ضمہ خ۔ امذ۔ گھمنڈ، فخر، ناز۔

تَفارِیق فت ت، ی مع۔ ج مذ۔ فرق، تفریق کی جمع؛ قسطیں؛ وقفے۔

تَفاضُل فت ت، ضمہ ض۔ امذ۔ برتری؛ افزائش، زیادتی۔

تَفاعُل فت ت، ضمہ ع۔ امذ۔ عمل، کام، اثر پذیر حرکت۔

تَفاعِیل فت ت، ی مع۔ ج مذ۔ (عموماً افاعیل کے ساتھ) مراد عروض کے ارکان۔

تَفاوُت فت ت، ضمہ و۔ امذ۔ درمیانی فاصلہ، باہمی فرق۔

تَفاوُل فت ت، ضمہ و۔ امذ۔ فال نکالنا، شگون لینا، نیز **تفاؤل**۔

تَفْتَہ فت ت، سک ف، فت ت۔ صف۔ جلا ہوا، تپا ہوا، سوختہ۔

تَفْتِیح فت ت، سک ف ی مع۔ امث۔ کھولنا، باز کرنا، کشادہ کرنا (مسامات سدّے وغیرہ کا)۔ انْشراح، فرحت۔

تَفْتِیدَہ فت ت، سک ف، ی مع، فت د۔ صف۔ تپتا یا تپایا ہوا، تپیدہ، سوختہ۔

تَفْتِیش فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ دریافت، تحقیقات، کھوج لینا، ٹوہ۔

تَفَحُّص فت ت ف، شد ضم ح۔ امذ۔ گہرائی میں جانا، تعمّق، گہرا سوچ بچار، دریافت حال۔ [ع: گڑھا کھودنا]۔

تَفْخِیم فت ت، کس ف، ی مع۔ امث۔ بڑھانا، شدت پیدا کرنا؛ اہمیت دینا، بزرگ ماننا، تعظیم کرنا۔ **مُفَخّم**، معزز۔

تَفَرُّج فت ت ف، شد ضم ر۔ امذ۔ شگفتہ ہونا، کھلنا؛ سیر تفریح کرنا؛ نیز **تَفرُّح** فرحت پانا۔

تَفَرُّد فت ت ف، شد ضم ر۔ امذ۔ یکتائی، وحدت۔

تَفَرُّس فت ت ف، شد ضم ر۔ امذ۔ فراست، سمجھ بوجھ سے کام لینا۔

تَفَرُّع فت ت ف، شد ضم مع ر۔ امذ۔ شاخیں نکالنا، شاخیں پھوٹنا۔

تَفَرُّق فت ت ف، شد ضم ر۔ امذ۔ الگ الگ ہونے کا عمل۔ تفریق، تقسیم؛ پھُوٹ، انتشار۔

تَفَرْقُع فت ت ف، ضم مج ق۔ امذ۔ کسی چیز کا دھماکے سے اڑنا، بھک سے ہونا، (قب انگ: Explosion)؛ انتشار، پھیلنا، خلیوں کے بہت سے خلیوں میں بٹ جانے کا عمل۔

تَفرِقَہ فت ت، سک ف، کس مج ر، فت ق۔ امذ۔ پھوٹ، نفاق؛ علیحدگی۔

تَفَرْنُج فت ت ف، سک ر، ضمہ ن۔ امذ۔ فرنگی پن، فرنگیوں کا سا انداز۔

تَفْرِیح فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ مسرت، فرحت؛ سیر، ہوا خوری، مذاق، چہل۔

تَفْرِیخ فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ پرندوں کا انڈے سینا؛ جراثیم کا فعّال ہونے سے پہلے جسم میں پرورش پانا (قب انگ: Incubation)۔

تَفْرِید فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ ایک ہونا، منفرد ہونا، یکتائی، وحدت؛ الگ کرنا، جدا جدا کرنا۔

تَفْرِیس فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ بیرونی لفظ کو فارسی لب و لہجے میں ڈھالنا، م: ٹیلیوژن سے تلویزیون؛ تھیٹر سے تیاتر۔

تَفْرِیط فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ گھٹانا، کم کرنا، کسر، کمی کرنا؛ نظر انداز کرنا۔

تَفْرِیق فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ بانٹنا، تقسیم کرنا، گھٹانا، امتیاز کرنا۔ ج: **تفارِیق**۔

تَفَسْفُر فت ت ف، سک س، ضمہ ف۔ امذ۔ فاسفورس کا عمل یا آمیزش، ضیا پاشی، تزہُّر (قب انگ: Phosphorescence)۔

تَفْسِیر فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ وضاحت، تشریح، خصوصاً آیات قرآنی کی شرح یا ان پر حواشی۔

تَفْصِیل فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ جزویات کا بیان یا احاطہ؛ کھول کر بیان کرنا، توضیح، تشریح، اجمال کی ضد۔

تَفْصِیلِیَہ فت ت، سک ف، ی مع، کس ل، فت ی۔ امذ۔ اوقاف تحریر میں وہ علامت جو آنے والی تفصیل سے پہلے اشارۃً درج کی جاتی ہے، کولن یا کولن ڈیش (: ؛ :-)

تَفَضُّل فت ت ف، شد ضم ض۔ امذ۔ کرم، مہربانی؛ فاضل، زائد ہونا، زیادتی۔

تَفْضِیح فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ رُسوائی، بدنامی، برائی کرنا۔

تَفْضِیل فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ فوقیت،

فضیلت، برتری۔ (قواعد) صفتِ مبالغہ، ایسی صفت جو موصوف کو دوسروں سے بَرتر، فائق بتائے۔ م: اکمل = کامل ترین، **تَفْضِیلِ بَعْض** وہ صفت جو متصف کو کسی دوسرے یا بعض سے بہتر قرار دے م: بیش تر، عزیز تر مقابلتہً زیادہ عزیز۔ **تَفْضِیل تام** جو سب سے افضل بتائے م: **بزرگ ترین**۔ **تفضیل نَفْسی** وہ صفت جس میں مقابلے کا پہلو نہ ہو م: اعلیٰ اخلاق۔

تَفْضِیلی فت ت، سک ف، ی مع۔ امذ۔ وہ شخص یا فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وَجْہہٗ کو دیگر اصحاب رسولؐ سے افضل مانتا ہو، اگرچہ شیعہ نہ ہو، نیز **تَفْضِیلِیَہ**۔

تَفَطُّر فت ت ف، شد ضم ط۔ امذ۔ چِرنا، تڑقنا، آسانی سے ٹوٹ جانا، نیز **تَفْطِیر**۔

تُفْ طُفَیلی ضمہ ت، سک ف، ضمہ ط، ے لین۔ امذ۔ صف۔ طفیلی مہمان کے ساتھ لگا ہوا بِن بلایا مہمان، دوہرا طفیلی۔

تَفَقُّد فت ت ف، شد ضم ق۔ امذ۔ توجہ، پرسش احوال۔

تَفَقُّہ فت ت ف، شد ضم مج ق، ہ ملفوظ۔ امذ۔ فقہ کی پابندی، فقہ کا مطالعہ۔

تَفَکُّر فت ت ف، شد ضم ک۔ امذ۔ سوچ بچار، غوروخوض؛ فکر مندی، پریشانی۔

تَفَکُّہ فت ت ف، شد ضم مج ک، ہ ملفوظ۔ امذ۔ میوہ خوری؛ تفریح، ظرافت۔

تَفَل فت ت ف۔ امذ۔ ندّی یا جھیل کے پشتے میں حسب ضرورت پانی جاری کرنے کے واسطے کھولا یا بند رکھا جانے والا دروازہ [ولندیزی: Taffrail]۔

تَفَلْسُف فت ت ف، سک ل، ضمہ س۔ امذ۔ فلسفے سے شغف یا سرسری دلچسپی نہ کہ حقیقی یا گہرا علم، فلسفہ آمیز کلام۔

تَفَمُّم فت ت ف، شد ضم م۔ امذ۔ رگوں، ریشوں یا نالیوں کی باہمی بندش، منہ سے منہ ملانا۔(قب انگ: Anastumosing)۔ نیز **تَفَوُّہ**۔

تُفَنگ ضمہ ت، فت ف غنہ۔ امث۔ بندوق، اصلاً وہ نلکی جس میں غُلہ رکھ کر پھُونک سے اڑاتے تھے۔ تصغیر امذ **تُفَنگچَہ** (چ) طپنچہ، طمنچہ۔ **تُفَنگچِی** بندوقچی۔ مرکب امذ۔ **تُفَنگی سُوراخ** پودوں کی ایک بیماری سے پتّوں پر گلنے کا داغ جو بندوق کی گولی کے نشان سے ملتا ہوا ہوتا ہے۔(قب انگ: Shothole)۔

تَفَنُّن فت ت ف، شد ضم ن۔ امذ۔ خوش طبعی، تفریح، دل لگی، دل بہلاوا، مرکب اضافی **تَفَنُّنِ طَبع** دل خوش کرنا۔

تُفُو ضمہ ت، و مع۔ کلمۂ نفرین، تُھو، پھٹے منہ۔

تَفَوُّق فت ت ف، شد ضم و۔ امذ۔ برتری، فوقیت، فضیلت۔

تَفْوِیض فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ سپردگی، حوالگی؛ فیض بخشی۔

تَفَہُّم فت ت ف، شد ضم ہ۔ امذ۔ سمجھ سے کام لینا، فہم و فراست۔

تَفْہِیم فت ت، سک ف، ی مع۔ امث۔ سمجھانا، فہمائش کرنا، مر عطفی **اِفْہام وَ تَفْہِیم** سمجھانا بُجھانا۔

تَقابُل فت ت، ضمہ ب۔ امذ۔ مقابلہ، موازنہ صف **تَقابُلی** موازنے سے متعلّق، موازنے کی غرض سے، م: تقابلی مطالعہ، **تقابُلی لِسانیات** ہم اصل زبانوں کی مماثلت اور اختلاف کا عہد بعہد جائزہ و تحقیق۔

تَقّار فت ت، شد ق۔ صف۔ خطابت سے شوق رکھنے والا، ماہر مقرّر امث **تَقّاری**۔

تَقاصُر فت ت، ضمہ ص۔ امذ۔ گھٹنا، کم ہونا۔

تَقاضا فت ت۔ امذ۔ طلب، مانگ، احتیاج، اصرار،

ابرام؛ طبعی علّت یا لازمی سبب۔

تَقَاطُر فت ت، ضم ط۔ امذ۔ قطرہ قطرہ ٹپکنا، بُوندا باندی، ترشّح۔

تَقَاطُع فت ت، ضم مج ط۔ امذ۔ ایک دوسرے کو قطع کرنا، دو خطوں کا کسی نقطے پر ملنا۔

تَقَاوِی فت تد امث۔ امداد، تقویت، سہارا۔ امذ۔ **تَقَاوِی قَرضہ** کاشتکاروں کو زراعت کی ترقی کے لیے حکومت کے خزانے سے دیا جانے والا امدادی قرضہ۔

تَقْبِیل فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ چومنا، بوسہ دینا۔

تَقَدُّس فت ت ق، شد ضم د۔ امذ۔ پاک ہونا، قابل حرمت ہونا۔ صف **تَقَدُّس مآب** (مَ آ ب) پاکیزہ سرشت۔

تَقَدُّم فت ت ق، شد ضم د۔ امذ۔ آگے ہونا، پیش پیش ہونا؛ سبقت، برتری؛ ترقی۔ **تَقَدُّم و تَأَخُّر** (ت اَ خُ خُر) ترتیب میں آگے پیچھے ہونا، مراتب کے لحاظ سے سلسلہ قائم کرنا۔

تَقْدِمَہ فت ت، سک ق، کس د، فت م۔ امذ۔ تمہید، پیشگی ادائیگی یا حساب، تخمینہ۔

تَقْدِیر فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ قسمت جو قدرت کی طرف سے متعیّن خیال کی جاتی ہے، بخت، نصیبہ؛ اندازہ، قدر متعیّن کرنا۔

تَقْدِیس فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ پاکیزگی کا بیان، حمد و تسبیح کرنا۔

تَقْدِیم فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ سبقت ، اوّلیت؛ قدیم ہونا۔

تَقَرُّب فت ت، ق، شد ضم ر۔ امذ۔ نزدیکی، قریب قریب، لگ بھگ ہونا۔

تَقَرُّح فت ت ق، شد ضم مج ر۔ امذ۔ زخم میں پیپ پڑنا، ناسور بننا۔ (قب انگ: Ulceration)۔

تَقَرُّر فت ت ق، شد ضم ر۔ امذ۔ مامور، متعین، تعینات ہونا، طے پانا۔ امث۔ **تَقَرُّرِی** تعیّن، ماموری۔

تَقْرِیب فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ نزدیکی، تقرب؛ باعث، سبب، وسیلہ، ذریعہ؛ موقع، محل؛ تعارف؛ تذکرہ؛ کسی اہم موقع پر اجتماع۔

تَقْرِیح فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ زخم ڈالنا۔ صف **مُقَرِّح** جو زخم پیدا کرے [دوا بُوٹی وغیرہ]۔

تَقْرِیر فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ مُنہ سے بولنا، بات کرنا، بیان، ذکر، خطابت، آواز، صوت۔ م: تقریرِ طلا، ٹھناکا یا چھناکا جس سے اسے پرکھا جا سکے۔

تَقْرِیظ فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ کسی تصنیف پر اظہار رائے جو عموماً توصیفی ہوتا ہے۔

تَقْسِیم فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ بانٹنے حصے کرنے کا عمل، الگ الگ کرنا۔

تَقَشُّر فت ت ق، شد ضم ش۔ امذ۔ چھلکا اُتارنا، چھیلنا، چھال یا پپڑی اکھڑنا، تفلّس (قب انگ: Exfoliation)۔

تَقَشُّف فت ت ق، شد ضم ش۔ امذ۔ بہت سادہ زندگی بسر کرنا، بری حالت میں رہنا، پھٹے حالوں رہنا، نفاست پسندی کی ضد۔

تَقْصِیر فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ کمی، کوتاہی، قصور، خطا "تقصیر معاف" کلمۂ معذرت کی تخفیف جو دکن میں رائج تھی۔ (طبیعیات) آواز کو دبا دینا، تکبیر کی ضد۔

تَقَطُّع فت ت ق، شد ضم مج ط۔ امذ۔ وقفہ، فصل پیدا کرنا۔ (قب انگ Break; Hiatus)۔

تَقْطِیب فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ قطب نما بنانا، کسی شے خصوصاً برقائی ہوئی دھات کا یہ صورت اختیار کرنا کہ اس کا ایک سرا قطب شمالی کی طرف اور دوسرا قطب جنوبی کی طرف ہو؛ متضاد مؤقف اختیار کرنا، ایک دوسرے کے آمنے سامنے ڈٹ جانا۔

قب انگ: Polarization)۔

تَقْطِیر فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ قطرہ قطرہ ٹپکنا، کسی سیّال کا چھن کر نکلنا (قب انگ: Distillation)۔

تَقْطِیع فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ ٹکڑے کرنا، قطع کرنا، کاٹنا، توڑنا، اثر زائل کرنا۔ (عروض) مصرع کے الفاظ کو ارکان بحر کے مطابق جانچ کر دیکھنا؛ کتاب یا صفحے کا سائز۔

تَقَلُّب فت ت ق، شد ضم ل۔ امذ۔ پلٹنا، اُلٹنا، اُلٹا کرنا، بالکل برعکس حالت میں لے آنا، امث۔ **تَقْلِیب**۔

تَقَلُّص فت ت ق، شد ضم ل۔ امذ۔ سکڑنا، جسامت میں کمی واقع ہونا۔

تَقْلِید فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ پیروی، اتّباع؛ نقل، فقہ اور دینی امور میں چار اکابر ائمہ میں سے کسی کی پیروی۔ صف **مُقَلِّد** قب: **غیر مقلّد** (اہل حدیث وغیرہ)۔

تَقْلِیل فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ چھوٹا کرنا، کم کرنا؛ قلّت، کمی۔ **تَقْلِیل حاصِل** (معاشیات) زمین کی پیداواری صلاحیت میں تدریجی کمی (قب انگ: Diminishing Return)۔

تَقْمِیط فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ نوزائیدہ بچّے کو کچھ عرصے تک کپڑے میں لپیٹ کر جکڑے رکھنے کا دستور، غُندَق کرنا۔

تَقْوٰی فت ت، سک ق، ی غم۔ امذ۔ پارسائی، پرہیزگاری، گناہوں سے بچنا۔

تَقْوِیَت فت ت، سک ق، کس و، شد فت ی۔ امث۔ قوت بڑھانا، اعانت، مددگاری، ڈھارس، دلاسا۔

تَقْوِیم فت ت، سک ق، ی مع۔ امث۔ جنتری، کیلنڈر؛ قائم کرنا، سیدھا کرنا، اُستوار کرنا؛ اُفتاد، فطری وضع؛ شیرازہ، قوام، گوندھی ہوئی مٹّی یا مادّہ جس سے کوئی ہیولا بنایا جائے۔ ج **تَقاوِیم**۔ مرکب **اَحْسَن تَقْوِیم** بہترین ساخت۔ **تَقْوِیم پارِینَہ** پرانی جنتری۔ مراد: ناکارہ شے، ردی۔ **تَقْوِیم خانَہ**، رصد گاہ۔

تَقی فت ت۔ صف۔ نیک، متقی۔

تَقِیَّہ فت ت، کس ق، شد فت ی۔ رک۔ امذ۔ تقوی؛ نیز بناوٹی پرہیز گاری، بناوٹ، تصنّع؛ اپنے اصل عقیدے کو چھپانا۔

تَقَیُّح فت ت، فت ق، شد ضم ی۔ امذ۔ پیپ پڑ جانا (قب انگ: Suppuration)۔

تَک فت ت۔ امث۔ بڑی ترازو، ڈنڈی، کانٹا۔

تُک ضمہ ت۔ امذ۔ لفظوں کا جوڑ، قافیہ۔ امث **تُک بَنْدی** گیت یا نظم کے بول بنانا، قافیہ ملانا؛ **تُک کی بات**، معقول بات، جچی ہوئی بات۔

تَکّا فت ت، شد ک۔ امذ۔ وہ بکرا جو گلّے کے آگے آگے چلے۔ نیز **تَکَّہ**۔

تِکّا کس ت۔ امذ۔ گوشت کا پارچہ خاص کر وہ جسے بھون کر کھاتے ہیں۔ **تِکّا بوٹی کرنا** تمام جسم کو کاٹ پھینکنا، فنا کر دینا۔

تُکّا ضمہ ت۔ امذ۔ وہ تیر جس میں نوک نہ ہو؛ پتنگ کا ٹھڈا یا عمودی تیلی۔ مرکب **تُکا فَضِیحَتی** (تکا ف زی تی) زبانی لڑائی جھگڑا، چپقلش۔ ف مر۔ **تُکا لگنا**، اتفاق سے کام ٹھیک ہو جانا، نشانہ ٹھیک بیٹھنا۔

تَکاثُر فت ت، ضمہ ث۔ امذ۔ خوش حالی، فراغت، دولت کی فراوانی، کثرت، تعدّد۔

تَکاثُف فت ت، ضمہ ث۔ امذ۔ کثیف، گاڑھا ہونا، میل جمنا، نیز **تَکْثِیف** سکڑنا۔ قب: تَقَلُّص۔

تَکاسُل فت ت، ضمہ س۔ امذ۔ کسلمندی، سستی، مَٹھا پن۔

تَکافُل فت ت، ضمہ ف۔ امذ۔ کفالت، خرچ اٹھانا،

خبر گیری کرنا۔

تَکافُو فت ت، ومع۔ امذ۔ ہم کفو، ہم مرتبہ ہونا۔

تَکان⁽¹⁾ فت ت۔ امثہ تھکا ہونے کی کیفیت، تھکاوٹ، سُستی۔ صف: **بے تَکان** مسلسل، برابر بغیر رکے، بغیر تھکے۔

تَکان⁽²⁾ فت ت۔ امثہ حرکت، جنبش، جھٹکا۔ دھکا، ایڑھ جو گھوڑے کو دی جائے۔

تَکَبُّر فت ت، فت ت ک، شد ضم ب۔ امذ۔ غرور، گھمنڈ۔

تَکبِیر فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ اللہ اکبر کا نعرہ لگانا، اللہ کی بڑائی کرنا۔ (قواعد) کسی لفظ میں ایسا تصرف جس سے بڑا پن ظاہر ہو، مثلاً مٹھی کے مقابل مُٹھا؛ (نماز) **تَکبِیرِ تَحرِیمَہ** (فت مع ت، سک ح، ی مع) نماز کی نیت باندھ کر پہلی بار اَللہ اکبر کہنا۔ **تکبیرِ تَشرِیق** حج کے دوران میں ۹ویں ذی الحج سے تیرھویں تک ہر فرض نماز کے بعد پڑھی جانے والی تکبیر۔ اَللہُ اکبَر، اَللہُ اکبَر، لا اِلٰہَ اِلاّ اللہُ واللہُ اکبر، اَللہُ اکبَر و لِلّٰہِ الحَمد۔ **تَکبِیری شِیشَہ** عکس کو بڑھا کر دکھانے والا آئینہ۔ **تَکبِیرِ صَوت** آواز کو اونچا کرنا۔

تَکتَکی فت ت، سک ک، فت ت۔ امثہ سطح کی ہمواری جانچنے کا آلہ۔ (قب انگ: Carpenter's Level)۔

تَکثِیر فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ کثرت، افراط، بہتات۔

تَکَدُّر فت ت ک، شد ضم ک۔ امذ۔ خاک آلود ہونا، میلا ہونا؛ بغض، کدورت۔

تَکدِیَہ فت ت، سک ک، کس د، فت ی۔ امذ۔ گدائی، بھیک مانگنا۔

تَکذِیب فت ت، سک ق، ی مع۔ امثہ جھٹلانا، غلط بتانا۔

تَکَر فت ت ک۔ امذ۔ دہی یا چھاچھ جس میں ۱/۴ حصہ پانی ہو۔

تَکرات فت ت، سک ک۔ امثہ دہی بلونے کی رئی، مَتھانی، بلونی۔

تَکرار فت ت، سک ک۔ امثہ مکّرر یا بار بار ہونا؛ دوہرانا، اعادہ کرنا، حجت، بحثا بحثی، تنازعہ۔ نیز **تَکَرُّر** بار بار واقع ہونا۔

تَکرِیم فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ عزت کرنا، تعظیم کرنا۔

تَکڑا فت ت، سک ک۔ صف۔ طاقتور، مضبوط، ٹانٹا۔

تِکڑی کس ت، فت ک۔ امثہ گاڑی میں ایک ساتھ جوتے جانے والے تین گھوڑے [قب چَوکڑی؛ جوڑی]۔

تَکَسُّر فت ت،ک، شد ضم س۔ امذ۔ ٹوٹ پھوٹ، شکستگی، اعضا شکنی، گھٹانا، کم کرنا، نیز **تَکسِیر**۔

تَکسِیب فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ اکتساب کا عمل، کسب، کرنا، حاصل کرنا۔

تَکسِید فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ آکسیجن کی آمیزش، زنگ کھانا، زنگ آلود ہونا۔

تَکفِیر فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ کافر بنانا۔ کفر کا فتویٰ لگانا؛ گناہوں کا کَفّارہ دینا۔

تَکفِیل فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ کفالت کرنا، پرورش، دیکھ بھال کا ذمہ دار ہونا۔

تَکفِین فت ت، سک ک، ی مع۔ امثہ میّت کو کفن پہنانا۔

تُکَّل ضمہ ت، شد فت ک۔ امثہ ایک قسم کی گڈی جس میں دو طرف کانپ لگی ہوتی ہے۔

تَکلا فت ت،⁹ سک ک۔ امذ۔ چرخ کا سُوا جس کے گھومنے سے سوت بلا جاتا ہے؛ سنگ تراشی کا ایک دھار دار اوزار؛ بَٹیوّں کی روک جس پر کلابتوں بٹ کر چڑھتا جاتا ہے؛ بعض دوسری کلوں میں گھومنے

والی پتلی سلائی یا سلاخ۔ نیز تَکْوا۔

تَکَلُّف فت ت ک، شد ضم ل۔ امذ۔ جھجک، رکاوٹ، تاملّ؛ بناوٹ، ظاہر داری؛ اہتمام، زحمت کشی؛ آرائش، سجاوٹ؛ غیریت، بیگانگی ج **تَکَلُّفات** رسوم و آداب۔

تَکَلُّم فت ت ک، شد ضم ل۔ امذ۔ بولنا، بات کرنا۔

تَکلِیس فت ت، سک ک، ی مع۔ امث۔ چونا سازی، چونا پھیرنا یا چڑھانا؛ کیمیائی عمل جس میں چُونا شامل ہو؛ نمو پذیر جسم میں ہڈیوں کا بننا (قب انگ: Calcification)۔

تَکلِیف فت ت، سک ک، ی مع۔ امث۔ زحمت؛ دکھ، درد؛ حکم، فریضہ جس کی بجا آوری لازم قرار دی گئی ہو؛ تکلّف، اہتمام؛ حرکت، جھونکا، م: تکلیف ہوا۔ صف: **تَکلِیف دِہ** (کسمج د، ہ ملفوظ) جس سے دکھ پہنچے، تکلیف دینے والا۔ امث **تَکلِیف دِہی** زحمت دینا۔ **تَکلِیفِ شَرْعی** دینی فرائض۔

تَکَمُّل فت ت ک، ضمہ م۔ امذ۔ مکمل کرنا، اجزا کو باہم ملا کر مربوط کرنا (قب انگ: integration)۔

تَکمِلَہ فت ت، سک ک، کسمج م، فت ل۔ امذ۔ تکمیل کرنے والا جزْ؛ مکمل کرنے کا عمل۔ (ریاضی) کسی عمل یا مساوات کو مکمل کرنے والے عمل یا جز کی قیمت یا اس کی دریافت کا عمل (قب انگ: Integer; Integraion)۔ نیز **تَکمل اِحْصا**۔

تُکمَہ ضمہ ت، سک ک، فت م۔ امذ۔ گھنڈی، بٹن، بوتام۔

تَکمِید فت ت، سک ک، ی مع۔ امث۔ گرم پانی سے سینکنا، ٹکور کرنا؛ گرم پانی کی تھیلی یا بوتل سے سکائی۔

تَکمِیل فت ت، سک ک، ی مع۔ امث۔ پورا کرنا، کسر نکالنا نیز رک: تکملہ۔

تَکنا فت ت، سک ک۔ ف م۔ لگاتار یا گھور کر دیکھنا، ٹکٹکی باندھنا۔

تَکْنی فت ت، سک ک۔ امث۔ بندوق کی نال پر لگا ہوا سوراخ جس میں سے دیکھ کر مکّھی کی سیدھ نشانے سے ملاتے ہیں؛ فوجی گاڑی کا دِیدْبان۔

تَکْنِیک فت ت، سک ک، ی مع۔ امث۔ کسی فن کے اصول، گُر یا آزمودہ طریق کار۔ [انگ: technique کا مُوَرد]۔ صف **تَکنِیکی** فنّی۔

تَکْوا فت ت، سک ک۔ رک: **تَکلا**۔

تکوا کس ت، سک ک۔ امذ۔ تِیلی پر لپیٹی ہوئی سُوت کے گالے کی پتلی سی بتّی جس سے تکلے پر سوت کاتا جاتا ہے۔ پونی، تماگا۔

تَکوَل فت ت، ومج۔ امث۔ کستوری سے مشابہ ایک خوشبو دار بیل جس کی بو مُشک سے مشابہ ہوتی ہے، پھول زرد اور پھل سیاہ، مزہ تیز۔ (لاط Helleborous Niger) نیز **تَکُولَم**۔

تکون کس ت، ومج۔ امث۔ مثلث صف **تِکونا** **تِکونْیا** تین گوشوں یا پہلوؤں والا۔

تَکَوُّن فت ت ک، شد ضم و۔ امذ۔ وجود میں آنا، حدُوث، پیدائش۔ نیز **تَکوِین** پیدا ہونا یا کرنا۔ صف **تَکوِینی** م: **تَکوِینی تَخیُّل** ذہن کا تخلیقی عمل، لاموجود کی پیش بینی۔ **تَکوِینیات** تخلیق عالم کے متعلق غور و فکر کا علم اور نظریات؛ توالد و تناسل کا مطالعہ (قب انگ: Genetics)۔

تَکوِیَہ فت ت، سک ک، کس و، فت ی۔ امذ۔ درم سلاخ، سوئی یا تیزاب وغیرہ سے رحم یا مسوں کو داغنے یا جلانے کا عمل (قب انگ: Cauterization)

تَکّہ فت ت، شد فت ک۔ رک: **تَکّا** صف **تَکّارِیش** بکرے کی سی چُگّی داڑھی والا۔

تَکَہُّن فت ت ک، شد ضم ہ۔ امذ۔ کاہن کا پیشہ یا عمل؛ کہانت، پیش گوئی۔ فال گوئی۔

تَکّی فت ت، شد ک۔ امث۔ ٹِکٹِکی، گھورنا، تکنا۔

تَکی دان فت ت۔ کاغذ لفافے رکھنے کا خانے دار استادہ ڈبّا یا بکس، کاغذ دان [غالباً تھکّا + دان]۔

تَکیِرو فت ت، ے مج، و مع۔ صف۔ منہ تکنے والا، خوشامدی، حاشیہ بردار۔

تَکَیُّف فت ت ک، شد ضم ی۔ کیف حاصل کرنا، لطف اٹھانا، صف: **مُکَیَّف**۔ ہوا کو گیس کے ذریعے ٹھنڈا کرنا(قب انگ: Air Conditioning)۔

تَکینی فت ت، ے مج۔ امث۔ چھوٹا تکیہ، بچوں کے پہلو میں رکھنے کا چھوٹا گول تکیہ۔

تَکْیہ فت ت، سک ک۔ امذ۔ سہارا، بھروسا، سر کے نیچے رکھنے کا نرم گدّا؛ پیٹھ کے سہارے کے لیے گول موٹا پھولا پھولا روئی بھرا، بیلن نما گولا؛ فقیروں کا ٹھکانا جو عموماً کسی مزار کے پاس ہوتا ہے؛ کرسی وغیرہ کی پیٹھ یا ٹیک۔ **تَکیَہ خیال** وہ خیال جو دل میں جم جائے اور کسی کی عام سوچ بچار پر حاوی ہو؛ **تَکیَہ کلام** (فت ی) وہ لفظ یا جملہ جو زبان پر چڑھ جائے اور گفتگو میں بار بار منہ سے بے ساختہ نکلے۔ عام: **تَکیۂ کلام**۔

تِکھارنا کس ت، سک ر، ف م۔ کسی بات کو پکّا کرنے کے لیے تین بار کہنا یا کہلوانا۔

تِکھْرا کس ت، سک کھ۔ امذ۔ تین بار ہل چلایا ہوا کھیت۔

تِکھُونْٹا و مج مغ۔ صف۔ تین کونوں والا + سہ پہلو۔

تَگ فت ت۔ امث۔ دوڑ، تیز بھاگنا، گرم رفتاری؛ کنْویں یا دریا کی تہہ۔ مرکب عطفی **تگ و تاز** دوڑ دھوپ، کوشش؛ چڑھائی، فوج کشی۔ صف **تَگاوَر** تیز دوڑنے والا، گھوڑا۔

تُگا ضمہ ت۔ امذ۔ بنفلوچن، تباشیر۔

تَگّا فت ت، شد گ۔ امذ۔ انّا کا خاوند۔ [ت: آتا گاہ = بجائے باپ]۔

تِگّا کس ت، شد گ۔ صف۔ کُبڑا، کُوزہ پشت۔

تَگا پُو فت ت، و مع۔ امث۔ بھاگ دوڑ، گھوڑے کی اچھل کود، تگ و دو؛ کوشش، جدّوجَہد۔

تَگانا فت ت۔ ف م۔ دھاگا ڈالنا، پرونا؛ سِلوانا نیز امث **تَگائی، تَگیانا**۔

تُگْدَری ضمہ ت، سک گ۔ رک: **تلور**۔

تِگدُم کس ت، فت گ، شد فت ڈ۔ امذ۔ تین کا مجموعہ، نیز (رک) تِگرُم۔

تَگر فت گ۔ امذ۔ ایک خوشبو دار سیاہ لکڑی جو دواءً نیز خوشبویات میں بھی استعمال ہوتی ہے۔(لاط: Tabernoe Montana)۔

تَگَرْگ فت ت گ، سک ر۔ امذ۔ اولا، ژالہ۔

تَگْڑا فت ت، سک گ۔ صف۔ موٹاتازہ، طاقتور۔ مث **تَگڑی** زور دار۔

تِگرُم کس ت، سک گ، فت ژ۔ امث۔ سازش، گٹھ جوڑ؛ تین کی یکجائی، تگڑم۔

تِگُن کس ت، ضمہ گ۔ امث۔ اونچی تیسرے سپتک کی آواز؛ طبلے کی تیز گت نیز **تِگْنی**۔

تِگْنا کس ت، سک گ۔ امذ۔ تین گنا، سہ چند مث **تِگنی** محاوہ **تِگنی کا ناچ نچانا**، تیز ناچ ناچنے پر مجبور کردینا، سخت پریشان کرنا۔

تِگَھا کسمح ت، فت گ۔ صف۔ تین درجوں یا دالانوں والا (مکان) مث **تِگھی**۔ وہ عمارت جس میں تین دالان در دالان ہوں۔

تَگّی فت ت، شد گ۔ امث۔ ڈور، دھاگہ، بٹی ہوئی ڈوری۔

تِگّی کس ت، شد گ۔ امث۔ (پہلوانی) خمیدہ کمر، محاورہ **تِگّی بَنْنا** کمر جُھکانا، حالت رکوع میں آنا۔

تَگیں فت ت، ی مع، غنہ۔ صف۔ زور آور، شجیع۔

تَل فت ت۔ امث۔ پہاڑی، زمین، فرش، زیرپا ج **تِلال**

(کس ت) **تَل تخَیری** زمین کو جُھلسانے والی (دُھوپ)۔

تَل فت ت۔ **تَلا/ تَلے** کی تخفیف مرکبات میں مستعمل م: **تَل بوَلی** کسی زبان کی تحتی بولی، فرع کی فرع؛ **تَل بِیج** پھوٹنے والے بیج کی نیچے کی طرف پھوٹنے والی جڑ۔ مُول(لاط: Hypocotyl)۔

تِل (۱) کس ت۔ امذ۔ ایک پودا اور اس کا مہین بیج جس سے خوردنی تیل نکالا جاتا ہے اور بھون کر لڈو ریوڑی وغیرہ بھی بناتے ہیں۔ سیاہ اور سفید دو قسم کا ہوتا ہے، کُنجد(لاط: Sesamum Indicum)

تِل (۲) امذ۔ آنکھ کی پتلی کے بیچ کا نقطہ جو قریب دیکھنے پر قدرے پھیلتا اور دور دیکھنے پر سکڑ کر مہین ہو جاتا ہے؛ چہرے یا جسم کے کسی حصہ پر پیدائشی سیاہ نقطہ، یا سرمے کاجل وغیرہ سے بنایا ہوا ویسا ہی نشان۔ (مجازاً) نہایت چھوٹی چیز۔

تِل (۳) کس ت۔ امذ۔ لمحہ، پل۔ م ف: **تِل تِل پَل** پَل یا ہر پل، ہر لمحہ، لمحہ بہ لمحہ۔

تُل ضمہ ت۔ امث۔ ترازو، کانٹا نیز **تُلا**۔

تَلا فت ت۔ امذ۔ برتن کا پیندا، جوتے، جوتی کا نچلا حصہ جو چلنے میں زمین پر پڑتا ہے۔

تُلا (۱) ضمہ ت۔ امث۔ ایک طفیلی بیل جس کی پھلیوں سے نکلنے والے سرخ سفید یا دو رنگے سیاہ و سرخ دانے ایک رتی، کے باٹ کے طور پر جوہریوں کے کانٹوں میں استعمال ہوتے ہیں (لاط: Abrus Precatorius) امذ **تُلا بِیج** تُلا کے دانے۔

تُلا (۲) ضمہ ت۔ امذ۔ گاڑی کے دُھرے کو قائم رکھنے کے لیے دونوں سروں پر ٹھکی ہوئی روک۔نیز **تُولا**۔

تِلا کس ت۔ امذ۔ سونے کا تار۔

تُلّا ضمہ ت، شد ل۔ امذ۔ دُم چھلا۔

تَلاجی فت ت۔ امث۔ تلی ہوئی ترکاری کے قتلوں سے دہی میں سے تیار کردہ کھانا م: بینگن کی تلاجی۔

تَلاحُق فت ل، ضمہ ح۔ امذ۔ میل، آمیزش۔

تَلازُم فت ت، ضمہ ز۔ امذ۔ باہمی میل، ایک دوسرے کے ساتھ لازم ہونا، مرکب **تَلازُم آفکار/ خیالات** ذہن میں ایک دوسرے کے ساتھ کسی قسم کا ربط رکھنے والے خیالات کا سلسلہ۔(قب انگ: Association of ideas)۔ **تَلازِمَہ** کس مج ز) کلام میں ایسے الفاظ کی یکجائی جو ایک دوسری کے ساتھ ظاہری یا معنوی ربط رکھتے ہوں، مراعات النظیر۔

تَلاش فت ت۔ امث۔ جستجو، کھوج؛ معنی آفرینی [ت۔ ع: کھونا، گُم کرنا، گم ہونا]۔

تَلاشی فت ت۔ امث۔ جھاڑا، گھر میں کسی چیز کی جستجو جو عدالتی حکم سے کی جائے۔ صف۔ تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا، مُتَلاشی [ت کا تصرف۔ ع: تلاش گمشدگی، غارت ہلچل]۔

تَلاطُم فت ت، ضمہ ط۔ امذ۔ طوفان، اُتھل پُتھل؛ ہیجان، ہنگامہ۔

تَلافی فت ت۔ امث۔ نقصان کا بدل۔ مرکب **تَلافیٔ مافات** (تَ لا فی اے ما فات) نقصان کا بدلہ یا اِزالہ۔

تَلاقی فت ت۔ امث۔ ملاقات؛ آمنا سامنا۔

تَلالا فت ت۔ امذ۔ نعرہ، غلغلہ؛ گانے کی آواز، صوت، صدا۔

تَلالُو فت ت، و مع۔ امث۔ چمک دمک، آب و تاب۔

تِلام کس ت۔ امذ۔ غلام کا غلام۔

تَلامِذہ فت ت، کس م، فت ذ۔ ج مذ۔ رک: **تلمیذ** جس کی یہ جمع ہے۔

تَلامَلی فت ت م۔ امث۔ بے چینی، تَلمَلاہَٹ۔

تَلامیذ فت ت، ی مع۔ **تلمیذ** (رک) کی جمع، **تلامِذَہ**۔

تِلانجَلی کس ت، سک ن، فت ج۔ امث۔ ہندوؤں

میں پرکھوں کے نام پر تِل اور پانی اُچھالنے کی رسم؛ محاورہ **تلانجلی دینا** قطع تعلق کرنا، یکسر بے تعلقی اختیار کرنا، مردہ سمجھ لینا۔

تِلانِیکی کس ت، ی مع۔ امذ۔ جنوبی ہند کا ایک درخت جس کے بیجوں سے مشین کا تیل بناتے ہیں۔ (لاط: Girotea Rottleriformis)۔

تَلاؤ فت ت، و مج۔ امذ۔ تالاب؛ نیل تیار کرنے کا حوض۔

تَلاوا فت ت۔ امذ۔ رات کو گشت کرنے والا سپاہیوں کا دستہ [ع: طلایَہ]۔

تِلاوَت کس ت، فت و۔ امث۔ پڑھنا، آواز سے پڑھنا، خصوصاً قرآن شریف۔

تِلائی کس ت۔ امث۔ تیل دینا، تدہین، جسم پر تیل کی مالش۔

تِلبَر کس ت، سک ل، فت ب۔ صف۔ چتّی دار، مشبّک۔ نیز **تِلبَری**۔

تَلَبُّس فت ت ل، شد ضم ب۔ امذ۔ لباس پہننا؛ رفاقت، ملابست۔

تَلبِیب فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ پھلوں کے گودے کا عرق نکالنا یا چھان کر صاف کرنا (قب انگ: pulping)۔ جانوروں کا جھٹکا کرنا۔

تَلبِید فت ت۔ امث۔ بالوں کی پٹّی جمانا۔

تَلبِیس فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ بھیس بدلنا؛ دھوکا دینا، کایا پلٹ کرنا، جعل سازی کرنا۔

تَلْبِیَہ فت ت، سک ل، کس ب، فت ی۔ امذ۔ لبّیک کہنا، حج اور عمرے کے دوران میں لبّیک، اللّھمّ لبّیک الخ پڑھنا۔

تِلپانا کس ت، سک ل۔ ف م۔ تیل لگا کر چمکانا۔

تَلپَٹ فت ت، سک ل، فت پ، صف۔ اُلٹ پُلٹ، اوندھا سیدھا؛ گُم، تباہ، غارت [اصلاً: سطح کا پلٹنا۔ تَل: سطح ، پَٹ = اُلٹا]۔

تُل پَھلا ضم ت، فت پھ۔ امذ۔ سیمل کا درخت جس میں سے روئی کی طرح کے ریشے نکلتے ہیں۔ (لاط: Bombex heptaphyllum)۔

تَل تِیس فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ کھلبلی، افراتفری۔

تِل چاوَل کس ت، سک ل، فت و۔ امذ۔ تلوں کی ایک مٹھائی۔ صف **تِل چاوْلا** چتکبرا، سیاہ و سفید ملا جلا نیز **تِل چانْولا/ چانْولی**۔

تَل چِک فت ت، سک ل، فت چ۔ امث۔ کُنوئیں کی تہ کا سوتا۔

تِل چَٹّا کس ت، فت چ، شد ٹ۔ امذ۔ لال بیگ۔

تَل چھَٹ فت ت، سک ل، فت چھ۔ امث۔ بغیر چھنی شراب یا کسی اور سیال شے کی تہ میں بیٹھ جانے والی گاد، دُرد۔

تَلحِین فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ آواز میں لحن پیدا کرنا، دُھن بنانا؛ (برقیات) کسی اعلیٰ تَعَدُّدی رَو کو صوتی اشاروں سے ہم آہنگ کرنا۔

تَلخ فت ت، سک ل۔ صف۔ کڑوا، کڑوی، ناگوار؛ ورشت۔ **تَلخ دہاں** بد زبان، گالی گفتار بکنے والا۔ **تَلخ کام** ناکام، ناامید۔ امث **تَلخی** کڑواہٹ، باہمی رنجش۔

تَلخابَہ فت ت، سک ل، فت ب۔ امذ۔ کڑوا یا کھاری پانی۔

تَلْخَہ فت ت، سک ل، فت خ۔ امذ۔ پِتّا؛ پت، صفرا۔

تَلخِیص فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ خلاصہ کرنا، مختصر کرنا؛ خلاصہ، اختصار۔

تَلَذُّذ فت ت ل، شد ضم ذ۔ امذ۔ حَظ؛ اٹھانا، مزا لینا۔

تَلَّڑ فت ت، شد فت ل۔ امذ۔ (حقارۃً) پیٹ، شکم۔

تِلڑی کس ت، فت ل۔ صف، امث۔ جس میں تین لڑیاں ہوں؛ تین لڑیوں کی مالا۔

تِلْسُو کس ت، سک ل، و مع۔ امث۔ ایک قسم کی لکڑی (لاط: Albizzia Odoratissimal)۔

تُلْسی ضمہ ت، سک ل۔ امث۔ ایک خوشبو دار پودا پتّے لنبوترے نرم اور نازک، ہندو اس کو متبرک سمجھتے ہیں؛ مَنجری، رَیحان (لاط: Sesamum Indocium)۔ **تُلسی جَنّگلی** ایک جنگلی پودا، بربری، بَن تُلسی پتّے پیا بانسا سے مشابہ مگر چھوٹے اور دندانے دار، پھول زردی مائل۔ امذ **تُلسی دَل** تلسی کا پتّہ جو ہندوؤں میں متبرک ہے۔

تَلَطُّف فت ت ل، شد ضم ط۔ امذ۔ لطف، مہربانی کرنا، اختلاط کرنا۔

تَلْطِیف فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ نرم کرنا، لطیف، نفیس بنانا، صفائی پیدا کرنا۔

تَلَعُّب فت ت ل، شد ضم ع۔ امذ۔ کھیل، ہنسی مذاق، شوخی، شوخ چشمی، گستاخی۔

تَلْغِیم فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ (کیمیا) کسی دھات کی پارے کے ساتھ آمیزش کرنا۔ [ع: آمیزش]۔

تَلَف فت ت ل۔ صف۔ ضائع، گم۔ امذ۔ **اتلاف** مث **تَلَفی نقصان**، ضائع ہونا۔

تَلَفُّظ فت ت ل، شدضم ف۔ امذ۔ الفاظ و حروف کی اصوات اور حرکات لفظ یا حرف کی ادائگی۔

تَلفِیف فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ لپیٹنا، لپیٹ، بل یا بَکَل، غلاف مغز، بھیجے کی جِھلّی۔

تَلفِیق فت ت، سک ل، ی مع، امث۔ اختراع، گھڑی ہوئی بات، جھوٹ، سخن سازی۔

تَلَقّی فت ت ل، شد ق۔ امث۔ قبولیت، ملاقات۔ **تَلَقّی بِالْقَبُول** (بل قَ بُول) ایسی حدیث جسے قبول عام حاصل ہو۔

تَلْقِیح فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ (کھجور کے) نر درخت کے پھول مادہ درخت پر پھینکنا، جسے شادی کرنا بھی کہتے ہیں۔

تَلقِین فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ ہدایت، نصیحت، ترغیب، تعلیم۔

تَلَک فت ل۔ حرف جار۔ تک کی ایک قدیم شکل۔

تِلَک (۱) کس ت، فت ل۔ امذ۔ صندل یا سیندور کا نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔ دلہن کے باپ کی طرف سے داماد کو سلامی۔ صف۔ **تلک دھاری** معزز یا معتبر شخص جسکے ماتھے پر رسمی طور پر تلک لگا کر کسی منصب پر فائز کیا گیا ہو؛ ماتھے پر تلک لگا کر اعزاز پانے والا۔

تِلَک (۲) کس ت، فت ل۔ خلعت، ایک زنانہ لبادہ جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

تُلْکا ضمہ ت، سک ل۔ امذ۔ ایک چھوٹا پرندہ (لاط: Mantacilla)۔

تِلْکَڑی کس ت، سک ل، فت ک۔ امث۔ نگینے کے ترشے ہوئے پھل۔

تُلَلّی ضمہ ت، فت ل، شد ل۔ امث۔ پانی یا کسی سیال شے، خون وغیرہ کی مسلسل دھار۔

تَلَمُّذ فت ت ل، شد ضم م۔ امذ۔ شاگردی۔

تَلملانا فت ت، سک ل، فت م۔ ف ل۔ بے چین ہونا۔

تَلمُود فت ت، سک ل، و مع۔ امذ۔ یہودی فقہ، یہود کے مذہبی قوانین کا مجموعہ۔

تَلْمِیح فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ کلام یا بیان میں کسی معروف واقعے یا متن یا شخص کی طرف اشارہ، مُضمر یا اجمالی حوالہ۔

تَلْمِیذ فت ت، سک ل، ی مع۔ امذ۔ شاگرد ج **تَلَامِیذ** مرکب اضا **تَلامیذ الرَّحمٰن** (تَ لامی زُرْ رَحْ مان) قدرتی طور پر ذہین طبّاع، صاحب ایجاد، خصوصاً شاعر۔

تلمیع فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ ملّمع کرنا؛ نقلی رنگ چڑھانا، اصلیت کو چھپانا۔

تَلَن فت ت ل۔ امث۔ پکوان ف م **تَلنا** کھولتے تیل

میں ڈبو کر نکالنا۔

تُلَنگ ضمہ ت، فت ل، صف۔ سر پٹ دوڑتا ہوا (گھوڑا)۔

تِلَنگا کس ت، فت ل، غنہ۔ امذ۔ ہندوستان میں برطانوی فوج کا ہندی سپاہی (جن کی بھرتی ابتداءً تلنگانہ سے شروع ہوتی تھی)۔

تِلَنگنی کس ت، فت ل، غنہ۔ امث۔ شکر کے شیرے میں میوہ ڈال کر پکائی ہوئی پتلی پپڑیوں کی شکل کی مٹھائی۔

تِلَنگی کس ت، فت ل، غنہ۔ امث۔ چنگاری، تکونی، چھوٹی پتنگ، کَنکیّا؛ تکونی محراب۔

تَلْوا فت ت، سک ل۔ امث۔ پانو کا زمین پر ٹکنے والا رُخ۔

تَلْوار فت ت، سک ل۔ امث۔ لمبا، پتلا، دستہ دار، لوہے کا ہتھیار، عموماً قوسی لیکن بعض صورتوں میں سیدھا یا دو دھاری، شمشیر، سیف، تیغ ۔ ف مر **تلوار سُوْنْتْنا** میان یا غلاف سے باہر کھینچنا، علَم کرنا۔ **تَلوار کا گھاٹ** تلوار کا خم۔

تَلوَاڑہ فت ت، سک ل، فت ڑ۔ امذ۔ طبلے کی ایک تال۔

تُلْواں ضمہ ت، سک ل، غنہ۔ صف۔ برابر، کانٹے کی تول، متوازن؛ بھاری وزنی، (جوڑا) جس میں بہت سا مسالہ ٹکا ہو۔

تَلْوانسا فت ت، سک ل، امغ۔ امذ۔ پانو کا چھالا۔

تَلْوائی فت ت، سک ل۔ امث۔ گھوڑے کے سُم کی سوجن۔

تَلَوّث فت ت ل، شد ضم و۔ آلودہ، ملوّث ہونا۔ نیز **تَلْوِیث**۔ ملاوٹ۔

تِلوَر کس ت، و مج۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ جس کا اکثر شکار کیا جاتا ہے۔ **تُگدَری**۔

تِلوَک کس ت، ومج۔ امذ۔ رک: **تِرلوک**۔ امذ۔

تِلوَک چَند ایک ادنیٰ قسم کا چاول۔

تَلَوُّن فت ت ل، شد ضم د۔ رنگدار ہونا، امذ۔ رنگا رنگی، رنگ بدلنا، ایک حال، خیال یا رائے پر قائم نہ رہنا۔ صف **مُتَلَوِّن / مُتَلَوِّنُ المِزاج** (تُل م زاج)۔

تِلوَنچی کس ت، و لین، مغ۔ امث۔ بیلوں کی گردن کا مستطیل شکل کا جُوا۔

تَلْوِیح فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ اشارۃ، حوالہ۔

تَلْوِیم فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ ملامت، مذمّت

قب انگ: Stricture۔

تَلْوِین فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ رنگنا۔ (تصوف) رتبۂ عاشقی، تمکین کی ضد۔

تِلْہائی کس ت، سک ل۔ امث۔ چکنا پن، چکناہٹ۔ ف م تِلہانا تیل دینا، چکنا کرنا، تِلائی۔

تَلْہَٹی فت ت، فت مج ل، سک ہ۔ امث۔ پہاڑ کا دامن۔

تِلْہَڑا کس ت، فت مج ل، سک ہ۔ امذ۔ کولھو میں لگا ہوا وہ ظرف جس میں تیل کھنچ کر جمع ہوتا ہے۔

تَلَہُّف فت ت ل، شد ضم ہ۔ امذ۔ اظہار رنج، افسوس کرنا۔

تِلْہَن کس ت۔ سک ل، فت ہ۔ امث۔ تیلوں کے بیج۔

تَلْیِین فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ نرم، پتلا، مُلیّن کرنا۔ نیز **تَلْبِین**۔

تَلی فت ت۔ امث۔ عمدہ قسم کی کھجور کا دُرخت جو بہت پھلدار ہوتا ہے۔ [ع: طلی؛ نفیس] نیز **تَلی پاٹ**۔

تُلی ضمہ ت۔ امث۔ کُوچی؛ سلاخ؛ مصوّر کی کوچی، مُوقلم، برش۔

تِلّی (۱) کس ت، شد ل۔ امث۔ پیٹ میں معدے کے قریب ایک عضو جو خون کو متوازن رکھتا ہے اور خلط سودا سے منسوب کیا جاتا ہے۔ طِحال۔

تِلّی (۲) کس ت، شد ل۔ امث۔ کاغذ کے تختے یا پتھر کی لوح پر کسی عبارت کو نمایاں کرنے کے لیے بنایا ہوا چوکھٹا، دائرہ وغیرہ [قب انگ: Panel]۔

تَلّے فت ت۔ حرف جار، ظرف۔ نیچے، تہ میں، تحت۔

تَلّیا فت ت ل، شد ی۔ امث۔ تال بمعنی تالاب کی تصغیر، جوہڑ۔

تلیانا کس ت، سک ل۔ ف ل۔ چکنا ہو جانا؛ تیل میں تر بتر ہونا۔

تَلیچا فت ت، ی مع۔ امذ۔ (معماری) چھت کے نیچے کی تعمیر، دیواریں فرش وغیرہ۔

تَلید فت ت، ی مع۔ امذ۔ عجمی جس کی پرورش عرب میں ہوئی ہو۔

تِلے دانی کس ت، ے مج۔ امث۔ سینے پرونے کا سامان نیز عام ضرورت کی چھوٹی موٹی چیزیں رکھنے کی تھیلی یا بٹوہ جو عورتیں اپنے پاس رکھتی ہیں۔

تِلیَر کس ت، سک ل، فت ی۔ امذ۔ لمبی چونچ اور لمبی ٹانگوں والا ایک سیلانی پرندہ، بلبل سے ذرا بڑا، سیاہ بازو، سفید پیٹ، عموماً موسم بہار میں کثرت سے موجود، شہتوت کا شوقین۔

تَلینڈو فت ت، ے لین، مغ، و مع۔ امذ۔ ادنیٰ، غلام، لونڈا۔

تَلینڈی فت ت، ے لین، غنہ۔ امث۔ ہندو تہوار، ہولی میں ہولی پھنکنے کے بعد تیسرا دن، دو لینڈی سے اگلا دن۔

تلیین فت ت، سک ل، ی مع۔ امث۔ نرم کرنا، پتلاکرنا۔

تَماثُل فت ت، ضمہ ثہ۔ امذ۔ مشابہت، مماثلت، یکساں، برابر یا ملتا جُلتا ہونا۔

تَمادی فت تہ امث۔ طول دینا، مدت معینہ سے بڑھ جانا، دیر دار کر دینا، نیز **تَماطُل، تَطاوُل**۔

تَمازَت فت ت ز۔ امث۔ گرمی، تپش، حدّت [اردو کاتصرف رک: **تَمُوز**]۔

تَماس فت تہ امذ۔ ملنا، مَس ہونا، چھُونا۔

تَماسُک فت ت، ضمہ س۔ امذ۔ باندھ کر رکھنا؛ منظم مربُوط کرنا۔

تَماشا فت تہ امذ۔ نظارہ؛ دلچسپ منظر، دیکھنے کا عمل؛ عجیب یا دلچسپ بات؛ کھیل سوانگ۔ فاعل؛

تماشائی دیکھنے والا نیز **تماش بِین**؛ ناظر، منظر سے لطف اندوز ہونے والا؛ شوقین مزاج۔ **تماشاگر** نظارہ ساز، کھیل تماشا دکھانے والا۔

تمالک فت ت ل۔ امذ۔ ایک چوپتیا سا د جس کے پتے نیم کی طرح دندانے دار ہوتے ہیں۔ (لاط: Mersilia dentala)۔

تَمالُک فت ت، ضمہ ل۔ امذ۔ ملکیت میں لینا، قبضے میں لانا۔

تَمام فت تہ صف۔ کُل، سب؛ ختم، آخر، مکمّل۔

تَمامی فت تہ امذ۔ صف۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سنہری روپہلی تاروں کا چار خانہ بنا ہوتا ہے۔ اساوری، زری پارچہ؛ تمام ، سب، کُل؛ پورا کرنے والا۔ م: **تَمامی زاوِیہ** جو دوسرے زاویے سے مل کر ۱۸۰ درجے کا زاویہ بنائے۔

تَماہُل فت ت، ضمہ ہ۔ امذ۔ تساہُل، تاخیر۔ تعویق۔

تَمّت فت ت، شد فت م۔ امث۔ آخر، ختم، اختتام، خاتمہ (عبارت یا بیان وغیرہ کا)[ع: ختم ہوئی/ ہوئے]

تَمَتُّع فت ت م، شد ضم مج تہ امذ۔ فائدہ اٹھانا، نفع حاصل کرنا، فیض پانا۔

تِمثال کس ت، سک م۔ امذ۔ تصویر ، مورت؛ عکس، شبیہ؛ خیالی نقش۔

تَمثِیل فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ مثال دینا، مماثلت پیدا کرنا، استعارہ؛ ڈراما، ناٹک۔

تَمجِید فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ بزرگی، بزرگی

کا بیان۔

تَمَدُّد فت ت م، شد ضم م۔ امذ۔ کھینچنا، طول دینا، لچک، کھنچ جانے کی صلاحیت۔

تَمَدُّن فت ت م، شد ضم م۔ امذ۔ سَماجی زندگی، نظام حیات، باہم مل جل کر رہنا؛ تہذیب، معاشرت کے طور طریقے اور خدو خال صف **مُتَمَدِّن** تہذیب یافتہ۔

تَمَر فت ت م۔ امث۔ کھجور۔ **تَمَر ہِندی** املی کی پھلی۔

تَمَرُّد فت ت م، شد ضم ر۔ امذ۔ اکڑ، انانیت، غرور، تکبّر صف **مُتَمَرِّد** مغرور۔

تَمْرِیخ فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ تیل کی مالش، چکنا کرنا، تدہین۔

تَمْرِیض فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ تیمار داری، نرسنگ۔

تَمْرِین فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ مشق، ریاضت، مُزاولت۔

تُمْڑی ضمہ ت، سک م۔ امث۔ رک: **تُونبڑی**۔

تَمَس فت ت م۔ امذ۔ تاریکی، اندھیرا، ظلمت؛ گھٹن؛ ٹھوس پن، کثافت۔

تَمَسخُر فت ت م، سک س، ضم خ۔ امذ۔ مذاق، ہنسی، ٹھٹھا۔

تَمِسرا فت ت، کس م، سک س۔ امذ۔ چاند کا ڈھلتا پہرا، اندھیری رات۔

تَمَسُّک فت ت م، شد ضم س۔ امذ۔ لین دین کی دستاویز، ہُنڈی، مال کی روانگی کا اقرار نامہ؛ قبضہ، گرفت، پکڑ، تھامنا، روکے رکھنا۔

تَمْسِیح فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ مسیحی بنانا، عیسائی کرنا۔

تَخْطِیط فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ قرأت میں آوازوں کو کھینچنا۔

تَمْغَا فت ت، سک م۔ امذ۔ ٹھپّا، مہر، نشانِ خصوصی جو فرمان یا دستاویز وغیرہ پر ثبت ہو؛ مستند شاہی فرمان؛ شاہی مہر سے عطا کردہ جاگیر؛ بِلاّ، نشانِ اعزاز۔

تَمْکَنَت فت ت، سک م، فت ک ن۔ امث۔ وقار، آن بان، دبدبہ؛ سنجیدگی، بردباری، ناز، غرور، تکبّر۔

تَمکِین فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ بردباری، استقامت، برداشت، نیز امث **تَمکِینی** آباد کاری، بَساؤ۔ مر وصفی **تَمکِینی اِل تَمغَا/ آل تمغا** سرخ مہر؛ شاہی مہر کے ساتھ آباد ہونے کے لیے عطا کردہ جاگیر۔

تَمَلُّق فت ت م، شد ضم ل۔ امذ۔ خوشامد، چاپلوسی، اظہار عاجزی، **تَمَلُّق لِمّی** (لِمْ ی) جُھوٹی تعریف، مصنوعی باتیں۔

تَمَلُّک فت ت م، شد ضم م۔ امذ۔ قبضہ، ملکیت، مالک متصرّف ہونا، نیز **تَملِیک** مالک ہونا یا بنانا۔

تُمَن ضمہ ت، فت م۔ امذ۔ سواروں کا بھاری دستہ، فوج کی ٹکڑی؛ ایک طلائی سکّہ۔ **تُومان** کی تخفیف **تُمَن دار** رسالے کا سردار، **تُمَن توغ/ توق** فوجی دستے کا خصوصی نشان، جھنڈا۔

تَمَنّا فت ت م، شد ن۔ امث۔ آرزو، خواہش۔ صف **تَمنّائی** آرزو مند، حسرتی۔

تَمَوُّج فت ت م، شد ضم و۔ امذ۔ طوفان، لہروں کا اتار چڑھاؤ، ہلچل، لہر دار رَو م: **تَموّجِ بَرقی** بجلی کی لہر۔

تَمُوز فت ت، و۔مع۔ امذ۔ گرمی کی شدّت، غلط العام: **تمازت**۔

تَمَوُّل فت ت م، شد ضم و۔ امذ۔ امیری، مالداری، دولتمندی۔

تَمْوِیہ فت ت، سک م، ی مع، ہ ملفوظ۔ امث۔ بناوٹ، فریب کاری، ملمع چڑھانا۔

تَمہِید فت ت، سک م، ی مع۔ امث۔ آغاز، ابتدا، کتاب کا دیباچہ [ع: نیز بستر بچھانا]۔

تَمِیْز فت ت، سک م، ی مع۔ (بروزن تفصیل)۔ امث۔ شناخت، پہچان؛ الگ الگ کرنا؛ چھاننا؛ اچھا برتاؤ، تہذیب، شائستگی، شعور، سمجھداری؛ (قواعد) وہ لفظ جو ابہام دور کرے م: زید بکر سے (قد میں) بڑا ہے۔ [ع: فرق کرنا]۔

تُمھیں ضمہ ت، ے مج، غنہ۔ ضمیر، تم کو۔

تُمھیں ضمہ ت، ی مع۔ غنہ۔ ضمیر مع حرف تاکید۔ تم ہی، نیز تُمہیں۔

تَن فت ن۔ امذ۔ جسم، بدن، مرکب عطفی تَن وَ توش (ت نو) جُثّہ [عموماً فربہ جسم کے لیے توش = سینہ، بدن، طاقت]۔ تَن دُرُستی (ضمہ د ر) صحت۔

تُن ضمہ ت۔ امذ۔ مہاگنی کا درخت جس کی لکڑی سے فرنیچر اور پُھول سے رنگ بنتا ہے (سرخی مائل زرد رنگ)(لاط: Cedrela Toona)۔

تَن آسانی فت ت، سک ن۔ امث۔ آرام طلبی، سہل انگاری۔

تَنابَز فت ت ب۔ امذ۔ گالی گلوچ، سب و شتم۔

تَناپا فت ت۔ امذ۔ جوانی، شباب، اُٹھان۔

تَناتَنی فت ت۔ امث۔ کشیدگی، رنجش۔

تَنازُع فت ت، ضم مج ز۔ امذ۔ جھگڑا، لڑائی، تکرار، باہمی آویزش نیز تَنازَعہ، نِزاع (حیاتیات) تَنازُع لِلبَقا جانداروں میں بقائے نسل کے لیے جدّوجہد۔

تَناسُب فت ت، ضمہ س۔ امذ۔ موزونیت، باہمی نسبت۔

تَناسُخ فت ت، ضمہ س۔ امذ۔ یہ عقیدہ کہ روح دنیوی اعمال کے مطابق موت کے بعد کسی دوسرے اعلیٰ یا ادنیٰ جسم میں منتقل ہوتی ہے، آواگون۔

تَناسُل فت ت، ضمہ س۔ امذ۔ نسل بڑھانا؛ اولاد پیدا کرنا۔

تَناظُر فت ت، ضمہ ظ۔ امذ۔ ایک دوسرے کی طرف دیکھنا، باہمی نظارہ؛ مناظرہ (اصطلاحاً) سامنے کا منظر، گردوپیش کا ماحول۔

تَنافُر فت ت، ضمہ ف۔ امذ۔ باہمی ناپسندیدگی، عدم توافق، ناموافقت؛ کلام میں ایسے حروف کی یکجائی جن سے خوش آہنگی میں فرق آئے۔

تَنافُس فت ت، ضمہ ف۔ امذ: ناخوشگوار مقابلہ خصوصاً تجارت میں، ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش۔ انگ: Cut throat competition۔

تَناقُض فت ت، ضمہ ق۔ امذ۔ ایک دوسرے کی ضد ہونا، تضاد، بے ربطی۔

تَناکُر فت ت، ضمہ ک۔ امذ۔ ایک دوسرے سے نظر پھیر لینا، باہمی عداوت۔

تَنّانا فت ت، شد ن۔ ف ل۔ پھول جانا، تَن جانا۔ امذ۔ تَناؤ کِھچاوٹ، تنی ہوئی حالت۔

تَناوَری فت ت و۔ امث۔ زور، قوت، جسامت۔ صف تَن آوَر جسیم۔

تُنّبان ضمہ ت، ن مثل م۔ امذ۔ ایک خاص تراش کا تنگ مُہری کا پاجامہ۔

تَنْبک فت ت، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ دھونکنی والا باجا؛ تُونْبی؛ ڈفلی، ڈھولکی۔ نیز تُمبک تُنبَک۔

تَنْبَل فت ت، ن مثل م، فت ب۔ صف۔ سست، کاہل الوجود، بے کار، نِٹھلّا۔ امث۔ تَنبَلی کاہلی۔

تَنْبُول فت مغ ت، و مع۔ امذ۔ پان کا پتّہ؛ پان کے عرق سے تیار کردہ ایک مشروب جو دلہن کے پینے کو وداع کے اگلے دن بھیجا جاتا تھا۔ امذ تَنبولی (تس بولی) پنواڑی۔ صف تَنبولا پان کے رنگ کا، لال۔

تَنَبُّہ فت ت ن، شد ضم مج ب، ہ ساکن۔ (بروزن تفاعُل) امذ۔ خبردار کرنا، تَنبیہ کرنا، آگاہ کرنا، جتا

دینا، اونچ نیچ سُجھانا۔ صف۔ مُتَنَبِّہ (مُ تَ نَبْ بِہ) آگاہ کیا ہوا، خبردار۔ امث تَنَبِّیہہ (تَم بیہہ)۔

تَنْبِیلا فت مغ ت، ے مج۔ صف۔ تانبے کے رنگ کا۔

تَنْت فت ت، سک ن۔ امث۔ سخت دباؤ، مشکل لمحہ، کشمکش؛ کسی صورت حال کا نقطۂ عروج؛ انتہا، آخر۔

تَنَت فت ت ن۔ امث۔ جالا، تنی ہوئی چیز؛ تانت کا مخفف۔

تَنْتَر فت ت، سک ن۔ امذ۔ کپڑا بُننے کی کھڈی، کپڑے لتّے، کُنْم، خاندان؛ تدبر، اُپائے، چارہ گری، جھاڑ پھونک کا عمل؛ ہندوؤں کی پوجا پاٹ کی رسوم و ضوابط وغیرہ پر مبنی ایک ضخیم شاستر، مقولہ؛ **تَنْتَر جَنْتَر مَنْتَر** = تدبیر، آلہ، افسوں۔ صف **تانْتِرِک** حلّ مشکلات کے تین جتن یا وسیلے۔

تُنْتُنی ضمہ ت، سک ن۔ امث۔ تاروں کاچھوٹا ساز، تاروں کے ساز کا کھلونا۔

تَنْخْوَاہ فت ت، سک ن، وغم۔ امث۔ خدمت کا بندھا ہوا معاوضہ۔

تُنْدَر ضمہ ت، سک ن، فت د۔ امذ۔ بجلی کی کڑک، گرج، رعد۔

تَنْدُرُسْتی فت ت، سک ن، ضمہ د ر، سک س۔ امث۔ صحتمندی۔

تَنْدُور فت ت، سک ن و مع۔ رک **تَنُور**۔

تَنْدِہی فت ت، سک ن، کس مج د۔ امث۔ محنت، مشقت۔ م ف۔ تَندہی سے جی لگا کر، جی جان سے۔

تُنْدی ضمہ ت، سک ن، امث۔ سختی، تناؤ، شدّت؛ برہمی، تیز مزاجی؛ صف **تُنْد**۔

تَنَدّی فت ت ن، شد د۔ امث۔ پسیجنا؛ بدن کا پسینے میں بھیگنا؛ نمدیدہ ہو جانا۔

تَنَزُّل فت ت ن، شد ضم ز۔ امذ۔ گرنا، اوپر سے نیچے آنا؛ انحطاط، زوال؛ کمی، تخفیف۔

تَنَزُّہ فت ت ن، ضم مج ر، ہ ملفوظ۔ امذ۔ پاکی، بے آلودگی۔ امث **تَنْزِیہہ** (ی مع) پاکی، تقدس۔

تَنِش فت ت، کس ن، امث۔ تناؤ، کھچاؤ صف **تَنِشی** (قب انگ: Tense, Tensile)۔

تَنْسِیخ فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ رد کرنا، تردید، منسوخی۔

تِنِش کس ت ن۔ امذ۔ شیشم کی قسم سے ایک تناور درخت (لاط: Dalbergia Ougeinesia)۔

تَنْصِیب فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ کھڑا کرنا، استادہ کرنا، لگانا، نصب کرنا۔

تَنْظِیم فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ گروہ، باضابطہ جماعت؛ انتظام، اہتمام، اصُول بندی۔

تَنَعُّم فت ت ن، شد ضم ع۔ امذ۔ عیش و آسائش، نعمتوں سے مالا مال ہونا۔ امث **تَنْعِیم** آسائش مہیا کرنا۔

تَنَفُّس فت ت ن، شد ضم ف۔ امذ۔ سانس کا آنا جانا، سانس لینا۔

تَنْقِیح فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ چھان بین، جانچ پڑتال، عیب صواب معلوم کرنا، تحقیق، عدالتی قضیے میں فیصلہ طلب امور کی نشاندہی۔ ج **تَنْقِیحات** فیصلہ طلب نکات۔

تَنْقِید فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ رائے زنی، جانچ پرکھ، علمی یا فنّی قدر متعین کرنے کاعمل، نیز [اصلاً] نقد، انتقاد۔

تَنْقِیص فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ نقص نکالنا، عیب گنوانا۔

تَنْقِیض فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ رد کرنا، مخالفت کرنا، اُلٹنا۔

تَنْقِیَہ فت ت، سک ن، کس ق، فت ی۔ امذ۔ پاک صاف کرنا، کھوٹ آلائش دور کرنا؛ بیج نکالنا، صف **مُنَقّی** جس کے بیج الگ کر دیے گئے ہوں، م: **مَوِیز**

مُنَقّٰی امث۔ تَنقِیَۂ جَذبات جذبات کو ابھار کر ایک نقطۂ عروج تک لے جانا تاکہ جی ہلکا ہو جائے، ردِّ فشار بذریعہ تشدید فشار (یونانی: Katharsis = جلّاب کی طبّی اصطلاح)۔

تَنَک فت ت ن۔ م ف۔ ذرا، تھوڑا سا، ٹک۔

تُنُک ضمہ ت ن۔ صف۔ کم، بے مقدار، ذرا سا، حقیر [ف: تُنُک، تَنک س: تَنک]۔

تِنْکا کس ت، سک ن، امذ۔ تیلی، سوکھی گھاس کی پتّی یا ڈنڈی، سوکھا ڈنٹھل، سینک، پرکاہ۔

تِنَکنا کس ت، فت ن، سک ک۔ ف ل۔ کسی بات کا بُرا مان کر چٹاخ سے جواب دینا، نخرہ، تیور دکھانا، تر بھر ہونا۔

تَنکِیر فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ عمومیت پیدا کرنا، اسم معرفہ سے نکرہ بنانا، م: مسیحیّتہ از مسیح، باقر۔

تَنگ فت ت، غنہ۔ صف۔ کم گنجائش والا، جس میں سمائی کم ہو؛ ایذا رساں م: جہانِ تنگ؛ بیزار، اُکتایا ہوا؛ جسم پر بہت زیادہ چست (کپڑا وغیرہ) امذ۔ گھوڑے کی کمر کا بند یا کمر پٹّی۔

تَنگنَاے فت ت، غنہ، سک گ۔ امث۔ تنگ جگہ، تنگ راستہ؛ تنگی، دشواری صف۔ کم گنجائش والا۔

تُنگ ضمہ ت، غنہ۔ امذ۔ چھاگل، شراب کا ظرف؛ چوٹی، پھُننگ۔

تَنگی فت ت، غنہ۔ امث۔ سمائی یا وسعت کی کمی؛ فراخی کی ضد؛ گھُٹن، انقباض؛ مشکل حالات، دشواری کا سامنا؛ عسرت، تنگدستی؛ درّہ، گھاٹی۔

تُنگی ضمہ ت، غنہ۔ امث۔ اونچائی، بلندی؛ بلند چوٹی۔

تَنمِیَہ فت ت، سک ن، کس م، فت ی۔ امذ۔ نشو نما دینا، پرورش کرنا، پروان چڑھانا۔

تَنُّور فت ت، و مع۔ امذ۔ روٹی سینکنے کا گھرا زمیں دوز الاؤ۔ [عرف عام میں]۔ **تَندُور** نیز **تَنّور**۔

تَنَوَّر فت مغ ت، فت و۔ امذ۔ (بروزن قمر) امث۔ چکّر، گھمیری، غشی۔

تَنُّورَہ فت ت، و مع، فت ر۔ امذ۔ انگیٹھی؛ ایک قسم کی زرہ؛ کھال کی پوشش؛ زنانہ زیریں پوش؛ لہنگا، پیٹی کوٹ۔ امث **تَنُّورِیَہ حُکُومَت** زنانہ حکومت۔ (قب انگ: .Petticoat govt)۔

تَنَوُّع فت ت ن، شد ضم مج ف۔ امذ۔ رنگا رنگی، بو قلمونی، کئی اقسام کی یکجائی۔

تَنَوُّم فت ت ن، شد ضم و۔ امذ۔ سونا، خواب میں پہنچنا، ہپناٹزم کے اثر میں آنا۔ امث **تَنوِیم** سلا دینا، نفسیاتی عمل سے بے ہوش کر دینا۔

تَنْوِیر فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ روشنی، نورافشانی۔

تَنْوِین فت ت، سک ن، ی مع۔ امث۔ نون کی آواز پیدا کرنا؛ لفظ کے آخر میں دو زبر، دو زیر، یا ایک الٹا اور ایک سیدھا پیش لگا کر حرف ن کا تلفظ کرنا م: اوّلاً (اَوْ وَ لَن) نَسْلاً بَعْدَ نَسْلٍ (نَس لَن بع دَ نَس لِن) سلامٌ علیکُم (سلامُن عَ لَے کُم)۔

تَنْہا فت ت، سک ن۔ صف۔ اکیلا، واحد، یکتا۔ امث۔ **تَنْہائی** اکیل پن۔

تَنی (۱) فت ت۔ امث۔ ایک بیل جس کے نیلگوں پھول کو مُنڈی یا مہا منڈی کہتے ہیں (لاط: Sphoeranthius Indicus)۔

تَنی (۲) فت ت۔ امث۔ ڈوری، بند، ترازو کی ڈوری یا چوٹی (جو تولتے وقت تن جاتی ہے)۔

تِنّی کس ت، شد ن۔ امذ۔ ایک قسم کا خود رو چاول۔

تَنْیا فت ت، سک ن۔ امث۔ لنگوٹی۔

تَو و لین۔ امث۔ تَہہ، پَرت، طبق، پردہ، آڑ نیز **تُو** م ف **تُوبَرتُو تُو بَہ تُو** (تُو بَ تُو) تہہ در تہہ۔

تُو و مع۔ ضمیر واحد حاضر، اپنے سے کمتر کے لیے یا نہایت عزیز و محترم کے لیے۔ مرکب مث: **تُو تڑاق، تُو تُکار تُو تُو مَیں مَیں** بدکلامی، زبانی لڑائی۔ نیز **تو** (ومج) فارسی تراکیب میں، م: عطائے تو بہ لقائے تو۔

تَو و مج۔ حرف جزا، تب، پھر، لہٰذا، اس صورت میں۔

تَوا فت ت۔ امذ۔ روٹی پکانے کا گول اُبھرواں طبق؛ حقے کی چلم میں آگ کے نیچے تمباکو کے اوپر رکھی جانے والی ٹھیکری؛ گراموفون کا ریکارڈ، تھالی۔

تَوابِل فت ت، کس ب۔ ج مذ۔ گرم مسالے [ع واحد: **تابُل**]۔

تَواتُر فت ت، ضمہ ت۔ امذ۔ کسی بات کا پے در پے واقع یا بیان ہونا؛ مسلسل روایت؛ تسلسل۔

تَواجُد فت ت، ضمہ ج۔ امذ۔ وجد کرنا، کیف میں آنا، جُھومنا۔

تَوارُث فت ت، ضمہ ر۔ امذ۔ ترکہ پانا۔

تَوارُد فت ت، ضمہ ر۔ امذ۔ ایک ساتھ واقع ہونا یا یکے بعد دیگرے آنا؛ کسی مضمون یا خیال کا دو آدمیوں کو سُوجھنا، مضمون لڑنا۔

تَوارِیخ فت ت، ی مع۔ ج مث۔ تاریخ (رک) کی جمع؛ علمِ تاریخ، گزشتہ زمانوں کا علم۔

تَوازُن فت ت، ضمہ ز۔ امذ۔ وزن میں برابری، ہموزن یا متناسب ہونا۔ صف **مُتَوازِن** (مُ تَ وازِن)۔

تَواضُع فت ت، ضم مج ض۔ امث۔ مُدارات، خاطر داری، مہمان نوازی صف **مُتَواضِع** (مُ تَ وا ضِع)۔

تَوافُق فت ت، ضمہ ف۔ امذ۔ موافقت، مطابقت، ملتا جلتا ہونا، باہم میل کھانا۔

تَوالُد فت ت، ضمہ ل۔ امذ۔ اولاد پیدا کرنا، نسل بڑھانا نیز مر عطفی **تَوالُد وَ تَناسُل** افزائش نسل۔

تَوالی فت ت۔ امث۔ سلسلہ؛ سلسلہ باندھنا صف **مُتَوالی** سلسلہ وار۔

تَوأَم و لین، فت ا۔ صف۔ جڑواں؛ ایک دوسرے کے ساتھ لازماً موجود۔ مر وصفی: توأَمِ عَینی: ہمشکل جڑواں بچے۔ نیز **تَوأمان**۔

تُواں ضم مج ت، غنہ۔ امث۔ زور، طاقت، نیز امث۔ تُوانائی، صف **تُوانا**، عام: **تَوانائی**۔

توبْڑا و مع، سک ب۔ امذ۔ چمڑے کا تھیلا جس میں دانہ بھر کر گھوڑے کے منہ کے پاس گردن میں لٹکا دیتے ہیں۔

تَوبَہ ولین، فت ب۔ امث۔ معافی چاہنا؛ کسی کام سے باز رہنے کا عہد۔ (بول چال) **تَوبَہ تِلّا**۔ مروصفی **تَوبَت اَلنَّصُوح** (تو بَ تَن نَ سُوح) سچّی توبہ۔

توپ و مج۔ امث۔ گولا پھینکنے کی جنگی مشین۔ امذ۔ **توپچی** توپ داغنے والا۔

تَوبِیخ ولین، ی مع۔ امث۔ ڈانٹ پھٹکار مرعطفی **زَجْرو توبِیخ** ڈانٹ ڈپٹ فضیحتے۔

تُوت و مع۔ امذ۔ ایک درخت اور اس کا سبز یا سیاہ لنبوترا پتلا پھل۔ اس درخت پر ریشم کے کیڑے پلتے ہیں۔(لاط: Morus Indica)۔نیز **شَہتُوت**۔

توتا و مج۔ امذ۔ لال چونچ اور عموماً سبز پروں والا پرندہ جو انسانی آواز کی نقل سیکھ جاتا ہے [غالباً ف طوطی سے ماخوذ]۔ نیز **طوطا** امث: **طوطا چشمی** بے مروّتی۔

توتلا و مج، سک ت۔ صف۔ جس کی زبان موٹی یا کٹی ہوئی ہو اور الفاظ صحیح طور پر ادا نہ کر سکے ف ل: **تُتْلانا**۔

تَوَجُّہ فت ت و، شد ضم ج۔ امث۔ دھیان دینا، غور، فکر، التفات، اسم فاعل **مُتَوَجِّہ** (مُ تَ وَجْ جِہ) دھیان دینے، کان دھرنے والا۔

تَوجِیہ و لین، ی مع، سک ہ۔ امث۔ وجہ، سبب

بتانا، علت بیان کرنا، وضاحت، تصریح۔

تَوحِید و لین، ی مع۔ امث۔ خدا کو ایک ماننا، وحدانیت۔

تَودَہ و مع، فت د۔ امذ۔ خاک کا ڈھیر، انبار؛ خرمن مراضا: خاک تودَہ۔ نشانہ بازی کے لیے بنایا ہوا ڈھیر۔

تَورَہ و مع، فت ر۔ امذ۔ رسم، رواج؛ پُرتکلف کھانوں کا خوان جو کسی تقریب کے حصے کے طور پر بھیجا جاتا تھا۔ امث **تَورہ بَندی** بھیجنے کے لیے حصّے لگانا، تورے کی تقسیم کا اہتمام۔

تَورَیت و لین، ے لین۔ امث۔ صحیفۂ آسمانی جو قوم یہود کے پیغمبروں پر نازل ہوا۔ عہد نامۂ عتیق۔ نیز **تورات۔**

تَوری و مع۔ رک: **تُرَئی؛ تیری** کا متبادل (گیتوں سے مخصوص)۔

تَورِید و لین، ی مع۔ امث۔ بیرونی لفظ کو اردو لب و لہجے کے مطابق ڈھالنا، اُردوانا؛ نیز **تارِید۔**

تَورِیَہ و لین، کس ر، فت ی۔ امذ۔ بات یا شعر میں اِبہام پیدا کرنا، ذُو معنی بات کہنا۔

تَوڑ و مع۔ امذ۔ رد، دفعیہ، روک تھام، جواب؛ علاج؛ بندش؛ مدافعت؛ بحران، شدید صورت حال۔ مرعطفی **تَوڑ پھوڑ** اِنہدام، غارتگری؛ **تَوڑ جوڑ** ترتیب؛ تنظیم؛ سازش۔ امذ۔ **تَوڑ کا وَقت** بحرانی کیفیت، نازک وقت۔

تَوڑا و مع۔ امذ۔ نقدی کی تھیلی؛ بارود کا کُپّا؛ کمی، قلّت؛ لڑیوں یا زنجیروں دار گلے کا زیور، نیز ایک طرح کی پازیب؛ بندوق کا فتیلہ، شتابہ۔ امث **تَوڑے دار بَندُوق** وہ بندوق جو فتیلہ لگا کر چھوڑی جاتی تھی۔ **توڑا مَروڑی** توڑنا مروڑنا، ہاتھوں سے دبانا، موڑنا، توڑنا۔

تَوڑنا و مع، سک ڑ۔ ف م۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا، دو یا کئی حصے کرنا؛ زور یا شدّت کو زائل کرنا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ ڈھانا، گرانا، منہدم کرنا؛ شاخ سے علاحدہ کرنا، پھول پھل وغیرہ؛ اپنی طرف ملانا، کھینچ لانا۔ ف مرکب **دَم تَوڑنا**، آخری سانس لینا، مر جانا۔

توڑی و مع۔ رک: **تُوڑی۔**

تَوز و مع۔ امذ۔ صنوبر کی قسم سے ایک کشمیری درخت کی چھال جو حفاظت کے لیے بعض چیزوں سے منڈھنے اور کاغذ کی جگہ لکھنے کے لیے استعمال ہوتی تھی، بھوج پَتر۔(انگ: Jaquamonte لاط: betula bhojpatra)۔

تُوزُک و مع، ضمہ ز۔ امث۔ معمول، طور طریقہ، ضابطہ، تنظیم؛ شاہی روزنامچہ، روئداد، ڈائری؛ سوانح نیز **تُزُک۔**

تَوزِیع و لین، ی مع۔ امث۔ پھیلاؤ، نشر؛ تقسیم کا عمل۔

تَوزِیغ و لین، ی مع۔ امث۔ بچّے کا پیٹ میں مختلف شکلیں بدلنا۔ [ع: وزغ = گرگٹ]۔

تُوس و مع۔ امذ۔ دُھسّا، موٹے اون کا چادرہ۔ نیز **تُوسَہ۔**

تَوَسُّط فت ت و، شد ضم س۔ امذ۔ درمیانی راستہ، اِعتدال؛ وسیلہ، واسطہ، توسُّل، وَساطت۔

تَوَسُّع فت ت و، شد ضم مج س۔ امذ۔ فراخی، خوش حالی؛ وسعت نظر۔

تَوَسُّل فت ت و، شد ضم س۔ امذ۔ وسیلہ، واسطہ، ذریعہ۔

تَوسَن و لین، فت س۔ امذ۔ گھوڑا، خصوصاً شریر گھوڑا، اکیف مث۔ **تَوسَنی** تیزی، سرکشی، شرارت۔

تَوسِیع و لین، ی مع۔ امث۔ کشادہ کرنا، پھیلانا؛ بڑھانا؛ کھنچاؤ، کشیدگی، کھینچ کر بڑھانے کا عمل۔

تَوش و مع۔ امذ۔ قوت، زور، توانائی۔ مرکب عطفی **تن وَتوش** رک تن نیز **توش و تاب۔**

تَوشَک و مع، فت ش۔ امث۔ بستر کی چادر کے

نیچے بچھانے کا پتلا گدّا۔

توَشَہ و مج، فت ش۔ امذ۔ سفر میں ساتھ لے جانے والا کھانا؛ تحفہ، خیرات، بخشش، ساز و سامان، اسباب۔ **توشَۂ راہ/راحِلَہ** (راحِ ل) راستے کا سامان۔

توَشِیح و لین، ی مع۔ امث۔ گلے میں حمائل لٹکانا۔ (عروض) صنعت توشیح ایسے اشعار موزوں کرنا جن کے پہلے حرفوں کو ملانے سے کوئی نام بنتا ہو۔

توَصّل فت ت و، شد ضم ص۔ امذ۔ اتصال، ملاپ، وصل ہونا، جڑنا۔

توَصیَت و لین، کس ص، فت ی۔ امث۔ وصیت۔ نصیحت۔ نیز **توَصیَہ**۔

توَصِیف و لین، ی مع۔ امث۔ تعریف، وصف بیان کرنا۔ ستائش۔

توَضِیح و لین، ی مع۔ امث۔ وضاحت، کھول کر بیان کرنا، شرح کرنا۔

توَضِیع و لین، ی مع۔ امث۔ وضع کرنا، بنانا، تشکیل دینا۔

توَطّن فت ت و، شد ضم ط۔ امذ۔ بسنا، آباد کرنا، وطن بنانا۔

توَ طِئَہ و لین، کس ط، فت ی۔ امذ۔ تمہید اٹھانا، ابتدائی کلمات کہنا یا لکھنا؛ رد کرنا، دھکیلنا؛ سواری لینا؛ دَھکیانا نیز **طَوطِیہ** (اردو کا تصرف)۔ الزام تراشی، طوفان اٹھانا۔

طَوعاً وَ کَرْہاً و لین، تنوین ا بفت، فت و ک، سک ر۔ م ف۔ چارو ناچار، بد دلی سے، مجبوراً۔

توغ و مج۔ امذ۔ علم، نشان، جھنڈا۔

توَغّل فت ت و، شد ضم غ۔ امذ۔ غورو خوض، انہماک۔

توغَہ و مج، فت غ۔ امذ۔ شیرازی کبوتر جس کے بازوؤں میں سفید پر ہوں۔

توَفِیر و لین، ی مع۔ امث۔ وفور، کثرت۔

توَفِیق و لین، ی مع۔ امث۔ انعام الٰہی، تائید غیبی؛ سُکت، استطاعت، لیاقت؛ موافقت، مطابقت، مطابق بنانا، مطابقت پیدا کرنا۔

توَقان و لین۔ امذ۔ آرزو، خواہش؛ برادر بزرگ۔

توَقّعْ فت ت و،شد ضم مج ق۔ امث۔ آس، اُمید۔

توَقّف فت ت و، شد ضم ق۔ امذ۔ ٹھہرنا، رکنا، ٹھٹکنا۔

توَقِیت و لین، کس ق، فت ی۔ امث۔ وقت کا تقرّر، کسی واقعے یا مخطوطے وغیرہ کا زمانہ متعین کرنا۔

توَقِیر و لین، ی مع۔ امث۔ عزت، مان، وقعت۔

توَقِیع و لین، ی مع۔ امث۔ مہر شدہ شاہی فرمان، تصدیق شدہ دستاویز؛ خطاطی کی ایک روش جو فرمانوں کے لکھنے کے لیے مخصوص تھی، خط رِقاع کی ایک شاخ۔

توَقِیف و لین، ی مع۔ امث۔ نصْب کرنا؛ روک لینا؛ حدیث کی روایت کرنا۔

توَکّل فت ت و، شد ضم ک۔ امذ۔ عمل کا نتیجہ خدا پر چھوڑدینا، تائید الٰہی کا بھروسا؛ اسباب دنیوی سے بے پروائی۔

توَل و مج۔ امث۔ وزن، وزن کی پیمائش۔

توَلا و مج۔ امذ۔ ۱۲ ماشے کا وزن، سیر کا ۸۰ واں حصہ۔ نیز **تولَہ** (لَ/ لا)۔

توَلّا فت ت و، شد ل۔ امذ۔ محبت، وِلا، الفت۔ صف **توَلّائی** محبت کا بندہ۔

توَلّد فت ت و، شد ضم ل۔ امذ۔ پیدائش صف **مُتَوَلّد** پیدا ہونے والا، زائیدہ۔

توَلیا و لین، کس ل۔ امذ/ امث۔ روئیں دار بافت کا کپڑا جس سے گیلے ہاتھ منہ یا بدن پونچھتے ہیں۔

توَلیَت و لین، کس ل، فت ی۔ امث۔ نگہداشت، کسی کو اپنی نگرانی اور پرورش میں لینا۔ صف

مُتَوَلّی -

تُوم و مع- امث- دریا یا مصنوعی جھیل کے دروں میں پانی کے زور کو روکنے کے لیے بنائی ہوئی سنگین روک-

تُومنا و مع، سک م- ف م- روئی کو کاتنے سے پہلے چھوٹے چھوٹے گالوں میں چٹکی سے توڑ توڑ کر تقسیم کرنا-

تَون و لین- امث- جانور کے پچھلے پیر میں باندھی جانے والی رسی- پگّا-

تُونا و مع- ف م- مادہ جانور کا حمل گرنا-

تُونبا و مع مغ- امذ- کدوئے تلخ جسے خشک اور صاف کر کے مختلف طرح استعمال کیا جاتا ہے، خصوصاً تیراک کے سہارے کے لیے یا تاروں والے ساز ستار، بین وغیرہ میں- تص مث **تُونبی**-

تَوند و مج، غنہ- امث- بڑھا ہوا پیٹ- صف **تَوندَل** (توں دَل) جس کا پیٹ نکلا ہوا ہو-

تَونس و لین، غنہ- امث- پیاس کی بیماری، شدید پیاس، جس سے تسکین نہ ہو-

تَوَنگر فت ت و، غنہ- فت گ- صف- صاحب حیثیت، دولتمند- نیز **تُوانگر**- امث- **تُوانگری** امیر، صاحب ثروت ہونا-

تَوَہُّم فت ت و، شد ضم ہ- امذ- کسی غلط خیال کا پیدا ہونا یا دل میں جم جانا، وہم، وسوسہ، شک-

تَوہِین و لین، ی مع- امث- بے عزتی کرنا یا ہونا؛ اہانت، تذلیل-

تَوئی و مج- امث- کپڑے پر بنی ہوئی بیل جو دوپٹے یا چادر کے کناروں پر ٹانکی جاتی ہے-

تَہہ فت مج ت، سک ہ ملفوظ- امث- پیندا، نچلا حصہ؛ لپیٹ، بل؛ پرت، طبق؛ گہرائی؛ کتہہ پرندوں کے معدے سے ابلنے والی رطوبت- **تہہ بَند** بدن کے نچلے حصے کے گرد لپیٹنے کا کپڑا نیز **تَہمَد**؛ **تَہہ خانَہ** (فت ت، سک ہ، فت ن) زمین دوز کمرہ یا منزل- م ف **تَہہِ دل سے** (فت ت، کس مج ہ) نہایت خلوص کے ساتھ-

تَہارنا فت ت، سک ر- ف م- جپنا، وِرد کرنا-

تِہامی کس مج ت- صف- عرب کے علاقے تہامہ سے منسوب مراد حضرت محمد صلعم-

تَہاوُن فت ت، ضمہ و- امذ- غفلت، کوتاہی-

تَہَتُّک فت ت ہ، شد ضم تہ امذ- ہتک کرنا، مُنہ زوری کرنا؛ گستاخی؛ تُو تُو مَیں مَیں-

تَہَجُّد فت ت ہ، شد ضم ج- امذ/ امث- رات کے پچھلے پہر پڑھی جانے والی نفل نماز- **تَہَجّد گُزار** تہجد کی نماز کا پابند، نہایت عابد و زاہد-

تَہَجّی فت ت ہ، شد ج- امث (۱) ہجے کرنا، الفاظ کے زیر زبر کو الگ الگ ادا کرنا- **حُرُوف تَہَجّی**- مفرد حروف اور اُن کی مقررّہ ترتیب- (۲) کسی کی ہجو کرنا-

تَہجِین فت مج ت، سک ہ، ی مع- امث- مذمت، عیب چینی-

تَہَدّی فت ت ہ، شد د- امث- تحفہ دینا، ہدیہ کرنا، نذر کرنا- نیز **تَہدِیَہ** (فت مج ت، سک ہ، کس د، فت ی)-

تَہدِید فت مج ت، سک ہ، ی مع- امث- ڈانٹ دھمکی، فہمائش-

تَہدِیم فت مج ت، سک ہ، ی مع- امث- منہدم کرنا، مٹانا-

تَہذِیب فت مج ت، سک ہ، ی مع- امث- اصلاح، درستی، آراستگی؛ ہدایت و تربیت؛ شائستگی، اخلاق و آداب؛ تمدن، کسی گروہ انسانی کی اعلیٰ روایات، ذہنی کارنامے، طرز معاشرت اور اخلاقی اقدار-

تِہرا کس مج ت، سک ہ، صف مذ- تِگنا؛ تین طرح کا-

تہْس نَہْس فت مج ت، سک ہ، فت مج ن۔ صف۔ برباد، ملیامیٹ [ع: تَعْس نَعْس]۔

تَہْلُکَہ فت مج ت، سک ہ ل، فت ک۔ امذ۔ ہلچل، افراتفری، ہلاکت، غارتگری [ع: تَہْلکہ]۔

تَہْلِیل فت مج ت، سک ہ، ی مع۔ امث۔ حمد کرنا، کلمۂ طیبہ پڑھنا۔ [قب انگ: Halleluyah]۔ عبرانی: ہَلّلُویاہْ:تسبیح الٰہی کرو]۔

تَہَمْتَن فت مج ت ہ، سک م، فت ت۔ صف۔ زورآور، قوی ہیکل؛ شاہنامۂ فردوسی کے کردار؛ رستم کا لقب۔ امث **تہمتَنی** (تَ ہم تَ نی)۔ قوت، صلابت۔

تُہْمَت ضم مج ت، سک ہ، فت م۔ امث۔ الزام، بُہتان۔

تَہمیرا فت مج ت، سک ہ، ی مع۔ امذ۔ ایک قسم کی چھوٹی بٹیر۔

تَہِن گاں فت ت، کس ہ۔ امذ۔ ایک درخت جس کی چھال وارنش بنانےمیں کام آتی ہے۔(لاط: Hopea Odorata)۔

تَہْنِیَت فت مج ت، سک ہ، کس ن، فت ی۔ امث۔ مبارکباد؛ مژدہ، خوشخبری۔ [ع: تہنِئۃ]۔

تَہْنِید فت مج ت، سک ہ، ی مع۔ امث۔ کسی اور زبان کے لفظ کو ہندی یا اردو لب و لہجے کے مطابق ڈھالنا۔ قب: تارید، تورید۔

تِہوار کس مج ت، سک ہ۔ امذ۔ کسی مذہبی کا سماجی تقریب کو اجتماعی طور پر منانے کا دن۔

تَہَوُّر فت ت ہ، شد ضم و۔ امذ۔ دلیری، جراتمندی؛ (۲) غصے میں اعتدال سے بڑھ جانا۔

تَہْوِیل فت مج ت، ی مع۔ امث۔ ڈرانا، خوف دلانا۔

تَہْوِیَہ فت مج ت، سک ہ، کس و، فت ی۔ امذ۔ ہوا دینا، تازہ ہوا کے گزر کا راستہ بنانا (قب انگ: Ventilation)۔["ہوا" سے بقاعدۂ عربی، اردو کا تصرف]۔

تِہی کس مج ت۔ صف۔ خالی، بھرا ہوا کی ضد۔ امث **تہی مایگی** افلاس ناداری، بے مقدوری۔ صف۔ **تہی مایَہ** نادار۔

تَہَیُّج فت ت ہ، شد ضم ی۔ امذ۔ ہیجان، ہلچل۔

تَہَیُّہ فت ت، کس ہ، شد فت ی۔ امذ۔ سامان کرنا، تیاری کرنا؛ پکّا ارادہ۔

تَئی فت ت (بروزن کئی)۔ امث الٹے توے کی طرح کی اتھلی کڑاہی۔

تَئیں فت ت، ی مع، غنہ۔ حرف جار۔ کو، تک م: اپنے تئیں ہلاک نہ کرو؛ واسطے،کے لیے، م: سیر کے تیئں گئے؛ تا، تک، تلک م: کب تئیں راہ دیکھیں۔ [اصلاً: تائیں = کو ، تک]۔

تِیا کس ت۔ صف عددی۔ تین سے نسبت رکھنے والا۔ محاورہ **تیا پانْچا کرنا**۔ ٹکڑے ٹکڑے کر کے ختم کر دینا۔

تَیّا فت ت، شد ی۔ صف۔ تیسرے دن چڑھنے والا باری کا بُخار۔

تِیاتَر کس ت، فت ت۔ امذ۔ تھیٹر، تماشا گاہ۔ [انگ: Theatre کا مُفرّس]۔

تَیّار فت ت، شد ی۔ صف۔ آمادہ، مائل؛ مستعد، تیاری یا سامان کیے ہوئے؛ مضبوط ہٹا کٹا؛ پکّا، پختہ، رسیدہ؛ تربیت یافتہ۔ [غالباً: طَیّار = اڑنے والا، اڑنے کے لیے مستعد بہ تصرّف]۔

تْیاگ سک ت۔ امذ۔ تَرک، چھوڑ دینا، دستبرداری؛ اِیثار، قربانی۔ **تْیاگ پَتْر** فارغ خطی۔ نیز عام: **تیاگ** ف م **تیاگنا** صف **تیاگی** متقی، پرہیزگار، راہب، تارک الدنیا۔

تیپچی ے مج، سک پ۔ امث۔ دونوں رخوں سے برابر کے بڑے ٹانکوں کی سلائی؛ قدرے کچّی سلائی۔

تیتّالِیس ے مج مغ، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور تین (۴۳) صف مذ تیتالیسواں/ تیتالِسواں۔

تِیتا مِیتا ی مع۔ عَلَم۔ جادوگروں کے افسانوی گرو جن کا نام منتر پڑھتے وقت پکارتے ہیں۔

تِیتَر ی مع، فت ت۔ امذ۔ بھورے رنگ کا ایک پرندہ جس کا اکثر شکار کیا جاتا ہے۔ (لاط: Perdix Francolinus)۔

تِیتّرا ی مع، سک ت۔ صف۔ تیسرا بیٹا۔ مث تِیتّری تیسری بیٹی، نیز مث تِیلڑھ۔

تِیتّری ی مع، سک ت۔ امث۔ رک: تِتلی؛ (۲) تیتر کی مادہ؛ (۳) ایک سیاہی مائل چتّی دار، مرغے کے برابر کا پرندہ (لاط: Numida meleagris)۔ چمٹے کے سرے سے ملتی ہوئی شکل میں موڑ کر بنائی ہوئی لوہے کی پتری جو دُھرے وغیرہ کے سرے پر روک کے طور پر اٹکا دی جاتی ہے، چمٹی۔

تِیج ی مع۔ امث۔ چاند کی تیسری تاریخ؛ بیر بہوٹی۔

تِیج ے مج۔ امذ/ امث۔ آگ، آنچ؛ روشنی؛ گرمی؛ رونق، شان و شوکت۔ تِیج بَل ایک پہاڑی، خار دار درخت اور اس کی لکڑی، چھال سرخ؛ مزا مرچ کی طرح جھلّا، نیز تیج وَتی (لاط: Pohos Officinalis)۔ تیج پات ایک درخت جس کی پتیاں مسالے کے طور پر کھانوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ سازج ہندی۔

تِیجا ی مع۔ صف/ امذ۔ تیسرا، میّت کے کریا کرم یاتدفین کے بعد تیسرا دن جبکہ شمشان سے اس کے پھول چنے جاتے ہیں، اور مسلمانوں میں سویم کی فاتحہ ہوتی ہے۔

تِیکھا ی مع۔ صف۔ شوخ، تیز مزاج؛ چُلبلا، بانکا، مث تِیکھی ٹیڑھی، بانکی (۲) کھجور کے تنے کی وضع پر بنایا ہوا اینٹوں کا کھرنجا۔

تِیر (۱) ی مع۔ امذ۔ ایرانی سال شمسی کا چوتھا مہینہ، مطابق ساون؛ نوک دار چھڑ یا ڈنڈی جسے کمان میں کھینچ کر ہتھیار کے طور پر چھوڑتے ہیں، بان، خدنگ؛ تیر کی شکل کا نشان جس کے ایک سرے پر نوک اور دوسری طرف پروں کی علامت ہو؛ ایک تیر کی مار کے برابر فاصلہ نیز تِیر پَرتاپ؛ چھت کی کڑی، کھنبا قبہ شہتیر۔ صف تِیر بَہَدَف (فت ب ہ د) کارگر، مؤثر (تدبیر، علاج وغیرہ)۔

تِیر (۲) ی مع۔ امذ۔ ندی وغیرہ کا کنارہ، گھاٹ، تٹ؛ پہلو، جَوار۔

تِیر (۳) ی مع۔ صف۔ گزار ہوا، رفتہ و گزشتہ۔ محاورہ تِیر کرنا گزارنا، بسر کرنا۔

تَیراک ے لین۔ صف۔ تیرنے والا، شناور، پیراک۔ امث تَیراکی۔تیرنے کا فن یا عمل ف ل۔ تَیرنا۔

تَیراکیہ ے لین، کس ک، فت ی۔ امذ۔ پانی کی سطح پر تیرنے والی نبات۔

تِیرَتھ ی مع، فت ر۔ امذ۔ زیارت گاہ، ہندوؤں کا مقدس مقام، متبرک دریا پر نہانے کا گھاٹ۔ [س: تِیرْتھ سک ر]۔

تِیرَہ ی مع، فت ر۔ صف۔ تاریک، سیاہ، اندھیرا؛ منحوس۔ مرکب عطفی تِیرہ وَ تار (تی رَ او تار)۔ اکیف مث تِیرَگی (ی مع، فت ر)۔

تیرَہ ے مج، فت ر۔ عدد۔ دس اور تین (۱۳) صف مذ تیرھواں (کس رہ) امذ تیرَہ تیزی ماہ صفر جس کے اول تیرہ دن نحس سمجھے جاتے ہیں۔

تیز ے مج۔ صف۔ رواں، دوڑتا ہوا؛ دھار دار، کٹیلا؛ کسی صفت (ذائقے، حدّت، رنگ، نگاہ، گردش، مزاج وغیرہ) میں معمول سے بڑھا ہوا؛ ذہین، ہوشیار، چالاک۔ بول چال تیزم تارا تکرار، جھگڑا ا کیف مث تیزی۔

تیزاب ے مج۔ امذ۔ تُرشہ، شورابہ۔ صف تیزابی تیزاب میں ڈال کر صاف کیا ہوا خالص سونا، روا۔ امذ تیزابیا۔ نیاریا، تیزاب سے کام لے کر سونا پرکھنے والا ا کیف مث تیزابیت (کس ب، فت ی)

شوریت۔

تیزَک ے مج، فت ز۔ امذ۔ بچھناگ کی قبیل سے ایک بُوٹی، قرون السّنبل(لاط: Lepidium Sativum)۔

تَیس ے لین۔ امذ۔ ہرن، چیتل۔

تیسی ی مج۔ امث۔ السی، کتّان، جس کا تیل نکالا جاتا ہے (ع: بزرالکتّان لاط: linum emina)۔

تَیسیر ے لین، ی مج۔ امث۔ حصول، میسر آنا نیز **تَیَسُّر** (فت ت ی، شد ضم س)۔

تیشَہ ے مج، فت ش۔ امذ۔ چٹان کاٹنے، پتھر پھوڑنے کا آلہ، ٹانکی، تبر۔

تیغ ے مج۔ امث۔ تلوار، شمشیر **تیغ دو پَیکر** (ذپے کَر) دودھاری تلوار **تیغ دودم/ دو سَر** (دُسَر) جس کی دو دھاریں/ نوکیں ہوں۔ تص مذ: **تیغَہ** چھوٹی چوڑے پھل کی تلوار۔

تیغا ے مج۔ امذ۔ دورازے دریچے وغیرہ کو بند کرنے کے لیے کی ہوئی چُنائی۔

تَیَقُّن فت ت ی، شد ضم ق۔ امذ۔ یقین کرنا، یقین دہانی۔

تیکھا ے مج۔ صف۔ ٹیڑھا، ترچھا، بانکا؛ تیز غصیل، بدمزاج۔ مث تیکھی نیز **تیکھا/ تیکھی** (ی مع) مرکب اضا **تیکھی چتون** ترچھی نظر۔

تیکھُر ی مع، ضمہ کھ۔ امذ۔ ایک درخت جس سے ایک طرح کا نشاستہ تیار کیا جاتا ہے جسے تباکھیر کہتے ہیں۔ دیسی اراروٹ(لاط: Curcuma angustifolia)۔

تیل ے مج۔ امذ۔ چکنائی، روغن، دُہن؛ نباتی بیجوں یا حیوانوں کی چربی سے تیار کردہ چکنا مائع؛ کیمیائی طور پر مالش یا خوشبو کے واسطے تیار کیا ہوا سیّال مصنوعی؛ معدنی سیّال جسے صاف کر کے ایندھن یا مشینی توانائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، پٹرولیم، نفط امذ۔ **تیلی** بیجوں کو کولھو میں پیل کر خوردنی تیل بنانے والا۔ مث **تیلَن**۔ کہاوت **تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو** توقف کرو، دیکھو آئندہ کیا ہوتا ہے۔

تیّل کس ت، شد فت ی۔ امذ۔ تین پارچوں کا زنانہ جوڑا جس میں اوڑھنی، لہنگا اور انگیا شامل ہوتی ہے۔

تیلی ی مع۔ امث۔ سینک،بانس کی پتلی چھیلن، لمبا سوکھا تنکا؛ جھاڑ کی پتلی ٹہنی، لوہے کا لمبا پتلا تار جیسے چھتری کو تاننے کے لیے لگے ہوتے ہیں۔

تیلیا ے مج، کس ل۔ صف۔ تیل کے رنگ کا؛ چمکدار بھورا؛ ناگ کی نوع کا ایک سانپ جس کی پشت پر بُندکیاں ہوتی ہیں؛ بچھناگ کی قسم کی ایک نبات کی جڑ جسے تیلیا یا میٹھا زہر بھی کہتے ہیں، دواءً مستعمل۔

تیمار ی مع۔ امذ۔ رنج، غم؛ انتظام، نگہداشت، دیکھ بھال۔ صف **تیماردار** مریض کی دیکھ بھال کرنے والا۔ اکیف مث **تیمارداری**۔

تیمَر ی مع، فت م۔ امذ۔ آبنوس کا درخت جس کی لکڑی سیاہ ہوتی ہے۔ [س: تمر = سیاہی، تاریکی]۔

تیمسار ے مج۔ کلمۂ خطاب۔ حضرت، عالی مقام، والا شان [ف: نیز **تیم شار**]۔

تَیَمُّم فت ت ی، شد ضم م۔ امذ۔ پانی نہ ہونے کی صورت میں وضو کی جگہ مٹی سے مسح وغیرہ کرنا۔ [ع: ارادہ یا نیت کرنا، مراد نماز یا طہارت کے لیے]۔

تَیَمُّن فت ت ی، شد ضم م۔ امذ۔ مبارک، بابرکت ہونا؛ داہنے ہاتھ سے کام کرنا۔

تینْدُو ے مج مغ، و مع۔ امذ۔ ایک صحرائی درخت اور اس کا شیریں پھل، آلو کے برابر جس میں بینگن کی طرح پیندی اور ڈنڈی ہوتی ہے۔ [لاط: Diospyros Embreoptecris]۔

تینْدْوا ے مج مغ، سک د۔ امذ۔ چیتے کی قسم سے ایک درندہ، گلدار(لاط: Felis Leopardis)۔

تینی ی مع۔ امذ۔ دھان کی ایک قسم، چاہی۔
تیواج ی مع۔ امذ۔ اِندَر جو کے درخت کُڑا کی کڑوی چھال، قابض، دواءً مستعمل۔
تیوَر ی مع، فت و، صف۔ تیز؛ (موسیقی) سپتک کے سات سروں میں سے آ اور پا قائم سروں کو چھوڑ کر باقی پانچ سروں کی دو، تیز اور مدھم کیفیتوں میں سے تیز کیفیت، کومل یا مدھم کی ضد۔
تیوَر ے مج، فت و۔ امذ۔ نگاہ، نظر؛ چتون؛ مزاج؛ بدمزاجی، غصہ؛ تیہا۔ ف مر **تیور آنا** آنکھوں کے اگے اندھیرا چھانا ف ل **تیورانا** چکرانا، غش کھانا۔
تیوْرَس ے مج، سک وِ، فت ر۔ امذ۔ اگلا یا پچھلا تیسرا (برس) [س: تْرِ تیوْ وَرْش]۔
تیوری ے مج، سک و۔ امث۔ تیور کی تانیث، نظر نگاہ؛ ف مر۔ **تیوری چڑھنا** بھویں اُوپر اٹھا کر دیکھنے کا انداز جسے ماتھے پر بل پڑ جاتے ہیں، چیں بہ جبیں ہونا۔

تیوْڑی ے مج، سک و۔ امث۔ عشق پیچاں کی بیل؛ نیز لبلاب، چاندنی بیل (لاط: Helrera Helix)۔
تُیُول ضمہ ت، و مع۔ امذ۔ جاگیر، مددِ معاش۔
تیوْہار سک ت، و مج۔ امذ رک: **تہوار**۔
تیہْ ی مع، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ ویرانہ، بیابان۔
تِیہا ی مع۔ امذ۔ غصہ، بد مزاجی؛ نخرہ، نیز **تیہا** (ے مج)۔
تیہو ے مج، و مع۔ امذ۔ چکور سے ملتا، اس سے کسی قدر چھوٹا پرندہ، چونچ سرخ، بازوؤں کے اندر سیاہی و سفیدی۔ [ع: طیھُوج، ف: فرفور، شُوشک]۔
تیئیس ے مج، ی مع۔ عدد۔ بیس اور تین (۲۳) صف **تیئیسواں/ ویں**
تِیِیا ی مع۔ امذ۔ ٹیلا، حد بندی کا کُھونٹا۔ ف مر **تیِیا بَندی** حد بندی کے نشان ڈالنا۔

تھ

تھ تھے، تھا امث۔ حرف ہجا، اردو کا آٹھواں حرف، لثوی مصمتہ، ت کی ہائیہ شکل، ہندی اصل کے الفاظ کے ساتھ مخصوص، جمل میں ت اور ہ کا مجموعہ اور ۴۰۵ عدد کا حامل۔
تھاپ امث۔ طبلے کی ضرب؛ طمانچہ؛ بنوٹ کا ایک داؤں، حریف کی لکڑی چھیننے کے لیے؛ ہاتھ کے پنجے کا نشان۔
تھاپا امذ۔ ہاتھ کا چھاپا؛ اینٹ وغیرہ بنانے کا سانچہ۔
تھاپْنا سک پ۔ ف م۔ گیلی مٹی وغیرہ کو گُوندھنا، تھوپنا؛ ہاتھوں سے تھپتھپا کر ڈھالنا؛ گوبر پاتھنا۔
تھاپی امث۔ تھپکی؛ تھپکنے کی آواز؛ معمار کی کرنی جس سے پلستر پھیرتے ہیں۔ ڈھیری جس میں چیزیں اوپر تلے چُنی گئی ہوں م: روٹیوں کی تھاپی۔
تھاجی امث۔ نیاریوں کی کام کرنے کی کُٹھالی۔
تھاک امذ۔ رک: **تھاہ**۔ حد بندی کے لیے بنایا ہوا چھوٹا پستہ مینار، تِیِیا مرکب **تھاک بَست** حد بندی۔
تھال امذ۔ تانبے یا پیتل کا گول، چکلا کنارے دار اُتھلا سپاٹ برتن۔ کھڑے کناروں کی سینی۔
تھالی امث۔ دھات کی طشتری، چھوٹا تھال۔
تھامنا سک م۔ ف م۔ ہاتھ میں پکڑنا، لینا یا سنبھالنا؛ روکنا؛ ہلنے یا گرنے نہ دینا۔
تھامُو و مع۔ امذ۔ پہیے کی رفتا دھیمی کرنے کے لیے لگا ہوا اڑنگا۔
تھان امذ۔ جگہ، ٹھکانا؛ گھوڑے یا دوسرے پالتو مویشیوں کے باندھنے کی جگہ، طویلہ، فروخت کے لیے دوکانوں پر رکھنے کے لیے تختی پر لپٹا ہواکپڑا؛ عدد

کے ساتھ بطور تابع شمار یا تعداد (باریاں) ظاہر کرنے کے لیے م: تین تھان چکّر مراد تین چکّر۔

تھانا امذ۔ پولس چوکی۔ مرکب **تھانا تَھنَوَّل** (فت تھ ن، شد ضم و) پولیس میں رپورٹ لکھا کر معاملے کو طول دینا۔ نیز **تھانَہ** امذ **تھانَہ/ تھانے دار** پولیس کا دروغہ [تھانہ + ف: دار]۔

تھانگ غنہ۔ امث۔ کھوج سراغ، ف مر **تھانگ لینا** ٹوہ لینا؛ چوروں کا اڈا۔ **تھانگ دار** چوروں کا سرغنہ۔ امذ **تھانگی** کسی آوارہ گرد گروہ کا شریک؛ سراغ رساں۔ نیز **تھانگیا، تَھنگی**۔

تھانولا غنہ سک و۔ امذ۔ درخت کے نیچے پانی کھاد ڈالنے کے لیے بنایا ہوا گڑھا، نیز **تَھل**۔

تھاوَر فت د۔ صف۔ ساکت، ٹھہرا ہوا، بے جان۔ **جَنگم** کی ضد۔

تھاہ امث۔ دریا، کنویں وغیرہ کی تہہ؛ گہرائی۔

تَھپْتَھپانا فت تھ، سک پ۔ ف م۔ پیٹھ ٹھونکنا، ہاتھ کی ضربیں لگانا۔

تَھپَرَیل فت تھ، سک پ، ے لین۔ امث۔ چپٹی کھپریل۔

تَھپّڑ فت تھ، شد فت پ۔ امذ۔ مُنہ پر کھلے ہاتھ کی ضرب؛ شیر کے پنجے کا وار؛ موج کا تھپیڑا۔

تَھپْڑی فت تھ، سک پ۔ امث۔ رک **تَبڑی**؛ کھلے ہاتھ کی تالی۔

تَھپْکا فت تھ، سک پ۔ امذ۔ لوہار کا پنکھا۔

تَھپّک تَھیّا فت تھ، شد فت پ، شد ی۔ نقل صوت، امث۔ ڈھول مجیرے وغیرہ کی ملی جُلی آواز؛ ناچ رنگ۔

تَھپْکی فت تھ، سک پ۔ امث۔ شاباش یا دلاسے کے طور پر پیٹھ کو ہلکے سے تھپتھپانا (بطور ملامت یا شکر خند)۔ تھپڑانا، ٹھکائی کرنا؛ دھوبی کا موگرا جس سے کپڑے پیٹے جاتے ہیں۔

تَھپْنا فت تھ، سک پ۔ ف م رک: **تَھپْتَھپانا** امذ۔ تھاپنے، چوٹ دینے کا چپٹے پھل کا اوزار صف بَھدّا، بے ڈول۔ نیز مث **تَھپّی**۔

تُھپْنا ضمہ تھ، سک پ۔ ف ل مجہول۔ تھوپا جانا، لیپا جانا، (الزام وغیرہ) سر منڈھا جانا۔

تَھپّی فت تھ، شد پ۔ امث۔ تالی، ہتیلی پر ہتیلی مارنے کی آواز، نیز رک: **تَھپنا** امذ۔

تَھپیڑ فت تھ، ے مج۔ امث۔ تھپّڑ نیز امذ **تَھپیڑا** زور کا تھپّڑ؛ پانی کا اُچھال۔ لطمۂ آب۔

تَھتّا فت تھ، شد ت۔ امذ۔ ڈھیر، انبار۔

تَھتّڑ فت تھ، شد فت ت۔ امذ۔ موٹی پپڑی، موٹا پرت، لوتھڑا، تھتلا۔

تَھتک فت تھ ت۔ صف۔ ساکت، ٹِھٹھرا، ٹھہرا ہوا۔ تھجا ہوا۔

تُھتْکار ضمہ تھ، سک ت۔ امث۔ لعنَت ملامت، تُھو تُھو کرنا؛ تھوکنے کی آواز؛ نیز **تُھتْکارا**۔

تُھتْکارا ضمہ تھ، سک ت۔ صف۔ راندہ ہوا، مردود، ملعون۔

تَھتْلا ضمہ فت تھ، سک ت۔ امذ۔ تَھتّڑ، لوتھڑا۔

تُھتَھانا ضمہ تھ۔ ف م۔ پُھلانا، سُوجا ہوا سا بنانا؛ منہ تُھتھانا: غُصے سے منہ پھلائے ہونا۔

تُھتْھکارنا ضمہ تھ، سک تھ۔ ف م۔ تُھو تُھو کرنا، تھوکنے کی آواز نکالنا، کسی چیز پر جُھوٹ مُوٹ تُھوکنا۔ بطور ٹوٹکا، یا اظہارِ نفرت و ملامت۔نیز تھتکارنا

تَھتَھلنا فت تھ، سک ل۔ ف ل۔ کِھنڈ جانا، بِکھرنا، پگھل جانا۔

تُھتّھی ضمہ تھ، شد تھ۔ امث۔ ایک قسم کا دھونکنی والا باجا۔

تھِجْنا کس تھ، سک ج۔ ف ل۔ ٹِھٹکنا، ٹھہرنا، ساکت ہو جانا۔

تِھر کس تھ۔ صف۔ ایک جگہ قائم، مستقل، دائمی۔

س: شتِھرا۔

تَھرّانا فت تھ، شد ر۔ ف ل۔ کانپنا لرزنا نیز **تَھرتَھرانا**۔ امث **تَھرتَھری** کپکپاہٹ، لرزش۔

تھرَکْنا کس تھ، سک ک، فت ر۔ ف ل۔ اعضا کا پھڑکانا، چمکانا، مَٹکنا۔

تَھڑا فت تھ۔ امذ۔ دوکاندار کی نشست گدّی، ٹھیا، تھلّا۔

تُھڑ دِلا ضم تھ، سک ڑ، کس د۔ صف۔ کنجوس، خسیس۔

تُھڑنا ضمہ تھ، سک ڑ۔ ف ل۔ کم پڑ جانا، مقدار یا تعداد میں ناکافی ہونا۔

تَھڑی فت تھ، مث۔ ستار وغیرہ کی پیشانی کے قریب جَڑی ہوئی کنگھی نما تختی جو تاروں کو طبلی سے اُوپر اٹھائے رکھتی ہے۔ امذ۔ جُواری قمار باز، نیز **تَھڑیا**۔ جوئے کا اڈا چلانے والا۔

تُھڑی تُھڑی ضمہ تھ۔ امث۔ رُسوائی، انگشت نُمائی، اظہار تنفّر (ہونا، مچنا)۔

تَھکّا فت تھ، شد ک۔ امذ۔ تپڑ، لوتھڑا، پِیڑی، لوندا، کوئی سیّال شے جو سُوکھ کر جم گئی ہو؛ مُنّھا، گڈا۔

تَھکَن فت تھ ک۔ امث۔ مشقت سے پیدا ہونے والی وقتی کمزوری کسلمندی، تھکاوٹ، تکان۔ ف ل **تَھکنا**۔

تَھکّی فت تھ، شد ک۔ امث۔ چاندی یا سونے کی ڈلی جو مختلف ریزوں، ٹکڑوں کو پگھلا کر تیار کی جائے۔

تھِگلی کس تھ، سک گ۔ امث۔ پیوند، جوڑ، کترن، پارچہ محاورہ: **آسمان میں تھگلی لگانا** نہایت چالاکی دکھانا، دُور کی چیز یا خبر اُڑا لانا، عیّاری سے کار محال انجام دینا۔

تَھل فت تھ۔ امذ۔ چٹیَل میدان، سُوکھی زمین؛ جائے قرار، ٹھکانا؛ کسی نقشین شے یا بوٹی دار کپڑے پر خالی جگہ یا زمین؛ تھاٗنولہ۔ مرکب **تَھل بیڑا** (ے مج) کشتی باندھنے کی جگہ، جائے قرار؛ مستقل ٹھکانا۔

تَھل تَھل فت تھ۔ صف۔ بھاری، بوجھل، ہلتا جلتا، پِلپلی، نیم ٹھوس شے یا جسم۔

تَھلتَھلانا صف تھ، سک ل۔ ف ل۔ ڈگر ڈگر کرنا، ہلتا جلتا غیر مستحکم ہونا نیز **تَھل تَھل کرنا**، **تَھلکنا تَھلک تَھلک کرنا**؛ دھڑکنا، بے طور جنبش۔

تَھلکنا فت تھ، سک ک۔ رک۔ **تَھلتَھلانا**۔ ف م۔ **تَھلکانا**۔

تَھلوا فت تھ، سک ل۔ امذ۔ تھال کی تصغیر، پیالہ، سکورا۔

تَھم فت تھ۔ امذ۔ ستون، کھم، پیلپایہ۔ نیز **تَھنب** [اصلاً: شتَنبھ]۔

تَھمڑا فت تھ، سک م۔ صف۔ کُھردرا، غیر شفاف، انگھڑ، نا تراشیدہ۔

تَھموَنی فت تھ، و مج۔ امث نقدی جو مٹھی گرم کرنے کے لیے کسی کے ہاتھ میں تھما دی جائے؛ رشوت۔

تَھن فت تھ۔ امذ۔ مادہ مویشی کا پِستان۔

تَھنیلا فت تھ، ے مج۔ امذ۔ پستان کی سوزش اور ورَم۔

تھوبڑا ومج، سک ب۔ امذ۔ بڑے سے منہ پر پھبتی؛ نیز رک: توبڑا۔

تھوَپ و مج۔ امذ۔ پالکی یا ڈولی کا پچھلا ڈنڈا جو کہار کے کاندھے پر ہوتا ہے۔

تھوَپنا و مج۔ ف م۔ لیپنا، تہہ جمانا، مَلنا پھیرنا، منڈھنا، سر منڈھنا م: الزام تھوپنا۔

تھوَتا و مج۔ صف۔ کھوکھلا، کُھکّل، اندر سے خالی نیز **تھوَتھا**، **تھوتھرا**۔

تھوتھنی و مج، سک تھ۔ امث۔ لنبوترے جبڑے والے

جانور کا مُنہ یا جبڑا نیز **تھوتھن**۔

تھوَر و مج۔ امذ۔ زیر زمین پانی کی سطح اونچی ہونے کے باعث زمین میں لگنے والا شور۔ مرکب **تھوَر بارَہ** (ڑا) شور لگنے کی شدید صورت جبکہ نمک کے ذرّے نمایاں ہونے کی بجائے، زمین کے ذرّوں میں گھل مل جاتے ہیں۔

تُھورنا و مع۔ ف ل۔ نگلنا، گلے سے اُتارنا (عموماً بطور طنز)۔

تھوَڑا و مج۔ صف۔ کم مقدار؛ کم تعداد، کم حیثیت۔ مث **تھوَڑی**۔

تھوَڑا ہی و مج۔ م ف۔ (اپنی صفائی میں یا کسی گمان کو رد کرنے کے لیے)۔ ایسا نہیں، یہ نہ سمجھیں، بھلا کاہے کو، م: ہم نے یوں تھوڑا ہی کہا تھا۔ نیز **تھوَڑی** م: یہ پھول اصلی تھوڑی ہیں نقلی ہیں۔

تھوَک و مج۔ امذ۔ انبار؛ جُتھا، گروہ؛ کئی حصّوں کا مجموعہ؛ دھات کی مُوٹھ یا خول جو پالکی وغیرہ کے ڈنڈوں کے سروں پر منڈھا جاتا تھا؛ تجارتی مال جو بڑی مقدار میں یکمشت فروخت ہو۔

تُھوک ومع۔ امذ۔ مُنہ سے خارج ہونے والی رطوبت، لعاب دہن، تف، رال۔ ف ل **تُھوکنا** تھوک منہ سے باہر پھینکنا۔

تُھولی و مع۔ امد۔ گیہوں کے دانوں کو باریک دل کر بنایا ہوا دلیہ؛ دردرے دانوں کا دلیہ۔

تُھونی ومع۔ امث پتلا تھم۔ اَڑواڑ، پاڑ کی بَلّی۔

تھونیر و مج، ے مج۔ امذ۔ ایک درخت جس کی لکڑی خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہے۔ (لاط: Zarus Foucter)۔

تُھوہر و مع۔ امذ۔ ایک جنگلی خار دار پودا جسی بہت سی اقسام ہیں، پتّوں اور ڈنٹھلوں سے دُودھیا چیپ نکلتا ہے۔ نیز سیہُنڈ (ے مج)، **زَقُّوم** (لاط: Euphorbia Trigona Euphorbia Ligularia)۔

تَھوَئی فت تھ و۔ (بروزن فَعَل، مَکئی) امذ۔ چُنائی کرنے والا، معمار، مستری، راج۔

تَھئی فت تھ ۔ (بروزن سنگ) امث۔ اوپر تلے رکھی ہوئی بہت سی پرتیں م: روٹیوں کی تھئی۔

تَھئی تَھئی فت تھ۔ (بروزن سنگ سنگ) امث۔ (نقل صوت) ناچ کے توڑے کے بول؛ طبلے اور دوسرے سازوں کی ملی جلی آواز نیز **تاتا تَھئی تَھئی**۔ م ف۔ سازوں کی آواز کے ساتھ م: **تَھئی تَھئی ناچ ہونا**۔

تَھیّا فت تھ، شد ی۔ گول گدّی جس پر روٹی رکھ کر تنّور کی دیوار پر جماتے ہیں، رفیدہ۔

تھیتھلا ے مج، سک تھ صف۔ اُتھلا سپاٹ، مجازاً؛ بات، کلام جس میں وزن یا گہرائی نہ ہو۔

تھیر ے مج۔ صف۔ ٹھہرا ہوا، ساکت، جامد، جس میں ہلچل نہ ہو (جھیل، دریا وغیرہ) نیز **تِھر** (اصلاً س: **شتھر**)۔

تَھیَّر فت تھ، شد فت ی۔ امذ۔ کبوتر کی ایک قسم جو کئی رنگوں کا ہوتا ہے۔ بازو کی ساخت سے پہچانا جاتا ہے، جس میں مچھلی ہوتی ہے۔

تِھیک ی مع۔ امث۔ ناز، اُچپلاہٹ، اِتراہٹ۔

تَھیلا ے لین۔ امذ۔ کپڑے کی بوری، کیسہ، جھولا۔ تص **تَھیلی** خریطہ، توڑا، بٹوہ؛ تھیلی نما سربند لٹکتی ہوئی شے یا عضو۔

تھیوا ے مج۔ امذ۔ انگوٹھی کا گھاٹ، جس میں نگ جڑتے ہیں یا وہ سطح جس پر نقش کھودا جاتا ہے۔

ٹ

ٹ ٹے، ٹا امث۔ تائے ہندی، اردو صوتیات کا نواں حرف، مصمتہ جو زبان کی نوک اور تالو کی رگڑ سے پیدا ہوتا ہے، عربی، فارسی، ترکی الفاظ میں موجود نہیں۔ جمل میں اسے ت شمار کیا جاتا ہے۔

ٹاپ امث۔ گھوڑے کے قدموں کی آواز۔ حقّے کا پیندا۔ صف **ٹاپ دار** ایک طرف سے چوڑا، ایک طرف سے پتلا، شیر دہاں۔

ٹاپا امذ۔ مرغیاں بند کرنے کا اوندھا ٹوکرا جو اوپر سے پتلا نیچے سے گھیر دار ہوتا ہے اور اُلٹا ڈھانپا جاتا ہے نیز کھانچا .آپا کا ہم قافیہ تابع مہمل جو بچے بڑی بہن کو چھیڑنے کے لیے بولتے ہیں؛ آپا ٹاپا جی کا جلاپا؛ ایک طرح کی چھوٹی کشتی؛ سرپوش، ڈھکّن جو کسی چیز پر اونڈھا دیا جائے۔

ٹاپَڑ فت پ۔ امذ۔ ٹیلا، پتھریلی زمین۔

ٹاپک ٹُوئِیاں فت پ، ومع، کسِ ء بروزن؛ فعلن فِعلُن۔ ج مث۔ تاشہ پیٹنے کی چوبوں کی جوڑی؛ ٹکوریں محاورہ **ٹاپک ٹُیّاں مارنا** رک؛ ٹامک ٹوئیّاں مارنا۔

ٹاپنا سک پ۔ ف ل۔ حیران پریشان پھرنا، مجبوری بے بسی کی حالت میں گرفتار یا جکڑا ہوا ہونا؛ گھوڑے کا کھڑے کھڑے زمین پر پاؤں مارنا، بندھے گھوڑے کی طرح مجبوری کی حالت میں پاؤں پٹخنا؛ امید موہوم میں رہنا۔

ٹاپُو و مع۔ امذ۔ پانی کے بیچ میں خشک زمین، چھوٹا جزیرہ۔

ٹاٹ امذ۔ سن کا بنا ہوا فرش، چٹائی، بوریا۔ امث **ٹاٹ بافی** سنہری روپہلی تاروں کی بُنائی۔ **ٹاٹ بَنْدی** ذات پات کی قیود، تقسیم، امتیاز، علیحدگی۔

ٹال (۱) امث۔ ایندھن کی لکڑی فروخت کرنے کی دوکان، ڈنڈی۔ [س: اَتّال = انبار]۔

ٹال (۲) امث۔ مصلحت، لاپروائی یا بے دلی سے کسی بات کو ملتوی، رفت گز سُت، رد کرنا، اُڑا جانا۔ ف م **ٹالنا** پیچھا چھڑانا، التوا میں ڈالنا، سُنی اَن سُنی کر دینا۔

ٹال مٹول فت م، و مج۔ امث۔ التوا، دیر دار، ہچر مِچر، حیلے بہانے۔ نیز **ٹالَم ٹولا**۔

ٹالے بالے ج مذ۔ ٹالنے کی باتیں (بتانا، کرنا) نیز **آلے بالے**۔

ٹامک ٹوئیاں فت م، ضمہ ٹ، و مع، کس ء۔ اُلٹے سیدھے قدم، خیالی قیاسی باتیں، بے نتیجہ کاوش۔ محاورہ **ٹامک ٹوئیاں مارنا** آوارہ پھرنا، خیالی گھوڑے دوڑانا۔ نیز **ٹاپک ٹوئیاں**۔

ٹانْٹ غنہ۔ امث۔ چَند یا۔ کھوپری۔

ٹانْٹا امغ۔ صف۔ مضبوط، گٹھے ہوئے جسم کا (پورب) **ٹانْٹھا**۔

ٹانْچ غنہ۔ امث۔ پالتو مویشی کے اگلے پیر باندھنے کی رسی۔ ف م **ٹانْچنا**۔ باندھنا، ٹانکنا، اٹکانا؛ کھپانا، کام میں لانا۔

ٹانْڈ غنہ۔ امث۔ کھیت میں رکھوالی کے لیے بنایا ہوا مچان، ٹھاٹھر؛ پاڑ۔

ٹانْڈا امغ۔ امذ۔ بیوپاریوں کا قافلہ؛ بِکری کے مال کی کھیپ؛ کُنْم، قبیلہ۔

ٹانْڑا امغ۔ امذ۔ ایک ہرے رنگ کا کیڑا جو فصلوں کو خراب کرتا ہے۔

ٹانْس غنہ۔ امث۔ رگ چڑھ جانے کی تکلیف جو جلد ہی رفع ہو جاتی ہے۔

ٹانْک غنہ۔ امذ۔ چوبیس رتّی کا وزن؛ (تیر اندازی) پانچ سیر کا وزن؛ کمان کی مضبوطی کو جانچنے کے لیے اس پر ایک ٹانک وزن لٹکایا جاتا تھا۔ اس سے کم

وزن پر اس میں خم آئے تو کمزور سمجھی جاتی تھی؛ ملاوٹ، کھوٹ۔ ف م **ٹانْکنا** (غنہ سک ک) سینا، سی کر لگانا یا اٹکانا۔ امذ **ٹانکا** سوئی دھاگے سے لگایا ہوا جوڑ؛ سِلائی جو سُتلی سُوئے وغیرہ سے کی جائے؛ دھات مثلاً رانگ کو پگھلا کر لگایاہوا جوڑ۔

ٹانْکا ٹُوک امغ، و مع۔ صف۔ نپا تلا، ٹھیک ٹھیک، بلا کم و کاست۔

ٹانْکی امغ۔ امث۔ سنگ تراشوں کا چپٹے پھل کا اوزار، رُخانی؛ خربوزے کی پتلی قاش جو مزا چکھنے کے لیے تراشی جائے۔

ٹانْگ غنہ۔ امث۔ ران سے لے کر نیچے تک کا عضو۔ ف مر **ٹانَگ اَڑانا** ناحق دخل انداز ہونا۔

ٹانْگَن امغ، فت گ۔ امذ۔ پہاڑی ٹٹو۔ نیز ٹانگھن۔

ٹانْگنا غنہ، سک گ۔ ف م۔ لٹکانا، آویزاں کرنا۔

ٹانْگی امغ۔ امث۔ بڑھئی کی چھوٹی کُلہاڑی۔

ٹائیں ٹائیں ے مج، غنہ۔ نقل صوت۔ توتے کی آواز، بول چال **ٹائیں ٹائیں فِش** ناکامی پر چڑانے کا کلمہ، مراد کچھ نہ ہو سکا؛ کوئی بات نہ بنی، کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

ٹِبّا کس ٹ، شد ب۔ امذ۔ ٹیلا، بڑا تودہ، نیز **ٹیبا**۔

ٹَبَّر فت ٹ، شد فت ب۔ امذ۔ بڑا کُنبہ، خاندان۔

ٹَپّا فت ٹ، شد پ۔ امذ۔ گیند یا گولے کا پھینکے جانے کے بعد زمین پر گرنا؛ زَقند؛ گولے کی مار نیز **ٹِپّا** (کس ٹ) فعل مرکب۔ **ٹپّا کھانا**۔

ٹَپّا فت ٹ، شد پ۔ امذ۔ گانے کا ایک ہلکا پُھلکا انداز۔

ٹِپَّس کس ت، شد فت پ۔ امث۔ داٗنو، منصوبہ، چال، اقدام؛ وسیلہ، سہارا؛ قدم جمانے کی جگہ۔

ٹَپْکا فت ٹ، سک پ۔ امذ۔ پانی کا قطرہ قطرہ گرنا، تقاطر، رِساؤ، ٹَپکار؛ درخت پر لگے لگے بغیر پال ڈالے پکنے والا آم۔ نیز **ٹَپکے کا آم**۔

ٹَپْکنا فت ٹ پ، سک ک۔ ف ل۔ قطرہ قطرہ گرنا؛ رِسنا، چُونا؛ ظاہر نمایاں مترشّح ہونا، یکا یک آ دھمکنا؛ قطع کلام کرنا، کسی کے بات کرتے میں بول پڑنا؛ بے اختیار قلم سے نکلنا۔

ٹَپَّل فت ٹ، شد فت پ۔ امذ۔ گھوڑے کے ماتھے پر سفید نشان جو انگوٹھے سے نہ چھپ سکے، چھوٹے سفید نشان (ستارہ) کی نسبت مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

ٹَپْنا فت ٹ، سک پ۔ ف م۔ زقند بھرنا؛ طرح دے جانا، پار اتر جانا۔

ٹِپَنْکھی کس ٹ، فت پ، غنہ۔ امث۔ خفیف بھینگا پن۔

ٹِپَّنی کس ٹ، شد فت پ۔ امث۔ شرح، تفصیل؛ تفصیلی معلومات۔

ٹُپّو ضمہ ٹ، و مج (بروزن اُٹھّو !) امث۔ ٹوپی کے لیے تحقیر یا تضحیک کا کلمہ۔

ٹَپّے ٹوئیّے فت ٹ، شد پ، و مج، کس ء، شد ے۔ ج مذ۔ رک؛ ٹامک ٹوئیاں۔

ٹَٹّا فت ٹ، شد ٹ۔ امذ۔ ٹاٹ کا فرش؛ بانس کا ٹھاٹھر۔ نیز **ٹَٹّر**

ٹَٹّار فت ٹ۔ صف۔ شدید، تیز م؛ **ٹَٹّار دُھوپ** کڑی دھوپ۔

ٹَٹ پُونْجیا فت ٹ، سک ٹ، و مع مغ، کس ج۔ صف۔ ادنیٰ مالی حیثیت کا آدمی نیز **ٹُٹ پُونجیا** (ضمہ ٹ) [س: تُرٹی پُونْجِیک]۔

ٹَٹْخار فت ت، سک ٹ۔ امذ۔ مُنہ سے "ٹٹ" سے ملتی جلتی آواز نکالنا جیسے جانور کو ہَنکانے کے لیے نکالی جاتی ہے۔ ف ل/م گھوڑے وغیرہ کو چلنے کا اشارہ کرنا۔ نیز **ٹٹکارنا**۔

ٹَٹْرال فت ٹ، سک ٹ۔ امذ۔ ٹھٹیروں کا ہتوڑا جس سے برتنوں کو ٹھونک کر ان کی شکل بناتے ہیں۔

ٹٹروں ٹُوں ضمہ ٹ، سک ٹ، و مع، غنہ۔ امث۔ فاختہ کی بولی۔ صف۔ اکیلا تنہا۔ (قب انگ: High and dry)۔

ٹٹری فت ٹ، سک ٹ۔ امث۔ کھوپری (خصوصاً پیدا ہونے والے بچّے کی)۔ محاورہ **ٹٹری مُونڈنا** مالی طور پر زیر بار کرنا، دِیوالیہ نکلوا دینا۔

ٹَٹّو فت ٹ، شد ٹ، و مع۔ امذ۔ چھوٹے قد کا، ادنیٰ نسل کا گھوڑا، یابو، ٹانگن مث **ٹٹّوانی**۔

ٹَٹول فت ٹ، و مج۔ امث۔ ٹوہ، جستجو، ف م: **ٹَٹولنا** (فت ٹ، و مج، سک ل) ہاتھ سے چُھونا یا کھوجنا؛ اندازہ لگانا، بھانپنا۔

ٹَٹّی فت ٹ، سک ٹ۔ امث۔ تنکوں سرکنڈوں یا خس کی تیلیوں کو بُن کر یا باندھ کر بنائی ہوئی اوٹ یا پردا؛ نیز رک: **ٹَٹّا** جس کی یہ تصغیر ہے۔ **ٹَٹّی کی آڑ میں شکار کھیلنا**، چُھپ کر کارروائی کرنا۔

ٹَٹیانا فت ٹ، سک ٹ۔ ف ل۔ آڑ لینا، اوٹ میں رہنا، بچنا، چُھپنا۔

ٹَٹِیری فت ٹ، ی مع۔ امث۔ چھوٹے بگلے کے برابر ایک آبی پرندہ پیٹھ سیاہ، پیٹ سفید، ٹانگیں لمبی اور پتلی، کُٹری (لاط: Tringa Goensis)۔

ٹُچّا ضمہ ٹ، شد چ۔ صف مذ۔ اوچھا، چھچھورا، لُچّا، رذیل۔

ٹَخ ٹَخ فت ٹ، سک خ۔ م ف، امث۔ آہستہ آہستہ، نرم رفتار سے، پُھیاں پُھیاں؛ ٹٹخارنے کی آواز۔

ٹَخَر ٹَخَر فت ٹ خ۔ مو ف۔ سُستی، دھیمے پن کے ساتھ (چلنا، کام کرنا)۔

ٹَخنا فت ٹ، سک خ۔ امذ۔ پنڈلی کے نچلے پہلو میں اُبھری ہوئی ہڈی۔

ٹِڈّا کس ٹ، شد ڈ۔ امذ۔ ٹِڈّی سے ملتا ایک سبز رنگ کا پر دار حشرہ جو اُچھل اُچھل کر چلتا ہے۔ (انگ: Grasshoppe)۔

ٹِڈّی کس ٹ، شد ڈ۔ امث۔ صحرائی علاقوں میں انڈے دینے اور گھنے غولوں کی شکل میں سر سبز علاقوں کی طرف پرواز کر کے کھیت کے کھیت آن کی آن میں چٹ کر جانے والی بھوری، پردار مخلوق؛ مَلَخ، ٹیڑی۔ مرکب: **ٹِڈّی دَل** ٹڈیوں کا ریلا، غول۔

ٹَر فت ٹ۔ امث۔ مینڈک کی آواز؛ نیز **ٹَرّاہٹ**؛ رَٹ، رَٹ، لگاتار بولنا، ف ل **ٹَرّانا**۔ امث۔عید کے بعد کا دن اور اس دن لگنے والا میلہ؛ ضِد، ہَٹ۔ صف **ٹَرّا** بد تمیزی سے بولنے والا، بَکّی، جَھکّی۔ امذ۔ کڑوا، تیز تمباکو۔

ٹُرّا ضمہ ٹ، شد ر۔ امذ۔ دانہ، ٹوٹا، چَھرّہ، کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا؛ سستا اناج؛ باجرا، موٹھ، جوار وغیرہ۔

ٹِربَنکا کس ٹ، فت ب۔ صف۔ ٹیڑھا میڑھا، کج مج، نیز **ٹِڑبَنکا**۔

ٹِر پِھَس کس ٹ، فت پھ۔ امث۔ حجّت، تکرار، جھگڑا۔

ٹَر ٹَر فت ٹ۔ امث۔ بکواس، حجّت، تکرار، لگاتار ناگوار گفتگو۔ ف ل۔ **ٹَرٹَرانا**۔

ٹَرخانا فت ٹ، سک ر۔ ف م۔ ٹال دینا، ناکام واپس پھیر دینا؛ بے رغبتی سے کسی کام کو جوں توں انجام دے کر فارغ ہو جانا۔

ٹَرخَل فت ٹ، سک ر، فت خ۔ صف۔ بوڑھی عورت پر پھبتی، ناکارہ، فضول، نیز **ٹَرخَلّو**، **ٹَرخو** (ومج) **ٹَرخَیل** (ے لین)۔

ٹَرفِش فت ٹ، کس ف۔ امث۔ اکڑفوں، اکھڑ پن۔ نیز **ٹَرفُوں** (و مع)۔

ٹَرّو فت ٹ، شد ر، و مع۔ امذ۔ مینڈک، ٹرّانے والا؛ ایک طرح کی پھرکی جسے گھمانے سے ٹر ٹر کی تیز آواز نکلتی ہے۔

ٹَرواس فت ٹ، سک ر۔ امث۔ بکواس، لگاتار بولے جانا۔ صف مذ۔ **ٹَرواسِی** مث **ٹَرواسَن**۔

ٹڑ کس ٹ۔ ٹیڑھا کی تخفیف م: **ٹڑ مغزا** ٹیڑھے دماغ کا، کج فہم؛ **ٹڑمنہا** (مُ ہا) لقوہ زدہ۔

ٹَسَر فت ٹ س۔ امث۔ معمولی قسم کا ریشم، مصنوعی ریشم۔

ٹُسَر ٹُسَر ضمہ ٹ، فت س۔ م ف۔ رونے کے انداز کی نقل م: ٹُسر ٹُسر رونا، مسلسل سسکیاں بھرنا، چپکے چپکے آنسو بہانا۔

ٹَسَر مَسَر فت ٹ س م، سک ر۔ امث۔ ہچر مچر، لیت و لعل، کَسْمَسانا، چال ڈھال سے سُستی، بے دلی کا اظہار۔

ٹَس سے مَس فت ٹ، ے مج، فت م۔ صف۔ عموماً نفی کی صورت میں محاورہ **ٹَس سے مَس نہ ہونا**، جگہ سے نہ ہلنا، جنبش نہ کرنا؛ ضد ہٹ اکڑ دکھانا، اڑ جانا۔

ٹَسَکْنا فت ٹ س، سک ک۔ ف ل۔ جگہ سے ہلنا، جُنبش کرنا۔

ٹُسَکْنا ضمہ ٹ، فت س۔ ف ل۔ چپکے چپکے سے سسکیاں بھر بھر کر رونا۔

ٹَسْوا فت ٹ، سک س۔ امذ۔ آنسو محاورہ **ٹَسوے بہانا** رونا۔

ٹَک فت ٹ۔ امث۔ عادت، لت، لگاتار عمل۔ م ف۔ **ایک ٹک (تکنا، دیکھنا گھورنا)** لگاتار، مسلسل۔ (۲) سِل یا بٹے پر رہانے کا نشان۔

ٹِک کس ٹ۔ امث۔ نقل صوت۔ گھڑی کے چلنے کی آواز۔ ف ل **ٹِک ٹِک کرنا**۔ نیز رک: **ٹِک ٹِک**۔

ٹُک ضمہ ٹ۔ م ف۔ ذرا، قدرے، کچھ، تھوڑا بہتۂ ذرا کی ذرا۔ محاورہ **ٹُک ٹُک دیکھنا**، چپکے چپکے یا لگاتار دیکھنا۔ نیز **ٹُکر ٹُکر** مثل: **ٹُک ٹُک دیدَم دَم نہ کَشیدَم** چپکے دیکھتا رہا اور دم نہیں مارا، سانس روکے رہا۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی مجبوری یاکم ہمتی کے باعث چپ چاپ دیکھتا رہے اور کوئی عمل نہ کرے۔

ٹَکا فت ٹ۔ امذ۔ دو پیسے کا سکّہ، ڈبل پیسہ، مراد حقیر رقم۔ بول چال **ٹَکا سا جواب** کُھرّے پن کے ساتھ انکار۔ امذ۔ **ٹَکاسِی** ٹکے ٹکے کا سودا بیچنے والا، معمولی دوکاندار۔

ٹِکا کس ٹ۔ امذ۔ رک: **ٹکیَت**۔

ٹَکانا کس ٹ۔ ف م۔ رَکھنا، ٹھہرانا؛ سہارے سے کھڑا کرنا؛ مارنا، جَڑنا م: چِپت ٹِکانا۔

ٹِکانی کس ٹ۔ امث۔ وہ روک یا کھڑی لکڑی جو گاڑی کا پہیّا نکال کر اسے اٹھائے رکھنے کے لیے لگا دی جائے۔(قب انگ: Jack)۔

ٹِکاؤ کس ٹ، و مج۔ امذ۔ سہارا، روک، ٹکنے روکنے ٹھہرنے کی حالت یا عمل۔

ٹَکائی فت ٹ، ی مع۔ امث۔ ٹانکنے یا کپڑوں پر ٹکن لگانے کا عمل، وضع یا اُجرت۔

ٹِکْٹی کس ٹ، سک ک۔ امث۔ پن سال۔

ٹِکْٹکی کس ٹ، سک ک۔ امث(۱) لگاتار دیکھنے کا عمل۔ محاورہ **ٹکٹکی باندھنا** لگاتار گھورنا۔ (۲) لکڑی کا چوکھٹا جس میں مجرم کو کوڑے لگانے یا ایذا دینے کے لیے کَسا جائے۔

ٹَکُر فت ٹ، ضمہ ک۔ امث رک: **ٹکوَر** جس کی یہ تخفیف ہے۔

ٹَکّر فت ٹ، شد فت ک۔ امث۔ سر ٹکرانا، سر سے مارنا؛ تصادم، دو چیزوں کا زور سے آ کر لگنا؛ مقابلہ، برابر کا مقابلہ؛ دھکّا، دھچکا، صدمہ۔ ف ل /م **ٹَکْرانا** ٹکّر لگانا، دو چیزوں کو باہم زور سے بھڑانا، اتفاقاً مل جانا۔ اکیف مذ **ٹکْراؤ**۔

ٹَکَر فت ٹ ک۔ امث۔ ٹکّر کی تخفیف م: **ٹَکَر روک** فت ٹ ک، ومج۔ ٹکّر سے بچاؤ کے لیے لگائی ہوئی روک؛ دو بڑی ریاستوں کے درمیان ایک چھوٹی ریاست۔ نیز رک: **دَفْرا** (قب انگ: Buffer)۔

ٹِکری کس ٹ، سک ک۔ امث۔ تاشہ بجانے کی ڈنڈی، چوب، کرتال؛ پولی زمین جس کی تہ سے نمی جلد اُڑ جاتی ہے۔

ٹَکَڑیا فت ٹ ک، سک ر۔ امذ، صف۔ چھوٹی کلغی والا مرغا۔

ٹُکری تحریر ضمہ ٹ، سک ک، ی مع، فت مج ی، سک ح، ی مع۔ امث۔ ایک طرح کی مختصر نویسی جس سے تاجر پیشہ لوگ کام لیتے ہیں۔

ٹُکَڑ ضمہ ٹ، فت ک۔ تخفیف رک: **ٹُکڑا** جس کی یہ تخفیف مرکب **ٹُکَڑ گدا** ٹکڑے مانگ کر کھانے والا، بھک منگا، دوسروں کے ٹکڑوں پر پلنے والا؛ فقیر کنگال [ا + ف گدا]۔

ٹِکّڑ کس ٹ، شدفت ک۔ امذ۔ موٹی روٹی، روٹ۔

ٹُکڑا ضمہ ٹ، سک ک۔ امذ۔ روٹی کا پارچہ؛ کسی چیز کا چھوٹا پارچہ، جزو، قاش ریزہ وغیرہ؛ کسی کُل کا ایک حصہ؛ گانے کے درمیان لگائے جانے والے اُوپری بول۔ مرکب **ٹُکڑا پارچہ**، **ٹُکڑا ٹیڑا** چھوٹا سا ٹکڑا، ذرّہ، بھورا۔

ٹُکڑی ضمہ ٹ، سک ک۔ امث۔ چھوٹی جمعیت، کسی جمعیت یا گروہ یا غول کا ایک حصّہ۔ کپڑے کا تھان، طاقہ۔

ٹُکڑے ضمہ ٹ، سک ک۔ ج مذ۔ روٹی کے پارچے؛ شیرے میں پکائے ہوئے ڈبل روٹی، نان پاؤ کے توس، میٹھے یا شاہی ٹکڑے؛ پُرزے پرخچے، حصّے بخرے، بکّل، نیز رک: **ٹُکڑا** جس کی یہ جمع ہے۔

ٹَکسال فت ٹ، سک ک۔ امث۔ سکّے ڈھالنے کا کارخانہ، دارالضّرب صف **ٹَکسالی** کھرا، درست، بامحاورہ لفظ یا بولی۔ **ٹَکسال باہَر** غیر مستند، غیر معیاری۔

ٹِکلی کس ٹ، سک ک۔ امث۔ دھات گتّے کاغذ وغیرہ کا تراشا ہوا چھوٹا گول ٹکڑا، سوت بٹنے کی پِھرکی۔

ٹَکَن فت ٹ ک۔ امث۔ کپڑوں پر ٹانکی جانے والی چمک: جھالر، پھول، ستارے وغیرہ۔

ٹِکنا کس ٹ، سک ک۔ ف ل۔ ٹھہرنا، زمین یا کسی سطح سے آ کر لگنا؛ بیٹھنا، قیام یا اقامت کرنا، فروکش ہونا؛ توقف کرنا، قائم رہنا۔

ٹِکنی کس ٹ، سک ک۔ امث۔ دروازے کی چٹخنی، کُنڈی۔

ٹَکوا فت ٹ، سک ک۔ امذ۔ درانتی کی طرح کا بغیر دندانے کا ٹہنیاں پتے وغیرہ کاٹنے کا اوزار۔

ٹَکور فت ٹ، و مج۔ امث۔ تاشے ڈھول وغیرہ پر چوب کی ضرب یا اس کی آواز۔ روئی کے پھل گرم کپڑے، پوٹلی وغیرہ یا گرم پانی کی تھیلی بھگوئے ہوئے کپڑے سے جسم کے کسی عضو کی سکائی۔

ٹَکورا فت ٹ، و مج۔ امذ۔ سل راہنے یا پتھر پر کھدائی کرنے کا چونچ نما اوزار۔

ٹِکّی کس ٹ، شد ک۔ امث۔ انگیا پر سامنے کے رخ سلا ہوا گول ٹکڑا، انگیا کا پان۔

ٹِکیا کس ٹ، سک ک۔ امث۔ چھوٹی روغنی یا سادی گول روٹی؛ کوئی چھوٹی گول چپٹی شے، قُرص، بٹیا، ٹکلی؛ چلم میں بھر کر پینے کے تمباکو کی پنڈی؛ کوئلے کے چورے سے بنائی ہوئی چلم میں جلانے کی چھوٹی چکتی۔

ٹَکَیت فت ٹ، ے لین۔ صف امذ۔ مالدار، پیسے والا (آدمی)۔

ٹِکَیت کس ٹ، ے لین۔ امذ۔ راجہ کا نائب یا ولی عہد، نیز **ٹکا راجہ**۔

ٹَکَیل فت ٹ، سک ک، فت ی۔ صف۔ ٹکے کا، گھٹیا، سستا، غیر معیاری۔

ٹَکے ہائی فت ٹ، ے مج۔ امث۔ ادنیٰ درجے کی پیشہ کرانے والی عورت۔

ٹِل کس ٹ۔ امث۔ گلی پر ڈنڈے کی چوٹ، اَنَس۔ امذ

ٹِلّا چوٹ، ضرب، دھکّا۔

ٹَلَپ فت ٹ ل۔ امث۔ ذرّہ، ریزہ۔

ٹُلڈا ضمہ ٹ، سک ل۔ امذ۔ ایک قسم کا بانس جو چٹائی بُننے کے کام آتا ہے۔(لاط: Bambusa Tulda)۔

ٹُلکنا ضمہ ٹ، فت ل، سک ک۔ ف ل۔ سرکنا، آہستہ آہستہ، ڈگمگاتے یا خود کو سنبھالتے ہوئے چلنا۔

ٹَلنا فت ٹ، سک ل۔ جگہ سے ہٹنا، کھسکنا، ملتوی ہونا؛ ناغہ ہونا، گزر جانا، دور دفع ہو جانا۔

ٹِلْوا کس ٹ، سک ل۔ صف۔ بونا، پستہ قد؛ لکڑی کا خمدار ٹکڑا جو گیڑیاں کھیلنے میں استعمال ہو۔

ٹَلّی فت ٹ، شد ل۔ امث۔ پیالہ نما گھنٹی۔

ٹِلی لِلی جَھر کس ٹ ل، فت جھ۔ امث۔ بیچ کی انگلی کسی کی طرف نَچا کر چڑانے کے لیے مہمل الفاظ مُنہ سے نکالنے کی بچکانہ حرکت۔

ٹِلّے نَویسی کس ٹ، شد ل، فت ن، ی مع۔ امث۔ فضول کام، مصاحبت، دوسروں کی فضول خدمت گزاری میں اپنی اوقات گنوانا۔

ٹِمّا کس ٹ، شد م۔ صف/ امذ۔ حقیر جسم جُثّے کا آدمی۔ ج مذ ٹِمّا بِھمّا ایسے ویسے، ایرے غیرے لوگ۔ نیز ٹِمَخ۔

ٹِماٹَر کس ٹ، فت ٹ۔ امذ۔ پک کر سرخ، کسی قدر ترش گودے دار گول ٹِنڈے کے برابر ترکاری، پیندی میں نوکدار پتّیاں، پتلی ڈنڈی پر اگنے والی، عام طور پر سلاد چٹنی وغیرہ کے لیے مستعمل لاط: Lycopersicon Esculeitum)۔

ٹِماخ کس ٹ۔ امذ۔ بناؤ سنگار (بطور طنز)۔

ٹَم ٹَم (۱) فت ٹ۔ امث۔ ولایتی تانگا، دو پہیّوں کی کھلنے والی چھت والی گھوڑا گاڑی جو عموماً ہوا خوری کے لیے استعمال ہوتی تھی۔

ٹَم ٹَم (۲) فت ٹ۔ نقل صوت۔ تاشے کے بجنے کی آواز۔

ٹِمْٹِمانا کس ٹ، سک م۔ ف ل۔ دیے کی ہلکی ہلکی ہلتی جُلتی لو کی طرح روشنی دینا۔ نیز ٹِمَر ٹِمَر کرنا۔ ا کیف مث ٹِمٹماہَٹ۔

ٹَن فت ٹ۔ امث۔ آن، اکڑ، کھوکھلا، طنطنہ، ٹھسّا؛ نقل صوت: گھنٹہ بجنے کی آواز۔

ٹَنا فت ٹ۔ امذ۔ فرج کے اوپری حصّے میں ایک چھوٹا سا بیرونی اُبھار جو بہت حسّاس ہوتا ہے۔ دانہ، ٹَنّا، زنانہ آلت۔

ٹُنّا ضمہ ٹ، شد ن۔ امذ۔ پھل دار ٹہنی، ڈالی۔ نیز رک ٹَنا۔ نیز ٹُنْٹیلا۔

ٹَنْٹا فت ٹ، سک ن۔ امذ۔ جھگڑا، قضیہ۔ نیز ٹَنْٹالا۔

ٹُنْٹا ضمہ ٹ، سک ن۔ صف۔ آدمی جسکا ایک ہاتھ نہ ہو۔ لُنجا نیز ٹُنْڈا۔

ٹَنْچ فت ٹ، سک ن۔ امث۔ کھری چاندی۔ صف۔ کھرا، انکھڑ؛ بخیل؛ مستعد، تیار۔ امذ۔ گلّے کے بھگوڑے ڈھور کو بھاگنے سے روکنے کے لیے پیروں میں ڈالی جانے والی رسّی۔

ٹِنْڈ کس ٹ، سک ن۔ امذ۔ رہٹ میں بندھا ہوا بدھنا، ڈبوا؛ گنجا سر۔

ٹُنْڈ ضمہ ٹ، سک ن۔ امذ۔ کلائی پر سے کٹا ہوا، بے پنجے کا ہاتھ۔ صف ٹُنْڈا ہتھ کٹا، ٹُنٹا۔

ٹِنْڈا کس ٹ، سک ن۔ امذ۔ کدو کی نسل سے ایک چھوٹی سبز ترکاری جس کا سالن دُلمہ وغیرہ بناتے ہیں۔ ڈھینْڈس [لاط: Diospysros Melanoxlon]

ٹِنْڈْخی کس ٹ، سک ن ڈ۔ امث۔ پوٹا، پیٹ، خصوصاً جانوروں یا حشرات، مکھیوں وغیرہ کا۔

ٹُنْڈْنا ضمہ ٹ، سک ن ڈ۔ امذ۔ ڈھکنے کو چٹکی سے پکڑ کر کھولنے کے لیے جڑا ہوا پتْرا۔

ٹَنْڈْوار فت ٹ، سک ن ڈ۔ امث۔ چھت کے نیچے چھت گیری تاننے کے لیے ٹھونکی ہوئی لکڑیاں۔

ٹُنڈی ضمہ ٹ، سک ن۔ امث۔ کلائی سے بازو تک ہاتھ ج مث۔ ٹُنڈِیاں۔ محاورہ ٹُنڈیاں باندھنا/ کَسْنا قیدی کے ہاتھ جکڑنا، نیز ٹُنڈیانا۔

ٹَنڈیرا فت مغ ٹ، ی مع۔ امذ۔ بکھیڑا، اسباب، بکھرا ہوا سامان۔

ٹَنڈَیل فت ت، غنہ، سک ڈ، فت ی۔ امذ۔ مزدوروں کا جمعدار۔

ٹُنڑا ضمہ ٹ، سک ن۔ امذ۔ گیہوں یا جو کی بال کا، کپڑوں یا جسم پر چمٹ جانے والا تنکا۔

ٹَنکارنا فت ٹ، غمہ۔ ف م۔ برتن، تانت وغیرہ کو بجا کر دیکھنا، نیز ٹَنکارنا ٹن کی آواز نکالنا۔ امث ٹَنکار۔

ٹَنکاری فت ٹ، غنہ۔ امث۔ ایک پھل دار پودا، بَیساکھ اور جیٹھ میں بوتے ہیں، پُوس اور ماگھ میں پھل دیتا ہے جو چمکیلا کھر بائی اور خوش مزہ ہوتا ہے، بعض علاقوں میں ٹپیاری کہتے ہیں (لاط: Physolis Peruviana)۔

ٹَنگری فت ٹ، غنہ، سک گ۔ امث۔ ٹانگ کی تصغیر؛ کُشتی کا ایک داؤ جس میں ٹانگ مار کر حریف کو لڑ کھڑایا جاتا ہے۔ ف مر ٹَنگڑی باندھنا۔ ایک ٹانگ باندھ کر ایک ہی ٹانگ پر چلنے کے لیے مجبور کرنا(بطور سزا یا مذاق عموماً کھیل میں ہارنے پر)۔

ٹَنگنا فت ٹ، غنہ، سک گ۔ ف ل مجہول۔ لٹکایا جانا، ٹانگا جانا؛ کسی اونچی جگہ پر اَدھر یا ٹھہرا رہنا، م: دن بھر جھولے یا کوٹھے پر ٹنگا رہتا ہے؛ ٹانگنا (رک) کا لازم۔

ٹَنگی فت ٹ، غنہ۔ امث۔ کُشتی کا ایک داؤ۔

ٹَنگیانا فت ٹ، ذنہ، سک گ۔ ف م۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

ٹُنہایا ضمہ ٹ، سک ن۔ امذ۔ جادو ٹونا کرنے والا۔ امث ٹُنہائی۔

ٹوَبا و مج۔ امذ۔ سلائی، ٹانکا۔

ٹوَپ (۱) ومج۔ امذ۔ بڑی چھجے دار ولایتی ٹوپی، سولاہَیٹ [انگ Sola hat]۔

ٹوَپ (۲) و مج۔ امذ۔ چوٹی، چَنْدیا، مٹی کا بڑا تودہ، بدھ عہد کی گنبد نما یادگاریں [س: ستُوپَہ]۔

ٹوپا و مج۔ امذ۔ اناج کو ناپنے کا پیالہ نما پیمانہ۔

ٹوپی و مج۔ امث۔ سر پر اوڑھنے کا جزو لباس، سر کی پوشش؛ ڈھکنا؛ توڑے دار بندوق میں لگایا جانے والا بارود کا توڑا؛ کوئی ٹوپی یا گول ڈھکنے نما شے؛ چیتے کی آنکھوں پر چڑھائی جانے والی چمڑے کی ڈھکنیاں۔

ٹُوٹ ومع۔ امث۔ شِکَستگی، ٹوٹنے کا عمل یا کیفیت۔ مرکب ٹُوٹ پُھوٹ (و مع) شکست و ریخت۔ محاورہ ٹوٹ پَڑنا دھاوا بولنا، شدّت یا کثرت سے نازل یا راغب ہونا؛ ہجوم کرنا۔ بول چال؛ م ف ٹُوٹ کر شدّت سے، بے تحاشا۔

ٹوٹا و مج۔ امذ۔ خسارہ، گھاٹا، ریزہ ، خوردہ؛ ٹکڑا، بانس کی پور۔

ٹوٹرُو و مج، سک ٹ، و مع۔ امذ۔ فاختہ کی ایک قسم [لاط: Tartar Streptopelia]۔ (۲) بیل کی کور پر بنا ہوا ایک باریک کنگورا مرکب ٹوٹرُو کی بیل نُکیلے کٹاؤ کی بیل۔

ٹوٹکا و مج، سک ٹ۔ مذ۔ توہم کے تحت کسی مقصد سے کیا جانے والا کوئی سرسری عمل؛ ٹونا، مَنتر۔

ٹُوٹَن ومع، فت ٹ۔ امث۔ ٹوٹی یا چھوٹی ہوئی شے؛ کتابت میں چھوٹی ہوئی عبارت جسے حوالے کا نشان ڈال کر کسی اور جگہ لکھا جائے۔

ٹوٹَن و مج۔ امث۔ لڑائی کے مرغ وغیرہ کی چونچ۔

ٹُوٹنا و مع، سک ٹ۔ ف ل۔ دو ٹکڑے یا ٹکڑے ٹکڑے ہونا، شکستہ، دو پارہ یا پارہ پارہ ہونا؛ شدت

یا زور کا کم ہونا؛ نڈھال ہونا؛ پھٹنا، چَھٹنا، علاحدہ، متفرّق ہونا، منحرف ہونا؛ نازل، وارد ہونا؛ اُکھڑنا؛ ڈھینا، گرنا؛ تہ ہو جانا۔ صف **ٹُوٹا** شکستہ۔ مرکب **ٹُوٹا پُھوٹا** ناقص مث **ٹُوٹی پُھوٹی** شکستہ؛ شستہ و رواں کی ضد، کج مج عبارت، بولی وغیرہ۔

ٹوٹواں و مع، سک ٹ۔ صف۔ تہ ہو کر تھوڑی جگہ میں سما جانے والا (آلہ؛ فرنیچر وغیرہ)؛ غیر مسلسل، کنکھنے دار (تحریر وغیرہ)۔

ٹوَچَن و مج، فت چ۔ امث۔ کشیدہ کاری کی ایک سوئی یا موچی کا سُوا جس میں ناکے کی جگہ مُڑی ہوئی نوک ہوتی ہے جس میں دھاگا اٹکا لیا جاتا ہے، انّدھا سُوا۔

ٹوَڈی و مج۔ امث۔ چھجے کے سہارے کے لیے نصب کی جانے والی پتّھر کی تراشیدہ تکونی سل یا دہانِ شیر وغیرہ کی طرح آرائشی چُنائی یا ترشی ہوئی سل نیز **ٹوَڑا**۔

ٹُورا و مع۔ صف۔ بد وضع، بے ڈھنگا؛ ٹھگنا (آدمی)؛ کمزور، لاغر (پرندہ) ایک خاکی چھوٹی چڑیا جو بٹیرے سے چھوٹی ہوتی ہے۔ (لاط: Turdoide terricolour) نیز **ٹُوری**۔

ٹوَڑی و مج۔ اث۔ ایک راگنی جو صبح کے وقت سے منسُوب ہے؛ اس کی کئی اقسام ہیں۔

ٹوَڑیا و مج، سک ڑ۔ امذ۔ اونٹ کا بچّہ۔

ٹوَسا و مج۔ امذ۔ آک کے پودے کا پھل (لاط: Asdlepias gigantia)۔

ٹُوسی و مع۔ امث۔ بَند یا ادھ کھلی کلی۔

ٹُوک و مع۔ امذ۔ ٹکڑا، روٹی کا ٹکڑا۔

ٹوَک و مج۔ امث۔ اعتراض، گرفت، چشم نمائی۔ ف م **ٹوکنا** روکنا؛ منع کرنا؛ للکارنا؛ نظر لگانا، دھمکانا بیچ میں بول پڑنا۔ مرکب **روک ٹوَک** بندش گرفت، ممانعت۔

ٹوَکا و مج۔ امذ۔ گنڈاسا؛ بَد ہُد یا کھٹ بڑھئی کا مقامی نام؛ ایک فصلی کیڑا جو کپاس مکئی آڑو وغیرہ کے بودوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔

ٹوَکرا و مج، سک ل۔ امذ۔ جھاؤ کی تیلیوں یا بانس کی کھپچیوں سے یا بنا ہوا سامان سر پر لاد کر لے جانے کا چوڑا، کُھلے منہ اور چھدری بنائی کا ہنڈا یا ظرف۔ مث **ٹوَکری**۔ (۲) ٹوکرا نما گول کِشتی نما ڈونگا۔ کنایتہً بوجھ، بار م: ذمہ داری کا ٹوکرا، بدنامی کا ٹوکرا۔

ٹوَکی و مج۔ امث۔ اَنگیا کی کٹوریوں کا اوپر کا ٹکڑا۔

ٹُول و مع۔ امث۔ ایک سرخ کپڑا، شالباف، قند، جو استر وغیرہ کے کام آتا ہے۔ [انگ: Twill]۔

ٹوَل و مج۔ امذ۔ بستی، محلّہ، آبادی؛ مجمع، گروہ، ٹکڑی، غول نیز **ٹوَلا** امث **ٹوَلی** گروہ؛ جتھا؛ پتھر کی سڈول ترشی ہوئی سِل۔

ٹوَلنا و مج۔ ف م: ٹوہ لینا، کھوجنا، شکار کو چھپی ہوئی جگہ سے باہر نکالنا؛ امذ۔ زنخوں کی اصطلاح میں جوان مرد۔

ٹُوم و مع۔ امذ۔ گہنا، زیور۔ کنایتہً قیمتی مال، خوبصورت عورت، سونے کی چڑیا۔ مرکب **ٹُوم چَھلّا** گہنا پاتا، چھوٹا موٹا زیور۔

ٹُومنا و مع، سک م۔ ف م۔ اٹکانا، اُڑسنا؛ اکسانا، شہ دینا؛ ٹھوکنا۔

ٹوَنا و مج۔ امذ۔ جادو، مَنتر، ٹوٹکا؛ ایک گیت جو ڈومنیاں دلہن دولہا کے آرسی مصحف کے وقت گاتی تھیں۔

ٹُوں ٹاں و مع، غنہ۔ امث۔ بچّے کے بولنے کی ابتدائی مشق یا کوشش۔

ٹوَنٹی و مج مغ۔ امث۔ کسی ظرف میں جُڑی یا بنی ہوئی نلکی جس میں سے پانی نکال کر برتا جائے؛ پانی

کی پتلی دھار۔

ٹُونٹھ و مج، غنہ۔ امذ۔ اُبھار، ٹہنی کی گرہ؛ گومڑا۔

ٹُونگنا و مع، شد گ، غنہ۔ ف م۔ دانہ دانہ منہ میں ڈالنا؛ شغلاً کوئی چیز تھوڑی تھوڑی کرنا؛ نُقل سے شغل کرنا۔ امث **ٹُونگار** (ضم ٹ، و غم؛ بروزن سِنکار) نیز **ٹُنگار** ٹونگنے کا شغل۔

ٹُونی و مج۔ امث۔ درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی ہوئی کشتی۔

ٹوہ و مج۔ امث۔ کھوج، تلاش، جستجو۔ صف، امذ **ٹوہی** کھوجی، مُخبِر۔

ٹُوہُو و مج۔ نقل صوت۔ امث۔ اُلّو کی بولی۔

ٹوئی و مج۔ امث۔ نرسل یا نیزے کی ایک پور جس سے قلم بنایا جاتا ہے۔

ٹُوئیاں ضمہ ٹ، و غم، کس ء (بروزن بُرّاں) رک: **ٹُیّاں۔**

ٹَہرنا فت مج ٹ، ہ۔ ف ل۔ رک: **ٹھہرنا۔**

ٹَہل فت مج ٹ، ہ۔ امث۔ خدمت گاری، پیش خدمتی۔ امذ **ٹہلوا**، **ٹہلیا** اُوپر کا کام کرنے والا خادم۔ امث **ٹہلوئی** (و مج) **ٹہلنی۔**

ٹَہلنا فت مج ٹ ہ، سک ل۔ ف ل۔ آہستہ آہستہ چلنا، چہل قدمی؛ **ٹہل جانا**، چنپت یا فرار ہونا۔

ٹَہنا فت مج ٹ، سک ہ۔ امذ۔ درخت کا گُدّا، بڑی ڈال۔ امث **ٹہنی** شاخ، ڈالی۔

ٹَہوکا فت ٹ، و مج۔ امذ۔ انگلی یا کسی چیز سے کسی کو اکسانے یا مخاطب کرنے کی غرض سے ہلکے سے دھکیلنا، چھیڑنا یا ہلانا۔

ٹُیّا ضمہ ٹ، شد ی۔ امذ۔ ہاتھی کی مستک کا ساز جو پانچ آہنی تیلیوں کا بنا ہوا ہوتا تھا۔

ٹُیّاں ضمہ ٹ، شد ی۔ صف۔ ادنیٰ، معمولی، حقیر م: **ٹُیّاں توتا** معمولی نسل کا چھوٹا توتا جو بولنا نہ سیکھ سکے؛ **ٹُیّاں کوڑی** چھوٹی کوڑی۔

ٹِیاؤں ٹِیاؤں کس ٹ، و مع، غنہ۔ نقل صوت، امث۔ کُتّے کے پِلّے کے بھونکنے کی آواز۔

ٹیبا ی مع۔ امذ۔ ٹیلا، پہاڑی۔

ٹیپ ی مع۔ امث۔ چَپَت جو سر پر لگایا جائے؛ اُونچی تان؛ وہ سُر جس پر طبلے کا سَم آئے؛ گلے کا ایک زیور، ایک طرح کا گلو بند جس میں پھول پتّیوں کی جھالر بنی ہوتی ہے؛ اِینٹوں کے درمیان ریخوں کی چونے وغیرہ سے بھرائی؛ ترکیب بند یا ترجیع بند کا آخری زور دار بند؛ ترجیح بند کا مُتوا ر د مصرع یا شعر؛ مصرع پرگرہ۔

ٹیپنا ی مع، فت پ۔ ف ل۔ سوجھنا دکھائی دینا (عوام)، نیز **ٹپائی دینا** (بطور مزاح یا طنز)۔

ٹیٹ ے مج۔ امذ۔ گرہ، گانٹھ انٹی۔ نیز **ٹینٹ۔**

ٹینٹوا ے مج، سک ٹ۔ امذ۔ گلا، نرخرا، نیز **ٹینٹوا۔**

ٹیر ی مع۔ امث۔ کُوک، پرندے کی پُکار۔ ف ل **ٹیرنا** پُکارنا، کُوکنا، آواز نکالنا۔

ٹیروا ے مج، سک ر۔ امذ۔ حقّے کا فوارّہ، کَلی یا حقّے کی نَلکی کا اوپری سرا جس پر چلم رکھی جاتی ہے۔

ٹیڑھ ے مج، سک ڑھ۔ امث۔ کجی، ترچھا پن، ٹیڑھی چال، خر دماغی۔ صف **ٹیڑھا**؛ **ٹیڑھی** کج، مشکل، پھیر کا، چکّر دار۔ مرکب **ٹیڑھا بِڑنگا** کج مج، ناہموار، پیچدار۔

ٹیس ی مع۔ امث۔ شدید درد۔ ف ل **ٹیسنا** شدید تکلیف محسوس کرنا۔

ٹیسُو ے مج، و مع۔ امذ۔ ڈھاک کا پھول جس سے زرد رنگ بنتا ہے؛ پلاس (لاط: Butea Frondosa)؛ ایک پُتلا جو بچّے برسات کی پہلی بارش ہونے پر گھر کے دروازے پر لے جاتے تھے اور گاتے تھے "ہمارا ٹیسو یہیں اَ ڑا، کھانے کو مانگے دہی بڑا" الخ۔ نیز

ٹیسورائے- وہ پُتلا جو ہندو بچّے دسہرے کے دنوں میں نکالتے اور گھر گھر لے جا کر انعام مانگتے-

ٹِیک (۱) ے مج- امث- جانوروں کا ماتھا، مرغ کی کلغی کے اِرد گِرد کا حصہ؛ ترشے ہوئے نگ کی نچلی تہہ جو نکیلی یا آنکھ کے تل کی طرح گول تراشی جاتی ہے-

ٹیک (۲) ے مج- امث- سہارا؛ وہ چیز جس کا سہارا لیا جائے- کرسی وغیرہ کا پہلو جس پر کہنی ٹکائی جاتی ہے؛ پُشتی تکیہ، پیٹھ یا سر ٹِکا نے کی جگہ-گانے میں ٹیپ کے بول؛ استہائی- امذ ٹیک آلہ ٹکانے کی جگہ؛ لٹکن، کھانچا، وغیرہ (قب انگ: Stand)-

ٹِیکا ی مع- امذ- ماتھے کی بِّندیا، سیّندور یا صندل کا نشان، قشقہ، تِلک؛ ماتھے کا ایک زیور؛ بیماری سے بچاؤ کے لیے جلد پر نشتر یا پچکاری لگانا، یا اُس کا نشان؛ داغ، دھبّا م: کَلَنک کا ٹِیکا؛ رجواڑوں میں گدّی نشینی کی رسم؛ راج ٹِیکا-

ٹیکا ے مج- امذ- سہارا، پشتہ، تھونی، ٹیک- نیز امث ٹیکن، ٹیکی-

ٹیکرا ی مع، سک ک- امذ- ٹیلا، اونچی زمین- نیر امث ٹیکری-

ٹیکنا ے مج، سک ک- ف م- رک: ٹِکانا جس کی یہ ایک شکل ہے، محاورات میں مستعمل م: پوٹا ٹیکنا نہایت زور لگانا؛ ماتھا ٹیکنا سجدہ کرنا، عاجزی کرنا-

ٹیکی ے مج- امث- رک: ٹیک، (۲)ٹیکا محاورہ ٹیکی لینا دم لینے کے لیے ذرا کی ذرا ٹھرنا نیز ٹِھٹکی لینا-

ٹِیل ی مع- امثد جولان مرغی؛ (قب انگ: Pullet) (۲) نیلی مرغابی (قب انگ: Teal)-

ٹیلا ی مع- امذ- اُبھری، اونچی زمین؛ تودہ، ٹِیکرا-

ٹیلنا ے مج، سک ل- ف م- دھکیلنا، پیلنا، ٹھیلنا؛ نیز ٹالنا، ہٹانا-

ٹِیم ی مع- امذ-چراغ کی بتّی کا جلتا ہوا سِرا جو شعلے کے اندر سیاہ دکھائی دیتا ہے-

ٹِیم ی مع- امذ- ڈِبیا کا مدھم چراغ، نیز ٹِیما-

ٹِیم ٹام ی مع- امثد آرائش، تکلّفات، نُمودو نمائش-

ٹیمُرو ے مج، سک م، و مع- امث- آبنوس، تیندو-

ٹینٹ ے مج، غنہ- امذ- کریل کا پھل جس کا اچار ڈالا جاتا ہے؛ آنکھ کی پُھلّی؛ کان کے اندر پیدا ہو جانے والی پُھنسی جس سے سماعت کو نقصان پہنچ سکتا ہے؛ ایک طرح کی چھوٹی رسولی نیز ٹینٹی؛ تہمد یا دھوتی کے اوپری سرے کو موڑ کر بنائی ہوئی آنٹی، گرہ؛ مُرّا؛ نیز ٹینٹ-

ٹینٹوا ے مج، غنہ- امذ- رک ٹیٹوا-

ٹینگرا ے مج، غنہ- امث- ایک طرح کا مچھلی (لاط: Silurus) نیز ٹینگری-

ٹینی ے مج- صف- ادنیٰ یا دوغلی نسل کا چھوٹا مرغا یا کبوتر-

ٹیو ے مج- امثد عادت، لت؛ چھل فریب-

ٹیہرا ے مج، سک ہ- امذ- گانو، امث ٹیہری-

ٹھ

ٹھ ٹھے، ٹھا۔ امث۔ اردو حروف تہجّی کا دسواں حرف، ٹ کی ہائیہ شکل، صرف ہندی الفاظ میں موجود۔ جمل میں مقدار ت، ہ کا مجموعہ = ۴۰۵۔

ٹھا امث۔ گولی چلنے کی آواز، پٹاخا نیز **ٹھائیں**۔

ٹھاٹ امذ۔ بانس یا لکڑی کا ڈھانچا، ٹھاٹر، ٹھاٹھر؛ تکلفات، شان و شوکت؛ عیش آرام؛ ڈھنگ، طریقہ۔ (موسیقی) سُروں کی بنیادی بندش، اس طرح کی چھ بندشیں شناخت کی جاتی ہیں جنکے تحت مختلف راگ اور راگنیاں آتی ہیں؛ مال و اسباب مرکب **ٹھاٹ باٹ** سامان آسائش۔

ٹھاٹَر فت ٹ۔ امذ۔ ڈھانچا، پنجر؛ پالتو چڑیوں؛ کبوتروں وغیرہ کے لیے بنایا ہوا بڑا جالی دار پنجرا؛ چراغاں کے لیے بنائی ہوئی جالی یا ٹٹّی، نیز **ٹھاٹَھر**۔

ٹھاٹھیں مارنا ے مج غنہ۔ ف ل مرکب۔ (سمندر یا دریا کا) موج زن ہونا، تھپیڑے مارنا، بڑی بڑی لہریں لینا۔ [ٹھاٹھا = اُبھار، اُٹھان،کوہان] نیز **ٹھاٹھے مارنا**۔

ٹھار امث۔ رک: **ٹھوَر**۔

ٹھاڑا صف۔ استادہ، کھڑا ہوا؛ ہٹّا کٹّا۔

ٹھاکُر ضمہ ک۔ امذ۔ دیوتا، سردار، مالک۔ **ٹھاکر دُوارا** مندر۔ مث **ٹَھکرایَن** ٹھاکر کی بیوی۔

ٹھانْس غنہ۔ امث۔ دھات کے برتن کا موڑا ہوا کنارہ تاکہ دھار دار نہ رہے؛ ٹُھونس کا تابع رک: **ٹُھونسنا**۔

ٹھاننا سک ن۔ ف ل۔ پکا ارادہ کر لینا۔

ٹَھپّا فت ٹھ، شد پ۔ امذ۔ نقش یا نشان جو اُتّو یا مہر کے ذریعے بٹھایا جائے؛ چھاپا، سکّہ،مہر، خصوصی علامت۔

ٹھٹ فت ٹھ۔ امذ۔ گروہ، ہجوم نیز **ٹَھٹّھ**۔

ٹَھٹّا فت ٹھ، شد ٹ۔ امذ۔ قہقہہ، ہنسی مذاق، چہل امث **ٹھٹّے بازی** (دل لگی) چھیڑ چھاڑ؛ نیز **ٹَھٹّھا**۔

ٹھٹَکنا کس ٹھ، فت ن، سک ک۔ ف ل۔ رک جانا،جھجکنا، ہچکچانا نیز **ٹِھٹَھکنا**۔

ٹَھٹَّنی فت ٹھ (بروزن چَمَنی) امث۔ بٹوے، تعویذ وغیرہ کے ڈورے پر لپٹا ہوا ایک باریک تار۔

ٹھٹَرنا کس ٹ، فت ٹ، سک ر۔ ف ل۔ سکڑنا، سردی سے اکڑنا یا کانپنا۔ ا کیف مث **ٹِھٹَرن** نیز **ٹِھٹَھرنا**۔

ٹَھٹھول فت ٹھ، و مج۔ امذ۔ مسخرہ پن، چہل، دل لگی صف: خوش طبع، ہنسنے ہنسانے والا نیز **ٹَھٹھولیا**۔

ٹَھٹّھی فت ٹھ، شد ٹھ۔ امث۔ بستی، گانو۔

ٹَھٹھیرا فت ٹھ، ے مج۔ امذ۔ تانبے پیتل کے برتن بنانے یا بیچنے والا؛ پودوں کا ڈنٹھل یا سوکھی ٹہنی۔ نیز **ٹھٹیرا** محاورہ **ٹھٹیرا بَدلائی** ٹھٹیروں کا گلی گلی آواز لگا کر تانبے پیتل کی پرانی چیزیں میوے کے بدلے خریدنا۔ مثل **ٹَھٹھیرے ٹَھٹھیرے بدلائی نہیں ہوتی** کسی جنس کے بیچنے یا بنانے والے وہی جنس نہیں خریدتے۔

ٹَھڈّا فت ٹھ، شد ڈ۔ امذ۔ پتنگ کی کمان کو قطع کرتی ہوئی کسی قدر موٹی عمودی تیلی۔ محاورہ **ٹُھڈّا ٹُوٹنا** کمر ٹوٹنا، سخت صدمہ پہنچنا، بے سہارا ہو جانا۔

ٹُھڈّا ضمہ ٹھ، شد ڈ۔ امذ۔ ٹھوکر؛ اناج کا دانہ جو بھاڑ میں سے بن کھلے سالم نکل آئے اور چبانے میں سخت ہو؛ نیز رک: بڈھا جس کا یہ تابع ہے،نیز امث **ٹُھڈّی**۔

ٹُھڈّی ضمہ ٹھ، شد ڈ۔ امث۔ ٹھوڑی۔ نیز رک: ٹُھڈّا جس کی یہ تانیث ہے۔

ٹھر کس ٹھ، امث۔ سخت، ٹھٹھرانے والی سردی۔ صف **ٹھرمَرا** (فت م) ٹھنڈا (پانی) جس کی خنکی کسی قدر کم اور گوارا ہو گئی ہو۔ **ٹھرمَروا** پالے کا مارا (کھیت)۔

ٹَھرّا فت ٹھ، شد ر۔ امذ۔ گڑ کے شیرے سے تیار کردہ سَستی شراب۔ امث۔ **ٹَھرک** (فت ٹھ ر) ٹھرّے کی طلب۔ صف **ٹَھرکی** (سک ر) ٹھرّے کا دَھتّی۔

ٹَھرْیا فت ٹھ، سک ر۔ امذ۔ مٹی کے پیندے کا حقّہ، نیز **ٹَھرْیا**۔

ٹَھس فت ٹھ، سک س۔ صف۔ سُست، کاہل، آڑیل؛ ٹھوس، کھوکھلا کی ضد۔ جس میں کھنکھناہٹ یا آواز نہ ہو؛ کُند دہن۔ اکیف مث **ٹَھسّی** ف مر **ٹُھسّی کھانا** ڈھیلا پڑ جانا، مدّھم ہو جانا۔

ٹَھسّا فت ٹھ، شد س۔ امذ۔ اترانے، رعب ڈالنے کا انداز؛ تمکنت، جسمانی زیب و زینت۔

ٹُھسّا ضمہ ٹھ، شد س۔ امذ۔ استرکاری میں نقوش کندہ کرنے کا آہنی نوکدار قلم۔

ٹَھسَک فت ٹھ، س۔ امث(۱)خشک کھانسی؛ نیز **ٹَھشکا** (۲) **ٹَھسّا** (رک) کا متبادل۔

ٹُھسْنی ضمہ ٹھ، سک س۔ امث۔ بندوق کا گز، ڈاٹ۔

ٹِھکانا کس ٹھ۔ امذ۔ رہنے کی جگہ؛ حد، انتہا۔ ف مر **ٹِھکانے لَگنا** قرار پکڑنا (محنت کا) بارور ہونا، منزل پر پہنچ جانا؛ ختم، صَرف، تمام ہو جانا؛ مر جانا۔ (بول چال) **کیا ٹِھکانا ہے!** کوئی حدّ و حساب نہیں، بے پناہ ہے۔

ٹُھکائی ضمہ ٹھ۔ امث۔ ٹھونکنے کا عمل؛ پٹائی، مار، سزا۔

ٹَھگ فت ٹھ۔ امذ۔ قزاق، بٹ مار، ف م **ٹَھگنا** لوٹنا۔ **ٹَھگ بِدّیا** دھوکے بازی، کائیاں پَن، امث۔ **ٹھگی** نیز بلا شد۔

ٹِھگنا کس ٹھ، سک گ۔ صف۔ چھوٹے قد کا۔ نیز **ٹِھنگنا**۔

ٹَھل فت ٹھ۔ امث۔ روک پکڑ، وہ پرزہ جو کاریگری کے وقت دھات کی چادر وغیرہ کو ہلنے جُلنے سے روکتا ہے۔

ٹَھلا فت ٹھ۔ امذ۔ تلوار کے قبضے پر باڑھ کے رخ لگی ہوئی آڑ جو ہاتھ کا بچاؤ کرتی ہے۔

ٹَھلّا فت ٹھ، شد ل۔ صف۔ تکڑا، ٹانٹا۔

ٹَھلک فت ٹھ ل۔ امذ۔ پتھر کو چکنا کرنے کا اوزار نیز **ٹَہلک**۔

ٹِھلیا کس ٹھ، سک ل۔ امث۔ مٹی کی گھڑیا۔

ٹَھلّے بازی فت ٹھ، شد ل، ے مج۔ امث۔ ہیکڑی، ناز، نخرے، اچپلاہَٹ۔

ٹُھمْری ضمہ ٹھ ر، سک م۔ امث۔ پکّے گانے کا ایک مخصوص ہلکا، دھیما انداز جس میں مختصر پیار کے بول ایک انترے اور ایک استھائی میں دوہرائے جاتے ہیں۔

ٹُھمْکا ضمہ ٹھ، سک م۔ صف۔ ٹِھگنا، چھوٹے قد کا؛ امذ۔ ناچ میں سا ز کے ساتھ کولھے کی مٹک۔ امث **ٹُھمکی** کولھا مٹکانا؛ پتنگ کی ڈور کو جھٹکا دینا۔

ٹُھمَکنا ضمہ ٹھ، فت م، سک ک۔ ف ل۔ ناز سے چلنا، ہلکے سے جھٹکے کے ساتھ تول تول کر قدم رکھنا؛ کُولھے مٹکانا۔

ٹَھناکا فت ٹھ۔ امذ۔ دھات کی بنی ہوئی چیز پر چوٹ پڑنے کی آواز، ٹَھن ٹَھن کی آواز۔

ٹُھنْٹھ ضمہ ٹھ، سک ن۔ امذ۔ سوکھا درخت یا جس کا تنا جڑ کے قریب سے کاٹ دیا گیا ہو۔ جڑَونْدا نیز **ٹُھنْڈ**۔

ٹَھنْٹَھنانا فت ٹھ۔ سک ن۔ ف ل م۔ ٹَھن ٹَھن کرنا،

گھنٹے کا بجنا، سکّے یا دھات کے ٹکڑے سے بجتی گونجتی ہوئی آواز پیدا کرنا۔

ٹَھنڈ فت ٹھ، سک ن۔ امث۔ سردی، خنکی، نیز **ٹھنڈک** خنکی، فرحت، قرار، م: کلیجے میں ٹھنڈک پڑنا۔ صف **ٹَھنڈا** سرد؛ بے خس، بے دم؛ بُجھا ہوا؛ دھیما، فرو۔امذ **ٹھنٹھملمّع** دھات پر رنگیں، ملمع کاری۔

ٹُھنڈ ضمہ ٹھ، سک ن۔ رک: **ٹنٹھ**۔

ٹَھنڈا فت ٹھ، سک ن۔ صف۔ سرد، جس میں حرارت کم ہو یا نہ ہو، بارد؛ مردہ، بجھا ہوا، بے خروش، جذبے سے عاری۔

ٹَھنڈائی فت مغ ٹھ۔ امث۔ بغیر جوش دیےصرف اجزا کو پانی میں کچھ دیر بھگو کر ٹھنڈا ٹھنڈا پلایا جانے والا طِبّی نسخہ؛ جنیسانڈہ؛ آبِ بنگ، گھٹی ہوئی بھنگ۔

ٹَھنڈی فت ٹھ، سک ن۔ امث۔ خسرہ، جھائیں پھوئیں؛ چیچک، **ٹَھنڈی الماری** حرارت جذب کرنے والی گیس کے عمل سے ٹھنڈا رہنے والا آہنی گنجینہ (قب انگ: Refrigerator) **ٹَھنڈی گرمیاں** ظاہری محبت، بناوٹی، اظہار جذبات۔

ٹَھنکار فت ٹھ، سک ن۔ امث۔ دھات کی چیز کے بجنے کی آواز۔ ف م **ٹَھنکارنا** بجا کر دیکھنا کھرے سکے کو پرکھنا۔

ٹِھنکنا کس ٹھ، فت ن، سک ک۔ ف ل۔ سانس کے جھٹکوں کے ساتھ ناک سے رونے یا ضد کرنے کی آواز نکلنا، اُوں اُوں کر کے مچلنا۔

ٹُھنگارنا ضم مغ ٹھ، سک ر۔ ف م۔ ایک ایک دانہ منہ میں ڈالنا۔ نُقل سے شغل کرنا۔ نیز **ٹُھنگیرنا**۔

ٹِھنگنا کس مغ، ٹھ۔ صف۔ رک: **ٹھگنا**۔

ٹُھنگیانا ضمہ ٹھ، غنہ، سک گ۔ ف م۔ دانہ چگنا، دانے یا کھانے کی چیز پر ٹھونگیں مارنا۔

ٹَھننا فت ٹھ، سک ن۔ ف ل۔ طے پانا؛ لڑائی کا چھڑ جانا؛ کشیدگی پیدا ہو جانا؛ تیار ہونا، آراستہ ہونا، بناؤ کرنا۔

ٹھوٹھ و مج۔ صف۔ بُدھو بے وقوف؛ جاہل، ان پڑھ۔

ٹھور و مج۔ امذ۔ ٹھکانا، مقام، جگہ؛ سمت، رخ نیز **ٹھار، ٹھاؤں**۔

ٹھوڑی و مج۔ امث۔ چہرے کا دہانے سے نیچے کا حصہ، زَنَخْداں۔

ٹھوس و مج۔ صف۔ گٹھا ہوا، جما ہوا، سخت، بھرپور؛ اندر سے پُر، وزن دار؛ پُر مغز؛ ہلکا،پتلا، کھوکھلا کی ضد۔ (طبیعیات) جگہ گھیرنے والا مادّہ جو گیس یا مائع کی تعریف میں نہ آئے۔

ٹھوکر و مج، فت ک۔ امث۔ پانو یا جوتے کی نوک کی دانستہ ضرب یا اتفاقاً کسی چیز سے ٹکرانا۔ راستے میں کوئی ابھار یا گڑا ہوا پتھر جس سے پانو ٹکرائے؛ رقص میں پنجے کو زمین پر مارنا؛ نبض کی حرکت جو نبّاض کی انگلیوں پر محسوس ہو۔

ٹُھونسنا و مع، غنہ، سک س۔ ف م۔ زورلگا کر یا زبردستی گھسانا، پھنسانا، بھرنا۔ امث۔ **ٹھونس ٹھانس** کچھ پچ، زبردستی کی بھرائی، غیر ضروری اِضافہ۔

ٹھونکنا و مج، غنہ، سک ک۔ ف م: گاڑنا، ضرب لگا کر داخل کرنا؛ مارنا، مرمت، ٹُھکائی کرنا، کسی شے پر ضرب لگانا، چوٹ لگانا؛ (تیل) سر میں جذب کرنا؛ (روٹیاں) پکانا۔ ا کیف مث **ٹُھکائی** (بلا غنہ)۔

ٹھونکنی و مج، غنہ، سک ک۔ امث۔ لکڑی کا ہتھوڑی نما اوزار جس سے مختلف کاریگر کوٹنے، دبانے ہموار کرنے کا کام لیتے ہیں۔

ٹھونگ و مج، غنہ۔ امث۔ پرندے کا دانے پر چونچ مارنا۔ ف م: **ٹھونگنا چگنا**۔

ٹَھہرانا فت مج ٹھ۔ سک ہ۔ ف م۔ روکنا، تھامنا،

ساکت منجمد کرنا؛ طے کرنا، چکانا؛ کسی کے پڑاؤ قیام کا ٹھکانا کرنا۔ نیز ٹَھیرانا۔

ٹَھْہراؤ فت مج ٹھ، سک ہ، و مج۔ امذ۔ سکون، قیام، قرار؛ جمود۔

ٹَھَہرنا فت مج ٹھ ہ، سک ر۔ ف ل۔ رکنا، پڑاؤ کرنا، رہنا، ساکت ہونا، قائم رہنا، ثابت قدم رہنا؛ قرار پانا، طے ہونا۔

ٹِھیا کس ٹھ۔ امذ۔ ٹھکانا، بیٹھنے کی جگہ، دکاندار کی گدّی؛ کام کرنے کی جگہ۔

ٹِھیپ ی مع۔ امذ۔ مٹّی کا برتن یا ٹوٹے گھڑے کا پینْدا جس میں فقیر اگ جلاتے ہیں، نیز ٹِھیک امذ۔ ٹِھیپا ٹھیکرا۔

ٹھیٹ ے مج۔ صف۔ اصلی، خالص، مثالی نیز ٹھیٹھ۔

ٹھیس ے مج۔ امث۔ ٹھوکا، ہلکا سا صدمہ جو کسی نازک شے یا دکھتی ہوئی جگہ کو پہنچے۔

ٹِھیک (۱) ی مع۔ صف۔ درست، بجا، صحیح؛ تندرست، صحتیاب؛ ہو بہو، بعینہٖ؛ عین، بالکل، بے کم و کاست۔ مرکب ٹِھیک ٹھاک درست، جیسا چاہیے؛ امذ۔ انتظام بندوبست؛ بھروسا، اعتبار (عموماً نفی میں) م: ان کا کچھ ٹھیک نہیں آئیں نہ آئیں۔ کیا ٹھیک ہے (بول چال) کلمۂ استعجاب، کوئی حد و حساب نہیں۔

ٹِھیک (۳) امث۔ اَڑواڑ، بَلّی، سہارا جس پر کوئی چیز قائم ہو۔ (۲) ٹھیکرا کی تصغیر، ٹھیکری۔ محاورہ ٹِھیک نِکَل جانا بھرم کھل جانا، سہارا جاتا رہنا۔

ٹھیکا ے مج۔ امذ۔ اجارہ، پٹہ؛ طبلے کی تھاپ، سنگت۔

ٹِھیکْرا ی مع۔ امذ۔ رک: ٹِھیک (۲)؛ پکّی مٹّی کے برتن کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا، خصوصاً پیندا۔ امث ٹھیکری۔ مٹی کے برتن کا چھوٹا ٹکڑا؛ زنانہ زیر ناف جس پر بال ہوتے ہیں۔ ٹِھیکرے کی مانْگ۔ بچّی کی پیدائش پر دائی کے ٹھیکرے میں کچھ نقد ڈال کر نوزائیدہ کو اپنے لڑکے کی منگیتر بنا لینا، جو ایک پرانا دستور تھا۔

ٹھیکی ے مج۔ امث۔ دم لینے کی جگہ، جہاں مزدور سے بوجھ اتار کر تھوڑی دیر ٹھہرے، نیز ٹیکی۔

ٹھیکنا ے مج، سک ک۔ فل: سہارا لینا؛ ٹِکنا۔

ٹھیکْری ے مع۔ امث۔ زنانہ پیڑو کا نچلا حصہ؛ زیر ناف۔

ٹھیل ے مج۔ چھوٹی بیل گاڑی؛ مرکب ٹھیل گاڑی دھکیل کر لے جائی جانے والی گاڑی (قب انگ: Wagon)۔

ٹھیلا ے مج۔ امذ۔ دو پہیوں پر سپاٹ تختوں کی بنی ہوئی دھکیل کر یا ہاتھوں سے کھینچ کر لے جائی جانے والی گاڑی، ریڑھا۔

ٹھیلنا ے مج۔ ا ف م۔ دھکا دینا، ٹھوکا دینا؛ دھکیلنا۔ امذ۔ ٹھیلْیا ٹھیلا یا چھکڑا چلانے والا۔ مثل اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بَہانہ۔ پست ہمتی یا بے دلی میں اُوپر سے شہ پا کر جی چھوڑ دینا، کسی بہانے کام سے بچنے پر بطور طنز۔

ٹھینْٹا ے مج مغ۔ امذ۔ کپاس کا ڈوڈا، پُھٹّی۔

ٹھینْگا ے مج مغ۔ امذ۔ انگوٹھا؛ سونٹا، ڈنْڈا۔ صف ٹھینْگیل (ے لین) لٹھ باز۔ ٹھینْگا دکھانا/ نَچانا۔ انگوٹھا ہلا کر چڑانا، صاف انکار کر دینا۔

ٹھینْگُور ے مج مغ، ومع۔ امذ۔ بھکوڑے بیل کے گلے سے لٹکایا جانے والا ڈنڈا جو بھاگنے میں مزاحم ہوتا ہے۔

ٹِھیوا ی مع۔ امذ۔ چٹان کا بڑا ٹکڑا جس سے سالم ستون وغیرہ تراشے جا سکیں؛ نگینے کا گھاٹ۔

ث

ث ثے ثا۔ امث۔ اردو حروف تہجّی کا گیارہواں حرف۔ ثائے مثلّثہ (یعنی تین نقطوں والی) نیز ثائے تخّذ۔ سِنّی مصمّتہ، عربی تلفظ زبان کی نوک کو اوپر کے دانتوں سے ملا کر خفیف رگڑ کے ساتھ سانس کے اخراج سے ادا ہوتا ہے۔ اردو میں حرف س کی ہم آواز۔ جمل میں عدد ۵۰۰۔ عربی یا معرّب الفاظ میں آتی ہے م؛ اَثیر = اِیتھَر، اَثِینیا = ایتھنز، ترقیمات ریاضی میں ۱۸ویں یونانی حر ف Sigma (Σ) کا جواب۔ حروف شمسی میں ہے۔

ثابِت کس ب۔ صف۔ محکم، قائم؛ سالم، پورا؛ دلیل سے روشن مانا ہوا؛ درست؛ بے لوث۔ **ثابِت اَلاَصْل** (ثُل اَصْل) وہ حدیث جو قوی، متواتر یا صحیح حدیث کی تعریف میں آئے **ثابِت خانی** امیر، بادشاہ کے ذاتی محافظ؛ **ثابِت قَدَم** ارادے کا پکّا، پیچھے نہ ہٹنے والا۔

ثابِتہ کسمج ب، فت ت۔ امذ۔ قائم ستارہ جو حرکت کرتا دکھائی نہ دے۔ ج **ثوابِت**۔ نیز رک **اَعْیانِ ثابِتہ**۔

ثار (۱) امذ۔ خون کا بدلہ، قِصاص؛ صف **ثائِر** بدلہ لینے والا (۲) سیر کا مُعَرّب؛ اسّی تولے یا ۱۶ چھٹانک کا وزن۔

ثافسیا کس ف، سک س۔ امذ۔ ایک نباتی گوند جو ایک پہاڑی پودے سے نکلتا اور نہایت زہریلا ہوتا ہے، دواءً مستعمل (ع نیز؛ سداب جَبَلی، لاط؛ Thapseia)۔

ثاقِب کس ق۔ صف۔ روشن، چمکیلا (ستارہ)؛ بَرّاق (ذہن) سُوئے کی طرح چھیدنے والا۔ (درد ، ٹِیس)۔

ثاقُول و مع۔ امذ۔ ڈوری میں بندھا ہوا سیسے کا ٹکڑا جسے لٹکا کر دیوار کی سیدھ ناپتے ہیں، نیز شاقُول ، سَہاوَل۔

ثالِث کس ل۔ صف۔ تیسرا، ترتیب میں تیسرے مقام پر؛ دو فریقوں کے درمیان جھگڑا چکانے والا، پنچ، حکَم۔ **ثالِث بِاْلخَیر** (بِل خَیر) نیک نیتی سے فیصلہ کرنے والا **ثالِث حَصْری** فریقین کا مانا ہوا حکَم۔ امث۔ **ثالِثی**۔

ثالُوث ومع۔ امذ۔ تین کا مجموعہ؛ عیسائی عقیدۂ تثلیث کی رو سے خدا، مسیح اور روح القدس، نیز **ثالُوث اَقْدَس** (انگ: Holy Trinity) **ثالُوث الجمال** تین خوبیوں والا، نہایت حسین۔

ثالِیل ی مع۔ ج مذ۔ جسم یا پودوں پر ابھرنے والی گلٹیاں، پستانوں کی چُوچیاں (ع واحد: **ثُؤلُول**)۔

ثامِن سک م۔ صف۔ آٹھواں۔ مث نیز صیغۂ ج **ثامِنَہ** م؛ عشرۂ ثامنہ آٹھویں دہائی۔

ثانَوی فت ن۔ صف۔ دوسرے درجے پر ضمنی، تحتی؛ ابتدائی تعلیم کے بعد کا درجہ، تحتانی اور فوقانی کے درمیان۔ صف **ثانَوی کَوَر** (ومج) رنگوندا، سبز کور۔

ثانی صف۔ دوسرا، دوم؛ جواب، مدّ مقابل؛ جوڑی دار۔ م فـ ثانیاً دوسرے (یہ کہ)، دوسری بار۔

ثانِیَہ کس ن، فت ی۔ امذ۔ ایک منٹ کا ساٹھواں حصّہ، دقیقہ، سیکنڈ۔ نیز ثانی کی تانیث۔ امث۔ **عادَت ثانِیَہ** اختیارکی ہوئی نہ کہ فطری عادت جو پختہ ہو گئی ہو۔

ثَبات فت ث۔ امذ۔ پائیداری، برقراری؛ قیام، استحکام؛ صبرو تحمل؛ استقرار۔

ثُبات ضمہ ث۔ امذ۔ مجبوری، معذوری۔

ثَبْت فت ث، سک بـ صف۔ نقش کیا ہوا؛ لکھا، درج کیا ہوا۔

ثُبُوت ضمہ ث، و مع۔ امذ۔ دلیل شہادت، سَنَد؛ اُستواری، پائیداری، ثباتہ

ثِخْن کس ث، سک خ۔ امذ۔ موٹائی، حجم، دَل۔

ثَدی فت ث۔ امث۔ (حیوانیات) تھن، پستان، تثنیہ **ثَدَان** ج **اَثْداء**۔

ثَرا امذ۔ مٹی؛ قدموں کے نیچے کی زمین؛ زمین کا نچلا طبقہ نیز **تَحْتَ اَلثَّرا**۔ فقرۂ دعا؛ **طابَ ثَراہُ** اس کی قبر کی مٹی معطر رہے۔ بزرگ مرنے والوں کے حق میں دعا۔ نیز **ثَریٰ** (ثرا)۔

ثَرْب فت ث، سک ر۔ امث۔ جِھلّی، جھلّی کا غلاف جس میں جَنِین لپٹا ہوتا ہے۔ پیٹ کے اندر کی جھلّی۔

ثَروَت فت ث، سک ر، فت و۔ امث۔ دولت، خوشحالی۔

ثُرَیّا ضمہ ث، سک ر، شد ی۔ امث۔ چھ ستّارے جو آسمان پر ایک آویزے کی شکل میں یکجا نظر آتے ہیں۔ قدیم عقیدے کے مطابق سات بہنیں تھیں جن میں سے ایک بہن گم ہو گئی ہے۔ نظمِ پرویں، سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ نیز **عقد ثُریّا**۔

ثَرِید فت ت، ی مع۔ امذ۔ عرب کا ایک کھانا جو شوربہ روٹی پر مشتمل ہوتا ہے۔

ثَعلَب فت ث، سک ع، فت ل۔ امث۔ لومڑی، لومڑی کا نر یا لومڑی کی جنس۔ امث۔ **ثَعْلَبِ مصری** ایک پودے کی جڑ جس کے پتّے پیاز کی مانند ہوتے ہیں، ذائقہ میٹھا، دواءً مستعمل نیز **خُصْیَتہ اَلثَّعلب** (ا ل غم) (یونانی: Orchis Mascula)۔

ثَغْر فت ث، سک غ۔ امث۔ سرحد، دو ملکوں کے بیچ میں حدّ فاصل، ج: **ثُغُور** سرحدیں، نیز فوج کی سرحدی چوکیاں۔

ثُفْل ضمہ ث، سک ف۔ امذ۔ پھوک، کسی رسیلی چیز کو چوسنے کی بعد باقی رہ جانے والا فضلہ۔ **ثُفْل دان**۔ دستر خوان پر چوسی ہوئی ہڈیاں وغیرہ رکھنے کا ظرف۔

ثَقافَت فت ث، ف۔ امث۔ کسی گروہ انسانی کے تمدّن کی امتیازی خصوصیات، م: فنونِ لطیفہ، آداب و رسوم [لفظاً ع: ذکاوت، مہارت]۔

ثِقال کس ث۔ ج مذ۔ اہم شخصیتیں، ثقہ، معتبر، بھاری بھرکم لوگ اصلاً: بھاری وزن۔ صف **ثَقِیل**؛ بھاری بھرکم، بوجھل، وزن کی جمع۔

ثَقالَت فت ث ل۔ امث۔ وزن داری، بوجھل ہونا، بھاری پن، گرانی، تحریر یا تقریر میں مشکل الفاظکا استعمال، سہولت اور روانی کی ضد۔

ثِقالَہ کس ث، فت ل۔ امذ۔ وہ بوجھ جو پاسنگ کے لیے ترازو پر رکھا یا لٹکایا جائے۔

ثِقاہَت کس ث، فت ہ۔ امث۔ سنجیدگی، بردباری، باوقار، معتبر ہونا۔

ثُقبَہ ضمہ ث، سک ق، فت ب۔ امذ۔ سوراخ، چھید، مُسام، آنکھ کی پتلی کا تل، نیز **ثقبہ عنبیہ** صَف **ثقبیہ** (حیوانیات) بلوں میں رہنے والے جانوروں کی انواع۔

ثِقَت کس ث، فت ق۔ امث۔ ثقاہت، ثقہ پن۔

ثَقَل فت ث ق۔ صف۔ مذ۔ گرانقدر، قیمتی؛ اہم اشیاء، سامان، تثنیہ **ثَقَلَین** (رک)۔

ثِقْل کس ث، سک ق۔ بوجھ، وزن، بوجھل پن ج **اَثقال**؛ تفضیل **اَثقَل** بہت بھاری؛ اکیف مث۔ **ثَقالت** (رک) مرکب **ثقل سَماعَت** بہرا پن، گراں گوشی نیز **ثِقلِ سَمْع**۔ (طبیعیات) **کَشِشِ ثِقْل** اجزا مادّہ کی کشش باہمی؛ زمین کی اپنے مرکز کی طرف کشش۔

ثَقَلَین فت ت ق۔ ے لین۔ تثنیہ۔ دو گرانقدر اہم اشیاء؛ دونوں جہان، دونوں انواع، نزد بعض مراد: جن و بشر؛ شیعی عقیدے میں: قرآن اور عترت نبویؐ۔ نیز **ثَقَلان**۔

ثِقَہ کس ث، فت ق۔ صف۔ باوثوق، معتبر، متین، سنجیدہ، ج: **ثِقات** معتبر لوگ [ع: و ثق]۔

ثَکُول فت ث، و مع۔ صف مث۔ وہ عورت جس کا بچّہ فوت ہو گیا ہو؛ [ع: ثکل = سوگواری]۔

ثَقِیل فت ث، ی مع۔ صف۔ وزنی، بھاری، بوجھل، جو پیٹ میں گرانی پیدا کرنے، دیر ہضم۔

ثَلاثَہ فت ث۔ صف۔ تین، تینوں، نیز **ثَلٰثَہ**۔ **ثُلاثی** (ضمہ ث) سہ گانہ، تین اجزا پر مشتمل۔

ثُلاثِیّات ضمہ ث، کس ث، شد ی۔ ج مث۔ وہ احادیث جو تین واسطوں سے پہنچی ہوں۔

ثَلّاجَہ فت ث، شد ل، فت ج۔ امذ۔ برف کی چٹان یا تودہ جو سمندر میں بہہ کر آئے جس کا صرف ایک کونہ اوپر دکھائی دیتا ہے۔ (انگ: گلیشیئر) [اصلاً ع: مث]۔

ثُلُث ضمہ ث ل۔ صف۔ ایک تہائی؛ ۱/۳۔ خطاطی کی ایک قدیم روش۔

ثَلْج ضمہ ث، سک ل۔ امث۔ برف جو آسمان سے گرے یا جمائی جائے۔

ثَلْم فت ث، سک ل۔ امذ۔ (عروض) ایک زحاف کا نام؛ کسی رکن بحر کے شروع میں وتد مجموع ہو تو اس کے پہلے متحرّک حرف کو ساقط کر دینا م: فَعُولُن سے عُولُن جسے فِعلُن سے بدل دیتے ہیں۔

ثُمّ ضمہ ث، شد فت م۔ حرف عطف۔ پھر، دوبارہ، مکرر (بطور تاکید) م: آمین ثُمّ آمین!

ثَمان فت ث۔ عدد۔ آٹھ، ہشت (۸) صف **ثَمانی** ہشت پہلو، مث ج **ثَمانِیَہ**، **ثَمانُون** اسّی۔

ثَمبَرْگ فت ث، سک م، فت ب، سک ر۔ (نباتیات) پھول کے بقچے یا بیضداں کی پتّی۔ ایسی کئی پتیاں مل کر بُقچہ بناتی ہیں۔

ثَمَر فت ث م۔ امذ۔ پھل، درخت کا بار؛ مجازاً: حاصل، نتیجہ؛ جزا۔ مرکب **ثَمَر پیش رَس** موسم کا پہلا پھل جو ہاتھ میں آئے۔ **ثَمَر قَنْد** میٹھے پھلوں کا رس۔ **ثَمَرِ گُل** پھول کا مرکزی حصہ جس میں پتیاں جڑی ہوتی ہیں۔ **ثَمَرْوَر** پھل دینے والا درخت۔ **ثَمْرَہ** (سَم رَ) حاصل، نتیجہ [اصلاً ع: **ثَمَرَہ** فت ث م ر]۔

ثَمَن فت ث م۔ امث۔ قیمت، دام صف۔ **ثَمِین** قیمتی، بیش بہا۔

ثُمُن ضمہ ث م۔ صف۔ آٹھواں (۱/۸)؛ ہشت پہلو، نیز **مُثَمَّن**۔

ثَمُود فت ث، ومع۔ امذ۔ ازروئے صحائف ایک قدیم غیر مہذب قوم جس پر عذاب الٰہی نازل ہوا۔

ثَنا(ء) فت ث۔ مدح، قصیدہ خوانی۔ ج: **ثَنایا** مدحیں؛ نیز سامنے کے دانت۔

ثُنائی ضمہ ث۔ صف۔ دو اجزاء کا مرکب؛ دو حرفی لفظ؛ کسی بحر کا وہ رکن جس میں دو زحاف واقع ہوں؛ دو پر مبنی (انگ : Binary) نیز **مُثَنّیٰ** (مُثَن نا)۔

ثَنَوی فت ث ن۔ صف عددی۔ دو سے منسوب۔ دو خداؤں یا دو عظیم غیبی طاقتوں کا ماننے والا۔ نظام فطرت میں متضاد قوّتوں کے عمل کا قائل۔ امث۔ **ثَنَوِیّت** (انگ: Dualism)۔

ثَنْیَہ فت ث، سک ن، فت ی۔ امذ۔ (علم تشریح البدن) جھلّی کی تہہ یا شکن یا پردہ جیسے کہ زبان کے نیچے۔

ثَواب فت ث۔ امذ۔ جزائے خیر، بھلائی، نیکی عبادت کا انعام؛ صف: نیک مناسب (قب: صَواب)۔

ثَوابِت فت ث، کس ب۔ ج مذ۔ وہ ستارے جو کسی مدار پر گردش کرتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ واحد **ثابِتَہ**۔

ثَنی فت ث۔ صف۔ (شرع) قربانی کے لیے مقرّرہ عمر کا جانور (دنبہ چھ ماہ کا، بکرا سال بھر کا، گائے بیل ۲ برس کے، اونٹ ۵ برس کا ہونا چاہیے)

ثَوب و لین۔ امذ۔ کپڑا، لباس۔ ج **ثِیاب**۔

ثَوبان و لین۔ امذ۔ بازگشت، واپس آنا۔

ثَور و لین۔ امذ۔ بیل، بجار؛ قدیم نجوم کے مطابق آسمان کے بارہ برجوں میں سے دوسرا امث۔ **ثَور بازاری** حِصَص کے بازار میں یکبارگی تیزی؛ قیمتوں کا دفعتہً چڑھاؤ (انگ: Bullish Hella)۔

ثَوران و لین۔ امذ۔ ہیجان، جوش، سیلانِ خون۔

ثُوم و مع۔ امذ۔ لہسن۔

ثُومُون و مع۔ امذ۔ خاکسی کی طرح ایک نبات کے بیج کا نام۔ تخم زرداب (لاط: Amonum Crercuma Jacq)۔ نیز **ثُومرُون**۔

ثَیِّب فت ث، شد کس ی۔ امث۔ وہ عورت جو مرد سے خلوت کر چکی ہو، کنواری کی ضد۔ نیز **ثَیِّبَہ** اکیف مث **ثِیابَت** (کس ث) **ثُیُوبَت** (ضمہ ث، و مع، فت ب)۔

ثِیاب کس ث۔ ج مذ۔ رک ثوب جس کی یہ جمع ہے۔

ثِیل ی مع۔ امث۔ بیدگیاہ، ایک بیل جس کی شاخیں زمین پر پھیل جاتی ہیں، پتے بانس کے پتّوں سے مشابہ، مویشی شوق سے چرتے ہیں۔ (لاط: Agrustus Falamgrustus)۔

ج

ج جِیم، جا، جیم تازی۔ امذ۔ اردو حروف تہجّی کا بارہواں حرف (بشمول الف ممدودہ و ہائیہ حروف)؛ حَنَکی مصمتہ جو زبان کے تالو سے لگ کر رگڑ کھانے سے پیدا ہوتا ہے۔ ہندی، فارسی، عربی اور مغربی زبانوں میں موجود جن سے اردونے اخذ لغات کیا ہے۔ ہندی الفاظ میں بعض اوقات ز کا بدل۔ اصل فنیقی شکل میں جمل (اونٹ) کے سر اور گردن سے مشابہ۔ متن قرآن کے رموز و اوقاف میں وقف جائز کی علامت۔ جمل میں اس کی قدر ۳ کے برابر ہے۔ حروف قمری میں شامل۔

جا (۱) امث۔ جگہ، مقام؛ موقع، محل وقوع، ٹھکانا؛ گنجائش۔ م ف: (کے) مقام پر، م: جلدی کی جا جلدی، تامّل کی جا تامّل؛ بعوض، بدلے میں، نیز **جاے/ بجاے** م: نقد کی جا/ جاے/ بجاے جنس۔ (اصلاً جاے درست کی بجاے میں کی حشو ہے۔ کے بجائے غلط العام) **جا بجا** ادھر اُدھر۔

جا (۲) مص جانا سے صیغۂ امر، نیز اختصار م: **جا پہنْچنا**۔ پہنچ جانا بطور م ف **جاکر** کی تخفیف **جا لینا** جا کر پکڑ لینا، بول چال میں زور کلام کے لیے م: جا تیرا بھلا ہوا، جا بس دیکھ لیا۔

جاب امث۔ کچھ سوکھی کچھ سبز گھاس جو جانور کے چارے کے طور دی جاتی ہے، سانی، کُٹّی۔

جابِر کس ب۔ صف۔ جبر کرنے والا، زبردستی کرنے والا، ظالم۔

جا بُلسا ضمہ ب، سک ل۔ امذ علم۔ مغرب کی جانب دُنیا کی آخری مفروضہ حد اور مفروضہ شہر کا قدیم نام۔

جا بُلقا ضمہ پ، سک ل ا۔ امذ۔ علم۔ مشرق کی

جانب دُنیا کی آخری حد اور ایک مفروضہ شہر کا قدیم نام۔

جاپ امذ۔ جپنے، بار بار کسی نام یا کلمہ کو دوہرانے، رٹنے کا عمل، ذکر، ورد، وظیفہ۔ مر عطفی **جاپ تاپ** ذکر اور ریاضت۔ صف **جاپک** جپنے والا، ف م: **جاپنا**۔

جاپا امذ۔ زچگی، جننا۔

جات (۱) امث۔ نسل، اصل، قومیت نیز **ذات** (جات کا مؤرد یا معرب)[س: جات؛ نژاد، جنم]۔

جات (۲) صف۔ زائیدہ، جنا ہوا، نیز **جاتا** قب: مَثَل **جُورُونہ جاتا**؛ نیز **جایا**۔

جاتْرا سک ت۔ امث۔ **یاترا** (رک) کا عوامی تلفظ۔

جاتَک فت ت۔ امذ۔ ایک درخت جس کے گوند کو ہینگ کہتے ہیں۔ انجدان (لاط: Asafuctidus)۔

جاتکا کس ت۔ امث۔ بدھ مذہب کی کتابیں جن میں مہاتما بدھ کے سابقہ جنموں کا حال مذکور ہے۔

جاٹ اسم جنس امذ۔ راجپوتوں کی ایک شاخ جن کی بابت عقیدہ ہے کہ شِوجی کی جٹا سے پیدا ہوتے تھے۔مث جاٹنی، **جٹّی**۔

جاثِمہ کس ث۔ ج مذ۔ (حیوانیات) پرندوں کی وہ انواع جن کے پنجے رسّی تار یا اڈّے پر بیٹھنے کے لیے موزوں ہیں، نیز **عُصفُورِیَہ**۔

جاثِیَہ کس ث۔ امث۔ دو زانو ہو کر بیٹھنا؛ قرآن مجید کی پینتالیسویں سورۃ کا نام۔

جاجَکی فت ج۔ امذ۔ پھیری لگا کر گانے اور کمانے والا گویّا، بھاٹ۔

جاجَم فت ج۔ امث۔ موٹے کپڑے کی چھپی ہوئی چادر یا چاندنی نیز **جازَم** (اصلاً ف **جاجِم**)

جاداد۔ امث۔ رک: جائداد۔

جادُو و مع۔ امذ۔ سحر افسوں، مَنتر، کمال کی بات، **جادُوگر** کمال دکھانے والا۔

جادَہ فت د۔ امذ۔ سڑک، پگڈنڈی، راستہ؛ راہ، صف **جادَہ پیما** راستہ چلنے والا۔ [ع: جادّہ (شد د)]۔

جاذِب کس ذ۔ صف۔ اپنی طرف کھینچنے والا، کشش رکھنے والا؛ سیاہی چوس (کاغذ)۔مث **جاذِبَہ** (تراکیب میں) م: **قوّتِ جاذِبَہ**۔بطور امذ۔ جُھکاؤ، میلان، اسم کیفیت مث: **جاذِبیّت** کشش، دلکشی۔

جار (۱) امذ۔ پڑوسی، ہمسایہ، **جارِ مُلاصِق** قریبی ہمسایہ جسے حقِ شُفعہ حاصل ہو۔ اکیف امث **جِوار** (کس ج) ہمسایگی، نیز **جُوار** (ضمہ ج)۔

جار (۲) امذ۔ (قواعد) اسما و افعال کو باہم ملانے اور ان میں معنوی ربط پیدا کرنے والے حروف؛ عربی میں ب، ت، ک ، ل، و، وغیرہ اردو میں پر، کو، میں، وغیرہ جو حُروف کہلاتے ہیں۔ (ع: اِجار ≡ زور ڈالنے والا، چونکہ یہ حروف جن عربی اسماء کے ساتھ آتے ہیں ان کے آخری حرف کو مکسور کر دیتے ہیں) ترکیب عطفی **جارّ و مَجرُور**؛ **حُرُوف جارہ** (شد ر)۔

جارا امذ۔ سُنار کی بھٹی جس پر کُٹھالی رکھی جاتی ہے۔

جارَج (۱) فت ر۔ امذ۔ اعلان، ڈھنڈورا، اسم فاعل: **جارَجی**۔

جارَج (۲) فت ر۔ امذ۔ حرامی بچّہ۔

جارِح کس مح ر صف۔ امذ۔ جنگجو، چڑھ آنے والا، جنگ میں پہل کرنے والا۔ اسم کیف مث۔ **جارِحیّت**۔

جارُوب و مج۔ امث۔ جھاڑو، صف **جاروب کَش** اسم کیفیت مث۔ **جاروب کَشی**۔

جاری صف۔ رواں بہتا ہوا؛ رائج؛ نشر ہونے والا، چلتا ہوا، نافذ۔

جارِیَہ کس ر، فت ی۔ صف۔ جاری کی تانیث،نیز

صیغۂ جمع م: صَدَقَۂ جارِیَہ، فُیُوضِ جارِیَہ۔
جارِیہ (۲) کس ر۔ امث۔ کنیز، لونڈی؛ نابالغ لڑکی۔
جارِیَہ باز نابالغ لڑکیوں سے بدفعلی کرنے والا۔
جاڑا امذ۔ سردی، سردی کا موسم، زمستاں؛ جاڑا بُخار کپکپی کے ساتھ چڑھنے والا بخار، ملیریا۔
جاڑے کی چانْدْنی نعمت را یگاں، وہ دولت جو کام نہ آ سکے۔
جازِم کس ز۔ صف۔ پختہ، پکا، مضبوط، راسخ م: **عازِم جازِم** پکا اردا باندھے ہوئے۔
جاسُوس و مع۔ امذ۔ مخبری کرنے والا؛ ایک بوٹی جو آنکھ کے علاج میں کام آتی ہے (لاط: Cuscuta Epithymum)۔
جاسُون و مع۔ امذ۔ ایک درخت انار سے مشابہ، اور اس کا پھول، **جاسُن، جاسی، جَسَونْدی؛** گُڑھلْ۔ (لاط: Hibicus Rosa Senesis)۔
جاعِل کس ع۔ صف۔ بنانے والا۔
جاغَر فت غ۔ امذ۔ پرندوں کا پوٹا، چینہ دان، حوصلہ۔
جافَر فت ف۔ امذ۔ سیندور یا پھول، لٹکن (لاط: Bixa Orellana)۔
جافری سک ف۔ امثبانس کی کھپچیوں یا لکڑ کی پٹیوں سے بنی ہوئی جالی دار دیوار یا ٹٹی۔
جافِیَہ سک ف، فت ی۔ امث۔ بھیجے کی جھلّی یا غلاف۔ (لاط: Duramaler)۔
جاکَڑ فت ک۔ امذ۔ ہیرنی پھیرنی کا سودا، اس شرط پر خریداری کہ پسند نہ ہو تو واپس۔
جاگ امث۔ بیداری، شب بیداری۔ ف ل: **جاگنا** نیند یا غفلت سے ہوشیار ہونا۔ **جاگتی جوَت** و مج) کرشمۂ قدرت، معجزہ۔ امث **جاگرِت** (کس ر) بیدار۔ مث **جاگرِتی** بیداری۔
جاگْری کس گ۔ امث۔ جاگِیر (رک)؛ کچّی کھانڈ، گڑ کی راب۔
جاگیر ی مع۔ امث۔ زمین، گانو وغیرہ جو کسی کو سرکاری طور پر بخشے گئے ہوں۔ امذ۔
جاگیرداری نظام سرمایہ داری کے دور سے پہلے کی معیشت جو بادشاہت کا لازمہ تھی نیز مث **جاگیردارِیَت**۔
جال امذ۔ سوراخ دار بُناوٹ؛ پیچیدہ سلسلہ؛ فریب، سازش (۲) پیلو کا پیڑ۔ **جال سُتُون** (نباتات) نباتی ریشوں سے بنا ہوا تنہ (لاط: Dicotoyostele)۔
جالا امذ۔ باریک ریشوں کا جال جو مکڑی اپنے ارد گرد تانتی ہے، نیز سفید جھلّی نما گھر جو مکڑی کی قسم کا ایک اور کیڑا (کمھاری) دیوار کے کونوں یا درختوں وغیرہ پر بناتا ہے؛ آنکھ کے پردے پر چھا جانے والی سفید ڈوریاں، جو آنکھوں کی بیماری ہے؛ پھپھوند جو سرکے وغیرہ میں پڑ جاتی ہے۔
جالِب کس ل۔ صف۔ اپنی طرف کھینچنے، کشش کرنے والا؛ بٹورنے، حاصل کرنے والا؛ امذ۔ علّت، سبب، عامل۔
جالَک فت ل۔ امث۔ گھوڑے کو سردی سے بچانے کے لیے اس پر ڈالنے والی چادر یا نمدہ۔
جالُوت و مع۔ علَم۔ ایک بادشاہ جو طالوت سے لڑتا ہوا حضرت داؤد کے ہاتھوں مارا گیا۔ مجازاً ظالم، سرکش، باغی۔
جالَہ فت ل۔ امذ۔ ہوا بھر کر پھلائی ہوئی مشکوں پر تختہ ڈال کر بنائی ہوئی کشتی۔
جالی (۱) امث۔ ایسی تعمیر یا بُناوٹ جس میں چھید، سوراخ درزیں یا موکھے رکھے گئے ہوں۔ سخت ریشے جو پھل یاترکاری میں زیادہ پکنے سے پڑ جاتے ہیں۔
جالی (۲) صف۔ مذ مث۔ جلا دینے والا، جِلد کو صاف کرنے والا (مادّہ یا دوا)۔

جام (۱) امذ- پیالہ، ساغر؛ **جامِ جَم** جمشید شاہ ایران کا پیالہ جس میں روایتہً دُنیا نظر آتی تھی- امث **جامْ داری**، آبداری. ساقی گری- مرکب **جام سفال/ سِفالِیں** (کس س، ی مع غنہ) مٹی کا پیالہ، **جامِ صِحّت** (نیز بلا شد) کسی کی سلامتی کے لیے رسمی طور پر جام اٹھا کر گھونٹ لینا- **جام طَہُور** (فت ط، و مع) پاک جنّتی شراب-

جام (۲) امذ- امرود؛ جامن کا پیڑ؛ تخم بیج؛ بیٹا، جنما، جایا، جاتا-

جامِد کس م، صف- ٹھوس، سخت؛ ٹھہرا ہوا؛ بے جان، بے نمو؛ وہ لفظ جس سے کوئی لفظ نہ بنتا ہو نہ وہ کسی لفظ سے بنا ہو (مصدر اور مشتق دونوں سے الگ) مثلاً اونٹ، پیڑ-

جامْدانی سک م- امث- ایک کڑھا ہوا، بوٹی دار، مہین کپڑا؛ کپڑے رکھنے کا صندوق یا گٹھڑی؛ ابرک یا شیشے کی ڈھکنے دار ڈبیا جس میں گوٹا سپاری رکھتے ہیں؛ پانی کےمٹکے رکھنے کی جگہ، بھنڈار خانہ-

جامع کس مج م- صف- جمع کرنے والا، یکجا کرنے والا؛ گھیرنے، احاطہ کرنے والا؛ محیط ،حاوی- مرکب مث **مسجدِ جامع/ جامع مَسجد** بڑی مسجد جہاں جمعہ کی نماز میں لوگ سب طرف سے جمع ہوں- صف **جامعُ الْاَضْداد** (عَل اَزْداد) جس میں بالکل مختلف یا متضاد خصوصیات جمع ہوں، نیز **جامع ضِدَّین** دو متضاد خصوصیتوں کا حامل- مرکب وصفی **جامع وَ مانِع** مکمل اور خالص، (تعریف) جو پوری اترے اور کسی دوسرے پر منطبق نہ ہو- ا کیف مث **جامِعیَّت** تکمیل، استیعاب-

جامِعَہ کس مج م، فت ع- امث- اعلیٰ تعلیم کی درسگاہ؛ یونیورسٹی-

جام غول و مج- امذ- حرامی، ناجائز اولاد؛ (بطور دشنام) بدمعاش-

جامَگی فت م- امث- توپ، بندوق، آتشبازی، وغیرہ کا فلیتہ یا فتیلہ، شتابہ، بتّی؛ وظیفہ، نان نفقہ-

جامَن (۱) فت م- امث- ایک اونچا پیڑ اور اس کا کالے چھلکے اور اودے سرخی مائل گودے کا گٹھلی دار پھل، آم کے موسم میں پھلنے والا- (لاط: Eugenia Jambolana) صف **جامْنی** اُودا-

جامَن (۲) فت م- امذ- دہی جمانے کے لیے دودھ میں ملائی جانے والی ترش شے یا دہی کا پانی- عرف عام میں **ضامِن** جو جامَن کی بدلی ہوئی شکل ہے-

جامُوش و مع- امذ- بھینسا، گاو میش کا معرّب-

جامَہ فت م- امذ- کپڑا، لباس، پوشش، ایک خاص وضع کی گھیر دار اچکن جو دولھا کے لیے مخصوص تھی- مرکب اضا **جامَہ احْرام** (کس مج ۱) حاجیوں یا عمرہ کرنے والوں کا سفید بن سلا لباس- **جامَہ خانَہ** حمام کے قریب کپڑے بدلنے کا حجرہ- امث **جامَہ دَری** (وحشت میں) کپڑے پھاڑنا- صف- **جامَہ زیب** وہ جو ہر لباس میں اچھا لگے جس کے بدن پر ہر لباس سجتا ہو- مرکب اضا **جامۂ سالُوس** بہروپ، **جامَہ کَن** جامَہ خانہ- **جامَہ وار**- عمدہ پھولدار ریشمی کپڑا-

جان (۱) امث- زندگی، ہستی، جی، دم، روح، نفْس؛ زور، توانائی؛ اصل جوہر یا جزو؛ امتیازی یا بنیادی خصوصیت؛ عزیز ہستی، پیاری چیز- بعض تراکیب میں نون غنہ کے ساتھ فصیح تلفظ ہے- م: **جاں آفْرِیں** زندگی بخشنے والا، خالق **جاں بَحَق تَسْلِیم کرنا/ جاں بَحَق ہونا** مرنا؛ **جاں بَخشی** جان کی امان **جاں بر ہونا** زندہ بچنا؛ **جاں سِپاری** (کس س) جان قربان کرنا، **جانْفزا** (غنہ) تازگی بخش **جاں فرَوش/ جاں باز** جان نثار کرنے والا **جان جاں** (کلمۂ تخاطب) بہت ہی عزیز، محبوب- **نِیم جاں** اَدھ مُوا. **آرام جاں دل**

کا چین **جاں گزا** اذیت ناک **جاں گسل** مار ڈالنے والا۔ **جاں کنی** (فت ک) وقت نزع ۔

جان (۲) ج مذ۔ آجنہ، جنات مرکب عطفی **انس و جان** انسان اور جن۔

جانا ف ل۔ روانگی، کوچ کرنا؛ گزرنا، کھونا، گم ہونا؛ ختم ہونا، ہو چکنا۔ نیز بطور فعل امدادی مختلف مرکب افعال میں مستعمل م: بھول جانا، پا جانا، ڈر جانا، گر جانا، ہار جانا، تکمیل فعل کو ظاہر کرتا ہے۔

جاناں امذ۔ محبوب، معشوق۔ اکیف مث **جانانگی** محبوبیت صف **جانانہ** محبوب یا محبوبوں جیسا، محبوب سے منسوب۔

جانب فت ن۔ صف۔ جاننے والا، واقف؛ جانا بوجھا۔ نیز **جانب کار** شناسا۔ ا کیف مث۔ **جانب کاری**۔

جانب کس ن۔ امث۔ طرف، رخ، سمت، پہلو؛ فریق صف۔ **جانب دار**، طرف دار حمایتی۔ اکیف مث۔ **جانبداری** صف **جانبی** پہلو کا، **جانبی مصمتہ** (م صم م ت) وہ حرف جس کے ادا کرنے میں سانس زباں کے دونوں طرف سے گزرے، ل یا س سے ملتی جلتی آواز۔ تثنیہ **جانبین** (ے لین) دو یا دونوں فریق، پہلو یا اطراف۔

جانٹ سک ن۔ امذ۔ ایک کانٹے دار صحرائی درخت، چھونکر (لاط: Prosopis Spicigero)۔

جانگر امغ، فت گ۔ ج مذ۔ ہاتھ؛ اعضاء جسمانی، ف مر **جانگر ڈھیلے ہونا**، تھکا ہارا ہونا، (۲) **ڈنٹھل**۔

جانگل امغ، فت گ۔ امذ۔ جنگلی جانور۔

جانگلوس غنہ، سک گ، ومع۔ امذ۔ جنگلی، گنوار، اجڈ آدمی نیز **جانگلو**، **جانگلوش**۔

جانگیہ امغ، سک گ، فت ی۔ امذ۔ میانی اور دو چھوٹے پائچوں والا رانوں تک کا ستر پوش جامہ، کچھا نیز **جانگھیا**۔

جانگھ غنہ، سک گھ۔ امث۔ دونوں رانوں کا اندرونی حصہ۔

جاننا سک ن، ف ل م۔ واقف، آگاہ ہونا؛ گمان کرنا، سمجھنا، شناخت کرنا، پہچاننا۔

جانور سک ن، فت و۔ امذ۔ حیوان، جاندار؛ وحشی، غیر مہذب، انسانیت سے خارج شخص۔ مرکب **جانور خانہ**، **جانورستان** (کس ر، سک س) وہ جگہ جہاں جانور پالے جائیں باغ وحش، چڑیا گھر۔

جانورک سک ن، فت و ر۔ امذ۔ خورد حیاتی مخلوق، جرم، جرثومہ، حیوانچہ۔

جانہار سک ن۔ صف۔ جانے کے لائق، مرنے جوگا؛ جان کھپانے، محنت کرنے والا۔

جانی (۱) صف۔ مجرم، گناہگار، خطاوار [ع: جان]۔

جانی (۲) کلمۂ تخاطب۔ میری جان۔

جانی (۳) امذ۔ شعبدہ باز، جادوگر؛ نجومی۔ (اصلاً : گیانی)۔

جانے حرف شک و استفہام کیا خبر، معلوم نہیں۔ کون جانے کی تخفیف۔

جاوتری کس و، سک ت۔ امث۔ جائفل کا چھلکا جو خوشبو دار ہوتا ہے اور مسالے کے طور پر مستعمل۔ **جوتری** (انگ:Mace لاط: Myristica Fragraus) نیز **جوتری**۔

جاوداں کس و۔ صف۔ دائم، ہمیشہ رہنے والا، ابدی، نیز **جاوید** (ے مج) **جاویداں** (ی مع) **جاودانی** (کس مج و)، **جاویدانی** (ی مع)۔

جاورس فت و، سک ر۔ امذ۔ باجرہ (لاط: Panicum Spicatum)۔

جاہ امث۔ مرتبہ، شان و شکوہ۔ مر عطفی **جاہ و**

حَشَم (و مج، فت ح ش) کرّو فر؛ جاہ و مَکِنَت (و مج، فت م، کس ک، فت ن)/ مُکْنَت (ضمہ م، سک ک) منصب اور طاقت۔
جاہِد کس ہ۔ صف۔ جہد کرنے والا، کوشاں؛ مجاہد۔
جاہِل کس ہ۔ صف۔ ان پڑھ، ناخواندہ؛ بے عِلم؛ گمراہ۔ امث جاہِلِیّت، جاہِلِیّہ (کس ل، شد فت ی) عرب کا زمانۂ قبل از اسلام۔
جائِپَھل کس مج ء، فت پھ۔ امذ۔ ایک بھورے رنگ کا خوشبو دار پھل جس کا درخت اخروٹ کے درحت کے برابر ہوتا ہے۔ پھل کے چھلکے کو جاوتری کہتے ہیں۔ نیز جَوز، جاتی پَھل، جاے پھل، جائِفل (لاط: Myristica Moschata)۔
جائِداد کس مج ء۔ امث۔ املاک، اثاثہ، مر اضا جائدادِ مَنقُولَہ (مَن قُول) وہ مال و متاع جو ایک جگہ سے دوری جگہ منتقل ہو سکے۔ اثاث البیت، زیور وغیرہ۔ ـغیرْ مَنقُولہ (ے لین) زمین، مکان وغیرہ جو منتقل نہ ہو سکے جائدادِ مَکفُولَہ (مک فُول) املاک جو رہن رکھ دی گئی ہو، مَرہُونَہ۔ نیز جائیداد۔
جائِر کس ء۔ صف۔ ظلم، جور روا رکھنے والا، ستم شعار، قاہر۔
جائِز کس ء۔ صف۔ روا، بجا، درست، جس کی ممانعت نہ ہو، قانون کے مطابق۔
جائِزَہ کس مج ء، فت ز۔ امذ۔ جانچ، پڑتال، کسی عہدے کا سنبھالنا، چارج لینا؛ انعام، صلہ۔
جائِع کس مج ء۔ صف۔ بھوکا۔ امث جُوع اشتہا بھوک۔
جائِفَل کس مج ء، فت ف۔ رک: جائِپَھل۔
جائِگاہ کس مج ء۔ امث۔ رہنے کی جگہ، قیام گاہ؛ مرتبہ، مقام، پایہ۔
جائِگیر کس مج ء، ی مع۔ صف۔ جگہ سنبھالے ہوئے، مقیم، اقامت پذیر؛ جاگیر نیز جاے گِیر۔
جاوْ شِیر و مج، ی مع۔ امذ۔ ایک درخت جس کا گوند یا دودھیا ریزش نیر پھول پتے دواءً مستعمل ہیں نیز جواشیر [ف گاؤ شیر کا معَرب] (لاط: Galanum)۔
جاوْلی ومج۔ امث۔ ٹھمری کی ایک قسم، کرناٹکی ٹھمری جو رقص کے ساتھ گائی جاتی ہے۔
جائی امث۔ چنبیلی کے پھول کا ایک نام۔ نیز جاہی، جاہی، جُوہی؛ جایا (رک) کی تانیث۔
جاے امث۔ جگہ، مقام؛ گنجائش، سمائی، موقع محل؛ اَسامی، منصب [ف: جا کی ایک شکل] جاے ضرُور پاخانہ؛ نیز جا ضرور۔ جائے وُقوعہ مقام واردات۔
جایا صف۔ جنا ہوا، اولا، بیٹا۔ مث جائی۔
جایَل فت ی۔ امث۔ وہ زمین یا کھیت جس پر دو بار ہل چلایا گیا ہو۔
جَب (۱) فت ج۔ ظرف مکان۔ جس وقت؛ اِس صورت میں، اس حالت میں۔ م ف۔ جَب تَب اکثر۔ امث:ثال مثول۔ فقرہ جَب اَیسے ہوتَب ایسے ہو تمہاری دولت یا شہرت یا مرتبہ عین تمہاری خوبیوں کے مطابق اور تمہیں سزاوار ہے۔
جَبّ (۲) فت ج، تراکیب میں ب مشدّد۔ امذ۔ کُنْواں، حوضیہ (عروض) ایک زحاف جو بحرِ رجز کے رکن مفاعلین کے آخر سے دو سبب خفیف (عی، لن) کے گرانے سے واقع ہوتا ہے، اور "مفا" کی جگہ مصرع کے آخر میں فَعَل آ جاتا ہے۔ [ع: خصّی کرنا]۔
جَبّار فت ج، شد ب۔ صف۔ عظیم، زبردست، قوی؛ اسماء الٰہی میں شامل۔ امذ۔ جَبَرُوت (رک)۔
جَبارْا فت ج۔ امذ۔ بڑا سا جُبڑا (بطور پھبتی)۔
جَبّانَہ فت ج، شد ب، فت ن۔ امذ۔ ویرانہ، قبرستان، گور غریباں۔

جِباہ کس ج، سک ہ ملفوظ۔ ج مث۔ رک: **جَبَہ** جس کی یہ جمع ہے۔

جِبایَت کس ج، فت ی۔ امث۔ محصول، مالگزاری، ٹیکس عائد یا (وصول) کرنا۔

جَبْر فت ج، سک بہ امذ۔ دباؤ، تشدّد، سختی؛ ٹوٹی ہڈی جوڑنا، بٹھانا؛ مقابلہ، موازنہ؛ انسان کے اپنے اعمال میں بے اختیار ہونے کا عقیدہ نیز **جَبْرِیّت** مر عطفی۔ **جَبْر وَ قَدْر** یہ بحث کہ انسان اپنے عمل کا مختار ہے یا تقدیر کے آگے مجبور۔ م ف **جَبریَہ** زبردستی، **جَبراً وَ قَہراً** (جب رَن وَ قَہ رَن) چار و ناچار، زبردستی۔ (۲) الجَبرا (رک) کے قاعدے کا عمل۔

جَبْراہَنگ فت ج، سک ب، فت ہ، غنہ۔ امذ۔ جنگلی تل، سِمسِم دشتی، کُنجدِبَرّی۔

جَبَرْجَنگ فت ج ب، سک ر، غنہ۔ (عوام) رعب دار، مُشتَّن، زبردست۔

جَبَرُوت فت ج ب، و مع۔ امذ۔ طاقت و قدرت، جاہ و جلال؛ روحانی ارتقا کا سب سے بلند مقام؛ ناسُوت، ملکوت اور لاہوت سے اونچا درجہ عام: **جَبْرُوت۔**

جِبْرَئِیل کس ج، سک ب، ی مع۔ علم۔ مقرب الٰہی چار فرشتوں میں سے ایک جن کا کام رسولوں کو وحی الٰہی پہنچانا تھا اور لقب روح الامین۔ نیز **جِبْرِیل** (ی مع) **جِبرائِیل** (ی مع)۔

جَبْرِیَّت فت ج، سک ب، کس ر، شد فت ی۔ رک: **جَبْر**

جَبْڑا فت ج، سک بہ امذ۔ چہرے کا نچلا ڈھانچا جس میں دانت جڑے ہوتے ہیں، جانور کا دہانہ۔

جَبْس فت ج، سک بہ امذ۔ جپسم، سنگ رُخام، کیلسیم یا چونے کا سلفیٹ جس سے پلاسٹر آف پیرس بنتا ہے۔ (یونانی: Gipsos)۔

جَبْسِیا فت ج، سک ب، کس س۔ امث۔ وہ زمین جو جوانسے کی بیل کا جال پھیل جانے کی بنا پر قابل کاشت نہ رہے۔

جَبَل فت ج بہ امذ۔ پہاڑ، کوہ۔ ج **جِبال۔**

جَبَّل فت ج، شد فت بہ امذ۔ وہ ڈنڈا، سلاخ وغیرہ جو جرّ ثقیل کے لیے استعمال کیا جائے، مُخْل۔

جِبِلَّت کس ج ب، شد فت ل۔ امث۔ سرشت، فطری، خَصلت، خِلقی خصوصیات۔ صف **جِبِلّی۔**

جُبْن ضمہ ج، سک بہ امذ۔ بزدلی، کم ہمتّی، بودا پن؛ دہی، پنیر۔

جِبّو کس ج، شد ب، و مع۔ امث۔ جیبھ کی تصغیر نیز **جِبْوا، جِبْیا۔**

جُبّہ ضمہ ج، شد فت بہ امذ۔ عَبا، چُغہ، لبادہ، چوڑی آستینوں کی ڈھیلی ڈھالی لمبی پوشاک جو کرتے کے اوپر پہنی جاتی ہے۔ **جُبّۂ دَرویش** (مجازاً) گھرا بادل، رات کی تاریکی۔

جُبَہ ضمہ ج، فت بہ زرہ بکتر **جُبَہ خانہ** اسلحہ خانہ۔

جَبْہَہ فت ج، سک ب، فت ہ۔ ماتھا، پیشانی؛ (نجوم) چاندکی ۲۸ منزلوں میں سے ایک منزل۔ صف **جَبہَہ سا۔** پیشانی گِھسنے، سجدہ کرنے والا، نیز **جَبہَہ فَرْسا** اکیف مث **جَبْہَہ سائی/ فَرْسائی۔**

جَبِیرَہ فت ج، ی مع۔ فت ر۔ امذ۔ وہ پٹی یا تختی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے اور ہلنے جلنے سے روکنے کے لیے باندھتے ہیں۔

جَبِیں فت ج، ی مع، غنہ۔ امث۔ پیشانی، ماتھا، جَبہَہ۔

جَبّھی فت ج، شد بھ۔ امث۔ مُوباف۔

جَپ فت ج۔ نیز۔ **جاپ**۔ امذ ف م **جپنا** بار بار کہنا رٹنا، مرکب **جَپ تَپ/ جاپ تاپ** پوجا پاٹھ۔

جَپ جی سکھوں کی مقدس کتاب کا نام۔ امث **جَپنی** رٹ۔

جَتانا فت ج۔ ف م۔ زور دے کر کہنا، تاکید سے کہنا، اچھی طرح باور کرادینا؛ مُنہ پر رکھنا، م: احسان جتانا۔ نیز **جتلانا**۔

جُتائی ضمہ ج۔ امث۔ کھیت جوتنا۔ صف **جُتاؤ** جوتنے کے لائق یا جوتی جانے والی زمین نیز **جُتنر** مرکب عطفی **جُتائی بُوائی** کاشت، کھیتی۔

جَتن فت ج، سک ت۔ امث۔ کوشش، تدبیر؛ کارکردگی، عمل۔

جَتنی فت ج، سک ت۔ امث۔ چرخے کی مال کو ٹھکانے پر رکنے والی ڈوری۔

جَتی فت ج۔ امث۔طبلے کی ماتراؤں کے درمیان آنے والا وقفہ، خالی تال -(۲) مجرّد، بے اہل و عیال آدمی، برہمچاری۔

جُتیانا ضمہ ج، سک ت۔ ف م۔ جوتیاں لگانا، جوتے مارنا۔

جَتھا فت ج۔ امذ۔ گروہ، ٹولا؛ پونجی۔ مرکب عطفی **جوڑ جَتھا** جمع جکھڑی۔

جُٹ ضمہ ج۔ امث۔ اتفاق، میل، جوڑ، سنگت، ساتھ؛ گڈّی۔

جَٹا فت ج۔ امث۔ بالوں کی لمبی لڑ، بٹے ہوئے بال۔ مرکب وصفی **جَٹا دھاری** بال بڑھائے ہوئے جوگی۔ (۲) بالچھڑ نیز **جٹا مانسی** (ا مغ)۔

جُٹّا ضمہ ج، شد ٹ۔ صف۔ پیوستہ، ملا ہوا، مث **جُٹّی** م: جُٹّی بھویں، جٹے ابرو ف ل۔ **جُٹنا** ملنا، گتھنا، پیوستہ ہونا۔

جٹھانی کس ج۔ امث۔ جیٹھ کی بیوی۔

جَٹھر فت ج ٹھ۔ امذ۔ پیٹ، شکم، رحم۔

جُثّہ ضمہ ج، شد فت ث۔ امذ۔ بد، جسم، ڈیل ڈول۔

جِجْمان کس ج، سک ج۔ امذ۔ آقا، مربّی، مؤکِل، اسامی جس کی خدمت پر کوئی مامور ہو۔

جَچْنا فت ج، سک چ۔ ف ل، مجہول۔ پسند آنا، ٹھیک لگنا، تسلی بخش، برجا، برمحل ہونا۔ صف **جَچاؤ** (ومع) کھبنے، لُبھانے والا۔ **جچا تُلا** ٹھیک ٹھاک، ٹانکا ٹوک، پُراعتماد۔

جَحْف فت ج، سک ح۔ امث۔ (عروض) زحاف کی ایک قسم جس میں دوہرا زحاف واقع ہوتا ہے یعنی فاعلاتن سے خَبن کے بعد فعلاتن، اور پھر فاصلۂ صغریٰ (فعلا) کو حذف کر کے تن کو فع سے بدلنا۔ [ع: اُچکنا، لپکنا، لوٹنا، چھیلنا، کھال اُتارنا]۔

جُحُور ضمہ، و مع۔ امذ۔ کفر، انکار، سرتابی۔

جَحِیم فت ج، ی مع۔ امذ۔ جہنّم، دوزخ کی آگ۔

جَدّ فت ج۔ تراکیب میں (مشدّد)۔ امذ۔ دادا، مورث اعلیٰ **جَدِّ اَمجَد** دادا یا خاندان کا ممتاز پُرکھا۔ **جَدِّ صحیح** دادا پردادا میں صرف مردانہ سلسلے کے لوگ۔ **جَدِّ فاسد**۔ پُرکھوں میں کوئی شخص جس سے کسی عورت کے توسط سے سلسلہ ملتا ہو، مثلاً نانا، دادا کے نانا وغیرہ۔ امث **جَدّہ** دادی، نانی۔

جِدّ کس ج، (تراکیب میں مشدّد)۔ امث۔ کوشش، سعی، مرکب عطفی **جِدّوجَہد/ جَہد** (ومع فت نیز ضم مع ج) شدید سرگرمی، سخت کوشش، نیز **جِدّ و کد** (جِدّ کد) صف **بَجِد** مُصر، سرگرم۔

جُدا ضمہ ج۔ صف۔ الگ، بے تعلق، مختلف، متفرق، متضاد؛ علاوہ، سوا بیش؛ دُور اکیف مث **جُدائی** علیٰحدگی دُوری، فراق۔ (حیاتیات) **جُدا صِنفی** (صف) وہ انْواع جن میں نر اور مادہ الگ الگ ہوتے ہیں (انگ: Dioecious)۔

جدار کس ج۔ امث۔ دیوار، **جداری مُصوّری/ نَقّاشی**دیوار پر نقاشی(قب انگ: Mural)۔

جدال کس ج۔ امذ۔ لڑائی۔ جنگ۔

جِدّت کس ج، شد فت د۔ امث۔ نیا پن، ایجاد، ابداع؛ تازگی، تازہ کاری۔ اکیف مث **جدت طَرازی** فت ط، نیز اصلاً کس ط۔امث۔ بطور لاحقہ

کرنا۔ م: جدّت طرازی نئی بات، اُپج۔

جُدَری ضمہ ج، فت د۔ امث۔ چیچک جُدَری اَلبَقَر (جُ دَ رَ ل بَ قَر) گاؤ، چیچک، گئو سیتلا، جُدَری اَلکاذب (اَل کازِب) خسرہ۔ جُدرین ٹیکہ، دافع مرض ٹیکے کے لیے تیار کردہ مادہ (انگ: Vaccine) جُدرین کاری۔

جَذْع فت ج، سک د ع۔ امذ۔ (عروض) رکنِ بحر مفعُولات کا زحاف جس میں دو سبب خفیف گرا کر صرف لات رہ جاتا ہے جسے فاع سے بدل دیتے ہیں۔

جَدَل فت ج د۔ امث۔ لڑائی جھگڑا؛ تکرار، بحث مباحثہ۔ (علم الکلام) مفروضات کی بنیاد پر بحث۔ صف جَدَلی مفروضہ، قول مشہور، امث۔ جَدَلِیّت، جَدَلِیّات (شد ی) منطقی استدلال۔ مرکبِ عطفی مادّی جَدَلِیّت اشتراکیت کا بنیادی نظریہ جس کی رُو سے دو متضاد قوتوں کے ٹکراؤ کے بعد عمل تالیف یا انقلاب کے ذریعے ایک تیسری قوت وجود میں آتی ہے اور پھر اس کے ردّ عمل کے طور پر ایک نئی قوت ابھرتی ہے۔ نیز جدال لڑائی مر عطفی جِدال وَ قِتال جنگ، خوں ریز لڑائی۔

جَدْو فت ج و مع۔ (عروض) قافیے میں حرف ردف کی حرکت جو یکساں رہنی چاہیے۔ م: اَثَر خَبَر، جِگَر میں ر سے پہلے فتحہ۔

جَدْوار فت ج، سک ر۔ امث۔ ہلدی کی قسم سے ایک پودے کی خوشبودرا جڑ جو خوشبویات اور دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔ (ف: زدوار، لاط: Delfinium Denudatum :انگ: Zedory)۔

جَدْوَل فت ج، سک د، فت و۔ امث۔ پانی کی نالی یا پتلی نہر خصوصاً جو باغ یا کھیت میں گردش کرے؛ نقشہ خاکہ، گوشوارہ، کتاب کے ورق کے گرد آرائش کے لیے بنایا ہوا حاشیہ۔

جَدی فت ج۔ امذ۔ قدیم نجوم کے مطابق آسمان کے بارہ برجوں میں سے دسواں برج جسے بزغالہ (مینڈھی) سے تعبیر کیا جاتا ہے، جنوبی آسمان پر ستاروں کے ایک جُھرمٹ کا نام۔ (جغرافیہ) خط استوا کے جنوب میں ۲/۱۔۲۳ درجے پر واقع اور خط استوا کے متوازی ایک فرضی خط۔ ۲۲ دسمبر کو سورج عین اس خط کے اوپر ہوتا ہے۔ غلط العام جَدّی۔

جَدید فت ج، ی مع۔ صف۔ نیا، تازہ؛ ایک عروضی بحر جس کے ارکان مستفعلن فاعلاتن ہیں۔ امث جِدّت رک۔ جَدیدیت (ج دِی دِ یَت) فنون لطیفہ کی وہ نئی تکنیک اور تحریکات جو جنگ عظیم اول کے بعد شروع ہوئیں۔ (انگ Modernism)۔

جَذّاب فت ج، شد ذ۔ صف۔ نہایت کشش کرنے والا؛ سیاہی چوس۔

جُذام ضمہ ج۔ امذ۔ کوڑھ کا مرض۔ مرکب اضا جُذام خانہ کوڑھ کے مریضوں کا بیمار خانہ (انگ: Leprosorium) صف جُذامی کوڑھ کا مریض۔

جَذّ فت ج۔ رک: اُجَذّ۔

جَذْب فت ج، سک ذ۔ امذ۔ کشش، کھنچاؤ؛ حالت کیف سرمستی؛ اعصابی ہیجان۔ جَذب اتّصالی مادّے کے ذرّوں کا ایک دوسرے سے آ ملنا۔ جَذبُ الاَنابیب شَعْری (جَز بُل انا بی ب شَع ری) پانی کے باریک نلیوں میں چڑھ جانے کا عمل جس کے ذریعے پودے زمین سے پانی کھینچتے ہیں۔ صف جَذبی م: جَذبی تابکاری۔ تابکاری اجسام سے دوسرے اجسام کا اثر قبول کرنا۔

جَذْبہ فت ج، سک ذ، فت ب۔ امذ۔ کشش، جوش، ولولہ؛ ذہن پر طاری رہنے والی معروف کیفیات (خوشی، غم ، غصہ) میں سے کوئی کیفیت۔ ج جَذبات۔(ادب) امث جذْبات نگاری پُر تاثیر عاشقانہ کلام۔ صف جَذباتی جذبات سے متعلق؛ زُود حس۔ مر اضا جذبۂ دِل فرط شوق، محبت کا

جوش، خلوص کی کشش [اصلاً ع: جَذبَہ (فت ج ذ)] امث جَذباتِیَت فکر یا عمل میں جذبات سے مغلوب ہو جانا، رقّت آمیز کلام۔

جَذْر فت ج، سک ذ۔ امذ۔ اصل جڑ [ع: جڑ سے اکھیڑنا] (ریاضی) کسی عدد کو اسی سے ضرب دیا جائے تو وہ حاصل ضرب کا جذر ہوگا۔ م: ۵ × ۵ = ۲۵ یہاں ۵، ۲۵ کا جذرالمربع ہے اور ۱۲۵ کا جذرالمکعب۔ جَذرِ اَصَم وہ جذر جو عدد مکسور کی صورت میں ہو، جَذرِ ناطِق وہ جذر جو عدد صحیح ہو [اصلاً ع: جَذر = بیخ کنی؛ جذر قاعدۂ ریاضی]۔

جِذْع کس ج، سک ذ ع۔ امذ۔ درخت خصوصاً کھجور کا تنہ نیز جِذل۔

جَرّ فت ج، (تراکیب میں ر مشدّد) امذ۔ کھینچنا، گھسیٹنا، مر اضا (ریاضی۔میکانیات) جَرِّ ثَقِیل (جَرْ رِ ثَ قِیل) وزن اٹھانے کے اصول و قواعد یا آلہ، جنتر وغیرہ۔

جِراب کس ج۔ امذ۔ غدود کا غلاف یا تھیلی، خصیہ۔

جُراب ضمہ ج۔ امث۔ کپڑے کا موزہ جو پانو پر چڑھایا جاتا ہے، عام جُرّاب [اصلاً ع: جَورَب]۔

جُرأت ضمہ ج، سک ر، فت ء ا، غم (بروزن ہمّت) امث۔ حوصلہ مندی، دلیری، صف۔ جُرأت مَند۔

جَراتی فت ج۔ امذ۔ صاف شدہ سمندری نمک۔

جَراثِیم فت ج۔ ی مع۔ ج مذ۔ رک جُرثُوم جس کی یہ جمع ہے۔

جَرّاح فت ج، شد ر۔ امذ۔ زخموں کی مرہم پٹی کرنے والا۔ نشتر زن، سَرجَن (قب انگ: Surgeon) امث جَراحَت (فت ج ح) زخم، گھاؤ، زخم کی مرہم پٹی نیز جَرّاحی [ع: جُرح، جِراحَہ کس ج، زخم لگانا]۔

جَراد فت ج۔ امث۔ ٹڈی۔

جَرّار فت ج، شد ر۔ صف۔ کثیر، بھاری؛ زبردست م: لَشکرِ جَرّار۔ (۲) بہادر، جری [(۲) کے معنی میں اردو کا تصرف]۔

جَرائد فت ج، کس ء۔ ج مذ۔ جریدہ (رک) کی جمع۔

جَرائِم فت ج، کس ء۔ ج مذ۔ جُرمْ (رک) کی جمع۔

جَرایُد فت ج، ضمہ ی۔ صف۔ (حیاتیات) وہ حیوان جو (مثل انسان) رحم میں پرورش پا کر پیدا ہو۔

جَرایُو فت ج، و مع۔ امذ۔ وہ جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوتا ہے۔

جَرَب فت ج د۔ امث۔ خارش، کھجلی۔

جُربُز ضمہ ج، سک ر، ضمہ ب۔ صف ۔ دھوکے باز، متفنی۔

جَرْٹ فت ج، کس ر۔ امث۔ رتھ۔

جُرثُوم ضمہ ج، سک ر، و مع۔ امذ۔ خورد حیاتی وجود، نظر نہ آنے والا کیڑا، نیز جُرثُومَہ ج جَراثِیم (ی مع) مرکب تَحْت جَراثِیم جرثومہ سے بھی چھوٹے وجود (انگ: Infra Microbes) جُرثُومیات جراثیم کا مطالعۂ خُورد حیاتیات (انگ: Bacteriology) عام جَرثُومَہ۔

جَر جَر فت ج، سک ر۔ صف۔ بُوڑھا پُھونس، ضعیف، ناتواں (۲) ایک آبی نبات، کَرفَس، کنکرابی، چھڑیلا نیز جِر جِر، کس ج (لاط: Valesnaria) (۳) ایک جھلّی منڈھا ساز، نوبت۔

جُرح ضمہ ج، سک ر ح۔ امذ۔ زخم، گھاؤ ج جُرُوح امث جِراحَت علاج کے لیے چیر پھاڑ، سرجری، آپریشن، عام: جَراحَت (فت ج) صف جَرّاح سرجَن؛ پھوڑے پھنسی کا علاج کرنے والا۔ نیز رک جِرح۔

جِرَح کس ج، فت ر۔ امث۔ بحث؛ سوال جواب جو گواہ یا ملزم سے کیے جائیں[اصلاً ع: **جُرح** بیان یا گواہی کو رد کرنا، چیلنج کرنا [مرکب عطفی **جِرَح قَدَح** ردّ و کد، بحثم بحث (ع: جرح و قدح)۔

جَردَہ فت ج، سک ر، فت د۔ صف۔ پیلا؛ کافوری، صحرائی، ریت کے رنگ کا (گھوڑا)؛ سنہری سکہ، اشرفی [ع: **جَرد** بے آب‌وگیاہ دشت، ریتیلا میدان، اُجڈ آدمی]۔

جَرز فت ج، سک ر۔ امذ۔ سرخاب۔

جَرَس فت ج ر۔ امذ۔ گھنٹہ، خصوصاً قافلے کی روانگی کے وقت بجایا جانے والا۔

جُرعَہ ضمہ ج، سک ر، فت ع۔ امذ۔ گھونٹ۔ مرکب **جُرعَہ کَش** پینے والا۔

جِرگہ کس ج، سک ر، فت گ۔ امذ۔ قبیلہ، قبائلی علاقے میں تنازعات کا فیصلہ کرنے والی کمیٹی۔ [اصلاً ف: جرگہ (فت ج) = دائرہ]۔

جِرم کس ج، سک ر۔ امذ۔ جسم، مادّی وجود، خصوصاً آسمانی کروں کے لیے مستعمل۔ ج **اَجرام** مرکب **اَجرام فَلَکی** (فت ف ل) ستارے اور سیّارے۔ (۲) نگینے کا داغ یا پُھٹکی جو عیب ہے۔ صف **جِرم دار** عیبی (نگینہ)۔

جُرم ضمہ ج، سک ر۔ امذ۔ خطا، قصور، گناہ، قانون کی خلاف ورزی۔

جُرمانَہ ضمہ ج، سک ر، فت ن۔ امذ۔ سزا کے طور پر وصول کی جانے والی رقم، ڈنڈ۔

جَرنغار فت ج ر، سک ن۔ امذ۔ فوج کا بایاں بازو، مَیسَرہ [ت: جرُنغار]۔

جَرنَیل فت ج، سک ر، ے لین۔ امذ۔ فوج کا اونچا عہدہ دار، سالار صف **جَرنَیلی** بڑا، شاندار، م: جرنیلی سڑک۔

جُروا ضمہ ج، سک ر۔ امث۔ جورو کی تصغیر، بیوی۔

جُرَّہ ضمہ ج، شد فت ر۔ امذ۔ شکرا، باز کا نر۔

جُرئی ضمہ ج، سک ر۔ امث۔ گیہوں چنے وغیرہ کی فصلوں کا کیڑا، جُوئی، گھونگی، نیز **جُرّی**۔

جَری فت ج۔ صف۔ ہمت والا، دلیر۔

جِرّی کس ج، شد ر۔ امث۔ لمبی، بام مچھلی، مار ماہی۔

جَرَیان فت ج ر۔ امذ۔ سَیل، بہاؤ، روانی؛ جاری ہونا؛ پیشاب کے ساتھ منی کا اخراج جو ایک مردانہ جنسی کمزوری یا بیماری ہے۔ عام: **جِریان، جَریان**۔

جَرِیب فت ج، ی مع۔ امث۔ عصا، لاٹھی؛ آلہ پیمائش؛ زمین کی پیمائش کی زنجیر جو عموماً ۵۰ ۶۰ گز لمبی ہوتی ہے۔ صف **جَرِیبانَہ** کھیت یا زمین کی پیمائش کا معاوضہ یا فیس؛ قدیم زمانے میں رقبے کے لحاظ سے لگایا جانے والا لگان۔

جَرِیح فت ج، ی مع۔ صف۔ زخمی، مجروح؛ ذہین، جستجو کا ذوق رکھنے والا۔

جَرِید فت ج، ی مع۔ صف۔ اکیلا، تنہا، علیحدہ، الگ تھلگ۔ نیز **جَرِیدَہ**۔

جَرِیدَہ فت ج، ی مع، فت د۔ صف۔ صحیفہ، رسالہ، اخبار؛ دفتر، رجسٹر؛ ؛ گھڑ سواروں کا دستہ؛ سبز ٹہنی۔ صف۔ مجرّد، اکیلا، یکتا، یگانہ۔

جَرِیمَہ فت ج، ی مع، فت م۔ امذ۔ رک: **جُرم** گناہ، خطا ج: جَرائم۔

جَڑ فت ج۔ امث۔(۱)بیخ، اصل؛ بنیاد؛ مجازاً: مبدء، مخرج؛ (۲) نیز رک **اُجڈ**۔ مرکب **جَڑ بُدّھی** بیوقوف، گنوار، نیز **جَڑ بُھوت** ساکت، بےحس و حرکت؛ گڑا ہوا۔ **جَڑ جیو** وحشی، ہونّق۔ (۳) جاڑے کا مخفف م: **جَڑکال/ کالا** سردی کا

موسم۔

جَڑّا فت ج۔ امث۔ کوانچ یا کونچ جس کی پھلی کو چھونے سے کھجلی ہوتی ہے۔ (لاط: Carpopogan pruriens)؛ سمندر پات، گگلی (لاط: Mucuna Pruriens)۔

جَڑاوَل فت ج و۔ امذ۔ جاڑے کے موسم کے کپڑے، لحاف، توشک وغیرہ۔

جَڑاؤ فت ج، و مع۔ صف۔ مرصّع، مُجوہَر، نگینے جڑا ہوا؛ نیز **جَڑَت**۔

جَڑْتا فت ج، سک ڑ۔ امث۔ بے حسی، ٹھہراؤ، سکون، سکُوت۔

جُڑْتال ضمہ ج، سک ڑ۔ امذ۔ وہ تالا یا قفل جو اندر اور باہر دونوں طرف سے کھولا جا سکے۔

جَڑنا فت ج، سک ڑ۔ ف م۔ گاڑنا، ٹھونکنا، (نگینے وغیرہ کو) گھاٹ میں بٹھانا، جمانا۔ پیوست کرنا؛ مارنا، لگانا م: چپت جڑنا؛ الزام، بہتان، عائد کرنا۔

جُڑنا ضمہ ج، سک ڑ۔ ف ل/ مجہول۔ جوڑا جانا، ملایا، وصل کیا جانا؛ شامل ہونا، آ ملنا؛ حاصل ہونا، نصیب ہونا؛ اکٹھا ہونا، فراہم ہونا؛ ٹوٹی ہوئی چیز کا سالم بن جانا ف م **جوڑنا**۔

جُڑْواں ضمہ ج، سک ڑ، غنہ۔ صف۔ دو جو ایک ساتھ یا ملے ہوئے ہوں، توأم، ایک ساتھ پیدا ہونے والے بچے۔

جَڑوَندا فت ج، و لین مغ۔ امذ۔ سوکھی جڑ، ٹھنٹھ۔

جَڑْہَن فت ج، سک ڑ، فت ہ۔ امث۔ دھان کی پنیری۔

جَڑی فت ج۔ امث۔ کسی پودے کی جڑ جو دوا کے طور پر کام آئے؛ وہ پودے جن کی جڑ ہی ان کا پھل ہوتی ہے، م: آلو، گاجر، مولی۔ مرکب عطفی **جَڑی بُوٹی** دوا میں کام آنے والی نبات۔

جَڑِیٹا فت ج، ی مع۔ امذ۔ کانٹوں بھرا جھاڑ، پودا یا جنگل، خارزار۔

جَڑْیَل فت ج، سک ڑ، فت ی۔ صف۔ وہ ترکاری جس میں جڑ، رہ نکل آنے سختی پیدا ہو گئی ہو۔ نیز **جَڑیلا، جَڑیلی**؛ وہ بیل یا پودا جس کی جڑیں دور تک پھیلی ہوئی ہوں اور زمین کو خراب کریں۔

جُز ضمہ ج۔ امذ۔ حصہ، ٹکڑا، پارہ جو کسی کُل میں شامل ہو، ج **اَجزاء** صف **جُزوی جُزئی** قلیل ج، **جُزئیات** تفصیل (۲) (حرف استثناء) علاوہ، سوائے، (کسی شے کو) چھوڑ کر، نیز **بَجُز** [ع: **جُزء** بعض مرکبات میں ہمزہ کی جگہ و]۔

جُز بَنْدی ضمہ ج، سک ز، فت ب، سک ن۔ امث۔ جلد سازی، شیرازہ بندی، کتاب کے اجزا کو باندھنا، سینا۔

جُزْدان ضمہ ج، سک ز۔ امذ۔ کتاب کو گرد سے محفوظ رکھنے کے لیے اُس کی ضخامت کے برابر سلا ہوا غلاف، خصوصاً قرآن شریف کا غلاف۔

جُز رَس ضمہ ج، سک ز، فت ر۔ صف۔ بات کی تہ تک پہنچنے والا (خیال نظر، ذہن)؛ کفایت شعار آدمی۔ اکیف مث **جُز رَسی**۔

جُز گیر ضمہ ج، سک ز، ی مع۔ امذ۔ اوراق کو دبا کر رکھنے کا کمانی دار کھٹکا یا کلپ۔ منتشر اوراق کو یکجا رکھنے کا خانہ یا تختہ، پَیڈ وغیرہ۔

جُز لایَتَجَزّیٰ ضمہ ج، کس مج ز، فت ی ت ج، شد فت ز، ی غم۔ امذ۔ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جس کو تقسیم نہ کیا جا سکے، ایٹم، سالمہ۔ نیز **جُز/ جُزء دیما قْرِطیسی** ایٹم یا سالمے کا نظریہ جو پہلے پہل یونانی مفکر Democritus سے منسوُب کیا جاتا ہے۔

جُز لاینْفَک ضمہ ج، کس مج ز، فت ی، سک ن، فت ن۔ امذ۔ کسی شے کا وہ حصہ جو اس میں لازماً شامل ہو اور الگ نہ کیا جا سکے۔

جُز وقتی ضمہ ج، سک ز، فت و، سک ق۔ صف۔ تھوڑے وقت کا کام۔ **جُزْ وَقتی مُلازم** جو مقررہ عام اوقات سے کم وقت کے لیے کام کرنے پر مامور ہو۔

جُزَو کُل ضمہ ج، و مج، ضمہ ک۔ امذ۔ مرکب عطفی۔ کُل تفصیل، تمام حقیقت۔

جَزا فت ج۔ امث۔ نیکی یا بھلائی کا بدلہ، انعام؛ نیز محض بدلا، سزا۔ اصلاً **جَزاء** مرکب **جَزاءِ خیر** ثواب۔

جَزاکَ اللّٰہ فت ج ک، اغم، شد ل بمد، کلمۂ دعا۔ خدا تجھے اچھا انعام دے نیز **جَزاکَ اللّٰہُ خَیراً/ خَیرُالْجزاء** (خے را/ خَیرُل جَ زا)۔ (ج مخاطب کے یے **کُمُ اللہ** (کُ مُل) مؤنث کے لیے **کِ اللہ** (کِل لاہ)۔

جَزالَت فت ج ل۔ امث۔ فصاحت، روانی؛ کثرت، افراط۔

جَزائر فت ج، کس ء۔ جزیرہ (رک) کی جمع۔

جَزائِل فت ج، کس ء رک: **جَزِیل**۔ امذ

جَزائلچی گو لنداز، توپچی۔

جِزبِز کس ج ب، سک ز۔ صف۔ برہم، ناراض، تر بھر؛ بے چین، گھبرایا۔

جزر فت ج، سک ر۔ امذ۔ سمندر کے پانی کا اتر، بھاٹا؛ مد کی ضد۔

جَزع فت ج، سک ز۔ امث۔ بے چینی، پریشانی، بے اطمینانی۔ (۲) سنگ سلیمانی ایک لہریے دار پتھر۔ مرکب عطفی **جزع و فَزع** (ومج، فت ف) گھبراہٹ، بوکھلاہٹ، سٹ پٹاہٹ، سراسیمگی۔

جَزم فت ج، سک ز۔ امذ۔ قطع کرنا؛ یکسوئی ؛ حتمیت قطعیّت، حرف پر سکون کی علامت (^)؛ مرکب وصفی **عَزم بِالْجَزْم** (بِلْ جزم) پختہ ارادہ۔

جُزو ضمہ ج، سک ز۔ رک: **جُز** (۱) [ع: جُزءٌ میں اردو، فارسی کا تصرف] صف **جُزوی** م ف **جُزْواً** (جُز وَن) تھوڑا سا، کسی قدر۔ مرکب **جُزوِ اَعظم** اہم، سب سے بڑا جُز (مجازاً) بھنگ۔

جَزِیرَہ فت ج، ی مع، فت ر۔ امذ۔ پانی سے گھرا ہوا خشکی کا قطعہ، ٹاپو؛ (مجازاً) الگ تھلگ مقام۔

جَزِیرَہ نما وہ زمین جس کے تین اطراف پانی ہو۔

جَزِیل فت ج، ی مع۔ صف۔ کثیر، وافر؛ رواں؛ فصیح۔ امث۔ چھوٹی توپ جو فتیلہ سلگا کر داغی جاتی تھی۔ ج **جَزائل** [صیغہ ج اردو کا تصرف]۔

جِزْیَہ کس ج، سک ز، فت ی۔ امذ۔ اسلامی حکومت میں غیر مسلموں سے قابل وصول تحفظ کا ٹیکس۔

جَس فت ج۔ امذ۔ طاقت، زور، وصف، خوبی، جوہر، عزّت، ساکھ، بھرَم، وَقار۔

جَسارَت فت ج ر۔ امث۔ ہمّت، جرأت، دلیری، نیز دیدہ دلیری، گستاخی۔ صف **جَسُور**۔

جَسامَت فت ج م۔ امث۔ جثہ، حجم، تن و توش۔ صف **جَسیم**، عظیم نمایاں۔

جَساوَل فت ج و۔ امذ۔ سواری کی محافظت کے لیے چلنے والا سوار؛ نقیب، چوبدار، اصلاً **یَساوَل**۔

جَسائَت فت ج ء۔ امث۔ جوڑوں کے باہم پیوست ہو جانے کا مرض جما جوڑ (قب انگ: Ankylosis)۔

جست (۱) فت ج، سک س۔ امذ۔ ایک خاکستری رنگ کی مرکّب دھات۔ نیز عام **جَستَہ** صف **جَستی**۔

جَسْت (۲) فت ج، سک س۔ امث۔ لمبی چھلانگ، چوکڑی مرکب عطفی جَست و خیز (ومج، ی مج) اچھل کود، دوڑ بھاگ۔ صف **جَسْتَہ** اُچھلا، اُڑا ہوا م: شرارِ جَستہ اُڑتی ہوئی چنگاری۔

جَسْت (۳) فت ج، سک س۔ امذ۔ وہ نچھتّر جس میں مبارک اور منحوس ستارہ یکجا ہو۔

جُسْت ضمہ س، سک س۔ امث۔ تلاش، ڈھونڈنا مرکب عطفی **جُست وجُو** (جس ت جُو)

جُستجُو کھوج، تحقیق، تفتیش۔

جَستہ جَستہ فت ج، سک س فت ت۔ صف م ف۔ غیر مسلسل، وقفے وقفے سے، چھوڑ چھوڑ کر۔ نیز رک: **جَشت/ جَشتہ۔**

جَسَد فت ج س۔ امذ۔ جِسم ، بدن، تن، مرکب اضا **جَسَدِ عُنْصُری** مادّی یا خاکی جسم۔

جَسر فت ج، سک س۔ امذ۔ پُل؛ عبور کرنے کے لیے بنایا ہوا تختہ وغیرہ۔ مرعطفی **جسرِرواں** متحرک پُل یا کشتی (انگ Pontoon)۔

جِسْم کس ج، سک س۔ امذ۔ بدن، پیکر، مادّی وجود۔ **جِسمِ تَعلیمی** وہ چیز جس میں حجم پایا جائے، جو جگہ گھیرے، جو حواس خمسہ کے ذریعے محسوس ہو سکے۔ (تشریح الأبدان) **جسمِ ثفنی** (سَف نی) سخت کھال، وہ سختی جو کٹی ہوئی کھال یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑ پر اسے مضبوط کرنے کے لیے پیدا ہو جاتی ہے؛ موٹی جھلّی جو دماغ کے دائیں بائیں حصّوں کے درمیان واقع ہے۔ ف مر۔ **جسم چُرانا** (ضمہ چ) جسم کو سکیڑنا، لجانا (علم التشریح البدن) **جِسمِ صَنوبَری** دماغ کا ایک حصّہ جو دماغ کے دونوں عرشوں کے درمیاں پشت کی طرف واقع ہے۔ (انگ: medylla Oblongata) **جِسمِ مُخَطّط** (م خَت تَت) دماغ کے وسطی ریشوں کا جال جو جسم اور دماغ نیز دماغ کے مختلف حصوں کے درمیان پیغام بھیجنے اور وصول کرنے کا کام کرتے ہیں۔ **جِسم نُما** وہ تصویر جو ابھرواں ہو اور تین ابعاد دکھائے۔

جَسُور فت ج، و مع۔ صف۔ دلیر، جرائتمند۔

جَسولْنی فت ج، و لین، سک ل۔ امث۔ شاہی محل کی زنانہ چوبدار۔ یساوَل/ جَساوَل کی تانیث [ت: یسال: فوجی دستہ+ ا: نی لاحقۂ تانیث]۔

جَسْوَنْت فت ج، سک س، فتَ و۔ صف۔ شاندار، پُرشکوہ، طاقتور۔

جَسَونْدی فت ج، و لین مج۔ امث۔ گُڑھل (لاط: Hibiscus Syriacus)۔

جَسیم فت ج، ی مع۔ صف۔ عظیم الجثہ، نمایاں، ممتاز، اہم۔

جَشْن فت ج، سک ش۔ امذ۔ دھوم دھام، خوشی کی تقریب، **جَشنِ جَمْشیدی** نو روز کا تہوار جو جمشید قدیم شاہ ایران کے عہد سے شروع ہوا۔ **جشنِ سیمیں** ۲۵ سال تمام ہونے پر منایا جانے والا جشن۔ **جَشنِ طِلائی** (کس ط) ۵۰ سالہ تقریب۔ **جَشنِ طُویٰ** جشن تکمیل کار، جَشن عَروسی۔

جَص فت ج۔ امذ۔ چُونا امث۔ **جَصّی** آنکھ میں ہو جانے والا ناخونہ

جَعْبَہ فت ج، سک ع، فت ب۔ امذ۔ ترکش، نلکی، صندوقچی، سرپوش۔

جَعْد فت ج، سک ع۔ امذ۔ بالوں کی لٹ، گھونگر والے بال [ع: جَعدہ]۔

جَعْدَہ ضم مج ج، سک ع، فت د۔ امث۔ عنبر بید، ایک خوشبو دار روئیدگی۔ (لاط: Teucrium Pollum)۔

جَعفَری فت ج، سک ع، فت ف۔ صف۔ حضرت امام جعفر صادق سے منسوُب۔ امذ۔ ایک کیسری رنگ کا پھول جس کے بیج سرخ ہوتے ہیں اور پانی کو رنگین کر دیتے ہیں؛ سیندور یا پھول، **گُلِ جعفری** (لاط: Biyaor mana) نیز رک: **جافری۔**

جَعل فت ج، سک ع۔ امذ۔ بنانے، ساخت کرنے کا عمل؛ صناعت؛ بناوٹ؛ اصل کی نقل اُتارنا، فریب دہی۔ صف: **جَعْلی** نقلی، غیر اصلی: **جَعْلساز** اصلی کی نقل اتار کر دھوکا دینے والا۔ امث **جَعلسازی۔**

جُعَل ضمہ ج، فت ع۔ امذ۔ گوبر کا کیڑا، گبریلا۔

جُعادری ضمہ ج، سک د۔ صف۔ بڑے جسم یامرتبے والا، رعب دار۔ نیز **جُگادْری۔**

جُغْرات ضمہ ج، سک غ۔ امذ۔ دہی، چھاچھ۔

جُغْرافِیہ ضمہ ج، سک غ، کس فـ امذ۔ کرۂ زمین کی ساخت، طبعی، موسمی و معاشی حالات کا مطالعہ؛ کسی مقام کے حدود اربعہ۔

جَفَّ ٱلْقَلَم فت ج، شد فت ف، ا غم، سک ل، فت ک ل۔ فقرہ۔ لفظاً، "قلم سوکھ گیا"۔ تلمیح ایک حدیث کی طرف جِس کا مفہوم ہے کہ قدرت نے سب کچھ جو ہونے والا تھا لکھ ڈالا، اب اس میں ترمیم نہیں ہو سکتی۔

جَفا فت ج۔ امث۔ ظلم، زیادتی صف **جَفا جُو** ظالم۔ امث **جَفاکَشی** (فت ک) محنت، مشقت مر عطفی **جَفا کَفا** مصیبت، سختی، بدحالی۔ [ع: جَفاء درشتی، تنفر، بے تعلقی]۔

جُفْت ضمہ ج، سک ف۔ امذ۔ جوڑا، نر مادہ؛ وہ عدد جو ۲ پر برابر تقسیم ہو سکے؛ جوتی کا جوڑا۔

جُفْتَک ضمہ ج، سک ف، فت ت۔ امذ، ج مذ۔ چکوا، چکوی کا جوڑا جن کے متعلق گمان کیا جاتا ہے کہ اُڑتے وقت ایک دوسرے سے بھڑے رہتے ہیں، کیونکہ صرف ایک ایک بازو رکھتے ہیں۔ نیز **جَفْتَک۔**

جُفْتَہ ضمہ ج، سک ف، فت ت۔ امذ۔ کپڑے کی بناوٹ میں رہ جانے والی جھری یا گانٹھ، سانٹھ۔ نیز **جَفْتَہ** (فت ج)؛ جانوروں کا دوغلا بچّہ جو قدرے مختلف اقسام کے نر مادہ سے پیدا ہو؛ پیوندی پودا۔

جُفْتی ضمہ ج، سک ف۔ امذ۔ جانوروں میں نر اور مادہ کا جنسی فعل؛ نیز (شاذ) مباشرت۔

جَفْر فت ج، سک ف۔ امذ۔ تعویز گنڈا، عملیات؛ رسول اللّٰہ یا حضرت علی کے بنائے ہوئے مفروضہ نقشے یا جدولیں جن کی مدد سے جفر کے عامل خفیہ باتیں معلوم کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ صف **جَفّار** جفر کا ماہر۔ عام: **جَفَر۔**

جَفْن فت ج۔ امذ۔ غلافِ چشم، پپوٹا۔

جِق جِق کس ج۔ امث۔ شور، فریاد، جھک جِھک۔

جَکْڑی فت ج، سک ک۔ امث۔ گجراتی دُھرپد، نیز صوفیانہ بول [غالباً: ذکری کی تحریف]۔

جَکَڑ فت ج ک۔ امث۔ پکڑ، گرفت، مرکب عطفی **جَکَڑ بَنْد(ی)** پھندا، سخت بندش، اکیف مث **جَکْڑَن** بندھا، بے حس و حرکت ہونے کی حالت۔ ف م **جَکَڑْنا** دبوچنا، باندھنا، کس دینا۔

جُکھنا ضمہ ج، سک کھ۔ امذ۔ کنوئیں کے مُنہ پر بَلّیوں کی بجائے لیٹھواں جڑے ہوئے تختے کا سرا جہاں سے ڈول لٹکایا اور کھینچا جاتا ہے۔

جَگ فت ج (۱) امذ۔ دنیا، عالم، سنسار؛ مخلوق۔ امث **جگ بیتی** سنی سنائی کہانی **آپ بیتی** کی ضد۔ **جگ ہَنسائی** (فت مغ ہ) رسوائی، ہدف طعن و طنز بننا۔

جگ (۲) فت ج۔ امث۔ قربانی (اصلاً: **یگیَہ**)۔

جُگ ضمہ ج۔ امذ۔ زمانہ، زمانے کا ایک دَور؛ لمبی مدت۔ م ف **جُگ جُگ** ہمیشہ ہمیشہ (اصلاً: **یُگ**)۔

جَگار فت ج۔ امث۔ جاگتے رہنے کا عالم، جگائی، جاگ، رت جگا؛ جگانے والی گھنٹی کی باج، **گَجَر۔**

جُگالی ضمہ ج، امث۔ مویشیوں کا نگلے ہوئے چارے کو دوبارہ دانتوں میں پیسنا؛ مزاحاً: پان، چبینے وغیرہ کو دیر تک چبانا؛ کہی ہوئی بات کو دوہرانا۔

جَگانا فت ج۔ ف م۔ جاگنا کا تعدیہ؛ بیدار کرنا، ہوشیار، خبردار کرنا؛ روشن کرنا، حرکت دینا، عمل میں لانا م: **جادُو جَگانا** کمال دکھانا۔

جَگَت فت ج گ۔ امذ۔ رک: جگ (۱)؛ (۲) کنوئیں کی مینڈ۔ مرکب: **جَگَت اُستاد/ گُرُو** وہ استاد جس کے بہت سے شاگرد ہوں [ا: جگت + ف: استاد]۔

جُگَت ضمہ ج، فت گ۔ امث۔ صنّاعی، طُرفہ کاری، بذلہ سنجی؛ رعایت لفظی، نیز **ضَلع جُگَت**۔
جُگْتہ ضمہ ج، سک گ، فت ت۔ امذ۔ (نباتیات) نر و مادہ خلیوں سے مل کر بننے والا بیج۔
جَگْجَگا فت ج، سک گ۔ امذ۔ جگمگاہٹ، چراغاں۔
جِگَر کس ج، فت گ۔ امذ۔ اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو جو پھیپھڑوں اور دل سے نیچے، معدے کے مُتّصل واقع ہے اور جسم کا سب سے بڑا غدہ ہے، علاوہ دیگر افعال کے خون کے سرخ ذرّات بناتا ہے؛ کلیجا، کَبِد؛ (مجازاً) کسی چیز کا اندرونی یا اہم حصہ ٹکن کی سونی کی تہہ، ہمت، حوصلہ۔ صف **جگر تِشْنَہ** بہت پیاسا، نہایت مشتاق۔ **جگردار** باہمت، آب دار، نیز (تلوار)۔ **جِگَر کاوی** (کس ج، فت گ) سخت، مشقت؛ لفظاً جگر کو کُھرچنا۔ **جِگَر گوشَہ** نہایت پیارا۔ (مُکبّر) **جِگْرا** حوصلہ (نباتیات) نسیجوں کا مرکزی حصہ۔ صف **جِگْری** جانی، نہایت عزیز۔
جَگر جَگر فت ج گ۔ امث۔ جگمگ۔ افعال: کرنا، ہونا۔
جُگَل ضمہ ج، فت گ۔ لقب۔ رادھا اور کرشن کا جوڑا۔
جَگْمَگ فت ج، سک گ، فت م۔ امث۔ چراغوں کی کثرت کا سماں، بہت سے چراغوں کی ملتی جلتی لو سے پیدا ہونے والا منظر۔ نیز اکیف مث **جَگْمَگاہٹ** ف ل/ م **جَگمَگانا**۔
جُگْنُو ضمہ ج، سک گ، و مع۔ امذ۔ پَٹ بیجنا، کرمک‌شب تاب، ایک برساتی کیڑا جس کی دم سے ٹمٹاتی روشنی نکلتی ہے۔
جُگْنی ضمہ ج، سک گ۔ امث۔ گلے کا ایک جڑاؤ زیور ایک طرح کا لاکٹ جو بلا زنجیر فیتوں وغیرہ کو بٹ کر لٹکایا جاتا ہے؛ پنجاب کا مقبول گیت، جوگن کا گیت۔
جُگوَنا ضمہ ج، و مج۔ ف م۔ سینت رکھنا، ڈالے رکھنا، خرچ یا صرف نہ کرنا۔
جَگَہ فت ج گ۔ امث۔ جا، مقام، ٹھکانا، موقع، اسامی، نوکری۔ گنجائش، سمائی؛ م ف: بجائے، بعوض، بدلے میں م: نیکی کی جگہ بدی۔ **جگہ جگہ اِدھر اُدھر**، مختلف جگہوں پر۔ ج: **جگہیں** (جگ ہیں)۔
جُگّی ضمہ ج، شد گ۔ امث۔ کُٹیا، جھونپڑی، نیز **جُھگّی**۔
جِگی جِگی کس ج۔ امث۔ نقل صوت۔ چہ چہ، وہ آواز جو اظہار تاسف کے لیے زبان کو تالو سے ملا کر نکالتے ہیں۔
جَل فت ج۔ امذ۔ پانی۔ مرکب **جل پان** پانی پینا، مراد خاطر داری۔ **جَل بْرَہْمی** پانی کے قریب اگنے والی ایک نبات، پتے چھوٹے گول گھوڑے کے سُم کی مانند، اس لیے بعض جگہ گھڑ سُمی کہلاتی ہے۔ دواءً نیز ساگ کے طور پر مستعمل (لاط: Herpestis Spathulata) صف **جَل بُھومی** وہ جانور جو خشکی اور پانی دونوں جگہ رہتے ہیں، جیسے کچھوا، امذ۔ **جَل بَھونْرا** آبی بھونرا، ایک کیڑا جو پانی پر تیزی سے دوڑتا ہے۔ امذ **جَل تُرئی** مچھلی امذ۔ **جَل پِیپَل** ایک پودا جو پانی اور زمین دونوں میں پیدا ہوتا ہے، پتے نوکدار، پھل کالی مرچ (فلفل) کی طرح تیز، نیز مث **جَل پِپلی/ فلفل آبی**۔ **جَل پرا** (فت ج پ) کبوتروں کا نیلگوں رنگ۔ امذ **جَل جیرا** ی مع۔ کھٹّا، مسالے دار پانی، املی، ہڑ، سونٹھ زیرے وغیرہ سے بنا ہوا گول گپّوں کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ **جَل سُوت** رک: نارُو؛ **جَل کُکّڑ** مرغ آبی **جل پَنْچھی** (لاط: Gallinula Chloropus) (مجازاً) نک چڑھا، زود رنج آدمی۔ **جَل مَئی** طغیانی، جل

نیم، مرطوب زمین کی ایک کڑوی بوٹی (لاط: Herpestes Monniera)۔

جَل (۲) فت ج۔ امذ۔ ایک بہت اونچا اڑنے والا پرندہ، چکا وک؛ اگن کی مادہ۔

جُل ضمہ ج۔ امذ۔ فریب، دھوکا۔

جُلّ ضمہ ج (تراکیب میں ل مشدّد) صف امث۔ اکثریت، غالب عنصر م: جُلّ ارکان = بیشتر اکثر ارکان، جُلّ کُل = بیشتر حصہ۔

جَلّ فت ج، شد فت ل۔ فقرۂ دعائیہ، حمدیہ۔ (لفظاً) بڑا ہوا، اونچا ہوا، بزرگ ہوا م: جَلّ جَلالہ و عمّ نوالہ (ل ہُو) اُس کی بزرگی بڑی ہے اور اس کی بخششیں عام ہیں۔ جَلّ شانہ اس کی شان اعلیٰ ہے۔ مخفف جَل فقرہ جَل تُو جلال تُو بلا کو ٹالنے کے لیے ورد کیا جاتا ہے۔

جَلا فت ج۔ امذ۔ دیس نکالا، ملک بَدَری امث جَلاوَطنی صف جَلاوَطَن (ع: جَلاء) عام: جَلا وَطَن۔

جِلا کس ج۔ امث۔ صیقل، صفائی، چمک۔

جُلّاب ضمہ ج، شد ل۔ امذ۔ مسہل، دست آور طبّی نسخہ (ف: گلاب کا معّرب)۔

جَلاپا فت ج۔ امذ۔ جَلن، حسد، کُھنساہٹ؛ (۲) ایک نہایت لمبی گرہ دار بیضوی جڑ، جو بطور مسہل استعمال ہوتی ہے (لاط: Exog niumcpurga)۔

جَلاتَن فت ج ت۔ صف مذ مث۔ بد مزاج، جھلّا۔

جَلاجِل فت ج، کس ج۔ ج مذ۔ گھنٹیاں؛ تھالی نما ساز جسے دونوں ہاتھوں سے ٹکرا کر بجاتے ہیں۔ واحد جُلْجُل۔

جَلّاد فت ج، شد ل۔ صف۔ امذ۔ سفّاک، خونی؛ دُرّے لگا کر کھال اُدھیڑ دینے والا؛ سزائے موت دینے پر مامور شخص۔ امث جَلّادی سفّاکی۔

جَلادَت فت ج د۔ امث۔ تاب، برداشت، استقامت۔

جَلال فت ج۔ امذ۔ بزرگی، عظمت؛ رعب داب؛ قہر، غصہ۔ امث جَلالَت رعب داب شاہی لقب جَلالَۃ اُلْمَلِک (جلالَ تُل مَ لِک) ملک معظم۔ بادشاہوں کا خطاب۔

جَلا لاکھا فت ج۔ امذ۔ اصیل مرغ کی ایک قسم۔

جَلّالَہ فت ج، شد ل، فت ل۔ امذ۔ (شرع) جانور جو گو کھاتا ہو اور اس کا کھانا حرام یا مکروہ ہو۔

جَلانا فت ج۔ ف م۔ سلگانا، بھڑکانا، پھونکنا، روشن کرنا؛ چرکا دینا، رنج پہنچانا، چڑانا۔

جِلانا کس ج۔ ف م۔ زندہ کرنا، روح پھونکنا، مرنے سے بچا لینا۔ نئی زندگی بخشنا۔

جَلاوَطَن فت ج و ط۔ صف۔ ملک بدر، دیس نکالا ہوا ا کیف مث جَلاوَطْنی۔

جُلاہا ضمہ ج۔ امذ۔ پارچہ باف، نُور باف، کپڑا بُننے والا کاریگر۔

جَلْب فت ج،سک ل۔ امذ۔ اخذ کرنا، کھینچنا، بٹورنا؛ حاصل کرنا؛ درآمد کرنا۔ صف جالِب۔

جِلباب کس ج، سک ل۔ امذ۔ زنانہ ڈھیلا ڈھالا لباس؛ چادر، نقاب۔

جَلْپ فت ج، سک ل۔ امذ۔ مناظرہ، بحثا بحثی، باہمی فقرے بازی۔ صف جَلپاک جھگڑالو۔

جَلْپائی فت ج، سک ل۔ امث۔ جنگلی زیتون (لاط: Elcocarpus Serratus)۔

جَلتَرَنْگ فت ج، سک ل، فت ت ر، غنہ۔ امذ۔ پانی بھری کٹوریوں کا سلسلہ جنہیں ساز کے طور پر سامنے رکھ کر لکڑی کی ڈنڈیوں سے بجایا جاتا ہے۔

جُلْجُل رک: جلاجل۔

جَلْد فت ج، سک ل۔ م ف۔ بلا تاخیر، بہ زود، فوراً؛ نیز جلدی صف جَلد باز بلا تامّل عمل کرنے والا، اُتاوْلا۔ اکیف مث جَلد بازی۔

جِلْد کس ج، سک ل۔ امث۔ کھال، پوست، چمڑی؛

کتاب یا سلے ہوئے اوراق پر چڑھائی ہو ی دفتی کی بندش؛ کتاب کا ایک نسخہ یا کئی حصوں پر مشتمل کتاب کا ایک علاحدہ حصّہ۔ امذ **جِلد ساز** جلد باندھنے والا کاریگر۔

جَلْدُو فت ج، سک ل، و مع۔ امذ۔ انعام، صلہ، جزا نیز **جُلدُو**۔

جَل دَھر فت ج، سک دھ۔ امذ۔ بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ۔

جَلسَہ فت ج، سک ل، فت س۔ امذ۔ باہم مِل بیٹھنا؛ چند یا بہت سے لوگوں کا اجتماع، اِجلاس، محفل، مجلس، ناچ گانے کا مجرا۔

جِلْف کس ج، سک ل۔ گھٹیا درجے کا، ناشائستہ، اجڈ آدمی۔ ج **اَجْلاف**۔

جَلْق فت ج، سک ل۔ امذ۔ ہاتھ کی مالش سے اخراج منی، استمنا بالیَد [ت: جَلْق ع: زَلق = پھسلن]۔

جَلْکار فت ج، سک ل۔ امذ۔ مچھلی پکڑنے اور پانی استعمال کرنے کا حق۔

جَلمَندرا فت ج، سک ل، فت م، سک ن۔ امذ۔ مختلف دواؤں کا ایک نیم سیّال مرکب۔

جَلَن فت ج ل۔ امث۔ چرکا لگنے، جلنے کی تکلیف، سوزش؛ حسَد، بَیر۔ ف ل **جَلنا**، چرکا کھانا؛ سُلگنا، سوختہ ہونا؛ آگ پکڑنا؛ روشن ہونا؛ مشتعل ہونا؛ غصہ کرنا، بیر رکھنا، مرچوں کی تیزی محسوس کرنا م: منہ جلنا۔

جَلَنْدَھَر فت ج ل، سک ن، فت دھ۔ امذ۔ ایک مرض جس میں جسم کے خلیوں اور جوفوں میں پانی بھر جاتا ہے، پیٹ پھول جاتا ہے۔ استسقاء، جلندر۔

جِلَو کس ج، و لین۔ امذ۔ لگام؛ سواری کے ساتھ چلنے والا سجا ہو کوتل گھوڑا؛ سواری کا جلوس، ہمراہی، ہمرکاب۔ م ف **جِلَو میں** پیچھے پیچھے، معیّت میں ہمرکاب۔ مرکب فاعلی **جِلَودار** امیر کے گھوڑے کی لگام پکڑ کر ساتھ چلنے والا ملازم۔ امذ **جِلَو خانَہ** مکان کے صدر دروازے یا صدر دالان کے سامنے کا صحن جہاں عام لوگ درشن یا دربار کے لیے جمع ہوتے ہوں۔ صف **جِلَو ریز** باگ اٹھائے ہوئے، رواں۔

جَلُوب فت ج، و مع۔ امذ۔ درآمد، بیرونی مال منگانا، اُتارنا، رکھنا۔

جَلْوَت فت ج، سک ل، فت و۔ امث۔ ظاہر ہونا، سامنے آنا، خلوت کی ضد [ع: جِلوَہ نقاب کشائی] صف **جَلوَتی** ظاہر، سامنے، بے پردہ، خلوتی کی ضد۔

جُلُوس ضمہ و، و مع، امذ۔ بیٹھنا، تخت نشین یاگدّی نشین ہونا؛ سواری اور اس کے ساتھ چلنے والے؛ گروہ کی صورت میں چلنا۔ **جُلُوسی ٹوٹنا** جلوس میں چھوڑا جانے والا پٹاخہ، چھوٹا کارتُوس (حشریات) **جُلُوسی دَور** وہ زمانہ جب ٹڈیاں دل بادل کی شکل میں نکلتی ہیں۔

جَلْوَہ فت ج، سک ل، فت و۔ رک: **جَلوَت**؛ نظارہ، درشن، دیدار دکھانا، ظہور، منظر، تماشا، رونق؛ آرسی مصحف۔ **جَلوَہ گر** (فت گ) نمودار، ظاہر **جَلوہ گُستَر** (ضمہ گ) دور تک نظر آنے، نور پھیلانے والا [ف: گُستردن پھیلانا]۔

جَلھَری فت ج، فت مج ل، سک ہ۔ امث۔ پانی کا برتن یا ناَند؛ (ہندو) وہ برتن جس میں خوشبو دار پانی اور پُھول بھر کر پوجا کے وقت مورت پر چھڑکتے ہیں۔

جَلی (۱) فت ج۔ صف۔ روشن، واضح، خفی کی ضد۔ مرکب وصفی **جَلی قَلَم** موٹا خط۔

جَلی (۲) فت ج۔ صف مث۔ جَلا کی تانیث؛ سوختہ، سلگی، روشن، مرکب عطفی **جلی کَٹی** (فت ک) دشنام، عداوت پر مبنی باتیں۔

جَلِیب فت ج، ی مع۔ امذ۔ جلو میں رہنے والا،

مصاحب، ملازم۔

جَلیبا فت ج، ے مج۔ امذ۔ شہتوت، بڑی جلیبی۔

جَلَیبی فت ج، ے مج۔ امث۔ زرد سنہری چکّروں کی شکل میں شیرہ بھری مٹھائی (قب ع: زَلابی، زَلابِیَہ جو ایک مٹھائی ہے)۔

جَلید فت ج، ی مع۔ امث۔ اولا، برف؛ آنکھ کے عدسے میں بھری ہوئی شفاف رطوبت۔

جَلیس فت ج، ی مع۔ صف۔ ساتھ بیٹھنے والا، ہمنشین نیز **ہم جَلیس**۔

جَلیع فت ج، ی مع۔ صف۔ بے شرم، بے حیا [ع: جابع]

جَلیل فت ج، ی مع۔ صف۔ بڑا، عظیم، مرتبے والا؛ طاقتور، زوردار، مؤثر۔ مر وصفی **جَلیل القَدر** (جَ لی لُل قَدْر) معزّز، بڑے رتبے والا۔

جَم (۱) فت ج۔ عَلَم۔ جمشید کا مخفف۔

جَم (۲) فت ج۔ امذ۔ موت کا فرشتہ۔ نیز **جَم دوت** [اصلاً: یَمَ]۔

جَمْدَھر فت ج، سک م، فت دھ۔ امذ۔ ایک طرح کا چوڑے پھل کا خنجر، نیز **جَم کھاک**۔

جَمّ[۳] فت ج (ترکیبات میں م مشدّد)۔ مجمع، جمگھٹا، انبوہ، مر وصفی **جَمّ غفیر** (فت غ، ی مع) بہت بڑا مجمع؛ طومار، انبار۔

جَما فت ج۔ امذ۔ یونانی کے تیسرے حرف گاما کی تعریب، ریاضی کی رقوم میں مستعمل۔

جِماح کس ج۔ امذ۔ سر کشی، بغاوت۔

جُمّاح ضمہ ج، شد م۔ صف، امذ۔ بغیر نوک کا تیر جس سے بچّے تیر اندازی کی مشق کرتے تھے۔

جَماد فت ج۔ صف۔ ٹھوس، بے حس و حرکت، بے نمو، بے جان۔ ج مذ **جَمادات** غیر نامی مادّی اشیا، نباتات و حیوانات کی ضد۔

جُمادیٰ ضمہ ج، ی غم۔ امذ۔ دو اسلامی مہینوں کے نام: **جُمادیٰ اَلْاَوّل** (جُما دَ ل اَوْ وَل) پانچواں مہینہ **جُمادیٰ اَلْآخِر/ ثانی** (جُ ما دَل آخِر/ جُ ما دِسْ سانی) چھٹا مہینہ۔

جِماع کس ج۔ امذ۔ ملنا، پیوست ہونا، ہمبستری۔

جَماعَت فت ج ع۔ امث۔ گروہ، ٹولی، تنظیم، پارٹی، فریق؛ صف؛ قطار؛ تعلیم کا درجہ، کلاس۔ نیز امذ **جَماعَہ**۔

جَمال فت ج۔ امذ۔ حُسن خوبصورتی۔

جَمّال فت ج، شد م۔ امذ۔ ساربان، شُتربان۔

جَمال گوٹا فت ج، و مج۔ امذ۔ دنتی نامی درخت کا بیج جو نہایت دست آور ہے؛ تخم بید انجیر، حب اَلسَّلاطین (لاط: Crotan tiglium)۔

جَمالی فت ج۔ صف۔ جمال سے منسُوب۔ مرتوصیفی **جَمالی خَرْبوزَہ** وہ خربوزہ جو دیکھنے میں خوشنما اندر سے پھیکا ہو۔ صورت حرام مجازاً؛ خوشنما مگر ناکارہ شے یا شخص۔ **اَسماءِ جَمالی** (کس مج ء) اللہ کے وہ نام جن سے رحم، پرورش، حُسن وغیرہ کا مفہوم نکلتا ہے، جلالی کی ضد۔

جَمالیات فت ج، کس ل۔ امث۔ حسن کی ماہیت اور معیار سے بحث کرنے والا علم؛ فنون لطیفہ کا مجموعی نام۔

جَمالیّت فت ج، کس ل، شد فت ی۔ امث۔ ادب اور آرٹ میں نفاست اور حسن کاری پر بہت زیادہ اصرار۔

جَمانا فت ج۔ ف م۔ ٹھہرانا، ساکت کرنا؛ منجمد، یخ بستہ؛ مضبوط، مستحکم کرنا؛ ترتیب دینا، مارنا، جَڑنا، رسید کرنا م: چپت جمانا؛ تہ بٹھانا، تہ چڑھانا، گاڑنا، ٹھوکنا؛ قائم کرنا۔ ف ل **جَمنا**۔

جِمانا کس ج۔ ف م۔ ضیافت کرنا، کھانا کھلانا۔

جَماہنا فت ج، سک ہ۔ ف ل۔ جماہی لینا (میر نے لکھا ہے، اب متروک)۔

جَماہیر فت ج، ی مع۔ رک **جُمْہور** جس کی یہ جمع ہے۔

جَماؤ فت ج، و مج۔ امذ۔ جمنے کی کیفیت؛ جمگھٹا، اجتماع۔

جَمبَل فت ج، سک م، فت ب۔ امذ۔ کیوڑے کا درخت (لاط: pandanus odoratissimus)۔

جَمبو فت ج، سک م، و مع۔ امذ۔ جامن اور جامن کا درخت (لاط: Engenia Jumbolano) نیز گیدڑ۔

جَمْبیا فت ج، سک م، کس ب۔ امذ۔ شیر کے ناخن کی شکل کا خنجر۔

جمبیرفت ج، سک م، ی مع۔ امذ۔ لیمو کی قسم کا ایک بڑا پھل، کھٹّا (لاط: Citrus Acida)۔

جَمتَوّل فت ج، سک م، فت ت، شد فت و۔ صف۔ دیر تک ٹھہرنے، جگہ نہ چھوڑنے والا؛ زور دار، بھرپور م: جَمتَوّل چپت۔

جمجم کس ج، سک م۔ جنگلی گاجر، گزَر موش (لاط: Asparagus Racemosus)۔

جَم جَم فت ج۔ م ف۔ خیر کے ساتھ، بصد شوق، محبت یا خیر سگالی کے اظہار کا کلمہ۔

جَم جُوں فت ج، و مع۔ غنہ۔ امث۔ ایک قسم کی مہین جُوں جو بغل اور زیر ناف کے بالوں میں پڑ جاتی ہے۔ (انگ: Crab louse)۔

جَمْدَھَر فت ج، سک م، فت دھ۔ امذ۔ سیدھی نوک کا خنجر جس میں خم نہیں ہوتا۔

جَمْرَہ فت ج، سک م، فت ر۔ امث، امذ۔ کنکر، چنگاری؛ حج کے موقع پر منیٰ کے قریب تین شیطانوں (پتھر کے بنے ہوئی نشانوں) کو کنکریاں مارنے کا عمل جو مناسک حج میں داخل ہے۔ یہ تینیوں علامتی شیطان بالترتیب **جَمرَۃُ اَلاُولیٰ** (جم رَ تَل اُولا) **جَمرۃُ اَلْوُسْطیٰ** (تُل وُس تا) اور **جَمرۃُ اْلعُقبیٰ/ کُبریٰ** (عُق با/ کُب را) کہلاتے ہیں۔

جُمُشْت ضمہ ج، شد فت م، سک س۔ امذ۔ یاقوت کی ایک قسم، یاقوتِ سکندری جس میں نیلاہٹ ہوتی ہے۔

جمسَن کس ج، سک م، فت س۔ امث۔ ایک خاردار بوٹی جس ک پُھول سفید قیف نما ہوتے ہیں، دمے کے علاج میں مستعمل۔ (لاط: Dalura Guayaquilisius)

جَمشید فت ج، سک م، ے مج۔ علم۔ قدیم ایرانی بادشاہ۔ مخفف جَم۔

جَمْع فت ج، سک م۔ امث۔ پونجی، سرمایہ؛ رقموں کو جوڑنے کا ریاضی کا عمل؛ (قواعد) ایسا لفظ جس کا اطلاق ایک سے زیادہ پر ہو؛ تمام لوگ، کُل نفری م: **جَمْع جَمہُور** = کُل خلقت نیز **جَمیع**؛خزانے میں جمع کرایا ہوا محصول۔ مرکب مث **جَمْع بَنْدی** مالگزاری کی تشخیص و تفصیل عام **جَمَع/ جَمَہ** (فت ج م)۔

جَمْعُ اْلجَمْع فت ج، سک م، ضمہ ع، ا غم، سک ل۔ امذ۔ دوہری جمع، جمع کے صیغے کی مکرّر جمع م: فواکہات،فاکہہ (پھل) کی ج ج۔ عجائبات آعجُوبہ کی ج ج۔ نیز **جَمْع اْلمَجْمُوع**۔

جَمع جَکَھْڑی فت ج م، سک ع کھ۔ امث، مرکب عطفی۔ جمع کی ہوئی رقم، جمع پونجی، جوڑ جمع۔

جَمْع خاطِر فت ج، سک م، کس مج ع۔ کس ط۔ امث۔ مرکب اضافی۔ اطمینان، تسلی نیز **خاطِر جَمْعی**۔

جَمْعدار فت ج، سک م ع۔ امذ۔ فوجی سپاہیوں کی ایک ٹکڑی کا غیر کمیشن یافتہ سردار؛ پولیس کا داروغہ؛ خاکروبوں کا نگران خاکروب۔

جُمِعْرات ضمہ ج، کس مج م۔ سک ع۔ امث۔ جمعہ سے پہلا دن، پنجشنبہ۔

جُمَعْگی ضمہ ج، فت م۔ سک ع۔ امث۔ جمعہ کے

دن ملنے والی مزدوری، محنتانہ وغیرہ؛ چالے کی رسم۔

جُمْعَہ ضمہ ج، سک م، فت ع۔ امذ۔ شنبہ سے پہلا دن جو مسلمانوں میں مبارک اور یوم تعطیل گنا جاتا ہے۔ روز آدینہ؛ شکروار۔ **جُمْعَتہ اَلْخَیر** (تُل خے ر) عیسائی تہوار جو ۲۰ مارچ کے بعد پہلی چاند رات کو منایا جاتا ہے۔ **جُمْعَتہُ اَلْوَداع** رمضان کا آخری جمعہ عام؛ وِداع۔

جَمْعِیّت فت ج، سک م، کس ع، فت ی۔ امث۔ گروہ، جماعت، تنظیم؛ خاطر جمعی۔

جَمَک فت ج م۔ امذ۔ جوڑے کا ایک فرد، (بلاغت) ہم آواز الفاظ جن کے معنی مختلف ہوں م: ہار (مالا) ہار(شکست)؛ نیز رک: **جِناس**۔

جَمْکوڑا فت ج، سک م، و مج، امذ۔ ایک ساگ کا نام؛ نیلم (روایت ہے کہ ایک مالی کو جمکوڑا توڑنے میں نیلم ملا، جس سے یہ نیلم کا نام پڑگیا) (۲) برساتی چھاج نما ٹوپی جو بعض جگہ پر دہقان بارش میں اوڑھ لیتے ہیں۔

جَمْگھٹا فت ج، سک م، فت گھ۔ امذ۔ ہجوم، مجمع، بھیڑ۔ نیز **جَمگھٹ**۔

جَمَل فت ج م۔ امذ۔ اُونٹ، شُتر۔

جُمَل ضمہ ج، فت م۔ امذ۔ حروف ابجد کے روایتی طور پر متعین اعداد کو جوڑ کر مادۂ تاریخی نکالنا نیز اصلاً **جُمَل**۔

جُمْلگی ضمہ ج، سک م۔ فت ل۔ رک: **جُملہ** (صف)۔

جُملَہ ضمہ ج، سک م۔ فت ل۔ صف۔ تمام، کُل، سب کے سب، جملگی۔ امذ: الفاظ یا فقرات کا بامعنی مجموعہ جو ایک پوری بات ادا کرے، کلام تام۔ **جُملۂ اِنشائیّہ** ایسی بات جس پر سچ یا جھوٹ کا حکم نہ لگایا جا سکے۔ **جُملۂ خَبَریَہ** کی ضد م: **جُمْلَہ۔ اِستِفہامیّہ، تحسین، تعجّب** وغیرہ

جُملۂ فِعْلیّہ جو فعل اور فاعل سے بنا ہو م" ابر آیا آدمی جائے گا"؛ **جُملہ مَعْطُوفَہ** مرکب جملہ جس کے اجزا کو حرف عطف سے ملایا گیا ہو یا حروف عطف مقدر ہو م: بہار آئے گی پھول کھلیں گے۔ **جُملۂ شَرْطیّہ** جو حروف شرط سے شروع ہو م" اگر پوچھا تو بتائیں گے"؛ **جُملۂ مَعْلُولَہ** جس میں ایک جملہ دوسرے کا سبب یا علت ہو م: چونکہ بیمار تھا اس لیے غیر حاضر رہا؛ **جُملۂ مَنْدُوبَہ** جس میں تاسف کا اظہار ہو اور آہ، وائے، افسوس کے الفاظ آئیں م: آہ دنیا کدھر جا رہی ہے؛ **جُملۂ مُسْتانفَہ** وہ مرکب جملہ جس کو پچھلے جملے، سے معنوی ربط ہو، لیکن لفظی نہ ہو یا دوسرا جملہ پہلے کا جواب ہو۔ بظاہر دولخت، معناً مربوط م: اچھا لگا خرید لیا؛ **جُملۂ مُدَلّلہ** جس کا ایک جز دوسرے کی دلیل ہو م: اچھے دن بھی آئیں گے، زمانہ ایک سا نہیں رہتا؛ **جُملۂ مُعْتَرِضَہ** بات کے بیچ میں کوئی اور بات، عارضی گریز۔

جَمَم فت ج م۔ امذ۔ (عروض) ایک دوہرا زحاف جو رکن بحر "مفاعلتن" میں واقع ہوتا ہے؛ "زحاف عقل" کی بنا پر ل کا حذف، اور "خَرم" کی بنا پر م کا حذف جس سے فاعِتُن باقی رہا اور اُس کو فاعلن سے بدل لیا گیا۔ [ع: لفظاً سپاہی کا بغیر نیزے کے لڑنا]۔

جَمَنْبوٹا فت ج م، سک ن، و مج۔ امذ۔ مٹی کا کُونْڈا جس میں دہی جماتے ہیں۔

جَمَنْکا فت ج م، سک ن۔ امث۔ خیمے کے گرد پردے کے لیے کھڑی کی جانے والی قنات۔ [س: یَوَن، دُور رہنا]۔

جَمنی فت ج، سک م۔ امث۔ چھوٹی ہَلکے رنگ کی جامن نیز **جَمْویا**۔

جَمْوا فت ج، سک م۔ امذ۔ نیل کا پودا یا پنیری۔

جَموٹ فت ج، و مج۔ امث۔ کنْویں کی نیویا کوٹھی

جو لکڑی کے تختوں سے بنائی جاتی ہے۔

جُمُوح ضمہ ج، و مع۔ امث۔ سر کشی، ہٹ، ضد۔ صف **جموح** سرکش

جُمُود ضمہ ج، و مع۔ امذ۔ جامد، ٹھٹھرا، جما ہوا ہونا؛ ٹھہراؤ، تعطّل۔ (طبعیات) مادّے کی یہ خاصیت کہ کسی خارجی قوت کے اثر انداز ہونے کے بغیر ٹھہرا رہے تو ٹھہرا رہے گا اور متحرک ہے تو ایک ہی سیدھ میں متحرک رہے گا۔

جَموگا فت ج، و مج۔ امذ۔ بچوں کی ایک بیماری، اُمّ الصبیان، مسان۔

جَموگْنا فت ج، و مج، سک گ۔ ف م۔ جانْچنا، اندازہ کرنا، ٹھہرانا۔

جُمّہ ضمہ ج، شد فت م۔ امذ۔ بالوں کا جوڑا، گھنے بال [ع: جَم = بھرپور روئیدگی]۔

جُمْہُور ضمہ ج، سک م، و مع۔ اسم جمع۔ تمام لوگ، اکثر النّاس، عوام ج **جَماہیر** عام **جَمہُور** (فت ج) نیز **جُمہُور اَنام** (فت ا) صف **جُمْہُوری** عوامی امث پرانی شراب انگوری **جُمہُوریت** عوامی نمائندوں کی حکومت نیز **جُمہُورِیہ** وہ ریاست جہاں عوامی حکومت قائم ہو نیز عام: **جَمہُوریت**۔

جَم ہی جَم فت ج م۔ م ف۔ ناپید یا بمشکل نصیب، بُرے شگون سے بچنے کے لیے کمی یا قلّت کے لیے برکت کا کلمہ بولتے ہیں۔

جُمّی فت ج، شد م۔ امث۔ ایک صحرائی پودا جس کی جڑیں دُور تک پھیلتی ہیں (لاط: Prosopis Spicegera)۔

جمیع فت ج، ی مع۔ صف۔ کل، تمام، سب کے سب۔ امث **جَمیعَت** نیز رک: **جَمعِیت**۔

جَمیل فت ج، ی مع۔ صف۔ حسین، صاحب جمال؛ اچھا خوب، پسندیدہ، مرکب اضا **جَمیلُ الشِّیَم** (ج مِی لُش شِ یَم) اچھی عادت و خصائل والا [ع: واحد شیمہ خصلت عادت]۔

جَن فت ج۔ امث۔ آدمی شخص، نیز **جَنا**۔ نیز بطور اسم جمع خلق لوگ۔ مث **جَنی** عورت۔

جِنّ کس ج (تراکیب میں ن مشدد)۔ امذ۔ چھپی ہوئی مخلوق جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ مجازاً دُھن کا پکّا آدمی، سخت محنت کش۔ ج **اَجِنّہ**، **جِنّات**۔

جَنا فت ج۔ امذ۔ فرد، آدمی؛ جنا ہوا، زائیدہ م: رنڈی کا جنا۔

جَناب فت ج۔ کلمۂ تخاطب مذ، مث۔ حضرت، مسٹر، مولوی کا مترادف؛ ڈیوڑھی، آستانہ، بارگاہ مرکب **جَناب عالی/ عالیَہ** زیادہ معزز و محترم مرد یا عورت کے لیے **جناب مُستطاب** پسندیدہ شخصیت [ع: طیب، استطاب پسندیدگی، خورسَندی]۔

جَنابَت فت ج ب۔ امث۔ دوری، ناپاکی، غسل واجب ہونا۔

جَنّات فت ج، شد ن۔ ج مث۔ **جَنّت** کی جمع، بہشتیں۔ نیز **جِنان**۔

جِنّات کس ج، شد ن۔ **جِن** (رک) کی جمع نیز بطور واحد مستعمل صف **جِنّاتی** جنوں سے منسُوب، ناقابل فہم (تحریر یا خط)۔

جَناح فت ج۔ امذ۔ پرندے کا پر، پنکھ، بازو؛ فوج کا دستہ ج **اَجْنِحَہ** (ا جْ ن حَ) **ذُوْالْجَناح** پردار، مراد تیز رفتار گھوڑا۔ صبا رفتار۔

جُناح ضمہ ج۔ امذ۔ خطا، کار گناہ۔

جَناحِیّت فت ج،کس ح، شد فت ی۔ امث۔ پردار ہونا۔ (حیوانیات) **جَناحیّۃ الْاَیدی** (جَ نا حی یَ تُل اَ دی) ہاتھوں کی مدد سے اڑنے والا جانور چمگادڑ **جَناحیّۃ الرِّجْل** (تِرْ رِجْل) وہ تیرنے والے جانور جن کے پیر پنکھ نما ہوتے ہیں (انگ: Pinnipeds)۔

جَنازَہ فت ج ز- امذ- میّت، لاش کو تدفین کے لیے لے جانے والا جُلوس، تابوت، پلنگ وغیرہ [ع: جِنازَہ کس ج]-

جِناس کس ج- امذ- کلام میں ایسے الفاظ کی یکجائی جو ہم آواز مگر معنی میں مختلف ہوں، نیز (رک) **جَمَک**-

جَناغ فت ج- امذ- معاہدہ، شرط دوستی؛ پرندے کے سینے کی ہڈی جسے باہم مل کر توڑتے اور دوستی کا عہد کرتے تھے۔ نیز **زَناخ**- [غالباً ع: جناح کی تحریف]-

جِنان رک **جَنّات**، **جنّت** نیز **جِناں** (غنہ)-

جِنَایَت کس ج، فت ی- امث- گناہ کا کام، خلاف شرع عمل-

جَنَب فت ج ن- امذ- سن کا پودا (لاط: Crotalara Juncea)-

جَنْب فت ج، سک ن- امذ- پہلو، بازو-

جُنُب ضمہ ج ن- صف- جو جنابَت یا حالت ناپاکی میں ہو-

جُنْباں ضمہ ج م بشکل ن، غنہ- صف- حرکت دینے والا، ہلانے والا؛ متحرّک ہلتا ہوا- ا کیف مث **جُنْبانی** عموماً تراکیب میں مستعمل م: **سلسلَہ جُنْبانی** زنجیر ہلانا، کسی مسئلہ یا معاملے کے لیے چارہ جوئی کا آغاز کرنا-

جُنْبِش ضمہ ج م بشکل ن، کس ب- امث- حرکت، ہلنا جُلنا، کھسکنا، جگہ سے ہٹنا-

جَنْبَہ فت ج، سک ن، فت ب- امذ- پہلو، بازو؛ پاسداری، جانبداری، نیز **جَنْبَہ داری** صف **جَنْبَہ دار**، **جَنْبَہ کَشی/ کش** حمایت/ حمایتی- ا کیف مث **جَنْبِیت**-

جَنَّت فت ج، شد فت ن- امث- اچھے اعمال کے بدلے آخرت میں ابدی آرام و آسائش کا مقام (مجازاً) عیش کی جگہ، سہانے مناظر، خوبصورت باغ- م: **جَنّت اَرْضی**- زمینی جنت، حسین، خوشگوار مقام- **جَنّتُ الْحُمقا** (جَن نَ تُل حُ مَ قا) خود فریبی، فرضی جنت، خوش خیالی (میں رہنا)- **جَنّت الماویٰ** (ماوا) جنت کا ایک اعلیٰ حصہ، مقام نور- **جَنت النَّعِیم** (تِنْ نَ عی م) جنت کا ایک حصہ، بڑی نعمتوں والی جنّت- **جَنّت آرام گاہ** **جَنّتْ آشیاں**، **جَنّت مکانی** وفات پائے ہوئے بادشاہوں کو دیے جانے والے القاب جو ان کے نام کی جگہ استعمال ہوتے تھے- **جَنّتِ عَدْن** وہ مقام جہاں سے حضرت آدمؑ کو بدر کیا گیا- صف **جَنّتی** جنت کا؛ نیک آدمی؛ بھولا، سیدھا-

جَنّتا فت ج ن- امث- عوام الناس، خَلقت-

جَنْتَر فت ج، سک ن، فت ت- امث- کل، آلہ، میکانکی اختراع، مشین؛ تارکشی کا آلہ؛ قفل؛ جادو ٹونا- **جَنْتَر مَنْتَر** رصد گاہ؛ افسوں، جھاڑ پھونک-

جَنْتَری فت ج، سک ن، فت ت- امث- وہ کتاب جس میں دنوں تاریخوں موسموں، چاند کی گردش وغیرہ کی بابت پیشگی معلومات درج ہوتی ہیں؛ نیز **جَنْتْری**-

جَنْتُو فت ج، سک ن، و مع- صف- جاندار، ذی حیات- **جَنْتو پھل** گولر جس کے اندر جاندار بُھنگے ہوتے ہیں- (لاط: Ficus Glomarata)-

جَنْجال فت ج، سک ن- امذ- گورکھ دھندا، آفت کا پھندا، مصیبت کا چکر جس سے نکلنا مشکل ہو؛ بکھیڑا، جھنجھٹ-

جُنْجُر ضمہ ج، سک ن، فت ج- امذ- ایک ساگ جس کا رنگ سرخی مائل ہوتا ہے، سرخ مرد، (ع : عصی الرّاعی، لاط: Polyglenum Amphiblum)-

جُنْد ضمہ ج، سک ن- امذ- لشکر ، فوج، عہد سابق میں ایک فوجی افسر جس کا مرتبہ سالار سے نیچے

تھا۔ امث تجنید لام بندی۔

جُنْد بادَستَر ضمہ ج، سک ن د۔ فت د، سک س، فت ت۔ امذ۔ ایک بحری جانور اود بلاؤ کے خصیوں کی رطوبت جسے خشک کر کے دواءً استعمال کیا جاتا ہے، نیز جُنْد بیدَستر (ےمج) [ف: گُنْد بادستَر کا معرّب][انگ: Castor Castorium]۔

جَنْدار فت ج، سک ن۔ امذ۔ نگینہ گر کی سان کا اڈا؛ گھاس پھوس پلٹنے کا پنچ شاخہ ڈنڈا۔ نیر رک: جَنْتر۔

جَندَرمَہ فت ج، سک ن، فت د، سک ر، فت م۔ امذ۔ بےقاعدہ فوج، پولس۔ (انگ ازفر: Gendarme)۔

جِنْدڑی کس ج، سک ن د ۔ امث۔ جان کی تصغیر؛ دل۔

جَنْدُوری فت ج، سک ن، و مع۔ امث۔ ایک میٹھے پانی کی مچھلی۔

جَندَہ فت ج، سک ن، فت د۔ امث۔ طوائف۔ مرکب جَنْدَہ خانہ چکلہ۔

جَنْڈ فت ج، سک ن۔ امذ۔ چھونکر، ایک درخت جس کی لکڑی ایندھن کے طور پر جلائی جاتی ہے۔ (لاط: Andropogran Sorghum)۔

جَنْڈَیل فت ج، سک ن، ے لین۔ امذ۔ جرنیل کی ایک شکل۔ [انگ: General]۔

جِنْس کس ج، سک ن۔ امث۔ نوع، قسم، شے، باورچی خانے کی خشک اشیاء آٹا دال وغیرہ؛ قواعد میں مذکر مونث الفاظ کی تفریق؛ مخلوق میں نر مادہ، ذکورو اناث کی تفریق، صنف م: جِنس قوی مرد، جِنس ضَعیف عورت۔ حیوانیات کا وہ فطری نظام یا اصول جس کا تعلق افزائش نسل سے ہے۔ (فلسفہ) جِنْس اْلاَجْناس وسیع جنس جو بہت سی تحتی جِنسوں پر حاوی ہو؛ جو ہر فرد؛ نیز جنس اَعلیٰ، جِنْس کامل۔ جِنْسِ کَرخْت مرد : جِنس لَطِیف عورت صف جِنْسی۔ امث جِنسِیات وہ علم جو خواہش شہوانی اور متعلقہ امور سے تعلق رکھتا ہے۔

جَنک (۱) فت ج ن۔ صف۔ پیدا کرنے، جنم دینے والا۔

جَنک (۲) امذ۔ سپاٹ پیندے کی بحری کشتی۔

جَنْگ فت ج، غنہ۔ امث۔ لڑائی، سیاسی طاقتوں کا باہمی ٹکراؤ؛ کارزار، محاربہ، دو مختلف فریقوں کی باہمی چپقلش۔ ایک شاہی وقتوں کا خطاب۔ جَنگ جُو (ومع) لڑاکا۔ امث جنگ جُوئی لڑائی (ومع) لڑائی بھڑائی کا شوق۔ جَنْگ زرگری جھوٹ موٹ کی، دکھاوے کی لڑائی۔ مصلحتً ایک دوسرے سے مخالفت کا اظہار، نورا کشتی۔ جَنْگ مُفرَد میدان میں ایک ایک آدمی کا لڑنے کے لیے آنا۔ مر عطفیٰ جَنْگ وَ جَدَل لڑائی بھڑائی۔

جُنک (۱) ضمہ ج، غنہ۔ امذ۔ کاغذوں کا مُٹھا، پشتارہ۔

جُنْک (۲) ضمہ ج، غنہ۔ امذ۔ جنس لبلاب یا پَرَن کھری کا پودا، جنگلی لبلاب۔ (لاط: Convulvus Agnetcus)۔

جَنْگا سا فت مج غنہ۔ امث۔ ران کا اوپر کا جوڑ، چڈا، بُن ران، نیز جَنْگھا سا۔

جَنْگاہ فت ج، غنہ۔ امذ ۔ لڑائی کا میدان۔

جَنْگرا فت ج، غنہ، سک گ۔ امذ۔ کھیت کی کٹائی کے بعد پڑے رہ جانے والے ڈنٹھل اور دانے۔

جَنْگل فت ج، غنہ، فت گ۔ امذ۔ درختوں کا وسیع جُھنْڈ غیر آباد ویرانہ۔ جَنْگل جَلیبی ایک گول چکردار پھل جس کے بیج کھائے جاتے ہیں امذ۔ جَنْگل جھاڑا پاخانہ پھرنا، جَنگل کا قانُون غیر منصفانہ نظام یا معاشرہ جہاں انصاف نہ ملے۔ جَنْگل میں مَنگل خاموش جگہ میں ایک دم

چہل پہل نمو دار ہونا۔ ج جنگلات صف
جنگلی وحشی؛ خود رو (نبات)۔
جَنگلا فت ج، غنہ۔ امذ۔ حد بندی، روک حفاظت کے لیے بنائی ہوئی نیچی چار دیواری، جالی کٹہرا، باڑ یا پستہ دیوار؛ جنگل۔نیز جَنگلہ کٹہرا؛ جنگل کے جانوروں کی بولی م؛ سب جانوروں کا اپنا اپنا جنگلہ ہے۔
جَنگم فت ج، غنہ فت گ۔ امذ۔ چلتا پھرتا؛ ہندو جوگیوں کی ایک قسم جو ہاتھ میں گھنٹی رکھتے اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد بجاتے رہتے ہیں نیز جَنگی۔ مرکب جوگی جَنگی صف متحرک، جُداں سیلانی (تھاوَر کی ضد)۔
جَنگی فت ج، غنہ۔ صف۔ جنگ سے تعلق رکھنے والا، بڑا، بھاری، معمول سے بڑھ کر ، جگادری مرکب جَنگی بخار انفلوئنزا جو جنگ عظیم اوّل کے دوران میں پھیلا۔ جَنگی پَرنالہ چھت کے۔پانی کی نکاسی کا پرنالہ جس میں لمبی سی نلکی باہر نکلی ہوئی ہو۔
جَنْم فت ج، سک ن۔ امذ۔ ولادت، پیدائش؛ پوری عمر، ایک زندگی؛ ابتدا؛ اصلیت، نیز عام جَنَم۔ مرکب جَنْم بُھوم/ بُھومی (و مع) جائے پیدائش جَنْم پَتّر/ کُنڈلی زائچہ نیز پَترا/ پَتّرا/پَتْری جَنم جَلا (فت ج) بدنصیب۔ جَنم چکّر آواگون جَنْم داتا جنم دینے والا، باپ۔نیز جَنّیا جَنْم دن سالگرہ جنم ساکھی سکھوں کی مقدس کتاب، شجرہ ، نصب۔ جَنم لَگن ولادت کی ساعت۔
جَنْنا فت ج، سک ن۔ ف م۔ بچّہ دینا، امث۔ جَنْنی ماں، دادی؛ دیا، مہربانی۔
جَنْوارا فت ج، سک ن۔ امذ۔ موت کا فرشتہ، یم دُوت۔
جَنْواسا فت ج، سک ن۔ امذ۔ براتیوں کو ٹھہرانے کا مکان؛ سرائے۔
جَنْوائی فت مغ ج۔ امذ۔ داماد نیز جَمائی۔
جَنُوب فت ج، و مع۔ امذ۔ شمال کی مخالف سمت، دکھن؛ جنوبی ہوا۔ عام جُنُوب۔
جُنُود ضمہ ج، ومع۔ جُند کی جمع، لشکر، فوجی دستے۔
جَنْوری فت ج، سک ن، فت د۔ امث۔ سال شمسی عیسوی کا پہلا مہینہ۔
جُنُون ضمہ ج، و مع۔ امذ۔ دیوانگی، خلل دماغ؛ سوداویت، جوش، ولولہ؛ دُھن، خبط نیز جُنُوں (غنہ) صف مَجْنُون/ن جُنُونی۔
جَنْہار فت ج، سک ن۔ م ف۔ فرداً فرداً ایک ایک کرکے۔
جِنّی سک ج، شد ن۔ امذ۔ جن کو تسخیر کرنے والا، امث۔جن کی تانیث جِنّا تْنی - جِنّیَہ
جَنِین فت ج، ی مع۔ امذ۔ ماں کے پیٹ میں پرورش پانے والا بچّہ۔(حیوانیات) امث جَنِینیات علم حیوانات کی وہ شاخ جو دوران حمل میں بچّے کی تشکیل و پرورش کے مدارج سے تعلق رکھتی ہے۔
جَنیوٗ فت ج، ے مج، و مع۔ امذ۔ زُنّار، متّقی ہندوؤں کے گلے میں پڑی ہوئی ڈوری؛ نگینے میں ڈوری کی شکل کا نشان جو ایک نقص ہے۔ مگر بھاگوان سمجھا جاتا ہے۔
جَنیوا فت ج، ی مع۔ امث۔ گیلی زمین یا کنوئیں کی مینڈھ کے پاس پیدا ہونے والی خود رو گھاس (لاط: (Agrostis Lincaris)۔
جُنْہری ضم مج مغ ج، سک ہ (بروزن موری)۔ امث۔ جُوار یا کوئی سستا غلہ۔نیز جونْہری (و مج مغ: بروزن موہنی)۔
جَو و لین۔ امذ۔ ایک سستا اناج جس کے دانوں کا

چھلکا گیہوں سے سخت، زردی مائل، نکیلا ہوتا ہے، شعیر (لاط: Hardeum Vulgare)۔ جو کی شکل سے ملتی کوئی چھوٹی نکیلی شے، مثلاً زنجیرے کا ایک خانہ (کڑھت زردوزی وغیرہ میں)۔ تول میں چار چاول کے برابر وزن؛ پیمائش کے حساب میں انچ کا ۱/۳ شمار ہوتا ہے۔ م ف **جَو بَھر** ذرّہ بھر **جَو جَو** ذرا ذرا، رتّی رتّی۔ مراد بلا کم و کاست۔ مثل **حساب جَو جَو بخشِش سَو سَو**۔ حساب پورا بخشش دل کھول کر۔ صف **جَو کوب** موٹا موٹا کٹا ہوا صف **جَوِیں** م: **نانِ جَوِیں**۔

جُو و مع۔ امث۔ ندی، نہر، نیز **جُوئبار**۔ استعارۃً **جُوئے اَشک، جُوئے خوں** رواں آنسو، بہتا خون۔ (بطور لاحقہ، ترکیبات میں): متلاشی، ڈھونڈنے والا، م: **اَماں جُو** امن، پناہ چاہنے والا۔ **حیلہ جُو** (حی لَ جُو) بہانے باز۔

جَوّ فت ج (ترکیبات میں و مشدّد) امذ۔ فضا ئے آسمانی، کرہٴ زمین کے ارد گرد کی فضا، کرہٴ ہوائی، سماء۔ صف **جَوّی** فضائی م: **خُطُوط اَلْجَوّی** (ضمہ ج، و مع۔ ا غم) ہوائی سفر کے راستے (انگ: ایئر لائنز کا ترجمہ)۔

جَوا (۱) فت ج۔ امذ۔ لہسن کی ایک پور یا پھانک۔

جَوا (۲) فت ج۔ امذ۔ چینی گلاب (لاط: hibiscus rosa sincsis)۔

جَوا (۳) فت ج۔ امذ۔ مضراب صف۔ جو کے دانے جیسا، جو کے رنگ کا۔

جُوا (۱) ضمہ ج۔ امذ۔ نقدی بد کرکھیلنا، قُمار بازی۔

جُوا (۲) ضمہ ج۔ امذ۔ دو جتے ہوئے بیلوں کی گردن پر رکھا جانے والا لکڑی کا ترشا ہوا کندہ جس میں دونوں بیلوں کی گردن کے لیے دو خم اور کھونٹیاں وغیرہ ہوتی ہیں۔ محاورہ **جُوا ہارنا** ہمت ہارنا، کندھا ڈال دینا۔

جَوّا فت ج، شد و۔ امذ۔ ہاتھ کا ایک زیور جس میں ہاتھ کی پشت پر پانچ انگلیوں کے سہارے پانچ لڑیاں لگی ہوتی ہیں۔ ہتھ پھول، رتن جوڑ۔

جَواب فت ج۔ امذ۔ سوال کے بدلے میں کہی جانے والی بات؛ مثل، جوڑ، مد مقابل؛ بدلہ، جیسے کو تیسا؛ مسئلے کا حل سوز خوانی میں دوہرائے جانے والے ٹیپ کے بول۔ محاورہ **جواب دینا**، انکار کرنا، مایوس کرنا، نوکری سے برطرف کرنا۔ مرکب **جَوابُ اَلْجَواب** جواب کا رَد۔ مر وصفی **جوابِ با صَواب** (فت ص) موزوں، درست، صحیح جواب؛ جواب اِقراری **جَوابِ تَلْخ** سخت، دو ٹوک، دلآزاری کرنے والا جواب۔ صف **جواب دہ** (کس مح د) ذمہ دار، مسئول، جس کے ذمہ جواب دینا واجب ہو۔ **جَواب صاف** انکار۔ **جَوابِ مَضْمُون** وہ مضمون جو امتحان میں یا کسی فرمائشی موضوع پر لکھا جائے۔ صف **جَوابی** جَواب طلب، مقابلے کا، آمنے سامنے، وہ کارروائی جو کسی کارروائی کے توڑ پر کی جائے۔

جَواد فت ج۔ صف۔ وسیع القلب، بخشش و عطا کرنے والا؛ تیز رفتار گھوڑا۔

جُوار (۱) ضمہ ج۔ امذ۔ پانی کا چڑھاؤ، بھاٹا کی ضد۔ مرعطفی **جُوار بھاٹا**، سمندر میں پانی کا چڑھنا اور اترنا جو چاند کی کشش کی بنا پر ہوتا ہے۔

جُوار (۲) ضمہ ج۔ امث۔ ایک سستا اناج (ع: ذُرّہ؛ لاط: Sorghum Vulgare)۔

جِوار کس ج۔ امذ۔ ہمسایہ، آس پاس کی فضا۔ عام **جَوار** مرکب: جوارِ رحمت قرب الٰہی۔

جَوارِح فت ج، کس مح ر۔ ج مذ۔ ہاتھ پانْو [ع: واحد: **جُرحَہ**]

جَوارِش فت ج، کس ر۔ امث۔ مختلف اجزا سے تیارکردہ ایک طبّی مرکب یا لعوق جو ہاضمے کے لیے مفید ہے نیز **جُوارِش**۔ (ضمہ ج)[ف: گُوارِش کی تعریب]۔

جَواری فت ج۔ ج مث۔ لونڈیاں، باندیاں [ع: واحد: **جارِیَہ**]۔

جُواری ضمہ ج۔ امذ۔ جوا کھیلنے،داؤ لگانے والا؛ امث۔ ستار، سارنگی وغیرہ میں لگا ہوا ہاتھی دانت یا لکڑی کا بنا ہوا تاروں کا سہارا جو انھیں اٹھائے رکھتا ہے۔ **جُواری کھولنا** تاروں کو اس طرح جڑنا کہ اُن سے مطلوبہ سُر برآمد ہوں۔ نیز رک: **جُوار(۲)**۔

جَواز فت ج۔ امذ۔ جائز ہونا، قانونی، شرعی اصولی طور پر درست ناقابل گرفت ہونا۔

جُواز ضمہ ج۔ امذ۔ اوکھلی کا مُوسل۔

جَواسا فت ج۔ امذ۔ ایک خاردار، خودرُو پودا جو اکثر ندیوں کے کنارے پیدا ہوتا ہے اور برسات میں سوکھ جاتا ہے، اسے اونٹ شوق سے کھاتے ہیں اور دیہاتی لوگ پردے کی ٹٹیاں بناتے ہیں، جارشُتر (لاط: Hedysarum Alhagi)۔

جَواکھار فت ج۔ امذ۔ ایک قسم کا نمک جو جَو کے پودوں کو جلا کر حاصل کیا جاتا ہے اور کیمیائی عمل میں کام آتا ہے۔

جُوال (۱) ضمہ ج۔ امذ۔ شعلہ، کوندا؛ روشنی؛ جوش، جذبہ، اُبھان؛ نیز **جُوالا** مرکب **جُوالا مُکھی** آتش فشاں پہاڑ کی چوٹی۔

جُوال (۲) امث۔ بوری، تھیلا، لدّو جانور کے پہلوؤں پر لٹکنے والے تھیلوں میں سے کوئی۔

جَوّالَہ فت ج، شد و، فت ل۔ صف۔ چکّر کھاتا، گھومتا ہوا، م: شعلۂ جوالہ۔

جَوامِعُ الکَلِم فت ج، سک مج م، ضمہ ع، ا غم، سک ل، فت ک، کس ل۔ ج مذ۔ بلیغ باتیں جن میں الفاظ تھوڑے اور مفہوم بہت ہو۔

جَوان فت ج۔ امذ۔ صف۔ بلوغ کو پہنچاہوا آدمی، ادھیڑ سے کم عمر کا آدمی؛ (مجازاً) مضبوط قوی، پُرشوق؛ سپاہی، فوجی۔ مر وصفی **جَواں بَخْت** (غنہ) بلند اقبال، **جَوانْ جَہان** جو عالم شباب میں ہو خصوصاً عورت۔ **جَوانْمَردی** (غنہ،فت م) حوصلہ، ہمّت **جَوانْمَرگ/ جُوانا مَرگ** (ضمہ ج، فت م، سک ر) جوانی میں مر جانے والا یا والی۔

جِوانا کس ج۔ ف م۔ جلانا، زندہ کرنا۔

جَوانی فت ج۔ امث۔ شباب کی عمر، بچپن کے بعد اور ادھیڑ پن سے پہلے کا زمانہ، عمر بہاریں؛ نکھار، رونق، تروتازگی۔

جَوانِیَہ فت ج، سک ن، فت ی۔ امذ۔ (نباتیات) پکّے ہوئے زرْد انک کا اندرونی غلاف (انگ: Intine)۔

جَواہِر فت ج، کس ہ۔ ج مذ۔قیمتی پتھر، رتن؛ موتی، نیز بطور واحد مستعمل۔ مرکب **جَواہِر الکَلِم** (ج وا ہ رُل کَ لِ م) فصیح و بلیغ باتیں، اقوال زرّیں۔ **جَواہِرِ خَمْسہ** پانچ رتن: ہیرا، یاقوت، زمرد، نیلم اور موتی۔ صف **جَواہِر رَقَم** (فت ر ق) نہایت خوش خط۔ نیز رک: **جوہر**۔ ج ج **جَواہِرات**۔

جَواہَر مُہْرَہ فت ج ہ، ص مج م، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ ایک نرم سبزی مائل طبّی خواص کا حامل پتّھر جو گِھس کر پلایا جاتا ہے، کیلسِیَم کا حامل (اصلاً: جواہر)۔

جِواؤ کس ج، و مج۔ امذ۔ تنک مزاجی، زبان کی تیزی نیز **جِبھاؤ**،قب **ہواؤ** ہمت، جی داری۔

جوبَن و مج۔ امذ۔ اٹھتا، شباب، بھری جوانی؛ نِکھار، شادابی؛ عورت کے سینے کا اُبھار؛ تصغیر **جُبنا** ف مر **جوبَن لُوٹنا** حسن سے لطف اندوز ہونا، دوشیزہ یا حسینہ سے جنسی تلذذ حاصل کرنا۔

جُوت ومع۔ امذ۔ رک جوتا جس کی یہ مکبّر صورت

ہے جُوتَم پَیزار مارپیٹ۔

جوَت (۱) ومج۔ امث۔ روشنی، اجالا، چُھوٹ، کرنوں کا پھوٹنا، (مجازاً) بینائی، رونق، چمک دمک۔

جوت (۲) و مج۔ امث۔ کھیت جوتنا، کھیت کا لگان؛ جانور کو جوتنے کے تسمے یا ڈوریاں۔ امذ جوَت دار۔ کِسان۔

جوَت (۳) ومج۔ امذ۔ غلّہ ناپنے کا پیالہ جو بطور پیمانہ استعمال ہوتا ہے۔

جُوتا و مع۔ امذ۔پیزار، پاپوش، پانو کا پہناوا؛ مجازاً؛ زور، اثر، اقتدار، دباؤ۔

جوترا و مج۔ امذ۔ بیلوں کا جُوا، جتے ہوئے جانوروں کا ایک چکّر یا دور، ایک وقت کی جُتائی۔

جَوتری فت ج، کس و۔ سک ت۔ امث۔ رک؛ جاوِتری۔

جوتِش و مج، سک ت۔ امذ۔ قدیم علم نجوم نیز جیوتِش سک ج۔ امث جیوَتش وِدّیا علم نجوم۔ امذ۔ جیوتِشی نجوم کا ماہر۔

جوَتْناومج، سک ت۔ ف م۔جانور کو ہل چلانے یا گاڑی کھینچنے کے لیے باندھنا، کھیت پر ہل چلانا؛ مچانا، برپا کرنا م؛ اُدھم جوتنا شور مچانا، دنگا کرنا۔

جُوتی و مع امث جُوتا (رک) کی تانیث پاپوش۔ جُوتی چُھپائی دلہن کی بہن بھائیوں کا رخصتی کے وقت دولھا کی جوتی چھپا کر نیگ مانگنا۔ جُوتی خور مارکھانے کا عادی، ڈھیٹ نیز جوتے خور/ خوَرا۔ محاورہ جُوتیاں چٹخانا مارا مارا پھرنا۔ جُوتیاں سیدھی کرنا انتہائی سعادت مندی سے خدمت کرنا۔ جُوتیوں سمیت آنکھوں میں گُھسنا دیدہ دلیری سے صریح بات کو جَھٹلانا، ڈھٹائی کے ساتھ مُکرنا، دھوکا دینا۔ جوُتی کی نوَک پر مارنا مطلق پروا نہ کرنا۔

جوجْرا و مج، سک ج۔ صف۔ ترُقا، بال پڑا ہوا باسن؛ (مجازاً) از کار رفتہ آدمی، نابکار آمد شے۔

جُوجْھ و مع۔ امث۔ لڑائی مارپیٹ ف ل جُوجھنا لڑنا مرنا؛ لڑائی میں کام آنا۔ اس: یُدھ جنگ]۔

جُود و مع۔ امذ۔ سخاوت، بخشش صف جَواد (فت ج) سخی۔

جَودَت و لین، فت د۔ امث۔ خوبی، اچھائی، اعلیٰ قدر، تیزی، برّاقی۔ [ع: جُودۃ]۔

جوَدھا و مج۔ صف امذ امث۔ بہادر، شجیع، عورت یا مرد۔

جَور سک ج، فت و۔ امذ۔ بخار، تَپ؛ جوش؛ ولولہ۔

جَور و لین۔ امذ۔ ظلم، تشدّد۔

جوَرُو و مج، و مع۔ امث۔ بیوی، زوجہ۔

جوَڑ و مج۔ امذ۔ نیند؛ ہڈیوں کے باہم جڑنے کی جگہ؛ کسی شے کو دو ٹکڑوں کا اِتّصال یا ملاپ؛ پیوند، کسی کپڑے میں سلا ہوا دوسرا کپڑا؛ متصل، ملا ہوا ہونا، پیوَستگی؛ حرفوں کا وہ شوشہ جو دوسرے حرف سے جُڑے؛ مناسبت، مطابقت؛ مقابل، ہمسر، ہم رُتبہ ہونا ؛ دو چیزوں کا توام یا لازم و ملزوم ہونا۔ صف؛ مقابل، ہمسر؛ لازمہ، جزو ضروری۔ مرکب جوڑ توَڑ سازش۔

جُوڑا و مع۔ امذ۔ سر کے پشت کی طرف گولائی میں لپیٹے ہوئے بال۔

جوَڑا و مج۔ امذ۔ دو کا مجموعہ؛ نر و مادہ، پورا لباس۔نیز رک: جوڑ۔

جوَڑنا و مج، سک ڑ۔ ف م۔ ملانا، پیوست کرنا، جمع کرنا؛ دل سے گھڑنا؛ مرتب کرنا؛ صحیح سالم بنانا۔

جُوڑی (۱) و مع۔ امث۔ جاڑا بخار، تپ لرزہ، ملیریا۔

جُوڑی (۲) و مع۔ امث۔ گنّے کی پور۔

جُوڑی (۳) و مع۔ امث۔ تکونی چھجّے دار ٹوپی جو

گلہ بان دھوپ یا بارش سے بچاؤ کے لیے اوڑھتے ہیں۔
جوڑی و مج۔ امذ۔ دو کا مجموعہ؛ نر و مادہ؛ میاں بیوی؛ ساتھ جتے ہوئے دو جانور گھوڑا بیل وغیرہ؛ چوکھٹ کے کواڑ یا دو پٹ؛ طبلے کا دایاں اور بایاں؛ دونوں ہاتھوں سے گھمائے جانے والے مُگدر۔ نیز رک **جوڑا**۔
جَوز و لین۔ امذ۔ رک **جائپھل**۔ **جوزُ اَلماثِل** (جَو زُل ماسل) دھتورا (لاط Datura metel) **جَوز ہندی** اخروٹ۔ **جَوز بازی** اخروٹوں سے گولیاں کھیلنا۔ صف **جَوزئی** جوز کے رنگ کا، اخروٹی، گہرا بادامی (نباتیات) **جَوزیہ** جوز کی نسل کا درخت۔
جَوزا و لین۔ امذ۔ قدیم نجوم کے مطابق تیسرا آسمانی برج جس کی علامت دو جڑواں بچّے ہیں؛برج دو پیکر، تَو آماں؛ جنوبی آسمان پر ایک ہیئت سماوی کا نام۔ ایرانی شمسی سال کا تیسرا مہینہ۔
جَوزَۃُ الحَنجَرہ و لین، فت ز، ضمہ ت، ا غم، سک ل، فت ح، سک ن، فت ج ر۔ امذ۔ نرخرے کا اُبھار، تفاحت آدم۔ [اصلاً ع: مث]۔
جَوزَن و لین، فت ز۔ امذ۔ ساحر، جادو کا تماشا دکھانے والا (جوپر منتر پڑھکر پھونکنے والا)؛ بہکانے والا۔
جُوس و مع۔ امذ۔ یخنی، شوربا [س: یُوش]۔
جوش و مج۔ امذ۔ اُبال، کسی سیال کا گرم ہو کر ابلنا، کھدبدانا؛ ہیجان، کھلبلی؛ امنگ، ولولہ، جذبہ؛ شدّت، زیادتی، وفُور۔ صف **جوشاں** اُبلتا ہوا۔ ف م **جوشانا** کھولانا، شہ دینا، ورغلانا؛ **جَوشاندہ** (جُ شاں دَ) طبّی نسخے کے اجزا کو پانی میں اُبال کر بنائی ہوئی دوا۔ م ف **جوشانیدہ** جوش دے کر **جوش دان** انجن یا مشین کا وہ حصہ جس میں پانی کو جوش دے کر بھاپ تیار کی جاتی ہے۔ (انگ: Boiler)۔ صف **جوشیلا** جذباتی [ف: جوش + ابلا لاحقۂ صف]۔
جوشِش و مج، کس ش۔ امث۔ اُبال، طغیانی؛ وفور، زیادتی۔
جوشَن و لین۔ امذ۔ بازو کا جڑاؤ زیور، بازو بند؛ بازوؤں کی حفاظت کرنے والا بکتر کا حصّہ؛ نیز زِرہ جس میں کڑیوں کے ساتھ لوہے کے پترے ہوتے ہیں؛ بازو پر تعویذ کی شکل میں باندھی جانے والی دعا۔
جوشی و مج۔ امذ۔ جیوتشی کی تخفیف؛ چاول کی ایک عمدہ قسم۔
جُوع و مع۔ امث۔ بُھوک، اشتہا، گُرسنگی **جُوع اَلاَرض** (جُو عل ارز) ملک فتح کرنے، زمینوں پر قبضہ کرنے کا شوق؛ **جُوع البَقَر** (جُو عل بَ قَ ر) کھانے کا ہوکا (لفظاً گائے بیل کی سی بھوک نیز **جُوع اَلکَلب** (جُو عل کَلب) نہ مٹنے والی بھوک (کتّے کی بھوک)۔
جَوف و لین۔ امذ۔ پیٹ، پیٹا، کسی جسم کا اندرونی خلا یا کھوکھلا حصہ؛ گہرائی۔ حرف کی گولائی م: جوف ن۔ نباتیات **جَوفِ سِبتّی** (س بِت تی) بیج کا کھوکھلا حصّہ۔ (تشریح الابدان) جسم کے اندرونی خلا (انگ: Sinus)۔
جَوفَہ و لین، فت ف۔ امذ۔ شیشے کی ایک طرف سے پھولی ہوئی نلکی؛ قُمقُمہ۔
جَوفیرَہ و لین، ی مع، فت ز۔ امذ۔ (تشریح الابدان) چھوٹا جسمانی جوف جیسے پھیپھڑے کے خلیے جن میں سانس بھرتا ہے۔ مسوڑھے میں دانت کا گھاٹ وغیرہ۔
جَوق و لین۔ امذ۔ فوجی دستہ، گروہ، ٹولی، نیز **جُوق**۔ مرکب **جُوق بجُوق/ دَر جُوق** قطار در قطار، کثیر تعداد میں۔
جوکنا و مج، سک ک۔ ف م۔ ورغلانا، بہکانا۔
جَوکوب و لین، ومج۔ رک **جَو**۔

جوکھم و مج، فت کھ۔ امث۔ خطرہ، نقصان یا ضرر پہنچنے کا ڈر؛ مصیبت آزمائش (انگ: Risk) نیز **جوکھوں** (ومج) نیز اصلاً **جوکھم** (کس کھ)۔

جوکھنا و مج، سک کھ۔ ف م۔ تولنا، اندازہ کرنا، جانچنا۔

جوگ و مج۔ امذ۔ ملاپ، میل، مطابقت؛ ترک دنیا، خدا سے لو لگانا؛ طریقہ ذریعہ؛ شام کا ایک راگ؛ ہُنڈی کی ادائیگی؛ صف۔ لائق موزوں، اہل، نیز **جوگا**۔

جوگ مایا و مج، سک گ۔ امث۔ بھگوتی، جوگ کی شکتی یا بَل۔(بَھگوتی: ہندو دیو مالا کی رو سے ایک کنّیا جس نے یسودھا کے پیٹ سے جنم لیا اور اُسے کنس نے قتل کر دیا تھا)

جوگرا و مج، سک گ۔ امذ۔ ہل اور بیلوں کے جوئے کو ملانے والی رسّی۔

جوگَن و مج، فت گ۔ امث۔ جوگی کی تانیث، وہ عورت جس نے جوگ لیا ہو، نیز اصلاً **جوگِن** (کس گ)۔

جوگ ناوِک و مج، کس و۔ امث۔ ایک روپہلی دریائی بڑی مچھلی (لاط: Silurus Ascita)۔

جوگنی و مج۔ امث۔ خبیث روح، بُھتنی؛ دُرگا دیوی کی چیلی؛ جادوگرنی، کینا کا پودا یا پھول۔

جوگی ومج۔ امذ۔ تارک الدنیا، سنیاسی۔

جوگیا و مج۔ صف۔ جوگیوں جیسا؛ گیروا یا کیسری رنگ۔ **جوگیا اَرَنڈ** (ارنڈ کی ایک قسم جس کا رنگ سرخی مائل ہوتا ہے۔)

جْوِل سک ج، فت و۔ امذ۔ شُعلہ، چمک، روشنی۔ نیز **جْوالا**۔

جُول و مج۔ امث۔ کنوئیں کی دیوار، اندرونی گول سطح۔

جَولا و لین۔ عدد امغ۔ دلّالوں کی اصطلاح میں ۱۲ کا عدد۔

جَولاں و لین۔ امذ۔ گردش، گھومنا پھرنا، آوارگی؛ دوڑ۔ نیز **جَولاں** (غنہ) صف۔ رواں دواں، وجد کناں، امث **جَولانی** کُود پھاند، سرشاری، جوش، جذبہ۔ امث **جَولاں گاہ** گھڑ دوڑ کا میدان، عرصہ عمل؛ تگ و تاز یا جدوجہد کا میدان۔ [ع: جَوَلان]۔

جَولان و لین۔ امث۔ بیڑی، پانو کی زنجیر نیز **جَولاں** (غنہ) خصوصاً تراکیب میں۔م: **پابَجَولاں** بیڑی پہنے ہوئے نیز **جُولان** (ومع)۔

جُولاہا و مع (بروزن خُلاصہ) کپڑا بننے والا، نُور باف؛ نیز **جُلاہا**۔

جُولَہ و مع، فت ل۔ ۲۰ بیس بسوے زمین کا قطعہ۔

جَومَٹرا ولین فت م، سک ٹ۔ امذ۔ جو اور مٹر ملا ہوا مخلوط غلّہ؛ وہ کھیت جس میں جو اور مٹر ملا کر بوئے جائیں۔

جُون (۱) ومع۔ امذ۔ سال شمسی عیسوی کا چھٹا مہینہ۔

جُون (۲) و مع۔ امث۔ حُلیہ، ہیئت؛ جسم قالب؛ وضع قطع۔

جُون (۳) و مع۔ امث۔ برتن مانجھنے کی مُونج۔ نیز **جُونا**۔

جُوں (۱) ومع، غنہ۔ امث۔ بالوں یا کپڑوں میں پیدا ہوجانے والا حشرہ، لِیک، نِمّہ۔ **جُوں کی چال** سُست چال۔

جُوں (۲) و مع، غنہ۔ حرف تشبیہہ۔ جیسے، جس طرح مرکب **جُوں تُوں** جیسے تیسے، جس طرح بھی بن پڑا۔ **جُوں جُوں** جیسے جیسے، جتنا جتنا؛ **جُوں کا تُوں** ویسے کا ویسا، جیسا تھا ویسا ہی۔

جوَن و مج۔ امث فرج، زنانہ شرمگاہ (عموماً جانوروں کی جائے مخصوص کے لیے مستعمل [س: یونی ومج]۔

جوَنا و مج- امث- زمین جو جوتنے کے بعد بیج ڈالنے کے لیے تیار کی گئی ہو۔

جُونا و مع- صف- پُرانا، بوسیدہ، گھسا پٹا۔

جُوَنار سک ج، فت و- امث- وہ زمین جسے کاشت کے بغیر چھوڑ دیا جائے تاکہ اس کی قوت بحال ہو سکے۔

جَونپُوری و لین، سک ن، و مع- امذ- ایک راگ جو سلطان حسین شرقی والیٔ جونپور کے نام سے منسوب ہے۔

جَونٹا فت ج و، سک ن- صف امذ- جوان پٹھا، مث **جَوَنٹی** جوان، اچھے ہاتھ پانو کی لڑکی۔

جَونِج و لین، کس ن- صف- نظام قدرت کے وہ جاندار اجسام جو نر و مادہ کے ملاپ سے پیدا ہوں- ضد **اَجَونج**۔

جَونچی و لین مغ- امث- جو وغیرہ کی فصلوں کی ایک بیماری جس میں خوشے کالے پڑ جاتے ہیں اور دانے نہیں اُگتے۔

جَونڈا فت و ج، سک ن- امذ- کھیتوں کی نگرانی کے لیے بنائی ہوئی مچان۔

جَونرا و لین مغ- امذ- بغلی کمرہ [قب جونرے = پاس نزدیک]۔، خفیہ خانہ، مرکب **جَونرا بھونرا** خفیہ کوٹھڑی اور تہ خانہ عموماً بصیغۂ جمع **جونرے بھونرے** خزانہ چھپانے کی جگہیں، نیز مث **جَونری بھونری**۔

جَونڑا و لین مغ- امذ- بٹائی کے وقت گانو کے ملازموں میں تقسیم کیا جانے والا غلّہ۔

جَونڑی و لین غنہ- امث- چھوٹے دانوں کی جُوار۔

جونک و مج، غنہ- امث- ٹھہرے ہوئے پانی میں پیدا ہونیوالی ایک حشری مخلوق جو جسم پر چمٹ کر خون چوستی ہے اور علاج کے طور پر بھی اسے خون خارج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔(لاط: Hirud)۔ (۲) پرانے کھنڈروں پر جمنے والی ایک روئیدگی جس کے پتّے جونک کی مانند ہوتے ہیں۔ [لاط: Althea]۔

جَونکنا و لین غنہ، سک ک- ف ل- بدکلامی کرنا، گالی گفتار بکنا۔

جَونکی و لین مغ- امث- گھوڑے کے پیٹ میں پڑ جانے والا کیڑا، گھوڑے کی ایک بیماری؛ ایک آہنی پُرزہ جو تختے کو مضبوطی سے پکڑ لیتا ہے۔

جُونی و مع- امث- ترازوں کے پلڑوں کی رَسی یا ڈوری۔

جُوہ و مع- امث- ٹولی، گلّہ، ڈار۔

جَوہَر (۱) و لین، فت ہ- امذ- قیمتی نگینہ؛ موتی؛ فطری خوبی، لیاقت، کمال؛ کسی چیز کا ست، خلاصہ، اصلی مادّہ؛ وہ شے جو قائم بالذات ہو، عرض کی ضد- صفات سے علیٰحدہ ذات؛ صیقل کے نشان، ابر- **جَوہَر بسیط**- کس مج ر، فت ب، ی مع) خالص مادہ جس میں کوئی میل ملاوٹ نہ ہو، مرکب کی ضد؛ ایٹم سالم- امث- **جَوہَر پارگی** ایٹم کو توڑنا (انگ: Nuclear Fission)- **جَوہَر سنجابی** بھیجے کا سفید گودا- **جَوہَرِ فَرد** وہ قیمتی نگینہ جس کی مثل موجود نہ ہو، یکتا، بے مثل ایٹم، سالمہ- **جَوہَر قابِل** لائق فائق آدمی- **جَوہَر قُصویٰ** (قُس وا) بعید ترین یعنی سب سے پہلے پیدا ہونے والا وجود نیز **جَوہَر اوّل**- **جَوہَرِ مُمتَد** پھیلا ہوا، ہمہ گیر وجود، ضدّ **جَوہَر شَعری** سمٹا ہوا، اپنے آپ میں محدود وجود یا ہستی۔

جَوہر (۲) و لین، فت ہ- امذ- قدیم راجپوتی روایت کہ لڑائی میں فتح سے مایوس ہو کر مرد لڑ کر مر جائیں اور عورتیں چتا میں جل کر تاکہ دشمن کسی کو زندہ نہ پا سکے نیز **جِیُوہَر** (کس/ سک ج، و مع) [اس: جیوہَر]- نیز: **جِیونہر** (ج یوں ہَر)۔

جَوہَری و لین، فت ہ- امذ- جواہر پرکھنے، بیچنے

والا صف: جوہر سے متعلق؛ ایٹمی، سالماتی؛ مرکب **جوہری توانائی** ایٹم کے شق ہونے سے حاصل ہونے والی برقی یا مادّی قوت۔ **جوہری عدد** ہر عنصر کے ایٹم میں برقیروں کی تعداد کے حساب سے ان کے لیے مقرر کردہ شناختی ہندسہ۔ **جوہری وزن** مختلف عناصر کے ایٹم کا وزن جو اس کے مرکزے میں واقع پروٹونوں کی تعداد پر مبنی ہوتا ہے۔

جوہڑ و مج، فت ہ۔ امذ۔ بغیر پشتے کا کچا تالاب، برساتی پانی کا وسیع گڑھا۔

جونہنا ومج، سک ہ۔ ف م۔ تکنا، گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

جُوہی و مع۔ امث۔ چنبیلی سے ملتا جلتا ایک سفید خوشبودار پھول، یاسمین دشتی (لاط: Jasminum Auriculatum)

جُوئِنْدَہ و مع، کس ء، سک ن، فت د۔ صف۔ ڈھونڈنے، تلاش کرنے والا نیز **جُویَنْدَہ، جُویا۔**

جُوئبار و مع، کس ء۔ امث۔ رک: **جُو۔**

جُوئے شِیر و مع، ے مج، ی مع۔ امث۔ دودھ کی نہر، مراد کٹھن کام [تلمیح فرہاد و شیریں کے قصے کی طرف]۔نیز جوئے شیریں۔

جُویا و مع۔ صف۔ رک: **جُوئِندَہ۔**

جِہ فت مج ج، سک ہ ملفوظ۔ حرف۔ یونانی حرف "گاما" کا معرّب، ریاضی کی ترقیمات وغیرہ میں مستعمل۔ **جِہ شُعاع** ریڈیم سے خارج ہونے والی لا شعاع سے طول میں کم نُوری موج جو ٹھوس اجسام میں زیادہ آسانی سے گزر جاتی ہے اور نسبتاً زیادہ زہریلی ہے۔ (انگ: Gama rays)۔

جِہاد کس ج۔ امذ۔ دین کے تحفظ کے لیے جنگ؛ جدّ وجہد۔ **جِہاد اَکبَر** اپنے نفس کو قابو میں رکھنا۔ **جِہاد بِالقَلَم** (بِل قَ لَم) حق کے لیے تحریر و تصنیف سے کام لینا۔ **جِہ بِاللِسان** (بِل ل سان) وعظ و تقریر کے ذریعے حق کی مدافعت۔

جَہارَت فت ج ر۔ امث۔ آواز کی بلندی؛ نمایاں ہونا، ظاہر ہونا۔

جَہاز فت ج۔ امذ۔ گہرے پانی میں چلنے والی بڑی اور بھاری کشتی؛ طیّارہ ہوائی جہاز؛ ہاڑ، جسم، ڈھانچہ، ساز و سامان۔ صف **جہازی** جسامت میں معمول سے زیادہ بطور امذ: بڑا جہاز راں۔ مرکب اضا **جہاز کا کوّا** وہ پرندہ جو جہاز کے ساتھ روانہ ہو کر لامحالہ اسی کے ساتھ رہے (مجازاً) بے ٹھکانہ آدمی۔

جُہّال ضمہ ج، شد ہ۔ ج مذ۔ جاہل کی جمع؛ نیز **جُہلاء۔**

جَہالَت فت ج ل۔ امث۔ علم سے محروم ہونا، بے پڑھا لکھا ہونا، ناواقفیت، بے علمی۔

جَہان فت ج۔ امذ۔ عالم، دُنیا، کائنات (مجازاً) دنیا کے لوگ؛ بہت بڑا حلقہ یا خطۂ زمین، نیز **جَہاں** (غنہ) مرکب **جَہاں پَناہ** خلقت کا سہارا بادشاہوں کا لقب یا کلمۂ خطاب۔ **جَہاں دیدہ** تجربہ کار،گھوما پھرا، دنیا کے معاملات سے واقف آدمی، **جہاں گرد** سیّاح۔ مر اضا **جہانِ گُزراں** ایک حالت پر نہ رہنے والی دُنیا۔ صف **جَہان بَھرکا** کسی عیب میں بہت بڑھا ہوا یا بڑی شہرت رکھنے والا م: جہان بھرکا جھوٹا۔

جَہاں فت ج، غنہ۔ ظرف موصول، جس جگہ؛ جونہی۔م ف **جہاں تَہاں** (فت ت) اِدھر اُدھر، جگہ جگہ۔

جَہانیاں فت ج، کس ن۔ ج مذ۔ دُنیا کے لوگ۔ صف **جہانیاں جہاں گشت** سیلانی، حضرت جلال بخاری کا لقب جو اُچھ میں مدفون ہیں۔

جِہَت کس مج ج، فت ہ۔ امث۔ سمت، رُخ، جانب۔

جَہد فت مج ج۔ سک ہ۔ امث۔ کوشش، سعی مراضا

جُہد لِلْبَقا اپنے تحفظ کے لیے مختلف انواع حیات کی باہمی کشمکش کا نظریہ۔ نیز جہد (ضم مج ج) مقدور استطاعت۔

جَہْر فت مج ج، سک ہ۔ امذ۔ اونچی آواز۔ م ف بِاْلجَہْر اونچی آواز سے م: آمین بِاْلجہر (بیز جَہر) نماز میں سورۂ فاتحہ کے بعد مقتدیوں کا بلند آواز سے آمین کہنا۔

جہل کس مج ج، سک ہ۔ امذ۔ جہالت، بے علمی، گمراہی، اصلاً: جَہل۔ جہل مُرکّب سخت جہالت، کئی طرح کی نادانی۔

جَہَنْدَہ فت ج ہ، سک ن، فت د۔ صف۔ اُچھلنے، جست لگانے، چٹخنے دھڑکنے والا۔ ا کیف مث جَہَنْدگی۔

جَہنّم فت ج ہ، شد فت ن۔ امذ۔ دوزخ، آخرت کے عذاب کی جگہ (مجازاً) سخت گرم، جھلسانے والا مقام؛ اذیت ناک جگہ۔ صف جَہنّمی سخت گناہگار، نیز بطور دشنام، نیز جَہَنّم کاکُندَہ۔

جَہُول فت ج، و مع۔ صف۔ سخت جاہل، نادان۔ ظَلوم و جَہُول گمراہ اور بد عقل [تلمیح آیۂ قرآنی کی طرف: کی طرف: الانسان انہ کانَ ظَلُوماً جَھُولا ۳۳:۷۲

جَہیز فت ج، ے مج۔ امذ۔ سازو سامان؛ لڑکی کو شادی پر میکے کی طرف سے دیا جانے والا زیور، اسباب، جائیداد وغیرہ۔ جَہیز لشکر فوج کے ساتھ کا اسباب جَہیز میّت میت کی تجہیز و تکفین کا سامان۔ جَہیز وَ جیز فت و، ی مع۔ مختصر سامان جو کفایت کرے، فالتو اشاء کے بغیر [ع: جہاز کا اِمالہ]۔

جَئی کس مج ج، ی مع۔ امث۔ جَو کی ادنی قسم، نیز جَئی۔

جِی امذ۔ جان، دل، طبیعت؛ نفس، ذات۔ (کلمۂ تعظیمی، بطور جوابِ ندا): ہاں، حاضر، لبیک، مرکب جی حُضُور (ضمہ ح) جی جَناب بڑوں بزرگوں، آقاؤں سے خطاب کا کلمہ۔ امث جِی حُضوری خوشامد، چاپلوسی۔

جَے (۱) ے لین، امث۔ نعرہ، دعائیہ کلمہ۔ جَے کار جے پکارنا فقرہ جَے رام جی کی ہندوؤں کا سلام۔

جَے (۲) ے لین۔ امذ۔ جیت کا پیڑ، جبتی [لاط: Phaseolus mungo]۔

جیا کس ج۔ امذ۔ جی کی تصغیر؛ نگینے کے گھاٹ کی باڑھ جو روک کے لیے بنائی جاتی ہے۔

جیالا کس ج۔ صف۔ بہادر، ہمت والا۔

جیب ے مج۔ امث۔ کیسہ، بٹوا؛ پہننے کے کپڑے میں سلی ہوئی تھیلی یا خانہ جس میں رومال وغیرہ رکھ سکیں؛ سینہ، گریبان [اصلاً ع: جَیب (ے لین)]۔ مرکب جیب تَراش جیب کاٹنے والا چور۔ نیز جیب کَترا (فت ک) جیب خاص بادشاہ، امیر کا ذاتی خزانہ۔ جیبْ خَرْچ وظیفہ، بندھا ہوا الاؤنس یا عطیہ۔ صف جیبی چھوٹے سائز کا، جو جیب میں آ جائے (۲) کسی قوس سے گھری ہوئی سطح۔

جیب ی مع۔ امث۔ زبان، نیز جِیبھ صف جِبھارا زبان دراز۔

جَیت ے لین۔ امذ۔ ایک درخت جس میں زرد پھول اور لمبی پھلیاں لگتی ہیں جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہیں اور بیج دوا کے کام آتے ہیں۔ نیز جَے (لاط: Aeschynomene Sesban)۔

جیت ی مع۔ امث۔ فتح، نصرت؛ برتری۔

جیتَب ی مع، فت ت۔ امذ۔ زندگی، جیون، نیز جیتَو۔

جَیتی ی لین۔ امث۔ ایک روئیدگی جو بہار میں اگتی ہے اور اس کا تیل بھی نکالا جاتا ہے [لاط: Euphorbia]۔

جیٹھ ے مج۔ امذ۔ شوہر کا بڑا بھائی؛ (۲) ہندی سال کا دوسرا مہینہ، مطابق مئی جون۔ امث **جٹھانی**۔

جیٹھا ے مج۔ صف۔ بڑا، پہلا ؛ [س: جیشٹھ]۔ پہلوٹی کا بچہ؛ جیٹھ کے مہینے کی پیدائش۔

جیٹھی مَدَھ ے مج، فت م۔ امث۔ مُلہٹی، اصل اَلسّوس (لاط: Glycyrrhiza Glabara)۔

جیجا ی مع۔ امذ۔ بہنوئی۔ امث **جیجی** (ی مع) بڑی بہن۔

جے جیونتی ے س، فت و، سک ن۔ امث۔ (موسیقی) کافی ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔

جیّد فت ج، شد کس ی۔ صف۔ اعلیٰ عمدہ، کامل۔

جیّد اَلکَیمُوس (اغم، ے لین، و مع) زود ہضم نفیس غذا۔

جیر ی مع۔ امذ۔ صاف شدہ لوہا، بیز(نا خالص)کی ضد۔

جیرڑی ے مج۔ امث۔ اوپر نیچے رکھے ہوئے برتنوں کی لاٹ۔

جیغہ ی مع۔ فت غ۔ امث۔ دستار کے اوپر ٹانکی جانے والی جڑاؤ پٹی؛ کلغی۔

جیف ی مع۔ امذ۔ مردار جانور، نیز **جیفہ** مرکب **جیفہ خور** مردار خور۔ بطور دشنام۔

جَیگری ے لین، سک گ۔ امث۔ کھجور سے تیار کی ہوئی شکر۔

جیگھڑ ے لین، فت گ۔ امذ۔ گھڑے سے پانی نکالنے کا ڈونگا، آبخورہ۔

جیمنا ی مع، سک م۔ ف م۔ کھانا، بھوجن کرنا، دعوت کرنا، نیز **جمنا** (قب: جیم خانہ انگ: Gym-khana جو اسی سے بنا ہے)۔

جیمِیَہ ی مع، کس م، فت ی۔ صف۔ وہ ہمقافیہ اشعار، قصیدہ وغیرہ جن کا قافیہ ج پر ختم ہو۔ جیسے آج، راج، باج۔

جیِل ی مع۔ امذ۔ نیچا سُر، پتلی آواز، زیر۔ [ف: زیر، س: جیلی امث]۔

جَین ے لین۔ صف۔ جین مت کا پیرو، نیز **جینی**۔

جینا ی مع۔ ف ل۔ زندہ ہونا یا زندہ ہو جانا؛ زندگی بسر کرنا ف مر **جی اُٹھنا**، **جی جانا**، پنپنا، نئی زندگی پانا۔

جَینتی ے لین، فت ی، سک ن۔ امث۔ سالگرہ، جنم دن۔

جینیات ی مع، کس ن۔ امث۔ نودریافت جین نامی خلیوں کا علم جن کے ذریعے موروثی خصوصیات ماں باپ سے اولاد میں منتقل ہوتی ہیں۔

جیؤ ی مع، سک و۔ امذ۔ رک **جی**۔

جیوَن ی مع، فت و۔ امذ۔ زندگی۔ امذ **جیوَن رَس** آبحیات، امرت۔ **جیون ساتھی** شریک زندگی۔

جیؤنار ی مع، سک و۔ امذ۔ دعوت، ضیافت، بڑا کھانا، نیز رک **جونار**۔ زمین کو کچھ عرصے بغیر جوتے چھوڑ دینا تاکہ طاقت پکڑے۔

جیَونتکار ی مع، فت و، سک ن، کس ت۔ امذ۔ گلو کی قسم سے ایک پودا جس کے بیج ہلالی شکل کے ہوتے ہیں، ہلال تُخمہ۔ گلوئیا۔ (لاط: Epidendron Tesseloides)۔

جیونی ی مع، سک و۔ امث۔ بتھوے کا ساگ۔

جیونی جیوَہ ی مع، فت و۔ امذ۔ پارہ، سیماب، نیز **جیوَہ** (قب ف زِیوَہ ع۔ زِئبَق)۔

جھ

جھ جھے، جھا۔ امث۔ اردو کی ترتیب تہجی کا تیرھواں حرف، حَنَکی مصمتہ ج کی ہائیہ شکل، جمل میں دو حروف ج اور ہ شمار ہوتے ہیں اور مقدار ۸۔ صرف ہندی الفاظ میں آتا ہے۔ برصغیر ہندو پاک سے باہر کسی آریائی زبان میں اس کا وجود نہیں ہے۔

جھابا امذ۔ تیل کی پلی؛ تیل کی کُپّی جو چمڑے یا جِھلی کی بنی ہوئی ہوتی ہے؛ لوہے کا چھید دار کفچہ، جھلملی یا سوراخوں والی قندیل؛ جھاؤ کا بُنا ہوا ٹوکرا، جَھبوا، جَھلّی، مرغیوں کا ٹاپا۔

جھابَر فت ب، امث۔ نشیبی زمین۔ نیز **جھابَڑ**۔

جھابڑا سک ب۔ امذ۔ ٹوکرا، نیز **چھابڑا**۔

جھابَڑ جھلّا فت ب، سک ژ، کس جھ۔ صف۔ ڈھیلا ڈھالا، عموماً لباس کے لیے جو جسم پر چست نہ ہو۔

جھاجَن فت ج۔ امث۔ کھجلی، خارش، جو عموماً انگلی کی گھائیوں سے شروع ہوتی ہے

جھارا امذ۔ پودوں کو پانی دینے کا ظرف جس کی ٹونٹی پر جالی چڑھی ہوتی ہے۔ جھرنا، فوارہ، آب پاش۔

جھاڑنی سک ر۔ امث۔ معماروں کی مونج کی بنی ہوئی کوچی یا کُونچی۔

جھاری صف۔ امث۔ مصفیٰ چاندی کی پتری، صاف شدہ چاندی۔

جھاڑ امذ۔ درخت، پیڑ؛ گھیردار گھنی روئیدگی؛ گھیردار فانوس جس میں بہت سے منشور لٹکے ہوں؛ پیڑ کی شکل کا چراغدان جس میں بہت سے چراغ رکھے ہوں، سرو چراغاں۔ مرکب عطفی۔ **جھاڑ جھنکاڑ**۔ سوکھے ٹھنڈ، ٹوٹی ٹہنیاں۔ صف **جھاڑ کا کانٹا** لڑاکا شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔

جھاڑا امذ۔ جامہ تلاشی۔ مرکب **جھاڑ جھوڑی** جھاڑنا، جَھٹکنا۔ **جھاڑ پُھونک** منتر یا متبرک بول، پڑھ کر مریض پر پُھونکنا اور اس کے کپڑے وغیرہ بیماری رفع کرنے کے لیے جھٹکنا۔

جھاڑَن فت ڑ۔ امث۔ جھاڑنےجھٹکنے صاف کرنے کا کپڑا، صافی۔ مرکّب **جھاڑَن جُھوڑَن** جو کچھ جھاڑنے جھٹکنے سے ملے؛ نیز کوڑا کرکٹ۔

جھاڑنا سک ڑ۔ ف م۔ گردوغبار دور کرنا، درخت کو ہِلا جلا کر پھول یا پھل گرانا؛ ڈانٹنا ڈپٹنا، سرزنش کرنا؛ منتر پھونک کر مریض کے کپڑوں کو ہاتھ سے جھاڑنا تاکہ آسیب یا مرض کا اثر زائل ہو جائے۔ چمقاق کو رگڑ کر چنگاریاں نکالنا۔

جھاڑو و مع۔ امث۔ مٹی یا کوڑا سمیٹنے کی تنکوں سینکوں وغیرہ کی بنی ہوئی شے یا دستی آلۂ کار جاروب؛ جھاڑو کی شکل کا دُمدار تارا، پُچھّل تارا مرکب عطفی **جھاڑو بُہارو** گھر کی صفائی، گھر کے ادنیٰ کام۔ **جھاڑو پَنجَہ** خاکروب کی جھاڑو اور کمانے کا ٹھیکرا صف **جھاڑو پونچھا** (و مع) جھاڑو کی شکل کی چھدری دم والا (ہاتھی) **جُھاڑو پھرا** برباد، ویران، کمبخت (بطور دشنام)۔ محاورہ **جھاڑو پِھرنا** نیستی چھا جانا، بربادی صفایا ہو جانا۔

جھاڑی امث۔ نیچا گھیردار درخت جس میں بہت سی ٹہنیاں ہوں۔ **جھاڑی بُوٹی** (ومع) جھڑ بیری جس میں سرخ کھٹ مٹھے گول گٹھلی کے بیر لگتے ہیں۔ **جھاڑی کی بیماری** قلت خون کی بیماری (انگ: Bush disease)۔

جھاگ امذ۔ پھین، پانی کے بہت سے بلبلوں کے کسی سیال سطح پر نمودار ہونے کی کیفیت۔ کف ہیں

ٹھوک جو منہ سے غصہ کی حالت میں اُڑے۔ گیلے صابن، ریٹھے وغیرہ سے پیدا ہونے والا پھین۔

جھال امذ۔ دھات میں رنگ وغیرہ کے ٹانکے کا جوڑ؛ ٹانکا؛ اتھلا ٹوکرا۔

جھالا امذ۔ تیز بارش کا یکبارگی برس کر گزر جانے والا ریلا؛ ساز کے تاروں کی جھنکار سپاٹ، باڑھ دار ٹوکرا؛ کَلِس، تپکی۔

جھالَر فت ل۔ امث۔ کپڑے، پردے کے حاشیے پر لڑیوں یا ڈوریوں کا بنا ہوا حاشیہ؛ لٹکتی ہوئی لڑیاں۔ یا کپڑے کی جنّت دار پٹّی۔

جھالْرا سک ل۔ امذ۔ رک **جَھرنا**۔

جھالنا سک ل۔ ف م۔ رانگ وغیرہ کو پگھلا کر دھات کا جوڑ ملانا یا چھید بند کرنا، ٹانکا لگانا؛ چمکانا، صیقل کرنا۔

جھام امذ۔ پتھر میں سوراخ کرنے کا برما، سبل؛ کنُوئیں میں لٹکا کر تہ سے مٹّی نکالنے کا آلہ۔

جھاںپَڑ امغ، فت پ۔ امذ۔ پتھر جو ہاتھ کو دور سے تول کر مارا جائے۔

جھانپَل امغ، فت پ۔ امذ۔ ایک سیاہی مائل بھورے رنگ کا پرندہ جو بہت چالاک مشہور ہے، کال کلیچی۔

جھاںپو ومج۔ امث۔ ایک چڑیا جو بار بار دُم اٹھاتی ہے (مجازاً) فاحشہ عورت(لاط:Dicurus Albirictus)

جھانٹ (غنہ) امث۔ شرمگاہ کے آس پاس کے بال، موے زہار، پشم، کنایتہً بے حقیقت آدمی نیز **جھانٹ بَرابَر**۔ ف مر **جھانٹ اُکھاڑنا** بال بیکا کرنا (عموماً نفی کے پیرائے میں مستعمل)۔

جھانْج (۱) غنہ۔ امث۔ جھنجھلاہٹ نیز **جھوَنْج** جو عموماً لڑاکا پرندے کے غصّے کے لیے مستعمل ہے۔

جھانْج (۲) غنہ۔ امث۔ مجیرا، دو پیتل کی تھالیوں کو ڈوری سے جوڑ کر دونوں ہاتھوں سے بجایا جانے والا ساز، نیز **جھانْجھ**۔

جھانْجَر غنہ، فت ج۔ امث رک: **جھانْجن**۔

جھانْجْرا غنہ، سک ج۔ امذ۔ خشک کنُواں یا تالاب جس کا پانی اندر ہی اندر اور طرف بہہ جائے۔

جھانْجَن امغ، فت ج۔ امث۔ پانو کا ایک زیور، کھوکھلے کڑے جن میں کچھ دانے یا کنکریاں ڈال دی جاتی ہیں۔ نیز (رک) **جھاجَن**، **جَھانجَر**۔

جَھانْجی امغ۔ امث۔ مٹّی کی رنگین کاغذ منڈھی سوراخ دار ہنڈیاں جن میں چراغ روشن کر کے لڑکیاں تقریبات کے موقعوں پرسروں پر اٹھا کرےجاتی ہیں۔

جھانْسا غنہ، امغ۔ جُل، فریب؛ ہوس، لالچ؛ **جھانْسا دینا** سبز باغ دکھانا۔

جھانْک (۱) غنہ۔ امذ۔ نر چیتل؛ ایک قسم کا بڑا ہرن۔ امث **جَھکی**۔

جھانْک (۲) غنہ۔ امث۔ تیل کے جلنے کی بُو، چراند، چراہند، دھانس۔

جھانْکَڑ غنہ، فت گ۔ امذ۔ سوکھی ٹھنیاں۔

جھانکنا غنہ، سک ک۔ ف ل۔ موکھے، سوراخ درز یا آڑ میں سے دیکھنا؛ سرسری یا اچٹتی نظر ڈالنا؛ (مجازاً) آڑ میں سے دکھائی دینا م: اس کی آنکھوں میں سے حسرت جھانک رہی تھی۔ امث **جھانکی** موکھا، رَوزن؛ فصیل کے کِنگروں کے درمیان درزیں؛ جلوہ گاہ، وہ طاق یا چوکھٹا جس میں مورتی سجی ہو؛ اسٹیج، تماشاگاہ۔

جھانْگنا غنہ، سک گ۔ ف م۔ پودوں کی پتیوں شاخوں کو چھانٹنا تاکہ ادبدا کے نکلیں۔

جھانْوا امغ۔ امذ۔ ایک کُھردرا، مسام دار پتھر یا پکّی ہوئی مٹی کی بٹیا جس سے پانو کا میل اتارتے ہیں، سنگ پا۔ صف **جَھانْواں** کھردرا، مسام دار۔م: (طبقات الارض) **جھانواں لاوا** آتش فشانی مادّہ

جو جم کر مسام دار ہو گیا ہو۔

جھاںنوَر امغ، فت و۔ امث۔ پاںووں کا گھنگرو ٹکا ہوا زیور۔

جھاںنولی (۱) غنہ، سک و۔ امث۔ غمزۂ چشم، آنکھ کا اشارہ۔

جھاںنوَلی (۲) غنہ، سک و۔ امث۔ گرم ہوا کا جھونکا، لُو کی لپٹ۔

جھاوَن فت و۔ امذ۔ ایک قسم کا سخت نیلگوں بھاری پتھر۔ قدیم چٹانوں کا پتّھر۔

جھاؤ و مع۔ امذ۔ پتلی شاخوں کی ایک جھاڑی جس سے ٹوکرے بنے جاتے ہیں۔ (لاط: Tamarix Indica)۔

جھائی امث۔ کسی جلدی خرابی کے سبب چہرے کی جلد پر پڑ جانے والی ہلکے ملگجے رنگ کی دھاری، جھیپ۔ نیز جھائیں۔ عموماً بصیغۂ جمع **جھائیاں** آئینے کی قلعی اترنے سے پڑ جانے والے دھبّے۔ (مجازاً) عیب، کمزوریاں جو کسی چیز کی آب و تاب کو ماند کر دیں، روئی دُھنکنے سے اُڑنے والے مہین پھوئے۔

جھائِیں پھوئیں ی مع، غنہ، و مع۔ فقرہ (روز مرّہ) مترادف، میرے منہ میں خاک، توبہ توبہ، خدا نہ کرے۔

جھائیں جَھپ ی مع، غنہ، فت جھ۔ امث۔ ہاتھ کی صفائی، آنکھوں میں دھول جھونکنا۔

جھائیں مائیں ی مع، غنہ۔ امث۔ چک پھیری۔

جھائیں جھائیں ے مج غنہ۔ امث۔ نقل صوت ناگوار چیخ پکار؛ تکرار، جَھک جَھک؛ رگڑنے، مانجھنے کی آواز۔

جَھبرا فت جھ، سک ب۔ امذ۔ گھنے بالوں والا۔

جَھبَڑکَنّا فت جھ ب، سک ڑ، فت ک، شد ن۔ صف۔ بڑے بڑے کانوں والا، بڑکنّا۔

جَھبّہ فت جھ، شد فت ب۔ امذ۔ گُپھّا، پُھندنا، جھالر۔ نیز **جَھبّا**۔

جَھپ تال فت جھ، سک پ۔ امث۔ طبلے کی چارپوری اور دو آدھی ماتراؤں کی تال۔

جَھپ جھالیا فت جھ، سک پ، کس ل۔ صف۔ تیز طرّار، فتنہ۔

جَھپ سے فت جھ، سک پ۔ م ف۔ معاً، فوراً، آنا فاناً میں۔

جَھپّا فت جھ، شد پ۔ صف امث۔ بد، شریر، فتنی (بطور دشنام) امذ۔ جھپٹّا؛ ف مر۔ **جَھپّا** کھانا ہوا میں لہرانا (پتنگ کے لیے)۔

جَھپاٹا فت جھ۔ امذ۔ رک **جَھپَٹ**۔

جَھپا جَھپ فت جھٹ م ف۔ تیز تیز، پُھرتی کے ساتھ۔ **جَھپاک جَھپاک**۔

جَھپّا جَھپّی فت جھ، شد پ۔ امث۔ جھڑپ، ہاتھا پائی۔

جَھپاکا فت جھ۔ امذ۔ پُھرتی، ہاتھ پانو کی تیزی۔ م ف **جھپاک جھپاک**۔

جھپّان فت جھ، شد پ۔ امذ۔ پہاڑی ڈولا جسے چار آدمی اُٹھاتے ہیں۔

جِھپانا کس جھ۔ رک **جھینپنا** جس کا یہ متعدی ہے۔

جَھپَٹ فت جھ پ۔ امث۔ پہلوانی، پکڑ، آپس میں بِھڑنا، گُتھنا۔

جَھپٹّا فت جھ پ، شد ٹ۔ امذ۔ ہاتھ یا پنجہ مار کر کوئی چیز چھیننے کی کوشش۔ ف ل، ف م **جَھپَٹنا** تیزی سے اُڑ کر یا دوڑ کر کسی چیز پر پل پڑنا، ف م؛ چھینپنا، زبردستی لے اڑنا۔

جَھپْ سَٹ فت جھ، سک پ، فت س۔ امث۔ گڑ بڑ، افرتفری، بے ضابطگی۔ م ف **جَھپ سَٹ میں** اتفاقاً، بے ضابطہ طور پر۔

جَھپک فت جھ پ۔ امث۔ پلکوں کا ایک بار جھپکنا؛ جوت، چمک؛ جھینپ۔

جَھپَکنا فت جھ پ، سک ک۔ ف ل۔ پلکوں کا بند ہو کر کُھلنا؛ دَبکنا، جھپنا۔

جَھپکی فت جھ، سک پ۔ امث۔ نیم لمحے کو آنکھیں بند ہونا، نیند کا جھونکا (مجازاً) کیمرے کے لینس کا کُھل کر معاً بند ہونا۔

جَھپیٹ فت جھ، ے مج۔ امث۔ دوڑتی، جھپٹتی ہوئی شے کی زد، ف مرکب **جَھپیٹ میں آنا** لپیٹ یا لپیٹے میں آنا، چکّر میں پھنس جانا۔ نیز **جھپیٹا** وار، زَد۔

جُھٹالنا ضمہ جھ، سک ل۔ و م۔ کچھ کھا کر منہ جُھوٹا کرنا، سیر ہو کر نہ کھانا (مُنہ کے ساتھ مخصوص)۔

جَھٹ فت جھ۔ م ف۔ فوراً، معاً ، ترت۔نیز **جَھٹ پَٹ۔**

جُھٹ پُٹا ضمہ جھ، سک ٹ، سک ٹ۔ امذ۔ صبح یا شام کا دھندلکا۔

جَھٹکا فت جھ، سک ٹ۔ امذ۔ اچانک یا زور کی جنبش یا اُس کے اثر سے ہونے والی جسمانی تکلیف؛ اچانک آ پڑنے والا غم، شدید صدمہ؛ جانور کو ذبح کرنے کی بجائے گردن کی پشت پر وار کر کے مارنا برقی رو؛ برقی رو سے جسم کا مس ہونا۔

جُھٹّل ضمہ جھ، شد فت ٹ۔ صف۔ جھوٹ موٹ کا، نقلی، سَچّل کی ضد۔

جُھٹلانا ضمہ جھ، سک ٹ۔ وف م۔ کسی کے قول کو رد کرنا، کسی کی بات کو جھوٹا بتانا۔

جُھٹَیل ضمہ جھ، ے لین، صف مث۔برت یا، کھا کرجھوٹی کی ہوئی چیز؛ کنواری کی ضد۔

جَھجَر فت جھ، شدفت ج۔ امذ۔ صراحی کی شکل کا پانی کا بڑا ظرف امث **جَھجْری** (سک ج)۔

جھجک کس جھ، فت ج۔ امث۔ ہچکچاہَٹ، تردد، تذبذب، دبکنا، رکنا۔ ف ل **جِھجَکنا** پس و پیش کرنا۔

جُھجّو ضمہ جھ، و مع۔ امذ۔ (بچّوں سے بولنے کا کلمہ) جُھولا۔ **جُھجّو جھونٹے ماموں موٹے** جُھلاتے وقت بچوں کو بہلانے کے بول۔

جَھجّاڑ فت جھ، شد ج۔ امذ۔ بھاری بوجھ، گٹھڑ، بُرا سا جھاڑ۔

جَھجاڑا فت جھ۔ صف لمبا ترنگا، قوی ہیکل؛ جھاڑ کا جھاڑ۔

جَھجھاؤ فت جھ، و مع۔ صف مث۔ جھاؤ کی جھاڑی کی طرح گھنی (ڈاڑھی پر پھبتی)۔

جَھجْھکورا فت جھ، سک جھ، و مج۔ امذ۔ دھکّا، تھپیڑا۔

جَھجْھلا فت جھ، سک جھ۔ صف۔ ریشہ ریشہ، پھولا پھولا صف **جَھجھلی** ریشے دار (مٹھائی وغیرہ)۔

جُھڈّو ضمہ جھ، شد ڈ، و مع۔ صف۔ نکما، نکھٹو۔

جَھر فت جھ۔ امث۔ آگ کی لپٹ، تمازت؛ کپڑا پھاڑنے یا کپڑے کے پھٹنے کی آواز۔م ف **جَھر سے۔**

جَھرّا فت جھ، شد ر۔ امث۔ پولی زمین جو پانی جذب نہ کر سکے۔

جَھرّاٹا فت جھ، شد ر۔ امذ۔ کپڑے کے پھاڑے جانے، جھیر جھیر ہونے کی آواز۔

جَھرَپ فت جھ ر۔ امث۔ ناخوشگورا تیز بو؛ دالان کے بغلی پاکھے کا وہ رخ جس کے سہارے ادھا ستون کھڑا کیا جاتا ہے؛ نیز آدھا ستون جو جھرپ کے سہارے نصب ہو۔

جُھرجُھری ضمہ ج، سک ر، ضمہ جھ۔ امث۔ جانور کی کھال کی لرزش؛ کسی ناگوار یا گھناونی بات پر انسانی جسم کی لرزش۔

جَھرکَل فت جھ، سک ر، فت ک۔ امذ۔ رہٹ۔

جَھرما فت جھ، سک ر۔ امث۔ موٹی کُھردُری،

چھلائی کا رَندہ جس سے بڑھئی سطح کو پہلے چھیلتے ہیں۔
جُھرمُٹ ضمہ جھ، سرک ر، ضمہ م۔ امذ۔ جمگھٹا، جُھنڈ، ستاروں کا مجمع؛ گھونگھٹ، پلّو جو سر پر ہو۔ **جُھرمُٹ کھانا** فوج کا منہ موڑنا، گھونگٹ کھانا۔
جَھرنا فت جھ، سک ر۔ امذ۔ پانی کی چادر جو سلامی دار مصنوعی آبشار کی صورت میں گرے۔
جِھرنا کس جھ، سک ر۔ ف م۔ بہنا، رسنا۔
جُھرنا ضمہ جھ، سک ر۔ ف ل۔ سُوکھنا، خشک ہونا، جُھریانا۔
جَھروا فت جھٹ ضمہ ر۔ امث۔ ایک قسم کی عمدہ گھاس۔ (لاط: Panicun Frumentaceum)۔
جَھروکا فت جھ، ومج۔ امذ۔ غرفہ، دریچہ، کھڑکی۔
جِھری کس جھ، امث۔ شگاف، درز، چاک؛ اناج کی فصل کی ایک بیماری، کندوا، لنجوا۔
جُھرّی ضمہ جھ، شد ر۔ امث۔ کپڑے یا جلد کے سُوکھنے سکڑنے سے پڑنے والی شکنیں۔ ف ل **جُھریانا** جُھری دارہو جانا۔
جَھڑ فت جھ، امث۔ رک: **جَھڑی** مرکب **جَھڑبَدلی** بارش کی جھڑی، مسلسل مینہ کا برسنا۔
جَھڑا م ف۔ تمام تر، سب کے سب، یکسر۔
جَھڑا جَھڑ فت جھ۔ م ف۔ مسلسل بہ شدت (حرکت دینا) ف م **جَھڑجَھڑانا۔**
جَھڑاڑا فت جھ۔ امذ۔ فوجوں کا ٹکراؤ؛ ہتھیارو کی ضربت۔
جَھڑاکا فت جھ۔ امذ۔ زوردار بارش، کسی شے کا وفور، شدّت، بھرپور عمل۔
جَھڑبیری فت جھ، سک ڑ، ے مج۔ امث۔ جھاڑی بوٹی (رک)۔
جَھڑپ فت جھ ڑَ۔ امث۔ لڑائی، ٹکراؤ،مچیٹا، زَد مار، آسیب کا اثر نیز رک **جَھڑپ۔** ف ل **جَھڑپنا** گتھنا، بھڑنا (خصوصاً بٹیر وغیرہ کا)۔
جَھڑتی فت جھ، سک ڑ۔ امث۔ رک: **جھاڑا۔**
جَھڑجَھڑانا فت جھ، سک ڑ۔ ف م۔ زور سے ہلانا، (درخت وغیرہ کو)۔(پروں کو) پھڑپھڑانا۔
جِھڑکی کس جھ، سک ڑ۔ امث۔ ڈانٹ، پھٹکار، گُھرکی۔ (پہلوانی) جھٹکا، جھونک۔ ف م **جِھڑکنا۔**
جَھڑنا فت جھ، سک ڑ۔ ف ل۔ ٹوٹ ٹوٹ کر گرنا؛ الگ ہونا، ٹوٹ کے گرنا؛ جھاڑا، پھٹکا جانا،منزل ہونا
جھاڑنا (رک) کا لازم۔
جَھڑوس فت جھ، و مع۔ صف۔ بوڑھا پُھوس۔
جَھڑولنا فت جھ، ومج، سک ل۔ امذ۔ رک **جَھنڈولا۔**
جَھڑوئی فت جھ، ومج۔ امث۔ پکّی پھلیوں کے دانے جھاڑنے کی چَھڑ۔
جَھڑی فت جھ، ی مع۔ امث۔ لگاتار مینہ۔ دیر تک برسنے والی بارش۔
جُھسنا ضمہ جھ، سک س۔ ف م۔ رگڑنا، ملنا، سر کی مالش کرنا۔
جَھک فت جھ۔ امث، امذ۔ زِڑ، بکواس۔ غصّہ ۔ امذ۔ بوڑھے بکرے کا گوشت، بُوک۔ نیز **جَھک جَھک۔** ف مر **جَھک مارنا** جھوٹ بولنا، غلط بیانی کرنا؛ فضول بات یا فضول کام کرنا م: کچھ نہ کیا محض جھک مارا۔ صف۔ اُجلا، براق؛ بھڑکدار، زرق برق نیز **جَھکا جَھک** (فت جھ) **جَھکا جھور** (ومج)۔
جَھکالا فت جھ۔ صف۔ بوکھلایا، بے حال۔
جھکانا کس جھ۔ ف م۔ جھینکنا (رک) کا متعدی، عاجز کرنا، پریشان کرنا۔ نیر رک **جھکائی۔**
جُھکانا ضمہ جھ، ف ج۔ جھکنا (رک) کا متعدی۔ امذ **جُھکاؤ** (ومج) خمیدگی، مَیلان، رُجحان۔
جَھکائی فت جھ، امث۔ (پہلوانی) جھپکی، غوطہ؛

حریف کو دھوکا دینے کے لیے کوئی جُنبش۔

جھک جِھک کس جھ، سک ک۔ امذ۔ بحثم بَحث، یک طرفہ تکرار، بکواس؛ جھگڑا۔

جَھک جھور فت جھ، سک ک، و مج۔ امث۔ کھینچا تانی نیز **جھک جھورا** لہریں لینے کی کیفیت، تموّج۔

جَھکْرا فت جھ، سک ک۔ امذ۔ نباتات کی جڑوں کی وہ قسم جس میں ایک گانٹھ میں سے کئی ڈوریاں نکلتی رہتی ہیں۔

جَھکّڑ فت جھ، شد فت ک۔ امذ۔ آندھی، ہوا کا تُند جھونکا؛ (۲) دُھکڑا پکڑ، اُدھیڑ بُن؛ (۳) دو ہتّڑ، ٹکر (۴) صف جھکّی، جھگڑالو مرکّب امث **جھکّڑ بَھٹّی** کچدھات کو پگھلانے کی بَھٹّی جس میں ایک سمت سے تیز ہوا داخل ہو کر اُسے بھڑکاتی ہے۔ انگ: (Flash Furnace)

جَھکڑی فت جھ، سک ک۔ امث۔ **جھانکڑ** (رک) کی تصغیر بکھری ٹہنیاں، خس و خاشاک، چھپٹیاں۔

جَھکْنا فت جھ، سک ک۔ ف ل۔ بکواس کرنا، بکنا کا تابع۔

جُھکْنا ضمہ جھ، سک ۔ ف ل۔ سر جُھکانا، کمر جُھکانا، خمیدہ ہونا؛ نیچے کی طرف جانا م: پلڑا جھکنا؛ عاجزی، انکسار برتنا؛ مائل، راغب ہونا؛ ابر کا ہجوم کرنا، جھوؔنکا جانا، جھونکنا (رک) کاف مج۔

جِھکَنْدا س جھ، فت ک، سک ن۔ امذ۔ بحث و تکرار، جھگڑا، قصّہ، نیز **جِھکَندَن** جِھنکانے والی بات یا باتیں، دلآزاریاں، دکھڑا۔

جَھکوَرا فت جھ، ومج۔ امذ۔ ہوا کا جھونکا، خوشبو کی لپٹ؛ پانی کا جَھکولا۔

جَھکولا فت جھ، و مج۔ امذ۔ پانی کا اچھال، زور کی موج؛ ڈُبکی، غوطہ لگا کر اُبھرنے کا عمل۔ ف م **جَھکولنا۔** ٹھہرے ہوئے پانی کو ہاتھوں یا برتن وغیرہ سے اچھال کر پھینکنا۔

جَھکّی فت جھ، شد ک۔ صف۔ اپنی بات پر اڑنے والا؛ حُجّتی، بکواسی۔

جَھگاڑ فت جھ۔ صف۔ جَھگڑالو۔

جَھگانا فت جھ۔ و م۔ جھاگ اٹھانا، بلونا۔

جَھگَرْ فت جھ گ۔ امذ۔ شکرے کی قسم سے ایک شکاری پرندہ **لَگڑ** کا نر۔

جَھگڑا فت جھ، سک گ۔ امذ۔ تنازعہ، تکرار، لڑائی، جھڑپ؛ مسئلہ، قبضہ؛ علّت، درد سر۔ مرکب عطفی **جَھگڑا رگڑا** (تابع)۔

جَھگڑالُو فت جھ، سک گ، ومع۔ صف۔ جھگڑا کرنے کا عادی یا کی عادی۔

جُھگی ضمہ جھ، شد گ۔ امث۔ جھونپڑی، کُٹیا۔

جَھل فت جھ، امث۔ غصّہ، جھونجھ، تیز چرپرا ذائقہ، **جَھلّاہَٹ** (رک)

(۲) روشن، جگمگ، نیز **جَھل جَھل، جَھلاجَھل۔**

جِھل کس جھ۔ امذ۔ ایک چھوٹا پودا جس کی ڈنڈیاں سرخ، پتّیاں چھوٹی، سرخ پھول اور پھلیاں لگتی ہیں۔(لاط: Indigofera pausiflora)

جَھلّا فت جھ، شد ل۔ صف۔ بدمزاج؛ منہ جلانے والا (ذائقہ) مث **جھلّی** م: جھلّی مُولی۔

جَھلا بوَر فت جھ، و مج۔ صف۔ چمکتا، دمکتا، بھڑکیلا، جَھل جَھل کرتا۔

جَھل جَھلاہَٹ فت جھ، سک ل، فت جھ ہ۔ امث۔ غصہ، مزاج کی تیزی؛ ذائقے میں مرچ کی سی تیزی؛ تپک، جلن، سوزش۔ **جَھلّاہَٹ** (بلا شد ل)۔

جَھلَّر فت جھ، شد فت ل۔ امذ۔ رہٹ۔

جِھلَّڑ کس جھ، شد فت ل۔ امذ۔ پرندوں کا غول۔

جُھلْسا ضمہ جھ، سک ل۔ امذ۔ چرکا، جلنے کا داغ۔ صف سوختہ، جلا ہوا (بطور دشنام) ف م ل

جُھلَسنا چرکا دینا، داغ لگانا، پھونکنا، جلانا؛ جل جانا، چرکا کھانا۔

جَھلک فت جھ ل۔ امث۔ ہلکی سی جوت، جھپکی، لمحہ بھر کی چمک، سرسری طور پر دیکھنا یا نظر آنا؛ پرتو، عکس، مشابہت۔ ا کیف مث جَھلکار۔ ف م جَھلکانا چمکانا، عکس یا شعاعیں ڈالنا ف ل جَھلکنا کچھ کچھ نظر آنا؛ دمکنا؛ تص امث جَھلکِی۔

جھلکا فت جھ، سک ل۔ امذ۔ آبلہ، چھالا۔

جھلکار فت جھ، سک ل۔ امث۔ رک؛ جھلک۔

جَھلَل جَھلَل فت جھ ل۔ امث۔ جگمگاہٹ، ف ل جَھلَل جَھلَل کرنا روشنی کی بہار دکھانا، جگر جگر کرنا۔

جِھلَم کس جھ، فت ل۔ امث۔ لڑائی میں چہرے کے حفاظت کے لیے خود سے لٹکتی ہوئی جالی دار نقاب۔

جِھلمِل کس جھ، سک ل، کس م۔ امث۔ ایک چراغ یا بہت سی روشنیوں کے لہرانے یا رہ رہ کر چمکنے دمکنے کا منظر نیز جِھلملاہَٹ۔

جِھلمِلی کس جھ، سک ل، کس م۔ امث۔ چلمن، جالی کا پردا، کھڑکی کا پَٹ، اوٹ یا دیوار جس میں روشنی اور ہوا کے لیے درزیں کھلی ہوں۔

جَھلنا (۱) فت جھ، سک ل۔ د م۔ پنکھے یا کسی اور چیز سے ہوا دینا؛ برف میں لگا کر ٹھنڈا کرنا م: برف کی جھلی صراحی۔

جَھلنا (۲) فت جھ، سک ل۔ جھالنا (رک) کا ف ل مجہول = جھلا جانا۔

جِھلَنگا کس جھ، فت ل، غنہ۔ صفہ۔ ڈھیلا پن، بن کسا، جھولا، ٹوٹے ہوئے بان کا (پلنگ، کھٹولا وغیرہ) نیز امذ۔ ڈھیلا بِن کسا پلنگ۔

جُھلنیاں ضمہ جھ، فت ل، سک ن۔ امثہ کان کے زیور کی جوڑی جس کا اوپری سرا کان کو ڈھکتا ہے اور باقی دُور تک لٹکتا ہے، مختلف وضع اور ساخت کی ہوتی ہیں اور سہاروں کے ساتھ لٹکتی ہیں۔

جَھلّو فت جھ، شد ل، و مج۔ صف امث۔ بد مزاج عورت؛ شہوت زدہ عورت۔ نیز جَھلّہائی۔

جَھلوَرنا فت جھ، و مج، سک ر۔ ف م۔ لہریں اٹھانا، جھکولے دینا۔

جَھلّی فت جھ، شد ل۔ امث۔ سامان ڈھونے کا ٹوکرا، جھاؤ کا بنا ہوا اونچی باڑ کا مزدوروں کا ٹوکرا۔

جِھلّی کس جھ، شد ل۔ امث۔ باریک کسی قدر شفاف پردہ جو جسم کے اندر بعض اعضا کے گرد منڈھا ہوتا ہے۔ غِشا۔

جَھلیڑا فت جھ، ے مج۔ ٹھور ٹھکانا، تھل بیڑا۔

جَھم جَھم فت جھ۔ نقل صوت۔ مینہ برسنے کی آواز نیز جَھما جَھم؛ (۲) امث چمک دمک۔ صف جَھم جَھم کا چمکیلا، بھڑکیلا۔

جَھماکا فت جھ۔ امذ۔ بارش کا جھالا؛ جھمکار، جھلکار۔

جَھمپَٹ فت جھ، سک م، فت پ۔ امذ۔ کان کنی کا لمبا بھاری آلہ، سَبّل۔

جَھمجَھمانا فت جھ، سک م۔ ف ل۔ چمکنا دمکنا، جھم جھم، جھل جھل کرنا۔

جُھمرا ضمہ بھ، سک م۔ امذ۔ جھاڑیوں سے پٹی ہوئی ناقابل کاشت زمین۔

جُھمری ضمہ گھ، سک م۔ امث۔ معماروں کا لکڑی کا بنا ہوا اوزار جس سے وہ استر کاری کو تھپتھپاتے ہیں؛ ٹپنا۔

جُھمکا ضمہ جھ، سک م۔ امذ۔ کان کا ایک آویزہ جو الٹی کٹوری کی شکل کا ہوتا ہے؛ ایک خوشنما پچ پتیا لمبی ڈنڈی کا پھول جس کا رنگ سورج کے چڑھنے کے ساتھ سفید سے سرخ ہوتا جاتا ہے۔ (لاط:

(Gloria Superba).

جَھمکّا فت جھ م، شد ک۔ امذ۔ جمگھٹا؛ جلوہ، تماشا؛ روشنی۔

جَھمکانا فت جھ، سک م۔ ف م۔ چمک دمک دکھانا، ف ل **جَھمکنا** خوب روشن ہونا۔

جَھمکڑا فت جھ م، سک ک۔ امذ۔ رونق، دھوم دھام، جشن کا سماں؛ حسینوں کا مجمع۔

جَھمُورا فت جھ، و مع۔ صف۔ گھنے لمبے یا گھنگریالے بالوں والا چھیرا۔ مث **جَھمُوری**۔

جَھمیل فت جھ، ے مج۔ امث۔ تکرار، حجّت، جھگڑا؛ الجھاوا، مشغلہ۔ امذ۔ **جَھمیلا** جمگھٹا؛ الجھاوا؛ مخمصہ۔

جَھن فت جھ۔ نقل صوت۔ جھانجھ یا گھنگروؤں کے بجنے کی آواز جھنکار نیز **جَھن جَھن** م ف **جَھناجَھن** جھنکار کے ساتھ۔

جُھنّا ضمہ جھ، شد ن۔ امذ۔ رک **جُھونا**۔

جَھنّاٹا فت جھ، شد ن۔ امذ۔ نقل صوت۔ دھات کے اوزاروں، ہتھیاروں وغیرہ کے ٹکراؤ سے پیدا ہونے والی آواز۔

جَھناسَر فت جھ س۔ امذ۔ ایک قسم کا پرانا ساز جو جھن جھن کی آواز نکالتا تھا، نیز جَھنَس۔

جَھنبِیلی فت مغ جھ، ی مع۔ ترنج، نِیبُو۔

جَھنجَٹ فت جھ، سک ن، فت ج۔ امث۔ جھمیلا، الجھاوا، دردِ سر نیز **جَنْجھَٹ**۔

جَھنْجَری فت جھ، سک ن ج۔ امث۔ جھلملی، جالی، کٹھرا، نیز امذ **جَھنْجیرا** (فت مغ جھ)۔

جُھنْجْلانا ضمہ جھ، سک ن ج۔ ف ل۔ غصے میں آنا، چِز بِز ہونا، لہجے سے ناگواری کا اظہار کرنا ا کیف مث **جُھنْجْلاہٹ** غصے کا عالم۔ برہمی۔

جِھنْجْنی کس جھ، سک ن ج۔ امث۔ دروازے سے لگایا جانے والا کمانی دار کھٹکا جو اُسے کھلنے کے بعد خود ہی بند کر دیتا ہے۔

جُھنْجُنی ضمہ جھ، سک ن، ضمہ ج۔ امث۔ پانو کی بیڑی کے لیے طنز یا مزاح کا لفظ۔

جَھنْجَوٹی فت مغ جھ، و لین۔ امث۔ ایک سمپورن راگنی جس میں سب شدھ سُر لگتے ہیں۔

جَھنْجَوٹی لینا سروں کو تیزی سے ادا کرنا۔

جَھنْجوڑنا فت مغ، و مج، سک ڑ۔ ف م۔ شانے پکڑ کر ہلانا، جگانے کے لیے جسم کو حرکت دینا، ہوشیار، خبردار کرنا، تنْبِیہ کرنا۔

جُھنْجی ضمہ جھ، سک ن۔ صف۔ پھوٹی، سوراخ دار (کوڑی) نیز جَھنْجی (فت جھ) **جِھنْجی** (کس جھ)۔

جَھنْجھا فت جھ، سک ن۔ امذ۔ آندھی کا جھکڑ جس کے ساتھ بارش آئے۔

جُھنْجُھنا ضمہ جھ، سک ن۔ امذ۔ چھوٹے بچوں کا دستی کھلونا کھوکھلے خول میں کنکریاں یا دانے پڑے ہوئے جو ہلانے سے بجتے ہیں۔

جُھنْڈ ضمہ جھ، سک ن۔ امذ۔ پاس پاس اُگے ہوئے بہت سے درخت یا جھاڑیاں؛ گروہ، ٹولا؛ گلّہ ریوڑ؛ جمگھٹا؛ گھنے، بے ترتیب بال۔

جَھنْڈا فت جھ، سک ن۔ امذ۔ نشان، پھریرا، امث **جَھنْڈی**۔ کاغذ،کپڑے کا بنا ہوا چھوٹا دستی نشان؛ کاغذ کے تکونے رنگین ورق جو تقریبات پر سجاوٹ کے لیے لٹکائے جاتے ہیں، ریلوے گارڈ کا سرخ یا سبز دستی جھنڈا۔

جَھنْڈُولا فت مغ جھ، و مج۔ امذ۔ نومولود بچّہ جس کے سر پر پیٹ کے بال موجود ہوں؛ وہ بچّہ جس کے بال گھنے اور گھونگر والے ہوں۔

جَھنْکار فت جھ، غنہ۔ امث۔ زنجیروں، گُھنگرُوں یا سازوں کے بجنے کی اواز؛ کھرے سکّوں کی کھنک؛ مور کی آواز؛ جھینگر کی آواز۔

جَھنک فت جھ ن۔ امث۔ چکی میں پیسنے کے لیے

ایک وقت میں ڈالی جانے والی مٹھی بھر مقدار۔
جھنْکانا کس مغ جھ۔ ف م۔ رک: جھکانا۔
جَھنْوا فت مغ جھ۔ امذ۔ ایک قسم کاعمدہ چاول نیز جھنْواں (غنہ) جَل جَھنْواں۔
جَھنْورا فت جھ، غنہ سک و۔ صف۔ سیاہی مائل، سنْولایا، ملگجا، ماند، نیز جھونْٹرا، کجلا یا بے رونق۔
جَھوّا فت جھ، شد د۔ امذ۔ گھنیری جھاڑیوں کا جھنڈ، جھاؤ کا جُھنڈ؛ جھاؤ کا بنا ہوا ٹوکرا۔
جُھوٹ ومع۔ دانستہ غلط بیانی، دروغ گوئی، خلاف واقعہ بات۔ م ف جُھوٹ مُوٹ فرضی، نقلی مصنوعی طور پر۔ صف جُھوٹ مُوٹ کا بناوٹی، غیر اصلی صف جھوٹا دروغ گو، ناقابل اعتبار شخص، بناوٹی شے؛ بے بنیاد بات؛ بچا ہوا (کھانا) پس خوردہ، نیز جھوٹن مرکب جھوٹن جھاٹن (تابع)۔م ف جُھوٹوں و مج، غنہ۔ تکلفاً، اوپری دل سے، عموماً نفی کی صورت میں م: جھوٹوں بھی نہیں پوچھا۔
جھوَجْرا و مج، سک ج۔ بال پڑا ہوا، ظرف نیز رک: جھوَجْھرا۔
جھوَجْھرا و مج، سک جھ، صف۔ چھدری بُنائی کا کپڑا، جس کا تانا بانا گٹھا ہوا نہ ہو۔
جَھورا و لین۔ امذ۔ سوکھے کی بیماری جو درختوں کو لگ جاتی ہے۔ ف مر جَھورا لگْنا سوکھا لگنا؛ ٹھنْٹھ بن جانا۔
جھورا و مج۔ امذ۔ مونگ موٹھ وغیرہ پودوں کے ڈنٹھل جو جانوروں کے چارے کے کام آتے ہیں۔
جھوَرنا و مج، سک ر۔ ف م۔ درخت کے تنے یا شاخوں کو ہلا کر پھل گرانا، نیز مجازاً چندہ وغیرہ وصول کرنا۔
جَھوڑ و لین۔ امث۔ ہتھیار کی ضرب، چوٹ۔
جھوَک و مج۔ امث۔ جُھکاؤ، لچک لہر؛ تلواروغیرہ کا وار؛ ڈگمگانے کی کیفیت۔
جُھول و مع۔ امث۔ جانور ہاتھی، گھوڑے، گدھے وغیرہ کی کمر پر ڈالنے کا کپڑا، جُل۔
جھوَل ومج۔ امذ۔ ڈھیلا پن؛ کجی، ٹیڑھی ناہموار سلائی؛ خول، ملمع؛ جانورں کے ہاں ایک وقت میں پیدا ہونے والے بچّے یا ایک بار کا جَننا۔ صف جھوَلا۔ ڈِھیلا، ناہموار؛ بِن کسا پلنگ، جھلنگا؛ کاندھے پر لٹکانے کا تھیلا؛ دکھتے ہاتھ کی حفاظت کے لیے گلے میں لٹکائی ہوئی پٹّی۔
جُھولا و مع۔ امذ۔ اونچائی سے لٹکائی ہوئی دوہری رسّی جس میں پٹڑیاں جما کر جھونٹے لیے جاتے ہیں، اسیٗ طرح کی کوئی اور جھولنے کی ترکیب یا تفریح؛ بچّوں کا ادھر لٹکا ہوا پالنا۔ پنگُورا؛ گیت یا نظم جو جھولتے وقت گانے کے لیے مخصوص ہو۔
جھولی و مج۔ امث۔ کرتے کا اگلا دامن جس میں کوئی چیز بھری جائے۔ گودی؛ تھیلا، زنبیل۔
جُھومَر و مع۔ فت م۔ امذ۔ پنجے کی شکل کا موتی کی لڑیوں کا زیور جو سر پر پہنا جاتا ہے؛ ایک رقص جو لڑکیاں حلقہ باندھ کر اور ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کرتی ہیں؛ جُھرمُٹ؛ غول، ٹکڑی۔
جُھومنا و مع۔ سک م۔ ف ل۔ وجد کرنا، سر سے کھیلنا، جسم کو لہرانا؛ بادل یا گھٹا کا گھر کر آنا۔
جُھونا و مع۔ صف۔ جھرجھرا؛ چھدری، ڈھیلی بُناوٹ کا کپڑا؛ دھان کی ایک ادنیٰ قسم جس کے دانے موٹے ہوتے ہیں۔ پُرانا، بوسیدہ۔
جھونپڑا و مج، غنہ، سک ر۔ امذ۔ کچّا، پھوس کی چھت کا گھر، چھپّر؛ بطور پھبتی گھنے بے ترتیب بال تص امث۔ جھونپڑی۔
جھونْٹا و مج مغ۔ امذ۔ جھولے کی پینگ۔ جھولے کو ہلانے کے لیے دھکیلے کا عمل؛ بھینس کا نر بچّہ؛ بالوں

کا جُھنڈ، چونڈا، چوٹی۔ امث۔ **جھوَنٹم جھانٹا** ایک دوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا۔

جَھوَنج و لین، غنہ۔ امث خارش، کھاج؛ (۲) کھردرے کپڑے کا دستانہ جس سے نہاتے وقت جسم کو رگڑتے ہیں۔

جھوَنج و مج، غنہ۔ امث۔ گھونسلہ؛ جھونپڑی، ٹھکانا؛ کنگرو کی مادہ کے پیٹ کی تھیلی۔

جُھونجَل و مع مغ، فت ج۔ امث۔ غصّہ، برہمی، جُھنجلاہٹ۔

جھونجھ و مج غنہ۔ امث۔ جَھلجھلاہٹ، تیزی، کُھجلی، چُل۔

جھونڈ و مج، غنہ۔ امث۔ خس، وہ گھاس جس کی جڑ سے ٹٹّیاں بُنی جاتی ہیں۔

جَھونرا فت جھ، غنہ صف۔ رک: **جَھنّورا**۔ مث جھونری/ جھنوری۔

جَھونس جھانس و لین، غنہ۔ امث۔ دوسروں کو ضرر یا نقصان پہنچانا؛ دھوکا فریب۔

جَھونسنا و لین، غنہ، سک س۔ ف م۔ جُھلسنا، جلانا۔

جھونک و مج، غنہ۔ امث۔ پِینک، غنودگی، نیز رک: **جھوک**۔

جھونکا و مج، مغ۔ امذ۔ ہوا کی لہر یا لپٹ؛ نیند کا غلبہ، مختصر نیند، یکایک اونگھ جانا؛ آگ کی لپٹ۔

جَھونکنا و لین، غنہ، سک ک۔ ف ل۔ بیل کا ٹکر مارنے کے لیے سینگ جُھکا کے بڑھنا۔ ف م۔ جانور کو کسی پر دوڑانا؛ لشکانا، جَھونکانا۔

جھونکنا و مج، غنہ، سک ک۔ ف م۔ آگ میں ڈالنا، جولھے یا بھاڑ میں ایندھن ڈالنا؛ نیز مجازاً پُھونکنا، ضائع کرنا۔ امذ۔ **جھونکیا** انجن یا کارخانے کی بھٹی میں ایندھن جھونکنے والا۔

جُھونگا (۱) و مع مغ۔ صف۔ نیچے کی طرف جھکا ہوا، نکوں؛ بَیل سانڈ وغیرہ جس کے سینگ نیچے کی طرف مڑے ہوئے ہوں۔ مث **جُھونگی** م: جُھونگی مونچھ جس کی نوک نیچے کی طرف جھکی ہو۔

جُھونگا (۲) و مع مغ۔ امذ۔ سودے کے ساتھ دوکاندار کی طرف سے تھوڑی سی زائد مقدار، رُونَگ۔

جُھونی و مع۔ چاول کی ایک قسم جس کے چھلکے کا رنگ مٹیالا ہوتا ہے۔

جِھیر ی مع۔ امث۔ دھجّی، لیر صف **جِھیر جِھیر** پارہ پارہ، دھجّی دھجّی، لیر یا لیریوں کی شکل میں پھٹا ہوا (کپڑا) ف م **جھیرنا** مل مل کر دھونے سے پہلے کپڑے کو پہلا شوب دینا۔

جِھیکی ی مع۔ امث۔ پسا ہوا سفید پتھر یا سنگ مر مر جو باریک پیس کر چونے کے طور پر درز بندی وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

جِھیل ی مع۔ امث۔ خشکی سے گھرا ہوا پانی کا وسیع قطعہ؛ بڑا تال۔

جھیلا ے مج۔ امذ۔ پھولوں کی چادر، بہت بڑے سہرے کی شکل میں گندھے ہوئے پھولوں کی لڑیاں۔

جھیلَن ے مج۔ گاڑی یا کسی کل کو اٹھائے رکھنے یا سہارنے کے لیے لگائی جانے والی بلّی؛ روک، ٹیکن، تولی، دَمکل،ٹیڑھی(انگ: Jack)۔

جھیلنا ے مج، سک ل۔ ف ل۔ برداشت کرنا، سہارنا، سہنا، گوارا کرنا۔

جھیلنی ے مج، سک ل۔ امث۔ کان کے زیور کو سہارنے کے لیے بالوں میں اٹکائی جانے والی زنجیر، سہارا۔

جھیلی ے مج۔ امث۔ جِھلّی جس میں بچّہ ولادت سے پہلے لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ اسے برقع بھی کہتے ہیں [س: جیلی]۔

جَھیّم جَھیّم فت جھ، شد فت ی۔ نقل صوت۔ ڈھول تاشوں کے ساتھ جھانجھ وغیرہ کے بجنے کی

آواز۔

جھِینا ی مع۔ صف۔ باریک، پتلا، سوکھا؛ آگ سلگانے کے لیے سوکھی پتلی لکڑیاں؛ چھپٹیاں۔

جھینْپ ے مج، غنہ۔ امث۔ شرمندگی، خجالت کا اظہار، آنکھیں جھکا لینا، ف ل۔ **جھینپنا** شرمانا، لجانا، آنکھیں ملانے سے گریز کرنا۔

جھینْجْڑا ے مج، غنہ سک ج۔ امذ۔ چیتھڑا، کترن۔

جھِینْکنا ی مع، غنہ، سک ک۔ ف ل۔ مِنت سماجت کرنا، عاجزی کے ساتھ اصرار کرنا؛ گریہ زاری کرنا، دکھڑا رونا۔

جھِینْگا ی مع مغ۔ امذ۔ کیکڑے کی قبیل کا ایک پتلی دم کا مختصر آبی جانور جس کے گول پتلے نیم شفاف خول میں مچھلی کی طرح کا گوشت یا گودا ہوتا ہے جسے پکا کر کھاتے اور بعض اوقات سکھا کر رکھ لیتے ہیں؛ لفظاً سُوکھا(انگ: Shrink کے بھی اصلی معنی یہی ہیں، سکھایا ہوا)۔ (۲) ایک لمبی پتلی ترکاری تُرئی کی ایک قسم، رام توری (لاط: Cucumis Acutangulus)۔

جھِینْگا ی مع مغ۔ صف۔ رک **جھلنگا**۔

جھِینْگَر ی مع مغ۔ فت گ۔ امذ۔ ٹڈّے کی قسم سے ایک جانور جس کی دو پتلی بال سی موچھیں ہوتی ہیں، نر اپنے بازوؤں کی رگڑ سے ایک مخصوص چہچہاتی آواز نکالتا ہے برسات میں زیادہ بولتا ہے، گھروں میں کپڑوں کاغذوں کو چاٹ جاتا ہے۔

چ

چ چے چا۔ امث۔ اردو حروف تہجّی کا چودھواں حرف، حَنَکی مصمتہ، جیم عجمی، عربی الفاظ میں موجود نہیں۔ قدیم دکھنی اردو میں حرف تاکید و تخصیص "ہی" کا مترادف۔ جمل میں ج کا ہم عدد (۳)۔

چا (۱) امث۔ چائے (رک)۔

چا (۲) امذ۔ ریاضی اور سائنس کی ترقیمات میں یونانی حرف Upsilon (ϒ) کا بدل۔

چاب (۱) امذ۔ ایک درخت جس کے پھل کو گج پیپل کہتے ہیں۔ [لاط: Piper Chavya]۔

چاب (۲) امث۔ چبانے کا فعل۔ (حیوانیات) **چاب تَہہ** جھینگر وغیرہ حشرات کے جبڑے کا نچلا حصہ۔ ف م۔ **چابنا** چبانا۔

چابُک ضمہ ب۔ امذ۔ جانوروں کو ہنکانے کا کوڑا، (گندھے ہوئے) تسموں کا تازیانہ۔ صف تیز پُھرتیلا۔ مرکب وصفی **چابک دَست** صفائی اور پھرتی سے کام کرنے والا امذ **چابک سَوار** (فت س) گھڑ سواری کا ماہر یا استاد گھوڑوں کو تربیت دینے والا۔

چابک دَھری ضمہ ب، فت دھ۔ امث۔ پھولوں کی جھاڑیوں میں سے ایک جھاڑی، چابک دستہ(لاط: Cryptospegia Grandiflora)۔

چابک سَوطَئی ضمہ ب، و لین، فت ط۔ صف۔ (حیاتیات) وہ جرثومہ جس کے ایک سرے پر کئی سوطیے (ریشے) لگے ہوں۔

چابُکی ضمہ ب۔ امث۔ پھرتی، تیز دستی۔ مذ۔ حیاتیات: **چابکی ریشے** جراثیم کے جسم پر خوردبین سے دیکھے جانے والے ریشے یا بَل سوطیے۔

چابی امث۔ کُنجی [پرتگالی : Chavi]۔

چاپ (۱) امث۔ قدموں کی آواز، پانْو کی آہٹ۔
چاپ (۲) امث۔ چھپائی۔ مرکب **چاپخانہ** مطبع۔
چاپ (۳) امث۔ سوکھی شاخیں یا جھاڑی جس میں پتے نہ ہوں۔
چاپ (۴) کمان، محراب۔
چاپَٹ (۱) فت پ۔ امث۔ بھوسی، چوکر۔
چاپَٹ (۲) امذ۔ سنگتراشوں کا ایک اوزار جس سے پتھر کاٹتے ہیں؛ چھوٹی قسم کا تکلا۔
چاپَڑ فت پ۔ امذ۔ پَتلا، چِپٹا نگینہ جو ایک طرف سے ترشا ہوا ہو؛ جالی دار بُنی ہوئی چٹائی؛ قصائیوں کا قیمہ کوٹنے کا تختہ جو عموماً درخت کا کٹا ہوا تنا ہوتا ہے۔
چاپلُوس سک پ، ومع۔ صف۔ خوشامدانہ باتیں کرنے والا، خوشامد خورا امث **چاپلُوسی** خوشامد۔
چاتُر ضمہ ت۔ صف۔ ذکی، فہیم، ہوشیار، باتدبیر (۲) امذ ماہی گیری کا بڑا جال؛ نیز **چاتَر**۔
چاتَک فت ت۔ امث۔ پپیہا۔
چاٹ امث۔ چٹپٹی مسالے دار پھلوں ترکاریوں کی قاشیں؛ کچالو؛ منہ کو لگا ہوا مزا جس کے لیے بار بار جی چاہے، حرص، چسکا، ہوس، لالچ۔
چاٹَن فت ٹ۔ امث۔ جنگل یا پہاڑ پر وہ مقام جہاں جانور نمک چاٹنے کے لیے آتے ہیں۔
چاٹنا سک ٹ ف م۔ کسی چیز پر زبان پھیرنا، زبان کے ذریعے منہ میں رکھنا؛ دیمک جھینگر یا دوسرے حشرات کا کاغذ لکڑی درختوں وغیرہ کو کھانا۔ (تکمیل فعل) **چاٹ جانا** کھا کے برابر کر دینا، بالکل صفایا کر دینا، ہَضم کر جانا، نیز مجازاً: کسی علم یا کتاب کو ذوق و شوق یا انہماک سے پڑھ ڈالنا۔
چاٹی امث۔ دودھ یا دہی کی ہانڈی۔

چاچَت فت چ۔ امث۔ (موسیقی) پانچ مارگ تالوں میں سے ایک جوکم مستعمل ہیں۔
چاچَر فت چ۔ امث۔ طبلے کی ایک دس ماترے کی تال، دیپ چَندی، روپ چَندی تال۔
چاچَن فت چ۔ امذ۔ چاؤ چوچلا، پیار،دُلار۔
چادَر فت د۔ امث۔ جسم پر لپیٹنے یا بستر پر بچھانے کا کپڑا؛ چادر کی شکل میں گوندھی ہوئی پھولوں کی لڑیاں؛ آبشار، جھرنا؛ عموماً پانی کی چادر یا چادرِ آب۔ **چادرِ اَماں** صلح کے لیے لہرایا جانے والا سفید جھنڈا **چادَر تَطہِیر** (فت ت، سک ط، ی مع) حضرت فاطمہ زہرا دختر رسول صلعم کی چادر جس کے بارے میں آیۂ تطہیر اتری، نیز **چادَر زَہرا**۔ ج مث۔ **چادَر کی توپیں** ایک قطار میں کھڑی ہوئی کئی توپیں جو ایک ساتھ گولے سر کریں۔ امث۔ **چادَر گَنج** آتشبازی جس کے پھول آبشار کی طرح گرتے ہیں۔ **چادَر مَہتاب** چاندنی، چاند کی روشنی۔
چار عدد۔ تین اور ایک کا مجموعہ، تین کے بعد کا عدد نیز چہار ج مذ **چار اَبرُو** مرادنہ سر چہرے کے تمام بال۔م: چار ابرو کا صفایا۔ سر اور چہرے کے بال مُنڈانا۔ بَھدرا۔ نیز **چار ضرب**۔ **چار آئِینَہ** زرہ جس میں چار آہنی تختیاں سلی ہوئی ہوں۔ **چار بیخ** (ے مج) چار جڑیں یعنی کاسنی، بادیان، کرفس اور کبر یا کریل **چارپَہر** پورا دن یا پوری رات **چار تُخم** ریحان، بالنگا، اسبغول اور خُرفہ کے بیج جن کی تاثیر ٹھنڈی ہے۔ صف مث۔ چار تَرکی چار ترک یاگوشوں والی ٹوپی، چوگوشیا۔ ج مث۔ **چار تَکبِیریں** نماز جنازہ جس میں چار بار اللہ اکبر کہا جاتا ہے۔ امذ **چار جامَہ** گھوڑے کی زین کاٹھی وغیرہ گھوڑے کا ساز؛ پاجامہ۔ صف چار جوگ شطرنج کی قائم بازی جس میں دونوں طرف بادشاہ کے ساتھ ایک ایک مہرہ

رہ جائے۔ فقرہ **چار چوٹ کی مار** امذ سخت جسمانی سزا، دوہتڑ، لات، لکڑی اور کوڑا۔ ج مذ۔ **چار حرْف** لعنت (ل ع ن ت)۔ **چار خانہ** سیدھی اور آڑھی پٹیوں یا لکیروں سے بنا ہوا چوکور خانوں کاڈیزائن۔ امذ **چار دانگ** چاروں سمت۔ج مذ **چار دفْتر** چار آسمانی صحیفے؛ توریت، زبور، انجیل، قرآن؛ عدد **چاردَہ** چودہ۔ صف **چار دَہُم** چودھواں۔ (بول چال) صف **چار سَو بیس** فریبی (مجموعۂ تعزیرات کی دفعہ ۴۲۰ بابت دھوکہ دہی کی طرف کنایہ)۔ **چار شنْبَہ** بدھ کا دن۔ **چار کانے** چوسر کی بازی میں تین پانسوں پر چار نقطے اس طرح کہ دو پر ایک ایک اور ایک پر دو۔ **چار مغْز** خربوزہ، تربوز، خیارین اور کدو۔

چار (۲) چارہ کی تخفیف، مرکبات میں مستعمل م؛ **چارو ناچار** مجبوراً۔

چار (۳) امذ۔ ایک کھٹ مِٹھا پھل جس کی گری سے چرونجی حاصل ہوتی ہے، نیز پیال (لاط: Buchanania Latifolia)۔

چارا امذ۔ گھاس یا چَری جو مویشیوں کو کھانے کے لیے دی جائے (۲) مچھلی کا شکار کرنے کے لیے کانٹے پر لگایا جانے والا لاسا، طعمہ۔

چاربَیت ے لین۔ امذ ج مذ۔ ایک قسم کی رزمیہ نظم جو قدیم اردو اور پشتو میں پائی جاتی ہے، **چاربَیتَہ**۔

چارپائی سک ر۔ امث۔ بانس کی پٹیوں کا پلنگ، عموماً بان یا سُتلی سے بُنا ہوا۔

چار شَف سک ر، فت ش۔ امذ۔ چادر دوشالہ۔

چارَق فت ر۔ امث۔ جوتی، پاپوش۔

چارَک فت ر۔ امذ۔ جاسوس، مخبر۔

چارَن فت ر۔ صف۔ گھومنے پھرنے والا۔

چارواک سک ر۔ امذ۔ آزاد خیال، لامذہب نیز چاروانک۔

چاروَرَن سک ر، فت و ر۔ ج مذ۔ ہندوسماج کی چار جاتیاں، برہمن، کھتری، ویش اور شُودر۔

چارَہ فت ر۔ امذ۔ علاج، تدبیر؛ نیز **چارہ ءِ کار** امث **چارَہ جُوئی** (و مع) ترکیب ڈھونڈنا، تدبیر سوچنا۔ نیز **چارَہ سازی**۔ حل نکالنا، علاج کرنا۔

چاڑ امذ۔ موچیوں کا ایک سینگ کا بنا ہوا اوزار جس سے جوتی کے کنارے بناتے ہیں۔

چاڑ امث۔ سن کی ایک قسم، پَٹ سن سے مشابہ۔

چاڑھ امث۔ شکار کو جھاڑیوں سے باہر نکالنے کے لیے شور مچانا؛ ہانکا۔

چاشْت سک ش۔ امذ۔ ایک پہر دن چڑھے کا وقت، طلوع و زوال کا وسط۔

چاشْنی سک ش۔ امث۔ ہلکی ترشی؛ خوشگوار ذائقہ؛ شیرہ، قوام، امذ۔ **چاشنی گِیر** خانساماں، مطبخ کا نگراں؛ سونے کا پارکھ سنار۔

چاق صف۔ تندرست، توانا، مرکب عطفی: چاق و چوبند: چست، پُھرتیلا۔ [ت: چاغ]۔

چاقُو و مع۔ امذ۔ پھل ترکاری وغیرہ چھیلنے تراشنے کا دستہ دار، نکیلا ایک طرف کی دھار والا آلہ؛ خنجر جس کے صرف ایک طرف دھار ہو۔

چاک (۱) امذ۔ درز، جِھری، کپڑے پر چرنے کا نشان، زخم۔ **چاکِ قلم** قلم کا قط لگانے کے بعد نوک میں کیا ہوا سیدھا شگاف جس سے نوک کے دو حصّے ہو جاتے ہیں۔

چاک (۲) امذ۔ کُمہار کا پہیّا جس پر گھما کر برتن ڈھالے جاتے ہیں؛ گھومنے والا پہیّا یا پرزہ۔

چاکَر فت ک۔ امذ۔ نوکر ، ملازم امث **چاکَری** (سک ک) نوکری، روز گار۔

چاکْسُو فت ک، و مع۔ امذ۔ ایک پودے کا گہرا بھورا بیج جس کا سفُوف آنکھوں کے لیے مفید ہے۔

(لاط: Chacus Indica)۔

چاگا امذ۔ شیشم کی لکڑی، گِھیکوار کی طرح کی ایک نبات۔

چال امث۔ چلنے، حرکت کرنے کا عمل انداز یا رفتار؛ تدبیر، ترکیب حکمت عملی؛ جنگ یا شطرنج وغیرہ میں حریف کے مقابل حرکت یا حرکت کا جواب؛ رِواج، چلَن، روش؛ کسے ہوئے پیچ یا پہیّے کا ڈھیلا پن، کسی پرزے کی بےقاعدہ حرکت؛ بھانکن اور بھوڑ کی ذات کی ایک چھوٹی مچھلی۔ امذ۔ **چال چلَن** اعمال و افعال، کردار۔ **چال ڈھال** امذ۔ انداز، وضع، نشست و برخاست۔(میکانیات) **چال وَقتی** رسمہ موٹر کی رفتار جانچنے کی کَل، آلہ یا میٹر۔

چالا امذ۔ روانگی، رخصت؛ شادی کی رسوم میں سے ایک دعوت جو چوتھی کے ایک دو روز بعد ہوتی ہے، اور پھر ایک ماہ تک کُل چار مرتبہ مختلف عزیزوں کے ہاں ہو سکتی ہے؛ دلھن والوں کی طرف سے سمدھیانے اور عزیزوں کی دعوت۔

چالاک صف۔ پھرتیلا، تیز دست؛ تیز رفتار؛ شوخ، شریر، ہوشیار سیانا؛ فریبی۔ امث **چالاکی** چستی، شرارت، فریب۔

چالان امذ۔ ملزم کے خلاف عدالت میں دعویٰ؛ عدالت کی طرف سے طلبی کا حکم، مقدمے کے سلسلے میں تحریرات، فرد، فہرست، بیجک وغیرہ؛ پروانہ، پرمٹ۔

چالک فت ل۔ صف۔ شریر ہاتھی؛ چال چلنے والا۔

چالُو و مع۔ صف۔ چلتا ہوا، رواں؛ حرکت میں آیا ہوا؛ مروّج، عام طور پر رائج۔

چالی امث۔ بانس کا ٹھاٹھر۔ پاڑ پر کاریگر کے بیٹھنے کی جگہ۔

چالیا کس ل۔ صف۔ چالباز، عیّار۔

چالِیس ی مع۔ عدد۔ تیس اور دس (۴۰) صف

چالیسواں شمار میں ۳۹ کے بعد کا امذ۔ میت کی وہ فاتحہ جو عموماً انتقال کے ۴۰ دن سے پہلے منعقد ہوتی ہے۔

چالِیک ی مع۔ امذ۔ گلی ڈنڈا کا ایک نام۔

چام امذ۔ چمڑا؛ جانور کی دباغت کی ہوئی کھال؛ چمڑی، پوست۔ **چام چوَری** زنا کاری صف۔ **چام چوَر** زانی **چام پُشپ** چھالیہ کا درخت۔

چامَہ فت م۔ (موسیقی) گیت، غزل یا ترانہ۔

چانْتی امغ۔ امث۔ مہرکَن کا آلہ، پھرکی دار نکیلا جس سے حروف کے دور کاٹے جاتے ہیں۔

چانْٹا امغ۔ امذ۔ چپت جس کی آواز چٹاخ نے نکلے۔ نیز رک **چانْڈ**۔

چانْٹی امغ۔ امث۔ طبلے کے منڈے ہوئے چمڑے کے کناروں کا حاشیہ جس پر انگلی سے ضرب لگائی جاتی ہے۔

چانْچی امغ۔ امث۔ روغنی مٹی، روغن بھرے ہوئے مٹی کے برتن۔

چانْد غنہ۔ امذ۔ زمین کا طفیلی سیارہ، قمر (۲) امث۔ کھوپری کی چھت، چندیا امث۔ **چاند پَری** (مشاطگی) ماتھے پر دونوں طرف جمائی جانے والی ہلالی پٹیاں۔ رک: **ببری**۔ امذ **چاند پَروانہ** پھلوں کے پودوں کا ایک کیڑا۔ صف **چاند کا ٹکڑا** نہایت حسین۔ امث۔ **چاند گاڑی** وہ گاڑی جس میں خلائی ہوا باز چاند کی سطح پر چلے۔ امث۔ **چانْد ماری** بندوق سے نشانے بازی کی مشق۔

چانْدا امغ۔ امذ۔ گول کھپرا، مچھلی کا پر؛ زاویہ پیما، نصف دائرے یا لاطینی حرف D کی شکل کا نشانات لگا ہوا اِقلیدسی آلہ۔

چانْدَر امغ، فت د۔ امذ۔ جنگل میں زمین کا صاف کھلا قطعہ۔

چانْدرآین غنہ، فت ی۔ امذ۔ ایک ہندوانی برت جو

پورن ماشی سے شروع ہوتا ہے۔ پہلے دن پندرہ لقمے کھائے جاتے ہیں اور ہر روز ایک لقمہ کم کرتے جاتے ہیں، حتیٰ کہ نئے چاند کی رات کو کچھ نہیں کھایا جاتا اور پھر پورن ماشی تک ہر روز ایک لقمہ بڑھایا جاتا ہے۔

چاندلا غنہ۔ امذ۔ ماتھے کا جڑاؤ ٹیکا۔

چاندلی غنہ، سک د۔ امث۔ کھوپری۔

چاندَن امغ، فت د۔ امث قمری مہینے کا پہلا پندرھواڑہ، **چاند پکش**۔

چاندنا غنہ، سک د۔ امذ۔ اجالا؛ پہاڑی تیتر کی ایک قسم [لاط: Gallophasis Albocristatus]۔

چاندنی غنہ سک د۔ امث۔ چاند کی روشنی؛ فرش پر بچھانے کی اجلی سفید چادر؛ ایک سفید پھول، گل چاندنی (لاط: Tabernaemon Fana Coronaria)۔

چاندوا غنہ۔ امذ۔ شامیانہ، سائبان، مہتابی۔

چاندی امغ۔ امث۔ چمکدار اور سفید قیمتی دھات، نقرہ، فِضّہ؛ بھرپُور منافع م: قِلت سے نفع خورں کی چاندی ہو گئی؛ ایک قسم کی چھوٹی روپہلی چھلکوں کی مچھلی۔ **چاندی کا مَیل** چاندی صاف کرنے سے نکلنے والا کچرا، چاندی کا رنگ، خُبث الفِضّہ۔

چاندی کی جُوتی مالی مدد یا احسان کا دباؤ۔

چانڈ سک ن۔ امذ۔ ستون، کھم، اڑواڑ کی بلّی۔

چانڈا امغ۔ امذ۔ ہلالی شکل کا دستہ دار کفچہ جو کھنڈ ساری میں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) کوے کی چونچ کی شکل کا زر با فی کا اوزار۔

چانڈنا سک ن ڈ۔ ف م۔ سان رکھنا، دھار تیز کرنا۔

چانڈو غنہ، و مع۔ امذ۔ رک: **چنڈو**۔

چانڈی امغ۔ امذ۔ (کاشتکاری) بجائی کے لیے استعمال ہونے والا قیف نما نلوا۔

چانک غنہ۔ امث۔ مُہر، ٹھپہ۔ ف م۔ **چانکنا** کھلیان کو مہر بند کرنا نیز **چانگ**۔

چانگیا غنہ، سک گ۔ امذہل کا نچلا حصہ جس میں پھار جڑی ہوتی ہے۔

چاوڑی سک و۔ امث۔ گانو د پنچایت گھر؛ تھانہ چوکی، کوتوالی۔

چاوَل فت و۔ امذ۔ سفید نکیلے دانوں کا غلّہ جو دھان کے چھلکے میں سے نکلتا ہے، برنج۔ آٹھ خشخاش کے دانوں کے برابر وزن، رتّی کا آٹھواں حصہ۔

چاوَلی فت و۔ امث۔ چھاج جس میں غلّہ پھٹکتے ہیں۔

چاہ (۱) امث۔ خواہش، طلب؛ پیار ف م۔ **چاہنا** مرضی کا اظہار کرنا؛ محبت کرنا؛ مانگنا۔ امث۔ **چاہَت** عشق، پریم، پیار۔

چاہ (۲) کنواں، کُواں؛ ایک کنوئیں سے سیراب ہونے والا زمین کا قطعہ۔ عَلَم **چاہ بابُل** بغداد کے پاس ایک پتلے منہ کا کنواں جس کی بابت عقیدہ ہے کہ اس میں ہاروت و ماروت دو گمراہ فرشتے لٹکے ہوئے ہیں جنہیں ایک حسین عورت زہرہ نے بہکا لیا تھا اور انہوں نے اس کو اسم اعظم بتا دیا تھا جس کے زور سے وہ آسمان پر چلی گئی؛ **چاہ بیژَن/ بیژن** فردوسی کے شاہنامے کے مطابق وہ کنواں جس میں افراسیاب نے رستم کے بھانجے بیژن کو اپنی بیٹی مَنیژہ سے محبت کی سزا میں قید کر دیا تھا۔ امذ **چاہِ ذَقَن** ٹھوڑی کا گڑھا، چاہ غبغب، زَنخدان **چاہِ زمزَم** کعبہ شریف کے نزدیک حرم کے اندر ایک چشمہ۔ **چاہ کَن** (فت ک) کنُواں کھودنے والا۔ عَلَم **چاہ کَنعاں** (فت ک) وہ کنُواں جس میں حضرت یوسف کو ان کے بھائیوں نے قید کر دیا تھا۔ **چاہِ نَخشَب** (فت ن ش) وہ کنُواں جس میں سے حسب روایت ابن مقنّع کا بنایا ہوا منصوعی چاند نکلتا تھا۔

چاہا امذ۔(مہر کنی) لکڑی کا دستہ جس پر نگینے

کو جما کر گھسا جاتا ہے؛ (۲) ایک آبی پرندہ (لاط: Scolopax Gallingo)۔ نیز چَہا۔

چاہا چاہی امث۔ وطن دوستی، حب الوطنی۔

چاہک فت ہ۔ امذ۔ گدّی کاگڑھا، نقرہ۔

چاہی امث۔ صف۔ کنوئیں سے سیراب ہونے والی (زمین)۔

چاہیتا رک: **چہیتا۔**

چاؤ و مج۔ امذ۔ اشتیاق، ارمان، پیار، محبت۔

چاؤُش و مع۔ امذ۔ جلوس کے اگے چلنے والا نقیب، منادی یا اعلان کرنے کے لیے بھیجا جانے والا سپاہی یا سوار۔

چائے ے مج۔ امث۔ ایک جھاڑی کی پُھنگ پر سےتوڑی جانے والی نرم پتّیاں؛ ان پتیوں کو سکھا کر اُن سے تیارکیا جانے والا جوش کردہ مشروب۔ **چائے پانی** ضیافت، خاطر تواضع۔ **چائے پوچی** و مج۔ چائے کی کیتلی کا غلاف۔ **چائےدانی** چائے کی پتیاں اور جوش کیا ہوا پانی ڈال کر چائے تیار کرنے کا ٹونٹی دار ظرف؛ کیتلی۔ **چائے روگ** چائے کی جھاڑیوں کو لگنے والا کیڑا۔ (لاط: Heliopeltis کی مختلف اقسام)۔

چَبّا فت ج، شد ب۔ صف۔ دھار دار آلہ جس کی دھار بیچ میں سے گھس گئی ہو۔

چَباکی فت چ۔ امذ۔ اُلّو، چغد، بُوم۔

چَبانا فت چ۔ ف م۔ دانتوں سے پیسنا، جبڑے سے توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ منہ پر آئی ہوئی بات کو ٹال جانا۔ **چبا چباکر باتیں کرنا** رک رک کر، تامّل کے ساتھ بولنا، کچھ بتانا کچھ نہ بتانا۔

چَباوَن فت چ و۔ امذ۔ صف۔ غلّے کا دانہ جو پوری طرح پک کر چبانے کے لائق ہو جائے۔

چَبَڑ چَبَڑ فت چ ب۔ امث۔ چبانے کی آواز؛ **چَبَڑ چَبَڑ بولنا** جلدی جلدی لگاتار باتیں کرنا، باتیں ملانا۔

چَبَک فت چ پ۔ امث۔ ٹیس، چمک۔

چُبک کس چ، ضمہ ب۔ امث۔ تھوڑی۔

چِبلا کس چ پ، شد ل۔ صف۔ غیر سنجیدہ انداز میں بے تکلفی برتنے والا؛ مُنہ لگنے گستاخی کرنے والا۔ مث **چِبلّی**۔ ا کیف مث۔ **چِبلّا پَن** چھچھورپن، طفلانہ، متانت سے عاری انداز۔ ف ل۔ **چِبلَنا۔**

چَبُوتْرا زمین سے ذرا اٹھا ہوا پختہ فرش۔ امث۔ **چَبُوتری** چھوٹا چبوترا۔

چَبینا فت چ، ی مع۔ امذ۔ شغلاً ٹھنگارنے کے لیے بھنے ہوئے دانے، گری وغیرہ۔

چُبھانا ضمہ چ۔ رک: **چُبھونا۔**

چُبھنا ضمہ چ، سک بھ۔ فل۔ کسی نوکدار چیز کا جسم میں داخل ہونا؛ بُھکنا؛ کسی بات کا ناگوار گزرنا یا کھٹکنا۔ اکیف مث **چُبھَن** کانٹا چبھنے کی تکلیف یا اس سے ملتی جُلتی کیفیت، کھٹک۔

چُبھونا ضمہ چ، و مج۔ ف م۔ بھونکنا، گھونپنا، چھیدنا، گودنا، کسی نوکدار چیز کو کسی جگہ گھسانا۔

چَپ فت چ۔ ظرف مکان۔ بائیں سمت، بایاں (ہاتھ ، پاٗنو وغیرہ)؛ دو رنگی پتنگ؛ دو رنگا کبوتر. صف **چَپ دَست** گھوڑا جس کی بائیں ٹانگ کا ٹخنہ سفید ہو، ایساگھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ **چَپ راست** فوجی پریڈ میں پکارے جانے والے الفاظ جن کے مطابق پریڈ کرنے والے بایاں دایاں قدم اٹھاتے ہیں۔ محاورہ **چَپ غلَط دینا** لہراتے ہوئے دوڑنا تاکہ تعاقب کرنے والا پکڑ نہ سکے، غچّہ دینا۔ (کیمیا) **چَپ گرداں** وہ بلوری قلم یا ریزہ جس کی روشنی کا انعکاس قطب سے بائیں طرف ہو، راست گرداں کا نقیض۔ [انگ levorotatory]۔ مرکب عطفی۔ **چپ و راست** دایاں بایاں؛ دائیں بائیں،

ہر طرف۔

چُپ ضمہ چ۔ امث۔ خاموش، منہ بند رکھنا۔ **چُپ تَعزیَہ** آٹھویں محرم کا تعزیہ جو بعض مقامات پر خاموش جلوس کے ساتھ لے جایا جاتا ہے۔ صف ، م ف۔ **چُپ چاپ** خاموش، چپکے سے، خفیہ طور سے؛ نیز **چُپ چُپاتے**۔ صف مث **چُپ چھنال** گھنّی عورت، چپکی شریر۔ (بول چال) **چُپ شاہ کا روزَہ**۔ نہ بولنے کی قسم۔

چَپّا (۱) فت چ، شد پ۔ امذ۔ زمین کا بہت چھوٹا قطعہ، بالشت بھر زمین نیز **چَپّہ**۔

چَپّا (۲) فت چ، شد پ۔ امذ۔ گلّی پر ڈنڈا مارنا جب کہ وہ زمین پر ہو۔

چَپائی فت چ۔ امث۔ پتلی فطیری روٹی۔

چَپاولی فت چ، سک و۔ امث، صف۔ ایک جنگی چال، جَھکائی یا دھوکا دے کر غیر متوقع سمت میں وار کرنا۔ نیز **چپاولی لَڑائی**۔

چَپَت (۱) فت چ پ۔ امذ۔ کھلے ہاتھ کی ضرب جو منہ پر لگائی جائے۔

چَپَت (۲) امث۔ زنانہ ہم جنسی فعل، سحق۔ مرکب **چَپَت باز** چپتی کھیلنے والی، طبق زن، نیز **چِپٹی** عورت کی عورت کے ساتھ ہمبستری۔

چَپَت (۳) امث۔ دو برابر کی موٹائی کے تختوں کو باہم جوڑنا۔ وصلی جوڑ کا نقیض۔

چِپٹا فت چ پ۔ صف۔ ہموار، مسطّح جس میں گھڑھا یا ابھار نہ ہو؛ چوڑا، چکلا، پھیلا؛ کم گہرائی والا، اُتھلا؛ پچکا، دبا ہوا م: چپٹی ناک۔

چِپچِپا کس چ، سک پ۔ صف۔ چپکنے والا، لیس دار، ا کیف **چِپچِپاہٹ**۔

چِپّخ کس چ، شد فت پ۔ صف۔ پچکا ہوا، پَچّخ، پچک۔

چِپخا کس چ، سک پ۔ امذ۔ نر شکرا۔

چَپراس فت چ، سک پ۔ امث۔ باوردی ملازم چوکیدا، چوبدار وغیرہ کی کمر پیٹی؛ ایک کاندھے پر سے دوسری بغل کے نیچے تک لٹکائی جانےوالی چوڑی رنگین پٹی؛ چپراسی کا منصب یا کام؛ نیز **چَپراس گیری** امث **چپراسی** چوکیدار، ہرکارہ، افسر کا پیش خدمت۔ امث **چَپراسَن**۔

چَپڑانا فت چ، سک پ۔ ف ل۔ چبا چبا کر باتیں کرنا؛ دڑ بڑانا، جُھوٹا بنانا۔

چَپڑ خَندی فت چ پ، سک ڑ، فت خ، سک ن۔ صف مث۔ بیہودہ باتیں کرنیوالی چِلّی عورت، مردوں سے ہَنسی مذاق کرنے والی بے باک، ہوائی دیدہ عورت۔

چپڑ غنّو فت چ پ، سک ڑ، فت غ، شد ٹ، و مع۔ صف۔ بے سُدھ، بے بس، حواس باختہ۔

چَپڑ قَناتی فت چ پ، سک ڑ، فت ق۔ صف۔ کم مرتبہ، کمینہ، وضیع، بازاری آدمی۔

چَپَڑ فت چ، شد فت پ۔ امذ۔ استر کاری کا ٹکڑا جو اچھی طرح چپکا نہ ہو اور اکھڑ جنے۔ تَپّڑ، پَپڑی۔

چَپڑا فت چ، سک پ۔ امذ۔ صاف کی ہوئی لاکھ۔

چُپڑا ضمہ چ، سک پ۔ صف۔ گھی یا تیل لگا کر چکنا کیا ہوا۔ امث **چُپڑی** م: **چُپڑی روٹی**۔ جس پر گھی ملا گیا ہو۔ ف م۔ **چُپڑنا** گھی یا تیل ملنا، چکنا کرنا۔ مثل: محاورہ **چُپڑی اور دو دو** دوہرا فائدہ۔

چَپڑاس فت چ، سک پ۔ رک: **چَپراس** و تحتی الفاظ۔

چَپڑ چَپَڑ فت چ پ، سک ڑ۔ امث۔ نقل صوت۔ منہ کھول کر نا شائستگی سےچبانے کی آواز۔

چَپقَلِش فت چ، سک پ، فت ق، کس ل۔ امث۔ تکرار، جھگڑا، مُچّیٹا [اصلاً ت: چپقلش تلوار کے دو دوہاتھ]۔

چَپک فت چ ب۔ امث۔ تپک، کھٹک۔
چُپک ضمہ چ، فت پ۔ امذ۔ تمباکو نوشی کا پائپ یا نلکی۔
چِپک کس پ؛ شد فت ب۔ امث۔ ایک قسم کی چمگادڑ جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ رات کو بکریوں کا دودھ پی جاتی ہے۔ [لاط: Caprimalgidac].
چُپکا ضمہ چ، سک پ۔ صف۔ خاموش، بے آواز، آہستہ۔
چپکانا کس چ۔ ف م۔ کسی لیس دار مادّے، گوند، لئی وغیرہ سے چسپاں کرنا؛ پیوست کرنا، جوڑ ملانا، پھٹے ہوئے کو جوڑنا، وابستہ کرنا؛ (فقرہ وغیرہ) چُست کرنا، جَڑنا۔ ف ل چِپکنا۔ صف چِپکو، چِپکوَاں، چِپکِیلا۔
چِپکَن فت چ، سک پ، فت ک۔ امث۔ رک: اَچکَن۔
چَپَل فت چ پ۔ صف۔ شوخ، شریر؛ چالاک تیز دست۔ امث چَپلائی چنچل پن نیز چَپلتا۔
چَپّل فت چ، شد فت پ۔ امث۔ پانو کا کھلے پنجے اور کھلی ایڑی کا پہناوا جس کی بہت سے شکلیں ہیں۔ امث چَپلی چھوٹی چَپّل۔ امذ چَپلی کَباب بڑے گوشت کا مسالے دار تلا ہوا چپٹا کباب جس کے مسالے میں اناردانہ، دھنیا، پیاز وغیرہ نیز آٹا اور انڈا شامل ہوتا ہے۔
چَپنی فت چ، سک پ۔ امث۔ پتیلی کا چپٹا ڈھکنا؛ گھٹنے کے سامنے کی چپٹی ہڈی؛ کان کا وہ چھوٹا حصہ جو سوراخ کے سامنے ہوتا ہے۔
چَپّو فت چ، شد ب، و مع۔ امذ۔ کشتی کھینے کا ڈنڈا، ڈانڈ، پتوار۔ (حیوانیات) چَپّو پَیرا چپٹے پیروں کا آبی جانور۔
چَپوَٹی فت چ، و مج۔ امث۔ سر ڈھکنے کی معمولی پگڑی۔ (لنگوٹی کا جواب)۔
چَپّی فت چ، شد ب۔ امث۔ سر یا جسم کی مالش۔ نیز مُکّی چَپّی۔
چِپّی کس چ، شد ب۔ امث۔ (تعمیرات) ستون کی لمبان میں بنی ہوئی ابھرواں دھاری، ج چِپیّاں عمودی اُبھار۔
چُپّی ضمہ چ، شد ب۔ امث۔ خاموشی۔
چَپیٹ فت چ، یے مج۔ امث۔ ریٹوں تصادم، کسی تیز رفتار چیز سے ٹکراؤ امذ چپیٹا، نیز جَھپیٹ، لپیٹ۔
چَپیٹنا فت چ، ے مج، سک ک۔ ف م۔ چپکانا، مَنڈھنا، لگانا (صرف مجازاً الزام وغیرہ کے لیے)۔
چَپال فت چ۔ امث۔ دلدل میں گھری ہوئی زمین۔
چِت کس چ۔ صف۔ سیدھا پیٹھ کے بل لیٹا ہوا، سیدھے رخ گرنے والا، پٹ کا اُلٹ؛ کُشتی میں ہارا ہوا جس کے شانے زمین پر ٹک جائیں۔
چِت (۲) کس چ۔ امذ۔ سوچ، خیال، من، شعور۔ مرکب چِت چور دل چرانے والا، محبوب۔ چِت لَگَن دلربا، لبھانے والا۔
چِت (۳) کس چ۔ امث۔ داغ، دھبّہ، عیب جو نگینے میں ہو۔
چِتا کس چ۔ امث۔ ہندوؤں کے مردے کو پھونکنے کےلیے تیار کیا جانے والا لکڑیوں کا الاؤ یا چُنا ہوا چبوترا۔ امذ۔ چِتا رَوہن بیوہ عورت کا ستی ہونے کے لیے چتا پر چڑھنا۔
چِتّا کس چ، شد ت۔ امذ۔ (شمشیر زنی) بغل کے نیچے پہلو پر وار۔
چِتار کس چ۔ امذ۔ مصوّر، نقاش، اصلاً چِتْر کار ف م چِتارْنا تصویر بنانا۔
چِتانا کس چ۔ ف م۔ سمجھانا، ہوشیار کرنا، یاد دلانا۔ امث چِتاؤنی نصیحت، آگاہی، تنبیہہ۔

چَتْر فت چ، سک ت۔ امذ۔ چھتر سائبان؛ راجاؤں امیروں کے سر پر سائے یا شان کے لیے چھائی جانے والی چھتری، نیز **چَتْر شاہی** مرکب عطفی **چَتر توغ** (ومج) طرّے دار علم جس کی شکل گائے کی دم کی طرح گپھے دار ہوتی تھی۔ نیز **چَتر توق**۔ امث **چَتْرمار** (کس مج ر، سک ت) سانپ کی چھتری، کُھنبی۔

چَتْر فت چ، ضمہ ت۔ رک **چاتُر**۔

چَتْرانْگا فت چ، سک ت ر، فت ا، غنہ۔ صف۔ چار اعضا حصّوں یا شعبوں والا مث **چَترَنگی** (اصلاً: چَتر انگی)۔

چَتْر بَھدْرا فت چ،ضمہ ت، فت بھ، سک بھ۔ امذ۔ چار نیک مقاصد۔ اُسوۂ چھارگانہ یعنی نیکی مسرت دولت اور نجات کی تلاش۔

چَتْروید فت چ، سک ت،ضمہ ت، ے مج مذ۔ ہندو دھرم کے چار مقدس وید؛ رگ وید، سام، وید، یجر وید اور آتھرو وید۔ **چَتَرویدی** پنڈت جو چاروں وید پڑھے ہوئے ہو۔

چِتْر کس چ، سک ت۔ امذ۔ تصویر، نقش؛ داغ، دھبّا، نشان صف چترا داغدار، نیز امذ۔ ستاروں کی ایک منزل(لاط۔Spica verginica)

چَترانْت فت چ، ضمہ ت، سک ن۔ صف۔ چار کھونٹ تک پھیلایا ہوا دنیا پر محیط۔

چَتْرنْگا رک: **چَترانگا**۔

چَتری فت چ، سک ت۔ امث۔ ایک فصلی کیڑا۔

چِتْکَبرا کس چ، سک ت، فت ک، سک ب۔ صف۔ سیاہ و سفید، دورنگا، ابلق، امث۔ **چِتْکَبْری** نیز امث۔ ایک فصلی کیڑا جو گنے کی فصل کو لگتا ہے اس میں سرخ داغ پڑ جاتے ہیں؛ چتکبری سُنڈی۔

چِتْلا کس چ، سک ت۔ صف۔ چتّی دار، جلد یا کھال وغیرہ جس پر سفید بندکیاں ہوں۔

چِتوَڑا کس چ، و لین۔ امذ۔ کُونج، سرخاب کی ایک بڑی قسم۔

چِتْوَن کس چ، سک ت، فت و۔ امث۔ تیوری، نظر؛ طرزِ نگاہ۔

چِتّی کس چ، شد ت۔ امث۔ مہین داغ، بُندکی؛ پُرزہ، ریزہ۔ صف **چِتّی مَنگل** وہ گھوڑا جس کے سرگردن سینہ، پانْو اور دُم پر سفید نشان ہوں، مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

چِتیرا کس چ، ے مج۔ امذ۔ قلم سے ظروف وغیرہ پر نقش بنانے یا کھودنے والا۔

چُتّھا ضمہ چ، شد تھ۔ صف۔ زخمی، پٹا ہوا (بٹیر وغیرہ کے یے)؛ نُقل محفل، جس کا مذاق اڑایا جائے۔

چِتھاڑ کس چ۔ امث۔ چیتھڑے اڑانا، چیر پھاڑ کرنا۔ امذ۔ پرزے اڑانے سخت تنقید کرنے، بخیے اُدھیڑنے والا۔ ف م۔ **چِتھاڑنا**۔

چِتْھڑا کس چ، سک تھ۔ امذ۔ رک: **چیتھڑا**۔

چَٹ فت چ۔ امث۔ کسی سطح پر سے اکھڑا ہوا روغن، مسالے چینی وغیرہ کا ٹکڑا؛ آتشک کا دانہ یا آبلہ؛ م ف: فوراً جھٹ پٹ۔ مرکب **چَٹ پَٹ** جھٹ پٹ۔ محاورہ: **چَٹ پَٹ ہونا** یک بیک بغیر کسی طویل بیماری کے مر جانا۔ مرکب وصفی **صَفا چَٹ** بالکل غائب۔ (ڈاڑھی مونچھ کے لیے مستعمل)؛ چٹیل م: صفا چٹ میدان۔

چَٹّا (۱) فت چ، شد ٹ۔ امذ۔ اوپر تلے چُنی ہوئی اشیاء۔ہنڈیاں، اینٹیں وغیرہ،نیز چَٹھا مرتب انبار۔

چَٹّا (۲) فت چ، شد ٹ۔ امذ۔ ریشم کا نہایت باریک بٹا ہوا دھاگا۔

چَٹّا (۳) فت چ، شد ٹ۔ امذ۔ داغ، نشان؛ سرخ دھبے جو جسم پر جِلدی یا خون کی خرابی سے پڑ جاتے ہیں۔

چِٹّا کس چ، سک ٹ۔ صف۔ سفید، اجلا (عموماً

گورا کے ساتھ)۔ مث چٹّی۔

چُٹّا (۱) ضمہ چ، شد ٹ۔ امذ۔ بالوں کا جُوڑا۔

چُٹّا ضمہ چ، شد ٹ۔ امذ۔ سگار، چُرٹ۔

چٹّا پَٹّی فت چ پ۔ امث۔ ایک آتشبازی؛ چھوٹے پٹاخوں کی لڑی جو چٹر پٹر کی آواز نکالتے ہیں۔ صف **چٹّا پٹّی** کئی طرح کے رنگوں میں یا رنگین پٹیوں سے بنا ہوا پردہ۔ فرش وغیرہ نیز **پٹّاپٹّی کا**۔

چَٹاخ فت چ۔ امث۔ نقل صوت۔ امث۔ پَٹاخ کی آواز، انگلیاں چٹخانے کی آواز۔ نیز **چَٹاخا**۔ م ف: **چَٹاخ پَٹاخ** پے درپے، دَبادب تڑاق بڑاق؛ امث: بوسے بازی۔

چَٹان فت چ۔ (بلا شد) اونچی پتھریلی زمین، پہاڑ کا کوئی حصّہ یا کونا، پہاڑی، ٹیلا۔

چَٹانا فت چ۔ ف م۔ **چاٹنا** (رک) کا متعدی؛ کھلانا، نذر کرنا (رشوت وغیرہ)۔

چَٹائی فت چ۔ امث۔ کھجور کے پتّوں سے بنا ہوا فرش۔

چُٹ پُٹ ضمہ چ پ۔ ج مذ۔ چھوٹے موٹے کام یا چھوٹی موٹی گھریلو اشیاء۔

چَٹ پَٹا فت چ، سک ٹ، فت ب۔ صف، مذ۔ چٹخارے دار، مسالے دار؛ مزیدار؛ نیز مجازاً؛ پُرلطف (بیان تحریر وغیرہ)۔

چٹخارا فت چ، سک ٹ۔ امذ۔ لذّت اندوزی کے طور پر زبان اور تالو سے نکلنے والی آواز؛ نیز لطف اندوزی، مزیداری؛ چٹ پٹا پن نیز **چٹکارا**، **چٹخاری**۔

چٹخانا فت چ، سک ٹ۔ ف م۔ انگلیوں سے چٹا کے کی آواز نکالنا؛ دور دفع کرنا، رخصت کرنا، **جُوتیاں چٹخاتے پھرنا** مارا مارا پھرنا۔

چَٹَخنا فت چ ٹ، سک خ۔ ف ل۔ چٹخانا (رک) کا لازم؛ چٹ چٹ کی آواز نکالنا؛ اَن بَن ہو جانا، لڑائی ٹھننا۔

چٹخنی فت چ، سک ٹ، فت خ۔ امث۔ دورازے کا کھٹکا جس میں ایک گھنڈی دار سلاخ ہوتی ہے جو دیوار یا دوسرے پٹ کے سوراخ میں گھس جاتی ہے۔

چَٹَک فت چ ٹ۔ امث۔ کلی کے کِھلنے کی آواز؛ پتنگے کے اُڑنے کی آواز ف ل **چَٹَکنا** مرکب **چَٹَک مَٹَک** اتراہٹ کے ساتھ چلنا، چکتے ہوئےچلنا، لچکنا مٹکنا۔

چَٹکا فت چ، سک ٹ۔ امذ۔ ہم آواز ہو کر گایا جانے والا ایک پُرسوز فراق کاگیت۔

چَٹکا (۲) فت چٹ سک ٹ۔ امث۔ وہ زمین جو خشک ہو کر تڑق جائے۔

چُٹکا ضمہ چ، سک ٹ۔ امذ۔ ایسی چُٹکی جس میں بہت سی کھال انگلیوں میں دب جائے۔ بُکٹا۔ ف م۔ **چٹکنا** بُکٹّا بھرنا، کاٹنا، ڈسنا۔

چُٹکُلا ضمہ چ، سک ٹ، ضمہ ک۔ امذ۔ مزیدار بات، لطیفہ، شگفتہ فقرہ؛ ٹوٹکا، تدبیر، گھریلو علاج کا نسخہ؛ تفریحی مشغلہ پکّے گانے کا ایک طرز۔

چٹکوریا فت چ، سک ٹ، و مج۔ سک ر۔ امث۔ نشیبی زمین جہاں عارضی جوہڑ بن جائے۔

چٹکی فت چ، سک ٹ۔ امث۔ شدت کی پیاس، تونس۔

چُٹکی ضمہ چ، سک ٹ۔ امث۔ دو انگلیوں سے کسی کی کھال نوچنا؛ دو انگلیوں یا ایک مٹھی میں آ جانے والی مقدار؛ دوا جو سفوف کی شکل میں ہو؛ چٹاخے کی آواز جو انگوٹھے اور انگلی کو تیزی سے مَل کر نکالی جائے؛ کاغذ وغیرہ دبانے کا کلپ۔ چٹکی سے موڑ کر بنائی ہوئی دھَنک یا لچکا؛ کٹار یا خنجری جو گلبدن یا مشروع میں بنی ہو۔ پانو کی انگلی کا چھلّا ایک طرح کا موچنا محاورۃً **چُٹکی لینا** چبھتی ہوئی بات کہنا۔ (مجازاً) ج۔ **چُٹکیاں** چھیڑ چھاڑ، مزیدار ، ہنسی مذاق کی باتیں م ف۔ **چُٹکی بجاتے**، تُرت پُھرت، فوراً، معاً۔

چٹکیلا فت چ، سک ٹ، ی مع-صف- بھڑکدار، چمکتا دمکتا؛ (گوٹا وغیرہ) شوخ و شنگ، چٹ پٹا۔

چُٹلا ضمہ چ- چوٹی کے ساتھ گوندھی جانے والی عموماً کالے دھاگوں سے بنی ہوئی تین لڑیوں کی چوٹی۔

چَٹَنگ فت چ ٹ، غنہ- امث- چچڑی جو کتوں وغیرہ کے کان میں پیدا ہو جاتی ہے اور جسم میں پھیل کر خون چوستی ہے۔

چٹنی فت چ، سک ٹ- کھچڑی وغیرہ کے ساتھ ملا کر کھائی جانے والی پسی ہوئی مرچیں؛ کھانے کے ساتھ ملا کر کھایا جانے والا چاشنی دار لُعاب؛ طبّی نسخے سے تیار کردہ لعوق، جوارش محاورہ **چٹنی ہو جانا** کسی چیز کا دیکھتے دیکھتے بٹ بٹا کر ختم ہو جانا۔

چٹوا فت چ، سک - امذ- بچّوں کے شغلاً چوسنے کے لیے بنائی ہوئی ایک طرح کی چُسنی۔

چٹوّر فت چ، و مج- صف- چنچل شریر؛ حریص، نیز رک **چٹوّرا۔**

چٹوّرا فت چ، ومج- صف- چٹ پٹے مزیدار کھانوں کا شوقین- ا کیف- مذ- **چٹورپن** زبان کے ذائقے کے لیے پیسے یا صحت کا نقصان کرنا؛ کھانے پینے میں بے اعتدالی۔

چٹّی فت چ، شد ٹ- امث- مفت کا تاوان جُرمانہ یا حرجانہ؛ نیز **چاٹی۔**

چِٹّی کس چ، شد ٹ- امث- لال کی مادہ صف- سفید، گوری۔

چُٹیا ضمہ چ، سک ٹ- امث **چوٹی** (رک) کی تصغیر۔

چٹّے بٹّے فت چ، شد ٹ، ے مج، فت ب- ج مذ- چھوٹے بچّوں کے کھیلنے کے ڈوری میں بندھے ہوئے لکڑی کے ترشے ہوئے گول رنگین ٹکڑے جو ہلانے سے ٹکرا کر آواز کرتے ہیں؛ لکڑی کی گولیاں جن سے مداری تماشا دکھاتے ہیں۔

چٹیل فت چ، سک ٹ، فت ی- صف- بے آب و گیاہ میدان؛ چٹورا کبوتر جودوسروں کے ہاں سے دانہ کھانے کا عادی ہو جائے۔

چُٹیل ضمہ چ، ے مج- صف- چوٹ کھایا ہوا، زخمی (شکار)۔

چِٹّھا کس چ، شد ٹھ- امذ- حساب کی یادداشت، ملازموں مزدوروں کی روزانہ کی مزدُوری کا حساب- م؛ چٹھا بانٹنا مزدوری تقسیم کرنا- مرکب وصفی **کچّا چٹّھا** حقائق، سچّی، پوست کندہ باتیں۔

چِٹّھی کس چ، شد ٹھ- امث- رقعہ، خط؛ پرچہ، لیبل- **چٹّھی چپاٹھی** خط پتّر فضول مراسلت، پرچے بازی- **چٹّھی رَساں** (فت ر) ڈاکیہ [ا؛ چٹھی + ف؛ رساں]۔

چَچا فت چ- امذ- باپ کا بھائی، (تعظیماً) براپ کے برابر کا شخص- امث چچی۔

چَچر فت چ- امث- اُفتادہ، زمین جس میں کاشت نہ کی جا رہی ہو یا روک دی گئی ہو۔

چَچڑی فت چ، سک چ- امث- باوبڑنگ کا پودا [لاط: Myrisine Africana]۔

چچڑی کس چ، سک چ- امث رک؛ **چٹنگ۔**

چچوڑنا فت چ، ومج، سک ڑ- ف م- ندیدے پن سے چُوسنا- (چھاتی، تھن، ہڈی وغیرہ)۔

چَچیا فت چ، سک چ- صف- جس کے ساتھ شوہر یا بیوی کے چچا کی نسبت سے ناتا ہو م؛ **چچیا خُسر۔**

چِچیانا کس چ، سک چ- ف ل- چیں چیں کرنا، پتلی کوکتی ہوئی آواز میں بولنا۔

چچیرا فت چ، ے مج- صف- چچازاد، امث **چچیری۔**

چَخ فت چ۔ امث۔ ہنسی، مذاق، دل لگی؛ جھگڑا، تکرار؛ تیز تیز بولنے کی آواز۔ مرکب چَخ چَخ بک بک، جھک جھک، پِٹ پِٹ۔(نقّاشی) تصویر پر بدنما داغ جو اتفاقاً پڑ جائے۔

چِخَلّص کس چ، فت خ، شد فت ل۔ امث۔ رک چَخ [وضعی لفظ]۔

چَچّخے فت چ، ی مج۔ حرف ندا بطور دشنام۔ کمبخت، نامراد، کمینے [غالبا ف: چَخِیں؛ گندہ، سڑا بُسا]۔

چُداس ضمہ چ۔ امث۔ چُل، خواہش جماع جو کسی عورت کو ہو، جَھل۔ صف چُداسی جَھل ہائی۔

چَدّا فت چ، شد ڈ۔ امذ۔ جانگھ، صف۔ احمق گاؤدی، اُجڈ۔ نیز چَدّا گُلخیرُو۔

چَڈّی فت چ، شد ڈ۔ امث۔ کسی کی پیٹھ پر سواری؛ کسی جانور یا گاڑی پر تفریحاً سواری۔ چڈّی چَڈوَل باری باری ایک دوسرے کی پیٹھ پر سواری لینا؛ نیز چَڈّھی۔

چَر فت چ۔ امث۔ دریا میں پانی کے ہٹنے سے بننے والا ٹاپو۔ صف۔ چلنے والا، متحرک؛ منقولہ جائیداد [اَچَر کا اُلٹ]۔

چِر کس چ۔ صف۔ پرانا، قدیم مرکب وصفی چِرکال عہد قدیم۔

چِرا کس مج چ۔ استفہام۔ کس لیے، کیوں، کس کو [ف چہ + را]۔

چَرّاٹا فت چ، شد ر۔ امذ۔ نقل صوت کپڑے وغیرہ کے چیرے جانے کی آواز۔

چِراغ کس چ۔ امث۔ دیا یا کوئی آلہ جو روشنی دینے کے لیے بنایا جائے۔ (مجازاً) وہ جس کے دم سے رونق ہو۔ نیز چَراغ (فت چ) چراغ بڑھانا روشنی بجھانا نیز چراغ گل کرنا، ٹھنڈا کرنا۔ فقرہ چِراغ تلے اَندھیرا کسی فیض کے منبع، مخرج کے پاس اس کا فُقدان۔ چراغ سَحَری موت کے قریب صف چراغ کُشتہ کُشتہ بجھا ہو چراغ محاورہ چراغ کا ہنسنا۔ بتّی کے گُل کا بجھنے کے بعد تھوڑی دیر دمکتا رہنا۔

چِراغاں کس چ، غنہ۔ امذ۔ بہت سی روشنیاں، جشن نورین [اصلاً: چراغ کا صیغۂ جمع]۔

چَراگاہ فت چ۔ امث۔ قدرتی سبرہ زار، گھاس کا میدان جہاں جانور چر سکیں۔

چَران فت چ۔ امث۔ سمندر کے ساحل پر وہ زمین جہاں نمک بنایا جاتا ہے۔

چَرّانا فت چ، شد ر۔ ف ل۔ زخم بھرنے کے بعد کھرنڈ کا تڑقنا، کُھجلانا، سوزش محسوس کرنا۔ نیز چَر پَرانا جلن محسوس کرنا (۲) یکا یک کسی بات کا اشتیاق یا ولولہ اٹھنا م: شوق چرّایا۔

چِراند کس چ، غنہ۔ امث۔ چمڑے، گوشت تیل وغیرہ کے جلنے کی بو۔ صف چِراندا۔ [اصلاً: چراہند]۔

چِرائِتا کس چ، کس مج ء۔ ایک پودا کوئی گز بھر لمبا جس کی ڈنڈیاں دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ (لاط Swertia Chirata)۔

چَرْب فت چ، سک ر۔ صف۔ چِکنا، تر ترانا؛ موٹا تازہ جس کے جسم پر چربی بہت ہو؛ فائق، برتر، افضل؛ تیز پھرتیلا؛ چَرْبْ پَہلُو بافیض، فیاض۔ چَرب زَبان/لسان، چکنی چُپڑی باتیں کرنے والا، روانی سے بولنے والا۔

چَربا فت چ، سک ر۔ امذ۔ نقل، مثل؛ خاکہ؛ دودھ کے اوپر بالائی کی تہہ۔ نیز چَربہ۔

چَربانک فت چ، غنہ۔ صف۔ بے باک، شوخ چشم۔ نیز چَرباک، چَرپاک۔

چَربِش فت چ، سک ر، کس ب۔ امث۔ چِکنائی، چکنا پن، چکناہٹ۔

چَربی فت چ، سک ر۔ امث۔ جسمانی اعضا کے اندر پائی جانے والی چکنائی کی تہہ، رواز۔ صف **چَربیلا** چکنا، فربہ؛ تیز، طرّار۔
چَرپَٹا فت چ، سک ر، پ، امذ۔ اُچٹتا ہوا زخم، خراش۔ صف۔ رک: **چَر چَرا۔**
چَرپَرا فت چ، سک ر، فت پ۔ صف۔ چٹپٹا، مرچیلا؛ نیز رک **چَرّانا۔**
چَرپُوز فت چ، سک ر، و مع۔ صف۔ بخیل، تنگ دل، کمینہ، حقیر۔
چَرت فت چ، کس ر۔ امذ۔ کارنامے، گُن، سوانح، سرگزشت نیز **چَـرِتر۔**
چُرٹ ضمہ چ، سک ر۔ امذ۔ تمباکو کا پائپ، نیز **چُٹّا چُرَٹ**[تامل: شرتّو [انگ: Cheroot]۔
چَرِتّر فت چ، کس ر، شد فت ت۔ امذ۔ چالاکی، طرّاری؛ اٹھلاہٹ؛ غمزہ، نخرہ، نیز **چَلِتّر** (فت ل، شد فت ت) م: **تِریا چَلِتّر** زنانہ مکر و فریب۔
چَرج فت چ، سک ر۔ ایک جنگلی پرندہ جس کا نام بےوقوفی کی مثال کے طور پر لیا جاتا ہے۔ نیز **چَرز** [ف۔ قب چرغ (لاط: Otis Bengalensis)]۔
چَرچا فت چ، سک ر۔ امذ۔ شہرت، چہ میگوئیاں (ہندی میں مونث)۔
چِرچِٹا کس چ، سک ر۔ ایک نبات جس کے پتے گول اور ان پر سرخی مائل بُندکیاں ہوتی ہیں اور باریک رُواں بھی جو کپڑوں پر چمٹ جاتا ہے، شاخوں پر بالیاں آتی ہیں جن میں کنگنی کی طرح کے بیج ہوتے ہیں؛ اُنھیں غریب لوگ کھاتے ہیں۔ جانوروں کے چارے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے؛ اُونگا، خاردانہ (لاط: Achyranthes Aspera; Cletoria Ternatea)۔
چَرچَرا فت چ، سک ر۔ ج مذ۔ جھلّاہٹ لیے ہوتے، مرچوں کی طرح تیز، چرپٹا۔
چُرچُرا ضمہ چ، سک ر۔ صف۔ خستہ، بُھربُھرا، چورا چورا۔
چَرچَرانا فت چ، سک ر۔ ف ل۔ چرچر کی آواز کرنا مثلاً پلنگ کی پٹی کا ہلنے سے یا لکڑی یا ٹہنی کا ٹوٹنے سے۔
چَرچک فت چ، سک ر۔ امذ۔ صف، نقّال۔
چَرْخ فت چ، سک ر۔ امذ۔ چکّر، گھمیری؛ گول گھومنے، چکر کھانے والی شے، آلہ، پُرزہ یا پہیّا؛ گوپھن؛ مجازاً آسمان (۲) لکڑ بگّا۔ بھیڑیے سے ملتا ایک درندہ۔ **چَرخ مُکَوکَب** (مُ کَو کَب) تاروں بھرا یا تاروں جڑا آسمان۔ صف **چَرخ زَن** (سک خ، فت ز) چکراتا، قلابازیاں کھاتا ہوا [ف قب س: چکّر]۔
چَرخا فت چ، سک د۔ امذ۔ سُوت کاتنے کا گھریلو آلہ۔ **چَرخا باندْھنا** (غنہ سک دھ) کسی بات کو لگاتار کیے جانا۔ ف م **چَرخانا** گھمانا۔
چَرخاب فت چ، سک ر۔ امذ۔ پانی کے بہاؤ کے زور سے چلنے والی چرخی یا پہیّا (انگ: Turbine)
چَرّخ چُوں فت چ، شد فت ر، و مع۔ نقل صوت۔ چرخ کے چلنے یا ملتی جُلتی لکڑی کے پہیّوں کی گاڑی کے چلنے کی آواز۔
چَرخی فت چ، سک ر۔ امث۔ چکّر کھانے گھومنے والی شے، پرزہ پھرکی یا پہیّا؛ پتنگ کی ڈور لپیٹنے کا ُبچکا؛ چُھری سے لڑنے کا ایک پینترا۔
چَرْس (۱) فت چ، سک ر۔ امث۔ بھنگ کے پتّوں پر جمنے والی ایک رطوبت جسے تمباکو کے ساتھ حقّے یا سگریٹ میں بھر کر نشے کے لیے پیا یا سانس کے ذریعے پھیپھڑوں تک کھینچا جاتا ہے۔ عام **چَرَس** (فت ر)۔ صف **چَرسی** چرس پینے والا [پشتو]۔
چَرْس (۲) فت چ، سک ر۔ امذ۔ کنوئیں سے پانی کھینچنے کا بڑا چرمی ڈول جسے بیل کھینچتے ہیں نیز **چَرَس**؛ بھینس کا کمایا ہوا چمڑا۔
چُرَس ضمہ چ، فت ر۔ امث۔ شکن، سلوٹ ج

چُڑسیں (سک ر)۔

چَرْغ فت چ، سک ر۔ امذ۔ ایک لمبی ٹانگوں والا، بھاری جسم کا پرندہ جس کا اکثر شکار کھیلا جاتا ہے۔ تُغدر، تُگدر(انگ: Busard)۔

چَرْغا فت چ، سک ر۔ بُھنا ہوا مرغ یا تیتر بٹیر وغیرہ، مرغِ مسلّم۔

چُرْغم ضمہ چ، سک ر، فت غ۔ امث۔ آپس میں خفیہ یا سازشی بات چیت، نیز چُرغم چُرغم کُھسر پُسر؛ چرچا۔

چَرغینہ فت چ، سک ر، ی مع، فت ن۔ صف بطور پھبتی۔ بھاری لدّھڑ آدمی، چرغ کی طرح کا، بھاری سُست رفتار۔

چَرَک (۱) فت چ ر۔ امذ۔ مخبر، جاسوس، بھیدی۔

چَرک (۲) فت چ ر۔ امذ۔ جُذام، کوڑھ۔

چِرک کس چ، سک ر۔ امذ۔ مَیل، آلائش؛ خبث الحدید (فت خ ب، ا غم۔)لوہے کا میل جو بھٹی میں تپا کر صاف کیا جائے۔

چِرک کس خ، فت ر۔ امث۔ فضلے کی معمولی مقدار جو دانستہ خارج ہو جائے، غلاظت، میل، پیپ۔ ف م چِرکنا تھوڑا سا فضلہ خارج کرنا۔(بطور طنز) فضول بات منہ سے نکالنا۔

چَرْکا فت چ، سک ر۔ امذ۔ جلد پر جلنے کا داغ؛ اُچٹتا زخم، خراش، کٹے کا نشان۔

چَرک پُوجا فت چ ر، سک ک، و مع۔ امث۔ ایک ہندوانی ریاضت یا عبادت جو چیت کے مہنے میں اُلٹا لٹک کر کی جاتی ہے۔

چَرکٹا فت چ، سک ر، فت ک۔ امذ۔ مویشیوں کا چارہ کاٹنے، کَٹّی سانی کرنے والا؛ مجازاً ادنیٰ آدمی، نیز چَرکَٹ۔

چُرکنا ضمہ چ، فت ر، سک ک۔ ف م۔ جھاڑی یا پودے کی شاخوں کو پوجنا تاکہ نئی عمدہ شاخیں نکلیں (انگ: pruning)۔

چِرَکوا کس چ، فت ر، سک ک۔ امذ۔ ایک چھوٹا ساپرندہ، پدّا، پدڑی۔

چَرکی فت چ، سک ر۔ امث۔ شال بافی کے اڈے کے اوپر کی آڑی لکڑی۔

چِرکی کس چ، سک ر۔ امث۔ ہولی یا رنگ کھیلنے کی پچکاری۔

چُرکی ضمہ چ، سک ر۔ امث۔ چُٹیا جو ہندو مَرد سر گُھٹاتےوقت باقی چھوڑ دیتے ہیں۔

چِرکین کس چ، سک ر، ی مع۔ صف۔ گندا، غلیظ۔

چَرم فت چ، سک ر۔ امذ۔ چمڑا، چَرم آہَنگر لوہار کی دھونکنی۔ صف چَرمی۔ چَرمینہ چمڑے کی بنی ہوئی شے، چمڑے کا سامان۔م: چرمینہ فروش۔

چِرْمٹھی کس چ، سک ر، کس م۔ امث۔ ملیٹھی (لاط: Glyoyrrhizac Glabra)۔

چُر مُر ضمہ چ، سک ر، ضمہ م۔ صف۔ دبنے یا مسلے جانے سے مُڑا تُڑا، شکن آلود۔ نیز چُرّی مُرّی۔

چِر مراہَٹ کس چ، سک ر، کس م، فت ہ۔ امث۔ جلن پیدا کرنا یا مُنہ جلانے کی خاصیت جو کسی شے کے ذائقے میں ہو۔

چَرَن فت چ ر۔ امذ۔ پانو، پَیر، پد۔

چَرنا (۱) فت چ، سک ر۔ ف م۔ جانوروں کا پتے گھاس وغیرہ کھانا۔

چَرنا (۲) فت ت، سک ر۔ ف م۔ سرایت کرنا، کسی شے میں اتر جانا، بیٹھ جانا، قب: چَرّانا۔

چَرنا (۳) فت چ، سک ر۔ امذ۔ جانگھیہ، گھٹنا، اُٹنگا پاجامہ۔

چِرَنْجیو کس چ، فت ر، سک ن، ی مع۔ صف۔ تا دیر زندہ رہنے والا، سدا سلامت، عمر دراز، یا دراز

عمر۔

چَرَنْد فت چ ر، سک ن۔ ج مذ۔ گھاس چرنے والے جانور نیز امذ۔ **چَرَنْدہ** مرکب عطفی **چَرندو پَرَنْد** چوپائے اور پرندے۔ نیز **چَرِند، چَرندہ۔**

چُرُنْدَم خُرُنْدَم ضمہ چ، فت ر، سک ن، فت د، ضمہ خ۔ امث۔ کھانا پینا (عموماً بطور مزاح)۔

چَرنْہار فت چ ر، سک ن۔ رک: دُھروا۔

چَرْنی فت چ، سک ر۔ امث۔ جانوروں کے چارہ کھانے کا برتن، ناند۔ کُھرا۔ [ف: خورہ]۔ نیز **چَرہی۔**

چُرنے رک: **چُنْچُنے چَنونے۔**

چَروا فت چ، سک ر۔ امذ۔ مٹکا، مٹی کا ہنڈا۔

چَرواہا فت چ، سک ر۔ امذ۔ گڈریا، مویشی چراگاہ مں لانے لے جانے والا۔ مث **چَرواہَن/ ہِن۔**

چِرونْجی کس چ، و لین۔ ایک پودا جس کے پھل کی دال کے دانے کے برابر گری بطور میوہ کھانوں مٹھائیوں میں ڈالی جاتی ہے۔ [لاط: Chironja Spida]۔

چَرہی فت چ، سک ر۔ امذ۔ رک: **چَرنی۔**

چَری فت چ۔ امث۔ اناج کے پودوں کے ہری ڈنڈیاں اور پتّے جو جانوروں کو چارے میں دیے جاتے ہیں؛ وہ زمین جو جانوروں کے چارے کے لیے بغیر لگان کے چھوڑ دی جائے۔

چَری(۲) فت چ۔ صف۔ ہلتا جُلتا، لرزاں، متحرک، اَشتِھر۔

چَرْیا فت چ، سک ر۔ صف۔ آوارہ، گاوُدی، سر پھرا۔

چَرِیلا فت چ، ی مع۔ امذ۔ مچھیروں کابڑا جال جو پھیلا کر ڈالا جاتا ہے۔

چِڑ کس چ۔ امث۔ وہ بات جو بطور خاص ناگوار خاطر ہو؛ وہ کھانے کی شے جسے تفریحاً اپنے لیے ناپسندیدہ مشہور کر دیا جائے اور لوگ لائیں تو جھوٹ موٹ کی ناراضگی کا اظہار کیا جائے۔ ف ل **چِڑْنا** ف م **چِڑانا/ چِڑ بَنانا/ مُقرّر کرنا۔**

چُڑ ضمہ چ۔ امث۔ عورت کی شرمگاہ کے لیے غیر سنجیدہ لفظ (بطور دشنام)۔

چِڑا کس چ۔ امذ۔ گھریلو چڑیا کا نر۔ کنجشک، چڑوَنّا؛ ایک پتنگ جس میں چڑے کی دم کی طرح کا کاغذ ٹھڈے کے قریب جُڑا ہوتا ہے۔ حلوائیوں کا ڈوئی کی وضع کا کفچہ۔

چِڑ چِڑا کس چ، سک ڑ۔ صف۔ تُنک مزاج، جو کسی وقتی دباوٗ یا بیماری کے سبب بات بات پہ ناحق بگڑ جائے۔

چِڑُنْگل کس چ۔ فت ڑ، غنہ، فت گ۔ امذ۔ چڑیا کا تابع م: **چِڑیا چِڑُنگل** مراد کوئی چھوٹا موٹا پرندہ۔

چُڑْوے ضمہ چ، سک ڑ۔ ج مذ۔ چِپٹے، بُھنے ہوئے دھان جو مسالہ ملا کر چبینے کے طور پر کھائے جاتے ہیں، نیز امذ **چِیوْڑا۔**

چِڑی کس چ۔ امث۔ چڑیا کا مخفف تراکیب میں مستعمل۔ م: **چِڑیمار** چڑیاں پکڑ کر بیچنے والا (۲) تاش کا وہ پتہ جس پر چڑیا کا علامتی نشان ہو جسے پُھول یا چڑیا کا پتہ بھی کہتے ہیں۔ نیز **چِڑی تَن** (بطور پھبتی یا طنز) **چِڑی تَن کا غلام** کم رُو، مجہول، نامعقول شخص۔

چِڑیا کس چ، سک ڑ۔ امث۔ **چِڑا** (رک) کی تانیث۔ چڑے کی مادہ، دھوبن (بطور اسم جنس) کوئی پرندہ (۲) انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سیون، چکوتی؛ لکڑی کا غلیل نما ٹکڑا جو بلّی یا کہاروں کی لاٹھی کے اوپر ڈنڈے ٹکانے کے لیے جَڑ دیا جاتا ہے؛ نیفے کا منہ جہاں سے ازار بند ڈالا جاتا ہے۔ مرکب **چِڑیا کا دُودھ** ناممکن بات، ناپید شے۔ **چِڑیا**

گھر تفریح گاہ، باغ جہاں جانور چرند پرند پالے جائیں۔ چڑیا نوچَن (و مچ) بہت سے مانگنے والوں کا ہجوم جیسے بہت سے پرندوں کا کسی لاش پر پل پڑنا۔

چُڑَیل ضمہ چ، و لیں۔ امثد بُھتنی، خبیث ارواح (مجازاً) خبیث عورت (بطور دشنام)۔

چَڑھان فت چ۔ امث۔ اونچائی، اوپر جانے والا چڑھتا ہوا راستہ، نیز چَڑھائی۔

چَڑھانا فت چ۔ ف م۔ بلند کرنا، اوپر لے جانا تَہ جمانا، روغن ملمع وغیرہ پھیرنا، پاگنا، منڈھنا، پہننا، ڈا ٹنا؛ درج کرنا، لکھنا، داخل کرنا؛ تاؤ دلانا جوش دلانا، مبالغے کے ساتھ تعریف کرنا؛ نذر کرنا، چڑھاوا دینا؛ جہیز میں دینا۔

چَڑھاوا فت چ۔ امذ۔ دولھا کی طرف سے دلھن کے لیے دیا جانے والا زیور سامان وغیرہ۔

چڑھاؤ فت چ، و مج۔ امذ۔ طغیانی، پانی کا کناروں پر چڑھ آنا، بازار کی قیمتوں کا بڑھنا، اُتار کا نقیض۔

چَڑھائی فت چ۔ امث۔ اوپر جانے والا راستہ، اونچی زمین؛ فوج کا حملہ، یورش۔

چَڑھنا فت چ، سک ڑھ۔ ف ل۔ چڑھانا (رک) کام لازم؛ آسمان پر نمودار ہونا؛ بلند، گراں، حاوی غالب ہونا؛ سوار ہونا؛ سر میں سمانا م؛ نشہ، سودا، دھن، ضد چڑھنا، سوار ہونا۔

چَسپاں فت چ، سک س۔ صف۔ چپکا ہوا، جڑا ہوا، پیوست؛ موزوں، چُستہ برمحل (جملہ وغیرہ)۔ نیز چَسپیدَہ۔ مرکب چسپ ناک چپچپا، چپکنے والا۔ اکیف مث چَسپیدگی (فت د)۔

چُست ضمہ چ، سک س۔ صف۔ بالکل درست، صحیح، موقع محل یا ماپ سائز وغیرہ کے مطابق؛ تنگ، کسا پھنسا ہوا؛ پُھرتیلا، سست کی ضد۔

چُشتَہ ضمہ چ، سک س، فت ت۔ امذ۔ بکری کے بچے کے دودھ سے ذبح کے بعد نکالا ہوا نیم ہضم شدہ دودھ جو دہی جمانے کے کام آتا ہے، پنیر مایہ؛ کپڑے میں نکلی ہوئی گانٹھ، سلوٹ یا جُھرّی۔

چُستی ضمہ چ، سک س۔ امثد چالاکی، پھرتی، تیزی، موزونیت۔

چُس چُسا ضمہ چ، سک س۔ صف۔ چست، پھنسا ہوا (لباس وغیرہ)۔

چُسَر چُسَر ضمہ چ، فت س۔ نقل صوت۔ بچّے کے دودھ پینے یا چسنی چوسنے کی آواز۔

چَسک فت چ س۔ امث۔ کسک، درد؛ گوٹے یا اطلس کی باریک گوٹ جو مغزی سے ملا کر لگائی جاتی ہے۔

چَسْکا فت چ سک س۔ امذ۔ مزہ، چاٹ؛ ذوق، شوق۔

چُسکَڑ ضمہ چ، فت س، شد فت ک۔ صف۔ شرابی، نشہ باز، چُسکیاں لگانے کا شوقین۔

چُسکی ضمہ چ، سک س۔ امث۔ چھوٹا گھونٹ، جُرعہ؛ گُھلی ہوئی افیم کی تھوڑی سی مقدار۔

چَسْنا فت چ، سک س۔ ف ل۔مسکنا، تنگی کے سبب چر جانا نیز چَسکنا۔

چُسْنی ضمہ چ، سک س۔ امث۔ بچّوں کے چوسنے کے لیے ربڑ کا مصنوعی پستان، امذ۔ چُسْنا بچوں کے چوسنے کے لیے بسکٹ کی پتلی قلم۔

چُسینَہ ضمہ چ، ی مع۔ فت ن۔ امذ۔ (نباتیات) پودے کی جڑ سے تنے کے علاوہ پھوٹ نکلنے والی نئی شاخ۔

چِشْت کس چ، سک ش۔ فجائیہ۔ ہشت، کسی غلط یا بیہودہ بات پر ٹوکنے کا کلمہ۔

چَشک فت چ، ش۔ امثد چکھنا، امتحاناً تھوڑا سا منہ میں رکھنا۔

چِشَک کس چ، فت ش۔ امثد افزائش، زیادتی۔

چَشْم فت چ، سک ش۔ امث۔ آنکھ، نظر، نگاہ؛ توقع،

امید؛ چھید سوراخ۔ **چَشْمِ باطِن** تخیّل، وجدان۔ **چَشْمِ بِیں** (ی مع، غنہ) ڈاکٹروں کا آنکھ کے معائنے کا اوزار جو اپنی آنکھ پر چڑھا کر اِس کے سوراخ میں سے آنکھ پر روشنی ڈال کردیکھتے ہیں۔ [انگ: Opthalmoscope]۔ **چَشْم پوشی** (سک م، و مج) در گزر، دانستہ نظر انداز کرنا۔ **چَشْم داشت** توقع، امید۔ **چَشْم رَمدی** دکھتی آنکھ۔ امذ۔ **چَشْمْ زَخْم** (سک م، فت ز) فکِ اضافت مقلوب۔ زخم چشم، نظر بد کا اثر **چَشْمْ زَدَن** (سک م، فت ز د) پلک جھپکنا، **چَشْم سوزن** (کس مج م، و مج فت ز) سوئی کا ناکہ۔ **چَشْم صَیغم** ایک چمکدار، رنگین پتھر جو تعمیرات میں کام آتا ہے۔ امث۔ **چَشْمْ نُمائی** (سک م، ضمہ ن) تنبیہ، سرزنش۔

چَشْمارُو فت چ، سک ش، و مع۔ امذ۔ کھیت میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھڑا کیا ہوا مصنوعی انسانی پیکر۔

چَشْمک فت چ، سک ش، فت م۔ امث۔ عداوت، نوک جھوک؛ آنکھیں جھپکانا، غمزۂ چشم، آنکھ کا اشارہ۔ [ف: نیز عینک، قب: چَشمَہ]۔

چَشْمَہ فت چ، سک ش، فت م۔ امذ۔ پانی کا سوتا، جَھرنا؛ عینک؛ اکھوا؛ تکمے یا گھنڈی کے ساتھ کا کاج دالان کے دروں یا چھت کی کڑیوں کا درمیانی فاصلہ، مجازاً: منبع، مخرج نیز **سَرچَشْمہ**۔

چَشمِیَہ فت چ، سک ش، کس م، فت ی۔ امذ۔ دُوربین یا خوردبین کا وہ سوراخ جو آنکھ کے قریب ہوتا ہے۔(انگ: Eye piece)۔

چُغا ضمہ چ۔ امذ۔ بغیر تکموں کے آگے سے کھلا لمبا لبادہ۔طیلسان نیز چُغَہ۔

چَغانَہ فت چ ن۔ امذ۔ ایک طرح کا دف جس میں بعض اوقات جھانجنیاں بھی ٹکی ہوتی ہیں۔

چَغَتائی فت چ، سک غ۔ عَلَم، امذ۔ ایک ترکی قبیلہ، چغتائی خاں کی نسل سے تعلق رکھنے والا۔

چُغْد ضمہ چ، سک غ۔ امذ۔ اُلّو، بُوم، عام **چُغَد** = بیوقوف آدمی۔

چُغُل ضمہ چ غ۔ صف۔ مخبر، جاسوس، ادھر کی ادھر لگانے والا، لُترا، نیز **چُغْل خور** امث **چُغْلی** (سک غ) محاورہ، **چُغْلی کھانا** مخبری کرنا، شکایت پہنچانا، جا لگانا، بھانڈا پھوڑنا۔ عام: چُغَل

چُغُول ضمہ چ، ومع۔ ج مذ۔ آراستہ لشکر کے چاروں حصّے، میمنہ، میسرہ، قلب اور ہراول (یا عقب)۔

چَفْتَہ فت چ، سک ف، فت ف۔ صف۔ خمیدہ، ایک طرف جھکا ہوا، امذ۔ لکڑی کا بنا ہوا کمرہ (انگ: کیبن)۔ گلّی کا ڈنڈا یا بلّا امث **چَفْتی** لکڑی کا لمبا پتلا تختہ، ناپنے کا چپٹا پیمانہ۔

چَفْش فت چ، سک ف۔ صف۔ پیوستہ، ملا ہوا۔

چَقْ فت چ۔ امذ۔ ایک طرح کا گلوبَند۔

چِق کس چ۔ امث۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ، چلمن، جھلملی، نیز چک۔ [ت: چِق]۔

چَق چَقی فت چ، سک ق۔ امث۔ لڑائی، لکڑی بازی؛ چھڑیوں کی جوڑی یا دو لکڑیاں جنھیں بعض فقیر ہاتھوں سے ایک دوسرے پر مارتے اور بجاتے ہیں۔نیز **چک چکی**۔

چَقّر فت چ، شد فت ق۔ امذ۔ گھوڑے کی پیشانی کی بھونْریاں جو ایک گچھے کی شکل میں ہوں؛ رنگائی میں رہ جانے والا دھبّہ یا چور۔

چُقّر ضمہ چ، شد ق۔ امذ۔ چوبڑ، چشمہ، گڑھا۔

چَقْماق فت چ، سک ق۔ امذ۔ ایک سخت پتھر جس کو لوہے سے ٹکرانے یا اس کےٹکڑوں کو آپس میں رگڑنے سے چنگاریاں آسانی سے جھڑتی ہیں، کئی رنگوں کا ہوتا ہے **چَقماقی شِیشہ** شفّاف شیشہ

جس کے آرپار دیکھا جاسکے۔ نیز **چَقمَق**۔

چُقَنْدر ضمہ چ، فت ق، سک ن، فت د۔ امذ۔ شلغم کی نوع کی ایک سرخ ترکاری جس سے شکر بھی بنائی جاتی ہے۔ صف (بطور پھبتی) لال بھبُوکا۔

چُقَنّس ضمہ چ، فتق، شد فت ن۔ امذ۔ احمق، ہَونَق۔

چُقّہ ضمہ چ، شد فت ق۔ امذ۔ گڑھا۔ نیز چقر۔

چَک (۱) فت چ۔ امذ۔ آنکھ چشم [س: چَکشُو]۔

چَک (۲) فت چ۔ امذ۔ چکّر، گھیرا، پہیّا، پھرکی، کُنْوئیں کے چاک کا گھیرا [س: چَکرا]۔

چَک (۳) فت چ۔ امذ۔ پیمائش کردد قطعۂ ارضی؛ چھوٹا گاْنو؛ زمین کی ملکیت کا پروانہ۔

چَک (۴) فت چ۔ صف، م ف۔ بھرا ہوا، مملو؛ اٹاٹٹ، کھچا کھچ م: چک بھرا ٹُھنسا ہوا۔ نیز **چَک بَچَک**، **چکاچک**۔

چَک (۵) فت چ، امث۔ ٹھوڑی کی ہڈی۔

چَک (۶) فت چ۔ امث۔ غلّے کو بھوسی سے الگ کرنے کی چھڑ؛ روئی کے ڈوڈے الگ کرنے کا آلہ۔

چِک (۱) کس چ۔ امث۔ جھٹکا، دھچکا؛ جھٹکے سے ہو جانے والی جسمانی تکلیف۔

چِک (۲) کس چ۔ امث۔ **چِق**۔

چَکّا فت چ، شد ک۔ صف مذ۔ گاڑھا، گاڑھی، منجمد۔ اینٹوں کی گنتی کے لیے لگایا ہوا چبوترا نما ڈھیر؛ مٹّی کا ڈھیما۔ [ف: چکّاں]۔

چَک اُتار فت چ، ضمہ ا۔ ڈھالو زمین۔ نیز **چک بنگرا**۔

چَکابُو فت چ، و مع۔ امث۔ قلعے کی فصیل کے گرداگرد بنی ہوئی خندق، کھائی؛ بہتی ہوئی نہر یا پانی؛ کُنڈلی؛ کُنڈلی کی شکل میں کھڑی کی ہوئی فوجی قطاریں۔ چکّر، چکراتا ہوا راستہ؛ بھنور، گرداب۔

چَکا چَک ۔ چ۔ امث۔ ایک ہتھیار جو گھما کر پھینکا جاتا تھا۔ نیز **چکر** (بلاشد)۔

چَکاچَوند فت چ، ولین، غنہ۔ امث۔ تیز روشنی جو آنکھوں کو چُندھیا دے؛ روشنی میں آنکھوں کا چندھیانا، نظر کی خیرگی۔

چِکارا کس چ۔ امذ۔ چھوٹا ہرن، ہرنَوٹا؛ (۲) ایک چھوٹا ساز جس میں تین تار اور پانچ تربیں ہوتی ہیں اور گز سے بجایا جاتا ہے؛ نیز **چِکاری**۔

چِکارَہ کس مج چ، فت ر۔ صف۔ ہیچ، ناکارہ [لفظاً ف: کس کام کا]۔

چِکاری کس چ۔ امث۔ اناج کے پودوں کی ایک بیماری، کالا روگ؛ نیز رک: **چِکارا** (۲)۔

چَکا کیول فت چ، ے مج، فت و۔ امث۔ کالی مٹی کی زمین جو زرخیز ہوتی ہے، لیکن بارش کے بعد سوکھنے پر پھٹ جاتی ہے اور اس میں ہل مشکل سے چلتا ہے۔

چَکامَہ فت چ م۔ امذ۔ نظم یا قصیدہ جس میں ۱۸ سے زیادہ شعر ہوں۔ نیز **چَگامَہ** (شاذ)۔

چَکاں فت چ، غنہ۔ صف۔ ٹپکتا ہوا؛ ٹپکانے والا، مرکبات میں مستعمل م: **خوںچَکاں** جس سے خون ٹپکے۔

چَکّاں فت چ، شد ک۔ صف ۔ گاڑھا، غلیظ، منجمد۔

چُکانا ضمہ چ۔ ف م۔ دام ٹھہرانا؛ دام کم کرانا، مول تول بھاؤ تاؤ کرنا۔

چَکاوَک فت چ و۔ امذ۔ چکوا (رک) [س: چکر واک]۔

چَکاوَل فت چ و۔ امذ۔ (سلوتری) گھوڑے کے پیر کا وَرَم۔

چَکاوی فت چ۔ امث۔ جلد پر ہو جانے والا داد۔

چَک پَہیّا فت چ، سک ک، فت پ، کس ہ، شد ی۔ (بروزن مَیّا) صف بطور پھبتی موٹا، فربہ، بھدیسرٹ۔

چک پھیر فت چ، ے مج۔ امذ۔ گردش، گھماؤ، چکّر کاٹنے یا چکر کھانے کی کیفیت نیز امث **چک پھیری** دائرے میں گھومنا یا رقص کرنا۔

چَکَت فت چ ک۔ امث۔ چھل، چھیڑ چھاڑ؛ لڑائی، ہاتھا پائی؛ بُکٹا بھرنا، دانتوں سے کاٹنا؛ نیز رک **چَکٹّا** جس کی یہ تخفیف ہے۔

چُکْتا ضمہ چ، سک ک۔ امذ۔ بے باقی، حساب صاف کردینا۔

چَکَتّا فت چ ک، شد ت۔ امذ۔ چکنائی کا دھبّا؛ جلد پر فساد خون سے پڑنے والا داغ، چٹّا۔

چِکِتْسا کس چ ک، سک ت۔ امث۔ علاج، دوا دارو، معالجہ۔

چَکْتی فت چ، سک ک۔ امث۔ چپٹی، مدّور شکل کی چیز م؛ پنیر کی چکتی، لپٹی ہوئی نواڑ کی چکتی، پلے ہوئے دنبے کے پیچھے چربی کی چکّتی یا لاٹ؛ پُھنکی (شاذ)۔

چِکَٹ کس چ، فت ک۔ صف۔ چپچپا، چیپ دار، لجلجا۔ امث۔ **چِکٹ بُک** وہ رجسٹر وغیرہ جس میں کاغذ چپکائے جائیں۔

چَکَّٹ فت چ، شد فت ک۔ امث۔ ناہموار گڑھے دار زمین۔

چِکْٹا کس چ، سک ۔ صف۔ میلا، کچیلا؛ جو چکنائی پر میل جمنے سے میل خوردہ ہو جائے، م؛ چکْٹے بال۔

چِکَٹنا (کس چ، فت ک، سک ٹ) میل میں آٹنا۔

چِکْٹی کس چ، سک ک۔ صف مث۔ **چِکٹا** (رک) کی تانیث۔ مروصفی مث **چِکٹی زمین** دلدلی، جو ہل چلاتے میں بیلوں کے کُھروں میں چمٹے۔

چَکْچَکا فت چ، سک ک۔ صف۔ چکنائی یا گھی میں تربتر، چمکتا، دمکتا۔ مث **چَکْچَکی** چکنی۔ امث؛ دو چھڑیں یا لکڑیوں کی جوڑی جو بعض فقیر دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں، کَرْتال؛ ایک طرح کا خنجر جو کمر سے لٹکایا جاتا تھا۔

چَکْچُور فت چ، سک ک، ومع۔ صف۔ بے حال، بے سدھ، دُھت۔

چُک دَڑھیا ضمہ چ، سک ک، فت د، سک ڑھ۔ صف۔ چُکی ڈاڑھی والا۔

چَکْڈَوَل فت چ، سک ک، ومج۔ امذ۔ گول چکّر کھانے والا جھولا جو ہنڈولے کے بر خلاف گول گول گھومتا ہے۔ نیز **چک ڈَولا، چکّر۔**

چَکَر فت چ ک۔ امذ۔ **چکّر** (رک) کا مخفف مختلف تراکیب میں مستعمل؛ نیز رک؛ **چکا چک۔**

چَکّر فت چ، شد فت ک۔ امذ۔ حلقہ، دائرہ، چاردیواری؛ گردش؛ چرخی پہیّا یا پہیّے سے ملتا جلتا کوئی پُرزہ؛ دورہ، پھیرا؛ چکرانے سمجھ میں نہ آنے والی بات، دھوکا؛ فریب؛ پریشانی، مصیبت؛ دوران سر؛ آتشبازی کی ایک قسم ف ل۔ **چَکْرانا** (سک ک)۔

چُکْرا ضمہ چ، سک ک۔ امذ۔ **چوکَر** رک کی تصغیر۔

چَکْربان! فت چ، سک ک ر۔ امذ۔ ایک قسم کی آتشبازی، **چکّر۔**

چَکْرپاؤلا فت چ ک، سک ر، و مج۔ امذ۔ بنوٹ کا ایک وار۔

چَکَر گھِنّی فت چ ک، کس گھ، شد ن۔ صف۔ تیز گھومتا ہوا، گردش میں آیا ہوا، حواس باختہ، امث۔ چکرانا، چکّر کھانا۔ نیز **چَکَر گِھرنی، چکر گُھمْنی۔**

چَکْرَم فت چ، سک ک، فت ر۔ صف۔ چکرایا، بولایا ہوا، بدحَو۔

چَکَر مَکَر فت چ ک م۔ امذ۔ بہانے بازی، فریب۔

چَکْرَوَرتی فت چ، سک ک ر، فت و۔ صف۔ ساری دنیا پر راج کرنے والا، مترادف عالمگیر، کُل روے زمین کا مالک [اصلاً چکْرَ وَرْتی]۔

چکْری فت چ، سک ک۔ امث۔ کان کا ایک گول وضع کا زیور جو کان کی لوکے ساتھ لگا رہتا ہے؛ بچّوں کی ڈور پر پھرانے کی پھرکی، چکئی؛ روک؛ دروازے کے بیچ میں لگی ہوئی صلیبی شکل کی روک جو آدمی کے گزرتے وقت گھوم جاتی ہے۔ آلو کے پودوں کی ایک بیماری جس سے آلو کالے پڑ جاتے ہیں۔ (کیمیا) **چکری عَدد قدریّہ** وہ شناختی عدد جو ایٹم کے اندر الکٹرون کی رفتار گردش کے لحاظ سے متعین کیا جاتا ہے۔

چکَڑیا فت چ ک، سک ر۔ امذ۔ ماہی گیری کا بڑا جال جس کے کنارے سیسے کی گولیاں بندھی ہوتی ہیں؛ ٹاپا، کِلکِلا، کھور، لوکا۔

چکْریلا فت چ، سک ک، ی مع۔ صف۔ گول، مدّور، چکراتا۔

چکَس فت چ ک۔ امذ۔ پالتو شکاری یا لڑاکا پرندوں کے بیٹھنے کا اڈّا۔

چکّس فت چ، شد فت ک۔ امذ۔ کمان کے دور میں تیر انداز کے ہاتھ کے لیے بنی ہوئی پکڑ۔

چکْسَہ فت چ، سک ک، فت س۔ امذ۔ پڑیا جو کاغذ کو لپیٹ کر بنائی جاتی ہے۔

چکَش فت چ، کس ک۔ امث۔ تراوش، ٹپکن۔

چکَل فت چ ک۔ امث۔ پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔

چکّل فت چ، شد فت ک۔ امث۔ ناؤ کے پیندے کا جوڑ جہاں دونوں پہلو یا بغلیاں آ کرملتی ہیں۔

چکْلا فت چ، سک ک۔ صف۔ چوڑا، پھیلواں اکیف مث **چکلان**۔ (۲) امذ۔ روٹی پوری وغیرہ بیلنے کا لکڑی کا گول تختہ؛ چکّی کا پاٹ، ضلع کا ایک انتظامی حصّہ، تحصیل؛ طوائفوں کا ٹھکانا، عصمت فروشی کا اڈّا۔ **چکلا بنْدی** انتظامی علاقے کی حدبندی۔ نیز **چکْلہ**۔

چک لیٹی فت چ، سک ک، ے مج۔ امث۔ کمہار کے چاک گھمانے کی چوبی ڈنڈی۔

چکَما فت چ، سک ک، فت م۔ امذ۔ دھوکا، فریب، جھانسا؛ گنجفے کے کھیل کا ایک طریقہ؛ پانو کا ایک شکنجہ جو مجرموں کو آزار دینے کے لیے استعمال ہوتا تھا؛ لمبا برساتی جوتا؛ صف **چکمِہ دار** چمڑے کا بنا ہوا، موزہ وغیرہ۔نیز **چکمَہ**۔

چِکَن کس چ، فت ک۔ امث۔ ململ کا کپڑا جس پر ریشمی دھاگوں سے بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں؛ ململ پر ریشمی سوزن کاری۔ [اصلاً ف: چِکَن کس ک]۔

چِکّن کس چ، شد فت ک۔ امث۔ چکنائی؛ چکنی زمین جس پر کاشت نہ ہو سکے۔ بج مار، بھبرا مُلتانی مٹّی۔ مرکب **چکن پٹّی** تیل پُھلیل لگانا۔ کنگھی چوٹی۔

چِکْنا کس چ، سک ک۔ صف۔ تیل یا تیل جیسی چیز سے آلودہ، تیل یا گھی وغیرہ میں تربتر؛ شفاف، چمکدار؛ مصفّی چمکایا ہوا، رپٹوں پھسلواں (فرش وغیرہ)؛ با رونق (چہرہ وغیرہ) نیز **چکنا چپُڑا** مث **چکْنی چپُڑی باتیں** خوشامدانہ کلام۔ چرب زبانی۔ مرکب صف **چکنا گھڑا** ڈھیٹ، بے حیا جس پر نصیحت کا اثر نہ ہو۔

چُکْنا ضمہ چ، سک ک۔ ف ل۔ ختم ہو جانا، نبٹنا، چکایا جانا، طے پانا (جھگڑا وغیرہ) نیز بطور فعل امدادی تکمیل کار کو ظاہر کرنے کے لیے م: **ہوچُکنا** ختم ہو جانا، خلاص ہو جانا، فراغت پانا۔

چکْنا چُور فت چ، سک ک، و مع۔ صف۔ بالکل شکستہ، پاش پاش، کرچی کرچی؛ تھکا ماندا۔

چِکْنانا کس چ، سک ک۔ ف م۔ چکنا کرنا، تیل دینا، چپُڑنا، شفاف بنانا۔ ا کیف مث **چکناہَٹ** ذہنیت، چکنا پن، امث۔ **چکنائی** دُہن، رونق۔

چِکناوَٹ کس چ، سک ک،فت و۔ امث۔ چکنی

زمین جس میں پتوں کی کھاد سے زرخیزی آ گئی ہو۔

چِکنَئی کس چ، سک ک، فت ن۔ امث۔ تیل دینے کا عمل؛ کل پرزوں کو چکنانے کا عمل۔

چِکنیا کس چ، فت ک، سک ن۔ صف۔ شوقین مزاج، چھیلا۔

چَکوا (۱) فت چ، سک ک۔ امذ۔ ایک آبی پرندہ جس کے پر کئی رنگوں کے ہوتے ہیں اور اس کا جوڑا باہمی رفاقت کے لیے ضرب المثل ہے۔ دن بھر ساتھ رہتے اور رات کو دور سے ایک دوسرے کو پکارتے ہیں۔ نیز **چکواق**۔ **چکوانڈ** چکوی کا انڈا۔

چَکوا (۲) فت چ، سک ک۔ امذ۔ چرخ کا پہیّہ؛ گھیرا، باڑھ، لپیٹ۔ صف **چکوے دار**، گھیر دار۔

چِکوا کس چ، سک ک۔ امذ۔ بکر قصاب جو گائے کا گوشت نہیں بیچتا۔

چَکوَت فت چ، و لین۔ امذ۔ کمہار کے چاک کا زمین میں گڑا ہوا کیلا جس پر چاک گھومتا ہے نیز **چَکیَت**۔

چُکوتا ضمہ چ، ولین۔ امذ۔ تصفیہ، حساب کی بے باقی۔

چَکوتْرا فت چ، و مج، سک ت۔ امذ۔ قسم نارنج سے ایک سنگترے اور کھٹے سے بڑا زردی مائل پھل جس کا ذائقہ چاشنی دار ہوتا ہے۔(لاط: Citrus Limonum)۔

چَکوَتی فت چ، و لین۔ امث۔ دامن کے چاک میں لگی ہوئی دھجی جو چاک کو ضرورت سے زیادہ کھلنے نہیں دیتی۔

چَکوَتھی فت چ، و لین۔ امث۔ مزیدار کھانوں کی چاٹ، چٹورپن؛ کھانا پینا، چکّھا چُکّھی۔

چَکوَٹی فت چ، و لین۔ مث۔ رک: **چکلا** (۲) امذ۔

چَکور فت چ، و مج۔ امث۔ سرخ چونچ اور پنجوں کا ایک خوشنما پرندہ جو روایتہً چاندکا عاشق کہلاتا ہے، کیونکہ چاند رات کو بےتابانہ آسمان میں چکر لگاتا ہے۔ [لاط: Perdixrufa Tetrao rufus]۔ نیز امذ۔ **چکورا** امث **چکوری**۔

چِکور کس چ، و مج۔ صف۔ بے چین۔

چِکوری کس چ، ومج۔ امث۔ کاسنی کی جڑ۔

چَکول فت چ، و مج۔ امذ۔ (سالوتری) مویشی کے پیروں کاورم؛ بیل گاڑی کے دُھرے کے منہ پر روک کے لیے لگی ہوئی کیل، دُھرکِلّی۔

چَکَئی فت چ ک۔ امث۔ ڈوری سے بندھی ایک گول پھرکی جس کے کنارے میں کٹاؤ ہوتا ہے، جس پر ڈوری لپٹی ہوتی ہے اور اس پر اسے ہنرمندی سے پھینک کر دوڑایا اور واپس ہاتھ میں لایا جاتا ہے، لڑکوں کے شغل کا ایک کھلونا؛ (۲) چکوے کی مادہ، چکوی (شاذ)۔

چَکّی فت چ، شد ک۔ امث۔ آٹا پیسنے کی دو پاٹوں والی گھریلو ہاتھ سے چلنے والی پتھر کی کل، آسیہ؛ نیز اسی کام کی، بجلی وغیرہ سے چلنے والی مشین؛ چکرجُھولا، چکر ڈولا۔

چَکیدَہ فت چ،ی مع۔ فت د۔ صف۔ ٹپکا ہوا، قطرہ قطرہ کر کے ٹپکایا ہوا۔

چَکّھا چُکّھی فت چ، شد کھ، ضمہ چ۔ امث۔ تھوڑا بہت چکھنا۔

چِکھَڑ کس چ، فت کھ۔ امث۔ دالوں کے چھلکے، چنے کے پودوں کی جڑیں جو کھیت میں لگی رہ جائیں۔ ف م۔ **چِکھڑنا**(کس مج چ، ضمہ کھ) کھیت میں لگی ہوئی جڑیں اکھاڑنا۔

چَکھنا فت چ، سک کھ۔ ف ل۔ ذائقہ معلوم کرنے کے لیے تھوڑا سا زبان پر رکھنا، تھوڑا سا کھانا؛ مزا لینا؛ مزا پانا، بُھگتنا۔

چَکھَوتی فت چ، و لین۔ امث۔ کرتے کے چاک میں عین جوڑ پر ٹکا ہوا کپڑے کا چھوٹا دوہرا ٹکڑا۔

چکّھی فت چ، شد کھ، امث۔ لاسا جو پرندوں کو پکڑنے کے لیے لگایا جائے۔ نیز مجازاً لالچ، رشوت، مرکب عطفی، امث **چکّھی پکّھی** کھیلی کھائی، پختہ کار۔

چگّا ضمہ چ، شد گ۔ امذ۔ محراب کی درمیانی بنگڑی جو نکیلی بنائی گئی ہو؛ یا محراب جس کے بیچ میں اوپر کی طرف نوک نکالی گئی ہو۔

چگال فت چ، صف۔ موٹا، دبیز، بھاری بھرکم۔

چگامہ فت چ م۔ رک: **چکامہ**۔

چُگٹی ضمہ چ، سک گ۔مث۔ دوہرا پنجرہ جس میں نر مادہ یا دو پرندے الگ الگ رکھے جا سکیں۔

چُگَر ضمہ چ، فت گ۔ امث۔ املی کی کونپلیں جو ساگ کے طور پر پکا کے کھائی جاتی ہیں۔

چُگُل ضمہ چ گ۔ امذ۔ اکبر بادشاہ کے عہد کی ایک چوکور اشرفی۔

چِگَل کس چ گ۔ امث۔ بھوسا ملا ہوا، گارا، کہگل۔

چُگنا ضمہ چ، سک گ۔ ف م۔ پرندے کا چونچ سے دانہ چُن کر کھانا، ٹھونگیں لگانا۔

چگونگی کس مج چ، و مع، فت ن۔ امث۔ کیفیت، حالت، صورت احوال۔

چُگّی ڈاڑھی ضمہ چ، شدگ۔ امث۔ خفیف نکیلی ڈاڑھی جو صرف ٹھوڑی پر ہو۔

چَل (۱) فت چ۔ امث۔ **چال** (رک) کا مخفف۔ صف۔ چلنے والا، متحرک، اچل کی ضد۔ فجائیہ۔ چلنا کا صیغۂ امر۔ دُور ہو، دفع ہو؛ جا بھی؛ اچھا خیر، یونہی سہی۔ مرکب **چَل چَلاؤ**، روانگی کا وقت۔ امث **چَل رکنی گھڑی** وہ گھڑی جو رفتار یا مدّت کار جانچنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ محاورہ **چَل نکلنا** آزاد، بے مہار، گستاخ ہو جانا۔

چَل (۲) فت چ۔ امذ۔ پہاڑ [س: اَچل کی تحریف]۔

چِل کس چ۔ رک: **چِہل** جس کا یہ ایک روپ ہے۔

چِل (۲) کس چ۔ صف۔ وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پانو سفید ہوں۔

چِل (۳) کس چ۔ امث۔ شور، پکار، عموماً مرکبات میں م: **چِل پُکار، چِل پوں** شور غوغا۔

چُل ضمہ چ۔ امث۔ بے صبری، نچلا نہ بیٹھ سکنے کی کیفیت؛ ہُڑک؛ کھجلی، خلش؛ عورت میں خواہش جماع، کُرکُری۔ **چُلبُل** صف مث **چُل ہائی** شہوت زدہ۔ جَھل ہائی۔

چِلّا کس چ، شد ل۔ امذ۔ رک **چِلّہ** نیز **چِلّی**۔

چُلانا ضمہ چ، ف م۔ قطرہ قطرہ ٹپکانا، تقطیر کرنا۔

چِلّانا کس چ، شد ل۔ ف ل۔ چیخنا، پکارنا، شور مچانا۔

چَلاوَر فت چ و۔ صف۔ حاوی، غالب۔

چَلاؤ فت چ، ومع۔ صف۔ چلنے والا؛ چلانے والا م: **چَلاؤ پہیّا** وہ پہیّا جو کسی کل کو حرکت دیتا ہے۔

چِلاؤ کس چ، و مج۔ امذ۔ بگھارے چاول جو مسالے بُھون کر پکائے جائیں اِن میں کبھی چنے کی دال بھی ڈالی جاتی ہے، قبولی کی ایک قسم۔

چُل بُل ضمہ چ، ب۔ امث۔ رک: **چُل** صف **چُلبُلا** بے چین، جونچلا نہ بیٹھے،شوخ، شریر۔ ف ل۔ **چُلبُلانا** بے کل ہونا اکیف مث **چُلبُلاہَٹ**۔

چَلپاسہ فت چ، سک ل، فت س۔ امذ۔ چھپکلی۔

چِلَپچی کس چ، فت ل، سک پ۔ امث۔ رک: سیلابچی، سِلفچی، جو فصیح ہے۔

چَلپَک فت چ، سک ل، فت پ۔ امث۔ میدے کی پُوری۔

چَلَت فت چ ل۔ امث۔ چال، رفتار، چلن، رواج، گردش زر؛ کسی قسم کی تیز حرکت پُھرتی؛ تیز دُھن یاتال۔ مرکب عطفی **چَلَت پھِرت** چلنا پھرنا۔ چلنے پھرنے کا انداز؛ حرکت یا حرکت کا تأثر جو تصویر سے ظاہر ہو؛ پُھرتی، چُستی۔

چَلتا فت چ، سک ل۔ صف مذ۔ حرکت کرتا، چالو، رواں، رائج، صف۔ **چَلتا پُرزہ** تیز۔ طرار۔ مث۔ **چَلتی** مرکب: **چَلتی رَقَم** (فت ر ق) عیار چالاک شخص۔

چَلتّر فت چ ل، شد فت ت۔ امذ۔ چالبازی، مکرو فریب نیز **چَرتّر**۔

چَلْتو فت چ، سک ل، و مع۔ صف۔ عام، چلتا ہوا، کام چلاؤ۔

چَلتوں فت چ، سک ل، و مج۔ م ف۔ سبب سے، وجہ سے، بباعث، بربنا۔ م: جہالت کے چلتوں پسماندگی لازمی ہے۔ فصیح: **چلتے**۔

چَلتَہ فت چ، سک ل، فت ت۔ امذ۔ زرہ کے نیچے پہنا جانے والا فوجی لباس۔

چِل چراغ کس چ، سک ل۔ امذ۔ چراغوں سے لدا ہوا جھاڑ، سرو چراغاں۔

چِلْچِل کس چ، سک ل۔ امث۔ ابرک، بُھوڈَل۔

چِلچِلا کس چ، سک ل۔ صف۔ چلّاتا، چیختا، کرخت، بدآواز، بھاری بیٹھا ہوا (گلا)۔

چِلچِلانا کس چ، سک ل۔ ف ل۔ چیل کا بولنا؛ چیخنا، پکارنا۔ صف **چِلچِلاتا** چیختا، چلّاتا۔ مث **چِلچِلاتی دُھوپ** نہایت تیز دُھوپ۔

چُلچُلانا ضمہ چ، سک ل۔ ف ل۔ کُھجلانا، کُھجلی، خلش محسوس کرنا۔ چُل اٹھنا۔

چِلّر کس چ، شد فت ل۔ امذ۔ ریز گاری، خوردہ **چِلّر فرَوش** خوردہ فروش چھوٹا دوکاندار۔

چِلغوزَہ کس چ، سک ل، و مج، فت ز۔امذ۔ صنوبر کے درخت کا گچھوں کی صورت میں لگنے والا ایک بہت چھوٹا گری دار میوہ جسے بھون کھاتے ہیں۔ [(لاط: Pinus Gerardiana)[س: س شرل = چیڑ/ چیل + گود = مغز؛ چیڑ کی گری]۔

چِلقَد کس چ، سک ل، فت ق۔ امذ۔ سپاہیوں کا دوہرے سینے کا بکتر، چلتہ نیز **چِلقَب**۔

چِلَک (۱) کس چ، فت ل۔ امث۔ زیور کی جڑائی میں خلا کو لاکھ سے پُر کرنا۔

چِلَک (۲) کس چ، فت ل۔ امث۔ درد، ٹیس۔

چَلْکا فت چ، سک ل۔ امذ۔ ایک قسم کی چھوٹی ناؤ۔

چِلْکا کس چ، سک ل۔ صف، امذ۔ چمکیلا؛ چاندی کا سکہ، روپیہ ف ل **چِلکنا** چمکنا۔

چِلکا دُودی کس چ، سک ل، و مع۔ امذ۔ چوڑے پتوں والا ایک گھنا درخت جس کی جڑ سے بہت سی شاخیں پھوٹتی ہیں۔(لاط: Sacco Petaluma)۔

چِلکارا فت چ، سک ل۔ امذ۔ ڈانٹ، پھٹکار۔

چَلَکْیا فت چ ل، سک ک۔ امذ۔ چاول کی ایک قسم جس کا دانہ چمک دار ہوتا ہے۔

چِلَم کس چ، فت ل۔ امث۔ مٹی کا پیالہ نما ظرف جس میں تمباکو اور اس کے اوپر انگارے رکھ کر تمباکو نوشی کرتے ہیں، حقے کی کلی پر جمائی جاتی ہے۔

چِلمْچی کس چ، فت ل، سک م۔ امث۔ سیلابچی، سلفچی (رک)۔

چِلمَن کس چ، سک ل، فت م۔ رک: **چِق**۔

چَلَن فت چ ل۔ امذ۔ رواج، عادات و خصائل، روش، وضع۔

چَلنا فت چ، سک ل۔ ف ل۔ حرکت کرنا، قدموں سے فاصلے طے کرنا؛ روانہ ہونا، قدم بڑھانا، رائج ہونا؛ رخصت ہونا، جانا؛ قائم رہنا؛ ساتھ دینا، م: پرانے کپڑے ابھی تک چل رہے ہیں؛ سر ہونا، چھوٹنا (بندوق وغیرہ کا)؛ حرب و ضرب کرنا (ہتھیار وغیرہ کا)؛ کام دینا، کارآمد ہونا۔

چَلَنْت فت چ ل، سک ن۔ امث۔ چال، حرکت، طور، چلن۔

چَلنسار فت چ ل، سک ن- صف- ایک ہی رفتار سے مستقل مزاجی کے ساتھ چلنے والا (بیل وغیرہ)-
چَلنی فت چ، سک ل- صف- رائج چالو؛ کھرا، سچّا، پاسے کا (سونا)-
چُلّو ضمہ چ، شد ل، و مع- امذ- بند انگلیوں اور ہتیلی کا ظرف، کسی رقیق شے کی ایک ہاتھ میں آ جانے والی مقدار صف **چُلّو بَھر** مراد تھوڑا سا، قلیل-
چِلْواس کس چ، سک ل- امد- چیخ پکار- نیز **چِلْوانْس** چیخنے کا مرض یا عادت-
چِلّہ (۱) کس چ، شد فت ل- امذ- چالیس دن کی مدّت؛ زچّہ کا نفاس ختم ہونے پر غسل صحت؛ چالیس دن کا اِعتکاف- **چِلّے کا جاڑا** سخت جاڑے کے چالیس دن-
چِلّہ (۲) کس چ، شد فت ل- امذ- کمان کی تانت میں لگا ہوا وہ ٹکڑا جس میں تیر جوڑ کر چلانے کے لیے چٹکی سے پکڑ ک کھینچتے ہیں-
چِلْہار کس چ، سک ل- امث- چیلوں کا جھلڑ- نیز **چِلہار**-
چِلّی کس چ، شد ل- امذ- پھینٹے ہوئے انڈے میں میدہ اور شکر ملا کر گھی میں تلی ہوئی میٹھی روٹی نیز، اَنڈے کا پراٹھا- نیز **چِلّا**-
چُلّی ضمہ چ، شد ل، امث- درخت کو سہارا دینے کے لیے لگائی جانے والی لکڑی، بانس وغیرہ-
چَلیپا فت چ، ی مع- امذ- صلیب کا نشان، سْواشتِکا؛ ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی دو لکیروں یا ایک آڑی ایک سیدھی لکیر سے بننے والی علامت، چیرا-

چلھار کس چ- امث- چیلوں کا جِھلّڑ، نیز **چِلْہار**، **چِلار**-
چُلْھکَٹ ضمہ چ، سک لھ، فت ل- امث- چولھے کی جلی ہوئی مٹی-
چِلْھوارکس چ، سک لھ، امث- چیل کے چلانے کی آواز، چِلّاہٹ- نیز **چِلھور**-
چِلْھوانْس کس چ، سک لھ، غنہ- امذ- چیل کا گوشت، چیل ماس، چیل کی سی آواز-
چِلھوٗ کس چ، و مع- امث- چیل کو پکارنے کی آواز جو بچّےنکالتے ہیں، نیز **چیل چلو**-
چِلھی کس چ- امث- چیل-
چَم فت چ- امث- لچک، خم، جھوک؛ اٹھلاتی چال، جھومتی ہوئی چال؛ چمک دمک، سج دھج؛ **چَم و خَم** (چَ مو خَم) پھرتی، تیزی، لپک جھپک- صف **چَماں** لچکتا، جُھومتا-
چُم ضمہ چ- صف- ننگا، برہنہ-
چُمّا ضمہ چ، شد م- امذ- بوسہ، پیار، مچھی- مث- **چُمّی**-
چَما چَم فت چ- صف- چکمتا دمکتا، امث- چُستی، چالاکی، پھرتی، تیزی-
چَمار فت چ- امث- موچی، ہندو سماج کی ایک نیچ جاتی جس کا کام چمڑا کمانا، جوتے گانٹھنا ہے- امث- **چمار چَودَس** چماروں کی پنچایت یا میلہ، شور ہنگامہ، طوفان بدتمیزی، چند روزہ خوش حالی۔ مث **چَمارَن**، **چَماری**-
چُماق ضمہ چ- امذ- عَصا، گُرز، (کنایتہً) آلت-
چَمامَہ فت چ م- امذ- جوتا، نعلین-
چَمانی فت چ- امذ- ساقی، پیالہ بردار-
چَمبا فت چ، سک م- امذ- اس گروہ کا فقیر جو لوگوں کو متاثر کرنے کے لیے خود آزاری کرتا ہے-
چَمبُو فت چ، سک م، و مع- امث- پہاڑ کی تلھٹی کی زمین جو پانی سے خوب آسودہ اور چاول کی کاشت کے لیے موزوں ہو-
چَمْبھا فت چ، سک م- امذ، صف- وہ گھوڑا جس

کی کھال پر بھوری چتیاں ہوں۔

چَمْب فت چ، سک م۔ امث۔ آبنوس (لاط: Bauhinia Varieguta)۔

چَمَتکار فت چ م۔ سک ت۔ امذ۔ کرشمہ، کرامت، اعجاز۔

چِمٹا کس چ، سک م۔ امذ۔ انگارے پکڑنے کا لوہے کی لمبی پٹی کو موڑ کر بنایا ہوا آلہ، دست پنہ؛ نیز اس شکل کا کوئی اور آلہ؛ زنبور۔ تصغیر **چِمٹی**۔

چِمٹا سِینگَن کس چ، سک م، ی مع مغ، فت گ۔ امث۔گھوڑے کی پیشانی پر بھونریوں کا گچھا۔

چِمَٹنا کس چ، فت م، سک ٹ۔ ف ل۔ لپٹنا، گلے لگنا؛ چپکنا، پیوست ہو جانا؛ پیچھے پڑ جانا۔

چَمَّچ فت چ، شد فت م۔ امذ۔ رک **چمچا** مرکب **چَمَّچ بُوزہ** (بُوزَ / زا) ایک پرندہ جس کی چونچ چمچ جیسی ہوتی ہے۔ (لاط: Platelia leucorodia)۔

چَمچا فت چ، سک م۔ امذ۔ پیالی، پلیٹ یا برتن میں کھانے پینے کی شے نکالنے یا منہ میں رکھنے کا سیپ کی طرح کے گڑھے دار منہ کا دستہ جس کی حسب ضرورت بہت سی قسمیں اور شکلیں ہوتی ہیں؛ قاشق (مجازاً) ساتھ لگا رہنے والا طفیلی۔ نیز **چَمچَہ** (پھبتی) **ہردیگی چَمْچہ** زمانہ ساز، مطلب پرست۔ اکیف مث **چَمْچَہ گِیری** خوشامد، چاپلوسی، حاشیہ برداری۔ تصغیر **چَمْچی** پاندان میں کتھے چونے کی کلھیا کا سپاٹ گول مُنہ اور پتلی ڈنڈی کا چھوٹا چمچہ؛ مُلعقہ یا لعوق کھانے کاانگلی نما چمچہ۔

چَم چِچَّڑ فت چ، سک م، کس چ، شد فت چ۔ صف۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا، بلائے جان؛ چمڑے کی طرح سخت، پگھلےسریش کی طرح چمٹ جانے والا۔

چَمْچَکا فت چ، سک م، فت چ۔ امذ۔ چمَّچ بُوزہ سے ملتی ہوی شکل کی چونچ دار پتنگ۔

چَم چَم فت چ، سک م۔ رک **چَما چَم** صف۔ (۲) دودھ کو پھاڑ کر سفید چپٹی ٹکیوں کی شکل میں بنائی اور شیرے میں ڈبوئی ہوئی بنگالی مٹھائی۔ اکیف مث۔ **چَمچماہَٹ** چمک، جَھلکار۔

چَمْچمانا فت چ، سک م۔ ف ل۔ تیل میں چُپڑا، تربتر چمکتا ہونا۔

چَمَر فت چ م۔ صف۔ چماروں سے نسبت رکھنے والا، گھٹیا، ادنیٰ پست۔ مرکب **چَمَر تَوحید** وحدت الوجود کے نظریے کے مخالفین کی نظریے پر پھبتی۔ **چَمَر واڑہ** چماروں کا محلہ نیز **چَمَرہَٹّا** **چَمروٹا/ چَمَروٹی** (و لین)۔ چماروں کی بستی۔

چَمرَخ فت چ، سک م، فت ر۔ امذ۔ تکلے میں لگی ہوئی چمڑے کی گول ٹکیاں جن کے سوراخوں میں تکلا گھومتا ہے؛ سوکھی کھال، جُھریائی جلد۔

چَمَرڈھِینگ فت چ م، ی مع، غنہ۔ امذ۔ گِدھ، کرگس۔

چَمْرَس فت چ، سک م، فت ر۔ امذ۔ آبلہ، چھالہ۔

چَمرَودَھا فت چ، سک م، و لین۔ امذ۔ بھاری، گنْوارُو، ادھوڑی استر کا جوتا۔

چَمْرِیشِیَن فت چ، سک م، ے مج، سک ش، فت ی۔ امذ (بطور پھبتی)۔ دیسی عیسائی (کنایہ اس طرف کی بہت سے نئے عیسائی نیچ ذات کے لوگ تھے۔)

چَمْڑا فت چ، سک م۔ امذ۔ کھال، جانور کی کھال، پوست، ادیم؛ وہ کھال جس کے جوتے بنائے جائیں، چرم۔تصغیر **چَمڑی** جلد، جسم کی اوپری سطح۔

چَمَک فت چ م۔ امث۔ روشنی، آب، تاب، چکا چَوندْ؛ پُھرتی، تیزی؛ ایک دم لمحہ بھر ک شدت سے اٹھنے والی تکلیف؛ کہاروں کے مخصوص مختصر اشارات جو اگلا کہار پچھلے کہار کو آگاہ کرنے کے لیے دیتا ہے۔ صف **چَمکیلا/ چَمکیلی، چَمک دار**۔

روشن۔

چَمک چانْدنی فت چ م، سک ک، غند۔ بنی ٹھنی عورت جس پر شوقین مزاج ریجھیں، نیز **چَمکّو** چھب دکھلانے حسن کی نمائش کرنے والی، نمایاں نظر آنے والی۔

چَمْکا فت چ، سک م۔ امذ۔ ایک آتش بازی جو تیزی سے اوپر اٹھتی ہے؛ تیز دھوپ جو پودوں کو جلا دے۔

چَمْکار فت چ، سک م۔ امث۔ تجلّی، جلوہ،تماشا۔ نیز **چَمکارا** جَھلک۔

چُمْکار ضمہ چ، سک م۔ امث۔ منانے، دلاسا دینے، خوش کرنے کے لیے پیار کرنا، پُچکار، نیز **چُمکاری**۔ ف م **چُمْکارنا** اشک شوئی کرنا بغیر پیار کیے پیار کا سا مُنہ بنانا۔ مرکب عطفی **چُمکارنا پُچکارنا** جانور کو تھپکی دینا اور منہ سے پیار کی آواز نکالنا۔

چَمْکانا فت چ، سک م۔ ف م۔ روشن کرنا، فروغ دینا، رونق بڑھانا؛ نمایاں، مشہور، مشتہر کرنا۔ ف ل **چَمَکنا** روشن ہونا، جگمگ کرنا، جھلک دکھانا، اُچکنا، جانور کا خوف سے بدکنا۔

چَمَکّو فت چ م، شد ک، و مج۔ رک: **چمک چاندنی**۔

چَمْکَوّل فت چ، سک م، فت ک، شد فت و۔ صف۔ چمک دکھاتا ہوا، تیل یا چکنائی سے مچمچاتا (عموماً بطور استہزا)۔

چَمْکی فت چ، سک م۔ امث۔ ستارہ جو کپڑوں پر ٹانکا جاتا ہے۔

چِمْگادَڑ کس چ، سک م، فت د۔ امث۔ اندھیری جگہوں میں لٹکا رہنے والا مخلوط نوع کا اڑنے والا جانور جو بچّوں کو دودھ پلاتا ہے اور بے بالوں کے جِھلّی نما بازوؤں کے سہارے اڑتا ہے۔ خفّاش، شپّرہ چشم۔

چُمَّل ضمہ چ، شد فت م۔ امذ۔ سر پر بوجھ اٹھاتے وقت سر پر گول کُنڈلی کی شکل میں رکھا جانے والا کپڑا وغیرہ، اینڈوا، اینڈوی۔

چَملا فت چ، سک م۔ امذ۔ کاسہ، پیالہ، کشکول۔

چَنْبَر (رک) کی تحریف۔

چَملانا فت چ، سک م۔ ف ل۔ اِترانا۔

چَمَن فت چ م۔ امذ۔ آراستہ باغ، پُھلواری، گلشن۔ نیز **چَمَنْزار چَمَنستان**۔

چُمْنا ضمہ چ، سک م۔ امذ۔ گڑیا کا بچہ کپڑے کا بنا ہوا، امث۔ **چُمْنی** اصلاً **چَمُونا**۔

چِمْنی کس چ، سک م۔ امث۔بھٹّی کا دُھواں عمارت سے اوپر تک لے جا کر ہوا میں چھوڑنے کے لیے بنائی یا لگائی ہوئی مینار نما بند نالی، دُود کش، دُھَنوالا، لیمپ کے کلّے پر دُھَنویں کی نکاسی کے لیے چڑھایا جانے والا شیشے کا گولا یا نلکی؛ لالٹین کا شیشے کا پیٹ۔

چَموٹا فت چ، و مج۔ امذ۔ چمڑے کی کترن ٹکڑا یا پٹّی؛ نائیوں کی استرا تیز کرنے کی چمڑے کی پٹّی؛ پٹاس؛ قیدیوں کی بیڑی میں چمڑے کی تہ تا کہ پاؤں زخمی نہ ہو۔ نیز مث **چَموٹی**۔

چَموّرانی فت چ، شد م، و مج۔ امث۔ فرش پر چاک، کوئلے وغیرہ سے خانے بنا کر ایک ٹانگ پر اُچک کر ٹھیکریوں کو ٹُھکرانے اور ایک خانے سے دوسرے خانے میں لے جانے کا کھیل۔

چَموڑا فت چ، و مج۔ امذ۔ چمڑا منڈھا ہوا دستی حقہ۔

چَمُونا فت چ، و مع۔ امذ۔ ایک بہت چھوٹی پدّی کے برابر چڑیا، جوگی، دیسی سرخ .اس کی مختلف قسمیں ہیں؛ گڑیا کا کپڑے کا سلا ہوا بچہ؛ آدمی کے بچے کو بھی پیارسے چَمونا کہہ دیتے ہیں۔

چِمیگوئی کش مج چ، ی مع، و مج۔ امث رک: چِہ۔

چَنّا فت چ۔ امذ۔ ایک غلّہ جو چھوٹے چھلکے

کے سِیپ نما خولوں میں سے نکلتا ہے اور ہر دانہ جُفت ہوتا ہے یعنی دو آدھے دانے، جو دل کر دال کی شکل میں پکائے جاتے ہیں۔ ہرے دانوں کو بونٹ کہتے ہیں جو پکنے کے بعد سخت ہو جاتے ہیں اور بھون کر کھاتے ہیں۔ اِس کا آٹا بیسن کہلاتا ہے۔ نخُود۔ **چَنا جوَر گرَم** (و مج، فت گ ر) مسالہ ملے اور کوٹ کر چپٹے کیے ہوئے چنے جو چبینے کے طور پر کھائے جاتے ہیں۔

چُنّا ضمہ چ، شد ن۔ صف۔ بہت چھوٹا، پیارا بچّہ، مُنّا۔ عموماً: **چُنّا مُنّا** مث **چُنّی**۔

چِنار کس چ۔ امذ۔ اونچا پہاڑی درخت جس کے پتے مہین ریشوں کی جھالر کی طرح ہوتے ہیں، پھل سخت لکڑی کے پھول جیسا، کھانے کے ناقابل؛ چیڑ، دیو دار، صنوبرِ ہِندی (لاط: Longifolea Pinus)۔

چُناغ ضمہ چ۔ امذ۔ جڑواں پھل، دُوگانہ۔

چُناں ضمہ چ، غمہ۔ صف م ْف۔ ویسا؛ اُس طرح، مث **چُناں چُنیں** حجت میں میکھ، اعتراض۔ نیز **چُنان وَ چُنیں**: لفظاً اس طرح اور اُس طرح۔ نیز **چُنیں چُناں**۔ حیل حجّت۔

چُنانچہ ضمہ چ، ا مغ، کس مج چ۔ ف م۔ اِس لیے، اس بنا پر، لہٰذا، آخر کار۔

چُنانکہ ضمہ چ، امغ، کس مج ک۔ م ف: جیسا کہ۔

چُناوَٹ ضمہ چ، فت د۔ امث۔ کپڑے پر چُنّٹیں ڈالنا۔

چُناؤ ضمہ چ، ومج۔ امذ۔ انتخاب، چھانٹنا، بیننا۔

چُنائی ضمہ چ۔ امث۔ اینٹوں پتّھروں سے چونا گارا وغیرہ لگا کر تعمیر کا عمل یا تعمیر شدہ شکل۔ گری بکھری ہوئی چیزوں کو اٹھانے کا عمل۔

چَنبَر فت چ، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ پیالہ، کاسہ، کشکول؛ حقّے کی چلم پر رکھنے کا جالی دار خول یا سرپوش؛ گھیرا۔ دَور، حلقہ۔ **چَنبل** صف **چَنبری** گول مدّور۔

چُنبک ضمہ چ، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ مقناطیس؛ کنوئیں کے ڈول کی رسی۔

چَنبیلی فت مغ چ، ے مج۔ امث۔ ایک پانچ نازک پتیوں کا خوشبودار پھول، سفید یا زرد۔ یاسمین (لاط: jasminum Grandiforum)۔

چَنپا فت چ، غنہ مثل م۔ امث۔ ایک سُہانے زرد رنگ کا خوشبو دار پھول (لاط: Michelia chanpaca) نیز **چَنپک، چَمْپک** امث **چمپا کلی** گلے کا ایک زیور جس میں چنپا کی کلیوں کی طرح کی سنہری یا روپہلی جھالر ہوتی ہے۔ صف **چَنپئی** ہلکا زرد رنگ۔

چَنپَت فت چ، مثل م، فت پ۔ صف۔ غائب، اوجھل۔

چِنْتا کس چ، سک ن۔ امث۔ فکر،پریشانی، کھٹکا، دھڑکا؛ دھیان، سُدھ، یاد۔

چِنْتا مَنی کس چ، سک ن،فت م۔ امذ۔ ایک خیالی پتھر جس کی بابت عقیدہ ہے کہ جس کے پاس ہو اس کی ہر مراد پوری ہو جاتی ہے؛ بَرہمّا کا ایک نام۔

چِنْتِنی کس چ، سک ن، کس ت۔ صف ، امث۔ ہندو کام شاستر کی رو سے عورت کی ایک قسم جو پدمنی سے دوسرے نمبر پر شمار کی جاتی ہے۔

چَنتَھل فت چ، سک ن، فت تھ۔ امذ۔ چَلتر، چَرتَر۔

چَنْٹ فت چ، سک ن۔ صف۔ عیار، چالاک۔

چُنّٹ ضمہ چ، شد فت ن۔ امث۔ شکن، سلوٹ جو کپڑے میں بطور آرائش اُسے قدرے پُھلانے کے لیے ڈالی جائے ج **چُنّٹیں ڈالنا** ململ کے دوپٹے دامن، آستین وغیرہ چُننا، شکن داربنانا۔

چَنْٹی فت چ، سک ن۔ امث۔ ضرب یا چانٹا جو تین انگلیوں سے لگایا جائے۔

چَنْچَر فت چ، سک ن، فت چ۔ امث۔ کئی برس کی افتادہ زمین جس میں پرانی بُوائی کے نشان نظر آئیں۔

چَنْچل فت چ، سک ن۔ صف۔ شوخ، شریر، چُلبلا۔

چَنْچَل کورا فت چ، سک ن، و مج۔ امذ۔ ایک

قسم کا ساگ، پتّے نصف انگل کے برابر گول نوکدار، شاخیں باریک، پھول بنفشی۔

چُنچُنا ضمہ چ، سک ن، امذ۔ دھاگے جیسا کیڑا جو بچّوں کی مقعد میں کُھجلی اور سوزش پیدا کرتا ہے۔ نیز **چُنوَنا**۔

چِنچِنانا کس چ، سک ن۔ ف ل۔ بچّوں کی طرح ٹھنکنا،بکڑنا، جھگڑنا، بدمزاجی کرنا؛ باریک غِنغِنی آواز میں بولنا۔ صف **چنچِنا** وہ مرد جس کی آواز باریک ہو۔

چَند فت چ، سک ن صف۔ کُچھ، تھوڑے۔ نیز بطور لاحقہ، گنا، گونہ م: **دو چَند** (دُچند) **سہ چند** (سچَند، ہ غم) امذ **چَند شَوہَری نظام** ایک عورت کے کئی شوہر رکھنے کی رسم جو بعض معاشروں میں رائج ہے۔ (انگ: Polyandry)۔

چَندا فت چ، سک ن۔ امذ۔ **چاند** (امذ) کی تصغیر۔

چُندا ضمہ چ، سک ن۔ صف۔ جس کی آنکھ بہت چھوٹی ہو؛ جو تیز روشنی میں نہ دیکھ سکے اور پوری آنکھ نہ کھولے، نیز **چُندھا**۔

چَنڈھیری فت چ، سک ن، ے مج۔ امث۔ بچّوں کی گیلی ریت میں گھروندے بنانے کا کھیل۔

چَنداں فت چ، سک ن، غنہ۔ صف، م ف۔ اتنا، اس قدر؛ (نفی کی صورت میں) کچھ ایسا، کچھ بہت زیادہ (نہیں) مراد کم نہ کہ بہت۔ م: چَنداں رغبت نہیں؛ چنداں مضائقہ نہیں۔ [ف: بعض، کچھ، اتنے جتنے وغیرہ]۔

چَنداول فت مغ چ، فت و۔ امذ۔ لشکر کا پچھلا حصّہ، ہراول کی ضد؛ چوکیدار، محافظ۔

چَند بجار فت چ، سک ن د، کس ب۔ امذ۔ بنجر علاقے میں گھرا ہوا قابل کاشت زمین کا ٹکڑا۔

چَندر فت چ، سک ن د۔ امذ۔ چاند نیز **چَندرما** (سک ن د، فت ر) عام **چَندرما** (فت مغ چ، فت د، سک ر) **چَندربَنشی** (فت ب، سک ن) راجپوتوں کی ایک شاخ (اصلاً : وَنشی) **چَندربھان** چاند کی طرح کی حسین، سری کرشن کے ایک بیٹے کا نام۔ **چَندر پرکاش** ایک راگ جس میں بھجن گائے جاتے ہیں۔ **چَندر رَتن** موتی۔ **چَندر ماس** چاند کا مہینہ۔ **چَندر مُکھی** ایک پھول جو رات کو کھلتا ہے اور عام خیال ہے کہ رخ مہتاب کی طرف رہتا ہے۔ گُلِ مہتاب پَرَست۔

چَندرا فت چ، سک ن د۔ امذ۔ وہ شخص جس کی چندیا صاف ہو؛ دانا، عقلمند۔

چَندرانا فت چ، سک ن د۔ ف ل۔ مکرکرنا، انجان بننا، بن کر بات کرنا۔ اکیف مث **چَندرائی** تجاہل، اغماض۔

چَندرَس فت چ، سک ن د، فت ر۔ امذ۔ سرل یا سال کا گوند جس سے تارپین کا تیل بنتا ہے اور متعدد صورتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

چَند گیرا فت چ، سک ن د، ی مع۔ امذ۔ (حیاتیات) امیبا اور کیچوے کے درمیان ایک لنبوترا حشرہ (انگ: Hydra)۔

چَندَل فت چ، سک ن، فت د۔ صف۔ سرمُنڈا۔ نیز **چَندلا**۔

چَندَل مَنڈَل فت چ، سک ن، فت د، فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ ایک کھیل جو ۶۴ خانوں کی بساط پر چار آدمیوں کے درمیان ۱۶ گوٹوں سے کھیلا جاتا تھا؛ فرش پر بنی ہوئی وسیع بساط پر مہروں کی جگہ آدمیوں سے کھیلی جانے والی شطرنج جو اکبر بادشاہ سے منسُوب ہے۔

چَندَن فت چ، سک ن، فت د۔ امذ۔ (۱) چاند (۲) صَندل، ایک خوشبودار لکڑی جس کی کئی قسمیں ہیں۔ (لاط: Santalum Album)؛ سیندور کا ٹیکا

جو ہندو مرد عورت ماتھے پر لگاتے ہیں۔ امث
چَندَن گوہ (ومج) گوہ کی ایک قسم جس کی پشت پر ہلالی نشان ہوتے ہیں۔ نیز چَندَل گھیرا (ضمہ مج گ، ے مج)۔ چَندن ہار گلے کی ایک مالا جو چھوٹی چھوٹی سنہری پتّیوں کی لڑیوں سے بنی ہوتی ہے نیز چَنَن ہار (فت ن)۔
چَنْدولا فت مغ چ، و مج۔ صف۔ چاند جیسا، پیار کا کلمہ نیز چَنْدا۔
چَندولی فت مج چ، ومج۔ امث۔ ہل کا دستہ، مُٹھیا۔
چَنْدہ فت چ، سک ن، فت د۔ امذ۔ کسی کام کے لیے کئی فریقوں کی طرف سے دی جانے والی امداد؛ اخبار، رسالے وغیرہ کے مقرّرہ میعادی دام، م: سالانہ چندہ۔
چَنْدی فت چ، سک ن۔ امث۔ بھتّہ یا سوکھی جنس جو کسی کو گزارے کے لیے مفت دی جائے۔
چِنْدی کس چ، سک ن۔ امث۔ کپڑے یا کاغذ کی دھجّی، کترن۔
چُنْدی ضمہ چ، سک ن۔ امث۔ چُندا (رک) کی تانیث، بطور دشنام، متبادل چُندو (ومج)۔
چَنْدے فت چ، سک ن، ے مج۔ م ف۔ چند روز، کچھ دیر، کچھ وقت؛ ایک حد تک، کسی قدر فقرہ چَنْدے آفتاب چَندے مہتاب کسی کے حسن و جمال پر توصیفی فقرہ۔ کبھی چاند جیسا کبھی سورج جیسا (اردو کا تصرف)۔
چَنْدِیا فت چ، غنہ سک د۔ امث۔ کھوپری کی بالائی سطح چانْد (۲) کی رک تصغیر۔
چَنْدِیں فت چ، سک ن، ی مع غنہ۔ کئی، متعدّد؛ ایسا، اس طرح کا فقرہ چَنْدِیں شکْل برائے اَکْل (فت ا، سک ک) یہ حلیہ پیٹ کی خاطر بنایا ہے۔
چُنْدَھا ضمہ چ، سک ن۔ رک چُنْدا ف ل

چُندھَلانا ادھ کھلی آنکھ سے دیکھنا؛ آنکھ کا پورا نہ کُھل سکنا۔ نیز چُندھَیانا (فصیح)۔
چَنْدھیلی فت مغ چ، ے مج۔ امث۔ ہل میں ہرس اور ناگر کے جوڑ پر پھنسایا ہوا لکڑی کاپَھنّا بطور ڈاٹ۔
چَنْڈال فت چ، سک ن۔ امذ۔ ذلیل کمینہ آدمی، شریر بدمعاش [اصلاً: شُودر باپ اور برہمن عورت کی اولاد] امث چَنْڈال چوکڑی۔ بدمعاشوں کا ٹولا۔ نیز عام چَنڈال۔ مث چَنْڈالَن/ چَنڈالَنی۔
چَنْڈالا فت مغ چ۔ امث۔ ایک دریائی مچھلی۔
چَنْڈُو فت چ، سک ن، و مع۔ امذ۔ افیون سے تیار کردہ ایک قوام جس کی گولیاں چلم میں رکھ کر پیتے ہیں۔ صف چَنْڈُو باز چنڈو کا دھتّی، چَنڈُو خانہ چَنْڈُو پینے والوں کا اڈا۔ نیز چانڈو۔

چَنْڈُول فت چ، سک ن، و مع۔ امذ۔ خاکی رنگ کا ایک کلغی دار، خوش آواز پرندہ (لاط: Galerita Cristata)؛ چَنڈُول۔
چَنْڈی فت چ، سک ن۔ عَلَم، صف۔ دُرگا دیوی کا نام؛ غضبناک عورت۔ نیز چَنڈا امث۔ چنڈی کسم سرخ کُسم (انگ: Red Oleander)۔
چَنْڈی فت چ، سک ن۔ امث۔ پُھڑیا، جانوروں کے پھوڑوں کے لیے مستعمل۔
چُنْرا ضمہ چ، سک ن۔ امذ۔ چنے کا کھیت۔ نیز چُنْیارا۔
چُنْری ضمہ چ، سک ن۔ امث۔ رنگین، بندکیوں دار ریشمی یا سوتی کپڑا جو زنانہ دوپٹوں یا ساریوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور خاص طور پر پکّے رنگوں میں، چٹکیاں باندھ باندھ کر رنگا جاتا ہے جس کی وجہ سے چِتّی دار بھی ہوتا ہے۔ تصغیر چُنَرِیا۔
چَنْسُر فت چ، سک ن، ضمہ س۔ امذ۔ ایک پودا اور

اس کے رائی کی طرح کے مہین بیج جو دواءً نیز مسالے کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، ہالِم، ہالوں (لاط: Lepedium Sativum) نیز چَنسُور۔

چِنک (۱) کس چ، فت ن۔ امث۔ چٹکنے، چٹخنے، تڑقنے کی آواز؛ نیز رک چِک (۱)، چَنَّک۔

چِنک (۲) کس چ، فت ن۔ امث۔ بٹیر کی ایک چھوٹی قسم۔

چَنّک فت چ، غنہ۔ امذ۔ ایک تاروں والا ساز؛ رات کو اڑانے والی قندیل کی شکل کی پتنگ، گھنگرو جو بہلی کے چلنے میں بجتا رہتا ہے۔ رک: **چَنّگُل**۔ مرکب صف۔ **چَنگ پوٹیا** حوصلے سے لڑنے والا بٹیر۔ (پوٹیا = حوصلے والا)۔

چَنّگا فت چ، غنہ۔ صف۔ تندرست، صحتمند؛ عمدہ؛ مث **چَنّگی** (۲) چنے کا تیار دانہ۔

چِنگاری کس چ، غنہ۔ امث۔ اگ کا پتنگا، شرارہ۔

چَنّگال فت چ، غنہ۔ امذ۔ رک: **چَنّگُل**۔

چَنگری فت چ، غنہ۔ امث۔ ایک قسم کی بڑی مرغابی جو موسم بہار میں آتی ہے۔ ٹوبا مُرغابی۔

چِنگڑی کس چ، غنہ۔ امث۔ جھینگے کی ایک قسم۔

چَنگُل فت چ، غنہ، ضمہ گ۔ امذ۔ پنجہ، خصوصاً جانور، پرندے یا درندے کا۔ مجازاً قبضہ، شکنجہ، گرفت، پکڑ؛ ہتیلی، کھلی مُٹھی۔م: چنگل بھر، مُٹھی بھر، نیز ف: **چَنّگال**۔

چِنگلوک فت چ، غنہ، و مع۔ امث۔ اٹیرَن۔

چُنگلی ضمہ چ، غنہ۔ امث۔ ناک پر چڑھانے کی ایک پوشش جو غوطہ خور استعمال کرتے ہیں۔

چَنّگُور فت مغ چ، و مع۔ صف۔ بہت چنگا، عمدہ، اعلیٰ۔

چَنّگُورَن فت مغ چ، و مع، فت ر۔ امث۔ چاول کی فصل کا ایک کیڑا۔

چَنّگی فت چ، غنہ۔ امذ۔ چنگ نواز۔ صف مث

چَنّگا (رک) کی تانیث۔

چُنّگی ضمہ چ، غنہ۔ امث۔ درآمدی محصول؛ درآمدی مال کی پڑتال کا ناکہ؛ جوتنے والے گھوڑے کے ساز کے وہ حلقے جن میں بم پھنسائے جاتے ہیں۔

چَنّگیر فت مغ چ، ے مج۔ امث۔ تنکوں کی بنی ہوئی تھالی، ڈلیا؛ (۲) آٹے کے پیڑے کی چپٹی شکل جس کے بعد اسے تھپکا یابیلن سے پھیلایا جاتا ہے۔ (۳) گول شامیانہ یا چھپرکھٹ۔

چَنّگیل فت مغ چ، ے مج۔ امث۔ خبّازی کے بیج یا خُبازی کا پودا (لاط: Malva Silvastris)۔

چِنگھاڑ کس چ، غنہ۔ امث۔ ہاتھی کی چیخ؛ (مجازاً) زور کی چیخ۔

چِنگھوٹیاں کس مغ چ، و مج، کس ٹ۔ ج مث۔ کچّا، بچکانہ خط، بد خطی، کیڑے مکوڑے۔

چُنلی مٹّی ضمہ چ، سک ن، کس م، شد ٹ۔ امث۔ برتن بنانے کے لیے گوندھ کر تیّار خمیر کی ہوئی مٹی۔

چُنمُناہَٹ ضمہ چ، سک ن، ضمہ م، فت ہ۔ امث۔ دوران خون میں رکاوٹ سے کسی عضو میں پیدا ہونے والی سَنسَناہَٹ۔

چُنّنا ضمہ چ، سک ن۔ ف م۔ زمین یا فرش پر سے اٹھانا، بیننا اکٹھا کرنا؛ انتخاب کرنا، پسند کرنا؛ ترتیب سے اوپر تلے رکھنا، کسی تعمیر کے لیے اینٹیں یا پتھر تہ بہ تہ جمانا؛ تنکے کنکر نکال کی صاف کرنا (غلّے وغیرہ کو)؛ کپڑے میں چُنٹیں ڈالنا۔

چُنِندَہ ضمہ چ، کس ن، سک ن، فت د۔ صف۔ منتخب، چھانٹا، انتخاب کیا ہوا، چُنا سے عوام کی اختراع بجاے **چِنیدہ** (چ نی د)۔

چِنّنک کس چ، فت ن، غنہ۔ امث۔ پیشاب کرتے میں محسوس ہونے والی جلَن۔

چِننک پوٹیا کس چ، فت ن، غنہ، و مج۔ امذ۔ رک۔ **چَنّگ پوٹیا**۔

چَنَن ہار فت چ ن- رک: چَندن ہار-
چَنْواتی فت مغ چ- امث- جلتی ہوئی چُولھے کی لکڑی-
چَنْواں فت مغ چ، غنہ- امذ- جوار کی ایک قسم-
چُنوتی ضمہ چ، و لین- امث- للکار، اشتعالک، صلائے نبرد-
چُنوٹی ضمہ چ، و لین- امث- پانوں کے چُونے کی ڈبیا-
چَنْوَر فت مغ چ، فت و- امذ- مورچھل، مور کے پروں کا بنا ہوا مکھیاں اڑانے کا پنکھا؛ دستہ لگی ہوئی سرا گائے کی دم- تصغیر چَوَنْری (رک)-
چَنّولے فت چ، ومج- ج مذ رک: چُنْچُنے-
چِنّی کس چ، شد ن- امث- بہت چھوٹی پتنگ-
چُنّی ضمہ چ، شد ن- امث قیمتی پتھر یاقوت زمرد یا شیشے کا چھدا ہوا نگ جو موتیوں کے ساتھ بعض زیورات میں پرویا جاتا ہے-
چُنّیا ضمہ چ، سک ن- صف- چنّی دار پروں والا مرغ یا مرغی؛ صف امث: چھوٹی، ذرا سی م: امث- چُنْیا بَطَخ- چُنْنا بیگم افیمیوں کی اصطلاح میں افیون کی گولی- امذ چُنْیا کیلا کیلے کی ایک چھوٹی زرد قسم نیز چَمْپا کیلا-
چَنْیادا فت چ، سک ن- امث- وہ زمین جس پر چنے کی کاشت کی گئی ہو-
چِنیدَہ کس چ، ی مع، فت د- صف- شاخ توڑا ہوا، منتخب (عام: چُنِیدَہ قب: ا: چُننا)-
چُنیں ضمہ چ، ی مع غنہ- صف- اسی طرح، ایسے ہی، یُونہی- نیز رک: چُناں-
چِنْھ کس چ، سک نھ- امذ- نشان، پہچان، شناخت؛ سراغ؛ داغ، دھبّا- ف م چنھانا شناخت کرانا-
چَو و لین- صف چار- مرکبات میں مستعل م: چَوطَرفَہ چاروں طرف کا یا چاروں طرف سے- صف
چَوکور چاروں کونوں والا، مربّع-
چَوّا فت چ، شد و- امذ- چار نشانوں والا تاش یا گنجفے کا پتّہ؛ چار کا مجموعہ؛ سیاہ رنگ کا کبوتر-
چَوالیس فت چ، ی مع- عدد- چالیس اور چار (۴۴)-
چُوانا ضمہ چ- ف م- ٹپکانا، قطرہ قطرہ کسی کے منہ میں ڈالنا-
چَواؤ فت چ، و مج- امذ- چرچا، تذکرہ، شہرت-
چَو آنْس و لین- امذ ، غنہ- چار دفعہ جوتا ہوا کھیت-
چوب و مج- امث- لکڑی، سُوکھی ٹہنی، چھڑی، عصا؛ کھوٗنٹا، کھونٹی؛ ڈنڈا، ڈنڈی؛ موگرا، موگری، تاشہ وغیرہ بجانے کی لکڑی- مرکبات: چوب بَنْدی کٹہرا- چوب چِینی- ایک درخت کی گلابی رنگ کی جڑ جس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے، دواءً مستعمل (لاط: Smilex Glabra)- چوب حَرْفی (فت ح، سک ر)- پڑھتے وقت انگلی کی جگہ حرفوں پر رکھنے کی ڈنڈی- چوبْ حَشْرہ لکڑی میں سوراخ کر کے رہنے والا حشرہ، گنڈار- چوبِ حیات ایک درخت کی لکڑی جس کے پتّے بادام کے پتوں سے مشابہ، پھول سفید ہوتا ہے- چوبْ خط (سک ب) موٹا، جلی خط جو لکڑی سے لکھا جائے- چوب خوَار (خار) دیمک- چوب دار شاہی عصا بردار جو سواری کے آگے چلتا اور پیغام رسانی کا کام بھی کرتا ہے- چوب کاری لکڑی پر کندہ کاری- صف چوبی لکڑی کا- نیز چوبیں-
چوّبا و مج- امذ- کھانے کا خوان، تورہ جو تقریبات میں بھیجا جاتا تھا-
چَوبارا و لین- امذ- چار دروں کا کمرہ، برساتی؛ بیٹھک، چوپال-
چَوبائی و لین- صف- چاروں طرف کی، چاروں

طرف چلنے والی، ہوا، لاٹھی وغیرہ۔
چَوبَچّہ و لین، فت ب، شد چ۔ کنوئیں کے پاس بنی ہوئی ہودی جس میں فالتو پانی بہہ کر جمع ہوتا رہتا ہے تاکہ کیچڑ نہ ہو؛ کوڑ ڈھیر کرنے کے لیے بنی ہوئی پکّی چاردیواری۔ اصلاً چہ بَچّہ۔
چوَبک و مج، فت ب۔ امث۔ چھوٹی لکڑی، چھڑی۔
چَوبَنْد و لین۔ ج مذ۔ چاروں بند مراد مُشکیں م: **چوبند کَسْنا** مشکیں باندھنا۔ امث **چَوبَندی** نعل بندی۔
چوَبَہ و مج، فت ب۔ امذ ۔لکڑی کا بیلن۔
چوَبی و مج۔ صف۔ لکڑی سے نسبت رکھنے والا یا لکڑی کا بنا ہوا (نباتات) **چوبی سَرجِیوَن** لمبی عمر والے درخت **چوبی بافت** درخت کی لکڑی کی اندرونی ساخت۔
چوبے و لین۔ امذ، ج مذ۔ پنڈتوں کی ایک جماعت جو خوش خوری کے لیے مشہور ہے اور متھرا سے منسُوب [چوبید = چاروں بید کا مخفف، مراد چاروں ویدوں کا عالم]؛اس جماعت کا کوئی فرد۔
چَوبِیس و لین، ی مع۔ عدد۔ بیس اور چار (۲۴) صف **چَوبِیسواں، چوبیسویں**۔
چَوپال ولین۔ امث۔ گاؤں کے لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ؛ بیٹھک۔
چَوپان و لین۔ امذ۔ گڈریا، چرواہا۔ امث **چَوپانی**، گلّہ بانی۔
چَوپائی و لین۔ امث۔ چار مصرعوں پر مشتمل ہندی بول ہندی، قطعہ؛ رباعی۔
چَوپایَہ و لین، فت ی۔ امذ۔ چار پنجوں یا کُھروں والا جانور۔
چَوپَٹ و لین، فت پ۔ صف۔ تباہ، خراب، برباد؛ غائب، کھویا بھولا ہوا، م: سارا سبق چوپٹ؛ بالکل یا سب طرف سے کُھلا، م: دروازہ چوپَٹ مال غائب۔

چَوپَڑ و لین، فت پ۔ امث۔ ایک دوسرے کو قطع کرتی ہو دو چوڑی پٹیوں سے بنی ہوئی چوسر کی بساط جس پر چار خانے کڑھے یا بنے ہوے ہیں۔ ا سی شکل کی ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی سڑکیں، پکّی روشیں یا نہریں۔ نیز **چوَپَڑ** (ومج)۔
چوَپَڑا ومج، فت پ۔ امذ۔ زینے کے موڑ پر بنی ہوئی چوڑی سیڑھی۔
چوپْنا ومج۔ ف م۔ پودوں کی سِنچائی وغیرہ کے لیے پانی کو برتن یا ڈول سے اُچھال کر نیچی سطح سے اوپر پہنچانا۔
چوپْنی و مج، سک پ۔ امث۔ چکّر، گھمیری (لڑائی کے جانوروں کے لیے مخصوص)۔
چُوت و مع۔ امذ۔ آم کا پیڑ؛ امث۔ عورت کی شرمگاہ، فرج، قُبُل، کُس۔
چَوتالا و لین۔ امذ۔ طبلے کا ایک ٹھیکا۔
چَوتالی ولین۔ امث۔ عمدہ صاف دُھنکی ہوئی روئی جس میں بنولہ باقی نہ رہا ہو۔
چَوتَڑْکا و لین، فت ت، سک ر۔ امذ۔ چارطنابوں سے کسا جانے والا خیمہ۔
چُوتَڑ و مع، فت ت۔ امذ۔ سرین، کولھے، فقرہ **چُوتڑوں پر پیازکترنا** (فت ک، ت) چپکے سے جُل دے جانا۔
چُوتْیا و مع،سک ت۔ صف۔ بیوقوف، گاؤدی۔ امث **چُوتیا پَنْتھی** حماقت۔ **چُوتیا شہید** ہوس پرستی میں محض نقصان اٹھانے والا۔
چَوتھ و لین۔ امذ۔ چوتھائی حصہ، فصل کی چوتھائی جو لگان میں دی جائے؛ مویشی کا ایک دفعہ کا گوبر۔
چَوتھا ولین۔ صف۔ چار سے منسُوب تین کے بعد کا۔ مث **چَوتھی** چوتھا کی تانیث؛شادی کی ایک رسم جو نکاح کے عموماً چوتھے دن دلہن والوں کے گھر پر ہوتی ہے اور اس میں پَھلوں اور اور پھولوں

کی چھڑیوں سے مار کُٹائی بھی کی جاتی ہے۔
چَوتھائی و لین۔ صف۔ کُل کا چوتھا حصہ۔ ایک بٹہ چار (۱/۴)۔
چوٹ و مج۔ امث۔ ضرب، مار؛ طنز، طعن؛ بانک بنوٹ کا وار؛ مقابلہ؛ نقصان، ضرر۔ مرکب **چوٹ پھیٹ** جسمانی ضرر۔
چوٹّا و مج ث۔ صف۔ چور، اُچکّا۔ محاورہ **چوٹّا بننا** ناحق شرمندگی اٹھانا۔
چوٹی و مج۔ امث۔ گندھے ہوئے بال جو عموماً عورتوں کے سر سے پشت کی طرف لٹکتے ہیں؛ بالوں کی ایک لڑ یا گھٹے ہوئے سر میں سے چھوڑی ہوئی بالوں کی لڑ جو ہندوؤں کے ہاں رکھنا لازم خیال کیا جاتا ہے؛ پہاڑ کی سب سے اونچی سطح جو دور سے نکیلی نظر آتی ہے؛ کسی چیز کا سب سے اوپری سرا؛ درخت کی پُھننگ۔ صف **چوٹی کا** سب سے اعلیٰ، **چوٹی دار** پہاڑ کی چوٹی کی شکل میں بھرا ہوا برتن پلیٹ وغیرہ۔ **چوٹی کٹا** (فت ک) پوری طرح تابع کنایہ اس بات کی طرف کہ بُھتنے کی چوٹی ہاتھ میں آ جائے تو مطیع ہو جاتا ہے۔
چوٹیا و مج، سک ی۔ امذ۔ برمے کا دستہ جسے ایک ہاتھ میں تھام کر دوسرے ہاتھ سے برمے کو چلایا جاتا ہے۔ مکوّ، تَربلی۔
چوٹیلا و مج، ی مع۔ صف۔ دل پر چوٹ لگانے والا؛ چوٹ کھایا ہوا۔
چوچلا ومج، سک چ۔ امذ۔ بچّوں کی سی ضد، ناز، انداز؛ بانکپن، لبھانے والی بات؛ بہروپ (۲) (پارچہ بافی) مرچ لٹکانے کی ڈنڈی جس کے سرے مرچ کی حرکت کے ساتھ اوپر نیچے ہوتے رہتے ہیں، چڑیا، پخنی۔
چَوچہاتا و لین، فت چ۔ صف۔ شوخ، آبدار، لال (رنگ)۔

چُوچی و مع۔ امث۔ پستان، یا پستان کی بھٹنی۔
چودا پٹّی و مج، ی مع۔ امث۔ مجامعت۔
چودانیاں و لین، کس ن۔ رک: مگر **چَودانیاں**۔
چودنا و مج، سک د۔ ف م۔ (بازاری) عورت سے مجامعت کرنا۔
چَودَس و لین، فت د۔ امث۔ چاند کی چودھویں تاریخ۔
چَودَہ و لین، فت د۔ عدد۔ دس اور چار (۴) صف **چَودھواں** مث **چَودھویں** ج **چَودھوں** چودہ کے چودہ صف **چَودھوں بدیا/ وِدیا** ہندو روایت کی رو سے چودہ علوم، مراد: چاروں وید، چھیوں، انگ؛ دھرم شاستر، میمانسا نیاے، آیوروید، گندھرو وید اور ارتھ شاستر۔ **چَودَہ خانوادے** تصوف کے چودہ سلسلے۔ **چَودَہ طَبَق** سات زمین کے طبق اور سات آسمان کے۔ صف **چَودھواں/ چَودھویں**۔
چَودھری و لین، سک دھ۔ امذ۔ گانوں کی مکھیا؛ سردار، ٹھاکر۔ امث۔ **چَودھراٹ** سرداری کا منصب، نمبرداری، ٹھکرائی **چَودھرایَن** چودھری کی بیوی۔
چَودھویں و لین، سک دھ، ی مع، غنہ۔ امث۔ چاند رات، چاند کی چودھویں۔
چَوڈَوَل و لین، ومج۔ امذ۔ ڈولا، پالکی جسے چار کہار اٹھاتے ہیں۔
چُور و مع۔ صف۔ شکستہ، ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ کیا ہوا؛ تھکا ہارا، بے حال، نڈھال؛ بے سُدھ۔ فقرہ **زخموں سے چُور** جس کے جسم پر بہت چرکے لگے ہوں؛ **نشے میں چُور** مدہوش۔ نیز **چُورا، چُور چُور، چُورا چُورا** (ومع) امث **چُورکُوٹ** سفوف، پھنکی۔
چوَر ومج۔ امذ، امث، صف۔جو کسی کامال چپکے سے

آڑا لے؛ سارق، دُزد، چوٹّا؛ خائن؛ پوشیدہ شے یا بات م: چور دَروازہ خفیہ راستہ؛ دل کا چور راز؛ دل کر کھٹکنے والی بات؛ آنکھ مچولی کے کھیل میں وہ بچہ جس کی باری دائی کے پاس آکر آنکھ میچنے کی ہو اور دوسرے بچے اِدھر اُدھر چھپ جائیں۔ پھر جس کو وہ چھُولے وہ بچّہ چور بن جاتا ہے۔ بعض اور کھیلوں میں ہارا ہوا فریق جسے کوئی سزا دی جائے؛ مہندی رچانے میں ہتیلی پر بن رَنگا رہ جانے والا نشان؛ وہ جو کسی کام سے بچے، جی چرائے۔ چور بازار وہ جگہ جہاں چوری کا مال بکے؛ منافع خوروں یا ٹیکس بچانے والوں کا خفیہ لین دین۔ چور بَدَن ایسا جسم جس کی طاقت اور جسامت یا وزن کا صحیح اندازہ ایک نظر میں نہ ہو سکے۔ چور چکار (فت چ) کوئی ان جانا چور (چکار، چور کا تابع)۔ چور ڈھور چور یا چرایا ہوا مال (لفظاً مویشی)؛ چور لَگور (فت ل، و مج) خفیہ ملاقاتی، عورت کا آشنا، چھپ کر ملنے والا۔ چور مَحَل (فت مج م ح) داشتہ، کنیز جس سے جنسی تعلق ہو۔ امث چوری چور کا کام، پیشہ یا حرکت۔ ف م چُرانا۔

چُورا و مع۔ امذ۔ برادہ، کُٹی یا پسی ہوئی خشک چیز۔

چَوراسی و لین۔ عدد۔ اسّی اور چار (۸۴) چَوراسیواں (ولین، کس س)؛ (۲) پیَر کا زیور، جھانجھن۔ ف مر چَوراسی بھوَگنا (ومج، سک گ) گناہوں کی پاداش میں ہندوانی عقیدے کے مطابق چوراسی جُو نیں بدلنا، آواگون کے چکر میں پڑنا۔

چَوراٹوے و لین، سک ن۔ عدد۔ نوّے اور چار صف چَوراٹووان (کس مج و)۔

چَوراہا و لین۔ امذ۔ وہ جگہ جہاں سے چار سمتوں میں راستے نکلیں۔

چَورَس ولین، فت ر۔ صف۔ ہموار،صاف سطح والا، بے شکن، بے چُرس، ٹھیک ٹھاک؛ سطح کو ہموار کرنے کا اوزار۔

چُورما و مع، سک ر۔ امذ۔ ملیدہ، چُوری۔

چُورَن و مع، فت ر۔ امذ۔ ہاضمہ چاشنی دار اجزا کو کُوٹ پیس کر بنایا ہوا سفوف۔

چُورنا و مع، سک ر۔ ف م۔ چورا کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، مثلاً روٹی کو ملیدہ بنانے کے لیے۔

چَورَنگ و لین، فت ر، غنہ۔ امث۔ تلوار کا دوہرا سیدھا اور آڑا ہاتھ جو تیزی کے ساتھ اس طرح لگایا جائے کہ ہدف (مثلاً کیلے کا درخت) چار ٹکڑے ہو کر گر پڑے۔ محاورہ چورنگ کاٹنا وغیرہ۔

چَورَنگا و لین، فت ر، غنہ۔ صف۔ چار رنگوں کا۔

چَورنی و لین، سک ر۔ امث۔ کنَول کی طرح کا ایک پودا جو تالابوں کےآس پاس پیدا ہوتا ہے، پھول خوشبو دار،خشکی کا کنَول۔

چَورَہا و لین، فت ر۔ صف۔ چار رستوں والا، قب؛ چوراہا۔

چوری و مج۔ امث۔ آنکھ بچا کر یا کسی جگہ چپکے سے گھس کر کوئی چیز چرانا؛ سرقہ؛ دزدی؛ کسی اور کی چیز کو کسی طریقےسے اپنا لینا، ناجائز دست بُرد۔ مرکب چوری چکاری سرقہ یا سرقے کی طرح ناجائز حرکت؛ (عوتوں کا مُحاورہ) پیٹ رکھوا لینا، حاملہ ہونا چوری اور سر زوری/ سینہ زوری/ سرہنگی غلط بات پر نادم ہونے کی جگہ ڈھٹائی سے کام لینا۔

چَوڑا و لین۔ صف۔ پھیلا ہوا، بڑے رقبے والا، عریض، کُشادہ۔ امث چَوڑائی۔

چُوڑا و مع۔ امذ۔ بڑی چُوڑی، پتلا کڑا، لاکھ،ہاتھی دانت وغیرہ کی چُوڑی کے لیے مستعمل؛ چوڑیوں کا جوڑ یعنی متعدد چوڑیوں کا مجموعہ۔

چِوڑا کس چ، سک و۔ امذ رک: چِیوڑا۔
چوَڑا ومج۔ صف۔ بھیگا ہوا، تربتر۔
چوڑان و لین۔ امث۔ چکلا، کشادہ ہونے کی کیفیت۔ چکلان، عرض کی پیمائش۔فصیح چوڑائی۔
چُوڑی و مع۔ امث۔ گول حلقہ؛ کلائی کا زیور، نیز پانْو میں زیور کے طور پر پہننے کا حلقہ؛ چوڑی کی شکل کا کوئی گول پرزہ؛ ڈِھبری یا پیچ پر پیچکش سے کسنے کے لیے بنا ہوا لولبی کٹاؤ؛تنگ موری کے پاجامے پر پنڈلی کے پاس پڑنے والی شکنیں۔ محاورہ چُوڑی ٹھنڈی ہونا شیشے کی چُوڑی کا ٹوٹنا یا توڑا جانا۔
چُوڑھا و مع۔ امذ۔ بھنگی، حلال خور۔
چُوز و مع۔ امذ۔ باز کا بچّہ جس کی عمر ایک سال سے کم ہو اور شکارکرنے کے ناقابل۔
چُوزَہ و مع۔ امذ۔ مرغی کا بچہ، (بول چال) ناکتخدا لڑکی۔ چُوزَہ باز۔ وہ عورت جو نو عمر لڑکوں سےآشنائی کرے۔
چَوس و لین۔ امث۔ وہ زمین جو چار مرتبہ جوتی جا چکی ہو۔
چُوس نَلی و مع۔ امث۔ پچکاری، پمپ۔
چوسَر و لین، فت س۔ امث۔ چوپڑ کی بساط پر گوٹوں سے کھیلا جانے والا گھریلو کھیل، پچیسی۔
چَوسَرہ و لین، فت س۔ امذ۔ گلے کا ایک چار لڑیوں کا زیور، چَولَڑا۔
چُوسنا و مع، سک س۔ ف م۔ دودھ پیتے بچّوں کی طرح منہ کا عمل جس سے کوئی چیز کھنچ کر یا گُھل کر منہ میں جائے، بغیر دانت لگائے ہونٹوں میں دبا کر کھینچنا یا زبان اور تالو کے درمیان گُھلانا۔
چوغَہ ومج، فت ع۔ رک: چُغا۔
چَوک و لین۔ امذ۔ بستی کے بیچ چوڑا میدان، چار راستوں کے ملنے کی جگہ۔
چُوک و مع۔ امث۔ غلطی، لغزش، بھول، خطا۔
چُوک و مع۔ امذ۔ ایک قسم کا کھٹّا ساگ نیز چُکَر (لاط: Rumex vesicaripus) کھٹی چیزوں سے تیار کیا ہوا گاڑھا عرق۔
چوکا و لین۔ امذ۔ سامنے کے چاردانت؛ یا پوری بتیسی جو ٹوٹے ہوئے دانتوں کی جگہ مصنوعی طور پر بنا کر لگائی جائے؛ پتھر کی چوکور کٹی ہوئی سل؛ چھوٹا صحن؛ گھر میں کوئی فرش جو عبادت یا کھانا کھانے کے لیے مخصوص کر دیا جائے۔
چوکر و مج، فت ک۔ امث بُھوسی، غلّے کے دانوں کا پوست۔
چَوکَڑی و لین، سک ک۔ امث۔ چار کا مجموعہ؛ گاڑی میں جتنے والے چار گھوڑوں کی دوہری جوڑی۔ (انگ: Team)؛ ہرن کی کلانچ، زقند، ف ل چَوکَڑی بَھرنا لمبی جست لگانا جس میں چاروں پانو زمین سے اٹھے رہتے ہیں۔ (۲) آلتی پالتی؛ چوکھمبا۔
چَوکڑی بُھولنا سٹی گم کرنا۔
چَوکَس و لین، فت ک۔ صف۔ چوکنّا، خبردار، محتاط۔
چَوکَسی ولین، امث۔ حفاظت، چوکیداری۔
چُوکْنا ومع، سک ک۔ ف ل۔ غلطی کرنا، لغزش کرنا؛ بھول جانا؛ نشانے کا خطا کرنا؛ نظر کا کسی چیز پر سے اچٹ جانا، نظر انداز کرنا۔
چَوکَنّا و لین، فت ک، شد ن۔ صف۔ ہوشیار، باخبر، چوکس، محتاط، چاروں طرف کان لگانے والا [لفظاً: چار کانوں والا]۔
چَوکوَر و لین، ومج۔ صف۔ مربّع، چار پہلوؤں یا چار کونوں والا۔
چَوکی ولین۔ امث۔ چھوٹا تخت، چارپایوں پر تختوں سے بنی ہوئی نیچی نشست؛ وہ مقام جہاں چار یا چند

سپاہیوں کی تعیناتی ہو، ناکہ؛ پڑاؤ کی جگہ؛ گانے والوں کی ٹولی، طائفہ؛ اجابت کے لیے بنایا ہوا تخت جس کے پٹاؤ میں چھید ہو اور نیچے طشت رکھا جائے۔ گلے کا جُگنی کی طرح کا ایک چوکور چپٹا زیور؛ کسی کا ایک رات ٹھہرنا یا اس کا معاوضہ۔

چوَکِیدار و لین، ی مع۔ امذ۔ محافظ، پہرہ دینے والا، رکھوالی کرنے والا۔ **چوکیدارا** چوکی دار کا منصب یا کام؛ چوکیداری کا معاوضہ جو چندے سے جمع کیا جائے۔ امث **چوکِیداری** محافظت، نگہبانی [۱: چوکی + ف: دار]۔

چوکھا و مج۔ صف۔ اچھا، عمدہ، حسب دلخواہ؛ تیز رنگ، پھیکا کی ضد۔

چوَکھَٹ و لین۔ فت کھ۔ امث۔ دہلیز، آستانہ؛ دروازے کا چوکھٹا جس میں پٹ جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔

چوَکھٹا و لین، سک کھ۔ امذ۔ چارپٹیوں یا خطوط سے بنی ہوئی چوکور شکل؛ تصویر یا آئینے کا چوبی یادھات کا حاشیہ۔

چوگا و مج۔ امذ۔ پرندوں کا دانہ یا گوندا۔

چوَگان و لین۔ امذ۔ نیچے سے مڑا ہوا ہاکی کے ڈنڈے سے ملتا جلتا، لمبا بلّا یا بلّم؛ ایک کھیل جو گھوڑے پر بیٹھے ہوئے کھلاڑی چوگان اور گیند سے کھیلتے ہیں، پولو۔

چوَگڈّی ولین، فت ک، شد ڈ۔ امث۔ پرندوں کو پکڑنے کی لاسا لگی چھڑ۔

چُول و مع۔ امذ۔ لکڑی کے ڈنڈے کا ترشا ہوا سرا جو کسی سوراخ میں سمانے کے لیے بنایا گیا ہو جیسے پلنگ کی پٹّی یا کسی چوکھٹے کی چولیں؛ ایسا ہی کوئی اور جوڑ جس میں کوئی سرا کسی سوراخ میں سما جائے یا گھومے جیسے پہیّے کی چُول۔

چولا و مج۔ امذ۔ لمبا لبادہ؛ قالب، جسم؛ مث **چولی** چھوٹی پھنسی ہوئی آستین کا سینے اور کمر کو ڈھکنے کا لباس (انگ: بلاؤز)۔

چوَلام و لین۔ امذ۔ چوتھے درجے کا غلام، تلام یعنی غلام کے غلام کا بھی غلام (عموماً مزاحاً اظہار خاکساری کے لیے)۔

چُولانڈا و مع، امغ۔ امذ۔ چول بٹھانے کا سوراخ۔

چوَلائی و لین۔ امث۔ ایک قسم کا ساگ جودو رنگا سبز اور سرخی مائل ہوتا ہے (لاط: Hermaphrodite Amaranth)۔

چولی و مج۔ امث۔ لباس کا اوپری حصہ جو سینے اور کمر کو ڈھکتا ہے اور جس میں دامن جُڑا ہوتا ہے؛ زنانہ کمر تک لباس جو ساڑی یا لہنگے کے ساتھ پہنا جاتا ہے۔ بلاؤز (انگ: blouse) کتاب کی کپڑے کی سلی ہوئی پوشش جو جلد پر چڑھا دی جائے۔

چُولھا و مع۔ امذ۔ الاؤ، آتشدان، وہ جگہ یا ظرف جس میں کھانا پکانے کے لیے آگ روشن کی جائے۔

چوَلھَڑ و لین، فت لھ۔ امث۔ پیچوان کی لپٹی ہوئی لمبی نے۔

چُومنا ومع۔ ف م۔ بوسہ دینا، پیار کرنا۔

چُون و مع۔ امذ۔ پسا ہوا اناج، آٹا۔

چُوں (۱) ومع، غنہ۔ امث۔ پتلی آواز جو مثلاً ہلتی ہوئی چُول میں سے نکلے۔ فعل مر **چُوں کرنا** خفیف سی آواز نکالنا؛ انکار یا اعتراض کی جرأت کرنا۔

چُوں (۲) م ف۔ جیسا کہ، جیسے، جب، جسدم، کیوں، کیسے، کِس لیے۔ مرکب عطفی **چُون و چرا** (لفظاً) کیوں اور کس لیے؛ حجّت، اعتراض، اختلاف نیز **چُوں چرا، چُون و چِگُوں، چُون و چَنْد**۔

چَوَن فت چ، شد د۔ عدد۔ پچاس اور چار (۵۴) صف **چوَن واں/ ویں**۔

چُونا (۱) و مع۔ ف ل۔ ٹپکنا، رِسنا۔ امث۔ **چُوائی** دودھ دوہنا۔ ف م **چُوانا** (رک)۔

چُونا (۲) و مع۔ امذ۔ ایک سفید معدنی شے جسے بھٹی میں تپا کر تعمیری مسالے کے طور پر استعمال کرتے ہیں؛ نیز بجھا کر پان میں کتھے کے ساتھ یا بغیر کھاتے ہیں۔ ف م۔ **چُونا لگانا** (ومع، فت ل) دھوکہ، فریب، چرکا دینا۔ **چُونا گچ** کنکر ملا چونے کا مسالہ، کنکریٹ (انگ: Concrete)۔

چوَنْتیس و لین مغ، ی مع۔ عدد۔ تیس اور چار (۳۴) صف **چَوَنْتِیسواں**۔

چُونْٹ و مع، غنہ۔ امث۔ کٹائی کی جگہ تیار کھیتی کی بالیں اُوپر سے توڑ لینا۔

چوَنْچ و مج غنہ۔ امث۔ پرندے کا مُنہ، منقار ج **چوَنْچیں** چھیڑ چھاڑ، دوبدو، لڑائی۔ نیز **دو دو چوَنْچیں** وقتی، مختصر لڑائی جھگڑا، تکرار۔

چوَنْچال و لین مغ۔ صف۔ ہشاش بشاش، چاق و چوبند۔ امث۔ **چوَنچالی** چُستی، پھرتی، بشاشت۔

چوَنْچلا ومج، غنہ۔ رک: **چوچلا**۔

چوَنْچُو ومج مغ، و مع۔ صف۔ جس کو دیکھ کر ہنسی آئے، بُدّھو۔

چوَنْدیس و لین مغ، ے مج۔ م ف۔ چاروں طرف، محیط نیز **چَوَندھر** گھیرے ہوئے۔

چوَنْدھا و لین مغ۔ صف۔ چُندا، ف م **چوَنْدھیانا** آنکھوں کو خیرہ کرنا ف ل **چُنْدھیانا** (ضمہ چ، سک ن دھ) تیز روشنی سے آنکھوں کا مچنا، نیم وا ہونا۔

چونْڈا و مج مغ۔ امذ۔ سر کے بال، سر پر بالوں کا جُھنڈ۔

چوَنْری و لین مغ۔ امث۔ ڈنڈی میں بندھے ہوئے جانور کی دم کے لمبے بال جن سے مکھیاں اڑانے کا کام لیا جاتا ہے۔

چُونَس و مع، فت ن۔ امث۔ کسی دھات کی چھیلن۔ ذرّے یا ریزے جو ڈھالنے، صاف کرنے میں نکلیں، رَواڑی، رَوال۔

چوَنْسا و لین مغ۔ امذ۔ قلمی آم کی ایک عمدہ قسم۔

چوَنْسَٹھ و لین مغ، فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور چار (۶۴) صف **چوَنْسَٹھواں/ ویں چوَنسَٹھ کَھمبا** بارہ دری جس کے چاروں پہلوؤں پر ستون ہوتے ہیں۔ بہت سے ستونوں پر قائم اَیوان یا وسیع تعمیر۔

چوَنْکنا و لین، غنہ، سک ک۔ ف ل۔ ہشیار، بیدار، خبردار ہونا؛ متعجب، حیران ہونا؛ نیند یا غفلت سے یکا یک جاگ اٹھنا، سراسیمہ ہو جانا۔ **چوَنْکیل** و لین مغ ے مج۔ اعصاب زدہ، جو بات بات پر اُچھل پڑے۔

چُونْگا و مع مغ۔ امذ۔ کسی مطلب سے کسی کو لُبھانے کا عمل؛ سودے کے ساتھ تھوڑی سی زائد مقدار گاہک کو خوش کرنے کے لیے۔

چونْگا و مج مغ۔ امذ۔ رک: **چوگا**؛ بُونگا، نلکی پُھکنی کی طرح کا گول ڈبّا جس میں کاغذات گول کر کے حفاظت کے لیے رکھے جاتے ہیں؛ بیلن کی طرح کا گول مشینی پُرزہ؛ بانس کی کھوکھلی پور۔ مرعطفی **چونْگا پونْگا** کھوکھلا، خالی؛ ٹھوٹھ، بے علم، بے مغز۔ نیز **چونْگلا** کھوکھلا بانس۔ امث۔ **چونْگلی** پان پر چڑھائی پنّی یا کاغذ کا خول۔

چُونَم و مع، فت ن۔ امذ۔ پسی ہوئی سیپ ملے نفیس چونے کی سفیدی یا استر کاری۔

چُونی و مع۔ امث۔ بُھوسی، چوکر؛ ریزہ ذرہ؛ کپڑے کی چندی، دھجّی۔

چوَنّی فت چ و، شد ن۔ امث۔ چار آنے کا سکّہ، پاؤ روپیہ۔ **چوَنّی والا**۔ تماشے میں سب سے گھٹیا

درجے میں بیٹھنے والا جس کا ٹکٹ چار آنے ہوتا تھا۔
چونے والی و مع۔ امث۔ کسبیوں کا ایک طبقہ جو بھانڈوں کی طرح بچّے کی ولادت پر گھروں میں گا بجا کر بیل بدھائی لے جاتی تھیں۔
چونیلی و مع، ے مج (بروزن اکیلی)۔ امث۔ چونا ملی مٹی۔
چوَدَہ ومج ، فت د۔ امذ۔ عُود کا چکیدہ، پسے ہوئے رقیق عُود کا نتھار۔
چوہا ومع۔ امذ۔ نکیلی تھوتھنی، تیز نکیلے دانت، پتلی لمبی دُم والا چھوٹا سا چار پنجوں پر دوڑنے والا جانور جو بلوں میں رہتا اور انسانی بستیوں میں اکثر پایا جاتا ہے۔ طاعون کے پھیلنے کا سبب بھی بنتا رہا ہے، مُوش، فار۔ امث **چُھیّا** (ضمہ چ، سک ھ، شد ی) بروزن بُڑھیا۔ (۲) ناک کا جما ہوا میل۔ صف بہت میلا، گندا۔ مرکب مث **چوہا کنّی** (فت ک، شد ن) ایک چھوٹے نکیلے پتّوں کی بوٹی، پھول اور بیج سیاہ، دواءً مستعمل.موش، موش کا (ع: **آذان الفار**، لاط: Ipomoeavenniformis)۔
چوہانڈا و مع، غنہ۔ امذ۔ شکر سازی کا برتن جس میں شیرہ ٹپک کر جمع ہوتا رہتا ہے۔
چوہَنی و مج، سک ہ۔ امث صف۔ چھیتی فقرہ: **موہَنی چوہَنی سوہنی** منتر کے بول جو دیوی کو خوش کرنے کے لیے پڑھے جاتے ہیں۔
چَوہی و لین۔ امث۔ کھیت کا دُھر کنارا جہاں ہل کا پھالہ نہ پہنچ سکے۔
چوہے دتّی و مع، فت د، شد ت۔ امث۔ کلائی کا زیور جس کی سطح پر نکیلے دندانے بنے ہوتے ہیں۔ **چَمیلیاں**۔
چوئلی و مع، کس ء۔ امث۔ نشیبی زمین جہاں پانی کھڑا رہے۔ نیز **چوئیل** بروزن غلیل۔
چَوی فت چ۔ امذ۔ مرچ کا ایک پودا جس میں بہت لمبی مرچیں لگتی ہیں۔ (لاط: Piper Charya)۔
چویا چَنْدن و مع، فت مغ چ (بروزن سرْووسَمَن)۔ صف۔ امذ۔ کبوتر کی ایک قسم جس کا نصف جسم صندلی ہوتا ہے، نصف نیلگوں۔
چَہ فت مج چ، سک ہ (بروزن مَہ)۔ (۱) امذ۔ **چاہ** (رک) کی تخیف۔ مرکب **چہ بَچہ** ہَودی، چھوٹا حوض؛ گڑھا؛ (۲) کشتی میں سوار ہونے کے لیے بنایا ہوا تختوں کا پُل؛ پُل کا پایہ۔ (۳) بعض مرکبات میں بطور لاحقۂ تصغیر م: صندوقچہ، خوانچہ، باغیچہ، کمانچہ۔(فت چ)۔
چہ کس مج چ۔ کلمۂ استفہام۔ کیا ، کیسا، نیز کلمۂ استعجاب و تحسین م: چہ ابرُو و چہ لب چہ فصاحت و چہ بلاغت۔ **چہ خوش** (چ خُش) واہ، یہ خوب کہی۔ **چہ غم** (چ غم) کوئی فکر نہیں۔ امث **چہ کُنَم/ چکُنَم** (چ کُ نَم) تردد، فکر، مخمصہ م: چکنم میں پڑ گئے۔ فقرہ **چہ معنی دارَد** اس کا کیا مطلب، ایسا کیوں، یہ بھی کوئی بات ہوئی۔ **چہ میگوئی** (چِ می گوای) چرچا، کُھس، پُھس، لوگوں میں چپکے چپکے کسی بات پر نکتہ چینی۔
چَہا فت چ، امذ۔ ایک چھوٹا سیاہی مائل آبی پرندہ جو دریا کے کنارے مچھلیوں یا کیڑے مکوڑوں کا شکار کرتا ہے۔
چَہار فت چ۔ عدد۔ چار (۴) مرکب **چَہار آئینَہ** رک **چار آئینَہ** (حیاتیات) **چَہار جسمیہ** چار ایٹموں سے مرکب خورد حیاتی نمو پذیر وجود۔ (لاط: Tetratomic) صف **چَہار چَشْم** توجہ کا طالب، امیدوار، **چَہار زانُو** آلتی پالتی مارے۔ امذ۔ **چَہار شَنْبہ** (شم بَ) بدھ کا دن۔ صف **چَہارُم** چوتھا۔
چُہَٹ ضم مج چ ہ۔ امذ۔ بہت چھوٹا موچنا جو گھڑی سازی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے؛ چمٹی۔
چَہچَہا فت مج چ، فت چ۔ امذ۔ پرندوں کا بولنا

گانا، خوش آوازی، خوش الحانی، چہکار۔ ف ل۔

چَہچَہانا مگن ہو کر بولنا گانا۔

چُہچَہانا ضمہ مج چ، سک ہ، فت چ۔ صف رک: چَوچَہاتا۔

چہرَہ کس مج چ، سک ہ، فت ر (بروزن سہرا) امذ۔ رُخ، مُنّہ، مکھڑا، ماتھے سے ٹھوڑی تک کا حصہ؛ حلیہ جو ضبط تحریر میں آئے، لفظ کا اعراب ملفوظی؛ مرثیے کی تمہید؛ عمارت کا بیرونی رخ (انگ: Elevation)؛ گھنٹے گھڑی کی وہ سطح جس پر وقت بتانے کے نشان بنے ہوتے ہیں۔ چہرَہ پوش (کس مج چ، سک ے، فت ر، ومج) نقاب، ڈھاٹا۔ چہرَہ خوَانی (خانی) قیافہ شناسی۔ چہرہ شاہی وہ سکہ جس پر بادشاہ یا ملکہ کی شبیہہ ہو۔ چہرَہ مُہرَہ (ضمہ مج م، سک ہ، فت ر) خدوخال چہرَہ نَویسی حُلیہ درج کرنا۔

چَہکنا فت مج چ، سک ک۔ ف ل۔ پرندوں کا گانا، چہچہانا؛ مگن ہو کر ہنسنا بولنا۔

چَہکُوپہکُو فت مج چ، سک ، و مع، فت مج پ۔ ف م۔ زارو قطار، پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

چہل فت مج چ ہ۔ امث۔ وہ دلدلی زمین جس پر ہل چلائے بغیر کاشت کی جائے۔ نیز چہلا۔

چَہَل پہَل فت مج چ ہ، سک پ ل۔ امث۔ رونق، گہما گہمی، پرمسرت اجتماع۔

چہل کس مج چ ہ۔ عدد۔ چالیس (۴۰) امذ چہل قد رک چِل قَد۔ امث چہل قدمی ٹہلنا، ہوا خوری صف چہل گانَہ (ن) جو چالیس کی تعداد میں ہو، چالیس سے منسُوب۔

چُہل ضمہ مج چ ہ۔ امث۔ چھیڑ چھاڑ، ہنسی مذاق، دل لگی۔

چہلَتَہ کس مج چ، سک ہ ل، فت ت۔ امذ۔ دبیز، تہ دار زرہ۔

چہلُم کس مج چ، سک ہ، ضمہ ل۔ امذ۔ چالیسواں، چالیسویں؛ کسی کی وفات کے چالیسویں دن کے لگ بھگ ہونے والی فاتحہ۔

چہلواری کس مج چ ہ، سک ل۔ اد۔ لٹھے کا چالیس گز کا تھان۔

چَہلی فت مج چ، سک ہ۔ امذ۔ کنوئیں کی چرخی۔

چَہورا فت ج، ومج۔ امذ۔ چاول کی ایک عمد باریک قسم۔

چَہورنا فت چ، و مج، سک ر۔ ف م۔ پودے کا اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

چَہیتا فت چ، ی مع۔ صف۔ جس سے بہت محبت کی جائے، لاڈلا، منظور نظر۔ مث: چہیتی۔

چَہیل فت چ، ومع۔ امث۔ وہ زمین جس پر درختوں کے گھنے سائے کی بنا پر کاشت نہ ہو سکے۔

چے ے مج۔ امذ۔ ہاتھی کو پلٹانے کے لیے فیلبانوں کا اشارہ نیز چے دَت۔

چیاں کس چ۔ امذ۔ املی کا بیج جسے بھون کر کھاتے ہیں۔

چیپ ی مع۔ امث۔ ایک بار پھاوڑا چلانے سے کُھد کر نکلنے والی مٹّی کی مقدار؛ جوتے کے فرمے کا پچھلا ٹکڑا جو آخر میں ٹھونکا جاتا ہے۔

چیپ ے مج۔ امذ۔ چپکنے والا مادّہ، چپچپی شے۔

چیپَڑی مع، فت پ۔ امذ۔ آنکھوں سے نکلے والا پیلا میل۔

چیپی ے مج۔ امث۔ کاغذ کی کترن جو کسی چیز پر چپکائی جائے؛ پھٹی ہوئی پتنگ پر لگایا جانے والا کاغذ کا پیوند۔

چَیت ے لین۔ امذ۔ ہندی سال کا پہلا بہار کا مہینہ جو مارچ اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔ چَیتْرا چیت کے مہینے سے منسُوب یا مخصوص، م: چَیترا دھان چیت میں بویا جانے والا، چاول۔

چیتا (۱) ی مع۔ امذ۔ دھاری دار کھال کا درندہ جو سب سے تیز رفتار جو پایہ ہے (ع لاط: Felis Guhata)

چیتا (۲) ی مع۔ امذ۔ ایک جنگلی درخت چترک یا چتراکشی کی جڑ جو دواءً مستعمل ہے۔

چیتاونی ی مع، ومج۔ امث۔ رک **چتاونی**۔

چیتل ی مع، فت ت۔ امذ۔ ہرن کی ایک قسم (لاط: Cerous Axis Felis Gubata)۔

چیتْنا ی مع، سک ت۔ ف ل۔ سمجھنا، سوچنا، ہوشیار ہونا، چوکنّا ہونا۔

چِیَتیا ے لین، کس ت۔ امذ۔ لمبا بینگن، مارو (گول) بینگن کے برخلاف۔

چیتْھڑا ی مع، سک تھ۔ امذ۔ پھٹا پرانا کپڑا۔ ف مر۔ **چیتھڑے اُڑانا** بھرم، اعتبار یا وجود مٹا دینا، سخت تباہ کُن تنقید یا تنقیص کرنا،دھجیاں بکھیر دینا۔ **چیتھڑے لگائے پھرنا**، برے حالوں، خراب حُلیے سے باہر نکلنا۔

چیتھنا ی مع، سک تھ۔ ف م۔ چیرنا، پھاڑنا، بھنبھوڑنا۔

چَیَتْنیَہ ے لین، فت ت، سک ن، فت ی۔ امذ۔ چت یا شعور رکھنے والا وجود، نفس، جان، آتما۔

چیٹ ی مع۔ رک: **چینٹ**۔

چیٹک ے مج، فت ٹ۔ امث۔ شوق، دُھن، لگن۔

چیچا ی مع۔ امذ۔ زنانہ عضو مخصوص کے پتنوں کے اندر حسّاس، اُبھار بظر، ثنا۔

چیچْڑی ی مع، سک چ۔ امث۔ جانوروں خصوصاً کتوں کا خون چوسنے والا حشرہ؛ چِنّک نیز **چچْڑی**۔

چیچک ے مج، فت چ۔ امث۔ سنبلا، جدری،ماتا۔ صف۔ **چیچک رُو** جس کے منہ پر سیتلا کے نشان ہوں۔ **چیچک مُتَّصِلَہ** (مُتْ تَ سِ لَ) بھری ہوئی چیچک جس کے دانے پاس پاس اور گھنے ہوتے ہیں۔ **چیچک مُنْفَصِلَہ** (مُن فَ سِ لَ) جس کے دانے چھدرے ہوں۔

چِیخ ی مع۔ امث۔ اونچی زور کی اواز جو شدت کرب میں یا جوش میں بے ساختہ منہ سے نکلے چلّاہٹ، نالہ، فغاں۔ مرعطفی **چیخ پُکار** (سک خ، ضمہ پ) شوروغوغا۔ نیز **چِیخَم چاخ/ چِیخَم دھاڑ**۔

چیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ منتخب، خاص، چنا ہوا۔

چیر ی مع۔ امث۔ درز، دراڑ، شگاف؛ چیرنا کا حاصل مصدر۔ مرکب عطفی **چیر پھاڑ** نشتر زنی، جرّاحی۔ **چیر گھر** (ی مع، فت گھ) بعد از مرگ عمل جّراحی (پوسٹ مارٹم) کی جگہ۔

چیرا (۱) ی مع۔ امذ۔شگاف جو نشتر سے ڈالا جائے؛ چوسر کی بساط پر وہ خانہ جس پر کانٹا بنا ہو۔

چیرا (۲) ی مع۔ امذ۔ پگڑی کی دونوں طرف کی لپیٹوں کے درمیان نُکیلی محرابی شکل جو ماتھے پر رہتی ہے۔ پگڑی کی مانگ؛ نیز پگڑی؛ پٹکا جو کمر میں باندھا جاتا ہے۔

چیرا ے مج۔ امذ۔ ملازم، خادم؛ شاگرد، پیرو، مرید، نیز **چیلا**۔ مث **چیری، چیلی**۔

چیرنی ی مع، سک ر۔ امث۔ نوکدار سرا یا سلاخ جو مختلف طرح کی کاریگری میں استعمال ہوتی ہے؛ معماروں کا لوہے کا دھاردار اوزار جس سے نشان ڈالتے ہیں۔

چیرْنا ی مع، سک ر۔ ف م۔ تیز دھار سے کاٹنا، شق کرنا؛ پھاڑنا، شگاف ڈالنا، کسی سطح یا پانی کے بیچ میں سے راستہ بنانا۔

چیرہ ی مع، فت ر۔ صف۔ دلیر، گستاخ، منہ زور؛ مرکب **چیرَہ جَنگ** غالب حاوی، فتحمند۔ **چیرہ**

دَست زور آور، زبردست، دلیر، جارح ا کیف مث
چیرہ دَستی غلبہ، غصب، جارحیّت۔
چیڑ ی مع۔ امذ۔ ایک اونچا پہاڑی درخت جس کی لکڑی عمارات اور جہاز سازی میں کام آتی ہے، دیار، دیودار، صنوبر ہندی (لاط:Pinus Longifolia)۔
چیز ی مع۔ امث۔ شے، جنس، مال، معاملہ، بات، بول، گیت، گانا، مٹھائی شیرینی۔ مرکب عطفی چیز بَسْت سامان، زیورات (س: وستُو = چیز) م ف
چیزے کسی قدر، ذرا سا۔
چیس ی مع، امث۔دبی دبی، ٹیس، تکلیف، درد جیسے کہ مندمل ہوتے ہوئے زخم میں۔
چیستاں ی مع، سک س، ذنہ۔ امث۔ پہیلی، معمیٰ۔
چیشْتا ی مج، سک ش۔ امث۔ زحمت، کسالا، محنت، کوشش، جستجو۔
چَیکا ے لین۔ امذ۔ چرکا، جلد پر جلنے کا نشان؛ داغ، خراش۔
چیکَٹ ی مع،فت ک۔ صف۔ چکٹا، میلا کُچیلا؛ امذ۔ تیل کی گاد۔ امث۔ چیکَٹ اُترَوائی۔ شادی سے فراغت کے بعد دلہن کی ماں کے لیے بھائی یا عزیزوں کی طرف سے نیا جوڑا پہنانے کی رسم۔
چیکُو ی مع، ومع۔ امذ۔ آلو کی شکل کا ایک گول شیریں پھل۔ گودا نرم مٹیالے رنگ کا اور بیج سیاہ (لاط: Achrus Tapota)۔
چَیل ے لین۔ امث۔ وہ زمین جس پر دوبار ہل چلایا گیا ہو۔
چیل ی مع۔ امث۔ انسانی بستیوں پر منڈلانے والا کوّے سے بڑا اور کم سیاہ پرندہ، باز سے مُشابہ (لاط: Falco Chila)۔ نیز رک چیڑ۔ مرکب چیل جَھپٹّا چیل کی طرح سے کسی چیز کو پنجہ مار کر اُچکنا۔ چیل چِلو (کس چ، و مج) چیل کو چھیچھڑے وغیرہ ڈالنے کے لیے بلانے کی آواز۔ چیل کا مُوت ی مع، و مع۔ انوکھی نایاب شے۔ چیل گاڑی ہوائی جہاز۔
چَیلا ے لین۔ امذ۔ جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا، تصغیر چَیلی چھپٹی۔
چیلا ی مع۔ رک: چِلاّ، چِلّی۔
چیلا ے مج۔ امذ۔ پَیرو، مرید، شاگرد، غلام، نوکر۔
چیلِک ی مع، فت ل۔ امث۔رد کرنے یا ناپسندیدگی کا نشان یا کانٹا (x) جو کسی تحریر پر بنایا جائے۔
چیلُو ی مع، و مع۔ امذ۔ زرد آلو۔ آلو اور خوبانی سے ملتا ایک پھل (لاط: Armeniaca vulgaris)۔
چیلَہ ی مع، فت ل۔ امذ۔ ایک درمیانے جثے اور سیاہ رنگ کا اُلّو۔
چَین ے لین۔ امذ۔ آرام، کل، سکون، راحت، اطمینان۔
چِین ی مع۔ امث۔ شکن، سلوَٹ، ماتھے پر خفگی یا گہری سوچ میں پڑنے والی لکیر۔ مرکب چِین اَبرُو، چِینِ پیشانی، محاورہ چیں بَجَبیں ہونا (غنہ، فت ب ج، ی مع، غنہ) بگڑنا، منہ بنانا۔
چَین بستر بستر کی چادر کی سلوٹ۔
چِیں (۱) ی مع، غنہ۔ امث۔ ہارنے کے اقرار کا کلمہ جو ہارنے والے سے زبردستی بلوایا جاتا ہے۔ محاورہ چیں بُلوانا عاجز بےبس کر دینا؛ بالکل ہرا دینا۔
چیں (۲) ی مع۔ نقل صوت۔ چڑیا کے بولنے کی آواز چوں چوں یا کوئی اور مماثل آواز، نیز چیں چیں، (نیز: ےمج غنہ) چیں چپڑ حیل حجت۔
چینا (۱) ی مع۔ امذ۔ ایک سستا، غلّہ، کنگنی سے ملتا ہوا۔ کودوں، ازرن (لاط: Penicum miliacum)
چینا بھید چینا کی ایک قسم (لاط: Penicum miliari)
چینا (۲) ی مع، صف۔ سرخ یا سیاہ چتیوں والا (گھوڑا، مرغی وغیرہ)۔

چینا (۳) ی مع۔ امذ صف۔ ملک چین سے منسوب، چینی باشندے یا شے۔ مزید مث۔ **چینی**۔

چینٹ ے مج، غنہ۔ امث۔ خراش، اچٹتی چوٹ یا زخم۔ نیز **چیٹ**۔

چینچلا ے مج، غنہ، سک چ۔ امذ۔ چڑیا کا بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں۔ نیز **چینگا**، **چینگی پوٹا**۔

چینچی ے مج، غنہ۔ امث۔ سوئیاں رکھنے کی ڈبیا۔

چینڈ ی مع، سک ن۔ امث۔ وعدہ خلافی، دھوکا دہی، چکمہ۔

چینڈو ے مج، مغ، و مع۔ امذ۔ گیند، گوئے چوگاں۔

چینک ے لین، فت ن۔ امث۔ چائے بنانے کی کیتلی۔

چینگا ی مع، غنہ۔ امذ۔ رک: **چینچلا**۔

چینگی پوٹا رک: **چینچلا**۔

چینٹنا ی مع، سک ن۔ ف م۔ سوچنا، شناخت کرنا، جاننا، بھانپنا۔

چینوٹی و مع، غنہ، سک و۔ (بروزن ٹھیکری) امث۔ پتلی بال جیسی ٹانکوں کا سیاہ یا سرخ حشرہ جو ہمت اور دور اندیشی کے لیے ضرب المثل ہے کہ اپنے سے زیادہ بھاری بوجھ اٹھا کر سیدھی دیوار پر چڑھتا اور اپنی زمیں دوز بستیوں یا ٹیلوں میں خوراک جمع کرتا ہے۔ مذکر نیز مکبّر **چینوٹا** (بروزن نیمچہ) صف۔ **چینوٹیوں بھرا کباب** وہ شخص جس سے فیض یا فائدے کی اُمیّد نہ رکھی جا سکے۔ جس کے پیچھے کھانے والے بہت ہوں۔ **چینوٹی کے پر نکلنا** اس کی موت کی علامت خیال کیا جاتا ہے؛ مرنے کے قریب ہونا۔

چینی ی مع۔ صف، ا جنس۔ چین کا باشندہ۔ امث۔ چکنی شفاف مٹّی جس کے نفیس برتن وغیرہ بنائے جاتے ہیں؛ دانتوں کی اوپری چکنی تہہ۔

چیوڑا ی مع، سک و۔ امذ۔ مسالے دار چبینا جو ابلے چاولوں کو کوٹ کر چپٹا کر کے نمک مرچ ملا کر ہلدی کا رنگ دے کر تیار کیا جاتا ہے۔ نیز **چوڑا**۔

چھ

چھ چھ، چھا۔ امث۔ اردو کا پندرھواں حرف، ج کی ہائیہ شکل، صرف ہندی الفاظ میں موجود، جمل میں اس کے عدد ج اور ہ کے اعداد کا مجموعہ شمار ہوں گے۔

چھ فت مج چھ (بروزن ہے) عدد۔ پانچ اور ایک (۶) صف **چَھٹا/ چَھٹی**۔ مرکب **چھماہہ، چھماہی** (رک)۔

چھا امذ۔ آگ کی بھٹی کے منہ کا پَٹ۔

چھابا امذ۔ چوڑے منہ کا ٹوکرا نیز **چھابْڑا** (ب ساکن) تصغیر امث **چھابْڑی** چھوٹا ٹوکرا، جَھلّی۔

چھاپ امث۔ نقش جو کسی مہر، ٹھپّے انگوٹھے وغیرہ سے اُتارا جائے؛ ٹَھپّا، چھاپا، نشان، شناخت؛ اثر، پرتو؛ ٹیکا، قشقہ؛ چھینٹا ف م۔ **چھاپْنا** نقش اتارنا، چربہ لینا؛ طبع کرنا؛ دبوچنا، جھپٹنا۔ نیز رک: **چھاپا/ چاپہ**۔

چھاپا امذ۔ طباعت۔ مرکب: **چھاپا خانہ/ چھاپہ خانہ مطبع** (چھاپا + ف خانہ)

چھاپَر فت پ۔ امذ۔ درندوں کے رہنے کا ٹھکانا، جنگل کی گھرائی، کچھار۔

چھاتی امث۔ سینہ، پستان، مکبّر **چھاتا** بہت چوڑا سینہ امذ۔ **چھاتَم چھاتا** بغل گیرؔ؛ ہوا میں کنکوؤں کا پیچ۔ ج مث۔ **چھاتیاں** دونوں پستان۔

چھاج امث۔ اناج پھٹکنے کی ایک طرف سے کُھلی مہین سرکیوں سے بنی ہوئی، ٹوکری، سُوپ، چاولی۔ محاورہ **چھاجوں مینہ بَرَسنا** موسلادھار بارش ہونا۔

چھاجَن فت ج۔ امث۔ سوزش، خارش۔

چھاچھ امث۔ مکھن، نکالا ہوا دہی۔

چھار امذ۔ تیزاب؛ راکھ، دُھول۔

چھاڑ امذ۔ دریا کا کنارہ، کڑاڑا۔

چھاڑ چھڑیلا سک ڑ، فت جھ، ے مج۔ امذ۔ بالچھڑ، سُنبل الطّیب (لاط: Valeriana Jatamansi)۔

چھاکٹا سک ٹ۔ امذ۔ بدمعاش، چھٹا ہوا، غنڈہ۔

چھاکْنا سک ک۔ ف م۔ نِتھارنا، عمل تقطیر (انگ: distillation)۔

چھاگل فت گ۔ امث۔ پانی کا برتن؛ مَشکیزہ۔

چھال امث۔ درخت کا بکل؛ پوست، چھلکا؛ چھلانگ جست۔

چھالا امذ۔ آبلہ، پھپھولا؛ بِس کی گانٹھ یا تھیلی جو سانپ کے منہ میں ہوتی ہے؛ تلوار کا جوہر۔

چھالٹی سک ل۔ امث۔ سن کا بنا ہوا نرم کپڑا۔

چھالِیس سک ل، ی مع۔ امذ۔ لٹھا۔

چَھالْیَہ سک ل، فت ی۔ ناریل اور کھجور کی قبیل کا ایک درخت اور اس کا چھلا ہوا سخت لکڑی کی طرح کا گول برجی نما بیر کے برابر پھل جسے سروتے سے کتر کر پان میں ڈال کر کھاتے ہیں؛ سپاری، ڈَلی۔ (لاط: Areca Catechu) نیز **چھالیا** (لفظاً : چھلا ہوا، پوست کندہ) **چھالیہ جَہازی** چھالیہ کی ایک نسبتہً بڑی قسم۔ **چھالیَہ مانک چَنْدی** چھوٹی مخروطی شکل کی چھالیہ۔ **چھالِیہ دَھنا چِیوَل** متوسط دانے کی نرم چھالیہ جو بہترین شمار ہوتی ہے۔

چھان (۱) امث۔ بھوسی جو آٹے کو چھاننے کے بعد بچے، پَھٹکَن؛ چھاننے کا عمل مرکب **چھان بین** (ی مع) محاورۃً تحقیق، تفتیش نیز **چھان پَھٹَک** گہری جانچ۔

چھان (۲) امذ۔ بانسوں کا ٹھاٹھر جس پر پھونس ڈال کر چھپّر بنایا جاتا ہے، نیز چھپّر۔

چھاں (۲) امث۔ بھگوڑے مویشی کے پانو میں باندھی جانے والی رسی تاکہ گلے سے الگ نہ ہو سکے۔ نیز **چھانڈ** (سک ن) **چھانْدَن** (امغ، فت د)۔

چھاں امث۔ رک **چھانْو**۔ نیز پرچھائیں، سایہ، عکس۔

چھانا ف م۔ پھیلنا، سر پر سایہ کرنا،گھرنا، محیط ہونا(م: ابر گھٹا، غبار وغیرہ) حاوی، طاری، مسلّط (م: سیاہی، اندھیرا، افسردگی، مایوسی وغیرہ) ف م۔ پاٹنا، تاننا، تعمیر کرنا (چھت سائبان وغیرہ)۔

چھانٹنا سک ٹ۔ ف م۔ چُن کر یا کاٹ کر علاحدہ کرنا، انتخاب کرنا، پسند کرنا، چُننا۔

چھانٹی امغ۔ امذ۔ پتلا اور چھوٹا کھاروا؛ تخفیف، کچھ کو رکھنے کچھ کو نکالنے کا عمل۔

چھانڈا ا مغ۔ امذ۔ عارضی طور پر کھڑا کیا ہوا سائبان؛ آگ کا الاؤ جو چھلبداروں کے ٹولے اپنے لوٹنے کے لیے بناتے ہیں، رک: **چھَلْبدار**۔

چھانڈکا غنہ۔ امذ۔ (جفت سازی) جوتے کے پنجے کی طرف کا قالب۔

چھانگنا غنہ۔ ف م۔ درختوں کی شاخیں چھانٹنا۔

چھاننا سک ن۔ ف م۔ چھلنی میں سے گزار کو کوڑا کرکٹ یاگاد پھوک وغیرہ الگ کرنا؛ کپڑ چَھن کرنا، پڑتال کرنا، اچھی طرح ٹٹولنا؛ چھلنی کی طرح چھید دار بنانا، چھلنی کرنا، سوراخ ڈالنا۔

چھانْو غنہ۔ امث۔ سایہ، دھوپ سے بچی ہوئی ٹھنڈی جگہ؛ جائے امن، نیز **چھاؤں** (ومج، غنہ) **چھایا**۔

چھاوا امذ۔ جوان ہاتھی جس کی عمر دس سے بیس سال تک ہو، نیز **چھاوْڑا**۔

چھاؤنی و مج۔ (بروزن آدمی) امث۔ فوجی ٹھکانا، فوجیوں کی بستی یا پڑاؤ؛ خس پوش مکان، پھونس کے بنگلے۔ محاورہ **چھاؤنی چھانا** قیام کرنا، رہ پڑنا؛ چھتر ڈالنا۔ نیز **چھانونی**۔

چھایا امث۔ رک چھانو نیز پرچھائیں۔ پرتو اثر۔ امذ۔ **چھایانَٹ** کلیاں ٹھاٹھ کا ایک راگ۔

چَھب فت چھ۔ صورت، شبیہ، حُلیہ، خاص انداز یا وضع؛ جلوہ، آب و تاب؛ جھلک مرکب امث: **چَھب تَختی**۔ چہرہ اور جسمانی وضع قطع (س: چَھوی)۔

چَھبْنا فت چھ، سک ب۔ ف م۔ سنْوارنا، لیپنا پوتنا۔

چَھبّا فت چھ، شد ب۔ امذ۔ کھجور کے درخت کے بالائی گلّے پر دیا جانے والا شگاف جس میں سے رس ٹپکتا ہے۔ ف م۔ **چَھبّا لگانا**۔

چَھبّی فت چھ، شد ب۔ امث۔ رک: **چَھب**، نیز صف مث اچھی چھب یا سج دھج والی۔

چَھبْیا فت چھ، سک ب۔ امث۔ چاندی یا سونے کی چھوٹی کٹوری‌جو ریشمی ڈوری میں پرو کر بازوبند میں لگائی جاتی ہے۔ نیز **جَھبْیا**۔

چَھبّیس فت چھ، شد ب، ی مع۔ عدد۔ بیس اورچھ (۲۶) صف **چَھبّیسواں**۔

چَھبیلا فت چھ، ی مع۔ صف۔ اچھی سج دھج والا، بانْکا، سجیلا۔ مث **چَھبیلی**۔

چَھپ فت چھ، سک پ۔ امث۔ نقل صوت۔ پانی پر ہاتھ یاپانو مارنے یا چھینٹے اُڑانے کی آواز۔ نیز تکرار **چَھپ چَھپ/ چَھپا چَھپ** امذ **چَھپاکا**۔

چَھپاکی فت چھ۔ امث (سالوتری) فسادِ خون کی ایک بیماری جس سے بدن پر سرخ چٹّے پڑ جاتے ہیں۔ جانوروں کی چھیپ۔

چُھپانا ضمہ چھ۔ ف م۔ نظر سے اوجھل کرنا یا رکھنا؛ خفیہ رکھنا، راز میں رکھنا، ظاہر معلوم نہ ہونے دینا؛ ڈھکنا، ڈھانْپنا۔

چَھپائی فت چھ۔ امث۔ طباعت، چھاپنے کا عمل۔

چِھپٹی کس چھ، سک ہ۔ امث۔ لکڑی کا بے ڈول چھوٹا ٹکڑا جو انگیٹھی میں ایندھن کے کام آئے۔

چَھپّر فت چھ، شد پ۔ امذ۔ پھونس کا سائبان یا چھت جو لکڑی کے ٹھاٹھ پر چھا کر دیواروں پر رکھی جائے؛ پھونس کی چھت کا گھر یا کمرہ۔ جھونپڑی؛ چھوٹا جوہڑ۔ برساتی پانی کا گڑھا۔ **چھپّر بَند** (فت چھ پ، بلا شد) چَھپّر چھانے والا۔ م ف۔ (بول چال) **چَھپر پَر** ایک طرف، الگ، علاحدہ، ناقابل ذکر، ضائع، اکارت۔ م: مزدوری رہی چھپّر پر اوزار بھی گئے۔ **چَھپّر پھاڑ کر دینا/ ملنا** بن مانگے، اچانک عجیب۔ غیر متوقع صورت میں (دولت ملنا)۔

چَھپّکا فت چھ، سک پ۔ امذ۔ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر مُنہ پر مارنا؛ دروازے کے پٹ کا قبضہ جس میں کنڈی جڑی ہوتی ہے؛ ایسا ہی کوئی اور قبضہ جو صندوق وغیرہ میں لگایا جائے؛ پرندوں کو پکڑنے کے لیے لکڑیوں کے سہارے لگایا جانے والا چھوٹا جال۔ **چَھپکا بالا/ چَھپّکے کا بالا** جڑاؤ بالے جنہیں کان کی لَو میں پرو کر اوپر کی طرف لوٹ دیا جاتا ہے تاکہ ان کا جڑاؤ رخ نیچے چھپا رہنے کی بجائے سامنے آ جائے۔

چھپّکلی کس چھ، سک پ، فت ک۔ امث۔ گرگٹ کی نسل کا گھروں کی دیواروں پر ریگنے والا خاکستری پتلی دُم کا جانور جو بھنگے پتنگے مکھیاں کھاتا ہے (بطور پھبتی) دبلی پتلی زرد رو عورت۔

چَھپّن فت چھ، شد فت پ۔ عدد۔ پچاس اور چھ (۵٦) صف **چَھپّنْواں** (بول چال) **چَھپّن کَروڑ کی چَوتھائی** کُل ملکی مالیے کا ایک حصّہ؛ بڑی دولت م: اس وقت چھپن کروڑ کی چوتھائی بھی مانگتے تو مل جاتی یعنی بڑی بھاگوان ساعت تھی (جب کوئی چھوٹی سی خواہش خلاف توقع پوری ہو جائے)۔

چُھپْنا ضمہ چھ، سک پ۔ **چُھپانا** رک کا فعل لازم؛ پردہ کرنا، آفتاب مہتاب یا ستارے کا غروب ہونا۔ م ف **چُھپْواں** پوشیدہ طریقےسے، راز دارانہ طور پر نیز **چُھپے چوری**، خفیہ طریقے سے۔

چَھپیرا فت چ، ے مج۔ امذ۔ کپڑوں پر چھپائی کرنے والا کاریگر، چھیپی چھینٹ کار۔

چَھت فت چھ۔ عمارت کا وہ حصہ جو اس پر چھاپا ہوا ہوتا ہے، سقف، بٹاؤ؛ کوٹھا، اور اوپر کی کُھلی منزل محاورہ **چَھتیں اُڑ نا** بہت دادو تحسین کا شور اٹھنا۔ (مجازاً) ڈھکنا، ڈھکن، کسی جوف کو ڈھانپنے والی شے۔ (نباتیات) **چَھت خَلیَہ** وہ خلیہ جو کسی نامی جسم کے باہر کے رُخ ہو۔ (معماری) **چَھت قینچی** چھت کے سہارے کے لیے لگائی ہوئی آڑی، بلّیاں۔ **چَھت گیری** (ی مع) چھت کے نیچے تانا جانے والا کپڑا [ا: چھت + ف: گیر + ی لاحقۂ تانیث]۔

چَھتّا (۱) فت چھ، شد ت۔ امذ۔ شُودر باپ اور کھتری ماں کا بیٹا۔

چَھتّا (۲) امذ۔ لمبی ڈیوڑھی، پٹا ہوا راستہ یا راہداری؛ مہال کی مکھیّوں یا بھڑوں کا گھر جس میں بہت سے خانے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

چَھتْر فت چھ، سک ت۔ امذ۔ تخت پلنگ، ہودے وغیرہ پر تنی ہوئی لکڑی یا کپڑے کی آرائشی چھت بادشاہوں امیروں کے سر پر سائے یا شان کے لیے چھایا جانے والا خوشنما چھوٹا شامیانہ یا بڑی سی چھتری جو سواری کے ساتھ چھتر بردار لے کر چلتا تھا۔ نیز **چَتْر** عام **چَھتر**۔ کبوتروں کے بیٹھنے کے لیے بنا ہوا ٹھاٹھر **چَھتْر بھنگ ہونا** راج پاٹھ ہاتھ سے نکلنا۔ امذ۔ **چَھتْر پَتی** راجہ، حکمراں، بادشاہ۔

چَھتْرا فت چھ، سک ت۔ امذ۔ کُھمبی، سانپ کی چھتری، سماروغ (لاط: Arum Cococasia)۔

چِھتْرا کس چھ، سک ت۔ امذ۔ بکری کا بچّہ، میمنا۔

چَھتْرانا فت چھ، سک ت۔ ف م۔ چھت سے پاٹنا۔ صف **چَھتْرایا** لدا ہوا، پٹا ہوا، گھنا۔

چھتَرنا کس چھ، فت ت، سک ر۔ ف ل۔ بکھرنا، منتشر، پراگندہ ہونا۔

چَھتْری (۱) فت چھ، سک ت۔ امث۔ کپڑا لپٹی ہوئی چھڑی جو ضرورت پر کھولی جا سکتی ہے اور اس کا کپڑا کمانیوں پر تن جاتا ہے تاکہ دھوپ یا بارش سےبچاؤ ہو سکے؛ بانسوں کا چھتری نما ٹھاٹھر جو کبوتروں کے لیے بنایا جاتا ہے؛ چھوٹا گنبد جو کسی مقبرے وغیرہ پر بنایا جائے؛ گاڑی، اکّے وغیرہ کی لکڑی یا بانس کے ڈنڈوں پر چھائی ہوئی چھت۔

چَھتْری (۲) فت چھ، سک ت۔ اسم جنس۔ ہندوؤں کی چار جاتیوں میں سےدوسرے درجے کی قوم جو سپاہی پیشہ شمار ہوتی ہے؛ نیز **کَھتری**۔ اصلاً: **کْھشتْری**۔

چَھتْریا فت چھ ت، سک ر۔ امذ۔ (نباتیات) چھتری نما شکل کا ڈنڈی دار پودا جیسے کھنبی؛ چھوٹی چھتری۔

چَھتَم پاتا فت چھ، شد فت ت۔ امذ۔ کنکوّے بازی نیز **چِھتّم پتّا**۔

چَھتْنار فت چھ، سک ت۔ صف۔ گھنا، بہت گھیر دار (درخت)۔

چُھتِہرا ضمہ چھ، کس مج ت، سک ہ۔ صف۔ وہ برتن جو ناپاک ہاتھوں کے چھونے سے گندا ہو گیا ہو؛ گندا، ناپاک، نیچ آدمی۔ امث **چُھتِہر** نیز: **چُھتیرا/ چُھتیری، ُچھتیرن**۔

چَھتْیانا فت چھ سک ت۔ ف م۔ چھاتی سے لگانا؛ بندوق تاننے کے لیے اس کا کندا چھاتی پر ٹکانا؛ پتّنگ کا اونچاہونا۔

چَھتّیس فت چھ، شد ت، ی مع۔ عدد۔ تیس اور چھ (۳۶) صف۔ **چَھتّیسواں** امث **چَھتّیسویں**۔ (بول چال) **چَھتّیسی** تیز، طرار، عیّار، عورت۔

چُھٹ ضمہ چھ، حرف استثنا۔ بجز، بجائے، بلکہ م۔ ایک چُھٹ دو موجود؛ چھوٹا کی تخفیف۔ مرکب **چُھٹ بَھیّا** چھوٹے درجے کا آدمی **چُھٹ پایا**۔ چھوٹا ستون نما نشان جو حد بندی کے لیے گاڑا جائے۔ **چھٹ پَن** چھوٹی عمر۔ **چُھٹ گوئیں** کمزور جُوا ہارے ہوئے بیلوں کی جوڑی۔

چَھٹا (۱) فت چھ۔ صف عددی۔ چھ سے منسوب، ششم۔

چَھٹا (۲) فت چھ۔ صف۔ چنا ہوا، چوٹی کا، نیز **چَھٹا ہُوا**۔ پرلے درجے کا (بدمعاش)۔

چِھٹّا کس چھ، شد ٹ۔ امذ۔ چھڑکاؤ، بکھیر، کھیت میں بیج بکھرانا۔ مرکب **چِھٹّا بجائی** بیج بکھیر کے بونا۔

چُھٹّا ضمہ چھ، شد ٹ۔ امذ۔ حلوائی کی دوکان پر بچّی ہوئی مٹھائیوں کا چورا، ریزگاری۔

چُھٹاپا ضمہ چھ۔ امذ۔ مقابلتہً عمر میں چھوٹا ہونا، بڑاپا کی ضد۔

چُھٹا چُھٹَوَر ضمہ چھ، فت ٹ، شد فت و۔ امث۔ چُھوٹ چھٹاؤ، علاحدگی، مفارقت نیز **چُھوٹ چُھٹَوَل**۔

چُھٹان ضمہ چھ۔ امث۔ رہائی، مخلصی، چھوٹنا، بری ہونا۔

چُھٹانا ضمہ چھ۔ ف م۔ الگ کرنا، دور کرنا، کُھرچنا؛ آزاد کرانا، رہائی دلانا؛ جُدا کرنا، رہن کی ہوئی چیز کو واپس لینا۔ نیز چھڑانا۔

چَھٹانْک فت چھ، غنہ۔ امث۔ سیر کا سولھواں حصّہ وزن یا اُس کا باٹ۔

چَھٹائی فت چھ۔ امث۔ چھانٹنے کا عمل؛ تراش خراش؛ چھانٹی۔

چُھٹائی ضمہ چھ۔ امث۔ رک **چُھٹاپا**۔ مرکب **چُھٹائی بَڑائی** عمروں کا فرق۔

چھَٹْپَٹانا فت چھ، سک ٹ، فت پ۔ ف م۔ ہلانا جُلانا، پراگندہ کرنا، جھٹکنا، پھٹکنا، دُلانا۔ ف ل۔ پرندے کا بازو پھڑپھڑانا۔ نیز مجازاً بیچین ہونا۔ اکیف مث **چھَٹْپَٹاہَٹ** پھڑپھڑاہٹ، اضطراب۔

چُھٹْپَن ضمہ چھ، سک ٹ۔ امذ۔ کمسنی، چھوٹی عمر، بچپن۔

چِھٹْکا کس چھ، سک ٹ۔ امذ۔ گاڑی، پِنس وغیرہ کا پردا جو عموماً چھینٹ کا بنا ہوا ہوتا تھا۔

چُھٹْکا ضمہ چھ، سک ٹ۔ صف ، امذ۔ چھوٹا بچّہ، خرو، کمسن، منّا مث **چُھٹْکی** چھوٹی بچّی، مُنّی؛ بیل گاڑی کو بم سے باندھنے کی رسّی، ناڑی۔

چُھٹْکارا ضمہ چھ، سک ٹ۔ امذ۔ رہائی، مخلصی، نجات، مفر۔

چِھٹْکانا کس چھ، سک ٹ۔ ف م۔ بکھیرنا، پھیلانا، بکھرانا۔ ف ل۔ **چِھٹْکنا** ہرطرف پھیلنا۔

چِھٹْکی کس چھ، سک ٹ۔ امث۔ بندوق کی چھوٹی گولی، چھرّا۔

چُھٹْکھیلا ضمہ چھ، سک ٹ، ے مج۔ امذ۔ آزاد، بے پروا، کھلنڈرا۔

چُھٹَّم چُھٹّا ضمہ چھ، شد فت ٹ، شد ٹ۔ امث۔ مفارقت، علاحدگی، جُدائی نیز **چُھوٹ چُھٹاؤ** طلاق۔

چھَٹَن فت چھ ٹ۔ امث۔ چھانٹنے، کاٹنے تراشنے، چھاننے پھٹکنے کے بعد بچی ہوئی شے، ٹکڑے ٹوٹے، ذرے، کترنیں وغیرہ۔

چھَٹْنا فت چھ، سک ٹ۔ ف ل۔ چھانٹا جانا؛ کم ہونا، چھیجنا،گھٹنا؛ ادھر اُدھر، تتر بتَر ہونا؛ دُور ہونا؛ کٹنا،ہلکا ہونا (رنگ وغیرہ کا)۔

چُھٹْنا ضمہ چھ، سک ٹ۔ رک **چُھوٹنا**۔

چھَٹَنْکی فت چھ ٹ، غنہ۔ امث۔ایک چھٹانک کا باٹ؛ (مجازاً) چھوٹی ہلکی شے یا بچّہ؛ برف کی سل کا سولھواں حصہ تقریباً ڈھائی کلو وزن کا۔

چُھٹَوتی ضمہ چھ، ولین۔ امث۔ کٹوتی، بٹّا، تخفیف۔ نیز **چُھوٹ**۔

چھَٹَولا فت چھ، و مج۔ امذ۔ زچگی کے دنوں میں زچّہ کے پہننے کا جوڑا؛ (شکر سازی) پھین اُتارنے کا کفچہ؛ نیز **چھَٹَونی**۔

چھَٹَولنا فت چھ، و مج، سک ل۔ امذ۔ چھوٹا بچّہ، نادان، ناسمجھ۔

چھَٹی فت چھ۔ صف عددی۔ امث۔ **چھَٹا** (رک) کی تانیث؛ بچّے کی ولادت کے بعد چھٹے دن منائی جانے والی رسم جبکہ زچّہ کا پہلا غسل ہوتا ہے اور بچّے کو گھُٹّی پلائی جاتی ہے۔ محاورہ **چھٹی کا دُودھ/ کھایا پیا یاد دلانا** مزا چکھانا، ایسا سبق دینا کہ یاد رہے۔ امث۔ **چھَٹی حس** وِجدان، ظاہر اسباب کے بغیر کسی بات کا احساس ہوجانا۔

چھَٹی کا راجہ پوتڑوں کا رئیس، پشتینی امیر۔

چِھٹّی کس چھ، شد ٹ۔ امث۔ **چھینٹ** (رک) کی تصغیر۔ ج **چِھٹّیاں** **چِھٹّیاں لڑانا** چھینٹے لڑانا، آپس میں ایک دوسرے پر پانی کے چھینٹے پھینکنا۔

چُھٹّی ضمہ چھ، شد ٹ۔ امث۔ فرصت، فراغت؛ تعطیل؛ کام سے رخصت برطرفی، موقوفی؛ آزادی، رہائی۔

چُھٹَیل ضمہ چھ، ے لین۔ امث۔ آوارہ، بدمعاش، بدچلن عورت۔

چھَجّا فت چھ، شد ج۔ امذ۔ دالان، دروازے یا کھڑکی وغیرہ کے اوپر بارش اور دھوپ سے بچاؤ کے لیے بنایا ہوا تعمیر کا حصہ، اس سے ملتی جلتی کوئی شے جیسے چھجّے دار ٹوپی۔ نیز **چھَجِہ**۔ تصغیر **چھجْلی** چھوٹا چھجّا۔

چِھجانا کس چھ۔ ف م۔ **چھِیجنا** (رک) کا

متعدی۔ ا کیف مذ۔ چِھجاؤ جثے، مقدار، تعداد کا گھٹاؤ۔
چِھجانْد کس چھ، غنہ۔ امث۔ درندے کے منہ کا بھبکا۔
چِھچلا کس چھ۔ صف۔ اُتھلا، کم گھرا، ہلکا نقش نشان وغیرہ جو زمین پر نظر آئے نیز چھچھلا۔
چُھچْلی ضمہ چھ، سک چ۔ امث۔ بلّی کا اپنے شکار کے ساتھ کھیلنا؛ نیز (مجازاً) کسی مجبور کو لٹکائے رکھنا، پریشان کرنا۔
چِھچلی کس چھ، سک چ۔ صف، امث۔ اُتھلی، کم گھری رکابی وغیرہ؛ ٹھیکری۔ چھچلی/ چھچلیاں کھیلنا ٹھرے پانی کی سطح پر ٹھکریاں زور زور سے دوڑانا جو تھوڑی دور تک نہیں ڈوبتیں۔
چِھچوَرا کس چھ، و مج۔ صف۔ متانت سے عاری، گھٹیا، عامیانہ، ناشائستہ؛ متبذل۔ ا کیف مث چِھچورپَن (کس چھ، و مج، سک ر، فت پ) گھٹیا پن۔ امث۔ چھچوری گری ہوئی، ناپسندیدہ (حرکت، باتیں، عادت وغیرہ) نیز چِھچھورا/ چھچھوری: نیز چَھچورا، چَھچوَری (فت چھ)۔
چَھچھونْدر فت چھ، و مع مغ، فت د۔ امث۔ چوہے سے ملتا ایک پتلا سا بدبودار جانور جو دن کو نہیں نکلتا، موشِ کُور؛ ایک آتش بازی جو زمین پر تیزی سے چکّر لگاتی ہے۔ مثل چھچُھوندر کے سر میں چَنْبیلی کا تیل ادنی شخص کے ٹھاٹھ باٹ یا شوق پر طنز نیز چھچوندر۔ چَھکْچُھوندر (آتشبازی)۔
چِھچّی کس چھ، شد چ۔ امث۔ بچوں کا گُو چھچی پچھی بچوں کا پیشاب پیخانہ۔
چِھچْھلانْد کس چھ، سک چھ، غنہ۔ امث۔ جلی یا گلی ہوئی کھال کی بُو؛ سیتلا کے داغوں کی بو۔

چَھچھِرُو فت چھ، ے مج، و مع۔ امذ۔ گھی کی تلچھٹ یا دہی کا جزو جو پگھلانےمیں برتن کی تہہ میں جم جاتا ہے۔ صف چَھچھیلا ایسا گھی جس میں دہی اور چھاچھ کی ملاوٹ ہو۔
چُھدّا ضمہ چھ، شد د۔ الزام؛ احسان کا بوجھ۔ ف مر چُھدّا اُتارنا کسی کے خلوص کا بدلہ محض بے دلی سے چکا دینا تاکہ سر پر بوجھ نہ رہے اور الزام نہ آئے۔
چِھدام کس چھ۔ امذ۔ یک پرانا سکہ کبھی جس کی قیمت ۱/۵ پیسہ یا روپے کا ۳۲۰ واں حصہ تھی۔
چِھدانا کس چھ۔ ف م۔ چھیدنا (رک) کام م؛ ف مر کان چھدانا کانوں میں بالی بُندے وغیرہ پہننے کے لیے سوراخ کرانا۔
چِھدْرا کس چھ، سک د۔ صف جھرجھری ڈھیلی، کُشادہ بافت کا (کپڑا، پارچہ وغیرہ)؛ جھوجھرا جُھرجُھرا، گٹھا ہوا کی ضد؛ بکھرا بکھرا کُھلا کھلا؛ کم آباد۔ گنجان کی ضد۔ ف مر چھدرا کر چلنا چلنے میں دونوں ٹانگوں کو نمایاں طور پر دُور رکھنا، ٹانگیں کھول کر چلنا ف م چِھدرانا دُور دور کرنا، پھیلانا۔
چَھدَمّا فت چھ د، شد م۔ صف۔ گھٹیا، حقیر آدمی۔
چِھدیلا کس چھ، ے مج۔ صف۔ سوراخ دار، کڑکھایا؛ مُشبّک۔
چُھرا ضمہ چھ۔ امذ۔ سیدھا بڑا چاقو جس کے ایک ہی پہلو میں دھار ہو؛ گوشت بنانے کا چاقو۔ ف م چُھرا گھونْپنا و مج غنہ سک پ۔ چُھرا جسم میں اتار دینا، بھوکنا۔
چَھرّا فت چھ، شد ر۔ امذ۔ سیسے کی مہین گولی جو ہوائی بندوق سے چلائی جائے، یا کارتوس میں بھری ہو، چھٹکی۔
چَھرچَھراہَٹ فت چھ، سک ر، فت ہ۔ امث۔ کُھلے

زخم کی تپک یا سوزش۔
چھُری ضمہ چھ۔ امث۔ دستہ دار پتلے پھل کا چاقو جو ترکاری وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے، نیز خنجر جس کے صرف ایک طرف دھار ہو اور میان میں نہ رکھا جائے۔ محاورہ **چھُری تلے دم لینا** تحمل سے کام لینا۔ **چھُری کانٹا** چھُری اور تین نوکوں والا چمچہ نما آلہ جو مغربی طرز سے کھانے کے لوازم ہیں۔ تصغیر **چھُرِیا** (کس ر) جرّاحی کا ایک چھوٹا آلہ۔
چھَریرا فت چھ، ے لین۔ صف۔ نہ موٹا، نہ پتلا یا لاغر، درمیانے ڈیل کا، دبلے پن کی طرف مائل اک تنہ (بدن)؛ اکھرے جسم والا (آدمی)۔
چَھڑ فت چھ۔ امث۔ پتلا، لمبا بانس؛ ڈنڈا؛ مچھلی کے شکار کا پتلا ڈنڈا جس میں ڈور بندھی ہوتی ہے اور شکاری کے ہاتھ میں رہتا ہے؛ چاندی کی ڈنڈی یا سلاخ جس سے تار کھینچے جاتے ہیں۔
چھِڑ کس چھ۔ امث۔ تِلّی، طحال۔
چَھڑا فت چھ۔ صف۔ اکیلا، تنہا، فارغ البال، بے اہل و عیال، چھانا، پھٹکا، غلہ۔امذ۔ پانو کا ایک زیور۔ مث **چَھڑی۔** مرکب عطفی **چَھڑا/ چھڑی چھٹانک** ناکتخدا، فارغ البال۔
چھُڑانا ضمہ چھ۔ ف م۔ الگ الگ کرنا؛ رہائی دلانا، آزاد کرانا؛ بیچ بچاؤ کرانا؛ ترک کرانا؛ گروی چیز کو واپس لینا، نیز رک **چھوڑنا** جس کا یہ تعدیہ ہے۔
چھِڑکا کس چھ، سک ڑ (سالوتری) جانور کی تلّی کا بڑھ جانا۔
چھِڑکاؤ کس چھ، سک ڑ، و مج۔ امذ۔ پانی بکھیرنا، پانی کے چھینٹے یا پُھواریں ڈالنا؛ سوکھی زمین کے غبار کو دبانے کے لیے تر کرنا۔
چھِڑَکنا کس چھ، فت ڑ، سک ک۔ ف م۔ چھینٹے دینا، پھوار ڈالنا، پانی یا کوئی سیّال بکھیرنا؛ کسی سوکھی پسی ہوئی چیز کو بُرکنا، بکھیرنا۔

چھِڑَکواں کس چھ، فت ڑ، سک ک۔ صف۔ جس پر رنگ کے چھینٹے پڑے ہوں۔
چَھڑنا فت چھ، سک ڑ۔ ف م۔ غلّے کو سوراخ دار چھاج سے چھاننا پَھٹکنا۔
چھِڑنا کس چھ، سک ڑ، ف ل۔ شروع ہونا، چل پڑنا (بات، تذکرہ ساز، لڑائی وغیرہ کا) چھیڑا جانا۔
چَھڑی فت چھ۔ امث۔ پتلی لکڑی یا نرکل؛ بیت، بانس وغیرہ کا ٹکڑا؛ ہاتھ کی قمچی، بیت، پتلی لاٹھی؛ درخت کی شاخ، ٹہنی پتلی ڈنڈ ی، لمبا بانس جس پر آرائش کے لیے گل بوٹے بنائے یا لپیٹے گئے ہوں؛ ج **چَھڑیاں** چھڑیوں کا میلہ جو بعض مزارات پر لگتا ہے۔ نیز (رک) **چَھڑ/ چَھڑا** جس کی یہ تانیث ہے۔
چَھڑیلا فت چھ، ے مج۔ امذ۔ رک: **بالچَھڑ۔**
چَھک فت چھ، صف۔ سیر، مست، آسودہ نیز **چَھکا/ چَھکا ہوا۔**
چَھکّا فت چھ، شد ک۔ امذ۔ چھ کا مجموعہ، تاش یا گنجفے کا چھ نشانوں والا پتّہ؛ کرکٹ کے کھیل میں کھلاڑی کی وہ ہٹ جس پر گیند میدان کی حد سے باہر گرے اور چھ رن ملیں؛ چھ رن، یا چھ رن والی اُچھال؛ ایک آتش بازی **چَھکّا پَنجا** دھوکا فریب۔
چَھکّڑ فت چھ، شد فت ک۔ امذ۔ دھول جو سر پر لگے۔ ف م **چَھکّڑانا** دھول مارنا۔
چَھکڑا فت چھ، سک ک۔ امذ۔ مال ڈھونے والی کُھلی گاڑی؛ (بطور پھبتی) ڈھوڈا، گِھسی گھسائی کھڑ کھڑاتی سواری۔
چَھکّڑی فت چھ، سک ک۔ امث۔ ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جانے والے چھ گھوڑے **چَھکّڑی بُھولنا** رک: **چَوکڑی بُھولنا۔** نیز رک **چَھکڑا** جس کی یہ تصغیر ہے۔
چَھکنا فت چھ، سک ک۔ ف م۔ سیر ہونا، نیت بھر

کر پینا یا نشہ کرنا، سر شار ہو جانا۔
چھکنا کس چھ، سک ک۔ ف ل۔ بھٹکنا، علیحدہ ہونا، گلّے یا ٹولے یا جماعت سے کٹنا۔
چھکّی کس چھ، شد ک۔ امث۔ کاریگر کے مال سے بچے ہوئے تار؛ ریزے ٹکڑے، کترنیں؛ ریزگی۔
چَھکے چُھوٹنا فت چھ، شد ک، و مع، سک ٹ۔ ف مر محاورہ۔ حواس باختہ ہو جانا، بے اوسان ہونا۔
چَھگ فت چھ۔ امذ۔ بکری، بکرا، بُز، **چَھگ مانَس** پرانی حکایات کا وہ آدمی جس کا جسم بکری کا ہو (انگ: Satyr) امث **چَھگری** چھوٹی بکری۔
چَھگلا فت چھ، سک گ۔ امذ۔ عشق پیچاں کی ایک قسم (لاط: Argentuis)۔
چَھل فت چھ۔ امث۔ فریب، دھوکا؛ چنائی یا استر کاری کا جھڑا ہوا ٹکڑا؛ عمدہ، طاقت والی زمین کاشت کے لیے بہترین، ڈاکر۔ مرکب **چَھل بٹّے** چالبازیاں، ہتھکنڈے۔ امث **چَھل بَل** (فت ب) دلفریبی، آن بان، چمک، جھمک دھوکا فریب۔ صف **چَھل چِھنْدی** دھوکے باز، فریبی۔ امث۔ **چَھل کَپَٹ**، عداوت، بے ایمانی۔
چَھل فت چھ۔ امث۔ پانی کی دھار ف مر **چَھل پِلانا** مسافروں کوپانی پلانا، امذ۔ **چَھلْکارا** راہ چلتوں کو پانی پلانے والاسبیل لگانے والا راہگیروں کو پانی پلانا۔ امث **چَھلچَھلاہَٹ** (نقل صوت) چشمے کے پانی کے ابلنے کی آواز۔
چَھلّا (۱) فت چھ، شد ل۔ امذ۔ انگلیوں کا زیور، گول یکسار سادہ یا مہین نگینوں سے ہموار طور پر جڑا ہوا حلقہ یا انگلی کی ناپ کا کُنڈل؛ گول نشان یا گول کڑھت؛ چھوٹا دائرہ۔
چَھلّا (۲) فت چھ، شد ل۔ امث۔ وہ دیوار جو ایک طرف لپی ہوئی اور ایک طرف سے کُھلی یا کچی ہو۔

چَھلّا کوٹھی فت چھ، شد ل، ومج۔ امث۔ قحبہ خانہ، چکلا۔
چَھلانْگ فت چھ، غنہ۔ امث۔ لمبی جست، زقند؛ اوپر سے نیچے کُودنا۔
چَھلاوا فت چھ۔ امذ۔ رات کو شمشان وغیرہ میں نظر آنے والی روشنی (فاسفورس کی جھلکار) جو بھوت سے تعبیر کی جاتی ہے؛ آگیا بَیتال، غول بیابانی مجازاً تیز، پھرتیلا، ابھی یہاں ابھی وہاں نظر آنے والا آدمی۔
چَھل بچَھل فت چھ، کس ب۔ صف۔ تلپٹ، درہم برہم، الٹ پُلٹ۔
چَھلبدار فت چھ ل، سک ب۔ ج مذ۔ ڈوموں کا ایک طبقہ جو مزاروں پر گاتا بجاتا ہے؛ سید احمد کبیر کے مریدوں کا ایک گروہ جو آگ پر لوٹتا ہے۔ [چہل ابدال کی تحریف]۔
چُھل چُھل ضمہ چھ۔ نقل صوت۔ پیشاب کرنے کی آواز۔ اکیف مث۔ **چُھلچُھلاہَٹ**۔
چُھلْچُھلا ضمہ چھ، سک ل۔ صف۔ مُتوڑا، جلد جلد پیشاب کرنے یا جلد منزل ہو جانے والا۔
چُھلْچُھلاتا کس چھ، سک ل۔ صف۔ چٹکتا، دمکتا۔ مث۔ **چھلچھلاتی** نیز **چِلچِلاتی** تیز روشنی والی۔
چِھلْکا کس چھ، سک ل۔ امذ۔ پوست، میوے کا خول پتلی کھال یا غلّے کے اوپر کی بھوسی یا چھان؛ انڈے کا خول، مچھلی کا کھپرا۔
چَھلَکنا فت چھ ل، سک ک ف ل۔ لبریز ہونا، کناروں سے اُچھلنا۔
چُھلَکْنا ضمہ چھ، فت ل، سک ک۔ ف ل۔ عورت کا پیشاب کرنا، پانی چھوڑنا۔
چِھلْکئی کس چھ، سک ل، فت ک۔ صف۔ (نباتات) قشری، قشریہ؛ جس پر خول یا پوست ہو۔ م:

چھلکئی بصلہ (انگ: Scaly bulb) **چھلکئی پتّہ** ، خشک، چھِلّی نما (Scaly leave)۔

چھلنا فت چھ، سک ل۔ چھاننے کا ظرف۔ غربال۔ مث **چھلنی** چھلنا کی تصغیر۔ صف سوراخ دار، چھدا ہوا۔

چھِلنا کس چھ، سک ل۔ ف ل۔ خراش آنا،کھال کا اُدھڑنا نیز رک **چھِیلنا** جس کا یہ فعل لازم ہے۔

چھلَوڑی کس چھ، و لین۔ امث۔ وہ تکلیف دہ پھنسی جو انگلی میں نکل آتی ہے، انگل پیڑ۔

چھلَونی کس چھ، و لین۔ امث۔ سودے پر خریدار یا نوکر کو ملنے والی تھوڑی سے زائد مقدار یا نقدی؛ دستوری، رُوکن، جھونگا۔

چھلّے فت چھ، شد ل، ے مج۔ چھلّا (رک) کی جمع۔ مرکب **چھلّے دار** گھونگریالا، حلقہ دار۔ **چھلّے کا گُل** گرم چھلّے کا داغ جو جوش محبت میں جسم پر لگایا جائے (معماری) **چھلّے کی چُنائی** محراب یا گول ستون پر مدّور چُنائی۔

چھم فت چھ، نقل صوت۔ امث۔ گھنگروؤں کی آواز؛ مینہ برسنے کی آواز نیز بتکرار **چھم چھم**۔

چھما فت چھ۔ امث۔ معافی، درگزر، عفو۔ رحم، نیز **شما** (اصلاً: کھشما)۔

چھماہا کس چھ۔ امذ۔ چھٹے مہینے ملنے والا وظیفہ یا گزارا۔ نیز مث **چھماہی** مرنے والے کے چھٹے مہینے کے قریب ہونے والی فاتحہ۔

چھمّک فت چھ، شد فت م۔ صف مث۔ لچکیلی، مٹکتی۔ **چھمّک چھلّو**۔ اداؤں سے دل لُبھانے والی۔

چھمنا فت چھ، سک م۔ امث۔ ایک بے کانٹے کی مچھلی، چپٹی، تنگ دہن (انگ: Pomfret)۔

چھن (۱) فت چھ۔ امث۔ نقل صوت۔ شیشہ ٹوٹنے یا گھنگھروؤں کے بجنے کی آواز، روپوں کی جھنکار۔ نیز امذ **چھناکا** م ف **چھنا چھن**۔

چھن (۲) امذ۔ لمحہ، پل۔ نیز عام **چھن** وقت کا قلیل ترین حصہ۔

چُھن ضمہ چھ۔ امث نقل صوت۔ تپتی چیز پر پانی کی بوند پڑنے کی آواز، گھنگرو کی آواز۔ **چُھن مُن** کڑکڑاتے گھی میں پھلکیاں وغیرہ ڈالنے تلنے کی آواز۔

چھنال ضمہ چھ۔ امث۔ فاحشہ عورت، نیز بطور دشنام۔ ا کیف مذ۔ **چھنالا چھنال پن** بے باکی، بدکاری۔ تصغیر **چھنلیا**۔

چھند(۱) فت چھ، سک ن۔ امذ۔ ہندی عروض کی بحر؛ ویدوں کی قراءت کی اُصول؛ بول، سُر **چھند چور** دوسروں کا کلام اپنانے والا، سرقہ کرنے والا **چھند شاستر/ ودیا** علم عروض۔

چھند(۲) فت چھ، سک ن۔ امذ۔ مکر وریا، فریب کاری۔ صف **چھندی** دھوکے باز۔

چھنک فت چھ ن۔ امث۔ چھن کی آواز ف ل **چھنکنا**۔

چھنگا فت چھ، غنہ۔ صف مذ۔ جس کی چھ انگلیاں ہوں۔

چھنگا کس چھ، غنہ۔ امذ۔ چھوٹے خانوں کا چھوٹی مچھلیاں پکڑنے کا جال۔

چھنگلی ضمہ چھ، غنہ۔ چھوٹی انگلی۔ تصغیر **چھنگلیا**۔

چھنل گھنگوٹا کس چھ، فت ن، ضم مغ گھ، و مج۔ امذ۔ مکر، ریاکاری؛ اپنے چھنال پن پر پردہ ڈالنا، پارسا بننے کی کوشش کرنا۔

چھنن فت چھ ن۔ امث۔ بھوسی چونی جو چھاننے کے بعد نکلے؛ چھن چھن کی آواز۔

چھننا فت چھ، سک ن۔ ف ل۔ مجہول (۱) چھانا جانا رک: **چھاننا**۔ محاورہ **گاڑھی چھننا** باہم بہت دوستی ہونا ہم مشربی (ابتداً اطلاق بھنگ پینے

والوں پر)۔

چھِنْنا کس چھ، سک ن۔ ف ل، مجہول۔ رک: **چھِنْنا** جس کی یہ مجہول صورت ہے۔

چھَنیلا فت چھ، ی مع۔ صف۔ کنکر ملا، کنکریلا، بے چھنا یا چھاننے کے قابل۔

چھَو و لین۔ امذ۔ وحشت، گھبراہٹ، خلجان، نشے کی شدید طلب؛ نیز **چھَوہ** (ہ ملفوظ) (س: کُشوبھ)۔

چھُو ومع۔ امث۔ پھونک مارنا، کچھ پڑھ کر دم کرنا؛ افسوں منتر۔ نیز **چھُوچھا** منتر پڑھ کر پھونکنا، سفلی عمل، منتر **چھُوچھکّا** **چھُومَنتَر** ف ل **چھُومَنْتر ہونا** غائب ہو جانا، ختم ہو جانا، ہو چکنا۔

چھُوا چھُو ضمہ چھ، ومع۔ امث۔ نقل صوت دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی آواز۔

چھُوارا ضمہ چھ۔ امذ۔ رک: **چھوہارا**۔

چَھوانا فت چھ۔ ف م۔ رک: **چھانا** جس کا یہ متعدی ہے۔ اکیف مث **چَھوائی** چھپّر، سائبان، منڈوا بنوانا ، تَنوانا۔

چھُوانا ضمہ چھ۔ ف م۔ **چھُونا** (رک) کا متعدی؛ ذرا سا مس کرنا۔

چَھٹُورا فت چھ، و مع۔ امذ۔ عقاب کی ایک قسم، ترمتائی یا گُلاب چشم پرندوں میں سے ایک نوع کا پرندہ۔

چھوپ و مج۔ امذ۔ (سالوتری)۔ زخم پر لگانے کا گاڑھا مرہم۔ (رنگ کاری) لکڑی کی درزوں میں بھرنے کا مسالہ۔ (معماری) پلَستر، کہگل؛ نیز **چھوپا** تُھپائی، استر کاری ف م **چھوپْنا**۔

چھُوت ومع۔ امث۔ چُھونا، مس ہونا، لگنا، کسی ناپاک چیز کا اور اس سے ناپاکی لازم آنا یا بیماری پیدا ہونا مرکّب **چھُوت چھات** نیچ جاتی کے آدمی کو چھونے سے پرہیز، ذات پات کی تفریق۔

چھُوت کی بیماری اڑ کر لگنے والی بیماری، جو جراثیم کے ذریعے ایک سے دوسرے کو لگے۔ صف **اَچھوت** ناپاک جسے چھوا نہ جائے۔

چھوت ومج۔ گوبر، گُو۔[س: شَوچ]۔

چھُوٹ و مع۔ امث۔ آزادی؛ اجازت ؛ رعایت، کٹوتی، تخفیف، بٹّا؛ شعاع، جھلکار؛ بے ضابطہ، آزادانہ لڑائی یا مقابلہ (انگ: Free Fight) وہ مقام جہاں سے دوڑ شروع ہو؛ علیحدگی ، مفارقت نیز مرکّب امذ **چھُوٹ چھُٹاؤ**؛ جدائی، بے تعلقی؛ بیچ بچاؤ۔ امذ **چھُوٹ کا لچّھا** بے ضابطہ لڑائی یا مقابلے میں پے در پے وار۔ ف م۔ **چھُوٹ لَڑْنا** کئی آدمیوں سے بیک وقت مقابلہ کرنا۔

چھوٹا و مج۔ صف۔ عمر یا جسامت، قد یا مرتبے اور حیثیت میں کم تر، خورد، کوچک، قصیر؛ مطلوبہ ناپ یامعیار سے کم۔ گرا ہوا؛ مختصر محدود؛ حقیر، کمینہ، چھچھورا، ادنیٰ درجے کا۔ **چھوٹا چاند** ایک خود رو بیل جسے سانپ کے زہر کا توڑ سمجھا جاتا ہے۔ (لاط: Ophioxylon Serpentium) **چھوٹا کَپڑا** (ومج ، فت ک) انگیا، **چھوٹا مُلّا** (ومج، ضمہ م، شد ل) چنڈول جو صبح بہت سویرے اٹھتا اور بانگ دیتا ہے۔ فقرہ **چھوٹا مُنْہ بڑی بات**۔ حیثیت سے بڑھ کر جرأت مندانہ دعویٰ، قول یا بات۔ صف **چھوٹا موٹا** معمولی۔مث چھوٹی مرکب **چھوٹی الائچی/ الاچی** رک **الاچی**۔ **چھوٹی حاضری** ناشتے سے پہلے کی چائے۔

چھُوٹْنا و مع، سک ٹ۔ ف ل۔ آزاد ہونا؛ جانا، نکلنا، روانہ ہونا؛ ترک ہوجانا؛ علیحدہ ہونا؛ فرصت پانا؛ جاری ہونا نیز رک **چھوڑنا** جس کا یہ لازم ہے۔

چھُوچک و مع۔ امث۔ زچّہ بچّہ کے لیے چھٹی کے دن میکے کی طرف سے دیے جانے والے پھل ترکاری اور تحفے۔

چُھوچھا و مع۔ صف۔ چھوٹا، ادنیٰ، حقیر، مثل۔ **چُھوچھا کِن پُوچھا** چھوٹے کو کس نے پوچھا، کوئی نہیں پوچھتا؛ نیز رک: **چُھوچَھکّا**؛ (پارچہ بافی) راچھ، راچھا۔

چُھوچَھکّے و مع، فت چھ، شد ک۔ ج مذ۔ عیش، مزے، خوش فعلیاں، گُل چھرّے۔

چُھو چُھو و مع۔ امث۔ دایہ، کھِلائی؛ لڑکی کے ساتھ کی کھیلی ملازمہ۔

چُھوچھی و مع۔ امث۔ سر کی سرکنڈے، کھوکھلے نرسل؛ حقّے کی نے؛ سوئیوں کو رکھنے کا نَلکی کی شکل کا خانہ۔

چَھور و لین۔ امذ۔ اناج کے ڈنٹھلوں کا چارہ جو مویشیوں کو دیا جائے۔

چھور و مج۔ امذ۔ کنارہ، آخری حد، کُل پہنائی؛ بیل کو ہانکنے کی آر؛ مرکب **اور چھور** (ومج) انتہا، وسعت، حدیں۔

چھورا و مج۔ امذ۔ لڑکا،چھوکرا، امث۔ **چھوری**۔

چھوَرنا و مج۔ ف م۔ ترکاریوں کی پود کیاریوں سے اکھاڑ کر کھیت میں لگانا۔

چھوڑنا و مج۔ ف م۔ گرفت سے آزاد کرنا؛ جانے دینا، جاری کرنا، روانہ کرنا؛ سر کرنا؛ ترک کرنا؛ نظر انداز کرنا؛ لگانا سکانا؛ م: ہاتھ چھوڑنا؛ ڈالنا، گرانا م: پَردہ، چلمن چھوڑنا۔

چھوکَرا و مج، سک ک۔ امذ۔ رک: **چھورا** امث **چھوکَری**۔ نادان لڑکی، ملازمہ؛ نائکہ کی پیشے کے لیے پالی ہوئی لڑکی۔

چھوَلا و مج۔ امذ۔ بیل بھینسے وغیرہ کے گلے سے لٹکایا ہو لکڑی کا ڈنڈا جس کی وجہ سے وہ بھاگ نہیں سکتا؛ لنگر، لٹکن۔

چھوَلْداری ومج، سک ل۔ امث۔ چھوٹا خیمہ، راوٹی؛ مریض کو آکسیجن دینے کے لیے تانا جانے والا شبنمی کی طرح کا تنبُو۔

چُھوم چَھنانا و مع، فت چھ۔ امث۔ نقل صوت۔ رقص میں گھنگروؤں کی آواز۔

چُھونا و مع۔ ف م۔ مس کرنا، ہاتھ لگانا؛ ڈسنا م: کالا نہ چُھو لے سرسری طور پر ذکر کرنا م: اِس نکتے کوبھی چُھوا ہے۔

چَھونْکا و لین مغ۔ امذ۔ (سالوتری) جانوروں کو دوا پلانے کا کھوکھلا بانس کا ٹکڑا۔

چُھوہارا و مع۔ امذ۔ خاص طور پر سُکھایا ہوا کھجور کا دانہ۔ نیز **چُھوارا/ چھُہارا**۔

چُھوئی و مع، ی مع۔ امث۔ کھریا، چاک، نیز **چُھوئی مٹّی**۔

چُھوئی و مع، ی مع۔ امث۔ گنّے کا پھوک جو بھٹی میں ایندھن کے طور پر جلایا جاتا ہے۔

چُھوئی مُوئی ومع، ی مع۔ امث۔ ایک پودا جس کی مہین پتیاں ہاتھ لگانے سے یا قریب لانے سے فوراً سکڑ جاتی ہیں اور ہاتھ ہٹانے سے پھر کُھل جاتی ہیں؛ لاجونتی (لاط: Mimošapudica)۔

چَھوی فت چھ۔ امث۔ چھڑی، ڈنڈا۔

چَھویّا فت چھ و، شد ی۔ امذ۔ چھپّر چھانے چھت پاٹنے والا کاریگر۔

چھِہَتّر کس مج چھ، فت ہ، شد فت ت۔ عدد۔ ستّر اور چھ (۷۶) صف **چھِہتّرواں** نیز **چِھئتّر/ چِھئَتّرواں**۔

چَھنُّو فت چھ، و مع۔ امذ۔ نیا پان جو ابھی بیل پر ہو اور توڑنے کے قابل نہ ہوا ہو۔ (پان کو مہینہ بھر بیل پر لگا رہنے دیا جاتا ہے)۔

چَھئی فت چھ۔ امث۔ پالان، جُھول؛ بیل کی گردن پر جوئے کے نیچے رکھی جانے والی گدّی۔

چھی امث۔ گندگی، آلائش، گُو، (کلمۂ تنفّر)؛ تُھوتھو، آح تُھو (بچوں سے بولنے کا کلمہ) نیز **چھی**

چھی / چھچّی: پاخانہ۔

چِھے ے لین۔ امث۔ گھلانے والا روگ؛ تپ دق؛ مسلسل گھاٹا، نقصان کا چکّر۔

چَھیّا فت چھ۔ امث۔ بھینٹ چڑھانے، قربانی کرنے کا جانور۔

چھیا کس چھ۔ امث۔ گندگی، غلاظت، چُھوت لگنے کا وبال جسے ہندو سماج میں خاص رسم اور قربانی کے ذریعے اُتروایا جاتا ہے۔ محاورہ چھیا اُتروانا۔

چَھیّا چَھیّا فت چھ، شد ی۔ امث۔ نقل صوت۔ رقص میں گھنگروؤں کے بجنے کی آواز (اردو میں نہایت چُست نقلِ صوت کی اتنی شکلیں ہیں کہ یہ خود ایک علٰیحدہ فرہنگ کی محتاج ہیں۔ اردو کو اِس خصوص میں نمایاں امتیاز حاصل ہے۔)

چھیاسَٹھ کس مج چھ، فت س۔ عدد۔ ساٹھ اور چھ (٦٦) صف چھیاسَٹھواں۔

چھیاسی کس مج چھ۔ عدد۔ اسّی اور چھ (٨٦) صف چھیاسی واں۔

چھیالِیس کس مج چھ، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور چھ (٤٦) صف چھیالیسواں/ چھیالسواں۔

چھیانوے کس مج چھ، سک ن۔ عدد۔ نوّے اور چھ (٩٦) صف چھیانوے واں (چھ یا ن و واں)۔

چھیبا ے مع۔ امذ۔ جھاؤ یا بانس کی کھپّچیوں سے بنا ہوا گول کھلے منہ کا ٹوکرا۔

چھیپ (۱) ی مع۔ امث۔ جلد کی خرابی سے جسم کے حصّوں پر پڑ جانے والی بھوری چتیاں؛ مچھلیاں پکڑنے کی چھڑ؛ نگینہ سازی کی سان کے چاک کے اُوپر کنی کو اڑنے سے روکنے کے لیے چھائی ہوئی روک۔

چھیپی (۱) ی مع۔ امذ۔ کپڑوں پر چھپائی کرنے بُوٹیاں ڈالنے والا؛ چھینٹ تیار کرنے والا۔ ف م۔ چھیپنا چھاپنا۔

چِھیپی (۲) ی مع۔ امث۔ کبوتر بازوں کا لکڑی میں بندھا ہوا رومال یا جھنڈی جسے ہلا کر انہیں اشارے کرتا ہے؛ اسی قسم کا حلوائیوں کا مکھیّاں اڑانے کا رومال یا چَونری۔

چھیتَّر ے مج، فت ت۔ امذ۔ زمین کا قطعہ، میدان، لڑائی کا میدان، رن بُھومی (س: کَھشَتر)۔

چھیٹری ے مج، سک ت۔ امث۔ مزدور کی ملبہ ڈھونے کی ٹوکری۔

چھیٹنا ے مج، سک ت۔ ف م۔ غلّے کی پکی بالوں کو کُوٹنا، چَھڑنا، گاہنا۔

چھیج ی مع۔ امث۔ کمی، گھاٹا، تخیف۔ امذ۔ چھیج بَٹّا دھات کی اشیاء کی گھڑائی میں ہونے والی کمی کی رعایت۔ امث۔ چھیجَن کم ہونے والی مقدار۔ ف ل چھِیجْنا گھٹنا، کم ہونا، دُبلا ہونا، نفری کا گھٹنا۔

چھیچْڑا ی مع، سک چ۔ امذ۔ بنائے ہوئے گوشت کی چَھنٹی، جِھلّی کا ٹکڑا نیز چھیچْھڑا۔

چھید ے مج۔ امذ۔ سُوراخ، رخنہ، درز، چھری موکھا، فرج ف م: چھیدنا امث۔ چھدائی چھیدنے، برمانے کا عمل، اسم آلہ امث چھیدنی سورہن، چھید کرنے کا آلہ۔

چھیدی ی مع۔ امث۔ کپڑے دوپٹے وغیرہ پر ٹکی ہوئی کناری (انگ: Piping)؛ وہ کھیت جو مالک خود کاشت کرے، خود کاشتہ زمین۔

چھیر (۲) ی مع۔ امذ۔ دودھ (س: کھشر قب ف شیر) مرکب چھیر ساگر دودھ کا سمندر

چھیڈْرا (ی مع) پیوسی جو پتلی ہوتی جا رہی ہو۔

چھیڑ ی مع۔ امث۔ ہجوم کا چھٹنا، کم ہونا، بھِیڑ کی ضد؛ ساز کے بغیر گانا۔

چھیڑ ے مج۔ امث۔ ہلانا، ٹھوکنا، جُنبش دینا؛ اُکسانا، ستانا، تنگ کرنا، مذاق، دل لگی۔ نیز چھیڑ خانی شرارت، جان بوجھ کر ناراض کرنا یا مقابلے

پر اکسانا **چھیڑ چھاڑ** نوک جھوک۔ ف م **چھیڑنا** حرکت دینا، ستانا، چڑانا؛ سُرنکالنا، نغمے کا آغاز کرنا، ساز کو حرکت میں لانا۔

چھِیڑا ی مع۔ امذ۔ دھاتوں کو تیزاب سے صاف کرنے کے لیے شامل کیا جانے والا جزو، مثلاً چاندی کے ساتھ تانبا اور تانبے کے لیے لوہا ملایا جاتا ہے۔

چھَیل ے لین۔ امذ۔ چھیلا کی تخفیف مرکب **چھَیل پَن** رنگین مزاجی۔ صف **چھَیل چھَبِیلا** بانکا رنگیلا، بنا سنورا مت **چھَیل چھَبیلی** شوخ، بنی ٹھنی، طرحدار۔ امذ۔ **چھَیل چِھکنا** ٹھاٹ باٹ دکھانے والا۔ امث۔ **چھَیل چِھکنی/ چِھکنیا** (تصغیر) صف **چھَیلا۔**

چھِیل چھال ی مع۔ امث۔ تراش خراش کا عمل۔

چھِیلنا ی مع، سک ل۔ ف م۔ دھار دار آلے سے تراشنا، کاٹنا؛ پوست اُتارنا؛ خراش ڈالنا۔

چھِیلَن ی مع، فت ل۔ امث۔ لکڑی وغیرہ کو چھیلنے سے نکلنے والے پارچے، ٹکڑے۔

چھِینا (۱) ی مع۔ ف ل۔ گِھسنا؛ کان کے سوراخ کا زیور کے بوجھ سے پھیل جانا؛ بگڑنا، خراب ہونا۔

چھِینا (۲) ی مع۔ امذ۔ پھاڑا ہوا دُودھ۔ مرکب **چھِینابَڑا** پھاڑے ہوئے دُودھ سے بنی ہوئی رس ملائی کی طرح کی مٹھائی۔

چھِینا (۳) ی مع۔ امذ۔ بچّہ، ہرن کا بچّہ۔

چھینا ے مج۔ امذ۔ لکڑی یا پتھر کی سل کو تراشنے کھودنے یا گودنے کا اوزار جسے ہتھوڑی سے ٹھونک ٹھونک کر استعمال کرتے ہیں۔ تصغیر **چھینی۔**

چھِینٹ ی مع۔ غنہ۔ امث۔ اُڑنے اُچھلنے والی بُوند؛ کسی رنگدار سیّال کی بوند کا نشان؛ باریک چَھپائی کا سُوتی کپڑا؛ آلائش؛ الزام، اتّہام، آلودگی، نیز **چھِینٹا** بڑی چھِینٹ جو اُڑ کر آئے؛ پانی یا رنگ جو چُلّو میں لے کر چھڑکا جائے؛ مدک کی گولی، بارش، ترشح۔ محاورہ **چھِینٹا پڑنا** مینہ کا تھوڑی دیر برسنا۔ **چھِینٹے کاری** برش سے چھینٹے ڈال کر نقاشی۔

چھِینک ی مع، غنہ۔ امث۔ ناک کے اندر سرسراہٹ کی بنا پر بے اختیار حلق سے نکلنے والی چیخ اور جسم کی اضطراری حرکت۔ ف ل۔ **چھِینکنا** چھینک کے اضطراری عمل سے گزرنا۔

چھِینکا ی مع۔ امذ۔ چھت سے لٹکی ہوئی ٹوکری نما جالی جس میں کھانے پینے کی چیز کا برتن حفاظت کے لیے معلّق رہنے کے لیے رکھ دیا جائے؛ کوٹھے پر سے لٹکا کر چیزیں اوپر کھینچنے کے لیے اسی طرح کی جالی؛ جانور کی تھوتھنی پر چڑھائی جانے والی جالی۔

چھِیننا ی مع، سک ن۔ ف م۔ جھپٹنا، ہتھیانا۔

چھینی ے مج۔ امث۔ رک: **چھینا۔**

چھیونی ے مج، سک و۔ امث۔ چھوٹے مُنہ کی چھینی جس سے سِل رَہا سِل راہتا ہے، سُنبا۔

ح

ح ح حا، حائے حطّی۔ امث۔ اردو کہ حروف تہجی کا سولھواں حروف، حلقی مصمہ، عربی میں اس کا مخرج حلق کا پچھلا حصہ ہے اردو میں ہائے ہوز کے مماثل، یہ صرف عربی کلمات میں آتا ہے، ابجد میں اس کے عدد ۸ ہیں؛ عرف عام میں حلوے والی حے۔ بے نقطہ ہونے کی بنا پر حائے مُہملہ بھی کہتے ہیں۔

حابِس کس بہ صف۔ قید کرنے والا، حبس میں رکھنے والا حبس پیدا کرنے والا (موسم وغیرہ)۔

حابِط کس ب۔ صف۔ نیکی یا ثواب کو زائل کرنے والا۔

حاتِم کس ب۔ عَلَم، صف۔ عرب کے ایک امیر کا نام جو قبل اسلام گزرا ہے، قبیلہ طے کا سردار تھا اور سخاوت میں ضرب المثل قبیلے کی نسبت سے **حاتم طائی** کہلاتا ہے، مثل: **حاتِم کی قبر پہ لات مارنا** جھوٹی سخاوت پر بطور طنز کہا جاتا ہے۔

حاجّ (۱) (تراکیب میں ج مشدّد)۔ صف۔ حج کرنے والا، حاجی نیز **اَلْحاج** بطور القاب۔ ج **حجّاج** (ضمہ ح)۔

حاج (۲) امذ۔ ایک کانٹے دار پودا جس کے پتوں پر سے ترنجبیں کھرچ کر اُتاری جاتی ہے، عاقول، خارِشُتر (ع: شوک الجَمَل لاط: Algi Hedysarum)۔

حاجات ج مث۔ **حاجَت** (رک) کی جمع مرکب توصیفی **قاضِی اْلحاجات** مرادیں بر لانے والا۔

حاجِب کس ج۔ امذ۔ درباں، پہرہ دار؛ پیشکار۔ (فقہ) وہ فرد جس کی موجودگی میں کسی اور کو ترکہ نہ مل سکے یا کم ملے، مثلاً بیٹے کی موجودگی میں پوتے کو نہیں مل سکتا لھذا بیٹا پوتے کا حاجب ہے، پوتا محجوب الارث؛ چچا بھتیجوں کے حاجب ہوتے ہیں جن کی میراث کم ہو جاتی ہے۔ امث

حاجِبی دربانی؛ رکاوٹ، روک، تپش یا بجلی کے کرنٹ کو روکنے کا عمل (انگ: Insulation)۔

حاجَت فت ج۔ امث۔ ضرورت، احتیاج، مراد۔ **رفع حاجَت** پیشاب پاخانے سے فارغ ہونا۔ **حاجَتی** مریضوں کے پیشاب پاخانے کے قریب رکھا جانے والا برتن (جسے حاشی بھی کہتے ہیں)۔

حاجِز کس ج۔ صف۔ حائل، مانع، بیچ میں اڑا ہوا۔

حاجی امذ۔ رک **حاجّ**۔ پھبتی **حاجی بغلول** پرانے زمانے کا آدمی، مضحکہ خیز حلیے کا بوڑھا۔ امث

حَجَن۔ حاجی لَق لَق (فت ل) سارس کی ایک قسم۔ لم ڈھیک نیز **حاجی لک لک**۔

حاخام امذ۔ یہودیوں کا مذہبی پیشوا، ربّی **حاخام اْلاَکبر** سب سے اونچے درجے کا ربّی۔

حادّ صف۔ (تراکیب میں د مشدّد) شدید (بیماری) م: مرض حاد؛ نیز رسا، زکی (ذہن) ؛تُند، سخت؛ سمٹا، سکڑا، تنگ۔ مرکّب **زاویہ ٔ حاد / حادّہ** وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ (۹۰°) سے کم ہو۔ **حادّۃ الزّوایا** (حاد دَ تز زاویا) وہ اقلیدسی شکل جس کے سب کونے زاویہ حاد کی تعریف میں آئیں۔

حادِث کس د۔ صف۔ جو ہمیشہ سے نہ ہو، پیدا کیا گیا ہو، قدیم کی ضد۔

حادِثہ کس مج د، فت ث۔ امذ۔ ظہور میں آنے والی بات۔ اچانک پیش آنے والا ناخوشگوار واقعہ، سانحہ۔ ج **حادِثات/ حَوادِث**۔

حادی صف۔ حدی خواں۔

حاذِق کس ذ۔ صف۔ ماہر، اپنے فن میں کامل (خصوصاً طبیب)۔

حارّ (ترکیب و تعریب میں ر مشدّد)۔ صف گرم گرمی پیدا کرنے والا، حرارت جسمانی کو بڑھانے والا۔ مث نیز ج **حارّہ** گرم آب و ہوا رکھنے والا۔ م

مَنطقَہ ← حارّہ۔

حارِث کس ر۔ امذ۔ کسان کھیتی باڑی کرنے والا۔ کنیّت **اَبُوالْحارِث** شیر دَرندہ۔

حارِج کس ر۔ صف۔ حرج کرنے، کام میں خلل ڈالنے والا، رکاوٹ بننے والا۔

حارِس کس ر۔ صف۔ چوکیدار، محافظ۔

حارِصَہ کس مج ر، فت ص۔ امذ۔ کھرونچ، خراش۔

حارِق کس ر۔ صف۔ جلتا ہوا، سلگتا۔

حارُونی و مع۔ صف۔ سرکش، سرپھرا [ع: حَرُون اڑیل گھوڑا]۔

حازِم کس ز۔ صف۔ خرم و احتیاط برتنے والا، چوکنّا، محتاط۔

حاسِب کس س۔ صف۔ حساب کرنے والا امث **حاسِب مَشین** کمپیوٹر (انگ: Computer)۔

حاسِد کس س۔ صف۔ حسد کرنے، جلنے والا۔ ج **حُسّاد**۔

حاسّہ شدفت س۔ امث۔ محسوس کرنے کی قدرت یا صلاحیت م: **حاسۂ ذائقہ** چکھنے کی حس، وغیرہ۔

حاشا (۱) امذ۔ ایک پہاڑی خوشبو دار بُوٹی، پہاڑی پودینہ جس سے ایک دافع عفونت دوا تھائمول (انگ: Thymol) تیار کی جاتی ہے۔ (لاط: Thymus Vulgaris)۔

حاشا (۲) حرف قسم، حرف انکار، امذ۔ ہر گز نہیں، خدا نہ کرے۔ **حاشَاللّٰہ** خدانخواستہ؛ نیز **حاشا وَکَلّا** بالکل غلط۔ ایسا نہیں۔

حاشِیَہ کس ش، فت ی۔ امذ۔ چوکھٹا، چاردیواری؛ کنارہ،گوٹ؛ صفحے کے متن کے گرداگرد خالی جگہ یا آرائش؛ ضمنی یا تشریحی عبارت، نوٹ، تحتی نوٹ؛ فرش کا کنارا۔ صف **حاشیہ نَشین/ بَردار** آس پاس رہنے والے مصاحب۔ امث۔ **حاشیائی عبارت** صفحے کے پہلو یا پاورق پر لکھی ہوئی تحریر **حاشیۂ خیال** ذہن کا گوشہ۔

حاصِر کس ص۔ صف۔ گھیرنے، احاطہ کرنے والا۔

حاصِل کس ص۔ امذ۔ نتیجہ، خلاصہ؛ بافت، آمدنی؛ کھیت کی پیداوار مرکب **حاصِلِ کَلام** اصل مطلب۔ ج: **مَحاصِل** ٹیکس، **حاصِلات** پیداوار۔

حاصِل مَصدَر کس ص، فت م، سک ص، فت د۔ امذ۔ ایسا کلمہ جو مصدر کی صورت میں نہ ہو لیکن مصدر کے معنی رکھتا ہو، یعنی اسم کی صورت میں فعلیت رکھتا ہو م: لکھائی، پُکار، اُڑان۔

حاضِر کس ض۔ صف۔ موجود، سامنے، غائب کی ضد ج **حاضِرین/ حُضّار** صف۔ **حاضِر اَلْوقت** جو وقت پر موجود ہو۔ **حاضِر جَواب** زیرک جو فوراً معقول جواب دے۔ **حاضِر ضامِنی** گواہ کو عدالت میں حاضر کرنے کی ضمانت۔ **حاضِر و ناظِر** موجود اور شاہد، مراد عموماً خدائے تعالیٰ کو قسم یا قول کا شاہد بنانا۔

حاضِرات کس ض۔ امث۔ اندھیرا کر کے چراغ کی لو میں جناتی مناظر دکھانے اور روح کو بلانے کا عمل جو بعض عامل کرتے ہیں۔

حاضِری کس ض۔ امث موجودگی، حاضر ہونا؛ میّت کے گھر میں عزیزوں ہمسایوں کی طرف سے بھیجا جانے والا کھانا جو تدفین کے بعد کھایا جاتا ہے، کڑوی روٹی۔

حافِظ کس ف۔ صف۔ حفاظت کرنے والا، حفظ کرنے والا۔ امذ۔ جسے قرآن ازبر ہو۔ **حافِظ جی** حافظ قرآن یا نابینا شخص کے لیے تپاک کا کلمہ۔

حافِظَہ کس ف، فت ظ۔ امذ۔ یادداشت یاد رکھنے کی قوت یا ذہنی صلاحیت امث حافظ کی تانیث۔

حافَہ فت ف۔ امذ۔ زبان کی نوک صف **حافی** زبان کی نوک سے ادا ہونے والا حرف یا صوت۔

حاکِم کس ک۔ صف۔ امذ۔ حکم دینے والا، فیصلہ

کرنے والا، حکومت چلانے والا؛ سربراہ، والی، صاحب اقتدار، افسر۔ امث کیف حاکِمیّت (کس مج ک، کس م، شد فت ی) اقتدار، بالادستی۔

حاکی صف۔ حکایت کرنے والا۔ راوی۔

حال امذ۔ کیفیت، سُرور، وجد، بیخُودی کذائی؛ موجودہ وقت یا زمانہ، گزشتہ قریب کا زمانہ ج **اَحْوال** صورت ظاہر، حقائق، کوائف، نیز حالات۔ م: فِی الحال سردست، فی الحال؛ **حالانکہ** گو کہ، اگرچہ صف **حالِیَہ** قریبی دنوں کا۔

حالِب کس ل۔ صف۔ جسم کی وہ نالیاں جن سے قطرہ قطرہ (دودھ یا پیشاب کی) تراوش ہوتی ہے۔

حالَت فت ل۔ امث۔ کیفیت؛ سکَت، قدرت، طاقت؛ جذبہ و کیف طاری ہونا۔

حالِف کس ل۔ صف۔ حلْف بردار، قسم کھانے، حلف اٹھانے والا۔

حالِق کس ل۔ صف۔بال مونڈنے، حلق کرنے والا؛ بال صاف کرنے والا مادّہ یا دوا۔

حالی صف۔ آنی و فانی، موجودہ وقت یا زمانے کا؛ رواں، م: **سکّۂ حالی** واضح، عیاں، ظاہر؛ حال لانے، کیفیت طاری کرنے والا۔ ج مذ **حالی مَوالی** مصاحب حاشیہ بردار۔

حامِد کس م۔ صف۔ ثنا کرنے والا، فقرہ **حامِداً وَّ مُصَلِّیاً** (حامِ دَ نْوْ وَ مُ صَل لِ یَن) حمد کرتے اور صلواۃ پڑھتے ہوئے۔

حامِض کس م۔ صف۔ ترش، کھٹّا۔

حامِل کس م۔صف۔ اٹھانے والا؛ کوئی صفت، خصوصیت یا ذمہ داری رکھنے والا۔ مرکب **حامِلِ ہٰذا** (حا م لِ ہا زا) اس (مراسلے وغیرہ) کا لے جانے والا۔ **حامِلْ اَمْواج** وہ برقی لہریں جو لاسلکی پیغام لے جاتی ہیں۔ امث **حامِلَہ** کس م، فت ل۔ وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو، آبستن۔

حامُود و مع۔ صف۔ حمد کرنے والا، ثناخواں۔

حامی صف۔ حمایت کرنے والا، مدد گار، معاون، حمایتی؛ سامی زبانوں کا ایک تحتی گروہ نیز **حامی سامی**۔

حانِث کس ن۔ صف۔ قسم توڑنے والا۔

حاوِی صف۔ غالب، محیط، گھیرے ہوئے۔ احاطہ کیے ہوئے۔

حائِض کس ء۔ صف۔ وہ عورت جو ایّام سے ہو، نیز **حائضَہ**۔

حائط کس ء۔ امث۔ دیوار، احاطہ، مکان ج **حَوائِط**۔

حائِک کس ء۔ امذ۔ جُلاہا، کپڑا بننے والا۔

حائِل کس ء۔ صف۔ بیچ میں آنے والا، مخل ہونے رکاوٹ ڈالنے والا۔

حَبّ فت ح۔ امذ۔ دانہ، بیج، گولی، قرص، ٹکیا۔ (تراکیب میں ب مشدّد د،م : **حَبّ اْلآس** (حَب بُل آس) آس کے پودے کا بیج، دواءً مستعمل. **حَبّ اْلسَّلاطِین** (حَب بُس سَ لا تِین) جمال گوٹا؛ **حَبّ المَساکِین** بھنگ **حَبّ مَروارِید** موتی۔ تصغیر **حَبّہ**۔ ج **حُبُوب** ۔

حُبّ ضم ح۔ امذ۔ محبت، وِلا، لگاؤ، شوق، چاہ۔ مرکب **حُبّ اْلوَطَن** اپنےدیس کی محبت نیز **حُبِّ وَطَن**۔

حَباب فت ح۔ امذ۔ بلبلہ۔

حَبار فت ح۔ ایک جنگلی پرندہ، رنگ خاکی، چونچ اور ٹانگیں، زردی مائل، چَرز، چرج، تُغدری، اہل تشیع کے نزدیک مکروہ۔ نیز **حبار** (انگ: bustard)۔

حَبّال فت ح، شد بہ امذ، صف۔ رسّی بٹنے یا بیچنے والا۔ امث **حِبالَہ** گرہ، رسّی، پھندا، نیز (رک) **حَبل** مرکب **حِبالۂ نِکاح** رشتۂ زوجیت۔

حَبّ اْلعَرُوس فت ح، شد ب، ا غم، سک ل، فت

ع- امذ- کنْول گٹّے کا بیج-

حَبّ اَلْقَرْع فت ح، شد ب، ا غم، سک ل، فت ق، سک ر- امذ- کدُو دانہ؛ ایک قسم کا کیڑا جو پیٹ میں پیدا ہو جاتا ہے-

حَبّذا فت ح، شد فت ب- کلمۂ تحسین، مرحبا، واہ وا!

حِبْر کس ح، سک ب- امذ- غیر مسلم مذہبی پیشوا- ج **اَحْبار- حبرِ اَعْظَم** پوپ- پاپاے روم-

حَبس فت ح، سک ب- امذ- گھٹن، اُمس گھمس؛ قید گرفتاری؛ رکاوٹ بندش، مرکب **حَبسِ بَول** پیشاب بند ہو جانا- **حَبسِ دَم** سانس روکنے کی مشق- **حَبسِ دَوام** عمر قید امث **حبْسیات** قید کی رودادیں، قید سے تعلق رکھنے والا ادب- قید میں کہا ہوا کلام-

حُبْسَہ ضمہ ح، سک ب، فت س- امذ- دماغ پر صدمہ کے باعث بولنے کی قوت سلب ہو جانا-

حَبَشی فت ح ب- اسم جنس- افریقہ کا باشندہ؛ حبشہ ابی سینیا کا رہنے والا صف سیاہ فام- نیز **حَبْشی** (سک ب) مث **حَبْش** مرکب **حَبْشی حلوَہ** سمنک سے تیار کردہ سیاہی مائل بھورے رنگ کا حلوا سوہن-

حَبَق فت ح ب- امذ- پودینے کی ایک قسم (لاط: Mentha vividis)-

حَبْل فت ح، سک ب- امث- رسّی، ڈوری، رگ- **حَبْل اَلْمتین** مضبوط بٹی ہوئی رسّی- مراد رشتۂ ایمان- **حَبَل اَلْوَرِید** شہ رگ- مراد نفس، جاں-

حَبّہ فت ح، شد فت ب- امذ- چھوٹا سا دانہ، ذرّہ، مقدار قلیل- **حَبّہ بھر** ذرّہ بھر-

حَبِیب فت ح، ی مع- صف- چاہا جانے والا- مث **حَبِیبَہ**-

حَتْمی فت ح، سک ت- صف- پکّا، قطعی، مضبوط (فیصلہ، ارادہ وغیرہ)-

حَتّٰی فت ح، شد ت، ی غم- حرف جار- یہاں تک، اس حد تک، اس قدر، تب تک (عموماً) حتّٰی کہ م: آنے میں دیر کی **حتّٰی کہ** گاڑی چھوٹ گئی- **حتّی اَلْاِمْکان** (حَتْ تَل اِم کان) **حتّیٰ اَلْمَقْدُور** (اَل مَق دُور) جہاں تک امکان یا بس میں ہو، نیز **حتّیٰ اَلْوَسْع** (حت تَل وَسْ ع/ عَ)-

حَث فت ح- امث- اکسانا، شہ دینا-

حَجّ فت ح (تراکیب میں ج مشدد) امذ- ارادہ، قصد؛ مکّۂ معظمہ میں مسلمانوں کا سالانہ اجتماع ، مرکب **حجّ اکبر** وہ حج جو جمعہ کے دن پڑے- **حجّ قِرآن** (کس ق) وہ حج جس میں عمرہ اور حج دونوں ایک ہی احرام سے ادا کیے جائیں-

حِجاب کس ح- امذ- پردہ، رکاوٹ، روک، اوٹ، آڑ **حِجاب حاجِز** ایک جھلّی جو معدے کو تنفس کی نالی سے جدا کرتی ہے- (انگ: Diaphragm) ف مر **حِجاب کرنا** (کسی بزرگ یا صاحب معرفت کا) دنیا سے روپوش ہونا، انتقال کرنا-

حِجابَت کس ح، فت ب- امث- حاجب کا عہدہ یا منصب؛ خانۂ کعبہ کی کنجیوں کی تحویلداری-

حُجّاج ضمہ ح، شد ج- ج مذ- **حاج** کی جمع، حاجی لوگ، خانۂ کعبہ کا حج کرنے والے-

حُجّاری فت ح، شد ج- امث- سنگتراشی-

حَجّام فت ح، شد ج- امذ- بال تراشنے والا؛ اصلاً: پچھنے یا سینگیاں لگانے والا، فصد کھولنے والا، جرّاح- امث **حَجامَت** بال تراشنا- [اصلاً **حِجامَت** (کس ح)]-

حَجْب فت ح، سک ج- امذ- کسی وارث کی موجودگی میں دوسرے ورثا کی ازوئے شریعت ترکے سے محرومی یا اس میں تخفیف- **حَجْبِ حِرْماں** حجب کے سبب ترکے سے کاملاً محرومی-

حُجُب ضمہ ح ج۔ ج مذ۔ حجابات، حجاب کا صیغۂ جمع؛ وہ باتیں یااشیاء جو بندے کو خدا سے دور رکھتی ہیں۔

حُجَّت ضمہ ح، شد فت ج۔ امث۔ دلیل، برہان؛ بحث، تکرار **حُجّتہ اللّٰہ** وہ جو خدا کے وجود کا شاہد ہو۔ **حُجَّتِ اَلْبالغہ** کامل، حتمی دلیل، نیز **حُجّت ساطع حُجّتِ قاطع** فیصلہ کن دلیل۔ **حُجّت مُوَجّہہ** سامنے کی دلیل جو صاف نظر آتی ہو۔

حَجّۃ فت ج، شد فت ج۔ امذ (تراکیب میں ہ مبدل بہ ت) حج، سال **حَجّت اَلْبَلاغ** رسول اللہ صلعم کا آخری حج جس میں ہدایت تمام ہوئی۔ نیز **حجّت اَلْوَداع** (فت و) آخری حج۔ نیز **حِجہ** (کس ح)

حَجَر فت ح ج۔ امذ۔ پتھر، چٹان۔ **حَجَر اَسوَد** سیاہ پتھر جو خانۂ کعبہ کی دیوار میں گڑا ہے۔ **حَجَر اَسْیُوس** قلمی شورہ **حَجَر اَلْفَلاسفَہ** پارس، ایک خیالی پتھر۔ **حَجَر اَلْیَہُود** (ح جَ رَل یَ ہود) ایک بلوطی شکل کا پتھر جو گردے و مثانے کی پتھری کو توڑ کر نکال دینے کی تاثیر رکھتا ہے۔ (لاط: Helmin tholithus Judoicus)۔

حَجْر فت ح،سک ج۔ امذ۔ ممانعت، بندش (فقہ) کسی حق سے باز رکھنے کا حکم جو بعض صورتوں میں عائد کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً نابالغ، اپنے ترکے پر بلوغ تک اختیار نہیں رکھتا۔

حَجَرِشتان فت ح ج، کس ر، سک س۔ امذ۔ج، سلسلۂ کوہ۔

حُجْرَہ ضمہ ح، سک ج، فت ر۔ امذ۔ کمرہ، خانہ، کوٹھڑی، اعتکاف کی جگہ۔

حَجَرِیّات فت ح ج، کس ر، شد ی۔ امث۔ کرۂ زمین کے مطالعے ارضیات کی ایک شاخ جو پتھروں چٹانوں کے مطالعے سے تعلق رکھتی ہے۔ (انگ: Petrology)۔

حَجَلَہ فت ح ج ل۔ امذ۔ دلہن کی خلوت گاہ، نیز **حَجَلۂ عَرُوسی** عام: **حُجلَہ**۔

حَجْم فت ح، سک ج۔ امذ۔ جسامت، تن وتوش، موٹائی، وہ مکعّبی رقبہ جو کوئی شے گھیرے۔ **حَجم نگار** خون کے دباؤ وغیرہ کو ماپنے والا آلہ (انگ: Plethysomograph)۔

حُجُور ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ آغوش، گود۔

حَجّہ فت ح، شد فت ج۔ رک: **حَجّۃ**

حجیج فت ح، ی مع۔ صف۔ حجت کرنے، دلائل لانے والا۔

حُجَیرہ ضمہ ح، ے لین، فت ر۔ امذ۔ (لفظاً) چھوٹا حجرہ (اصطلاحاً) ابتدائی درجے کی نبات مثلاً پھپھوند، کائی وغیرہ کی مادہ نبات کا بیضہ (بیضہ کرہ) جو بارور نہ ہوا ہو۔ (انگ: Oosphere)۔

حَجیز فت ج، ے مج۔ حجاز کا اِمالہ جو جزیرہ نمائے عرب کا ایک حصہ ہے اور جس میں مکہ و مدینہ واقع ہیں۔

حَجیم فت ح، ی مع۔ صف۔ بڑے حجم یا ضخامت والا۔

حَدّ فت ی۔ امث۔ آخری کنارہ، انتہا، نہایت؛ باڑھ، خطِ فاصل؛ بندش؛ شریعت اسلامی میں کسی جرم کی مقرّرہ سزا (تراکیب میں بطور مضاف الیہ یا معطوف الیہ مشدّد) م: **حَدّ اَدَب** جہاں سے تجاوز بے ادبی ہو۔ **حَدّ اَلْعَین** (حَد دُل عَین) منطقی تعریف کا وہ جزو جس سے شے کی پہچان متعین ہو جائے۔ **حَدّ اَلْقَذْف** (حَدْ دُل قَذْف) زنا کی تہمت کی شرعی سزا جو متّہم کے لیے مقرر ہے۔ **حَدّ اَوسَط** (منطق) منطقی اشکال میں صغریٰ و کُبریٰ کی باہمی نسبت یا جزو (مشترک) م: تمام انسان حیوان ہیں، زید ایک انسان ہے، اس میں انسان حد اوسط ہے۔ **حَدّ و حَصْر** مکمل شمار، احاطہ، یا حساب۔ ج **حُدُود**

(ضمہ ح، و مع)۔

حَداثَت فت ح ث۔ امث۔ ابتدا، آغاز، پیدائش، نیز **حُدُوث**۔

حَدّاد فت ح، شد د۔ امذ۔ لوہار، آہنگر، امث۔ **حَدّادی** لُہاری، آہنگری۔

حَدائِق فت ح، سک ء۔ ج مذ۔ **حَدِیقَہ** (رک) کی جمع۔

حَدَب فت ح د۔ امذ۔ اُبھار، ٹیلا نیز **حَدَبَہ** (حَ دَبَ) صف **مُحَدَّب** اُبھرا ہوا (شیشہ وغیرہ) امث **حَدَبیَت** اُبھرا ہونا۔

حِدّت کس ح، شد فت د۔ امث۔ گرمی، حرارت، تپش؛ تیزی۔

حَدَث فت ح د۔ امث۔ ناپاکی، وضو ٹوٹ جانا۔ صف۔ **حَدَث اَکْبَر** جَنابت جس پر غسل واجب ہو جائے۔

حَدْث فت ح، سک د۔ امذ۔ نیا پن، جدّت، ندرت، امث۔ **حُدُوث** (ضمہ ح، و مع) وجود میں آنا۔

حَدْس فت ح، سک د۔ امذ۔ عقلمندی، فراست، دانائی۔ امث **حَدْسیّات** (منطق) ظن غالب پر مبنی حقائق جو براہ راست مشاہدے یا تصدیق پر مبنی نہ ہوں۔

حَدَقَہ فت ح د ق۔ امذ۔ آنکھ کی پُتلی یا ڈھیلا۔

حُدُود ضمہ د، و مع۔ ج مث۔ **حد** رک کی جمع۔ انتہائی کنارے یا وسعت؛ شرعی سزائیں؛ پہلو، پاکھے، ابعاد؛ خطوط جو کسی شکل حجم یا رقبے کا تعین کریں۔ مرکب **حُدودِ اَرْبَعَہ** (اَر بَعَ) محل وقوع، چاروں سمتیں؛ **حُدُود اللہ** اللہ کی مقرر کی ہوئی بندشیں، احکام۔ **حُدُود مُجَرَّدَہ** (مُ جَرْ رَ د) ایسے نام جن میں مسمّٰی کی شناخت یا صفات موجود ہوں۔

حُدی ضمہ ح۔ امث۔ ساربانوں کا گیت۔ صف **حُدی خواں** (خاں)۔

حَدیث فت ح، ی مع۔ امث۔ بات، بیان، ذکر؛ رسول خدا صلعم سے منسُوب اقوال یا افعال۔ مرکب **حَدیثِ آحاد** ایسی حدیث جس کی روایت ہر مرحلے پر کسی ایک آدمی نے کسی ایک آدمی سے کی ہو، برخلاف حدیث متواتر **حَدیث خُرافہ** جھوٹی حدیث، خُرافہ کے نام سے منسوب جس نے جھوٹی حدیثیں بیان کی تھیں۔ **حَدیث قُدْسی** (ضمہ ق، سک د) جس میں رسول اللہ صلعم نے کوئی بات اللہ تعالیٰ کی طرف سے دوہرائی ہو۔ **حَدیث مَرفُوع** وہ حدیث جس کا سلسلہ رسول اللہ صلعم تک پہچنتا ہو۔ **حَدیث مُسْتَنَد** ایسی حدیث جو ثقہ راویوں کے مسلسل واسطوں سے رسول اللہ صلعم تک پہنچی ہو۔ **حَدیث مُعَنْعَن** وہ حدیث جس کی روایت میں لفظ عن کے ذریعے دوسرے لوگوں کا حوالہ آتا ہو جن تک رسائی نہ ہو۔ **حدیثِ مَوضُوع** (و لین، و مع) گھڑی ہوئی حدیث۔ **حَدیثِ ناطِق** حضرت رسول اللہ صلعم کی ذات کہ جب تک موجود تھے حدیث ناطق تھے۔

حَدید فت ح، ی مع۔ امذ۔ لوہا، فولاد، آہن؛ ٹھوس مضبوط شے، م؛ صف **حَدید الْذِّہْن** مضبوط دماغ رکھنے والا۔

حَدِیقَہ فت ح، ی مع، فت ق۔ امذ۔ پُھلواری، چمن، گلشن۔

حَذاقَت فت ح ق۔ امث۔ مہارت، لیاقت۔ صف۔ **حاذِق** ماہر، لائق، ہوشیار (عموماً طبیب کے لیے)۔

حَذَر فت ح ذ۔ امذ۔ پرہیز، اجتناب، بچنا، احتیاط کرنا۔

حَذْف فت ح، سک ذ۔ امذ۔ خارج کر دینا، ساقط کر دینا، کسی عبارت یا متن میں سے کچھ ترک کر دینا، چھوڑ جانا۔ صف **مَحذُوف** ساقط، جو چھوڑ دیا گیا ہو۔

حَرّ فت ح۔ امث۔ گرمی، حرارت، مرکب **حَرانْبار** شعاعوں کی حرارت میں خفیف تبدیلی کو بھی ناپ لینے والا حسّاس آلہ جو حر برقی رو کو بھی جاری کر سکتا ہے (انگ: Thermophile) **حَربَرقی رو** وہ برقی رو جو تپش سے پیدا ہوتی ہے۔ **حَر حَرَکِیّات** (فت ح ر، سک ک، شد ی) طبیعیات کی وہ شاخ جو حرارت اور میکانکی توانائی کے باہمی ربط اور ایک کو دوسرے میں تبدیل کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔ (انگ: Thermodynamics) **حَرمَرکَزی تَعامُل** دو ایٹمی مرکزوں (Nuclii) کا باہم مدغم ہو کر ایک بڑا مرکزہ بنانا جس سے بہت زیادہ توانائی خارج ہوتی ہے جسے مرکزی تعامل (انگ: Thermo nuclear reaction) کہتے ہیں۔ بعض مرکبات میں ر مشدّد م: **حَرّ وَ بَرْد** (ومج، فت پ، سک ر) گرمی اور ٹھنڈک۔

حُرّ ضمہ ح۔ صف۔ آزاد، بندہ، غلام کی ضد۔ امث **حُرّیّت** (ضمہ ح، شد ر ی) آزادی، خود مختاری۔ امث **حُرّہ** آزاد عورت۔

حَرارَت فت ح ر۔ امث۔ گرمی، تپش؛ ہلکا بخار؛ جذبہ، جوش، ولولہ مرکب **حَرارَت پَیما** (ے لین) درجۂ حرارت ناپنے کا آلہ، تھرمامیٹر، مقیاس الحرارت۔ **حَرارَت غریزی** (فت غ، ی مع) طبعی گرمی جو زندہ صحت مند جسم میں ہوتی ہے اور ہونی چاہیے۔ (انسانی جسم میں ۹۸۰۴ ف ہ معتدل خیال کی جاتی ہے۔) **حَرارَت مَخصُوصَہ** (مَخْ سُو س) وہ حرارت جو مادّے کی ایک گرام مقدار کو ایک درجے سینٹی گریڈ تک گرم کرنے کے لیے درکار ہو۔ **حَرارَتِ مخفی** وہ حرارت جو ٹھوس شے کو پگھلانے یا مائع کو نقطۂ جوش پر لانے کے لیے درکار ہو، نیز **حَرارَتِ نَوعی** (ولین)۔

حَرارَہ فت ح ر۔ امذ۔ اشتعال، جوش، ہَلہَلہ، ولولہ؛ (طبیعیّات) جسمانی مقدار حرارت کی اکائی، جو غذا سے پیدا ہو۔ (انگ: Calorie) امذ **حَرارَہ پَیما** (ے لین) حرارت مخصوصہ کو ناپنے کا آلہ۔ صف **حَرارَی** م: **حَرارَی قیمت** مختلف غذاؤں کی جسمانی گرمی پیدا کرنے کی اہلیت (انگ: Caloric Value) امث **حَرارَی کیمیا** علم کیمیا کی وہ شاخ جو اشیا پر حرارت سے پیدا ہونے والے تغیّرات اور تعاملات کا مطالعہ کرتی ہے۔

حِراسَت کس ح، فت س۔ امث۔ پہرہ، نگرانی، نظر بندی، گرفتار رکھنا۔

حَرّاف فت ح، شد ر۔ صف۔ کسی حرفے کا ماہر؛ عیار چالاک مث **حَرّافَہ**؛ امث **حَرافَت** (فت ح ر، بلا شد) چالاکی، عیاری، دھوکے بازی۔

حَرّاق فت ح، شد ر۔ صف۔ جلا ڈالنے والا م: **برق حرّاق/ آتش حرّاق** پھونک دینے والی بجلی/ آگ۔ امث **حَرّاقَہ** آتشبار کشتی، تارپیڈو۔

حَرّاکَہ فت ح، شدر، فت ک۔ امذ۔ حرکت دینے والا آلہ یا پُرزہ، انجن کو چالو کرنے والا پرزہ (انگ: Starter)۔

حَرام فت ح۔ صف۔ ممنوع قطعی، بالکل ناجائز؛ (۲) حرمت والا، ذی عزّت، قابل احترام (۳) نکاح کے بغیر جنسی فعل، زنا۔ مرکب وصفی **حَرام خور** ناجائز کمائی کھانے والا، نیز بطور دشنام، کام چور، بد، بُرا۔ نیز **حَرام کھانا**۔ امث۔ **حَرام مَوت** ناحق، بے فائدہ جان گنْوانا صف **حَرام ہَڈ** (فت ہ) ڈھیٹ، بدذات، مفت خورا۔ صف **حَرامی** ناجائز اولاد، نیز بطور دشنام۔

حَرام مَغْز فت ح، سک م، فت م، سک غ۔ امذ۔ بھیجے کی طرح کا گودا جو دماغ سے لے کر ریڑھ کی ہڈی کے اندر کمر تک سمایا ہوتا ہے۔

حَرائر فت ح، کس ء۔ ج مث۔ آزاد عورتیں، جو

لونڈی باندی نہ ہوں، مُحصنات واحد حُرّہ۔

حَرْب فت ح، سک ر۔ امث۔ جنگ لڑائی۔ مرکّب **حَرب وَ ضَرب** مارپیٹ، ماردھاڑ ج **حُروب**، امث **حَربیّات** علوم جنگ۔

حِرْبا کس ح، سک ر۔ امذ۔ گرگٹ۔

حَربَہ فت ح، سک ر، فت ب۔ امذ۔ لڑائی کا ہتھیار، سلح؛ برچھا؛ وار، ہتھکنڈا، چال۔

حَربی فت ح، سک ر۔ صف۔ لڑائی سے تعلق رکھنے والا؛ وہ شخص جو دارالحرب میں مقیم ہو جہاں اسلامی عملداری یا مسلمان کو آزادی حاصل نہ ہو؛ وہ غیر مسلم حاکم جو اسلامی حکومت کو خراج یا جزیہ نہ ادا کرتا ہو۔

حَربے ضَربے فت ح، سک ے مج،فت ض۔ م ف۔ وقتاً فوقتاً، اکثر اوقات، بار بار، جب دیکھو تب۔

حَرْث فت ح، سک ر۔ امث۔ کھیتی، زراعت۔ امذ۔ **حارِث** کاشتکار مث **حَراثَت** کھیتی باڑی۔

حَرَج فت ح ر۔ امذ۔ نقصان، مضائقہ، محل اعتراض، قباحت ۔ [ع: حَرَج]۔

حَرَج مَرَج فت ح ر م۔ امذ۔ گڑ بڑ، افراتفری فساد۔ **ہَرَج مَرَج** کی تحریف جو صحیح املا ہے۔ [ع: ھَرَجْ و مَرَجْ]۔

حَرَّرَہٗ فت ح، شد فت ر، فت ر، الٹا پیش بجاے و مع۔ فقرہ؛ اِسے لکّھا۔ عموماً لکھنے والا اپنے نام سے پہلے لکھتا ہے، یہ بتانے کے لیے کہ یہ کس کی تحریر ہے، مترادف کَتَبَہٗ م: حرَرَہٗ احمد۔

حِرْز کس ح، سک ر۔ امذ۔ مأمن، پناہ گاہ، پناہ؛ تعویذ، نقش جو جان کی حفاظت کے خیال سے باندھا جائے؛ حفاظت سے رکھنے کی چیز، عزیز شے۔

حَرَس فت ح، ضمہ ر۔ ج مذ۔ **حَرَس** کی جمع۔ چوکیدار امث۔ **حَرَس** نگہبانی، چوکیداری۔

حِرص کس ح، سک ر۔ امثد لالچ، طمَع، ہوس۔ صف **حَریص** لالچی، طامع۔

حَرَض فت ح ر۔ امذ۔ اشتعالک؛ فطری جذبہ، خلقی تقاضا۔

حَرْف فت ح، سک ر۔ امذ۔ تحریری علامت جو کسی صوت کی ترجمان ہو، علامات ہجا میں سے کوئی ا ب پ ت وغیرہ؛ بات، کلام، گفتگو؛ الزام، اعتراض، نُکتہ چینی، نیز **حَرف گیری** نکتہ چینی۔ **حَرف اِستِدْراک** وہ لفظ جو جملے کے پہلے حصّے میں کہی جانے والی بات میں ضروری استثناء کی وضاحت کرے۔ م: لیکن، مگر؛ الّا وغیرہ۔ **حَرفِ اِضراب** وہ لفظ جو پہلے کہی ہوئی بات کو مزید تقویت دے، م: بلکہ۔ **حرف جار** اسم اور فعل کے درمیان ربط پیدا کرنے والے الفاظ حرف جار ہیں۔ م: سے، میں، تک، پَر۔ **حَرفِ جزا** وہ لفظ جو جملۂ شرطیہ میں بات کو پورا کرنے کے لیے آئے جیسے چونکہ کے جواب میں پس، اگر کے جواب میں تو، لہذا وغیرہ۔ **حَرفِ رَبْط** جو دو الفاظ یا فقروں کو ملائے جیسے، اور، و ، نیز۔ (عروض) **حَرفِ رَوی** وہ حرف جس پر قافیے کا مدار ہو اور ہر قافیے میں آئے جیسے ثمر، بشر، جگر میں ر۔ **حَرفِ صَحِیح** وہ حرف جو بغیر حرف علّت یا حرکت کے صامت یا خاموش ہو، حرف علّت کی ضد؛ **حَرفِ عِلّت** جو دوسرے حروف کو حرکت دے اور باآواز بنائے جیسے: ا، و ی۔ **حَرفِ غَلَط** مٹانے کے قابل۔نیز مجازاً : فالتو آدمی۔ **حَرفِ مُجَوَّف** بند دائرے یا چشم والے حروف جیسے ص، ط، ہ **حَرفِ مُحرّف** (مُحَرْ رَف) ترچھی تحریر۔ **حَرفِ مَشْرُوق** جو لکھنے میں آئے اور بولا نہ جائے جیسے خورد، خواب میں و معدولہ۔ **حَرفِ مُعْجَمَہ** جس پر نقطہ یا نقطے ہوں، ضد: **حَرف مُہمَلَہ** جس پر نقطہ نہ ہو، جیسے ح، د ر۔ (عروض) **حَرفِ نائرَہ** حرف روی

کے بعد تیسرے حرف مزید کے ساتھ ملا ہوا حرف جیسے درازیاں، طرازیاں میں ی کے بعد کا الف۔ **حَرف وَصل** حرف روی کے بعد بلافصل آنے والا حرف جیسے درد فرد میں د۔

حُرْف ضمہ ح، سک ر۔ امث۔ ایک بُوٹی جس کے تخم رائی سے اور بعض اقسام کے تخم ریحان سے ملتے ہیں، جنگلی یا برّی حرف کے پتے گولائی مائل چوڑے ہوتے ہیں، اور حرف بستانی کے پتے سرخی مائل لنبوترے۔ یہ حَبّ الرّشاد بھی کہلاتی ہے۔ ہالون (لاط: Lepidium Sativum) دواءً مستعمل۔

حِرفَت کس ح، سک ر، فت ف۔ امث۔ ہُنر، کاریگری، پیشہ؛ تدبیر، چالاکی۔

حَرْق فت ح، سک ر۔ امذ۔ جلنا، پھنکنا، بھڑکنا۔ امث۔ **حُرقَت** گرمی، سوزش، جلن م: **حُرقَتِ بَول** چِنک، پیشاب کی جَلن، **حُرْقَتِ مِعْدَہ** معدے یا سینے کی جلن جو ہاضمے کی خرابی سے ہو۔

حَرقَفَہ فت ح، سک ر، فت ق فہ امذ۔ کُولھے کی ہڈی۔

حَرْک فت ح، سک ر۔ امث۔ حرکت، جنبش، مرکب **حَرْک پَیما۔** دُوربین کی قوّت مکبّرہ ماپنے کا میٹر یا پیمانہ۔ صف **حَرَکی** حرکت سے متعلق م: **حَرَکی نظام** جسم کے وہ عضلات و اعصاب جن کا تعلق جسمانی حرکات سے ہے۔ (انگ: Motor System)۔

حَرکت فت ح ر ک۔ امث۔ جنبش، ہلنا، اضطراب؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کا عمل؛ فعل، عمل، شرارت؛ حروف کر باآواز بنانے والی علامات اور حروف علّت؛ زبر زیر پیش، ا، و، ی، وغیرہ۔ میں سے کوئی۔ **حَرکت دوَلابی** کسی جسم کی اپنے محور پر گردش، محوری گردش۔ **حَرکت قَسری** جو کسی بیرونی عامل کے سبب ہو نہ کہ اندرونی تحریک پر، جبری حرکت۔ **حَرکَت کَیفِیّہ** وہ حرکت جونقل مکانی پر مبنی نہ ہو بلکہ صرف کیفیت میں تبدیلی لائے مثلاً کسی جامد جسم کا گرم یا ٹھنڈا ہونا۔ **حَرکَت وضْعِیّہ** وہ حرکت جس میں نقل مکانی کا دخل نہ ہو بلکہ اسی مقام پر کسی جسم کی وضع و صورت میں تبدیلی آئے مثلاً کنُوئیں کی چرخی کا گھومنا۔ ج **حَرکات۔**

حَرَم فت ح ر۔ امذ۔ ممنوعہ شے یا جگہ؛ مقدس متبرک مقام؛ مکّہٗ معظمہ کے ارد گرد چند میل کا علاقہ جہاں شکار کی ممانعت ہے؛ خانہٗ کعبہ کی چاردیواری؛ محلسرائے، زنان خانہ؛ بیویاں، اہل خانہ۔ نیز **حَرَم سرا۔** (نفسیات و تشریح) دماغ کا وہ حصہٗ جہاں سے اعصاب باقی حصہٗ جسم کی طرف نکلتے ہیں (انگ: Thalamus)۔ **حَرَمَین** خانہٗ کعبہ و روضہٗ نبویؐ۔

حِرم کس ح، سک ر۔ امذ۔ وہ واجب جس کا ترک کرنا جائز ہو۔

حُرُم ضمہ ح ر۔ ج مذ۔ احرام باندھے ہوئے لوگ، محترم اصحاب۔

حِرماں کس ح، سک ر۔ امذ۔ محرومی، مایوسی، رنج، اندوہ۔

حُرمَت ضمہ ح، سک ر، فت م۔ امث۔ پاکیزگی، بڑائی، تقدس۔

حَرَمْ زَدَگی فت ح ر ز، سک م د۔ امث۔ بدمعاش، بدخصلتی، بطور دشنام [ف: زادگی]۔

حَرمَل فت ح، سک ر، فت م۔ امذ۔ کالا دانہ، اسپند (لاط: Paganum Hermola)۔

حَرَمی فت ح ر۔ صف۔ یار، ساتھی، رفیق، دوست، رازدار۔

حَرُور فت ح، و مع۔ امث۔ گرم ہوا، لُو۔

حُرُوف ضمہ ح، ومع۔ ج مذ۔ **حرف** کی جمع۔ مرکّب **حُروف تہجّی** وہ حروف جن سے الفاظ

بنتے ہیں اور ان کی ترتیب مقررہ ہوتی ہے۔ جیسے اردو کی ترتیب ابجد، یا ا ب بھ پ پھ الخ.یا انگریزی لاطینی کے حروف A B C D وغیرہ۔ **حُرُوف چیں** مطبع کا وہ آدمی جو طباعت کے لیے ٹائپ کے حروف فرمے پر جوڑتا ہے۔ (انگ: Compositor) **حُروف شمسی** وہ حرف جن سے پہلے ال تخصیصی وارد ہوں تول پڑھنے میں نہیں آتا، م: ت ث وغیرہ۔ **حُرُوف قَمَری** وہ حروف جن سے پہلے ال آئے تو ل کی آواز ادا کی جاتی ہے۔ جیسے البُرہان، البیرونی میں ب۔ **حُروف مُقَطَّعات** (مُ قَت تَ عات) بعض قرآنی سورتوں کے ابتدائی حروف جن کے معنی محقق نہیں م: الم، کہٰیعص، یٰس۔

حُرُوفی ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ حدیث کا راوی، محدّث۔

حَرُون فت ح، و مع۔ امذ۔ سرکش گھوڑا۔

حُرِّیّت ضمہ ح، شد کس ر، شد فت ی۔ امث۔ آزادی، خودمختاری۔

حَرِیر فت ح، ی مع۔ امذ۔ ریشم، ریشمی کپڑا؛ خود چمکنے والی باریک غشائی تہ جو بعض جانوروں مثلاً بلّی کی آنکھ میں ہوتی ہے۔ (انگ: Tapetum)۔

حَرِیز فت ح، ی مع۔ صف۔ محفوظ، مقام، جائے امن۔

حَرِیسَہ فت ح، ی مع، فت س۔ امذ۔ ایک طرح کا کھچڑا یا حلیم۔

حَرِیف فت ح، ی مع۔ امذ۔ مدّمقابل، دشمن؛ دعوے دار؛ قابل، جوگا۔ صف۔ تیز مزے کا، چرپرا، جو زبان کو کاٹے۔

حَرِیق فت ح، ی مع۔ صف۔ سوختہ، جلا ہوا۔

حَرِیم فت ح، ی مع۔ امذ۔ مقدس جگہ، پاک مقام، خانۂ کعبہ کی چاردیواری کا اندرون؛ چاردیواری، کنوئیں کے گردا گرد چندگز تک کی زمین؛ احرام جو حاجی باندھتے ہیں۔

حَزَاز فت ح۔ امذ۔ دل کی جلن، سینے کی سوزش جو غم و غصہ کے سبب ہو۔

حِزْب کس ح، سک ز۔ امذ۔ گروہ، جماعت **حِزب اِختلاف** قانون ساز اداروں میں حکومت کا مقابل فریق، نیز **حِزب مخالف**، ضد **حِزْب اِقتدار** حکومت چلانے والی جماعت **حِزْب اُلْبَحْر، حِزْب اُلْبَر** (حِز بُل بَحر/ بَر) خاص اوراد و وظاف جوخاص مقاصد کے لیے بعض پیر یا صوفیا پڑھتے ہیں یا پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں۔

حَزْم فت ح، سک ز۔ امذ۔ احتیاط، سوجھ بوجھ سے کام لینا۔

حُزْمَہ ضمہ ح، سک ز، فت م۔ امذ۔ گچھا، مٹّھا، پُولا، ٹہنیوں یا ڈنڈیوں کا مجموعہ۔

حُزْن ضمہ ح، سک ز۔ امذ۔ رنج، اندوہ، افسردگی، غمگینی۔ صف۔ **حُزنیَہ** المناک، اَلمیَہ؛ **حَزِین** رنجیدہ، افسردہ۔ امث۔ **حَزِینی** غمگینی۔

حُزُون ضمہ ح، و مع۔ امث۔ پتھریلی، سنگلاخ زمین۔

حِسّ کس ح، امث۔ خلقی صلاحیت جس سے مادّی ماحول کو جانا جاتا ہے، اِس طرح کی پانچ حسیں حیوانوں کو حاصل ہیں؛ بیرونی مہیّجات کا اثر قبول کرنے اور ان سے اثر پذیر ہونے کی صلاحیت؛ اشیاء کا مادّی علم جو حواس خمسہ میں سے کسی ذریعے یا ذرائع سے حاصل ہو۔ **حِسّ باصِرَہ** دیکھنے کی قدرت، بصارت، بینائی۔ **حِسّ باطِنی** حواس خمسہ کی مدد یا براہ راست مادّی مشاہدے کے بغیر کسی بات کو جان لینے کی صلاحیت یا تجربہ۔ **حِسِ پَسِیں** کسی چیز پر سے نظر ہٹانے کے بعد کچھ دیر تک اس کے متضاد رنگوں کا نظر آنا۔ **حِسّ ذائِقَہ** چکھنے، چیزوں کا مزا معلوم کرنے کی صلاحیت۔ **حِسّ سامِعَہ** سننے کی قدرت۔ **حِس شامہ**

(شامْ مَ) سونگھنے کی قدرت۔ **حِسِ لامِسَہ** (لا مِ سَ) چھو کر اجسام کی کیفیت معلوم کرنے کی قدرت۔ **حِسِ مُتَصرِّفَہ** ذہن کی باطنی صلاحیت جو محسوسات یا خارجی مشاہدات میں تصرّف یا تبدل کر سکتی ہے۔ **حِسّ واہِمَہ** لاموجود کو موجود دیکھنے کی صلاحیت، متخیّلہ۔

حِساب کس ح۔ امذ۔ گنتی، شمار، سنکھیا، علم ریاضی؛ میزان، جمع؛ کھاتہ، اکاؤنٹ؛ شرح، نرخ، بھاؤ؛ ترتیب، تقسیم؛ تخمینہ؛ اعمال کی سزا و جزا کا تعیّن۔ م ف۔ **حِسابوں** اندازے یا گمان کے مطابق۔ صف **حِسابی** حساب کتاب سے تعلق رکھنے والا م؛ **حِسابی مَشین** حسابی مسائل کا جواب بتانے والی مشین۔ (انگ: Calculator)۔

حُسّاد ضمہ ح، شد س۔ ج مذ۔ **حاسِد** (رک) کی جمع۔

حَسّاس فت ح، شد س۔ صف۔ جس کی حس تیز ہو، ایسا آلہ جو بیرونی مہیّجات کا تیزی سے اثر قبول کرے یا ایسا شخص جس کے جذبات جلد مشتعل ہو جائیں۔ امث **حَسّاسِیَت** زود حسی یا تیز حسی۔

حُسام ضم ح۔ امذ۔ تلوار، تلوار کی باڑھ صف **حُسامی** شمشیرزن، تلوریا۔

حَسَب فت ح س۔ امذ۔ عالی نَسبی، اونچے خاندان سے نسبت؛ تعلق، نسبت م ف۔ **بِحَسَب** ازروئے م؛ بَحَسَب قواعد۔ نیز **حَسْب** م؛ حَسْبِ ارشاد، ارشاد کے مطابق۔ صف **حَسْبِ دلخواہ** (حَسْ ب دِل خاہ) پسند یا مرضی کے مطابق۔

حُسْبان ضمہ ح، سک س۔ امذ۔ گمان، خیال، اندازہ۔

حَسْبِیَ اْللہ فت ح، سک س، کس ب، فت ی، ا غم، شد ل بمد۔ فقرہ۔ میرے لیے اللہ کافی ہے۔ نیز **حَسْبِیَ اْللہُ وَ نِعمَ اْلوَکِیل** (و نع مَل وکیل) وہی کافی اور بہترین کام بنانے والا ہے۔

حَسَد فت ح س۔ امذ۔ کسی کی خوبی یا خوشی سے رنجیدہ ہونا، خار کھانا، کڑھنا، جلنا، براچاہنا؛ بدخواہی، تنگ نظری۔ صف **حاسِد**، **حَسَدی** (شاذ)۔

حَسْرت فت ح، سک س، فت ر۔ امث۔ احساسِ محرومی، احساس ناکامی؛ جو میسر نہیں اس کی آرزو صف **حَسْرَتناک** قابل افسوس۔ **حَسْرَتی** پُرارمان، آرزو مند، فجائیہ؛ **واحَسرَتا!** ہائے افسوس۔

حَسَن فت ح س۔ صف۔ عَلَم۔ اچھا، عمدہ، قابل پسند؛ نیک خو، خوش اندام۔ پسندیدہ مطابق شریعت، بدعتی کی ضد۔ عَلَم؛ رسول اللہ کے بڑے نواسے حسنؓ بن علیؑ کا نام۔ ج **حَسَنات** نیکیاں، بھلائیاں۔ تص، عَلَم **حُسَین** حضرت محمدؐ کے چھوٹے نواسے، شہید کربلا۔

حَسَن زائی فت ح س۔ امث۔ بہتر نسل پیدا کرنے کی کوشش (انگ: Eugenics)۔

حُسن ضمہ ح، سک س۔ امذ۔ خوبصورتی، رُوپ، جمال؛ عمدگی، خوبی؛ سلیقہ، سِجَل پن۔ **حُسنُ اْلمَآب** (حُس نُل مَ آب) اچھا انجام **حُسنِ تَخلِیص** قصیدے میں تشبیب سے مدح کی طرف لطیف گریز۔ **حُسنِ تَعْلِیل** کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا جو نکتہ آفرینی کی ذیل میں آئے مثلاً یہ کہ شمع بھی میری بیکسی پر آنسو بہاتی رہی۔ **حُسْنِ ظَن** خوش گمانی۔ **حُسنِ طَلَب** بغیر منہ سے کہے کنایتہً کسی چیز کا طالب ہونا **حُسنِ گُلُو سوز** بیان سے باہر حسن جس کی تعریف نہ ہو سکے۔ صف **حَسِین** مث **حَسِینَہ**۔

حُسنیٰ ضمہ ح، سک س، ی غم۔ صف مث۔ احسن کا صیغۂ تانیث و جمع۔

حَسُود فت ح، و مع۔ بڑا حاسد ج: **حُسُود** (ضمہ

ح) حاسد لوگ۔
حَسِین فت ح، ی مع۔ صف۔ خوبصورت۔
حَشَا فت ح۔ امث۔ انتڑی، پیٹ کا اندرونی حصہ ج: **اَحْشَاء** امعاء، انتڑیاں۔
حَشّاش فت ح، شد ش۔ امذ۔ بھنگ، حشیش کا شوقین۔
حَشْر فت ح، سک ش۔ امذ۔ اجتماع، اکٹھا ہونا؛ انجام عاقبت؛ ہلچل، شور و غل **یومِ حَشْر** روز قیامت، **حَشْرو نَشْر** جمع ہونا اور پھیلنا۔
حَشَرات فت ح ش۔ ج مذ۔ ہر قسم کے کیڑے مکوڑے، بھُنگے پتنگے۔ مرکب **حَشَرات اْلاَرْض** (حَ شَ را تُل ارز) زمین میں بِلوں، کونُوں کُھدروں میں رہنے اور رینگنے والے۔ صف **حَشَراتی** کیڑے مکوڑوں سے تعلق رکھنے والا (مطالعہ تحقیق وغیرہ) امث **حَشَرِیّات** واحد **حَشَرہ**۔ کیڑا، پتنگا، بے ریڑھ کی ہڈی کی ادنیٰ قلیل الجثّہ مخلوق، بلوں میں رہنے والے جانور۔
حَشْری فت ح، سک ش۔ صف۔ سرکش (گھوڑا) مرکب وصفی **حَشْری باغی** جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرے۔
حَشْفَہ فت ح، سک ش، فت ف۔ امذ۔ ذکر، سرِ ذکر، سُپاری، مردانہ آلۂ تناسل [ع: **حَشَفَہ** (فت ش)]۔
حَشَم فت ح ش۔ امذ۔ نوکر چاکر وغیرہ افراد خانہ مرکب عطفی **حَشَم وَ خَدَم**۔ ا کیف مث **حَشَمَت** عام **حَشْمَت** (سک ش) دبدبہ، امارت [ع: ڈانٹ ڈپٹ، ہٹو بچو]۔
حِشْمَت کس ح، سک ش، فت م۔ امث۔ انکسار، نرمی، نفاست، رکھ رکھاؤ۔ [ع: شرمیلا پن، شائستگی]۔
حَشْو فت ح، سک ش۔ صف۔ زائد، فالتو، غیر متعلق، قابلِ حذف۔ نیز مرکب **حَشْو و زَوائد** (۲) (عروض) بیت کے مصرع اول کے صدر اور عروض (رک) کا درمیانی جزو اور مصرع دوم کی ابتدا اور ضَرب یا عجز کا درمیانی جزو، مثلاً چھ رکنی بحر کے دونوں مصرعوں کے بیچ کے ارکان اصطلاحاً حشو کہلائیں گے۔ [ع: گدّے وغیرہ کی بھرائی]۔
حَشْوِیَہ فت ح، سک ش، کس و، فت ی۔ امذ۔ وہ طبقہ جو معتزلہ کے برخلاف تجسیم باری تعالیٰ کی بابت احادیث کے ظاہری و لفظی معنی پر اصرار کرتا تھا۔
حَشِیش فت ح، ی مع۔ امث۔ جڑی بُوٹیاں، خصوصاً بھنگ (لاط: Canabis Sativa) **حَشِیش اْلبَتُول** ایک سدا بہار پودا جس سے ایک قسم کا تیزاب بنتا ہے۔ (انگ: Winter green) **حَشِیش اْلحمار** (ح مار) بھلاواں (لاط: Semicarpus Anacordium) **حَشِیش الفُقَراء** فقیروں کی بوٹی، مراد بھنگ۔ ج مذ۔ **حَشِیشِین** حَسن بن صبّاح کے پَیرو۔
حَصا فت ح۔ امث۔ گنتی، شمار، اصلاً کنکریاں [ع: حَصیً (حَ سَن) = کنکری] نیز **حصات** سنگریزے، گردے مثانے کی پتھریاں۔
حَصاد فت ح۔ امذ۔ فصل کی کٹائی۔
حِصار کس ح۔ امذ۔ گھیرا، احاطہ، فصیل، قلعہ؛ آیتہ الکرسی پڑھ کر چاروں طرف پھونکنے اور انگلی سے ہوا میں دائرہ بنانے کا عمل جو بلاؤں سے حفاظت کے لیے کیا جاتا ہے ف مر **حصار باندھنا/کھینچنا** نباتات **حصاری بافت** پتّے کی دوتہی یا دو پرت والی بافت، اسفنجی یا چھدری بافت کی ضد۔
حَصانَت کس ح، فت ن۔ امث۔ پائداری، مضبوطی۔ صف۔ **حَصِین** محکم، پائدار۔
حَصْر فت ح، سک ص۔ امذ۔ گھیرنا، احاطہ کرنا، شمار میں لانا؛ دارومدار، قیام، بنیاد، موقوفی، م: مددِ غیبی پر حصر (بھروسا)۔
حَضْرَم فت ح، سک ص، فت ر۔ امذ۔ کچّا انگور صف **حَضْرَمی** انگوری، چمکدار رنگ مث

حَضْرَمیہ کچّے انگوروں سے تیار کردہ چٹنی وغیرہ۔
حصَص کس ح، فت ص۔ ج مذ۔ حصّے، بخرے، ٹکڑے، کمپنی میں حصہ داری کا پروانہ، حِصّہ کی جمع۔
حصْن کس ح، سک ص۔ امذ۔ قلعہ، کوٹ، حِصار۔ مرکب حصن حَصِین مضبوط قلعہ؛ اور اوراد وظائف کی ایک مشہور کتاب کا نام۔ ج حُصُون (ضمہ ح، و مع)۔
حُصُول ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ حاصل ہونا، پانا، ملنا، ہاتھ آنا، یافت؛ فائدہ، لابھ۔ مرکب اصنا حُصُول مَرام مراد پانا۔ صف حُصُولی اِکتسابی، وہبی کی ضد۔
حصّہ کس ح، شد فت ص۔ ٹکڑا، جزو، پارہ؛ کسی کُل کو تقسیم کرنے کے بعد اس کا کوئی ایک جزو۔ حصۂ رسد؛ کاروبار کے منظور یا اجرا شدہ سرمائے کا ایک مقررہ اقل جو برائے فروخت پیش کیا جائے اس کا تصدیق نامہ یا رسید؛ کسی کام میں کسی کا دخل، قدم، تعلق، مدد م: اس مہم میں ان کا کوئی حصّہ نہ تھا؛ گروہ، طبقہ، مرکب حصّۂ اَوسَط وہ حصہ جو سب کے لیے برابر ہو۔ حِصّۂ رَسَد جتنا جس کو پہنچتا ہو۔
حَصِیر فت ح، ی مع۔ امذ۔ بوریا، چٹائی ج حَصَائر۔
حَصِین فت ح، ی مع۔ صف۔ مضبوط، مستحکم۔
حُضّار ضمہ ح، شد ض۔ ج مذ۔ حاضر کی جمع، حاضرین، امث حَضارت موجودگی۔
حضانَت کس ح، فت ن۔ امث۔ پالنا پوسنا، پرورش؛ ۔ایہ گیری۔
حَضَر فت ح ض۔ امذ۔ قیام، سکونت؛ سفر کی ضد۔
حَضَرات فت ح ض۔ ج مذ، مث۔ اصحاب، حاضرین؛ ذات الٰہی کی ظاہری صفات و اسما جو اس کی پہچان کا ذریعہ ہیں۔ واحد: حضرت جناب صاحب۔ نیز متبرک مقامات کے لیے مستعمل، بارگاہ؛ حضرت دہلی؛ حضرتِ دوست = دوست کا ٹھکانا۔ حَضرت سَلامت مخاطب کرنے کا کلمۂ تعظیمی۔
حَضَری فت ح ض۔ امث۔ شہری، مہذب شائستہ آدمی، بدوی، دیہاتی کی ضد۔ مرکب (حیوانیات) حَضَری حَیوانات وہ حیوان جو نقل مکانی نہیں کرتے، یا اپنی جگہ سے نہیں ہلتے۔ حَضَرِیّت شہری زندگی، مدنی بودو باش، مدنیّت۔
حُضُض ضمہ ح ض۔ امث۔ رسوت نیز حُضُض ہِندی (لاط: Extractum Barbcridis)۔
حِضْن فت ح، سک ض۔ امذ۔ آغوش؛ مرغی کا انڈے سینا؛ بچے کی قبل پیدائش پرورش۔ (حیوانیات) حَضْنَہ دانی مادہ کے جسم کا وہ حصہ جہاں بچّہ پیدا ہونے سے پہلے پلتا ہے۔ رحم، انڈا یا رحم کے مماثل کوئی عضو۔ (انگ: Embryo)۔
حُضُور ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ مخاطب کرنے کا تعظیمی کلمہ؛ جناب عالی، جناب والا! وُجود، موجودگی، حاضری، غیب کی ضد؛ یکسوئی، توجہ م: حُضورِ قلْب۔ انہماک۔
حُضُوری ضمہ ح، و مع۔ امث۔ سامنے آنا، حاضر ہونا؛ قُربت۔ صف۔ وہبی، ذاتی۔ مرکب علم حُضُوری وہ علم جو براہ راست تجربے سے حاصل کیا گیا ہو یا القا ہوا ہو۔ اکتسابی کی ضد۔
حَضِیض فت ح، ی مع۔ امذ۔ نچلا حصّہ۔ تہہ، تلہٹی؛ پستی، نشیب؛ اُتار، زوال۔ صف حَضِیضی کمتر، نچلا م: سورج سے زمین کا حَضِیضی (کم سے کم فاصلہ)؛ دماغ کے نچلے حصے سے تعلق رکھنے والا (عصبہ، ریشہ وغیرہ)۔
حُطام ضمہ ح۔ امذ۔ کاٹھ کباڑ، ردی چیزیں۔
حَطَب فت ح ط۔ امذ۔ ایندھن کی لکڑیاں۔ صف

حَطبی (نباتیات) پودوں کا ٹھوس حصہ؛ چوبی بافت۔
حطمَہ ضمہ ح، فت ط م۔ امذ۔ دوزخ کا ایک طبقہ۔
حَطِیم فت ح، ی مع۔ امذ۔ خانۂ کعبہ کی دیوار جدھر پرنالہ ہے اور اس کے پاس کی چند گز زمین۔
حَظّ فت ح۔ امذ۔ لطف، مزا۔ ج حُظُوظ لذائذ صف حَظِیظ/ مَحظُوظ۔
حَظِیرَہ فت ح ی مع، فت ر۔ امذ۔ لکڑی کے جنگلے یا بانسوں سے گھرا ہوا باڑا؛ چاردیواری؛ گنبد حَظِیرۂ قُدُس (ضمہ ق د) گنبد امن، جنّت کا ایک حصہ۔
حَف فت ح۔ امث۔ احاطہ، گھیر۔ کلمۂ دعا حَف نَظَر نظر بد نہ لگے، چشم بد دور [ع: حف = حصار باندھنا]۔
حُفّاظ ضمہ ح، شد ف۔ ج مذ۔ حافِظ (رک) کی جمع۔
حفاظت کس ح، فت ط۔ امث۔ بچاؤ، پاسبانی۔ امذ حَفاظَتی صِمام ایسی ڈاٹ یا روک جو دباؤ ایک حد سے زیادہ ہونے پر خود بخود کھل جائے (انگ: Safety Valve)۔
حَفْر فت ح، سک ف۔ امث۔ کھدائی حَفرتُربَت قبر کھودنا۔ امذ حُفرَہ گڑھا، کنواں، کھائی؛ جوف خلیہ، خول۔ (نباتیات) حُفْرَة اَلْبَذِیر (حَف رَ تل بَ زِ یر) پھول کا وہ حصہ جس میں زیرہ یا نر پھول کا مادۂ تولید ہوتا ہے۔ نیز حُقَّة اَلْبَذِیر امث
حَفریات آثار قدیمہ کی کھدائی کا علم اور فن۔
حِفظ کس ح، سک ف۔ امذ۔ حافظے میں محفوظ کرنا، یاد یا ازبر کرنا؛ قرآن شریف زبانی یاد کرنا؛ پاس، لحاظ م: حِفْظِ مَراتِب اشخاص کی بزرگی، بڑائی کا لحاظ جو ان سے برتاؤ یا گفتگو کرنے میں ملحوظ رکھا جائے۔ حِفْظِ ماتَقَدُّم پیش بندی، پہلے سے روک تھام۔ حِفْظِ نَفس اپنی جان کا بچاؤ۔

حفظان کس ح، سک ن۔ امذ۔ رک حفظ۔ مرکب حِفظانِ صِحَّت خصوصاً صحّت عامہ کی نگہداشت۔
حَفی فت ح۔ صف۔ مہربان، خوش آمدید کہنے والا۔
حَفِیظ فت ح، ی مع۔ صف۔ حفاظت کرنے والا، نگراں، محافظ، نگہبان۔
حَفِیف فت ح، ی مع۔ امث۔ سرسراہٹ، ہلکی سی آواز۔
حَقّ فت ح۔ امذ۔ سچائی، صداقت؛ واجبی معقول، مناسب بات؛ جائز مطالبہ، حصۂ رسد؛ کسی کام کا اختیار؛ ذات باری، اسمائے حسنیٰ میں شامل۔ مرکب حَقُّ اَلْخِدْمَت (حَقْ قُل) معاوضہ، صلہ۔ حَقّ اَلنّاظِرِین/ حَقّ اَلنَّظَر دعوت کے کھانے میں سے ایک حصہ جو محتاجوں کے لیے الگ کر دیا جائے؛ نظر گزر کا کھانا۔ صف حَقّ اَلْیَقِین یقین کا وہ درجہ جہاں شک کی گنجائش نہ ہو اگرچہ ذاتی علم پر مبنی نہ ہو۔ امث۔ حَقْ تَلَفی (فت ت ل) بے انصافی، حق مارنا (عام : تَلْفی)۔ حَقّ خُوْد اِخْتیاری اپنے لیے خود قانون بنانے کا اختیار جو کسی قوم کو حاصل ہو۔ نیز حقِّ خُوْد ارادِیت (قانون) حَقِّ شُفْعَہ (شُفَع) ہمسائے کا اپنے گھر سے ملی ہوئی جائیداد کی خریداری پر پہلا حق۔ صف۔ حَقّانی حق یا اللہ سے مَنسُوب۔ حَقِیقَت جائز اختیار، مالکانہ، حق، صداقت۔
حَقّا فت ح، شد ق۔ م ف۔ کلمۂ قسم، بُخدا، خدا شاہد ہے، سچ یوں ہے کہ؛ فی الحقیقت، بلاشُبہ۔ م ف۔ حَقّانَہ سچائی سے۔
حَقارَت فت ح ر۔ امث۔ کمتری، حقیر ہونا یا سمجھنا؛ تنفر۔
حَقاقَہ دَقاقَہ فت ح ق د۔ صف مث۔ حیران، پریشاں حال، بے پردہ، بےباکی سے سامنے آ جانے والی عورت پر پھبتی۔

حقّانِیَت فت ح، شد ق، کس ن، فت ی۔ امث۔ صداقت، سچائی، برحق ہونا۔

حَقائِق فت ح، کس ء۔ ج مذ۔ سچائیاں۔ **حَق** (رک) کی جمع۔

حُقْبَہ ضم ح، سک ق، فت ب۔ امذ۔ اَسّی سال کا دور۔

حِقْد کس ح، سک ق۔ امذ۔ کینہ، کپٹ۔

حَقْن فت ح، سک ق۔ امذ۔ روکنا، بند کرنا، موقوف کرنا۔

حُقْنَہ ضم ح، سک ق، فت ن۔ امذ۔ قبض رفع کرنے کے لیے چڑھائی جانے والی نلکی کے ذریعے پانی یا دوا داخل کرنا۔

حَقُود فت ح، و مع۔ ج مذ۔ بد خواہ، کینہ پرور۔

حُقُوق ضم ح، و مع۔ **حَق** بمعنی اختیار، واجبی مطالبہ کی جمع۔ **حُقُوق اللہ** (حُ قُو قُلْ لاہ) اللہ کے واجبی مطالبات جو بندوں سے ہیں۔ **حُقُوق الْعِباد** (حُ قُو قُل عِباد) انسانوں کی طرف سے فرد پر عائد ہونے والے فرائض۔

حَقّہ فت ح، شد فت ق۔ صف۔ صادق، سچی یا سچّے، شک و شبہ سے مبرّا۔ م: **امورِ حَقّہ**۔

حُقّہ ضم ح، شد فت ق۔ امذ۔ جواہر یا عطر رکھنے کی ڈبیا، چھوٹا ڈھکنے دار ڈبّا؛ چلم سے تمباکو پینے کا ظرف جس کے پیندے میں پانی بھرا ہوتا ہے اور ایک نے یا نلکی کے ذریعے دھواں پانی میں سے ہو کر منہ میں آتا ہے؛ بارود کا گولہ، دستی بم۔ محاورہ **حُقّہ پانی بَنْد کرنا/ ہونا** برادری کا قطع تعلق کر لینا، سماجی بائیکاٹ۔ **حُقّہ ٔ چَوگانی** (ولین) سیدھی نے کا حقہ پیچواں سے مختلف۔ **حُقّہ گُڑ گُڑانا** (ضمہ گ) حقہ کے کش لگانا جس سے پانی کے بلبلوں کی آواز نکلتی ہے۔ تصغیر **حُقیا** چھوٹا حقہ، گڑگڑی۔

حَقّی فت ح، شد ق۔صف۔ حق سے مَنسُوب، سچّا، صادق۔

حَقِیر فت ح، ی مع۔ صف۔ ادنیٰ، نیچ کمینہ، سفلہ، ذلیل؛ چھوٹا، خفیف، کم مقدار، نفرت زدہ؛ نیز اپنی ذات کے لیے بطور انکسار مستعمل۔

حَقِیق فت ح، ی مع۔ صف۔ حقدار، سزاوار، مستحق۔

حَقِیقَت فت ح، ی مع، فت ق۔ امث۔ سچائی، امرواقعی، اصلیت؛ اہمیت، درجہ، مرتبہ۔ مرکب **حقیقتِ نَفْس الْاَمْری**۔ اصلی معاملہ، بات کی تہہ م ف **حَقِیقَتاً** (حَ قی قَ تَن) اصل میں، دراصل۔

حَقِیقی فت ح، ی مع۔ صف۔ اصلی، واقعی؛ سچ مُچ کا؛ سگا، اپنا۔

حکّ فت ح۔ امث۔ کُھرچنا، چھیلنا، مٹانا، کاٹ چھانٹ **حکّ وَ فک** ترمیم تنسیخ، اصلاح۔ صف **حَکّاک** نگینہ تراشنے والا، مہر کن امث **حَکّاکی**۔

حُکّام ضم ح، شد ک۔ ج مذ۔ **حاکِم** (رک) کی جمع۔

حِکائی کس ح۔ صف۔ وہ لفظ جو کسی آواز کی نقل ہو؛ نقل صوت کرنے والا۔

حِکایَت کس ح، فت ی۔ امث۔ کہانی، واقعہ، بات، روئداد۔ ج **حکایات**۔

حَکَم فت ح ک۔ امذ۔ ثالث، بچولیا، وہ شخص جس پر طرفین نے فیصلہ موقوف رکھا ہو؛ فیصلہ صادر کرنے والا۔

حِکَم کس ح، فت ک۔ **حِکْمَت** (رک) کی جمع؛ رُموز، دقیق، نِکات، گہری، پتے کی باتیں۔

حُکْم ضم ح، سک ک۔امذ۔ امر، فرمان، اِچّھا،ارشاد؛ عدالتی فیصلہ؛ ماہرانہ رائے، قولِ ناطق، فیصلہ کن بات؛ تعریف، مفہوم، اطلاق م: اِخفا فریب کے حکم میں ہے؛ تاش کا وہ پتّہ جس پر کالا پان بنا ہوتا ہے؛ گنجفے کا سر یا جیتنے والا پتہ۔ ج **اَحکام** ج ج **اَحکامات**

واجب التعمیل فیصلے یا مطالبے۔ مرکب **حُکمِ اِمتِناعی** ممانعت یا کسی کام سے باز رہنے کا حکم۔ **حُکمِ تَکلِیفی** امر جس کی تعمیل لازمی ہو۔ **حُکمِ ظَہری** (فت مج ظ) وہ حکم جو کسی درخواست یادستاویز کی پشت پر لکھا جائے۔ **حُکمِ عُدُولی** (سک م، ضمہ ع، و مع)۔

حُکمنامَہ ضمہ ح، سک ک م، فت م۔ امذ۔ وہ تحریر جس میں کوئی حکم درج ہو، تحریری حکم، پروانہ۔

حُکماً ضمہ ح، سک ک، تن بفت ا۔ م فہ لازمی طور پر، قطعی طور پر؛ جبراً، حکم کے ذریعے۔

حِکمَت کس ح، سک ک، فت م۔ امثہ دانائی، فراست، فکر و شعور؛ مصلحت؛ ترکیب، تدبیر؛ طبابت **حِکمَتِ اَلاِشراق** (حِکْ مَ تُل اِش راق) حقیقت کو پانے کی وہ کوشش جو منطق و فلسفہ سے قطع نظر کر کے کشف و وجدان پر بھروسا کرتی ہے۔ **حِکمَتِ اَلاِلٰہِیّہ** (حِکْ مَ تُل اِلا ہِی ی) اللہ تعالیٰ کے وجود کی بابت غوروفکر، غیر مادّی امور کی بابت سوچ بچار، حکمت طبعی کی ضد۔ نیز **حکمتِ الٰہی/ اِلٰہیّات** مسائل روحانی۔ **حکمتِ عَمَلی** تدبیر، عقل و شعور سے کام لینا۔ غوروفکر کے ذریعے مسائل سے نبٹنا؛ مصلحت اندیشی؛ اخلاقیات نیز **حکمتِ عَمَلیّہ** فلسفۂ اخلاق۔

حُکمی ضمہ ح، سک ک۔ صف۔ قطعی، یقینی، بے خطا؛ مجرّب آزمودہ (علاج، تدبیر)۔

حُکُومَت ضمہ ح، و مع، فت م۔ امثہ اقتدار اعلیٰ؛ راج، نظم و نسق کا اختیار؛ وہ جماعت یا ادارہ جو نظم و نسق کا مختار ہو۔

حِکّہ کس ح، شد فت ک۔ امذ۔ خارش، سوکھی کھجلی، چُل۔

حَکّی فت ح، شد ک۔ صف امذ۔ رگڑ کر یا کھرچ کر مٹانے والا آلہ یا اوزار (انگ: Eraser)۔

حَکِیم فت ح، ی مع۔ امذ۔ حکمت والا، صاحبِ علم و فراست؛ فلسفی، عالم؛ طبیب،معالج **حَکیمِ عَلَیٰ اَلاِطلاق** (حَ کی مِ عَ لَل اِٹ لاق) مطلق، کامل ترین حکمت والا مراد خداے تعالیٰ۔

حَلّ فت ح۔ امذ۔ مسئلے کو سلجھانے کی تدبیر؛ گتھی کا سرا پانے کی کوشش؛ عملی تدبیر، پیچیدہ سوال یا معمّے کا جواب؛ ریاضی کے عمل کا نتیجہ؛ محلول، گھلی ہوئی چیز۔ **حَلّ وَ عَقْد** کھولنا اور باندھنا، مراد: انتظام، نظم و نسق، مُدبّری۔

حِلّ کس ح۔ امذ۔ حرم کعبہ سے باہر کا علاقہ۔

حَلّاج فت ح، شد ل۔ امذ۔ روئی دُھنکنے والا، دُھنیا، ندّاف۔ عَلَم: منصور بن حسین کا لقب جن سے قول اناالحق منسوب ہے جس کی بنا پر اُنھیں سُولی پر چڑھایا گیا۔ امث۔ **حَلّاجی** دُھنیے کا پیشہ۔

حَلّاف فت ح، شد ل۔ صف۔ قسمیں کھانے کا عادی، پیشہ وَر گواہ۔

حَلّاق فت ح، شد ل۔ امذ۔ حلق کرنے یعنی بال تراشنے یا مونڈنے والا، نائی۔

حَلال فت ح، صف۔ جس کام کا کرنا جائز ہو؛ روا، مُباح؛ گوشت یا غذا جس کے کھانے کی شرعاً اجازت ہو؛ وہ شخص جس نے جامۂ احرم اتار دیا ہو؛ جائز کمائی یافت، روزی وغیرہ؛ وہ جانور جسے شرعی طریقے سے چُھری پھیر کر ذبح کیا گیا ہو۔ مرکّب **حَلالُ الدَّم** جس کا مارنا جائز ہو۔ **حَلال خوْر** (ومج) حلال کی روزی کمانے والا؛ بھنگی، مہتر۔ مثہ **حَلال خوَری**۔

حَلّال فت ح، شد ل۔صف تفضیل۔ مشکلات حل کرنے والا؛ عقدہ کشا۔

حَلالَہ فت ح ل۔ امذ۔ مُطلّقہ عورت سے دوبارہ عقد کرنے سے پہلے اُس کے کسی دوسرے مرد کے نکاح میں

آنے اور اس سے طلاق پانے کی شرط۔ امث۔ وہ عورت جو ایک دفعہ طلاق پانے کے بعد دوبارہ شرعی حجت پوری ہونے کے بعد اُسی شخص کے نکاح میں آئے؛ وہ عورت جس کے ساتھ صحبت کرنا حلال ہو۔ منکوحہ یا مملوکہ۔

حَلاوَت فت ح و۔ امث۔ مٹھاس، شیرینی؛ ذائقہ، لذّت۔

حَلَب فت ح ل۔ علم۔ ملک شام کا ایک شہر جہاں کے آئینے مشہور تھے، صف **حَلَبی** (فت ح ل)۔

حِلّت کس ح،شد فت ل۔ امث۔ شرعاً جائز ہونا، حلال ہونا۔

حِلتِیت کس ح، سک ل، ی مع۔ امث۔ ہینگ جو درخت اَنجدان کا گوند ہے۔ (لاط: Ferula Asafactida)۔

حَلْزُون فت ح، سک ل، و مع۔ امذ۔ گھونگا، شنکھ (علم تشریح) **حَلزُونہ** کان کا گھونگے کی شکل کا اندرونی حصّہ، کَن گھونگھ؛ چکراتی ہوئی شکل یا کوکبی حرکت جو ہر چکّر پر بلند ہوتی جائے (انگ: Spiral) امث **حَلزُونَت** گردش، چکّر۔

حَلْف فت ح،سک ل۔ امذ۔ قسم، سوگند۔ امث **حَلْف بَرداری** کسی مقدس چیز کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا، حلف اٹھانا۔ م ف **حَلفاً** قسمیّہ۔

حِلف کس ح، سک ل۔ امث۔ عہد و پیمان، معاہدہ، مرکب **حِلْف اَلْفُضُول** اہل فضیلت کی حلف برداری، مراد اس تاریخی قسم سے جو عہد نبویؐ میں مکّے کے اکابر نے امن و صلح برقرار رکھنے کے لیے کھائی تھی۔

حَلْق فت ح، سک ل۔ امذ۔ گردن کا اگلا یا اندرونی حصہ؛ مونڈنا، استرا پھیرنا،حاجیوں کا حج کے موقع پر سر منڈانا، نیز **حَلقِ راس** سرگُھٹوائی۔

حُلقُوم ضمہ ح، سک ل، ومع۔ امذ۔ رک **حَلق** جس کا یہ ہم معنی ہے؛ حنجرہ، حنجرے سے نیچے گلے کا وہ حصہ جہاں سے شہ رگ گزرتی ہے۔

حَلقُون فت ح، سک ل، و مع۔ امذ۔ کُشتی کا ایک داٶں جس میں گردن پکڑ کر حریف کو اڑنگا لگاتے ہیں۔

حَلقہ فت ح، سک ل، فت ق۔ امذ۔ گھیرا، دائرہ، چَھلّا، گول شکل یا شے مثلاً جال کا پھندا۔ زنجیر کی کڑی؛ بٹن کا کاج؛ آنکھوں کے پاس کمزوری کے باعث سیاہ رنگت؛ ہم خیال یا ہم مشرب گروہ، جماعت؛ انتظامی علاقہ، حد بندی۔ صف **حَلقہ بگوش** غلام، پیرو مرید۔ **حَلقۂ بیرُونِ در** دروازے کے باہر کی کنڈی۔

حَلَک فت ح ل۔ امذ۔ گھپ اندھیرا، مکمل تاریکی۔

حَلْ کاری فت ح، سک ل۔ امث۔ سونے چاندی کا ملمّع۔

حَلْکَم فت ح، سک ل، فت ک۔ امث۔ مارا مار، جلدی۔(زنانہ محاورہ) **حَلکم ڈالنا** جلدی مچانا۔

حُلَل ضمہ ح، فت ل۔ ج مذ۔ حُلّے، پوشاکیں، رک حُلّہ۔

حِلْم کس ح، سک ل۔ امذ۔ بردباری، تحمل، دھیرج، نرم مزاجی۔ امث **حِلمِیّت** صف **حَلیم**۔

حُلْم ضمہ ح، سک ل۔ امذ۔ خواب؛ واہمہ، سپنا۔ ج **اَحلام**۔

حَلَم فت ح ل۔ امذ۔ سرپستان، بھٹنی۔ **حَلَمَتُ اْلعَین** (حَلَ مَ تُل عَین) آنکھ کے کوئے کے اندر سرخ ابھار۔

حَلْوا فت ح، سک ل۔ امذ۔ شیرینی جس کی بہت سی قسمیں ہیں، خشک، تر، نرم، نیم نرم اور سخت جیسے پیڑی کا حلوا۔ **حَلوائے بے دُود** میٹھا تازہ

پھل؛ مفت کا حلوا حَلوا خاتُون لکڑی کی گڑیا جس سے بچّیاں کھیلتی تھیں۔ حَلوا مانڈا روے کا حلوہ اور میدے کی پتلی پُوری۔ نیز حَلویٰ ۔

حَلْوان فت ح، سک ل۔ امذ۔ بکری یا بھیڑ کا دودھ پیتا بچّہ یا اس کا گوشت۔

حَلْوائی فت ح، سک ل۔ امذ۔ مٹھائیاں بنانے والا، شیرینی فروش۔

حُلُوَّت ضمہ ح ل، شد فت و۔ امث۔ شیرینی ، مٹھاس [ع: حَلْوٌ، میٹھا، شیریں]۔

حُلُول ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ باہم حل ہو جانا۔ ایک کا دوسرے میں سما جانا؛ روح کا جسم میں داخل ہونا تناسخ کا عقیدہ؛ روح القدس کے حضرت مریم کے جسم میں سمانے کا عقیدہ۔

حُلّہ ضمہ ح، شد فت ل۔ امث۔ لباس، دو چادروں کا جوڑا؛ اِزار اور سر کی چادر۔ مرکب حُلّہ ٔ بَہِشتی جنّتی لوگوں کا لباس جو وہاں ملے گا۔ [ع: نیا کپڑا]۔

حَلی فت ح۔ امذ۔ زیور، گہنا۔ ج حُلی ضمہ ح، کس ل (بروزن عَلی) ج مذ۔ زیورات، گہنے م: حُلیِ مُجَوہَر جڑاؤ زیور۔

حَلِیف فت ح، ی مع۔ امذ۔ وہ جس نے کسی سے معاہدہ کیا ہو، کسی کے ساتھ مل کر حلف اٹھایا ہو۔ ساتھی، رفیق۔

حَلِیلہ فت ح، ی مع، فت ل۔ امث۔ منکوحہ بیوی، شریکِ حیات۔

حَلِیم فت ح، ی مع، صف۔ بُردبار۔ رک حِلم۔ (۲) کِھچڑا، خوب گلائے ہوئے گوشتہ گیہوں اور دالوں کو گھونٹ کر پکائی ہوئی مسالے دار غذا۔

حُلْیَہ ضمہ ح، سک ل، فت ح۔ امذ۔ سراپا، ہیئت ظاہری، چہرے مہرے کی شناخت کی تفصیل [ع: حِلیَہ آرائش، لباس]۔

حُمّا ضمہ ح، شد م۔ امذ۔ بخار، تپ حُمّائے حَصبَہ خسرہ کا بخار۔ حُمّائے شَمْسِیَّہ ہڈی توڑ بخار (انگ: Dingo fever) نیز سُمْتّی۔

حَمّاد فت ح، شد م۔ صف تفضیل، بہت حمد کرنے والا۔

حِمار کس ح۔ امذ۔ گدھا، خر۔ (اقلیدس) شکلِ حِماری اس کُلیے کا عملی ثبوت کہ کسی مثلث کے دو ضلع مل کر تیسرےسے بڑے ہوتے ہیں۔ تثنیہ حِمارَین فَلک پر کوکبۃ السّرطان کے تیرہ ستاروں میں سے دو کا مجموعی نام ج: حُمُر، حُمُور، حُمَرات۔

حِمارَہ کس ح، فت ر۔ امذ۔ ٹخنے کی ہڈی۔ ج: حُمُر (ضمہ ح م) نیز حَمِیر (فت ح، ی مع) گدھا۔

حَماسَت فت ح س۔ امث۔ دلیری، مردانگی نیز حَماسَہ بہادری؛ رزمیہ فخریہ شاعری جس میں بہادری کے واقعات بیان ہوں۔ حَماسہ ٔ ملّی قومی نظم۔

حُمّاض ضمہ ح شد م۔ امذ۔ ایک کھٹی بوٹی جس کی کئی اقسام ہیں، حماض برّی، جَبَلی، مائی وغیرہ۔

حُمّاض اُترُج (اُث رَج) ترنج کا عرق۔

حَماطَہ فت ح ط۔ امذ۔ خال سویدا۔

حَماقَت فت ح ق۔ امث۔ بیوقوفی، کم عقلی۔ عام: حماقَت۔

حَماکَ اللّٰہُ فت ح ک، اغم، شد ل بمد۔ فقرہ: خدا تجھے محفوظ رکھے، تجھ پر خدا کی امان ہو۔

حَمّال فت ح، شد ل۔ امذ۔ بوجھ ڈھونے والا مزدور، قُلی امث حَمّالہ امث حمّالی باربرداری، قلی کا کام۔

حَمام فت ح۔ امذ۔ ہر وہ پرندہ جس کے گلے میں طوق ہو، جیسے کبوتر، فاختہ، طوطا، ج حمائم۔

حَمّام فت ح، شد م۔ امذ۔ نہانے کی جگہ، سَقابہ، غلسخانہ۔

حَماء فت ح۔ امث۔ کالی مٹی، کھاد۔

حَمائد فت ح، کس ۔ ج مذ۔ **حَمِیدہ** رک کی جمع۔

حَمائل فت ح، کس ۔ امث۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں لٹکا کر ساتھ لے جا سکیں؛ گلے سے لٹکانے کے تلوار کے تسمے؛ صف: لٹکتاہوا، گلے میں لٹکا ہوا [ع: حمیل/ حَمالہ، کا صیغۂ جمع]۔

حِمایَت کس ح، فت ی۔ امث۔ طرف داری، مدد، ساتھ دینا صف **حِمایَتی**، **حِمائِتی**۔

حَمْد فت ح، سک م۔ امث۔ خدا کی تعریف، مناجات۔ **حَمْدَلَہ** (فت ح د ل) "الحمدللہ" کہنا۔ صف **حَمْدِیَّہ** (عام بلا شد) تعریفی، توصیفی حمد و ثنا پر مبنی (کلام وغیرہ)۔

حَمْرا فت ح، سک م۔ صف مث۔ **اَحْمَر** کا صیغۂ تانیث۔ لال رنگ کی۔ ا کیف مث۔ **حُمْرَت** سُرخی نیز **حُمْرہ**۔مرکب **حُمرَۃ اَلْدَّم** خون کے سرخ ذرّے (انگ: Haemoglobin)۔

حَمْزَہ فت ح، سک م، فت ز۔ امذ۔ کاٹنے والا، درندہ، کنایتہً شیر۔ عَلَم: آنحضرتؐ کے ایک چچا کا نام [ع: حمز کاٹنا، ذائقہ]۔

حَمِس فت ح، کس م۔ صف۔ بہادر، جری، قریش مکّہ کا لقب نیز **اَحمَس**۔

حَمْض فت ح، سک م۔ امذ۔ تیزاب۔

حَمْطایا فت ح، سک م۔ عَلَم۔ آنحضرتؐ کا ایک سرِّی لقب [غالباً ح م ط ی کا مجموعہ]۔

حُمْق ضمہ ح، سک م۔ امذ۔ بیوقوفی، کم عقلی؛ خلل ذہنی۔ صف **اَحْمَق** ج **حُمَقاء**۔

حَمَل فت ح م۔ امذ۔ نجوم قدیم کے مطابق آسمان کے بارہ برجوں میں سے پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی ہے۔

حَمْل فت ح، سک م۔ امذ۔ بوجھ ڈھونا، بار کَشی؛ (۲) (منطق) ایک شے کا دوسری پر مبنی یا محمول ہونا۔ (۳) رحم میں پڑا ہوا نطفہ، پیٹ کا بچّہ۔ **حَمَل کاذِب** جھوٹا حمل، حمل کے بغیر پیٹ اُبھرنا۔ مرکبَ عطفی **حَمْل وَ نَقْل** (حَم لو نَقل) باربرداری، سامان ڈھونا، لے جانا،عام: **حَمَل** پیٹ سے ہونا۔

حَمْلَہ فت ح، سک م، فت ل۔ امذ۔ دھاوا، چڑھائی؛ فوج کشی؛ وار، چوٹ؛ مرض کا غلبہ یا آغاز صف **حَملَہ آوَر** چڑھائی کرنے والا۔

حَمْلِیّات فت ح، سک م، کس ل، شد ی۔ ج مث۔ رک **حَمْل** (۲) (منطق) الفاظ کے ایسے جوڑے جن میں سے ایک موضوع ہو اور دوسرا اس کی بابت کوئی مثبت یا منفی قول۔ جیسے؛ قرآن مجید؛ سرسبز میدان، بے وفا زندگی۔

حَمّ وَ جَمّ فت ح، شد م، و مع، فت ج۔ مرکب عطفی۔ امذ۔ جوش و انہماک [ع: حمّ گرمی، جمّ اجتماع خیالات یا اشخاص وغیرہ کا]۔

حَمُود فت ح، ومع۔ صف۔ سراہا ہوا، جس کی تعریف و توصیف کی گئی، ممدوح۔

حُمُوض ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ تُرشے، تیزاب، تُرش، اشیاء، ترش پھل (انگ: Citrus) امث **حُمُوضَت** (ضمہ ح) ترشی۔

حُمُول ضمہ ح، و مع۔ امذ۔ شِیافہ، دوا میں تَرکی ہوئی بتّی جو بغرض علاج مقعد یا اندام نہانی میں چڑھائی جائے۔

حِمیٰ کس ح، ی غم۔ امذ۔جائے امن، مامَن، جانوروں کے لیے محفوظ مقام جہاں شکار ممنوع ہو۔ [ع: حمیٰ تحفظ]۔

حُمّیٰ رک **حُمّا** ج **حُمّیات** (حُمْ مَ یات)۔

حَمِیّت فت ح، کس م، شد فت ی۔ امث۔ غیرت ، نخوت؛ عزت نفس، جوش، جذبہ۔

حَمِید فت ح، ی مع۔ صفہ۔ ممدُوح، جس کی تعریف کی گئی؛ پسندیدہ؛ عروض کی ایک بحر جس کے بنیادی ارکان مفعولات اور مستفعلن ہیں۔ مث نیز صیغۂ جمع حَمِیدَہ م؛ اوصاف حمیدہ۔

حِمیَری کس ح، ی لین، صفہ۔ اسم جنس۔ جنوبی عرب کے قدیم قبائل یا اُن سے تعلق رکھنے والا؛ ایک قدیم رسم الخط جو حمیریوں سے منسوب ہے۔ نیز حِمْیاری۔

حَمِیل فت ح، ے مج۔ امث۔ گلے کا ایک زیور، ہنسلی۔

حَمِیم فت ح، ی مع۔ امذ۔ گرم، کھولتا ہوا پانی؛ قریبی دوست۔

حِمْیَہ کس ح، سک م، فت ی۔ امذ۔ پرہیز، بیماری میں مضر اشیاء سے بچنا۔

حِنا کس ح۔ امث۔ مہندی صف حِنائی مہندی سے متعلق، مہندی لگا۔ مہندی سے رچا، مہندی کے رنگ کا۔

حَنابِلَہ فت ح، کس مج ب، فت ل۔ ج مذ۔ حَنْبَلی (رک) کی جمع۔

حَناجِر فت ح، کس ج - ج مذ۔ حَنجرہ (رک) کی جمع۔

حَنّان فت ح، شد ن۔ صفہ۔ بخشنے والا، اسماء حُسنیٰ میں سے ہے۔

حَنّانَہ فت ح، شد ن، فت ن۔ امث۔ شوہر کے غم میں رونے والی بیوہ عورت۔ ایک کھجور کے تنے کا ستون جس کے سہارے آنحضرت صلعم خطبہ دیتے تھے۔

حَنْبَلی فت ح، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ حضرت امام احمد بن حنْبل کی فقہ پر چلنے والا یا ان سے متعلق و منسُوب۔

حَنْجَرَہ فت ح، سک ن، فت ج ر۔امذ۔نرخرا، حلقوم، خرد سچہ۔

حَنْظَل فت ح، سک ن، فت ظ۔ امذ۔ جنگلی پودے، اِندرایں کڑوا زہریلا پھل، خربزۂ تلخ۔

حُنَفا ضمہ ح، فت ن۔ ج مذ۔ حضرت ابراہیمؑ کے پیرو، یہودیوں کی ایک شاخ جو قبل اسلام عرب میں آباد تھی؛ دینِ حنیف کے ماننے والے۔

حَنَفی فت ح ن۔ امذ۔ حضرت امام ابوحنیفہ کی فقہ کا پیرو۔

حَنَک فت ح ن۔ امذ۔ تالو، منہ کی اندرونی چھت حَنَکُ الرِّخْو (حَ نَ کُرْ رِ خْو)تالو کا پچھلا نرم حصہ جو حرف ق کا مخرج ہے۔ حَنَکُ الصُّلْب تالو کا اگلا سخت حصہ۔ صف حَنَکی تالو سے تعلق رکھنے والا؛ تالو سے نکلنے والی اصوات م؛ ک، گ، ج، چ۔

حُنُوط فت ح، ومع۔ امذ۔ خوشبو اور دافع جراثیم اشیاء جو لاش کو محفوظ کرنے کے لیے مَلی جائیں۔ ف م حنوط کرنا امث تَحَنُّط (تَ حَ نُت)۔

حَنُون فت ح، و مع۔ صفہ۔ نرم دل، مہربان۔

حَنِیف فت ح، ی مع۔ صفہ۔ صحیح، سچا، سیدھا، صحیح مسلک پر چلنے والا۔ نیز حَنِیفی۔

حَوّا فت ح، شد و۔ عَلَم۔ صحائف سماوی کی رو سے، حضرت آدم کی بیوی جو حسب روایت ان کی پسلی سے پیدا ہوئیں اور بنی آدم کی ماں تھیں، ماما حَوّا۔ (مجازاً) جنس نِسواں۔

حَوادِث فت ح، کس د۔ ج مذ۔ حادِثَہ (رک) کی جمع۔ آفات، سانحات، زمانے کے نشیب و فراز۔ حَوادِثِ طَبْعی قدرتی آفات، زلزلہ طوفان وغیرہ۔

حَوارِی فت ح۔ امذ۔ حامی، مددگار، ساتھی؛ انبیا کے دست و بازو؛ خاص طور پر حضرت عیسیٰؑ کے ساتھیوں کا لقب چونکہ سب سے پہلے جن لوگوں نے حضرت عیسیٰؑ کا ساتھ دیا وہ دھوبی تھے۔ اس لیے دھوبیوں کو بھی حواری کہا جانے لگا۔ ج حَوارِئِین حَوارِیُّون۔

حَواس فت ح- ج مذ- حاسّہ (رک) کی جمع- حِسّیات، ہوش اوسان- مرکب حواسِ خَمْسَہ پانچ طبعی صلاحتیں جن سے مادّی اشیاء کا علم ہوتا ہے-

حَواشی فت ح- ج مذ- حاشِیَہ (رک) کی جمع؛ نیز حاشیہ نشین، مصاحبین-

حَواصِل فت ح، کس ص- امذ-ایک دریائی پرندہ قد اونچا، چونچ چوڑی، پانو مرغابی کی طرح جھلّی دار فیل الماء، ککن، بہٹیر-

حَوالات فت ح- امث- ملزموں کو حراست میں رکھنے کی جگہ-

حَوالْدار فت ح، سک ل- امذ- فوج یا پولیس میں چند جوانوں کا افسر- نیز عام: حَوَلْدار-

حَوالَہ فت ح ل- امذ- سپردگی، تفویض کار، نیز حَوالَگی (وضعی لفظ)؛ کسی طرف رجوع کرانا، نشاندہی، یادداشت، ذکر؛ سند جو کسی قول کی تائید کے لیے دی جائے- ف مر حَوالۂ قَلَم کرنا لکھنا ضبط تحریر میں لانا-

حَوالی فت ح- ج مذ- ارد گرد کا علاقہ، مضافات؛ قریبی لوگ مرکب: حَوالِی مَوالی دوست، مصاحب، مددگار؛ خدمتگار وغیرہ-

حَوائِج فت ح، کس ء- ج مذ- امث حاجَت (رک) کی جمع- حَوائِجِ اَصلی ضروریات زندگی-

حَوائِط فت ح، کس ء- ج مذ- حائِط (رک) کی جمع-

حوت و مع- امث- بڑی مچھلی جو آدمی کو نگل سکے؛ نجوم قدیم کے مطابق آسمان کا بارھواں برج؛ نیز تثنیہ حُوتَین (اِس برج کا نشان دو مچھلیاں ہیں)- حُوتِیَہ وہیل مچھلی- ج حِیتان-

حور و مع- ج مث، امث، ج مث- جنّت کی کنواری عورات؛ (مجازاً) حسینہ- صف- حُور شَمائِل (فت ش) جس میں حور جیسی خصوصیات پائی جائیں؛ حسین یا حسینہ- حُورِعِین (ی مع) بڑی آنکھوں والی عورتیں- واحد: حَورا، حَوری (ولین) حُورِیَہ (و مع)-

حَوصَلَہ و لین، سک ص، فت ل- امذ- پتّا؛ ہمّت، تاب و طاقت، دم خم؛ پرندے کا پوٹا- [ع: حَوصَلہ فت ص]-

حَوض و لین- امذ- پختہ تالاب، عموماً چھوٹا، کھلا اور کم گہرا پانی کا خزانہ-

حَوضَہ و لین، فت ض- امذ- چہ بچّہ؛ احاطہ؛ چاردیواری؛ حاشِیَہ، چوکھٹا جو متن کے گرد کتاب یا ورق پر بنا ہو، نیز حَوزَہ-

حَوَل فت ح و- امذ- بھینگا پن صف اَحْوَل بھینگا-

حَول و لین- امذ- قوت، قدرت؛ مضافات، ارد گرد کا علاقہ؛ (فقہ) پورا سال جو سرمائے پر گزرے جو زکوٰۃ کے واجب ہونے کی شرط ہے؛ نیز حولِ کامل- امث حَولِیّات تقویم، جنتری، سال کا دنوں اور تاریخوں کا حساب-

حُوَیصَلَہ ضمہ ح، ی لین، فت ص ل- امذ- خون کا سرخ ذرہ؛ تھیلی،پُھکنا-

حَویلی فت ح، ے مع- امث- بڑا، پختہ چاردیواری کا مکان؛ محلسرا-

حُوَیّن ضمہ ح، فت و، شد کس ی- امذ- حیوانی جُرثوم جو مادۂ منوِیّہ میں ہوتا ہے، حیوان کی تصغیر [لفظاً ع: حیوانِ خُورد؛ قب انگ: Animalcule]-

حَیّ فت ح، شد ی- صف- زندہ، جیتا جاگتا، قائم، ذی حیات- اسماء حسنیٰ میں شامل- صف حیی حیاتی، حیوانی، زندہ جانوں سے تعلق رکھنے والا- مرکب امث حَیّ پَیمائی حیاتیاتی مطالعے کی شماریات یا اُن کا مرتب کرنا (انگ: Biometry)-

حَے ے لین- امذ، علم- قبیلہ، خاندان؛ لیلیٰ معشوقۂ مجنوں کے قبیلے کا نام نیز حَیّی-

حَیا فت ح۔ امث۔ شرم، لحاظ، لجّا، لاج، غیرت؛ پردے کی دیوار، اوٹ، گھونگٹ۔

حَیات فت ح۔ امث۔ زندگی، جیون، جان۔ مرکب توصیفی، حیاتِ جاوید/ جاودانی ہمیشہ کی زندگی، بقائے ابدی۔ حَیاتِ شاعِرہ ذی نفس زندگی کا ہر دور جبکہ تمام افعال و اعمال جبلّی جبریت کے تابع ہوتے ہیں۔ مرکب عطفی حیات و مَمات (ومج، فت م) زندگی اور موت، جینا مرنا۔

حَیّات فت ح، شد ی۔ ج مذ۔ رک: حَیَّہ۔

حَیاتی فت ح۔ صف۔ حیات یا ذی حیات مخلوق سے متعلق۔ مرکب امث۔ حیاتی طَبیعیّات (طَ بی عی یات) اطلاقی طَبیعیّات کی وہ شاخ جو ذی حیات انواع کی کیمیائی ساخت کا مطالعہ کرتی ہے۔ (انگ: Bio-chemistry)۔

حَیاتِیّات فت ح، کس ت، شد ی۔ امث۔ انواع حیات کی خِلقت و نمو کا مطالعہ اور ضابطۂ علمی۔ علم الحیات صف۔ حَیاتِیّاتی علم الحیات سے تعلق رکھنے والا۔ حَیاتِیاتی حَمّلان وہ پروٹین جو جسم کے کیمیائی عمل پر اثر انداز ہوں، لیکن خود مُتغیّر نہ ہوں۔

حَیاتِیَت فت ح، کس ت، فت ی۔ امث۔ یہ فلسفیانہ نظریہ کہ حیات یا رُوح مادّے سے علاحدہ وجود رکھتی ہے، مادّہ اس کا مظہر ہے مگر وہ مادّے سے نہیں پیدا ہوتی؛ نیز برگساں کا یہ نظریہ کہ جوہرِ حیات مادّے کو نمو و ارتقاء کے لیے کام میں لاتا ہے لیکن مادّے سے متمیّز اپنا الگ متوازی وجود رکھتا ہے۔

حَیاتِین فت ح، ی مع۔ ج مذ۔ امث۔ غذائی جوہر جو صحت و نمو کے لیے لازم ہیں۔ شناخت کے لیے اُن کو حروف تہجّی کے نام دیے گئے ہیں؛ حیاتین اے بی سی ڈی وغیرہ یا ا ب ج د، ک وغیرہ اور ہر ایک کے جداگانہ غذائی خواص ہیں۔

حَیّاکَ اللہُ فت ح، شد ی، فت ک، ا غم، شد ل بمد۔ کلمۂ دعا اللہ تجھے زندہ سلامت رکھے۔

حِیاکَت کس ح، فت ک۔ امث۔ کپڑا بننے کا کام۔

حَیّال فت ح، شد ی۔ صف تفضیل۔ بڑا حیلہ ساز، مکّار۔ امث حَیّالَہ۔

حَیثِیّت ے لین، کس ث، شد فت ی۔ امث۔ کیفیت، حالت؛ مرتبہ، درجہ؛ مقدور، استطاعت؛ قدر، مالیّت، اعلیٰ مرتبہ؛ نقطۂ نظر؛ وضع قطع۔ حَیثیّتِ عُرفی (ضمہ ع، سک ر) عزّت، ساکھ۔ عام: حَیثِیَت۔

حَیدَہ ے لین، فت د۔ امذ۔ پھیر کا راستہ، چکّر، اتار، اُترائی۔ شاخ، مختلف سمت میں پھٹنے والا راستہ۔ ج حُیُود۔

حَیران ے لین۔ صف۔ سراسیمہ، گھبرایا؛ متعجب، ششدر؛ پریشان۔ امث حَیرانی۔

حَیرَت ے لین، فت ر۔ امث۔ تعجب، اچنبھا۔ امث حَیرَت زَدگی حیرت میں مبتلا ہونا، ہکا بکّا، بھونچکا ہونا۔ صف حَیرَت زَدَہ/ حَیرَتی متعَجب، سٹپٹایا حَیرَتناک تعجب خیز، حیران کرنے والا۔

حَیِّز فت ی، شد کس ی۔ امذ۔ پہنائی، گنجائش، سمائی۔

حَیص بَیص ے لین۔ امث۔ الجھن، مشکل صورت حال، دشواری جس سے نکلنا محال ہو؛ (عام) بحث مباحثہ، حجت، تکرار۔

حَیض ے لین، امذ۔ جوان عورت کے جسم سے ہر مہینے خارج ہونے والا خون؛ ماہواری۔ صف حائِض، حائِضَہ۔ (بطور دشنام) حَیض کا لَتّہ ذلیل آدمی۔

حَیطَہ ے لین، فت ط۔ امذ۔ گھیرا، چاردیواری، دائرہ، حد، دور، نیز حیطَہ۔

حَیف ے لین۔ فجائیہ۔ عبرت کا مقام ہے؛ آہ، وائے؛

امذ۔ مقام افسوس، افسوسناک بات؛ ظلم و ستم، تکرار تاکیدی **حَیف صَد حَیف**۔

حَیل ے لین۔ امذ۔ زور، طاقت، دباؤ مرکب **حَیل وَ حُجّت** زورا زوری، تکرار، عام؛ **حیل وَ حُجّت**۔

حِیَل کس ح، فت ی۔ ج مذ۔ بہانے، مکر کی چالیں، واحد؛ **حِیلَہ** بہانہ؛ تدبیر، ترکیب، چال؛ وسیلہ، ذریعہ۔

حِین ی مع۔ امذ۔ مدّت، عرصہ، وقت، زمانہ۔ مرکب اضا **حِینِ حَیات** عرصۂ زندگی جینے کی مدّت۔ م ف **حِیناً بَعد حِینٍ** (حی نَن بَع دَ حی نِن) وقتاً فوقتاً۔ اکثر اوقات، وقفے وقفے سے۔

حَیوان ے لین، امذ، ج مذ۔ جاندار مخلوق؛ جانور؛ غیر مہذّب، شعور و تہذیب سے عاری فرد یا لوگ۔ (حیوانیات) **حَیوانِ بَذرَہ** نباتات کا مادّۂ تولید م؛ پھول کا زیرہ (انگ: Zoo Sporeo)۔ **حَیوان زِیچَہ** توام جرثوموں کی جِلاٹینی پوشش یا جھلّی جس میں وہ تقسیم ہونے سے پہلے جُڑے ہوتے ہیں (انگ: zooglea)۔ **حَیوانِ ضاحک** ہنسنے والا جانور، مراد؛ انسان۔ **حَیوانِ مُطلَق** محض جانور، نِرا جانور (آدمی سے متمیّز کرنے کے لیے) **حیوانِ ناطِق** بامعنی بات کرنے، سوچنے والا جانور مراد؛ آدمی۔ **حَیوانِ ناہِق** رَینکنے والا جانور، مراد؛ گدھا۔ صف **حَیوانی**۔ امث **حَیوانِیات** ذی روح نامی مخلوقات کی نشوونما کا علمی مطالعہ جو **حیاتیات** کی ایک شاخ ہے۔[ع، اصلاً: حَیَوان، فت ح ی]۔

حَیوانات ے لین۔ ج مذ۔ ذی حیات مخلوق، ہمہ اقسام کے جانور۔ **حیوانات ثَدیی** اپنے بچّوں کو دودھ پلانے والے جانور۔ **حَیواناتِ رِخوَہ** بے ریڑھ ہڈی کے جانور امذ **حَیوانسَہ** نر جانور کا مادّۂ تولید، منی۔ امذ۔ **حَیوانَہ** تھن، ثدی۔

حَیوانِیات ے لین، کس ن۔ امذ۔ وہ علم جو حیوانات کی انواع اور ان کی جسمانی ساخت اور ارتقا سے بحث کرتا ہے، حیاتیات کی ایک شاخ۔

حَیوانِیّت ے لین، کس ن، شد فت ی۔ حیوانی اوصاف، بہیمانہ خصلت؛ جنگلی پن، وحشت، درندگی۔

حُیُود ضمہ ح، و مع۔ ج مذ۔ رک؛ **حَیدَہ**

حَیَوی فت ح ی۔ صف۔ حیات سے متعلق؛ زندہ یا زندگی سے تعلق رکھنے والا؛ جاندار۔

حَیَوِیّت فت ح ی، کس و، شد فت ی۔ امث۔ ذی حیات ہونا؛ زندہ رہنے کی قوت، زور، دم جان، توانائی؛ (انگ: Vitality) یہ نظریہ کہ حیات صرف مادّے کا ایک مظہر نہیں، مادّے سے ماورا علیٰحدہ ماہیّت رکھتی ہے۔ عام؛ **حَیوِیّت**۔

حَیّہ فت ح، شد فت ی۔ امذ۔ سانپ، مار، افعی۔

خ

خ خے خا، خائے معجمہ۔ اردو ترتیب تہجی کا ۱۷ واں حرف؛ حلقی مصمتہ جس کا مخرج، حائے حطّی سے ذرا آگے ہے۔ خالص ہندی اصل کے الفاظ میں نہیں ہوتا۔ حروف قمری میں سے ہے،جمل میں ۶۰۰ اعداد کا حامل۔

خاتَم فت ت۔ امث۔ انگوٹھی، مہر کا نگینہ، مہر، مہر تصدیق۔ ج **خواتِم** مرکب وصفی **خاتَمُ اَلنَّبِیّین** (خاتَ مُنْ نَ بِی یِین) حضرت محمد صلعم کا لقب جو قرآن میں مذکور ہے، مراد آخری نبی۔

خاتَم بَنْدی فت ت ب، سک ن۔ امث۔ چھت کی اندرونی سطح پر کڑیوں سلوں وغیرہ کو چھپانے یا آرائش کے لیے لکڑی کی تراشی ہوئی تختیوں سے اقلیدسی اشکال کی روکار؛ لکڑی پر ہاتھی دانت یا ہڈیوں سے پھول پتیاں کندہ کرنے کا کام؛ لکڑی کی تختیوں کو خوشنمائی سے جوڑنے کا فن۔

خاتَم سُلَیمانی فت ت، سک مج م، ضمہ س، ے لین۔ حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی جس کی بابت روایت ہے کہ اس پر اسم اعظم نقش تھا اور اس کی بنا پر تمام مخلوق ان کی تابع تھی؛ سوسن کی قسم سے ایک شاخ در شاخ سدا بہار پودا اور اس کا پھول جو سفید، کٹوری نما، خوشبودار ہوتا ہے۔ (لاط: Polygantum)۔

خاتِمَہ کس مج ت، فت م۔ امذ۔ تکمیل، انجام؛ اتمام، ہو چکنا، باقی نہ رہنا، انتقال، وفات۔ مرکب توصیفی **خاتمَہ بِالْخَیر** (بِل خَیر) خیرو خوبی کے ساتھ تکمیل یا انجام کو پہنچنا۔

خاتِن کس ت۔ امذ۔ ختنے کرنے والا جرّاح۔

خاتُون و مع۔ امث۔ معزز عورت، بی بی، بیگم۔ **خاتُونِ اَوّل** سربراہ حکومت کی بیوی **خاتُونِ جَنّت** دختر رسولؐ حضرت فاطمہ زہراؓ کا لقب۔ **خاتُونِ خانَہ** گھر کی بیوی، مالکہ؛ **خاتونِ خُم** مراد شراب۔ **خاتونِ عَرَب** مراد کعبہ، بیت اللہ۔

خاد امث۔ چیل۔

خادِم کس د۔ امذ۔ ملازم، خدمت گار؛ درگاہوں کی دیکھ بھال کرنے اور زائرین کی رہبری کرنے والا، مجاور؛ بطور انکسار اپنی نسبت بولا جائے تو وفا دار، جاں نثار مددگار کے معنی رکھتا ہے۔ امث **خادِمَہ** (کس مج د)۔

خار امذ۔ کانٹا جو بعض نباتات پر اگتا ہے، سُول؛ نکیلی، چبھنے کھٹکنے والی چیز؛ ڈنک؛ مچھلی کے جسم کے باریک استخوانی ریشے۔ حسد، جلن۔ مرکب امذ۔ **خار اَنْداز** نیز **خار پُشت** (ضمہ پ، سک ش) موش کی قسم سے کوئی تین فٹ لمبا جنگلی جانور جس کے جسم پر موٹے موٹے نکیلے استخوانی مادّے کے بنے کانٹے ہوتے ہیں، سیہہ؛ نیز کٹھل کی قسم سے ایک پھل جس کے چھلکے پر کانٹوں دار گومڑے سے ہوتے ہیں؛ ایک سمندری جانور جس کی کھال پر کانٹے ہوتے ہیں۔ (لاط: Echinodermata)۔ **خارِشُتُر** (ضمہ ش ت) ایک جنگلی پودا کوئی ایک گز اونچا جس پر بکثرت کانٹے ہوتے ہیں، پھل اخروٹ کے برابر جس میں روئی کی طرح کے ریشے بھرے ہوتے ہیں، اونٹ کٹارا (لاط: Echimpos Echinatus) **خارِ مُغِیلاں** (ضمہ م، ی مع) گوکھرو، ببول کا کانٹا۔

خارا امذ۔ ایک سخت پتھر، سیاہ، بھورا یا سفید، جسے رگڑ کر آگ سلگائی جاتی تھی۔

خارِج کس ر۔ صف۔ متعیّنہ حدود، حلقہ، گروہ یا شمار سے باہر، الگ؛ علیحدہ، بدرّ، بیروں، باہر، نامشمول؛ باہر کا، بیرونی، اُوپری؛ ظاہر، داخل کی ضد۔ مرکب وصفی **خارِج از آہَنگ** بے سُرا،

سامعہ خراشی کرنے والا۔ (منطق) **خارج الْاَوسَط** (خار جل اَوسَت) ایسا قضیہ جس میں بیچ کا راستہ نہ ہو،مثلاً کوئی شے یا تو موجود ہو گی یا لاموجود۔ **خارِج اَلْبَلَد** (بَ لَد) شہر بدر، جلا وطن۔ (ریاضی) **خارِجْ قِسمَت** وہ عدد جو کسی رقم کو کسی عدد سے تقسیم کرنے کے بعد باقی بچے م ف **خارجاً** (خارجَن) اوپری طور پر، ذہن سے باہر معروضی طور پر؛ باہر سے، ادھر اُدھر سے۔

خارجَہ کس ر، فت ج۔ صف۔ غیر ملکی امور سے تعلق رکھنے والا، بیرونی، باہر کا؛ داخلہ، داخلی کی ضد۔

خارِجی کس ر۔ صف۔ رک: **خارجَہ** امذ۔ وہ شخص یا گروہ جو حضرت علیؓ کی خلافت کو برحق نہیں سمجھتا تھا۔ امث **خارِجیّت** خارجی، مسلک؛ (ادب) شعر میں محبوب کے ظاہری حسن کا بیان، قب: داخلیت، جذبات نگاری۔ ج **خَوارج** خارجی مسلک کے پیرو۔ نیز **خارْجی**۔

خارِش کس ر۔ امث۔ کھجلی، کھاج۔ نیز **خارِشْت** (کس ر، سک ش) صف **خارِشتی/ خارِش زَدہ**۔

خارِق کس ر۔ صفہ انوکھا، غیر معمولی، نیز امذ، صف **خارِق اَلْعادَہ** (خارِ قُل عادَ) عام مشاہدے یا عام قانون قدرت کے برخلاف،کرشمہ، معجزہ، کرامات۔

خارَک فت ر۔ امذ۔ **خار** رک کی تصغیر۔ علم خلیج فارس کا ایک جزیرہ جہاں حضرت امام ابو حنیفہ کا مزار واقع ہے۔

خازِن کس ز۔ امذ۔ خزانچی، مالی معاملات کا نگراں۔ امث (نفسیات) **خازِنیّت** قوت حافظہ۔

خاسِر کس س۔ صف۔ نقصان اٹھانے والا، زیاں کار، جو خسارے میں رہے۔

خاسی صف۔ کمبخت، مردود، رانْدا ہوا؛ ج **خاسِئین** دھتکارے ہوئے لوگ [ع: خاسیٔ]

خاشاک امذ۔ خار، خس، ریزے، ٹکڑے، گھاس پھوس، کوڑا کرکٹ۔

خاشِع کس مج ش۔ صفہ عاجزی کرنے والا، مطیع، اطاعت گزار، بندگی کا دم بھرنے والا۔ ج **خاشِعین**۔

خاشی صف۔ ڈرنے والا، خدا ترس، متقی [ع: خاشٍا]۔

خاص صف۔ غیر معمولی، چُنا ہوا، اوروں سے برتر، اصلی، حقیقی؛ کسی سے منسوب کیا ہوا؛ اپنا، ذاتی؛ خصوصی؛ نیز مرکب وصفی: **خاصُ اَلْخاص** (خاصُل خاص) سب سے الگ، اعلیٰ ترین، بالکل خالص، ٹھیٹھ، امذ۔ **خاص تَراش** حجام جو خود حاضر ہو کر بال تراشے۔ **خاص دار** شاہی سائیس۔ **خاص خَیل** (ے لین) فوج کے مرکز میں چنیدہ سواروں کے دستے جسے چشم قلب بھی کہتے تھے۔

خاصا صف۔ عمدہ، اچھا؛ قابل پسند، قابل قبول، گوارا۔ مث خاصی نیز رک **خاصَہ**۔

خاصان ج مذ۔ رک: **خاص**، نیز **خاصَگان**۔ مرکب اضا **خاصانِ خُدا** پہنچے ہوئے لوگ، اولیا۔

خاصْدان سک س۔ امذ۔ پان کی گِلوریاں رکھ کر پیش کرنے کی ڈھکنے دار تھالی جس پر عموماً گنبد نما سرپوش ہوتا ہے۔

خاصْگی سک ص۔ صف۔ خصوصی، مخصوص، نجی؛ شاہی۔

خاصَہ فت ص۔ امذ۔ کھانا، خصوصاً بڑوں، امیروں بادشاہوں کے کھانے کے لیے مستعمل؛ نیز پیشی میں رہنے والا، پیش دستہ؛ کوئی چیز جو کسی کی ذات کے ساتھ مخصوص ہو م: خاصہ گھوڑا، سواری، جاگیر وغیرہ نیز **خالصَہ**۔ مرکب اضا **خاصۂ خاصان** اعلیٰ سے بھی اعلیٰ، افضل سے افضل۔

خاصّہ شد فت ص۔ امذ۔ نمایاں خصوصیت، فطری وصف؛ خو، خصلت، تاثیر، خاص خوبی یا برائی۔
خاصیّت کس ص، شد فت ی۔ امث۔ رک: خاصّہ عام خاصیّت بلا شد۔
خاضِع کس مع ض۔ صف۔ خشوع خضوع کرنے والا، اطاعت، بندگی کا دم بھرنے والا۔
خاطِب کس ط۔ صف۔ خطاب کرنے، وعظ کہنے والا؛ شادی کا خواستگار، پیغام دینے والا۔
خاطِر کس ط۔ امث۔ طبیعت، مزاج؛ نفس، ذات، دل، جی؛ مرضی منشا؛ مدارات، دلجوئی، نیز پاسِ خاطِر۔ مرکب خاطِر عاطِر پاکیزہ طبیعت۔
خاطِف کس ط۔ صف امذ۔ اُچکنے، جھپٹ کرلے جانے والا؛ جرّ ثقّیل میں لگا ہوا سامان کو اٹکا کر اٹھا لے جانے والا کانٹا، نیز صف تفضیل خطّاف (رک)۔
خاطِی صف۔ خطا، لغزش، غلطی، جرم کرنے والا۔ خطا کار، گناہگار؛ نشانہ خطا کرنے والا۔
خافِض کس ف۔ صف۔ گھٹانے، کسر کرنے والا، ڈنڈی مار۔
خافِقین کس ف، ی مع۔ ج مذ۔ چار دانگ عالم، مراد دنیا، اہل دنیا۔
خاقان امذ۔ چین اور وسط ایشیا کے قدیم بادشاہوں کا لقب۔ ج خواقین۔
خاک امث۔ مٹی، دھواں، گرد؛ دھرتی، زمین؛ راکھ بھبھوت۔ صف۔ عبث، ہیچ، لاحاصل۔ امذ۔ خاک اَنداز کوڑے کا برتن، کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ خاک ریز۔ خاک بَسَر/ بَرسَر پریشان حال، تباہ، برباد۔ خاکِ شِفا (کس مع ش) مکّے مدینے یا کربلا کی مٹی جو تبرکاً لائی جاتی ہے۔
خاکدان غنہ۔ امذ۔ وہ ظرف جس میں خاک بھری ہو، یا کوڑا ڈالا جائے، مجازاً زمین، دنیا۔
خاکروب سک ک، ومج۔ امذ۔ جھاڑو دینے والا، حلال خور۔
خاکْسار سک ک۔ صف۔ عاجز، مسکین، خود کو حقیر سمجھنے والا، منکسر المزاج امث خاکساری عاجزی، کسر نفسی، فروتنی۔
خاکِستَر کس ک، سک س، فت ت۔ امث۔ راکھ، بھوبل۔ صف خاکِستَری خاکستر یا راکھ جیسا، راکھی، فاختئی۔
خاکْسی سک ک۔ امث۔ ایک جھاڑی کے مہین خشخاش کے دانوں کے برابر چکنے سرخی مائل زرد بیج (لاط: Abrus Precatorius)۔
خاکْشُو سک ک، ومع۔ امذ۔ خاک کے ذرّوں سے سونے کے ذرّے نکالنے والا، نیاریا۔
خاکَم بَدَہن فت ک ب د۔ فقرہ۔ (لفظاً) میرے منہ میں خاک۔ گستاخی یا بدشگونی کی بات کے کہنے کے موقع پر بطور معذرت۔
خاکْنائے سک ک۔ امث۔ خشکی کا تنگ قطعہ جس کے دو طرف پانی یا سمندر ہو اور خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملائے جیسے خاکنائے پاناما۔
خاکَہ فت ک۔ امذ۔ ابتدائی نقش یا نقشہ؛ ڈَول، خطوط جو کسی شے کی ہیئت یا حدود کو ظاہرکریں۔ [اصلاً: کاغذ کو گود کر خاک بُرکنے سے نیچے کے کاغذ پر اترنے والا نقش] جَدول، کچا مُسَوَّدہ، تعارف، لفظی تصویر۔ف مر خاکَہ اُڑانا نقل اُتارنا، صورت بگاڑنا؛ مذاق اُڑانا۔ امث۔ خاکَہ نِگاری (ادب) الفاظ میں چہرہ کشی یا شخصیت کا تعارف۔
خاکی صف۔ خاک کا بنا ہوا؛ خاک کے رنگ کا مٹیالا۔ امذ، خاکی انڈا مرغی کا ایسا انڈا جو مرغ سے جفتی کے بغیر دے جس میں‌سے بچہ نہیں نکل سکتا۔
خاگ امذ۔ انڈا، بیضہ نیز خایَہ۔ خاگِینَہ (خاگی

نَ) پھینٹ کر اور مسالہ ملا کر تلا ہوا انڈا جسے قیمے کی طرح کوٹ دیا جاتا ہے۔

خال (۱) امذ۔ تِل، قدرتی سیاہ نقطہ جو جسم کے کسی حصے پر ہو؛ مصنوعی طور پر سرمے سے بنایا ہوا ویسا ہی نشان؛ جانوروں کی کھال پر سیاہ داغ یا گُل۔ **خال وَخط** چہرہ مہرہ نیز **خال وَخَد** چہرے کے نقوش، ناک نقشہ **خالِ ہِنْدُو** سیاہ تل۔

خال (۲) امذ۔ ماموں یا خالو۔ امث **خالَہ** ماں کی بہن۔

خال خال صف۔ کوئی کوئی، اکّا دکّا۔

خالِد کس ل۔ صف۔ ہمیشہ رہنے والا، امر۔ مث **خالِدَہ**۔

خالِص کس ل۔ صف۔ کھرا، بے میل، بے لوث۔ م ف **خالِصاً** (سَن) کسی لاگ لگاوٹ یا ملاوٹ کے بغیر نیز **خالِصَتہً** (خالِ سَ تن) مرکب **خالِصاً لِلّٰہ** صرف و محض خدا کی خوشنودی کے لیے۔

خالِصَہ کس مج ل، فت ص صف۔ سرکاری، بادشاہ کا یا بادشاہ سے متعلق م: اراضی خالصہ، سرکاری، بادشاہ کے صرف خاص کی زمینیں؛ سکھوں کا اختیار کردہ لقب، سکھ قوم، نیز عام **خالْصَہ** (سک ل) **دِیوان خالِصہ** شاہی مالیات کا وزیر۔

خالْصے لَگْنا سک ل، ے مج، فت ل، سک گ۔ محاورہ۔ اکارت جانا، ضائع ہونا، ضبطی میں آنا (خالصَہ = سرکاری مالیہ وصول کرنے کا محکمہ)۔

خالِف کس ل۔ صف۔ پیچھے آنے والا، مخالف۔

خالِق کس ل۔ صف۔ پیدا کرنے والا، وجود بخشنے والا؛ موجد، مخترع؛ اَسماء حسنیٰ میں شامل؛ امث **خالِقِیّت** (خالِ قی یَت)۔

خالُو و مع۔ امذ۔ خالہ کا شوہر، خال۔ امث **خالہ** ماں کی بہن۔ فقرہ **خالَہ جی کا گھر نہیں** مشکل کام ہے، آسان بات نہیں، ہنسی کھیل نہیں۔

امشہ۔ **خالَہ خیزی** نکتہ آفرینی کی کوشش عبث پر تَحقیر کا کلمہ؛ نیز **خالا خیزی**؛ امذ۔ **خالَہ کا خَلْ بَچّہ** (بطور طنز) گویا بہت قریبی عزیز۔ (جبکہ نہ ہو) [ع: خال]۔

خالی صف۔ جس میں کچھ نہ ہو، غیر مُملو؛ کھوکھلا؛ غیر آباد، سنسان؛ سادہ بے آرائش، بے نقط؛ فارغ، بے مشغلہ، بے روزگار؛ صرف، محض؛ بے مقصد، بلاوجہ؛ اسلامی جنتری کا گیارہواں مہینہ، ذی قعد۔ صف **خالِیُ الذِّہْن** (خالِ یُزْ زِہْن) فکر، مصروفیت یا مقصد سے خالی ہونے کی کیفیت میں۔ م ف **خَالی خُولی** محض، صرف، لے دے کر۔ صف **خالی ہاتھ** بیکار، مفلس۔

خالِیَہ کس ل، فت ی۔ امذ۔ آنکھ کا تل، نقطۂ چشم، (نباتیات) کسی نامی جسم میں کوئی جوف یا خلا (انگ: Vacuole)۔

خام صف۔ کچّا، ناپختہ، نارسیدہ، پکا ہوا کی ضد؛ ناقص، نامکمل، ادھورا؛ اناڑی، نو مشق؛ نافہم؛ ناصاف شدہ، م: مِسِ خام امث **خامْ خیالی** غلط سوچ، ناقص رائے، بے جا توقع؛ بھول، وہم۔ **خامْ مَواد** معلومات جو کسی تالیف کے سلسلے میں درکار ہوں۔ ا کیف مث **خامی**۔

خامِرَہ کس مج م، فت ر۔ امذ۔ ان کیمیائی اجزا میں سے کوئی جو زندہ اجسام میں پیدا ہونے اور خود حل ہوئے بغیر نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔ مثلاً ہضم میں مدد دینے والا خامرہ (انگ: enzymes)۔

خامِس کس م۔ صف عد۔ پانچواں، پنجم۔

خامُش ضمہ م۔ صف۔ رک **خاموش**۔ امشہ **خامُشی**، سنّاٹا، سکوت۔

خامْ کار سک م۔ صف۔ ناتجربہ کار، اناڑی، بےتدبیر۔ امث **خامْکاری**۔

خامِل کس م۔ صف۔ مجہول، بے عمل، گمنام۔

خاموش و مج۔ صف۔ بے آواز، ساکت، صامت؛ چُپ، چپکا؛ بے زبان؛ سنسان؛ بجھا ہوا (چراغ، آتش وغیرہ)؛ غیر فعّال (م: خاموش آتش فشاں) ا کیف مث **خاموشی** سکوت؛ ہنگامہ، شور، غوغا کی ضد؛ رازداری؛ حیض کی گدّی جو خون کو جذب کرنے کے لیے رکھی جاتی ہے؛ ایام کی گدی۔ نیز **خامُش/خامُشی**۔ **خاموشی کا مِینار** پارسیوں کی گول عمارت جس کے دریچوں میں مرنے والوں کی لاشیں، گِدھوں چیل کووّں کے کھانے کے لیے رکھ دی جاتی ہیں، دُخْمہ، مَنار خموشاں۔

خامَہ فت م۔ قلم، کِلک، لکھنے کا آلہ؛ روشِ تحریر۔ مرکب **خامَہ سائی** قلم گھسنے یعنی لکھنے کا عمل نیز **خامَہ فَرسائی** (فت ف، سک ر)۔

خامی امث۔ **خام** رک کا ا کیف۔ نقص، کسر، کچا پن، نافہمی؛ کوتاہی۔

خان (۱) امذ۔ وسط ایشیا کے سلاطین اور سرداروں کا لقب؛ اکثر پٹھان مردوں کے نام کا جزٴ؛ ایک پرانا شاہی خطاب۔ مرکب **خانِ خاناں** امیرالامراء، ایک شاہی خطاب۔

خان (۲) امذ **خانہ** رک کا مخفف م: **خان وَماں** گھر اور گھر کا اسباب۔امث **خانی** خان کا منصب، حیثیت، مزاج یا عادات۔

خانْ بالِیغ ی مج۔ امذ۔ ایک قسم کا عمدہ کاغذ جو قدیم زمانے میں کتابوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتاتھا۔ [بالیغ، بالغ کی تحریف = نفیس]۔

خانَخاہ فت ن، سک ہ۔ م ف۔ رک: **خوْاہ مَخوْاہ**۔

خانْدان سک ن۔ امذ۔ گھرانا، کنبہ، قبیلہ؛ گروہ؛ ادارہ، سلسلہٴ روایات۔ صف **خانْدانی** خاندان یا خاندانوں سے متعلق؛ اعلیٰ یا نامی خاندان کا۔ مرکب **خاندانی مَنصُوبہ بَنْدی** افزائش نسل میں کمی کی تحریک، مانعات حمل کے استعمال کی ترغیب۔

خانْساماں سک ن۔ امذ۔ قدیم امرا کا داروغہٴ محل، رکابدار؛ باورچی۔

خانِق کس ن۔ صف، امذ۔ گلا گھونٹنے والا؛ کابُوس۔

خانِقُ اْلکَلْب (خانِ قُل کَ لْ بْ) ایک زہریلی جھاڑی جس کے پتّے حسب روایت کتّے کے گلے میں خناق پیدا کر دیتے ہیں۔(لاط: Apocymumerectum)

خانِق اْلفَہد (خانِ قُل فَ ہْ دْ) خانق الکلب اور کُچلے سے ملتی ایک گھاس (لاط: Arnica Montana)

خانِق اْلنَّمر (نَ مِر) ایک زہریلا پودا، ایک بالشت اونچا، بعض لوگ اسے ما ذریوں سیاہ سے تعبیر کرتے ہیں، بعض کے نزدیک اس سے الگ ہے۔ روایتہً اس کے کھانے سے چیتا پھٹکا نہیں کھاتا اسی لیے یہ نام پڑا [ع: نَمِر چیتا]۔

خانْقاہ سک ن۔ امث۔ صوفیوں، راہبوں کا ٹھکانا یا عبادت خانہ۔ **خانْقاہِیَت** رہبا نیت، ترک دینا۔ صف **خانْقاہی** خانقاہ یا اہل روحانیت سے متعلق، مخفف **خانْقَہی**۔

خانْگی سک ن۔ صف۔ نجی، ذاتی؛ گھریلو؛ غیر رسمی، غیر سرکاری۔ رنڈی کا پیشہ کرنے والی پردہ نشین عورت، داشتہ۔ امث **خانْگِیت** (حیاتیات) جنسی زندگی، جنسی میل ملاپ۔ [ف: خانہ گی]۔

خانَم فت ن۔ امث۔ اچھے خاندان کی خواتین کا لقب بیگم کا مترادف [اصلاً، ت خانُم؛ ف: میرا خان یا میرے شوہر نامدار]۔

خانُماں ضمہ ن، غنہ۔ امذ۔ گھر اور گھر کا سامان، کُل مال و متاع۔ نیز **خان وَ ماں** (خانْ ماں) مرکب **خانُماں خراب** برباد، خستہ حال۔

خانْوادَہ سک ن، فت د۔ امذ۔ گھرانا، خاندان؛ رشد و ارادت کا سلسلہ۔

خانَہ فت ن۔ امذ۔ گھر، مکان؛ کمرہ؛ دڑبا، کابک،

گوشہ، ضلع؛ مقام، جگہ؛ زمرہ، شعبہ؛ نگینے کا گھاٹ؛ چوکور نشان جو شطرنج وغیرہ کی بساط پر بنے ہوتے ہیں۔ کوئی محدود اقلیدسی شکل؛ جوف یا خول جس میں کوئی چیز سمائے یا بیٹھے؛ بُنائی یاسلائی میں دھاگے کا پھندہ۔ فقرہ **خانہ آباد دَولَت زِیادَہ**: دعائیہ کلمہ جو عموماً خدا حافظ کہتے وقت بولا جاتا ہے۔ امث **خانَہ آبادی** شادی، کتخدائی۔ صف۔ **خانَہ بَدوش** ایک جگہ جم کر سکونت اختیار نہ کرنے والا قبیلہ، گروہ یا فرد، اُٹھاؤ چُولھا **خانَہ بَرانْداز** گھر اُجاڑنے والا امث **خانَہ پُری** جدول، فارم، وغیرہ میں خالی جگہوں پر لکھنا؛ ناقص یا عارضی بندوبست، **خانَہ جَنگی** آپس کی لڑائی **خانۂ خُدا** مسجد **خانَہ ءِ خُمّار** (خُمْ مار) شراب خانہ۔ **خانَہ زاد** گھر کا پلا ہوا، غلام، مطیع۔ **خانَہ ءِ زَنْجیر** زنجیر کی کڑی۔

خاوَر فت و۔ امذ۔ مشرق، پورب ج: **خاوَراں** (غنہ) مشرقی ممالک، اہل مشرق، نیز **خاوَرِیاں**۔

خاوِنْد کس و، سک ن۔ امذ۔ آقا، مالک، خداوند؛ شوہر۔ نیز **خاوِندگار**، نیز **خاوَند** [ف: خُداوَند، خداوَند گار کی تخفیف]۔

خائِب کس ء۔ صف۔ ناکام، نامراد۔

خائِض کس ء۔ صف۔ تحقیق و تدقیق کرنے والا۔

خائِف کس ء۔ صف۔ ڈرنے والا، خوف زدہ، مشوّش۔

خائِن کس ء۔ صف۔ خیانت کرنے والا، دھوکا دینے والا، اعتبار کھونے والا۔

خایَہ فت ی۔ امذ۔ انڈا، بیضہ؛ خصیہ، فوطہ۔ **خایَہ ءِ اِبْلیس** کرنجوے کا درخت (لاط: Arborea Dalberga)۔

خائِسَک کس مج ء، فت س۔ امذ۔ ہتھوڑا، صف **خائِسَک پَذیر** وہ دھات جو نرم ہو اور اسے کوٹ کر ورق بنائے جا سکیں۔

خَبائِث فت خ شد۔ امث۔ برائی، کپٹ، کھوٹ؛ بدی نیز امذ **خُبْث**۔

خُبّازی ضمہ خ، شد بہ امث۔ ایک نبات، نیلوفر سے مشابہ جس کے بیج دواءً مستعمل ہیں۔ پنیرک، تان کلاغ، چکر، پاپڑہ (لاط: Maloa Sylvestris)۔

خُبْث ضمہ خ، سک بہ امذ۔ رک: **خَبائِث**۔

خَبَث فت خ بہ امذ۔ زنگ، آلائش؛ مَیل، کچرا، مرکب **خَبَثُ الْحَدید** لوہے کا میل، چرک آہن۔ عام: خُبث الحَدید۔

خَبْچا فت خ، سک بہ امذ۔ ڈنڈ، بازو۔

خَبَر فت خ بہ امث۔ اطلاع، معلومات، بیان واقعہ، روایت، سنی ہوئی بات؛ علم، آگاہی؛ ہوش، پیغام پَرچہ۔ مرکب **خَبَراَتَر** اطلاع، سُن گُن (اتر تابع) قواعد؛ جملۂ اسمیہ یا خبریہ میں مبتدا یا اسم کی بابت جو کچھ کہا جائے۔ بطور صف؛ واقف آگاہ (شاذ)؛ احتیاط، نگہداشت م: **خَبَرگیری** نیز **خَبَرداری** نگہبانی، **خَبَرِ خِضَری** اُڑتی ہوئی خبر؛ اندازہ، قیاس، گمانِ قوی۔

خِبْرَت کس خ، سک ب، فت ر۔ امث۔ آگاہی، علم، تجربہ، نیز **خِبْرَہ** (خب ر)۔

خَبَرِیَہ فت خ ب، کس ر، شد فت ی۔ صف۔ (قواعد) وہ جملہ جو مقتدا اور خبر یا مسند اور مُسنَد اِلیہ سے بنا ہو، جس میں کسی (مسند الیہ) کی بابت کوئی بات (مُسنَد) کہی گئی ہو جیسے زید آیا، اسی کو جملۂ اسمیہ بھی کہتے ہیں۔

خُبْز ضمہ خ، سک بہ امث۔ روٹی۔

خَبْط فت خ، سک بہ امذ۔ خللِ ذہنی، دماغ کی خرابی۔ صف گُم، کھویا ہوا؛ ناقابل فہم م: جملے کا مفہوم خبط ہے۔ [ع: بھٹکنا، سرگرداں ہونا] صف **خَبْطی** احمق، جس پر کوئی فضول دُھن سوار ہو؛ **خَبْطُ الْحَواس** (خَب ٹُل حَ واسْ) حواس باختہ،

بَہکا ہوا، جس کے ہوش گُم ہوں۔ نیز خَبَط۔ امث خَبْطَن۔

خَبْل فت خ، سک بـ امذ۔ خبط، بدحواسی۔ (عروض) کسی رکن کے دوسرے اور چوتھے حروف کو جو ساکن ہوں گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔ م: مفعولن سے م ع لن اور پھر فعلن بنانا۔

خَبْن فت خ، سک بـ امذ۔ دامن میں چھپانا، کپڑے میں پلیٹ ڈالنا، موڑنا۔ (عروض) کسی رکن عروض میں دوسرے ساکن حرف کو گرانا بطور زحاف۔ م: فاعلن سے فعلن بنانا۔ صف مَخْبُون جس کے ہاتھ پانْو سمٹے یا ماؤف ہوں؛ وہ بحر یا رکن بحر جس میں خبن واقع ہو۔

خَبْنا فت خ، سک بـ صف۔ احمق، بہکا ہوا، چکرایا ہوا۔

خَبِیث فت خ، ی مع۔ صف۔ بد، برا، بدفطرت؛ پُر آزار، قابل نفرت۔ مث نیز صیغہ ج خَبِیثہ م: اَمراضِ خَبِیثہ، جنسی امراض، اَرواحِ خَبِیثہ بد روحیں، بھوت پریت۔ ج: خَبِیثات/ خَبائث۔

خَبِیر فت خ، ی مع۔ صف۔ جاننے والا، باخبر، واقف؛ تجربہ کار؛ خبر دینے والا؛ علم رکھنے والا اور علم عطا کرنے والا۔ اسماء حسنیٰ میں شامل۔

خَپّاٹ فت خ، شد پـ صف۔ فسادی، گڑبڑ کرنے، فتنہ انگیزی کرنے والا، کھپ مچانے والا، نیز کھپّاٹ۔

خِتام کس خ۔ امذ۔ انجام، خاتمہ؛ مہر لگانے کی لاکھ۔ امث خِتامَت مُہر لگانا نیز امذ خِتامَہ (م)۔

خِتان کس خ۔ امذ۔ ختنہ کرانا۔ صف خَتّان (فت خ، شد ت) ختنہ کرنے والا۔ امث خَتّانَہ۔

خُتْکا ضمہ خ، سک تـ امذ۔ سونٹا، ڈنڈا، مُوسَل، انگوٹھا، ٹھینگا، م ف: خُتْکے سے ٹھینگے سے، بلا سے، پروانہیں۔

خَتْلانی فت خ، سک تـ صف۔ اعلیٰ نسل کا گھوڑا، ختلان کے علاقے کا گھوڑا۔ نیز خَتْلی۔

خَتْم فت خ، سک تـ صف۔ تمام، پورا، انجام، اختتام کو پہنچا ہوا۔ امذ۔ ایک نشست میں کسی کا یا سب کا مل کر پورا قرآن پڑھنا؛ فاتحہ کی تقریب جس میں قرآن خوانی کی جائے۔ فقرہ خَتْم شُد مکمل ہوا، تکمیل کو پہنچا (عموماً کتاب کے آخر میں درج) عام خَتَم (فت خ ت) م: کھیل خَتَم پیسہ ہَضَم۔

خَتْمَہ فت خ، سک ت، فت م۔ امذ۔ وقفۂ کامل، جملے کے آخر میں لگائی جانے والی علامت۔

خَتْمی فت خ، سک تـ صف۔ انتہا پر، آخری سرے یا حد پر خَتْمی مَرتَبَت انتہائی مرتبے پر، ختمیت رسالت کے درجے پر فائز؛ رسول اللہ صلعم کا لقب۔

خَتَن فت خ، تـ امذ، ج مذ۔ (فقہ) داماد، کسی محرم عورت مثلاً بہن، خالہ کا خاوند؛ بیوی کے میکے کا عزیز۔

خُتَنْگ ضمہ خ، فت ت، غنہ۔ صف۔ (گھوڑے یا کبوتر کا) سیاہی مائل سرخ رنگ۔

خَتْنَہ فت خ، سک ت، فت ن۔ امذ۔ عضو تناسل کے حشوے پر چڑھی ہوئی فالتو کھال چھانٹ دینے کا عمل جو اہل کتاب موحّدین (مسلمانوں اور یہودیوں) کی مذہبی رسم ہے، نیز عورت کے پتنوں کی زائد کھال جو بظر کو ڈھانپتی ہے قطع کر دینا، جو بعض ممالک میں رائج ہے۔

خُتّا ضمہ خ، شد ثـ امذ۔ رک خُتْکا نیز خوتّا مجازاً: ذکر؛ فوطہ۔

خَجالَت فت خ ل۔ امثـ شرمندگی، خفت، ندامت، شرمساری نیز خَجْلَت عام: خِجالَت [ع: الخَجَل؛ خَجَلت]۔

خُجِستَہ ضمہ خ، کس ج، سک س، فت تـ صف۔

مبارک، بھاگْوان، فرخندہ، نیک، بھلا۔ مرکّب **خُجستَہ پے** جس کا قدم مبارک ہو۔ **خُجستَہ خِصال** (کس خ) نیک ، اچھی عادات والا۔ **خُجستہ طالِع** (کس مج ل) خوش نصیب [ف: نیز خُجَستہ، خَجَستہ، ژند، ہُوجَستہ]۔

خَجِل فت خ، کس ج۔ صف۔ شرمسار، نادم؛ مقابلتہً کمتر، احساس کمتری میں مبتلا۔ [ع: خَجلان]۔

خَجْلَت فت خ، سک ج، فت ل۔ امث۔ رک: **خِجالَت**۔

خَجُوط فت خ، ومع۔ امذ۔ آنکھ کے ڈھیلوں کا اُبل آنا۔

خَچا خَچ فت خ۔ نقل صوت۔ تلواروں کے چلنے کی آواز۔ امذ **خَچاکا** نیز **کَھچ کَھچ/ خَچ خَچ**۔

خَچّر فت ح، شدفت چ۔ امذ۔ گھوڑی اور گدھے کی جفتی سے پیدا ہونے والا چوپایہ جو بوجھ ڈھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ **خَچّر پاٹْری** خچّروں پر لدا ہوا توپخانہ، توپ گاڑیاں جنھیں خچّر کھینچتے تھے۔ (انگ: Mule Battery) **خَچّر پادَری** گدھوں یا خچّروں پر تبلیغی دورے کرنے والے عیسائی پادری۔ **خَچْری** (سک چ)۔

خَدّ فت ح۔ امذ۔ گال، کلّہ، رخسار، تثنیہ **خَدّین** دونوں رخسار مرکب عطفی **خَدّوخال** (شدد نیز بلاشد) چہرہ مہرہ، (۲) اُبھار ٹیلا، ہل کا ڈالا ہوا نشان۔

خُدا ضمہ خ۔ علم ، امذ۔ اللہ تعالیٰ؛ معبود؛ مالک، آقا؛ کسی فن کا سب سے بڑا امام پیشوا۔ مرکب صف **خُدا تَرْس** (سک ر) رحمدل۔ امث **خدا تَرْسی** صف **خُداداد** وہبی، قدرتی فقرہ **خدا دے اور بَنْدَہ لے** نہایت افراتفری کا عالم، شدّت کے اظہار کے لیے مستعمل م: پھر تو وہ طوفان مچا، پھر تو وہ ایسے برہم ہوئے کہ خدا دے الخ۔ **خُدا ساز** اتفاقی، من جانب اللہ۔ **خُدا کی سَنْوار**، ملامت کا کلمہ بجاے **خُدا کی مار/ پھِٹکار** - **خُدا لَگتی** سچّی کھری بات۔

خِداع کس خ۔ امذ۔ دغا، فریب، نیز **خِدْع** صف۔ **خَدّاع** (فت خ، شد د) دغا باز، فریب کار۔

خُدائِگانی ضمہ خ، کس مج ء۔ صف۔ شاہانہ، حاکمانہ، نیز **خُدائِگانَہ**۔

خُدّام ضمہ خ، شد د۔ ج مذ۔ **خادم** رک کی جمع؛ ملازمین، مجاور۔

خِدامَت کس خ، فت م۔ امث۔ رک **خدمَت**۔

خُدانی ضمہ خ۔ امث۔ مالکہ، ملکہ، آقا کی بیوی، نیز **خُدائِنی**۔

خُداوَنْد ضمہ خ، فت و، سک ن۔ امذ۔ خدا؛ مالک، آقا، حضور (بطور کلمۂ خطاب) **خُداوَندِ تَعالیٰ** اللہ بزرگ و برتر۔ نیز **خدا وَنْد گار** (سک د)۔

خُدائی ضمہ خ، صف۔ امث۔ خدا کا، خدا سے نسبت رکھنے والا، غیبی من جانب اللہ؛ حاکمی، حکومت، خدا کا منصب؛ خدا کی عملداری، کائنات، مخلوق خدا۔ **خُدائی خْوار** (خار) بطور دشنام) دُنیا بھر کا راندہ ہوا، بے ٹھکانا، آوارہ۔ **خُدائی فَوجْدار** پرائے معاملے میں دخل دینے گرفت کرنے والا۔

خُدائے ضمہ خ۔ عَلَم، امذ۔ رک **خدا**۔ مر وصفی **خُدائے ذُوْالْجَلال** بڑی بزرگی اور شان والا خدا۔

خَدَر فت خ د۔ امذ۔ اعضا کا سُن ہو جانا۔ صف **خَدِر** سُن، ماؤف، بے حس و حرکت۔

خِدْر کس خ، سک د۔ امذ۔ نقاب، پردہ، شرم گاہ۔

خَدْش فت خ، سک د۔ امث۔ رگڑ کسی عضو کا چھل جانا۔

خَدْشَہ فت خ، سک د، فت ش۔ امذ۔ کھٹکا، اندیشہ، خوف، دھڑکا؛ شبہ، شک؛ رگڑ، کھرونچ،

خراش [ع: خَدَش : رگڑ، وضعی لفظ]۔

خُدکا ضمہ خ، سک د۔ امذ۔ رک **خُتکا**۔

خَدَم فت خ د۔ ج مذ۔ **خدَم** (رک) کی جمع، نیز **خَدَم و حَشَم** (خ دَ م حَ شَم) ملازمین مصاحبین۔

خدْمَت کس خ، سک د، فت م۔ امذ۔ نوکری چاکری، کسی کے کام کاج کرنا، حکم بجالانا؛ محنت، کارگزاری ج **خدْمات** (ع: خِدَمات) م ف **خدمَت میں** حضوری میں، سامنے، حاضر۔ صف **خدمَتگار/ خدمَتی** خدمت کرنے، ٹہل کرنے والا، ملازم نیز خادِم ا کیف مث **خدمتگاری** کس خ، سک د، فت م۔ نیز **خِدمَت گُزار/ گُزاری** (ضمہ گ)۔

خدمَتی کس خ، سک د، فت م۔ صف۔ امشد۔ ملازم، نوکر؛ خدمت کا معاوضہ انعام۔

خُذ ضمہ خ۔ صیغۂ امر، لے لو، پکڑو۔ مثل **خُذْ ما صَفا دَعْ ما کَدر** (کَ دِر) دوسروں کی اچھی (اُجلی) چیز لے لو، برائی، میلی چیز چھوڑ دو۔

خُدَمَہ ضمہ خ، فت د م۔ ج مذ۔ خدام، ملازمین۔

خدْن کس خ، سک د۔ امذ، امشد دوست یار؛ داشتہ، محبوبہ۔

خَدَنْگ فت خ د، غنہ۔ امذ۔ تیر کی نوک یا چھوٹا تیر۔

خَدَنْگا فت خ د، غنہ۔ امذ۔ ایک آتشبائی جوتیر کی طرح تیزی سے ہوا میں اُڑتی ہے، نیز **خَتَنْگا**۔

خُدُود ضمہ خ، و مع۔ ج مذ۔ **خَدّ** (۲) رک کی جمع، ٹیلے اُبھار، ہل کے ڈالے ہوئے لمبے نشان یا اس سے ملتے جلتے نشان (انگ: Furrows)۔

خَدیجَہ فت خ، ی مع، فت ج۔ امشد۔ علم۔ ایک نسوانی نام [ع: خَدیج، ستوانسا بچہ]۔

خَدیعَت فت خ، ی مع، فت ع۔ امشد۔ دھوکا، فریب۔

خُدَیو ضمہ ج، ے لین،سک و۔ امذ۔ قدیم مصری حکمرانوں کا لقب، نیز **خدِیو** (کس خ، ی مع)۔

خَدیر فت خ، ی مع۔ امذ۔ حسن، جمال صف: **خَدیوَر** حَسین، نیز خَدِیوَ۔

خَذَف فت خ ذ۔ امشد۔ ٹھیکری، کنکر، کھجور کی گٹھلی جو پھینک کر ماری جائے۔ [ع: خَذف پھینک کر مارنا]۔

خذْلان کس خ، سک ذ۔ امشد مایوسی، بدبختی۔

خَر فت خ۔ امذ - گدھا، حمار۔ (مجازاً) بے وقوف، ضدّی، بطور سابقہ، بڑائی کو ظاہر کرنے کے لیے م: **خَرْگاہ**، **خَرسَنگ** بڑا خیمہ **خر بے دُم** پھبتی؛ نہایت بےوقوف۔ **خَرْ تَنْبُور** (تَم بُور) لکڑی کی کھڑی پٹی جو ساز پر تاروں کو تنا رکھنے کے لیے لگائی جاتی ہے، گھوڑی نیز **خَرْ چوب**۔

خَرْدِماغ (سک ر، کس د) مغرور، بدمزاج، امذ۔

خَرْکار گدھوں کا گلّہ بان، مٹی ڈھونے کا ٹھیکیدار۔ صف **خَرمَسْت** (سک ر) مدہوش، بےقابو، **خَرِنامُشَخَّص** (مُ شَخْ خَس) گھٹیا، ادنیٰ ، مجہول الاسم آدمی۔ **خَرکَرہ** گدھے کا بچّہ امث **خَری** گدھا پن۔

خُر ضمہ خ۔ خورشید رک کا مخفف۔ نیز **خُوْر** (خُر)۔

خَراب فت خ۔ صف۔ ویران، غیر آباد؛ برے حال میں، شکستہ، نادرست، بُرا، قبیح؛ بدمست؛ سڑا، گلا ہوا؛ ناپاک، پلید، گندہ؛ ناقص، اچھا، خوب کی ضد۔

خَراب آباد ویرانہ، اُجڑی بستی، نیز **خَرابَہ** اکیف مث **خَرابی**۔

خَرابات فت خ۔ امذ،امشد شراب خانہ۔

خَرابَہ فت خ بہ۔ امذ۔ ویرانہ، خراب آباد۔

خَرابی فت خ۔ امشد بگاڑ، بربادی؛ نقص، عیب، برائی، نیز رک **خَراب**۔

خَرّاٹا فت خ، شد ر۔ امذ۔ سوتے میں حلق سے نکلنے والی آواز۔

خِراج کس خ۔ امذ۔ زمین کی ملکیت کا حق جو کاشتکاروں سے وصول کیا جائے، لگان، کر ، باج جو بالادست حکمراں چھوٹے راجاؤں نوابوں سے وصول کرے؛ مالگزاری جو سرکار میں داخل کی جائے؛ اظہار عقیدت یا اعتراف جو کسی کی خوبی پر کیا جائے،م؛ **خَراجِ تحسِین، خِراجِ عَقِیدَت** داد، اظہار نیاز مندی۔

خَرّاچ فت خ، شد ر۔ صف۔ فضول خرچ، بے جا اِسراف کرنے، لٹانے والا۔ [اردو کا تصرف، صیغۂ تفضیل، بروزنِ نقّال]۔

خَراد فت خ۔ امذ۔ لکڑی یا دھات کو چھیل کر ہموار کرنے یا اس پر مطلوبہ نشان کھودنے کا آلہ یا مشین۔ صف **خَرّاد** خراد پر چڑھانے والا کاریگر۔ نیز **کَھراد، کَھرادی۔** ف م **خَرادنا/ کَھرادنا۔** نیز **خَراط/ خراطی۔**

خراس فت خ۔ امث۔ چکّی، چکّر، کوئی گھومنے والی کل [ف: خر + آس = چکی]۔

خَراش فت خ۔ امث۔ رگڑ، کھال پرگھسنےیا نوکدار چیز سے مَس ہونے کا نشان، نُہٹا، کھروَچا؛ چبھن، خلِش صف مذ مث **خَراش آوَر** ناک یا گلے میں چھلنے کا احساس پیدا کرنے والی (بُو یا شے)، جھلّا، چرپرا۔ ف م **خَراشنا۔**

خَراطین فت خ، ی مع۔ امذ۔ کیچوا۔

خُرافات ضمہ خ۔ امث۔ بکواس، لغو، باتیں، بےہودہ گفتگو یا بیان؛ دیوی دیوتاؤں کے عجیب قصّے۔نیز **خُرافِیات** دیو مالا، اصنامیات [ع: خرافہ نامی شخص سے منسوب نامعقول قصّے] صف **خُرافی۔**

خُرافَت ضمہ خ، فت ف۔ امث۔ ضعیف الاعتقادی، خبط۔

خِرام کس خ۔ امذ۔ اٹھلاتی چال، نرم رفتاری، ٹہلنا۔ صف **خراماں۔**

خُرّانٹ ضمہ خ، شد ر، غنہ۔ صف۔ گھاگھ، جہاندیدہ، کائیاں، پیرسالُوس۔

خِرَب کس خ، فت ر۔ ج مذ، امذ۔ ویرانے، خرابے، خرابہؔ کی جمع۔ (۲)(عروض)کسی بحرمیں خرم و کف کا اجتماع۔

خَربُزَہ فت خ، سک ر، ضمہ ب، فت ز۔ رک؛ **خَربُوزَہ۔**

خَربَق فت خ، سک ر، فت ب۔ امث۔ بیخ ختمی سے مشابہ ایک چھوٹے پودے کی جڑ جس کے پتّے بارتنگ سے مشابہ ہوتے ہیں اور پھول سرخ یا سفید۔ اِس کی متعدد قسمیں بتائی جاتی ہیں؛ **خَربَق اَبیَض/ سُفَید۔** کبر سے ملتی ہوئی، پتے چوڑے (لاط: Veraturum album) **خَربَق اَسْوَد** اس کی جڑ پیچ دار ہوتی ہے اور اس پر آڑے نشان ہوتے ہیں؛ رنگت باہر سے سیاہ اندر سے سفید (لاط: Helleborus niger) **خَربَق سَبز** (لاط: Helleborus Viridis) وغیرہ۔

خَربُوزَہ فت خ، سک ر، و مع، فت ز۔ امذ۔ گول یا بیضوی شکل کا ایک شیریں پھل جس کے اوپر کسی قدر کھردرا کھپرا اور اندر نرم گودا ہوتا ہے، ریتیلی زمین میں پیدا ہوتا ہے۔ (لاط: Cucumus Mellow) مثل **خَربُوزہ چُھری پر گرے یا چُھری خَربُوزے پر** اس موقع پو بولتے ہیں جب دو میں سے کسی بھی جانب سے حرکت کا نتیجہ ایک ہو۔ **خَربُوزے کو دیکھ کر خَربُوزہ رَنگ پکڑتا ہے** صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ امث **خَربُوزِیا** ایک طرح کی پتنگ جس پر خربوزے کی طرح کی پھانکیں یا دھاریاں بنی ہوتی ہیں۔ نیز **خَرپُزَہ** (ضمہ پ، فت ز)۔

خَرَج فت خ ر۔ صف۔ چتکبرا، دورنگا، سیاہ وسفید۔
خَرْج فت خ، سک ر۔ امذ۔ دور کرنا، باہر نکالنا؛ توسیع، استنباط، نیز رک خَرْچ۔
خَرْجال فت خ، سک ر۔ امذ۔ ایک نیلگوں آبی پرندہ، تغدری نیز خَرچال۔
خَرْجَہ فت خ، سک ر۔ امذ۔ اخراجات، خرچہ، صرفہ، دخْلہ کی ضد۔
خُرجی ضمہ خ، سک ر۔ امث۔ گھوڑے ٹٹو وغیرہ کے پہلو میں لٹکایا ہوا سامان کا تھیلا۔ [ع: خَرْج]۔
خَرْچ فت خ، سک ر۔ امذ۔ صرفہ، صرف شدہ مقدار یا رقم؛ گزارے کے لیے درکار رقم؛ تصرف، کام میں لانا، استعمال کرنا۔ ف م خَرَچْنا (فت خ د) صف خَرچِیلا، خَرّاچ۔
خَرچَنگ فت خ، سک ر، فت چ، غنہ۔ امذ۔ کیکڑا، سرطان۔
خَرْخَرَہ فت خ، سک ر، فت خ، ر۔ امذ۔ گھوڑے کے جسم کو رگڑ کر گرد چھٹانے کا آلہ، کَھریرا۔
خَرْخَری فت خ، سک ر۔ امث۔ پرندوں، مرغیوں وغیرہ کی سانس کی نالی کا ایک مرض۔
خَرْخَشَہ فت خ، سک ر، فت ش۔ امذ۔ فکر، تردد، پریشانی، الجھن۔
خِرَد کس خ، فت ر۔ امث۔ دانائی، عقل، سمجھ۔ صف خِرَد مَنْد (فت م، سک ن) دانا، دانشور۔
خُرد ضمہ خ، سک ر۔ صف۔ چھوٹا، کوچک، کم عمر۔ نیز خُوْرد (خُرد) رک۔
خُرداد ضمہ خ، سک د۔ امذ۔ ایرانی شمسی سال کا تیسرا مہینہ، امرداد سے پہلا، اساڑھ کے لگ بھگ۔
خُرْدَک ضمہ خ، سک ر، فت ر۔ صف۔ بہت ہی چھوٹا، حقیر (کیڑا، جرثومہ وغیرہ)۔
خَردَل فت خ، سک ر، فت د۔ امث۔ رائی نیز خَرْدَلہ (لاط: Serapis Alba/Juncea)۔

خُرْدَہ ضمہ خ، سک ر، فت د۔ امذ۔ ریزگاری، ریزہ، ذرہ، چھوٹا ٹکڑا۔ نیز خُوْرَدہ صف خُردَہ فَرَوش (خُر دَ فَ رَوش) چھوٹا دوکاندار خُوْردَہ بِیں (ی مع، غنہ) باریک بیں، تیز نظر، نکتہ چیں۔ امث خُردَہ کاری باریک کام، ریزہ کاری، صف خُردَہ گِیر معمولی باتوں کی پکڑ کرنے والا۔ عیب جو، امذ خُردَۂ مِینا تلچھٹ۔
خَرْز فت خ، سک ر۔ امذ۔ چھیدنا، خَرّاز موچی، جوتے گانٹھنے والا کاریگر۔
خَرْزَہرَہ فت خ، سک ر، فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ کینر کا پُھول، گل کافری، سم الحمار (لاط: Cascaria Ovata)۔
خَرْزِین فت خ، سک ر، ی مع۔ امث۔ زین ٹانکنے کی کھونٹی، نیز بڑی زین۔
خِرس کس خ، سک ر۔ امذ۔ ریچھ، بھالو۔ امث خِرْس بازی اُچھل کود۔ تصغیر خِرْسک ریچھ کا بچہ۔ خِرسِ قُطبی سائبیریا کا ریچھ (انگ: Polar Ban)۔ صف خِرسِیَہ ریچھ کی نسل کے جانور۔
خُرْسَنْد ضمہ خ، سک ر، فت س، سک ن۔ صف۔ خوش، بشاش، شاداں، فرحاں امث خُرسَندی شادمانی، مسرت۔ نیز خُوْرسَند/ خُوْرسَندی۔
خَرسَنگ فت خ، سک ر، فت س، غنہ۔ امذ۔ روڑا، سنگریزہ۔
خُرْشید ضمہ خ، سک ر، ی مع۔ امذ۔ رک خُوْرشید۔
خُرْطُوم ضمہ خ، سک ر، و مع۔ امذ۔ ہاتھی کی سونڈ یا اس سے ملتی کوئی شے م: گھریلو مکّھی کا سر۔ ج خَراطِیم (فت خ، ی مع) اہرام، مخروطی شے، خَراطِیم مصری اہرام مصر۔ صف خُرطُومِیَہ سونڈ والے حیوانات۔

خَرِف فت خ، سک ر۔ صف۔ بدحواس، سٹھیایا ہوا۔
خُرْفَہ ضمہ خ، سک ر، فت فہ امذ۔ ایک ساگ جس کے پتّے بیضوی، کسی قدر لیسدار ہوتے ہیں نیز چاشنی دار، اس کی چھوٹی قسم کو لونیہ کہتے ہیں (لاط: Portolaca Oleracia)۔
خَرْق فت خ، سک ر۔ امذ۔ پھاڑنا، چیرنا؛ اجنبی راستے سے گزرنا۔ مرکب خَرقِ عادَت رک: خارِق۔ مرعطفی خَرق وَ اِلتِیام (خرقو، الْ تِ یام) پَھٹنا،چھٹنا اور پھر مل جانا، جدا ہو کر آ ملنا۔ امث خَرقِیّت اعجاز، کرامات۔
خِرقَہ کس خ، سک ر، فت ق۔ امذ۔ گدڑی، فقیرانہ لبادہ جو پیرکی طرف سے مرید کو اپنا خلیفہ مقرر کرنے پر یا مریدی کی سند کے طور پر عطا کیا جائے، نیز خِرقَۃُالاِرادَہ/ خِرقَہ ٔ اِرادَت۔ امذ خِرقَہ بَنْد۔ ایک پھولے پھولے جسم کا کبوتر۔
خَرگوش فت خ، سک ر، و مج۔ امذ۔ بڑے کانوں والا، بلّی کے برابر، سبزی خور، قلانچیں مارنے والاجانور۔
خَرگِیں فت خ، سک ر، ی مع، غنہ۔ امذ۔ تھیلا، زنبیل۔
خَزْم فت خ، سک ر۔ امذ۔ اونٹ کی ناک میں نکیل ڈالنا۔ (عروض) بحر کے رکن اول کے وتد مجموع میں سے پہلا حرف گرا دینا؛ جو ایک مسلّمہ زحاف ہے م: مفاعیلن سے فاعیلن بنانا جسے مفعولن سے بدل دیا جاتا ہے۔
خُرَّم ضمہ خ، شد فت ر۔ صف۔ شاد، خورسند۔
خُرْما ضمہ خ، سک ر۔ امثد کھجور؛ چھوارا صف خُرْمائی کبوتر کے رنگوں کی ایک پہچان، خرما کے رنگ سے ملتا ہوا، کھجوری۔
خَرمَجی فت خ ر، سک م۔ امذ۔ دمامے کی مخصوص ٹکوریں۔

خِرمَن کس خ، سک ر، فت م۔ امذ۔ غلّے کی کٹی ہوئی فصل کا ڈھیر۔ نیز خَرمَن (فت خ)۔
خَرمُوش فت خ، سک ر، ومع۔ امذ۔ گھونس۔
خَرمُہرہ فت خ، ضمہ مج م، سک ہ، فت ر۔ بڑی سیپ یا گھونگا، شنکھ۔
خُرَّمی ضمہ خ، شد فت ر۔ امثد شادمانی، بہجت، مسرت۔ امذ۔ خُرَّمِیّہ دوسری صدی ہجری کا ایک فرقہ جو ختم نبوت کا منکر اور تمام مذاہب کی یکسانیت کا قائل تھا۔
خَرْنُوب فت خ، سک ر، و مع۔ امذ۔ ایک پودا جس میں بالشت بھر لمبی بیجوں والی پھلیاں لگتی ہیں، عموماً مویشیوں کے چارے کے لیے مستعمل (انگ: Carol، لاط: Seratonia Sirliqua)۔
خَرْوار فت خ، سک ر۔ امذ۔ ایک گدھے کا بوجھ، بارخر؛ انْبار، ڈھیر، خِرمَن۔
خَرُویَہ فت خ، و مع، فت یہ امذ۔ ایک ہی خاندان یا قبیلے کی بستی۔
خُرُوج ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ باہر نکلنا، ظہور؛ روشنی کا منعکس ہونا؛ ہجرت؛ لشکر کشی، چڑھائی، بغاوت، سرکشی۔ (عروض) حروف روی کے بعد آنے والا، حرف وصل کے بعد دوسرا حرف جیسے ترانہ، فسانہ میں ہائے مختفی (ہ) خُروج پَیما کسی نقشے یا خاکے میں گھٹتی بڑھتی مقدار کوواضح کرنے والا خط (انگ: Parametre ; Projection)
خُرُوجِیَت (طبیعیات) انعکاس نُور، چمک، کسی سطح پر سے روشنی کی لہروں کا اٹھنا، نکلنا۔
خَرُود فت خ، ومع۔ صف مث۔ باکرہ لڑکی، کنواری؛ حیادار نیز خَرُودَہ۔
خَرُوس فت خ، و مع۔ امذ۔ گھریلو مُرغا۔
خُرُوسَہ ضمہ خ، و مج، فت س۔ امذ۔ حشوے یا بَظر کے اوپر کی زائد کھال جو ختنہ میں کاٹ دی

جاتی ہے۔

خَرَوش فت خ، و مج۔ امذ۔ شور، زور کی آواز، کِلکاری؛ نالہ، فغاں۔ نیز اصلاً **خُرُوش** صف **خَرَوشاں** شور اٹھاتا ہوا۔

خِرْوَع کس خ، سک ر،فت و۔ امذ۔ ارنڈ کی جڑ۔

خَرَّہ فت خ، شد فت ر۔ امذ۔ نزع کے وقت حلق میں گھنگرو بولنے کی آواز۔

خَرِیبَہ فت خ، ی مع، فت ب۔ امذ۔ رک **خَرابَہ**۔

خَرِیج فت خ، ی مع۔ امث۔ ریزے، ٹکڑے؛ ریزگاری، خوردہ۔

خَرِید فت خ، ی مع۔ امث۔ معاوضے پر حاصل کرنا، مول لینا؛ (۲) نیز رک **خَرُود، خَرْوَدَہ** [ع] مرکب عطفی **خَرِید وَ فَروَخت** بیوپار، بیع و شریٰ صف **خَرِیدار** مول لینے والا، طلبگار، خواہاں۔ ف م **خَرِیدْنا** مول لینا، دام دے کر حاصل کرنا۔ صف **خَرِیدَہ** مول لیا ہوا۔

خَرِیر فت خ، ی مع۔ امث۔ نقل صوت۔ آواز کی ہلکی لہر، سرسراہٹ، کسی نرم سیر سیال کے بہنے کی آواز۔ (انگ: Trill)۔

خَرِیش فت خ، ی مع۔ امث۔ رک: **خَرَوش**۔

خَرِیطَہ فت خ، ی مع، فت ط۔ امذ۔ تھیلی، بٹوا، مراسلہ لپیٹ کر بھیجنے کا سلا ہوا لفافہ نما کپڑا یا دستاویزات رکھنے کا جُزدان؛ سینے پرونے کا سامان رکھنے کی تھیلی، تلے دانی؛ نقشہ، خاکہ، جدوَل۔ **خَرِیطَہ نَوِیس** نقشہ تیار کرنے والا، نقشہ نویس۔

خَرِیع فت خ، ی مع۔ صفہ۔ نازک بدن، نرم، لچک دار؛ کامنی۔

خَرِیف فت خ، ی مع۔ امث۔ اساڑھ اور کاتک کے درمیاں بوئی جانے والی فصل؛ ساونی جو خزاں میں پکتی ہے۔

خَرِیفی فت خ، ی مع۔ امث۔ کویل، سیاہ پرندہ جو برسات میں کُوکتا سُنائی دیتا ہے۔

خَزْ فت خ۔ امذ۔ ایک جانور جس کی نرم کھال یا سمور بہت قیمتی شمار ہوتا ہے؛ نیز ریشم۔ صف **خَزّاز** ریشمی کپڑوں کا سوداگر۔

خَزاں فت خ،غنہ۔ امث۔ پت جھڑ کا موسم؛ (مجازاً) انحطاط، زوال۔ نیز **خِزاں** (کس خ)۔

خَزانَہ فت خ ن۔ امذ۔ دولت کا انبار، مال و متاع؛ نقدی سونا چاندی کی حافظت سے رکھنے کی جگہ؛ سرکاری محکمہ یا مقام جہاں مالگزاری اورسرکاری محصولات جمع کرائے جائیں؛ پانی ذخیرہ کرنے کا پختہ تالاب؛ دفینہ، گڑا ہوا مال۔ مرکب **خَزانَۂ اَوراق** دستاویزات اور اہم کاغذات محفوظ رکھنے کا دفتر۔ (انگ: Archives) **خزانہ ٔ عامِرہ** (کس مج م، فت ر) بھرپور خزانہ، مراد عموماً سرکاری خزانہ۔ ج: **خَزائِن**۔

خَزْعِیل فت خ، سک ز، ی مع۔ امث۔ خرافات، لایعنی باتیں۔

خَزَف فت خ ز۔ امث۔ مٹی کے برتن، مٹی کا ٹھیکرا، ٹھیکری۔ نیز **خَزَف رِیزہ**۔

خَزْل فت خ، سک ز۔ امذ (لفظاً) کاٹنا،قطع کرنا (عروض) دو زحافوں کا عمل؛ زحاف اِضمار کے مطابق متفاعلن سے ت کو ساکن کیا اور طے کی رو سے چوتھا حرف ساکن (ا) حذف کر دیا تو مُت فَع لُن رہا جسے مفتعلن سے بدل دیتے ہیں۔ نیز **جَزْل** فت ج۔

خَزْنَہ فت خ، سک ز، فت ن۔ امذ۔ بندوق وغیرہ کا میگزین۔

خَزَنْد فت خ ز، سک ن۔ اسم جنس۔ حشرات الارض، رینگنے والے کیڑے۔

خِزْی کس خ۔ امث۔ رُسوائی، ذلّت۔

خَزِیر فت خ، ی مع۔ امث۔ بھوبل، گرم راکھ۔

خَزِینَہ فت خ، ی مع، فت ن۔ امذ۔ رک **خَزانہ**۔

خَس فت خ۔ امذ۔ سوکھے تنکے یا تنکا، بُھس، کوڑا؛ ایک پودے کی جڑ جس سے بھیگنے پر بھینی مہک اٹھتی ہے۔ گرمیوں میں اس کی ٹٹیاں اور پردے دروازوں، کھڑکیوں پر لٹکائے جاتے ہیں اور انہیں تھوڑی تھوڑی دیر بعد تر کیا جاتا رہتا ہے۔ گانڈر، دوب۔ (لاط: Andrpogan Muricatus) صف خَس بَدنداں عاجز، مجبور، کنایہ اس رسم کی طرف کہ اظہار ندامت کے لیے منہ میں تنکے دبا کر کسی کے سامنے جاتے تھے۔ خَس پوش چھپر سے چھایا ہوا۔ مَثَل خَس کم جہاں پاک کسی ناپسندیدہ شخص کے دفع ہونے پر حقارت سے بولا جاتا ہے۔ مر عطفی خس و خاشاک کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس۔

خَس فت خ۔ امذ۔کاہو، سلاد، خَسّ الْحِمار (خس سُل حِ مار) ایک گھنی شاخوں کی پھول دار بوٹی جس سے رنگ بھی بنایا جاتا ہے۔ (لاط: Boglossum ficinale)۔

خَسارَہ فت خ ر۔ امذ۔ نقصان، کمی، کسَر، گھاٹا۔ نیز خَسارت، خَسَر خُسراں ج خَسائِر نقصانات۔ عام: خِسارَہ (کس خ)۔

خَساسَت فت خ س۔ امث۔ بخیلی، کنجوسی۔

خَسّت صف خَسِیس کنجوس، کمینہ، منحوس۔

خَساندَہ فت خ، امغ، فت د۔ صف۔ کوٹا، پسا، دلا ہوا۔

خَستَہ فت خ، سک س، فت ت۔ صف۔ زخمی، مجروح؛ بوسیدہ؛ تھکا ہارا؛ بُھربُھرا، چور چور ہو جانے والا۔ ا کیف مث خَستَگی (۲) امذ۔ میوے کی گری، آم کی گٹھلی میں سے نکلنے والی سفید گری یا بِجلی۔

خَشخَسا فت خ، سک س، فت خ۔ امذ۔ سوجی سے بنائی جانے والی ایک خستہ مٹھائی۔

خُسَر ضمہ خ، فت س۔ امذ۔ بیوی یا شوہر کا باپ، خُسَر پُور سالا یا دیور جیٹھ، برادر نسبتی۔

خُسْراں فت خ، سک س۔ امذ۔ رک خَسارہ۔

خُسرَو ضمہ خ، سک س، و لین۔ علم ، امذ۔ ایران کے ایک کَیانی بادشاہ کا نام، نیز کَے خُسرَو؛ بادشاہ فرمانروا۔ صف۔ نیز۔ امث خُسْروی خسرو سے منسوب؛ بادشاہی، بادشاہت؛ نیز صف خُسرَوانہ (خُسْ رَ وان) امث۔ خُسْرَوَدارُو۔ خولنجان (لاط: Alpina Galanga)۔

خَسْرہ (۱) فت خ،سک س، فت ر۔ امث۔ بچوں کو ہو جانے والی ایک متعدّی بیماری جس میں بخارکے ساتھ جسم پر سرخی اور سینے پر مہین دانے ابھر آتے ہیں۔ موتی جَھرا۔

خَسْرہ (۲) فت خ، سک س۔ امث۔ موٹی پتی کی گھاس جو گارے میں ملا کر تعمیرمیں استعمال ہوتی ہے۔

خَسْرہ (۳) فت خ، سک س۔ امذ۔ رجسٹر یادداشت؛ محکمۂ مال کا رجسٹر داخل خارج جس میں تمام زمینوں کی تفصیل اور ملکیت وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے۔ خَسرَۂ گِرداوَری وہ کتاب جس میں گانؤ کی فصلوں کی بابت اعداد و شمار درج ہوں۔

خَسْف فت خ، سک س۔ امث۔ زمین میں دھنسنا؛ غائب ہونا، ڈوبنا، چاند گہن۔ نیز خُسُوف۔

خَسَک فت خ س۔ امذ۔ گوکھرُو، ایک بیل کا کانٹوں دار پھل جس میں چھ نوکیں ہوتی ہیں۔ (لاط: Tribulus Terrestris) گوکھرُوں کی شکل کے لوہے کے کانٹے جو جنگ میں دشمن کے راستے میں بچھائے جاتے ہیں۔

خِسک کس خ، سک س۔ امذ۔ نقلی زعفران، عُصفر

(لاط: Carthamus Tinctorius)۔

خُسُوف ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ چاند گرہن۔ (مجازاً) آزمائش کا وقت؛ اردب میں آنا، پردے میں چُھپ جانا۔ نیز رک **خَسف**۔

خَسی فت خ۔ امث۔ انگیا کی کٹوریوں اور آستینوں کا جوڑ۔

خَسّی فت خ، شد س۔ صف رک: **خَصّی**۔

خَسِیس فت خ، ی مع۔ صف۔ رک **خَساسَت**۔

خَش فت خ۔ رک: خوش دامَن۔ نیز خُش، خوش۔

خشاش کس خ۔ ج مذ۔ کیڑے مکوڑے، مٹی میں رینگنے والے **حشرات**۔

خَشَب فت خ ش۔ امث۔ لکڑی، صف۔ **خَشاب** لکڑ ہارا۔ امث۔ **خَشّابیات** لکڑی کاٹنے اور لٹھوں کی چرائی کا کام۔ **خَشَب الحَیّہ** (خش بُل حَی یَ) ناگدون (لاط: Artimisia Vulgarisyn) **خشب الاَنبیاء** (خش بُل ام بِ یا) ایک درخت کی لکڑی جس میں نیلے اور اودے پھول لگتے ہیں اور پھلیاں اس کا گوند گٹھیا کے علاج کے لیے مفید خیال کیا جاتا ہے۔ (انگ: Guaicum Wood، لاط lignum vitae)۔

خَشَبَہ (ب) نباتیات لکڑی کا ریشہ یا اصل نباتی مادّہ جس سے لکڑی بنتی ہے۔

خِشت کیں خ، سک ش۔ امث۔ اینٹ صف **خشتِ اَوّل** بنیاد کا پتھر؛ ابتدا، تاسیس۔ امث **خَشتَ پُزی** بھٹے میں اینٹیں پکانے کا کام۔ **خِشتِ خُم** شراب کے مٹکے کا ڈھکنا یا اس پر رکھا جانے والا پتھر۔ نیز **خِشتِ سَرِخُم**۔

خشتک کس خ، سک ش، فت ت، امث۔ چھوٹی اینٹ؛ انگرکھے کے دامن یا پاجامے کی میانی میں سما جانے والا چوکور کپڑا، چوبَغلہ، رومالی؛ نیز پاجامہ۔

خَشخاش فت خ، سک ش۔ امث۔ افیون کے ڈوڈے یا پوست سے نکلنے والے باریک سفید بیج، کُوکنار کے بیج، غذا اور دوا میں مستعمل (لاط: Papaver Somniferum) صف **خَشخاشی** خشخاش کے پھول کے رنگ کا، اُودے رنگ سے ملتا ہوا؛ جڑ کے قریب سے کترے ہوئے سر یا ڈاڑھی کے بال **خشخاش زَبَدی** رک: **بابلس**۔

خُشک ضمہ ج، سک ش۔ صف۔ سوکھا، بے نم، تر کی ضد؛ بے حلاوت، بے مزا روکھا، رُوکھی، بغیر گھی یا سالن کے (روٹی وغیرہ)؛ تفریحات سے کنارہ کش، م زاہدِ خشک؛ بے فیض، غیر متواضع، کنٹک؛ کھانے کے بغیر نری تنخواہ؛ بے بارش کا موسم، آب و ہوا یا خطہ وغیرہ۔ **خُشک بَرف** ٹھوس شکل میں تیار کی ہوئی کاربن ڈائی آکسائڈ جو مصنوعی بارش برسانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ **خُشک ساز** روغن یا گیلے بالوں کو جلد سکھانے والی کل یا کیمائی محلول۔ **خُشک سالی** بارش کا نہ ہونا جس سے قحط پڑ جائے۔ **خُشک شُوئی** کپڑوں کو پانی میں دھوئے بغیر کیمیائی عمل سے صاف کرنا۔ **خُشک گودی** سمندر کے کنارے وہ جگہ جہاں جہاز مرمت کے لیے آئیں یا جہاز سازی کی جائے۔

خُشکابَہ ضمہ خ، سک ش، فت ب۔ صف۔ وہ زمین یا علاقہ جہاں پانی دستیاب نہ ہو۔

خُشکَہ ضمہ خ، سک ش۔ امذ۔ بغیر گھی یا مسالے کے اُبلے ہوئے چاول۔ امث **خُشکَہ پَن** رکھائی اکل کھرا پن۔ فقرہ **خُشکَہ کھاؤ پَنیر کے ساتھ** یہاں سے ٹلو، لمبے بنو۔

خُشکی ضمہ خ، سک ش۔ امث۔ سطح زمین کا وہ حصہ جہاں سمندر نہیں؛ سُوکھا آٹا جسے روٹی کا پیڑا بناتے وقت ملا جاتا ہے؛ جلد میں چکنائی کی کمی یا اس سے پیدا ہونے والی سر کی بُھوسی؛ لواثہ (رک)۔

خُش گاؤ ضمہ خ، سک ش، ومج۔ امذ۔ لمبے گھنے بالوں والا تبتّی بیل، یَغ، خوش گاؤ (تبتی گیاک، انگ:

(Yak)۔

خَشْم فت خ، سک ش۔ امذ۔ ناک سڑنے کا مرض جس سے سونگھنے کی حس بھی متاثر ہوتی ہے۔ نیز رک خِشْم۔

خِشم کس خ، سک ش۔ امذ۔ غصّہ، تند مزاجی۔ صف خِشْمگیں، خشمناک۔

خَشّن فت خ، کس ش۔ امذ۔ ایک طرح کی گھاس یا نباتی ریشے جن سے موٹے جھوٹے کپڑے، جھولیاں وغیرہ بُنی جاتی ہیں۔ صف۔ سخت، کرخت لہجہ، زبان۔

خُشُوْع ضمہ خ، ومع، ع ملفوظ۔ امذ۔ عاجزی، نیاز مندی۔ مرکب عطفی خُشُوع وَ خُضُوع نہایت ادب اور احترام کے جذبات یا انداز۔

خُشُونَت ضمہ خ، و مع۔فت ن۔ امث۔ کھردرا پَن، کھُرّا پن، درشتی، تَقَشُّف، ناملائمی، اُجڈ پن؛ غصہ،بدمزاجی، کڑوے تیور۔

خِصال کس ج۔ ج مث۔ رک: خَصلت جس کی یہ جمع ہے۔

خِصام کس خ۔ امذ۔ عداوت، لڑائی جھگڑا۔

خَصائص فت خ، کس ء۔ ج مذ۔ رک خاصیت۔ مرکب اضا خَصائصِ اَرْبَعَہ (فت ا ب ع) چار اخلاط جن میں توازن قائم رہنا صحت جسمانی کے لیے ضروری ہے۔

خَصائل فت خ، سک ع۔ رک خِصال جو فصیح اور صحیح ہے۔

خَصْر فت خ، سک ص۔ امث۔ کمر، میان۔ ج خُصُور۔

خَصِرَت فت خ، کس ص، فت ر۔ امث۔ سردی کی شدّت سے ہاتھ پانْووں میں سوجن اور جلد کا تڑقنا۔

خَصْلَت فت خ، سک ص، فت ل۔ امث۔ سرشت، افتاد، فطری خو، طبعی عادت ج خِصال۔

خَصْم فت خ، سک ص۔ امذ۔ دشمن، حریف، کسی قضیَہ میں فریق مخالف؛ نیز عام خَصَم فت خ ص۔ امذ۔ شوہر، مالک، آقا ج خُصوم۔

خُصُوص ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ مخصوص ہونا، غیر معمولی ہونا، کسی سے لازماً یا بطور خاص منسلک، متعلق ہونا، نیز امث خُصُوصِیّت م ف خُصُوص میں متعلق، بارے میں، باب میں،کسی امر کی نسبت سے۔ خُصوصاً (سَن) بطور خاص، خاص کر نیز بِالْخُصُوص (بِل خُ سُوس) صف خُصوصی خاص، امتیازی، غیر معمولی۔

خُصُومَت ضمہ خ، ومع، فت م۔ امث۔ دشمنی، عداوت۔ ج خُصُومات جھگڑے۔

خَصّی فت خ، شد ص۔ صف۔ وہ مرد یا نر جانور جس کے فوطے نکال دیے گئے ہوں۔ آختہ؛ بَدھیا (بیل وغیرہ) مخنّث، نامرد، ہیجڑا۔ تھوتھا بیج جس سے پودا نہ اُگے؛ رباعی جس کا تیسرا مصرع بے قافیہ ہو۔ [ع: خَصی بلا شد ص] امث خَصِیُ الکَلب (خ صِی یُل کَل ب) ایک خوش ذائقہ بوٹی جو فالج، تشنج وغیرہ کے لیے مفید خیال کی جاتی ہے۔ (انگ: Orchis Hircina) نیز خَصِی اَلثَّعلَب۔ مرکب اضا خَصّی پرنالہ چھت پر سے پانی کی نکاسی کی موری جس میں نلوا نہ ہو اور پانی دیوار کے سہارے اُترے۔ خَصّی پلاؤ بغیر گوشت کے ترکاری کا پلاؤ نیز خَسّی پلاؤ۔

خَصِیب فت خ، ی مع۔ صف۔ بیج، شاخ وغیرہ جو پھوٹ سکے، بارآوری کے لائق، عقیم کی ضد۔

خُصیہ ضمہ خ، سک ص۔ امذ۔ فوطہ، ان دو توام غدَد میں سے کوئی جو مردانہ آلۂ تناسل کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں۔ تثنیہ خُصیَتَین۔

خَصِیصَہ فت خ، ی مع، فت ص۔ امذ۔ خصوصیت، امتیازی وصف؛ جبلّی عادت۔

خِضاب کس خ۔ امذ۔ رنگ، لَون جو نبات وغیرہ سے تیار کیا جائے اور رنگنے کے لیے استعمال کیا جائے؛ بالوں کو سیاہ کرنے والا کیمیائی مرکب یا وسمہ۔ مرکب **خِضابِ آہَنی** اُسترا۔

خُضارَت ضمہ خ، فت ر۔ امث۔ ہریاول، سبزہ، سرسبزی۔ نیز **خُضْرَت**۔

خَضْراء فت خ، سک ض۔ صف مث۔ سبز رنگ کی صف **اَخْضَر** کی تانیث۔

خِضْر کس خ، سک ض۔ علَم۔ ایک غائب از نظر پیغمبر نیز **خِضَر** صف **خِضْری** (سک ض) م؛ **خِضْری خَبَر** (فت خ ب) اڑتی خبر، افواہ۔

خِضَم کس خ، فت ض۔ صف۔ وسیع، فراخ (عموماً سمندر کے لیے)؛ فراخ دل، عظیم۔

خُضُوع ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ رک **خُشُوع** جس کا یہ مترادف ہے۔

خَطّ فت خ۔ امذ۔ سطر، لکیر؛ نقش، نشان، لکھائی، روش، تحریر، رقم، سند، پروانہ؛ مکتوب، مراسلہ؛ مردانہ رخساروں کے بال، سمت۔ ج **خُطُوط** (ضمہ خ، ومع) **خَطِّ اَبْیَض** پو پھٹتے وقت اُفق پر روشنی کی لکیر۔ **خَطِّ ارضی/ عَرضی** اُفقی، خط، پڑی لکیر۔ **خَطِّ اِستِوا** (کس ا، کس مج ت) کرۂ ارض کے گردا گرد، قطبین سے یکساں فاصلے پر فرضی خط جہاں سورج سال میں دوبار عین سمت راس میں ہوتا ہے اور دن رات برابر ہو جاتے ہیں۔ **خَطِّ اِنْحِنائی** ٹیڑھی لکیر، خط مستقیم کی ضد، نیز **خطِّ مُنْحَنی/ خَطِّ پَیمانہ** پیالے کی وہ حدجہاں تک وہ بھرا ہو۔ **خَطِّ تَنْسِیخ** وہ لکیر جو کسی عبارت کو کاٹنے، رد کرنے کے لیے کھینچی جائے۔ **خَطِّ جدّی** وہ فرضی لکیر جو خط استوا کے جنوب میں ساڑھے تیئتیس درجے پر واقع فرض کیا گیا ہے۔ **خَطِّ جَلی** موٹے حروف کی تحریر، ضد **خَطِّ خَفی** باریک خط۔ **خَطِّ چَلِیپا** وہ دو لکیریں جو ایک دوسرے کو عمودی طور پر کاٹیں، صلیبی نشان۔ **خَطِّ سَرْطان** وہ فرضی دائرہ جو خط استوا سے ساڑھے بائیس درجے شمال کی طرف فرض کیا گیا ہے۔ **خَطِّ مُستَدیر** دائرہ؛ **خَطِّ مَفْرُوش** افقی، لیٹا ہوا یا پڑا خط۔ **خَطِّ نور** شعاع، کرن۔ نیز عام خط بلاشد ج **خُطُوط**۔

خَطا فت خ۔ امث۔ غلطی، نادرست بات؛ جُرم، قصور۔ صف۔ ناقص نشانے سے چوک جانے والا (وار، تیر وغیرہ) ف م **خَطا ہونا** بھٹکنا (اوسان، حواس وغیرہ کا)؛ نکل پڑنا (پیشاب پاخانے کا)۔ ج **خَطایا**۔

خِطاب کس خ۔ امذ۔ مُتوجّہ کر کے بولنے کہنے کا عمل؛ روئے سخن؛ روبرو بات، تقریر، گفتگو؛ اعزازی لقب۔ امث **خِطابَت** کس خ، فت ب مخاطب کرنا، تقریر کا فن۔صف **خَطیب**۔ امث؛ **خِطابیات** فنِ تقریر کا علمی مطالعہ۔

خَطّاط فت خ، شد ط۔ صف۔ خوش نویس۔

خَطِّ اَلْاَوتاد فت خ، شد ط، ا غم، سک ل،و مع لین۔ امذ۔ قدیم میخی رسم الخط۔

خُطْبَہ ضمہ خ، سک ط، فت ب۔ امذ۔ وعظ، تقریر؛ نماز جمعہ یا عیدین سے پہلے یا بعد میں امام کا خطاب؛ نکاح سے پہلے قاضی کے حمدیہ، دعائیہ کلمات **خُطْبۂ اِسْتِقْبالِیَہ** رسمی جلسوں میں کسی معزز مہمان کو مخاطب کر کے ہونے والی تقریر۔

خَطَر فت خ ط۔ امذ۔ خوف، ڈر، اندیشہ۔ صف **خَطَرناک** جس میں کسی طرح کے نقصان کا ڈر ہو، خوفناک نیز **خَطْرَہ**۔

خَطْمی فت خ، سک ط۔ امث۔ ایک نبات جس کی جڑ، تخم اور پھول دواءً مستعمل ہیں نیز **رِیشہ خَطْمی** (لاط: Althae Officinalis)۔

خُطُور ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ کسی بات کا خاطر

نشین ہونا، دل میں آنا۔
خُطُوط ضمہ خ، و مع۔ ج مذ۔ رک **خط۔** **خُطُوطِ بالیدَگی** (با لی دگی) درخت کے تنے میں یا سیپ کے اوپر گول دائرہ نما نشانات جو اس کی تدریجی پختگی کو ظاہر کرتے ہیں۔ **خُطُوطِ غُرّاں** جنوبی کرۂ اض میں مغرب کی سمت سے چلنے والی تیز اور پرشور ہواؤں کا رخ ظاہر کرنے والے خطوط۔ **خُطوطِ قُطبی** کرۂ ارضی کی سطح کو قطبین کے درمیان عمودی طور پر تقسیم کرنے والے خطوط جو نقشے یا کرے پر دکھائے جاتے ہیں۔ **خُطوطِ مُتَقاطِع** (مُ ت قا تع) ایک دوسرے کو کاٹنے والے خط۔ **خُطُوطِ وَحدانی** (فت مع و، سک ح) جملے یا عبارت کے درمیان کسی لفظ، الفاظ مثلاً جملۂ معترضہ کو علٰیحدہ کرنے کے لیےبنائے جانے والے اکہرے قوسی خطوط، بریکٹ، نیز **خُطُوط ہِلالی** (کس ہ)، نیز ہلالین۔

خِطّہ کس خ، شد فت ط۔ امذ۔ علاقہ، منطقہ، زمین کا کوئی حصہ۔ مرکب وصفی **خِطّۂ مُحَوّطَہ** (مُ حو وَ ت) گھیرا ہوا علاقہ مراد عملداری۔

خَطّی فت خ، شد ط۔ صف۔ خط سے منسوب؛ ہاتھ کا لکھا ہوا؛ امذ **خَطّی مُسَوّدَہ** مخطوطہ۔

خَطِیب فت خ، ی مع۔ صف۔ **خطاب** (رک) کا اسم فاعل؛ خطبہ خواں۔ **خَطِیبانَہ** (ن) مجمع میں زورِ تقریر دکھانے والوں کے انداز کا۔

خَطِیّت فت خ، کس ط، شد فت ی۔ امث۔ خطا واری، قصور وار ہونا۔

خَطِیر فت خ، ی مع۔ صف۔ بیش قرار، بیش قدر، بڑا م: **رَقمِ خَطِیر** بھاری رقم [اصلاً ع: اہم ، سنگین]۔

خَطِیئَہ فت خ، ی مع، فت ء۔ امذ۔ گناہ، قصور۔

خَفَ فت خ۔ تخفیف **خَفِی** (رک)۔ مر**خَف رُوجے** (نباتیات) ایسے پودے جن میں پھول نہیں لگتے اور نظامِ تولید دوسرے طریقوں پر مبنی ہے۔

خَفا (۱) فت خ۔ صف۔ ناراض، آزردہ، رنجیدہ؛ امث **خَفگی** محاورہ: **دَم خَفا ہونا** سانس گھٹنا [ف: خفہ]۔

خَفا (۲) فت خ۔ امث۔ پوشیدگی، چھپا ہونا۔ [ع: خفاء] صف **خُفیَہ** چھپا ہوا، پُر اسرار۔

خُفّاش ضمہ خ، شد ف۔ امث۔ چمگادڑ۔

خِفاف کس خ۔ ج مذ۔ ادنیٰ، معمولی لوگ؛ رک: خفیف جس کی یہ جمع ہے۔

خِفّت کس خ، شد فت ف۔ امث۔ ندامت، شرمندگی؛ سُبکی ہلکا پَن۔

خَفْتان فت خ، سک ف۔ امذ۔ جنگی سینہ بند لباس؛ انگرکھے کے اوپر پہنی جانے والی صدری یا کمری۔

خُفْتَہ ضمہ خ، سک ف، فت ت۔ صف۔ سویا ہوا، غافل؛ دبا ہوا (فتنہ وغیرہ)؛ بے حس (استعارۂ ضمیر وغیرہ) صف **خُفْتَہ نَصِیب** بدقسمت۔

خَفَقان فت خ ف۔ امذ۔ دھڑکن، گھبراہٹ، وحشت؛ آثار دیوانگی۔صف **خَفقانی** وحشت زدہ۔

خَفگی فت خ ف۔ امث۔ رک **خَفا** (۱)۔

خَفِی فت خ۔ صف۔ چھپا ہوا، جلی کی ضد؛ باریک قلم یا تحریر ج **خَفِیّات** چھپی ہوئی باتیں، سربستہ راز۔

خَفِیف فت خ، ی مع۔ صف۔ ہلکا، سبک؛ معمولی، ذرا سا؛ ادنیٰ، اوچھا؛ نادم، شرمندہ، ایک عروضی بحر جس کے ارکان ہیں: فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن۔ **خَفِیفُ ٱلْاِعْتِقاد** (خَ فی فُل اِعْ تِ قاد) توہّم پرست۔ **خَفِیف ٱلحَرَکات** (خَ فی فَل حَرَ کات) چھچھورا، اوچھا۔ **خَفِیفُ ٱلْوَجْہ** (خَ فی فُل وج ہ) کم رو۔ امث **خَفِیفہ** جمع اور تانیث کے لیے مستعمل م: جرائیم خفیفہ، عدالت خفیفہ۔

خُفْیَہ ضمہ خ، سک ف، فت ی۔ صف۔ رک **خَفِی**؛

امث جرائم کا چپکے چپکے مخبری کے ذریعے پتہ چلانے والی پولیس۔

خَلّ فت خ۔امذ۔ سرکا صف **خَلّی** سرکے کے رنگ کا۔

خَلا فت خ۔ امذ۔ خالی جگہ، جہاں کچھ نہ ہو؛ غیر مملو ظرف یا فضا، کرۂ ہوائی کے باہر کا آسمان۔ مرکب **خَلاباز** خلائی جہازں میں پرواز کرنے والا۔ صف **خَلاکار** دھواں یا ہوا باہر پھینکنے والا م: **خلاکار پَنکھا، نَلکی** (لاط: Exhaust) **خَلا مَلا** لفظاً: خالی ہونا اور بھرنا، مراد میل ملاقات، دوستی ربط ضبط۔ **خَلا نَوَرْد** زمین سے باہر کی فضا میں جانے والا، خلاباز۔ **خَلا وُ مَلا** خلوت و جلوت؛ معمور اور خالی فضائیں، مراد کُل کائنات۔ صف **خَلائی۔**

خَلاص فت خ۔ صف۔ آزاد، بندھن یا قید سے چھوٹا ہوا؛ فارغ؛ ختم، تمام؛ مُنزِل۔ امث **خَلاصی** رہائی، فراغت، اِنزال۔

خُلاصَہ ضمہ خ، فت ص۔ امذ۔ اختصار، مُجمل بیان؛ ماحصل؛ صف کُشادہ، فراخ۔

خُلاعْ ضمہ خ۔ امذ۔ مرگی کی بیماری۔

خلاف کس خ۔ صف۔ برضِد، مخالف؛ ناموافق، ضابطے، قاعدے سے ہٹا ہوا، اصل سے مختلف،نادرست۔ امث۔ **خلاف وَرْزی** قاعدے، حکم یا اصول کو توڑنا۔ **خَلافِ وَضْع** عام روش سے یا عادت سے الگ، اصول سے ہٹ کر۔ **خلافِ وضْعِ فِطْری** مراد:لواطت،اِغلام، دُخول فی اَلدُّبُر۔

خلافَت کس خ، فت ف۔ امث۔ جانشینی، خلیفہ کا منصب۔ **خِلافتِ راشِدَہ** نیک پاکباز اصحاب کی خلافت،مراد اوّل چار اسلامی خلفاء۔ **خلافَت فی اَلنُّبُوَّہ** (فِن نُ بُوّ و) مذہبی احکامات وضع کرنے کا اختیار۔

خَلّاق فت خ، شد ل۔ صف تفضیل، پیدا کرنے، وجود میں لانے والا۔ اسماء حسنیٰ میں شامل اللہ کا صفاتی نام؛ موجد، مخترع، نئے مضامین تلاش کرنے والا شاعر، ذہن، مصنف وغیرہ؛ نیز **خَلّاقِ مَعانی** (مَ عانی) امث **خَلّاقی، خلّاقیّت۔**

خِلال کس خ۔ امث۔ دانت کریدنے کا تنکا یا دھات کی نوکدار پتّی۔

خَلائِق فت خ، کس ء ج مذ۔ رک **خَلْقَت۔**

خَلایا فت خ۔ ج۔ رک: **خَلِیَہ۔**

خُلّت ضمہ خ، شد ل۔ امث۔ دوستی، رفاقت۔

خَلْجان فت خ ل۔ امذ۔ ذہنی الجھن، گھبراہٹ، پریشانی، عام: **خَلْجان** [ع: خَلَجات]۔

خَلّخ فت خ، شد فت ل۔ علم۔ وسط ایشیا کا ایک قدیم شہر، کنایتہً حسینوں کی بستی، حسن آباد۔

خَلْخال فت خ، سک ل۔ امذ، امث۔ گھنگرو دار زیور، پایل۔

خَل خَل فت خ۔ صف۔ ڈھیلا ڈھالا یا ڈھیلی ڈھالی، نیز **خَلْخَلا۔**

خُلْد ضمہ خ، سک ل۔ امث۔ جنت، بہشت، مرکب وصفی **خُلْدْ آشِیاں** گزرے ہوئے رئیسوں کو مرنے کے بعد دیا جانے والا ایک لقب؛ جیسے **جَنّت آشیاں، فِردوس مَکانی** وغیرہ۔

خَلِش فت خ، کس ل۔ امث۔ چبھن، کھٹک؛ رنجش۔

خَلّص فت خ، شد فت ل۔ امذ۔ خلاصہ، حاصل، جوہر۔

خَلْط فت خ، سک ل۔ امذ۔ آمیزش، ملاوٹ، اِدغام، دو مختلف چیزوں کا شیر و شکر، گڈ مڈ ہونا، میل جول، اختلاط، ربط ضبط؛ اشتباہ، غیر ضروری یا شک کی بنا پر پیچیدگی؛ مرکب اضا **خَلْطِ مَبْحَث** غیر متعلق بات چھیڑ دینا۔ صف **خَلْط مَلْط** گڈ مڈ، بکھرا، بے ترتیب۔

خِلْط کس خ، سک ل۔ امث۔ طِبّ یونانی کی رُو سے

چار جسمانی مادّے جن کے باہمی توازن سے صحت قائم رہتی ہے: صفرا، سودا، بلغم، خون۔ صف۔ خِلطی ج اَخْلاط (فت ا)۔

خَلْطَہ فت خ، سک ل۔ امذ۔ چھوٹا تھیلا، خریطہ، جیب۔

خُلطہ ضمہ خ، سک ل، فت ط۔ امذ۔ میل جول۔

خَلْع فت خ، سک ل۔ امذ۔ جگہ سے ہٹنا، ترک،فرار، سرتابی؛ معزولی۔ (عروض) رکنی بحر میں خبن و قطع کا دوہرا زحاف۔ مرکب خَلْعُ الْعِذار بے حجابی، کُھل کھیلنا؛ عریانی فحاشی؛ نیز صف۔ بے حجاب، عریاں۔ [ع: خایع اَلعِذار جو شرم و حجاب کو بالائے طاق رکھے] خَلْعِ رُوح روح کا ایک جسم سے دوسرے میں جانا، آواگَوَن۔

خُلْع ضمہ خ، سک ل۔ امذ۔ عورت کا کسی معاوضے کے بدلے طلاق حاصل کرنا۔

خِلْعَت کس خ، سک ل، فت ع۔ امث۔ بادشاہ کی طرف سے کسی امیر کو عزت افزائی کے طور پر لباس فاخرہ کا عطیہ؛ قیمتی پوشاک؛ انعام، اعتراف کمال؛ ہمّت افزائی کا اظہار، داد، تحسین۔ ج خِلاع۔

خَلَف فت خ ل۔ امذ۔ بیٹا، جانشین، وارث۔ مروصفی خَلَفُ الْرَشِید (خَ لَ فُرْ رَشِید) فرزندِ صالح، لائق صاحبزارہ؛ نیز خَلَفُ الْصِدق۔

خَلْف فت خ، سک ل۔ م ف، امذ۔ پیچھے، پشت کی طرف؛ عقب، فوج کا پچھلا حصّہ، یساول۔ م ف۔ خَلْفاً عَن سَلَف پشت در پشت، پچھلوں سے اگلوں تک۔

خُلْف ضمہ خ، سک ل۔ امذ۔ عہد شکنی، وعدہ خلافی۔ عوام خُلْفائی۔

خُلَفا ضمہ خ، فت ل۔ج مذ۔ خَلِیفَہ (رک) کی جمع۔ خُلَفاءِ راشِدین اسلام کے پہلے چار خلیفہ، لفظاً: صحیح ہدایت یافتہ، نیک، صالح۔

خَلْفشار فت خ، سک ل، کس ف۔ امذ۔ ابتری، کشاکش، ذہنی الجھن۔ [ع: خَلّ و فِشارُ]۔

خَل فَل فت فـ۔ امث۔ کھلبلی، خلفشار۔

خَلْق فت خ، سک ل۔ امث۔ (خدا کی) پیدا کردہ دنیا، عالم اجسام، مخلوق؛ دنیا کے لوگ؛ پیدا کرنے کا عمل۔ مرکب خَلْقِ جَدِید تصوف کی اصطلاح میں بندے پر حق کی مسلسل فیض بخشی۔ امث خَلْقَت خدا کی خُدائی؛ مخلوق، لوگ باگ۔

خُلْق ضمہ خ، سک ل۔ امذ۔ افتاد، فطرت، طبیعت؛ عادت۔ ج اَخْلاق مراد: اطوار، اعمال صالح، حُسنِ عمل، خوش کرداری۔ صف خُلْقی اطوار، کردار سے متعلق۔

خَلْقَت فت خ، سک ل، فت ق۔ امث۔ لوگ، ہجوم، اَنبوہ، انسان، عوام النّاس۔

خِلْقَت کس خ، سک ل، فت ق۔ امث۔ پیدائش؛ فطرت، افتاد، خمیر، سرشت۔ صف خِلْقی فطری۔

خَلَل فت خ ل۔ امذ۔ رخنہ، رکاوٹ؛ خلا؛ خرابی، ابتری، فتور۔

خَلَنْج فت خ ل، سک ن۔ امذ۔ ایک بڑے ڈیل ڈول والا پہاڑی درخت جو ہمالیہ، چین اور وسط ایشیا کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔ پتے بھراواں کی طرح کے، پھول زرد یا سفید، بیج مہین اور نیلے۔ ارنقی (لاط: Erica arboria)۔

خُلُو ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ خالی جگہ، خلا؛ خالی ہونے کی حالت یا کیفیت؛ کھوکھلا پن، تھوتھا پن۔ نیز اصلاً: خُلُوء م: خُلُوِ مِعْدَہ پیٹ خالی ہونا۔

خَلُوب فت خ، و مع۔ امث۔ رِجھانا، پرچانا، ڈورے ڈالنا۔

خَلْوَت فت خ،سک ل، فت د۔ امث۔ تنہائی، گوشہ گِیری، علاحدگی، جَلوَت کی ضد۔ خَلوتِ خام، سوفتا، کنج عافیت (انگ: Privacy)۔ خَلوتِ

صحیحہ نکاح کے بعد زن و شوہر کا دوسروں کی نظروں سے اوجھل ہو جانا۔ صف خَلْوَتْ گُزِیں (ضمہ گ، ی مع، غنہ) خلوت نشیں، گوشہ گیر، نیز خَلْوَتی تنہا رہنے والا؛ محرم، تنہائی کا رفیق۔

خُلُود ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ ہمیشگی، دوام ابد تک کا وقت؛ ابدیّت ، عمر جاودانی۔

خُلُوص ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ صفا، پاکیزگی؛ مہر، سچّا جذبہ؛ انسیت، دوستی؛ بے ریائی، تکلّف یا بناوٹ سے گریز۔

خُلُوع ضمہ خ، ومع۔ امذ۔ ہڈّی یا جوڑ کا اتر جانا۔

خَلْوَہ فت خ، سک ل، فت و۔ امذ۔ خَلوت (رک) کی ایک صورت [ع: خَلْوَۃ]

خِلْوَہ کس خ، سک ل، فت و۔ امذ۔ کسی جسمانی غدّے کے مہین تھیلیوں کی شکل کے اجزا میں سے کوئی جزو۔ نیز خَلْیَہ صف خَلْوی مرکب خَلْوی بُلعُوم خلیے کا حلق کی نالی یا قیف نما طولی نشیب۔

خَلَہ فت خ ل۔ امذ۔ کشتی کا چپّو، سُوا، نکیلی چبھنے والی شے؛ پیٹ کا ریاحی درد یا چُبھن۔

خَلیا فت خ، سک ل۔ صف۔ خالہ سے کلمۂ نسبت، م: خَلْیا ساس شوہر یا بیوی کی خالہ۔ امذ: خَلْیا سُسَر۔

خَلیّات فت خ، کس ل، شد ی۔ ج مذ۔ خَلیہ (رک) کی جمع۔ خَلیّاتِ اَبیَض (آب یَزْ) خونؔ کے اندر سفید جسمیے (انگ: Leucocytes) نیز خَلیّات آکلہ (کس ک، فت ل) سفید جسمیے جو حملہ آور جراثیم کو چٹ کر جاتے ہیں۔ (انگ: Phagcytes)۔

خَلیتا فت خ، ی مع۔ امذ۔ رک خَریطہ جس کی یہ تحریف ہے۔

خَلیج فت خ، ی مع۔ امث۔ سمندر یا کسی قطعۂ آب کا وہ حصہ جو تین طرف سے خشکی سے گھرا ہو؛ کھاڑی۔ (مجازاً) جدا کرنے والا فاصلہ، بڑی رکاوٹ، جسمانی یا ذہنی دوری۔

خَلیدَہ فت خ، ی مع، فت د۔ صف۔ بسا ہوا، سمایا ہوا، چُبھا ہوا؛ سوراخ دار، چھدا ہوا۔

خَلیرا فت خ، ے مج۔ صف۔ خالہ کا جایا خالہ زاد بھائی، مث خَلیری۔

خَلیط فت خ، ی مع۔ امذ۔ باہم آمیز ہونا، مدغم ہونا، آمیزہ، مرکّب۔ صف: حصّہ دار؛ قریبی عزیز۔

خَلیع اَلْعِذار فت خ، ی مع، ا غم، سک ل، کس ع۔ صف۔ کھل کھیلنےبے حجاب ہو جانے والا؛ نیز رک خَلع۔

خَلیفَہ فت خ، ی مع، فت ل۔ امذ۔ نائب، جانشیں، قائم مقام، اسلامی سلطنت کا سربراہ، نیز خَلیفَتہُ المؤمنیں، پیر یا اُستاد کا شاگرد رشید، نائب یا نامزد قائم مقام؛ حجّام کے لیے تپاک کا لفظ۔

خَلیق فت خ، ی مع۔ صف۔ خوش اخلاق، خوش مزاج، متواضع، اچھے برتاؤ رکھ رکھاؤ والا۔

خَلیل فت خ، ی مع۔ صف۔ دوست، رفیق، محبّ صادق؛ حضرت ابراہیمؑ کا لقب نیز خَلیل اللہ۔

خَلیل خانی فت خ، ی مع۔ امث۔ کارچوبی کام کی دیسی نرمے کی جوتی۔

خَلیّہ فت خ، سک ل، شد فت ی۔ امث۔ طلاق، یا وہ عورت جسے طلاق دی جا چکی ہو۔ جسمانی ساخت یا نباتی بافت کی ایک اقل اکائی جو خانوں یا تھیلوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ (انگ Cell) خَلیّہ خوار (خار) خون کا سفید جسمیہ جو حملہ آور خلیوں کو کھا جاتا ہے۔ نیز خَلیّہ آکلہ؛ خَلیہ مایَہ وہ سیال مادّہ جو خلیے کی تھیلی میں بھرا ہوتا ہے۔ خَلیّہ ٔ نسائی نسوانی رحم میں اترنے والا بیضہ۔

خَم (۱) فت ح۔ امذ۔ موڑ، پیچ، پھیر، گھماؤ؛ کجی، ٹیڑھ؛ بالوں کا گھونگر یا بل، منحنی یا قوسی شکل،

انحنا؛ مرکب خَم و چَم اٹھلاتی چال، لچک مٹک، ف م، خَمیانا۔

خَم (۲) فت خ۔ امث۔ ران، ٹانگ، محاورہ خَم ٹھونکنا پہلوان کا اپنی ران پر ہاتھ مارنا جو کشتی کے آغاز اور اپنے بل پر اعتماد کا مظاہرہ ہے۔

خُم ضمہ خ۔ امذ۔ مٹکا، گھڑا،شراب کا پیپا، گنجفے کے کھیل میں پتّے چھپانے کی حرکت۔ مرکب خُمخانَہ (ن) شراب خانہ نیز خُمستان؛ خُم عِیسیٰ (ی مع، ی مع) حضرت عیسی کا روایتی مٹکا جس میں ڈال کر نکالنے کے بعد کپڑے دو مختلف رنگ کے ہو جاتے تھے۔

خِمار کس خ۔ امذ۔ نقاب، اوڑھنی، سر پر ڈالنے کا رومال۔

خُمار ضمہ خ۔ امذ۔ نشے کا اُتار؛ نیند غالب ہونے کی کیفیت، یا نیند کا اثر؛ سرور، شراب کی مستی، کیف، سرشاری صف خُمارِیں نشیلی (آنکھ)۔

خَمّار فت خ، شد م۔ صف۔ شراب فروش، کلال۔

خُماسِی ضمہ خ۔ صف۔ پانچ پر مشتمل، پنج حرفی لفظ۔ پانچ مصرعوں والا بند یا نظم؛ مخمّس؛ پانچ پتّیوں کا پھول؛ پنج بَرگہ، پچ پتیا۔

خَمّان فت خ، شد م۔ امذ۔ ایک پودا جس کی دو قسمیں ، خمان صغیر یا سیاہ اور خمان کبیر یا سفید کہلاتی ہیں، پہلے کا پھول نیلا سیاہی مائل، دوسرے کا سفید جو چھوٹے چھوٹے پھولوں کا ایک بڑا گچھا ہوتا ہے۔ (لاط: Sambucus Nigra ebulus)۔

خُماہان ضمہ خ۔ امذ۔ ایک سیاہی مائل سرخ پتھر جس کی دو قسمیں نر اور مادہ کہلاتی ہے۔ نر سخت اور مادہ نرم جس کے نگینے تراشے جاتے ہیں؛ سُلطان مہرہ، حدید حسینی۔

خُمپارا ضمہ خ، سک م۔ امث۔ ایک لمبان میں چھوٹی مگر چوڑے دہانے کی توپ۔ بطور دشنام؛ شریر عورت۔ نیز خَمپارا (فت خ)۔

خِمخِم کس خ، سک م۔ امث۔ تودری کا پودا جسے شیشہ پگھلانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے حَشیشَۃُ الزّجاج بھی کہتے ہیں۔

خَمْر فت خ، سک م۔ امث۔ شراب، شراب انگوری، [اصلاً: ڈھانپنے، عقل پر پردا ڈالنے والی شے] ج مث خَمْرِیات شراب کی باتیں، شراب کی بابت معلومات؛ رندانہ شاعری۔

خُمْرا ضمہ خ، سک م۔ امذ۔ کبوتر اور فاختہ کے میل سے پیدا ہونے والا ایک پرندہ۔

خَمْس فت ح، سک م۔عدد۔ چار کے بعد کا عدد (۵)۔ خُمس پانچواں حصہ (۱/۵)؛ مال غنیمت پر عائد ہونے والی زکوۃ۔ خَمسَہ (خم سَ / سا) پانچ کا مجموعہ م؛ حَواسِ خَمسہ۔ پانچ اجزا پر مشتمل تصنیف یا نظم جو پانچ پانچ مصرعوں کے بندوں پرمشتمل ہو۔ نیز مُخَمّس طبلے کی ایک تال جس میں پانچ ماترے آتے ہیں خَمسہ ٔ مُتَحَیِّرہ پانچ سرگرداں سیّارے، مراد عطارد، مریخ، زُہرہ، مشتری اور زُحل (جو اگلے منجموں کو کبھی کبھی الٹی سمت میں جاتے نظر آتے تھے) خَمسہ ٔ مُسْتَطرِقَہ وہ پانچ دن جو ایرانی سال کے آخر میں اضافہ کیے جاتےہیں تاکہ ہر مہینہ تیس دن کا ہو سکے۔ [ع: اِستِطراق تبدّل، عبُوری مرحَلہ]۔

خَمْل فت خ، سک م۔ امذ۔ سلوٹ، چنّٹ، بل، غلاف معدہ کی سلوٹیں۔

خُمُود ضمہ خ، ومع۔ امذ۔ آگ کا بجھنا؛ جوش ٹھنڈا ہونا، شہوت کا مٹنا۔

خُمُور ضمہ خ، و مع۔ ج مث۔ خَمْر کی جمع، شرابیں۔

خَمَوش فت خ، ومج۔ صف رک خاموش جس کی یہ تخفیف ہے۔ امث خَموشی۔

خُمُول ضمہ خ، و مع۔ امذ۔ گمنامی، مجہولیت؛ بے

کیفی، بے خروشی، خمار آلودگی۔
خَمْیازَہ فت خ، سک م، فت ز۔ امذ۔ انگڑائی، جماہی؛ غلطی یا جرم کا بدلہ، مکافات۔
خَمْیانا فت خ، سک م۔ ف م۔ ٹیڑھا کرنا، بل دینا، موڑنا۔
خَمِیدَگی فت خ، ی مع۔ فت د۔ امث۔ ٹیڑھ، کجی، پیچ، بل۔ صف **خَمِیدَہ** (خَ می دَ)۔
خَمِیر فت خ، ی مع۔ امذ۔ وہ مادّہ جو دودھ کو دہی اور آٹے کو نشاستہ بناتا ہے اور دراصل خورد حیاتی خلیوں پرمشتمل ہوتا ہے؛ گُندھی ہوئی مٹّی؛ (مجازاً) اصلیت، سرشت۔ **خَمیرْ مایَہ** ضامن یا جامن جس سے خمیر اٹھایا جاتا ہے۔
خَمِیرا فت خ، ی مع۔ امذ۔ شکر کا قوام جس میں دوا کے اجزا شامل ہوں م: خَمیرۂ بنفشہ، خمیرۂ گاؤزبان، خمیرۂ مروارید؛ گاڑھے قوام کی صورت میں بنایا ہوا حقے کا خوشبودار تمباکو۔ صف **خَمیری** خمیر اٹھاتے ہوئے آٹے کی پھولی پھولی روٹی، فطیری کی ضد۔
خَمِیس فت خ، ی مع۔ امذ۔ ہفتے کا پانچواں دن، جمعرات، پنج شنبہ۔
خَنّا فت خ، شد ن۔ امذ۔ نخرہ، تورا، گھمنڈ۔
خَنازِیر فت خ، ی مع۔ ج مذ، امذ۔ **خَنزِیر** (رک) کی جمع۔ امذ۔ ایک مرض جس میں گلے اور گردن میں گلٹیاں نکل آتی ہیں۔ کنٹھ، کنٹھ مالا، ریش خوک (انگ: Scrofula)۔
خَنّاس فت خ، شد ن۔ صفہ۔ شیطان کا ایک لقب [لفظاً وہ جو اللہ کا نام لیتے ہی بھاگ جاتا ہے] امث سرکشی، شیطنت، غرور، گھمنڈ۔
خِناق کس خ۔ امذ۔ پھانسی کا پھندا۔ **خَنّاق** (فت خ، شد ن) پھانسی دینے والا، جلّاد۔
خُناق ضمہ خ۔ امذ۔ حلق کے اندر زہریلی جھلّی تن جانے کی بیماری جو زیادہ تر بچّوں پر حملہ کرتی ہے اور بر وقت علاج نہ ہو سکے تو جان لیوا ہوتی ہے۔ (میکانیات) بھاپ کی نکاسی کو روکنے کا عمل۔
خُنثیٰ ضمہ خ، سک ن، ی غم۔ امذ۔ زنانہ، مخنث، ہیجڑا؛ دو جِنسیا پھول جس میں نر زیرہ اور مادہ بنچہ دونوں موجود ہوں۔ نیز **نَخْلِ خُنثیٰ** زنخا کھجور کا وہ درخت جو خود پھل لاتا ہے نہ اُس سے دوسرا مادہ درخت بارور ہوتا ہے۔ نیز **خُنثی**۔
خَنْجَر فت خ، سک ن، فت خ۔ امذ۔ دو دھاری تلوار سے مشابہ کوئی بالشت بھر کے پھل کا چھوٹا، قبضہ دار آلہٗ جراحت جس کی بہت سی شکلیں اور قسمیں ہیں۔ اور عموماً میان سمیت کمر میں اُڑس لیا جاتا ہے۔
خَنْجْری فت خ، سک ن ج۔ امث۔ ڈفلی، ڈھپلی، چھوٹا دف، ریشم یاریشم اور سوت سے ملا ایک کپڑا جو زنانہ پاجاموں کے لیے استعمال ہوتا تھا؛ مشروع یا گلبدن پر بنی ہوئی دھاری؛ گاڑی کے پہیّے کے مرکز پر خوشنمائی کے لیے چڑھایا جانے والا دھات کا خول (قب انگ: Wheel cap)۔
خَنْخْنا فت خ، سک ن، فت خ۔ صف۔ غِنغنا، ناک میں بولنے والا۔ ف ل **خَنخنانا**۔
خَندا فت خ، سک ن۔ صف، امذ۔ ہنسوڑ، چِلّا، اوچھا آدمی (بطور دشنام)، نیز **خَندَہ** امث **خَندی**۔
خَنْدَق فت خ، سک ن، فت د۔ امث۔ کھائی، موٹھ؛ زمیں دوز فوجی مورچہ امذ۔ **خَندَقی بُخار** جوؤں سے پھیلنے والا ایک بخار جو فوجیوں کو مورچوں میں بیٹھنے سے ہو جاتا ہے۔
خَنْدُوس فت خ، سک ن، و مع۔ امذ۔ کھوہ، غار، کوٹھڑی۔
خَنْدَہ فت خ، سک ن، فت د۔ امذ۔ ہنسی، ٹھٹھا،

قہقہہ۔ صف خَنداں اکیف مث خَندگی/ خَنْدِیدَگی۔ مرکب خَنْدۂ دَنْداں نُما چڑانے کے لیے نمایاں طور پر دانت نکال کر ہنسنا؛ خَندۂ زَخْم زخم کے منہ کا کُھلنا۔ خَنْدۂ زیرِ لب وہ ہنسی جس کی آواز نہ سنی جائے خَندۂ صُبح پو پھٹنا۔ صف خَنْدِیدَہ (خَن دی دَ) ہنستا ہوا، شگفتہ کِھلا ہوا لب یا پھول۔

خِنْزِیر کس خ، سک ن، ی مع۔ امذ۔ سؤر، خُوک۔

خُنُس ضمہ خ ن۔ امث۔ نیل گائے۔

خُنُق فت خ، سک ن۔ امذ۔ گلا گھونٹنا۔ صف خَنّاق پھانسی کا پھندا لگانے گلا گھونٹنے والا۔

خُنُک ضمہ خ ن۔ صف۔ ٹھنڈا، سرد؛ بےکیف، بے خروش، بے حرارت، جذبات سے مُعَرّیٰ؛ دل خوش کن، فرحت بخش؛ امث خُنُکی (سک ن) ٹھنڈک۔

خِنْگ کس خ، غنہ۔ صف۔ وہ یکرنگ گھوڑا جس کی دُم اور ایال کے بال سفید ہوں؛ نزدِ بعض یکسر سفید گھوڑا جس کے خصیے تک سفید ہوں۔

خِنْگا کس خ، غنہ۔ صف۔ پستہ قد، موٹا تازہ آدمی، جس پر ہنسی آئے، مسخرا۔ نیز خِنْگَر مسخرا، موٹا بھدّا، خِنْگْرا موٹا گل گو تھنا (بچہ)۔

خَنُوع فت خ، و مع۔ صف۔ دَبّو، بودا، خوشامدی؛ مکّار، دغا باز، فریبی۔

خُنْیا ضمہ خ، سک ن۔ امث۔ ڈومنی، میراثن۔ امذ۔ خُنْیاگر ڈوم، مطرب۔ امث خُنْیاگری گانا بجانا۔

خُو (۱) ومع۔ امث۔ طبیعت، سرشت، مزاج۔ مرکب خُوبُو خصلت، طریقہ، انداز۔

خُو (۲) ومع۔ امذ پسینہ، مرکب خُوگیر گھوڑے کی زین کے نیچے بچھانے کا نمدا یا کپڑا۔

خْوَاب فت خ، و غم۔ امذ۔ نیند، غفلت؛ سوتے میں نظر آنے والا منظر، رُویا، سپنا؛ وہم، خام خیالی، خوش فہمی؛ رُواں، نرم ریشے۔ مرکب فاعلی خْوَاب آوَر نیند لانے، سلانے والا/ والی۔ خوابِ خَرگوش (کس مج ب، فت خ، ومج) غفلت، لاپروائی مروصفی خَوابِ شَفَقی (فت ش ق) غنودگی۔ خوابِ عَدَم (فت ع د) موت۔ امذ۔ خوابْ کار دن کو، جاگتی آنکھوں خواب دیکھنے، خوش آئند خیالی باتوں میں مست رہنے والا (انگ: Day dreamer) نیز خواب پَرَست۔ مروصفی خوابِ گِراں گہری نیند۔ خوابِ گُرِسْنَگی بعض جانوروں کا خوراک نہ ملنے کی صورت میں سو کر طویل مدّت گزار دینا۔ امذ۔ خوابِ مَخْمَل مخمل کا نرم رُواں۔ مروصفی خوابِ مُسْتَلْقی (مُس تَل قی) چت لیٹ کر سونا۔ خوابِ مَقْناطِیس ہپناٹزم، عَمَل تنویم خوابِ نَوشِیں (ومج، ی مع، غنہ) میٹھی نیند۔ مرکب عطفی خواب وَ خُوْر (خابْ خُر) سونا اور کھانا جو زندگی کی لازمی ضروریات ہیں۔ صف خوابِیدَہ (خابی دَ) سویا ہوا۔

خْوَاجَہ فت خ، و غم، فت ج۔ امذ۔ بزرگ، بڑا، مالک، صاحب، پیرومرشد۔ امث خواجَگی بزرگی، امارت، سرداری ج: خواجگاں (خاج گاں) مرکب خواجَہ تاش ایک آقا کے غلام یا ایک پیر کے مرید آپس میں خواجہ تاش۔ خواجَہ خِضَر (خ زر/ خِزّر) مذہبی صحائف و ادبی روایت کا ایک کردار حضرت موسیٰؑ کے ہم عصر جنہیں حیات دوام حاصل ہے اور سکندر کو آبحیات تک لے گئے تھے، بھٹکے ہوؤں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ خواجہ مُعِینُ اَلدّین کا چاند/ مہینہ جمادی الآخر۔

خْوَاجَہ سَرا فت خ، و غم، فت ج س۔ امذ۔ قوّت مردمی سے محروم کیا ہوا آدمی جو شاہی محلاّت میں خدمات انجام دیتا تھا۔

خَواجی فت خ۔ امث۔ عماری یا شاہی سواری کی پچھلی نشست، خواجی۔

خوَار و غم (بروزن یار)۔ صف۔ ذلیل، رسوا، زار زبوں۔ امث خواری۔

خُوار (۱) ضمہ خ۔ امثد سینگ دار چوپایوں، مویشیوں کا اپنی بولیاں بولنا، ممیانا، ڈکرانا۔

خُوار (۲) ضمہ خ۔ امثد چترال کے علاقے کی ایک پشاچی بولی۔

خَوّار فت خ، شد و۔ صف۔ سست، کاہل، بے ہمّت۔

خَوارِج فت خ و، کس ر۔ ج مذ۔ رک خارجی۔

خَوارِق فت خ و، کس ر۔ ج مذ۔ رک خارق۔

خوٰاست و غم (بروزن راست) امث۔ مانگ، طلب، خواہش، صف خواستار/ خواستگار مانگنے، چاہنے والا؛ خواستہ حسب دلخواہ، حسب مراد۔

خَواص فت خ۔ ج مذ۔ خاص لوگ، ممتاز، برتر اشخاص؛ خصوصیات، دوا کے معلوم اثرات؛ مصاحب، خاص ملازمین، پیشی میں رہنے والے آدمی؛ مقرّبین؛ امث۔خادمہ، باندی، نیز خَواصِ پَردَہ بیگم کی خاص نوکرانی، رفیقہ، ہمجولی۔

خَوّاص فت خ، شد و۔ صف۔ پتّوں یا پتّوں سے بنے ہوئے سامان ٹوکریوں وغیرہ کا تاجر جو حضرت سلیمانؑ کا اصل پیشہ تھا۔

خواصِی فت خ۔ امثد رک: خَواجی؛ (۲) انگیا کا بغلی جوڑ۔

خَواطِر فت خ، کس ط۔ ج مثد رکِ خاطر۔

خُوال ضمہ خ۔ امذ۔ کھانا، خوراک، اشیاء خوردنی صف خُوال گِیر باورچی۔

خَوالج فت خ، کس ل۔ ج مذ۔ وسوسے، خلشیں، دھڑکے۔ [ع: امث خالجة]۔

خوٰان و غم (بروزن نان) امذ طباق، بڑی سینی یا کشتی جس میں کھانا لگا کر بھیجا جائے۔ مرکب وصفی خوان پوَش کشتی پر ڈھانپنے کا کپڑا؛ خوانِ خَلِیلی کنایہ حضرت ابراہیم کے دسترخوان سے جو بہت بڑا اور عام ہوتا تھا، بابرکت دستر خوان۔ نیز خوان نعمت؛ خوان یَغما جس پر سب کو دھاوا بولنے کی اجازت ہو۔

خَوّان فت خ، شد و۔ صف تفضیل۔ بڑا خائن۔ خیانت میں بڑھا ہوا۔

خوٰانا و غم (بروزن کھانا) صف۔ جو پڑھا جا سکے، صاف خط یا عبارت (انگ: Legible)۔

خَوانْچہ و غم، سک ن، فت چ۔ امذ۔ سینی یا صندوقچہ جس میں پھیری یاتھہ بازاری والے سودا رکھ کر بیچتے ہیں صف خَوانْچَہ فروش۔

خوٰانْدگی و غم، کس ن د (بروزن دھانْدلی)۔ امث۔ حرف شناسی، ابتدائی تعلیم، پڑھائی؛ مطالعہ، پڑھنے کا عمل؛ پڑھا ہوا سبق دوہرانا۔ صف خوٰانْده (خاں دَ) پڑھا ہوا؛ لکھنے پڑھنے کے قابل؛ بُلایا ہوا، مدعو کیا ہوا (مہمان) ضد: ناخوٰانْدَہ بن بلایا۔ نیز خَوانَنْدَہ (خا نِن دَ) پڑھنے والا۔ ج خَوانِنْدْگان قارئین؛ اخبار، کتاب وغیرہ کے پڑھنے والے۔

خَوانِین فت خ، ی مع۔ ج مذ۔ رک خان جس کی یہ جمع ہے۔

خوٰاہ و غم۔ حرف عطف، لاحقہ فاعلی۔ چاہے، یا؛ یا تو م: خواہ لو خواہ نہ لو۔ بطور لاحقہ چاہنے والا، جویا، طالب۔ نیز صف خواہاں۔ خَواہِنْدہ۔

خوٰاہ مَخوٰاہ و غم، فت م۔ م فہ ناحق، ناواجب طور پر، بے فائدہ، زبردستی نیز خواہ نخواہ (خاہ نَ خاہ) خواہی نَخواہی۔

خوٰاہَر و غم، فت ہ۔ امث۔بہن، ہمشیرہ مرکب خواہَرِ اَعْیانی سگی، حقیقی بہن، علّاتی کی ضد۔

خوٰاہِش و غم، کس ہ۔ امثد طلب، آرزو، چاہ میلان، رغبت، اشتہا۔

خُوب و مع۔ صف۔ اچھا، عمدہ، بھلا، پسندیدہ؛ مناسب؛ درست، موزوں؛ خوشگوار؛ حسین؛ کلمۂ اقرار

یا تائید کے طور پر: بجا، جی ہاں، اچھا بہتر۔ کلمۂ تحسین کے طور پر: واہ، مرحبا! بطور م ف اظہار شدت کے لیے؛ بہت زیادہ، بکثرت، بشدت، بغایت۔ مرکب **خُوبْصُورت** حسین، زیبا، خوشرو، ج **خُوباں** حسین لوگ۔ امثہ **خُوبی** حسن، اچھائی، گن، خصوصیت۔

خُوبانی و مع۔ امثہ زرد آلو کی قسم سے ایک چھوٹے آڑو کی شکل کا پھل جسے اکثر سکھا کر بھی استعمال کرتے ہیں، جس سے اس کی شیرینی بڑھ جاتی ہے۔ اس کی گٹھلی میں سے بادام کی گری سے مشابہ گری بھی نکلتی ہے۔ (لاط: Pro-coquo)۔

خُوب کَلاں و مع، سک ب، فت ک۔ رک: **خاکْسی**۔

خَوت و لین۔ امذ۔ فوطہ دار، خزانچی، اگھائی کرنے، وصول کرنے والا۔ [ع: خَوجَہ اَلحول]۔

خوجا و مج۔ امذ۔ خواجہ سرا؛ فرقۂ اسمٰعیلیہ کا فرد، آغا خانی۔

خوَخْیانا ومج سک خ۔ ف ل۔ بندر کا اپنی مخصوص آواز نکالنا، بندر بھبکی دینا۔

خوَد و مج۔ امذ۔ جنگ میں سر کی حفاظت کے لیے پہننے کی لوہے کی ٹوپی۔

خُوْد ضمہ خ، و غم۔ ضمیر، م فہ آپ، بذات خود؛ اصالتاً، یا اپنے آپ۔ **خُوْد اِرادِیَت** ذاتی طور پر فیصلے کا اختیار جو کسی گروہ کو حاصل ہو۔ صف **خُوْد آئِین** ہاتھ لگائے بغیر کام کرنے والا، نیز **خُوْد کار** اپنے آپ حسب منشا عمل کرنے والا۔ م ف۔ **خُوْد بَخُوْد** اپنے آپ، بیرونی اثر کے بغیر۔ ضمیر: **خُوْد بَدَولَت** جناب والا کسی ذی احترام شخصیت کے لیے م: خود بدولت آرام فرما رہے ہیں۔ امث **خُوْد تَرغِیبی** (تَر غی بی) اپنے آپ کو ذاتی غوروفکر اور قوت ارادی سے کام لے کر کسی بات پر مائل کرنا۔ صف: **خُوْدْدار** عزت نفس کا پاس کرنے والا صف **خُوْدَرو** اپنے آپ چلنے، رواں ہونے والا صف **خُودرُو** بغیر کاشت کیے اپنے آپ اُگنے والا۔ امث **خُوْد زِیرگی** کسی پھول کے تولیدی ذرّوں کا اپنے ہی پھول کی کلغی میں پہنچ کر بارور ہو جانے کا عمل۔ **خُوْدسِتائی** (کس س) اپنے منہ میاں مٹھو بننا، اپنی تعریف آپ کرنا۔ **خُوْدغَرَضی** (فت غ ر) مطلب پرستی، نیز **خُوْد کامی** محض اپنا فائدہ دیکھنا۔ **خُوْد کُشی** (ضمہ ک) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ **خُوْد کلامی** ڈرامے وغیرہ میں کردار کا اپنے آپ یا اپنے دل سے باتیں کرنا۔ صف: **خُوْد مُکتَفی** (مک تَ فی) اپنے وسائل پر بھروسا کرنے کے قابل؛ نیز **خُوْدکَفِیل** بیرونی مدد سے بے نیاز۔ **خُوْد نِگَر** متکبر، **خُوْد نِگہْدار** سنبھل کر چلنے والا، اپنے افعال اعمال کو قابو میں رکھنے والا۔

خَودا و مج۔ امذ۔ ناریل کا چھلکا کھپرا۔

خُوْدی ضمہ ج، و غم۔ امثہ اپنی ذات نفس یا وجود کا پاس یا اخلاقی و روحانی پرورش؛ نیز تکبّر، انانیت، نفس پروری۔

خُوْر ضمہ خ، و غم۔ امذ۔ رک: **خُوْرشِید** نیز **خُر** عَلَم۔ **خُوْرْداد** (ضمہ خ، وغم، سک د) امذ۔ ایران کا تیسرا شمسی مہینہ جو پاک و ہند کی اسلامی سلطنت میں بھی مانوس اور اساڑھ کا بدل تھا۔

خُوْراب و مع۔ امذ۔ گندہ پانی، گندے پانی کی نکاسی کا راستہ، کھیت میں پانی لے جانے کی نالی، نیز **خُوْرابہ**۔

خُوراک و مع۔ امثہ۔ غذا، کھانا؛ دوا کی مقدار جو ایک وقت میں دی جائے، قدرِ شربتہ وظیفہ، روزینہ۔

خُوْرد ضمہ خ، و غم، سک ر۔ صف۔ چھوٹا، کوچک؛ عمر یا مرتبے میں کمتر۔ حَقیر الجثّہ مرکب **خُوْرد**

بین بڑا کر کے دکھانے والا آلہ۔ خُوْرد بینی اَجسام آنکھ سے نظر نہ آنے والے جرثومے وغیرہ۔ امث خُوْردی چھوٹائی، بزرگی کی ضد۔

خُوْردَنی ضمہ خ، و غم، سک ر، فت د۔ صف: کھانے کے قابل، کھانے کا۔

خُوْردَہ ضمہ خ، و غم، سک ر، فت د۔ صف: کھایا؛ ہوا؛ امذ ریزگاری۔ خُوْردَہ گیر میں میکھ نکالنے والا، معترض۔ معمولی باتوں کی گرفت کرنے والا۔

خُوْرْسَند ضمہ خ، و غم، سک ر، فت س، سک ن۔ صف۔ خوش، مسرور، شاداں۔

خُوْرِش ضمہ خ، و غم، کس ر۔ امث۔ بروزن رِوِش رک: خُوراک۔

خُوْرْشید ضمہ خ، و غم، سک ر، ی مع۔ امذ، عَلَم۔ سورج، آفتاب جو نظام شمسی کا مرکز ہے۔ نیز کائنات کا بڑا ستارہ جس کے گرد سیارے چکر لگاتے ہوں۔ صف خُوْرشِید لِقا (کس ل) روشن، حسین چہرے والا۔

خَوَرْنَق فت خ و، سک ر، فت ن۔ عَلَم۔ بابل کا ایک قدیم محل جو بہرام شاہ کے لیے تعمیر کیا گیا تھا۔ [ف: خورنَہ کا معرّب]۔

خُوزادَہ و مع، فت د۔ امذ۔ شہزادہ، امیر زادہ، صاحبزادہ۔

خُوْش ضمہ خ، و غم۔ صف۔ مسرور، مگن؛ اچھا، موزوں، پسندیدہ؛ راضی مطمئن۔ مرکب خُوْش اُسْلُوب (ضمہ ا، سک س، و مع) سلیقے کا، پسندیدہ طرز یا وضع کا؛ خُوْش اِعْتِقاد ارادتمند، عقیدے کا پکّا، آسانی سے یقین کر لینے اور اچھی امید لگانے والا خُوْش خَبَری مُژدَہ خُوْش خُلق (ضمہ خ، سک ل) نیک، خوش مزاج۔ خُوْش خَوَر کھانے کا شوقین، نیز پُر خور بہت سا کھانے والا امث خُوْش دِماغی ذہانت، تر دماغی، لطافتِ طبع؛ فخروناز صف خُوْش دَہاں اچھی گفتگو کرنے والا خوش گُفتار؛ اچھے لب و دندان رکھنے والا۔ خُوْش رَقَم (فت ر ق) جس کی تحریر یا خط اچھا ہو، خُوش نویس۔ خُوْش سِنی نوجوانی، برنائی؛ لمبی عمر خُوْش طَبْع پُر مذاق، ہنسی مذاق کا شوقین، خُوْش عناں لگام کے اشارے سمجھنے والا، فرماں بردار، پھرتیلا (گھوڑا) خُوْش غِلاف خُوشنما نیام والا (خنجر، شمشیر)؛ اچھے کپڑوں میں ملبوس؛ تن بدن کو اچھی طرح ڈھکے ہوئے؛ خوش وضع مگر بد طینت آدمی، صورت حرام؛ نیز شمشیر خُوْش غِلاف میٹھی چُھری۔ امث خُوْش فِعْلی شوخی، چھیڑ چھاڑ، تفریح، چنچل پن، کھیل کود، کُلیلیں خُوْش فِکری اُپج؛ باتدبیری خُوْش فَہْمی (فت مج ف، سک ہ) امید موہوم رکھنے والا، سادگی سے ناخوشگوار پہلوؤں کو نظر انداز کرنے والا صف خُوْش قَدَم مبارک، بھاگواں۔ خُوْش کام بامراد۔ امث خُوْش گُزَرانی آرام، فراغت کی زندگی نیز خُوْش بَسَری صف خُوْش گِل (کس گ) خوبصورت، خوش اندام۔ خُوْش گوار (فت گ) پسندیدہ، فرحت بخش، بامزہ۔ امث خُوْش لَقَبی اچھے نام سے پکارا جانا۔ صف خُوْش نَظَر حسن وخوبی کاقدرداں جس کی نظر خوبی پر سے نہ چوکے۔ خُوْش نَفَس (فت ن ف) سُریلا، نیز خُوْش آہنگ۔ خُوْش وَضْع (سک ض) خوشنما اچھے طور طریق والا۔ امث خُوْش وَقْتی فراغت، تفریح۔

خُوْشا ضمہ خ، و غم۔ (بروزن دُعا) فجائیہ۔ کیا کہنا! کیا خوب! بہت مبارک! نیز آے خُوْشا (ولین) واہ رے، واہ وا، مرحبا، حبّذا! (حیرت و مسرت کے موقع پر) فقرہ خُوْشا نصیب کیسی خوش نصیبی کی بات ہے۔

خُوْشامَد ضمہ خ، و غم، فت م (بروزن حَماقت)۔ امث۔ دوسروں کی تعریف کر کے خود سے راضی رکھنے کی کوشش، عاجزی، گڑگڑاہٹ؛ مِنّت سماجَت۔ صف **خُوْشامَدخوَرا** چاپلوسی کرنے والا نیز **خُوْشامَدی**۔ مرکب **خُوْشامَد دَرامَد** عاجزانہ اصرار؛ اُتار چڑھاؤ دینا، پُھسلانا۔

خُوْشبُو ضم خ، و غم، سک ش، و مع۔ صف۔ مہک، سگندھ، سہانی خوش آئند بو، صف۔ مہکتا، معطّر اچھی بوباس والا۔

خُوْش بیگی ضمہ خ، و غم، ے مج۔ امذ۔ پرندوں یا چڑیا گھر کی دیکھ بھال پر مامور افسر، (شاہی دور کا ایک عہدہ)۔ اصلاً قُوش بیگی [ت: قُوش پرندہ] خوش خانہ چڑیا گھر۔

خُوْشتَر ضمہ خ، و غم، سک ش، فت ت۔ صف۔ بہتر، قابل ترجیح۔

خُوْشدامَن ضمہ خ، و غم، سک ش، فت م۔ امث۔ ساس، شوہر یا بیوی کی ماں[ف: خُش نیز خوش آمن]۔

خُوْشنُود ضمہ خ، و غم، سک ص، ومع۔ صف۔ مسرور، مطمئن، راضی۔ا کیف مث **خُوْشنُودی** راضی رہنا، راضی رکھنا۔

خوَشَہ ومج، فت ش۔ امذ۔ پھلوں، پھولوں یا پتوں کا گُچھا؛ غلے کے دانوں کی بالی؛ جھرمٹ م: **خوشَۂ پَروِیں** عِقد ثریا، سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ **خوَشَہ چِیں** کھیت سے گرے پڑے دانے چننے والا، خرمن سے خوشے اٹھا لینے والا، دوسروں سے فیض یاب ہونے والا۔

خُوْشی ضمہ خ، و غم۔ امث۔ جذبۂ مسرت، شادمانی، کسی اچھی بات پر ذہن کا خوشگوار ردّ عمل؛ مرضی، منشا، خواہش؛ اطمینان، چین، فراغت۔ بطور صفہ مسرور، مطمئن (شاذ، متروک)۔

خَوض و لین۔ امذ، گہرا سوچ بچار، تحقیق، تدبّر نیز **غوروخَوض** [لفظاً: غوطہ لگانا]۔

خَوف و لین۔ امذ۔ خطرہ، وسوسہ، اندیشہ، ڈر۔ صف **خَوفناک** ڈراؤنا، مرکب **خَوف وَ ہِراس** ڈر اور دُگدا، دُبدھا۔

خُوک و مع۔ امذ۔ سؤر خنزیر۔

خُوگر و مع،فت گ۔ صفہ عادی، رسیا، شوقین۔

خوَل ومج۔ امذ۔ غلاف، دوہری پَرت یا تہہ، چھلکا، پوست، ڈھانچہ، خانہ، جوف، قَعر [اصلاً: کھول] امث **خوَل مَچھلی** جھینگا۔ امذ۔ **خوَلی کیِڑا** چاول کا گُھن جو دھان کو اندر سے کھوکھلا کر دیتا ہے۔

خُولَنْجان و مع، فت ل، سک ن۔ امث۔ پرانی پان کی بیل کی جڑ گرہ دار سرخ سیاہی مائل، مزے میں تیز، دواءً مستعمل۔ نرم کو قصبی اور سخت کو عقاری کہتے ہیں [س: کلنجن؛ لاط: Zingiberacae] خولی کیڑا چاول کا گُھن جو دھان کو اندر سے کھوکھلا کر دیتا ہے۔

خُون و مع۔ امذ۔ وہ سرخ سیال جو جاندار جسموں میں دوڑتا ہے، لُہو، دَمَ؛ گوت نسل، خاندان؛ یگانگت کے اظہار کے لیے ایک استعارہ م: خون اسرائیل، راجپوتی خون؛ قتل، لہو بہانا، مار ڈالنا؛ جان لینا؛ نیز مجازاً؛ ختم کر دینا، پامال کرنا، کچلنا م: خون ارماں۔ **خوں آشام** (و مع ، غنہ) لہو پینے والا (مجازاً) سفاّک، قاتل۔ **خوںبار** (ومع، غنہ) خون ٹپکانے والا خون کے آنسو بہانے والا؛ خون برسانے، کشت و خون کرنے والا۔ **خُون پانی ایک ہونا** خون کا پانی کی طرح ارزاں ہو کر بہنا؛ جان کی پروا کیے بغیر سخت محنت و مشقت جاںفشانی۔ **خُون تُھکوانا** سخت آزار دینا، موت کے قریب پہنچا دینا۔ **خُون (سر پر) چڑھنا/ سَوار ہونا** قتل پر تُلا ہونا۔ **خُوں چکاں** (غنہ) جس میں سے خون ٹپکے، نہایت سفاک (عموماً تلوار کے لیے)؛ **خُون خَچَر/ خَرابا** مار دھاڑ، کشت و خون، نیز رک

خونخَرابہ۔ خُوں خوَار (غنہ) (خار) ظالم، بے درد، نیز خُوں ریز (غنہ) لہو بہانے میں مشاق خُون سفَید ہونا بے دید، بے مروت، بے ملاحظہ ہو جانا خُون کا سا گھونٹ پینا بےبسی میں صبر و برداشت سے کام لینا۔ خُوں ناب نیز خوں ناب/ نابَہ خالص خون، جیتا خون۔

خوّن و مج۔ رک؛ خوَان۔

خُونّابَہ و مع، فت بہ امذ۔ اشک خونیں، خون ملا آنسو۔ [خون + آب + ہ]۔

خُوناخُون و مع۔ صف۔ خون میں لت پت، خون میں تربتر، نیز خُونَم خُون۔

خوَنچہ و مج، سک ن، فت چ۔ امذ رک؛ خوَانچہ۔

خُونَ خَرابَہ و مع، فت خ بہ امذ۔ ایک درخت کا سُرخ گوند، دواءً مستعمل، ہیرا دوکھی، رنگ بَرت، نیز خونِ سیاوُش (کس س، و مع) (لاط: Phacolus Coccinea)۔

خُونی و مع۔ صف۔ قاتل، قتل کرنے والا؛ خون سے نسبت رکھنے والی شے؛ خون کے رنگ کا؛ نیز خُونِیں (غنہ)؛ قتل کے واقعات سے متعلق۔

خوئے ومج، ے مج۔ امذ۔ پسینہ، عرق جسم۔ نیز خوے (سک ح، ی مج)۔

خَوید فت خ، ے مج۔ امث۔ گیہوں یا کسی غلّے کی کچّی فصل جو کھیت میں کھڑی ہو، لہلہاتی ہری بھری فصل۔

خوَیش و غم، ے مج۔ ضمیر۔ خود، آپ، اپنا، امذ۔ رشتہ دار، قرابت دار، اپنی جماعت یا قبیلے کا۔ خوَیش پَروَری اپنے لوگوں کی پاسداری، اپنوں کی حمایت میں تعصب، اپنوں کو نوازنا۔ امث خوَیشی رشتے داری۔

خوَیشاوَنْد و غم، ے مج، فت و، سک ن۔ امذ۔ عزیز قرابت دار، امث خوَیشاوَندی رشتے داری۔

خوَیشتَن و غم، ے مج، سک ش، فت ت۔ ضمیر۔ اپنا آپ ا کیف مث خویشتَن بِینی (ی مع) خودپسندی، انانیت، خود غرضی۔ خوَیشتَن داری خود داری، عزت نفس۔

خَہے فت خ، ے مج۔ فجائیہ، واہ، کیا کہنا، زہے!

خِیابان کس خ۔ امذ۔ پھولوں کے تختوں کے بیچ میں سے گزرنے والی روش، درختوں کی قطاروں کے بیچ میں سے گزرنے والا راستہ، سایہ دار درختوں سے چھائی ہوئی سڑک۔

خِیاتا کس خ۔ امذ۔ ریشم کا باریک دھاگا، [ع: خَیط کی تحریف]۔

خِیار (۱) کس خ۔ امذ۔ کِھیرا، ککڑی، نیز تثنیہ خِیارَین کھیرا اور ککڑی۔ خِیارِ شنْبر (شمّ بَر) املتاس۔

خِیار (۲) کس خ۔ ج مذ۔ بھلے لوگ، معزز لوگ۔

خِیارُالْبُلُوغ کس خ، ا غم، سک ل، ضمہ ب۔ امذ۔ لڑکی کا یہ حق کہ چاہے تو بالغ ہونے پر بچپن کے نکاح کو فسخ کر دے۔

خِیاط کس خ۔ امث۔ سوئی، درزی کی سوئی۔ امذ۔ خَیّاط (فت خ، شد ی) درزی۔امث خِیاطَت (کس خ، فت ط) سلائی، درزی کا کام، امث خَیّاطہ درزن؛ نیز ران کا ایک پٹھا۔

خَیال فت خ۔ امذ۔ ذہن کا یہ عمل کہ غیر حاضر اشیاء کو حواس کی مدد کے بغیر محسوس کرسکے، تصوّر، سوچ، فکر؛ اپج ذہن کا تخلیقی عمل؛ گمان، وہم؛ یاد، لو، رائے، تجویز؛ عزم، ارادہ؛ پروا، توجہ؛ نیز خیال کلاسکی موسیقی کا ایک انداز جس میں کسی راگ کے سروں کو گانے والا اپنی طبیعت اور انفرادی اپج کے مطابق مختلف طرح کی صوتی بندشوں میں، چند بولوں کے سہارے ادا کرتا ہے۔ امث خَیال

آرائی نیا مضمون پیدا کرنا؛ دھیان یا قیاس دوڑانا؛ خَیال بَنْدی شعر میں مضمون آفرینی، صف خَیالِ خام ناقص سوچ ج۔ خَیالات صف خَیالی بے اصل، غیر حقیقی محاورہ خَیالی پُلاؤ پَکانا اپنا دل خوش کرنے کے لیے بے اصل منصوبے باندھنا۔ خَیالی گھوڑے دَوڑانا قیاس آرائیاں کرنا۔ عام؛ خیال۔

خِیام کس خ۔ ج مذ۔ رک خَیمہ۔

خَیّام فت خ، شد ی۔ صف۔ رک خَیمہ۔ علم۔ شاعر و ماہر ریاضی غیاث الدین ابوالفتح حکیم عمر بن ابراہیم الخیامی نیشا پوری کا معروف لقب، عمر خیّام متوفّی ۱۱۲۲ ع۔

خِیانَت کس خ، فت ن۔ امث۔ خود کو ناقابل اعتماد ثابت کرنا، امانت میں خرد برد کرنا، غبن، سرقہ۔

خَیبَت ے لین، فت بہ امذ۔ مایوسی، ناکامی۔

خَیبَر ے لین، فت بہ علم (۱) پاکستان کے شمال مغرب میں کوہستان سلیمان کا مشہور درہ؛ حجاز کا ایک قدیم قلعہ جسے مسلمانوں نے ۷ویں ہجری نبویؐ میں فتح کیا تھا۔ خَیبَر شِکَن حضرت علی ابن ابی طالبؓ کا لقب۔ نیز خَیبَر کُشا۔

خَیر ے لین۔ امث۔ نیکی، اچھائی، کارثواب؛ شر کی ضد؛ کلمہ ایجاب و اثبات: اچھّا ٹھیک ہے، مضائقہ نہیں، جانے دو، بس۔ خَیر مانگنا/ مَنانا امان چاہنا، پناہ طلب کرنا۔ مقولہ خَیرُ الْاُمورِ اَوسَطُہا بہتر بات وہ ہے جس میں اعتدال سے کام لیا جائے۔ مرکب خَیر اَلْبَرِیّہ خلائق میں بہترین۔ نیز خَیرُالْوَریٰ (وَرا)۔ فقرہ خَیرْ باد خیریت رہے؛ بطور امث؛ رخصت، کنارہ کشی؛ محاورہ خَیرباد کہنا، ترک کرنا، خدا حافظ کہنا۔ خَیر باشَد بطور استفہام: خیریت تو ہے؟ مرکب اضا خَیرْ خَبَر اچھی خبر، اطمینان بخش اطلاع مر عطفی خَیر وَ عافِیَت سَلامتی، رک، عافیّت۔

خَیرات ے لین۔ امثہ نیکی کے طور پر بخشش، دان پُن۔ (لفظاً) اچھے کام، نیکیاں۔ صف خَیراتی کسی کی مالی امداد سے رفاہ عام کے لیے کیا جانے والا کام، یا قائم کیا ہوا (وقف وغیرہ)۔

خیرہ ی مع۔ فت ر۔ صف۔ چُندھیایا، چُندھیائی (آنکھ)؛ بہکا، بھٹکا ہوا، بے حیا،بے شرم، گستاخ، سرکش؛ امث خِیرَگی شوریدہ سری، سر کشی؛ نیز خِیرَہ سَری۔ مرکب خِیرہ چشْمی چکاچوند آنکھوں کا چُندھیانا۔

خَیری ے لین۔ امذ۔ ایک خوشبودار پھول جو رات کو مہکتا ہے؛ گل شب بو۔ گُلْخَیری۔

خَیرِیّت ے لین، کس ر، شد فت ر۔ امث۔ صحت، سلامتی؛ بھلائی۔ عام خَیرِیَت۔

خیزْ ے مع۔ لاحقہ، صیغۂ امر۔ امذ۔ مرکبّات میں اٹھنے یا اٹھانے والا، اپجانے،پیدا کرنے والا، م؛ سحر خیز، سویرے اٹھنے والا، جنوں خیز، وحشت خیز؛ مردم خیز، زرخیز۔ بطور امر؛ اٹھ بیٹھ، اُٹھ جا۔ امذ۔ بیداری، م؛ خُفت و خیز، سونا اور جاگنا؛ جَست چھلانگ، م؛ گھوڑے نے خیز کی = جست لگائی۔ صف خیزاں اٹھتا ابھرتا ہوا، چمکدار۔ خیزِش کھڑا ہونا، اُکساہٹ، آلۂ تناسل کی اِستادگی، نیز خیزی۔

خَیزُراں ے لین۔ امذ۔ بانس، نرکل، بید؛ ایک خوشبودار سدا بہار پودا، ولایتی مہندی۔ (انگ؛ Myrh) [ف؛ خَیزُ ران]۔

خیسانْدَہ ی مع، امغ، فت د۔ امذ۔ پانی میں بھگویا ہوا؛ طبّی نسخے کے اجزا جنھیں پانی میں بغیر جوش دیےصرف بھگو کر پانی دوا کےطور پر پیا جائے۔

خَیشُوم ے لین، و مع۔ امذ۔ ناک کا پچھلا اندرونی حصہ جو حلق سے جا ملتا ہے؛ مچھلی کا گلپھڑا۔

خَیط ے لین۔ امذ۔ دھاگا، مرکب خَیطِ اَبْیَض،

خَیطِ اَسوَد سفید دھاگہ، سیاہ دھاگہ۔ ج خُیوط۔

خَیطہ ے لین، فت ط۔ امذ۔ باریک ریشہ، ریشہ نما فلیتہ (انگ: Filament)؛ حشرات کی چابک نمادُم (انگ: Flagellum) خَیطی دُودَہ ایک سفید باریک کیڑا جو آنت میں پیدا ہوتا ہے۔ (انگ Thread Worm) نیز خَیطِیَہ ۔

خَیفا ے لین۔ امث۔ (علم بدیع) ایسی عبارت جس میں منقوط اور غیر منقوط الفاظ ادل بدل کر آئیں؛ وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ کا رنگ دوسری سے مختلف ہو۔

خَیل ے لین۔ امذ۔ گروہ، قبیلہ، گُھڑ سواروں کا دستہ [ع: خیل۔گھوڑا ج خُیول]۔

خَیلا ے مج۔ امث۔ باولی، سڑ بلّی عورت، خَبطَن۔ (پھبتی) خَیلاجان بیلا۔ خَیلا خَبّط۔

خَیلے ے لین، م فہ بہت، نہایت، بہت زیادہ۔

خَیمَہ ے لین، فت م۔ امذ۔ دبیز کپڑے کا تنا ہوا تنبو جس میں پڑاؤ کیا جائے۔ ج خِیَم۔ خَیمَگی (فت م) خیمہ لگانے والا، خیموں کا رکھوالا؛ خَیّام خیمہ بنانے والا، نیز خَیمہ ساز، خَیمہ دوز۔

خِیو ی مع، سک و۔ امذ۔ تھوک، لعاب دہن، نیز خَیُو (فت خ، و مع)۔

خُیُوط ضمہ خ، و مع۔ خَیط (رک) کی جمع (حیاتیات) خُیوطِ لَونی/ لَونیَہ بیلن نما خورد حیاتی اجسام جو حیوی خلیوں کے انقسام سے ظہور میں آتے اور جِینز (انگ: Genes) کے حامل ہوتے ہیں جن میں جنیِن کی موروثی خصوصیات منضبط ہوتی ہیں۔ ماں اور باپ کی طرف سے ہر جینی بیس بیس خیوط لونی پاتا ہے۔ (انگ: Chromosomes)۔

خُیُول ضمہ خ، ومع۔ خَیل (رک) کی جمع۔

د

د دال، دالِ مہملہ۔ امث۔ اردو ترتیب تہجی کا اٹھارواں حرف، لثوی مصمتہ جس کا مخرج آگے کے بالائی دانتوں کی پشت کے اوپر کا مسوڑھا ہے۔ شمسی حروف میں شامل، جمل میں ۴ عدد کا حامل۔

دا امث۔ درانتی، خصوصاً بے دندانوں کی۔

داب (۱) امت دبانے کا عمل، دباؤ، بوجھ؛ پَتّاؤ کا پتھر یالکڑی یا داسا۔ (طباعت) کاغذ کو چھاپے کی مشین سے چھاپ کر نکالنے کا عمل۔ مرکب وصفی داب پَذیر دباؤ قبول کرنے والا، لچکدار، نرم امذ۔ داب پَیما دباؤ ناپنے کا آلہ (انگ: Manometre) داب گانس (غنہ) سارنگی کے گز کو تاروں پر پھیرنا؛ دبا کر پھیرنا داب اور ہلکے سے پھیرنا گانس۔ داب گر ہوا کے دباؤ کو بڑھانے کا پمپ۔ (انگ: Compressor)۔

داب (۲) امذ۔ ضابطہ، قاعدہ، قرینہ، آداب م؛ دابِ محفل؛ کوشش، تگ و دَو۔

داب (۳) امذ۔ رعب، دبدبہ، شان و شکوہ۔ [ف: دا راب کا مخفف]۔

دابا امذ۔ رک: دَبّا۔

دابْنا سک بہ ف م۔ رک: دَبانا۔

دابَّہ شد فت بہ امذ۔ چوپایہ، مویشی ج: دَوّاب نیز دابَّۃ الْاَرض (دابْ بَ تل اَرْز) زمین پر چلنے والا چوپایہ دابَّۃ الْمِشک (دابْ بَ تُل مِسک) وہ ہرن جس کے نافے سے مُشک نکلتا ہے۔

دابْھ امث۔ ریتیلی زمین میں پیدا ہونے والی ایک گھاس جس کے پتّے کانس کی طرح ہوتے ہیں؛ کُشا گھاس (لاط: Imperata Clyindrica) نیز دَربھ۔

داتا امذ۔ صف۔ سخی، بخشش کرنے والا؛ پروردگار، نیز داتار [س: داتْرَ]۔

داچا امذ۔ قالین بننے کی کھڈی یا اڈا جو ایک قسم کا کھڑا چوکھٹا ہوتا ہے۔

داخِل کس خ۔ صف۔ جو اندر آئے یا پہنچے، وارد، موجود۔ آمدہ، شریک؛ حساب یا کتاب میں درج کیا ہوا، مدرسے وغیرہ میں بٹھایا ہوا، بھرتی کیا ہوا، کسی گروہ یا زمرے میں شامل؛ خارج کی ضد۔ مرکب: **داخِل خارِج** ملکیت کی تبدیلی کا سرکاری دفتر میں اندراج۔ **داخِل دَفتر** پرانے کاغذات میں محفوظ کیا ہوا، (کنایتہً) نظر سے اوجھل، فراموش۔

داخِلَہ کسمج خ، فت ل۔ امذ۔ در آنے، گھسنے، شامل، وارد ہونے کا عمل؛ در آنے کی اجازت؛ بھرتی۔ صف: اندرون ملک یا امور ملکی سے متعلق م: **اُمورِ داخِلَہ، وَزارتِ داخِلَہ** نیز **داخِلِیّہ**۔ عام: **داخْلہ**۔

داخِلی کس خ۔ صف۔ اندرونی، باطنی ظاہری کی ضد؛ فرد کی نفسیات یا جبلّت سے متعلق؛ (ادب) ایسی تحریر خصوصاً شاعری جس میں بیرونی مشاہدات کی نسبت زیادہ تر اندرونی جذبات و محسوسات کا اظہار ہو۔

داخِلِیّت کس خ ل، شد فت ی۔ امث۔ (نقد الادب) بیرونی تجربے یا مشاہدے کی نسبت ذہنی اپج یا ذاتی جذبات کے اظہار کی طرف رغبت۔ (فلسفہ) مادّی علم کو موجود بالذات ہونے کی بجائے نفسی وجود پر مبنی قرار دینا۔

داخُن ضمہ خ۔ امذ۔ ناخن کی جڑ میں انگلی کی پور کا پک جانا۔

داخُول و مع۔ امذ۔ چڑیوں کو ڈرانے کے لیے کھیت میں کھڑا کیا جانے والا آدمی کی شکل سے ملتا ہوا نشان پُتلا یا ہوّا، چشمارو۔

داد (۱) امث۔ انصاف، عدل؛ بخشش عطا؛ تحسین و آفرین مرکب **داد وَ دِہِش** (و مع، کسمج د، کس ہ) سخاوت ، فیاضی، انعام اکرام۔ **داد وَ ستَد** لین دین۔ صف۔ داد خواہ (خاہ) انصاف چاہنے والا، فریادی داد رَس فریاد کو پہنچنے، انصاف کرنے والا، نیز **داد گُسْتَر** (ضمہ گ) سب کو انصاف مہیا کرنے والا (لفظاً انصاف پھیلانے والا) ۲۔ تحسین، تعریف، توصیف۔

داد (۲) امذ۔ ایک جلدی مرض جس میں داغ پڑ جاتے ہیں اور خارش ہوتی ہے۔ راج پھوڑا، جَمرہ۔

دادا امذ۔ والد کا والد؛ جد؛ گُرو، اُستاد، پیر (گاہے طنزاً)؛ باپ سے بڑھ کر، دادا کے برابر دو پیڑھی یا دو درجے اوپر م: **دادا پیر، دادا اُستاد** = اُستاد کا اُستاد؛ غنڈہ، بدمعاش۔ امث **دادا گیری** ہیکڑی بازی، غنڈہ پن۔

دادُر ضمہ د۔ امذ۔ مینڈک۔

دادرا کس د۔ امذ۔ گانے کی ایک ہلکی پھلکی چنچل طرز جو آگرہ و اودھ سے تعلق رکھتی ہے لیکن سب جگہ مقبول ہے؛ نیز طبلے کی ایک تال۔

دادَس فت د۔ امث۔ ساس کی ساس، ددھیا ساس۔ امذ **دادَسرا** دادا خُسر نیز **داد سُسرا**۔

دادَنی فت د۔ امث۔ پیشگی رقم جو کسی کو کسی کام یا کسی خریداری کے لیے دی جائے؛ بیعانہ۔

دادَہ فت د۔ صف۔ دیا ہوا، مرکب **قَرار دادَہ** طے پایا ہوا، قرار دیا ہوا، **دِل دادَہ** گرویدہ عاشق؛ شوقین، دھتّی۔

دادی (۱) امث۔ باپ کی والدہ، جَدّہ۔ **دادا** (رک) کی تانیث؛

دادی (۲) صف۔ انصاف طلب کرنے والا مرکب **دادی فریادی** مُستغیث۔

دادھیال کس دھ۔ امث۔ رک: **دَدھیال**۔

دار (۱) امذ۔ درخت، پیڑ؛ لکڑی م: **دیودار** (رک)؛ ایک جنگی ہتھیار۔ **دار چوبہ** آنبہ ہلدی، نیز دار

ہَلَد (فت ہ، سک ل) دار چینی ایک درخت کی پتلی نازک بھوری خوشبودار چھال، کھانوں میں مہک کے لیے یا دواءً مستعمل (لاط: Cinnanimum Zeylanicum) دارِ شَمْشاد (کسمج ر) ایک لوہے کا کانٹے دار ہتھیار؛ دارِ فلفل لمبی مرچ، ایک بیل جس میں لوبیے کی طرح کی پھلیاں اور بیج لگتے ہیں جو مزے میں تلخ ہوتے ہیں، دواءً مستعمل؛ فلفل دراز۔ (لاط: Piper Langum)۔

دار (۲) امث۔ سُولی، پھانسی پر چڑھانے یا میخیں ٹھونک کر لٹکانے کے لیے گاڑی ہوئی لکڑی۔

دار (۳) امذ۔ مکان، عمارت، ادارہ۔ دارُالْاِقامَہ (دارُلْ اِ ▪ م) قیام گاہ، بورڈنگ ہاؤس؛ دارُالْاَمارَہ (دارُلْ اِمارا) پایۂتخت،شاہی محل۔ دارالامان (دَارُل آمان) پناہ گاہ؛ (شرع) وہ مقام جہاں مسلمان آزادی سے رہ سکیں۔ دارُالْاِنْشا (دارُل اِنْ شا) شاہی مراسلات کی روانگی کا دفتر دارُالْآثار (دارُل آسار) عجائب خانہ جس میں قدیم نوادر رکھے جائیں۔ دارُالْآخِرَہ (دارُل آ خِ رَ) دوسری دنیا، عالم ارواح۔ دارُالْبَوار (بَ وار) دوزخ، جہنم [ع: بَوار، ہلاکت] دَارالحَرْب (حَرْب) وہ جگہ جہاں مسلمان آزادی سے نہ رہ سکیں اور فرائض دینی کی ادائیگی میں زحمت ہو۔ دارُالْحُکومَت (ضمہ ح، ومع، فت م) پایۂ تخت، حکومت کا صدر مقام۔ نیز دارُالْخلافَہ (خِ لا فَ) دارُالسَّلْطَنَت (دارُسْ سَلْ تَ نَت) دار اُلْطَّبْع (دارُتْ تَبْع) چھاپہ خانہ، اشاعت گھر۔ دارُالْعُلُوم بڑی درس گاہ، یونیورسٹی دارُالْمَجانین (دارُل مَ جانی نْ) پاگل خانہ دارُالْمِحَن (کسمج م، فت ح) تکالیف کی جگہ مراد دنیا۔ دارُالْمُصارَعَت (ضمہ م، فت رع) کھیلوں اور ورزشوں کے لیے بنائی ہوئی عمارت اکھاڑا (انگ: gymnasium) دارُالْمُکافات (ضمہ م) وہ جگہ جہاں ادلے کا بدلہ ملے، مراد دنیا یا آخرت۔ [ع: مکافاۃ]۔ نیز رک: دارین، دیار۔

دار (۴) بطور لاحقہ صفت رکھنے والا۔ حامل، قابض، مالک۔ م: امانت دار، دل دار، ذمہ دار، مکاندار۔ نیز صیغۂ امر م: کَج دار وَ مَریز ٹیڑھا رکھ مگر بہنے نہ پائے، مراد مشکل یا محال کا مطالبہ، آزمائش۔ دارو گِیر (لفظاً) رکھ لے اور پکڑ، مراد پکڑ دھکڑ، گرفتاریاں اور تعزیریں۔ دار وَ مَدار (مج و، فت م) اِختلاط راہ و رسم، تعلق، تواضع؛ قول و اقرار؛ انحصار، بھروسا، سہارا۔ امث دارِنْدگی (دارِنْ دَگی= رکھنا۔ صف دارِنْدَہ (دارِنْ دَ) رکھنے والا، حامل۔

دارا علم۔ ایران کے قدیم شاہوں کا لقب، عموماً مراد وہ بادشاہ جسے سکندر اعظم نے شکست دی تھی۔ دارِیُوش۔

داراب علم۔ ایران کے کَیانی خاندان کا آٹھواں بادشاہ، دارا کا باپ۔ امذ۔ شان و شکوہ۔

دارابی امث۔ توپ کھینچنے والی گاڑی۔

دارِج کس ر۔ صف۔ مُروّج، جس کا چلن عام ہو جیسے سکہ یا محاورہ۔ عام: دارِجَہ (کسمج ر، فت ج)۔

داڑ چِکْنا سک ر، کس چ، سک ک۔ رک دال چِکنا۔

دارَنْگ فت ر، غنہ۔ امث۔ (موسیقی) مارگ تال کی ایک قسم، چار ما تراؤں کا ایک ٹھیکا۔

دارُو و مع۔ امث۔ دوا؛ دیسی شراب؛ بارود۔ مرکب دارُو سِیسَہ مراد گولا بارود [پشتو]۔

داروَغَہ و مج، فت غ۔ امذ۔ سپاہیوں کی ٹکڑی کا سربراہ، تھانیدار، نگراں کار؛ (بطور تپاک) پولس کا سپاہی۔ امث داروَغائی داروغہ کا عہدہ یا کام، نیز داروَغَگی (فت گ) مث داروَغَن/ داروَغنی

(سک غ)۔

دارْ بَلد فت ہ، سک ل۔ امث۔ آنبہ ہلدی، دارچوبہ (لاط: Barbaris lycicum)۔

داری امث۔ لونڈی، باندی (بطور دشنام)۔

دارَین ے لین۔ تثنیہ۔ دونوں ٹھکانے، مراد دُنیا اور آخرت۔ واحد **دار**۔

دارِم کس رٖ۔ امذ۔ انار، انار کا درخت۔

دارُو (ومع) امذ۔ انار کی ایک نہایت کھٹی قسم۔ [س: دارْمْب انار]۔

دارْھی امث۔ رک: **ڈاڑھی**۔

داس (۱) امذ۔ غلام، نوکر، خدمتگار امث۔ **داسی** مرکب **داس پُتّر** غلام زادہ، یا لونڈی زادہ۔

داس (۲) امث۔ درانتی، ہنسیا۔ نیز **داسا**۔

داسا (۱) امذ۔ لکڑی یا پتھر کا ترشا ہوا ٹکڑا، تختہ یا سل جو چھت یا دروازے کے اوپر پٹاؤ یا سہارے کے لیے لگایا جائے، داب۔

داسا (۲) امذ۔ نئے پیدا ہوئے بچے کا پاخانہ جو پتلا سبزی مائل ہوتا ہے۔

داسْتان سک س۔ امث۔ قصہ، کہانی، کتھا، روئداد؛ طولانی حکایت یا بیان، تاریخ، تذکرہ؛ نقارے کی پانچ ضربی ٹکوریں۔ مرکب **داستانْ سَرا** قصہ گو۔ نیز **دَسْتانْ سَرا** (غنہ فت س) **دَسْتانْ زَن** (فت ز) **داستان گوَ**۔

داسِیچا ی مع۔ امذ۔ ایک معمولی سُوتی، دھاریدار کپڑا، سُوسی، چُوڑیا۔

داشْت سک ش۔ امث۔ رکھنا، رکھوالی کرنا، دیکھ بھال تربیت پرداخت۔ عموماً مرکبات میں م: **چَشْم داشْت** نگرانی **عَرْض داشْت** گزارش، درخواست۔

داشْتَہ سک ش، فت ت۔ صف امث۔ رکھا ہوا، سینتا ہوا، محفوظ م: داشتہ آید بکار = رکھی ہوئی چیز کام آتی ہے۔ امث۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت جس سے آشنائی ہو، بے نکاحی خانگی عورت، رکھیل۔

داعی صف۔ پکارنے والا، بلانے والا، دعوت دینے والا؛ مبلّغ؛ محرک؛ متقاضی؛ دعوے دار۔ **داعی اِلَیْ اْلْحَق** (اِلَلْ حَق) سچائی کی طرف بلانے والا ج **دُعاۃ** (دُ عات) امث **دَاعِیہ** دعویٰ، بُلاوا، تقاضا۔

داغ امذ۔ دھبّا، اوپری نشان، زخم؛ بٹّا؛ بد نُمائی؛ رسوائی، عیب؛ غلاموں یا گھوڑوں وغیرہ کی جلد پر ملکیت کا نشان جو لوہے کو گرم کر کے لگایا جاتا تھا؛ بگھار جو دال، کھچڑی وغیرہ کو دیا جائے؛ رنج، صدمہ۔ مرکب **داغ بیل** (ے مج) تعمیر کا ڈول ڈالنے کے لیے زمین پر کھودے یا ڈالے جانے والے نشان۔ **داغ تَصْحِیحَہ** (تَسْ حی حَ) ملکیت یا تصدیق کا نشان جو گھوڑوں کی پشت پر ڈالا جائے۔ **داغْ دوَزی** (سک غ، و مج) نشانوں کو مٹانا، دیوار فرش وغیرہ کے اکھڑے ہوئے پلستر درست کرنا۔ **داغِ سَودا** جسم پر خِلط سودا کی زیادتی سے پڑنے والے چٹّے؛ آثارِ جنوں۔ **داغ شُعلہ خوَار** (شُعْ لَ خار) چراغ کا گُل۔ ف م **داغْنا** چرکا دینا، جلد کو جُھلس کر نشان ڈالنا؛ توپ بندوق وغیرہ سر کرنا، چھونکنا، بگھار دینا، پیاز لہسن وغیرہ کو گھی میں تل کر ان کا رنگ بدلنا؛ دعویٰ دائر کرنا؛ بیان وغیرہ جاری کرنا۔ صف **داغی** دھبے دار، داغا ہوا، نشان کردہ، عیب دار، گلا ہوا (پھل) جس کے چھلکے پر دھبا نظر آئے، نیز رک: **دَغِیلا**۔

دافِع کس مج ف۔ صف۔ دفع کرنے، رد کرنے، ٹالنے، دور کرنے، روکنے والا۔ مرکب **دافِع اْلْبَلا** (کس مج ف، ضمہ ع، ا غم، سک ل، فت ب) آفت، مصیبت کو دور کرنے والا۔ **دافِع عُفُونَت** (کس مج ع، ضمہ ع، و مع، فت ن) جراثیم کش، سڑنے سے روکنے والا۔

داک صف۔ دان کرنے والا۔

داکھ امذ۔ کشمش، انگور۔ **داکھ رَس**، انگور کا افشردہ۔ **داکھ لَتا** انگور کی بیل [س: قب ف: تاک]۔

دال (۱) امث، حرف د۔ صف راہنما، دلیل، دلیل راہ۔

دال (۲) امث۔ دلا ہوا چنا، یا بعض دوسرے غلّے جیسے مونگ مسور ماش وغیرہ (لاط: Puls انگ: Pulse)۔ وہ زرد دانہ جو نئے چوزے یا چینچلے کی چونچ کے دونوں طرف چند روز تک نظر آتا ہے۔ چیچک وغیرہ کے دانوں پر جمنے والا کھرنڈ۔ **دال بِیجی** (ی مع) بیسن کی مہین سویّوں کے ساتھ تلی ہوئی بغیر چھلی مونگ کی دال کا ہلکے مسالے کا سلونا چبینا۔ **دال جَھڑنا** (فت جھ، سک ڑ) چوزے کی چونچ کی دال کا غائب ہونا۔ مثل: **مُنّہ کی دال نہیں جَھڑی** ابھی نادان ہیں۔ **دال چِپّو ہونا** دو پتنگوں کی ڈوروں کا باہم گتّھ جانا، لپٹ جانا۔ امذ۔ **دالْچہ** ترکاری کے ساتھ امچور ڈال کر پکائی ہوئی کھٹی دال۔ مرکب **دال دَلْیا** معمولی کھانا؛ گزارے کے لائق کام یا چیز جس سے مقصد پوا ہو جائے۔ **دال سیو** (ے مج، سک و) بیسن کے لچھّوں کے ساتھ چنے کی تلی ہوئی مسالے دار دال کا چبینہ۔ محاورہ **دال گلنا** مقصد پورا ہونا، کام بننا عموماً نفی کی صورت میں۔ م: دال نہیں گلی= کام نہیں بنا۔ **دال موٹھ** (ومج، سک ٹھ) مونگ اور موٹھ کی تلی ہوئی مسالہ دار دالوں کا چبینہ۔ محاورہ **دال میں کالا ہونا** بھید یا شبہ کی بات کا گماں۔

دالان امذ۔ ستونوں پر قائم کھلی مسقف تعمیر۔ مرکب **پیش دالان** دالان کے آگے کا دالان۔ **دالان در دالان** دالان کے اندر ایک اور دالان، دوہرا دالان۔

دام (۱) امذ۔ نقدی، پیسے، رقم؛ اجرت؛ قیمت، معاوضہ؛ نرخ، بھاؤ؛ پرانے زمانے کا ایک چھوٹا سکہ جو جلال الدین اکبر کے عہد میں ایک روپے کے چالیسویں حصّے کے برابر ہوتاتھا، لیکن مختلف عہدوں میں اس کی قیمت بدلتی رہی ہے؛ نیز ۱۸ ماشے کا وزن۔ **دام کَھڑے کرنا** نقد قمیت وصول کرنا، نیز **کھرے کرنا**۔

دام (۲) امذ۔ جال، پھندا، جس سے چڑیوں مچھلیوں وغیرہ کو پکڑا جاتا ہے، نیز مجازاً کسی کو پھانسنے کی سازش یا کارروائی۔ **دامِ تَزْوِیر** (کسمح م، فت ت، سک ر، ی مع) جھوٹ، مکر، فریب جو کسی کو بہکانے یا پھنسانے کے لیے ہو؛ ایک طرح کا سانچا جس سے کاغذ سازی کے عمل میں کام لیا جاتا ہے۔

دام (۳) امذ۔ سبزی خور چوپایہ، چرند۔ مرکب **دام وَ دَد** چرندے اور درندے۔

دامَ فت م۔ کلمۂ دعائیہ دائم رہے، ہمیشہ قائم رہے؛ م: **دامَ لُطْفُہٗ** (ہُو، ہُم) اس کی/ ان کی مہربانی قائم رہے **دامَ ظِلُّکُم/ ظِلُّہُم** (دامَ زِلْ لُ کُم/ ہُم) تمھارا/ اُن کا سایہ ہمیشہ رہے مث **ظِلُّہا**۔ **دامتْ فُیُوضُہُم** (ف یُو ز ہم) ان کے فیض ہمیشہ جاری رہیں۔ نیز **اَدامَ اللّٰہُ ظِلَّہُم** رک **اَدام، دامَت**۔

داماد امذ۔ لڑکی کا شوہر، دولھا۔ مرکّب، **بھانج داماد** بھانجی کا شوہر، **بَھتِیج داماد** بھتیجی کا میاں۔ امث **دامادی** داماد کا رشتہ، داماد ہونا یا بننا۔

داماس امذ۔ ایک چکنا، منقّش ریشمی کپڑا جو دونوں طرف سے یکساں ہوتا ہے ابتداءً دمشق سے منسوب۔ [فرانسیسی، انگ: Damask]۔

داماساہی امث۔ دیوالیے کے اثاثوں کا قرضخواہوں میں بٹوارا [ایک تاجر داما شاہ نامی سے منسوب جس کی جائیداد اس طرح تقسیم کی گئی تھی۔]

داماں امث۔ گھوڑے کی ایک دھیمی چال جو سواری کے گھوڑوں کو سکھائی جاتی تھی۔ صف **دامالی**

داماں سکھایا ہوا، جلوس کی سواری کا گھوڑا۔

داماں امذ۔ پلّو، آنچل، انگرکھے، قبا، کرتے وغیرہ کا چولی کے نیچے سلا ہوا، یا نچلا حصّہ؛ پہاڑی کی تلہٹی کسی اونچی عمارت کے آس پاس کے علاقے؛ میدان؛ گھوڑے کی زین کے نیچے بچھے ہوئے کپڑے کے دونوں جانب لٹکنے والے سرے۔ مجازاً؛ بضاعت؛ سایۂ عاطفت؛ سہارا۔ نیز **دامَن** محاورہ **دامَن آلُودَہ ہونا** گنہکار ہونا، نیز **دامن تَر ہونا**؛ **دامن بچانا** پہلوتہی کرنا۔ مرکب **دامَن بَنْدی** رشتۂ ازدواج **دامنِ تیغ/ خَنْجَر** تلوار، خنجر وغہر کا پھل صف **دامن دار** چوڑا، چکلا، پھیلا ہوا م؛ زخمِ دامن دار، **دامَن گیر** فریادی، داد خواہ۔

دامَت فت م۔ صیغۂ ماضی فعل معروف **دام** کا صیغہ تانیث و جمع م؛ **دامَتْ اَلْطافُکم/ بَرَکَتُہٗ**۔

دامن کس م۔ امث۔ بجلی، صاعقہ [س؛ سَو دامنی]۔

دامی (۱) صف گرفتار، جال میں پکڑا ہوا؛ نیز شکاری۔

دامی (۲) رک **دَمدَمَہ**۔

دامے دِرَمے ے مج، کس د، فت ر۔ م فہ فقرہ۔ حسب توفیق چندہ یا امداد دے کر۔ نیز دامے، **دِرَمے، قَلَمے، سُخنے**، مالی امداد یا تحریری تائید یا زبانی تبلیغ کے ذریعے (مدد، خدمت)۔

دان (۱) امذ۔ خیرات، بھینٹ، نذر؛ دینا، بخشنا، بیٹی کو بیاہنا م؛ **کَنّیا دان**۔مرکب **دان پُن** خیر خیرات، **دان دَہیز** بیٹی کو بیاہ پر دیا جانے والا سامان **دان داتار/ دَتار** خیرات کرنے والا، سخی، فیاض۔

دان (۲) لاحقۂ ظرف۔ برتن، ظرف، جوف، م؛ **اگردان** سوراخ دار ظرف جس میں اگر کی بتیاں اٹکا کر سلگاتے ہیں۔ **بَچّہ دان** رحم مادر، پیٹ جہاں بچہ پلتا ہے۔ **پھول دان**۔ مث **دانی**۔

خاک دان (کنایۃً) دنیا (عموماً غنہ)۔ **گُلدان** پھول سجانے کا برتن جو اشیائے آرائش میں ہے۔

داں غنہ۔ لاحقۂ صفت۔ جاننے والا، عالم، ماہر م؛ **ریاضی داں** علم ریاضی کا جاننے والا، مہندس۔ **رازْداں** ہمراز، بھیدوں سے واقف؛ **نُکتہ داں** زیرک، عاقل، کسی علم یا فن کی باریکیوں کو سمجھنے والا۔ نیزداں م؛ نادان۔ خصوصاً تراکیب میں ن صحیح م؛ **قَدْرْ دانِ سُخَن** مث **دانی** م؛ **سُخَنْدانی** شاعری، شعر کی فہمید۔

دانا صف۔ زیرک، عالم، دانشور؛ باخبر۔ امث **دانائی** دانشمندی مرکب **دانا بینا** سمجھدار، ذی شعور اور بالغ نظر جو بات کی تہ تک پہنچے؛ سب کچھ جاننے اور دیکھنے والا، مراد خدائے تعالیٰ۔ **دانائے سُبُل** راہ، طریق، تدبیر کا جاننے والا [ع؛ سبیل = راستہ، طریقہ ج؛ سُبُل] امث **دانائی** ج؛ **دانایان** م؛ **دانایانِ فِرَنگ** یورپ کے عاقل لوگ، عقلائے مغرب۔

دانا ف م۔ اناج گاہنا۔

دانْت غنہ۔ امذ۔ جبڑے کے اندر جَڑے ہوئے چینی کے خول والے کانٹے، کُترنے اور چبانے کے لیے بنے ہوئے اعضا میں سے کوئی، جو انسانی جبڑے میں بتیس ہوتے ہیں، دنداں؛ اسی قسم کا ڈنک جو بعض حشرات میں ہوتا ہے، کسی آلے میں نوک یا نوکوں کی قطار جیسے درانتی کے دانت، کنگھی کے دانت۔ محاورہ **دانْت ہونا** کسی چیز کو ہتھیانے کی نیّت ہونا۔ **دانْت بَجنا** سردی سے اوپر نیچے کے دانتوں کا آپس میں ٹکرانا۔ **دانت کٹْکٹانا** (کس ک، سک ٹ) **دانْت پِیْسنا** اضطراریؔ طَور پر غیظ کی حالت میں اوپر نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا؛ تاؤ کھانا۔ **دانْت دکھانا/ نِکالنا** غرّانا، شیر ہونا۔ امث **دانْت کاٹی روٹی** گھرے تعلقات، دوستانہ۔

دانْت کھٹّے کرنا سخت ہزیمت دینا۔ **دانت نکوسنا** (کس ن، و مج) ہونٹ سکیڑ کر دانت دکھانا۔

دانْتا امغ۔ امذ۔ بڑا دانت؛ نوک، دندانہ یا نکیلا اوزار؛ کھٹکی، خراش۔ امث۔ **دانْتا کِل کِل** تکرار، جھگڑا، دُو بدو۔ ج **دانْتے** کنگھی کے نکیلے کٹاؤ۔

دانْتَن امغ، فت ت۔ امث۔ مسواک یا نیم وغیرہ کی ٹہنی جس سے دانت مانجھے جائیں۔ نیز **دَتَوَن، داتَن۔**

دانْتوا غنہ، سک تہ امذ۔ چھکڑے کا پچھلا حصّہ جس پر سامان لادا جاتا ہے۔

دانْتِیا امغ، کس ت۔ امذ۔ ریہہ، لونی، نمکین مٹّی، شور۔

دانْڈ غنہ۔ رک: **دنْڈ۔**

دانِشت کس ن، سک س۔ امث۔ سمجھ، شعور، عقل، رائے۔

دانِسْتَہ سک ن، سک س، فت ت۔ صف، م ف۔ جانا بوجھا؛ جان بوجھ کر، سوچ سمجھ کر۔

دانِش کس ن۔ امث۔ علم،دانائی صف **دانِشْمَنْد** (فت م، سک ن) دانا، عاقل نیز عقلمند **دانِشْور** صاحب علم، فاضل، دانا۔ امث **دانِشْوَری** دانائی، صف **دانِش پَژُوَہ** (فت پ، ومج) حقائق یا افکار و نظریات کو جانچنے پرکھنے والا صاحب نظر، محقق۔ [ف: پژوہیدن پرکھنا، جانچنا، تحقیق کرنا]۔

دانْگ غنہ۔ امذ۔ کسی چیز کا چھٹّا حصّہ۔ چھ رتی کا وزن؛ ایک قدیم سکّہ؛ ٹکڑا، حصہ، ضلع۔ **چار دانْگِ عالَم** تمام دنیا کُل روئے زمین۔

دانْوری غنہ، سک و۔ امث۔ غلے گاہنے کے لیے بیلوں کو باندھنے کی رسی۔

دانَہ فت ن۔ امذ۔ غلہ؛ بیج یا کسی پھل کا ایک عدد، حبہ؛ ایک منکا یا نگینہ؛ ذرہ، بھورا؛ کنکر؛ پُھنکی؛ گھوڑے یا مویشی کو کھلائے جانے والے چنے یا بنولے۔ پرندوں کو دی جانے والی خوراک؛ آلہ، آبلہ، پُھنسی، گرمی سے جسم پر ابھر آنے والا مہین سرخ نشان؛ گرمی دانہ۔ **دانَہ بَدلی** پرندوں کا آپس میں چونچ سے چونچ ملا کر ایک دوسرے کے منہ میں دانہ اگلنا۔ **دانَہ پانی اٹھنا** تقدیر میں جتنا کھانا پینا (دنیا میں یا کسی ایک مقام پر) لکھا تھا وہ ختم ہو جانا، مراد منتقل ہونا یا انتقال کا وقت آ جانا۔ **دانَہ دار** دردرا، نیم سیّال شے گھی وغیرہ جس میں پھٹکیاں سی ہوں یا ذرّے نظر آئیں۔ **دانَہ دُنْکا** (دُن کا) دانہ بھورا وغیرہ جو چُگنے کو مل جائے۔

دانی لاحقہ۔ رک: **داں** جس سے یہ لاحقہ کیفیت ہے، نیز **دان** لاحقہ ظرف کی تانیث۔

دانْیال کس ن۔ علم۔ ایک اسرائیلی پیغمبر جو توریت کی رُو سے سچّی پیش گوئیاں کرتے تھے اور ایک فالنامہ ان سے منسوب ہے۔

داوَر فت و۔ صف۔ مُنصف حاکم [اصلاً ف: دادْوَر] **داوَرِ مَحْشَر**(فت و، کسمج ر، فت مج م، سک ح) مراد خدائے تعالیٰ جو حشر کے دن انصاف کرے گا۔ اکیف مث **داوَری** عدل، انصاف، حکومت، بادشاہی۔

داہ امث۔ پُھونکنا، جلانا، آگ بھڑکانا؛ آگ کا بھڑکنا؛ گرمی؛ حسد، جلن۔نیز **ڈاہ** (رک)۔ف م **داہْنا** آگ جلانا، ارتھی کو آگ دکھانا۔

داہْنا (۱) سک ہ۔ صف۔ سیدھا، دایاں، راست، بایاں اور چَپ کی ضد۔ امث **داہنی۔**

داہْنا (۲) سک ہ۔ ف م۔ آگ جلانا، پھونکنا، ارتھی کو آگ دکھانا۔

داہی صف۔ دانا، عاقل، فرزانہ، تیز طرّار، چالاک [ع: داہِ داہِن]۔

داہِیّہ کس ہ، فت ی۔ امذ۔ عذاب، مصیبت، بلا، سانحہ۔

داؤ سک و۔ امذ۔ رک: داؤ۔

داءْ سک ء۔ امذ۔ روگ، بیماری، مرض، عارضہ۔ [ع: دَوِیَ دَوَیٰ]۔

دائِر کس ء۔ صف۔ گھومنے والا، رواں؛ نافذ؛ جاری، زیر سماعت (مقدمہ، دعویٰ) مرکب **دائِر وَ سائِر** (ومج، کس ء) رواں اور جاری، سرایت کیے ہوئے۔

دائِرَہ کسمج ء، فت ر۔ امذ۔ گھیر، گھیرا، محیط، گول چکّر، پرکار سے کھینچا ہوا خط جس کے سرے مل جائیں؛ حلقۂ عمل یا حلقۂ اختیار۔ مرکب: **دائِرَۃُ اْلمَعارِف** (داءِ رَ تُل مَ عا رِف) معلومات کی جامع تالیف؛ انسائیکلو پیڈیا۔ **دائِرَہ کَش** (فت ک) پرکار۔ **دائِرۂ مَعْشُوقی** خطاطی کی اصطلاح میں دو حرفوں کے لیے مشترک دائرہ۔ م: شح ۔

دائِم کسمج ء۔ صف، م فد ہمیشہ کے لیے، ہمیشہ، سدا، مُدام، نیز **دائِماً** (دا ءِ مَن) صف **دائِمی**۔ مرکب **دائِم اْلمَرَض** (دا ءِ مُل مَ رَض) مرضین سدا روگی، ہمیشہ بیمار رہنے والا۔ **دائم الحَبس** ہمیشہ کے لیے قید **دائِم اْلخَمْر** (دا ءِ مُل خَمْ رَ) ہمیشہ نشے میں رہنے والا۔

دائِن کس ء۔ صف۔ قرض دینے والا، قرض خواہ۔

داؤ (۱) ومج۔ امذ۔ چال چلنے یا پانسہ پھینکنے کی باری؛ ترکیب، تدبیر؛کُشتی کا پیچ، گھات ف م۔ **داؤ لگانا** چپکے چپکے کوئی تدبیر کرنا۔ منصوبہ گانٹھنا۔ نیز **دانْو**، **داؤں**۔

داؤ (۲) و مج۔ امذ۔ درانتی کی طرح کا بانس کے سرے پر لگا ہوا آلہ جس سے درختوں کے پتے توڑتے ہیں۔ نیز **داو**۔

داؤُد ومع۔ علم۔ حضرت، سلیمان کے والد کا نام جن سے خوش الحانی اور زبور یا غزل الغزلات منسوب ہے۔ مرکب **لَحْنِ داؤُدی** (فت مج ل، سک ح، کسمج ن) حضرت داؤدؑ سے منسوب خوش آہنگی۔

امذ۔ **داؤُد خانی** ایک قسم کا سفید گیہوں جو اٹھارھویں صدی میں داؤد خان نامی ایک شخص نے مصر سے لا کر بویا تھا۔

داؤُدی امذ۔ ایک پھول جس میں بہت سی باریک پتیاں ایک گُپھے کی شکل میں جَڑی ہوتی ہیں، سفید اور کئی ہلکے رنگوں میں ہوتا ہے۔ **گُلِ داؤُدی** (لاط: Chrysanthemum Indicum) نیز ایک طرح کی زِرہ۔

داؤنا و مج۔ ف م۔ اناج گاہْنا، نیز **داونا**۔

دائی امث۔ زچّہ کی مدد گار عورت، بچّہ جنوانے والی، قابلہ؛ دودھ پلانے والی دایہ؛ آنکھ مچولی کے کھیل میں وہ شخص یا جگہ جسے دوڑ کر چھونا ہوتا ہے اس سے پہلے کہ پیچھے بھاگنے والا چور پکڑ لے۔

دایاں غنہ۔ صف۔ رک: **داہْنا** (۱)۔

دایَہ فت ی۔ امث۔ بچے کو پالنے، کھلانے والی ماما؛ دودھ پلانے والی انّا امث **دایَہ گیری** (ی مع) دایہ کا پیشہ یا نوکری۔

دَب فت د۔ **داب** (۱) کا مخفف، مرکبات میں مستعمل م: **دَبْ کَل** دبانے کی کل (انگ: پریسِنگ مشین) **دَبْ لَق** اصول جرّ ثقیل پر بوجھ اٹھانے کا دستی آلہ۔

دُبّ ضمہ د۔ امذ۔ ریچھ، بھالو **دُبِّ اَصْغَر** امذ۔ شمالی آسمان پر قطب تارے کے نزدیک نظر آنے والا ستاروں کا چھوٹا جُھرمُٹ جسے یونانی ریچھ کی شکل کا خیال کرتے تھے؛ (لاط: Ursa minor) بنات النعشِ اصغر۔ **دُبِّ اَکبَر** بنات النعش، سات سہیلیوں کاجُھمکا (لاط: Ursa major)۔

دَبا فت د۔ صف۔ جو بوجھ یا اثر کے تلے ہو؛ گُھٹا، سہما ہوا م: دَبا دَبا شور۔ مث **دَبی** م: دَبی دبی آواز۔

دَبّا فت د، صد بد امذ۔ کسی جھاڑی کی گرہ دار

ٹہنی جسے زمین میں دبا دیا جائے تاکہ پھوٹ آئے۔

دَبارَت فت د، ز۔ امث۔ موٹائی، دل صف۔ **دَبیز** فت د، ی مع [اصلاً: دیبوذ/ دیبود معرب از ف: دوپُود = دوہرایا، دوہری گوٹ لگا ہوا یا دوہرے بانے کا کپڑا]۔

دَباغَت فت د غ۔ امث۔ چمڑا کمانا، کچّی کھال سے چمڑا بنانے کا عمل یا اس کا پیشہ امذ **دَبّاغ** (فت د، شد ب) چمڑا کمانے والا کاریگر(اصلاً ع: **دباغَہ** کس د)۔

دَبانا فت د۔ ف م۔ بوجھ ڈالنا، زور ڈالنا، پچکانا، بھینچنا؛ دفن کرنا، گاڑنا؛ چُھپانا؛ ہتھیانا، غصب کرنا؛ مجبور، مغلوب کرنا۔ امذ۔ **دَباؤ** (ومج) بوجھ، بار؛ رعب، اثر؛ غلبہ۔

دَباؤ فت و، و مج۔ امذ۔ بوجھ، فشار؛ زور، اثر، رعب، دھوم دھام۔

دَبْدَبَہ فت د، سک ب۔ امذ۔ رعب دار، شان و شوکت؛ شورو غل، گھوڑے کی ٹاپ، طبلے کی تھاپ۔

دُبْدَھا ضمہ د، سک ب۔ امذ۔ تذبذُب، پس و پیش۔ شک، بے یقینی۔

دُبُر ضمہ د، ب۔ امذ۔ پچھاڑی، پُشت، پیٹھ، پچھلا رخ، ج نیز **دَبْر** (سک ب) ج **اَدبار**۔

دَبِستان فت د، کس ب، سک س۔ امذ۔ مدرسہ، مکتب؛ مشترک فکری یا ادبی عقائد و مذاق رکھنے والوں کا حلقہ یا سلسلہ۔ نیز **اَدبِستان** (غنہ) تراکیب میں ن صحیح م: **دَبستانِ فکر**۔

دَبک فت د ب۔ رک: **دَود دَبک**؛ جَست، پھلانگ، م ف **دَبک کے** پُھرتی سے، لپک کر۔ ف ل **دَبکنا** دوڑنا؛ دبنا، جھکائی لینا؛ چُھپنا، مقابلے سے ہٹنا۔

دَبْکائی فت د، سک ب۔ امث۔ تارکشی، چاندی سونے کا تار بنانا امذ۔ **دَبکَیّا** (فت ک، شد ی) تارکشی کرنےوالا کاریگر۔ ف م **دَبکنا**۔

دَبْکَر فت د، سک ب، فت ک۔ امذ۔ چوہے دان۔

دَبگَر فت د، سک ب، فت گ۔ امذ، چرمی کُپّے، کُپّیاں اور دیگر سامان بنانے والا۔ نیز **دُبْگَر** [ف: دَبہ = کُپّا]۔

دَبَکْنا فت د ب، سک ک۔ ف ل۔ پیچھے ہٹنا، رعب میں آنا؛ چھپ جانا؛ دوڑنا، م: **دَبک کے**، فوراً، دوڑ کے۔

دُبْلا ضمہ د، سک ب۔ صف مذ۔ جس کے جسم پر گوشت کم ہو، لاغر، نحیف؛ پتلا۔ مرکب **دُبلا پَتلا** پتلے جسم اور ہلکے ہاڑ کا۔

دَبْنا فت د، سک ب۔ ف ل۔ پچکنا، چُھپنا، ڈھکنا؛ بوجھ تلے آنا، رعب میں آنا، دبکنا۔ (عروض) حرف کا تقطیع سے گرنا۔ نیز رک **دبانا** جس کا یہ لازم ہے۔

دَبَنگ فت ر ب، غنہ۔ صف۔ قوی، زور آور، رعب دار، حاوی، غالب۔

دَبّو فت د، شد ب، و مع۔ صف۔ آسانی سے دب جانے والا، بزدل، کمزور، کم ہمت مٹ **دَبّو** (ومج)۔

دَبّو دَبّو فت د، شد ب، و مج۔ امث۔ کسی بات کو چھپانے، ٹالنے، رفت گزشت کرنے کی کوشش۔

دَبوچنا فت د، و مج، سک چ۔ ف م۔ کَولی میں بھر کے بھینچنا، قابو میں کرنا، بازوؤں میں کَس لینا۔

دَبُور فت د، ومع۔ امث۔ پچھم کی طرف سے آنے والی ہوا، پچھوا ہوا۔ [ع: دُبُر، پچھاڑی]۔

دَبُوس (۱) فت د، ومع۔ امذ۔ چوبداروں کا عصا؛ سواروں کا نیزہ؛ آہنی مُونٹھ لگا ہوا ڈنڈا۔ نیز **دَبُوسَہ** (س)۔

دَبُوس (۲) فت د، ومع۔ امذ۔ چقماق۔

دَبُوسا فت د، ومع۔ امذ۔ جہاز کا کمرہ، کشتی کا ڈھکا ہوا عرشہ۔

دَبوسنا فت د، ومج، سک س۔ ف م۔ غٹاغٹ پینا، شراب نوشی، نشہ بازی۔

دَبُونی فت د، ولین۔ امث۔ دبانے کی کَل، شکنجہ؛

کاغذ دبانے کا پتھر، (انگ پیپر ویٹ) نیز دَباؤنی۔
دَبّہ ضمہ د، شد بہ امذ۔ کُپّا، کھال کی بنی ہوئی بوتل یا کفگیر وغیرہ تیل رکھنے نکالنے کے لیے مستعمل۔
دُبھاشیا ضمہ د، سک ش۔ امذ۔ دو زبانوں کا ماہر، مُترجِم۔
دُبّی ضمہ د، شد بہ امث۔ گُلّی پر ڈنڈے کی دوسری ضرب، پہلی ضرب اِبّی۔
دَبیر فت د، ی مع۔ امذ۔ منشی، لیکھک، اِنشا پرداز، معتمد خاص، سیکرٹری، دَبیرِ فلک سیارہ عطارد کا لقب دَبیرِستان باب حکومت، سیکرٹیریٹ۔
دَبیز فت د، ی مع۔ صف۔ موٹا، دلدار، غف کپڑا، پردا وغیرہ۔
دَبَیل فت د، ی لین۔ صف۔ بودا، آسانی سے دب جانے رعب میں آ جانے والا، مطیع، تابع۔
دَبیھْرا فت د، ے مج، سک ھ۔ امذ۔ ہل کے آہنی پھالے کے پیچھے جَڑا ہوا لکڑی کا پھالا۔
دَپَٹ فت د، پ۔ امث۔ دوڑنا یا گھوڑے کو دوڑانا؛ ہلّہ، یورش؛ ڈانٹ نیز ڈَپَٹ ف م: دَپٹانا/ دوڑانا۔ ف ل دَپٹنا/ ڈَپٹنا دوڑنا، جھپٹنا، ڈانٹنا۔
دَپْدَپانا فت د، سک پہ ف ل۔ چمکنا، دمکنا [س: دَرْپ چمک، قب ف: تَپ]۔
دُت ضمہ د۔ فجائیہ۔ کتّے کو دھتکارنے یا کسی چیز سے نفرت کا اظہار کرنے کی آواز۔ نیز دُت دُت۔ امث دُتکار۔
دَتْرا فت د، سک ت۔ امذ۔ گھاس اکٹھی کرنے کا پانْچا۔
دَتَون فت د، و لین۔ امث۔ رک: داتَن۔
دَتوئی فت د، ومج۔ امث۔ جوار یا باجرے کی کھیتی۔
دِثار کس د۔ امذ۔ پوشش، چادرہ، کمبل رضائی وغیرہ۔ ج دُثُور صف مُدَثِّر (ضمہ م، شد فت د، شد کس ث) چادر لپیٹے ہوئے۔
دَجاج فت د۔ امذ۔ مرغا، خَروس۔ امث۔ دَجاجَہ مرغی۔
دَجّال فت د، شد ج۔ صف۔ مکّار، فریبی، علم۔ مذہبی روایت کے مطابق قیامت سے پہلے آنے والا ایک کانا شخص جس کو حضرت عیسیٰؑ ہلاک کریں گے۔ [ع: دَجَل، مکر فریب]۔
دُجیٰ ضمہ د، ی غم۔ امذ۔ تاریکی، اندھیرا۔ امذ۔ بَدرُالدُّجیٰ (بَدْ رُدْدُجا) اندھیرے کو روشن کرنے والا پورا چاند۔
دِجْلَہ کس د، سک ج، فت ل۔ امذ۔ علم۔ ترکی سے عراق عرب تک بہنے اور فرات کے ساتھ مل کر فارس میں گرنے والا دریا۔ [ع: دِجْلہ جھیل وجہ تسمیہ: دریا کا آس پاس کے علاقہ کو جھیل بنا دینا] عام: دَجْلہ۔
دُچِت ضمہ د، کس ت۔ صف۔ دودلا، مذبذب۔
دَچْھنا فت د، سک چھ۔ امث رک: دَکْشنا۔
دَخ فت د۔ صف۔ عمدہ، نفیس، امذ۔ کسی چیز کا جوہر، اصل، روح؛ ایک آبی نرکل جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنی جاتی ہیں؛ ٹوٹنے والا تارا؛ راکٹ (انگ: Rocket)۔
دُخان ضمہ د۔ امذ۔ دُھواں، بھاپ صف دُخانی بھاپ کے زور سے چلنے والا جہاز، کَل وغیرہ۔
دُخت ضمہ د، سک خ۔ امث رک: دُخْتَر جس کا یہ مخفف ہے۔ تراکیب: امث دُختِ رز انگور کی بیٹی، مراد: شراب انگوری امذ پُور دُخْت (ومع) نواسا۔
دُخْتَر ضمہ د، سک خ، فت ت۔ امث۔ بیٹی لڑکی، صبیّہ، بنت۔ مرکب دُختر ربیبَہ (رَ بی ب) گود لی ہوئی یا سوتیلی بیٹی نیز دُختَنْدَر (دُخ تَن دَر) دُختَرینَہ کنواری لڑکی، کنیا؛ تصغیر دُختَرَک۔

دُخْتَری ضمہ د، سک خ، فت د۔ امث۔ دوشیزگی، بکارت، مُہر، ٹھپّا۔

دَخْل فت د، سک خ۔ امذ۔ دَر آنا موجود ہونا؛ بار، پہنچ، رسائی؛ تعلق، علاقہ، واسطہ؛ تصرّف، اختیار، م؛ عمل و دَخل؛ قبضہ م؛ دخل پانا، قبضہ حاصل کرنا؛ دخل یابی، فقرہ دَخل دَر مَعقُولات کسی معاملے میں ناحق ٹانگ اڑانا، بیچ میں بولنا۔

دَخْمَہ فت د، سک خ، فت م۔ امذ۔ پارسیوں کے مردوں کو مردار خور پرندوں کا رزق بننے کے لیے لا کر رکھنے کی عمارت، منارۂ خاموش؛ مقبرہ، تابوت۔

دُخُول ضمہ د، ومع۔ امذ۔ در آنا، گھسنا؛ داخلہ، آمد؛ وصول شدہ لگان کا خزانے میں جمع ہونا، عورت سے جنسی ملاپ۔

دَخِیل فت د، ی مع۔ صف۔ بار یاب، اندر آیا یا پہنچا ہوا؛ قابض، متصرف؛ رسوخ رکھنے والا؛ (لسانیات) غیر زبان کا لفظ جو کسی زبان میں داخل ہو اور رائج ہو؛ (عروض) قافیے میں الف تاسیس اور روی کے درمیان آنے والا حرف، جیسے حائل اور کامل میں ء یا م۔ دَخیل کار۔ پٹے پر کاشت کرنے والا۔

دَد فت د۔ امذ۔ درندہ، وحشی چوپایہ۔ مرکب دام وَ دَد چرندے اور درندے۔

دَدا فت د۔ امث۔ بچّوں کی دیکھ بھال کرنے والی انّا، کھلائی، دایہ۔

دَدَری فت د، سک د۔ امث۔ کچّے جو جوار وغیرہ کی بالیں جو پکنے سے پہلے کھانے کے لیے توڑ لی جائیں۔

دَدّوڑا فت د، و لین۔ امذ۔ جلد پر کسی کیڑے پتنگے کے کاٹنے یا فساد خون یا پِتّی اُچھلنے سے اُبھر آنے والا موٹا سرخ دانہ جس میں کھجلی محسوس ہوتی ہے۔

دُدّی ضمہ د، شد د۔ امث۔ نگینے کی گھسائی میں استعمال ہونے والا سنگ باسی کے سفوف سے بنا ہوا مسالہ۔

دَدْیا فت د، سک د۔ صف۔ دادا سے کلمۂ نسبت م؛ دَدیا خُسَر بیوی یا شوہر کا دادا نیز دَدْھیا۔

دَدْیال فت د، سک د۔ امث۔ دادا کا گھرانا، صف دَدیالی نیز دَدْھیال۔

دُدْھاری ضمہ د۔ صف مث۔ رک؛ دُدْھیل۔

دُدْھڑ ضمہ د، شد فت دھ۔ امث۔ دو دھڑوں کا ملنا، دو طرف رخ یا دھڑ پھیرنا؛ دوڑلا پن؛ باہمی اغلام بازی۔

دُدْھی ضمہ د، شد دھ۔ امث۔ ایک پودا جس کے دودھ کا عورتیں ٹیکا لگاتی ہیں، جنگلی نیل (لاط؛ Euphorbia Hirta)؛ نیز کَھریا مٹّی۔

دَدْھیال فت د، سک دھ۔ امث رک؛ دَدْیال۔

دُدْھیل ضمہ د، ے مج۔ صف مث۔ بہت سا دودھ دینے والی گائے بھینس وغیرہ۔

دَر (۱) فت د۔ امذ۔ دروازہ، داخل ہونے کا راستہ یا مقام؛ چوکھٹ؛ دہلیز؛ دالان کا ستون، کھم صف دَربَدَر آوارہ، بے ٹھکانا۔ مرک وصفی در دَولَت محل؛ بطور تپاک؛ ٹھکانا، مکان۔

دَر (۲) فت د۔ حرف جار۔ میں، اندر، میاں۔ در اَنْدازی دخل در معقولات، شر انگیزی، دَرایں ولا اس عرصے میں۔ دَرآمَد وارد، نازل ہونا؛ بیرونی مال تجارت جو ملک میں آئے۔ ج دَرآمَدات صف دَرآمدی م؛ درآمدی محصول؛ نیز رک؛ خوشامد۔ فقرہ دَر آنْحالیکہ حالانکہ، گو کہ، اس صورت میں کہ۔ صف دَرکار جس کی ضرورت ہو۔ جو مطلوب ہو۔ م ف دَرکنار ایک طرف، جدا۔ الگ، ناقابل ذکر۔ امث دَرگُزر (گُ زر) معافی، چشم پوشی۔ صف دَرگوَر لفظاً قبر کے اندر مراد معدوم، ناپید، نیز بطور بد دعا یا دشنام، دور ، دفع؛ زِنْدَہ دَرگوَر (ومج) سخت بری حالت میں۔

دَر (۳) فت د۔ امذ۔ نرخ، بھاؤ، شرح م: آٹھ عدد در ایک روپیہ فی عدد؛ مال دیکھو در بھی پوچھو۔

دَر (۴) فت د۔ لاحقہ صف بمعنی پھاڑنے والا، چاک کرنے والا، م: پَردَہ دَر راز افشا کرنے والا۔ لاحقہ کیف مث۔ دَری صف دَریدَہ (دَری دَ) چاک کیا ہوا۔ صف دَرنْدَہ (رک)۔

دُر (۱) ضمہ د۔ امذ۔ موتی، گوہر، مانک؛ کان کا ایک موتی کا آویزہ؛ دُرِ شَہوار بڑا، قیمتی موتی۔ دُرِّ یَتیم یگانہ موتی، جو سیپی میں ایک ہو؛ جس کا مثل نہ ہو۔ دُرِّ نَجَف (نَ جَف) بلّور کی قسم کا ایک پتھر نگینہ سازی میں مستعمل۔ نیز بلاشد۔

دُر (۲) ضمہ د۔ فجائیہ۔ دُور (صیغۂ امر) کا مخفف: دور ہو، پرے ہٹ۔ نیز دُر دُر۔

دُر (۳) ضمہ د۔ بطور سابقہ؛ برا، بد، خراب م: دُر دَشا بری حالت، ہیئت کذائی نیز دُرگَت بَنانا (فت گ) بُرا حال کر دینا؛ صف دُربَل کمزور، نازک اندام۔

دَرا فت د۔ امذ۔ جَرس، گھنٹہ، وہ گھنٹہ جو قافلے کی روانگی کے وقت بجایا جائے۔

دُرّاج ضمہ د، شد ر۔ امذ۔ تیتر۔

دَراڑ فت د۔ امث۔ شگاف، رخنہ، درز، جِھری۔

دراز فت د۔ صف۔ لمبا، طویل م: عرصۂ دراز طویل مدت، صف درازْ قامَت لمبے قد والا۔ راہِ دراز دور کا راستہ، نیز دُور دَراز بڑے فاصلے پر واقع۔ دراز دَسْت ظالم، جابر۔ مث دَراز دَسْتی پہنچ، رسائی؛ ظلم جور۔ دَرازْ نَفَسی (فت ن، سک ف) ہوس پرستی، دراز نفسی (فت ف) طول کلام۔ ا کیف مث درازی لمبائی، طول، طوالت، دُوری۔

دَرّاک فت د، شد ر۔ صف۔ تیز فہم، نکتہ رس، ذہین۔ اکیف امث دَرّاکی بات کی تہ کو پہنچنا۔

دُرانا ضمہ د۔ چُھپانا، (نظریں) پھیرنا، چُرانا۔ ا کیف مذ دُراؤ (ومج) اخفا، پردہ پوشی۔

دَرانْتی فت و، ا مغ۔ امث۔ لکڑی کے دستے اور ہلالی شکل کے پھل والا اوزار جس سے فصل یا درختوں کی ٹہنیاں وغیرہ کاٹی جاتی ہیں۔

دَرّانَہ فت د، شد ر، فت ن۔ م فد بے دھڑک، آزادانہ [گھس آنا] اردو کا تصرف۔

دَراوَڑ فت د۔ اسم جنس، ایک غیر آریائی نسل جو آریا قوم کی امد سے پہلے برصغیر ہند میں آباد تھی اور جس کی باقیات اب بھی جنوبی و وسط ہند نیز بلوچستان کے براہوی قبیلے میں موجود ہیں؛ نیز اس کی بولیوں کی جدید شکلیں تامل، تلگو ملیالم وغیرہ دکھنی زبانوں اور براہوی زبان میں ملتی ہیں۔ ان کے کچھ عناصر اردو میں نمایاں طور پر مشترک ہیں مثلاً امدادی افعال کا عام استعمال۔ صف دَراوِڑی دراوَڑی قوم سے منسوب؛ دراوڑی اصل کی بولی [س: دراوڑا]۔

دُراوَن فت د و۔ امث۔ ایک پودا جس کا پھل پانی صاف کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (لاط: Strychnos Potatorum)۔

دَراہِم فت د، کس ہ۔ ج مذ۔ دِرہَم (رک) کی جمع۔

دِرایَت کس د، فت ی۔ امث۔علم، واقفیت، دانش، دانائی۔ حقائق کو عقل کی روشنی میں دیکھنا۔

دَرَب فت د ر۔ امذ۔ مادّہ، ٹھوس عنصر، نقدی، دولت، مایہ [س: دروِیَہ]۔

دَربار فت د، سک ر۔ امذ۔ بادشاہ کا عوام یا خواص کے سامنے تخت پر اجلاس؛ شاہی محل اُمرا عمّال اور مصاحبین کا حلقہ۔ دَربارِ عام بڑا دربار جس میں زیادہ لوگوں کو حاضری کی اجازت ہو دَرْبار دار بادشاہ کے محل میں آنے جانے والا مصاحب۔ امث دَربار داری شاہی محل یا دربار میں حاضری اور دربار کی رسومات بجا لانا۔

دَربان فت د، سک ر۔ امذ۔ محل یا مکان کے دروازے پر پہرہ دینے والا، حاجب۔

دَربَست فت د، سک ر، فت ب، سک س۔ امذ۔ کُل کام، سارا انتظام، پورا بندوبست (لفظاً : فصل کی کٹائی سے سمیٹنے تک) نیز **درو بست**۔

دَربَغَل فت د، سک ر، فت ب غ۔ صف۔ قبضہ میں، پہلو میں۔ مثل: **شیخی دَر بَغَل** خالی ہاتھ مگر زعم میں مبتلا۔

دَرپَردَہ فت د، سک ر، فت پ، سک ر، فت د۔ م ف۔ خفیہ طور پر، چپکے چپکے۔

دَرپَن فت د، سک ر، فت پ۔ امذ۔ آئینہ، منہ دیکھنے کا آلہ امث **دَرپَنی** آرسی۔

دَرپَے فت د، سک ر، ے لین۔ م ف۔ پیچھے، عقب میں؛ برائے، کی خاطر، صف۔ پیچھے پڑا ہوا، گھات میں لگا ہوا؛ م: **دَرپَۓ جاناں** (دَر پَ اے جاناں) محبوب کے لیے، محبوب کی خاطر۔

دَرپیش فت د، سک ر، ے مج۔ صف۔ سامنے، مقابل، زیر نظر۔

دُرُت ضمہ د ر۔ صف۔ تیز، پھرتیلا م: **دُرُت لَے** (ے لین) تیز دھن، تیز چال کا گانا، بلمپت کی ضد۔ [س: دُرُت]۔

دَرج فت د، سک ر۔ صف۔ داخل، شامل، رقم شُدہ، لکھا ہوا، کتاب، دستاویز رجسٹر وغیرہ میں چڑھایا ہوا [ع: لپٹا ہوا کاغذ؛ داخل کردہ]۔

دُرج ضمہ د، سک ر۔ امذ۔ خانہ، ڈبّا، حقّہ، دراز کا خانہ، پٹاری، صندوقچہ۔ م مرکب: **دُرج لآلی** (فت ل مد) موتیوں کی ڈبیا، حقّۂ جواہر۔ تصغیر **دُرجک**۔

دَرجَن فت د، سک ر، فت ج۔ امذ۔ بارہ کا مجموعہ [انگ: ڈزن کی تورید]۔

دَرجَہ فت د، سک ر، فت ج۔ امذ۔ کسی ترتیب یا سلسلے کا کوئی مقام؛ زینے کی سیڑھی؛ کسی آلۂ پیمائش کا کوئی نشان؛ مرتبہ، منصب، حیثیت؛ خانہ، منزل؛ قسم، زمرہ، نوبت، حالت، گت، ہَیئت کذائی۔ [ع: دَرَجا] ج: **دَرَجات** (فت ر) مقامات۔ نیز **مَدارِج** (مَ دا رِج) مرکب **دَرجَہ بَندی** (سک ر) قسم، خصوصیت یا کسی اور امتیاز کی بنا پر گروہ یا خانے بنانا، قسم بندی، خانہ بندی؛ تقسیم۔ م ف **دَرجَہ بَدَرجَہ** (دَرْ جَ بَ دَرْ جَ) ایک ایک سیڑھی یا ایک ایک خانہ کر کے، نیز **تَدریجاً/ بَتَدریج**۔

دَرَخت فت د ر، سک خ۔ امذ۔ پیڑ، پودا، شجر، نہال، رُوکھ۔

دَرَخشاں فت د ر، سک خ، غنہ۔ صف۔ چمکدار، روشن، تاباں نیز **دَرَخشِندَہ** (کس ش، سک ن، فت د) امث **دَرَخشانی/ دَرَخشِندگی** روشن ہونے کی کیفیت، تابانی، جُوالا، جوت [ف: دَرَخش بجلی، صاعقہ] نیز **دُرُخشاں/ دُرُخشَندَہ** (ضمہ د ر، سک خ، فت ش)۔

دَرخواست فت د، سک ر، و غم، سک س۔ امث۔ عرضی، گزارش، التجا صف۔ **درخواست گُزار** عرضداشت کرنے والا۔

دَرخُور فت د، سک ر، ضمہ ع خ، و غم۔ صف۔ لائق، جوگا، سزاوار، مستحق م: **دَرخُورِ اِعتِنا** (دَر خُرِ اِع تِ نا) توجہ کے لائق، التفات کا مستحق۔

دَرد فت د، سک ر۔ امذ۔ تکلیف، پیڑھ، کَربۂ رنج؛ شدّت احساس؛ ہمدردی؛ لگن صف **دَردمَند** فجائیہ **دَردا!** ہائے افسوس! **دَردِزہ** (کس مج ز، سک ہ) وضع حمل کی تکلیف۔ **دَردِ سَر** کھوپری میں محسوس ہونے والا درد؛ الجھن، پریشانی، خلفشار۔ اکیف مث **دَردْ سَری** (فت د، سک ر د، فت س) زحمت، پریشانی۔

دُرد ضمہ د، سک ر۔ امذ۔ تلچھٹ، گاد، نیز **دُردی**

م: دُرْدی کَش (فت ش) بغیر چھنی شراب پینے والا، بلا نوش۔

دَرْدَرا فت د، سک ر، فت د۔ صف۔ موٹا موٹا پسا یا دلا ہوا، دانے دار۔

دَرْ دَسْت فت د، سک ر، فت د، سک س۔ م ف، صف۔ ہاتھ میں، موجود، قبضے میں۔

دَرْزی فت د، سک ر۔ امذ۔ کپڑے سینے والا کاریگر مث دَرْزِن کپڑے سینے والی یا درزی کی بیوی۔

دَرْس فت د، سک ر۔ امذ۔ سبق، آموختہ؛ تعلیم، تلقین؛ سمجھ پیدا کرنے والی، ہوش دلانے والی بات یا تجربہ م: دَرْسِ عِبرَت۔ صف دَرْسی تعلیم یا نصاب تعلیم سے متعلق۔

دَرَس فت د ر۔ امذ۔ رک: دَرْشَن۔

دُرُسْت ضمہ د ر، سک س۔ صف۔ ٹھیک، صحیح، بجا، بے خطا؛ مناسب، معقول۔ ا کیف مث دُرُسْتی اصلاح، مرمت، صحت، سچّائی، راستی، صداقت۔

دُرُشْت ضمہ د ر، سک ش۔ صف۔ سخت، کرخت، کُھردرا، نا ملائم، اکیف مث دُرُشْتی سختی، سخت کلامی،تند مزاجی۔

دْرِشْٹی سک د، کس ر، سک ش۔ امث۔ نظر نگاہ۔

دَرْشَن فت د، سک ر، فت ش۔ امذ۔ نظارہ، دیدار، زیارت، ملاقات۔ صف دَرْشَنی قابل دید، دیکھنے میں اچھا، دیکھنے سے تعلق رکھنے والا، جس کا دیکھنا یا دکھانا کافی ہو م: دَرْشَنی ہُنْڈی وہ تمسک جسے دکھا کر رقم وصول کی جا سکے، دستی یا بیئرر چیک یا ڈرافت۔نیز دَرَس عموماً گیتوں میں مستعمل۔

دِرْع کس د، سک ر۔ امذ۔ زِرہ، آہنی جنگی لباس۔

دُرَفْش ضمہ د، فت ر، سک ف۔ امذ۔ جھنڈا، علم۔

دُرَفْشِ کاوِیانی (کس ہج و) قدیم ایران کا شاہی جھنڈا، جو پہلے پہل ضحّاک کے خلاف جنگ میں استعمال ہوا اور لوہار کی دھونکنی کا بنا ہوا تھا [کاوا نامی لوہار سے منسُوب]۔

دَرک فت ▪ ر۔ امث۔ پانا، حاصل کرنا، گرفت میں لینا، سمجھ بوجھ۔ عام: دَرک۔

دَرْکنار فت د، سک ر،کس ک۔ صف، حرفِ استثناء ۔ الگ، ایک طرف، علیحدہ؛ کہاں، کجا، کیا ذکر م: محبت درکنار پرسش بھی نہیں۔

دُرْکھی ضمہ د، سک ر۔ امذ۔ نیل کے پودے کو کھانے والا حشرہ۔

دُرْگا ضمہ د، سک ر۔ عَلَم۔ شوجی کی دیوی، بھوانی پاربتی [س: لفظاً ناقابل گرفت]۔

دَرْگاہ فت د، سک ر۔ امث۔ آستانہ، چوکھٹ؛ اعلیٰ یا متبرک مقام؛ زیارت کی جگہ؛ مزار، مقبرہ۔ مخفف دَرْگہ (فت ک ہ، ساکن ملفوظ)۔

دَرْگُزَر فت د، سک ر، ضمہ گ، فت ز۔ امث۔ معافی، چشم پوشی، خطا بخشی۔ ف ل دَر گُزَرنا قطع نظر کرنا، ترک کرنا، چھوڑنا، آگے نکل جانا۔

درَم کس د، فت ر۔ امذ۔ رک: دِرْہَم۔

دَرْماں فت د، سک ر، غنہ۔ امذ۔ علاج، چارہ، دوا دارو، نیز تخفیف دَرمَن۔ ترکیبات میں جزو اول کے طور پر ن صحیح۔ م: دَرْمانِ دَرْد امث دَرْمانی علاج، چارہ جوئی۔

دَرْماندَہ فت د، سک ر، امغ، فت د۔ صف۔ بے چارہ، مصیبت زدہ امث دَرماندگی خستہ حالی، پریشانی، بے چارگی۔

دَرْماہہ فت د، سک ر ہ۔ امذ۔ مشاہرہ، تنخواہ جو ماہ بماہ ملے۔

دُرْمُٹ ضمہ د، سک ر، ضمہ م۔ امذ۔ لوہے کا بھاری پیندا لگا ہوا ڈنڈا جس سے مزدور سڑک کوٹتے ہیں۔ نیز دُرْمُس/ دُھرمُس۔

دِرْمَنَہ کس د، سک ر، فت م ن۔ امذ۔ ایک بوٹی جس

سے سینٹو نین بنایا جاتا ہے، افستین (لاط: Artimesia Maritima)۔

دُرمُوئے ضمہ د، سک ر، و مع، ے مج۔ کلمۂ تہدید، دشنام۔ کمبخت دور ہو، غارت ہو نیز: دُرْ مُے (بروزن فاعلن)۔

دَرمِیان فت د، سک ر، کس م۔ م فـ اندر، بیچ میں، حائل۔ بطور امذ: واسطہ، دخل۔ صف **دَرمِیانَہ** (ن) بیچ کا، متوسط، منجھولا، نیز (مذ مث) **دَرمِیانی**۔

دُرنا ضمہ ر، سک ر۔ ف ل۔ چھپنا، غائب ہونا، پوشیدہ ہونا۔ ف م۔ **دُرانا** چھپانا، چرانا (نظر، نگاہ)۔

دَرَنْد فت د ر، سک ن۔ امذ۔ وحشی چیرنے پھاڑنے والا جانور نیز **دَرَنْدَہ** (دَ/ دا) عام: دَرِندَہ [ف: دَرَندَہ از مص دریدن چیرنا پھاڑنا۔ قب س: دَر آنت]۔

دِرَنْگ کس د، فت ر، غنہ۔ امذ۔ دیر دار، تعویق، التوا، سُستی، تامّل صف **دِرَنْگی** ٹالنے دیر کرنے والا، ٹھس۔ [ف، قب س: دیرگھْ: بے جا طوالت]۔

دِرَو کس د، و لین۔ امذ۔ فصل کی کٹائی [ف: دِرَو]۔

دُرُو سک ر، و مع۔ امذ۔ پیڑ، درخت م: دُرُوسَلَک چرونجی کا درخت [س: دْرُو]۔

دَرْوازَہ فت د، سک ر، فت ز۔ امذ۔ داخل ہونے کی جگہ، در، پھاٹک، دوار، کپاٹ، کواڑ۔ [ف: در + باز]۔

دَروبَسْت فت د، و مج، فت ب، سک س۔ امذ۔ رک: **دَربَسْت**۔

دُرُود ضمہ و، و مع۔ امذ۔ سلام، صلوٰۃ، رحمت، خصوصاً جو رسول اللہؐ کے حق میں خدا سے مانگی جائے [ف: کھیتی، رحمت، دعائے خیر]۔

دَرود فت د، ومج۔ امذ۔ عمارتی لکڑی، تختہ۔ امذ۔ **دَرودگار** بڑھئی۔ نیز **دَرُودْگَر**۔

دَرْوَڑی سک د، کس ر، سک و۔ امث۔ ایک راگنی کا نام۔

دَرَوش فت و، ومج۔ امذ۔ نیزہ، بھالا۔

دَرَوغ فت د، و مج۔ امذ۔ جھوٹ، زُور، غلط بیانی۔ امث۔ **دَرَوغ بافی**۔ خلاف حقیقت بات گھڑنا، جھوٹا بیان۔ امث **دَرَوغ حَلْفی** جھوٹی قسم، جھوٹی شہادت۔ **دَرَوغ گوئی**، جھوٹ بولنا صف **دَرَوغ گو**۔

دْرَون سک د، و مج۔ امذ۔ حجم کا ایک پیمانہ ایک آڑھک یا ۴ آڑھک کے برابر۔

دَرُوں فت د، و مع۔ امذ۔ م فـ بیچ، درمیاں، اندر کا حصّہ یا جگہ؛ سینہ، دل، جگر، درمیاں، اندر ، بیچ میں۔ تراکیب اضافی میں جزو اوّل کے طور پر ن صحیح م: **دَرونِ خانہ** گھر کے اندر۔ امث **دَروں بینی** دل کا حال معلوم کرنا؛ اپنا دل ٹٹولنا امذ۔ **دَرُونَہ** سینہ، دل صف **دَرُونی** بیچ کا، اندر کا نیز **اَنْدَرُوں/ اَنْدَرُونی** (فت ا، سک ن، فت د)۔

دَرْوِیزَہ فت د، سک ر، ی مع، فت ز۔ رک: **دَرِیوزَہ**۔

دَرْوِیش فت د،سک ر، ے مج۔ امذ۔فقیر، بَیراگی، تارک الدنیا، امث **دَرْوِیشی**۔

دْرَوْیَہ سک د، فت ر، سک و، فت ی۔ امذ۔ مادّہ، جوہر، جزو لازم؛ دولت، اثاثہ [س]۔

دَرَہ فت د، فت ر۔ امذ۔ گھاٹی، پہاڑوں کے بیچ کا راستہ۔

دُرَّہ ضمہ د، شد فت ر۔ امذ۔ کوڑا، ہنٹر، چابک۔

دَرْہَم فت د، سک ر، فت ہ۔ صف۔ اُلٹ پُلٹ، تہ و بالا۔ مرکب **دَرْہَم بَرْہَم** تِتّر بتّر، گڈ مڈ؛ برباد، غارت۔ امث۔ **دَرْہَمی** بے ترتیبی۔

دِرْہَم کس د، سک ر، فت ہ۔ امذ۔ ایک قدیم چاندی کا سکّہ، نیز وزن کا پیمانہ = ایک ماشہ چار رتّی جسے **دِرْہَمِ شَرْعی** کہتے ہیں نیز **دِرَم** ج:

دَراہیم۔

دَری (۱) فت د، ی مع۔ امث۔ عموماً فرش پر نیز چاندنی یا چادر کے نیچے بچھایا جانے والا موٹا سوتی غالیچہ۔

دَری (۲) فت د۔ امث۔ فارسی کی ایک قدیم بولی جو مشرقی علاقوں میں نیز وسط ایشیا میں رائج تھی اور کیانیوں کے وقت میں درباری زبان رہی؛ عموماً مراد: فارسی۔

دَری فت د، ی مع۔ مث لاحقہ۔ رک: دَر (۴)۔

دُری ضمہ د۔ امث۔ رک: دُگّی۔

دَریا فت د، سک ر۔ امذ۔ پانی کا بڑا دھارا، ندّی؛ بحر، سمندر، نیز (استعارۃً) بڑا، بھرپور، خزانہ، ذخیرہ، وسیلہ م: دریاے رحمت، دریاے علم۔ صف دَریا بُرد غرق کیا ہوا، کھویا، غارت کیا ہوا۔ دَریا دل سخی، فیاض۔

دَریائی فت د، سک ر، صف۔ دریا سے منسوب۔ م: دَریائی گھوڑا ایک سمندری جانور جس کا منہ کتے سے ملتا ہوا جسم بھاری اور پاؤں چوڑے جھلی دار ہوتے ہیں (انگ: Seal)۔

دَریبہ فت د، ی مع، فت ب۔ امذ۔ پانوں کی منڈی۔

دَریتی فت د، ی لین۔ امث۔ رک: دَلیتی۔

دَریچہ فت د، ی مع، فت چ۔ امذ۔ کھڑکی، چھوٹا در۔

دَریدَہ فت د، ی مع، فت د۔ صف۔ پھٹا، پھاڑا، چیرا ہوا، شگاف دار۔ دَریدَہ دَہَن (فت مج د ہ) منہ پھٹ، گستاخ، بدزبان، زباں دراز۔ اکیف مث دَریدَہ دَہنی (فت د، ہ)۔

دَریز فت د، ے مج۔ امث۔ ایک مہین سوتی، پھولدار کپڑا۔

دَریسی فت د، ے مج۔ امث۔ زخم کی مرہم پٹی، ہموار کرنا، سیدھا کرنا، صاف کرنا۔ [انگ: ڈریسنگ]۔

دَریغ فت د، ے مج۔ امذ۔ افسوس، رنج۔ ف م: دَریغ رکھنا گریز کرنا، بچنا [ف: دریغ داشتن کا ترجمہ] فجائیہ: دَریغا/ وا دَریغا! افسوس،ہائے افسوس۔

دَرْیوَدَھن فت د، سک ر، ومج، فت دھ۔ عَلَم۔ مہابھارت کی جنگ میں کُرو سردار جو ارجن کے خلاف لڑا [س: دَرْیوَدھن، غیر مرئی]۔

دَرْیُوزَہ فت د، سک ر، و مع۔ فت ز۔ امذ۔ بھیک مانگنا، گداگری نیز دَیوزگی۔ بھک منگا پن۔ صف دَرْیُوزَہ گَر بِھکاری، فقیر، منگتا۔

دَڑبا فت د، سک ڑ۔ امذ۔ مرغیوں کا ٹاپا، پالتو مرغیوں کے لیے بنایا ہوا عموماً تختوں کا خانہ۔

دَڑبَڑانا فت د، سک ڑ، فت ب۔ ف م۔ کسی کو دبنگ طریقے سے باتیں بنا کر قائل یا مجبور کر دینا، گھبرانا، سراسیمہ کرنا۔

دَڑوُکنا فت د، و مع، سک ک۔ ف ل۔ سانڈ بجار یا کسی وحشی جانور کا آواز نکالنا، ڈکارنا، ڈکرانا۔

دَڑھیَل فت د، سک ڑھ، فت ی۔ صف۔ پھبتی، لمبی یا گھنی ڈاڑھی والا نیز ڈَڑھیَل۔

دُزْد ضمہ د، سک ز۔ امذ۔ چور، اُچکّا، سارِق مرکب دُزْدِ حنا جلد پر وہ بے رنگے نشان جو مہندی رچنے سے رہ جائے۔ امث دُزْدی چوری، سرقہ۔ صف دُزْدیدَہ (ی مع، فت ہ غم) مسروقہ، چرایا ہوا، (کنایتہً) قصداً ملنے سے بچائی ہوئی (نگہ ، نظر) امث دُزْدیدَہ نگاہی کنکھیوں سے دیکھنا، تجاہل عارفانہ، چپکے چپکے دوسروں کی نظر بچا کر دیکھنا۔

دِژَم کس د، فت ژ۔ صف۔ کالا، سیاہ، بدرنگ، بے رنگ، افسُردہ، مرجھایا۔

دِژَند کس ر،فت ژ، سک ن۔ صف۔ تُرُش، شور۔

دَس فت د۔ عدد۔ پانچ کا دگنا، بیس کا آدھا عدد (۱۰)، دہ صف دَسْواں دس سے منسُوب، مردے کی

دسویں دن کی فاتحہ۔ **دَس بِیس، دَس پانچ** مراد: چند، کچھ عدد یا نفوس، **دَس گھرا** ایک گھریلو کھیل جو فرش پر دس خانے بنا کر کھیلا جاتا ہے۔

دَساتِیر فت د، ی مع۔ ج مذ۔ **دَسْتُور** (رک) کی جمع۔

دِساسُول کس د، و مع۔ ج مذ۔ رک: **دشاشُول**۔

دساوَر کس د، فت و۔ امذ۔ بدیس، بیرونی ممالک۔ صف **دساوَری** بیرونی، باہر کا، دیسی کی ضد۔

دَس پَنا فت د، سک س، فت پ۔ امذ۔ رک: **دَست پناہ**۔

دَسْت (۱) فت د، سک س۔ امذ۔ ہاتھ، پنجہ؛ بازو، آستین؛ قبضہ، دستہ؛ اگلا پاؤں؛ (مجازاً) قوت، اختیار، اقتدار م: **بالادَسْت** حاوی۔ صف **دَسْت اَفشاں** رقصاں، ہاتھوں کو جھٹکتا ہوا۔ م ف۔ **دَسْتْ بَدَسْتْ** ہاتھوں سے (مقابلہ، لڑائی، آمنے سامنے کے افراد کا مقابلہ)؛ ہاتھوں ہاتھ، ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں۔ **دَسْت بَسْتَہ** ہاتھ جوڑ کر (تعظیماً)۔امث **دَسْت بوسی** (ومج) ہاتھ چومنا صف **دَسْت فَرَوش** پھیری لگا کر بیچنے والا؛ خوردہ فروش، **دَسْت کار** ہُنر مند کاریگر، گھریلو صنعت سے تعلق رکھنے والا۔ امث **دَسْتکاری**۔ **دَسْت کَش** علیحدہ، الگ، بے تعلق، **دَسْت یار** ہتھیار، ساتھی۔

دَسْت (۲) فت د، سک س۔ امذ۔ پتلی اجابت۔ صف **دَسْتاوَر** دست لانے والی (دوا، غذا)۔

دَسْت (۳) فت د، سک س۔ صف۔ کُل، تمام، پورا، مکمل، اپنے کل اجزا یا جزویات کے ساتھ، مترادف **یَکْدَسْت**۔ نیز رک: **دَسْتَہ** (س: دشت دس کا مجموعہ)۔

دَسْتا فت د، سک س۔ امذ۔ جست (لاط: Lapis Calaminaris)۔

دَسْتار فت د، سک س۔ امث۔ پگڑی، صافہ، عمّامہ۔ **دَسْتارْ بَنْدی** بیٹے کو مرحوم باپ کے یا مرید کو مرشد کے مرتبے پر فائز کرنے کی تقریب یا رسم جو اس کے سر پر پگڑی لپیٹ کر ادا کی جاتی ہے۔ **دَسْتارِ فَضِیلَت** تکمیل درس کے بعد باندھی جانے والی پگڑی۔

دَسْتاں فت د، سک س، غنہ۔ امذ، امث۔ ساز کی مضراب؛ داستاں (رک) کا مخفف۔ مرکب **دَسْتاں زَن** قصّہ گو۔

دَسْتانَہ فت د، سک س، فت ن۔ امذ۔ ہاتھ کو سردی، میل یا ضرر سے بچانے کے لیے پنجے کی شکل کی پوشش؛ تلوار وغیرہ کا قبضہ، دستہ۔

دَسْتاوِیز فت د، سک س، ے مع۔ امث۔ دعوے کے ثبوت یا جواب میں شہادت کے طور پر پیش کیا جانے والا کاغذ یا تحریر؛ تحریری ثبوت؛ کوئی اہم کارآمد کاغذ، قبالہ، نوشتہ [ف: (لفظاً) ہاتھ باندھنے والا]۔

دَست بَند فت د، سک س ت، فت ب، سک ن۔ امذ۔ کلائی پر پہننے کا ایک چوڑی پٹی کا زیور جس میں مالا کی طرح منکے ہوتے ہیں۔

دَسْت بَنْدَھک فت د، سک س ت، فت ب، سک ن، فت دھ۔ امذ۔ رہن مطلق، با قبضہ۔

دَسْتْخَط فت د، سک س ت، فت خ۔ امذ۔ کسی کا اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا نام یا تحریری شناخت۔

دَسْت دَرازی فت د، سک س ت۔ امث۔ مارنے کے لیے ہاتھ اٹھانا، مارنا؛ بے باکی سے زیر کرنے کی کوشش کرنا؛ چھیڑ چھاڑ کرنا، صف **دَسْت دراز** گستاخ، بے باک، ہتھ چُھٹ۔

دَسْتَر خْوان فت د، سک س، فت ت، سک ر، و غم۔ امذ۔ کھانا چننے کے لیے بچھایا جانے والا کپڑا۔

دَسْتَرَس فت د، سک س ت، فت ر۔ امث۔ پہنچ، رسائی؛ قبضہ، قابو۔

دَسْتَک فت د، سک س، فت ت۔ امث۔ تالی بجا کر یا کسی چیز پر ہاتھ مار کر اپنے آنے کی آہٹ کرنا، کھٹکا، کھڑکا؛ دستخط کردہ یا مہر شدہ پروانہ۔

دَسْتَکی فت د، سک س، فت ت۔ امث۔ جیبی کتاب یا ڈائری۔

دَسْتگاہ فت د، سک س ت۔ امث۔ طاقت، قدرت، مہارت۔

دَست گرداں فت د، سک س ت، فت گ، سک ر۔ صف۔ ہاتھوں ہاتھ گردش کرنے والی (شے) جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے؛ سرراہ بکتا ہوا (مال)، زبانی قول پر قرض دی ہوئی (رقم یا چیز)۔

دَسْتَکی فت د، سک س، فت ت۔ امث۔ شِکرا پالنے والوں کا دستانہ جو اُس کے پنجوں سے ہاتھ کی حفاظت کے لیے پہنا جاتا ہے۔

دَسْتگِیر فت د، سک س ت، ی مع۔ صف۔ سہارا دینے، رہبری کرنے والا۔ امث **دَسْتَگِیری** امداد، سہارا۔

دَسْتمال فت د، سک س ت۔ امذ۔ رومال، صافی، برتن پونچھنے کا کپڑا، تولیا۔

دَسْتَنْبُو فت د، سک س، فت ت، ن مثل م، و مع۔ امذ۔ لطف شامّہ کے لیے ہاتھ میں رکھنے کا عموماً پھول کی شکل کا خوشبودان یا خوشبودار شے نیز **دَسْتَنْبُویَہ** (یَ)۔

دَسْتوانَہ فت د، سک س ت، فت ن۔ امذ۔ ایک طرح کا کنگن۔

دَسْتُور فت د، سک س، ومع۔ امذ۔ کسی حکومت یا ادارے کا بنیادی قانون؛ باقاعدہ، طریقہ، ریت رسم۔ ج **دَساتِیر**۔ مرکب **دَسْتُورُالْعَمَل** (دَس تُو رُل عَ مَل) بندھے ہوئے قوانین یا طریقے (انگ: Rules of Procedure)۔ **دَسْتُورِیَہ**۔ ملکی قانون بنانے والی جماعت، تنظیم، اسمبلی (انگ: Constituent Assembly)۔

دَسْتُوری فت ر، سک س، و مع۔ امث۔ دلّالی، کمیشن۔

دَسْتَہ فت د، سک س، فت ت۔ امذ۔ ٹکڑی، جماعت؛ ایک جنس کے اجزاء کا مجموعہ؛ کاغذ ۲۴ طبق کا مجموعہ؛ سپاہیوں کی مختصر جمعیت؛ ہتھیار، اوزار وغیرہ کا ہاتھ میں پکڑنے والا حصّہ، مُوٹھ، قبضہ؛ دھاگے کی ریل، پیچک۔

دَسْتی فت ر، سک س۔ صف۔ ہاتھ سے تعلق رکھنے والا، دستی چھڑی؛ کسی کے ہاتھ بھیجا جانے والا (مراسلہ، پلندہ وغیرہ)؛ چھوٹا رومال۔

دُسْرانا ضمہ ر، سک س۔ ف م۔ دوہرانا کسی عمل کو دوبارہ کرنا۔ م ف **دُسْرا کے مکرراً**۔

دُسْراہَٹ ضمہ ر، سک س، فت ہ۔ امث۔ رفاقت، ایک کے ساتھ دوسرے کا ہونا۔ نیز **دُسْرات**۔

دَسوکھا فت د، ومج۔ امذ۔ پرندوں کا پر جھاڑنا، کُریز۔ نیز **دَسونکھا** (ولین مغ)۔

دَسونْدھی فت د، و لین مغ۔ اسم جنس۔ بَندیوں یا بھاٹوں کی ایک ذات جو خود کو برہمن کہتے ہیں۔

دَسہرا فت د، فت مج س، سک ہ۔ امذ۔ کنوار کے روشن پندرھرواڑے کا دَسواں دن جبکہ ہندو لوگ شری رام چندر کے راون پر فتح پانے کی یاد میں جشن مناتے ہیں اور راون کا پتلا جلایا جاتا ہے؛ نیز جیٹھ کی دسویں تاریخ جبکہ گنگا اشنان کا تہوار ہوتا ہے جسے **گنگا دسہرا** بھی کہتے ہیں۔ [س: **دَشْہرا**: دش + ہَرا، دس گناہ دھونے والا]۔

دَسہری فت د، فت مج س، سک ہ۔ امذ۔ قلمی آم کی ایک عمدہ قسم۔

دَسی فت د۔ امث۔ کپڑے کے سرے پر بُنائی سے آگے نکلے ہوئے تار یا ڈوریوں کی لڑ۔

دَسِیسہ فت د، ی مع، فت س۔ امذ۔ سازش، فریب،

دھوکا۔ ج دَسائِس، صف دَسّاس۔ امث۔ دَسیسَہ کاری چالبازی، فریب کاری۔

دَش فت د۔ عدد۔ دس کی ایک شکل جو بعض تراکیب میں آتی ہے۔ م: دَشیِنْدْری دس اعضا: آنکھ، ناک، کان، حلق، زبان، ہاتھ، پآنو، مقعد، اور آلۂ تناسل۔

دُش ضمہ د، سابقہ بمعنی بُرا، کٹھن، قبیح م: دُش کَرْم بری حرکت، برا فعل بعض تراکیب میں دُس دُر اور دُہ سے مبدل۔ [د: دُشت قب ف: دُشْنام]۔

دَشا فت د۔ امذ۔ حالت، کیفیت، مرکب: دُردَشا برا حال، ہیئت کذائی۔

دشا کس د۔ امث۔ سمت، علاقہ؛ اجابت، رفع حاجت۔ مرکب دشافراغَت پے خانہ پھرنا۔ [س: دِشا = سمت، علاقہ]۔

دَشْت فت د، سک ش۔ امذ۔ صحرا، ویرانہ، صف۔ دَشْت نَوَرْد (نَ وَرد) ویرانوں میں گھومنے پھرنے والا امث۔ دَشْت نَوَردی جنگل صحرا چھاننا۔ مرکب دَشْتِ ہُو (ومع) سنسان صحرا جہاں سوائے خدا کی ذات کے کوئی نہ ہو۔ صف۔ دَشْتی جنْگل، صحرا سے منسوب، جنگلی، غیر مہذب۔

دُشْٹ ضمہ د، سک ش۔ صف۔ برا، بد، عیبی؛ جھوٹا، ناقابل اعتبار، شرّی، مخالف۔ دُشْٹ بَچَن/ وَچَن بدکلامی، گالیاں، امث۔ دُشْٹا بد کردار عورت، بیسوا۔ ا کیف مث۔ دُشْٹتائی بد معاشی، پاجی پن۔

دَشْرَتھ فت د، سک ش، فت ر۔ عَلَم۔ رام چندر جی کے باپ کا نام جو اجودھیا کے راجہ تھے۔

دُشْمَن ضمہ د، سک ش، فت م۔ امذ۔ عداوت رکھنے والا، حریف، مخالف، برا چاہنے والا، جنگ میں فریق مخالف امث دُشْمَنی عداوت۔ بول چال: دُشْمَنوں عورتوں کی زبان کا کلمہ، مترادف: نصیبِ دُشْمَناں، خدا نہ کرے۔

دُشْنام ضمہ د، سک ش۔ امث۔ گالی، بدکلامی، (ف: لفظاً، برا نام: قب س: دُرنامَن) مرکب دُشْنام طرازی (کس ط: عام: فت ط) گالیاں بکنا، برا بھلا کہنا، نیز دُشْنام دہی (کسمج د)۔

دَشْنَہ فت د، سک ش، فت ن۔ امذ۔ کٹاری، پتلے پھل کا خنجر۔ مرکب دَشْنَۂ صُبْح (استعارۃ) صبح کی پہلی کرن۔

دُشْوار ضمہ د، سک ش۔ صف۔ مشکل، کٹھن، دقت طلب صف۔ دُشْوار گُزار جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔ امث دُشْواری دقت، کٹھنائی، رکاوٹ، خلل۔

دَشَہْرا فت د، فت مج ش، سک ہ۔ امذ۔ دَسَہْرا (رک) کی اصل شکل۔

دُعا ضمہ د۔ امث۔ خدا سے التجا، طلب یا خواہش کا عاجزانہ اظہار؛ بعض مواقع کے لیے اسی طرح کے مقررہ کلمات م: دُعائے قُنُوت (ضمہ ق، ومع) جو نماز عشا کے وتروں کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے؛ کسی کے حق میں نیک تمناؤں کا اظہار۔ صف دُعا گو دعا کرنے والا، مراد خیر خواہ، خیر طلب، عموماً مکتوبات میں راقم اپنے لیے استعمال کرتا ہے۔ صف دُعائیہ م: دُعائیہ کلمات۔ ج دَعْوات دعائیں م: مجیب اَلْدَّعوات = دُعائیں قبول کرنے والا۔ ج اَدْعِیَہ م: اَدْعِیۂ اَلْقرآن قرآن میں مندرج دعائیں۔

دَعاوی فت د۔ ج مذ۔ دعویٰ (رک) کی جمع۔

دَعْوا فت د، سک ع۔ امذ رک: دَعویٰ م: دعوائے نبوّت۔ نبی یا اللہ کی طرف سے مبعوث ہونے کا اعلان۔

دَعْوات فت د، سک ع۔ ج مث۔ دُعا (رک) کی جمع۔

دَعْوَت فت د، سک ع، فت و۔ امث۔ بُلاوا، طعام یا کسی تقریب میں شرکت کے لیے درخواست یا طلبی،

ضیافت، صلائے مہمانی؛ تبلیغ کسی مذہب کو قبول کرنے کی صلاح؛ صلا، پکار، للکار م: دعوتِ جنگ۔ **دَعْوَتِ شیراز** گھر کی دال روٹی میں بلا تکلف شرکت کی صلاح، طعامِ ما حضر۔ نیز **دَعْوَہ** م: صاحبُ الدَّعْوَہ = بلانے والا؛ مبلّغ۔

دَعْوی فت د، سک ع۔ امذ۔ **دعویٰ** (رک) کی تخفیف۔ م: دَعْوِیِ اُلْفت = محبت کا دم بھرنا۔

دَعْویٰ فت د، سک ع، ی غم (بروزنِ دانا) امذ۔ نالش، استغاثہ، انصاف طلبی؛ الزام؛ مطالبہ؛ صلا، قول، کسی بات کا دم بھرنا؛ ذمّہ لینے کی پیشکش؛ کسی بات کو منوانے کی ترغیب۔ صف۔ **داعی** بلانے والا، **مُدّعی** مطالبہ کرنے، نالش کرنے والا۔ ج **دَعاوی** مطالبے، دعوے۔

دَعْوے دار فت د، سک ع، ے مج۔ صف۔ مطالبہ کرنے والا؛ حق جتانے والا؛ مدّعی؛ کسی بات کو منوانے پر مُصر۔

دَغا فت د۔ امث فریب، دھوکا، قول سے پھرنا، وقت پر ساتھ چھوڑ دینا۔ صف **دغا باز** مکّار، فریبی نیز **پُردَغا**۔

دَغانا فت د۔ ف م۔ **داغْنا** (رک) کا متعدی المتعدی نیز **دَغْوانا**۔

دَغْدَغہ فت د، سک غ، فت د غ۔ امذ۔ تشویش، دُھکڑ پکڑ، ہَول؛ جھلمل کرنے والا قُمقُمہ، چھوٹی قندیل۔ نیز **دَغدَغا** ف ل **دَغدَغانا** جھلملانا، چمکنا، دَمکنا؛ بھڑکنا۔

دِغْدِغہ کس د، سک غ، فت غ۔ امذ۔ گُدگُدی۔

دَغَل فت د غ۔ امذ۔ جُل، دَغا، فریب، بے وفائی صف **پُرْدَغَل** (ضمہ پ) فریبی [ع: عیب بدی]۔

دَغیلا فت د، ی مع۔ صف مذ۔ داغ دار، جس پر دھبّا یا دھبّے ہوں، عیبی۔

دَف (۱) فت د۔ امذ۔ ڈفلی، ایک رخ سے منڈھا ہوا گول تاشہ جس کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے بجاتے ہیں۔ صف **دَفالی/ ڈَفالی**۔

دَف (۲) فت د۔ امذ۔ جوش، جذبہ، حدّت، گرمی، تپش [ف: تف/ع: دَفی] محاورہ **دَف مَرنا** جوش ٹھنڈا ہونا، خرابی دور ہونا۔

دَفاتِر فت د، کس ت۔ ج مذ۔ **دَفْتَر** (رک) کی جمع۔

دِفاع کس د۔ امذ۔ تحفظ، بچاؤ، روک تھام؛ عسکری قوّت، فوجی تنظیم۔ صف **دِفاعی** افواج یا ملک کے بچاؤ سے متعلق۔

دَفان فت د۔ صف۔ دفع، دُور، غائب، نیز **دَفْعان** [ع: دَفْعً] دھمکی **دَفان ہو**! دفع ہو، بھاگو، کالا مُنہ کرو۔

دَفائِن فت د، کس ء ج مذ۔ **دَفِینَہ** (رک) کی جمع۔

دَفْتَر فت د، سک ف، فت ت۔ امذ۔ کاغذات، مسودات، دستاویزات کا مجموعہ؛ رجسٹر، سِجل، کتاب؛ فہرستِ اندراجات؛ لکھت پڑھت، تحریری کارروائی کی جگہ، محکمہ، سرشتہ۔ مرکب **دَفْتَرِ بے معنیٰ/ مَعْنی** خرافات کا مجموعہ، بے کارباتوں کا ذخیرہ۔ **سَرْ دَفتر** دفتر کا حاکم، عملے کا نگران کار۔ **دَفْتَری** دفتر کا وہ ملازم جو کاغذات کو سنبھالنے ترتیب سے رکھنے، جلد باندھنے، مہریں وغیرہ لگانے پر مامور ہو۔

دَفْتی فت د، سک ف۔ امث۔ پَٹھا، مَلَٹ، موٹے دل کا عموماً مٹیالا کاغذ جو جلد باندھنے کے کام آتا ہے۔ تثنیہ **دَفَّتَین** (فت د، ف لین) دو پٹھے، مراد: کتاب کی جلد۔

دَفر قَلْیَہ فت د ف، سک ر، فت ق، سک ل، فت ی۔ امذ۔ بے مزا، پتلا سالن، ڈھب ڈھب شوربا۔

دَفْرا فت د، سک ف۔ امذ۔ ٹکر روک (انگ: بفر) خصوصاً وہ تختے جو کشتی کے دونوں جانب لگائے

جائیں۔
دَفع فت د، سک ف۔ امذ۔ دھکیلنا، دور کرنا؛ ہٹانا، ٹالنا، پرے کرنا، رد کرنا، زائل کرنا، مار بھگانا۔ امث **دَفعُ الْوَقتی** (دَف عُل وَق تی) وقتی یا فوری طور پر ٹال دینا، وقت گزاری یا مہلت حاصل کرنے کے لیے کوئی فوری تدبیر کرنا۔ [اردو کا تصرف]۔
دَفعَدار فت د، سک ف، فت ع۔ رک: **دَفعَہ دار**۔
دَفعَہ فت د، سک ف، فت ع۔ امث۔ بار، باری، نوبت، مرّہ، مرتبہ؛ قانونی شق؛ فوجی سپاہیوں کی چھوٹی جماعت امذ۔ **دَفعَہ دار/ دَفعدار** ایک چھوٹا فوجی عہدہ دار۔ م ف **دَفعتہً** (تن) اچانک، یکبارگی، ناگہاں۔ ج **دَفعات** قانون کی شقیں، آرٹیکل۔ عام: **دَفع**۔
دَفعِیَہ فت د، سک ف، سک ع، شد فت ی۔ امذ۔ ازالہ، توڑ، تدارک۔
دَفن فت د، سک ف۔ صف، امذ۔ گڑا ہوا، پیوند زمیں؛ امذ۔ گاڑنے کا عمل، دبانا، توپنا؛ ف م: **دَفنانا** گڑھا کھود کر دبانا، امث۔ **تدفین** صف **مَدفُون**۔
دَفِینَہ فت د، ی مع، فت ن۔ امذ۔ زمین میں گڑا ہوا خزانہ۔
دِق کس د۔ امث۔ جسم کو گھلانے والا بخار جو ایک قسم کے جراثیم سے پیدا ہوتا ہے؛ پھیپھڑوں کو گلانے والا مرض، سِل۔ نیز **دِقّ الرِّیَہ** (دِق قُر ری)۔ ف م: **دِق کرنا** تنگ کرنا، عاجز کرنا، ستانا۔
دِقاق کس د۔ امذ۔ ٹکڑے کرنا، ٹکڑا، پُرزہ۔
دَقّاق فت د، شد ق۔ امذ۔ پسنہارا پیسنے، دلنے والا؛ ذہین، فہیم، نکتہ رس۔
دَقائق فت د، کس ء۔ ج مذ۔ **دَقیقہ** (رک) کی جمع، رموز و نکات۔
دِقّت کس د، شد فت ق۔ امث۔ باریکی، گھونٹنے، پیسنے کا عمل، غورو خوض، تعمّق تفحّص، مشکل، دشواری، پیچیدگی۔ ا کیف مث **دِقّت پَسَندی** مشکل کام کرنے، بات کی تہ تک پہنچنے کا شوق۔ صف **دِقّت طَلَب** (فت ط ل) دشوار، کٹھن۔
دَقْیانُوسی فت د، سک ق۔ و مع۔ صف۔ پرانے وقتوں کا گھسا پٹا، [**دَقْیانُوس** (عَلَم) سے مَنسُوب جو اصحاب کہف کے زمانے کا ایک جابر بادشاہ تھا]۔
دَقیق فت د، ی مع۔ صف۔ باریک، نازک، غور طلب۔
دَقِیقَہ فت د، ی مع، فت ق۔ امذ۔ منٹ، گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ، ۶۰ ثانیوں کے برابر وقت، باریک نکتہ، جزو خفیف۔ محاورہ **(کوئی) دَقیقَہ اُٹھا نہ رکھنا** کسر، کمی باقی نہ چھوڑنا، نیز **دَقیقَہ فروگُذاشت نہ کرنا**۔ صف **دَقیقَہ رَس** بات کی تہ تک پہنچنے والا، باریکیوں کو سمجھنے والا۔ ا کیف مث **دَقِیقَہ رَسی/ شِناسی** (فت ر، کس ش) نکتہ فہمی۔
دُکان ضمہ د۔ امث۔ سودا، بیچنے کا ٹھکانا [نیز ع: **دُکّان** (شد ک) ج: **دَکاکِین**،بروزن مساکین]۔
دَکْشِنا فت د، سک ک، کس ش۔ امث۔ برہمن کو مذہبی رسوم ادا کرنے پر دی جانے والی نذر۔
دَکَن فت د ک۔ عَلَم امذ۔ ہندوستان کا جنوبی، وندھیا چل کے پار کا علاقہ نیز **دَکّھن** (رک) صف **دَکَنی**۔
دُکْھ ضمہ د۔ امذ۔ درد، تکلیف، روگ، مصیبت، مشقت۔ صف۔ **دکھ دائی/ دکھ دایَک** ظالم؛ **دکھی/ دکھیارا** غریب، ستایا ہوا۔ مث **دکھیاری**۔
دِکھانا کس د۔ دیکھنا (رک) کا متعدی۔ نیز **دِکھلانا**۔
دکھاوا کس د۔ امذ۔ نمائش، بناوٹ، ظاہر داری۔ نیز **دِکھاوَٹ**۔
دِکھاؤ کس د، ومج۔ امذ۔ جھلک، منظر۔

دُکھڑا ضمہ د، سک کھ۔ امذ۔ مصیبت، پریشانی، جھگڑا، جھمیلا، شکوہ شکایت؛ مصیبت کا بیان۔

دِکھلانا کس د۔ رک: دکھانا۔

دِکھلائی دینا کس د، سک کھ، ی مع۔ ف ل۔ نظر آنا، دیکھنے میں آنا۔

دَکھّن فت د، شد فت کھ۔ عَلَم، امذ۔ جنوب، جنوبی ہند، نیز دَکَن، دَکھّنی (کس کھ) صف دکھنی (سک کھ) دکن سے تعلق رکھنے والا؛ اردو کی وہ ابتدائی شکل جو دکن میں رائج تھی۔ [س: دَکشِنڑا] امث دکھنی مرچ گول مرچ کی سفید قسم۔

دَکھّن ضمہ د، شد فت کھ۔ امث۔ تکلیف، درد، چبھن۔

دُکھنا، ضمہ د، سک کھ۔ ف ل۔ درد کرنا، تکلیف میں ہونا، آزار دہ ہونا۔ (آنکھوں کا) آشوب کرنا؛ نیز دکھنے آنا م: آنکھیں دکھنے آئی ہیں۔

دِکھوانا کس د، سک کھ۔ ف م۔ دِکھانا (رک) کام م: تلاش کرانا۔

دُکھی ضمہ د۔ صف۔ رنج یا تکلیف میں مبتلا، مصیبت کا مارا، نیز دکھیارا۔ امث دکھیا/ دکھیاری۔

دُگاڑا ضمہ د۔ امذ۔ دونالی بندوق۔ نیز دُوگاڑا (دگاڑا)۔

دُگانا ضمہ د۔ صف۔ دوہرا، جڑواں م: دگانا پھل، امث۔ سہیلی، بہنیلی، ہمجولی، ہمراز، خلوت کی ساتھی۔ امذ۔ دو رکعت والی نماز؛ دو آوازوں میں گایا جانے والا گیت، جسے عموماً ایک مرد اور ایک عورت مل کر گاتے ہیں۔

دُگدا ضمہ د، سک گ۔ امذ۔ شک، تذبذب، بے یقینی۔ [غالباً: دُبدُھا کی بدلی ہوئی صورت]۔

دَگدَگا فت د، سک گ۔ امذ رک دَغدَغہ/ دَغدَغا۔ اکیف مث۔ دگدگات/ دَگدگاہٹ ف ل دگدگانا روشن کرنا۔

دِگدگانا کس د، سک گ۔ ف ل۔ (دانتوں کا) کٹکٹانا، بجنا، کپکپی چھوٹنا۔ ا کیف مث دِگدگاہٹ۔

دُگدُگی ضمہ د، سک گ۔ امث۔ رک: ڈُھگڈُگی۔

دُگدھکا ضمہ د، سک گ، کس دھ۔ امث۔ وہ نبات جن میں سے دودھیا مادہ نکلتا ہے۔ [س: دُگدھ = دودھ] نیز دگدھی۔

دِگر کس د، فت گ۔ صف۔ دیگر (رک) کی تخفیف۔ مرکب دگرگُوں متغیّر، بدلا ہوا، اُلٹ پُلٹ۔

دَگڑ فت د، گ۔ امذ۔ دمامہ، دھونسا، بڑا طبل، بڑےگول پیٹ کا ایک طرف سے منڈھا اور چوب سے بجایا جانے والا طبل۔

دَگَڑنا فت د گ، سک ڑ۔ ف م۔ جُھٹلانا، سچی بات میں شک پیدا کرنا۔

دَگلا فت د، سک گ۔ امذ۔ روئی بھرا، نگندے دار لبادہ جس میں تکموں کی جگہ ڈوریاں ہوتی ہیں۔

دِگمبَر کس د، فت گ، سک م، فت ب۔ صف۔ ننگ دھڑنگ۔

دُگن ضمہ د، فت گ۔ امث۔ اُونچا سُر۔

دُگنا ضمہ د، سک گ۔ صف۔ دو چند، دُونا، المضاعف۔ مث دگنی۔

دِگّی کس د، شد گ۔ امث۔ لنبوتری حوضی یا ٹنکی نیز ڈِگّی [س: دِریدِھکا]۔

دَل فت د۔ امذ۔ موٹائی، دَبازت، جسامت؛ گروہ، انبوہ؛ پتّہ م: تُلسی دَل۔ مرکب دَل بادَل گھری گھٹا؛ ہجوم؛ بھاری لشکر، بڑا گھیر دار خیمہ۔ صف دَل دار موٹا، دبیز۔

دِل کس د۔ امذ۔ قلب؛ اعضاء رئیسہ میں سے وہ عضو جس پر گردش خون کا دارومدار ہے: قلب؛ وسط،

مرکز؛ ذات، نفس، مَن؛ مرضی، مَنشا، خواہش؛ ہمت، حوصلہ؛ جذبہ، شدید میلان، محبتؔ؛ فیّاضی، سخاوت، ندا؛ **دلا !** اے دل صف **دِلآویز** دل لبھانے والا، **دِل اَفْگار/ فِگار** جس کا دل دکھا ہوا ہو؛ **دِلْبَر** محبوب، **دِلْبَرْداشْتَہ** اکتایا ہوا؛ **دِل بَسْتَہ** غمگین؛ امث **دِل بَستگی** (فت ب، سک س) لگاؤ، دلچسپی، دل بہلنے کی صورتؔ؛ محاورہ **دِل پرمَیل آنا** (ے لین) کبیدگی، رنجش پیدا ہونا صف۔ **دِل پَذِیر** (فت پ، ی مع) پسندیدہ، مرغوب، لبھانے والا؛ **دِل جَمْعی** اطمینان خاطر؛ **دِل خَوْاہ** (خاہ) پسندیدہ، مرغوب؛ **دِل دوز** (ومج) دل چھیدنے والا؛ **دِل رِیش** (ی مع/ ے مج) زخمی، غمزدہ، **دِل زَدَہ** (فت ز د) عاشق **دِلِ زار** (کسمج ل) نالاں، عاجز، قلب یا نفس، **دِل سِتاں** (کس س) دل چھین لے جانے والا محاورہ **دِل سَرد ہونا** بے کیف، بے خروش، بے رغبت ہونا۔ صف۔ **دِل سوز** (ومج) ہمدرد؛ دل پر اثر کرنے والا؛ **دِل گِرِفْتَہ** (گِ رِ فْ تَ) غمگین، افسردہ، مروصفی **دِل ناصَبُور** (فت ص، و مع) بے چین، بے قرار دل۔ صف **دِل نَشِیں** دل کو پسند آنے والا، حافظے میں محفوظ، **دِل نَواز** خاطر داری کرنے، دل کی خوشی کا خیال رکھنے والا۔

دُلار ضمہ د۔ امذ۔ لاڈ، پیار، چاؤ۔ صف **دُلارا** پیارا مث **دُلاری**۔

دِلاسا کس د۔ امذ۔ ڈھارس، تسلّی، تسکین۔ امث۔ **دِلآسائی** اطمینان بخشنا، تسلّی دینا [ف: دِل + آسا = دل کو تسکین دینے والا]۔

دَلّاک فت د، شد ل۔ امذ۔ مالشیا، بدن پر تیل ملنے، مٹھی چپی کرنے والا۔ امذ۔ **دَلّاکی**۔

دَلال فت د۔ امذ۔ ناز، نخرہ۔

دَلّال فت د، شد ل۔ امذ۔ سودا طے کرانے والا، بچولیا؛ بھڑوا، قرم ساق۔ نیز **دلّا** امث **دَلّالی** دلال کا پیشہ یا اُجرت۔

دَلالَت فت د ل۔ امث۔ رہبری، نشاندہی، دلیل ہونا؛ دلیل لانا، شہادت دینا۔

دُلانا ضمہ د۔ ف م۔ چھٹپٹانا، پراگندہ، منتشر کرنا۔ امذ **دُلاؤ** (ومج)۔

دِلاوَر کس د، فت و۔ صف۔ بہادر، جری، حوصلہ مند۔ امث۔ **دِلاوَری** شجاعت۔

دَلائل فت د، کس ء ج مذ۔ **دَلِیل** (رک) کی جمع۔

دُلائی ضمہ د۔ امث۔ دوہری، دوتہوں کے بغیر روئی یا بہت ہلکی روئی کی چادر۔

دَلبا فت د، سک ل۔ صف امذ۔ مریل، پٹیّل، دبّو؛ وہ پرندہ (عموماً لال) جسے اپنے سے قوی پرندے سے پٹوا کر جیتنے والے کا حوصلہ بڑھاتے ہیں۔

دِلبَنْد کس د، سک ل، فت ب، سک ن۔ صف۔ عزیز، پیارا م: **فَرْزَنْد دِلبَند**۔

دُل بَنْد ضمہ د، سک ل، فت ب، سک ن۔ امذ۔ ململ کا صافہ، پگڑی، مُنڈاسا۔ [ف: دول بند کی تخفیف]۔

دَلِت فت د، کس ل۔ صف۔ دلا ہوا، ٹوٹا پھوٹا؛ رذیل۔

دُلْدا پیشْگیر ضمہ د، سک ل، ے مج، سک ش، ے مج۔ امذ۔ تَمگیرا جو شبنم اور دھوپ سے بچاؤ کا کام دیتا ہے۔ [غالباً ع: ظلّہ = چھتری + ف: پیشگیر = پردا، تَمگیرہ، تولیا]۔

دِلْدَّر کس د، فت ل، شد فت د۔ صف، امذ۔ خراب خستہ؛ بدحالی، خستگی، گندگی، آلودگی، آلائش؛ نکبت، نحوست، میلے کپڑے، محاورہ **دِلدّر پاک/ دُور ہونا** حالت سُدھرنا۔

دَلْدَل فت د، سک ل۔ امث۔ گھری گیلی مٹی جس میں پانو دھنسے یا پھنس جائے؛ دَھنسان، چَہْل۔ صف۔ **دَلْدَلا** مث **دَلْدَلی**۔

دُلْدُل ضمہ د، سک ل، ضمہ د۔ امذ، علم۔ ابلق خچر

جو رسول اللہؐ کو اسکندریہ کے حاکم سے تحفتہً ملا تھا اور انہوں نے حضرت علیؓ کو بخش دیا تھا۔ محرّم کے دنوں میں ایک گھوڑا سجا کر اسی نام سے نکالا جاتا ہے۔

دِلدوز کس د، سک ل، ومج۔ صف۔ دل میں چبھنے والا؛ اذیت ناک، درد انگیز۔

دل دِہی کس د، کسمج د۔ امث۔ دلاسا، تسلّی، خاطر داری۔

دل رُبا کس د، ضمہ ر۔ امذ۔ سارنگی کی طرح کا ایک ساز جس میں لوہے کے تار ہوتے ہیں۔ اِسراج، طاؤس۔

دلفَروز کس د، سک ل، فت ف، و مج۔ صف۔ دل کو روشنی کرنے والا، فرحت بخش۔

دلفگار کس د، سک ل، کس ف۔ صف۔ غمزدہ، خستہ دل۔

دَلَق فت د، سک ل۔ امذ۔ اُونی لبادہ، فقیر کی گدڑی۔

دَلَک فت د ل۔ امث۔ ڈگمگ ہونا، نا اُستواری؛ جھلمِل، چمک دَمک۔

دُلکی ضمہ د، سک ل۔ امث۔ گھوڑے کی تیز چال جس میں اگلے یا پچھلے دونوں قدم ایک ساتھ نہیں اُٹھتے جیسے کہ جَست لگانے یا دوڑنے میں بلکہ اگلا دایاں پچھلے بائیں کے ساتھ اور اگلا بایاں پچھلے دائیں کے ساتھ اٹھتا ہے مگر تیز۔

دُلَکھنا ضمہ د، فت ل، سک کھ۔ ف ل۔ بار بار ایک ہی بات کو دوہرانا؛ بات پلٹنا، کہہ کے مکر جانا۔

دلگَرمی کس د، سک ل، فت گ، سک ر۔ امث۔ جوش، اُمنگ، جذبہ۔

دلّگی کس د، شد ت ل۔ امث۔ ہنسی، مذاق؛ محبت، دل کا آنا، عاشق ہونا [ف: دل + ا : لگی] نیز **دِل لگی**۔

دُلَمہ ضمہ د، سک ل، فت م۔ امذ۔ قیمہ بھری ترکاری،بینگن، ٹنڈے وغیرہ۔

دلمَہ کس د، سک ل۔ فت م ۔ امذ۔ پنیر کی چکتی [ف: دِلماب کی تخفیف]۔

دُلمیان ضمہ د، سک ل، کس م۔ امذ۔ ہمیانی، کمر سے بندھی ہوئی تھیلی۔

دَلنا فت د، سک ل۔ ف م۔ غلّے کے دانوں کو کوٹ کر یا پیس کر دو ٹکڑے کرنا؛ موٹا موٹا پیسنا؛ دال بنانا؛ رگڑنا، مسلنا؛ حلیہ بگاڑنا۔ صف **دَلویّا** دلنے والا۔

دَلو فت د، سک ل و۔ امذ۔ ڈول جس سے پانی کھینچتے ہیں۔

دُلّو کادَس سیرا ضمہ د، شد ل، ومع۔ (بول چال) خواہ مخواہ کی پخ، دخل در معقولات۔

دلہا کس د، سک ل۔ امذ۔ کواڑ کے چوکھٹوں کے اندر خوشنمائی کے لیے جڑے جانے والے تختوں میں سے کوئی تختہ ۔ نیز **دلّا**۔

دُلہَن ضمہ د، سک لَ، فت ہ۔ امث۔ نوبیاہتا یا بیاہی جانے والی لڑکی، عروس۔ نیز **دُلھن** (فت لھ)۔

دُلہنڈی ضمہ د، فت مج ل، سک ہ مغ۔ (بروزن سُنہری)۔ امث۔ ہندوانی تہوار ہولی کا دوسرا دن۔

دلی کس د۔ صف۔ دل سے مَنسوب، پُر خلوص، نہایت عزیز۔

دلّی کس د، شد ل۔ عَلَم۔ شہر دہلی کا عام نام۔ مثل **دلّی دُور ہے** مطلب براری مشکل ہے۔ محاورہ **دلّی دکھانا** بچوں کا سر پکڑ کر اونچا کرنا۔ امذ **دلّی کَا رَوڑا** دلّی کا پرانا باشِندہ۔ مثل **دِلّی مَیں رَہے بھاڑ جھونکا** کوئی فیض نہ پایا۔ (بطور طنز)۔

دَلیا فت د، سک ل۔ امذ۔ دردرا پسا ہوا اناج جسے اُبال کر عموماً شکر ملاکر کھاتے ہیں۔

دَلے پَنچ فت د، ے مج۔ فت پ، سک ن۔ امذ۔ گھوڑے کی عمر کا آخری پہرا (عمر کے گِھسے ہوئے

پانچ حصے)۔

دِلیر کس د، ے مج۔ صف۔ بہادر، باہمت۔ امث۔ **دِلیری** بہادری۔

دَلِیل فت د، ی مع۔ امث۔حجّت، ثبوت، علامت، نشانی، راہبر۔

دَلِیل فت د، ے مج۔ امثد ورزشی قواعد، پریڈ، مشقت جو بطور سزا یا تھکانے کے لیے کرائی جائے [انگ: Drill]۔

دَلَینْتی فت د، ے لین مغ، امث۔ دانہ دلنے کی دستی چکّی۔

دَم (۱) فت د۔ امذ۔ سانس نَفَس، پُھونک؛ جان؛ زور، طاقت؛ لحظہ، پَل؛ ہتھیار کی دھار؛ تمباکو یا چرس کے دھوئیں کا کش؛ مہلت، آرام سستانے کا عمل؛ محراب یا کمانی کا خم؛ بھاپ جو جوش دینے سے پیدا ہو۔ **دَم بھرنا** دعویٰ کرنا، محبت یا لگاؤ رکھنا؛ ف م **دَم پُخْت کرنا** برتن کو بند کر کے پکانا تاکہ بھاپ باہر نہ نکلے۔مرکب **دَم خَم** زور، توانائی بطور طنز، **دَم دُرود نہ ہونا** بودا، کم ہمت ہونا؛ **دَم دلاسا** بہلاوا، پُھسلاوا **دَم زَدَن/ زَدَنی** (فت ز د) بولنا، تابِ گویائی ف ل **دَم سادْھنا** سانس روکنا۔ امذ۔ **دَم ساز** دوست، ہمدم؛ **دَم سَرْد** کس مج م، فت س، سک ر) ٹھنڈی سانس، آہ۔ امث **دَم شُماری** (ضمہ ش) نزع کا عالم۔ **دَم قَدَم** مبارک وجود۔ محاورہ **دَم میں دَم ہونا** زندہ سلامت ہونا **دَم ناک میں کرنا** ستانا،تنگ کرنا۔ **دَم واپَسِیں** آخری سانس، نزع کا وقت۔

دَم (۲) فت د۔ امذ۔ دھوکا، فریب۔ چال بازی صف **دَم باز** مکار، فریبی، [س: دَمْبھ]۔

دَم (۳) فت د۔ امذ۔ خون، لہو؛ زور؛ طاقت، بل **دَم اْلاَخْوَین** (دَ مُل اَخ وَین) ایک درخت کا سرخ گوند جو رنگ اور دوا سازی کے کام آتا ہے، خونِ سیاؤ شاں، ہیرا دوکھی (لاط: Kino gummi) مقولہ **دَمُکَ دَمی وَ لَحْمُک لَحْمی** تیرا خون میرا خون تیرا گوشت میرا گوشت ایک ہے (حدیث نبویؐ) **دَمی/ دَمْوی** (بلا شد)۔

دُم ضمہ د۔ امث۔ جانوروں کے جسم کا پچھلا حصہ جو چوپایوں میں ریڑھ کی ہڈی سے جڑا ہوا، خمیدہ یا لچکدار ہوتا ہے، اور پرندوں میں پچھلے پروں پر مشتمل جو اڑان میں پتوار کا کام دیتے ہیں؛ پُونْچھ؛ پچھلا سرا؛ کسی کام کا آخری مرحلہ۔ **دُم چھلّا** (فت چھ) کاغذ کی جھالر جو بعض پتنگوں میں لگی ہوتی ہے؛ وہ شخص جو ہر وقت ساتھ لگا رہے؛ **دُم گزا** لمبی نمایاں دم یا دُم چھلّا؛ **دُم دار تارا** طویل وقفوں سے نظام شمسی میں در آنے والا سیّارہ جس کے ساتھ روشنی کی لمبی جاروب نما دُم ہوتی ہے۔ نَجم ذو ذَنَب۔ محاورہ **دُم دَبا کر بھاگنا** ڈر کر فرار ہونا؛ شکست کھا کر بھاگ جانا، **دُم ریز** (ے مج) فصل کا آخری پھل یا دیر میں پھل دینے والا درخت۔ **دُم میں نَمْدا باندْھنا** (بطور دھمکی) تنگ کرنا، تماشا بنا دینا۔

دَما دَم فت د۔ م ف۔ لگاتار، پے در پے۔

دِماغ کس د۔ امذ۔ بھیجا جو کھوپری میں ہوتا ہے؛ قوائے ذہنی کا مجموعہ: قوتِ فکر، ہوش و حواس، عقل و شعور؛ نخوت، تکبّر، تبختر۔ **دماغ چاٹْنا** بہت باتیں کرنا۔ **دماغ چَلْنا** پاگل ہو جانا **دماغ چوَٹْنا** (ومج) مغرور نیز **دِماغ دار**۔ ج **اَدمِغَہ** (کسمج م، فت غ) صف **دِماغی**۔

دَمالَہ فت د ل۔ امذ۔ مصنوعی تنفس یا پھیپھڑوں میں آکسیجن پہنچانے کا آلہ۔ [ف : دم + ع: آلہ]۔

دَمامَہ فت د، فت م۔ امذ۔ نقارہ، بڑا ڈھول جس کی آواز دور تک جائے؛ نیز **دَمْ دَمہ** (رک)۔

دَمانا فت د۔ ف م۔ کمان یا تلوار کو خم دینا۔

دَمانک فت د ن۔ امث۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔

دَمپَل فت د، سک م، فت پ۔ ایک پودے کا نام جسے دَے پھل بھی کہتے ہیں۔ (لاط: Xanthochynus Pictorius یا Stalagmites Pictoria)

دُمچی ضمہ د، سک م۔ امث۔ چمڑے کا تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے بندھا ہوتا ہے؛ دُم کی تصغیر۔

دَمدَمانا فت د، سک م۔ ف م۔ ہلانا جلانا، لہریں اٹھانا؛ کڑھاؤ میں کفگیر چلانا۔

دَمدَمہ فت د، سک م، فت م۔ امذ۔ نقارے کی آواز؛ توپ کا مورچہ؛ ٹیلا، چبوترہ یا فصیل کے اوپر بنی ہوئی وہ جگہ جہاں توپ چڑھائی جائے۔

دَمَرک فت د، سک م، فت ر۔ امث۔ چمڑے کی ٹِکلی جو رگڑ یا گھسائی کو روکنے کے لیے گھومنے والے پرزوں میں لگائی جائے (انگ: واشر Washer)۔

دَمڑچَل فت د م، سک ڑ، فت چ۔ صف۔ دمڑی کے مول کا، گھٹیا، بے قیمت۔

دَمڑی فت د، سک م۔ امث۔ ایک چھوٹا سکہ جو پیسے کے آٹھویں حصّے کے برابر تھا۔

دِمشق کس د، فت م، سک ش۔ عَلَم۔ ملک شام (سُوریہ) کا پائے تخت، عام: **دَمشق** (کس م)۔

دَمک فت د م۔ امث۔ جگمگاہٹ، جھلملاہٹ۔

دَمکَلا فت د، سک م، فت ک۔ امذ۔ پانی چڑھانے کا پائپ؛ آگ بجھانے کا انجن؛ گاڑی کو ادھر اٹھانے کی کل (انگ: جَیک Jack) نیز **دَم کَل**۔

دَمَن فت د م۔ امذ۔ ٹیلا، تودہ؛ پہاڑی، نیز (کس د) گھورا، کُوڑے کا ڈھیر۔

دَمَوی فت د م۔ صف۔ خون سے تعلق رکھنے والا۔ م: **دَمَوی مِزاج** طب یونانی کی رو سے جسم میں خلط دم یعنی خون کا حاوی ہونا۔

دَمَہ فت د م۔ امذ۔ دھونکنی؛ سانس اکھڑنے کا مرض، ضیق النّفس۔

دَمی فت د۔ امث۔ چھوٹا دستی حقّہ، پائپ۔

دَمیدَہ فت د، ی مع، فت د۔ صف۔ کِھلا ہوا، شگفتہ، اُگا ہوا۔ امث **دَمیدگی** (فت د) کھلنے کی کیفیت یا عمل۔

دِن کس د۔ امذ۔ صبح سے شام تک کا وقت؛ ایک دن اور رات ۲۴ گھنٹے کی مدّت، یوم، روز؛ سویرا، تڑکا، فجر؛ ایّام، دَور، زمانہ؛ اُجالا۔ م ف **دِن بَدِن** وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ، روز بروز۔ محاورہ **دِن بَھَرنا** زندگی کے دن گزارنا۔ محاورہ **دِن پِھرنا** حالات کا سُدھرنا۔ م ف **دِن چَڑھے** خوب روشنی ہو جانے پر۔ **دن دہاڑے** کُھلے خزانے، دن کی روشنی میں۔ **دِن ڈَھلے** دوپہر کے بعد۔ محاورہ **دن کو تارے دکھائی دینا** ہوش و حواس کھو بیٹھنا۔ آنکھوں میں تِر مرے ناچنا۔ **دِن لَگنا** اِتراہٹ، غرور پیدا ہونا۔

دَنّا فت د، شد ن۔ صف۔ بڑے ڈیل ڈول کا بھاری تن و توش والا؛ امذ۔ موٹی ٹہنی۔ **دَنّا سیٹھ** (طنزاً) خود کو بہت کچھ سمجھنے والا، مغرور آدمی۔

دَنانیر فت د، ی مع۔ ج مذ۔ **دِینار** (رک) کی جمع۔

دَنایَت فت د ی۔ امث۔ کمینہ پن، بدخصلتی۔ صف **دَنی** [ع: دَنیٌّ]۔

دُنبال ضمہ د، ن مثل م۔ امذ۔ دُم کی طرح کی شے کشتی کی پتوار؛ نیز **دُنبالَہ** سرمے کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے باہر نکلی ہوئی ہو۔

دُنبَل ضمہ د ، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ بڑی پھنسی، پھوڑا۔

دُنبَہ ضمہ د، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ فربہ مینڈھا جس کے پیچھے دم کی جگہ چربی کی چوڑی چکتی

ہوتی ہے۔

دَنْتُو فت د، سک ن، ومع۔ صف۔ بڑے دانتوں والا، بڑ دَنتا، نیز دَنْتِیلا (فت مغ۔د، ی مع) جس کے دانت نمایاں ہوں۔ دندانے دار۔

دَنْد فت د، سک ن۔ امذ۔ جولاہے کا دندانے دار آلہ جس سے ڈوریاں سلجھاتے ہیں، راچھا۔

دُنْد ضمہ د، سک ن۔ امذ۔ بہت بڑا نقارہ، دھونسا ف مر دُنْد مَچانا اُودھم جوتنا، شور وغوغا کرنا۔

دَنّداسا: فت مغ د۔ امذ۔ ایک درخت کی چھال جس سے دانت صاف کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔ [ف: دند+سا: سائیدن گھسنا]۔

دَنْداں فت د، سک ن، غنہ۔ امذ، ج مذ۔ دانت، چوکا۔ مرکب دَنّداں ساز مصنوعی دانت بنانے والا صف دَنْداں شِکَن منہ توڑ، دانت کھٹے کر دینے، قائل، عاجز کر دینے والا (جملہ، جواب وغیرہ)۔

دَنْدانے فت و، سک ن۔ ج مذ۔ کنگھی، آری، گراری وغیرہ پر بنی ہوئی نوکوں کی قطار واحد دَنْدانہ (دَن دان)۔

دَنْدَنانا فت د، سک ن، فت د۔ ف ل۔ بے فکر، نڈر، مطمئن ہو کر رہنا، براجنا یا چلنا پھرنا۔

دَنْڈ فت د، سک ن۔ امذ۔ عصا، ڈنڈا، عصائے شاہی، اختیار، اقتدار؛ سزا، تعزیر، تاوان، چٹّی، جُرمانہ۔ امث دَنْڈنِیتی سیاست، نظم حکومت۔ نیز عام ڈَنْڈ (رک)۔

دَنڈوت فت د، سک ن، و لین۔ امثد جھکنا، تعظیم دینا، نیز عام ڈَنڈوت (ولین) [س: دَنڈ وَت، فت و]۔

دُنْکا ضمہ د، سک ن۔ امذ۔ رک: دانہ جس کا یہ تابع ہے۔

دَنْگ فت د، غنہ۔ صف۔ حیران، ہکّا بکّا، ششدر۔

دَنّگا فت د، غنہ۔ امذ۔ فساد، شورش، شرارت صف دَنْگئی فسادی، جھگڑالو۔

دَنّگَل فت د، غنہ، فت گ۔ امذ۔ اکھاڑا، تماشاگاہ، پہلوانوں کی کشتی کا مقابلہ؛ ایک طرح کی لمبی چوبی نشست جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔

دِنوَنّدھ کس د، ولین، غنہ۔ امث۔ بینائی کا ایک عیب جس کے سبب دن کو آنکھیں اچھی طرح کام نہیں کرتیں۔ چُنداپن، روز کوری۔ صف دِنوَنّدھا۔ نیز دِنوَنّد/ دِنوَنّدا۔

دَنی فت د۔ صف۔ کمینہ، سفلہ، بدطینت۔ ا کیف مث۔ دَنایت مرکب دَنی اَلطَّبَع (دَنی یُت تَبْع) بُری خصلت والا۔

دُنی ضمہ د۔ امث۔ دنیا کے مخفف کے طور پر ہندی ناموں وغیرہ میں مستعمل م: دُنی چند = دنیا کا چاند۔

دِنی کس د۔ صف۔ پرانا، بوڑھا، ازکار رفتہ (جانور، گھوڑا، مویشی) نیز دِنْیا۔

دُنْیا ضمہ د، سک ن۔ امث۔ کرۂ زمین؛ کائنات، عالم مادّی، عقبیٰ کی ضد؛ حیات ارضی۔ صف دُنْیا دار دنیا کے مشاغل میں مبتلا؛ ہوشیار، عملی، مصلحت اندیش؛ مطلبی آدمی۔ ا کیف مث دُنیاداری سماجی تکلفات، بناوٹی باتیں، نیز دُنیا سازی مرکب دُنْیا و ما فِیہا دنیا اور اس میں جو کچھ بھی ہے۔ م: دنیا و ما فیھا سے بے خبر: غافل بے ہوش، مدہوش، کسی شغل میں ڈوبا ہوا۔ صف دنْیاوی/ دُنْیَوی (سک ن، فت ی) دنیاسے متعلق۔ مثل دُنیا اور مطلَب لوگ اپنی غرض کے لیے ملتے ہیں۔ [ع: دَنی کی تانیث مراد عالم اَسفل]۔

دَو و لین۔ امثد آگے، تپش، جلن۔ [س: دَو ف: تب] دَوڑ، دوڑ بھاگ۔

دو ومج۔ عدد۔ ایک اور ایک (۲)؛ جُدا، الگ، مرکب دو ایک چند،کچھ۔ دو دو باتیں گفتگو، باہمی کلام؛ دوچار ہونا (نیز دُچار) ملنا، مُڈبھیڑ ہونا؛

دوَ چَنْد (ومج، نیز ضمہ د: دُچَند) دگنا، دگنی، نیز دوَگُونا (ومع) دوَبالا بڑھ چڑھ کر۔

دَوا فت د۔ امث۔ مرض سے شفا کے لیے دی جانے والی شے یا اشیاء، دارو؛ علاج، درماں۔ دَواخانَہ (خانَ/ نا) دواؤں کی دکان؛ شفاخانہ، مرکب دَوا دارُو علاج معالجہ نیز دواء م: دواء مالش ج: اَدوِیَہ۔

دَواب فت د۔ ج مذ۔ دابّہ (رک) کی جمع۔

دَوات فت د۔ امث۔ لکھنے کی سیاہی رکھنے کا ظرف شیشی وغیرہ؛ چانڈو بازوں کی چلم۔

دَوادَوش فت د، کس و، امذ۔ دوڑ دھوپ، جدّوجَہد۔ نیز دَوادَو (ولین)۔

دَوار فت د۔ امث۔ جنگل کی آگ۔

دَوّار فت د، شد د۔ صف۔ گھومنے، گردش کرنے والا، چکر کھانے والا۔

دْوار سک د۔ امذ۔ دروازہ، چوکھٹ، گھر، مُنہ، نیز ڈْوارا م: گُرڈْوارہ۔

دْواڑکا فت د، سک ر۔ عَلَم۔ ہندوانی روایت کے مطابق شری کرشن سے منسوب ایک شہر۔

دُوازْدَہ ضمہ د، سک ز، فت مج د۔ عدد۔ بارہ، دس اور دو (۱۲)۔ مرکب دُوازْدَہ اِمام شیعہ اِثنا عشری عقیدے کی رو سے حضرت علیؑ سے لے کر امام مہدی تک ائمّہؑ معصومین۔ صف دُوازدَہم بارھواں۔

دوَ اَسپَہ ومج، فت ا، سک س، فت پ۔ امذ۔ دو گھوڑوں کی گاڑی، منزلوں پر گھوڑا بدل کر جانے والا تیز رو مسافر۔

دُوال ضمہ د۔ امذ۔ چمڑا، چمڑے کی پیٹی، تسمہ جس سے گھوڑے کی رکاب بندھی ہوتی ہے؛ تسمہ یا تسموں کا گچھا جس سے ڈفلی وغیرہ بجاتے ہیں، صف دُوال بَند کمر پیٹی؛ چپراسی، سپاہی؛ دُوال پا تسمہ پا، اپاہج، چلنے سے معذور۔

دِوال کس د۔ صف۔ دینے والا، م: وہ ایک پیسے کا دِوال نہ ہوگا؛ انگیا کی کٹوری کے بیچ ٹکا ہوا کپڑا۔

دِوالا کس د۔ امذ۔ کاروبار کا بیٹھ جانا، ثاث الثنا، قرضوں کی زیر باری کا اثاثوں سے بڑھ جانا۔ صف دِوالیَہ۔

دِوالی کس د۔ ہندوانی لچھمی پوجا کا تہوار جو کاتک کی آخری راتوں میں چراغاں کر کے منایا جاتا ہے؛ چراغاں۔

دَوالِیب فت د، ی مع۔ ج مذ۔ دوَلاب (رک) کی جمع۔

دَوام فت د۔ امذ۔ ہمیشگی، سدا باقی رہنا۔ صف دَوامی ہمیشہ کے لیے، مستقل۔

دَواں فت د۔ صف۔ دوڑتا ہوا۔

دَواوِین فت د، ی مع۔ ج مذ۔ دِیوان (رک) کی جمع۔

دَوائِر فت د، کس ء۔ ج مذ۔ دائِرہ (رک) کی جمع۔

دوَآبہ و مج، امذ ، فت ب۔ امذ۔ دو دریاؤں کے درمیان کی زمین یا علاقہ۔

دوَآتِشَہ ومج، کس مج ت، فت ش۔ صف۔ دوبار کشید کیا ہوا، تیز اثر (عرق، شراب وغیرہ)۔

دُوب و مع۔ امث۔ سبزہ، ہری گھاس جو جانوروں کا چارہ ہے؛ زمین پر اگنے والی مختلف طرح کی روئیدگی م: گانڈَر دُوب خس جس کی ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔

دوَبارَہ و مج، فت د۔ م ف۔ مکرّر، پھرکر، پھرکے، دوہرا کے، دُسرا کے (نیز دُبارا)۔

دُوبَدُو ومع، فت بد م ف۔ آمنے سامنے؛ امث۔ حجت، تکرار۔

دوَبَیتی و مج، ے لین۔ امث۔ رباعی، چار مصرعہ کا

قطعہ، چوپائی۔ نیز (دُ بے تی)۔

دُوبَھر ومع، فت بھ۔ صف۔ دُشوار، ناگوار۔

دوَپَٹا و مج، فت پ، شد ٹ۔ امذ۔ زنانہ اوڑھنی (نیز دُپَٹ ٹا، ضم مج د، وغم)/ **دُپَٹّا**۔

دوَپَلّی و مج، فت پ، شد ل۔ صف، امث۔ ہلکے کپڑے کی دوپٹیوں سے بنی ہوئی شکن دار چندیا کی سفید ٹوپی نیز (دپلّی، ضم مج د) **دوپَلڑی**۔ (ضم مج د، و غم)۔

دوَپَہر و مج، فت مج پ ہ۔ دن کا درمیانی حصّہ۔

دوَپَہری و مج، فت مج پ، سک ہ۔ امذ۔ ایک سفید سیندوری یا لال رنگ کا پھول جو دن چڑھے کھلتا ہے، نیز **دُپَہریا** (لاط: Pentapetes Phoenica) نیز دوپہر کا وقت م: جَلتی دُپَہری۔

دوپیازَہ ومج، سک پ، فت ز۔ امذ۔ گوشت میں پکا ہوا پیاز کا سوکھا سالن جس میں شوربا نہیں ہوتا۔ نیز: دُپَیازا، (ضم مج د، وغم)۔

دوَپَیکَر ومج، ے لین، فت ک۔ امذ۔ قدیم علم نجوم کی رُو سے تیسرا آسمانی برج، برج جوزا، متھن۔

دُوت (۱) ومع۔ امذ۔ قاصد، پیامبر۔ مرکّب **راج دُوت** سفیر، ایلچی۔

دُوت (۲) امث۔ دھتکار کا کلمہ م: **دُوت دَبک** ڈانٹ ڈپٹ۔

دوَتا و مج۔ صف۔ دوتہوں والا، دو لڑیوں والا، دوہرا م: زلف دوتا (نیز فصیح دُتا)۔

دوتَہی / دُتَہی ومج/ ضم مج د۔ امث۔ موٹے کپڑے کی دوہری کنارے دار چادر جو عموماً بچھائی جاتی ہے۔ عام: **دُتَئی** (بروزن فَعَل)۔

دوَ ٹُوک ومج، ومع۔ صف۔ کھری کھری (بات)؛ صاف صاف، فیصلہ کن گفتگو۔

دوَجِیا و مج، کس ج۔ صف مث۔ حاملہ، جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔ نیز **دوَجِیوی/ دوَجی سے**۔

دوَچار و مج (بروزن خُمار و پوشاک) صف۔ جس سے اچانک مڈبھیڑ ہو جائے۔

دوَچَر و مج، فت چ۔ صف۔ ایک دوسرے کے سہارے کھڑی ہوئی دیواریں۔

دوَچشمی ھ و مج، فت چ، سک ش (نیز دُ چَش می) رک ھ۔

دوَخت ومج، سک خ۔ امث۔ سِلائی۔ سیون۔ صف **دوَختَہ** سلا ہوا۔

دُود و مع۔ امذ۔ دُھواں، بھاپ مرکب **دُود کَش** دُھواں کھینچنے والی چمنی۔

دوَ دَستی و مج، فت د، سک س۔ (نیز د دَس تی) صف دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر کیا جانے والا وار م: **تیغ دوَدَستی** تلوار جو دونوں ہاتھوں سے چلائی جائے۔

دوَدِلا ومج، سک د۔ صف۔ مذبذب، جو گومگو میں ہو اور فیصلہ نہ کر سکے۔

دُودَہ (۱) و مع، فت د۔ امذ۔ خاندان، نسل، گھرانہ نیز **دُودْمان**۔

دُودَہ (۲) و مع، فت د۔ امذ۔ کیڑا، کِرم۔ نیز **دُودَ ج دیدان**۔ **دُودَۃ اَلْحَرِیر** ریشم کا کیڑا۔

دُودْھ و مع۔ امذ۔ مادہ کے پستانوں سے نکلنے والا سفید سیّال؛ بعض درختوں سے رسنے والا سفید مادہ۔ صف **دُودْھیا** سفید؛ نرم، رسیلا، م: دُودِھیا سِنگھاڑا۔ **دُودْھیل** (دُدھیل) بہت دودھ دینے والی (گائے، بکری وغیرہ) صف **دُودْھو** دودھ پلائی کے رشتے سے، رضاعی م: **دُودْھو ماں/ بھائی/ بہن**۔ **دُودْھَن** نبات جس سے دودھیا مادّہ ٹپکے۔

دَور ولین۔ امذ۔ عہد، زمانہ؛ چکّر، گردش؛ حلقہ، گھیرا؛ پھیلاؤ۔ **دَور دَورَہ** عہد حکومت؛ عروج، اقبال، اقتدار۔

دُور و مع۔ صف۔ فاصلے پر واقع، بعید، متفاوت؛ الگ،

قریب، نزدیک کی ضد۔ بول چال: دُور پار (دُعائیہ کلمہ) خدا نہ کرے: دُور رَس دُور تک پہنچنے والا۔

دَوراں ولین، امذ۔ زمانہ، عہد؛ گردش م: دَورانِ خُون چکر، گھمیری م: دورانِ سَر۔

دُور باش و مع۔ امذ۔ شاہی سواری کے آگے چوبداروں کی پکار، (لفظاً) دور رہو، ہٹو، بچو۔

دُور بِین ومع، ی مع۔ امث بصری آلہ جو دُور کی چیز کو نزدیک دکھاتا ہے۔ نیز صف دُور بِیں (غنہ) عاقبت اندیش امث دُور بِینی۔

دوَرُخا و مج، ضمہ ر۔ صف۔ دوسمتوں سے تعلق رکھنے والا؛ جس کا رخ دو طرف ہو؛ مُنافق؛ نیز رک: دوَرُویَہ۔

دوَرِکابَہ و مج، کس ر، فت ب، ہ غم۔ صف، امذ۔ اونچے قد کا گھوڑا۔

دُور دَرْشک و مع، فت د، سک ر، فت ش۔ دور اندیش، دور تک دیکھنے والا۔ امذ دُور دَرْشَن ٹیلی وژن۔

دوَرگا و مج، فت ر۔ صف۔ دوغلا، دو مختلف نسلوں کے میل سے پیدا ہونے والا (عموماً جانور کے لیے)۔

دوَرُوئی ومج، ومع۔ امث۔ دوغلا پن، منافقت۔

دوَرُویَہ و مج، ومع، فت ی۔ صف۔ جو دونوں طرف ہو؛ جو دو سمتوں میں ہو، دوہرا م: دو رُویہ سڑک جس میں آنے جانے کے راستے الگ ہوں۔

دَورہا و لین، فت ر۔ امذ۔ جنگل کی آگ، نیز دَوار (فت د)۔

دُوری و مع۔ امث۔ بُعد، درمیانی فاصلہ، تفاوت، مَسافت؛ علیٰحدگی۔

دَوڑ و لین۔ امث۔ بھاگنا، تیز روی، بھاگنے کا مقابلہ؛ پہنچ، رسائی؛ دھاوا، چھاپا؛ سپاہیوں کی ٹولی جو چھاپہ مارنے کے لیے جائے۔ ف ل دَوڑنا بھاگنا، ف م: دَوڑانا: بھگانا، دور تک بھجوانا، پہنچانا م: خیال دوڑانا: سوچنا، ذہنی جستجو۔ صف۔ دَوڑاک تیز بھاگنے والا مرکب دَوڑ دُھوپ کوشش، جستجو، دَوا دوش۔

دوَز و مج۔ لاحقہ بمعنی چھیدنے، سینے، کھودنے والا، م: خیمَہ دوز = ڈیرہ تنبُو سینے والا؛ زر دوز = زری کا کام کرنے والا؛ زمیں دوز سطح زمین کے نیچے سے گزرنے والا؛ لب دوز = ہونٹ چپکانے والا، مراد: بہت میٹھا۔

دوَزانُو و مج، و مع (نیز ضم مج د، و غم: دُزانُو) پنڈلیوں کے بل بیٹھنا جو مؤدّبانہ نشست ہے، قعدہ کی حالت میں بیٹھنا۔

دوَزَخ و مج، فت ز۔ امث۔ آخرت میں عذاب کی جگہ، جہنّم ، نرک۔ صف۔ دوَزَخی گناہگار۔

دوَساکھا و مج (نیز ضم مج د؛ و غم: دُساکھی) صف۔ سال میں‌دوبار پھل دینے والا درخت۔ مث دوَساکھی۔ سال میں دوبار بوئی جانے والی زمین۔ نیز دوفصلی، دوسائی۔

دوَست ومج، سک س۔ امذ۔ رفیق، ساتھی، یار، آشنا، محب، جس سے خلوص یا تعلق خاطر ہو یا جو خلوص رکھے؛ محبوب، جسے چاہا جائے۔ امذ، م فد دوَسْتانَہ یاری، یگانگت، آشنائی، نیز امث دوَسْتی خلوص، لگاوٗ، دلی تعلّق، رفاقت، ہمدمی، آشنائی۔

دُوسْرا و مع، سک س۔ صف۔ پہلے کے بعد کا؛ مختلف؛ بدلا ہوا، کوئی اور؛ اجنبی؛ رفیق، ساتھی، ہاتھ بٹانے والا۔ امث۔ دُسْرات، دُسْراہَٹ (رک)۔

دوَسَرا و مج، فت س۔ ج مذ۔ دونوں جہان، دنیا و آخرت۔ نیز دوَکَون۔

دوَش (۱) ومج۔ امذ۔ کاندھا، مونڈھا۔ مرکب دوَش مال بڑا رومال جو بعض لوگ کاندھے پر ڈالے رکھتے ہیں۔

دوش (۲) ومج۔ امذ۔ قصور، گناہ، الزام۔ صف۔ **دوشی** گناہکار، موردِ الزام نیز **دوکھ/ دوکھی**۔

دوشالہ و مج، فت ل (نیز ضمہ د، و غم، فت ل) بروزن شمارہ امذ۔ دوہرے پاٹ کا نرم اونی چادرا؛ پشمینے کا عموماً کڑھا ہوا چادرہ، م: کشمیری دوشالہ (دُشالَ / لا)۔

دوشنبہ و مج، فت س، ن مثل م۔ (بروزن گُرُنبہ)۔ پیر کا دن۔

دوشیزہ و مج، ی مع، فت ز۔ امث۔ کنواری، کنّیا، بن بیاہی لڑکی۔ ثیّبہ کی ضد ج **دوشیزگان** اکیف مث **دوشیزگی** کنوار پن، کنواریَت۔

دوشیں و مج، ی مع، غنہ۔ صف۔ گزری ہوئی رات کا بچا ہوا، باسی نیز **دوشینہ** (ن) م: مئے دوشینہ؛ رات کی بچی ہوئی شراب۔

دوعملی ومج، فت ع م (نیز دُ عَم لی) امث۔ بیک وقت دو حاکموں کی حکومت۔ عام: **دُعَملی**۔

دوغ و مج۔ امذ۔ چھاچھ، مٹھا، مکّھن نکلا ہوا دودھ۔

دوغزلہ و مج (نیز ضمہ د، وغم) فت غم سک ز، فت ل۔ امذ۔ لمبی غزل، ایک ہی زمین میں دو غزلیں ایک ساتھ۔

دوغلا ومج، سک غ۔ صف۔ جو دونسلوں کے میل سے پیدا ہو، اصیل کی ضد، دورگا؛ بات سے پلٹ جانے والا، قول سے منحرف۔ مث **دوغلی** م: دوغلی بات، دورُخی بات۔ منافقانہ بات۔

دوفصلی و مج، فت ف، سک ص۔ صف رک: **دوساکھا/ دوساکھی**۔

دوک ومج۔ امذ۔ دوسال کا بچھڑا۔

دوکان ضمہ مج د، و غم۔ امث۔ بکری کا ٹھکانا، سودا بیچنے کی جگہ۔ [ع: **دکّان**] ج **دکاکین**۔

دوکھی ومج۔ امث۔ کچّی مُنڈیر، مٹّی کی باڑھ جو زمین کے دو قطعوں کی درمیان بنائی جائے۔

دوگاڑا و مج (نیز ضمہ د، و غم) امذ۔ دونالی بندوق۔

دُوَل ضمہ د، فت و۔ج مث۔ **دَولت** (رک) کی جمع۔

دولاب ومج۔ امذ۔ رہٹ۔ چرخ؛ چکّر، صف **دولابی** گھومتا، چکراتا، نیز **دُولاب** (ومع)۔

دَولت و لین، فت ل۔ دھن، مال؛ سلطنت؛ اقبال، جاہ و حشم۔[اصلاً: زمانے کی گردش، آنی جانی شے]م ف **بَدَولت** (فت ب) بذریعہ، بوساطت، بہ سبب، مرکب **دَولتِ بیدار** (سک مج ے) کام آنے والی دولت، دفینہ کی ضد **دَولت کی چاٹ** دودھ کے جھاگوں سے بنی ہوئی چاٹ، نَمَش۔ **دَولت خانہ**، محل، معزز آدمی کے گھر کے لیے مستعمل۔ صف **دَولت مَنْد** امیر، صاحبِ ثروت۔ **دَولت مُستَعجِل** (مُس تَعْ جِل) عارضی نعمت۔

دُولھا ومع۔ امذ۔ نوشہ، لڑکا یا مرد جس کی نئی شادی ہو۔ **دُولھا بھائی** بڑی بہن کے میاں کو پکارنے کا نام امث۔ **دُلھن** نئی بیاہی ہوئی لڑکی یا عورت۔

دُوم ضمہ د و۔ صف عددی۔ ثانی، دوسرا، پہلے کے بعد کا، نیز **دُومیں** (غنہ) عام: **دویَم/ دُوَم، دوَم**۔

دَوں و لین غنہ۔ امث۔ جنگل کی آگ۔ نیز **دَورَہا** (رک)؛ تپش، جلن، تاؤ، آنچ۔

دُوں و مع، غنہ۔ صف۔ سفلہ، کمین، حقیر، پست مرکب **دُنْیائے دُوں** عالَمِ اسفل عالمِ مادّی، فرشِ خاکی۔

دُون (۱) ومع۔ امذ۔ گھاٹی، تلہٹی، درہ۔

دُون (۲) امذ۔ شیخی، ڈینگ، شیخی، لاف و گزاف، محاورہ **دُون کی لینا**، شیخی بگھارنا۔

دَونا (۱) و لین۔ امذ۔ ڈھاک کے پتوں کا بنا ہوا پیالہ جو وقتی و عارضی استعمال کے لیے ہوتا ہے۔ نیز دونا بھر شے م: مٹھائی کا دونا۔

دَونا (۲) و لین۔ ایک پودا جس کے پتے رُوئیں دار اور خوشبودار ہوتے ہیں، کافورِ اصفر (لاط: Artimesia Indica)۔

دُونا و مع۔ صف۔ دگنا، دوچند دُونا دُوں چوگنا، چہار چند۔

دَونا مَرْوا ولین، فت م، سک ر۔ امذ۔ تُلسی، مَنْجری (لاط: Oscinum Sanctum)۔

دَونْکْنا و لین، غنہ، سک ک۔ ف ل۔ جنگلی جانور کا آواز کرنا، ہُونکنا۔

دوْنْگڑا و مج، غنہ، سک گ۔ امذ۔ موٹی دھاروں کی تیز بارش، چھالا۔ محاورہ دوْنْگڑے بَرسانا/ بَرَسْنا (تعریف یا داد کے) مجمع کا جوش و خروش کے ساتھ سراہنا، زور شور سے داد دینا۔

دوہا و مج۔ امذ۔ ہندی شاعری کی ایک بیت جس کا ہر مصرع دو ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر مصرعے میں (۱۳ + ۱۱) ۲۴ ماترائیں ہوتی ہیں۔

اس ترتیب کو الٹ دیے سے سورٹھ بن جاتا ہے، نیز دوہرا۔

دوْہتّڑ ومج، فت ہ، شد فت ت۔ امذ۔ دونوں کُھلے ہاتھوں کی ضرب۔

دوہَد و مج، فت ہ۔ امذ۔ پیٹ کا بچّہ، جَنین۔

دوہَر ومج، فت ہ۔ امذ۔ ننھے بچوں کے نیچے بچھانے کی دوہری سلی ہوئی چادر؛ دریا کی چھوڑی ہوئی گزرگاہ؛ سال میں دو فصلیں دینے والی زمین۔

دوْہْرا و مج، سک ہ۔ صف۔ دگنا؛ دو طرف کا، ڈبل ف م۔ دوہْرانا کسی عمل کو دوبارہ کرنا، اعادَہ کرنا، (سبق کو) دوبارہ پڑھنا؛ تہ کرنا، نیز دُہْرا/ دُہْرانا؛ (۲) امذ۔ رک: دوہا۔

دوْہْلی ومج، سک ہ۔ صف۔ خیراتی یا سماجی کاموں کے لیے وقف کی ہوئی زمین جس پر لگان نہیں وصول کیا جاتا۔

دوْہْنا و مج، سک ہ۔ ف م۔ تھنوں سے دودھ نکالنا۔

دُوئی ضمہ د، و غم۔ امث۔ جُدا، الگ ہونا، غیر، مختلف ہونا؛ افتراق، بیگانگی؛ شرک، وحدت کی ضد؛ خدا کی ذات کو مخلوق سے علیٰحدہ ماننا۔

دَہ فت مج د، سک ہ۔ عدد۔ دس۔ صف دَہ چَند دس گنا امذ۔ دَہ سیرا دس سیر کا باٹ۔

دِہ (۱) کسمج د، سک ہ۔ امذ۔ گاؤں نیز دیہہ (ے مج، سک ہ) ج دِہات/ دیہات امذ۔ دِہ خُدا گاؤں یا کھیت کا مالک، زمیندار۔ صف دِہاتی/ دیہاتی گنوار، گنوارُو، گاؤں کا۔

دِہ (۲) کس مج د۔ لاحقہ بمعنی دینے والا، م: آرام دِہ/ تکلیف دِہ۔

دَہا فت د۔ امذ۔ دس دن یا دس سال کاعرصہ۔ عشرہ۔

دِہار کسمج د۔ امث۔ دلدلی، گیلی، سیلی زمین۔

دَہاڑ فت د۔ (بروزن پَہاڑ) امث۔ شیر کی گرج، ڈکار ف ل دَہاڑنا۔

دِہاڑی کس د۔ امث۔ ایک دن کے کام کی اُجرت، یومیہ، دھیانگی۔

دَہاقِین فت د، ی مع۔ ج مذ۔ دَہقان (رک) کی جمع۔

دَہاکا فت د۔ امذ۔ اچانک صدمہ؛ سہم، دہشت۔

دَہان فت د۔ امذ۔ منہ، خم نیز دَہاں (غنہ)، دَہَن، دَہانَہ۔ مرکبات میں بطور جزو ثانی اکثر ن غنہ م: خُوش دہاں (صیغۂ ج میں خوش دہانوں) بطور مضاف الیہ ن صحیح م: دَہانِ شیر، دہانِ ماہی دَہانِ زَخْم۔

دَہانا فت د۔ ف م۔ جلانا، پھونکنا، سوختہ کرنا م: مردے کودہانا = چِتا پر رکھ کر پھونکنا۔

دَہانَہ فت د ن۔ امذ۔ منہ، دہان، دہن؛ نکاس کا مقام، ٹونٹی؛ دریا کا وہ سرا جہاں وہ سمندر سے جا کر ملے؛ توپ کی نال کا سرا جہاں سے گولہ باہر نکلتا ہے۔

دَہائی فت د۔ امذ۔ دس کی ٹکڑی، دس کا مجموعہ؛ رقم ہندسہ میں دس کا مقام جواکائی کے بعد اور سیکڑہ سے پہلے ہوتا ہے؛ کسی صدی کا پہلے سال سے لیکر ہر دسویں سال شروع ہونے والا عرصہ یا دور، م؛ پاکستان ۲۰ویں صدی کی ۵ویں دہائی میں بنا۔ نیز دَہلا (فت مج د، سک ہ)۔

دُہائی ضمہ د۔ امث۔ فریاد، پکار، پناہ یا دادرسی کے لیے التجا؛ شورو غوغا۔

دَہر فت مج د، سک ہ۔ امذ۔ زمانہ، عالم مادّی، دنیا۔ صف دَہری دَہریا جو زمانے کو قدیم، غیر حادث مانتا ہو، خدا کامنکر، مادّہ پرست۔ امث۔ دَہریَت عام دَہریَت بے دینی۔

دُہرا ضمہ مج د، سک ہ۔ صف رک: دوہرا م؛ دہرا رشتہ؛ دہرا بدن = فربہ جسم۔

دَہر دَہر فت مج د،سک ہ۔ م ف۔ بھڑکتی ہوئی آگ کی نقل صوت م؛ آگ دہر دہر جل رہی تھی۔

دُہرَم ضم مج د، سک ہ، فت ر۔ امث۔ دوسری باری، دوسرا موقع، دہرانے کا عمل م؛ پہلی اننگ میں اچھا نہ کھیلے دہرم میں تلافی کر لیں تو کر لیں۔

دَہَش فت د ہ۔ امث۔ سراسیمگی، ہراس رک: دہشَت۔

دِہِش کس مج د، کس ہ۔ امث۔ عطا، بخشش، سخاوت، مرکب عطفی داد وَ دِہش۔

دَہشَت فت مج د، سک ہ، فت ش۔ امث۔ خوف، شدید ہراس، دَہاکا مرکب دَہشت پَسَنْد تشدد سے کام لینے، خوف و ہراس پھیلانے والا، خصوصاً سیاسی مقاصد کے لیے۔ امث دَہشَت پَسَندی دَہشَت گَرْدی۔ [ع: دَہشَہ = حیرت، استعجاب، چونکنا]۔

دِہقان فت د، سک ہ۔ امذ۔ دیہات کا رہنے والا، کاشتکار؛ گنوار صف نیز امذ۔ دِہقانی = گنوار، گاؤں والوں سے متعلق، دیہی۔

دَہکنا فت مج د ہ، سک ۔ ف ل۔ بھڑکنا، سُلگنا؛ روشن ہونا۔ ف م دہکانا۔

دُہَل ضم مج ء ہ۔ امذ۔ بڑا ڈھول، نقارہ۔ فقرہ ببانگ دُہَل بالاعلان عام؛ دُہَل۔

دَہَل فت د ہ۔ امث۔ دلدل۔

دَہَلا فت مج د، سک ہ۔ امذ۔ دس نشانوں والاتاش کا پتہ، دس سال کا عرصہ، رک: دَہائی۔

دَہَلنا فت مج د ہ، سک ل۔ ف ل۔ خوف کھانا، ڈرنا، سہمنا۔ ف م دَہلانا۔

دَہْلیز فت مج ر، سک ہ، ی مع۔ امث۔ چوکھٹ، آستانہ، بارگاہ۔

دہِم فت مج د ہ۔ صف۔ دہشت کے مارے چپ، سہما ہوا؛ افسردہ۔

دَہُم فت د، ضمہ ہ۔ صف۔ دسواں، دسویں تاریخ۔

دَہُم ضم مج د، ضمہ ہ۔ امذ۔ چاند کے مہینے کی آخری تاریخیں جن میں وہ غائب ہوتا ہے۔

دَہَن فت مج د ہ۔ امذ۔ رک: دہان صف دَہَن دَریدَہ (دَری دَ) منہ پھٹ، زبان دراز، نیز دَریدَہ دَہَن نیز دَہَن (فت د ہ)۔

دُہْن ضم مج د، سک ہ۔ امذ۔ تیل، روغن۔ امث دُہْنِیت چکنائی، چکناہٹ، چیپ، چپچپاہٹ۔

دِہِنْدَہ کسمج ر، کس ہ، سک ن، فت د۔ صف۔ دینے والا، ادا کرنےو الا۔ مخفف دِہند (کسمج د ہ) م؛ نا دِہنْد جو ادا نہ کرے، جس سے وصولی مشکل ہو۔

دَہی فت د۔ امذ۔ جمایا ہوا دودھ۔

دَہیز ے مج۔ امذ۔ رک: جَہیز جسکی یہ تحریف ہے۔ مرکب: دان دَہیز سامان جو شادی پر بیٹی کو

دیا جائے۔

دی امذ۔ گزشتہ کل، پچھلا دن نیز دِیروز، دی شب پچھلی رات۔

دے ے لین۔ امذ۔ دسواں شمسی مہینہ، جو آغاز زمستاں میں واقع ہوتا ہے تقریباً دسمبر۔

دے ے مج۔ مصدر دینا کا صیغۂ امر جو بول چال کے بعض جملوں میں شدت یا تواتر کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے م: دے مارنا، دے دُھواں دُھوں۔

دَیا فت د۔ امث۔ رحم، مہربانی، کرم، لطف۔ صف دَیال، دَیالُو (ومع)۔

دیا کس د، امذ۔ چراغ، خصوصاً مٹی کا؛ بتّی۔ مرکّب دیا سَلائی (فت س) آگ سلگانے کی رگڑ سے جل اٹھنے والی تیلی۔ نیز دیوا۔

دیا لیا کس د ل۔ امذ۔ خیرات، نیک عمل۔ محاورہ دِیا لِیا کام آ جانا پچھلی نیکیوں کی بدولت کسی مصیبت سے بچ جانا۔

دَیّا فت د، شد ی۔ امث۔ دائی کی تصغیر؛ ماں، میّا۔ (بطور فجائیہ) یا پناہ کے لیے پکارنے کا کلمہ = دُہائی، ماں کی دہائی۔

دیار کس د۔ امذ نیز ج مذ۔ ملک،سرزمین، شہر [ع: دار = مکان کی جمع] عَلَم: دِیارِ بَکْر عراق کا ایک قدیم نام۔

دیارا کس د۔ امذ۔ دریا کے بیچ میں ابھر آنے والا ٹاپو، برآمد (زمین) [ف: دریا برآر کی تحریف]۔

دَیال فت د۔ صف۔ رک: دَیا۔

دَیّان فت د، شد ی۔ صف۔ متقی، نیک، پرہیزگار نیز مُتَدَیّن۔

دیانَت کس د، فت ن۔ امث۔ ایمانداری، نیک نیتی صف دیانَت دار ایمان دار۔ بَد دیانَت بے ایمان، بدنیت۔

دیبا ی مع۔ ایک نفیس، زربافت ریشمی کپڑا۔ [اصلاً: دیو بافت،جنوں کا بُنا ہوا۔ نیز (معّرب) دیباج]

دیباچَہ ی مع، فت چ۔ امذ۔ کتاب کی تمہید۔ [اصلاً: گوٹ، حاشیہ، آرائشی پہناوا؛ نیز معّرب دیباجَہ]

دیپ ی مع۔ امذ۔ دیا، دیوا، چراغ، نیز دیپک (رک) دیپ پُشْپ چمپا کا پھول۔ دِیپ مالا چراغوں کی قطار، چراغاں۔ دیپ ۇرکش سرو چراغاں۔ [س: دْویپا]۔

دیپک ی مع، فت پ۔ امذ۔ دیپ، دیوا، چراغ؛ اجوائن؛ زعفران۔ مرکّب دیپک راگ کلاسکی موسیقی کا ایک پوربی ٹھاٹھ کا راگ جس کے بارے میں روایت ہے کہ اس کے گانے سے چراغ جل اٹھتے ہیں۔

دیَت کس د، فت ی۔ امث۔ خوں بہا، مقتول کے وارثوں کو جان کے بدلے مال کی ادائگی۔

دَیجُور ےلین، و مع۔ صف، امذ۔ تاریک، سیاہ؛ اماوس کی رات جبکہ چاند غائب ہوتا ہے، اسم مرکب شَبِ دَیجُور کالی رات۔ [ع: داجّ + ف: وَر]۔

دید ی مع۔ امث۔ نگاہ، نظارہ، تماشا مرکب دید بازی تاک جھانک دید خواہ (خاہ) دیدار کا طالب۔ دیدَنی لائق دید۔

دیدار ی مع۔ امذ۔ زیارت، دیکھنا (کسی عزیز، حسین یا مقدس ہستی یا شے کا) صف دیدارُو (و مع) لائق دید [ف: دیداری = دید کے قابل] نیز دیدَنی۔

دیدان ی مع۔ ج مذ۔ کیڑے، دُودَہ (رک) کی جمع۔

دیدْبان ی مع، سک د۔ امذ۔ قلعے یا کسی بلندی پر بنایا ہوا برج یا چوکی جہاں سے دور تک کا نظارہ کیا جا سکے؛ نگہدار، چوکسی کرنے والا، مخبر؛ توپ یا بندوق کی نال پر بنا ہوا کٹاؤ یا چوکھٹا جس میں سے شست لیتے ہیں۔ ا کیف مث دیدْبانی چوکسی، نگہداری۔

دِیدَہ ی مع، فت د۔ امذ۔ آنکھ، آنکھ کی پتلی؛ نظر بصارت؛ شوخ چشمی، گستاخانہ یا جراٗتمندانہ انداز۔ امذ **دیدَہ دَرائی** (فت د) بے باکی؛ صف **دیدَہ دِلیر** گستاخ، اکیف مث **دیدَہ دلیری**۔ امث **دیدَہ ریزی** ایسا محنت طلب کام جس سے آنکھوں پر زور پڑے، انہماک، ذہنی مشقت۔ مرکب، م ف۔ **دیدَہ وَ دانِسْتَہ** (دی دَ وُ دانِس تَ) جان بوجھ کر؛ اکیف مث **دیدَہ وَری** (فت و) گہری نظر، غور وفکر۔ صف۔ **دیدَہ وَر** بات کی تہ تک پہنچنے والا۔ **ہَوائی دیدَہ** آوارہ مزاج، نظر باز۔ محاورہ **دِیدے/ دِیدوں کا پانی ڈھلنا** ڈھیٹ، بے حیا ہو جانا۔

دَیر ے لین۔ امذ۔ مجوسیوں کا عبادت خانہ، مندر، بتکدہ، کَنیسا۔ **دَیرِ مُغاں** راہبوں کا مسکن، خانقاہ۔ صف **دَیری** بت پرست، مشرک، کافر۔

دیر ے مج۔ امث۔ مدّت، عرصہ، گزرتا ہوا وقت؛ ڈھیل، تعویق، نیز **دیر دار** م: دیر دار میں موقع نکل جائے گا۔ امذ **دیرانَہ** (نَ / نا) دیر (سے کام) کرنے کا جرمانہ (انگ: Demurrage) صف **دیر آشنا** دیر لگانے، دیر میں گھلنے ملنے والا۔ **دیرپا** دیر تک قائم رہنے والا، پائیدار۔ **دیر پَیوَند** (ے لین، فت و، سک ن) دیر میں ملنے، دوست بننے والا۔

دی روز ی مع، ومج۔ امذ رک: **دی**۔

دِیریں ے مج، ی مع، غنہ۔ صف۔ قدیم، پرانا نیز **دیرِینَہ**، مرکب **دیرِینَہ سال** پرانا، بوڑھا۔ اکیف مث۔ **دیرِینہ سالی** قدامت، کہنگی، سال خوردگی۔

دیس ے مج۔ امذ۔ وطن، ملک، ولایت، علاقہ۔ کھمّاج ٹھاٹھ کا ایک راگ۔ نیز **دیش** ملک۔ صف **دیس/ دیش بھگت** وطن دوست **دیس نکالا** جلا وطنی۔ صف **دیسی** اپنے ملک کا، خانگی، اندرونی؛ گھٹیا، معمولی۔

دِیسا ی مع۔ امذ۔ مرے ہوئے عزیز کی برسی کی فاتحہ (پہلی برسی کے بعد دیسا کہلاتی ہے۔)

دیکھ ے مج۔ **دیکھنا** (رک) کا صیغہٗ امروح م مرکبات میں مستعمل م: **دیکھ بھال** چوکسی نگہداری، نیز **دیکھ ریکھ**۔ م ف **دیکھا دیکھی** کسی کی نقل یا ریس میں۔

دیکھَت ے مج، فت کھ۔ امث۔ نگاہ، نظر آنا، دکھائی دینا۔ م ف **دیکھَت میں** دیکھنے میں، بظاہر۔

دیکھنا ے مج، سک کھ۔ ف ل۔ م: آنکھوں سے کام لینا، نظر، نگاہ کرنا؛ جانچنا، پرکھنا؛ چوکسی رکھوالی کرنا۔ نبٹنا، سُلْجھنا م: دیکھ لیں گے۔

دیگ ے مج۔ امث۔ بڑا پتیلا جس میں بڑی دعوتوں کے لیے کھانا پکایا جاتا ہے۔ تصغیر امذ۔ **دیگچَہ** ے مج، سک گ، فت چ، مث **دیگچی** پتیلی، دھات کی ہنڈیا۔ مرکب، امذ۔ **دیگ داں** دیگ پکانے کے لیے عارضی چولھا۔

دیگر ی مع، فت گ۔ صف۔ دوسرا، بعد کا، اگلا؛ غیر، الگ، مختلف، بدلا ہوا؛ مکرّر۔ نیز **دگر**۔

دیمک ی مع، فت م۔ امث۔ چیونٹی کی طرح گروہ بنا کر رہنے والی حقیر، ذرہ برابر مخلوق جو لکڑی کاغذ وغیرہ کو چٹ کر جاتی ہے، **اَرضَہ**۔

دَین ے لین۔ امذ۔ قرض، اُدھار۔

دین ے مج۔ امث۔ عطا؛ بخشش؛ نیز دینا کی تخفیف م: **دین دار** دینے والا، جس کے ذمہ ادا ئگی واجب ہو۔

دین ی مع۔ امذ۔ مذہب، عقیدہ، اُسوہ، مسلک، مشرب صف **دیندار** (ی مع) متّقی۔ صف **دینی** امث **دینیات** دینی ادب، دین کا مطالعہ۔

دینا ے مج۔ امذ۔ چڑھا ہوا قرض۔ ف م۔ حوالے کرنا، سونپنا، بخشنا؛ ادا کرنا۔ نیز بطور فعل امدادی مختلف

مرکبات میں مستعمل م: آواز دینا = پکارنا، الزام دینا = تہمت لگانا وغیرہ۔

دِینار ی مع۔ امذ۔ ایک سونے کا سکّہ؛ ڈیڑھ درہم وزن؛ نیز **دینارِ سُرخ** سونے کا سکّہ۔

دیو ے مج۔ امذ۔ دیوتا، معبود، آسمانی طاقت؛ جن، مقدس وجود؛ قوی الجثّہ افسانوی مخلوق، امث **دیوی** معبودہ، آلہٗ؛ بطور لقب؛ معزز خاتون۔ **دیوْبانی** دیوتاؤں کی زبان، مراد سنسکرت صف **دیوْزاد** لحیم شحیم **دیومالا** صنمیات، دیوی دیوتاؤں کے قصّے، اساطیر؛ امذ **دیوتا** معبود۔

دِیوار ی مع۔ امث۔ چُنائی یا تختوں وغیرہ کی عمودی تعمیر جو اوٹ، حد بندی یا چھت کے سہارے کے طور پر کھڑی کی جائے، سد، حد فاصل، جِدار۔ **دیوار گِیری** دیوار پر منڈھا ہوا کپڑا؛ دیوار میں چراغ رکھنے کے لیے بنایا ہوا کھانچا۔ علَم **دِیوار گِرْیہ** بیت المقدس میں قبۂ صخرا کی دیوارجس کے پاس یہودی نالہ و زاری کرتے ہیں۔

دِیوالی ی مع۔ امث۔ ہندوانی تہوار جو کاتک کے مہینے میں اماوس کی رات کو منایا جاتا ہے اور اس میں چراغاں کرنے کے ساتھ لکشمی دیوی کی پوجا کی جاتی ہے۔ نیز **دِوالی** (کس د)۔

دِیوان ی مع۔ امذ۔ شاہی دربار کا ایوان؛ بادشاہ کا وزیر؛ دفتر، کچہری؛ شاعر کا مجموعۂ کلام؛ گدّے دار لمبی نشست۔ **دیوانِ خالِصَہ** (کس مج ل، فت ص) شاہی مہر بردار۔ **دیوان خانہ** مردانہ بیٹھک یا مکان کا مردانہ حصّہ؛ **دیوانِ عام** دربار کی عمارت۔

دِیوانْ پَن ی مع، فت پ۔ امذ۔ باولا پن،دیوانوں کی سی حرکات، **دِیوانگی**۔

دِیوانَہ ی مع، فت ن۔ صف۔ باولا، سڑی، سودائی، وارفتہ، عاشق، فریفتہ۔ مث **دیوانی** مرکب **دِیوانی ہَنْڈیا** ملی جلی کئی طرح کی ترکاریوں کی بُھجیا۔

دِیوانی ی مع۔ صف۔ دیوان بمعنی وزیر سے متعلق؛ غیر فوجی امور انتظامی سے متعلق؛ مالی امور سے متعلق، فوجداری کی ضد۔ م: **عَدالَتِ دِیوانی** جو فوجداری مقدمات کے علاوہ دوسرے امور کا فیصلہ کرے۔

دیوباد ے مج۔ امذ۔ بگولا، گردباد۔

دیوبانی ے مج، سک و۔ امث۔ دیوتاؤں کی زبان، مراد: سنسکرت۔

دیوْبَنْد ے مج، سک و، فت پ، سک ن۔ امذ۔ کُشتی کا ایک داؤ۔ عَلَم: ہَریانہ (ہندوستان) میں ایک بستی جہاں ایک مشہور دینی دارالعلوم واقع ہے۔صف **دیوبَنْدی** علمائے دین کا ایک مکتبۂ فکر جو بِدعات سے پرہیز پر زور دیتا ہے۔

دِیوَٹ ی مع، فت و۔ امذ۔ چراغدان، اِکّا؛ بطور پھبتی؛ بیوقوف آدمی، ہونّق۔

دَیّوث فت د، شد ی، و مع۔ امذ۔ بودا، کمزور، مجہول، بے غیرت آدمی، بیوی یا گھر کی عورتوں سے عصمت فروشی کرانے والا، دلّال۔

دیوْجامَہ ے مج، سک و، فت م۔ امذ۔ پوستین جس کے بال اُوپر کی طرف رہیں۔

دیودار ے مج۔ امذ۔ اونچا گھنا صنوبر کا درخت، چیڑ، شَجَرۃ الاکلہ، شجرۃ الجِن نیز **دِیار** (لاط: uvaria longifolia)۔

دیولوک ے مج، و مج۔ امذ۔ دیووں کا ملک۔ پرستان۔

دیومَن ے مج، فت م۔ امذ۔ گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ایک بھونْری جو مبارک سمجھی جاتی ہے۔

دیوْناگری ے مج، سک و گ۔ امث۔ سنسکرت، ہندی اور کئی دیگر زبانوں کا رسم الخط جو عربی و رومن کی طرح قدیم سُریانی سے ماخوذ ہے (اصلاً :

دیونگری کا)۔

دیوَر ے مج، فت و۔ امذ۔ شوہر کا چھوٹا بھائی، امث **دیوْرانی** دیور کی بیوی۔

دیوَل ے مج، فت و۔ امذ۔ چھوٹا مندر۔

دیہہ ے مج، سک ہ۔ امذ۔ گاؤں، قریہ، بستی۔ ج **دیہات** نیز **دہ/ دِہات**۔

دیہانْت ے مج، سک ن۔ امذ۔ وفات، مرگ، مِرتیو۔

دَیہیم ے لین، ی مع۔ امذ۔ تاج، شاہی کلاہ؛ طرّہ، کلغی۔

دھ

دھ دھا، دھے۔ اردو حروف تہجّی کا ۱۹واں حرف، ہائیہ مصوتہ، صرف ہندی اصل کے الفاظ کے ساتھ مخصوص۔ جمل میں اس کے ۹ عدد (۴ + ۵) شمار ہوتے ہیں۔ دوسرے ہائیہ حروف کی طرح اسکا مقام بھی ترتیب تہجی میں دی، دے کے بعد ہے۔

دھا (۱) امث (موسیقی) سرگم کا چھٹا سر، دھیوت کی تخفیف۔

دھا (۲) امث۔ انّا، دودھ پلانے والی دایہ [س: دھاتْری]۔

دھابا امذ۔ چھت، پٹاؤ، خصوصاً کچی مٹی کی لپائی کا؛ مرغیوں کا دڑبا۔ تص **دھابڑی/ دھابلی**۔

دھاپ امث۔ فاصلہ بتانے کی ایک اکائی، عموماً ایک یا دو مِیل کے برابر جو آدمی عام طور سے بغیر دم لیے دوڑ سکے؛ میدان جو بلا رکاوٹ حیطۂ نظر میں آئے۔

دھاپْنا سک پ۔ ف ل۔ سیر ہونا، چھکنا؛ تھک جانا؛ دوڑنا کا تابع، مترادف: دُھوپنا م: بہت کچھ دوڑا دھاپا/ دُھوپا۔

دھات امث۔ ٹھوس یا نیم سیّال معدنی مادّہ جسے پگھلایا اور ڈھالا جا سکے جیسے سونا چاندی تانبا، پارا؛ مادّۂ منویّہ۔ (۲) لفظ کا مادہ یا اصل (ان معنی میں **دھاتُ / دھاتُو** [س: دھاتُ]۔

دھاتا امذ۔ بنیاد رکھنے والا، مؤسِس؛ بانی۔ **دھاتا وِدھاتا** برہما کا ایک لقب۔

دھار امث۔ کسی ہتھیار، آلے یا سطح کا باریک کنارا جو کاٹ سکے، باڑھ؛ پانی یا کسی سیال شے کی تُلّلی، بہاؤ، رَو یا روانی؛ کُنویں میں اُتارا جانے والا درخت کا کھوکھلا تنا۔

دھارا امذ۔ پانی کا بہاؤ، سوتا، نالا یا نہر؛ پہاڑوں

کا سلسلہ۔ م ف۔ **دھاروں دھار** دھاروں کی شدت یا فراوانی کے ساتھ (برسنا، رونا)۔

دَھارِمک سک ر، کس م۔ صف۔ دھرم سے منسوب، مذہبی، دِینی۔

دَھارنا سک ر۔ ف م۔ پانی کی دھار ڈالنا۔ نیز (رک) **دَھارَن کرنا۔**

دَھارَن کَرنا فت ر، سک ن، فت ک، سک ر۔ ف م۔ پہننا، (وضع) اختیار کرنا، حلیہ بنانا، گرفت میں لینا؛ پینا، جذب کرنا صف **دھاری** پکڑنے، اختیار کرنے، پہننے والا، م؛ صف **تِلَک دھاری** قشقہ لگائے ہوئے، مراد پارسا۔

دَھاری امذ۔ لکیر، خط؛ لہر، رو؛ اُتھلی نالی؛ جُھرّی۔ مروصفی **دھاری دار** وہ سطح جس پر لمبی پٹیوں یا نالیوں کے نشان بنے ہوئے ہوں۔

دَھاڑ امث۔ انبوہ، جتھا، منڈلی، ٹولا۔ امذ۔ **دھاڑا** بڑا جتھا، ڈاکا، صف **دھاڑی** م؛ **دھاڑی چور۔** چوروں کے منّظم گروہ سے تعلق رکھنے والا، ڈاکو۔

دَھاک امث۔ رعب، مان، دبدبہ، ساکھ، نام وری۔ محاورہ **دھاک بَیٹھنا/ جَمنا** رعب چھانا، سکہ بیٹھ جانا۔

دَھاگا امذ۔ سُوت ریشم وغیرہ کا تار، ڈوری ریشہ عموماً بٹا ہوا جس سے سِلائی کی جاتی ہے۔ نیز **تاگا۔** محاورہ **دھاگا دینا** دم دینا، جھانسا دینا۔

دَھام امذ۔ مقام، جگہ، مکان؛ اعلیٰ مقام، فردوس۔

دَھامَن فت م۔ امث۔ ایک عمارتی لکی جس کا پہاڑی درخت اونچا اور پتّے بیری کی طرح ہوتے ہیں؛ نیز ایک قسم کا بانس جس کی کمان بنائی جاتی ہے۔ (لاط: Grewia trifolia)۔ **دھامن دھامَن** ایک قسم کی نرم گھاس۔

دَھان امذ۔ چاول کا پودا؛ سالم بن چھلا چاول۔

دَھان پان صف۔ مذ مث۔ نحیف، **ناتواں، نازک** اندام۔

دَھانْدلی غنہ، سک د۔ امث۔ بے ایمانی، دھوکے بازی، زبردستی، جھگڑالُوپن۔

دَھانس غنہ۔ امث۔ مرچوں وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی کا ٹھسکا لگے؛ مویشیوں کو اٹھنے والی کھانسی یا دھانسی۔

دَھانْسنا غنہ۔ ف ل۔ جانور کو کھانسی اٹھنا؛ امث **دَھانْسی** مویشیوں کی کھانسی نیز رک؛ **دَھنْسانا۔**

دَھانْشکا ضمہ ن، سک ش۔ امذ۔ چرچٹا (رک)۔

دَھانگَڑ امغ۔ فت گ۔ کنویں، باولی وغیر کھودنے والی مزدوروں کی ایک ذات۔

دَھانی صف۔ دھان کے کھیت کا سا ہلکا ہرا رنگ۔

دَھاو سک و۔ امذ۔ ایک پودا جس کے پتے انار کے پتوں کی طرح لیکن زردی مائل اور کھردرے ہوتے ہیں۔ پھول سرخ جس کی کلی نہیں ہوتی، رنگ بنانے کے کام آتا ہے۔ (لاط: Grislea Tomentosa)۔

دَھاوا امذ۔ دَوڑ، ہلّہ، حملہ، چڑھائی۔ افعال؛ بولنا، کرنا، مارنا۔ صف **دھاوت/ دھاوک** دوڑنے والا، چڑھ آنے والا۔

دَھاونی امث۔ ایک پھیلنے والی بیل (لاط: Hedysarum logopodioides)۔

دَھائی امث۔ دایہ، دائی۔

دَھائے پُوجْنا ے مج، ومع، سک ج۔ ف ل۔ دور سے سلام کرنا، واسطہ نہ رکھنا، م؛ ہم دھائے پوجے = ہمارا سلام ہے، ہمیں معاف رکھو [غالباً: دھانا پوجنا دھانا= پوجنا] عام: **ڈھائی پُوجے** ہمیں معاف رکھو ہم سے مطلب نہیں۔

دَھبّا شد ب۔ امذ۔ داغ، بدنما نشان، جلد پر جلنے کا نشان؛ عیب، ملامت کے قابل بات؛ الزام، تہمت۔

دَھبَڑ دَھبَڑ فت دھ ب۔ نقل صوت، م ف۔ بھاری قدموں یا دھب دھب کی آواز کے ساتھ۔

دَھبَّل فت دھ، شد فت بـ. صف۔ بھدّا، بھدیسڑ، بھاری تن و توش والا۔

دَھبْلا فت دھ، سک بـ. صف، امذ۔ ڈھیلا ڈھالا لباس، دیہاتی، لہنگا، لاچا۔ صف مث۔ دَھبَل بائی بھاری تن و توش والی عورت۔

دَھپ فت دھ۔ امث۔ ہاتھ کی ضرب، دھول، نیز دَھپّا نقل صوت، امذ۔ بھاری ضرب یا کسی بھاری چیز کے گرنے کی آواز۔ ف م۔ دَھپْیانا دَھپ لگانا۔

دَھپاڑ فت دھ۔ امث۔ تیز دوڑ، بھاگڑ، بھگدڑ۔

دُھپّل ضمہ دھ، شد فت پ۔ امث۔ جھپ سَٹ، گڑ بڑ پیدا کر کے فائدہ اٹھانا۔ م ف۔ دُھپّل میں چالاکی سے، مفت میں۔

دَھت فت د، امث۔ بری عادت جو پختہ ہو جائے، لت، علّت۔ صف دَھتّی کسی عادت میں مبتلا۔

دُھت (۱) ضمہ دھ۔ فجائیہ۔ اظہار نفرت یا ملامَت کا کلمہ۔

دُھت (۲) ضمہ دھ۔ صف۔ غافل، مدہوش (نشے یا نیند میں)۔

دَھتا بَتانا فت دھ بـ. محاورہ۔ ف م۔ سوکھا ٹال دینا، ڈانٹ کر بھگا دینا، ٹرخانا۔

دَھت دَھت فت دھ۔ امث۔ ہاتھی کو ہنکانے کی آواز جو مہاوت منہ سے نکالتا ہے۔

دَھتْکار فت دھ، سک ت۔ امث۔ منہ سے دَھت دَھت کی آواز نکالنا، روانہ ہونے، بھاگنے کا اشارہ، ڈانٹ کر بھگانا۔ ف م۔ دَھتْکارْنا۔

دُھتْکار ضمہ دھ، سک ت۔ امث۔ دُھت دُھت کہنا، اظہار نفرت و ملامت۔ ف م۔ دُھتْکارْنا ذلیل کرنا، ڈانٹنا، ملامت کرنا۔

دَھتُورا فت دھ، ومع۔ امذ۔ ایک خار دار، لمبے پتوں کا پودا جس کی کئی قسمیں ہیں، اس میں زرد، کاسنی یا سفید پھول لگتے ہیں، پھل ارنڈی کی طرح جس کے بیج زہریلے ہوتے ہیں اور بیہوشی پیدا کرتے ہی، جوزمائل/ مہلک۔ نیز دُھسْتُور۔ (لاط: Datura Stramonium) امذ۔ دَھتُورِیا کھانے میں دھتورا ملا کر بےہوش کرنے اور لوٹنے والا ٹھگ۔

دَھنْیگَر فت دھ، ی مغ مع، فت گ۔ امذ۔ موٹا تازہ آدمی، ہیکڑی باز۔

دَھج فت دھ۔ امث۔ ظاہری وضع قطع، انداز، پینترا؛ شان و شکوہ [س: دھوَج = جھنڈا، نشان؛ آلۂ تناسل] نیز دَھجا۔ صف دَھجیلا۔ سَجیلا۔

دَھجا فت دھ۔ امذ۔ ہوا کا رخ دیکھنے کے لیے گاڑا ہوا جھنڈا، نیز رک: دَھج۔

دَھجّی فت دھ، شد ج۔ امث۔ کترن، کپڑے یا کاغذ کا پتلا ٹکڑا، چندی۔

دَھچکا فت دھ، سک چ۔ امذ۔ جھٹکا جس سے دھڑ ہل جائے، دھکّا، ہچکولا، صدمہ، دہاکا۔

دَھدَک فت دھ د۔ امث۔ آگ کی لپٹ۔ شعلے کی لپک۔

دَھر فت دھ۔ دَھرنا کا صیغۂ امر بعض مرکبات میں جزو اول کے طور پر حَصْر یا تکمیل یا شدّت کا اظہار کرتا ہے۔ م: دَھرْ رگَڑنا بالکل رگڑ کے رکھ دینا، برا حال کر دینا دَھر گھسیٹْنا زبردستی کھینچ لینا؛ دَھر لینا زد پر رکھ لینا؛ ہلنے نہ دینا، پکڑ لینا۔

دُھر امذ۔ م ف۔ بیلوں کا جوا، پہیے کا دُھرا؛ حد، انتہائی فاصلہ م: دُھرتک دیکھ آئے؛ سرا، ابتدا م: سارا قصہ دُھر سے سنایا۔ م ف: براہ راست، سیدھا م: جو جام شہادت پائے دُھر جنّت کو جائے۔

دُھرا ضمہ دھ۔ امذ۔ پہیّے میں پرویا ہوا ڈنڈا جس کے گرد وہ گھومتا ہے۔ امث دُھری۔

دُھرّا ضمہ د، شد ر۔ امذ۔ کسی چیز کا چھوٹے سے

چھوٹا ٹکڑا، ریزہ، ذرّہ، ٹُرّا۔ محاورہ: دُھرّے اُڑانا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

دُھرپَد ضمہ دھ، سک ر، فت پ۔ امث۔ ہندی کلاسکی گانے کا ایک قدیم انداز جو دھیمے سروں میں گایا جاتا ہے۔ نیز دُھرپَت۔

دَھرتا فت دھ، سک ر۔ بنیاد ڈالنے والا، موسّس، منتظم، رکھوالا؛ مقروض، دین دار۔

دَھرتی فت دھ، سک ر۔ امث۔ زمین، بُھومی، خاک، مٹی؛ دنیا، کرۂ ارض امذ۔دَھرتی کا پُھول، کھنبی۔

دُھر کلّی ضمہ دھ، سک ر، کس ک، شد ل۔ امث۔ دُھرے کے سرے پر لگائی ہوئی کیل یا روک۔

دَھرّم فت دھ، سک ر۔ امذ۔ دین، ایمان، عقیدہ؛ ایمانداری صف دَھر ماتما نیک، متقی، متدّین آدمی۔ امذ دَھرّم پَتی شوہر۔ مث دَھرم پتنی بیوی۔ دَھرّم شالَہ مخیّر لوگوں کی قائم کی ہوئی سرائے یا مسافر خانہ۔ دَھرم یُدھ مذہبی جنگ۔

دَھرَن فت دھ ر۔ امث۔ بچّہ دانی، رحم؛ ناف، نلا۔

دَھرنا (۱) فت دھ، سک ر۔ ف م۔ رکھنا کا مترادف، عموماً محاورات میں مستعمل م: الزام، تہمت دھرنا؛ کان دھرنا، نام دھرنا۔ ف مر۔ دَھر لینا پکڑ لینا، گرفتار کرنا۔ امث دَھرائی دھرنا سے ح م۔ امذ۔

دَھرنا (۲) فت دھ، سک ر۔ امذ۔ بیٹھنے، ٹکنے جمنے کا عمل محاورہ: دَھرنا دینا/ دَھرنا دے کر بیٹھ جانا ضد یا زبردستی سے کسی جگہ ٹک جانا، رہ پڑنا؛ جم جانا۔ امذ۔ دَھرنَیت (ے لین) جم کر بیٹھ جانے والا۔

دَھرِنگا فت دھ، کس ر، غنہ۔ امذ۔ چاول کی ایک قسم۔

دَھرنی فت دھ، سک ر۔ امث۔ زمین، دنیا، دھرتی۔

دَھرُو سک دھ، و مع۔ امذ۔ قطب تارا (لفظاً) ساکت، جامد [س: دھرُوَ]۔

دُھروا ضمہ دھ، سک ر۔ امذ۔ ایک درخت جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے، پتے آس کے پتوں کی مانند ، ہر شاخ پر تین، کنگرے دار، اس کی کئی قسمیں ہیں (رک: پناکھ، سرپَنا) نیز سال پَرنی، چَرنہار (لاط: Desmodium gangeticum/ Hedyasrum Gangeticum)۔

دَھرَونا فت دھ، و لین۔ امث۔ (ہندو) لڑکی کا دوسرا بیاہ، وہ لڑکی جس کا دوسری بار بیاہ ہو۔ دوہاجُنی۔ امذ۔ دَھریچا دوہا جُو، عورت کا دوسرا خاوند۔

دَھرَونڈا فت دھ، و لین مغ۔ امذ۔ دروازے کے چوکھٹے کا بالائی پٹاؤ، سَر دَل۔

دَھڑ فت دھ۔ امذ۔ گردن اور کمر کے درمیان کا حصّہ جسم؛ (نقل صوت) کسی بھاری جسم یا شے کے گرنے کی آواز۔

دَھڑا فت دھ۔ امذ۔ فریق، ٹولا؛ دس سیر وزن یا اس وزن کا باٹ، امث دَھڑی پاسنگ کا پتھر، امث۔ دَھڑے بَندی جتھے بنانا، پارٹی بازی۔

دَھڑاکا فت دھ۔ امذ۔ کسی چیز کے دھڑ سے گرنے کی آواز یا شور؛ دَھڑ دَھڑ، دَھڑا دَھڑی۔ م ف۔ دَھڑاکے سے۔ زور سے۔ م: برسو رام دھڑاکے سے۔

دَھڑام فت دھ۔ نقل صوت۔ دھڑ سے گرنے کی آواز، دھڑاکے کی آواز۔

دَھڑ دَھڑانا فت دھ، سک ڑ۔ ف م۔ کسی سطح خصوصاً لکڑی کے تختے پر ہاتھ مار کر دھڑ دھڑ کی آواز پیدا کرنا۔

دَھڑَک فت دھ ڑ۔ امث۔ بیل کے گلے سے لٹکتی ہوئی رسی جو اسے بھاگنے سے روکتی ہے، لنگر، آڑ گوڑا۔

دَھڑکا فت دھ، سک ڑ۔ امذ۔ (۱) خدشہ، خطرے کا شدید احساس، دل کا دھک دھک کرنا، خفقان، نیز دَھڑکَن۔ ف ل دَھڑکنا۔ (۲) کھیت میں کھڑا کیا

ہوا انسانی شباہت کا ہوّا۔ چشمارُو، بُھج کاگ، داخول۔

دَھڑکی فت دھ، سک ڑ۔ امث۔ جولاہے کا کھجور کی گٹھلی کی شکل کا اوزار جس سے بانا ڈالتے ہیں۔

دَھڑلّا فت دھ ڑ، شد ل۔ امذ۔ یُورش؛ ہجوم، دبدبہ، دم خم۔ م ف **دَھڑلّے سے** کھلے بندوں، نڈر ہو کر، شدّت سے، ادبدا کے۔

دَھڑنگ فت دھ ڑ۔ امذ۔ رک: **دَھڑ**، صف۔ جسیم، بھاری بھرکم۔

دَھڑی فت دھ۔ امث۔ کنارہ، پٹّی، دھاری۔ ف مر **دَھڑی جمانا** (عموماً مسّی کی)، دانت کی ریخوں میں مِسّی کی دھاری بنانا، مسّی مَلنا۔

دُھس ضمہ دھ۔ امذ۔ ڈھلان، ڈھال؛ دریا کا ڈھلوان کراڑا، مٹّی کے بھراؤ سے باندھا ہوا بند یا پشتہ۔ نیز **دُھس، دَھسان، دَھساؤ**۔

دُھسّا ضمہ دھ، شد س۔ امذ۔ موٹے اُون کی چادر؛ طوسہ۔

دَھسانا فت دھ۔ ف م۔ رک: **دَھنسانا**۔

دُھشتُور ضمہ دھ، سک س، و مع۔ امذ۔ رک: **دَھتُورا**۔

دَھسَک فت دھ س۔ امث۔ کھانسی کا ٹھسکا (دمسک کی آواز ٹھسکے سے ذرا بھاری)۔

دَھسَکنا فت دھ س، سک ک۔ ف ل۔ ڈھینا، بیٹھ جانا، پھسل پڑنا، زمین یا کسی تعمیر کا۔

دُھس مال ضمہ دھ، سک س۔ امذ۔ نہانے میں میل صاف کرنے کے لیے اونی کپڑے کا جھانوا، کھیسا۔

دَھک فت دھ۔ امث۔ دھڑکنے کی آواز یا کیفیت۔ محاورہ **دَھک سے رہ جانا**، حیران، ششدر، سراسیمہ ہو جانا، دل کا دَھڑک اُٹھنا۔ نیز رک: **دُھک**۔

دَھکّا فت دھ، شد ک۔ امذ۔ دھکیلنے کی حرکت، ٹکراؤ جو ہلا دے، صدمہ، چوٹ، شدید نقصان۔ ف م **دَھکیانا**۔

دَھکار کس دھ، شد ک۔ امث رک: **دُھتکار**۔

دَھکا پیل فت دھ، ے مج۔ امث۔ بھیڑ یا ریلے میں لوگوں کا آپس میں ٹکرانا، ہلچل، نیز **دَھکم دَھکّا**۔

دُھکدُھکی ضمہ دھ، سک ک۔ امث۔ گلے کے نیچے، پسلیوں کے درمیان کا گڑھا؛ گلے کا ایک زیور، ایک طرح کی جگنی جس کے اِرد گرد بھی نگینے ہوتے ہیں، **دگدگی**۔

دُھکَڑ پُکَڑ ضمہ دھ، فت ک، سک ڑ، ضمہ پ۔ امث۔ ہَول، تشویش کا عالم، امید و بیم کی کیفیت۔

دَھکَوڑی فت دھ، و لین۔ امذ۔ ایک سرخ چیونٹا جو اکثر آم کے درخت میں پایا جاتا ہے، بمٹا۔

دُھکَّڑ فت دھ، شد فت گ۔ امذ۔ فاحشہ عورت کا آشنا، نیز **دَھگّڑا**۔

دَھلدَھل فت دھ، سک ل۔ م ف۔ موٹی دھار کے ساتھ (بہنا)۔ ف ل **دَھلدَھلانا**۔

دُھلنا ضمہ دھ، سک ل۔ ف مجہول۔ دھویا جانا، صاف ہونا، مٹنا، معدوم ہونا؛ (داغ، الزام وغیرہ کا) دُور ہونا۔ ف م **دُھلانا** مث **دُھلائی** دھونے کی اُجرت۔

دُھلَینڈی ضمہ دھ، ے لین مغ۔ امث۔ چَیت کے مہینے کی پہلی تاریخ؛ ہولی کے تہوار کا دوسرا دن۔ نیز دُلینڈی

دَھما چَوکَڑی فت دھ، و لین، سک ک۔ امث۔ اُدھم، کُشتم کُشتا۔

دَھمار فت دھ۔ امث۔ طبلے کی ایک تال، نیز دھمّال (رک) (لفظاً: دھا کی ضرب)۔

دَھماسا فت دھ۔ امث۔ ایک کانٹے دار بُوٹی، جَواسا سے مشابہ، دریا کے کنارے نم زمین میں اگتی اور بیل

کی طرح پھیلتی ہے، دواءً مستعمل (لاط: Fogonia Arabica)۔

دَھماکا فت دھ۔ امذ۔ دھم کی آواز، زور دار آواز جس سے لرزش پیدا ہو م: توپ چھوٹنے یا بم پھٹنے کا دہاکا۔

دَھمّال فت دھ، شد م۔ امث۔ زمین پر زور سے پانو مار کر رقص کرنا، قلندروں کا رقص نیز دھمّار۔

دَھمک فت دھ م۔ امث۔ دَھم کی آواز، ہلکا دھماکا، بھاری قدموں کی چاپ، سر میں درد کی لپک۔ ف ل دَھمَکنا دھم کی آواز یا ہلکا دھماکا کرنا، اچانک وارد ہونا یا پہنچنا م: آ دَھمَکنا۔

دَھمکی فت دھ، سک م۔ امث۔ ڈانٹ، فہمائش، تنبیہ، ڈراوا۔ ف م: دھمکانا، ڈانٹنا، تنبیہ کرنا۔

دَھموکا فت دھ، ومج۔ امذ۔ مُکا، گھونسا؛ دھکا۔

دَھن فت دھ۔ امذ۔ دولت، پونجی، سرمایہ، اثاثہ۔ صف دَھنوان/ دَھنی امیر، دولتمند۔ مث دَھنونتی۔

دُھن ضمہ دط۔ امث۔ کسی بات کی لگن، محویّت؛ موسیقی کی طرز، بندش۔

دَھنّا فت دھ، شد ن۔ امذ۔ امیر، سیٹھ، دھنوان مرکب دھنّا سیٹھ بڑا ساہوکار۔ مث دَھنّی۔

دَھناشری فت دپ، سک س۔ امث۔ بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی کا نام؛ اچانک لگنے والا دھکّا، سراسیمہ کرنے والا صدمہ؛ کُشتی کا ایک داتو۔

دَھنتّر فت دھ ن، شد فت ت۔ صف۔ دولت یا اثر و رسوخ رکھنے والا دَھڑلّے کا آدمی؛ حاذق طبیب (اصلاً : راجہ اندر کا درباری طبیب)۔

دُھند ضمہ دھ، سک ن۔ امث۔ آنکھوں کے آگے چھایا ہوا اندھیرا، کہر؛ آنکھوں کا ایک مرض، موتیا بند۔ صف دُھندا جس کی بینائی ناقص ہو۔ صف دُھندلا غُبار آلود، جس کے پار نظر اچھی طرح نہ دیکھ سکے، غیر واضح۔ ف ل، م۔ دُھندلانا تاریک، کہر آلود، یا غبار آلود ہونا یا کرنا، مٹا مٹا سا ہو جانا۔ امث دُھندلاہٹ نیم تاریکی، ملگجا پن۔ امذ۔ دَھندَ لکا نیم تاریکی، صبح یا شام کی ملگجی فضا۔

دَھندا فت دھ، سک ن۔ امذ۔ کام، کاروبار۔

دَھنسنا فت دھ، غنہ، سک ن۔ ف ل۔ دلدل میں یا کسی سطح کے نیچے اتر جانا، سما جانا یا بے اختیار پھنس جانا۔ ف م دَھنسانا/ دَھسانا/ دَھانسنا نیز مجازاً : گھسانا، زبردستی پھنسا دینا۔

دَھندلا فت دھ، سک ن د۔ امذ۔ رک: دھانڈلی۔

دَھنک فت دھ ن۔ امث۔ کمان؛ قوس قزح؛ پتلا گوٹا جو دوپٹے وغیرہ کے کنارے پر ٹانکا جاتا ہے، بادلے کی انگل بھر چوڑی زری کی توئی۔

کا جو دال وغیرہ میں دیا جائے۔

دُھنکنا ضمہ دھ، فت ن، سک ک۔ ف م۔ روئی کو تانت کی پھٹکار سے پینا/ تُومنا، اُدھیڑنا، نیز مجازاً بہت مارنا نیز دُھننا امث دُھنکی (سک ن) روئی دھنکنے کی کمان، پِنّی، کمٹھا۔

دُھنکار ضمہ مغ دھ۔ امذ۔ بگھار لہسن پیاز وغیرہ

دُھنواں ضمہ مغ دھ، غنہ۔ امذ۔ آگ یا شعلے سے اٹھنے والا سیاہ مرغولہ، دخان نیز دُھواں (رک)۔

دُھنوَر ضم مغ دھ، فت و۔ (بروزن گُزر) صف۔ دُھنوئیں سے دُھندلایا ہوا، سیاہ۔ نیز دُھنوانسا/ دُھونک دُھوئیں میں اٹا ہوا۔

دَھنی فت دھ۔ صف۔ خوش نصیب؛ دولت مند، معتبر، بڑی ساکھ رکھنے والا۔

دَھنیا فت دھ، سک ن۔ امذ۔ مہین کٹاؤ والی خوشبو دار پتّیوں کا ایک پودا جس میں چھوٹے چھوٹے مونگ مسور کے برابر کے بیج لگتے ہیں جو مسالے کے کام آتے ہیں، کوتھمیر، کِشنیز، جَلجَلان۔ (لاط: Coriandri Fructus) محاورہ دَھنیے کی کھوپڑی میں

پانی پلانا، پیاسا مارنا، ترسانا۔
دُھنیا ضمہ دھ، سک ن۔ امذ۔ روئی دھنکنے والا کاریگر۔ مث۔ **دُھنینی**۔ (ے لین)
دَھنیہ واد فت دھ، سک ن، فت ی۔ شکریہ، اظہار تشکر کا کلمہ عام؛ **دَھن باد**۔
دُھنیلا ضمہ دھ، ے مج۔ امذ۔ دھوئیں کی رنگت کا ایک قدرتی نگینہ جس میں جوہر کی طرح لہر پڑتی ہے۔
دَھو و لین۔ رک؛ **دھاؤ**۔
دَھوا فت دھ۔ صفم امذ۔ دوڑنے، دھاوا مارنے والا؛ مسلمان کہاروں کی ایک قوم۔
دُھواں ضمہ دھ۔ امذ۔ رک **دُھنواں**۔ صف
دُھواں دَھار موٹی تیز دھاروں والا (مینہ) جو فضا کو تاریک کر دے؛ پُرجوش، رواں، تیز (تقریر، عمل)
دُھوانسا جس میں دھوئیں کی بُو ہو (سالن، کھانا)۔
دَھوب و مج۔ امد۔ دھونے کا عمل، دُھلائی۔ امذ
دَھوبی پیشہ ور کپڑے دھونے والا، اُجلا۔ مث
دَھوبَن دھوبی کی بیوی؛ گھریلو چڑیا۔
دُھوپ ومع۔ امث۔ سورج کی روشنی۔
دَھوپ و مج۔ امثہ سیدھے چوڑے پھل کی تلوار؛ چوڑا لمبا پتّا، ف م **دھوپنا** دُھونی دینا۔
دَھوتو و مع۔ امذ۔ نرسنِگا، سَنکھ۔
دُھوتی و مع۔ امذ۔ ایک قسم کا شکرا جس کی مادہ کو بیسرا کہتے ہیں۔
دَھوتی و مج۔ امث۔ ستر پوشی کے لیے ٹانگوں کے گرد لپیٹنے کا کپڑا، ایک طرح کی لُنگی جس کا ایک پلّو یا لنگر کمر میں اُڑس لیا جاتا ہے۔
دَھور و لین۔ امثہ ایک قسم کی بڑی فاختہ؛ ایک طرح کی کُھردری گھاس؛ گنّے کی ایک قسم۔
دُھور و مع۔ امذ۔ ایک بِسوے کا بیسواں حصّہ۔ امث
دُھورکی دُھور کا بیسواں حصّہ۔
دَھورا و لین۔ صف۔ سفید، چِٹا، نیز **دَھولا**۔
دَھور دَھانی ومع، سک ر۔ امثہ ایک قسم کی توڑے دار بندوق۔
دَھوری و مج۔ امذ۔ ہل میں جوتنے کا بیل۔
دَھورے ومج۔ صف۔ (دیہاتی) نزدیک، پاس۔ مرکب **اورے دھورے** آس پاس۔
دَھوڑ ومج۔ امذ۔ ایک دریائی سانپ [س: دھوڑہ]۔
دُھوشنا و مع، سک س۔ ف م۔ دَبانا، پِچکانا، دبا دبا کر بھرنا، ٹھونسنا، (بَیل وغیرہ کا) سر کی ٹکّر سے دھکیلنا، سینگ مارنا۔ نیز عام **دُھونسنا** (ومع، غنہ) [س، مادہ: دَھوَشیَہ]۔
دَھوکا و مج۔ امذ۔ فریب، چکما جُل، دغا؛ وہم، غلط فہمی امث **دھوکا دِہی** (کسمح د) بے ایمانی، فریب کاری۔ صف **دھوکے باز** چالباز، فریبی **دھوکے کی ٹٹّی** (فت ٹ، شد ٹ) آنکھ کے آگے کا پردا، بہکانے بھٹکانے والا منظر۔
دَھول و لین۔ امث۔ کھلے ہاتھ کا چپت خصوصاً جو سر پر مارا جائے۔ مرکب **دَھول دَھپّا** ہاتھا پائی۔
دُھول و مع۔ امث۔ گرد، غبار، اُڑتی ہوئی خاک۔ محاورہ **دُھول اُڑانا** برباد کرنا مث **دُھول کی رَسّی** دھوکے کی ٹٹی، بے اصل شے۔
دُھوم و مع۔ امث۔ ہنگامہ، شہرت، چرچا مرکّب **دھوم دھام** غلغلہ، شان و شوکت۔ نیز دُھوم دَھڑکا۔ صف **دُھوم دھامی** زور شور کا۔
دُھوما و مع۔ امذ۔ ایک قسم کا سیاہی مائل کبوتر۔
دَھون و لین۔ امذ۔ آدھ من یا بیس سیر کا وزن۔
دُھون و مع۔ امذ۔ نباتی گوند۔
دَھونا ومج۔ ف م۔ پانی سے پاک یا اُجلا کرنا۔ (مجازاً) عیب، داغ دفع کرنا، زائل کرنا۔
دَھونتال و لین مغ۔ امذ، صف۔ بھونچال، زلزلہ؛

طاقتور، زور آور، ان تھک؛ امیر کبیر۔

ڈَھونٹی ولین مغ۔ امثہ چرواہے کی خمیدہ پھل والی چھڑ جس سے پتّے توڑتا ہے۔

ڈھونڈا و لین مغ۔ امذ۔ ٹیلا، ٹبّا۔

ڈھونس و لین، غنہ۔ امثہ ہیکڑی، دھمکی، ڈراوا، رعب ڈالنا۔

ڈھونسا و لین۔ امذ۔ ایک طرح کا بڑا ڈھول جس کی آواز نقارے کی طرح کراری نہیں ہوتی بلکہ بھاری اور گمک دار ہوتی ہے۔

دھونکنا و لین، غنہ، سک ک۔ ف م۔ آگ کو دھونکنی سے پھونک کر بھڑکانا، امث دھونکنی چمڑے کا مشک نما آلہ جس سے آگ دہکاتے ہیں۔

دُھونی و مع۔ امثہ مہک دار دُھواں آگ پر کالے دانے یا کوئی اور دھواں پھیلانے والی چیز چھڑک کر دُھواں اٹھانا (ٹوٹکے یا ہوا صاف کرنے کے لیے) محاورہ دُھونی رَمانا (فت ر) سادھوؤں کا کسی مقام پر پڑاؤ کرنا جو عبادت کے لیے آگ جلا کر دھونی دیتے ہیں۔

دھووَن و مع، فت و۔ وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو اور اس میں اس کی بو یا ذائقہ بس جائے۔ مرکب دھویا دھایا پاک صاف، اُجلا کیا ہوا۔

دھویا ومع۔ صف۔ پانی سے صاف کیا ہوا، مث دھوئی م: دھوئی دال جس کو پانی میں بھگو کر چھلکا اتار دیا گیا ہو۔ مرکب امذ۔ دھویا دیدہ/ دھوئے دیدے مراد: ڈھٹائی، ایسی آنکھیں جن پر ندامت کا کوئی میل یا اثر نہ ہو۔

دھیان سک دھ۔ امذ۔ سوچ، خیال، توجّہ، لگن، لو کسی چیز کی طرف، حافظہ، یادداشت۔ نیز عام دِھیان (کس دھ)۔

دِھیانگی کس دھ، سک ن۔ امثہ دن بھر کے کام کی اجرت یا مزدوری۔

دھیر ی مع، سک ر۔ امثہ ڈھارس، صبر، تحمل، استقلال نیز دھیرَج (فت ر) صف دھیرا دھیما، مٹھا؛ صابر؛ (پتنگ بازی) مقابلے میں ہارا ہوا۔

دھیرے ی مع۔ م ف۔ آہستہ، نرمی سے، دھیمے لہجے میں نیز دھیرے سے۔

دھیلا ے مج۔ امذ۔ تانبے کا نصف پیسے کا سکہ جبکہ روپے میں ۶۴ پیسے ہوتے تھے۔ صف دھیلچہ/ دھیل چَل ایک دھیلے کو بکنے والی چھوٹی پتنگ مث دھیلی نصف روپیہ، اٹھنّی۔

دھیما ی مع۔ صف۔ کم آواز، مدّھم، ہلکا؛ سست رفتار؛ تیز کی ضد۔ مث دھیمی۔

دھینگ ی مع، غنہ۔ صف۔ موٹا تازہ، مسٹنڈا۔ نیز دِھینگ دھوکڑ (ولین، فت ک) ہیکڑی باز۔ تص؛ دِھینگڑا۔

دھینگا دِھینگی ی مع مغ۔ امث، م ف۔ زبردستی، زورا زوری؛ م ف: جبراً، زبردستی سے۔

دھینگا مُشتی ی مع مغ، ضمہ م، سک ش۔ امثہ ہاتھا پائی۔

دِھیوَت ی مع، فت د۔ امذ۔ سرگم کا چھٹا سر (دھا)۔

ڈ

ڈ ڈال، ڈا، دال ہندی۔ مث۔ اردو ترتیب تہجی کا بیسواں حرف۔ حَنکی مصوتہ۔ عربی، فارسی اور ترکی الفاظ میں موجود نہیں۔ ہندی انگریزی الفاظ سے مخصوص۔ جمل میں د کا ہم عدد۔

ڈاب امث۔ تھیلی، جیب، ہمیانی نیز ڈَب؛ چمڑے کی پیٹی جس سے ہتھیار یا پانی کی چھاگل لٹکائی جاتی ہے؛ کچا ناریَل؛ ایک طرح کی گھاس جس سے چارپائی کی رسیاں بٹی جاتی ہیں، کُشا گھاس، نیز ڈابھ (لاط Sachrum Syllundricum)۔

ڈابَر فت ب۔ امذ۔ نشیبی زمین جہاں پانی بھر جائے، جوہڑ؛ نیز ڈبرا؛ ہاتھ دُھلوانے کا برتن سلفچی ڈابَر نَینا/ نَینی، نین مُتنا/ نین مُتنی۔

ڈابک فت ب۔ امذ۔ ڈول سے تازہ کھینچا ہوا پانی، نیز ڈُبکا؛ ڈر، خوف۔

ڈابھ امث کُشا گھاس نیز ڈاب (رک)؛ جنگل۔

ڈابی امث۔ فصل کٹائی کی اجرت، عموماً دسواں حصہ۔

ڈاٹ امث۔ روک، سوراخ یا بوتل کا مُنہ بند کرنے کے لیے لگایا جانے والا کاگ، ڈنڈی وغیرہ؛ لداؤ کی چھت کا درمیان میں ٹھوکا جانے والا پتھر۔ ف م ڈاٹنا روکنا، منہ بند کرنا، ڈاٹ لگانا؛ پہننا، اوڑھنا، سجنا،م؛ بھڑکدار اچکن ڈاٹ کے۔ نیز رک؛ ڈانٹنا۔

ڈار امث۔ قطار، پَرا، لَین ڈوری م؛ ہرنوں، پرندوں کی ڈار۔

ڈاڑھ امث۔ چوکے کے سِروں پر کے بڑے اور چپٹے دانت؛ نچلا جبڑا۔ ڈاڑھ گرم کرنا/ ہونا کھلانا، کھانا؛ رشوت چٹانا۔ محاورہ ڈاڑھیں مار کر رونا بہت آہ و زاری کرنا۔

ڈاڑھا امذ۔ ڈاڑھی (رک) کا مکبّر بڑی گھنی یا لمبی ڈاڑھی۔

ڈاڑھی امث۔ بلوغ کے بعد مَردوں کے گالوں اور ٹھوڑی پر اگنے والے بال؛ برگد کے پیڑ کی لٹکی ہوئی شاخیں۔ ڈاڑھی پھٹکارنا بات کرتے میں لمبی ڈاڑھی کا چَونری کی طرح سے ہلنا۔ صف ڈڑھیَل جس کی ڈاڑھی بہت گھنی یا لمبی ہو۔

ڈاک امث۔ پیغام رسانی کا سلسلہ یا انتظام۔ف مر ڈاک بٹھانا۔ لمبی مسافت کے درمیان ہرکاروں یا ڈاک لے جانے والے گھوڑوں اور گُھڑ سواروں کے بدلنے کے لیے چوکیاں قائم کرنا، مسلسل پیغام رسانی کا سلسلہ قائم کرنا؛ پے در پے پیغام بھیجنا۔ [س؛ دْراک = تیز یا ۱؛ دوڑاک = دوڑنے والا] امث ڈاک گاڑی تیز رفتار ریل، میل ٹرین۔ ڈاکیا ڈاک کا ہرکارہ، چٹھی رساں۔

ڈاک (۲) امذ۔ نگینے کے نیچے اُس کی چمک کو اجاگر کرنے یا بڑھانے کے لیے لگایا جانے والا پترا، پنّی نیز ڈانک۔

ڈاک (۳) امث۔ لگاتار قے آنا محاورہ ڈاک لگنا۔ ف ل ڈاکنا۔

ڈاکا امذ۔ چوروں کا حملہ، چوری یا لوٹنے کے لیے کسی گھر یا بستی پر چوروں کے گروہ کا دھاوا، غارتگری۔ نیز ڈکَیتی (ے لین) امذ۔ ڈاکُو دھاڑا مارنے والا چور۔

ڈاکَر فت ک۔ امث۔ زرخیز زمین، دوسرے درجے کی زرعی زمین جسے خوب پانی ملے تو اچھی فصل پیدا کرتی ہے، نیز صف ڈاکرا۔

ڈال امث۔ ٹہنی، شاخ؛ ایک ڈالی سے توڑے ہوئے پھل؛ ایک قسم کے نگینوں کی جوڑی یا کئی نگ۔ نیز ڈالی شاخ ٹہنی؛ پھلوں کا ٹوکرا جو تحفتہً کسی افسر کو بھیجا جائے۔ ایک ڈال کے ایک قسم کے، یکرنگ۔

ڈالنا سک ل۔ ف م۔ کسی چیز میں کوئی چیز داخل

کرنا، رکھنا، گھسانا؛ پھینکنا، گرانا م: کِشتی کا لنگر ڈالنا؛ قے کرنا۔ محاورۃً بے نکاحی عورت کو گھر میں لانا۔ مختلف محاورات و مرکبّات میں فعل امدادی کے طور پر مستعمل، م: پَتّی ڈالنا = ساجھا کرنا؛ جَھگڑا ڈالنا = فساد کھڑا کرنا؛ طرح، بنیاد، نیو ڈالنا = آغاز کرنا؛ گھیرا ڈالنا = حلقہ بنا کر کھڑا ہونا، حصار میں لینا وغیرہ۔

ڈامچا سک م۔ امذ۔ کھیت کی رکھوالی کے لیے بنائی جانے والی مچان؛ بانسوں پر کھڑا ہوا ٹھاٹھر۔

ڈامنی سک م۔ امث۔ ٹیکے کی طرح کا ماتھے کا ایک زیور، سراسَری۔

ڈانٹ غنہ۔ امث۔ دھمکی، جھڑکی، پَھٹکار۔ مرکب **ڈانٹ ڈپَٹ** سرزنش ف م **ڈانٹنا**۔

ڈانٹھ غنہ۔ فصل کی کٹائی کے بعد بچے ہوئے گرے پڑے خوشے نیز **ڈانٹھل**۔

ڈانڈ غنہ۔ امذ۔ لمبا ڈنڈا، پتوار، بنجر زمین؛ وقت کی ایک اکائی ۲۴ منٹ کے برابر؛ طول کی اِکائی ایک لاٹھی کے برابر ستار کا لمبا خول جس میں تونبی لگی اور تار جَڑے ہوتے ہیں۔

ڈانڈا امغ۔ امذ۔ حد، سرحد، سیما؛ کھیت کی مینڈھ، باڑھ۔ (محاورہ) **ڈانڈا مینڈا ملا ہونا** قریبی تعلقات ہونا۔ امث **ڈانڈا مینڈی** سرحَدی جھڑپیں۔

ڈانڈی غنہ۔ امث۔ ایک طرح کی ڈولی جو ہمالیہ کے پہاڑی راستوں پر چلتی ہے۔

ڈانس غنہ۔ امذ۔ بڑا مچّھر، کیڑے مکوڑوں کا ڈنک۔

ڈانگ غنہ۔ امث۔ پہاڑی، پہاڑ کی چوٹی، قلعۂ کوہ؛ لاٹھی۔

ڈانگر امغ، فت گ۔ اسم جنس۔ مویشی سینگ والے چوپائے۔

ڈانگرا غنہ، سک گ۔ صف دبلا پتلا، قاق، فاقہ زدہ (مویشی)۔

ڈانوا ڈول امغ، و مج۔ صف۔ ڈگمگ۔ ہلتا جلتا، غیر مستحکم؛ ڈھلمل یقین، تذبذب، دودلا۔

ڈاہ امث۔ جلن، حسد۔ ف ل **ڈاہنا** جلنا، بھڑکنا، کُھٹسانا، کینہ رکھنا۔ صف **ڈاہی** حاسد، مرکب **سَوتیا ڈاہ** سوکنوں کا جلاپا۔

ڈاہک ضمہ ہ۔ چوڑے، جھلّی دار پنجوں کا پردار جانور مرغی، بطخ وغیرہ [س]۔

ڈاین فت ی۔ امث۔ جادوگرنی جس کے بارے میں گمان کیا جاتا ہے کہ دور ہی سے کلیجا کھا جاتی ہے؛ چڑیل، بدخواہ، بدفطرت عورت۔

ڈَب فت ڈ۔ رک: **ڈاب** مکبّر **ڈبّا، ڈَب گر** چمڑے کا سامان، بٹوے زنبیلیں وغیرہ بنانے والا؛ لکڑی کے تختوں کو باہم پیوست کرنے کے لیے کنارے پر بنا ہوا چُول پھنسانے کا کٹاؤ۔

ڈِبّا کس ڈ، شد ب۔ لکڑی، گتّے یا دھات کا ڈھکنے دار ظرف یا خول جس میں چیز رکھ سکیں؛ بکس؛ ریل گاڑی کا مسافروں کی نشست یا مال بھرنے کا درجہ یا خانہ۔ تص: **ڈِبیا**۔

ڈُباؤ ضمہ ڈ، ومج۔ امذ۔ پانی کی گہرائی؛ ڈوبنا سے اکیف م: صف، ہاتھی ڈُباؤ = اتنا گہرا کہ ہاتھی ڈوب جائے۔

ڈَبڈَبانا فت ڈ، سک ب۔ ف ل۔ نمدیدہ ہونا، لبریز ہونا۔ م: آنکھوں کا ڈبڈبانا، آنسو بھر لانا۔

ڈَبرا فت ڈ، سک ب۔ پتھر کا ان گھڑا ٹکڑا، روڑا، کتّل جو بھرائی کے کام آئے۔ نیز **ڈَبورا**۔

ڈُبکی ضمہ ڈ، سک ب۔ امث۔ غوطہ، پانی کے نیچے سر لے جانا۔

ڈَبَل فت ڈ ب۔ امذ، صف۔ بڑا پیسا، آدھنا؛ دوڑ، تیز چال نیز ڈبل مارچ؛ صف۔ دگنا، دوہرا۔ امث **ڈَبَل روٹی** نان پاؤ۔

ڈَبّو فت ڈ، شد ب، ومع۔ امذ۔ لوہے کا کفگیر یا کفچہ جو حلوائی استعمال کرتے ہیں، کھبچا۔

ڈُبونا ضمہ ڈ، ومج۔ ف م۔ ڈُوبنا (رک) کا متعدی۔ غرق کرنا، فنا کرنا؛ بٹّہ لگانا م؛ نام ڈبونا۔

ڈَپَٹ فت ڈ پ۔ امث۔ گھوڑے کی دوڑتی چال؛ ہلّہ، دھاوا۔ ف ل، م؛ تیز دوڑنا، جھپٹنا، ہلّہ بولنا؛ ڈانٹنا، فضیحتے کرنا (عموماً ڈانٹنا کے تابع کے طور پر)؛ چلّانا، نعرہ مارنا۔ ف ل ڈَپَٹْنا زقند بھرنا، زور کی آواز یا کڑکا لگانا، ڈانٹنا۔

ڈُپَتّا ضمہ ڈ، فت پ، شد ت۔ امذ۔ دوپٹّا کی ایک شکل۔

ڈَٹْنا فت ڈ، سک ٹ۔ ف ل۔ ٹِک جانا، پیچھے نہ ہٹنا، مضبوطی سے چمٹے رہنا؛ شکم سیر ہو جانا م ف۔ ڈَٹ کر جم کر، اچھی طرح سے، استقامَت کے ساتھ۔

ڈِٹھ کس ڈ۔ امث۔ نظر نگاہ [س: دَرِشْٹی] مرکب امث ڈِٹھ بَنْدی نظر بندی۔ نظر کا دھوکا، جادو، سحر، طلسم۔

ڈَر فت ڈ۔ امذ۔ خوف، خطرے کا احساس، ہراس۔ ف ل ڈَرنا خوف کھانا، جھجکنا، دبکنا ف م؛ ڈَرانا خوف دلانا، ہراساں کرنا، دھمکی دینا۔ امذ ڈَراوا دھمکی، خوف زدہ کرنا۔ صف ڈَرپوک بزدِل، دبّو؛ ڈَراؤنا بھیانک، دہشت خیز۔

ڈُرْیانا ضمہ ڈ، سک ر۔ ف م۔ ڈوری باندھنا، گھوڑے کے لگام ڈالنا۔

ڈِڑھ کس ڈ۔ صف۔ ڈیڑھ کی تخفیف، تراکیب میں مستعمل م؛ ڈِڑھ پوّا ڈِڑھ خَما جس میں ڈیڑھ گرہ یا ڈیڑھ چکّر ہوں۔

ڈَڑھَیل فت ڈ، سک ڑھ، فت ی۔ صف۔ ڈاڑھی والا، جس کی ڈاڑھی بہت نمایاں، گھنی یا لمبی ہو۔

ڈَس فت ڈ۔ ڈوری، م؛ تھان کے سرے پر بُنائی سے باہر فاضل ڈوریاں؛ ترازو کے پلڑے کی ڈوریاں۔

ڈَسْنا فت ڈ، سک س۔ ف م۔ سانپ، یا کسی زہریلے کیڑے کا ڈنک مارنا۔

ڈَفالْچی فت ڈ، سک ل۔ امذ۔ دَمڑی پیٹنے، دف بجانے والا، گویّوں کی ٹولی کا ادنیٰ فرد۔ نیز ڈَھپالی۔

ڈَفْلی فت ڈ، سک ف۔ ایک طرف سے منڈھا ہوا کھوکھلا ہاتھ میں اٹھا کر بجانے والا ڈھول کی طرح کا ساز۔ دَمڑی، ڈَھپلی۔

ڈَکار فت ڈ۔ امث۔ معدے سے اُٹھ کر منہ سے خارج ہونے والی گیس؛ درندے شیر وغیرہ کی دہاڑ، ف ل؛ ڈَکارنا آواز کے ساتھ منہ سے ہوا خارج کرنا، دہاڑنا، گرجنا، ف م؛ (مال) ہضم کر جانا، ہتھیا لینا۔ نیز ڈَکرانا مویشی یا درندے کا آواز نکالنا۔

ڈَکوسْنا فت ڈ، و مج، سک س۔ ف م۔ (عموماً بطور طنز) ٹھورنا، ہضم کر جانا، کھا بیٹھنا، ڈٹ کے کھانا۔

ڈَکَیت فت ڈ، ے لین۔ امذ۔ ڈاکو، دھاڑی چور۔ امث۔ ڈَکَیتی ڈاکے کی واردات۔

ڈَگ فت ڈ۔ امذ۔ لمبا قدم ف مر ڈَگ بَھرنا لمبا قدم اٹھانا، تیز چلنا۔

ڈُگ ضمہ ڈ۔ امذ۔ مکّا جو بند مُٹھی کی پشت سے مارا جائے۔

ڈَگّا فت ڈ، شد گ۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا؛ دُبلا بیل، لمبا بیوقوف آدمی۔

ڈَگْڈَگانا فت ڈ، سک گ، فت ڈ۔ ف ل۔ (۱) لمبے لمبے گھونٹ بھرنا؛ (۲) دَہکنا، بھڑکنا، خوب روشن ہونا؛ نیز دَغدَغانا۔

ڈُگڈُگی ضمہ ڈ، سک گ۔ امث۔ مٹھی میں پکڑ کر ہلانے اور بجانے کی دونوں طرف کھال منڈھی ہوئی ڈفلی جو مداری بجاتے ہیں۔

ڈگرا فت ڈ، سک گ۔ امذ۔ چھاج جس سے اناج پھٹکتے ہیں بڑی ٹوکری مت **ڈگری**۔

ڈگر فت ڈ گ۔ امثہ باٹ، راستہ، ساہ۔

ڈگمگ فت ڈ، سک گ، فت م۔ صف۔ ہلتا جُلتا، ڈولتا، لڑکھڑاتا ہوا، ڈانواڈول، غیر مستحکم۔ اکیف مت **ڈگمگاہٹ**۔

ڈگن فت ڈ گ۔ امث۔ مچھلی پکڑنے کی چھڑیا بنسی۔

ڈِگنا کس ڈ، سک گ۔ ف ل۔ گِرنا پاؤں کی لغزش کرنا، راہ سے بھٹکنا۔

ڈگّی ضمہ ڈ، شد گ۔ امث۔ ڈگڈگی (رک) کا متبادل **ڈگّی پِٹنا** (کس پ) اعلان ہونا، منادی ہونا، ڈونڈی پٹنا۔

ڈلا فت ڈ۔ امذ۔ کسی ٹھوس شے کا مٹّھی بھر یا اس سے کچھ کم پیش ٹکڑا؛ کتلہ، کلوخہ، ڈھیلا م؛ سونے کا ڈلا، مٹی کا ڈلا؛ بڑی ٹوکری۔مت **ڈلیا** (رک)۔ مث؛ **ڈلے کی چاندی** پرانے چاندی کے ظروف وغیرہ کو گلا کر صاف کر کے ڈبے کی شکل میں ڈھالی ہوئی چاندی، تھکیا چاندی۔

ڈلاؤ فت ڈ، و مج (بروزن بچاؤ)۔ کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، گھورا۔

ڈلک فت ڈ ل۔ امث۔ چمک دَمک، کسی چمکدار شے سے اٹھنے والی شعائیں۔ ف ل **ڈلکنا**۔

ڈلیا فت ڈ، سک ل۔ امث۔ تنکوں کی بنی ہوئی چنگیر۔

ڈِمب کس ڈ، سک م۔ امذ۔ کیڑا، پتنگا (م؛ تتلی، بھونرا) جو جنین کی حالت سے نکل چکا ہو، مگر ابھی بلوغ کو نہ پہنچا ہو، قریب بلوغ حشرہ جس کے پر نکلنے والے ہوں، نوزتہ، بادامہ۔ (۲) وہ جنگ جو "راجہ" کے قتل ہونے کے بعد جاری رہے۔ [س]۔

ڈِمبکا کس ڈ، سک م بہ امثہ نوخیز لڑکی جس کی شہوانی خواہش جاگ چکی ہو، بالغ لڑکی؛ نائکہ کی نوچی۔

ڈِم ڈِمی کس ڈ، سک م، کس ڈ۔ امث۔ ڈگڈگی۔

ڈمَرُو فت ڈ م، ومع۔ امذ۔ ایک طرح کا ڈگڈگی سے ملتا ہوا دونوں طرف کھال منڈھا، دو جڑواں طبلوں کی شکل کا باجا جو انگلیوں سے ہلا کر، یاگلے میں لٹکا کر پتلی ڈنڈیوں سے بجایا جاتا ہے، (گیت؛ ڈم ڈم کہ ڈیم ڈِیم باجے ڈمَ رُو)۔(۲) خاکنائے۔

ڈمَرْوا فت ڈ م، سک ر۔ امذ۔ گھٹنوں کا درد۔

ڈنٹھل فت ڈ، سک ن، فت ٹھ۔ امذ۔ پھولوں یا ترکاریوں کے پودوں کی شاخ یا نرم ڈنڈی۔

ڈنڈ فت ڈ، سک ن۔ امذ۔ (۱) سزا، تعزیر؛ جرمانہ، تاوان نیز اصلاً **ڈنڈ** (رک)۔ (۲) بازو، قبضہ، بُھج؛ بازوؤں کے بل لیٹ کر جسم کو فرش سے بار بار اُبھارنے کی ورزش۔ ف مر **ڈنڈ پیلنا** (ے مج) **لگانا/ نکالنا** [س؛ دَنڈ] نیز **ڈنڑ** (فت ڈ، غنہ، سک ڑ)۔

ڈنڈا فت ڈ، سک ن۔ امذ۔ سونٹا، لکڑی یا بانس کا لمبا ٹکڑا، لٹھ، (مجازاً) رُعب، اختیار، جبر۔ ف مر **ڈنڈا ڈولی کرنا** بچے کو تفریحاً یا بڑے کو زبردستی پکڑ لے جانے کے لیے آدمیوں کو دونوں ہاتھ اور دونوں پانو گرفت میں لے کر اٹھانا۔ محاورہ **ڈنڈے بَجانا** بےکار پھرنا۔

ڈنڈَوت فت ڈ، سک ن، و لین۔ امث۔ ہاتھ جوڑ کر تعظیم کے لیے جُھکنا۔ [س؛ ڈنڈوت]۔

ڈنڈی فت ڈ، سک ن۔ امث۔ پتلی چھڑ، شاخ ٹہنی یا ڈنٹھل؛ کسی آلے یا ظرف کا قبضہ دستہ، سونٹی، چھڑی؛ ترازو، خصوصاً بھاری لکڑیاں وغیر تولنے کی بڑی ترازو؛ دھاری، لِیکھ، لکیر م؛ پک ڈنڈی۔ محاورہ **ڈنڈی مارنا** ترازو کے پلڑے کو ہاتھ کے اشارے سے خفیہ طور پر جھکا دینا تاکہ وزن زیادہ معلوم ہو؛ بے ایمانی، دھاندلی کرنا۔

ڈَنْڈیا فت ڈ، سک ن ڈ۔ امذ۔ بازار یا تہ بازاری سے کرایہ وصول کرنے والا سرکاری آدمی۔ نیز ڈَنْڈا۔

ڈَنْک فت ڈ، غنہ۔ امذ۔ سانپ، بچھو یا زہریلے کیڑے، بِھڑ، شہد کی مکھی وغیرہ کا وہ نکیلا عضو جسے چبھو کر زیر جسم میں چھوڑتے ہیں۔ صف ڈَنْکیلا ڈنک رکھنے والا۔ (۲) قلم کی نوکدار آہنی پتّی۔

ڈَنْکا فت ڈ، غنہ۔ امذ۔ گلے میں ڈال کر لکڑی سے بجانے والا تیز آواز کا نقارہ یا بڑا تاشہ جو صرف ایک رخ سے بجتا ہے، عموماً لوگوں کو اعلان کے لیے مُتَوَجّہ کرنے یا سواری کی آمد کی اطلاع دینے کے لیے بجایا جاتا تھا۔ محاورہ ڈَنْکے بَجْنا/ پِٹْنا شہرت ہونا۔ م ف ڈَنْکے کی چوٹ علی الاعلان۔ ف ل ڈَنْکارنا ڈنکے کا آواز نکالنا، گونجنا۔

ڈَوا فت ڈ۔ امذ۔ ڈَوی (رک) کا مکبّر نیز ڈَوّا (شد و)۔

ڈوب و مج۔ امذ۔ ڈُبکی دینے ڈبونے کا عمل، کپڑے، قلم، کُوچی وغیرہ کو پانی یا رنگ میں ڈبونا، ڈبکی دینا، نیز ڈوبا۔قلم کوچی وغیرہ کو ڈبو کر رنگ یا روشنائی میں تر کرنے کا عمل ف مر ڈوبا لینا۔ ایک دفعہ ڈبو کر رنگ یا روشنائی کی ایک مقدار نکالنا۔ (۲) غوطہ، غوط میں جانا، بے ہوش ہونا۔

ڈُوبْنا و مع، سک ب۔ ف ل۔ غرق ہونا، پانی کے نیچے پہنچنا، کسی سیّال کی سطح سے نیچے اترنا؛ غوطہ لگانا؛ (محاورہ) ضائع ہونا، دریا بُرد ہونا؛ اجرام فلکی کا غروب ہونا۔ (بول چال) ڈُوب مَر/ مَرو (کسی شرمناک بات پر بطور ملامت)، منہ دکھانے کے قابل نہیں۔ ف م ڈُبونا۔ صف ڈُوبا (ہوا) مث ڈُوبی ہوئی م؛ ڈُوبی ہوئی اسامی (فت ا) نہایت زیر بار، دیوالیہ شخص۔

ڈُوپَٹّا ضمہ ڈ، و غم، فت پ، شد ٹ (بروزن اُچکّا) امذ۔ دوپَٹّا (رک) کا ایک اِملا، نیز ڈُپَٹّا۔

ڈوڈا و مج۔ امذ۔ پودوں کے بیجوں کا خول، غلاف، پیلہ، بیج دان، بِذرَہ دان؛ کپاس کے پھول یا افیون کا پوست۔ امث ڈوڈا پَتْری لیونڈر کی قسم سے ایک خوشبودار پودا اور اس کا پھول (لاط: Anisochilus carnosius)۔

ڈور و مج۔ امذ۔ لمبا دھاگا۔ خصوصاً پتنگ میں لگا ہوا سفید سوتی بٹا ہوا دھاگا جو مانجھے کے نیچے ہوتا ہے۔ ڈور چھڑ مچھلی پکڑنے کی ڈگن۔ نیز ڈور بَنْسی۔

ڈورا و مج۔ امذ۔ دھاگے کا ٹکڑا، رشتہ، ریشہ، تار؛ لیکھ، لکیر، سیدھا، خط یا باریک نشان م؛ سرمے کا ڈورا؛ رگ، شِریان؛ آنکھ کی پتلی کی سرخ رگ؛ گردن کا ڈورا؛ نیلی رگ؛ دھاری م؛ گھی کا ڈورا = تار جو سالن پر تیرے؛ زیور میں پڑا ہوا بٹے ہوئے ریشم یا سوت کا دھاگا؛ ناریل کے خول میں ڈنڈی لگا کر بنایا ہوا کفگیر۔ محاورہ ڈورے ڈالنا (کسی پر) کسی کو پرچانے کے کوشش کرنا۔

ڈورَک و مج، فت ر۔ پارسل، بنڈل وغیرہ پر لپیٹی ہوئی ستلی، فیتہ وغیرہ۔

ڈورُو و مج، و مج۔ امذ۔ ڈگڈگی کا ایک نام جو ڈوری سے بجتی ہے۔

ڈوری و مج۔ امث۔ ڈورا (رک) کی تصغیر؛ پتلی رسّی یا کسی شے کا تار یا بند جو کسنے، کھینچنے باندھنے یا سلسلہ قائم کرنے کے کام آئے م؛ بٹوے، کسنے، جزدان کی ڈوری یا ڈوریاں، فرشی پنکھے، پردے، خیمے وغیرہ کی طناب۔(مجازاً) رابطہ، سلسلہ۔ (محاورۃً) ڈوری کھینچنا روکنا، بڑھنے نہ دینا، ڈوری ہلانا اثر رسوخ سے کام لینا، سفارش کرانا۔

ڈورِیا و مج، کس ر۔ امذ۔ مہین سوتی کپڑا جس میں قدرے موٹے دھاگوں کی دھاریاں پڑی ہوتی ہیں؛ شکاری کتوں کو سَدھانے اور اور ڈوری پکڑ کر چلنے

والا ملازم۔

ڈوسا و مج۔ صف، امذ۔ بوڑھا، ضعیف آدمی۔

ڈوک و مج۔ امث۔ مویشیوں کے پھیپھڑے کی بیماری، گایوں کو ہونے والی دق۔

ڈول و مج۔ امذ۔ کنوئیں سے پانی کھینچنے کا ظرف؛ سیاہ زمین جو روئی وغیرہ کی کاشت کے لیے موزوں ہے۔ تص: ڈولچہ مث ڈولچی چھوٹا ڈول۔

ڈَول و لین۔ امذ۔ خاکہ، نقشہ؛ ڈھانچا، وضع، شکل، ہیئت؛ کھیت کی منیڈھ۔ ف مر: ڈول ڈالنا خاکہ بنانا، ابتدا کرنا۔ ف م ڈَولنا لکڑی کو چھیل چھال کر مطلوبہ شکل میں لانا۔

ڈولا و مج۔ کاندھوں پر اٹھا کر لے جانے والی ڈنڈے لگی ہوئی پردے دار سواری، محافہ تص مث: ڈولی پردے دار کھٹولی نما سواری جس کے آگے پیچھے ڈولی کی طرح کاندھوں پر اٹھانے کے لیے ڈنڈے نکلے ہوئے ہوتے ہیں۔ ف مر ڈولا اُٹھنا دلھن کا رخصت ہونا۔

ڈولنا و مج، سک ل۔ ف ل۔ ہلنا جُلنا؛ گھومنا، پھرنا؛ لہرانا، جھومنا۔

ڈوم و مج۔ امذ۔ گانے بجانے کا پیشہ رکھنے والی قوم یا اس کا کوئی فرد۔ مث۔ ڈومنی گانے والی، طوائف؛ گھریلو چڑیا جو بہت شور کرتی ہے۔ امث۔ ڈومنی پَن ناز آفرینی، چھبیلی ادائیں۔

ڈونڈا و لین مغ۔ امذ۔ بیل جس کا ایک سینگ ٹوٹ گیا ہو یا مڑا ہوا ہو؛ بگُولا، گرد باد۔

ڈونڈانا و لین مغ۔ ف ل۔ خالی پھرنا، آوارہ گردی کرنا؛ گھومنا، گشت کرنا۔

ڈَونڈی و لین مغ۔ امث۔ ڈھنڈورا، تاشے یا ڈنکے کی چوٹ کے ساتھ اعلان۔ ف مر ڈونڈی پِٹنا اعلان عام ہونا۔

ڈونگا و مج۔ مغ امذ۔ ناؤ، کشتی، بَجرا؛ کشتی نما برتن، گڑھے دار، قاب؛ مٹکے وغیرہ میں سے پانی نکالنے کا دستے دار برتن۔ امث ڈونگی چھوٹی کِشتی، تص: ڈُنگیا (ضمہ ڈ، غنہ، سک گ) پانی نکالنے کا چھوٹا ڈونگا۔

ڈونگا و مج۔ مغ صف۔ گہرا، عمیق۔ اکیف مث ڈونگا پَن، ڈُنگائی نیز ڈونگھا/ ڈونگھائی۔

ڈونگر و مج مغ۔ صف، امث۔ اُونچی نیچی، ناہموار زمین یا سطح۔

ڈونگر و مج، غنہ، سک گ۔ رک: دونگڑا۔

ڈوئی و مج۔ امث۔ لکڑی کا لمبی ڈنڈی کا چمچہ یا کفگیر جس کا مُنہ دستے کے ساتھ ایک ہی لکڑی میں سے تراشا ہوا ہوتا ہے۔ مکبّر ڈوا/ ڈوا۔

ڈوہ و مج۔ امذ۔ دریا کے پاٹ کا درمیانی زیادہ گہرا حصہ، مَنجھ۔

ڈوہرا و مج، سک ہ۔ امذ۔ کھنڈسار وغیرہ میں استعمال ہونے والا، لمبے دستے کا کٹورا نما کفچہ۔

ڈہڈہا فت مج ڈ، سک ہ، فت ڈ۔ صف۔ لہلہاتا، شاداب، تروتازہ؛ بھڑکیلا، شوخ رنگ کا (زرد یا سبز)۔

ڈہرا فت مج ڈ، سک ہ۔ امذ۔ نشیب میں کھڑا ہوا پانی، جوہڑ، ڈابر؛ پانی کی ٹنکی، پیپا؛ خزانہ۔

ڈہکانا فت مج ڈ، سک ہ۔ ف م۔ چمکانا، جھمکانا؛ روشن کرنا؛ بہکانا، بھٹکانا؛ ترسانا، دکھا کر خود رکھ لینا یا کھا جانا۔

ڈیرا ے مج۔ امذ۔خیمہ، تَنبُو؛ ٹھکانا، قیام گاہ ڈیرے دار (نی) اونچے درجے کی طوائف جو اپنی حویلی میں ٹھاٹھ سے رہتی ہو، بازاری کی ضد۔

ڈیڑھ ے مج۔ صف عددی۔ ایک اور آدھا (۱.۱/۲) محاورہ ڈیڑھ اِینٹ کی مسجد اَلگ بنانا سب سے الگ رہ کر تنہا کوئی کام کرنا۔ ڈیڑھ چلّو خون بڑھنا خوشی کی خبر پا کر کِھل اٹھنا۔ امث ڈیڑھ گِرہ۔ آسانی سے کھل جانے والی

دوہری گرہ جس میں دوسری گرہ کو حلقے کی شکل میں چھوڑ دیتے ہیں۔ امذ۔ **ڈیڑھ خَمّا** (فت خ، شد م= تمباکو پینے کا سستا نیچہ۔

ڈیکا مالی ی مع۔ امذ۔ ایک اونچا درخت، پھول سَفید، پوست کے ڈوڈے کی مانند، اس درخت کا گوند (لاط: Gardinia Lucida)۔

ڈِیل ی مع۔ امذ۔ جسم، جُثہ، ہاڑ، کاٹھی، مرکب **ڈِیل ڈول** قد، کاٹھی، جسمانی ساخت اور وضع۔

ڈینگ ی مع، غنہ۔ امث۔ شیخی لاف زنی۔

ڈینگری ی مع، غنہ۔ بانس کی تیلیاں تراشنے کے لیے بنایا ہوا کینڈا یا سانچا۔

ڈیوَٹ ی مع، فت و۔ امذ۔ چراغ دان، چراغ رکھنے کا اکّا جو ایک پائے پر کھڑا ہوتا ہے۔ (بول چال) احمق، بے وقوف، سادہ لوح۔

ڈیوَڑ ے مج، فت و۔ ہندوستانی جوتی کی ایڑی کے نیچے لگی ہوئی نصف ایڑی کے برابر چمڑے کی پھانک۔

ڈیوڑھا ے مج، سک و۔ صف عددی۔ ڈیڑھ گنا؛ ریل کا اول اور دوم درجے کے بیچ کا درجہ، انٹر کلاس۔ مث **ڈیوڑھی**۔

ڈیوڑھی ے مج، سک و۔ امث (بروزن ریوڑی، کیوڑا) حویلی کا چھت سے پٹا ہوا دروازہ؛ آستانہ۔

ڈھ

ڈھ ڈھا، ڈھے امذ، امث اردو ترتیب تہجی کا اکیسواں حرف، ڈ، ھ مخلوط۔ ہائیہ مصمتہ، صرف ہندی اصل کے الفاظ میں موجود، جمل میں اس کے عدد د اور ہ کے برابر (۹) شمار ہوتے ہیں۔

ڈھابا امذ۔ اولتی، چھجّا، نیز (رک) **ٹاپا**۔

ڈھابَر فت ب۔ امذ۔ کوڑا کرکٹ؛ ڈلاؤ۔

ڈھاٹا امذ۔ ڈاڑھی چڑھانے یا چہرہ چھپانے کے لیے ٹھوڑی سے سر تک باندھا جانے والا کپڑا؛ میت کا دہانہ، بند رکھنے کے لیے کسی ہوئی پٹّی۔

ڈھاٹی امث۔ پٹّی، نیز **ڈھٹّی**؛ نکیل۔

ڈھاڈوں و مج۔ امذ۔ ایک پودا جو خریف کی فصل میں جوار باجرے کے کھیت میں اُگ آتا ہے اور اس میں لمبی پھلیاں لگتی ہیں۔

ڈھارَس فت ر۔ امث۔ تسلّی، دلاسا، اطمینان (افعال؛ دنیا، بَندھانا)۔

ڈھاڑی امذ۔ مسلمان درباری گویّوں کی ایک قوم یا اس کا کوئی فرد، مسلمان ڈوم، مراثی۔

ڈھاک امذ۔ ایک خودَ رو درخت جس کے پتّوں کے دونے بنتے ہیں، اس کی شاخوں میں سرخ پھول لگتے ہیں، تنے سے سرخ ریزش نکلتی ہے جو گوند کی طرح جم جاتی ہے اور رنگ سازی میں کام آتی ہے۔ (لاط: Butea Frondosa)۔مثل **وہی ڈھاک کے تِین پات**۔

ڈھال امث۔ نشیب؛ ریٹواں، سلامی دار سطح؛ سپر، لڑائی میں وار روکنے کے لیے ایک ہاتھ میں تھامنے والی لکڑی، چمڑے یا کچھوے کی پیٹھ کی بنی ہوئی آڑ؛ پُھول کی پیندی؛ وضع قطع، مرکب **چال ڈھال**، محاورہ: **ڈھال کا پُھول سُونگھنا** مارا جانا،

شہید ہونا۔ صف **ڈھالُو** (ومع) نشیبی، ترچھا، سلامی دار۔

ڈھالنا سک ل۔ ف م۔ پگھلا کر سانچے میں ڈال کر نکالنا، ٹھونک پیٹ کر یا چھیل چھال کر مطلوبہ شکل میں لانا، ساخت کرنا؛ لڑھکانا، ڈھلانا، منتقل کرنا۔

ڈھانا ف م۔ بنے ہوئے یا کھڑے ہوئے کو گرانا، منہدم کرنا۔ (بطور فعل امدادی) مچانا، برپا کرنا م: ظلم، ستم، آفت ڈھانا۔

ڈھانْپنا غنہ، سک پ۔ ف م۔ کسی چیز کی تہ میں یا آڑ میں چھپانا، پردے میں کرنا، نظر سے اوجھل کرنا، ڈھکنا، ڈھانکنا۔

ڈھانْچ غنہ، سک چ۔ امذ۔ پنجر، ہاڑ؛ بغیر مَنڈھا ٹھاٹھر، قالب، خاکہ، نقشہ، نیز **ڈھانْچا، ڈھچَر**۔

ڈھانْڈا امغ۔ امذ۔ بوڑھا بیل۔

ڈھانْکنا غنہ۔ ف م۔ رک: ڈھانپنا، پردہ پوشی کرنا، چھپانا، دبانا، نیز **ڈھکْنا**۔

ڈھانْگ امث۔ سیدھی چڑھائی، پہاڑ کی چوٹی، دریا کا کڑاڑا، ڈھلان۔

ڈھائی عدد۔ دو اور آدھا (۲-۱/۲) اڑھائی، مرکب مذ **ڈھائی اَنْچَھر** (فت ا، سک ن، فت چھ) مختصر الفاظ، خلاصۂ کلام۔ (کوسنا)؛ **ڈھائی گھڑی کی آئے!** ہیضے سے مرے۔

ڈھَب فت ڈھ۔ امذ۔ طور، طریقہ، انداز، روش؛ گر، ترکیب؛ موافقت، مناسبت م: اپنے ڈھب کا آدمی نہیں۔ صف **ڈھبیلا** اچھی ساخت یا وضع کا۔

ڈھَب ڈھَب فت ڈھ۔ صف۔ بہت پتلا (شوربا، سالن)۔

ڈھَب ڈھَبانا فت ڈھ، سک ب۔ ف ل۔ تیرنے میں ہاتھ پانو چلانا۔

ڈھِبری کس ڈھ، سک ب۔ امث۔ پیچ کو کسا رکھنے کے لیے چپٹا چوکور یا شش پہلو پرزہ جس کے بیچ کے چھید میں پیچ کی ڈوریاں کسی جاتی ہیں۔

ڈھَبّس فت ڈھ، شد ب۔ صف۔ بد ہیئت، بھدّا، نیز **ڈھَبُوس**۔

ڈھَپالی فت ڈھ۔ امذ۔ ڈوم، ڈفلچی۔

ڈھَپّو فت ڈھ، شد پ، و مع۔ صف۔ بدوضع، ڈھبُوس۔ مث **ڈھَپّو** (ومج)۔

ڈھَٹ فت ڈھ۔ صف۔ موٹا، دبیز، غف، (کپڑا)۔

ڈھِٹائی کس ڈھ۔ امث۔ اڑیل پَن، ضد؛ بے حسی، بے لحاظی، نیز **ڈھیٹ پَن**۔

ڈھِٹ بَنْدی کس ڈھ، فت ب، سک ن۔ رک: **ڈِٹھ بَنْدی**۔

ڈھَٹِینْگڑا فت ڈھ، ی مغ، غنہ، سک گ۔ صف، امذ۔ (بطور پھبتی) سَنڈا، مُسٹنڈا (آدمی)۔

ڈھَچَر فت ڈھ، چ۔ امذ۔ رک: ڈھانچ، کاریگری کا سامان ف مر **ڈھَچَر پھیلانا** کام کا ٹھیا جمانا۔ امث **ڈھَچَری** ترکیب و آلات کار، تکنیک۔

ڈُھڈ ضمہ ڈھ۔ امث۔ رک **ڈُھڈّی**؛ مقعد، دونوں کولھوں کا جوڑ۔

ڈھَڈّا فت ڈھ، شد ڈ۔ پانی جو نشیب میں جمع ہو جائے، جوہڑ۔

ڈھَڈّو فت ڈھ، شدڈ، ومج۔ امث۔ ایک شور مچانے والی چڑیا جو عموماً سات کی ٹکڑیوں میں اڑتی ہے، اس لیے سات بہنوں کی ٹولی کہلاتی ہے۔ (لاط: Malacocerous Malcolmi) عَجُوزہ، پِیرزَن، بدخُو، بُڑھیا۔

ڈُھڈّی ضمہ ڈھ، شد ڈ۔ امث۔ جانوروں کی دُم کی جڑ، ریڑھ کی ہڈی کا نچلا سرا۔

ڈھَرّا فت ڈھ، شد ر۔ امذ۔ شارع عام، پگڈنڈی، پٹا ہوا راستہ یا طریقہ، بندھا ہوا قرینہ۔

ڈھَرکھا فت ڈھ، سک ر۔ امذ۔ کھیت میں جانوروں کو ہنکانے کے لیے بنائی ہوئی شبیہہ، داخُول۔

چشمارُو، بُھج کاگ، بِچکا، سیاوَڑ، نیز ڈھَرکا، ڈھَڑلا، ڈھڑکا۔

ڈِھسَلنا کس ڈھ، فت س، سک ل۔ ف ل۔ پھسلنا، جگہ سے کھسک جانا، ڈھے پڑنا۔

ڈھَک فت ڈھ۔ امث۔ موٹی جُوں۔

ڈھَکنا فت ڈھ، سک ک۔ ف م۔ امذ۔ رک: ڈھانْپنا؛ برتن کو ڈھانپنے کسی ظرف کا منہ بند کرنے یا کُھلی چیز پر رکھی جانے والی اسی کے جوڑ کی شے، چپنی، ٹوپی، پوشش؛ بکس کا کُھلنے والا پَٹ، نیز ڈھکَن۔

ڈھکوَسلا فت ڈھ، و مج، سک س۔ امذ۔ بے اصل، ہوائی بات جو بہکانے، پھسلانے یا دلاسا دینے کے لیے گھڑی جائے، پاکھنڈ؛ انمل بے جوڑ الفاظ جو ہنسنے ہنسانے کے لیے گھڑے جائیں۔

ڈھکوَسنا فت ڈھ، و مج، سک س۔ ف م رک: ڈکوسنا۔

ڈھُکّی ضمہ ڈھ، شد ک۔ امث۔ جانور کا جست لگانے سے پہلے اگلے پنجوں پر جھکنا۔ آدمی کا اسی انداز کی نقل کرنا، پنجوں یا گھٹنوں کے بل جُھکنا۔

ڈھَکّا فت ڈھ، شد ک۔ رک: ڈگّا۔

ڈھَلائی فت ڈھ۔ امث۔ ڈھالنے، گھڑنے کا عمل یا اُجرت، ٹھٹھیرے کا کام۔

ڈھَلان فت ڈھ، امث۔ ڈھال، نشیب، اُترائی، نیز ڈِھلوان۔

ڈھَلت فت ڈھ، ل۔ امث۔ ڈھلی ہوئی چیز کی ساخت۔

ڈِھلَّڑ کس ڈھ، شد فت ل۔ صف۔ ڈھیل دینے، وقت کُھلانے والا، سست، مَٹھا۔

ڈھَلکا فت ڈھ، سک ل۔ امث۔ آنکھوں سے پانی بہنے کا مرض۔

ڈھَلکنا فت ڈھ ل، سک ک۔ ف ل۔ نشیب کی طرف جانا، گرنا، پَھسلنا م: آنکھ سے آنسو، سر سے آنچل ڈھلکنا۔

ڈِھلْمِل کس ڈھ، سک ل، کس م۔ صف۔ ڈگمگ، ناااستوار، مذبذب، مرکّب صف ڈِھلْمِل یَقین مذبذب، کچے عقیدے والا۔ [ا: ڈِھلمل + ع: یقین]۔

ڈھَلْنا فت ڈھ، سک ل۔ ف ل مجہول۔ سانچے نقشے یا مقصد کے مطابق پکڑنا، بننا، ساخت ہونا؛ گھٹنا، زبول کرنا، رُوبہ زوال ہونا م: دُھوپ ڈھلنا۔ م ف (بول چال) ڈھلے، م: دِن ڈھلے۔ ڈھلتی پِھرتی چھاؤں آنی جانی چیز (دولت، اقبال وغیرہ کے لیے کہا جاتا ہے)۔

ڈھُلْنا ضمہ ڈھ، سک ل۔ ف ۔ کسی طرف جھکنا، بہہ کر جانا؛ مائل ہونا؛ ڈھویا جانا۔

ڈِھلْوانْسی کس ڈھ، سک ل۔ امث۔ گوپھن، فلاخُن، جس میں ڈھیلے رکھ کر چھوڑے جاتے تھے نیز ڈِھیلْوانْسی [ڈھیلا +بَنْسی]۔

ڈھَلْیا فت ڈھ، ل، شد ی۔ امذ۔ دھات کی چیزیں ڈھالنے والا کاریگر؛ ٹھٹھیرا۔

ڈھَلیت فت ڈھ، ے لین۔ امذ۔ ڈھال تلوار سے مسلّح چوکیدار۔

ڈھَمک فت ڈھ م۔ امذ۔ کوئی انجانا، فلاں شخص یا شے، مرکّب آمک ڈھَمک / آمکا ڈھَمکا (سک م) ایرا غیرا۔

ڈھَمَکّا فت ڈھ، م، شد ک۔ امذ۔ ڈھول پیٹنے کی آواز۔

ڈھَنْڈار فت ڈھ، سک ن۔ صف۔ خالی، سُونا، لمبا چوڑا مکان۔

ڈھَنْڈورا فت مغ ڈھ، و مج۔ امذ۔ ڈنکے یا تاشے کی چوٹ کے ساتھ اعلان، منادی، تشہیر۔ محاورہ ڈھَنْڈورا پیٹنا ناحق چرچا کرنا۔ امذ ڈھَنْڈورچی مُنادی، گھوم پھر کر اعلان کرنے والا۔

ڈھُنْڈیا ضمہ ڈھ، سک ن ڈ۔ امث۔ کھوئے ہوئے کی

ہر طرف تلاش، جستجو۔

ڈھنگ فت ڈھ، غنہ۔ امذ۔ وضع، قرینہ، طور، چلن؛ سیدھا طریقہ، صحیح طور، اچھا انداز۔ م فہ۔ **ڈھنگ سے**، اچھی طرح، بخوبی۔

ڈھوّا فت ڈھ، شد و۔ امذ۔ رنڈی کا بھڑوا، قرمساق۔

ڈھوبرا و مجؔ، سک بہ امذ۔ مٹی کا پرانا برتن (مجازاً) کچّا خستہ مکان۔

ڈھوڈا و مج۔ امذ۔ خالی ڈھانچ، بودا ٹھاٹھر؛ محرّم کا تعزیہ؛ نیز **ڈھوڑا** صف دکھاوے کا نمائشی؛ بودا، خستہ م: گاڑی ڈھوڈا ہو گئی۔

ڈھور ومج۔ ا جنس۔ مویشی۔ مرکب عطفی **ڈھور ڈانگر**۔

ڈھورا ومج۔ امذ۔ چنے کے دانوں میں لگنے والا کیڑا، چنے کا گھن۔

ڈھوڑا ومج، رک: **ڈھوڈا**۔

ڈھوک و مج۔ امذ۔ انگھڑ پتھر، روڑی۔

ڈھوکنا ومج، سک ک۔ ف ل۔ پنجوں کے بل بیٹھنا یا چلنا، نیز **ڈھکّی لینا**۔ رک: **ڈھکّی**۔

ڈھول ومج۔ امذ۔ لکڑی کے گول ابھرواں خول کے دونوں طرف مَنڈھا ہوا ہاتھ سے تھپتھپا کر بجانے کا ساز [س: قب: ف: دُہل] تص: **ڈھولک**۔ **ڈھولکی**۔

ڈھولا و مج۔ امذ۔ ساجن، محبوب۔ تص: **ڈھولنا**۔

ڈھولنا و مج، سک ل۔ امذ۔ محبوب، پیتم، پیارا، ڈھولا۔ (۲) ڈھولکی کی شکل کا زیور جس میں اکثر تعویذ ہوتا ہے۔

ڈھولو و مج، و مع۔ امذ۔ بھاری چیز کو لڑھکانے کے لیے اس کے نیچے ڈالا جانے والا بیلن، برنگے کا بیلن (رک : برنگا)۔

ڈھولی و مج۔ امثہ پانوں کی گڈی جس میں دو سو تک پان کے پتے بندھے ہوتے ہیں، پانوں کا مٹھا یا تھئی۔

ڈھونا و مج۔ ف م۔ بوجھ سر پر اٹھانا، لادنا؛ سامان اِدھر سے اُدھر پہنچانا۔

ڈھونچا و لین مغ۔ امذ۔ ساڑھے چار کا عدد یا پہاڑا (م : ایک ڈھونچا ڈھونچا، دو ڈھونچے نَو)۔

ڈھونڈا ومج مغ۔ امذ۔ ڈوڈا، کویا، بیج دان۔ نیز مث **ڈھونڈی**۔

ڈھونڈ و مج مغ ڈھ۔ امث۔ تلاش، کھوج، تص **ڈھنڈیا** ف م **ڈھونڈنا**۔

ڈھونگ و مج، غنہ۔ امذ۔ دکھاوے کی کارروائی، تماشا جو جُل دینے کے لیے رچایا جائے، ڈھکوسلا، پاکھنڈ۔ ف مر **ڈھونگ رچانا** نیز **ڈھونگ** (ولین غنہ)۔

ڈھُو فت ڈھ، و مج۔ امذ۔ (بروزن ڈنڈ/ فعل) امذ۔ بڑے تن و توش کا آدمی۔

ڈھئی فت ڈھ (بروزن ڈھنگ/ فعل) امث۔جان کر ڈھے جانے، ڈھیر ہو جانے، رہ پڑنے، دھرنا دینے کی حرکت۔ محاورہ **ڈھئی دینا** کسی کے سر بوجھ بن کر، دھرنا دے کر بیٹھ جانا۔ نیز تص: **ڈھیا**۔

ڈھی امث۔ کھنڈر، مٹی یا پتھروں کا تودہ، دریا کا کچّا پشتہ، مٹی سے اٹھائی ہوئی باڑھ، مینڈھ۔

ڈھیٹ ی مج۔ صف۔ ہٹیلا، ضدی؛ اَڑیل؛ بے حس، بے لحاظ۔ ا کیف مث **ڈھٹائی** (رک)۔

ڈھیر ے مج۔ امذ۔ انبار، تودہ۔ (مجازاً) قبر؛ صف **ڈھیر سا/ سارا** بہت سا، کثیر، وافر۔ ف ل **ڈھیر ہونا** ڈھے پڑنا، تھک کے لیٹ جانا؛ مرجانا۔

ڈھیرا ے مج۔ امذ۔ سُوت لپیٹنے،انٹی بنانے کا صلیبی شکل کا لکڑی کا آلہ؛ جمع یا صلیب کا نشان (+)، کیل کانٹا (×) صفہ بھینگا۔

ڈھیری ے مج۔ امثہ چھوٹا ڈھیر، انبار، تودہ؛ زرعی زمین میں ساجھا؛ زمین کا چھوٹا ٹکڑا، زمین کی پٹی کا تقسیم شدہ حصّہ، نیز حصّہ دار۔

ڈِھیک ی مع۔ امذ۔ کلنگ نیز لَم ڈِھیک۔

ڈِھیل ی مع۔ امث۔ جھول، لٹک؛ کھنچاؤ، کساؤ، تناؤ کی ضد؛ سُستی، دیردار، تاخیر، مہلت، رعایت۔

ڈِھیلا ی مع۔ صف۔ بن کسا، جھول دار، ضرورت سے زیادہ بڑا (م: جوتا، کپڑا، لباس) خلخل، تنگ، چُست کی ضد؛ کُشادہ، فراخ؛ سُست، مَنْھا؛ جنسی طور پر کمزور۔ ا کیف مث ڈِھیلا پَن بودا پَن، جھول۔ مث ڈِھیلی۔

ڈِھیلا ے مج۔ امذ۔ مٹی کا ڈلا، کلوخ؛ آنکھ کی پُتلی۔ ف مر ڈھیلا لینا مٹی سے استنجا کرنا۔

ڈھیم ے مج۔ امذ۔ مٹی کا ڈھیر، تودہ یا بڑا ڈلا نیز ڈِھیما (چلمن بافی) چلمن بننے کی ڈوری کا گولا جو پتھر پر لپیٹ لیا جاتا ہے تاکہ لٹکا رہے۔

ڈِھینا ے لین۔ ف ل۔ رک: ڈھانا جس کا یہ لازم ہے؛ تھک ہار کر لیٹ جانا۔

ڈھینڈا ے مج مغ۔ امذ۔ بڑھا ہوا پیٹ، حمل۔

ڈھینڈس ے مج مغ، فت ڈ۔ امذ۔ گول کدو، گول گھیا۔

ڈھینکا ے مج مغ۔ امذ۔ کولھو کی لاٹھ۔

ڈھینکلی ے مج، غنہ، سک ک۔ امث۔ جرّ ثقیل کے اصول پر بانس کے ایک سرے پر بندھے ہوئے ڈول سے پانی کھینچنے کی کل۔

ڈھینکی ے مج مغ۔ امث۔ اینٹیں بنانے کا سانچہ۔

ڈھینگا ی مع مغ۔ امذ۔ ڈنڈا، لاٹھی؛ سونٹا ڈھینگا باجنا/ بَجنا لاٹھی چلنا، فساد ہونا۔

ڈھینگرا ی مع، غنہ، سک گ۔ صف۔ ہٹا کٹا، سَنڈ مُسَنڈ۔

ذ

ذ ذال، ذالِ معجمہ۔ امث۔ اردو ترتیب تہجّی کا بائیسواں حرف، سِنّی مصمتہ جو زبان کی نوک اور اگلے دانتوں کی باڑھ کے اتّصال سے ادا ہوتا ہے، لیکن اردو میں ز کا مماثل۔ یہ حرف فارسی الفاظ میں بھی پایا جاتا ہے اور کسی قدیم فارسی مصمتے کا قائم مقام ہے م: آذر = آگ۔ بعض الفاظ میں د سے متبدل م: استاد، استاذ ج: اساتذہ (بقاعدۂ عربی) جُمل میں اس کے عدد ۷۰۰ شمار ہوتے ہیں۔ حروف شمسی میں شامل۔

ذابِح فت مج بہ امذ، صف۔ ذبح کرنے والا۔

ذات (۱) امث۔ اصلیت؛ نوع، نسل؛ قوم، گوت، جاتی؛ نسب؛ جوہر، وجود، شخصیت (بمعنی قوم، گوت ؑ جاتی کی بَدلی ہوئی شکل)۔ مر عطفی ذات پات نسلی شناخت، خاندان، قبیلہ۔ ذاتِ شَرِیف (محاورۃً) نہایت چالاک، شریر۔ صف ذاتی نجی، شخصی، خِلقی، صِفاتی کی ضد۔

ذات (۲) حرف نسبت، عربی ذُو سے مشتق مراد: والا یا نسبت رکھنے والا، مالک، صاحب م: ذات اَلْجَنْب پہلو یا پسلی کا، مراد پسلی کا درد، ذات اَلرِّئَہ (شد سک ر، فت ء) نمونیہ، ذات اَلصَّدْر (: غم : ل) سینے کا، مراد سینے کا درد یا راز۔ ج: ذَوات۔

ذاکِر کس ک۔ صف، امذ۔ ذکر کرنے والا، بیان کرنے والا؛ خدا کا نام جپنے والا، شاغل؛ مجلس عزا میں شہداء کربلا کے مصائب پر خطاب کرنے والا۔

ذائِق کس ء۔ صف۔ چکھنے والا، چکھنے کی مہارت رکھنے، چیز کی خصوصیات بتانے والا ماہر۔ مث ذائِقَہ (کسمج ج) چکھنے والی م: کُلُّ نَفْسٍ ذائِقَۃ

اَلْمَوت۔ہر جان موت کا مزا چکھنے والی ہے۔ بطور امذ۔ مزا جو زبان محسوس کرے؛ چکھنے کی حس؛ لذت، سُواد؛ نیز مجازاً : کسی کلام یا بات کا خوشگوار یا ناگوار تأثر۔

ذَبْح فت ذ، سک ب۔ امذ۔ گلے پر چھری پھیرنا، جانور کو حلال کرنا، قربانی۔ نیز **ذِبْح** (کس ذ) ذبح کیا جانے والا (جانور) : مترادف: **ذَبِیح، ذَبِیحَہ** (زَ بی ح)۔

ذَخِیرَہ فت ذ، ی مع۔ فت ر۔ امذ۔ جمع کی ہوئی اشیاء، اکٹھا کیا ہوا مال، مسالہ وغیرہ؛ خزانہ؛ کَھتّہ، اَنبار؛ پانی کی ٹنکی یا تالاب۔

ذرا فت ذ۔ صف، م ف، حرف التجا۔ تھوڑا، تھوڑا سا، کچھ، قدرے قلیل؛ یونہی، ویسے ہی، تھوڑی دیر کو؛ م ف: مہربانی سے، کرم فرما کر، زحمت کر کے، (توجہ چاہنے کے لیے) م: ذرا دیکھیے، ذرا سُنیے تو۔م ف۔ **ذرا ذَرا** کچھ کچھ، تھوڑا تھوڑا؛ تفصیل سے، تمام تر، صف۔ **ذَرا ظَہُور** بہت کم، معمولی (سا) [ع: ذرہ] قدیم **ذَرِی**۔

ذَرَّہ فت ذ، شد فت ر۔ امذ۔ ریزہ، بھورا، دانہ، جزو اقل۔ ج: **ذَرّات** مرکب **ذَرّۂ بے مقدار** (مجازاً) جس کی کوئی حیثیت نہ ہو۔ **ذَرّہ نَوازی** قدر دانی۔ [اصلاً : نیز چینوٹی]۔

ذُرِّیَت ضمہ ذ، شد کس ر، شد فت ی۔ امث۔ اولاد، افراد خانہ [ع: نیز اسلاف] ج: **ذُرِّیّات** (نیز عام: بلا شد ی)۔

ذَرِیعَہ فت ذ، ی مع، فت ع۔ امذ۔ وسیلہ، واسطہ؛ پہنچ، رسائی؛ راہ، طریق ج: **ذَرائِع** (کس مج ء)۔

ذَقَن فت ذ ق۔ امث۔ ٹھوڑی، زَنَخداں۔

ذَکا فت ذ۔ امث۔ ذہانت، فرزانگی، نیز **ذَکاوَت** صف **ذَکی**۔

ذَکَر فت ذ ک۔ امذ۔ مردانہ آلۂ تناسل [ع: مرد، نَر] ج: **ذُکُور** مرد لوگ۔

ذِکْر کس ذ، سک ک۔ امذ۔ یاد کرنا، خدا کی حمد تسبیح کرنا؛ بیان، روایت، حکایت۔ روداد، بات چیت؛ نیز تذکرہ۔ مر صف **ذِکرِ جَمِیل** کسی کی بھلائی یا خوبی کا بیان، کسی پسندیدہ شخص کی یاد، نیز **ذِکرِ خَیر**۔

ذَلالَت فت ذ ل۔ امث۔ حقیر، ذلیل ہونا، کمینہ پن۔

ذِلَّت کس ذ، شد فت ل۔ امث۔ رُسوائی، گھٹیا پن۔

ذَلْقی فت ذ، سک ل۔ صف۔ وہ حروف جو زبان کی نوک سے ادا ہوتے ہیں۔ م: ر ، ن [ع: ذَلق، نوکِ زبان، نوک]۔

ذَمّ فت ذ۔ امذ۔ عیب، برائی، سُقْم، نَقص، طعن و اعتراض کی بات۔ تراکیب میں مشدّد م: **ذَمّ صَرِیح، ذَمّ قَبِیح** ج **ذَمائِم** (کس ء) عُیُوب۔ مر اضافی **ذَمّ کا پہلو** کلام میں ایسی بات یا الفاظ جن کے رکیک معنی لیے جا سکیں۔

ذِمَّہ کس ذ، شد فت م۔ امذ۔ فرض جو عائد ہو یا قبول کر لیا جائے؛ واجب کام؛ ٹھیکہ، ضمانت۔ صف۔ **ذِمّہ/ ذِمّے دار/ وار/ وَر**۔ ضامن، جوابدہ؛ قابلِ اعتبار۔

ذِمّی کس ذ، شد م۔ امذ۔ اسلامی عملداری میں بسنے والا غیر مسلم جس کی حفاظت کا ذمہ لیا گیا ہو۔ ج: **اَہْلُ الذِّمَہ** (فت مج ا، ال غم، شد کس ذ، فت م)۔

ذَنْب فت ذ، سک ن مثل م۔ امذ۔ گناہ، قصور، خطا۔ ج **ذُنُوب** (ضمہ م)صف **مُذْنِب** خطا کار گناہگار۔

ذَنَب فت ذ ن۔ امذ۔ دُم، پونچھ، دُم چھلّا، دُنبالہ۔ **ذاتُ الذَّنَب** (ال غم، شد فت ذ، فت ن) دم دار (تارا)۔

ذُو حرف صفت و نسبت۔ مرکبات میں مستعمل بمعنی والا، صاحب، مالک م: **ذُو مَعنی** پُر معنی،

بامعنی، **ذُو مَعنَیَین** (مع ن یین، بروزن مشرقَین) جس کے دو معنی نکلتے ہوں (لفظ یا کلام) نیز رک: ذی۔

ذَوات فت ذ۔ رک: **ذات** (۲) جس کی یہ جمع ہے۔ م: **ذَواتُ الْاَمْر** (تل امر) حکّام۔ **ذَواتُ الْیَد** املاک، مال و متاع۔

ذُواَضعافِ اَقَلّ ومع، فت ا، سک ض، کسمح ف، فت ا ق۔ امذ۔ (ریاضی) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جو اپنے سے چھوٹے دو یا زیادہ عددوں پر پورا تقسیم ہو جائے، م: ۲، ۴، ۵، ۱۰ کا ذواضعاف اقل ۲۰۔

ذُوالْاَرْحام ضمہ ذ، و اغم، سک ل، فت ا، سک ر۔ امذ۔ خویش، رشتہ دار، خصوصاً ماں کی طرف سے؛ میت کے ان رشتہ داروں میں سے کوئی جنھیں شریعت کی رُو سے اس کا ترکہ نہیں پہنچتا۔ ج: **ذَوِی الْاَرْحام** (ذوِل اَرْحام)۔

ذُوالْجَلال ضمہ ذ، و ا غم، سک ل، فت ج۔ صفہ۔ صاحب جلالت؛ عظمت، بزرگی والا مراد اللہ تعالیٰ۔

ذُوالْجَناح ضمہ ذ، و ا غم، سک ل، فت ج۔ صف۔ علَم، دو شہپر رکھنے والا، حضرت امام حسینؑ کے گھوڑے کا لقب۔

ذُوالْفَقار ضمہ ذ، ہ اغمم سک ل، فت فہ صف، علَم۔ ریڑھ کی ہڈی کی شکل کی ایک تلوار جو حسب راویت رسول اللہؐ کو مال غنیمت میں ملی تھی اور انہوں نے حضرت علیؓ کو بخش دی تھی۔ [ع: فَقار، ریڑھ کی ہڈی]۔

ذُوالْقَرْنَین ضمہ ذ، و اغم، سک ل، فت ق، سک ر، ے لین۔ صف۔ دو سینگوں والا۔ سکندر اعظم کا لقب۔

ذُوالْمِنَن ضمہ ذ، و ا غم، سک ل، کس م، فت ن۔ صف۔ احسانات کرنے والا (ع: مِنّہ ج: مِنَن)۔

ذُوالنُّورَین ضمہ ذ، و ا ل غم، شد ن، و مع، ے لین۔ صفہ دو چراغ رکھنے والا، خلیفۂ سوم حضرت عثمانؓ کا لقب جن کے نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلیم کی دو بیٹیاں آئیں۔

ذُوالنُّون ضمہ ذ، و ا ل غم، شد ن، و مع۔ صف۔ مچھلی سے نسبت رکھنے والا، حضرت یونسؑ کا لقب جو مچھلی کے پیٹ میں رہے۔ [ع: نون، مچھلی]۔

ذُوجَسَدَین و مع، فت ج س، ے لین۔ صف۔ دو جسموں والا، مراد ستارہ عطارد جس کا برج نجوم کی رو سے جَوزا ہے جو دو خانوں پر مشتمل ہے اور دو پَیکر بھی کہلاتا ہے۔

ذَوق ف لین۔ امذ۔ مزا، ذائقہ؛ لطف، حَظ؛ رغبت، دلچسپی؛ فنون لطیفہ سے رغبت یا لطف اندوزی کی صلاحیت۔ مر وصفی **ذَوقِ سَلِیم** ستھرا پختہ ادبی مذاق۔

ذَوِی فت ذ۔ **ذُو** (رک) کی جمع مراد: والے، صاحبان، اہل م: **ذَوِی الْقُربیٰ** (ذوِل قُربا) عزیز و اقارب؛ **ذَوِی الْفَرائِض** متوفی کے رشتہ دار جن کے حصے شرع اسلامی میں مقرر ہیں۔ ذوِی الارحام کی ضد۔

ذَہانَت فت ذ، فت ن۔ امثہ روشن دماغی، ذکاوت؛ (عام ذِہانَت)۔

ذَہَب فت ذ ہ۔ امذ۔ سونا، طلا، صف **مُذَہَّب** سونے سے سجایا ہوا، سنہری کام کا۔

ذِہْن کسمح ذ، سک ہ۔ امذ۔ دماغی قوت و صلاحیت؛ حافظہ، یادداشت م: ذہن سے اترنا، بھول جانا۔ صف **ذَہِین** اعلیٰ دماغی اوصاف و لیاقت والا۔

ذِہْنِیَّت کسمح ذ، سک ہ، کس ن، شد فت ی۔ امثہ خصلت، فطری رجحان، میلان طبع۔

ذُہُول ضم مح ذ، و مع۔ امذ۔ ذہنی انتشار، ذہنی قوتوں کا زوال، حافظے کی خرابی۔

ذی حرف نسبت **ذُو** (رک) کی مَجرُور حالت، اردو میں بلا امتیاز مستعمل م: **ذی حِس** حسّاس شدت

سے محسوس کرنے والا **ذی رُوح** جاندار، **ذی شعُور** (ضمہ ش و مع) سمجھدار (عربی میں حسب موقع ذو، ذا، ذی اور مونث کے لیے ذات، ج ذوات ہوگا)۔

ذیابِیطَس کس ذ، ی مع، فت ط۔ امذ۔ خون میں شکر کی زیادتی کا مرض۔ پیشاب میں شکر آنا۔

ذی الحِج کس ذ، ی ا غم، سک ل، کس ح۔ امذ۔ اسلامی جنتری کا آخری مہینہ جس میں حج ہوتا ہے، نیز **ذِی الحجّہ** (ذِل حج جّ) **ذُوالحِجّہ** (ذُل حَج جّ)۔

ذی قَعد فت ق، سک ع۔ امذ۔ اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ، شعبان کے بعد اور ذی الحجہ سے پہلے۔

ذَیل ے لین۔ امذ۔ حاشیہ، دامن؛ گردوپیش کا علاقہ، صدر دفتر کا تابع عملہ، شعبہ وغیرہ۔ صف **ذَیلی**، اصل کا تابع، تحتی، ضمنی۔

ر

ر رے، را، راے مہملہ۔ امثہ اردو ترتیب تہجّی کا تیئیسواں حرف، زبان کی نوک اور تالو سے ادا ہونے والا حَنکی ذُلقی) مصمتہ یا حرف صحیح؛ شمسی حروف میں شامل؛ قریب المخرج ہونے کے باعث بعض اوقات ل یا ڑ سے متبدل ہوا ہے۔ م: چیلا، چیرا [س: چیڈک] نیر، نیل؛ بوچھار، بوچھاڑ [س: واتْ کْشَرَا]؛ پتّر پَتّل؛ بُورا، بولا، ساتولا، سانورا۔ جُمل میں ۲۰۰ عدد کا حامل۔

را (۱) حرف ربط۔ کو، کی طرف، کے لیے۔ اردو میں مستعمل بعض فارسی امثال و تراکیب میں موجود م: خدارا = خدا کے لیے، تراچہ = تجھے کیا، دل را بدل رہیست = دل کو دل سے راہ ہوتی ہے، آئندہ را احتیاط۔

را (۲) لاحقۂ تصغیر۔ بعض ہندی اصل کے الفاظ میں ڑا کا بدل م: چیارا، جیوڑا (جیا، جی کی تصغیر)۔

راب امث۔ گنّے کی رس کا شیرہ جس سے گڑ بنتا ہے، کوئی گاڑھا شیرہ۔ تص **رابڑی** رک: **رَبڑی**۔

رابِطَہ کسمج ب، فت ط۔ امذ۔ سلسلہ، تعلق، لگاؤ، واسطہ؛ ملّت، جمعیت م: **رابطۂ عالَمِ اسْلامی** (قب انگ: Association)۔ ج **رَوابِط** تعلقات، میل جول۔

رابِعْ کسمج بہ صف۔ چوتھا (ع: رُبْع = چار) م ف: **رابِعاً** چوتھے، چوتھی بار۔ مث **رابِعَہ** چوتھی؛ پُربہار، بہاریں۔ [ع: ربیع = بہار] نیز **رَبِیعَہ**۔

رات امث۔ دن چھپنے سے صبح تک کا وقت، مترادف: شب، لیل، رَین۔ محاورہ **رات بھیگْنا** رات کے دو پہر گزر جانا؛ **رات ڈھَلْنا** رات کا پچھلا پہر آ جانا م فہ **رات کی رات** ایک رات بھر کو۔ امث **رات کی رانی** ایک پودا جس کے

سفید گُچھے دار پھول رات کو مہکتے ہیں۔ م ف
راتوں رات رات بھر میں، ایک رات کے اندر۔
راتِب کس تـ امذ۔ بندھی ہوئی تنخواہ، ماہانہ یا وظیفہ یا خوراک؛ پالتو جانور کا مقرّرہ کھانا۔ عام **راتَب** (فت ب)۔
راتْنا سک تـ ف م۔ رَنگنا، رنگ کی آمیزش کرنا؛ لال کرنا۔
راج (۱) امذ۔ راجہ؛ حکومت، دور دورہ؛ عملداری، راجدھانی۔ بطور سابقہ؛ بڑا، عظیم، م؛ **راج پَت** بڑی سڑک، شاہراہ۔ **راج پَھل** پَرمَل؛ **راج پھوڑا** داد، **راج روگ** بڑی یا بھیانک بیماری، مراد کوڑھ یا دق؛ **راج ہَٹ** شاہانہ خودرائی، ضد، ہَٹ؛ **راج ہَنْس** رک ہنس؛ **راجْ مزدُور** معمار، مزدوروں کا سر دھرا۔ نیز مرعطفی؛ معمار اور مزدور۔
راج (۲) امذ۔ معمار، چُنائی کرنے والا کاریگر۔
راجا امذ۔ حکمراں، بادشاہ، امیر، نواب۔ مترادف **راتْھ، راجْ، راجَہ، راے** ج۔ راجوں، راجاؤں، **راجایان**، م؛ **راجائے راجایان** بڑا راجہ، سَمْراٹھ۔
راجْپُوت سک ج، و مع۔ اسم جنس، امذ۔ چھتری، خاندانوں پر مشتمل ایک قوم جو غالباً قدیم فاتحین کی اولاد ہیں اور اپنا سلسلہ روایتہً چاند سورج سے ملاتے ہیں۔ (لفظاً) راجاؤں کی اولاد۔
راجِح کسمج ج۔ صف۔ جسے ترجیح ہو، بہتر، فائق۔
راج دُلارا ضمہ د۔ صف۔ راجا یا راجدھانی کے لوگوں کی آنکھ کا تارا، پیارا، محبوب، ناز پروردہ، نیز (بطور حُسنِ تعبیر) پیارا، نازوں کا پالا بیٹا، مث **راج دُلاری**۔
راج دَھانی سک ج۔ امث۔ عملداری، پایۂ تخت، دارالحکومت۔

راجِع کسمج ج۔ صف۔ رجوع کرنے، لوٹنے، واپس آنے والا، ربْط، واسطہ،مَیلان رکھنے والا۔م؛ اخضر راجع بہ کَبُود = نیلاہَٹ لیے ہوئے سبز؛ تُو ہی تُو،ضمیر "تُو" راجع بخدائے تعالیٰ۔
راج نِیتی سک ج، ی مع۔ امث۔ سیاست، حکومت، حکمت عملی، نظم و نَسَق۔
راجِیو ی مع، و ملفوظ۔ امذ۔ کنْول، پدم۔
راجْیَہ سک ج، فت ی۔ امذ۔ راجہ کا منصب، عملداری، سلطنت یا اس کا کوئی حصّہ، صوبہ۔
راچْھ سک چھ۔ امث۔ چکّی کی لاٹ جس پر اُوپر کا پاٹ گھومتا ہے؛ جولاہوں کا دندانے دار تنکوں کا بنا ہوا اوزار، کَنگا۔نیز **راچھا**۔
راچَھس فت چھ، رک؛ **راکَشَس**۔
راحَت فت ح۔ امث۔ آرام، سکون، چین، لطف، سکھ۔ صف **راحَت رَساں** آرام پہنچانے والا، تسکین بخش۔
راحِلَہ کسمج ح، فت ل۔ امذ۔ قافلہ، کارواں؛ لدّو یا سواری کا اونٹ۔
رادْھا امث۔ علَم۔ بیساکھ کی چاند رات؛ محبت، پریت؛ برنْدا بن کی حسینہ جو شری کرشن کی محبوبہ تھی، نیز **رادْھِکا**۔
راڑ امث۔ جھگڑا، تکرار۔
راز امذ۔ پوشیدہ امر، خفیہ بات، نامعلوم حقیقت یا نکتہ، رمز، سِر، بھید۔ مرعطفی **راز و نِیاز** پیار محبت یا آپس کی باتیں، خفیہ گفتگو۔
رازِق کس ز۔ صف۔ پالنے، رزق دینے والا، پالنہار۔ تفضیل **رَزّاق** اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
رازی صف۔ رمزی، راز سے منسوب؛ شہر رے کا باشندہ۔م؛ مولانا فخرالدین رازی۔
راس (۱) امذ۔ سردار، سربراہ، سردھرا؛ چوٹی، قُلّہ؛ نقطۂ کمال؛ نوک، زاویے کی نوک؛ سر، مُنڈیا، ا مث

(۱) (مویشیوں کی گنتی کے لیے) ایک جانور،م: دو راسیں آئیں = دو مویشی آئے (۲) خاکنائے مر امذ۔ راسُ اْلمال اصل زر جس پر سود چڑھے۔

راس (۲) امث (نجوم) آسمان کے ۱۲ روایتی برجوں میں سے کوئی۔ امذ۔ راس چکر بارہ آسمانی برجوں کا حلقہ [س: راشِ]۔ امث۔ گھوڑے کی لگام۔

راس (۳) امذ۔ ناچ رنگ، شوروغل، ہنگامہ، جنگ، کارزار: نیز راسا جنگ، جنگ نامہ، رزمیہ نظم۔ امث۔ راس لیلا شری کرشن اور گوپیوں کے رقص کا ناٹک یا نقل۔

راس آنا سک س، ف ل۔ موافق، سازگار ہونا [غالباً ف: راست کی تخفیف]۔

راست سک س۔ صف۔ سیدھا، دایاں؛ بلاواسطہ؛ درست، ٹھیک؛ سچ۔ راست باز صادق، حق گو، دیانتدار۔ راست رو سیدھا راستہ اختیار کرنے والا، نیک چلن۔ مث راستی صداقت، سچائی۔

راستہ سک س، فت ت۔ امذ۔ سڑک، راہ، طریق، گزر، گزرگاہ۔ (مجازاً) ذریعہ، طریقہ، طریق عمل، نکاسی کی نالی، مُنہ، دَر، محاورہ راستہ کاٹنا چلتے ہوئے آدمی کے سامنے سے راستے لانگنا۔ نیز عام رَستہ۔

راسخ کس س۔ صف۔ پکّا، مضبوط (عقیدہ، وعدہ وغیرہ) مرکب راسخ الاعتقاد/ عقیدہ جو اپنے ایمان، عقیدے، مسلک پر مضبوطی سے قائم ہو۔

راسنا سک س۔ امث۔ ایک پودے کی تلخ؛ خوشبودار جڑ، سوسن جَبَلی، نیز راسَن، راے سَن (لاط: Ophioxylon Serpentaria)۔

راسُو و مع۔ امذ۔ نیولا، عرِسہ (لاط: Vivera Mungo)۔

راسی صف۔ درمیانے درجے کا، اوسط، معمولی (عموماً گھوڑے کے لیے)۔

راش امذ۔ بن گاہے غلّے کا ڈھیر، خرمن۔ [ف: قب س: راش]۔

راشٹر سک س ٹ۔ امذ۔ دیس، ملک، عملداری، سلطنت۔ راشٹر پتی صدر مملکت صف۔ راشٹریہ ملکی، سارے ملک سے تعلق رکھنے والا۔

راشٹرکا سک ش ٹ، کس ر۔ امث۔ ایک خادار جنگلی جھاڑی (لاط: Solanum Jacquini)۔

راشد کس ش۔ صف۔ نیک، ہدایت یافتہ، راہِ راست پر چلنے والا؛ بزرگ، قابل احترام۔

راشی صف۔ جو رشوت کھلائے؛ (عرف عام میں) جو رشوت کھائے، مرتشی۔

راضی صف۔ خوش، مطمئن، شاکر، قانع؛ مرکب راضی بَرَضا مرضی کا تابع، حکم کا بندہ، ہر حال میں خوش۔ امذ۔ راضی نامَہ کسی قضیے کے فریقین کے درمیان صلح یا مفاہمت کی دستاویز۔

راعی امذ۔ گڈریا، چرواہا؛ (مجازاً) راہبر، نگہبان۔ [ع: راعِ] ج رُعاة، رَعْیان۔

راغ امذ۔ پہاڑ کی تلہٹی، سبزہ زار، فرحت افزا مقام۔

راغب کس غ۔ صف۔ مَیل، رغبت رکھنے والا، مائل مانوس۔

رافَت فت ف۔ امث۔ نرمی، مہربانی، رحمدلی [اصلاً ع: رَ ءْ فَت :فت ر، سک ء] نیز رَآ فَت (فت ر، امُد،فت ف) صف رَؤُف۔

رافِضی کسمج ف۔ صف، امذ۔ ساتھ چھوڑ کر بھاگ جانے والا، دغا باز، عہد شکن۔ (اِصطلاح تاریخ) کُوفے کے اس گروہ کا لقب جس نے حضرت امام حسینؑ کے پوتے زید بن علی سے رُوگردانی کی۔ ج: رَوافِض۔

رافِع کسمج ف۔ صف۔ بلند کرنے، رفعت دینے، علَم کرنے، اونچا اٹھانے والا؛ آلۂ جرّثقیل۔

راق امذ۔ جادو گر، عامِل، ٹونے ٹوٹکے کرنے والا ج

رُقاۃ۔ نیز ترقی افزائش قب رَقِی۔
راقِب کس ق۔ صف۔ راہ دیکھنے،انتظار کرنے والا، منتظِر، متوقِع، نگہبان، (قب: رقیب)۔
راقِم کس ق۔ صف، امذ۔ لکھنے، رقم کرنے والا، کاتب۔ مرکب **راقِم اُلحُرُوف** جس نے تحریر کیا۔
راکِب کس ک۔ صف، امذ۔ سواری کرنے والا، سوار (گاڑی گھوڑے وغیرہ کا)۔
راکَڑ فت ک۔ امث۔ بنجر، ریتیلی، کنکریلی زمین۔
راکْشَش سک ک، فت ش۔ امذ۔ (ہندو صنمیات) دیوتاؤں کا مخالف آسمانی دیو، شیطان، ایک بھیانک آسمانی مخلوق۔ (مجازاً) ظالم، خونخوار، وحشی، بدروح۔ مث **راکْشَسی** امذ۔ **راکْشَسی ویلا** رات کا وقت؛ تیرہ روزی، بدبختی۔ نیز **راچَھس** **راکَھس**۔
راکِع کسمح ک۔ صف، امذ۔ رکوع کرنے، جھکنے والا۔
راکھ امث۔ خاکِستر، بَھبُوت، رَماد۔
راکَھش فت کھ۔ امذ۔ رک: **راکْشَس**۔ امث **راکَھس پَتّی** جنگلی گھیکوار (لاط: Agave Americana)۔
راکھی امث۔ ساون کی چاند رات کو سَلوَنو کے ہندی تہوار پر بہنوں کے ہاتھوں بھائیوں کی کلائی پر باندھی جانے والی دھاگوں کی لچھی۔ **راکھی بَنْدَھن** بھائیوں کی کلائی پر بہنوں کی طرف سے راکھی باندھنے کی ہندوانی رسم۔
راکیش ے مج۔ امذ۔ پورا چاند؛ شِو دیوتا کا ایک لقب۔
راگ امذ۔ نغمہ، سُروں کا مجموعہ؛ ہندی کلاسکی موسیقی کی بندھی اور مانی ہوئی سروں کی بندشیں یا تراکیب جو چھ جامع ٹھاٹھوں میں منقسم ہیں۔ ان میں سے بعض کو دیوتا مان کر راگ اور بعض کو دیویاں قرار دے کر راگنی کہا جاتا ہے۔ صف **راگی** گویّا، موسیقار [س: نغمہ، جوش، ولولہ، رنگ، لگاؤ، محبت]۔
راگ چُون ومع۔ امذ۔ کھیر کا درخت جس کی چھال سے کتھا بنایا جاتا ہے۔ (لاط: Acacia Catechu)۔
راگْنی سک گ۔ امث رک: **راگ** [اصلاً : راگِنی کس گ]۔
رال (۱) امث۔ سال کے درخت کی ریزش۔
رال (۲) امث۔ تُھوک، لعاب دہن [س: لال] ف مر **رال ٹَپکنا** (محاورۃً) للچانا، نیت خراب ہونا، منہ میں پانی بھر آنا۔
رام (۱) علَم۔ خدا کا ایک ہندی نام۔ ہندوؤں کی مقدس کتاب رامایَن کے ہیرو، اَجودّھیا کے راجہ دسرتھ کے جانشین، جو وِشنو دیوتا کے ساتویں اوتار مانے جاتے ہیں؛ نیز **رام چَنْدْر**۔ امذ **رام چَرِت** رام چندر کے کارنامے۔ امث **رام رام** ہندوؤں کا طریقِ سلام، رام رام کہنا۔ امذ۔ **رام رَس** نمک۔ امث **رام کہانی** رامایَن کا قصہ (محاورۃً) لمبی داستان۔ **رام کیلی** ایک راگنی، عام: رام کَلِی؛ **رام لِیلا** آس کے مہینے کے روشن پندرھواڑے میں منعقد ہونے والا دس روزہ تہوار جس میں ہندو رام چندر جی کے بن باس اور راون سے ان کے جنگ کی یاد مناتے ہیں۔ **رام نَومی** رامچندر جی کا جنم دن (چیت کی نویں)۔ مث **راما** حسِینہ، نیز رام جَنی، خوشرو عورت؛ کسَبی۔
رام (۲) صف۔ مُطیع، تابع، راضی، مطمئن۔ ف مر **رام کرنا** منا لینا، راہ پر لانا۔
رام پَھل فت پھ۔ امذ۔ شریفے سے ملتا جلتا ایک سرخی مائل پھل جس کا چھلکا صاف اور چکنا ہوتا ہے، شکل بَیل کے دل سے ملتی، درخت آم کے برابر (قب انگ: Bullock's Heart، لاط: Annona •

(Reticulata)۔

راماین فت ی۔ رامچندر جی کی کتھا جو سنسکرت میں والمِکی رِشی نے اور ہندی میں تُلسی داس نے لکھی۔

رامِش کس م۔ امث۔آرام، راحت،فرحت، دوستوں کا جلسہ، ہم آہنگی؛ خوش آہنگی۔ **رامش گر** مطرب، نغمہ ساز، گانے والا۔ امث **رامِشگری** گانا، موسیقی کا فن۔

ران امث۔ گھٹنوں اور جانگھ کے درمیان کا حصۂ بدن، زانو؛ ذبیحہ جانور کی ٹانگ۔

راں غنہ لاحقہ صف۔ بمعنی ہنکانے، آگے بڑھانے، قابو میں رکھنے والا۔ لاحقہٗ کیفیت **رانی** م: قُلبہ رانی: ہل چلانا، کھیتی باڑی۔

رانا امذ۔ راجہ، خصوصاً بعض راجپوت راجاؤں کا لقب۔

رانْبھنا غنہ، سک بھ۔ ف ل۔ گائے کا ڈکرانا۔

رانْپی امغ۔ امث۔ موچیوں کا اوزار، ایک چپٹے پھل کا آلہ جس کے سرے پر ترچھی دھار ہوتی ہے جس سے چمڑا چھیلتے ہیں۔

رانْجھرا غنہ، سک جھ۔ امذ۔ مٹی کے کھلونے بنانے والا کاریگر۔

رانْجَھن امغ، فت جھ۔ امذ۔ مٹی کا گھڑا؛ لائق فرد، نیز **رانْجھنا** قابل قدر آدمی، محبوب۔

رانْڈنا غنہ، سک د۔ دور کرنا، دفع کرنا۔ صف **رانْدَہ** نکالا، بدر کیا ہوا، مردود۔

رانْدھنا غنہ، سک دھ۔ ف م کاتنا، چرخہ چلانا، نیز رک: **رینْدھنا**۔

رانْڈ غنہ، سک ڈ۔ امث۔ بیوہ؛ عورت؛ رنڈی۔ امذ۔ **رانْڈ کا سانْڈ** کاہل، بےپروا، نِکھٹّو آدمی۔ **رانْڈا** پیڑ جس پر پھل نہ آئے، بنجر زمین، راکڑ۔

رانْگ غنہ، سک گ۔ امث۔ ٹین، سیسے اور تانبے کا مرکب، قلعی، امذ۔ **رانْگا/ رَنْگ بَھریا** مٹی کے کھلونے بنانے والا، رانْجھرا۔

رانْگڑ امغ، فت گ۔ اسم جنس۔ راجپوتانے اور مالوے کے بعض علاقوں کے راجپوت دیہاتیوں کا نام، جو عام طور پر مسلمان ہیں۔

رانْوا امغ۔ امث۔ افتادہ، ناکارہ زمین، اجاڑ جنگل۔

رانی امث۔ **راجہ** (رک) کی تانیث؛ **رانی کھیت** مرغیوں کی ایک بیماری۔

راؤ ومج۔ امذ۔ سردار، راجہ، خصوصاً مرہٹہ سرداروں کا لقب نیز راؤ (غالباً **راوَت/ راوَل** کی تخفیف)۔

راوَن فت و۔ علم۔ (لفظاً) بنکارنے والا، رامائن کے قصّے میں لنکا کا راجہ جس سے رام چندر جی نے جنگ کی۔

راوَند فت و، سک ن۔ امذ۔ ایک درخت کی جڑ جس کا عُصارہ دواءً استعمال کیا جاتا ہے، نیز **ریوَنْد/ ریوَنْڈ چینی** (قب انگ: Rhubarb)۔

راوی امذ۔ روایت کرنے، بیان کرنے والا، جس کے حوالے سے کوئی بات دوہرائی جائے۔

راہ امث۔ راستہ؛ وسیلہ، ذریعہ، طریقہ، صورت، تدبیر؛ میل جول۔ مخفف **رَہ/ رَہ**۔ صف **راہ پَیما** (ے لین)، **راہ رَو** (ولین) مسافر۔ ا کیف مث۔ **راہ رَوی، رَہ رَوی** امث۔ **راہ داری** سفر کا پروانہ؛ راستے کا محصول (قب، انگ: Toll) مسقّف راستہ۔**راہ وَ رَسْم** میل جول، تعلقات۔ صف **راہ گِرا/ گِیر** (کس گ/ ی مع) **راہ نَوَرْد/ رَہ نَوَرْد** (فت ن و، سک ر) مسافر، راستہ چلنے، طے کرنے والا [ف: نَوَردَن لپیٹنا، طے کرنا] نیز **راہی**۔

راہِب کس ہ۔ امذ۔ تارک الدنیا، سنیاسی، عابد، زاہد خصوصاً عیسائی خانقاہ کا باسی **رُہْبان** (ضمہ مع ر) اکیف مث۔ **رُہْبانِیَت**، نیز **رُہبانِیّت**۔ مث

راہبہ۔

راہْوار سک ہ۔ امذ۔ گھوڑا، نیز رَہوار۔

راہْنا سک ر۔ ف م۔ سل بٹے وغیرہ کو کھُرکُرا کرنے کے لیے ٹکور سے چھیدنا، گودنا، ٹاکنا، کھُٹیانا۔

راہِن کس ہ۔ کسی کی چیز اپنے پاس گروی رکھنے والا (قب: مُرتَہِن)۔

رائِتَہ کسمج ء، فت ت۔ امذ۔ پتلے دہی میں اُبلی ہوئی ترکاری (آلو بَینگن وغیرہ) ڈال کر تیار کیا ہوا کھانا جسے اکثر چاولوں کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں۔

رائِج کس ء۔ صف۔ جس کا رواج یا چلن ہو، رواں، چالو؛ لاگو، نافذ۔

رائِحَہ کسمج ء، فت ح۔ خوشبو، مہک، ج رَوائِح (فت و، کسمج ء) عطریات۔

رائِگاں کسمج ء، غنہ۔ صف۔ بےکار، بے مصرف، ضائع، اکارت، لاحاصل [اصلاً : ف: راہْ گاں = گری پڑی چیز]۔

راوْٹی و مج۔ امثہ۔ چھوٹا خیمہ، چھولداری [اصلاً : راوَٹی]۔

راوْ چاوْ ومج۔ امذ۔ لاڈ پیار، دُلار۔

رائی ی مج۔ امثہ۔ سرسوں سے ملتے ایک پودے کے مہین گول نِسواری رنگ کے بیج جو اندر سے زرد ہوتے ہیں، مسالے کے طور پر مستعمل، خَردَل (لاط: Sinapsis Junesia) صف رائی بَرابَر مراد بہت قلیل، محاورہ رائی کا پَربَت بَنانا بات کا بتنگڑ بنانا۔

رائے (۱) ے مج (بروزن رات) امثہ۔ قیاس، گماں، مشورہ؛ فیصلہ، اظہار خیال؛ انتخاب میں ذاتی ترجیح کے اظہار کا حق۔ رائے دِہی رائے کا اظہار، ووٹ ڈالنا۔ رائے عامّہ (شد فت م) سب لوگوں کا خیال، اجتماعی، فکر، ترجیح یا فیصلہ۔ ج آراء۔

رائے (۲) ے مج (بروزن رات) امذ۔ راجہ، سردار، ہندو معززین کا اعزازی لقب یا خطاب م: رائے صاحب/ رائے بَہادُر برطانوی دور میں خان صاحب/ خان بہادر کے متوازی خطابات۔

رائے بیل ے مج۔ امثہ۔ موتیا کی ایک بڑی قسم اور اس کا پھول جو موگرے سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے۔ (لاط: Jasminum Pubescon)۔

رایَت فت ی۔ امذ۔ جھنڈا، پھریرا۔ ج رایات۔

رَبّ فت ر۔ امذ۔ آقا، مربّی؛ صاحب، مالک، پالنے والا، پروردگار، اللہ کا ایک صفاتی نام مر صف رَبُّ الْعَالَمِین (شد ب) تمام جہانوں کا پالنے والا۔ ج اَرْباب مربّیان، صاحبان، اہل م: اَرباب ذَوق اہل ذوق، خوش مذاق لوگ۔ صف رَبّانی الٰہی، سماوی۔

رُبّ ضمہ ر۔ امذ۔ پھلوں کا رس جو پکا کرگاڑھا کیا گیا ہو، گاڑھے قوام کی جمی ہوئی پیڑی م: رُبُّ السُّوس (رُبْ بُسْ سُوش) ملھٹی کے ست سے تیار کی ہوئی کھانسی کی گولیاں ج رُبُوب (ضمہ ر، و مع)۔

رَبّا فت ر، شد ب۔ امذ۔ بیلوں کا چھکڑا، توپ گاڑی۔

رِبا کس ر۔ امذ۔ سود، قرض دی ہوئی رقم پر منافع، بیاج۔ نیز رِبوٰ (کس ر، وغم)۔

رُبا ضمہ ر۔ لاحقہ صفت۔ چھیننے، اُڑا لے جانے والا م: دل رُبا، ہوش رُبا؛ اٹھانے والا م: کاہْ رُبا/ کَہْرُبا (رک)۔

رَباب فت ر۔ امذ۔ ایک قسم کا تاروں سے کسا ہوا، سارنگی کی طرح سے گز سے بجانے والا ساز (قب انگ: Rebeck؛ از ع: رباب) صف رَبابی/ رَبابِیا رباب بجانے والا سازندہ۔

رِباط کس ر۔ امذ۔ مسافر خانہ، سرائے؛ محتاج خانہ۔

رُباعی ضمہ ر۔ امثہ۔ چار مصرعوں کا قطعہ جو بحر ہزج کے مقررہ اوزان میں سے کسی میں ہو؛ صف

چارحرفی (لفظ)۔

رَبانا فت ر۔ امذ۔ چھوٹا دف؛ ڈفلی۔

رَبَڑ فت ر بہ امذ۔ گاڑھی نباتی ریزش جو جم کر لچکدار ہو جاتی ہے؛ پنسل کے حروف کو مٹانے کے کام آیا تو ربر [انگ: Ruber] کہلایا۔ موٹر گاڑیوں کے ٹائروں وغیرہ اور بےشمار دوسرے کاموں میں بھی مستعمل؛ اب اس کا ایک متبادل کیمیائی ربڑ کہلاتا ہے۔

رَبَّڑ فت ر، شد فت بہ امذ۔ قصائی۔

رَبڑی فت ر، سک بہ امثہ بالائی کی طرح کی ایک تیز مٹھاس کی شیرینی۔

رَبْط فت ر۔ سک بہ امذ۔ واسطہ، تعلق لگاؤ؛ میل موافقت؛ تسلسل۔ مر عطفی **رَبْط ضَبْط** میل جول۔

رُبع ضمہ ر، سک بہ عدد کسری۔ چوتھا حصّہ، چوتھائی (۱/۴) **رُبْعِ مَسْکُون** (کسمج ع، فت م، سک س، و مع) دنیا کا چوتھائی آباد حصّہ، مراد تمام آبادی۔

رُبُوبِیَّت ضمہ ر، و مع، کس ب، فت ی امثہ خداوَندی رب، پالنہار ہونے کا مقام۔

رُبُودَہ ضمہ ب، و مع، فت د۔ صف۔ چھینا ہوا، ہتھیایا ہوا، بے کیف، بے خود۔ اکیف مث **رُبُودَگی** اضمحلال، بے کیفی، بے خودی۔ امث **رُبُودَہ کاری** اُچکّا پن، بلا محصول دیے چوری چھپے مال لے جانا، گھاٹ ماری، قاچاقی۔ عام: **رَبُودَہ**۔

رَبْوَہ فت ر، سک ب، فت و۔ امذ۔ پہاڑی، اونچا ٹیلا۔

رَبِیب فت ر، ی مع۔ امذ۔ بیوی کے پہلے شوہر کی اولاد، گیلڑ؛ ساتھی، ہمکار۔ امث **رَبِیبَہ**۔

رَبِیع فت ر، ی مع۔ امذ۔ بہار کا موسم؛ مارچ اپریل میں کاٹی جانے والی فصل، اساڑھی۔ مر **رَبِیع اْلاَوَّل** اسلامی جنتری کا تیسرا مہینہ۔ بارہ وفات **رَبِیع اْلثّانی** (ال غم) چوتھا اسلامی مہینہ، میراجی، نیز **رَبِیع اْلاُخْریٰ** (رَبی عُلْ اُخْ را)۔

رَپَٹ فت ر پہ امثہ اطلاع، شکایت جو تھانے میں درج کرائی جائے۔ [انگ: رپورٹ کی تارید]۔

رَپَٹْنا فت ر پ، سک ٹ۔ ف ل۔ کسی چکنی سطح پر اچانک پھسلنا۔ اکیف مث **رَپَٹَن** پھسلنی سطح۔

رَپوٗرْتاژ فت ر، ومج، سک ر۔ امذ۔ چشم دید واقعات کا ایسا بیان جو حقیقت کو مسخ کیے بغیر بُرتخیّل ادب کی تعریف میں آسکے [فرانسیسی: Rapportage (خفیہ رپورٹ) کی تارید]۔

رَت فت ر۔ امثہ موج، ترنگ؛ شہوت، صحبت، جنسی ملاپ، ف م **رَتْنا/ رَتْیانا** امذ۔ **رَت بَنْدَھ** جماع کا آسن۔

رُت ضمہ ر۔ امثہ موسم، فصل؛ دَور، زمانہ۔

رَتا فت ر۔ امذ۔ ایک کیڑا جو گیہوں اور جو کے بور میں لگ جاتا ہے۔

رَتالُو فت ر، ومع۔ امذ۔ آلو کی طرح کی ایک جڑ جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہے، سفید گودے والی قسم کو پنڈالو اور سرخی مائل کو رتالو کہتے ہیں۔ (لاط: Discorea Perpulatus)۔ [اصلاً رَکْتالُو، رَکْت = خون + آلو]۔

رتانا کس ر۔ ف م۔ **رِیْتْنا** (رک) کا متعدی۔

رَتانْجَلی فت ر، سک ن، فت ج۔ امثہ چندن، گلال۔

رَتاوا فت ر۔ امذ۔ شب خوں، دشمن پر رات کی تاریکی میں دھاوا، نیز **رَتْواہا**۔

رُتْبَہ ضمہ ر، سک ت، فت بہ امذ۔ درجہ، حیثیت، مقام، منزلت، نیز **مَرْتَبَہ**۔

رَتْ جَگا فت رج۔ امذ۔ رات بھر جاگنا، رات کی جاگ (جو کسی جشن یا عبادت کے لیے ہو)۔

رَتْق فت ر، سک تمہ امذ۔ رفو، پیوندکاری، جوڑنا۔ مرعطفی **رَتْق وَ فَتْق** بست و کشاد، انتظام، بندوبست۔

رَتْن فت ر، سک ت۔ امذ۔ قیمتی پتھر، جوہر، نگینہ، مانک، موتی۔ صف امذ۔ رَتْناکَر جوہری، جوہر شناس نیز عام رَتَن م: نورَتَن (رک) امث رَتْناوَلی جواہر مالا؛ امذ۔ رَتَن جوَڑ انگلیوں میں پرویا ہاتھ کی پشت کا زیور۔

رَتْنا کس ر، سک ت۔ ف ل۔ رک: رِیتْنا جس کا یہ لازم مجہول ہے۔

رَتْنار فت ر، سک ر۔ صف۔ سُرخ، سہانے، رنگ کا۔

رَتْوا فت ر، سک ت۔ امذ۔ ایک سرخ پتھر جو بچّوں کے گلے میں بیماری سے بچاؤ کے لیے ٹوٹکے کے طور پر ڈالتے ہیں؛ ایک سرخ کیڑا جو گیہوں کی فصل کو کھاتا ہے۔

رَتَونْد فت ر، و لین، غنہ۔ امث۔ شب کوری، رات کو بینائی سے معذور ہو جانا۔ نیز رَتونْدھ صف رَتَونْدھا (و لین مغ)۔

رَتّی فت ر، شد ت۔ امث۔ گُھنگچی کا سرخ دانہ، وزن میں ۸ چاول کے برابر، جواہرات وغیرہ کی تول میں مستعمل، تُلا بیج۔

رَتھ فت ر۔ امث۔ ایک چھتری داردو پہیّوں کی قدیم گھوڑا گاڑی جو عموماً جنگ میں استعمال ہوتی تھی۔ شطرنج کا مہرہ رُخ جو دیسی شطرنج میں چھتری نما ہوتا ہے۔ امذ: رَتھ بان/ وان رتھ ہانکنے والا۔ [ا : رتھ + ف: بان]۔

رَٹ فت ر۔ امث۔ ایک ہی بات کی تکرار، زِڑ۔ ف م رَٹْنا، ایک ہی بات کو کہے جانا، گھوٹنا، زبانی یاد کرنا۔

رِثاء کس ر۔ امذ۔ حُزنیہ، ماتمی کلام، مرثیہ م: رِثاءِ اَہلِ بَیت۔صف رِثائی حُزنیہ۔

رَج (۱) فت ر۔ امذ۔ دھول، گرد؛ حیض کا خون [س: رَجس]۔

رَج (۲) فت ر۔ امث۔ چاندی، نقرہ [س: رَجت]۔

رُج ضمہ ر۔ امث۔ بھنگ؛ روگ، گھاؤ۔

رَجاء فت ر۔ امذ۔ امید، آس، اچھی توقع رکھنا۔ صف۔ رَجائی۔ اکیف مث رَجائِیّت آئندہ کے بارے میں خوش آئند توقعات رکھنا۔

رِجال کس ر۔ ج مذ۔ مرد لوگ، ذکور [ع: واحد رَجُل] مرکب اَسْماءُ اَلْرِّجال (ا، ل غم، شد کس ر) راویانِ حدیث کے ذاتی حالات کی تحقیق کا علم۔ صف۔ رِجالی مردانہ، مردوں سے متعلق م: رِجالی مُعاشَرَہ مرد راج (انگ: Androcracy)۔

رَجَب فت ج ر۔ امذ۔ اسلامی قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ نیز رَجَب اَلْمُرَجَّب (مُ رَجّ جَب) قابل تعظیم، ماہ رجب۔

رُجْحان ضمہ ر، سک ج۔ امذ۔ میلان، جھکاؤ، کسی طرف توجّہ، دلچسپی۔

رَجَز فت ر ج۔ امذ۔ ایک عروضی بحر (مُستفعلُن پر مبنی) جسمیں عموماً جوشیلے رزمیہ فخریہ قصائد نظم کیے جاتے تھے؛ رزمیہ فخریہ کلام۔

رَجْس فت ر ج۔ امث۔ کثافت، گندگی، خونِ حیض۔ [س: رَجْس] نیز رَج۔

رِجْس کس ر، سک ج۔ امذ۔ گندگی، قبیح بات، بری حَرکت [ع: ج: اَرجاس]۔

رَجْعَت فت ر، سک ج، فت ع۔ امث۔ لوٹنا، واپس ہونا، پلٹنا؛ طلاق کے بعد رجوع کرنا؛ ماضی کی طرف حسرت سے دیکھنے کا رویّہ، نیز رَجْعَت پَسَنْدی قدامت پرستی۔ مر صف رَجعَتِ قَہْقَرَہ/ قَہْقَری (فت مج ق، فت ق) ستاروں کا یک بیک پیچھے لوٹتا دکھائی دینا (جبکہ ستاروں کے مدار پر گھومنے کا علم نہیں تھا)؛ نیز مجازاً اسی راستے پر اُلٹے پاؤں چلنا، ترقی معکوس۔ نیز رَجْعِ قَہْقَری۔

رَجْم فت ر، سک ج۔ امذ۔ سنگساری، پتّھر مار کر ہلاک کرنے کی سزا یا حد، جو زانیوں کے لیے مقرّر

ہے؛ شہاب ثاقب؛ اندھیرے میں پھینکا جانے والا پتھر؛ مزائل؛ عقلی گدّا۔

رُجُوع ضمہ ر، ومع۔ امذ۔ لَوٹنا، واپس آنا؛ قول سے پھرنا، واپس لینا، ارادہ بدلنا؛ طلاق بائن سے پہلے بیوی کو واپس زوجیت میں لینا؛ رابطہ قائم کرنا (کسی طرف) رخ کرنا۔

رَجْواڑا فت ر، سک ج۔ امذ۔ چھوٹی ریاست راجہ کی عملداری۔

رُجُولِیَت ضمہ ر، و مع، کس ل، فت ی۔ امث۔ مردانگی، مردانہ پن، مردمی، مردانہ جنسی صلاحیّت۔ [ع؛ رَجُل = مرد] نیز رُجُولَت۔

رَجِیم فت ر، ی مع۔ صف۔ مردُود، راندہ ہوا؛ رجم کی سزا پایا ہوا۔

رِجھانا کس ر۔ ف م۔ پرچانا، اپنی طرف مائل کرنا۔ ف ل۔ رِیجْھنا راغب، مائل، فریفتہ ہونا، کسی چیز کا حریص یا خواہشمند ہونا۔

رَچانا فت ر۔ ف م۔ رنگین، بارونق بنانا، نکھارنا، اہتمام کرنا، منعقد کرنا، برپا کرنا م؛ مہندی رچانا = مہندی لگا کر شوخ رنگ پیدا کرنا؛ راس رَچانا = تماشا کرنا؛ ڈھونگ رچانا = دھوکا دینا۔ ف ل رَچْنا رنگ پر آنا، رنگ کا کھلنا؛ بہم ہونا؛ بننا، آراستہ ہونا۔ امث۔فنّی تخلیق، عمل۔

رَچاؤ فت ر، ومج (بروزن نِکھار) امذ۔ رنگینی، رونق آرائی، تزئین، آراستگی۔ اکیف مث رچاوَٹ۔

رح (رے حے) تخفیف۔ رَحمۃُ اللّٰہُ عَلَیہ کا مخفف (اس پر خدا کی رحمت ہو)۔

رِحْل کسمج ر، سک ح۔ امث۔ ایک دوسرے کے ساتھ پھنسے ہوئے دو تختوں (یا مرمریں سلوں) سے بنی ہوئی کھلنے اور تہہ ہو جانے والی ٹیک جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں [ع: رَحل فت ر = اونٹ کا پالان]۔

رِحْلَت کسمج ر، سک ح، فت ل۔ امث۔ کُوچ، روانگی؛ نقلِ مکانی؛ انتقال، وفات۔

رَحْم فت مج ر، سک ح۔ امذ۔ ترس، مہربانی، نرم دلی، درگزر سے کام لینا۔ [ع؛ رَحْم]۔

رَحِم فت ر، سک ح۔ امذ۔ بچّہ دانی، کُربَھ ج اَرْحَام عام: رَحْم؛ قرابت، خونی رشتہ؛ اکیف مث۔ رَحِمی-م: صلۂ رحمی۔

رَحْمان فت مج ر، سک ح۔ صف۔ نہایت مہربان، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ صف رَحمانی الُوہی۔

رَحْمَت فت مج ر، سک ح، فت م۔ امث۔ لطف، کرم، مہربانی۔ رَحمَت اُللّٰہُ عَلَیہ/ عَلیہا/ عَلَیہم اس پر/ اس خاتون پر/ ان سب پر خدا کی رحمت۔ رَحمَت لِّلعٰلَمِین (رَحْ مَ تَل لِلْ عالَ مِین) تمام جہانوں کے لیے رحمت، رسول اللہ صلعم کا لقب۔

رَحِیق فت ر، ی مع۔ امث۔ خالص شراب، مئے ناب؛ خالص شہد۔

رَحِیل فت ر، ی مع۔ امذ۔ کوچ، آغاز سفر۔

رَحِیم فت ر، ی مع۔ صف۔ بہت رحم کرنے والا، اللہ کا ایک صفاتی نام۔

رُخ ضمہ ر۔ امذ۔ مُنہ، صورت؛ ایک طرف کا چہرہ؛ سمت، پہلو، جانب؛ توجّہ، التفات؛ شطرنج کا وہ مہرہ جو پہلی قطار کے دونوں سروں پر رکھا جاتا ہے۔

رُخام ضمہ ر۔ صف، امذ۔ نرمی؛ سنگ مرمر م؛ رُخامِ سفید/ رخام نِیلگُوں نیز سَنْگِ رُخام۔

رُخامی ضمہ ر۔ امث۔ ایک زرتار ریشمی کپڑا۔

رَخْت فت ر، سک خ۔ امذ۔ سامان، اثاثہ، کپڑے لتّے وغیرہ؛ اسباب ضرورت، لوازم کار۔ [ف: قب س: رِکتھ]۔

رُخْسار ضمہ ر، سک خ۔ امذ۔ گال، عِذار نیز رُخْسارَہ۔

رَخْش فت ر، سک خ۔ امذ۔ بجلی، صاعقہ؛ گھوڑا

[ف، قب س: رَکْش]۔
رَخْشاں فت ر، سک خ، غنہ۔ صف۔ روشن، چمکیلا، بھڑکیلا؛ پُرنور، نیز **رَخْشِنْدَہ**۔ اکیف مث **رَخْشَنْدگی** تابانی۔ نیز قب: **دَرَخْشاں، دَرَخْشَنْدگی** (نیز ف: رُخْشاں ضمہ ر)۔
رُخْصَت ضمہ ر، سک خ، فت ص۔ امث۔ مہلت، فرصت؛ چھٹی؛ روانگی؛ اجازت۔ **رُخْصَتِ اِتّفاقی** وہ چھٹی جو کسی اچانک ضرورت پر لی جائے۔ **رُخصَت اِسْتِحْقاقی/ مَکسُوبَہ** بندھی ہوئی شرح سے مدت ملازمت پر ملنے والی سالانہ چھٹی۔ **رُخْصَتانَہ** عزیزوں یا مہمانوں کو واپسی کے وقت دیا جانے والا تحفہ یا انعام۔
رُخْصَتی ضمہ ر، سک خ، فت ص۔ امث۔ دلہن کی شوہر کے گھر روانگی، وداع۔
رَخَم فت ر خ۔ امذ۔ گِدھ کی ایک قسم، مرغِ فرعون (لاط: Vultur Percnopterus)۔
رَخْنَہ فت ر، سک خ،فت ن۔ امذ۔ درز، دراڑ؛ خَلل؛ ناگوار وقفہ؛ سوراخ، روزَن؛ زخم، گھاؤ۔ امث **رَخْنَہ اَنْدازی**، خلل، رکاوٹ ڈالنا، مزاحمت۔
رَدّ فت ر۔ امذ۔ لوٹانا، پھیرنا؛ دفع کرنا؛ نامنظور کرنا؛ بے اثر کرنا، توڑ کرنا، تدارک کرنا؛ باطل ٹھہرانا م: **رَدِّ بَلا** سحر یا آفت کا توڑ، **رَدِّ دَعْویٰ/ دَلیل** قول یا دلیل کو باطل قرار دینا، توڑنا۔ **رَدّ وَ قَبُول** کچھ باتوں کا ماننا کچھ کا نہ ماننا۔ ۲ جواب دینا، بدلہ کرنا م: **رَدِّ سَلام** سلام کے بدلے سلام۔
رَدِّ عَمَل فت ر، شد کسمج د، فت ع، م۔ امذ۔ کسی عمل یا حرکت یا اقدام سے پیدا ہونے والا اثر یا اس کا جوابی تاثر (قب انگ: Reaction)۔
رَدّ وَ بَدَل فت ر، شد د، ومج، فت ب د۔ امذ۔ ترمیم و تنسیخ؛ لَوٹ پھیر، ادلنا بدلنا۔
رَدّ وَ قَدْح فت ر، شد د، و مج، فت ق۔ سک د۔ امث۔ (لفظاً) مزاحمت و مَذمّت؛ بحث، تکرار، حجّت بازی، نیز عام: **رَدّو کَد**۔
رِدا کس ر۔ امث۔ چادر، چادرہ۔
رَدائَت فت ر ء۔ امث۔ خرابی، ردّی پن۔
رَدّا فت ر، شد د۔ امذ۔ (معماری) پتھر یا اینٹوں کی چنائی کی ایک تہ یا قطار۔
رُدْر ضمہ ر، سک د، فت ر۔ علم۔ ہندو دیومالا میں طوفان کا دیوتا۔ [س: لفظاً دہاڑنے، گرجنے والا]۔
رَدی فت ر۔ صف۔ نکما، ناکارہ؛ خراب، ناقص۔ نیز عام **رَدّی** بطور امث: بیکار کاغذ جو پھینک دیے جائیں۔
رَدِیف فت ر، ی مع۔ امث۔ منظوم و مقفیٰ کلام میں قافیے کے بعد ہرشعر میں دہرایا جانے والا آخری لفظ یا الفاظ [ع: پیچھے آنے والا۔ تابع] صف **مُرَدَّف** وہ اشعار جن میں ردیف کا التزام ہو۔ ۲۔ ترتیب تہجی سے مرتب دیوان کی ہر تقطیع جو ردیف یا قافیے کے آخری حرف سے شناخت ہوتی ہے۔
رَذالَت فت ر ل۔ امث۔ کمینہ پَن، گھٹیا پن، سفلہ پن۔
رِذالَہ کس ر، فت ل۔ صف۔ ذَلیل، نیچ، کمینہ [ع: رذالہ = کمینگی]۔ صف: رَذیل۔
رَذائِل فت ر، کس ء ج مذ۔ گھٹیا باتیں، کمینہ حرکتیں [ع: واحد : رَذیلہ]۔
رَذیل فت ر، ی مع۔ رک: رِذالہ ج **رُذَلاء**۔
رَژَک فت ر ژ۔ امث۔ خَلِش، چبھن۔ ف ل۔ **رَژَکْنا** چُبھنا، کھٹکنا۔
رَز فت ر۔ امث۔ انگور کی بیل، **دُخْتِ رَز** لفظاً انگور کی بیٹی، مراد شراب۔
رَزّاق فت ر، شد ز۔ صف تفضیل۔ روزی رساں، رزق عطا کرنے والا، اللہ کا ایک صفاتی نام۔ ا کیف مث **رَزّاقی**۔

رِزْق کس ر، سک ز۔ امذ۔ غذا، خوراک، قُوت۔
رِزْق کا کِیڑا مراد انسان۔
رَزْم فت ر، سک ز۔ امث۔ جنگ، لڑائی، صف، امذ۔
رَزْمِیَہ جنگ سے متعلق، جنگ کے واقعات پر مبنی نظم۔

رَس فت ر۔ امذ۔ عرق، افشردہ؛ شیرینی، لطافت و حلاوَت، دھات کا کشتہ؛ سَت، نچوڑ، خلاصہ۔ (ہندی شاعری)، کلام کی معنوی خصوصت یا مزاج م: سنگھار [س: شِرِ ٘نگار] رس= سراپا نگاری؛ ہاسیہ رس= مزاح۔ صف۔ رَسیلا/ رَسیلی شیریں، خوش آئند۔(نیز مجازاً)۔نیز رَس بَھرا (بول، آواز وغیرہ)،مث رَس بھری بطور اسم: ایک زرد گول رسیلا دیسی پھل جو چھوٹی سبز پتیوں کے غلاف میں ہوتا ہے۔ درخت مکوکے پیڑ کی طرح کا۔ (قب : انگ : Raspberry)۔

رَس (۲) لاحقۂ فاعلی بمعنی آنے والا، پہنچنے والا م: حُکّام رَس حاکموں تک پہنچنے والا؛ دِل رَس دل تک پہنچنے، لبھانے والا؛ فرِیاد رَس دہائی سن کر مدد کو آنے والا۔ اکیف مث رَسائی پہنچ، دسترس۔

رِس کس ر۔ امذ۔ غصہ، تیہا، جذبہ۔ ف ل رُوسنا خفا ہونا، روٹھنا (عوامی)۔

رَسا فت ر۔ صف۔ پہنچنے والا، دور تک جانے والا م: بلند پرواز (مجازاً : تخیّل، ذہن وغیرہ) امث عَقلِ رَسا بات کی تہہ تک پہنچنے والی سمجھ۔ اکیف مث رَسائی پہنچ دسترس۔

رَسّا فت ر، شد س۔ امذ۔ بٹی ہوئی موٹی مضبوط رسّی جو زیادہ بوجھ یا دباؤ سہہ سکے۔ مرکب امث رَسّا کشی کھینچ تان، ایک کھیل جس میں دو فریق ایک رسے کو اپنی اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ امذ۔ رَسّا گِیر مویشی چور۔

رِسالَت کس ر، فت ل۔ امث۔ پیغمبری کا منصب۔
رِسالَت پَناہ/ رِسالَت مآب مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
رِسالَہ (۱) کس ر، فت ل۔ امذ۔ خط، مکتوب، کتابچہ؛ صحیفہ، جریدہ۔ ج: رَسائِل۔
رِسالہ (۲) کس ر، فت ل۔ امذ۔ سواروں کا دستہ۔ امذ رِسالدار سواروں کے دستے کا افسر۔
رَسّام فت ر، شد س۔ امذ۔ کندہ کار، نقاش۔
رَساں فت ر، غنہ۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی پہنچانے والا م: امذ چِٹّھی رَساں ڈاکیہ؛ صف ضَرَر/ مَضرت رَساں نقصان دہ۔
رَسان فت ر۔ امث۔ آہستگی، نرمی م ف رَسان سے ہَولے سے، چپکے سے۔
رَسانا فت ر۔ ف م۔ دھات کی چیزوں میں ٹانکا لگانا، جوڑنا۔
رَساوَل فت ر و۔ امث۔ گنے کے رس میں پکے ہوئے میٹھے چاول، رس کی کھیر۔
رَسائِل فت ر، کس ء۔ ج مذ۔ رِسالَہ رک: کی جمع جَرائد۔
رَسایَن فت ر ی۔ امث دواسازی، کشتہ سازی؛ کشتہ؛ کیمیائی مرکب۔
رَسْتاخیز فت ر، سک س، ے مج۔ امث۔ حشر، قیامت؛ شورش، ہلچل نیز رَسْتْخیز۔
رَسْتگار فت ر، سک س ت۔ صف۔ آزاد، رہائی پایا ہوا۔ اکیف مث رَستگاری۔
رُسْتَم ضمہ ر، سک س، فت ت۔ علَم، امذ۔ سیستانی پہلوان، فردوسی کے شاہنامے کا معروف کردار؛ مجازاً کوئی بڑا پہلوان؛ فاتح۔ مرکب چُھپا رُستَم باکمال شخص جس کا کمال دیر میں کُھلے۔
رَسْتَہ فت ر، سک س، فت ت امذ۔ رک: راسْتَہ۔
رُستَہ ضمہ ر، سک س، فت ت۔ صف۔ اگا ہوا، نُمو

پَذیر۔ عموماً تراکیب میں مر صف نَورَستَہ نیا اُگا ہوا، تازہ۔

رَسَد فت ر س۔ امث۔ دستیاب، پہنچنے والی شے یا اشیاء، مال، سامان، مارکٹ میں موجود اشیائے فروخت، سَپلائی؛ فوج کی خوراک اور ضروری استعمالی سامان۔ مر عطف رَسَد و رَسائِل مسافروں اور سامان کی آمد و رفت کا انتظام، ٹرانسپورٹ۔

رَشکُوک فت ر، سک س، و مع۔ امذ۔ جوہریوں کی اصطلاح میں چھوٹا موتی، ریزۂ مروارید۔

رُسُل ضمہ ر س۔ ج مذ۔ رَسُول (رک) کی جمع؛ مرعطفی رُسُل و رَسائل پیغام رسانی کا سلسلہ، ڈاک کا انتظام۔

رَسْم فت ر، سک س۔ امث۔ نقش، نشان؛ تحریر، نوشت، رقم؛ دستُور، روایت، چلن؛ طریقہ۔ مرکب امذ۔ رَسْم اُلْخَط حروف کے لکھنے کا مقرّرہ طریقہ؛ روش یا ضابطہ، لِپی۔ مرعطفی رَسْم و راہ میل ملاقات۔ م ف رَسْماً (رَسْ مَن) تکلفاً یا رواج کے مطابق۔ صف رَسْمی پُرتکلّف، رِواجی، رِوایتی۔

رَسْمَسا فت ر، سک س، فت م۔ صف۔ نم، تر، گیلا، بھیگا۔ ف ل رَسْمَسانا، بھیگنا، تر ہونا۔

رَسَن فت ر س۔ امث۔ رسّی، ڈوری، مرکب فاعلی رَسَن باز نَٹ، تنی ہوئی رسّی پر اُدھر چلنے والا۔

رِسْنا کس ر، سک س۔ ف ل۔ ٹپکنا، تھوڑا تھوڑا بہہ کر نکلنا۔ اکیف مذ۔ رساؤ۔

رَسْنا بَسْنا فت ر، سک س، فت ب، سک س۔ ف ل۔ رہنا سہنا، آباد ہونا؛ بخوبی سما جانا، جذب ہو جانا؛ گھُل مل جانا۔

رُسْوا ضمہ ر، سک س۔ صف۔ بدنام، بے عزّت۔ ا کیف مث رُسْوائی۔

رَسَوت فت ر، ولین۔ امث دار ہلد کے پتّوں کو کچل کر جوش دے کر تیار کیا ہوا گاڑھا سیاہ جمایا ہوا عرق، قرص، دواءً مستعمل (لاط: Extractum Berberidis)۔

رُسُوخ ضمہ ر، و مع۔ امذ۔ استواری، مضبوطی؛ پہنچ، رسائی، گھُس آنا، در آنا؛ میل ملاقات رکھنا۔

رَسُول فت ر، و مع۔ امذ۔ پیغامبر خصوصاً نبیِ مَبعُوث۔

رَسَولی فت ر، و لین۔ امث۔ جسم کے کسی حصّے میں گوشت کا سخت ابھار جو غیر مہلک مگر تکلیف دہ ہو سکتا ہے۔

رُسُوم ضمہ ر، و مع۔ ج مث۔ رَسْم (رک) کی جمع۔

رَسوئی فت ر، و مج، ی مع۔ امث۔ باورچیخانہ جو ہندو گھرانوں میں رسوئی کہلاتا ہے۔ امذ۔ رَسوئِیا (کس د) باورچی۔

رَسّی فت ر، شد س۔ امث۔ ریشوں کی ڈوری، ریسماں، طناب، ڈور، لگام۔ رَسّی دراز ہونا لمبی مہلت پانا، (گنہگار کا) دیر تک زندہ رہنا۔ رَسّی جلی بَل نہ گیا برے وقتوں میں بھی اکڑ اور آن، ہٹ یا ضد قائم رہی۔

رَسْیا فت ر، سک س۔ صف۔ شوقین، دلدادہ، ذوق رکھنے والا۔

رَسید فت ر، ی مع۔ امث۔ وصُولی کی تصدیق اقرار، تحریر پہنچنے کی اطلاع۔

رَسیدگی فت ر، ی مع، فت د۔ امث۔ پختگی (پھل وغیرہ) کا پک جانا، گدرانا؛ بلوغ کو پہنچنا۔ صف رَسیدَہ پکا ہوا، م: میوۂ رسیدہ، مرکب صف عُمَر رَسیدَہ (مُعمّر) بوڑھا، پختہ عمر کو پہنچا ہوا۔

رَسیَلا فت ر، ی مع۔ صف مذ۔ رس سے بھرا، شیریں، تروتازہ، شاداب یا سریلا، مث رَسیلی۔

رَشاوْ فت ر، و مج۔ امذ۔ افتادہ زمین کو قابل کاشت

بنانا۔

رِشْتَہ کس ر، سک ش، فت ت۔ امذ۔ ڈوری، دھاگا، سلسلہ، رابطہ، لگاؤ تعلق، قرابت، خویشی، ناتا۔ مر صف **رِشْتَہ بَپا** جس کا پیر بندھا ہو مراد، منسوب، متعلق، مقیّد۔

رَشْحَہ فت ر، سک ش، فت ح۔ امذ۔ ٹپکا ہوا قطرہ؛ طراوش، چھینٹا، ج **رَشْحات** پسینے کے قطرے۔ مرکب **رَشحاتِ قَلَم** قلم سے ٹپکی ہوئی سیاہی، مراد تحریر۔

رُشْد ضمہ ر، سک ش۔ امث۔ نیک چلنی، سلامت روی، متانت کی راہ پر ہونا؛ پختگی بزرگی، صف **رَشِید**۔

رَشْک فت ر، سک ش۔ امذ۔ کسی بڑائی یا خُوبی پر اپنی محرومی کا احساس؛ کسی جیسا ہونے کی حسرت، غِبطہ۔

رِشْوَت کس ر، سک ش، فت و۔ امث۔ اپنے منصب سے فائدہ اٹھا کر ناجائز کمائی۔ کار برآری کے لیے ناجائز طور پر نذرانہ قبول کرنا یا دینا صف **راشی** رشوت دینے، رشوت کھلانے والا؛ **مُرتَشی** جسے رشوت دی جائے۔ امث **رِشوَت سِتانی** رشوت وصول کرنا۔

رِشی کس ر۔ امذ۔ ہندو راہب، مذہبی عالم۔

رَشِید فت ر، ی مع۔ صف۔ جس نے صحیح ہدایت، اچھی تربیت پائی، سدھرے ہوئے اخلاق کا، پختہ کار۔

رَصاص فت ر۔ امذ۔ سیسہ، رانگہ صف۔ **رَصّاص** سیسے کی چیزیں ڈھالنے والا۔ امث **رَصاصَہ** گولی، چھرّا۔

رَصَد فت ر ص۔ امث۔ مشاہدہ، راہ تکنا، ٹکٹکی باندھنا۔ امث۔ **رَصَدگاہ** دور بین سے اجرام فلکی کا مشاہدہ و مطالعہ کرنے کے لیے خاص طور پر تیار کی ہوئی عمارت۔ جَنتر مَنتر۔

رَض فت ر۔ مخفف۔ رَضِی اللہُ عَنہ/ عَنہا کا اختصار، کلمۂ دعائیہ، مراد اُسے اللہ کی خوشنودی حاصل ہو۔ عموماً رض لکھا جاتا ہے۔

رِضا کس ر۔ امث۔ تسلیم، اطمینانِ قلب، طمانیت، مرضی (الٰہی) کا تابع ہونا؛ رخصت، اجازت۔

رَضاعَت فت ر ع۔ امث۔ شیر خوار بچے کو چھاتی سے دودھ پلانا؛ بچوں کے دودھ پینے کا زمانہ۔ صف **رَضاعی** دودھ شریک۔

رِضاکار کس ر۔ امذ۔ کسی مقصد کے لیے اپنی مرضی سے (بلا معاوضہ یا بلاجبر) کام کرنے والا۔ عام **رَضا کار**۔ (فت ر) م ف۔ **رضاکارانہ** بلا معاوضہ کام یا خدمت۔

رِضامَند کس ر، فت م، سک ن۔ امذ۔ تسلیم کرنے، ہامی بھرنے والا، جو بخوشی راضی ہو۔ عام؛ **رَضامَنْد**۔

رَضائی فت ر۔ امث۔ ہلکی روئی کی لحاف نما پوشش، دُلائی سے موٹی۔ استر اور ابرے سے تیارکی ہوئی عموماً رنگین [غالباً رز = رنگنا سے مشتق؛ رَزائی]۔

رِضْوان سک ر، سک ض۔ امذ۔ عَلَم۔ خوشی، رضامندی، خوشنودی، طیب خاطر؛ جنّت کا نگہبان فرشتہ۔

رَضْوی فت ر، سک ض۔ صف۔ رضا سے منسوب، حضرت امام علی رضا کی اولاد نیز **رِضوی**۔

رَضی فت ر۔ صف۔ مطمئن، آسودہ، راضی برضا مث **رَضیّہ**۔

رَطْب فت ر، سک ط۔ صف۔ نم، تر؛ تازہ، شاداب، رسیلا صف **رَطْبُ اْللِّسان** (رَ ٹْ بَل لِ سان) جس کی زبان مدح میں رواں ہو۔ **رَطْب وَ یابِس** (ومج) لفظاً تر و خشک، مراد، اچھا برا ہر طرح کا (کلام، نکات وغیرہ)۔

رُطَب ضمہ ر، فت ط۔ ج مذ۔ تازہ کھجوریں۔

رَطْل فت ر، سک ط۔ امذ۔ وزن کا ایک پیمانہ جس کی مقدار مختلف وقتوں اور مقامات میں مختلف رہی ہے۔ مرکب رَطْلِ گِراں شراب کا بڑا قدح۔

رُطُوبَت ضمہ ر، ومع۔ فت ب۔ امث۔ تری، نمی، سیلن، رقیق مادّہ، سیّال۔ ج رُطُوبات۔

رِعایا کس ر۔ امث، ج مث۔ رَعیّت (رک) کی جمع بطور امث مستعمل۔ اصلاً رَعایَا (فت ر)۔

رِعایَت کس ر، فت ی۔ امث۔ نرمی، معافی، درگزر، مروّت ملاحظہ؛ مناسبت، لحاظ، خصوصی نسبت۔ مرکب رِعایَت لَفظی ایسا استعارہ جوصرف لفظی مماثلت پر مبنی ہو، ضِلع جُگَت: ہم کوئی دم میں آب دم تیغ پیتے ہیں (دم اور آب دونوں رعایَت لفظی کی مثالیں ہیں) [ع: رِعایَۃ، نگہداری، گلہ بانی؛ لحاظ] صف رِعایَتی لحاظ پر مبنی نہ کہ واجب۔

رُعب ضمہ مج ر، سک ع۔ امذ۔ دباؤ، دَھونس؛ دھاک، دبدبہ، اثر انگیزی م: صف رعب دار دہشت خوف م: مرعطفی رُعب داب دھاک۔

رَعْد فت ر، سک ع۔ امذ۔ کڑک، گرج، گڑگڑاہٹ۔

رَعْشَہ فت ر، سک ع، فت ش۔ امذ۔ اعضا کا اعصابی کمزوری سے تھرتھرانا، کانپنا، لرزش، کپکپاہٹ، لرزہ بر اندامی۔

رَعْنا فت ر، سک ع۔ صف۔ اَلھڑ، بے پروا، بانکا، سجیلا، نازو ادا سے چلنے والا [ع: ڈھیلا ڈھالا، خمار آلود، سرمست] اکیف مث رَعنائی۔ حسن و نزاکت، ناز آفرینی۔

رُعُونَت ضم مج ر، و مع، فت ن۔ امث۔ تکبّر، نخوت، خود پسندی [ع: اوچھا پن]۔

رَعیّت فت ر، کس ع، شدفت ی۔ امث۔ محکوم، کسی عملداری میں آباد مخلوق، پرجا؛ زمیندار کی اسامی، کاشتکار۔ مرکب امذ۔ رَعیّت واری نظام مالیانے کی وصولی کا وہ بندوبست جس کے تحت کاشتکار براہِ واست سرکار کو مالیہ ادا کرے۔

رَغْبَت فت ر، سک غ، فت ب۔ امث۔ میلان، خواہش، دلچسپی، لگاؤ۔

رَغْم فت ر، سک غ، فت ب۔ امذ۔ دباؤ، زبردستی۔ م ف عَلَیٰ اَلرَّغْم (عَ لَڑ رَغْم) بر خلاف، کے باوجود، ضد پر م: علی الرّغمِ ممانعت، بندش کے باوجود۔

رَفاقَت فت ر ق۔ امث۔ ساتھ، سنگت، ہمدمی، دوستی، وفاداری:

رَفاہ فت ر۔ امث۔ آسائش، آرام۔ مرکب: رَفاہ عام/ عامّہ عام لوگوں کی؛ نیز رِفاہ (کس ر) بھلائی، بہبودِ خلق۔ صف رَفاہی: بھلائی، بہبود سے تعلق رکھنے والا۔

رَفْتار فت ر، سک ف۔ امث۔ چال، قطع مسافت کی شرح (فی گھنٹہ وغیرہ)؛ کسی عمل کی سستی یا تیزی کی کیفیت م: افزائش آبادی کی رفتار۔

رَفْت گُزَشْت فت ر، سک ف ت، ضم گ، فت ز، سک ش۔ صف۔ بُھلایا، درگزر کیا ہوا، رفع دفع۔

رَفْتَہ فت ر، سک ف، فت ت۔ صف۔ گیا ہوا، گزشتہ، سابقہ؛ کھویا، گم کیا ہوا؛ ج: رَفتگاں گزرے ہوئے لوگ؛ (۲) بے خود، عاشق، شیدا نیز وارفتہ۔ م ف رَفْتَہ رَفْتَہ ہوتے ہوتے، بتدریج امث رَفتگی بیخودی، نیز اَز خُودْ رَفتگی غفلت، دیوانگی۔

رُفْتَہ ضمہ ر، سک ف، فت ت۔ صف۔ جھاڑا، چُنا، صاف کیا ہوا۔

رَفرَف فت ر، سک ف۔ امذ۔ پروں کی پھڑپھڑاہٹ، سرسراہٹ، لہروں کا زیر و بم؛ پُھنْدنا، جھالر؛ عَلَم؛ حضور نبی اکرمؐ کے اس گھوڑے کا نام جس پر سوار ہو کر معراج پر گئے۔

رَفْض فت ر، سک ف۔ امذ۔ فرار، دَغا، بدعہدی صف

رافِض/ رافِضی (رک)۔
رَفْع فت ر، سک فـ امذ۔ اٹھانا، بلند کرنا، اونچا کرنا؛ دور کرنا، فرو کرنا، حرف پر ضمہ (پیش) کی علامت لگانا یا ضمہ کی آواز پیدا کرنا۔ رَفع اِحْتِیاج ضرورت پوری کرنا۔ رَفْع حاجَت (فت ج) پیشاب پاخانہ کرنا۔ صف۔ رَفْعِ دَفْع (عام: رَفا دَفا) رفت گزشت، ختم، فرو۔ امذ۔ رَفْع یَدَین نماز کے رکوع و سجود میں جانے سے پہلے اللہُ اکبر کہتے وقت دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا جس کی بابت اسلامی فقہوں میں اختلاف ہے کہ لازم ہے یا نہیں۔
رِفْعَت کس ر، سک ، فت ع۔ امث۔ بلندی، عروج صف رَفِیع بلند۔
رَفْعَہ فت ر، سک ف، فت ع۔ امذ۔ حرف پر ضمہ یا پیش کی علامَت یا اس کی ادائگی، نیز رَفْع۔
رِفْق کس ر، سک فـ امذ۔ نرمی، ملائمت۔
رُفَقاء ضمہ ر، فت فـ ج مذکر رک: رَفِیق جس کی یہ جمع ہے۔
رَفَل فت ر فـ امثـ ایک نرم، آبدار سوتی کپڑا، جھالر [انگ: ruffle]: بندوق جس کی نال کے اندر اس طرح کے کٹاؤ ہوتے ہیں جو گولی کو گھما دیتے ہیں (انگ: rifle]۔
رَفُو فت ر، و مع۔ امذ۔ کپڑے کے چاک یا چھید کی مرمت، صفائی سے چھید کو ہمرنگ دھاگوں سے بھر دینے کا ہنر۔ مرکب فا علی، امذ۔ رَفُوگر رفو کرنے کا ماہر۔ مث رَفُو گَرنی۔ محاورہ رَفُو چَکَّر ہونا ، غائب ہو جانا، چنپت ہونا۔
رَفی فت ر۔ امث۔ پرانی روئی کا پھل؛ دھنکنے میں اڑنے والی روئی کے مہین ریشے، چھَٹن، چھیج۔
رَفِیدَہ فت ر، ی مع، فت ر۔ امثـ بھوسا بھری گول گدّی جس پر روٹی کا پیڑا پھیلا کر تنور کی دیوار میں چپکاتے ہیں۔ (بطور پھبتی) گول، بے ڈھنگی پگڑی [ع: از رَفادَہ بطریق اِمالہ]۔
رَفِیع فت ر، ی مع۔ صف۔ بلند، اونچا۔ مر صف۔ رَفِیع اَلشّان (ال غم، شد ش) بڑی شان و شوکت والا۔
رَفِیق فت ر، ی مع۔ صف، امذ۔ رفاقت کرنے، ساتھ دینے والا ہمراہی، دوست، امث رَفِیقَہ (رَ فِی قَ) مرکب رَفِیقَۂ حَیات جیون ساتھی، مراد بیوی، شریک حیات۔
رَقابَت فت ر بـ امثـ بیر، عداوت جو ایک شے یا شخص کے چاہنے والوں کے درمیان ہو۔ [اصلاً ، ع: حفاظت، چوکسی] صف رقیب۔
رُقات ضمہ ر۔ رک: رَاق جس کی یہ جمع ہے۔ نیز رُقاۃ۔
رَقّاص فت ر، شد ق۔ امذ۔ رقص کرنے، ناچنے والا؛ دیواری گھنٹے کا لنگر۔ مث رَقّاصہ۔ مرکب رَقّاص/ رَقّاصہ ءِ فَلَک سیّارہ زہرا کا لقب۔
رِقاع کس ر۔ ج مذ۔ رُقْعَہ (رک) کی جمع؛ نستعلیق خط کی ایک روش جو مراسلات میں برتی جاتی تھی۔
رَقْبَہ فت ر، سک ق، فت بـ امذ۔ احاطہ، گھیر، کسی سطح کی وسعت جو عموماً مربع اکائیوں میں بیان کی جاتی ہے۔ م: ۴۰۰ مربع گز، ۱۰۰ بیگھ، ۱۰ ایکڑ۔
رِقَّت کس ر، شد فت ق۔ امث۔ پتلا پن، کسی سیّال کا رقیق پتلا، پانیٰ جیسا ہونا؛ نرمی، لینَت، کسی رنج کا جلد اثر قبول کرنے کی خصوصیت م: رِقَّتِ قَلْب گریہ، زاری۔
رَقْص فت ر، سک ق۔ امذ۔ ناچ، افاعل رَقّاص ناچنے والا مث رَقّاصَہ نَرتکی، ناچنے والی۔ صف رَقصاں ناچتا، جھومتا ہوا۔
رَقْطا فت ر، سک ق۔ امذ۔ ایسی تحریر جس میں نقطہ دار اور بے نقط الفاظ کسی خاص ترتیب کے ساتھ لائے

جائیں جو فن انشا کی ایک صنعت شمار ہوتی ہے۔

رُقْعَہ ضمہ ر، سک ق، فت ع (بروزن حقّہ) امذ۔ پرچہ، کاغذ کا پرزہ، خط، مراسلہ؛ شادی کا تحریری پیغام۔ ج رُقْعات۔

رَقَم فت ر ق۔ امث۔ نقدی، زر؛ لکھے ہوئے عدد یا اعداد؛ تحریر، لکھائی؛ زیور یا جواہر کا کوئی ایک عدد م: چڑھاوے میں ایک رقم اور بھی ہے؛ ج رُقوم (ضمہ ر) ج ج رُقومات۔

رَقی فت ر۔ امث۔ بڑھنا، چڑھنا، ترقی کرنا، نیز رُقی، رُقیّہ (رقی ی)۔

رَقِیب فت ر، ی مع۔ امذ۔ حریف، مدّ مقابل، دشمن، محافظ، نگہبان۔

رَقِیم فت ر، ی مع۔ امذ۔ کتبہ، نوشتہ، نقش نیز مذ رَقِیمہ۔

رِکاب کس ر۔ امث۔ گھڑ سوار کے پانو جمانے کا آہنی حلقہ جو زین کے دونوں طرف لٹکا ہوتا ہے؛ بادشاہ یا امیر کی ہمراہی۔م: امراء اور ولیعہد رِکاب میں چلے؛ کتاب کے صفحے پر متن کے آخر میں اگلے صفحے کا پہلا لفظ جو سلسلہ ملانے کے لیے سہولت کی خاطر لکھا جاتا ہے، پاوَرق، نیز رِکابک۔ مرکب رِکاب دار شاہی باورچی خانے کا منتظم۔

رَکابی فت ر۔ امث۔ کھانا کھانے کی تشتری، مشقاب، چپتی یا دمات کی پلیٹ۔ امذ۔ رَکابی مَذہَب (مزاحاً) مفت خوری، مصاحبی، جی حضوری۔

رَکاکَت فت ر ک۔ امث۔ گھٹیا پن، ابتذال، بدمذاقی؛ ڈھیلا پن، لاغری۔ صف رکیک چھچھورا، ہلکا، بودا۔

رُکاوَٹ ضمہ ر، فت و۔ امث۔ بندش، روک، مزاحمت؛ جھجک، تکلّف۔

رَکْت فت ر، سک ک۔ امذ۔ خون، لہو؛ سرخی، لالی۔

رَکْعَت فت ر، سک ک، فت ع۔ امث۔ جھکنے اور دو زانو ہونے کاعمل۔ نماز میں قیام سے قعدہ تک ایک پورا دور۔

رُکْن ضمہ ر، سک ک۔ امذ۔ ستون، پایہ، کھم؛ کسی جمعیت کا ایک فرد، ممبر؛ کسی عمل کا ایک ضروری درجہ، کسی ضابطے کا ایک صیغہ؛ جز، اُصول، شق۔ مر صف رُکن رکین مضبوط، استوار ستون (مجازاً) کسی کُل کا اہم ترین جز۔ (عروض) کسی بحر کا ایک جز جو چند حرکات پر مشتمل ہوتا ہے۔ م: فعلُن، فعُولن۔ رکن یَمانی خانۂ کعبہ کی جنوبی (یمن کی سمت والی) دیوار کا گوشہ۔ ج اَرْکان (فت ا، سک ر) ج ج اَراکین۔

رُکْنا ضمہ ر، سک ک۔ ف ل۔ ٹھہرنا، توقف کرنا؛ جھجکنا، ٹھٹکنا، تکلف تامّل کرنا، بند، موقوف، مُنقطع ہونا۔

رکُوع ضمہ ر، ومع۔ امذ۔ جھکنا، نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جسم کو جھکانے کا عمل۔

رَکیب فت ر، ے مج۔ رِکاب میں چلنے والا، سوار کا ساتھی؛ نیز رک رکاب جس کی یہ متبادل صورت ہے، بطریق اِمالہ۔

رَکیک فت ر، ی مع۔ صف رک: رَکاکَت۔

رَکھ فت ر۔ امث۔ رکھنا (رک) کی تخفیف مرکبات میں مستعمل م: رکھ رکھاؤ دوسروں کی خیال داری، مدارات، ملاحظہ، وضعداری، خوش اخلاقی؛ نیز رَکھپت رَکھاپَت۔ (۲) محفوظ جنگل جہاں شکار یا درخت کاٹنے کی ممانعت ہو۔

رُکھانی ضمہ ر۔ امث۔ چھید کرنے کا اوزار، برما۔

رِکھَب کس ر، فت ب۔ امث (موسیقی) سپتک کا دوسرا سُر، رے۔

رَکْھشا فت ر، سک کھ۔ امث۔ بچاؤ، حفاظت، پناہ۔ امذ۔ رَکْھشا بَنْدَھن بہنوں کے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھنے کی ہندی رسم رک: راکھی۔

رکھنا فت ر، سک کھ۔ ف م۔ ٹِکانا، ٹھہرانا، بچانا نیز مرکب افعال میں بطور فعل امدادی متعدد صورتوں سے مستعمل۔ (ماضی رکھا، وغیرہ بلا تشدید جائز)۔

رکھوالا فت ر، سک کھ۔ امذ۔ محافظ، نگہبان۔ امث۔ **رکھوالی** حفاظت، چوکسی۔ **رکھ والَن/ لَنی** رکھوالی کرنے والی، رکھوالے کی جورو۔

رکھیل فت ر، ے مج۔ امث۔ بے نکاحی، گھر میں ڈالی ہوئی عورت، داشتہ۔

رگ فت ر۔ امث۔ خون کی نالی، ورید یا شریان؛ نبض، ناڑی؛ پٹّھا؛ تار، ڈوری؛ پتّے پر اُبھرواں خط یا لکیر؛ پھول کا اُبھرواں ریشہ۔ (محاورۃً) سرشت، فطری عادت یا مزاج، طینت (استعارۃً) بہنے، ٹپکنے والی شے کا مخرج م؛ **رگِ ابر**۔ مر عطفی **رگ و پے** رگ پٹھے (مراد) سارا اندرونی جسم۔

رِگ وید کس ر، ے مج۔ امذ۔ ہندؤں کے چار مقدس ویدوں میں سے پہلی کتاب۔

رگڑ فت ر گ۔ امث۔ گِھسّا، دو جسموں یا سطحوں کا آپس میں تیزی سے ٹکرانا، کسی سطح یا جسم پر چھلنے کا نشان۔ ف م **رگڑنا** زور سے ملنا، ٹکرانا، پیسنا، چھیلنا، رگیدنا۔

رگڑا فت ر، سک گ۔ امذ۔ زور کی رگڑ جو قصداً لگائی جائے، گِھسّا؛ دھوکا، جسمانی چوٹ یا زحمت دہی، نیز **جھگڑا** کا تابع۔

رگیدنا فت ر، ے مج۔ ف م۔ جسمانی آزار پہنچانا، دَبانا، تھکانا، کھدیڑنا۔

رَلْنا فت ر، سک ل۔ ف ل۔ ملنا، شامل، گڈ مڈ، مخلوط ہو جانا۔ مرعطفی **رَلْنا مِلْنا**۔

رُلنا ضمہ ر، سک ل۔ ف ل۔ گِرنا، پھنکنا؛ آلودہ، جذب یا گم ہو جانا؛ لوٹنا، لڑھکتا پھرنا۔

رَم فت ر۔ امذ۔ وحشت، فرار، گریز، بھاگنا، چوکڑی بھرنا **رم خُوْرْدَہ** (ضمہ خ، و غم) فراری، وحشت زدہ۔

رَماد فت ر۔ امث۔ راکھ، خاکستر، صف **رَمادی** خاکستری (رنگ)۔

رَمّاز فت ر، شد م۔ امذ، صف۔ اشارے کنائے کرنے والا، پہیلیاں بجھانے والا۔

رَمّال فت ر، شد م۔ امذ۔ رَمل کے ذریعے قسمت کا حال بوجھنے کا مدعی۔ رک؛ **رَمل**۔

رُمّان ضمہ ر، شد م۔ امذ۔ انار کا درخت یا پھل (لاط: Punica Granatum) صف **رُمّانی** چمکیلے سرخ رنگ کا، اناردانہ۔

رَمْپا فت ر، سک م۔ امذ۔ چمڑا چھیلنے کا اوزار، بڑی رانپی۔

رَمْتا فت ر، سک م۔ صف۔ سَیلانی، ایک جگہ نہ ٹکنے والا م؛ **رَمْتا جوگی** جگہ جگہ گھومنے پھرنے والا۔

رِم جھم کس ر جھ۔ امث۔ بارش کا سماں، مینہ برسنے کی جھنکار۔

رَمَد فت ر م۔ امذ۔ آنکھوں کا آنا یا دکھنا، آشوب چشم۔

رَمْز فت ر، سک م۔ امذ۔ آنکھ، ابرو یا اعضا کا خفیف اشارہ، خفیہ بات، بھید، راز، بامعنی نشان یا علامت صف **رَمْز شِناس** (کس ش) تیور تاڑنے والا، کسی علم یا فن کی باریکیوں کو سمجھنے والا۔ امث **رَمْزِیَت** کلام میں ایسے کنائے جو سطحی معنی کے علاوہ کسی گہرے مفہوم کی طرف ذہن کو منعطف کرائیں، نیز اِشارِیت۔

رَمَضان فت ر م۔ امذ۔ اسلامی جنتری کا نواں مہینہ، ماہ صیام۔

رَمَق فت ر م۔ امث۔ کسی شے کی برائے نام، خفیف مقدار؛ تھوڑی سی جان، جسم و جان کا رشتہ۔

رَمْل فت ر، سک م۔ امذ۔ جیوتش، قسمت کا حال

بتانا، زائچہ بنانا، جو اگلے زمانے میں خاک پر کھینچا جاتا تھا۔ صف: **رَمّال** [ع: رَمل = ریت] عام؛ **رَمل**۔

رَمَل فت ر م۔ امث۔ عروض کی ایک بحر جس کا رکنِ اصلی فاعلاتُن ہے۔

رُمُوز ضمہ ر، ومع۔ ج مذ۔ **رَمز** (رک) کی جمع۔

رَمی فت ر، امث۔ اُچھال، پھینکنے کا عمل؛ حاجیوں کا دورانِ حج منیٰ میں شیطانوں پر کنکریاں پھینکنا جو ارکانِ حج میں شامل ہے۔

رَمیدگی فت ر، ی مع، فت د۔ امث۔ پراگندگی، انتشار، وحشت۔

رَمیز فت ر، ی مع۔ صف۔ تیز، طرّار، ذکی، ذہین، پُھرتیلا؛ عالی نَسَب۔

رَمیض فت ر، ی مع۔ صف، امذ۔ تیز دھار والا (چاقو)۔

رَمیم فت ر، ی مع۔ صف۔ بوسیدہ، گلا ہوا ج **رَمائِم** بوسیدہ ہڈیاں۔

رَن (۱) فت ر۔ امذ۔ جنگ، لڑائی، معرکہ؛ میدان جنگ؛ نیز **رَن بُھومی**۔

رَن (۲) فت ر۔ امث۔ عورت، زن۔ امذ۔ **رَنواس** محلسرائے، زنان خانہ۔

رَنْج فت ر، سک ن۔ دلی تکلیف، دکھ، درد؛ غم، ملال؛ صف **رَنْجُور** حزیں، ملول۔ اکیف مث **رَنْجُوری**، صف **رَنْجیدَہ** (د)۔

رَنْجک فت ر، سک ن، فت ج۔ امث۔ قدیم وضع کی توپ یا توڑے دار بندوق میں بھری جانے والی بارود ف مر **رَنْجک چاٹنا/ چاٹ جانا** توپ کا سر نہ ہونا۔ **رَنْجک دان** بارود رکھنے کا ظرف۔

رَنْجَہ فت ر، سک ن، فت ج۔ امذ، صفہ رنج، آزار، دکھ؛ زحمت، دکھ یا چوٹ کھایا ہوا، **قَدَم رَنْجَہ فَرمانا** چلنے کی زحمت اٹھانا۔ صف **رَنجیدَہ** غمگیں، آزردہ۔

رِنْد کس ر، سک ن۔ امذ۔ آزاد منش آدمی؛ شرابی۔ اکیف مث۔ **رندی** شراب خواتی، خوش باشی۔

رَنْدا فت ر، سک ن۔ امذ۔ (۱) بڑھئی کا اوزار جس سے لکڑی کی سطح کو چھیل کر ہموار کرتے ہیں۔ ف م **رَنْدنا** رندا پھیرنا، ہموار کرنا؛ (۲) قلعے کی فصیل میں بندوق کی نال کے لیے بنایا گیا سوراخ۔

رُنْدھنا ضمہ ر، سک ن دھ۔ ف ل مجہول۔ گُھٹنا، گھوٹ دیا جانا، پھنس جانا، دبا دیا جانا م: گلا رُندھنا صدمے کے سبب آواز کا بھنچ جانا۔

رَنْڈاپا فت مغ ر۔ امذ۔ بیوگی کا زمانہ۔

رَنْڈسال فت ر، غنہ، سک ڈ۔ امذ۔ عدّت ختم ہونے پر بیوہ کا نیا جوڑا جو میکے سے آتا ہے۔

رَنْڈوا فت ر، سک ن ڈ۔ امذ۔ وہ مرد جس کی بیوی مر جائے۔

رَنْڈی فت ر، سک ن۔ امذ۔ عورت؛ طوائف، کسبی۔

رُنْکھا ضمہ ر، فت ن، شد کھ۔ صف۔ بِسُورتا، رونے پر تُلا ہوا، رہانسا۔ مث **رُنکھی**۔

رَنگ فت ر، غنہ، امذ۔ انسانی آنکھ سے شناخت ہونے والی مختلف طول کی نوری لہریں۔ روشنی کی کرن کے تجزیے سے ایسی سات نوری لہریں نظر آتی ہیں جنھیں رنگ یا لَون کہتے ہیں۔ بنیادی رنگوں نیلا، زرد، اور سرخ کی آمیزش سے لاتعداد رنگ بنتے ہیں۔ (مجازاً) طرز، روش، مزاج؛ حال، کیفیت، اُسلوب، عیش و عشرت، ناچ گانا۔ صف **رَنگا رَنگ** مختلف رنگوں سے مزیّن، کئی رنگوں کا، نیز **رَنگ بِرَنگا**؛ **رَنگ بَسَنت** پکّے رنگ کا، رنگیں؛ **رَنگِ پریدَہ** اُڑا ہوا، مٹا ہوا رنگ، پھیکا رنگ، نیز **رَنگِ شکستہ**؛ امذ، **رَنگ ڈھَنگ** طور طریق، چلن۔ ج مذ۔ **رَنگ رَلیاں** امذ۔ عیش و عشرت؛ **رَنگ رُوپ** حسن؛ ف مر **رَنگ کھیلنا** جشن یا ہولی

کی تہوار پر ایک دسرے پر رنگ پھینکنا۔ امذ **رَنگ مَحَل** عشرت کدہ۔ محاورہ: **رَنگ میں بھَنگ پڑنا/ ہونا** مزا کر کرا ہونا، خوشی میں خلل واقع ہونا۔

رَنکا فت ر، غنہ۔ (بروزن فاعل) امذ۔ رنگساز، کپڑے رنگنے والا، نیز **رَنگوَیّا**۔

رَنکا فت مغ ر (بروزن ادا)۔ صف رَنکا ہوا، رنگین امذ **رَنکا سِیار** (کس س بروزن اِزار) عیّار، دھوکے باز، بھروپیا۔

رَنگَت فت ر، غنہ، فت گ۔ (بروزن اُلفت) امث رک: **رَنگ** [ف: رنگ میں اردو کا تصرف]۔

رَنگتَرَہ فت ر غنہ، سک گ، فت ت ر۔ امذ۔ عمدہ قسم کی بڑی نارنگی، نیر اصلاً: **سَنگترہ** (حسب روایت سنگترہ محمد شاہ رنگیلے کا دیا ہوا نام ہے)۔

رَنگرِیز فت ر، غنہ، سک گ، ے مج۔ کپڑے رنگنے والا، نیز اصلاً: **رَنگ رِز** (کس ر)۔

رَنگَن فت ر، غنہ، فت گ (بروزن چِلمن)۔ امذ۔ سبز پتّوں کا افشردہ، کاڑھا۔

رَنگنا فت ر، غنہ، سک گ۔ ف م ل۔ رنگ چڑھانا، رنگدار کرنا، رنگ پھیرنا؛ نیز ف ل: رنگ پکڑنا م: سب ایک ہی رنگ میں رنگے گئے۔

رَنگِیلا فت مع ر، ی مع، (بروزن چھبیلا)۔ صف۔ عیش پسند، خوش باش، رنگدار، خوشرنگ۔ صف رَنگیلی۔

رَنگِین فت ر، غنہ، ی مع (بروزن تقدیر) صف۔ رنگدار، سادہ کی ضد؛ خوشرنگ، دلکش؛ خوش ذوق، خوش باش، عیش کوش۔مر صف **رَنگِیں اَدا** (غنہ) نظر کو لبھانے والے انداز رکھنے والا، خوش طراز، طرحدار۔ **رَنگِیں مِزاج** (غنہ) شوقین، حسن پرست۔ اکیف مث **رَنگِینی**، دلکشی، نظر افروزی، خوش کلامی، خوش باشی۔

رَنْواس فت ر، سک ن۔ امذ۔ محلسرائے، زنانْخانہ۔

رَو و لین۔ امث۔ دھارا، سیل، بہاؤ؛ لہر، موج، (بطور لاحقہ) چلنےوالا م: **تُندرَو، تیز رَو، سُست رَو**۔

رُو (۱) امذ۔ چہرہ، شکل؛ بُشرہ؛ رُخ؛ سمت؛ اشارہ، حوالہ؛ مناسبت، مطابقت م: ازروے شرع (ان معنی میں مث، م: شرع کی رو سے)۔م ف **رُوبرُو** آمنے سامنے، بالمشافَہَہ نیز **رُو دَر رُو، رُوبقَفا** پیچھے کی طرف منہ کیے؛ صف **رُوپوش** غائب؛ **رُودار** شکیل وجیہہ، بارعب؛ امث **رُو رِعایَت** لحاظ، مروت؛ **رُوسِیاہ** گناہگار، بے آبرو، **رُوشِناس** (سک ش) واقف، جانا پہچانا۔ **رُوگَرداں** (غنہ) منحرف **رُونمائی** پہلی بار چہرہ دیکھنا، دلہن کی منہ دکھائی؛ تقریب تعارف **رُومالی** اوڑھنی، لنگوٹ، پاجامے کی میانی۔

رُو (۲) و مع۔ لاحقہ فاعلی بمعنی اگنے والا م: **خودرُو** [ف: رُوئیدن کا صیغہ امر]۔

رَوا (۱) فت ر۔ صف۔ جائز، مُباح، درست۔ (بطور لاحقہ فاعلی) رواں کرنے، جاری نافذ کرنے والا م: **حاجَت رَوا** کام بنانے والا، **فَرماں رَوا** حاکم۔ ا کیف مث۔ **رَوائی** م: **کارَروائی** عمل درآمد۔ [ف: رفتن = جانا کے امر رَو سے مشتق]۔

رَوا (۲) فت ر۔ امذ۔ سوجی، دلا ہوا دردرا آٹا؛ ذرہ، دانہ؛ باریک چھرا۔

رَوابِط فت ر، کس ب۔ ج مذ **رابِطَہ** (رک) کی جمع، تعلقات۔

رُوات ضمہ مج ر۔ ج مذ۔ **راوی** (رک) کی جمع [ع: رُواۃ]۔

رِواج کس ر۔ امذ۔ دستور، چلن، بندھا ہوا طریقہ [اصلاً ع: رَواج]۔صف **رائِج/ مُرَوَّج** جو جاری یا نافذ ہو، جس پر عمل کیا جاتا ہو۔

رَوادار فت ر۔ صف۔ گوارا کرنے والا؛ جائز، درست سمجھنے والا اکیف مث رَوا داری لحاظ، مروت، بے تعصبی۔
رَوارَوی فت ر۔ امث۔ بھاگ دوڑ، جلدی، مارامار۔
رَوافِض فت ر، کس ف۔ ج مذ۔ رافِضی (رک) کی جمع۔
رُواق ضمہ ر۔ امذ۔ خیمہ، خیمے کا پردہ؛ دالان، ایوان؛ برآمدہ۔ (مجازاً) طاق، شہ نشین، پردہ م: رُواقِ چَشْم نیز رِواق (کس ر)۔
رُواقی ضمہ ر۔ امذ، صف۔ یونانی فلسفی زینوؔ، کے زیر اثر رونما ہونے والا فلسفیانہ مکتب فکر، یا اس کا پیرو جو انسان کو مجبور گردانتاہے اور صبر و رضا اور زندگی سے بے رغبتی کی تلقین کرتا ہے۔ (زینو ایک رُواق میں بیٹھ کر درس دیتا تھا) امث رُواقیت نیز رِواق/ رِواقیت (کس ر)۔
رَوان فت ر۔ امث۔ روح، نفسِ باطن، نفسِ ناطقہ [اصلاً ف: رُوان]۔
رَواں فت ر، غنہ۔ صف۔ جاری، چلتا، گزرتا یا بہتا ہوا؛ روانہ؛ بے رکاوٹ، بے لکنت۔ ا کیف مث رَوانی بہاؤ، صفائی، تیزی۔
رُواں ضمہ ر، غنہ۔ امذ۔ رُونگٹا، بُن مُو، مہین ریشہ یا ریشے جو بعض نبات پر ہوتے ہیں، پرندوں کے بچّوں کےنرم پر۔ نیز رُآں، رُوم [س: روم]۔
رَوانس فت ر، غنہ۔ امذ۔ ایک درخت جس کے پتے باریک ٹہنیوں پر املی کے پتوں کی طرح جھالر دار ہوتے ہیں اور پھلی لوبیا کی مانند، بیج موٹھ کے بیج کی طرح کا، پھول باہر سے نیلا اندر سے سرخ زرد یا سفید (لاط: Agati grandiflora)۔
رَوانَہ فت ر ن۔ صف۔ جو چل پڑا ہو یا بھیجا گیا ہو؛ چلتا ہوا، متحرک، چالو؛ شروع۔ امث رَوانگی (سک ن) ترسیل، کُوچ، آغاز سفر۔

رَوانی فت ر۔ امث رک: رَواں نیز رَوائی۔
رِوایَت کس ر، فت ی۔ امث۔ نقل، بیان، حکایت، تذکرہ؛ ریت، رسم، طور طریقہ۔ ج رِوایات امث
رِوایَت پَرستی/ پَسَنْدی مروجہ مذاق یا طور طریق سے گریز یا نا پسند کرنے کی ذہنی روش، قدامت پرستی۔
رُوباہ و مع۔ امث۔ لومڑی (مجازاً) بزدل، مکّار، ا کیف مث رُوباہی بُزدلی۔
رُوبَکاری و مع، فت ب۔ امث۔ عدالت میں مقدّمے کی پیشی۔
رُوپ و مع۔ امذ۔ حسن، خوبصورتی؛ صورت، وضع۔ صف مث رُوپ وَتی حسینہ، نیز رُوپ مَتی۔
رُوپا و مع۔ امث۔ چاندی، نقرہ، فضّہ۔
رُوپک ومع، فت پ۔ امث۔ مورتی، نقلی شبیہہ۔
رُوپہلی ضمہ ر، و غم، فت پ، سک ہ۔ صف۔ مذ مث۔ بروزن سنہری۔ چاندی کا، نقرئی، نیز چاندی کی۔
رُوپِیَہ ضمہ ر، و غم، سک پ، فت ی (بروزن رُستَم)۔ چاندی کا سکّہ، یا اس کا جانشین ۱۶ آنے یا موجودہ ۱۰۰ پیسے کا سکّہ۔ (ج: رُوپے (وغم، ے لین، بروزن سَمے)۔
روٹ و مج۔ امذ۔ موٹی، روٹی، ٹکڑ۔ [س: روٹ]۔
روٹی ومج۔ امث۔ آٹے کے توے یا تندور میں سینکی ہوئی گول چپاتی یا خمیری نان، جس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ مرکب عطفی مذ روٹی کپڑا مراد نان نفقہ؛ لوازمِ زندگی۔ محاورہ روٹیاں توڑنا بیکار رہ کر دوسرے کے سر کھانا۔
روج ومج۔ امث۔ پرندوں کے پروں میں پلنے والی جُوں۔
رُوح و مع۔ امث۔ جان، رُوان، جی، جیؤ، آتما، پْران؛ (مجازاً) سَت، جوہر۔ علم رُوحُ الْاَمِین (رُو حُل اَمِین) فرشتہ جبریلؑ کا لقب۔ رُوحُ الْقُدُس (رُو

حَل قِ دُش) (لفظاً) پاک روح، جس کی وساطت سے حضرت مریم کے ہاں عیسیٰؑ کی ولادت ہوئی، مسیحی عقیدۂ تثلیث کا تیسرا رکن۔ رُوحُ اللہ (رُو حُل لاہ) حضرت عیسیٰؑ کا لقب۔ مرعطفی رُوح وَ رُواں (رُوحِ رُواں) جان و جوہر، کسی تحریک یا تنظیم کی سب سے مؤثر اور سرگرم شخصیت۔ صف رُوحی/ رُوحانی نفس باطن یا ماورائے عالم سے متعلق۔ امث رُوحانیات نفس باطنی یا عالم غیب سے تعلق رکھنے والے اُمور، رُوحانیَت غیر مادّی قوّت۔ فقرہ رُوحی فِداک! میری جان تجھ پر قربان۔

رَود و مج۔ امث۔ نہر، ندی، بہتا پانی۔ رَودبار (جغرافیہ) آبنائے۔

رَوڑا و مج۔ امذ۔ سنگریزہ؛ راہ کی رکاوٹ، محاورہ رَوڑا اَٹکانا (چلتے کام میں) رکاوٹ ڈالنا۔ مث رَوڑی کٹی ہوئی اینٹیں یا پتھر جو سڑک بنانے یا بھرائی کرنے کے کام آئیں۔

رُوڑھا ومع۔ صف۔ کُھردَرا، غیر شفّاف (چہرہ یا جلد) اکیف مث رُوڑھا پَن مث رُوڑھی۔ [اسم جامد]۔

رَوز و مج۔ امذ۔ دِن، یوم؛ زمانہ، دور؛ دن کے اُجالے کے اوقات، صف، م ف۔ رَوز اَفزُوں تیزی سے بڑھتا ہوا؛ رَوزانہ ہر دن کا، فی یوم، ہر دن۔ رَوزِ بَد مصیبت نیز رَوزِ سِیاہ۔ رَوزِ نَخُست۔ پہلا دن۔

رَوزگار ومج، سک ز۔ امذ۔ زمانہ؛ دنیا؛ کام دھندا، نوکری، معاش، گزارے کی صورت۔

رَوزمَرّہ و مج، سک ز، فت م، شد فت ر۔ م ف۔ روزانہ، ہر روز۔ امذ۔ بول چال کی زبان،بولنے والوں کا مخصوص محاورہ یا کلِمات، م؛ وہ تو یہ کہے کہ؛ جانے ہماری بلا۔

رَوزنامچَہ و مج، سک ز م، فت چ۔ امذ۔ روز کے واقعات کی یادداشت، سیاہہ۔

رَوزنامَہ ومج، سک ز، فت م۔ امذ۔ روز شائع ہونے والا اخبار۔

رَوزَہ و مج، فت ز۔ امذ۔ عبادت یا مذہبی فریضے کے طور پر مقرّرہ اوقات کے درمیان خوراک اور لذّات سے پرہیز، صوم، بَرَت؛ فاقہ۔ رَوزَہ خَور (ومج) رمضان کا روزہ ترک کرنے والا۔

رَوزی ومج۔ امث کھانا، رِزق، غذا، خوراک، قُوتِ لایَمُوت۔ مر صف رَوزی رَساں (غنہ) کِھلانے خوراک بہم پہنچانے والاؔ۔

رَوزِینَہ ومج، ی مع، فت ن۔ امذ۔ یومیہ، مزدوری؛ تنخواہ، وظیفہ جو روزانہ یا روزمرّہ ضروریات کے لیے دیا جائے۔ رَوزِینَہ دار۔

رُوستا (ئی) ومع، سک س۔ صف۔ دیہاتی، دہقان، گنوار۔ [ف: رُوستا/ رُوستاے بستی، آبادی، منڈی، ہاٹ۔] مَثَل؛ سلام رُوستائی بے غَرَض نیست غیر متوقع ملاقات ضرور کسی مطلب سے ہوگی۔

رَوِش فت ر، کس و۔ امذ۔ چال، طرز خرام؛ انداز، طور طریقہ؛ پیدل کا راستہ، پٹڑی۔

رَوشَن و لین، فت ش۔ صف۔ اُجلا، اُجالا، منّور؛ واضح، عیاں۔ امث۔ رَوشن چَوکی و لین۔ گانے بجانے والوں کے مجرا پیش کرنے کا تخت جو بعض اوقات امیرانہ جلوس کے ساتھ چلتا تھا اور رات کو اس پر خوب روشنی ہوتی تھی، رواں طائفہ رَوشَن خَیالی نئے خیالات کے لیے ذہن کو کھلا رکھنا۔ امذ رَوشَن دان مکان میں روشنی اور ہوا کے گزر کے لیے بنایا ہوا موکھا یا چھوٹی کھڑکی جو عموماً دیوار میں چھت کے قریب ہوتی ہے۔ رَوشَن گر چراغ جلانے، چراغاں کرنے والا، مشعلچی۔ [ف، قب س؛ رَوچَن]۔

رَوشنائی و لین، سک ش۔ امث۔ قلم سے لکھنے کی

سیاہی، مِداد، مرکّبہ روشنی، نور؛ بصارت، بینائی۔
روشَنَک و لین، فت ش ن۔ عَلَم۔ سکندر اعظم کی بیوی کا مُفرّس نام، نیز **رَوشَنا** [یونانی: Roxana، قب: رُخسانہ]۔
رَوضَہ ولین، فت ض۔ امذ۔ باغ، چمن، گلزار؛ مقبَرہ ج **رَوض/ رِیاض** (ولین، کس ر)۔
رَوغَن و لین، فت غ۔ امذ۔ چکنائی، تیل، دُہن؛ چمک، رونق۔ **رَوغَنِ تَلخ**، سرسوں کا تیل، کڑوا تیل؛ **رَوغَنِ زَرد** گھی۔ محاورہ **رَوغَنِ قاز مَلنا** چکنی چپڑی باتیں بنا کر رام کرنا، خوشامد درآمد کرنا، مکھن لگانا۔ صف **رَوغَنی/ رَوغْنی** چکنا، چپڑا یا چپڑی م: **رَوغْنی روٹی** گھی میں گوندھے ہوئے آٹے کی یا گھی سے چُپڑی روٹی۔
روک ومج۔ امث بندش، مزاحمت، قبضہ؛ باڑھ، حد۔
روکَڑ و مج، فت ک۔ امذ۔ نقدی، زرنقد، حاضر سرمایہ، دھن دولت جو سکوں یا چاندی سونے کی شکل میں ہو۔ **روکَڑی/ روکَڑیا** نقدی کا تحویلدار، کیشیئر۔
رُوکَن و مع، فت ک۔ امث۔ خریدی ہوئی چیز کے ساتھ تھوڑی سی زائد مقدار جو گاہک کو خوش کرنے کے لیے دے دی جائے، چُونگا۔ نیز **رُوکھن** [س: رُوکَھشَنڑ]۔
روکنا ومج، سک ک۔ ف م۔ ٹھہرنا، تھامنا، باندھنا؛ پکڑ لینا؛ ضبط، سلب کرنا؛ باز رکھنا، منع کرنا، وار بچانا۔
رُوکھ و مع۔ امذ۔ پیڑ، درخت۔
رُوکھا ومع۔ صف۔ خشک، سوکھا؛ بے گھی کا یا بغیر سالن کے روٹی کا نوالہ؛ بے لطف، بے مزا؛ جس کی باتوں میں لحاظ، نرمی یا لوچ نہ ہو، بے دید، بے ملاحظہ۔ اکیف مث **رکھائی/ رُوکھا پَن**۔

روگ و مج۔ امذ۔ بیماری، مرض، عارضہ، علّتہ خرابی، عیب، بری عادت۔ صف۔ **روگی** بیمار، عیبی۔
رَولا ولین۔ امذ۔ شور، غوغا، دہائی۔
رولنا ومج، سک ل۔ ف م۔ چُننا، چھانٹ کے نکالنا۔
رولی ومج۔ امث۔ چاول ہلدی پھٹکری وغیرہ کا مرکب جس سے ہندو ماتھے پر تلک لگاتے ہیں۔
رُوم (۱) و مع۔ امذ۔ جزیرہ نمائے اطالیہ (اٹلی)؛ قدیم اطالوی سلطنت۔ نیز **روما** (ومج)۔
رُوم (۲) ومع۔ امذ۔ رک: **رُونگٹا**۔
رومان ومج۔ امذ۔ افسانہ، افسانوی ادب؛ عشقیہ کہانی صف **رومانی** افسانوی؛ روشن خیال؛ غیر رسمی، جدّت پسندانہ؛ کلاسکی کی ضد؛ روما یا روما کی زبان لاطینی سے تعلق رکھنے والا۔ م: **رومانی اَلسِنَہ/ بولیاں/ زُبانیں** لاطینی گروہ سے تعلق رکھنے والی زبانیں، اطالوی، فرانسیسی، ہسپانوی وغیرہ۔ **رومانیت** تخیّل پرستی، عاشقانہ مزاج۔
رَوَنّا فت ر و، شد ن۔ امذ۔ پروانہ، اجازت نامہ، پروانۂ راہداری، پرمٹ۔
رونا ومج۔ ف ل۔ آنسو بہانا، گریہ و زاری کرنا؛ جھینکنا؛ شکوہ کرنا؛ مصیبت بیان کرنا، امذ۔ رنج، حسرت، گریہ، بُکا۔ صف۔ بہت رونے والا، باکی (عموماً بچے کے لیے)۔ مرعطفی امذ **رونا دھونا** بہت زیادہ یا بے محل گریہ و زاری، نیز بطور ف ل۔
رَوندَن و لین مغ۔ فت ر۔ امث۔ پامالی، پانْوں کے نیچے کُچلا جانا۔
رَوندنا و لین، غنہ، سک د۔ ف م۔ پانْووں کے نیچے کچلنا، پامال کرنا۔
رَوندَہ فت و، سک ن، فت د۔ صف۔ جانے والا، سفر کرنے والا، نیز **رَوَند** [اردو کا تصرف، عموماً ترکیب میں] **آیَندَ وَ رَوَند** آنے اور جانے والے، نیز **رَوِندَہ** (کس و) ج **رَوِندَگان** مسافر، سیلانی؛

سیّارے۔

رَونَق و لین، فت ن۔ امث۔ تازگی، شادابی؛ آب و تاب، چہل پہل؛ دیگ یا پتیلی کے سالن کے اُوپر تیرنے والی چکنائی۔

رُونکھا و مع، فت ن، شد کھ۔ صف۔ رک: رُنکھا۔

رُونگٹا ومع، غنہ، سک گ۔ امذ۔ بدن کے مہین بال، رُواں (رک) محاورہ رُونگٹے کھڑے ہونا سخت خوف ہراس طاری ہونا۔ نیز رونگٹا/ رُونگھٹا۔

رُوہانسا ومع، امغ۔ (بروزن اُداسا) رک: رُنکھا۔ نیز رُہانسا مث رُہانسی۔

رُوہڑ و مع، فت ہ۔ امذ۔ پرانی روئی کا پہل، کچے سُوت کا لچھا۔

روہنی و مع، کس ہ۔ امث۔ سرخ گائے۔ [س: روہت = سرخ]۔

روہو ومج، و مع۔ امث۔ ایک دریائی مچھلی (لاط: Cyprinus Rohita)۔

روہے ومج، ے مج۔ ج مذ۔ آنکھوں کے پپوٹوں کے اندر پڑنے والے، ککرے۔

رُوئی و مع۔ (نیز بروزن خُوشی، فَعَل) امث۔ بنولے نکالی ہوئی کپاس۔ف مر رُوئی تُومنا انگلیوں سے روئی کے ریشے الگ کرنا؛ رُوئی دُھننا/ دُھنکنا دُھنکی/ پنکی کے تانت کی پھنکار سے روئی کے ریشوں کو کھولنا، امذ۔ رُوئی کا پہل دُھنکی ہوئی روئی کا چپٹا کیا ہوا گالا۔ رُوئی کا گالا روئی کا پھولا ہوا ٹکڑا۔

رُوئیدگی ومع، ی مع، فت د۔ امث۔اُگنے، اُپجنے کا عمل، نمو؛ نبات، ہریالی، گھاس؛ ریشے، رُوئیں صف رُوئیدَہ اگا ہوا، نمو پایا ہوا۔

روئیں و مج، ی مع، غنہ۔ امث۔ دھات کا ایک مرکّب جس سے گھنٹے، گھڑیال وغیرہ ڈھالے جاتے ہیں۔ صف روئیں تَن دھات کے ڈھلے ہوئے جسم والا، مراد مضبوط، گٹھے ہوئے جسم کا۔ [ف: روییں]۔

رَوی فت ر۔ امذ۔ قافیے کا وہ حرف جس پر اس کی بنیاد ہو، م: نظر ثمر کی ر؛ ہونا سونا کی و۔

رویا و مج۔ امذ۔ خواب، سپنا صف رویائے صادقہ سچّا خواب [ع: رؤیا (رُ ؤ یا) و غم، ج رُوایا]۔

رُویاں ومع، غنہ۔ امذ رک: رُواں جس کا یہ متبادل پوربی تلفظ ہے۔

رُویَت و مع، فت ی۔ امث۔ نظارہ، دید۔ مرکب رُویَتِ ہلال مہینے کی پہلی رات کا چاند دیکھنا [ع: رُؤیَہ و غم]۔

رَویّہ فت ر، کس و، شد فت ی۔ امذ۔ چلن، طرز عمل، برتاؤ؛ روشِ خیال، طرزِ نظر، فکر، سوچ۔ [ع: فکر سوچ، ف: روش، چلن۔ اردو میں ہردو کا مفہوم]۔

رَہ فت مج ر، ہ ملفوظ۔ امث۔ راہ (رک) کا مخفف، عموماً تراکیب میں م: رَہبَر، رَہگُزَر، رَہنُما نیز رَہ (فت ر) م: رَہ نجات، رَہ دُنیا۔

رَہ فت مج ر، ہ ملفوظ۔ رَہنا (رک) سے صیغہ امر۔ (بول چال) رَہ تو جا/ رَہ تو سہی ذرا دم لے، صبر کر پھر دیکھیو کیا ہوتا ہے۔ (بطور دھمکی)۔ م ف رَہ رَہ کر رک رک کر، بار بار، متواتر۔

رَہا فت ر۔ امذ۔ راہنے والا رک: سل رَہا۔

رِہا کس ر۔ صف۔ قید یا بندش سے آزاد، چھوٹا ہوا، نجات یافتہ۔ امث رِہائی بندش سے نجات، چھٹکارا۔

رَہاسہا فت ر س۔ صف۔ بچا کھچا، جتنا کچھ رہ گیا تھا۔ م: رہا سہا اعتبار بھی جاتا رہا۔

رِہالنا کس ر، سک ل۔ف م۔ ریشم کے تاروں کو تانا بنانے کے لیے بٹنا جسے "سِلائی بٹائی" بھی کہتے ہیں، نیز رِہال کاری۔

رَہائش فت ر، سک ء۔ امث۔ اِقامَت، قیام، سکونت، بودوباش، ٹھکانا، پڑاؤ (اردو کا وضعی لفظ، ثقات

نہیں بولتے)۔

رُہْبان فت مج ر، سک ہ۔ راہب (رک) کا مترادف۔ صف رہبانی امث رَہْبانیَت ترکِ دُنیا، سنیاس۔ نیز رُہبان، راہب کی جمع۔ امث رُہْبانیَت۔

رَہْبَر فت مج ر، سک ہ، فت بہ امذ۔ رہنما، قائد، راہ دکھانے، ہدایت دینے والا۔ راہبر کی تخفیف۔ اکیف مث رَہْبَری۔

رَہَٹ فت مج ر ہ۔ امذ۔ کُنوئیں سے آبپاشی کے لیے پانی نکالنے کی کل جسے بیلوں یا اُونٹ کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

رَہْرَو فت مج ر، سک ہ، و لین۔ امذ۔ مسافر، راستے پر چلنے والا ا کیف مث رَہْرَوی۔

رَہْزَن فت مج ر، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ ٹھگ، لٹیرا۔ مسافرت، راستہ چلنا۔ راہزَن کی تخفیف۔ امث رَہْزَنی بَٹ ماری۔

رَہَس فت مج ر ہ۔ امذ۔ ناچ رنگ کی سبھا، ناچ رنگ پر مبنی ناٹک۔

رَہْکَلا فت مج ر، سک ہ، فت ک۔ امذ۔ توپ گاڑی، ایک طرح کی چھوٹی توپ۔ نیز امث رَہْکَل۔

رَہْ گِرا فت مج ر، سک ہ، کس گ۔ امذ۔ عازمِ سفر، کوچ پر آمادہ، مسافر۔

رَہ گُزَر فت مج ر، سک ہ، ضمہ گ، فت ر۔ امث۔ راستہ، شارعِ عام نیز راہْ گُزَر۔

رَہْ گِیر فت مج ر، سک ہ، ی مع۔ امذ۔ مسافر، راہ گِیر/ راہْگِیر کی تخفیف۔

رِہن کس مج ر، سک ہ۔ امذ۔ گروی رکھنا یا کرنا/ رکھوانا۔ [ع: رَھْن]۔

رَہْنا فت مج ر، سک ہ۔ ف ل۔ بسنا، قیام کرنا، ٹھہرنا؛ باقی بچنا، بقایا ہونا، چُھوٹ جانا؛ نیز بطور فعل امدادی دوسرے افعال سے مل کر متعدد معنی دیتا ہے۔ امث رَہْن سَہَن/ رَہْنا سَہْنا آباد فروکش ہونا؛ طرز بودو باش۔ فقرہ بطور مثل رہے نام اللہ کا مراد خدا کے سوا کل دنیا فانی ہے۔ صف رہتا بسنے والا، باقی ماندہ۔ مث رہتی۔ م ف۔ رَہتی دُنیا تک (دُعائیہ فقرہ) ہمیشہ تک۔

رَہِین فت ر، ی مع۔ صف۔ رہن رکھا ہوا، گروی کیا ہوا؛ گِرویدَہ؛ بندھا ہوا؛ پابند، گِھرا ہوا م: رَہینِ آفات مصیبتوں میں مبتلا؛ رَہینِ مِنّت احسان سے دبا ہوا، زیر بارِ کرم، نہایت ممنون۔

رُؤَساء ضم مج ر، فت ء، و غم۔ (بروزن فُقَراء) ج مذ۔ رَئِیس (رک) کی جمع م: رُؤساء شہر۔ شہر کے امیر لوگ۔

رَؤُف فت ر، و مع۔ صف۔ نہایت شفیق، مہربان ا کیف مث رافَت/ رَأفَت (رک)۔

رَئِی فت ر۔ امث۔ دہی بلونے کی چومکھی پھرکی نُما ڈوئی جسے ڈوری سے گھماتے ہیں، مَتھانی۔

رَئِیس فت ر، ی مع۔ امذ۔ حاکم، امیر، فرمانروا؛ صاحب ثروت، دولتمند۔ مث نیز صف بصیغۂ جمع رَئِیسَہ م: اَعضاءِ رَئِیسَہ جسم کے وہ اندرونی اعضا جن پر زندگی کا دارو مدار ہے۔

ری حرف ندا۔ رک: آری/ اے ری جس کا یہ مخفف ہے۔

رے حرف ندا و فجائیہ اَرے (رک) کا مخفف۔

رِیا کس ر۔ امث۔ مکر، بناوٹ، ظاہر داری، دکھاوا، دنیا داری۔ صف ریاکار اکیف مث رِیا کاری۔

رِیاح کس ر۔ امث، ج مث۔ رِیح رک کی جمع نیز بطور واحد مستعمل۔

رِیاسَت کس ر، فت س۔ امث۔ امیری، حکومت؛ عملداری، مملکت۔

رِیاض کس ر۔ امذ۔ محنت، مشقّت؛ مشق، مزاولت، ورزش۔ نیز رَوضَہ (رک) کی جمع۔ امث رِیاضَت

محنت، تَپسّیا۔

رِیاضی کس ر۔ امث۔ علم الحساب، مادّی، عالم اشیا کے حجم و مقدار سے تعلق رکھنے والا علم جس کی تعریف میں اعداد و ہندسہ سے لے کر اقلیدس؛ نجوم، موسیقی، جبر و مقابلہ سے لے کر جرِّ ثقیل تک کو شامل کیا جاتا تھا۔ اصطلاح جدید میں حساب و ہندسہ نیز **ریاضِیات**۔

رَیب ے لین۔ امذ۔ شک، شبہ، گمان، امث۔ **رَیبَہ** تہمت، الزام۔

رِیت ی مع۔ امث۔ رسم، رواج، دستُور۔

ریت ے مج۔ امث۔ دریا کے کنارے پائی جانے والی، دریا کی بہا کر لائی ہوئی دَردری مٹی؛ بالو، ریگ؛ خاک، دُھول، نیز عام **ریتا** صف **ریتِیلا**، گرد آلود؛ ریت یا بالوسے اَٹایا پَٹا ہوا۔ مث **رِیتِیلی**۔

ریتی ے مج۔ امث۔ دریا کا ریتِیلا کنارہ؛ دھات کی سطح کو رگڑ کر ہموار کرنے کا اوزار جس کے کُھرُدرے پھل پر ریگ مال کی طرح اُبھرواں بُندکیاں بنی ہوتی ہیں۔ ف م۔ **ریتنا** ریتی سے رگڑنا۔

رِیٹھا ی مع۔ امذ۔ ایک پہاڑی درخت کا بیر کے برابر گول پھل جس میں سے سیاہ گولی نکلتی ہے اور چھلکا سر کے بال یا گرم کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔ (لاط: Sapindus Detergens/ emarginatus/ Saponaria)۔

ریجھنا ی مع۔ سک جھ۔ ف ل۔ فریفتہ ہونا، مائل، شائق ہونا۔ حاصل مصدر مث **رِیجھ** شوق، لگن، اشتیاق۔

ریچھ ی مع۔ ایک لمبے گھنے بالوں اور لمبی تھوتھنی کا پہاڑی سبزی خور درندہ جو پچھلے پیروں پر سیدھا کھڑا ہو جاتا ہے اور دبوچ کر یا دبا کر مار ڈالتا ہے، بھالو، خَرس ، دُبَّہ مث **رِیچھنی** ریچھ کی مادہ۔ امذ **رِیچھ والا** ریچھ کا تماشا دکھانے والا مداری۔

رِیح ی مع۔ امث۔ ہوا، باد؛ پیٹ میں گُڑ گُڑانے والی ہوا، گوز، پاد۔ ج: **رِیاح**۔

رَیحان ے لین۔ امذ۔ تُلسی کا پودا یا بیج، ناز بو، منجری؛ (لاط: Ocimum Sanctum Bacillum) خوشبو دار پھول ج **رَیاحِین** (فت ر، ی مع) ۲۔ خَطِ نسخ کی ایک روش جس میں حروف کی تزئین کے لیے پُھول پتّے بنائے جاتے ہیں۔ نیز **خَطّ رَیحانی**۔

ریخ ے مج۔ امث۔لکیر، مہین درز یا دراڑ جو کسی سطح پر ہو؛ دانتوں کے درمیان کا باریک خلا۔

ریختَہ ے مج، سک خ، فت ت۔ صف۔ امذ۔ سانچے میں ڈھالا ہوا؛ بکھیرا ہوا؛ چُنا یا صاف کیا ہوا۔ امذ۔ تعمیر کا چونا ملا ہوا مسالہ؛ مخلوط بولی؛ اردو کا ایک قدیم نام، خصوصاً اردو شعر و شاعری۔

ریختی ے مج، سک خ۔ امث۔ اردو شاعری کی ایک صنف جس میں مخصوص زنانہ بولی، الفاظ و محاورات برتے جاتے ہیں، اس کا مزاج تفریحی اور ہزل کی طرف مائل ہوتا تھا، اٹھارویں صدی میں انشاء اللہ خاں انشا اور سعادت یار خاں رنگیں اس صنف کے نمائندہ شاعر تھے۔

ریڑھ ی مع۔ امث۔ حیوانات کی پشت کی لمبی ہڈّی جو مَنکوں کے ایک سلسلے پر مشتمل ہوتی ہے اور اس کے اندر حرام مغز ہوتا ہے، نیز **ریڑھ کی ہَڈّی**۔ جانوروں کی جن انواع میں یہ ہڈّی پائی جاتی ہے انہیں مہرہ دار یا ذی فَقار کہتے ہیں۔ (مجازاً) وہ شے یا شخص جس کے سہارے کوئی چیز قائم ہو۔

ریڑھ مارنا ے مج، سک ڑھ ر۔ محاورہ۔ بگاڑ کے رکھ دینا، نشان مٹا دینا؛ خراب ناکارہ برباد کر دینا۔

ریڑھی ے مج۔ امث۔ چھکڑا۔ بیل گاڑی؛ ہاتھ سے دھکیلنے کا چھوٹا چھکڑا۔ نیز امذ **ریڑھو** (ومع)۔

ریز ے مج۔ امذ۔ پرندوں کا چیں چیں کرنا، چہکار بطور لاحقۂ فاعلی بکھیرنے، برسانے والا م: **اَشک**

ریز گریاں؛ گُل ریز پھول برسانے والا اکیف مثہ ریزِش ٹپکن۔ بہنے کی کیفیت؛ ریزش پَر پرندوں کا پر جھاڑنا۔

ریزگاری ے مج، سک ز۔ امثہ چھوٹے سکے، خوردہ، بھانج، چلر۔

ریزہ ے مج، فت ز۔ امثہ ذرّہ، بھورا؛ چھوٹا ٹکڑا؛ چھوٹا بچّہ۔ مرصف ریزہ چیں گری پڑی چیز یا خوان کے بچے کھچے ٹکڑے چننے والا، ٹکڑ گدا؛ نقّال، خوشہ چیں؛ ریزہ کار باریک نفیس کام کرنے والا کاریگر۔ اکیف مث ریزہ کاری۔

ریس ی مع۔ امثہ نقالی، دوسروں کی روش پر چلنا یا عادت اختیار کرنا۔

ریسمان ے مج، سک س۔ امثہ رسّی، ڈوری، رشتہ۔

ریش ی مع۔ امثہ ڈاڑھی صف ریشائیل (ی مع) لمبی گھنی ڈاڑھی والا بوڑھا۔ بطور پھبتی۔ امذ رِیش قاضی شراب چھاننے کی صافی، صراحی کا منہ بند کرنے کی رُوئی۔ ریش بَچہ نچلے ہونٹ کے نیچے بال، ریش خَنَد ٹھٹے بازی؛ خوشامد در آمد، بیوقوف بنانا۔

رِیش ے مج۔ امذ۔ زخم، گھاؤ، چرکا صف دِل ریش جس کا دل زخمی ہو۔

رَیعان ے لین۔ امذ۔ کسی شے کا بہترین حصہ؛ بہترین دور، م: رَیعان شَباب عین جوانی، جوانی کی بہار کے دن۔

ریکھ ے مج۔ امثہ لکیر، درز، ریخ، باٹ، پگڈنڈی۔ نیز ریکھا۔

ریگ ے مج۔ امثہ ریت، بالو مرصف ریگِ رَواں سراب، آندھی۔ امذ۔ ریگزار/ ریگِستان صحرا، ریت کامیدان، ریگ مال کھردرا کاغذ جس پر شیشے کے مہین ذرّات چپکے ہوتے ہیں اور سطح کو رگڑ کر صاف کرنے کے کام میں آتا ہے۔ ریگ ماہی (سک گ) صحرائی گرگٹ سَقَنقُور (لاط: Lacerta Scinkus)۔

ریل ے مج۔ ریلا (رک) کا مخفف، ریل پیل رو، سیل، افراط، بہتات؛ دھکم دھکّا۔

ریلا ی مج۔ امذ۔ بہتا ہوا دھارا، تیزی سے دوڑتی ہوئی موج؛ رواں دواں ہجُوم؛ ہلّہ، یورش، دَھکا پیل۔ ف م ریلنا دھکیلنا۔

ریم ی مع۔ امثہ پیپ، پکے ہوئے زخموں میں پڑ جانے والا سفید مواد۔

ریمِیا ی مع، کس م (بروزن کیمیا) امثہ جادو کے زور سے اڑنے، روپوش ہو جانے کا (مفروضہ) فن؛ اُڑان وِدّیا۔

رَین ے لین۔ امثہ رات۔ امذ رَین بَسیرا رات کا قیام یا قیام گاہ۔

ریندھنا ی مع، غنہ، سک دھ۔ ف م۔ پکانا، ابالنا، کھانا تیار کرنا؛ کھانا لگانا، پروسنا۔ عموماً پکانا ریندھنا پکانا کا تابع۔

رَینک ے لین، غنہ، سک ک۔ امثہ گدھے کی آواز صوت الحَمیر۔ ف ل۔ رَینکنا گدھے کا ڈھینچو ڈھینچو کرنا۔

رینگٹا ے مج، غنہ، سک گ۔ امثہ گدھے کا نر بچّہ۔ امث رینگٹی۔

رینگنا ے مج، غنہ، سک گ۔ ف ل۔ آہستہ آہستہ پیٹ کے بَل کِھسکنا، حشرات الارض کی چال۔

ریگنی ے مج، غنہ سک گ۔ امذ۔ عِرق النّسا کا درد؛ ایک زمینی بیل جس میں زرد کانٹے لگتے ہیں، پھول اودے جن کا زیرہ سنہری، اور پھل بیل کے برابر پکنے پر زرد؛ بَھٹ کٹیّا، کٹائی خورد۔ (لاط: Solanum Xanthocarpum)۔

رَینی (۱) ے لین۔ صف۔ رات کو بولنے والا سدھایا

ہوا پرندہ، م: رَینی بُلبُل۔

رَینی (۲) ے لین۔ امث۔ نباتی رنگ، کسم وغیرہ سے تیار کیا ہوا رنگ۔

ریو ی مج، سک و۔ امذ۔ دھوکا، فریب۔

ریو ی مج، سک و۔ امذ۔ سنگریزہ، ٹھیکری، روڑا۔ امث۔ **رِیوْڑی** گُڑ یا کھانڈ کی گول ٹِکلیوں پر تِل چڑھا کر تیار کی ہوئی ایک سستی مٹھائی۔

ریوَڑ ے مج، فت و۔ امذ۔ مویشیوں کا گلّہ۔

ریوڑی ے مج، سک و۔ امث رک: **ریو** کے تحت۔ محاورہ **ریوڑی (والے) کے پھیر میں آنا۔** لالچ کے سبب مصیبت میں پھنس جانا۔

ریول ے مج، فت و۔ امذ۔ خانگی کبوتروں کا جنگل میں چگنے کے لیے جانا۔ صف **ریوَلیا** چگنے کے لیے اڑ کر جانے والا پالتو کبوتر۔

ریوَنْد ے مج، فت و، سک ن۔ امث۔ ایک پودے کی جڑ جس کا عُصارہ دواءً مستعمل ہے، نیز **ریوَند چِینی** (لاط: Rhei Radix)۔

رِیَہ کس ر، فت ی۔ امث۔ پھیپھڑا، شُش [ع: رِئہ]۔

ریہَڑ ے مج، فت ہ۔ امث۔ بنجر، زمین، کَلَر۔

رھ

رھ رھا، رے ھے، ر کی ہائیہ شکل، اردو کا چوبیسواں مخلوط مصوتہ۔ جُمل میں ۲۰۵ عدد کا حامل۔ بہت کم واقع ہوتا ہے۔ لیکن بہرحال اردو اصوات میں شامل ہے اور بعض الفاظ میں واضح طور پر موجود م: ارھر، بارَھواں، بَرَھما، پندَرھواں، تیرھواں، ستَرھویں، سِرھانا، گَرھستی۔

ڑ

ڑ ڑے، ڑا، راے ہندی رائے ثقیلہ۔ امث۔ اردو کی ترتیب تہجی کا پچیسواں حرف (بشمول ہائیّہ حروف)۔ ذلقی مصوتہ ہے جو نوک زبان کو پیچھے کی طرف موڑ کر کسی قدر جھٹکے کے ساتھ سیدھا کرنے سے ادا ہوتا ہے۔ یہ آواز برصغیر ہند و پاکستان کے علاوہ کسی آریائی یا غیر آریائی زبان میں نہیں پائی جاتی، حتیٰ کہ سنسکرت میں بھی نہیں۔ لہٰذا قیاساً کسی قبل آریائی بولی کی یادگار ہے۔ اردو میں بھی یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، صرف بیچ میں یا آخر میں آتا ہے۔ م: اُڑد، اُڑان، کَڑوا؛ آڑ، پہاڑ، توڑ، مروڑ، دوڑ، بھیڑ، گڑ وغیرہ۔ جمل میں اس کے عدد حرف ر کے مساوی (۲۰۰) شمار ہوتے ہیں۔

ڑا امث، امذ۔ حرف ڑ کا ہندی نام، ڑے۔ بعض الفاظ میں بطور لاحقۂ تصغیر آتا ہے۔ م: بنْرا (فت ب، سک ن) بنا = دُولھا کی تصغیر، پَلْڑا فت پ، سک ل۔ پلّہ کی تصغیر؛ جیوْڑا جیو = جان؛ گانْوڑا (غنہ سک د) چھوٹا گانْو۔ مث ڑی م: چَمڑی (چام + ڑی) پَگڑی، آنکھڑی، پَنکھڑی۔

ڑھ

ڑھ ڑھا، ڑھے، ڑ اور دو چشمی ھ مخلوط۔ امث۔ اردو ترتیب تہجی کا چھبیسواں حرف، ڑ کی ہائیہ شکل، ڑ کی طرح کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا لیکن الفاظ کے درمیان اور آخر بکثرت موجود م: بڑھنا، پَڑھائی، چڑھائی، ڈاڑھی، کاڑھا، کَڑھت، کُڑھنا، گڑھ، لُڑھکنا، مَسوڑھا؛ اَساڑھ، اوڑھنا، باڑھ، پیڑھا، ٹیڑھ، رِیڑھ، ریڑھ، کوڑھ۔ (وعلیٰ ہٰذا القیاس)۔

ز

ز زے، رائے معجمہ۔ امث۔ اردو ترتیب تہجّی کا ستّائیسواں حرف، زبان کے نچلے سیدھے سرے اور تالُو کی رگڑ سے پیدا ہونے والا مصوتہ۔ ہندی اصل کے الفاظ میں پایا نہیں جاتا۔ البتہ اردو کے بعض وضعی الفاظ میں موجود م: زَنّل، زُنّاٹا۔ حروف شمسی میں شامل، جمل میں ۷ عدد کا حامل۔

ز کس مج۔ حرف جار۔ از کا مخفف بمعنی سے م: زِبَس = از بَس زِرَہِ اِمتِثالِ اَمْر (کسمج ز ہ ت ل) تعمیل حکم کے طور پر؛ زِرُوے تواریخ تاریخی لحاظ سے۔

زا لاحقۂ فاعلی بمعنی پیدا کرنے والا م: ہنگامہ زا شور اٹھانے والا؛ پیدا شدہ، اولاد، زاد/ زادہ کا مخفف۔ م: میرزا، نیز زاے م: کَرِشمہ زاے کمال، تماشا دکھانے والا۔

زابُل ضمہ ب۔ عَلَم۔ خراسان کا قدیم نام؛ خراسان کا ایک شہر۔

زَاج امث۔ سجّی، سوڈا، زاج سُفید پھٹکڑی۔

زاد لاحقۂ وصفی بمعنی پیدا کردہ، جَنا ہوا، اولاد، نسل، م: آدم زاد، تخلیق م: طَبْعْزاد۔ نیز زادَہ (د) م: اَمیر زادَہ، خُوزادَہ = خوَاجہ زَادَہ مث زادی ۲۔ امذ۔ سفری سامان، راستے کا خرچ، نیز زاد راہ۔

زاد فت د۔ ف ماضی، واحد غائب بمعنی: بڑھا، زیادہ ہوا، بطور کلمۂ دعائیہ زادَ لُطفُکُم آپ کی رحمت زیادہ ہوئی یعنی کہ ہو۔ ج: زِیدَت (رک)۔

زادْ بُوم سک د، و مع۔ امذ۔ وطن، جاے پیدائش، جَنم بھوم۔

زار (۱) صف۔ لاغر، کمزور؛ خراب حال؛ گِریاں، نالاں، مرکب زارنالی رونا دھونا، گریہ و زاری صف

زار وَ نَزار (ومج، فت ن) ناتواں، خستہ حال؛ امث زاری، رونا، گریہ۔

زار (۲) لاحقۂ ظرف۔ مقام، جگہ، خصوصاً جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جائے یا پیدا ہو۔ م: گُلزار پھولوں کا باغ ریگْ زار صحرا۔

زار زار سک ر۔ م ف۔ شدت سے (رونا) لگاتار (آہ و زاری کرنا)۔

زاغ امذ۔ کوّا، نیز زاج زاغ کمان کمان کا اندرونی خم۔

زال صف۔ سفید ریش، پیر فرتوت، بُوڑھا، نیز بُڑھیا۔

زانُو و مع۔ امذ۔ گھٹنے سے جانگھ تک کا حصہ۔ محاورہ زانُو ٹیکْنا عاجزی، اظہار اطاعت کرنا، دو زانُو بَیٹْھنا زانو کے نیچے پنڈلی دبا کر بیٹھنا، نیز زانُو طَے کرنا۔ صف چَہار زانُو آلتی پالتی مارے ہوئے۔ زانُو پوش کھانا کھاتے وقت زانو پر بچھانے کا رومال، نیپکن محاورہ۔ زانُو دَبانا گھٹنے سے گھٹنا ملا کے بیٹھنا۔

زانی صف۔ زناکار، حرام کاری کرنے والا مث زانِیَہ (زانِ یَ)۔

زاوِیَہ کس و، فت ی۔ امذ۔ گوشہ، کونا؛ حُجرہ، خلوت گاہ؛ دو خطوط مستقیم کے ملنے سے بننے والی اقلیدسی شکل۔ مرکبات: زاوِیَہ ٔ حادّہ زاویۂ قائمہ (۹۰) سے چھوٹا زاویہ؛ زاوِیۂ قائمہ سیدھی سطح پر عمودی خط سے بننے والا ۹۰ درجے کا زاویہ زاوِیۂ مُسْتَدِیر دو منحنی خطوط یا ایک منحنی اور ایک مستوی خط سے بننے والا کُروی زاویہ۔ زاوِیہ ٔ مُنْفَرِجَہ (مُنْ فَ رِ جَ) وہ زاویہ جو زاویۂ قائمہ سے بڑا ہوا۔ زاوِیَہ نَشِین گوشہ نشین، تارک الدّنیا۔ ج زَوایا۔

زاہِد کس ہ۔ امذ، صف۔ عبادت گزار، متقی، ج زُہّاد (ضمہ ز، شد ہ) مث زاہِدَہ (د) مرکب زاہِد

خُشک بے ذوق، مُتقشِف آدمی جسے رسوم عبادات کے علاوہ کسی بات سے دلچسپی نہ ہو۔

زاہِر کس ہ۔ صف۔ روشن، چمکیلا، مث **زہراء** تفصیل **اَزْہَر** ج **زَواہِر**۔

زائِچَہ کسمج ء، فت چ۔ امذ۔ جَنم پَترا، پیدائش کےوقت اجرام فلکی کے محل وقوع کا نقشہ جس کی رُو سے منجم آئندہ کے بارے میں حکم لگاتا ہے، زِیچ۔

زائِد کس ء۔ صف۔ زیادہ، بڑھا ہوا، متجاوز، افزوں؛ فالتو، فاضل۔ مرکب **زائِدُالْمِیعاد** (کس ء، ا غم، سک ل، ی مع) جس کی میعاد گزر چکی ہو، سوخت شدہ (معاہدہ وغیرہ)، **زائِدُالْوَصف** (ء ُدل وَصْ فْ) تعریف سے باہر، نہایت خوب۔

زائِر کس ء۔ امذ۔ زیارت کرنے والا، کسی متبرک مقام کے دیدار کے لیے سفر کرنے والا؛ سیّاح۔

زائِل کس ء۔ صف۔ زوال پذیر، مٹنے والا؛ دُور، غائب، فرو، بے اثر۔

زائِیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ پیدا کیا ہوا، جَنا ہوا، تخلیق کیا ہوا۔

زَباد فت ز۔ امذ۔ مشک بِلاؤ سے حاصل ہونے والی خوشبو۔

زُبان ضمہ ز۔ امث۔ منہ کے اندر ذائقہ چکھنے اور بولنے میں حرکت کرنے والا عضو؛ جِیبھ؛ بولی، لِسان؛ (محاورۃً) قول، اِقرار؛ کسی طبقے کا مخصوص محاورہ۔ مرکب **زبانِ تَرازُو** ترازو کی نوک جو تول بتاتی ہے۔ **زبانِ قَلَم** قلم کی نوک، قط، **زبانِ شَمع** لو، شُعلہ۔ مروصفی **زباں دَراز** گستاخ، دو بدو کرنے والا۔ صف **زَباں زَد** مشہور عام جس کا چرچا ہو۔ (بول چال) **زَبان سَنْبھالو!** بدکلامی نہ کرو، شائستہ گفتکو کرو۔ نیز **زَبان کو لَگام دو**۔ **زبان کے نِیچے زبان ہونا** قول سے پھرنا، کہہ کر مکرنا۔ مرکب وصفی **زبان لال** گونگی زبان نیز

زَبان فت ز، **زَباں** (غنہ)۔ نیز **زُباں**۔

زُبانَہ ضمہ ز، فت ن۔ امذ۔ شعلہ، لو، لپٹ؛ ترازو کی نوک جو تول بتاتی ہے۔

زُبْدَہ ضمہ ز، سک ب، فت د۔ امذ۔ (لفظاً) مَکھَن، بالائی، (مجازاً) ممتاز، برگزیدہ (لوگ) م: **زُبْدَةُ اَلْحُکَما** (زُبْ دَ تَل حُ کَ ما) چوٹی کے عالم۔

زَبَر فت ز ب۔ صف۔ اونچا، بڑا؛ بھاری بھرکم؛ طاقتور؛ علامتِ فَتحَہ یا زَبَر۔

زَبَردَست فت ز ب۔ سک ر، فت د، سک س۔ صف۔ غالب؛ حاوی، قوی؛ زور دار، شدید؛ عظیم؛ م: زبردست نقصان۔ امث۔ **زَبَردَستی** زورا زوری، دھینگا دھینگی، جبر۔

زَبَرجَد فت ز ب، سک ر، فت ج۔ امذ۔ ایک نیم قیمتی پتھر یا نگینہ عموماً چمکیلا زردی مائل (قب انگ: Topas Chrysolite)۔

زَبُور فت ز، ومع۔ امث۔ حضرت داؤد کا صحیفہ، نیز توریت کا وہ باب جو غزل الغزلات کہلاتا ہے۔

زَبُوں فت ز، و مع، غنہ۔ صف۔ کمزور، نحیف، خراب، خوار؛ شسکت خوردہ، اکیف مث **زَبُونی**۔ خواری، پستی، پسماندگی۔

زَپاٹا فت ز۔ امذ۔ فرّاٹا، زور کی اڑان یا دوڑ۔ ف مر **زَپاٹا بَھرنا** تیزی سے دوڑ پڑنا۔

زَٹَل فت ز ٹ۔ امث۔ لغو بات، خرافات؛ فضول گفتکو۔ محاورہ **زَٹَل قافیے ملانا** بے تکی باتیں کرنا، بے لوچ گفتکو کرنا۔ صف **زَٹَلی** فضول گو، نیز **زَٹَلْیا** (سک ل)۔

زُجاج ضمہ ز۔ امذ۔ شیشہ یا شیشے کا ظرف، شراب کا پیمانہ۔

زَجْر فت ز، سک ج۔ امذ۔ ڈانٹ، دھمکی، فہمائش مر عطفی **زَجْر وَ تَوبِیخ** (ومج، و لین، ی مع) ڈانٹ پھٹکار، سرزنِش۔

زِچ کس ز۔ صف۔ نرغے میں آیا ہوا، عاجز، تنگ، شطرنج میں بادشاہ کا ایسے گھر میں ہونا جہاں سے کوئی چال نہ چل سکے (ایسے میں حریف کا ایک مہرہ بساط پر سے بادشاہ کی راہ کھولنے کے لیے اٹھایا جا سکتا ہے۔)

زَچّہ فت ز، شد فت چ۔ امث۔ وہ عورت جس کے ہاں تازہ ولادت ہوئی ہو۔ اکیف مث **زَچْگی** (فت ز، سک چ)۔ مرکب، امث **زَچّہ گیری** بچّے کی ولادت پر گائے جانے والا گیت۔ [ف: زَچہ (بلا شد)، زَچگی]۔

زِحاف کسمج ز۔ امذ۔ (عروض) رکن بحر میں تصرف کا عمل جس کی بہت سے شکلیں ہیں؛ رکن بحر کے ایک حرف کو حذف کر کے اس کے وزن کو بدل دینا م: مستفعلن سے مُستفعِل بنانا اور اس کی جگہ دوسرا رکن مَفعُولُن لے آنا۔

زُحَل ضم مج ز، فت ح۔ امذ۔ نظام شمسی کا چھٹا اور دوسرا سب سے بڑا سیّارہ جس کے گرد حلقے نظر آتے ہیں، ہندی نُجوم میں اس کو شَنی گْرہ کہتے ہیں۔

زَحْمَت فت مج ز، سک ح، فت م۔ امث۔ تکلیف، کلفت، کٹھنائی۔

زَحِیر فت ز، ی مع۔ امث پیچش، مروڑ۔

زَخّار فت ز، شد خ۔ صف۔ پُر، بھرپور، لبریز، لبالب، کناروں سے اُبلتا ہوا، موّاج (دریا سمندر وغیرہ) (نیز مجازاً) وافر، پُرجوش۔

زُخْرُف ضمہ ز، سک خ، ضمہ ر۔ امث آرائش، سجاوٹ، تکلّف، صنعت کاری، ج **زَخارِف** (فت ز، کس ر) سطح پر نظر آنے والی اشیاء، صنائع، بدائع؛ پانی پر منڈلانے والے حشرات۔ مرکب: **زَخارِفُ الدُّنْیا** دنیاوی، زیبائش کی چیزیں، فضول سازو سامان۔

زَخْم فت ز، سک خ۔ امذ۔ گھاؤ، چرکا؛ شدید صدمہ، مرکب **زَخْمِ چَشْم** نظر بد، نیز (فکّ اضافت مقلوب) **چَشْمْ زَخْم** (سک ش م خ) **زَخْم دامَن دار** بڑا گھیردار گھاؤ۔ **زَخْم حَیات** موٹے پتوں کی ایک بوٹی جو زخم کو بھرنے کے لیے مفید ہے، ہیم ساگر (لاط: Kalanchoe laciniata)۔ **زَخْم کاری** گہرا یا مہلک زخم۔ صف **زَخْمی** گھایل؛ مجروح نیز **زَخْم خُوْرْدَہ** (و غم)۔

زَخْمَہ فت ز، سک خ، فت م۔ امذ۔ مضراب یا گز یا چوب جس سے کوئی ساز بجایا جائے۔

زَد فت ز۔ امث۔ وار، ضرب، چوٹ، مار۔ محاورہ **زَد پَڑنا** اثر ہونا، وار پڑنا۔ **زَد میں ہونا** نشانے کی سیدھ میں ہونا، مار کی حد میں ہونا۔

زَدَہ فت ز د۔ صف۔ مارا، چوٹ کھایا ہوا؛ خراب، خستہ۔نیز تراکیب میں بطور جزو ثانی **آفت زَدَہ** مصیبت کا مارا، تباہی کا نشانہ، **غَم زَدَہ** دلی صدمہ اٹھائے ہوئے۔ اکیف مث **زَدگی** مر عطفی **زَد و کوب** (ومج) مار پیٹ، مارکُٹائی۔

زَر فت ز۔ امذ۔ سونا، طلا، کندن نیز زر سُرخ؛ دولت، ثروت؛ رقم، نقدی؛ پھول کا زیرہ نیز **زَرگُل**۔ صف **زَراَنْدُود** ملمع کیا ہوا، جس پر سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو۔ **زَربَفْت** ریشمی کپڑا جس میں سونے کے تار ہوں، بادلے کے تانے اور ریشم کے بانے سے بنا ہوا کپڑا؛ کمخواب اس کی ایک بہتر قیم ہے، اور تاش نسبتہً کمتر۔ **زردوز** زری کا کام کرنے والا۔ مروصفی؛ **زرکامل عِیار** کھرا سونا؛ **زَرْکوب** سونے چاندی کے ورق بنانے والا؛ **زَرگر** سُنار سادے کار **زَرمُبادَلہ** (ضمہ م، فت د) بیرونی سکّہ، جس میں درآمدی مال کی قیمت ادا کی جائے یا مال کی برآمد سے حاصل ہو۔ **زرنِگار** وہ شے جس پر سنہری نقوش بنائے گئے ہوں۔

زَرا فت ز۔ رک: **ذرا**۔

زِراعَت کس ز، فت ع۔ امث۔ کاشت کاری، کھیتی

باڑی۔

زَراوَنْد فت ز و، سک ن۔ امث۔ ایک پودے کی جڑ، چھِنْکلی کے برابر باہر سے زرد اندر سے مائل بہ سرخی، دواءً مستعمل،ایشرمُول (قب انگ: Rotunda)۔

زَرتُشت فت ز، سک ر، ضمہ ت، سک ش۔ عَلَم - پارسی مذہب کے بانی کا نام۔ نیز زَردُشت۔

زَرْد فت ز، سک ر۔ صفہ تین بنیادی رنگوں میں سے ایک پیلا رنگ۔ امث زَردی۔

زَرْداب فت ز، سک ر۔ امذ۔ پت صفرا۔ نیز زَردابہ۔

زَرْد آلُو فت ز، سک ر د، و مع۔ امذ۔ ایک گول زردی مائل پھل جس کی گٹھلی میں بادام کی طرح کی گری ہوتی ہے۔ خشک صورت میں خوبانی کہلاتا ہے۔

زَرْد چوب فت ز، سک ر د، ومج۔ امث۔ ہلدی (لاط: Curcumalonga)۔

زَرْدَہ فت ز، سک ر، فت د۔ صف، امذ۔ زرد رنگ کا جانور یا شے؛ خوردنی تمباکو؛ زرد رنگ کے میٹھے چاول، مزَعفر۔

زِرِشک کس ز ر، سک ش۔ امذ۔ کشمش سے ملتا ہوا ایک کھٹ مٹھا پھل جو ایک خاردار پودے (دار ہَلد) میں لگتا ہے، دواءً مستعمل، نیز زَرتک، زارِج۔

زَرَق فت ز ر۔ امذ۔ آنکھوں میں اُترنے والا کالا پانی (قب انگ: glaucoma)۔

زَرْق بَرْق فت ز، سک ر، فت ب۔ صف۔ چمکیلا، بھڑکیلا، آنکھوں میں چکا چوند پیدا کرنے والا۔

زَرْنَب فت ز، سک ر، فت ن۔ امذ۔ برہمی بُوٹی۔ اس کا پیڑ چھتّے دار اکثر پانی کے کنارے ہوتا ہے، پتے گھوڑے کے سُم کی مانند، نیز گھڑ سُمّی (لاط: Hydrocotyl Asiatica/ Herpests Spathulata)۔

زَرَنْباد فت ز ر، سک ن۔ امذ۔ نر کچور (رک)۔

زَرْنیخ فت ز، سک ر، ی مع۔ امث۔ ایک زہریلی معدنی شے جو کئی رنگ کی ہوتی ہے، عموماً سرخی مائل زرد، ہڑتال (رک)۔

زِرَہ کس ز، فت ر، سک ہ ملفوظ۔ امث۔ سینے کی حفاظت کے لیے پہننے کا جالی دار آہنی فوجی لباس۔ نیز اصلاً: زِرہ۔

زَری فت ز۔ امث۔ سونے کا تار، گوٹا کناری، کپڑوں پر ٹانکی جانے والی سنہری رُوپہلی ٹکن۔

زِڑ کس ز، سک ڑ۔ امث ایک ہی بات کی تکرار، جھک، رٹ، بَڑ۔ صف۔ زِڑی جھکّی۔

زِشْت کس ز، سک ش۔ صف۔ برا، بد، بھدّا، بدنما، قبیح۔ اکیف مث زِشتی بدی، خرابی، بھونڈا پن۔

زَعْفَران فت ز، سک ع فـ۔ امث۔ ایک پہاڑی پھول کا زرد زیرہ جو کھانے میں رنگ اور مہک پیدا کرنے کے لیے نیز دواءً استعمال ہوتا ہے۔ کیسَر [اصلاً ع: زَعْفَران (فت ف)؛ لاط: Crocus Sativus] صف زَعْفَرانی شوخ زرد رنگ، جوگیا، کیسری، مرکب زَعْفَراں زار کیسر کا کھیت جس کا نظارہ اور ہوا فرحت بخش ہوتی ہے۔ مجازاً ہنسنے ہنسانے کا مقام، سبب یا ذریعہ۔

زَعْم فت ز، سک ع۔ امذ۔ گمان، خوش گمانی، خود کو بڑا سمجھنا، گھمنڈ؛ نیز زخم [ع: زعم = دعویٰ؛ زعمی= جھوٹا، لپائی]۔

زَعیم فت ز، ی مع۔ صف، امذ۔ بزرگ، بڑا، سردھرا، مختار، نمائندہ۔ ج زُعَما (ضم مج ز، فت ع)۔

زُغال ضمہ ز۔ امذ۔ کالا کوئلہ جو ایندھن کے کام آتا ہے۔

زَغَن فت زغ۔ امث۔ چیل۔

زِفاف کس ز۔ امذ۔ دلھن کی رخصتی، دولھا دلھن کا

پہلی بار ملنا۔

زَفِیر فت ز، ی مع۔ امث۔ سیٹی جو منہ سے بجائی جائے، پرندے کی سریلی آواز۔ نیز **زَفِیری، زَفِیل**۔

زَقَنْد فت ز ق، سک ن۔ امث۔ چھلانگ، جست نیز **زَغَنْد**۔

زَقُوم فت ز، ومع۔ امذ۔ تُھوہَر، سیہنڈ، ناگ پھنی کی قسم سے ایک کانٹے دار پودا [ع: زَقّوم (شد ق)؛ لاط: Euphorbia Antiquorum]۔

زَک فت ز۔ امث۔ دھکّا، ٹھیس، نقصان، ہزیمت [ف: بڑبڑانا؛ ع: نحیف چال۔ اردو معنی دونوں سے الگ ہیں] محاورہ **زَک دینا** چوٹ دینا، نقصان پہنچانا۔

زَکا فت ز۔ امث، صف۔ افزائش، بڑھوتری؛ پاکیزگی، دیانت؛ مالدار، سخی۔

زَکاۃ فت ز۔ امث۔ احکام اسلامی کے مطابق سال میں ایک بار نصاب یعنی قابل زکات مال و متاع کا ایک مقرّرہ حصہ (اڑھائی فیصد) خیرات دینا، نیز **زَکات**۔ **زَکوٰۃ** (زکات)۔

زُکام ضمہ ز۔ امذ۔ ناک سے ریزش کی بیماری، نزلہ۔

زَکَرِیّا فت ز ک، کس ر، شد ی۔ عَلَم۔ حضرت سلیمان کی اولاد میں سے ایک پیغمبر کا نام؛ نیز مسیحی حواری یُوحنّا کے والد؛ نیز حضرت مریم کے خالو، جنھیں ازروئے قرآن بڑھاپے میں اولاد کی بشارت دی گئی تھی؛ نیز حضرت امام رازی کے والد کا نام۔

زَکوٰۃ فت ز، و غم۔ امث۔ رک **زَکات**۔ محاورہ **زَکوٰۃ اُتارنا** صدقہ دینا، خیرات کرنا۔

زَکی فت ز۔ صف۔ نیک، پاک، صالح؛ زکات ادا کرنے والا۔ مث **زَکیّہ**۔

زُلال ضمہ ز۔ امذ۔ چشمے کا پانی، نِتھرا ہوا پانی، ٹھنڈا پانی۔

زَلزَلہ فت ز، سک ل، فت ز، ل۔ بھونچال، زمین کا لرزنا۔ ج **زَلازِل**۔

زُلف ضمہ ز، سک ل۔ امث۔ کاکل، بالوں کی لٹکتی ہوئی لٹ؛ سنْورے گیسو۔ **زُلفِ چلیپا** (چ لی پا) صلیب کی شکل میں گندھی ہوئی چوٹی۔ **زُلف گرہ گیر** گھونگر والے بال۔ **زُلف پیچاں** (ے مج، غنہ) لہریے دار بال۔

زُلفی ضمہ ز، سک ل۔ امث۔ دروازے کی زنجیر، سانْکل۔

زَلَق فت ز، سک ل۔ امذ۔ مصنوعی طور سے تنہا، جنسی لذّت لینا، اِستمنا بالیَد، ہتھلس۔ عام **جَلَق**۔

زَلّہ فت ز، شد فت ل۔ امذ۔ دستر خوان کا بچا ہوا کھانا، جھوٹن، اُلش، پس خُوردہ۔ مروصفی **زَلّہ رُبا** دستر خوان کے ریزے چننے والا، ریزہ چیں، مراد: دُوسروں سے فیض پانے خوشہ چینی کرنے والا۔

زُلَیخا ضمہ ز، ے لین۔ عَلَم۔ عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر فریفتہ ہو گئی تھی۔

زِمام کس ز۔ امث۔ لگام، باگ ڈور؛ اونٹ کی نکیل کی رسی۔ مرکب **زِمامِ کار** اختیار، قابو۔ عام: **زَمام**۔

زَمان فت ز۔ امذ۔ تسلسل و تبدّل کا وہ تصور اور حِسّی مشاہدہ جو مکان کے ساتھ لازم ہے؛ وقت، عہد، دور؛ نیز **زمانہ** مر عطفی **زمان وَمکان** وہ دو اعتبارات جن سے موجودات کا ادراک ہوتا ہے۔ تراکیب میں اکثر نون غنہ م: **دَورِ زماں، فخرِ زماں** مخفف **زَمَن** صف **زَمانی**، ج **زمانیاں** اہل دُنیا۔

زَمانہ فت ز ن۔ امذ۔ رک: **زمان**؛ دنیا اور اہل دنیا؛ مدّت، مدّت دراز م: زمانہ ہوا۔ صف **زمانے (بھر) کا چھٹا** ہوا، کسی عیب میں بہت بڑھا ہوا ،م: زمانے (بھر) کا جُھوٹا = بہت بڑا دروغ گو؛ **زمانہ ساز** دنیا دار، مطلبی۔

زُمُرّد ضمہ ز م؛ شد ضم ر۔ امذ۔ سبز رنگ کا قیمتی

نگینہ، پنّا صف **زُمُرّدِیں** (غنہ) ہرا، زمرد جیسا، زمرد کا بنا ہوا۔

زُمْرَہ ضمہ ز، سک م، فت ر۔ امذ۔ جماعت، گروہ، قبیل۔

زَمْزَم فت ز، سک م۔ عَلَم۔ حرم کعبہ کے اندر واقع چشمہ، مرکب **آبِ زَمزَم** زمزم کے چشمے کا پانی جو تبّرک کے طور پر لایا جاتا ہے۔ امث **زَمْزَمی** ڈبیا جس میں حاجی آب زمزم لے کرآتے ہیں۔

زَمْزَمَہ فت ز، سک م، فت م۔ امذ۔ نغمہ، ترانہ، مرکب وصفی **زَمزَمَہ پَرداز** نغمہ خواں۔

زَمِسْتاں فت ز، کس م، سک س۔ امذ۔ سردی کا موسم، جاڑا، سرما۔

زَمْہَرِیر فت ز، سک م، فت ہ، ی مع۔ امذ۔ نہایت سرد مقام، ہوا کا منطقۂ بارِدَہ۔

زَمین فت ز، ی مع۔ امث۔ کرۂ دنیا، دھرتی، بھُومی، ارضِ بسیط؛ قطعۂ اراضی، میداں؛ فرش، تہہ، بنیاد؛ سطح جس پر نقش و نگار بنائے جائیں۔ (شاعری) مصرعے کی عروضی شکل، بحر اور قافیہ و ردیف۔صف **زَمین بوس** کسی کے قدموں کی زمیں احتراماً چومنے، اظہار عاجزی کرنے والا۔ محاورہ **زمین پانْو تلے سے/ پانو تلے سے زمین نکل جانا** ہراساں دہشت زدہ ہونا؛ **زَمین پَر پاْنو/ پَیر نہ رکھنا** سخت مغرور ہونا؛ **زمین پکڑ لینا**، جم جانا، نہ ٹلنا، **زَمین دکھانا** چِت کر دینا، پٹک دینا۔ مروصفی **زَمیں دوز** (غنہ و مج) سطح زمین کے نیچے۔ **زَمین کا گز** سیلانی، بہت گھومنے پھرنے والا **زَمین کا نہ آسمان کا** بے ٹھکانہ؛ اُعجوبہ۔ محاورہ **زَمین کی طَنابیں کھِنْچ جانا** فاصلے کم ہو جانا مروصفی **زمین آسمان کا فرْق** کامِل تضاد، یکسر مختلف ہونا۔

زَمیِنْدار فت ز، ی مع ، غنہ۔ امذ۔ زرعی اراضی کا مالک۔ امث **زَمینْداری** زراعت کی آمدنی پر بسر اوقات؛ مالیے کا نظام جس کے تحت زمیندار حکومت کو مقرّرہ شرح سے لگان دیتا ہے۔ مث **زَمِینْداْرنی**۔ زمین دار عورت، زمیندار کی بیوی۔

زَن (۱) عورت؛ بیوی، استری، زوجہ۔ ج **زَناں** (عموماً غنہ، تراکیب میں بطور جزو اول ن صحیح) م؛ **زَنانِ حَرَم**۔ مرکب امذ۔ **زَنْ مُرِید**۔ جورو کا غلام، بیوی سے بہت دبنے والا۔ مرعطفی **زَن و شَو** (ومج، و لین) بیوی اور میاں کا جوڑا۔ امث **زَنا شُوئی** میاں بیوی کا یا کا سا تعلق، زوجیت۔

زَن (۲) فت ز۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی مارنے، وار کرنے، ہتھیار چلانے والا م؛ شمشیر زَن؛ گانے، آواز لگانے والا، م؛ نَعرہ زن، نغمہ زن۔

زَن (۳) فت ز۔ نقل صوت۔ امث۔ کسی چیز کی ہوا میں سے تیزی سے گزرنے کی آواز م ف۔ **زَن سے** زن کی آواز کے ساتھ۔ امذ **زَنّاٹا** زن کی آواز۔

زِنا کس ز۔ امذ۔ حرام کاری، خلاف شرع مجامعت۔ مروصفی **زِنا بِالْجَبْر** (بِل جَب ر) زبردستی کسی عورت سے مجامعت کرنا۔ امث **زِنا شُوئی**۔ بغیر نکاح کے میاں بیوی بن کے رہنا (شُو = شَوہر) **زَنا شُوئی** کی تحریف۔ **زِنا کاری** عادۃً زنا کا مرتکب ہونا۔

زِناخ فت ز۔ امذ۔ مرغ کے سینے کی ہڈّی۔ امث **زِناخی** سہیلی، بہنیلی، جو عورتیں مرغ کے سینے کی ہڈی کو باہم مل کر توڑنے کی رسم ادا کر کے سہیلی بنی ہوں، زناخی کہلاتی تھیں۔

زُنّار ضمہ ز، شد ن۔ امث۔ جنیوُ، وہ ڈوری جو ہندو گلے میں لٹکاتے ہیں اور ہندو ہونے کی ایک شناخت سمجھی جاتی ہے؛ پارسیوں کی اسی طرح کی ڈوری جو کَستی کہلاتی ہے۔ امذ **زُنّاری** زنار پہننے والا، غیر مسلم۔

زَنان فت ز۔ ج مث۔ زن (رک) کی جمع؛ زنانہ (رک) کی تخفیف م: **زَنانِ پھدّی زَنانِ مَنتری** زنانہ ادائیں اور بولی اختیار کرنے والا مرد؛ **زَنانِ خانَہ** حرم سرا، مکان میں عورتوں کے رہنے کا حصہ یا ضلع۔ صف **زَنانہ/ زَنانی** عورتوں سے منسوب، عورتوں کی یا کی سی۔

زَنانہ فت ز ن۔ صف۔ عورتوں سے متعلق، عورتوں کا؛ امذ۔ ہیجڑا۔

زَنبَق فت ز، ن مثل م، فت بـ امذ۔ سوسن کا پھول؛ نرگس؛ چنبیلی۔ **زَنبَقِ اَصْفَر** زرد چنبیلی۔

زَنبُور فت ز، ن مثل م، و مع۔ امذ۔ بھڑ، تتیّا؛ شہد کی مکھی نیز **زَنبُور عَسَل** (فت ع س)؛ گڑی ہوئی کیل اکھاڑنے کا اوزار، سنسی؛ چھوٹی توپ، رہکلا۔ تص **زَنبُورک**۔

زَنبُورَک فت ز، ن مثل م، و مع، فت ر۔ امذ۔ بین جس کے دونوں طرف تونبے لگے ہوتے ہیں۔ وِچتّر وینا۔

زَنبُوری فت ز، ن مثل م، ومع۔ صف۔ چتکبرا؛ مُشبک، جالی دار، جس میں بہت سے چھید ہوں۔

زَنبیل فت ز، ن مثل م، ی مع۔ امث۔ بڑا ٹوکرا؛ تھیلا، جھولا؛ کاسہ، کدُو، کشکول۔

زَنجْبیل فت ز، سک ن ج، ی مع۔ امث۔ ادرک، سونٹھ۔ **زَنجبیل اْلکلاب** کُچلا، نیز خانق الکلب (قب انگ: Vomit nut لاط: Nux Vomica)۔

زَنجیر فت ز، سک ن، ی مع۔ امث۔ چُھلّوں، حلقوں یا کڑیوں کی لڑی، سلاسِل، بیڑی؛ دروازے کی کڑیوں والی کُنڈی، (کنایتہً) ہاتھی (گنتی بتانے کے لیے، م: چار زنجیر فیل) امذ **زَنجیری** قیدی۔

زَنجیرَہ فت ز، سک ن، ی مع۔ فت ر۔ امذ۔ زنجیر کی شکل کا نقش یا کڑھت۔ امث **زَنجیرَہ بَندی**۔ مربوط سلسلہ۔

زَنخا فت ز، سک ن۔ امذ۔ ہیجڑا، زنانہ، مخنّث۔

زَنخْداں فت ز ن، سک خ، غنہ۔ امذ۔ ٹھوڑی، نیز **زَنَخ** نیز رک: غبغب۔

زِنداں کس ز، سک ن۔ امذ۔ قید خانہ، محبس، بندی خانہ، (تراکیب میں بطور جزو اول ن صحیح، م: **زندان بلا**) صف، امذ، امث۔ **زِندانی** قیدی۔

زَندِقَہ فت ز، سک ن، فت د ق۔ امذ۔ کفر بے دینی؛ مجوسیت صف **زِندِیق** (کس ز) ج **زَنادِیق** (فت ز) **زنادِقہ** (کسمج د، فت ق) [اصلاً: زند/ ژند کے ماننے والے، مجوسی]۔

زِندگانی کس ز، سک ن، کسمج د۔ امث۔ حیات، جینا، زندگی؛ بسر اوقات، بود و ماند۔

زِندگی کس ز، سک ن، کسمج د۔ امث۔ حیات، زیست، جیون، حرکت و نمو؛ (مجازاً) رونق چہل پہل ترقی و افزائش۔ نیز **زِندَگی**۔

زِندَہ کس ز، سک ن، فت د۔ صف، اسم۔ جاندار، ذی حیات؛ توانا؛ باعمل، (کلمۂ دعا و تحسین) **زِندہ باد!** سلامت رہے/ رہو؛ **زِندہ ٔ جاوید** (کسمج ٔ، ے مج) آمر، ہمیشہ رہنے یا یاد رہنے والا؛ **زِندہ دَرگور** (فت د، ومج) نہایت زدہ حال میں۔

زِندَہ پیل فت ز، سک ن، فت د، ی مع۔ امذ۔ نر ہاتھی، بعض اولیا کا لقب (عام ٔ زندہ پیر)۔

زِندیق کس ز، سک ن، ی مع۔ امذ۔ رک: **زَندَقہ**، نیز **زِندیقی**۔

زَنگ فت ز، غنہ۔ امث۔ وہ میل جو لوہے، تانبے وغیرہ پر نمی یا آکسیجن کے عمل سے جم جاتا ہے؛ ملک حبش کا نام۔صف **زَنگی** حبشی۔

زَنگار فت ز، غنہ۔ امذ۔ رک: **زَنگ**؛ نیلا تھوتھا؛ نیلا رَنگ؛ سبز رنگ، صف **زَنگاری**۔

زَنگولہ فت ز، غنہ، و مج، فت ل۔ امذ۔ گھنٹی، گھنگھرو خصوصاً وہ جو ہرکارے چھڑی میں باندھتے تھے یا موسیقار دف وغیرہ کے ساتھ باندھ دیتے ہیں۔

نیز زَنْگُولا (بروزن ممولا)۔

زِنْہار کس ز، سک ن۔ (کلمۂ تاکید و تنبیہہ)، امذ۔ امان؛ پناہ؛ ہرگز، حاشا؛ صف بے زِنہار بے پناہ، ظالم؛ شدید۔ نیز زِینْہار (ی مع)۔

زَواد فت ز۔ ج مذ۔ زاد (۲) رک کی جمع۔ سامان سفر۔

زَوادَت فت ز د۔ امث۔ تحریف، نقل کرنے میں کچھ بڑھا گھٹا دینا، نیز زیارَت۔

زَوّار فت ز، شد و۔ زائر (رک) کا صیغۂ تفضیل۔

زَوال فت ز۔ امذ۔ انحطاط، تنزّل؛ پستی، گراوٹ؛ سقوط، زور گھٹنا؛ ہُبُوط نیچے کی طرف آنا؛ سورج کا نصف النہار سے گزرنا، دن ڈھلنے کا آغاز۔ زَوال آمادَہ/ پَذِیر (فت پ، ی مع) انحطاط، پستی کی طرف مائل۔

زَوائد فت ز، کس ء۔ ج مذ۔ زائد (رک) کی جمع؛ فضول، بیکار، غیر متعلق باتیں، حَشوات۔

زَوایا فت ز۔ زاویہ (رک) کی جمع م: مُتَساوِی اَلزَّوایا جن کے زاویے ایک ہی درجے کے ہوں۔

زَواہر فت ز، کس ہ۔ ج مذ۔ زاہر (رک) کی جمع، چمکیلی اشیاء۔

زَوج و لین۔ امذ۔ جوڑا، جوڑے کا ایک فرد؛ میاں یا بیوی؛ وہ عدد جو دو پر پورا پورا تقسیم ہو سکے؛ تثنیہ زَوجَین جوڑا، میاں بیوی ج اَزواج مث زَوجَہ بیوی (اردو کا تصرف)۔ مرکب زَوج اَلزَّوج (ال غم) وہ عدد جو دو پر بار بار پورا تقسیم ہو سکے مثلاً ۶۴۔ مرکب زَوج اَلْفَرْد (اغم) وہ عدد جو ۲ اور ۳ دونوں پر پورا پورا تقسیم ہو سکے م: ۱۸۔ اکیف مث زَوجِیَت رشتۂ مناکحت۔

زُوْد و مع۔ م ف۔ جلد، فوراً، شتابی سے، بلاتاخیر۔ مروصفی زُودْ حس بہت جلد متاثر ہونے والا، حسّاس۔ زُود رَنج جلد خفا ہو جانے والا۔ زُود نَوِیس تیزی سے لکھنے والا، جس کا قلم رواں ہو؛ مختصر نویس، سٹینو گرافر۔ اکیف مث۔ زُودی جلدی، شتابی، پھرتی۔

زُور و مع۔ امذ۔ جھوٹ، بناوٹ، فریب۔

زَوْر و مج۔ امذ۔ قوت، کس، بل؛ قابو، اختیار، قبضہ؛ ظلم زیادتی؛ دباؤ؛ حمایت، تائید، سہارا، بھروسا صف زَوْر آوَر طاقتور زور دار بھرپور، بارعب۔ زور شوَر (ومج) شدّت، دُھوم، ہنگامہ زورِ قَلم جاندار، پر اثر تحریر، اعلیٰ قدرت قلم۔ زور کرنا کسرت کرنا، کشتی لڑنا۔ م ف۔ زور سے طاقت لگا کر، بلند آواز سے، زوروں پر (ومج) جوش پر، ترقی پر، کمال پر۔ مث زورا زوری ظلم، زیادتی، زبردستی، دھینگا دھینگی۔ (زور بطور م ف و صف بمعنی، زبردست، نہایت، قدیم، متروک)۔

زَورَق و لین، فت ر۔ امث۔ کشتی، ناؤ، ڈونگا، کشتی نما کلاہ۔

زُوف و مع۔ حرف ملامت۔ تف، لعنت۔

زُوفا و مع۔ امث۔ زمین پر پھیلنے والی ایک بیل جس کے پتے خوشبودار مزے میں تلخ ہوتے ہیں، پھول زردی مائل اور بیج نہیں ہوتا، دواءً مستعمل نیز زُوفائے خُشک۔

زِہ (۱) کسمج ز۔ امث۔ کمان جس سے تیر چھوڑتے ہیں۔ ف م زِہ کرنا کمان کھینچنا، چلّہ چڑھانا؛ بچّے کا ماں کے پیٹ سے تولد ہونا، جننے کا عمل۔ امذ۔ دَردِ زِہ۔ وضح حمل کی تکلیف زِہ گِیر ایک چھلّا جسے چٹکی میں چڑھا کر تیر کھینچتے ہیں۔

زِہ (۲) کسمج ز۔ فجائیہ، کلمۂ تحسین؛ شاباش؛ واہ واہ؛ نیز زَہ (فت مج ز)/ زَہے (فت ز) اے خوشا! م: زہے قسمت، زہے نصیب، کیا اچھی بات ہے، کیسا اچھا اتفاق ہے!

زُہّاد ضمہ ز، شد ہ۔ ج مذ۔ زاہِد (رک) کی جمع۔

زَہار کسمج ز۔ امذ۔ پیٹ سے نیچے، آلۂ تناسل کے اوپر کا حصۂ جسم، پیڑو۔ مرکب **مُوے زِہار** شرمگاہ کے محاذی کے بال، جھانٹ، جھانٹیں۔

زَہر فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ وہ شے جو ہلاک کر دے یاجسمانی صحت کے لیے خطرناک ہو، بِس، سَم۔ صف۔ تلخ، ناگوار، **زَہرہَلاہل** (کسمج ز، فت ہ، کس ہ) زہر قاتل، نیز صرف **ہَلاہِل/ ہَلاہَل** [ف: ہَلاہَل، س: ہَلاہَل] محاورہ **زہر اُگلنا** تلخ کلامی کرنا، **زہر کھانا** (محاورہ) حسد کرنا، جلنا، **زہر کے گھونٹ پینا** بے بسی میں صبر کرنا۔ **زہر مار کرنا**۔ زبر دستی نگلنا، ناخوشی سے کھانا۔

زہراب فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ زہریلا پانی، سیّال زہر۔

زَہرَاء فت مج ز، سک ہ۔ **زاہر** (رک) کی تانیث۔ دختر رسول صلعم حضرت فاطمہ کا لقب۔

زَہرباد فت مج ز، سک ہ ر۔ امذ۔ غدود کا پھول جانا۔ (قب انگ: Quinsy)۔

زہر مار فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ وہ چیز جو دواءً یا زبردستی کھانی پڑے۔ محاورہ **زَہرمار کرنا** بادل ناخواستہ کھانا۔

زَہر مُہرَہ فت مج ز، سک ہ ر، ضم مج م، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ سبزی مائل جما ہوا کیلسیم یا چونا جو بعض جانوروں کے پتّے میں جمع ہو جاتاہے، دواءً مستعمل (قب انگ: Bezoar)۔

زَہْرَہ فت ز، سک ہ، فت ر۔ پتّا، حوصلتہ الصَّفْرَاوِیَہ جگر سے جڑا ہوا ایک تھیلی نما عضو جس میں صفرا جمع ہوتا ہے؛ محاورۃً ہمّت، حوصلہ، **زہرہ آب ہونا** دہشت طاری ہونا، سخت آزمائش سے گزرنا قب پتّا پانی ہونا۔ **زَہْرَہ گُداز** (لفظاً)۔ پتّے کو پگھلانے والا، مراد: درد انگیز، المناک۔

زَہْرَہ فت ز، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ پھول، شگوفہ؛ چمک دمک، رونق۔

زُہْرَہ ضم مج ز، سک ہ، فت ر۔ امث۔ علم۔ عطارد کے بعد سورج سے دوسرا سیّارہ جو نظام شمسی کا سب سے روشن سیّارہ ہے، ناہید۔

زَہْرِی فت مج ز، سک ہ۔ صف۔ زہریلا، ہلاکت خیز مث **زَہریلی**۔

زَہے فت ز، ے مج۔ فجائیہ۔ واہ، مرحبا، کیا خوب۔ مرکب **زَہے قِسمَت/ نصیب** کیسا اچھا اتفاق ہے، کیسی مبارک بات ہے۔

زی ی مع۔ امث۔ لباس، حلیہ [ع: زِیّ]۔

زِیادَت کس ز، فت د۔ امث۔ بڑھانا، اضافہ، زیادہ ہونا، نیز رک: زیادَہ۔

زِیادَہ کس ر، فت د۔ صف۔ بڑھا ہوا، بیش، بڑھ کر، آگے، فاضل، بڑھتی، فالتو۔ اکیف مث **زِیادَتی** بیشی، افراط؛ زبردستی، بےجا بات۔ عام: **زِیادْتی** جبر دھینگا دھینگی۔ مخفف **زِیاد** بیش۔ [ع: زِیادَۃ]۔

زِیارَت کس ر، فت ر۔ امث۔ پھیرا، سفر خصوصاً کسی متبرک مقام کا؛ دیدار، نظارہ، ملاقات؛ مقدس مقام، **زیارَت گاہ** کا مخفف۔ متبرک مقام؛ درگاہ۔

زِیاں کس ز غنہ۔ امذ۔ نقصان، گھاٹا، خسارہ، نقصان؛ ضرر۔ صف **زِیاں کار** جو نقصان میں رہے؛ (مرکبات میں بطور جزو اول ن صحیح) **زِیانِ جاں** جان کوضررپہنچنا، جان کا ضائع جانا۔

زیب ے مج۔ امث۔ موزوں، مناسب، جچاؤ، پھبتا ہوا؛ آرائش، سجاوٹ؛ **زیب بَدَن** (ے مج، کس مج ب) جسم پر سجتا ہوا۔ صف **زیبا** خوشنما، خوبصورت، اکیف مث **زیبائش** (ے مج، کس ء) **زیبائی**، موزونیت، خوبصورتی۔ صف **زیبِندَہ** سجنے پھبنے والا۔

زِیبَق ی مع، فت ب۔ امذ۔ پارہ، سیماب [ع: زِ بق]۔

زَیت ے لین۔ امذ۔ زیتون کا تیل۔

زَیتُون ے مج، و مع۔ امذ۔ خطۂ بحیرہ روم کا ایک درخت جو بہت طویل العمر ہوتا ہے اور اس کا ترشی آمیز بیر کے برابر پھل جو مرغوب بھی ہے مفید بھی اس کا تیل کھانا پکانے کے علاوہ دواءً بھی استعمال ہوتا ہے۔

زِیٹ ی مع۔ امث۔ زٹل، بےہودہ گوئی، بکواس۔

زِیچ ی مع۔ رک: **زائچہ**

زِیدَت صیغۂ واحد غائب ف ماضی۔ زادَ کی تانیث و صیغۂ جمع م: **زِیدَت مَعالِیکُم** آپ کے درجات بڑھیں یعنی بڑھیں (عربی کا پیرائیہ دعا)۔

زِیر ےمج۔ حرف جار، صف، امذ۔ نیچے، تحت م: **زیرپا** پانو کے نیچے؛ **زیرِ عَمَل** (معاملہ) جس پر کارروائی جاری ہو، **زیرِ ہِدایَت**، حکم کے مطابق۔ صف: دبا ہوا، مغلوب م: **زیربار** (فک اضا فت) خرچ، قرض یا احسان کے بوجھ تلے دبا ہوا۔ اکیف مث **زیرباری** (سک ر) امذ علامت کسرہ (ِ)۔

زِیرْ اَنداز ے مج، فت ا، سک ن۔ امذ۔ فرش کی حفاظت کے لیے پیچوان کے نیچے بچھانے کا کپڑا، چمڑا وغیرہ۔

زیرپائی ےمج، سک ر۔ امث۔ بے ایڑی کی پھڈی، زنانہ جوتی۔

زِیرْجامَہ ے مج، سک ر، فت م۔ امذ۔ پوشاک کے نیچے پہنا جانے والا کپڑا، بنیان وغیرہ، گھوڑے کی پیٹھ پر کاٹھی کے نیچے بچھایا جانے والا کپڑا۔

زِیردَست ے مج، سک رٓ، فت د، سک س۔ صف۔ مجبور، عاجز، بےچارہ۔

زِیرَک ی مع، فت ر۔ صف۔ سمجھدار، فہمیدہ، عاقل۔

زِیرلَب ے مج، کسمح ر، فت ل۔ صف، م ف۔ آہستہ، دھیمی آواز میں، منہ ہی منہ میں (بات، لحن وغیرہ)۔

زِیرنگِیں ے مج، کسمح ر، فت ن، ی مع، غنہ۔ صف۔ عملداری میں، تابع، محکوم۔

زِیر و بَم ی مع، ومج، فت ب۔ امذ۔ (آواز یاسروں کا) اُتار چڑھاؤ، لہر۔

زِیر و زَبر ے مج، ومج، فت ز ب۔ صف۔ اُلٹ پُلٹ۔ تہ و بالا؛ برباد، تباہ۔

زِیرَہ ی مع، فت ر۔ امذ۔ زَردانہ، زرگل، پھولوں کا تولیدی مادّہ جو مہین ذرّوں پر مشتمل ہو۔ **زیرَہ سفید** کمون، مہین، سفید بیج جو گاجر کے خاندان کے ایک پودے سے حاصل کیے جاتے ہیں اور بعض کھانوں میں ذائقے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ (لاط: Cumminum Cyminum)؛ **زیرَہ سیاہ** کمون اسود، کالا زیرہ، زیرے کی دوسری قسم جو اچار اور کھانوں میں ذائقے، ہاضمے یا مہک کے لیے ڈالی جاتی ہے۔ (لاط: Carum Nigerum قب انگ: Carway Seed ، ازع: کراویہ)۔

زِیرِیں ے مج، ی مع غنہ۔ صف۔ نچلا، نیچے کا، تہ کے نیچے سے تعلق رکھنے والا (اُوپری یا بالائی کی ضد)۔ مرکبات میں جزو اول کے طور پر ن صحیح م: **زیرِینِ سطح** اوپری سطح کے نیچے۔

زِیشت ی مع، سک س۔ امث۔ زندگی، جیون، حیات، عمر، مدّت حیات۔

زَیغ ے لین۔ امذ۔ راہ سے بھٹکنا، ٹیڑھی چال چلنا؛ قول سے پھر جانا [ع: نیز زوغ]۔

زِیل ی مع۔ امث۔ کُوک، کُلکاری، پتلی آواز کی چیخ، چیل کی چلکار۔

زَین ے لین۔ امذ۔ زیب، زینت، آرائش؛ زیبائش۔

زِین ی مع۔ امث۔ گھوڑے کی کاٹھی۔

زِیں یٰ مع، غنہ۔ حروف از اور اِیں کا مرکّب و مخفّف۔ اس سے، یہاں سے، اس بنا پر (قب **زاں**: از + آں) م: زیں سبب = اس سبب سے۔

زِینَت ی مع، فت ن۔ امث۔ آرائش، رونَق، خوبی، خوشنمائی؛ زیور۔

زِینَہ ی مع، فت ن۔ امذ۔ سیڑھیوں کا راستہ، سیڑھیوں کا سلسلہ۔

زِینْہار ی مع، سک ن۔ رک: **زِنْہار**۔

زیوَر ے مج، فت و۔ امذ۔ گہنا، اُبھرن، جسم پر سجانے کے لیے خوشنما قیمتی اشیاء، رونق بڑھانے والی شے، **زیوَر بَڑھانا**، پہنے ہوئے زیور اُتارنا۔ ج **زیورات** [ف: زیور +ع: ات لاحقہ جمع]۔

ژ

ژ ژے، زاے عجمی امشد اردو ترتیب تہجّی کا اٹھائیسواں حرف (بشمول ہائیہ حروف)، حنکی مصوتہ جس کی آواز ی کے مماثل ہے، مگر کسی قدر رگڑ کے ساتھ نکلتی ہے۔ فارسی الفاظ کے علاوہ انگریزی الفاظ کے اردو املا میں مستعمل؛ جُمل میں ز کے مساوی ۷ عدد کی حامل۔ فارسی کے بہت سے الفاظ میں ژ کی آواز ز سے بدل گئی ہے۔ م: ژنگ، زنگ؛ ژنگار، زنگار؛ ژگال، زغال۔

ژاژ امذ۔ ایک کانٹوں دار جھاڑی، ہاتھی چوک کی ایک قسم؛ وہ بیل یا پودا جو بیج سے نہ اُگا ہو، بھوسا؛ تنکے جو گاہنے کے بعد بُہار لیے جائیں؛ آدمی کا دہانہ۔ (مجازاً) فضول باتیں، بکواس۔ مرکب **ژاژ خائی** بیہودہ گوئی، صف **ژاژ خا** [ف: خائیدَن چبانا] نیز **ژاژ خوَر**۔ نیز **ژاژہ** بکواس۔

ژالَہ فت ل۔ امشد۔ اولا، پالا، شبنم، مرکب **ژالہ باری** اولے پڑنا، **ژالۂ نَرگس** (مجازاً) آنسو۔ نیز **ژال**۔

ژدْوار فت ژ، سک د۔ امشد۔ ایک جڑ جس سے زرد رنگ اور خوشبو حاصل کی جاتی ہے، نیز دواءً مستمل۔ [معَرب **جَدوار**، لاط: Delphinum Denudaktum]۔

ژَرْف فت ژ، سک ر۔ صف۔ گہرا؛ مکمل، انتہا کو پہنچا ہوا؛ اتھاہ م: دریائے ژرف؛ امث **ژَرْف بِینی** (ی مع) **ژَرف نِگاہی** گہری نظر سے جانچنا، خاطر خواہ چھان بین۔

ژَنْد فت ژ، سک ن۔ امشد۔ قدیم ایرانی بولی؛ پارسیوں کی مقدس کتاب جو اصلاً ژند زبان میں تھی، صحیفۂ زرتشت۔ نیز **ژَنْد**۔ زند کی تفسیر و حواشی کو

پاژند/ پازند کہتے ہیں۔

ژَنْدَہ فت ژ، سک ن، فت د۔ امذ، صف۔ پارچہ، ٹکڑا، پرانا لبادہ؛ مہیب، خوفناک م: **ژَنْدَہ پیل** عظیم الجثہ ہاتھی۔

ژولیدَہ و لین، ی مع، فت د۔ صف۔ الجھا ہوا، پچیدہ م: **ژولیدَہ مُو** جس کے بال پریشان ہوں۔ اکیف مث۔ **ژولیدَہ موئی؛ ژولیدَہ بیَان** جس کی باتوں میں الجھاؤ ہو؛ **ژولیدَہ حال** پریشان حال۔ اکیف مث **ژولیدگی** الجھن، پریشانی۔

ژِیاں کس ژ۔ صف۔ خوفناک، مہیب؛ بپھرا ہوا م: **شیرِ ژِیاں**۔

س

س، س سین مہملہ۔ امذ۔ اردو ترتیب تہجّی کا اُنتیسواں حرف، لثوی، صفیری مصوتہ، یعنی زبان کی نوک اور بالائی مسوڑھوں کی پشت سے ادا ہوتا ہے جبکہ سانس کسی قدر رگڑ کے ساتھ باہر نکالا جائے۔ حروف شمسی میں شامل، جمل میں ٦٠ عدد کے مساوی۔

سُ ضمہ س۔ سابقہ؛ صفت بمعنی خوب، اچھا، عمدہ، مبارک م: **سُبھاؤ**، اچھا انداز، **سُگندھ** خوشبو۔

سا (۱) حرف تشبیہہ۔ ایسا، جیسا، مثل مانند م: مجھ سا، تم سا، مث سی؛ مقدار حجم یاکیفیت ظاہر کرنے کے لیے، م: بہت سا، ذرا سا، چھوٹا سا، بھاری سا؛ کثرت و وفور ظاہر کرنے کے لیے م: ہجوم سا ہجوم، مایوسی سی مایوسی۔

سا (۲) لاحقہ؛ صفت بمعنی گھسنے والا، پیسنے والا، م: جبیں سا، ناصیہ سا؛ چمکانے والا ؛ ملنے، لگانے والا م: سُرمہ سا، عطرسا۔

سا (۳) امذ۔ سپتک کا پہلا، سُر، کھرج۔

سابَر فت ب۔ امذ۔ ہرن کی ایک قسم جس کا چمڑا بہت نفیس ہوتا ہے، نیز اس کا چمڑا نیز **سانبَر** [شام بَر = کالے بدن کا، س: شیام وَر]۔

سابِع کسمح ب۔ صف عددی۔ ساتواں، ہفتم۔

سابِق کس ب۔ صف۔ اگلا آگے جانے، سبقت لے جانے والا؛ پچھلا گزرا ہوا، گزشتہ ج مرکب **سابِقُون الْاَوّلُون** سب سے پہلے ایمان لانے والے صحابی مث نیز امذ **سابِقَہ** پچھلی پچھلا، پچھلے؛ امذ۔ واسطہ، تعلق، معاملہ، سروکار۔

سابَل فت ب۔ امذ۔ آنکڑا، لوہے کی ایک طرف سے

مڑی ہوئی نوکدار سلاخ، نیز سَبَل۔
سابونی و مع۔ امث۔ سفید کھانڈ کی پیڑے کی شکل کی مٹھائی۔
سات عدد۔ چھ اور ایک کا مجموعہ۔ ہفت، سبع۔ محاورہ **سات پانچ کرنا** حیل و حجت کرنا، چکرانے کی کوشش کرنا۔ ج مذ۔ **سات بَھائی** ایک قسم کی چڑیا کا جھلّڑ جس میں عموماً سات چڑیاں دکھائی دیتی ہیں۔ **سات سہیلیوں کا جُھمکا** عقد ثریّا صف **ساتواں** ہفتم، سابع۔ مث **ساتویں**۔
ساتا رَوہَن ومج، فت ہ۔ امذ۔ سات بھیڑیوں یا درندہ کی یلغار، مراد بہت سے موذیوں یا دشمنوں کا سامنا [رَوہَن = چڑھائی، یلغار]۔
ساتِر کس ت۔ صف، امذ۔ چھپانے والا؛ پَردہ، آڑ۔
ساتِگیں سک ت، ی مع غنّہ۔ شراب کا پیالہ [ف: ساتگی = جام صحت نوش کرنے کا پیالہ؛ ساتِگیں = عزیز، محبوب شخص]۔
ساتْلا سک ت۔ ایک بیل جس میں پتلی پھلیاں لگتی ہیں اور پیلا دودھ نکلتا ہے؛ بیج سیاہ (لاط: Oringanum Vulgaris)۔
ساتھ حرف جار، م ف: مع ب، با، سنگ، قرین، ہمراہ، امذ۔ رفاقت، ہمراہی، قربت نزدیکی، صف مذ **ساتھی** رفیق، شریک، مث (شاذ) ساتھن۔
ساٹَن فت ٹ امث۔ (معماری) چنائی کا مسالہ؛ اطلس، ریشم اور سوت ملا ہوا کپڑا، نیز **ساٹھن**۔
ساٹھ عدد پچاس اور دس (۶۰) سٹّہ؛ شصت [قب س: شَشی] صف **ساٹھواں/ ویں** امذ۔ **ساٹھا** ساٹھ برس کا مثل **ساٹھا پاٹھا** ساٹھ برس کا مرد بوڑھا نہیں ہوتا۔
ساٹھی ی مع۔ امذ۔ برسات میں اگنے والا چاول جو ساٹھ دن میں پک کر تیار ہو جاتا ہے۔

ساج (۱) امذ۔ سامان، اشیاء ضروری جو کسی کام کے لیے درکار ہوں؛ سجاوٹ۔ ف م۔ **ساجْنا** بنانا۔ مرکب **ساج سَجانا** آرائش، اہتمام کرنا [قب: ف ساز] نیز ف ل **سَجنا** زیب دینا کا متبادل م: **جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے**۔
ساج (۲) امذ۔ رک: **سال** جس کا یہ متبادل ہے۔
ساجِد کس ج۔ صف، امذ۔ سجدہ کرنے والا، سجدہ گزار، عابد۔ مث **ساجِدَہ** ج **ساجِدین**۔
ساجَن فت ج۔ امذ۔ ساتھی، رفیق، محبوب؛ شوہر۔ امث۔ **سَجْنی** تص **سَجَنْیا**۔
ساجی امث۔ پھولوں کی ڈلیا یا ٹوکری۔
ساجھا امذ۔ شراکت، حصہ داری؛ اشتراک، معیّت۔ صف **ساجھی** شریک، مبہم۔
ساچَق فت چ۔ امث۔ شادی سے پہلے کی رسم جب دولھا کے گھر سے دلھن کے لیے مہندی، مٹھائی اور چڑھاوے کے کپڑے بھیجے جاتے ہیں۔ بَری یامہندی کی رسم بھی کہلاتی ہے۔ [ت: ساچق]۔
ساحِر کس ح۔ امذ۔ جادوگر، طلسم ساز؛ کمال دکھانے والا۔ امث **ساحِری** (کس ح) جادوگری، ڈھِٹ/ ڈٹھ بندی۔ مث **ساحِرہ**۔
ساحِل کس ح۔ سمندر، دریا، جھیل کا کنارہ صف **ساحِلی** ساحل سے منسوب کنارے کا، سمندر تک رسائی رکھنے والا(ملک، ریاست)(قب انگ: Littoral)۔
ساخْت سک خ۔ امث۔ بناوٹ، تشکیل، ترکیب، وضع۔ صف **ساخْتَہ** تیار کیا ہوا م: ساختۂ جاپان۔ نیز **ساخْتگی** بنانے تیار کرنے کا عمل۔
ساد امذ۔ بُرادہ (کسی بھی چیز کا)۔
سادات ج مغ۔ سیّد (رک): کی جمع۔
سادِس کس د۔ صف عددی۔ چھٹا، ششم۔
سادَہ فت د۔ صف۔ بے آرائش، مُعرّیٰ، بے لکھا، بے

رنگ، بے نگینہ (زیور)؛ معمولی، بے تکلّف، بے تصنّع؛ بھولا، معصوم؛ بے ریش و برُوت (چہرہ)؛ بغیر گوشت کا (سالن)۔ مرکّب سادہ پُرکار بظاہر بھولا دراصل پُرفن، شوخ، چنچل؛ سادہ مگر پُراثر (کلام وغیرہ)؛ کسی صنعت کے بغیر دلکش یا پُرتاثیر۔ امذ۔ سادہ/ سادے کار زیورات میں بغیر نگینوں کے نئی وضعیں نکالنے والا، زیورات پر مینا کاری کرنے والا۔ صف سادَہ لَوح بیوقوف۔

سادْنی سک د۔ امث۔ بڑھئیوں کا ایک اوزار جس سے کونے کا زاویہ جانچتے ہیں، گُنیا۔

سادِیَت کس د، فت ی۔ امث۔ ایذا رسانی سے نفسی یا جنسی تسکین حاصل کرنے کا مریضانہ رجحان؛ [اطالوی امیر کاؤنٹ دی ساد کے نام پر وضع کردہ نفسیاتی اصطلاح Sadism کی تارید]۔

سادْھارَن فت ر۔ صف۔ معمولی، عام، سیدھا سادا؛ آسان، سہل؛ قدرتی، فطری۔

سادْھنا سک دھ۔ ف م۔ جوڑنا، بنانا، درست کرنا، سنْوارنا، مرتّب کرنا؛ اختیار کرنا م: چُپ سادھنا۔

سادْھو و مع۔ امذ۔ ہندو فقیر، نیک پاکباز آدمی نیز سادھ [س: سادُھ]۔

سادِج کس ذ۔ صف، امذ۔ رک: سادَہ جس کا یہ معرّب ہے ج: سَدَّج ۲۔ تیج پات۔

سار (۱) امذ۔ مینا، زرد یا لال چونچ کا سیاہ بولنے والا پرندہ (قب ف: زَر زور، ت: سقر چین)۔

سار (۲) امذ۔ اونٹ، اُشتر۔ ساربان اونٹ پالنے یا چلانے والا، امث ساربانی اونٹ پالنے اور اونٹ کے ذریعے باربرداری کا پیشہ۔

سار (۳) حرف تشبیہہ۔ مثل، مانند؛ جیسا، م: خاک سار نیز سارکا م: تم سار کا = تم جیسا۔ نیز سَرِی کا (قب سَریکھا)۔

سار (۴) امذ۔ رک سر جس کی یہ ایک متبادل شکل ہے م: نگونسار (ر بر کا اِشباع)۔

سار (۵) ظرف مکان بمعنی مقام، علاقہ جہاں کوئی چیز نمایاں طور پر پائی جائے مترادف ستان۔ م: کوہسار، شاخسار [قب: زار]۔

سار (۶) امذ۔ جوہر، ست، عطر، افشردہ۔ نیز سارتا/ سارارتھ؛ جھیل، بڑا تال۔

سارا (۱) صف۔ خالص، اصلی، بے میل؛ تروتازہ، مہکتا ہوا، م: عنبر سارا۔

سارا (۲) صف۔ پُورا، کُل، تمام، مکمل، یکسر، بے کم و کاست، مث ساری۔

سارْتھی سک ر۔ امذ۔ رتھ بان۔

سارَس فت ر۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں او رلمبی گردن کا آبی پرندہ، کُلنگ، لم ڈھنگو [س: پانی سے مَنسُوب، لاط: Ardea Antigone Sibirica]۔

سارْسا سک ر۔ امذ۔ ایک بوٹی جو مقوّی خیال کی جاتی ہے، دواءً مستعمل [پرتگالی Zarza ، قب انگ: Sarsaparilla]۔

سارِق کس ر۔ امذ۔ چور، دُزد۔

سارْنا سک ر۔ ف م۔ بنانا؛ درست کرنا، سنوارنا؛ پھیرنا، لگانا م: آنکھ میں سرمہ سارنا۔

سارَنْگ فت ر، غنہ۔ امذ۔ دھنک، قوس قزح؛ کافی ٹھاٹھ کا ایک سمپورن راگ؛ سُر، باج لحن؛ کافور، کپُور؛ حُسن، زیبائش؛ بادل، اسمان، فَضا۔ (ہندی سنکرت میں اور بہت سے معنی میں آتا ہے۔ صف رَنگا رنگ ۔ [س: شارنگ]۔

سارَنْگی فت ر، غنہ۔ امث۔ گود میں رکھ کر گز سے بجایاجانے والا تانت کے تاروں سے کسا ہوا ساز۔ امذ سارَنْگیا سارنگی بجانے والا۔

ساری (۱) ی مع۔ صف۔ سرایت کیے ہوئے نفوذ کیے ہوئے، رچا بسا ہوا، کسی جسم میں اترا، سمایا ہوا۔

ساری (۲) امث۔رک: سارْھی؛ نیز سارا (۲)

کی تانیث۔

ساڑھ سَتی سک ڑھ، فت س۔ امث۔ نحوست کا زمانہ، بُرے دن، مصیبت، آزمائش (اصلاً: ساڑھے ساتی ۷.۱/۲ کا عرصہ جبکہ قدیم جوتش کے مطابق دنیا سنیچر کے زیر اثر ہو۔)

ساڑھو و مع۔ امذ۔ سالی کا شوہر، ہم زلف۔

ساڑھی امث۔ زنانہ بن سلا لباس۔ کپڑے کا لانبا قطعہ جو کمر میں تہمد کی طرح لپیٹ کر ایک حصّہ پلّو کر طور پر سر اور کاندھے پر ڈال لیا جاتا ہے، نیز **ساری**۔

ساڑھے ے مج۔ صف عددی بمعنی آدھا عموماً مرکبّات میں مستعمل م: ساڑھے سات = سات اور آدھا (ایک اور دو کے ساتھ نصف شامل ہو تو ساڑھے کی جگہ ڈیڑھ (۱-۱/۲) اور ڈھائی (۲-۱/۲) بولتے ہیں۔

ساز امذ۔ سامان، اشیائے؛ ضروری؛ گھوڑے پر کَسی جانے والی زِین لگام وغیرہ؛ میل، ربط، موافقت؛ باجا، آلۂ موسیقی؛ مرکب: **سازباز** گٹھ جوڑ، سازش؛ **سازگار** موافق مبارک؛ **سازوبَرگ** (فت ب، ومج، سک ر) آلات واسباب؛ **ساز و یراق** جنگی گھوڑے کا سامان، جنگی سامان۔

ساز (۲) لاحقۂ فاعلی۔ بمعنی بنانے والا م: **کارساز** کام بنانے والا؛ نیز بنایا ہوا م: **خُدا ساز** اتفاقی، خدا کی قدرت سے ظاہر ہونے والا۔

سازِش کس ز۔ خفیہ باہمی منصوبہ، گٹھ جوڑ۔

سازِنْدَہ کس ز، سک ن، فت د۔ باجا بجانے والا، نوازندہ؛ بنانے درست کرنے والا۔

سازِینَہ ی مع، فت ن۔ مختلف سازوں پر ایک ساتھ بجائی جانے والی دُھن، مختلف سازوں کی ہم آہنگ نغمہ سرائی (وضعی لفظ)۔

ساس امث۔ شوہر یا بیوی کی ماں، سسر کی بیوی۔

ساشنا سک س۔ امذ۔ بیل کے گلے میں لٹکنے والی کھال، ہینکا، کھینکا، گلتّھا۔

ساطع کسمج ط۔ صف۔ روشن، چمکیلا؛ واضح، مبرہَن ج **سَواطع** روشن آیات، آیاتِ بیّنات۔

ساطُور و مع۔ قصاب کا چُھرا۔

ساعَت امث۔ وقت، گھنٹہ، گھڑی؛ پہر کا ایک حصّہ؛ وقت دیکھنے کا آلہ۔

ساعِد کس ع۔ امث۔ کلائی۔

ساعی صف۔ کوشاں، مددگار۔

ساغَر فت غ۔ امذ۔ شراب کا پیالہ، جام۔

ساغَری فت غ۔ امذ۔ (جُفت سازی) گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کی کھال، کیمُخت۔

ساق امث۔ پنڈلی؛ تخت وغیرہ کا پایہ، پودے کی ڈنڈی۔ تص امذ۔ **ساقَہ** ڈنٹھل۔

ساقِط صف۔ گرا ہوا، افتادہ، کاٹا، رد، حذف کیا ہوا؛ بے محَل، بے موقع۔ ف مر **ساقط ہونا** گرنا، گرایا جانا م: حمل ساقط ہونا۔ **ساقط اْلوَزْن** مصرع جو بحر سے خارج ہو، بےوزن، ناموزوں۔

ساقی امذ۔ پلانے والا م: ساقی کوثر؛ شراب تقسیم کرنے والا؛ حقّہ پلانے والا، مث **ساقن** راہگیروں کو حقّہ یا پانی شربت پلانے والی عورت۔ مرکب امث **ساقی گری** شراب پلانے کا کام۔ امذ **ساقی نامَہ** مثنوی جو ساقی کو خطاب کر کے شروع کی جائے اور اس میں شراب کے استعاروں سے کام لیا جائے۔

ساکا امذ۔ عہد، زمانہ، کیلنڈر، جنتری م: **وِکَرمی ساکا** چندر گپت بکرما جیت کے عہد (سنہ ۸۹ء) سے شمار ہونے والا سال۔

ساکِت کس ک۔ صف۔ چپ، خاموش، بے آواز؛ سنسان؛ بے حس و حرکت۔

ساکِن کس ک۔ صف۔ قائم بے حرکت، ٹھہرا ہوا؛ مقیم کسی جگہ سکونت رکھنے والا؛ وہ حرف جس پر

کوئی حرکت زیر زبر پیش نہ ہو۔ اکثر علامت جزم سے شناخت کیا جاتا ہے۔
ساکھ امث۔ اعتبار ، بھرم، نیکنامی۔
ساکھا امذ۔ اتّحاد، گٹھ جوڑ، متفقہ حملہ یا مشترک مہم۔
ساگ امذ۔ سبزی غذا کے طور پر پکائے جانے والے پتّے۔ مرکب: **ساگ پات**، سبزیاں۔
ساگا امذ۔ تاریخی شخصیات یا خاندان کی بابت طویل کہانی [قدیم ناروی]۔
ساگر فت گ۔ امذ۔ سمندر؛ (استعارہً) بُہت بڑا ذخیرہ م: **وِدّیا ساگر** (کس و، شد کس د) گیان یا علم کا سمندر، بہت بڑا عالم۔
ساگوان سک گ۔ امذ۔ سال کی قسم کا ایک اونچا درخت جس کے پتے ہاتھی کے کان کی طرح بڑے بڑے ہوتے ہیں، لکڑی عمارات اور فرنیچر کے لیے اعلیٰ قسم کی شمار ہوتی ہے (تامل: ٹِیک؛ لاط: Tecotna Grandis)۔
ساگُودانہ و مع، فت ن۔ امذ۔ مشرقی ایشیا کے ایک درخت سے حاصل ہونے والے مہین سفید دانے جواُبالنے پر لُعاب دار ہو جاتے ہیں، ہلکی زُود ہَضم غذا کے طور پر مریضوں کو دیے جاتے ہیں۔
سال (۱) امذ۔ سورج کے گرد زمین کی ایک پوری گردش کے برابر مدّت، تقریباً تین سو پینسٹھ دن کا عرصہ؛ چاند کے بارہ مہینوں کی مدّت، برس، عام۔ مرکب **سالِ حسابی** مالی سال؛ صف: **سال خُوْرْدَہ** (خُرد) پرانا، کہنہ، امذ۔ **سالِ کَبِیسَہ** (کس مج ل، فت ک، ی مع، فت س) ہر شمسی سال کا چوتھا، ۴ سے تقسیم ہونے والا برس (قب: انگ: Leap Year) [ع: بیچ میں داخل کیا ہوا] امث **سالْگِرَہ** (سک ل، کس گ، فت ر) یوم پیدائش کا اعادہ (اصلاً: ہر برس عمر کی ڈوری میں یادداشت کے لیے ڈالی جانے والی گانٹھ)۔ امذ **سالنامہ** کسی جریدے کا سال میں ایک بار چھپنے والا خصوصی شمارہ۔
سالار امذ۔ سربراہ، خصوصاً فوج کا کمان دار، سپہ سالار۔
سالِک کس ل۔ امذ۔ راہرو، مسافر۔ (تصوّف) طریقت کا پابند روحانیت کے منازل طے کرنے والا مرید۔
سالْگرام (سک ل گ)۔ ایک سیاہ پتھر جس میں چہرے کی شباہت دکھائی دیتی ہے جسے ہندو شِوْ کی مورتی خیال کرتے ہیں۔
سالِم کس ل۔ صف۔ پورا، مکمل سلامت، محفوظ و مامون، بے گزند، اکیف مث **سالِمِیَّت** (کس ل، م، شد فت ی) تحفّظ، کامل ہونے کی صورت۔
سالِمَہ کس ل، فت م۔ امذ۔ کسی بنیادی مادّی عنصر کا چھوٹے سے چھوٹا جز جو عموماً دو یا زائد جوہروں (ایٹموں) پر مشتمل ہوتا ہے۔ (قب: انگ: Molccule)۔
سالَن فت ل۔ امذ۔ گوشت مسالے ڈال کر پکائی ہوئی ترکاری، بغیر ترکاری کے پکائی ہوئی گوشت کی لعاب دار ہنڈیا سادہ سالن کہلاتی ہے، لاوَن، نانخُورِش۔
سالنا سک ل۔ ف م۔ سوراخ کرنا، چھیدنا، برمانا؛ آزار پہنچانا۔
سالوتَر ومج، فت ر۔ امذ۔ گھوڑوں کا معالج، مویشیوں کا علاج کرنے والا؛ نعلبند۔ نیز **سالوتَری**۔
سالُوس و مع، امذ۔ صف۔ مکر، فریب؛ مکّار، فریبی۔ اکیف مث **سالُوسی**۔
سالِیانَہ کس ل، فت ن۔ صف۔ سالانہ، سال بہ سال وصول کیا جانے والا لگان وغیرہ۔

سام (۱) عَلَم۔ امذ۔ ایرانی پہلوان زال کے باپ اور رستم کے دادا کا نام؛ حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام۔
سام (۲) لحن سے گائے جانے والے اَشلوک، بھجن (۲) ڈنڈا، سونٹا، خصوصاً جو استاد بچّوں کی تادیب کے لیے استعمال کرتے تھے؛ نیز **سامی**[س: سام؛ شمبا]
سام (۲) صف۔ زہریلا امذ۔ **سام اَبرص** ایک زہریلا گرگٹ جس کا زہر کوڑھ پیدا کرنے والا خیال کیا جاتا ہے۔ [ع: سَم = زہر]؛ (۲) سُوجن، موت، ہلاکت۔
ساماجِک کس ج۔ صف۔ سماج یا معاشرے سے متعلق۔
سامان امذ۔ اشیائے ضرورت، مال، اسباب، اثاث البیت؛ تیّاری، بندوبست، کارروائی؛ آوسان، ہوش، خود پہ قابو۔ محاورہ **سامان میں آنا/ رہنا** ہوش سنبھالنا، ٹھنڈا پڑنا، غصہ یا جذبات پر قابو پانا۔
سامُدرک ضمہ م، سک د، فت ر۔ دست شناسی، قیافہ شناسی، جسمانی علامات سے قسمت کا حال باچنا۔ نیز **سامُدرک وِدیا** صف **سامُدرکی** دست شناس،نیز **سامُدرِک**۔
سامَراج سک م۔ امذ۔ شہنشاہیت، دوسری قوموں کو اپنا تابع بنانا، نیز امث **سامراجِیت**۔ [سامراجیّہ کا تصرّف]۔
سامَرتھ فت م، سک ر۔ امث۔ سکت، صلاحیت، اَہلیّت، قابلیّت۔
سامِری کس م، عَلَم، سماریہ کا رہنے والا ایک قدیم جادوگر جس کا ذکر حضرت موسیٰ کے قصّے میں آتا ہے۔ صف **سامِری فَن** جادوگری، جادوگر۔
سامِع کسمج م۔ صف۔ سننے والا، ج **سامِعین** سننے والے، حاضرین محفل۔ امذ۔ **سامِعَہ** (کسمج م، فت ع) سننے کی قدرت، حسّ سماعت۔ مرکب **سامِعہ خَراشی** (فت خ) کانوں پر بار بننا، کان کھانا۔ امث۔ **سامِعَہ نَوازی** خوش آئند، سہانی، سریلی آواز نکالنا، گانا۔
سامَگری فت م، سک گ۔ امث۔ سامان، اسباب، کُل مال و متاع، کل اسباب ضرورت۔
سامْنا سک م۔ امذ۔ آگا، آگے کا حصّہ یا رُخ؛ مُقابل آنا، آگے ہونا؛ مقابلہ کرنا، مُڈ بھیڑ؛ بے پردگی۔ صف **سامنے کا** واضح، نمایاں، معمولی؛ پیش پا افتادہ۔
سان (۱) امث۔ تیز دھار، دھار تیز کرنے کا پتھر کا آلہ۔ ف مر **سان (پر) چڑھانا، سان دَھرنا/ رکھنا**۔
سان (۲) امذ۔ علامت، نشان مرکب **سان گُمان (نہ) ہونا** کسی طرح کی علامات یا آثار (نہ) ہونا۔ نیز شان گمان۔
ساں غنہ حرف تشبیہہ۔ مثل۔ مانند، جیسا، ایسا مترادف **آسا** [ف، قب س: سَمان]۔
سانْبَھر امغ، فت بھ، عَلَم۔ راجپوتانے میں واقع کھاری پانی کی جھیل جس کے پانی سے نمک نکالا جاتا ہے اور سانبھر کا نمک کہلاتا ہے۔
سانْپ غنہ۔ امذ۔ رینگنے والا لنبوترا جانور جسکی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں اور بعض نہایت زہریلی، (مجازاً) مُوذی، زہر ناک، دشمن۔ محاورہ **سانپ سُونگھ جانا** خاموش، دہم ہو جانا، کچھ نہ بولنا۔ مث **سانْپِن** تص **سَنْپولیا** سانپ کا بچہ۔ [س: سَرْپ، پنجابی: سَپ، انگ Serprent] امث **سانْپ کی چھَتری** رک: کھُنْبی، سماروغ۔
سانْپا امغ۔ امذ۔ ماتم، سوگ، نیز**سیاپا**[س: شاپ]۔
سانْتھل امغ۔ فت تھ۔ امث۔ ران، گھٹنوں سے اوپر جانگھ تک کا عضو۔
سانْٹ امغ۔ امث۔ جوڑ، گرہ، گانٹھ، اُلجھاؤ، گُلجھٹی، مر **سانْٹ گانْٹھ** ایچ پیچ؛ سازش،گٹھ جوڑ، ف م **سانْٹْنا** جوڑ لگانا، ملانا، چپکانا، پیوست کرنا، نیز

سانٹھ۔

سانٹ الف واوی، کسمح ن۔ امذ۔ یورپی شاعری کی ۱۴ مصرعوں پر مبنی ایک صنف جسے اردو میں بعض شاعروں نے اپنایا ہے۔

سانْجھ امغ۔ امث۔ شام، دن چھپنے کا وقت، جُھٹ پٹا، اوّل رات۔

سانْچ امغ۔ امذ۔ سچ کی قدیم صورت، محاورات و امثال میں مستعمل م **سانْچ کو آنْچ نہیں** جو حق پر ہو یا سچ کہے اسے کوئی خطرہ نہیں۔

سانْچا امغ۔ امذ۔ قالب، خول جس میں کوئی چیز ڈھالی جائے، گولمبَر۔

سانْچَر امغ، فت چ۔ صف۔ اکٹھا کرنے، ذخیرہ کرنے والا؛ مجتِمع، ٹھوس۔ امذ **سانْچَرنوَن** (ومج) جُلّابی نمک، سوڈِیم سَلفیٹ (قب انگ: Epsom Salt)۔

سانِحَہ کسمح ن، فت ح۔ امذ۔ رونما ہونے والا واقعہ، حادِثہ، اردو میں افسوسناک واقعے کے لیے مستعمل۔

سانْڈا امغ۔ امذ۔ چھید،سوراخ، پھندا درز؛ دوودھ دوہتے وقت گائے کے پانْوں میں باندھی جانے والی رَسّی۔

سانْڈ امغ۔ امذ۔ بَیل، خصوصاً جو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو؛ بِجار، گھوڑا جس سے نسل کَشی کا کام لیا جائے۔

سانْڈا امغ۔امذ۔صحرائی گرگٹ،جس کی چربی مالش کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور گٹھیا نیز باہ کے لیے مفید سمجھی جاتی ہے۔ نیز **اُوسَر سانْڈا**۔

سانْڈْنی امغ، سک ڈ۔ امث۔ سواری کی تیز رفتار اونٹنی۔ امذ۔ **سانْڈْنی سوار** اُونٹنی پر سفر کرکے پیغام پہنچانے والا، ناقہ سوار، ہرکارہ۔

سانْڈِیا امغ ۔ کسر ڈ۔ امذ۔ اونٹ کا بچہ؛ گوٹا بُننے کا آلہ۔

سانْس غنہ۔ امذ۔ پھیپھڑوں میں جاکر خارج ہونے والی ہوا، نَفَس، دم۔ (کنایتہً) زور، بُوتا، سہار، م: دوڑنے کا دم؛ دَرز، رخنہ، جِھَری؛ زندگی، حیات؛ آہ؛ نیز ٹھنڈا/ ٹھنڈی سانس ف مر۔ **سانس اُکھڑنا** نزع کا عالم، بے دم ہو جانا؛ **سانس پُھولنا** ہانپ جانا؛ **سانس چُرانا** (ضمہ چ) سانس روک لینا، مردہ بن جانا؛ **سانس چڑھنا** ہانپ جانا؛ **سانس کھینْچنا** سانس اندر کی طرف لینا؛ **سانس لینا** پھیپھڑوں میں ہوا بھرنا؛ ٹھہرنا، دم لینا، مہلت پانا۔

سانْسا غنہ۔ امذ۔ ڈر، خوف، خدشہ۔

سانْسْنا غنہ، سک س۔ ف م۔ دھمکانا، ڈرانا، فہمائش کرنا۔

سانْسی (۱) غنہ اسم جنس۔ ایک خانہ بدوش ہندی قبیلہ۔ امذ۔ **سانْسْیا** سانسی قبیلے کا باشندہ۔

سانْسی (۲) امذ۔ سونا، طلا، سُوَرن۔

سانْکا امغ۔ امذ۔ چارپائی کی پائنتیوں کی رسّی جو ادوان کو تانے رکھتی ہے۔

سانْکَر امغ، فت ک۔ صف۔ تنگ، گٹھا ہوا بند؛ کسا ہوا۔ امذ۔ تنگ راستہ، خاکنائے؛ تنگی، گُھٹن، نیز رک **سانْکَل**۔

سانْکَل امغ، فت ک۔ امث۔ کواڑ کی زنجیر، کُنڈی۔

سانْکْھیَہ غنہ، سک کھ، فت ی۔ امذ۔ شمار، گنتی؛ اعداد۔ (منطق) استخراج۔ صف: گنتی سے تعلق رکھنے والا، حساب رکھنے والا، شمار کرنے والا، سانکھیا

سانْگ غنہ۔ امذ۔ برچھا، بھالا؛ کنواں کھودنے کا اوزار؛ نیز رک: سوانگ۔

سانْگا امغ۔ امذ۔ گِھیکوار سے ملتا جلتا ایک درخت جس کے پتے نسبتہً پتلے اور کم چوڑے ہوتے ہیں اور کانٹوں سے خالی، مُرَہَری (لاط: clematis tribola/ gouriana)۔

سانْگُس امغ، ضمہ گ۔ امث۔ ایک قسم کی چوڑی سمندری مچھلی (لاط: Raia Sankur)۔

سانْگی (۱) امغ۔ امث۔ بیل گاڑی وغیرہ میں گاڑی بان کی نشست؛ گاڑی کا بالائی ڈھانچا؛ بہلی کی چھتری۔

سانْگی (۲) امغ۔ صف۔ سانگ/ سوانگ بھرنے والا، بہروپیا۔

سانْنا سک ن۔ ف م۔ متھنا، گوندھنا، ملانا، مخلوط کرنا؛ (کنایتہً) آلودہ کرنا، الزام دینا، لپیٹ میں لینا۔

سانْوٹا غنہ، سک و۔ صف۔ تکڑا، تیّار، ہٹا کٹا، چاق و چوبند۔ نیز سانْوٹھا۔

سانْورا غنہ سک و۔ صف۔ رک: سانْولا، امذ سانْوَریا محبوب، پیارا، من موہن، نیز تص سَنْوَریا (گیتوں میں مستعمل)۔ مث سانْوری۔

سانْولا غنہ، سک و۔ صف۔ گورے کالے کے درمیان سہانے رنگ کا، سبزہ گوں، سبز فام، نمکیں، ملیح۔ مرکب سانْولا سَلوَنا خوشرنگ حسیں، من موہنا۔ مث سانْولی/سانْولی سلوَنی۔ تص مذ۔ سانْوَلیا۔

سانی امث۔ بھوسا، کُٹّی کَھلی وغیرہ جنھیں ملا کر گائے کو چارے کے طور پر دیتے ہیں ف م سانی کرنا گائے کے چارے کے اجزا کو باہم ملانا۔

ساوِتْری کس و، سک تہ امث۔ شعاع، کرن، سورج، کی شعاعوں کا جھمکڑا۔

ساوَج فت و، امذ، ج مذ۔ صید شکارکیا جانے والا جانْور، جنگلی جانور جن کا شکار کیا جاتا ہے۔

ساوْدھاں سک و۔ صف۔ ہوشیار، چوکس، محتاط، اکیف مث ساوْدھانی۔

ساوَڑ فت و۔ امث نفاس، زچگی، زچگی کی ناپاکی، نیز سوڑ۔

ساوَک فت و۔ امذ۔ بچّہ، خصوصاً جانوروں کے بَچے کے لیے مستعمل۔

ساوَن فت و۔ امذ۔ ہندی سال کا پانچواں مہینہ، (جولائی اگست) ساوَن۔ بھادَوں جالی دار دیواروں کی بارہ دری جن پر سے نظر گزرے تو مینْہ برسنے کا سماں دکھائی دیتا ہے؛ ایک قسم کی آتش بازی جو بارش کے تاروں کی طرح برستی ہے۔ ساوَن کا جھالا جلد برس کر ختم ہو جانے والی بارش کی زور دار جَھڑی۔ امث ساوَنی خریف کی فصل؛ ساون کے مہینے کی چاند رات، ساوَن کے مہینے کی سوغات۔

ساوَنْت فت و، سک ن۔ امذ۔ جِیالا، بہادر، شجیع، مردِ میداں۔ نیز سامَنت۔ صف سامَنتی م: سامَنْتی نِظام اُمرا کی حکومت (سب انگ: Oligarchy)۔

ساہْ امذ۔ ساہوکار، بیوپاری، سیٹھ، مہاجن، معتبر، ساکھ والا آدمی صف۔ ساہْ جوگ قابل اعتماد، م: ساہ جوگ ہُنْڈی وہ ہُنڈی جو فوراً بھنا دی جائے، درشنی ہُنڈی صف ساہُو عزت دار، خوش چلن۔

ساہا امذ۔ ہندوؤں میں شادی کا دن، لگن کا دن۔

ساہِتْیَہ کس ہ، سک ت، فت ی۔ امذ۔ سنگت، انجمن، شعرو ادب، ادبیات۔

ساہَس فت ہ۔ امذ۔ تشدّد، جبر، زور وظلم، زبردستی؛ مضبوطی، جرائتمندی، استقلال۔

ساہُوکار و مع۔ امذ۔ روپے کا لین دین کرنے والا، تاجر، مہاجن؛ دولتمند، معتبر شخص ساہُوکارا لین دین کا کاروبار، لین دین کا بازار، صرّافہ۔

ساہی امث۔ رک: سیہہ۔

سائِبان کسمج ۂ۔ امذ۔ گھر کے آگے یا کوٹھے پر چھت پڑی ہوئی کُھلی جگہ؛ عارضی یا پختہ چھت جو سائے کے لیے ڈالی جائے؛ آسرا، چھاؤں۔ (مجازاً) بچاؤ، حفاظت۔ [ف: سایہ کرنے والا]۔

سائِر کس ۂ۔ صف۔ گھومنے، پھرنے، چکّر کاٹنے، سیر

کرنے والا؛ جاری، مروّج، رواں؛ (۲) باقی ماندہ، سب تمام مث/ ج سائِرَہ م: منازِ اَلسّائِرہ، تمام مراحل۔

سائِل کس ء۔ صف ، امذ۔ سوال کرنے والا، مانگنے والا، فقیر۔ امث سائِلہ (کسمج ء)۔

سائی (۱) امث۔ بیعانہ، پیشگی رقم جو سودے کو پختہ کرنے کے لیے دی جائے۔ سائی بَجانا معاہدہ جس کے لیے سائی دی گئی ہو پورا کرنا۔ مثل: ایک کو سائی ایک کو بَدھائی سب کو خوش رکھنے کی کوشش۔

سائی (۲) لاحقہ بمعنی گھسنا م: جَبْہَ سائی/ ناصِیَہ سائی ماتھا رگڑنا، عاجزی، بندگی کرنا۔

سائِیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ گھسا یا پِسا ہوا۔ امث سائِیدگی رگڑ، خراش۔

سائِیس ی مع۔ امذ۔ گھوڑے کی دیکھ بھال کرنے والا ملازم۔

سائِیں ی مع، غنہ۔ امذ۔ آقا، مالک، خداوند؛ شوہر، درویش، معزّز شخص کے لیے کلمۂ خطاب۔

سائیں سائیں ے مج مغ۔ (بروزن ساتھ ساتھ) نقل صوت۔ ہوا کے زور زور سے چلنے کی آواز۔ ف مر سائیں سائیں کَرنا (کسی جگہ کا) سنسان ہونا۔

سایا امذ۔ زنانہ مغربی لباس جو گھگھرے کی طرح کمر سے لٹکا ہوتا ہے۔

سایَہ فت ی۔ امذ۔ روشنی میں رکاوٹ پڑنے سے ہونے والا اندھیرا، پرچھائیں؛ عکس، ظِل، جھلک، پرتو، کسی سطح سے منعکس ہونے والی شعاعیں م: سایۂ آفتاب = دھوپ؛ چھاؤں، عافیت، تحفظ؛ صحبت کا اثر؛ بھوت پریت، آسیب۔ سایَہ پَرْوَرْد ذاتی نگرانی میں تربیت دیا ہوا، مراد چھیتا، لاڈلا؛ صف سایَہ فِگَن/ اَفْگَن سایہ کیے ہوئے، سایہ ڈالنے والا۔

سَب فت س۔ صف۔ کُل، تمام، پورا پورے ہمگی، نیز مرکب سَب کے سَب سبھی، تمام کے تمام، بلااستثناء۔

سَبّ فت س۔ امذ۔ دشنام، لعنت ملامت۔ نیز مرکب سبّ وَ شَتْم۔ امث سِباب (کس س) لعن طعن، ملامت کرنا۔

سَبّابَہ فت س، شد ب، فت بہ امث۔ شہادت کی انگلی، کلمے کی انگلی، منجھلی اُنگلی۔

سِباق کس س۔ امذ۔ کسی مضمون یا عبارت کا پچھلا،گزرا ہوا حصّہ، مرعطفی سِیاق وَ سِباق رک: سِیاق۔

سَبَب فت س و۔ امذ۔ ذریعہ، وسیلہ؛ وجہ، علّت، حجّت، باعث۔ (عروض) دو حرفی کلمہ سَبَب ثَقِیل وہ دو حرفی کلمہ جس کے دونوں حرف متحرک ہوں م: زَن خوبرُو میں زَن ۔ سَبَب خَفِیف وہ دو حرفی کلمہ جس کا پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو م: اب، تُم، جو۔

سَبَت فت س، سک بہ امذ۔ ہفتے کا دن، آرام کا دن۔ [ع: آرام]۔

سُبْحان ضمہ س، سک بہ صف۔ پاک، بری، بلند، فجائیہ سُبْحانَ اَللہ (سُبْ حا نَل لاہ) واہ واہ، کیا کہنا۔ فقرہ: سُبحان تیری قُدْرَت حیرت کا کلمہ؛ تیتر کے بولنے کی آواز کی تعبیر۔

سُبْحَہ ضمہ س، سک ب، فت ح۔ امث۔ تسبیح، مالا جسپر مقدس کلمہ جپا جائے۔ مرکب امث سُبْحَہ سَنْجی/ گَرْدانی تسبیح پھیرنا، مالا جپنا۔

سَبَد فت س ب۔ امذ۔ ٹوکری، مرکب سَبَدِ گُل پھولوں کی ٹوکری۔ گلدستہ۔

سَب دَرا فت س، سک ب، فت د۔ امذ۔ کشتی کا اگلا مستول، ترچھا مستول، نیز سَبْ دَھرا (قب انگ: Bowsprit)۔

سَبْز فت س، سک بہ صف۔ ہرا، اخضر، زمّردیں؛

شاداب، مبارک؛ کچّا ناپختہ؛ سیاہی مائل رنگ کا۔ صف
سَبز قَدَم منحوس، نامبارک۔
سَبزَک فت س، سک ب، فت ز۔ امذ۔ نِیل کَنٹھ، ایک پرندہ جس کے گلے میں نیلا حلقہ ہوتا ہے۔ (لاط: Coracias)۔
سَبزَہ فت س، سک ب، فت ز۔ امذ۔ ہریاول، روئیدگی، ہری گھاس؛ صیقل کیے ہوئے فولاد کا جوہر صف۔ سیاہی مائل، سانولا، نیز مردانہ چہرے کے تازہ اگے ہوئے بال۔ سَبزَہ آغاز نوجوان ہونا۔ سَبزَہ ءِ بیگانَہ (ے مج) خود رو، فالتو جڑی بوٹیاں جنھیں کھیت یا باغ میں سے چھانٹ دیا جاتا ہے۔ سَبزَہ زار گھاس کا میدان یا قطعہ طرف چَمن۔
سَبزی فت س، سک ب۔ امث۔ سبز رنگت، ہرا رنگ؛ ترکاری، بقُولات، خوردنی نبات؛ بھنگ، حشیش۔
سِبْط کس س، سک ب۔ امذ۔ آل اولاد، پوتا، نواسہ؛ ج اَسْباط تثنیہ سِبْطَین دو نواسے مراد حضرت امام حسنؑ و حسینؑ۔
سَبْع فت س، سک ب۔ عدد۔ سات (۷) سَبْع مَثانی (لفظاً) سات آیات والی دو بار نازل ہونے والی سورہ فاتحہ جو قرآن کی پہلی سورت ہے۔ صف سابِع ساتواں۔
سُبْع ضمہ س، سک ب۔ صف عدد کسری۔ ساتواں حصّہ (۱/۷)۔
سَبَق فت س ب۔ امذ۔ آموختہ، نصاب تعلیم کا حصّہ جو ایک وقت میں پڑھایا جائے۔ (کنایتہً) ہدایت تنبیہہ، آگاہی، آنکھیں کھولنے والا تجربہ یا سابقہ۔
سَبَقَت فت س ب ق۔ امث۔ پہل، پیش قدمی، آگے نکلنا، اوّلیت،فوقیت۔ عام: سَبْقَت۔
سَبْک فت س، سک ب۔ امذ۔ پگھلا کر ڈھالنے کا عمل، تسکیک، سکّہ سازی۔(ادب) کسی ادبی گروہ یا مکتب کا عمومی طرز یا روشِ کلام، رنگ م: سَبْکِ ہِندی فارسی شعر گوئی کا وہ انداز جو عموماً ہندوستان کے شاعروں سے مخصوص اور نکتہ طرازی، معنی افرینی سے عبارت خیال کیا جاتا ہے۔
سُبُک ضمہ س بـ صف۔ ہلکا پُھلکا، تیز قدم؛ نازک، سادہ و خوش وضع؛ ہلکا، خفیف، رسوا، شرمسار [اصلاً ف: سَبُک فت س، ضمہ ب] صف۔ سُبُک دوش، فارغ آزاد۔ سُبُکسار ہلکا، بے وزن بے وقار، سُبُک سَر خجل، شرمندہ، اوچھا۔ سُبُک گام تیز قدم۔ سُبُک مَغز کم عقل۔
سُبُکّا ضمہ س، فت ب، شد ک۔ امذ۔ (سادہ کاری) نگینوں کی جڑائی میں خالی رہ جانے والی درز جسے کندن سے پُر کر دیتے ہیں۔
سُبْکی (۱) ضمہ س، سک بـ امث۔ ہلکا پَن؛ شرمندگی، رسوائی [ف: سُبُکی]۔
سُبْکی (۲) ضمہ س، سک بـ امث۔ رِقت کی حالت میں چھوٹا اُلٹا سانس جو اضطراری طور پر لیا جائے، ہچکی۔ ف ل۔ سُبَکْنا/ سُبْکِیاں بَھرنا/ لینا۔
سَبَل فت س بـ امذ۔ رک: سابَل، شریعتیں۔
سُبُل ضمہ س بـ ج مذ۔ راستے، وسیلے، طریقے، سَبِیل (رک) کی جمع۔
سَبَلَت فت س، سک ب، فت ل۔ امث۔ مُونچھ [ع: سَبَلت، فت س ب ل]۔
سَبُو فت س، ومع۔ امذ۔ شراب کا گھڑا یا صراحی ظرف یا شراب۔ تص سَبُوچَہ۔
سَبُورا فت س، ومع۔ امذ۔ لونڈا، مغلم کا ساتھی؛ نقلی آلۂ تناسل، صقَر [ع: صابُورَہ (رک)]۔
سَبُوسَہ فت س، ی مع۔ امذ۔ بھوس، چوکر سر کے بالوں کی خشکی، سر کے بالوں کا جھڑ جانا، سِکری۔
سُبِیتا ضمہ س، ی مع۔ امذ۔ شُبھ گھڑی، نیک ساعت؛ آرام، سہولت، اطمینان؛ فراغت، خوشحالی، خوش

وقتی؛ مُہلت، موقع، فرصت۔

سَبِیل فت س، ی مع۔ امث۔ راستہ، وسیلہ؛ طریقہ، تدبیر۔ (۲) لوگوں کو پانی پلانے یا شربت تقسیم کرنے کے لیے بنائی ہوئی جگہ، پیاؤ۔ فقرہ فِی سَبِیلِ اَللّٰہ (فی سَ بی لِلّ لاہْ) خدا کی راہ میں، خدا کے نام پر۔

سُبُھ ضمہ س۔ صف۔ رک: شُبُھ۔

سَبھا فت س۔ امث۔ محفل، جلسہ، انجمن؛ اکھاڑا (خصوصاً پریوں کا)، تماشا، تماشاگاہ۔

سُبھاگ ضمہ س۔ امذ۔ خوش نصیبی۔ صف سُبھاگ/ سُبھاگِیہ خوش بخت۔

سُبھاؤ ضمہ س، و مج۔ اچھا، دل پسند انداز، پسندیدہ طور طریق۔

سَبھی فت س۔ سب (۱) (رک) کی تاکید، سب اور ہی کا مجموعہ، سب کے سب، تمام۔

سِپّا کس س، شد پ۔ امذ۔ سیپ کا نصف حصہ؛ جوڑ، ہم آہنگی؛ داؤ گھات۔ ف مر سِپّا لَڑْنا معاملہ چُست بیٹھنا، بات بن جانا، موافقت ہو جانا؛ (۲) قدم جمانے کی جگہ۔

سَپاٹ فت س۔ صف۔ ہموار، مُسطّح، چٹیل؛ بہت سادہ، معرّیٰ، بے آرائش؛ بے مزا، بے لطف۔

سَپاٹا فت س۔ امذ۔ تیز دوڑ، طرارہ، زقند، نیز رَپاٹا۔

سِپارِش کس س ر۔ رک: سفارِش۔

سِپارہ کس س، فت ر۔ امذ رک: سیپارہ۔

سُپاری ضمہ س۔ امث۔ چھالیہ کی ڈلی؛ سرِ ذکر، قضیب نیز امذ سُپارا۔

سِپاس کس س۔ امذ۔ شکرگزاری، ممنونیت؛ تعریف، ثنا، حمد۔ صف سِپاس دار منت گزار، شکر کرنے والا۔ امذ۔ سِپاسْنامہ کسی معزز مہمان کی آمد پر پڑھا جانے والا خطبہ۔ سِپاسی شکر کرنے والا، فقیر۔

سِپاہ کس س۔ امث۔ فوج، لشکر، عساکر، امذ۔ سپاہ دار سالار فوج۔ سپاہ گری سپاہی کا پیشہ۔ نیز سِپہ دار/ سِپَہ گری۔ (کس س، فت پ، سک ہ، فت گ)۔

سِپاہی کس س۔ امذ۔ فوجی جوان، پیادہ؛ پولس کا جوان؛ محافظ، مجاہد۔

سِپَر کس س، فت پ۔ امث۔ ڈھال جس سے وار روکتے ہیں؛ (کنایتہً) آڑ، روک، پشت پناہ۔ صف سِپَرانْداز جو ڈھال پھینک دے، لڑنے سے ہاتھ کھینچنے والا، شکست ماننے والا۔

سِپُرْد کس س، ضمہ پ، سک ر۔ صف۔ کسی کی تحویل میں دیا ہوا، حوالے کیا ہوا، نیز سِپردہ امث سُپرِدگی (کس مج د) تحویل، تفویض؛ نیز سِپُرْد داری قبضہ یا تحویل میں لینا، حفاظت کرنا، سنبھالنا، دیکھ بھال۔ نیز ضمہ س ۔

سِپِسْتاں کس س پ، سک س۔ امث۔ لَسوڑا، ایک لیسدار پھل، دواءً مستعمل (لاط: Cordia Myxa)۔

سِپلک کس س، سک پ، فت ل۔ امث۔ چھپکلی۔

سَپنا فت س، سک پ۔ امذ۔ خواب، رُویا [اصلاً س: شَوپْن]۔

سِپَنْد کس س، فت پ، سک ن۔ امذ۔ کالا دانہ، ایک بیل کی پھلی کا بیج جو دھونی دینے کے لیے نیز دواءً مستعمل ہے؛ حَب الفیل، قِرطم ہندی، نیز اِسْپَنْد (لاط: Reganum hormola)۔

سَپُوت فت س، و مع۔ امذ۔ لائق بیٹا، فرزند رشید، نیز سُپُوت (ضمہ س) [اصلاً س: سُ + پُتْر] اکیف مث سَپُوتائی فرماں برداری۔

سَپَولا فت س، و مج۔ امذ۔ سانپ کا بچہ، نیز سَپولِیا۔

سِپِہْر کس س، فت مج پ، سک ہ۔ امذ۔ آسمان، فلک۔

سِپِہر کس س، فت مج پ، ہ (بروزن ہر اثر) دوپہر کے بعد اور شام سے پہلے کا وقت، تیسرا پہر۔
سُپیاری ضمہ س، سک پ۔ امث۔ رک **سُپاری**۔
سَپید فت س، ے مج۔ صف رک: **سُفید**۔ امث **سَپیدی**۔
سَپیدَہ فت س، ے مج، فت د۔ امذ رک: **سُفیدَہ**۔ مرکب اضا **سَپیدہ ءِ سَحَر** پوپھٹنے کے وقت کی روشنی، صبح کا اُجالا۔
سَپیرا فت س، ے مج۔ امذ۔ سانپ پکڑنے اور سانپ کا تماشا دکھانے والا۔
سَپھَری فت س، سک پھ۔ امث۔ ایک چھوٹی چمکیلے پروں کی دریائی مچھلی (لاط: Syprinus Sophore)۔
سَپھَل فت س پھ۔ صف۔ بار، آور پھل دار؛ کامیاب، بامراد (کوشش، عمل وغیرہ) اکیف مث **سَپھَلتا** کامیابی، کامرانی۔
سَت (۱) فت س۔ امذ، صف۔ سچ، صداقت؛ وجود حقیقی؛ لُبِّ لُباب، عَرَق، عِطرِ عطیر؛ قوت، طاقت؛ صف: حقیقی، موجود؛ خالص، طاہر ، منزّہ،پاک؛ دائم و قائم۔ (بعض تراکیب میں ست سد سے بدل جاتاہے) رک: **سَد** ، نیز **سَتّیَہ**۔ مرکب امذ۔ **سَتْ جُگ/ یُگ** سنہری دور، ہندو عقیدے کے مطابق کائنات کا پہلا دور جب نیکی کا راج تھا۔ صف **سَت وَنْتا/ وَنْتی** نیک، ، پاک دامن۔ محاورہ **سَت ہی سَت پر جان ہونا** جان پر بن جانا، جان کی خیر نظر نہ آنا، سخت پریشانی کی حالت میں ہونا۔ **سَت پُوتا/ پُوتی** جس کے سات بیٹے ہوں۔
سَت (۲) فت س۔ عدد۔ سات کا مخفف، تراکیب میں مستعمل۔ صف **سَت کَھنا** سات منزلوں والا (محل وغیرہ) امذ **سَت لَڑا** سات لڑیوں والا ہار امذ **سَت ماسا** حمل کا ساتواں مہینہ نیز صف **سَت وانْسا** ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچّہ، حمل کے ساتویں مہینے کی رسم یا دعوت۔ امذ **ست نَجا** کئی قسم کے غلّوں کا کھچڑا۔ نیز صف **ست بِھیجْڑا** مخلوط، مرکبہ مث **سَت بِھیجْڑی**۔
سَت (۳) فت س۔ عدد۔ سو (۱۰۰)، صد [س: شَت قب ف: صد]؛ **سَت بِھیشا** (ی مع) سوستاروں کا جُھرمُٹ جو نجوم قدیم کی رو سے چاند کے پچیسویں نکشتر میں واقع ہے۔
سَتّا فت س، شد ت۔ امذ۔ سات کا مجموعہ، گنجفے یا تاش کا پتّہ جس پر سات نشان ہوں۔
سِتار کس س۔ امذ۔ بین سے ملتا گود میں ٹکا کرمضراب سے بجایا جانے والا تاروں کا ساز جس میں پانچ سے سات تک باج کے تار ہوتے ہیں۔ صف **ستاریا** ستار بجانے والا، ستار نواز۔
سَتّار فت س، شد ت۔ صف۔ عیبوں کا ڈھانپنے والا، اللہ تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔
سُتار ضمہ س۔ امث۔ مانجھے کی سُتائی، مانجھا سُوتْنا۔
سِتارَہ کس س، فت ر۔ امذ۔ رات کو آسمان پر چمکنے والے اجرام فلکی میں سے چاند کے علاوہ نجم، کوکب، تارا، یا اس کی شبیہ یا علامت؛ گھوڑے کی پیشانی پر چھوٹا سفید نشان، بھَونْری؛ تلا ہوا انڈا جس کی زردی سالم رہے؛ سونے کے پتروں سے کٹی ہوئی گول سوراخ دار بِنْدیاں جو کپڑوں وغیرہ پر ٹانْکی جاتی ہیں۔ مرکب **ستارَہ بیں** منجّم؛ صف **ستارہ پیشانی** وہ گھوڑا جس کے ماتھے پر سفید بھوَنْری ہو۔
سُتاری ضمہ س۔ امث۔ چمڑے کاغذ کے پٹھے وغیرہ میں چھید کرنے کا نوکدار آہنی آلہ جس سے موچی، جلد ساز وغیرہ کام لیتے ہیں۔ نیز **سُتالی**۔
سَتّاسی فت س، شد ت۔ عدد۔ اسّی اور سات (۸۷)

صف ستّاسی واں/ ویں۔
سِتاں (۱) کس س، غنہ۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی لینے، ہتھیانے والا م: دِل ستاں ؛[اصلاً ف: سِتاں؛ فت س]۔
سِتاں (۲) کس س۔ لاحقۂ ظرفیت، وہ جگہ جہاں کسی چیز کی بہتات ہو م: گُل سِتاں نیز شْتاں (سک س) (اس صورت میں حرف ما قبل متحرک ہوگا) م: گُلِشتاں دَبِستاں نیز ستان (ن صحیح) خصوصاً تراکیب میں بطور جزو اوّل، م: شبستانِ ناز۔
سَتانا فت س۔ ف م۔ تنگ کرنا،آزار پہنچانا، چھیڑ خانی کرنا۔
سَتّانْوے فت س، شد ت، سک ن، ے مج۔ عدد۔ نوّے اور سات (۹۷) صف ستّانْوے واں/ ویں۔
سَتّاوَن فت س، شد ت، فت و۔ عدد۔ پچاس اور سات (۵۷) صف سَتّاوَن واں/ ویں۔
سَتائِش فت س، کس ء۔ امث۔ تعریف، توصیف، سراہنا، حمد، سپاس۔ صف سَتائِش گَر مدّاح۔
سَتّائیس فت س، شد ت، ی مع۔ عدد۔ بیس اور سات (۲۷)۔ صف ستائیسواں/ ویں۔
سَتَتّر فت س ت، شد فت ت۔ عدد۔ ستّر اور سات (۷۷)۔ صف سَتَتّرواں/ ویں۔
سِتَد کس س، فت ت۔ امث۔ لینا، وصول کرنا، مرعطفی داد وَ سِتَد لین دین، بخشش، اِنعام (کا دیا اور لیا جانا)۔
سَتر فت س، سک ت۔ امذ۔ چھپانا، ڈھانپنا، پردہ پوشی م: سَتْرِ عَورَت مرد خواہ عورت کے وہ جسمانی حصّے ڈھانپنا جن کا چھپانا اخلاقاً یا شرعاً واجب ہے۔ (رک : عَورَت)۔
سِتر کس س، سک ت۔ امذ۔ پردہ، اوٹ، آڑ؛ نقاب۔ صف سِتْر پوش پردہ دار اکیف مث سِتْر پوشی۔

سَتّر فت س، شد فت ت۔ عدد۔ ساٹھ اور دس، سات دہائیوں کا مجموعہ (محاورۃً) کثیر تعداد م: ستّر دفعہ کہہ دیا= بار بار کہا صف سَتّرواں/ ویں صف سَتْرا بَہتْرا (سک ت) بوڑھا، عمر رسیدہ، ستّر کے پیٹے میں۔
سُتُرگ ضمہ س ت، سک ر۔ صف۔ بڑا، بھاری بھرکم؛ لڑاکا، جوشیلا، نیز سِتُرگ (کس س)۔
سَتْرَنگ فت س، سک ت، فت ر، غنہ۔ صف۔ کئی رنگوں کا، رنگا رنگ۔
سَتْرہ فت س، سک ت، فت ر۔ عدد۔ دس اور سات (۱۷) صف سَتَرَھواں/ ویں۔ (شد فت ت، سک رھ)۔
سُتْلی ضمہ س، سک ت۔ امشد سن کی ڈوری جس سے بوریاں وغیرہ سیتے ہیں یا بنڈل باندھتے ہیں؛ صرّافوں کی اصطلاح میں ۲۰ روپے۔
سِتَم کس س، فت ت۔ امذ۔ ظلم، جور، تعدّی؛ اندھیر، غضب مرکب سِتَم اِیجاد/ سِتم ظَریف انوکھے یا شوخ انداز سے ظلم کرنے والا۔ امث سِتَمْ ظَرِیفی مہربانی کے انداز میں زیادتی؛ دلچسپ، عجیب مگر تکلیف دہ صورت حال۔ سِتَمْگار/گر ظالم، عادتاً ظلم کرنے والا۔
سُتْنا ضمہ س، سک ت۔ ف ل۔ سُونْتا جانا، نچوڑا جانا؛ گھلنا، پتلا کیا جانا، سپاٹ ہو جانا؛ دبلا ہونا م: چہرہ سُت گیا؛ نیز رک: سُونْتنا جس کا یہ لازم ہے۔
سَتّو فت س، شد ت، ومع۔ امذ/ ج مذ۔ بھنے ہوئے گیہوں یا چاولوں کا موٹا پسا ہوا دَردرا آٹا جسے ٹھنڈے پانی میں گھول کر اور شکر ملا کر پیتے ہیں؛ ستّو کا مشروب۔
سُتْواں ضمہ س، سک ت، غنہ۔ صف، امذ، مث۔ پتلی کھڑی (ناک)، موٹا، پھڈّا، پَھیلا کی ضد۔
سَتْوانْسا فت س، سک ت، امغ۔ صف۔ حمل کے

ساتویں مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔ مث سَتوانسی، حمل کے ساتویں مہینے میں دی جانے والی دعوت۔
سِتُودَہ کس س، و مع، فت د۔ صف۔ جس کی تعریف کی جاتی ہو، قابل ستائش، پسندیدہ۔ سِتُودَہ صفات پسندیدہ خُصوصیات، خوبیاں؛ نیز خوبیوں والا۔
سُتُور (۱) ضمہ س، و مع۔ امذ۔ لدّو جانور ج سُتوران۔
سُتُور (۲) ضمہ س، ومع۔ ج مذ۔ سِتْر (رک) کی جمع۔
سُتُون ضمہ س، و مع۔ امذ۔ کھنبا، تھَم، پِیل پایہ، رکن، جو چھت کو سہارتا ہے۔
سِتَّہ کس س، شد فت ت۔ عدد۔ چھ، شش، م؛ صِحاح سِتّہ حدیث کی چھ مستند کتابیں۔
سَتی فت س۔ صف۔ امث۔ نیک، وفادار، پاک دامن، عورت؛ شوہر کی چتا پر جل مرنے والی؛ ہندو عورت کے خاوند کی لاش کے ساتھ جل مرنے کی تقریب یا عمل۔
سَتِّیا فت س، شد کس ت۔ امذ، صف۔ قوت، بل؛ وجود، سَت یا وجود سے تعلق رکھنے والا/ والی۔ سَتِّیا گَرہ حق کی خاطر جِدّوجَہد۔ محاورہ سَتِّیا ناس جانا/ ہونا فنا، غارت ہونا۔ امذ۔ سَتِّیا ناسی ایک کانٹے دار پودا، ایک گز تک لمبا، پتوں سے شاخوں تک کانٹوں سے بھرا، پھول زرد خوبصورت۔ (لاط: Argemona Meyicana)۔
سَتیز کس س، ے مج۔ امذ۔ جنگ، لڑائی۔ نیز سَتیزَہ چپقلش، جھگڑا، صف سَتیزہ کار لڑنے والا، جنگجو۔
سَتِّیہ فت س، شد کس ت، فت ی۔ حق، سچائی، صداقت، اصلیت؛ وجود؛ دھرم ایمان، انصاف، نیز رک سَت۔ صف سَتِّیارتھی حق کا متلاشی، امذ۔ سَتیہ لوک (ومج) ہندو عقائد میں وہ مقام جہاں پہنچنے کے بعد آواگون کے چکر سے نجات مل جاتی ہے؛ سب سے اونچا آسمان صف سَتیہ وَرت قول کا سچا۔
سْتھان سک س۔ امذ۔ جگہ، مقام، مکان، قیام گاہ؛ موقع، محل [س، قب ف: ستان]۔
سْتِھر سک س، کس تھ۔ صف۔ قائم، مستحکم، مستقیم، غیر متزلزل۔ امث سْتِھرتا استقامت، استقلال۔
سُتھْرا ضمہ س، سک تھ۔ صف۔ پاک، صاف، اُجلا، مصفّیٰ، بے عیب۔ اکیف مث سُتھْرائی صفائی۔
سَتھْراؤ فت س، سک تھ، ومج۔ (بروزن سرکار) امذ۔ بکھرنا، منتشر ہونا، تِتر بِتّر ہونا۔ محاورہ سَتھْراؤ پڑنا صفایا ہونا۔ مٹایا یا بھگا دیا جانا۔
سَتھِیا فت س، کس تھ۔ امذ۔ ایک مڑی ہوئی نوکوں کا صلیبی نشان جو ہندوؤں اور بعض دوسری قوموں میں متبرک سمجھا جات رہا (卐) سْوَ سْتِیکا (اس کے بر خلاف نازی جرمنی کے مماثل نشان کی نوکیں مخالف سمیت میں مڑی ہوئی تھیں) نیز سْتِیھا۔
سَٹا فت س۔ امث۔ سادھوؤں کےسے لمبے لمبے عموماً مینڈھیوں کی طرح گندھے ہوئے یا الجھے الجھے بال۔ جَٹا۔
سَٹّا فت س، شد ٹ۔ امذ۔ گٹھ جوڑ، سازش؛ مال کے آئندہ متوقع بھاؤ پر پیشگی معاہدہ جو ایک قسم کا جُوا ہے۔ امث سٹّے بازی۔
سِٹّا کس س، شد ٹ۔ امذ۔ بُھٹّا؛ گیہوں وغیرہ کی بال۔
سَٹانا فت س۔ ف م۔ جوڑنا، جمانا؛ چُول میں بٹھانا، فٹ کرنا۔ امذ۔ سَٹاؤ (ومج)۔
سَٹ پَٹانا فت س پ۔ ف ل۔ گھبرا جانا، ہکّا بکّا

رہ جانا، سِٹّی گم کرنا، سُدھ بھلا بیٹھنا، کچھ بن نہ پڑنا۔

سَٹَر پَٹَر فت س ٹ، سک ر، فت پ ٹ امث۔ چھوٹے موٹے کاموں میں مصروف نظر آنے پُھرتی دکھانے کی کیفیت۔

سَٹَک فت س ٹ امث۔ حقّے کی لچکدارنَے، لچکدار نے والا حقّہ، چھوٹا پیچواں۔

سِٹْکار کس س، سک ٹ امث۔ سٹے کی طرح ایک طرف سے موٹی ایک طرف سے پتلی، گاؤ دم وضع یا شکل۔ صف **سِٹْکاری** اکیف۔ **سِٹْکائی** نکیلا پن، مخروطی وضع۔

سَٹْکنا فت س ٹ، سک ک۔ ف ل۔ چل دینا، غائب ہو جانا، سرکنا۔

سُٹْکنا ضمہ س، فت ٹ، سک ک۔ ف م۔ نکلنا، حلق سے اُتارنا۔

سَٹْکنی فت س ٹ، سک ک۔ امث۔ کواڑ کی چٹخنی۔

سَٹَلّو فت س ٹ، شد ل، و مج۔ صف مث۔ فضول باتیں ملانے والی عورت، بکواسی؛ چالاک عورت۔

سَٹْنا فت س، سک ٹ۔ ف م۔ جمنا، ٹھیک بیٹھنا، جُڑ جانا۔

سَٹَورا فت س، ومج۔ امذ۔ سونٹھ ملا کر تیار کیا ہوا نرم میوہ دار حلوہ جو زچّہ کو دیا جاتا ہے، نیز **سَٹھورا**۔

سَٹّی فت س۔ امث۔ جدوار۔

سِٹّی کس س، شد ٹ۔ امث۔ ہوش، حواس، اوسان۔ محاورہ **سٹّی گم کرنا**، گھبرا جانا، اوسان خطا ہو جانا۔ [س: سَرشٹی = ہوش]۔

سَٹھیانا فت س، سک ٹھ۔ ف ل۔ (لفظاً) ساٹھ کے پیٹے میں پہنچنا، مراد: بوڑھا ہو جانا، بُڑھاپے کے سبب غبی ہو جانا، بہک جانا۔

سَج فت س۔ امث۔ وضع قطع؛ بناؤ، سنگھار؛ سجاوٹ، تیاری، آراستگی [س: سجّ، قب ف: ساز] مرکب **سَج دَھج** بنا سجا، آراستہ پیراستہ ہونے کی کیفیت۔

سَجّاد فت س،شد ج۔ صف۔ عبادت گزار۔

سَجّادَہ فت س، شد ج، فت د ہ۔ امذ۔ جاے نماز؛ مرشد کی مسند، مر وصفی **سَجّادَہ نشین** کسی بزرگ یا مرشد کا جانشین، درگاہ یا روحانی سلسلے کا سربراہ۔

سُجان ضمہ س۔ صف۔ عاقل، دانا، گیانی۔

سَجانا فت س۔ ف م۔ آراستہ کرنا، مرتّب کرنا۔

سَجاوَٹ فت س و۔ امث۔ آراستگی، تزئین؛ بنا سنورا ہونا۔

سَجْدَہ فت س، سک ج، فت د، ہ غم۔ امذ۔ عبادت یا اظہار اطاعت کے لیے جُھک کر ماتھا زمین پر ٹکانا، نیز عام **سِجْدَہ** (کس س) مرکب **سَجْدَۂ سَہو** نماز میں کسی رکن کے رہ جانے یا کسی غلطی کی تلافی کے لیے کیا جانے والا زائد سَجدہ۔ ج **سَجَدات** (فتِ س ج)۔

سِجَرِیا کس س، فت ج، سک ر۔ امث۔ **سیج** (رک) کی تصغیر۔

سَجْع فت س، سک ج ع۔ امذ۔ نثر مقفیٰ؛ خصوصاً ایسا جملہ جس میں کسی کا نام بھی بامعنی طور پر صرف ہوا ہو م: بفیضِ سرورِ عالم منور منظرِ عالم؛ سارے نبیوں میں محمد اشرف۔

سِجَل کس س، فت ج۔ صف۔ آراستہ، خوشنما؛ پسندیدہ، مصفّیٰ، پاکیزہ۔

سِجِل کس س ج۔ امث۔ کاغذات کا مجموعہ کتاب؛ دفتر، رجسٹر، مرتب دستاویزات عدالتی مسل، یادداشت ریکارڈ؛ عدالتی مہر۔ قب امذ۔ **مُسَجِّل** رجسٹرار۔

سَجَن فت س ج۔ امذ۔ دوست، محبوب؛ شریف آدمی [س: سَجَّن]۔امث **سَجْنی** (سک ج)۔ نیز (رک)

ساجَن۔

سِجّن کس س، سک ج۔ امذ۔ قید خانہ، مَحبَس۔

سَجْنا فت س، سک ج۔ ف ل م۔ سنْورنا آراستہ ہونا، تیار ہونا، لیس ہونا، م: ہتھیار سَجنا، نیز رک **سَجانا** جس کا یہ لازم ہے۔

سُجُود ضمہ س، ومع۔ امذ جھکنا، سجدہ کرنا، عبادت۔

سَجّی فت س، شد ج۔ امث۔ ایک قسم کا کھار یا کھاری مٹی جو زمین یا شور جھیلوں سے نکلتی ہے اور کپڑے دھونے کے کام آتی ہے۔ (قب انگ: Natron)؛ ایک الکلی جو مختلف نبات کو جلا کر حاصل کی جاتی ہے۔ (قب انگ: Soda Carbonate)۔

سَجِیلا فت س، ی مع۔ صف۔ بنا سنْورا، خوشنما، خوش وضع۔ مث **سَجِیلی**۔

سُجھانا ضمہ س۔ ف م۔ **سُوجھنا** (رک) کا متعدی۔

سُجھائی دینا ضمہ س، ے مج۔ دکھائی دینا، نظر آنا، سُوجھنا۔

سَچ فت س۔ امذ، صف۔ حق بات، امر واقعی، درست رِوایت، اصل حقیقت؛ راست، بے خطا، صحیح، صادق؛ کھرا، بےکھوٹ؛ راست گو، راستباز؛ جھوٹ یا جھوٹا کی ضد۔ نیز صف **سَچّا** مث **سچّی** [س: سَتْیہ]۔

سُچّا ضمہ س، شد چ۔ صف۔ روشن، اُجلا، کھرا، (سونا وغیرہ) [س: شُچی]۔

سَچّائی فت س، شد چ۔ امث۔ صداقت، اصلیت؛ کھرا پن، خلوص۔

سِچائی کس س۔ امث۔ سینچنے کا عمل۔

سُچِت ضمہ س، کس چ۔ صف۔ یکسُو، فارغ، نچنت۔

سَچَّل فت س، شد فت چ۔ صف۔ اصلی، صحیح، درست، کھرا، سچّا؛ ایسی بازی جو رقم لگا کر کھیلی جائے، جھوٹ موٹ کی بازی کی ضد۔

سُچیت ضمہ س، ے مج۔ صف۔ چوکنّا، مُتوَجّہ، ہوشمند، خبردار۔

سَحاب فت س۔ امذ۔ بادل، گھٹا، ابر۔

سَحَر فت س ح۔ امث۔ صبح، سویرا، فجر، تڑکا، نیز **سَحْر** (فت مج س ح)، مرکب **سَحَرگاہ/ گہ** دن نکلنے کا وقت۔

سِحْر کسمج س، سک ح۔ امذ۔ جادو، افسوں، ٹونا، ٹوٹکا، طلسم، ڈِٹھ بندی۔ **سِحرِ حَلال** مراد: پر اثر شاعری، مرغوب، مسحور کرنے والا کلام۔ **سِحر زَدَہ** (زد) جس پر جادو کیا گیا ہو، مراد حیرت زدہ، ساکت، بے بس۔ **سِحرِ سامِری** حضرت موسیٰ کے زمانے کے جادوگر کا یا اُس جیسا حیرت انگیز جادو کا کمال۔

سَحْری فت مج س، سک ح۔ امث۔ روزہ شروع ہونے سے پہلے پچھلے پہر کا وقت یا اس وقت کھایا جانے والا کھانا۔

سَخا فت س۔ امث۔ فیّاضی، داد و دِہِش، دان پُن، دریا دلی نیز **سَخاوَت**۔صف **سَخی**۔

سَخافَت فت س فـ امث۔ حماقت، بچپنا، اوچھا پن، خفیف الحَرَکاتی، صف **سَخِیف** ج **سَخائِف** حماقت کی باتیں، بیہودہ حرکتیں۔

سَخْت فت س، سک خ۔ صف۔ چھونے دبانے سے نہ دبنے والا، بے لچک، نرم کی ضد، پتھریلا؛ کٹھن، دشوار؛ کٹھور، سنگدل؛ بے رُو رعایت، نہ پسیجنے والا؛ تُند، شدید؛ حد سے بڑھ کر۔ اکیف مثد۔ **سَخْتی** صلابَت، شِدّت، ظلم، زبردستی؛ آزمائش، صعوبت، دشواری؛ سرزنِش۔ (دباغت) **سَخْت چَمڑا**۔ **سَخْت اَنْداز** تیر انداز؛ نشانے باز۔ **سَخْت سُسْت (کہنا)** دشنام (دینا) ڈانٹ ڈپٹ (کرنا)۔ **سَخْت گیر** بے ملاحظہ، سخت کام لینے، سخت روک ٹوک رکھنے والا۔

سُخْرَہ ضمہ س، سک خ، فت ر، ہ غم۔ صف، امذ۔ احمق؛ بدھو، نقلِ محفل جس کا مذاق اُڑے؛ جو بیکار میں پکڑا جائے۔

سُخَن ضمہ خ، فت خ۔ امذ۔ بات، کلام، گفتگو؛ قول، عہد؛ شاعری، نظم گوئی؛ جائے کلام، محلّ اعتراض۔ نیز **سَخُن** (فت س، ضمہ خ) **سُخُن** (ضمہ س خ) مرکب: **سُخَن۔ تَکْیہ** تکیۂ کلام، وہ لفظ جو گفتگو میں کوئی شخص عادۃً جا و بے جا استعمال کرے۔ امث **سُخَن پَروَری** اپنی بات کی پچ کرنا، اپنی بات کو نبھانے کی کوشش۔ **سُخَن طَرازی** شعر گوئی، [اصلاً ف: **طِرازی** (کس ط)]۔ صف **سُخَن گَرْم** (کسمج ن، فت گ،سک ر) بامزہ، پُرلطف کلام۔ امث **سُخَنْ فَروشی** خوشامد، مدح سرائی؛ **سُخَن گُستَری/ گوئی** شاعری، بذلہ سنجی؛ **سُخَنوَری** شعر گوئی۔

سَدّ فت س۔ امث۔ رکاوٹ، دیوار، فصیل، امذ۔ **سَدِّباب** تدارک، بندش **سَدِّ رَمَق** (فت م) دم نکلنے کو ٹالنا؛ اتنی غذا کہ سانس کا جسم سے رشتہ باقی رہے، مراد قلیل غذا م: دو لقمے سدّ رمق کے لیے /کے طور پر ، کھا لیتا ہوں۔ قُوت لایَمُوت۔ **سَدِّ سِکَندَر (ی)** ناقابل عبور رکاوٹ۔

سَدا فت س۔ م ف۔ دائِم ، مدام، ہمیشہ، ہمہ وقت، نِت نِت۔ مرکب: **سَدا بَہار** سارے سال سبز رہنے والا (پودا، باغ وغیرہ) **سَدا پَھل** ہمیشہ پھل دینے والا پیڑ، ایک قسم کا گچھے دار انجیر (لاط: Artocarpus integrifolia) بیل پھل؛ موسمی میٹھا (لاط: Aegle Marmalos) امث **سَدا سُہاگَن** ایک چڑیا کا نام (لاط: Trogon Dilectus)؛ نیز ایک سفید پھول (لاط:Hibiscus phaeniceus)؛ درویشوں کی ایک قسم جو زنانہ لباس (ساڑھی اور چوڑیاں) پہنتے ہیں؛ ہمیشہ سہاگن رہنے والی عورت (بطور دعا) **سَدا گُلاب** چینی گلاب، **سَدا وَرْت / بَرَت** خیرات کا کھانا، لنگر جو برابر جاری رہے۔

سُداب ضمہ س۔ امذ۔ قوّت، بَل؛ ایک خوشبودار بیل جس میں زرد پھول آتے ہیں، اس کا بیج، کالا دانہ دھونی کے لیے جلایا جاتا ہے۔ (لاط: Pogonum Hromula)۔

سَدا چار فت س۔ صف۔ حقیقی، واجب الوجود۔

سَدائی فت س۔ امث۔ صیقل، شیشے کو چمکانے کا عمل۔

سُدَرْشَن ضمہ س، فت د، سک ر، فت ش۔ صف۔ خوبصورت، حسین؛ سیب کی ایک قسم (لاط: Eugenia Jumbu)۔

سِدْرَہ کس س، سک د، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ عرش کی داہنی جانب بیری کا درخت جہاں سے آگے کسی فرشتے کی رسائی نہیں، نیز **سِدرَۃُ اَلْمُنْتَہیٰ** (سِدْ رَ تُل مُن تَ ہا)؛ نیز نزد بعض ایک قسم کا کنْول کا پودا ۔ (قب انگ: Christ's thorn) لاط: Zizyphus Spine Christi)۔

سُدُس ضمہ س د۔ عدد کسری۔ چھٹا حصّہ (۱/۶)۔

سَدَشیہ فت س د، سک س، فت ی، ہ غم۔ امذ۔ رکن، ممبر، کسی جماعت کا شریک۔

سَدَن فت س، د۔ امذ۔ مقام، ٹھکانا، مکان، اَیوان، منزل۔

سُدَنْت ضمہ س، فت د، سک ن۔ امذ، صف۔ اچھے دانتوں والا ہاتھی۔ امث **سُدَنْتی**۔

سُدّہ ضمہ س، شد فت د، ہ غم۔ امذ۔ جما ہوا مواد جو جسم میں کسی رکاوٹ کا سبب بنے۔

سُدی ضمہ س۔ امث۔ چاند کے مہینے کا پہلا روشن پندرھواڑہ یا پاکھ۔

سُدیشی ضمہ س، ےمج۔ صف۔ اپنے دیس کا، ملکی دیسی۔ لفظاً: اچھے یا پیارے دیس کا نیز **سُودیشی**

(ومع) (س: سو دیش = اپنا ملک)۔
سُدْھ ضمہ س، سک دھ۔ امث۔ ہوش، شعور، احساس؛ توجہ، خیال، التفات؛ مرکب عطفی **سُدھ بُدھ** سوجھ بوجھ، واقفیت، علم، آگاہی۔
سِدْھ کس س، سک دھ۔ صف۔ مکمل، تمام، طے؛ حسب دلخواہ، حسب مراد؛ ماہر کامل؛ پختہ۔
سِدّھارتھ کس س، شد دھ، سک ر ۔ صف۔ مراد کو پہنچا ہوا، منزل یاب؛ خوش کلام۔
سُدْھارْنا ضمہ س، سک ر۔ ف م۔ درست کرنا، سنوارنا، ٹھیک کرنا۔
سِدْھارنا کس س، سک ر۔ ف ل۔ جانا، رخصت ہونا، کوچ کرنا، وداع ہونا۔
سَدْھانا فت س۔ ف م۔ تربیت دینا، سکھانا؛ راہ پر لانا، مانوس کرنا، ہلانا (پالتو جانور کو)۔
سُدْھرنا ضمہ س، فت دھ، سک ر۔ ف ل۔ **سُدْھارنا** (رک) کا لازم۔
سَدْھنا فت س، سک دھ۔ ف ل۔ **سَدھانا** (رک) کا لازم۔
سَدْھوا فت س، سک دھ۔ صف۔ مرد یا عورت جس کا جیون ساتھی سلامت ہو۔
سِدْھوڑ کس س، و لین۔ امث۔ حاملہ عورت کا کسی چیز کی شدید خواہش کرنا، ہُڑک اٹھنا، حاملہ عورت کے لیے حمل کے ساتویں مہینے اُس کے میکے سے کھانے پینے کی چیزیں، توشہ۔ نیز **سِدھوری** (ومج)۔
سِدّھی کس س، شد دھ۔ امث۔ حافظہ، یادداشت؛ دھیان، خیال، تکمیل، پختگی؛ علم، گیان خصوصاً جادو منتر کا۔ امذ۔ دانا، عاقل آدمی، گیانی۔
سِڈَول کس س، ولین۔ صف۔ اچھی وضع کا، خوش ترکیب، متناسب، متوازن، اصلاً : **سُڈول** (ضمہ س)۔

سَر فت س۔ امذ۔ چنْدیا، کھوپری؛ منڈیا، سیس، گردن سے اُوپر کا حصّہ؛ کسی چیز کا بالائی حصّہ یا سِرا؛ چوٹی، قُلّہ؛ سرا، ابتدا، آغاز؛ خواہش، ارمان، دُھن؛ ہوش، سُدھ؛ تاش میں جیتنے والا پتّہ یاجیتا ہوا ہاتھ۔ مرکب وصفی **سَرفَراز/ فَراز** معزّز، بڑے رتبے والا، **سَربَراہ** (فت ب) سردار، نگراں، رہنما؛ **سَربَزانو** متفکّر، **سَربَستَہ** (بَس تَ) پوشیدہ، **سَربَلَنْد** (فت ب ل) سرفراز؛ **سَربَمُہر** (فت ب، ضم مج ب) ٹھپّہ لگا کر بند کیا ہوا؛ خفیہ، نامعلوم؛ **سَرپَرست** (فت پ ر، سک س) مُربّی، نگراں؛ **سَرتاج** مالک، شوہر؛ **سَردَفْتَر** افسر، دفتر میں نگران کار، محرّروں منشیوں سے کام لینے والا؛ **سَرفَروش** (فت ف، و مج) جاں باز؛ **سَرکَردَہ** (کر دَ) ممتاز، نمایاں؛ **سَرکَش** (فت ک) گُستاخ، نافرمان؛ **سَرگَراں** (کس/ فت گ) روٹھا ہوا، ناراض؛ **سَرگَرداں** (فت گ) حیران، پریشان، آوارہ؛ **سرگرم** (فت گ، سک ر) جوشیلا، مستعد؛ **سَرگَشتَہ** (گش تَ) سر پھرا، دیوانہ؛ **سَرنِگُوں** (کس ن، ومع) سرجھکائے ہوئے؛ خفیف، شرمندہ؛ متفکر۔ ف م **سَر ہونا** اصرار کرنا۔
سُر ضمہ س۔ امذ۔ آواز کی اکائی کی ایک مقدار جو مختلف سطح کی دوسری آوازوں سے مل کر نغمگی پیدا کرے۔
سِر کس س۔ امذ۔ **سَر** (رک) کا ہم معنی، [اقب س: سِرس، ف: سَر]۔
سِرّ کس س۔ امذ۔ راز،بھید۔ صف۔ **سِرّی** حقائق نامعلوم سے تعلق رکھنے والا، غیبی، رُموزی۔
سَرِ فت س، کسمج ر۔ م ف۔ مرکبات کا جزو اول، سرمع اضافت م: **سَرِ بازار** کھلے خزانے، سب کے سامنے، شارع عام پر؛ سَربالیں (غنہ) سرہانے۔ **سَردَست** فت د،سک س فی الحال، ابھی، اِس وقت،

سَرِ راہے چلتے چلتے، ضِمناً؛ راستے میں۔

سَرا (۱) فت س۔ امذ۔ بانْس، موٹے نرسل کا لمبا ٹکڑا۔

سَرا (۲) فت س۔ امث۔ منزل، مکان، جائے قیام، مسافر خانہ نیز سرابے/ سرائے۔ مرکب سَرا پَردَہ خیمے یا حویلی کے دروازے پر اوٹ کا پَردَہ، گھُونگٹ کی دیوار۔

سَرا (۳) فت س۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی گانے والا م: نغمہ سرا، مدح سرا۔ اکیف مث سَرائی۔ ج سَرایان۔

سِرا کس س۔ امذ۔ شروع یا آخر کاکنارہ؛ آغاز، ابتدا۔

سَراب فت س۔ امذ۔ صحرا میں دور سے نظر آنے والی پانی کی موج جو غیر حقیقی اور محض نظر کا دھوکا ہوتی ہے؛ (کنایتہً) دھوکا، فریب، اُمیّد موہوم۔

سَراپ فت س۔ امذ۔ بددعا، قہر جو کسی دیوتا کی طرف سے نازل ہو۔ ف م سَراپنا سراپ، بددعا دینا [س: شاپ]۔

سَراپا فت س۔ امذ۔ سر سے پانو تک پورا جسم اور تمام اعضائے جسمانی؛ اعضائے جسمانی کی تعریف میں لکھے ہوئے اشعار۔ صف، م ف: تمامتر، مکمل طور پر؛ مِثل، تِمثال، تصویر، م: وہ یہ منظر دیکھ کر سراپا حیرت بن گئے۔ ف مر مث سَراپا نگاری اشعار میں محبوب کے اعضائے جسمانی کی توصیف۔

سِراج کس س۔ امذ۔ چراغ، دیا، روشنی دینے والا آلہ یا شے۔

سَرّاج فت س، شد ر۔ امذ۔ زِین ساز، گھوڑے وغیرہ کی کاٹھی تیار کرنے والا کاریگر۔ [ع: سِراجہ زین سازی]۔

سَراچَہ فت س چ۔ امذ۔ چھوٹا خیمہ، چھولداری۔

سَراسَر فت س۔ م ف۔ تمام تر،مکمل طور پر، بالکل، یکسر، نیز سَربَسر۔

سَراسَری فت س۔ امث۔ ماتھے کا ٹیکا جس کے ساتھ مانگ کے دونوں طرف موتیوں کی لڑیاں یا پٹّیاں ہوتی ہیں اور کنپٹیوں تک جھالر کی طرح لٹکی رہتی ہیں، سِنتھی، پُریال، سیس پٹّی، چھپکا؛ زنانہ لباس کے کنارے یا پلّو پر ٹکی ہوئی سنہری روپہلی پھولوں کی بیل یا سکّوں کی لڑی۔

سَراسِیمَگی فت س، ی مع، فت/ سک م۔ امث۔ گھبراہٹ، حیرانی، پریشانی صف سَراسِیمَہ سٹ پٹایا ہوا۔

سُراغ ضمہ س۔ امذ۔ کھوج، نشان، قدموں کا نشان؛ ٹوہ، صف امذ۔ سُراغ رَساں (غنہ) مخبر، پتہ نشان بتانے والا، جاسوس، کھوجی۔ اکیف مث سُراغ رَسانی۔

سَرافیل فت س، ی مع۔ علَم - رک: اسرافیل۔

سُرا گاؤ ضمہ س، ومج۔ امذ۔ وسطِ ایشیا کا گُپھّے دار دُم کا بار بردار مویشی، یاک نیز سُرا گائے۔

سِرانا کس س۔ ف م۔ متبرک چیزوں تعزیے وغیرہ کو پانی میں بہانا، ٹھنڈا کرنا۔

سَراوک فت س و۔ امذ۔ جین مت کا پیرو، نیز سَراوْگی۔

سَراوَن فت س و۔ امث۔ کھیت کی جُتائی کے بعد نالیوں کی صفائی اور نلائی کرنے کا لمبے دستے کا اوزار جس میں کئی نوکدار سلاخیں نکلی ہوتی ہیں، پینگا، سُہاگا۔

سَراہْنا فت س، سک ہ۔ ف م۔ تعریف کرنا، حمایت، ہمنوائی کرنا، بڑھاوا دینا۔

سَرایَت کَرنا فت س ی ک، سک ر۔ ف ل۔ جذب ہونا، نفوذ کرنا، سمانا؛ کسی سیّال شے کا کسی شے کے مساموں، ریخوں وغیرہ میں بھر جانا، رچنا، حُلول کرنا [اصلاً ع: سِرایَت : رات کو سفر کرنا]۔

سَڑب فت س، سک ر- رک سَرو (۲)-

سُڑب ضمہ س، سک ر- امذ- سیسہ، رصاص-

سَڑباز فت س، سک ر- امذ- مجاہد، جاں باز؛ حال کھیلنے، جھومنے والا-

سَربَر فت س، سک ر، فت بہ صفہ مقابل، ہمسر، برابر- ف مر سَربَر ہونا نبٹنا، عہدہ برآ ہونا؛ شایاں، جوگا ہونا- صف سَربَرآوُردَہ ممتاز، نمایاں- اصلاً فت وٗ-

سَربَنْد فت س ب، سک ن- صف، امذ- مُہر کیا ہوا، بند کیا ہوا؛ صافہ، پگڑی، خصوصاً جو خلعت کے ساتھ دی جاتی تھی-

سَربَھنگ فت س، سک ر، فت بھ، غنہ- ہندو فقیروں کا ایک طبقہ جو ذات پات اور چھوت چھات کو نہیں مانتا-

سَرپَٹ فت س، سک ر، فت پ- صف، م فہ تیز بے تحاشا،پھرتی سے (دوڑتا ہوا)، بگٹٹ-

سَرپِستاں فت س، کس مج ر، کس پ، سک س- امذ- پستان کی گھنڈی، چوچی، بھٹنی-

سَرپوش فت س، سک ر، ومج- امذ- کھانے پر ڈھکنے کا عموماً گنبد نما ظرف-

سَرپَیر فت س، سک ر، ے لین- امذ- سِرا، بھید، سراغ، حقیقت م؛ سَر پیر نہیں ملتا-

سَر پیچ فت س، سک ر، ے مج- امذ- پگڑی، پگڑی پر لپیٹنے کی مرصّع پٹّی-

سَرپھوکا فت س، و مج- امذ- ایک برساتی پودا، جس کے پتے باریک املی کے پتوں کی طرح دو صفوں میں آمنے سامنے ہوتے ہیں، پھلی چھوٹی روئیں دارجس میں مہین بیج ہوتے ہیں جو دواءً مستعمل ہیں، نیز سَرپَھنْکی-

سُرت ضمہ س، سک ر- امثہ ہوش، دھیان، خیال، یاد،نیز سُرَت.ف مر سُرَت بِسْرانا بھول جانا، بھلا بیٹھنا-

سُڑتا ضمہ س، سک ر- صف-ہوشیار، چوکس، چوکنا-

سَڑتال فت س، سک ر- امثہ پڑتال کے بعد مکرّر پڑتال تنقیح یا پیمائش-

سَڑتابی فت س، سک ر- امثہ عدول حکمی، نافرمانی، سرکشی-

سُرتی ضمہ س، سک ر- امثہ سننے کی حس، سماعت، ف مر سُرتی لینا سُن گُن لینا، بھنک پانا [س؛ شُرُوتی سماعت]-

سرِجانا کس س، سک ر- ف م- بنانا، پیدا کرنا صف سرجَن ہار خالق [س؛ سِرجک]- نیز سِرجْنا-

سَرجِیوَن فت س، سک ر، ی مع، فت د- صف- سدا بہار، جاوداں، لازوال-

سَرچَشْمَہ فت س، سک ر، فت چ، سک ش، فت م، ہ غم- امذ- پانی کے سوتے کا سرا، مخرج، منبع، جہاں سے چشمہ پھوٹے- نیز مجازاً؛ کسی تحریک یا سلسلے کی جڑ، فیض یا برکات کا اصل وسیلہ-

سَرچَنگ فت س، سک ر، فت چ، غنہ- امثہ کھلے ہاتھ کی ضرب؛ تھاپ-

سَرحَد فت س، سک ر، فت ح- امثہ کسی سرزمین یا عملداری کا آخری کنارا، حد بندی-

سُرخ ضمہ س، سک ر- امذ- صف لال رنگ، حُمرت، لالی؛ لال رنگ کا، شَنگرفی، احمریں؛ گھونگچی کا دانہ، سُرخ رُو (ومع) آبرو دار، باعزت، شرمندہ، ناکام کی ضد- سُرخ فِیتَہ اصلاً: فائل یا مسلیں باندھنے کی چپٹی ڈوری، مراد دفتری کارروائی جو پیچیدہ اور دیر طلب ہوتی ہے- اکیف مث سُرخی لالی، لال رنگ؛ مضمون، مقالے وغیرہ کا عنوان-

سُرخا ضمہ س، سک ر- امذ- سرخ آنکھ والا

کبوتر، انارا۔ بطور استہزا: اشتراکی۔

سُرْخاب ضمہ س، سک ر۔ امذ۔ ایک آبی پرندہ جس کا جوڑا باہمی لگاؤ کے لیے مشہور ہے۔ دونوں رات رات بھر ایک دوسرے کو پکارتے رہتے ہیں اور ایک مر جائے تو دوسرا جوڑا نہیں لگتا۔ (لاط: Anas Casarea)۔ مرکب اصنا **سُرخاب کا پَر** انوکھا، اعلیٰ، اونچا، امیر ہونےکی نشانی۔ (مغل امیر اکثر سرخاب کا پر بطور کلغی سجاتے تھے۔)

سَرْخَط فت س، سک ر، فت خ۔ امذ۔ معاہدے کی دستاویز، خصوصاً کرایہ نامہ، کرایہ داری کی دستاویز۔

سَرخُوْش فت س، سک ر، ضمہ خ، و غم۔ صف۔ مکی، مَسرور، نشے کے سرور میں۔ اکیف مث **سَرخُوْشی** سرور، کیف۔

سَرْد فت س، سک ر۔ صف۔ ٹھنڈا، بارد، یَخ، بے حرارت یاکم حرارت والا؛ بے جوش و خروش؛ بے جان، بے رونق؛ **سَرْدْ بازاری** مَنْدی کا زمانہ، منڈی میں مانگ یا زر کی کمی؛ بے خروشی۔ **سَردْ خانَہ** چیزوں کو گلنے سڑنے سے بچانے کے لیے رکھنے کی ٹھنڈی برفیلی جگہ یا نعمت خانہ **سَرد مِہْری** (کس مج م، سک ہ) بے التفاتی، بے مروتی۔ مرعطفی **سَرد وَ گرْم** نشیب و فراز، خوشی و غمی، ہر طرح کے تجربے یا سابقے۔ ف ل م **سَردانا** ٹھنڈا کرنا۔

سَرْدا فت س، سک ر۔ امذ۔ خربوزے کی طرح کا لطیف شیریں پھل، نیز **سَردَہ** صف **سَردَئی** ہلکا زرد رنگ۔

سَرْدابَہ فت س، سک ر، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ وہ قبر جو زندگی میں تیارکرا لی جائی، اس میں عموماً گیہوں بھر دیتے ہیں جو تدفین کے بعد خیرات کر دیے جاتے ہیں، **سَرداوَہ** (۲) تہ خانہ ؛سرد خانہ جہاں ٹھنڈا پانی رکھا جائے، نیز **سَردْ آبَہ**۔

سَردار فت س، سک ر۔ امذ۔کسی گروہ یا قبیلے کا بڑا آدمی، سرگروہ، سالار، حاکم، اکیف مث **سرداری**۔

سَرْدارُو فت س، سک ر، ومع۔ وہ دوا جو کسی چیز پر چھڑک کر کھائی جائے۔ نیز **سَردارُج**۔

سَرْدَل فت س، سک ر، فت د۔ امذ۔ چوکھٹ کی اوپر کی لکڑی جس میں کواڑ کی اوپر کی چول پھنسی ہوتی ہے۔

سَرْدَئی فت س، سک ر، فت د۔ صف۔ ہلکا زرد رنگ۔

سَرْدی فت س، سک د۔ امث۔ ٹھنڈک، ٹھنڈا موسم، زمستان۔

سَرْدَھرا فت س، سک ر، فت دھ۔ امذ۔ سردار، اگوا، ذمہ دار فرد۔

سَرْرِشْتَہ فت س، سک ر، کس ر، سک ش، فت ت، ہ غم۔ ڈور کا سرا؛ محکمہ، شعبہ، صیغہ، دفتر۔ تخفیف: **سَرِشْتہ** مروصفی **سَرِشْتَہ دار**۔

سَرْزَد فت س، سک ر، فت ز۔ صف۔ واقع، عمل میں آیا ہوا، ارتکاب شدہ۔ ف م۔ **سَرْزَد ہونا** کسی حرکت یاجرم کا ارتکاب کیا جانا، وقوع پذیر ہونا۔

سَرْزَنِش فت س، سک ر، فت ز، کس ن۔ امث۔ ملامت، دھمکانا، تنبیہ، زجر و توبیخ۔

سِرَس کس س، فت ر۔ امذ۔ ایک اونچا سایہ دار درخت جسے سلطان الاشجار بھی کہتے ہیں، اس میں زرد اور سفید خوشبودار پھول لگتے ہیں اور لمبی چوڑی پھلیاں (لاط: Acasia Speciosa, Minosa, Sirisa)۔

سُرْسا ضمہ س، سک ر۔ امذ۔ کِیل یا کِیلا جس کے دونوں طرف نوک ہو۔

سَرْسام فت س، سک ر۔ امذ۔ تیز بخار جس میں دماغ پر اثر ہو اور آدمی بہکنے بَنکارنے لگے۔

سَرْسَبْز فت س، سک ر ب۔ صف۔ ہرا بھرا، شاداب، بارور، کامیاب۔ اکیف مث **سرسبزی**۔

سَرْسَراہَٹ فت س، سک ر، فت ہ۔ امث۔ ہوا کے چلنے یا کسی چیز کے آہستہ سے کھسکنے کی آواز؛ ہلکی تحریک م؛ نزلے کی سرسراہٹ۔ ف ل **سَرْسَرانا** رینگنا۔

سَرْسَری فت س، سک ر۔ صف م ف۔ چلتا ہوا، روا روی کا، پوری توجہ کے بغیر۔

سُرْسُری ضمہ س، سک ر۔ امث۔ اناج کا ایک مہین کیڑا، نیز **سُسْری**۔ (قب انگ: Weevil)۔

سَرشوَتی فت س ر، سک س، فت و۔ امث، علم۔ ہندی دیو مالا میں علم و فن کی دیوی کا نام، برہما کی پتنی۔

سَرْسوَں فت س، سک ر، و مج۔ امث۔ رائی کی قسم کا ایک خوردنی تیل کا بیج اور اس کا پودا جس کے پھول زرد اور کھیت کا نظارہ فرحت بخش ہوتا ہے، سرشَف (لاط: Sinapis dichotoma)۔

سَرْشار فت س، سک ر۔ صف۔ لبریز، لبالب؛ سیراب؛ نشے میں مست، خون پیے ہوئے۔ اکیف مث **سَرْشاری** نشے کی کیفیت۔

سَرِشْت فت س، کس ر، سک ش۔ امث۔ طبیعت، خلقی میلان، خُو؛ خمیر، مزاج، افتاد [نیز ف: **سِرِشْت** کس س]۔

سَرِشْتہ فت س، کس ر، سک ش، فت ت، ہ غم۔ امذ۔ **سَررِشْتہ** (رک) کی تخفیف؛ صف: پرویا ہوا، گُوندھا ہوا، خمیر کیا ہوا، خشک چیز جسے تر کر کے نرم لُگدی بنائی گئی ہو۔

سَرِشْک فت س، کس ر، سک ش۔ امذ۔ آنسو؛ قطرہ [نیز ف: **سِرِشْک** کس س ر]۔

سَرْطان فت س، سک ر۔ امذ۔ کیکڑا؛ وہ قیاسی خط جو اِستوا کے شمال میں تقریباً ۲۳ درجے پر زمین کے گرد محیط ہے؛ (نجوم) ایک آسمانی برج؛ راج پھوڑا، کینسر۔

سُرْعَت ضمہ س، سک ر، فت ع۔ امث۔ جلدی، شتابی، تیزی (حرکت یارفتار کی)؛ ایک مردانہ کمزوری جس کے سبب انزال جلد ہو جاتا ہے، نیز سرعت انزال۔

سَرغَنَہ فت س، سک ر، فت غ، ن۔ صف امذ۔ بے مثل، بے مقابل؛ وہ سردار جس کا کوئی حریف نہ ہو؛ عرف عام میں کسی شریر یا باغی گروہ کا سردار۔

سَرَف فت س ر۔ امذ۔ فضول خرچی، اِسراف۔

سُرْفَہ ضمہ س، سک ر، فت ف۔ امذ۔ کھانسی، ٹھسکا، سُعال۔

سَرْقَہ فت س، سک ر، فت ق۔ امذ۔ چوری، خیانت، ہر قسم کی۔ [ع: سَرِقَہ]۔

سَرکار فت ر، سک ر۔ امث۔ حکومت؛ آقا، مالک کے لیے کلمۂ خطاب؛ علاقہ، قلمرو، انتظامی حلقہ۔

سَرْکَرْدَہ فت س، سک ر، فت ک د۔ صف۔ ممتاز، نمایاں (شخص) اکیف مث **سَرکَردَگی** (فت/ سک د) قیادت، رہبری؛ نمایاں ممتاز ہونا۔

سَرکانا فت س، سک ر۔ ف م۔ کھسکانا، آگے بڑھانا، جنبش دے کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا؛ ہٹانا، پرے کرنا۔ ف ل **سَرَکْنا** کھسکنا، جنبش کرنا، غائب ہونا۔ صف **سَرکواں** جو کھسکایا یا سرکایا جا سکے (آلہ، اوزار، سوئی وغیرہ)۔

سَرکَنْڈا فت س، سک ر، فت ک، سک ن۔ امذ۔ سرکی کے پودے کی قلم یا شاخ، سَیٹّھا۔

سَرکوبی فت س، سک ر، ومج۔ امث۔ سرکچلنا، مراد استیصال کرنا، مٹانا، فرو کرنا (فتنہ، بغاوت، باغی وغیرہ کو)۔

سِرکَہ کس س، سک ر، فت ک۔ امذ۔ ایک کھٹّا مائع جو پھلوں کے عرق کے خمیر سے تیار کیا جاتا ہے۔

کھانے میں چاشنی کے لیے مستعمل۔ م مث۔ **سرکہ پیشانی** تُرش روئی، بد مزاجی، نیز صف: بدمزاج، نیز **سِڑکَہ جَبینی**، صف **سِرکہ جَبیں**۔

سِڑکی کس س، سک ر۔ امث۔ بانس کی قسم سے ایک نرم پودا جس کی پوروں سے چھاج، پردے ٹٹیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔ (لاط: Saccharum Procerum)۔

سُرکھا ضمہ س، سک ر۔ امذ۔ نکیلی پُھننگ اور لمبے تنے کا اونچا درخت جس پر پتے گھنے نہ ہوں۔

سِرکَھپ کس س، سک ر، فت کھ۔ صف۔ سرفروش، نڈر، جاں باز، سرفروش۔

سُرگ ضمہ س، سک ر۔ رک: **سُوَرگ**۔

سَرگِراں فت س، سک ر، کس گ۔ ناراض، رنجیدہ، مغرور، برگشتہ۔

سَرگَشتَہ فت س، سک ر، فت گ، سک ش، فت ت۔ صف۔ بہکا، بَوکھلایا ہوا؛ سرپھرا؛ ناراض، بگڑا ہوا؛ مخالف، برگشتہ۔ اکیف مث **سَرگَشتَگی** (فت ت)۔

سَرگَم فت س، سک ر، فت گ۔ (موسیقی) سروں کا بنیادی پیمانہ، سپْتک، سات بنیادی سُروں کا مجموعہ۔

سَرگوشی فت س، سک ر، ومج۔ امث۔ کانا پھوسی۔

سِرگیں کس س، سک ر، ی مع۔ غنہ۔ امذ۔ گندگی، آلائش، گُو؛ گوبر، کھاد۔

سَرَل فت س ر۔ صف۔ سیدھا، صاف، آسان؛ بھلا، شریف، خوش خو۔ مث **سَرلا** (سک ر) سگھڑ، سیدھی سادی۔ اکیف مث **سَرَلتا** صفائی، سادگی، خوش اسلوبی۔ جاڑا **سَرَل چاپ** دائرے کا قطر ناپنے کا دو نکیلی ٹانگوں والا اوزار۔

سَرما فت س، سک ر۔ امذ۔ جاڑا، سردی کا موسم، زمستان۔ صف **سَرمائی** جاڑے کا، جاڑے سے منسوب۔

سَرمایَہ فت س، سک ر، فت ی۔ امذ۔ متاع، پونجی، دَھن، راس المال؛ بَچائی یا کاروبار میں لگائی ہوئی رقم۔ صف **سَرمایَہ دار**، دولتمند، کاروبار میں روپیہ لگانے والا۔ امث **سَرمایَہ داری** امارت، دولتمندی؛ وہ معاشی نظام جس میں سرمایہ داروں کو برتری اور مُراعات حاصل ہوں؛ سودی نظام، غیر محدود شخصی ملکیت کا نظام؛ **سَرمایَہ کاری** کاروبار میں رقم لگانا، رقم پر منافع حاصل کرنا۔

سَرمَد فت س، سک ر، فت م۔ صف۔ دائم، قائم، باقی، ابدی صف **سَرمَدی** عالم باقی یا روحانی سے متعلق۔

سُرمَنڈَل ضمہ س، سک ر، فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ دَھونسا، بڑا طَبل یا نقّارہ جس کی آواز گونج دار ہوتی ہے۔ قانون کی مانند ایک ساز جس میں ۲۱ تار ہوتے ہیں۔

سَرمُو فت س، کسمج ر، و مع۔ صف، م فد بال برابر، ذرا سا؛ (عموماً نفی کے طور پر) ذرا بھی (نہیں) مطلق (نہیں) م: بیان میں حقیقت سے سرمو اختلاف نہیں۔

سُرمَہ ضمہ س، سک ر، فت م، ہ غم۔ امذ۔ ایک چمکیلی دھات جو عموماً دوسری دھاتوں میں سختی پیدا کرنے کے لیے ملائی جاتی ہے، اور سفوف کی شکل میں آنکھوں میں بھی آرائش کے طور پر یا بینائی کی تقویت کے خیال سے لگائی جاتی ہے۔ کحل، اِثمد، اَنتی مُون (قب انگ: Antimony)؛ بعض نباتی اشیا مثلاً مَمیرے کا سفوف جو آنکھوں میں سلائی سے پھیرا جائے۔ صف۔ **سُرمَہ سا/ آسا** سرمے جیسا سُرمہ لگا ہوا؛ **سُرمَگیں** سرمہ لگائی ہوئی (آنکھ)؛ **سُرمَئی** سرمے کے رنگ کا، سفیدی سیاہی ملا رنگ؛ **سُرمَہ دَر گُلو** خاموش، ساکت، گُنگ، بے آواز (سرمہ حلق میں پہنچے تو آواز بیٹھ جاتی ہے)۔

سُرمے کی تَحریر سُرمے کا نشان یا لکیر۔

سَرْنامَہ فت س، سک ر فت م،ہ غم۔امذ۔ عنوان خط، خط کی پیشانی، خط پر مکتوب اِلیہ کا نام پتہ۔

سُرَنگ (۱) ضمہ س، فت ر، غنہ۔ امث۔ زمیں دوز راستہ؛ پٹا ہوا لمبا راستہ؛ زمیں یا دریا میں دبا ہوا چُھپایا ہوا، بارودی دھماکا خیز مادّہ۔

سُرَنگ (۲) ضمہ س، فت ر، غنہ، صف، امذ۔ خوشرنگ، سرخی مائل رنگ کا گھوڑا۔

سَرنِگُوں فت س، سک ر، کس ن، و مع، غنہ۔ صف۔ سَر جھکائے؛ اوندھا؛ مطیع، زیر؛ متفکّر۔

سَرنوِشْت فت س، سک ر، فت ن، کس و، سک ش۔ امث۔ روےداد، واقعاتِ زندگی، خصوصاً تقدیر کا لکھا۔

سَرْوْ فت س، سک ر، و ملفوظ (بروزن حمد)۔ امذ۔ اونچا پہاڑی درخت جس کے پتے جھالر دار ہوتے ہیں اور پھل نہیں لگتا۔ (لاط: Cypressus Sempervirens)۔ مرکب وصفی **سَروچراغاں** سرو کی شکل کا قمقوں سے سجایا ہوا جھاڑ۔ **سَرْوِ سَہی** (کسمج و، فت س) سیدھا کھڑا رہنے والا پیڑ، نیز استعارۃً دراز قد، پُرتمکَنت محبوب۔ **سَرْوْقَد** (سک و) سیدھا کھڑا ہوا، م: سرو قد ہو کر استقبال کیا۔

سَروبَرْگ فت س، ومج، فت ب، سک ر۔ امذ۔ خیال، دھیان توجہ، پروا۔

سَرُوپ فت س، ومع۔ صف۔صورت شکل رکھنے والا، متشکّل؛ امذ شکل، صورت، ہیئت، شبیہ، منظر (۲) حسن، جمال [اصلاً: **سُرُوپ** ضمہ س۔ سُ = اچھا، سَ = ایسا]۔

سَروَتا فت س، ومج۔ امذ۔ چھالیہ کی ڈلی کاٹنے کا دستی آلہ، میوہ توڑ کر گری نکالنے کا آلہ۔ نیز **سَروَتا** (ولیں)۔

سَروِتْری ومج، سک ت۔ امذ۔ ویدوں کا ماہر، پنڈت۔

سَروَج فت س، ومج۔ امذ۔ (لفظاً) جھیل کا جایا، مراد: کنول کا پھول، نیلوفر۔ نیز مث **سَروَجَنی**۔

سُرُود ضمہ س، ومع۔ امذ۔ گانا، نغمہ، گیت؛ نیز **سَروَد**؛ ایک تانت کے تاروں کا ساز، نیز **سَروَد**۔

سَروَر فت س، سک ر، فت و۔ امذ۔ سردار، حاکمِ اعلیٰ۔ امث **سَروَری** سرداری، حاکمی، بادشاہت۔

سَرْوَرَق فت س، سک ر، فت و ر (بروزن ہَم سَبَق)۔ کتاب کا پہلا وَرَق جس پر عنوان لکھا ہوتا ہے۔

سُرُوش ضمہ س، ومج۔ امذ۔ غیبی فرشتہ، ہاتف، غیب، مراد: وہ تخلیقی قوت جو نئے مضامین سُجھاتی ہے۔ نیز عام: **سَرَوش** (فت س)۔

سَروَکار فت س، ومج۔ امذ۔ واسطہ، تعلق، معاملہ۔

سَروَور فت س، و مج، فت و (بروزن مَنوہَر)۔ جھیل، بڑا تالاب [اصلاً س: سَرَس + ور = بڑا]۔

سَروہِی فت س، ومج۔ امث۔ پتلی سیدھی دو دھاری تلوار [ایک مقام سَروہ سے منسوب جہاں بنتی تھی]۔

سَرْہانا فت س، سک ر۔ امذ۔ سر کی سمت، سر رکھنے کی جگہ، بالیں، نیز **سِرھانا** کس س (بروزن نِشانہ)۔

سَرْہَنگ فت س، سک ر، فت ہ، غنہ۔ امذ۔ فوجی جوان، پیادہ؛ فوجی افسر۔ امث **سَرہَنگی** بغاوت، سرکشی۔

سَری فت س۔ امث۔ تیر کی ڈنڈی جس کے سرے پر پَیکاں لگا ہوتا ہے۔

سِری کس س۔ سر، خصوصاً ذبح کیے ہوئے جانور کا۔ مرکب **سِری ٹیک** (ے مج) سجدہ، ماتھا ٹیکنا۔ نیز رک: **شِری**۔

سَرِیا فت س، کس ر۔ امذ۔ لوہے کی سلاخ؛ (سادے کاری) گندھے ہوئے سنہری یا روپہلی تاروں کی لڑ۔

سُرْیانی ضمہ س، سک ر۔ امث۔ سُوریہ (شام) کی

قدیم زبان جو ان علاقوں میں عربی کے رواج سے پہلے رائج تھی۔ آرامی۔

سَرِیر فت س، ی مع۔ امذ۔ گدّی، مسند شاہی، تخت شاہی؛ عیش، فراخی۔ مرکب فاعلی **سَرِیر آرا** تخت نشین۔

سِریش کس س، ے مج۔ امذ۔جانوروں کی ہڈی کے چیپ سے تیار کردہ مادّہ جس سے لکڑی چمڑا وغیرہ چپکاتے جوڑتے ہیں۔

سَرِیع فت س، ی مع۔ صف۔ تیز، جلد حرکت یاعمل کرنے والا۔ (عروض) ایک شَش رکنی بحر جس کے بنیادی رکن مستفعلن مفعولات ہیں، بحر سریع۔ مرکب فاعلی **سَرِیع اَلْسَّیر** (سَ ری عُسْ سَیر) تیزی سے چلنے حرکت کرنے والا۔ **سَرِیع اَلْفَہْم** (سَ ری عُل فَہْم) ذہین، تیز طبع۔

سَرِیکھا فت سؔ، ی مع۔ امذ۔ مِثل، مانند، نمونہ، نظیر، نیز بطور حرف تشبیہہ، تم سریکھا؛ تم جیسا، نیز **سَری کا** (قب: **ساڑکا**)۔

سَرِیکھا فت س، ے مج، امذ۔ فلک قمر کا نواں نکْشَتْر جس میں ۵ ستارے ہیں۔

سَرِیَلزم فت س، کس ر، فت ی، کس ل، سک ز۔ آرٹ اور ادب میں ۲۰ویں صدی کی ایک فرانسیسی تحریک جو حقیقت پسندی کے یکسر خلاف، رمزیت سے متأثر اور فن میں خوابوں کی سی بے ترتیبی کی قائل ہے جو لاشعور میں جنم لیتے ہیں جہاں تخلیق کا سرچشمہ ہے۔ صف **سَرِیئل**۔

سُرِیلا ضمہ س، ی مع۔ صف۔ خوش آواز، مُترنّم امث **سُرِیلی**۔

سُرِین ضمہ س، ی مع۔ امذ۔ کولھا، چوتڑ، پُٹّھا۔

سُرِّیہ ضمہ س، شد کس ر۔ فت ی، ہ غم۔ امث وہ لونڈی جس سے مباشرت کی جائے۔

سِڑ کس س۔ امث۔ دیوانگی، سِڑی پن، باولا پن [قب زڑ س: شِرا] امذ **سِڑبِلّا** پاگل، وحشت زدہ۔ صف **سِڑی** دیوانہ، مث **سِڑن**۔

سَڑا فت س۔ صف۔ گلا، بسا ہوا، خراب شُدہ؛ ناکارہ، نہایت بُرا۔

سَڑانْد فت س، غنہ۔ امث۔ بدبو، تعفن۔

سُڑَپّا ضمہ س، فت ڑ، شد پ۔ امذ۔ نقل صوت۔ کسی چیز کو پیتے وقت سانس کو آواز کے ساتھ کھینچنے کی حرکت۔ محاورہ **سُڑَپّا بھرنا، لگانا، مارنا**۔ ف م۔ **سُڑُپْنا**۔

سَڑْسَٹھ فت س، سک ڑ۔ عدد۔ ساٹھ اور سات کا مجموعہ (۶۷) صف **سَڑْسَٹْھواں/ ویں**۔

سَڑَک فت س ڑ۔ امث۔ لمبا، چوڑا راستہ، شارِع، مارگ۔

سُڑَکنا ضمہ س، فت ڑ، سک ک۔ ف م۔ کسی چیز کو ناک کے رستے زور سے سانس کھینچ کر نکلنا۔

سُڑْکی ضمہ س، سک ڑ۔ امث۔ پتنگ کی ڈور کا یکایک جھول کھانا، ڈھیلا پڑ جانا، ڈھیل، جھکولا۔

سَڑْیَل فت س، سک ڑ، فت ی۔ صف۔ ذلیل، نکمّا، ناکارہ امث **سَڑْیَل پَن** گھٹیا برتاؤ، گھناونی عادات۔

سَزا فت س۔ صف۔ مناسب، موزوں، لائق؛ نیز **سَزاوار**۔ (۲) امذ۔ پاداش عمل، دنڈ، عقوبت؛ سرزنش۔

سَزاوَل فت س و۔ امث۔ لگان وصول کرنے والا، محصّل [ت]۔

سُسْت ضمہ س، سک س۔ صف۔ کاہل، مٹھا، لدّھڑ؛ ماندہ، کسلمند؛ دھیما آہستہ چلنے یا حرکت کرنے والا؛ بودا، مرکب **سُسْت پیماں** جس کے وعدے کا اعتبار نہ ہو۔

سَسْتا فت س، سک س۔ صف۔ کم قیمت، ارزاں، گھٹیا، عام۔ مث **سَسْتی**۔

سَسْتانا فت س، سک س۔ ف ل۔ آرام لینا، دم لینا،

تھکن اتارنا۔
سُسْتی ضمہ س، سک س۔ امث۔ آلکسی، کسلمندی، ڈھیلا پن، دھیما پن۔
سُسْرا ضمہ س، سک س۔ امذ۔ بیوی یا شوہر کا باپ، خسر، نیز بطور دُشنام، بُرا، کمبخت [س: سوشُر] مث **سُسْری** (بطور دشنام)۔
سُسْرال ضمہ س، سک س۔ امث۔ ساس سُسرے کا گھر یا کنْبہ۔
سِسْکارنا کس س، سک س ر۔ ف م۔ سِسکیاں لینا، سِسکی بھرنا؛ ہلکی سیٹی کی سی آواز نکالنا، س کی آواز کو کھینچنا۔ امث **سِسْکاری**۔
سِسَکْنا کس س، فت س، سک ک۔ ف ل۔ چھوٹے چھوٹے سانس لینا، سبکیاں بھرنا؛ بے حال ہونا؛ رینْجھنا، بیماری میں مسلسل مبتلا اور شفاسے محروم ہونا؛ سُبکیاں لینا، سُبَکنا۔
سِسْکی کس س، سک س۔ امث۔ زبان کی ہلکی رگڑ کے ساتھ اوپر سانس لینے کی آواز جو کسی تکلیف کے باعث، یا لذت کے چٹخارے کے طور پر نکلے؛ چٹخارہ، نیز سِسْکاری۔
سَسی فت س۔ امذ۔ چاند، اصلاً **شَشی**۔
سُشِیل ضمہ س، ی مع۔ صف۔ خوش مزاج، خوش اطوار، بھلا، عمدہ۔
سَطْح فت س، سک ط۔ امث۔ کسی جسم یا جگہ کا اُوپری روپ یا کیفیت؛ چھت، بالائی حصّہ؛ وسعت مکانی، عُمق کے بغیر؛ بڑائی یا بلندی کے مدارج میں سے کوئی درجہ م: اعلیٰ سطح کی کانفرنس درمیانی سطح کا کام؛ کرۂ زمین کا اوپری خول، م: **سَطح مُرتَفَع** (ضمہ م، سک ر، فت ت ف) میدان کے مقابل اونچا علاقہ، پہاڑی علاقہ؛ سَپاٹ، ہموار جگہ، پھیلاؤ م: صف **مُسَطَّح** (ضمہ م، فت س، شد فت ط) جس میں اونچ نیچ نہ ہو۔ **سَطحی** اُوپری، سَرسَری؛ عمیق، گمبھیر کی ضد۔ اکیف مث **سَطْحِیّت** عامیانہ پن، اُتھلا پن۔
سَطْر فت س، سک ط۔ امث۔ لکیر، خط؛ تحریر، رقم، عبارت۔ ج **سُطُور** (ضمہ س)۔
سَطْوَت فت س، سک ط، فت و۔ امث۔ اثر، اقتدار، قوت، صلابت؛ دبدبہ۔ [ع: نیز حملہ، زور، رعب]۔
سَعادَت فت س د۔ امث۔ برکت، سازگاری، نیکبختی، خوش نصیبی؛ فلاح، فراخی۔ صف **سَعادَتْمَنْد/ سَعِید** نیک، خوش اطوار؛ فلاح پانے والا۔
سُعال ضمہ س۔ امث۔ کھانسی۔
سَعْتَر فت س، سک ع، فت ت۔ امذ۔ ایک گھاس جس کے ریشوں کو زلف سے تشبیہ دی جاتی ہے؛ پہاڑی پودینہ، نیز **ساتَھل** (لاط: Origanum Marjorum)، نیز **صَعْتَر** (طبّی نسخوں میں س کی جگہ ص سے لکھا جاتا تھا تاکہ شعیر سے اشتباہ نہ ہو) (۲) مصنوعی آلۂ تناسل، صف مث **سَعْتَر باز** مصنوی آلت سے چپٹی کھیلنے والی عورت۔
سَعْد فت س، سک ع۔ صف۔ بھاگوان؛ مبارک، سازگار، بابرکت، نَحس کی ضد۔ تثنیہ **سَعْدَین** دو مبارک ستارے مراد زُہرہ و مشتری (جو **سَعدِ اَصْغر** و **سَعدِ اَکبر** کہلاتے ہیں)۔
سَعْفَہ فت س، سک ع، فت ف۔ امذ۔ گنجا پن، گنج۔
سَعْیْ فت س، سک ع ی۔ امث۔ کوشش، جہد، حج یا عمرے کے موقع پر صفا و مروہ کے ٹیلوں کے درمیان تیز قدم سے چلنا۔ عام سَعی (ی مع، بروزن کئی)۔ مرکب وصفی **سَعْیِ بَلِیغ** ان تھک کوشش، کامیاب کوشش **سَعْیِ لاحاصِل** ناکام کوشش۔ **سَعْیِ مَشْکُور** پسندیدہ، قابل تعریف محنت۔ عام تلفظ: سَعی / سَئے (بروزن کہے)۔
سَعِید فت س، ی مع۔ صف۔ نیک بخت، خوش نصیب،

نیز نیک چلن کے لیے بطور دعا۔

سَعِیر فت س، ی مع۔ امث۔ نار جہنم۔

سَفّاح فت س، شد ف۔ صف۔ خون بہانے والا، خونی، سفّاک۔

سِفارَت کس س، فت ر۔ امث۔ سفیر کا منصب۔ ایک ملک کی دوسرے ملک میں سیاسی نمائندگی۔

سِفارِش کس س ر۔ امث۔ کسی سے کسی کے حق میں پیروی یا کسی کی حمایت، تائید، توصیف، وکالت۔

سَفّاک فت س، شد ف۔ صف۔ بے رحم، قاتل، خون بہانے والا۔ مترادف **سَفّاح** اکیف مث **سَفّاکی** ظلم، قہر، بے رحمی، خوں فشانی۔

سِفال کس س۔ امث۔ (۱) مٹی، چکنی مٹی، مٹی کا برتن؛ مٹی کے برتن پر چڑھائی جانے والی چینی۔ صف **سِفالی، سفالیں**۔ (۲) میوے کا خول یا چھلکا۔

سِفانَت کس س، فت ن۔ امث۔ سفینہ سازی، جہاز یا کشتی بنانا۔

سَفاہَت فت س ہ۔ امث۔ بیوقوفی، حماقت، سادہ لوحی۔

سِفت کس س، سک ف۔ صف۔ موٹا، دبیز ڈھٹ (کپڑا)۔ امذ **سِفتَہ** موٹا کپڑا۔

سُفتَہ ضمہ س، سک ف، فت ت، ہ غم۔ صف۔ بیندھا، چھیدا ہوا، سوراخ دار، نیز **سُفت** م: **دُرِ سُفت/ سُفتہ؛ سُفتہ گوش** کَن چھدا، حلقہ بگوش۔ **ناسُفتہ** بے بیندھا (موتی) کنایتہً کنواری لڑکی۔

سَفَر فت س ف۔ امذ۔ دُور جانا، سیاحت، گھومنا پھرنا، رہروی، مُسافرت؛ کُوچ، روانگی **سَفَرنامَہ** سیاحت کی رُوداد، سفر کا تحریری احوال۔

سَفَرجَل فت س، سک ر، فت ج۔ امذ۔ بہی، حیوہ، ناشپاتی سے ملتا ہوا ایک پھل جس کا بیج، بہدانہ دواءً مستعمل ہے۔ (لاط: Pyrus Cydonia) **سَفَر جَل ہِندی** بیل (لاط: Aegle Marmelos)۔

سُفرَہ ضمہ س، سک ف، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ دسترخوان، توشہ دان۔

سَفَر مِینا فت س ف، ے لین۔ امذ۔ فوج کاوہ دستہ جس کا کام فوج کے لیے راستہ صاف کرنا، پُل بنانا، خندق کھودنا اوردشمن کے راستے میں سرنگ بچھانا وغیرہ ہے۔ [انگ: Sappers & miners]۔

سَفَری فت س ف۔ امذ۔ صف۔ مسافر، راہی؛ سفر سے منسوب یا متعلق م: سَفَری توشہ دان؛ امردو (لاط: Prisidium pyriferum)۔

سَفَردائی فت س ف، سک ر۔ امذ۔ ناچنے والیوں کے طائفے کے ساتھ چلنے والا مرد موسیقار، نیز **سَپَردائی/ سَپَردئی**۔

سِفلَہ کس س، سک ف، فت ل، ہ غم۔ صف۔ کمینہ، کمؔ ذات، ذلیل، پست، اکیف مث۔ **سِفلَگی**۔

سِفلی کس س، سک ف۔ امث۔ نیچا، پست، حقیر، کمینہ؛ بد قبیح، شیطانی م: **سِفلی عَمَل** جادو منتر پھونکنا، خصوصاً کسی کو نقصان پہنچانے کی نیت سے کالا جادو۔

سُفلیٰ ضمہ س، سک ف، ی غم۔ **اَسفَل** (رک) کی تانیث۔

سُفُوف ضمہ س، و مع۔ امذ۔ مہین پسی ہوئی سُوکھی شے خصوصاً بطور دوا، یا سامان آرائش؛ پوڈر [اصلاًع: **سَفُوف** فت س]۔

سُفَہا ضمہ س، فت ف۔ ج مذ **سَفِیہ** (رک) کی جمع۔

سَفید فت س، ے مج۔ صف۔ وہ سپاٹ یا کورا رنگ جس میں دراصل سب رنگ شامل ہوتے ہیں، روشنی کے رنگ کا؛ اُجلا، گورا (رنگ)، دُودھیا (رنگ)؛ بیمار یا ہراس زدہ چہرے کا رنگ جس میں خون کی جھلک نہ ہو، رنگِ فق۔ مرکب امذ **سَفید بازار** کپڑے کی

منڈی امث سَفید پوشی بھلے مانسی؛ امذ۔ سَفید جُھوٹ کوری، غلط بیانی، صریحاً یا قطعاً غلط بات؛ سفید سُنبُل سنکھیا۔ مرکب عطفی سَفید و سیاہ کھلی اور چھپی باتیں یا حقائق،مراد کُل کائنات؛ کُل اختیارات۔ امث۔ سفید مِرْچ کالی مرچ ہی کی ایک قسم جس کا دانہ قدرے چکنا اور رنگ سفیدی مائل ہلکا سبز ہوتا ہے، دکھنی مرچ، فِلفِل سفید۔ اکیف مث۔ سَفیدی (رک)۔نیز سَپید ، سَفَید۔ [ف: سِپید ، سَپید ، سفید]۔

سَفیدَہ فت س، ے مج۔ امث۔ پسی ہوئی کھریا مٹی، پُھنکا ہوا سیسہ؛ سَپیدہ ءِ اَرْزِیر؛ کیمیائی طریقے سے تیارکردہ سفید سیال رنگ برائے نقاشی، نیز سَفیداب نیز رک؛ سَپیدَہ (قب معرب: اَسفیداج]۔

سَفَیدَہ چنار کی قسم کا ایک سیدھے تنے کا اونچا درخت جس کی جڑیں بہت دور تک پھیلتی ہیں۔ نیز سَفیدار [سفید + دار = درخت]۔

سَفیدی فت س، ے مج۔ امث۔ سفید رنگ، بے رنگی، اُجلا پن، اُجالا؛ دیواروں پر پھیرنے کا چُونا، انڈے کا زُلال جو زردی کے گرد ہوتا ہے۔ سَفَیدی (ے لین)۔

سَفِیر فت س، ی مع۔ کسی ملک میں دوسرے ملک کی نمائندگی کرنےوالا اعلیٰ عہدہ دار؛ ایلچی، راج دَوت۔

سَفِینَہ فت س، ی مع، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ کشتی، جہاز؛ کاغذوں کا پلندہ، شعروں کی بیاض۔ ج: سُفُن، سَفائِن۔

سَفِینَہ (۲) فت س، ی مع، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ عدالت میں طلبی کا حکمنامہ، سمن [انگ: Sub Poena کا مُوَرّد] نیز سَپِینَہ، سَپینا۔

سَفِیہْ فت س، ی مع، سک ہ ملفوظ (بروزن سَبیل)۔ امذ، صف۔ احمق، بیوقوف۔ ج سُفَہاء۔

سَقّا فت س، شد ق۔ امذ۔ پانی پلانے نیز گھروں میں پہنچانے والا مشک بردار، بہشتی۔ امث سَقّائی سقے کا کام یا پیشہ۔ مث سَقْنی (سک ق)۔

سَقّابَہ فت س ب، ہ غم۔ امذ۔ نہانے کا حوض، غسلخانہ، نیز سَقّاوا۔

سَقّایَہ فت س ی۔ امذ۔ سبیل، پیاؤ، پینے کی جگہ یا پینے کا ظرف۔ [ع: سِقایَہ]۔

سَقَر فت س ق۔ امذ۔ دوزخ، جہنم۔

سَقْف فت س، سک ق۔ امث۔ چھت، شامیانہ۔

سُقْم ضمہ س، سک ق۔ امذ۔ بیماری، کمزوری؛ عیب، نقص۔ ج اَسْقام صف۔ سَقِیم عیب دار، بیمار، زدہ حال۔

سَقْمُونیا فت س، سک ق، ومج، کس ن۔ امذ۔ ایک بیل جس کی جڑ میں سے ایک قسم کا گوند نکلتا ہے۔ (لاط: Scamonium)۔

سَقَنْقُور فت س ق، سک ن، ومع۔ امذ۔ چھپکلی کی نوع کا ایک جَل بھومی جانور جو ریت میں چھپ جاتا ہے۔

سُقُوط ضمہ س، و مع۔ امذ۔ گرنا، لغزش یا خطا؛ فتح یا تسخیر کیا جانا۔

سَکّا فت س، شد ک۔ امذ۔ کشتی کا پیندا، پیندے کا کُندہ جس میں پہلو کے تختے جڑے ہوتے ہیں۔

سَکار فت س۔ امذ۔ اگلی صبح، کل صبح (قدیم) اصلاً سَکال [س: سَ + کال = اچھا وقت، سویرا]۔

سَکارْنا فت س، سک ر۔ ف م۔ ہُنڈی کی رقم اداکرنا، ہنڈی قبول کرنا۔

سَکّاک فت س، شد ک۔ امذ۔ سکہ ڈھالنے، ٹھپا لگانے والا، ڈھلیا۔

سُکال ضمہ س۔ امذ۔ اچھی فصل، اچھا زمانہ۔

سُکّان ضمہ س۔ ج مذ۔ سکونت رکھنے والے، ساکن کی جمع؛ کشتی کی پتوار جو اس میں جڑی ہو؛ دنبالہٗ کشتی، دَنَہ، دُنْبل۔

سَکَت فت س ک۔ امث۔ طاقت، بل، توانائی؛ سہار، برداشت اصلاً؛ **شکتی**۔

سَکْتَہ فت س، سک ک، فت ت، ہ غم۔ امذ۔ دوران خون میں رکاوٹ، عارضی موت؛ حیرت زدگی؛ شعر کا وزن سے خارج ہونا۔

سِکْتھ کس س، سک ک تھ۔ امذ۔ نیل؛ چاول کی پیچ؛ موم۔ نیز **سِیتھ**۔

سَکَٹ (۱) فت س ک۔ امذ۔ چھکڑا [س: شَکَٹم] نیز رک **سَنَکَٹ**۔

سَکَٹ (۲) فت س ک۔ امذ۔ ایک متوسط اونچائی کا درخت جس کے پتے چھوٹے چکنے اور گھنے ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس درخت کے پاس سانپ نہیں آتا۔ اس لیے اس کی لکڑی سانپ کو دور رکھنے کے لیے گھروں میں رکھتے ہیں،سہوڑا، بُھوت وِرکْش۔ (لاط: Trophis aspera; Streplusosper)۔

سُکْر ضمہ س، سک ک۔ امذ۔ نشے کی غفلت، سرخوشی، بے ہوشی۔

سَکَرات فت س ک۔ امث۔ (بروزن درجا ت) نَزْع کا عالم، جاں کَنی [ع: سَکْرَہ کی جمع]۔

سَکْرائی فت س، سک ک۔ امث۔ ہنڈی سکارنے پر وصول کی جانے والی کٹوتی، کمیشن۔

سُکْرَہ ضمہ س، سک ک، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ مٹی کا پیالہ، آبخورہ، سَکورا [ف: سُکَرَہ]۔

سَکَڑ فت س ک۔ سابقہ صفت۔ رشتے میں پردادا، پرنانا، پرنواسا، وغیرہ سے اوپر کی یا اگلی پشت ظاہر کرنے کا جزو کلمہ م: **سَکَڑ دادا، سَکَڑ نانی، سَکَڑ پوتا**۔

سُکْڑانا ضمہ س، سک ک۔ ف م۔ **سُکَڑنا** (رک) کا متعدی۔ صف **سُکْڑا** سِمٹا، پھیلا کی ضد، پَتلا، تنگ۔ م: **سُکْڑی گھاٹی**۔

سُکَڑنا ضمہ س، فت ک، سک ڑ۔ ف ل۔ سمٹنا، ٹِھٹھرنا، زیادہ جگہ سے کم جگہ میں سما جانا،بھچنا؛ سوکھ کر پتلا ہو جانا، چھدرا گٹھیلا ہو کر طول و عرض میں کم رہ جانا؛ مقدار میں کم ہو جانا۔ اکیف مث **سُکْڑاؤ، سُکْڑَن**۔

سَکَل فت س ک۔ صف۔ کل، تمام، سب کاسب (قدیم) نیز **سَکال، سَگَل، سَگرا** مث **سَگْری**۔

سُکُل ضمہ س ک۔ صف اچھے خاندان کا عالی نسب۔ [س: سُ = اچھا، کُل = خاندان]۔

سَکْنا فت س، سک ک۔ فعل امدادی، کسی کام کے قابل، لائق ہونا، قدرت اہلیت، اِمکان، استعداد رکھنا م: کر سکنا، آ سکنا، مل سکنا۔

سَکَنات فت س ک (بروزن اَثَرا ت) سکون کے وقفے، حَرکات کی ضد [ع: سَکَنہ کی جمع]۔

سِکَنْجْبِین کس س، فت ک، سک ن ج، ی مع۔ امث۔ اصلاً شہد اورسرکہ ملا کر بنایا ہوا مشروب؛ نیبواور شکر وغیرہ ملا کر بنایا ہوا کوئی کھٹمٹھا شربت جو بطور دوا استعمال کیا جائے۔ [ف: نیز سِکَنْگبِین: سرکہ + انگین؛ معرب: سِکَنْجْبِین، فت ج]۔

سِکَنْدَر کس س، فت ک، سک ن، فت د۔ علم۔ مشہور یونانی فاتح (۳۵۶ - ۳۲۳ ق م) کنایتہً خوش اقبال، بختاور، نیز **اِسکَنْدَر، سِکَنْدَر اَعْظَم** [یونانی اَلکزینڈرُوس، لفظاً خلق کا محافظ]۔

سِکَنْدَری کس س، فت ک، سک ن، فت د (بروزن اگر کَبھی)۔ امث، صف۔ ٹھوکر، سر کے بل گرنا کھڑا ہونا، قلابازی صف۔ سکندر (اعظم) سے منسوب یا اس جیسا۔ محاورہ **سِکَنْدَری کھانا** (گھوڑے کا) سر کے بل گرنا، ٹھوکر کھانا۔

سَکَنَہ فت س، سک ک، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ جائے قیام، گھر؛ نیز قیام، پڑاؤ نیز **سُکْنیٰ** (سک نا)۔ صف مث **سَکْنی** رہنے کی، رہنے کے قابل (جگہ: زمین،

جائیداد وغیرہ) [اصلاً ع: سکنۃ]۔
سَکَنَہ فت س ک ن۔ ج مذ۔ بروزن طَلبہ۔ رہنے والے، ساکِن (رک) کی جمع۔
سُکُوت ضمہ س، و مع۔ امذ۔ خاموشی، چُپ، چُپّی۔
سَکَورا فت س، و مج۔امذ۔مٹی کا پیالہ، آبخورہ،امث سَکَوری مٹی کی پیالی یا چھوٹی چپٹی طشتری [قب ف = سکُرہ، سکُرہ]۔
سَکوڑنا فت س، و مج، سک ڑ۔ رک: سُکیڑنا۔
سُکُون ضمہ س، و مع۔ امذ۔قرار، ٹھہراؤ، حرکت کی ضد؛ امن، ہلچل کی ضد؛ حرف کے اوپر جزم کی علامت (^)۔
سُکُونَت ضمہ س، و مع، فت ن۔ امث۔ قیام، رہنا، بود و باش۔
سُکُونیات ضمہ س، و مع، کس ن۔ امث۔ علم طبیعیات کی وہ شاخ جو اجسام کے سکون و حرکت کی حالت میں اثر پذیری یا اثر انگیزی کا مطالعہ کرتا ہے۔ (قب انگ: Dynamics)۔
سِکَّہ کس س، شد فت ک، ہ غم۔ امذ۔ ٹھپّہ، نقش، نشان جو دھات کی سطح پر ڈھالا جائے؛ کرنسی، کسی ملک یا حکومت کا جاری کردہ زر یا ذریعۂ مبادلہ؛ وہ شعر یا سجع جو نئے بادشاہ کا سکّہ جاری ہونے کے وقت کہا جاتا تھا۔ صف سکّہ بَنْد معیاری، کھرا؛ رسمی، رواجی؛ یکساں یکرنگ۔ سکّۂ رائج اَلْوَقْت وہ سرکاری سکّہ جوکسی ملک میں رائج اور تسلیم شدہ ہو۔ سکّۂ قَلْب جعلی سکّہ۔ سکّہ مَردی (سِکّ کَ مَر دی) غیرت، حمیّت۔
سُکیڑنا ضمہ س، ے مج، سک ڑ۔ ف م۔ سمیٹنا، پھیلاؤ یا حجم کم کرنا؛ محدود یا مختصر کرنا۔ ف مر ناک سُکیڑنا اکتاہٹ، بیزاری، نخوت کا اظہار کرنا۔ ف ل: سُکَڑنا ٹھٹھرنا، سوکھنا۔ نیز رک: سُکڑانا،(لکھنؤ) سَکوَڑنا۔

سِکّین کس س، شد ک، ی مع۔ دھار دار آلہ، چھری، چاقو۔ ج سَکاکِین (فت س، ی مع)۔
سَکِینَت فت س، ی مع، فت ن۔ امث۔ سکون، آرام، اطمینان، تسلی، سکھ۔ [ع: سَکِینَہ]، مرکب اضا سکِینَۃ اَلْقَلْب دل کا چین۔ تصغیر سُکَینَہ۔ (ضمہ س، ے لین، فت ہ)۔
سَکھ فت س۔ امذ۔ دوست، میتہ؛ ایک بوٹی (لاط: Mimosa Catcchu)۔
سُکھ ضمہ س۔ امذ۔ آرام، چین، آسودگی، آسائش، سُکھ تَلا پاتابہ۔ سُکھ داس چاول کی ایک نفیس قسم۔ امث۔ سُکھ دَرشَن ایک بوٹی جس کا عرق کان کے درد کے لیے مفید بتایا جاتا ہے۔ (لاط: Crinum Asiaticum)۔ صف سُکھ مَے فرحت ناک، سُکھی شاد، مسرور۔
سِکھ کس س۔ امذ، اسم جنس۔ بابا گرونانک کے پیرو یا اُن کا کوئی فرد۔ سِکھّا شاہی سکھوں کا دور حکومت۔
سِکھانا کس س۔ ف م۔ سجھانا، بتانا؛ بہکانا، نیز رک: سیکھنا جس کا یہ متعدی ہے۔ نیز سِکھلانا۔ (عموماً متروک) امث۔ سِکھلائی تربیت۔
سُکھ پال ضمہ س۔ امث۔ ایک کُھلی پالکی جس کی نشست آرام کرسی جیسی ہوتی تھی۔
سَکھی فت س۔ امث۔ سہیلی، ہمجولی۔
سُکھی ضمہ س۔ صف۔ خوش، شاد، مسرور، آرام میں، چین سے، آسودہ۔
سَگ فت س۔ امث۔ کتّا۔ مث مادۂ سگ کتیا، نیز بطور دشنام: ذلیل آدمی؛ سَگِ دنیا، دنیا دار، مطلبی، حریص، طامع۔
سَگا فت س۔صف۔ ایک ماں باپ کی اولاد، سوتیلا کی ضد؛ قریبی عزیز جس سے براہ راست خونی رشتہ

ہو.م: سکا چچا، سکا ماموں زاد بھائی، سکا نواسا۔ مث سَگی اکیف مث سَکارَت سکا ہونا، نیز سَکاوَٹ۔

سِکال کس س۔ لاحقہ فاعلی بمعنی چاہنے والا، خواہاں م: خَیرْ سِکال بھلا چاہنے والا، خیر خواہ اکیف مث سِکالی [ف: سِکالیدَن سوچنا]۔

سَگائی فت س۔ امث۔ مَنگنی، نسبت، شادی کی قرارداد۔

سَگرا فت س، سک گ۔ صف۔ کُل، تمام، سب کا سب۔ مث سَگْری (دیہی عموماً گیتوں میں مستعمل) نیز سَگْلا/ سَگْلی۔

سُگَم ضمہ س، فت گ۔ صف۔ آسانی سے عبور ہو سکنے والا، (راستہ وغیرہ) جس پر سے بآسانی چلا جا سکے، کُڈھب کی ضد۔

سَگُن فت س، ضمہ گ۔ صف۔ خوبیوں بھرا، اچھے خواص والا؛ نیز رک: شَگُن۔

سُگَنْدھ ضمہ س، فت گ، سک ن دھ۔ امث۔ خوشبو، مہک [س: سُگَنْدھ ، صف: سُگَنْدھت]۔

سِگَوتا کس س،و لین۔ امذ۔ جانور کی کھال سینگ سمیت، عام: بھُس بھرا سِگوتا۔ نیز سِنْگَوتا۔

سُگَھڑ ضمہ س، فت گھ۔ صف ، مث، مذ۔ سلیقے والی یا والا؛ باہُنر، باتمیز۔ امذ۔ سُگھڑاپا، سُگَھڑپَن۔

سُگْھڑئی ضمہ س، سک گھ، فت ڑ۔ امث۔ ایک راگ جس کا وقت پچھلا پہر قرار دیا جاتا ہے، سہانے وقت کا راگ۔

سُگَھڑی ضمہ س، فت گھ۔ امث۔ اچھا وقت، سہانا وقت۔

سِل (۱) کس س۔ امث۔ پتھر کا سپاٹ ٹکڑا، مسالہ پیسنے کا پتّھر جس کے ساتھ پیسنے کا بٹّا بھی ہوتا ہے، دونوں کو ملا کر سِل بٹّا/ بَٹّہ کہتے ہیں۔

[س: شِلا]۔

سِل (۲) کس س۔ امث۔ پھیپھڑوں کی دق۔

سَلّ فت س۔ امذ۔ تلوار سُونتنا (طب و جراحت) رگ میں شکاف دینا، م: سَلِّ شِرْیان۔

سِلّا کس س، شد ل۔ امذ۔کھیت سے خوشے، بالیں، بینْنا، چُننا۔

سَلاجیت فت س، ی مع۔ امث۔ رک: شِلاجِیت، نیز سِلاجِیت۔

سِلاح کس س۔ امذ۔ ہتھیار ج اَسْلِحَہ (فت ا، سک س، کسمج ل) مرکب سِلاح شوَر (ومج) سورما، بہادر سپاہی، مَنْچلا، ہتھیار باز [ف: شوریدگی = دیوانگی] نیز سِلَحْشوَر (فت ل، سک ح)۔

سَلاخ فت س۔ امث۔ لوہے یا کسی دھات کا سَریا؛ سریے کا ٹکڑا؛ قلم، ڈنڈی؛ لکیر۔ [س: شَلاکا]۔

سَلّاخ فت س، شد ل۔ صف۔ کھال اتارنے والا، جلّاد۔

سَلاد فت س۔ امث۔ کاہُو کے پتّے جو اکثر دسترخوان پر کھانے کے ساتھ رکھے جاتے ہیں، نیز سَلات؛ سبزیوں ترکاریوں کا مسالے دار ملغوبہ [انگ: Salad]۔

سَلاسَت فت س۔ امث۔ سادگی، روانی، آسانی؛ عبارت یا کلام کی صفائی۔ صف سَلِیس۔

سَلاسِل فت س، کس س۔ ج مذ۔ زنجیریں، کڑیاں، بیڑیاں [ع: سِلسِلہ کی جمع]۔

سَلاطِین فت س، ی مع۔ ج مذ۔ فرماں رَوایان، شاہان؛ نیز (مغلیہ خاندان کے) شاہی قرابت داروں کا لقب، سلاطین زادہ کی تخیف۔

سَلاکْنا فت س، سک ک۔ ف م۔ لکیریں ڈالنا، سطریں بنانا۔

سَلام فت س۔ امذ۔ امن، تحفظ، سلامتی؛ سلامتی کی دعا بطور اظہار دوستی، خوشنودی، تکریم؛ آداب، کورنِش، تسلیم؛ نماز کے ختم پر آخری قعدے میں

دائیں سے بائیں منہ پھیر کر "السّلام علیم و رحمتہ اللہ" کہنا، سلام پھیرنا۔ (بطور طنز) برائت، بے تعلقی کے اظہار کا کلمہ م: ایسی نوکری کو سلام؛ ائمّہ اہل بیت کی شان میں منقبت؛ محفل میلاد میں رسول اللہ صلعم کی شان میں کھڑے ہو کر پڑھے جانے والے نعتیہ اشعار یا کلمات۔ محاورہ **سَلام دینا** بُلوانا، طلب کرنا، م: صاحب آپ کو سلام دیتے ہیں = یاد کرتے ہیں، بُلاتے ہیں؛ نیز: سلام دو = بُلوا لاؤ۔ **سَلامِ رُوشتائی** دیہاتی کا سلام، توجہ چاہنا، مطلب کی ملاقات۔ (بول چال) **سَلام ہے، دُور سے سلام ہے** کوئی واسطہ نہیں، انکار یا بیزاری کے اظہار کے لیے۔

سَلامٌ عَلَیکُم فت س، تن ضم م، فت ع، ے لین، ضمہ ک۔ فقرہ۔ تم پر سلامتی ہو۔ نیز **اَلسَّلامُ عَلَیکُم** (اَس سَ لامُ عَ لے کُم) [ع: واحد کے لیے **عَلَیکَ/ علیکَ**، خصوصاً واحد مث کے لیے **عَلَیکِ** (کسمج ک)۔

سَلامَت فت س م۔ صف۔ محفوظ، مامون، امن و امان میں؛ صحیح، سالم؛ قائم، وجود۔ کسی کے مُبارک کہنے پر جوابی کلمہ؛ "آپ کو بھی سلامت"۔ مرمث **سلامَت رَوی** سیدھی، شریفانہ چال؛ اکیف مث **سَلامَتی** (فت/ سک م) خیرو عافیت، تندُرستی۔

سَلامی فت س۔ امث۔ رسمی سلام، سلام پیش کرنے کی رسم؛ دلہن یا دولھا کو سسرالیوں کی طرف سے پیش کی جانے والی رقم یاتحفہ، سلام کرنے کا انعام۔ بعض منقبتوں میں آغاز کلام کا کلمہ۔ **سَلامی اُتارنا/ دینا** خوش آمدید کے طور پر کسی کے اعزاز میں بندوقیں سر کرنا، یا ہتھیار پیش کرنے کا اشارہ۔ **سلامی لینا** سلامی کے جواب میں ہاتھ سر تک لے جا کر سلام کرنا۔

سلامی دار فت س۔ صف۔ ڈھالُو، پھسلواں، ایک طرف جھکا ہوا (تختہ، سل، سطح)۔

سُلانا ضمہ س۔ ف م۔ رک: **سونا** (ف ل) جس کا یہ تعدیہ ہے۔

سِلانا کس س۔ ف م۔ رک **سِینا** جس کا یہ تعدیہ ہے، نیزم م **سِلْوانا**۔

سَلائی فت س۔ امث۔دھات کی پتلی قلم، خصوصاً وہ جس سے آنکھ میں سرمہ لگاتے ہیں۔

سِلائی کس س۔ امث۔ سینے.ٹانکے بھرنے کا کام ہنر یا معاوضہ۔

سَلْب فت س، سک ل۔ امذ، صف۔ موقوفی، برطرفی، چھین لینا، غضب کر لینا؛ موقوف، معطل، منسوخ، چھینا ہوا؛ منفی، لاموجود۔

سِلْپَٹ کس س، سک ل، فت پ۔ صف۔ سپاٹ گِھسا گِھسایا (سکّہ، سطح)۔

سِلَپْچی کس س، فت ل، سک پ۔ امث۔ جالی دار ڈھکنے کا ایک چوڑا برتن جس میں امیروں، مریضوں کے ہاتھ منہ دھلوانے کے لیے ڈالا جانے والا پانی گر کر جالی کی تہہ میں جمع ہوتا رہتا ہے، نیز **سیلابْچی، سِلَفْچی**۔

سُلَٹْنا ضمہ س، فت ل، سک ٹ۔ ف م۔ درست کرنا، سیدھا کرنا، چکانا، طے کرنا (قصہ، معاملہ)۔

سَلَج فت س ل۔ امث۔ سالے کی بیوی۔ نیز **سَلَھج**۔

سُلْجھانا ضمہ س، سک ل۔ ف م۔ بَل نکالنا، پیچ کھولنا، اُلجھن دور کرنا؛ حل کرنا (مسئلہ، معاملہ)۔ اکیف مذ **سُلْجھاؤ** (بروزن اَفعال) تصفیہ، صفائی؛ اُلجھاؤ، الجھن کی ضد۔

سِلَح کس س، فت ل۔ **سِلاح** (رک) کا مخفف۔

سَلْخ فت س، سک ل۔ امذ۔ کھال اتارنا، چمڑی اُدھیڑنا؛ قمری مہینے کا اختتام۔ صف **سَلّاخ**۔

سَلْسَبِیل فت س، سک ل، ی مع۔ امث۔ جنت کی ایک نہر کا نام، کنایتہً فیضِ جاری۔

سَلْسَلانا فتِ س، سک ل۔ ف ل۔ کسی مہین حشرے کا رینگنا، جلد پر یا کسی عضو میں کسی شے کے رینگنے کا احساس، خفیف کھجلی یا بے چینی۔ اکیف مث سَلسَلاہٹ۔

سِلْسِلَہ کس س، سک ل، فت ل۔ امذ۔ زنجیر، لڑی، ترتیب، صف بندی؛ لگاؤ، تعلق؛ حوالہ۔ امث۔ سلسلہ جُنْبانی (جُمْ بانی) زنجیر ہلانا، کسی بات کا آغاز، تحریک کرنا۔ مرکب سلسلتہ اَلْذَّہَب (تُزْ زَہَب) سنہری زنجیر، مراد ممتاز افراد کا گھرانہ، پیڑھیاں یا حلقہ۔

سُلْطان ضمہ س، سک ل۔ امذ۔ دلیل، حجّت، آیت، نشانی۔ مرکب سُلطانِ مُبِین صریح نشانی یا شہادت؛ بادشاہ، حکمراں، امث سُلطانی، سَلطَنَت بادشاہت، فرماں روائی، عملداری، ریاست۔ امث سُلْطانَہ بادشاہ بیگم، رانی۔ ج سَلاطِین (رک)۔

سَلَف فت س ل۔ صف۔اگلے زمانے کا ج مذ۔ اَسْلاف اگلے لوگ، پُرکھے۔

سُلْف ضمہ س، سک ل۔ امذ۔ ساڑھو، ہم زلف۔ نیز سِلف مث سُلْفَہ سَلج، سالی۔

سُلْفَہ ضمہ س، سک ل، فت ف، ہ غم۔ امذ۔ پھونکنے کا تمباکو، بھری ہوئی چلَم [ع: سلفَۃٌ نُقل جو دوران گفتگو میں چکھا جاتا رہے]۔

سَلْقی فت س، سک ل۔ صف۔ چقندر کے پتّوں کے رنگ کا، گہرا سبز نگینہ، زمرد [ع: سَلْق = چقندر]۔

سِلک کس س، سک ل، امذ۔ دھاگا، ڈوری، سلسلہ، تار، لڑی۔

سُلَکّھن ضمہ س، فت ل، شد فت کھ۔ صف۔ خوش اطوار، خوش اسلوب [س: سُلَکْشَن]۔

سُلْگانا ضمہ س، سک ل۔ ف م۔ آگ جلانا، روشن کرنا، بھڑکانا، ف ل۔ سُلَگْنا جَلنا، بھڑکنا؛ چپکے چپکے رنجیدہ ہونا، کُڑھنا۔

سَلْمَہ فت س، سک ل، فت مَ، ہ غم۔ امذ۔ سنہری روپہلی مہین تاروں کو سَلائی پر لپیٹ کر کُنڈلائی ہوئی نالی دار لڑی جس سے کپڑوں، ٹوپیوں وغیرہ پر زردوزی کا کام کیا جاتا ہے۔ مہین تاروں کی کُنڈلی کی شکل کی نلکی یا لڑ جسے ڈَس بھی کہتے ہیں۔

سَلْمیٰ فت س، سک ل، ی غم۔ امث۔ ایک نسوانی نام، مراد محبوبہ م: سلمائے سخن صرف تزئین نہیں چاہتی۔

سَلْنا فت س، سک ل۔ ف ل، مجہول۔ رک: سالنا جس کا یہ لازم ہے۔

سِلْنا کس س، سک ل۔ ف ل ، مجہول۔ رک: سینا جس کا یہ لازم ہے، گاہے مجازاً م: لب سِلنا، زبان بندی ہونا۔

سِلْنْدا کس س، فت ل، سک ن۔ امث۔ ایک، بہت چھوٹی، انگُشْتیا مچھلی۔

سَلَوّ فت س، شد ل، ومع۔ امذ۔ کمائے ہوئے چمڑے کی پٹّی یا کتَّر جو جوتے کے اندر یا زین کی تہ میں ڈالی جاتی ہے؛ چمڑے کا تَسمہ جس سے سِلائی کرتے ہیں۔

سَلْوا فت س، سک ل۔ امذ۔ آسمانی نعمت جو ازروئے اساطیر، بنی اسرائیل پر اُتری تھی؛ [ع: سَلْویٰ سَلویٰ : دلاسا، تسلّی، تشفّی]۔

سَلْوَت فت س، سک ل، فت و۔ امث۔ طمانیت، قناعت، دلجمعی۔ [ع: سَلوَۃ]۔

سَلوتْری فت س، ومج، سک ت۔ امذ۔ مویشیوں کا معالج، نیز سالوتری۔

سَلْوَٹ فت س، سک ل، فت و۔ امث۔ شکن، بل، چُرس، لہر؛ ناہمواری جو سطح کے سمٹنے، سکڑنے سے پیدا ہو جائے۔

سُلُوک ضمہ س، و مع۔ امذ۔ راہ پر چلنا، طریقت کی پیروی؛ اچھا رویّہ؛ انعام، احسان۔

سَلوَنا فت س، ومج۔ صف۔ نمکین، خوش مزا؛ سانْولا، موہنا۔ مث **سَلوَنی**۔

سَلوَنو فت س، ومج۔ امذ۔ ساون کے پورے چاند پر ہونے والا ایک ہندوانی تہوار جس میں لڑکیاں اپنے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھتی ہیں، راکھی بندھن کا تہوار۔

سَلْہَج فت س، سک ل، فت ہ۔ امث۔ سالے کی بیوی؛ نیز **سَلَج**۔

سِلّی کس س، شد ل۔ امث۔ **سِل** (۱) رک کی تصغیر، دھار تیز کرنے کا پتھر، گاہنے کے لیے پھیلایا جانے والا غلّہ۔

سَلِیس فت س، ی مع۔ صف۔ سادہ، آسان، عام فہم، بول، کلام وغیرہ [ع: سَلِس] اکیف مث **سلاسَت**۔

سَلِیقَہ فت س، ی مع، فت ق، ہ غم۔ امذ۔ سگھڑ پن، ہنر مندی، صلاحیت۔

سَلِیم فت س، ی مع۔ صف۔ صحیح سالم؛ محفوظ، مامون؛ تندرست توانا؛ متین، سمجھدار، حلیم الطبع۔ [ع: نیز سانپ کا ڈسا]۔

سَلِیم شاہی فت س، ے مج۔ امث۔ نرم نری کی نوکدار جوتی، سادہ یا کامدار۔

سُلیمان ضمہ س، ے مج۔ علم۔ اصلاً ان پیغمبر مبعوث کا نام جو حضرت داوُدؑ کے بیٹے اورعالی شان بادشاہ تھے۔ نیز **سُلَیمان** (ے لین)۔ صف **سُلیمانی** سلیمانؑ یا اس نام کے کسی مسمّیٰ سے منسوب م: **سُلیمانی پتھر** ایک دو رنگا نیم قیمتی پتھر؛ **نَمَکِ سُلیمانی** خاص نسخے سے تیار کردہ ہاضمے کا چورن۔ **سُلیمانی ٹوپی** داستانوں میں مذکورہ جادو کی ٹوپی جسے اوڑھ کر آدمی آنکھوں سے اوجھل ہوجاتا ہے۔

سَلَھَج فت س لھ۔ رک: سَلَج۔

سَم فت س۔ امذ۔ طبلے کے ماتروں کے بعد لگائی جانے والی تھاپ، طبلے کی بھاری ضرب۔

سَمّ فت س، شد م۔ امذ۔ زہر، بِس، زہریلی خوراک **سَمُّ الْفار** (اغم، سک ن) سنکھیا [لفظاً: چوہوں کا زہر] ج **سُمُوم**۔

سُم ضمہ س۔ امذ۔ کُھر (گھوڑے گدھے وغیرہ کا)۔

سَما (۱) فت س۔ امذ۔ منظر، تماشا، سیر؛ فضا، نیز **سَماں** (غنہ)۔

سَما (۲) فت س۔ امذ۔ آسمان، آکاش صف **سَماوی** آسمان کا، آسمان سے منسوب۔ ج **سَمٰوات** (سَماوات)۔ [اصلاً ع: **سماء**]۔

سَماپَت فت س، سک پ۔ امذ۔ پورا، تمام، ختم، مکمل۔

سَماج فت س۔ امذ۔ معاشرہ، سوسائٹی؛ انجمن، حلقہ، ٹولا۔ صف **سماجِک**، **سَماجی**۔

سَماجَت فت س ج۔ امث۔ مِنّت، خوشامد، گڑگڑانا۔ [اصلاً ع: بدنمائی، بدوضعی]۔

سَماچار فت س۔ امث۔ خبر،اطلاع؛ کیفیت، طرز عمل، واقعہ، **سماچارپتر** اخبار کا پرچہ۔

سَمادھ فت س۔ امذ۔ مراقبہ، استغراق، ریاضت، تپسّیا، حبس دم۔ نیز **سمادھان**۔

سَمادھی فت س، ی مع۔ امث۔ ہندو جوگی یا راجہ کا مدفن، مقبرہ، نیز **سمادھی ستھان** (سک س) نیز رک: **سمادھ**۔

سَماروغ فت س، ومج۔ امذ۔ کھُنبی [ف: سماء= مثل + روغ - انڈا]۔

سَماع فت س۔ کانوں سے کام لینا، سننا؛ موسیقی، قوّالی۔

سَماعَت فت س ع۔ امث۔ سننے کی حِس؛ عدالت میں مقدمہ کی پیشی۔

سَماعی فت س۔ صف۔ سننے سے متعلق، سننے پر مبنی م: **سَماعی تَذکِیر وَ تانِیث**۔

سَماق فت س۔ امذ۔ مرمر کی قسم کا ایک تعمیری پتھر (لاط: Rhus Coriara)۔

سِماک کس س۔ ج مذ۔ **سَمَک** کی جمع؛ مچھلیاں؛ دو آسمانی ستاروں کا نام جو **سِماک اَعْزَل** اور **سِماک رامِح** کہلاتے ہیں (لاط: بالترتیب Spica virginis; Aretunis)۔

سَمّان فت س، شد م۔ امذ۔ عزت، آدر، تکریم۔

سمان فت س۔ رک: **سَما** (۱)۔

سَمانا فت س۔ ف ل۔ بسنا، درآنا، پوری طرح گنجائش کو پُر کر دینا؛ جذب ہونا، اکیف مث **سَمائی** گنجائش، سمانے، بسنے گھسنے کا عمل۔

سَماوار فت س۔ امذ۔ پانی گرم کرنے اور گرم رکھنے کا ظرف۔

سِماہی کسمج س۔ صف۔ تیسرے مہینے سے تعلق رکھنے والا، ہر تیسرے مہینے واقع ہونے والا۔

سَمْبَنْدھ فت س، سک م، فت پ، سک ن دھ۔ امذ۔ تعلق،رشتہ، ناتا، سلسلہ۔

سَمْبَھو فت س، سک م، و لین۔ امذ۔ جنم، پیدائش صف **سَمْبُھو** (ومع) والد، خالق۔

سَمْپُورَن فت س، سک م، و مع۔ صف۔ پورا، تمام، کامل؛ وہ راگ جس میں سپتک کے ساتوں سُر لگتے ہوں۔

سَمْت فت س، سک م۔ امث۔ رخ، طرف، جانب، سیدھ جس کی طرف حرکت یا اشارہ کیا جائے **سَمْت اُلرّاس** (سم تُر راس) سر کی طرف، اوپر کی طرف، عموداً ، نیز عام: **سمت**۔

سِمَٹنا کس س، فت م، سک ٹ۔ ف ل۔ سکڑنا، کم ہونا رقبے یا حجم میں؛ قریب قریب آ جانا؛ اکٹھا ہونا، بکھرنا کی ضد؛ یکجا ہو جانا، پورا ہونا؛ اتمام کو پہنچنا ، نِبٹنا، تکمیل پانا۔

سَمَجھ فت س م۔ امث۔ عقل، فہم، شعور صف **سَمجھ دار** عاقل، باشعور [ا: سمجھ + ف : دار] ف مر **سَمَجھ میں آنا**، ذہن نشین ہونا، واضح ہونا م: یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی؛ ''جو سمجھ میں آ گیا لا انتہا کیوں‌کر ہوا۔'' امذ **سَمَجھ کا پھیر** نافہمی، غلط فہمی۔ ف ل **سَمَجھنا**، ذہن نشین کرنا، واقف، آگاہ ہونا ؛ سلٹنا، سزا دینا، بدلہ لینا۔ ف م: سمجھانا، باور کرانا، بتانا، واضح کرنا۔

سَمجَھوتا فت س، سک م، ولین۔ امذ۔ معاہدہ، مصالحت، مفاہمت۔

سَمْدھی فت س، سک م۔ امذ۔ بیٹے یا بیٹی کا خسر، مث۔ **سَمْدھن** بیٹے یا بیٹی کی ساس؛ شادی میں آنے والی سمدھیانے کی مہمان عورت۔

سَمدھیانا فت س، سک م، کس دھ۔ امذ۔ بیٹے یا بیٹی کی سسرال، سمدھی کا خاندان۔

سْمْرِتی سک س م، کس ر۔ امث۔ یادداشت، ضابطۂ قوانین م: **مَنُوسْمْرِتی** ہندوؤں کا قدیم دھرم شاستر یا ضابطۂ اخلاق۔

سَمْراٹ فت س، سک م۔ امذ۔ مہاراجہ، شہنشاہ۔

سُمْرَن ضمہ س، سک م، فت ر۔ امث۔ یاد کرنا، یاد الٰہی، تسبیح پھیرنا، سُبحَہ گردانی، تسبیح،سبحَہ، مالا۔ تص **سُمَرنی** (فت م)۔

سِم سِم کس س، سک م، کس س۔ امذ۔ تِل، کُنجد۔

سِمط کس س، سک م۔ امث۔ مالا، ہار۔

سَمْع فت س، سک م۔ امذ۔ سننے کی حس، کان گوش۔ **سَمْع خَراشی** (سک م، نیز عام: فت م) بکواس، طول کلام، کان کھانا، کانوں پر گراں گزرنا۔ صف **سَمْعی** سننے سے تعلق رکھنے والا۔ مرکب **سَمْعی بَصَری** (سک م، فت ب ص) بیک وقت سننے اور دیکھنے سے تعلق رکھنے والا۔ (قب انگ: Audio-visual)۔

سَمَک فت س، سک م۔ امث۔ چھت، بام؛ فلک، آسمان۔

سَمَک فت س م۔ امث۔ مچھلی، ج: **سماک** (کس س) فقرہ: **از سَمَک تا سماک** (کس س) زمین سے آسمان تک۔ رک: **سماک**۔

سَمَکّھ فت س، شد ضم م۔ صف۔ سامنے، آمنے سامنے، نیز اصلاً **سَنْمُکھ**۔

سَمَن فت س، سک م۔ امذ۔ مکھن، بالائی، چربی۔ صف **سَمِین** موٹا، مُجرّب۔

سَمَن (۱) فت س م۔ امث۔ چنبیلی۔ یاسمین کی تخفیف۔

سَمَن (۲) فت س م۔ امذ۔ عدالت میں حاضر ہونے کا حکم، طلبی (انگ: Summons)۔

سَمَنْد فت س م، سک ن۔ امذ۔ اچھی نسل کا گھوڑا؛ گھرے نسواری رنگ کا گھوڑا۔

سَمَنْدَر (۱) فت س م، سک ن، فت د۔ امذ۔ پانی کا زخّار قطعہ، بحر یا بُحَیرہ ساگر [اصلاً س: سَمُدر] **سَمَندَر پَھل** کالی ہڑ سے ملتا ایک پھل دواءً مستعمل (لاط: Barringtonia Vasmoza)۔ **سَمَندَر پھین/ جھاگ** ایک سفید، ہلکی معدنی شے جو آگ کا اثر قبول نہیں کرتی (جرمن/ انگ: Meerchaum) **سَمَندَر سوکھ** (ومج) ایک قسم کی بیل [س: سَمُدر سوکش؛ لاط: Convolvulous Argentius]، **سَمَندَر کھار** بحری، نمک، نیز سنکھیا (سَمّ الفار کی تحریف) **سَمَندَری گھوڑا** شمالی سمندروں میں پایا جانے والا ویل کی قسم کا ایک جانور (قب انگ: والرَس)۔

سَمَنْدَر (۲) فت س م، سک ن، فت د۔ امذ۔ گرگٹ کی قسم کا ایک صحرائی جانور، ایک افسانوی جانور جس کی بابت یہ روایت ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا ہے۔ [ف: نیز سَمَندَل سام = آگ + اندرون]۔

سَمَنْک فت س، سک م، فت ن۔ امث۔ گیہوں کی گِری یا مغز، پانی میں بھگونے کے بعد پھوٹے ہوئے گیہوں جوبعض مٹھائیاں خصوصاً حلوا سوہن بنانے کے کام آتے ہیں۔

سَمْوَت فت س، سک م، فت و۔ سنہ، سال، عہد جو کسی خاص تاریخی مرحلے سے شمار ہو، خصوصاً بکرمی/ وکرمی سَمْوَت جو چَندر گُپت وِ کرم آدِتْیَہ (عام بکر ما جیت) سے منسُوب ہے، سنہ عیسوی سے پونے ۵۷ سال آگے۔ نیز **سَمّت**۔

سَمُوچا فت س، و مع۔ صف۔ سالم، پورا۔

سَمُور فت س،و مع۔ امذ۔ وسط ایشیا کی ایک کالی لومڑی اور اس کی نرم روئیں دار کھال [ع: سَمّور، شد م]۔

سَموسَہ فت س، و مج، فت س۔ امذ۔ قیمہ یا آلو وغیرہ بھر کرتلا ہوا تکونی شکل کا پکوان، نیز **سَنْبوسَہ** (فت مغ س)؛ کوئی تکونا رقبہ یا احاطہ۔

سَمُوم فت س، و مع۔ امث۔ گرمی صحرائی ہوا، لُو۔

سُمُوم ضمہ س، و مع۔ ج مذ۔ سَمّ (رک) کی جمع۔

سَمَے فت س، ے لین۔ امذ۔ وقت، موقع، مہلت، فرصت؛ اقرار۔

سَمِیپ فت س، ی مع۔ صف۔ نزدیک، پاس،ملا ہوا، ملحق م: من کے سمیپ رکھنا = دل سے لگا کر رکھنا، عزیز رکھنا۔

سَمَیت فت س، ے لین۔ م ف۔ شامل کر کے، ملا کر، بشمول م: انگوٹھے سمیت پانچ انگلیاں۔

سَمیٹنا فت س، ے مج، سک ۔ ف م۔ رک: **سِمَٹنا** جس کا یہ متعدی ہے۔

سَمِیع فت س، ی مع۔ صف۔ سننے والا، اسمائے حسنیٰ میں شامل۔

سَمّیلَن فت س، شد م، ے مج، فت ل۔ جلسہ، محفل، اجتماع۔

سَمِین فت س، ی مع۔ صف۔ جس کے جسم پر بہت

چربی ہو، نیز رک: سَمَّن۔

سَمِیہا فت س، ی مع۔ امث۔ کوشش، جہد۔

سَن (۱) فت س۔ امذ۔ ایک پودا جس کے ریشے کی بوریاں، رسّیاں وغیرہ بنتی ہیں، نیز **پَٹ سَن** سن کے وہ ریشے جو کچھ عرصے پانی میں دبائے بغیر الگ کر لیے جائیں۔ خام سن (لاط: Cotalaria Juncea Canabis Sativa)۔

سَن (۲) فت س۔امذ۔ سال، جنتری کا ایک سال،اصلاً سنہ کی تخفیف [ع: سَنَۃ] ج **سُنُون، سِنِین، سَنَوات۔**

سِن (۱) کس س۔ امذ۔ عمر، پیدائش یا تخلیق سے موت تک یا کسی خاص وقت تک کا عرصہ۔ صف **سِن رَسِیدَہ** (فت ر، ی مع، ہ غم) بوڑھا، مُسن، **سِنِ بُلُوغ** (شد کسمج ن، ضمہ ب، و مع) آغاز جوانی، نیز **سِنِ شُعُور، سِنِّ رُشد۔** [ع: سِنّ ڈھلتی عمر]۔

سِن (۲) کس س۔ امذ۔ دانت، ج **اَسنان۔**

سُن ضمہ س۔ صف۔ شل، بے حس و حرکت، ف ل **سُن ہونا** کسی عضو میں دوران خون میں رکاوٹ کے باعث یا کسی خارجی اثر یا عمل سے حِس نہ رہنا یا سَنسَنی ہونا۔

سَناتَن فت س ت۔ صف۔ قدیم، روایتی م: **سَناتَن دَھرْم** پرانا، مستقل مذہب، ہندوؤں کی ایک مذہبی تحریک جو مذہبی اصلاحات کی مخالفت میں چلی تھی (ابتدائی اٹھارویں صدی)۔

سَنّاٹا فت س، شد ن۔ امذ۔ ویرانے یا خالی جگہ میں کانوں میں گونجنے والی آواز، کنایتہً مکمل خاموشی، ویرانی؛ ہوا کے چلنے سے پیدا ہونے والا شور، سائیں سائیں۔ فعل مر **سَنّاٹا چھانا** کامل سکوت طاری ہو جانا محاورہ **سَنّاٹے میں آنا** حیرت زدہ ہو جانا۔

سُنار ضمہ س۔ امذ۔ زیور بنانے، سونے کا کام کرنے والا [س: سُوَرْن + کارَیہ] مث **سُنارَن** امث

سُناری سنار کا پیشہ۔

سِنان کس س۔ امث۔ نیزے کی انی، تیر کی نوک، نوکدار ہتھیار، تراکیب میں بطور جزو اول ن صحیح م: سِنان و تیغ۔

شَنان سک س۔ امذ۔ رک **اَشْنان** جس کی یہ اصلی شکل ہے۔

سُنانا ضمہ س۔ ف م۔ **سُنْنا** (رک) کا متعدی؛ آواز پیدا کرنا، آواز دوسروں تک پہنچانا؛ گانا؛ کلام پڑھنا؛ دشنام دینا۔

سُناؤنی ضمہ س، مج۔ امث دُور یا پردیس سے آنے والی موت کی خبر۔

سُنائی دینا ضمہ س، ی مع، ے مج۔ ف ل۔ آواز کا کان میں پڑنا، کانوں کا آواز سننا۔

سُنْبُل ضمہ س، ن مثل م، ضمہ ب۔ امث بغیر پھل پھول کی ایک خوشبودار پہاڑی نبات جس کے پتے اور شاخیں کُسم سے ملتے ہیں مگر کسم کی طرح کانٹے دار نہیں ہوتے؛ بالچھڑ، شاخوں کو زلف معنبر کے ساتھ تشبیہہ دی جاتی ہے۔ (لاط: Valeriana Jatamansi)۔

سُنْبُلَہ ضمہ س، ن مثل م، ضمہ ب، فت ل، ہ غم۔ امذ۔ گیہوں کی بالی؛ قدیم نجوم کے مطابق آسمان کا چھٹا بُرج یا نَکْشَتْر۔ کَنیاراس۔

سُنْبَہ ضمہ س، ن مثل م، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ سوراخ کرنے کا اوزار، برما، توپ یا بندوق کا گز جس سے نال کی صفائی کی جاتی ہے۔

سُن بَہری ضمہ س، فت مج ب، سک ہ۔ امث۔ اعضا کا سن ہو جانا، جرثومے سے پیدا ہونے والا جلد کی سوجن کا مرض (لاط: Tactus Imminutus)۔

سَنْبھالا فت مج س۔ امذ۔ موت سے پہلے مریض کی

حالت میں عارضی افاقہ، شمع کا بجھنے سے پہلے ایک بار بھڑکنا۔
سَنْبھالْنا فت مغ س، سک ل۔ ف م۔ تھامنا، گرنے بگڑنے سے روکنا؛ درست کرنا؛ حفاظت میں لینا؛ پڑتال کرنا۔ جانچ یا گِن کر قبضے میں لینا (رقم، سامان وغیرہ)؛ قابو پانا م: طبیعت کو سَنبھالو، نیز رک: سَنْبھلْنا جس کا یہ تعدیہ ہے۔
سَنْبھالُو فت مغ س، و مع۔ امذ۔ ایک اونچادرخت پتے ارہر سے مشابہ ایک طرف سے نیلے دوسری طرف سے سفید، پھول آم کے بور کی طرح گچھے دار؛ نیز اس درخت کے بیج جو دواءً مستعمل ہیں حبّ الفقد، حبّ الطاہر یا فِلفِل کو بھی کہلاتے ہیں۔ (لاط: Vitax negunda)۔
سَنْبَھلْنا فت مغ س، فت بھ، سک ل۔ ف ل۔ ہوشیار، چوکنّا ہونا؛ خود کو قابو میں رکھنا، گرتے گرتے بچنا؛ بہتر یا اصلاح پذیر ہونا۔ نیز رک: **سَنْبھالنا** جس کا یہ لازم ہے۔
سَنْبھوگ فت س، ن مثل م، و مج۔ امذ۔ وصل، مباشرت۔
سَنْت فت س، سک ن، صف، امذ۔ نیک، صالح، پارسا، برگزیدہ آدمی (س، قب انگ: Saint)۔
سُنَّت ضمہ س، شد فت ن۔ امث۔ طریقہ، چلن، دستور؛ رسول اللہ صلعم کا عمل جو حدیث سے ثابت ہو؛ نماز میں فرض رکعتوں کے علاوہ رسول اللہ صلعم کی ہدایت یا طریق جس کی پیروی میں پڑھی جانے والی رکعتیں، یا آنحضرتؐ کی پیروی میں کیا جانے والا عمل۔ ج **سُنَن**۔ مرکب وصفی **سُنَّتِ مُؤَکَّدہ** (مُ اَکْ کِ دَ) وہ عمل جس کی رسول اللہ صلعم نے تاکید کی ہو۔
سَنْتا فت س، کس ن۔ امث۔ گیڑیوں کے کھیل میں آغاز کے طور پر پھینکی جانے والی پہلی گیڑی یا لکڑی۔ صف گِرا ہوا، بدکردار آدمی۔
سَنْتاپ فت س، سک ن۔ امث۔ حدّت، شدید گرمی؛ بپتا، کشٹ، آزار۔
سَنْتان فت س، سک ن۔ امذ۔ نسل، اولاد، خاندان۔
سَنْترا فت س، سک ن، فت ت۔ امذ۔ رک: **سَنگترا**۔
سَنْتری فت س، سک ن تد امذ۔ چوکیدار، پہرے دار، محافظ۔ [انگ: Sentry کی تارید]۔
سَنْتوش فت س، سک ن، ومج۔ امذ۔ اطمینان، سکھ، آسودہ خاطری۔
سَنْٹی فت س، سک ن۔ امث۔ قمچی، چھڑی، پتلی، ٹہنی کا ٹکڑا، سرکنڈا، نیز **سَینٹھا**، **سَینٹھی**۔
سَنْٹھ فت س، سک ن۔ صف۔ شریر، چالاک، چَنٹ۔
سَنْج فت س، سک ن۔ لاحقہ فاعلی بمعنی تولنے، وزن کرنے، جانچنے، پرکھنے والا؛ فہم رکھنے والا م: **سُخَن سَنْج**۔ مترادف **شناس** م: **نُکْتہ سَنج**، **بَذْلہ سَنْج** لطیف نکات کو سمجھنے والا۔ [ف، قب س: سَنْجِیہ = فہم، ادراک]۔
سَنْجاب فت س، سک ن۔ امذ۔ آرمینیا کے علاقے کا ایک گلہری سے ملتا ہوا جانور جس کی نرم کھال کا رُواں گرمیوں میں بھورا اور جاڑوں میں سفید ہو جاتا ہے، یہ کھال لباس میں کالر کے طور پر لگائی جاتی ہے، آرمینیا کا چُوہا۔
سَنْجاف فت س، سک ن۔ امذ۔ چادر یا لباس کا حاشیہ گوٹ، صف **سَنْجافی** حاشیہ دار۔ مرکب **سَنْجافی گَنْج**۔ سر کا ایسا گنج یا تامڑا جس میں ایک جھالر سی باقی رہ جائے۔
سَنْجَد فت س، سک ن، فت د۔ امذ۔ عنّاب سے ملتا ایک پھل، خوب دانہ؛ مولسری کا پھل۔ امث **سَنْجَدِ کَرْخی** نبولی۔
سَنْجوگ فت س، سک ن، ومج۔ امذ۔ ملاپ،

ملاقات، وصل؛ اتفاق، امرِ اتفاقی۔

سَنجِیدَہ فت س، سک ن، ی مع، فت د، ہ غم۔ صف۔ وزن کردہ، تلا ہوا؛ متوازن؛ وزنی؛ متین، بردبار۔ اکیف مث **سَنجِیدَگی** بردباری، بھاری بھرکم پن۔

سَنْجِیوَن فت س، سک ن، ی مع، فت ب۔ امذ۔ زندگی بخشنا، اِحیا، نئی زندگی؛ لمبی عمر، طویل یگانگت، عمر بھر کا ساتھ۔

سَنْجْھلا فت س، غنہ، سک جھ۔ صف۔ منجھلے کے بعد کا، تیسرے نمبر پر (عموماً رشتہ دار بچّہ، بھائی، چچا ماموں وغیرہ کے لیے مستعمل) مث **سَنْجْھلی**۔

سِنْچائی کس مغ ن۔ امث۔ **سِیچْنا** (رک) کا اسم کیفیت، سینچنے کا عمل؛ نیز **سِچائی**۔

سَنْچِتا فت س، سک ن، کس چ۔ امذ۔ ایک پودے کا نام (لاط: Salvinia Cucullata)۔

سَنْچَل فت س، سک ن، فتح ج۔ امث۔ آہٹ۔ قدموں کی چاپ، کھڑکا۔ نیز **سَنْچْکار**۔

سَنَد فت س ن۔ امث۔ سہارا، آسرا؛ وہ شے جس پر تکیہ، بھروسا کیا جائے؛ دلیل، ثبوت، شہادت؛ صداقت نامہ۔ ج **اَسْناد، سَنَدات**۔

سِنْدان کس س، سک ن۔ امذ۔ اہرن، نہائی، جس پر گرم لوہا رکھ کر کوٹا جاتا ہے۔ نیز **سَنْدان، سِنْداں**۔

سُنْدَر ضمہ س، سک ن، فت د۔ صف۔ حسین، خوبصورت اکیف مث **سُنْدَرتا** امث **سُنْدری** خوبصورت۔ عورت،حسینہ؛ ہلدی کی گرہ؛ ایک پیڑ جس کی لکڑی جہاز سازی میں کام آتی ہے۔ (لاط: Hertieria Minor)؛ ایک عمدہ قسم کا آم، سِینْدُوریا (رک)، نیز عام: **سِندَڑی**۔

سُنْدُس ضمہ س، سک ن، ضمہ د۔ کمخواب کی ایک قسم، زربفت۔

سَنْڈْلی فت س، سک ن د۔ امث۔ تپائی، راج مزدوروں کے کام کرنے کا اونچا سٹول؛ کپڑے لٹکانے کا کاٹھ کا بنا ہوا کٹھرا یا چوکھٹا، نیز **سَنْڈْھلی**۔ نیز رک: **صَندَلی**۔

سِنْدُور کس مغ ن، ومع۔ امذ۔ سرخ سفوف جو ہندو مانگ میں بھرتے یا ماتھے پر قشقے کے طور پر لگاتے ہیں، نیز عام **سِنْدُور، سِینْدُور** (ے مع مغ)۔

سِنْدُوری کس مغ س، و مع۔ ایک درخت کا نام (لاط: Grislea Tomentosa) نیز روچنی، سرخ کنول۔

سِنْدُوڑیا کس مغ س، و مع، سک ر۔ امذ۔ ایک قسم کا مہکیلا آم جس کے پوست پر سرخ دھبّا ہوتا ہے۔

سَنْدیسا فت مغ س، ے مج۔ امذ۔ پیغام، مکتوب خوشخبری، مژدہ [س: سَندیش]۔

سَنْدیہہ فت س، سک ن، ے مج، سک ہ ملفوظ۔ شک، تذبذب؛ ہراس۔

سَنْدْھیا فت س، سک ن، دھ۔ جھٹپٹا، شام کا وقت، (لفظاً) بیچ کا، وسطی۔

سَنْڈا فت س، سک ن۔ صف۔ تکڑا، موٹا تازہ، مضبوط جسم کا۔ نیز مرکب (بطور پھبتی) **سَنْڈا مُسْٹَنْڈا/ مُشْٹَنْڈا؛ سَنْڈ مُسَنْڈ**۔

سَنْڈاس فت س، سک ن۔ امث۔ عام بیت الخلا؛ پاخانہ جس میں صفائی کے لیے نیچے پچھلی طرف کھلا دروازہ یا سوراخ ہو۔

سَنْڈاسا فت س، سک ن۔ امذ۔ لمبا دست پنا، لوہاروں کا بڑا چمٹا۔ تص مث **سَنْڈاسی**۔

سُنْڈی ضمہ س، سک ن۔ امث۔ غلّے کے دانوں کو کھوکھلا کرنے والا ایک حشرہ (قب انگ: Weevil)۔

سَنْسار فت س، سک ن۔ امذ۔ عالم، کائنات، دنیا۔

سُنْسان ضمہ س، سک ن۔ صف۔ خاموش، جہاں

کوئی آواز یا آبادی نہ ہو۔
سَنْشکار فت س، سک ن س۔ (بروزن شمس ماہ)۔ تکمیل، تادیب، تہذیب۔
سَنْشکْرِت فت س، سک ن س ک، کس ر۔ (بروزن سَنشکار) صف، امث۔ خوش ترکیب، شائستہ، پُرتکلّف؛ مصنوعی، مرصّع؛ معتبر، معیاری۔ ہند آریائی کلاسکی زبان جس میں ہندوؤں کے مقدس وید اوردوسرا علمی ادبی سرمایہ تخلیق ہوا اور برصغیر کی دوسری بہت سی زبانوں نے اس سے استفادہ اور اخذ الفاظ کیا؛ فارسی سے پرانی قرابت رکھنے والی برّصغیر کی قدیم آریائی، عام طور پر غیر مروّج، پنڈتوں کی زبان۔ امث۔ **سَنْشکْرِتی** تہذیب، تمدّن، شائستگی۔
سَنْسنانا فت س، سک ن، فت س۔ ف ل۔ سَن ہوتا ہوا محسوس ہونا؛ سَن سَن کی آواز کرنا۔ اکیف مث **سَنْسَناہَٹ**۔
سَنْسَنی فت س، سک ن، فت س۔ امث۔ کانوں میں گونجنے والی سائیں سائیں کی آواز، سنّاٹا، حیرت زدگی؛ ہلچل، ہیجان۔ قب: سنّاٹا، سَنسَناہَٹ۔ صف **سَنسَنی خیز** حیرت انگیز، ہیجان خیز۔
سَنْسی فت س، سک ن۔ امث۔ ڈھبری کسنے کی چابی یا اوزار، زنبور۔
سَنْشے فت س، سک ن، ے لین۔ امث۔ رک **سَنْدیہہ**۔
سَنَک فت س ن۔ امث۔ وحشت، گھبراہٹ، ذہنی فتور [س: سَنْک (غنہ) = خوف، ہراس] صف **سَنْکی** بَورا، ہَولو، چریا، خبطی۔
سُنَکّا ضمہ س، فت ن، شد ک۔ امذ۔ سُن گُن لینے والی عورت، نیز **سُلَکّا، سُلَکو** مذ **سُنَکو، سُلَکو** (ومج)۔
سَنْکَٹ فت س، غنہ، فت ک۔ صف، امث۔ تنگ، ناقابل گزر، بھچا ہوا، گھچ پچ؛ مشکل، تنگی، گھٹن۔
سَنْکَر فت س، غنہ، فت ک۔ صف۔ مخلوط، ملا جُلا، دوغلا، غیر خالص، دو مختلف ذات کے والدین کی اولاد؛ رُتبے سے گرا ہوا، نیچ، حقیر۔
سَنْکْرانْت فت س، غنہ، سک ک ن۔ امذ۔ منتقلی، (نجوم) کسی جرم فلکی کا ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہونا؛ (لفظاً) ملاپ، جوڑ، ساتھ۔ نیز **سَنْکْرانْتی**۔
سَنْکی فت س، کس ن۔ صف۔ رک **سَنَک**۔
سَنْکھ فت س، غنہ۔ امذ۔ سینگ یا سیپ کا بھونپو، صدَف، جو مندروں میں علی الصّباح یا کسی اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے، ناقوس، صور؛ دس کروڑ ضرب دس کروڑ کے برابر عدد۔
سَنْکھیا فت س، غنہ، کس کھ۔ امث۔ ایک کانچ کی طرح کا بُھربُھرا معدنی مادّہ جو لوہے، گندھک کے ساتھ نکلتا ہے اور جس کا سفید، بے ذائقہ سفوف زہر قاتل ہے، سمّ الفار۔
سَنْگ (۱) فت س، غنہ۔ امذ۔ ساتھ، ہمراہی، معیّت، رفاقت۔ صف **سَنْگی** ساتھی، رفیق۔ اکیف مث **سَنْگَت** رفاقت، ساز و آواز کی ہم آہنگی یا مختلف سازوں کا ہم آہنگ طور پر بجنا۔
سَنْگ (۲) فت س، غنہ۔ م ف۔ ہمراہ، ہمقدم، معیّت میں۔
سَنْگ (۳) فت س، غنہ۔ امذ۔ پتّھر، حَجَر، چٹان کا ٹکڑا؛ کتبہ؛ باٹ۔ تول۔ مروصفی **ہَم سَنْگ** تول یا وزن میں برابر؛ ہمسر، برابر؛ مقابل۔ **سَنْگ اَسْوَد** کعبہ شریف میں گڑا ہوا سیاہ پتّھر جسے حاجی یا زائرین چومتے ہیں، حَجَر اسود۔ **سَنْگ پا** (کسمج گ) جھانواں؛ **سَنْگ پُشْت/ پوست** (سک گ، ضمہ پ، سک ش ت، ومج، سک س) کچھوا؛ **سَنْگِ خارا** (کسمج گ) ایک سخت پتھر جسے رگڑنے سے

چنگاریاں بآسانی جھڑتی ہیں، آگ سلگانے کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ صوآنہ **سَنگخوار** (خار) عقاب کی ایک قسم، بھٹیٹر۔ **سَنگ چٹانا** پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا۔ **سَنگدان/ سَنگدانہ** (فت ن، ہ غم) پرندوں کے حلق کے نیچے کی تھیلی یا پوٹا جس کی سخت دیواروں میں دانے معدے میں جانے سے پہلے پیسے جاتے ہیں۔ (قب انگ: Gizzard) **سَنگدل** (سک گ) ظالم؛ **سَنگ ساری** رَجم (رک)؛ **سَنگسازی** پتھر خصوصاً مرمر کی تراش اور گھسائی کا کام نیز **سَنگتراشی** **سَنگریزہ** (ے مج، فت ز، ہ غم) کنکر، روڑا، **سَنگِ ستارہ** ایک سرخی مائل دھندلی سطح کا پتھر جس میں بہت سے ذرے ستاروں کی طرح چمکتے ہیں۔ **سَنگِ سُرخ** (کسمج گ) راجپوتانے کا نرم لال پتھر جو عمارات میں فرش یا دیواروں پر جڑا جاتا ہے۔ **سَنگ سُلیمانی** (کسمج گ، ے مج/لین) ایک دورنگا سیاہ و سفید پتھر۔ **سَنگِ فَساں** (کسمج گ، فت ف) دھار تیز کرنے کا پتھر یا آلہ؛ **سَنگِ فَلاخَن** (فت ف خ) گوپھن میں گھما کر پھینکنے کا پتھر۔ **سَنگِ لَرزاں** یہ کوئی خاص پتھر نہیں، کوئی بھی پتھر جو اس طرح کھڑا کیا جائے کہ دھماکے سے لرز جائے، اسے ناواقف لرزتا پتھر سمجھ لیتے ہیں۔ **سَنگِ ماہی** بعض مچھلیوں کے سر سے نکلنے والی سخت پتھریلی شے؛ **سَنگِ مَرمَر** نرم، چونے کا پتھر جو آسانی سے چمکایا جا سکتا ہے، عمارات میں کثرت سے مستعمل۔ **سَنگِ موسیٰ** (مُوسا) مر مر کی ایک سیاہ قسم؛ **سَنگِ میل** راستے پر فاصلے کے نشان کا پتھر، کنایتہً منزل، مرحلہ۔ **سَنگ یَشب** ایک سبزی مائل پتھر (قب انگ: Jasper)۔ صف **سَنگی، سَنگین** پتھر کا، پتھریلا؛ شدید، سخت، بھیانک۔

سَنگاتی فت مغ س۔ ج مذ۔ ساتھ والے، ہمراہی، رفقا۔

سِنگار کس مغ س۔ امذ۔ رک: **سِنگھار**۔

سَنگ بَسْت فت س، غنہ، فت ب، سک س۔ صف۔ مضبوط، مستحکم، سنگین؛ جڑاؤ، مرصّع۔

سَنگت فت س، غنہ، فت گ۔ امث۔ ساتھ، رفاقت نیز رک **سَنگ** (۱)۔ **سَنگتابی** (فت س، غنہ، سک گ۔ ف م۔ گرم اینٹ سے سینکنا؛ صف **سَنگتی** ساتھ والے، طائفے کی افراد۔

سَنگترہ فت س، غنہ، سک گ، فت ت ر، ہ غم۔ امذ۔ نارنج کی قسم کا بڑا سرخ رسیلا پھل، نیز **رَنگترہ**۔

سَنگر فت س، غنہ، فت گ۔ امذ۔ کانٹوں کی باڑھ کا مورچہ یا چاردیواری۔

سُنگر ضمہ س، غنہ، فت گ۔ امث۔ سیہہ، خارپشت۔

سَنگرام فت س، غنہ، سک گ۔ امذ۔ لڑائی، جنگ، محاربہ، یُدھ۔

سَنگرینی فت س، غنہ، سک گ، ے مج۔ امث۔ دستوں کی بیماری۔

سَنگ شوئی فت س، غنہ، سک گ، و مع۔ چاولوں کو پانی میں ڈال کر کنکر چُننا، عام **شَمْشو**۔

سَنگلاخ فت س، غنہ، سک گ۔ صف، مذ، مث۔ پتھریلا۔ **سَنگلاخ زَمین** دشوار طرح جو شعر گوئی کے لیے اختیار کی جائے۔

سَنگم فت س، غنہ، فت گ۔ امذ۔ ملاپ، میل، وہ مقام جہاں دو دریا آ کر ملیں۔

سَنگوانا فت س، غنہ، سک گ۔ ف م۔ سمیٹنا، ترتیب دینا؛ پڑتال کرانا؛ سپرد کرنا، گِن کر یا پہچان کر حوالے کرنا۔

سِنگوانا کس س، غنہ، سک گ۔ ف م۔ مویشیوں کی شناخت یا گنتی کرانا۔

سِنْگوٹی کس مغ س، ومج۔ امث۔ مویشیوں کے سینگوں پر خوشنمائی کے لیے چڑھایا جانے والا دھات کا خول؛ سینگ کی شکل کا ایک موسل جس سے رگڑ کر سطح کو چمکاتے ہیں؛ چھوٹا سینگ۔

سَنْگیت فت س، غنہ، ی مع۔ امذ۔ ہم آواز ہوکر گانا۔

سَنْگھ فت س، غنہ، سک گھ۔ امذ۔ گروہ، دَل، جماعت۔

سِنْگھ کس س، غنہ، کس گھ۔ امذ۔شیر؛ اکثر ہندوانی ناموں خصوصاً سکھّوں کے ناموں کا جُز۔

سَنْگھار فت س، غنہ (بروزن برسات)۔ دباؤ، سکڑاؤ، تخفیف؛ مشق، مہارت۔

سِنْگھار کس مغ س۔ (بروزن بِساط) جسمانی آرائش، بننا سنورنا، سنجنا۔ مرکب مذ۔ سِنْگھار دان زنانہ آرائش کی چیزیں رکھنے کا صندوقچہ، نیز حُسن دان۔ سِنْگھار میز آئینے کے ساتھ لگی ہوئی میز جس پر سنگار کا سامان سجا ہوتا ہے۔ اصلاً: سِنْگار۔

سِنْگھاڑا کس مغ س۔ امذ۔ تالابوں میں پھیلی ہوئی بیل میں اگنے والا سبزی یا سرخی مائل سبز رنگ کا تین نکیلے کونوں والا پھل جس کے نرم چھلکے کے اندر دودھیا گری ہوتی ہے۔ (لاط: Trapa Bispinosa) کنایتہً تکون، سموسہ (رک) امث سِنْگھاڑا مَچْھلی جِھینگا، جھینگا مچھلی۔

سِنْگھاسَن کس مغ س، فت س۔ امذ۔ تخت شاہی (جس کے پائے شیر کی شکل کے ہوتے تھے) نیز عام سِنْگھاسَن۔

سَنْگھَٹَن فت س، غنہ، سک گھ، فت ٹ۔ امذ۔قریب آنا، مُڈبھیڑ؛ اتحاد، تنظیم؛ جمعیت، نیز سَنگھَٹَن (فت گھ، شد فت ٹ) سَنگھٹ (بروزن سَرپَٹ) جمعیت؛ سحق، مُساحَقہ۔

سَنْمُکھ فت س، سک ن، ضمہ م، سک کھ۔ م ف۔ سامنے، رُوبرُو، مقابل۔

سُنَن ضمہ س، فت ن۔ ج مذ/ مئذ رک: سنّت جس کی یہ جمع ہے۔

سَنْنا فت س، سک ن۔ ف ل۔ رک: سانتا جس کا یہ لازم ہے۔

سُنْنا ضمہ س، سک ن۔ ف ل۔ کانوں کی حس سے کام لینا، سماعت کرنا؛ توجّہ کرنا۔

سَنَوات فت س ن۔ ج مذ۔ سنہ (رک) کی جمع۔

سَنْوار فت مغ س۔ امث۔ سَنوارنا (رک) کا مادّہ اور ج م، بگاڑ کی ضد، فقرہ خدا کی سَنْوار خدا کی مار کی بجائے پیار یا ملاحظے کے ساتھ اظہار ناراضگی۔

سَنْوارْنا فت مغ س، سک ر۔ ف م۔ دُرست کرنا؛ آراستہ کرنا، سجانا۔ ف ل سَنْوَرْنا سجنا، سِنگھار کرنا۔

سَنُون فت س، و مع۔ امذ۔ منجن، دانتوں کو چمکانے یا درست رکھنے کے لیے پھیرا جانے والا سفوف۔

سَنَہ فت س ن۔ امذ۔ سال، برس، سَموَت م: سَنہ ٔ عِیسوی، سنہ ٔ ہِجری عام: سَن۔ج سِنِین (کس س)۔

سُنْہری ضمہ س، فت مج ن، سک ہ۔ صف۔ مذ، مث۔ سونے کا، سونے کے رنگ کا، سونے کا پانی پھرا ہوا؛ زریں، طلائی؛ قیمتی، نادر م: سُنْہری موقع غنیمت، مبارک، اتفاق یا امید افزاء صورتِ حال۔

سُنّی ضمہ س، شد ن۔ امذ، ج مذ۔ ائمّہ اربعہ کا مقلد، اہل سُنّت و الجماعت۔

سَنّیاس فت س، شد کس ن۔ امذ۔ ترک دنیا، تیاگ، جوگ، فقیری۔ اسم فاعل سَنّیاسی جنگلوں میں

پھرنے والا جوگی، درویش، تارک الدّنیا۔
سَنیچَر فت س، ی مع، فت چ۔ امذ۔ سیارۂ زحل؛ ہفتے کا دن، شَنبہ، جو سیارۂ زحل سے منسُوب کیا جاتا ہے۔ محاورہ سَنیچَر سوار ہونا نحُوست طاری ہونا، غصّے کا دورہ پڑنا۔
سَنیہہ سک س، ے مج، سک ہ۔ امذ۔ محبّت، پریم، خلوص، نیز عام نیہہ نیہا (خصوصاً گیتوں میں مستعمل)۔
سَو ولین۔ عدد۔ دس دہائیوں کا مجموعہ (۱۰۰)، صد، سیکڑہ؛ کنایتہً: کثیر، بہت م: سوبار = بہت دفعہ م ف (بول چال) سَو بِسْوے کاملاً، یقیناً، پختہ طور پر۔ مثل سَو سُنار کی ایک لُہار کی زور دار بھرپور چوٹ یا عمل، پیہم، بودی یا نیم دلانہ کوششوں سے زیادہ مؤثّر ہوتا ہے۔ صف مذ سَووان۔
سَو ومج۔ ضمیرِ غائب، حرف عطف۔ وہ، وہی؛ چنانچہ، لہٰذا، پس، تو کابدل۔
سُو (۱) ومع۔ امث۔ سمت، طرف، رُخ۔
سُوء (۲) ومع، سک ء۔ صف، امث۔ برا قبیح؛ بگاڑ، برائی، خرابی۔ نیز سُوء م: سُوءِ ہَضم بد ہضمی۔ سُوءِ فَہْم غلط فہمی، اُلٹی سمجھ۔ ج مذ۔ عُلَمائے سُو گمراہ کرنے والے یا بدکردار عالم۔
سَوا فت س۔ عددِ کسری۔ ایک اور چوتھائی کا مجموعہ (۱.۱/۴) نیز سَوایا مث سَوائی۔
سِوا کس س۔ صف، حرف استثناء۔ بڑھ کر، فاضل، زیادہ، مزید؛ بجُز، علاوہ، بغیر، بِلا۔
سُوا ضمہ س۔ امذ۔ سِلائی کا نوک دار پتلا اوزار، سوزن۔ تصغیر سُوئی۔
سَواد فت س۔ امذ۔ سیاہی، تاریکی، کالک، مضافاتِ شہر؛ استعداد، لیاقت۔ مروصفی سَوادِ اَعظم بڑا رقبہ یا علاقہ، کنایتہً کثیر آبادی۔ سَواد خَط خط یا تحریر کی روش، سَواد اْلعَین (ا غم) آنکھ کی پتلی کی سیاہی نیز سَوادِ چَشم۔
سْواد سک س۔ امذ۔ مزا، ذائقہ، چٹخارا، لذّت۔
سَوار فت س۔ امذ۔ گاڑی یا جانور پر بیٹھا ہوا خصوصاً گھڑ سوار؛ راکب؛ صف: کسی چیز پر چڑھا ہوا؛ حاوی، مسلّط، طاری، غالب۔ اصلاً: سُوار نیز اَسْوار امث سَواری/ اَسْواری سوار ہونے کی گاڑی یا جانور، سوار ہونے والا، راکب یا مسافر؛ راستے پر نکلنے والا جلوس جو کسی کے جلو میں رواں ہو۔
سْوارَت سک س، فت ر۔ صف۔ کام کا، کامیاب، سپھل۔ ف مر سْوارَت ہونا کام آنا، نیک لگنا، بارور ہونا۔ [اصلاً س: سُوارْتھ : اچھی قیمت]۔
سْواگت ضمہ س، فت گ۔ امذ۔ استقبال، آؤ بھگت، خوش آمدید۔
سَوال فت س۔ امذ۔ پوچھنا، دریافت کرنا، استفسار؛ مانگنا، طلب کرنا؛ پوچھی جانے والی بات۔ نیز سُوال (ضمہ س)۔ صف سَوالی مانگنے والا۔ [اصلاً ع: سُؤال (سُ آل)]۔
سْوامی سک س۔ امذ۔ مالک، قابض، آقا، خداوند۔
سِوانا کس س۔ امذ۔ حد بندی، سیما، سرحد۔
سَوانح فت س، کسمج ن۔ ج مذ، امذ۔ حادثات، اتفاقات، سانحے؛ سرگزشت، واقعات زندگی۔ نیز رک: سانِحَہ جس کی یہ جمع ہے۔
سُوانْسا ضمہ س، امغ۔ امذ۔ سونے اور تانبے کا مرکّب یا آمیزہ۔
سْوانْگ سک س، غنہ۔ (بروزن پُران) امذ۔ بہروپ، بھیس بدلنا، ناٹک۔ نیز سانْگ۔ سَوانْگ۔
سُوبْرا و مع، سک ب۔ صف۔ غیر خالص، کھوٹا (سونا یا چاندی) نیز سُوبَر۔
سَوبھاگی و لین۔ صف۔ مبارک، بھاگوان، خوش

نصیب۔ اصلاً سَوبھاگْیہ۔

سُوپ ومع۔ امث۔چھاج جس سے غلّے کو پھٹکتے ہیں۔

سوْت ومج۔ امث۔ پانی کی زیر زمین قدرتی نالی۔ امذ۔ سوْتا چشمہ۔

سَوت و لین۔ امث۔ سوکن۔ نیز سَوتَن مرکب وصفی سَوتیا ڈاہ سوکن کا جلاپا، سوکن کا بَیر۔ اکیف مث سَوتِیل پَن (ے مج)۔

سُوت و مع۔ امذ۔ کچّا دھاگا؛ ایک گرہ کا ۲۴ واں حصہ یا ایک انچ کا سولھواں حصہ۔ صف سُوتی روئی کا بنا ہوا۔

سُوتَنْتَرتا ومع، فت ت، سک ن، سک ت۔ امث۔ آزادی خودمختاری [نیز اصلاً: سْ وَ تَنْ ت رَتا]۔

سَوتیلا و لین، ے مج۔ صف۔ رشتے میں غیر حقیقی؛ جس کو باپ کی کسی اور بیوی یا ماں کے دوسرے شوہر سے نسبت ہو۔ م: سوتیلا باپ، ماں کا دوسرا شوہر، سوتیلی ماں، باپ کی دوسری بیوی، سوتیلا ماموں، سوتیلی ماں کا بھائی، وعلیٰ ہذا القیاس۔

سُوجَن ومع، فت ج۔ امث۔ وَرَم، آماس ف ل سُوجنا گوشت یا کھال کا اُبھر آنا کسی چوٹ یا مرض کے سبب۔

سُوجی و مع۔ امث۔ بُھوسی نکلا اور دَردَرا پسا ہوا آٹا جو حلوے مٹھائیوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے، روا۔

سُوجھ و مع۔ امث۔ نظر یا ذہن کی تیزی، سمجھ، درّاکی، مرعطفی سُوجھ بُوجھ مشاہدہ اور ذہانت، فہمید۔

سوْچ ومج۔ امث۔ فکر، خیال؛ دھیان، غور؛ مر مذ سوْچ بچار خوروخوض سوْچ سَنکوچ (فت س، غنہ، ومج) فکر و تردد۔ ف ل سوْچنا غور کرنا، دھیان دوڑانا۔

سوَخت ومج، سک خ۔ صف۔ جلا، جلا ہوا۔ نیز سوَخْتہ جلا ہوا؛ کُڑھنے والا؛ ضبط کیا ہوا، سلب کیا ہوا، زائد المیعاد۔ صف سوَخْتَنی جلانے کے قابل، ناپسندیدہ، مروصفی سوَخْتہ بَخت بدقسمت نصیبوں جَلا۔ سوَخْتہ پا بے چین، بے قرار، چلنے سے معذور سوَخْتہ ساماں (غنہ) برباد۔

سُود و مع۔ امذ۔ فائدہ، نفع؛ منافع جو روپے کے لین دین پر حاصل ہو، بیاج۔ سُودْ خوْار (و غم) سود پر روپیہ قرض دینے والا سُود دَر سُود منافع کو اصل رقم میں شامل کر کے ہر بار مزید سوُد لگانا، نیز سُودِ مُرکب۔ صف سُودْ مَنْد مفید، فائدہ بخش [ف اصلاً: اَفزُود]۔

سَودا (۱) و لین۔ امذ۔ (لفظاً) سیاہ؛ طب قدیم کی رُو سے چار جسمانی خلطوں میں سے ایک؛ وہ سیاہی مائل مادہ جو پتّے میں جمع ہوتا ہے اور اس کی زیادتی، ذہنی ہیجان پیدا کرتی ہے؛ دیوانگی، جنون، خبط، دُھن۔ صف سَوداوی سودا سے متعلق سودا کی زیادتی سے متأثر۔ اکیف مث سَوداوِیَت۔ مزاج پر خِلط سودا کا غلبہ؛ برہمی، اعصابی فشار؛ صف سَودائی دیوانہ، مجنون۔ سَودائے خام فضول خواہش جو پوری نہ ہو سکے۔

سَودا (۲) و لین۔ امذ۔ خریدا یا بیچا جانے والا سامان؛ خرید و فروخت، معاملہ، کاروباری، معاہدہ؛ قرارداد۔ امذ۔ سَوداگر تاجر۔ اکیف مث سَوداگری (فت گ) تجارت۔ سَوداسُلف گھریلوں اشیائے ضرورت کی خریداری یا خریدی ہوئی اشیاء، نقد اور اُچاپتی خریداری [ف: سودا +ع: سُلف قرضہ]۔

سُودَہ ومع، فت د، ہ غم۔ صف۔ گھسا ہوا، پسا ہوا، امذ: سفوف۔

سُودْھنا ومع، سک دھ۔ ف م۔ صاف کرنا، نِتھارنا،

آلودگی سے پاک کرنا؛ کچی دھات کی آلائش دور کرنا [س: شُدھ = پاک، صاف، سچّا] امث سُوْدَھائی صاف کرنے کا عمل۔

سُودیشی و مع، ے مج۔ رک سُدیشی۔

سُور و مع۔ امذ۔ بہادر،شجیع، ہیرو، کارنمایاں انجام دینے والا۔ سُور بِیر/ وِیر (ی مع) سُورما [اصلاً: س: شُور + مانیَہ]۔

سْوَراج سک س، فت و۔ امذ۔ اپنی حکومت، خودمختاری۔

سُوراخ و مع۔ امذ۔ چھید، رخنہ، روزن، درز۔ صف سُوراخ دار جس میں ایک یا بہت سے روزن ہوں۔

سُورَت ومع، فت ر۔ رک: سُورَہ۔

سوَرَٹھ ومج، فت ر۔امذ۔ کھمّاچ ٹھاٹھ کا ایک سمپُورن راگ؛ ہندی شاعری کا ایک چھند جس میں ماتراؤں کی ترتیب دوہے کے برعکس ہے یعنی پہلے مصرعے میں ۱۱، ۱۳ اور دوسرے میں ۱۳، ۱۱ ماترائیں۔ نیز سوَرٹھا۔

سوَرْٹھی ومج، سک ر۔ امث۔ ایک راگنی جو سِندھوڑا اور بَرْہنْس کے میل سے بنی ہے اور میکھ راگ کی پتنی کہلاتی ہے۔

سُورَج و مع، فت ر۔ نظام شمسی کا مرکزی ستارہ، شمس، آفتاب، خورشید۔ سُورَج بَنْسی راجپوتوں کی ایک قوم جو اپنا سلسلہ آفتاب سے ملاتے ہیں۔ (قب چندربنْسی) [اصلاً: وَنْشی]۔ سُورَج گَرَہَن/ گہن (رک: گہن؛ کُسوف) محاورہ: سُورَج کو چراغ دکھانا روشن بات کی ناحق وضاحت کرنا، دانشمند کو عقل سُجھانا۔ سُورج مُکھی ایک زرد پھول جس کے مرکز میں بھورا زیرہ اور اس کے گردا گرد پتیاں جڑی ہوتی ہیں، گُل آفتاب، آذریون (لاط: Helianthus Indicum)۔

سْوَرْگ سک س، فت و، سک ر۔ امذ۔ جنت، فردوس، سْوَرگْباش/ باش جنت نشین مراد فوت، وفات یافتہ۔

سُورْما و مع، سک ر۔ رک: سُور۔

سْوَرْن سک س، فت و، سک ر۔ امذ۔ سونا، زر، ذہب، طلا۔

سُورَنْجان و مع، فت ر، سک ن۔ امث۔ لہسن سے مشابہ ایک جڑ جو شیریں اور تلخ دو قسم کی ہوتی ہے؛ جنگلی سنگھاڑا (لاط: Hermodactylus Calchicom Illyricum)۔

سُورَہ ومع، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ قرآن شریف کی ۱۱۴ مدّون فصلوں میں سے ایک (سورۃ فاتحہ سے سورۂ ناس تک) نیز امث سُورت/ سُورہ۔

سُورْنا ومع، سک ڑ۔ ف م۔ قمچی کی مار سے کھال ادھیڑ دینا، سُونْت کے رکھ دینا۔

سوَز ومج۔ امذ۔ جلن، تپک؛ واقعۂ کربلا کے بارے میں اشعار کو حزینہ ترنم سے پڑھنے کا ایک انداز امث سوَز خوَانی (خانی)۔(بطور لاحقہ) جلانے والا م: جاں سوَز، دل سوَز المناک ح م سوَزِش جلن۔ مرعطفی سوزوَساز رنج و راحت؛ جوش و جذبہ۔ سوزوَ گُداز رقت انگیزی، اثر آفرینی۔ صف سوَزاں سلگتا ہوا۔

سُوزاک و مع۔ امذ۔ ایک متعدی جنسی مرض جس سے پیشاب کی نالی میں زخم پڑ جاتا ہے۔

سوَزَن و مج، فت ز۔ امث۔ سوئی، کوئی پتلی نوکدار شے۔ سوَزَن کاری سوئی کا نازک کام، کڑھت۔

سوَزْنی و مج، سک ز۔ امث۔ نِکندے دار، نرم پتلی چادر یا کپڑا۔

سُوس و مع، ملہٹی کا پودا، ملہٹی (لاط: Liquorice Glycyrrizae)۔

سْوَسْتِک سک س، فت و، کس ت۔ صف، امذ۔

مبارک بھاگوان، برکت کا نشان، ہندوؤں کا متبرک نشان (✢) نیز **شوَشتکا**۔

شوَستی سک س، فت وَ، سک س۔ امث۔ تندرستی، خوشحالی، مضبوطی، تحفظ۔ صف **شوَسْتھ** قائم، مستحکم، مطمئن۔

سوَشلا (۱) ومج، سک س۔ امذ۔ پُولا، سرکنڈوں یا سوکھی ٹہنیوں کا گٹھا۔

سوَسلا (۲) ومج، سک س۔ صف۔ وہ جو بولنے میں زبان کی نوک سے بےجا کام لے اور دوسری آواز کی جگہ س کی آواز نکالے۔

سُوسمار (۱) و مع، سک س۔ امذ۔ پنڑا گوہ، گرگٹ کی نوع کا ایک صحرائی جانور [ف]۔

سُوسمار (۲) و مع، سک س۔ امذ۔ ویل کی قسم کا دریائی لمبی تھوتھنی والا جانور (قب انگ: Porpoise) نیز **سُوس** [س: شِش مار]۔

سوَسَن و مج۔ امث۔ نرگس کی قسم کا ایک خوشبودار پھول جسے باہر نکلی ہوئی زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔ [ف: ومج، مع؛ ع: و لین: سَوسَن] صف **سوَسنی** ہلکا اودا یا بَینگنی رنگ۔

سُوسی ومع۔ امث۔ ایک قسم کا سستا دھاریدار سوتی کپڑا۔ [ف: ایک ریشمی کپڑا]۔

سَوغات ولین۔ امث۔ تحفہ، خصوصاً قیمتی، نادرچیز، جو سفر پر ساتھ لے جائی جائے یا باہر سے تحفتہً لائی جائے، توشہ۔

سُوفار و مع۔ امذ۔ تیر کی چُٹکی جو کمان کے چلّے پر ٹکائی جاتی ہے؛ سوئی کا ناکہ۔

سوَفْتہ و مج، سک ف۔ فت ت۔ امذ۔ فرصت کا وقت، مہلت، فراغت، سکون۔ نیز (ہندی) **سُبھیتا** [س: سُوبِھتا]۔

سوَفسطائی ومج، کس ف، سک س۔ صف، امذ۔ حجّت باز، بحث میں عیاری سے کام لینے والا، جو طلاقت لسانی کے زور سے نامحکم دلائل سے قائل کرنا چاہے۔ یونانی حکما کے ایک قدیم گروہ سے منسُوب [یونانی: Sophiste ہوشیار]۔

سُوق ومع۔ امذ۔ بازار۔ صف **سُوقِیانہ** بازاری، عامیانہ، رکیک، مبتذل۔

سَوکَن و لین، فت ک۔ رک: **سَوت**۔ نیز **سَوتَن** امث **سَوکْناپا** سوکنوں کا باہمی بیر۔

سُوکھا ومع۔ صف۔ خشک، بے آب، بے نم؛ خالی، محض؛ نرا۔ م: **سُوکھا مشاہَرہ** بے خوراک تنخواہ، رُوکھا سالن یا لاون کے بغیر روٹی؛ دُبلاپا، لاغری؛ بے ملاحظہ جس سے بے مروّتی ظاہر ہو م: سوکھا جواب۔ امذ۔ **خُشک سالی**، قحط؛ محاورہ **سُوکھے دھانوں پانی پڑنا**۔ مایوسی ختم ہونا۔ امث **سُوکھی** (س شُشک، قب ف: خشک]۔

سُوکھْنا ومع، سک کھ۔ ف ل۔ خشک ہونا؛ مرجھانا؛ رینجھنا، دُبلانا؛ (انتظار کی) کوفت میں مبتلا رہنا، ٹھٹھرنا۔

سوَگ ومج۔ امذ۔ کسی کے مرنے کا غم، عزاداری، صف **سوَگْوار** ماتم دار، نیز **سوَگی**۔

سَوگَنْد و لین، فت گ، سک ن۔ امث۔ قسم جو اپنے قول کی سچائی کو جتانے کے لیے کھائی جائے، حلَف۔

سَوگَنْدی پالا ومع، فت گ، سک ن۔ امذ۔ ایک بیل کی جڑ جو سار سپارِیلا سے مشابہ ہوتی ہے، عَشبۂ ہندی، گوری سَر (لاط: Periploca Indica) نیز **سُوگَنْدی پَل**۔

سُول ومع۔ امذ۔ کانٹا؛ درد شکم؛ ٹِیس، شدید درد۔

سوَلہ ومج، فت ل، ہ غم۔ عدد۔ دس اور چھ کا مجموعہ (۱۶) نیز **سولھا** صف **سولْھواں** (سک لھ) **سولہ سنْگار/ سنْگھار** نسوانی آرائشِ حسن کے روایتی اجزا م: اُبٹن، منجن، انجن، تیل، کنگھی، مسّی، لالی، لاکھا، مہندی، گجرا، مالا، بندیا،

تل، آرگجہ، آبھرن، وَسْتر (لباس)۔
سُولی و مع۔ امث۔ صلیب جس پر مجرموں کو ہاتھ پاؤں کیلوں سے ٹھونک کر لٹکا دیا جاتا تھا؛ پھانسی؛ سخت آزار یا آزمائش۔
سوَم ومج۔ امذ۔ (۱) ایک روایتی بیل کا نام جس کا ذکر ہندو اساطیر میں آتا ہے، اس کا رس دیوتاؤں کو نذر کے طور پر چڑھایا جاتا تھا۔ (۲) اِسی نام کی ایک اور بیل جو دکن میں ہوتی ہے، پتے چوڑے پھول سرخ؛ (۳) چاند، مہتاب۔ **سوَم رَس** (فت ر) قدیم آریوں کا ایک مرغوب نشہ. **سوَم وار** پیر کا دن، چاند سے منسُوب۔
سِوُم کسمج س، ضمہ و۔ صف عددی۔ تیسرا، تیسرے درجے پر، عام: **سویَم** میّت کی تیسرے دن کی فاتحہ۔
سَوں و لین، غنہ۔ امث۔ قسم، سوگندھ، نیز **سُوں** م: اللہ کی سُوں۔
سُونا و مع۔ صف۔ سنسان، بے آواز، غیر آباد، اجاڑ۔
سوَنا (۱) ومج، امذ۔ قیمتی، چمکدار، زرد بھاری دھات جس کے زیور سکّے وغیرہ ڈھلتے ہیں اور بہت سے کیمیائی استعمال بھی ہیں۔ زر، طلا، ذَہَب۔ [س: شوَرْن]۔ کنایتہً زیور، دولت؛ کھری چیز۔ امث **سونے کی چِڑیا** ایسا فرد جس سے تمتعّ کیا جا سکے۔ **سونے کی زَنجِیر** باآرام قید۔
سوَنا (۲) ومج۔ ف ل۔ نیند لینا، غافل ہونا؛ ہمبستر ہونا۔
سوَنامُکھی ومج، ضمہ م۔ امذ۔ ایک چکمدار پتھر جو سونے چاندی یا تانبے کی کان سے نکلتا ہے۔
سَونْپْنا و لین، غنہ، سک پ۔ ف م۔ سپرد کرنا، حوالے کرنا۔
سُونْتْنا و مع، غنہ، سک ت۔ ف م۔ مٹھی میں دبا کر کھینچنا یا مٹھی پھیرنا م: مانجھا سُونْتنا، ٹہنی کو سونت کر پتّے جھاڑنا؛ عریاں کرنا م: تلوار سُونْتنا، تلوار کو نیام سے کھینچنا؛ جھٹک کر یا جھاڑو دے کر صاف کرنا م: فرش کا پانی سُونتنا؛ قمچی سے بُری طرح سے پٹائی کرنا؛ ان معنی میں نیز **سُوڑنا**۔
سوْنْٹا ومج مغ۔ امذ۔ ڈنڈا، بانس یا لکڑی کا ٹکڑا جس سے ضرب لگائی جا سکے۔ مث **سوَنْٹی**۔
سوْنْٹھ ومج، غنہ۔ امث۔ سوکھی ادرک۔
سوْنْدھا ومج مغ۔ صف۔ ذائقے کے ساتھ ایک مخصوص خوشگوار مہک دینے والا جیسے تازہ بُھنے ہوئے چنوں کی مہک؛ تازگی کا احساس دلانے والا جیسے کورے برتن کا سوندھا پانی۔ امذ؛ بال دھونے کا ایک خوشبودار مسالہ۔ اکیف مث **سوْنْدَھ پن**۔ صف مث **سوَنْدَھی**۔ نیز امث؛ ریہہ، کھار، سجّی۔
سَونْدَھنا و لین، غنہ، سک دھ۔ ف م۔ ملنا، رگڑنا؛ لتھیڑنا، گوندھنا، مَتھنا۔
سُونْڈ و مع، غنہ۔ امث۔ ہاتھی کے ماتھے سے لٹکتا ہوا لمبا عضو جس سے وہ سانس لیتا، پانی پیتا اور گرفت کا کام لیتا ہے، خرطوم؛ بعض حشرات کا آگے کو نکلا ہوا حصّۂ جسم جو سونڈ سے مشابہ ہو۔
سَونْف و لین، غنہ۔ امث۔ ایک پودے کے مہین لنبوترے ہرے بیج جو کھانوں میں اور دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، بادیان (انگ: Fennel, Anise, لاط: Pimpinella Anisum)۔
سُونْگھنا ومع، غنہ، سک گھ۔ ف م۔ سانس کھینچ کر کسی چیز کی بو، باس معلوم کرنا؛ ٹوہ لینا۔ امذ۔ **سُونْگھا** سونگھنے کی تیز حس رکھنے والا شکاری کتا؛ قیاس یا علامات سے خفیہ ذخیرۂ آب یا خزانہ بتانے والا ماہر۔
سوَنْیا ومج، کس ن۔ امذ۔ ٹکسال وغیرہ میں راکھ سے سونے کے ذرّات چُننے، علاحدہ کرنے والا۔
سُوہا ومع۔ صف۔ لال رنگ کا، سُہانے سرخ یا

زعفرانی رنگ کا؛ بھیروں راگ کی ایک راگنی۔
سوہا ومج۔ صف۔ سُہانا، چمکیلا، خوشنما، پسندیدہ ف م سوہنا بھانا، لبھانا، پسند آنا۔
سوہان ومج۔ امذ۔ سطح کو ریتنے یا رگڑ کر صاف کرنے والا دستی آلہ، ریتی۔ صف: خراش پیدا کرنے والا، نیز استعارۃً م: سوہانِ دِل دلخراش۔ ف م سوہن کرنا ریتنا۔
سوہلا ومج، سک ہ۔ صف۔ شادی کا گیت، شادیانہ؛ مدحیّہ گانا، (قب: سہرا)۔
سوہنا ومج،سک ہ۔ ف ل۔ پسند آنا، لبھانا، زیب دینا۔
سوہنی ومج،سک ہ۔ امث۔ ماروا ٹھاٹھ کی ایک راگنی۔
سُوء و مع، سک ء رک سُو (۲)۔
سُوَر و مع، فت ، (بروزن ٹھوہَر، نیز'دُھر)، لمبی گول تھوتھنی اور سخت چھدرے روئیں کی عموماً گلابی یا خاکی جلد والا موٹا بھدّا جنگلی نیز پالتو جانور، خُوک، خنزیر۔ امث سُوءرنی۔
سُوئی ومع۔ امث۔ سینے کا پتلا آہنی نوکدار آلہ، سوزن۔ اس سے ملتا ہوا کوئی نوک دار کانٹے جیسا پُرزہ، گھنٹے گھڑی وغیرہ کے وقت بتانے والے نکیلے اَنْکَل۔
سوَیا (۱) ومج۔ امذ۔ ایک قسم کا ساگ (لاط: Anethum Graveolens) نیز سوئے کا ساگ۔
سوَیا (۲) ومج۔ صف۔ خوابیدہ، نیند کا ماتا؛ بےرونق، بے آب (سبزہ، رنگت وغیرہ)۔ مصدر سوَنا کا صیغۂ ماضی، واحد کے لیے۔
سوَیّا فت س، فت و، شد ی۔ امذ۔ (۱) ہندی شاعری کا ایک وزن جس کے ہر چَرَن یا نصف مصرع میں سات بُھگَن (دو سبب یا دو چھوٹی ماتراؤں کا مجموعہ) اور ایک گُرو یا بڑی ماترا م: بس، جو، گم کب، (بمثل وتَد) ہوتا ہے؛نیز ۳۱ ماتراؤں کا ایک چَھند جس کے ہر چرن کے آخر میں ایک ماترا زائد ہوتی ہے؛

(۲) سوا سیر کا باٹ۔
سوَیّاں کس س، فت و، شد ی، غنہ۔ ج مث۔ میدے یا آٹے کے باریک تاروں کی لچّھیاں جو آٹے کو ایک سوراخ دار کل میں سے دبا کر نکالی جاتی ہیں جسے گھوڑی کہتے ہیں، اور بُھون کر دودھ میں ملا کر حلوے کی صورت میں کھائی جاتی ہیں۔
سُوَیدا ضمہ س، ے لین۔ امذ۔ دل پر ایک مفروضہ خال؛ کنایتہً دل کی گہرائی۔
سوَیر فت س، ے مج۔ امث۔ اوّل وقت؛ دیر کی ضد، نیز سویرا صبح کا وقت، اول وقت؛ کافی مہلت۔
سوَیَمبَر ومج، فت ی، سک م، فت ب۔ ایک قدیم ہندی رسم جس میں لڑکی اپنے امیدواروں میں سے خود کسی کا انتخاب کرکے اس کے گلے میں مالا ڈال دیتی تھی۔ [اصلاً : سَوَیَم = آپ، خود + وَر = شوہر]۔
سِہ کس مج س۔ عدد تین (۳) مرکب: سِہ پَہر (بروزن نِہمَہ تَن) زوال آفتاب کے بعد کا وقت۔ سہ چَنْد (سِ چَند) تگنا؛ سہ شَنْبَہ (س شَم ب) منگل کا دن۔ سہ مَنزِلَہ (س مَن زِ ل) تن سطحوں پر مشتمل (عمارت) سہ ماہی (سِ ماہی) رک: سماہی۔
سُہا ضمہ س۔ امذ۔ دُبّ اصغر کی دُم کا مدّھم ستارہ۔
سَہار فت س۔ امث۔ تاب، برداشت، تحمّل، سہنے کی سکَت۔ ف م سَہارنا برداشت کرنا، سنبھالنا۔
سَہارا فت س۔ امذ۔ سنبھلنے کا ذریعہ یا وسیلہ، جس پر تکیہ کیا جائے، بھروسا، آسرا، ٹیک؛ کان کے زیور کو سہارنے والی زنجیر جس کا سرا بالوں میں اٹکا لیتے ہیں۔
سُہاگ ضمہ س۔ امذ۔ خوش بختی، شوہر کا سلامت ہونا، شوہر کی موجودگی میں آسودہ زندگی۔ سُہاگ پُڑا ساچق کے ساتھ دلہن کے لیے بھیجا جانے والا خوشبودار اشیا کا مخروطی شکل کا پُڑا

سُہاگ رات بیاہ کے بعد دولھا دلھن کی پہلی رات، شب زفاف۔ سُہاگ گھوڑی دولھا والوں کے ہاں گائے جانے والے شادیانے۔ صف مث سُہاگن جس کا شوہر سلامت ہو۔

سُہاگا ضمہ س۔ امذ۔ ایک معدنی کھار جو کیمیائی عملوں میں استعمال ہوتا ہے اور سونے کو صاف کرنے یا اجالنے کے کام آتا ہے۔ (لاط: Sodium Borasis انگ: Borax؛ ع: بَورَق)۔

سُہال ضمہ س۔ امذ۔ میدے کا بنا ہوا ایک قسم کا ہلکی مٹھاس کا بُھربُھرا کھاجا۔

سَہالگ فت س گ۔ امذ۔ دو سعد ستاروں کا ملنا، قران السّعدین، سنجوگ، بیاہ۔

سُہالیاں ضمہ س، کس ل، غنہ۔ شادی کے موقع پر سسرال والوں کی طرف سے سمدھنوں وغیرہ کو تفریحاً دی جانے والی گالیاں۔

سَہام فت س۔ امذ۔ لُو کی تپش، لکڑی کے جالے کا تار، شیطان کی ڈور۔

سِہام کسمج س۔ امذ۔ سَہم (۱) رک کی جمع۔

سُہانا ضمہ س۔ صف۔ اچھا لگنے والا، خوش آئند، فرحت بخش۔ مث سُہانی۔

سَہائِتا فت س، کسمج ۔ امث۔ مدد، دستگیری، اعانت۔ اصلاً سَہایَتا (فت ی)۔

سَہْتا فت مج س، سک ہ۔ صف۔ قابل برداشت، نیم گرم (پانی)، نیز سہتا سہتا۔

سَہج فت مج س ہ۔ صف۔ آہستہ، دھیما، آسان؛ ایک ماں کی اولاد، سَہجا ماں جائی بہن۔

سَہْچَر فت مج س، سک ہ، فت چ۔ امذ۔ ساتھی، حصہ دار۔

سَہَر فت س ہ۔ امذ۔ بے خوابی کا مرض، شب بیداری۔

سِہرا کسمج س، سک ہ۔ امذ۔ مُکٹ، تاج، پھولوں یا موتیوں کی لڑیوں کا نقاب جو دولھا کے سر پر باندھا جاتا ہے؛ شادی یا دولھا کے سہرے پر لکھی جانے والی نظم؛ امتیاز، افتخار، محاورہ سَر سہرا ہونا کسی بات کا افتخار حاصل ہونا م: اس کامیابی کا سہرا آپ کے سر ہے۔ [قب سَہلا، سہیلا]۔

سَہْری فت مج س، سک ہ۔ امث۔ ایک بڑی دریائی مچھلی (لاط: Cyprinus Chrysopareius)۔

سَہْل فت مج س، سک ہ۔ صف۔ آسان، نیز م ف: بے دشواری، سہولت سے، بآسانی۔ امث سہل اَنْگاری کاہلی، سستی، سہل پَسَنْدی، آرام طلبی۔ امذ۔ سہل مُمْتَنِع نہایت آسان (کلام) سلاست میں حرف آخر۔

سَہْلانا فت مج س، سک ہ۔ ف م۔ نرمی سے ہاتھ پھیرنا، کھجلی مٹانا، ہلکی مالش کرنا۔

سَہْم (۱) فت مج س، سک ہ۔ تیر، ناوک، خدنگ؛ قِطعہ، ٹکڑا، حِصّہ، شِرکت۔ صف سَہِیم شریک، ساتھی۔ ج سِہام۔

سَہْم فت مج س، سک ہ۔ خوف، ہراس، دہشت۔ صف سَہْمگِیں (سک م) ڈرا ہوا، ہراساں؛ سَہْمناک خوفناک، ڈراونا۔ ف ل سَہْمنا۔

سَہْنا فت مج س، سک ہ۔ ف م۔ برداشت کرنا، جھیلنا۔

سَہْو فت مج س، سک ہ و۔ امذ۔ غلطی، بھول، چُوک، لغزش۔ سَہْوِ قَلَم لکھنے میں ہاتھ کا بہک جانا، نادانستہ غلطی۔ سَہْوِ طَباعَت چھاپے کی غلطی۔ سَہْوِ کِتابَت کاتب کی غلطی۔

سُہُولَت ضمہ س، و مع، فت ل۔ امث۔ آسانی، نرمی۔ عام سَہُولَت۔

سَہی (۱) فت س۔ صف۔ عمودی، سیدھا، راست، اونچا، نیز سِہی۔

سَہی (۲) فت س۔ حرف ربط و شرط، بمعنی دُرست، بجا، مانا، تسلیم، خیر مضائقہ نہیں م: روکھی

ہے تو روکھی ہی سہی؛ یونہی سہی = مان لیا، تو سَہی تب کہنا، م: دگنے نہ کردوں تو سہی؛ سہی نہیں شرط، نہیں نہیں مان سکتے م: چال پھیرنے کی سہی نہیں۔

سُہیل ضمہ س، ے مج۔ امذ۔ جنوبی آسمان کا روشن ستارہ، (قب انگ: Canopus)۔

سَہیلا فت س، ے مج۔ امذ۔ شادی یا خوشی کا گانا ترانہ، شادیانہ۔ [قب سِہرا]۔

سَہیلی فت س، ے مج۔ امث۔ ہمجولی؛ ساتھ کی کھیلی، دوست لڑکی، رفیقہ، مصاحبہ؛ کان کے آویزے کے اوپر نکلی ہوئی دو پتیاں سہیلی کہلاتی ہیں۔

سُہیلی ضمہ س، ے مج۔ صف۔ سُہیل (رک) سے منسوُب م: **اَنْوارِ سُہیلی**۔

سَہِیم فت س، ی مع۔ امذ۔ شریک، حصہ دار، ساتھی، رک: سَہْم (۱)۔

سَہیوگ فت مج س، سک ہ، ومج۔ امذ۔ ہمکاری، باہمی تعاون، اتحاد، اشتراک۔

سی ی مع۔ عدد تیس (۳۰)۔ م فہ **سی وَ صَد سال** مدت دراز تک (دعائیہ کلمہ سی و صد سال سلامت)۔ امث **سی حَرْفی** پنجابی شاعری کی ایک صنف جس کے اشعار بالترتیب حروف تہجّی سے شروع ہوتے ہیں۔

سیپارَہ ی مع، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ قرآن شریف کے تیس اَجزا میں سے کوئی جو اپنے پہلے حروف سے شناخت ہوتے ہیں: الم، سَیَقول وغیرہ۔ (لفظاً) تیس حِصّوں یا ٹکڑوں میں تقسیم۔

سے ے مج۔ حرف ربط۔ از، تا، مِن کا مترادف، اصل، آغاز، سبب وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔ م: یہاں سے وہاں تک؛ پیدائش سے موت تک؛ ہم سے پوچھو کس طریقے سے بنا؛ کس راستے سے آیا۔ سا (رک) کی مغیرہ شکل م: **کونسے، بھلے سے، تم سے، دُبلے پتلے سے**۔

سَے ے لین۔ عدد سو کی ایک قدیم شکل م: پان سَے = پانچ سو۔

سَیّاح فت س، شد ی۔ امذ۔ سیر کا شوقین، سیر کے لیے دُور جانے والا؛ زائر، مسافر۔ اکیف مث **سیاحَت** (کسمج س، فت ح) **سَیّاحی** (فت س، شد ی)۔

سیادَت کس س، فت د۔ امث۔ سرداری، سربراہی، نسباً، سیّد ہونا۔

سَیّار فت س، شد ی۔ صف۔ گھومنے گردش کرنے والا؛ سیّارہ۔

سِیار کس س۔ امذ۔ گیدڑ، شغال۔ امث۔ **سیار سِنْگی** گیدڑ کا ڈھانچا یا ہڈی جس کی بابت روایت ہے کہ جس کے پاس ہو تو اس کا ہر کام کرتا ہے، اس پر ہتھیار اثر نہیں کرتا؛ **سِیار کی لاٹھی** املتاس۔ نیز **سِیال**۔

سَیّارَہ فت س، شد ی، فت ر۔ امذ۔ سورج کے گرد گردش کرنے والا جِرم فلکی، ثابت کی ضد۔

سیاسَت کس س، فت س۔ امث۔ سزا، پاداش؛ حکمرانی؛ حکمتِ عملی، اُمور مُلکی؛ ریشہ دوانی، جوڑ توڑ، مصلحت اندیشی؛ حصول اقتدار اور تحفظ مفادات کے لیے جدّوجہد۔ **سیاسَتِ مُدُن** (ضمہ م د) شہری انتظام۔ صف **سِیاسی**؛ امث **سیاسیات** ریاست اور بین الممالکی اُمور و روابط کے نظریات کا علم۔

سیاق کس س۔ امذ۔ روانی، سلسلہ، ربطِ کلام، ترتیب بمطابق حروف تہجّی؛ شمار، حساب۔ مر عطفی **سیاق وَ سَباق** (ق س) عبارت یا متن کا عمومی رُخ، ربط یا مَنشا، فَحوائے کلام۔

سیال کس س۔ رک: **سِیار**۔ مرکب **سیال کانْٹا** ایک کانٹوں بھرا پودا، شاخیں اور پتے نیلگوں، پھول خوشرنگ زرد، اس میں سے زردی مائل دُودھ نکلتا ہے، سَتیاناسی، کَپڑی/ کٹیلی (لاط: Argemone

(Mexicana)۔

سَیّال فت س، شد ی۔ صف۔ امذ۔ بہنے والا، پتلا، رقیق؛ مائع۔

سیالَہ کس س، فت ل، ہ غم۔ امذ۔ ریلا، جھالا۔ نیز سیالک [ازع: سَیل]۔

سَیّاں فت س، شد ی۔ امذ۔ شوہر، محبوب (سائیں (رک) کی تصغیر یا پیار کا کلمہ)۔

سیانا کس س۔ صف۔ سمجھ دار، ہوشیار، بالغ؛ چوکس، چالاک۔ اکیف مذ۔ سیان پَن [ازس: گیان] مث سیانی۔

سیاوُش کس س، ضمہ و۔ رک: پَرسیاوُش نیز پَرسیاؤ شاں۔

سیاہ کس س، سک ہ ملفوظ۔ صف۔ کالے رنگ کا، گہرے رنگ کا، ماتمی رنگ کا، بد، منحُوس؛ گناہ آلود مرکب وصفی سیاہ باطن بد فطرت کمینہ؛ سیاہ بَخت بد نصیب؛ سیاہ تالُو کلجبّھا؛ سیاہ چشم بد نظر، حریف، مخالف۔ امذ۔ سیاہ خانَہ غمکدہ؛ سیاہ کار گنہکار، بد اعمال؛ سیاہ گوش جنگلی بِلّا، صف سیاہ مَسْت نشے میں چُور، آپے سے باہر۔ سیاہ وَ سُفید کُل اختیارات، کُل معاملات، تمام کائنات۔

سیاہَہ کس س، فت ہ۔ امذ۔ اعمالنامہ، کچّا چٹھا؛ روکڑ، بَہی کھاتا؛ فوجیوں کی چہرہ نویسی کا دفتر یا رجسٹر [ژند: شیاوَہ، س: شیام]۔

سیاہی کس س۔ امث کالک، کالا رنگ؛ تاریکی؛ نحوست؛ روشنائی، مُرکّب جس میں قلم ڈبو کر لکھتے ہیں۔ سیاہی چُوس (ومع) جاذب کاغذ۔

سیب ے مج۔ امذ۔ گول میٹھا یا چاشنی دار پھل، رنگ سبزی مائل یا زردی مائل یا سرخ جس کی کئی قسمیں ہیں۔ بیج سپستاں سے مشابہ، عوام سیو (لاط: Pyrusmelus)۔

سِیپ ی مع۔ امث۔ بعض سمندری حشروں (صدفوں) کے اندر سے چمکیلے مختلف وضع کے خانوں یا گھروں کا عمومی نام، جو چونے یا کیلسیم کے مادّے سے بنے ہوئے عموماً جڑواں یا توام پر توں پر مشتمل ہوتے ہیں اوربعض میں سے موتی نکلتے ہیں۔ صَدَف۔ نیز سِیپی۔ (بول چال) سیپ کا سَر گُوندھنا کنواری لڑکیوں کی کنگھی چوٹی، مانگ نکالے بغیر تاکہ مانگ چوڑی نہ ہو جائے۔

سِیتا ی مع۔ علم۔ ہندوؤں کے اوتار رام چندر جی کی پتنی، پاکدامنی کا استعارہ۔ سیتا پَھل شریفہ، ایک سبز پوست، اور سفید گودے والا پھل جس کے بیج چکنے سیاہ ہوتے ہیں۔

سِیتْلا ی مع، سک ت۔ امث چیچک۔

سِیتَل پاٹی ی مع، فت ت۔ امث۔ نرم تنکوں کی بنی ہوئی چٹائی جو گرمی میں ٹھنڈی رہتی ہے [س: شِیتَل = ٹھنڈا]۔

سِیتَل چِینی ی مع، فت ت، ی مع۔ امث۔ ایک پودا جس کے سرخی مائل بیجوں سے کافور کی سی خوشبو نکلتی ہے، نیز کَبابَ چِینی (لاط: Myrtis Pimenta)۔

سِیٹی ی مع۔ امث۔ پتلے سوراخ میں ہوا کی تیز رگڑ سے نکلنے والی اونچی پتلی آواز؛ منہ سے لگا کر پُھونک کی رگڑ سے بجنے والی شے جو عموماً کسی اشارے کے لیے بجائی جاتی ہے۔ صفیر۔ نیز آلۂ صفیر۔

سیٹھ ے مج۔ امذ۔ بڑا تاجر، ساہوکار، دولتمند آدمی مث سیٹھانی سیٹھ کی بیوی۔

سیٹھا ی مع۔ صف۔ پھیکا، بے مزہ، بے رس۔

سِیٹْھنیاں ی مع، سک ٹھ، کس ن۔ ج مث۔ کُھلی یا ڈھکی چُھپی گالیاں جو عموماً ڈومنیاں ڈھول بجا کر دولھا یا دلہن کے رشتہ داروں کو سُناتی ہیں اور خاطر خواہ بیل ملنے پر چُپ ہوتی ہیں۔ نیز رک: سُہالیاں۔

سیج ے مج۔ امث۔ آرام دہ، پرتکلف بستر۔ مرکب **سیج گاڑی** بستر لگی، گدّے دار پالکی یا سواری۔

سِینچنا ے مج، سک چ۔ ف م۔ کھیت پودوں وغیرہ کو پانی دینا۔

سِیخ ی مع۔ امث۔ لوہے کی نوکدار سلاخ، ج مذ **سِیخ کے کَباب** سیخ پر قیمہ چڑھا کر بھونے ہوئے کباب۔ صف **سِیخ پا** پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا، بِد کا، بے قابُو گھوڑا، نیز کنایتہً بپھرا ہوا شخص۔ تص: **سِیخچہ**۔ چھوٹی، سیخ۔

سَیِّد فت س، شد کس ی۔ امذ۔ سردار، پیشوا، حضرت علی و حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے کوئی فرد۔ مث **سَیدانی، سَیّدَہ**۔ ج **سادَہ، آسْیاد**۔ ج ج: **سادات** [ع: سائد کا صیغہٗ تفصیل] عام: **سَیّد**۔

سیدی ی مع۔ امذ۔ حبشیوں کا لقب، نیز **شیدی**۔

سِیدھ ی مع، سک دھ۔ امث۔ سامنے کی سمت؛ خط مستقیم؛ کسی شے کی جانب سیدھا رُخ جو کم سے کم فاصلے کو ظاہر کرے؛ شست، نشانہ؛ ہمواری م: دیوار کی سیدھ ٹھیک نہیں۔

سِیدھا ی مع۔ صف۔ جس میں پھیر یا ٹیڑھ نہ ہو، راست، مستقیم، بلا پیچ و خم؛ بلاواسطہ و وسیلہ؛ کھڑا، عمودی؛ صحیح رُخ پر درست؛ آسان؛ داہنا، دایاں؛ بھولا بھالا، شریف۔ مرکب عطفی **سِیدھا سادا** معمولی، بے تکلف، بےتصنع، بے آرائش۔ مث **سیدھی**۔ مثل **سیدھی اُنگلیوں گھی نہیں نکلتا** نرمی برتنے سے کام نہیں چلتا۔ ج مث **سِیدھیاں** صلواتیں، گالیاں محاورہ **سِیدھیاں سُنانا** صاف صاف، منہ پر ملامت کرنا۔

سَیر ے لین۔ امث۔ حرکت، خرام، گردش، سفر؛ چہل قدمی، ہوا خوری؛ سِیاحت؛ تفریح، تماشا؛ کتاب کا مطالعہ۔ امث **سَیربِین** (ی مع) کانچ کے ٹکڑوں سے بھرا کھلونا جسے آنکھ سے لگا کر دیکھیں تو اَدلتی بدلتی وضع کے پھول نظر آتے ہیں۔ امذ۔ **سَیر سَپاٹا** گھومنا پھرنا، تماش بینی۔

سِیر (۱) ی مع۔ امث۔ وہ زمین جو زمیندار خود کاشت کرے۔

سِیر (۲) لہسن۔

سیر (۱) ے مج۔ امذ۔رجا ہوا، آسودہ، جس کی نیت بھر چکی ہو۔ اکیف مث **سیری**۔

سیر (۲) ے مج۔ امذ۔ ۱۶ چھٹانک کا باٹ یا وزن۔

سِیَر کس س، فت ی۔ ج مث **سِیرت** (رک) کی جمع۔

سیراب ے مج۔ صف۔ وہ زمین جہاں کافی پانی موجود ہو، پانی سے پُر، شاداب؛ وہ شخص جس کی پیاس بجھ چکی ہو۔ کنایتہً مطمئن، آسودہ۔

سِیرَت ی مع، فت ر۔ امث۔ شخصی کردار، طبیعت، مزاج؛ اثر، خاصیت؛ ترجمہ، سوانح۔

سیر چَشْم ے مج، فت چ، سک ش۔ صف حرص و ہوس سے خالی، آسودہ، قانع، مگن۔ اکیف مث **سیر چَشْمی**۔

سیر حاصِل ے مج، کس ص۔ صف۔ وہ کھیتی جس سے کافی فصل حاصل ہو؛ نفع بخش، زرخیز؛ کافی و شافی، بھرپور۔

سیرْوا ے مج، سک ر۔ امذ۔ پلنگ کے سرہانے یا پائنتی کی پٹی۔

سِیڑھی ی مع۔ اِمث۔ زینہ، نردبان؛ زینے کا ایک قدمچہ؛ یا پرکالہ؛ درجہ اوپر چڑھنے کا وسیلہ۔

سِیزْدَہ ی مع، سک ز، فت مج د، سک ہ۔ عدد۔ دس اور تین، تیرہ۔ صف **سِیزْدَہُم** تیرھواں۔

سِیس ی مع۔ امذ۔ سر، مُنڈیا، گردن سے اوپر کا حصّہ جسم ف م۔ **سِیس نِوانا** (کس ن) سر جھکانا۔

سیسا ی مع۔ امذ۔ ایک بھاری، آسانی سے ڈھلنے اور پگھلنے والی سفیدی مائل خاکستری دھات، رصاص۔
سیسَر ے مج، فت س، سک ر۔ امذ۔ کمان کی چُٹکی جس میں تیر جما کر کمان کھینچتے ہیں، سُوفار۔
سَیف ے لین۔ امثد تلوار، شمشیر، ج **سُیُوف**۔
سَیفَہ ے لین، فت ف۔ امذ۔ مطبع وغیرہ میں بُرشائی کرنے، کاغذ کے گڈّے تراشنے کا آلہ یا مشین۔
سَیفی ے لین۔ امثد منتر، وظیفہ جو کسی کو آزار پہنچانے کے لیے پڑھا جائے۔ **اُلٹی سَیفی** وہ سفلی عمل جو پڑھوانے والے کی طرف لوٹ جائے۔
سَیکڑا ے لین، سک ک۔ عدد۔ سو کا عدد (۱۰۰)، م ف: **فی صد** ، م: ۴ روپے سیکڑا۔
سیکھ ی مع۔ امث۔ نصیحت، صلاح خیر؛ تربیت، صف **سِیکھَتڑ** نیا سیکھنے والا، کچّا شاگرد۔
سِیکھنا ی مع، سک کھ۔ ف ل۔ جاننا، معلوم کرنا، ہنر یا علم حاصل کرنا، تربیت پانا۔
سَیل ے لین۔ امذ۔ پانی کا ریلا، رَو، بہاؤ، روانی۔
سِیل ی مع۔ امثد نمی، رطوبت، نیز **سِیلَن** صف **سِیلا** گیلا، مث **سِیلی**۔ گیلی۔ ف ل **سِیلنا** نم ہونا، گیلا ہونا۔
سیلا ے مج۔ امذ۔ چھوٹے عرض کی ریشمی چادر یا بڑا رومال جو کمر میں باندھا یا سر پر لپیٹا جائے۔
سَیلاب ے لین۔ امذ۔ پانی کا بڑا ریلا جو ندی یا دریا سے اُبل پڑے؛ طغیانی، دریا کا چڑھاؤ۔
سَیلان ے لین۔ امذ۔ بہنا، رسنا، جاری ہونا؛ گھومنا پھرنا۔ مرکب **سَیلان الرَّحِم** (سَے لا نُر رَحِم) عورتوں کے رحم سے سفید رطوبت خارج ہونے کا مرض۔
سَیلانی ے لین۔ صف، امذ۔ سیر و تفریح کرنے والا، تماش بین۔ مرکب وصفی **سَیلانی جیُوڑا** (ی مع، سک و) آوارہ گرد، بے فکری سے گھومنے پھرنے، سیر سپاٹا کرنے والا۔
سیل کَھڑی ے مج، فت کھ۔ امث۔ ایک نرم سفید پتھر کی سی معدنی شے۔ سنگ جراحت، کھر یا مٹّی [س: شِیل کَھنک: پہاڑی مٹّی] (قب انگ: Soap Stone, Steatites)۔
سیلی (۱) ے مج۔ امث۔ چپت؛ اصلاً گردن پر ہاتھ کی ضرب، نیز **سَیلی** (ی لین)۔
سیلی (۲) ے مج۔ امث۔ کالی ڈوری، بٹے ہوئے بالوں یا دھاگوں کی مالا جو ہندو سادھو، جوگی گلے میں پہنتے یا بعض کلائی پر باندھتے ہیں؛ مردانہ سینے کے بالوں کی پتلی سیدھی لکیر جو ناف تک جاتی ہے، اسے **روماوَلی** بھی کہتے ہیں۔
سِیم ی مع۔ امذ۔ چاندی، فضہ، نُقرہ جو ایک قیمتی سفید چمکیلی دھات ہے، مرکب صف۔ **سیم اَندام/ سیم بَر سیم تَن**۔ گورے خوبصورت بدن کے لیے استعارۃً مستعمل۔ صف **سِیمیں** نقرئی۔
سیم (۱) ے مج۔ امذ۔ ایک بیل جس کی پھلیوں کے بیج پکا کر کھائے جاتے ہیں، باقلائے ہندی۔ (لاط: Phosphocarpus Tetragonolobus) اس کی ایک قسم **گُھڑ** سیم کہلاتی ہے۔ **سیم پاپڑا** سیم کی پھلی۔
سیم (۲) ے مج۔ امثد برص کا مرض؛ زمین کا شور جو زیر زمین پانی کی سطح بلند ہونے سے سطح پر ابھر آتا اور زمین کو بنجر بنا دیتا ہے۔
سیما (۱) ی مع۔ امثد پیشانی، ماتھا۔ مرکب وصفی **ماہ سیما** (استعارہ) روشن، پیشانی والا۔
سیما (۲) امث۔ سرحد، آخری حد، انتہا۔
سیماب ی مع۔ امذ۔ پارا جو ایک سیال دھات ہے جس کے قطرات خفیف جنبش سے لرز جاتے ہیں، اس لیے بیقراری کو سیمابیت سے تعبیر کرتے ہیں۔
سِیمُرغ ی مع، ضمہ م، سک ر۔ امذ۔ ایک افسانوی

پرندہ جس کا جسم تیس عقابوں کے برابر بتایا گیا ہے۔ [ف: سی = ۳۰ + مرغ]۔

سیمَل ے مج، فت م۔ امذ۔ ایک گھنا قد آور درخت جس میں گولر کی طرح کا پھل لگتا ہے، جس میں سے سفید نرم روئی کے پھوئے سے نکلتے ہیں، جنھیں بڑھیا کہتے ہیں اور تکیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نیز **سنبَھل** (لاط: Bombax Heptaphyllum)۔

سیمیا ی مع، کس م۔ امث۔ افسوں، جادو، سحر، ڈٹھ بندی۔

سیمیں یٔ مع۔ غنہ۔ صف رک: **سیم**۔

سِینا ی مع۔ ف م۔ ٹانکے لگانا، سوئی دھاگے وغیرہ سے جوڑنا، دوخت و دوز۔ مرعطفی **سینا پروَنا** گھر میں چھوٹا موٹا سوئی دھاگے کا کام جو سلیقہ مند لڑکیاں یا خواتین انجام دیتی ہیں۔ سلائی کڑھائی [س: مادّہ سیو]۔

سینا (۱) ے مج۔ ف م۔ مرغیوں یا پرندوں کاانڈوں پر بیٹھنا۔

سینا (۲) ے مج۔ امث۔ فوج، لشکر۔ مروصفی **سینا پَتی** سالار نیز **سینانی**۔

سَینْتالیس ے لین مغ، ی مع۔ عدد۔ چالیس اور سات (۴۷) صف **سینْتالیسواں/ ویں**۔

سَینْتنا ے لین، غنہ، سک تـ ف م۔ حفاظت سے رکھنا، سنبھال کر رکھنا۔

سَینْتیس ے لین مغ، ی مع۔ عدد۔ تیس اور سات (۳۷) صف **سَینْتیس واں/ ویں**۔

سَینْٹا ے لین مغ۔ امذ۔ موٹا سرکنڈا۔

سینْچنا ے مج، غنہ، سک چ۔ رک: **سیچنا** نیز **سینْچنا، سینْدنا**۔

سینْدُور ے مج مغ، ومع۔ امذ۔ سیسے سے تیار کیا ہوا سرخ سفوف جو سہاگن عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں اور ہندو ماتھے پر اس کا قشقہ لگاتے ہیں۔

سینْدُوریا (کس ر) سرخ، شنگرفی رنگ کا۔

سینْدھ ے مج، غنہ، سک دھ۔ امث۔ نقب، دیوار میں چوری کی غرض سے سوراخ کرنا۔ صف **سینْدھیا** نقب زن، ڈاکو۔

سینْدھا ے مج مغ۔ امذ۔ نمک، لاہوری نمک۔

سینْدھی ے مج مغ۔ امث۔ جنگلی کھجور کے درخت کا رس جس میں نشہ آور خمیر اٹھ آتا ہے۔

سِینْک ی مع، ، غنہ۔ امث۔ تیلی، خصوصاً لمبی پتلی تیلی، جھاڑو کی تیلی۔

سینْک ی مج، غنہ۔ امث۔گرمی، حرارت، تپش، تاؤ۔ ف م۔ **سینکنا** گرمی پہنچانا، تاپنا؛ ٹکور کرنا۔

سِینگ ی مع، غنہ۔ امذ۔ َنکیلی ہڈی کی طرح کا اُبھار جو کُھر والے جانوروں کے سر پر عموماً دونوں طرف ہوتا ہے، شاخ، قرن۔ تص: **سِینْگڑا** چھوٹا سینگ؛ بارود رکھنے کا ایک سینگ کا بنا ہوا خانہ؛ ناقوس۔ فقرہ **جِدھر/ جَہاں سِینگ سَمائے** جہاں ٹھکانا ملے، م: جدھر سینگ سمائے پڑ رہیں گے، چل دیں گے۔

سِینْگنا ی مع، غنہ، سک گ۔ ف م۔ چوری کے مال کو شناخت کرنا، پہچاننا۔

سِینگی (۱) ی مع مغ۔ امث۔ ایک قسم کی مچھلی (لاط: Silurus Pungentissimus)۔

سِینگی (۲) ی مع مغ۔ امث۔ سُوراخ دار سینگ جس کا منہ کسی حصۂ جسم پر رکھ کر سوراخ کی طرف سے سانس کھینچتے اور خون نکالتے ہیں جو ایک طریق علاج ہے اور عموماً بنجارے لوگ کرتے ہیں۔ **سِینگیاں لَگانا/ لگوانا** پچھنے لگانا/ لگوانا۔

سِینَہ ی مع، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ چھاتی جس کے اندر پھیپھڑا ہوتا ہے، صدر؛ پستان۔ م ف: **سِینَہ بَسِینَہ** ایک فرد سے دوسرے تک خاموشی کے ساتھ امذ۔

سِینہ بَنْد انگیا، شاماک۔ صف سِینَہ چاک جس کا گریباں پھٹا ہو، مراد وحشت زدہ، دیوانہ۔ سِینَہ زَوْر سرکش، منہ زور، سِینَہ سِپَر نڈر بہادر سینے پرڈھال کی طرح وار کھانے والا۔

سِینی ی مع۔ امث۔ عموماً تانبے کی گول اُتھلی، باڑھ دار کشتی جس پر گھروں میں کھانے پینے کا سامان جاتا ہے۔

سیوا ے مج۔ امث۔ خدمت، چاکری، کسی کے کام آنا یا کسی کے کام انجام دینا، ٹہل کرنا صف سیوَک خادم خدمتگار۔

سیوْتی ے مج، سک و۔ امث۔ دیسی سفید گلاب (لاط: Rosa Alba /Centifolia)۔

سیوْرا ے مج، سک و۔ امذ۔ کچّی مٹّی کا برتن۔

سیوَن ی مع، فت و۔ امث۔ سلائی کا نشان، سلائی کا جوڑ۔

سیوْنی ی مع، سک و۔ امث۔ سر ذکر کی کھال جو ختنہ میں نکال دی جاتی ہے؛ فرج کا بیرونی لب، پَتنا۔

سِیَہ کس س، فت ی، ہ ملفوظ۔ صف سِیاہ (رک) کی تخفیف، م: سِیَہ رَوزی بدبختی سِیَہ کاری بدکاری۔

سِیہہ ی مع، سک ہ۔ امث۔ خارپشت، قُنفُذ، مُوش کی قسم سے چار پروں والا جانور جس کے جسم پر لمبے تیز چکنے خار ہوتے ہیں۔ امذ۔ سیہہ کا کانٹا مراد فسادی آدمی (وہم ہے کہ جس گھر میں سیہہ کا کانٹا ہو وہاں ہمیشہ فساد رہتا ہے۔) نیز سیہی۔

سَیّئہ فت س، شد کس مج ی، فت ء، ہ غم۔ امذ۔ بدی، برائی، گناہ۔ سَیِّئات۔

ش

ش، ش، شِین، شِین معجمہ، شین قَرشت، امذ۔ اردو ترتیب تہجّی کا تیسواں حرف، صفیری مصمتہ، حروف شمسی میں شامل، جمل میں ۳۰۰ عدد کا حامل سب زبانوں میں مشترک۔

شابّ امذ۔ جوان آدمی، آدھیڑ سے کم۔ ج شُبّان (ضمہ ش، شد ب) نیز شَباب، شُبّان (ضمہ ش، شد ب) مث شابّہ (شد ب) ج، شَبائِب امذ، صف۔ نَوشاب جوان، برنا، نوجوان آدمی، مث نَوشابہ۔

شاباش امث، کلمۂ تحسین، واہ واہ، کیا کہنا، خوش رہو [ف: شادباش کا مخفف] نیز امث۔ شاباشی شاباش کہنا، تحسین، دل افزائی۔ ف مر شاباش/شاباشی دینا۔ مخفف شابَش! شابَشی (اردو کا تصرف)۔

شاپ امذ۔ بددعا، کوسنا، نیز سَراپ [س: شاپ]۔ شاپو ومج، امث۔ جنگلی، بھیڑ۔

شاتِم کس ت۔ امذ۔ ملامت کرنے والا، گالیاں دینے والا [ع: شَتْم مذمت، ملامت]۔

شاخ امث۔ ٹہنی، ڈال؛ قلم؛ سِینگ؛ کسی چیز کا لمبوترا ٹکڑا م: مصری کی شاخ؛ ذیلی صیغہ، تحتی شعبہ، کسی جسم کا عضو، کُل کا ایک جزو؛ اصل سے وابستہ یا پھوٹنے والا دھارا؛ بات سے نکلنے والی بات، قضیہ یا قصّہ۔ شاخِ آہو (لفظاً) ہرن کا سینگ (کنایتہً) کمان جس سے تیر چھوڑتے ہیں (محاورۃً) ہاتھ نہ آنے والی شے۔ تص: شاخْچَہ چھوٹی ٹہنی، قلم شاخْسار ٹہنیوں یا درختوں کا جھنڈ۔ شاخ نَبات مصری کا کُوزہ، گنّا۔

شاخْسانَہ سک خ، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ پریشان کُن

بات، اچانک نمودار ہو جانے والی ناخوشگوار صورت حال [اصلاً ف: شاخشانہ = سینگ اور شانہ جس کو بعض فقیر لوگوں کے دروازوں پر بجا کر پریشان کُن آوازیں نکالتے تھے]۔ محاورہ **شاخسانہ کھڑا کرنا** مشکل میں ڈالنا۔

شاخِل کس خ۔ امث۔ اَرہر کی دال۔

شاد صف۔ خوش و خرم، مگن، مسرور۔ نیز **شاداں، شادماں، دلشاد**۔

شاداب صف۔ ہرا بھرا؛ جہاں پانی وافر ہو، سیراب۔

شادْ کام سک د۔ صف۔ بامراد، کامیاب کا مکار [ف: کام = مراد]۔

شادی امث۔ خوشی، شادمانی؛ جشن؛ بیاہ۔

شادِیانہ کس د، فت ی، ہ غم۔ امذ۔ خوشی کا گیت، شادی پر گایا جانے والا گیت۔

شادی مَرْگ فت م، سک ر۔ امث، صف۔ کمزور دل کے آدمی کا خوشی کی خبر سُن کر دہاکے سے مر جانا؛ اس طرح مر جانے والا شخص۔

شاذ صف۔ کمتر یا بڑے وقفوں سے واقع ہونے والا، غیر معمولی، نادرالوقوع۔ [ع: شاذّ] نیز مرعطفی **شاذ وَ نادِر**۔

شارِب کس ر۔ صف۔ پینے والا رک: **شُرب**، امث: مُونچھ، بُروت، سَبَلت۔

شارِح کسمج ر۔ صف۔ شرح کرنے والا، توضیح، تفصیل، تفسیر کرنے یا لکھنے والا۔

شارْدا سک ر۔ امث۔ علَم۔ (ہندو دیو مالا) علم کی دیوی سرسوتی کا نام۔

شارِع کسمج ر۔ امذ، صف۔ راستہ، سڑک، گُزر؛ شریعَت لانے یا مدون کرنے والا۔ **شارِعِ عام** (کسمج رع) وہ راستہ جہاں سب چل سکیں۔

شارِق کس ر۔ صف۔ طلوع ہونے والا، روشن، چمکدار۔

شاسْتَر سک س، فت ت۔ امذ۔ضابطہ، کسی علم یا فن کے اُصول پر مبنی کتاب؛ خصوصاً مذہبی قوانین کا مجموعہ؛ مدّون احکام، اصول۔ صف: **شاسْتْری** ہندو پنڈت، عالم دین۔ [س: شاسْتَر سک س ت ر]۔

شاسَن فت س۔ امذ۔ حکومت، نظم و نَسَق؛ فرمان، احکام؛ سزا، تعزیر۔

شاش امذ۔ پیشاب مرکب **شاش دان** مثانہ۔

شاطِر کس ط۔ صف، امذ۔ چالاک، تیز طَرّار؛ شطرنج کا کھلاڑی۔ [ع: گھر سے الگ رہنے والا]۔ م ف **شاطِرانہ** اکیف مث **شاطِری** عیّاری، کائیاں پن، چالبازی۔

شاعِر کس ع۔ امذ۔ شعر کہنے والا، نظم نگار، مث **شاعِری** شعر کہنے کا فن، نازک خیالی، مبالغہ آرائی۔ [ع: وہبی شُعور رکھنے والا] مث **شاعِرَہ**، ج **شُعَراء**۔

شاغِل کس غ، صف۔ مشغول، مصروف رہنے (یا رکھنے) والا، ذکر الٰہی کرنے والا۔ [ع: جو مشغول متوجّہ رکھے]۔

شافِع کسمج ف۔ صف۔ شفاعت، سفارش، پیروی کرنے والا، بخشش کرانے معافی دلانے والا؛ شُفعہ کا حق رکھنے والا، نیز **شَفِیع** مرکب **شافِعِ مَحشَر** رسول خداؐ کا لقب۔

شافِعی کسمج ف۔ صف۔ امام شافعی (محمد ابو عبداللہ بن ادریس) کی شریعت کا مقلّد۔ اہل سُنّت والجماعت کے چار فقہی مکتبوں میں سے ایک کا پیرو ج **شَوافِع**۔

شافَہ فت ف، ہ غم۔ امذ۔ دوا میں تر کی ہوئی بتّی جو زخم میں یا مبرَز میں اجابت لانے کے لیے رکھی جائے۔

شافی صف۔ شفا بخش، صحت دینے والا، مطمئن کر

دینے والا۔ **شافِیِ مُطلَق** (کس ف، کسمج ی، ضمہ م، سک ط، فت ل) شفا بخشی کی لامحدود اہلیت رکھنے والا، مراد اللہ تعالٰی۔

شاقّ صف۔ دشوار، زحمت طلب، تکلیف دہ، ناگوار امث شاقّہ م: **مِحْنَتِ شاقّہ**۔

شاقُول و مع۔ امذ۔ تعمیرات میں سیدھ ناپنے کی ڈوری جس کے سرے پر نوکدار لوہے کا لٹّو بندھا ہوتا ہے۔ [ت] نیز **ساہُول**۔

شاکِر کس ک۔ صف۔ شکر گزار، احسان ماننے والا۔

شاکی صف۔ گلہ کرنے والا، شکایت رکھنے والا۔

شاکیَہ کس ک، فت ی، ہ غم۔ علم۔ مہاتما بدھ کے خاندان کا نام۔ **شاکیَہ مُنی** (ضمہ م) مہاتما بدھ کا لقب۔

شاگِرْد کس گ، سک ر۔ امذ۔ سیکھنے والا، کسی استاد سے سبق لینے والا، تلمیذ، طالب علم؛ چیلا؛ ملازم۔ ج مذ۔ **شاگرد پیشہ** خدمتگار؛ عملۂ محل؛ مکان میں ملازمین کے رہنے کا علاقہ۔ اکیف مث **شاگِرْدی**۔ شاگرد ہونے کی صورت میں، شاگرد کا مقام؛ ڈیوڑھی کے باہر دروازے کے دونوں جانب بنی ہوئی چوکیوں کی سامنے کی سِل۔

شال امث۔ نرم، نفیس، اونی چادرہ [ف، س] امذ۔ **شال باف** شال بُننے والا۔

شالا امذ۔ عمارت، ایوان عموماً مرکبات میں م: **پاٹھ شالا** مکتب؛ **دَھرَم شالا** خیراتی قیام گاہ، سرائے۔ نیز **شالہ** [س: گھر مکان، پیڑ کا گدّا] **شالا مار** امث۔ کشمیر اور لاہور میں مغل بادشاہوں کے بنائے ہوئے باغوں کا نام؛ خانہ باغ۔ نیز **شالیمار**۔

شالی امذ۔ دھان، چاول۔

شام (۱) امث دن چھپے کا وقت، آغاز شب، اول رات؛ کنایتہً خاتمہ، انجام م: **شامِ زندگی** [ف، قب س: شیاما = رات، اندھیرا] **شامِ اَوَدَھ** سہانی، بارونق شام روایتہً ملک اودھ سے منسوب۔ **شامِ غَرِیباں** غریب الوطنی لوگوں کی شام؛ یوم عاشورہ کے بعد اگلی شام کو سوگ کی محفل جو شیعہ امام باڑوں میں برپا کی جاتی ہے۔

شام (۲) صف، امذ۔ سیاہ، سانولا؛ شری کرشن کا لقب جو سانولے تھے۔ [س: شیام = سیاہ]۔

شام (۳) امث۔ دھات کا خول جو موصلی کے دستے یا بیت کی نوک پر چڑھا ہو۔

شاما امث۔ ایک خوش آواز، کالی چڑیا (لاط: Turdus Macrourus)۔

شاماک امث۔ زنانہ سینہ بند، انگیا؛ ایک قسم کا لمبا بنیان یا زیر جامہ۔

شامْبَری سک م، فت ب۔ امث۔ جادوگری [ہندی دیو مالا: راکشس یا دَیتیَہ شامبر سے مَنسُوب]۔

شامَت فت م۔ امث۔ کمبختی، ناگہانی آفت، دُرگت، مصیبت، عموماً اپنے سر آپ مصیبت لانے کے موقع پر مستعمل۔ مرکب **شامَتِ اَعْمال** اپنے ہاتھوں لائی ہوئی مصیبت۔ صف **شامَت زَدَہ** مصیبت میں گھرا ہوا۔ نیز **شامَت کا مارا** [ع: شامہ = بُراشگون]۔

شامِل کس م۔ صف۔ کُل میں موجود، کل کا جزو، شریک [ع: کُل پر حاوی]۔ **شامِلِ حال** لاحق، حاصل، میّسر۔ امث ج **شامِلات** وہ زمین جو کسی فرد کی ملکیت نہ ہو بلکہ اس پر پورے گاؤں کا حق ہو۔

شامّہ شد فت م، ہ غم۔ امذ۔ سونگھنے کی حِس نیز امث **قُوّتِ شامّہ**۔

شامی امذ، صف۔ ملک شام (سُوریہ) سے منسُوب۔

شامی کباب پسے ہوئے قیمے میں ابلی پسی ہوئی دال ملا کر تلے ہوئے پھولے چپٹے گول کباب۔

شامِیانَہ کس م، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ تنا ہوا تنبو یا موٹے کپڑے کی عارضی چھت یا چھتری۔

شان امث۔ انداز، روش، کیفیت؛ دھوم دھام، شکوہ، شوکت، حَشَم۔ **شان نُزُول** (ضمہ ن، ومع) نازل، وارد ہونے کا موقع، تقریب یا سبب (خصوصاً آیات قرآنی کے لیے مستعمل) ج: **شُؤُن** (ضمہ ش، و مع) جلوے، رُخ، اہم پہلو۔ [ع: شأن : کام، مشغولیت؛ اہمیت، مرتبہ، دبدبہ وغیرہ]۔

شاں غد۔ ضمیر ج غائبہ وہ، ان کا۔ **ایشاں** کا مخفف۔

شانْت سک ن۔ صف۔ پُرسکون، مطمئن؛ پُرامن، ساکت، خاموش۔ اکیف مث **شانْتی** امن، سکون۔ امذ۔ **شانْت ساگر** بحرالکاہل۔

شانْزْدہ سک ن ز، فت مج د، ہ ساکن ملفوظ۔ عدد۔ سولہ، صف **شانز دَہُم** سولھواں۔

شانَہ فت ن، ہ غم۔ امذ۔ کنگھی، کنگھا؛ کندھا، مونڈھا؛ **شانَہ کَش** (فت ک) بال سنوارنے والا [ف: شانیدن کنگھی کرنا]۔

شاوَنیت کسمح و، کس ن، فت ی۔ امث۔ اپنی قوم یا گروہ کی بےجا اور جارحانہ پاسداری۔ (انگ از فرانسیسی؛ نپولین بونا پارٹ کے ایک کٹّر فوجی کے نام پر موضوع)۔

شاہ امذ۔ حکمراں، فرماں روا، تاجدار، تخت نشین، سلطان، راجہ، مَلِک؛ بادشاہ، شطرنج کا سب سے بڑا مہرہ؛ بعض فقیروں کا لقب، صف: ممتاز، بڑا، نمایاں م: **شاہْراہ** بڑی سڑک۔ مروصفی، امذ۔ **شاہِ خاوَر** لفظاً مشرق کا بادشاہ مراد سورج نیز **شاہْ مینا**؛ **شاہِ مَرداں** (فت م، سک ر) حضرت علیؑ کا لقب؛ صف **شاہانَہ** بادشاہوں کے لائق، بادشاہوں کو زیب دینے والا، نیز **شاہْوار**؛ امث **شاہی** حکمرانی، صف: شاہ سے مَنسُوب۔ تخفیف **شَہ** (رک)۔

شاہْباز کس ہ۔ امذ۔ بڑا شکرا، شاہین، نیز **شَہباز** امث **شاہْبازی** شہباز کی خاصیت، شکار کھیلنا۔

شاہ بَلُوط فت ب، ومع۔ امذ۔ **بَلُوط** (رک) کی ایک قسم۔

شاہْ پَسَند فت پ س، سک ن۔ صف۔ بعض کھانوں کے ساتھ توصیفی کلمہ م: **شاہ پَسَنددال** ماش کی بگھاری دال۔

شاہْتَرَہ سک ہ، فت ت ر۔ امذ۔ ایک نبات جو گیہوں، جو کے کھیت میں اگ آتی ہے، کلیانہ، پتّے دَھنیے سے مشابہ، مزا تلخ، دواءً مستعمل (لاط: Justicia Proecumbens)۔

شاہْ ٹِیک سک ہ، ے مج۔ امذ۔ بڑا شہتیر۔

شاہْ خَرْچ سک ہ، فت خ، سک ر۔ صف۔ خرّاچ، فضول خرچ، ٹھاٹ باٹ سے رہنے والا اکیف مث **شاہْ خَرچی**۔

شاہِد کس ہ۔ امذ۔ گواہ، دیکھنے، مشاہدہ کرنے والا؛ محبوب، دلربا۔ مروصفی **شاہِد باز** عاشق مزاج **شاہِدِ عادِل** سچا گواہ، جچی تلی بات بیان کرنے والا۔ صف مث **شاہِدَہ**۔ امث **شاہِدی** گواہی۔

شاہْکار سک ہ۔ امذ۔ کسی صاحب فن یا صاحب تصنیف کا نمایاں کارنامہ، اہم تخلیق نیز **شَہْکار**، **شَہْپارَہ** (فت مج ش، فت ر، سک ہ)۔

شاہْ گام امذ۔ باوقار انداز سے چلنے والا گھوڑا، جیسے کہ شاہانہ سواری میں نیز **شاہْگامَہ**، **شَہْگام**، نیز گھوڑے کی باوقار چال۔

شاہَنْشاہ کس ہ، سک ن، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ شاہوں کا شاہ، سلطان الملوک، سمراٹھ جس کے دوسرے راجہ باج گزار یا مطیع ہوں۔ نیز **شَہَنْشاہ** (فت مج ش ہ، سک ن)۔

شاہین ی مع۔ امذ۔ بڑا سفید باز یا شکرا، سفید، شہباز [ژند: شائنہ، س شیین]۔

شائِبَہ کسمح ء، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ ملاوٹ، آمیزش؛

گمان، شک، احتمال [ع: آلودگی، دھبّا، شک]۔
شائستہ کس ء، سک س، فت ت، ہ غم۔ صف۔ لئیق، مہذّب، باتمیز، نفیس اطوار کا یا کی حامل۔ نیز اصلاً: **شایستہ**۔
شائع کسمج ء۔ صف۔ پھیلایا، عام کیا ہوا، چھاپ کر تقسیم کیا ہوا، نشر کردہ۔
شائق کس ء۔ صف۔ شوق رکھنے والا، مشتاق، شوقین، دلدادہ [ع: شوق دلانے والا؛ محبوب]۔
شائگاں کسمج ء، غنہ۔ صف شاہوں کے لائق؛ فراواں، بھرپور، معمور؛ مروصفی **گنجِ شائگاں** مالا مال خزانہ؛ (۲) (عروض) ایسا قافیہ جس میں ایطا واقع ہو۔
شایاں (غنہ) صف۔ لائق، سزاوار، مناسب، مراصا **شایانِ شان** مرتبے، حیثیت یا مقام کے لائق، زیبا، جچتا ہوا۔
شاید فت ی۔ م ف۔ ظن، شک، ظاہر کرنے کا کلمہ؛ ممکن ہے، غالباً مرعطفی **شاید و باید** جیسا کہ مناسب ہے اور ہونا چاہیے۔
شب فت ش۔ امث۔ رات، اندھیرے کا وقت۔ **شبِ اَسرا/ اَسریٰ** معراج نبوی ؐ کی رات (رک: اَسرا)۔ **شب بخیر** (فت ب، ے لین) رات کے وقت کا رخصتی سلام، رات خیریت سے گزرے۔ مروصفی **شبِ برات** ماہِ شعبان نیز اس کی چودھویں تاریخ، جسے مسلمان تہوار کے طور پر مناتے ہیں (رک: برات)۔ **شب تاب** رات کو روشن کرنے والا (ہیرے کی صفت کے طور پر)؛ امذ **شبخون** (غنہ) رات کے اندھیرے میں دشمن پر اچانک حملہ؛ **شب خیزیا** قزاق، چور؛ **شبدیز** (ے مج) مشکی گھوڑا۔ امث۔ **شب دیگ** (ے مج) شلغم یا آلو کے ساتھ پکائے ہوئے کوفتے۔ امذ **شب رو** چور، شب خیز یا، امث **شبِ زفاف** شادی کی پہلی رات [ع: زِفاف = برات]۔ صف۔ **شب زندہ دار** (زن دَ) شب بیداری کرنے، رات کو عبادت کرنے والا، امث **شبِ قدر** ماہ رمضان کے آخری دنوں کی کوئی نامعلوم رات جو نہایت مُتبرک خیال کی جاتی ہے۔ صف **شب کور** رتوندھا امث **شب کوری** رتوندہ **شبگیر** رات کو چلنے، سفر کرنے والا **شبِ نگاربنداں** دلہن کو سجانے مہندی لگانے کی رات (رک: نگاربند)؛ **شبِ یلدا** جاڑے کی طویل ترین رات جب کہ سورج خط جدّی کے اوپر ہوتا ہے۔ م ف **شباشب** راتوں رات صف **شبانہ** رات کا، رات سے متعلق یا مَنسُوب۔
شباب فت ش۔ امذ۔ جوانی، بلوغ، کی عمر، رَیعان، نیز **شاب** (رک) کی جمع۔
شبان فت ش۔ امذ۔ گڈریا، چرواہا، امث **شبانی** چرواہے کا کام۔
شباہت فت ش ہ۔ امث۔ صورت، وضع قطع، مماثلت مشابہت۔ [ع: شِبہ سے وضعی لفظ]۔
شبْ چراغ فت ش، سک ب، کس چ۔ صف، امذ۔ چمکدار قیمتی نگینہ، جگنو؛ چہرے کا مُہاسا۔
شبْد فت ش، سک ب۔ امذ۔ لفظ، بول، قول، کلام، حَمدیہ گیت، بھجن (سکھوں سے مخصوص)؛ آواز، صدا۔ **شبد کوش** فرہنگ، لغت کی کتاب [س: کوش = خزانہ]۔
شبّر فت ش، شد فت ب۔ علم۔ حضرت موسیٰؑ کے بھائی ہارون کے ایک صاحبزادے کا نام؛ نیز رسول اللہ صلعم کے بڑے نواسے حسنؓ ابن علیؓ کا ایک نام [نزد بعض سُریانی: شَبّر = خُوبرُو]۔
شبستان فت ش، کس ب، سک س۔ امذ۔ رات کو آرام کرنے کی جگہ، عشرت کدہ۔ (مرکبات میں بطور جزو دوم ں غنہ فصیح)۔

شَبَکَہ فت ش ب ک، ہ غم۔ امذ۔ جِھلمِلی، جال، جالی؛ آنکھ کا پردہ۔ صف **شَبَکی** سوراخ دار، جالی دار، نیز **مُشَبَّک**۔

شَبْنَم فت ش، سک ب، فت ن۔ امث۔ اوس، **شَبنَمی** نمکیرا جو اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تان لیا جاتا ہے۔ صف: شبنم جیسا۔

شَبّو فت ش، شد ب، ومج۔ امث۔ دودھیا رنگ کا، رات کو مہکنے والا ایک پھول نیز **گُلْ شَبّو** (ف: گُلِ شب بُو، لاط: Polyanthes tuberosa)۔

شِبْہ کس ش، سک ب ہ ملفوظ۔ (بروزنِ رِزق) امذ۔ مثل، مانند، نظیر۔ مرکب **شِبہِ قارّہ** (ر) برّاعظم کی مثل، برّصغیر (پاک و ہند کے لیے مستعمل)۔

شُبْہَہ ضمہ ش، سک ب، فت ہ۔ (بروزنِ کُنبَہ) امذ۔ شک، ظن، گمان۔ سندیہہ۔

شَبّیر فت ش، شد ب، ی مع۔ علم۔ حضرت ہارون کے ایک بیٹے، نیز حضرت امام حسینؓ بن علیؓ کا ایک نام۔

شَبینَہ فت ش، ی مع، فت ن۔ صف، امذ۔ رات کا، رات کا بچا ہوا؛ ماہ رمضان کی تراویح میں ایک رات میں پورا قرآن شریف ختم کرنا؛ مسجد میں رتجگا برائے عبادت۔

شَبیہ فت ش، ی مع، سک ہ ملفوظ۔ امث۔ تصویر، مثل، صورت۔

شَپَّرَک فت ش، شد فت پ، فت ر۔ امث۔ چمگادڑ نیز **شَپَّرَہ** (ر) صف **شَپَّرَہ چَشْم** رتوندھا۔

شَت فت ش۔ عدد۔ سو (۱۰۰) [س؛ قب ف: صد]، **شَت پَتْر** صد برگ۔

شِتا کس ش۔ امذ۔ سردی کا موسم، جاڑا [ع: شتاء]۔

شِتاب کس ش۔ م ف۔ جلدی سے فوراً۔ امث **شِتابی** جلدی، پھرتی۔

شِتابا کس ش۔ امذ۔ کاغذ کی بارود میں لتھڑی ہوئی بتّی جس سے آتشبازی سلگانے یا توپ وغیرہ چھوڑتے ہیں، فَتیلہ۔

شَتَر فت ش ت۔ امذ (عروض) بحر ہزج کے رکن مفاعیلُن میں دوہرا زحافہ خرم و قبض کا اجتماع۔

شُتُر ضمہ ش ت۔ امذ۔ اُونٹ، نیز **اُشْتُر** عام: **شُتُر۔ شُتُرِ بے مُہار** بے نکیل کا اونٹ (کنایتہً) قابو سے باہر، سرکش، آوارہ گرد آدمی۔ (اصلاً مَہار، فت م) **شُتُر غَمزَہ** (غم ز) بے جا ناز نخرہ، اڑیل پن۔ **شُتُر گُربَہ** (ب) بے میل، بے جوڑ بات، بلند و پست کو یکجا کرنا، ایک ہی کلام میں کسی کے لیے تعظیم و تحقیر کے کلمات لانا۔ امث **شُتُر نال** چھوٹی توپ جو اونٹ پر لاد کر چلائی جاتی تھی۔ امث۔ **شُتُری رَنگ** اونٹ کی پشم سے ملتا بادامی رنگ۔ **شُتُر مُرغ** لمبی لمبی ٹانگوں والا پردار صحرائی جانور جو اُڑ نہیں سکتا، خطرے کے وقت ریت میں منہ چھپا لیتا ہے۔ **شُتُر گاؤ** زرافہ۔ نیز **اُشْتُر**۔

شَتْرُو فت ش، سک ت، ومع۔ امذ۔ دشمن، حریف، بَیری۔

شَتْم فت ش، سک ت۔ امذ۔ بدکلامی، دشنام دہی۔ صف **شاتِم**۔

شُجاع فت ش۔ صف۔ بہادر، دلیر، جنوبی آسمان کا ایک لہریا دار جُھرمٹ۔ اکیف مث **شَجاعَت** (فت ش ع) [ع: شِجاع کس ش]۔

شَجَر فت ش ج۔ امذ۔ درخت، پیڑ رُوکھ۔ مرکب وصفی **شَجَرِ مَمنُوعَہ** جنت کا وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدم معتوب ہوئے، نیز مجازاً کوئی شے جس کی ممانعت ہو۔ **شَجَرکاری** درخت بونا، تَشجیر۔

شَجَرَہ فت ش ج ر، ہ غم۔ امذ۔ نسب نامہ، کرسی نامہ جو اکثر شاخ در شاخ درخت کی صورت میں بنایا جاتا ہے؛ نقشۂ تقسیم اراضی؛ جدول؛ نیز عام:

شجرہ۔

شَجیع فت ش، ی مع۔ صف رک: **شُجاع**۔

شَحامَت فت ش م۔ امث۔ مُٹاپا، فربہی۔ صف **شَحیم** ۔[ع: شحم = چربی چکنائی]۔

شَحْنا فت مج ش، سک ح۔ امذ۔ عداوت، دشمنی [نیز ع: **شحناء**]۔

شَحْنَہ فت مج ش، سک ح، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ کوتوال؛ کوتوال کا منصب یا عہدہ، نیز **شَحْنَہ شحنہ ٔ بازار** منڈی کا نگران افسر [اصلاً ف: **شحنَہ** کسمج ش، نائب شاہ، حاکم شہر]۔

شَخص فت ش، سک خ۔ امذ۔ فرد، آدمی، انسان ج: **اَشْخاص**۔ صف **شَخصی** فرد سے متعلق، ذاتی، نجی اکیف مث **شَخْصِیَت** (شَخ صِ یَت) انفرادیت، امتیازی حیثیت، وقار۔ (نیز شد ی)۔

شَدّ فت ش۔ امذ۔ زور، دم؛ حرف کو زور دے کر پڑھنا، نیز اس کی علامت (ّ) ۔ صف **مُشَدَّد** جس پر زور دیا گیا ہو، حرف جس پر تشدید کا نشان ہو۔ مرکب **شدّ وَ مَد** (فت ش، شد ی، ومج، فت م) زور شور، کھینچ تان، اِصرار، طمطراق۔

شُد ضمہ ش۔ فعل ماضی۔ ہُوا، گزرا م: **تمام شُد** ختم ہوا، پورا ہوا، فوت ہوا، مرکب عطفی **شُدآمد/ آمَد وَ شُد** آنا جانا؛ امث **شُد بُد** معمولی علم، حرف شناسی۔ صف **شُدَنی** (فت د) جو ہوا یا ہونا ہی تھا۔ قب: **ناشُدْنی** جس کا نہ ہونا اچھا تھا (بطور دشنام)۔

شُدّا ضمہ ش، شد د۔ امذ۔ موم بتّیوں کا پنج شاخہ؛ عَلم جو محرم کے جلوس میں نکلتا ہے۔ ف مر **شُدّا چھوڑنا** اُشغَلہ چھوڑنا، شَر اٹھانا۔

شَدّاد فت ش، شد د۔ عَلم۔ اساطیر میں مذکور ایک بادشاہ جس نے مصنوعی جنّت اِرم بنائی تھی۔

شَدائِد فت ش، کس ء۔ ج مذ۔ مشکلات، سختیاں، مَصائب [ع: شَدیدَہ کی جمع]۔

شِدّت کس ش، شد فت د۔ امث۔ سختی، تکلیف؛ تیزی، جوش؛ زیادتی، کثرت، وفور؛ غلبہ۔

شُدَہ شُدَہ ضمہ ش، فت د، ہ غم۔ م ف۔ ہوتے ہوتے، رفتہ رفتہ۔

شَدید فت ش، ی مع۔ صف۔ سخت؛ دشوار؛ پُرزور، بغایَت، بھرپُور مروصفی **شَدید اُلْعقاب** (ا غم، کس ع) سخت سزا دینے والا۔

شُدّھ ضمہ ش، سک دھ۔ صف۔ خالص، پاک، پَوتر، درست، بے خطا، سیدھے راستے پر۔ امث۔ **شُدّھی** سیدھے راستے پر لانا، تبلیغ کے ذریعے دین بدلوانا، مسلمان سے ہندو بنانا۔

شَذْرَہ فت ش ذ ر، ہ غم۔ صف، امذ۔ متفرق، پراگندہ، بکھرا ہوا، الگ الگ؛ اخبار کا مختصر ادارتی نوٹ، ج **شَذْرات**۔

شَرّ فت ش۔ امذ۔ فتنہ، فساد؛ برائی، بدی ج **شُرُور** برائیاں، عیوب۔ صف **شَرِیر** فسادی، فتنہ گر؛ شوخ، تنگ کرنے والا۔ **شَرّی** (شد ر) فسادی، فتنہ گر۔ ج **اَشْرار** شریر، فتنہ پرداز لوگ۔

شَراب فت ش۔ امث۔ خمار اٹھایا ہوا؛ نشہ آور مشروب، بادہ، خمر، مے، دارو؛ پینے کی شے، کوئی چیز جو پی جائے۔ صف **شراب خوّار** (خار) شراب، پینے والا۔ نیز **شرابی** اکیف مث **شراب خوَاری** (خاری) **شرابِ طَہُور** (کسمج ب، فت ط، ومع) پاک شراب، جائز شراب، آخرت میں جنّتیوں کو ملنے والی شراب۔

شَرابور فت ش، ومج۔ صف۔ تربتر، بالکل بھیگا ہوا۔ نیز **شوربور**۔

شَراپ فت ش۔ بددعا، کوسنا؛نیز شاپ [س: شراپ]

شَرادھ فت ش، سک دھ۔ امذ۔ ہندوؤں کے مُردوں کے نام کا کھانا جو ان کی نجات کے لیے دیوتاؤں کو

چڑھایا اور برہمنوں کو کھلایا جاتا ہے۔
شَرار فت ش۔ امذ۔ چنگاریاں، پتنگے، واحد: شَرارَہ، شَرَر۔ مروصفی: **شَرارِ جَستَہ** (رِ جَسْ تَ) کوئلے سے چٹخنے والی چنگاری **شَرارِسَنگ** پتھر کی رگڑ سے نکلنے والی چنگاری۔
شَرارَت فت ش ر۔ امث۔ شوخی، شر انگریزی، فتنہ طرازی۔ م فہ **شَرارَۃً** شوخی، خوش طبعی سے ستانے کے لیے۔
شَرافَت: فت ش، فہ امث۔ خوش نَسَبی، بھلے مانَسی، عزت داری صفہ **شَرِیف، شَرافَت مآب**۔
شِراکَت کس ش، فت ک۔ امث۔ ساجھا، حصّہ داری، اصلاً: **شِرکَت** [ع: شرکہ]۔
شِراء کس ش۔ امذ۔ خریداری، نیز **شِریٰ** (شِ را) **شرا** مرکب عطفی **بیع وَ شرا** خرید و فروخت۔
شَرائِط فت ش، کس ء۔ ج مث۔ **شَرط** (رک) کی جمع۔
شَرائِع فت ش، کسمج ء۔ **شَرِیعَت** (رک) کی جمع۔
شَرائِین فت ش، ی مع۔ **شِریان** (رک) کی جمع۔
شُرْب ضمہ ش، سک ر۔ امذ۔ پینے کا شغل، پینے کی شے۔ مرعطفی **شُرْبِ اَلْیَہُود** چھپ کر شراب پینا۔
شَربَت فت ش، سک ر، فت ب۔ امذ۔ دوا کی خوراک، **قَدرِ شَربَت** کی تخفیف؛ کوئی میٹھا مشروب۔ صف **شَربَتی** گڑ کے شربت کے رنگ کا۔
شَرْح فت ش، سک ر ح۔ امث۔ وضاحت، معنی کھولنا، تفصیل سے بیان کرنا؛ نرخ، بھاؤ مرعطفی **شَرح وَ بَسْط** (شَرْحْ بَسْت) تفصیل و وضاحت۔
شَرْدَھا فت س، سک ر۔ امث عقیدت ایمان، اعتقاد، بھروسا، طمانیت ڈھارس، تسلّی۔ [اصلاً س: **شَرَدْھا**]۔
شَرَر فت ش ر۔ امذ۔ رک: **شَرار**۔
شَرْزَہ فت ش، سک ر، فت ز، ہ غم۔ صف، امذ۔ طاقتور، تند، بپھرا ہوا؛ درندہ، شیر، چیتا۔
شَرْط فت ش، سک ر۔ امث۔ قول، دعویٰ؛ داؤ؛ قرار داد، ضروری شِق، جو لازم قرار دی جائے۔ ج: **شَرائِط شُروط**۔ صف **شَرْطِیَہ** یقینی، لازمی، حکمی، نیز **شَرطِیّہ**۔
شُرْطَہ ضمہ ش، سک ر، فت ط۔ صف مث۔ موافق، مبارک، نیک شگون دینے والی م: **بادِ شُرطَہ** وہ ہوا جو کشتی کے رُخ یا روانی کے موافق ہو۔
شَرْع فت ش، سک ر۔ امث۔ ضابطۂ احکام، دینی اوامر و نواہی کا مجموعہ۔ صف **شَرْعی** مذہبی احکام کے مطابق، امث **شَرْعِیَّہ** دینی جواز، **شَرِیعَت** دین اسلام کے تقاضے، ضوابط، مدوّن احکام، نیز **شَرعِ مُحمّدی**۔ مرکب **شَرْعی پاجامہ** ٹخنوں سے اونچے پائچوں کا (مردانہ) پاجامہ۔
شَرْغا فت ش، سک ر۔ امذ۔ بادامی رنگ کا گھوڑا، یا سَمند جس کی ایال اور دُم بادامی ہو۔
شَرَف فت ش ر۔ امذ۔ عزت، حرمت، بڑائی، برتری؛ عزت افزائی؛ عالی نَسَبی، ذاتی خوبی و خوش اوصافی؛ (نُجوم) سیارے کا اپنے نام سے موسوم برج میں آنا۔ صف **مُشَرَّف، شرِیف**۔
شَرْق فت ش، سک ر۔ امذ۔ مشرق، پورب، ایشیائی ممالک صف **شَرقی** مرکب **شَرْقِ اَوسَط** عرب اور ایران کے علاقے۔
شِرْک کس ش، سک ر۔ امذ۔ خدا کی وحدانیت سے انکار، خدا کے ساتھ دوسرے معبودوں کو شامل کرنا۔
شِرْکَت کس ش، سک ر، فت ک۔ امث۔ شُمول،

شامل ہونا، حصہ داری، ساجھا، کمپنی، فرم۔
شَرْم فت ش، سک ر۔ امث حیا، لاج، حجاب؛ خجالت؛ غیرت، پاس، لحاظ؛ ننگ، عار؛ خِفّت، پشیمانی۔ مرکب **شَرْم گاہ** اندام نہانی، آلۂ تناسل صف **شَرمسار** شرمندہ، خجل، محجوب؛ **شَرمناک۔** قابل مذمت، باعث رسوائی۔ صف۔ **شَرمیلا** حیادار۔
شَرما فت ش، سک ر۔ صف، امذ۔ مگن، نچنت، مسرور؛ برہمنوں کا لقب، برہمن خاندان کافرد۔
شَرمانا فت ش، سک ر۔ ف ل م۔ کسمسانا، نظریں نیچی کرنا، خود کو کمتر کمزور یا مجرم محسوس کرنا؛ غیرت یا خجالت محسوس کرنا۔ ف م: غیرت دلانا، شرمندہ کرنا م ف **شَرما شَرمی** لحاظ کے مارے، شرمیلے پن سے مجبوراً نیز **شرما حضوری۔**
شَرمنْدَہ فت ش، سک ر، کس م، سک ن، فت د۔ صف۔ نادم، پشیمان، خجالت زدہ، ممنون، محجوب، شرمسار، ہارا ہوا، پسا، مغلوب م: استعارۃً **شَرمندۂ تعبیر/ مَعنی (نہ) ہونا۔** حقیقی شکل میں (نہ) مل سکنا، گرفت میں نہ آ سکنا۔ اکیف مث **شَرمندگی۔**
شَرْنارتھی فت ش، سک ر۔ امذ۔ پناہ گزیں، اماں میں آیا ہوا، اصلاً: شرنژارتھی [س شَرن = اماں]۔
شِرْنگار سک ش، کس ر، غنہ۔ امذ۔ عشق و محبت، جِنسی جذبہ، معاملات حسن و عشق **شِرنگار رَس** (ادب میں) رومان پسندی، رومانی شاعری؛ نیز (رک) **سنگار۔**
شُرْوا ضمہ ش، سک ر۔ امذ۔ **شوربا** رک: کی تحریف۔ صف **شُرْوے چَٹ** مفت خورا۔
شُرُوع ضمہ ش، و مع۔ امذ۔ ابتدا، آغاز، پہلا سرا۔ امث **شُرُوعات** تحریک سلسلہ جُنبانی۔

شْری سک ش۔ کلمۂ خطاب و اعزاز۔ حضرت، صاحب، عزت مآب، نیز **شْریمان، شْری یُت ،** [س: شری یکت صاحب عزت و ثروت] مث **شْری مَتی** (فت م) **شْری مَد** نشہ (دولت یا عرفان کا)۔
شِرْیان کس ش، سک ر۔ امث۔ جسم کے اندر پھیلی ہوئی سرخ رگوں کے جال کا کوئی حصہ جن کے ذریعے خون دل سے آتا اور پھرنیلی رگوں کے ذریعے لوٹ کر جاتا ہے۔ ج **شَرائن** صف **شِرْیانی** شریانوں سے متعلق، نیز مجازاً م: راستوں یا نالیوں کے سلسلے سے منسلک م: **شِرْیانی سَڑک** بڑی سڑک سے ملنے یا پھوٹنے والی۔
شَرِیطہ فت ش، ی مع، فت ط۔ امذ۔ روایتی قصیدے میں دعا کا ایک پیرایہ جس میں ممدوح کی عمر و اقبال کو بعض دائمی اشیا کے باقی رہنے تک مشروط کر دیا جاتا ہے م: جبتک یہ دنیا ہے۔
شَرِیعَت فت ش، ی مع، فت ع۔ رک: **شَرْع۔**
شَرِیف فت ش، ی مع۔ صف۔ خوش اطوار، خوش کردار، عالی نسب، نیز رک: **شَرَف** ج **اَشراف شُرَفا (ء)۔**
شَرِیفہ فت ش، ی مع، فت ف۔ امذ۔ سبز نرم پوست کا ایک پھل جس کا گودا سفید میٹھا اور بیج کالے ہوتے ہیں، سیتا پھل (رک)۔
شَرِیک فت ش، ی مع۔ صف۔ شامل، ساجھی، حصہ دار، مرکب **شَرِیکِ حَیات** جیون ساتھی، میاں یا بیوی۔ **شَرِیکِ غالِب** جس کا حصہ بڑھ کر ہو۔ ج: **شُرَکا (ء)۔**
شَشْت فت ش، سک س۔ عدد۔ امذ۔ ساٹھ (۶۰) نیز **شَصْت** (۶۰)؛ نیز مِضراب، چھلّا، انگشتانہ، جنیُو، (ان معانی میں س کے ساتھ)۔
شِسْت کس ش، سک س۔ امث سیدھ، نشانہ جو کسی سمت لیا جائے، بندوق وغیرہ کا سُوراخ جس

میں سے سیدھ لیتے ہیں۔ ف مر **شست باندھنا/ لینا۔ سیدھی کرنا۔** نیز **شَست۔**

شُست ضمہ ش، سک س۔ امذ۔ دھونا، پانی سے صاف کرنا۔ مرعطفی **شُست و شُو** (ومج، و مع) دھونا، نیز مجازاً: عیب، الزام، دھبّا مٹانے کی کوشش کرنا، نیز رک: **شُستَہ** ،[ف: شُسْتَن/ شوئیدن]۔

شَشتَر فت ش، سک س، فت ر۔ امذ۔ ہتھیار، آلۂ حرب و ضرب [س: شَشتر]۔

شَشتَک فت ش، سک س، فت ت۔ امذ۔ مصنوعی آلۂ تناسل، سَعتر۔

شُستَہ ضمہ ش، سک س، فت ت۔ صف۔ دھویا دھلایا، پاکیزہ؛ سِجَل، سلیس، فصیح (لہجہ، کلام، زبان، تقریر)؛ نیز مرعطفی **شُستَہ و رُفتَہ** (ضمہ ر، سک ف) رواں، صاف، بے عیب، سلیس۔ [ف: شُستَن + رُفتن چُننا صاف کرنا]۔

شَش فت ش۔ امذ۔ عدد، چھ (٦) صف عددی **شَشُم** چھٹا **شَشِ عید** عید کے چھ روزے، جو عید الفطر کے بعد ادائے قضا یا مزید ثواب کے لیے رکھے جاتے ہیں، زنانہ محاورے میں: شَہ شہید کے روزے، **شَش و پَنج** (شَ شْ پَنْج) حیرانی، فکر مندی، گومگو، تذبذب۔

شُش ضمہ ش۔ امذ۔ پھیپھڑا [ف: دردِ شُش، نمونیا]۔

شَشدَر فت ش، سک ش، فت د۔ صف حیران، سراسیمہ [ف: شَش + دَر + بَند کی تخفیف = چھ سمتوں سے گھرا ہوا]۔

شَصت فت ش، سک ص۔ عدد۔ رک: **شَست** دوسرے معانی سے متمیز کرنے کے لیے، ص سے لکھا جانے لگا۔ [قب س: شَشٹھ]۔

شَطّ فت ش۔ امذ۔ دریا یا سمندر کا کنارہ ساحل م: **شَطّ اْلعَرَب** (ا غم) دریائے دجلہ و فرات کے سنگم کے بعد کا دھارا، اور اس کے ارد گرد کا علاقہ۔

شَطّاح فت ش، شد ط۔ صف۔ چالاک، عیّار۔ نیز **شَتّا** (اردو میں عورت کے لیے) [ع: آوارہ گرد] اکیف مث **شَطْح** ، **شَطْحِیّت** بہکنا، بھٹکنا، خصوصاً شرعی معاملے میں یا کفر کی طرف۔

شَطْرَنْج فت ش، سک ط، فت ر، سک ن۔ امث۔ چونسٹھ خانوں کی دورنگی بساط پر دونوں جانب ١٦، ١٦ مہروں سے کھیلا جانے والا مصنوعی جنگ کا کھیل۔ [س: چَتُرَنگ کا معَرب]۔

شَطْرَنْجی فت ش، سک ط، فت ر، سک ن۔ امث۔ سُوتی فرشی، دری، سادہ یا رنگدار۔

شِعار کس ش، امذ۔ امتیازی نشان، پہچان، شناخت؛ طور طریقہ، عادت، چلن؛ [ع: زیر جامہ، بنیان وغیرہ] نیز بطور لاحقۂ صفت۔ م: **غَفْلَت شِعار** بھول جانے، بے توجہی برتنے کا عادی۔ **صَداقَت شِعار** سچ بولنے کا عادی۔ لاحقۂ کیفیت **شِعاری** م: **اِطاعت شِعاری** فرماں برداری۔

شُعاع فت ش۔ امث۔ کرن، روشنی کی لہر، برقی توانائی کی غیر مرئی لہر م: **لاشُعاع** (قب انگ: X-ray) ج **اَشْعاع/ اَشعّہ۔**

شَعائِر فت ش، کس ء۔ ج مذ۔ مذہبی رسوم، مناسک، زیارات، متبرک مقامات [ع: واحد، شَعِیرَہ]۔

شَعْب فت ش، سک ع۔ امذ۔ گروہ، نسل، قوم۔ ج: **شُعُوب** (ضمہ ش ومع) [ع: اکٹھا کرنا،گروہ بندی]۔

شِعْب کسمج ش، سک ع۔ امذ۔ درۂ کوہ، غار، گھاٹی۔ ج: **شِعاب۔**

شَعْبان فت ش، سک ع۔ امذ۔ اسلامی جنتری کا آٹھواں مہینہ شب برات (کا مہینہ)۔

شُعْبَدَہ ضم مج ش، سک ع، فت ب د، ہ غم۔ امذ۔ جادو کا تماشا، ہاتھ کی صفائی، کرتب۔ صف۔ **شُعْبَدَہ/ شُعْبَدے باز** کرشمہ ساز، دھوکے یا حیرت میں ڈالنے والے کھیل کرتب دکھانے والا۔ نیز

شَعْبَدَہ کار، اکیف مث **شَعْبَدَہ بازی/ سازی/ کاری**۔

شُعْبَہ ضم مج ش، سک س، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ شاخ، ٹہنی؛ عضو، کسی ادارے کا تحتی یا ذیلی دفتر، ضلع یا صیغہ۔

شَعْر فت ش، سک ع۔ امذ۔ بال، مُو، رُواں، پشم۔ مرکب **شَعْرُالْجِنّ** پر سیاوشاں (رک)۔

شِعْر کسمج ش، سک ع۔ امذ۔ علم و دانش؛ لطیف و موزوں کلام، فنِ شاعری؛ نظم، بیت۔ امث۔ **شِعْر خوانی** (خانی) آواز سے شعر پڑھنا، کلام سنانا **شِعْر فہمی** (فت مج ف) شاعری کو سمجھنے اور پرکھنے کی صلاحیت۔ ج **اَشْعار**۔

شُعَرا (ء) ضم مج ش، فت ع۔ ج مذ۔ **شاعِر** (رک) کی جمع۔

شِعْریٰ کس ش، سک ع، ی غم۔ امذ، عَلَم۔ آسمان کا سب سے روشن اور نظام شمسی سے قریب ترین ستارہ جو جنوبی آسمان میں واقع ہے۔ نیز **شِعرا یَمانی** (قب انگ: Sirius)۔

شَعْشَعَہ فت ش، سک ع، فت ع، ہ غم۔ امذ۔ چمک، چکاچوند، پتلی لکیر، حرف کا آخری سرا یا نوک۔

شُعْلَہ ضم مج ش، سک ع، فت ل، ہ غم۔ امذ۔ آگ کی لپیٹ، بھڑک، لپک، لو، جوالا مروصفی **شُعْلَۂ جَوّالَہ** چرخی یا چکّر پر گھومتا ہوا شعلہ، مجازاً؛ تُند خُو، تیز طرار شخص؛ **شعلَۂ مُسْتَعْجِل** (ضمہ م، سک س، فت ت، سک ع، کس ج) بھڑک کر جلد بجھ جانے والا؛ عارضی فانی جودت دکھانے والا۔

شُعُوب ضمہ ش، ومع۔ ج مذ۔ **شَعْب** (رک) کی جمع۔

شُعُور ضمہ ش، ومع۔ امذ۔ دانائی، عقلمندی، ہوش، تمیز صف **شُعُوری** دانستہ، عقلی۔ عام: شعُور۔

شَعِیر فت ش، ی مع۔ امذ۔ جَو، گیہوں سے ملتی غلّے کی ایک ادنیٰ قسم۔

شَغال فت ش۔ امذ۔ گیدڑ۔

شَغَب فت ش غ۔ امذ۔ہلچل، ہنگامہ، فساد۔

شَغَف فت ش غ۔ امذ۔ گہرا لگاؤ، شیفتگی۔

شَغْل فت ش، سک غ۔ امذ۔ مصروفیت، انہماک، مصروف رکھنے والا کام، مشغلہ۔ نیز: **شُغْل، شُغُل**۔

شَف فت ش۔ امث۔ ملائم، باریک کپڑا، ململ۔

شِفا (ء) کس ش۔ امث۔ صحت یابی، مرض سے نجات۔ امذ۔ **شِفاخانَہ** ہسپتال، دارالصحت نیز **دارُالشِّفاء**۔

شَفاعَت فت ش ع۔ امث۔ گناہوں کی بخشش کے لیے پیروی، درخواست، دعا، سفارش۔

شَفّاف فت ش، شد ف۔ صف۔ مہین، بے کثافت، مُجلّیٰ، روشن جس کے آر پار دیکھا جا سکے نیز شفیف۔

شَفْتالُو، فت ش، سک ف، و مع۔ امذ۔ آڑو کی قسم سے ایک قدرے چپٹا، پہاڑی پھل، سَتالُو۔

شَفْتَل فت ش، سک ف، فت ت۔ امث۔ بطور دشنام؛ پھٹکاری ہوئی، تیز، طرّار بدعورت۔ [س: شَپَت پھٹکارا، راندہ ہوا]۔

شَفَتَین فت ش ف، ے لین۔ ج مذ۔ دونوں ہونٹ، لب۔ صف **شَفَوی** ہونٹوں سے متعلق، ہونٹوں سے ادا ہونے والی آواز یا حروف۔

شُفْعَہ ضمہ ش، سک ف، فت ع۔ امذ۔ اپنی زمین یا مکان سے ملحق املاک کو خریدنے کی خواہش یا اس پر بطور ہمسایہ پہلا حق۔ (قب انگ: Pre-emption) نیز **حَقِّ شُفْعَہ** صف **شَفِیع** (رک)۔

شَفَق فت ش ف۔ امث۔ طلوع و غروب آفتاب کے وقت افق یا آسمان پر نظر آنے والی سرخی یا روشنی؛ قطبین کے قریب آسمان پر نظر آنے والی روشنی کی دھاریاں [قب انگ: Aurora Borealis/Austrialis]

نیز شَفقِ شِمالی/ جَنوبی۔
شَفَقَت فت ش ف ق۔ امث۔ مہر، محبت، بزرگانہ ملاحظہ، لطف و نوازش صف **شَفیق/ مُشفِق**۔
شَفیع فت ش، ی مع۔ صف۔ شفعہ کا حق چاہنے والا؛ نیز رک: **شافع**۔
شَفیعا فت ش، ی مع۔ امذ۔ اردو و فارسی تحریر کی ایک رواں، پختہ روش۔ نیز **خطِّ شَفیعا**۔
شَفیق فت ش، ی مع۔ صف۔ شفقت رکھنے والا، مہربان، مُربّی۔
شَقّ فت ش، صف۔ چاک، پھٹا ہوا، دراڑ پڑا ہوا، دو ٹکڑے،دو لخت۔ **شَقّ اْلقَمَر** چاند کا دو ٹکڑے ہونا (معجزۂ نبویؐ)۔
شِقّ کس ش۔ امث۔ ٹکڑا، پارچہ، نصف حصّہ، جزو، پھانک، بھانْت،کسی حساب یا فہرست یا فرد یا قانون کی مد؛ دقت، دشواری صف **شاق/ شاقّہ** (رک)؛ قطعۂ زمین، علاقہ، انتظامی حلقہ، تحصیل۔ [ع: شقّہ]۔
شِقاق کس ش۔ امذ۔ نفاق، پھوٹ۔
شَقاقُل فت ش، ضمہ ق۔ امث۔ جنگلی گاجر، چھوٹی گاجر سے ملتی ایک پیلی جڑ، ستالی، کاکول۔ (لاط: Asparagus Racemosus)۔
شَقاوَت فت ش و۔ امث۔ سنگدلی، سفّاکی؛ بدبختی، مصیبت۔ صف **شَقی** ظالم۔
شَقائِق فت ش، کس ء۔ ج مث۔ **شَقیقَہ** (رک) کی جمع۔ امذ۔ **شَقائِق اْلنَّعْمان** گل لالہ کی ایک قسم، لالہ ٔ احمر۔
شِقْشِقَہ کس ش، سک ق، فت ق۔ امذ۔ شیر کی دہاڑ، اُونٹ کا بلبلانا، پُرجوش وجدانی تقریر۔ حضرت علی مرتضیٰ نے اپنےایک خطبے کے لیے لفظ استعارۃً بولا تھا۔
شُقَّہ ضمہ ش، شد فت ق۔ امذ۔ ٹکڑا، پارچہ، رقعہ، پروانہ؛ پھریرا، علم میں باندھنے کا کپڑا ڈھنّی [ع: شِقّہ کس ش؛ شُقّہ ضم ش = دشواری]۔
شَقیق فت ش، ی مع۔ امذ۔ سکا بھائی۔ صف **شَقیقَہ** سکی بہن۔
شَقیقَہ فت ش، ی مع، فت ق۔ امث۔ کنپٹی، امث۔ **دَردِ شَقیقَہ** آدھے سر کا درد، آدھا سی سی کا درد۔ **دُوَلِ شَقیقَہ** برادر ممالک۔
شَکّ فت ش۔ امذ۔ بے یقینی، شُبہ، گمان، واہمہ، سَندیہہ۔ ج **شُکُوک** صف **شَکّی** شبہے میں مبتلا، عادۃً شبہ کرنے والا، وہمی۔
شِکار کس ش۔ امذ۔ جانور یا جاندار پر نشانہ بازی، مارا یا پکڑا ہوا جانور، صَید، نخچیر، مرکب؛ **شِکاربَنْد** سوار کی زین سے لٹکا ہوا تسمہ، خرجی وغیرہ لٹکانے کے لیے۔ امث؛ **شِکارگاہ** شکار کے لیے مخصوص کیا ہوا جنگل۔ صف؛ **شِکاری** شکار سے متعلق، شکار کرنے/ کھیلنے والا۔ (مجازاً) پھنسانے، ہلاک کرنے والا۔
شِکایَت کس ش، فت ی۔ امث۔ گلہ، شکوہ؛ مرض، روگ، بیماری، تکلیف؛ چُغلی، نالش۔
شَکْتی فت ش، سک ک۔ امث۔ طاقت، زور بل، قدرت۔ [س: شکت]۔
شُکْتی ضمہ ش، سک ک۔ امث۔ چھوٹی سیپی، گھوْنگا۔
شُکْٹی ضمہ ش، سک ک۔ امث۔ چھوٹا دستی چھکڑا، کَنْڈولْنا۔
شَکَّر فت ش، ک۔ امث۔ نباتی رس سے بنائی ہوئی مٹھاس، چینی، قند، بُورا، کھانڈ، نیز عام **شکّر** صف **شَکَرْخا** (بلا شد ک) شکر کُتکنے والا (طوطی کی تعریف) مجازاً شیریں دَہن، میٹھی بات کرنے والے (لب)۔ صف **شَکّر دَہاں** شیریں سخن، خوش کلام نیز **شَکّر شِکَن** خوشنوا، طوطی کی تعریف، نیز طوطی کی طرح شیریں یا سُریلے بول بولنے والا، نیز

شَکَر مَقال۔ صف شَکَّریں میٹھا، خوش آئند۔ امذ۔ شَکَر ریز نچھاور، بکھیر، خوشی کے آنسو۔

شُکْر (۱) ضمہ ش، سک ک۔ امذ۔ احسانمندی، مہربانی کا اعتراف، ممنونیت، نیز شُکْران/ شُکْرانہ مہربانی کے جواب میں سلوک، اظہار ممنونیت، صف شُکْر گُزار۔

شُکْر (۲) ضم ش، سک ک۔ صف۔ عَلَم۔ روشن، چمکدار، سیّارہ زُہرہ۔ امذ۔ شُکْروار جمعہ کا دن۔

شَکْرانَہ فت ش، سک ر، فت ن۔ امذ۔ خشکہ جس پرشکر چھڑک کر کھایا جاتا ہے۔

شُکْرانہ ضمہ ش، سک ر، فت ن۔ رک: شُکر۔

شَکَر خَنْد فت ش ک، سک ر، فت خ۔ مسکراہٹ۔

شِکْرَم کس ش، سک ک، فت ر۔ امثہ چار پہیّوں کی پردے دار گھوڑا گاڑی یا اونٹ گاڑی جس میں لکڑی کی چھت اور دیواروں میں جِھلمِلیاں ہوتی ہیں اور کوچبان باہر یا اونچی جگہ بیٹھتا ہے۔

شَکَرْقَنْد فت ش ک، سک ر، فت ق، سک ن۔ امثہ۔ آلو، پِنڈالو کی قسم سے ایک میٹھی جڑ، اصلاً شکر کَنْد/ کَنْدی ،[س: کَنْد = جڑ]۔

شِکْرَہ کس ش، سک ک، فت ر، ہ غم۔ امذ۔ ایک چھوٹا شکاری پرندہ، باشہ، باشۂ کوچک۔

شُکْرِیَہ ضمہ ش، سک ک، کس ر، فت ی، ہ غم۔ امذ۔ کلمۂ تشکر؛ مہربانی، عنایت، کرم، نوازش۔

شِکَسْت کس ش، فت ک، سک س۔ امث۔ ہار، ہزیمت، ٹوٹنا، تڑقنا، ماند پڑنا، زائل ہونا، اُڑنا (رنگ کا)۔ مرکّب شِکَسْتِ فاش کھلی ہار، زبردست پسپائی، شِکَسْتِ قیمت داموں کا گرنا۔ صف۔ شِکَسْتَہ ٹوٹا ہوا؛ گھسیٹ (خط، لکھائی) شِکَستَہ خاطر/ دل آزردہ، رنجیدہ، اکیف مث شِکَسْتَگی۔ مرعطفی مث شِکَست وَ ریخت توڑ پھوڑ، ٹوٹ پھوٹ، ڈھانا، گرانا۔

شَکْل فت ش، سک ک۔ امثہ صورت؛ وضع، نقشہ، خاکہ؛ تدبیر، ترکیب؛ حالت، گت، ہیئت؛ منطقی قضیہ، مسئلہ۔ (عروض) اجتماع زحافین خَبْن و کف م: فاعلاتن سے فَعِلات، مستفعلن سے مُتَفعِل بنانا (جیسےمفاعل سے بدل دیتے ہیں)۔

شِکَم کس ش، فت ک۔ امذ۔ پیٹ، بطن؛ جَوف۔ صف شِکَم سیر (ے مج) پیٹ بھرا۔ شِکَمی پیٹ سے متعلق، پوشیدہ، اندرونی؛ وہ کاشتکار یا ٹھیکے دار جو براہ راست ٹھیکہ نہ لے، ٹھیکیدار کا مامور کیا ہوا ہو۔

شِکَن کس ش،فت ک۔ امث۔ سلوٹ، چُرس، لکیر، نشان جو کاغذ یا کپڑے پر موڑنے،دبانے، سے پڑ جائے؛ تیوری کا بل، ماتھے کی لکیر، بالوں کی لہر، پانی کی موج، نیز بطور لاحقہ؛ توڑنے والا م: صَف شِکَن لشکر کی صفیں الٹ دینے والا، عَہد شِکَن وعدہ خلاف۔

شِکَنْجَہ کس ش، فت ک، سک ن، امذ۔ دبانے کی کل، جسم کو آزار دینے کا آلہ، ٹکٹکی، چولیں کسنے کا اوزار ؛ مجازاً: مجبوری بے بسی کی صورت حال۔

شَکُور فت ش، ومع۔ صف۔ شکر کرنے، ماننے، قدر پہچاننے والا، نہایت شاکر؛ اسماء حسنیٰ میں شامل ہے۔

شُکُوک ضمہ ش، و مع۔ ج مذ۔ شک (رک) کی جمع۔

شِکْوَہ کس ش، سک ک، فت و۔ امذ۔ گلہ، شکایت [اصلاً: شَکْوَہ/ شَکْویٰ فت ش]۔

شُکُوہْ ومج، ہ ملفوظ (بروزن گروہْ)۔ امذ۔ شان و شوکت، دبدبہ، اصلاً شُکْوَہ (ضمہ ش)۔

شِکیب کس ش، ے مج۔ امذ۔ صبر، برداشت، تحمل، صف شِکیبا۔ اکیف شِکیبائی۔

شَکیل فت ش، ی مع۔ صف۔ خوشرو، وجیہہ، خوش

شکل- (وجیھ کی مثال پر وضعی لفظ)-امث شکیلہ حسینہ۔

شِگاف کس ش- امذ- درز، دراڑ، جِھری؛ کٹاؤ، چیرا۔

شِگَرف کس ش، فت گ، سک ر- صف- اعلیٰ، نفیس، نادر، زبردست، عالیشان۔

شِگُفت کس ش، ضمہ گ، سک ف- امث- حیرت، اچنبھا، کلی کا کھلنا، انبساط- صف **شگفتہ** کھلا ہوا؛ شاد، مسرور، اکیف مث **شگفتگی**۔

شِگُوفہ کس ش، ومع، فت ف- امذ- غنچہ، کھلتا ہوا پھول؛ عجیب، حیرت انگیز بات- محاورہ **شگوفہ چھوڑنا** چونکانے والی بات کرنا۔

شُگُون ضمہ ش، و مع- امذ- فال، معنی خیز، علامت- نیز **شگُن** [ف، قب س؛ شگُن]۔

شَل فت ش، صف- سُن، سویا ہوا، بے حس (عضو)؛ بے حرکت، جامد- نیز رک؛ **شَلَل**۔

شَلاق فت ش- امذ- کوڑے مارنا، دُرّے لگانا [ع؛ شلق کوڑا] باڑھ مارنا، نیز **شَلّک**۔

شَلّاق فت ش، شد ل- صف- چیرنے والا [ع؛ شَلَق = اوپر سے نیچے تک چیرنا]۔

شِلْتاق کس ش، سک ل- امذ- جھگڑالو پن، سینہ زوری۔

شَلْجَم فت ش، سک ل، فت ج- امذ- سفید نرم جڑ کے طور پر اگنے والی گول گنبد نما ترکاری- نیز اصلاً ف- **شَلْغَم** (لاط؛ Napus)- مروصفی **شلغمی گُنبد** (گُم بَد) گول مخروطی نکیلا بُرج **شلغمی مروارید** مخروطی شکل کا موتی۔

شَلْخ فت ش، سک ل- امث- اصل، جڑ، نسل، نژاد؛ لبِ فرج، پتنا؛ نیز **شَلْک**، **شَلاق** (رک)۔

شَلَل فت ش ل- امذ- فالج۔

شَلَنگ فت ش ل، غنہ- امث- چھلانگ لگانے کے لیے جسم کو تولنا یاجُھلانا، دھڑ کو آگے پیچھے ہلانے کی مشق؛ چھلانگ، زقند۔

شَلَنگا فت ش ل، غنہ- امذ- سلائی کا لمبا ٹانکا، ف مر- **شَلَنگے بھرنا** جلدی جلدی لمبے لمبے ٹانکے لگانا جیسے کچی سلائی میں؛ زقندیں لگاتے ہوئے بھاگنا۔

شَلْوار فت ش، سک ل- امث- بڑے گھیر کی رومالیوں کا پاجامہ یا ازار، جس کی موری نسبتاً پتلی رکھی جاتی ہے۔

شُلوک سک ش، ومج- امذ- جملہ، فقرہ یا بیت خصوصاً بھجن یا مقدس صحیفے کی؛ دوہا جس کے ہر مصرع میں ۱۶ ماترے ہوں- نیز **اَشْلوک**۔

شَلوکا فت ش، ومع- امذ- صدری یا نیم آستین کی وضع کی چولی۔

شِلی کس ش- امث- دو پاکھوں یا پایوں پر رکھی ہوئی تختی یا سِل- عام **سِلّی**۔

شَلیتا فت ش، ی مع- امذ-- بیلوں پر لادنے کا بڑا تھیلا۔

شُما ضمہ ش- ضمیر مخاطب، تم، آپ (واحد نیز جمع کے لیے)- مرکب عطفی **ما و شما** ہم تم، ہم سب، سبھی لوگ۔

شَماتَت فت ش ت- امث- کسی کی خرابی پر خوش ہونا [ع؛ ج مذ- **شمات** مجبور کی ہنسی اڑانے والے]۔

شُمار ضمہ ش- امذ- گنتی، تعداد؛ حساب، پڑتال؛ اعداد یا مقدار کا حصر احاطہ، م؛ صف **بے شُمار** اَن گِنَت، از حد، امذ- **شُمارْدانہ** تسبیح کا منکا۔ **شُمار چوکھٹا** گِنتارا، چتکہ (قب انگ؛ Abacus)۔

شُمارَہ ضمہ ش، فت ر- امذ- سلسلے یا ترتیب میں کسی شے کا مقام؛ کسی جریدے کا کوئی پرچہ جس پر تاریخ یا سلسلے کا عدد درج ہو۔

شُمارِیات ضمہ ش، کس ر- امث- کسی موضوع یا

موضوعات پر مرتب کردہ اعداد و شمار۔ (قب انگ: Statistics) نیز اعداد و شمار مرتب کرنے کا علم یا فن۔

شَمّاس فت ش، شد م۔ امذ۔ عیسائی پادری جس کا درجہ بشپ سے نیچے ہے۔ (قب انگ: Deacon)۔

شِمال کس ش۔ امذ۔ چارسمتوں میں سے وہ سمت جو سورج نکلنے کی طرف رخ کرنے والے کے بائیں ہاتھ کی طرف ہوگی، اُتّر؛ جنوب کی ضد؛ بایاں ہاتھ، دست چپ۔ صف **شِمال رُویہ** شمال کی طرف منہ کیے ہوئے عمارت جس کا اصل رخ شمال کی طرف ہو۔

شَمامہ فت ش م۔ امذ۔ خوشبو، عطر، خوشبودار قوام م: **شَمامَۃ اُلعَنْبر** ،[ع: شَمَامَہ، رک: شامّہ]۔

شَمائِل فت ش، سک ۔۔ امذ۔ صورت، چھب تختی، چہرے کی وضع یا ساخت [ع: شمال کی جمع]؛ عادات، خصلتیں م: مرکب **شَمائِل اُلاَتْقِیا** نیک لوگوں کی سیرتیں؛ مرکب عطفی **شَمائِل وَ فَضائِل** عادات، فضیلتیں، بزرگیاں۔

شَمْس فت ش، سک م۔ امذ۔ سورج، آفتاب، فضائے بسیط کا کوئی مرکزی یا بڑا ستارہ جس کے گرد سیّاروں کا حلقہ ہو۔ ج **شُمُوس** صف **شَمسی** م: **نظامِ شَمسی** ، **سالِ شمسی**۔

شَمسُون فت ش، سک م، ومع۔ علم۔ اسرائیلیوں کا ایک طاقتور اساطیری کردار جس کو اس کی کافر محبوبہ نےدغا سے دشمنوں کے حوالے کر دیا تھا۔

شَمْسَہ فت ش، سک م، فت س۔ امذ۔ روشن دان، بیضوی چوکھٹا؛ بیضوی نگینہ؛ گنبد یا برجی کے کلس کی نوک کے نیچے کی طرف بنی ہوئی گول چپٹی ٹکیا یا قرص۔

شَمْشاد فت ش، سک م۔ امذ۔ ایک سیدھا سڈول درخت جس میں پھول نہیں لگتے، مگر خوش منظر ہوتا ہے، قد رعنا کو اس سے تشبیہہ دی جاتی ہے؛ آسا پالا، اشوک (لاط: Sersa Indica) صف: **شَمشاد بالا/ قامَت/ قَد** (سک د) لانبے جسم والا۔

شَمْشان فت ش، سک م۔ امذ۔ مرگھٹ، مسان، جہاں ہندو مردے پھونکے جاتے ہیں [س: شم شان]۔

شَمْشَو فت ش، سک م، ومج۔ امذ۔ چاولوں کو پانی میں ڈال کر نِتھارنے اور کنکریاں چُننے کا عمل۔ اصلاً **سَنْگشُو**۔

شَمْشیر فت ش، سک م، ی مع۔ امث۔ (شیر کے ناخن کی طرح) خمیدہ تلوار [ف: شَم + شیر، شیر کا ناخن] مروصفی **شَمشیرِ بَرہنَہ** ننگی تلوار؛ کنایتہً بے باک، جنگجو آدمی؛ نیز **شَمَشیر** (شاذ)۔

شَمَع فت ش م، سک ع۔ امث۔ موم؛ موم بتّی، کوئی چراغ؛ نیز **شَمْعْ** ،[سک م ع: فت م، کس م دونوں طرح درست] امذ **شَمَع کا چوَر** (ومج) موم بتّی کے ایک سمت پڑ جانے والی نالی جس میں سے موم پگھل کر بہتا رہے۔ **شَمْعی رَنْگ** شعلے کا رنگ۔

شَمْلَہ فت ش، سک م، فت ل۔ امذ۔ صافے کا طرّہ جو اوپر نکلا رہتا ہے۔

شُمُول ضمہ ش، و مع۔ امذ۔ گھیر لینا، احاطہ کرنا، محیط یا حاوی ہونا، شریک، شامل، ملا ہوا ہونا۔ اکیف مث **شُمُولیَت** (کس ل، فت ی) شرکت، الحاق۔ صف **شامِل** شریک۔

شَمّہ فت ش، شد فت م۔ امذ۔ بہت قلیل مقدار، ہلکا ساشائبہ [ع: ہلکی سی مہک؛ ہُلاس کی چُٹکی]۔

شَمِیم فت ش، ی مع۔ امشد سونگھنا، بُو لینا؛ معطّر ہوا کا جھونکا، مث **شَمیمَہ** مہک۔

شنا کس ش۔ امذ۔ تیراکی۔ صف۔ **شناوَر** تیرنے الا، تیراک، امث **شناوَری** تیراکی کی مہارت۔

شناخْت کس ش، سک خ۔ امث۔ پہچان، معرفت، پرکھ، واقفیت۔

شِناس کس ش۔ صف (تراکیب میں جزو ثانی کے طور پر) پہچاننے، جانچنے والا، عالم، ماہر م: حَرف شِناس معمولی پڑھا لکھا۔ رَمز شِناس نکتہ داں، نیز شَناس، شَناسی (فت ش)۔

شِناسا کس ش۔ صف۔ پرکھ پہچان، علم، واقفیت رکھنے والا، جان پہچان والا، اکیف مث شِناسائی جان پہچان، صاحب سلامت، واقفیت، نیز اصلاً: شَناسائی (فت ش)۔

شَنبہ فت ش، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ ہفتے کا دن سنیچَر (س: شنیوار)۔

شَنْجَرف فت ش، سک ن، فت ج، سک ر۔ امذ شَنگَرف (رک) کا معرب۔

شَنکَر فت ش، غنہ، فت ک۔ صف۔ مسرت بخشنے والا، ہندوؤں کے دیوتا مہا دیو شِو کا لقب۔ علم شَنکَرآ چاریہ ساتویں صدی عیسوی میں جنوبی ہند میں پیدا ہونے والے ہندو عالمِ دین جن کے ہاتھوں جینی مت کا زوال اور ہندو مت کا احیا ہوا، اگرچہ صرف ۳۲ سال کی عمر پائی۔

شَنکرا فت ش، غنہ، فت ک۔ امذ۔ برصغیر کی کلاسکی موسیقی کا ایک راگ؛ سانکَر، چھونکر؛ کِیکر سے ملتا ہوا ایک درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے۔ (لاط: Prosopis Spicigora)۔

شَنکھ فت ش، غنہ، سک کھ۔ امذ۔ بڑا گھونگا، ناقوس؛ عدد: ایک کروڑ کھرب کی گنتی یا تعداد (اکائی کے ساتھ ۱۷ صفر) نیز عام سَنکھ۔

شَنکھنی فت ش، غنہ، سک کھ۔ امث۔ ہندو کام شاستروں کی رو سے عورتوں کی چوتھی مثالی قسم جسے پدمنی سے حسن میں کمتر مگر درازقد، دبنگ اور شہوت راں تصور کیا جاتا ہے، نیز سَنکھنی۔

شَنگ فت ش، غنہ۔ صفہ۔ شوخ، تیز، طرّار، طرحدار، خوش طبع، دلربا [فہ نیز ڈاکو]۔

شِنَو کس ش، و لین۔ صف۔سننے والا (تراکیب میں جزو ثانی) نیز شِنَوا (فت ن) مترادف نِیوَش اکیف مث شِنَوائی سماعت ہونا، سنا جانا۔ کنایتہً: پوچھ، پرسش، توجہ۔ نقیض ناشِنَو/ شِنَوا نہ سننے والا۔ م: گوشِ ناشِنَوا دھیان نہ دینے والا کان، مراد: کان نہ دھرنے والا آدمی۔

شَنی فت ش۔ امذ۔ سیّارہ زحل، (لفظاً: سُست رفتار)۔ شَنی وار، سنیچر، ہفتہ۔

شَنید فت ش، ی مع، فت د۔ صف۔ سُننا، سَماعت، صف شَنیدہ سنا ہوا؛ شَنیدنی سننے کے لائق؛ نقیض: ناشَنیدہ اَن سنا۔عام شُنید (ضمہ ش)۔

شَنیع فت ش، ی مع۔ صف۔ برا، قبیح، بدصورت۔ مث ج: شَنیعہ م: افعالِ شنیعہ۔

شَو فت ش، سک و۔ امذ۔ لاش، مردہ جسم۔

شَو ولین۔ امذ۔ شَوہَر (رک) کا مخفف۔ مرعطفی زَن وَ شَو میاں بیوی؛ اکیف مث زَنا شَوی (فت ز) میاں بیوی ہونا، میاں بیوی جیسا تعلق ہونا۔

شِو کس ش، سک و۔ علم، امذ۔ ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک جس کاتعلق تخلیق اور فنا دونوں سے ہے، خالق بھی ہے ہالِک بھی۔ شِولِنگ مہا دیو شِو کے آلۂ تناسل کی شبیہ کے طور پر پوجا جانے والا نشان جسے تولید یا تخلیق سے نسبت دی جاتی ہے۔ شِورا تری (سک ت) ہندوؤں کا ایک تہوار جو شِولنگ کی پوجا کے لیے ماگھ کے مہینے میں منایا جاتا ہے۔ [س: شِوَ] مث شِوا شِوَ کی بیوی، دُرگا دیوی، پاروَتی۔ نیز شِوانی۔

شَو ومج۔ بطور لاحقۂ فاعلی دھونے والا م: مُردَہ شَو غسّال۔ اکیف مث شَوئی دھونا، دھلانا، صاف کرنا، پاک کرنا، پونچھنا۔ آشک شَوئی آنسو پاک کرنا یا پونچھنا مراد دلاسا دینا۔ نیز شُو/ شُوئی

(ومع)۔

شَوّال فت ش، شد و۔ امذ۔ اسلامی جنتری کا دسواں مہینہ جو رمضان کے بعد آتا ہے، عید کا چاند یا مہینہ۔

شِوالا کس ش۔ امذ۔مہا دیو شِو کے نام کا مندر؛ تُلسی کا پودا؛ نازبُو۔ [س: شِواَلَیَہ]۔

شَوب ومج۔ امذ۔ دُھلائی، ایک دفعہ کا دھونا م: ایک شوب میں دھبّا نہ مٹا۔

شَوبھا ومج۔ امث۔ رونق، زینت، جودت، آب و تاب، چمک دمک، سجاوٹ۔

شوخ ومج۔ صف۔ شریر، تیز طرّار، دل لگی باز؛ چمکیلا، نکھرا ہوا (نک) مرکب وصفی **شَوخ چَشم** گستاخ، بے باک؛ مرعطفی **شوخ وَ شَنگ** تیز طرّار، چنچل (عموماً محبوب کے لیے)۔ اکیف مث: **شوخی** نظر، طبیعیت، یا رنگ کی تیزی؛ مزاح، مذاق، خوش طبعی۔

شُودَر و مع، فت د۔ اسم جنس۔ ہندو سماج کی تقسیم میں چوتھی نیچ ذات یا جاتی، اچھوت جن کے لیے مہاتما گاندھی نے ہریجن کا لقب تجویز کیا تھا۔ نیز (شاذ) **شُدّر** مث: **شُودْرا/ شُودَرانی/ شُوذری** ،[س: شُودر]۔

شور (۱) ومج۔ امذ۔ غُل، چیخ پکار، ہنگامہ؛ جنون؛ نمک، کھاری پن، لونی۔ **شور نُشُور** (ضمہ ن، ومع) ہنگامہ؛ محشر۔ **شور اَنْگیز** دیوانگی پیدا کرنے والا؛ (۲) بطور صف: **شورِیدَہ/ شورِیدَہ سَر** دیوانہ؛ **آبِ شَور/ شَورابَہ** کھاری پانی۔ **دریائے شَور**، سمندر؛ **زمینِ شور** بنجر، لونی لگی ہوئی زمین۔ اکیف مث **شورِیَت** ،[زند: کُھشار، س: کُھشَر]۔

شَور (۲) ومج۔ صف۔ منحوس، نامبارک، ناخوشگوار، بد قبیح، م: **شَوربَخت** بدنصیب، **شَور نَفْس** بدفطرت، شریر۔

شُورا ومع۔ امذ۔ باہمی صلاح مشورہ، تبادل آراء، نیز **شُوریٰ** (ی غم) مرکب **مَجلسِ شُوریٰ** مشاورتی کاؤنسل۔ نیز رک: **شُورَوی**۔

شَورا ومج۔ امذ۔ ایک قسم کا کھار جو زمین میں سے نکال کر صاف کر لیا جاتا ہے، جاذب حرارت ہے، اور مختلف کیمیائی عملوں میں نیز گندھک کے ساتھ مل کر بارُود بنانے کے کام آتا ہے۔ (لاط: Potassium Niterate) نیز **شَورَہ**۔

شَوْربا ومج، سک ر۔ امذ۔ گوشت کا پتلا سالن، عوام **شُروا** صف **شُرْوے چَٹ** (رک) [ف شور = نمکین + با = پانی]۔

شَوربور ومج۔ رک: **شرابور**۔

شورِش ومج، کس ر۔ امث۔ افراتفری، گڑ بڑ، ہنگامہ، فساد، بغاوت، سرکشی۔

شُورَوی و مع، فت ر۔ صف۔ سابق سوویٹ روس سے متعلق م: **اتّحاد شُورَوی** سوویٹ جمہوریتوں کا اتحاد (قب انگ: USSR)۔

شورَہ پُشْت ومج، فت ر، ضمہ پ، سک ش، ت۔ صف۔ فسادی، فتنہ پرداز۔

شوشَہ ومج، فت ش، ہ غم۔ امذ (۱)۔ کسی بات کا سِرا یا آغاز؛ نکتہ، نئی بات؛ ذرّہ، پارچہ، ٹکڑا، محاورہ **شوشَہ اُٹھانا/ چھیڑنا** نیا نکتہ اٹھانا، نئی بات چھیڑنا، خصوصاً جھگڑے فساد کے لیے۔ (۲) کتابت میں بعض حروف کی مختصر شکل یا علامت مثلاً پ ش، ہائے ہوز کا شوشہ۔

شَوق ولین۔ امذ۔ لگن، خواہش، آرزو، اُمنگ؛ گہری دلچسپی؛ محبت، چاہت؛ لطف، مزہ۔ م: **شوق کرنا** ذوق رکھنا، لطف لینا، عادی ہونا، صف **شَوقِین** امث **شَوقِینی** لہو و لعب یا تکلّفات، آرائش وغیرہ سے

رغبت۔ م ف شَوقِیَہ تفریحاً، لطف کی خاطر۔

شَوک ولین۔ امذ۔ کانٹا، خار، ڈنک، ٹُھنٹھ، جڑیں، کھونٹیاں (بالوں یا پودوں کی)۔ نیز شوکہ مرکب شَوکتہ اَلْبَعِیر اونٹ کٹارا۔

شَوکَت و لین، فت ک۔ امث۔ شان و شکوہ، دبدبہ۔ [ع: شَوک: قوت صلابت، سختی، تیزی]۔

شولا (۱) ومج۔ ایک پانی میں اگنے والی بیل جس کا ڈنٹھل پانی میں نہیں ڈوبتا اور غیر مُوَصِّل ہوتا ہے۔ (لاط: Aeschynomene Aspra)۔

شولا (۲) ومج۔ امذ۔ گوشت ڈال کر پکائی ہوئی کھچڑی۔

شُول ومع۔ امذ۔ درد، ٹیس؛ نوک دار آلہ یا ہتھیار۔

شُوم ومع۔ صف۔ بدبخت، منحوس، بخیل، کنٹک، اکیف مث شُومی م: شُومیٔ بَخت/ قِسمَت بدنصیبی، سُوءِ اتفاق۔

شُوں شاں ومع، غنہ۔ امث۔ پُھنکارنا، اکڑ فُوں۔

شَوہَر و لین، فت ہ۔ امذ۔ خاوند، میاں۔

شَہ (۱) فت مج ش۔ امذ۔ شاہ (رک) کا مخفف م: شہزادَہ بادشاہ کا بیٹا شَہ زور بہت طاقتور؛ شَہ مات (رک)۔

شَہ (۲) فت مج ش۔ امث۔ترغیب، تحریص، اکسانا، ورغلانا، بڑھاوا دینا۔

شَہ (۳) فت مج ش۔ امث۔ (شطرنج) میں بادشاہ پر زد، بادشاہ کا کسی مہرے کی زد میں آنا۔ مرکب شَہ مات بادشاہ کو آخری شہ پڑنے پر جس سے مفر نہ ہو بازی کا تمام ہونا [ف: شہ +ع: ماتَ = مرگیا]۔

شَہاب (۱) فت ش۔ امذ۔ کُسُم کے پھول سے حاصل کیا ہوا شوخ سرخ رنگ [ف: اصلاً شاہ آب] صف شَہابی شوخ سرخ۔ نیز امث مہتابی کی طرح کی آتشبازی۔

شَہاب (۲) فت ش۔ امذ۔ شعلہ، لو، جوالا؛ آسمان پر ٹوٹتا ہوا تارا، نیز مر وصفی: شَہابِ ثاقِب (رک: ثاقب) [ع: شِہاب کس س]۔

شِہابَہ کسمج ش، فت بہ امذ۔ شعلہ، ستارہ؛ مرگھٹ میں رات کو چمکنے والی فاسفورس ملی ہوئی چمکیلی دُھول جسے چھلاوا خیال کیا جاتا تھا۔

شَہادَت فت ش د۔ امث۔ گواہی، حلفیہ بیان؛ راہ حق میں جان دینا، شہید ہونا۔ امث شہادَت نامَہ کربلا کے شہیدوں کا بیان۔

شَہامَت فت ش م۔ امث۔ دلیری، جاں بازی؛ زور، قوت؛ دانائی، عالی دماغی۔

شَہانَہ فت ش ن۔ صف۔ شاہانہ (رک) کا مخفف؛ سرخ رنگ کا م: دلہن یا دولھا کا شَہانَہ جوڑا سرخ جوڑا؛ شَہانہ وقت شام کا وقت۔

شَہباز فت مج ش، سک ہ۔ امذ۔ نرباز۔

شَہ بالا فت مج۔ امذ۔ دولھا کے ساتھ گھوڑے پر بیٹھنے والا لڑکا۔

شَہپَر فت مج ش، سک ہ، فت پ۔ امذ۔ پرندے کا بازُو۔

شَہتُوت فت مج ش، سک ہ، ومع۔ امذ۔ ایک شیریں، نرم؛ لنبوترا انگلی کی ایک یا دو پوروں کے برابر، سبز یا سیاہی مائل پھل، جلیبا اور اس کا درخت جس کی لکڑی سے ہاتھ کی چھڑیاں بنتی ہیں نیز تُوت (لاط: Morus Alba)۔

شَہد فت مج ش، سک ہ۔ امذ۔ مُہال کی مکھیوں کا پھولوں کے رس سے تیار کردہ قدرتی شیرہ۔ عَسَل زنبور، مَدھ امث شَہد کی مکھی مہال۔

شُہَدا (ء) ضم مج ش، فت ہ۔ ج مذ۔ شَہید (رک) کی جمع۔

شُہْدا ضم مج ش، سک ہ۔ امذ۔ آوارہ، ناکارہ، بازاری ادمی، لفنگا۔ [غالباً س: کُھشُدرَک یا شَدَھا: شریر ہاتھی سے مشتق] امث شہد پَن لُچپَن۔

شَہر (۱) فت مج ش، سک ہ۔ امذ۔ مہینہ۔ ج **شُہُور** (ع)۔

شَہر (۲) فت مج ش، سک ہ۔ امذ۔ بڑی بستی، نگر، دیہہ/ دیہات سے متمیز جہاں کھیتوں کی بجائے بڑا کاروبار، بڑے بازار ہوں۔ **شَہر آشوب** (سک ر، ومج) اضافت مقلوب = آشوبِ شہر، شہر کی تباہی یا اس پر لکھی جانے والی نظم۔ صف **شَہر بَدَر** (فت ب ر) شہر سے نکالا ہوا، جَلا وطن۔ امث **شہر پَناہ** فصیل شہر صف **شہر خَبْرا** گھوم پھر کر دور دور کی خبریں لانے والا۔ امذ۔ **شہر خَموشاں** (کسمج ر، فت خ، ومج) قبرستان۔ **شہرشملہ** اندھیر نگری، صف **شَہری** ملک کا باسی۔ امذ۔ **شَہرِیَت** سکونت، شہری حقوق، توطن امذ۔ **شَہرْیار** امیر شہر، بادشاہ۔

شُہرَت ضم مج ش، فت ر۔ امث۔ چرچا، غلغلہ، عام طور پر معروف ہونا۔

شَہرَگ فت مج ش، سک ہ، فت ر۔ امث۔ حلق کی وَرِید، رگ جاں۔

شُہرَہ ضمہ ش، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ رک **شُہرَت** مروصفی **شُہرَۂ آفاق** دور دور تک مشہور۔

شَہسَوار فت مج ش،سک ہ، فت س۔ امذ۔ گھوڑے کی سواری کا ماہر۔

شَہگام فت مج ش، سک ہ۔ رک: **شاہگام**۔

شَہلا فت مج ش، سک ہ۔ صف، مث۔ گہرے نیلے رنگ کی آنکھ یا آنکھوں والی نیز رک: **نَرگِسِ شَہلا**۔

شَہنائی فت ش، سک ہ۔ امث۔ پھونک سے بجایا جانے والا ایک نے کی طرح کا دھات کا بنا ہوا ساز، نیز **شَہنا**(ے)۔

شَہوَت فت مج ش، سک ہ، فت و۔ امث۔ خواہش، حرص، ہوس؛ جنسی بھوک۔ صف۔ **شَہوی/ شَہوانی**۔

شُہُود ضمہ ش، ومع۔ امذ۔ سامنے حاضر، موجود، ظاہر ہونا؛ مشاہدہ کرنا، دیدار الٰہی۔ نیز **شاہِد** (رک) کی جمع۔

شُہُور ضمہ ش، و مع۔ **شہر** (۱) (رک) کی جمع، مہینے۔

شَہِید فت ش، ی مع۔ صف۔ حاضر و ناظر، اللہ کا ایک صفاتی نام؛ گواہ؛ راہ حق میں جان دینے والا۔ ف مر **شَہِید ہونا** حق پر قربان ہونا؛ ضائع ہونا، ٹوٹ جانا کسی چیز کا، م: پیالہ شہید ہو گیا۔ صف **شَہِیدی** سرخ رنگ کا (گودا یا پھل) م: **شَہِیدی اَمرُود/ تَربُوز**۔

شَہِیر فت ش، ی مع۔ صف۔ معروف، مشہور، نامی، نامور۔

شَہِیق فت ش، ی مع۔ امذ۔ گدھے کے رَیَنکنے کی آواز، سانس اندر کھینچنا۔

شُئُون ضمہ ش، ومع۔ ج مذ۔ **شان** (رک) کی جمع، جلوے، کیفیتیں، مظاہر[ع: شأن]۔

شے و لین۔ امث۔ چیز، جنس، بات، امر۔ مرکب وصفی **شَے ءِ لَطِیف** عقل، سمجھ، ذہانت۔

شَیاطِین فت ش، ی مع۔ ج مذ۔ **شَیطان** (رک) کی جمع۔

شیاف کس ش۔ امث۔ دوا میں تر کی ہوئی بتّی یا دوا کی لنبوتری گولی۔ (قب: **شافَہ**) سلائی سے آنکھ میں لگائی جانے والی نیم سیّال دوا۔

شَیب و لین۔ بالوں کا پکنا، سفید بال، بڑھاپا۔

شِیپُور ی مع، ومع۔ امذ۔ نفیر، بگل۔

شَیخ ے لین۔ امذ۔ معمر آدمی؛ بزرگ، مرشد، سربراہ، م: **شَیخ اَلْجامِعَہ** یونیورسٹی کا وائس چانسلر، **شیخ اَلْرَئِیس** بوعلی سینا کا لقب **شیخ چِلّی** ایک افسانوی کردار، احمقانہ منصوبے

بنانے والا آدمی۔ نیز شیخ (ے مج) عموماً نو مسلم معززین کے لیے مستعمل، نیز شیخ جی مث شیخانی۔ اکیف مث شَیخُوخَت بڑھاپا۔ ج شُیُوخ (ضمہ ش، ومع)۔
شیخی ے مج، ی مع۔ امث۔ ڈینگ، لاف زنی، بڑا بول صف شیخی خورا ڈینگیں مارنے/ ہانکنے والا۔
شَیخَین ے لین۔ تثنیہ۔ دو بزرگ، مراد اسلام کے پہلے دو خلیفہ حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ۔
شید ے مج۔ امذ۔ دھوکا، فریب؛ لپائی، استر کاری؛ صف تفضیل شَیّاد بڑا فریب کار [ف، قب س؛ کھشوید؛ عربی قاعدے سے وضعی صیغۂ تفضیل]۔
شیدی ی مع۔ حبشیوں کا لقب، نیز سیدی (رک)۔
شِیر ی مع۔ امذ۔ دودھ، لبن، مروصفی شِیر بِرَنج چاولوں کی کھیر؛ شِیر خوار (خار) دودھ پیتا بچہ؛ نیز شِیر خوارہ۔ شِیر کاری دودھ کی مصنوعات کا کاروبار (انگ: ڈیری)؛ شِیر گرم کنکنا، نیم گرم۔ امذ شِیر مادَر ماں کا دودھ، (محاورۃً) فطری عطیہ (بطور طنز) م: ان کے لیے جھوٹ تو شیر مادر ہے؛ جائز، حلال شے، م: دوسرے کا مال شیر مادر سمجھ کے چٹ کرگئے۔ [ف: قب س: کھشِیرا] مرکب عطفی شِیر و شَکَر گھلے ملے، باہم موافق۔
شیر ے مج۔ امذ۔ طاقتور گوشت خور چوپایہ جو جنگل کا بادشاہ کہلاتا ہے۔ باگھ، سِنگھ، نابَر، اسد، ضیغم، غضنفر، فرغام۔ (مجازاً) بہادر آدمی، نمایاں شخصیت مروصفی شیر اَفگن شیر کو مار کر گرانے والا، مراد: بہادر؛ شیرِ بَبَر صحرائی شیر جس کے سر کے قریب آیال یا گھنے بال ہوتے ہیں اور رنگ مٹیالا سُتری۔ شیرِ اللہ/ خُدا حضرت علیؓ کا لقب صف؛ شیر دَہاں (سک ر) شیر کی شبیہ والا [پرنالہ، توپ کی نال، ہاتھوں کے کڑے وغیرہ]، شیرْدِل بہادر؛ شیرِ ژِیاں (کسمج ر) غرّاں، دہاڑتا ہوا، غضبناک شیر۔ شیرِ فَلَک برج اسد۔ شیرِ قالی (کسمج ر) قالین کی بناوٹ میں بنی ہوئی شیر کی شبیہ، مراد بے ضرر، اندر سے بودا آدمی۔ محاورہ شیر کی بولی بولنا (کنایتہً) تے کرنا۔ امث۔ شیرْ ماہی (سک ر) ایک دریائی مچھلی نیز مہاشیر۔ صف شیرْ مَرد (فت م، سک ر) بہادر، جوانمرد، جری۔ امث۔ شیرنی شیر کی مادہ۔
شِیراز ی مع۔ علم، امذ۔ ایران کا ایک شہر جہاں سے سعدی و حافظ کو نسبت ہے؛ پانی نتھارا ہوا دہی۔
شِیرازَہ ی مع، فت ز۔ امذ۔ اوراق کی سلائی، جُزبندی؛ ترتیب، تنظیم، استحکام۔ محاورہ شِیرازَہ بِکھرنا اجزا کا تتّر بتر ہو جانا۔ امث شِیرازَہ بَنْدی۔ اَجزا کو جوڑنا، باندھنا۔
شِیرْ خُرما ی مع، سک ر، ضمہ خ۔ امذ۔ دودھ میں چھوہارے ڈال کر پکائی ہوئی سویّاں۔
شِیر خِشْت ی مع، سک ر، کس خ، سک ش۔ امذ۔ ایک نباتی رطوبت جو دواءً بطور مسہل استعمال ہوتی ہے، ہرلالو (ع: منّ؛ انگ: Manna)۔
شیروانی ے مج۔ امث۔ کالر دار اچکن جس میں سامنے کے دونوں پٹوں کو ملانے کے لیے اندرونی ڈوریاں ہوتی ہیں۔
شِیرَہ ی مع، فت ر۔ امذ۔ گھلی ہوئی شکر، گاڑھا رس یاعرق؛ افشردہ؛ راب جس سے گڑ بناتے ہیں۔ شِیرۂ اَنگُور انگوروں کو نچوڑ کر نکالا ہوا عرق مراد شراب انگوری۔ شِیرۂ بادام پانی میں پسی ہوئی بادام کی گری۔
شِیریں ی مع، غنہ۔ صف۔ میٹھا، شکَریں؛ خوشگوار، دل لُبھانے والا؛ عزیز، پیارا م: جانِ شیریں صف

شِیرِیں مَقال خوش گفتار۔ امث **شِیرِینی** مٹھاس، حلاوت؛ مٹھائی؛ مزے داری، دلکشی۔

شیش ے مج۔ صف۔ باقیماندہ، بچا کُھچا؛ باقی رہنے والا، غیر فانی، علَم امذ۔ **شیش ناگ** ہندو دیو مالا کے مطابق پاتال میں زمین کو سر پر اٹھائے ہوئے ہزار پھنوں والا ناگوں کا بادشاہ۔ عام: **شیش ناگ** (ی مع)۔

شِیش ی مع۔ **شیشَہ** (رک) کا مخفف،مرکبات میں مستعمل م: **شِیش مَحل** ایسا مکان جس میں دیواروں پر شیشے جڑے ہوں جو ایک روشنی جلانے پر چراغاں کا سماں پیدا کریں۔ صف **شِیش محل کا کُتّا** حیراں، ششدر۔

شِیشَم ی مع، فت ش۔ امذ۔ ایک گھنا درخت، پتّے پیپل سے چھوٹے، گول، اور لکڑی عمارات، فرنیچر میں کام آتی ہے۔ (لاط: Dalbergia Sissoo)۔

شِیشَہ ی مع، فت ش۔ امذ۔ معدنی بلور یا اس سے مماثل کیمیائی طور پر بنائی ہوئی شفاف شے جس کے آر پار دیکھا جا سکے، زجاج کانچ؛ آئینہ؛ شیشے کا ظرف، صُراحی۔ **شِیشَہ باز** شیشے کے ظروف اچھالنے والا تماشاگر، مداری۔ **شیشہء ساعَت** وقت کی پیمائش کا ایک پیمانہ، ریت گھڑی۔ محاورہ۔ **شِیشے میں اُتارنا** کسی کو اپنے مطلب کے موافق ڈھال لینا، راہ پر لے آنا۔

شِیشی ی مع۔ امث۔ چھوٹی بوتل یا کُپّی۔

شَیطان امذ۔ ابلیس، انسان کو بہکانے والا خدا کا نافرمان آتشی فرشتہ یا جن؛ بد روح؛ (مجازاً) شریر، شوخ، مفسد، بدنَفس آدمی۔ اکیف مث: **شَیطانی**، **شَیطَنَت**۔ مرکب **شَیطان کی آنَت**، وہ شے، بات یا سلسلہ جو بہت طول پکڑے۔ **شیطان کی ڈور** مکڑی کا جالا۔

شِیعَہ ی مع، فت ع۔ اسم جنس۔ جماعت، گروہ؛ خصوصاً حضرت علیؑ کے ساتھی اور ان کو امام مامور من اللہ اور رسول خدا صلعم کا صحیح جانشین ماننے والے، نیز **شِیعانِ علی** اس فرقے کا کوئی فرد، نیز **شِیعی**۔

شِیفْتَہ ے مج، سک ف، فت ت۔ صف۔ والہ، شیدا، عاشق، فریفتہ؛ سرپھرا، دیوانہ۔ اکیف مث **شِیفْتگی**۔

شِیل ی مع۔ امذ۔ کردار، عادات۔ صف **سُوشِیل** خوش اطوار۔ مث **شِیلا** عمدہ، طبیعت۔

شِیَم کس ش، فت ی۔ ج مذ۔ عادات ، خصائل، واحد **شِیمَت**۔[ع: شیمَہ خصلت، طینت] مرکب وصفی **جَمِیلُ الشِّیَم** عمدہ اطوار رکھنے والا۔

شَیِن ے لین۔ امذ۔ مسخ کرنا، بگاڑنا، مرعطفی **شَورْشَین** رونا پیٹنا، شدّت غم میں حُلیہ مسخ کر لینا۔

شِین ی مع۔ امذ۔ حرف ش کا نام۔ مرعطفی **شِین قاف (درست ہونا)** حروف کو صحیح مخارج سے ادا کرنا۔

شیوا ے مج۔ صف۔ فصیح و بلیغ۔ مروصفی **شِیوابَیاں** خوش بیان جس کی زبان اچھی ہو۔

شُیُوع ضمہ ش، و مع۔ امذ۔ اشاعت، پھیلنا، دُور دُور پہنچنا۔

شیوَہ ے مج، فت و۔ امذ۔ طور طریقہ، دستور؛ عِشوہ، ناز و انداز۔ صف **شیوَہ گر** ناز نخرے کرنے والا۔

شِیہَہ ی مع، فت ہ۔ امذ۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ صَہیل، صَیحَہ۔

شَیئِیّت ے لین، کس ء، شد فت ی۔ امث۔ حقیقی وجود، موجود ہونا؛ عالم مادّی کو وجود حقیقی ماننے کا فلسفیانہ نظریہ (قب انگ: Realism)۔

ص

ص صاد، صادِ مہملہ۔ امذ۔ اردو حروف تہجّی کا اکتیسواں حرف، صفیری مصمتہ، جو ہونٹوں کو قدرے گول کر کے زبان کی نوک اور مسوڑھوں کی پشت کے درمیان سانس کی ہلکی سے رگڑ سے ادا ہوتا ہے، لیکن اردو میں عموماً س کا مماثل۔ عربی الفاظ کے ساتھ مخصوص ہے، لیکن بعض فارسی الفاظ میں بعض اوقات س کے متبادل کے طور پر موجود م: صد، شصت بعض لوگ ہندی کلمہ اعزازی مِشر کو بھی جو میتھلی برہمنوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، مصر یا مصرا لکھتے ہیں اور انگریزی کے مستعار لفظ صوفا (Sofa) کو بھی، جو خودانگریزی میں عربی لفظ صُفّہ سے ماخوذ ہے۔ ص کی مختصر شکل (ﷺ) کلمۂ درود صل اللہ علیہ وسلّم یا صحیح کے مخفف کے طور پر مستعمل ہے۔ ص جمل میں ۹۰ عدد کا حامل ہے اور حروف شمسی میں شامل۔

صابِر کس ب۔ صف۔ صبر کرنے، برداشت کرنے، تحمل سے کام لینے والا۔

صابُورَہ ومع، فت ر۔ امذ۔ وہ بوجھ جو کشتی کو ڈگمگانے سے روکنے کے لیے اس پر لادا جاتا ہے، بھار، لوہا لکڑ (قب انگ: Ballast)۔

صابُون و مع۔ امذ۔ کیمیائی اجزا کاسٹک سوڈے، الکلی، تیل وغیرہ سے تیار کردہ عموماً ٹھوس، نرم، بٹیا کی شکل کا مرکب جو کپڑے دھونے، نہانے ہاتھ منہ دھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے، مہین دانوں، پتلے ورقوں یا سیّال کی شکل میں بھی ہوتا ہے۔ نیز **صابَن، صابُن** (تینوں شکلیں مستعمل ہیں)۔مرکب **صابُن دانی** صابن رکھنے کا ظرف۔

صابُونی ومع۔ امث۔ صابن کی بٹیا سے ملتی ہوئی ایک سفید، ہلکی کھانڈ کی مٹھائی، ایرانی صابونی شہد او میوے سے بھی تیار کی جاتی ہے۔

صابی امذ۔ ایک قدیم ستارہ پرست قوم، یا اُس کا کوئی فرد، عراق میں بسنے والے حواری مسیح یوحنّیٰ کے پیرو؛ اپنے دین سے پھر جانے والا، قب: مُرتَد۔

صاحِب کس ح۔ صف۔ ساتھ رہنے والا، ہم صحبت، دوست؛ مالک، آقا؛ بطور کلمۂ خطاب جناب، محترم؛ مرکبّات میں جزو اول کے طور پر؛ مصنف، مؤلف م: **صاحِبِ دیوان، صاحِبِ تصنیف** (کسمج ب) اہلیت، قابلیت، علم رکھنے والا م: **صاحِبِ کمال؛ صاحِبِ ہُنَر، صاحِبِ قُدرت** بطور سابقۂ فاعلی: **صاحِبِ غَرَض** (غَ رَ ض) غَرَض مند، **صاحِبِ دل**، درد مند، نیز (بفکّ اضافت) **صاحِبْ دل** (سک ب) **صاحِبِ نَظَر/ صاحِبْ نَظَر** نکتہ شناس، ناقد، پارکھ، خوش ذوق۔ امث **صاحِبَہ** (بَ) بیوی، بیگم، مالکہ، ج **صاحِبات**۔ نیز عام **صاحَب**۔

صاحِب اَلزَّماں کس ح، ا ل غم، شد فت ز، غنہ۔ صف۔ حضرت امام مہدی امام غائب کا لقب، (لفظاً) امام عصر۔

صاحِبَ اَلسُّمُوء کس ح، ال غم، شد ضم س، و مع۔ صف، کلمۂ خطاب، بلند مرتبے کا حامل۔ (قب انگ: His Highness جس کا یہ مترادف ہے۔)

صاحِبِ حَیثِیَت کس ح، کسمج ب، ے لین، کس ث، فت ی۔ صف۔ خوشحال، متموّل۔

صاحِبْزادَہ کس ح، سک ب، فت د۔ امذ۔ بیٹا، خصوصاً کسی رئیس یا بزرگ کے بیٹے کے لیے بطور لقب مستعمل؛ کم عمر، ناتجربہ کار لڑکا، م: ابھی صاحبزادے ہو۔ اکیف مث **صاحِبْزادگی** امث **صاحِبْزادی** امیر زادی، مرشد زادی، بیٹی، دختر۔

صاحَبْ سلامَت کس ح، سک ب، فت م۔ امث۔ جان پہچان، ملاقات، مر رسم۔ نیز عام؛ **صاحَب**

سَلامَت۔

صاحِب عالَم کس ح، کسمج ب، فت ل۔ صف۔ مغل شہزادوں کا لقب اور کلمۂ خطاب۔

صاحِب فِراش کس ح، کسمج ب فد صف۔ بیمار، مریض، خصوصاً جو بستر سے لگا ہو۔ [ع: فِراش = فرش، بستر]۔

صاحِبْقِراں کس ح، سک ب، کس ق، غنہ۔ صف۔ وہ شخص جو دو سعد ستاروں کے ایک برج میں یکجا ہونے کے وقت پیدا ہوا ہو؛ مراد: بادشاہی جس کا مقدر ہو۔ (بفک اضافت)

صاحِب وُقُوف کس ح، کسمج ب، ضمہ و، و مع۔ صف۔ سمجھ دار، دانا، واقف حال۔

صاحِبی کسمج ح۔ امث۔ حکم چلانا؛ حاکم، حاوی ہونا۔ بطور صف؛ عمدہ خاصے کی چیز (قب : شاہی) م: صاحِبی انگُور۔ اکیف مث **صاحِبِیّت**۔ مغربی وضع، انگریزوں کی نقّالی۔

صاد امذ۔ حرف ص کا نام؛ قرآن شریف کے حروف مقطّعات میں سے ایک حرف۔ دعائیہ۔ فقرہ **بِالنّون وَ الصّاد** متبرک حروف ن و ص کی برکت سے۔ ف مر **صاد بَنانا/ کرنا** صحیح قرار دینا، منظور کرنا، اقرار یا اظہار پسندیدگی کے طور پر صاد کا مختصر نشان (ص) بنانا۔

صادِر کس د۔ صف۔ جاری، نافذ ہونے والا (حکم فرمان وغیرہ)۔

صادِق کس د۔ صف۔ حق گو، سچّا، مخلص، معتبر، ف مر **صادق آنا** چسپاں ہونا، چُست ہونا، ٹھیک بیٹھنا (مَثَل، مِثال، تعریف وغیرہ کا) **صادِق الْوَعْد** (سک ع) **صادِق الْوَعِید** قول، عہد کو پورا کرنے والا۔

صارِف کس ر۔ صف۔ صرف، خرچ کرنے، اٹھانے والا؛ (معاشیات) خریدار۔

صارِم کس ر۔ صف۔ تیز دھار یا کاٹ رکھنے کا (ہتھیار)؛ تند خُو آدمی۔

صاع امذ۔ وزن کا پیمانہ، تقریباً ۲۳۴ تولے کے برابر۔

صاعِقَہ کس مج ع، فت ق۔ امذ۔ آسمانی، بجلی، برق، کَوندا۔

صاف صف۔ م فد پاک، ستھرا، بے داغ، بے آلائش، بے غُبار، اُجلا، شفاف، بے لوث، بے کدورت، صریح واضح؛ آسان، سلیس، شستہ؛ رواں؛ سادہ، خالی، بے لکھا؛ چکتا، بے باق (حساب، معاملہ)۔ بطور م فد ہُوبہُو بِعینِہٖ، صریحاً۔ ف مرکب **صاف کر دینا** (محاورہ) مٹا دینا، قلع قمع کر دینا۔

صافّات شد فد ج مَذ۔ صف بستہ، (فرشتے) ملائکۂ مُقرّبین [ع: ج مث از صف]۔

صاف گو ومج۔ کھری بات کہنے والا، لگی لپٹی نہ رکھنے والا، بے جھجک حق بات کہ گزرنے والا۔ اکیف مث **صاف گوئی**۔

صافَہ فت س۔ امذ۔ پگڑی جو کلاہ کے اوپر باندھی جاتی ہے۔

صافی امث۔ صف۔ چھاننے کا کپڑا، برتن پونچھنے کا کپڑا، روٹیاں لپیٹنے کا کپڑا۔ ہنڈیا وغیرہ اتارنے میں ہاتھوں کے بچاؤ کے لیے استعمال ہونے والا کپڑے کا ٹکڑا، جھاڑن۔ صف۔ مصفّیٰ، مجلّی، پاک، صاف،

صافی نامَہ (م) بے باقی کی رسید، فارغ خطی۔

صالِح کسمج ل۔ صف۔ نیک متقی؛ راست ، ٹھیک، درست۔ م: عمِل صالح۔ ج **صالِحین/ صُلَحاء** نیک بندے۔

صامِت کس م۔ صف خاموش، بے آواز [ع: صَمت؛ خاموشی] امذ۔ **صامِتَہ** حرف صحیح، جو حروف علّت یا علامت اعراب کے ساتھ مل کر آواز پیدا کرتا ہے،نیز **مُصَمَّتَہ**۔

صانِع کسمج ن۔ صف۔ بنانے، گھڑنے، تخلیق کرنے

والا۔ مرکب وصفی صانِع قُدرت مراد خالق کائنات۔

صائِب کس ء۔ صف۔ تیر ہدف، جچا تلا، درست، فہمیدہ۔

صائِم کس ء۔ صف۔ روزہ دار، روزہ رکھنے والا۔ امث صائِمہ (کسمج ء) مرکب وصفی صائِم اَلدّہر (ال غم، شدد) جو مستقل روزے رکھے۔

صَبا فت ص۔ امث۔ ہلکی خوشگوار ہوا، صبح کی ہوا۔

صَباح فت ص۔ امث۔ صبح کا وقت، سحر، نور کا تڑکا۔ فقرہ صَباح اَلخَیر (صبا حَل خَیر)/ بِل خَیر (صباح بِل خَیر) صبح کا سلام = صبح خوشگوار رہے۔

صَباحَت فت س ح۔ امث۔ حسن، خوبصورتی، گوری رنگت، سفیدی اُجلا پن۔

صَبّاغ فت ص، شد ب۔ امذ۔ رنگریز۔

صُبح ضمہ ص، سک ب۔ امث۔ فجر کا وقت، سویرا؛ طلوع آفتاب سے لے کر زوال سے پہلے کا وقت۔ مجازاً؛ ابتدا، آغاز، اچھا زمانہ نیز عام؛ صُبحَ، صُبَح۔ م ف۔ صُبحَدَم (سُب حَ دَم) سویرے، گجر دم۔ مرعطفی۔ صُبح و مَسا (سُب حُ مَ سا) صبح شام، ہر وقت۔ مروصفی۔ صُبح صادِق پو پھٹنے کا وقت، سورج کے طلوع ہونے سے پہلے کا اُجالا۔ صُبح کاذِب فجر ہونے سے پہلے کی عارضی روشنی۔ مراضا صُبحگاہ فجر کا وقت۔

صَبر فت ص، سک ب۔ امذ۔ برداشت، تحمّل، سہار، رنج و تکلیف کو سکون و استقلال سے سہنا؛ توقف، تامّل م؛ صبر کرو = ٹھہرو دم لو نیز صَبُوری صف صابِر، صبُور مروصفی صَبرِ جَمِیل پسندیدہ قوت برداشت کا مظاہرہ، صَبر آزما سخت دشوار، آزمائش میں مبتلا کرنے والا (واقعہ، صورت حال، وعدہ، کام)۔

صِبْغَہ کس ص، سک ب، فت غ۔ امذ۔ رنگت، ملّت، مشرب م؛ صِبغَتہ اللّٰہ اللہ کا دین، اللہ کا بخشا ہوا مسلک۔ صف صَبّاغ (فت ص، شد ب) رنگنے والا، رنگ ساز، رنگریز۔ صَبّاغ اَلاَرض زمین کو رنگ بخشنے والا، مراد آفتاب۔

صُبُوح ضمہ ص، ومع۔ صبح کو پی جانے والی شراب، نیز صُبُوحی ؛[ع: صَبُوح، صَبُوحی ؛ صبح کو روشن کرنے والا]۔

صَبُور فت ص، و مع۔ امذ، صف۔ صبر (رک) کا صیغۂ فاعلی۔ اللہ کا ایک صفاتی نام۔

صَبُورَہ فت ص، ومع۔ امذ۔ مصنوعی آلۂ تناسل؛ مغلم کا ساتھی۔

صَبی فت ص، ی مع، فت ر۔ امذ۔ کمسن، لڑکا ج؛ صِبْیان امث صَبِیّہ کمسن لڑکی۔

صَبِیح فت ص، ی مع، سک ح۔ صف۔ خوشرو، حسین، گورا۔ امث۔ صَبِیحَہ ؛[ع: صبح کا وقت ، صبح کے وقت کا]۔

صَحابی فت ص۔ امذ۔ رسول اللہ کا معاصر مسلمان جس نے ان کو دیکھا ہوا اور ایمان پر تازیست قائم رہا ہو۔ ج صَحابَہ مروصفی صَحابۂ کِرام (کمسج ء، کس ک)۔

صِحاح کس ص۔ صف۔ ج مث صحِیح (رک) کا صیغۂ جمع۔ مرکب وصفی صِحاحِ سِتّہ احادیث نبویؐ کے چھ مشہور مجموعے جو نسبتہً زیادہ معتبر سمجھے جاتے ہیں؛ بخاری، مسلم، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، اور نسائی کے مرتب کردہ جو انہی کے ناموں سے منسوُب ہیں۔ [ع: ستّہ = چھ ٦]۔

صَحّاف فت ص، شد ح۔ امذ۔ جلد ساز؛ کتب فروش۔

صِحافَت کس ص، فت ف۔ امث۔ اخبار نویسی؛

اخبارات یا جرائد کے لیے نامہ نگاری، خبر رسانی وغیرہ۔ صف صَحافتی، صَحافیانَہ امذ صَحافی جرائد کی ترتیب و ادارت سے تعلق رکھنے والا قلمکار۔

صَحائِف فت ص، کس ء۔ ج مذ۔ صَحِیفَہ (رک) کی جمع، نیز صُحُف (کسمج ص ح)۔

صُحْبَت ضم مج ص، سک ح، فت بـ امث۔ دوستی، رفاقت، ساتھ اٹھنا بیٹھنا، ہم جلیسی، ارتباط؛ مجامعت۔ فعل مر صُحبَت بَرار آنا ہم خیالی ہم مذاقی، اتفاق، اتحاد ہونا؛ موافقت، نباہ ہونا۔

صِحَّت کسمج ص، شد فت ح۔ امث۔ تندرستی، شفا، آرام؛ صداقت، سچّائی، درستی، اغلاط سے پاک ہونا۔ عام صِحَت (بلا شد) صِحَت خانَہ پاخانہ، سنڈاس، جاضرور۔

صَحْرا فت مج ص، سک ح۔ امذ۔ ریگستان، دشت، ویرانہ، بیابان؛ جنگل صف صَحْرائی ریگستان یا جنگل بیابان سے تعلق رکھنےوالا؛ صَحرا نَوَرْد ویرانوں میں گھومنے پھرنے والا سیلانی، آوارہ گرد۔

صُحُف ضم مج ص ح۔ ج مذ۔ صَحِیفَہ (رک) کی جمع، نیز صَحائِف۔

صَحْن فت مج ص، سک ح۔ امذ۔ آنگن، انگنائی۔ [ع:نیز طباق، کونڈا] تص صَحْنَک (رک)۔

صَحْنْچی فت مج ص، سک ح ن۔ امث۔ چھوٹا دالان، سہ دری جو عموماً صدر دالان کے پہلوں میں بنی ہوتی ہے۔

صَحْنَک فت مج ص، سک ح، فت ن۔ امث۔ کُونڈا، طباق، تھالی۔ صَحْن (رک) کی تصغیر۔

صَحِیح فت ص، ی مع۔ صف۔ درست؛ اصلی؛ واقعی، سالم م: عَدَدِ صَحِیح پورا عدد جس میں کسر شامل نہ ہو۔ نُونِ صَحِیح حرف ن کی اصل آواز جس میں غنّہ کا تصرف نہ ہوا ہو۔ حُروفِ صَحِیح اپنی مخصوص آواز رکھنے والے حروف، مصمتے، حُرُوفِ عِلّت کی ضد جو حروف صحیح کو حرکت دے کر با آواز بناتے ہیں۔ اردو کے حروف علّت یا مصوتے (ا ، و، ی) بیک وقت حروف صحیح کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں۔ مرکب وصفی صَحِیح اُلْدِّماغ (ال غم، شد کس د) عاقل، فاتر العقل کی ضد۔ صَحِیح اُلنَّسَب (ا ل غم، شد فت ن، فت س) جس کی خاندانی شرافت میں شبہ نہ ہو۔

صَحِیفَہ فت ص، ی مع، فت ف۔ امذ۔ کتاب، رسالہ، جریدہ؛ مقدّس یا آسمان سے اترا ہوا کلام؛ صَحِیفَہ ءِ سَماوی۔ ج صَحائِف، صُحُف مرکب صَحِیفَہ نِگار اخبار نویس، جرنلسٹ۔ امث۔ صَحِیفَہ نگاری۔

صَخْر فت ص، سک خ۔ امث۔ چٹان، ٹیلا نیز صَخْرَہ (سَخ رَ) چٹان یا پتھر کا ٹکڑا۔

صَد فت ص۔ عدد، امذ۔ سو (۱۰۰) (مجازاً) بہت کثیر ج صَدْہا سیکڑوں، بہت سے [ژند: شات، س: شَت]۔

صَدا فت ص۔ امث۔ آواز، صوت، پکار؛ گونج؛ لحن، نغمہ؛ فقیر کی التجا۔ فقرہ صَدا بَصَحْرا ویرانے میں گونجنے والی اَن سنی آواز۔ مراد وہ صلا، التجا، نصیحت وغیرہ جس پر توجہ نہ کی جائے۔ امذ صَدا کار فلموں وغیرہ کے گانے والا؛ امث صَدائے بازگشت پلٹنے والی آواز، گونج، گنبد کی آواز۔

صَدارَت فت ص ر۔ امث۔ کرسی نشینی، کسی مجلس، ادارے یا ملک کا سربراہ ہونا، صَدْر (رک) کا منصب۔ ج: صُدُور (ضمہ ص، ومع) [ع: صَدارَہ = اوّلیت، مسند نشینی، اعلیٰ مقام]۔

صُداع ضمہ ص۔ امذ۔ سر کا درد، سردرد۔

صَداقَت فت ص ق۔ امث۔ سچّائی، راستی، حق گوئی۔ [ع نیز: سچّی دوستی]۔

صَد برگ فت ص، سک د، فت ب، سک ر۔ امذ۔ گیندے کے پھول کی ایک بڑی قسم (لاط: Tagetus Erecta)۔

صَدْپا فت ص، سک د۔ امذ۔ کھنکھجورا، چھل پائی۔

صَدْر فت ص، سک د۔ امذ، صفہ سینہ، چھاتی، م: **ذَاتُ الصَّدْر** (ا ل غم، صد فت ص، سک د) سینے کا درد، نمونیا (۲) سامنے کا حصہ، عمارت کا خاص، مرکزی یا بڑا ضلع۔ م: **صَدْر دالان** (۳) شہر کا درمیانی بارونق علاقہ، فوجی چھاؤنی (۴) مسند نشین، سربراہ، اعلیٰ عہدیدار، پردھان م: **صَدرِ ادارہ، صَدْرِ جلسہ، صَدْرِ مملکت،** (۵) متقدم، پہلا، ابتدائی دور م: **صدرُالاسلام** تاریخ کا پہلا دور۔ مرکب: **صَدر الصُّدُور** قضاۃ یا عدالت کا ایک قدیم اعلیٰ عہدہ۔ **صَدْرْ اَمِین** (سک ر) صَدر الصّدُور کا نائب۔ **صَدْر مَقام** (سک د ر، فت م) جہاں حاکم عالی رہتا ہو، راجدھانی، **صَدْر نَشِین**، میر مجلس، کسی ادارے کا سربراہ۔

صَدْری فت ص، سک د۔ امث۔ مرزئی، سینہ بند، واسکٹ۔

صَدَف فت ص د۔ امث۔ سیپی، سیپ، گھونگا، (استعارۃً) سیپی نما، ابھرواں شے، م: **صَدَفِ زانُو** گھٹنے کی گول ہڈی، چپنی۔

صِدْق کس ص، سک د۔ امذ۔ سچائی، راستی، خلوص، نیک نیتی، دوستی۔ صف **صادِق** سچا، **صَدِیق** (فت ، ی مع) دوست، رفیق۔

صَدْقَہ فت ص، سک د، فت ق۔ امذ۔ خیرات، دان، جان کی سلامتی کے لیے مال و مویشی کی قربانی۔ م **صَدَقات/ صَدَقات** ف مر **صَدْقے جانا** واری، قربان ہونا،نہایت محبت و جاں نثاری کا اظہار کرنا [ع: صَدَقہ فت ر] مروصفی: **صَدْقَہ/صَدَقَۂ جارِیَہ** نیکی کا کام جس کا فائدہ ہمیشہ مستحقین کو پہنچتا ہے (م: کُنواں کُھدوانا) [ع: صَدَقہ، فت د]۔

صَدْمَہ فت ص، سک د، فت م۔ امذ۔ دھکّا، دَھاکا، چوٹ؛ رنج، غم، نقصان، ضرر۔ ج **صَدْمات** ،[ع: صَدَمات (فت د)]۔

صَدی فت ص، ی مع۔ امث۔ سو سال کی مدّت؛ سو عدد، سیکڑہ م: **فی صَدی**۔

صِدِّیق کس ص، شد د، ی مع۔ صف۔ نہایت سچّا، اول خلیفۂ اسلام حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔ مث **صِدِّیقَہ** حضرت مریم اور حضرت عائشہ کا لقب۔

صُراح ضمہ ص۔ صف۔ خالص کھرا، بے ملاوٹ، بے کھوٹ؛ واضح، روشن، بیّن۔ قب **صَریح**۔

صَراحَت فت ص ح۔ امث۔ کھول کر بیان کرنا، واضح کرنا، توضیح، تشریح، تصریح [ع: صَراحَہ] م ف **صَراحَتہً** وضاحت کے ساتھ، وضاحت کے طور پر۔

صُراحی ضم ص۔ امث۔ پتلی لمبی گردن کا ظرف۔ صف **صُراحی دار** صراحی کی شکل کا م: صراحی دار گردن، موتی وغیرہ۔

صِراط کس ص۔ امث۔ راستہ، سڑک، راہ۔ مروصفی **صِراطِ مُسْتَقِیم** (کسمج ط) سیدھا راستہ، سچا مسلک۔ **پُلِ صِراط** روایتہً ایک تلوار کی دھار کی طرح پتلا پل جس پر سے آخرت میں صرف اچھے اعمال والے بآسانی گزر سکیں گے۔

صَرّاف فت ص، شد ر۔ امث۔ سکّے، پرکھنے بھنانے، بدلنے والا، نقدی کا بیوپاری، نیز **صَیرَفی** (ے لین، فت ر) امذ **صرّافَہ** دوکان یا بازار جہاں سونے کی بکری یا نقدی کا لین دین ہوتا ہو۔

صَر صَر فت ص، سک ر۔ امث۔ تیز ، ٹھنڈی ہوا کا جھکّڑ۔

صَرْع فت ص، سک ر۔ امذ۔ مِرگی کا مرض۔

صَرْف فت ص، سک ر۔ امذ۔ بچنا، احتراز کرنا م: **صَرْفِ نَظَر** نگاہیں پھیرنا، نظر انداز کرنا؛ (۲)

خرچ، اخراجات ج مَصارِف؛ (۳) بَدلنا، تبدیل کرنا (قب، صرّاف) (۴) علم صَرف الفاظ میں قواعدی تصرّف یا تبدیلی اور قواعدی صورت و حیثیت کا مطالعہ م: کلمے کی اقسام، تذکیر و تانیث، افعال، ضمائر وغیرہ کے مسائل۔ صف صَرفی قواعد داں۔ مرعطفی صَرف و نَحو (سَر فو نَحْو) قواعد زبان اکیف مث تَصریف (رک)۔

صِرْف کس ص، سک ر۔ صف۔ فقط، محض، کُلّہم، بس اِس قدر، اتنا ہی، خالی تنہا۔ [ع: خالص، بے میل]۔

صَرْفَہ فت ص، سک ر، فت ف۔ امث۔ لاگت، خرچ؛ کفایت، بچت، بُخل م: صَرْفَہ ٔ نِگاہ نظر بَچانا، بے التفاتی، کم نِگاہی نیز صَرْفِ نِگاہ/ نَظر۔

صَرِیح فت ص، ی مع۔ صف۔ صاف، واضح، روشن، نیز صَرِیحی۔ م ف صَرِیحاً صاف طور پر، بلاشبہ، علانیہ۔

صَرِیر فت ص، ی مع۔ امث۔ قلم کے کاغذ پر چلنے کی آواز جو واسطی یا بَرُو کے قلم سے خاص طور پر سنائی دیتی ہے، نیز صَرِیرِ خامہ۔

صَعْب فت ص، سک ع۔ صف، امذ۔ دشوار، کٹھن؛ مشکل؛ دشوار؛ مشکل سے حاصل ہونے والا زرمبادلہ (قب انگ: Hard Currency)۔

صَعُوبَت ضمہ ص، و مع، فت ب۔ امث۔ دشواری، مشکل، آفت، جوکھوں۔

صَعُود فت ص، ومع۔ امذ۔ سیدھی، عمودی، چٹان۔

صُعُود ضمہ ص، و مع۔ امذ۔ اوپر کی طرف جانا، چڑھنا، بلند ہونا، ترقی کرنا۔

صِغَر کس ص، فت غ۔ امذ۔ترتیب یا عمر میں پیچھے یا چھوٹا ہونا، امث صِغَر سِنّی/ سِنی کم عمری صف صِغَر سِن کم عمر، نابالغ، کوچک؛ بچّہ، بالا۔ نیز صَغِیر سِن۔

صُغریٰ ضمہ ص، سک غ، ی غم۔ صف مث۔ اَصْغَر (رک) کی تانیث۔ (منطق) شکل قیاسی کا مقدّمۂ ثانی، کُبریٰ کی ضد م: سب انسان فانی ہیں (کبریٰ) احمد ایک انسا ہے (صُغریٰ) لہٰذا احد فانی ہے (حکم)۔

صَغِیر فت ص، ی مع۔ صف۔ مث/ج۔ چھوٹی، چھوٹے م: صَبِیَہ؛ صغیرہ = چھوٹی لڑکی؛ معاصیِ صَغیرہ = معمولی گناہ۔

صَف فت ص۔ امث۔ قطار، جماعت؛ بساط، میدان، مقام جہاں صف باندھی جائے۔

صَفا (۱) فت ص۔ امث۔ پاکیزگی، ستھرائی؛ خلوص، دل کی صفائی، سجل پن۔

صَفا (۲) فت ص۔ صف۔ صاف کیا ہوا، مصفیٰ، بے کثافت، مرکب وصفی؛ صَفا چَٹ، جہاں کچھ اگا نہ ہو؛ چٹْیل؛ بے گیاہ؛ (مجازاً) بے ریش [اردو کا تصرف]۔

صَفائی فت ص۔ امث۔ پاکیزگی، ستھرا پن، کَھرا پَن؛ صلح، ملاپ؛ جھاڑ پونچھ، خوش اُسلوبی، سجل پن، مہارت، مشّاقی، ملزم کی طرف سے استغاثے کا جواب۔ [اردو کا تصرف؛ ع: صَفا]۔

صَفایا امذ۔ استیصال، قلع قمع، سَتھراؤ، (اردو کا تصرف)۔

صِفَت کس ص، فت ف۔ امث۔ خوبی، خصوصیت؛ وصف، تعریف، توصیف۔ (قواعد) وہ کلمہ جو اسم سے کوئی خصوصیت منسُوب کرے۔ مرکب صِفت مُشَبّہ (مُ شَبْ بَہ) وہ صفت جو اسم فاعل کی صورت میں ہو اور کسی لازمی خصوصیت کو بیان کرے م: مہرِ عالمتاب۔

صَفْحَہ فت ص، سک ف، فت ح۔ امذ۔ کسی چیز کی اوپری سطح، بساط، میدان، کتاب یا کاغذ کے ورق کا ایک رخ، کاغذ کا ورق ج صَفَحات (فت ص ف)۔

صَفَر فت ص فد امذ۔ اسلامی قمری سال کا دوسرا مہینہ، تیرہ تیزی کا مہینہ نیز صَفَرُالْمُظَفّر (سَ فَ

رُل مُ زَ فْ فَر) رک مُظفر۔

صِفْر کس ص، سک فـ امذ۔ عدد بے قیمت جسے ایک نقطے یا بِندی سے ظاہر کرتے ہیں، بڑی رقموں میں جہاں یہ واقع ہوتا ہے، دہائی، سیکڑہ وغیرہ کے مقام پر خلا کو ظاہر کرتا ہے۔ ہر صفر عدد کی قیمت کو دس گنا بڑھاتا ہے۔ عام **صِفر** (فت ف) مجازاً، ہیچ، خالی، بے قیمت، م: نتیجہ صِفَر، لیاقت صِفَر، حاصل، فائدہ صفر۔

صَفْرا (ء) فت ص، سک فـ امذ۔ طب کی رو سے چار جسمانی اخلاط میں سے ایک جو پتّے میں پیدا ہوتی ہے، پت؛ بطور صف مث: **اَصْفر** (رک) کی تانیث = زرد، صف **صَفْراوی** صفرا سے منسُوب۔ [حرف ء متبدل بہ و]۔

صَفْوان فت ص، سک فـ ج مذ۔ چٹانیں، ٹیلے، پتّھر [ع: صَفوانَہ = پتھر]۔

صَفْوات فت ص، سک ف، فت و۔ امثہ خُصوصیّت خاصّہ، خلاصہ، عطر عطیر۔ [ع: صفْوۃ]۔

صُفّہ ضمہ ص، شد فت فـ امذ۔ چبوترا، چوپال؛ نشست گاہ، اونٹ کے کجاوے کی گدّی۔

صَفی فت ص۔ صف۔ خالص، کھرا، متین، بُردبار، مخلص دوست ج **اَصفیا** (ء) مث **صَفیہ** ،[ع: پھل دار درخت؛ شریک غالب کا حصّہ]۔

صَفیر فت ص، ی مع۔ امثہ سیٹی، پرندوں کی سریلی آواز۔ صف **صَفیری** سیٹی کی آواز سے مشابہ م: **صَفیری حُرُوف** وہ حروف جن کی آواز سانس کے زبان کی نوک کو چھو کر گزرنے سے ادا ہوتی ہے؛ ث، ز، س، ش، ص وغیرہ۔

صلا امث۔ فت ص۔ پکار، دعوت، بلاوا، آواز دے کر بلانا للکارنا، نیز **صَلائے نبرد** چنُوتی [ع: کھانے کے لیے آگ روشن کرنا۔ ف: کھانے کے لیے بلانا؛ پکارنا بلانا؛ للکارنا] مرکبات **صَلائے سَمَر قَندی** اوپری دل سے دعوت، **صَلائے عام** پکار یا بلاوا جو سب کے لیے ہو۔ [بلاہمزۂ اضافت]۔

صَلابَت فت ص بـ امث۔ سختی، مضبوطی، ٹھوس پن؛ ضد، ہٹ۔

صلات فت ص۔ امث۔ نماز؛ رحمت، برکت، دُرود۔ ج **صَلَوات** (رک)۔ نیز **صَلوٰۃ** (سَ لات)۔

صَلاح فت ص۔ امث۔ مشورہ، رائے، تجویز؛ بہتری، بھلائی (ع: نیکی، بھلائی) مر: **صلاح خَیر** صف **صَلاح کار** نیک پاکباز؛ مشورہ دینے والا۔

صَلاحِیّت فت ص، کس ح، فت ی (بلا شد بروزن موافقت) امث۔ مُوزونی، مناسبت، اہلیّت، استعداد؛ صلح، صفائی، نرمی، خوش اسلوبی [ع: صَلاحِیَہ]۔

صُلْب ضمہ ص، سک ل۔ امذ۔ رِیڑھ کی ہڈّی، پشت کا نچلا حصہ؛ (کنایتہً) نسل، پشت، پیڑھی ولدیت، مرکب **صُلْبی رِشتہ/ قَرابَت** خونی رشتہ۔

صُلْبہ ضمہ ص، سک ل، فت بـ امذ۔ آنکھ کی پتلی کا سفید حصہ، بَیاض چشم۔

صُلْح ضمہ ص، سک ل۔ امثہ ملاپ، سمجھوتہ، امن و امان۔ صف **صلح کُل** سب سے ملاپ یا نباہ؛ نیز نباہنے والا۔

صُلَحا(ء) ضمہ ص، فت ل۔ ج مذ۔ **صالِح** (رک) کی جمع۔

صَلْصال فت ص، سک ل۔ امث۔ گندھی ہوئی ریت ملی مٹی جس سےبرتن بنائے جاتے ہیں۔

صَلْعَم فت ص، سک ل، فت ع۔ جملہ دعائیہ۔ دُرود (رک) کے معنی الفاظ کا اختصار **صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وسَلَّم** (سَل لَلْ لا ہُ عَ لَے ہِ وَ سَلْ لَم) کی تخفیف؛ اللہ انھیں (حضرت محمدؐ) کو برکت و سلامتی عطا کرے۔

صَلوٰۃ فت ص ل، سک تـ ج مث۔ **صَلات** (رک) کی جمع؛ نیز عام: **صلوات/ سلاوات** دشنام؛ فصیحتے

ج ج سَلَوٰاتیں۔

صَلوٰۃ فت ص،و غم، سک ت۔ امث۔ نماز، عبادت، دعا، درود۔

صِلَہ کس ص، فت ل۔ امذ۔ عوض، بدلہ، معاوضہ، انعام۔ (قواعد) جملۂ عطفیہ میں موصول کا جواب م: تم بلاتے، "تو ہم آتے"۔ (عروض) قافیے میں حرف روی کے بعد آنے والا حرف جو قافیے کا جزو ہو، م: خوبیاں، محبوبیاں میں ی۔ مر اضا صِلۂ رَحِم (کسِ ح) رَحِمی (کسمج ح) اقربا سے حسن سلوک۔

صَلِیب فت ص، ی مع۔ امث۔ سُولی، سُولی کا نشان چیرا، جو ایک کھڑی لکیر پر ایک پڑی لکیر کھینچنے سے بنتا ہے۔ [ف: چَلِیپ/ چَلِیپا کا معّرب] ج صُلْبان صُلُب (ضمہ ص) مرکب امذ صَلِیب اَحْمَر سرخ صلیب کے نشان والی بین الاقوامی تنظیم (قب انگ: Red Cross)۔

صُمّ ضمہ ص۔ صف ج۔ بہرے، اونچا سننے والے [ع: واحد اَصَمّ]، مرکب صُمٌّ بُکمٌ (سَمْ مَم بک مُن) بہرے گونگے؛ (محاورۃً) خاموش جو سنی ان سنی کر دیں۔

صَمَد فت ص م۔ امذ، صف۔ دائم و قائم؛ پاک بے نیاز اللہ کے اسماء حُسنیٰ میں سے ایک۔ نیز صَمَدانی دائمی، صَمَدی صمد سے منسُوب، سرمدی۔ اکیف مث صَمَدیّت۔

صَمْصام فت ص، سک م۔ امث۔ تیز، نہ مڑنے والی تلوار جس کا وار روکنامحال ہو [ع: صمصم استقامت]

صَمِیم فت ص، ی مع۔ امذ۔ مرکز، اندروں، گہرائی مر اضا صَمِیم قَلب دل کی گہرائی، مراد: انتہائی خلوص۔

صَنادِید فت ص، ی مع۔ ج مذ۔ صِنْدِید (رک) کی جمع۔

صَنّاع فت ص، شد ن۔ صفہ بڑا کاریگر، ہنرمند، صانع (رک) کا صیغۂ تفضیل۔ اکیف مث صَنّاعی ہنرمندی۔

صِناعَت کس ص ع۔ امث۔ کاریگری، ہنرمندی، دستکاری، صنّاعی۔

صَنائِع فت ص، کسمج ء۔ ج مذ۔ ہنرمندیاں، (بلاغت) کلام میں لفظی محاسن پیدا کرنے کے گُر، تزئین کلام کے طریقے، مرعطفی صَنائِع و بَدائِع لفظی و معنوی صنعتیں جو علم بدیع کے ذیل میں آتی ہیں۔

صَنْدَل فت ص، سک ن، فت د۔ امذ۔ ایک نرم، خوشبو دار سفیدی مائل یا ہلکے زرد یا سرخ رنگ کی مصفیٰ لکڑی جسے تراش کر آرائشی یا کارآمد اشیا بناتے ہیں، یا خوشبو کے لیے پیس کر کپڑوں وغیرہ میں بساتے ہیں، نیز دواءً مستعمل، چندن [س: چندن کا معّرب] (لاط: Sandalum album etc)۔

صَنْدْلا فت ص، سک ن د۔ امذ۔ صندل پیسنے کا پتھر یا سِل۔

صَنْدَلی فت ص، سک ن، فت د۔ صف، امث، امذ۔ صندل کا بنا ہوا، صندل کے رنگ کا، کافوری، ملاگیری؛ امث۔ کفش پا، جوتی؛ پانو ٹکانے کی تپائی یا چوکی؛ اونچا اسٹول جس پر چڑھ کر راج کام کرتے ہیں؛ نیز اصلاً سَندَھلی؛ مٹی کی انگیٹھی جس میں خوشبو کے لیے صندل جلاتے یا گود میں رکھ کر جسم سینکتے ہیں، کانگڑی۔ امذ۔ پیدائشی مخنّث۔

صَنْدُوق فت ص، سک ن، ومع۔ امذ۔ لکڑی یا دھات کا ڈھکنے دار خانہ، بَکس، پیٹی، پیٹی؛ تابُوت [ع: صُنْدُوق ضمہ ص]، تص: صَنْدُوقچَہ، صَنْدُوقچی۔

صَنْدُوقی لَحَد فت ص، سک ن، و مع، فت مج ل ح۔ امث۔ قبر کے لیے صندوق نما کھودا ہوا گڑھا (بغلی لحد کے برخلاف)۔

صِنْدِید کس ص، سک ن، ی مع۔ امذ۔ بادشاہ، فرماں

روا، ساونْت، ہیرو ج صَنادید۔
صَنْعَت فت ص، سک ن، فت ع۔ امث۔ کاریگری، ہنرمندی، حسن کاری؛ کارگاہ، کارخانہ؛ کلوں کے ذریعے وسیع پیمانے پر اشیائے صرف کی پیداوار کا عمل۔ امذ۔ **صَنعَت کار** صنعتوں کو چلانے، صنعتی پیداوار کے لیےسرمایہ لگانے والا۔ **صَنْعَت گر** کاریگر، صنّاع۔ اکیف مث **صَنْعت کاری، صَنعت گری**۔ صف **صَنْعَتی** صنعت، خصوصاً جدید مشینی صنعتوں سے متعلق۔ م: **صَنعَتی دَور، صَنعَتی مَسائِل، صَنعَتی نِظام** [ع: صنع،کام کرنا]۔
صِنْف کس ص، سک ن۔ امث۔ جنس، قسم، نوع؛ ادب کی مختلف ہیئتوں میں سے کوئی م: صنفِ غزل، صنفِ رُباعی، صنفِ افسانہ۔ مرکب **صنفِ اناث** (کسمج ف، کس ا) عورتیں، **صنفِ ذُکور** مرد، مردوں کی ذات؛ **صنفِ لَطیف/ نازُک جنس** اناث کا لقب ج **اَصْنَاف، صُنُوف**۔
صَنَم فت ص ن۔ امذ۔ بت، مُورت؛ مصنوعی پیکر؛ دیو مورتی، حسین، محبوب۔ مرکب **صَنَمخانہ/ صَنَمْکَدَہ**۔ مندر امذ۔ **صَنَمْگَر** بت تراش، امث۔ **صَنَمْگَری** بت تراشی۔
صَنوبَر فت ص، ومج، فت ب۔ چیڑ اور چیڑ سےملتی ہوئی اقسام میں سے کوئی درخت، ارزہ، کاج چلغوزہ، سَرَل (لاط: Pinus geardiana etc)۔
صَنِیع فت ص، ی مع۔ صف۔ ہنر مند، ماہر؛ شائستہ، تربیت یافتہ؛ صیقل شدہ (تلوار وغیرہ)؛ عمدہ، احسن مث **صَنِیعَہ** خوش اسلوبی سے بنائی ہوئی شے، ہنر دستکاری۔
صَواب صف۔ امذ۔ خوب، اچھا، درست، صحیح؛ نیز **صائِب**۔ امذ۔ اچھائی، درستی، مناسب، پسندیدہ ہونا۔ **صَوابْدِید** (سک ب، ی مع) نیک صلاح، صائب مشورہ، مناسب رائے۔

صُوبَہ و مع، فت ب۔ امذ۔ کسی ملک کا انتظامی علاقہ جو عموماً کئی اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے، صوبے کا حاکم، گورنر، صوبہ دار، صوبے دار؛ (برطانوی عہد سے) پیادہ دستے کا دیسی افسر؛ ج **صوبَجات/ صوبَہ جات** [ع: انبار، خرمن]۔
صَوت و لین۔ امث۔ آواز، صدا؛ دُھن، باج؛ شور، پُکار، امث۔ **صوتِیات** آوازوں کا علم، انسانی نطق کی آوازوں اور ان کے مخارج کی ترتیب و تقسیم (قب: انگ: Phonetics) ج۔ **اَصوات** آوازیں (ہر قسم کی)۔
صُور ومع۔ امذ۔ نفیری، قرنا، بِگل، شِیپُور، نَرسِنْگا، شَنکھ۔ مراضا **صُورِ اِسرافِیل** وہ نفیر جو حسب عقیدہ حشر کے دن اسرافیل نامی فرشتے کے منہ سے پھونکا جائے گا۔
صُوَر ضمہ ص، فت و۔ ج مذ، مث۔ **صُوَرت** کی جمع ، اشکال، شبیہیں، ہیئات صف **صُوَری/ صُورِی** (ومع) ظاہری، اوپری، معنوی کی ضد۔
صُورَت ومع، فت ر۔ امث۔ شکل، چہرہ، رخ، مکھ؛ ہَیئت، وضع؛ نقش، تصویر، مورت؛ کیفیت احوال؛ تدبیر، ترکیب؛ طریقہ، ڈھنگ نیز **صُورَتِ اَحْوال/ حال** نقشہ حالات، کیفیت۔ صف **صُورَتْ حَرام** (سک ت، فت ح) وہ شے جو ظاہر میں اچھی باطن میں بُری ہو یا اس کے برعکس۔
صُوف ومع، امذ۔ نمدہ، اونی کپڑا، کپڑے کی دھجی یا ٹکڑا جو دوات میں رکھتے ہیں۔
صوفَہ ومج، فت ف۔ امذ۔ آرام دہ، گدّے دار نشست۔ [انگ: Sofa ازع: صفّہ]۔
صُوفی ومع۔ امذ۔ روحانی ریاضت کے ذریعے حقیقت تک پہنچنے کا طالب، درویش، سالک، عارف، اتیت ج **صُوفِیاء/ صُوفِیَہ**۔ مروصفی **صُوفی صافی** (ے مج) سچّا، نیک پرہیزگار صوفی؛ **صُوفی مَنِش** (فت

م، کس ن) درویشانہ مزاج رکھنے والا۔ صف
صُوفیانَہ صوفیوں جیسا؛ تکلف و نمائش سے پاک؛
سادہ م: صُوفیانہ رنگ، بھڑکیلا، شوخ، رنگین کی ضد۔
صَولَت و لین، فت ل۔ امث۔ زور، دم خم، ہیبت،
قاہری۔
صَوم و لین۔ امذ۔ روزہ، پرہیز، فاقہ بطور عبادت۔
صف۔ صائِم روزہ دار، اکیف مث صِیام روزہ داری۔
صَومَعَہ و لین، فت م ع۔ امث۔ راہبوں کی کٹیا؛
عیسائی خانقاہ، کلیسا۔
صَہبا فت مج ص، سک ہ۔ امث۔ سرخ شراب؛
انگوری شراب۔
صَہِیل فت ص، ی مع۔ امث۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ نیز
صَیحَہ، شیہہ۔
صَہیُونی فت مج ص، و مع۔ رک: صَیہُونی۔
صَیّاد فت ص، شد ی۔ امذ۔ شکاری، چڑی مار (ہر
طرح کے جانوروں کے پکڑنے یا مارنے والے کے لیے
مستعمل) اکیف مث صَیّادی (مجازاً) ظلم، جبر۔
صِیانَت کس ص، فت ن۔ امث۔ تحفظ، بچاؤ،
حمایت، صف مَصُئون جس کی حفاظت کی جائے۔
صَیحَہ ے لین، فت ح۔ امذ رک: صَہِیل۔
صَید ے لین۔ امذ۔ شکار، نخچیر، وہ جاندار جس کی
طرف نشانہ لیا جائے؛ کھیلوں کا مقابلہ، میچ۔ م: پتنگ
بازی کی صید۔ صف صَیدْ اَفگن (فت ا گ) شکار
کو مار گرانے والا شکاری۔ اکیف مث صَید اَفگنی
شکار کھیلنا، شکار کا شغل صف صَیدی حریف، مدّ
مقابل (شکار یا تفریحی مقابلوں میں) امث صَیدگاہ
شکار گاہ۔
صَیرَفی ے لین، فت ر۔ امذ۔ صرّاف، (سکّوں کو)
پرکھنے والا (نیز مجازاً) ناقد، پارکھ، کھرے کھوٹے کو
جانچنے والا؛ ہیرا پھیری کرنے والا، عیّار۔
صِیغَہ ی مع، فت غ۔ امذ۔ شعبہ، تحتی محکمہ یا
شاخ، ذیلی دفتر؛ (قواعد) مشتق کلمے کی قسم، م:
صیغۂ ماضی، صیغۂ جمع، صیغۂ تفضیل؛ لفظ، بول، ج
صیغے وہ بول جو اہل تشیّع کے نکاح کے وقت پڑھے
جاتے ہیں۔
صَیف ے لین۔ امذ۔ موسم گرما، تابستان۔
صَیقَل ے لین، فت ق۔ امذ۔ دھات کی چیزوں کو
چمکانے کا عمل، جلا دینا یا کرنا، آب دینا؛ رنگ
چھُٹانا، [ع: چمکانے والا] مرکب فاعلی صَیقَل گر
جلا دینے والا کاریگر۔
صِین ی مع۔ امذ۔ ملک چین کا عربی نام۔
صَیہُونی ے لین، ومع۔ امذ، اسم جنس۔ یہودیوں کی
قومی تحریک کا پیرو، کٹّر، متشدّد یہودی، نیز اصلاً
صَہیُونی ،[ع از عبرانی: صَہیُون سے منسُوب جو
یروشلم کی ایک پہاڑی کا نام ہے، جہاں ہیکل سلیمانی
واقع تھی] اکیف مث صَیہُونِیَت/ صَہیُونِیَت۔

ض

ض ضاد، ضاد معجمہ امذ۔ اردو ترتیب تہجی کا بتیسواں حرف، سنّی مصمتّہ جس کا تلفظ د اور ظ کے درمیان، اہل عرب ہی صحت کے ساتھ ادا کر سکتے ہیں، اسی لیے اہل عرب کو **اہْل اَلضّاد** بھی کہا جاتا ہے۔ اردو بولنے والے اسے ز کی طرح ادا کرتے ہیں۔ حروف شمسی میں سے ہے اور جمل میں ۸۰۰ اعداد کا حامل۔

ضابِط کس ب۔ صف۔ قابو رکھنے والا، صابر، حاکم، قابض۔ **ضابِطُ الصَّوت** (ا ل غم) آواز کو تیز یا دھیما کرنے والی کل۔ **ضابِطُ الْعَمَل** (ال غم) کسی مشین کو کنٹرول کرنے والا آلہ یا کَل۔

ضابِطَہ کسمج ب، فت ط۔ امذ۔ قاعدہ، قانون، اُصول کار؛ قانون نافذ کرنے والی قوت ج: **ضَوابِط**۔

ضاحِک کس ح۔ صف۔ ہنسنے والا، ہَنسوڑ، ظریف، مسخرا۔

ضارّ صف۔ نقصان رساں، مضر، ضرر پہچانے والا۔

ضارِب کس ر۔ صف۔ مارنے، ضرب، چوٹ لگانے والا۔

ضالّ صف۔ گمراہ، بھٹکا ہوا، بے دین۔ ج **ضالِّین** (شد ل، ی مع)۔

ضامِن کس م۔ صف۔ ذمہ دار، جواب دہ، ضمانت دینے والا۔ **ضامِن دار** وہ ملزم جس کا کوئی ضمانت دینے والا ہو۔ امث **ضامِنی** ضمانت، کفالت، تحویل، سپردگی، م: ضامنی میں لینا، ضامنی قبول کرنا۔

ضائِع کسمج ء۔ صفہ غارت، اکارت، رائگاں؛ فضول، بے فائدہ؛ کھویا ہوا۔

ضَبْط فت ض، سک ب۔ امذ۔ قبضہ، قابو، گرفتہ تحمّل، برداشتہ ہتھیانا، قبضے میں لینا، سوخت کر لینا؛ قاعدے میں لانا۔ **ضَبْطِ تَوَلید** بچوں کی پیدائش کو محدود رکھنے کی شعوری کوشش، خاندانی منصوبہ بندی۔

ضَبْطی فت ض، سک ب۔ امث۔ بزور قبضہ، قُرقی۔

ضُحا(ء) ضمہ ض۔ امذ۔ دن کا سب سے روشن حصہ؛ طلوع آفتاب کے بعد کی ساعت؛ قربانی، نیز **ضُحیٰ** (ی غم)۔

ضَحّاک فت ض، شد ح۔ صف تفضیل۔ بہت ہنسنے والا، ایران کے قدیم پیشاوی خاندان کا ایک بادشاہ جو بڑا ظالم تھا اور اس کے بارے میں روایت ہے کہ کاندھوں پر دو سانپ پیدا ہو گئے تھے۔

ضَخامَت فت ض م۔ امث۔ حَجْم، موٹائی، جسامت صف **ضَخیم** جس کی جسامت موٹائی حجم بہت نمایاں ہو۔

ضِدّ کس ض۔ صف، امث۔ مخالف، اُلٹ، معکوس؛ ہَٹ، اِصرار، تکرار، جدّ وکد۔ مث **ضِدَّن** اپنی بات پر اَڑنے والی۔ مرکب (بول چال) **ضِدَّم ضِدّا** بحثا بحثی، حجّت تکرار، تثنیہ **ضِدَّین** (ے لین) دو مخالف فریق یا متضاد اشیا، خواص وغیرہ۔

ضَرّ فت ض۔ امذ۔رک: ضرر جس کی یہ متبادل شکل ہے۔ جملہ **مَسَّنیَ الضَّرّ** مجھے ضرر پہنچا (قرآن میں حضرت ایوب کا قول)۔

ضَرّاب فت ض، شد ر، صف تفضیل، بہت ہتھ چُھٹ، بہت مارنے، ضرب لگانے والا۔

ضَرّاء فت ض، شد ر۔ امث۔ رنج، صعوبت، مصیبت۔ فقرہ **فِی السَّرّاءِ وَالضَّرّاءِ** (فس سَر را ءِ وز رّ ا ء) رنج میں اور خوشی میں، ہر حالت میں۔

ضَرْب فت ض، سک ر۔ امث۔ چوٹ، مار، وار؛ صدمہ، دھکا، نیز **ضَرْبَت**؛ مُہر ٹھپا؛ کسی عدد یا رقم میں

کسی دوسرے عدد یا رقم کو سامنے رکھ کر اتنے ہی گُنا اضافے کا حسابی عمل؛ شعر کا آخری رکن؛ نعرہ یا کلمۂ وِرد سر زد کرنا۔ ضَرب اَلْمَثَل (زَر بُل مَ سَل) کہاوت، مَثَل، مقولہ دوہرانا۔ (عربی محاورہ ضَرَبْتُ مَثَلاً پر مبنی)۔ ضَرْبِ لازِب ایسی چوٹ جس کا نشان نہ مٹ سکے۔

ضَربَت فت ض ب۔ امث رک: ضَرْب۔

ضَرَر فت ض ر۔ امذ۔ نقصان، زیاں، ضیاع، صف، ضَرررَساں، مضر، نقصان دہ۔

ضِرْ غام کس ض، سک ر۔ امذ۔ شیرببر۔

ضُرُوب ضمہ ض، ومع۔ ج مث۔ ضرب کی جمع، نیز ضَرَبات۔

ضَرُور فت ض، ومع۔ ف ل، صف، حرف تاکید۔ یقیناً، بیشک، لازماً، لازمی، ناگزیر؛ قطعاً ضَرُور بِاَلْضَرُور (بِزَرُور) (تاکید کے طور پر) ہر صورت میں، بلا حیل و حجت۔ صف ضَرُوری، لازمی، مرکب وصفی ضَروریَ اَلْاِظْہار جس کا بیان کرنا عین مناسب یا لازمی ہو۔

ضَرُورَت فت ض ر، ومع، فت ر۔ امث۔ حاجت، احتیاج، نہوت، ناداری، کمی؛ مانگ، محتاجی نیز ضَرُورَت مَنْدی عام ضَرُورَت/ضَرُورَتمَنْد۔

ضَرِیبَہ فت ض، ی مع، فت ب۔ امذ۔ محصول، ٹیکس، کر۔ ضَرِیبَہ دَخَل انکم ٹیکس، آئے کر۔

ضَرِیح فت ض، ی مع۔ امشد قبر، قبر کا صندوق یا صندوق نما قبر؛ مَقبرَہ، مزار یا اس کی نقل جو ماتمی جلوس میں اٹھا کر لے جائی جاتی ہے۔

ضُعْف ضم مع ض، سک ع۔ امذ۔ کمزوری، نقاہت، صف ضَعِیف کمزور، بوڑھا امث ضعیفہ ج: ضُعفا (ء)۔

ضِعْف کسمج ض، سک ع۔ امذ۔ ضرب دینا، دگنا کرنا، حاصل ضرب۔

ضَعِیف فت ض، ی مع۔ صف۔ رک: ضعف۔ ضَعِیف اَلْاِعْتِقاد (زَ عی فُل اِعْ تِ قاد) جس کا ایمان کمزور ہو، آسانی سے بھٹک یا بہک جانے والا ضَعِیف اَلْبُنیان (زَ عی فُل بُن یان) جو آسانی سے ڈھے جائے یا زیر ہو سکے، جس کی جڑ کمزور ہو۔ ضَعِیف اَلْجُثَّہ (زَ عی فُل جُثْ ث) کمزور جسم والا، ناتواں، لاغر، دُبلا، ضَعِیف اَلْعَقْل (زَعی فُل عَقْل) کم عقل، نا سمجھ۔ صف مث ضَعِیفہ بوڑھی۔ امث۔ ضَعِیفی بڑھاپا ج: ضُعَفا (ء)۔

ضَغْطَہ فت ض ط، سک غ۔ امذ۔ دباؤ، فشار، تنگی؛ سختی، دشواری، کشاکش۔ صف ضاغِط دبانے، نچوڑنے کی مشین، دَب کل۔

ضَلالَت فت ض ل۔ امث۔ گمراہی، بھٹکاؤ، لغزش، خطا۔ صف ضَلِیل بگڑا ہوا۔

ضِلْع کس ض، سک ل۔ امذ۔ پہلو، جانب، ایک طرف کی حد؛ صدر، سینہ؛ انتظامی علاقہ جو کسی صوبے کا حصہ اور کچھ تحصیلوں پر مشتمل ہوتا ہے؛ (علم بیان) رعایت لفظی، نیز ضِلْع جُگَت۔ عام: ضِلَع (زِلا)۔

ضَمّ فت ض۔ امذ۔ ملانا، جوڑنا، یکجا کرنا، مدغم کرنا، کولی میں بھرنا؛ حرف کو رَفْع یا پیش (ـُ) کی حرکت دینا، ضَمَّہ پیش، رَفْع کی علامت۔

ضِماد کس ض۔ امذ۔ لیپ، کوئی گاڑھی دوا کسی حصۂ جسم پر پھیرنا، یا پھیلانا، پھاہا رکھنا، مرہم پٹی کرنا اسم فاعل مُضَمِّد/ مُضَمِّدہ نرس، جرّاح۔

ضِمار کس ض۔ امذ۔ ڈوبا ہوا قرضہ یا واجبات جو ناقابل وصول ہوں۔

ضَمانَت فت ض ن۔ امشد ذمّہ، یقین دہانی، کفالت، ذمہ داری قبول کرنا، ضامن محافظ بننا؛ نیز ضامنی، صف ضامِن/ ضَمانَتی ضامن بننے، ضمانت دینے والا۔

ضِمن کس ض، سک م۔ امذ۔ ضمانت، ضامنی؛ جوف، اندرون، شکم، قعر، ذیل، شُمول، کسی زمرے میں شامل واقع، داخل ہونا؛ مُضمر، پوشیدہ مگر موجود ہونا۔ صف؛ **ضِمْنی** تحتی، شامل، مضمر م ف **ضِمْناً** (زم نَن) ذیلی طور پر، بشمول اور باتوں کے، تذکرۃً، اصل کے ساتھ فرع کے طور پر۔ [ع: اندرونی، بیچ میں ہونا]۔

ضَمِیر فت ض، ی مع۔ امذ۔ قلب، نفس باطن، صدر سینہ، حسّ اخلاق؛ طبع لطیف؛ (قواعد) وہ الفاظ جو اسماء کے قائم مقام کے طور پر برتے جاتے ہیں م؛ میں، ہم، تم۔ ج **ضَمائِر**۔

ضَمِیمَہ فت ض م، ی مع۔ امذ۔ معمولی یا اصل سے زائد بات یاشے، مزید ٹکڑا، ذیلی حاشیہ یا حصہ؛ اخبار کی خصوصی ہنگامی اشاعت۔

ضَو ولین۔ امث۔ روشنی، چمک، مرکب **ضَو اَفشاں/ ضَوفشاں/ ضَوفِگَن** روشنی ڈالنے، چمکنے، چمکانے والا۔

ضَوابِط فت ض، کس ب۔ ج مذ۔ رک؛ **ضابِطَہ** جس کی یہ جمع ہے۔

ضِیاء کس ض۔ امث۔روشنی، چمک، نور پاشی۔ م؛ ضِیاء قمر۔ صف **ضِیا بار/ پاش** روشنی برسانے، پھیلانے والا۔

ضِیافَت کس ض، فت ف۔ امث۔ دعوت، مہمانی، مدارات، خاطر تواضع۔

ضَیغَم ے لین، فت غ۔ امذ۔ شیر دَرِندَہ، پھاڑ کھانے والا شیر۔

ضَیف ے لین۔ صف۔ مہمان۔

ضِیق ی مع۔ امث۔ تنگی، دُشواری، گُھٹن مرکب **ضِیقُ اَلنَّفَس** (زیقُن نَفَس) دم گھٹنا، دمے کا مرض۔ محاورہ **جان/ دم ضِیق میں ہونا** مشکلات میں گھرا ہونا۔

ضَیِّق فت ض، شد کس ی۔ صف۔ تَنگ، پتلا، (سوراخ،راستہ وغیرہ)؛ پھیلا، کشادہ کی ضد؛ نیز تنگ دل خسِیس۔

ط

ط طوئے طاے مُہملہ۔ مثہ اردو ترتیب تہجی کا تینتیسواں ۳۳ حرف، حنکی مصمتہ۔اردو میں ت کا ہم آواز، عربی میں بھی اس کی آواز تا سے مماثل ہے اور ہونٹوں کو گول کر کے زبان کی نوک کو اگلے تالو سے مس کر کے ادا کی جاتی ہے۔ عربی الفاظ سے مخصوص لیکن بعض فارسی و ہندی الفاظ کی بھی املا میں موجود م: طیش، طوطا، بعض لوگ **ناتہ/ ناتا** کو بھی ط سے ناطہ لکھتے ہیں اگرچہ یہ املا معتبر نہیں۔ شمسی حروف میں شامل۔ جمل میں ۹ عدد کا حامل۔

طاب صف۔ پاک، مبارک، خوشگوار۔ **طابَ ثَراہٗ** بزرگ مرحُومین کے لیے کلمہٗ دعائیہ: اللہ نے ان کی مٹّی کو پاک، روشن، مہکدار کیا۔ نیز رک: طیّب۔

طابہ فت بہ امثہ شرابِ مشکبُو؛ مدینے کی ایک کھجور۔

طارِق کس ر۔ امذ۔ رات کا مہمان، صبح کا تارا۔

طارَم فت ر۔ امذ۔ لکڑی کا گھر یا کھوکھا (قب انگ: Kiosk)، گنبد؛ (مراد) آسمان [ف: طارَم، معرّب طارِم، طارمَہ]۔

طاری صف۔ چھایا ہوا، مسلّط۔

طاس امذ۔ طشت، کٹورا؛ دریا کی گزرگاہ اور آس پاس کا علاقہ؛ ایک قسم کا زر تار کپڑا۔ نیز **تاش** (ف: تاس) **طاس بازی** کٹورے اچھال کر لپکنے کا تماشا یا بازیگری۔ [ف: تاس کا معرّب]۔

طاسہ فت س۔ امذ۔ ڈفلی، دف، تاشا۔

طاعَت فت ع۔ امثہ فرماں برداری، نیز اطاعت، عبادت، احکام شرعی کی بجا آوری صف۔ **طاعت گُزار** عبادت کرنے والا۔

طاعُون ومع۔ امذ۔ چوہوں کے ذریعے پھیلنے والی بغلی گِلٹیوں کی مہلک وبائی بیماری، پلیگ۔

طاغُوت ومع۔ امذ۔ شیطان، ابلیس؛ جھوٹے معبود، دیوتا، بُت۔ صف **طاغُوتی** شیطانی، باغیانہ، ظالمانہ، کافرانہ۔ ج **طَواغیت**۔

طاق امذ۔ صف۔ محراب، شہ نشین؛ دیوار میں بنی ہوئی کھوہ، آلا، طاقچہ، صف: ماہر، باکمال؛ منفرد؛ وہ عدد جو دو پر تقسیم نہ ہو، جفت کی ضد۔ **طاقِ نِسْیاں** ایسا طاق جس میں چیز رکھ کر بھول جائیں، مراد: بُھول، بھلکڑ پن، بے پروائی۔

طاقَت فت ق۔ امثہ زور، قوت، توانائی، سکت، دم، مقدور، استطاعت؛ ملک، حکومت جس کے پاس اقتدار اور لاؤ لشکر ہو۔ **طاقَتْوَر** توانا، مضبوط۔

طاقَہ فت ق۔ امذ۔ اکائی، ایک مکمل شے، سالم ٹکڑا، ادنیٰ کپڑے کا تھان یا پوشاک کے لیے کافی ٹکڑا۔

طاقی صف۔ ایسا گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی ایک بڑی ہو؛ بھینگا آدمی، اَحول۔

طاقِیہ کس ق، فت ی۔ امثہ پگڑی یا دستار کے نیچے پہننے کی ٹوپی۔

طَالَ عُمْرُہٗ فت ل،ضمہ ع، ضمہ مع ر، ضمہ ہ،مثل،و مع دُعائیہ فقرہ۔ اس کی عمر دراز ہوئی، یعنی ہو؛ اللہ اس کی عمر دراز کرے۔ مونث کے لیے **عُمْرُہا** جمع کے لیے **عُمْرُھُم**،مث **ھُنّ**،مخاطب کے لیے **عُمرُ کُم** نیز **طالَ اللہُ عُمْرَہٗ** (عُم رَ ہُو)۔

طالِب کس ل۔ صف۔ مانگنے، طلب کرنے والا؛ خواستگار، خواہشمند، (مراد) طالب علم، نیز **طُلّاب** (ضمہ ط، شد ل)، **طَلَبَہ** (فت ط ل ب)؛ امثہ **طالِبَہ**۔

طالِح کسمج ل۔ صف۔ بد، بُرا، بدکردار۔

طالِع کسمج ل۔ صف۔ طلوع ہونے والا، اُبھرتا ہوا؛ نصیبا، مقدّر۔ **طالِعِ بیدار** خوش نصیبی؛ محبوب۔ **طالِعِ خوابیدَہ** (خا بی دَ) سویا ہوا نصیب، بری

قسمت، طالِع مَند بلند اقبال، طالِع واژْ گُوں/ واژُوں اوندھا نصیبا، بری تقدیر۔

طالُوت و مع۔ علم: بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ جس نے جالوت کو شکست دے کر قتل کیا، پھر فلسطینیوں کے ہاتھوں مارا گیا۔

طالِیقُون ی مع، و مع۔ امث۔ سات دھاتوں کا مرکب، ہفت جوش، کانسی۔

طامات ج مذ۔ شیخی، لاف زنی؛ کرامات کے جھوٹے دعوے؛ طفانیاں ،مصائب۔ [ع:طامّات، طامّہ کی جمع]

طامِع کسمج م۔ صف۔ لالچی، حریص۔

طاہِر کس ہ۔ صف۔ پاک، مقدّس، عیب یا آلائش سے بَری۔ مث طاہِرَہ ج: اَطْہار۔

طاہری کس ہ۔ امث۔ لہسن وغیرہ سے بگھارے ہوئے ہلکے مسالے کے چاول جن میں بڑیاں، آلو یا کوئی اور ترکاری ڈالی گئی ہو۔ بغیر گوشت کا پلاؤ، ترکاری پلاؤ۔ نیز طَہاری/ تَہاری۔

طائِر کس ء۔ امذ۔ پرندہ، پنچھی، صف: اُڑنے والا، پرواز کرنے والا۔ تصغیر: طائِرک چھوٹی چڑیا، پیاری سی چڑیا۔ م ف طائِرانَہ م: طائِرانہ نَظَر بلندی سے دیکھنا، مجموعی نہ کہ تفصیلی مشاہدہ۔

طائِفَہ کسمج ء۔ فت ہ۔ امذ۔ گروہ، جماعت؛ موسیقاروں کی ٹولی۔

طائِل کس ء۔ صف، امذ۔ دراز؛ نفع، فائدہ، مرکب لاطائِل بے فائدہ، لاحاصل۔

طاؤُس ومع۔ امذ۔ مور، ستار کی قسم کا ایک تاروں اور تربوں والا ساز جس کے تُونبے کو مور سے ملتی ہوئی شکل دے دی جاتی ہے۔ صف طاؤُسی مور کی شکل یا رنگ کا، لاجوردی م: طاؤُسی طُغریٰ خوشنویسی کا نمونہ جس میں مور کی شکل بنتی ہو۔ رَقصِ طاؤُسی ایک طرح کا رقص جس میں پشواز کو چٹکیوں میں پکڑ کر مور کے پروں کی طرح اٹھا لیا جاتا ہے اور چال میں مور کا سا انداز پیدا کیا جاتا ہے۔

طِبّ کس ط۔ امذ۔ امراض اور اُن کے علاج کا علم؛ حکمت، طبّ یونانی۔ اسم فاعل طَبیب حکیم، معالج مث طَبِیبَہ صف طِبّی امث طِبابَت (کس ط، فت ب) طبیب کا پیشہ۔

طَبّاخ فت ط، شد ب۔ امذ۔ پکانے والا، بکاول، باورچی، خانساماں، رسوئیا۔ مث طَبّاخی باورچی گری۔

طَباشِیر فت ط، ی مع۔ امذ۔ بَنس لوچن [ف: تَباشِیر کا معرّب، س: تَوکھشیر لاط: Celiceous concertion]۔

طَبّاع فت ط، شد ب۔ صف تفضیل۔ نہایت، ذہین، اعلیٰ دماغی صلاحیّت رکھنے والا؛ چھپائی کا ماہر۔ امث طَبّاعی پر تخیّل ذہن۔

طَباعَت فت ط ع۔ امث۔ چھپائی، چھاپنے کا کام۔

طَباق فت ط۔ امذ۔ دھات کا چوڑا برتن، تسلا، کونڈا یا گڑھے دار سینی۔

طَبائِع فت ط، کسمج ء۔ ج مث۔ طَبیعت (رک) کی جمع۔

طَبَر فت ط ب۔ امذ۔ کلہاڑی، چوڑے پھل کا کلہاڑی سے ملتا ہتھیار نیز تَبَر ،[ف: تَبَر کا معرّب]، طَبَردار سفر مینا کا دستہ۔

طَبَرزَد فت ط ب ز۔ صف، امذ۔ تبر سے کاٹا، ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا؛ مصری کی ڈلی، پہاڑی نمک کا ڈلا [ف: تَبَرزَد]۔

طَبَرخُوں فت ط ب، ومع، غنہ۔ امشد صندل کی ایک قسم، صَندل سرخ۔

طَبْع فت ط، سک ب۔ امث۔ فطرت، خلقی رُجحان، خصلت؛ چَھپائی، طباعت۔

طَبْعْزاد فت ط، سک ب ع۔ صف۔ کسی کے اپنے ذہن کی پیدا وار، اوریجنل، عام: **طَبْعزاد** (فت ع)۔
طَبْعی فت ط، سک ب۔ صف۔ خِلقی، جِبلّی، قدرتی؛ طبیعت سے مَنسُوب، نیز **طَبِیعی**۔
طَبَق فت ط ب۔ امذ۔ تھال، بڑی تھالی؛ ڈھکنا، سرپوش؛ تَہ، پَرت۔
طَبَقات فت ط ب۔ ج مذ۔ طبقہ (رک) کی جمع۔ (علم) **طَبَقاتُ الاَرْض** فرش زمین کی تَہیں؛ کرۂ زمین کی ساخت سے تعلق رکھنے والا علم۔ صف **طَبَقاتی** طبقوں سے متعلق؛ سماج کے (اعلیٰ اوسط اور ادنیٰ) معاشی گروہوں سے متعلق۔
طَبَقہ فت ط ب ق۔ امذ۔ متعدد عمودی درجوں میں سے کوئی درجہ، سماجی یا معاشی گروہ، جماعت، آبادی کا کوئی حصّہ۔ نیز عام: **طَبْقہ** (سک ب)۔
طَبْل فت ط، سک ب۔ امذ۔ ڈھول، نقارہ۔ **طَبْلِ اَمان/ آسائش/ بازگشت** اختتام جنگ کے اعلان یا فوجوں کی واپسی کے لیے نقّارے کی مخصوص ٹکوریں۔ **طَبْلِ جَنْگ** نقارے کی آواز جو فوج کو جنگ کے لیے بلائے۔ **طَبْلِ شادمانی** جشن کے موقع پر بجایا جانے والا نقّارہ۔ عام: **طَبَل**۔
طَبْلْچی فت ط ب، سک ل۔ امذ۔ رک **طَبْلَہ**۔
طَبْلَق فت ط، سک ب، فت ل۔ امذ۔ کاغذات کا مرتب پلندہ، کاغذوں کو سنبھال کر رکھنے کی جِلد (انگ: فائل کوَر) مِسل، دفتر، رجسٹر۔
طَبْلَہ فت ط ہ، سک ب۔ امذ۔ پٹاری، صندوقچہ، چنگیر؛ ایک طرف سے منڈھی ہوئی ڈھولک جس کا منڈھا ہوا رُخ بجاتے وقت بجانے پہلو کے اُوپر کی طرف رہتا ہے، پکھاوج یا مردنگ کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایجاد کیا گیا۔ **طَبْلے کی جوڑی** دو توام طبلے جنھیں دایاں اور بایاں کہتے ہیں اور ایک ساتھ بجائے جاتے ہیں۔ امذ **طَبْلْچی** طَبْلہ بجانے والا۔ نیز **طَبْلیا، تَبْلیا**۔
طَبْلی فت ط، سک ب۔ امث۔ تھیلی، زنبیل۔
طَبِیب فت ط، ی مع۔ امذ۔ معالج، حکیم۔
طَبِیخ فت ط، ی مع۔ صف۔ پکا ہوا، جوشاندہ، جوش دادہ۔
طَبِیعَت فت ط، ع، ی مع۔ امث۔ افتاد، سرشت، مزاج، خلقی عادات؛ مرضی، فطری رجحان؛ کیفیت مزاج یا صحت؛ دِل، دِلی لگاؤ۔
طَبِیعی فت ط، ی مع۔ امذ، صف۔ عالم مادّی کا مطالعہ کرنے والا؛ کائنات کو حادث ماننے والا، دہری، دہریا، نیچری؛ طبیعت سے متعلق؛ نیز رک: طبیعیات۔
طَبِیعیّات فت ط، ی مع، کس ع۔ شد ی۔ امث۔ مادّے کے خواص و ماہیّت، توانائی اور متعلقہ مسائل کا مطالعہ۔ امذ، صف۔ **طَبِیعی** ماہر طبیعیّات، طبیعیّات سے متعلق۔
طَپاں فت ط۔ صف۔ جلنے والا، جلتا ہوا؛ تڑپتا ہوا۔ نیز **تَپاں، طَپِیدَہ، تَپِیدَہ**۔ [ف: تپ + اں = اسم فاعل ترکیبی]۔
طَپِش فت ط، کس پ۔ امث۔ جلن، سوزش گرمی، نیز **تَپِش** ۔[حاصل مص؛ از ف: تَپ؛ قب س: تاپ]۔
طِحال کس ط۔ امث۔ تِلّی۔ امذ۔ **طُحال** (ضمہ ط) تِلّی کا ورم۔
طَرّاح فت ط، شد ر۔ امذ۔ ماہر تعمیرات، عمارت کا نقشہ بنانے والا، ڈیزائن بنانے والا تخلیق کار؛ نقّاش (انگ: آر کی ٹیکٹ) امث۔ **طَرّاحی** فنّ تعمیر (انگ: آرکیٹیکچر)۔
طَرّار فت ط، شد ر۔ صف۔ تیز چالاک، امث۔ **طَرّاری** تیزی، پھرتی، چالاکی۔
طَرارَہ فت ط ر۔ امذ۔ زقند، چھلانگ، کُلانچ۔
طِراز کس ط۔ امذ۔ وضع، ہیئت، صورت، ترکیب؛ ڈِیزائن؛ نقش و نگار۔ نیز بطور لاحقۂ صفت م؛

خُوش طِراز اچھی وضع کا، دیدہ زیب۔ رَقَم طَراز لکھنے والا۔ عام: طَراز (فت ط) [ف: تراز کا معرب و مورد]۔

طَراوَت فت ط و۔ امث۔ تری، تازگی، نمی؛ ٹھنڈک، تراوٹ [ع: طراوۃ]۔

طَرَب فت ط ر۔ امذ۔ مسرت، خوشی، شادمانی، عیش، موج، مزا، موسیقی م: آلاتِ طَرَب ساز، باجے، مزامیر۔

طَربُوش فت ت، سک ر، ومع۔ امث۔ ترکی ٹوپی نمدے کی ٹوپی عموماً پُھندنے کے ساتھ [ع: ج طَرابیش]۔

طَرْبیزَہ فت ط، سک ر، ی مع۔ امذ۔ ایسی چوکور شکل جس کے چاروں ضلع باہم غیر متوازی ہوں (لاط: Trapezium)۔

طَرَبِیَہ فت ط ر، کس ب، شد فت ی۔ صف، امذ۔ فرحت ناک؛ خوش انجام، تمثیل؛ تفریحی، فرحت انگیز ڈراما، حزنیہ کی ضد۔ عام: طَرْبِیہ۔

طَرْح فت ط، کس ر۔ امث۔ بنیاد، نیو؛ ابتدا، آغاز؛ وضع، ہیئت، صورت؛ انداز، ادا؛ طریقہ، طور، مشق شعر گوئی کے لیے نمونے کا مصرعہ جس سے بحر، قافیہ ردیف معلوم ہو۔ نیز طَرَح (فت ر، اردو کا تصرف) صف۔ طَرَحْدار، طَرَح دار اچھوتی، دلکش وضع رکھنے والا۔ امث۔ طَرَحداری بانکپن طَرَح دینا ٹالنا، نظر انداز کرنا۔ م ف کی طَرَح/ طَرَح سے (فت ر) کی مثل، ایسے جیسے، یوں۔

طَرْخُوں فت ط، سک ر، ومع۔ امذ۔ پودینے کی طرح کا ایک پہاڑی پودا، اس کی جڑ کو عاقر قرحا کہتے ہیں: (لاط: Anthemus Pyrethrum)۔

طَرْز فت ط، سک ر۔ امث/ امذ۔ انداز، وضع، روش۔ امذ۔ طَرزِ عَمَل رویّہ، سلوک، طریق کار۔

طَرَف فت ط ر۔ امث۔ سمت، جانب، کنارا، حد؛ مدعی، مدّ مقابل، فریق؛ اَصیل، صحیح النّسب۔ طَرَف دار حمایتی [ع: طرفہ]۔

طَرْف فت ط، سک ر۔ امذ۔ گوشۂ چشم، آنکھ کا کویا، پلک، پپوٹا؛ اُچٹتی نظر؛ ترچھی نظر؛ گھاس کا قطعہ۔

طَرفا (ء) فت ط، سک ر۔ امذ۔ جھاؤ کا پیڑ، درخت فراش (لاط: Tamrix Indica)۔

طُرفگی ضمہ ط، سک ر، فت ن۔ امث۔ نیا پن، اچھوتا پن، صف طُرفہ انوکھا، نادر، عجوبہ۔

طَرفَہ فت ط، سک ر، فت ف۔ امث۔ پلک چھپکنا نیز طَرفَت العَین (تَرفَ تُل عَین)۔

طَرَفین فت ط ر، ے لین۔ تثنیہ۔ دونوں فریق۔ طَرَفینِ اِستعارَہ مُشبّہ اور مشبّہ بہ، ارکان استعارہ۔

طُرُق ضمہ ط ر، ج مذ۔ راستے، راہیں۔ طَرِیق کی جمع۔

طُرّم خاں ضمہ ط، شد فت ر۔ امذ۔ اکڑ باز۔ امث طُرّم خانی ہیکڑی۔

طُرَّہ ضمہ ط، شد فت ر۔ امذ۔ پُھندنا، گُپھا، گچّھا، کلغی، صافے کا ایک پلّو جو کلاہ کے قریب اُڑسا اور اوپر اٹھا رہتا ہے، پھندنے کی شکل کی پھولوں کی لڑی جو سہرے کے پہلوں میں دولھا کے کانوں کے پاس لٹکتی رہتی ہے؛ بالوں کی لڑ، لٹ، مُرغولہ؛ نشے کی آخری چُسکی یا گھونٹ۔ معمول سے بڑھ کر انوکھی شے یا بات۔

طَرِیقْ فت ط، ی مع۔ امذ۔ مسلک، دستور؛ راستہ، سڑک۔ امث طَرِیقَت صوفیانہ اصول و ریاضات، درویشی۔ امذ۔ طَرِیقَہ وضع روش، دستور، ڈھنگ، انداز۔ امث طَرِیقات اصول کار، عملی اصول ضوابط؛ (انگ: میتھڈالوجی)۔

طَشْت فت ط، سک ش۔ امذ۔ تسلا، ہاتھ دھونے کا باسن **طَشت از بام** آشکار، فاش۔ امث **طَشت چَوکی** رفع حاجت کے لیے بیٹھنے کی چوکی اور اس کے نیچے رکھا جانے والا تسلا۔ نیز **تَشْت۔**

طَشْتَری فت ط، سک ش، فت ت۔ امث۔ رکابی، کھانے کی پلیٹ۔

طَعام فت ط۔ امذ۔ کھانا، سامانِ خوردونوش۔

طُعْمَہ ضمہ مج ط، سک ع، فت م۔ امذ۔ لُقمہ، نوالہ، خوراک، رزق، پرندوں کو کھلایا جانے والا چوگا۔

طَعْن فت ط، سک ع۔ امذ۔ طنز، ملامت، اُلَہنا، جلی کٹی بات؛ مرکب عطفی: **طَعْن و تَشْنِیع** بر ملا مذمت (بول چال) ملامت **طَعْن تِشنَہ** نیز **طَعنَہ/ طَعنَہ زَنی** ،[ع: طَعن نیزے کا وار]۔

طُغریٰ ضمہ ط، سک غ، ی غم۔ امذ۔ کتابت کی ایک روش جس میں کششوں کو کھینچ کر یا پیچیدہ بنا کر نُدرت آفرینی کی جاتی ہے؛ خطِ پیچیدہ جو پہلے پہل سلاطین ترکی کے فرامین، سرناموں، سکّوں وغیرہ میں استعمال کیا گیا۔ [ع: طَغَر = یُورش] امذ صف **طُغرا نِگار، طُغرائی۔** طغرانویسی کا ماہر۔

طُغْیان ضمہ ط، سک غ۔ امذ۔ زور و ظلم، سرکشی؛ سیلاب؛ نیز امث۔ **طُغْیانی** پانی کا چڑھاؤ۔

طفل کس ط، سک ف۔ امذ۔ بچّہ۔ ج: **اَطْفال** امث **طِفْل تَسلّی** بہلاوا پھسلاوا۔ **طِفْلِ ہِندُو** آنکھ کی پتلی۔ امث **طِفلی** بچپن، نیز **طِفُولِیّت** (ضمہ ط) بچپن کا زمانہ؛ بچپنا۔

طُفُولیَت ضمہ ط، ومع، کس ل، فت ی۔ امث۔ بچپن، طفلی، چُھٹپَن، چُھٹپنا۔

طُفَیل ضمہ ط، ے لین۔ امذ۔ ذریعہ، وسیلہ، مددگاری۔ [ع: چھوٹا بچّہ]۔

طُفَیلی ضمہ ط، ے لین۔ امذ۔ بن بلایا مہمان؛ پچھ لگّا، دُم چھلّا، حاشیہ نشین، کسی دوسرے نبات پر پلنے والا پودا یا بیل۔

طَلا (ء) فت ط۔ امذ۔ مالش، مالش کی شے، دوا، تیل وغیرہ؛ پھوہار [ع: طَلّ = پھوہار]۔

طلا کس ط۔ امذ۔ زر سرخ، سونا۔ [ف: اصلاً تِلّا] صف **طِلائی، مُطلّیٰ** مُ تَل لا۔ (وضعی لفظ)۔

طُلّاب ضمہ ط۔ ج مذ۔ طالب (رک) کی جمع۔ نیز **طَلَبَہ / طُلَبا (ء)** طلب گار، مراد: طالبانِ علم۔ [ع: طالِب، طَلِیب کی جمع]۔

طَلاق فت ط۔ امث۔ شوہر کا بیوی کو نکاح سے خارج کرنا، فَسخِ نکاح؛ چھوڑدینا، ترک کرنا، آزاد کرنا۔ **طَلاق بائِن** غیر رجعی طلاق جس کے بعد رجوع کے لیے تجدید نکاح کی شرط ہے، لیکن حلالہ ضروری نہیں۔ **طَلاق بِدْعی** ایک ساتھ تین طلاقیں جو شریعت میں ناپسندیدہ خیال کی جاتی ہیں۔ **طَلاقِ مُغَلّظَہ** قطعی طلاق جس کے بعد شریعت اسلامی کی رو سے بغیر حلالہ دوبارہ نکاح نہیں ہو سکتا۔

طَلاقَت فت ط ق۔ امث۔ روانی، سہولت، خوش گفتاری، نیز **طَلاقَتِ لِسانی**، رواں، بے تکان گفتگو۔

طَلَب فت ط ل۔ امث۔ مانگ، خواہش، جستجو، نشے کی لت؛ ملازم کی تنخواہ؛ بُلاوا، نیز **طَلَبی/ طَلْبی۔** صف **طَلْبِیدَہ** بلایا ہوا، **طَلَبگار** خواہشمند، مانگنے والا، عاشق۔

طُلَبا(ء) ضمہ ط، فت ل۔ ج مذ۔ طلیب کی جمع، طالبان علم۔

طَلْبانَہ فت ط، سک ل۔ امذ۔ طلب کرنے کا معاوضہ، گواہ کو عدالت میں پیش ہونے کی ادائگی۔

طَلَبہ فت ط، ل ب۔ ج مذ۔ **طالِب** کی جمع، طلّاب۔

طِلِسْم کس ط ل، سک س۔ امذ۔ جادو، سحر، نیرنگ؛ حیرت میں ڈالنے والی بات؛ بھید، مُبہم تحریر

یا تعویذ ج طِلِسمات صف طِلِسماتی/ طِلِسمی۔

طَلعَت فت ط ع، سک ل۔ امذ۔ چہرہ، رخ، شکل۔ مروصفی: ماہ طلعت، حور طلعت۔

طُلُوع ضمہ ط، و مع۔ امذ۔ اُبھرنا، نمودار ہونا، سورج، چاند یا ستارے کا آسمان پر نکلنا۔

طَلِیب فت ط، ی مع۔ صف تفضیل۔ طلب میں منہمک ج: طُلَباء مراد علم کے جویا۔

طَلِیعَہ فت ط، ی مع، فت ع۔ امذ۔ فوج کا ہراول دستہ، مُقَدّمَت الجیش (مُ قَدْ دَ مَ تُل جَیش)۔

طَلِیق فت ط، ی مع۔ صف تفضیل۔ ہنس مکھ، خندہ رُو، آزاد طَلِیق ٱلِلّسان (تلی قُلْ لِسان) خوش گفتار، فصیح البیان۔

طَمّاع فت ط، شد م۔ صف تفضیل۔ بہت لالچی، حریص، بڑا لوبھی۔

طَمانْچَہ فت ط، ا مغ، فت چ۔ امذ۔ تھپڑ، ہاتھ سے گال پر ضرب یا جانور کا پنجے سے وار۔ نیز تَمانْچَہ۔

طَمانِیَت فت ط، کس ن، فت ی۔ امث۔ اطمینان، تسلّی، دلجمعی۔ نیز طَمانِینَت (تَما نی نت) [ع: طمانِینَہ/ طُمانِیَہ]۔

طُمطُراق ضمہ ط، سک م۔ امذ۔ ٹھسّا، سج دھج، آن بان، شان و شکوہ۔ عام: طُمطَراق۔

طَمَع فت ط م۔ بروزن ہُما، امث۔ لالچ، حرص۔

طَمَنْچَہ فت ط م چ، سک ن۔ امذ۔ پستول، نیز تَبَنْچہ، طَبَنچَہ۔

طَناب فت ط۔ امث۔ رسّی، ڈوری، بند؛ وہ رسّیاں جو خیمے کو تانے رکھتی ہیں۔

طَنّاز فت ط، شد ن۔ صف تفضیل۔ شوخ، چنچل، فقرے باز، طعن باز۔ امث طَنّازی شوخی، اکڑفوں، چھینٹے اڑانا۔

طَنْبُور فت ط، ن مثل م، ومع۔ امذ۔ ایک ستاروں کی طرح کے تاروں کا ساز جس میں چھ تار ہوتے ہیں؛ ڈھول۔ نیز طَنبُورَہ (تَم بُورا)۔

طَنْز فت ط، سک ن۔ امذ۔ چُبھتا ہوا مذاق، فقرے بازی، چھینٹے اڑانا، تمسخر آمیز تنقید، نشتریت، طَنْزِیات ایسا ادب جس میں خوش طبعی کے ساتھ چُبھتی ہوئی تنقید ہو۔

طَنْطَنَہ فت ط، سک ن، فت ط۔ امذ۔ سازوں کی آواز، جھنکار، شور، غلغل؛ دبدبہ، ہمہمہ؛ نخرا، ٹھسّا، اتراہٹ۔

طَواس فت ط۔ ج مذ۔ طاس (رک) کی جمع؛ ایک قسم کا قالین؛ جس میں شبیہیں بنی ہوں۔ نیز طَواسی۔

طَواسِین فت ط، ی مع۔ ج مث۔ قرآن کی بعض سورتیں جن میں حروف مقطّعات طس (ط، س) آتے ہیں۔ نیز طَواسِیم/ ذَوِی ٱلطَّواسِیم (زَوِت، تَ وا سِیم)۔

طَواف فت ط۔ امذ۔ گِرد گھومنا، چکّر لگانا، کعبے شریفہ کے گرد پھرنا جو مناسک حج میں بھی شامل ہے؛ کسی جگہ کا بار بار پھیرا۔

طَوالَت فت ط ل۔ امث۔ لمبائی، درازی، تضیع وقت، کسی کام میں وقت یا محنت کا زیادہ صرف۔

طَوائِف فت ط، کس ء۔ امث۔ طائِفَہ (رک) کی جمع، رنڈی، کسبی، گانے والی بازاری عورت۔ طَوائِف ٱلْمُلُوکی (ا غم، سک ل، ضمہ م، و مع) انتشار، سیاسی بدنظمی، [ع: مُلُوک ٱلْطَّوائِف بڑی سلطنت کے زوال پر اُبھرنے والے چھوٹے چھوٹے امیر]۔

طُوبیٰ و مع، ی غم، صف ج مث علَم۔ نہایت عمدہ، بہت خوب، نعمتیں، اچھی خبریں، اَطیَب کا مونّث و صیغۂ جمع؛ جنت کے ایک درخت کا نام [ع: طُوبیٰ

لَکُم خوش رہو، واہ واہ، کلمۂ تحسین]۔

طَور و لین۔ امذ۔ کیفیت، حالت؛ طریقہ، انداز، ڈھنگ۔

طُور ومع۔ امذ۔ پہاڑ؛ عَلَم: طُورِسینا/ مُوسیٰ وادی سینا کا ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے کلام کیا اور جلوہ دیکھا۔

طُوسی و مع۔ امذ۔ خراسان کے شہر طوس سے منسوب، ایک طرح کا پشمینہ۔

طوّطا ومج۔ امذ۔ عموماً سبز رنگ اور لال نکیلی چونچ والا پرندہ جس کی اور بھی بہت سی اقسام ہیں، آواز کی نقّالی کے لیے مشہور۔ صف طوّطا پری ہلکا سبز رنگ؛ امذ۔ آم کی ایک قسم۔ صف طوّطا چَشْم بے مروّت، بے وفا۔ نیز توّتا۔ امث توّتی، نیز رک طُوطی۔

طُوطَک و مع۔ فت ط۔ امذ۔ بانسری کی طرح کا ایک ساز، الغوزہ۔

طُوطی ومع۔ امذ۔ تُوتی کا ایک املا۔ ایک چھوٹا ایرانی توتا جو غالباً توت یا شہتوت کی شوقینی کی بنا پر توتی کہلایا۔

طُوطِیا ومع، کس ط۔ امذ۔ نیلا تھوتھا [ف: توتیا کا معرب، قب س: تُتّھ]۔

طَوع و لین۔ امذ۔ اطاعت، فرماں برادی، رضا و رغبت م ف۔ طَوعاً اَو کَرہاً / طَوعاً وّ کَرہاً (تو عَن اَو / توعَن وَ کَر ہَن) خوشی یا ناخوشی سے۔ [ع: اَو = یا]۔

طُوغ و مع۔ امذ۔ فوج کا جھنڈا۔

طَوف و لین۔ امذ۔ چار دیواری؛ گول چکّر؛ گھومنا؛ طوفِ حَرَم کعبے کا طواف۔

طُوفان و مع۔ امذ۔ سیلاب، طغیانی، آندھی؛ شورش، ہنگامہ؛ آفت، مصیبت؛ الزام، بہتان۔ محاورہ: طُوفان اُٹھانا/ باندھنا/ جوڑنا الزام تراشی کرنا، خصوصاً جھوٹی۔

طَوق و لین۔ امذ۔ حلقہ، بیڑی؛ گلے کا زیور، ہنسلی۔

طُول ومع۔ امذ۔ لمبائی، درازی، اونچائی پھیلاؤ۔ طُولِ اَمَل حرص، خواہشات کی زیادتی محاورۃً؛ لمبا کام، لمبا سلسلہ۔ طُولِ بَلَد/ طُول اَلْبَلَد (تُو لَل بَ لَد) لفظاً: مقام کا طول، مراد اس کا فاصلہ کرۂ ارض کے کسی خاص خطّ نصف النّہار سے۔ گرینچ (لندن) سے گزرنے والے خط نصف النہار کو حوالہ ٹھیرا کر مقامات کا طول البلد ان کے محل وقوع کی شناخت کے لیے مختلف درجوں میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ جس طرح خط اِستِوا کو حوالہ مان کر عرض البلد ظاہر کیا جاتا ہے۔ صف طُولانی بہت طویل (بات، قصہ وغیرہ)۔

طُوّلَ عُمْرُہٗ ضمہ ط، شد کس و، فت ل، ضمہ ع، سک م، ضمہ مج ر، ضمہ ہ مثل ومع۔ کلمۂ دعائیہ، اُس کی عمر دراز ہو۔ نیز طالَ عُمْرُہٗ۔

طُولیٰ و مع، ی غم۔ صف۔ بہت طویل (اَطْوَل کی تانیث) مروصفی یَدِ طُولیٰ لفظاً: لمبا ہاتھ، مراد بڑی دستگاہ، قدرت کاملہ، پوری مہارت۔

طُومار و مع۔ امذ۔ گول لپیٹا ہوا طویل کاغذ؛ کاغذوں کا مٹّھا، دفتر؛ ڈھیر؛ طوالت، کثرت، زیادتی، محاورہ طُومار باندھنا کسی کام میں کثرت، زیادتی طوالت سے کام لینا۔

طَوِیل فت و، ی مع۔ صف۔ لمبا، بلند، دراز؛ مدید، دُور تک جانے والا، دراز۔ (عروض) ایک بحر جس کے بنیادی ارکان فعولن مفاعلین (دوبار) ہیں اور چنداں طویل نہیں، لیکن اس لفظ کا اطلاق بعض دوسرے اوزان کے طویل مصرعوں پر بھی دانستہ کیا جاتا ہے۔

طَوِیلہ فت ط، ے مج۔ امذ۔ اصطبل، گھوڑوں کا تھان۔

طٰہٰ (طا + ہا) امذ۔ حروف مقطّعات ط اور ہ کا

مجموعہ۔ بعض لوگ اس سے رسول اللہ صلعم کی ذات مراد لیتے ہیں۔

طَہارَت فت ط ر۔ امث۔ پاکی، پاکیزگی؛ آبدست۔

طُہْر کسمج ط، سک ہ۔ امذ۔ پاک ہونا؛ عورت کا ایّام حیض سے فارغ ہونا۔

طَہُور فت ط، ومع۔ صف تفضیل۔ پاک کرنے والا؛ پاک، ستھرا م: **شَراب طَہُور**۔

طَیْ فت ط۔ امث۔ لپیٹنا، طے کرنا؛ قطع کرنا، راستہ عبور کرنا، (منزل) سر کرنا۔ م: **طَیِّ مَسافَت**۔

طَے ی لین۔ صف۔ طیّ کی متبادل شکل **طے کرنا/ ہونا** عبور کرنا یا ہونا، نمٹانا، نمٹنا، موقوف کرنا، الگ کرنا۔

طَیّار فت ط، شد ی۔ صف تفضیل۔ پرّاں، تیز اڑنے، دوڑنے والا۔ امذ **طَیّارہ** ہوائی جہاز۔

طَیِّب فت ط، شد کس ی۔ صف۔ اچھا، عمدہ، نفیس، ستھرا، جائز۔ **طَیِّبات** نعمتیں؛ شرعاً جائز، پاک اشیا، نیک عورتیں۔ واحد **طیِّبَہ**۔

طِیب ی مع۔ امذ۔ خوشی، رضامندی، خوبی، خوشگواری، م ف بہ **طِیبِ خاطر** اپنی خوشی، رضا مندی سے، برضا و رغبت۔

طَیبَہ ے لین۔ فت ب۔ عَلَم۔ وادی مدینہ کا ایک نام۔

طَیر ے لین۔ امذ۔ پرندہ، طائر، ج: **طُیُور** (ضمہ ط) امث **طَیران** پرواز، اڑان **طَیران گاہ** جہازوں کے اڑنے کا مقام۔ قب **فُرُودْ گاہ** جہازوں کے اترنے کا مقام۔

طَیش ے لین۔ امذ۔ غصہ، جلال، غَضَب۔

طَیف ے لین۔ امذ۔ مَنشُور؛ بلّور کی مخروط تکونی قلم جو روشنی کی شعاعوں کے رنگ الگ الگ کر کے دکھاتی ہے۔

طَیفُور ے لین، ومع۔ امذ۔ پردار جانور، ایک چھوٹی چڑیا کا نام۔

طَیفی ے لین۔ امذ۔ ایک قد آور درخت جس کے پتے خوشبودار ہوتے ہیں؛ بَلَسان (لاط: Balsamon)۔

طَیلَسان ے لین، فت ل۔ امذ۔ سر اور کاندھوں پر پڑی ہوئی چادر، دستار فضیلَت، **طَیلَسانی** فاضل، گریجویٹ، جسے دستار فضیلت یا ڈگری اور اس کے ساتھ مخصوص عبا مع طیلسان اوڑھنے کا حق دیا گیا ہو۔ (انگ قب: Hood) نیز **طَیلَسان/ طیلسانی** (تے ل ساںْ/ نی) عام: **طَیلْسان**۔

طِین ی مع۔ امث۔ گندھی ہوئی مٹّی۔

طِینَت ی مع، فت ن۔ امث۔ اُفتاد، سرِشت، خصلت۔ [ع: مٹّی یا مادّہ، سرشت]۔

طُیُور ضمہ ط، ومع۔ ج مذ۔ پرندے [ع: **طَیر** (رک) کی جمع]۔

ظ

ظ ظوئے ظاء، ظائے منقوطہ۔ امث۔ اردو حروف تہجی کا چونتیسواں ۳۴ حرف، مصمتہ جس کی آواز ہونٹوں کو گول کر کے ادا کی جاتی ہے۔ جیسے کہ ط کی آواز کو ادا کرتے وقت کیا جاتا ہے۔ مخرج اس کا ز اور ذ سے قریب زبان کی نوک ہے۔ یہ حرف عربی الفاظ کے ساتھ مخصوص ہے۔ حروف شمسی میں شامل اور جمل میں ۹۰۰ اعداد کا حامل۔

ظافر کس ف۔ صف۔ فاتح، ظفر مند، تفضیل **اَظْفَر**۔

ظالِم کس ل۔ صف۔ ظلم کرنے والا، مُستَبِد؛ بعض اوقات ظرافت کے طور پر یا پیار سے محبوب یا اوروں کے لیے بھی مستعمل م؛ ظالم کیا خوب لکھتا ہے۔ **ظالِم جَوانی** زندگی کا نازک دور، حسن و شباب جو بعض اوقات باعث مصیبت ہو جاتا ہے۔ م ف **ظالمانہ** بے دِلانہ۔

ظاہِر کس ہ۔ صف، امذ۔ نمایاں، نظر آنے والا، واضح، عیاں؛ بیرونی رخ، اوپری سطح، باطن، اندرونی کی ضد۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام؛ ج **ظَواہِر** آشکارا مناظر **اَلظّاہِر** (ل غم) اللہ کا ایک نام، سب کچھ جاننے والا، سب پر حاوی، **ظاہِر پِیر** خاکروبوں کا گرو یا مذہبی پیشوا۔ **ظاہِر دار** بناوٹ برتنے والا امث **ظاہِر داری**۔

ظاہِرا کس ہ۔ م ف۔ اوپری طور سے، ظاہری صورت میں، بظاہر، دیکھنے میں۔ (ظاہراً نادرست)۔

ظاہِرَہ کس ہ، فت ر۔ امذ۔ مادّی شکل، منظر، ہیئتہ جرم فلکی۔ [ع: ظاہر کی تانیث اور صیغہ جمع]۔

ظَبی فت ظ۔ امذ۔ ہِرن، آہو۔

ظَرافَت فت ظ ف۔ امث۔ خوش طبعی، بذلہ سنجی؛ دلآویزی، نفاستہ مذاق، مزاح، چُہل۔

ظَرف فت ظ، سک ر۔ امذ۔ دلآویزی، نفاست، خوش مزاجی، ذہانت، خوش طبعی؛ برتی، بھانڈا، کسی چیز کو رکھنے کا خانہ، ڈبّا؛ سمائی، گنجائش، وسعت مکانی؛ متانت، برداشت، تحمّل۔ (قواعد) وہ اسم یا م ف جو زمانہ یا محل و موقع ظاہر کرے؛ **ظَرفِ زمانی** م؛ کل، آج **ظَرفِ مَکانی** م یہاں،وہاں۔ امث **ظَرفِیّت** ظرف کی شکل یا معنی جو کسی لفظ میں پائے جائیں؛ گنجائش، سمائی، حوصلہ، تحمّل۔

ظَرِیف فت ظ، ی مع۔ صف۔ نفیس، طبع، خوش مزاج، ذہین، نکتہ رس، ہَنسانے والا، بذلہ سنج، لطیفہ طراز۔ نیز **ظَرِیفُ الطَّبع** (زری فُت تبْع) م ف **ظَرِیفانَہ** (ن) اکیف مث **ظَرافت** (فت ظ)۔

ظَفَر فت ظ ف۔ امث۔ فتح، کامرانی، مروصفی **فوج ظَفَر مَوج** فُتوحات حاصل کرتی ہوئی، آگے بڑھتی ہوئی فوج۔ صف **ظافِر**، **اَظْفَر** (ع: ظافِر کی تفضیل)۔

ظَفَر تَکیَہ فت ظ ف ت ی۔ امذ۔ گُپتی، چھڑی کے اندر چھپی ہوئی لمبی، سیدھی، پتلی تیغ۔

ظَفَرْیاب فت ظ ف۔ صف۔ فاتح، کامراں، امث **ظَفَریابی** فتح۔

ظُفْرَہ ضمہ ظ، سک ف، فت ر۔ ناخونہ، آنکھ کی پُھلّی۔

ظِلّ کس ظ۔ امذ۔ سایہ، چھاؤں، آسیب، پرچھائیں؛ مجازاً؛ امان، پناہ۔ **ظِلِّ اِلٰہی** بادشاہوں کا لقب، خدا کا سایہ نیز **ظِلِّ سُبْحانی** (سُب حانی) **ظِلِّ ہُما** ایک خیالی پرندے ہما کی پرچھائیں جس کے بارے میں روایت مشہور ہے کہ جس کے سر پر پڑ جائے بادشاہ بن جاتا ہے۔ امث **ظِلّی کابِینَہ** وہ فرضی اور حکومت سے باہر کابینہ جیسے مخالف پارٹی نے نامزد کیا ہو۔

ظَلام فت ظ۔ امذ۔ تاریکی، سیاہی، اندھیرا۔

ظَلّام فت ظ، شد ل۔ صف تفضیل۔ بڑا ظالم، مستبد، بیداد گر؛ گھنا، سایہ دار۔

ظُلم ضمہ ظ، سک ل۔ امذ۔ جبر، زیادتی، زبردستی، بے انصافی، نا منصفی، اندھیر۔

ظُلُمات ضمہ ظ ل۔ ج مث، امث۔ اندھیرے، تاریکیاں، گھور اندھیرا مقام نیز **ظُلْمات** (سک ل) **بحرِ ظُلْمات** بحراوقیانوس۔

ظُلْمَت ضمہ ظ، سک ل، فت م۔ امث۔ اندھیرا، تاریکی؛ مجازاً: پسماندگی، اِدبار؛ کُفر، گمراہی **ظُلمَت خانَہ/ ظُلمَت کَدہ** اندھیرا گھر، غمکدہ، بیت الحزَن۔

ظُلْمی ضمہ ظ، سک ل۔ صف۔ ظالم (مُہنّد: جَلمی، جَلمی م: جَلْمی نیناں، گیتوں میں مستعمل)۔

ظَلُوم فت ظ، ومع۔ صف تفضیل۔ سخت، ظالم، سخت گمراہ۔ مرکب عطفی **ظَلُوم وَ جَہول** گمراہ اور بے خبر (تلمیح آیت قرآنی کی طرف، وَحَمَلَهَا الانسان انہٗ کان ظلوماً جَہولا، ۳۳ : ۷۲)۔

ظُلّہ ضمہ ظ، شد فت ل۔ امذ۔ کُٹیا، چھولداری، چھتر۔

ظَلِیل فت ظ، ی مع۔ صف۔ گھنا، سایہ دار، گنجان۔ **ظِلِّ ظَلِیل** گھرا سایہ۔

ظَنّ فت ظ۔ امذ۔ گمان، خیال، اندیشہ۔ صف **ظَنّی** خیالی، قیاس پر مبنی، مفروضہ۔ ج **ظُنُون** (ضمہ ظ، ومع) **حُسْنِ ظَن** خوش فہمی۔

ظَنّوا فت ظ، شد ن، ومع، ا غم۔ صیغۂ امر۔ خیال کرو مثل: **ظَنّوا الْمُؤْمِنِینَ خَیرا** (زَن نُل مو مِ نِینَ خَے را) اہل ایمان کی نسبت بدگمانی سے پرہیز کرو اور خوش گمانی سے کام لو۔

ظَواہِر فت ظ، کس ہ۔ ج مذ۔ مادّی مناظر، مادّی ہیئتیں، اشیائے عالم، آجرام فلکی۔ **ظاہِر، ظاہِرَہ** کی جمع۔

ظِہار کس ظ۔ امذ۔ بیوی کو ماں بہن یا بیٹی کہنا جو طلاق دینے کا زمانۂ جاہلی کا ایک طریقہ تھا [ع: جملہ: **اَنْتَ عَلَیَّ کَظَہْرِ اُمّی** = تو مجھ پر میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے]۔

ظَہْر فت ظ، سک ہ۔ امث۔ پیٹھ، پشت۔ صف **ظَہْری** پس پشت، پشت کی طرف م: ظہری عبارت، جو کاغذ کی پشت پر لکھی ہو۔

ظُہْر ضم مج ظ، کس ہ۔ امث۔ دن کا درمیانی وقت جب آفتاب نصف النّہار پر ہوتا ہے؛ بعد زوال آفتاب کی نماز۔ **ظُہرَین** دو ظہر و عصر کی نمازیں جو بعض فرقے ملا کر پڑھنا جائز مانتے ہیں۔

ظُہرانہ ضممج ظ، سک ہ، فت ن۔ امذ۔ دوپہر کے کھانے کی دعوت۔

ظُہور فت ظ، و مع۔ صف۔ نمایاں، سربلند۔ مروصفی (بول چال) **ذَرّہ ظُہُور** تھوڑا سا، بہت معمولی۔ **ظُہُورِ قُدْسی** نُور محمدیؐ کی پیدائش۔

ظُہُورا فت ظ، و مع۔ امذ۔ رونق، خوشی، خوشحالی۔

ظَہِیر فت ظ، ی مع۔ صف۔ مددگار، ساتھی، امث **ظَہِیرَہ** رفیقہ؛ ظہر کا وقت۔ مروصفی **قائِمُ الْظَّہِیرَہ** (قاءِ مُزْ زَہی رَ) وہ وقت جب آفتاب انتہائی عروج پر ہو۔ (قب انگ: Meridian)۔

ع

ع عَین، عین مہملہ۔ امذ۔ اردو ترتیب تہجّی کا پینتیسواں ۳۵واں حرف، حلقی مُصمتہ عربی سے مخصوص، حروف قمری میں شامل اور جمل میں ۷۰ عدد کا حامل؛ مصرع اور رکوع کے اختصار کے طور پر بھی مستعمل ہے؛ نیز عَلَیہ کے اختصار کے طور پر بعض ناموں کے ساتھ چھوٹی شکل میں (؏) تحریر ہوتا ہے مراد: عَلَیہِ اَلسَّلام/ عَلَہا اَلسَّلام وغیرہ۔عام طور پر اردو میں اس حرف کا تلفظ الف ہمزہ کے مماثل کیا جاتا ہے۔

عابِد کس ب۔ صف۔ عبادت گزار، پرہیز گار، زاہد، متقی۔

عاتِکَہ کسمج ت، فت ک۔ صف، علم۔ پرانی کمان؛ حضرت محمدؐ کی دادیوں میں سے بعض کا نام۔

عاج امذ۔ ہاتھی دانت۔

عاجِز کس ج۔ صف۔ بےچارا، لاچار؛ مسکین؛ ضعیف؛ معذور، ناقابل؛ نیز بطور انکسار، اپنی ذات کے لیے مستعمل۔ امث عاجِزی انکسار، عجز، مِنّت، خوشامد۔

عاجِل کس ج۔ صف۔ عجلت، کرنے والا، جلد باز، جلد آنے یا ہونے والا۔

عاد علم۔ ایک نافرمان قوم جس کا ذکر قرآن میں ہے۔ حضرت ہُودؑ اس کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔

عادِ اَعْظَم کسمج د، سک ع، فت ظ۔ امذ۔ وہ بڑی سے بڑی رقم یا عدد جو مختلف رقوم کو اس طرح تقسیم کر سکے کہ کسر باقی نہ بچے۔ م: ۷۵، ۵۰۰ کا عاداعظم ۲۵ ہے۔

عادَت فت د۔ امث۔ بندھا ہوا طریقہ، پختہ روش، انداز، طرز عمل؛ فطری میلان، سرشت؛ لت، طلب۔ ج عادات؛ نیز عادَہ م: فَوقُ‌اْلعادَہ (رک) عادَتِ ثانیَہ پختہ عادت۔

عادِل کس د۔ صف۔ عدل، انصاف کرنے والا، منصف۔ شاہِد عادِل معتبر گواہ۔

عادی صف۔ کسی عمل پر پابندی سے کاربند؛ کسی لت میں مبتلا؛ فطری، طبعی؛ بار بار رونما ہونے والا۔

عار امث۔ شرم، حیا، ندامت، لاج۔ صف عاری ننگا، بے شرم؛ بیگانہ؛ خالی؛ بے بہرہ م: علم سے عاری۔

عارِض کس ر۔ صف۔ جو اتفاقاً پیدا، ظاہر، واقع ہو جائے؛ مانع، حائل ہونے والا، معترض؛ گال، رخسار۔

عارِضَہ کسمج ر، فت ض۔ صف، امذ۔ واقع، لاحق ہونے والی شے، مراد بیماری، مرض، روگ۔

عارِضی کس ر۔ صف، امذ۔ اتفاقی، وقتی، غیر مستقل؛ (قانون) امرِ مانع، رکاوٹ۔ (نیز عام سک ر)

عارِف کس ر۔ صف۔ عالم، جاننے والا، پہچاننے والا، پہنچا ہوا، خدارسیدہ، ولی؛ نیز عارِف بِاللہ (کس ب، ا غم) عارِف کامِل (کسمج ف، کس م)۔

عارِفانَہ صف۔ روحانی، صوفیانہ، عالمانہ۔

عاری رک: عار۔

عارِیَت کس ر، فت ی۔ امث۔ قرض، دَین، اُدھار۔ م ف عارِیَتہً مانگے کو، ادھار، عارضی طور پر۔ امث عارِیَت سَرا مراد دنیا، عارضی قیام گاہ۔ صف عارِیَتی عارضی۔ اصلاً عارِیّت۔

عازِم کس ز۔ صف۔ عزم، ارادہ، قصد، نیت کرنے والا؛ روانہ رخصت ہونے والا۔

عاشِر کس ش۔ صف عددی۔ دسواں (۱/۱۰)۔

عاشِق کس ش۔ صف۔ چاہنے، محبت کرنے والا، والہ و شیدا؛ خدا کی محبت میں سرشار؛ طوائفوں سے لگاؤ رکھنے والا، تماش بین۔ نیز عاشِقی۔ صف عاشِقانَہ عشقیہ، عاشقوں سے مَنسُوب۔ عاشِق اَلشَّجَر چاندنی بیل عشقہ، لبلاب (لاط: Hedrera

Helix)۔

عاشُور و مع۔ امذ۔ ماہ محرم کی دسویں تاریخ، وہ دن جب شہادت امام حسینؓ واقع ہوئی۔ نیز **عاشُورَہ** اصلاً **عاشوراء**۔

عاصِم کس ص۔ صف۔ نیک، باعصمت۔ مث **عاصِمَہ**۔

عاصِی صف۔ گنہگار، خطار کار، دوشی، عصیاں زدہ، نیز بطور انکسار واحد متکلم کے لیے مستعمل۔

عاطِر کس ط۔ صف۔ پاکیزہ، منزّہ، اعلیٰ، اشرف؛ معطّر، خوشبو میں بسا ہوا۔

عاطِف کس ط۔ صف۔ جھکنے والا، رحمدل، مہربان؛ ملانے، جوڑنے، وصل کرنے والا۔ مث **عاطِفَہ**۔

عاطِفَت کس ط، فت ف۔ امث۔ شفقت، مہر، عنایت، لطف، کرم، جذباتی لگاؤ۔

عاطِل کس ط۔ صف۔ بے کار، نکمّا، کاہل، نادار، مث **عاطِلَہ**۔

عافِیَت کس ف، فت ی۔ (بلا شد) امث۔ صحت، توانائی، خیریت، امن، تحفظ، سلامتی۔ [ع: عافیۃ]۔

عاق صف۔ نافرمان، سرکش۔ ف مر **عاق کرنا** اپنی اولاد کو فرزندی سے خارج اور محروم الارث قرار دینا۔

عاقِبَت کس ق، فت ب۔ امث، م ف۔ انجام، نتیجہ؛ آخرت، آنے والا زمانہ؛ عاقبت کو کی تخفیف؛ انجام کار، آخر کو۔ **عاقِبَت اَندیش** انجام پر نظر رکھنے والا، دُور بیں۔

عاقِر کس ق۔ امث۔ عورت جو بانجھ ہو۔

عاقِر قَرْحا کس ق، سک ر، فت ق، سک ر۔ امذ۔ ایک درخت کی جڑ جس کا ذائقہ تیز ہوتا ہے اور منہ میں رطوبت پیدا کرتا ہے دواءً مستعمل نیز **عَقَر قَرْحا/ اَکر کَرْہا** (لاط: Pyrethrum Radix)۔

عاقِل کس ق۔ صف۔ سمجھ دار، ہوشمند، دانا۔ مث **عاقِلَہ**۔

عاکِف کس ک۔ صف۔ مصروف، منہمک۔ اعتکاف کرنے والا، نیز **مُعْتَکِف**۔

عالَم فت ل۔ امذ۔ کائنات، مخلوقات، دنیا؛ منظر، کیفیت؛ مراداً؛ **عالَمِ اَسْباب** مادّی زندگی؛ **عالَمِ سفلی** دنیا، **عالَمِ اَصْغَر** انسان، انسانی وجود، **عالَمِ کَون وَ فَساد** دنیوی زندگی۔ **عالَمِ مِثال** خیالی دُنیا جہاں اَعیان ثابتہ واقع ہیں (افلاطونی فلسفہ کی رو سے)۔ **عالَمِ مَلَکُوت** فرشتوں کی آسمانی دنیا، **عالَمِ ہُو** (ومع) جہاں کوئی آواز یا مادّی وجود نہ ہو۔ صف **عالَمگیر** دنیا بھر سے متعلق؛ فاتح دنیا **عالَمی** کُل دنیا سے متعلق، بین المِلَلی، بین الاقوامی۔

عالِم کس ل۔ صف، امذ۔ جاننے والا، صاحب علم، فاضل، بہت پڑھا لکھا۔ **عالِمِ اَلْغَیب** پوشیدہ حقائق کا جاننے والا، اللہ تعالیٰ۔

عالِمِیاں فت ل، کس م۔ ج مذ۔ دنیا کے بسنے والے، انسان۔

عالی صف اونچا، بلند۔ مث **عالیَہ** نیز صیغۂ جمع م: **مَناصِبِ عالیَہ**۔ **عالی تَبار** عالی خاندان **عالی گوہَر** نیک اطوار، نیک خُو۔

عام (۱) صف۔ معمولی، سادہ، ادنیٰ؛ سب کا، مشترک؛ جانا، بوجھا، مشہور و معلوم؛ رائج، جاری؛ کثیر، بہت ارزاں۔ مث، صف ج **عامّہ** م: رائے عامّہ، مرکب وصفی **عامَّۃُ اَلنّاس** (عامّ تَنْ ناس) عام لوگ۔

عام (۲) امذ۔ سال، برس۔

عامِر کس م۔ صف۔ آباد، معمور؛ آباد کرنے، بھرنے مالا مال کرنے والا، صف **عامِرَہ** بھرا پُرا، آباد، م:

خَزانۂ عامِرَہ۔

عامِل کس م۔ صف۔ عمل پیرا، کاربند، کام کرنے والا، منتر پھونکنے، ٹوٹکے کرنے والا؛ مامور کردہ حاکم، تحصیلدار کے مساوی ایک پرانا عہدہ۔ مث **عامِلَہ** عمل کرنے والی م: **مَجلِس عامِلَہ** کسی ادارے کی وہ جماعت جو کارروائیوں کی مجاز یا ذمہ دار ہو۔

عامی صف۔ ادنیٰ، معمولی، عام، اَیرا غَیرا۔ ج **عامِیاں** م ف: **عامِیانَہ** عام لوگوں کا سا، سوقیانہ، بازاری، غیر ثقہ۔

عائِد کس ء۔ صف۔ عود کرنے، لوٹ کر آنے والا؛ کسی کی طرف رُخ کرنے والا، کسی سے متعلق کسی پر لاگو۔ محاورہ **عائِد کرنا** سرمنڈھنا م: محصول، جرمانہ، الزام۔ **عائِدَہ** محصول۔

عائِش کس ء۔ صف۔ جینے یا جینے کا لطف اٹھانے والا۔ مث عَلَم **عائِشَہ** آنحضرت صلعم کی زوجہ، بنت حضرت ابو بکر صدیقؓ کا نام۔

عائِل کس ء۔ صف۔ کمانے والا، کُنبے کا سربراہ۔ امث۔ **عائِلہ** کُنبہ، خاندان، بال بچے، اہل و عیال، صف عائلی کنبے، خاندان سے متعلق م: **عائِلی قوانِین** اعزّہ کے حقوق و روابط سے تعلق رکھنے والے احکام۔

عَبا فت ع۔ امث۔ لمبا چُغہ، لبادہ، جو قبا کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

عِباد کس ع۔ صف۔ رک **عَبد** جس کی یہ جمع ہے۔

عُبّاد ضمہ ع، شد ب۔ ج مذ۔ رک: **عابِد** جس کی یہ جمع ہے۔

عِبادَت کس ع، فت د۔ امث۔ اظہار بندگی، طاعت، پرستش، پوجا، نماز۔ صف **عِبادَت گُزار** عبادت کرنے والا، عابد۔

عَبادِلہ فت ع، کسمج د، فت ل۔ ج مذ۔ عَبدُل (مخفف عبداللہ) کی جمع، رسول اللہ صلعم کے چار ہم نام صحابیوں کے لیے مستعمل۔

عِبارَت کس ع، فت ر۔ امث۔ رَقم، تحریر، لکھائی، الفاظ، جملے؛ مراد، معنی، مفہوم؛ ف م: **عِبارَت ہونا** تعبیر کیا جانا، مانا،سمجھا جانا م: خاموشی اقرار سے عبارت ہے۔ **عِبارَت آرائی** تحریر کو سنوارنا، پُرتکلف بنانا۔

عَبَث فت ع ب۔ صف، م فد بے کار، بے فائدہ، فضول، بے جا، ناحق؛ گل ریحان، تُلسی۔

عَبْد فت ع، سک ب۔ امذ۔ بندہ، غلام، تابع، اپنے معبود کا مطیع ماننے والا۔ (کیمیا گری) پارہ، سیماب، امث **عَبْدِیَت** بندگی۔

عِبْر کس ع، سک ب۔ امذ۔ گھاٹ، عبور کرنے کی جگہ۔

عِبْرانی کس ع، سک ب۔ امث۔ عربی کی ہم اصل سامی زبان جو توریت کی اصل زبان ہے، یہودیوں کی قومی زبان، نیز **عِبْری** [لفظاً: دریا پار سے منسُوب]۔

عِبْرَت کس ع، سک ب، فت ر۔ امث۔ نصیحت پکڑنا، سبق حاصل کرنا، غفلت سے ہوش کی طرف پلٹنا، تَنَبُّہ، مُتَنَبَّہ ہونا۔مروصفی **عِبْرَت اَنگیز** (فت ا غنہ) جس سے سبق یا نصیحت حاصل ہو، نیز **عِبْرَت ناک** جس سے تنبیہ حاصل ہو۔

عَبقَری فت ع ق، سک ب۔ امذ۔ عالی ذہین، فطین **عَبْقَرِیَت**، فطانت (انگ: جینئس) [ع: **عَبْقَر** سوسن سفید؛ پرستان، جنوں کی بستی]۔

عُبُودِیَت ضمہ ع، ومع، کس د، فت ی۔ امث۔ اطاعت، بندگی؛ بندہ، مخلوق، مطیع ہونا۔

عُبُور ضمہ ع، و مع۔ امذ۔ پار اترنا، حاوی ہونا، کسی علم یا ہنر سے کما حقہ واقف ہونا؛ طَیّ مرحلہ راہ طے کرنا صف **عُبوری** درمیانے عرصے کے لیے، عارضی، وقتی، نامستقل۔

عَبُوس فت ع، ومع۔ صف۔ غضبناک تُرش رو؛ افسردہ، بے کیف (فرد یا فضا)؛ شریر۔ امذ۔ **عُبُوس** افسردگی نحوست، بد مذگی، نیز امث **عُبُوسَت**۔

عُبَید ضمہ مج ع، ی لین۔ صف۔ رک: عبد جس کی یہ تصغیر ہے۔ نیز **عَبید**۔

عَبْہَر فت ع، سک ب، فت ہ۔ امذ۔ نرگس کی ایک قسم جس کی پتیاں بیچ میں سے زرد ہوتی ہیں (لاط: Narkissos)۔

عَبیر فت ع، ی مع۔ امذ۔ گلال، پسے ہوئے چاولوں وغیرہ کا رنگین سفوف جو ہولی کھیلنے والے ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں؛ زعفران اور خوشبویات کا آمیزہ۔ [ع: خوشبو]۔

عتاب کس ع۔ امذ۔ غصّہ، ڈانٹ ڈپٹ، اظہار ناراضگی؛ غضب، عذاب۔

عَتاقَت فت ع ق۔ امث۔ بردے آزاد کرنا [ع: **عُتُق** آزادی]۔

عَتَبَہ فت ع ت ب۔ امذ۔ آستانہ، چوکھٹ، ڈیوڑھی، حرم سرا کا دروازہ، ج: **عَتَبات** عام: **عَتْبات**۔

عِتْرَت کس ع، سک ت، کس ر۔ ج مث۔ اولاد، کُنبہ، ذُرّیات۔

عَتیق فت ع، ی مع۔ صف۔ پرانا، قدیم، بزرگ؛ آزاد کردہ۔ امث **عَتیقات** قدیم اشیاء کی تاریخ، پرکھ اور شناخت کا علم، آثاریات ۔ **عَتاقَت** (فت ع) قدیم ہونا۔

عَجائِب فت ع، کس ء۔ صف۔ عجیبہ؛ عجیب کی جمع نیز بطور واحد مستعمل م: عجائب چیز دیکھی۔ امذ۔ **عَجائِب خانَہ** وہ جگہ جہاں نادر اشیاء کا ذخیرہ نمائش کے لیے رکھّا جائے۔

عُجْب ضمہ ع، سک ج۔ امذ۔ تکبّر، گھمنڈ، غرور، طنطنہ۔

عَجَب فت ع ج۔ صف، امذ۔ طرفہ، نادر، انوکھا، حیرت انگیز؛ اچنبھا، تعجب، حیرت، استعجاب، صف: **عَجیب** مث **عَجیبَہ** نیز جمع کے لیے م: آشکال عَجیبَہ۔

عَجْز فت ع، سک ج۔ امذ۔ انکسار، فروتنی، خاکساری نیز **عاجزی**۔ عام **عِجْز** (کس ع)۔

عَجَلَت فت ع ج ل۔ امث۔ جلدی، تیزی، پھرتی؛ رواداری عام: **عُجْلَت** (فصیح)۔ (عِجلت کس ع، نادرست)۔

عَجَم فت ع ج۔ امذ۔ غیر عرب ملک، بستی یا شخص۔ نیز صف **عَجَمی** غیر عرب، اکثر مراد: ایرانی۔

عُجُوبَہ ضمہ ع، و مع، فت ب۔ امذ۔ عجیب، حیرت انگیز بات یا شے، **أعْجُوبَہ** کی تخفیف۔

عَجُوز فت ع، و مع۔ امث۔ بڑھیا، ضعیفہ، نیز **عَجُوزَہ**۔

عَجیب فت ع، ی مع۔ صف۔ رک: **عَجَب**۔ مروصفی **عَجیب اَلْخِلْقَت** (عَ جی بُل خِلْ قَت) پیدائشی طور پر انوکھا۔

عَدالَت فت ع ل۔ امث۔ انصاف، داد، عدل، نیاے، منصفی؛ انصاف طلب کرنے کی جگہ، کچہری۔ **عَدالَتِ عالِیَہ** اونچی عدالت، ہائی کورٹ **عدالَتِ مُرافِعَہ** وہ عدالت جہاں کسی دوسری عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی جائے۔

عَداوَت فت ع و۔ امث۔ بَیر، دشمنی، مخاصمت۔

عِدّت کس ع، شد فت د۔ امث۔ شوہر کے انتقال یا طلاق کے بعد وہ زمانہ جس میں اسلامی شرع کی رو سے بیوہ یا مطلّقہ کو نکاح ثانی کی اجازت نہیں۔ پہلی صورت میں ۴ ماہ دس دن اور دوسری صورت میں تین طُہر گزرنے کی شرط ہے۔ [ع: عِدّہ : عَدَد کی جمع]

عَدَد فت ع د۔ امذ۔ گنتی، رقم، ہندسہ، شمار۔ **عددِ سالم/ صَحیح** پورا عدد جسے سالم

ہندسے یا ہندسوں میں ظاہر کیا جائے اور اس میں کسر شامل نہ ہو۔ م: ۱، ۲ ، ۱۰۰ ضد: **عَدَدِ مَکسُور** جس میں کسر شامل ہو، کسری عدد م: ۱/۴، ۲/۱-۱/۲-۱۲؛ ۱۵ء۳۔ ج: **اَعْداد**۔ صف **عَدَدی** م: صفت عددی، وہ لفظ جو کسی ہندسے سے منسوب ہو م: پہلا، دوسرا۔

عَدَس فت ع د۔ امذ۔ مسور کی دال۔ مث **عَدَسہ** عینک کا شیشہ، تال؛ خورد بین، دور بین، کیمرے وغیرہ میں لگا ہوا لینس؛ آنکھ کے تل کی قدرتی جھلّی جس پر بینائی کا انحصار ہے۔ عام: **عدسہ**۔

عَدل فت ع، سک د۔ امذ۔ سیدھی راہ، بیچ کی راہ، توازن، غیر جانبداری، انصاف، ایمانداری، [ع: **عدل** برابر کے دو بوجھ جو لدّو جانور کے دونوں جانب لادے جائیں] صف۔ **عَدل گُستر** (ضمہ گ) انصاف کرنے والا۔ امث **عَدَلیہ** عدالتی نظام، انصاف کا محکمہ، عام: **عدلیہ**۔

عَدَم فت ع د۔ امذ۔ نہ ہونا، نابود، بے وجود ہونا؛ لاموجودیت؛ بے بود ہونا، ہستی کی ضد؛ آخرت، دوسری دُنیا؛ کمی، خلا، فُقدان م: عَدَم نور= اندھیرا، عدم ہوش = غفلت۔ امث **عَدَمیّت** یہ نظریہ کہ کائنات ایک واہمہ ہے حقیقی وجود نہیں رکھتی؛ نیز یہ کہ موجودہ سماجی عقائد اور ادارے مٹا دینے کے قابل ہیں؛ منفیّت، صف **عَدَمی** عدم سے مَنسُوب؛ نظریہ عدمیّت کا حامل۔ **عَدَم آباد** موت کے بعد کا عالم؛ عالم غیب۔

عَدَن فت ع، سک د۔ امذ۔ باغ، جنّت، فردوس، بہشت۔ علَم: **عَدَن** جزیرہ نمائے عرب میں ملک یمن میں ایک بندر گاہ۔

عَدنان فت ع، سک د۔ عَلَم۔ شمالی عرب کے قبائل کا مورث اعلیٰ جو حضرت اسمعیلؑ کے اخلاف میں تھا، **آلِ عدنان** جزیرہ نمائے عرب کے باشندے۔

عَدُو فت ع، و مع۔ امذ۔ دشمن، بیری، حریف۔

عَدُول فت ع، ومع۔ صف تفضیل۔ بڑا عادل نہایت منصف مزاج۔

عُدُول ضمہ ع، ومع۔ امذ۔ انحراف، رُوگردانی۔ **عُدُول حُکْمی** حکم سے سرتابی، حکم ماننے سے انکار۔

عَدِیل فت ع، ی مع۔ صف۔ برابر کا، مساوی، مثل، مقابل، نظیر۔

عَدِیم فت ع، ی مع۔ صف۔ لاموجود، غائب، نایاب، **عَدیم اَلْفُرْصَت** جسے فرصت نہ ہو، **عَدیم اَلنَّظِیر** جس کا مثل نہ ہو، یکتا، یگانہ۔

عَذاب فت ع۔ امذ۔ تکلیف، اِیذا؛ اعمال کی سزا؛ مصیبت، جھنجٹ۔

عِذار کس ع۔ امذ۔ گال، رخسار، کلّا صف **گُل عِذار** (سک ل) جس کے پھول جیسے رخسار ہوں۔

عَذْب فت ع، سک ذ۔ صف۔ شیریں، میٹھا، پُر حلاوت امث **عُذوبَت** (ضمہ ع) مٹھاس، **عَذبُ اَللِّسان** (اغم، شد کس ل) شیریں زباں۔

عُذْر ضمہ ع، سک ذ۔ امذ۔ حیلہ، بہانہ؛ تأمّل، جھجک، ہچکچاہٹ؛ معذوری، مجبوری، معذرت، صفائی، الزام کی جواب دہی۔ **عُذْر خَوْاہی** (خاہی) صفائی، معذرت پیش کرنا، تعزیت کرنا۔ **عُذْر داری** دعویٰ، نالش، عدالت سے چارہ جوئی۔ **عُذْرِ لَنگ** (کسمج ر، فت ل، غنہ) بہانہ، بناوٹی عذر۔

عَذْرا فتح، سک ذ۔ امث۔ کنواری، کنّیا، دوشیزہ، حضرت مریمؑ کا لقب۔

عُذُوبَت ضمہ ع، و مع، فت ب۔ امث۔ شیرینی، حلاوت، مٹھاس۔

عَرابَہ فت ع ب۔ امث۔ بدگوئی، فحش کلامی۔ نیز

عَرابَت نیز رک: عَرَبَہ۔

عَرابْچی فت ع، کس بہ امذ۔ کشتی راں، گاڑی بان، کوچبان۔

عِراق کس ع۔ علم، امذ۔ جزیرہ نمائے عرب کے شمال میں واقع ایک ملک جس کا دارالخلافہ بغداد ہے؛ ایک راگ۔ عِراقی عراق کا گھوڑا۔ عِراقَین (تثنیہ) دو عراق مراد عراق کے دو شہر بغداد و بصرہ۔

عَرائِس فت ع، کس ء۔ ج مثہ عروس (رک) کی جمع۔

عَرائِض فت ع، کس ء۔ ج مذ۔ عریضہ (رک) کی جمع، خُطوط، درخواستیں، عرضیاں۔

عَرَب فت ع ر۔ علم، امذ۔ ہند کے مغرب اور شمالی افریقہ کے مشرق میں بیشتر صحرائی جزیرہ نما؛ امذ: عرب کا باشندہ، عرب سے منسُوب نیز عَرَبی (عَ رَ بی) عرب کی سامی زبان جو قرآن کی زبان ہے؛ عربی گھوڑا ۔ ج اَعْراب/ عُربان؛ اِعْراب/ تَعْرِیب لفظاً: عربی بنانا۔ الفاظ پر قواعد عربی کے مطابق علامات لگانا، حرکات دینا۔ صف عَرَبِیّہ عرب سے منسُوب۔

عَرْبَدَہ فت ع ب د، سک ر۔ امذ۔ جھگڑا، فساد، چھیڑ خانی، نوک جھوک۔ صف عَرْبَدَہ جُو شریر، لڑاکا، جھگڑالو، فتنہ پرداز۔

عَرَبَہ فت ع ر بہ امثہ تیز رونَدی، کشتی، گاڑی، بگھی۔ نیز امذ عَرابَہ۔

عُرْس ضمہ ع، سک ر۔ امذ۔ کسی بزرگ کی تاریخ وصال پر فاتحہ، لنگر وغیرہ کی تقریب [اصلاً شادی کی دعوت]۔

عُرُس ضمہ ع ر۔ ج مذ۔ عروس (رک) کی جمع۔

عِرْس کس ع، سک ر۔ امذ، امثہ زوجین، میاں بیوی میں سے کوئی۔ رک: عَروس، عریس۔

عَرْش فت ع، سک ر۔ امذ۔ تختِ شاہی، چھت، مذہبی تصور کے مطابق کائنات کا اعلیٰ ترین مقام، خدائے تعالیٰ کی نشست گاہ: عَرْشِ بَرِیں، عَرشِ کِبریا، عَرشِ مُعلّٰی (مُ عَلْ لا) عَرش آشِیانی مراد: سلطان مرحوم، بادشاہوں کو موت کے بعد ادب سے یاد کرنے کا کلمہ۔ سابق بادشاہوں کو ایک دوسرے سے متمیز کرنے کے لیے خطاب مقرر کیے جاتے تھے؛ م: جنّت مکانی، فردوس مکانی، خلد آشیانی؛ عرش آشیانی۔

عَرْشَہ فت ع، سک ر، فت ش۔ امذ۔ پانی کے جہاز کا کُھلا ہوا حصّہ چھت کے بغیر۔

عَرْشی فت ع ر۔ صف۔ خدا کا مقرّب فِرشتہ ج عَرشِیاں ملائک۔

عَرْصَہ فت ع، سک ر، فت ص۔ امذ۔ خالی زمین، میدان، صحن؛ مدّت، وقت، فصلِ زمانی [ان معنی میں اردو کا تصرف]۔

عَرْض فت ع، سک ر۔ امثہ چوڑائی، چکلان؛ درخواست، التجا، معروضہ؛ بیان، گفتگو، لب کُشائی کے لیے مودّبانہ کلمہ م: اجازت ہو تو عرض کروں؛ کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

عَرَض فت ع ر۔ امذ۔ اصل وجود یا ذات کی ظاہری خصوصیّت یا شناخت، جوہر کی ضد۔

عَرْض اَلْبَلَد فت ع ب ل، ا غم۔ امذ۔ دنیا کے نقشے یا کُرے پر خط اِستوا کے شمال اور جنوب میں مقرّرہ فاصلوں پر کھینچے ہوئے متوازی، افقی خطوط جن کے حوالے سے کسی مقام کا محل وقوع متعیّن کیا جاتا ہے۔

عَرْض بیگی فت ع، سک ر، ے مج۔ امذ۔ رعیت کی درخواستیں بادشاہ کو پیش کرنے پر مامور، پیشکار۔

عَرْضْداشْت فت ع، سک ر ض ش۔ امثہ درخواست، معروضہ۔

عَرْض مَعرُوض فت ع، سک ر ض، فت م، سک ع، ومع۔ امث۔ کسی امر کے لیے زبانی پیروی۔
عَرْضی فت ع، سک ر۔ امث۔ لکھی ہوئی درخواست امذ عَرضی دَعویٰ (ی غم) استغاثہ، مدّعی کی طرف سے کسی امر میں چارہ جوئی کی درخواست۔ [ع: عرضی، نیز فوجی چھاؤنی جو ترکی"اردو" کامعرّب ہے]۔
عَر عَر فت ع، سک ر۔ امذ۔ سرو کوہی؛ اُبہل، چیڑ کی قسم سے ایک درخت (لاط: Juniperus)۔
عُرْف ضمہ ع، سک ر۔ امذ۔ اچھائی، بھلائی؛ بلندی؛ نمایاں ہونا؛ ہیجان؛ پکارنے کا نام، پیار کا نام۔ نیز امث عُرفیَت۔
عِرْفان کس ع، سک ر۔ امذ۔ خدا شناسی، حقیقت سے آگاہی۔
عَرْفہ فت ع ف، سک ر۔ امذ۔ ذی الحجہ کی نویں تاریخ، حج سے ایک دن قبل۔
عُرْفی ضمہ ع، سک ر۔ صف۔ نام یا شہرت سے متعلق؛ ظاہری، معلومہ۔
عَرَق فت ع ر۔ امذ۔ رَس، نچوڑ، افشردہ۔ عَرَق چِیں رُومال عَرَق ریزی سخت محنت۔
عِرْق کس ع، سک ر۔ امث۔ رگ، نَس؛ پودوں کے مسامات۔ج عُرُوق (ضمہ ع، و مع) خون دل سے لانے لے جانے والی رگیں اور شریانیں عِرقُ اَلنسا (ء) (عِرْقُنْ نِسا) ران کی پشت کی طرف سے ٹانگ میں اٹھنے والا ایک اعصابی درد (انگ: سائٹیکا)۔
عَرُوبہ فت ع، ومع، فت بہ امذ۔ روز جمعہ کا قدیم نام، روز آدینہ۔
عُرُوج ضمہ ع، و مع۔ امذ۔ بلند ہونا، عُلو، بلندی؛ ترقی مدارج، درجۂ اُولیٰ۔
عَرُوس فت ع، ومع۔ امث۔ دُلھن، بنی، بَنْرْی، عَرُوس اْلبَلاد (ع رُو سَل بَ لاد) شہروں میں سب سے زیادہ خوبصورت۔
عَرُوسی فت ع، ومع۔ امث، صف۔ شادی، بیاہ؛ عروس سے متعلق م: عَرُوسی جوڑا دلھن کا لباس۔
عَرُوض فت ع، و مع۔ امذ۔ علم شعر گوئی، نظم نگاری کے مدّون اصول، بحور و قوانی کا علم۔
عُرُوض ضمہ ع، و مع۔ امذ۔ عارض لاحق ہونا، واردو، واقع ہونا۔
عُرْیاں ضمہ ع، سک ر، غنہ۔ صف۔ ننگا، چُم، برہنہ؛ پردے سے باہر، کُھلا، ظاہر امث عُریانی، عُریانیَت بے حجابی، فحش نگاری۔
عَرِیس فت ع، ی مع۔ امذ۔ دُولھا، نوشہ، بنا، بنْرا۔
عَرِیش فت ع، ی مع۔ امذ۔ سائبان، چھپّر۔
عَرِیض فت ع، ی مع۔ صف۔ چوڑا، بسیط، پھیلا ہوا۔
عَرِیضَہ فت ع، ی مع، فت ض۔ امذ۔ درخواست، خط جو اپنے سے کسی بڑے کو لکھا جائے۔
عَرِین فت ع، ی مع۔ امذ۔ شیروں کی کچھار، گھنا جنگل م: شیر عریں = جنگل کا شیر۔
عَزّ فت ع، شد فت ز۔ کلمۂ دعائیہ۔ وہ بڑا رہا (مراد: بڑا رہے) عَزّ اِسْمَہٗ (عَزْ اِسْ مُ ہو) اس کا نام اونچا رہے، اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ مستعمل۔ عَزّ وَ جَلّ (عزّ وَ جَلْ لَ) وہ بزرگ اور عظیم رہے یعنی ہے۔ نیز بہ سکون ل: عزّ وَجَل۔
عِزّ کس ع۔ امذ۔ قوت، صلابت، شان و شوکت، اعلیٰ مرتبہ۔ مرکب عطفی عِزّ و جاہ/ عِزّو وَقار (عِزْ وَ) دبدبہ، شان و شکوہ۔
عَزا فت ع۔ امذ۔ صبر، استقامت، تحمل؛ ماتم داری۔
عَزازِیل فت ع، ی مع۔ عَلَم۔ ابلیس۔
عَزائِم فت ع، کس ء۔ ج مذ۔ عزم، عزیمت (رک) کی جمع۔
عِزّت کس ع، شد فت ز۔ امث۔ مان، آبرو، اچھی

شہرت؛ شرف، بڑائی، بزرگی؛ بلند مرتبہ؛ پاس، لحاظ۔
عِزْرائیل کس ع، سک ز، ی مع۔ علم۔ ملک الموت کا نام، موت کا فرشتہ، یم دُوت۔
عَزْل فت ع، سک ز۔ امذ۔ مَعزولی، موقوفی؛ علاحدگی، چھوت چھات برتنا (مثلاً وبائی بیماری میں)؛ بیوی سے الگ رہنا، جماع میں انزال سے پہلے ہٹ جانا۔ مرکب عطفی **عَزل و نَصب** برطرفی و بحالی م: عزْل و نَصْب کا اختیار ہونا۔
عُزْلَت ضمہ ع، سک ز، فت ل۔ امث۔ گوشہ نشینی، الگ تھلگ رہنا، نیز **عُزلَت گُزِینی**۔
عَزْم فت ع، سک ز۔ امذ۔ ارادہ، قصد، نیت **عَزم بِالْجَزْم** (عَزمْ بِل جَزْم) پکّا ارادہ۔
عُزّیٰ ضمہ ع، شد ز، ی غم۔ امث۔ قبل اسلام کعبے کی ایک مُورت کا نام (**اَعَزّ** = معبود کی تانیث)۔
عَزِیز فت ع، ی مع۔ صف۔ بڑا، بزرگ؛ پیارا، محبوب، چہیتا مرغوب، پسندیدہ رشتہ دار، قرابت دار، ج: **اَعِزّہ** مرکب وصفی **عَزِیزُ الْقَدْر** (عَ زی زُل قَدْر) لفظاً: گراں قدر و قیمت؛ بطور القاب عمر میں چھوٹے عزیزوں کے لیے مستعمل م: برادرِ عزیز القَدر۔
عَزِیمَت فت ع م، ی مع۔ امث۔ عَزم، ارادہ، مقصد، عالی ہمّتی۔ اُولوالعَزمی۔
عَساکِر فت ع، کس ک۔ ج مذ۔ عسکر (رک) کی جمع۔
عُسْر ضمہ ع، سک س۔ امذ۔ تنگی؛ غریبی، مفلسی، ناداری، تنگدستی، نیز امث **عُسْرت**۔
عَسَس فت ع س۔ امذ۔ پہرہ دار، چوکسی رکھنے والا؛ کوتوال [اصلاً: عاس = شب گرد کی جمع]۔
عَسْکَر فت ع، سک س۔ امذ۔ لشکر، فوج۔ ج: **عَساکِر** صف **عَسْکَری** فوجی، فوج کا جوان، فوج سے متعلق م: عسکری قوانین۔

عَسَل فت ع س۔ امذ۔ شہد، انگبیں، رام رس۔
عَسِیر فت ع، ی مع۔ صف۔ تنگ، دشوار م: **عَسِیر الْفَہْم** (ا غم) مشکل سے سمجھ میں آنے والا۔
عَشا (ء) فت ع۔ امذ۔ رات کا کھانا، **اَلعَشاء / اَلعَشاءَ الْسِّرّی** (اَلْ عَشا اَسْ سِرْ ری) حضرت عیسیٰؑ کا حواریوں کے ساتھ آخری طعام، نیز **عَشاءِ رَبّانی**۔
عِشا (ء) کس ع۔ امث۔ مغرب کے بعد رات کی فرض نماز۔
عشائیَہ کس ع ء۔ امذ۔ رات کے کھانے کی دعوت [ع: عَشا سے وضع کردہ اردو لفظ یاء: عَشیَہ کی تحریف]۔
عُشّاق ضمہ ع، شد ش۔ ج مذ۔ عاشق (رک) کی جمع؛ ایک راگ کا نام جو دن کے وقت سے منسوب ہے۔
عُشْبَہ ضمہ ع، سک ش، فت ب۔ امث۔ ایک بوٹی جس کا پودا چنبیلی سے ملتا ہوا ہوتا ہے، اس کی دو قسمیں ہیں عُشبۂ مغربی اور عُشبۂ ہندی، دواءً مستعمل؛ شیام لتا، گوپی، سارسپاریلا (لاط Asolcpias Pseudosara)۔
عَشَر فت ع ش۔ عدد۔ دہ، دس (۱۰) **اَلکَلِماتُ الْعَشَر** (اَل کَ لِما تُل عَ شَر)حضرت موسیٰؑ کے دس احکام۔ ج: **عَشَرات** دہائیاں امذ **اَلعَشَر** نیز **عَشَرۂ مُحَرَّم**، **عَشَرۂ مُبَشَّرہ** (مُ بَشْ شَ رَ) رسول اللہ صلعم کے دس صحابی جن کی بابت جنّت کی بشارت ہے (ابو بکر، عمر، عثمان، علی، زبیر، طلحہ، سعید، ابو عبیدہ بن جرّاح، عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم اجمعین)۔ عام: عشرہ۔
عُشْر ضمہ ع، سک ش۔ صف عددی۔ دسواں حصّہ، ایک بٹا دس (۱/۱۰)، زرعی پیداوار پر عائد اسلامی محصول۔ **عُشْرِ عَشِیر** (ضمہ ع، فتحہ ع) دسویں

حصّے کا دسواں حصّہ، یعنی ۱/۱۰۰۔ مراد: بہت کم، برائے نام۔

عِشرَت کس ع، سک ش، فت ر۔ امث۔ خوشی، مسرت، شادمانی؛ جلسہ، محفل احباب، عیش و نشاط۔

عَش عَش فت ع، سک ش، فت ع۔ امذ۔ واہ واہ، داد، تحسین، عَش عَش کَرنا آفرین کہنا [آش آش کی متبادل شکل]۔

عِشق کس ع، سک ش۔ امذ۔ گہرا جذباتی لگاؤ، محبّت، الفت، عاشقی؛ درویشوں کا سلام، نیز عِشق اَللّٰہ۔ امث عِشق پیچاں ایک سدا بہار بیل جس میں سرخ پھول لگتے ہیں۔ نیز عِشق پیچہ (لاط: Ipomaca Quamoclit)۔

عِشوَہ کس ع، سک ش، فت و۔ امذ۔ شعلہ، رات کو دور سے دکھائی دینے والی روشنی؛ سراسیمہ کرنے، حیرت میں ڈالنے والی بات؛ناز و ادا، کرشمہ۔ نیز عَشوَہ، عُشوَہ۔

عَشیر فت ع، ی مع۔ صف عددی، دسواں حصہ ۱/۱۰۔

عَشیرَہ فت ع، ی مع، فت ر۔ امذ۔ کُنبہ، کُنَم۔ خاندان۔

عَصا (ء) فت ع۔ امذ۔ لاٹھی، چوب، ہاتھ کی جریب، عَصا بَردار چوبدار جو امراء کے دربار میں حاضر رہتے اور بعض اوقات پیغام رسانی کے لیے بھیجے جاتے تھے، ایک طرح کے چپراسی۔ عَصائے پِیری بڑھاپے کا سہارا، مراد: اولاد، شاذ: اَعصا۔

عَصابَہ فت ع ب۔ امذ۔ کساوہ، سربند، سر پر باندھنے کا رومال۔

عُصارَہ ضمہ ع، فت ر۔ امذ۔ افشردہ، نچوڑا ہوا عرق یا تیل۔

عَصافِیر فت ع، ی مع۔ ج مث۔ عُصفُورَہ (رک) کی جمع۔

عَصَب فت ع، فت ص۔ امذ۔ پٹھا جسم کے اندر سفید ریشے جو دماغ سے منسلک ہیں۔

عُصْبَہ ضمہ ع، سک ص، فت ب۔ امذ۔ جدّی عزیز جو اولاد اور اصحاب الفروض کے نہ ہونے کی صورت میں ترکے کا حقدار ہو۔

عَصَبی فت ع ص۔ صف۔ عَصَب (رک) سے مَنسُوب امث عَصَبِیّت شدید جذباتیت، تعصب، جانبداری۔

عَصْر فت ع، سک ص۔ امذ۔ زمانہ، روزگار؛ سہ پہر کا وقت، مغرب سے پہلے دن کی آخری نماز۔ امذ۔ عَصْرانہ سہ پہر کی دعوت صف عَصْری عَصر سے منسُوب زمانے کا، موجودہ زمانے سے تعلق رکھنے والا۔

عُصْفُر ضمہ ع ف، سک ص۔ امذ۔ کُسُم۔ گل کافشہ۔ گُلِ فتق۔

عُصْفُور ضمہ ع، سک ص، ومع۔ امث۔ گھریلو، چڑیا، کنجشک۔ ج عَصافِیر۔

عِصْمَت کس ع، سک ص، فت م۔ امث۔ بے گناہی، معصومیت، پاکدامنی۔

عِصْیاں کس ع، سک ص، غنہ۔ امذ۔ گناہ، خطاکاری۔

عَضُد ضمہ ع، سک ض۔ امذ۔ بازو، بانہہ؛ ساتھی؛ معاونہ۔

عَضْلہ فت ع، سک ض، فت ل۔ امذ۔ جسم پر گوشت کا سخت حصّہ یا پٹھوں کا ابھار جسے مچھلی بھی کہتے ہیں، نیز اَدْلہ۔

عُضْو ضمہ ع، سک ض۔ امذ۔ جسم کا کوئی حصّہ۔ عُضوِ تَناسُل ذکر، آلۂ تناسل، عُضْو ضَعِیف کمزور حصّہ، نیز مجازاً کسی جماعت کا کمزور رکن۔ ج اَعضا (ء)

عَطا (ء) فت ع۔ امث۔ بخشش، داد و دہش، کرم، فیض رسانی۔

عَطّار فت ع، شد ط۔ امذ۔ عطر ساز، گَندھی، دوا فروش۔ امث۔ عطّاری دوا فروشی۔

عُطارِد ضمہ ع، کس ر- امذ- سیّارہ جو نظام شمسی میں سورج سے قریب ترین ہے، جسے مُنشی فلک بھی کہتے ہیں، بُدھ گرہ- **عطارِدْ مَنِش** ذہین، ذکی- نیز **عُطارِد** (ضمہ ع)-

عَطائی فت ع- امذ- جس نے کسی فن، خصوصاً طب کی باقاعدہ تعلیم اور سند نہ پائی ہو، لیکن اٹھ بیٹھ کر کچھ سیکھ لیا ہو- نیز **آتائی**-

عَطایا فت ع- ج مذ- عطیہ (رک) کی جمع-

عِطر کس ع، سک ط- امذ- خوشبو؛ پھولوں وغیرہ کی کشید کی ہوئی معطّر خوشبو؛ پُشْپ سار؛ کسی شے کا خلاصہ، ست، جوہر، روح نیز **عُطرِ عَطِیر**.

عَطَش فت ع ط- امث- پیاس، تشنگی صف **عاطِش، عَطَشان** پیاسا- مث **عَطشیٰ** (ی غم) پیاسی-

عَطْف فت ع، سک ط- امذ- رُجْحان، مَیلان، جھکاؤ؛ کونا، گوشہ؛ شفقت، ہمدردی، مہر، لگاؤ (قب عاطِف) ملانا، جوڑنا، **حَرْفِ عَطْف** وہ حرف یا الفاظ جو کسی تصریف کے بغیر دو الفاظ یا دو جملوں کو ملائیں- م؛ و، اور، نیز، چنانچہ، لہٰذا-

عُطُوفَت ضمہ ع، و مع، فت ف- امث- شفقت، مہربانی، لُطف و عنایت-

عَطِیّہ فت ع، کس ط، شد فت ی- امذ- تحفہ، بخشش، انعام-

عِظام کس ع- ج مذ- **عَظِیم** (رک) کی جمع، م؛ **رُفقاءِ عِظام**-

عُظام ضمہ ع- صف- بڑا، بزرگ کلاں،نیز **عُظّام** ج **عِظام** (کس ع)-

عَظْم فت ع، سک ظ- امث- ہڈی، ج **اَعظُم/ عِظام** امذ **عَظْمَہ** ہڈی کا ٹکڑا-

عِظَم کس ع، سک ظ- امث- بڑائی، بزرگی، نیز **عُظْم** ،نیز امث **عَظَمَت** (فت ع ظ) **عَظَمُوت** شکوہ، دبدبہ-

عُظمیٰ ضمہ ع، سک ظ، ی غم- صف- **اَعْظَم** (رک) کی تانیث-

عَظِیم فت ع، ی مع- صف- بڑا بزرگ، زبردست؛ **عَظِیم اَلْشّان** (ع زِی مُشْ شان) رُعب دار، بہت بڑا-

عَفاف فت ع- امذ- عفت، پاکدامنی، پارسائی-

عِفّت کس ع، شد فت ف- امث- پاکدامنی، پرہیزگاری، صف **عفّت مَآب** نہایت پاک دامن-

عِفْرِیت کس ع، سک ف، ی مع- امث- بھوت، راکھشس، دیو-

عَف عَف فت ع- امذ- کتّے کے بھونکنے کی آواز، بَھوں بَھوں-

عَفْن فت ع، سک ف- امذ- بدبو، سڑاند، امث **عفُونَت، تَعَفّن**-

عَفْو فت ع، سک ف- امذ- درگزر، معافی، خطا بخشی-

عَفُوصَت فت ع، و مع، فت ص- امث- کَسیلا پن، جلد کو سکیڑنے. بہتے خون کو بند کرنے کی خاصیت (انگ: Astringency)-

عَفی فت ع- صف- مضبوط، توانا، تکڑا-

عَفِیف فت ع، ی مع- صف- نیک اطوار، پاک دامن، پارسا- مث **عَفِیفَہ**-

عُفِیَ عَنْہٗ ضمہ ع، کس ف، فت ی، فت ع، سک ن، ضم مج ہ- کلمۂ دعائیہ- اُس کے گناہ بخشے گئے (= بخشے جائیں)- برائے مث **عَنْہا** ج کے لیے: **عَنْہُم**-

عُقاب ضمہ ع، امذ- شاہین-

عِقاب کس ع، امذ- عذاب، سزا، مواخذہ-

عَقارِب فت ع، کس ر- **عَقْرب** (رک) کی جمع-

عَقائد فت ع، کس ء- **عَقِیدَہ** (رک) کی جمع-

عَقَب فت ع ق- امذ- پچھواڑہ، پیچھے کا حصّہ، پشت

کی سمت۔

عَقَبَہ فت ع ق بہ۔ امث۔ چڑھائی، سیدھا پہاڑی راستہ۔

عُقْبیٰ ضمہ ع، سک ق، ی غم۔ امث۔ دوسری دنیا، موت کے بعد کا عالم۔

عَقْد فت ع، سک ق۔ امذ۔ جوڑنا، باندھنا، گرہ، گانٹھ؛ معاہدہ؛ نکاح۔ عَقْد اَنامِل انگلیوں پر گِننا۔

عِقْد کس ع، سک ق۔ امذ۔ مالا، گلے کا ہار، کنٹھی۔ عِقْدِ ثُریّا نظمِ پروین، سات سہیلیوں کا جھمکا۔ سَپت رِشی۔

عُقْدَہ ضمہ ع، سک ق، فت د۔ امذ۔ گرہ، گتھّی؛ پیچیدہ مسئلہ، مشکل معاملہ۔ امث عُقْدَہ کُشائی مسئلے کو حل کرنا، مشکل سے نجات دلانا عُقْدَہء لاَیَنْحَل ایسا مسئلہ جو حل نہ ہو سکے۔

عُقْرضمہ ع، سک ق۔ امث۔ کنیز یا کسی عورت سے اتفاقاً یا سہواً جنسی ملاپ کا تاوان یا مہر۔

عَقْرَب فت ع، سک ق، فت ر۔ امذ۔ بچھّو، کژ دُم؛ بدنفس، شریر آدمی؛ نجوم کی رو سے بارہ آسمانی برجوں میں سے ایک۔

عَقْل فت ع، سک ق۔ امث۔ شعور، سمجھ؛ فراست، دانائی، فکر، فہم، استدلال، منطق۔ عام: عَقَل م؛ عَقْل ڈاڑھ دونوں طرف کی پچھلی ڈاڑھ جو بلوغ کے قریب نکلتی ہے۔ مرکب وصفی عَقْلِ سَلیم سنجیدہ، سلجھا ہوا فکر، سیدھی سوچ۔ عَقْلِ کُل نیز عَقْل کا پُتلا۔ بڑا سیانا، غلطی سے مبّرا (عموماً بطور طنز)۔عَقْلمَنْد عاقل، سمجھ دار۔

عَقْلیّت فت ع، سک ق، کس ل، شد فت ی۔ امث۔ حقائق کے ادراک میں عقل پر کامل انحصار۔

عُقُوبَت ضمہ ع، ومع، فت بہ امث۔ سزا، عذاب، مُواخِذہ۔

عُقُول ضمہ ع، ومع۔ ج مث۔ عَقْل (رک) کی جمع؛ عُقولِ عَشَرہ دس ملائکہ، مقرّبین۔

عَقیدَت فت ع، ی مع، فت د۔ امث۔ اعتقاد، ایمان، ارادت؛ خوش گمانی؛ مان، آدر۔

عَقیق فت ع، ی مع۔ امذ۔ ایک سرخ پتھر جس کی سطح سینگ کی طرح چکنی ہوتی ہے (لاط: Carnolium) عَقیق اَلْبَحْر مونگا (لاط: Coralium) عَقیق جِگری عقیق کی ایک عمدہ قسم عَقیقِ یَمَنی مراد: لعل یمنی۔

عَقیقَہ فت ع، ی مع، فت ق۔ امذ۔ مسلمانوں میں نومولود بچّے کا سرمُنڈانے اور قربانی کرنے کی رسم۔

عَقیل فت ع، ی مع۔ صف۔ بڑا، عاقل، بہت عقلمند، صاحبِ فراست، (ان معنی میں اردو کا تصرف)۔مث عَقیلَہ ،[ع: عاقل = ذہین، عَقیلہ = منتخب، چنیدہ]۔

عَکّاس فت ع، شد ک۔ امذ۔ تصویر لینے والا، عکس اتانے والا، مصوّر؛ ترجمان؛ چربہ تصویر۔ امث عکّاسی تصویر کشی؛ ترجمانی، شبیہہ سازی۔

عُکّاظ ضمہ ع، شد ک۔ علَم، امذ۔ ایک ثقافتی میلہ اور ادبی اجتماع جو زمانۂ قدیم میں عرب کے شہر عُکّاظ میں منعقد ہوتا تھا۔

عَکْس فت ع، سک ک۔ امذ۔ سایہ، پرتو، پرچھائیں، شبیہہ، جھلک، صف عَکْسی عکس سے منسُوب م؛ عکسی تصویر یا نقش، امذ۔ عَکْسالہ تصویر کھینچنے کا کیمرہ۔

عُلا ضمہ ع۔ صف۔ بلندی، بلند مرتبہ، اَوج، عروج۔

عَلاحِدَہ فت ع، کسمج ح، فت د۔ صف۔ الگ، جدا، متفرق؛ خارج، موقوف، بَرطرف امث علاحِدَگی۔ نیز علیحِدَہ (ی غم)۔ عام تلفظ عَلَے ہْدا۔

عَلا شانُہٗ فت ع، ضمہ ن، ضمہ ہ مثل و مع۔ فقرہ۔ اُس کی شان بلند ہے، اللہ کے نام کے ساتھ بطور حمد مستعمل۔

عَلّاتی فت ع، شد ل۔ صف۔ سوتیلا، سوتیلی، مختلف

ماؤں سے ایک باپ کی اولاد۔

عِلاج کس ع۔ امذ۔ بیماری کے دفعیے کی تدبیر، چارہ جوئی، معالجہ، دوا دارو؛ توڑ، مدافعت۔

عِلاقَہ کس ع، فت ق۔امذ۔ تعلق، لگاؤ، واسطہ، رشتہ و پیوند؛ ربط، نسبت؛ عملداری، قطعۂ زمین۔ [اصلاً ع: عَلاقَہ (فت ع)]۔

عَلّاقَہ فت ع، شد ل، فت ق۔ امذ۔ شیروانی کوٹ وغیرہ لٹکانے کے لیے لکڑی یا تار کا بنا اور ہک لگا ہوا سہارا (انگ: ہینگر)۔

عَلالَت فت ع ل۔ امث۔ بیماری، ماندگی، مرضینی، عِلّت۔ [ع: عَلیل سے وضعی لفظ، اردو کا تصرف]۔

عَلّام فت ع، شد ل۔ صف تفضیل۔ بڑا دانا، سب کچھ جاننے والا، اللہ کے اسماء حُسنیٰ میں سے ایک نام **عَلّام ُالْغُیوب** (عَلّامُل غُ یُوب) پوشیدہ باتوں کا جاننے والا۔

عَلامَت فت ع م۔ امث۔ نشانی، ٹھپّہ، نیجان؛ اثر، چِنھ؛ اوپری دلیل؛ بھید بتانے، پتہ دینے والی شے۔ ج: **عَلامات**۔ صف **عَلامَتی**۔ امث **عَلامَتیّت** ادب اور آرٹ میں بالواسطہ اظہار مطالب کے لیے علامات کا استعمال۔

عَلّامَہ فت ع، شد ل، فت م۔ صف تفضیل۔ بڑا عالم، بہت فاضل۔ بطور مث: چالاک عورت۔ **عَلّامۂ دَہْر** زمانے کا مانا ہوا (گاہے طنزاً)۔

عَلّامی فت ع، شد ل۔ صف۔ عَلّام سے مَنسُوب؛ میرا علّامہ (شہنشاہ اکبر کی طرف سے ابوالفضل کو دیا ہوا خطاب)۔

عَلانِیَہ فت ع، کس ن، فت ی۔ م ف۔ کھلے بندوں، صاف طور پر، بے جھجک۔

عِلاوَہ کس ع، فت و۔ م ف۔ ایزاد نیز استثناء کے لیے مستعمل؛ مترادف نیز، یا سوائے م: ہمارے علاوہ اور بھی تھے = ہم تھے نیز اور بھی؛ ہمارے علاوہ سب تھے، ہم نہ تھے سب تھے۔ عام **عَلاوَہ**۔

عَلائِق فت ع، کس ء۔ ج مذ۔ علاقہ (رک) کی جمع؛ اُلجھاوے، الجھیڑے۔

عِلّت کس ع، شد فت ل۔ امث۔ سبب، وجہ؛ مرض، بیماری؛ عادت، دَھت، لت؛ عیب، نقص؛ الزام، قصور؛ داشتہ عورت۔ **عِلّت ُالْعِلَل** اوّل محرّک وجود، مراد خدا **حَرفِ/ حُرُوفِ عِلّت** وہ حروف جو دوسرے حروف کو متحرّک کرتے ہیں (ا ، و ، ی) مصوّتے۔

عِلّتِ اُبْنَہ کس ع، شد فت ل، کسمج ت، ضمہ ا، سک ب، فت ن۔ امث۔ اِغلام کروانے کی عادت۔نیز **عِلّتِ اْلْمَشائِخ** (عِلْ لَ تُل مَ شا اِخ)۔

عِلّتِ صُوری کسمج ت، و مع۔ مرکب اضافی، مث۔ ظاہری شکل۔

عِلّتِ غائی کسمج ت۔ مرکب اضافی، مث۔ سبب اصلی جو کسی ظاہری عمل میں مضمر ہو۔

عِلّتِ فاعِلی کسمج ت، کسمج ع۔ مرکب اضافی، مث۔ وہ جس کے عمل سے کوئی چیز ظہور میں آئی۔

عِلّتِ مادّی کسمج ت، شد د۔ مرکب اضافی، مث۔ وہ مادّہ جس سے کوئی شے بنی۔

عَلَف فت ع ل۔ امذ۔ گھاس، مویشیوں کا چارہ۔ **عَلَف زار** گھاس کا میدان، چراگاہ۔

عَلَق فت ع ل۔ امذ۔ جما ہوا خون؛ جونک۔

عِلَل کس ع، فت ل۔ ج مذ۔ علّت (رک) کی جمع۔

عَلَم فت ع ل۔ امذ۔ جھنڈا، پھریرا؛ اِسم خاص، اِسم مَعرفہ ۔ محاورہ **عَلَم ہونا** اُونچا ہونا۔

عِلْم کس ع، سک ل۔ امذ۔ آگاہی، دانش، معلومات، واقفیت، گیان، وِدیا، فنّی قابلیت۔ **علمُ الْاَصْنام** (عِلْ مُل اَصْ نام) دیو مالا، **علمُ النَّفْس** (عِلْ مُن نَفْس) نفسیات؛ **علم الْوُجُوہ** (عِلْ مُل وُ جُوہ) قیافہ شناسی؛ **علمُ الْیَقین** (عِلْ مُلْ یَ قین) یقین جو

ذاتی علم پر مبنی ہو؛ **عِلم کلام/ عِلم اَلْکَلام** (عِلْ مُلْ کَ لامْ) معقولات سے منقولات کو ثابت کرنا، ایمانی باتوں کے لیے دلائل لانا۔ **عِلْم لَدُنّی** وہ علم جو بغیر استاد کے وہبی طور پر حاصل ہو۔ **عِلْم مَجْلِسی** آداب محفل، شائستہ، صحبت اور برتاؤ سے واقفیت۔ ج **عُلُوم** (ضمہ ع، ومع)۔

عُلَماء ضمہ ع، فت ل۔ ج مذ۔ رک: عالِم **عُلَماءِ سُوء** فسادی، بدکردار مولوی، علمائے حق/ صالحین کی ضد۔

عِلْمِیَّت کس ع م، سک ل، شد فت ی۔ امث۔ بڑا عالم ہونا، بہت سا علم، بڑی قابلیت، اعلیٰ لیاقت۔
عِلْمِیّات علم انسانی کی نوعیت، حُدُود، امکانات وغیرہ کی بابت غورو فکر کا علم۔ (انگ: Epistemology)۔

عُلُوفَہ ضمہ ع، و مع، فت ف۔ امذ۔ رزق، خوراک، راتب، چارہ۔

عُلُوم ضمہ ع، ومع۔ ج مذ۔ رک: **عِلم** ۔ مرکب **عُلُوم مُتَعارِفَہ** بدیہی حقائق جو محتاج ثبوت نہیں (انگ: Axioms) م: متوازی خطوط کبھی نہیں ملتے۔

عَلَوی فت ع ل۔ صف۔ علی سے منسُوب، حضرت علیؓ کی اولاد۔

عُلْوی ضمہ ع، سک ل۔ صف۔ اُوپر کا، عالم بالا سے تعلق رکھنے والا، روحانی، پاک، مُنَزّہ، سِفلی کی ضد۔

عَلِیّ فت ع۔ صف۔ عَلَم، بلند، بالا، اللہ کے اسماء حُسنیٰ میں سے ایک نام؛ رسول اللہ صلعم کے بھتیجے اور داماد چوتھے خلیفۂ اسلام کا نام۔

عَلی بَنْد فت ع ب، سک ن۔ امذ۔ کلائی کا ایک زیور جو پانچوں انگلیوں تک آتا ہے؛ کُشتی کا داؤ، نیز **عَلی مَد**۔

عَلیٰ فت ع، ی غم۔ حرف جار۔ اُوپر، بر، پر۔ مرکب م ف: **عَلَیٰ اْلاِتِّصال** (عَ لَلْ اِتْ تِ سالْ) **عَلَی اْلتَّسَلْسُل** (عَ لَتْ تَ سَلْ سُلْ)/ **عَلَیٰ اْلتَّواتُر** (عَ لَتْ تَ وا تُرْ)/**عَلَیٰ اْلتَّوالی** (عَ لَتْ تَ والی) مسلسل، متواتر، یکے بعد دیگرے، پے بہ پے۔ **عَلَیٰ اْلاِطْلاق** (عَ لَلْ اِطْ لاقْ) بلا روک ٹوک، مطلقاً، تمامتر، م: حاکم علی الاطلاق = مطلقاً خود مختار **عَلَیٰ اْلحِساب** (عَ لَلْ حِ سابْ) چلتے ہوئے یا تصفیہ طلب حساب میں، مجرئ؛ **عَلَیٰ اْلرَّغْم** (عَ لَرْ رَغْم) کے باوجود، بر خلاف، کے ہوتے ہوئے۔ **عَلیٰ رُؤُسِ اْلاَشْہاد** (عَ لا رُ ؤُ سِلْ اَشْ ہادْ) گواہوں کے سامنے، کھلم کھلا۔ **عَلیٰ ہٰذاَ اْلقِیاس** (عَ لا ہازَلْ قِ یاسْ) اسی طور پر، اسی طرح، اسی قیاس پر۔

عُلْیا ضمہ ع، سک ل۔ صف۔ **اَعلیٰ** (رک) کی تانیث۔

عَلَیْحْدَہ فت ع، ے لین، سک ح، فت د۔ رک: **علاحِدہ** جس کی یہ متبادل شکل ہے۔

عَلَیکَ فت ع، ے لین۔ م ف۔ تجھ پر، مونث کے لیے **عَلَیکِ**؛ **عَلَیکُم** تُم پر۔ نیز **عَلَیکْ** (روز مرّہ) **عَلَیک سَلَیک** سلام دعا؛ صاحب سلامت، سرسری ملاقات یا راہ و رسم۔

عَلِیل فت ع، ی مع۔ صف۔ بیمار، ماندا۔

عَلِیم فت ع، ی مع۔ صف۔ جاننے والا، واقف کل، اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔

عِلِّیُّون کس ع، شد کس ل، شد ی، و مع۔ امذ/ ج مذ۔ سب سے اونچا آسمان، ساکنان عالم بالا، نیز **عِلِّیِّین** (بطور مضاف الیہ) ۔ **عِلّی** کی جمع۔ ضد **سِفلی**۔

عَلَیْہ فت ع، ے لین، ہ ملفوظ۔ م ف۔ اُس پر، مث **عَلَیہا** اُس مونث پر **عَلَیہِم** اُن پر، دعائیہ کلمات برائے اظہار ارادت: **عَلَیہِ اْلرَّحْمَہ** (عَ لے ہِرْ رَحْ مَ) اُس پر رحمت ہو۔ **عَلَیہِ اْلسَّلام** (ال و غم) اُن پر سلام۔

عَلَیہ ما عَلَیہ فت ع، ے لین، ہ ملفوظ۔ فقرہ۔ اُس پر وہ جو اُس پر واجب ہے، یعنی لعنت یا رحمت جس

کا وہ مستحق ہو۔ (کلمۂ لعنت سے احتراز کے طور پر)۔
عَم فت ع۔ امذ۔ چچا، تایا، نیز **عَمّو** (ومع)؛ **عَمزاد** چچا زاد، چچیرا، چچیری، **عَموی** (فت ع م) چچا کا، چچا کی، چچا سے متعلق۔ مث۔ عمہ۔
عماد کس ع۔ امذ۔ ستون، تھنب، تھم، مجازاً، سہارا۔ ج **عَمائد**، مراد بڑے لوگ، اہم اشخاص۔
عَمّاری فت ع، شد م۔ امث۔ ہاتھی کا ہودہ [اپنے مُوجد عمّار کے نام سے منسوب سمجھی جاتی ہے] نیز **عَماری**۔
عِمارَت کس ع، فت ر۔ امث۔ مکان، تعمیر، بلڈنگ۔
عُمّال ضمہ ع، شد م۔ امذ/ ج مذ۔ عامل کی جمع، کارکن، حاکم۔
عَمامَہ فت ع م۔ امذ۔ پگڑی، دستار، اصلاً؛ **عِمامَہ**، **عِمّامَہ**۔
عَمْد فت ع، سک م۔ امذ۔ ارادہ، قصد، نیّت۔ م ف **عَمْداً** جان بوجھ کر، بالارادہ۔ م: **قَتلِ عَمْد**۔
عُمْدہ ضمہ ع، سک م، فت د۔ صف۔ امذ۔ خوب، اچھا، اصلی، مُنتخب؛ سہارا، وسیلۂ قوت۔ اکیف **عُمْدَگی**۔
عَمَدَہ فت ع م د۔ رک: **عَمِید** جس کی یہ جمع ہے۔
عُمْر ضمہ ع، سک م۔ امث۔ زندگی، مدت حیات؛ سِن۔ عام: **عُمَر** تصغیر **عُمَرِیا** (گیتوں کی زبان میں) **عُمْرِ طَبیعی** انسان کی عام، اوسط عمر۔ ج **اَعْمار** عمریں۔
عِمْران کس ن، سک م۔ علم۔ حضرت موسیٰ کے والد۔
عُمرانی ضمہ ع، سک م۔ صف۔ معاشرے سے متعلق، سماجی۔ امث **عُمرانیات** انسان کی مدنی زندگی کے مظاہر و کوائف تاریخ و ارتقا اور متعلقہ مسائل کا مطالعہ، سوشیالوجی، سماجیات۔
عَمْرو فت ع، سک م، و غم۔ علَم۔ ایک معروف نام؛ مراد: کوئی عام شخص، مثال کے طور پر کوئی فرضی شخص م: **عَمْر، زَید، بَکْر** کوئی بھی سہی؛ نیز **عَمرَ عَیّار کی زَنْبیل** (تلمیح) ایسا تھیلا جس میں بہت کچھ یا سبھی کچھ سما جائے۔
عُمْرَہ ضمہ ع، سک م، فت ر۔ امذ۔ خانۂ کعبہ کی زیارت، حج کے علاوہ، جس کے الگ مناسک مقرّر ہیں۔
عُمُق ضمہ ع م۔ امذ۔ گہرائی، تھاہ ابعادِ ثلاثہ میں سے طول و عرض کے علاوہ تیسرا بُعد جس سے کسی جسم کا حجْم متعیّن ہوتا ہے۔ صف **عَمیق** گہرا۔
عَمَل فت ع م۔ امذ۔ کام، مشغلہ؛ ہاتھ پاؤں اعضائے جسمانی استعمال کرنا؛ ریاضت، محنت؛ تجربہ، اِختیار؛ منتَر، ٹوٹکا، افسوں؛ قبضہ، تصرف، حکومت، راج؛ وقت م: ۱۲ بجے کا عمل؛ اثر، تاثیر م: دوا نے دیر میں عمل کیا؛ نیز **عَمَلْدَرآمد** تعمیل، بجا آوری۔ **عَمَلْداری** راج، حکومت، **عَمَل وَ دَخْل** اختیار، تصرّف (عام **عَمَل دَخَل**) **عَمَلاً** واقعتہً، مؤثر طور پر۔ صف **عَمَلی** (فت ع م)۔ امث۔ **عَمَلیّت** اصول کی بجائے حکمت عملی کی پیروی (انگ: Pragmatism)۔
عَمَلَہ فت ع م ل۔ امذ۔ اہلکار، کام کرنے والے ملازمین، سٹاف، عامل کی جمع۔ عام: **عَمْلہ**، نیز **عَمْلَہ فِعْلہ** چھوٹا سٹاف، دفتر کی نفری۔
عَمُود فت ع، و مع۔ امذ۔ کھنبا، تھم؛ کھڑی لکیر، اونچائی کی طرف سیدھا خط جو کسی افقی خط یا سطح پر زاویۂ قائمہ بنائے۔
عُمُوم ضمہ ع، ومع۔ امذ۔ عام ہونا، عادت، صورت عادی، م ف **عُموماً** عام طور پر، صف **عُمُومی** عام؛ ارزاں، جُملہ، مجموعی؛ بلاتخصیص، امث **عُمُومِیّت** ارزانی، عام ہونے کی صورت و کیفیت،

خصوصیت کی ضد۔

عَمِید فت ع، ی مع۔ امذ۔ سردار، سربراہ، سردَھرا؛ سہارا، ستون۔ ج **عَمَدہ/ عُمَداء**۔

عَمِیم فت ع، ی مع۔ صف۔ خالص، کھرا؛ وافر، جامع، کامل، بلا کم و کاست۔ م: **اَلطاف عَمِیم/ عَمِیمَہ** مہربانی جو سب کے لیے ہو۔

عَن فت ع۔ حرف جار۔ سے از، کی زبانی وغیرہ عربی کلمات میں مختلف معنی میں مستعمل۔ م ف **عَن قَریب** بہت جلد۔ **مِن وَ عَن** جوں کا توں، پوری تفصیل کے ساتھ۔

عُنّاب ضمہ ع، شد ن۔ امذ۔ جھڑ بیری کے بیر سے ملتا گٹھلی دار سرخ پھل، نیز **سیلانَہ** دوا؛ مستعمل (لاط: Ziziphus Sativa) صف **عُنّابی** گہرا سرخ۔

عِناد کس ع۔ امذ۔ کینہ، بغض، بیر، عداوت۔

عَنادِل فت ع، کس د۔ ج مذ۔ **عَندَلیب** کی جمع، بلبلیں۔

عَناصِر فت ع، کس ص۔ ج مذ۔ عُنصُر (رک) کی جمع۔ **عَناصِرِ اَربَعَہ** مادّے کی چار محسوس یا ظاہری صورتیں۔ ہوا، آگ، مٹی، پانی۔

عِناں کس ع، غنہ۔ امث۔ باگ، لگام۔ صف **عِناں تاب** پُھرتیلا (گھوڑا)؛ **عِناں تابی** گھوڑے پر سوار ہونا۔ **عِناں گُسیختَہ** بگ ٹٹ، لگام توڑ کے، بے قابو۔ **عِناں گیر** لگام تھام کر سوار کے ساتھ چلنے والا ملازم یا مصاحب؛ چلتے گھوڑے کو روکنے والا۔

عِنایَت کس ع، فت ی۔ امث۔ لُطف، مہربانی، کرم؛ انعام، تحفہ۔ **عِنایَت کرنا** عطا کرنا، کسی بڑے کا چھوٹے کو دینا، حوالے کرنا۔

عِنَب کس ع، فت ن۔ امذ۔ انگور کا دانہ **عِنَبُ الثَّعلَب** (ع نَ بُش سَعْ لَبْ) مکو، مکوے بُستانی (لاط: solanum Nigrum)۔

عَنبَر فت ع، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ ایک خوشبودار مومی مادّہ جو بعض ساحلوں پر تیرتا ملتا ہے اور خوشبو کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ (ف: **شاہْ بُو**) [انگ، فرانسیسی: Iambergris ازع: عَنبر]، **عَنبَر سار/ سارا** خالص، عمدہ عنبر جو ایک مقام "سار" سے منسوب ہے؛ **عَنبَری/ عَنبَرِین** خوشبو دار؛ عنبر کے رنگ کا (عنبر کئی رنگ کا ہوتا ہے مگر عموماً سیاہ مراد لی جاتی ہے۔)

عِنْد کس ع، سک ن۔ حرف جار۔ عربی حرف مختلف معنی میں مستعمل م: **عِندَ الْبَعْض** (عِن دَ لْ) بعض لوگوں کے نزدیک **عِندَ الْطَّلَب** (عِن دَ ٹ ٹَ لَبْ) مانگنے پر، وہ مہر جو نکاح کے وقت ادا نہ ہو مگر زوجہ کے مانگنے پر واجب الادا ہو؛ **عِندَ الْمُلاقات** (عِنْ دَ لْ مُ لاقاتْ) ملنے پر، جب ملاقات ہو تب۔

عَندَلِیب فت ع، سک ن، فت د، ی مع۔ امذ۔ بُلبُل۔ ج **عَنادِل**۔

عِنْدِیَہ کس ع د، سک ن، فت ی۔ امذ۔ خیال، مقصد، مطلب، ارادہ، رائے، مشورہ، [وضعی لفظ ساختہ ازع: عندی = میری طرف سے]۔

عُنْصُر ضمہ ع، سک ن، ضمہ ص۔ امذ۔ مادّے کے مجرد بنیادی اجزا میں سے کوئی جُزو جو اپنے مخصوص سالمات (انگ: مولِی کیُول) سے شناخت ہوتے ہیں، جن میں سے ہر ایک میں ایٹم ایک خاص ترتیب سے پائے جاتے ہیں م: سونا، چاندی، آکسی جن، ہائیڈروجن؛ جزو، حصہ، رکن۔ **عُنْصُری** عنصر سے منسوب، مادّی۔

عُنْفُوان ضمہ ع ف، سک ن۔ امذ۔ زور، توانائی؛ بہار، عروج۔ مرکب اضا **عُنْفُوانِ شَباب** اٹھتی جوانی۔

عُنُق ضمہ ع ن۔ امذ۔ گردن، ج **اَعناق**۔

عَنْقا (۰) فت ع، سک ن۔ امذ۔ ایک روایتی پرندہ

جو کسی کو نظر نہیں آتا۔ مراد جنس نایاب۔ عام: **عُنْقا ہونا** (ضمہ ع) غائب، ناپید ہونا۔
عُنْوان ضمہ ع، سک ن۔ امذ۔ تمہید، سُرخی؛ کسی تحریر یا کتاب کا نام، موضوع، دیباچہ؛ خط کا القاب، سرنامہ؛ حیلہ، طریقہ، صورت ڈھنگ، م: کسی عنوان کام نہ بنا، کوئی ملاقات کا عنوان نکالو۔ ج: **عَناوِین** (فت ع)، **عُنْوانات** (ضمہ ع)۔
عِنّین سک ع، شد ن، ی مع۔ امذ۔ نامرد، زنخا، عام: **اِنّی**۔
عَوارِض فت ع، کس ر۔ ج مذ۔ **عارضہ** (رک) کی جمع۔
عَواطِف فت ع، کس ط۔ ج مذ۔ عاطفہ/ عاطفت کی جمع، الطاف، عنایات۔
عَواقِب فت ع، کس ق۔ ج مذ۔ **عاقِبَت** کی جمع؛ انجام، نتائج۔
عَوالِم فت ع، کس ل۔ ج مذ۔ عالم (رک) کی جمع۔
عَوام فت ع۔ ج مذ۔ لوگ، ہر قسم کے، سب طرح کے یا سب اشخاص؛ کُل آبادی، نیز **عَوامُ النّاس** (عَ وا مُنْ ناس) مَثَل **عَوام کَالْاَنْعام** (کَلْ اَنْ عام) رعیت جو بھیڑ بکریوں کی طرح ہوتی ہے۔ [ع: انعام ، نَعَم = مویشی کی جمع]۔
عَوامِل فت ع، کس م۔ ج مذ۔ عاملہ کی جمع، کسی مخلوط عمل کے شریک، اجزا، اسباب؛ شُرکا۔
عُوج بِن عُنُق و مع، کس ب، ضمہ ع ن۔ علم۔ ایک روایتی دیو قامت شریر نافرمان بادشاہ جسے حضرت موسیٰؑ نے قتل کیا، ازروئے اُسطور اس کی پنڈلی کی ہڈی سے دریائے نیل کا پُل بنا تھا۔ محاورۃً: لمبا بے وقوف نیز **عُوج بِن عُونَق**۔
عَود و لین۔ امذ۔ واپسی، لوٹنا، اعادہ، پھرنا، پلٹنا؛ دوہرانا۔
عُود و مع۔ امذ۔ درخت بَلسان کی خوشبو دار وزنی لکڑی، جسے خوشبو کے لیے جلاتے ہیں، یہ پانی میں ڈوب جاتی ہے۔ اس لیے **عُود غَرْقی** بھی کہتے ہیں۔ (لاط: Balsamam terebenthima canadenis)
عُود سوز عُود جلانے کا ظرف، اگردان۔ **عُودِ ہِنْدی** عُود کی ایک قسم (انگ: Lignum Aloe)۔
عُودْ بِلاؤ و مع، کس ب، و مع۔ امذ۔ بلّی کی قسم سے ایک جانور جس کی دم کے قریب جمع ہونے والی ریزش سے خوشبویات بنائی جاتی ہیں اور نرم پوست بھی قیمتی ہوتا ہے، نیز **مُشک بِلاؤ**۔
عَوذ و لین۔ امذ۔ پناہ مانگنا۔ فقرہ: **اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيم** میں پناہ مانگتا ہوں اللہ سے شیطان مردود کے خلاف۔
عُور و مع۔ صف۔ ننگا، عریاں، چِم۔
عَورَت و لین، فت ر۔ امث۔ زن، صنف نازک، اُنثیٰ، نساء، اِمرۃ، لُگائی؛ استری؛ جسم کا وہ حصہ جس کا ڈھکنا شرعاً واجب ہے اور عموماً جانگھیے یا لنگوٹی سے چھپ جاتا ہے؛ ڈھانپنے شرمانے کی چیز، جسے پردے میں رکھا جائے، (اردو میں مجازاً اس لفظ کو زن کے معنی دے دئیےگئے) ج **عَورات** چھپانے کی چیزیں، زناں، عورتیں، مہلائیں، اِستریاں۔
عِوَض کس ع، فت و۔ امذ۔ بدلہ، معاوضہ، بَدل، **عوَضْ مُعاوضَہ** ادلا بدلی، **عوَضانہ** کسی چیز کے بدلے ادائیگی۔ **عوَضی** قائم مقامی۔ عام: عیوضی۔
عَول و لین۔ امذ۔ عدم توازن، پلڑے کا ایک جانب جُھکاؤ۔
عَون و لین۔ امذ۔ مدد، معاونت، سہائتا، فقرہ: **بِعَونِ اِلٰہی** خدا کی مدد سے۔
عَہْد فت مج ع، سک ہ۔ امذ۔ وقت، دور؛ قول، اقرار، قسم؛ عزم۔ مرکب صف **عَہْد شِکَن** سمجھوتے یا وعدے سے پھر جانے والا؛ **عَہْد نامَہ** تحریری قرار داد۔ امذ۔ **عَہد نامۂ عَتیق** تورات۔

عُہْدَہ ضم مج ع، ہ ساکن، فت د۔ امذ۔ منصب، مفوضہ خدمت، کُرسی، رتبہ۔ مروصفی۔ **عُہْدَہ بَرآ،** فرض یا ذمہ داری سے کامیابی کے ساتھ سبکدوش، فارغ۔ **عُہْدَہ/ عُہدے دار** کسی منصب پر فائز، افسر۔

عِیادَت کس ع، فت د۔ امثہ بیمار پُرسی۔ [ع: پھیرا، ملاقات]۔

عَیاذ فت ع۔ امذ۔ پناہ، امان چاہنا، خطرے سے بچنا، فجائیہ: **عَیاذاً بِاللّٰہ** (عَ یاز مْ بِلْ لاہ) خدا کی پناہ۔

عِیار کس ع۔ امذ۔ کسوٹی؛ مجازاً، معیار، پیمانہ۔

عَیّار فت ع، شد ی۔ صف۔ بہت چالاک، کائیاں، چالباز۔ مث **عَیّارَہ** م: عِشوَہٗ عیّارَہ۔ (اگرچہ عشوہ اردو میں، مذکر ہے، لیکن اصلاً تانیث کی صورت رکھتا ہے، اس لیے صفت کے طور پر مؤنث کا صیغہ استعمال کیا گیا)۔ اکیف مث **عَیّاری**۔

عَیّاش فت ع، شد ی۔ صف۔ اچھی زندگی گزارنے والا، زندگی سے گہرا لگاؤ رکھنے والا، زندگی کے مزے لوٹنے والا، رنگین مزاج؛ آوارہ، بدچلن۔ اکیف **عَیّاشی**۔[اصلاً نیز: روٹی بیچنے والا، خُبْز فروش]۔

عِیال کس ع۔ امذ۔ بال بچّے، دست نگر افراد، کُنْبہ، خاندان۔

عَیاں فت ع، غنہ۔ صف۔ ظاہر، آشکارا [اصلاً: **عِیان:** آنکھ سے دیکھنا]۔

عَیب ے لین۔ امذ۔ نقص، خامی، دوش، بُرائی۔ صف **عَیب پوش** بُرائی پر پردہ ڈالنے والا؛ **عَیب جُو** خرابی نکالنے، مذمت کرنے والا، **عَیب دار،** **عیبی** ناقص، دغیلا۔

عید ی مع۔ امث۔ مسرت، خوشی، خوشی کا دن، مسلمانوں کا مذہبی تہوار جو سال میں دو مواقع پر منایا جاتا ہے۔ [ع: بار بار آنے والا دن]، **عِید اْلاَضْحیٰ** (عِیدُلْ اَزْہا) اسلامی تہوار جو حج کے آخری دن دسویں ذی الحج کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، مترادف **عیدِ قُرباں، بَکْرِید، عید اَضْحیٰ** (ضُحیٰ چاشت کا وقت، ضحیّہ قربانی کی بکری۔ اس لحاظ سے بکرا عید (بکرید صحیح مترادف ہے)۔ **عِید اْلفِطْر** (عی دُل فطر) ماہ رمضان کے ختم پر یکم شوال کو منایا جانے والا خوشی کا دن: **میٹھی عید، سِویّوں کی عید؛ عید غَدیر** غدیر نامی کُنوئیں پر آنحضرت صلعم کے آخری خطبے کی یاد میں منایا جانے والا تہوار جو شیعی فرقے کے لوگ مناتے ہیں۔ **عِید پیچھے ٹَر** عید کے دوسرے دن کا میلہ جو دہلی اور نواح دہلی کا رواج تھا۔ **عیدِ میلاد** آنحضرتؐ کا یومِ ولادت (جو اتفاق سے یوم وفات بھی ہے)۔ **عیدی** عید کے دن چھوٹے عزیزوں کو بڑوں کی طرف عطیہ۔ تثنیہ: **عیدَین** دونوں عیدیں، عید قرباں و عید الفطر۔

عِیسائی کس ع۔ امذ۔ حضرت عیسیٰ مسیحؑ کے پیرو، نصرانی، امث **عِیسائِیّت** عیسائی مذہب۔

عِیسَوی حضرت عیسیٰؑ سے مَنسُوب، مسیحی؛ **عِیسَوی سال** بیشتر دنیا میں رائج جنتری یا کیلنڈر کے مطابق جو حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے شمار ہوتا ہے کوئی سال۔ عام: **عِیسْوی**۔

عَیش ے لین۔ امذ۔ چین سے زندگی گزارنا، عشرت و نشاط، آرام طلبی، ناؤ نوش۔ امث **عَیش پَروَری/ کوَشی** اعتدال سے بڑھ کر آسائش اور مزے کی زندگی نیز **عَیّاشی**۔[ع: جینا، بسر کرنا؛ عیّاش، روٹی بیچنے والا]۔

عَین (۱) ے لین۔ امذ۔ قدرتی، چشمہ، جھرنا؛ آنکھ، چشم؛ حرف ع۔ ج **عُیوُن** چشمے۔ **اَعْیان،** نمایاں لوگ۔

عَین (۲) صف، م فد ٹھیک ٹھیک، بالکل، بلا شک،

قطعی، قرین فہم۔ صف عَینُ الْیَقِین (ا غم) آنکھوں دیکھی، حقیقت م ف: عَین مَین بالکل، ہو بہو۔
عین ی مع۔ صف۔ سیاہ چشم عورتیں، عَیناء کی جمع [ع: صف مث کالی آنکھوں والی؛ نیل گائے]۔
عَینَک ے لین، فت ن۔ امث۔ آنکھ کا چشمہ۔
عَینی ے لین۔ صف۔ آنکھ سے منسوب، م: عَینی شاہِد چشمِ دید گواہ؛ سگا، سگی م: عینی بھائی، عینی بہن، سوتیلا کی ضد۔
عَینَین ے لین۔ تثینہ۔ دونوں آنکھیں؛ دو چشمے، دو جھرنے۔
عَینِیّت ے لین، کس ن، شد فت ی۔ امثہ خیال پرستی، زندگی اور مظاہر کو تخیّل کی آنکھ سے دیکھنے کا رویّہ، معروضیّت اور مادیّت کی ضد۔ عام: تصورات یا اعیان ثابتہ کا افلاطونی نظریہ۔

غ

غ غین، غین معجمہ، اردو ترتیب تہجی کا چھتیسواں (۳۶واں) اور ترتیب ابجد کا آخری حرف؛ حلقی مصمتہ، اصلاً عربی الفاظ کے ساتھ مخصوص، لیکن اردو، فارسی، کے بھی بعض الفاظ کے تلفظ میں شامل ہو گیا ہے۔ جدید تہرانی فارسی میں ق کی آواز کا متبادل۔ فرانیسی R کی آواز اس سے کسی قدر مماثل ہے۔ مثلاً پیرس (پاغی)۔ حروف قمری میں شامل، جمل میں سب سے زیادہ اعداد (۱۰۰۰) کا حامل۔
غابِر کس بہ صف۔ گزرا ہوا، گزشتہ، پرانے زمانے کا۔
غادِر کس د۔ صف۔ بدعہد، باغی۔
غار امذ۔ پہاڑ کی کھوہ، بَھٹ، گڑھا؛ ایک لانبا درخت جو ہزار سال تک قائم رہتا ہے، پتّے آس کا ،مانند۔ (لاط: Laurocherasi Folia) حَبّ الْغار غار کا پھل۔
غارَت فت ر۔ امث۔ لُوٹ مار، دھاوا؛ بربادی؛ ضائع، اکارت (ہونا کے ساتھ)۔ غارَتِ غُول ناگہانی مصیبت۔ صف غارَت گر لٹیرا، برباد کرنے والا، امث غارَت گری۔ لوٹ مار، تاراجی۔
غارتَنگ سک ر، فت ت، غنہ۔ امثہ دروازے کی روک، آگل، آڑ جو پٹوں کو بند رکھنے کے لیے پھنسا دی جاتی ہے۔
غارِیقُون ی مع، ومع۔ امث۔ ایک طرح کی کُھنبی جو درخت کی جڑوں میں اگ آتی ہے۔ (لاط: Larch Agaric)۔
غازَہ فت ر۔ امذ۔ کُسُم کے پھولوں کا سرخ سَفُوف جو سنگھار کے لیے چہرے، گالوں پر ملا جاتا ہے۔ مُکَوّل۔

غازی امذ۔ لڑنے، جہاد کرنے والا؛ فاتح، ہیرو۔ ج: **غُزاۃ**۔
غاشِیَہ کس ش، فت ی۔ امث۔ جھلّی، پردا، پوشش، گھوڑے کی زین؛ آفت، روز قیامت۔ مروصفی **غاشِیَہ بَردار** عناں گیر، سوار کے ساتھ چلنے والا خادم، کنایتہً حضرت جبریلؑ جو معراج میں بُراق کے ساتھ ساتھ چلے۔
غاصب کس ص۔ صف زبردستی چھین لینے والا، ناجائز تصرّف یا تسلّط کرنے والا، دوسروں کا حق مارنے والا۔
غافِر کس ف۔ صف۔ پردہ پوش، عیب کو ڈھانپ لینے والا، [قب: غفُور]۔
غافِل کس ف۔ صف۔ بے خبر، بے سُدھ، بے پروا۔
غالِب کس ل۔ صف۔ غلبہ، فتح، حاصل کرنے والا، حاوی، فائق، افضل۔
غالِباً کس ل، تنوین ا بفت۔ م ف۔ شاید، گمان قوی کے مطابق، عین ممکن ہے۔
غالی صف۔ بہت مبالغے سے کام لینے والا، اپنے عقائد میں متشَدِد، شدّت پسند۔
غالِیچَہ ی مع، فت چ۔ امذ۔ قالین، سوزنی، مَسند۔
غالِیَہ کس ل، فت ی۔ امذ۔ عنبر، مشک کافُور وغیرہ کا ایک خوشبودار مرکّب۔ صف **غالِیَہ مُو** خوشبو دار زلفوں والا۔
غامِر کس م۔ صف۔ غیر آباد، اجاڑ، عامِر کی ضد۔
غامِض کس م۔ صف۔ پوشیدہ، گہرا، مُبہم، مشکل، عسیر الفہم، مشکل سے سمجھ میں آنے والا۔
غائِب کس ء۔ صف۔ غیر حاضر، لاموجود، پوشیدہ، امث۔ **غائِب بازی/ شطرَنج** بغیر دیکھے دُور سے شطرنج کی چالیں چلنا۔ صف **غائِب غُلّہ** رَفو چکّر۔
غائِر کس ء۔ صف۔ گہرا، عمیق، ژرف۔ **نظرِ غائِر** گہری نظر۔
غائی صف۔ غایت (رک) سے منسوب، قب: علّتِ غائی۔
غایَت فت ی۔ مث۔ غرض، مقصد؛ انتہا، انجام۔ م ف۔ **بَغایَت** نہایت، از حد، انتہائی۔
غُبار ضمہ غ۔ امذ۔ دُھول، گرد؛ اندھیرا، تیرگی؛ کدُورت، رنجش۔ مرکّب اضافی **غُبارِ خاطِر** دل کی بھڑاس، ناخوشگوار یادیں، رنجشیں، شکایتیں۔
غُبارَہ ضمہ غ۔ امذ۔ ہوا یا گیس بھر کر پھلائی ہوئی شے جو ہوا سے ہلکی ہو تو اوپر اڑ سکے۔ عام: غُبّارہ۔
غَباوَت فت غ و۔ امث۔ غبی (رک) کا اسمِ کیفیت۔
غِبطَہ کس غ؛ سک بہ-فت ط۔ امذ۔ رشک کی نظر سے دیکھنا؛ ماننا، پسند کرنا؛ جذبۂ تحسین۔[ع: کیف]۔
غَبغَب فت غ۔ سک بہ امذ؟ ٹھوڑی کے نیچے کا اُبھار۔ **چاہِ غَبغَب** ٹھوڑی میں خفیف گڑھا، چاہ زنخداں۔
غَبن فت غ، سک بہ۔ امذ۔ امانت میں خیانت تحویل میں دی ہوئی رقم کو-دھوکے سے اپنے تصرف میں لے آنا۔
غَبی فت غ۔ صف۔ کُند ذہن، کم عقل۔
غَپ فت غ۔ امث۔ رک گپ۔
غَثَر بُود فت غ، سک ت، فت ر، ومع۔ صف۔ گڈ مَڈ، منتشر، اُلٹ پُلٹ۔ (نزد بعض "گوبے بلاغت ربُود" کو دو لخت کر کے "غت ربُود" پڑھنے سے کنایہ)۔
غَٹ فت غ۔ امذ۔ گروہ، جتھا، ٹولی، محاورہ **غَٹ پَٹ ہونا** باہم پیوست، ہم آغوش ہونا۔ گتھ جانا۔
غَٹا غَٹ فت غ۔ م ف۔ (پی جانا کے ساتھ)، ایک دم یا مسلسل حلق میں اتارنا، چڑھا جانا۔
غُثَر غُوں ضمہ غ، فت ث، و مع، غنہ۔ نقل صوت، کبوتر کے بولنے کی آواز، کبوتر کا گوُنجنا۔

غَثیان فت غ، سک ث۔ امذ۔ متلی، گھبراہٹ۔
غَچّا فت غ، شد چ۔ امذ۔ دھوکا، فریب، جُل۔
غِچْلی کس غ، سک چ۔ صف۔ گندا، میلا کچیلا، نفرت زدہ، **غِچْلی پَن** گندا سُندا، بُرے حالوں میں رہنے کی عادت۔
غَدّار فت غ، شد د۔ صف۔ عہد شکن، دھوکے باز، امث **غَدّاری** دھوکا، بے وفائی، ساتھ چھوڑ کر دشمنوں سے مل جانا۔ (بول چال) صف: لمبا چوڑا، عظیم الہیئت م: غدّار شہر/ عمارت/ حویلی۔
غَدر فت غ، سک ر۔ امذ۔ بغاوت، غدّاری؛ ہنگامہ، مُفسدہ۔ عام: **غدر،** شورش، بلوہ۔ خصوصاً مراد: ہنگامۂ ۱۸۵۷ء جبکہ اہل ہند برطانوی تسلط کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔
غُدُود ضمہ غ، ومع۔ ج مذ۔ جسم کے بعض حصّوں میں گٹھے ہوئے خلیوں سے بنی ہوئی گِلٹیاں جن میں سے بعض مخصُوص قسم کی رطوبتیں رس کر خون میں ملتی رہتی ہیں جو معتدل مقدار میں صحت کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ واحد: **غُدّہ** (ضمہ غ، شد فت د) م: **غُدّہ دَرَقیَہ** گلے کے اندر کا غُدّہ (قب انگ: Thyroid Gland)۔
غَدیر فت غ، ی مع۔ امذ۔ تالاب، جوہڑ۔
غِذا کس غ۔ امث۔ کھانا، خوراک، اَن، آہار۔ **غذائِیّت** کھانے کی چیز میں جسم کو قوت بخشنے والا عنصر یا صلاحیّت۔ **غذائِیّات** علم طب کی ایک شاخ، غذاؤں کے خواص، اثرات اور صحت کے لیے غذائی ضروریات کی بابت تحقیق کا علم۔
غَرّا (ء) فت غ، شد ر۔ صف۔ روشن، اعلیٰ؛ مانا ہوا مشہور م: **شاعرِ غَرّا** (گاہے طنزاً)۔
غُراب ضمہ غ۔ امذ۔ کوّا، کاگ، کلاغ۔
غَرابَت فت غ بہ امث۔ انوکھا پن، نامانوس، عجیب بات۔
غَرّاٹا فت غ، شد ر۔ نقل صوت۔ پانی یا کسی سیال کے زور سے اُبلنے یا اچھلنے کی آواز، قب شرّاٹا۔
غَرارَہ (۱) فت غ ر۔ امذ۔ گلے میں پانی بھر کر غر غر کی آواز نکالنا، حلق صاف کرنے یا علاج کے لیے کُلّیاں کرنا، کُلّا، آچمن۔
غَرارَہ (۲) فت غ ر۔ امذ۔ گھیر دار لباس، گھیر؛ م: غرارے دار پاجامہ۔
غَرامَت فت غ م۔ امث۔ ادایگی؛ قرض، اُدھار، جُرمانہ، دنڈ۔
غُرّاں ضمہ غ، شد ر، غنہ۔ صف۔ بپھرا ہوا، غرّانے والا (جانور)۔ ف ل **غرّانا** منہ سے غصّے کی آواز نکالنا۔حاصل مصدر **غُرّاہَٹ** قب: **غُرِش۔**
غَرائِب فت غ، کسمج ء۔ ج مذ۔ عجیب باتیں، عجائب۔ غریب (رک) کی جمع۔
غَرْب فت غ، سک ر۔ امذ۔ مغرب، وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے؛ پچھم، پچھمی ممالک، یورپ۔ صف **غَرْبی** (سک ر)۔
غِربال کس غ، سک ر۔ امث۔ چھلنی۔
غُربَت ضمہ غ، فت ب۔ امث۔ پردیس، وطن سے دوری، بے وطنی؛ نیز غریبی، ناداری [اِن معنی میں اردو کا تصرف]۔
غُرِّش ضمہ غ، شد کس ر۔ امث۔ غرانا، غرّاہٹ، غُر فش، حلق سے غصّے کی آواز نکالنا؛ درندے کا بولنا، غُرغُر کرنا، شیر کی دہاڑنے سے پہلے یا بعد کی نسبتۃً دھیمی آواز۔
غَرَض فت غ ر۔ امث۔ مطلب، مقصد؛ ضرورت، احتیاج؛ خلاصۂ مفہوم م: **غَرَض (یہہ) (کہ)/ غَرَضیکہ** (ے مج) قصہ کوتاہ، مطلب یہ کہ۔
غُرفش ضمہ غ، سک ر، کس ف۔ امث۔ ناراضگی کا اظہار؛ بِچَّر مِچَّر، چیں چَپَڑ۔
غُرْفَہ ضمہ غ، سک ر، فت ف۔ امذ۔ کھڑکی، دریچہ،

جھروکا، اونچی نشست۔

غَرْق فت غ، سک ر۔ صف۔ ڈوبا ہوا، زیر آب؛ منہمک، کسی کام میں نہایت مشغول۔

غَرْقاب فت غ، ر ساکن۔ صف۔ پانی میں ڈوبا، تہِ آب، غریق۔

غَرقی فت غ، سک ر۔ صف۔ امث۔ ڈُباؤ، ڈوبا ہوا ہوا؛ پانی بھری زمین؛ پانی کا ریلا، سیلاب۔

غُروب ضمہ غ، و مع۔ امذ۔ چاند سورج، ستارے کا افق کے نیچے جانا، چھپنا، ڈوبنا۔

غُرُور ضمہ غ، و مع۔ امذ۔ گھمنڈ، تکبّر، اتراہٹ، نخوت، گرْوْ۔

غَرّہ فت غ، شد فت ر۔ امذ۔ گھمنڈ، غرور۔

غُرّہ ضمہ غ، شد فت ر۔ امذ۔ چاند کی پہلی تاریخ؛ چوڑی سفید دھاری جو گھوڑے کی پیشانی پر ہو۔

غَرِیب فت غ، ی مع۔ صف۔ عجیب، انوکھا، نادر، نامانوس؛ مسافر، نگھرا؛ نیز مسکین، بےچارہ، مفلس، (اردو کا تصرف) غَرِیب اَلدِّیار (غَ رِی بُدْ دِیاڑ) بے وطن، پردیسی، نیز غَرِیب اَلوَطَن (غَ رِی بَل وَتَن) ج مذ غَرِیبْ غُرْبا (ء) محتاج مفلس لوگ۔ م ف غَرِیبا مَئُو غریبانہ، غریبوں جیسا، (بول چال) غریبا مئو بسر کرنا۔ صف غَرِیبَہ عجب (برائے مؤنث یا جمع) م: حکایات غریبہ۔

غَرِیزَت فت غ، ی مع، فت ز۔ امث۔ طبیعت، فطرت، عادت، سرشت۔ صف۔ غَرِیزی(فت ع، ی مع) طبعی فطری، حسب معمول، م: حَرارتِ غَرِیزی وہ حرارت جو جسم میں عام طور سے ہوتی ہے۔

غَرِیق فت غ، ی مع۔ صف۔ ڈوبا ہوا، غرق، تہِ آب غَرِیقِ رَحْمَت مراد: اللہ تعالٰی کی بخشش سے سرفراز۔

غَرِیو فت غ، ی مع، و ساکن۔ امذ۔ شور، غوغا، فریاد، دہائی۔

غَزا(ء) فت غ۔ امذ۔ جہاد، جنگ۔ صف غازی۔

غَزال فت غ۔ امذ۔ ہرن، آہُو، چیتل، پاڑا۔ (عام: غِزال) امث غَزالَہ (فت غ)۔

غَزَل فت غ ز۔ امث۔ پیار کے بول، اظہار، محبت، عاشقانہ گفتگو، عشقیہ کلام۔ نظم کی ایک صنف جو ایک ہی زمین میں متفرق اشعار پر مشتمل ہوتی ہے جن میں معنوی ربط ضرور نہیں۔

غَزْوَہ فت غ، سک ز، فت و۔ امذ۔ کفار کے خلاف وہ جنگ جس میں آنحضرت صلعم نے خود شرکت کی۔ ج غَزَوات۔

غَسّال فت غ، شد س۔ صف۔ نہلانے والا، مُردہ شُو۔ امذ۔ غُسْل، غُسُل۔

غَسّالہ فت غ، شد س۔ امث، صف۔ غَسّال کی تانیث، منہ ہاتھ دھو کر پھینکا جانے والا پانی۔ کپڑے دھونے کی مشین ثُلاثَہ ء غَسّالہ نہار منہ شراب کے تین جام، معدے کی صفائی کے لیے قے کرنے کے واسطے۔

غَش فت غ۔ امذ۔ ملاوٹ۔ دھوکا؛ صف مَغْشُوش نامعتبر ، کھوٹا، ملاوٹ والا، الحاقی۔ بے ہوشی کا دورہ، نیز غَشی۔

غِش کس غ۔ امذ۔ رک: غِل جس کا یہ تابع ہے۔

غَصْب فت غ، سک ص۔ امذ۔ ناجائز قبضہ، اِستحصال، کسی کا مال مار لینا۔

غُصّہ ضمہ غ، شد فت ص۔ امذ۔ غم، اندوہ، رنج؛ غیظ، غضب، ناراضگی، برہمی، بپھرنا، تیہا، کُرْوَدھ۔

غَضّ فت غ۔ امذ۔ آنکھیں بند کرنا، نیز غَضِّ بَصَر شرم یا لحاظ سے نظریں نیچی کرنا۔

غَضَب فت غ ض۔ امذ۔ غصّہ، قہر، غیظ، ناراضگی؛ آفت، مصیبت، پریشانی۔ صف غَضَب کا شدید، عجیب، حیرت انگیز، بہت بڑھ چڑھ کر۔

غَضَنْفَر فت غ ض ف، سک ن۔ امذ۔ شیر ببر،

مجازاً: بہادر، شجیع۔

غَف فت غ۔ صف۔ موٹا، ڈھٹ، گٹھی ہوئی بنائی کا (کپڑا)۔

غَفّار فت غ۔ صف تفضیل۔ بڑا بخشش والا، خطائیں معاف کر دینے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام، نیز **غَفُور**۔

غُفْران ضمہ غ، سک ف۔ امذ۔ معافی، بخشش، خطا بخشی، **غُفْراں مَآب** (مَ آب) بخشش و انعام اِلٰہی کی طرف لوٹا ہوا، مرحوم، مغفور۔

غَفَرَ اللّٰہ لَہٗ فت غ ف ر، ا غم، شد ل، ضمہ مح ہ، فت ل، ضمہ مثل ومع۔ دعائیہ فقرہ، اللہ نے اس کی بخشش کی، اس کے عیبوں کو ڈھانپا۔

غُفِرَ لَہٗ ضمہ غ، کس ف، فت ر ل، ضمہ مثل ومع۔ اس کی بخشش ہوئی۔

غَفْلَت فت غ، سک ف، فت ل۔ امث۔ بے ہوشی، بےخبری، بے پروائی، بھول چُوک۔

غَفِیر فت غ، ی مع۔ صف۔ کثیر،بڑی مقدار یا تعداد میں م: **جمّ غَفِیر** بڑا مجمع۔

غُل ضمہ غ۔ امذ۔ شور، ہنگامہ۔ **غُل غَپاڑا** چیخ پکار، چیخم دھاڑ۔

غِلّ کس غ۔ امذ۔ مکر، دھوکا، فریب؛ حسد، کینہ؛ مرکب عطفی **غِلّ وَ غِش** بناوٹ، تفنّن، کدورت، دل میں چور ہونا، م: بے غِل و غِش = صفائی کے ساتھ، بغیر لگی لپٹی رکھّے۔

غِلاظَت کس غ، فت ظ۔ امذ۔ گندگی، کوڑا کرکٹ، نجاست؛ گاڑھا پن، صف: **غَلِیظ** گندا، گاڑھا [ع: گاڑھا، دبیز، بے ہنگم]۔

غِلاف کس غ۔ امذ۔ خول، نیام، سلا ہوا کپڑا جو کسی چیز پر منڈھا یا ڈھانپنے کے لیے چڑھایا جائے۔ تھیلا۔ م: سارنگی کا غلاف، تکیے کا غلاف؛ جُز دان؛ سیپی، صدف۔

غِلافی کس غ۔ صف۔ غِلاف سے منسوب **غلافی آنْکھ** صَدَف، صَدَفی آنکھ، کُھلی اور بڑی کہ جُھکنے یا جھپکنے پر پپوٹے نمایاں دکھائی دیں۔

غُلام ضمہ غ۔ امذ۔ لڑکا، بالا؛ زرخرید خادم؛ محکوم، مطیع، مغلوب؛ اظہار عجز کے طور پر واحد متکلّم کے لیے بھی مستعمل،م: **غُلام زادَہ** دوسروں کے سامنے اپنے بیٹے کے لیے کلمۂ تعارف، (۲) تاش کا ایک تصویر دار پتہ جو ترتیب میں دہلے کے بعد اور بیگم سے پہلے آتا ہے، کلمۂ تحقیر **غُلَمْٹا**۔

غُلامْ گَردِش ضمہ غ، فت گ، سک ر، کس د۔ امث۔ مسقّف راہداری یا برآمدہ، گیلری؛ گنبد یا چھت کے نیچے ستونوں یا دیواروں کے اوپر بنا ہوا چکر دار راستہ؛ محلسرا اور دیوانخانے کے درمیان پردے کی دیوار۔

غُلام مال ضمہ غ۔ امذ۔ مدّت تک کام دینے والی سستی چیز۔

غُلامی ضمہ غ۔ امث۔ محکومی، بندگی، اسیری۔

غَلَبَہ فت غ ل بہ۔ امذ۔ تسلط، قبضہ، برتری، عام: **غَلْبہ**۔

غَلَط فت غ ل، بروزن عَدَد، فَعَل۔ صف۔ نادرست، غیر صحیح، بگڑا ہوا؛ جھوٹھ۔ **غَلَطُ الْعام** (غَ لَ تُل عام) وہ لفظ جسے عام طور پر لوگ بولتے ہوں خواہ اصلاً درست نہ ہو۔ عام چلن کے مطابق، درست، فصیح۔ **غَلَطُ الْعَوَام** وہ کلمہ جو ناواقف بے پڑھے لکھے لوگ بولتے ہوں اور فُصَحا اُس سے پرہیز کریں۔

غَلْطاں فت غ، سک ل، غنہ۔ صف۔ لوٹ پوٹ، لڑھکتا ہوا، کروٹیں لیتا، تڑپتا ہوا، لہراتا ہوا۔

غَلَط اَنْداز فت ا، سک ن۔ صف۔ تیر یا نشانہ جو صحیح جگہ نہ لگے؛ نگاہ جو بَچ کر نکل جائے، اچٹتی نظر۔

غَلَط بَخْشی فت غ ل ب، سک خ۔ امث۔ بے موقع

فیاضی۔
غَلَط بَردار فت ب، سک ر۔ صف۔ کاغذ پر سے حروف مٹانے کا چاقو؛ وہ کاغذ جس پر سے حروف بآسانی مٹائے جا سکیں۔
غَلَط سَلَط فت س ل۔ امث۔ اُلٹا سیدھا، گڑبڑ، محض نادرست۔
غَلَط فَہمی فت مج ف، سک ہ۔ امث۔ ایسا گمان جو حقیقت کے خلاف ہو، کچھ کا کچھ سمجھ جانا، وقتی کج فہمی، وہم؛ رنجش بےجا۔
غَلْطَک فت غ ط، سک ل۔ امث۔ گراری، چرخی، پہیّوں کا دُھرا۔ [اصلاً ف: غلتَک]۔
غَلَط کاری فت غ ل۔ امث۔ اصول یا مصلحت کے خلاف عمل، لغزش، خطا۔
غَلْطَہ فت غ ط۔ امذ۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا، چمڑے کا غلاف، مِیان، قوسی وضع کی چھت کی چُنائی جس پر سے پانی بہ جائے۔
غَلَطی فت غ ل، سک ل۔ امث۔ اصول، قاعدے یا واقعے کے خلاف بات؛ سمجھ کا قصور، لغزش، خطا [غَلَط سے وضعی اردو لفظ] ج: **اَغلاط**۔
غِلْظَت کس غ، سک ل، فت ظ۔ امث۔ گاڑھا پن۔
غُلْغَلَہ ضمہ غ، سک ل، فت ل۔ امذ۔ شور، غوغا، ہنگامہ؛ دُھوم۔
غُلَّک ضمہ غ، شد فت ل۔ امث۔ پیسے، ریزگاری جمع کرنے کا خانہ، ظرف یا سوراخ دار ڈبا مٹکی وغیرہ۔ نیز **گُلَّک، غُلَّق**۔
غِلْمان کس غ، سک ل۔ ج مذ۔ غلام کی جمع؛ لڑکے، اَمرد، خوشرو لڑکے جو جنتیوں کی خدمت کے لیے مقرر ہوں گے۔
غُلَمْٹا ضمہ غ، فت ل، سک م۔ امذ۔ غلام کی تصغیر برائے تحقیر۔
غُلُو ضمہ غ، و مع۔ امذ۔ زیادتی، شدّت، مبالغہ [اصلاً ع: **غُلوّ**]۔
غُلولہ ضمہ غ، و مع۔ امذ۔ (۱) مٹی کی گولی، غُلّہ جو غلیل یا گوپھن سے پھینکا جائے۔ (۲) شکار کے جانوروں کا گلّہ یا جِھلّڑ۔ (۳) مزاروں پر چڑھانے کی کوڑیاں یا سکّے جو گلک میں ڈالے جائیں۔
غَلّہ فت غ، شد فت ل۔ امذ۔ اناج؛ دوکان پر بِکری کے دام جمع کرنے کا صندوقچہ یا چنگیر وغیرہ، دن بھر کی بکری کی نقد وصولی۔
غُلّہ ضمہ غ، شد فت ل۔ امذ۔ **غُلولہ** معنی نمبر۱۔
غَلْیان (۱) فت غ، سک ل۔ امذ۔ حقہ، پیچواں، نیز **قَلْیان**۔
غَلَیان (۲) فت غ، سک ل۔ امذ۔ ابال، جوش [ع: غَلَیان]۔
غَلیظ فت غ، ی مع۔ صف۔ گاڑھا، گھنا، کثیف، دَلدار م: **اَبرِ غَلیظ** گہرا ابر، کالی گھٹا؛ گندا، ناپاک؛ فحش م: غَلیظ گالی۔
غُلیل ضمہ غ، ے مج۔ امث۔ لکڑی کا دوشاخہ جس میں ربڑ کے فیتے جُڑے ہوتے ہیں جنھیں تان کر نشانے پر غُلّہ چھوڑتے ہیں، ایک وضع کی گوپھن۔
غَلیواز فت غ، ے مج۔ امث۔ چیل۔
غَم فت غ۔ امذ۔ رنج، الم، صدمہ، اندوہ۔ **غَم خانَہ** وہ جگہ جہاں افسردگی چھائی ہو، بیت الحَزَن، جہاں سوگ منایا جائے؛ نیز **غَمکَدَہ**۔ صف **غَم خوار** (غَم خار) ہمدرد،رنج کو مٹانے والا، نیز **غَمگُسار** (گُ سار)؛اکیف مث **غَم گُساری**؛ **غَمیں** رنجیدہ، **غَمْناک** رنجیدہ کرنے والا (واقعہ افسانہ وغیرہ) محاورہ **غَم غَلَط کرنا** دل بہلانا۔
غَمّاز فت غ، شد م۔ امذ۔ چغل خور، جاسوس؛ آنکھ مارنے، آنکھ سے اشارے کرنے والا۔ اکیف مث **غَمّازی**۔
غَمْزَہ فت غ، سک م، فت ز۔ امذ۔ آنکھ، ابرو وغیرہ سے اشارہ؛ عِشوَہ، ناز، نخرہ، شوخی، **غَمزَہ ء**

غَمّاز آنکھ کا پُر معنی اشارہ۔

غُمُوض ضمہ غ، و مع۔ امذ۔ نشیب، گڑھا؛ گہری مبہم بات۔ صف **غامِض**۔

غَمی فت غ۔ امث۔ کسی کی موت کا صدمہ، سوگواری۔

غَمِیں فت غ، ی مع، غنہ۔ صف۔ رنجیدہ، مغموم، نیز **غَمگِین**، اکیف مث **غَمگینی**۔

غَنّ (۱) فت غ۔ امذ۔ ناک میں بولنا، غنائی آواز نکالنا، گنگنانا۔

غَن (۲) فت غ۔ امذ۔ بیجوں سے تیل نکالنے کا مُوسل گھن۔ [ف: غَن، س: گھن]۔

غنا (ء) (۱) کس غ۔ امذ۔ گنگنانا، ناک سے آواز نکالنا، مصوّتے میں ن کا شائبہ لانا، گانا، راگ، موسیقی، صف **غِنائی**۔

غنا (۲) کس غ۔ امذ۔ فراخی، خوشحالی، ثروت، تموّل، بے نیازی، سیر چشمی، اِستغنا۔

غُنْج ضمہ غ، سک ن۔ امذ۔ غمزہ، عِشوہ، ناز، کرشمہ، شوخی۔

غُنْچَہ ضمہ غ، سک ن، فت چ۔ امذ۔ کلی، شگوفہ، طائفہ، گروہ۔

غُنْدَہ ضمہ غ، سک ن، فت د۔ صف۔ یکجا، اکٹھا کیا ہوا، سیَنت کے رکھا ہوا۔ [ف:غُند جمع، اکٹھا، انبوہ]۔

غُنْڈا ضمہ غ، سک ن۔ امذ۔ بدمعاش، لفنگا، شورہ پشت، گنڈا۔

غنغنانا کس غ، سک ن، کس غ۔ ف ل۔ ناک میں بولنا، صف **غِنغِنا**۔

غَنَم فت غ ن۔ امث۔ بکریوں کا بہت بڑا ریوڑ۔

غُنْم ضمہ غ، سک ن۔ امذ۔ مال غنیمت، لوٹ کا مال ج: **مَغانِم**۔

غُنُودگی ضمہ غ، ومع، فت د۔ امث۔ نیند کا غلبہ، اونگھنے کی کیفیت۔

غَنی فت غ۔ صف۔ دولتمند، صاحب ثروت، فراخ حال، سیر چشم، بے نیاز۔

غَنِیم فت غ، ی مع۔ امذ۔ لُوٹنے، دھاوا بولنے، چڑھائی کرنے والا؛ دشمن، حریف، مخالف فوج۔

غَنِیمَت فت غ، ی مع، فت م۔ امث۔ لوٹ؛ لوٹ کا مال۔ صف: گزارے کے لائق، شکر کے لائق، بہت کافی۔ ج **غَنائِم**۔

غَوّاص فت غ، شد و۔ صف۔ تیراک، غوطہ خور۔

غَوامِض فت غ، کس م۔ ج مذ۔ غامض (رک) کی جمع۔

غَوایَت فت غ ی۔ امث۔ گمراہی، بے راہ روی۔

غَوث و لین۔ امذ۔ مدد، مدد کے لیے فریاد، (قب: استغاثہ)۔ مدد کو پہنچنے والا؛ اَولیا کے اونچے درجے کا ولی، جن کے ماننے والوں کا عقیدہ ہے کہ ان کے سارے اعضا الگ الگ ہو کر یاد خدا کرتے ہیں۔

غَور ولین۔ امذ۔ گہری سوچ، تفکر، توّجہ [ع: اصل معنی، گہرائی، نشیب]۔

غورَہ ومع، فت ر۔ امذ۔ کچی کھجوریں، کچے انگور، کبوتروں کا ایک خاص رنگ۔

غوری ومع۔ امث۔ پیالہ نما، چھوٹی گہری رکابی جس کے کنارے عموماً کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

غوزَہ و مع، فت ز۔ امذ۔ کپاس یا خشخاش کے ڈوڈے،پوست۔

غَوزِیں و لین، ی مع، غنہ۔ ج مث۔ خوش گپیاں، فضول باتیں۔

غوط ومع۔ امث۔ نیند کا جھونکا، بے ہوشی، نشے میں دُھت ہونے کی کیفیت۔

غوطَم غاطَا ومع، فت ط۔ امث۔ تیراکی میں ایک دوسرے کو ڈبکیاں دینے کا کھیل۔

غوطَہ ومع، فت ط۔ امذ۔ پانی میں کودنا، ڈبکی، سر پانی کے نیچے ڈبونا؛ کسی شے کو پانی میں پوری

طرح ڈبو دینا۔

غَوغا ولین۔ امذ۔ شورو غل، چیخ پکار، ہنگامہ، ہلّڑ؛ جھلّڑ۔

غُوک ومع۔ امذ۔ مینڈک، تیر کی نشانہ بازی کا ہدف، خاک تودہ۔

غَوَل ومج۔ امذ۔ ہجوم، انبوہ، گروہ۔

غُول ومع۔ امذ۔ دیو، راکھشَس، جن، بھوت۔ **غُولِ بَیا بانی** جنگل کے بھوت پریت؛ اگیا بیتال، جنگل میں رات کو دور سے نظر آنے والی روشنی (فاسفورس کا عمل) جسے دیکھ کر لوگ ڈرتے اور بھٹک جاتے ہیں۔

غِیاب کس غ۔ امذ۔ غیر موجودگی، آنکھ سے اوجھل، دور ہونا۔

غِیاث کسمح غ۔ امذ۔ مدد، فریاد رسی، فجائیہ؛ **اَلْغِیاث** مدد کے لیے پکارنے کا کلمہ۔

غَیب ے لین۔ امذ۔ چھپا ہوا، نامعلوم، عالم اسرار صف۔ **غَیبی** نامعلوم جگہ سے؛ نیز **اَز غَیبی** م: از غیبی گولہ، ناگہانی مصیبت۔

غَیبانی ے لین۔ امث۔ چھپی بدکار عورت۔

غَیبَت ے لین، فت ب۔ امث۔ عدم موجودگی، غیر حاضری۔

غِیبَت ی مع، فت ب۔ امث۔ پیٹھ پیچھے برائی، پس پشت بدگوئی۔

غَیر ے لین۔ صف۔ بیگانہ، اجنبی، پرایا؛ دشمن، حریف، رقیب؛ بدلا ہوا، متغیّر، م: حالت غیر ہو گئی۔ نیز بطور لاحقۂ نفی م: غیر ممکن، غیر حاضر، غیر مَزرُوعہ، غیر آباد۔ م ف: بِنا، بلا، بغیر کا مترادف عموماً **غَیر اَز**، م: غیر از بھلائی کوئی منشا نہ تھا۔

غَیرَت ے لین، فت ر۔ امث۔ شرم، حجاب، لحاظ؛ پاسِ عزت و ناموس، بطور مضاف: غیرت دلانے والا م: **غَیرتِ ناہِید** ناہید سے بڑھ چڑھ کر۔ **غَیرتِ مَہتاب** چاند کو شرمانے والا۔

غَیرِیَت ے لین، کس ر، فت ی۔ امث۔ بیگانگی، غیر سمجھنا، اپنایت کی ضد۔

غَیض ے لین۔ صف۔ ناقص، ادھورا، کچّا بچہ جو اسقاط حمل سے پیدا ہو۔

غَیظ ے لین۔ امذ۔ غُصّہ، غضب، قہر۔

غَیں ے لین، غنہ۔ صف۔ (بول چال) غوط میں، غافل۔

غَیُور فت غ، ومع۔ صف۔ بہت غیرتمند، لاج والا، خوددار، ج **غُیُور** (ضمہ غ)۔

ف

ف فے، فاء اردو ترتیب تہجی کا سینتیسواں (۳۷ واں) حرف، سنّی شفوی مصمتہ، عربی، فارسی اور اردو کے اختراع کردہ الفاظ میں موجود، سنسکرت اور پراکرتی اصل کے الفاظ میں ناپید، حروف قمری میں شامل اور جمل میں ۸۰ عدد کا حامل۔ لاحقۂ عطفی کے طور پر پس، لہٰذا کاہم معنی م: فہُوالمُراد، فَاعْتَبِرو، فَافَہم۔ گاہے تکرار و تواتر کا مفہوم ادا کرتا ہے۔ م: م ف - یوماً فیَوماً = دن بہ دن، روز بروز، آناً فاناً (آناً فَ آناً)۔

فاتِح کسمج ت۔ صف۔ فتح کرنے والا،۔مظفر، منصور، فیروز مند؛ کھولنے والا م: فاتح باب۔

فاتِحَہ کسمج ت، فت ح۔ امث/ امذ۔ ابتدا کرنے والی م: **سُورۂ فاتِحَہ** قرآن مجید کی پہلی صورت، الحمد؛ سُورۂ فاتحہ یا اس کے ساتھ کچھ اور آیات پڑھ کر مُردوں کی رُوح کو بخشنا؛ فاتحہ خوانی کی مجلس جو کسی کی موت کے تیسرے دن، یا برسی وغیرہ، پر یا مختلف وقفوں سے منعقد کی جائے۔

فاتِر کس ت۔ صف۔ سُست، لَدّھڑ، کمزور۔ مرکب **فاتِرُ اْلعَقْل** (فاتِ رُل عَقْل) کم عقل، جس کی عقل میں فتور ہو، دماغی مریض۔

فاجِر کس ج۔ صف۔ بداعمال، بدچلن، گناہوں میں مبتلا۔ مث **فاجِرَہ**، ج **فُجّار**۔

فاجِعَہ کسمج ج، فت ع۔ صف۔ پُر آزار، اندوہناک، الم انگیز م: واقعۂ فاجعَہ۔

فاحِش کس ح۔ صف۔ سخت ناپسندیدہ، نہایت مکروہ؛ بہت قبیح؛ شرمناک، عریاں، گندا۔

فاحِشَہ کسمج ح، فت ش، امثہ قحبہ، رنڈی، بدکار عورت؛ عریاں یا خلاف شرع باتیں۔ ج **فَواحِش**۔

فاخْتَہ سک خ، فت ت۔ امذ۔ خاکستری رنگ کا پرندہ جس کے گلے میں طوق بنا ہوتا ہے، قمری سے مشابہ مگر کسی قدر چھوٹا۔ صف **فاخْتَئی** خاکستری رنگ، سیاہ و سفید کے درمیاں (لاط: Turtur humilis)۔

فاخِر کس خ۔ صف۔ فخر کرنے والا، ناز آفریں؛ شوخ، بھڑکیلا، بیش قیمت (لباس، خلعت وغیرہ) مث نیز جمع **فاخِرَہ** م: جواہر فاخرہ، رقوم فاخرہ؛ قیمتی نگینے، زیور۔

فادْ زَہر سک د، فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ سنگدانہ، سنگریزہ جو بعض جانوروں کے پیٹ میں نکلتا ہے اور دافع سمیّت سمجھا جاتا تھا۔ زہر مہرہ، نیز **فازَہر، پازَہر، پادْزَہر**۔

فار امذ۔ چوہا، مُوش۔ **سَمّ اْلفار** (سَمّلُ فار) سنکھیا۔

فاراں عَلَم۔ ازروئے توریت ایک مقدس پہاڑ کا نام۔ وادیِ فاراں سے مراد وادیِ مکّہ بھی لی جاتی ہے۔

فارْخَطی سک ر، فت خ۔ امثہ فارغ خطی (رک) کی تخفیف یا تخریب۔

فارِس کس ر۔ صف۔ شہسوار [ع: فَرَس = گھوڑا]۔

فارْس سک ر۔ عَلَم۔ پارْس کا معرّب، شمال مغربی ایران کا قدیم نام، امثہ **فارْسی** فارس کی زبان (محاورہً) اجنبی بولی۔ **فارسی قدیم** آوستا اور ژند آوستا کی زبان جو ہند آریائی کی ایک شاخ تھی **فارْسِیّت** بہت زیادہ فارسی آمیز تحریر یا تقریر۔

فارِغ کس ر۔ صف۔ خالی، غیر مُملو، بے بھرا، بے کار، نِٹھلا، غیر مشغول، جس کا کام نمٹ گیا ہو۔ **فارِغ اْلبال** جس کے دل میں کوئی غم نہ ہو [ع: بال = دل ، جان] امث **فارِغ اْلبالی** (فارِ غُل بالی) اطمینان خاطر، فراخی، خوشحالی۔

فارِغْ خَطی کس ر، سک غ، فت خ۔ امثہ بے باقی کی دستاویز کہ کوئی مطالبہ موجود نہیں؛ طلاق نامہ۔

فارِق کس ر۔ صف۔ فرق، تمیز کرنےو الا، اچھے برے یا مختلف خصوصیات کی شناخت رکھنے والا، الگ الگ کرنے والا۔

فارَقْلِیط فت ر، سک ق، ی مع۔ صف۔ سکھ پہنچانے والا۔ توریت میں ایک عبرانی لقب جس سے مراد آنحضرت صلعم کی ذات لی جاتی ہے۔ نیز **فارْ قَلِیط۔** (سک ر، فت ق)۔

فارُوق ومع۔ صف تفضیل۔ بڑی شناخت رکھنے والا، حق و باطل میں امتیاز کرنے والا، خلیفۂ دوم حضرت عمرؓ کا لقب۔

فاژْ امذ۔ جماہی، دَہَن دَرہ؛ انگڑائی، خَمیاز، خَمیازہ [ف: نیز **فاژَہ**]۔

فاسِخ کس خ۔ صف۔ عہد شکن؛ توڑنے، شکستہ کرنے، انتشار پھیلانے والا؛ بداعمال۔

فازَہر فت مج ز، سک ہ۔ امذ۔ رک: فاد زَہر۔

فاسِد کس س۔ صف۔ خراب، متعفّن، گلا سڑا؛ مذموم، گندہ، شیطانی، **دَورِ فاسِد** شیطانی چکّر (جو چلتا ہی جائے ختم یا بند نہ ہو، قب انگ: Vicious circle)۔

فاسِق کس س۔ صف۔ بے دین، بداعمال، بدکردار، گناہ آلود۔

فاش صف۔ ظاہر و باہر، کھلا ہوا، آشکارا، (راز) جو چھپا نہ رہے، پھوٹ نکلے [ف: اصلاً پاش، قب س: شپَشْتْ]۔

فاصِل کس ص۔ صف۔ الگ، جدا، علاحدہ کرنے والا، حد بندی کرنے والا، رکاوٹ ڈالنے والا۔

فاصِلَہ کس ص۔ امذ۔ بُعد، دوری، درمیانی مسافت، عرصہ، نیز عام: **فاصْلَہ**۔

فاضِل کس ض۔ صف۔ زائد، بیش، ضرورت سے بڑھ کر؛ باقیماندہ، بچا ہوا؛ ممتاز، بلند مرتبہ، پڑھا لکھا، عالم۔ مث **فاضِلَہ** (فازِلَ)۔

فاضِلات کس ض۔ ج مذ۔ بچی ہوئی اشیاء، رقمیں وغیرہ۔

فَاْعتَبِرُوا فت ف، ا غم، سک ع، فت ت، کس ب، ومع، ا غم۔ فقرہ۔ پس عبرت پکڑو، نصیحت کے بول۔ فقرہ **فَاْعتَبِرُوا یا اُولِیْ اْلاَبْصار** (فَع تَ بِ رُو یا اُلِل اَبْ صار) = لہٰذا اے دیکھنے سمجھنے والو عبرت حاصل کرو۔

فاعِل کس ع۔ صف۔ کام کرنے والا؛ (قواعد) وہ اسم جس سے کوئی فعل منسُوب ہو۔ اکیف **فاعِلِیّت** عمل کی قدرت، نام یا لفظ کا جملے میں بصورت فاعل آنا م: احمد آئیں گے۔

فَاْفْہَم فت ف، سک ف، کس ہ۔ فجائیہ۔ پس سمجھ جاؤ، لہٰذا غور کرو۔ [ع: فَہْم سے صیغۂ امر]۔

فاق امذ۔ تیر کا سُوفار، نیز کمان کے چِلّے میں تیر کا سوفار ٹِکانے کا نشان، جہاں سے اس کو چٹکی سے کھینچ کر چھوڑتے ہیں، چلّے کی چٹکی؛ سُوئی کا ناکہ۔

فاقِد کس ق۔ صف۔ محروم، جس سے کچھ چھن گیا ہو۔ م: **فاقِد اْلبَصَر** (فا قِ دُ لْ بَ صَر) نابینا۔

فاقَہ فت ق۔ امذ۔ بے کھائے پیے ہونا، بُھوکا، خالی پیٹ ہونا، [ع: غربت، ناداری] صف **فاقَہ مَست** غریبی میں مگن۔

فاکِہَہ کسمج ک، فت ہ۔ امذ۔ پھل، میوہ۔ ج: **فَواکِہْ** (ہ ساکن)۔

فال امث۔ شگون، کسی عمل یا مشاہدے کے ذریعے مطلب دِل کی بابت اشارہ یا ہدایت پانا؛ اِستخارہ۔

فالْ گوش (سک ل، ومج) راہ چلتے کان میں پڑنے والی آواز سے شگون لینا۔

فالْتُو سک ل، و مع۔ صف۔ زائد از ضرورت، بیکار، نابکار آمد، فاضل، فضول۔

فالِج کس ل۔ امذ۔ اعصابی خلل کے باعث اعضاء کا شل ہو جانا، آردھانگ۔

فالْسَہ سک ل، فت س۔ امذ۔ ایک چھوٹا، گٹھلی دار

اودے رنگ کا کھٹ مِٹھا پھل جس کی دو قدرے مختلف قسمیں ہیں۔ فالْسَۂ شَربَتی نسبتاً زیادہ ترش اور فالْسَۂ شَکَری نسبتاً میٹھا، چاشنی دار (لاط: Grevia Asiatica) صف فالْسَئی فالسے کے گودے کے رنگ کا، ہلکا اودا جس میں نیلاہٹ کم ہو (قب انگ: Mauve)۔

فالُودَہ و مع، فت د۔ امذ۔ نشاستے کا بنا ہوا، موٹی سِویّوں کی طرح کا لَچھّا جسے گرمیوں میں شکر اور برف کے ساتھ کھاتے ہیں۔ [معرب فالُودَج]۔

فالیز ے مج۔ امذ۔ خربوزوں کا کھیت، [ف: پالیز کا معّرب]۔

فام امذ۔ ہیئت، وضع، رنگ؛ عموماً رنگ کے لیے بطور لاحقۂ صفت م: اَزْرَق فام، نیلا، سِیاہ فام، کالا گُلْ فام لالَہ فام سُرخ، گلابی نِیلی فام نیلگوں۔

فانُوس و مع۔ امذ۔ روشنیوں کا جھاڑ، شمعدان جس میں کئی شمعیں روشن ہوں؛ روشنی کے گرد یا اس پر ڈھکا ہوا شیشے کا گولا، پیالہ وغیرہ [ع: اصلاً چُغلخور، چونکہ شیشہ روشنی یا کسی شے کو ڈھانپ کر نہیں رکھ سکتا اس لیے یہ نام پڑا]۔ فانُوسِ خیال/ خِیالی چھت سے لٹکا ہوا دُھوئیں کے زور سے گردش کرنے والا چراغدان جس پر تصویریں بنی ہوتی ہیں، چینی لالٹین۔

فائِدَہ کسمج ۶ ، فت د۔ امذ۔ منافع؛ افاقہ، شفا؛ خوبی، بھلائی؛ نصیحت، سبق، اخلاقی نتیجہ جو کسی واقع سے حاصل ہو۔

فائِزْ کس ء۔ صف۔ کامگار، متمکّن، متمتّع؛ منزل رسیدہ، مطلوبہ مقام پر پہنچا ہوا۔ فائِزُ اَلْمَرام (فاءِ زُل مَ رام) اپنی مراد کو پہنچا ہوا، کامیاب۔

فائِق کس ء۔ صف۔ فوقیت، برتری رکھنے والا، اعلیٰ، برتر، بہتر، افضل، بڑھا چڑھا۔ فائِق اَلذِّہْن اپنی عمر سے زیادہ ذہین (بچہ) (قب انگ: Precocious)۔

فَبِہا فت ف، کسمج ب۔ فجائیہ۔ تو یوں سہی، فَھُوَالمُراد [ع: فَرَضَینابھا کی تخفیت = تو ہم اس پر راضی ہیں، یہی ہمارا مدّعا ہے]۔

فَتّاح فت ف، شد ت۔ صف تفضیل۔ کھولنے والا (بند قفلوں، دروں یا راہوں کو)، رکاوٹیں دور کرنے والا، اسماء الحسنیٰ میں سے ایک۔ فاتِح کی تفضیل۔

فِتادَہ کس ف، فت د۔ صف۔ اُفتادہ (رک) کا مخفف، اکیف مث فِتادگی۔

فَتّاں فت ف، شد ت، غنّہ۔ صف۔ دلکش، لُبھانے، نظر میں کُھبنے والا، چَشْمِ فَتّاں موہنی آنکھ۔

فَتاویٰ فت ف، ی غم۔ ج مذ۔ فتویٰ (رک) کی جمع۔

فَتْح فت ف، سک ت۔ امث۔ جیت، برتری، کامیابی، ظفر مندی حاصل ہونا؛ کُھلنا (دَر یا قفل کا) فَتْح پیچ بالوں کے جوڑے کی ایک وضع۔

فَتْحہ فت ف، سک ت، فت ح۔ امذ۔ زَبر کی علامَت، حَرکتِ مفتُوحہ۔

فِتْراک کس ف، سک ت۔ امذ۔ گھوڑے کی زین کے ساتھ لٹکے ہوئے تسمے جن میں پرندے شکار کر کے باندھ دیے جاتے ہیں؛ شکار بند، جو شکاری کے گھوڑے کی زین کے ساتھ لٹکا ہوتا ہے۔

فَتْرَہ فت ف، سک ت، فت ر۔ امث۔ وقفہ، عرصہ، درمیانی مدت۔ ج فَتَرات وقفے۔

فَتْق فت ف، سک ت۔ امذ۔ گھائی، رخنہ، گھاؤ۔

فِتْنَہ کس ف، سک ت، فت ن۔ امذ۔ فساد، شرانگیزی، شورش؛ بغاوت؛ چھوٹے قد کا شریر آدمی؛ شوخ و شنگ محبُوبہ؛ ایک قسم کا اُبٹن، ج فِتَن فتنے، ہنگامے، شورشیں، شوخیاں، صف فِتْنَہ قامَت شوخ چال ڈھال والا۔

فِتْنی کس ف، سک ت۔ امث۔ شریر لڑکی، لڑاکا عورت (فِتْنَہ کی اردو تانیث)۔

فُتُوّت ضمہ ف، ومع، شد فت و۔ امث۔ بُلوغت، شجاعت، جوانمردی؛ عالی نسبی، عالی ظرفی، کُشادہ دلی۔ [ع: فَتیٰ = جوان]۔

فُتُوح ضمہ ف، و مع۔ ج مث۔ فتح (رک) کی جمع؛ بالائی آمدنی، نذر نیاز کا پیسہ جو ہاتھ آئے ج ج **فُتُوحات** نذرانے جو مریدوں وغیرہ سے وصول کیے جائیں، یا درگاہوں وغیرہ کو دیے جائیں۔

فُتُور ضمہ ف، ومع۔ امذ۔ خامی، نقص، خرابی؛ سُستی، کاہلی،صف **فاتِر** (رک) جس میں نقص ہو۔ م: **فاتِر اَلْعَقل** (رک)۔

فَتویٰ فت ف، سک ت، ی غم۔ امذ۔ شریعت کی رُو سے کسی امر یا قضیے کی بابت قول یا رائے جو سند مانی جائے۔

فَتِیل فت ف، ی مع۔ امث۔ بٹی ہوئی بتّی، چراغ یا آتش بازی کی بتّی، توپ یا بندوق کا توڑا؛ پتلا پھاہا جو زخم میں رکھا جائے؛ تعویذ جو جلانے کے لیے ہو۔ نیز **فَتِیلَہ**، عوام: **فَلِیتَہ**۔

فَتِیل سوز فت ف، ی مع، ومج۔ امذ۔ شمعدان جس میں تیل کا چراغ جلے۔

فَجا (۱) فت ف۔ امث۔ یکایک نازل ہونا، اچانک رونما ہونا۔ **فَجائی** یک بیک ہونے والا (واقعہ) **فُجائیَہ** (ضمہ ف، کس ء، فت ی) وہ کلمہ جو اچانک منہ سے نکل جائے م: اُف، واہ، آہ، ارے؛ نیز، دیگر ایسے کلمات جو بے ساختہ یا تقریر میں ربط کلام کے لیے در آتے ہیں، اسی ذیل میں شمار کیے جاتے ہیں م: سُبْحان اللہ، مرحبا، آمین، فَافْہم، فَہُوَالْمُراد۔

فُجّار ضمہ ف، شد ج۔ ج مذ۔ فاجر (رک) کی جمع۔

فَجْر فت ف، سک ج۔ امذ۔ پو پھٹنا، سویرا، تڑکا، امث۔ **اَلْفَجْر** قران شریف کی ۸۹ ویں سورت۔

فَجُور فت ف، و مع۔ صف۔ فاجِر (رک) کی تفضیل، بڑا بدکار۔

فُجُور ضمہ ف، و مع۔ امذ۔ بداخلاقی، بدکرداری، بدچلنی، آوارگی، عیّاشی۔

فَحاشی فت ف، شد ح۔ امث۔ جنس کی بابت کُھلی کُھلی باتیں؛ عریانیّت، گندہ دہنی، گالی گلوچ؛ نیز، امذ: **فُحش** بطور صف: بے شرمی کا ناشائستہ، جِنسیت زدہ، نیز **فاحِش** تفضیل **فَحّاش**۔

فَحویٰ فت ف، سک ح، ی غم۔ امذ۔ مطلب، معنی، مدّعا، منشائے کلام، خلاصۂ مفہوم۔ انداز بیان۔

فَخْر فت ف، سک خ۔ امذ۔ ناز ، غرور، گھمنڈ۔ **باعِثِ فَخْر** عزّت کا ذریعہ، وسیلۂ وقار۔

فَخِیم فت ف، ی مع۔ صف۔ شاندار، بھاری بھرکم، باوقار، امث **فَخامَت/ فَخامَہ** عالی مرتبہ، **صاحِبِ اَلْفَخامَہ** (صاح بُل فَ خامہ) ہزہائی نس، ایکسیلنسی کا مترادف۔

فِدا کس ف۔ صف۔ جاں نثار، قربان، فریفتہ۔ نیز **فِدائی** جان دینے والا، عاشق۔

فِدوی کس ف، سک د۔ صف۔ فدا ہونے والا نہایت مطیع و فرماں بردار؛ عرضی نویس کا اپنی نسبت کلمۂ ارادت و اطاعت گزاری۔ امث **فِدوِیَہ** (فِدوی) اصلاً: **فِدوِیّہ**۔

فِدْیَہ کس ف، سک د، فت ی۔ امذ۔ کفّارہ، عوضانہ، حرجانہ، خوں بہا۔

فَرّ (۱) فت ر۔ امذ۔ فرار، بھگدڑ، چَنپت ہونا۔

فَر (۲) فت ف۔ امذ۔ شکوہ، دبدبہ، شان و شوکت۔

فَرّاٹا فت ف، شد ر۔ امذ۔ پرندوں کے جھلّڑ کے اُڑنے کی آواز، تیز دوڑنا، بے تحاشا بھاگنا۔ محاورہ **فَرّاٹا/ فَرّاٹے بھرنا** تیز دوڑنا، تیزی سے پڑھنا۔ فر فر پڑھنا۔

فَراخ فت ف۔ صف۔ وسیع، چوڑا چکلا ، کشادہ، بڑی

گنجائش یا سمائی والا۔ اکیف مث **فَراخی** خوشحالی، کشادگی، چوڑائی۔

فَراخُوْر فت ف، ضمہ خ، ومعدولہ۔ (بروزنِ تَواتُر) صف۔ لائق، سزاوار، شائستہ۔

فُرادیٰ ضمہ ف، ی غم۔ ج مذ۔ **فَرد** (رک) کی جمع۔

فَرادِیس فت ف، ی مع۔ ج مث۔ فردوس (رک) کی جمع۔

فِرار کس ف۔ امذ۔ بھاگ جانا، چنپت ہونا۔ قید یا بندش سے نکل بھاگنا۔ صف **فِراری** امث۔ **فِرارِیت** زندگی کے حقائق اور مسائل سے روگردانی، خیال پرستی۔

فَرّار فت ف، شد ر۔ صف تفضیل۔ تیز دوڑنے والا؛ اکثر بھاگ جانے والا۔

فَراز فت ف۔ امذ، صفہ بلندی، اونچائی؛ بلند اونچا۔ اکیف مث **فَرازی**۔

فِراسَت کس ف، فت س۔ امث۔ دانائی، عقلمندی، زود فہمی، **فِراسَت اْلیَد** (ا غم، فت ی) دست شناسی، ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانے کا علم یا اس کا دعویٰ۔

فِراش کس ف۔ امذ۔ بچھونا،بستر، فرش۔ نیز **فَراش** م؛ **فَراش خانہ** فرش فروش رکھنے کا گودام۔

فَرّاش فت ف، شد ر۔ امذ۔ بستروں کا منتظم، بستر لگانے سے چراغ جلانے، پنکھا جھلنے تک مختلف کام کرنے والا گھریلو ملازم؛ ڈیرے خیمے بنانے، لگانے والا۔ امذ، صف۔ **فَرّاشی** فراش کا کام، فرش سے متعلق۔ **فرّاشی پَنکھا** چھت سے لٹکا ہوا لمبا جھالر دار پنکھا جس کو ڈوری سے کھینچا جاتا تھا اور فراش کھینچتا تھا۔ اسی لیے فرّاشی کہلایا۔ نیز **فَرشی پنکھا**۔

فَراعِنَہ فت ف، کسمج ع، فت ن۔ ج مذ۔ فرعون (رک) کی جمع۔

فَراغ فت ف۔ امذ۔ فرصت، فراغت، خوشی، خوشحالی، بے فکری صف **فَراغ بال/ فَراغ حال** آسودہ، مطمئن، چین سے، نیز امث۔ **فَراغَت** فرصت، چین آرام۔

فِراق کس ف۔ امذ۔ جدائی، مفارقت، ہجر، دوری؛ دُھن، لگن۔

فَرامشَن فت ف، کس م، فت ش۔ امذ۔ فری مَیسن [انگ: Free Mason] کی تارید۔ ایک بین الاقوامی تنظیم جس کے مخصوص کلب جگہ جگہ قائم ہیں اور ارکان سے راز داری کا عہد لیا جاتا ہے، مقاصد مستور لیکن صَہیُونیت کا غلبہ۔ نیز معماران احرار۔

فَرامَوش فت ف، ومج۔ صف، امذ۔ بُھلایا ہوا، پس پشت ڈالا ہوا، ذہن سے اترا ہوا؛ ایک روایتی خوش طبعی کہ کسی کو چپکے سے دوگانہ پھل پکڑا دیا جائے اور اگر وہ سیدھے ہاتھ میں لے لے تو "فراموش" پکار کر اُس سے ویسے ہی دو سو پھل طلب کئے جائیں۔ اسی لیے بعض لوگ عادتاً کوئی چیز داہنے ہاتھ میں لینے سے گریز کرتے ہیں کہ مبادا چوٹ کھا جائیں۔ **فَرامَوش گار** بھلا دینے کا عادی، بُھلکَڑ۔ اکیف مث **فرامَوش گاری**۔

فَرامَوشِیں فت ف، و مج، ی مع، غنہ۔ ج مث۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں ناک کے اندر دو ہڈیاں نکل آتی ہیں، اور آپریشن سے نکالی جاتی ہیں جسے فراموشیں نکلوانا کہتے ہیں۔

فَرامِین فت ف، ی مع۔ ج مذ۔ فرمان (رک) کی جمع۔

فَراواں فت ف، غنہ۔ صف۔ کثیر، بکثرت، بہتات سے، بھرپُور، اکیف مث **فَراوانی** کثرت، بہتات، لھر بھر، نیز **فِراواں/ فِراوانی** (کس ف)۔

فَراہَم فت ف ہ۔ صف۔ اکٹھا، جمع کیا ہوا، یکجا۔ اکیف مث۔ فَراہَمی جمع کرنا، بہم پہنچانا۔ (بعض لوگ مہیّا کے معنی میں بولتے ہیں جو تصرف ہے)۔

فَرائِض فت ف، سک ء۔ ج مذ۔ فرض، فریضہ (رک) کی جمع؛ (فقہ) علمِ تقسیم میراث صف فَرائِضی پابند شریعت اُنیسویں صدی کی ایک نیم مذہبی نیم سیاسی تحریک کا نام؛ فَرائِضی تَحریک جو حاجی شریعت اللہ (۱۷۸۱ء - ۱۸۴۰ء) نے بنگالی مسلمانوں میں چلائی تھی۔

فَربُود فت ف، سک ر، و مع۔ صف۔ درست، راسخ، کٹّر، امث فَربُودِیَت کٹّر پن۔

فَرْبِہ فت ف، سک ر، کسمج ب، ہ ساکن ملفوظ۔ صف۔ موٹا، لحیم شحیم امث فَربِہی مُٹاپا۔

فَرتُوت فت ف، سک ر، و مع۔ صف۔ بہت بوڑھا، پُھونّس۔

فَرْج (۱) فت ف، سک ر۔ امذ۔ مرتبہ، وقار، قدر و قیمت۔

فَرْج (۲) فت ف، سک ر۔ امذ، امث۔ شگاف، دَرہ، امث؛ عورت کی شرمگاہ، عام؛ فُرْج ج فُرُوج۔

فَرَح فت ف ر۔ امذ۔ فراخی، فارغ البالی، خوشی، خُرّمی۔

فَرْجاد فت ف، سک ر۔ امذ۔ عالم، دانا، فاضل لائق آدمی۔

فَرْجار فت ف، سک ر۔ امذ۔ پرکار کا معرّب، دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

فَرْجام فت ف، سک ر۔ امث۔ انجام، خاتمہ، انتہا، صف نافَرْجام ناتربیت یافتہ (گھوڑا)، فضول لایعنی (گفتگو)۔

فَرَح فت ف ر۔ امث۔ خوشی، خرّمی، شادمانی، چین، آسودگی۔ نیز فَرحَت صف۔ فَرَح مَنْد شاد؛ فَرَحْناک مسرت بخش۔

فَرُّخ فت ف، شد ضم ر۔ صف۔ مبارک، مسعود؛ خوشرو، صبیح۔ امث فَرّخی۔

فَرْخار فت ف، سک ر۔ امذ۔ زیور، سامان آرائش؛ ایک شہر اور اس کے مندر کا نام جو اپنی حسین دوشیزاؤں کے لیے مشہور تھا۔

فَرخَندَہ فت ف، ضمہ خ، فت د۔ صف۔ شاد کام، خوش نصیبہ

فَرْد فت ف، سک ر۔ صف، امذ۔ اکیلا، یکّہ و تنہا؛ بے مثل،طاق؛ دو مصرعوں کا شعر یا بیت؛ چادر کے ابرے کا کپڑا، حساب کی کتاب، بہی، فہرست؛ عدد، (زیور وغیرہ کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے) م؛ چار فرد طلائی۔ فَردِ بَشَر (کسمج د) کوئی ایک آدمی۔ فَرْدِ جُرم جرم کی صراحت جو مقدّمے کی مسل پر درج کی جائے۔ فَرْدِ حساب حساب کا چٹھا، نقشہ، تفصیلات؛ نامۂ اعمال۔

فَردا فت ف، سک ر۔ ظرف، مث۔ آنے والی کل؛ آئندہ زمانہ۔

فَرداً فَرداً فت ف، سک ر، تن فت،امثل ن۔ م ف۔ جُدا جُدا، الگ الگ، ایک ایک کر کے۔

فِردَوس کس ف، سک ر، و لین۔ امث۔ باغ انگور، باغ بہشت؛ پردیس، [ع از ف؛ پر تیز، قب س؛ پری دیش]۔

فَرز فت ف، سک ر۔ امث۔ اندر جُو کا درخت جس کے پتے بانسہ کے پتّوں کی مانند اور چھال سیاہ ہوتی ہے؛ تیواج (لاط: Holerrhona Antidysetrica)۔

فَرزانَہ فت ف ن، سک ر۔ صف۔ دانا، عاقل، عالم امث فَرزانَگی دانائی، علمیّت۔

فَرزَجَہ فت ف ز ج، سک ر۔ امذ۔ کپڑے کا ٹکڑا، کترن، پھاہا۔ [ف پارچہ کا معرّب]۔

فَرزَند فت ف ز، سک ر ن۔ امذ۔ بیٹا، پسر فَرزَندِ اَرْجُمند (سک ر ج) لائق بیٹا، سپوت، (عام؛ اَرجُمَند)۔

فَرزِیں فت ف، سک ر، ی مع، غنہ امذ۔ شطرنج کا بادشاہ کے بعد سب سے بڑا مہرا جو کھیل کی ابتدا میں اس کے پہلو میں کھڑا کیا جاتا ہے اور گھوڑے کی چال کے سوا سب چالیں چل سکتا ہے؛ وزیر۔

فَرَس فت ف ر۔ امذ۔ گھوڑا، اسپ۔ **فَرَسنامَہ** وہ کتاب جس میں گھوڑوں کی اقسام، عادات، بیماری اور علاج کا ذکر ہو، بعض منظوم۔

فَرْسا فت ف، سک ر۔ لاحقہٗ فاعلی۔ گھسنے، رگڑنے، مٹانے، گھلانے والا، صرف ترکیبات میں م: **رُوح فَرسا** دل گداز، اذیّت ناک، **جبَہ فَرسا** ماتھا رگڑنے والا۔

فَرِشتادَہ فت ف د، کس ر، سک س۔ صف۔ بھیجا ہوا، نیز **فَرِشتَہ** ج **فَرِشتادگان**، **فرِستہ گان**: **فَرِشتَگان** قاصد، ایلچی، سُفَرا۔

فَرْسَخ فت ف س، سک ر۔ امذ۔ فاصلے کا ایک پیمانہ مساوی ۱۸ ہزار فٹ [ف: فَرسَنگ کا معّرب]۔

فَرسُودہ فت ف، سک ر، ومع، فت د۔ صف۔ گھسا ہوا، پُرانا، برتا ہوا، بے آب، بے رونق، اکیف مثہ **فَرسُودَگی**، پرانا پن، تازگی کی ضد۔

فَرْش فت ف، سک ر۔ امذ۔ بچھونا، بچھایا ہوا کپڑا، چادر قالین وغیرہ؛ مسطّح زمین کا ٹکڑا، ج **فرُوش**؛ مرکّب عطفی **فَرش فُرُوش** (ضمہ ف، ومع) بچھانے کی چیزیں دریاں قالین وغیرہ۔

فِرِشتَہ کس ف ر، سک ش، فت ت۔ امذ۔ ایک نادیدہ آسمانی مخلوق جو عقیدے کے مطابق احکام الٰہی بجا لانے پر مامور ہے، گروہ ملائک کا فرد؛ مجازاً؛ نیک انسان بھولا بھالا آدمی۔ ج **فِرِشتَگان**۔ [اصلاً ف: فرِستَہ= بھیجا ہوا؛ نزد بعض پَرستَہ، پَرستار = عبادت گزار] نیز عام: **فَرِشتَہ** (فت ف)۔

فَرشی فت ف، سک ر۔ صفہ فرش سے تعلق رکھنے والا م: **فَرشی نِشَست** کرسی چوکی وغیرہ کے بغیر بچھے ہوئے فرش پر بیٹھنا، **فَرشی سَلام** دوہرا ہو کر ہاتھ سلام کے لیے فرش کے قریب سے اوپر اٹھانا، **فرشی حُقّہ** چوڑے پیندے کا بڑا حقہ **فرشی پنکھا** نیز رک: **فَرّاشی**۔

فُرصَت ضمہ ف، فت ص۔ امث۔ خالی وقت جبکہ کوئی کام نہ ہو، مُہلت، فراغت، چُھٹی، سبکدوشی، آزادی، چُھٹکارا۔

فَرْض فت ف، سک ر۔ امذ۔ وہ عمل جو ذمّے کیا گیا ہو اور اس کا کرنا لازمی ہو، احکام دینی میں سے کوئی حکم؛ ف ل: **فرض کرنا** مان لینا، بطور مثال قیاس کر لینا۔ حرف شرط **بَفرضِ مُحال** اگر مراد اگرچہ ایسا ہو نہیں سکتا لیکن اگر ہو سکتا تو۔ **فرضِ کفایَہ** وہ فرض جو کسی جمٰاعت پر عائد ہو اور کسی ایک فرد یا چند افراد کے ادا کرنے سے پورا ہو جائے جیسے نماز جنازہ، تبلیغ۔

فَرضی فت ف، سک ر۔ صف۔ خیالی، قیاسی، موہوم، بے حقیقت۔

فَرضِیّت فت ف، سک ر، کس ض، شد فت ی۔ امث۔ فرض ہونا م: جہاد کی فرضیت کچھ شرائط پر مبنی ہے۔

فَرْط فت ف، سک ر۔ امذ۔ زیادتی، کثرت، وفور۔ صف **مُفرط** کثیر، وافر۔

فَرْع فت ف، سک ر۔ امث۔ شاخ، وہ وجود جو قائم بالذات نہ ہو، کسی اصل سے منسلک ہو۔ ج: **فُرُوع** ج ج **فُرُوعات**۔

فِرعَون کس ف، سک ر، ولین۔ عَلَم۔ قدیم مصری بادشاہوں کا لقب، خصوصاً مصر کا وہ بادشاہ جو ازروئے صحائف حضرت موسیٰؑ کا معاصر اور خدائی کا دعویدار تھا، مجازاً؛ متمرّد، مغرور آدمی۔ بطور پھبتی۔ **فرعَونِ بے ساماں** بے جا غرور و تکبّر، ضد اور ہٹ دھرمی سے کام لینے والا۔ (مراد: اگرچہ فرعون کا سا کرّو فر نہیں مگر اُس جیسا مزاج ہے)۔

فَرغُل فت ف، ضمہ غ۔ امذ۔ روئی دار لبادہ۔ [ف: فَرگُل کی متبادل شکل]۔

فَر فَر فت ف، سک ر۔ م ف۔ پُھرتی، تیزی، فرّاٹے کے ساتھ، بے تکان (بولنا، پڑھنا، ہَوا کا چلنا)۔

فَرفَری فت ف، سک ر۔ امث۔ راز دارانہ بات چیت کا ایک طریقہ جس میں ہر حرف کے بعد ف کا اضافہ کرتے ہیں تاکہ دوسرا جو اس نکتے سے واقف نہ ہو کچھ نہ سمجھ سکے۔ م: تُفُم افِن کفو ٹَفال دُفو = تُم ان کو ٹال دو۔

فَرْق فت ف، سک ر۔ امذ۔ تمیز، امتیاز، اختلاف، تفاوت؛ دوری، فاصلہ؛ خلل، کمی؛ جدائی؛ علیٰحدگی؛ سَر، مُنڈیا، چَندیا؛ ج: **فُرُوق**۔

فُرقان ضمہ ف، سک ر۔ صف۔ دلیل، حجتِ قطعی؛ حق و باطل کو الگ کرنے والا۔

فُرقَت ضمہ ف، سک ر، فت ق۔ امث۔ جُدائی، ہجر، جدائی کا زمانہ۔

فَرقَد فت ف ق، سک ر۔ امذ۔ بچھڑا؛ نیل گائے کا بچّہ؛ **فَرقَدان** (تثنیہ) دو روشن ستارے جو دُبِّ اصغر میں واقع ہیں۔

فِرقَہ کس ف، سک ر، فت ق۔ امذ۔ جماعت، گروہ، حزب، فریق، فرع، پارٹی، جو ایک طرح کے عقائد یا مقاصد رکھتی ہو۔ م ف **فِرقَہ وار** فرقوں یا فریقوں کے لحاظ سے، نیز **فِرقَہ وارانہ** فرقوں کی باہمی آویزش یا تفریق پر مبنی۔

فَرما فت ف، سک ر۔ امذ۔ سانْچا، قالب جس کے مطابق کوئی چیز ڈھالی جائے، جوتے کا سائز یا شکل درست رکھنے کے لیے پاؤں سے مشابہ لکڑی کا قالب؛ (طباعت) کاغذ کا ایک تاؤ چھاپنے کے لیے تیار کردہ پلیٹ یا ٹائپ کی کسی ہوئی کشتی؛ چھپے ہوئے کاغذ کا ایک تاؤ جسے جُزو بھی کہتے ہیں۔ [انگ forme]۔

فَرمان فت ف، سک ر۔ امذ۔ شاہی حکم، احتراماً کوئی بھی حکم، ارشاد، فرمائش۔ صف **تابعِ فرماں** حکم کا بندہ؛ **فرماں بَر** حکم پہنچانے والا، حکم ماننے والا، نیز **فَرماں بَردار** (غنہ، فت ب) حکم بجا لانے والا، مطیع، سعادت مند۔ امث **فرماں بَری/ برداری** (غنہ)۔ **فَرمانِ واجِب الْاِذْعان** (واج بُل اِذْ عان) حکم جس کا ماننا لازم ہو، جس سے سرتابی محال ہو۔ **فَرماں رَوا** حکمراں، بادشاہ۔

فَرمانا فت ف۔ ف ل۔ (کلمۂ تعظیمی) کہنا، ارشاد کرنا، حکم دینا، ہدایت کرنا۔ ج **فَرامِین** (بقاعدۂ عربی)۔ نیز بطور فعل امدادی کرنا کے معنی میں مستعمل م: آرام فرمانا، نوش فرمانا [ف: فرمُودن سے اردو کا تصرف]۔

فَرمائش فت ف، سک ر، کس ء ۔ امث۔ (کلمۂ تعظیمی) خواہش، مطالبہ، حکم، ارشاد۔ صف **فرمائشی** فرمائش کے مطابق، خاص الخاص، چنیدہ، زور دار، م: فَرمائشی جُوتے/ گالیاں/ قہقہہ، بہت سخت، بہت زور دار، نہ کہ معمولی۔ ج **فَرمائشات** [ف: ج بقاعدۂ عربی] مطالبات، احکام۔

فَرمُودَہ فت ف د، سک ر، ومع۔ امذ۔ (کلمۂ تعظیمی) کہا ہوا، ارشاد فرمایا ہوا، حکم، قول۔ ج **فَرمُودات** اقوال، ارشادات۔

فِرَنْگ کس ف، فت ر، غنہ۔ امذ۔ مغربی ممالک [ع: فِرَنْج، اَفْرَنْج]۔ فرینکس کا مفرّس؛ اصلاً قدیم جرمانی نسل کے لوگ جو اپنے آپ کو فاتحین فرانس کہتے تھے) نیز **فِرَنْگِستان** یورپ، **فِرَنْگی** یورپی، یورپ سے منسُوب یا متعلق، یورپ کا باشِندہ۔ امث **فِرَنْگَن**۔

فِرنی کس ف، سک ر۔ امث۔ پسے ہوئے چاولوں کی کھیر۔

فِرو کس ف، ومج۔ صف۔ نیچا، جھکا ہوا، نگوں؛ زیردست، دبا ہوا ف م۔ **فِرو کرنا** دبانا، ٹھنڈا

کرنا، کچلنا (فتنے فساد وغیرہ کو)؛ رفت گزشت کرنا
فِروَ مایَہ حقیر۔
فِروَ تَن کس ف، ومج، فت ت۔ صف۔ مسکین، عاجز، خاکسار، منکسر المزاج۔ اکیف مث **فِروَتَنی** انکسار۔
فَروَخْت فت ومج، سک خ۔ امث بِکری، بیچنا، بیع، صف۔ **فروخت کار**، بیچنے والا، فروشِندہ **فَروَخْت** [ف نیز: فُروخت، فِروخت]۔
فُروَخْتَہ ضمہ ف، و مج، سک خ، فت ت۔ صف۔ رک: اَفروختہ [ف نیز **فروَخْتَہ**]۔
فُرُود ضمہ ف، ومع۔ امذ۔ نیچے انا، اترنا، نزول کرنا، قیام کرنا۔ امث۔ **فُرُود گاہ** اترنے قیام کرنے کی جگہ۔
فَروز فت ف، ومج۔ صف۔ رک: افروز۔
فَرْوَر دِیں فت ف و، سک ر، ی مع، غنہ۔ ایرانی سال فصلی کا پہلا مہینہ، موسم بہار کے آغاز کا مہینہ۔
فُروَ زاں ضمہ ف، ومج، غنہ۔ صف۔ روشن، روشنی دینے، روشن کرنے والا۔
فَروَش فت ف، ومج۔ لاحقہ، صف ناقص، بیچنے والا، سودا کرنے والا، مرکبات کا جزو آخر: پارچہ، عطر فروش؛ لٹانے والا، عام کرنے والا م: نسیم نکہت فروش۔ حالیہ ناتمام **فَروَشاں** بیچتا ہوا۔ اسم فاعل **فَروشَندہ** لاحقہ کیفیت: **فَروَشی** م: **گُل فروَشی**؛ **خوْد فروَشی** شہرت طلبی۔
فُرُوش ضمہ ف، ومع۔ ج مذ۔ فرش (رک) کی جمع۔
فُرُوع ضمہ ف، و مع۔ ج مث۔ فَرع (رک) کی جمع۔ ج ج **فُرُوعات**۔
فَروَغ فت ف، ومج۔ امذ۔ روشنی، رونق، آب و تاب، ترقی، افزائش [ف: **فُرُوغ**]۔
فِروَہِی کس ف، ومج۔ امث۔ کٹوتی، کمیشن، دستوری، بٹّا [وضعی از ف: فروہلیدن چھوڑ دینا، پھینک دینا]۔
فَرہَنگ فت ف، سک ر، فت ہ، غنہ۔ امذ۔ تہذیب، شائستگی، عالی دماغی؛ لُغت، کتاب اللّغات۔
فَریاد فت ف، سک ر۔ امث۔ پکار، دُہائی، داد طلبی، مدد، پناہ، عدل کی درخواست صف **فَریاد رَس** فریاد سننے، مدد، داد رسی کرنے والا، **فَریادی**، داد خواہ۔
فَرِیب فت ف، ے مج۔ امذ۔ دھوکا، دغا، جھانسا، دم دلاسا، شعبدہ، طلسم۔ صف **فَرِیب خُوْرْدَہ** (خُر دَ) دھوکے میں آیا ہوا؛ **فریب کَار**، فریبندہ، **فریبی**، دھوکے باز۔ اکیف مث **فریب کاری**، **فَرِیبَنْدگی**۔ [اصلاً **فِریب** (کس ف)]۔
فَرِید فت ف، ی مع۔ صف۔ یکتا، یگانہ، بے مثل؛ روشن، آبدار، امث **فَرِید بُوٹی** ایک جنگلی لیس دار بوٹی جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ اس کے لعاب سے پانی جم جاتا ہے، حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے نام سے مَنسُوب (لاط: Cocculus Villosus)۔
فَرِیس فت ف، ی مع۔ صف۔ کشتہ، ذبح کیا ہوا، جنگلی جانور کا ہلاک کردہ۔
فَرِیسَندَہ فت ف ہ، ی مع، کس س۔ صف۔ بھیجنے والا۔
فَرِیضَہ فت ف، ی مع، فت ض۔ امذ۔ وہ امر جس کی بابت مذہبی حکم ہو، دینی یا اخلاقی فرض؛ وراثت کے احکام کا علم۔
فَرِیفْتَہ فت ف، ے مج، سک ف، فت ف۔ صف۔ عاشق، دلدادہ، پرچایا، ورغلایا، بھکایا ہوا، فریب دادہ [ف: فریفتن، بھکانا، دھوکا دینا]۔
فَرِیق فت ف، ی مع۔ امذ۔ جماعت، گروہ، حزب، دَھڑا، باہم، شریک یا باہم مخالف افراد یا جماعتوں میں سے کوئی۔ **فریقِ اوّل** مدّعی **فَرِیقِ ثانی** مُدّعا عَلَیہ۔ **فَرِیقَین** (تثنیہ) دو یا دونوں فریق۔

فِزا کس ف۔ صف ناقص۔ اَفزا (رک) کا مخفف متبادل۔ م: جانْفِزا [ف: فزا (فت ف)]۔

فَزَع فت ف ز۔ امذ۔ خوف، ہراس۔

فُزُوں ضمہ ف، ومع۔ صف ناقص۔ اَفزوں (رک) کا مخفف و متبادل امث **فُزُونی**، زیادتی، افزائش۔

فَساد فت ف۔ امذ۔ جھگڑا، ٹنٹا؛ شورش، بلوا؛ خرابی، بگاڑ، نقص۔

فَساں فت ف، غنہ۔ امذ۔ دھار تیز کرنے کا پتھر۔

فَسانَہ فت ف ن۔ امذ۔ افسانہ (رک) کا مخفف و متبادل۔

فَسْخ فت ف، سک س۔ امذ۔ منسوخ، موقوف، منقطع کرنا، ترک ارادے عہد وغیرہ کا۔

فِسْق کس ف، سک س۔ امذ۔ گنہگاری، بدکاری، ج **فُسُوق**۔

فُسُوں ضمہ ف، ومع۔ امذ۔ اَفسوں (رک) کی تخفیف۔

فَش (۱) فتحہ ف۔ حرف تشبیہہ۔ مثل، مانند م: **ماہ فَش** مترادف **وَش**۔ صف: چھدرایا، پھیلا ہوا، م: **رِیشِ فَش** پھیلی ہوئی ڈاڑھی۔

فِش کس ف۔ فجائیہ۔ فضول، لغو؛ چِش ، ہشت (بول چال) **ٹائیں ٹائیں فِش** (ے مج، غنہ) کچھ نتیجہ نہ نکلا۔

فِشار کس ف۔ امذ۔ دباؤ، گھٹن، انقباض؛ نچوڑنا؛ بکھیرنا، پھیلانا [نیز ف: **فَشار** (فت ف)]۔

فِشاں کس ف۔ صف ناقص۔ بکھیرنے، برسانے والا م: **آتِش فشاں** اکیف **فشانی** م: زرفشانی نیز **اَفْشاں، اَفشانی، پَھڑ پَھڑانا**، م: پرفشانی (افشانی)۔

فَصاحَت فت ف، ح۔ امث۔ خوبی زبان، شُسْتگی، حسن کلام؛ درست، بامحاورہ، دل نشین تحریر یا تقریر صف۔ **فَصِیح، فَصِیح اَلِلّسان، فَصِیح اَلْبَیان**۔

فَصّاد فت ف، شد ص۔ امذ۔ فصد کھولنے والا، چِیرا دینے والا، جرّاح، خون نکالنے والا م: **نَشْتَرِ فَصّاد**۔

فَصْل فت ف، سک ص۔ امذ، امث۔ جُدائی؛ فاصلہ، علیحدگی؛ مث: موسم، رُت، کھیتی، پیداوار، حاصل؛ کسی کتاب یا بیان کا ایک جزو، باب یا تحتی عنوان۔ **فَصْلِ خَرِیف** خزاں، یا خزاں کے موسم میں کٹنے والی کھیتی؛ **فَصلِ رَبِیع** بہار، بہار میں حاصل ہونے والی پیدا وار۔ ج **فُصول**۔

فَصْلی فت ف، سک ص۔ صف۔ فصل کا، فصل سے منسُوب۔ م: **فصلی میوہ**۔ **فَصلی سال موسمی** جنتری، موسموں کے دور سے سال کا شمار؛ ہندی یا ایرانی جنتری کے مطابق مہینوں کی تقسیم جسے عیسوی سال سے متمیز کرنے کے لیے فصلی سال کہتے ہیں۔

فَصِیل فت ف، ی مع۔ امث۔ حصار، چار دیواری، شہر پناہ۔

فَضا(ء) فت ف۔ امث۔ وسعت مکانی، پھیلاؤ، کشادگی؛ وسعت زمینی یا جوف سماوی، ماحول، موسم صف۔ **فَضائی** کرۂ ہوائی سے تعلق رکھنے والا۔ امث **فَضائیَہ** ہوائی فوج۔

فَضْل فت ف، سک ض۔ امذ۔ برتری، بڑائی، لیاقت، علم یا رحم و کرم کا بڑھ چڑھ کر ہونا۔ وفور، زیادتی، صف **فاضِل** برتر، لائق؛ فالتو، باقیماندہ۔

فُضَلا (ءَ) ضمہ ف، فت ض۔ ج مذ۔ فاضل (رک) کی جمع، لائق عالم لوگ۔

فُضْلَہ ضمہ ف، سک ض، فت ل۔ امذ۔ بچی کھچی فاضل، فالتو شے؛ پھوک؛ نجاست، گُو، براز۔

فُضُول ضمہ ف، و مع۔ صف، امذ۔ بے کار، لاحاصل؛ لُوہ، پرچول م: **بُو اَلْفُضُول** (بُل فُضُول) ٹوہی، کھوجی۔ نیز فُضولی [ع: **فَضُول** فت ف]۔

فُضُولی ضمہ ف، ومع- امث، امذ- زیادتی، بیکار بات؛ ٹوہ، کھوج؛ ٹوہی، کھوجی؛ بکواس، بکواس کرنے والا- نیز **فُضُول گو**-

فِضّہ کس ف، شد فت ض- امث- چاندی، نُقرہ-

فَضِیحَت فت ف ح، ی مع، امث- بُرا بھلا کہنا، رُسوا، شرمندہ، ذلیل کرنا، ڈانٹنا، پھٹکارنا، نیز عام: **فَضِیحْتہ** (ف زی ح ت)/ **فَضِیتا** (ف زی تا) ڈانٹ پھٹکار؛ جھگڑا، ٹنٹا، ج **فضِیتے** (ف زی تے)، نیز **فَضِیتِیاں** (ف زی ت یاں)-

فَضِیلَت فت ف، ی مع، فت ل- امث- برتری، بڑائی، ج **فَضائِل**-

فَطانَت فت ف ن- امث- ذہانت، ہوشیاری، تیزی طبع- صف **فَطِین**-

فِطْر کس ف، سک ط- امذ- روزہ کھولنا **فطرَہ** (فت ر) عید الفطر کے دن دیا جانے والا مقررہ اور لازمی صدقہ، **صَدقَۂ فِطر** (صَدَق ۂ فِطر) دو سیر گیہوں یا اس کی قیمت جو نماز عید سے قبل خیرات کرنی واجب ہے-

فُطْر ضمہ ف، سک ط- ج مذ- کُھنبیاں، کھنبی کی قسم کے پودے؛ سماروغ؛ عید کے دن کی خیرات-

فِطْرَت کس ف، سک ط، فت ر- امث- طبیعت، سرشت، اُفتاد، خَصلت، پیدائشی خصوصیت؛ مظاہر، قدرت، قدرتی مناظر-

فِطْرَتی کس ف، سک ط، فت ر- صف- فطرت سے منسُوب، طبعی، فطری؛ شریر، چالاک، فتنہ پرداز-

فِطْری کس ف، سک ط- صف- فطرت سے منسُوب، قدرتی، طبْعی، اصلی-

فَطِیر فت ط، ی مع- امذ- بے خمیر کا تازہ گُندھا ہوا آٹا، صف **فَطِیری** بے خمیر کے آٹے کی روٹی، چپاتی-

فَطِین فت ف، ی مع- صف صاحب فَطانت، رک: فَطانت-

فَعّال فت ف، شدع- صف تفضیل، بہت با عمل، سرگرم؛ اہم خدمت انجام دینے والا- **فَعّالِ مایُرِید** اپنی مرضی کا مختار-

فِعْل کس مج ف، سک ع- امذ- کام عمل؛ برا کام، بعد فعلی- (قواعد صرف) کلمہ کی تین بنیادی اقسام اسم،فعل،حرف میں سے ایک- وہ لفظ جس میں کسی بات یا کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے- **فعلِ حال** زمانِ وُ قوع کے لحاظ سے اس کی تین قسمیں ہیں: **فعلِ حال** م: آتا ہے، **فعل ماضی** م: آیا، **فعلِ مُستَقْبِل** م: آئے گا؛ **فِعْلِ لازِم** وہ فعل جو صرف فاعل سے منسُوب ہو م: اُٹھنا، بیٹھنا- **فعلِ مُتعدّی** ایسا فعل جس کو فاعِل کے علاوہ کسی اور شے یا وجود (مفعول) سے بھی نسبت ہو، م: پڑھانا، جگانا- **فِعْل مَجْہُول** وہ فعل جس میں مفعُولیت پائی جائے، معروف کی ضد- م: لُٹنا = لُوٹا جانا، **فِعْلِ مَعْرُوف** جس میں فاعلیت پائی جائے- م: بکھیرنا- **فِعلِ ناقِص** وہ فعل جو مفہوم کے لحاظ سے تشنہ ہو م: تھا، ہوگا، یہاں یہ واضح نہیں کہ کیا ہے، کیا تھا، کیا ہوگا-

فُغاں ضمہ ف، غنہ- امث- فجائیہ، شور، فریاد، نالہ، دُہائی؛ نیز بطور فجائیہ م: فُغاں کہ ہم لُٹ گئے! نیز **اَفْغاں**-

فَغْفُور فت ف، سک غ، ومع- امذ- قدیم شاہان چین کا لقب- [ژند بَغ، فَغ = بُت، پورو، پُور = بیٹا]-

فَفِرو فت ف، سک ف، شد ر- صف- مفرور، بھاگا ہوا، محاورہ **فَفِرّو ہونا** بھاگ جانا، رفو چکر ہونا [ع: فَفِرّوا = (تم سب) بھاگ جاؤ]-

فَق فت ف- صف- حیران، سراسیمہ- م: **چہْرہ/ رَنْگ/ مُنْہ**، **فَق ہونا** خوف کے مارے زرد پڑ جانا [اردو کی اختراع] نیز ج مذ **فَقّے** (ے مج)-

فُقْدان ضمہ ف، سک ق- امذ- کمی، عدم موجودگی

[ع: اتلاف، نقصان، محرو ہو جانا]۔

فَقْر فت ف، سک ق۔ امذ۔ درویشی، قلندری، غریبی، مفلسی۔

فِقْرَہ کس ف، سک ق، فت ر۔ امذ۔ الفاظ کا مجموعہ، عبارت؛ جملے کا حصّہ؛ ناتمام جملہ؛ چبھتی یا پھڑکتی ہوئی بات؛ پھبتی؛ فریب، دھوکا دہی۔ نیز **فِقْرے بازی** عبارت، نثر پارہ ج **فِقْرات**۔ [ع: ریڑھ کی ہڈی کا منکا]۔

فَقَط فت ف ق۔ م فہ صرف، بس، ختم، تمام؛ نرا، محض، تنہا؛ کُل، لے دے کے۔ [ع: ف = پس + قط = قطع]۔

فِقْہ کس ف، سک ق، سک ہ ملفوظ۔ امث۔ احکام شریعت کا ضابطہ، ائمہ کے مرتب کردہ اصول اخلاق و احکام دین [ع: علم، فہم، واقفیت]۔ **فِقْہُ اللُّغَہ** (فِقْ ہُلْ لُغَ) الفاظ کی اصل و ابتدا کا علم، اشتقاق، علم الاشتقاق صف **فِقْہی** فقہ سے متعلق؛ عالم دین، نیز **فَقِیہہ**۔ عام: **فِقَہ**۔

فُقَہا(ء) ضمہ ف، فت ق۔ ج مذ۔ فقیہہ (رک) کی جمع۔

فَقِید فت ف، ی مع۔ صف۔ نایاب، ناپید، **فَقِید المِثال** (ف قی دُل م سال) جس کا بدل نہ ہو۔ [ع: معدوم، کھویا، مرا ہوا، رحلت کردہ]۔

فَقِیر فت ف، ی مع۔ صف، امذ۔ غریب مسکین؛ گداگر، بھکاری؛ درویش، امث۔ **فَقِیرنی**، اکیف مث۔ **فَقِیری**، نیز رک **فَقْر**۔

فَکّ فت فہ امذ۔ علیحدہ کرنے، کھولنے، دُور کرنے، مٹانے کا عمل۔ **فَکِّ اضافت** ترکیب اضافی جس میں سے علامت اضافت اُڑا دی گئی ہو م: صاحبْدل = صاحب دل۔ **فَکِّ رہن** گروی چیز کو قرضہ چکا کر چھڑا لینا۔

فُکاہَت ضمہ ف، فت ہ۔ امث۔ مزاح، ظرافت، خوش طبعی، دل لگی، زندہ دلی، ج **فُکاہات** لطائف، ہنسی کی باتیں۔ ظریفانہ ادب۔ صف **فُکاہی**، **فُکاہِیَّہ**۔

فِکْر کس ف، سک ک۔ امث، امذ۔ سوچ، خیال، دھیان؛ تامّل، تعمّق؛ ذہنی پریشانی، تشویش، تردّد؛ پروا، لگن۔ نیز **فِکْرَت** ج **فِکَر**، **اَفْکار**۔

فِگار کس فہ صفہ زخمی، گھایَل، چھدا، چیرا، چاک کیا ہوا م: **دل فِگار**؛ **سِینَہ فِگار**۔

فِگَن کس ف، فت گ۔ صف۔ پھینکنے والا، جُھکانے، زیر کرنے، چلانے، سر کرنے والا، م: **ناوک فِگَن** نیز **اَفْگَن** م: **شیر اَفْگَن** شیر کو پچھاڑنے والا، **تیغ اَفْگَن**، شمشیر زن۔

فَلاح فت فہ امثہ خوشحالی، فراخی؛ بہبود، آسائش، بہتری؛ بھلائی؛ نفع؛ فائدہ؛ چُھٹکارا، رہائی۔ صف **فَلاحی**، رفاہی خصوصاً عام بہبود سے متعلق۔

فَلّاح فت ف، شد ل۔ امذ۔ کاشتکار، کسان امث۔ **فَلاحَت** (شد ل) کاشتکاری۔

فَلاخَن فت ف خ۔ امث۔ گوپھن، ایک ڈوری جسے گھما کر اُس میں بندھا ہوا پتھر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔ عام: فَلاخُن۔

فَلاسِفَہ فت ف، سک س، فت فہ ج مذ۔ فلسفی، اہل فکر، فلسفہ داں، **فَیلَسُوف** کی جمع۔

فَلاکَت فت ف ک۔ امث۔ بدنصیبی، بدحالی، خستہ حالی، غریبی، مفلسی [ع: فلک سے وضعی لفظ، مراد آسمان یا قسمت کا مارا ہوا]۔

فَلالَین فت ف، ے لین۔ امث۔ ایک قسم کا روئیں دار، نرم اُونی کپڑا۔ (انگ: Flannel)۔

فَلاں فت فہ امثہ شرمگاہ، ذکر یا فرج۔

فُلاں ضمہ ف، غنہ۔ امذ، صف۔ کوئی شخص، کوئی نامعلوم یا مفروضہ فرد، نیز عام: **فُلانا** مث **فُلانی**، [ع: فُلاں، مث فُلانہ]۔

فِلِزّ کس ف ل۔ امث۔ دھات ، کچ دھات، ج

فِلزّات۔

فَلْس ضمہ ف، سک ل۔ امذ۔ چھوٹا سکہ، پیسہ، مچھلی کا پر یا گول کھپرا، اصلاً فَلس، ج **فُلُوس**۔

فِلِسْطِین کس ف ل، سک س، ی مع۔ علم۔ دریائے اُردن کی مغربی سمت میں ساحل بحیرۂ روم پر آباد عرب ملک۔ عام **فَلَسطِین**۔

فَلْسَفَہ فت ف، سک ل، فت س فہ۔ امذ۔ حقائق ابدی کو علم کی روشنی میں عقل و استدلال کے ذریعے دریافت کرنے کی کوشش؛ غورو فکر؛ کسی علم کے بنیادی اصول و حقائق۔

فِلْفِل کس ف، سک ل۔ امث۔ مرچ، **فِلْفِلِ سیاہ** کالی مرچ (لاط: Piper Nigerum) **فلفل سُرْخ** لانبی مرچ جو سوکھ کر سرخ ہو جاتی ہے نیز **فِلفلِ دَراز** (لاط: Capsicum Annium) **فلفل سُفید** دکھنی مرچ، نیز **فَلْفلِ اَبْیَض** ،[ف پِلپل کا معرّب]۔

فَلَک فت ف ل۔ امذ۔ آسمان، آکاش، گردوں، چرخ، سماء ج: **اَفْلاک** قدیم روایت کے مطابق سات یا نو آسمان **فَلَکِیّات** اجرام سماوی کا علم؛ نجوم، علم الافلاک۔

فَلَک سَیر فت ف ل، سک ک، ے لین۔ امث۔ بھنگ؛ کوئی نشہ آور معجون۔

فَلِہٰذا فت ف، کسمج ل۔ حرف عطف و جزا، پس اس لیے، چنانچہ، اس بنا پر؛ تو، اس واسطے۔

فَلِیتَہ فت ف، ی مع، فت ت۔ امذ۔ رک: **فَتِیلہ** جس کی یہ بدلی ہوئی شکل ہے۔

فَم فت ف۔ امذ۔ منہ۔ دہانہ۔ **فَمِ رَحِم** (کسمج ف، فت ر، کس ح) بچہ دانی کا منہ **فَمِ مِعْدَہ** (کسمج م) معدے کی تھیلی کا منہ جہاں غذائی نالی جا کر ملتی ہے۔

فَمی بَشَوق فت ف، ی مع، فت ب، ولین، ج مذ۔ تلاوت قرآن کی سات منزلیں جو سات دن میں تمام کی جائیں فمی بشوق کہلاتی ہیں۔ پہلی منزل سورۂ فاتحہ سے مائدہ تک، دوسری سورۂ یونس تک، تیسری سورۂ بنی اسرائیل تک چوتھی سورۂ شعراء تک، پانچویں سورۂ صٰفّت تک، چھٹی سورۂ ق تک، ساتویں سورۂ ناس تک۔

فَنّ فت فہ امذ۔ ہنر، صنعت، کاریگری؛ فریب کاری، دھوکا دہی۔ **فَنِّ اَدَب** نظم و نثر، **فَنْ کار** کسی ہنر کا ماہر، صنّاع، موسیقار، اداکار، نیز رک: **فُنُون**۔

فَنَا فت ف۔ امث، صف۔ نیستی، بقا کی ضد؛ منہمک، مستغرق؛ معدوم، ناپید۔ **فَنَا فِیِ اللّٰہ** (ف نا فِل لاہ) ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول، روحانی ترقی کا ایک اعلیٰ مرتبہ۔

فِنْجان کس ف، سک ن۔ امذ، امث۔ قہوہ پینے کی چھوٹی بے دستے کی پیالی۔ [ف: پنگاں کا معرّب]۔

فُنْدُق ضمہ ف، سک ن، ضمہ د۔ امذ۔ ہوٹل، سرائے؛ بادام کوہی، ایک طرح کا گری دار میوہ؛ (مجازاً) محبوب کی حنائی انگلی یا سرخ لب۔ [نیزع: بُندُق]۔

فُنُون ضمہ ف، و مع۔ ج مذ۔ فن (رک) کی جمع؛ ہنر، کاریگریاں؛ علوم مادّی مثل کیمیا، طبیعیات، میکانیات کے علاوہ علم کے دیگر شعبے؛ سماجی علوم۔ **فُنُون لَطِیفَہ** جمالیات اور خلاقی حسن کاری سے تعلق رکھنے والے فن مثل مصوری، رقص، موسیقی، خطاطی، شاعری و فن تعمیر۔

فَواحِش فت ف، کس ح۔ ج مذ۔ فاحشہ (رک) کی جمع۔

فُواد ضمہ فہ امذ۔ دل، جگر، نفس [ع: فُؤاد]۔

فَوّارہ فت ف، شد و، فت ر۔ امذ۔ پانی کی اُبل کر پھوہار کی شکل میں بکھرنے والی دھار؛ پودوں کو پانی دینے کا جالی دار ظرف، جھرنا، ہزارہ۔

فَواکِہ فت ف، کسمج ک، ہ ملفوظ۔ ج مذ۔ میوے [ع: واحد: فاکِہَہ]۔

فَوت و لین۔ صف۔ امث۔ نیست، معدوم؛ وفات، ضائع، معدوم، فنا ہونا، م: فوت فرصت ہستی۔

فَوتی و لین۔ صف۔ وفات یافتہ۔ فَوتی نامَہ مرنے والوں یا لڑائی میں کام آنے والوں کی فہرست۔

فَوتِیدَہ و لین، ی مع، فت د۔ صف۔ وفات یافتہ، فوتی، مرا ہوا۔ امث (عوام) فَوتِیدَگی وفات [ع: فَوت سے فارسی مشتقات]۔

فَوج و لین۔ امث۔ لشکر، سپاہ، سینا، عسکر؛ گروہ، انبوہ۔ ج اَفْواج امذ۔ فَوج دار سَر لشکر، فوجی کوتوال، نظم و نسق یا قانون سے تعلق رکھنے والے بعض عہدوں کا سابق نام؛ صف فَوج داری جرائم کی بابت قوانین سے متعلق۔ امث فَوج کَشی چڑھائی، حملہ۔

فَوراً و لین، تن ا، فت ا۔ امث۔ جلد، معاً، ابھی، اسی وقت، اِسی یا اُسی دم۔ م تاکید؛ فوراً کے فوراً جلد از جلد،بلاتاخیر، نیز فِی اَلفَور (فِل فور) صف فَوری جلدی کا، عجلت کا، تعجیلی، حالی، آنی، وقتی؛ [ع: فَور = جوش کھانے کا عمل صف فَوری ہنگامی]۔

فَوز و لین۔ امذ۔ کامیابی، فتح، نصرت، کامرانی، کامگاری، حصول مدّعا، مقصد براری۔

فَوض و لین۔ امذ۔ سونپنا، حوالگی، سپردگی، تفویض۔ صف: مُفَوَّض (شد کس و) سپرد کرنے والا، مُفَوَّضَہ سپرد کیا ہوا۔

فَوضَی و لین۔ امث۔ افراتفری، بد نظمی، نراج، (سیاسیات) فَوضَوِیَّت لاقانونیت، نراج؛ (اصطلاحاً) مہذّب معاشرے کا وہ متوقع مثالی عہد جہاں قانون غیر ضروری ہو جائے۔ [ع: فوض، بے نظمی] صف: فَوضَوی انارکسٹ۔

فَوطَہ ومج، فت ط۔ امذ۔ خُصیَہ، غُدَہّ تولید اور اس کی تھیلی؛ خراج، محصول؛ تولیا، رومال؛ [ع: فُوطَہ (ومع)]، فَوطَہ خانَہ تحصیل، خزانہ، فَوطَہ دار خزانچی۔

فَوق ولین۔ صف۔ اونچا، بالا، برتر۔ امذ۔ بلندی، اونچائی نیز فَوقِیَت/ فوقیّت برتری، فضیلت۔ فوق اَلْعادَہ (فو قَل عادَ) عام طبعی اصول کے خلاف، معجزہ۔

فَوقانی و لین۔ صف۔ اوپر کے درجے کا؛ وہ حرف جس کے اوپر نقطے ہوں م: تائے فوقانی حرف ت؛ مدارس میں تحتانی وسطانی (پرائمری مڈل) سے اوپر کی جماعتیں، ہائی سکول کے مساوی امث۔ فَوقانِیّت کلام میں ایسے الفاظ جمع کرنا جن کے نقطے اوپر ہوں۔

فَولاد و لین۔ امذ۔ کاربن یا کوئلہ ملا کر تیار کیا ہوا لوہا جس کی کئی اقسام ہیں: چمکیلا، لچکیلا، نرم یا سخت۔ اِسپات صف فَولادی فولاد کا بنا ہوا؛ نہایت، سخت بہت مضبوط، پکّا (عزم، صلابت، کل پرزہ وغیرہ)۔ امذ۔ اوزار یا ہتھیار کا دھار دار حصّہ۔

فِہرِس کسمج ف، سک ہ، کس ر۔ امث۔ ناموں، عنوانات،اشیاء وغیرہ کا سلسلہ وار اندراج، جَدْوَل، نقشہ، فرد، پرچۂ تفصیل۔ نیز فِہرِسْت، ج فِہارِس (فت ف)۔

فَہم فت مج ف، سک ہ، امث۔ سمجھ، شعور، قوت ادراک، صف فَہِیم ذہین، زیرک، رمز شناس۔

فَہمائش فت مج ف، سک ہ، کس ء۔ امث۔ سمجھانا، نصیحت، فضیحت، تنبیہہ۔

فَہمید فت مج ف، سک ہ، ی مع۔ امث۔ سمجھ، ادراک، ذہن نشین کرنا نیز فہمیدگی صف فَہمیدَہ سمجھدار، سنجیدہ، موقع شناس، معقولیت، پسند [ع: فہم سے ف مصدر کے مشتقات]۔

فَہُوَ اَلْمُراد فت ف، ضم مج ہ، فت و، اغم، سک ل، ضمہ م۔ فقرہ بطور کلمۂ عطف۔ پس یہی مقصود ہے،

چنانچہ یہی چاہیئے تھا۔ م: ٹوٹکا راس آ گیا فہو المراد۔

فی (۱) امث۔ نقص، خطا، غلطی، عیب، قابل گرفت نکتہ [ع: فِیہِ نظرٌ، کی وضعی تخفیف]۔

فی (۲) حرف جار۔ میں، در، درمیان، اندر؛ دربارہ، دراثناء، بمناسبت۔ مرکبات۔ م ف: فِي ٱلْأَصْل (فِل اَصل) درحقیقت، واقع میں؛ فِي ٱلْبَدِيهَہ (فِل بَ دی ہ) بے تامّل، ارتجالاً، بلا کاوش (عام: فِی البَدیہہ، ہ ساکن) فِي ٱلْجُمْلَہ (فِلْ جُم لَ) سب ملا کر، مجموعی طور پر، مجملاً؛ فِي ٱلْحَال اس وقت، سردست، بحالت موجودہ فِي ٱلْمَثَل مثال کے طور پر، استعارةً، گویا کہ: فِي ٱلْوَاقِع (فِل واقِع) اصل میں، درحقیقت، واقعتہً؛ کلمۂ رخصت دعائیہ؛ فِي أَمَانِ ٱللّٰہ (فی اما نِل لاہ) خدا کی امان، حفاظت میں، خدا حافظ، اللہ بیلی، جاؤ سِدھارو۔ بطور لعنت: فِي ٱلنَّارِ (وَٱلسَّقَر) (فِنْ نارِ وَ سْ سَ قَر) جہنم میں جائے۔ فی زَمانِنا (فی زَمانِ نا) ہمارے زمانے میں، موجودہ دور میں۔ فی سَبِيلِ ٱللّٰہ (فی سَ بی لِلْ لاہ) خدا کی راہ میں، دین کی خاطر، رفاہ عام کے لیے؛ فی صَد (ی) (فی سَ دی) ہر سیکڑے پر، ہر سو کے لیے؛ فی کَس ہر ایک فرد کے لیے جدا جدا م: فی کس ایک روپیہ۔ فی نَفْسِ ٱلْأَمْر (فی نَفْ سِل اَمْر) حقیقت کو دیکھتے ہوئے، اصل بات پر نظر کرتے ہوئے۔ فی نَفْسِہٖ (فی نَفْ سِ ہی) اصل میں، بذات خود، اپنی نوعیت سے۔ م: وہ آدمی فی نفسہٖ برا نہیں، مشورہ فی نفسہٖ بُرا نہ تھا۔

فَیّاض فت ف، شد ی۔ صف۔ دریا دل، سخی، فیض رساں، مخیّر۔ امث فیّاضی۔

فیتا ی مع۔ امذ۔ تسمہ، ڈوری، پٹی۔ [پرتگالی: Fita] نیز فِیتَہ۔

فَیر ے لین۔ امذ۔ بندُوق سر کرنا، گولی چلانا یا توپ کا گولا چھوڑنا [انگ: فائر]۔

فیرَوز ی مع۔ ومج۔ صف۔ فتحمند، کامراں، ظفر یاب، نیز فیرَوزْمَنْد ،[ف: پیروز کا معَرب]۔

فیرَوزَہ ی مع، ومج، فت ز۔ امذ۔ ایک نیلگوں یا گہرے آسمانی رنگ کا نسبتہً سستا نگینہ، جو الیومنم کے سلفیٹ میں قدرے تانبے کی آمیزش سے بنا ہے۔ [انگ: Turquois فرانسیسی: Turquics = تُر کی کا، کیونکہ ترکی کے ذریعے یورپ میں روشناس ہوا]۔

فیرَوزی ی مع، ومج۔ امث، صف۔ کامیابی، کامگاری؛ فیروزے کے رنگ کا؛ نیلگوں، گہرا آسمانی رنگ۔

فَیصَل ے لین، فت ص۔ صف۔ قضیہ چکانے والا، حکَم، منصف؛ محاورہ: فَیصل ہونا (جھگڑا) چُکنا، طے پانا۔

فَیصْلَہ ے لین، سک ص، فت ل۔ امذ۔ حکم ناطق، تصفیہ، نِمٹاؤ، جھگڑے، قضیے، مقدمے کا طے پانا، عدالت کا حکم، تجویز، حتمی رائے۔

فَیض ے لین۔ امذ۔ نفع بخشی؛ فائدہ رسانی، سخاوت، دادو دہش، فیّاضی، روحانی توجہ یا عالمانہ صحبت کا اثر اور فائدہ صف۔ فَیض گُسْتَر (ضمہ گ) فیض پہنچانے والا۔ امذ۔ فَیضان بخشش، افادہ، برکت جو کسی شے یا کسی کی ذات سے پہنچے۔ صف فَیض یاب فائدہ پانے والا۔ [ع: سیل دریا] ج: فُیُوض۔

فَیل ے لین۔ امذ۔ دَنگا، فساد، شورش، ضد، ہٹ، اکڑنا، مچلنا، پھیلنا۔ افعال: کرنا، لانا، مچانا۔

فیل ی مع۔ امذ۔ ہاتھی، شطرنج کا پیلا [ف: پیل کا معَرب، قب: س: پیل] مرکب امذ۔ فیل بان مہاوت؛ فیل بَنْد شطرنج میں پیلے اور پیدل کا ایک دوسرے کی زد پر ہونا فیلْ پا ایک جلدی مرض جس میں جلد سوکھ کر سخت ہو جاتی ہے۔ اور متأثّرہ عضو پھول جاتا ہے۔ (خصوصاً پاؤں یا خصیے) فیلْ پایَہ مَوٹا ستُون۔

فَیْلَسُوف ے لین، و مع۔ امذ۔ فلسفی، مفکّر، (بول

چال) چالباز، عیّار، شاطر۔
فیلْمُرْغ ی مع، سک ل، ضمہ م، سک ر۔ امذ۔ مرغ کی قسم جو خوشرنگ اور عام مرغ سے بڑا ہوتا ہے، پیلو - مُرغِ زرّیں۔
فینَس ی مع، فت ن۔ امث۔ پالکی (اصلاً: پینَس)۔
فِیہ ی مع، کسمج ہ۔ فقرہ۔ اُس میں۔ (رک: فی) برائے امث **فِی ہا/ فِیہا** م: **دُنیا وَ ما فِیہا** کُل موجوداتِ ارضی، م: دنیا و مافیہا سے غافل = بالکل مدہوش، بے پروا؛ بے خبر، یکسُو۔

ق

ق قاف، قاف قَرَشت۔ اردو ترتیب تہجی کا اڑتیسواں حرف، حلقی مصمتہ، اصلاً عربی و ترکی سے مستعار الفاظ میں پایا جاتا ہے، مگر اردو کے بعض الفاظ و مرکبات میں بھی شامل ہو گیا ہے م: قتلہ ـحرف قمری ہے اور جمل میں ۱۰۰ عدد کا حامل۔
قاب۔ امث۔ گڑھے دار رکابی [ف: پیالہ]۔
قابَ قَوسَین فت ب، و لین، ے لین۔ مر اضا۔ دو کمانوں کے درمیان کا فاصلہ مراد: بہت کم فاصلہ [قرآن کی آیت کے الفاظ: قابَ قوسَینِ اَو اَدْنیٰ = دو کمانوں کا فصل یا اس سے بھی کم]۔
قابِض کس ب۔ صف۔ پکڑنے، گرفت میں لینے، قبضہ کرنے والا، جو پیٹ میں قبض کرے، اِجابت کو روکے (غذا دوا وغیرہ)۔
قابِل کس ب۔ صف۔ اہل لائق۔ سزاوار؛ لائق، صاحب توفیق۔ امث۔ **قابِلِیّت** (کس ب، نیز عام: سک ب) لیاقت، نیز بطور لاحقہ صف م: قابلِ مرمّت، قابلِ دخْل اندازی۔
قابِلہ کسمج ب، فت ل۔ صف، امث۔ قابل کی تانیث، لائق، آگے بڑھنے والی۔ امث۔ دائی، جَنائی، وضع حمل میں زچّہ کی مدد گار۔ امث **قَبالَت** دائی کا پیشہ۔
قابُو ومع۔ گرفت، پکڑ؛ قبضہ، تسلّط؛ موقع۔
قابُوچی ومع۔ امذ۔ دربان؛ حریص، مطلبی آدمی۔ [اصلاً ت: قاپُو]۔
قابیل ی مع۔ علَم۔ حضرت آدمؑ کے دوسرے بیٹے جنھوں نے اپنے بھائی ہابیل کر قتل کیا۔
قاتِل کس ت۔ صف۔ خُونی، قتل کرنے والا؛ مہلک م: **سمِّ قاتِل** (شد س کسمج م) جان سے مار ڈالنے

والا زہر۔

قادِر کس د۔ صف۔ صاحب قدرت؛ طاقت والا، حاوی؛ اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام۔ **قادِر اَنْداز** درست نشانہ لگانے والا، نیز **قَدَر اَنداز** (فت ق د)۔

قادری سک د۔ امث۔ ایک وضع کی انگیا، شاماک۔

قارُورَہ و مع، فت ر۔ امذ۔ شیشے کا ظرف، کُپّا، شیشی جس میں پیشاب طبیب کے معائنے کے لیے پیش کیا جائے، عام طور پر پیشاب کے معنی میں مستعمل۔ (بول چال) **قارُورَہ مِلنا** بے تکلفی، ہم مشربی ہونا۔

قارُون و مع۔ عَلَم حضرت موسیٰ ؑ کا رشتہ دار بادشاہ جو ازروے قرآن اپنی دولت کے ساتھ زمین میں دھنس گیا۔

قاری امذ۔ پڑھنے والا، قرأت کرنے والا، لحن کے ساتھ علم تجوید کے مطابق قرآن سنانے والا۔ ج: **قُرّاء** (شد ر)۔

قاز امث۔ بط کی قسم کا ایک سیاہی مائل سیلانی پرندہ جو جُھنڈ کی صورت میں اڑتا اور جھیلوں پر منڈلاتا ہے، کونج (لاط: Anser Indicus)۔

قاسِم کس س۔ صف۔ بانٹنے، تقسیم کرنے والا، مَثَل **اَلْقاسِمُ مَحْرُومٌ** (صف مج م، تی بضم م) بانٹنے والا خود محروم۔

قاش امث۔ پھانک، تراشا ہوا ٹکڑا [ت]۔

قاشِر کس ش۔ صف۔ چھلکا اتارنے والا۔ امث۔ **قَشْر** چھیلنا، چھلکا الگ کرنا۔

قاشُق ضمہ ش۔ امذ۔ چمچہ، ڈوئی۔ [ت: قاشق]۔

قاصِد کس ص۔ امذ۔ نامہ بر، پیغام رساں؛ قصدَ کرنے والا، نیت کرنے، ارادہ باندھنے والا۔

قاصِر کس ص۔ صف۔ گھٹانے، کمی کرنے والا؛ معذور، ناکام رہنے والا، کوتاہ دست۔

قاضی امذ۔ حاکم عدالت، منصف، قضیّے طے کرانے والا۔ نکاح پڑھانے والا مولوی۔ صف۔ **قاضی اَلْحاجات** (قا زِ یُل حاجات) حاجتیں پوری کرنے، مرادیں بر لانے والا، مراد: اللہ تعالیٰ **قاضیُ الْقضاۃ** (قازِ یُل قُزات) بڑا قاضی، اعلیٰ مرتبے کا منصف۔ **قاضیِ چَرْخ/ فَلَک** ستارہ مشتری کا لقب۔ **قاضی قُدْوَہ** مراد: کثیر العیال آدمی [اردو کی اختراع = قُدْوَہ = مثال، نمونہ]۔

قاطِبَۃً کسمج ط، فت ب، تی بفت ت۔ م ف۔ کُلّی طور پر، تمام تر، کُلِیّتہً صف **قاطِبَہ** جو سب کو گھیر لے، سبدپر محیط۔

قاطِع کسمج ط۔ صف۔ کاٹنے، قطع کرنے والا؛ دفع کرنے، زائل کرنے والا م: **قاطِع سَودا/ صَفْرا** کسی خِلط کی شدت کو رفع کرنے والی دوا یا غذا۔

قاعِدَہ کسمج ع، فت د۔ امذ۔ ڈھنگ، طریقہ، قرینہ، کلیّہ، قانون، دستور، ریت، رسم؛ ابتدائی درسی کتاب؛ بنیاد، مثلّث کا وہ اُفقی پہلو یا خط جس پر وہ قائم ہو۔

قاف امذ۔ علَم۔ پریوں کا مفروضہ مسکن؛ بحرالاسود اور بحر الاخضر کے درمیان کا کوہستانی علاقہ؛ **کوہِ قاف**۔

قافِلَہ کسمج ف، فت ل۔ امذ۔ کارَواں، مسافروں کی جمعیّت جو ایک ساتھ سفر پر جائیں۔ عام: **قافْلہ**؛ مروصفی **قافِلَہ باشی** میر کارواں۔

قافِیَہ کس ف، فت ی۔ امذ۔ (عروض) مصرعوں کا وہ آخری ٹکڑا جس میں حرف روی کو قائم رکھتے ہوئے ہم آواز الفاظ آئیں م: آپ، خواب؛ دام، کام، نام وغیرہ۔ ج: **قَوافی** امث **قافِیَہ پَیمائی** شعر گوئی، تک بندی، محاورہ: **قافِیَہ تَنگ ہونا**۔ مشکل میں مبتلا ہونا۔

قاق امذ۔ صف۔ سکھائے ہوئے گوشت کا ٹکڑا، مجازاً؛

بہت دبلا پتلا آدمی [اصلاً ف: کاک = نان خشک کی تبدیل شدہ صورت]۔ (بول چال) سوکھ کر قاق ہو جانا۔

قاقِلَہ کس ق، فت ہ۔ امث۔ بڑی الائچی (Amomum Sabulatum) تثنیہ: **قاقِلَین** چھوٹی بڑی اِلائچیاں [اصلاً ت، تثنیہ بقاعدۂ عربی]۔

قاقُم ضمہ ق۔ امذ۔ گلہری کی نسل کا ایک جانور جس کی کھال کی پوستین بہت قیمتی شمار ہوتی ہے۔

قال امذ۔ بیان؛ گفتگو؛ روایت و شریعت (ضد حال = کیفیت) **قال و قیل** طول کلام، ردّ و کد۔ فقرہ **قالَ اللہ قال الرّسوُل** (قالَل لاہ قالر رسُول) قرآن و حدیث کا حوالہ خصوصاً اپنا تقویٰ جتانے کے لیے۔

قالِب کس ل۔ امذ۔ سانچا، ٹوپی کی شکل کا ظرف جس پر ٹوپی منڈھی جاتی ہے۔ تاکہ باڑھ سیدھی رہے؛ جفت سازوں کا لکڑی کا سانچا؛ جسم، بدن، ڈھانچا۔

قالی امذ۔ قالین، غالیچہ۔ نیز صف۔م۔ شیر قالی، قالین کا شیر، نقلی۔

قالِین ی مع۔ امذ۔ بڑا اونی ریشوں کا بُنا ہوا دبیز اور عموماً نقش و نگار والا فرش؛ اسی طرح کی بافت کا کوئی اور سن یا سوت وغیرہ کا منقش یا سادہ فرش۔

قامَت فت م۔ امذ۔ قد، جسم کی لمبائی اور ساخت، کاٹھی۔

قامُوس و مع۔ امذ/ امث۔ سمندر؛ مجموعۂ لغات، بڑی فرہنگ۔ [ع از یونانی: Okianus]۔

قانت کس ن۔ صف۔ عابد، زاہد۔ مث **قانِتَہ**۔

قانِع کس مج ن۔ صف۔ قناعت کرنے والا، ہوس سے پاک، صابر شاکر۔

قانُون و مع۔ امذ۔ ضابطۂ عمل، مجموعۂ احکام و نواہی؛ دستور؛ اصول طب پر بو علی سینا کی کتاب کا مختصر نام؛ ایک قدیم ساز جس کے سُر تاروں سے نکلتے تھے۔ **قانُون گوٗ** (ومج) تحصیل کا ایک اہلکار۔

قانی صف۔ خون کے رنگ کا، سُرخ [ع]۔

قاہِر کس ہ۔ صف۔ زبردست۔ جابر، ظالم، حاوی۔ تفضیل **قَہّار**۔

قائِد کس ء۔ صف۔ قیادت کرنے، راہ دکھانے والا؛ سالار، سربراہ۔ مر اضا **قائِد اَلْجَیش** سپہ سالار، **قائِدِ اَعظَم** تحریک پاکستان کے قائدِ کبیر محمد علی جنا(ح) کا لقب۔

قائِل کس ء صف۔ بولنے والا؛ مان لینے والا، جو لاجواب ہو جائے۔ [ع: بولنے والا]۔

قائِم کسمج ء۔ صف۔ ٹھہرا ہوا، اِستادہ؛ اٹل محکم؛ (شطرنج) **قائِم بازی** جس میں کسی فریق کے جیتنے کا امکان نہ رہے، چومہری۔ **قائِم اَللَّیل** (اَل لَیل) رات بھر کھڑے ہو کر عبادت کرنے والا **قائِم بِاْلذّات** (بِذّات) جو بغیر کسی عامل یا سہارے کے کھڑا یا موجود ہو۔ **قائِم مَقام** (فت م) جو کسی اور کے منصب پر عارضی طور سے مامور ہو۔ امث۔ **قائِم مَقامی** نیابت۔ عیوضی۔

قَبا فت ق۔ امث۔ لبادے اور چُغے کی نسبت چست تراش کا لباس؛ اَچکن۔ تص: **قَباچَہ**۔

قَباحَت فت ق ح۔ امث۔ خرابی، بُرائی؛ رکاوٹ، دشواری؛ بدی، زشتی، عیب، نیز امذ۔ **قُبْح** (سک ح ب) صف **قَبِیح**۔ برا، بد۔

قَبالَہ فت ق ل، ہ غم۔ امذ۔ کسی جائیداد کے قبضے کی بابت قانونی دستاویز، کرایہ نامہ۔

قَبْر فت ق، سک ب ر۔ امث۔ مدفن، جہاں مردے کو گاڑا جائے۔ امذ **قَبْرَستان** (قَب رِس تان) جہاں بہت سی قبریں ہوں۔ ج **قُبُور** (ضمہ ق، ومع) قبریں، مزارات۔

قَبْض فت ق، سک ب ض۔ امذ۔ گرفت، پکڑنے کا

عمل؛ روک، رکاوٹ؛ اجابت کا بند ہونا۔ قَبضُ الْوُصُول (قَبْ زُل وُصول) تنخواہ کا چٹھا جس پر رسید درج کرائی جائے (اردو کا تصرف)؛ قَبْضِ رُوح موت کے فرشتے کا روح کو پکڑ لے جانا۔

قَبْضَہ فت ق، سک ب، فت ض۔ امذ۔ قابو، گرفت، تسلّط؛ مٹھی یا مٹھی میں آ جانے والی چیز، وہ پُرزہ جو کسی چُول پر گھومنے والی چیز کو تھامے رکھے مثلاً کواڑ کا قبضہ؛ مُوٹھ، تلوار، چاقو وغیرہ کا دستہ۔

قِبْط کس ق، سک ب۔ عَلم۔ حضرت موسیٰؑ کے ایک بیٹے کا نام جن کی اولاد قِبطی کہلاتی ہے؛ شمالی افریقہ کی ایک قوم۔

قَبْقاب فت ق، سک ب۔ امث۔ شیر کی دہاڑ؛ چھاپے کی مہر؛ کاغذ کی سطح کو چمکانے کی کوڑی؛ کھڑاؤں۔

قَبْل فت ق، سک ب۔ م ف۔ پہلے، آگے، پیشتر۔

قُبُل ضمہ ق ب۔ امذ۔ اگے کا حصہ؛ نیز مراد زنانہ شرمگاہ۔ قُبُل وَ دُبُر اگاڑی پچھاڑی۔

قِبْلَہ کس ق، سک ب، فت ل۔ امذ۔ وہ سمت جس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں، مقدّس، محترم مقام یا ذات۔ بزرگوں کو مخاطب کرنے یا اُن کے نام کے ساتھ احتراماً لگانے کا کلمہ، نیز قبلہ گاہی میرے قبلہ گاہ؛ قبلہ وَ کَعْبَہ عموماً والد کے لیے مستعمل۔ قِبلہ ءِ عالَم بزرگ شخص نیز قِبلۂ عالی۔

قِبْلَہ نُما کس ق۔ سک ب، فت ل، ضمہ ن۔ امذ۔ وہ آلہ جس سے قبلے کی سمت معلوم کرتے ہیں، قُطب نُما۔

قَبُول فت ق، ومع۔ امذ، صف۔ ماننا، منظور کرنا، منظوری، صف: منظور کیا ہوا، تسلیم، منظور۔ مرکّب عطفی ایجاب و قَبُول اظہار رضا مندی، اقبال، اقرار امث قَبُولیّت (قَ بُو لی یَت) عام: قُبُولِیَت (قُ بُو لِ یَت) صف۔ قُبُول صُورَت خوش شکل، بد صورت کی ضد۔ ف ل۔ قُبُولنا اعتراف کرانا؛ اپنانا۔ ف م: قُبْلْوانا (ضمہ ق ب) اعتراف کرنا۔

قُبُول ضمہ ق، و مع۔ امذ۔ (۱) آگے بڑھنا، پیشروی؛ (۲) منظور، تسلیم [اردو کا تصرف]۔

قُبُولی ضمہ ق، و مع۔ امث۔ چنے کی دال کے ساتھ پکائے ہوئے بگھارے چاول۔

قُبَّہ ضمہ ق۔ شد فت ب، ہ غم۔ امذ۔ گُنْبد، بُرجی، علم۔ قُبَّۃُ اَلصَّخْرا (قُبْ بَ تُش سَخْ را) یروشلم میں مسجد عمر کا لقب [ع: صَخْرا = چٹان]۔

قَبِیح فت ق، ی مع۔ صف۔ برا، ناپسندیدہ، ج قَبائِح امث قُبْح برائی خرابی نیز قَباحَت۔

قَبِیل فت ق، ی مع۔ امذ۔ گروہ، جمعیت، نوع، قسم۔

قَبِیلَہ فت ق، ی مع، فت ل۔ امذ۔ وسیع برادری، خاندانوں کا مجموعہ، گروہ انسانی، گھرانہ، کُنبہ، جَمعیّت۔

قَتّال فت ق، شد ت۔ صف تفضیل۔ قتل و خونریزی میں بڑھا ہوا، ہلاک۔ مث قَتّالَہ (ل)۔

قِتال کس ق۔ امذ۔ جنگ۔

قَتْل فت ق، سک ت۔ امذ۔ قتل، جان سے مارنا، مراضافی قَتْلِ عام اندھا دُھند بے روک ٹوک خوں ریزی۔ قَتْلِ عَمْد (فت ع، سک م) جان بوجھ کر نہ کہ کسی اشتعال کی بنا پر کسی کو ہلاک کرنا۔ عام: قَتل عَمَد۔

قَتْلَہ فت ق، سک ت، فت ل۔ امذ۔ ترشا ہوا ٹکڑا، قاش۔ [اردو کی اختراع]۔

قُتّی ضمہ ق، شد ت۔ امث۔ چھوٹی ٹوکری، پٹاری جس میں انگور روئی میں رکھ کر دور دراز بھیجے جاتے ہیں۔ [ت: صندوقچی]۔

قَتِیل فت ق، ی مع۔ صف۔ جو مارا گیا ہو، ہلاک، کشتہ، مقتول۔

قَحْبَہ فت مع ق، سک ح، فت ب۔ امث۔ فاحشہ، پیشہ کرنے والی، رَنڈی امذ قَحْبَہ خانَہ چکلا، پیشہ

ور رنڈیوں کا ٹھکانا۔

قَحْط فت مج ق، سک ح۔ امذ۔ کال، سُوکھا، غذائی قلّت؛ کسی چیز کا ناپید ہو جانا۔ نیز امث **قحط سالی** بارش کی قلت یا کسی آفت کے سبب اجناس کی کمیابی، سُوکھا، خشک سالی۔ **قَحْطُ ٱلرِّجال** کام کے آدمیوں کی کمی۔

قَد فت ق، جسم کا طول، بالا، قامت۔ صف۔ **قَدِّ آدَم** ایک آدمی کے اوسط قد کے برابر، نیز امذ؛ آدمی کا قد۔ **قَدّاوَر** لمبے قد والا [اصلاً ف؛ قَد آوَر]، مرعطفی **قدوبالا**، **قدوقامَت** (شد د، نیز بلاشد)۔

قَدامَت فت ق م۔ امث۔ پُرانا پن، کہنگی، عمر رسیدہ ہونا؛ روایت پسندی، جدّت سے احتراز۔

قَدَح فت ق د۔ امذ۔ پیالہ، شراب پینے کا بڑا کٹورا یا کاسہ۔ **قَدَح خوار** (خار) بہت پینے والا۔

قَدْح فت ق، سک د ح۔ امذ۔ مذّمت، ملامت، دشنام دِہی؛ چھیدنا، سوراخ کرنا؛ آنکھ کا آپریشن۔ عام **قَدْح**۔

قَدْر فت ق ، سک د۔ امث۔ مقدار؛ اندازہ، قیمت؛ حیثیت، مرتبہ؛ مان، عزت، تکریم؛ **قَدْردانی** خوبی کو پہچاننا اور ماننا؛ عزت افزائی، اعتراف کمال، انعام و اکرام۔ **قَدْرِ عافیت** چین سکون سے رہنے کو غنیمت جاننا [ع؛ عافِیَہ = سلامَتی]، **قَدْرِ مایَہ** تھوڑی مقدار۔

قَدَر (۱) فت ق د۔ رک؛ **قادر** مرکب وصفی **قَدَر اَنْداز**، تیز انداز۔

قَدَر (۲) فت ق د۔ امث۔ آزادیِ عمل، مختاری، (قضا کی ضد) مرعطفی، **قضا وَ قَدَر** انسان کے اپنے اعمال پر قادر یا مرضی الٰہی کے تابع ہونے کا نزاعی مسئلہ۔ صف **قَدَری**، **قَدَرِیَہ** انسان کو مختار سمجھنے کا نظریہ یا اس کے پیرو۔

قُدْرَت ضمہ ق، سک د،فت ر۔ امث۔ قبضہ، قابو؛ اہلیت، لیاقت، شانِ الٰہی، صف **قُدْرَتی فطری**، قانون فطرت کے مطابق؛ خود بخود نمودار ہونے والا۔

قُدْری ضمہ ق، سک د۔ امث۔ اصرار، اِبرام۔

قَدْرے فت ق، سک د۔ صف، م ف۔ کسی قدر، تھوڑا، قلیل، معمولی طور پر۔ [اصلاً؛ قدرے فت د]۔

قُدُس ضمہ ق د۔ صف۔ پاک، متبرک، **قُدْسی**، (سک د) عالم بالا سے تعلق رکھنے والا؛ پاکیزہ، نیز امذ۔ فرشتہ۔

قُدِّسَ سِرُّہٗ ضمہ ق، شد کس د، فت س، کس س، شد ضم مج ر، ضم ہ مثل و مع۔ دعائیہ فقرہ۔ اللہ نے اس کے سینے کو پاک کر دیا۔ [ع؛ سِرّ = دل؛ سینہ]۔

قَدْغَن فت ق، سک د، فت غ۔ امث۔ پابندی، روک؛ بندش، امتناعی تاکید۔

قَدَم فت ق د۔ امذ۔ پانْو، رفتار؛ پانْو کا نشان، نقش پا؛ **قَدَمْچَہ** (فت ق د، سک م) پانْو ٹکانے کی جگہ، بیت الخلا کی کُھڈّی کا پایہ۔ ف مر؛ **قَدَم لینا**، پانْو چھونا۔ ج **قُدُوم**۔ **قَدَم رَنْجَہ فرمانا** تشریف لانا، آنے کی زحمت اٹھانا [ف؛ رَنْجَہ = تکلیف]۔

قِدَم کس ق، فت د۔ امذ۔ ازلیت، قدیم ہونا، وجود بلا حُدوث، حدود زمانی و مکانی سے مبّرا ہونا۔ حُدُوث کی ضد۔ نیز **قِدم** ماضی بعید؛ صف **قَدِیم** بہت پرانا، ہمیشہ سے موجود۔

قُدّوس ضمہ ق، شد ضمہ د۔ صف تفضیل۔ نہایت پاکیزہ۔ اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔

قُدُوم ضمہ ق ، و مع۔ امذ۔ آمد، وارد ہونا۔ **قُدُوم مَیمَنَت لُزُوم** برکتوں سعادتوں کے ساتھ آمد۔

قُدْوَہ ضمہ ق، سک د، فت و۔ امذ۔ نمونہ، مثال؛ سرگروہ، نیز **قِدْوَہ** (کس ق)۔

قَدِیر فت ق، ی مع۔ صف۔ بڑی قدرت والا؛ اسماء حسنیٰ میں سے ایک نام۔

قَذافَہ فت ق ف۔ امذ۔ توپ، فلاخن۔ صف۔ **قَذّاف**

گولہ پھینکنے والا؛ توپچی، بمبار جہاز۔
قُرا ضمہ ق۔ **قَریَہ** (رک) کی جمع، نیز **قُریٰ** (ی غم)۔
قُرّا ضمہ ق، شد ر۔ قاری (رک) کی جمع۔
قَرابَدِین فت ق، ی مع۔ امث۔ فہرست ادویہ، لغات الادویہ۔ [ف: معرّب، **قَراباذِین**]۔
قَرابَت فت ق بہ امثہ نزدیکی، رشتے داری، صف **قَرابَت دار** عزیز، رشتے دار۔
قَرابَہ فت ق ب، ہ غم۔ امذ۔ شراب کا بڑا شیشہ۔
قَرابِین فت ق، ی مع۔ امث۔ بندوق [ت از اطالوی: کاربائن]۔
قَرار فت ق۔ امذ۔ بھراؤ، قیام؛ سکون، چین؛ عہد، وعدہ، پیمان م فہ **قَرارِ واقِعی** مثالی، جیسا کہ چاہیے۔
قُرآن ضمہ ق۔ امذ۔ کتاب اللہ، کلام مجید۔ ف مر **قرآن ٹھنڈا کرنا** بوسیدہ اوراق کو کوئیں میں ڈالنا۔ **قرآن گرداننا** پڑھنے کے بعد واپس رکھنا۔
قِران کس ق۔ امذ۔ یکجائی؛ دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔ **قِرانُ السَّعْدَین** (قِ رانُس سَعْ دَین) دو مبارک ستاروں کا ایک برج میں آنا۔ اِس موقع پر کسی کی ولادت ضامن اقبال و اقتدار سمجھی جاتی ہے۔
قَراوَل فت ق و۔ امذ۔ فوج کے آگے چلنے والا کھوجی دستہ؛ ہراول بندوقچی، **قَراوَلی** نشانہ باز، نشانہ بازی کا اُستاد۔
قِراءَت کس ق، فت ء۔ امثہ پڑھنا، علم تجوید کے مطابق قرآن خوانی۔
قَرائِن فت ق، کس ء ج مذ۔ رک: **قَرِینَہ**: قیاسات، آثار۔
قُرْب ضمہ ق، سک ر۔ امذ۔ نزدیکی، قرابت مرعطفی، **قُرب وَ جَوار**۔ آس پاس کا علاقہ [اصلاً ع: **جِوار** کس ج] نیز **قُربَت، قَرابَت**۔

قُرْبا ضمہ ق، سک ر۔ رک: **قُربیٰ**۔
قُرْبان ضمہ ق، سک ر۔ امذ۔ صف قربانی م: **عیدِ قُرْبان** (غنّہ)۔ صف: نثار ہونے والا جو کسی پر اپنی جان نچھاور کرے۔ اف **قُرْبان جانا/ ہونا** صدقے ہونا۔
قُرْبانی ضمہ ق، سک ر۔ امثہ ایثار، جان فدا کرنا؛ بھینٹ چڑھانا، جانور خدا کی راہ میں بطور نذر برائے ثواب و ادائے فرض ذبح کرنا۔
قَرْبُوس فت ق، سک ر، و مع۔ امذ۔ گھوڑے کی کاٹھی کا اگلا اٹھا ہوا سرا، ہَرنا، چِنائے زین۔
قُربیٰ ضمہ ق، سک ر، ی غم۔ امث۔ قرابت داری نیز **قُربا** مر اضاف ج مذ۔ **ذَوِی الْقُرْبا** (ذَوِلْ قُرْبا) رشتے دار، عزیز و اقارب۔
قُرَّۃُ الْعَین ضمہ ق، شد فت ر، ضمہ ت، ا غم، سک ل، ے لین۔ صف۔ آنکھوں کی ٹھنڈک، اولاد یا محبوب کے لیے پیار کا کلمہ۔
قَرْح فت ق، سک ر۔ امذ۔ زخم ڈالنا، گھاؤ لگانا؛ ناسُور۔ صف **مُقَرِّح** جو زخم پیدا کرے (دوا وغیرہ)۔
قُرْص ضمہ ق، سک ر۔ امث۔ ٹِکیا، گولی (خصوصاً دوا کی)؛ گول چپٹی شے۔ م: قرص مہتاب۔
قَرْض فت ق، کس ر۔ امذ۔ دَین، اُدھار؛ کوئی رقم یا فریضہ جو کسی کی طرف سے کسی کے ذمہ واجب ہو۔ **قَرْضِ حَسَنَہ** وہ بلا سُود قرضہ جس کی بے باقی قرضدار کی سہولت پر مبنی ہو۔ [اصلاً ع: **قَرْضِ حَسَن**]۔ نیز **قَرضَہ**۔ صف **قَرْض خوَاہ** (خاہ) جس نے قرض دیا ہو اور واپس مانگے۔ **قَرْضدار** جس نے قرضہ لیا ہو۔ **قَرْض وام** مانگے کا روپیہ، اُدھار سُدھار۔ [ف: وام: قرض]۔
قِرْطاس کس ق، سک ر۔ امذ۔ کاغذ۔ مرتوصیفی **قِرْطاسِ اَبْیَض** (اَب یَز) لفظاً سفید کاغذ، اصطلاحاً کسی خاص موضوع پر عام اطلاع کے لیے

سرکاری رپورٹ۔

قَرْعْ اَنْبِیق فت ق، سک ر، فت ا، ن مثل م، ی مع۔ امث۔ عرق کشید کرنے کا آلہ، بَھپکا۔ نیز **قَرَنْبِیق** (قَرَمْ بیق)۔

قُرْعَہ ضمہ ق، سک ر، فت ع۔ امذ۔ جوا کھیلنے کا پانسا، فال نکالنے کا کوئی طریقہ، کسی فیصلے کو محض اتفاق پر چھوڑ دینے کا کوئی عمل۔

قُرْق ضمہ ق، سک ر، امذ۔ ضبطی، نیز **قُرْقی** صف۔ ضبط شدہ۔ [اصلاً ع: ناگہانی، روک، بندش]۔

قِرْمِزْ کس ق، سک ر، کس م۔ امذ۔ بلوط کے درخت پر پیدا ہونے والا ایک سرخ کیڑا جس سے ریشم کو رنگتے ہیں۔ [ع: قب س.ف: کِرمِ، کِرْم] صف۔ **قِرْمِزی** قدرے نیلاہٹ لیے ہوئے سرخ؛ لہو کے رنگ کا۔

قُرَّم ساق ضمہ ق، شد فت ر۔ امذ۔ اپنی بیوی کا دلّال (بطور دشنام)، دلّا، دیّوث، قُلتبان نیز **قُرَم ساق** (بلا تشدید)۔ تخفیف، **قُرَّم**۔ [اصلاً ت: قرم ساق]۔

قَرْن فت ق، سک ر۔ امذ۔ سینگ، زمانے کی ایک مدّت (عموماً ۳۰ سال یا ایک صدی) ج **قُرُون**۔ مرتوصیفی **قُرُونِ اُولٰی** (اُولا) تاریخ اسلام کا ابتدائی زمانہ۔ **قُرُونِ وُسْطٰی** (وُسْتا) یورپ کے عہد جدید سے قبل کا زمانہ (تقریباً تیرھویں صدی سے سولھویں تک) **قُرُونِ خالِیَہ** گزرے زمانے۔

قَرْنا فت ق، سک ر۔ امذ۔ نر سنکھا، تُرَم، ترئی،

قَرَنْطِینَہ فت ق ر، سک ن، ی مع، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ وہ مقام (خصوصاً بندرگاہوں پر) جہاں ایسی اشیا یا جانداروں کو مخصوص مدّت تک زیر مشاہدہ رکھا جائے جن سے کسی متعدی مرض کے پھیلنے کا خدشہ ہو [انگ/ لاط: Quarantine اصلاً = ۴۰ دن]۔

قَرَنْفُل فت ق ر، سک ن، ضمہ ف۔ امث۔ لونگ (ف: میخک)۔

قَرَولی فت ق، ولین۔ امث۔ پیش قبض، خنجر، شکاری کا چاقو۔

قُرىٰ ضمہ ق، ی غم۔ ج **قَرْیَہ** (رک) کی جمع۔

قَرِیب فت ق، ی مع۔ صف۔ نزدیک، **قریب اَلْمَرْگ** (قَ ری بُل مَرْگ) مرنے کے قریب [ع، ف مخلوط ترکیب] م ف۔ **قَرِیباً** (بَن) لگ بھگ نیز فصیح **تَقرِیباً** (تَق ری بَن)۔

قَرِین فت ق، ی مع، غنہ۔ صف۔ پاس، ملا ہوا؛ مماثل؛ دوست، ہمنشیں، نیز عام: **ہَم قَرِین؛ قَرِینِ قِیاس** ماننے کے قابل، جس کی بابت گمان غالب ہو (مرکبات میں ن صحیح)۔

قَرِینَہ فت ق، ی مع، فت ن۔ امذ۔ ظاہری مناسبت، انداز، ڈھنگ، سلیقہ، صفائی۔

قَرْیَہ فت ق، سک ر، فت ی، ہ غم۔ امذ۔ گانْو، دیہہ ج **قُرىٰ** (قُ را) **اُمُّ الْقُرىٰ** (اُمّل قُرا) بڑا شہر، قدیم شہر؛ مدینے کا لقب۔

قَزّاق فت ق، شد ز۔ امذ۔ ڈاکو، لٹیرا امث **قَزّاقی**، [ت: قزّاق، قزّاک]۔

قَزَل فت ق ز۔ صف۔ لنگڑا جس کے پانْو میں لنگ ہو۔

قِزِل کس ق ز۔ صف۔ سرخ رنگ کا۔ امذ۔ **قِزِلْباش** سرخ سر والا، مراد نادر شاہ دُرّانی وغیرہ کی ایرانی سپاہ کا فرد جو ۱۲ گوشوں والی سرخ ٹوپی پہنتی تھی؛ قزلباشوں کی نسل کا آدمی۔ [ت: قزِل = سرخ + باش = سر]۔

قَرِیفَہ فت ق، ی مع، فت ف، ہ غم۔ امذ۔ توپ کا گولا (انگ: Missile کے لیے مستعمل)۔

قَسّام فت ق، شد س۔ صف۔ قاسم کا صیغۂ تفضیل۔ تقسیم کنندہ۔ **قَسّامِ اَزَل** مراد: خدایے تعالیٰ۔

قَسامَت فت ق مَ۔ امث۔ حسن، خوبصورتی صف **قَسِیم** حسین؛ نیز حصّہ دار؛ تقسیم کُنندہ۔

قَساوَت فت ق و۔ امث۔ دل کا سخت یا سیاہ ہونا،

شقی اُلقلبی، سنگدلی۔ صف قسیّ (قَ سِ یَ) م: قَسِیّ اُلقَلْب (قَ سی یُل قَلْبْ) ظالم، قاہر۔
قَسائی فت ق۔ امذ۔ جانور ذبح کرنے اور گوشت بیچنے والا، قصّاب، عام: قَصائی۔
قِسْط کس ق، سک س۔ امث۔ کسی کُل کا حصہ یا جزو یا تھوڑی مقدار؛ نصیب، حصّہ، جزوی ادائگی؛ م ف۔ قِسْط وار تھوڑا تھوڑا کر کے، نیز بِاْلاَقْساط (بِل آق سات) [ع: میزان، عدل، انصاف]۔
قِسْ عَلیٰ ہٰذا کس ق، سک س، فت ع، ی غم۔ فقرہ۔ اِس پر قیاس کرو، اس مثال یا آیت سے اور باتوں کو سمجھو۔ کوئی بات مِثالاً کہ کر بولا جاتاہے۔ [ع: وَ قِس عَلیٰ ہٰذا/ علیٰ ذالک]۔
قَسَم فت ق س۔ امث۔ سَوگَنْد، عہد۔ محاورہ قَسَم ہونا ہر گز قبول یا گوارا نہ ہونا۔ م ف: قَسْمیہ (فت ق، سک س، کس م، شد فت ی، ہ غم) قسم سے، حاشا، یا یقیناً۔
قِسْم کس ق، سک س۔ امث۔ بہرہ، نوع، جنس، وضع، طرز، قدر م: قِسْم اَعْلیٰ بہت عمدہ۔
قِسْمَت کس ق، سک س، فت م۔ تقسیم شدہ حصہ، تقسیم کا عمل، بانٹ، تقدیر، نصیبہ؛ چند ضلعوں کا مجموعہ، کمشنری۔
قَسِیس فت ق، ی مع۔ امذ۔ عیسائیوں کا لاٹھ پادری؛ بشپ۔
قِشْر فت ق، سک ش۔ امذ۔ میوے وغیرہ کا چھلکا، پوست۔ صف مُقَشّر چھیلا، چھلکا اُتارا ہوا۔
قَشْعَرِیرَہ امذ۔ دہشت، دہاکا [ع: قُشْعَرِیرَہ رونگھٹے کھڑے کرنا]۔
قَشْقَہ فت ق، سک ش، فت ق، ہ غم۔ امذ۔ تلک، ٹیکا جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں۔
قَصّاب فت ق، شد ص۔ امذ۔ قسائی، بُوچَڑ قَصّابَہ بوچڑ خانہ۔

قَصابَہ فت ق بہ۔ امذ۔ سر پر لپیٹنے کا زنانہ رومال، نیز کَساوا (رک) [ع: قُصّابَہ]۔
قِصاص کس ق۔ امذ۔ خون کا بدلہ خون سے لینا، قاتل کو قتل کے بدلے میں قتل کرنا۔
قَصّاص فت ق، شد ص۔ امذ۔ قصہ خواں، داستاں گو۔
قَصَب فت ق، سک ص۔ امذ۔ ریشم اور اون کا ملواں بُنا ہوا کپڑا؛ کتان کی ایک قسم۔
قَصْبَہ فت ق، سک ص، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ بڑا گانو یا قریہ، بستی۔ ج قَصْبات۔
قَصْد فت ق، سک ص۔ امذ۔ ارادہ، نیت، عزم، اِقدام۔ م ف۔ قَصْداً (قص دَن) جان کر، بالارادہ نیز بِاْلقَصْد (بِلْ قَصْد)۔
قَصْر فت ق، سک ص۔ امذ۔ کوتاہی، کمی، اختصار؛ دوران سفر نماز کی رکعتوں میں کمی؛ محل، راج بَھوَن۔ ج قُصُور (ضمہ ق، و مع) محلّات۔
قَصَص فت ق ص۔ ج مذ۔ قصّے، حکایتیں، رِوایات، آساطیر۔
قُصُور ضمہ ق، ومع۔ ج مذ۔ محلّات۔ امذ۔ کمی، کوتاہی، جرم، خطا؛ فروگذاشت۔
قِصّہ کس ق، شد فت ص، ہ غم۔ امذ۔ کہانی؛ واقعہ، جھگڑا، معاملہ۔
قَصِیدَہ فت ق، ی مع، فت د، ہ غم۔ امذ۔ ایک ہی بحر و قافیہ میں طویل مدحیّہ نظم۔ ج قَصائِد۔
قَصِیر فت ق، ی مع۔ صف۔ چھوٹا، پست قد۔
قَضا فت ق۔ امثد (۱) مُشِیّت؛ حکم، مرضی م: قَضائے اِلٰہی اللہ کی مرضی؛ مراد: موت (۲) عدالت، انصاف۔ (۳) پچھلا حساب چکانا، قرضہ ادا کرنا۔ (۴) وفات، م فہ قَضارا اتفاقاً، دفعتہً۔ نیز قَضا عِنْدُاللہ (قَزا عِن دَل لاہ)؛ قَضا کار۔ مرعطفی قَضا وَ قَدَر/ قَدر (قزا ۰ وَ قَدَر/ قَ دَر) مشیت، تقدیر الٰہی۔ قَضاءِ حاجَت۔ اِجابت پاخانہ، رفع

حاجت۔

قُضاۃ ضمہ ق، سک ت۔ ج مذ۔ قاضی کی جمع۔

قَضایا فت ق۔ ج مذ۔ جھگڑے، معاملے، مسئلے، استغاثے، نیز **قَضِیّے**۔ مسئلے، مقدمات۔

قَضِیب فت ق، ی مع۔ امذ۔ ٹہنی؛ آلۂ تناسُل، حَشوَہ۔

قَضِیّہ فت ق، کس ض، شد فت ی، ہ غم۔ امذ۔ جھگڑا جو فیصلہ طلب ہو۔ علمی یا منطقی مسئلہ۔ **قَضِیّہ نا مَرْضِیّہ**۔ (نامر زی ی) ناگوار معاملہ جو مرضی کے خلاف اٹھ کھڑا ہو۔

قَط فت ق۔ امذ۔ کاٹ، تراش؛ سر کنڈے کے قلم کی نوک جو چاقو سے کاٹ کر حسب منشا چوڑی کی گئی ہو۔ ف ل۔ **قَط زَن کرنا** قلم پر قط ڈالنا یا لگانا۔ **قَط گِیر** وہ لکڑی جس پر رکھ کر قط کاٹا جائے۔ [ع: قَطّ = تراش]۔

قَطار فت ق۔ امث، صف۔ پرا، لین ڈوری؛ مرتّب، سلسلہ، [اصلاً ع: **قِطار** (کس ق) آگے پیچھے چلتے ہوئے اُونٹ]۔

قُطّامہ ضمہ ق، شد ط، فت م، ہ غم۔ امث۔ (بطور دشنام) فاحشہ، تیز، طرار عورت، [ع: قَطّامہ، قطم = شہوت]۔

قُطب ضمہ ق ط۔ امذ۔ ایک قائم ستارہ جو زمین کے شمالی سرے کے اوپر نظر آتا ہے۔ زمین کے محور کے دونوں شمالی جنُوبی سروں میں سے کوئی جنھیں **قُطبِ شُمالی** اور **قُطبِ جَنُوبی** کہتے ہیں؛ کنایتہً وہ شخص جو قُطب تارے کی طرح اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ اولیا کا ایک اعلیٰ مرتبہ۔ امذ۔ **قُطب نُما** وہ گھڑی جس کی مقناطیس لگی ہوئی راہ نما سوئی ہمیشہ قطب شمالی کی طرف رہتی ہے۔**قُطبَین** (قُ طَ بَین) دونوں قطب، شمالی و جنوبی۔ مرکب **قُطبی نگینہ**۔ وہ نگینے جو کان سے ترشا ترشایا نکلے اور بنانے کی ضرورت نہ ہو۔عام: قَطبی

قُطْر ضمہ ق، سک ط۔ امذ۔ دائرے کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنے والا خط۔ مرکب وصفی۔ **نصف قُطر** کوئی سیدھا خط جو دائرے کے مرکز سے اُس کے دور تک پہنچے۔

قَطْرَہ فت ق، سک ط، فت ر۔ امذ۔ بُوند ج **قَطْرات**۔

قَطْع فت ق، سک ط۔ امذ۔ تراش؛ کاٹنا، الگ کرنا؛ وضع، ہیئت۔ **قَطْعِ کَلام** بات کاٹنا، بیچ میں بول پڑنا، نیز امث **قَطْعِ کَلامی**۔ م ف **قَطعِ نَظَر** بہ اِستثنا، نظر انداز کرتے ہوئے، م: داموں سےقطع نظر چیز اعلیٰ ہے۔ **قَطع وَ بُرِید** (قطْ عو بُ رِیْد) کاٹ چھانٹ تخفیف۔ صف م ف۔ **قَطْعی**، حتمی، لازمی، نیز لازمی طور پر، بالکل، نیز **قَطْعاً** (قطْ عَن) بالکل، یکسر۔

قِطْعَہ کس ق، سک ط، فت ع، ہ غم۔ امذ۔ ٹکڑا،حصّہ، جزو؛ زمین کا کوئی ٹکڑا؛ دو بیتوں کا مجموعہ؛ چند ہم قافیہ اشعار کا مجموعہ جو مسلسل اور ایک ہی موضوع پر ہوں۔ **قِطْعَہ بَنْد** غزل کے بیچ میں مسلسل اشعار یا قطعہ جو غزل میں در آئے۔ عام قَطْعَہ۔

قِطمِیر کس ق، سک ط، ی مع۔ امذ۔ اصحاب کہف کا کُتّا جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے؛ کھجور کی گٹھلی پر باریک جھلّی؛ حقیر شے۔

قُطْن ضمہ ق، سک ط۔ امث۔ روئی، کپاس۔

قَعْب فت ق، سک ع۔ امث۔ بڑی، گھری، رکابی؛ بڑا پیالہ [ع، اردو: **قاب**] ۔

قَعْدَہ فت ق، سک ع د، ہ غم۔ امذ۔ نماز میں رکعتوں کے درمیان بیٹھنا۔ اکیف مذ۔ **قُعُود** بیٹھنے کا عمل۔

قَعْر فت ق، سک ع۔ امذ۔ گہرا گڑھا، کھَڈ، کھائی، گہرائی م: **قَعْرِ دَرْیا** دریا کی تہہ، استعارۃً **قَعْرِ مَذَلّت** (قَع رے مَ ذَل لت) انتہائی ذلّت۔

قَفا فت ق۔ امذ۔ سر کا پچھلا حصّہ یا سمت؛ پُشت کی سمت۔

قَفَس فت ق فد امذ۔ پنجرہ، قید خانہ، [اصلاً ع: قَفص]۔

قُفْل ضمہ ق، سک فد امذ۔ تالا، بند کرنے کا آلہ یا جنتر صف مُقَفّل (مُ قَف فَل) بند کیا ہوا۔ مرکب اضا قُفْلِ اَبْجَد (قُف ل اب جَد) وہ قفل جو بعض حرفوں کو ملانے سے کُھل سکے۔

قُفْلی ضمہ ق، سک فد امث۔ برف بنانے کا سانچا؛ سانچے میں جمی ہوئی دودھ بالائی وغیرہ کی برف؛ کُشتی کا ایک پیچ۔ عام: (اردو) قُلفی۔

قُقْنُس ضمہ ق، سک ق، ضمہ ن۔ امذ۔ ایک خوش الحان خیالی پرندہ جو جل کر راکھ سے پھر پیدا ہو جاتا ہے۔

قُل ضمہ ق۔ امذ۔ قرآن مجید کی لفظ قُل سے شروع ہونے والی سورت یا سورتیں؛ فاتحہ کی تقریب جس میں یہ سورتیں پڑھی جائیں (عموماً کسی کی موت کے تیسرے دن)۔ نیز سویَم (اصلاً سُوم) قُل اَعُوذی، قُلاعُوذی دعوتوں میں گھس آنے والا، مفت خورا، شہدا، جو ہر دعوت میں پہنچ جائے اور نیاز کے کھانے میں شریک ہو۔ [ع: صیغہ امر = کہہ، بول، نیز رک: ت: قَلاوُز]۔

قَلا فت ق۔ امذ۔ کُشتی کا ایک پُھرتیلا داؤ؛ نیز قَلاجنگ؛ سر کے بل لوٹ جانا، نیز قَلابازی۔

قُلّابہ ضمہ ق، شد ل، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ چھت میں جڑی ہوئی کڑی، لوہے کا حلقہ جس میں کوئی چیز اٹکائی یا لٹکائی جائے [ف: قُلابہ، ع: قَلب الٹا، سے وضعی لفظ]۔

قَلاجَنگ فت ق ج، غنہ۔ امذ۔ کشتی کا ایک داؤ، حریف کی ٹانگ پر جھپٹ کر اسے گرا دینا۔

قِلادَہ کس ق، فت و، ہ غم۔ امذ۔ کُتّے کا پٹّہ۔ ج

قَلائد (فت ق، کس ء)۔

قَلّاش فت ق، شد ل۔ صف۔ بہت مفلس، نادار [ت]۔

قَلاقَنْد فت ق، غنہ۔ امذ۔ کھوئے سے بنی ہوئی ایک سفید مٹھاس جو عموماً مکعب لوزاتوں کی صورت میں ہوتی ہے۔

قَلانْچ فت ق، غنہ۔ امذ۔ تیز رفتار جانور مثلاً ہرن کا لمبی زقند بھرنا، چَوکڑی۔

قَلاوُز فت ق، و مع۔ امذ۔ راستوں کا پتہ بتانے والا۔ امث قَلاوُزی رہبری [ت]۔

قَلْب فت ق، سک ل۔ امذ، صف۔ دِل؛ کسی شے کے بیچ کا حصّہ؛ کھوٹا (سکّہ)؛ صف۔ اُلٹا، واژوں۔ قَلْب ساز کھوٹے سکے ڈھالنے والا۔ ف ل: پلٹنا،بدلنا م: قَلْبِ ماہِیّت یکسر تبدیلی، اصلیّت بدل جانا۔ صف: قَلْبی (سک ل) دلی، حقیقی، پُر خلوص۔

قَلْبانہ فت ق، سک ل، فت ن، ہ غم۔ امذ۔ قوالی کے بول اور طرز جو حضرت امیر خسرو سے منسُوب ہیں۔

قُلْبَہ ضمہ ق، سک ل، فت ب، ہ غم۔ امذ۔ ہل۔ امث۔ قُلْبَہ رانی کاشتکاری، ہل جوتنا۔

قِلّت کس ق، شد فت ل۔ امذ۔ کمی، کمیابی۔

قُلْتَبان ضمہ ق، سک ل ت۔ امذ۔ دیّوث، قُرمساق۔

قُلَّتَین ضمہ ق، شد فت ل، ے لین، (۱) تثنیہ۔ مذ۔ دو گھڑے پانی یا پانی کے دو گھڑے جن میں پانی کی ایک خاص مقدار بھری ہو،جو بعض فقہا کے نزدیک اس کے پاک ہونے کے لیے کافی خیال کی جاتی ہے اور معمولی نجاست کے ملنے سے ناپاک نہیں ہوتی۔ مخالف نظریہ رکھنے والوں کے نزدیک قُلَّتَین مذموم لفظ ہے بمعنی ناپاک، نَجس۔(۲) امث۔ طوائف قُلَّتَینی نجس، ناپاک (کرنا) [ع: قُلّہ بڑا مٹکا]۔

قُلْزُم ضمہ ق، سک ل، ضمہ ز۔ علم۔ وہ بحیرہ جو شمالی افریقہ کے مشرقی اور جزیرہ نمائے عرب کے

مغربی ساحل کے درمیان واقع ہے۔ مجازاً سمندر۔ [اصلاً ایک شہر کا نام جو اس کے کنارے پر آباد تھا]۔
قَلْع قَمْع فت ق، سک ل ع م۔ امذ۔ مٹانا، ڈھانا، مسمار کرنا عام **قَلَع قَمَع** (قلا قما)۔
قَلْعَہ فت ق، سک ل، فت ع، ہ غم۔ امذ۔ حصار، کوٹ۔ عام: **قلعَہ**، قلَع۔
قَلْعی فت ق، سک ل۔ امث۔ رانگ، رانگا؛ چونے کی سفیدی جو عمارات پر پھیری جاتی ہے؛ رانگ جو تانبے کے برتنوں پر چڑھائی جاتی ہے؛ [اصلاً : ایک مقام قلع سے منسوُب جہاں اِس کی کان تھی]۔ **قَلْعی گر** برتنوں پر رانگ چڑھا کر اجلا کرنے والا۔ عام: **قَلَئی گَر**۔
قُلْفی ضمہ ق، سک ل۔ رک: **قُفْلی**۔
قَلَق فت ق ل۔ امذ۔ رنج، ملال؛ بے آرامی، بے چینی۔
قُلْقُل ضمہ ق، سک ل۔ امذ۔ (نقل صوت) بوتل یا کسی پتلے منہ کے ظرف سے پانی یا کوئی سیال اُنڈیلنے کی آواز۔ مرکب اضا **قُلقُلِ مِینا** (ی مع) صراحی سے شراب اُنڈیلنے کی آواز۔
قَلَم فت ق ل۔ امذ۔ سیاہی سے لکھنے کا آلہ؛ لوزات: کٹی ہوئی شاخ جو بوئی جائے یا کسی درخت کی شاخ میں پیوست کی جائے تاکہ اس کے ساتھ مل کر اُگے؛ کنپٹی کے بال؛ صف **قَلَم بَنْد** لکھا ہوا، ضبط تحریر میں لایا ہوا۔ **قَلَمْ پاک** قلم پونچھنے کی صافی۔ **قَلَمْزَد** کاٹی ہوئی تحریر، حذف شدہ اندراج **قَلَمْکار** مصوّر، نقاش **قَلَمْ کَش** لکھنے والا؛ **قَلَم ہونا** کاٹا جانا۔ قطع کیا جانا ف م۔ **قَلْمانا** لوزاتیں بنانا (قب انگ: Crystalization)۔
قَلْماقْنی فت ق، سک ل، سک ق۔ امثد شاہی محلّات میں کام کرنے والی ہتھیار بند عورت جو عموماً وسط ایشیا کی قلماق قوم سے تعلق رکھنے والی ہوتی تھیں۔

قَلَمی فت ق ل۔ صف۔ قلم سے تعلق رکھنے والی چیز م: ہاتھ سے لکھی ہوئی کتاب، مخطوطہ۔ قَلم لگا کر اُگائے ہوئے پھل (خصوصاً آم)؛ قلموں یا لوزاتوں کی شکل میں ڈھالی ہوئی شے، م: قلمی شورا۔
قَلَنْدَر فت ق ل، سک ن۔ فت د۔ امذ۔ ڈاڑھی منڈا، آزد منش، درویش، اَلْمَست آدمی۔ [اصلاً ف: کَلَندر ۔ ناکارہ رند منش آدمی]۔
قَلَنْدَرَہ فت ق ل، سک ن د، فت ر۔ امذ۔ موٹا ریشمی دھاریدار کپڑا بُناوٹ دونوں طرف سے یکساں، گُلبدَن، الائچہ بُوڈل، طرحدار۔
قُلُوب ضمہ ق، و مع۔ ج مذ۔ دل، قلب کی جمع۔
قُلَہ ضمہ ق، فت ل۔ امذ۔ گھوڑے کا بادامی رنگ جس کے ساتھ پیٹھ پر ایک سیاہ دھاری ہو۔
قُلَّہ ضمہ ق، شد فت ل۔ امذ۔ پہاڑ کی چوٹی۔
قُلی ضمہ ق۔ امذ۔ بوجھ اٹھانے والا مزدور [اصلاً ت: غلام]۔
قَلْیان فت ق، سک ل۔ امذ۔ حقہ، پیچوان۔
قَلِیب فت ق، ی مع۔ امذ۔ کُواں، چاہ۔
قَلِیچ فت ق، ی مع۔ امثہ تلوار [ت]۔
قَلِیل فت ق، ی مع۔ صف۔ تھوڑا، کم مقدار۔
قَلْیَہ فت ق، سک ل، فت ی، ہ غم۔ امذ۔ گوشت کا شوربہ [اصلاع: قَلِیّہ]۔
قُم (۱) ضمہ ق۔ صیغۂ امر۔ اُٹھ کھڑا ہو، جملہ **قُم بِاِذْنِ اللّٰہ** (قُم بِ اِذ نِلْ لاہْ) خدا کے حکم سے اٹھ جا/ زندہ ہو جا۔ یہ قول حضرت عیسیٰؑ سے منسوب ہے جن کی بابت روایت ہے کہ مُردوں کو جلانے کا معجزہ دکھاتے تھے نیز: **قُمْ بِاِذْنی** (قُم بِ اِذْ نی) اُٹھ میرے حکم سے۔ [ع: صیغہ امر]۔
قُم (۲) امذ۔ چھوٹے اور کھڑے روئیں کا قالین [غالباً شہر قُم سے منسوب]۔
قِمار کس ق۔ امذ۔ جُوا، شرط بد کر کھیلنا۔ امث

قِمار بازی جوا کھیلنا، **قِمار خانہ** جوا گھر، جوا کھیلنے والوں کا اڈا یا پھڑ۔ **بَدقِمار** وہ جواری جو ہمیشہ ہارے۔

قُماش ضمہ ق۔ امذ۔ اثاث البیت، ریشمی کپڑے؛ طرز، وضع، ڈھنگ صف۔ **بَد قُماش** آوارہ۔

قَمْچی فت ق، سک م۔ امث۔ درخت کی پتلی شاخ سے بنائی ہوئی چھڑی، بیت۔

قَمَر فت ق م۔ امذ۔ چاند، مہتاب (اصلاً : تیسری رات کے بعد سے آخر ماہ تک کا چاند)؛ چاندی، نقرہ۔ تثنیہ **قَمَرَین** چاند اور سورج **دَور قَمَر** (ولین، سک مج ر) چاند کی گردش، مراد، زمانہ۔ **قَمَری حُرُوف** وہ حرف جن کے ساتھ حروف تعریف و تخصیص "ال" لگائے جائیں تو ل کی آواز ادا کی جاتی ہے جیسے الکتاب میں ک۔

قُمْری ضمہ ق، سک م۔ امث۔ فاختہ سے ملتا ہوا ایک پرندہ، ٹوٹرُو، اس کی آواز کُوکُو کہلاتی ہے اور اسے حَق سِرُّہٗ کا نعرہ سمجھا جاتا ہے اس لیے اسے **مُرْغِ حَق گَو** بھی کہا گیا ہے۔

قَمْقام فت ق، سک م۔ امث۔ تلوار، بڑا چُھرا؛ دریا؛ سردار، چودھری۔

قُمْقُمَہ ضمہ ق، سک م۔ فت م، ہ غم۔ امذ۔ شیشے کی گول کُپّی؛ قندیل، کوکَبہ، بجلی سے روشن ہونے والی شیشے کی کُپّی، بَلب۔

قَمِیص فت ق، ی مع۔ امث۔ کُرتا، پیراہن، جدید طرز کی قمیص میں کالر اور کف بھی ہوتے ہیں۔

قَنات فت ق۔ امث۔ دَل دار کپڑے کی دیوار یا اوٹ۔ ج **قَنَوات** (فت ق ن)۔

قَنّاد فت ق، شد ن۔ امذ۔ حلوائی، شیرینی فروش۔

قَناعَت فت ق ع۔ امث۔ سیر چشمی، تھوڑے کو بہت جاننا۔

قَناوِیز فت ق، ے مج۔ امث۔ مختلف رنگوں کے تانے بانے سے بنا ہوا ریشمی کپڑا، مشہدی، بلبل چشم۔

قَنّبِیل فت ق، ن مثل م، فت ب۔ جنگلی ککڑی، اِشْفِلِیناس (رک)۔

قَنْد فت ق، سک ن۔ امذ۔ سفید شکر، چینی۔ **قَنْدِ پارْسی** (کسمج د، سک ر) مصری، استعارۃً : فارسی شاعری کی شیرینی۔ **قَنْدِ مُکَرَّر** (مُ کَرَر) دوبار صاف کی ہوئی شفاف چینی؛ وہ مٹھاس جو دو مرتبہ چکھنے کو ملے؛ وہ کلام جو دوبارہ سنا جائے۔

قُنْدُس ضمہ ق، سک ن، ضمہ د۔ امذ۔ اُود بلاؤ، دریائی کُتّا۔

قِنْدِیل کس ق، سک ن، ی مع۔ امث۔ فانوس۔

قِنْطار کس ق، سک ن۔ امذ۔ چالیس اوقیات (اونس) کے برابر سونا یا ۱۲۰۰ دینار۔ ج **قَناطِیر** مراد: کثیر دولت۔

قُنُوت ضمہ ق، ومع۔ امث۔ اطاعت، فرماں برداری **دُعائے قُنُوت** نماز عشا میں پڑھی جانے والی ایک دعا۔

قُنُوط ضمہ ق، و مع۔ امذ۔ مایوسی، ناأمیدی، صف۔ **قَنُوط** (فت ق) نا أمیدی۔ امث صف **قُنُوطی** اکیف مث **قُنُوطِیَت** یاس پسندی، تَشائُم۔

قَوارَہ فت ق ر۔ امذ۔ کندھے، کاٹھی، ہاڑ؛ ٹکڑا، بچا ہوا جز۔ مروصفی **بَد قَوارَہ** بد ہَیئَت، بداطوار۔

قَواعِد فت ق، کس ع۔ ج مذ۔۔ امث۔ قاعدہ کی جمع، ضابطے، طریقے۔ امث۔ اصولِ زبان، صرف و نحو؛ سپاہیوں کی ورزش، پَریڈ۔ مرعطفی **قَواعِد وَ ضَوابِط** (قَ وا عِد ٘ وَ زَ وابِت) اصول کار۔

قُوا ضمہ ق۔ ج مذ۔ قُوت کی جمع نیز **قُویٰ** (قُ وا)۔

قَوّالی فت ق، شد فت و۔ امثہ ایک خاص طرز کا گانا جس میں سَم کے علاوہ بھی انترے اور استائی کے دوران میں تالیوں اور ڈھول، طبلے وغیرہ کی مسلسل تھاپ سے وجد آور کیفیت پیدا کی جاتی ہے۔ امذ۔

قَوّال قوّالی کی طرز میں گانے والا۔ [اصلاً: بہت بولنے والا]۔

قِوام کس ق۔ امذ۔ شیرہ،کسی سیّال کا گاڑھا پن [اصلاً: کھڑا ہونا، قیام؛ نظام]۔

قَوانین فت ق، ی مع۔ ج مذ۔ **قانون** (رک) کی جمع ضابطے، قاعدے، اُصول، کُلیّے۔

قُوت و مع۔ امث۔ غذا، خوراک، مروصفی **قُوتِ لایَمُوت** (کسمج ت، فت ی، و مع) اتنی غذا جو زندہ رکھ سکے، سدِرَمَق۔

قُوّت ضمہ ق، شد فت د۔ امث۔ توانائی، زور، قدرت؛ صلاحیت؛ حِس، حاسّہ۔ مرتوصیفی **قوّتِ باہ** جنسی فعل پر قدرت، قوّت مردمی **قُوّت باصِرہ** (باسِ ر) دیکھنے کی حِس؛ **قوّتِ ذائِقہ** (کسمج ت ء) چکھنے کی حس۔ **قوّتِ سامِعَہ** (سا مع) سننے کی حس، **قُوّتِ لامِسہ** (لامِ س) چھو کر نرم سخت، گرم سرد وغیرہ معلوم کرنے کی حس، **قوّت مُتَخَیِّلہ** (مُ تَ خَیْ یِلَ) غیر موجود کو ذہن میں لانے، ایجاد و اختراع کی قدرت نیز **قوّتِ واہِمَہ** (واہِ م)۔

قُور ومج۔ امذ۔ جنگی سامان، ہتھیار، **قُور بیگی** (ے مج) سلطنت کے دور کا ایک عہدہ، اسلحہ خانے کا داروغہ۔

قُورْمَہ و مج، سک ر، فت م، ہ غم۔ امذ۔ مسالے دار گھی میں بھنے ہوئے گوشت کا سالن۔ **ٹُوٹا قورْمَہ** جس میں بغیر پسا یا ثابت مسالہ کٹی ہوئی پیاز لہسن دہی کے ساتھ ڈالا جائے، نیز **کھڑے مَسالے کا قورمَہ** ،[ت: قَورْمَہ]۔

قَوس و لین۔ امث۔ کمان، دائرے کے محیط کا کوئی ٹکڑا۔ **قَوسِ قُزَح** (قَوسِ قُ زَح) دَھنک، ست رنگی کمان جو آسمان میں کبھی کبھی نمودار ہوتی ہے۔ **قَوسَین** خُطوط وَحدانی، بریکٹ ( )، ہِلالین۔

قَول و لین۔ امذ۔ بات، بیان، مقولہ؛ اقرار، عہد، بچن؛ قوّالی کے مخصوص بول جو خصرت امیر خسرو سے منسوب ہیں، اور "مَن کُنتُ مولا" الخ کے الفاظ پر مبنی ہیں۔ مرکب اضافی **قَولِ فَیصَل** (قَو لِ فَے سَل) مُسکت بات جس کے بعد گنجائش کلام نہ رہے۔

قُولَنْج و مع، فت ل، سک ن۔ امذ۔ پیٹ کا شدید درد (نیز قَولنج، قُولِنج) [یونانی: kolon کی تعریب]۔

قَوم و لین۔ امث۔ گروہ انسانی جو مماثل خصوصیات یا باہمی میل رکھتا ہو؛ ایک ملک کے باشندے۔ ف م؛ **قَومیانَہ** ذاتی ملکیت سے نکال کر حکومت کی تحویل میں لینا (کاروبار وغیر کو)۔ **قَومیّت** (قومی یَت) اصل و نژاد، ذات، نسل، توّطُن۔

قَوی فت ق۔ صف۔ مضبوط، طاقتور، زور آور، قوّت والا۔ مر توصیفی **قَوِی اْلجُثّہ** (قَ وِی یُل جُسْ سَہ) ہٹا کٹا، لحیم شحیم، نیز **قَوِی ہَیکل** (ہے کَل) مضبوط ہاڑ والا۔

قُوىٰ ضمہ ق، ی غم۔ رک: **قُوا**۔

قَہْر فت مج ق، سک ہ۔ امذ۔ غضب، شدید غصہ؛ آفت، اِبتلا؛ ظلم، ستم؛ صف **قاہِر** تفضیل **قَہّار** بہت ظالم، بہت غضبناک، نیز **قَہْرمَان** امث **قَہْرْ مانی** (فت مج ق، سک ہ ر) دبدبہ۔ ظلم رانی [ف: کہرمان = کارکُن]۔

قہستان ضمہ ق، کس ہ، سک س۔ امذ۔ کُہستان کی تحریف؛ خراسان کا ایک علاقہ۔

قَہْقَرَہ فت مج ق، سک ہ، فت ق ر۔ امذ۔ پیچھے لوٹنا [ع: قہقریٰ] مروصفی: **رَجْعَتِ قَہْقَرَہ/ قَہْقَری** (ی مع) اُلٹی چال۔

قَہْقَہَہ فت مج ق، سک ہ، فت ق ہ۔ امذ۔ زور کی ہنسی، بلند آواز سے ہنسنا۔

قَہْوَہ فت مج ق، سک ہ، فت و، ہ غم۔ امذ۔ بھونے ہوئے بُنوں کا سفوف یا اس سے بنایا ہوا مشروب، کافی۔ بے دودھ کے سبز چائے کو بھی قہوہ یا کاوہ کہتے

ہیں۔

قَے ے لین۔ امث۔ غذا کا معدے میں سے واپس آ جانا؛ اُچھال، اِستِفراغ، اُلٹی۔ صف **مُقِیّ** (مُ قی) جو قے لائے، متلی پیدا کرے (دوا وغیرہ)۔

قِیادَت کس ق، فت د۔ امث۔ رہبری، لیڈری، صف **قائد**۔

قِیاس کس ق۔ امذ۔ گمان، تخمین؛ (اصطلاحاً) منطقی شکل، مُشاکِلہ جس سے نتیجہ اخذ کیا جائے؛ سوچ؛ اندازہ۔ صف **قِیاسی** اندازے یا گمان پر مبنی۔ تخمینی م ف۔ **قِیاساً** اندازے سے ظاہری مماثلت کی بنا پر۔ امث **قِیاس آرائی** خیال دوڑانا، اندازہ لگانا۔ **قِیاسُ مَعَ اْلفارِق** (مَ عَلْ فارق) بغیر کسی مماثلت کے ایک چیز کو دوسری پر قیاس کرنا جو ایک منطقی مغالطہ ہے۔

قِیافَہ کس ق، فت ف، ہ غم۔ امذ۔ صورت سے باطن کو قیاس کرنے کی مہارت [اصلاً ع: چہرہ، بُشرہ]۔

قِیام کس ق۔ امذ۔ کھڑا ہونا، نماز میں قبلہ رُو ہو کو استادہ ہونا، رکنا، ٹھہرنا؛ مقابلہ کرنا، استقامت سے کام لینا؛ قائم ہونا، تعمیر، تنصیب، تشکیل۔

قِیامَت کس ق، فت م۔ امث۔ حشر کا دن؛ ہنگامہ، شور و غوغا، افراتفری، آفت، مصیبت۔ صف **قیامَت کا** عجیب، بہت غیر معمولی، مرتوصیفی **قِیامَت صُغریٰ** (کسمج ت، سُغْ را) مصیبت کا وقت، شدید حادثہ، وفات (جس کے بعد اصل قیامت کا انتظار کرنا ہوگا)۔

قَیتُون ے لین، ومع۔ امث۔ کلابتو اور ریشم کے تاروں کی بٹی ہوئی ڈوری، بابن، نیز رک: قَیطون۔

قَید ے لین۔ امث۔ حراست، اسیری؛ بندش، ممانعت؛ شرطِ لازم۔

قِیر ی مع۔ امذ۔ تارکول، کوئلے سے بنا ہوا ایک نیم سیال مادہ جسے جہاز کے تختوں کی درزوں میں لگاتے ہیں تاکہ پانی کو روکے۔ (۲) صف: سیاہ۔

قِیراط ی مع۔ امذ۔ خالص سونے کا ۲۴ حصہ؛ ۰۲ گرام وزن۔

قَیرُوطی ے لین، ومع۔ امث۔ موم سے تیار کی ہوئی ایک مالش کی دوا۔

قَیصَر ے لین، فت ص۔ علَم۔ روما (اطالیہ) کے قدیم حاکموں کا لقب، خصوصاً مراد: جولیس سیزر امث **قَیصَری** شہنشاہی **قَیصَرِیّت** شہنشاہی نظام۔

قَیطُون ے لین، ومع۔ امث۔ بٹے ہوئے سنہری یا روپیلی تاروں کی پتلی ٹکن جو کپڑوں کے حاشیہ پر لگائی جاتی ہے۔ [ت: **قِیطُون** (ی مع)]۔

قِیف ی مع۔ امث۔ چوڑے منہ کا گول مخروطی ظرف جس کے پیندے میں سوراخ اور ڈنڈی نما نالی ہوتی ہے جس کے ذریعے کسی سیال کو پتلے منہ کے ظرف میں انڈیل سکیں۔

قِیق ی مع۔ امث۔ ہاتھی کی چِنگھاڑ۔

قِیل وَ قال ی مع، ومج۔ امث۔ بات چیت، بحث مباحثہ؛ چرچا؛ حجّت، ردّ و کد، بحثابحثی۔ نیز **قال وَ قیل**۔

قَیلُولَہ ے لین، ومع، فت ل، ہ غم۔ امذ۔کھانے کے بعد دوپہر کو تھوڑی سی نیند لینا۔

قَیِّم فت ق، شد کس ی۔ صف، امذ۔ قائم کرنے یا درست رکھنے والا؛ نگہدار۔

قِیمَت ی مع، فت م۔ امث۔ دام، مول، بدل اشتراک؛ قدر، بہا۔ صف **قِیمَتی** (سک م)، **بیش قیمت**، بڑھیا، اعلیٰ **گراں قیمت** مہنگا۔

قِیمَہ ی مع، فت م، ہ غم۔ امذ۔ پکانے کے لیے باریک کٹا ہوا گوشت یا اس سے تیار کردہ کھانا۔

قَینچی ے لین مغ۔ امث۔ کترنے کا دو پھلوں کو جوڑ کر بنایا ہوا آلہ [ت]۔

قُیُود ضمہ ق، ومع۔ ج مثد قید کی جمع؛ بندشیں،

رکاوٹیں؛ شرائط، ضوابط، **قُیُودِ شَرعی** (کسمج د، سک ر) فقہ کے احکام، اوامر و نواہی۔
قَیّوم فت ق، شد ی، و مع۔ امذ۔ قَیّم کا صیغۂ تفضیل؛ بڑا نگاہ دار، اسماء حسنیٰ میں شامل ہے۔

ک

ک کاف۔ امذ۔ اردو ترتیب تہجّی کا اُنتالیسواں حرف جس کا مخرج حلق کے قریب تالوکا پچھلا حصہ ہے۔حروف قمری میں شامل۔ جمل میں ۲۰ اعداد کا حامل۔ فارسی حروف کے آخر میں حرف ک علامت تصغیر اور ہندی کے آخر میں علامت فاعل ہوتا ہے، م: ف: دخترک؛ہ: پرچارک۔ عربی الفاظ کے شروع میں زبر کے ساتھ مثل، مانند کے معنی دیتا ہے م: الشّاذ کَالمعدوُم ، آخر میں ضمیر تُو کا ہم معنی۔ م: السّلام علیک، مونث کی صورت میں مکسور ہوگا (کِ)۔
کا حرف اضافت، نسبت، ملکیت، ساخت، مخرج، وَلدیت وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے۔ حرف تشبیہ **کا سا** کی طرح، کے جیسا، کے ایسا؛ مث **کی سی**؛ج **کے سے**۔
کابک فت ب۔ امث۔ پالتو پرندوں کے بسیرا کرنے کا لکڑی کا خانہ یا خانے دار دڑبا [اصلاً ف: **کابُک**]۔
کابلا سک ب۔ امذ۔ ڈِھبری میں کسنے کا موٹا پیچ۔
کابُوس ومع۔ امذ۔ ڈراؤنا خواب۔
کابِین ی مع۔ امذ۔ شوہر کی طرف سے بیوی کو ادا کیا جانے والا مہر۔
کابِینَہ ی مع، فت ن۔امث۔مجلس وزراء [انگ: کیبِنٹ]۔
کاتب کس ت۔ امذ۔ خوشنویس، کتابت کرنے والا، لکھنے والا۔ **کاتِب اُلحُرُوف** جس نے لکھا مراد اکثر اپنی ذات سے۔
کاتک فت ت۔ امذ۔ ہندی سال کا ساتواں مہینہ (مطابق اکتوبر/ نومبر)۔
کاٹ امث۔ قطع کرنے کا فعل یا انداز، تلوار وغیرہ کی دھار؛ تیزی، بُرش۔ ف م۔ **کاٹنا**، قطع کرنا، تراشنا؛

گزارنا، طے کرنا، (راہ، رات وغیرہ)؛ ڈسنا۔

کاٹھ سک ٹھ۔ امذ۔ لکڑی؛ مجرموں کے پاؤں میں پھنسانے والا لکڑی کا کُندہ۔

کاجَل فت ج۔ امذ۔ چراغ کے دھوئیں کا غُبار جو سنگھار کے طور پر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ ف مر **کاجَل پاڑنا** چراغ کا دُھواں کسی برتن میں سمیٹنا جس سے کاجل بنتا ہے۔

کاجُو بھوجُو ومع، ومج، ومع۔ صف۔ بہت نازک جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ جائے۔

کاچھی امذ۔ ہندو سبزی فروشوں کی ایک ذات جو چاٹ بنا کر بیچتے ہیں، کنجڑا۔ امث **کاچَھن، کاچِھن۔**

کاخ امذ۔ محل، قلعہ۔

کاذِب کس ذ۔ صف۔ جُھوٹا، دروغ گو، **صبح کاذِب** صبح کا پہلا عارضی اجالا، صبح اول، صبح نخُستیں۔

کار امذ۔ کام، مشغلہ، عَمَل۔

کارْچوب سک ر، و مج۔ امذ۔ کپڑے کو لکڑی کے چوکھٹے پر کس کر سنہری روپہلی تاروں سے آرائش کا کام۔ زردوزی؛ زردوزوں کے کام کرنے کا چوکھٹا جس میں کپڑے کو کس دیا جاتاہے، اڈّا۔

کارْرَوائی سک ر، فت ر۔ امث۔ ضروری یا حسب ضابطہ، عمل؛ سازش، کارَستانی۔

کارَسْتانی فت ر، سک س۔ امث۔ شرارت، شوخ حرکت، سازش۔

کارْفَرما سک ر۔ صف۔ کام کرنے، بنانے والا، ماہر، استاد، حاکم، منتظم۔

کارْگاہ سک ر۔ امث۔ کارخانہ، جائے عمل، نظام عمل۔

کارْگر سک ر، فت گ۔ صف۔ مؤثر، نتیجہ خیز۔

کارْگُزار سک ر، ضمہ گ۔ صف۔ اچھا کام کرنے والا، مستعد امث **کارْگزاری** مفید، مؤثر کارروائی، کارنامہ۔

کارَوبار ومج۔ امذ۔ مشغلہ، تجارت، بیوپار۔

کارَج فت ر۔ امذ۔ کام، کاج، بیاہ۔

کارْد سک ر د۔ امذ۔ چاقو، چُھری۔

کارَن فت ر۔ امذ۔ سبب، وجہ، باعث، علّت۔

کارْواں سک ر۔ امذ۔ قافلہ۔

کارِیز ے مج۔ امث۔ نالی، چھوٹی نہر، بارش کا پانی جمع کرنے کے لیے بنایا ہوا پشتہ یا بند جو بلوچستان سے مخصوص ہے۔

کارْھا ڑھ۔ امذ۔ جوشاندہ؛ جلّاب کی دوا۔

کاس امذ۔ شراب کا پیالہ [ف؛ کاسہ کا معّرب] مر اضا **کاسُ اْلکِرام** شرفا کا جام، مراد؛ خاصے کی چیز۔

کاسِب کس س۔ صف۔ کسب کرنے، کمانے والا، حاصل کرنے والا۔

کاسِد کس س۔ صف۔ کھوٹا، جعلی۔

کاسِر کس س۔ صف۔ توڑنے، ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا۔

کاسْنی سک س۔ امذ، صف۔ ہلکے اودے رنگ کا ایک پھول، ہلکا اودا رنگ۔ (ع؛ ہِندیا، لاط؛ Cichorum Endivia)۔

کاسَہ فت س۔ امذ۔ پیالہ، چِنْبر، کاس۔ صف **کاسَہ لِیس** (ی مع) خوشامد خورا، حریص۔ امث؛ **کاسَہ لیسی۔**

کاش حرف تمنّا، تاسّف۔ کیا اچھا ہو، کیا اچھا ہوتا۔ نیز **کاشکے** ے مج۔

کاشانَہ فت ن۔ امذ۔ جھونْپڑا، آشیانہ، مکان۔

کاشْت سک ش۔ امذ۔ کھیتی، بونا۔ **کاشْتْکار** مزارع، کھیت بونے جوتنے والا۔

کاشِف کس ش۔ صف۔ کھولنے، آشکارا کرنے والا۔

کاشْغَری سُفیدَہ سک ش، فت غ، ضمہ س، ے

لین، فت د۔ امذ۔ رک: سُفیدَہ۔

کاشی پَھل ی مع، فت پھ۔ امذ۔ میٹھا گھیا، پیٹھا۔

کاظِم کس ظ۔ صف۔ چھپانے والا، صابر ضابط (غصّہ کو) پی جانے والا [ع: کاظِم الغیظ]۔

کاغَذ فت غ۔ امذ۔ ورق جس پر لکھتے چھاپتے ہیں یا اسی قسم کے لکڑی وغیرہ کے گودے سے بنائے ہوئے تختے جو چیزوں کو باندھنے، لپیٹنے وغیرے کے کام آتے ہیں، قِرطاس؛ دستاویز صف **کاغَذی** (سک غ) کمزور، کاجو بوجھو؛ مصنوعی، بے اہمیّت، بے اثر (کارروائی وغیرہ)،پتلے چھلکے والا (اخروٹ بادام لیمو وغیرہ)۔

کافِر کس ف۔ صف۔ نہ ماننے والا، مُنکر؛ ظالم (اکثر محبوب کے لیے مستعمل)؛ کافرستان کا باشندہ۔ شاذ **کافِر**۔امث **کافری**۔

کافُور و مع۔ امذ۔ ایک نباتی گوند، سفیدی مائل تیز خوشبودار، مختلف کیمیائی صورتوں میں، خصوصاً کِرم کش دوا کے طور پر مستعمل۔ ف ل **کافُور ہونا**، غائب۔ نظروں سے دور ہونا۔ (کافور ہوا میں تحلیل ہو جاتاہے)۔ صف **کافُوری** سفیدی مائل یا ہلکا زرد رنگ؛ کافور سے مرکب یا کافور ملا کر بنایا ہوا م: کافوری مرہم۔

کافّۃُ اَلنّاس شد فت ف، ضمہ ت، ا ل غم۔ ج مذ۔ سب لوگ، کُل مخلوق۔

کافی امث۔ سندھی پنجابی سرائیکی شاعری کی ایک غنائی صنف جس کی کوئی مخصوص ہیئت نہیں، عموماً چھندوں یا بیتوں کی شکل میں عارفانہ کلام، نیز **وائی**؛ موسیقی کا ایک ٹھاٹھ، نیز راگ۔

کاک امذ۔ آٹے کی سِکی ہوئی گول چپٹی ابھرے کناروں کی ٹکیا، ایک طرح کا بسکٹ [ف کاک، قب انگ: کیک]۔

کاکاتُوا ضمہ ت۔ امذ۔ توتے کی ایک قسم، کلغی دار، سفید یا رنگدار بڑا توتا۔

کاک ریزی ے مج۔ صف۔ سیاہی مائل گھرا اودا رنگ۔

کاکڑا سک ک۔ امذ۔ سانبھر کی قسم کا ایک ہرن

کاکڑا سِینگی (ی مع، غنہ) ہرن کے سینگ سے ملتی ایک پھلی دواءً مستعمل (لاط: Rhus Succedanea)۔

کاکُل ضمہ ک۔ امذ/ ج مذ۔ بالوں کی لٹ یا لٹیں؛ بالوں کی بل کھائی ہوئی لڑ۔

کاگ (۱) امذ۔ کوّا، کُلاغ؛ نیز **کاگا**۔

کاگ (۲) امذ۔ بوتل کا منہ بند کرنے کا ترشا ہوا ٹکڑا جو ایک درخت کی چھال ہے۔ [انگ: Cork]۔

کال (۱) امذ۔ وقت، سَمے؛ قحط، سوکھا۔[اصلاً س: اکال = برا وقت]۔

کال (۲) سابقہ۔ کالا کالی کی تخفیف۔ م: **کال کوٹھڑی**؛ **کالٹین** کالے آدمی پر پھبتی۔

کالا (۱) صف۔ سیاہ فام۔ نیز **کالا بھَٹ** بہت کالا، برا، قبیح م: **کالا جادُو** سفلی عمل۔ بطور امذ۔ ناگ۔مرکب اضافی؛ **کالا پانی** سمندر، سمندر پار قید کی سزا۔ مث: **کالی** م: **کالی جُمعَرات** کبھی نہ آنے والا دن۔ **کالی زبان** منحوس بول بولنے والی زبان جس کی کہی ہوئی بری بات سچ ہو جائے۔

کالا (۲) امذ۔ سامان، مال و متاع۔

کَالْعَدَم فت ک، ا غم، سک ل، فت ع د۔ صف۔ نیست و نابود، نہ ہونے کے برابر، مَنسُوخ، موقوف۔

کالْبُد سک ل، ضمہ ب۔ امذ۔ جسم، ڈھانچا، قالب۔

کالَک فت ل۔ امث۔ سیاہی؛ سیاہ دھبّہ؛ (مجازاً) عیب، بدنامی کا داغ، نیز **کالَک کا ٹِیکا** (ی مع) نیز **کالکھ**۔

کالی مِرْچ کس م، سک ر۔ رک: فِلفِل سیاہ۔

کام (۱) امذ۔ مصروفیت، مشغلہ، کاج، کارج؛

مزدوری، نوکری؛ ہنر، پیشہ۔ صف **کامی** محنتی۔
کام (۲) امذ۔ قوت مردمی، خواہش نفسانی، شہوت؛ محبت۔ (ہندو صنمیات) **کام دیو** (ومج) عشق کا دیوتا۔
کام (۳) امذ۔ مراد، تمنا، مقصد۔ مر: **کامیاب، کامگار، خُوش کام** اپنے مقصد کو پانے والا، **تَلخ کام** محروم، ناکام۔
کام دانی امث۔ کپڑے وغیرہ پر سنہری روپہلی تاروں سے بیل بوٹے بنانے کا ہنر۔ صف **کام دار** کامدانی سے سجایا ہوا کپڑا، جوتا ٹوپی وغیرہ۔
کامِل کس م۔ صف۔ پورا، مکمّل؛ تمام، سب کا سب؛ صاحب کمال۔
کامنا سک م۔ امث۔ خواہش، تمنا۔
کامنی سک م۔ صف، مث۔ نازک اندام، نازنین۔
کامُون و مع۔ امذ۔ زیرہ امث۔ **جُوارِشِ کامُونی** ایک چاشنی دار ہاضم اجزا کا مرکّب یا چٹنی۔
کان (۱) امذ، امث۔ وہ عضو جس سے سنتے ہیں، آلۂ سماعت، گوش، اُذن؛ کان کا ایک زیور۔ امث۔ ٹیڑھ (چارپائی وغیرہ کی)۔ محاورۃً نصیحت، عبرت، م: آئندہ کے لیے کان ہو گئے۔ ف **کان پکڑنا** توبہ کرنا **کان کھانا** بکواس، جھک جھک کرنا۔ **کانوں کا کچّا** افواہ یا غیبت پر جلد یقین کرنے والا۔ م ف **کانوں کان** (رک)۔
کان (۲) امث۔ وہ پہاڑ یا زمین جہاں سے دھاتیں کھود کو نکالی جاتی ہیں۔ معدن، کھان۔ مرکب توصیفی **کان کَن** (فت ک) امث **کان کَنی** (فت ک) [ف: کان س: کھان]۔
کانا باتی امث۔ چپکے سے کہنے کی بات، کان میں چپکے سے بات کرنا۔ نیز **کانا گوشی**، کُھسر پُھسر؛ بچّوں سے کانا باتی کانا باتی کہہ کر ان کا کان پاس لانا اور پھر زور سے کُرّ کی آواز نکالنا جو ایک طرح کی تفریح ہے۔
کانْپ غنہ۔ امث۔ پتنگ کی قوس نُما تیلی۔
کانْت سک ن۔ امذ۔ شوہر، پتی؛ چاند؛ بعض دیوتاؤں یا شری کرشن کی طرف کنایہ۔ نیز عوام **کَنْتھا** شوہر، محبوب، ساجَن۔
کانْٹا ا مغ۔ امذ۔ نوک دار روئیدگی جو بعض نباتات میں ہوتی ہے، خار، سُول؛ کوئی نوک دار یا کھٹکنے آزار دینے والی شے یا شخص؛ کوئی نوک دار آلہ یا اوزار؛ کھانا کھانے کا تین چار نوکوں والا چمچہ نما چھری کے ساتھ کا آلہ؛ چھوٹی ترازو جس سے قیمتی اشیاء یا دواؤں کے اجزا تولتے ہیں۔
کانْجی امغ۔ امث۔ زیرہ، نمک، لہسن، اجوائن، تیل وغیرہ سے بنا ہوا ایک ترش محلول، کھانے میں ذائقے یا اچار کے پانی کے طور پر مستعمل۔
کانْجی ہاؤُس امغ، ضمہ ء، و غم۔ امذ۔ آوارہ مویشیوں کا باڑہ جہاں سے وہ جرمانہ دے کر چُھڑائے جا سکتے ہیں۔ پنجرا پول [انگ: Catching house کی تارید]۔
کانْچ امغ۔ امذ۔ شیشہ، خصوصاً پتلا، کچّا شیشہ؛ امث: بڑی آنت کا نچلا حصہ۔
کانْدھا امغ، دھ۔ امذ۔ شانہ، نیز **کَنْدھا**۔
کانْڑا ا مغ۔ صف۔ جس کی ایک آنکھ پھوٹی ہو، یک چشم، نیز فصیح **کانا**۔
کانْس ا مغ۔ امث۔ مرطوب زمین میں پیدا ہونے والا ایک پودا جس کا پھول سفید اون کے ریشوں کی طرح ہوتا ہے۔ (لاط: Cox Barbata)۔
کانِس فت ن۔ امذ۔ دیوار میں ابھرا ہوا طاق نما افقی اُبھار، کنگنی، کگر۔ [انگ: کارنس]۔
کانْسی امغ۔ امث۔ پیتل اور تانبے کا مرکّب۔
کانْگڑی غنہ، سک گ۔ امث۔ آگ تاپنے کی مٹّی کی چھوٹی انگیٹھی۔

کانُوں و مع۔ امذ۔ بھاڑ، بھٹّی، چولھا۔
کانُوں کان ومج، غنہ۔ م فہ ایک شخص سے دوسرے شخص کے کان تک (خبر پہنچنا)۔ (بول چال)
کانُوں کان خَبر نہ ہُوئی مطلق نہیں سنا، افواہ تک نہ پہنچی۔
کاوْ کاوْ سک و۔ امث۔ کاوش، جستجو، کریدنا؛ کُرید۔ حاصل مصدر کاوِش (کس و)۔
کاوا امذ۔ چکّر، گردش، گھوڑے کو پھرانا، کاوا/ کاوے کاٹْنا گردش کرنا، پھیر کھا کر جانا۔
کاہ امث۔ تِنکا، سوکھی گھاس۔ مرکبات: کاہ کَشاں رک: کہکشاں۔ کاہ گِل رک: کَہگِل۔ تص: کہہ م: کَہْرُبا۔
کاہِش کس ہ۔ امث۔ تخفیف، انحطاط، گُھلنا، گھٹنا۔
کاہِن کس ہ۔ امذ۔ فال گو، جادو گر، غیب داں امث کہانَت۔
کاہُو ومع۔ امذ۔ سلاد، اور سلاد کے بیج (لاط: (Terminalia Arjuna; Lactuca)۔
کاہی ی مع۔ صف گہرا سبز (رنگ)۔
کاہِیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ گھٹایا، گُھلایا ہوا، دبلا، لاغر۔
کاہے کو ے مج، ومج۔ م فہ کلمۂ استفہام کس لیے، کیوں۔
کائی امث۔ پانی کی سطح پر یا سِیل سے پیدا ہونے والی سبز روئیدگی۔
کائِیّاں کس ء، شد ی۔ صف۔ (بروزن کامنا)۔ چالاک، چلتا پرزہ۔
کایا (۱) امث۔ جسم، بدن۔ مرکّب اضافی کایا کَلَپ تجدید، جسم کی تبدیلی؛ شباب۔
کایا (۲) امث۔ مَینا، ایک پرندہ جو انسانی بولی کی نقل سیکھ لیتا ہے۔
کایَستھ فت ی، سک س تھ۔ ایک ہندو ذات جس کے لوگ فارسی نوشت و خواند سے آشنا اور منشی گیری سے خاص مناسبت رکھتے تھے اور ان میں سے بہت سے ادیب بھی ہوئے ہیں۔
کَب (۱) فت ک۔ امذ۔ شاعر کے لیے قدیم لفظ کَوی کی بدلی ہوئی شکل امث کَبِت شاعری، کَوِتا۔
کَب (۲) حرف استفہام، کس موقع پر، کس وقت، نیز بطور استفہام انکاری؛ ہر گز نہیں؛ م: میں کب جانے دوں گا = ہرگز نہیں جانے دوں گا۔
کُب ضمہ ک۔ امذ۔ کمر کا جُھکاؤ (ضعیفی یا کسی روگ کے سبب) کُبڑا پن۔
کَباب فت ک۔ امذ۔ قیمے سے یا قیمے کو پیس کر بھون کر یا تل کر بنائے ہوئے کئی طرح کے مسالے دار گولوں، ٹکیوں، قلموں وغیرہ کا نام۔ امذ۔ کَبابی کباب بنانے والا؛ کبابوں کا شوقین (خصوصاً شرابی کا تابع)، شرابی کبابی = عیاش۔
کَبادَہ فت ک د۔ امث۔ تیر اندازی کی مشق کے لیے پتلی کمان۔
کَباڑ فت ک۔ امذ۔ بےکار یا ٹوٹا پھوٹا سامان۔
کَباڑی متروکہ سامان خریدنے اور بیچنے والا؛ نیز کباڑیا۔
کَباڑا فت ک۔ امذ۔ بربادی، تباہی، سامان یا کام کا سخت نقصان۔
کَبِت فت ک، سک ب۔ امذ، امث۔ شعر، شاعری، صف (قدیم) کَب شاعر [س: کاوِیہ، کَوی]۔
کَبِد فت ک، کس ب۔ امذ۔ جگر، کلیجا۔
کَبَڈّی فت ک ب، شد ڈ۔ امث۔ ایک کھیل جس میں درمیان میں کھینچی ہوئی حد یا پالے کے دونوں طرف برابر تعداد میں کھلاڑی ہوتے اور ایک ایک کر کے سانس روک کر "کبڈی" یا کوئی بول بولتےہوئے دوسری حد میں جاتے ہیں اور کسی کو چُھو کر واپس آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر کوئی سانس ٹوٹنے سے پہلے نہ آ سکے اور پکڑ لیا جائے تو وہ خارج یا "مرا

ہوا" قرار دیا جاتا ہے، ورنہ جسے وہ چھو کر سانس ٹوٹے بغیر لوٹ آئے، ہَرا یا مرا ہوا یعنی کھیل سے خارج ہوگا۔

کِبْر کس ک،سک ب۔ امذ۔ غرور، تکبّر، اپنی بڑائی کرنا۔

کِبَر کس ک، فت ب۔ امذ۔ بڑھاپا، نیز **کِبَر سِنی** (کس س)۔

کَبْرا فت ک، سک ب۔ صف۔ دورنگا، سیاہ و سفید، نیز **چتکَبْرا**۔

کُبْریٰ ضمہ ک، سک ب، ی غم۔ اکبر کی تانیث، بہت بڑی، عظیمہ۔ م: رومۃ الکُبریٰ روم کی قدیم سلطنت۔

کِبْریا کس ک، سک ب، کس ر۔ امذ۔ عظمت، شکوہ؛ مراد: اللہ تعالےٰ۔ اکیف **کبریائی** خدائی، اُلوہیت۔

کِبْریت کس ک، سک ب، ی مع۔ امث۔ گندھک، **کِبْریتِ اَحْمَر** سرخ گندھک، مراد نایاب شے۔

کَبْک فت ک، سک ب۔ امث۔ چکور **کَبکِ دَری** ایک خاص کوہستانی چکور [ف نیز: کَبَک]۔

کَبُود فت ک، و مع۔ صف، امذ۔ نیلا، نیل۔ نیز صف **کَبُودی**۔

کَبِیدَہ فت ک، ی مع، فت د۔ صف۔ رنجیدہ، آزردہ، امث۔ **کَبِیدگی**۔

کَبِیر فت ک، ی مع۔ صف۔ بڑا، بزرگ۔ ج **کبائر** (فت ک، کس ء) بڑے لوگ، زُعماء صف امث **کَبِیرَہ** (ک بی رَ) **سَیِّئاتِ کَبِیرَہ؛ گُناہِ کَبِیرَہ** (بجائے کبیر، غلط العام)۔

کَبِیسَہ فت ک، ی مع، فت س۔ امذ۔ اندھا کواں؛ لَوَند یا لِیپ کا مہینہ۔

کُپّا ضمہ ک، شد پ۔ امذ۔ شیشے یا چمڑے کا پھولا ہوا ظرف۔ تص **کُپّی**۔

کَپاس فت ک۔ امث۔ خام رُوئی۔ صف **کَپاسی** ہلکا کافوری رنگ۔

کَپال فت ک۔ امث۔ کھوپڑی۔

کَپَڑچھن فت ک پ، سک ڑ، فت چھ۔ امث۔ کپڑے سے باریک چھاننا۔

کَپڑوں سے (ہونا) فت ک، سک ہ، ومج۔ محاورہ، صف، مث۔ م فـ ایّام حیض میں مبتلا۔

کَپْکَپانا فت ک، سک پ۔ ف ل۔ کانپنا، لرزنا، اسم کیفیت مث **کَپْکَپاہٹ/ کَپْکَپی** تھرتھراہٹ۔

کَپُوت فت ک، و مع۔ امذ۔ نالائق بیٹا۔

کَپُور فت ک، و مع۔ امذ۔ کافور صف **کَپُوری** م: **کپُوری پان** سفیدی مائل زرد رنگ کا چھوٹا پان کا پتہ، بیگمی پان۔

کَپُورا فت ک، و مع۔ امذ۔ ذبح کیے ہوئے جانور، بکرے وغیرہ کا خصیہ۔

کَپول فت ک، ومج۔ امذ۔ گال، کلّا۔

کِتاب کس ک۔ امث۔ لکھے یا چھپے ہوئے کاغذوں کا مجموعہ، صحیفہ، جِلد، مجلّد؛ فرد، رجسٹر۔ امذ۔ **کتاب کا کِیڑا**، کتاب کو چاٹنے والی دیمک یا کِرم، کنایتہً بہت پڑھوَیّا شخص۔ **اَہْلِ کتاب** (فت مج ا، کس مج ل) صحائف سماوی پر ایمان رکھنے والے غیر مسلم۔ ج **کُتُب** (ضمہ ک ت) صف **کِتابی** لنبوترا چہرہ وغیرہ؛ کتاب سے متعلق۔ مرکب مذ۔ **کتاب خانہ/ کُتُب خانَہ** لائبریری۔

کَتّان فت ک۔ امذ۔ ایسا روایتی نفیس و نازک کپڑا جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ چاند کی روشنی میں چاک ہو جاتا تھا۔

کَتارا فت ک۔ امذ۔ اِملی کی کچی پھلی۔

کَتْبَہ فت ک، سک ت، فت ب۔ امذ۔ خوشخط لکھی یا پتھر پر کھودی ہوئی عبارت۔

کَتْخُدا فت ک، سک ت، ضمہ خ۔ صف۔ شادی شدہ مرد۔ امث۔ **کَتْخُدائی** نیز کَد خُدا، کَد خُدائی۔

کَتَر بیونْت فت ک ت، سک ر، ے مج، و غم، غنّہ۔ امث۔ کاٹ چھانٹ، کپڑے کو سلائی کے لیے تراشنے

سے پہلے ناپنا، اندازہ کرنا کہ کیونکر تراشا جائےگا، انداز کرنا۔

کتْرانا فت ک، سک ت۔ ف ل۔ بچ کر، طرح دے کر نکل جانا، الگ تھلگ رہنا۔

کتْرن فت ک، سک ت، فت ر۔ امث۔ دھجّی، کپڑے کی تراش سے بچا ہوا ٹکڑا۔

کتَرنا فت ک ت، سک ر۔ ف م۔ تراشنا،کاٹنا، قینچی چلانا۔ صف **کتَرواں** ترشا ہوا یا ترشی ہوئی م: کترواں موچھیں یا ڈاڑھی۔

کُتَرنا ضمہ ک، فت ت، سک ر۔ م ف۔ دانت سے کاٹنا۔

کتَرنی فت ک ت، سک ر۔ امث۔ قینچی (متروک)۔

کتَّل فت ک، شد فت ت۔ امث۔ پتھر یا اینٹ کا چپٹا ٹکڑا، جو درز بندی کے لیے استعمال کیا جائے۔

کِتْم فت ک، سک ت۔ امذ۔ چُھپانا، چُھپنا، نظر سے غائب ہونا۔ امث۔ **کِتمان**۔ (کس ک، سک ت) پوشیدگی، پردہ داری۔

کتیرَہ فت ک، ی مع، فت ر۔ امذ۔ ایک درخت کی جمی ہوئی ریزش یا گوند دواءً مستعمل (لاط: Tragacanth)۔

کتَھا فت ک۔ امث۔ کہانی، بیان، رُوداد، امذ۔ **کتَھن** کہنا، بیان کرنا۔

کتّھا فت ک، شد تھ۔ امذ۔ کھیر نامی درخت کی چھال کو جوش دے کر بنائی ہوئی پپڑی جسے گھول کر پان پر لگاتے ہیں۔

کٹا چھَنی فت ک چھ۔ امث۔ شکر‌رنجی، تکرار [س: کٹ اَکشن، ٹیڑھی نظر سے دیکھنا]۔

کَٹ حُجّتی فت ک، ضمہ ح، شد فت ج۔ امث۔ فضول بحث۔

کٹّر فت ک، شد فت ٹ۔ صف۔ سخت، متعصب، متشدّد۔

کٹْڑا فت ک، سک ٹ۔ امذ۔ بھینس کا نر بچّہ مث **کٹْھیا**۔

کٹکٹانا کس ک، سک ٹ، کس ٹ۔ ف ل م۔ دانتوں کا بجنا،دانت پر دانت پے در پے مارنا۔

کٹَکنا ضمہ ک، فت ٹ، سک ک۔ ف م۔ دانت سے میوے کا چھلکا توڑ کرگری نکالنا،چونچ مار کر یا دانت سے دبا کر توڑنا نیز **کُھٹَکنا**۔ امث **کٹکی** دھاگے ڈور وغیرہ پر دانت یا گھسنے کا نشان۔

کُٹَم ضمہ ک، فت ٹ۔ امذ۔ کُنبہ، گھرانا، نیز **کُٹمب** (ضمہ ک، فت ٹ، سک م)۔

کُٹْنا ضمہ ک، سک ٹ۔ امذ۔ عورتوں کو ورغلا کر بد راہ کرنے والا؛ جاسوس؛ ادھر کی اُدھر لگانے والا۔ امث۔ **کُٹْنی**، اسم کیف مذ۔ **کُٹناپا**۔

کُٹّی ضمہ ک، شد ٹ۔ امث۔ مویشیوں کا گنڈاسےسے کٹا ہوا چارہ؛ اظہار شکایت کے طور پر عارضی قطع تعلّق، خصوصاً بچّوں کا آپس میں۔

کٹیلا فت ک، ی مع۔ صف۔ نوکدار، بانکا، صف مث۔ **کٹیلی**۔

کُٹھالی ضمہ ک۔ امث۔ سُناروں کی پیالی جس میں سونا چاندی پگھلاتے ہیں۔

کٹھ پُتلی فت ک، سک ٹھ، ضمہ پ، سک ت۔ امث۔ لکڑی کی گڑیا یا گڈا؛ (کنایتہً) وہ شخص جو دوسروں کے ہاتھوں میں کھیلے، اپنی مرضی کا مختار نہ ہو۔ جس طرح کٹھ پتلیوں کی ڈوری پتلی کا تماشا دکھانے والے کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

کُٹھلا ضمہ ک، سک ٹھ۔ امذ۔ کوٹھی کی تصغیر، اناج کا کھتہ۔

کٹھوَر فت ک، و مج۔ صف۔ سخت دل، ظالم۔ اکیف مذ۔ **کٹھورپن**۔

کٹَھن فت ک ٹھ۔ صف۔ کڑا، دشوار، سخت، مشکل۔ امث۔ **کٹھنائی** ،[اصلاً: س: کٹِھن]۔

کَثافَت فت ک فد امث۔ گاڑھا، غلیظ، غیر مصفیٰ ہونا، بھونڈا، بھدّا ہونا، لطافت کی ضد۔ **کَثِیف**۔
کَثْرَت فت ک، سک ث، فت ر۔ امث۔ زیادتی، وفور، افراط، صف **کَثِیر** تعداد میں بہت۔ مروصفی **کَثِیرُ الْعِیال** (کس ع) جس کی اولاد بہت ہو، جس کا کنبہ بڑا ہو۔
کَج فت ک۔ صف۔ ٹیڑھا، ترچھا، راہ راست سے بھٹکا ہوا۔ مروصفی امث **کج اَدائی** بے رُخی؛ **کَج اَخلاقی** برے طور طریق، بدتہذیبی، اکھڑ پن، نیز **کَج خُلقی**، **کَج رَوی** غلط چال یا چلن؛ **کَج فَہمی** سمجھ کا پھیر، غلط سوچ بچار؛ اسم کیف مث **کَجی** ٹیڑھ، ٹیڑھا پن۔ صف۔ **کَج مَج بیان** جس کی بات سمجھ میں نہ آئے یا مربوط معقول نہ ہو، جسے بیان پر قدرت نہ ہو۔
کَجْری فت ک، سک ج۔ امثد ایک گیت جو برسات میں گایا جاتا ہے۔
کَجْلانا فت ک، سک ج۔ ف ل۔ سیاہی مائل ہو جانا؛ سنْولانا؛ چمک دمک کھو دینا۔
کَجْلَوٹی فت ک، سک ج، و لین۔ امثد کاجل کی ڈبیا۔
کُچ ضمہ ک۔ امذ۔ پستان، بھٹنی، چُوچی۔
کَچّا فت ک، شد چ۔ صف۔ خام، نیم رس، ناپختہ؛ ادھورا؛ بن پکایا۔ صف:کھسیانا۔
کَچّا چِٹّھا فت ک، شد چ، کس چ، شد ٹھ۔ امذ۔ خفیہ، نجی حساب یا کھاتہ؛ صحیح احوال، حقیقت حال۔
کَچ دَھات فت ک، سک چ۔ امث۔ کچّی دھات جسے دوسرے اجزا کی آمیزش سے پکّا نہ کیا گیا ہو، لوہ چُون۔
کَچالُو فت ک، ومع۔ امذ۔ اروی کی طرح کی ایک ترکاری (لاط: Arun colicasia)؛ پر مختلف پھلوں ترکاریوں کی چاٹ۔

کَچْری فت ک، سک چ۔ امث۔ چھوٹی پھوٹ یا پھونٹ (لاط: Musk Melon)۔
کَچْکِچانا کس ک، سک چ، کس ک۔ ف ل۔ دانت پیسنا، جبڑے کا پورا زور لگانا جیسے کچ کچا کر کاٹنا۔
کُچْلا ضمہ ک، سک چ۔ امذ۔ ایک درخت کا زہریلا پھل اور اس کے بیج (لاط: Nux Vomica)۔
کَچ لَہُو فت ک، سک چ، فت ل، ومع۔ امذ۔ مواد جو پھوڑے سے خارج ہو۔
کَچْنال فت ک، سک چ۔ امث۔ ایک پواد اور اُس کی کلی جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہے۔ (لاط: Bouhinia Purpuria)۔
کَچُور فت ک، و مع۔ امذ۔ ایک پودا جس کی جڑ میں ہلدی کی طرح گرہ ہوتی ہے جو دواءً مستعمل ہے۔ نیز **نَر کَچُور** (فت ن، سک ر) کچُور کی جڑ کالی ہلدی۔ ع؛ **زُرُنْباد** (زرُم باد)۔
کَچَوری فت ک، ولین۔ امثد ماش ئی دال ملے آٹے کی تلی ہوئی پھولی پھولی پوری، بیوڑ؛ مسالہ ملے آٹے کی خستہ دبیز ٹِکیہ، نیز **خَستہ کَچَوری**۔
کَچوَکا فت ک، ومع۔ امذ۔ چاقوؔ چبھونا، چاقو کا زخم۔ مجازاً: تیز ترش جملہ، دل دکھانے والی بات۔ امث **کَچوَکنی** ترکاریوں یا گوشت کے پارچوں کو گودنے کا آلہ۔
کَچُومَر فت ک، ومع، فت م۔ امذ۔ کھانے کے ساتھ رکھی جانے والی مختلف طرح سے تیار کی ہوئی سلاد کا نام، نیبو کے عرق میں کٹی ہوی پیاز وغیرہ۔ محاورہ **کَچُومَر بنانا/ نِکالنا** دھن کٹّی کرنا، جسمانی آزار دینا۔
کَچَہْری فت ک، فت مح چ، ہ ساکن۔ امث۔ عدالت۔
کَچْھوانْسی فت ا، سک چھ، امغ۔ امث۔ زمین کی پیمائش کا ایک پیمانہ، ۲۰۰ اسْوانسی کے برابر [س؛

کَکْھش + اَنْش]۔

کُحْل ضم مج ک، سک ح۔ امذ۔ سرمہ، انجن، انزروت، مرکب **کُحْلُ الْجَواہِر** (کُحْ لُل جَ واہِر) وہ سرمہ جس میں موتی پیس کر ملائے گئے ہوں۔

کَد فت ک۔ امث۔ پرخاش؛ محنت، کوشش مرکب **کَدّ و کاوِش** سخت زحمت کشی۔

کَدْخُدائی فت ک، سک د، ضمہ خ۔ رک؛ کَتخُدائی۔

کُدْکُڑا ضمہ ک، فت د، سک ک۔ امذ۔ اُچھل کود، چوکڑی۔

کَدُو فت ک، و مع۔ امذ۔ ایک بیل کا گول لنبوترا پھل جس کی کئی قسمیں ہیں، گھیا، لوکی، کدوے شیریں (لاط: Cucurbita Logenaria) **کَدُوے تَلْخ** کدو کی ایک قسم جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔ (لاط: Logenatia Vulgaris)۔

کَدُو دانَہ فت ک، ومع، فت ن۔ امذ۔ پیٹ میں پیدا ہونے والے ایک قسم کے کیڑے۔ نیز ایک جلدی بیماری جس میں گومڑے پڑ جاتے ہیں۔

کُڈْھَب ضمہ ک، فت ڈھ۔ صف۔ ٹیڑھا، بے ڈول، بدوضع۔

کَذا فت ک۔ م ف۔ ایسا، ایسا ہی، کسی قول کو نقل کرنے کے ساتھ تاکید کے لیے استعمال ہوتا ہے مراد نَقل کَالاَصل [ع: **کَذالِک** کی تخفیف]۔

کَذّاب فت ک، شد ذ۔ صف۔ کاذب کا صیغۂ مبالغہ، بہت جھوٹا، امذ **کِذب** جھوٹ۔

کَر (۱) فت ک۔ امذ۔ ہاتھ؛ ٹیکس، محصول، تاوان؛ ہاتھی کی سونڈ؛ روشنی کی کرن؛ اولا، پتھر۔

کَر (۲) فت ک۔ صف، مذ ، مث۔ بہرا، سننے سے معذور، اَصَمّ، ج: صمّ۔

کَر (۳) فت ک۔ امذ، امث۔ شان و شکوہ، قوت صَلابَت؛ حملہ آوری۔ مرکب **کَرّو فَر** (کَرّ وَ فَر) شان و شوکت۔ صف **کَرّار** دشمن پر بار بار چڑھ چڑھ کر آنے والا۔

کَرارا فت ک ر۔ صف۔ خَستہ؛ نرم لجلجا پچپچا کی ضد؛ زور آور۔ مث۔ **کَراری** اسم کیف مذ **کَرارا پَن**۔

کَراڑا فت ک۔ امذ۔ دریا کا اونچا کنارا۔ نیز **کَڑاڑا**۔

کُرّاسَہ ضمہ ک، شد ر، فت س۔ امذ۔ کاغذوں کا دستہ؛ کتاب کا جز۔

کِرام کس ک۔ ج مذ۔ کریم کی جمع، شُرفا، عمائد۔

کِراماً کاتِبین ضمہ ک، م تن بفت، کسمج ت، ے لین۔ تثنیہ۔ دو بزرگ لکھنے والے، مراد وہ دو فرشتے جو انسان کے کاندھوں پر بیٹھے اس کے اعمال کا حساب لکھنے پر مامور خیال کیے جاتے ہیں۔ نیز ج **کراماً کاتِبین** (ی مع)۔

کَرامات فت ک۔ ج مث/ امث۔ اعجاز، چمتکار؛ کمال، معجزہ، خرق عادت، کرشمہ۔ **کَرامَت** کی جمع۔ نیز بطور واحد مستعمل۔

کَرامَت فت ک م۔ امث۔ بزرگی، شرافت؛ حیرت انگیز کارنامہ۔

کِراں کس ک، غنہ۔ امذ۔کنارا، حد، نیز **کَرانَہ** حد ساحل۔ مر عطفی **بیکِراں/ بے کِرانَہ** جس کا اور چھور نہ ملے۔ عام: **کَراں/ کَرانَہ**۔

کَرانْچی فت ک، ا مغ۔ امث۔ کُوڑا ڈھونے کی گاڑی۔

کَراہ فت ک۔ امث۔ دکھ میں منہ سے نکلنے والی آواز۔

کَراہَت فت ک ہ۔ امث۔ گھن آنا، طبیعت کی بدمزگی تنفر۔ صف: **کَرِیہْ** (فت ک، ی مع، ہ ساکن ملفوظ) جس سے گھن آئے، بدصورت، بدوضع، قابل نفرت۔نیز عام: **کَراہَت** [ع: **کَراهة**]۔

کَرْب فت ک، سک ر۔ امذ۔ تکلیف، بےچینی۔

کَرْبَڑا فت ک ب، صف دورنگا، سیاہ سفید، کَبْرا۔

کِرْپا کس ک، سک ر۔ امث۔ رحم، کرم، مہربانی [اصلاً : س: کْرِپا، سک ک، کس ر]۔

کَرْتار فت ک، سک ر۔ صف۔ کرنے بنانے پیدا کرنے والا، خالق، برہمّا، اِیشور۔

کَرْتَب فت ک، سک ر،فت ت۔ امذ۔ ہُنر،شعبدہ [س: کرتّوٗ ی]۔

کَرْتُوت فت ک، سک ر، و مع۔ ج مذ۔ کارَستانیاں، بُری حرکتیں۔

کَرْجُگ فت ک، سک ر، ضمہ ج۔ امذ۔ کام کرنے کا زمانہ، عرصۂ حیات۔

کِرْچ کس ک، سک ر۔ امث۔ پتلی تلوار نیز عام کِرَچ۔

کِرْچی کس ک، سک ر۔ امث۔ کسی چیز خصوصاً شیشے، چینی وغیرہ کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا یا ریزہ۔

کَرْچھا فت ک، سک ر، امذ۔ لوہے کا لمبے دستے کا پیالہ نما ظرف، جس میں مثلاً (بگھار دینے کے لیے) گھی وغیرہ کڑکڑاتے ہیں۔ تصغیر **کَرْچھی**۔

کَرَخْت فت ک ر، سک خ۔ صف۔ سخت، ناگوار شے یا بول۔ اکیف۔ **کَرَخْتَگی** (فت ک ر، سک خ ت)۔

کِرْدار کس ک، سک ر۔ امذ۔ طبعیت، خصلت جو طرز عمل سے ظاہر ہو، چلن، قُماش؛ کسی کہانی کا فرد۔

کِرْدگار کس ک، سک ر د۔ امذ۔ عالم غیب، مالک حقیقی، خداے برتر (نیز اصلاً ف: کِردگار)۔

کُرْسی ضمہ ک، سک ر۔ امث۔ اونچی نشست، بیٹھنے کی جگہ، جس پر ٹانگیں لٹکا کر بیٹھتے ہیں؛ عہدہ، منصب، اقتدار؛ نَسَبی سلسلہ، پیڑھی، پُشت، شجرہ؛ نیز امذ۔ **کُرْسی نامَہ**۔ (۲) تعمیرات، عمارت یا ستون کا پایہ جو اس کی بلندی میں اضافہ کرتا ہے، تھونی۔

کَرِشْمَہ فت ک، کس ر، سک ش، فت م۔ امذ۔ کمال کی بات، آنکھ کا اشارہ؛ ناز و انداز۔

کَرْکَرا (۱) کس ک، سک ر، کس ک۔ صف۔ جس کو منہ میں لینے سے دانتوں کے نیچے ریت کے ذرّے محسوس ہوں۔ امث **کِرکِری** اکیف مث۔ **کِرکِراہَٹ**۔

کِرکِرا (۲) کس ک، سک ر، کس ک۔ صف۔ کنکریلا، امث، **کِرکِری** ہتک، ہیٹی؛ امذ **کِرکِری تاش** ادنیٰ قسم کا زربفت جس میں ریشم کے تار زیادہ سنہری تار کم ہوں۔

کُرکُرا ضمہ ک، سک ر۔ صف۔ خستہ، کُرار؛ جیسے بکرے کے گوشت میں کان کی نرم ہڈی مث **کُرکُری** نیز **کُرَم کُرَم** (ضمہ ک، فت ر)۔

کِرکِری تاش رک: تاش، کِرکِرا۔

کِرکِری خانَہ کس ک، سک ر،فت ن۔ امذ۔ کباڑ خانہ۔

کَرْگَدَن فت ک، سک ر، فت گ د۔ امذ۔ گینڈا [ف، قب س: کھرگ دھینُو]۔

کِرَن سک ک، فت ر۔ امث۔ شعاع۔ ج **کِرنیں** (سک ر)۔

کَرگس فت ک گ۔ امذ۔ مردار خور پرندہ، گِدھ۔

کَرَم فت ک ر۔ امذ۔ مہربانی، عنایت، بخشش؛ شرافت بزرگی۔ مرکبّ عطفی **کَرَم نَوازِش**، اداے تشکر کا کلمہ (غلط العوام: کرام نوازی)۔

کِرْم کس ک، سک ر۔ امذ۔ کیڑا، دُود۔ **کِرْم پِیلَہ** (ی مع) ریشم کا کیڑا صف **کِرْم خُوْردَہ** (خُرد) کِرْ کھایا،بوسیدہ۔ [ف: کِرْم، س: کْرِمی]۔

کَرم فت ک، سک ر۔ امذ۔ نصیب، قسمت، مقدّر؛ کام، کاج: **کَرْمچاری** مزدور، کارکن۔

کَرَّمَ اللہُ وَجْہَہٗ فت ک، شد فت ر، فت م، ا غم، شد ل، ضم مج ہ، فت و، سک ج، فت ہ، ضم ہ مثل و مع۔ جملۂ دعائیہ۔ اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو با شرف کرے۔ سُنّیوں میں حضرت علی کے نام کے ساتھ

مستعمل۔

کَرَم کَلّا فت ک ر، فت ک، شد ل۔ امذ۔ بندگوبھی، کانٹھ گوبھی (لاط: Hiranium Piruoc)۔

کَرَن پُھول فت ک ر، سک ن، ومع۔ امذ۔ کان کا ایک زیور [س: کَرَنْ = کان]۔

کَرنا فت ک، ف ل، م و امدادی۔ عمل میں لانا، انجام دینا، ف/ ماضی: کیا، امر: کرو، کیجئیے۔

کَرنْجا فت ک ر، سک ن۔ صف۔ نیلگوں۔ مث **کَرَنْجی** م: کرنجی آنکھ؛ ایک خار دار پودا، جس کی پھلی اوربیج کیکر کے مشابہ ہوتے ہیں، باڑ لگانے کے لیے مستعمل (لاط: Mimosa Concunna)۔

کَرَنْجوا فت ک ر، سک ن۔ ج امذ۔ اناج کی بالوں کی ایک بیماری، کرنڈوا، اُستی۔

کَرَنْجوا فت ک ر، غنہ، سک ج۔ امذ۔ ایک کانٹوں دار جھاڑی کے پھل کی گٹھلی میں سے نکلنے والا سفید مغز یا گری دواءً مستعمل (ع: حَجَر الاولادہ ف: خایَۂ ابلیس، لاط: Delbergia Arborea) نیز **کَنْڈوا**۔

کِرَنْٹا کس ک، فت ر، سک ن۔ امذ۔ دیسی ماں سے انگریز کی اولا، اینگلو انڈین۔

کَرَنْڈ پَتّھَر ضمہ ک،فت ر، سک ن۔ امذ۔ ایک سخت پتھر جس پر چاقو وغیرہ کی دھار تیز کرتے ہیں (لاط: Ammonia Vesicatoria)۔

کَرنی فت ک، سک ر۔ امث۔ معماروں کا اوزار جس سے پلستر پھیرتے ہیں؛ کرنا کا ح م۔ عمل کام، م: جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ **کَرْنی کا پَھل** عمل کا بدلا۔

کَرُوبی فت ک، و مع۔ امذ۔ فرشتہ ج مغ۔ **کَرُو بیاں** (فت ک، شد ر، و مع، کس ب)ملائکہ۔ نیز **کَرّوبی، کَرّوبِیاں** (شد ر)۔

کَرْوَدْھ سک ک، ومج۔ امذ۔ غصہ، تیہا۔

کَرُوڑ فت ک، و مج۔ اسم عدد۔ سو لاکھ کا عدد یا ہندسہ۔ صف **کَروڑ پَتی** کروڑ روپے کا مالک، بہت متموّل۔ **کَروڑ گِیری** (ی مع) چُنگی کا محکمہ (دکنی اصطلاح)۔

کَروڑا فت ک، ومج۔ امذ۔ مقامی سرکاری حاکم، تحصیلدار، نگراں، نیز **کَروڑی**۔ کروڑ کا مالک؛ کر (محصول) اگھانے والا۔

کُرَہ ضمہ ک، فت ر۔ امذ۔ گولا، گول شے، **کُرۂ اَرْض** (کسمج ہ، فت ا، سک ر) زمین۔ صف **کُرَوی** کُرے جیسا، گول، مُدَوّر۔

کَرّہ فت ک، شد فت ر۔ امذ۔ بار، باری، مرتبہ، موقع، (کسی عمل کی تکرار کا)۔ ج **کَرّات** باریاں تکرار اعادہ۔ نیز **کَرّات وَ مَرّات**۔

کْرِیا سک ک، کس ر۔ امث۔ کام، ادائے رسم، **کْرِیا کَرَم** ہندو میّت کی آخری رسوم عام: **کِرْیا**۔

کُرْیال ضمہ ک، سک ر۔ امذ۔ پرندے کا اپنے بازو یا پروں کو کھجانا۔

کَرِیب فت ک، ے مج۔ امذ۔ چامدانی، باریک ہمرنگ بُناوٹ کے پھولوں کا سوتی یا ریشمی کپڑا۔

کُرِید ضمہ ک، ے مج۔ امث۔ جستجو، خلش، اُدھیڑ بُن، نیز (بول چال) **کُریدْنی**۔

کَرِیز فت ک، ے مج۔ امث۔ جانوروں کا پرانے پر جھاڑنا۔

کَرِیلا فت ک، ے مج۔ امذ۔ ایک ترکاری جس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے شکل لنبوتری چھلکا سبز کُھردرا (لاط: Memordica Numulus)۔

کَرِیم فت ک، ی مع۔ صف۔ بخشنے والا، بزرگ، سخی، اسمائے حسنیٰ میں شامل۔

کَرِیہ فت ک، ی مع، ہ ساکن ملفوظ۔ صف۔ مکروہ، بُرا، ناپسندیدہ۔ **کَرِیہُ الصَّوت** (ک ری ہُسْ سَوت) جس کی آواز بھیانک ہو۔ **کَرِیہُ الْمَنْظَر** (کَ ری ہُل مَنْ زَر) بدصورت، بدنما۔

کَڑا فت ک۔ صف۔ سخت، مشکل، کٹھن، امذ۔ دھات

کا حلقہ، ہاتھ کا زیور۔

کَڑاڑا فت ک۔ امذ۔ دریا کا اونچا کنارا؛ پہاڑ کی برفیلی چوٹی، پِھسلواں چٹان۔

کَڑاکا فت ک۔ امذ۔ زور کی آواز، تڑاقا، گرج، نیز **کَڑکا** صف، **کڑاکے کا/ کی** سخت، شدید م: کڑاکے کا جاڑا، کڑاکے کا فاقہ۔

کَڑاہی فت ک۔ امث۔ تلنے کا چوڑا گڑھے دار برتن جس کے دو طرف کُنڈے لگے ہوتے ہیں۔ مکبّر **کَڑھاؤ**۔

کَڑبَڑا فت ک، سک ڑ، فت ب۔ صف۔ چتکبرا، مث **کَڑبَڑی** م: کڑبڑی ڈاڑھی۔

کَڑک فت ک ڑ۔ امث۔گرج، رعد، بجلی کا کڑکا۔ نیز **کَڑکا/ کَڑاکا** گرج۔

کُڑک ضمہ ک، فت ڑ۔ صف۔ مرغی جو انڈے دینے چھوڑ دے؛ کنٹک آدمی جس سے کچھ وصول نہ ہو۔

کَڑکا فت ک، سک ڑ۔ امذ۔ رعد، گرج، بجلی کا کڑکا؛ بادشاہوں کی سواری کے آگے چلنے والے نقیب یا کڑکیت کی آواز جو اس کی بڑائی بیان کرتا اور ہوشیار، خبردار کہتا جاتاہے۔

کَڑکنال فت ک ڑ، سک ک۔ امث۔ چوڑے مُنہ کی توپ۔

کَڑکی فت ک، سک ڑ۔ امث۔ پٹّے بازی میں حریف کی دائیں پِنڈلی پر ضرب، قب: پالٹ = بائیں پنڈلی پر ضرب۔

کَڑوا فت ک، سک ڑ۔ صف۔ تلخ، بدمزا، ناگوار (شے)؛ بدمزاج، بے ملاحظہ (آدمی)۔ مث **کَڑوی** م: **کَڑوی روٹی**۔ میّت کے گھر میں ہمسایوں، عزیزوں کی طرف سے بھیجا جانے والا کھانا مث۔ **کَڑواہَٹ** (فت ہ) تلخی، ناگواری۔

کَڑیَل فت ک، سک ڑ،فت ی۔ صف۔ مضبوط کاٹھی والا، طاقتور م: **کَڑیَل جَوان**۔

کَڑھاؤ فت ک، ومج۔ امذ۔ بڑا آہنی ظرف جس میں کھانے کی چیزیں تلتے ہیں، یا مٹھائی وغیرہ بناتے ہیں، بڑی کڑاہی۔

کَژدُم فت ک، سک ژ،ضمہ د۔ امذ۔ بچّھو، عَقرب، نیز **کَجْدُم**۔

کَس (۱) فت ک۔ امذ۔ آدمی، شخص۔ امث۔ **کَس مَپُرسی** (فت م، ضمہ پ، سک ر) بےچارگی، تنہائی، جب کوئی حال پوچھنے والا نہ ہو۔ **کَس وَ ناکَس** ایرے غیرے، سب طرح کے لوگ۔

کَس (۲) فت ک۔ امذ۔ طاقت، زور م: **کَس بَل**۔

کَس (۳) فت ک۔ امذ۔ کیکر کی چھال جس سے رنگ بناتے ہیں۔

کَساد فت ک۔ امذ۔ کاروبار کی مندی کا زمانہ نیز **کَساد بازاری**۔

کَسالا فت ک۔ امذ۔ مشقّت، زحمت۔

کَساوا فت ک۔ امذ۔ سر کے بالوں کو باندھنے کا رُومال؛ چھوٹی شال، قصابہ، قناتی [ع: قُصّابہ = بانس کی نلکی، بالوں ک لڑ، یا از مص: کسنا]۔

کَسْب فت ک، سک س۔ امذ۔ سیکھنا، حاصل کرنا؛ کمانا؛ ہنر، پیشہ۔ صف **کَسْبی** کوشش سے حاصل کردہ؛ وہبی، موروثی کی ضد، نیز **اِکْتِسابی**۔

کِسْبَت کس ک، سک س، فت ب۔ امث۔ نائی کے اوزاروں کا صندوقچہ یا تھیلا۔

کَسْبی فت ک، سک س۔ امث۔ عصمت فروش عورت، رنڈی۔

کَسْتُوری فت ک، سک س، ومع۔ امث۔ مشک نافہ جو ایک خاص ہرن کے پیٹ سے حاصل ہوتا ہے، امذ۔ **کَسْتُوریا** (سک ر) وہ ہرن جس سے مشک نافہ حاصل کرتے ہیں۔

کَسْتی فت ک، سک س۔ امث۔ ایک پٹی یا پیٹی جو پارسی لوگ کمر میں باندھتے ہیں۔

کَسْر فت ک، سک س۔ امث۔ ٹوٹ پھوٹ، توڑنے کا عمل۔(ریاضی) عدد واحد (ایک) کا کوئی جز، ج کُسُور اکائی کے چھوٹے حصے؛ کمی، کوتاہی (ان معنی میں عام فصیح: کَسَر (فت ک س)۔

کَسْرَت فت ک، سک س، فت ر۔ امث۔ جسمانی ورزش۔ صف کَسَرتی جسمانی ورزش سے تیار کیا ہوا (بدن)۔

کَسْرَہ فت ک، سک س، فت ر۔ امذ۔ زیر جو حرف کے نیچے لگتا ہے، حرف کی وہ حرکت جس کے ادا کرنے میں جبڑا نیچے کی طرف جُھکتا ہے۔ م: کَسرۂ اِضافَت نسبت ظاہر کرنے کے لیے لگایا جانے والا زیر جو الفاظ کے درمیان ربط پیدا کرے۔

کَسَک فت ک س۔ امث۔ درد کی ہلکی لہر یا خفیف چبھن۔

کَسْ گر فت ک، سک س، فت گ۔ امذ۔ دھات کے برتن بنانے والا؛ نیز کمھار۔ [کاسَہ گر کی تخفیف]۔

کَسَل فت ک س۔ امث۔ سستی، کاہلی نیز کَسالَت/ کَسَلْمندی [ع + ف: مندی]۔

کُسُم ضمہ ک س۔ امذ۔ ایک پودا اور اس کا سرخ پھول جس سےسرخ رنگ بنایا جاتا ہے۔ گُل کاشفہ (س: کُسُمبھ؛ لاط: Carthamus Tinctorius) صف کُسُمبی۔ شہابی۔

کَسْمَسانا فت ک، سک س، فت م۔ ف ل۔ باربار پہلو بدلنا، جسمانی جنبشوں سے بےچینی اکتاہٹ بیزاری کا اظہار کرنا۔ امث کَسْمَساہَٹ۔

کَسْنا (۱) فت ک، سک س۔ امذ۔ دوہرے کپڑے کی سلائی کا گوٹ لگا گول بڑا تھیلی نما بٹوا جس کے دہانے کی گوٹ میں ڈوری پروی ہوئی ہوتی تھی جسے کھینچ کر کھولتے بند کرتےتھے۔ کتری ہوئی چھالیہ، میوہ وغیرہ رکھنے کے لیے خواتین استعمال کرتی تھیں؛ پاندان کا غلاف۔

کَسْنا (۲) فت ک، سک س۔ ف م۔ ڈوری رسّی وغیرہ کھینچ کر باندھنا، سختی سے باندھنے کے لیے ڈوری بند وغیرہ کھینچنا؛ جکڑنا؛ گِھسنا، رگڑنا م: کسوٹی پرکسنا؛ رکھنا، اُچھالنا۔ (محاورے میں) چُست کرنا، جَڑنا م: آوازہ کسنا۔

کِسْوَت کس ک، سک س، فت و۔ امث۔ لباس، پوشش، غلاف۔

کَسَوٹی فت ک، و لین۔ امث۔ ایک وزنی سیاہی مائل پتھر جس پر چاندی سونے کو گھس کر پرکھتے ہیں، عِیار۔ (مجازاً) معیار، پیمانہ؛ پرکھ۔

کُسُوف ضمہ ک، و مع۔ امذ۔ سورج گہن۔

کَسَیاؤ فت ک، سک س، ومج۔ امذ۔ تانبے کے مَیل یا تانبے کے برتن میں پکّی ہوئی چیز کا مخصوص کسیلا سا ذائقہ۔

کَسیرا فت ک، ے مج۔ امذ۔ تانبے پیتل کے برتن ڈھالنے والا، ٹھٹھیرا۔ کَسیرہَٹّا کس گروں کا بازار۔

کَسیرُو فت ک، ے مج، ومع۔ امذ۔ ایک پودے کی جڑ جو بیر کے برابر گول ہوتی ہے اور اس پر سیاہ ریشے یا بال ہوتے ہیں، چھیل کر اس کا سفید خوش ذائقہ گودا پھل کے طور کھاتے ہیں۔ (لاط: cyprus laberosus)۔

کَسیلا فت ک، ے مج۔ صف۔ پھیکے پھیکے سوکھے سوکھے ناگوار ذائقے والا؛ جس میں کَسیاؤ ہو۔ امذ کَسیل پَن۔ مث کَسیلی (کَ سے لی)۔

کُشاد ضمہ ک۔ امث۔ گرہ وغیرہ کا کُھلنا یا کھولنا۔ صف کُشادَہ (کُ شادَ) کُھلا ہوا، فراخ، وسیع۔ اکیف کُشادگی فراخی۔ کُشادَہ دلی خلوص، فیاضی۔

کَشّاف فت ک، شد ش۔ صف۔ کاشف کا صیغۂ تفضیل، کھولنے والا؛ ظاہر، آشکارا کرنے والا۔

کَشاکَش فت ک۔ امث۔ کھینچا تانی۔

کَشاوَرزی فت ک و، سک ر۔ امث۔ کھیتی باڑی،

کسان کا پیشہ۔ امذ کَشاوَرْز کسان۔

کُشائِش ضمہ ک، کس ـہ۔ امث۔ کھولنے کا عمل، خوش وقتی، [اصلاً: دِرْز، دراز]۔

کِشْت کس ک، سک ش۔ امث۔ کھیتی، شطرنج میں بادشاہ کا کسی مہرے کی زد میں آنا، شہ جو بادشاہ کو پڑے۔ امذ۔ **کِشْت کار** کسان۔ اکیف مث **کِشْت کاری**۔

کُشْتَم کُشْتا ضمہ ک، سک ش، فت ت۔ امث۔ ہاتھا پائی، آپس میں گُتھ جانا اور زور کرنا۔

کُشْتہ ضمہ ک، سک ش، فت ت۔ صف۔ قتل کیا ہوا، امذ۔ کیمیائی عمل سے پُھونکی ہوئی دھات عموماً دوا کے طور پر استعمال کے لیے۔ صف **کُشْتَنی** مرن جوگا، مار ڈالنے کے قابل، مردُود (بطور دشنام)۔

کَشْتی فت ک، سک ش۔ امث۔ سفینہ، تختوں سے بنی ہوئی پانی میں تیرنے والی سواری، کوئی شے جو شکل میں اس سے ملتی جلتی ہو؛ لَنبوتری طشتری یا سینی۔ نیز عام: **کِشْتی**۔

کُشْتی ضمہ ک، کس ش۔ امث۔ پہلوانوں کے داؤ پیچ، جسمانی قوت کا مقابلہ۔

کَشْٹ فت ک، سک ش۔ امذ۔ زحمت، تکلیف، صعوبت۔

کَشِش فت ک، کس ش۔ امذ۔ کھینچنے کا عمل، مقناطیسی قوت، قوت جاذِبَہ؛ میلان، رَبت، دلکشی؛ قلم سے کھینچی ہوئی لکیر، جیسے حرف ک کی کشش۔ **کَشِشِ اُنْبُوبِ شَعْری** (اُنْ بُوبِ شَعْ ری) بہت پتلی نلکی میں پانی کو عام ہموار سطح سے اوپر کھینچ لینے کی قوت۔ [ع: اُنْبُوب۔ نلکی۔ ج اَنابِیب]؛ **کَشِشِ ثِقْل** (کس ث) زمین کی اجسام کو اپنے مرکز کی طرف کھینچنے کی قوّت، کشش زمین، یہی جاذب قوت دوسرے اجرام میں بھی موجود اور مادّے میں ودیعت ہے۔

کَشْف فت ک، سک ش۔ امذ۔ کھولنا، ظاہر کرنا، پوشیدہ بات کو معلوم کر لینا۔ **کَشْفُ الْقُبُور** (کَش فُل قُ بُور) قبروں میں مُردوں کا حال معلوم کرنے کی مزعومہ قوّت یا کرامت۔

کَشْکُول فت ک، سک ش، ومج۔ امذ۔ بھیک کا کشتی نما پیالہ، کاسۂ گدائی [نیز اصلاً ف: گداگر]۔

کُشَل ضمہ ک، فت ش۔ صف۔ بخیر، خوش، مطمئن امث۔ **کُشَلْتا** خیریت، خوشی، خرّمی۔

کِشْمِش کس ک، سک ش، کس م۔ امث۔ ایک قسم کا چھوٹا کھَٹ مِٹھا بغیر بیجوں کا انگور جسے سکھا کر کھاتے ہیں [لاط: Racimus] صف **کِشْمِشی** ہلکا نسواری رنگ۔

کَشْمَکَش فت ک، سک ش، فت م ک۔ امث۔ کھینچا تانی، دشواری، جھمیلا؛ بکھیڑا۔

کَشْمیرا فت ک، سک ش، ومع۔ امذ۔ نرم اونی کپڑا، پشمینَہ۔

کِشْنیز کس ک، سک ش، ی مع۔ امذ۔ دھنیا (لاط: Coriandri fructus)۔

کُشُود ضمہ ک، ومع۔ امث۔ کُھلنا، کُشادگی، کھلی ہوئی حالت۔م **کُشُود کار** (کُ شودِ کار) کام بننا، مشکل حل ہونا۔

کِشْوَر کس ک، سک ش، فت و۔ امث۔ ملک، عملداری، علاقہ۔ **کِشْوَر کُشائی** ملک گیری، فتوحات۔

کَشی فت ک۔ فعل ناقص، بطور لاحقہ، بمعنی کھینچنا، م: رسّا کشی؛ برداشت کرنا،م: آزار، زحمت، فاقہ کشی، نوش کرنا،م: مے کَشی۔

کَشِید فت ک، ی مع۔ امث۔ نچوڑنے، کھینچنے، برآمد کرنے، اخذ کرنے کا عمل، جیسے عرق، عطر وغیرہ تعمّل، تخمیر جیسے شراب کی کشید۔

کَشِیدَہ فت ک، ی مع، فت د۔ صف۔ کھنچا ہوا؛

رنجیدہ، الگ تھلگ؛ دراز، لمبا امث **کَشِیدگی** کھنچاؤ، بے تعلقی۔امث **کَشِیدَہ کاری** سوئی کا کام، سوزن کاری۔

کَعْب فت ک، سک ع۔ امذ۔ ٹخنہ، پاؤں کا گٹّہ؛ پانسہ۔ **کَعبَتَین** دو شش پہلو پانسے جو بعض قسم کی قمار بازی میں ایک ساتھ پھینکے جاتے ہیں۔

کَعْبَہ فت ک، سک ع، فت ب۔ امذ۔ علم۔ مکعّب، شش پہلو شے یا تعمیر؛ بیت اللہ جو مکّے میں واقع ہے۔

کَعْک فت ک، سک ع۔ امذ۔ رک: **کاک** جس کی یہ معرّب شکل ہے۔

کَف فت ک۔ امذ۔ ہتیلی، تلوا، نیز **کَف دَسْت**، **کَفِ پا**؛ جھاگ، پھین م: **کَفِ دَریا**، **کَف دہاں**؛ مدافعت، روک۔ (عروض) رکن بحر کے آخری حرف کو گرانا جیسے فاعلاتُن سے فاعلات۔

کَف (۲) فت ا۔ امذ۔ آستین کے سرے پر دوہری پٹّی۔

کَفاف فت ک۔ امذ۔ کفایت کرنا، کافی ہونا۔ گزارے کے لائق وسیلۂ روزی۔

کَفالَت فت ک ل۔ امث۔ ضامن ہونا، ذمہ لینا، خرچ اٹھانے کی ذمہ داری، صف **کَفِیل** (ی مع)۔

کِفایَت کس ک، فت ی۔ امثہ کافی، حسب ضرورت ہونا؛ جُز رسی، ہاتھ روک کر خرچ کرنا۔ اکیف مث **کفایَت شعاری** (کس ش)۔

کَفْچَہ فت کَ، سک ف، فت چ۔ امذ۔ چپٹے مُنہ کا کفگیر جس سے کھرچنے کا کام لیا جا سکے ;نیز عام: **کَھپّچا**۔

کُفْر ضمہ ک، سک ف۔ امذ۔ منکر دین ہونا، بے دینی؛ ناشکری، نیز **کُفران** م: **کُفرانِ نِعمَت** احسان ناشناسی۔

کَفْش فت ک، سک ف۔ امثہ جوتا، جوتی، پاپوش۔

کَفْگِیر فت ک، سک ف، ی مع۔ امذ۔ دھات کا بنا ہوا لمبے دستے کا بڑا چمچہ، پتیلی یا پتیلے یا دیگ کا چمچہ۔

کَفَن فت ک ف۔ امذ۔ مردے کا بن سلا لباس۔ ف م۔ **کَفْنانا** مردے کو کفن پہنانا۔ امث **کَفنی** فقیروں کی چادر، کفن کا ایک حصہ جو جسم پر لپیٹا جاتا ہے بے آستین کا کرتا۔

کُفُوْ ضمہ ک، و مع، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ ایک قبیلے سے یا ہم نسب ہونا صف **کُفو** (ضمہ ک، سک ف، و بروزن کُفْو) ہم نسب، ہم قبیلہ، ہم رتبہ۔

کَکْرالی فت ک، سک ک۔ امث۔ بغل کی پُھنسی، بَغل بلائی۔

کُکَرمُتّا ضمہ ک، فت ک، سک ر، ضمہ م، شد ت۔ امذ۔ ایک قسم کی خُود رو نبات جس کی شاخیں نہیں ہوتیں، پتّے جڑ ہی سے پھوٹتے ہیں، بُوناگوار اور پھول زرد روئیں دار ہوتا ہے نیز **کُکروندا** (ضمہ ک، ولین) (لاط: Blumia Odorata)۔

کَکْرَوَندا فت ک، سک ک، ولین مغ۔ امذ۔ ایک ترش سرخی مائل زرد پھل، انگور کے برابر جو اچار ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ نیز عوام: **کَرَوَندا** (لاط: Carissa Corandas)۔

کُکَّڑ ضمہ ک، شد فت ک۔ امذ۔ ایک قسم کا دیسی تمباکو؛ تمباکو پینے کی چلم یا حقہ۔تصغیر **کُکڑی**۔

کُکْڑوں کُوں ضمہ ک، سک ک، و مع۔ نقل صوت۔ مرغے کی بانگ۔

کَکْڑی فت ک، سک ک۔ امث۔ کھیرے کی قسم سے ایک لمبی ترکاری، خِیار دراز (لاط: Cucumis Sativus)۔

کُکْڑی ضمہ ک، سک ک۔ امث۔ سُوت کی انٹی؛ بُھٹے کی گُلّی۔

کَکَوڑا فت ا، و مج۔ امذ۔ کریلے سے مشابہ ایک ترکاری (لاط: Memordica muricata)۔

کَگَر فت ک گ۔ امث۔ کسی برتن یا سطح کا قدرے ابھرا یا مڑا ہوا کنارا؛ دیوار کی کنگنی۔

کَل (۱) فت ک۔ امث۔ مشین، جنتر؛ کالا کی تخفیف۔ م؛ صف **کَلْ جِبّھا** کالی زبان رکھنے والا، جسکے منہ کی منحوس بات سچ نکلے۔ امذ۔ **کَل جَھواں** کلونس لیے ہوئے، سنْولا یا ہوا (رنگ)؛ **کَل مُنّہا** (مُ ہا)/ **کَل مُونْہا** (مُوں ہا) (بطور دشنام) کالے مُنہ کا یا ناپسندیدہ آدمی۔

کَل (۲) فت ک۔ امث۔ چین، آرام، اطمینان۔

کَل (۳) فت ک۔ امث۔ طرف، آج سے پچھلا یا اگلا دن؛ مستقبل، زمانۂ آئندہ۔

کُل (۱) ضمہ ک۔ امذ۔ خاندان، کُنْم۔

کُل (۲) ضمہ ک۔ صف۔سب، تمام؛ پورا؛ فقط، صرف؛ نیز **کُلُّہُم** سب ملا کر، لے دے کر (ع؛ جملہ میں حسب موقع کُلَّ یا کلَّ آئے گا)۔

کَلا فت ک۔ امث۔ فن، ہنر، کرتب، صف **کَلاکار** فنکار، تماشا گر، نیز **کَلاوَنْت** ماہر گویّا۔

کَلّا فت ک، شد ل۔ امذ۔ گال، عِذار؛ کونپل؛ لالٹین یا لیمپ میں بتّی کے جلنے اور چمنی جمانے کا خانہ، **کَلّا ٹَھلّا** ٹھسّا، رعب داب؛ دبنگ آواز۔

کَلّا فت ک، شد ل۔ حرف انکار۔ ہر گز نہیں مرعطفی **حاشا وَکَلّا، کَلَّ ثُمَّ کَلَّ** ہر گز ہر گز نہیں۔

کَلابَتُّون فت ک ب، و مع۔ امذ۔ سنہری یا روپہلی بٹا ہوا تار جو کارچوب میں ڈنڈیاں بنانے اور ستارے جمانے کے کام آتا ہے۔

کَلاسِکی کس ک س۔ صف۔ قدیمی، مانا ہوا، بلند پایہ، نستعلیق مزاج کا ادب یا فن؛(مغربی ادب میں) جدید یا رومانی کی ضد۔ اکیف مث **کَلاسِکیَّت** قدیم اکابرِ ادب کے مذاق کا ہم رنگ اور باوقار۔ [انگ: Classical]۔

کَلال فت ک۔ امذ۔ شراب فروش۔

کُلال ضمہ ک۔ امذ۔ کُمھار۔

کَلام فت ک۔ امذ۔ بات،گفتگو، قول؛ جُملہ، فقرہ؛ شاعری، سخنگوئی؛ شک، اعتراض۔ **عِلْم کَلام/ عِلْم الکَلام** (عِل مُل) منطقی دلائل سے دینی عقائد کی توجیہہ و تصدیق۔

کَلاں فت ک۔ صف۔ بڑا، اعلیٰ؛ اونچا؛ پہلا۔

کَلاوَہ فت ک و۔امذ۔ لچھا، انٹی، لال اور زرد رنگ کے دھاگوں کا لچّھا جس سے پراندے بھی بنتے ہیں۔

کُلاہ ضمہ ک۔ امذ۔ ٹوپی، وہ گنبد دار ٹوپی جس پر صافہ لپیٹا جاتا ہے؛ بالوں کی ٹوپی۔

کَلائی فت ک۔ امث۔ پہنچا، ہاتھ کا ہتیلی سے پچھلا حصّہ۔

کَلْب فت ک، سک ل۔ امذ۔ کتّا ج **کِلاب** صف **کَلِب** (فت ک ل) دیوانہ، کتّے کا کاٹا ہوا؛ حریص۔ امث **کَلْبِیَّت** مردم بیزاری، کھرا پن،تقشف، یونانی مفکر دیو جانس کَلبی سے منسوب مزاج و افتاد۔

کُلْب سک ک، فت ل۔ امث/ امذ۔ ہم مذاق، ہم مشرب ارکان کے باہمی ارتباط کا مقام، ادارہ یا انجمن [انگ]۔

کُلبلانا کس ک ب۔ ف ل۔ کیڑوں کا رینگنا، لوٹنا نیز **کِل بِل کرنا۔**

کُلْبُلانا ضمہ ک، سک ل، ضمہ ب۔ ف ل - بِل ُجل کر بے چینی کا اظہار کرنا، کَسمَسانا۔

کُلْبَہ ضمہ ک، سک ل، فت ب۔ امذ۔ کوٹھڑی، کُھنڈلا، بیرَ خانہ، گوشہ۔ مرکب **کُلبۂ اَحْزاں** (غمہ) غمکدہ (اَحزاں، حُزن کی جمع)۔ (تراکیب میں جزو اول کے طور پر ن صحیح)۔

کَلْبِیَّت فت ک، سک ل،کس ب، شد فت ی۔ رک؛ **کَلْب** کے تحت۔

کَلْپ فت ک، سک ل، امذ۔ ڈھنگ، انداز؛ (ہندو دیو مالا) برہما کا ایک دن جو ۸ آرب ۳۲ کروڑ برس کے برابر مانا جاتا ہے؛ جُز؛ فصل؛ وید کا ایک بھاگ یا حصہ جس میں قربانی کے طریقے درج ہیں۔

کَلْپانا فت ک، سک ل۔ ف م۔ دکھ دینا، ستانا، بے چین کرنا۔

کَلْپَنا فت ک، سک ل، فت پ۔ امث۔ تخیّل، تصوّر؛ قیاس، گمان۔

کِلْتا کس ک ، سک ل۔ امذ۔ کپڑے رکھنے کا جالی دار اوپر سے ڈھکنا اٹھا کر کھلنے والا الماری نما خانہ۔ میلے کپڑوں کی ڈولی۔ (غالباً انگ: Quilt kit)۔

کَلْجُگ فت ک، سک ل، ضمہ ج۔ امذ۔ ہندوانی روایت کے مطابق کائنات کا چوتھا اور آخری بُرا دَور۔ (س: کَلیگ)۔

کُلچا ضمہ ک، سک ل۔ امذ۔ میدہ ملی پھولی پھولی خمیری روٹی۔

کَلّر فت ک، شد فت ل۔ امث۔ بنجر، شور، زمین۔

کَلَس فت ک ل۔ امذ۔ گنبد، برجی وغیرہ کے اوپر عموماً دھات کی بنی ہوئی آرائشی کیل، ڈنڈی یا کلغی۔

کَلْغی فت ک، سک ل۔ امث۔ مرغ، مور اور بعض دیگر پرندوں کے سر پر بنا ہوا پروں کا تاج یا گُپھا۔ شاہی تاج پر لگے ہوئے آرائشی پر یا طرّہ۔ [ت: کلغی]۔

کَلَف فت ک ل۔ امذ۔ میدے یا چاول کی پیچ وغیرہ سے بنا ہوا کپڑوں کو کرارا رکھنے کے لیے لگایا جانے والا سیّال، ماوا۔

کُلْفَت ضمہ ک، سک ل، فت ف۔ امث۔ تکلیف، بے آرامی، رنجیدگی۔

کِلْک کس ک، سک ل۔ امذ۔ نرکُل کا قلم، قلم واسطی جسے نیزہ بھی کہتے ہیں۔

کِلْکار کس ک، سک ل۔ امث۔ خوشی کا نعرہ، وہ آواز جو فرط مسرت میں حلق سے نکلے، نیز **کِلْکاری**۔

کَلِمَہ فت ک، سک ل، فت م۔ امذ۔ بات، بول، لفظ؛ وہ عربی الفاظ جو اسلام قبول کرتے وقت منہ سے بولے جاتے ہیں یا مسلمان صبح اٹھنے کے بعد اور دیگر مواقع پر تبرکاً یا تجدید ایمان کے طور پر پڑھتے ہیں، الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ ان کی چھ شکلیں ہیں۔ **کَلِمۂ طَیِّبَہ، کَلِمۂ شَہادَت، کَلِمۂ تَمْجید، کَلِمۂ توحید، کَلِمۂ اِسْتِغْفار، کَلِمۂ رَدِّ کُفر**۔ صف **کَلِمَہ گو** کلمہ پڑھنے والا، مراد: مسلمان۔ ج **کَلِمات** الفاظ؛ کلمے۔ عام: **کَلْمَہ** مروصفی **کَلِمَۂ خَیر** بھلی بات؛ عموماً دعا یا سفارش کے لیے مستعمل۔

کُلَن ضمہ ک، فت ل۔ امث۔ کسی عضو میں دبی دبی بے چین کرنے والی تکلیف۔

کُلَنْج ضمہ ک، فت ل، سک ن۔ امذ۔ گھوڑا جس کی ٹانگوں میں کجی ہو۔

کَلَنْک فت ک ل، غنہ۔ امذ۔ داغ، دھبّا، **کَلَنک کا ٹیکا لگنا** رسوائی ہونا، عیب لگنا۔ (اصلاً: بھووں کے درمیان کالا ٹیکا جو بیوگی کی علامت تھا)۔

کُلَنْگ ضمہ ک، فت ل، غنہ۔ امث۔ سارس سے چھوٹا لمبی گردن، لمبی ٹانگوں والا ایک آبی پرندہ، کُرکی۔

کَلوٹا فت ک، و مع۔ صف۔ کالے رنگ کے آدمی کے لیے طنز یا حقارت کا کلمہ۔ مث **کَلوٹی**۔

کُلوخ ضمہ ک، ومع۔ امذ۔ مٹی کا ڈھیلا۔

کَلول فت ک، ومج۔ امث۔ موج، مزا، تفریح، ف ل **کَلولیں کَرنا** اُچھل کود، چوکڑیاں بھرنا، ہنسی دل لگی۔ نیز **کُلیل**۔

کَلَونْجی فت ک، ولین مغ۔ امث۔ کالے تکونی سی شکل کے ذرا ذرا سے تخم جو ایک بالشت بھر کے پودے میں لگنے والی پھلی سے نکلتے ہیں، اچار اور دواؤں میں مستعمل (لاط: Nigella Sativa)۔

کَلَونْس فت ک، و لین مغ۔ امث۔ کالک، سیاہی۔

کَلّہ فت ک، شد فت ل۔ امذ۔ گال، جبڑا؛ لیمپ، لالٹین کی چمنی کے جمانے کی جگہ جس کے بیچ میں بتّی جلتی ہے۔

کَلی فت ک۔ امث۔ بن کِھلا یا ادھ کِھلا غنچہ؛ کُرتے،

غرارے وغیرہ کا گھیر بڑھانے کے لیے آڑی تراش کا جوڑ؛ تمباکو پینے کا چھوٹا حقہ۔

کُلّیات ضمہ ک، شد کس ل، شد ی۔ امذ، نیز ج مذ۔ کسی شاعر کے کلام کا مجموعہ، عام **کُلّیات** (بلا شد ی) (۲) نیز رک: **کُلّیہ**۔

کَلْیان فت ک، سک ل۔ امذ۔ سکھ، شانتی، نجات، خیروبرکت۔

کَلیجا فت ک، ے مج۔ امذ۔ جگر؛ (مجازاً) ہمت؛ حوصلہ۔ امث **کَلیجی** پکانے کے لیے مذبوحہ جانور کے جگر کے پارچے۔ محاورہ **کَلیجا مُنہ کو آنا** انتہائی رنج یا صدمہ محسوس کرنا **کلیجا پھٹنا/ چھلنی ہو جانا/ شَق ہونا** رنج و غم کے اظہار کی مختلف کیفیات۔ **کلیجا مَسوس کر رہ جانا**۔ رک: **مَسوسنا**۔

کِلید کس ک، ی مع۔ امث۔ قفل کی کنجی، مفتاح، چابی؛ مشین میں مختلف پرزوں کو حرکت دینے کے لیے بنے ہوئے نشان؛ اشاریہ، انڈیکس۔ (مجازاً) پتے کی بات جس سے کوئی مسئلہ حل ہو یا کوئی بھید کھلے۔ عام: **کَلید**، صف **کَلیدی** اہم، کارگزار، گرہ کشا۔

کَلیسا فت ک، ی مع۔ امذ۔ گرجا، (اصطلاحاً) عیسائیت [اصلاً: یونانی] صف **کَلیسائی کَلیسہ**۔

کَلْیگ فت ک، سک ل، ضم ی۔ امذ۔ رک: کَلجُگ۔

کُلیل ضمہ ک، ے مج۔ امث۔ جانوروں کا چوکڑی بھرنا۔ نیز **کَلَول**۔ ف مر **کُلیلیں بَھرنا**۔

کَلیم فت ک، ی مع۔ صف۔ بولنے، کلام کرنے والا، حضرت موسیٰؑ کا لقب۔ **کَلیم اللہ** کا اختصار صف **کَلیمی**، حضرت موسیٰؑ سے منسوب م: **عَصائے کلیمی**۔

کُلّیہ ضمہ ک، شد کس ل، فت ی۔ امذ۔ قاعدہ، اصول؛ شعبہ، صیغہ، صف: تمامتر، کُل، سب، کُلیتہً کی تخفیف۔

نیز **بالکُلّیہ** (بِل کُل لِ ی) ج **کُلّیات** (رک)۔

کُلھاڑا ضمہ ک، امذ۔ درخت کاٹنے اور لکڑی پھاڑنے کا دستہ دار اوزار۔ مث **کُلھاڑی**۔

کُلَھڑ ضمہ ک، شد فت لھ۔ امذ۔مٹی کا آبخورہ، نیز **کُلھڑا**۔ تص: **کُلْھیا** (رک)۔

کُلْھیا ضمہ ک، سک لھ۔ امث۔ چھوٹی سی مٹی کی ہنڈیا جس میں چلو بھر پانی سمائے؛ پاندان میں کتھا چونا رکھنے کی کٹوری، مر مث **ہَنْڈ کُلْھیا** چھوٹی بچیوں کے ہاتھوں کی، مشق کے لیے پکائی ہوئی ہنڈیا۔

کَم (۱) فت ک۔ صف۔ تھوڑا؛ قلیل، خفیف، کہتر۔ م: **کمزور، کم ذات، کم نَصیب**۔

کَم (۲) فت ک۔ امذ۔ مقدار، بساط، وسعت۔ مرکیف **وَ کَم** (رک)۔

کَمبَخْت فت ک، سک م، فت ب، سک خ۔ صف۔ بدنصیب، (بطور دشنام، طنز یا مزاح)، نامراد، بد، برا؛ نیز دشوار، عجیب وغیرہ۔

کَماحَقّہٗ فت ک ح، شد فت ق، ضم ہ مثل و مع۔ م ف۔ جیسا کہ اس کا حق ہے، جیسا کہ چاہیے۔

کَمال فت ک، امذ۔ تکمیل، عروج، انتہا؛ عجیب حیرت انگیز بات یا کام؛ صف: پورا، مکمل انتہائی۔ م ف: نہایت، بہت بڑا۔ اکیف مث **کمالیّت**۔ مکمل ہونا۔

کِمامہ کس ک، فت م۔ امذ۔ پھول کا پیالہ، پتّیوں کا گھیرا۔

کَمان (۱) فت ک۔ امث۔ تانت لگی ہوئی لکڑی کی قوس جس پر تیر جوڑ کر چلاتے ہیں؛ دھنک، دَھنُش؛ محراب۔

کَمان (۲) فت ک۔ امث۔ فوج کی سرداری [انگ: Command]۔

کَمانا فت ک۔ ف ل/ م۔ روزی حاصل کرنا، آمدنی پیدا کرنا، کسب کرنا؛ محنت سے حاصل کرنا؛

(دباغت) چمڑے کو چرم سازی کے لیے صاف یا تیار کرنا؛ مہتر کا صفائی کے کام انجام دینا۔ صف **کماؤُ** (ومع) کمانے والا، امث **کمائی** حاصل، یافت، کمانے کا شغل۔

کمانچہ فت ک، سک ن، فت ج۔ امذ۔ قوسی شکل کی شے، چھوٹی محراب؛ سارنگی کا گز، بڑھئی کے برمے کی کمان؛ گاڑی وغیرہ کی کمانی۔

کمانی فت ک۔ امث۔ گاڑیوں میں لگی ہوئی لوہے کی ڈھلی ہوئی لچکدار قوس جس پر اس کا بوجھ ہوتا ہے اور جھٹکوں کو روکتی ہے۔ گھڑی میں لگا ہوا فولادی تار کا چکّر جسے **بال کمانی** بھی کہتے ہیں۔

کماؤُ فت ک، ومع۔ صف۔ کمائی کرنے، پیداکرنے والا، نکھٹو کی ضد۔ مروصفی **کماؤُ پوت** کمانے والا بیٹا، سپوت۔

کماہی فت ک، م ف۔ مطابق، اصل، ٹھیک ٹھیک، جیسا کہ وہ ہے۔ [ع: کماھِیَ]۔

کمائی فت ک۔ امث۔ محنت، جتن یا تدبیر سے پیدا کی ہوئی آمدنی؛ نفع، منافع؛ حاصل، پھل، ثمر، نیز مجازاً؛ کارگزاری۔

کمبل فت ک، سک م، فت ب۔ امذ۔ دبیز اُونی چادرہ۔ [اصلاً ف: **کملی** سے وضعی لفظ]۔ نیز **کمل**۔

کُمبھ ضمہ ک، سک م۔ امذ۔ مٹکا، وزن کا ایک قدیم پیمانہ بقدر ۲۰ درون۔ نیز **کُنبھ** (کُم بھ) [قب ف: خُم]

کمپا فت ک، سک م۔ امذ۔ چڑیماروں کا بانس جس پر لاسا لگا کر چڑیوں کو پکڑتے ہیں۔

کمخاب فت ک، سک م۔ امذ۔ زربفت، سنہری تاروں کی بناوٹ کا ریشمی کپڑا۔

کمر فت ک م۔ امث۔ پیٹھ، سینے اور کولھوں کے درمیان جسم کے درمیانی حصے کی گولائی، نیز ا سکی پیمائش؛ پہاڑ کا دامن یا چوٹی سے تلہٹی تک کا حصہ۔ صف **کمر بستہ** تیار، مستعد ف مر **کمر ٹوٹنا** بے سہارا رہ جانا۔ امذ **کمر بند** رک: ازار بند، کمر میں لپیٹنے کی شال، پٹی یا پیٹی نیز **کمر پٹکا**۔

کمرہ فت ک، کس م، فت ر۔ امذ۔ مکان کا دیواروں سے گھرا ہوا خانہ جس میں بیٹھا یا رہا جائے۔حجرہ [اطالوی : Camera]۔

کمرک فت ک، سک م، فت ر۔ امث۔ ایک لنبوترا چوگوشیا کھٹّا زرد پھل۔ (لاط: Avarhoc Carumbola)۔

کمری فت ک، سک م۔ امث۔ بے آستین کی صدری یا مرزئی جس میں پیٹ تک بٹن اور پہلو میں چاک ہوتے ہیں۔

کُمک ضمہ م، فت ک۔ امث۔ فوج کی مدد کو آنے والا دستہ؛ مجازاً: مدد، پشت پناہی۔

کُملانا ضمہ ک، سک م۔ ف ل۔ افسردہ، بے رونق، بے آب ہونا؛ مُرجھانا، سوکھنا۔

کملی فت ک، سک م۔ امث۔ معمولی ادنیٰ چادر، فقیرانہ کمبل۔

کمند فت ک م۔ سک ن۔ امث۔ رسّی کا پھندا؛ رسّی یا رسّی کی سیڑھی جس کے سہارے دیوار پھاندی جائے۔

کمنڈل فت ک م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ لکڑی کا کاسہ، فقیروں کا چَنبَر۔

کموڈنی فت ک، ومج، سک د۔ امث۔ گل نیلوفر جو کنول کی قسم سے ہے [س: کُمد۔ لاط: Nymphoea Lotus]۔

کُمیت ضمہ ک، ے لین۔ صف/ امذ۔ سرخی مائل رنگ کا گھوڑا، **آٹھوں گانٹھ کُمیت** ایسا گھوڑا جو یک رنگ کمیت اور بے عیب ہو۔

کمّیت فت ک، شد کس م، شد فت ی۔ امث۔ مقدار، جسامت، ابعاد۔

کُمیدان ضمہ ک، ے مج۔ امذ۔ فوج کا چھوٹا افسر (انگ: Commandant)۔

کَمیرا فت ک، ے مج۔ امذ۔ معمولی حیثیت کا مزدور، کھیت پر کام کرنے والا کمّی، کمین۔

کَمیلا فت ک، ے مج۔ امذ۔ مذبَح، بوچڑخانہ۔

کَمین فت ک، ی مع۔ امث۔ گھات، دشمن کی تاک میں چھپ کر بیٹھنا یا بیٹھنے کی جگہ: **کَمیں گاہ** (غنہ)۔

کَمِینَہ فت ک، ی مع، فت ن۔ صف۔ بدنژاد، گھٹیا درجے کا، اوچھا، کم ظرف۔ نیز **کَمین** اکیف مث **کَمِینَہ پَن، کَمِینَگی؛ کَمِین پَن**۔

کُمھار ضمہ ک۔ امذ۔ مٹی کے برتن بنانے والا، کوزہ گر۔ امث۔ **کُمھارَن** (کُ مھارَن) **کُمھاری**۔

کُمھاری ضمہ ک۔ امث۔ چھوٹی بِھڑ کی طرح کا ایک پتنگا جو دیواروں کے کونوں وغیرہ میں مٹّی کا گھر بناتا ہے؛ نیز کمھار کی بیوی۔

کَن (۱) فت ک۔ امذ۔ **کان** (رک) کا مخفف م: **کَن چھِدا** جس کے کان کی لو میں سوراخ کیا گیا ہو؛ مر **کَن رَس** (رک)۔

کَن (۲) فت ک۔ لاحقۂ فاعلی۔ کھودنے والا م: **مُہرکَن** مہروں بِلّوں وغیرہ پر نام کھودنے والا؛ **کوہْکَن** پہاڑ کھودنے والا۔ ا کیف مث **کَنی** م: **بیخ کَنی** جڑ سے کھونا، استیصال۔ صف **کَنْدَہ** کُھدا ہوا، نقش کیا ہوا۔ امث۔ **کَنْدہ کاری** لکڑی، پتھر وغیرہ پر گُل بُوٹے بنانے کا ہنر۔

کُن (۱) ضمہ ک۔ لاحقۂ فاعلی۔ نیز صیغۂ امر۔ کرنے والا م: **کارکُن** کارندہ، **دِل خُوْش کُن** دل خوش کرنے والا۔ **پَریشان/ حَیران کُن**۔ حالیہ تمام **کَرْدَہ** کیا ہوا۔ صف **کَرْدَنی** کرنے کا، کرنے کے قابل؛ م ف **کُناں** کرتا ہوا م: **رقص کُناں/ وَجْد کُناں**۔

کُن ضمہ ک۔ ف امر۔ ہو جا۔ فقرہ: **کُن فَکاں** (فت ف، غنہ) (ع: کانَ کی تخفیف) (کہا کہ) ہو جا، پس وہ ہو گیا (یعنی جب اللہ نے کسی چیز کو پیدا کرنا چاہا تو "کُن" کہا اور وہ پیدا ہو گئی)۔ نیز **کُن فَیَکُوں** ،[ع: یَکوُنُ کی تخفیف = ہو جاتے ہیں، ہو جائیں گے]۔

کَنّا فت ک، شد ن۔ امذ۔ وہ ڈور جس کا ایک سرا پتنگ کی کانپ اور ٹھڈّے کے میل پر اور دوسرا پُچھلّے کے کچھ اوپر باندھا جاتا ہے۔

کَنار فت ک۔ امذ۔ (۱) پہلو، آغوش، م: **ہَم کَنار** ہم پہلو، ہم آغوش؛ (۲) کنارۂ ساحل: **کَنار دَریا**۔

کَنارا کس ک۔ امذ۔ پہلو؛ کگر؛ حد؛ ساحل؛ گوشہ، کونا،گوٹ؛ علاحدگی نیز **کِنارَہ** (کِنارَ) م: **کِنارَہ کَش** (فت ک) اکیف مث۔ **کِنارَہ کَشی**۔

کَناری کس ک۔ امث۔ کپڑے کے حاشیے پر ٹانکنے والا ٹھپّہ، کرن، بانکڑی وغیرہ، نیز **گوٹا کناری**۔

کَناگَت فت ک، گ۔ امذ۔ چاند کا دوسرا ڈھلتا پہرا یا پَندرھرواڑا، خصوصاً آسں ماس کا۔ مخفف **کَنا**۔

کِنایَت کس ک، فت ی۔ امث۔ اشارہ، اشارہ کرنا، رمزیّت، بغیر نام لیے کسی چیز یا بات کی طرف دوسرے لفظوں میں اشارہ کرنا جو خود واضح ہو جائے؛ استعارہ، مجاز، م: نرگسِ نیم باز۔ کنایتہً سوتے میں محبوب کی ادھ کُھلی آنکھ۔ نیز **کِنایَہ** (فت ی، ہ غم) م ف: **کِنایَتًہ** (کِ نایَ تَن)۔

کَن بِنْدْھا فت ک، سک ن، کس مغ ب، دھ مخلوط۔ صف مذ۔ جس کے کان میں غلامی کی نشانی کا حلقہ ہو، مراد: غلام۔

کُنْبَہ ضمہ ک، سک ن، فت ب۔ امذ۔ عزیز و اقارب، اہل خاندان؛ بیوی بچّے وغیرہ، سگے عزیز۔

کَنْ پھیڑ فت ک، ے مج۔ امث۔ لعاب دہن بنانے والے غدّے کی سوجن سے گلے کا پھولنا جو ایک

متعدّی مرض ہے جس میں عموماً بچے مبتلا ہوتے ہیں۔ اس کا درد کان میں زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ نیز گل پھیڑ۔

کَنْٹَک فت ک، سک ن، فت ٹ۔ صف۔ ظالم۔ بے رحم؛ بخیل؛ دشمن [اصلاً: کانٹا]۔

کَنْٹوپ فت ک، ومج۔ امذ۔ کانوں کو ڈھکنے والی ٹوپی، عموماً اونی یا روئی دار۔

کَنْٹھ فت ک، سک ن، ٹھ۔ امذ۔ گلا، ٹینٹوا، ٹھوڑی کے نیچے پتلی گردن والے مرد کی اُبھری ہوئی نکیلی نرخرے کی ہڈی؛ بعض پرندوں کی گردن پر بنا ہوا رنگین حلقہ۔ امث **کَنْٹھ مالا** گلے کی ایک بیماری جس میں گلے پر گِلٹیاں نکل آتی ہیں۔ امذ۔ **کَنْٹھا** گُندھا ہوا ہار، مث **کَنْٹھی** مہین منکوں کی مالا جو بچیوں کو پنہائی جاتی ہے۔

کُنْج ضمہ ک، سک ن۔ امذ۔ گوشہ، کونا، اکیلی یا چھپی ہوئی جگہ؛ درختوں کا جُھنڈ، گھنی شاخوں کی چھاؤں[ف، قب س: جھنڈ، ف، کونام]۔

کُنْجَد ضمہ ک، سک ن، فت ج۔ امذ۔ تِل جن کا تیل نکالا جاتا ہے۔

کَنْجَر فت ک، سک ن، فت ج۔ امذ۔ ایک خانہ بدوش قوم کا نام، بطور دشنام بھی مستعمل ہے مراد وحشی جنگلی، کمینہ آدمی مث **کَنْجْری**۔ فاحشہ، پیشہ کرانے والی عورت، کَنچنی۔

کُنْجْڑا ضم مغ ک، سک ن ج۔ (بروزن سُلْفا) امذ۔ سبزی فروش، مث **کُنْجْڑن**۔

کُنْجَشْک ضمہ ک، سک ن، فت ج، سک ش۔ امث۔ گھریلو چڑیا۔

کُنْجْلَک ضمہ ک، سک ن ج، فت ل۔ امث۔ کپڑے کی چُنَٹ، شکن، چُرس؛ مجازاً: خرابی، ناہمواری، جائے گرفت۔نیز **گُنْجْلَک**۔

کَنْجُوس فت ک، سک ن، و مع۔ صف۔ بخیل، شوم۔ امث **کَنْجُوسی** بخیلی۔

کُنْجی ضمہ ک، سک ن۔ امث۔ چابی، کلید جس سے قفل کھولتے ہیں، ساز یا مشین کا پُرزہ جس سے پیچ یا تار کستے ہیں۔

کَنْچَن فت ک، سک ن، فت چ۔ امذ۔ سونا، زر، طلا۔

کَنْچْنی فت ک، سک ن چ۔ امث۔ رنڈی، بیسوا، ناچنے والی۔

کَن چھیدَن فت ک، ے مج، فت د۔ امذ۔ بچّیوں کے کان چھیدنے کی رسم۔ **کان چھدائی**۔

کُنْد ضمہ ک، سک ن۔ صف۔ کھرنڈ(آلہ)، جس کی دھار کھونڈی ہو؛ ذہن طبیعت جس میں تیزی برّاقی نہ ہو۔ م: **کُنْد ذِہْن** (کس مج ذ، سک ہ) غبی۔ذہانت سے عاری، کم فہم، جس کا حافظہ خراب ہو۔

کُنْدَن ضمہ ک، سک ن، فت د۔ امذ۔ سونا، زر خالص، صف مذ مث **کُنْدَنی** سنہری۔

کَنْدہ فت ک، سک ن، فت ک۔ صف۔ کھدا ہوا، نقش، کیا ہوا؛ جس پر نقش کُھدے ہوں، نقشین۔ ف م۔ **کَنْدہ کرنا** کھودنا جیسے کتبے پر نام کَندہ کرنا؛ سطح پر کھود کر نقش بنانے کا ہنر۔

کُنْدَہ ضمہ ک، سک ن، فت د۔ امذ۔ لکڑی کا لٹّھا، شہتیر، مروصفی **کُنْدۂ ناتَراش** اَن گھڑ، اُجڈ آدمی۔

کُنْدی ضمہ ک، سک ن۔ امث۔ موگری کی چوٹوں سے کپڑوں یا کسی سطح کو ہموار کرنا؛ چُرسیں نکالنا؛ کُٹائی۔ (مجازاً) مارنا، جسمانی سزا دینا، ٹھکائی کرنا۔

کَنْدھا فت ک، سک ن۔ امذ۔ مونڈھا، شانہ، نیز **کانْدھا** (امغ) ف مر **کَنْدھا دینا** جنازے کے پائے کو سہارا دینا، **کَنْدھا ڈالنا** جی ہارنا، تھک کر بیٹھ رہنا۔

کُنْڈ ضمہ ک ، سک ن۔ امذ۔ گڑھا، چھوٹا سا تالاب،

جوہڑ۔
کَنْڈا فت ک، سک ن۔ امذ۔ کانٹا، خار؛ تنکے ملا کر تھوپا ہوا اُپلا۔
کُنْڈا ضمہ ک، سک ن۔ امذ۔ لوہے یا کسی دھات کا گول حلقہ۔ مث **کُنْڈی** دروازہ بند کرنے کی زنجیر، سانکل۔
کُنْڈالی ضم مغ ک (بروزن کُمانی)۔ چھوٹا کونڈا یا کونڈے کی شکل کا مٹی کا برتن۔
کُنْڈلی ضمہ ک، سک ن ڈ۔ امث۔ دَور، چکّر، ایک دوسرے سے جڑے ہوئے دائروں کا سلسلہ۔ ف ل۔ **کُنْڈلی مارنا** سانپ کا اپنے جسم کو دائروں میں سمیٹ کر بیٹھنا۔
کَن رَس فت ک، سک ن، فت ر۔ صف، مذ، مث۔ جسے موسیقی کی سمجھ اور پرکھ ہو۔
کَنَسْتَر فت ک ن، سک س، فت ت۔ امذ۔ عموماً ٹین کا چوکور یا لنبوترا پیپا جس میں اناج تیل وغیرہ رکھتے یا لے جاتے ہیں۔
کَن سَلائی فت ک، سک ن، فت س۔ امث۔ کنکھجورے سے ملتا ایک انچ بھر سے کم لمبا پتلا کیڑا جو برسات میں بکثرت اُبل پڑتا ہے مگر بظاہر بے ضرر ہوتا ہے۔
کَن سُوئِیاں فت ک، سک ن، ومع، کس ء (بروزن کُل دنیا)۔ چپکے چپکے دوسروں کی باتوں پر کان لگانا۔ ف مر **کَنْ سُوئِیاں لینا** کان میں پڑنے والی باتوں سے مطلب بھانپنا۔
کُنِشْت ضمہ ک، کس ن، سک ش، امذ۔ آتشکدہ، پارسیوں کا مندر، یہودیوں کی عبادت گاہ عام: **کَنِشْت**۔
کَنْعان فت ک، سک ن۔ عَلَم۔ حضرت یوسفؑ کے دیس کا پرانا نام؛ نیز حضرت نوحؑ کے نافرمان بیٹے اور نمرود کے باپ کا نام۔

کَنَک فت ک ن۔ امث۔ گندم، گیہوں (پنجابی؛ س: سونا، کنچن)۔
کَنْکَر فت ک، غنہ، فت ک۔ امذ۔ سَنگریزہ، روڑا۔ تص مث **کَنْکَری** (بروزن فِعلَن یا جنگلی) صف **کَنْکَریلا/ کَنْکَریلی** (بروزن سنگ باری)۔
کُنْکُنا ضمہ ک، سک ن، ضمہ ک۔ صف۔ نیم گرم، شِیر گرم، سہتا سہتا۔ نیز **گُنْگُنا**۔
کَنْکَوّا فت ک، سک ن، فت ک، شد فت د۔ امذ۔ پتنگ، گُڈی نیز **کَن کَیّا**۔
کَنَکھِیاں فت ک ن، سک کھ۔ ج مذ۔ (بروزن سِوَیّاں) ترچھی نظریں، گوشۂ چشم سے چپکے چپکے منہ پھیرے بغیر دیکھتے رہنا۔ نیر محاورہ **کَنَکھِیاں لینا، کَنَکھِیوں سے دیکھنا**۔
کَنْگال فت ک، غنہ۔ صف۔ بھوکا قحط زدہ،نہایتِ مفلس، نادار؛ حریص۔ نیز **کَنْگلا** ندیدہ۔
کُنْگُرے ضمہ ک، غنہ، ضمہ گ۔ ج مذ۔ قلعے وغیرہ کی دیوار پر سلسلے وار حاشیے کے طور پر بنی ہوئی کمین گاہیں جو فصیل کی خوشنمائی میں اضافہ کرتی ہیں۔ واحد کَنگرہ (فت ر، ہ غم) عام: کَنگورا؛ ٹوپی، تخت وغیرہ پر کنگروں کی شکل کا بنا ہوا حاشیہ، کٹاؤ۔
کَنْگَن فت ک، غنہ، فت گ۔ امذ۔ کلائی کا ایک زیور جو کڑے سے زیادہ چوڑا ہوتا ہے۔
کَنْگْنی فت ک، غنہ، سک گ (بروزن مَنگنی) مث۔ در یا دیوار کے اوپری سرے پر اُبھرواں چُنائی؛ باجرے سے مشابہ ایک غلّہ جس کا دانہ زردی مائل ہوتا ہے۔ (لاط: Panaicum Italicum) زر دوزی میں پھولوں کی ڈنڈی وغیرہ بنانے کے لیے موٹی قسم کا سلمہ، گِجائی۔
کَنْگھا فت ک، غنہ۔ امذ۔ بالوں کو سنوارنے کے لیے استعمال ہونے والی دندانے دار شے۔ تص مث

کَنْگھی: نیز جولاہوں کی کنگھی کی طرح کا بنا ہوا اوزار جس سے پروئے ہوئے تاروں کو سمیٹ کر یکجا کرتے ہیں۔

کُنْوار ضم مغ ک۔ امذ۔ ہندوستانی مہینوں کا چھٹا کاتک سے پہلا مہینہ، آسن۔

کُنْوارا ضم مغ ک۔ (بروزن گزارہ) امذ۔ غیر شادی شدہ مرد۔ مث **کُنْواری**۔ اکیف مذ۔ **کُنْوار پَتا** (فت پ) لڑکی کے باکرہ یا بن بیاہی ہونے کا زمانہ امث۔ **کُنْوار جَھل** نوجوان لڑکی کو اٹھنے والی چُل یا شہوت۔

کَنْواسا فت مغ ک۔ (بروزن نواسا)۔ امذ۔ بیٹی کا پوتا، نواسے کا بیٹا۔ مث **کَنْواسی**۔

کُنْواں ضمہ مغ ک۔ (بروزن دُھواں)۔ امذ۔ زمین میں پانی کے لیے کھودا ہوا گہرا گڑھا۔ نیز **کُواں** (ضمہ ک) محاورہ **کُنْویں جھانْکنا** پریشان پھرنا۔ تصغیر **کُنْوئیّا/ کُوئیاں** (بروزن دُنیا)۔

کَنوتی فت ک، و لین۔ امثہ گھوڑے کا کان ہلانا۔ محاورہ **کَنوتیاں لینا**۔

کَنْوَر فت مغ ک، فت و۔ امذ۔ (بروزن کمر) راجکمار، شہزادہ، رئیس زادہ نیز **کُنْوَر** (ضم مغ ک)۔

کَنْوَل فت مغ ک، فت و۔ امذ۔ نیلوفر، پَدم۔ پانی میں اگنے اور پانی پر کھلنے والا ایک خوشرنگ نیلا سرخ یا سفید پُھول؛ نیر کَنْوَل/ نیل کَنول۔ **کَنْول گَٹّا** کنْول کا بیج جس کی خوش ذائقہ گری میوے کے طور پر کھائی جاتی ہے۔ پَدم بیج۔ (لاط: Euryale Ferox)؛ کنْول کی شکل سے مشابہ چراغ دان۔

کَنونْڈا فت ک، و لین مغ۔ صفہ عیبی، خجل خوار، نظریں بچانے والا [اصلاً کَنوڑا = کانا]۔

کُنْہ ضمہ ک، سک ن، ہ ملفوظ۔ امثہ (بروزن کُنْد) تہہ، گہرائی، اصلیّت، ما ہیّت۔

کَنی فت ک۔ امثہ ذَرّہ، ریزہ، ہیرے کا بُرادہ۔ ادھ پکے چانْول کی سختی۔

کَنّی فت ک، شد ن۔ امث۔ گوٹ، کنارہ، حاشیہ، کونا، گوشہ، موڑ کر سیا ہوا کپڑے کا کنارہ، کپڑے کی دھجّی، کترن؛ کان کی تصغیر۔ محاورہ **کَنّی دَبْنا** کسی کے دباؤ میں ہونا۔ **کَنّی کاٹْنا** بچ کر نکلنا۔

کَنْیا فت ک، سک ن۔ امثہ بن بیاہی لڑکی۔ امذ۔ **کَنْیا دان** بیٹی کو بیاہ کر رخصت کرنا **کَنْیاراس** (نجوم) برج سُنبُلہ صف **کَنْیاراسی** بد نصیب وہ جس کے جنم لینے پر چاند کنیاراس میں رہا ہو۔

کَنْیانا فت ک، سک ن۔ ف ل۔ جھینپنا، بچ کر کان دبا کر نکلنا۔

کُنْیَت ضمہ ک، سک ن، فت ن۔ امثہ وہ نام جس سے کسی کی اولاد یا والد یا والدہ ہونا ظاہر ہو م: اَبُو محمد، اِبنِ احمد؛ اُمِّ سلمیٰ (عام: **کُنّیت** اصلاً نادرست)۔

کَنیر فت ک، ے مج۔ امذ۔ ایک سفید یا سرخی مائل پھول جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ (لاط: Casacaria Ovata)۔

کَنیز فت ک، ی مع۔ امث۔ لونڈی، باندی۔

کَنیسہ فت ک، ی مع۔ امث۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ، گرجا؛ یہودیوں کا معبد۔

کُو و مع۔ امذ۔ راستہ، گلی، محلّہ تص: **کُوچہ** (کوچ) چھوٹی گلی یا محلّہ۔

کَوّا فت ک، شد و۔ امذ۔ انسانی بستیوں میں یا اُن کے ارد گرد رہنے والا کالا پرندہ، کاگ، زاغ؛ گلے کا غدہ۔ امث۔ **کَوّا ٹھوڑی** ایک پودا جس کے پتے گلاب کی طرح کٹاؤ دار اور پھول سفید یا نیلا ہوتا ہے۔ پھلیاں کوّے کی چونچ سے مشابہ پھلیاں لوبیے کی طرح (لاط: gymurdima Sylyestre)۔ امث **کَوّا گُہار** کوّوں کا شور مچاتا جِھلّڑ [س: گوہَن = ساتھی]

کِواڑ کس ک۔ امذ، ج مذ۔ دروازے کا ایک یا دونوں پٹ۔
کَوائِف فت ک، کس ء۔ ج مذ۔ صورت احوال، کیفیات، حالات [وضعی لفظ، اصلاً ع کیفِیّات]۔
کوب ومج۔ لاحقہ فاعلی بمعنی کوٹنے والا۔ م: زَر کوب سونے چاندی کے پتروں کوکوٹ کر پنّی یا ورق بنانے والا۔ پائے کوَب ناچتا ہوا، رقصاں۔
کوَپ ومج۔ امذ۔ قہر، غضب۔
کُوبَڑ و مع، فت ب۔ امذ۔ کمر کا کُبڑ راستے کا ٹیلا۔
کوتاہ ومج، ہ ملفوظ۔ صف۔ چھوٹا، مختصر۔ مرکب کوتاہْ اَندیش جو آئندہ کی نہ سوچے، نتائج پر غور نہ کرے، کوتاہ دَست عاجز، بے مقدور، کوتاہْ قَلَم لکھنے کا چور جو لکھنے سے گریز کرے۔ مخفف کوتَہ (ہ ملفوظ)۔
کَوتک ولین، فت ت۔ امذ، ج مذ۔ حرکت، حرکتیں، کوتُوت، ہُنر، تدبیر؛ تماشا۔
کُوتک و مع، فت ت۔ امذ۔ چھوٹا ڈنڈا، ہاتھ کی چھڑی۔
کوتَل و مج۔ امذ۔ سواری کے ساتھ چلنے والا خالی گھوڑا، سامان اٹھانے والا گھوڑا۔
کوتْوال ومج، سک ت۔ امذ۔ پولس کا حاکم کوتْوالی کوتوال کا دفتر، پولس کا تھانہ۔
کوتھ مِیر ومج، سک تھ، ی مع۔ امذ۔ ہرا دھنیا۔
کوَٹ (۱) ومج امذ۔ قلعہ تص: کوٹْلہ (کو ٹ لَ/ لا)۔
کوَٹ (۲) امذ۔ بند یا کھلے گلے کا آستین دار مغربی پہناوا جس کی بہت سی قسمیں اور وضعیں ہیں (انگ Coat)۔ کوٹ پِیس تاش کے کھیل ترَپ چال میں کسی فریق کا سارے ہاتھ کھو دینا [غالباً انگ: Court Peace ہار ماننا، امان مانگنا]۔
کوٹھا ومج۔ امذ۔ مکان کی اوپر کی منزل، بالا خانہ، چھت۔ امث۔ کوٹھے والی رنڈی، کسبی۔
کوٹھی ومج۔ امث۔ بنگلہ؛ گودام، تجارتی کارروائیوں کا مرکز۔
کَوثَر ولین، فت ث۔ امث۔ جنت کی ایک نہر یا حوض کا نام۔
کُوچ ومع۔ امذ۔ رحلت، روانگی، آغاز سفر۔
کوَچ ومج۔ امث۔ (۱) گھوڑا گاڑی امذ کوَچْبان/ کوَچْوان (انگ: Coach)؛ (۲) گدّا، گدّے دار نشست [انگ: Couch]۔
کوَچک ومج، فت چ۔ صف۔ چھوٹا م: برادرِ کوچک، ایشائے کوچک (اناطولیہ کا دوسرا نام)۔
کُوچی ومع۔ امث۔ بان کی بنی ہوئی دستے دار جھالر جس سے سفیدی پھیرتے ہیں؛ برش جس سے رنگ پھیرتے ہیں یا صفائی کرتے ہیں۔
کَودک و لین، فت د۔ امذ۔ بچّہ، نو عمر لڑکا۔ اکیف مث کَودکی لڑکپن (جدید فارسی میں کودک ومع)۔
کَودَن و لین، فت د۔ صف۔ بے وقوف، گاؤدی۔
کَودوں و لین، ومج، غنہ۔ امث۔ ایک قسم کا غلّہ جو سرخی مائل چاول کے چھوٹے دانوں سے ملتا جلتا ہوتا ہے، دیہات میں مقبول (لاط: Paspalum Scrobiculatum)۔
کوَر (۱) ومج۔ صف۔ نابینا، اندھا، تاریک، ویران م: کوَرْدِہ (ومج، کس د مج، ہ ملفوظ) (جدید فارسی ومع)۔ م ف کوَرانَہ (ن)۔
کوَر (۲) ومج۔ امذ۔ کِنارا،حاشیہ، گوٹ؛ ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
کوَراومج۔ (۱) صفمثّی کا نیا (برتن) جو استعمال میں نہ آیا ہو؛ سادہ کاغذ؛ نیا کپڑا جو ابھی دُھلا نہ ہو؛ بِن بَرتا، اَن چھُوا؛ کَنْوارا۔ م: (بول چال) کورا پِنڈا (کس پ) بن بیاہی لڑکی۔ (۲) جاہل، نابَلد، جس نے کچھ نہ سیکھا ہو۔

کَورنِش و لین، کس ن۔ امث۔ جھک کر سلام کرنا، تعظیم دینا [اصلاً ت: کورنُش، کُرنُش]۔

کُوڑا ومع۔ امذ۔ کچرا، گندگی مرعطفی **کوڑا کَرکَٹ** گری پڑی بیکار چیزیں۔ خس و خاشاک۔

کوڑا و مج۔ امذ۔ چابک، تازیانہ، بٹی ہوئی رسی کا آلۂ ضرب؛ چمڑے کا ہنٹر۔

کَوڑی ولین۔ امث۔ گھونگے کی ایک قسم جس پر چتکبرے نشان، ایک طرف ابھار دوسری طرف حاشیہ دار درز ہوتی ہے، پہلے ادنیٰ سکّے کے طور پر چلتی تھی۔

کوڑی ومج۔ امث۔ شمار کا پیمانہ، بیس کا مجموعہ، سیکڑے کا ۱/۵۔

کوڑھ ومج، سک ڑھ۔ ایک موذی، متعدی مرض جس میں اعضا گلنے لگتے ہیں اور سرخ و سفید داغ پڑ جاتے ہیں، برص، جذام۔ صف۔ **کوڑھی**۔

کُوڑھ مَغز و مع، سک ڑھ، فت م، سک غ۔ صف۔ غبی، کم فہم۔

کَوڑِیالا و لین، سک ڑ۔ صف۔ دورنگا سیاہ و سفید نشانوں والا چتکبرا م: **کَوڑِیالا سانپ**۔

کُوز پُشت ومع۔ سک ز۔ ضم پ، سک ش۔ صف۔ مذ مث۔ کبڑا، کبڑی، خمیدہ کمر۔ نیز **کُوزَہ پُشت** (کُوز)۔

کُوزَہ و مع، فت ز۔ امذ۔ (۱) آبخورہ، امذ۔ مر فاعلی **کُوزَہ گر** کمہار۔ (۲) مصری کا گول ڈلا۔ مراصنا امث۔ **کُوزے کی مِصری** جو بلوری وضع کی ہوتی ہے۔

کوس (۱) ومج۔ امذ۔ بڑا نقارہ، دھونسا محاورہ **کوسِ لِمَنِ الْمُلک** بجانا۔اپنی بادشاہت یا برتری کا ڈھنڈورا پیٹنا، بلند بانگ دعوے کرنا [ع: سوالیہ جملہ: کون اس مُلک کا دعوے دار ہے؟] عام: **کُوس** (ومع) [ف: کوس ، قب س: کروش]۔

کوس (۲) ومج۔ امذ۔ فاصلے کی ایک پیمائش جس کا طول مختلف جگہ مختلف اعتبار کیا جاتا ہے۔ مثلاً ڈیڑھ میل یا ڈیڑھ میل کے برابر۔

کُوسَہ و مع، فت س۔ صف۔ جس کی ڈاڑھی چھدری ہو۔ خفیف ریش۔ نیز **کوَسہ** (ومج)۔

کوسنا ومج، سک س۔ ف م۔ بددعا دینا۔

کوش (۱) ومج۔ لاحقۂ فاعلی، مراد کوشش کرنے والا م: **سَخْت کوش** سخت محنتی۔ اکیف مث **کوشی** (اردو میں **آرام کوشی** بمعنی آرم طلبی وضع کر لیا گیا)۔

کوش (۲) ومج۔ امذ۔ خزانہ، گنجینہ، قامُوس م: **شَبْد کوش** (فت ش، سک ب) لُغت، کتاب اللّغات۔

کوشاں ومج، غنہ۔ صف۔ کوشش میں لگا ہوا۔

کُوشَک و مع، فت ش۔ امذ۔ قصر، کاخ، قلعہ۔

کوفت ومج، سک ف۔ امث۔ کٹائی؛ ناگواری؛ بد حظ ہونا؛ تھکنا، زحمت اٹھانا۔ **کوفت کاری** کَنْدہ کاری؛ نیز وَرَق سازی۔

کوفْتَہ و مج، سک ف، فت ت۔ صف، امذ۔ کُٹا ہوا، پسے ہوئے قیمے کا گول کباب جو سالن کی صورت میں پکایا جائے۔ نیز **کوفْتَہ کَباب**۔ مرعطفی **نَرگسی کوفْتَہ** جس میں اُبلا انڈا بھرا گیا ہو۔

کُوک و مع۔ امث۔ پتلی تیز آواز؛ چیخ، کلکاری؛ کویل یا پپیہے کی سہانی آواز؛ قمری کی کُو کُو، گھڑی کے فنر کو چابی سے کسنے کا عمل۔ ف م: **کُوکنا** چابی دینا۔ ف ل: چیخنا، کلکاری بھرنا۔

کوک و مج۔ امث۔ لمبے ٹانکوں کی سلائی، شلنگا۔

کوکا (۱) ومج، امذ۔ جنوبی امریکا کا ایک پودا جس کے پتوں سے کوکین بنتی ہے۔

کوکا (۲) ومج۔ امذ۔ چھوٹی کیل۔

کوکا (۳) امذ۔ رضاعی بھائی جو انّا کا بیٹا ہو۔ **کوکَلْتاش** (فت ک، سک ل) کا مخفف نیز **کوکَہ**

(کو کَ / کا)۔

کَوکَب و لین، فت ک۔ امذ۔ ستارہ، ج **کَواکِب** اجرام فلکی۔ **کَوکَبَہ** (کَوکَب) چھوٹا ستارہ؛ لٹکا ہوا چراغ یا قمقمہ؛ شاہی چوبداروں کا عصا جس کے سرے پرگول چمکتی مُوٹھ ہوتی تھی؛ شاہی جلُوس، فوج فرہؔ؛ ابرک؛ **کَوکَبُ ٱلاَرض** (کَو کَ بُل اَرْ ز) بھی کہتے ہیں۔

کُوکْنار و مع، سک ک۔ امذ۔ پوست کا ڈوڈا (لاط: Popaver Somniferum)۔

کوکْنی ومج، سک ک۔ صف۔ چھوٹا، کوتاہ، کمتر، م: **کوکْنی خَربُوزہ؛ کوکْنی کیلا**، چِنّیا کیلا۔

کوک شاشْتَر ومج، سک س، فت تد امذ۔ جنسیات پر ایک تصنیف جو پنڈت کو کا کے نام سے مَنسُوب ہے نیز **کام شاشْتَر**۔

کُو کُو ومع۔ امث۔ قمری، فاختہ کی آواز۔

کُوکُوپُلاؤ ومع، ضمہ پ، ومج۔ امذ۔ انڈوں کا پلاؤ، بیضہ پُلاؤ۔

کوکو ومج۔ امث۔ ایک فرضی وجود؛ جو چیز بچّوں سے چھپانی ہو اس کے لیے کہتے کہ کوکو لے گئی۔

کوکِین ومج، ی مع۔ امث۔ کوکا پودے کے پتوں سے بننے والا ایک ست جو نشہ آور ہوتا ہے اور اَعضا کو سُن کر سکتا ہے۔

کوکھ ومج، سک کھ۔ امث۔ رحم مادر، (کنایتہً) مخْرج، سرچشمہ۔

کوَلاژ ومج۔ امذ۔ کسی سطح پر مختلف اشیاء پارچوں، ٹکڑوں کو چپکا کر بنائی ہوئی تصویر جو عموماً سَرِیَل آرٹ سے تعلق رکھتی ہے۔ [فرانسیسی]۔

کَولی ولین۔ امث۔ دونوں بازوؤں کا گھیر، آغوش۔

کُولھا ومع۔ امذ۔ آدمی کی کمر سے نیچے کی پچھاڑی، چوتڑ۔

کوَلھُو ومج، ومع۔ امذ۔ بیجوں کو پیل کر تیل نکالنے کی کل۔

کُومَل ومع، فت م۔ امث۔ نقب، سیندھ۔

کومَل ومج، فت م۔ صف۔ نرم، نازک؛ دِھیما؛ ساز کا اُترا سُر، مدّھم۔

کَون (۱) ولین۔ امذ۔ موجود ہونا، پیدا ہونا؛ موجودات، کائنات مرعطفی **کَون وَ فَساد** ہونا اور مٹ جانا، حیات و موت کا عمل۔ **کَون وَ مَکاں** تمام کائنات، کل عالم۔

کَون (۲) ولین۔ حرف استفہام، کسی کا نام، شناخت، حوالہ، نسبت پوچھنے کے لیے، م: کون آیا؟ کون ہے؟ (آہٹ پر سوال)؛ بطور استفہام انکاری مترادفہ کب، کہاں، نہیں، م: تم کون غیر ہو؛ وضاحت کے لیے سوال جبکہ کئی میں سے کسی کو پوچھنا ہو، م: تم کون دیس کے ہو = کس دیس کے ہو، نیز **کَون سا**۔مث **کون سی**، ج **کَونسے**۔ شناخت، صراحت وضاحت چاہنے کے لیے استفسار۔ م: کون سا بر.کونسی لڑکی، کون سے لوگ پسند ہیں۔ (بول چال)

کَون بَتائے/ جانے کوئی نہیں جانتا، خبر نہیں، کیا معلوم۔ **کون زمانے/ مدّت/ وقتوں سے** مراد بڑی دیر سے۔ **کون ہوتا ہے** کوئی نہیں ہوتا؛ کوئی حق نہیں۔ م: وہ کون ہوتا ہے پوچھنے والا۔

کُون ومع۔ امث۔ مقعد صف **کُونی** اغلام کرانے والا۔

کوَن ومج۔ امذ۔ کونا، زاویہ، گوشہ۔ [انگ۔قب:کونا]۔

کوَنا ومج۔ گوشہ، زاویہ؛ علاحدہ جگہ، تھوڑی سی گنجائش؛ پہلو، جانبہ تکرار برائے تاکید **کونا کونا** م ف۔ **کوَنے کوَنے** چپّے چپّے، ہر گوشے میں، م: کونا کونا چھان مارا = ہر جگہ ڈھونڈا۔ مرعطفی مع تابع **کوَنا کُھدرا** (ضمہ کھ) چُھپی ہوئی جگہ، معمولی بے اہمیت مقام، نیز **کوَنا کُھتَرا**۔

کوَنپَل و مج مغ، فت پ۔ امث۔ بیج یا شاخ پر پھوٹنے والی پتّی، کلّا۔

کُونْج ومع، غنہ۔ امثہ۔ مرغابی سے ذرا بڑا ایک آبی پرندہ، قاز، کَلنگ۔

کَوِنْدا و لین مغ۔ امذ۔ بجلی کا لپکا، گرج سے پہلے آسمان پر چمکنے والی روشنی کی منحنی لکیر۔ ف ل **کَوِنْدنا** یکبارگی چمکنا، روشنی کا دم بہ دم لہرانا، چکاچوند کرنا۔

کُونْڈا و مع مغ۔ امذ۔ مٹی کا گڑھے دار طباق جس میں آٹا گوندھتے ہیں۔ ج **کُونْڈے** نیاز کی تقریب جس میں حلوہ پوریاں تیار کی جاتی ہیں۔ تص مث: **کُونْڈی** بھنگ گھوٹنے کا کُونڈے نما پیالہ۔

کَونَین و لین، ے لین۔ تثنیہ۔ دونوں جہان، دنیا اور آخرت؛ دونوں طرح کی مخلوقات؛ حیوان اور فرشتے، مادّی اور روحانی وجود۔

کو وِ دار ومج، کس و۔ امذ۔ آبنوس کی قسم سے ایک درخت اور اس کی لکڑی (لاط: Bauhinia Variegata)۔

کوہ ومج، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ پہاڑ، چٹان۔ **کوہسار** پہاڑی علاقہ (لفظاً پہاڑ جیسا، یا "کوہ زار" کی ایک شکل)، نیز **کوہستان** پہاڑوں کا طویل سلسلہ م: **کوہستانِ ہمالہ** ،[س: ہِم آلَ یَ = برفستان] صف۔ **کوہی، کوہستانی**۔ مخفف **کُہ** (ضم مج، سک ہ) م: **کُہسار، کُہستان** مرکّبات علم: **کوہِ بے سُتوں** ایک ایرانی پہاڑ جس سے شیریں فرہاد کے مشہور قصے میں فرہاد نے جوئے شیر نکالی؛ امذ۔ **کوہ پَیما** (پَے ما) اونچی چوٹیوں کو سر کرنے والے مُہم جُو۔ علم: **کوہِ جُودی** وہ پہاڑ جہاں حضرت نوح کی کشتی آ کر ٹھہری۔ صف مُشبّہ **کوہِ رَواں** چلتا پھرتا پہاڑ مراد: ہاتھی۔ علم **کوہِ طُور**۔ رک: **طُور؛ کوہِ قاف** رک: قاف؛ امذ۔ **کوہکَن** پہاڑ کھودنے والا، فرہاد (رک) کا لقب۔ امث **کوہکَنی** پہاڑ کھودنا، نیز **کوہ کَنْدَن**، مثل **کوہ کَنْدَن و کاہ بَرآوَرْ دَن** (فت و سک ر) پہاڑ کھودنا اور تنکا نکالنا مراد: لاحاصل مشقت، مایوس کُن کارروائی۔

کوئلہ و مج، کسمج ء، فت ل۔ امذ۔ کالا معدنی پتھر کیمیائی ترکیب میں ہیرے کا ہم اصل؛ جو بیشتر ایندھن کے کام آتا ہے، زُغالِ حَجَری، پتھر کا کوئلہ؛ نیز نباتات کو خاص بھٹیوں میں تپا کر بنایا ہوا معدنی کوئلے سے ہلکا کوئلہ جو گھریلو چُولھوں، انگیٹھیوں میں جلایا جاتا ہے، چار کول، لکڑی کا کوئلہ۔ نیز **کولا** (ف: زُغال اورع: فَحْم دونوں قسموں کے لیے آتا ہے، تخصیص کے لیے: حَجَری/ نباتی)۔ (مجازاً) کوئی چیز جو جل کر سیاہ ہو گئی ہو، نیز سستی جنس، مَثَل: **اَشْرَفیاں لُٹیں کوئلوں پَر مُہر** غیر معقول کفایت شعاری پر طنز؛ **کوئلوں کی دَلاّلی میں ہاتھ کالے** کسی بُرے کام یا دوسروں کے معاملے میں پڑ کر بھلائی کے بدلے برائی مول لینا۔

کوئی ضمیر غائب، غیر متعین، نا معلوم، شخص یا شے؛ وہ جس کا نام نہ لینا ہو، وہ جس کی شناخت نہ بتائی جائے، بہتوں میں سے ایک،امکا ڈھمکا، کالاچور، کسے، شخصے، چیزے۔ م ف: تقریباً، اندازاً م: کوئی ہاتھ بھر لمبا،کوئی مہینہ بھر بعد۔ (بول چال) فقرہ **کوئی بات نہیں**۔ ٹھیک ہے، مضائقہ نہیں، آسان ہے، مشکل (کام) نہیں؛ م ف **کوئی دَم میں** بہت جلد، **کوئی دن کو/ میں** چند دن کچھ روز بعد۔صف: **کوئی کوئی** بعضے بعضے؛ **کوئی کہیں کوئی کہیں** تِتّر بتّر۔فقرہ **کوئی (بھی) نہیں** بالکل غلط ہے۔ **کوئی نہ کوئی** ایک یا دُوسرا؛ ندا: **کوئی ہے** کسی ملازم کو پکارنے کے الفاظ۔ **کوئی یہاں کوئی وہاں** بے جگہ، بے ٹھکانے، منتشر۔

کَوی فت ک۔ امذ، امثہ۔ شاعر، شاعرہ [اصلاً:

کَوٗشاعر؛ کَوی، شاعرہ] مث کاوِیَہ شاعری: کَوِتا نظم، شعری تخلیق۔

کوَیا ومج۔ امذ۔ خول، پیلہ، م: ریشم کا کوَیا ابریشم، ریشم کے کیڑے کا خول؛ گوشہ، کونا م: آنکھ کا کوَیا جہاں دونوں پپوٹے ملتے ہیں۔

کوَیَل ومج، فت ی۔ امث۔ سیاہ رنگ کی چڑیا جو برسات میں آموں کے باغ میں چہکتی یا کُوکتی ہے، اور کوّے کے گھونسلے میں انڈے دیتی ہے؛ نیز ایک پھول کا نام (لاط: Clitoria Ternatia)۔

کَہہ فت مج ک، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ کاہ (رک) کا مخفف م: کَہْرُبا (رک)۔

کِہْ کسمج ک، سک ہ ملفوظ۔ صف۔ چھوٹا، کمتر، مرعطفی، کِہہ و مِہہ چھوٹے اور بڑے، خورد و کلاں، ادنیٰ اعلی سب طرح کے لوگ۔

کِہ کسمج ک، ہ غم۔ حرف بیان۔ کاف بیانیہ بمعنی یوں، ایسے، اس طرح م: اُس نے کہا کہ ہاں، نیزحرف تبادل بمعنی یا۔م: رہو گے کہ جاؤ گے؟ (ف: نیز حرف استفہام؛ کون، م: کِہ گفت؟ کس نے کہا؟)۔

کَہا فت ک۔ امذ۔ قول، بیان، بات، م: میرا کہا مانو۔ مرعطفی کَہا سُنا پیٹھ پیچھے کہی ہوئی باتیں م: کہا سنا معاف کرانا۔

کَہار فت ک۔ امذ۔ ڈولی اٹھانے والا مزدور۔ مث کَہاری۔

کَہاں فت ک۔ حرف استفہام۔ بمعنی کس جگہ، کس مقام پر، کدھر، نیز اِستفہام انکاری م: میں کہاں بولا= میں نہیں بولا۔

کَہانا فت ک۔ رک: کہلانا (۲)۔

کَہانَت فت ک ن۔ امث۔ کاہِن (رک) کا پیشے یا کام؛ پیش گوئی۔

کَہانی فت ک۔ امث۔ افسانہ، من گھڑت قصّہ؛ کتھا؛ ڈرامے کے واقعات؛ خاکہ یا پلاٹ؛ گزری یا بھولی ہوئی بات۔ امذ۔ کہانی کار افسانہ نویس۔

کَہاوَت فت ک و۔ امث۔ مثل یا ضرب المثل، حکایت، قول۔

کِہْتَر کسمج ک، سک ہ، فت ت۔ صف۔ کمتر، گھٹیا، مقابلتہً چھوٹا، کم رتبہ۔

کُہْر ضم مج ک، سک ہ۔ امث۔ دُھند، زمین کے قریب فضا میں پھیلے ہوئے بخارات۔

کُہْرام ضم مج ک، سک ہ۔ امذ۔ رونے دھونےکا شور، واویلا۔

کَہْرُبا فت مج ک، سک ہ، ضمہ ر۔ امث۔ ایک درخت کا چمکیلا گوند جو رگڑ سے بآسانی مقناطیسی قوّت پیدا کر لیتا ہے اور تنکے اپنی طرف کھینچ سکتا ہے، کپُور [ف: لفظاً : تنکے اٹھانے والا۔ لاط: Oriental Anime]۔

کَہْرْوا فت مج ک ہ، سک ر۔ (بروزن کَمْریا) امذ۔ طبلے کی ایک تال، اور دادرے کی ایک قسم جوکہروا تال پر گایا یا بجایا جاتا ہے۔

کَہْف فت مج ک، سک ہ۔ امذ۔ نماز علَم اَصحابِ کَہْف دقیا نوس بادشاہ کے ڈر سے ایک غار میں جا کر سو رہنے والے چند لوگ جو ازروئے روایت قرآنی سوسال تک سوتے رہے تھے۔

کَہکَشاں فت مج ک، سک ہ۔ آسمان پر رات کو نظر آنے والا روشن غبار کا سلسلہ؛ دراصل وہ عالم جس میں نظام شمسی بھی واقع ہے۔ [ف۔ کاہْ کَشاں = سوکھی گھاس کا گٹھا کھینچنے سے بننے والا نشان یا جھاڑو دینے سے اٹھنے والا غبار]۔

کَہْگِل فت مج ک، سک ہ، کس گ۔ امث۔ بھوسا ملا گارا جس سے کچے گھروں کی لپائی کی جاتی ہے۔

کَہْلانا (۱) فت مج ک، سک ہ۔ ف م۔ کَہْنا (رک) کا متعدی؛ ف مجہول؛ پکارا جانا، موسوم ہونا، م م: کَہْلْوانا (فت مج ک ہ) کسی کی معرفت پیغام

بھیجنا؛ دوہرانے کے لیے کہنا، یاد کرانا (بول، سبق وغیرہ)۔

کَھلانا (۲) فت مج ک، سک ہ۔ ف ل۔ آلکسی محسوس کرنا، سست، نڈھال، پست ہمت، مایوس، افسردہ ہونا۔

کَہْ مُکَرنی فت مج ک، سک ہ، ضمہ م، فت ک، سک ر، امث۔ رک: **مُکَرنی**۔

کَہَن فت مج ک۔ ہ۔ امث۔ قول بات، مَثَل۔

کُہَن ضم مج ک، فت ہ۔ صف۔ پُرانا،قدیم بوسیدہ، نیز **کُہْنَہ** (سک ہ، فت ن، ہ غم) اکیف مث **کُہْنَگی** پرانا پن، بوسیدگی، سالخوردگی، بڑھاپا، مروصفی **کُہَن سال**۔ اکیف مث **کُہَن سالی**۔

کَہْنا فت ک، سک ہ، ف ل۔ منہ سے بولنا، بتانا، سنانا؛ موزوں کرنا (شعر، سخن) نیز امذ۔ رک: **کَہا**۔

کُہْنی ضم مج ک، سک ہ۔ امث۔ مونڈھے اور کلائی کے جوڑ کے درمیان بانہہ کے موڑ پر اُبھری ہوئی ہڈی، آرَنْج، مِرفق؛ بازو؛ کرسی کا ہتّہ۔

کَہُولَت فت ک، ومع، فت ل۔ امث۔ بڑھاپا، ضعیفی، آغاز پیری کا زمانہ۔

کَہِین فت ک، ی مع۔ صف۔ بہت چھوٹا، بہت حقیر مرعطفی **کَہِین وَ مَہِین** ارذل و احقر، ادنیٰ لوگ۔

کَہِیں فت ک، ی مع، غنہ۔ ظرف مکانی غیر معیّن، کسی جگہ، کسی مقام پر؛ کبھی، کسی موقع پر، بطور استفہام انکاری، م: لاتوں کے بھوت کہیں باتوں سے مانتے ہیں۔ بطور حرف تمنا، م: اُس کا درآئے کہیں اس کا دیدار آئے کہیں؛ برائے تاکید یا مبالغہ؛ م ف۔ بہت بسیار م: اس سے کہیں اُونچا، کہیں آگے۔ (بول چال) **کَہِیں سے کَہِیں** بہت آگے، بہت دور **کَہِیں کا کَہِیں** بے ترتیب، بے موقع، کسی اور جگہ پر۔

کَئی (۱) فت ک۔ صف۔ چند کچھ۔ بہت سے۔ **کَئی کَئی** متنوّع۔

کَئی (۲) فت ک۔ صف۔ رک: **کَے** (۲)۔

کَے (۱) ے لین۔ حرف استفہام۔ کتنے؛ کب، کیونکہ، کہاں م: شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ (۔ سنی ہوئی بات دیکھی ہوئی کے برابر کہاں ہوتی ہے)۔

کَے (۲) ے لین۔ علَم۔ قدیم ایرانی حکمراں خاندان کا لقب۔ صف **کَیانی**، **کَئی**۔

کیا ک ی مخلوط۔ حرف استفہام۔ مترادف: چہ، آیا۔ اکثر جملۂ استفہامیہ کے شروع یا آخر میں آتا ہے۔

کِیا کس ک۔ مصدر کرنا سے فعل ماضی۔ امذ۔ حرکت، کرتوت۔ مرکب **کیا دَھرا** انجام دیا ہوا کام۔ نیز **کیا کَوتَک** (ولین) کارنامہ (طنزاً) بری حرکت، برا کام۔

کَیّاد فت ک، شد ی۔ صف تفضیل۔ بڑا مکار۔ امذ۔ **کَید** (ے لین) مکّاری۔

کِیاری کس ک۔ امث۔ زمین کا قطعہ جس میں پھول یا ترکاری بوئی گئی ہو۔

کِیاسَت کس ک، فت س۔ امث۔ ذکاوت، ہنرمندی، تیز طبْعی۔

کیتْکی ے مج، سک ت۔ امث۔ کیوڑے کی چھوٹی قسم جس کا پھول زرد نہایت خوشبو دار ہوتا ہے۔ (لاط: pandanus Odoratissimus)۔

کیٹ ی مع۔ امذ۔ مَیل کُچیل، گاد، حقے کی نلی میں جم جانے والا میل۔

کیجا ی مع۔ امث۔ بچّوں کی زبان میں دائی، کھلائی۔

کیچْلی ے مج، سک چ۔ امث۔ سانپ کے جسم کی نیم شفاف کھال یا خول جو پرانی ہونے پر اُتر جاتی ہے، پوست مار، نیز **کینْچْلی** ۔[س: کَنچُلک]۔

کیچْوا ے مج، سک چ۔ امذ۔ ایک برساتی کیڑا جو بالشت بھر کے قریب لمبا ہوتا ہے؛ پیٹ میں پیدا ہونے والا پتلا لمبا کیڑا۔

کَید ے لین۔ امذ۔ مکر، فریب، دھوکا۔ صف۔ **کَید**

کار۔ تفضیل کیّاد۔ امث کید کاری۔
کِیر ی مع۔ امذ۔ مرد کا آلۂ تناسل۔ نیز کیر (ے مج)۔
کِیرتَن ی مع، سک ر، فت تـ امذ۔ کتھا، اوتاروں یا مذہبی پیشواؤں کے گُن گانا، وہ سبھا جس میں بھجن گائے جائیں۔
کَیری ے لین۔ امث۔ کچّا آم، اَنبیا۔
کِیڑا ی مع۔ امذ۔ کِرم، حَشرہ، دُودہ،حشرات الارض، رینگنے یا اڑنے والے چھوٹے جانوروں میں سے کوئی؛ کپڑوں، کاغذ لکڑی وغیرہ کو چاٹنے والی دیمک؛ کیچڑ پانی زخم میں کِلبلانے والی حقیر مخلوق؛ پیڑوں فصلوں کو کھانے والے مختلف انواع کے خورد حیاتیاتی وجود؛ سانپ۔
کیس ے مج۔ ج مذ۔ سر کے بال۔
کیسَر ے مج، فت س۔ امث۔ زعفران؛ نیز پھول کے اندر کے وہ ریشے جن میں زیرہ لگا ہوتا ہے۔ صف **کیسَری** (ے مج، سک س) زعفرانی (رنگ)(لاط: Crocus Sativus)۔
کِیسہ ی مع، فت س۔ امذ۔ خریطہ، بٹوا، تھیلی۔
کیش ے مج۔ امذ۔ مذہب، مشرب، چَلن، شِعار۔
کَیف ے لین۔ امذ۔ حالت، احوال؛ سرُور، سرخوشی۔ مرکب عطفی **کَیف وَ کَم** (کیفْ کَم) خصوصیات اور مقدار۔ صف **کَیفی** متوالا، مخمور [ع = کیسا اور کیا]۔
کَیفَرِکردار ے لین، فت ف، کس مج ر، کس ک، سک ر۔ مر اضا: کیے کی سزا، پاداش عَمل۔
کَیفیّت ے لین، کس ف، شد فت ی۔ امث۔ حال، احوال، حقیقت؛ عالم، رنگ ڈھنگ؛ تفصیل، شرح؛ نشہ، سرُور، سرخوشی۔ عام: **کیفِیَت** (بلا شد)۔
کِیکَر ی مع، فت ک۔ امذ۔ ببول کا درخت، اُمّ غِیلان جس میں پتلے لمبے کانٹے ہوتے ہیں (لاط: Acacia Arabica)۔
کیکَری ی مع، سک ک۔ امث۔ گوٹ کی تُرپائی کو چھپانے کے لیے بنی ہوئی کنگرے دار بیل۔
کیکَڑا ے مج، سک ک۔ امذ۔ مچھلی کی نسل سے ایک آبی جانور جس کے آٹھ پاؤں اور دو نکیلے بازو ہوتے ہیں اور چوڑا پیٹ؛ سرطان؛ ہندی جیوتش میں برج سرطان۔
کِیکنا ی مع، سک ک۔ ف ل۔ بندر وغیرہ کا کلکاری مارنا، چیخنا۔
کِیل ی مع۔ امث۔ تختے وغیرہ پر ٹھونکنے کے لیے لوہے یا تار کی لَنبوتری نوک دار سلائی یا سلاخ، میخ؛ لاٹ، محور جس پر کوئی چیز گھومے؛ ناک کے نتھنے میں پرونے والا زیور، لونگ؛ چکّی کا کُھونٹا۔ مر عطفی **کیل کانٹے** آڑی سیدھی لکیریں؛ **کیل کانٹے سے لَیس** کسی کام کے لیے پوری طرح تیار۔
کیلا ے مج۔ امذ۔ لنبوترا میٹھا گودے دار پھل، مَوز۔
کِیلا ی مع۔ امذ۔ گوشت خور جانوروں کا نوکیلا؛ دانت زمین میں گڑا ہوا، کُھونٹا؛ میخا۔
کِیلنا ی مع، سک ل۔ ف م۔ منتر یا عمل سے بے حس و حرکت کر دینا؛ کیل ٹھونک کر بند کر دینا۔
کَیلُوس ے لین، ومع۔ امذ۔ معدے میں پیدا ہونے والی رطوبت جو غذاکو ہضم کرنے میں مدد دیتی ہے نظام ہضم کا پہلا درجہ جس میں کیلُوس غذا کے ساتھ ملتا ہے [یونانی: Chylos]۔
کیمُخت ی مع۔ ضمہ م، سک خ۔ (دباغت) امذ۔ گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کا چمڑا، جو ساغری بھی کہلاتا ہے۔
کَیمُوس ے لین، و مع۔ امذ۔ وہ رطوبت جو انتڑیوں میں پیدا ہوتی ہے، نظام ہضم کا دوسرا درجہ [لاط: Chymus، یونانی: Chymos]۔

کِیمیا ی مع، کس م۔ امث۔ معمولی دھاتوں کو سونا بنانے کا عمل؛ مادّوں کی خصوصیات، امتزاج اور اس کے ردّ عمل کا مطالعہ کرنے والا علم۔ صف **کیمیاوِی**۔

کِینَہ ی مع، فت ن۔ امذ۔ کپٹ، کسی کی طرف سے دل میں برائی یا بیر بیٹھ جانا۔

کَیواں ے لین، غنہ۔ امذ۔ ستارہ زحل، ساتواں آسمان۔

کیوڑا ے مج، سک و۔ امذ۔ تکونے نکیلے پتوں والا ایک تقریباً ۴ گز لنبا درخت اور اس کا خوشبو دار پھول جس کا عرق نکالتے ہیں، اس کی چھوٹی قسم کو کیتکی کہتے ہیں (لاط: Pandanus Odaratissimus)۔

کیول ے مج، فت و۔ صف۔ صرف، فقط، محض؛ اکیلا، تنہا۔

کیوں کس ی مخلوط، ومج، غنہ۔ حرف استفہام۔ کس لیے، کس بنا پر، کاہے کو۔

کَیہان ے لین امذ۔ دنیا، جہان نیز **گیہان**۔

کھ

کھ کھے، کھا۔ امث۔ اردو حروف تہجی کا چالیسواں حرف اور دسواں ہائیہ، حَنکی مصمتہ، کَ اور ہ کی مخلوط آواز کا حامل، صرف ہندی اصل کے الفاظ سے مخصوص۔ جمل میں ک اور ہاے ہوز کا مجموعہ اور ۲۵ عدد کے برابر شمار ہوتا ہے۔

کھاتا امذ۔ فردِ حساب، حساب کی کتاب، بہی۔ ف م: **کَھتْیانا** کھاتے میں درج کرنا [س: کھات = غلّے کا کھتّہ]۔

کھاتی امذ۔ بڑھئی (عوامی لفظ) [س: کھات .. کھودنا]۔

کھاٹ امث۔ بان کی چارپائی، تص **کَھٹْیا** ف مر، محاورہ: **کھاٹ/ کھٹیا سے لگنا** بہت بیمار، صاحبِ فراش ہونا۔ مخفف **کَھٹ** م: **کَھٹ بُنا** چارپائی بننے والا۔

کھاد امث۔ زمین کی تقویت کے لیے اور پودوں کی غذا کے طور پر ڈالی جانے والی اشیا، گلے سڑے پتّے، فضلہ، کچرا، یا کیمیائی مصنوعات۔

کھادَر فت د۔ امث۔ نشیبی زمین، کچھار۔

کھادی امث۔ ہاتھ کے کتے ہوئے سوت کا موٹا کپڑا، گاڑھا نیز **کَھدّر**۔

کھار امث۔ سجّی، لونی، کلّر؛ وہ نمک جو بعض درختوں کے پتوں یا بوٹیوں کو جلا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ [س: کْشار]۔

کھارْوا سک ر۔ امذ۔ ایک چھدرا سوتی کپڑا جو استر یا کپڑ چھن وغیرہ کے کام آتا ہے، قند؛ موٹا کھدّر جس سے خیموں کے استر بنائے جاتے ہیں۔

کھاری صف مذ مث۔ نمکین، شور۔ م: **کھاری**

پانی، اکیف مث۔ کھاری پَن مث: کَھرَیاہٹ۔

کھاڑی فت کھ۔ امث۔ خلیج، تین طرف سے خشکی میں گھرا ہوا پانی کا قطعہ۔

کھاڑی امث۔ گھوڑے کو سدھانے اور راہ پر لانے کے لیے استعمال ہونے والا لکڑی کا کھٹکتا۔

کھال امث۔ جسم پر منڈھا ہوا پوست، چمڑا، چمڑی، چام۔ ف مر کھال اُتارنا/ اُدھیڑنا/ کھینچنا سلخ کرنا، نیز مجازاً: سخت آزار یا نقصان پہنچانا۔

کھان (۱) امذ۔ کھانا مرعطفی: کھان پان کھانا پینا، آپس کا میل جول سماجی روابط ضیافت، تواضع۔

کھان (۲) امث۔ پتھر یا دھاتیں کھود کر نکالنے کی جگہ، معدن نیز کان۔

کھانا امذ۔ غذا، خوراک، ان؛ دعوت۔ ف م: حلق سے اتارنا، پیٹ میں بھرنا، ہضم کرنا، چٹ کرنا۔ بنیادی معنی کے علاوہ محاورات میں بطور فعل امدادی کثیر معنی رکھتا ہے۔ م: پھیر، تاؤ، ٹھوکر، جھٹکا، چکر، دھوکا، قسم، لات، مات، کھانا، وعلیٰ ہذالقیاس۔ صف

کھاؤُ (ومع) پیٹو، بسیار خور، بہت کھانے یا لُوٹنے والا م: کھاؤُ پیر۔

کھانْچا امغ۔ امذ۔ چول بھٹانے کا سوراخ؛ جِھری جو اتفاقاً کسی سطح یا جوڑ میں رہ جائے؛ مرغیوں کو بند کرنے کا اُلٹا لنبوترا ٹوکرا۔

کھانْڈا امغ۔ امذ۔ دو دھاری چھوٹی تلوار یا خنجر۔

کھانْسی امغ۔ امث۔ گلے یا سینے کی خلش کے سبب سانس کے اضطراری طور پر رگڑ کے ساتھ حلق سے نکلنے کی آواز، سُرفہ، سُعال۔

کھانْگ غنہ۔ امذ۔ گینڈے کا سینگ نما نکیلا عضو؛ سؤر کا دانت۔

کھائی ی مع۔ امث۔ خندق، زمین میں گہرالمبا گڑھا جسیا کہ قلعے کے گرد کھودا جاتا ہے۔

کَھبّا فت کھ، شد بـ۔ امذ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا، چَپ دست۔

کُھبْنا ضمہ کھ، سک بـ۔ ف ل۔ لُبھانا، دل میں اُترنا، [چُبھنا کا ہم اصل س: کُشبھ]۔

کَھپانا فت کھ۔ ف م: کام میں لانا؛ ٹھکانے لگانا؛ سمانا، دھنْسانا۔ ف ل کَھپْنا، ٹھکانے لگنا۔ اکیف مث کَھپَت بھرائی، سمائی، گنجائش کو پُر کرنے کا عمل؛ فروخت، بکری م: مال کی کھپت۔

کَھپْچا فت کھ، سک پـ۔ امذ۔ رک: کَفْچہ۔

کَھپَچّی فت کھ پ، شد چ۔ امذ۔ چرے ہوئے بانس کا ٹکڑا، تیلی سے موٹا یا چپٹا۔

کَھپْرا فت کھ، سک پـ۔ امذ۔ موٹی چھال کا ٹکڑا، بکّل، مچھلی کا چھلکا، نالی کی شکل میں ڈھلی ہوئی پکّی اینٹ؛ اناج کا ایک کیڑا۔

کَھپَرْیا فت کھ پ، سک ر۔ امذ۔ سخت زمین کے لیے موٹے پھالے کا بھاری ہل۔

کَھپَریل فت کھ، سک پ، ے لین۔ امث۔ پختہ اینٹ کی اُلٹی نالیوں یا چپٹے قطعوں سے چھائی ہوئی چھت، قب: کھپرا۔

کَھتْری فت کھ، سک تـ۔ امذ، اسم جنس۔ ہندو سماج کی چار جاتیوں میں سے برہمنوں کے بعد دوسرے درجے کا طبقہ جس سے روایتہً سپہگری منسوب ہے، نیز چھتری [س: کھشَتْری]۔

کَھتَونی فت کھ، و لین۔ امث۔ حساب کی فرد، رجسٹر اندراجات [اصلاً: کھتیانی]۔

کَھٹّا فت کھ، شد ٹـ صف، امذ۔ ترش؛ ترنج کی ایک قسم، بڑا لیمو، گلگل۔

کَھٹائی فت کھ۔ امث۔ ترشی، امچور کی پھانک۔ اسم کیف کَھٹاس کھٹّا ذائقہ، کھٹّا پَن [س: کَھٹْ واس =

کھٹی ہو]۔
کُھٹ بَڑھئی ضمہ کھ، فت ب، ڑھ، (بروزن مکئی) امذ۔ ہُد ہُد جو چونچ سے لکڑی کھودتا ہے۔
کَھٹ بُنا فت کھ، ضمہ ب۔ امذ۔ چار پائی بننے والا۔
کَھٹ پَٹ فت کھ پ۔ امث۔ لڑائی، تکرار، جھگڑا؛ لکڑی پر چوٹ پڑنے کی آواز۔
کَھٹراگ فت کھ، سک ٹ۔ امذ۔ مختلف راگوں کا مجموعہ، گڈ مڈ سُر؛ جھنجھٹ، جھمیلا [س: کشکٹ راگ = چھ راگ]۔
کَھٹراس فت کھ، سک ٹ۔ صف۔ ملے جلے ذائقوں والا [س: کُشکٹ راس = چھ ذائقے]۔
کَھٹک فت کھ، ٹ۔ امث۔ خلش، چبھن۔ ف م۔ **کَھٹکنا** چبھنا؛ شک میں ڈالنا۔
کَھٹکا فت کھ، سک ٹ۔ امذ۔ ڈر، خدشہ، اندیشہ؛ کمانی یا پیچ جس سے ڈھکنا، پٹ وغیرہ کھولتے بند کرتے ہیں، سَٹکنی؛ باغ میں چڑیوں کو ڈرانے کے لیے بجایا جانے والا پَھٹ پَھٹا، کَھٹ کَھٹا۔
کُھٹکنا ضمہ کھ، فت ٹ، سک ک۔ ف م۔ چوزے کا چونچ سے انڈے کو توڑنا؛ دانہ چگنا؛ نیز **کُٹکنا**۔
کَھٹکَھٹا فت کھ، سک ٹ۔ امذ۔ کھٹ کھٹ کی آواز کرنے والا آلہ یا جنتر۔
کَھٹکَھٹانا فت کھ، سک ٹ۔ ف م۔ کھٹ کھٹ کی آوازکرنا، دستک دینا؛ تاکید تقاضا، یاددہانی کرنا۔
کھٹ مِٹّھا فت کھ، کس م، شد ٹھ۔ صف۔ ملے جُلے کھٹے میٹھے ذائقے والا۔
کَھٹولا فت کھ، ومج۔ امذ۔ چھوٹا پلنگ، پلنگڑی۔
کَھٹیانا فت کھ، سک ٹ۔ ف ل۔ کھٹے کے اثر سے دانتوں کا چمک اور تیزی کھو بیٹھنا۔
کَھٹیک فت کھ، ی مع۔ اجنس، امذ۔ ہندوؤں کی ایک شُوڈر جاتی جو چمڑے یا کھال کو کمانے کا کام کرتی ہے، اُس جاتی کا فرد یا کاریگر؛ ریگر، چمار۔

کَھجلا فت کھ، سک ج۔ امذ۔ ایک طرح کی خستہ باقر خانی جسے دودھ میں ڈال کر کھاتے ہیں۔
کُھجلی ضمہ کھ، سک ج۔ امث۔ خارش۔
کَھجُور فت کھ، ومع۔ امث۔ لَنبوترا، گٹھلی دار میٹھا پھل جو سوکھنے کے بعد چھوہارا کہلاتا ہے، کھجور کا پیڑ۔ صف **کَھجُوری** کھجور کے تنے سے مشابہ گندھی ہوئی چوٹی؛ بیل، بُنائی وغیرہ۔
کَھچا کَھچ فت کھ، صف۔ م ف۔ ٹھَنس کر، ٹھَنسا ہوا، بکثرت، پُرہجوم۔
کِھچاؤ کس کھ، ومج۔ امذ۔ کِھنچے ہونے کی کیفیت،کشاکش نیز **کِھنچاؤ** کس مغ کھ۔
کِھچڑا کس کھ، سک چ۔ امذ۔ حلیم جو گوشت کے ساتھ کئی قسم کا غلّہ ڈال کر اور گھونٹ کر پکائی جاتی ہے۔
کِھچڑی کس کھ، سک چ۔ امث، صف۔ دال چاول ملا کر پکایا ہوا کھانا؛ صف۔ ملا جُلا، گڈ مڈ: چت کَبرا، سیاہ و سفید۔تل چانولا (بال، ڈاڑھی وغیرہ)۔
کِھچنا کس کھ، سک چ۔ ف ل۔ کھینچا جانا؛ دُور رہنا، بچنا، علاحدگی اختیار کرنا۔
کَھدبَد فت کھ ب۔ امث۔ ہَنڈیا کے پکنے، پانی ابلنے کی آواز؛ دُھکڑ پکڑ، ہول، وسوسہ جو دل میں محسوس ہو؛ نیز **کَھد بَدی**۔
کَھدّر فت کھ، شد فت د۔ امذ۔ ہاتھ سے کاتے ہوئے سُوت کا موٹا کپڑا، گاڑھا نیز **کھادی**۔
کَھڈ فت کھ۔ امذ۔ گہری گھاٹی، پہاڑ کے پہلو کا نشیب۔
کَھڈّی فت کھ، شد ڈ۔ امث۔ جولاہوں کی نشیبی نشست؛ دستی کرگھا۔
کُھڈّی ضمہ کھ، شد ڈ۔ امث۔ قدمچہ، گڑھا، سوراخ؛ ٹوٹے ہوئے دانت کی خالی جگہ کو بھی چڑانے کے لیے کہتے ہیں۔ م: منہ میں کُھڈی بن گئی۔

کُھر ضمہ کھ۔ امذ۔ گائے، بھینس بکری وغیرہ کا چِرا ہوا پاؤں (بخلاف سُم جو غیر شگافتہ ہوتا ہے)۔

کَھرا فت کھ۔ صف۔ خالص، سچّا، خوش معاملہ۔

کَھرا کھیل صاف سیدھا معاملہ۔

کُھرا ضمہ کھ۔ پکّا فرش، جہاں پانی نہ مرے، نہانے دھونے کی جگہ۔

کَھرّا فت کھ، شد ر۔ امذ۔ کاغذوں کا پلندہ، طولانی تحریر، کچّا مسودہ۔

کُھرّا ضمہ کھ، شد ر۔ صف۔ ناہموار، سخت کھردری سطح کا، م: **کُھرا پلنگ** بے بستر کا؛ درشت، خرّانٹ، بے ملاحظہ، بے رعایت (آدمی)۔

کَھرانْد فت کھ، غنہ۔ امث۔ دھانس کی طرح کی بدبُو جو گلے میں خراش پیدا کرے۔

کَھرَب فت کھ ر۔ امذ۔ سو ارب یا دس ہزار کروڑ کا عدد۔ ج **کَھربوں** (سک ر) [س: کَھرْو]۔

کُھرْپا ضمہ کھ، سک ر۔ امذ۔ گھاس کھودنے کا دستی اوزار۔ تصغیر **کُھرپی**۔

کَھرَج فت کھ ر۔ امذ۔ سپتک کا پہلا سُر جسے سا کہتے ہیں۔ پہلا قائم سُر جس کی پنچم کی طرح کوئی اتری یا مدّھم شکل نہیں ہوتی۔

کُھرْچَن ضمہ کھ، سک ر، فت چ۔ امث۔ ہنڈیا کے پیندے میں لگی رہ جانے والی اور کھرچ کر نکالنے والی پکّی ہوئی غذا، چاول، مسالہ وغیرہ جسے ہنڈیا کا حاصل سمجھا جاتا ہے۔ مص **کُھرَچْنا** سے مشتق۔ نُکیلی یا دھار دار چیز سےچِھیل کر چُھٹانے والی شے

کُھرْدُرا ضمہ کھ، سک ر، ضمہ د۔ صف۔ ناہموار، غیر شفّاف (سطح وغیرہ)۔

کَھرَل فت کھ ر۔ امث۔ پتھر کا بنا ہوا جوف دار ظرف جس میں موصلی سے دوائیں کوٹتے یا حل کرتے ہیں۔

کَھرَن فت کھ ر۔ امث۔ طبلے پر منڈھی ہوئی کھال کے بیچ میں بنا ہوا گول سیاہ نشان (۲) نگینے کی گھسائی کرنے کی سان۔

کَھرَنْجا فت کھ ر، سک ن۔ امذ۔ اینٹوں یا روڑی کا فرش جس پر پلستر نہ ہو۔

کُھرَنْڈ ضمہ کھ، فت ر، سک ن۔ امذ۔ بھرتے ہوئے زخم کے منہ پر جمنے والا مواد جو زخم بھرنے پر اکھڑ جاتا ہے۔

کِھرْنی کس کھ، سک ر۔ امث۔ ایک زرد لنبوترا چھوہارے کی گٹھلی کے برابر ہلکی مٹھاس کا پھل (لاط: mimosups hexandrac)۔

کَھروَچْنا فت کھ، ومج، سک چ۔ ف م۔ نوچنا، کھسوٹنا، ناخنوں سے کُھرچنا۔

کَھڑیا فت کھ، سک ر۔ امث۔ سفید مٹّی جو ایک نرم سفید پتّھر کا سفوف ہے؛ چاک۔

کَھرَیرا فت ک، ے لین۔ امذ۔ لوہے کا دندانے دار آلہ جس سے گھوڑے کے جسم کی صفائی کرتے ہیں۔

کُھرینْچ ضمہ کھ، ے مج، غنہ۔ امث کھال پر لگی ہوئی خراش، کپڑے میں‌کیل وغیرہ سے پڑنے والی جِھری؛ یا کھرونچ؛ رگڑ یا دھار سے کسی سطح پر پڑنے والی لکیر۔

کَھڑ فت کھ۔ امث۔ ٹوٹے ہوئے موتی، موتیوں کا چورا، موتی کا ٹکڑا یا ریزہ۔

کَھڑا فت کھ۔ صف۔ استادہ، تیار، فوری؛ ساکت قائم؛ عمودی، سالم م: **کَھڑا مَسالہ** بن پسا۔

کَھڑانْو فت کھ، غنہ۔ امث۔ لکڑی کا سلیپر جس کی گُھنڈی کو انگوٹھے کے ساتھ اٹکاتے ہیں۔ جوڑی کے لیے **کھڑانویں**۔

کَھڑْتَل فت کھ، سک ڑ، فت ت۔ صف۔ خشک مزاج، تند خو آدمی۔

کَھڑْکا فت کھ، سک ڑ۔ امذ۔ آہٹ۔ غیر متوقع آواز

جس پر کان کھڑے ہوں، چیزوں کا باہم ٹکرانا، کھڑ کھڑ۔

کَھڑَکْنا فت کھ ڑ، سک ک۔ ف ل۔ بجنا، جیسے طبلے کا کھڑکنا؛ کھڑ کھڑ کرنا۔

کِھڑْکی کس کھ، سک ڑ۔ امث۔ چھوٹا دروازہ، غُرفہ؛ صِف **کِھڑکی دار** سامنے سے کُھلا ہوا، جس میں خلا ہو م: کھڑکی دار اَنگرکھا جس کا سینہ ایک طرف سے کھلا ہوتا ہے؛ کھڑکی دار پگڑی جس کی لپیٹ میں خلا رکّھا جاتا ہے۔

کَھڑْ کَھڑْ فت کھ، سک ڑ۔ امث۔ نقل صوت، ٹکرانے، بجنے کی آواز۔

کَھڑکَھڑانا فت کھ، سک ڑ۔ ف ل/م۔ ٹکرانا، کھڑکھڑ کی آواز کرنا؛ بجنا، بجانا؛ چونکانا، تنبیہ کرنا۔ امث۔ **کَھڑکَھڑاہَٹ**۔

کَھڑَنْک فت کھ ڑ، غنہ۔ صف۔ بالک سوکھا، سخت جس میں ذرا لچک نہ ہو۔

کَھڑی فت کھ۔ امث،صف۔ تیراک کا دریا میں ساکت کھڑا نظر آنا۔ محاورہ **کَھڑی لگانا** صف کھڑا کی تانیث؛ سالم م: **کَھڑی مسُور/ ماش**؛ م: **کَھڑی فَصَل**، تیار کھیتی۔

کَھڑی بوْلی فت کھ، ومج۔ امث۔ دہلی و میرٹھ کے علاقے کی زبان جو غالباً اپنی آس پاس کی بولیوں سے بعض صرفی اختلافات کی بنا پر کھڑی کہلائی۔

کِھسَکْنا کس کھ، فت س، سک ک۔ ف ل۔ سرکنا، ہٹنا، پرے ہونا، بیٹھے بیٹھے جگہ بدلنا، چنپت ہونا؛ جگہ سے ہٹنا؛ اَلٹ جانا جیسے **دماغ کِھسَکنا** پاگل ہو جانا۔ ف م **کِھسْکانا** ہٹانا، دھکیلنا، اگے بڑھانا؛ چپکے سے اُڑا لینا [اصلاً : کَھسکنا]۔

کَھسوٗٹْنا فت کھ، ومج، سک ٹ۔ ف م۔ نوچنا، چھیننا، جھپٹنا۔ امث۔ **کَھسوٗٹ**۔

کِھسْیانا فت کھ، سک س۔صف، ف م۔ رُونکھا، شرمندہ لجایا؛ ف م: خجل ہونا۔

کُھکُّھ ضمہ کھ۔ صف۔ بالکل مفلس، قلاش؛ کھوکھلا، خالی نیز **کُھکّھَل**۔

کُھکْھڑی ضمہ کھ، سک کھ۔ امث۔ ایک قسم کی کٹار جو گورکھے چلاتے ہیں۔

کَھکھیڑ فت کھ، ے مج۔ امث۔ ناحق کی زحمت، پریشانی۔

کَھل فت کھ۔ امذ۔ تیل نکلنے کے بعد بیجوں کا پھوک جو مویشیوں کے چارے کے کام آتا ہے۔ مث **کَھلی** سرسوں کے تیل کا پھوک جس کا اُبٹن بنتا ہے۔

کُھلا ضمہ کھ۔ صف۔ بغیر روک یا دروازے کا، باز؛ کُشادہ فراخ، وسیع؛ آشکارا، ظاہر؛ بغیر ڈھکنے کا؛ بے تکلف، بے تعصبہ رواں، چالو۔

کِھلا کس کھ۔ صف۔ شگفتہ، شاد۔

کَھلار فت کھ۔ امث۔ نشیب، ڈھلان۔

کِھلاڑ کس کھ۔ صف، مث۔ کِھلنڈڑی۔

کِھلاڑی کس کھ۔ امذ۔ کھیلنے والا، کھیلنے میں مہارت رکھنے والا۔

کِھلانا کس کھ۔ ف م۔ کھانے کو دینا؛ کھیل کی مشق کرانا؛ بہلانا، ساتھ مل کر کھیلنا۔

کِھلائی کس کھ۔ امث۔ بچوں کی نگہداشت کرنے والی، دایہ۔

کَھلْبَلی فت کھ، سک ل، فت ب۔ امث۔ ہلچل، افراتفری۔

کُھل مُنْدن ضمہ کھ م، سک ن، فت د۔ امذ۔ ایک طرف سے کھل کر راستہ دینے اور دوسری طرف سے خود بخود بند ہو کر بہاؤ کو روکنے والاآلہ، صمام۔ (انگ: والو، Valve)۔

کُھلّم کُھلّا ضمہ کھ، شد فت ل، سک م، ضمہ کھ، شد ل۔ م ف۔ آنکھوں کے سامنے، علانیہ، بے جھجک۔

کَھلْنا فت کھ، سک ل۔ ف ل۔ ناگوار گزرنا، چُبھنا، اکھرنا۔

کُھلْنا ضمہ کھ، سک ل۔ ف ل۔ وا ہونا، باز ہونا؛ واضح ہونا، بندش سے نکلنا؛ جاری ہونا؛ قائم ہونا؛ بے تکلف ہونا؛ پھبنا، جچنا۔ مطلع کا صاف ہونا؛ ابر کا چھٹنا۔

کِھلّو کس کھ، شد ل، ومج۔ امث۔ باولی ، ہر وقت ہنسنے والی عورت، نیز **کِھلّو باولی**۔

کِھلّی کس کھ، شد ل۔ امث۔ دانت نکوسنا؛ ہنسی، مذاق، مسخرا پن۔

کُھلی چِٹّھی ضمہ کھ، کس چ، شد ٹھ۔ امث۔ وہ خط جس کا مضمون شائع کر دیا جائے۔

کُھلّی چُھٹّی ضمہ کھ، ضمہ چھ، شد ٹ۔ امث۔ بلاروک ٹوک پوری اجازت، خاص رعایت، پوری آزادی (غیر معمولی استثنا یا ناواجب رعایت کی صورت میں بولا جاتا ہے)۔

کَھلْیان فت کھ، سک ل۔ امذ۔ گاہنے کے لیے غلّے کا ڈھیر؛ خرمن؛ کھتہ۔ **کھلْیان کرنا** ڈھیر لگانا؛ کشتوں کے پشتے لگانا، کُچلنا، تباہ کرنا۔

کَھم فت کھ۔ امذ۔ ستون، محراب کا در، لاٹھ، تھم (س: شتَمْبھ) نیز **کھمبا**۔

کَھمّاچ فت کھ، شد م۔ امذ۔ کلاسکی موسیقی کے چھ ٹھاٹھوں میں سے ایک ٹھاٹھ، اور اس کا ایک راگ۔

کُھمْبی ضمہ کھ، سک م۔ امث۔ مختلف اقسام، وضع اور رنگ کی ایک برساتی پود جس میں پتے نہیں ہوتے صرف ایک ڈنڈی اور چھتری ہوتی ہے، بعض زہریلی، بعض ترکاری کے طور پر کھانے کے قابل، زہریلی کو پد بھیڑا، سانپ کی چھتری یا سماروغ اور ترکای کو فطر یا کُھمبی کہتے ہیں (لاط: Arum Cococasia)۔

کَھنْدَھار فت کھ، سک ن۔ امث۔ فوجی چھاونی [س: شکَندھا وار]۔

کَھنْڈ فت کھ، سک ن۔ امذ۔ جُز، حصہ، بھاگ، قطعہ؛ کسی تعمیر کی کوئی منزل م: قُطب کی لاٹھ کا پانچواں کھنڈ۔

کَھنْڈا فت کھ، سک ن۔ امذ۔ چھوٹی تلوار، کھڑگ (کھانڈا کا مخفف)۔

کَھنْڈَت فت کھ، سک ن ڈ۔ امث۔ بکھراؤ، انتشار؛ خلل [اصلاً: کھنڈت کرنا = تتّر بتّر ٹکڑے ٹکڑے کرنا] نیز **کَھنْڈن**۔

کَھنْڈَر فت مغ کھ، فت ڈ۔ (بروزن مکر) امذ۔ ڈھئی ہوئی عمارت، کسی تعمیر کے شکستہ آثار۔

کَھنْڈری فت کھ، سک ن۔ امث۔ فقیروں کا لبادہ، ہزار جامہ جس میں مختلف طرح کے پیوند ہوتے ہیں۔

کَھنْڈ سار فت کھ، سک ن۔ امث۔ کھانڈ بنانے کا کارخانہ [(سار: سال=شالہ، مقام جگہ) نیز سار = رس]

کَھنْڈْلا فت کھ، سک ن ڈ۔ امذ۔ ٹوٹا پھوٹا، چھوٹا سا گھر؛ درخت کے تنے میں بنی ہوئی کھوہ، نیز **کُھنْڈْلا** (قب : کَھنْڈ)۔

کُھنْڈْلا ضمہ کھ، سک ن ڈ۔ امذ۔ بوسیدہ، چھوٹا سا مکان، جھونپڑا۔

کِھنْڈْنا کس کھ، سک ن ڈ۔ ف ل۔ بکھرنا، منتشر ہونا۔

کَھنْڈْوی فت کھ، سک ن ڈ۔ امث۔ بیسن کی لوزاتوں کا سالن؛ بیسن کی لوزات۔

کُھنْسانا ضمہ کھ، سک ن۔ ف ل۔ جَلنا، ناخوش ہونا، غصّہ کرنا۔

کَھنَک فت کھ ن۔ امث۔ جھنکار، کھرے سکّوں، دھاتوں، دیگوں کے بجنے، ٹکرانے کی آواز کھن کَھن؛ لہجے یا گلے میں ایک خاص سریلا پن؛ نقرئی آواز۔ ف ل **کَھنَکْنا** ف م **کَھنْکانا** سکوں کو بجانا۔

کَھنْکار فت کھ، غنہ (بروزن جھنکار)؛ امث۔ گلا

صاف کرنے کی آواز ف ل کَھنکارنا۔

کَھنکالنا فت مغ کھ، سک ل۔ (بروزن اُبالنا) ف م۔ پانی میں ڈبو کر ہلانا جُلانا، دھونا، صاف کرنا۔

کَھنکَر فت کھ، غنہ، فت گ۔ امثہ زیادہ پکی ہوئی سخت اینٹ۔

کھو و مج۔ امثہ غار، پہاڑ دیوار یا زمین میں بنا ہوا بغلی گڑھا۔ نیز کھوہ۔

کَھوا فت کھ (بروزن تَوا)۔ امذ۔ کندھے کا پہلو، بازو کا اوپری سرا جہاں کندھے کا جوڑ ہوتا ہے۔

کھوپَری ومج، سک پ۔ امثہ سر کی گول ہڈی، کاسۂ سر؛ ٹانٹ، چندیا۔

کھوٹا ومج۔ صف۔ کھوٹ ملا، کاسد، جعلی (سکّہ) کھرا کی ضد؛ ناکارہ، غلط؛ خلوص سے عاری۔

کھوج ومج۔ امذ۔ پتہ، نشان، سُراغ۔ کلمۂ تحقیر کھوجڑا محاورہ: کھوجڑا کھودینا، نام نشان مٹا دینا (عموماً دھمکی کے طور پر بولا جاتا ہے۔) امذ۔ کھوجی ٹوہ لینے والا، مخبر۔ ف م کھوجنا تلاش کرنا، سراغ لگانا۔

کھور ومج۔ امذ۔ مویشیوں کو چارہ ڈالنے کے لیے دیوار میں بنی ہوئی کھوہ، ناند۔

کُھوسَٹ ومع، فت س۔ صف۔ نہایت ضعیف، بہت بوڑھا یا بوڑھی (اصلاً: اُلّو)۔

کھوسْڑا ومج، سک س۔ امذ۔ پھٹی پرانی جوتی۔

کھوسْنا و مج، سک س۔ ف م۔ اُڑسنا؛ چھیننا، جھپٹنا؛ نوچنا۔

کھوکھا صف۔ امذ۔ خالی، کھوکھلا، بِن لکھی ہُنڈی یا بِن لکھا چیک یا جس پر رقم وصول کی جا چکی ہو؛ خالی بکس یا کریٹ، لکڑی کی عارضی کھڑی کی ہوئی دکان۔

کھوکھلا ومج، سک کھ۔ صف۔ اندر سے خالی، تھوتھا، اَجوف۔

کَھولَن و لین، فت ل۔ امثہ۔ جلن جو سینے یا زخم میں محسوس ہو۔ مص کَھولنا جوش کھانا، اُبلنا۔ (محاورۃً) حسد کرنا، اندر ہی اندر جلنا۔

کھولنا ومج، سک ل۔ ف م۔ وا کرنا، باز کرنا؛ چھوڑنا، آزاد کرنا؛ گرہ کشائی؛ اظہار؛ تفصیل، تشریح کرنا۔

کھولی و لین۔ امثہ۔ جُھگّی، جھونپڑی، تکیے کا غلاف؛ ایک قسم کی مچھلی (انگ: Sole؛ لاط: Pleuronectes Solea)۔

کھونا ومج۔ ف م، ف ل۔ گم کرنا، گنوانا، ضائع کرنا؛ ہاتھ سے دینا؛ گم ہو جانا، چھپ جانا، مٹ جانا۔

کھونپ ومج، غنہ۔ امثہ۔ کپڑے کے چاک کوسی کر بند کرنا، ٹانکے لگانا، تیپچی۔ ف مر کھونپ بھرنا۔

کُھونٹ ومع، غنہ۔ امثہ۔ سمت، طرف، جانب۔

کُھونٹا ومع مغ۔ امذ۔ زمین میں گڑا یا ٹھکا ہوا لوہے یا لکڑی کا میخا، مویشیوں کو باندھنے کی گڑی ہوئی لکڑی؛ ٹِھکانا، مرکز جس سے کوئی وابستہ ہو۔

کُھونٹی و مع مغ۔ امثہ دیوار میں گڑی ہوئی کپڑے لٹکانے کی کیل، لکڑی وغیرہ؛ سازوں میں ٹھکی ہوئی تاروں کو کسنے کی پھرکی یا کان۔

کھونچ و مج غنہ۔ امثہ۔ کپڑے یا کھال پر کسی نکیلی چیز کی رگڑ سے پڑنے والا نشان یا جھری۔

کھوندنا ومج، غنہ، سک د۔ ف م۔ روندنا، پامال کرنا؛ گھوڑے کا ٹاپیں مار مار کر زمین کھودنا۔

کھونڈا و مج مغ۔ صف۔ کُندھار کا چاقو، ہتھیار وغیرہ؛ اوزار جس کا دندانہ ٹوٹ گیا ہو، لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹے ہوں اور نئے ابھی نہ نکلے ہوں۔ ساتھیوں میں کھونڈا پکارا جاتاہے۔ مث کھونڈی کُند، چھری یا آری؛ ننّھی لڑکی جسکے اگے کے دانت غائب ہوں۔

کھویا ومج۔ امذ۔ دودھ کو پھاڑ کر نتھار کر بنایا ہوا خوش ذائقہ ماوا۔

کھیپ ے مج۔ امث۔ ڈھوئے جانے والے سامان کا ایک دفعہ اٹھایا جانے والا بار یا بوجھ؛ گاڑی وغیرہ کا ایک دفعہ کا پھیرا۔

کھیت ے مج۔ امذ۔ بوئی جوتی جانے والی زمین، زمین پر رہنے والے جانوروں کے انڈے بچّے دینے کا مقام؛ لڑائی کا میدان۔ ف ل کھیت کرنا چاند کا نمودار ہونا؛ کھیت رَہنا لڑائی میں کام آنا کھیت مارنا لڑائی میں جیتنا، میدان مارنا۔ کھیت ہارنا لڑائی میں ناکام رہنا، میدان چھوڑ دینا۔ امث۔ کھیتی کاشت، کاشتہ زمین۔ مرکب کھیتی باڑی زراعت۔

کھیچر ے مج، فت ج۔ صف۔ آسمان میں چلنے والا، مراد سورج امث۔ کھیچری گولی جادو کی روایتی گولی جسے کھا کر انسان آسمان میں اُڑ سکتا تھا۔

کھیدا ے مج۔ امذ۔ جال، گھات، تدبیر؛ جنگلی ہاتھیوں کو گھیر کر پٹے ہوئے گڑھے کی طرف دھکیلنے کی چال۔

کھیر ی مع۔ امث۔ دودھ ملا کر پکائے ہوئے میٹھے چاول، دودھ چاول، شیر بِرنج، فرنی (پسے ہوئے چاولوں کی کھیر فرنی کہلاتی ہے)۔

کَھیر ے لین۔ امذ۔ ایک درخت جس کی لکڑی سے کتّھا بنایا جاتا ہے (لاط: Acacia catechu)۔

کِھیرا ی مع۔ امذ۔ ککڑی کی قسم سے ایک لَنبوتری ہری ترکاری، خِیارِ بالِنگ (لاط: flumos Famoron)۔

کھیڑا ے مج۔ امذ۔ گاؤں، چھوٹی دیہاتی بستی۔

کھیڑی ے مج۔ امذ۔ ایک قسم کا دیسی لوہا، بھر کٹیا لوہا۔

کھیس ے مج۔ امذ۔ موٹے سُوت کا لمبا چادرا۔

کِھیس ی مع۔ امث۔ گاڑھا دودھ جو گائے بھینس وغیرہ بچہ پیدا ہونے کے چند روز بعد تک دیتی ہے، پیوُسی (ے مج، سک و)۔

کِھیس ی مع، ے مج۔ ج مث۔ بتّیسی۔

کھیل ی مع۔ امث۔ بُھنی ہوئی مکئی ف م۔ کِھیل کرنا بُھون کر پُھلانا جیسے پھٹکری کو؛ کِھیل کِھیل کر دینا ٹکڑے ٹکڑے ریزہ ریزہ کر دینا۔

کھیل ے مج۔ امذ۔ تفریحی مشغلہ، بازیچہ؛ تماشا، ڈراما، ناٹک؛ آسان معمولی کام۔

کھینا ے مج۔ ف م۔ پانی پر کشتی وغیرہ کو چپّو سے چلانا اسم فاعل کھَوَیّا، کھیون ہار/ ہارا مث۔ کھیوَن ہاری۔

کھینْچ ے مج، غنہ۔ امث۔ کھینچنے کا عمل، کشش ف م: کھینْچنا اپنی طرف زور کرکے لانا، اینْچنا، گھسیٹنا؛ (نقشہ تصویر وغیرہ) اُتارنا، بنانا، نقش کرنا۔ بطور فعل امدادی مختلف معنی رکھتا ہے م: سانس، نَفَس، آہ، نالہ کھینچنا؛ ڈول، ڈور، تلوار، لکیر، خط، حد کھینچنا؛ زحمت، کسالا کھینچنا وغیرہ۔

کھیوا ے مج۔ امذ۔ کشتی، ناؤ؛ ایک ناؤ کا بوجھ یا مسافروں کی کھیپ۔

گ

گ گاف، کاف فارسی۔ امذ۔ اردو حروف تہجی کا اکتالیسواں ۴۱ حرف۔ حَنکی مصمتہ جس کا مخرج کاف سے قدرے آگے کی طرف ہے اور منہ کاف کے ادا کرنے کی نسبت ذرا کم کھلتا ہے، فارسی، ہندی انگریزی الفاظ میں موجود، عربی میں ناپید۔ جمل میں ک کا ہم عدد (۲۰)۔

گا لاحقۂ فعلِ مستقبل صیغۂ واحد.م: آئے گا؛ و حرف تپاک برائے مخاطب م: آئیے گا؛ سپتک کے تیسرے سُر موسوم بہ گانْدھارْو کا مخفف۔

گاب امذ۔ ایک اونچا درخت اور اس کا پھل، جس کے پتے مَہوے سے ملتے ہوئے، پھول زردی مائل سفید اور لکڑی کے جلانے پر بہت شرارے نکلتے ہیں، تیندو (لاط: Diosperos Ebinum)۔

گابھا امذ۔ لکڑی کا گُدا؛ کیلے کا کچّا تنا۔

گابَھن فت بھ۔ امث۔ حاملہ، خصوصاً مویشیوں کے لیے مستعمل۔

گات امث۔ جسم، قد و قامت خصوصاً نسوانی جسم کے لیے مستعمل۔

گاجَر فت ج۔ امث۔ مولی کی طرح ایک اُودی یا سرخی مائل رنگ کی جڑ جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہے۔ گَزر (لاط: Caucus Caorota)۔

گاد امث۔ تلچھٹ، کسی سیّال کی تہ میں بیٹھ جانے والا مادّہ یا کچرا۔

گار لاحقۂ فاعلی، عموماً بمعنی کرنے، بنانے، پانے والا۔ م: کام گار، گناہ گار، ساز گار۔

گارا امذ۔ گُوندھی ہوئی مٹّی جس سے اینٹوں کی چنائی یا پلستر کرتے ہیں۔

گاڑا امذ۔ بڑی بیل گاڑی، چھکڑا، گڈا۔ تص مث گاڑی کسی قسم کی سواری۔

گاڑنا سک ڑ۔ ف م۔ دبانا، دفن کرنا، پیوند زمین کرنا۔ ف ل۔ گڑنا دفن ہونا؛ محجوب ہونا۔

گاڑھا امذ۔ کھدّر، کھادی۔ ہاتھ کا بُنا سوتی کپڑا۔ صف: دبیز دَل دار، نیم سیّال؛ پتلا کی ضد؛ گہرا م: گاڑھا دوستانہ۔ مث گاڑھی محاورہ گاڑھی چھَننا، گہرا دوستانہ رکھنا۔

گاگَر فت گ۔ امث۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا مٹکا، گھڑا جس کے کنارے اُبھرے اور گلا اونچا ہوتا ہے۔

گال امذ۔ رخسار، کلّہ، تخفیف گل م: گل تَکیَہ، گل مُچّھے (رک)۔

گالا امذ۔ دُھنکی ہوئی روئی کا تھوڑا ساجُز، ٹکڑا یا پَہل۔

گالی امث۔ گندے بول جو کسی کو ذلیل کرنے یا اس پر غصہ اتارنے کے لیے بولے جائیں، دشنام، بدکلامی، سب و شَتم۔ مرعطفی مث گالی گلوج (ولیں) متواتر یا ایک دوسرے کو،گالیاں دینا؛ گالی گُفتار بدکلامی۔

گام امذ۔ قدم، پانْو؛ ایک قدم کا فاصلہ صف گام زَن (فت ر) قدم رکھنے والا، چلنے والا۔ امث۔ گام فَرسائی پانْوں کو زحمت دینا، چل کر آنا۔

گانٹھ غنہ۔ امث۔ گرہ؛ ذابہ؛ سختی، کڑا پن جو کسی نرم چیز میں محسوس ہو؛ کپڑے کا تھان۔ ف مج گَٹھنا (بلا غنہ) گانٹھا یا پکڑا جانا۔

گانٹھنا غنہ، سک ٹھ۔ ف م۔ گرہ دینا، ٹانکے لگانا، کسنا، باندھنا؛ پھانسنا کسی کو ہموار موافق کرنا؛ سازش کرنا؛ جوتا سینا۔

گانجا ا مغ۔ امذ۔ بھنگ سے ملتا ایک پواد جس کے پتوں کی رطوبت کو جما کر چرس بنائی جاتی ہے۔ (لاط: Cannabis Sativa)۔

گانڈ غنہ۔ امث۔ مقعد، کُون نیز گانڑ (بازاری)؛ بیر،

سیب وغیرہ پھلوں کا وہ گڑھا جہاں تِنکا یا ڈنڈی جڑی ہوتی ہے۔ صف: **گانڈُو** اغلام کرانے والا؛ بزدل۔
گانْدَھْرْوْ سک ن، فت دھ، سک ر و۔ صف۔ قدیم گندھارا دیس سے تعلق رکھنے والا، نیز رک: **گَنْدَھْرو۔**
گانْڈَل غند، فت ڈ۔ سرسوں کا ڈنٹھل جو ساگ کی طرح پکایا جاتا ہے۔
گانْگَن امغ، فت گ۔ امث۔ بند منہ پھُنسی، دُنْبل۔
گانو غند۔ امذ۔ دیہاتی بستی، دیہہ۔ نیز **گاوُں۔**
گاؤ سک و (بروزن گام)۔ امث، امذ۔ گائے، بیل۔ **گاؤپَرواری** موٹا تازہ بیل۔صف **گاؤ دُم** مخروطی شکل کا؛ **گاؤ خُوْرْد** (خُرد) ضائع، برباد، نابود، امث۔ **گاؤ دِیدَہ** (دی دَ) ایک قسم کی گول خمیری روغنی روٹی،اسی طرح کی لَنبوتری روٹی **گاوزبان** کہلاتی تھی۔ **گاو زوری** طاقت آزمائی **گاومیش** بھینس۔نیز **گاؤ** (ومج)۔
گاودی سک و۔ صف۔ احمق، بے شعور۔
گاہ امث۔ جگہ، مقام، م: سیرگاہ، سجدہ گاہ؛ وقت، ہنگام،م: سحرگاہ۔م ف **گاہ گاہ** کبھی کبھی، گاہے؛ کسی وقت، کبھی، ایک بار۔ تخفیف **گھے۔**
گاہَک فت ہ۔ امذ۔ خریدار۔
گاہْنا سک ہ۔ ف م۔ اناج کو روند کر بھوسا الگ کرنا۔
گائے (بروزن گام) امث مادہ گاؤ، بَقَرہ گئو، گیّا۔
گائِیدَہ ی مع۔ فت د۔ امث۔ ثیِّبَہ، لڑکی جو باکرہ نہ ہو۔ نیز **گاہِیدہ** [ف گاہیدن، گائیدن چمٹانا، مجامعت کرنا]۔
گایَتْری فت ی، سک ت، امذ، صف۔ ویدوں کا ایک چھند یا بحر جس میں ۲۴ ماترائیں ہوتی ہیں؛ اس چھند میں باندھا ہوا کلام یا گیت؛ ایک مقدّس ویدک منتر یا اشلوک جس کا ورد بڑی اہم عبادت سمجھی جاتی ہے۔
گایَک فت ی۔ امذ۔ گانے والا؛ امذ۔ **گایَکی** موسیقی، گانا؛ گانے کا کوئی خاص انداز یا مکتب فن؛ گانے والی، موسیقارہ۔
گَبْدُو فت گ، سک ب، ومع۔ صف۔ موٹا تازہ، عموماً بچے کے لیے مستعمل جو صحت مند ہو، نیز بُغْدو، بُگْدو۔
گَبْر فت گ، سک بہ اسم جنس، نیز امذ۔ آتش پرست قوم یا اس کا کوئی فرد۔
گَبْرُو فت گ، سک ب، ومع۔ صف۔ جوان بَرنا، نوجوان۔
گَبْرُوں فت گ، سک ب، ومع۔امث۔ ایک قسم کا موٹا گرم سوتی کپڑا جس کے عموماً مردانہ کرتے پاجامے بنائے جاتے ہیں۔
گَبّھا فت گ، شد بھ۔ امذ۔ روئی بھرا ہوا، نرم گدّا۔
گَپ فت گ۔ امث۔ ہَلکی پھلکی گفتگو؛ بے اصل بات۔ مرکب مع تابع **گَپ شَپ** غوزیں، اِدھر اُدھر کی باتیں جو بے تکلفانہ طور پر تفریحاً کی جائیں۔ صف **گپّی** گپ کا شوقین، یاوہ گو، بے پر کی اُڑانے والا۔
گُپ ضمہ گ۔ صف۔ خاموش، مخفی۔ **گُپ چُپ** دم بخود، بالکل خاموش [اصلاً س: **گُپْت**]۔
گُپْتی ضمہ گ، سک پ۔ امث۔ دستی چھڑی جس کے خول میں سِروہی یا سیدھی پتلی تلوار چھپی ہوئی ہوتی ہے۔
گُپھا ضمہ گ۔ امث۔ کھوہ، غار، خاموش الگ تھلگ گوشہ۔
گُپھّا ضمہ گ، شد پھ۔ امذ۔ پُھنْدنا، ماتھے پر مانگ کے پہلو میں پھولے پھولے، اُبھارے ہوئے بال؛ پُھولے اُبھرے ہوئے ریشے وغیرہ۔
گَت فت گ۔ امث۔ حالت، کیفیت؛ بھیس، وضع قطع؛ دُرگت، بری حالت؛ ساز کے سُروں یا طبلے کے ٹھیکوں

کی ترتیب یا بندش، ناچنے میں حرکات کی ترتیب، ناچ کا ٹھاٹھ۔

گتّا فت گ، شد ت۔ امذ۔ کاغذوں کی کئی تہوں کو ملا کر بنایا ہوا موٹے کاغذ کا تختہ، دفتی، پٹھا۔

گُتّہ دار ضمہ گ، شد فت ت۔ امذ۔ ٹھیکدار گُتّے دار (ے مج)۔

گُتْھنا ضمہ گ، سک تھ۔ ف م۔ آپس میں لپٹ جانا، لڑنے کے لیے بھڑنا،نیز **گُتّھم گُتّھا ہونا**۔

گُتّھی ضمہ گ، شد تھ۔ امثہ عقدہ، پیچیدگی، اُلجھن، الجھاوا۔

گٹّا فت گ، شد ٹ۔ امذ۔ چوٹ یا رگڑ کا نشان؛ گوکھرو جو پانو یا جسم کے بعض جوڑوں پر کھال میں ابھر آتے ہیں؛ ٹخنے کی ابھری ہوئی ہڈّی۔

گِٹّا کس گ، شد ٹ۔ امذ۔ دھاگا لپیٹنے کی لکڑی کی رِیل؛ ریل پر لپٹا ہوا دھاگا۔ تص مث **گِٹّی**۔

گِٹَّخ کس گ، فت ٹ۔ صف۔ ٹھگنا، بَونا ، پستہ قد۔

گُٹْکا ضمہ گ، سک ٹ۔ امذ۔ رک: گوٹا۔

گِٹْکِری کس گ، سک ٹ، کس ک۔ امثہ گلے باز گایک کے گلے سے نکلنے والی خاص طرح کی جھٹکے دار لہر۔

گَٹْھ فت گ۔ امثہ اتّحاد، ملی بھگت۔ مرعطفی **گٹھ جوڑ** سازش، اتّحاد، ملی بھگت۔

گٹّھا فت گ، شد ٹھ۔ امذ۔ رسّی سے یا کپڑے میں باندھا ہوا بوجھ،م: گھاس کا گٹّھا، امثہ **گٹْھڑی**۔ مکبر **گٹّھڑ** مرکب مع تابع **گٹْھڑی مُٹھڑی** (ضمہ م) گٹھڑی وغیرہ۔ ذاتی معمولی سامان۔

گٹّھَل ضمہ گ، شد فت ٹھ۔ امذ، صف۔ گومڑا، گٹھلی کی طرح کا اُبھار سختی؛ صف: سخت، ناملائم۔

گُٹْھلی ضمہ گ، سک ٹھ۔ امثہ بعض پھلوں کے اندر سے نکلنے والا چھوٹا، بڑا، سخت تخم؛ اس سے ملتی جلتی کوئی سخت شے؛ پھُٹکی، گانٹھ۔

گٹّھی فت گ، شد ٹھ۔ امثہ پوتھی، ثابت پیاز یا لہسن کے لیے مستعمل۔

گٹْھیا فت گ، کس ٹھ۔ امثہ جوڑوں کا درد، وجع مفاصل۔

گٹْھیلا فت گ، ی مع۔ صف۔ گٹھا ہوا؛ مضبوط اعضا، گٹھے، بنے ہوئے جسم والا۔

گج فت گ۔ امذ۔ ہاتھی۔ امثہ **گجا** ہتھنی؛ مرکب امثہ **گج گامْنی چال** دھمکتی، باوقار رفتار یا طرز خرام۔مرکب **گجْنال** بڑی بندوق جو ہاتھی پر لادی جاتی تھی۔

گجّا فت گ، شد ج۔ امذ۔ بڑی گڈّی۔

گِجائی کس گ۔ امثہ موٹے تار کو بل دے کر بنایا ہوا مسالہ جو زردوزی میں پھولوں کی ڈنڈیاں بنانے کے کام آتا ہے۔

گجَر فت گ ج۔ امذ۔ گھنٹے یا گھڑی کی باج۔م ف۔ **گجَر دَم** علی الصّباح، صبح سرے (مراد: جب دن کا پہلا گھنٹہ بجے)۔

گجْرا فت گ، سک ج۔ امذ۔ پھولوں کا گُندھا ہوا ہار۔

گجَر بَھت فت گ ج بھ، سک ر۔ امذ۔ گاجروں کو کس کر بنایا ہوا میٹھا۔ **گجَر بَھتّہ**۔

گَچ فت گ۔ امذ۔ پسا ہوا سفید پتھر، پتھر کا چُونا۔

گُچی ضمہ گ۔ امثہ چھوٹا سا گڑھا یا کھوہ۔ گولیاں کھیلنے کے لیے زمین میں بنایا ہوا سُوراخ۔ امذ۔ **گُچّی پالا** گِلی ڈنڈا۔

گُچّھا ضمہ گ، شد چھ۔ امذ۔ خوشہ، ایک ساتھ بندھی یا پروئی ہوئی ایک ہی طرح کی چیزیں، مثلاً پُھولوں، چابیوں کا گچّھا۔

گدا فت گ۔ امذ۔ فقیر، بِھک مَنگا، بِھکاری، مسکین، نیز **گداگر** (فت گ) امثہ **گداگری** بھکاری کا پیشہ، نیز **گدائی**۔

گدّا فت گ، شد د۔ امذ۔ روئی یا کسی اور قسم کے بھراؤ کا نرم بستر، گبّھا، گدیلا (ے مج)۔ محاورہ گدّا کھانا، زمین پر گرنا؛ ہزیمت اٹھانا۔
گُدّا ضمہ گ، شد د۔ امذ۔ درخت کا موٹا ٹہنا۔
گُداختہ ضمہ گ، سک خ، فت ت۔ صف۔ پگھلا ہوا، نرم، پسیجا ہوا؛ تپا ہوا؛ پختہ۔
گُداز ضمہ گ۔ صف۔ پگھلانے والا۔ امذ۔ نرمی، ملائمت، گرمانے، متأثر کرنے کی صلاحیت۔
گداکا فت گ۔ امذ۔ نقل صوت۔ کسی بھاری چیز کے دھب یا گد سے گرنے کی آواز۔
گدّر فت گ، شد د۔ صف۔ نیم پختہ پھل؛ نیم رسیدہ بھرا بھرا میوے کا دانہ امذ۔ گدْرایا بدن بھرا بھرا، جوان جسم اکیف گدْراہٹ۔
گُدْڑی ضمہ گ، سکہ د۔ امث۔ فقیرانہ پیوند لگا، پرانا لباس۔ مر اضا گُدڑی کالال/ لعل مفلسی میں پلنے والا ہونہار بچہ۔
گُدْگُدا ضمہ گ، سک د۔ صف۔ پھولا پھولا، نرم، نرم (بستر وغیرہ)۔
گُدْگُدانا ضمہ گ، سک د، ضمہ گ۔ ف م۔ بغل، گلے یا تلووں کو سہلانا تاکہ ہنسی آئے۔ ہاتھ یا پاؤں سے چھیڑ کر ہنسانا۔ اکیف مث گُدگُداہٹ۔ امث۔ گدگدی چھیڑ کر ہنسانے کا عمل؛ ہنسی یا شوخی کی تحریک۔
گدلا فت گ، سک د۔ صف مَیلا، مٹی ملا (سیّال)۔
گِدھ کس گ۔ امذ۔ مردار خور پرندہ، کرگس۔
گدّھا فت گ۔ امذ۔ بڑے کانوں کا رینکنے والا لدّو چوپایہ، خر، حمار۔ بطور دشنام: احمق، بے عقل۔ اکیف مذ۔ گدھا پن؛ مث گدھی، تص گدھیا گدھے کی مادہ۔ بطور دشنام: گدھیڑی (ومج) نامعقول عورت۔
گڈّا فت گ، شد ڈ۔ امذ۔ بیل گاڑی، چھکڑا؛ نیز رک: گڈی۔
گُڈّا ضمہ گ، شد ڈ۔ امذ۔ آدمی کی شکل کا کھلونا۔ امث۔ گُڑیا۔
گڈْریا فت گ ڈ، سک ر۔ امذ۔ چرواہا، گوالا، ریوڑ چرانے والا۔
گڈْولنا فت گ، ومع، سک ل۔ امذ۔ تین پہیوں کی گاڑی یا پہیے دار چوکھٹا جس کے سہارے بچّے چلنا سیکھتے ہیں۔
گڈّی فت گ، شد ڈ۔ امث۔ سمیٹ کر باندھی یا مرتب کی ہوئی اشیا، م: تاش کی گڈی، کاغذوں کی گڈی؛ دیہاتی: چھوٹا چھکڑا گڈّا کی تانیث۔
گُڈّی ضمہ گ، شد ڈ۔ امث۔ چھوٹی پتنگ، کنکیّا؛ جوڑوں کی ہڈّیاں جن کی یخنی بنائی جاتی ہے۔
گر فت گ۔ حرف شرط۔ اگر کا مخفف؛ بطور لاحقہ "گار" کا مخفف بمعنی کرنے بنانے، ڈھالنے والا، م: رامشگر، ستمگر، کارگر۔
گُر ضمہ گ۔ امذ۔ اُصول، قاعدہ، پتے کی بات، مفید نکتہ۔
گْراب سک گ۔ امذ۔ بندوق کی چھوٹی گولی [انگ: Grape]۔
گراری فت گ۔ امث۔ دندانے دار پہیّہ، کنوئیں سے پانی کھینچنے کی ہتّے لگی ہوتی چرخی؛ مشینی پہیّوں پر باہر کی طرف ابھرے ہوئے دندانے جو برابر کے پہیے کے دندانوں کے درمیانی کھانچوں میں پیوست ہو جاتے ہیں اور ایک پہیّے کے چلنے سے دوسرا بھی حرکت کرتا ہے۔
گِرامی کس گ۔ صف۔ بڑا، بزرگ، کبیر مرکب: گِرامی قَدر بڑی عزّت، بڑے مرتبے والا۔ گرامی نامہ معزز آدمی کے خط کے لیے مستعمل۔ گِرامی خدمَت (بلا اضافت) معزز آدمی کے نام کے ساتھ بطور لقب، م: بہ گرامی خدمت جناب والد صاحب قبلہ (مراد: بخدمتِ گرامی)۔

گِراں کس گ۔ صف۔ بھاری، بوجھل؛ اہم، قیمتی، مہنگا؛ باعث زحمت۔ **گِرانبار** (امغ: گِراں بار) بھاری؛ وزنی؛ دبا ہوا، مکلّف۔ **گِراں بَہا** بیش قیمت۔ امث **گِرانجانی** (امغ) رنجوری، مصیبت زدگی۔ **گِراں خوابی** گہری نیند۔ **گِراں سَری** تکبّر، غرور۔ صف **گِراں گوش** بہرا، اونچا سننے والا۔ **گِرانمایہ** (امغ، فت ی، ہ غم) قیمتی۔ اکیف **گِرانی** بوجھل پن، مہنگائی۔ عام: گِراں، گرانی۔

گَربَہ فت گ، سک ر، فت ب۔ امذ، امث۔ بلّا، بلّی مرکب توصیفی، **گُربۂ مسکین** (کسمج ۂ، سک م، سک س) چُپ شریر، مُسمُسا، مسُمسی۔

گَربھ فت گ، سک ر بھ۔ امذ (۱) حمل، پیٹ سے ہونا؛ بوجھ [س: گربھ : کوکھ] (۲) غرور، **گھمنڈ**، آن [س: گرْو]۔

گَرَج فت گ ر۔ امث۔ بجلی کا کڑکا، رعد۔

گِرجا کس گ، سک ر۔ امذ۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ، کلیسا۔

گَرد فت گ، سک ر د۔ امث۔ دھول، غبار، بطور صفت: بے حقیقت، ہیچ؛ بطور لاحقہ: گھومنے پھرنے والا م: **کُوچہ گرد**، مراد: آوارہ۔ مرعطفی **گرد وَ غُبار** (گرد وَ غبار) دُھند جو خاک اُڑنے سے چھائے۔ صف: **گرداں** گھومتا ہوا، گھومنے والا۔

گِرد کس گ، سک ر د۔ صف۔ چاروں طرف، آس پاس، گھیرے ہوئے۔ نیز **گِردا گرد**، **گِرد وَ پیش** (ومج، ی مع) **گِردوَ نواح** (ومج، فت ن)۔

گِردا کس گ، سک ر۔ امذ۔ پاندان کی کُلیھوں یا برتنوں کے نیچے رکھنے کا گول کپڑا۔

گِرداب کس گ، سک ر۔ امذ۔ بھنور۔

گَردان فت گ، سک ر۔ امث۔ (قواعد زبان) کلمے کی تصریفی صیغوں کو ترتیب وار یاد کرنا۔ ف م **گرداننا** دوہرانا، بار بار پڑھنا؛ خاطر میں لانا، سمجھنا۔

گِرداوَر کس گ، سک ر، فت و۔ امذ۔ گشتی افسر، پٹواریوں کے کام کا نگراں۔

گَردش فت گ، سک ر، کس د۔ امث۔ چکّر، گھومنا، گول گول حرکت کرنا، تغیّر، انقلاب۔

گَردَن فت گ، سک ر، فت د۔ امث۔ گلا، گلو، عُنُق۔ صراحی کا پتلا مُنہ۔ **گردنِ مینا** (کسمج ن، ی مع)۔ **گردَن ڈھَلکنا** مُنڈیا ایک طرف جھک جانا (بے ہوشی یا موت کے سبب) **گردَن زَدَنی** واجب القتل۔

گُردوارَہ ضمہ ک، سک ر د، فت ر۔ امذ۔ گرو کا آستانہ؛ سکھوں کی عبادت گاہ۔

گَردُوں فت گ، سک ر، و مع، غنہ۔ امذ۔ آسمان۔ صف گھومنے والا۔ مروصفی **گَردُونِ دُوں** (کسمج ن، و مع، غنہ) بدخواہ آسمان (جس سے روایتہً آفات منسوب کی جاتی ہیں)۔

گُردَہ ضمہ گ، سک ر، فت د۔ امذ۔ وہ عضو جو خون میں سے سمّیات وغیرہ کو صاف کر کے، پیشاب کی صورت میں مثانے کے راستے خارج کرتا ہے۔ جسم میں دائیں بائیں دو گردے ہوتے ہیں۔

گِردھر کس دھ، سک ر، فت دھ۔ مروصفی۔ شری کرشن کا لقب؛ پہاڑ کو تھامنے والا نیز **گِردھاری**، [س: گری = پہاڑ + دھاری]۔

گُرز ضمہ گ، سک ر۔ امذ۔ لمبے دستے کا قدیم ہتھیار جس کے سرے پر دھات کا گولا یا بُرجی نما خول ہوتا تھا؛ پہلوان سورمائی کے نشان کے طور پر بھی لوہے یا چاندی کے نمائشی گرز ساتھ رکھتےتھے، گھن۔

گُرسَل ضمہ گ، سک ر، فت س۔ امث۔ فاختہ کا ایک نام۔

گُرسْنَہ ضمہ گ، سک ر س، فت ن۔ امذ۔ بھوکا۔

امث گُرْشَنگی بھوک - نیز گُرسنَہ، گُرسِنَگی (کس س) [ف: نیز گُرسنَہ، گُرُسنَہ]۔

گِرِفت کس گ ر، سک ف۔ امث۔ پکڑ، قبضہ؛ اعتراض، نکتہ چینی۔

گِرِفتار کس گ ر، سک ف۔ صف۔ پکڑا ہوا، قیدی، پابند، گرویدہ۔ اکیف مث **گِرِفتاری** (گِ رِ ف تاری)

گِرِفتگی (گِ رِ ف تَ گی) پکڑا ہوا، جکڑا ہوا، مبتلا، ماخوذ، مجبور ہونا۔ مرکب **دل گرفتگی** افسردگی۔ صف **دِل گرِفتہ** ناشاد، افسردہ خاطر۔

گُرْگ ضمہ گ، سک ر۔ امذ۔ بھیڑیا، ذئب۔ مرکب **گُرگْ آشنائی** بناوٹی خلوص۔ **گُرگِ باراں دیدَہ** (کسمج گ، غنہ، ی مع،فت د) زمانے کے گرم و سرد دیکھا ہوا، تجربہ کار، خرّانٹ، سیانا آدمی۔

گُرْگا ضمہ گ، سک ر۔ امذ۔ چیلا، گماشتہ، ایجنٹ، کسی کا چمچہ یا سیانا کارندہ۔

گِرگٹ کس گ، سک ر، فت گ۔ امذ۔ چھپکلی کی شکل کا ایک جانور جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اپنا رنگ بدل لیتا ہے؛ کرلا؛ آفتاب پرست، حربا۔ نیز **گِرگِٹ** (سک ر، کس گ)۔

گَرْم فت گ، سک ر۔ صف۔ تپتا، دہکتا ہوا، پُرحِدّت، سرد کی ضد؛ جوشیلا، جذباتی؛ مستعد، تیز، حار، جسم میں حرارت پیدا کرنے والا؛ مرکب امث **گرمْ اخْتِلاطی** گہری دوستی؛ **گَرْم بازاری** مال کی بڑھی ہوئی مانگ؛ **گرمجوشی** نمایاں جذبۂ خلوص و اشتیاق، امث **گَرمائی** حرارت، نیز رک: **گرمی۔**

گرما فت گ، سک ر۔ امذ۔ سردے کی ایک قسم۔

گَرْمابَہ فت گ، سک ر، فت ب۔ امذ۔ حمّام جہاں گرم پانی کا انتظام ہو۔

گرمانا فت گ، سک ر۔ ف م/ ل۔ گرم کرنا، جوش، تاؤ دلانا، جذبات کو برانگیختہ کرنا؛ گرم ہونا، تپنا۔

گُرمُکھی ضمہ گ، سک ر، ضمہ م۔ امث۔ پنجابی زبان کا مخصوص رسم الخط جو سکھوں میں رائج ہے۔

گَرمی فت گ، سک ر۔ امث۔ حدّت، حرارت، تپش؛ جوش، جذبہ؛ تیزی، تندی؛ موسم گرما، تابستان؛ آتشک؛ شہوت۔ اسم جنس **گَرْمیاں** گرمی کا موسم۔

گْرَنْتھ سک گ، فت ر، سک ن۔ امث۔ پوتھی، کتاب، صحیفہ۔ **گُرو گْرَنْتھ** سکھوں کی مقدس کتاب۔ صف **گْرَنْتھی** گرو گرنتھ کا عالم۔

گَرْوْ فت گ، سک ر۔ امذ۔ غرور، تکبّر۔

گِرَو کس گ، و لین۔ صف۔ گروی کیا ہوا، رہن شدہ؛ منسلک، مطیع، پیرو، گرویدہ۔م: **گِرَ وِ عَجم** ایرانی تہذیب کا دلدادہ۔ نیز **گِرْوی** (سک ر)۔

گُرُو ضمہ گ، ومع۔ امذ۔ اُستاد، معلّم؛ ہادی، رِشی، پیر؛ ماہر، عالم؛ سرخَیل، سردار **گُروُ گھنٹال** بڑا گُرو، نیز (طنزاً) گھاگ۔

گِروَہ کس گ، ومج، ہ ملفوظ۔ امذ۔ جماعت، ٹولی، ہجوم؛ طبقہ، فرقہ [اصلاً: **گُروَہ**]۔

گِرویدہ کس گ، سک ر، ی مع، فت د۔ صف۔ منسلک؛ مشتاق، مطیع، عاشق۔ اکیف مث **گرویدَگی۔**

گِرَہ کس گ، فت ر۔ امث۔ عقدہ، گانٹھ، پیچ؛ ڈاب، جیب؛ جوڑ، بند؛ گز کا سولھواں حصہ۔ طرح کے مصرعے پر موزوں کیا ہوا مصرعہ۔

گْرِہَسْتی سک گ، کس ر، فت ہ، سک س۔ امث۔ گھر، کنبہ؛ خانہ داری، صف: کنبے والا؛ صاحب اہل و عیال امث۔ **گِرِہَسْتَن۔** نیز **گِرِہسْتی/ گِرہَسْتَن۔**

گْرَہَن سک گ، فت مج ر، سک ہ۔ امذ۔ گہن؛ چاند گہن یا سورج گہن، کُسُوف یا خُسُوف [لفظاً س: پکڑ گرفت، پکڑا جانا]۔

گَری فت گ۔ امث۔ لاحقہ فاعلی۔ گر سے لاحقہ

کیفیت و اسمیّت م: بخیہ گری، ستمگری، نوا گری۔

گری (۱) کس گ۔ امث۔ میوے یا بیج کا مغز، گودا۔

گَری (۲) امذ۔ پہاڑ، م: (علَم) دھول گری، رتنا گِری؛ تیز گردن [رک: گریباں]۔

گریبان کس گ، ے مج۔ امذ۔ قمیص یاکسی پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے گرد رہتا ہے۔ صف **گریباں چاک** (غنہ) جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو۔ **گریباں گیر** (غنہ) گریباں پکڑنے، داد خواہی کے لیے روکنے والا۔ نیز **گَرِیباں** (ی مع) [ف: گَری = گردن، قب س: گْرِیوَ وان = گریبان]۔

گُریز ضمہ گ، ے مج۔ امث۔ بچنا، رخ پھیرنا، اجتناب؛ تمہید باندھنے کے بعد اصل مطلب کی طرف رجوع کرنا، قصیدے میں تشبیب کے بعد مدح کا آغاز۔ صف **گُریز پا** فراری، **گُریزاں** (غنہ) بچنے، کنارہ کشی کرنے والا۔

گِرْیَہ کس گ، سک ر، فت ی۔ امذ۔ رونا، زاری، آنسو بہانا۔ صف **گِریاں** (غنہ) مرکب عطفی **گِریَہ وَ زاری** (گِریَ او زاری) رونا دھونا، آہ و بکا۔

گُڑ ضمہ گ۔ امذ۔ گنّے کے رس کو تپا کر بنایا ہوا میٹھا بھورے رنگ کا ڈلا، قندِ سیاہ۔ مرکب **گُڑانبہ** (گُ ڑَمْبا) کیریاں ڈال کر بنایا ہوا ایک قسم کا حریرہ۔ **گُڑاکو** گُڑ ملا کر تیار کیا ہو چلم کا سستا تمباکو۔

گَڑ بَڑ فت گ ب۔ امذ۔ بے نظمی، بے ترتیبی، خرابی۔ ف م۔ **گڑبَڑانا** گھبرا دینا، پریشان کرنا۔

گَڑگَج فت گ، سک ڑ۔ امذ۔ قلعے یا شہر کی فصیل پر توپ نصب کرنے کے لیے بنایا ہوا مورچہ۔

گَڑگَڑاہَٹ فت گ ہ۔ امث۔ بادلوں کے گرجنے کی آواز یا کوئی مماثل شور۔

گِڑ گِڑاہَٹ کس گ، فت ہ۔ امث۔ عاجزی کا اظہار، منہ ٹیڑھا کر کے خوشامدانہ بات۔ ف ل۔ **گِڑگِڑانا**۔

گُڑگُڑی ضمہ گ، سک ڑ، ضمہ گ۔ امث۔ چھوٹا حقہ، کلی۔

گَڑوا فت گ، سک ڑ۔ امذ۔ دھات کا بنا ہوا لوٹا یا بدھنا، امث **گَڑْوی**۔

گَڑونا فت گ، ومج۔ ف م۔ کسی نرم سطح میں کوئی چیز گھسانا، دھنسانا م: گندھے ہوئے آٹے میں انگلی گڑونا۔

گُڑْیا ضمہ گ، سک ڑ۔ امث۔ کپڑے کی بنی ہوئی، زنانہ مورت، یا کسی اور شے سے بنائی ہوئی ایسی ہی شبیہہ، لُعبت۔ نیز رک **گُڈّا**۔

گَڑْھ فت گ، سک ڑھ۔ امذ۔ قلعہ، کوٹ۔

گَڑھا فت گ۔ امذ۔ گہرا نشیب، جوف، حلقہ م: ٹھوڑی کا گڑھا؛ قبر، گور۔

گُڑْھَل ضمہ گ، فت ڑھ۔ امذ۔ ایک میٹھا زرد پھل جس کا درخت انار کے برابر اور پتے توت جیسے ہوتے ہیں، جَسوندی (لاط: hybiscus rosa sincsis)۔

گَڑھیّا فت گ ڑھ، شد ی۔ امث۔ نشیبی علاقہ۔

گَز فت گ۔ امذ۔ لوہے کی سلاخ، طول ناپنے کا تین فٹ کے برابر سولہا گرہ کا پیمانہ؛ سارنگی بجانے کی کماں جسے تاروں پر پھیرا جاتا ہے؛ بندوق کی نالی صاف کرنے کی سلاخ۔

گُزارِش ضمہ گ، کس ر۔ امث۔ مؤدبانہ عرض، درخواست، اِستدعا۔

گُزاشْتَہ ضمہ گ، سک ش، فت ت۔ صف۔ ترک کیا ہوا، جسے چھوڑ دیا گیا ہو م: گزاشتہ منزل: جہاں سے کُوچ کر دیا گیا ہو۔

گُزاف ضمہ گ۔ امذ۔ یاوہ گوئی، بکواس۔ مرعطفی **لاف وَ گُزاف** (لاف گُزاف) ڈینگیں، شیخیاں۔

گَزَر فت گ ز۔ امث گاجر (رک)۔

گُزَر ضمہ گ، فت ز۔ امذ۔ رسائی، بار، پہنچ؛ راستہ، شارع۔نیز **گُزَرگاہ**؛ نباہ، بسر اوقات۔ نیز **گُزارَہ** (ہ غم) **گُزْران** (سک ز)، **گُزَربَسَر** (فت ز ب س)۔

گُزَشْتَہ ضمہ گ، فت ز، سک ش، فت ت۔ صف۔ گزرا

ہوا، پچھلا، سابقہ، گُزَشْتَنی، گزرنے والا، عارضی۔

گَزَک فت گ ز۔ امث۔ کوئی چیز جو شراب کے ساتھ کھائی جائے، نقل، نیز رک: **گَجَک۔**

گَزَنْد فت گ ز، سک ن۔ امث۔ ضرر، چوٹ، صدمہ۔

گَزی فت گ۔ امث۔ ہاتھ کا بُنا سوتی کپڑا، گاڑھے کی نسبت پتلا۔

گَزِیدَہ فت گ، ی مع، فت د۔ صف۔ ڈسا ہوا۔ **مارگَزِیدَہ** سانپ کا کاٹا۔

گُزِیدَہ ضمہ گ، ی مع، فت د۔ صف۔ چنیدہ، منتخب، برتر، اعلیٰ نیز **بَرگُزِیدَہ۔ گُزِیں** (غنہ) پسند کرنے والا، اختیار کرنے والا م: **گوشہ گُزِیں** (غنہ)؛ اکیف مث **گُزِینی۔**

گُسار ضمہ گ۔ لاحقۂ فاعلی۔ بمعنی دُور کرنے، رفع کرنے والا؛ اُڑانے، چَٹ کرنے والا م: **غَمْگُسار** غم غلط کرنے دل بہلانے والا، **بادَہ گُسار** شراب نوش۔

گُسائِیں ضمہ گ، ی مع۔ امذ۔ گائیں پالنے والا، معزز آدمی، کرشن جی کا لقب۔ نیز **گوسائِیں۔**

گُسْتاخ ضمہ گ، سک س۔ صف۔ بے ادب، منہ چڑھا امث **گُسْتاخی** جرأت شوخ چشمی۔

گُسْتَر ضمہ گ، سک س، فت ت۔ صف، لاحقۂ فاعلی۔ بچھانے، پھیلانے، بکھیرنے والا ث م: **کَرَم گُسْتَر** جس کا کرم عام ہو۔ **سُخَن گُسْتَر** شاعر۔ امث۔ **سُخَن گُسْتَری۔**

گُسْتُواں ضمہ گ، سک س، ضمہ ت۔ امذ۔ گھوڑے کا ساز۔ نیز **بَرگُسْتُواں۔**

گُسِسْتَہ ضمہ گ، کس س، سک س، فت ت۔ صف۔ شکستہ، ٹوٹا، ڈھایا، اکھاڑا ہوا نیز **گُسیخْتَہ** (ے مج، سک خ، فت ت، ہ غم) ٹوٹا؛ علیحدہ، ٹکڑے کیا ہوا۔

گُسِل ضمہ گ، کس س۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی توڑنے، خراب کرنے، تباہ کرنے والا۔ م: **جاں گُسِل** (غنہ) جان کو ہلاک کرنے والا، غمناک، اندوہ گیں۔

گَشْت فت گ، سک ش۔ امذ۔ چکّر، دورہ، پھیرا، سیر۔ امث۔ **گَشْت بَرگَشْت** مروڑ پھلی (رک)۔

گَشْتَہ فت گ، سک ش، فت ت۔ صف۔ واپس، پلٹا، لوٹا ہوا؛ بگڑا، بدلا ہوا، نیز **برگشتہ۔ گَشْتی** برائے گشت، کئی جگہ بھیجا جانے والا (مراسلہ، خط وغیرہ)۔

گَف فت گ۔ صف۔ موٹا، دبیز (عموماً کپڑے کے لیے) نیز **غَف۔**

گُفْتار ضمہ گ، سک ف۔ امث۔ گُفتگو، بات، کلام۔

گُفْتگُو ضمہ گ، سک ف ت، ومع۔ امث۔ بات چیت۔

گُفْتَنی ضمہ گ، سک ف، فت ت۔ صف۔ کہنے کے لائق، قابل ذکر، واجب الاظہار۔

گُفْت وَ شُنِید ضمہ گ، سک ف، ومج، ضمہ ش، ی مع۔ مرکب عطفی۔ بات چیت، کہنا سننا۔

گَگَن فت گ۔ امذ۔ فضائے آسمانی، آکاش؛ پانی کی موج، چھینٹا۔

گُل ضمہ گ۔ امذ۔ پُھول؛ گلاب؛ چراغ کی بتّی کا جلا ہوا سرا جسے کتر دیتے ہیں؛ چلم کی تہہ میں جلا ہوا تمباکو؛ داغ نشان۔ مرکب **گُلِ بکاؤلی** اندھوں کو بینائی بخشنے والا ایک خیالی افسانوی پھول۔ **گُلْبَن** (فت ب) پُھلواری؛ **گُلْبُن** (ضمہ ب) گلاب کے پودے کی جڑ؛ **گُلْچِیں** پھول توڑنے والا، باغبان؛ **گُلْدَسْتَہ** سجا کر باندھے ہوئے پھول؛ مختلف شعرا کے منتخب کلام کا مجموعہ؛ **گُلِ سَرْسَبَد** (فت س، سک ر، فت س ب) سب سے اوپر سجایا جانے والا بہترین پھول، صف۔ **گُلْ عذار** (سک ل، کس ع) جس کے پھول جیسے گال ہوں۔ **گُلْ قَنْد** گلاب کی پتیوں کی معجون۔ **گُلْگیر** چراغ کی بتّی تراشنے کی قینچی۔ محاورہ **گُل کَھانا** جلنا، کڑھنا؛ **گُل ہونا** (چراغ کا) بجھنا۔

گِل کس گ۔ امث۔ مٹی، خاک، گندھی یا گیلی مٹّی،

گارا۔ مرکّب، گُلِ آرْمَنی (کسمج ل، فت ا، سک ر، فت م) سنیدور سے ملتی ایک سرخ رنگ کی چکنی مٹّی (لاط: bole amoniac)۔ (عطّاری) گِلِ حکْمَت دم پُخت کرنے کا عمل، برتن کا منہ مٹّی سے بند کر دینا تاکہ بھاپ نہ نکلے۔

گلا فت گ۔ امذ۔ گردن؛ حلق؛ آواز؛ گریبان م: کرتے کا گلا۔ محاورہ گلا پھرانا گانے والے کا آواز کو لہرانا۔ گلا گھونٹنا (ومج) گلا دبا کر سانس روک دینا (جان سے مارنےکے لیے)۔

گلّا فت گ، شد ل۔ امذ۔ دوکاندار کا نقدی کا صندُوقچہ یا چنگیر وغیرہ۔

گُلاب ضمہ گ۔ دیسی گُلِ سرخ، خوشبو دار، جس کا عطر کھینچتے اور عرق نکالتے ہیں۔ اصلاً: گلاب کا عرق؛ گلاب سے مشابہ کوئی پھول، ولایتی گلاب۔ مرکب گُلابْ جامَن ایک خوشبو دار جامن (لاط: enginia rosa)؛ شیرے میں تر کی ہوئی نشاستے کی ایک گول گول مٹھائی۔ صف گُلابی گلاب کے رنگ کا، ہلکا سرخ۔ گُلابی جاڑا ہلکا جاڑا، موسم سرما کا آغاز۔

گِلابَہ کس گ، فت ب۔ امذ۔ گندھی ہوئی مٹّی، گارا۔

گُلال ضمہ گ۔ امذ۔ مختلف نباتی اجزا سے تیار کردہ ایک سرخ سفوف جو ہندو ہولی کے موقع پر ایک دوسرے کے منہ پر ملتے ہیں، عبیر۔

گُل بانْگ ضمہ گ، سک ل، غنہ۔ امث۔ نغمہ، نعرہ، بلبل کا چہچہا۔

گَل بَیّاں فت گ پ، شد ی۔ ج مث۔ ایک دوسرے کے گلے میں بانہیں ڈالنا۔

گَلْ پَھڑا فت گ پھ۔ امذ۔ مچھلی کے وہ غدّے جن سے وہ پانی سے آکسیجن کھینچتی ہے۔

گَلْ پھیڑ فت گ، ے مج۔ امث۔ گلے کی سوجن، حلق کے غدود پھولنے کا متعدی مرض جو بچّوں کو ہو جاتا ہے۔

گَلْ تَکْیہ فت گ ت، سک ک، فت ی۔ امذ۔ بستر میں گالوں کے نیچے رکھنے کے لیے گول تکینی۔

گَل تَنّی فت گ، فت ت۔ امث۔ بیلوں کے گلے میں جُوئے کے ساتھ باندھی جانے والی رسّی۔

گُلَتّھی ضمہ گ، فت ل، شد تھ۔ صف۔ چاول جو پھریرے رہنے کی بجائے پکنے میں باہم چپک جائیں۔

گِلْٹی کس گ، سک ل۔ امث۔ جسم کے کسی حصے میں غدود کے پھولنے یا فاسد مادّے کے سبب ابھر آنے والی گٹھلی یا سُوجن۔

گُلْ جَھٹّی ضمہ گ ل، سک ل، فت جھ، شد ٹ۔ امث۔ اُلجھاؤ، گتھی، گانٹھ؛ الجھے ہوئے بال یا ریشے۔

گُلْ چَھرّے ضمہ گ، سک ل، فت چھ، شد ر۔ ج مذ۔ رنگ رلیاں۔

گَلْ خَپ فت گ خ۔ امث۔ تکرار، دوبدو۔

گُلْخَن ضمہ گ، سک ل، فت خ۔ امذ۔ انگیٹھی۔

گُلِسْتان ضمہ گ، کس ل، سک س۔ امذ۔ چمن، پُھلواری، نیز گُل سِتان/ں، گُلستاں۔

گُلْشَن ضمہ گ، سک ل، فت ش، امذ۔ باغ، چمن؛ گلاب کے پھولوں کا باغ۔ گُلشنِ قُدس فلک ہفتم، اعلیٰ علّیین۔

گُلگُلا ضمہ گ، سک ل۔ امث۔ بیسن کا میٹھا پکوان، شکل میں گلاب جامن سے مشابہ۔

گِلگِلا کس گ، سک ل۔ صف۔ گیلا گیلا، لجلجا۔

گُلگوتّھنا ضمہ گ، سک ل، و مج، سک تھ۔ امذ۔ موٹا تازہ پُھولے گالوں کا پیارا (بچّہ)، بُغدو۔ [اصلاً: گل گُتّھنا]۔

گُلگُونَہ ضمہ گ، سک ل، و مع، فت ن۔ امذ۔ غازہ؛ سرخ، سرخی۔

گَل مُچھّے فت گ، ضمہ م، شد چھ۔ ج مذ۔ مَنڈی ہوئی ٹھوڑی کے اِدھر اُدھر بڑھائی جانے والی ڈاڑھی۔

گُلْنار ضمہ گ، سک ل۔ امذ۔ جنگلی انار کا پُھول جس میں پھل نہیں لگتا۔

گُلُو ضمہ گ، و مع۔ امذ۔ گلا صف **گُلُو سوز** (ومج) بہت شیریں، نہایت دلکش۔

گِلو کس گ، ومج۔ امث۔ ایک درختوں پر چڑھنے والی بیل، پتے پان سے مشابہ پھلی مٹر کے برابر، پک کر لال، دواءً مستعمل (لاط: Manispermum Cordifolium)۔

گِلّو کس گ، شد ل، ومج۔ امث۔ پیار سے گِلہری کو کہتے ہیں، نیز **گِلّو گِلہری**۔

گِلوری کس گ، و لین۔ امث۔ لگا کر صفائی سے لپیٹا ہوا پان، بیڑا۔ نیز **گِلَوری** (ومج)۔

گِلَونْدا کس گ، و لین مغ۔ امذ۔ مہوے کا خوشبودار، زردی مائل سفید پُھول۔

گَلّہ فت ک، شد فت ل۔ امذ۔ ریوڑ، مویشیوں کا غول۔

گِلَہ کس گ، فت ل۔ امذ۔ شکوہ، رنجش یا شکایت کا اظہار۔

گِلَہری کس گ، فت مج ل، سک ہ۔ امث۔ درختوں پر بسیرا کرنے والا، نرم روئیں دار کھال کا پنجوں کے بل دوڑنے والا چوہے کے برابر جانور جس کی پشت پر تین سیاہ لکیریں ہوتی ہیں۔ صف۔ **گِلَہریا** دھاریدار پتنگ۔

گَلی فت گ۔ امث۔ مکانوں کے درمیان پتلا راستہ، کُوچہ۔

گِلّی کس گ، شد ل۔ امث۔ گِلّی ڈنڈا کھیلنے کے لیے استعمال ہونے والی لکڑی کی نوکدار لنبوتری گول تراشی ہوئی ڈنڈی۔

گُلّی ضمہ گ، شد ل۔ امث۔ چھلا ہوا، بغیر دانوں کا بُھٹہ، ککڑی؛ کیوڑے کا پھول؛ صیقل کرنے کا آلہ؛ چاندی یا تانبے کی سلاخ۔

گَلْیارا فت گ، سک ل۔ امذ۔ مکانوں کے درمیان چھوڑی ہوئی خالی جگہ، راستہ یا تنگ گلی؛ سنڈاس تک مہتر کے آنے جانے کا راستہ۔

گَلْیَر فت گ، سک ل، فت ی۔ صف، امذ۔ گندا، گھٹیا، لیچڑ آدمی۔

گِلیم کس گ، ی مع۔ امذ۔ بکری کے بالوں سے بُنا ہوا موٹا کمبل یا لبادہ۔

گُم ضمہ گ۔ صف۔ ناپید، غائب نیز **گُم گَشْتَہ** کھویا ہوا۔ اکیف مث **گُمْ گَشْتَگی** اکیف مث **گُمْشُدَگی**۔ امث **گُمْنامی** انجانا ہونے کی صورت، شہرت کی ضد۔ صف۔ **گُم صُم** بالکل خاموش گُپ چپ۔

گُمّا ضمہ گ، شد م۔ امذ۔ موٹی پختہ اینٹ۔

گُماشْتَہ ضمہ گ، سک ش، فت ت۔ امذ۔ کسی کام پر مامور یا روانہ کیا ہوا، ایجنٹ۔

گُمان ضمہ گ۔ امذ۔ ظن، سوچ، خیال؛ تخمینہ، اندازہ؛ قیاس، احتمال۔ **گُمانِ غالِب** (کسمج ن) زیادہ قوی احتمال۔

گَمْبھیر فت گ، سک م، ی مع۔ صف۔ گہرا، عمیق؛ اہم، بھاری بھرکم؛ سنجیدہ، متین (آدمی، مسئلہ، معاملہ وغیرہ)۔

گُمْٹی ضمہ گ، سک م۔ امث۔ برجی، چھوٹا گنبد۔ نیز **گُمْڑی، گُمْذی**۔

گُمْذی ضمہ گ، سک م۔ امث۔ بُرجی، گُمڑی۔

گُمَک ضمہ گ، فت م۔ امث۔ گونجدار آواز۔

گَمْلا فت گ، سک م۔ امذ۔ پودے اُگانے کا برتن عام طور پر پکی مٹی کا بنا ہوا۔

گُن ضمہ گ۔ امذ۔ خصوصیت، خوبی، وصف؛ تعریف، مدح۔ محاورہ **گُن گانا** تعریفیں کرنا۔

گَنّا فت گ، شد ن۔ امذ۔ بآنس کی طرح لمبا پھل جس کے رس سے گُڑ اور شکر بنائی جاتی ہے، نیشکر،

کماد (لاط: Sacharum Album)۔

گُناہ ضمہ گ، ہ ملفوظ۔ امذ۔ عصیاں، معصیت، دوش، اپرادھ، فرائض مذہبی سے گریز۔ وہ کام جو مذہباً ممنوع اور لائق عذاب ہو، کوئی غلطی یا عمل جو اخلاقاً مذموم ہو۔ مرکب وصفی **گُناہِ کَبِیر** وہ عمل جس پر شرعی حد عائد ہو۔ **گُناہِ صَغِیر** نسبتہً غیر اہم غلطی یا فروگذاشت۔ تخفیف **گُنہ** م: **گُنہگار** (ہ ملفوظ)۔

گُنبَد ضمہ گ، ن مثل م، فت ب۔ امذ۔ برج، عمارات مثل مسجد، مقبرہ کی چھت پر اُبھرواں کلس دار تعمیر۔

گِنتی کس گ، سک ن۔ امث۔ گننے، تعداد معلوم کرنے کا عمل، تعداد و شمار کے مقرّرہ الفاظ، علامات یا نشانات (ایک دو تین چار وغیرہ)؛ اعداد و شمار۔

گَنج (۱) فت گ، سک ن۔ امذ۔ خزانہ، ذخیرہ، مخزن؛ مَنڈی، بازار؛ محلّہ، بستی۔ **گَنجِ باد آوَرد** (کسمج ج، فت و، سک ر) مفت میں ہاتھ لگی ہوئی دولت (خسرو پرویز کے حاصل کردہ متعدد خزانوں میں سے ایک جو ہوا کے زور سے بہتی ہوئی کشتیوں میں اپنے آپ چلا آیا تھا)؛ نیز **گَنجِ شائگاں** کنایتہً خفیہ خزانے کے معنی میں مستعمل، (لفظاً: شاہوں کے لائق خزانہ)؛ **گَنجِ حَکِیم** مراد قرآن کی پہلی سُورۃ سورۂ فاتحہ، **گَنجِ قارُوں** روایات صحف میں مذکور ایک خسیس بادشاہ کا خزانہ جو زمین میں دھنستا چلا جا رہا ہے، مراد وہ خزانہ جو خالی نہ ہو سکے، نیز **گَنجِ رَواں** (غنہ)۔

گَنج (۲) فت گ، سک ن۔ امذ۔ خارش کا ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں؛ سر کے بالوں کا جھڑنا۔صف **گَنجا** جس کا سر صاف ہو یا سر پر بال کم ہوں۔

گُنجان ضمہ گ، سک ن۔ صف۔ گھنی آبادی والا؛ گھنا جس میں خالی جگہ کم ہو م: گھنی جھاڑی، گھنا جنگل؛ بھرپور، کثیر اجزا سے مملو، م: گھنا خوشہ۔

گُنجائش ضمہ گ، سک ن، کس ء۔ امث۔ سمائی، وسعت، مکانیت، خالی جگہ، اِمکان، شائبہ،م: گنجائش کلام = شک یا اعتراض کا معقول جواز۔

گَنجِ شَہِیداں فت گ، سک ن، کسمج ج، فت ش، ی مع، غنہ۔ امذ۔ جنگ میں کام آنے والوں کی اکٹھی قبر۔

گَنجِفَہ فت گ، سک ن ج، فت ف۔ امذ۔ گول ٹکلیوں یا پتّوں سے کھیلا جانے والا ایک کھیل جس میں تاش کی طرح بادشاہ، بیگم، غلام اور کل ۹۶ پتے ہوتے تھے۔ **گَنجِفَہ باز** گنجفہ کھیلنے والا، مراد چالباز۔ اصلاً گَنجِیفَہ۔

گُنجَلک ضمہ گ، سک ن ج، فت ل۔ امث۔ شکن، سلوٹ، سانٹھ؛ کنایتہً ناصاف، غیر واضح مشکوک بات۔ صف۔ مبہم، پیچیدہ، کاواک [اصلاً ف: کُنجَلک ۔ شکن]۔

گَنجُور فت گ، سک ن، و مع۔ صف۔ خزانے کا مالک، امیر کبیر۔ مرکب **فَیض گَنجُور** جس کے پاس بخشش و عطا کا خزانہ ہو [اصلاً ف: گَنجْ وَر]۔

گَنجِینَہ فت گ، سک ن، ی مع، فت ن۔ امذ۔ خزینہ؛ کھانے پینے کے سامان کو مکھیوں وغیرہ سے محفوظ رکھنے کا جالی دار ٹھاٹھر یا الماری، نعمت خانہ۔

گَنداب فت گ، سک ن۔ امذ۔ گندہ پانی۔

گَندُم ضمہ گ، سک ن، ضمہ د۔ امذ۔ گیہوں۔ صف **گَندُمی** گیہوں کے رنگ کا، گیہُواں۔

گَند مار فت گ، سک ن د۔ امذ۔ برنجاسف، بابونہ سے مشابہ ایک بوٹی، ہاتھ بھر اونچی، پھول چھتری دار سفید نیلاہٹ لیے ہوئے(لاط: Absinthium)۔

گَندنا فت گ، سک ن د۔ امذ۔ ایک قسم کا ساگ جس کی پتّیاں پیاز کی آل کی طرح ہوتی ہیں، گیہوں کے کھیت میں بکثرت اگتا ہے۔ (لاط: Allium

Porum)۔

گَنْدَہ فت گ، سک ن، فت د۔ صف۔ ناپاک، نجس، میلا؛ فحش، عریاں؛ ناصاف، غیرمصفّی۔ **گَنْدَہ بَہار** مُہاوٹ، جاڑے کی بارش صف **گَنْدہ دَہاں** بدزبان اکیف **گَنْدہ دَہانی/ دَہنی** گالی گفتار۔

گَنْدَہ بِہروزَہ فت گ، سک ن، فت د، کسمج ب، ومج، فت ز۔ امذ۔ چیڑ کے درخت کا گوند۔

گَنْدھ فت گ، سک ن۔ امث۔ بُو، **سُگندھ** خوشبو، **دُرگندھ** بدبُو۔

گَنْدھار فت گ، سک ن۔ امذ۔ سپتک کا تیسرا سُر جسے گا کہتے ہیں۔ نیز اصلاً **گانذھار**۔

گُنْدھاوَٹ ضم مغ گ، فت و (بروزن بناوٹ)۔ امث۔ بالوں، پھولوں کو گوندھنے کا طرز، انداز، کیفیت۔

گَنْدھرْو فت گ، سک ن، فت دھ، سک ر د۔ (ہندو دیو مالا) پرستان میں رہنے والی ایک دیوزادی؛ وہ روح جو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہو؛ بیوہ کا دوسرا شوہر۔ **گَنْدھرْو وِدّیا** علم موسیقی۔ **گَنْدھرْو وِواہ (بیاہ)** ہندو شاستروں میں مذکور آٹھ طرح کے بیاہوں میں سے ایک جس میں طَرفین پھیروں وغیرہ کے بغیر زبانی اقرار پر ایک دوسرے کو قبول کر لیتے ہیں۔

گَنْدھی فت گ، سک ن۔ امذ۔ عطر اور تیل پھلیل کھینچنے اور بیچنے بالا، عطر فروش۔

گَنْدھیل فت مغ گ، ے مج (بروزن غُلیل)۔ اِذخِر (رک)۔

گَنْڈا فت گ، سک ن۔ امذ۔ گانٹھ، گرہ، منتر پڑھ کر گانٹھ لگایا ہوا ڈورا؛ چار کا مجموعہ، چار عدد، چار چار کے حساب سے گننے کا طریقہ؛ توتے، کاکا تُوئے وغیرہ کے گلے میں رنگین حلقہ۔ مرعطفی **گَنْڈا تَعْوِیذ** ٹوٹکے، جھاڑ پھونک۔

گُنْڈا ضم گ، سک ن۔ امذ۔ فسادی، بدمعاش، شورہ پشت آدمی۔ نیز **غُنْڈہ**۔

گَنْڈاسا فت مغ گ۔ (بروزن بتاشا) امذ۔ مویشیوں کے لیے کُٹی چارا کاٹنے کا دستےدار اوزار۔

گَنْڈے دار فت گ، سک ن۔ صف۔ جس پر دو رنگی دھاریاں بنی ہوں، دھاریدار؛ بے ترتیب چھوڑ چھوڑ کر واقع ہونے والا، غیر مسلسل؛ گرہ دار، جس میں گانٹھیں پڑی ہوں۔ (ڈوری رسّی وغیرہ)۔

گَنْڈیری فت مغ گ، ے مج۔ (بروزن اکیلی) امث۔ چھلے ہوئے گنے کی کٹی ہوئی ڈلی۔

گُنْگ ضم گ، غنہ۔ صف۔ گونگا، ابکم، اخرس، لال جو بول نہ سکے؛ جو سُن نہ سکے، ماؤف، سُن، م: **کان، عَقل، دماغ، گُنگ ہو جانا**۔

گَنْگال فت گ، غنہ۔ امث۔ پانی رکھنے کا بڑا دیگ نما، گھیر دار تانبے کا برتن۔

گَنْوار فت مغ گ۔ امذ، صف۔ دیہاتی، گانو کا رہنے والا؛ نا تربیت یافتہ، انگھڑ، غیر مہذّب۔ صف **گَنْوارُو** (ومع) دیہاتیوں جیسا، بدمذاقی کا۔ مث **گَنْواری** گانو کی رہنے والی، صف: گانو سے منسُوب۔

گُنْوان ضمہ گ، سک ن۔ صف۔ باہنر، لائق، نیز **گُنی**۔

گَنْوانا فت مغ گ (بروزن بنانا)۔ ف م۔ ضائع کرنا، کھودینا، بے فائدہ صرف کرنا۔

گَنیش فت گ، ے مج۔ ایک ہندو دیوتا، شِوکا بیٹا جس کے دھڑ پر ہاتھی کا سر لگا ہے۔ بطور پھبتی **گوبَر گَنیش** نہایت بدہیئت، کریہہ المنظر آدمی؛ بے مصرف شے [اصل: گنڑیش]۔

گو (۱) ومج۔ حرف ربط و شرط، اگرچہ، کہنے کو، مانا کہ (اِس کے بعد جزا کے طور پر مگر، لیکن، پھر بھی بولا جاتا ہے)، نیز **گوکہ**۔ بطور لاحقہ: بولنے، کہنے، سنانے، پڑھنے والا کے معنی دیتا ہے۔ م: دُعا گو، زُود گو، خوش گو، شعر گو، قانون گو۔ لاحقۂ کیفیت

گوئی مرعطفی امث گومگو کشمکش، تذبذب۔
گو (۲) ومج۔ امث۔ گائے، گئو، م: گوشالہ گایوں کا باڑہ۔ گوسوامی گائیں پالنے والا۔
گو ومع۔ امذ۔ فضلہ، براز، نجاست، چھی چھی؛ سرگیں، لینڈی۔ گو کھانا جھوٹ بولنا، جھک مارنا۔ گو نہیں چھیچھی محض الفاظ کی تبدیلی سے بات بنانے اور عیب چھپانے پر طنز۔
گوار ضمہ گ (بروزن غبار)۔ امث۔ اناج کی ایک قسم جو فصل خریف میں باجرے کے ساتھ بوئی جاتی ہے، پتے اور بیج مویشی شوق سے کھاتے ہیں، نیز پھلیوں کا سالن بنایا جاتا ہے۔ نیز گوار سک گ (بروزن دھیان، پیار) (لاط: Cymopsis Psoraliaides)۔
گوارا فت گ۔ صف۔ قبول، منظور، موافق مزاج یا مذاق؛ خوش ذائقہ؛ زود ہضم نیز گوار اردو میں بطور لاحقہ، م: خوشگوار، ناگوار۔
گوالا ضمہ گ۔ امذ۔ گائے بھینس پالنے، دودھ بیچنے والا۔ امث گوالن (اصل گوالِن کس ل)۔
گواہ فت گ، ہ ملفوظ۔ امذ۔ شاہد، تصدیق؛ تائید کرنے والا؛ ناظر، حاضر، موجود۔ امث گواہی شہادت، توثیق، تصدیق، بیانِ حلفی۔
گوبر ومج، فت ب۔ امذ۔ مویشیوں کا فضلہ، سرگیں۔ گوبریلا، (ی مج) گوبر کا کیڑا نیز گُبریلا۔
گوبھی ومج۔ امث۔ ہرے پتوں اور ڈنٹھلوں کے درمیان سفید پھول کی مانند ترکاری جو پچھلی صدی میں یورپ سے لا کر کاشت کی گئی اور اب ایک مقبول غذا ہے، نیز پھول گوبھی (لاط: Hieranium bruoc)۔ بند گوبھی گوبھی کی ایک قسم جس کا پھول پتوں سے ڈھکا ہوتا ہے، کرم کلّہ
گانٹھ گوبھی۔ (لاط: Elephantopus Scaber)
گوبھی بوٹی گوبھی سے مشابہ ایک پودا جس کے پتے گائے کی زبان کی مانند چوڑے ہوتے ہیں، ایک ہی جڑ سے مختلف سمتوں میں پھیل جاتی ہے۔ (لاط: Cacalia Sonclifolia)۔
گوپھن ومج، فت پھ۔ امث۔ رسّی یا چرخی کے ذریعے پتھر کو گھما کر دُور پھینکنے کا آلہ، فلاخن چھوٹی منجنیق۔
گوت ومج۔ امث۔ ہندوؤں کی بڑی جاتی (ذات) میں شامل کوئی قبیلہ، گھرانا۔ [اصل س: گوتْر]۔
گوٹ ومج۔ امث۔ کپڑے کے سرے پرٹکا ہوا چوڑا حاشیہ، کنارہ؛ چوسر، پچیسی یا شطرنج وغیرہ کا مہرہ، نرد۔
گوٹا ومج۔ امذ۔ بادلے کا بنا ہوا پتلا فیتہ؛ دھنیے کی بھنی ہوئی گری، کھوپرے بادام کی کتری ہوئی گری کے ساتھ الائچی چھالیہ ملا کر بنایا ہوا چبینہ۔
گود ومج۔ امث۔ آغوش؛ دونوں بازوؤں کے درمیان سمیٹنے یا دونوں زانوؤں کے اوپر بچّے کو لٹانے کی جگہ۔ نیز گودی۔
گودا ومع۔ امذ۔ پھل یا میوے کے پوست کے اندر کھانے کی نرم شے؛ بھیجا؛ ہڈی کے اندر بھرا ہوا مغز۔
گودام ومج۔ امذ۔ مال کا ذخیرہ کرنے کی جگہ۔
گودڑ ومع، فت د۔ امذ۔ کچّے سوت کا لچھّا؛ پرانی روئی کا گالا؛ پھٹے پرانے چیتھڑے۔ مث گدڑی پرانا فقیرانہ پیوند لگا لباس۔ ف مر گودڑ گانٹھنا (غنہ، سک ٹھ) خراب کام کرنا (نالائقی، بدسلیقگی پر طعنہ)۔
گودنا ومج، سک د۔ ف م۔ کچوکے دینا، نوک گڑونا؛ سوئی سے چھیدنا؛ جسم پر سوئی اور نیلے یا لال رنگ سے مستقل نقش بنانے کا عمل؛ امث گدائی امذ۔ گودنے کا آلہ۔ (انگ: Tattoo)۔
گودی ومج۔ امث۔ گود (رک) کی تصغیر؛ بندرگاہ میں ساحل سے لگی ہوئی جہازوں کے کھڑے ہونے کی

جگہ۔

گَور ومج۔ امث۔ قبر، مدفن؛ ویرانہ۔ امذ۔ **گورِستان** قبرستان۔ مرکب اضافی **گَورِ غَرِیباں** (کس مج ر، غنہ) مسافروں لاوارثوں ناداروں کی قبریں جن کا کوئی پوچھنے والا نہ ہو۔ **گورکَن** (فت ک) قبر کھودنے والا۔

گورا ومج۔ صف۔ اُجلے رنگ کا صبیح؛ خوش رُو؛ امذ۔ انگریز، ثامی۔ امث **گورا شاہی** انگریزی راج؛ صف۔ گوروں سے منسوب۔ **گورے** فرنگی، یورپی لوگ۔ مرکب تاکیدی **گورا چِٹّا** (کس چ، شد ٹ) بالکل گورا۔ مث **گوری**۔ حسینہ، محبوبہ۔

گورَخَر ومج، سک ر، فت خ۔ امذ۔ جنگلی گدھا؛ زیبرا [گور = جنگل + خر]۔

گورکھا ومج، سک ر۔ امذ، اجنس۔ ہمالیہ کے علاقے نیپال وغیرہ کا رہنے والا۔

گورکھ اِمْلی ومج، فت ر، سک کھ، کس ا، سک م۔ امث۔ ایک اونچا درخت جس کا پھل ترئی کی طرح کا ہوتا ہے اور پھول کنول جیسا۔

گورکھ دَھندا ومج، فت ر، سک کھ، فت دھ، سک ن۔ امذ۔ تاروں کو جوڑ کر بنایا ہوا ایک جال جسے کئی شکلوں میں موڑا توڑا جا سکتا ہے، ایک ہُنر مندی کا کھلونا یا تفریحی مشغلے کی چیز؛ پیچیدہ معاملہ، دشوار مسئلہ جس کی صحیح صورت قرار دینا مشکل ہو۔

گورَیّا ومج، فت ر، شد ی۔ امث۔ معمولی، گھریلو چڑیا۔

گوڑی ومج۔ امث۔ گُڑ کی شراب؛ کھیت کی نلائی۔

گوز ومج۔ امذ۔ پاد، رِیح۔ مراضا **گوزِشُتُر** (کس مج ز) پادر ہوا، بے اہمیت، بے نتیجہ بات۔

گوسالہ ومج، فت ل۔ امذ۔ گائے کا بچھڑا۔

گوسْفَنْد ومج، سک س، فت ف، سک ن۔ امذ۔ پالتو سینگدار چھوٹے جانور، بھیڑ بکری، مینڈھا، دنبہ۔

گوش ومج۔ امذ۔ کان، عضو سماعت؛ مراضا **گوشِ شَنوا** (کس مج ش، فت ن) توجہ کرنے والا کان مروصفی **گوشِ نَصیحَت نیوش** (کس ن، ومج) نصیحت پکڑنے والا کان، مراد آدمی۔

گوشالہ ومج، فت ل۔ امذ۔ گایوں کے بندھنے کا باڑا۔

گوشْت ومج، سک ش۔ امذ۔ انسان یا جانور کے جسم کا نرم حصّہ، لحم، ماس۔ **گوشْت خور** (ومج) گوشت کھانے والے جاندار۔

گوشْوارَہ ومج، سک ش، فت ر۔ امذ۔ کان کا بُندہ، بالا،آویزہ؛ حسابات یا اعداد و شمار کا نقشہ؛ پگڑی کے گرد لپیٹا جانے والا سر پیچ؛ سیپ کا اکیلا موتی۔

گوشَہ ومج، فت ش۔ امذ۔ کونا، زاویہ، کنارہ؛ پہلو؛ علیحدگی، خلوت۔ امث۔ **گوشَہ گیر** (ی مع) **گوشَہ گُزیں** (ضمہ گ، غنہ) کنارہ کش، الگ تھلگ اکیف مث **گوشَہ گُزینی** زاویہ نشینی، علیٰحدگی۔ نیز **گوشَہ نَشیں، نَشینی**۔

گوکُل ومج، ضمہ ک۔ امث۔ گایوں کا ریوڑ؛ گلّہ؛ گوشالہ، جمنا کے کنارے ایک قدیم گانو جسے شری کرشن سے نسبت تھی۔

گوکْھرُو ومج، سک کھ، ومع۔ امذ۔ اسی نام کے ایک درخت کا گول چنے کے برابر کانٹے دار پھل؛ اس شکل کا بنا ہوا لوہے کا کانٹا ہاتھیوں کو صحیح سمت گھیر کر لانے کے لیے ان کے راستے میں بچھایا جاتا ہے گوٹے بادلے کو موڑ کے نکیلی شکل میں بنائی ہوئی ٹکی؛ پاؤں میں نکل آنے والا سخت ابھار یا گَٹّا۔ نیز **گَٹّا**۔ (لاط: Tribulusterristris مَیدانی گوکھرو کا درخت)۔

گوگْرُو و مج، سک گ، ومع۔ امذ۔ گندھک، کِبریت۔

گوگَل ومج، فت گ۔ امذ۔ ایک درخت کا خوشبو دار گوند جس کے پتّے نیم کی طرح کے ہوتے ہیں، پھل بیر کے برابر جسے **گوگَلْیا** کہتے ہیں۔ (لاط: Balsam Odandrum Mukul)۔

گَوْل ومج۔ صف، امذ۔ دائرے، چھلّے یا گیند کی شکل کا، کُرَوی، مُدَوَّر؛ مبہم م: **گَوْل/ گَوْل گَوْل/ گَوْل مَوْل** بات۔ امذ، مٹّی کا گھڑا۔ (عوامی) **گول مال** گڑ بڑ۔ امث۔ **گَوْل مِرچ** کالی مرچ، فلفل صف۔ **گَوْل مَٹَوْل** (ومج) گولائی لیے ہوئے، فربہ پُھولا پُھولا۔

گَولا ومج۔ امذ۔ کُرے یا گیند کی شکل؛ کُروی شکل میں لپٹا ہوا دھاگا وغیرہ، توپ وغیرہ سے سر کیا جانے والا لوہے کا ٹھوس کُروی بار، نیز **گوَلَہ**۔ امذ **گولَنْداز** (فت ل، سک ن) توپچی؛ لوٹن کبوتر۔ اکیف مث **گَولائی** مدّور یا قوسی شکل، دَور، چکّر۔

گولا لاٹھی ومج۔ امث۔ لیٹے **ہوئے** آدمی کے ہاتھ پاتو ملا کر باندھنے کے بعد لاٹھی کے سہارے لاد کر لے چلنا؛ ڈنڈا ڈولی؛ بچوں کے ہاتھ پاؤں ملا کر تفریحاً پکڑ کر ایک جھٹکے سے چھوڑ دینا، اس کے ساتھ یہ الفاظ کہے جاتے ہیں **گولا لاٹھی ڈھمّا**۔

گُولَر ومع، فت ل۔ امذ۔ انجیر سے ملتا ہوا ایک ہلکا میٹھا پھل جس کے اندر سے بُھنگے نکلتے ہیں اس کے کباب بھی بنائے جاتے ہیں۔ اس کے درخت کی شاخوں سے دودھیا مادّہ بھی ٹپکتا ہے؛ گولر کا درخت (لاط: Ficus Racimosa) **گُولَر کا پُھول** نایاب، ناپید شے سے مراد ہے چونکہ گولر کا پھول کسی نے نہیں دیکھا۔

گَوْل گپّا ومج، فت گ، شد پ۔ امذ۔ تل کر گول شکل میں پُھلائی ہوئی کراری ٹکیہ جس میں سونٹھ کا پانی بھر کر کھاتے ہیں۔ سونٹھ بتاشا۔

گَولی ومج۔ امث۔ چھوٹا گولہ؛ بندوق سے سر کیا جانے والا بڑا چھرّا یا کارتوس؛ دوا کی ٹکیہ؛ بچّوں کی گچی پالا کھیلنے کی مٹی پتھر یا شیشے کی گولی، کَنْچا۔

گَوْمَڑا ومج، سک م۔ امذ۔ چوٹ لگنے سے جسم میں پیدا ہونے والی سوجن؛ تودہ ٹیلا، اُبھار۔ مرعطفی **گَڑھا گَوْمَڑا** اونچی نیچی ناہموار سطح۔

گُون و لین، غنہ۔ امث۔ مقصد، مطلب، مدعا۔ **گَوْن کا** موزوں، کام کا، ڈھب کا، مفید مطلب۔

گُوں ومع، غنہ۔ لاحقۂ صفت، بمعنی رنگ یا وضع رکھنے والا، م: نیلگوں، گندم گوں؛ واژ گوں۔ صف م ف: **گُونَہ** کیفیت، وضع، روش، مقدار، کسی قدر۔ م: **یک گُونہ** التفات/ اقرار/تشویش، **دوگُونہ** دگنا، دگنی۔ **گَونا گُوں** رنگ برنگ کا، طرح طرح کا۔

گَونا ولین۔ امذ۔ دلہن کی رخصتی، وداع۔

گُونا ومع۔ امذ۔ حل کیا ہوا، پھیرنے چڑھانے کا رنگ؛ آب زر؛ سنہری رنگ، سنہری سُفوف، افشاں **گُلگُونَہ** سرخ غازہ سُرخی۔

گُونج ومع، غنہ۔ امث۔ آواز کا ٹکرا کر واپس آنا؛ آواز کی لہروں کا کسی محدود جگہ میں دیر تک مرتعش رہنا؛ زور دار آواز؛ غلغلہ؛ کبوتر کا بعض اوقات غیر معمولی، گمبھیر آواز سے مسلسل بولتے رہنا: ف ل: **گُونَجْنا** (غنہ)۔

گَوْنْد ومج، سک ن۔ امذ۔ کیکر نیز بعض دوسرے درختوں سے رسنے والا چپچپا مادّہ۔ **صمغ**؛ نباتی گوند یا دوسرے اجزا سے کیمیائی طور پر تیار کیا جانے والا چپکانے جوڑنے کا گاڑھا لعابی مادّہ؛ بھون کر خستہ کی ہوئی گوند کی ڈلی جسے مکھانوں، روے، شکر وغیرہ کے ساتھ ملا کر زچّہ کی تقویت کے لیے کھلاتے ہیں۔ مرکب مث **گَوْنَد دانی** کاغذ چپکانےکے لیے گوند رکھنے کا ظرف۔ **گَوْنَد کَش** (فت ک) گوند دانی سے گوند نکال کر کاغذ پر پھیرنے کی ڈنڈی۔

گَوْنْدا ومج مغ۔ امذ۔ بُھنے ہوئے بیسن کا لَوندا جو پالتو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے۔

گَوَنْدْنی ومج، غنہ، سک د۔ امث۔ ایک اونچا درخت اور اس کا چھوٹا سا گول سرخی مائل زرد، فالسے کے

برابر پھل جس میں لیسدار شیریں رس ہوتا ہے۔ (لاط: Balanitis Roxburgi)۔

گُونْدھنا ومع مغ، سک دھ۔ ف م۔ کسی خشک چیز مثلاً آٹے وغیرہ کو پانی ملا کر مَتھنا اور مَکیانا؛ اُنگلیوں سے دبا دبا کر چپٹا کرنا؛ سر کے لمبے بالوں کو سنوارنا اور بٹ کر یا بل دے کر باندھنا، لڑیوں میں پرونا، پھولوں کا ہار بنانا۔

گُونْگا ومع مغ۔ صف۔ جو بول نہ سکے؛ ابکَم، لال۔ صف، مث۔ **گُونگی** بطور امث۔ جان بوجھ کر چپ ہو جانا، چُپّی سادھ لینا۔ بول چال **گُونْگی ہڑپ** نہ بولنے کی شرط یا کھیل جس میں جو بول پڑے وہ چور بنتا ہے۔

گوہ ومج، سک ہ۔ امث۔ گِرگٹ سے ملتا ایک جانور جو سپاٹ جگہ پر اپنے پنجے جما لیتا ہے۔ سُوسمار، پٹڑا گوہ۔

گوہا نْجنی ومج، غنہ، سک ج (بروزن مُسافری) امث۔ آنکھ کے پپوٹے پر نکل آنے والی پھُنسی۔ نیز **گُہا نْجنی** (ضمہ گ)۔

گوہَر و لین، فت ہ۔ امذ۔ موتی، **مروارید؛** اصل، اُفتاد، طبیعت م: **عالی گوہر، والا گوہَر** خوش نژاد **بَدگوہَر** بداصل کمینہ۔ تخفیف **گُہر** (معرب : جوہر)۔

گوے ومج، ی مج۔ امث۔ گیند، گولا، قُرص، ٹکیہ، گول ٹِکلی۔ محاورہ **گوئے سَبَقَت لے جانا** (عام: سَبْ قَت) آگے بڑھ جانا، مات دے دینا۔

گُوئیّاں و مع، کس ء، شد ی، غنہ (بروزن عریاں) سہیلی، ہمجولی نیز **گُیّاں**۔

گویا ومج۔ صف۔ حرفِ تشبیہہ۔ بولنے والا/ والی، متکلّم (۲) حرف تشبیہہ: جیسے کہ، یعنی، نیز (قدیم) **گوئِیّا** (کس ء)۔

گَوَیّا فت گ و، شد ی۔ امذ۔ گانے والا، مغنّی۔

گویائی ومج۔ امث۔ بولنے کی قدرت، طاقت گفتار، نطق۔

گَہْرا فت مج گ، سک ہ۔ صف۔ کسی سطح کے بہت نیچے تک پہنچا ہوا جس کی تھاہ بہت نیچی ہو، عمیق، گمبھیر؛ گاڑھا ہلکے کی ضد (م: رنگ، ابر) شدید، بہت زیادہ (م: تعلق، حجاب، عداوت)؛ پُرمغز، پُرمعنی (م: خیال، بات)؛ تہہ، کُنْہ تھاہ تک پہنچنے والا، بھید کو پانے والا، نکتہ رس (فکر ، سوچ) وغیرہ۔ اسم کیفیت **گَہْرائی، گَہْراؤ**۔

گَہَک فت مج گ ہ۔ امث۔ ترنگ، لہر، تیزی م ف۔ **گَہَک کَر** جوش، جذبے کے ساتھ (م: گانا، بولنا)۔

گَہْما گَہْمی فت مج گ، سک ہ۔ امث۔ رونق، چہل پہل، نیز **گھما گھمی**۔

گَہَن فت مج گ ہ۔ امذ۔ سورج یا چاند کا زمین کے سائے کی زد میں آنا، کُسوف، خُسوف۔ نیز **گْرَہْن/ گِرَہْن** (اصلاً : گرفت، پکڑ ہندو دیو مالا کے مطابق ایک راکشس (راہو) اُنھیں نگل لیتا ہے) ف ل: **گَہْنانا**، نیز **گَہَن میں آنا**۔

گَہْنا (۱) فت مج گ، سک ہ۔ امذ۔ زیور، اَبرن، حلیہ۔ **گَہنا** (۲) **ف ل، رک: گہن**، نیز **گہنانا**۔

گَہْوارہ فت مج گ، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ پالنا،بچے کا جھولا؛ زنانہ میّت کا گول ٹھاٹھر سے ڈھکا ہوا جنازہ۔

گَئو فت گ، ومع۔ امث۔ گائے، بَقَر؛ (کنایتہً) مسکین، خاموش طبع عورت۔ تص **گَیّا**۔

گیابَھن کس گ، فت بھ۔ رک: گابھن، نیز **گیابَھن**۔

گِیارَہ کس گ، فت ر، ہ ملفوظ۔ عدد۔ دس اور ایک نیز **گْیارَہ** (سک گ) صف عددی: **گیارْھواں/ویں**۔

گْیان سک گ، امذ۔ علم، دانش؛ عرفان۔ صف **گْیانی** عالِم نیز **گِیان/ گِیانی** (کس گ) [اس:

گیانڑ]۔

گیاہ کس گ۔ امث۔ گھاس، سبزہ، خس۔

گیت ی مع۔ امذ۔ گانے کے لیے بنائے ہوئے بول، گانا، نغمہ۔

گیتا ی مع۔ امث۔ مہا بھارت کا وہ حصّہ جو شری کرشن کے مواعظ پر مشتمل ہے جو انھوں نے میدان جنگ میں ارجن کو مخاطب کر کے بیان کیے، نیز **بھگوت/ بھگود گیتا۔**

گیتی ے مج۔ امث۔ دنیا، سنسار، عالم۔

گید ی مع۔ امث۔ چیل، زَغَن، امذ۔ **گیدی** احمق، اُول جلُول آدمی؛ مخنّث، نامرد۔ (اس گمان پر مبنی کہ چیل ادل بدل کر نر مادہ بنتی رہتی ہے)[اس: گردھَ]۔ **گیدی خَر** گاودی۔

گیدَڑ ی مع، فت د۔ برصغیر پاک و ہند نیز شمالی افریقہ میں پایا جانے والا ایک جنگلی چوپایہ جو لومڑی سے مشابہ ہوتا ہے۔ غول کی صورت میں رات کو شکار کے لیے نکلتا ہے اور سب ایک ساتھ شور مچاتے ہیں [شغال، س: شریگال]۔ **گیدڑ بھبکی** (فت بھ، سک ب) جھوٹ موٹ کا ڈراوا۔ **گیدڑ سینگی** رک: سیار۔ امث **گیدڑی** (سک د)۔

گیرائی ی مع۔ امث۔ گرفت، پکڑ، پہنچ، دسترس۔

گیرُو ے مج، و مع۔ امذ۔ سرخ مٹّی، گل ارمَنی، طینِ احمر (لاط: Bole Rubra) صف **گیروا** سرخ، لاکھی سے ملتا ہوا (رنگ)۔

گیر و دار ی مع، و مج۔ امث۔ پکڑ دھکڑ، **دار و گیر۔**

گیڑی ے مج۔ امث۔ سوکھی اُنگھڑ لکڑی کا ٹکڑا جس سے ایک کھیل میں کام لیا جاتا ہے، جسے **گیڑیاں کھیلنا** کہتے ہیں۔ ایک انگھڑ لکڑی کو دوسری سے چوٹ دے کر اچھالنا اور مقرّرہ حد سے باہر پھینکنا۔

گیسُو ے مج، و مع۔ امذ۔ شانوں پر پڑے ہوئے بال۔

گیگلا ے مج، سک گ۔ صف۔ سادہ لوح، بیوقوف سا آدمی جو ڈھنگ سے بات نہ کرسکے۔

گیلَڑ ے لین، فت ل۔ امذ، امث۔ بیوی کے سابق شوہر کا ساتھ آنے والا لڑکا یا لڑکی، ابن/ بنت ربیب۔

گیں ی مع۔ صف۔ بھرا ہوا، مملو، **آگیں** کی تخفیف، عموماً مرکبات میں مستعمل م: **اَندوہ گیں** غمناک؛ **سُرمہ گیں** سرمہ بھری (آنکھ)۔

گینْد ے مج، سک ن۔ امث/ امذ۔ گولا یا گولی جس سے میدانی کھیل کھیلتے ہیں، گوے، بال۔ **گیند بَلّا۔** (فت ب) کرکٹ کا کھیل۔

گینْدا ے مج مغ۔ (بروزن بھینگا) امذ۔ ایک زرد پھول جس میں چھوٹی چھوٹی بہت سی پتیاں ہوتی ہیں۔ مرکّب **ہزاری گینْدا** گیندے کی ایک بڑی قسم کا پھول جس میں اور زیادہ پتّیاں ہوتی ہیں (لاط: Tagetas Erecta) صف: **گینْدئی** عام گیندے کے رنگ کا، سہانا زرد رنگ، ہلکا کیسری۔

گینْڈا ے مج مغ۔ (بروزن بھینگا) امذ۔ سؤر کا ہم اصل ایک سبزی خور بھینس کے برابر افریقی چوپایہ جس کے ماتھے پر ایک سینگ نما نوک، کھال گنجی اور بہت سخت ہوتی ہے۔ کر گدَن۔

گیہان ے لین۔ امذ۔ جہان، نیز **کَیہان۔**

گیہُوں ے مج، ومع۔ امذ۔ گندم صف **گیہُواں** (ے مج، ضمہ ہ) گندمی رنگ یا جلد کا کُھلتا ہوا رنگ۔

گھ

گھ گھے، گھا۔ اردو حروف تہجّی کا بیالیسواں (۴۲) حرف، حَنکی مصمتہ، گ کی ہائیہ شکل، صرف ہندی اصل کے الفاظ میں موجود۔ جمل میں ک اور ھ کا مجموعہ اور ۲۵ عدد کا حامل شمار ہوتا ہے۔

گھات امث۔ دشمن یا شکار پر چھپ کر حملہ کرنے کی جگہ، کمین گاہ، حملہ کرنے کی خفیہ تدبیر؛ ضرب، **چوٹ**، مار؛ اسم فاعل: **گھاتَک** (فت ت) مار ڈالنے والا، قاتل۔ دھوکے باز؛ **گھاتْنی** قتّالہ، چالباز عورت۔

گھاٹ امذ۔ ساحل پر وہ جگہ جہاں لوگ نہاتے دھوتے یا کشتی میں چڑھتے اترتے ہیں، تَٹ، ساحل، کنارہ؛ تلوار کے دستے اور پھل کا جوڑ، تلوار کی خمیدہ دھار؛ زیور میں نگینہ بٹھانے کی جگہ۔

گھاٹا امذ۔ نقصان، خسارہ۔

گھاٹی امث۔ پہاڑ کا درہ، دو پہاڑوں کے بیچ کی جگہ۔

گھاس امث۔ سبزہ، ہریاول جو زمین پر چھا جاتی ہے، کھودا ہوا سبزہ، جانوروں کا چارہ، کاہ، گیاہ۔ مرعطْفی **گھاس پُھوس** (ومع) بے وقعت، بے مزہ شے، رد کرنے کے قابل۔

گھاگ امذ۔ چالاک، خرّانٹ آدمی [شبد ساگر کے مطابق گونڈے کے ایک پرانے زمیندار کے نام پر موضوع لفظ]۔

گھاگْرا سک گ۔ امذ۔ ایک وضع کا گھیر دار لہنگا۔ تصغیر **گھگْریا**، بچّیوں کا لہنگا؛ یورپی سکَرٹ، اُٹنگا سایا۔

گھاگھس فت گھ۔ امذ۔ پالتو مرغے کی ایک قسم۔

گھالْنا سک ل۔ ف م۔ ہرکھنا، شامل کرنا، ملانا؛ مارڈالنا۔ تباہ کرنا، ٹھکانے لگانا۔

گھام امث۔ تپش، گرمی ف مر **گھام کھانا** دھوپ لینا۔ (دیہاتی)۔

گھامَڑ فت م۔ صف۔ بدحواس، ہَولا، گھبرایا [اصلاً گھام = گرمی سے بے حال]۔

گھان امذ۔ کولھو میں سے پیلنے کے لیے ایک دفعہ میں ڈالے جانے والے بیج نیز گھانی؛ چکّی میں ایک بارپیسا جانے والا آٹا؛ مٹھائی وغیرہ کی پکا کر یا تیار کر کے ایک دفعہ میں اتاری جانے والی مقدار۔ م: آج راب کے چار گھان تیار ہوئے۔

گھاؤ ومج۔ امذ۔ بڑا یا گہرا زخم۔

گھاؤ گھپ ومج، فت گھ۔ امث۔ خُرد بُرد؛ چپ چاپ مال اُڑا لینا۔

گھائی امث۔ دو انگلیوں کے درمیان کی جڑ، مٹّی کے چولھے کا پچھلا جوف، جہاں دونوں پہلو ملتے ہیں۔ پٹے بازوں کی ایک ضرب یا داؤ۔ تلوار اور قبضے کا جوڑ یا گھاٹ۔

گھایَل فت ی۔ صف۔ جسے گھاؤ لگا ہو، زخمی (عام: گھائل)۔

گھَبْرانا فت گھ، سک ب۔ ف ل م۔ پریشان، حواس باختہ ہو جانا یا دوسرے کو کرنا۔ اکیف مث **گھبْراہَٹ**۔ خَفقان، ہولاہَٹ۔

گُھپ اَندھیرا ضمہ گھ، فت مغ ا، ے مج۔ امذ۔ مکمل تاریکی جس میں کچھ سجھائی نہ دے۔

گھپْلا فت گھ، سک پ۔ امذ۔ مختلف چیزوں کا گڈ مڈ ہونا، گڑ بڑ، انتشار۔

گھٹ فت گھ۔ امذ۔ مٹّی کا گھڑا؛ بدن؛ کمی، کسر مرکّب **گھٹ بَڑھ** کمی بیشی۔ ف م **گھٹانا** کم کرنا، نفی، مِنہا، خارج کرنا۔ اکیف مذ **گھٹاؤ**۔

گھٹا فت گھ۔ امث۔ چھائی ہوئی بدلی۔ **گھٹا ٹوپ** گھرے بادلوں کا اندھیرا۔

گُھٹا ضمہ گھ۔ صف۔ گھونٹا ہوا، بند بند؛ مونْڈا ہوا

(سر، بال)۔

گھٹتی فت گھ، سک ٹ۔ امث۔ اُتار، زوال۔ امذ۔ **گھٹتی کا پہرا** (فت مج پ، سک ہ) دن کی آخری ساعتیں، زوال کے بعد کا وقت، مجازاً : عمر کا آخری حصہ۔

گُھٹّس ضمہ گھ، شد فت ٹ۔ امث۔ حبس، گھٹن، اُمَس، جگہ کی تنگی۔

گُھٹَن ضمہ گھ، فت ٹ۔ امث۔ حبس، اُمس، دم گھٹنے کی کیفیت۔

گھٹنا فت گھ، سک ٹ۔ ف ل۔ کم ہونا، چھیجنا،سکڑنا، اُترنا، نیچا ہونا (دریا، قدر، مانگ، بھاؤ،بخار، حرارت وغیرہ کے لیے)۔

گُھٹنا (۱) ضمہ گھ، سک ٹ۔ ف ل۔ گھوٹنا کی مجہول صورت؛ گھوٹا جانا؛ محبوس ہونا، بند ہونا؛ تنگ ہونا؛ گاڑھی چھنْنا۔

گُھٹنا (۲) ضمہ گھ، سک ٹ۔ امذ۔ پنڈلی اور ران کا جوڑ، گوڈا، رکبہ۔

گُھٹنّا ضمہ گھ، فت ٹ، شد ن۔ امذ۔ جانگیہ، آدھے پائنچوں کا پاجامہ۔

گُھٹّی ضمہ گھ، شد ٹ۔ امث۔ نومولود بچے کو دی جانے والی گھریلو دواء جس میں ایلوا، سہاگا، منقیٰ شہد وغیرہ ہوتا ہے۔ بول چال: **گُھٹّی میں ہونا** کسی ہنر یا عادت کا سرشت میں شامل ہونا، قدرتی طور پر موجود ہونا۔

گھٹیا فت گھ، سک ٹ۔ صف۔ ادنیٰ، سَستا؛ غیر مہذّب؛ نامعقول، اوچھا؛ رکیک (بات، حرکت)۔

گِھچ پِچ کس گھ، کس پ۔ امث۔ بھیڑ، اِزدحام؛ قلّت گنجائش؛ ٹھونس ٹھانس۔

گھر فت گھ۔ امذ۔ مکان، رہنے کا ٹھکانا؛ خانہ، کھانْچا؛ شطرنج چوسر وغیرہ کی بساط پر بنے ہوئے چوکور خانے؛ وطن، دیس؛ کُنْبہ صف۔ **گھردار** کُنبے والا۔ اکیف مث **گھرداری** گھر کے کام، گھر کا انتظام، گھر کرنا، **گھر گرِہَستی** گھر اور گھر والے۔

گھرّا فت گھ، شد ر۔ امذ۔ نزع میں گھنگرو بجنے کی آواز۔ **گھرّاٹا** اکیف **گھرّاہَٹ** گھر گھر کرنے کی کیفیت یا آواز۔

گھرانا فت گھ۔ امذ۔ خاندان، کُل، کُنْبہ، دودمان۔

گُھرکی ضمہ گھ، سک ر۔ امث۔ ڈانٹ، دھمکی، جھڑکی۔ ف م۔ **گُھرَکْنا** ڈانٹنا، ڈپٹنا۔

گِھرکا کس گھ، سک ر۔ امذ۔ ایک کھونٹے پر جڑے ہوئے تختے کے دونوں سروں پر بیٹھ کر باری باری اوپر نیچے جُھولنے کا کھیل، نیز وہ تختہ۔

گِھرنا کس گھ، سک ر۔ ف ل مجہول۔ بند، محصور یا نرغے میں ہونا؛ ف ل۔ چھانا، ہجوم کرنا، سمٹ کر آنا۔

گِھرنی کس گھ، سک ر۔ امث۔ پھرکی، چرخی، رسّی بٹنے کی کل نیز **گھرّی**۔

گھروا فت گھ، سک ر۔ امذ۔ چھوٹا سا گھر، خستہ حال گھر۔ (بول چال) **گھر کا گھرْوا کرنا** اُجاڑنا بے رونق کرنا۔

گھرَونْدا فت گھ، و لین مغ۔ امذ۔ کھلونے کا گھر، گھر کا چھوٹا سا نمونہ، خصوصاً گیلی مٹی میں کھوہ کی شکل کا گھر جو بچے بناتے ہیں۔

گھریلو فت گھ، ے مج، و مع۔ صف۔ گھر سے تعلق رکھنے والا؛ نجی، خانگی؛ گھر کا بنا ہوا۔

گھڑا فت گھ۔ امذ۔ پانی رکھنے کا مٹکا۔ تص مث: **گھڑیا**۔

گھڑاوَن فت گھ و۔ امث۔ زیور ڈھلوانے کی اُجرت، نیز **گھڑائی**۔

گُھڑ دَوڑ ضمہ گھ، سک ڑ، و لین۔ امث۔ گھوڑوں کی دوڑ کا مُقابلہ جس میں اکثر شرط بدی جاتی ہے۔

گھُڑسال ضمہ گھ، سک ڑ۔ امث۔ اصطبل جہاں بہت سے گھوڑے بندھتے ہوں۔

گھڑنا فت گھ، سک ڑ۔ ف م۔ بنانا، ساخت کرنا، ڈھالنا۔ امث **گھڑت** (فت ڑ) ساخت، بناوٹ، وضع۔

گھُڑنال ضمہ گھ، سک ڑ۔ امث۔ گھوڑے پر لادنے والی توپ؛ رہکلا۔ صف **گھُڑنالی** نعل کے مشابہ م: گھڑنالی محراب، وضع یا دروازہ۔

گھڑناؤ فت گھ، سک ڑ، ومج۔ امث۔ پکی مٹی کے گھڑوں پر تختے بچھا کر بنائی جانے والی کشتی، نیز **گھَڑاناؤ**۔

گھڑوَنچا فت گھ، ولین مغ۔ امذ۔ پانی کے گھڑے رکھنے کے لیے چار پایوں پر کھڑا ہوا لکڑی کا ڈھانچا، **گھڑوَنچی**۔

گھڑی فت گھ۔ امث۔ وقت کی پیمائش کے لیے قرار دیا ہوا پہر کا ایک حصہ؛ وقت، زمانہ، ساعت، وقت بتانے کا جنتر یا آلہ گھنٹہ کی تصغیر۔

گھڑیا فت گھ، سک ڑ۔ امث۔ چھوٹا گھڑا، عموماً مٹی یا تانبے کا چھوٹا گول برتن۔

گھڑیال فت گھ، سک ڑ۔ امذ۔ مگرمچھ؛ پیتل کا گول، موگری سے بجایا جانے والا گھنٹہ؛ کسی منارے یا مکان پر لگا ہوا، اونچی آواز سے بجنے والا گھنٹہ۔

گِھسّا فت گھ، شد س۔ امذ۔ رگڑا، لمبی سی رگڑ جو متحرّک صورت میں تصادم یا ڈور رسّی وغیرہ کے کھینچے جانے سے لگے، رگڑا۔ نیز **گھِسّا**، رگڑ؛ چوٹ؛ دھوکا، دغا۔

گھسَڑ پسَڑ فت گھ س، سک ڑ، فت س پ۔ م ف۔ گھسٹتا ہوا، بطور نقل صوت، ڈھیلی جوتیوں کے گھسٹنے کی آواز۔

گھس کُھدا فت گھ، ضمہ کھ۔ امذ۔ گھسیارا (بطور طنز یا دشنام) کنایتہً جاہل، کُندۂ ناتراش۔

گِھسْنا کس گھ، سک س۔ ف م/ ل۔ رگڑنا، رگڑ رگڑ کر گھلانا، پانی میں حل کرنا؛ پیسا جانا، حل ہونا؛ ف ل: پُرانا، بوسیدہ، فرسودہ ہو جانا۔ صف **گِھسا پِٹا/ گھسا گھسایا**۔

گھُسْنا ضمہ گھ، سک س۔ ف ل۔ داخل ہونا، در آنا، زبردستی شامل ہونا۔ ف م **گھُسانا**۔

گھسیارا فت گھ، سک س۔ امذ۔ گھاس کھود کر بیچنے والا، گھس کُھدا مث **گھسیارَن** (اصلاً: گھسیارِن)۔

گھسیٹ فت گھ، ی مع۔ صف۔ جلدی جلدی، بے دلی سے لکھا ہوا؛ امذ۔ شکستہ تحریر؛ گھسٹنے کا نشان۔

گھسِیْٹنا فت گھ، ی مع، سک ٹ۔ ف م۔ زور لگا کر یا زبردستی کھینچنا، زمین پر پڑی ہوئی حالت میں اپنی طرف سرکانا۔ امث۔ **گھسِیٹَن** گھسیٹنے کا عمل۔ محاورہ **اینْچَن چھوڑ گھسِیٹَن میں پڑنا** اُلٹی آنتیں گلے پڑنا۔ پانسہ پلٹنا، اچھی سے بری حالت میں آنا۔

گھسیڑنا ضمہ گھ، ے مج، سک ڑ۔ ف م۔ زبردستی داخل کرنا ف ل۔ **گھُسَڑنا** زبردستی داخل ہونا یا داخل کیا جانا۔

گھُگّو ضمہ گھ، و مع۔ امذ۔ اُلّو، چغد؛ برقی گجر، سائرن۔

گھِگّی کس گھ،شد گ۔ امث۔ خوف کی حالت میں منہ سے نکلنے والی کپکپاتی آواز۔ ف ل۔ **گھگیانا**، **گھگّی بَندْھ جانا**۔ بہت زیادہ خوف ہونا، خوشامد کے طور پر مُنہ ٹیڑھا کر کے بولنا۔

گھُلانا ضمہ گھ۔ ف م۔ پگھلانا؛ ہلکا، کم یا نرم کرنا، گھول کر حل کرنا، اُچھالنا، اچھال کر یا ہلا ہلا کر نرم کرنا، م: **جامُنیں گھُلانا**۔ ف ل۔ **گھُلنا** نیز دُبلا ہونا، چھیجنا، فکرمند ہونا۔

گھُلاوَٹ ضمہ گھ، فت و۔ امث۔ گداز، پختگی، رسیدگی؛ نرمی، اچھی طرح حل ہو جانے کی کیفیت۔

گُھمانا ضمہ گھ۔ ف م۔ چکر دینا، پھیر میں ڈالنا، مروڑنا؛ سَیر کرانا۔

گُھماؤ ضمہ گھ، ومج۔ امذ۔ پھیر، چکر، **گُھمانا** (رک) سے ح م۔

گُھماؤں ضمہ گھ، ومج۔ امذ۔ زمین کے رقبے کا ایک پیمانہ، دو بیگھے رقبہ۔

گُھمْرا ضمہ گھ، سک م۔ امذ۔ مرطوب زمین میں پیدا ہونے والا ایک خود رُو پودا جس کے پتے پودینے کی طرح کُھردرے ہوتے ہیں، عرق سیاہ نکلتا ہے، پھول سفید پیلا اور کالا، دواءً مستعمل، نیز **بھَنْگرا** (لاط: Eclipta Prostata)۔

گُھمَر گُھمَر ضمہ گھ، فت م، سک ر، ضمہ گھ، فت م۔ نقل صوت، دستی چکّی کے چلنے کی آواز۔

گھمَس فت گھ، م۔ امث۔ حَبْس، اُمَس برسات میں ہوا کے بند ہونے سے پیدا ہونے والی گھٹن۔

گھمْسان فت گھ، سک م۔ صف۔ پُرزور پرشور م: **گھمْسان کا رَن/ گھمْسان کا میْنہ** امذ: زبردست میدانی جنگ، م: دن بھر گھمسان رہا۔

گھمَنْڈ فت گھ م، سک ن۔ امذ۔ غرور، تکبّر۔

گُھمَنْڈْنا ضمہ گھ، فت م، سک ن ڈ۔ ف ل۔ گِھر کر چھانا، ہجوم کرنا (گھٹا بادلوں کا)۔

گُھمیری ضمہ گھ، ے مج۔ امث۔ سر میں چکر، دورانِ سر۔

گھن فت گھ۔ امذ۔ گُرز، بڑا موگرا، بڑا ہتوڑا؛ بادل م: **گھن گرَج**؛ جسامت، دَل، حجم، جُھنْڈ، کَثرَت م: **بالوں کا گھن**۔ گھنا، گنجان ہونا؛ گھنٹہ؛ ساز سنگیت میں سم تال پر بجنے والا بڑا ڈھول۔ بطور سابقہ: بڑائی گہرائی کے معنی میں۔ م: **گھن شیام** (سک ش) ابر سیاہ کے مانند، سری کرشن کا لقب۔

گِھن کس گھ۔ امث۔ کَراہت، نفرت۔ صف **گِھناؤنا** جس سے کَراہَت آئے۔

گُھن ضمہ گھ۔ امذ۔ دیمک، پودوں یا غلّے کو لگنے والا ایک کیڑا۔ صف **گُھن کھایا، گُھن لگا۔**

گھنا فت گھ۔ صف۔ گنجان (رک)؛ بھرا بھرا، چِھدرا کی ضد۔

گُھنّا ضمہ گھ، شد ن۔ صف۔ چپکے چپکے عداوت رکھنے والا۔

گھن بیل فت گھ، ے مج۔ امث۔ انگور کی مانند ایک بیل جس کی ہر شاخ پر تین کِنگرے دار پتے ہوتے ہیں، پھول مرچ کے پھول کی طرح سفید۔ نیز **گھن پھوڑ** و مج۔

گھنْٹ فت گھ، سک ن۔ امذ۔ ہاتھی کے گلے میں ڈالا جانے والا گھنٹہ۔

گھنْٹال فت گھ، سک ن۔ صف۔ تنہا لڑنے والا، ایک وقت میں ایک گروہ کو پسپا کرنے والا۔ **گُرُوگھنْٹال** سورما؛ پہلوانوں کا سرغنہ (نیز بطور طنز) چھٹا ہوا بدمعاش، سرکش مُفسد۔

گُھنْڈی ضمہ گھ، سک ن۔ امث۔ دانے کی طرح چھوٹی گول مُتوّل شے جو کسی چیز پر ٹکی یا جُڑی ہوئی ہو؛ لباس میں ٹکا ہوا کپڑے کا گول تُکمہ۔

گُھنْگرالا ضمہ گھ، غنہ، **سک گ**۔ صف۔ گھونگر والا، م: **گُھنْگرالے بال، گُھنْگرالی پَشْم۔**

گُھنْگرُو ضمہ گھ، غنہ، سک گ، ومع۔ (بروزن خوْشرو/ سُرْخْرُو) امذ۔ دھات کے مہین پترے کا خول جس میں پڑا ہوا دانہ یا کنکر بج کر چھناکا پیدا کرتا ہے۔ ج مذ۔ گھنگرو ٹکی پازیب نما پٹیّاں جو ناچنے والوں کے پانوؤں میں بندھی اور قدموں کی جنبش کے ساتھ آواز کرتی ہیں؛ جانکنی کے وقت گلے سے نکلنے والی آواز۔ ف مر: **گُھنگرُو بولنا/ بجنا** جانکنی۔

گُھنْگْنی ضمہ گھ، غنہ، سک گ۔ امث۔ اُبالے ہوئے نمکین چنے یا گیہوں۔ عموماً ج: **گُھنْگْنیاں** (کس

ن) مُنہ میں گُھنگُنیاں بَھرنا مصلحتاً چپ سادھ لینا۔

گھنگولنا فت مغ گھ، ومج، سک ل۔ (بروزن ٹٹولنا)۔ ف م۔ پانی یا کسی سیال شے میں ہاتھ ڈال کر ہلانا، کسی چیز کو ہاتھ سے پانی وغیرہ میں حل کرنا۔

گھنیرا فت گھ، ے مج۔ صف۔ بہت گھنا یا گہرا، م: گھنیرا بادل/ گھنیری چھانو۔

گھنگھور فت گھ، سک ن، ومج۔ صف۔ گہرا، چھایا ہوا، دلدار؛ گھٹا ٹوپ؛ دور تک چھائے ہوئے سیاہ بادل گہری گھٹا۔

گُھوا ضمہ گھ۔ امذ۔ سرکنڈے کا پھول۔

گھوٹا ومج۔ امذ۔ دیسی کاغذ کو کوٹ کر چمکانے کا اوزار؛ حلیم وغیرہ کی دیگ کو گھوٹنے کی بڑی ڈوئی۔

گھوٹنا ومج، سک ٹ۔ ف م۔ موسل، چمچے یا کسی اوزار سے کسی سیال چیز کو گول گول گھمانا تاکہ اس کے اجزا یکجاں ہو جائیں؛ بار بار دہرانے کا عمل، رٹنا، یاد کرنا؛ دبانا، دبوچنا، کسنا (گلے کو)۔نیز عام گھونٹنا۔

گھُورا ومع۔ امذ۔ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر، کوڑا پھینکنے کی جگہ۔

گھُورنا ومع، سک ر۔ ف ل/م۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا؛ تیز نظر سے دیکھنا۔

گھوڑا ومج۔ امذ۔ سواری اور باربرداری کا مقبول چوپایہ، اسپ، فَرَس۔ شطرنج کا ایک مہرہ جو ڈھائی گھر کی چال چلتا ہے۔ امث۔ گھوڑی گھوڑے کی مادہ؛ سِویّاں نکالنے کی کل؛ بانس کی چِری ہوئی کھپچی جس سے ختنہ کے وقت بچےکے عضو کی کھال کو پکڑتے ہیں۔

گھوسی ومج۔ امذ۔ گوالا، گائیں پالنے اور دودھ بیچنے والا۔ مث گھوسَن۔

گھُوگس ومع، فت گھ۔ امذ۔فصیل کا ایک ضلع، جو آگے نکلا ہو؛ فصیل کے آگے کی دیوار، دروازے کے باہر کھنچی ہوئی پردے کی دیوار یا گھونگٹ۔

گھولنا ومج، سک ل۔ ف م۔ حل کرنا، پانی یا کسی سیال شے میں ملانا۔

گھولوا ومج، سک ل۔ امذ۔گاڑھا شوربا؛ گھُٹی ہوئی بھنگ۔

گھُومنا ومع، سک م۔ ف ل۔ پھرنا، چکّر کھانا، مُڑنا، پلٹنا؛ سَیر کرنا۔

گھونپنا ومج، غنہ، سک پ۔ ف م۔ کسی نوکدار چیز کو کسی جسم یا سطح کے اندر پیوست کرنا، اناڑی پن سے سلائی کرنا۔

گھُونٹ ومع، غنہ۔ امذ۔ ایک وقت میں حلق سے اُترنے والے پانی یا کسی سیال کی مقدار؛ ایک کش، جُرعہ۔

گھونٹنا ومع، غنہ، سک ٹ۔ ف م۔ زبردستی تنگ جگہ میں بند کرنا، جَکڑنا، گھُٹن پیدا کرنا؛ سانس روکنے کے لیے گلا دبانا۔

گھُونس ومع، غنہ۔ امث۔ نیولے اور چوہے سے ملتا جلتا ایک بِلوں میں رہنے والا جانور جو کچّے گھروں میں نظر آتا ہے (انگ: Bandicoot rat)۔

گھُونسا ومع مغ۔ امذ۔ بند مٹھی کی ضرب جو ہاتھ کو جُھلا کر لگائی جائے، زور کا مکّا۔

گھونسلا ومج، غنہ، سک س۔ امذ۔ پرندوں کا بسیرا کرنے کا ٹھکانا، آشیانہ۔

گھونگا ومج مغ۔ امذ۔ ایک مخروطی شکل کی سیپ۔

گھُونگَٹ ومع مغ، فت گ۔ امذ۔ دوپٹے کا سر سے منہ تک ڈھلکا ہوا پلّہ، دروازے کے سامنے اوٹ کے لیے کھڑی کی ہوئی دیوار؛ پردہ، آڑ، گھُوگس۔

گُھونگر ومع مغ، فت گ۔ امذ۔ بالوں کے چھلّے، پیچ، خم، لہریں۔ صف۔ گُھنگرالا، گُھنگرالی۔ لہریے دار۔

گھی امذ۔ مکھن کو تا کر صاف کی ہوئی چکنائی۔ روغنِ زرد۔

گھیا کس گھ۔ امذ۔ کدوئے شیریں، میٹھا گِھیا پیٹھا، تونبی (لاط: Benin Casacifera)۔

گھیٹلا ے مج۔ سک ٹ۔ امذ۔ بے ایڑی کا پھڈا جُوتا۔ مث گھیٹلی۔

گھیر ے مج۔ امذ۔ محیط، دور؛ حلقہ، دائرہ، احاطہ؛ پھیلاؤ، پہنا، پہنائی؛ حلقہ، نیز گھیرا۔ محاصرہ، پہیّے پر چڑھانے کا لوہے کا حلقہ۔ اکیف مث گھرائی امذ۔ گھراؤ (کس گھ، ومج) بروزن خِیال۔

گھیرنا ے مج، سک ر۔ ف م۔ چاروں طرف سے راستہ روکنا،ہر طرف سے بند کر دینا، محاصرہ کرنا، یکجا کرنا، احاطہ کرنا؛ اصرار، ابرام کرنا، راہ پر لانا۔

گھیڑنی ے مج، سک ر۔ امث۔ چرخہ چلانے کا ہتّہ۔

گھیکوار ی مع، سک ک۔ امذ۔ ایک پودا جس کے پتّے لمبے، دَلدار ہوتے ہیں، جن میں سے لیس دار مادّہ نکلتا ہے، جس سے ایلوا بنتا ہے۔ (لاط: Aloe Indica)

گھیکوار جَنگلی گھیکوار کی ایک قسم (لاط: Agave Americana)۔

گھینٹا ے مج مغ۔ امذ۔ سؤر کا بچّہ۔

گھیوَر ی مع، فت و۔ امذ۔ کھجلے سے ملتی ایک دیہاتی مٹھائی جو کھجلے کی طرح خستہ نہیں ہوتی بلکہ کسی قدر چکنی ہوتی ہے۔

ل

ل لام۔ مذ۔ اردو ترتیب تہجی کا تینتالیسواں (۴۳) حرف، حَنکی مصمتہ جس کا مخرج ڈ اور ر کےدرمیان ہے اور زبان کی نوک سے ادا ہوتا ہے۔ حروف شمسی میں شامل اور جمل میں ۳۰ اعداد کا حامل۔

لا (۱) امث۔ تَہہ، پَرت، کپڑے کاغذ وغیرہ کی موڑی ہوئی شکل۔ قب دُولائی (دلائی)۔

لا (۲) حرف نفی۔ عربی فقرات و کلمات میں نہیں کے معنی میں م: لاشریک لہٗ، لاتُعَد، لاأعلَم، لایَعنی۔ بعض مخلوط تراکیب میں موجود مثلاً لاچار، لاپتہ۔

لا (۳) امر، م ف۔ مصدر لانا سے صیغۂ امر "لے آ"، اور "لاکر" کی تخفیف م: لا بٹھایا = لاکر بٹھادیا۔

لاأُبالی ضمہ ا۔ صف۔ بے فکر، غیر ذمہ دار [ع: لفظاً: مجھے پروا نہیں]۔

لاأدریّت فت ا، سک د، کس ر، شد فت ی۔ امث۔ تشکیک، یہ نظریہ کہ انسان حقیقت کو نہیں جان سکتا، ہر شے کے وجود پر شک کیا جا سکتاہے۔ [ع:لا أدری = میں نہیں جانتا، قب انگ: Agnosticism]۔

لااِلٰہ کس ا، فت ہ۔ فقرہ: کلمۂ طیّبہ کے ابتدائی الفاظ "کوئی خدا نہیں" جس کے بعد اِلّا اللّٰہ آتا ہے، یعنی سوائے اللہ کے۔

لابُدی ضمہ ب۔صف۔ لازمی، یقینی [ع: لابُدّ : کوئی مفر نہیں، اردو میں بلا شد د]۔

لابہ فت ب۔ امذ۔ التجا، التماس؛ مذاق، طنز، تمسخر۔ صف۔ لابہ گر طنّاز؛ نیز عاجزی کرنے والا۔

لابھ امذ۔ فائدہ، نفع، حاصل۔

لاپَرْوا فت پ، سک ر۔ صف۔ بے فکرا، احساس، لحاظ، خیال نہ کرنے والا، لا اُبالی۔ اکیف مث لاپَروائی۔

لات امث۔ ٹانگ مارنا، پنڈلی کو جُھلا کرضرب لگانا۔

لاتُحْصیٰ ضمہ مج ت، سک خ، ی غم۔ صف۔ شمار و حساب سے باہر، جس کا احاطہ نہ ہو سکے۔

لا تُعَد ضم مج ت، فت ع۔ صف۔ ان گِنت، جس کی گنتی نہ ہوسکے، نیز **لا تَعْداد** (فت ت، سک ع)۔

لاٹ امذ۔ انگریز گورنر [انگ: Lord کا موّرد] نیز **لاٹ صاحَب**۔ گاہے طنزاً: اکڑ باز، دیسی آدمی کے لیے۔

لاٹ (۱) امث۔ چراغ کی لَو، شعلہ؛ کھڑی کیل جس پر کوئی پہیّہ گھومے م: چکّی،کولھو، گھڑی کے پُھول چکّر کی لاٹ (قب: لاٹھ)۔

لاٹھ امث۔ مَنارہ، کھَم، اکیلا ستون، سیدھی کھڑی یا گڑی ہوئی لمبی کیل، پتھّر یا لکڑی م: اشوک کی لاٹھ۔

لاٹھی امث۔ بانْس کی لمبی موٹی چھڑ، عصا، جریب، موٹی دستی چھڑی۔ مکبَر، **لَٹھ** ۔ صف **لَٹھ بَنْد** لاٹھی سے مسلّح۔

لاثانی صف۔ بے نظیر، یگانہ، جس کا جوڑ یا ہمسر نہ ہو، لاجواب۔

لاج امث۔ شرم، حیا، غیرت، صف: **لاج والا**، **لاجْوَنْت**، مث **لاجْوَنْتی** حیا دار، غیرتمند، ف ل: **لَجانا** شرمانا۔

لاجَرَم فت ج ر۔ م ف۔ یقیناً، بے شک، لازماً۔ [ع: مضائقہ نہیں]۔

لاجَواب فت ج۔ صف۔ بے مثل، یگانہ؛ جسے خاموش، قائل یا ماننے پر مجبور کر دیا گیا ہو، جواب دینے کے ناقابل۔

لاجْوَرْد سک ج، فت و، سک ر۔ امذ۔ نیلم صف **لاجْوَرْدی** کَبُودی؛ چمکدار، گہرا نیلا۔

لاچار صف۔ عاجز، مجبور، بے بس، بے چارہ۔ م ف: مجبوراً۔ م اکیف مث **لاچاری** بے بسی۔ نیز **لاچارگی**، مترادف: بے چارگی۔

لاچِین ی مع۔ امذ۔ غلام، نوکر؛ (کنایتّہ) شکار کے لیے سدھایا ہوا شاہین۔

لاحاصِل کس ص۔ صف۔ بے فائدہ، فضول، بے نتیجہ،م: **سَعْیِ لا حاصِل**۔

لاحِق کس ح۔ صف۔ ملا ہوا، ساتھ لگا ہوا، وارِد، عارض، لاگو۔

لاحِقَہ کس ح، فت ق۔ صف۔ امذ۔ ساتھ لگا ہوا، مُنسلِک، متوسّل، وہ کلمہ یا علامت جو کسی لفظ کے آخر میں آ کر معنی میں اضافہ یا خاص معنی پیدا کرے۔ م: گار جیسے کام گار میں، وَنت: کلاونت؛ آرام دہ۔ ج **لَواحِق** ج ج **لَواحِقِین** (رک)۔

لاحَول و لین۔ امث، کلمۂ نفریں۔ لاحول وَلا قوّہ اِلاّ بِاللہ کی تخفیف۔ افعال: لاحول بھیجنا، پڑھنا = لعنت بھیجنا۔

لادَعْویٰ فت د، سک ع، ی غم۔ امذ۔ فارغ خطی، دعوے سے دستبرداری یا اُس کی دستاویز۔

لادْنا سک د۔ ف م۔ بوجھ ڈالنا، رکھنا یا بھرنا؛ بوجھ اٹھانا۔ صف **لَدا پَھنْدا** (فت مج پھ) خوب بوجھ اٹھائے ہوئے، پُربار، پُرثمر۔

لادَوا فت د۔ صف۔ لاعلاج، ناقابل شِفا۔

لادی امث۔ دھوبی کے پاس یا دھوبی کے گدھے پر کپڑوں کا بوجھ یا گٹھڑ۔ برف کی سالم سل۔

لاڈ امذ۔ پیار، محبت، نازبرداری صف **لاڈْلا** پیارا، دلارا۔ امث **لاڈْلی**، **لاڈو** (ومج)۔

لار امث۔ قطار، لَمبی ڈوری۔

لارا امذ۔ حیلہ، بہانہ نیز **لارا لِیری** ٹال مٹول [قب: پنجابی لاری لَپّا]۔

لارَیب ے لین۔ م ف۔ بیشک، بلاشبہ۔

لازِب کس ز۔ صف۔ چپکنے والا، چپکا ہوا؛ لَزِج، لُزوجَت رکھنے والا۔

لازم کس ز۔ صف۔ ضروری، واجب؛ متعلق، منسلک۔ نیز **لازمی**، م ف۔ **لازماً** (لازمَن) مرعطفی **لازِم و مَلْزوم** ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ، ناقابل تفریق۔

لازِمَہ کس ز، فت م۔ امذ۔ ضروری شرط، شے یا سامان۔ ج **لَوازِم** اشیائے ضروری جو کسی کام کے لیے درکار ہوں۔ ج ج **لَوازمات**۔

لازَوال فت ز۔ صف۔ جو ہمیشہ قائم رہے، ابدی۔

لاسا امذ۔ چپکنے والا مادّہ جو چڑیوں کا شکار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ محاورہ **لاسے پر لگانا** لالچ دینا [س: لالسا = لالچ]۔

لاسِلْکی کس س، سک ل۔ صف۔ بےتار برقی؛ ریڈیائی لہروں کے ذریعے پیغام رسانی کا نظام۔

لاش امث۔ مردہ جسم، نعش، نیز امذ۔ **لاشَہ**۔

لاشے ی لین، صف۔ معدوم؛ ناچیز، حقیر۔

لاشُعاعی ضمہ ش۔ صف۔ ایکسرے سے تعلّق رکھنے والا۔ **لاشعاع (x-ray)** ایک غیر مرئی شعاع جو ٹھوس اجسام سے پار ہو جاتی ہے (لامترادف رومن : X)۔

لاطائِل کس ء۔ صف۔ فضول، بے فائدہ [ع: طائِل = حاصل، مَصرف]۔

لاطِینی ے مع۔ صف۔ امذ۔ قدیم روما سے متعلق؛ قدیم روما کی زبان۔

لاغِر فت غ۔ صف۔ دُبلا، نحیف، اکیف **لاغری**۔ دُبلاپا، عام: **لاغر**۔

لاف امذ۔ بڑا بول، ڈینگ، شیخی۔ مرکب عطفی **لاف و گُزاف** (ومج، ضمہ گ) شیخیاں بگھارنا، دون کی لینا [ف گُزاف = دروغ بافی]۔

لاکھ امث۔ بعض درختوں بیری پیپل بڑ وغیرہ کی ریزش سے تیار کردہ سرخ پیپڑی کی طرح کا مادہ جو پگھل کر فوراً جم جاتا ہے اور مہر لگانے کے کام آتا ہے۔ اسی سے گُلال بنتا ہے۔ صف **لاکھی** لاکھ کے رنگ کا۔ گہرا سرخ۔

لاکھا امذ۔ ہونٹوں پر لگانے کی سرخی جو سنگھار میں شامل ہے۔

لاکَھوری اِینْٹ و لین، ی مع، غنہ۔ امث۔ چھوٹے سائز کی بہت پختہ اینٹ جو کمّا اینٹ کے رواج سے پہلے چنائی کے لیے استعمال ہوتی تھی۔

لاگ امث۔ عداوَت، رنجش۔ مرکب عطفی **لاگ ڈانْٹ** کھلی کھلی عداوت۔ **لاگ لپیٹ** (فت ل، ے مج) عداوت یا مصلحت کی بات، لگی لپٹی۔

لاگَت فت گ۔ امث۔ مصارف، خرچہ، کُل خرچ۔

لاگُو ومع، صف۔ پیچھے لگنے والا، پِچھ لگّا یا پچھ لگّی؛ عائد، عارض، متعلّق۔

لال (۱) گونگا، اَبکم، جو بول نہ سکے۔

لال (۲) صف۔ سُرخ، سوہا، احمر؛ امذ۔ ایک چھوٹا پرندہ جس کے لال پروں پر سفید بُندکیاں ہوتی ہیں؛ پدڑی کا نر؛ لعل، یاقوت؛ اولاد کے لیے پیار کا کلمہ۔ **لال پِیلا** غصّے میں بھرا ہوا، **لال بَھبُوکا** (فت بھ، ومع) تمتماتا (چہرہ) اکیف **لالی** سرخی، سرخ رنگ۔

لال بُجَھکَّڑ ضمہ ب، فت جھ، شد فت ک۔ امذ۔ برخود غلط، بیوقوف، جو ہر بات کو جاننے کا دعویٰ کرے اور غلط تدبیریں بتائے۔

لالا صف۔ بے مثل؛ چمکدار م: **لُولُوئے لالا** یگانہ موتی؛ آبدار موتی۔

لالٹین سک ل، ے لین۔ امث۔ شمع، مٹّی کے تیل سے جلنے والی چمنی لگی، کُنڈا پکڑ کر اٹھائی جانے والی روشنی یا چراغدان۔

لالَچ فت لٰ امث۔ حرص، طمَع۔ صف **لالْچی** (سک ل) حریص۔

لالْڑی سک ل۔ امث۔ لعل کی ایک نسبتہً ادنیٰ قسم

جس کا رنگ ہلکا سرخ ہوتا ہے۔

لالنگر فت ل، غنہ، فت گ۔ امذ۔ پیچ، اٹکاوا؛ بچّوں کا ایک کھیل جس میں ڈوری کے سرے پر پتھّر باندھ کر ایک دوسرے کی ڈور میں پھنساتے اور گھسّا دے کر کاٹتے ہیں[لا صیغۂ امر از لانا + لَنگر]۔

لالَہ (۱) فت ل۔ امذ۔ ارغوانی رنگ کا پیالہ نما پھول، جس کی تہ میں سیاہ داغ ہوتا ہے، پتے ملائم رُونگٹے دار (لاط: Anemone Pulsatilla)۔

لالَہ (۲) فت ل۔ لقب۔ بعض ناموں، خصوصاً ہندوؤں کے نام کے ساتھ لگایا جانے والا عزّت کا کلمہ؛ مجرد صورت میں مراد ہندو بنیا، دوکاندار، ساہو کار۔ نیز **لالا، لالاجی** وغیرہ، امث **لَلا یِن**۔

لالے پَڑنا ے مج، فت پ، سک ڑ۔ ف ل۔ کسی چیز سے محرومی کا شدید احساس ہونا اس پر فریاد مچنا م: روٹیوں کے لالے پڑگئے۔

لام (۱) امذ۔ محاذ جنگ؛ فوج، پلٹن۔ **لام بَنْدی** لشکر کی فراہمی [فرانسیسی: Larme]۔

لام (۲) حرف ل۔ صف، کنایتہً حرف ل کی طرح خمیدہ۔ **لامی** بل کھایا ہوا۔ **لام کاف** ملامت کے کلمات [ل سے لعین، ک سے کافر وغیرہ]۔

لامِع کسمج م۔ صف۔ روشن، تابندہ ج **لَوامِع**۔

لانْبا ا مغ۔صف۔ دراز، دراز قد؛ طویل، مدید۔

لانْک غنہ۔ امث۔ نیل کی پتّیاں جن سے رنگ بنایا جاتا ہے۔

لانْگ غنہ۔ امث۔ دھوتی کا لنگر یا پلّو جسے پیچھے کی طرف اُڑس لیا جاتا ہے، آڑ بند۔

لانْگنا غنہ، سک گ، ف م۔ پھلانگنا، کسی چیز کے اوپر سے جست کر کے گزر جانا، عبور کرنا۔

لاہُوت ومع۔ امذ۔ ذاتِ الٰہی؛ (تصوف) ذات الٰہی تک رسائی کا درجہ (عالم جَبروت اور مَلکوت سے افضل)۔ صف۔ **لاہُوتی** خاص ذات الٰہی سے منسوب۔

لائِحَہ کسمج ء، فت ح۔ صف۔ واضح، روشن، صاف، مرتّب۔ امذ۔ **لائِحَۂ عَمَل** پروگرام، مدّ نظر کاموں یا اوقاتِ کار کا نقشہ۔ ج **لَوائِح** قوانین، بدیہات؛ علامات، نشانات۔

لائِق کس ء۔ صف۔ لیاقت، استعداد، علم، فضیلت رکھنے والا؛ موزوں، اہل؛ سزاوار، مناسب۔

لائِم کس ء۔ صف۔ ملامت کرنے والا۔ تفضیل **لَوّام** (فت شد و) م: **نَفْسِ لَوّامَہ** ضمیر، انسان کے اندر اچھے بُرے کی پہچان، حِسِّ اخلاق۔

لاؤ ومج۔ امث۔ موٹا، رسّا؛ آگ، شعلہ، بھڑکنے والا مادّہ، بارُود۔ صف **لاؤ دار** توپ جو رنجک دینے یعنی سر کرنے کے لیے تیار ہو۔ **لاؤ لَشْکر** فوج، فرّہ، سپاہ اور اس کے ساتھ کا سامان۔

لایَزال فت ی۔ صف۔ جس کو زوال نہ ہو، ابَدی، دائم و قائم۔

لَب فت ل۔امذ۔ ہونٹ؛ کنارہ؛ سِرا؛ لُعاب دَہن م: **لَب لگانا** تھوک لگانا صف: **لَبا لَب** کناروں تک بھرا ہوا **لَب ریز** چھلکتا ہوا۔ **لَبْ بَسْتَہ** چپکا، خاموش۔

لُب ضمہ ل۔ امذ۔ مغز؛ سَت، نچوڑ، خلاصہ۔ مرکب اضا **لُبِّ لُباب** (شد ب، ضمہ ل) مغز خاص، عطرِ عطیر، مجمل نکتہ، اصلی بات، خلاصۂ کلام۔ م **لُبُوب** مغزیات۔

لَبادَہ فت ل د۔ امذ۔ چُغہ، جُبّہ [ع: لَبّادہ]۔

لَبْدَھڑا فت ل، سک ب، فت دھ۔ امذ۔ گاڑھا، گڈ مڈ (سالن وغیرہ)۔

لَبْلَبی فت ل، سک ب، فت ل۔ امث۔ بندوق پستول وغیرہ کا وہ پرزہ یا گھوڑا جس پر انگلی رکھ کر دبانے سے وہ سر ہوتا ہے، گھوڑا۔

لَبَن فت ل بـ۔ امذ۔ دودھ، شیر۔

لُبھانا ضمہ ل۔ ف م۔ اپنی طرف مائل کرنا، پرچانا؛

بھانا، کُھبنا، پسند آنا۔

لَبھیڑا فت ل، ے مج۔ امذ۔ سِپستاں۔

لَبِیب فت ل، ی مع۔ عاقل، دانشور۔

لَبیدا فت ل، ی مع۔ امذ۔ سونٹا، ہاتھ کا ڈنڈا۔

لَبَّیک فت ل، شد ب، ے لین۔ جواب ندا: حاضر ہوں۔ محاورہ **لَبَّیک کہنا** صلا یا بلاوے پر زور دار ہامی بھرنا۔

لَبیں ے مج۔ ا ج۔ ہونٹ کے اوپر مونچھوں کے بال۔

لَپ فت ل۔ امث۔ کُھلے ہاتھ میں سما جانے والی مقدار؛ دونوں ہتیلوں کو ملا کر بننے والا جوف۔

لَپّا فت ل، شد پ۔ امذ۔ تھپّڑ۔ امث۔ **لپّاڈگی** ہاتھا پائی۔

لَپاٹی فت ل۔ امذ۔ جُھوٹا، گپ ہانکنے والا۔

لَپاک جَھپاک م ف۔ پُھرتی سے، تُرت پُھرت، جھپا جَھپ۔

لَپَٹ فت ل پ۔ امث۔ آنچ، شعلوں کی گرمی؛ مہک جو ہوا کے جھونکے کے ساتھ آئے۔

لِپٹنا کس ل، فت پ، سک ٹ۔ ف ل۔ چمٹنا، گلے ملنا؛ پیچھے لگ جانا؛ طے ہونا، بل دیا جانا، ف م۔ **لَپیٹنا** (ے مج)، **لِپٹانا** (کس ل، سک پ)۔

لَپَّڑ فت ل، شد فت پ۔ امذ۔ تھپّڑ، چانٹا۔

لُپڑی ضمہ ل، سک پ۔ امث۔ لیپ کی تصغیر، انڈےآٹے وغیرہ کو ملا کر بنائی ہوئی لُگدی جو نوزائیدہ بچّوں کے بدن پر رُواں صاف کرنے کے لیے پھیری جاتی ہے؛ چمڑے کوکمانے کے لیے پھیرا جانے والا نمک وغیرہ۔

لَپسی فت ل، سک پ۔ امث۔ پتلا حریرہ، نیز **لَپسی حَرِیرَہ** بطور پھبتی: نحیف دھان پان بوڑھا آدمی یا عورت۔

لَپکا فت ل، سک پ۔ امذ۔ بری عادت، لت، علّت، چسکا (م: چوری کا لپکا)۔

لُپلُپانا ضمہ ل، سک پ، ضمہ پ۔ ف ل۔ دہن یا لبِ فرج وغیرہ کا نیم اضطراری طور پر کھلنا بند ہونا، لُپ لُپ کرنا۔

لَپیٹ فت ل، ے مج۔ امث۔ تہہ، بل؛ پہنچ، رسائی؛ حلقہ، دائرہ، چکّر، پھیر؛ پوشیدہ نکتہ۔

لَت فت ل۔ امث۔ بُری عادت، علّت۔

لَتا فت ل۔ امث۔ بیل جو پھیلتی یا درختوں پر چڑھ جاتی ہے۔

لَتّا فت ل، شد ت۔ امذ۔ کپڑا، پارچہ، لِیتھڑا۔

لَتاڑ فت ل۔ امث۔ ڈانٹ پھٹکار، دھتکار، پھٹکار۔

لَت پَت فت ل پ۔ صف۔ آلُودہ، پوری طرح سَنا، بھرا لِتھڑا ہوا۔

لُتْرا ضمہ ل، سک ت۔ صف۔ چُغلخور، اِدھر کی ادھر لگانے والا، لگائی بھجائی کرنے والا۔ امذ۔ **لُتْراپا**، مث **لُتْری** چُغلخور۔

لَتّے لینا فت ل، شد ت، ے مج۔ محاورہ۔ لتاڑنا، ملامَت کرنا، آڑے ہاتھوں لینا۔

لَٹ فت ل۔ امث۔ بالوں کی ایک لَڑ یا جُٹے ہوئے بال؛ بٹے ہوئے دھاگے کی چھوٹی پتلی ڈوری۔

لُٹانا ضمہ ل۔ ف م۔ بکھیرنا؛ عام کرنا؛ برباد کرنا۔ امث **لُٹّس** عام لوٹ، لُوٹ کَھسوٹ۔

لَٹ پَٹّی فت ل پ۔ صف۔ وضعدار (پگڑی): دستار، زُلف، جس میں بہت سے بل ہوں۔

لَٹَک فت ل ک۔ امث۔ جھوک، خمیدگی، اٹھلاتی چال؛ دیوانگی کا اثر۔

لَٹْکا فت ل، سک ٹ۔ امذ۔ ٹوٹکا، منتر؛ مہارت، ہنر۔

لَٹْکَن فت ل، سک ٹ، فت ک۔ امذ۔ لوہے کی اوپر سے کھلی ہوئی تپائی جس پر گھڑا یا کوئی برتن رکھ کر گرم کیا جا سکے؛ جھالر،کوئی لٹکتی شے۔

لَٹْکنا فت ل ٹ، سک ک۔ ف ل۔ ادھر ہونا، معلّق ہونا، چھت میں آویزاں ہونا، ٹَنگا ہونا؛ رکا، ٹھہرا ہوا

ہونا، ٹاپنا، سسکنا، رینجھنا۔ ف م لٹکانا_ آویزاں کرنا، انتظار، التوا میں رکھنا۔

لَٹّو فت ل، شد ٹ، و مع۔ امذ۔ گھومنے والا کھلونا یا پُرزہ، گول ڈھالی یا تراشی ہوئی شے۔ صف۔ والہ و شیدا، ریجھا ہوا۔

لَٹُورا فت ل، ومع۔ امذ۔ بالوں کی موٹی لٹ، گیسو۔ صف لَٹُورِیا (کس ر) لمبی لٹیں رکھنے والا۔

لُٹیا ضمہ ل، سک ٹ۔ امث۔ چھوٹا لوٹا محاورہ: لُٹیا ڈُبو دینا (ضمہ ڈ) سخت ہزیمت، خجالت اُٹھانا۔

لَٹھ فت ل۔ امذ۔ موٹے بانس کا لمبا ڈنڈا، صف لَٹھ بَنْدْھ لڑاکا لٹھ لے کر چلنے والا۔ لَٹھیت لاٹھی چلانے کا ماہر۔

لَٹّھا فت ل، شد ٹھ۔ امذ۔ سفید کپڑا، زین سے پتلا، ململ سے موٹا، جس کے کرتے پاجامے وغیرہ بنتے ہیں، چھالٹین لنکلاٹ۔ (انگ : Loin cloth)۔

لِثَہ کس ل، فت ث۔ امذ۔ مسوڑھا۔ صف لِثَوی/ لِثَوی مسوڑھے سے تعلق رکھنے والا۔ وہ حرفِ آواز یا مصمتہ جس کا مخرج دانتوں کی پشت ہو۔ م: ت ا ث۔ امث۔ لِثَۂ مسوڑھوں سے خون آنے کی بیماری اسکَربُوط ۔ [ع: لِثَہ : مسوڑھا]۔

لَجاجَت فت ل ج۔ امث۔ اصرار، ابرام، پیچھے پڑ جانا۔

لَجانا فت ل۔ ف ل۔ شرمانا، جھینپنا۔ صف لَجِیلا (ی مع)۔

لِجْلجا کس ل، سک ج، کس ل۔ صف۔ چھونے میں ناگوار طور پر پھسلنا، پلپلا، گلگلا۔

لُجَّہ ضمہ ل، شد فت ج۔ امذ۔ بھنور، گرداب۔

لُچّا ضمہ ل، شد چ۔ امذ۔ شہدہ، بدمعاش۔

لَچَر فت ل چ۔ صف۔ لغو، پوچ، گھٹیا۔

لَچک فت ل چ۔ امث۔ دب کر اُبھرنے، کھنچ کر اصلی حالت میں لوٹ آنے کی خصوصیت، انعطاف، خم و چم؛ نرمی، ملائمت؛ اکڑ، اکڑن کی ضد، مصالحت کی صلاحیت یا گنجائش۔ صف لَچک دار، لَچکیلا۔

لَچھّا فت ل، شد چھ۔ امذ۔ دھاگو ڈوریوں کا گچھا، گولا یا اَنٹی، لپٹے ہوئے ریشے یا تار، انٹی۔ تصغیر لَچھّی۔ پاؤں کا ایک زیور جس میں زنجیریں لٹکی ہوتی ہیں؛ باریک کتری ہوئی پیاز وغیرہ۔ مروصفی لَچھّے دار پیچیدہ؛ مزیدار بات، گفتگو، جو مزے لے لے کر کی جائے۔

لَچْھمنا لَچْھمنی فت ل، سک چھ، فت م۔ رک: مہر گیلہ۔

لَچْھمی فت ل، سک چھ۔ عَلَم/ امث۔ ہندو دیو مالا میں دولت کی دیوی جس کی دیوالی کے تہوار پر پوجا کی جاتی ہے؛ کوئی عورت جس کا وجود باعث برکت ہو۔ [اصل لَکْشمی]۔

لَچھّن فت ل، شد فت چھ۔ امذ۔ کردار، انداز، اطوار؛ نشان، علامت [اصل س: لَکْشَنْ]۔

لِحاظ کسمج ل۔ امذ۔ رعایت، قابل توجہ امر م: بلحاظ عمر ۔ تطربہ عمر، مروت، ملاحظہ؛ ادب، حفظ مراتب، شرم، حیا۔

لِحاف کسمج ل۔ امذ۔ عموماً بستر پر اوڑھنے کا روئی بھرا نگندے دار گھریلو گدیلا یا موٹی رضائی۔

لَحَد فت ل ح۔ امث۔ قبر کے نیچے گڑھا جس میں میّت کو لٹاتے ہیں، جوفِ قبر۔ نیز لَحْد (فت مج ل ح)۔

لَحْظہ فت مج ل، سک ح، فت ظ۔ امذ۔ وقت کا بہت خفیف حصہ، پل، لمحہ۔

لَحْم فتہ مج ل، سک ح۔ امذ۔ گوشت۔ لَحْمِیَہ (کس م، فت ی) پروٹین؛ نائٹروجن، کاربن، تُرشہ جات کا وہ مرکب جو نامیاتی اجسام کا جزو اعظم ہے۔ ج لَحْمیات۔ صف لَحِیم (ی مع) فربہ، نیز لَحِیم شَحِیم (ی مع) جس کے جسم پر گوشت اور چربی

زیادہ ہُوئے۔

لَحْن فت مع ل، سک ح امذ۔ آواز، سریلی صدا؛ ترنّم۔ [ع: نیز غلط یا خلاف محاورہ کلام]۔

لَحْی فت ل، سک ح ی۔ امذ۔ جبڑا امث۔ لَحْیَہ (لح یَ) ڈاڑھی۔

لَخْت فت ل، سک خ۔ امذ۔ ٹکڑا، جزو، پارہ نیز لَخْتَہ (لخ تَ)، صف۔ لَخْت لَخْت ٹکڑے ٹکڑے امذ۔ لَخْتِ جِگر (مراد) بیٹا، اولاد۔

لَخْلَخَہ فت ل، سک خ، فت خ۔ امذ۔ خوشبوؤں سے تیار کیا ہوا ایک تیز بُو مرکب جو ہوش میں لانے کے لیے سنگھاتے ہیں۔

لَداوا فت ل۔ امذ۔ بوجھ، بار، بھاری سامان۔ لَداؤ لدا ہوا سامان، بوجھ۔ امث۔ لَداؤ کی چھت ڈاٹ لگا کر بنائی ہوئی بے کڑیوں کی چھت۔

لَدُنّی فت ل، ضمہ د، شد ن۔ صف۔ پُراسرار، رُوحانی۔ امذ۔ عِلمِ لَدُنّی (کسمج م) الہامی انکشاف، وہ علم جو القا ہوا ہو۔

لَدّو فت ل، شد د، و مع۔ صف۔ بوجھ اٹھانے والا جانور، نر یا مادہ۔

لَدْھَڑ فت ل، شد فت دھ۔ صف۔ موٹا، پھپھس، جو مشکل سے حرکت کرے، سست، کُند ذہن۔

لَڈّو فت ل، سک ڈ، و مع۔ امذ۔ گولیوں کی شکل میں بنی ہوئی مٹھائی، جو کئی طرح سے بنائی جاتی ہے اور مختلف ذائقوں کی ہوتی ہے۔ م: مَلائی کے لَڈّو؛ تِل/ موتی چُور/ بیسن کے لَڈّو۔

لُڈّی ضمہ ل، شد ڈ۔ امث۔ ایک عوامی رقص جو لڑکیاں حلقہ باندھ کر کرتی ہیں [پنجابی]۔

لَذَّت فت ل، شد فت ذ۔ امث۔ مزہ، ذائقہ، حظ، لطف مرکب۔ لَذَّت پَرَسْتی (پَ رَسْ تی) حصولِ لذت کو بطور اُسوہ و عقیدہ ماننا (انگ epicurianism) نیز لَذَّتِیَّت (لَزْ زَ تی یَت)۔

صف لَذِیذ (ی مع) مزیدار۔

لَر ضمہ ل۔ صف۔ بے شعور، احمق۔ امذ۔ زمین ناپنے کی لاٹھی، جریب۔

لَرْزْنا فت ل ر، سک ز۔ ف ل۔ کانپنا، تھرّانا، مرتعش ہونا، جھر جھریاں لینا۔ امث۔ لَرزِش پیہم جنبش امذ۔ لَرْزَہ (لَر زَ) کپکپی صف لَرْزاں (غنہ) کانپتا، ہلتا جلتا۔

لَڑ فت ل۔ امث۔ پروئے ہوئے نگینے؛ پروئی ہوئی ڈوری، لڑی؛ لٹ۔ مکبّر صف لَڑا بڑی لڑ یا لڑیوں سے بنا ہوا، م: (مرکب) سَت لَڑا (ہار) تصغیر لَڑی بالوں کی لٹ۔

لَڑائی فت ل۔ امث۔ جنگ، معرکہ، جھگڑا؛ عداوت۔ صف لَڑاکا لڑنے کا عادی۔ مرعطفی لَڑائی بھڑائی، جھگڑا، فساد۔

لَڑ بِڑا کس ل، سک ڑ، کس ب۔ صف۔ جس میں سختی، صلابت یا لچک نہ ہو، ڈھیلا ڈھالا۔

لَڑکا فت ل، سک ڑ۔ امذ۔ نابالغ مرد یا نوعمر جوان، کودک، صبی، بیٹا، دُولھا۔ اسم کیف امذ۔ لَڑکپن۔ امث۔ لَڑکی صبیہ، بیٹی، دُلھن، منسوبہ، مطلوبہ یا شادی کے لائق۔

لَڑکھڑانا فت ل، سک ڑ، فت کھ۔ ف ل۔ ڈگمگانا، متزلزل ہونا۔ اکیف مث لَڑکھڑاہٹ ڈگمگاہٹ۔

لَڑنا فت ل، سک ڑ۔ ف م۔ ٹکرانا، بھڑنا، جنگ کرنا، جھگڑنا۔

لُڑھکنا ضمہ ل، فت ڑھ، سک ک۔ ف ل۔ لوٹتے ہوئے دور تک یا اوپر سے نیچے آنا، غلطاں پیچاں ہونا؛ ڈھے جانا؛ بے قابو ہو کر گرنا، پھسلنا۔ ف م لُڑھکانا۔ امث۔ لُڑھکنی (لُڑھ کَ نی) لوٹ پوٹ ہونے کا عمل۔

لُرُوجَت ضمہ ل، ومع، فت ج۔ امث۔ چپچپاہٹ،

لیس۔ صف۔ **لَزِج** چپچپا۔

لَزُوق فت ل، ومع۔ صف۔ چپکانا، چسپاں کرنا صف **لَزِق** چپکنے والا۔

لُزُوم ضمہ ل، ومع۔ امذ۔ منطقی طور پر متوقع، لازم، واجب ہونا؛ وابستہ ہونا۔ فقرہ: **لُزومِ مالا یَلْزِم** (کس مج م، فت ی، سک ل، کس ز) غیر ضروری بات کو ضروری قرار دینا۔

لِسان کس ل۔ امث۔ زبان، بولی۔ صف تفضیل **لَسّان** (لس سان) چرب زبان، بہت بولنے والا۔ اکیف مث **لَسّانی**۔ **لِسانیات** (کس ل ن) انسانی بولیوں کا تحقیقی و تقابلی مُطالعہ۔

لسْلسا کس ل، سک س۔ صف۔ لُعاب دار، چپچپا۔ اَکیفَ مذ۔ **لس لساپن** لزُوجیت۔

لَسوڑا فتَ ل، وَ لین۔ امذ۔ آلوچے سے ملتا ایک سبز لیس دار پھل، سپستاں (لاط: Cardia Glutinous)۔

لَسّی فت ل، شد س۔ امث۔ دودھ یا دہی کو پانی ملا کر اور متھ کر یا اچھال کر بنایا ہوا ٹھنڈا مفرّح مشروب۔

لَشْتَم پشْتَم فت ل، سک ش، فت ت، سک م، فت پ، سک ش، فت ت۔ م ف۔ گرتا پڑتا، جوں توں، بدقّت۔

لَشْکارا فت ل، سک ش۔ امذ۔ روشنی کی چھوٹ، کرن، جوت [پنجابی]۔

لَشْکارنا فت ل، سک ش۔ ف م۔ کُتّے کو جھپٹنے کا اشارہ کرنا؛ اکسانا، شہ دینا۔

لَشْکَر فت ل، سک ش۔ امذ۔ فوج، سپاہ، عسکر؛ چھاؤنی۔ امث۔ **لَشْکر کَشی** (فت ک) حملہ، چڑھائی۔

لَطافَت فت ل ف۔ امث۔ لطف انگیزی، فرحت بخش، نشاط انگیز ہونے کی خصوصیت، خوش مذاقی، پاکیزگی۔

لَطائِف فت ل، کس ء۔ ج مذ۔ لطیفہ کی جمع، ہنسی کی باتیں؛ فرحت خیز، لطف انگیز، خوش اخلاقی کی باتیں۔ م ف۔ **بہ لَطائفِ اَلْحِیَل** (بَ لَ تاءِ فُل ح یَل) پسندیدہ طریقے سے معذرتیں، سلیقے کی صلاحیت دلداری کے ساتھ (انکار کرنا، یا ٹالنا)۔

لُطْف ضمہ ل، سک ط۔ امذ۔ نرمی، مرحمت، ملاطفت؛ حسن و خوبی، لذّت، ذائقہ۔ صف **لَطیف** پاکیزہ، نرم **پُر لُطف** عمدہ، پُر مذاق، مزیدار۔

لَطْمَہ فت ل، سک ط، فت م۔ امذ۔ تھپڑ، طمانچہ؛ پانی کا تھپیڑا۔

لَطیفَہ فت ل، ی مع، فت ف۔ امذ۔ ہنسانے والی بات؛ لطیف کا صیغۂ مؤنث یا جمع م: **فُنُونِ لَطیفَہ** (ضمہ ف، ومع، کس مج ن) انسان کی حسِ جمال سے تعلق رکھنے والے ہنر۔ **لَطیفَہ ٔ غَیبی** (ے لین) قدرت کی طرف سے ہونے والی مبارک یا خوشگوار بات، حسن اتفاق۔

لُعاب ضمہ ل۔ امذ۔ لیس دار مادّہ، گاڑھا مادّہ؛ رال **لُعاب دَہَن** (لُ عابِ دَ ہَن) تھوک۔

لَعْب فت ل، سک ع۔ امذ۔ کھیل، تفریح۔

لُعْبَت ضم مج ل، سک ع، فت ب۔ امث۔ گڑیا، مُورت۔

لَعْل فت ل، سک ع۔ امذ۔ یاقُوت، شفّاف سرخ قیمتی پتّھر۔ صف **لَعْلیں** (ی مع غنہ) یاقوت جیسا، سُرخ۔

لَعْن فت ل، سک ع۔ امذ۔ بُرا بھلا کہنا، ملامت، پھٹکار، ناپسندیدگی یا نفرت کا اظہار۔ نیز امث **لَعْنَت** (لَعْ نَت) صف **لَعْنَتی**، **لَعِین**، **مَلْعُون** جس پر لعنت بھیجی جائے۔

لَعُوق فت ل، و مع۔ امذ۔ چاٹنے کی میٹھی دوا، چٹنی۔

لِغایت کس ل، فت ی۔ م ف۔ تا آخر، تابحد؛ تا، تک، م: یکم لغایت چہارم [ع: لِغایَتہٖ]۔

لُغَت ضمہ ل، فت غ۔ امث، امذ۔ لفظ، بول، کلمہ؛ فصیح، صحیح لفظ؛ امث: الفاظ کی کتاب حوالہ۔ ج

مذ۔ نیز بطور واحد **لُغَات** فرہنگ، قاموس صف
لُغوی (لُغ َوی) لغت سے متعلق؛ ماہر لغت؛ لفظی۔
لُغْز ضمہ ل، سک غ۔ امذ۔ پہیلی، معمّیٰ۔
لغزش فت ل، سک غ، کس ز۔ امث۔ پانو پھسلنا؛ پانو غلط پڑنا؛ خطا کرنا۔ صف **لَغْزِیدَہ** لڑکھڑاتا ہوا۔
لَغْو فت ل، سک غ (بروزن جَبْر، فعل) صفَ۔ غیر معقول، مہمل، لایعنی، مجہول؛ بیہودہ۔ امث **لَغْوِیَت** بے ہودگی، مہملیت۔
لَفّ فت ل۔ امذ۔ لپیٹنا، طے کرنا۔ مرعطفی **لَفّ وَ نَشْر** (لف فو نشر) لپٹنا اور پھیلانا۔ (علم البیان) چند باتوں کا ذکر کر کے ، بعد میں ہر ایک کی نسبت سے کوئی بات کہنا۔ اُسی ترتیب سے حوالہ دیا جائے تو **لَفّ وَ نَشْر ِمُرَتَّب** (مُ رَ تْ تَب) ورنہ **لَفّ وَ نَشْرِ غَیر ِمُرَتَّب** کہلاتا ہے۔
لَفّاظی فت ل، شد ف۔ امث۔ بےجا صرفہ الفاظ۔ صف **لَفّاظ**۔
لفافَہ کس ل، فت ف۔ امذ۔ غلاف، خصوصاً کاغذ کا جس میں خط بند کیا جاتا ہے۔ (کنایتہً) صف؛ کمزور، بودی چیز۔
لَفْظ فت ل، سک ف۔ امذ۔ بامعنی بول، کلمہٗ ناطق، صف **لَفْظ بہ لَفْظ** اصل کے مطابق،حرفاً حرفاً (بیان روایت، ترجمہ وغیرہ)۔
لَق و دَق فت ل، ومج، فت د۔ صف۔ چٹیل، بے گیاہ، ویران (میدان، صحرا)۔
لَقا فت ل۔ امذ۔ کبوتر کی ایک قسم جس کی گردن ہمیشہ اکڑی اور پیچھے کی طرف جُھکی رہتی ہے۔
لِقا کس ل۔ امث۔ (۱) ملاقات، ملاپ، میل م؛ **لقاءِ الٰہی**۔ خدا رسیدگی، دیدارِ الٰہی۔ (۲) صورت، شکل، چہرہ مرکب توصیفی **ماہ لِقا** چاند جیسے چہرے والا/ والی۔
لُقّا ضمہ ل، شد ق۔ صف، امذ۔ لُچّا، بدمعاش، اوباش آدمی۔ نیز **لُقَنْدَرَہ** مث **لُقّی، لُقَنْدری**۔
لَقّات فت ل، شد ق۔ صف۔ نہایت دُبلا سُوکھا، ہڈی سے چمڑا لگا ہوا [ع: لُقاط = دانے نکلا ہواء ننگا خوشہ]۔
لَق لَق فت ل۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں اور لمبی پتلی گردن کا نقل مکانی کرنے والا آبی پرندہ، لم ٹنگو بگلے کی ایک قسم۔ نیز **لک لک بطور پھبتی حاجی لَق لَق** لمبُو، لمبا یا لمبی ڈاڑھی والا آدمی۔
لَق لَقَہ فت ل، سک ق، فت ق۔ امذ۔ ٹھسّا، رعب داب؛ دبنگ پُر اثر آواز [ع: بگلے کی پُکار]۔
لُقْمَہ ضمہ ل، سک ق، فت م۔ امذ۔ نوالہ؛ وہ بات جو کسی کی گفتگو کے دوران میں اس کے بیان میں اضافے یا اُس کے حافظے کو ٹھوکا دینے کے لیے کہی جائے؛ (طنزاً) کسی کی بات میں بے موقع، دخل اندازی۔
لَقَنْدرا ضمہ ل، فت ق، سک ن د۔ صف۔ بدمعاش، لقّا، لچّا، شُہدا۔ مث **لُقَنْدری** اُچھال چھکّا۔
لَقْوَہ فت ل، سک ق، فت و۔ امذ۔ جبڑے کا فالج جس میں دہانہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
لَکَد فت ل ک۔ امث۔ لات، صف **لَکَدزَن** لات مارنے والا، امث۔ **لَکَدکوب/کوبی** لات مارنا۔
لَکّڑ فت ل، شد ک۔ امذ۔ بھاری شہتیر؛ لکڑی کا مکبّر م: **لَکّڑ بازار** لکڑی کی منڈی؛ (۲) اسلاف کے رشتے میں سکڑ کے بعد کا درجہ م؛ **لَکّڑ دادا** پردادا کا دادا۔
لَکّڑ ہارا فت ل ک، سک ڑ۔ امذ۔ جلانے کی لکڑیاں کاٹ کر بیچنے والا۔
لُکْنَت ضمہ ل، سک ک، فت ن۔ امث۔ ہکلاہٹ۔
لَکّہ فت ل، شد فت ک۔ امذ۔ ٹکڑا، پارچہ، **لَکّہ ءِ اَبر** (لَکْ کَ ءِ ابْر) چھوٹا سا بادل، بادل کا ٹکڑا۔
لَکھ فت ل۔ امذ۔ لاکھ کا مخفف، سو ہزار صف۔ **لَکھْ پَتی** لاکھوں کا مالک، امیر آدمی، **لَکھ لُٹ**

لِلّٰہی کس ل، شد ل بعد، صف۔ صفت کے ناجِق مرکب توصیفی۔ **بُغضِ لِلّٰہی** مخواہ مخواہ کا بیر۔

لِم کس ل، امث۔ اصلیت، سبب، بات کی تہ [ع: لِمَ/لِما = کس لیے]۔

لِما کس ل، کلمۂ استفہام، کیوں؟ کس لیے؟ م: ایلی ایلی لِما سَبَقْتَنی خدایا، تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا (حضرت عیسیٰؑ سے منسوب قول)۔

لَمبا فت ل، سک م۔ صف۔ اونچا، اونچے قد کا، دور تک جانے والا، دیر طلب۔ م: لمبا کام۔ امث۔ **لَمْبان** طول (خصوصاً کپڑے کی ناپ کے لیے) نیز **لَمْبائی** صف۔ **لَمْبا تَڑنگا** رک: **لَمْ تَڑنگ**۔

لَمْبَر فت ل، سک م، ف ب۔ امذ۔ نمبر کی تحریف صف۔ **لَمْبَری** چھٹا ہوا، نمایاں، سدھا ہوا۔ م: فن ماہرانہ۔ م: **لَمْبَری داؤ**، **لَمْبَری پیچ** (ے مج) [انگ: Number]

لَمْبُو فت ل، سک م، و مع۔ صف۔ مضحکہ خیز طور پر لمبا (بطور طنز) مث **لَمْبو** (و مج)۔

لَمْبی فت ل، سک م۔ صف۔ مث۔ لمبا کی تانیث۔ محاورہ **لَمْبی تاننا** دیر تک سونا، بے فکری سے سونا۔

لَمْ تَڑنگ فت ل، سک م، فت ت، ڑ، غنہ۔ صف۔ لمبا تڑنگا کا مخفف۔ قد آور، مضبوط۔

لَم ٹَنگو فت ل، سک م، فت ٹ، غنہ، و مع۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں والا؛ ایک قسم کا سارس۔ لم ڈھینک۔

لَمْ ڈھِیک فت ل، سک م، کس ڈھ، ی مع۔ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ نیز **لَمْ ڈھینگ** (ی مع، غنہ)۔

لَمْحَہ فت ل، سک م، فت ح۔ امذ۔ لحظہ، وقت کا نہایت مختصر حصہ۔

لَم دَراز فت ل، سک م، فت د۔ امث۔ موٹی قسم کا بڑے پنے کا گاڑھا جس کی چاندنیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔

لَمْس فت ل، سک م۔ امذ۔ چھونے کی حس، قوتِ لامسہ، چھونا، مس ہونا۔

لُمْعَہ ضم ل، سک م، فت ع۔ امذ۔ چمک، آب و تاب، شعلے کی لپک۔ ج **لَوامع** و **لُمعات** م: اضافا **لُمْعاتِ نُور** روشنی کی لپکیں۔

لِمَنِ الْمُلْک کس ل، فت م، کسن، ا غم، سک ل، ضم م، سک ل۔ جملۂ استفہامیہ۔ ملک کس کا ہے؟ رک: **کُوسِ لِمَنِ الْمُلْک**۔

لَنْ تَرانی فت ل، سک ن، فت ت۔ جملہ۔ تو مجھے نہیں دیکھ سکتا۔ (محاورہ) لمبی چوڑی حکایت۔

لُنْج ضم ل، سک ن۔ صف۔ (۱) ہاتھ یا پاؤں سے معذور، اپاہج، لنگڑا یا لولا نیز **لُنْجا**، **لُنْج مُنْج** (۲) امذ۔ گال، کلّہ۔

لُنْڈ ضم ل، سک ن۔ صف۔ بے سرا، گنجا (پرندہ)؛ بے پتوں کا، ٹُنڈ (بیڑ)۔ مروصفی **لُنْڈ مُنْڈ** جس کے تمام جسم کے بال غائب ہوں۔

لُنْڈا ضم ل، سک ن۔ صف۔ دُم کٹا۔

لَنڈورا فت مغ ل، و مع۔ صف۔ اکیلا، بے یار و مدد گار، بے اہل و عیال۔

لُنْڈھانا ضم مغ ل۔ ف م۔ بہانا، ضائع کرنا۔

لَنْگ فت ل، غنہ۔ امذ۔ صف۔ لنگڑا آدمی، لنگڑا پن۔

لِنْگ کس ل، غنہ۔ امذ۔ آلۂ تناسل۔

لَنْگَر فت ل، غنہ، فت گ۔ امذ۔ معلق شے، جہاز کا رسّے سے بندھا کلابا جسے پانی میں پھینک کر باندھ دیا جاتا ہے؛ بڑے پیمانے پر بانٹنے کے لیے پکایا جانے والا کھانا؛ گھنٹے کا جھولنے والا لٹکن؛ پہلوانوں کا لنگوٹا پتھر یا کنکر بندھی ہوئی ڈور جس سے بچے آپس میں پیچ لڑاتے ہیں نیز **لا لَنْگَر**۔

لَنْگَری فت ل، غنہ، سک گ۔ امث۔ چنگیر، لکڑی کا ظرف جس میں کوئی چیز موسل یا گتکے سے کوٹی جائے۔

لَنْگڑا فت ل، غنہ، سک گ۔ صف۔ ایک ٹانگ سے معذور، جس کے پانْو میں لنگ ہو۔ امذ۔ قلمی آم کی ایک قسم جس کی گٹھلی بہت چھوٹی ہوتی ہے۔

لَنْگوٹ فت ل، غنہ، ومج۔ امذ۔ مختصر دھوتی یا لُنگی جو رانوں کے گرد لپیٹ لی جاتی ہے، انگوچھا، کَچّھا تصغیر **لَنْگوٹی** (ومج) صف **لَنْگوٹیا یار** (کس ٹ) گہرا، بے تکلّف دوست۔

لَنْگُور فت ل، غنہ، ومع۔ امذ۔ بندر کی نسل کا کالے منْہ اور لمبی دُم والا جانور۔

لُنْگی ضمہ ل، غنہ۔ امث۔ تہ بند؛ دھاریدار نیلے یا فاختئی رنگ کی پگڑی۔

لَو (۱) ولین۔ امث۔ شعلہ، چراغ کی روشنی، بتّی، لَپٹ؛ دھیان، توجہ؛ آس؛ کان کا نچلا نرم حصہ۔

لَو (۲) ولین، حرف شرط۔ مراد، اگر م: **لَوفَرَضْنا** (فَ رَ ضْ نا) اگر ہم نے مانا، بالفرض؛ **لَولاک** حدیث قُدسی: لولاکَ لَما خَلَقْتُ الاَفلاک (= اگر تو نہ ہوتا تو میں افلاک کو پیدا نہ کرتا) کی تخفیف یا تلمیح۔ **صاحِبِ لَولاک** حضرت محمد رسول اللہؐ۔

لُو ومع۔ امث۔ گرمیوں میں چلنے والی گرم ہوا، باد سموم۔

لو ومج۔ روزمرّہ۔ مص: لینا سے صیغۂ امر، زور بیان یا تزئین کلام کے لیے مستعمل، مراد: دیکھو، قائل ہو جاؤ، طُرفہ بات ہے، تم نے یہ بھی سنا؟ وغیرہ۔ م: لو وہ آ گئے، لو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے۔ **لو اور سُنو۔** عجیب بات ہے۔

لَوا فت ل۔ امذ۔ تیتر کی طرح چتّی دار سفیدی مائلِ پروں کا ایک پرندہ جو تیتر اور بٹیر سے چھوٹا ہوتا ہے م: پہیلی: تو تامینا لوا بٹیر، ان چاروں کو لاؤ گھیر (بوجھ : پان)۔

لِواء کس ل۔ امذ۔ جَھنْڈا، پھرَیرا؛ چھوٹی ریاست یا عملداری۔ [اصلاً ع: سانپ کا لہرانا، بل کھانا]۔

لَواحِقِین فت ل، کسمج ح، ی مع۔ ج مذ۔ لاحقہ سے لواحق کی جمع الجمع، متعلّقین، متوسّلین۔

لَوازِم فت ل، کس ز۔ ج مذ۔ رک: **لازِم۔**

لَواطَت فت ل، ط۔ امث۔ اِغلام۔

لَوّامَہ فت ل، شد و، فت م۔ صف۔ لائم کا صیغۂ تفضیل، ملامت کرنے والا۔ م: **نَفْسِ لَوّامَہ** (سک ف) ضمیر، حِسِّ اخلاق۔

لَوائِح فت ل، کسمج ء۔ ج مذ۔ رک: **لائحَہ۔**

لوَبھ ومج۔ امذ۔ لالچ، طمع۔ صف **لوبھی** حریص۔

لوَبیا ومج، کس ب۔ امذ۔ ایک بیل کی پھلی جس کے بیج پکا کر کھائے جاتے ہیں، جن پر سیاہ نقطہ سا بنا ہوتا ہے (لاط: vignacatiag)۔

لوَتھ ومج۔ صف۔ بے حس و حرکت (جِسم)، غافل، بے ہوش۔ م: بخار میں لوتھ پڑا ہے [اصلاً س: لاش]۔

لوَتھڑا ومج، سک تھ۔ امذ۔ گوشت کا مُچّا۔

لَوٹ و لین۔ حاصل مص۔ لَوٹنا، پلٹنا۔ مرکب عطفی **لَوٹ پَلَٹ** الٹا سیدھا۔

لُوٹ ومع۔ امث۔ مال مارنا، مال ہتھیانے کے لیے ہلّہ بولنا، تاراجی، غارت گری؛ لوٹ کا مال، مال غنیمت، مرکب **لُوٹ کَھسوَٹ** (ومج، بروزن چکوَر)۔

لوَٹ ومج۔ امث۔ کروٹیں لینا، لُڑھَکنْیاں کھانا، قلابازیاں کھانا صف۔ گرویدہ، مبتلا، فریفتہ۔ نیز صف۔ **لوَٹ پوَٹ** (ومج) بے اختیار مداح شائق یا طالب۔ امذ۔ **لوَٹَن کبُوتر** ایک قسم کا قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔

لوَٹا ومج۔ امذ۔ تھوڑے استعمال کے لیے پانی بھر کر اٹھانے، لے جانے کا ٹوَنٹی دار ظرف۔ عموماً دھات کا بنا ہوا بدھنے کی طرح کا برتن یا اُس کی نقل۔ تص **لُٹْیا** (رک)۔

لَوٹانا ولین۔ ف م۔ واپس کرنا؛ اُلٹا کرنا؛ اعادہ کرنا، دوہرانا۔

لَوٹنا ولین، سک ٹ۔ ف ل م۔ پھرنا، پلٹنا، واپس آنا؛ پلٹنا، اُلٹا کرنا۔

لوٹنی ومج، سک ٹ۔ امث۔ قلابازی، لُڑھکنی۔ عوام: کوسنا، بددعا۔

لَوٹھا ولین۔ صف۔ لمبا تڑنگا، جوان پٹّھا مگر سادہ لوح، سیدھا، کم عقل جوان۔

لَوث ولین۔ امذ۔ ملاوٹ، کھوٹ۔

لوَچ ومج۔ امذ۔ لچک، چم و خم؛ نرمی، ملائمت۔

لوَچَن ومج، فت چ۔ امذ۔ دیدہ، آنکھ، نین۔ مرکب: **مِرگ لوَچَن** (سک م۔ کس ر) ہرن کی آنکھ، چشم غزال صف **مِرگ لوَچنی** (ومج، سک چ) ہرنی جیسی آنکھ والی۔

لَوح ولین۔ امث۔ تختی، کتبہ، کتاب کا سرورق۔ **لَوحِ مَحفُوظ** نوشتۂ تقدیر وہ تختی جس پر تقدیر کا حال مندرج تصور کیا جاتا ہے۔ **لَوح وَ قَلَم** (ومج، فت ق ل) مراد: دفتر تقدیر۔

لَوحَشَ اُللّٰہ و لین، فت ح ش، ا غم، شد ل۔ فجائیہ کلمۂ دعائیہ = خدا اُس کو ویران نہ کرے، آباد، سلامت رکھے۔ تحسین و آفرین کے موقع پر مستعمل [ع: لااَوحَش اُللّٰہ]۔

لوَری ومج۔ امث۔ بچّوں کو سلانے کے لیے ہلکا پُھلکا گیت۔

لَوز و لین۔ امث۔ مٹھائی کے اقلیدسی شکل میں تراشے ہوئے ٹکڑے، نیز لوزات، ج ج لوزاتیں [ع: لوز، لوزی، بادام کی مٹھائی، بادام کی شکل میں بنائی ہوئی مٹھائی]۔

لُوطی ومع۔ امذ۔ اغلام کرنے والا، حضرت لوطؑ کی گمراہ اُمت سے منسوب۔

لوَک ومج۔ امذ۔ عالم، دنیا، جگت، سنسار؛ خلق، پرجا، عوام، سماج، معاشرہ۔ بطور صف۔ عوامی یا دیہی م: **لوَک گِیت**۔

لُوکا ومع۔ امذ۔ شعلہ، لو، لپٹ۔

لوَکاٹ ومج۔ امذ۔ ایک درخت جس کے پتے مہوے سے ملتے جلتے لمبے، نوکدار ہوتے ہیں اور انگور کے برابر زرد پھل جو خوشوں کی شکل میں اُگتا ہے اور میٹھا یا کھٹ مٹھا ہوتا ہے (لاط: Eryobotria Japanica)۔

لَوکی ولین۔ امث۔ کدو، دراز گھیا، لمبا گھیا، ہرا گھیا۔

لوَگ ومج۔ ج مذ۔ آدمی، خلقت؛ عوام۔

لوَلا ومج۔ امذ۔ موسلی؛ پیتل کے گھنٹے کے اندر لٹکنے والا لنگر، بچوں کا عضو تناسل۔

لَولَب و لین، فت ل۔ امذ۔ چکّر دار کمانی، بال کمانی، پیچ کا کٹاؤ، شکنجہ صف **لَولَبی** چکّر دار (پیچ، زینہ وغیرہ) (انگ: spiral)۔

لُولُو(ء) ومع۔ امذ۔ مانک، گوہر۔

لُولُو ومع۔ امذ۔ ایک خوفناک فرضی وجود جس کا نام لے کر ضدّی بچوں کو ڈرایا جاتا تھا؛ [ف: ڈراونا بھیس بدلا ہوا آدمی]؛ احمق، بیوقوف بازاری پھبتی؛ **لُو لُو ہے بے!**

لوَلی ومج۔ امث۔ رقّاصہ۔ **لوَلیِ فَلک** سیّارے زہرہ کا لقب۔

لوَمڑی ومج، سک م۔ امث۔ گپھے دار دُم کا ایک چھوٹا جنگلی جانور جو اپنی چالاکی کے لیے مشہور ہے، روباہ، ثعلب۔

لَون ولین۔ امذ۔ رنگ۔ صف **لَونی**، رنگدار **تَلوِین** رنگنا، **مُتَلَوِّن** پچر نگا، رنگ بدلنے والا۔

لوَن ومج۔ امذ۔ نمک، نون، امث۔ **لوَنی** شور، کھار جو زمین یا دیواروں کو لگ جاتا ہے۔ **لوَنار** لونی لگی زمین، شور زدہ۔

لَونجی و لین مغ۔ امث۔ چھلی ہوئی کیری کو پکا کر ڈالا ہوا اچار۔

لَونڈ و لین، غنہ۔ صف۔ زائد فالتو امذ۔ زائد مہینہ جو قمری سال میں ہر تیسرے سال بڑھایا جاتا ہے۔

لَونڈا ولین مغ۔ امذ۔ لڑکا، نادان نو عمر، غلام، معشوق، مفعولی؛ مث **لَونڈیا، لَونڈی۔**

لَونڈ ہار ولین، غنہ۔ امث۔ لونڈوں کی ٹولی؛ اُدھم، اُچھل کود۔

لَونڈ ہائی و لین ، غنہ۔ صف مث۔ لونڈوں میں گھلنے ملنے والی عورت۔

لَونگ و لین۔ امث۔ ایک پودے کی سکھائی ہوئی کیل کی طرح کی کلی، مسالوں میں مستعمل ۔ قَرنفَل (لاط: Myrustica)۔

لَونگ چڑا و لین۔ امذ۔ بیسن ملے قیمے کے لمبے پتلے سیخ کے کبابوں سے ملتے ہوئے کباب جو چٹنی کے ساتھ کھائے جاتے ہیں۔

لوَنی ومج۔ رک: لون۔

لوَہ چُون ومج، سک ہ، ومع۔ امذ۔ کچّے لوہے کے پترے۔

لوَہا ومج۔ امذ۔ سب سے زیادہ مستعمل دھات جس سے کیلیں، کلیں، مشین چاقو کے پھل، بندوق کی نالیں اور ریل کے پہیّے؛ پٹڑیاں وغیرہ ڈھالی جاتی ہیں۔ **لُہار** لوہے کی چیزیں بنانے والا کاریگر۔ **لوہیا** لوہے کا سامان سلاخیں شہتیر چادریں وغیرہ بیچنے والا۔

لوَئی ومج۔ امث۔ نرم پشمینے کی اصلی رنگ کی چادر۔

لِہٰذا کسمج ل، ہ بمد۔ حرف جزا۔ اسی لیے، اِس بنا پر، اس صورت میں، پَس، چنانچہ [ع: ل (حرف جار) + ہٰذا = یہ]۔

لَہاس فت ل۔ امذ۔ موٹا رسّا تص **لَہاسی** جس سے جہاز کے لنگر وغیرہ باندھے جاتے ہیں۔

لَہبَر فت مج ل، سک ہ، فت ب۔ امذ۔ لمبا لبادہ؛ ٹیاں ۔ے سے بڑا، لبمی دُم اور رنگین کنٹھ والا توتا، نیز لَہبَری/ لہبری توتا۔

لَہْجَہ فت مج ل، ہ ساکن، فت ج۔ امذ۔ بولنے کا فطری یا کوئی مخصوص انداز؛ جذبہ، مزاج کیفیت جو الفاظ میں ظاہر ہو؛ مرکّب **لَب وَ لَہْجَہ** (ومج) الفاظ کو ادا کرنے کا طرز جس سے اصلیت، مزاجی کیفیت یا شخصیت کا پتہ چلے۔

لَہْر فت مج ل، سک ہ۔ امث۔ موج، پانی کا ریلا؛ ترنگ وجدانی تحریک؛ بَل دار لکیر یا بل کھاتی شے۔ امذ۔ **لہریا** بل کھاتی لکیر یا کڑھت۔

لَہْرانا فت مج ل، سک ہ۔ ف ل م۔ پانی کی موج کی طرح بل کھاتے ہوئے حرکت کرنا، وجد کرنا؛ لہلہانا، ترنگ میں آنا۔

لَہْسَن فت مج ل، سک ہ، فت س۔ امذ۔ ایک پودے کی مشہور جڑ اُوپری طور پیاز سے مشابہ جس کی پوتھی میں کئی سفید جوے ہوتے ہیں؛ سیر، اس کی دو قسمیں ہیں جنگلی اور باغی۔ جنگلی کی پوتھی ایک ہی جوے پر مشتمل ہوتی ہے اور اسے اِک پوتھیا لہسن کہتے ہیں عربی میں ثوم، کراث (لاط: Allium Garlicum Sativum)۔

لَہْسَنْیا فت مج ل، سک ہ، فت س، سک ن۔ امذ۔ لہسن کے جوے کی رنگت کا ایک قیمتی پتّھر (انگ: Cat's eye)۔

لہک فت مج ل ہ۔ امث۔ اونچی سُریلی، لہراتی ہوئی کھٹکے دار آواز؛ شعلے کی لپک؛ خوشبو کی لپٹ۔ ف ل **لَہْکْنا** وجد میں آ کر گانا، چہکنا؛ لہلہانا، لہرانا۔ ف م **لہکانا** اکسانا، دہکانا، چمکانا۔

لَہْلوٹ فت مج ل، سک ہ، ومج۔ صف۔ ریجھا ہوا، از حد مشتاق، بیقرار۔

لَہْلَہانا فت مج ل، سک ہ، فت ل۔ ہرا بھرا ہونا، ہوا سے ہلنا، ہلکورے کھانا۔

لَہْنا فت مج ل، سک ہ۔ امذ۔ فائدہ، حاصل، منفعت۔

لَہنگا فت مج مغ ل، سک ہ۔ (بروزن مَہنگا) غرارہ نما بغیر پائچوں کا گھیر دار پہناوا، گھگرا۔

لَہُو فت ل، ومع۔ امذ۔ خون، قدیم : لوہو۔

لَہْو فت مج ل، سک ہ و (بروزن ابر، نَہر) امذ۔ کھیل، تفریح۔ مرعطفی لَہْو و لَعِب (لَہ و تَ لَعَب) کھیل کُود، تفریحات، بے فکری کی اوقات گزاری۔

لَئیق فت ل، ی مع۔ صف۔ لیاقت رکھنے والا، قابل۔

لَئیم فت ل، ی م۔ صف۔ بخیل، کنٹک، کمینہ۔

لَے ے لین۔ امث۔ خوش آہنگ سروں کا مجموعہ، لحن؛ گانے کی طرز، بندش۔

لے پالک فت ل۔ صف۔ غیر کی اولاد جسے گود لیا گیا ہو (لڑکا یا لڑکی) متبنّیٰ۔

لِیاقت کس ل، فت ق۔ امث۔ اہلیت، قابلیت، علم۔

لَیالی فت ل۔ ج مث۔ راتیں، لیل کی جمع۔

لیپا پوتی ی مع، ومج۔ امث۔ (مجازاً) بات کو چھپانے یا بنانے کی کوشش۔

لیپْنا ی مع، سک پ۔ ف م۔ پلستر چڑھانا، پوتنا، لپائی پُتائی کرنا۔

لیپنا ے مج، سک پ۔ ف م۔ لیپ لگانا، کسی سطح یا جسم پر کسی نیم سیّال شے یا دوا کی تہ چڑھانا۔

لَیت و لَعل ے لین، ومج، فت ل ع۔ امذ۔ ٹال مٹول، تامّل، تعویق۔ [ع: لَیتَ وَ لَعَلَّ = کاش، تاکہ]۔

لیتْڑے ی مع، سک ت، ے مج۔ ج مذ۔ پرانے گھسے پٹے جوتے۔

لیٹْنا ے مج، سک ٹ۔ ف ل۔ دراز ہونا، پانو پسارنا۔

لیجھی ی مع۔ امث۔ پان کا پھوک، عرق نکالا ہوا پان۔

لیچَڑ ی مع،فت ج۔ صف، امذ۔ ناحق لپٹنے والا، چَمچچڑ آدمی، سست، کاہل، مجہول؛ گھٹیا، ناپسندیدہ، اکیف مذ۔ لیچَڑ پَن۔

لیچی ی مع۔ امث۔ جامن کے قد کا اصلاً یورپی درخت، پتے مولسری کی طرح کے،پھل لوکاٹ کے برابر گول بیضوی، جس کا چھلکا کھردرا، دندانے دار، رنگ مٹیالا، بیج موٹا سیاہ اور گودا سفید، نرم، ہلکا شیریں۔ (لاط: Nepholeum Lichi)۔

لید ی مع۔ امث۔ گھوڑے، گدھے وغیرہ کا فضلہ۔

لِیر ی مع۔ امث۔ دھجّی، کپڑے کا ٹکڑا، کترن۔ لِیری پتنگ کے نچلے سرے پر چپکائی جانے والی کاغذ کی دُمچی۔

لیزَم ے مج، فت ز۔ امث۔ پہلوانوں کے ورزش کرنے کی کمان۔

لَیس ے لین۔ صف۔ ضروری ساز و سامان کے ساتھ تیار، مستعد۔

لیس (۱) ے مج۔ امث۔ فیتہ، جھالر۔

لیس (۲) ے مج۔ امذ۔ چیپ، چپچپاہٹ صف۔ لیس دار لزج، چپچپا۔ ف م: لیسنا کسی چپچپاتی چیز میں آلودہ کرنا، نیز لَسیڑنا۔

لیک ی مع۔ امث۔ لکیر؛ پگڈنڈی، بالوں کی مانگ۔

لیک ے مج۔ حرف استثنا و استدراک۔ لیکن کی تخفیف؛ مگر۔ الّا، البتہ۔

لیکھ ی مع۔ امث۔ جوں کا انڈا یا بچہ۔

لیکھا ے مج۔ امذ۔ تقدیر، قسمت کا لکھا؛ بہی کھاتہ، تحریری یادداشت۔

لَیل ے لین۔ امث۔ رات، شب (نہار کے مقابل)، مرکب عطفی: لَیل و نَہار (لے لو نَ ہار) شب و روز، ایّام، زمانہ؛ احوال۔ نیز لَیلَہ (لے لہ) رات (یوم کے مقابل) [ع: لیلۃ] لیلتہ الأسریٰ (لے لَ تل اَس را) معراج کی رات (آیۂ قرانی : سُبحان الّذی اَسریٰ بعبدہٖ الخ کی طرف تلمیح) صف لَیلی شبانہ، رات سے منسُوب؛ لَیلیٰ (عَلَم) کی تصحیف۔

لیلا ی مع۔ امث۔ کھیل، تفریح، تماشا، سوانگ؛ جلوہ، نظارہ۔

لَیلیٰ ے لیں، ی غم۔ عَلَم۔ عشق کی مشہور داستان میں قیس (مجنوں) کی محبوبہ جو سبزہ فام تھی۔ نیز (تصحیف) **لَیلی** (لے لی)۔

لِیمُو ی مع، و مع۔ امذ۔ گول، زرد پھل جس کا کھٹا رس کھانے میں ذائقے کے لیے ڈالتے یا پانی میں گھول کر سکنجبین بناتے ہیں، لِیمُوئے ترش (لاط: Citrus acida)۔ **لِیمُوئے شِیریں** میٹھا، مَوسمبی۔

لِین ی مع۔ صف۔ نرم، ملائم، کرخت کی ضد۔ صف اسم فاعلی **مُلَیِّن** نرم کرنے والا؛ (طب) قبض کُشا خلطوں کو لطیف بنانے والا۔ **حُرُوفِ لِین** نرم آوازیں ا، و ، ی، مراد وہ مصوتے جن کی ادائگی میں اعضائے صوتی میں کہیں رگڑ نہیں لگتی۔ اصطلاحاً : مامَے، مَوج میں "ا"، "ے" اور "و" کی آوازیں۔ امث **لِنیّت** نرمی، ملائمت۔

لینا ے مج۔ ف م۔ حاصل کرنا، پکڑنا، خریدنا، تسخیر کرنا، فتح کرنا۔ نیز افعال مرکّبہ میں متنوع طور پرمستعمل،م: دیکھ لینا،جان لینا، سن لینا وغیرہ۔

لین دین ے مج۔ امذ۔ کاروبار ساہوکاری؛ تحائف کی ادلا بدّلی کا سلسلہ۔

لینڈی ے مج مغ۔ امث۔ بندھا ہوا پاخانہ جتنا کہ ایک بار خارج ہو۔ امذ۔ **لینڈی کُتّا** معمولی، بازاری کُتّا۔

لیوٗ ے مج، سک و۔ امث۔ لپائی کے لیے تیار کیا ہوا گارا۔ سَنی ہوئی مٹّی، نیز **لیوا**۔

لیوا ے مج۔ صف۔ لینے والا، افعال مرکبات میں، م: **جان لیوا** جان کا لاگو؛ آفت مصیبت لانے، ہلاک کرنے والا؛ **نام لیوا** مرنے کے بعد یاد کرنے والا؛ نیز رک: **لیو**۔

لیہنا ے مج، سک ہ۔ ف م۔ چکھنا، چاٹنا۔

لیئی ے مج۔ امث۔ پیچ یا نشاستے سے تیار کیا ہوا چپکانے کا لیس [س: لیہی]۔

لھ

لھ لھا، لام ہا مخلوط۔ یہ اردو کا چوالیسواں (مخلوط) حرف یا ہائیہ مصمتہ ہے جول اورھ کی ملی جلی آواز کو ظاہر کرتا ہے۔ کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، صرف بیچ میں واقع ہوتا ہے، جیسے: **اَلھڑ، چلھار، چلھور، چُولھا، سولھواں، کُلّھڑ، کُلھاڑا، کُلھڑا، کُلھیا، مَلھار، مَلھوترا**۔ بعض لوگ، لھسن، لھسوڑا لھسی میں بھی لفظ کے شروع میں لھ کی آواز نکالتے ہیں مگر فصیح شمار نہیں ہوتی۔ ملھار بھی مخلوط ھ کے بغیر فصیح ہے [س: مَلّار] بھ پھ جھ چھ وغیرہ کی طرح دیو ناگری میں اس کے لیے کوئی علیحدہ حرف نہیں ہے۔ اس کے لیے (ल) کی نصف شکل (ह) (ہا) کے ساتھ استعمال ہوتی ہے، غالباً اس لیے کہ اس سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔

م

م میم،اردو ترتیب تہجی کا پینتالیسواں (۴۵) حرف ہے، شفوی مصمتہ جس میں کسی قدر غنائیت پائی جاتی ہے۔ تمام زبانوں میں مشترک۔ حروف قمری میں شامل۔ جمل میں ۴۰ عدد کا حامل۔

ما (۱) ضمیر جمع متکلّم۔ ہم، م: ما بدولت، (شاہانہ طرز کلام بمعنی ہم، خود)؛ ہمارا، م: چشم ما روشن دل ما شاد۔

ما (۲) حرف صلہ۔ جو، جو کچھ، جو کوئی۔ م: ماسِوا، ماحَضَر، **مابعدالطبیعیّات** مابہ الامتیاز (رک)۔

ما (۳) حرف نفی۔ نہیں (عربی کلمات و فقرات میں م: **مازَاغَ اْلبَصَر** (زاغل بَ سَر) = آنکھ نہیں پھیری)؛ ضمیر نسبت، جو، جو کچھ، جو، کوئی، م: **ماحَصَل** جو حاصل ہوا، **ما سَلَف** جو گزر گیا، **ماوَجَب** جو واجب ہو، (مراد) دعا، پیار، سلام، آداب جو جس کے لیے موزوں ہو۔

ما/ ماء امذ۔ پانی م: **ماء اْلجُبْن** (ما ال جُبْن) پھاڑے ہوئے دودھ کا پانی، ضامن؛ **ماءُ اْللَحْم** (ما ال لحم) گوشت سے تیار کیا ہوا عَرَق۔

مآب فت م، امدّہ، امذ۔ ٹھکانا، جائے قرار، مَرجَع، لوٹنے، واپس آنے کا مقام؛ (مجازاً) مرکز، محلّ اصلی مرکّبات: **عِزّت مآب** عزت کا اصل ٹھکانا مراد نہایت معزز۔ **غُفْراں مآب** (غنہ) نہایت بخشش والا [ع: غُفراں = بخشش]۔

مآثر فت م، امدّہ، کس ث۔ ج مذ۔ کارنامے، یادگاریں، نشانیاں [واحد ع: مأْثَرَہ] صف **ماثُور** منقول، روایت کیا ہوا۔

مآرب فت م، مَد، کس ر۔ ج مذ۔ مقاصد، مطالب، واحد **مأرَب** (سک ء، فت ر)۔

مآل فت ا، مدہ۔ امذ۔ واپسی کا مقام، مآب، مرجَع، نتیجہ، انجام۔ م ف **مآلِ کار** (کس مج ل) آخر کار، بالآخر۔

مابَعْد اْلطَّبِیعِیّات فت ب،سک ع، ضمہ د، ال غم، شد فت ط، ی مع، کس ع، شد ی۔ امث۔ فلسفہ، اِلٰہِیّات، مادّی مظاہر عالم کے مطالعے سے آگے، حقیقت اصل کی دریافت کی بابت سوچ بچار۔

مابَقیٰ فت ب، ی غم۔ (معاشیات) امذ۔ غیر منقسم مُنافع۔ لفظاً: جو بچ رہا۔

مابِہ اْلاِفْتِخار کس فت ب، کس ہ، ا غم، کس ا، فت ف، کسمج ت۔ صف۔ جو فخر کے لائق ہو، طُرّہٴ امتیاز۔

مابِہ اْلنِّزاع کس مج ب، کس ہ، ا ل غم، شد کس ن۔ صف۔ باعث تکرار، بنائے قضیہ، موضوع بحث۔

مابَین ے لین۔ م ف۔ درمیان، بیچ میں؛ آپس میں۔

ماپ امث۔ پیمائش، ناپ ف م۔ **ماپْنا**، نیز **ناپ**، **ناپْنا**۔

مات امث۔ شکست، ہار، ہزیمت؛ شطرنج میں بادشاہ کے شہ نہ بچ سکنے پر کھیل کا خاتمہ۔ **مات دینا/ کرنا** سبقت لے جانا، فوقیت حاصل کرنا، ہرا دینا۔

ماتا (۱) امث۔ والدہ؛ دیوی، نیز مراد: سیتلا، چیچک (ہندوانی نام)۔

ماتا (۲) صف۔ مست، مدہوش، رسیا، دلدادہ، شوقین۔ مروصفی **نیند کا ماتا** غافل، نندا سا۔

ماتَحْت فت مج ت، سک ح۔ صف۔ تابع، زیر حکم کسی کے زیر نگرانی کام کرنے والا۔

ماتْرا سک ت۔ امث۔ نشان، پیمائش، لکیر، لفظ پر اعراب یا حرکت کو ظاہر کرنے کی علامت؛ لمحہ، لحظہ؛ ساز کا سُر۔

ماتَم فت ت۔ امذ۔ سوگ، غم، سینہ زنی، کُہرام،

امث۔ **ماتَم پُرسی** تعزیت؛ **ماتَم داری** سوگ منانا۔

ماتھا امذ۔ پیشانی، ناصیہ، جبیں، جبہ۔ محاورہ **ماتھا ٹھَنَکْنا** (فت ٹھ ف) خدشہ، کھٹکا پیدا ہونا، خطرے کا احساس ہونا۔

ماٹ امذ۔ بڑا مٹکا۔

ماٹی امث۔ مٹی۔

ماٹُھو ومع۔ امذ۔ بندر، بندر جیسا؛ چپکا شریر (بچّہ) جس پر پیار آئے۔

ماجِد کس ج۔ صف۔ بزرگ، ذی عزّت، معظم۔

ماجْرا سک ج۔ امذ۔ احوال، سرگزشت، واقعہ؛ کیفیت، معاملہ [ع: ماجَرا (فت ج) جو کچھ کہ گزرا]۔

ماجُو ومع۔ امذ۔ بلوط سے ملتا ایک درخت کا پھل جس کے کچے پھل میں نیلے رنگ کے کیڑے گھس کر اسے کھوکھلا کر دیتے ہیں۔، دواءً اور نیلا رنگ حاصل کرنے کے لیے مستعمل (لاط: Carcus Infectoria) نیز **مازُو**۔

ماجُور ومع۔ صف۔ جسے اجر دیا گیا ہو، اجر پانے والا۔

ماحَصَل فت ح ص۔ امذ۔ خلاصہ، نتیجہ، لفظاً: جو کچھ حاصل ہوا ہو۔

ماحَضَر فت ح ض۔ امذ۔ (لفظاً) جو کچھ حاضر کیا گیا ہو یا پیش کیا جائے، کھانا جو موجود ہو۔

ماحَول و لین۔ امذ۔ فضا۔آس پاس کی صورت حال، صحبت، کیفیت، موسمی یا سماجی حالات۔ امث۔ **ماحَولِیات** زمین کے آس پاس کی ہوا نیز روے زمین کا بقائے انواع کے نقطۂ نظر سے مطالعہ۔

ماحی صف۔ مٹانے، محو کرنے والا۔

ماخَذ/ مأخَذ سک ء، فت خ۔ امذ۔ جہاں سے کوئی چیز اخذ یا حاصل کی جائے، مصدر، مخرج، منبع، اصل۔

ماد امذ۔ بکری کا کمایا ہوا چمڑا۔

مادِح کسمج د۔ صف۔ مدح کرنے والا، ثنا خواں۔

مادَر فت د۔ امث۔ ماں۔ والدہ۔ صف **مادَرانَہ** ماں جیسا، مشفقانہ۔ **مادَر بَخَطا** (فت ب خ) (بطور دشنام) بدکار ماں کا جنا؛ **مادَر پِدَر آزاد** رُسوا، آوارہ، ہر بندش سے آزاد۔ **مادَر زاد** پیدائشی، جنم کا، جیسا کہ پیدا ہوا تھا، م: مادر زاد ننگا، اندھا، غلام۔

مادَہ فت د۔ امث۔ مونّث، نر کی ضد۔

مادّہ شد فت د۔ امذ۔ وہ شے جسے حواس خمسہ سے محسوس کیا جا سکے،وہ اجزا جن سے کائنات بنی ہے؛ وہ اصل شے جس سے کوئی چیز بنی ہو، قوام، بنیادی جنس؛ طبیعت؛ اصلیت؛ فطری صلاحیت، جوہر قابلیت۔ صف **مادّی** ٹھوس؛ عالم محسوس سے تعلق رکھنے والا، روحانی کی ضد۔ (معاشیات) **مادّی اَثاثَہ** جس کے دام کھرے ہو سکیں۔ امث **مادِّیَت** (ماد دِی یَت) مادّے کو اصل حقیقت سمجھنے کا نظریہ؛ مادّے کی خصوصیات کا حامل ہونا۔

مادِیان کس د۔ امث۔ گھوڑی (مادہٗ اسپ کے لیے مخصوص)۔

مادِین ی مع۔ امث۔ مادہ، نر کی ضد (جانور کی جِنْس مونّث کے لیے مخصوص)۔

ماذِن/ ماذِنَہ کس ذ، فت ن۔ امذ۔ مینار، مَنارہ۔

مار (۱) امث۔ ضرب، چوٹ، پٹائی، ٹھکائی؛ عذاب، غضب م: خدا کی مار؛ مرکب عطفی **مارْ پِیٹ** (ی مع) لڑائی جھگڑا؛ **مار دھاڑ** لوٹ مار، دنگا فساد۔ **مار کُٹائی** مار پیٹ۔ ف م **مارنا**۔ پٹائی کرنا، ہلاک کرنا۔

مار (۱) امذ۔ سانپ۔ مرکب **مار آشْتِیں** (کس مج ر، سک س، ی مع) چھپا دشمن، اپنا بن کر نقصان پہنچانے والا۔ امذ۔ **مارْخور** پہاڑی بکرا۔

مارپیچ (ے مج) سانپ کی کُنڈلی نیز استعارۃً پیچدار شے، پُرخم، دو آپس میں پیچڑالے ہوئے سانپ جو "صحت" کا علامتی نشان مانا جاتا ہے۔

مارامار م ف۔ جلدی جلدی، بہ عجلت تمام؛ امث۔ مار دھاڑ، بھاگڑ، بھگدڑ، ہلچل۔

مارا مارا م ف۔ آوارہ، دَر بدَر، سرگشتہ، رواں دواں۔

مارْتوَل ولین۔ امذ۔ ہتھوڑا خصوصاً وہ جس کے دوسرے رُخ پر کیل اکھاڑنے کے لیے زنبور بنی ہوتی ہے۔

مارْچوبا سک ر، و مج۔ امذ۔ ایک پودا جس کی پتلی ڈنڈیاں پکا کر کھائی جاتی ہیں؛ ناگدَون (انگ: Asparagus)۔

مارْکہ سک ر، فت ک۔ امذ۔ خصوصی نشان، شناخت، علامت، کاروباری ادارے یا اس کی مصنوعات کا مخصوص نشان۔

مارْکین ی مع۔ امذ۔ لم دراز کی قسم کا ولائتی کپڑا [انگ: اَمیرِ کَن کی تحریف]۔

ماس (۱) امذ۔ گوشت۔

ماس (۲) امذ۔ آماس کا مخفف، سوجن۔

ماشت سک س۔ امذ۔ دہی، جغرات۔

ماسِکہ کس س، فت ک۔ امث۔ روکنے، تھامنے کی قوت نیز **قُوَّت ماسِکہ**۔

ماسَبَق فت س ب۔ صف۔ جو پہلے گزرا، سابقہ، پچھلا، اس سے پہلے کا۔

ماسَلَف فت س ل۔ صف۔ گزرا ہوا، گزشتہ، ماسبق۔

ماسِوا کس س۔ حرف استثنا۔ بِن، بِنا، بَغیر، بَجُز، باستثنا م: **ماسِوَاْللہ** (سِ وَلْ لاہ) اللہ کے بغیر، ذات باری کے علاوہ؛ امذ۔ موجودات، کائنات، مخلوقات مراد: اللہ یا خالق کے علاوہ تمام مادّی یا جاندار مخلوقات۔

ماش امذ۔ ایک پھلی کے بیج جو بطور دال استعمال ہوتے ہیں۔ اُڑد (لاط: Phaseolus Radiatus) صف

ماشی اڑد کے چھلکے جیسا سیاہی مائل سبز رنگ۔

ماشا امذ۔ ایک پھرکی جس پر دبکیّے تار لپیٹ کے دبکتے ہیں۔

ماشا ءَ اَللہ فت ء، اغم، شد مد ل۔ فقرۂ فجائیہ۔ واہ واہ، کیا کہنا (لفظاً: جیسا خدا نے چاہا، مراد: خدا ہی کی مرضی سے ایسا ممکن تھا)۔

ماشَہ فت ش۔ امذ۔ ایک تولے کا بارھواں حصہ، آٹھ رتی کا وزن؛ تار کا ٹانکا جو ٹوٹے ہوئے چینی کے برتنوں کو جوڑنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

ماضی امذ۔ گزرا ہوا زمانہ۔ (قواعد) حال و مستقبل کے مقابل سابقہ زمانے کو ظاہر کرنے والا صیغہ؛ پچھلے حالات م: امیدوار کا ماضی معلوم کرو۔

مافات امذ۔ جو گزر چکا، سابقہ واقعہ، پچھلی بات۔ م: **تلافیِ مافات** گزری ہوئی خطا، نقصان، بگاڑ کا بدل۔

مافَوق ولین۔ صف۔ بڑھ چڑھ کر،برتر، ممتاز، فوقیت رکھنے والا۔ **مافَوق اَلعادَہ** (مافوقل عاد) معمول، مشاہدے، عام صورت، فطرت، طبیعت کے برخلاف، نیز **مافوق اَلفِطْرَت** (ما فو قل فِٹْ رَت)۔

مافِی اَلضَّمِیر کس ف، ی ا، ل غم، شد فت ض، ی مع۔ صف۔ وہ بات جو دل میں ہو، جو حقیقی مراد یا مطلب ہو۔

مافِیہٖ ی مج، سک ہ۔ صف۔ (لفظاً) جو کچھ اُس میں ہو، مراد: مندرجات، مشمولات (انگ: Contents)۔

مافیہا ی مع۔ صف۔ جو کچھ اس میں ہو یا ہے؛ مرکب **دنیا وَ ما فی ہا** تمام وجود، کُل عالم، ہر چیز۔

ماقَبْل فت ک، سک ب۔ صف۔ پہلے، پیشتر م:

ماقَبْلِ ہِجْرَت نقل مکانی سے پہلے۔
ماقَلَّ وَ دَلَّ فت ق، شد فت ل، فت و د۔ فقرہ۔ مختصر بات جو پُرمعنی ہو۔ [ع: جو قلیل ہو اور مؤثر]
ماکُول ومع۔ صف۔ کھایا ہوا؛ خوردنی۔ ج **ماکُولات** کھانے۔
ماقُوائی ضمہ ق۔ صف۔ پانی کی قوت سے چلنے والا (انگ: Hydraulic)۔
ماکِیاں کس ک۔ امث۔ مرغی۔
ماگْری سک گ۔ امث۔ کانوں کا جڑاؤ چھپکا۔
ماگھ امذ۔ چاند کا پوس کے بعد اور پھاگن سے پہلے کا دسواں مہینہ۔
مال (۱) امذ۔ دولت؛ اسباب؛ سامان، تجارتی اشیاء، قیمتی چیز؛ خزانہ، جمع بندی، لگان م: افسر مال، محکمۂ مال؛ حاصل ضرب۔ (ریاضی) **مالُ اْلمال** جذر کا جذر۔ (دشنام) امث **مال زادی** فاحشہ۔ امذ۔ **مال غَنیمت** جنگ میں لوٹ کا مال۔ امث **مالگُزاری** لگان؛ **مال وَ مَنال** متاع املاک۔
مال (۲) امث۔ چرخیوں یا پہیّوں کو گردش دینے کے لیے ان پر چڑھائی ہوئی ڈوری، پٹّی یا رسّی۔
مالا امث۔ ہار، کنٹھی، گجرا، تسبیح؛ سُمرن۔ ف مر **مالا پھیرنا، جَپْنا**؛ امذ۔ شکاری کے بیٹھنے کی مچان۔
مالا بُد ضمہ ب۔ صف جو لازمی ہو، جس سے مفر نہ ہو۔ نیز **لابُد/ لابُدی** (رک)۔ [ع: مالابُدَّمِنْہُ]۔
مالایُطاق ضمہ ی۔ صف۔ دشوار کام، جس کی طاقت نہ ہو۔
مالایَنْحل فت ی، سک ن، فت ح۔ صف۔ جو حل نہ ہو سکے (عقدہ، مسئلہ وغیرہ)۔
مالْتی سک ل۔ امث۔ ایک گھنی بیل، پتے جیوتنی کی طرح، پھول گچھے دار (لاط: Jasminum Grandiforum)؛ چاندنی؛ ہندی کوتا کی ایک بحر کا نام جس کی تین شکلیں بتائی جاتی ہیں۔ امذ۔ **مالْتی پھل** جائفل (رک)۔
مالِش کس ل۔ امث۔ ہاتھوں سے ملنا، رگڑنا؛ صیقل؛ کلائی، رگڑائی؛ متلی، طبیعت اُلٹ پُلٹ ہونا، جی متلانا۔
مالِک کس ل۔ امذ۔ ملکیت، قبضہ، اختیار، تصّرف رکھنے والا؛ حَکَم، آقا، والی، خاوند؛ مولا، مختار؛ اسماء حسنیٰ میں شامل۔
مال کَنْگْنی فت ک، غنہ، سک گ۔ امث۔ ایک بیل اور اس کا پھول جس کے دانوں کا تیل نکالا جاتا ہے اور دواءً مستعمل ہے۔ (لاط: Echites Furtuscancs)۔
مالُوف ومع۔ صف۔ عزیز، پیارا، محبوب م: **وَطَن مالُوف** (و ط ن) مانُوس، معمولی۔
مالَہ فت ل۔ امث۔ معماروں کی کرنی جس سے کہگل (پلستر) کرتے ہیں۔
مالَہٗ وَ ماعَلَیْہٖ فت ل، ضمہ مثل و مع، فت وع، ے لین۔ فقرہ بطور امذ۔ محاکمہ، متوازن جائزہ، جو کچھ امر کی بابت اس کے حق میں یا خلاف کہا جا سکتا ہے۔
مالی (۱) امذ۔ باغ کا رکھوالا۔ مث **مالَن** (اصل : مالِن)۔
مالی (۲) صف۔ رُپے پیسے، مالیات یا امورِ مال، محاصل، آمدنی وغیرہ سے متعلق۔ امث۔ **مالیات** سرکاری آمد و خرچ وغیرہ سے تعلق رکھنے والے اُمور۔
مالِیَّت کس ل، فت ی۔ امث۔ قیمت، دام، بہا۔
مالِیتِ ریخْتَہ تفصیلی طور پر جزواً جزواً بتائی ہوئی مالیت۔ نیز **مالِیَّت**۔
مالِیخَولیا ی مع، و مج، کس ل۔ امذ۔ دیوانگی، دماغی خلل [لاط: Malancholia]۔
مالِیدَہ ی مع، فت د۔ صف۔ ملا ہوا، رگڑا ہوا، ایک طرح کا میٹھا جو روغنی روٹی کے ٹکڑوں کو مل کر

اور بگھار کر تیار کیا جاتا ہے، نیز فصیح: **مَلیدہ**۔

مالِیَہ کس ل، فت ی۔ امث۔ خراج، زمین کی فصل پر سرکاری واجبات۔

ماما امث۔ نوکرانی، خادمہ۔ مرکب **ماما پُخْتَڑیاں** ماما کی پکائی ہوئی روٹیاں۔ مراد مفت کی روٹیاں۔ امث۔ **ماما گِیری** (ی مع) غریب عورت کی گھریلو ملازمت، کھانا پکانے یا اوپر کے کام کی نوکری۔

ماشْتا سک م۔ امث۔ ماں کی محبت، نیز **مَمتا** (فت م سک م)۔

مامَن/ ماْمَن سک ء، فت م۔ امذ۔ جائے امن، پناہ گاہ۔ صف **ماْمُون** محفوظ، امان میں۔

مامُور ومع۔ صف۔ حکم کردہ، متعین، مقرر کردہ۔ امث۔ **مامُوریہ** کسی تفویض کردہ کارروائی کے لیے گروہ جماعت یا ادارہ، کمیشن۔

ماموں ومع، غنہ۔ امذ۔ ماں کا بھائی۔ مث **مُمانی** ماموں کی بیوی۔

مامیراں ی مع۔ امذ۔ ہلدی کی مانند ایک گرہ دار جڑ جس کی کئی اقسام ہیں، پیارَنگا نیز **مَمیرَہ**۔ دواءً مستعمل (لاط: Coptisteetla)۔

ماں غنہ۔ امث۔ والدہ، جنم دینے والی، مادر۔ مراضا **ماں جایا** سگا بھائی مث **ماں جائی** بہن۔

مان امث۔ عزت نفس، فخر، گھمنڈ، تکریم، تعظیم؛ لحاظ، مرّوت؛ طبلے پر سم کی تھاپ۔

مانا صف۔ مثل، مانند، مشابہ، مثل، نظیر، عموماً سے مانا = کے مماثل۔

مانْجھا امغ۔ امذ۔ پتنگ کی ڈور میں کاٹ پیدا کرنے کے لیے ملا یا جانے والا شیشے کے بُرادے سے تیار کردہ مسالہ، نیز مانجھا لگی ڈور؛ کھٹولا، مایوں کی تقریب، دُلھن کا مانجھے یا منجھے بیٹھنا۔

مانْجھی امغ۔ امذ۔ کشتی راں، کھِویّا۔

مانْد سک ن۔ صف۔ بے رونق، مدّھم، جس کی روشنی پھیکی پڑ گئی ہو۔

مانْدَہ امغ، فت د۔ صف۔ بیمار، علیل؛ تھکا ہارا۔ امث **مانْدگی** علالت، تکان۔

مانْڈ غنہ۔ امث۔ (پارچہ بافی) چاولوں کی پیچ سے تیار کردہ بُنائی کے تاروں کو کرارا کرنے کا مسالہ۔ نیز **مانْڈھی**۔

مانْڈا امغ۔ امذ۔ حلوے کے ساتھ کھائی جانے والی میدے کی پتلی پوری؛ بہت پتلی ورق سی روٹی جو پلاؤ پر ڈھکنے کے لیے پکائی جاتی تھی، تُنکی۔

مانَس فت ن۔ امث۔ آدمی،انسان، بشر۔ [س: منشیہ]۔

مانِع کس مع ن۔ صف۔ جو منع کرے، رکاوٹ ڈالے، مزاحم ہو۔

مانَک فت ن۔ امذ۔ قیمتی پتھر، جوہر، رَتن۔

مانْگ (۱) غنہ۔ امث۔ (معاشیات) اشیاء کی طلَب؛ سر کے بالوں کو دو طرف پاٹ کر نکالی جانے والی سر کی کھال کی باریک لکیر؛ وہ جوڑ جہاں کشتی کے دونوں پاکھے آ کر ملتے ہیں؛ مانگی یا طلب کی ہوئی چیز، منگیتر۔

مانْگ (۲) امث۔ سر کے بالوں میں کنگھی کر کے نکالی ہوئی لکیر۔

مانِنْد فت ن، سک ن۔ حرف تشبیہہ۔ مثل، مشابہ، نظیر۔

مانُوس و مع۔ صف۔ جس سے اُنس ہو؛ جانا، بوجھا؛ رغبت، میل رکھنے والا؛ اجنبی، اَکَل کُھرا کی ضد۔ [ع: ماْنوس]۔

ماوا (۱) امذ۔ دودھ کا کھویا؛ نشاستہ؛ کسی کام کے لیے تیار کردہ مسالہ؛ گِری، مغز۔

ماوا (۲) ٹھکانا، جائے قرار، پناہ گاہ [ع: **مأویٰ**]۔

ماہ امذ۔ چاند؛ مہینہ؛ کنایتہً: محبوب م ف۔ **ماہانہ ماہ بَماہ** (کس ہ، فت ب) **ماہوار** (سک ہ)

ماہپارَہ (سک ہ، فت ر) چاند کا ٹکڑا، محبوب، پیارا، پیاری **ماہ پَیکر** (سک ہ، ے لین، فت ک) چاند جیسے حسین جسم کا یا جسم والی۔ **ماہتاب** (سک ہ) چاند، چاندنی **ماہِ تاباں** (کس ہ) روشن چاند۔ **ماہتابی** (سک ہ) نیز **مَہتابی** (فت مج م، سک ہ) کوٹھے کا برآمدہ؛ ایک پتلے تار پر مسالہ لپٹی ہوئی آتشبازی جو ایک دم بھڑک کر بہت سی ٹھنڈی روشنی دیتی ہے۔ **ماہ سیما** (سک ہ، ی مع) روشن، جبیں۔ **ماہ لِقا** (کس ل) چاند جیسے چہرے والا یا والی۔ **ماہوَش** (سک ہ) چاند کی طرح حسین [ف: وش = مثل]۔

ماہِ صِیام کس مج ہ، کس ص۔ امذ۔ روزے رکھنے کا اسلامی مہینہ، رَمضان۔

ماہِ کَنْعان کس مج ہ، فت ک، سک ن۔ لقب۔ مراد: حضرت یوسفؑ جن کا آبائی شہر کنعان تھا۔

ماہِر کس ہ۔ صف۔ ہنر مند، لائق، تربیت یافتہ، استاد۔

ماہْرو سک ہ، ومع۔ امذ۔ وہ گھوڑا جس کے ماتھے پر دونوں آنکھوں کے درمیان یکرنگ سفید کھڑی لکیر ہو۔

ماہی امث۔ مچھلی، مرکب **ماہی پَروَری** مچھلیوں کی افزائش نسل کا علم اور فن۔ صف **ماہی پُشْت** مچھلی کے ایک دوسرے سے پیوستہ کھپروں کی طرح کا (ڈیزائن یا جالی) **ماہی گِیر** (ی مع) مچھیرا۔ ج مذ۔ **ماہی مَراتِب** بادشاہ کا خاص جھنڈا، لوح وغیرہ یا امراء کے نشان جن پر مچھلی کے ساتھ حسب مرتبہ کچھ اور مخصوص نشان بھی بنے ہوتے تھے اور ان کو جلوس میں ساتھ لے کر چلنے کی امرا کو بادشاہ کی طرف سے بطور اعزاز اجازت دی جاتی تھی۔

ماہیا کس ہ۔ امذ۔ دوست۔ محبوب (پنجابی گیتوں میں)۔

ماہِیَت کس ہ، شد فت ی۔ امث۔ اصلیت، اصل حقیقت، کسی چیز کی بنیادی نوعیت [ع: ماھی : یہ کیا ہے]۔

ماء سک ء۔ امذ۔ پانی۔ نیز رک: ما۔ صف **مائی** پانی سے منسوب، آبی۔ امث۔ **ماہیات** پانی سے تعلق رکھنے والے علم، ہائڈرالکس وغیرہ۔

ماء اُلْجُبْن ضمہ ء، اغم، سک ل، ضمہ ج، سک ب۔ امذ۔ پنیر بنانے کے لیے دودھ کو پھاڑ کر نکالا ہوا پانی، ضامن یا جامن۔

مِأت کسمج م۔ فت ء۔ عدد، سو، صد (۱۰۰)۔

مائِدَہ کسمج ء، فت د۔ امذ۔ دسترخوان، کھانا چُننے کی جگہ، پروسا، چنا ہوا کھانا۔

مائِع کس مج ء۔ امذ۔ سیّال، رقیق مادّہ۔

مائِل کس ء۔ صف۔ میلان رکھنے والا، راغب، چاہنے والا؛ جُھکا ہوا؛ مُشابہ، جیسے سرخی مائل، مائل بہ زوال۔

ماؤُف ومع۔ صف۔ سُن،معطّل، بے حس [ع: آفت زدہ]۔

مائی امث۔ ماں، میّا، بوڑھی عورت۔ امذ **مائی کا لال** کوئی سورما، کوئی نامعلوم شخص م: کسی مائی کے لال نے جان پر کھیل کر بچا لیا؛ کون مائی کا لال مقابلے پر آ سکتا ہے۔

مائِیں ی مع، غنہ۔ امذ۔ ایک پھل جس کی دو قسمیں ہیں **مائِیں خَوَرْد** (خُرد) اور **مائِیں کَلاں**: اول فراش کا پھل ہے جو جھاؤ کی بڑی قسم ہے اور دوسرا چھوٹے جھاؤ کا پھل (سندھی ساکڑ، پنجابی پھروان، ع: آثل)۔ (لاط: Tamariz gallica)۔

مایا امث۔ مادّی دنیا، کائنات اور اس کے مظاہر، غیر حقیقی وجود، طلسم؛ دَھن دولت (طباخّی) خمیر۔

مایُقرا ضمہ ی۔ صف۔ وہ خط یا عبارت جو پڑھی جا سکے، گو خوشخط نہ ہو، صاف واضح۔

مایُوس و مع۔ صف۔ نااُمید، بے آس، ناکام۔ اسم کیفیت، **مایُوسی**۔

مایَہ فت ی۔ امث۔ قدر، قیمت؛ جوہر، اصلیت؛ مال، دولت۔ مرکب توصفی **سَرْمایَہ** پونجی، راس المال، اصل زر۔ صف۔ **مایَہ دار** صاحب ثروت، دولتمند، بہرہ ور، مُتمتّع۔

مُباح ضمہ م۔ صف۔ جائز، روا، حلال، مطابق شرع عمل۔

مَباحث فت م، کس ح۔ ا ج۔ موضوعات بحث، بحث طلب امور۔ واحد **مَبْحَث**۔

مُباحَثہ ضمہ م۔ فت ح ث۔ امذ۔ آپس کا لفظی نزاع، مناظرہ، عام: **مُباحِثہ** (کس ح)۔

مَبادا فت م۔ فقرہ۔ کاش، ایسا نہ ہو، کہیں ایسا نہ ہو۔

مُبادَرَت ضمہ م، فت د ر۔ امث۔ تیزی، جلدی، زودی، پھرتی، صف **مُبادِر** جلدی کرنے والا۔

مُبادَلَہ ضمہ م، فت دَ ل۔ امذ۔ باہمی لین دین (معاشیات) ملکی اور بیرونی سکّے کا معیّن یا اضافی قیمت پر لین دین جو ان کی اپنی اپنی مانگ پر مبنی ہوتا ہے؛ کمپنیوں کے حصص کی خرید و فروخت۔

مَبادی فت م۔ ج مذ۔ بنیادی اصول۔ ج ج **مَبادیات** کسی علم کے ابتدائی اصول۔

مُبارِز ضمہ م، کس ر۔ صف۔ لڑنے والا، حملہ کرنے والا۔ امث۔ **مُبارَزَت** (فت ر ز) چڑھائی، حملہ، جنگ، **مُبارِز طَلَبی** صلائے جنگ، چیلنج۔

مُبارَک ضمہ م، فت ر۔ صف۔ سازگار، موافق، بابَرکت، باسعادت مرکب **مُبارَک باد** تہنیت کامیابی، خوشخبری یا خوشی کے موقع پر اظہار مسرت اور دعائے خیر۔

مُباشَرت ضمہ م، فت ش ر۔ امث۔ جماع، عورت کے ساتھ صحبت۔(شرع) فوری وجہ [اصلاً: عمل، اقدام]۔

مُبالَغَہ ضمہ م، فت ل غ۔ امذ۔ بڑھا چڑھا کر کہنا، اعتدال سے تجاوز کرنا، غلُو، طول کلام، عام: **مُبالِغَہ/ مُبالْغَہ**۔

مَبانی فت م۔ ج مذ۔ بنیادیں، تعمیریں؛ نیز اُمُور، معاملات۔ [ع: مبنٰی کی جمع، اصلاً: **مَبان**]۔ مرکب **بانی مَبانی** تعمیرات کی بنیاد رکھنے والا، مجازاً اصل محرّک یا موجد کسی بات کا، بانی کار۔

مُباہات ضمہ م۔ امث۔ فخر، خودستانی، شیخی، صف **مُباہی** شیخی خورا۔

مُباہَلَہ ضمہ م، فت ہ ل۔ امذ۔ آپس میں ایک دوسرے کو کوسنا؛ کسی قضیے پر یہ دعویٰ کہ جو جھوٹا ہو گا وہ پہلے مر جائے گا۔

مُبْتَدا ضمہ م، کس ب، فت ت۔ امذ۔ آغاز، پہلا سِرا۔ (قواعد اردو) جملۂ اسمیہ کا جزو اول خبر سے پہلے۔ (واضح رہے کہ دوسری غیر پراکرتی زبانوں میں یہ ترتیب بدل جاتی ہے)۔

مُبْتَدِع ضمہ م، سک ب، فت ت، کس د۔ صف۔ جو بدعت کرے، شریعت میں ناگوار تبدّل کا مرتکب۔

مُبْتَدی ضمہ م، سک ب، فت ت۔ لفظاً : جو ابتدا کرے جو سیکھنے کا آغاز کرے، سیکھتڑ، نوآموز۔

مُبْتَذَل ضمہ م، سک ب، فت ت ذ۔ صف۔ رکیک، گھٹیا، ناپسندیدہ۔

مُبْتَسِم ضمہ م، سک ب، فت ت۔ کس س۔ صف۔ جو مسکرائے، جو ہنسے، تبسّم کرے۔

مُبْتَلا ضمہ م، سک ب، فت ت۔ صف۔ گرفتارِ بلا، مصیبت زَدہ، مرض، مصیبت، آفت میں گھرا ہوا؛ مصروف، مُنہمک؛ والہ، شیدا۔

مَبْحَث فت م، سک ب، فت ح۔ امذ۔ موضوعِ بحث، معاملہ زیر غور۔ ج **مَباحث**۔

مَبْدا فت م، سک ب۔ امذ۔ جہاں سے ابتدا ہو۔ اصل،

منبع، مخرج۔ صف: مُبدء م: مُبدِ ءِ فیّاض (مُب دِ ءِ فیّاض) نہایت فیض رساں بانئ کُل، مراد: ذات الٰہی۔

مُبْدِع ضمہ م، سک ب، کسمج د۔ صف۔ موجد، مخترع۔

مُبَدّل ضمہ م، فت ب، شد فت د۔ صف۔ پلٹا، بدلا ہوا۔

مُبذّر ضمہ م، فت ب، شد فت ذ۔ صف۔ فضول خرچ، مُسْرِف۔

مَبْذُول فت م، سک ب، ومع۔ صف۔ لفظاً: عطا کیا ہوا، بخشا، عنایت کیا ہوا۔ محاورہ توجّہ مبذُول کرنا التفات کرنا، غور فرمانا۔

مُبَرّا ضمہ م، فت ب، شد ر۔ صف۔ بَری، پاک، الگ، برتر۔

مُبَرِّد ضمہ م، فت ب، شد کس ر۔ صف۔ ٹھنڈا کرنے والا۔

مَبْرَز فت م، سک ب، فت ر۔ امذ۔ مقعد، براز کے نکلنے کی جگہ۔

مُبْرَم ضمہ م، سک ب، فت ر۔ صف۔ مُحکم، پکا، پختہ، اٹل م: قضائے مُبرَم تقدیر یا موت جو ٹل نہیں سکتی۔ تقاضائے مُبرم زور دار تقاضا، سخت اصرار۔

مَبْرُور سک م، فت ب، ومع۔ صف۔ (بارگاہ الٰہی میں) قبول کیا گیا (عموماً مرحومین کے لیے مستعمل)۔

مَبْرُوص فت م، سک ب، ومع۔ صف۔ برص یا کوڑھ کے مرض میں مبتلا، داغدار، دھبّے دار۔

مُبَرْہَن ضمہ م، فت ب، سک ر، فت ہ۔ صف۔ ثابت، واضح، مُدلّل۔

مَبْسُوط فت م، سک ب، ومع۔ صف۔ وسیع پھیلا ہوا، مُحیط، لمبا چوڑا۔

مُبَشِّر ضمہ م، فت ب، شد کس ر۔ صف۔ بشارت، خوشخبری دینے والا، مُبَشَّر (شد فت ش) جس کو یا جس کی بابت خوشخبری دی گئی ہو۔

مَبْعُوث ضمہ م۔ سک ب، ومع۔ صف۔ مخلوق، پیدا کیا ہوا؛ جو نبی کے طور پر بھیجا گیا ہو۔ امث۔ بِعْثَت (کس مج ب، سک ع، فت ث) نبی بنا کر بھیجنا۔

مَبلَغ فت م، سک ب، فت ل۔ امذ۔ پہنچ، رسائی، حد، انتہا۔ حسابی عمل کا حاصل۔ مراصنا مَبْلَغ عِلْم علمی استعداد، دست گاہ۔

مُبَلِّغ ضمہ م، فت ب، شد کس ل۔ صف۔ پہنچانے والا، تبلیغ کرنے والا۔

مُبلِغ ضمہ م۔ سک ب، کس ل۔ امذ۔ رقم، م: مبلغ: چار ہزار روپے [اُردو کا تصرّف]۔

مَبْنی فت م، سک ب۔ صف۔ بنایا تعمیر کیا گیا؛ منحصر، موقوف۔

مُبْہَم ضمہ م، سک ب، فت ہ۔ صف۔ چُھپا ہوا؛ غیر واضح، عسیر الفہم۔

مَبْہُور فت م، سک ب، ومع۔ صف ہانپتا ہوا، جس کا سانس پھولا ہو۔

مُبَہّی ضمہ م، فت ب، شد ہ۔ (بروزن مُقوّی) قوت باہ کو تقویت دینے والا۔

مُبَیَّض ضمہ م، فت ب، شد فت ی، فت ض۔ صف۔ صاف، خوشخط لکھا ہوا۔

مُبین ضمہ م، ی مع۔ صف۔ واضح، روشن۔

مُبیَّنہ ضمہ م، فت ب، شد فت ی، فت ن۔ صف۔ بیان کیا ہوا، بتایا گیا۔

مَت (۱) فت م۔ امث۔ عقل، بُدّھی، فہم، سمجھ۔

مَت (۲) فت م۔ کلمہ نفی۔ نہیں، امر نہی، کلمۂ ممانعت م: مَت آ = نہ آ، (بول چال) مت پُوچھو: کہا نہیں جا سکتا، بیان سے باہر ہے۔

مُتابَعَت ضمہ م، فت ب ع۔ امث۔ تابعداری، اتّباع، پیروی۔

مُتَاَثِّر/ مُتَاَثَّر ضمہ م۔ فت ت ا ،، شد کس ث۔ صف۔ جس پر اثر ہو، جس پر زور پڑے، اثر قبول کرنے والا، اثر پذیر۔

مُتَاَخِّر/ مُتَائخِّر ضمہ م، فت ت ء، شدکس خ۔ صف۔ پیچھے، بعد کا، پچھلا۔

مُتاس ضمہ م۔ امث۔ پیشاب کی حاجت صف **مُتاسا** مث **مُتاسی** جسے پیشاب لگ رہا ہو۔

مُتَاَسِّف/ مُتَاَسِّف ضمہ م، فت ت ا ء، شد کس س۔ صف۔ جسے افسوس ہو، رنجیدہ۔

مَتاع فت م۔ امث۔ پونجی، سرمایہ، اثاثہ۔

مُتَاَلِّم/ مُتَائلِّم ضمہ م، فت ت ء، شد کس ل۔ صف۔ الم زدہ، غمگین۔

مُتَاَمِّل/ مُتَائمِّل ضمہ م، فت ت ء، شد کس م۔ صف۔ تامل، تردّد کرنے والا، سوچنے، غور کرنے والا۔

مَتانَت فت م ن۔ امث۔ سنجیدگی، بھاری بھرکم پن، مُتحمِّل مزاجی [ع: مضبوطی] صف **مَتِین** مراضا **حَبْلَ الْمتِین** (حَبْ لِل مَ تِین) مضبوط رسی، مراد اُسوۂ دینِ برحق۔

مُتَاَہِّل/ مُتَائہِّل ضمہ م، فت ت ء، شد کس د۔ صف۔ بال بچوں والا، صاحب اہل و عیال۔

مُتَبادِر ضمہ م، فت ت، کس د۔ صف۔ فوری طور پر خیال میں آنے والا، اچانک سوجھنے والا۔

مُتَبادِل ضمہ م، فت ت، کس د۔ صف۔ جو کسی کا بدل ہو، یا ادل بدل کر آئے۔

مُتَبائِن ضمہ م، فت ت، کس ء۔ صف۔ اَن مل بے جوڑ، متضاد، مُتخالف۔

مُتَبَحِّر ضمہ م، فت ت ب، شد کس ح۔ صف۔ جس کا مطالعہ گہرا ہو،بڑا عالم، صاحب فضیلت۔

مُتَبَدِّل ضمہ م، فت ت ب، شد کس د۔ صف۔ بدل یا بدلہ دینے والا۔

مُتَبَرِّک ضمہ م، فت ت ب، شد کس ر۔ صف۔ مقدس، قابل حُرمت۔

مُتَبَسِّم ضمہ م، فت ت ب، شد کس س۔ صف۔ مسکرانے والا۔

مُتَّبِع ضمہ م، شد فت ت، کس ب۔ صف۔ اِتباع، پیروی کرنے والا۔

مُتَبَنّیٰ ضمہ م، فت ت ب، شد ن، ی غم۔ صف۔ گود لیا ہوا، لے پالک۔

مَتْبُوع فت م، سک ت، ومع۔ صف۔ جس کی اطاعت کی جائے، سردار۔

مُتَجانِس ضمہ م، فت ت، کس ن۔ صف۔ ملتا جُلتا، ایک جیسا یا ایک جیسے۔

مُتَجاوِز ضمہ م، فت ت، کس و۔ صف۔ حد سے آگے نکلا ہوا۔

مُتَجَسِّس ضمہ م، فت ت ج، شد کس س۔ صف۔ جو ٹوہ میں ہو، جستجو کرنے، کھوج لگانے والا۔

مُتَجَلّیٰ ضمہ م، فت ت ج، شد ل، ی غم۔ صف۔ روشن، ظاہر، عام: **مُتَجَلّی**۔

مُتَحارِب ضمہ م، فت ت، کس ر۔ صف۔ لڑنے والے جنگجو، آپس میں مصروف جنگ۔

مُتَّحِد ضمہ م، شد فت ت، کس ح۔ صف۔ باہم ایک، آپس میں موافق مث **مُتَّحِدَہ** (مُ تْ تَ ح دَ) م: **اَقْوامِ مُتَّحِدَہ**۔

مُتَحَرِّک ضمہ م، فت ت ح، شد کس ر۔ صف۔ حرکت میں، جُنباں، رواں، ساکت کی ضد۔

مُتَحَضِّر ضمہ م، فت ت ح، شد کس ض۔ صف۔ شہری، مہذّب، بدوی کی ضد۔

مُتَحَقِّق ضمہ م، فت ت ح، شد کس ق۔ صف مذ۔ چھان بین، جستجو کے ذریعے تصدیق یا توثیق کرنے والا۔

مُتَحَمِّل ضمہ م، فت ت ح، شد کس م۔ صف۔ تحمل، صبر، برداشت سے کام لینے والا۔

مُتَحَیِّر ضمہ م، فت ت ح، شد کس م۔ صف۔ حیرت

زَدہ، بھونچکا۔ مرکب خَمسۂ مُتَحیّرہ سورج اور چاند کے علاوہ نظام شمسی کے وہ پانچ سیّارے جو قدیم اہل نجوم کو رجعت قہقری کرتے نظر آتے تھے، یعنی اُلٹی سمت میں چلتے ہوئے۔ قُدما کو اُن کی سورج کے گرد دَوری گردش کا علم نہ تھا اس لیے اِس حیران کن رجعت ظاہری کی توجیہہ نہیں کر سکتے تھے۔ [ع: قہقر اُلٹا چلنا]۔

مُتَخاصم ضمہ م، فت ت، کس ص۔ صف۔ باہم عداوت رکھنے والے۔

مُتَخالف ضمہ م، فت ت، کس ل۔ صف۔ ایک دوسرے کے خلاف۔

مُتَخَصِّص ضمہ م، فت ت خ، شد کس ص۔ صف۔ کسی علم کی خصوصی مہارت رکھنے والا، سپیشلسٹ۔

مُتَخَلِّل ضمہ م، فت ت خ، شد کس ل۔ صف۔ خلل انداز، رکاوٹ ڈالنے والا۔

مُتَخَیِّلَہ ضمہ م، فت ت خ، شد کس ی، فت ل۔ امذ۔ ذہن کی تخلیقی صَلاحیّت، نئی بات سوچنے اور لاموجود کو خیال میں لانے کی قُدرت۔

مُتَداوَل ضمہ م، فت ت و۔ صف۔ رائج، زیر گردش؛ جس کا چلن ہو۔

مُتَدَیِّن ضمہ م، فت ت د، شد کس ی۔ صف۔ دیندار، نیک، پارسا۔

مُتَذَکَّرَہ ضمہ م، فت ت ذ، شد فت ک ر۔ صف۔ ذکر کردہ، بیان کیا ہوا مرکب **مُتَذَکَّرَۂ بالا** (کسمج ء) جس کا ذکر اوپر کیا گیا۔ **مُتَذَکَّرَۂ ذَیل** جس کا ذکر نیچے کیا گیا ہے۔

مُتَرادِف ضمہ م، فت ت، کس د۔ صف۔ ہم معنیٰ یا ملتے جلتےمعنی رکھنے والا (لفظ، الفاظ)۔

مُتَرَتِّب ضمہ م، فت ت ر، شد کس ت۔ صف۔ ترتیب دادہ، درست کردہ، تصحیح کیا ہوا۔

مُتَرْجِم ضمہ م، فت ت، سک ر، کس ج (بروزن مُصَنِّف) صف۔ ترجمہ کرنے، ایک زبان کے الفاظ یا عبارت کا مفہوم دو سری زبان میں منتقل کرنے والا۔ **مُتَرجَمہ** (مُ تر ج مَہ) ترجَمہ کیا ہوا۔

مُتَرَدِّد ضمہ م، فت ت ر، شد کس د۔ صف۔ فکر مند، تردّد میں مبتلا۔

مُتَرَشِّح ضمہ م، فت ت ر، شد کس ش۔ صف۔ ٹپکتا ہوا، ظاہر، محسوس۔

مُتَرَقِّبہ ضمہ م، فت ت ر، شد کس ق، فت ب۔ صف۔ جس کا اِنتظار ہو، جس کا احتمال یا امکان ہو۔

مُتَرَنِّم ضمہ م، فت ت ر، شد کس ن۔ صف۔ سُریلا، غنائی۔

مَتْرُوک فت م، سک ت، ومع۔ صف۔ جس کا چلن نہ رہا ہو، جسے ترک کر دیا گیا ہو، پیچھے چھوڑا ہوا۔

مُتَزَلْزَل ضمہ م، فت ت ز، سک ل، فت ز۔ صف۔ لرزتا، لرزاں، ڈگمگاتا۔

مُتَساوی ضمہ م، فت ت۔ صف۔ باہم، برابر **مُتَساوِی اْلاَضْلاع** (مُ تَ ساوِیل اَز لاع) ایسی اقلیدسی شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔

مُتَسَدّی ضمہ م، فت ت س، شد د۔ رک: **مُتَصَدّی** جو اردو میں عام املا ہے۔

مُتَسَلِّط ضمہ م، فت ت س، شد کس ل۔ صف۔ قابض، جو تسلّط جما لے۔

مُتَشابِہات ضمہ م، فت ت، کس مج ب۔ ج مث۔ قرآن مجید کی وہ آیات جن کے معنی مخفی ہیں۔ م: ا، ل م، کہیعص وغیرہ۔ محاورہ **مُتَشابہ لَگنا** اِبہام پیدا ہونا۔

مُتَشاعِر ضمہ م، فت ت، کس ع۔ امذ۔ بناوٹی شاعر جسے شاعری سے فطری لگاؤ نہ ہو۔

مُتَشَدِّد ضمہ م، فت ت ش، شد کس د۔ صف۔ سختی، تشدّد کرنے والا، ظالم۔

مُتَشَرِّع ضمہ م، فت ت ش، شد کسمج د۔ صف۔

شرع کا پابند، احکام دین پر عمل کرنے والا۔
مُتَشَکِّر ضمہ م، فت ت ش، شد کس ک۔ صف۔ شکر گزار، ممنون۔
مُتَشَکِّک ضمہ م، فت ت ش، شد کس ک۔ صف۔ شک میں مبتلا، لا أدریت کا قائل۔
مُتَصَادِم ضمہ م، فت ت، کس د۔ صف۔ ٹکرانے والا، غیر موافق، متضاد۔
مُتَصَدِّی ضمہ م، فت ت ص، شد د۔ امذ۔ پیش کار، منشی، کارندہ، حساب کتاب رکھنے والا [ع: اصلاً **مُتَسدّی**]۔
مُتَصَرِّف ضمہ م ت ص، شد کس ر۔ صف۔ قابض اپنے صرف میں لانے والا۔
مُتَّصِف ضمہ م، شد فت ت، کس ص۔ صف۔ کسی صفت سے موسوم، کسی صفت کا حامل۔
مُتَّصِل ضمہ م، شد فت ت، کس ص۔ صف۔ ملا ہو، برابر میں واقع؛ م ف۔ مسلسل، پے در پے۔
مُتَصَوَّر ضمہ م، فت ت ص، شد فت و۔ صف۔ خیال میں لایا ہوا، سوچا ہوا۔
مُتَصَوِّف ضمہ م، فت ت ص، شد کس و۔ صف۔ صوفیانہ مسلک کا حامل۔
مُتَضَاد ضمہ م، فت ت۔ صف۔ برعکس، خلاف، اُلٹا، بالمقابل۔
مُتَضَرِّع ضمہ م، فت ت ض، شد کس ر، سک ع۔ صف۔ تضرّع، گریہ زاری کرنے والا۔
مُتَضَمِّن ضمہ م، فت ت ض، شد کس م۔ صف۔ ضمناً موجود، کُل میں شامل۔ م: لفظ آدمی عورت کو بھی متضمن ہے یا مومنین میں مومنات بھی متضمن ہیں۔
مُتَعَارِض ضمہ م، فت ت، کس ر۔ صف، م ف۔ باہم، مخالف، ایک دوسرے کی ضد میں۔
مُتَعَارِف ضمہ م، فت ت، کس ر۔ صف۔ باہم شناسا، جاننے پہچاننے والے۔

مُتَعَاقِب ضمہ م، فت ت، کس ق۔ صف۔ پیچھے آنے والا، بعد میں آنے والا۔
مُتَعَال ضمہ م، فت ت۔ صف۔ نہایت، بلند مرتبہ، اسمائے الٰہی میں شامل۔
مُتَعَجِّب ضمہ م، فت ت ع، شد کس ج۔ صف۔ تعجب کرنے والا، اچنبھے میں مبتلا۔
مُتَعَدِّد ضمہ م، فت ت ع، شد کس د۔ صف۔ کئی، چند، خاصی تعداد میں۔
مُتَعَدِّی ضمہ م، فت ت ع، شد د۔ صف۔ پھیلنے والا، ایک دوسرے تک پہنچنے والا، چھوت کا مرض۔
مُتَعَذِّر ضمہ م، فت ت ع، شد کس ذ۔ صف۔ دشوار، نہایت مشکل۔
مُتَعَصِّب ضمہ م، فت ت ع، شد کس ص۔ صف۔ ہٹ دھرم، غالی، متشدّد، دوسروں کی نہ ماننے والا، اپنے قول حلقے گروہ یا عقیدے کی سختی سے پاسداری کرنے والا، عَصبیت زدہ۔
مُتَعَفِّن ضمہ م، فت ت ع، شد کس ف۔ صف۔ بدبودار، سڑاندا۔
مُتَعَلِّق ضمہ م، فت ت ع، شد کس ل۔ صف۔ تعلق، لگاؤ، قرابت رکھنے والا؛ منسلک، منسُوب، مشمول۔ م ف۔ بابت، ضمن میں، بارے میں۔ ج مذ **مُتَعَلِّقِین** اپنی ذات سے منسلک لوگ، بال بچّے وغیرہ۔
مُتَعَلِّم ضمہ م، فت ت ع، شد کس ل۔ امذ۔ طالب علم۔
مُتْعَہ ضمہ م، سک ت، فت ع۔ امذ۔ عارضی مدّت کے لیے شادی، (شرع) **اَلنِّکَاحُ الْمُتْعَہ** [ع: مُتْعہ ہے تفریح]۔
مُتَعَہِّد ضمہ م، فت ت ع، شد کس ہ۔ صف۔ ذمہ دار، مصروف کار، مامور، مشغول۔
مُتَعَیَّن ضمہ م، فت ت ع، شد فت ی۔ صف۔ مقرّر کیا ہوا، مامور۔ ج/ مث **مُتَعَیَّنَہ** مقرّرہ، قرار دادہ۔

مُتَغائِر ضمہ م، فت ت، کس ء۔ صف۔ بے میل، الگ، اجنبی۔
مُتَغزّل ضمہ م، فت ت غ، شد کس ز۔ صف۔ غزل گو۔ ج **مُتغَزّلِین۔**
مُتغیّر ضمہ م، فت ت غ، شد کس ی۔ صف۔ دگرگوں، بدلا ہوا۔
مُتَفاوِت ضمہ م، فت ت، کس و۔ صف۔ دور، بعید، فاصلے پر واقع۔
مُتَفرّع ضمہ م، فت ت ف، شد کس ر۔ صف۔ شاخ کی طرح کسی اصل سے پھوٹنے، نکلنے نمودار ہونے والا۔
مُتَفرّق ضمہ م، فت ت ف، شد کس ر۔ صف۔ الگ الگ، جدا جدا، کئی۔
مُتّفِق ضمہ م، شد فت ت، کس ف۔ صف۔ ہم خیال، ہم کار، متّحد، موافق۔ **مُتّفَقَہ** (مُت تَ فَ قَ) جس پر اتفاق رائے ہو۔
مُتَفکّر ضمہ م، فت ت ف، شد کس ک۔ صف۔ فکر مند، سوچ میں پڑا ہوا؛ جسے کوئی الجھن، چنتا، تردّد یشانی لاحق ہو۔
مُتَفنّی ضمہ م، شد فت ت ف، شد ن۔ صف۔ بناوٹ سے کام لینے والا، عیّار، مکار۔
مُتَقابِل ضمہ م، فت ت، کس ب۔ صف۔ آمنے سامنے، ایک دوسرے کے مقابل۔
مُتَقارِب ضمہ م، فت ت، کس ر۔ امذ۔ ایک عروضی بحر جس کا بنیادی رکن فعلُن ہے [ع: لفظاً ہم پہلو]۔
مُتَقاضی ضمہ م، فت ت۔ صف۔ تقاضا کرنے والا، طلب کرنے والا، لازم، ضروری۔
مُتَقاطِع ضمہ م، فت ت، کسمج ط۔ صف۔ جو ایک دوسرے کو قطع کریں، (خطوط) جو ایک دوسرے پر سے گزریں۔
مُتَقدّم ضمہ م، فت ت ق، شد کس د۔ صف۔ آگے بڑھنے والا، اگلا، پہلے زمانے کا ج **مُتَقدّمین** (کسمج د، ی مع) اگلے لوگ، دور اوّل سے تعلق رکھنے والے۔
مُتّقی ضمہ م، شد فت ت۔ صف۔ صاحب تقویٰ، پرہیز گار، نیکو کار۔
مُتَکافی ضمہ م، فت ت۔ صف۔ جوابی، ایک دوسرے کے بدلے میں (انگ: Reciprocal)۔
مُتَکبّر ضمہ م، فت ک، شد کس ب۔ صف۔ مغرور، نہ جھکنے والا، اسمائے الٰہی میں شامل۔
مُتَکفّل ضمہ م، فت ت ک، شد کس ف۔ صف۔ کفالت کرنے، خرچ اٹھانے، ذمہ داری لینے والا۔
مُتَکلّم ضمہ م، فت ت ک، شد کس ل۔ صف۔ بولنے والا؛ علم کلام کا ماہر۔
مُتّکی ضمہ م، شد فت ت۔ صف۔ تکیہ کرنے والا، بھروسا کرنے والا۔
مُتَلاشی ضمہ م، فت ت۔ صف۔ تلاش، جستجو میں مصروف۔
مُتَلاطِم ضمہ م، فت ت۔ صف۔ موج زن، موجیں مارنے، طوفان بپا کرنے والا، موّاج، مُتموّج۔
مُتَلذّذ ضمہ م، فت ت ل، شد کس ذ۔ صف۔ لطف اٹھانے، مزہ لینے والا۔
مُتَلوّن ضمہ م، فت ت ل، شد کس و۔ صف۔ جو ایک حال پر قائم نہ رہے، رنگ بدلنے والا، غیر مستقل۔
مُتَمتّع ضمہ م، فت ت م، شد کس ت۔ صف۔ جو تمتع، نفع، فائدہ حاصل کرے۔
مُتَمدّن ضمہ م، فت ت م، شد کس د۔ صف۔ شہری؛ تہذیب یافتہ۔
مُتَمرّد ضمہ م، فت ت م، شد کس ر۔ صف۔ سرکش، نافرمان، اکھڑ، مغرور۔
مُتَمکّن ضمہ م، فت ت م، شد کس ک۔ صف۔ آباد، بسا ہوا۔

مُتَمّم ضمہ م، فت ت، شد کس م۔ صف جو پورا کرے، تکمیل، اتمام کرنے والا۔

مُتَمَنّی ضمہ م، فت ت م، شد ن۔ صف۔ تمنّا، آرزو کرنے والا، امید لگانے والا۔

مُتَموّج ضمہ م، فت ت م، شد کس و۔ صف۔ موجیں مارتا ہوا، متلاطم۔

مُتَمَوّل ضمہ م، فت ت م، شد کس و۔ صف۔ دولتمند، امیر، مالدار۔

مُتَمَیّز ضمہ م، فت ت م، شد کس ی۔ صف۔ جسے علیٰحدہ شناخت کیا جائے، جدا، الگ۔

مَتْن ضمہ م، سک ت۔ امذ۔ اصل عبارت، کسی کتاب مضمون یا دستاویز کے اصل الفاظ۔ ج **مُتُون** کئی کتابوں کے متن یا ایک ہی کتاب کے مختلف متن۔

مُتَنَازَعَہ ضمہ م، فت ت زع۔ صف۔ مختلف فیہ، جس کی بابت جھگڑا ہو، یا اتفاق رائے نہ ہو۔

مُتَناسِب ضمہ م، فت ت، کس س۔ صف۔ موزوں؛ جن میں باہم میل، نسبت، توافق ہو۔

مُتَناقِض ضمہ م، فت ت، کس ق۔ صف۔ ایک دوسرے کی ضد؛ الٹے، برعکس۔

مُتَنَبِّہ ضمہ م، فت ت ن، شد کسمج ب۔ صف۔ جسے تنبیہ کی گئی ہو، خبردار کیا گیا۔ [لفظاً:ع جگایا، جو نکایا ہو]۔

مُتَنَبّی ضمہ م، فت ت ن، شد ب۔ صف۔ جھوٹا نبی؛ علَم: ایک عرب شاعر کا نام، ابو طیّب احمد بن حسین المتنبی ۹۶۵-۹۱۵ع)۔

مُتَنْجَن ضمہ م، فت ت، سک ن، فت ج۔ امذ۔ میوے دار، کھٹ مِٹھا پلاؤ جو ایک پر تکلف کھانا ہے۔

مُتَنَفِّر ضمہ م، فت ت ن، شد کس ف۔ صف۔ نفرت کرنے والا، بیزار۔

مُتَنَفِّس ضمہ م، فت ت ن، شد کس ف۔ صف۔ زندہ آدمی، انسان، [لفظاً:ع سانس لینے والا]۔

مُتَواتِر ضمہ م، فت ت، کس ت۔ م ف۔ پے بہ پے، مسلسل، بار بار۔ صف۔ کئی ذرائع سے پہنچنے والا (قول، روایت)۔

مُتَوارِث ضمہ م، فت ت، کس ر۔ صف۔ ایک ہی میراث کے شریک۔

مُتَوارِد ضمہ م، فت ت، کس ر۔ صف۔ جو ایک ساتھ یا آگے پیچھے نمودار ہوں۔

مُتَوازی ضمہ م، فت ت۔ صف۔ آمنے سامنے، یکساں فاصلے پر رواں۔ مرکب توصیفی (اقلیدس) **خُطوط مُتَوازی** وہ خطوط جو باہم ایک ہی فاصلے پر رہیں اور کبھی نہ مل سکیں۔

مُتَوازِن ضمہ م، فت ت، کسمج ز۔ صف۔ وزن میں برابر؛ جچا تُلا، کسی طرف جھکاؤ کے بغیر، معتدل۔

مُتَوالی ضمہ م، فت ت۔ صف، م ف۔ جو مسلسل، پے در پے وارد ہو؛ آگے پیچھے۔ (معاشیات) **مَصارِف مُتَوالی** بار بار ہونے والے اخراجات (انگ: Recurrent)۔

مُتَوَجّہ ضمہ ا، فت ت و، شد کس مج ج۔ صف۔ توجہ کرنے، دھیان دینے والا۔

مُتَوَحّش ضمہ م، فت ت و، شد کس ح۔ صف۔ وحشت زدہ، حیران پریشان۔

مُتَوَرّع ضمہ م، فت ت و، شد کس مج ر۔ صف۔ متقی، پرہیزگار۔

مُتَوَرّم ضمہ م، فت ت و، شد کس ر۔ صف۔ سوجا ہوا۔

مُتورا ضمہ م، ومج۔ صف۔ سوتے میں پیشاب کر دینے والا (عموماً بچّوں کے لیے)۔

مُتَوَسّط ضمہ م، فت ت و، شد کس س۔ صف۔ درمیانہ، اوسط درجے کا۔ (معاشیات) **مُتَوَسّط اَلْمیعاد** (ی مع) درمیانی میعاد کا (قرضہ وغیرہ) (انگ: Medium term)۔

مُتَوَسِّل ضمہ م، فت ت و، شد کس س۔ صف۔ کسی وسیلے سے لگا ہوا، وابستہ، زیر کفالت۔

مُتَوَطِّن ضمہ م، فت ت و، شد کس ط۔ صف۔ باشندہ، رہنے والا، (کسی جگہ کی) وطنیت رکھنے والا۔

مُتَوَفِّق ضمہ م، فت ت و، شد کس ف۔ صف۔ برتر، شاد کام۔

مُتَوَفّٰی ضمہ م، فت ت و، شد ف۔ صف۔ وفات پایا ہوا [اصلاً: مُتَوَفّٰیٰ (مُ تَ وَفْ فا)]۔

مُتَوَقَّع ضمہ م، فت ت و، شد فت ق۔ صف۔ جس کی توقع، آس اُمید ہو، جو آنے والا ہو۔ [اصلاً : مُتَوَقَّعہ]۔

مُتَوَقِّع ضمہ م، فت ت و، شد کس ق۔ صف۔ امیدوار، توقع رکھنے والا۔

مُتَوَقَّفَہ ضمہ م، فت ت و، شد فت ق، شد ف۔ صف۔ رکا یا روکا ہوا، ٹھہرایا ہوا، معرض التوا میں مُراسلت مُتَوَقَّفَہ پچھلا خط۔

مُتَوَکِّل ضمہ م، فت ت و، شد کس ک۔ صف۔ توکّل کرنے والا، تقدیر پر بھروسا کرنے والا۔

مُتَوَلّی ضمہ م، فت ت و، شد ل۔ امذ۔ کسی امانت یا وقف کا ذمہ دار، منتظم۔

مُتَوَہِّم ضمہ م، فت ت و، شد کس ہ۔ صف۔ وہم میں مبتلا، شکّی۔

مُتَّہَم ضمہ م، شد فت ت، کس ہ۔ صف۔ جس پر اتّہام لگایا گیا ہو، جس پر بہتان دھرا گیا ہو۔

مِتی کاٹا کس م۔ امذ۔ ہنڈی پر کمیشن یا کٹوتی۔

مَتِیرا فت م، ی مع۔ امذ۔ تربوز کی ایک قسم۔

مُتَیَقِّن ضمہ م، فت ت ی، شد کس ق۔ صف۔ مطمئن، یقین کردہ، اطمینان کردہ۔

مَتھانی فت م۔ امث۔ رئی جو دودھ بلونے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

مَتِین ضمہ م، ی مع۔ صف۔ مضبوط، بھاری بھرکم، سنجیدہ، باوقار۔

مَتھنا فت م، سک تھ۔ ف م۔ ہاتھوں سے مَسَلنا کسی سیّال میں حرکت ہیجان پیدا کرنا۔

مَتھیلا فت م، ی مع۔ صف۔ اُبھرواں، محدّب۔

مُٹاپا ضمہ م۔ امذ۔ بھاری تن و توش، فربہی۔

مِٹانا کس م۔ ف م۔ ناپید کرنا، ختم کر دینا؛ برباد کرنا، ربڑ یا رگڑ سے صاف کر دینا۔ ف ل مِٹنا ختم ہونا، نابود، ناپید ہونا؛ فریفتہ ہونا۔

مَٹَر فت م ٹ۔ امذ۔ ایک غلّہ جو پھلیوں میں سے گول ہرے دانوں کی شکل میں نکلتا ہے (لاط: Pisum Sativum)۔

مَٹَرگَشْت فت م ٹ گ، سک ر شْ۔ امذ۔ سیر سپاٹا، ہوا خوری۔

مَٹْکا فت م، سک ٹ۔ امذ۔ مٹی کا گھڑا، تص مَٹْکی ٹھلیا۔

مَٹْکانا فت م، سک ٹ۔ ف م۔ جسم یا آنکھوں کو گردش دینا، جس سے شوخی کا اظہار ہو۔ ف ل مَٹْکنا صف مبالغہ مَٹَکّو بہت مٹکنے، تھرکنے اترانے والا۔ مث مَٹَکّو (ومج)۔

مَٹْکینا فت م، سک ٹ، ی مج۔ امذ۔ آبخورہ، کُلھڑا، مٹی کا چھوٹا ظرف۔

مُٹْکُنا ضمہ م، سک ٹ، ضمہ ک۔ صف، مذ، مث۔ پستہ قد مگر دلکش۔

مِٹّی کس م، شد ٹ۔ امث۔ خاک دھول، خشک یا گیلی ہر شکل میں ۔ صف مَٹیالا مٹی کے رنگ کا، خاکستری میلا، مَلگجا، محاورہ مٹیامیل کرنا (فت م) مٹانا، نیز فصیح مَلیامیٹ۔

مَٹّھ فت م۔ امذ۔ جوگیوں سادھوؤں کے مل کر رہنے کا ٹھکانا، کُٹیا، دھرمسالہ۔

مَٹّھا فت م، شد ٹھ۔ امذ۔ چھاچھ، مکھن نکالا ہوا

دہی، صف۔ سُست، لدھڑ۔

مَٹھارْنا فت م، سک ر۔ ف م۔ لوچ دینا، نرم کرنا۔ محاورہ **مَٹھار مَٹھار کے باتیں کرنا** نرم، لوچدار لہجہ بنا کر، لگاوٹ کے ساتھ بولنا۔

مٹھ بولا کس م، سک ٹھ، ومج۔ صف۔ میٹھی باتیں کرنے والا۔

مِٹھاس کس م۔ امث۔ شیرینی، حلاوت، لطافت۔

مٹھائی کس م۔ امث۔ منہ کی لذت کے لیے بنائی ہوئی میٹھی چیزیں، حلوائی کی تیار کردہ نعمت یا نعمتیں، حَلَویات، حلوہ جات۔

مِٹھڑا کس م، سک ٹھ۔ صف۔ میٹھا، مزیدار، خوش ذائقہ نیز خوش آہنگ (گیت وغیرہ) مث **مٹھڑی**، [پنجابی]۔

مَٹھڑی فت م، سک ٹھ۔ امث۔ اجوائن اور کالی مرچ کے ساتھ تیار کیا ہوا چوکور بڑا نمک پارا۔

مَٹھڑِیاں کس م، سک ٹھ، کس ڑ۔ ج مث۔ وہ ہچکیاں جو دودھ پیتے بچوں کو معدے کے بڑھنے کی بنا پر آتی ہیں۔

مٹھلونا کس م، سک ٹھ، ومج۔ صف۔ کچھ نمکین کچھ میٹھا، ملے جلے سلونے اور میٹھے ذائقے کا۔

مٹھو کس م، شد ٹھ، و مع۔ صف، امذ۔ مٹھ بولا؛ طوطا۔

مَٹھولا فت م، ومج۔ امذ۔ مشت زنی، ہتھ لَس۔

مِٹھی کس م، شد ٹھ۔ امث۔ پیار، چُمّی۔

مُٹّھی ضمہ م، شد ٹھ۔ امث۔ بند ہاتھ؛ ایک ہاتھ میں سما جانے والی مقدار **مُٹّھی چَپّی** مالش اور ہلکی مکّیاں (اعضا کو سکون پہنچانے کے لیے) ف م **مُٹھیانا**، مٹھی میں دبانا م: بٹیر کو مُٹھیانا۔

مِثال کس م۔ امث۔ نظیر، ملتی جلتی شے، مُشابہ جنس یا کیفیت؛ نمونہ؛ تمثال، تشبیہ صف۔ **مثالی** بہترین جو خیال میں آ سکے، اعلیٰ، عمدہ؛ نمونے کا، جس کا اتباع یا تقلید کی جائے۔ امث **مثالِیَت** رک: **عَینیت**۔

مَثانَہ فت م ن۔ امذ۔ گردے سے ملا ہوا تھیلی نما عضو جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے۔

مُثْبَت ضمہ م، سک ث، فت ب۔ صف۔ اقراری، موافق، تعمیری (عمل یا بات)، منفی کی ضد، ثابت، محکم۔

مُثْبِت ضمہ م، سک ث، کس ب۔ صف۔ ثابت کرنے والا، قائم کرنے والا۔

مِثْقال کس م، سک ث۔ امذ۔ وزن، وزن کا ایک قدیم پیمانہ (۲۴ قیراط)؛ وزن، م: **مِثْقالَ ذَرَّۃٍ** ایک ذرّہ برابر وزن (تلمیح آیت قرآنی کی طرف)

مَثَل فت م ث، امث۔ کہاوت، روایت، مشہور قول۔ م فہ **مثلاً (فت م ث) مثال کے طور پر فقرہ مَثَلْتُ مَثَلاً** میں نے مثال دی، مثالاً کہتا ہوں۔

مِثْل کس م، سک ث۔ امث۔ (۱) ملتی جلتی شے یا بات، نظیر (۲) حرف تشبیہ: مانند، جیسا۔ (۳) مرتّب کاغذات کا پلندہ، ان معنی میں نیز **مسل**۔

مُثَلَّث ضمہ م، فت ث، شد فت ل۔ امث۔ تکون، تین ضلعوں سے بنی ہوئی شکل؛ (نظم) تین تین مصرعوں کے بند۔

مُثْلَہ ضمہ م، سک ث، فت ل۔ امذ۔ ناک کان کاٹ دینا۔

مُثَمَّن ضمہ م، فت ث، شد فت م۔ صف، امذ۔ ہشت پہلو، آٹھ ضلعوں سے بنی ہوئی شکل؛ (عروض) آٹھ ارکان والی بحر؛ (نظم) آٹھ آٹھ مصرعوں کے بند۔

مَثْنَوی فت م، سک ث، فت ن۔ امث۔ وہ نظم جو ابیات پر مشتمل ہو یعنی ایک ہی بحر میں مختلف اتعافیہ مطلعوں کا سلسلہ۔

مُثَنّیٰ ضمہ م، فت ث، شد ن ی غم۔ امذ۔ کسی تحریر کی ہو بہو نقل، دوسری کاپی۔

مُجادَلہ ضمہ م، فت د ل۔ صف۔ لڑائی جنگ، پیکار۔
مَجاز فت م۔ امذ۔ اصلی کے برخلاف اعتباری وجود، عالم مادّی؛ استعارہ؛ مفروضہ۔ صف: مُختار، اجازت یافتہ۔ م ف **مَجازاً** (مَ جا زَن) مفروضہ یا اعتباری طور پر۔ صف **مَجازی** اعتباری یا مانا ہوا، فرض کیا ہوا نہ کہ حقیقی۔ **مَجاز مُرسَل** وہ مجازی معنی جو تشبیہہ کے علاوہ کسی اور رعایت پر مبنی ہوں جیسے ساغر سے مراد شراب، نظر سے ناظر۔
مَجال فت م۔ امثہ تاب، حوصلہ، بس، قدرت، ہمت [اصلاًع: میدان عمل]۔
مُجالَست ضمہ م، فت ل۔ امثہ مل بیٹھنا، صحبت گرم کرنا۔
مُجامَعَت ضمہ م، فت م ع۔ امث۔ عورت کے ساتھ جنسی ملاپ، مباشرت، ہم بستری۔
مُجانَسَت ضمہ م، فت ن س۔ امث۔ ہم جنس ہونا، ایک نوع، ایک قبیلے سے تعلق رکھنا، مانوس ہونا۔
مَجانی فت م۔امث۔ پیلنے کی مشین یا کولھو کے ساتھ رس یاتیل کے بہ کر آنے کے لیے رکھی ہوئی ہنڈیا، برتن وغیرہ۔
مُجاوِر ضمہ م، کس و۔ امذ۔ کسی درگاہ کا خادم [اصلاًع: ہمسایہ، پڑوسی] امث **مُجاوری** مجاور کا کام، درگاہ کی دیکھ بھال۔ **مُجاوَرَت** ہمسایگی۔
مُجاوِز ضمہ م، کس و۔ صف۔ تجاوز کرنے والا، اعتدال سے ہٹنے والا۔
مُجاہِد ضمہ م، کس ہ۔ صف۔ جہد کرنے والا؛ کوشاں، سرگرم؛ جہاد کرنے والا؛ اپنے نفس سے جہاد کے لیے روحانی ریاضتیں کرنے والا امذ۔ **مُجاہَدَہ** (فت ہ د) اپنے نفس کے ساتھ پیکار، صُوفیانہ اشغال و اعمال۔
مَجْبُور فت م، سک ج، ومع۔ صف۔ عاجز، معذور، بے اختیار، بے بس۔ اسم کیف مث۔ **مَجبُوری** م ف **مَجبُوراً** (مج بو رَن) لاچار، لامحالہ، عاجز ہو کر۔
مُجتَبیٰ ضمہ م، سک ج، فت ت، ی غم۔ صف۔ برگزیدہ، پسندیدہ۔
مُجْتَمَع ضمہ م، سک ج، فت ت م۔ صف۔ اکٹھا کیا ہوا، یکجا کیا ہوا، امذ۔ **مُجتَمِع** جمع کرنے والا۔
مُجْتَنَب ضمہ م، سک ج، فت ت، کس ن۔ صف۔ اجتناب، پرہیز، احتراز کرنے والا، دور رہنے والا۔
مُجْتَہِد ضمہ م، سک ج، فت ت، کس ہ۔ صف۔ اجتہاد کرنے والا، کتاب و سنت کی روشنی میں مسائل پر حکم لگانے والا؛ کوشش یا مجاہدہ کرنے والا۔
مَجْد ضمہ م، سک ج۔ امذ۔ بزرگی، بڑائی، عظمت۔ کلمۂ دعائیہ **زاد مَجدُ کُم** اللہ تمھارے مرتبے میں اور اضافہ کرے۔
مُجَدِّد ضمہ م، فت ج، شد کس د۔ صف۔نئی راہ نکالنے والا، تجدید کرنے والا، سَنوارنے نکھارنے والا۔
مَجْذُوب فت م، سک ج، ومع۔ امذ۔ مست، بے خود، ہوش سے بےگانہ [لفظاًع: جسے کھینچ لیا گیا] مرکب **مَجذُوب کی بَڑ** ناقابل یقین دعویٰ۔
مَجْذُوم فت م، سک ج، ومع۔ صف۔ مرض جذام کا شکار، جذامی، کوڑھی۔
مُجْرا ضمہ م، سک ج۔ امذ۔ ناچ گانے کا جلسہ؛ مؤدّبانہ سلام؛ صف۔ حساب میں محسوب یا زائد از حساب جو آئندہ محسوب ہو جائیں۔ [لفظاًع: جاری رواں کیا ہوا] صف **مُجْرَئی** سلامی، سلام کرنے والا۔
مُجَرَّب ضمہ م، فت ج، شد فت ر۔ صف۔ آزمایا ہوا، جس کی تاثیر یا خوبی مسلّم ہو (دواء ، عمل وغیرہ)۔
مُجَرَّد ضمہ م، فتِ ج، شد فت ر۔ صف۔ تنہا، اکیلا، بے اہل و عیال، آلائش و آمیزش سے پاک، خالص۔ **دُرِّ مُجَرَّد** (شد کس مج ر) گوہر یک دانہ جس کا مثل نہ ہو، درّ یتیم۔ **مُجَرَّد اِستِدلال** خیالی، ہوائی،

اُصولی بحث۔

مُجْرِم ضمہ م، سک ج، کس ر۔ صف۔ جس نے جرم کیا ہو، قصور وار۔

مَجْرُوح فت م، سک ج، ومع۔ صف۔ زخمی، گھایل۔

مَجْرِیَہ فت م، سک ج، کس ر، فت ی۔ صف۔ جڑا ہوا، ارسال کردہ ج: **مَجاریات** اجراء ارسال کی جانے والی مراسلت وغیرہ۔

مُجَسَّم ضمہ م، فت ج، شد فت س۔ صف۔ جسامت رکھنے والا، مادّی مرئی شکل میں موجود (خیالی، اعتباری کے برخلاف) امذ۔ **مُجَسَّمَہ** (مُ جَسْ سَ مَ) مصنوعی پیکر، بُت، مادّی شبیہ۔

مُجلّا ضمہ م، فت ج، شد ل۔ رک: **مُجلّی**۔

مُجَلَّد ضمہ م، فت ج، شد فت ل۔ صف۔ جلد سمیت، جلد باندھا ہوا۔

مَجْلِس ضمہ م، سک ج، کس ل۔ امث۔ بیٹھا ہوا مجمع، محفل؛ شہداء کربلا کی یاد میں کیا جانے والا جلسہ۔ امث۔ **مَجلِسْ حَیران** بیگمات کی زبان میں ایک خاص قسم کی مسّی کا لقب۔ **مَجلس شُوریٰ** (کسمج س، ومع، ی غم) مشاورت کی مجلس۔ **مَجْلِسِ سابِقَہ** (کسمج ب) کسی مجلس کی تحتی کمیٹی جو اصل کارروائی سے پہلے نظام عمل مرتب کرنے کے لیے بنائی جائے۔ (انگ: Steering Commmittee) **مَجْلِسِ قائِمَہ** (قاء مَ) مستقل تحتی کمیٹی جو اجلاس کے بعد ضروری امور کی انجام دہی کے لیے موجود رہے۔ **مَجْلِسِ عامِلَہ** (عام لَ) کسی بڑی تنظیم کے ارکان کی خصوصی کمیٹی جو تفویض کردہ فرائض کی انجام دہی کے لیے قائم کی جائے۔

مَجَلّہ فت م ج، شد فت ل۔ امذ۔ جریدہ، رسالہ، مَطبُوعہ۔

مُجَلّی ضمہ م، فت ج، شد ل، ی غم۔ صف۔ جِلا کیا ہوا، شفّاف، چمکیلا، نیز **مجلّا**

مِجْمَر کس م، سک ج، فت م۔ امذ۔ دھونی دینے، خوشبوئیں سلگانے کا ظرف۔

مَجْمَع فت م، سک ج، فت م۔ امذ۔ جمگھٹا، انبوہ؛ جمع ہونے کی جگہ۔

مُجْمَل ضمہ م، سک ج، فت م۔ صف۔ مختصر؛ (مفہوم مضمون وغیرہ) جو تھوڑے الفاظ میں ادا کر دیا جائے، خلاصہ۔ م ف **مُجمَلاً** (مُجْ مَ لَن) مختصراً، خلاصتہً۔

مَجْمُوعَہ فت م، سک ج، ومع، فت ع۔ صف، امذ۔ جمع کیا ہوا، مرتب کیا ہوا۔ مرکّب امذ۔ م: **عِطر مَجْمُوعَہ** (کسمج ر) کئی طرح کے عطروں کو ملا کربنایا ہوا عطر؛ امذ۔ دیوان اشعار، مرتب کلام؛ مرتّب دستاویزات، قوانین، احکام وغیرہ۔

مَجْنُون فت م، سک ج، ومع۔ صف۔ پاگل، دیوانہ، خبطی؛ عاشق۔

مُجَوِّز ضمہ م، فت ج، شد کس و۔ صف۔ تجویز کرنے والا۔ **مُجوِّزہ** (مُ جَوْ وَ زَ) تجویز کیا ہوا۔

مَجُوسا فت م، ومع۔ امذ۔ چھت کی آڑواڑ کے طور پر کھڑی کی جانے والی بَلّی۔

مُجَوَّف ضمہ م، فت ج، شد فت و۔ صف۔ جوف دار، گہرائی رکھنے ولا؛ کھوکھلا۔

مُجَوہَر ضمہ م، ولین، فت ہ۔ صف۔ جڑاؤ، ج مذ۔ **مُجَوہَرات** جڑاؤ زیورات۔

مَجْہَلَہ فت م، سک ج، فت ہ ل۔ امذ۔ احمقانہ بات، فضول قضیّہ، بن بات کا جھگڑا۔

مَجْہُول فت م، سک ج، ومع۔ صف۔ غیر معروف، اَن جانا؛ نامعقول، بے عمل، بے اثر (آدمی)، قواعد۔ **فِعْلِ مَجْہول** (کسمج ف ل) وہ فعل جس کی نسبت فاعل سے نہ ہو م: سیا جانا، پیا جانا۔

مُجِیب ضمہ م، ی مع۔ صف۔ جواب دینے والا، قبول

کرنے والا، اسماءِ الٰہی میں شامل۔ مرکب: **مُجیب اَلدَّعوَات** (مُ جی بُد دع وات) دعاؤں کا قبول کرنے والا۔

مَجیٹھ فت م، ی مع۔ ایک درخت جس کی سرخ جڑ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں (لاط: Rubia Cardifolia) صف **مَجیٹھا** پکّا سرخ رنگ۔

مَجید فت م، ی مع۔ صف۔ بزرگی والا۔ ج **اَمجاد** اسماء الٰہی میں شامل۔

مَجیدی فت م، ی مع۔ امث۔ سپیروں کی پونگی۔ تُونبڑی۔

مَجیرا فت م، ی مع۔ امذ۔ ایک ڈوری سے بندھی ہوئی پیتل کی تھالیوں کی جوڑی جسے گانے کے ساتھ ساتھ چھنکایا جاتا ہے، کینی (ج کینیاں)۔

مُچّا ضمہ م، شد چ۔ امذ۔ گوشت کا بڑا پارچہ۔

مَچان فت م۔ امث، امذ۔ لکڑی کی چھت جو پختہ چھت کے نیچے اسباب رکھنے کے لیے بنائی جائے۔ تختوں کی معلّق نشست یا پاڑ جو شکاریوں کے لیے درختوں پر باندھی جائے۔

مَچانا فت م۔ ف م۔ برپا کرنا، م: شور، جھگڑا فساد مچانا۔

مچانا کس م۔ ف م۔ میچنا کا فعل متعدی، مچوانا۔

مُچَرَّب ضمہ م، فت چ، شد فت د۔ صف۔ جس میں بہت چربی ہو [اردو کا تصرف]۔

مَچکانا فت م، سک چ۔ ف م۔ لچکدار چیز کو جنبش دینا، جُھلانا۔ ف ل۔ **مَچَکنا** بچکولے لینا۔

مچکانا کس م، سک چ۔ ف م(آنکھ) **قصداً جھپکانا**، آنکھ مارنا۔

مَچکَن فت م، سک چ، فت ک۔ امذ۔ ایک لمبا درخت جس کے پتے اخروٹ کے سے اور پھول خوش بودار ہوتے ہیں (لاط: Petrospermum Suberifoleum)۔

مُچلکہ ضمہ م، فت چ، سک ل، فت ک۔ امذ۔ مجرم سے لکھوایا جانے والا اقرار نامہ۔

مَچلنا فت م چ، سک ل۔ ف ل۔ ضدّی پن سے چُلبُلاہٹ دکھانا۔ کسی بات کے لیے اڑ جانا۔

مَچمچانا فت م، سک چ، فت م۔ ف ل۔ چکنائی میں تربتر کرنا۔

مُچھا کُڑا ضمہ م، سک ک۔ امذ۔ بہت گھنی یا لمبی مُونچھ۔

مَچھَر فت م، شد فت چھ۔ امذ۔ کان میں پنپنانے اور ملیریا بخار پھیلانے والا پردار حشرہ، پَشّہ۔

مَچھرانْد فت م، سک چھ، غنہ۔ امث۔ مچھلی کی بساند، نیز **مَچھانْد**۔

مَچھلی فت م، سک چھ۔ امث۔ گلپھڑے والا آبی جانور جس کی بے اندازہ اقسام ہیں؛ جسم کے سخت پٹھے جو جسم کے کئی حصّوں میں پائے جاتے ہیں اور ورزش سے ابھر آتے ہیں۔

مَچھوا فت م، سک چھ، امذ۔ جہاز پر احتیاطاً جان بچانے کے لیے ساتھ لے جانے والی کشتی، لائف بوٹ۔

مَچھّی فت م، شد چھ۔ امث۔ بوسہ، چُمّی، مُنّھی۔

مَچھیرا فت م، ے مج۔امذ۔ مچھلیاں پکڑ کر بیچنے والا۔

مُچَھیل ضمہ م، ے لین۔ صف۔ بڑی بڑی مونچھوں والا۔

مُحابا ضمہ م۔ امذ۔ تکلّفات، تردّد، جھجک [اصلاً ع: محابات = مروّت، لحاظ]۔

مَحاذ فت م۔ امذ۔ میدان جنگ، جہاں معرکہ ہو۔

مُحاذی ضمہ م۔ صف۔ مقابل، روبرو۔

مُحارَبہ ضمہ م، فت ر ب۔ امذ۔ جنگ، مجادلہ۔

مَحاس فت م۔ امذ۔ خفیف ارتعاش کو محسوس کر لینے والے تار جیسے اعضا جو بعض حشرات میں ہوتے ہیں، ریڈیائی لہروں کو پکڑنے والے تار (انگ: اینٹینا)۔

مُحاسِب ضمہ م، کس س۔ امذ۔ حساب رکھنے والا،

حساب داں۔ **مُحاسَبَہ** (مُ حاسَ بَ) پڑتال، حساب فہمی۔

مَحاسِن فت م، کس س - ج مذ- خوبیاں، اچھائیاں [حسن سے اردو کا وضعی لفظ]۔

مُحاصرَہ ضمہ م، فت ص ر- امذ- چاروں طرف سے گھیرنا، کسی قلع یا فصیل کے گرد فوج کا گھیرا ڈالنا۔

مَحاصل فت م، کس ص- ج مذ- وصولیابیاں، جمع بندیاں، سرکاری محصول کی آمدنی۔

مُحافظ ضمہ م، کس ف- صف- حفاظت کرنے والا، سنبھالنے والا، م: **محافظ دَفتر** پرانی مسلیں یا ریکارڈ رکھنے اور مرتب کرنے والا- امث- **محافظَت** نگرانی۔

مَحافِل فت ح، کس ف- ج مث- محفل کی جمع۔

مُحافَہ ضمہ م، فت ف- امذ- پردہ دار زنانہ سواری، ڈولا [اصلاً ع: محافّہ، شد ف]۔

مَحاق فت م- امذ- چاند کا گھٹنا، چاند کا غائب ہونا، اماوس- نیز **مِحاق**، **مُحاق**۔

مُحاکات ضمہ م- امذ- روایت، بیان واقعہ، بات چیت، واقعات کی لفظی تفسیر کشی۔

مُحاکَمَہ ضمہ م، فت ک م- امذ- مسئلے یا قضیے پر حکم لگانا، فیصلہ دینا [نیز ع: نالش، فریاد]۔

مَحال فت م- ج مذ- محلّات، مشترک جائیدادیں [اصلاً ع: مَحالِل، مَحالّ]، **مَحالّت** شرکت مکانی، ایک گھر میں سکونت رکھنا۔

مُحال ضمہ م- صف-نا ممکن، نہایت دشوار۔

مَحامد فت م، کس م- ج مذ- خوبیاں، اوصاف [ع: واحد: مَحمَدَت]۔

مُحاوَرَہ ضمہ م، فت و ر- امذ- ہمکلامی، مکالمہ؛ وہ فعل مرکّب جو مخصوص معنی میں یا بلا تغیّر اُسی ترکیب کے ساتھ اہل زبان میں مستعمل ہو؛ مہارت، روانی۔

مُحِبّ ضمہ م، کس ح- صف- محبت کرنے والا، دوست- مرکب **مُحِبّ اْلوَطَنی** (مُ حِب بُل وَ طَ نی) وطن پرستی۔

مَحْبَس فت مج م، سک ح، فت ب- امذ- قید خانہ؛ صف **مَحْبُوس** مقیّد، قید میں بند۔

مَحْبُوب فت مج م، ومع- صف- جس سے محبت ہو، چہیتا، عزیز، پیارا **مَحْبُوبَہ** امث کیف مث **مَحبُوبی، مَحبُوبیت** [اصلاً، ع: شد فت ی]۔

مُحْتاج ضم مج م، سک ح- صف- حاجتمند، ضرورت مند، محروم، معذور- اسم کیف مث **مُحتاجی**۔

مُحْتاط ضم مج م، سک ح- صف- احتیاط سے کام لینے والا، چَوکنّا؛ پرہیز گار، نیک، خوش چلن؛ مبالغے سے پاک، معتدل، اعتدال پسند، م: محتاط تخمینہ، محتاط بیان۔

مُحْتَذِر ضم مج م، سک ح، فت ت، کس ذ- صف- محتاط، احتراز کرنے والا؛ نیک چلن۔

مُحْتَرِز ضم مج م، سک ح، فت ت، کس ر- صف- بچنے ، احتراز کرنے والا۔

مُحْتَرَم ضم مج م، سک ح، فت ت ر- صف- ذی عزت، لائق احترام، مث **مُحتَرَمَہ** (مُ ح تَ رَ م)۔

مُحْتَسِب ضم مج م، سک ح، فت ت، کس س- امذ- شریعت کی پابندی کرانے والا؛ احتساب، جواب طلبی کرنے والا۔

مُحْتَشِم ضم مج م، سک ح، فت ت، کس ش- صف- صاحب جاہ و جلال، عزت و حشمت رکھنے والا۔

مُحْتَکِر ضم مج م، سک ح، فت ت، کس ک- امذ- چور بازاری کرنے والا۔

مُحْتَلِم ضم مج م، سک ح، فت ت، کس ل- امذ- جسے احتلام یا بد خوابی ہو۔

مُحْتَمَل ضم مج م، سک ح، فت ت م۔ صف۔ جس کا احتمال ہو، مُمکن، متوقع۔ ج **مُحْتَمَلات** امکانات۔

مُحْتَوی ضم مج م، سک ح، فت ت۔ صف۔ گھیرے ہوئے، حاوی، محیط۔

مُحَجّر ضم مج م، فت ح، شد فت ج۔ پتّھر کی جالی۔ (وضعی لفظ)۔

مَحْجُوب فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ شرمندہ؛ پوشیدہ؛ اردب میں آیا ہوا۔ (شرع) میراث سے محروم (مثلاً باپ کے مرنے کی صورت میں پوتوں کا دادا کی جائیداد سے محروم یا محجوب ہو جانا) نیز **مَحْجُوب الْاِرْث**۔

مُحَدَّب ضمہ م، فت ح، شد فت د۔ صف۔ اُبھری ہوئی سطح رکھنے والا، آبلہ نما، مَتھیلا، مُقَعّر کی ضد (انگ: Convex)۔

مُحَدِّث ضمہ م، فت ح، شد کس د۔ امذ۔علِم حدیث کا حامل، مرتّب، مدّون۔

مَحْدُود فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ روکا یا گھرا ہوا، کم، مختصر۔ امث۔ **مَحْدُودْ شِرکَت** لمیٹڈ کمپنی، جس سے حصہ داروں کی مالی ذمہ داری محدود یا حصہ داری کے تناسب سے ہو۔

مَحْذُوف فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ حذف کیا ہوا۔ ساقط کیا ہوا، نکالا، گرایا، ہٹایا ہوا۔ (عروض) وہ رکن جس سے سبب خفیف گرا دیا جائے۔

مِحْراب کس مج م، سک ح۔ امث۔ کمان کی شکل کی تعمیر، دو ستونوں کو ملانے والی قوس۔ دیوار میں بنا ہوا طاق؛ مسجد کے صدر دالان میں قبلے کے رخ بنی ہوئی کماندار کھوہ جس کے باہر کھڑے ہو کر امام نماز پڑھاتا ہے۔ محاورہ **مِحْراب سُنانا** حافظ کا عموماً رمضان میں تراویح کے دوران میں پورا قرآن سنانا۔

مِحْراث کس مج م، سک ح۔ امذ۔ ہل جس سے کھیت جوتتے ہیں۔ صف **مَحْرُوث** ہل چلایا ہوا کھیت **حارِث** کسان، نیز شیر درندہ کا لقب۔

مُحَرِّر ضم مج م، فت ح، شد کس ر۔ امذ۔ لکھنے والا، منشی [ع، اصلاً: آزاد کرنے والا]۔ امث **مُحرِّری** (م حَر رِ ری)۔

مُحَرَّرَہ ضم مج م، فت ح، شد فت ر، فت ر۔ صف۔ لکھی ہوئی، تحریر شدہ عبارت وغیرہ۔

مُحَرَّف ضمہ مج م، فت ح، شد فت ر۔ صف۔ جس میں تحریف کی گئی ہو، جس کے مفہوم کوتبدیل کیا گیا ہو؛ ترچھے قط والے قلم سے لکھا ہوا۔ امذ۔ **مُحَرِّف** (م حَر رِف) تحریف کرنے، مفہوم کو پلٹنے والا۔

مُحْرِق ضم مج م، سک ح، کس ر۔ صف۔ جلانے، تپانے، سوختہ کرنے والا۔ **تپِ مُحْرِقَہ** (تَ پِ مُحْ رِق) میعادی بخار، ٹائیفائڈ۔

مُحَرِّک ضم مج م، فت ح، شد کس ر۔ امذ۔ تحریک کرنے والا، حرکت دینے والا، اُکسانے شہ دینے والا۔

مُحْرِم ضم مج م، سک ح، کس ر۔ صف۔ حج یا عمرے کے لیے اِحرام باندھنے والا۔

مَحْرَم فت مج م، سک ح، فت ر۔ صف۔ راز دار؛ عورت کے وہ رشتہ دار جن سے نکاح نہیں ہو سکتا؛ انگیا، شاماک، چھوٹا کپڑا۔

مُحَرَّم ضمہ م، فت ح، شد فت ر۔ امذ۔ ہجری سال کا پہلامہینہ، شہداء کربلا کی عزاداری [لفظاً: محترم، حرام قرار دیا ہوا؛ اس مہینے میں قبل اسلام جنگ ممنوع تھی]۔

مَحْرُور فت مج م، سک ح، و مع۔ صف۔ (طب) گرم مزاج والا، گرمی کا مارا؛ نیز آزاد کردہ۔

مَحْرُوسَہ فت مج ، سک ح، ومع، فت س۔ صف۔ مقبوضہ زیرنگیں، (علاقے یا سرزمین)۔

مَحْرُوم فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ جو دُور

رکھا گیا ہو؛ جسے مطلوبہ چیز حاصل نہ ہو، بے مَرام، غیر متمتّع۔ **محرُوم اْلاِرث** (مَح رُو مُل اِرَش) جسے وراثت میں حصہ نہ مل سکے۔

مَحْزُوں فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ رنجیدہ، غمگین۔

مُحْسِن ضم مج م، سک ح، کس س۔ صف۔ احسان کرنے والا۔ مرکب **مُحْسِن کُش** (ضمہ ک) جو احسان کرنے والے کے ساتھ عداوت کا سلوک کرے۔

مُحْسِنات ضم مج م، سک ح، سک س۔ ج مث۔ نیک بیبیاں، خوبصورت عورتیں؛ اچھائیاں، نیکیاں۔

مَحْسُوب فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ جو حساب میں شامل کر لیا گیا ہو، شمار میں لے لیا گیا ہو۔

مَحْسُود فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ جسکے ساتھ حسد کیا جائے۔ مرکب **مَحْسُود خلائِق** جس پر سب رشک کریں۔

مَحْسُوس فت مج م، کس ح، ومع۔ صف۔ جسے حواس کے ذریعے جانا جا سکے، کوئی بات جس کا بہت اثر قبول کیا جائے۔

مَحْشَر فت مج م، سک ح، فت ش۔ امذ۔ وہ میدان جہاں قیامت برپا ہوگی، قیامت کا دن؛ شدید ہنگامہ۔ [اصلاً ع: اجتماع کی جگہ]۔

مُحَشّی ضم مج م، فت ح، شد ش، بمد، ی غم۔ صف۔ جس میں حاشیہ شامل ہو، وہ کتاب جس کے حاشیے پر تشریحات درج ہوں۔

مُحَصِّل ضم مج م، فت ح، شد کس ص۔ امذ۔ محصول، ٹیکس وغیرہ وصول کرنے والا۔

مُحْصَنَہ ضم مج م، سک ح، فت ص ن۔ امث۔ شوہر والی عورت، نیک چلن بی بی۔ ج **مُحْصَنات**۔ نیز قلعَہ بَنْد، محفوظ، مامون (خاتون)۔

مَحْصُور فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ قلعہ بند، گھرا ہوا، جس کا محاصرہ کیا گیا ہو۔

مَحصُول فت مج م، سک ح، ومع۔ امذ۔ ٹیکس، کر؛ مالگزاری، لگان؛ حمل و نقل کا کرایہ۔

مَحْض فت مج م، سک ح۔ صف۔ صِرف، خالی، نِرا، فقط، بالکل۔

مَحْضَر فت مج م، سک ح، فت ض۔ امذ۔ دستخط شدہ دستاویز، حکم یا درخواست [ع: نیز: حاضری، دستاویزات کا ریکارڈ، رپورٹ]۔

مَحْظُوظ فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ حظ اٹھانے والا، مسرور، دل شاد۔

مَحْفِل فت مج م، سک ح، کس ف۔ امث۔ صحبت، اجتماع، جلسہ۔

مَحْفُوظ فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ جسے حفاظت ملی ہو، جو امن و امان میں ہو، جسے ضرر گزند نہ پہنچے، جو صحیح سلامت ہو۔

مُحَقَّر ضمہ م، فت ح، شد فت ق۔ صف۔ ادنیٰ، معمولی۔

مُحَقَّق ضم مج م، فت ح، شد فت ق۔ صف۔ جسے تحقیق کر لیا گیا ہو، جو ثابت ہو چکا ہو۔

مُحَقِّق ضم مج م، فت ح، شد کس ق۔ صف۔ تحقیق کرنے والا، عالم متبحّر، علمی مسائل میں کاوش کرنے والا۔

مِحَک کسمج م، فت ح۔ امذ۔ کسوٹی، عیار۔

مُحْکَم ضمہ مج م، سک ح، فت ک۔ صف۔ مضبوط، واثق، قائم۔ امث **مُحْکَمی** مضبوطی، پائیداری۔

مُحْکَمات ضم مج م، سک ح، فت ک۔ ج مث۔ وہ آیات قرآنی جن کے معنی واضح اور روشن ہوں۔ جن میں تاویل کی گنجائش نہیں ہو سکتی۔

مَحْکَمَہ فت مج م، سک ح، فت ک م۔ امذ۔ حکومت یا کسی ادارے کا کوئی شعبہ، صیغہ، سررشتہ۔

مَحْکُوم فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ ماتحت،

تابع، پابند، رعیت۔

مَحَلّ فت م ح۔ امذ۔ مقام، ٹھکانا، موقع؛ حرم، بیگمات کے رہنے کی جگہ، رنواس؛ بیوی، بیگم؛ قلعہ، قصر، ایوان شاہی یا ایوان امارت۔ مرکب **مَحَلّ شاہی** ج **مَحَلّات**۔ نیز **مَحَل**۔

مُحَلِّل ضم مج م، فت ح، شد کس ل۔ صف۔ جو بدن یا اخلاط کو تحلیل کرے (غذا، دوا وغیرہ)۔

مَحْلُول فت مج م، سک ح، و مع۔ صف۔ امذ۔ گھولا، حل کیا ہوا؛ حل شدہ گھلی ہوئی شے۔ گھولوا۔

مَحَلّہ فت م ح، شد فت ل۔ امذ۔ بستی، گھروں کا مجموعہ۔ مرکب امث **مَحَلّہ داری** ہمسایوں کا باہمی سلوک، ربط ضبط، ایکا، ایک دوسرے کے احوال سے باخبر رہنا۔

مَحْمَدَت فت مج م، سک ح، فت م د۔ امث۔ تعریف و توصیف، ثناخوانی، ج **مَحامِد**۔

مَحْمِل فت مج م، سک ح، کس م۔ امث۔ اونٹ پر کسی جانے والی کاٹھی، چھتری دار کجاوہ جسے رِحل بھی کہتے ہیں۔

مَحْمُود فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ جس کی سب تعریف کریں؛ عمدہ، پسندیدہ۔ مث نیز جمع۔ **مَحمُودَہ** (مَحْ مُو دَ) م: **خَصائِل مَحْمُودَہ** (فت خ، کس ء، کس ل) پسندیدہ، لائقِ تعریف خصوصیات۔

مَحْمُودی فت مج م، سک ح، ومع۔ امث۔ ریشم اور سُوت ملا یکرنگ سادہ کپڑا جسے خاصا بھی کہتے ہیں۔ بافتہ یا بافتا کی بہتر قسم۔

مَحْمُول فت مج م، سک ح، ومع۔ صف۔ مَبنی، منحصر؛ مانا قیاس کیا ہوا [لفظاً ع: لادا ہوا]۔ (منطق) جملۂ خبریہ کا وہ جزو جو خبر کی تعریف میں آئے (بمقابل مبتدا)۔

مِحَن کسمج م، فت ح۔ ج مذ۔ محنت کی جمع، صعوبتیں۔ واحد **مِحْنَت** (سک ح، فت ن) تکان، مشقّت، مزدوری، مرکب عطفی **مِحْنَت شاقّہ** (کسمج ت، شد فت ق) سخت محنت۔

مِحْن کسمج م، سک ح۔ امذ۔ آزمائش، جانچ۔

مِحْنَتی کس مج م، سک ح، فت ن۔ صف۔ محنت کرنے والا؛ زحمت کش۔ عام: **مِحْنْتی** (بروزن دوستی)۔

مَحْو فت مج م، سک ح و۔ صف مِٹایا، مِٹایا ہوا، زائل، معدوم؛ فریفتہ۔

مِحْوَر کس مج م، سک ح، فت و۔ امذ۔ دُھرا جس پر چاک یا چرخی گھومتی ہے؛ مرکزی نقطہ یا شے، عام **مَحْوَر**۔

مُحَوَّلہ ضم مج م، فت ح، شد فت و، فت ل۔ صف۔ سونپا، حوالے، سپرد کیا ہوا؛ جس کا حوالہ دیا گیا م: **مُحَوَّلۂ بالا** (کس مج ہ) جس کا اوپر حوالہ دیا یا ذکر کیا گیا ہو۔ **مُحَوَّلۂ ذَیل** (ے لین) جس کا نیچے حوالہ دیا گیا ہے۔

مَحْوِیَّت فت مج م، سک ح، کس و، شد فت ی۔ امث۔ استغراق، سوچ میں ڈوبا ہوا، کھویا ہونا۔

مُحْیِی ضمہ م، کس ح، شد ی۔صف۔ جِلانے والا، زندہ کرنے والا؛ اسمائے الٰہی میں شامل۔ تراکیب میں ی مشدّد۔ م: **مُحِیِّ الدِّین** دین کو نئی زندگی دلانے والا، دین کا احیا کرنے والا۔ **محیِّ و مُمِیت** جلانے اور مارنے کی قدرت رکھنے والا۔

مُحَیِّر ضمہ م، فت ح، شد کس ی۔ صف۔ حیران کرنے والا، اچنبھا پیدا کرنے والا م: **مُحَیِّر الْعُقُول** لوگوں کی عقلوں کو حیرت میں ڈالنے والا، نہایت عجیب۔

مُحِیط ضمہ م، ی مع۔ صف۔ گھیرے ہوئے، احاطہ کیے ہوئے؛ امذ: دائرے کا دور، خطِ منحنی جس کے سرے

آپس میں ملے ہوں۔

مُخابَرہ ضمہ م، فت ب ر۔ امذ۔ خبروں کا باہمی تبادلہ۔

مُخاصِم ضمہ م، کس ص۔ ج مذ۔ فریق مخالف، دشمنی رکھنے والا۔ م ف **مُخاصِمانَہ** امث۔

مُخاصَمَت تنازع، باہمی عداوت۔ اکیف مث **خُصُومت** عداوت۔

مُخاطَب ضمہ م، فت ط۔ صف۔ جس سے خطاب یا کلام کیا جائے۔

مُخاطِب ضمہ م، کس ط۔ صف۔ خطاب کرنے والا، بات کرنے والا۔ امث **مُخاطَبَت** (فت ط ب) خطاب، کلام، باہمی گفتگو۔

مُخالِف ضمہ م، کس ل۔ صف۔ ناموافق، برخلاف؛ برعکس، الٹا۔ امث۔ **مُخالِفَت** (کسمج ل) [اصلاً ع: **مُخالَفہ** فت ل]۔

مُخْبِر ضمہ م، سک خ، کس ب۔صف۔ خبر دینے والا، جاسوس، **مُخْبِرِ صادِق** (کسمج د، کس د) سچا پیغمبر مراد: حضرت محمدؐ۔ **مُخبِری** (کس ب) جاسوسی۔

مَخبُوط فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ بھٹکا ہوا، گم کیا ہوا، سراسیمہ؛ مرکب **مَخبوطُ الْحَواس** (مَخ بُو ٹُل ہَواس) دیوانہ، ازخود رفتہ۔

مُخْتار ضمہ م، سک خ۔ صف۔ جسے اختیار دیا گیا ہو۔ وکیل، نمائندہ۔ امث۔ **مُختاری** ذمہ داری، اختیار۔

مُخْتَتِم ضمہ م، سک خ، فت ت، کس ت۔ صف۔ تمام کرنے والا۔ صف **مُخْتَتَم** (ضمہ م، سک خ، فت ت، فت ت) ختم کیا ہو، م: جو ختم ہو چکا۔ مث/ ج **مُخْتَتَمَہ**۔

مُخْتَرِع ضمہ م، سک خ، فت ت، کسمج ر۔ امذ۔ ایجاد، اِختراع، ابداع کرنے والا۔

مُخْتَص ضمہ م، سک خ، فت ت۔ صف۔ جسے خصوصیت دی گئی، اختصاص دیا گیا، خُصوصی، مخصُوص۔

مُختَصَر ضمہ م، سک خ، فت ت ص۔ صف۔ تھوڑا، کم، خلاصہ، طوالت کے بغیر۔

مُختَفی ضمہ م، سک خ، فت ت۔ صف۔ پوشیدہ، خفیہ، چھپا ہوا۔

مُختَل ضمہ م، سک خ، فت ت۔ صف۔ پُرخَلل، نادرست۔

مُختَلِط ضمہ م، سک خ، فت ت، کس ل۔ صف۔ ملنے، اختلاط کرنے والا، ملا جلا، گڈ مڈ، غیر واضح۔

مُختَلِف ضمہ م، سک خ، فت ت، کس ل۔ صف۔ جُدا، علاحدہ، الگ؛ مُتنوّع، کئی طرح کا یا کئی طرح کے۔

مُختَلَف فِیہ ضمہ م، سک خ، فت ت ل، ی مع، ہ ساکن ملفوظ۔ صف۔جس کے بارے میں اختلاف رائے ہو۔

مَختُوم فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ مہر شُدہ، مُصَدّقہ، سربند، مُہر بند۔

مَختُون فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ ختنہ شُدہ۔

مُخَدَّر ضمہ م، فت خ، شد فت ر۔ صف۔ بے حس کیا ہوا، پردے میں بٹھایا ہوا، ج مث۔ **مُخدّرات**۔ پردہ نشین بیگمات، حرم کی بیبیاں۔

مُخَدِّر ضمہ م، فت خ، شد کس د۔ صف۔ جو بے ہوش کر دے، بے حس بنا دے (دوا وغیرہ)۔

مَخدُوش فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ خطرناک، جس میں ضرر کا اندیشہ ہو [وضعی لفظ، ع: خَدَش چیر پھاڑ، شکست و ریخت]۔

مَخدُوم فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ جس کی خدمت کی جائے، جس کی خدمت واجب ہو، آقا، مولا، مث

مُخْدُومہ (م)۔ ذی عزت خاتون **مخدومی** میرے مخدوم۔

مُخَرّب فت م، سک خ، شد کس ر۔ صف۔ خراب کرنے بگاڑنے والا **مُخَرَّب** (شد فت ر) بگڑا، خراب۔

مَخرُوط فت م، سک خ، ومع۔ صفت۔ لفظاً: جو خرادیا یا خراط پر چڑھایا گیا ہو، چھیلا چھانٹا؛ گاؤ دُم، وہ شکل یا جسم جو نیچے سے چوڑا اوپر سے پتلا ہو، اہرام کا ہمشکل۔ نیز **مَخرُوطی**۔

مَخْزَن فت م، سک خ، فت د۔ امذ۔ خزانہ، ذخیرہ، بارود خانہ [انگ: میگزین اسی سے مشتق ہے]۔

مَخزُونہ فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ ذخیرے میں داخل کیا ہوا۔

مَخصُوص فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ خاص کردہ، امتیازی، یکتا، جداگانہ، نہ کہ عُمومی۔

مُخَضّر ضمہ م، فت خ، شد فت ض۔ صف۔ سر سبز، ہرا بھرا۔

مُخَضرِم ضمہ م، فت خ، سک ض، فت ر۔ امذ۔ وہ شخص جس نے کئی دور دیکھے ہوں، خصوصاً آنحضرت صلعم کے ہمعصر جنھوں نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانے دیکھے۔ (۲) نطفہ نا تحقیق جس کے باپ کا پتہ نہ ہو۔

مُخَطّط ضمہ م، فت خ، شد فت ط۔ صف۔ جس پر خط کھینچے ہوں، دھاری دار؛ سبزہ آغاز چہرہ۔

مُخَفّف ضمہ م، فت خ، شد فت ف۔ صف۔ جس میں اختصار کیا گیا ہو؛ مختصر کردہ؛ وہ لفظ جس کی تشدید ہٹا دی جائے۔

مَخْفی فت م، سک خ۔ صف۔ پوشیدہ، چھپا ہوا۔

مُخِل ضمہ م، کس خ۔ صف۔ خلل ڈالنے والا، رخنہ انداز م: **مُخِلِّ اَوقات**۔

مُخَلّا ضمہ م، فت خ، شد ل۔ صف۔ خالی کیا ہوا، کھوکھلا، نیز **مُخَلّیٰ** (رک)۔

مُخَلْخَل ضمہ م، فت خ، سک ل، فت خ۔ صف۔ خلخال پہنے ہوئے، ٹخنہ۔

مُخَلّد ضمہ م، فت خ، شد فت ل۔ صف۔ دائمی، جاویداں، وہ شخص جو بڑھاپے میں بھی تنومند ہو۔

مُخْلِص ضمہ م، سک خ، سک ل۔ صف۔ صاف دل، خلوص رکھنے والا، باوفا، سچّا دوست۔

مُخْلَصی ضمہ م، سک خ، کس ل۔ امث۔ رہائی، چھٹکارا؛ خلوص، دوستی۔

مُخَلّع ضمہ م، فت خ، شد فت ل۔ صف۔ جسے خلعت دیا گیا ہو۔

مَخْلُوط فت م، سک خ، ومع۔صف۔ ملا جُلا، غیر خالص۔

مَخلُوق فت م، سک خ، ومع۔ صف، امذ۔ پیدا کیاہوا؛ حادث، قدیم کی ضد؛ خَلقت، لوگ ج **مَخلُوقات** کُل کائنات۔

مُخَلّیٰ ضمہ م، فت خ، شد ل، بمد ی غم۔ صف۔ خالی، صاف کیا ہوا۔ مرکب **مُخَلّیٰ بِالطّبْع**۔ (مُ خَل لا بِت تَبْع) بے تکلّف، آزاد، کُھلی طبیعت کا، بے جھجک۔ نیز **مُخَلّد**۔

مُخَمّس ضمہ م، فت خ، شد فت م۔ پانچ ضلعوں والی اقلیدسی شکل، پچ کونی چیز۔ (عروض) نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کے بند ہوں۔

مُخَمّسہ ضمہ م، فت خ، شد فت م، فت س۔ ماں بہن اور دادا کی ارث کی بابت ایک شرعی مسئلے کا مخصوص نام، جس پر پانچ صحابہ کے درمیان اختلاف تھا (یعنی حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، ابن مسعودؓ، زیدؓ اور ابن عباسؓ)۔

مَخْمَصَہ فت م، سک خ، فت م ص۔ امذ۔ جھمیلا، الجھن، پیچیدہ معاملہ [اصلاً: شدّت کی بھوک، پیٹ میں بھوک سے پیدا ہونے والی بے چینی]۔

مَخْمَل فت م، سک خ، فت م۔ امث۔ سُوتی زمین پر

ریشم کے گٹھے ہوئے ریشوں کی سطح قائم کر کے بنایا ہوا کپڑا جس پر ہاتھ پھیرنے سے ترشے ہوئے ریشوں کا مخصوص لمس محسوس ہوتا ہے۔ [ع: مُخمَل]۔ **مَخْمَل دوِ خَوّابَہ** (مَخْ مَ لْ دُخابَ) جس کی دونوں سطحیں یکساں ہوں۔ صف۔ **مخملی**، **مَخْمَلیں** مخمل جیسا نرم و نفیس۔

مَخْمُور فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ نشے میں، خمار آلودہ؛ نشیلا/ نشیلی؛ نشے کی آثار میں مبتلا۔

مُخَنَّث ضمہ م، فت خ، شد فت ن۔ امذ۔ نامرد، رجُولیت سے محروم، زنخا۔

مَخْنُوق فت م، سک خ، ومع۔ صف۔ جس کا گلا گھونٹا گیا ہو۔

مُخَوَّف ضمہ م، فت خ، شد فت و۔ صف۔ ڈرا ہوا، خوف زدہ۔

مُخَیِّر ضمہ م، فت خ، شد کس ی۔ صف۔ بھلا کرنے والا؛ فیّاض، سخی۔

مَدّ (۱) فت م۔ امذ۔ حرف الف پر دوہری حرکت کا نشان، دوہرے الف کی علامت (آ)۔ نیز **مَدّہ** صف **مَمْدُودَہ** (مَمْ دُودَ)۔ [ع: کھینچنا، طول دینا]۔

مَدّ (۲) فت م۔ امذ۔ کھینچنا، کشش، پانی کا چڑھاؤ، جُوار؛ عنوان، حساب کی شق (آئٹم)۔م: مدّ فاضل؛ الف مدّہ کی مخصوص علامت (آ)؛ فریق م: **مَدِّ مُقابل** (شد کس مج د) حریف۔ صف۔ م فد سامنے، مقابل میں م: **مدِّ نَظَر** نظر کے سامنے، نظر کی پہنچ تک، مراد؛ مقصود منشا؛ لکیر، خط م: مدِّ سُرمہ۔

مَد (۳) فت م۔ امذ۔ سرور، نشہ، سرخوشی؛ ہاتھیوں کے کانوں سےرسنے والی مستی؛ اُمنگ ولولہ۔ مرکب **مَدْ بھرا/ بھری** نشیلا، نشیلی۔

مَدّ فت م، شد فت د۔ کلمہ دعائیہ = دراز ہوا مراد: دراز ہو جائے م: **مَدَّ ظِلُّکُم** تمھارا سایہ دراز ہو۔ بزرگوں کو مخاطب کرنے کے ساتھ لکھے جانے والے الفاظ نیز **ظِلُّہٗ** (زِلْ لُ ہُو) اُس کا سایہ **ظِلُّہَا** اُس خاتون کا سایہ **ظِلُّہُم** اُن کا سایہ، **ظلُّھُما** اُن دونوں کا سایہ، دراز ہو!

مَدّاح فت م، شد فت د۔ صف۔ تعریف کرنے والا، ثنا خواں، امث۔ **مدّاحی** تعریف و توصیف۔

مَداخِل فت م، کس خ۔ ج مذ۔ مختلف مدوں کی آمدنی جو خزانے میں جمع کی جائے؛ (انگ: ریونیو)۔

مُداخَلَت ضمہ م، فت خ ل۔ امث۔ دخل اندازی۔

مداد کس م۔ امث۔ روشنائی، لکھنے کی سیاہی۔

مَدار فت م۔ امذ۔ ماہ جمادی الاولیٰ کا عوامی نام۔

مَدارُالْمَہام فت م، ضمہ ر، ا غم۔ سک ل، فت م۔ امذ۔ وزیر اعظم کے عہدے کا نام [ع: مدار + ال + مہام، مَہَمّ کی جمع = اہم اُمور]۔

مُدارا ضمہ م۔ امذ۔ **خاطر تواضع، دلداری، ج: بطور واحد، امث۔** **مُدارات** **خاطر داری۔ [اصلاً، ع: انکسار، عاجزی]۔**

مَدارِج فت م، کس ر۔ ج مذ۔ درجے، منزلیں، مراتب۔

مَدارِس فت م۔ کس ر۔ ج مذ۔ مدرسے، مکاتب۔

مَداری فت م۔ امذ۔ بازی گر، شعبدہ باز۔

مُدافَعَت ضمہ م، فت ف۔ امث۔ رکاوٹ، روک، مزاحمت۔

مُدام ضمہ م۔ م ف۔ سدا، ہمیشہ دائم، صف۔ **مُدامی** نیز **دائِم**۔

مُداوا ضمہ م۔ امذ۔ علاج، درماں، چارہ جوئی [اصلاً ع: مُداوات]۔

مُداہَنَت ضمہ م، فت ہ ن۔ امث۔ خوشامد، چاپلوسی، بے وقوف بنانا، مسکا لگانا [ع: دُھْن = روغن]۔

مُدَبَّر ضمہ م، فت د، شد کس ب۔صف۔ صاحب تدبیر، زیرک۔

مُدّت ضمہ م، شد فت د۔ امث۔ وقت، عرصہ، وقفہ، عرصۂ طویل؛ میعاد۔ مرکب اضا **مُدّت اَلْعُمْر** (مُدْ دَ تُلْ عُمْر) تمام عمر۔ م ف: تازیست، عمر بھر، **مُدّتِ مَدِید** (فت م، ی مع) عرصۂ دراز۔

مُدّثِر ضمہ م، شد فت د، شد کس ث۔ صف۔ چادر لپیٹے ہوئے [قرآن شریف میں رسول اللہ سے خطاب: یا ایّھا المُدّثّر]۔

مَدْخُول فت م، سک د، و مع۔ صف۔ داخل کیا ہوا، درج کیا ہوا؛ شامل کیا ہوا۔مث **مَدْخُولَہ** (مد خولَ) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو، داشتہ۔

مُدَخِّن ضمہ م، فت د، شد کس خ۔ امذ۔ دھونی دینے والا، تدخین کرنے والا۔

مَدَدْ فت م د۔ امث۔ اعانت، سہارا، پشت پناہی، ساتھ دینا؛ راج مزدوروں کی ٹولی۔ محاورہ **مَدَد لگانا**، راج مزدوروں کو تعمیرکے کام پر مقرر کرنا۔ مراضا **مَدَدِ مَعَاش** گزارے کے لیے وظیفہ یا آمدنی کا ذریعہ۔

مُدِرّ ضمہ م، کس د۔ صف۔ جاری کرنے والا۔ مرکب: **مُدِرّ/ مُدِرّاتِ بَول** (کسمج ت، ولین) پیشاب جاری کرنے والی دوا یا دوائیں؛ **مُدِرّ/ مُدِرّاتِ حَیض** (ے لین) ماہواری خون جاری کرنے والی؛ **مُدِرّاتِ لَبَن** (فت ل ب) چھاتیوں میں دودھ کی افزائش کرنے والی غذائیں یا دوائیں۔

مَدْرا فت م، سک د۔ امث شراب، نشہ [س: مَدرا]۔

مُدْرا ضمہ م، سک د۔ امث۔ مہر، چھاپ، انگوٹھی؛ کانوں کا بالا جو سادھو جوگی پہنتے ہیں۔

مُدَرِّس ضمہ م، فت د، شد کس ر۔ امذ۔پڑھانے والا، درس دینے والا، معلّم۔ امث: **مُدَرِّسی** معلّمی۔

مَدْرِسَہ فت م، سک د، کسمج ر، فت س۔ امذ۔ مکتب۔

مُدْرِک ضمہ م، سک د، کس ر۔ صف۔ اِدراک کرنے، سمجھنے والا، ذکی، فہیم۔ مرکب **قُوّتِ مُدْرِکَہ** (کسمج ت، فت ک) ذہانت۔

مُدّعا ضمہ م، شد فت د۔ امذ۔ مقصد، مطلب، مراد؛ عرضی، دعویٰ، استغاثہ، مروصفی **مُدّعا عَلَیْہ** (فت ع، ے لین، سک ہ) جس کے خلاف دعویٰ دائر کیا جائے؛ مث **عَلَیہا**۔ امذ۔ **مُدّعی** دعویٰ دائر کرنے والا، مستغیث؛ مث **مُدّعیہ**۔

مَدْعُو فت م، سک د، ومع۔ صف۔ جسے دعوت دی جائے۔

مُدْغَم ضمہ م، سک د، فت غ۔ صف۔ رَلایا ملایا، سمویا، آمیختہ، یکجان کیا ہوا۔

مَدْفَن فت م، سک د، فت ف۔ امذ۔ وہ زمین جہاں مردے کو دفن کیا جائے، زیر زمین گاڑنے کی جگہ۔

مُدَقِّق ضمہ م، فت د، شد کس ق۔ صف۔ گہرا سوچ بچار کرنے والا، باریک بیں، نکتہ رس۔

مَدْقُوق فت م، سک د، ومع۔ صف۔ دق، سل کا مریض۔

مَدَک فت م د۔ امث۔ افیون سے تیارکردہ ایک نشہ آور مادّہ جسے تمباکو کی طرح چلم پر رکھ کر پیتے ہیں۔

مُدَلَّل ضمہ م، فت د، شد فت ل۔ صف۔ دلیل پر مبنی، ثابت کیا ہوا۔

مَدْلُول فت م، سک د، ومع۔ امذ۔ مفہوم، معنی۔

مُدَمِّغ ضمہ م، فت د، شد کس م۔ صف۔ مغرور، متکبّر، دماغ دار [ع: دماغ سے اردو کا وضعی لفظ]۔

مَدَن فت م د۔ امذ۔ پریم، پیار؛ خواہش؛ مَینا (پرندہ)؛ موم؛ کام شاستر میں جنسی ملاپ کا ایک آسن؛ مولسری کا پھول۔

مُدُن ضمہ م د۔ ج مذ۔ مدینہ بمعنی شہر کی جمع؛ نیز **مَدائِن**۔امث۔ **سِیاسَتِ مُدُن** (سِ یا س تِ م دُن) علم معیشت کا ایک نام، اَرتھ وِدّیا۔

مَدَنِیّت فت م د، کس ن، شد فت ی۔ امث۔ مہذّب طرز زندگی، شہری بُود و باش۔

مَدَوّر ضمہ م، فت د، شد فت و۔ صف۔ گول، دائرے کی شکل کا۔

مُدَوّن ضمہ م، فت د، شد فت و۔ صف۔ مرتّب کیا ہوا۔ امذ۔ مُدَوِّن ترتیب دینے والا، مرتّب۔

مَدّہ فت م۔ امذ۔ حرفِ الف (ا) پر دوہری آواز کا نشان، دوہرے الف کی علامت (آ) نیز مَد۔ صف: مَمْدُودَہ جس پر مد ہو۔

مَدْہوش فت م، سک د، ومج۔ صف۔ بے خبر، غافل، مخمور۔ امث۔ مَدْہوشی بے ہوشی، غفلت۔

مَدِیح فت م، ی مع۔ امث۔ تعریف، توصیف، مدح؛ مَدِیحَہ قصیدہ، منظوم ثناخوانی۔ ج مَدائِح (کسمج ۶)۔

مَدِید فت م، ی مع۔ صف۔ طویل، دراز۔ ایک عروضی بحر، فاعلاتُن، فاعلُن پر مبنی۔

مُدِیر ضمہ م، ی مع۔ امذ۔ کسی ادارے کا نگران کار؛ کسی صحیفے یا اخبار کا مرتّب، ایڈیٹر۔ امث مُدِیرَہ (مُ دی رَ)۔

مَدِیرا فت م، ی مع۔ امث۔ ایک قسم کی شراب (وائن) جو جزیرۂ مَدِیرا سے منسوب ہے (بحر اوقیانوس میں مراقش کے ساحل کے قریب واقع) (پرتگالی: Medeira)۔

مَدِینَہ فت م، ی مع، فت ن۔ امذ۔ شہر بلدہ، مَدِینَۃُ اْلعِلم (مَ دی نَ تُل عِلْم) علم کا شہر، آنحضرت صلعم کا لقب۔ مَدِینَۃُ اْلنَّبی (مَ دی نَ تُن نَ بی) حجاز کا شہر جہاں آنحضرت صلعم کا مزار واقع ہے، یثرب، مدینہ۔

مَدْیُون فت م، سک د، ومع۔ صف۔ قرضدار، دین دار، مقرُوض۔

مَدْہ فت م، سک دھ۔ امذ۔ شہد، عَسَل؛ شراب، امرت، بسنت کی رُت [س: مَدْہ]۔

مَدْھر فت م، ضمہ دھ۔ صف۔ میٹھا، شیریں، خوش آئند، لُبھانے والا۔

مَدّھم فت م، شد فت دھ۔ صف۔ آہستہ، دھیما؛ کم ضَو، بجھا بُجھا؛ بے آب؛ سپتک کا چوتھا سُر (ما)۔

مَدْھوکَر فت م، و مع، فت ک۔ امذ۔ بھونرا۔

مُڈْبھیڑ ضمہ م، سک ڈ، ے مج۔ امث۔ اچانک ملاقات؛ آمنا سامنا؛ مقابلہ، ٹکّر۔

مُڈّی ضمہ م، شد ڈ۔ امث۔ کٹے ہوئے درخت کے تنے کا ٹکڑا جس پر قصائی گوشت کُوٹتا ہے۔

مَذاق فت م۔ امذ۔ چکھنے کی قوت، حاسۂ ذائقہ؛ پرکھنے کی صلاحیت؛ طبعی مَیلان؛ تمسخر، ہنسی دل لگی۔

مُذاکَرَہ ضمہ م، فت ک ر۔ امذ۔ باہمی گفتگو، کسی خاص موضوع پر مختلف لوگوں کا اظہار خیال۔ ج مُذاکَرات گفت و شنید کا سلسلہ۔

مَذاہِب فت م، کس ہ۔ ج مذ۔ مذہب کی جمع، عقائد، مکاتب؛ دینی یا فکری حلقے۔

مُذَبْذَب ضمہ م، فت ذ، سک ب، فت ذ۔ صف۔ تذبذُب تامّل، سوچ بچار میں مبتلا، جھجکنے والا۔

مَذْبُوح فت م، سک ذ، ومع۔ صف۔ ذبح کیا ہوا، کُشتہ۔

مُذَکَّر ضمہ م، فت ذ، شد فت ک۔ صف۔ مردانہ جنس رکھنے والا۔ (قواعد) وہ اسم جس کے ساتھ مردانہ افعال و صفات آئیں۔

مَذْکُور فت م، سک ذ، ومع۔ امذ۔ موضوع، گفتگو تذکرہ، بیان؛ روایت۔ بطور صف: ذکر کردہ۔ مرکب: مَذکُورۂ بالا جس کا اوپر ذکر ہوا؛ مَذکُورَۂ ذیل جس کا نیچے ذکر آ رہا ہے۔ نیز مُتَذَکِّرَہ (شد فت ک) ذکر کردہ۔

مُذِلّ ضمہ م، کس ذ۔ صف۔ ذلّت دینے والا، صاحب

قدرت، اسمائے الٰہی میں شامل۔
مَذَلّت فت م ذ، شد فت ل۔ امث۔ دبنا، پست ہونا، حقیر ہونا، رُسوائی، تذلیل کا شکار ہونا۔
مَذَمّت فت م ذ، شدفت م۔ امث۔ بُرائی، بُرا بھلا کہنا، لتاڑنا۔
مَذْمُوم فت م، سک ذ، ومع۔ صف۔ برا قابلِ مذمت، قبیح۔
مُذْنِب ضمہ م، سک ذ، کس ن۔ صف۔ عاصی، گناہگار۔
مَذْہَب فت م، سک ذ، فت ہ۔ امذ۔ ایمان، عقیدہ، دین، دھرم؛ اُسوہ، طریقہ؛ نظریہ؛ ملّت، مشرب۔ امث **مَذہبیّت** دینی امور سے لگاؤ۔
مُذَہَّب ضمہ م، فت ذ، شد فت ہ۔ صف۔ سنہری، جس پر سونے کا کام ہو، مُطلّا۔
مَذی فت م۔ امث۔ وہ رطوبت جو شہوت کی حالت میں اِنزال سے پہلے عضو تناسل سے خارج ہوتی ہے۔
مُذِیب ضمہ م، ی مع۔ صف۔ گلانے، پگھلانے، گھلانے والا۔
مُر (۱) ضمہ م۔ امذ۔ ایک تلخ، سیاہ، خوشبودار نباتی گوند جسے بخُور یا دھونی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (سب انگ: Myrrh)۔
مُرّ (۲) ضمہ م۔ صف۔ کڑوا، تلخ، مثل **اَلْحقُّ مُرٌّ** (اَلْ حَقْ مُرْ رُن) سچ کڑوا ہوتا ہے۔
مَرا (۱) فت م۔ضمیر۔ مجھکو [ف: ما + را کا مخفف] م: **مَراچہ (کار)** مجھے کیا مطلب۔
مَرا (۲) فت م۔ صف مردہ، فوت شُدہ، مرکب **مَراجِیا** کوئی عزیز قریب۔
مِرا کس م۔ ضمیر۔ **میرا** کی تخفیف جو اشعار میں جائز رکھی جاتی ہے۔
مِرآت کس م، سک ر، فت ء۔ امذ۔ نیز: **مرآت** ج **مَرایا**۔

مَراتِب فت م، کس ت۔ ج مذ۔ مرتبے، مدارج، مناصب۔ واحد؛ **رُتْبَہ، مَرتَبَہ**۔
مَراثِی فت م۔ ج مذ۔ مرثیے۔ رک: **مَرثِیَہ**۔
مُراجَعَت ضمہ م، فت ج ع۔ امث۔ رجوع کرنا، واپس کرنا، اعادہ کرنا۔
مُراجَعَہ ضمہ م، فت ج ع۔ ریفرنڈم، کسی مسئلے پر عوام سے رجوع کرنا، رائے شماری۔ (علم بدیع) شعر میں سوال جواب لانا۔
مَراحِل فت م، کس ح۔جمذ۔ مرحلے، مدارج، منازل، پڑاؤ اور کوچ کے مقامات۔
مَراحِم فت م، سک ح۔ ج مذ۔ مرحمتیں، مہربانیاں، عنایات۔
مُراخْتَہ ضمہ م، سک خ، فت ت۔ امذ۔ (قدیم) ریختہ گویوں کا مشاعرہ۔
مُراد ضمہ م۔ امث۔ مدعا، مقصد؛ مفہوم، معنی۔
مُرادِف ضمہ م، کس د۔ صف۔ ہم معنی کلمہ، کسی لفظ کا بدل۔ نیز **مُتَرادِف** ایک معنی میں، ایک ہی معنی رکھنے والے، م: باہم مُترادف (الفاظ)۔
مُرار ضمہ م۔ امث۔ کنَول کی جڑ۔
مُراری ضمہ م۔ صف۔ شری کرشن کا لقب [س: گھیرنے والا، محیط]۔
مُراسَلَت ضمہ م، فت س ل۔ امث۔ باہمی خط و کتابت، مکاتَبَت۔
مُراسَلَہ ضمہ م، فت س ل۔ امذ۔ خط، مکتوب؛ عام: مُراسِلَہ۔
مَراسِم فت م، کس س۔ ج مذ۔ تعلقات، ربط ضبط، ملنا جلنا؛ رسمی امور؛ ریتیں رسمیں؛ ضوابط، قواعد۔
مُراعات ضمہ م۔ امث۔ لحاظ، مروّت ؛ آداب کی پابندی، حفظ مراتب؛ رعایت، مناسبت (معاشیات) استحقاقات۔ (انگ: Privileges) **مُراعات اَلنَّظِیر** (مُ را عا تُنْ نَ زِیْر) ضلع جگت، رعایت لفظی، کسی

عبارت یا شعر میں ایسے الفاظ کی یکجائی جو آپس میں اتفاقی ربط رکھتے ہوں۔

مُرافَعَہ ضمہ م، فت ف ع۔ امذ۔ اپیل، کسی فیصلے کے خلاف بڑی عدالت سے رجوع۔

مَراق کس م۔ امذ۔ پیٹ کی جھلّی جس میں قدیم طب کی رو سے سوداوی مادّہ بھرا ہوتا ہے؛ کنایتہً: مالیخولیا، صف مذ مث۔ **مَراقی** ذہنی مریض (اصلاً: مالی خولیائے مراقی کا اختصار)۔

مُراقَبَہ ضمہ م، فت ق ب۔ امذ۔ گہری سوچ، آنکھیں بند کر کے کسی چیز سے لو لگانا؛ کسی امر کے ہر پہلو پر نظر ڈالنا۔ صف **مُراقِب** مراقبہ کرنے والا۔ [اصلاً ع: نگرانی، چوکسی، نگہداشت]۔

مَرام فت م۔ امذ۔ مقصدِ دلی، مراد، مدعا۔

مِرْآت کس م، مد ا۔ (بروزنِ اقرار) ج مذ۔ آئینہ ج **مرایا**، نیز عام **مِرْآة**۔

مُرَبّا ضمہ م، فت ر، شد ب۔ امذ۔ابال کر شیرے میں محفوظ کیے ہوئے پھل یا ترکاری۔ نیز **مُرَبّہ** [ع: مربّیٰ (کس م) مِربّیٰ (م رَبْ بَیٰ)]۔

مُرَبَّع ضمہ م، فت ر، شد فت ب۔ امذ۔ چوکور شکل جس کے سب ضلع برابر ہوں۔ **مُرَبّع نَشِینی** آلتی پالتی مار کر بیٹھنا، چار زانو ہو کر بیٹھنا۔

مُرَبّی ضمہ م، فت ر، شد ب۔ امذ۔ پرورش کرنے والا، قدر داں، سرپرست۔

مَربھکّا فت م، سک ر، ضمہ بھ، شد ک۔ صف مذ۔ فاقہ زدہ۔

مُرْتاض ضمہ م، سک ر۔ صف۔ ریاضت کرنے والا۔

مُرَتَّب ضمہ م، فت ر، شد فت ت۔ صف۔ ترتیب دیا ہوا، اسم فاعل مذ **مُرَتِّب** (شد کس ت) ترتیب دینے والا۔صف مث **مُرَتَّبَہ** (مُ رَتْ تَ ب) ترتیب دادہ، مرتب کردہ۔

مَرْتَبان فت م، سک ر، فت ت۔ امذ۔ چینی کا ڈھکنے دار ظرف جس میں اچار چٹنی یا طبّی معجون وغیرہ رکھتے ہیں۔

مَرْتَبَت فت م، سک ر، فت ت ب۔ امث۔ **مَرتَبہ** کا ایک املا۔ درجہ، رتبہ، منصب۔ مرکب توصیفی **عالی مَرتَبَت** اونچے مرتبے، عزت وقار، منصب والا۔

مُرْتَد ضمہ م، سک ر، فت ت۔ امذ۔ دین سے منحرف ہونے، ترک اسلام کرنے والا۔

مُرْتَسَم ضمہ م، سک ر، فت ت س۔ صف۔ نقش، ثبت کیا ہوا۔ **مُرتَسِم** آسانی سے اثر قبول کرنے والا۔

مُرْتَشی ضمہ م، سک ر، فت ت۔ صف۔ رشوت لینے والا، رشوت خور، رِشوَت سِتاں۔

مُرْتَضیٰ ضمہ م، فت ت، ی غم۔ صف۔ پسندیدہ، مرغوب، مطبوع، برگزیدہ؛ حضرت علیؓ کا لقب۔

مُرْتَعِش ضمہ م، سک ر، فت ت، کس ع۔ صف۔ لرزتا ہوا، جُنْباں، لَرزاں، ہیجانی کیفیت میں۔

مُرْتَفَع ضمہ م، سک ر، فت ت ف۔ صف۔ اُونچا، بلند، مرکب توصیفی **سَطْحِ مُرْتَفَع** پہاڑی علاقہ جو میدانی سطح سے نسبتہً بلند ہو۔

مُرْتَکِب ضمہ م، سک ر، فت ت، کس ک۔ صف۔ ارتکاب کرنے والا، کسی ناپسندیدہ کام کا کرنے والا، قصور وار۔

مُرْتَہِن ضمہ م، سک ر، فت ت، کس ہ۔ صف۔ رہن رکھنے والا، جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی جائے۔

مَرْثِیَہ فت م، سک ر، کس ث، فت ی۔ امذ۔ حُزنیہ، تعزیتی نظم؛ شہداء کربلا کی شان اور احوال میں لکھی جانے والی نظم۔

مَرْج فت م، سک ر۔ امذ۔ خرابی، تباہی۔ مرعطفی **ہَرْج وَ مَرْج** شورش، فساد، عام: **ہَرَج مَرَج**۔

مَرْجاد فت م، سک د۔ امث۔ ایک بیل جو پانی کے کنارے اُگتی ہے، پتے دو دو کے جوڑوں میں پھول سرخ

(لاط: Iplomea biloba)۔

مَرْجان فت م، سک ر۔ امذ۔ مونگا۔

مُرَجّح ضمہ م، فت ر، شد فت ج۔ صفہ جسے ترجیح دی گئی ہو۔ **مُرجّح** (شد کسمج ج) ترجیح دینے والا۔

مُرَجَّز ضمہ م، فت ر، شد فت ج۔ صفہ۔ ایسی نثر جس میں قافیے کے بغیر وزن سے کام لیا گیا ہو، ہموزن، ٹکڑوں پر مشتمل نثر۔

مَرْجَع فت م، سک ر، کس مج ج۔ امذ۔ جائے پناہ، ٹھکانا [ع: رجع = واپسی] **مَرْجِعِیَّت** (مَرْجِ عی یَتْ) مرکزیت، مرکزی حیثیت۔

مَرْجیا فت م، سک ر، کس ج۔ صفہ۔ زار و نزار، مَرجِھلّا، جو مرمر کر جیے، سخت آزمائش سے گزرا ہوا، مردہ دل۔ نیز **مَرْجیوْنا** ادھ موا، نیم جان۔

مُرْجیَہ ضمہ م، سک ر، کس ج، فت ی۔ امذ۔ تکلّفات شرعی کا تارِک، صوفیوں کا ایک طبقہ۔

مُرْجھانا ضمہ م، سک ر۔ ف ل م۔ کُملانا، پژمُردہ ہونا، سوکھنا؛ سکھا دینا، شادابی زائل کرنا۔

مِرْچ کس م، سک ر۔ امث۔ زبان پر جَھلّاہَٹ پیدا کرنے والی تیز ترکاری جو عموماً مسالے کے طور پر استعمال ہوتی ہے، ابتدا میں سبز اور سوکھ کر سرخ ہو جاتی ہے، اس کی کئی اقسام ہیں، کوکلا، تِتّیا، پیلی مرچ وغیرہ [س: مَرِچ، لاط: Capsicum Annum وغیرہ] مرکّبات: **ہَری مرچ، لال مِرچ**، نیز رک: فلفِل۔ محاورہ۔ **مرچیں لگنا** غصہ آنا، سخت ناگوار گزرنا۔

مُرْچِڑا ضمہ م، سک ر، کس چ۔ صفہ۔ سخت ضدّی، ہٹیلا، ذرا سی بات پر اپنی جان دینے کی دھمکی دینے والا۔ امث **مُرْچِڑا پَن** خود آزاری۔

مُرْچَنْگ ضمہ م، سک ر، فت چ، غنہ۔ امذ۔ ایک چھوٹا تاروں والا باجا جسے دانتوں سے پکڑ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں۔ نیز **مُنْہ چَنْگ**۔

مَرْحَبا فت م، سک ر، فت ح۔ کلمۂ تحسین: شاباش، واہ وا، کیا کہنا؛ اصلاً: خوش آمدید! [ع: مَرحَبَتْ لَکَ اَلدّارُ مَرْحَباً = تمہارے لیے دروازہ چوپٹ کھلا ہے]۔

مَرْحَلہ فت م، سک ر، فت ح ل۔ امذ۔ سفر کی ایک منزل؛ کٹھن مقام؛ قلعے کا مورچہ جہاں سے محاصِرہ کرنے والوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔

مَرْحَمَت فت م، سک ر، فت ح م۔ امث۔ لطف، مہربانی، عنایت۔

مَرْحُوم فت م، سک ر، ومع۔ صفہ۔ بخشا ہوا، مراد خدا کی رحمت میں پہنچا ہوا، فوت شدہ۔ مث **مَرْحُومَہ** (مَرحوم)۔

مُرَخَّص ضمہ م، فت ر، شد فت خ۔ صفہ۔ جسے رخصت کیا گیاہو، اجازت یافتہ۔

مُرَخَّم ضمہ م، فت ر، شد فت خ۔ صفہ۔ نرم کیا ہوا، (لہجہ یا آواز) مختصر کیا ہوا (لفظ یا نام جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو)؛ مَرمَریں۔ [ع: رُخام = سنگ مرمر]۔

مَرْد فت م، سک ر۔ امذ۔ آدمی، شخص۔ مذکّر، بطور صفت: بہادر۔ **مَرْد وَ زَن** (مَرْدُ زَن) مرد عورت، انسان، خلق۔ امث۔ **مَردانگی** مردانہ خصلت، شجاعت۔

مُرْداد ضمہ م، سک ر۔ امذ۔ ایرانی شمسی سال کا پانچواں مہینہ (جولائی اگست کے لگ بھگ)۔ نیز **اَمُرْداد**۔

مُرْدار ضمہ م،سک ر۔ صفہ۔ (جانور) جو اپنی موت مرا ہو،مرا ہوا جانور (ذبیحہ کے برخلاف)۔ بطور دشنام نالائق ، نکمی، بری،عموماً عورت کے لیے۔

مُردار سَنْگ ضمہ م، سک ر، فت س، غنہ۔ امذ۔ ایک مرکب جو سیسے اور رانگ سے بنایا جاتا ہے بعض امراض کے علاج میں مستعمل، جوش دیے ہوئے

سیسے یا رانگ کا مَیل (لاط: Lithos Arguros) نیز مُردار سَنْج (سک ن)، مُرْدا سَنْگ۔

مُرداری ضمہ م، سک ر۔ امث۔ چھپکلی۔

مُرَدَّف ضمہ م، فت ر، شد فت د۔ صف۔ وہ منظوم کلام جس میں ردیف استعمال کی گئی ہو۔

مَرْدَک فت م، سک ر، فت د۔ امذ۔ مرد کی تصغیر، بطور دشنام بُزدل، حقیر آدمی۔

مَرْدُم فت م، سک ر، ضمہ د۔ اجنس۔ آدمی، انسان، لوگ؛ آنکھ کی پتلی؛ نیز مَرْدُم چَشْم / مَردُم دِیدَہ (دی د)/ مَرْدُمَک (فت م)/ مَرْدُمَہ۔ مر توصیفی مَرْدُمْ شِناس (کس ش) آدمی کی لیاقت اور اچھائی برائی کو پرکھنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

مَرْدُم گِیا/گِیاہْ فت م، سک ر، ضمہ د، کس گ۔ امث۔ ایک چینی نبات کا نام جو انسانی جسم سے مشابہ بتائی جاتی ہے۔

مُرْدَن ضمہ م، سک ر، فت د۔ مصدر۔ مرنا م: بعد مردن، پسِ مُردن: مرنے کے بعد۔ اکیف مُردَنی چہرے کی زرد رنگت۔

مِردَنْگ کس م، سک ر،فت د، غنہ۔ امذ۔ ایک طرح کی لَنبوتری ڈھولک جو دونوں طرف سے بجتی ہے۔ چراغ ڈھکنے کا مردنگ کی شکل کا فانوس۔ تصغیر مِردَنْگی چمنی، گلوب۔ [س: مْرِدَنْگ]۔

مَرْدُوا فت م، سک ر، ضمہ و۔ امذ۔ عورتوں کی زبان میں خصوصاً غیر مرد کے لیے بطور تضحیک یا تحقیر مستعمل؛ میاں، شوہر۔

مَرْدُود فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ رد کیا ہوا، راندہ۔ بطور دشنام۔ بُرا قبیح، بدذات۔ مَردُود اَلْشَّہادَہ (مردو دُ شْ شَ ہاد) جس کی گواہی ناقابل قبول ہو۔

مُرْدَہ ضمہ م، سک ر، فت د۔ امذ۔ صف۔ لاش، مَیّت، مرا ہوا آدمی یا کوئی جانور۔ صف۔ بےجان، پژمُردہ، افسردہ، بے نمو۔ مُردَہ شو (ومج) مردے کو نہلانے والا، غَسّال۔

مِردَّھا کس م، سک ر۔ امذ۔ چوبداروں کا چودھری، نیز مِرْدَہا (فت د) [اصلاً ف: مِیر دہ = گانو کا چودھری]۔

مَرْز فت م، سک ر ز۔ امث۔ سرحد، حدود، حصار، نیز مَرْزُبُوم۔ سرزمین جائے سکونت۔

مِرْزا کس م، سک ر۔ امث۔ مغلوں کا لقب۔ سردار کی اولاد۔ شہزادہ نیز مِیرْزا جس کی یہ تخفیف ہے۔ مرکب توصیفی مِرزا مَنِش نفیس طبع امث۔ مِرزا مَنِشی شرفا کا سا مزاج۔

مِرزَئی کس م، سک ر، فت ز۔ امث۔ بند گلے اور پوری یا نیم آستین کی صدری یا کمری۔

مُرْسَل ضمہ م، سک ر، فت س۔ صف۔ جو بھیجا گیا ہو، م: نبیِّ مُرْسَل۔ حَدِیث مُرْسَل وہ حدیث جس کا تابعین کے بعد کوئی اور راوی نہ ہو۔ مث مُرسَلَہ (مُر سَ لَ) بھیجی ہوئی، بھیجے ہوئے۔ مُرْسَل اِلَیْہْ (لِی، سک ہ) جس کی طرف جس کو بھیجا جائے۔ مُرْسِل بھیجنے والا، ارسال کُنندہ۔

مُرْشِد ضمہ م، سک ر، کس ش۔ صف، امذ۔ سیدھا راستہ دکھانے والا، ہادی؛ بزرگ، پیر دستگیر، نیز طنزاً؛ چالاک تیز، ہوشیار آدمی۔

مُرَصَّع ضمہ م، فت ر، شد فت ص۔ صف۔ جڑاؤ، جواہر سے مزیّن؛ ایسی عبارت جس میں تماثل ترکیب سے کام لیا گیا ہو یعنی توالی کے ساتھ ہموزن ٹکڑوں پر مشتمل پُر تکلف نثر؛ خوبی کَلام سے آراستہ نظم جس کا ہر شعر یکساں ہو، م: مُرَصَّع غَزَل۔ امث مُرَصَّع ساز۔ نگینے جڑنے والا، مُرَصَّع کار نگینے جڑا ہوا، جڑاؤ؛ نیز مرصّع نگار = مرصع عبارت لکھنے والا۔

مَرْصُوص فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ نہایت ٹھوس، نہایت، مضبوط۔ مرکب توصیفی **بُنْیان مَرْصُوص** سیسہ پلائی ہوئی تعمیر۔

مَرَض فت م ر۔ امذ۔ جسمانی یا ذہنی عارضہ، روگ، علّت، آزار، بیماری۔ ج **اَمْراض** مرکب **مَرَض اَلْمَوت** (مَ رَ زُل مَوت) وہ مرض جس میں کسی کی موت واقع ہو، آخری مرض۔ **مَرَضِ مُتَعَدّی** (مَ تَ عَدْ دی) اڑ کر لگنے والی، چھوت کی بیماری۔ صف **مَریض**۔ج **مَراضی**۔

مَرْضی فت م، سک ر۔ صف، امذ۔ جسے پسند کیا جائے، جو پسندیدہ ہو؛ منشا، مقصد، پسند، ایما۔ [ع: مَرْضِ = مرغوب، اطمینان بخش]۔

مَرْطُوب فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ نم، گیلا، بھیگا ہوا؛ وہ مقام جہاں ہوا میں نمی زیادہ ہو۔

مَرْعُوب فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ جس پر رعب طاری ہو، نہایت زیادہ متاثّر یا زیر اثر، سہما، خوفزدہ۔

مَرْعی فت م، سک ر۔ صف۔ جس کا لحاظ کیا جائے، جس کی رعایت بطور خاص ملحوظ رکھی جائے۔

مَرْغ فت م، سک ر۔ امذ۔ سبزہ، طرفِ چمن۔ **مَرْغ زار** وہ مقام جہاں سبزے کی بہتات ہو۔ نیز مَرْگ۔

مُرْغ ضمہ م، سک ر۔ امذ۔ پرندہ؛ مرغا، خَرُوس، مرکب **مُرغ باد نما** عمارتوں پر نصب مرغ کی شکل کا نشان جو ہوا کے رخ پر مڑتا ہے۔ نیز **مرغ قِبلَہ نُما**۔ **مُرغ سُلَیماں** (ضمہ س، ے لین، غنہ) ہُدہُد، نیز **مرغ شانَہ سَر**۔ **مُرغ مُصَلّی** ریا کار نمازی۔ **مرغ زَرّیں** ایک خوشرنگ مرغ؛ زرق برق لباس پہنے ہوئے آدمی پر پھبتی۔ ج **مُرغان** م: **مُرغانِ اُوْلِی اَجْنِحَہ** (مُر غان الی اَجْ ن حَ) شہپر رکھنے والے پرندے۔

مُرَغَّن ضمہ م، فت ر، شد فت غ۔ صف۔ روغن دار، بہت چکنا، گھی میں تَربتر (کھانا) [وضعی لفظ]۔

مَرْغُوب فت م، سک ر، ومع۔صف پسندیدہ، من بھاتا۔

مَرْغُولَہ فت م، سک ر، ومع، فت ل۔ امذ، صف۔ چھلّا، حلقہ، پیچ، خم؛ لہریا، گھونگر، پیچ دار، خمیدہ، گول، لہراتا۔

مُرْغی ضمہ م، سک ر۔ امثہ مرغے کی مادہ، صف **مُرغی کا** بطور دشنام مراد مرغی کا گو، یا آوارہ عورت کا جنا۔

مِرْفاع کس م، سک ر۔ امثہ کثیر المنازل عمارات وغیرہ میں نصب برقی قوت سے چلنے اور اوپر نیچے لانے لے جانے والا متحرک خانہ (انگ: لفٹ)۔

مَرْفُوع فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ اٹھایا ہوا، برگزیدہ، وہ حرف جس پر رفع یعنی پیش ہو؛ وہ حدیث جس کی روایت معتبر واسطوں سے رسول اللہؐ تک پہنچتی ہو۔ **مَرفُوعُ القَلَم** (مَر فُو عل قَ لَم) بخشا ہوا، قابل معافی۔ عموماً بہرے آدمی یا مجذوب کے لیے مستعمل۔

مُرَفَّہ ضمہ م، فت ر، شد فت ف۔ صف۔ آسودہ، خوش حال، فارغ البال، مرکب توصیفی **مُرَفَّہ اَلْحال** (مُ رَفْ فَ اُل حالْ) آسودہ حال، خوشحال، امیر، دولتمند۔

مُرْفَہ ضمہ م، سک ر، فت ف۔ امذ۔ تاشہ، نقارے کی قسم کا ساز جسے گلے میں لٹکا کر بجاتے ہیں۔

مَرْقَد فت م، سک ر۔ فت ق۔ امذ۔ آرام گاہ، خواب گاہ، مراد قبر، مزار۔

مُرَقَّع ضمہ م، فت ر، شد فت ق۔ امذ۔ تصویر، تصاویر کا مجموعہ؛ خاکہ، شبیہہ؛ رنگ برنگے پیوند لگی گدڑی۔

مَرْقُوم فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ لکھا ہوا، تحریر شدہ، رقم، م: **مَرقُوم اَلْحاشِیہ** (مَر قُو مُل حاش یَ) حاشیے پر لکھا۔ **مَرْقُوم اَلذَّیل** (مَرقُو مُذْ ذَیل)

نیچے درج شدہ۔

مُرکانا ضمہ م، سک ر۔ ف م۔ بل دینا، مروڑنا، حلقے، چھلے، گھونگر بنانا، بٹنا۔

مَرکَب فت م، سک ر، فت ک۔ امذ۔ سواری، سواری کا گھوڑا۔ ج **مَراکِب** فت م، کس ک۔

مُرکّب ضمہ م، فت ر، شد فت ک۔ صف۔ کئی چیزوں کو ملا کر بنایا، ترکیب دیا ہوا۔ مخلوط، کئی کا مجموعہ؛ دوات کی سیاہی۔

مُڑکی ضمہ م، سک ر۔ امث۔ کان کی چھوٹی بالی، تان لیتے وقت سُر کو ایک خاص انداز سے جھٹکا دے کر ادا کرنا۔

مَرکَھنا فت م، سک ر، فت کھ۔ صف۔ سینگ مارنے والا؛ جھپٹنے، ٹکر دینے کو مستعد، لڑاکا جانور۔ مث **مَرکھنی**۔

مَرگ فت م، سک ر۔ امث۔ موت، اجل، فنا مر وصفی **مَرگِ مَفاجات** ناگہانی، اچانک، بے وقت موت [ع: مَفاجاہ = اچنبھا] مر اضا **مَرگِ اَنبوہ** بہت سے لوگوں کا بیک وقت مرنا۔ مَثل **مرگ اَنبوہ جشنے دارَد** ایسی مصیبت جس میں سبھی مبتلا ہوں گوارا ہو جاتی ہے۔

مِرگ سک م، کس ر۔ امذ۔ ہرن، آہو۔ **مِرگ چھالا** ہرن کی کھال جسے جنگل کے باسی لباس یا بستر کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ نیز عام **مِرگ**۔

مِرگانک سک م، کس ر، غنہ۔ امذ۔ دھات یا جواہر کو پھونک کر بنایا ہوا کُشتہ۔

مِرگجا سک م، کس ر، فت گ۔ امذ۔ کستوری، مُشک نافہ۔

مَرگلا فت م، سک ر، کس گ۔ امذ۔ بڑھئی کی خراد کے اڈے کا کیلا۔

مِرگی کس م، سک ر۔ امث۔ ایک اعصابی مرض جس میں آدمی بیہوش ہو جاتا ہے اور جسم پر لرزہ طاری ہوتا ہے؛ صَرع۔

مَرگھٹ فت م، سک ر، فت گھ۔ امذ۔ مردوں، کو چتا پر جلانے کی جگہ، مَسان، شمشان۔

مُرَل ضمہ م، فت ر۔ امث۔ ایک مخروطی چوڑے منہ کی بے کانٹا دریائی مچھلی، سَنوَل۔

مُرلی ضمہ م، سک ر۔ امث۔ بانسری، نے، لقب **مُرلی دَھر** مُرلی رکھنے والا، شری کرشن۔ تصغیر **مُرلیا**۔ چھوٹی بانسری۔

مَرَم فت م، ر۔ امذ۔ بھید، راز؛ اصلیت؛ رُوپ، سوانگ۔

مُرَم ضمہ م، فت ر۔ امذ۔ کنکریلی مٹی، روڑیاں۔

مَرَمّت فت م ر، شد فت م۔ امث۔ دُرستی، خرابی دور کر کے چالو کرنا، ٹوٹ پھوٹ کی اصلاح؛ تنبیہ کے طور پر جسمانی سزا۔ صف۔ **مُرَمِّم** (ضمہ م، فت ر، کس م) مرمت کرنے والا۔ **مُرَمَّمہ** (شد فت م) مرمت کی ہوئی یا کیے ہوئے۔

مَرمَر فت م، سک ر۔ امذ۔ سفید یا رنگین چکنا پتھر جو گھسائی سے شفاف اور چکمدار ہو جاتا ہے، عمارات، کتبوں وغیرہ میں مستعمل، رُخام۔ نیز **سَنگ مرمر**۔

مُرمُرا ضمہ م، سک ر، ضمہ م۔ امذ۔ بھنا ہوا چاول کا دانہ۔ عموماً ج **مُرمُرے**۔ جنھیں بغیر کسی مسالے یا نمک کے چباتے ہیں۔ پھبتی **مُرمُروں کا تَھیلا** (ومح، غنہ)، پلپلے جسم کا، موٹا، پھپھس آدمی، چکن کی بیل کے کنارے پر مُرمُرے کی شکل کا بنا ہوا کنگورہ، ٹوٹرو۔

مَرَن فت م ر۔ امث۔ فوت، مرنا؛ جوکھوں، خواری (مرکبات یا محاورات میں مستعمل) م: **مَرَن بَرَت** مرنے کے لیے فاقہ کرنا۔

مَرنا فت م، سک ر۔ ف ل۔ جان دینا، جان سے جانا، فوت ہونا؛ ماند پڑنا، پژمردہ ہونا، کُملانا؛ عاشق ہونا، گرویدہ و شیدا ہونا؛ رہ پڑنا؛ کوفت، مشقت، مصیبت

اٹھانا۔ (پانی کے لیے) سرایت کرنا، نشیب کی طرف راستہ بنانا۔

مُرَنْڈا ضمہ م، فت ر، سک ن۔ صف۔ چُرمُر، سوکھا؛ گڑ کے شیرے میں تیار کیے ہوئے مرمروں کے لڈو، گُڑْدھانی؛ بھونی مکئی جو کھیل نہ ہو۔

مَرْوا فت م، سک ر۔ امث۔ ریحان کی قسم سے ایک خوشبودار نبات، مَرْزَنْجوش، (لاط: Artemisia Vulgaris)؛ دہلیز کا وہ پتھر جس میں کواڑ کی چول کے لیے چھید (بھید) کُھدا ہوا ہو۔

مَرْوارِید فت م، سک ر، ی مع۔ امذ۔ موتی، گوہر، مانک۔

مُرَوَّت ضمہ م، فت ر، شد فت و۔ امث۔ پاس، لحاظ، رعایت؛ دوستی، خلوص [ع: مُرُوَّت = مردانگی، مردانہ پن، بہادری، فراخ دلی]۔

مُرَوٹھا ضمہ م، و لین۔ امذ۔ ناؤ کے کنارے پر لکڑی کا حاشیہ یا پٹّی۔

مُرَوَّج ضمہ م، فت ر، شد فت و۔ صف۔ رائج الوقت، جاری، زیر استعمال، برتا جانے والا،ریت رسم کے مطابق۔ **مُرَوِّج** (شد کس و) جو رائج کرے۔

مَرُوج فت م، و مع۔ امذ۔ مہندی کا خوشبو دار مرکّب؛ سہاگ پڑے میں شامل اشیاء کا مجموعی نام۔

مِرْوَحَہ کس م، سک ر، فت و ح۔ امذ۔ پنکھا۔

مُرُور ضمہ م، و مع۔ امذ۔ گزرنا، رواں ہونا۔ مراضا **مُرُور زَمانَہ** وقت کا گزرنا۔

مَرَوڑ فت م، ومج۔ امذ۔ پیچ، خم، بل؛ پیٹ میں رہ رہ کر اٹھنے والا شدید درد جو پیچش میں محسوس ہوتا ہے۔ ف م **مَرَوڑنا** بل دینا، اینٹھانا، کج کرنا۔ امث۔ **مَرَوڑی** مروڑنے کا عمل؛ گیلے آٹے کی بتّی جو آٹا گوندھنے کے بعد ہتھیلیوں کو مل کر چھڑائی جائے۔ عموماً ج **مَرَوڑیاں** مستعمل۔

مَرَوڑ پَھلی فت م، ومج، سک ڑ، فت پھ۔ امث۔ ایک بیل کی پھلی، دواءً مستعمل (فارسی: گشت برگشت۔ لاط: Helicterus Vulgaris/ Isora)۔

مُرَوَّق ضمہ م، فت ر، شدفت و۔ صف۔ نتھرا، ستھرا، مقطّر، مصفّیٰ۔

مَرْوِی فت م، سک ر۔ صف۔ روایت کیا ہوا، جو بتایا، سنایا، بیان کیا گیا ہو۔

مَرَہَٹہ فت م، فت مج ر، سک ہ، فت ٹ۔ امذ۔ وسط ہند کے مغربی علاقے میں رہنے والی ایک (جنگجو) قوم کا فرد۔ مہاراشٹر کا باشندہ [س: مہاراشٹری]۔امث **مَرَہٹّی** مہاراشٹر کے علاقے کی زبان۔ ج **مَرہٹیاں** کان کی لو میں پہننے کی گھنڈی کی شکل کی مُرکیاں۔

مَرْہَم فت م، سک ر، فت ہ۔ امذ۔ زخم پر لگانے کی نرم چکنی، نیم سیال دوا۔ **مرْہَم نِہْ** (کسمج ن) زخم پر مرہم رکھنے والا [ف: نِہادن = رکھنا، کنایتہً تسکین پہنچانے والا]۔

مُرْہَن ضمہ م، سک ر، فت ہ۔ امذ۔ تمباکو کا چُورا، کُٹا ہوا تمباکو۔

مَرْہُون فت م، سک ر، ومع۔ صف۔ گروی رکھا ہوا، کنایۃً کسی اور کے اثر، قبضے یا تصرف میں **مَرہُونِ مِنَّت** (کسمج ن، کس م، شد فت ن) گرویدۂ احسان، بہت ممنون و شکر گزار۔

مَرْئی فت م، سک ر۔ صف۔ جسےدیکھا جا سکے جو نظر آ سکے۔ ج **مَرئیات** مادّی اشیا جن کا مشاہدہ حواس کے ذریعے کیا جا سکے۔

مُرّی ضمہ م، شد ر۔ امث۔ بٹے ہوئے سُوت یا دھاگے میں پڑ جانے والی گرہ، گانٹھ یا سانٹھ؛ گِرہ، پیچ۔

مِری کس م۔ ضمیر اضافی متکلّم۔ میری کا مخفف، عموماً شعر میں مستعمل۔

مِرّیخ کس م، شد ر، ی مع۔ امذ۔ نظام شمسی کا سورج سے چوتھا اور زمین سے قریب ترین سیّارہ، جسے یونانی دیو مالا میں جنگ کا دیوتا اوز مشرقی

علوم نجوم میں منحُوس خیال کیا جاتا ہے۔

مُرِید ضمہ م، ی مع۔ صف، امذ۔ ارادت مند؛ مطیع، تابع، چیلا؛ جس نے کسی پیر کے ہاتھ پر بیعَت کی ہو۔ امث۔ **مُرِیدی** تابع فرمان ہونا، کسی مرشد کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔

مَرِیض فت م، ی مع۔ امذ۔ بیمار، روگی، نادرست، علاج کرانے والا۔ امث۔ **مَرِیضہ** (م ری ضَ)۔

مَرْیَل فت م، سک ر، فت ی۔ صف۔ کمزور، نیم جاں، سُست، کسلمند۔

مَرِینَہ فت م، ی مع، فت ن۔ رک: **مَلِینَہ**۔

مَرُّک فت م ڑ۔ امث۔ بل کجی، اکڑ، اینٹھ، آن بان، ف ل م۔ **مَرَکْنا** اینٹھنا، پیچ کھانا؛ موڑنا، بل دینا۔

مَڑْوا فت م، ضمہ ڑ۔ امذ۔ ایک ادنیٰ قسم کا غلّہ، آگی (لاط: Eleucine Coracana)۔

مَڑی فت م۔ امث۔ کھیت کی مینڈھ، کیاری کی باڑھ۔

مَڑھی فت م۔ امث۔ کُٹیا، فقیر کی جھونپڑی۔

مِزاج کس م۔ امذ۔ جسم میں اخلاط کا توازن؛ کیفیت، ملاوٹ، آمیزش، ترکیب؛ صحت کا حال، طبیعت، جی۔

مِزاح کس م۔ امذ۔ ظرافت ہنسانے والی بات، خوش طبعی، مذاق، ٹھٹھول۔ [ع: مزاح نیز مَزاح]۔

مُزاحَف ضمہ م، فت ح۔ صف۔ گری ہوئی شے؛ اصل سے دور؛ وہ عروض بحر یا وہ رکنِ بحر جس میں زحاف واقع ہوا ہو۔

مُزاحِم ضمہ م، کس ح۔ صف۔ مزاحمت کرنے، رکاوٹ ڈالنے والا؛ مانع، حائل ہونے والا۔ امث۔ **مُزاحمَت** رکاوٹ، مخالفت۔

مَزار فت م۔ امذ۔ زیارت گاہ، قبر، مقبرہ، روضہ۔

مَزارِع فت م، کسمج ر۔ ج مذ۔ مَزرِعہ کی جمع، کھیتیاں۔

مُزارِع ضمہ م، کس مج ر۔ امذ۔ کسان، کاشتکار۔

مَزامِیر فت م، ی مع۔ ج مذ۔ بانسریاں، باجے گاجے، گانے بجانے والوں کے ساز۔ واحد **مِزْمار** بانسری ساز، باجا۔ نیز **مَزْمُور** = مُناجات۔

مُزاوَجَت ضمہ م، فت و ج۔ امذ۔ شادی کرنا، زوج بننا۔

مُزاوَلَت ضمہ م، فت و۔ امث۔ مشق، مہارت، روانی، کسی کام کو پابندی سےکر کے مشاقی پیدا کرنا۔

مَزْبَلَہ فت م، سک ز، فت ب ل۔ امذ۔ گھورا، کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ، دمن۔

مَزْبُور فت م، سک ز، ومع۔ صف۔ لکھا ہوا، مرقوم، مذکور، مراد؛ مَذکُورہٴ بالا۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا۔

مُزَخْرَف ضمہ م، فت ز، سک خ، فت ر۔ صف۔ مصنوعی، بناوٹی، آراستہ پیراستہ۔ ج **مُزَخرفات** بناوٹی باتیں، واہیات گفتگو۔

مُزْد ضمہ م، سک ز۔ امث۔ اجرت، مزدوری صف۔ **مُزدُور** عام: **مَزدُور**۔

مُزْدَلِفَہ ضمہ م، سک ز، فت د، سک ل، فت ف۔ علم، امذ۔ منیٰ اور عَرفات کے درمیان وہ مقام جہاں حاجی رات کو قیام کرتے ہیں۔

مَزدُور فت م، سک ز، ومع۔ امذ۔ مزدوری کرنے والا، محنت کش [ف: مُزدُور] امث **مَزدُوری** اُجرت، مزدور کا پیشہ [اصلاً: **مُزدُور** ف: مُزْ د+ وَر]۔

مَزْرَع فت م، سک ز، فت ر۔ امث۔ کھیت، کِشت۔ نیز **مَزرَعہ** کھیتی۔ صف **مَزرُوعَہ** بویا، کاشت کیا ہوا۔ ج: **مَضارِع**۔

مُزَعْفَر ضمہ م، فت ز، سک ع، فت ف۔ امذ۔ زعفرانی، زعفران ڈال کر پکائے ہوئے میٹھے چاول، زردہ۔

مَزْعُوم فت م، سک ز، ومع۔ صف۔ جس کی بابت زعم یا گمان ہو؛ مانا، فرض کیا ہوا۔ م: **کَوائف**

مَزْعُومَہ غیر حقیقی، مفروضہ حالات۔
مُزَکّٰی ضمہ م، فت ز، شد ک بمد، ی غم۔ صف۔ پاک، بابرکت۔ مرکب مالِ مُزَکّٰی وہ مال جس پر زکوٰہ ادا کی گئی ہو۔
مَزَلّت فت م ز، شد فت ل۔ امث۔ پھسلنے کی جگہ مرکب قَعْرِ مَزَلّت وہ گڑھا جہاں آدمی پھسل کر گر جائے (نیز رک: مَذَلّت)۔
مِزْمار کس م، سک ز۔ امث۔ بانسری، نے؛ باجا، ساز۔ ج مَزامیر۔
مُزَمِّل ضمہ م، شد فت ز، شد کس م۔ صف۔ چادر میں لپٹا ہوا، قرآن شریف کی ۷۳ ویں سورت المُزَمِّل۔
مُزْمِن ضمہ م، سک ز، کس م۔صف۔ پرانا، عرصے سے لاگو (مَرَض)۔
مَزْمُور فت م، سک ز، ومع۔ امث۔ بانسری؛ مناجات، بھجَن۔
مُزَمَّہ ضمہ م، فت ز، شد فت م۔ امذ۔ اونٹ کی مہار، گھوڑے کی پچھاڑی کی رسی۔ گھوڑے کے گٹّوں پر حفاظت کے لیے باندھا جانے والا تسمہ یا گدّی۔ محاورہ مُزَمَّہ لگانا، روکنا، آگے نہ بڑھنے دینا۔
مَزَہ فت م ز۔ امذ۔ لطف، لذت؛ ذائقہ؛ چسکا، چاٹ؛ عیش، عِشرت؛ دلچسپ بات۔ سبق، تنبیہ م: مَزہ چکھانا، سزا دینا، تنّبیہ کرنا، صف مَزے دار (ے مج) خوش ذائقہ، پُرلطف۔
مَزِید فت م، ی مع۔ صف۔ اور زیادہ، بیش، علاوہ، مستزاد؛ فالتو۔ م فد مَزید بَرآں (فت ب، سک ر) اس کے علاوہ، نیز مَزِید حیات؛ دعائیہ کلمہ جو بادشاہ کے پانی پینے کے بعد کہا جاتا تھا۔ مَزِیدی (متروک) بجائے مزید بمعنی فالتو، بیکار، م: مزیدی مال۔ محاورہ مَزِید کرنا (دسترخوان) بڑھانا، طے کرنا۔
مُزَیَّن ضمہ م، فت ز، شد فت ی۔ صف۔ زینت دیا ہوا، آراستہ، سجایا ہوا۔
مُژْدَہ ضمہ م، سک ژ، فت د۔ امذ۔ خوشخبری، بشارت، مبارکباد۔
مِژہ کس م، فت ژ۔ امث۔ پلک، نیز مِژْگاں (کس م، سک ژ، غنہ) مِژہ (کسمج ژ)۔
مَس فت م۔ امذ۔ چھونے کا عمل، بھڑنا، لگنا؛ ٹھیس؛ لگاؤ، طبعی، دلچسپی، کسی کام سے معمولی واقفیت یا رغبت۔
مِس کس م۔ امذ۔ تانبا، مِسْ گر ٹھٹھیرا صف۔ مِس لاطل (کس ط) کیمیائی عمل سے صاف کیا ہوا خالص تانْبا، مس خام کی ضد۔ مِسی جوش کرنا کسی برتن وغیرہ میں تانبے کا ٹانکا لگانا۔
مَسا (۱) فت م۔ امذ۔ جسم پر پیدائشی ابھرا ہوا تل؛ بندوق کی مکّھی، گاڑی کے بم پر ساز اٹکانے کے لیے بنی ہوئی گھُنڈی، نیز مَسّا (شد س)۔
مَسا (۲) فت م۔ امث۔شام کا وقت، مرکب: صُبح و مَسا [ع مساء]۔
مِسّا کس م، شد س۔ صف، امذ۔ مخلوط؛ ملا جُلا، سَستا اناج۔ مرکب مِسّا کُسّا موٹا، بُرا بھلا اناج۔ نیز مِسا۔ (بول چال) مِسا کر کے، ملا جلا کر م: مسا کر کے سو سے زیادہ نہ ہوں گے۔
مُسابَقَت ضمہ م، فت ب ق۔ امث۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش، باہمی مقابلہ۔
مَساجِد فت م، کس ج۔ ج مث۔ مسجد کی جمع۔
مَسّاح فت م، شد س۔ صف۔ مساحت کرنے والا، زمین کی پیمائش کرنے والا امث۔ مَساحَت سطح زمین کی پیمائش، نقشہ سازی وغیرہ۔
مَساس فت م۔ امذ۔ چھونے کا عمل، اعضاء جسمانی کو سہلانا، ملنا؛ شہوت انگیزی کے لیے عورت کے جسم کو سہلانا، مَلنا، ہتھ پھیر [اصلاً: مِساس (کس م)]۔

مُساعِد ضمہ م، کس ع۔ صف۔ مددگار، معاون امث۔ **مُساعَدَت** (فت ع د) مددگاری۔

مَساعِی فت م۔ ج مث۔ کوششیں (ع: مَساع مسعیٰ کی جمع)۔

مسافَت فت م ف۔ امث۔ فاصلہ، دُوری؛ سفر کی مدّت۔

مُسافِر ضمہ م، کس ف۔ امذ۔ سفر کرنے والا، راہرو؛ نووارد، پردیسی؛ سواری میں بیٹھنے والا۔ **مُسافَرَت** (فت ف ر) سفر، غریبی، غریب الوطنی۔ نیز **مُسافِری** (کس ف)۔

مَساکِن فت م، کس ک۔ ج مذ۔ مسکین کی جمع، رہنے کے ٹھکانے، مکانات۔

مَساکِین فت م، ی مع۔ ج مذ۔ مسکین لوگ، غُربا۔

مَسالا فت م۔ امذ۔ کسی مرکّب کے ضروری اجزا، لوازِم؛ تعمیر میں استعمال ہونے والا چونا وغیرہ؛ ذائقے کے لیے کھانے میں ڈالنے والے اجزا، مرچ، لونگ، ہلدی دھنیا وغیرہ؛ کسی تصنیف کے لیے ضروری معلومات، دستاویزات وغیرہ؛ کپڑوں پر ٹانکے جانے والا آرائشی سامان، گوٹا ٹھپّا، لیس وغیرہ۔

مَسالِک فت م، کس ل۔ ج مذ۔ مسلک کی جمع۔

مُسالَمَہ ضمہ م، فت ل م۔ امذ۔ وہ مجلس جس میں اکابر دین کی شان میں سلام پڑھے جائیں۔

مَسام فت م۔ امذ، ج مذ۔ جلد پر وہ مہین سوراخ جن سے پسینہ نکلتا ہے۔ ج ج **مَسامات** [ع: مَسامّ صیغہٗ جمع از مَشَمّ]۔

مُسامَحَت ضمہ م، فت م ح۔ امث۔ چشم پوشی، نگاہِ غلط انداز، سرسری نظر۔ (بزرگوں سے سرزد ہونے والی غلطی کو اَدَباً مُسامَحَت سے تعبیر کیا جاتا ہے)۔ نیز رک: تسامُح۔

مَسان فت م۔ امذ۔ مرگھٹ۔ شمشان؛ بچوں کی ایک بیماری، اُمّ الصِّبیان؛ مرگھٹ کا بُھوت۔

مَسانی فت م۔ امث۔ خسرہ، آکڑا کاکڑا۔

مَساوات فت م۔ امث۔ کاہلی، سستی،کام کو ٹالنا نیز عام: **مَساواتی**۔

مُساوات ضمہ م۔ امثہ یکساں، برابر، ہمرتبہ ہونا؛ یکساں برتاؤ، برابری (الجبرا)، طرفین یا متوازی رقوم کو علامات کے ذریعے برابر کرنے کا عمل یا قاعدہ۔

مُساوِی ضمہ م۔ صف۔ برابر، ہم قیمت، یکساں۔ مرکب وصفی **مُساوِی اْلْاَضْلاع** (مُ ساوِ یُلْ اَز لاع) وہ شکل جس کے سب ضِلع یکساں طول رکھتے ہوں۔ (اصلاً: **مُتَساوِی اْلْاَضْلاع**)۔

مُساہَلَت ضمہ م، فت ہ ل۔ امث۔ سستی، کاہلی، سہل انکاری سے کام لینا۔ نیز **تَساہُل**۔

مُساہَمَت ضمہ م، فت ہ م۔ امث۔ شریک، سہیم بننا؛ شرکت، ساجھا۔

مَسائِل ضمہ م، کس ء۔ ج مذ۔ مسئلے، معاملے، الجھنیں، قضیے، واحد: **مَسْئَلہ**۔

مُسَبِّب ضمہ م، فت س، شد کس ب۔ صف۔ سبب پیدا کرنے، سبیل نکالنے، تدبیر کرنے والا۔ نیز **مُسَبِّبُ اْلْاَسْباب** (م سَبْ بِ بُل اَسْ باب)۔

مُسَبِّح ضمہ م، فت س، شد کسمج ب۔ صف۔ تسبیح، ثنا، حمد کرنے والا۔

مُسَبِّحہ ضمہ م، فت س، شد کسمج ب، فت ح۔ امث۔ شہادت کی انگلی، انگوٹھے کے برابر والی انگلی۔

مُسَبَّع ضمہ م، فت س، شد فت ب۔ صف۔ سات حصّوں میں تقسیم؛ سات ضلعوں، کھنڈوں یا پہلوؤں پر مشتمل۔ نظم میں سات مصرعوں کا بند۔

مَسْبُوق فت م، سک س، ومع۔ صف۔جو پہلے گزرا، سابقہ، گزشتہ؛ (فقہ) دوراں جماعت میں دیر سے آ کر شریک ہونے والا نمازی۔ **مَسْبُوق اْلْذِکْر** (مَس بُو قُزْ زِکْر) جس کا ذکر اوپر گزرا، مذکورہٗ بالا۔

مَسْت فت م، سک س۔ صف۔ آپے سے باہر، نشے میں

چُور؛ شہوت سے مغلوب ؛ صاحب حال، مجذوب، نیز **مَسْتِ اَلَسْت** (نیز بلا اضافت) ہمیشہ کا، بہت زیادہ مدہوش، بے پروا، غافل۔

مُستاجِر ضمہ م، سک س، کس ج۔ امذ۔ ٹھیکیدار، اجارہ دار؛ زمیندار، کاشتکار، نیز آجِر امث

مُستاجری ٹھیکیداری۔

مُستاصَل ضمہ م، سک س، فت ص۔ صف۔ برباد، تباہ؛ تاراج، مُفتوح۔ **مُستاصِل** (کس ص) بیخ کنی کرنے والا۔

مُستامِن ضمہ م، سک س، کس م۔ صف۔ امان چاہنے والا، پناہ کا طالب۔

مَستان فت م، سک س۔ امذ۔ مجذوب، دیوانہ، مث **مَستانی** م ف؛ **مَستانَہ** دیوانہ وار۔ نیز امذ۔ دیوانہ۔

مَستانا فت م، سک س۔ ف ل۔ مست ہو جانا، مستی پر آنا۔

مُستَبِدّ ضمہ م، سک س، فت ت، کس بہ صف۔ جابر، ظالم، مطلق العنان، استبداد کرنے والا۔

مُستَبِدّانہ جابرانہ، ہما ہمی، انانیت پر منحصر۔

مُستَبعَد ضمہ م، سک س، فت ت، سک ب، فت ع۔ صف۔ دُور، بعید از قیاس، محال۔

مُستَتِر ضمہ م، سک س، فت ت، کس ت۔ صف۔ چھپا ہوا، پوشیدہ۔

مُستَثنیٰ ضمہ م، سک س، فت ت، سک ث، ی غم۔ صف۔ شمار یا تعریف یا اطلاق سے خارج، الگ کیا ہوا، علاحدہ، ممتاز۔ **مُستَثنیٰ مِنْہُ** (کس م، سک ن، ضم مج ہ) جس سے اِستثنیٰ کیا گیا ہو۔ جس میں سے کچھ علاحدہ کیا گیا ہو۔ ج **مُستَثنیات** (مُس تَس نِ یات) حذف، موقوف، خارج کی ہوئی چیزیں، شقیں وغیرہ۔

مُستَجاب ضمہ م، سک س، فت ت۔صف۔ قبول، منظور، جس کا جواب با صواب ملے (دعا، درخواست وغیرہ)۔ مرکب **مُستَجابُ الدَّعوات** (مُسْ تَجا بُدْ دَعْ وات) جس کی دعاؤں کو قبولیت حاصل ہو۔

مُستَجیب قبولیت بخشنے والا۔

مُستَحَب ضمہ م، سک س، فت ت ح۔ صف۔ پَسندیدہ، معروف و مرغوب، نہ صرف جائز بلکہ خوب (عمل)۔

مُستَحسَن ضمہ م، سک س، فت مج ت، سک ح۔ صف۔ اچھا، عمدہ، قابل پسند۔

مُستَحضَر ضمہ م، سک س، فت مج ت، سک ح، فت ض۔ صف۔ اچھی طرح یاد، ازبر، حافظے میں محفوظ۔

مُستَحَق ضمہ م، سک س، فت ت، سک ح۔ صف۔ استحقاق رکھنے والا، سزاوار، لائق، جسے حق یا حصّہ جائز طور پر پہنچتاہو م؛ مستحقِ داد، مستحقّ زکوٰہ (شد ق)۔

مُستَحکَم ضمہ م، سک س،فت مج ت، سک ح، فت ک۔ صف۔ مضبوط، پائیدار، ٹھوس، اٹل۔

مُستَدعی ضمہ م، سک س، فت ت، سک د۔ صف۔ استدعا، درخواست، عرض کرنے والا، مُلتجی۔

مُستَدیر ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ گول، مدّور، دائرہ نما۔

مُستَرخی ضمہ م، سک س، فت ت، سک ر۔ صف۔ ڈھیلا، سست، تنے ہوئے کی ضد۔ امذ۔ **اِستِرخا** ڈھیلا پن۔

مُستَرَد ضمہ م، سک س، فت ت ر۔ صف۔ رد کیا ہوا، لوٹایا یا واپس پھیرا ہوا، نا منظور۔

مُستَرشِد ضمہ م، سک س، فت ت، سک ر، کس ش۔ صف۔ ہدایت کا طالب، مرید۔

مُستَرضی ضمہ م، سک س، فت ر، سک ر۔ صف۔ رضا، اجازت، خوشنودی کا طالب۔

مِسْتَری کس م، سک س، فت ت۔ امذ۔ کاریگروں کا استاد، کل پرزے ٹھیک کرنے والا؛ معمار، عمارات کی مرمت کرنے والا۔

مُسْتَزاد ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ جو اضافہ کیا گیا ہو، بڑھایا ہوا، بیش، افزوں۔ (عروض) نظم کے مصرع کے بعد اُسی وزن میں ایک مزید ٹکڑا جو عموماً بحر کے پہلے اور آخری رکن کے برابر ہوتا ہے۔ م: مفعولُ فاعلاتُ مفاعِیل فاعِلُن۔ مَفعُولُ فاعِلُن۔ وہ نظم جو اس التزام کے ساتھ کہی گئی ہو۔

مُسْتَسْقی ضمہ م، سک س، فت ت، سک س۔ صف۔ استسقا یا جَلَندر کا مریض؛ پانی مانگنے والا۔

مُسْتَشار ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ جس سے مشورہ لیا جائے۔ امذ۔ **مُسْتَشارُ السِّفارَہ** سفارتخانے کا کاؤنسِلر۔

مُسْتَشْرِق ضمہ م، سک س، فت ت، سک ش، کس ر۔ امذ۔ علوم مشرقی کا مغربی ماہر، یورپین محقق یا عالم جس کو کسی مشرقی علم پر عبور ہو۔

مُسْتَطاب ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ جسے اچھا سمجھا جائے، مرغوب، پسندیدہ شخص م: جناب مُستطاب: کلمۂ تخاطب۔

مُسْتَطِیع ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ جسے استطاعت ہو۔ صاحب مقدور۔

مُسْتَطِیل ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ امث۔ چار ضلعوں کی لنبوتری شکل جس کے آمنے سامنے کے ضلعے برابر اور متوازی ہوں۔

مُسْتَعار ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ مانگے کا، مانگا ہوا، عارضی۔

مُسْتَعان ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف، امذ۔ جس سے مدد طلب کی جائے، اسماء حسنیٰ میں شامل۔

مُسْتَعْجِل ضمہ م، سک س، فت ت، سک ع، کس ج۔ صف۔ جلدی کرنے، جلدی سے گزرنے والا، م: شُعلۂ مُسْتَعْجِل (شُعْ لَ ءِ) جلد بھڑک کر بجھ جانے والا شعلہ۔

مُسْتَعِد ضمہ م، سک س، فت ت، کس ع۔ صف۔ آمادہ، تیار، تُلا ہوا، چست، تیز پھرتیلا۔ م: مُستعدِّ ہلاکت (شد د) ہلاکت پر کمر بستہ۔

مُسْتَعْذَر ضمہ م، سک ب، فت ت، سک ع، فت ذ۔ صف۔ جس کی بابت عذر چاہا جائے۔ **مُسْتَعذِر** (کس ذ) جو عذر چاہے۔

مُسْتَعْفی ضمہ م، سک س، فت ت، سکع۔ صف۔ استعفا دینے والا، کسی عہدے یا ملازمت سے سبکدوشی چاہنے والا۔

مُسْتَعْمَرہ ضمہ م، سک س، فت ت، سک ع، فت م ر۔ امذ۔ آبادی، قریہ، نو آباد علاقہ۔

مُسْتَعْمَل ضمہ م، سک س، فت ت، سک ع، فت م۔ صف۔ زیر استعمال، جو کام میں لایا جائے۔ برتا جانے والا۔ نیز **مُسْتَعْمَلہ** برتا ہوا یا ہوئی، برتے ہوئے۔

مُسْتَعِین ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ مدد چاہنے والا۔

مُسْتَغْرِب ضمہ م، سک س، فت ت، سک غ، کس ر۔ امذ۔ مشرقی باشندہ جو مغربی دنیا کے علوم کا ماہر ہو۔ قب: مُسْتَشْرِق۔

مُسْتَغْرَق ضمہ م، سک س، فت ت، سک غ، فت ر۔ صف۔ ڈوبا ہوا؛ محو، مُنہمک۔

مُسْتَغْنی ضمہ م، سک س، فت ت، سک غ۔ صف۔ بے نیاز، بَری، بے پروا، سر چشم۔

مُسْتَغِیث ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ امذ، صف۔ استغاثہ دائر کرنے والا، مدّعی، فریادی، داد خواہ۔ امث **مُسْتَغِیثہ** مُدَّعِیَہ۔

مُسْتَفاد ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ حاصل کیا ہوا فائدہ، (کلام تصنیف، بات وغیرہ سے) پایا جانے والا مطلب۔

مُسْتَفْتی ضمہ م، سک س، فت ت، سک ف۔ امذ۔ فتوے کا طالب۔

مُسْتَفْسِر ضمہ م، سک س، فت ت، سک ف، کس س۔ صف۔ پوچھنے، استفسار کرنے والا۔

مُسْتَفِید ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ فائدہ اٹھانے والا، استفادہ کرنے والا۔

مُسْتَفِیض ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ فیض پانے والا، جسےفیض یا فائدہ پہنچے۔

مُسْتَقْبِل ضمہ م، سک س، فت ت، سک ق، کس ب۔ صف، امذ۔ آگے آنے والا؛ آئندہ زمانہ۔ (قواعد) وہ فعل جو ماضی و حال کے مقابل آنے والے زمانے سے تعلق رکھتا ہو، م: پیدا ہوگا۔ امذ۔ **مُسْتَقْبَل** سامنے کے رخ کی تصویر (نیم رخ کے بالمقابل)۔

مُسْتَقَرّ ضمہ م، سک س، فت ت ق۔ امذ۔ جائے قرار، ٹھہرنے کی جگہ، ٹھکانا، مقام۔

مُسْتَقِلّ ضمہ م، سک س، فت ت، کس ق۔ صف۔ پائیدار، قائم ہونے والا۔ ہمیشہ کا۔ م ف۔ **مُسْتَقِلاً** (مُسْ تَ قِلْ لَن)، ہمیشہ، برابر، مسلسل۔ امث **مُسْتَقِلی** پائیداری، استقلال، مستقل کیا جانا۔ عام: **مُسْتَقْلی**۔

مُسْتَقِیم ضمہ م، سک س، فت ت، ی مع۔ صف۔ سیدھا، راست، جس میں کجی نہ ہو م: **خطّ مُسْتَقِیم** منحنی کی ضد۔

مَسْتَک فت م، سک س، فت ت۔ امذ۔ ماتھا، پیشانی اردو میں ہاتھی کی پیشانی کے لیے مخصوص۔

مُسْتَکْبِر ضمہ م، سک س، فت ت، سک ک، کس ب۔ صف۔ مغرور، دماغ دار، گھمنڈی، استکبار سے کام لینے والا۔

مُسْتَلْزِم ضمہ م، سک س، فت ت، سک ل، کس ز۔ صف۔ التزام سے کام لینے والا، جو اپنے اوپر کسی کام کو لازم کر لے۔

مُسْتَمِد ضمہ م، سک س، فت ت، کس م۔ صف۔ اعانت، استمداد چاہنے والا۔

مُسْتَمِر ضمہ م، سک س، فت ت، کس م۔ صف۔ ہمیشہ قائم، دائمی، پائیدار۔

مُسْتَمِع ضمہ م، سک س، فت ت، کس م۔ صف۔ سننے والا۔

مُسْتَمَنْد ضمہ م، سک س، فت ت م، سک ن۔ صف۔ حاجتمند، اہل غرض؛ رنجیدہ، غمگین۔ [ف: مَشت = غم ، مند، لاحقۂ فاعلی]۔

مُسْتَنْبَط ضمہ م، سک س، فت ت، ن مثل م، فت ب۔ صف۔ دریافت، معلوم، ماخوذ۔ **مُسْتَنْبِط** (کسر ب) دریافت، معلوم اخذ کرنے والا۔

مُسْتَنَد ضمہ م، سک س، فت ت ن۔ صف۔ تصدیق شدہ،توثیق کردہ، مصدّقہ، مانا ہوا، سند یافتہ، قابل استناد۔

مُسْتَنْصِر ضمہ م، سک س، فت ت، سک ن، کس ص۔ صف۔ مدد چاہنے والا، نصرت کا طالب۔

مُسْتَوجِب ضمہ م، سک س، و لین، کس ج۔ صف۔ سزاوار، جس پر کوئی بات واجب ہو جائے م: مُستوجب سزا۔

مَسْتُور فت م، سک س، و مع۔ صف۔ پردے میں چھپا ہوا، مخفی، پوشیدہ۔ ج **مَسْتُورات** پردہ نشین خواتین (واحد **مَسْتُورَہ**)

مُسْتَوفی ضمہ م، سک س، و لین۔ صف۔ حساب لینے والا، محاسب [ع: پورا وصول کرنے والا]۔

مَسْتُول فت م، سک س، ومع۔ امذ۔ کشتی یا جہاز کی بلّی یا ستون جس پر بادبان بندھے ہوتے ہیں [پرتگالی: مَستو، انگ: Mast]۔

مُسْتَولی ضمہ م، سک س، و لین۔ صف۔ قابض، متصرّف، چھایا ہوا، حاوی۔

مُسْتَوی ضمہ م، سک س، فت ت۔ صف۔ سیدھا،

ہموار ، برابر۔

مَسَت فت م س۔ صف۔ گُم صم، کھویا ہوا؛ گپ چپ [س: مَشْتْ = بھولا ہوا]۔

مُشٹنڈا ضمہ م، سک س، فت ٹ، سک ن۔ صف۔ امذ۔ ہٹا کٹا، موٹا تازہ آدمی۔

مَسْجِد فت م، سک س، کس ج۔ امث۔ مسلمانوں کی جائے عبادت۔ **مَسْجِدِ اَقصیٰ** (اَقْ سا) یروشلم میں واقع مسلمانوں کا قبلۂ اول [ع: اقصیٰ = بعید] **مَسْجِدِ جامِع** (کَس مج) بڑی مسجد جہاں بہت سے لوگ جمع ہوں۔ **مَسْجِدِ نَبَوی** (نَ بَ وی) مدینۂ منوّرہ کی مسجد جہاں رسول پاکؐ کا روضۂ مبارک ہے۔

مُسَجَّع ضمہ م، فت س، شد فت ج۔ صف۔ وہ نثری عبارت جس کے جملے ہمقافیہ ہوں (اگر قافیے جملے کے درمیان بھی آئیں تو مرصّع کہلائے گی)۔

مُسَجَّل ضمہ م، فت س، شد فت ج۔ امذ۔ مُہر شدہ کاغذ جس پر حاکم کی تصدیق ہو۔ **مُسَجِّل** تصدیق توثیق کرنے والا سرکاری افسر؛ یونیورسٹی کا رجسٹرار۔

مَسْجُود فت م، سک س، ومع۔ صف۔ جسے سجدہ کیا جائے، معبود۔

مَسْح فت م، سک س۔ امذ۔ ہاتھ پھیرنا، وضو میں سرگردن وغیرہ پر ہاتھ پھیرنا۔ عام [ع: چھونا، پونچھنا، ہاتھ ملنا]۔

مَسْحُور فت م، سک س، ومع۔ صف۔ سحرزدہ، جادو کے اثر میں؛ مُسَخَّر، ساکت، خاموش، مبہوت۔

مَسْخ فت م، سک س۔ صف۔ بگڑی صورت کا؛ بگاڑا ہوا؛ کچھ کا کچھ کیا ہوا۔

مَسْخاکہ فت م، سک س، فت ک۔ امذ۔ مزاحیہ یا طنزیہ قلمی یا تحریری تصویر کشی (قب انگ: Caricature) [مَسْخ +خاکہ]۔

مُسَخَّر ضمہ م، فت س، شد فت خ۔ صف۔ تسخیر کیا ہوا، قابو، گرفت قبضے میں لیا ہوا۔

مَسْخَرَہ فت م، سک س، فت خ ر۔ صف، امذ۔ ہنسانے والا، ظریف، ہنسوڑ۔ [ع: جس پر ہنسی آئے] امث **مَسْخَرَہ پن مَسْخَرَگی** غیر سنجیدہ حرکات؛ ہنسی ٹھٹّھا۔

مُسَدَّس ضمہ م، فت س، شد فت د۔ امث، امذ۔ (اقلیدس) چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلع برابر ہوں۔ (عروض) وہ نظم جس میں چھ چھ مصرعوں کے بند ہوں؛ نیز چھ مصرعوں کا بند۔

مَسْدُود فت م، سک س، ومع۔ صف۔ بند کیا ہوا، روکا ہوا (راستہ وغیرہ)۔

مَسَرَّت فت م س، شد فت ر۔ امث۔ خوشی، فرحت، شادمانی۔

مُسَرِّع ضمہ م، فت س، شد کس ر۔ امذ۔ تیز کرنے والا، رفتار بڑھانے والا (انگ: Accelerator)۔

مُسْرِف ضمہ م، سک س، کس ر۔ صف۔ اِسراف کرنے والا، فضول خرچ، خرّاچ۔

مَسْرُور فت م، سک س، ومع۔ صف۔ خوش، شاداں، فرحاں۔

مَسْرُوق فت م، سک س، ومع۔ صف۔ چُرایا ہوا، نیز **مَسْرُوقہ** صیغۂ تانیث و جمع بطور واحد مستعمل م: **مالِ مَسْرُوقہ**۔

مُسَطَّح ضمہ م، فت س، شد فت ط۔ صف۔ بچھا ہوا، پھیلا ہوا، سپاٹ، چوڑا، ہموار۔

مِسْطَر کس م، سک س، فت ط۔ امذ۔ سطر کھینچنے کا آلہ، رُولر، پیمانہ، دفتی، سطریں کھینچا ہوا کاغذ۔

مَسْعُود فت م، سک س، ومع۔ صف۔ مبارک، نیک شگون، خوش نصیب بھاگوان۔

مَسْقَط فت م، سک س، فت ق۔ امذ۔ سقوط یا نزول کی جگہ۔ عَلَم: خلیج عمان کی ایک بندرگاہ۔ مروصفی

مَسْقَطُ اْلرّاس (مَس قَ ت 1 راس) جائے پیدائش، مولد، جنم بھوم۔

مُسَقّف ضمہ م، فت س، شد فت ق۔ صف۔ چھت سے ڈھکا ہوا، چھت والی تعمیر۔

مَسَک کس م، سک س۔ امذ۔ مُشک نافہ۔

مُشکا ضمہ م، سک س۔ امذ۔ مویشیوں کے منہ پر باندھنے کا چھینکا تاکہ ان کا منہ بند رہے۔

مُشکان ضمہ م، سک س۔ امث۔ مسکراہٹ، خاموش ہنسی۔ ف ل: **مُشکانا۔**

مُسْکت ضمہ م، سک س، کس ک۔ صف۔ خاموش کرنے والا، لاجواب کر دینے والا۔

مُسْکر ضمہ م، سک س، کس ک۔ صف۔ نشہ آور۔ ج **مسکرات** مَنشیات۔

مُسْکُرانا ضمہ م، سک س۔ ف ل۔ فرحت، طنز یا تپاک کے طور پر ہونٹوں کو جنبش دینا، باچھیں پھیلانا، گوشۂ لب کو حرکت دینا۔ امث **مُسکَراہَٹ۔** (ضمہ ک) خفیف ہنسی، تبسّم، مُشکان۔

مَسْکَن فت م، سک س، فت ک۔ امذ۔ رہنے کا ٹھکانا، قیام گاہ۔

مَسَکْنا فت م س، سک ک۔ ف ل۔ کسی دباؤ سے کپڑے کی بناوٹ کا کھینچ جانا، جِھر جھرا ہو جانا یا چِر جانا۔

مُسَکِّن ضمہ م، فت س، شد کس ک۔ صف۔ تسکین دہ، جو سکون پہنچائے۔

مَسْکَنَت فت م ک ن۔ امث۔ غریبی، مفلسی، نیز **مسکینی۔** صف **مِسکین۔**

مسْکَوٹ کس م، سک س، ولین۔ امث۔ آپس کی گفتگو، خفیہ بات چیت [غالباً انگ: Mess Talk کی تلبیس]۔

مُسْکَوڑا ضمہ م، سک س، ولین۔امذ۔ کروٹ،پہلو کا وار یا دھکا۔ **مسْکَوڑے لینا**، اینڈنا، کسمسانا۔

مَسْکُوک فت م، سک س، ومع۔ صف۔ ڈھالا ہوا، نقش یا ٹھپّا لگا ہوا سکہ یا کوئی دھات کی شے۔

مَسْکُون فت م، سک س، ومع۔ صف۔ آباد، بسا ہوا، م: **رُبْع مَسْکُون** دنیا کا چوتھائی آباد علاقہ۔

مَسکہ فت م، سک س، فت ک۔ امذ۔ مکھن۔

مِسْکِین کس م، سک س، ی مع۔ صف۔ مفلس، غریب؛ بھولا، چُپکا، سیدھا۔

مِسْل کس م، سک س۔ امث۔ کاغذات کا پلندہ، فائل، طَبلَق۔

مُسَلَّح ضمہ م، فت س، شدفت ل۔ صف۔ ہتھیار بند، اسلحہ سجے ہوئے، نہتّا کی ضد۔

مَسْلَخ فت م، سک س، فت ل۔ امذ۔ جانورں کو ذبح کرنے کی جگہ، مَذْبح [ع: سلخ = کھال اتارنا]۔

مُسَلْسَل ضمہ م، فت س، سک ل۔ صف۔ متواتر، پے در پے، لگاتار، سلسلہ وار، بے رکاوٹ۔

مُسَلَّط ضمہ م، فت س، شد فت ل۔ صف۔ حاوی، طاری کیا ہوا، چھایا ہوا، قابض نیز مُتسلّط [ع: سَلطہ قبضہ، اختیار، قابو]۔

مَسْلَک فت م، سک س، فت ل۔ امذ۔ راستہ، طریق، مذہب، مشرب؛ اُسوہ، دستور؛ پالسی۔

مُسْلِم ضمہ م، سک س، کس ل۔ صف۔ اسلام کا پیرو، تسلیم کرنے والا۔ امث **مُسْلِمَہ۔**

مُسَلَّم ضمہ م، فت س، شد فت ل۔ صف۔ مانا ہوا، تسلیم کیا ہوا؛ کامل، سالم، پورا، نیز **مُسَلَّمَہ** صیغۂ تانیث و جمع بطور واحد مستعمل۔ مرکب **مُسَلَّم اْلثّبُوت** (مُ سَل لَ مُش س بوت) تسلیم شدہ۔

مَسَلْنا فت م، سک ل۔ ف م۔ ہاتھوں سے ملنا، ہاتھوں میں لے کر دباتے رہنا، گوندھنا چٹکی سے پیسنا؛ رگیدنا، دباؤ ڈالنا، روندنا۔

مَسْلُوب فت م، سک س، ومع۔ صف۔ سلب کیا ہوا،

چھینا ہوا، معطل کیا ہوا۔

مَسلُوک فت م، سک س، ومع۔ صف۔ جس کے ساتھ سلوک کیا جائے؛ اجراء کیا گیا، چالو کیا گیا۔

مسلُول فت م، سک س، ومع۔ صف۔ سل کے مرض میں مبتلا۔

مُسمّاۃ ضمہ م، فت س، شد م۔ امث۔ نام بُردہ عورت، مُسمّیٰ کی تانیث۔ عورتوں کے نام کے ساتھ مستعمل م: مُسمّاۃ صغریٰ بی بی۔

مِسمار کس م، سک س۔ صف۔ تباہ، اکھاڑا، گرایا، ڈھایا ہوا [ع: میخ، کھونٹی]۔

مِسماع کس م، سک س۔ امذ۔ سننے کا آلہ۔ مرکب **مِسماع اُلصَّدر** (مِس ما عُسّ سَدْر) ڈاکٹروں کا دل کی دھڑکن سننے کا آلہ (انگ: سٹیتھو سکوپ)۔

مُسمُسا ضمہ م، سک س۔ صف۔ گھنّا، چپ شریر، امث **مُسمُسی**۔

مُسَمَّط ضمہ م،فت س، شد فت م۔ صف، امذ۔ پرویا ہوا، لڑ یا لڑی کی شکل میں۔ (عروض) وہ بیت جس میں کئی قوافی لائے گئے ہوں، ایساترجیح بند جس کے ہر بند میں سوائے ٹیپ کے مختلف قوافی ہوں اور ٹیپ کا مصرع پہلے بند کا ہم قافیہ۔

مُسَمّن ضمہ م، فت س، شد فت م۔ صف۔ موٹا، فربہ، جس پر چربی بہت ہو [ع: سَمَن - چربی] **مُسَمّن** (غذا، دوا) جو موٹا کرے۔

مَسمُوع فت م، سک س، ومع۔ صف۔ جو سنا جائے، جسے قبول یا منظور کیا جائے۔

مَسمُوم فت م، سک س، ومع۔ صف۔ زہر دیا ہوا، جس میں زہر بھرا ہو۔ زہریلا، م: مسموم فضا۔

مُسَمّیٰ ضمہ م، فت س، شد م، ی غم۔ صف۔ نام دیا ہوا، نام سے پکارا جانے والا، م: اس نام کا ایک ہی مسمّیٰ تھا۔ نیز **مُسَمّی** (ی مع) مردوں کے نام سے پہلے بطور شناخت م: مسمّی فتح خان۔ مث **مُسَمّاۃ/ مُسَمّات**۔

مُسِن ضمہ م، کس س۔ صف۔ سن رسیدہ، بوڑھا۔

مَسنَد فت م، سک س، فت ن۔ امث۔ فرش یا چوکی، تخت وغیرہ پر بچھایا ہوا غالیچہ، چادر یا سوزنی وغیرہ۔ تکیہ گاہ؛ کسی بزرگ یا میر مجلس کے بیٹھنے کی جگہ۔ جانشینی کی گدّی۔ [ع: تکّیہ]۔

مُسنَد ضمہ م، سک س، فت ن، امذ۔ خبر، روایت، کہی ہوئی بات۔ (قواعد) **مُسنَد/ مسند الیہ** خبر اور جس کی بابت خبر دی جائے خبر و مُبتدا۔

مَسنُون فت م، سک س، ومع۔ صف۔ رسول اللہؐ کا اختیار کردہ یا ہدایت کردہ طریق عمل۔

مِسواک کس م، سک س۔ امث۔ دانت صاف کرنے کے لیے ٹہنی کا ٹکڑا، خصوصاً وہ جو پیلو کی ٹہنی سے بنایا جاتا ہے، داتن۔

مُسَوَّدَہ ضمہ م، فت س، شد فت و، فت د۔ امذ۔ قلمی تحریر، رقم شدہ کاغذ، کچّی یا ابتدائی تحریر جسے بعد میں صاف کیا جائے؛ منصوبہ [ع اصلاً: سیاہ کیا ہوا] نیز **مَسّ وَدَہ، مَسّ وِدہ**۔

مَسُور فت م، ومع۔ امث۔ مٹیالے چھلکے اور سرخ یا زرد دانے کی دال، عَدَس۔ چھلکے سمیت **کھڑی مَسُور** اور چھلی ہوئی **مَلکَہ مَسُور** کہلاتی ہے (لاط: Lens esculanta)۔ نیز **جَنگلی مَسُور** اس کے دانے کھڑی مَسُور سے چھوٹے ہوتے ہیں اور صرف دواءً مستعمل ہے۔

مَسُوڑھا فت م، ومع۔ امذ۔ دانتوں کے چوکے کا نرم گوشت جس میں دانت جڑے ہوتے ہوئے ہیں۔

مَسوَسنا فت م، ومج، سک س۔ ف م۔ دبانا، بھینچنا، مروڑنا، گھونٹنا۔ م: **کَلیجا مَسوَسنا** درد کی شدّت کو دبانا، اف نہ کرنا۔

مَسہری فت م، فت مج س، سک ہ۔ امث۔ عموماً لکڑی کا بنا ہوا، با آرام بڑا پلنگ۔

مُسْہِل ضمہ م، سک س، کس ہ۔ امذ۔ دست آور دوا، جلّاب۔

مَسْئَلہ فت م، سک س، فت ء ل۔ امذ۔ حل طلب سوال، معاملہ، قضیہ، تصفیہ طلب بات، پیچیدہ امر، گتھی۔

مَسْئُول فت م، سک س، ومع۔ امذ۔ جواب دہ، ذمہ دار، جس سے سوال کیا جائے یا جس سے باز پرس کی جا سکے۔

مِسی کس م۔ صف۔ تانبے کا بنا ہوا۔ امذ۔ مِسی جوش (ومج) تپا کر پگھلایا ہوا تانبا۔

مِسّی کس م، شد س۔ امث۔ دانتوں پر ملنے کے لیے ماجو پھل، لوہ چون اور توتیا وغیرہ کو پیس کر بنایا ہوا سیاہ سفوف، نسوانی سنگھار کے طور پر مستعمل۔ مِسّی کی دَھڑی ہونٹوں اور دانتوں پر مسّی کی تہہ۔ نیز مِسی (بلا شد)۔

مَسِیت فت م، ی مع۔ امث۔ مسجد کی تلبیس (قدیم)۔

مَسِیح فت م، ی مع۔ صف، علم۔ تیل کی مالش کیے ہوئے؛ بہت سفر کرنے والا۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب۔ نیز مَسِیحا کنایتاً مردوں کو جلانے والا، بیماروں کو شفا دینے والا۔ مروصفی مَسِیحا نَفَس (فت ن ف) جو اپنی پھونک سے شفا بخشے۔ صف مَسِیحی عیسائی مذہب کا پیرو۔

مَسِینا فت م، ی مع۔ امذ۔ سستا، ادنیٰ قسم کا اناج۔

مُشابِہ ضمہ م، کس مج ب، ہ ملفوظ۔ صف۔ ملتا ہوا، مانند، مثل۔ امث مشابَہت۔

مُشارٌ اِلَیْہ ضمہ م، تن ضم ر، کس ا، ے لین، سک ہ ملفوظ صف۔ جس کی طرف اشارہ کیا جائے۔

مَشارِب فت م، کس ر۔ ج مذ۔ مَشْرب کی جمع، راستے، مسالک، مذاہب۔

مَشارِق فت م، کس ر۔ ج مذ۔ مشرق کی جمع، راستے ، سمتیں، جہتیں۔

مُشارَکَت ضمہ م، فت ر ک۔ امث۔ ساجھا، شراکت، حصہ داری نیز امذ۔ مُشارَکَہ (مُ شارک)۔

مَشّاط فت م، شد ش۔ امذ۔ سنگھار کرانے والا، نگار بند۔ امث۔ مَشّاطَہ (مَش شاتَ) سنگھار کرانے والی، نیز رشتہ طے کرانے والی عورت [ع: مَشط ۔ کنگھی]۔

مُشاعَرَہ ضمہ م، فت ع ر۔ امذ۔ شعر خوانی کی محفل، عام: مُشاعِرَہ۔

مَشاغِل فت م، کس غ۔ ج مذ۔ مشغلے و مصروفیات۔ واحد مَشْغَلہ۔

مُشافَہَہ ضمہ م، فت ف ہ۔ امذ۔ آمنا سامنا م ف۔ بِالْمُشافَہَہ (بِل مُ شافَ ہَ) آمنے سامنے، رُوبرو۔

مَشّاق فت م، شد ش۔ صف۔ بہت مہارت رکھنے والا۔ امث۔ مَشّاقِی اعلیٰ مہارت۔

مُشاکِل ضمہ م، کس ک۔ صف، امث۔ ہم شکل، مثل، مانند؛ ایک عروضی بحر جو بحر قریب کی مماثل یا مانند ہے۔ اردو میں کم مستعمل۔

مَشام فت م۔ امذ۔ سونگھنےکی حس [ع: شامّہ سے وضعی لفظ]۔

مُشاوَرَت ضمہ م، فت و ر۔ امث۔ باہمی صلاح مشورہ۔

مُشاہَدَہ ضمہ م، فت ہ ر۔ امذ۔ دیکھنا، معائنہ، نظارہ۔ عام: مشاہدہ۔

مُشاہَرَہ ضمہ م، فت ہ ر۔ امذ۔ ماہوار تنخواہ۔

مَشاہِیر فت م، ی مع۔ ج مذ۔ مشہور لوگ، معروف اشخاص۔

مَشائِخ فت م، کس ء۔ ج مذ۔ بزرگ، بوڑھے لوگ، صوفیا۔ واحد شَیخ۔

مُشائِعَت ضمہ م، کس مج ء، فت ع۔ امث۔ رخصت ہونے والے کے ساتھ تھوڑی دور احتراماً جانا۔ [ع: اصلاً: مشایَعۃ]۔

مَشّائی فت م، شد ش۔ امذ۔ فلسفے میں ارسطو کا پیرو، لفظاً: بہت چلنے والا، (ارسطو ٹہل ٹہل کر درس دیتا تھا، یہی اس کے حلقے کی وجہ تسمیہ ہے) ج **مَشّائین**؛ منطق پر زور دینے والا مکتب فلاسفہ، اشراقین سے متمیّز۔

مُشَبَّک ضمہ م، فت ش، شد فت ب۔ صف۔ جال کے طور پر بنا ہوا، جالی دار، جس میں بہت سے سوراخ ہوں؛ پلیٹیں پڑا ہوا [ع: کئی تہوں یا پلیٹوں والا]۔

مُشَبَّہ ضمہ م، فت ش، شد فت ب/ سک ہ ملفوظ۔ صف۔ جس سے تشبیہہ دی جائے، جس کے ساتھ مماثلت بتائی جائے۔ **مُشَبَّہ بِہ/ بِہٖ** (مُ شَبْ بَ ب ہی/ بِہٖ) جسے مماثل کہا جائے۔ م: گُل رُخ میں گل مُشبّہ، رخ مشبّہ بہ۔

مُشت ضمہ م، سک ش۔ امث۔ مٹھی؛ مکّا۔ م۔ **یک مشت** ایک ہی ساتھ، یکبارگی امث۔ **مُشت زَنی** مکے بازی، جَلق، اِستمنا بالید۔ **مُشت مال/ مالی** مُٹھی چپّی، مالش۔

مُشْتاق ضمہ م، سک ش۔ صف۔ نہایت اشتیاق رکھنے والا، آرزومند۔

مُشْتَبَہ ضمہ م، سک ش، فت ت بہ۔ صف۔ جس کے بارےمیں شک ہو، غیر یقینی۔

مُشْتَرک ضمہ م، سک ش، فت ت ر۔ صف۔ ساجھے کا، جس میں شرکت ہو۔ نیز **مُشترکہ** (مُش تَ رَ کَ)۔

مُشْتَری ضمہ م، سک ش، فت ت۔ امذ۔ خریدار، گاہک۔ علم: نظام شمسی کاسب سے بڑا سیّارہ۔

مُشْتَعِل ضمہ م، سک ش، فت ت، کس ع۔ صف۔ بھڑکتا ہوا، شعلہ زَن، لو دینے والا؛ غصّے میں بھرا، غضبناک۔

مُشْتَق ضمہ م، سک ش، فت ت۔ صف۔ ماخوذ، وہ لفظ جو کسی اور لفظ یا اصل سے نکلا ہوا مصدر سے بنایا ہوا کلمہ۔

مُشْتَمِل ضمہ م، سک ش، فت ت، کس م۔ صف۔ شریک رکھنے والا، جس میں ارکان یا اجزاء شامل ہوں، م: چند ارکان پر مشتمل گروہ۔

مُشْتَہَر ضمہ م، سک ش، فت ت ہ۔ صف۔ جو مشہور کیا گیا ہو، جس کا اشتہار دیا گیا ہو۔ صف فاعلی **مُشتَہِر** (کس ہ) اشتہار دینے والا۔

مُشْتَہی ضمہ م، سک ش، فت ت۔ صف۔ اشتہا پیدا کرنے، بھوک لگانے والا [وضعی لفظ اصلاً ع: مشتہّی]۔

مُشْتا ضمہ م، سک ش۔ امذ۔ جلد سازوں کی موگری، تھاپی۔

مُشَجَّر ضمہ م، فت ش، شد فت ج۔ صف۔ پُھولدار، جس پر بیلیں یا پودے بنے ہوں۔

مُشَخَّص ضمہ م، فت ش، شد فت خ۔ صف۔ تشخیص کردہ، مُعَیّن، مقَرر؛ جسمانی یا شخصی طور پر ظاہر؛ بھروپ بھرے ہوئے۔

مُشَدَّد ضمہ م، فت ش، شد فت د۔ صف۔ تشدید کے ساتھ جس پر شد کی علامت لگی ہو۔

مَشْرَب فت م، سک ش، فت ر۔ امذ۔ طریق، دین، مذہب، ضابطہ و اصول [اصلاً ع: سبیل، چشمہ - پینے کی جگہ]۔

مُشَرَّح ضمہ م، فت ش، شد فت ر۔ صف۔ شرح کے ساتھ، تشریح کردہ، مع حواشی۔

مَشْرَف فت م، سک ش، فت ر۔امذ۔ شہ نشین، بلند مقام۔

مُشْرِف ضمہ م، سک ش، کس ر۔ امذ۔ نگراں، پاسباں۔

مُشَرَّف ضمہ م، فت ش، شد فت ر۔ صف۔ جسے

شرف بخشا گیا ہو، عزّت پانے والا۔

مَشرِق فت م، سک ش، کس ر۔ امذ۔ سورج کے طلوع ہونے کی سمت، پورب، ایشیائی ممالک جو یورپ کے مشرق میں واقع ہیں۔

مُشرِک ضمہ م، سک ش، کس ر۔ صف۔ شِرک کرنے والا، خداے واحد کے ساتھ دوسروں کو معبود ماننے والا۔

مَشرُوب فت م، سک ش، ومع۔ امذ۔ پینے کی شے، ج **مَشرُوبات** سیّال مُفرّحات۔

مَشرُوط فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ جس کے ساتھ کوئی شرط لازم ہو۔ شرائط پر مبنی۔

مَشرُوع فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ شرعاً جائز؛ ایک قسم کا ریشم کا سوتی کپڑا جسے عورتیں پاجامے کے لیے استعمال کرتی ہیں اور بعض کے نزدیک مردوں کے لیے اس کا استعمال شرعاً جائز ہے۔

مَشعَر فت م، سک ش، فت ع۔ امذ۔ رسُوم مذہبی ادا کرنے کی جگہ، **اَلمَشعَرُالحَرام** مزدلفہ، مکّے سے مشرقی جانب وہ مقام جہاں حُجاج قیام کرتے ہیں۔

مَشعَل فت م، سک ش، فت ع۔ امث۔ شمع، فانوس، بانس کے سرے پر تیل میں تر کر کے لپیٹا ہوا کپڑا جسے روشنی کے لیے جلایا جائے، امذ۔ **مَشعَلچی** (مَش عَل چی عام: مَشَل چی) مشعل بردار، چراغ جلانے پر مامور آدمی۔

مَشغَلَہ فت م، سک ش، فت غ ل۔ امذ۔ کام، مصروفیت، وقت گزاری کا طریقہ، کمائی کا وسیلہ۔ مرکب اضا **مَشغَلَہء سُلطانی**۔ وہ صندوقچہ جو شاہی سواری کے ساتھ چلتا تھا تاکہ فریادی اس میں اپنی عرضیاں ڈال دیں۔ صف **مَشغُول** مصروف۔ اسم کیف مث **مَشغُولِیّت** مصروفیت [ع مَشغُولِیَۃ ؛ فکر پریشانی]۔

مُشفِق ضمہ م، سک ش، کس ف۔ صف۔ شفقت، مہر، رحمت کرنےوالا۔

مَشق فت م، سک ش۔ امث۔ کسی کام کو بار بار کرنا تاکہ رواں ہو جائے۔ مُزاولت محنت سے حاصل کردہ مہارت [ع: وہ نمونہ جس کی نقل اُتاری جائے]۔

مِشقاب کس م، سک ش۔ امث۔ پلاؤ نکالنے کی بڑی، لنبوتری پلیٹ۔ [ترکی: **بشقاب** بڑی رکابی، آٹا گوندھنے کا کونڈا نما برتن]۔

مَشَقّت فت م ش، شد فت ق۔ امث۔ محنت، ریاضت، تھکانے والا کام۔

مَشک فت م، سک ش۔ امث۔ بکرے کے چمڑے سے بنایا ہوا پانی بھر کر لے جانے کا ظرف۔

مُشک ضمہ م، سک ش۔ امث۔ ایک خاص ہرن کے پیٹ کے نیچے ایک تھیلی سے نکلنے والا سیاہ تیز خوشبودار مادّہ، مِسک، کستُوری، نیز **مُشک نافَہ** **مُشک بِلاؤ** (ومج) ایک افریقی بلّا جس کے سُرین میں بنی ہوئی ایک تھیلی سے خوشبودار مادّہ زُباد حاصل ہوتا ہے۔ [ع: سِنَّور الزَّباد (سِن نُور زباد)؛ (قب انگ: Civit cat] صف **مُشکیں** خوشبودرا، سیاہ فام، نیز **مُشکی** خصوصاً سیاہ گھوڑے کے لیے مستعمل؛ (نیز رک: **مُشکیں باندھنا**)۔

مُشَکّل ضمہ م، فت ش، شد فت ک۔ صف۔ مجسّم،جسے شکل دی گئی ہو؛ کتاب (خصوصاً قرآن) جس میں اعراب لگے ہوں۔

مُشکِل ضمہ م، سک ش، کس ک۔ صف، امث۔ دُشوار، کٹھن، زحمت طلب؛ دشواری، پیچیدہ، حل طلب مسئلہ، مصیبت، زحمت۔

مِشکوٰۃ کس م، سک ش، و غم، سک ت۔ امث۔ چراغ رکھنے کا طاقچہ، فانوس، شمعدان، احادیث کا ایک مجموعہ، نیز **مِشکوٰۃ اَلمَصابِیح** (مِش کا تُل مَ سا بی حْ)۔ [رک: مصباح]۔

مَشْکُور فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ شکر کے قابل، سراہنے کے لائق، کامیاب (عام طور پر شکر گزار شاکر، مُتشکّر، ممنون۔ احسان مند کے معنی میں بھی مستعمل۔)

مَشْکُوک فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ مشتبہ، جس کے بارے میں شک ہو۔

مُشْکوے ضمہ م، سک ش، ومج، ے مج (بروزن مفْعول) امذ۔ چمن، باغ، محلسرائے۔

مَشْکِیزَہ فت م، سک ش، ی مع، فت ر۔ امذ۔ چھوٹی مشک۔

مُشْکیں بانْدھنا ضمہ م، سک ش، ے مج مغ، غنہ، سک دھ۔ ف مر محاورہ۔ دونوں ہاتھ ملا کر پیچھے کی طرف باندھنا، بازو کسنا نیز **مُشکیں کَسْنا**۔ [ف: مُشک بَشتَن]۔

مَشْمُول فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ شامل کیا ہوا،شمار میں لیا ہوا۔ مث نیز جمع **مَشْمُولَہ** (ل)۔

مَشْوَرَہ فت م، سک ش، فت و ر۔ امذ۔ صلاح، آپس میں سوچ بچار، نیز امث **مَشْوَرَت**۔

مُشَوَّش ضمہ م، فت ش، شد فت و۔ صف۔ تشویش فکر، تردد میں مبتلا، پریشان، گھبرایا ہوا۔

مَشْہَد فت م، سک ش، فت ہ۔ امذ۔ وہ مقام جہاں کوئی شہادت پائے، جہاں اجتماع ہو؛ مشاہدہ کیا جائے۔

مَشْہُود فت م، سک ش، ومع۔صف۔ جس کا مشاہدہ کیا جائے، جو سب کے سامنے واقع یا رونما ہو۔

مَشْہُور فت م، سک ش، ومع۔ صف۔ عام طور پر جانا بُوجھا، شہرت پایا ہوا۔

مَشی فت م۔ امث۔ چہل قدمی، پیدل چلنا، ٹہلنا۔

مُشَہِّی ضمہ م، فت ش، شد فت ہ۔ صف۔ اشتہا انگیز، بھوک لگانے یا بڑھانے والا (دوا موسم وغیرہ)۔

مَشِیّت فت م، کس ش۔ شد فت ی۔ امث۔ مرضی، خواہش، ارادہ، مراد: خدا کی مرضی؛ تقدیر، قسمت۔ نیز **مَشیّت ایزدی** خدا کی مرضی۔

مَشِیج فت م، ی مع۔ صف، امذ۔ مخلوط، آمیختہ؛ نطفہ جو بیضے سے مل چکا ہو۔

مَشِیخَت فت م، ی مع، فت خ۔ امث۔ اپنی بڑائی، شیخی، تکبّر۔

مُشِیر ضمہ م، ی مع۔ صف۔ صلاح کار، مشورہ دینے والا؛ وزیر کے مماثل ایک عہدہ۔

مُشَیَّن ضمہ م، فت ش، شد فت ی۔ صف۔ شاندار [وضعی لفظ۔ع: مُشَیِّن (شد کس ی) = کمینہ، رُسوا، بدنام]۔

مُصاحِب ضمہ م، کس ح۔ ج مذ۔ ساتھ رہنے والا، ہم جلیس، درباری۔ امث۔ **مُصاحَبَت** (فت ح ب) ہم نشینی، رِفاقت۔

مَصارِف فت م، کس ر۔ ج مذ۔ اخراجات، صرف کی مدیں۔ **مَصارِف قائمَہ** موجود یا مستقل مدات صرف (انگ: Standing Charges)۔

مصاف فت م۔ ج مذ بطور واحد۔ لڑائی کا میدان عرصۂ دراز [ع: واحد: مَصَفّ]۔

مُصافَحَہ ضمہ م، فت ف ح۔ امذ۔ ہاتھ ملانا۔

مَصالِح فت م، کس مج ل۔ مصلحتیں، نیز مُصلِح اجزا، مسالے۔

مُصالَحَت ضمہ م، فت ل ح۔ امث۔ سمجھوتا، باہمی صلح صفائی۔

مَصائِب فت م، کس ء۔ جمذ۔ مصیبتیں، اندوہ؛ شہداء کربلا کے آلام کا تذکرہ۔

مِصْباح کس م، سک ص۔ امذ۔ چراغ، ج **مَصابِیح**۔

مُصَبَّر ضمہ م، فت ص، شدفت ب۔ امذ۔ ایلوا، گھیکوار کا عُصارہ۔

مُصَحِّح ضمہ م، فت ص، شد کس ح۔ امذ۔ تصحیح، درستی، نظرثانی کرنے والا۔

مُصَحَّف ضمہ م، فت ص، شد فت ح۔ صف۔ وہ لفظ یا عبارت جس کے اعراب بدل دیے گئے ہوں، مسخ شدہ تحریر۔

مُصْحَف ضمہ م، سک ص، فت ح۔ امذ۔ کتاب خصوصاً مراد قرآن مجید۔

مِصْداق کس م، سک ص۔ امذ۔ کسی بات یا شے کی دلیل، ثبوت، نظیر۔

مَصْدَر فت م، سک ص، فت د۔ امذ۔ شروع ہونے کی جگہ، ماخذ، اصل، منبع۔ (قواعد) فعل مطلق جس سے کسی بات کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو اور گردان کے دیگر صیغے اخذ کیے جائیں، اردو میں اس کی علامت "نا" ہے م: آنا، جانا، کرنا ہونا۔

مُصَدَّق کس م، فت ص، شد فت د۔ صف۔ تصدیق شدہ؛ مُصدِّق (شد کس د) تصدیق کرنے والا؛ مث نیز جمع مُصَدَّقہ جس کی تصدیق کی گئی ہو۔

مِصْر کس م، سک ص۔ امذ۔ بڑا شہر، ملک، دیار ج: اَمْصار۔ عَلَم: شمالی افریقہ کا مُلک جس سے دریائے نیل گزرتا ہے، جس سے حضرت یوسف کا قصہ منسوب ہے اور جہاں قدیم فراعنہ کی یادگار، اہرام واقع ہیں۔

مُصِر ضمہ م، کس ص۔ صف۔ اصرار کرنے والا (ترکیب کی صورت میں ر مشدد م: احکام پر مصرّ تعمیل ہوا۔)

مُصَرَّح ضمہ م، فت ص، شد فت ر۔ صف۔ صراحت کردہ۔ نیز مُصَرَّحَہ امذ۔ مُصَرِّح (شد کس ر) صراحت، وضاحت، تشریح کرنے والا۔

مِصْرَع کس م، سک ص، فت ر۔ امذ۔ شعر کا ایک موزوں ٹکڑا جو وزن پر پورا اترتا ہو، نصف بیت یا نصف شعر۔ [اصلاً: مِصْراع کواڑ کا ایک پٹ] نیز مِصْراع، مِصْرَعَہ مرکب مِصْرَعِ اوّل/ مِصْرَعۂ اُولیٰ۔

مَصْرَف فت م، سک ص، فت ر۔ امذ۔ خرچ کی مد، صرف کرنے کی صورت، خرچ کا مقصد، م: اس شے کا مصرف کیا ہے ـ کس کام یا مقصد کے لیے ہے۔ مُصْرِف صرف کرنے والا۔

مَصْرُوع فت م، سک ص، ومع۔ صف۔ صرع یا مرگی کا مریض۔

مَصْرُوف فت م، سک ص، ومع۔ صف۔ مشغول، کام میں لگا ہوا؛ صرف کیا ہوا۔

مِصْری کس م، سک ص۔ امث۔ قند کی ٹھوس بلوری قلم یا ڈلی مِصْری کا کُوزَہ (کوز) قند کا ٹھوس بلوری گولے کی شکل میں ڈھالا ہوا ڈلا۔ امذ۔ مصر کا باشندہ۔صف مصر سے مَنسُوب۔

مُصْطَفیٰ ضمہ م، سک ص، فت ط، ی غم۔ صف۔ ممتاز، برگزیدہ، منتخب صف۔ مُصطفوی رسول اللہؐ سے منسُوب، مسلمان۔

مُصْطَلَح ضمہ م، سک ص، فت ط ل۔ صف ، امذ۔ کوئی لفظ یا مخصوص معنی رکھتا ہو؛ وہ لفظ جو کسی خاص علمی یافنّی مفہوم کو ادا کرنے کے لیے اختیار یا وضع کیاجائے۔ ج مُصْطَلَحات اِصطلاحیں، کسی خاص شعبۂ علم یا فن کے خاص الفاظ۔

مُصَغَّر ضمہ م، فت ص، شد فت غ۔ صف۔ چھوٹا کیا ہوا؛ وہ لفظ جس سے کسی بڑی چیز کی چھوٹی شکل کے معنی پیدا ہوتے ہوں، جس میں عمل تصغیر واقع ہوا ہو، جیسے خوانچہ جو خوان کا مصغّر ہے؛ مُصَغَّرْ تَصْوِیر چھوٹی تقطیع پر باریک قلم سے بنایا ہوا نقش۔

مُصَفّا ضمہ م، فت ص، شد فت ف۔ صف۔ صاف، ستھرا، بے آلائش۔ نیز مُصفّیٰ (ی غم)۔

مُصَفّی ضمہ م، فت ص، شد فـ صف پاک صاف کرنے والا، کھوٹ، آلائش دور کرنے والا۔

مصَقَل کس م، سک ص، فت ق۔ امذ۔ صیقل کرنے کا آلہ۔

مُصْلِح ضمہ م، سک ص، فتُ مع ل۔ صف۔ اصلاح کرنے والا، خرابیوں کو دور کرنے والا، (طب) کسی مرکب کا وہ جز جو دوسرے اجزا کی مضرت کا توڑ کرے۔

مَصْلَحَت فت م، سک ص، فت ل۔ امث۔ خوبی، بھلائی، فائدہ؛ نیک صلاح؛ حکمت عملی۔

مَصْلُوب فت م، سک ص، ومع۔ صف۔ جسے صلیب پر صلیب پر چڑھایا گیا ہو۔ سولی دیا ہوا۔

مُصَلّیٰ ضمہ م، فت ص، شد ل بمد، ی غم۔ نماز پڑھنے کی جگہ، جانماز، مسجد۔ نیز **مُصَلّا**۔

مُصَلّی ضمہ م، فت ص، شد ل۔ امذ۔ نمازی، صلوہ ادا کرنے والا؛ مسلمان خاک روب کے لیے مقامی لفظ۔

مُصَمّتَہ ضمہ م، فت ص، شد فت م تـ امذ۔ وہ حرف جو اِعراب یا حرف علّت کے بغیر آواز پیدا نہیں کرتا، مصوّتہ کی ضد، انسانی بولی کی وہ آوازیں جو اپنے مخصوص مخارج سے بلا حَرکت ادا نہیں ہو سکتیں۔ م: ب ت ث وغیرہ (انگ: Consonant)۔

مُصَمّم ضمہ م، فت ص، شد فت م۔ صف۔ پکّا، مضبوط، اٹل (ارادہ)؛ **مُصمّم** مضبوط ارادہ کیے ہوئے۔

مُصَنِّف ضمہ م، فت ص، شد کس ن۔ امذ۔ صاحب تصنیف، کتاب لکھنے والا؛ دل سےگھڑنے والا امث۔ **مُصنّفہ** صف **مُصَنَّفہ** (شد فت ن) تصنیف کردہ۔

مَصْنُوع فت م، سک ص، و مع۔ صف۔ بنایا، گھڑا ہوا، ساختہ۔ امث **مَصنُوعَہ** ج **مَصْنُوعات**۔

مَصْنُوعی فت م، سک ص، ومع۔ صف۔ بناوٹی، غیر اصلی، جعلی، پُرتکلّف۔

مَصَوّتَہ ضمہ م، فت ص، شد فت و، فت تـ امذ۔ وہ حرف جو دوسرے حروف کو حرکت دے کر با آواز بناتا ہے، م: ا، و، ی؛ انسانی حلق سے سانس کے ساتھ پیدا ہونے والی وہ آواز جس کی مدد سے جملہ مخارج سے نکلنے والی اصوات ادا ہوتی ہیں، م: آ، ای، اُو، میں مد، ی اور و کی آواز۔ (قب انگ: Vowel) نیز **صَوتِیَہ**۔

مُصَوَّر ضمہ م، فت ص، شد فت و۔ صف۔ باتصویر۔ اسم فاعل: **مُصَوِّر** (شد کس و) تصویر بنانے والا۔ اسم کیف **مُصَوّری** تصویر کشی، نقاشی۔

مَصون فت م، ومع۔ صف۔ محفوظ کیا ہوا (غلط العام : مصئون)۔

مُصِیبَت ضمہ م، ی مع، فت ب۔ امث۔ سختی، عذاب، بدبختی؛ زحمت، دشواری۔

مُصَیقَل ضمہ م، ی لین، فت ق۔ صف۔ صیقل کیا، چمکایا ہوا۔

مُضارَبَت ضمہ م، فت ر ب۔ امث۔ کسی اور کے کاروبار میں مالی شراکت۔

مُضارِع ضمہ م، کس مج ر۔صف۔ قواعد عربی میں وہ فعل جس کا اطلاق حال اور مستقبل پر ہو سکتا ہے، م: نَعُوذُ ہم پنا مانگتے ہیں/ مانگیں گے۔ [لفظاً: مشابہ]۔

مُضاعَف ضمہ م، فت ع۔ صف۔ دگنا، دو چند، نیز **اَلْمُضاعَف**۔

مُضاف ضمہ م۔ صف۔ (قواعد) ترکیب اضافی کا وہ جز جو منسوب کی جانے والی شے پر مشتمل ہو م: "دن کا اُجالا" میں "اُجالا"؛ "شوق دل" میں شوق۔ (لفظاً: اضافہ کیا گیا؛ نخالص) **مُضافُ اِلَیْہ** (اِ لے ہ) ترکیب اضافی کا وہ جز جس کی طرف کوئی بات منسُوب کی جائے۔ م: مذکُورۂ بالا مثالوں میں دن اور دل۔ ج **مُضافات** اضافہ شدہ یا شامل کردہ چیزیں؛ مَنسُوبات؛ متعلقات؛ شہر کے آس پاس کےعلاقے۔ صف

مُضافی اکٹھا، مجتمع۔
مُضائِقہ ضمہ م، سک مج ء، فت ق۔ امذ۔ حرج، کمی، کوتاہی، نقصان؛ تنگی؛ خوف [ع، اصلاً : مضایَقہ فت ی]۔
مَضْبُوط فت م، سک ض، و مع۔ صف۔ قوی، طاقتور، پکّا، کڑا، پائیدار [ع: درست، صحیح]۔
مُضْحِک ضمہ م، سک ض، کس ح۔ صف۔ ہنسانے والا، جس پر ہنسی آئے، مزاحیہ۔ ج: مُضْحِکات (کسمج ح) ہنسی کی باتیں، مزاحیہ ادب۔
مَضْحَکہ فت م، سک ض، فت ح ک۔ امذ۔ مذاق، تمسخر، محاورہ: مَضحکہ اڑانا ہنسنا، مذاق اڑانا، خاکہ اُڑانا؛ بیوقوف بنانا، صف مَضحکہ خیز جس پر ہنسی آئے۔ [ع: مَضحکہ۔ ہنسنے کا مقام]۔
مُضِرّ ضمہ م، کس ض۔ (تراکیب میں ر مشدد)۔ صف۔ جو ضرر پہنچائے، نقصان دہ، اسم کیفیت مص مَضَرّت (فت م، فت ض، شد فت ر) نقصان، زیاں۔ صف۔ مَضَرّت رَساں نقصان دہ۔
مِضْراب کس م، سک ض۔ امث۔ ستار کے تاروں کو چھیڑنے کا نوکدار انگشتانہ، زخمہ۔
مُضْطَر ضمہ م، سک ض، فت ط۔ صف۔ بے قرار، بے چین [ع: مجبور] نیز مُضطَرِب اسم کیف امذ۔ اِضْطِراب (کس ا، کسمج ط)۔
مُضْغہ ضمہ م، سک ض، فت غ۔ امذ۔ گوشت کا ٹکڑا، لوتھڑا، ابتدائی حمل جس میں حرکت پیدا نہ ہوئی ہو۔
مُضِلّ ضمہ م، کس ض۔ (تراکیب میں ل مشدد)۔ گمراہ کرنے والا۔ اسم کیف مَضَلّت گمراہی۔
مُضْمَحِل ضمہ م، سک ض، فت م، کس ح۔ صف۔ سُست، ناتواں، تھکا ہوا [ع: گھٹنے والا تالاب وغیرہ]۔
مُضْمَر ضمہ م، سک ض، فت م۔ صف۔ پوشیدہ مخفی ج مُضْمَرات نکات یا معانی جو موجود مگر ظاہر نہ ہوں۔
مَضْمُوم فت م، سک ض، ومع۔ صف۔ وہ حرف جس پر پیش (ضمّہ) لگا ہو۔
مَضْمُون فت م، سک ض، ومع۔ امذ۔ مفہوم، معنی، مطلب؛ مندرجات؛ تحریر انشا، کسی موضوع پر لکھی ہوئی عبارت، تصنیف؛ آرٹیکل، انشائیہ [ع: شامل کیا، ضمانت دیا ہوا]۔ ج: مَضامِین۔
مَضیٰ فت م، ی غم۔ صف۔ گزرا ہوا، مقولہ: مَضیٰ ما مَضیٰ جو گزار سو گزرا۔ رفت گزشت کرو۔
مُطابِق ضمہ م، کس ب۔ صف۔ موافق، بموجب؛ مماثل، مانند۔ اسم کیف مث مُطابَقَت (فت ب ق) موافقت، برابری، یکسانیت، موزونیت۔
مَطار فت م۔ امذ۔ ہوائی جہازوں کا اڈا، فرود گاہ، طیران گاہ، نیز مَطارَہ (مَ تار)۔
مُطاع ضمہ م۔ صف۔ لائق اطاعت، بزرگ، مولیٰ، حاکم۔
مَطاعِن فت م، کس ع۔ ج مذ۔ طعنے، اُلاہنے، واحد: طَعن۔
مَطاف فت م۔ امذ۔ طواف کرنے کی جگہ۔
مُطالَبہ ضمہ م، فت ل ب۔ امذ۔ طلب کرنا، مانگنا، دعویٰ، تقاضا۔
مُطالَعہ ضمہ م، فت ل ع۔ امذ۔ پڑھنا، پڑھائی، بغور جائزہ۔
مُطائبہ ضمہ م، کسمج ء، فت ب۔ امذ۔ خوش طبعی، ہنسی مذاق۔ ج مُطائبات لطائف [ع: مُطایَبہ]۔
مَطَب فت م ط۔ امذ۔ طبیب کے بیٹھنے کی جگہ، معالجہ گاہ۔
مَطْبَخ فت م، سک ط، فت ب۔ امذ۔ باورچی خانہ۔
مَطْبَع فت م، سک ط، فت ب۔ امذ۔ چھاپہ خانہ، اشاعت گھر۔
مَطْبُوع فت م، سک ط، ومع۔ صف۔ مرغوب،

پسندیدہ؛ چھاپا ہوا۔ مفث مَطبُوعَہ، ج مَطبُوعات۔

مَطَر فت م ط۔ امذ۔ بارش، مینہ ج: اَمطار۔

مُطَرّا ضمہ م، فت ط، شد ر۔ صف۔ تروتازہ، شاداب۔

مُطْرِب ضمہ م، سک ط، کس ر۔ امذ۔ گانے والا، موسیقار؛ [ع: دل خوش کرنے والا] مث مُطْرِبہ (کسمج ر)۔

مَطْرُوح فت م، سک ط، ومع۔ صف۔ نکالا ہوا، الگ، رد کیا ہوا۔ (قب: طرح دینا)۔

مَطْعَم فت م، سک ط، فت ع۔ امذ۔ طعام گاہ، کھانے کی جگہ۔

مَطعُون فت م، سک ط ومع۔ امذ۔ جسے طعنہ دیا جائے، جس پر عیب لگایا جائے۔

مُطَلّا ضمہ م، فت ط، شد ل۔ صف۔ سنہری، طلائی، زرّیں، مُذَہّب [ف: طلا سے صیغۂ مفعول بقاعدۂ عربی، مثل مجرّب]۔

مَطْلَب فت م، سک ط، فت ل۔ امذ۔ معنی، مدعا۔

مَطْلَع فت م، سک ط، فت ل۔ امذ۔ طلوع ہونے کی جگہ، افق، آسمان، سما، فضا۔

مُطّلِع ضمہ م، شد فت ط، ضم مج ل۔ صف۔ اطلاع پانے والا، باخبر، آگاہ۔

مُطْلَق ضمہ م، سک ط، فت ل۔ صف۔ بالکل، قطعی، کامل، آزاد، بے روک ٹوک، مُطْلَق اَلْعِنان باگ سے چھوٹا ہوا (گھوڑا) مراد: آزاد، خود مختار، خودسر (آدمی، حکومت، حاکم وغیرہ)۔

مُطَلَّقَہ ضمہ م، فت ط، شد فت ل، فت ق۔ امث۔ طلاق دی ہوئی عورت۔

مَطْمَح فت م، سک ط، فت م۔ امذ۔ مقصُود، مدّعا، ہدف۔ مرکب اضا مَطْمَح نَظَر (کس مج ح، فت ن ظ) مرکز نگاہ، مقصود اصلی۔

مُطْمَئِن ضمہ م، سک ط، فت م، کس ء۔ صف۔ آسُودہ، تسلّی سے، نچنت۔

مُطَوَّل ضمہ م، فت ط، شد فت و۔ صف۔ طول دیا ہوا، دراز کیا ہوا۔

مُطَہَّر ضمہ م، فت ط، شد فت ہ۔ صف۔ پاک کیا ہوا، پاکیزہ، طاہر۔

مُطِیع ضمہ م، ی مع۔ صف۔ اطاعت شعار، فرماں بردار، تابع۔

مَظاہِر فت م، کس ہ۔ ج مذ۔ مَظْہَر کی جمع۔ نظر آنے والے رُخ نقشے، نمونے، مناظر۔

مُظاہَرَہ ضمہ م، فت ہ ر۔ امذ۔ تائید، پشتی، حمایت؛ واضح، رسمی، یا پرجوش اظہار حمایت۔ [ع: ظہر۔ پشت]۔

مُظَفَّر ضمہ م، فت ظ، شد فت ف۔ صف۔ فتحیاب، کامیاب۔

مَظْلِمَہ فت م، سک ظ، کس ل۔ امذ۔ ظُلم، جور؛ ج: مَظالِم۔

مَظْلُوم فت م، سک ظ، ومع۔ صف۔ جس پر ظلم کیا گیا ہو۔ اسم کیف مث مَظلُومی/ مَظلُومیّت مظلوم ہونا۔

مَظْنُون فت م، سک ظ، ومع۔ صف۔ گمان کیا ہوا، مشتبہ، ظنّی قیاسی۔

مَظِنَّہ فت م، کس ظ، شد فت ن۔ امذ۔ گمان، قیاس، وہم۔

مَظْہَر فت م، سک ظ، فت ہ۔ امذ۔ ظاہری رخ، آشکارا صورت، ج مَظاہِر (رک)۔

مُظْہِر ضمہ م، سک ظ، کس ہ۔ امذ۔ گواہ، شاہد، بیان کرنے والا۔ مث مُظْہِرَہ (ز/ را) صف۔ مُظْہَرَہ (مز ہَ ر) بیان کردہ، ظاہر کردہ۔

مَع فت م۔ م ف۔ ساتھ، سمیت، بشمُول۔ مرکب اضا مَع اَلْخَیر (فت مع) خیریت کے ساتھ۔ مَع اَلسَّلام / مَع اَلتَّسْلِیم (مَعَت تَش لِیم) سلام و

نیاز کے ساتھ۔ **مَعَہٰذا** (مَعَ ہازا) اِس کے ساتھ، علاوہ ازیں۔ **معاً** فوراً، اُسی وقت، دفعتہً۔

مَعابد فت م، کس ب۔ ج مذ۔ **مَعْبَد** عبادت گاہ کی جمع۔

مَعابر فت م، کس بہ ج مذ۔ **مَعبَر** = پُل کی جمع۔

مَعاد فت م۔ امذ۔ آخرت، لوٹ کر جانے کی جگہ۔

مُعادَلَت ضمہ م، فت د ل۔ امث۔ انصاف، برابری، مساوات۔

مَعادِن فت م، کس د۔ ج مذ۔ **مَعدِن** کان کی جمع، کانیں۔

مَعاذَ اللہ فت م د، ا غم، شد ل بمد، ہ ملفوظ فجائیہ۔ خدا کی پناہ! اُفوہ! توبہ توبہ، ہر گز نہیں۔ [ع: اَعُوذُ مَعاذَ اللہ کی تخفیف]۔

مُعارِض ضمہ م، کس ر۔ صف۔ تعارض، مخالفت، جھگڑا کرنے والا۔ امث **مُعارَضَہ** (مُ عارَ ضَ) جھگڑا، اعتراض۔

مَعارِف فت م، کس ر۔ ج مذ۔ معرفت کی جمع شناخت، پہچان، حقیقت الٰہی۔ حقائق، معلومات۔

مَعاش فت م۔ امث۔ روزی، گزر اوقات کی صورت، طرز زندگی۔ صف **مَعاشی** کاروبار زندگی کے متعلق۔

مُعاشَرَت ضمہ م، فت ش ر۔ امث۔ طریق زندگی، ساتھ مل کر رہنا، مد نیت۔ امذ **مُعاشَرَہ** (مُ عا شَ رَ) سماج، سوسائٹی۔ صف **معاشَرَتی**۔

مَعاشیات فت م، کس ش۔ امث۔ علم معاشیات، اقتصادیات، اکنامِکس، اَرْتھ ودّیا۔

مُعاصِر ضمہ م، کس ص۔ صف۔ ہمعصر، ایک عہد کے لوگ۔

مَعاصی فت م۔ ج مذ۔ معصیت۔ گناہ کی جمع۔

مُعاطَفت ضمہ م، فت ط ف۔ امث۔ مہربانی، لطف کرم۔

مُعاف ضمہ م۔ صف۔ بخشا، عفو کیا ہوا، مبرّا، بری، آزاد کردہ؛ درگزر، نظر انداز، امث۔ **مُعافی** بخشش، عفو۔ [ع: مُعافی]۔

مُعالِج ضمہ م، کس ل۔ امذ۔ علاج کرنے والا، طبیب، ڈاکٹر۔ امث۔ **مُعالَجَہ** (مُ عا لَ جَ) علاج، دوا دارو۔

مَعالی فت م۔ ج مذ۔ اعلیٰ مدارج، بلندیاں، معلّی کی جمع۔

مُعامَلَت ضمہ م، فت م ل۔ امث۔ باہم مل کر کوئی بات کرنا، باہمی کاروبار، لین دن وغیرہ، نیز **مُعامَلَہ**۔

مُعامَلَہ ضمہ م، فت م ل۔ امذ۔ مسئلہ، قضیہ، بات، قصّہ، نیز رک: **مُعامَلَت** جس کی یہ متبادل شکل ہے۔ اکیف مث **مُعامَلَہ بَنْدی** غزل میں واردات عشق و محبت، لگاوٹ، محبوب سے چھیڑ چھاڑ کی باتیں۔

مُعانِد ضمہ م، کس ن۔ صف۔ عناد، بغض رکھنے والا، مخالف۔

مُعانَقَہ ضمہ م، فت ن۔ امذ۔ گلے ملنا، بغل گیر ہونا۔

مَعانی فت م۔ ج مذ۔ معنی کی جمع؛ عِلم ادب؛ رُوحانیت۔

مُعاوَدَت ضمہ م، فت و د۔ امث۔ واپسی، لوٹ کر آنا، مراجعت۔

مُعاوَضَہ ضمہ م، فت و ض۔ امذ۔ اجرت، بدلا۔

مُعاوِن ضمہ م، کس و۔ صف۔ اعانت، مدد کرنے والا، دریا میں ملنے والے نالے ندّیاں۔ امث۔ **مُعاوَنَت** (فت و) امداد، تعاون، حمایت۔

مُعاہَدَہ ضمہ م، فت ہ د۔ امذ۔ عہد، باہمی سمجھوتا، قول و قرار، سمجھوتے کی دستاویز۔ صف **مُعاہِد** جو عہد باندھے۔

مَعائِب فت م، کس ء۔ ج مذ۔ عیب کی جمع، خامیاں، نقائص۔

مُعائنَہ ضمہ م، کس مج ء، فت ن۔ امذ۔ جانچ پڑتال، نگہداری، مشاہدہ [ع: معایَنہ]۔

مَعبَد فت م، سک ع، فت ب۔ امذ۔ عبادت گاہ، ج مَعابِد۔

مَعبَر فت م، سک ع، فت ب۔ امذ۔ عبور کرنے، پار اترنے کا مقام، پُل، گھاٹ۔

مَعبُود فت م، سک ع، ومع۔ امذ۔ جس کی عبادت کی جائے؛ خداوند، اللہ تعالیٰ۔

مُعتاد ضمہ مج م، سک ع۔ صف۔ عادی، خوگر؛ وہ مقدار جس کی عادت ہو، خوراک۔

مُعتَبَر ضم مج م، سک ع، فت ت ب۔ صف۔ اعتبار کے لائق، جس پر اعتبار کیا گیا۔

مُعتَد ضم مج م، سک ع، فت ت۔ صف۔ گنا ہوا، شمار کردہ، مُعتَدبہ/ بِہہ۔ (ب ہی نیز بھ) گِنا گنایا، معقول تعداد یا مقدار، قابل لحاظ۔

مُعتَدِل ضمہ مج م، سک ع، فت ت، کس د۔ صف۔ درمیانی، بَین بَین، شدّت یا کثرت سے مبرّا، متوسّط۔

مُعتَرِض ضم مج م، سک ع، فت ت، کس ر۔ صف۔ اعتراض کرنے، رکاوٹ ڈالنے، الزام دینے والا۔

مُعتَرِف ضمہ مج م، سک ع، فت ت، کس ر۔ صف۔ اعتراف کرنے، اقرار کرنے، مان لینے والا۔

مُعتَزِل ضمہ مج م، سک ع، فت ت، سک ر۔ صف۔ جماعت سے کٹنے، علیحدگی اختیار کرنے والا، ج مُعتَزِلہ (ل) نیز اَلْمُعتَزِلَہ آزاد خیال مسلم مذہبی مفکرین کا ایک گروہ جس نے ۸ ویں تا دسویں صدی میں خاصی مقبولیت حاصل کی۔ ان کی ابتدا حسن بصری کے شاگرد و اصل ابن عطا سے شمار کی جاتی ہے جس نے اپنے استاد سے اس مسئلہ پر کہ گناہ کبیر کا مرتکب کافر ہے، اختلاف کیا تھا۔ مُعتَزِلی فرقۂ مُعتَزِلہ کا رکن یا پیرو۔

مُعتَصِم ضمہ مج م، سک ع، فت ت، کس ص۔ صف۔ توکّل کرنے والا۔

مُعتَضِد ضمہ مج م، سک ع، فت ت، کس ض۔ صف۔ داد خواہ، انصاف طلب۔

مُعتَقِد ضمہ مج م، سک ع، فت ت، کس ق۔ صف۔ ماننے، اعتقاد، ایمان لانے والا۔

مُعتَکِف ضمہ م، سک ع، فت ت، کس ک۔ صف۔ اعتکاف کرنے والا، عبادت کے لیے گوشہ نشین۔

مُعتَمَد ضمہ مج م، سک ع، فت ت م۔ صف۔ جس پر اعتمار کیا جائے، بھروسے کا؛ سیکرٹری۔ نیز مُعتَمَد عَلَیہ(فت ع، ے لین، سک ہ) جس پر اعتماد کیا گیا۔

مَعتُوب فت م، سک ع، و مع۔ صف۔ عتاب میں، عتاب زدہ، کسی کے غصّے، سختی کا شکار۔

مُعجِز ضم مج م، سک ع، کس ج۔ صف۔ عاجز کردینے والا، عقل گم کرنے والا۔ امذ۔ مُعجِزَہ (ز) حیرت ناک بات یا کارنامہ، خرق عادت۔

مُعَجَّل ضمہ مج م، فت ع، شد فت ج۔ صف۔ بروقت، فوری؛ مہر جس میں ادائگی کے لیے مہلت نہ ہو۔ موَجّل کی ضد۔

مُعجَم ضمہ مج م، سک ع، فت ج۔ امذ۔ فرہنگ، کتاب اللّغات۔ صف؛ نقطہ دار حرف؛ مبہم، غیر واضح۔

مَعجُون فت م، سک ع، ومع۔ امذ۔ قوام کی صورت میں تیار کردہ مرکّب یا دوا، گھونٹی ہوئی بھنگ۔ صف۔ قوام کردہ، گوندھا ہوا۔

مُعدِل ضم مج م، سک ع، کس د۔ صف۔ منصف، برابر تقسیم کرنے والا، مَعدِل اَلنَّہار (مَعْ د لنْ نَ ہا(ر) خطِ استواء۔

مَعدِلت فت م، سک ع، کس مج د، فت ل۔ امذ۔ انصاف، عدل۔

مَعدِن فت م، سک ع، کس د۔ امذ۔ کان، کھان، وہ پہاڑ یا زمین جس میں سے دھاتیں وغیرہ کھود کر نکالی جائیں۔ صف۔ مَعدنی دھاتوں سے متعلق۔ مَعدنیّات (کسمج د، کس ن) دھاتیں، کانوں سے

کھود کر نکالی جانے والی اشیاء، عام:مَعدَن/ مَعدَنی۔
مَعْدُود فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ گنے گنائے، تھوڑے سے۔ نیز **مَعدُودے چَنْد**۔
مَعْدُول فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ وہ حرف جو تلفظ سے خارج رکھا جائے۔ امث۔ **واوِ مَعْدُولہ** خاموش حرف و، م: خوٰاہ مخوٰاہ، خوٰاب، خوٰد، خوٰیش میں۔
مَعْدُوم فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ مٹا ہوا، ناپید۔
مِعْدَہ کس مج م، سک ع، فت د۔ امذ۔ پیٹ کے اندر وہ تھیلی نما عضو جس میں کھانا پہنچ کر ہضم کے پہلے مرحلے سے گزرتا ہے۔ [اصلاً: مَعْدَہ فت م]۔
مَعْذِرت فت م، سک ع، کس ذ، فت ر۔ امث عذر، اظہار مجبوری۔
مُعَرّا ضم مج م، فت ع، شد ر۔ صف۔ سادہ ، خیالی، بے آرائش، بے قافیہ (نظم)۔ [ع: ننّگا] نیز **مُعَرّیٰ** (ی غم)۔
مِعْراج کس مج م، سک ع۔ امث۔ بلند ترین، مرتبہ، اعلیٰ ترین منزل۔ رسول اللہ صلعم کا سفر آسمانی۔
مُعَرّب ضم مج م، فت ع، شد فت ر۔ صف۔ عربی لہجے میں ڈھالا ہوا، غیر زبان کا وہ لفظ جس میں عربی کے لہجے اور مخارج کے مطابق تصرّف کیا گیا ہو، مثلاً سراج (چراغ) کابینہ (کیبنٹ)۔
مَعرِض فت م، سک ع، کس ر۔ امذ۔ صورت حال، کیفیت، جائے ظہور م: **مَعرِض اِلْتِوا** (کسمج ض، کس ا، کسمج ت) ملتوی حالت، **مَعرِض بَحْث** موضوع گفتگو ہونے کی صورت؛ **مَعرِض وُجُود** (ضمہ و، ومع) موجودگی، پیدائش، حدوث کی حالت۔
مُعَرَّف ضمہ مج م، فت ع، شد فت ر۔ صف۔ نشان زدہ، شناخت کیا ہوا۔
مُعَرِّف ضم مج م، فت ع، شد کس ر۔ صف۔ تعریف کرنے، شناخت کرنے والا۔

مَعرِفَت فت م، سک ع، کس مج ر، فت فـ امثـ پہچان، وسیلہ؛ خدا شناسی، حقیقت تک رسائی؛ تصوّف۔
مَعْرِفہ فت م، سک ع، کسمج ر، فت ف۔ امذ۔ وہ اسم جو کسی مخصوص شخص یا شے پر اطلاق رکھتا ہو، م: احمد، ہمالہ۔
مُعْرِق ضمہ مج م، فت ع، شد کس ر۔ صف۔ پسینہ لانے والی (دوا، غذا، موسم وغیرہ)۔
مَعْرِکہ فت م، سک ع، کس ر، فت ک۔ امذ۔ میدان جنگ، کارزار، لڑائی، مقابلہ، مہم۔ صف۔ **مَعْرِکے کا** زبردست، غیر معمولی، نہایت کامیاب م: بڑے معرکے کا علاج کیا، مضمون لکھا وغیرہ۔ **مَعرِکہ آرا** لشکر کو ترتیب دینے والا، آمادۂ جنگ، جنگجو۔
مَعرِکَۃُ الآرا فت م، سک ع، کس مج ر، فت ک، ضمہ ت، اغم، سک ل۔ صف۔ جس کے بارے میں بہت اظہار خیال کیا جائے، جس پر بہت توجہ کی گئی ہو؛ جس کا بڑا چرچا ہو۔
مَعْرُوض فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جو عرض کیا گیا، عرض داشت، درخواست۔ نیز امذ۔ **مَعرُوضَہ**۔
مَعْرُوضی فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جس میں اپنے نفس ذات یا انا کو دخل نہ ہو؛ بے لاگ، مخلصانہ، بے تعصبانہ (مشاہدہ، فکر، رائے وغیرہ)۔ **مَعرُوضِیَت** یہ نظریہ کہ اشیاء خیال سے باہر اپنا حقیقی وجود رکھتی ہیں؛ داخلیت کی ضد۔
مَعْرُوف فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جانا بوجھا؛ نیک اچھا م: قول معروف اچھی بات۔ (قواعد) وہ فعل جس کی صریح نسبت اپنے فاعل سے ہو جیسے محمود آیا، مجہول (لایا گیا) کی ضد۔ امث۔ **واو معروف** حرف و کی وہ آواز جو ضمہ کے اشباع سے پیدا ہوتی ہے۔ جیسے نُور، طُور، صورت وغیرہ میں۔ **ی/ یائے مَعْرُوف** کسرہ کی کشیدہ آواز جیسے مِیر، پِیر،

سیرت میں۔

مُعِزّ ضمہ م، کس ع (تراکیب میں ر مشدد) صف۔ عزت دینے والا، م: مُعِزّ الدّین؛ اسمائے حُسنیٰ میں شامل۔

مُعَزَّز ضمہ م، فت ع، شد فت ز۔ صف۔ جسے عزت دی گئی، محترم۔ عام: مُعزّز۔

مَعْزُول فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ معطّل، موقوف کیا ہوا، نکالا ہوا، برطرف۔

مُعَسْکَر ضم مج م، فت ع، سک س، فت ک۔ امذ۔ لشکر کے اُترنے کا مقام، چھاونی، فوجی پڑاؤ۔ عام: **مَعَسْکَر**۔

مَعْشَر فت م، سک ع، فت ش۔ امذ۔ گروہ، جماعت، نوع۔

مَعْشُوق فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جس سے عشق کیا جائے، محبوب۔ مث **مَعْشُوقَہ** (ق) محبوبہ۔ اکیف مث **مَعْشُوقی/ مَعْشُوقِیّت** معشوق ہونا، معشوقانہ انداز۔

مُعَصْفَر ضمہ مج م، فت ع، سک ص، فت فہ صف۔ کُسُم کے رنگ میں رنگا ہوا، زَعفرانی، کیسری۔

مَعْصُوم فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ بے گناہ، بھولا۔ اکیف مث **مَعصُومیّت** بے گناہی، بچپن کا بھولپن۔

مَعْصِیَّت فت م، سک ع، کس ص، فت ی۔ مث۔ گناہ، پاپ۔ ج **مَعاصی**۔

مُعَطّر ضمہ مج م، فت ع، شد فت ط۔ صف۔ عطر میں بسا ہوا، خوشبودار، مہکتا ہوا۔

مُعَطَّل ضم مج م، فت ع، شد فت ط۔ صف۔ اَدھر، لٹکا ہوا، بے کار، خالی، کام سے بےدخل کیا ہوا۔ اکیف مث **مُعَطّلی**۔

مَعْطُوف فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ مبذُول رُخ پھیرے ہوئے، پلٹا ہوا۔م: توجہ یا نظر کا معطوف ہونا۔ (قواعد) ترکیب عطفی میں حرف عطف کے بعد آنے والا کلمہ م: نقد و نظر میں نظر معطوف ہے، نقد

مَعْطُوف عَلَیہ(فت ع، ے لین، سک ہ) حرف عطف سے پہلے کا کلمہ جس کے ساتھ معطوف کو جوڑا جائے۔

مُعْطی ضم مج م، سک ع۔ صف۔ عطا کرنے والا، اسماء حسنیٰ میں سے ایک۔ **مُعْطیٰ لَہٗ**۔ (مُعْ تا لَ ہُو) جسے عطا کیا جائے۔

مُعَظّم ضم مج م، فت ع، شد کس ظ۔ صف۔ عظمت دیا ہوا، عظیم۔ مث **مُعَظّمَہ**۔

مُعَقّم ضم مج م، فت ع، شد کس ق۔ صف، امذ۔ تولید کے ناقابل بنانے والا؛ جراثیم سے پاک کرنے والا (انگ: Steriliser) امث **عَقْم** افزائش نسل کے ناقابل ہونا؛ جراثیم سے پاک ہونا۔ نیز رک: **عقیم**۔

مَعْقُول فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ قرینِ عقل، سمجھ میں آنے والا؛ مناسب، واجبی، کافی، خاطر خواہ؛ پسندیدہ؛ قائل، لاجواب۔ م **مَعقُولات** علوم عقلی، فلسفہ، سائنس۔ اکیف مث **مَعقُولیت** مناسب، پسندیدہ بات، ہوشمندی۔

مَعْکُوس فت م، سک ع، و مع۔ صف۔ اُلٹا، بَرعکس، پلٹا ہوا۔

مُعَلّق ضم مج م، فت ع، شد فت ل۔ صف۔ لٹکا ہوا، ادھر، آویزاں۔ امث ج **مُعَلّقَہ** (قَ) لٹکی ہوئی، لٹکے ہوئے۔ **سَبْعَہ مُعَلّقَہ** قبل اسلام کے چُنیدہ قصائد جو کعبے میں لٹکائے گئے، نیز **مُعَلّقات** منتخب عربی قصائد۔

مُعَلّم ضم مج م، فت ع، شد کس ل۔ امذ۔ پڑھانے والا، استاد، **مُعَلّم اَلْمَلَکُوت** (مُ عَلّ مُلْ مَ لَ کُوتْ) فرشتوں کا استاد، مراد: شیطان۔ **مُعَلّمِ اَوّل** (مُ عَلْ لِ مِ اَوْ وَل) یونانی حکیم ارسطو کا لقب۔ **مُعَلّم ثانی** حکیم ابو نصر فارابی کا لقب۔ **مُعَلّم ثالث** تیسرا استاد، مراد: حکیم بُو علی سینا۔ امث **مُعَلّمَہ**

(شد کسمج ل، فت م) اُستانی۔

مُعْلِن ضم مج م، سک ع، کس ل۔ صف۔ اعلان کرنے والا، منادی۔

مَعْلُول فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ وہ بات جس کے لیے دلیل دی گئی ہو، علّت کی غایت، دلیل کا نتیجہ۔

مَعْلُوم فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جانا بوجھا، ظاہر، محسوس ہونے والا، مشہور، (محاورۃً) محال، دشوار، ہیچ، م: بے دلی کے کام کا نتیجہ معلوم۔ ج **مَعْلُومات** آگاہی خبریں، اطلاعات، واقفیت۔ **مَعْلُومات عامّہ** (شد فت م) ہر طرح کا علم، یا واقفیت، معارف، صف مث۔ نیز جمع، **مَعلُومہ** م: فوائد معلومہ۔

مُعَلّیٰ ضم مج م، فت ع، شد ل بمد۔ ی غم۔ صف۔ بلند، اونچا، اَرفع۔

مُعَمّا ضم مج م، فت ع، شد م۔ امذ۔ ذہانت کی آزمائش کے لیے ساختہ سوال یا مسئلہ؛ الجھا ہوا، حل طلب معاملہ؛ پیچیدہ بات جو آسانی سے سمجھ میں نہ آئے۔ چیستاں، پہیلی، نیز **مُعمّیٰ** (ی غم)۔

مِعْمار کسمج م، سک ع۔ امذ۔ راج، مستری، تعمیر کرنے والا کاریگر یا ماہر۔ اکیف مث **معماری**، راج گیری۔

مُعَمّر ضم مج م، فت ع، شد فت م۔ صف۔ عمر رسیدہ، بوڑھا، مُسِن۔

مَعْمَل فت م، سک ع، فت م۔ امذ۔ تجربہ گاہ، لیبارٹری۔

مَعْمُور فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ پُر، بھرا ہوا، مملوٗ؛ بسا ہوا، آباد۔ امذ **مَعمُورہ** (مع مُور) بستی، آبادی، قریہ۔

مَعْمُول فت م، سک ع، ومع۔ امذ۔ بندھا ہوا طریقہ یا قاعدہ، رواج، دستور؛ جس پر عمل کیا جائے؛ عامِل کا مُطیع یا شاگرد۔ مث **مَعْمُولَہ** وہ قافیہ جو الفاظ کو ترکیب دے کر بنایا جائے جیسے "قیمت کے ساتھ" اُلٹی مت۔ صف **مَعْمُولی** حسب دستور، رسمی؛ ادنیٰ یا اوسط، غیر اہم۔

مُعَنْبَر ضم مج م، فت ع، ن مثل م، فت ب۔ صف۔ عَنبر کی خوشبو میں بسا ہوا؛ معطر، خوشبودار۔

مُعَنْوَن ضم مج م، فت ع، سک ن، فت و۔ صف۔ عُنوان کی زینت بنایا ہوا؛ عقیدۃً کسی کے نام سے مَنسُوب کیا ہوا۔

مَعْنَوی فت م، سک ع، فت ن۔ صف۔ معنی سے تعلق رکھنے والا؛ مانا، اِعتبار کیا ہوا، فرض کیا ہوا۔ اندرُون، ذات یا مغز سے تعلق رکھنے والا، باطنی، پوشیدہ۔ اکیف مث **مَعْنَوِیَّت** (شد فت ی) پُر معنی ہونا۔

مَعْنِی فت م، سک ع۔ امذ۔ مطلب، مفہوم، اصلی بات، ماہیّت، حقیقت۔ بول چال: **کیا مَعْنی** کیا ذکر، کیا سبب، کیا پُوچھنا م: پہنچنا کیا معنی روانہ بھی نہ ہو سکے۔ نیز **مَعْنیٰ** (مَع نا)۔

مُعَوِّذَتَین ضم مج م، فت ع، شد کس و، فت ذ، ے لین۔ تثنیہ۔ قرآن شریف کی وہ دو سورتیں جو قُل اَعوذُ سے شروع ہوتی ہیں۔

مَعْہُود فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جس کا عہد کیا گیا، اِقرار کردہ، طے شدہ۔ مرکب وصفی **مَعْہُودِ خارجی** تلمیح، وہ اِسم نکرہ جو معرفہ کی طرف اشارہ کرے۔ م: کلیم (= کلام کرنے والا) سے مراد حضرت موسیٰ۔ **مَعْہُود ذِہْنی** وہ اسم نکرہ جس کی کوئی مخصوص نسبت ذہن میں موجود ہو۔ مثلاً م، علاّمہ سے اقبال مراد لی جائے، یا چچا سے غالب۔

مِعْیار کس مج م، سک ع۔ امذ۔ جانچنے کا پیمانہ یا اُصول، مقرّرہ حد یا قدر؛ عیار، کسوٹی۔

مَعِیَّت فت م، کس ع، شد فت ی۔ امث۔ ساتھ، رفاقت، ہمراہی۔

مَعِیشَت فت م، ی مع، فت ش۔ امث۔ زندگی، روزگار، معاشی صورت حال۔

مُعِین ضمہ م، ی مع۔ صف۔ مددگار، یاور، ساتھی۔
مُعَیَّن ضمہ م، فت ع، شد فت ی۔ صف۔ مقرّرہ، مخصوص کیا ہوا۔ (اقلیدس) وہ شکل جس کے چار مساوی ضلعے ہوں، لیکن مربّع نہ ہو۔
مَعْیُوب فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ جس سے عیب لگے، ناپسندیدہ۔
مُغْ ضمہ م۔ امذ۔ آتش پرست، مَجُوسی، مراد مے فروش۔ **مُغْ بَچَہ**۔ (بَ چ) قدیم شراب خانوں میں شراب پلانے پر مامور لڑکا۔
مَغارِب فت م، کس ر۔ ج مذ۔ مغرب کی جمع، مراد مغرب کی طرف کے علاقے یاسمتیں۔ مرکب عطفی **مَشارِق وَ مَغارِب** تمام سمتیں، کُل دُنیا کی وسعت۔
مَغازی فت م۔ ج مذ۔ غزوات کے بیان یا رُوئدادیں واحد **مَغْزیٰ** (مَغ زا)۔
مَغاک فت م۔ امذ۔ گڑھا، غار؛ جنگل میں ہاتھی کو پکڑنے کے لیے بنایا ہوا باڑا۔
مُغالَطَہ ضمہ م، فت ل ط۔ امذ۔ گمراہ کرنا، غلطی کا مرتکب ہونا، سوءِ ظنی۔ (منطق) ناقص دلِیل (انگ: Fallacy)۔
مُغائِر ضمہ م، کس ء۔ صف۔ مخالف، غیر، اجنبی امث **مُغائرت** غیریت، ناموافقت[ع: مغایَرت]۔
مُغْتَنَم ضمہ م، سک غ، فت ت ن۔ صف۔ غنیمت شمار کیا ہوا، قابل شکر۔
مَغْرِب فت م ، سک غ، کس ر، امذ۔ سورج کے ڈوبنے کی سمت اور اس کے ممالک **اَلْمَغْرِب** ملک مراقش کا ایک نام۔ نیز **مَغْرِبِ اَقْصیٰ** (اَق سا) [ع: دُور کا مغربی ملک]۔
مُغَرَّق ضمہ م، فت غ، شد فت ر۔ صف۔ آب دار، چمکیلا، بھڑکیلا۔ [ع، لفظاً: ڈوبا ہوا]۔
مَغْرُور فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ متکبّر، خودسر۔

مَغْز فت م، سک غ۔ امذ۔ دماغ، بھیجا؛ گری، گُودا؛ جوہر، اصل شے؛ عقل، سمجھ۔
مَغْزی فت م، سک غ۔ امث۔ کپڑے کے کناروں پر لگائی جانے والی پتلی گوٹ یا حاشیہ۔
مَغْسُول فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ دُھلا ہوا، پانی میں ڈبو کر نکالا ہوا۔
مَغْشُوش فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ جعلی، کھوٹا، پُرفریب، نیز فریب دیا ہوا۔
مَغْضُوب فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ غضب میں آیا ہوا، عتاب زدہ۔
مِغْفَر کس م، سک غ، فت ف۔ امذ۔ جنگ میں سر پر پہنا جانے والا خود، خود کے اندر کی جالی یا زنجیروں کی تہہ۔
مَغْفِرَت فت م، سک غ، کس ف، فت ر۔ امث۔ بخشش، معافی، آخرت کی نجات۔
مَغْفُور فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ بخشا ہوا، جسے مغفرت ملی، جس کا انجام بخیر ہوا۔
مُغَل ضم م، فت غ۔ امذ۔ تاتاری ترکوں کا ایک قبیلہ، خصوصاً وہ شاخ جس نے برّصغیر پر حکومت کی۔ صف **مُغلِیَّہ** مغلوں سے منسُوب۔ امث۔ **مُغلانی** مُغل عورت؛ کپڑے سینے والی عورت؛ امرا کے ہاں بیگمات کی مصاحبت میں رہنے اور لباس سنگار میں مدد کرنے والی عورت۔ **مُغلَئی** مغل سلطنت کے زمانے کا۔ م **مُغُول** مغلوں کی قوم، قبیلے یا لشکر۔
مُغَلَّظ ضم م، فت غ، شد فت ل۔ صف۔ گاڑھا، موٹا کیا ہوا؛ آلودہ، ناپاک ج مث۔ **مُغَلَّظات** فحش کلامی، موٹی گالیاں۔ صف **مُغَلِّظ** گاڑھا کرنے والا، (اخلاط یا مادۂ منویہ کو)۔
مُغْلَق ضمہ م، سک غ، فت ل۔ صف۔ مبہم مشکل، دقیق۔ [اصلاً: بند کیا ہوا، مقفّل، اندھیرا]؛ نیز ناقابل فہم۔

مُغْلِم ضمہ م، سک غ، کس ل۔ امذ۔ اغلام کرنے والا، لُوطی۔

مَغلُوب فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ جس پر غلبہ ہو؛ مجبُور، دبا ہوا، زیر بار؛ مفتوح، شکست خوردہ مرکب **مَغلُوب اُلْغَضَب** (مَغْ لُو بُلْ غَ ضَب) غصیل۔

مُغْلی ضمہ م، سک غ۔ امث۔ گُودے دار ہڈی یا نلی۔ امذ۔ **مُغْلی روَگ** تشنّج کی بیماری جو بچّوں کو ہو جاتی ہے۔ **مُغْلی پھوڑا** (ومج) امذ۔ اورنگ زیبی، ایک قسم کا داد۔

مغْمُوم فت م، سک غ، ومع۔ صف۔ غمگین، رنجیدہ، اُداس۔

مُغْنی ضمہ م، سک غ۔ صف۔ بے نیاز کر دینے والا، اسماء حسنیٰ میں شامل۔

مُغَنّی ضمہ م، فت غ، شد ن۔ امذ۔ موسیقار، گویّا امث **مُغَنِّیہ** (مُ غَنْ نِ یَ)۔

مُغوی ضمہ م، سک غ۔ امذ۔ اغوا کرنے، بھگا لے جانے والا امث **مَغْوِیَہ** (فت م، فت ی) جسے اغوا کیا گیا ہو۔ عام: **مغْوِیَہ**۔

مُغِیلاں ضمہ م، ی مع، غنہ۔ امذ۔ کیکر، ببول۔ مرکب **خارِ مُغِیلاں** (غنہ) ببول کے کانٹے [ع: اُمّ غیلاں کی تخفیف، غِیلاں = بھوت پریت]۔

مُفاجات ضمہ م، صف اچانک، ناگہانی م: **مَرْگِ مُفاجات** حادثاتی موت۔ عام: مَفاجات۔

مُفاخَرت ضمہ م، فت خ ر۔ امث۔ بڑائی، شیخی، لاف زنی۔

مَفاد فت م۔ امذ۔ فائدہ، نفع، بھلائی۔

مُفارَقت ضمہ م، فت ر ق۔ امث۔ جُدائی، علاحدگی۔

مَفاسِد فت م، کس س۔ ج مذ۔ مَفسدَہ کی جمع، فسادات، فتنے، برائیاں، خباثتیں۔

مَفاصِل فت م، کس ص۔ ج مذ۔ جسمانی ہڈیوں کے جوڑ۔ [ع: واحد: **مَفْصِل**]، امث **مَفْصِلِیّات** جوڑوں کے مرض کا مطالعہ، معالجہ۔

مُفْت ضمہ م، سک ف۔ صف۔ بلا قیمت، بلاسبب، ناحق، مرفاعلی **مُفْت بَر** لوٹنے والا۔

مِفْتاح کس م، سک ف۔ امث۔ کُنجی، چابی، کلید۔

مُفَتِّح ضمہ م، فت ف، شد کسمج ت۔ صف۔ قفل کھولنے والا، دروازہ باز کرنے والا؛ فاتح؛ قبض کُشا (دوا وغیرہ)۔

مُفْتَرِض ضمہ م، سک ف، فت ت ر۔ صف۔ جو بطور مثال یا بحث کی خاطر مان لیا جائے، یا عارضی طور پر، ثبوت ملنے تک فرض کر لیا جائے،غیر محقق عارضی کلیّہ۔ ج **مفتَرِضات** - (قب انگ: Hypothesis)۔

مُفْتَری ضمہ م، سک ف، فت ت۔ صف۔ الزام لگانے، دوش دینے، بہتان دھرنے والا۔

مُفَتِّش ضمہ م، فت ف، شد کس ت۔ امذ۔ تفتیش کرنے والا، تحقیقات کرنے والا [ع: معائنہ کرنے والا]۔

مَفْتُوح فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ سر کیا ہوا، فتح کیا ہوا، کھولا ہوا۔ امث ج **مَفتُوحہ**۔

مَفْتُوں فت م، سک ف، ومع، غنہ۔ صف۔ والہ و شیدا عاشق؛ دیوانہ۔

مُفْتی ضمہ م، سک ف۔ امذ۔ شریعت کی رُو سے مسئلے پر حکم لگانے، فتویٰ دینے والا عالم۔

مُفَخَّم ضمہ م، فت ف، شد فت خ۔ صف۔ مُعزَز، جسے بزرگی بخشی گئی ہو؛ پُرشکوہ، شاندار۔

مَفَر فت م ف۔ امذ۔ جائے فرار، بچ نکلنے کی سبیل۔

مُفَرِّح ضمہ م، فت ف، شد کس مج ر۔ صف۔ فرحت، بخش، انقباض دُور کرنے والا، دل خوش کرنے، سکون و تازگی بخشنے والا۔ ج **مُفَرِّحات** فرحت پہنچانے والی اشیا، مثل مشروبات و میوہ جات۔

مُفْرَد ضمہ م، سک ف، فت ر۔ صف۔ واحد، یکتا، تنہا، مجرّد۔ (قواعد) لفظ جس کا اطلاق ایک پر

جمع پر نہ ہو؛ خالص، جز غیر مرکب (دوا، جز)
مُفْرَدات خالص اجزا یا خام دوائیں کسی کیمیائی عمل یا ترکیب کے بغیر؛ حرف یا حروف تہجی جو باہم ملائے نہ گئے ہوں۔

مُفَرَّس ضمہ م، فت ف، شد فت ر۔ صف۔ کسی دوسری زبان کا لفظ جسے فارسی لب و لہجے کے مطابق ڈھالا گیا ہو، م: رادیو (ریڈیو) آتموبیل (آٹو موبیل) بنگ، (بھنگ)۔

مُفْرِط ضمہ م، سک ف، کس ر۔ صف۔ کثیر، افراط کے ساتھ، مبالغہ آمیز۔

مَفْرُور فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ بھاگا ہوا، فراری جو جرم کر کے بھاگ جائے۔

مَفْرُوض فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ فرض کیا ہوا، ظنّی، قیاسی۔ مث نیز جمع **مَفْرُوضہ** (ضَ) ج مذ **مَفْرُوضات** قب: **مُفْتَرِضات**۔

مَفْرُوق فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ جو جدا، علاحدہ کیا گیا ہو؛ جسے منہا یا تفریق کیا گیا ہو۔ مرکب **مَفْرُوق مِنہ** (مِن ہ) وہ بڑا عدد جس میں سے چھوٹا عدد تفریق یا منہا کیا جائے۔

مُفْسِد ضمہ م، سک ف، کس س۔ صف۔ فساد مچانے، کھنڈت ڈالے ہوئے۔ شورش پھیلانے والا۔

مُفسَدَہ فت م، سک ف، فت س د۔ امذ۔ دنگا، فساد، شورش، بلوہ۔

مُفَسِّر ضمہ م، فت ف، شد کس س۔ امذ۔ شرح، تفسیر، تشریح کرنے والا۔

مُفَصَّل ضمہ م، فت ف، شد فت ص۔ صف۔ واضح، تفصیلی، جزویات کے ساتھ، وَضاحت کردہ۔ امث، ج۔ **مُفَصَّلَہ** م: **مُفَصَّلَۂ ذیل** جن کی وضاحت نیچے کی گئی۔

مَفْقُود فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ گم کھویا ہوا، ناپید، غائب۔ مرکب **مَفْقُود اَلْخبر** (مَفْ قُو دُلْ خَ بَر) جس کی کوئی خبر نہ ملے۔ لاپتہ۔

مُفَکِّر ضمہ م، فت ف، شد کس ک۔ امذ۔ سوچنے، قوت فکر سے کام لینے والا، دانشور، فلسفی۔

مُفْلِس ضمہ م، سک ف، کس ل۔ صف۔ غریب، نادار، اکیف مث **مفلسی**، **افلاس**۔ مثل: **مفلسی میں آٹا گیلا** مشکل حالات میں ایک اور آزمائش کا اضافہ۔

مَفْلُوج فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ فالج زدہ، جس کے اعضا رہ گئے ہوں۔

مَفْلُوک فت م، سک ف، ومع۔ صف۔ بدبخت، نحُوست زدہ، **مَفْلُوک اَلحال** (مَف لُو کُل حال) خستہ حال۔

مُفَوَّضہ ضمہ م، فت ف، شد فت و، فت ض۔ صف۔ تفویض کردہ، جو سپرد کیا گیا ہو۔ امذ۔ **مفوِّض** سپرد کرنے والا۔

مَفْہوم فت م، سک ف ، ومع۔ امذ۔ مطلب، معنی؛ صف جو کچھ سمجھا گیا ہو، جو سمجھ میں آئے۔

مُفید ضمہ م، ی مع۔ صف۔ فائدہ مند، کارآمد، موافق۔

مُفیض ضمہ م ، ی مع۔ صف۔ فیض پہنچانے والا۔

مَقابِر فت م، کس ب۔ ج مذ۔ مقبرے، مزارات۔ واحد **مَقْبَرہ** (مَقْ ب رَ)۔

مُقابِل ضمہ م، سک ب۔ صف۔ سامنے، رُوبرو، مخالف، حریف۔

مُقابَلَہ ضمہ م، فت ب۔ امذ۔ آمنا سامنا، مُٹھ بھیڑ، برابری، ہمسری، مخالفت، لڑائی؛ موازنہ، جانچ، پڑتال؛ سابقہ، باہمی کشاکش، ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش۔

مُقابَہ ضمہ م، فت ب۔ امذ۔ سنگھار دان، سامان آرائش کا صندوقچہ۔

مُقاتَلَہ ضمہ م، فت ب ل۔ امذ۔ خوں ریز جنگ۔

مُقارَبَت ضمہ م، فت ر ب۔ امث۔ باہم نزدیک آنا،

ملنا، صحبت کرنا۔

مُقاطِع ضمہ م، کسمج ط۔ صف۔ کاٹنے والا، حصہ بٹانے والا؛ اجارہ دار، ٹھیکیدار۔

مُقاطَعَہ ضمہ م، فت ط ع۔ امذ۔ علاحدگی، ترک، چھوڑ دینا **مُقاطعہ ٔ جُوعی** بھوک ہڑتال۔

مَقال فت م۔ امذ۔ بات، کلام۔

مَقالَہ فت م ل۔ امذ۔ کسی موضوع پر مفصل تحریری اظہار خیال، مضمون، صحیفہ؛ کسی بڑی تصنیف یا تالیف کا جزو۔

مَقام فت م۔ امذ۔ جگہ، ٹھکانا؛ ٹھہرنے کی جگہ؛ قیام، ٹھہرنا، موقع، محل، منزل، مرحلہ۔

مُقامِر ضمہ م، کس م۔ امذ۔ جواری، قمار باز۔ امث **مقامرت** (فت م ر) جُوا، قمار بازی۔

مُقاوَمَت ضمہ م، فت و م۔ امث۔ جنگ، لڑائی، کشاکش۔

مُقْبِل ضمہ م، سک ق، کس ب۔ صف۔ قبول کرنے والا، آگے آنے والا، اگلا۔

مُقَبِّل ضمہ م، فت ق، شد کس بہ صف۔ اشتہاء انگیز یا بھوک بڑھانے والی شے جو کھانے سے پہلے پیش کی جائے، ج **مُقَبِّلات**۔

مَقْبُوض فت م، سک ق، و مع۔ صف۔ قبضے میں لیا ہوا، حاصل کردہ، فتح کیا ہوا۔ نیز **مَقبُوضَہ** (ز) تسلط، اختیار میں ج **مَقبُوضات** زیر نگیں علاقے۔

مَقْبُول فت م، سک ق، و مع۔ صف۔ قبول کیا ہوا، پسندیدہ؛ جسے عام طور پر پسند کیا جائے، جس کا چلن یا مانگ ہو۔ اکیف مث **قُبُولِیّت** عام؛ **مَقبُولِیَت** (بلا شد)۔

مُقْتَبَس ضمہ م، سک ق، فت ت ب۔صف۔ اخذ کردہ، نقل کردہ، ماخوذ، مستعار۔ امذ۔ **مُقتَبِس** (ضمہ م، سک ق، فت ت، کس ب) اقتباس کرنے والا۔

مُقْتَدَا ضمہ م، سک ق، فت ت۔ امذ۔ پیشوا، رہنما، جس کا اقتدار کیا جائے۔ نیز **مُقتَدیٰ**۔

مُقْتَدِر ضمہ م، سک ق، فت ت، کس د۔ صف۔ صاحب اقتدار، بااختیار، **مُقتَدِرَہ** بااختیار ادارہ۔

مُقْتَدی ضمہ م، سک ق، فت ت۔ امذ۔ پیروی یا اقتدار کرنے والا، امام کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والا۔

مُقْتَضا ضمہ م، سک ق، فت د۔ امذ۔ جس کی بابت تقاضا ہوا؛ حسب موقع یا حسب ضرورت لازمی و مناسب بات۔ صف۔ **مُقتَضِی** تقاضا کرنے والا؛ جس کی ضرورت محسوس ہو، جو معقول و مناسب ہو۔

مُقْتَضَب ضمہ م، سک ق، فت ت ض۔ صف۔ جو کاٹا یا چھانٹا گیا ہو، مختصر، مجمل؛ ایک عروضی بحر جس کے بنیادی رکن ہیں: مُستَفعِلُن، مَفعُولات؛ ایسا قصیدہ جو تشبیب کے بغیر ہو۔

مِقْدار کس م، سک ق۔ امث۔ کمیّت؛ جسامت، گنتی، حَجْم، قول یا ناپ وغیرہ، کُل قدر، پیمائش۔

مُقَدَّر ضمہ م، فت ق، شد فت د۔ صف۔ تقدیر میں لکھا ہوا؛ وہ بات جو معلوم و مفہوم ہو مگر مذکور نہ ہو؛ محذوف مگر قابل فہم؛ اٹل، محکم، امذ۔ تقدیر، قسمت۔

مَقْدِرَت فت م، سک ق، کس د، فت ر۔ امث۔ استطاعت، توفیق، طاقت، بس۔

مَقْدِس فت م، سک ق، کس د۔ صف۔ پاک جگہ **اَلْبَیت اَلْمَقْدِس** (بَیت اَلْ مَقْ دِس) یروشلم کا لقب۔

مُقَدَّس ضمہ م، فت ق، شد فت د۔ صف۔ پاکیزہ، ستھرا، لائق احترام، متبرک۔

مُقَدَّم ضمہ م، فت ق، شد فت د۔ صف۔ آگے، پہلا، قابل ترجیح، اہم تر۔

مُقَدِّم ضمہ م، فت ق، شدکس د۔ صف۔ آگے جانے، پیش قدمی کرنے والا، گانْو کا نمبردار۔

مُقَدَّمَہ ضمہ م، فت ق، شد فت م۔ صف۔ آگے کیا ہوا؛پیش کیا ہوا، قضیہ، معاملہ، مسئلہ، عدالتی کارروائی؛ کتاب میں متن سے پہلے لگا ہوا دیباچہ، مُقَدَّمَۃُ الْجَیش (مُ قَدْ دَ مَ تُلْ جَ یْ شْ) لشکر سے آگے بھیجا جانے والا فوجی دستہ، ہراول۔

مَقْدُور فت م، کس ق، ومع۔ امذ۔ استطاعت، قدرت، طاقت، بساط، بضاعت۔

مَقَرّ فت م ق۔ امذ۔ ٹھہرنے کی جگہ، جائے قرار۔

مُقِرّ ضمہ م، کس، ق۔ صف۔ اقرار کرنے والا، بیان دینے والا، مُنْمُقِر/ مَنِ مُقِر قانونی دستاویزات، معاہدات وغیرہ میں معاہدہ کرنے والے فریق کا اپنی نسبت سکّہ بند کلمہ، مراد: میں کہ جو اقرار کرنے والا ہوں۔

مِقْراض کس م، سک ق۔ امثہ قینچی۔

مِقْراضَہ کس م، سک ق، فت ض۔ امذ۔ دو نوکوں والا تیر؛ گلگیر، گُل تراش جس سے چراغ کی بتّی کا گُل کترتے ہیں۔

مُقَرَّب ضمہ م، فت ق، شد فت ر۔ صف۔ جسے قربت نصیب ہو م: مُقَرَّبِ بارگاہ درباری ج مُقَرَّبِین م: مَلائکۂ مُقَرَّبِین عرش سے قریب رہنے والے فرشتے۔

مُقَرَّر ضمہ م، فت ق، شد فت ر۔ صف۔ قرار دیا ہوا، ٹھہرایا ہوا؛ معیّن، بندھا ہوا، روایتی، حسب معمول۔ ضروری، لازمی، نیز مُقَرَّرَہ (ر)۔

مُقَرِّر ضمہ م، فت ق، شد کس ر۔ امذ۔ تقویر کرنے والا، خطیب۔

مُقَرَّض ضمہ م، فت ق، شد فت ر۔ صف۔ تراشا ہوا، کاٹا، قطع کیا ہوا۔

مُقْسِط ضمہ م، فت ق، کس س۔ صف۔ انصاف کرنے والا، عادل۔

مَقْسُوم فت م، سک ق، ومع۔ صف۔ تقسیم کیا ہوا، وہ عدد جسے تقسیم کیا جائے؛ تقدیر، قسمت کا لکّھا۔

مُقَشَّر ضمہ م، فت ق، شد فت ش۔ صف۔ چھِلا ہوا، چھلکا اتارا، دور کیا ہوا۔

مَقْصَد فت م، سک ق، فت ص۔ امذ۔ منشا، مدّعا؛ وہ جگہ جہاں کا قصد ہو۔ نیز مَقْصُود امث

مَقْصَدِیَّت ادب میں ترغیب و تلقین کا انداز جو بطور آورد ہو تو بے مزہ ہوتا ہے۔

مَقْصُور فت م، سک ق، ومع۔ صف۔ کم کیاہوا، چھانٹا ہوا، مختصر؛ کشیدہ، مَمدُودَہ کی ضد۔ امذ۔

مَقْصُورَہ (ر) علاحدہ گوشہ؛ طاق یا خانہ؛ مسجد میں صفوں سے آگے نکلی ہوئی محراب جس میں منبر بنا ہوا ہوتا ہے۔ نیز رک: اَلِف مَقْصُورَہ۔

مُقَطَّر ضمہ م، فت ق، شد فت ط۔ صف۔ قطرہ قطرہ ٹپکایا ہوا، صاف شدہ مُصَفّی۔

مَقْطَع فت م، سک ق، فت ط۔ امذ۔ قطع کرنے کی جگہ، غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص آئے۔

مُقَطَّع ضمہ م، فت ق، شد فت ط۔ صف۔ تراشیدہ، صاف ستھرا، نفیس، شائستہ، مہذّب۔ بول چال مُقَطَّع چِقَتا بزرگانہ، مولویانہ وضع رکھنے والا۔

مُقَطَّعات ضمہ م، فت ق، شد فت ط۔ ج مذ۔ قرآن شریف کے وہ کلمات جن کے حروف کو علاحدہ علاحدہ ادا کیا جاتا ہے اور جن کا مفہوم دریافت نہیں جیسے الم (الف لام میم) کھیعص (کا ہا یاع ص) وغیرہ۔

مَقْطُوع فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ قطع کیا ہوا۔

مَقْعَد فت م، سک ق، فت ع۔ امثہ بیٹھنے کی جگہ، سُرین، چُوتڑ، (بُر، کُون) عام: مِقْعد۔

مُقَعَّر ضمہ م، فت ق، شد فت ع۔ صف۔ گہرا، گڑھے دار (اَبھڑواں، مُحدَّب کی ضد)۔

مُقَفَّل ضمہ م، فت ق، شد فت ف۔ صف۔ جس پر قفل

لگا ہوا ہو، بند کیا ہوا۔

مُقَفّیٰ ضمہ م، فت ق، شد فت ن، بمد، ی غم۔ صف۔ وہ کلام جس میں قافیے آئیں۔

مُقَلِّب ضمہ م، فت ق، شد کس ل۔ صف۔ اُلٹنے، پلٹنے، پھیرنے والا۔ مرکب وصفی مُقَلِّبُ الْقُلُوب (مُ قَلْ ل بُل قُ لُوبْ) دلوں کو پھر دینے والا، دلوں کی کیفیت کو بدل دینے والا مراد: خدائے تعالیٰ۔

مُقَلِّد ضمہ م، فت ق، شد کس ل۔ صف۔ تقلید کرنے والا، پیرو؛ چار سُنی اماموں میں سے کسی ایک کی فقہ کا ماننے والا۔

مَقْلُوب فت م، سک ق، ومع۔ صف۔ پلٹا ہوا، بدلا ہوا، الٹا اوندھا کیا ہوا۔ ایسی عبارت جو دونوں طرف سے یکساں پڑھی جا سکے۔ م: کُلٌّ فِی فَلَکٍ۔

مِقْناطِیس کس م، فت ق، ی مع۔ امذ۔ وہ قدرتی پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے؛ برقی رَو سے بنا ہوا آلہ جو یہی خصوصیت رکھتا ہے۔ اسم کیف مث مِقْناطِیسِیَت مقناطیس کی خصوصیت؛ جذب، کشش عام؛ مَقْناطِیس (فت م)۔ ف م: مِقْنانا۔

مِقْنانا کس م، سک ق، ف م۔ برقی رو کے ذریعے کسی چیز میں مقناطیسیت پیدا کرنا۔

مِقْنَع کس م، سک ق۔ فت ن۔ امذ۔ باریک نقاب۔ نیز مَقْنَع [وضعی لفظ ؛ع: جس پر قناعت کی جائے]۔

مُقَنِّن ضمہ م، فت ق، شد کس ن۔ امذ۔ قانون ساز، قانون وضع کرنے والا، مَجْلِسِ مُقَنِّنَہ (مُ قَنْ نِ نَ) قانون ساز ادارہ، اسمبلی، پارلیمنٹ۔

مَقُولہ فت م، ومع، فت ل۔ امذ۔ کہی ہوئی بات، کَہَتی، قول، مَثَل، کہاوت۔

مُقَوِّی ضمہ م، فت ق، شد و۔صف۔ طاقت بخشنے والا، جو جسمانی قوّت میں اضافہ کرے (غذا، دوا وغیرہ۔ [ع: مُقَوِّی مُ قَوْ وِی]۔

مُقَوّیٰ ضمہ م فت ق، شد و، ی غم۔ صف۔ جسے طاقت دی گئی ہو، مضبوط کیا ہوا، ایک خاص قسم کا دبیز کاغذ، پٹھا، مَلْٹ، نیز مُقَوّا [وضعی لفظ]۔

مَقْہُور فت م، سک ق، ومع۔ صف۔ جس پر قہر، غضب نازل ہوا ہو، معتوب۔

مِقْیاس کس م، سک ق۔ امذ۔ پیمانہ، ناپنے کا آلہ م: مِقْیاس اَلْحَرارَت (سُل حَ را رَت) تھرمامیٹر، گرمی کا درجہ بتانے والا آلہ، مِقْیاسُ اللَّبَن (سُلْ لَ بَن) دودھ کے خالص پَن کو جانچنے کا آلہ مِقْیاسُ الْماء (سُل ما) ہوا میں نمی کا تناسب دریافت کرنے کا آلہ۔ مِقْیاس اَلْمَطَر (سُل مَ طَر) بارش کی مقدار بتانے والا آلہ۔ مِقْیاسِ ہَوا (س ہَ وا) ہوا کا دباؤ دریافت کرنے کا آلہ، بادپیما۔

مُقِیت ضمہ م، ی مع صف۔ روزی رساں؛ قُوت، خوراک بخشنے والا، اسماء حُسنیٰ میں ہے۔

مُقَیَّد ضمہ م، فت ق، شد فت ی۔ صف۔ قید کیاہوا، اسیر، گھرا ہوا، محدود۔

مُقَیَّش ضمہ م، شد ق ے لین۔ امذ۔ بادلا، تاش، سونے یا چاندی کے چپٹے تار یا باریک کترنیں یا اُن تاروں کو پرو کر بنایا ہوا کپڑا۔ نیز مُقَیَّش (فت ق، شد فت ی) [وضعی لفظ بقاعدہ عربی]۔

مُقِیم ضمہ م، ی مع۔ صف قیام کرنے، ٹھہرنے، رہنے والا۔

مُکّا ضمہ م، فت ک۔ امذ۔ بند مٹھی کی ضرب۔

مَکاتِب فت م، کس ت ج۔ مکتب کی جمع؛ مدرسے، مشرب؛ ہم خیال، ہم عقیدہ حلقے۔

مُکاتَب ضمہ م، فت ت۔ امذ۔ وہ غلام جو اپنی قیمت ادا کر کے جان چھڑا چکا ہو۔

مُکاتَبَت ضمہ م، فت ت ب۔ امث۔ مراسلت، خط و کتابت۔

مَکاتِیب فت م، ی مع۔ ج مذ۔ خطوط، مراسلات، مَکْتُوب کی جمع۔

مَکّار فت م، شد ک۔ صف۔ مکر کرنے، بننے والا، فریبی۔ مث **مکّارہ** (ر) امث۔ **مکّاری**۔

مَکارِم فت م، سک ر۔ ج مذ۔ نوازشات، مہربانیاں، واحد **مکرمَت**۔

مُکاشَفَہ ضمہ م، فت ش فـ امذ۔ غیبی باتیں معلوم کرنے کا عمل (صحیح **کَشْف**)۔

مُکافات ضمہ م۔ امث۔ بدلہ، تلافی؛ پاداش، سزا۔

مُکالَمَہ ضمہ م۔ فت ل م۔ امذ۔ گفتگو، ہمکلامی۔

مَکان فت م۔ امذ۔ وسعت جس میں کوئی وجود سمایا ہوا ہو؛ گھر، رہنے کا ٹھکانا۔

مَکائد فت م، کس ء۔ ج مذ۔ مکر، فریب، چرتر واحد **مَکیدَہ** مَ کی دَ۔

مُکَبِّر ضمہ م، فت ک، شد کس بـ صف۔ اونچا کرنے والا؛ تکبیر پڑھنے والا؛ منبر جس پر کھڑے ہو کر امام خطبہ پڑھتا ہے۔ امذ۔ **آلَہ ءِ مُکَبِّر اَلصَّوت** (آ لَ ءِ مُ کَبْ بِ رُسْ سَوت) وہ آلہ جو آواز کو تیز کرتا ہے اور دُور تک پہنچاتا ہے۔ (قب انگ: لاؤڈ سپیکر)۔

مُکْت ضمہ م، سک ک۔ صف۔ آزاد، بَری، فارغ، چھٹکارا پائے ہوئے۔ امث۔ **مُکتی** آزادی، نَجات، چھٹکارا، مَغفرت۔

مَکْتَب فت م، سک ک، فت تـ امذ۔ مدرسہ، درسگاہ؛ ہم خیال، اہل فکر کا گروہ یا حلقہ۔

مَکْتَبَہ فت م، سک ک، فت ت بـ امذ۔ طباعت کتب کا ادارہ، دفتر، آفس۔ حلقہ، ہم خیال، لوگوں کا گروہ م: **مَکْتَبَہ ءِ فکر**۔

مُکْتَفی ضمہ م، سک ک، فت تـ صف۔ جو کافی ہو، کفایت کرے، بقدر ضرورت۔ مر وصفی **خُود مُکْتَفی** بیرونی سہارے سے بے نیاز، اپنے مصارف کا خود کفیل۔

مَکْتُوب فت م، سک ک، ومع۔ امذ۔ خط، مراسلہ، **مَکْتُوبٌ اِلَیْہ** (کس ا، ے لین، ہ ملفوظ) جس کے نام خط جائے۔

مَکْتُوبی فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ جو لکھا جائے، جس کی کتابت کی جائے۔ م: **اِعْرابِ مَکْتُوبی** وہ اعراب جو علامات کی صورت میں لگائے جائیں (ملفوظی کی ضد، جنھیں لفظوں میں ادا کیا جاتا ہے)۔

مَکْتُوم فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ چھپا ہوا، مخفی، مراضا **کَنْزِ مَکْتُوم** دفینہ۔

مُکُٹ ضمہ م ک۔ امذ۔ تاج، اَفسر۔

مُکَثِّف ضمہ م، فت ک، شد کس ثـ صف۔ گاڑھا کرنے والا، یکجا کرنے والا، برقی قوت کو ذخیرہ کرنے والا آلہ (انگ: Condenser)۔

مِکْحَل کس م، سک ک، فت ح۔ امذ۔ سرمے کی سَلائی، امث۔ **مُکْحُلَہ** (مُکْ حُ لَ) سرمے دانی۔ صف۔ **مُکَحَّل** سرمہ آلود، سرمہ لگی ہوئی (آنکھ)۔

مُکَدَّر ضمہ م، فت ک، شد فت د۔ صف۔ پُرغبار، پُرکُدورت، بغض بیر رکھنے والا؛ میلا، آلودہ؛ رنجیدہ، افسردہ۔

مُکَذِّب ضمہ م، فت ک، شد کس ذ۔ صف۔ جھٹلانے والا، حق کی تکذیب کرنے والا۔

مَکْر فت م، سک ک۔ امذ۔ بناوٹ، بہانہ بازی۔ مرکّب امث۔ **مَکْرْ چاندنی** صبح کاذب کا دُھندلا اُجالا۔

مَکَر چَکَر فت م ک، چ ک۔ خط جدّی۔

مَکَر ڈھَوج فت م ک، سک دھ، فت و۔ امذ۔ کام دیو؛ لونگ۔

مُکَرَّر ضمہ م، فت ک، شدفت ر۔ صف۔ جو دوبارہ واقع ہو، مُتوارد۔ مرکب **مُکَرَّر سکَرَّر** (کَرْ رَرْ) تیسری بار یا بار بار ہونے والا۔

مُکَرَّم ضمہ م، فت ک، شد فت ر۔ صف۔ جس کی تکریم کی گئی، مُعزّز، محترَم۔

مَکْرَمَت فت م، سک ک، فت ر م۔ مہربانی، کرم،

عنایت [ع: مَکْرَمَت (ضمہ م)]۔

مُکَرْنا ضمہ م، فت ک، سک ر۔ ف ل۔ اپنی بات سے پھرنا، کہہ کر انکار کرنا۔

مُکَرْنی ضمہ م، فت ک، سک ر۔ امث۔ حضرت امیر خسرو سے منسوب چار مصرعوں کی ایک صنف کلام جو دو سہیلوں کے درمیان گفتگو کی صورت میں ہوتی ہے۔ ایک سہیلی ایسا سوال پوچھتی ہے جس کے دو جواب ہو سکتے ہیں، ایک ساجن دوسرے کوئی اور شے۔ جواب دینے والی ساجن کا نام لیتی ہے تو پوچھنے والی اس سے مکر جاتی ہے اور دوسری شے کا نام لے لیتی ہے۔ نیز **کَہْہ مُکَرْنی**۔ (فت مج ک، سک ہ)۔

مَکْرُوہ فت م، سک ک، ومع، ہ ملفوظ۔ صف۔ جس سےکراہت آئے، نفرت انگیز، گھناؤنا، ناپسندیدہ۔ (فقہ) قابل ترک عمل جو گناہ کی ذیل میں نہیں آتا۔ مرکب **مَکْرُوہ تَحْرِیمَہ** بہت زیادہ ناپسندیدہ عمل جس پر اصرار گناہ میں داخل ہو۔ **مَکْرُوہ تَنْزِیہی** (تَنْ زی ہی) ایساعمل یا فروگذاشت جس کے مذموم ہونے میں شک ہو، مگر ترک مستحسن ہو۔ **مَکْرُوہاتِ دُنْیَوی** (دُنْ یَ وی) دنیا کے جھگڑے قصے، فضول کام جن سے مفر نہ ہو۔

مَکَرْہایا فت م ک، سک ر۔ صف۔ مکر، بناوٹ فریب کا عادی۔

مَکَڑّ فت م، شد فت ک۔ امذ۔ بڑی مکڑی، بڑا چیونٹا۔ نیز **مَکْڑا** (سک ک)۔

مُکَسَّر ضمہ م، فت ک، شد فت س۔ صف۔ شکستہ، ٹوٹا ہوا، کسروں میں تبدیل کیا ہوا، (عدد)۔ **جَمْعِ مُکَسَّر** عربی الفاظ کی وہ جمع جس میں اصل لفظ کے حروف ایک دوسرے سے علاحدہ ہو جائیں، م: فعل سے افعال، مجنوں سے مجانین۔

مُکَعَّب ضمہ م، فت ک، شد فت ع۔ امذ۔ وہ جسم جس کی لمبائی چوڑائی اور موٹائی برابر ہو، جیسے کعبتَین؛ وہ عدد جو کسی عدد کو اسی کے ساتھ تین بار ضرب دینے سے حاصل ہو، م: ۲ کا مکعب ۸۔ عام مکعب۔

مَکْفُوف فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ حاشیہ دار؛ نابینا۔ (عروض) وہ سات حروف کا رکن بحر جس کا آخری حرف گرا دیا جائے، م: مُستفعلُن سے مُستَفعِل (جیسے مفعولُن س بدل دیتے ہیں)۔

مَکْفُول فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ کفالت میں دیا ہوا، گروی کیا ہوا۔

مُکْلاوا ضمہ م، سک ک، امذ۔ ہندوؤں میں دلہن کی رخصتی، گونا۔

مُکَلَّف ضمہ م، فت ک، شد فت ل۔ صف۔ پُرتکلّف، سجا ہوا، مزیّن؛ جسے تکلیف دی گئی ہو؛ جو اپنے قول و فعل کا ذمہ دار ہو۔

مُکَلِّف ضمہ م، فت ک، شد کس ل۔ صف۔ تکلیف دینے والا، مدعو کرنے، بلاوا دینے والا۔

مُکَلَّل ضمہ م، فت ک، شد فت ل۔ صف۔ تاج پہنے ہوئے، تاجدار۔

مُکْنَت ضمہ م، سک ک، فت ن۔ امث۔ قدرت، طاقت، اہلیت، استطاعت۔

مَکْنُون فت م، سک ک، ومع۔ صف۔ چُھپا ہوا، پوشیدہ۔

مَکوّ فت م، ومج۔ امث۔ ایک بوٹی جس کا پھل دواءً مستعمل ہے، اس کی کئی اقسام ہیں، بستانی، صحرائی، کوہی؛ عِنَبُ الثَّعلَب، انگور شَغال۔ (لاط: Solanum Nigrum)۔

مَکوڑا فت م، ولین۔امذ۔ چیونٹا، مَکَڑ، مرعطفی **کیڑے مَکوڑے** حشرات الارض؛ (بول چال) گھسیٹ:نا پُخْتہ خَط۔

مَکو کَب ضمہ م، ولین، فت ک۔ صف۔ تاروں بھرا م: چرخ مکو کب؛ نیز ستارے جڑا کپڑا وغیرہ۔

مُکَوَّل ضمہ م، فت ک، شد فت و۔ امذ۔ غازہ، سُرخی۔

مُکَوَّن ضمہ م، فت ک، شد فت و۔ صف۔ مخلوق، وجود میں لایا ہوا۔ **مُکَوِّن** (شد کس و) پیدا کرنے والا، برقی طاقت بنانے والا انجن؛ جَنرَیٹَر۔

مَکَئی فت م ک۔ (بروزن فَعَل مَگَر) امث۔ بُھٹے کا پودا، بُھٹے کے دانے۔

مُکّی ضمہ م، شد ک۔ امث۔ بند مٹھی کی ہلکی تھپکی جو مثلاً تھکے ہوئے اعضا کو سکون پہنچانے کے لیے لگائی جاتی ہے۔

مِکیال کس م، سک ی۔ امذ۔ خشک اشیاء غلّہ وغیرہ ناپنے کا پیمانہ یا پیالہ۔

مَکِین فت م، ی مع۔ صف، امذ۔ مکان میں رہنے والا، بسا ہوا، آباد۔

مُکھ ضمہ م، سک کھ۔ امذ۔ منہ، چہرہ، تصغیر مکھڑا۔ (بطور سابقہ) بڑا م: **مکھ منتری** ،[س: مُکھیہ]۔

مَکھانا فت م۔ امذ۔ کنول سے ملتے جلتے ایک آبی پودے کے بیج، سفیدی مائل۔ چتّی دار، جنھیں بھون کر کھاتے اور پنجیری وغیرہ میں ملاتے ہیں۔ (لاط: Eurayalefcrox مکھانے کا پودا)۔

مُکھوا ضمہ م، سک کھ۔ امذ۔ غازہ۔

مَکّھن فت م، شد فت تھ۔ امذ۔ دودھ دہی کو بلو کر نکالی ہوئی چکنائی، مَسکہ۔

مَکھنا ہاتھی فت م، سک کھ۔ امذ۔ بے دانت کا ہاتھی۔

مَکّھی فت م۔ امث۔ بِھنکنے والا پر دار چار ٹانگوں کا حشرہ۔ مگس، نیز شہد کی مکھی؛ بندوق کی نالی پر نشانہ لینے کے لیے بنا ہوا اُبھار۔ مکبر: **مکّھا** بڑی مکھی صف **مکّھی چُوس** نہایت کنجوس۔

مُکھیا ضمہ م، سک کھ۔ امذ۔ سردار، چودھری۔

مُگدَر ضمہ م، سک گ، فت د۔ امذ۔ ورزش کے لیے مخروطی شکل میں خرادی ہوئی بھاری لکڑی جس کو پتلی طرف سے پکڑ کر پہلوان ہلاتے اور گھماتے ہیں۔ عموماً دو مگدر ہوتے ہیں، جنھیں مگدروں کی جوڑی کہا جاتا ہے۔

مِگڈَمبَر کس م، سک گ، فت ڈ، سک م، فت ب۔ امذ۔ ہاتھی کی بُرجی دار عمّاری؛ بڑا خیمہ، ایک سواری جسے ہاتھی کھینچتے تھے۔ نیز **میگڈَمبَر**۔

مَگَر (۱) فت م گ۔ امذ۔ گھڑیال، نہنگ، نیز **مَگَرمَچھ** ج مث۔ **مَگَرْ چَودانیاں جُھلَنیاں** جن کے نیچے کا آویزہ مگر یا مچھلی کی شکل کا ہو۔

مَگَر (۲) فت م گ۔ حرفِ استثنا، حرف تاکید۔ لیکن، پر، پَرَنْتو، اِلّا، بَجز؛ ضرور، البتّہ، پھر بھی، کبایں ہمہ۔

مَگْرا فت م، سک گ۔ صف۔ بننے، مکْر کرنے والا، مُتَفَنّی، گُھنّا، اکڑ باز۔مث **مَگْری**۔

مَگْری فت م، سک گ۔ امث۔ چھپّر کی پشت یا پُھننگ، نیز رک: **مَگْرا**۔

مَگَس فت م۔ امث۔ مکھی، شہد کی مکھی، عَسَل، صف **مَگَسی** بُندکیوں دار گھرا رنگ یا روغن پھری ہوئی سطح جس میں سفید بندکیاں ہوں۔

مَگَن فت م گ۔ صف۔ خوش، خورسند؛ محو، ڈوبا ہوا۔

مُگھ ضمہ م، سک گھ۔ امذ۔دوسرے کبوتروں کو لگا کر لانے کے لیے سدھایا ہوا کبوتر۔

مُگھَم ضمہ م، شد فت گھ۔ صف۔ مبہم، غیر واضح، گول مول۔

مَل فت م۔ امذ۔ غلاظت، نجاست، مَیل، کِیٹ، زَنگ،

جھاگ؛ پہلوان؛ ایک قدیم جنگجو قوم؛ صندل۔

مُل ضمہ م۔ امث۔ شراب، بادہ۔

مَلا فت م۔ امذ۔ جَمگھٹ، گروہ، طبقہ، مروصفی **مَلاءِ اَعْلیٰ** مراد فرشتے، ملائک۔

مُلّا ضمہ م، شد ل۔ امذ۔ مذہبی عالِم، فاضل؛ نماز پڑھانے والا؛ بچّوں کو درس دینے والا، آخوند [ع: مولیٰ کی تحریف]۔ جال میں باندھ دیا جانے والا پرندہ تاکہ اس کو دیکھ کر دوسرے پرندے آ پھنسیں۔ نیز **مُلّو** (ومج)۔

مُلابَسَت ضمہ م، فت ب س۔ امث۔ ملاقات، میل جول، یگانگت۔

مِلاپ کس م۔ امذ۔ موافقت، میل، یکجائی؛ صلح صفائی۔

مَلّاح فت م، شد ل۔ امذ۔ کشتی راں، کھِوَیّا، ناخدا، مانجھی، ج مث۔ **مَلّاحِیاں** گالیاں، صلواتیں۔

مَلاحَت فت م ح۔ امث۔ سانولی، سہانی رنگت، نمکینی۔

مَلاحِدَہ فت م، کس ح۔ ج مذ۔ مذہب سے پھر جانے والے، ملحِد کی جمع۔ نیز **مَلاحِد**۔
د)۔

مُلاحَظَہ ضمہ م، فت ح ظ۔ امذ۔ دیکھنا؛ چکھنا؛ مشاہدہ، معائنہ (تپاک کا کلمہ بڑوں کے لیے) رعایت، لحاظ، پاس، مروّت۔ عام: **ملاحِظہ**۔

مَلاذ فت م۔ امذ۔ جائے پناہ، پناہ دینے والا، بزرگوں کو خطاب کرنے کا کلمہ؛ م: **مَلاذا!**، **مَلاذی!**

مَلار فت م۔ امذ۔ ایک راگ جس کی نسبت برسات سے کی جاتی ہے، نیز **مَلھار** ،[س: مَلّار]۔

مُلازِم ضمہ م، کس ز۔ امذ۔ خادم، نوکر، ساتھ رہنے والا۔ امث۔ **مُلازَمَت** خدمت، نوکری؛ معیّت، ساتھ رہنا، حاضر ہونا۔عام: ملازِمت۔

مُلاطَفَت ضمہ م، فت ط ف۔ امث۔ لطف، مہربانی، نرمی۔ نیز امذ۔ **مُلاطَفَہ** لطف و عنایت۔

مَلاعِب فت م، کس ع۔ ج مذ۔ باہم جوڑے ہوئے رقعے، پرچے، خطوط؛ کھیل کود، بازیاں۔ واحد **لَعَب**۔ امث **مُلاعَبَت** باہم کھیلنا یا ملنا۔

مَلاعِن فت م، کس ع۔ ج مذ۔ مکروہ، قابل ملامت اشیاء [ع: واحد: مَلعَنَہ]۔

مَلاعِین فت م، ی مع۔ ج مذ۔ نفرت زدہ، مردود، **مَلْعُون** کی جمع نیز **مَلاعَنَہ** (مَ لاعَ نَ)۔

مُلاقات ضمہ م۔ امث۔ ایک دوسرے سے ملنا، باہمی میل جول، صاحب سلامت؛ مڈبھیڑ۔

مُلاقی ضمہ م۔ صف۔ ملنے والا، جس سے ملنا ہو جائے، نیز **مُلاقاتی** اکثر ملنے والا، جس سے جان پہچان ہو۔

مُلاکَمَہ ضمہ م، فت ک م۔ امذ۔ مکّے بازی، باکسنگ [ع: لکم : مکّا]۔

مَلاگیری فت م، ی مع۔ صف۔ قدرے گہرا صندلی رنگ۔ ملیالم کے علاقے سے منسُوب جہاں کا صندل مشہور ہے۔ [ملایا + گری]۔

مَلال فت م۔امذ۔رنج، افسوس، کُلفت۔امث۔ **مَلالَت** (شاذ)۔

مَلامَت فت م۔ امث۔ برا کہنا، نفرین کرنا، ڈانٹ ڈپٹ۔ صف **مَلامَتی** قابل ملامت بُرا، بدبخت، فقراء کا ایک گروہ جو ظاہری عبادات کا قائل نہیں۔

مِلاوَٹ کس م، فت و۔ امث۔ کھوٹ، آمیزش، خالص میں نخالص کو ملانا۔

مَلاہِی فت م۔ ج مذ۔ لَہو کی جمع، کھیل کود۔

مَلائِک فت م، سک ء۔ ج مذ۔ فرشتے، مَلَک کی جمع، نیز مَلائِکہ۔**مَلائِکہ ءِ مُقَرَّبِین** اللہ کے نزدیک رہنے والے فرشتے۔

مُلائِم فت م، کس ء۔ صف۔ نرم، چکنا، پتلا؛ [ع: مُناسب، موافق] مث **مُلائِمَت**۔

مَلائی فت م، امث۔ جوش دیے ہوئے دودھ یا دہی کے اوپر چکنائی کی تہہ، نیز **مَلائی۔** (۲) ملیشیا کی زبان یا باشندہ۔

مَلْبا فت م، سک ل۔ امذ۔ ڈھئی ہوئی تعمیر کی اینٹوں وغیرہ کا ڈھیر۔

مُلَبَّب ضمہ م، فت ل، شد فت ب۔ صف۔ لبالب بھرا ہوا، مُنّھا مُنّ۔ [وضعی لفظ]۔

مُلَبَّس ضمہ م، فت ل، شد فت ب۔ صف۔ پیچیدہ، مبہم، مشتبہ، ڈھکا ہوا، خول چڑھا ہوا۔

مَلْبُوس فت م، سک ل، ومع۔ امذ۔ پہناوا، کپڑے پوشاک۔ صف؛ پہنے ہوئے، پہنایا ہوا۔

مَلَت فت م ل۔ صف۔ گِھسا گِھسایا، فرسودہ، نیز **مَلْتا** گھسا ہوا۔

مِلّت کس م، شد فت ل۔ امث۔ ایک عقیدے کے لوگوں کی جماعت، قوم، فرقہ۔ ج **مِلَل۔** مرکب وصفی **مِلّتِ بَیضا** (کسمج ت، ے لین) روشن، پاک، اعلیٰ جماعت، مراد؛ مسلمان۔

مُلْتَبِس ضمہ م، سک ل، فت ت، کس ب۔ صف۔ غیر واضح، مبہم، پیچیدہ، خلط ملط۔

مُلْتَجی ضمہ م، سک ل، فت ت۔ امذ۔ التجا کرنے والا [ع: پناہ چاہنے والا]۔

مُلْتَزَم ضمہ م، سک ل، فت ت ز۔ امذ۔ لازمی شرط یا مطالبہ، محکم اصول جس کی پابندی لازم ہو؛ دیوار کعبہ کے نزدیک ایک مقام جہاں زائرین کھڑے ہو کر دعا مانگتے ہیں۔

مُلْتَزِم ضمہ م، سک ل، فت ت، کس ز۔ صف، امذ۔ پابند، معاہد، جس پر کوئی امر لازم ہو جائے۔

مُلْتَفِت ضمہ م، سک ل، فت ت، کس ف۔ صف۔ التفات کرنے والا، مُتوجّہ۔

مُلْتَمِس ضمہ م، سک ل، فت ت، کس م۔ صف۔ التماس کرنے والا، ملتجی۔

مُلْتَوی ضمہ م، سک ل، فت ت۔ صف۔ آئندہ پر موقوف،ٹالا ہوا۔ [ع: ناہموار، مڑنے خم ہونے والا]۔

مُلْتَہِب ضمہ م، سک ل، فت ہ، کس ہ۔ صف۔ بھڑکتا ہوا، مشتعل۔

مَلَٹ فت م ل۔ امذ۔ کاغذ کا موٹا پٹھّا جس کی جلدیں، ڈبے وغیرہ بنائے جاتے ہیں، گتّہ؛ موگرا، کاٹھ کا ہتھوڑا جس سے خیمے کی چوبیں ٹھونکتے ہیں۔

مَلْجا (ء) فت م، سک ل۔ امذ۔ پناہ گاہ، مرعطفی **مَلْجاء وَ مَاْویٰ** (وا) امن کی جگہ، آخری ٹھکانا یا منزل۔

مَلِچھ فت م، کس ل۔ امذ، صف۔ ناپاک، قابل نفرت جس سے گھن آئے، نیچ قوم کا آدمی۔

مِلْح کس م، سک ل۔ امذ۔ نمک؛ ظرافت۔

مُلْحِد ضمہ م، سک ل، کس ح۔ صف۔ دین سے پھر جانے والا، بے دین، کافر۔ ج **مَلاحِدَہ** (مَ لا ح دَ)۔

مُلْحَق ضمہ م، سک ل، فت ح۔ صف۔ ملا ہوا، پیوستہ، پاس پاس، برابر میں؛ لگا ہوا، ملا ہوا ج **مُلْحَقات** تسخیر کردہ علاقہ، علاقے۔

مُلْحِق ضمہ م، سک ل، کس ح۔ صف۔ پہنچنے والا، متعاقب، جو جلد بڑھ کر پکڑ لے۔

مَلْحُوظ فت م، سک ل، ومع۔ صف۔ جس کا خیال یا پاس کیا جائے، جسے زیر غور رکھا جائے۔

مَلَخ فت م ل۔ امث۔ ٹڈی۔

مُلَخَّص ضمہ م، فت ل، شد فت خ۔ امذ، صف۔ اختصار، خلاصہ، ماحصل؛ لُبِّ لُباب۔ خلاصہ کیا ہوا۔

مُلِذّ ضمہ م، فت ل، شد کس ذ۔ صف۔ لذّت بخش، ذائقہ دار،مزہ دینے والا۔

مُلْزَم ضمہ م، سک ل، فت ز۔ امذ، صف۔ جسے الزام دیا جائے، ماخوذ۔ عام: **مُلزِم**۔مث **مُلزَمَہ** (مُلْ زَ م)۔

مُلْزِم ضمہ م، سک ل، کس ز۔ صف۔ زیادتی،

زبردستی کرنے والا۔
مَلْزُوم فت م، سک ل، ومع۔ صفہ جو لازم کیا گیا ہو۔ مرعطفی **لازِم وَ مَلْزُوم** (کس ز، ومج) ایک دوسرے کے لیے ضروری، ایک دوسرے سے پیوستہ۔
مُلْصَق ضمہ م، سک ل، فت ص۔ صفہ چپکا ہوا، پیوستہ۔
مُلَطِّف ضمہ م، فت ل، شد کس ط۔ صفہ جو پتلا کرے، رقیق بنانے والا، نرم کرنے والا [ع: مُتَلَطِّف]۔
مَلْعُون فت م، سک ل، ومع۔ صفہ جس پر لعنت کی جائے، مردود، پھٹکارا ہوا، نیز **لَعِین** (فت ل، ی مع) ج **مَلاعِین**۔
مَلْغوبَہ فت م، سک ل، ومج، فت بہ امذ۔ ملی جلی اشیا کا مجموعہ یا مرکب، کچومَر [ف: آلائش]۔
مَلْفُوظ فت م، سک ل، ومع۔ صف، امذ۔ جو پڑھنے میں آئے، جو لفظوں میں ادا ہو، مَقُولہ۔نیز **مَلْفُوظَہ** ج **مَلْفُوظات** اقوال۔ **اِعْراب مَلْفُوظ/ مَلْفُوظی** لفظ یاکلمے کا تلفظ جو علامت کی جگہ الفاظ میں لکھا جائے۔ قب **مَکْتُوبی**۔
مَلفُوف فت م، سک ل، ومع۔ صفہ لپیٹا ہوا، لفافے میں بند کیا ہوا، سربند۔
مُلَقَّب ضمہ م، فت ل، شد فت ق۔ صفہ لقب سے پکارا جانے والا، لقب دیا ہوا۔
مَلَک فت م، لہ امذ۔ فرشتہ، ج **مَلائک مَلائِکَہ** (کس مج ء)۔ مراضا **مَلَک اَلْمَوت** (مَ لَ کُل مَوْت) روح قبض کرنے پر مامور فرشتہ، عزرائیل، یم دُوت۔
مَلِک فت م، کس لہ امذ۔ بادشاہ، فرماں روا۔ ج **مُلوک** مرکب۔ **مَلِک اَلتُّجار** (م لِ کُتْ تُجْ جار) بڑا تاجر، **مَلِکُ اَلشُّعَرا** (م لِ کُش شُ عَ را) شاعروں کا سرتاج، ایک شاہی خطاب جو بڑے یا منظور نظر شعرا کو دیا جاتا تھا۔
مِلْک کس م، سک لہ امثہ ملکیت، مملوکہ مال اسباب، اثاثہ، جاگیر، ج **اَمْلاک** (فت ا) **مِلک یَمِین** (کسمج ک، فت ی، ی مع) لونڈی غلام۔
مُلْک ضمہ م، سک لہ امذ۔ دیس، علاقہ، ولایت، کشور، عملداری، راجدھانی، ریاست، اقطاع۔ ج **مَمالِک** (فت م، کس ل)۔
مُلْکَ ضمہ م، سک لہ امثہ متلی، اَلٹی، قے، استفراغ۔
مَلْکانا فت م، سک لہ ف م۔ (باتیں) بنانا، مزے لے لے کر بولنا۔
مُلْکَٹ ضمہ م، سک ل، فت ک۔ امث۔ انگیا کی کٹوری۔
مَلَکُوت فت م ل، ومع۔ امذ۔ کشور، سلطنت، بادشاہی؛ عالم عُلْوی **مَلَکُوتُ اَلسَّمَاوات** آسمانی بادشاہت۔ صف **مَلَکُوتی** فرشتوں سے منسُوب۔
مَلْکَہ (۱) فت م ل ک۔ امذ۔ مہارت، چابکدَستی، عام: **مَلِکَہ**۔
مَلِکَہ (۲) فت م، کس مج ل، فت ک۔ امث۔ بادشاہ کی بیگم، سلطانہ، رانی؛ مُہال کی بڑی مکھی جو بچے پیدا کرتی ہے۔
مَلْکَہ مَسُور فت م، سک ل، فت م، ومع۔ امث۔ چھلی ہوئی مَسور کی دال۔
مِلْکِیَت کس م، سک ل، کس ک، فت ی۔ امثہ مِلک، قبضہ؛ تصرّف، مال جو قبضہ میں ہو۔
مَل گَجا فت م گ۔ صفہ میلا میلا، مٹی کے رنگ کا، مٹیالا۔
مِلَل کس م، فت لہ ج مث۔ مِلّت کی جمع، قومیں، اُمتیں۔
مَلْماس فت م، سک لہ امذ۔ مَنحُوس مہینہ، وہ مہینہ جس میں سورج ایک برج سے دوسرے برج میں منتقل نہ ہو جوتشیوں کے نزدیک نامبارک ہوتا

ہے، جس میں شادی بیاہ نہیں ہونا چاہیے۔
مُلَمَّع ضمہ م، فت ل، شد فت م۔ صف، امذ۔ چمکایا ہوا، جس پر سونے یا چاندی کا پانی پھیرا گیا ہو۔ گھٹیا دھات پر بڑھیا دھات چڑھانا۔ (عروض) **صَنْعَتِ مُلَمَّع** نظم میں دو مختلف زبانوں کے ملے جلے مصرعوں یا ٹکڑوں کی پیوند کاری۔
مَلْمَل فت م، سک ل، فت م۔ امث۔ نہایت باریک دھاگوں سے بُنا ہوا ایک قسم کا مہین سوتی کپڑا۔
مَلْمَلانا فت م، سک ل، فت م۔ ف ل۔ بے کل ہونا، (دل کا) بے چین، مضطرب ہونا۔ امث۔ **مَلْمَلاہَٹ**۔ بے کلی، پچھتاوا۔
مِلَن کس م، فت ل۔ امذ۔ ملاپ، ملاقات، وصل۔
مِلَنْسار کس م، فت ل۔ صف۔ میل جول رکھنے والا، ملنے جُلنے سے دلچسپی رکھنے والا۔
مَلَنْگ فت م ل، غنہ۔ امذ۔ آزاد، بے پروا، اپنی ذات میں مست فقیر، نیز **مَست مَلَنْگ** ہٹا کٹا خود سر الھڑ آدمی۔
مَلُّو فت م، شد ل، ومع۔ امذ۔ ریچھ، بھالو؛ بندر۔
مُلَّو ضمہ م، شد ل، ومع۔ امذ۔ وہ پرندہ جسے دوسرے پرندوں کو پھانسنے کے لیے جال میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ نیز **مُلّا**، **مُلّو** (ومع)۔
مُلَوَّث ضمہ م، فت ل، شد فت و۔ صف۔ آلودہ، داغ دار، بھرا سنا ہوا، ماخوذ، الزام میں پھنسا ہوا۔
مَلُوک فت م، ومع۔ امث، صف۔ نازنین، حسینہ۔
مُلُوکِیَّت ضمہ م، ومع، کس ک، شد فت ی۔ امث۔ بادشاہی، شخصی حکومت۔
مَلُول فت م، ومع۔ صف۔ رنجیدہ، پُرملال، غمگین۔
مَلُولا فت م، ومع۔ امذ۔ حسرت، خلش۔
مِلَونی کس م، ومع۔ امث۔ ملاوٹ، آمیزش، اصلی چیز میں نقلی کا میل۔ نیز **مِلَونی** (ولین)۔
مُلَہٹی ضمہ م، فت مع ل، سک ہ۔ امث۔ ایک بیل کی جڑ جس کا ذائقہ کسی قدر میٹھا اور زبان پر جھلجھلاہٹ پیدا کرنے والا ہوتا ہے، کھانسی اور گلے کی سوزش کے لیے مفید، اصل السُوس (لاط: Glycyrrhizae Radix Glabra ملٹھی کی بیل)۔
مُلْہِم ضمہ م سک ل، کس ہ۔ صف۔ الہام بھیجنے والا، دل میں بات ڈالنے والا۔ نیز **مُلْہِمِ غَیبی** ہاتف۔ امذ۔ **مُلْہَم** (فت ہ) جس پر الہام ہو۔
مِلّی کس م، شد ل۔ صف۔ ملّت سے منسوُب، قومی۔ نیز مث، ج **ملیہ**۔
مَلْیامیٹ فت م، سک ل، ے مج۔ صف۔ غارت، برباد۔ زمین پر نشان ڈال کر کھیلے جانے والے ایک قدیم کھیل کی اصطلاح جس میں ایک منزل پر جسے "ملیا" کہتے ہیں تمام گوٹوں کو ہٹا دینے کے لیے "ملیا میٹ" کی آواز لگائی جاتی تھی، یعنی سب گوٹیں ہٹا دی جائیں۔
مِلی بَھگَت کس م، فت بھ گ۔ امث۔ گٹھ جوڑ، سازش۔
مَلیح فت م، ی مع۔ صف خوبصورت، موہنے والا، سانْولا۔
مَلیدَہ فت م، ی مع، فت د۔ امذ۔ روغنی روٹی کو چُور کر گڑ سے بنایا ہوا میٹھا؛ ایک قسم کا ملائم پشمینہ؛ مَلینہ کا بگاڑ [ف: مالیدَہ کا مخفف]۔
مُلَیِّن ضمہ م، فت ل، شد کس ی۔ صف۔ نرم پتلا کرنے والا، قبض کُشا۔
مَلِین فت م، ی مع۔ صف۔ گندا، میلا، ناپاک۔
مَلینَہ فت م، ی مع، فت ن۔ امذ۔ ایک اعلیٰ قسم کا نرم اونی کپڑا (جو اسپین کی میرینو نامی بھیڑوں کے اُون سے بنایا جاتا ہے، یا اس سے ملتا جلتا کپڑا) نیز **مَرِینَہ** [انگ: Merino]۔
مَمات فت م۔ امث۔ موت، مرگ۔

مُماثِل ضمہ م، کس ث۔ صف۔ ملتا جُلتا، مثل، مانند، امث۔ **مُماثَلَت** (فت ث ل) مشابہت۔

مُمارَسَت ضمہ م، فت ر س۔ امث۔ مشق، مزاولت، مہارت، تجربہ کاری۔

مُماس ضمہ م۔ صف، امذ۔ چھونے والا۔ (اقلیدس) وہ خط مستقیم جو کسی خط منحنی یا قوس کو چُھو کر گزرے۔ [اصلاًع: **مَماس** فت م]۔

مَمالِک فت م، کس ل۔ ج مذ۔ مُلک بمعنی دیس کی جمع، اقالیم۔

مَمالِیک فت م، ی مع۔ ج مذ۔ مملوک بمعنی غلام کی جمع، عَبید، لونڈی غلام۔

مُمانَعَت ضمہ م، فت ن ع۔ امث۔ بندش، مَناہی۔

مُمانی ضمہ م، امث۔ ماموں کی بیوی۔

مَمْتا فت م، سک م۔ امث۔ ماں کی محبت، شفقت مادری نیز **مامتا** ۔[س: مَمتا: ہماہمی]۔

مُمْتاز ضمہ م، سک م۔ صف۔ جسے امتیاز حاصل ہو؛ منتخَب جو اوروں سے الگ شناخت ہو۔ برتر، اعلیٰ۔

مُمْتَحَن ضمہ م، سک م، فت ت ح۔ امذ۔ امتحان دینے والا؛ **مُمْتَحِن** (کس ح) امتحان لینے والا، جانچنے پرکھنے والا۔

مُمْتَد ضمہ م، سک م، فت ت۔ صف۔ لمبا، دراز، طویل کھینچا لمبا کیا ہوا۔

مُمْتَنِع ضمہ م، سک م، فت ت، کسمج ن۔ صف۔ روکنے والا، جو اجازت نہ دے، جو مانع ہو۔ مروصفی **سَہْل مُمْتَنِع** (فت مج س، سک ہ، کس مج ن) ایسی سلاست جس سے بڑھ کر ممکن نہ ہو۔ **مُمْتَنِع اْلجَواب** (عَل جَ واب) جس کا جواب یا مثل محال ہو۔

مَمْٹی فت م، سک م۔ امث۔ چھوٹی بُرجی، زینے کا پٹاؤ جو برجی نما ہوتا ہے، گُمٹی۔

مُمَثِّل ضمہ م، فت م، شد کس ث۔ امذ۔ مثل یا مثال پیش کرنے والا، اداکار۔

مُمِدّ ضمہ م، کس م۔ صف۔ امداد دینے والا، مددگار، معاون مرکب عطفی **مُمِدّو مُعاوِن** (شد د، ومج، کس و)۔

مَمْدُوح ضمہ م، سک م، ومع۔ صف۔ جس کی تعریف کی جائے، مدح کا موضوع؛ جس کا ذکر کیا گیا۔

مَمْدُود فت م، سک م، ومع۔ صف۔ کھینچا، طول دیا ہوا۔ مث **مَمْدُودَہ** م: حَرکت ممدودہ، تلفظ یا املا میں کھینچی ہوئی حرکت، مد لگا ہوا الف۔

مَمْزُوج فت م، سک م، ومع۔ صف۔ ملا ہوا، آمیختہ۔

مُمْسِک ضمہ م، سک م، کس س۔ صف۔ بخیل، کنجوس؛ امساک بڑھانے والا [ع: روکنے والا]۔

مُمْکِن ضمہ م، سک م، کس ک۔صف۔ جس کا امکان ہو، جو واقع ہو سکے؛ جس کی مجال، استطاعت یا موقع ہو؛ جو خیال میں آ سکے۔ مرکب **مُمْکِنُ اْلوُقُوع** (مُم کِ نُل وُ قُوع) جس کا واقع ہونا باور کیا جا سکے۔ ج **مُمْکِنات** (کسمج ک) مرعطفی **مُمْکِنات وَ مَوجُودات** (ولین، ومع) جو کچھ موجود ہے اور جو کچھ خیال میں آ سکتا ہے۔

مَمْلَکَت فت م، سک م، فت ل ک۔ امث۔ ملک، ریاست، حکومت، عملداری، نیز **مَملُکَت** (ضمہ ل)۔

مَمْلُو (ء) فت م، سک م، ومع۔ صف۔ بھرا ہوا، پُر لبالب۔

مَمْلُوک فت م، سک م، ومع۔ امذ۔ غلام، بندہ؛ مقبوضہ۔ مث **مَمْلُوکَہ** (ک)۔

مَمْنُوع فت م، سک م، ومع۔ صف۔ جس کی ممانعت ہو، جس کی بندش ہو؛ ناجائز، غیر قانونی۔

مَمْنُون فت م، سک م، ومع۔ صف۔ احسان مند، شکر گزار۔ امث **مَمْنُونِیَت/ مَمْنُونِیّت** احسان

مندی، شکر گزاری۔

مَموَلا فت م، ومج۔ امذ۔ گھریلو چڑیا کے برابر ایک سبزی مائل خاکستری رنگ اور لمبی پتلی دُم والا پرندہ جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں اور برابر دُم ہلاتا رہتا ہے؛ چھانپو، ساوا۔

مَمّیا فت م، سک م۔ صف۔ بطور سابقہ، مراد: ماموں کے رشتے سے تعلق رکھنے والا م: **ممیا خسَر مَمّیا ساس۔**

مَمّیانا فت م سک م، ف ل۔ بکری کا میں میں کرنا۔

مُمیت ضمہ م، ی مع۔ صف۔ ہلاک کرنے والا؛ مہلک، زہرناک۔

مَمیرا فت م، ی مع۔ امذ۔ ایک پودے کی جڑ، دواءً مستعمل، بینائی کے لیے مفید ہے [ع: **مامیران** کا مخفف] نیز **مامیرانِ صینی/ چینی۔**

مُمَیّز ضمہ م، فت م، شد فت ی۔ صف۔ ممتاز، منتخب، استثنائی، نیز **مُتَمیّز** (مُ تَ مَ یَّ ز)۔

مُمَیِّز ضمہ م، فت م، شد کس ی۔ صف۔ امتیاز کرنے والا، تمیز تفریق کرنے والا۔

مَن (۱) فت م۔ امذ۔ دل، جی؛ ضمیر، اپنی ذات؛ چالیس سیر کا وزن یا باٹ، کنّوئیں کی مُنڈیر؛ نگینہ، جوہر؛ سانپ کا من ایک مفروضہ روشن پتھر جو ناگ کے منہ میں ہوتا ہے، کف مارسیَہ۔

مَن (۲) فت م۔ ضمیر واحد متکلم۔ مَیں، میرا م: جان مَن، برادر مَن۔

مَن (۳) فت م۔ صلہ۔ جو، جو کوئی، جوکچھ۔ م: ھَل مَن مَزید اور جو کچھ ہو لاؤ؛ مَن کُنتُ مولاہٗ میں جس کا مولا تھا۔

مَنّ (۴) فت م۔ امذ۔ ان نعمتوں میں سے ایک جو حضرت موسیٰؑ کی قوم پر اتری تھیں مرعطفی **مَنّ وَ سَلوٰیٰ** (سَلْ وا) نیز **مَنّْ سَلْوا**۔ آم کے رس میں پکائے ہوئے چاول بھی مَن سلوا کہلاتے ہیں۔

مِن کس م۔ حرف جار۔ سے، کی طرف سے، میں سے، درمیان م: **مِنَ اللّٰہ** (م نَلْ لاہْ) اللہ کی طرف سے؛ **مِن حَیثَ الْمَجْمُوع** (حَے سِل مَجْ مُوعْ) مجموعی حیثیت سے۔ **مِنْکُم** تم میں سے۔ **مِنْجانب** کی جانب سے۔ **مِنْجُمْلَہ** سب میں سے، کُل میں سے۔

مَنابِع فت م، کس مج بـ ج مذ۔مَنْبَع کی جمع، چشموں کے سرے، مخارج، مصادر۔

مُناجات ضمہ م۔ أمث۔ راز داری کی گفتگو، خفیہ کلام؛ مجازاً: دعا، اللہ تعالےٰ سے خطاب؛ دعائیہ یا حمدیہ نظم۔

مَنادی فت م۔ امث۔ ڈھنڈورا، اعلان، ڈونڈی پٹنا؛ اعلانِ ممانعت [وضعی لفظ]۔

مُنادیٰ ضمہ م، ی غم۔ صف۔ جسے پکارا جائے؛ جس سے خطاب ہو۔ (قواعد) حرف نِدا (اے، او، یا) کوئی مخاطب نیز **مُنادا۔**

مُنادی ضمہ م۔ امذ۔ پکارنے، اعلان کرنے والا۔

مَنار فت م، اونچی، پتلی ستون نما تعمیر جس کے اندر بعض صورتوں میں سیڑھیاں بھی بنی ہوتی ہیں لاٹھ نیز **مَنارَہ** (مَ نار) عام مِینار۔

مُنازَعَہ ضمہ م، فت زع۔ امذ۔ جھگڑا، لڑائی، تنازُع۔

مُناسِب ضمہ م، کس س۔صف۔ موزوں، درست، حسب مُوقع ومحل، صحیح تناسب سے، اسم کیف مث **مُناسَبَت** (فت س ب) تعلق، لگاؤ، موزُونیت۔

مُناسَخَہ ضمہ م، فت س خ۔ امث۔ وَراثت، ترکے کی باہمی تقسیم۔

مَناسِک فت م، کس س۔ ج مذ۔ مذہبی رسوم؛ مقدس زیارت۔ [ع: مَنْسَک کی جمع.نیز عبادت گاہیں، حُجرے]۔

مَناصِب فت م، کس ص۔ ج مذ۔ **مَنْصَب** (رک) کی جمع۔

مَناظِر فت م، کس ظ۔ ج مذ۔ **مَنْظَر** (رک) کی جمع۔

مُناظَرَہ ضمہ م، فت ظ۔ امذ۔ باہمی بحث و تمحیص، خصوصاً مذہبی مسائل پر۔ **مُناظِر** (کس ظ) بحث کرنے والا۔

مُناظَمَہ ضمہ م، فت ظ م۔ نظم خوانی کی محفل، مشاعرہ۔

مُنافَرَت ضمہ م، فت ف ر۔ امث۔ باہمی نفرت، ایک دوسرے سے بیزاری۔

مَنافِع فت م، کس مع فہ ج مذ۔ فائدے، منفعت کی جمع۔ امذ۔ **مُنافَع** (ضمہ م، فت ف) فائدہ، کاروبار میں ہونے والی بچت، سرمائے پر ملنے والا سود [ع: مَنافع کی بدلی ہوئی شکل] صف **مُنافِع** ضمہ م، کس مع ف، نفع بخش، فائدہ مند۔

مُنافِق ضمہ م، کس فہ صف۔ بناوٹی دوست، درپردہ، مخالف۔ امث۔ **مُنافَقَت** ظاہر داری۔

مُنافی ضمہ م۔ صف۔ نفی کرنے والا، خلاف،ضد، مانع، حائل۔

مَناقِب فت م، کس ق۔ ج مذ۔ اوصاف، خوبیاں، بڑائیاں، امث **مَنْقَبَت** خوبیاں بیان کرنا، مدح خوانی، بزرگان دین کی شان میں اشعار کہنا۔

مُناقَشَہ ضمہ م، فت ق ش۔ امذ۔ جھگڑا، نزاع۔

مُناقِض ضمہ م، کس ق۔ صف۔ ناموافق، نامربوط، منافی **مُناقِض ذات** اپنی نفی آپ کرنے والا۔ امذ۔ **مُناقَضَہ** ردّ و کد، کشاکش، ضدّم ضدّا۔

مُناکَحَت ضمہ م، فت ک ح۔ امث۔ نکاح کرنا، عقد باندھنا۔

مَنال فت م۔ امذ۔ حصول، یافت، کمائی جائیداد، جاگیر۔ مرکب **مال وَ مَنال** کُل متاع۔

مَنّان فت م، شد ن۔ صف۔ نہایت بخشش والا، بہت احسان کرنے والا، اللہ تعالٰی کا ایک نام۔

مَناہی فت م۔ ج مذ۔ ممنوعہ اُمور، وہ باتیں جن کے نہ کرنے کا حکم ہے۔ نیز **مَنْہِیات** (فت م، سک ن، کس ہ) واحد **مَنْہی**۔

مُنَبَّت ضمہ م، فت ن، شد فت بہ صف۔ اُگایا ہوا، اُبھارا ہوا م: **نَقْشِ مُنَبَّت**۔ بیل بوٹوں کے نقش، اُبھرواں نقش۔ امث۔ **مُنَبَّت کاری** بیل بوٹے بنانا [ع: مَنبت = اُگنا، اُپجنا سے فارسی اردو میں وضعی لفظ]۔

مَنْبِت فت م، ن مثل م، کس بہ امذ۔ پودے اگانے کی کیاری یا حرارت خانہ۔

مِنْبَر کس م، ن مثل م، فت بہ امذ۔ خطبہ یا وعظ پڑھنے کے لیے بنی ہوئی اونچی جگہ، سیڑھی یا سیڑھیوں والی کرسی:

مَنْبَع فت م، ن مثل م، فت بہ امذ۔ پانی کے اُجرا کی جگہ، سوتے یا چشمے کا سرا، سرچشمہ، مجازاً کسی چیز کا نقطۂ آغاز، سرا، مخرج، اصل۔

مَنَّت فت م، شد فت ن۔ امث۔ مراد مانگنا، مراد پوری ہونے پر کسی بات کے انجام دینے یا نذر چڑھانے کا عہد۔ ف مر **مَنَّت ماننا**۔

مِنَّت کس م، شد فت ن۔ امثہ احسان ، کرپا، انعام؛ خوشامد، عاجزانہ اصرار [ع: مِہر، برکت، انعام] مرعطفی **مِنَّت سَماجَت** گِڑگِڑانا [ع: سَماجَہ : گڑگڑانا، منہ بنانا]۔

مُنْتِج ضمہ م، سک ن، فت ت۔ صف۔ انجام یا نیتجے تک پہنچنے والا، بار ور، **مُنْتَجَہ** نتیجے کے طور پر ظاہر ہونے والا، بالآخر جو صورت سامنے آئی۔

مُنْتَخَب ضمہ م، سک ن، فت ت خ۔ صف۔ انتخاب کیا ہوا، چُنا ہوا، عمدَہ، چیدہ۔

مَنْتَر فت م، سک ن، فت ت۔ امذ۔ افسوں، جادو کے بول۔ **مَنْتَر جَنْتَر تَنْتَر** جادو، حکمت اور طاقت جسمانی کے کرتب۔مراد یہ کہ انسان سے تین طرح کے

کرشمے ظہور میں آتے ہیں۔ [س: مَنتر: وَیدوں میں درج بھجن، ویدوں کے مقدّس کلمات]۔

مَنتری فت م، سک ن تـ امذ۔ حکومت کا کام چلانے والا، وزیر؛ وید خواں۔

مُنتَشِر ضمہ م، سک ن، فت ت، کس ش۔ صف۔ بکھرا ہوا، پھیلا ہوا، تتّر بتّر، بے ترتیب، غیر مجتمع۔

مُنتَظِر ضمہ م، سک ن، فت ت، کس ظ۔ صف۔ انتظار کرنےوالا، راہ دیکھنے والا۔ **مُنتَظَر** (فت ظ) جس کا انتظار ہو م: **اِمامِ مُنتَظَر**۔

مُنتَظِم ضمہ م، سک ن، فت ت، کس ظ۔ امذ۔ انتظام کرنے والا، اہتمام، بندوبست کرنے والا [ع: صف: باقاعدہ، باضابطہ، سُدھرا ہوا، درست کیا ہوا، بطور امذ وضعی معنی ہیں]۔

مُنتَفِع ضمہ م، سک ن، فت ت، کس مج ن۔ صف۔ نفع پانے والا، فائدہ اٹھانے والا۔

مُنتَقِل ضمہ م، سک ن، فت ت، کس ق۔ صف۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔

مُنتَقِم ضمہ م، سک ن، فت ت، کس ق۔ امذ۔ انتقام لینے والا، بدلہ چکانے والا۔

مُنتَہا ضمہ م، سک ن، فت تـ امذ۔ انتہا تک پہنچایا ہوا، حَد آخر۔ **سِدْرَۃ اَلْمُنتَہیٰ** (سِدْ رَ تُل مُن تَ ہا) عرش کے پاس ایک درخت،مراد: بلند ترین مقام صف **مُنتَہی** علم یافن میں کامل [ع: مُنتَہِی (مُن تَ ہِی)]۔

مِنّتی کس م، سک ن۔ امثـ منّت خوشامد۔ نیز **بِنْتی** ،[س: وِنتی]۔

مَنثُور فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ نثر میں لکھا ہوا، نا منظوم [ع: اَن بِندھا موتی؛ منتشر، بکھرا ہوا]۔

مَنْجا فت م، سک ن۔ امذ۔ کھاٹ۔ پلنگ۔ تصغیر: **مَنْجی** پلنگڑی۔ نیز **مَنْجھا/ مَنْجھی**۔

مَنجدھار فت م، سک ن ج۔ امثـ دریا کے بیچ کا دھارا۔ مجازاً: عافیت سے دور مقام۔

مُنْجَذِب ضمہ م، سک ن، فت ج، کس ذ۔ صف۔ مائل، راجع، کشاں کشاں، کھینچنے والا۔

مَنْجَری فت م، سک ن ج۔ امثـ کونپل، کَلا؛ شگوفوں کا گچھا، بیل، لتا، ایک بیل جس میں نیلے گچھے دار پھول لگتے ہیں (لاط: Nigella Sativa)۔

مَنْجَلاب فت م، سک ن، فت ج۔ امذ۔ گندے پانی کی حوضی وغیرہ؛ وہ جگہ جہاں گندہ پانی پھینکا جائے۔

مُنْجَلی ضمہ م، سک ن، فت ج۔ صف۔ ظاہر، روشن۔

مُنَجِّم ضمہ م، فت ن، شد کس ج۔ امذ۔ ستاروں کے علم کا ماہر، جیوتشی، ستارہ شناس۔

مُنْجَمِد ضمہ م، سک ن، فت ج، کس م۔ صف۔ جما ہوا، یَخ بستہ، ٹھہرا ٹھٹھرا ہوا۔

مَنْجَن فت م، سک ن، فت ج۔ امذ۔ دانت صاف کرنے کا سفُوف یا برادہ۔

مَنْجَنِیق کس م، سک ن، فت ج، ی مع۔ امثـ پتھر پھینکنے کی قلعہ شکن مشین؛ کلدار بڑی گوپھن۔

مَنْجھ فت م، سک ن جھ۔ امذ۔ بیچ، درمیان، مرکزی جگہ۔ امثـ **مَنْجْدَھار/ مَنْجْدھار** دریا کا بیچ۔

مَنْجھلا فت م، سک ن جھ۔ صف۔ بیچ کا، بڑے سے چھوٹا صف **مَنْجھلا رَوزَہ** رمضان کا چودھواں یعنی بیچ مہینے کا روزہ۔ مث **مَنْجھلی**۔

مَنْجھَولا فت مغ م، ومج۔ صف۔ بیچ کے درجے یا جسامت کا، نہ بڑا نہ چھوٹا، درمیانہ (شے) م: منجھولا صندوق، منجھولی پتیلی۔

مُنْحَرِف ضمہ م، سک ن، فت ح، کس ر۔ صف۔ اپنے قول یا موقف یا راستے سے پھر جانے والا، ترچھا ہو جانے والا، سیدھے راستے سے مڑ جانے والا، باغی، سرکش، مخالف۔

مُنْحَصِر ضمہ م، سک ن، فت ح، کس ر۔ صف۔ گھرا

ہوا، محدد، موقوف مشروط۔

مُنْحَنی ضمہ م، سک ن، فت ح۔ صف۔ ٹیڑھا، خمیدہ؛ پتلا، دبلا۔

مَنْحُوس فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ نامبارک، جو بدبختی، آفت؛ مصیبت لائے؛ سبز قدم۔ سخت نا پسندیدہ۔

مَنْخَر کس م، سک ن، فت خ۔ امذ۔ نتھنا، تثنیہ **مَنْخَرَین** دونوں نتھنے۔

مَندا فت م، سک ن۔ صف۔ سستا، سُست، ٹھس، دھیما، مدّھم، مٹھا امث۔ **مَنْدی** ارزانی، کاروبار کی بے رونقی، کسادبازاری۔

مَنْدِر فت م، کس ن، کس د۔ امذ۔ ہندوؤں کی پرستش گاہ، شوالہ، صنم کدہ۔

مُنْدْرا ضمہ م، سک ن د۔ امذ۔ فقیروں جوگیوں کا کان میں پہننے کا حلقہ، کُنڈل۔

مُنْدْری ضمہ م، سک ن د۔ امث۔ انگوٹھی۔

مُنْدَرِج ضمہ م، سک ن، فت د، کس ر۔ صف۔ شامل، داخل، درج کتاب۔ نیز امث ج **مُنْدَرَجَہ**۔

مُنْدَرِس ضمہ م، سک ن، فت د، کس ر۔ صف۔ مٹایا ہوا، ملیامیٹ کیا ہوا۔

مُنْدَمِل ضمہ م، سک ن، فت د، کس م۔ صف۔ مرجھایا ہوا (زخم)۔

مُنْدْنا ضمہ م، سک ن د۔ ف ل۔ مچنا، بند ہونا (آنکھ کا)؛ بھِڑنا (کواڑ کا) ف م **مُوندنا** بند کرنا، بھیڑنا، میچنا۔

مَنْدِیل فت م، سک ن، ی مع۔ امث۔ کمر پٹکا، پتلی پٹیوں کی پگڑی، سادہ یا کام دار۔

مُنْڈا ضمہ م، سک ن۔ امذ۔ بغیر سینگوں یا چھوٹے سینگوں والا بَیل؛ ولایتی وضع کا جوتا، شو، بُوٹ۔

مُنْڈاسا ضم مغ م۔ امذ۔ پگڑی، صافہ، پھینٹا۔

مُنّڈانا ضمہ مغ م۔ ف م۔ (بروزن اٹھانا) استرا پھروانا، بال استرے سے صاف کرانا۔ امث **مُنّڈائی** مُنڈنے کی اجرت۔ نیز **مُنّڈْوانا** (بروزن اٹھوانا) **مُنّڈْوائی** (سک ن)۔

مَنْڈَپ فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ گول چھائی ہوئی چھت، شامیانہ، مَنّڈھا، مَنْڈوا۔

مُنّڈ کُڑی ضمہ مغ م، فت ڈ، سک ک۔ امث۔ (بروزن کَدَ کُڑی) امث۔ گھٹنوں میں سر دینا۔ ف مر **مُنّڈ کُڑی مارنا**۔

مَنْڈَل فت م، سک ن، فت ڈ۔ امذ۔ گھیرا، احاطہ؛ گول تنبُو؛ چاند سورج کا ہالہ۔

مَنْڈْلانا فت م، سک ن ڈ۔ ف ل۔ چکّر کاٹنا، ہجوم کرنا، گِھر کر آنا، اُڑنا، ہوا میں تیرتے پھرنا۔

مَنْڈْلی فت م، سک ن ڈ۔ امث۔ ٹولی، حلقہ، گروہ۔

مَنْڈْوا فت م، سک ن ڈ۔ امذ۔ منڈپ، تماشا گاہ کے طور پر چھایا ہوا شامیانہ اور قناتیں۔

مَنْڈی فت م، سک ن۔ امث۔ بازار، جہاں اجناس وغیرہ لا کر بیچی جائیں، خریداروں کا حلقہ، مال کی کھپت کا مقام یا حلقہ۔

مُنْڈی (۱) ضمہ م، سک ن۔ امث۔ گردن سے اوپر کا جسم؛ سر، کھوپری، نیز **مُنّڈْیا** (ضمہ مغ م، کس ڈ) منڈی کی تصغیر۔

مُنْڈی (۲) ضمہ م، سک ن۔ امث۔ ایک بیل اور اس کے گول تکمے کی طرح کے پھول جو دواءً مستعمل ہیں، نیز گھُنْڈی (لاط: Sphoeranthus Indicus)۔

مَنّڈْیانا فت م، غنہ، سک ڈ۔ کلف لگانا، کپڑوں یا کاغذ پر آہار چڑھانا (قب: **مانّڈا**)۔

مُنّڈیر ضمہ مغ م، ے مج۔ امث۔ دیوار کا بالائی سرا، نیز **مُنّڈیری** تصغیر چھوٹی منڈیر جو زیادہ اونچی نہ اُٹھی ہو۔

مَنّڈھا فت مغ م۔ امذ۔ عارضی طور پر چھایا ہوا بانس کا ٹھاٹھر، مَنْڈپ؛ وہ گیت جو دلھن کی رخصتی

کے موقع پر گایا جاتا ہے، اور اس میں منڈھا کا لفظ آتا ہے: "نیکا منڈھا چھواؤ رے بابُل"۔

مَنڈھنا فت م، غنہ، سک ڈھ۔ ف م۔ چھانا، تاننا، بطور ابری کے چپکانا؛ کپڑا کاغذ وغیرہ کسی چیز کے اوپر لپیٹنا، چڑھانا۔ ف مر **سَرمَنڈھنا** چپیکنا، ذمّے ڈالنا۔

مَنڈھیا فت مغ ن، فت ڈھ، شد ی۔ امذ۔ چھایا ہوا چھپّر یا تنبو، چھولداری۔

مَنزِل فت م، سک ن، کس ز۔ امث۔ پڑاؤ، ٹھہرنے کا مقام؛ نازل، وارد ہونے کی جگہ عمل یا سفر کا ایک مرحلہ؛ مکان، گھر، مسکن؛ سیّارے کے دَور کا ایک درجہ؛ قرآن مجید کے سات حصوں میں سے ایک۔

مَنزِلِ اوّل مراد: قبر۔

مُنزِل ضمہ م، سک ن، کس ز۔ صف۔ جسے اِنزال ہو۔ ف ل۔ **مُنزِل ہونا** منی خارج کرنا، جَھڑنا۔

مُنزَل ضمہ م، سک ن، فت ز۔ صف جو اُتارا گیا، جو نازل ہوا ہو۔ م: **وَحیِ مُنزَل**۔

مَنزِلت فت م، سک ن، کس ز، فت ل۔ امث۔ درجہ، مرتبہ، قدر افزائی۔

مُنَزَّہ ضمہ م، فت ن، شد فت ز۔ صف۔ پاک، ستھرا، بری، عیبوں سے مبرّا۔

مَنسا فت م، سک ن۔ امذ۔ ذہن، فکر، تخیّل ارادہ، [س: مَنَ سا]۔

مُنسَرِح ضمہ م، سک ن، فت س، کس مج ر۔ صف۔ آسان، سَہل۔ **بَحرِ مُنسَرِح** عروض کی ایک بحر جس کے بنیادی اوزان ہیں مُستَفعِلُن مفعولات (دوبار)۔

مَنسک فت م، سک ن، فت س۔ امذ۔ ظرف۔ مناسک یا مراسم دینی کے ادا کرنے کی جگہ، مکّے کا وہ مقام جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔

مُنسَلِک ضمہ م، سک ن، فت س، کس ل۔ صف۔ نتھی کیا ہوا، ساتھ لگا ہوا، ڈوری میں پرویا ہوا، نیز

مُنسَلِکہ ج **مُنسَلِکات** (کسمج ل)۔

مَنسِل فت م، سک ن، کس س۔ امث رک: مَنسِل [س: مَن شِلا]۔

مَنسُوب فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ جسے نسبت دی گئی ہو، مُتعلق؛ جس کی منگنی ہوئی ہو۔

مَنسُوج فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ بُنا ہوا، امذ۔ **مَنسِج** کپڑے کا کارخانہ۔

مَنسُوخ فت م، سک ن، و مع۔ صف۔ مٹایا کالعدم کیا ہوا، رد، موقوف کیا ہوا۔

مَنُش فت م، ضمہ ن۔ امذ۔ آدمی، مانس، انسان؛ مرد۔ مث **مَنُشیا** عورت [س: مَ نُش یَ: آدمی]۔

مَنِش فت م، کس ن۔ امث۔ طبیعت، افتاد، خصلت۔

مَنشا فت م، سک ن۔ امذ۔ مولد، جائے پیدائش، مقام آغاز؛ مُدّعا، مرضی۔

مُنشآت ضمہ م، سک ن، امذ۔ ج مذ۔ تحریریں لکھے ہوئے اوراق یا مضامین، تصنیفات، تالیفات۔

مِنشار کس م، سک ن۔ امذ، امث۔ آرا یا آری، پنکھا، پنکھیا، چھاج۔

مُنشَرِح ضمہ م، سک ن، فت ش، کس مج ر۔ صف۔ کُھلا ہوا، کشادہ، شاد، بشاش۔

مَنشُور فت م، سک ن، و مع۔ صف، امذ۔ بکھرا ہوا، پھیلا ہوا، مشہور کیا ہوا؛ اعلان جس میں کسی جماعت کے اصول و اغراض درج ہوں۔ (اقلیدس) ٹھوس شکل جس کے کئی مساوی طول و عرض کے پہلو ہوں۔ (طبیعیات) بلّور کی قلم جس میں سے گزر کر شعاع بنیادی رنگ کی شعاعوں میں بٹ جاتی ہے؛ کوئی شے جو شعاع کو منتشر کر دے مثلاً پانی کا قطرہ۔

مُنشی ضمہ م، سک ن۔ امذ۔ لکھنے والا؛ انشا پرداز؛ پیدا کرنے والا، نشوو نما کرنے والا؛ خالق۔

مُنَشّی ضمہ م، فت ن، شد ش۔ صف۔ نشہ آور، ج مذ۔ مُنَشّیات (ضمہ م، ف ن، شد سک ش) نشہ پیدا کرنے والی اشیاء، مُسکِرات [ف: نشہ سے بقاعدۂ عربی وضعی لفظ]۔

مَنْصَب فت م، سک ن، فت ص۔ امذ۔ عہدہ، مقام، مرتبہ۔

مُنْصَرِف ضمہ م، سک ن، فت ص، کس ر۔ صف۔ پھرنے، پلٹنے، منحرف ہونے والا، نیز پھیرنے، لوٹانے والا۔ (قواعد) قاعدۂ صرف کے مطابق ڈھالا یا بدلا ہوا (لفظ) (م: فاعِل مُنفَعِل وغیرہ فعل سے منصرف ہو کر بنے)۔

مُنْصَرِم ضمہ م، سک ن،فت ص، کس ر۔ صف، امذ۔ مہتمم، منتظم، انتظام سنبھالنے والا؛ قائم مقامی پر متعین افسر؛ پٹواریوں کو تربیت دینے والا [ع: قطع کردہ]. اکیف مث مُنصَرِمی عیوضی؛ دیکھ بھال۔

مُنْصِف ضمہ م، سک ن، کس ص۔ امذ۔ انصاف کرنے والا، عادل، عدالت دیوانی کا ایک عہدہ۔ امث مُنْصِفی انصاف، عدل۔

مَنْصُوب فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ نصب کیا ہوا، کھڑا کیا ہوا، قائم کیا ہوا؛وہ لفظ جس پر فتحہ بنا ہو، مفتوح۔

مَنْصُوبَہ فت م، سک ن، ومع، فت بہ امذ۔ وہ کام جس کا ارادہ کیا گیا ہو، مقصود ، منشا؛ پلان، اسکیم، خاکہ۔

مَنْصُور فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ فتحمند، کامگار، جسے نصرت ملی ہو۔

مَنْصُوص فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ صاف، واضح، جلی، جس کی بابت کھلی قرارداد یا معاہدہ ہو [ع: مَنصُوص عَلَیہ]۔

مُنَصّہ فت م ن۔ شد فت ص۔ صفہ ظاہر کیا ہوا، واضح کردہ۔ مَنَصّہ (مَ نَ سّ) ظہور کی جگہ، تماشا گاہ، جلوہ گاہ، دلہن کی رونمائی کا تخت مسند۔ مَنَصّہ ٔ شُہود پیدا، برآمد، متعارف ہونے کی جگہ مراد ہستی، دنیا، عالم وجود۔

مُنْضَبِط ضمہ م، سک ن، فت ض۔ کس بہ صف۔ ضابطے میں لایا ہوا، باندھا ہوا، محکم؛ نیز ضابطے میں لانے والا۔

مُنْضِج ضمہ م، سک ن، کس ض۔ صف۔ خِلط یا مادے کو پکانے والی دوا، جلّاب سے پہلے پلایا جانے والا جوشاندہ یا خیساندہ۔

مُنْطَبِع ضمہ م، سک ن، فت ط، کس مع بہ صف۔ چھپنے، نقش ہونے والا؛ نقش پذیر۔

مُنْطَبِق ضمہ م، سک ن، فت ط، کس بہ صف۔ جو کسی مماثل شے پر پوری طرح چھا سکے، شکل و رقبےمیں مِن و عن مساوی؛ مطابق، موافق۔

مَنْطِق فت م، سک ن، کس ط۔ امثہ قوت گویائی، معقول، موثر گفتگو؛ دلیل حجّت سے کام لینا، قائل کرنا؛ فکر صحیح سکھانے والا علم۔ نیز عِلم اَلْمَنْطِق (عِلّ مُل مَنْ طِق) مَنْطِقی (کس مع ط) علم المنطق کا ماہر۔

مِنْطَقَہ کس م، سک ن، فت ط ق۔ امذ۔ سطح زمین کا کوئی حصّہ، علاقہ؛ خطّہ، خصوصاً وہ جو علم جغرافیہ کی رو سے ایک جیسی آب و ہوا رکھتا ہو، جیسے خط اِستوا کے متوازی فرض کیے ہوئے خطوط کے درمیان کے خطے م: مِنْطَقَہ ٔ بارِدَہ شُمالی شمالی کُرے کا سرد خطہ؛ مِنْطَقَہ ٔ حارّہ ٔ جَنوبی جنوب کا گرم خطّہ؛ مِنْطَقَہ ٔ مُعْتَدِلَہ متوازی حرارت کا خطہ۔ [ع: مِنطَقَہ کمر پٹکا] عام: مَنْطِقَہ۔

مَنْظَر فت م، سک ن، فت ظ۔ امذ۔ جو کچھ نظر میں آئے، دیکھنے کا مقام؛ حدِّ نگاہ؛ چہرہ، صورت م: صبیح اَلْمَنْظَر خوش چہرہ۔ کَرِیہہ اَلْمَنظَر

بدصورت۔

مُنَظّم ضمہ م، فت ن، شد فت ظ۔ صف۔ باقاعدہ، باترتیب، مربُوط؛ منضبط، قرینے کا، ایک سلسلے یا ضابطے میں بندھا ہوا۔

مَنْظُور فت م، سک ن، ومع۔صف۔ مقبول، پسندیدہ، زیر نظر، جو مان لیا جائے۔ تسلیم، قبول۔

مَنْظُوم فت م، سک ن، ومع۔ صف۔ مرتّب، باقاعدہ، موزوں (کلام)، شعر میں ڈھالا ہوا۔

مَنْع فت م، سک ن ع۔ صف۔ جس سے روکا جائے، جس کی بندش، ممانعت ہو۔ ف م **مَنْع کرنا**۔ عام مَنَع ، **مَنا** ۔

مُنعَدِم ضمہ م، سک ن، فت ع، کس د۔ صف۔ ناپید، بے وجود۔

مُنْعَطِف ضمہ م، سک ن، فت ع، کس ط۔ صف۔ مڑنے، ترچھا ہونے والا۔ **مُنْعَطِف کرنا/ ہونا** (خط، شعاع، توجّہ، خیال وغیرہ کا) کسی طرف پھرنا، مبذُول ہونا۔ امذ۔ **انْعِطاف**۔

مُنْعَقِد ضمہ م، سک ن، فت ع، کس ق۔ صف۔ جو واقع ہو، عمل میں لایا جائے؛ ف ل: **مُنعقِد ہونا** برپا، آراستہ ہونا، ایک رشتے سے منسلک ہونا؛ قرار پانا، طے ہونا۔

مُنعَکِس ضمہ م، سک ن، فت ع، کس ک۔ صف۔ عکس ڈالنے والا، جھلکنے والا۔ ف ل: **مُنعَکس ہونا** شعاعوں کا لوٹ کر سطح پر نمودار ہونا، کسی شبیہہ کا آئینے یا کسی مصفیٰ سطح پر نمایاں ہونا۔

مُنْعِم ضمہ م، سک ن، کس ع۔ امذ۔ صاحب نعمت، دولت بخشنے یا پانے والا؛ امیر، دولتمند۔

مُنَغّص ضمہ م، فت ن، شد فت غ۔ صف۔ مکدر، ناخوش، بے چین۔

مَنْفَذ فت م، سک ن، فت ف۔ امذ۔ نفوذ کرنے، سرایت کرنے، گزرنے کی جگہ؛ راستہ، مسام، سوراخ۔

مِنفَخ کس م، سک ن، فت ف۔ امذ۔ دھونکنی، پھُنکنی۔

مُنْفَرِج ضمہ م، سک ن، فت ف، کس ر۔ صف۔ کُشادہ، پھیلا ہوا؛ علیحدہ، منفصل؛ شاد و خرّم م: **زاوِیۂ مُنْفَرِجَہ** (زا وی ۰ مُن فَ رِ ج) زاویۂ قائمہ (۹۰ درجے) سے بڑا زاویہ۔

مُنْفَرِد ضمہ م، سک ن، فت ف، سک ر۔ صف۔ واحد، یکتا، اکیلا، تنہا؛ بے مثل، لاثانی۔

مُنْفَصِل ضمہ م، سک ن، فت ف، کس ص۔ صف۔ جدا، الگ، علیحدہ؛ فیصل شدہ۔

مَنْفَعَت فت م، سک ن، فت ف ع۔ امث۔ فائدہ، نفع، حاصل۔

مُنْفَعِل ضمہ م، سک ن، فت ف، کس ص۔ صف۔ مُتاثّر، نادِم، شرمسار۔

مُنْفَک ضمہ م، سک ن، فت ف۔ صف۔ علیحدہ کیا ہوا، دُور کیا جانے والا۔

مَنْفی فت م، سک ن۔ صف۔ منہا کیا ہوا، تفریق شدہ؛ ناموافق، برضد، برعکس؛ خلاف، مخالفانہ، انکاری م: منفی جواب؛ تخریبی م: منفی رجحانات۔ مثبت، تعمیری کی ضد۔

مِنْقار کس م، سک ن۔ امث۔ چونچ۔

مِنْقاش کس م، سک ن۔ امذ۔ موچنا، موچنی؛ سنْسی، زنبور؛ نقش گری کا آلہ۔

مَنْقَبَت فت م، سک ن، فت ق ب۔ امث۔ تعریف، توصیف، ثنا، باعث امتیاز خصوصیّت؛ فخرو مباہات۔ ائمۂ اہل بیت یا اولیاء کی شان میں لکھے جانے والے اشعار یا نظم ج: **مَناقِب** (فت م، سک ق) خوبیاں، فضائل۔

مُنَقّح ضمہ م، فت ن، شد فت ق۔ صف۔ صاف، واضح کیا ہوا۔ امث۔ **تَنْقِیح** واضح کرنا ج **تَنْقِیحات** کسی مسئلے یا قضیہ کے فیصلہ طلب نکات کی

وضاحت۔

مُنقَسِم ضمہ م، سک ن، فت ق، کس س۔ صف۔ بٹا ہوا، حصّوں میں تقسیم۔

مُنَقَّش ضمہ م، فت ن، شد فت ق۔صف۔ جس پر نقش بنے ہوں، نقشیں، شبیہوں یا بیل بوٹوں سے آراستہ سطح ظرف وغیرہ۔

مُنقَصَت ضمہ م، سک ن، فت ق ص۔ امث۔ نقصان پہنچانا، بدنام کرنا۔

مُنقَضی ضمہ م، سک ن، فت ق، صف۔ جو قضا ہو جائے جس کا وقت یا میعاد نکل جائے؛ فیصلہ شدہ امر یا معاملہ۔

مُنقَطِع ضمہ م، سک ن، فت ق، کسمج ط۔ صف۔ کٹا ہوا، الگ، ختم، تمام۔

مَنقَل فت م، سک ن، فت ق۔ امث۔ انگیٹھی۔

مُنقَلِب ضمہ م، سک ن، فت ق، کس ل۔ صف۔ اُلٹا، برگشتہ، پھرا ہوا، بدلا، پلٹا ہوا۔

مَنقُوط فت م، سک ق، ومع۔ صف۔ نقطہ دار، بُندکیوں دار، مث **مَنقُوطہ**(ذال منقوطہ =نقطہ دار)۔

مَنقُول فت م، سک م، ومع۔ صف۔ نقل کیا ہوا، دوہرایا، بیان کیا ہوا، ذکر کردہ، جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جائے یا جا سکے۔ مث، ج **مَنقُولہ** م: **اَملاک/ جائیدادِ مَنقُولہ** ضد **غیرِ مَنقُولہ** مثل مکان، زمین۔

مَنقُولات فت م، سک ن، ومع۔ ج مث، مذ۔ عقائد، روایات، تقلیدی علم۔ قب: مَعقُولات۔

مُنَقّیٰ ضمہ م، فت ن، شد ق، ی غم۔ صف۔ صاف کیا ہوا، بیج نکالا ہوا م: **مَویزِ مُنَقّیٰ** رک: مویز۔

مَنکا فت م، سک ن۔ امذ۔ مالا کا دانہ، نگینہ؛ گردن کے قریب ریڑھ کا پہلا جوڑ یا فقرہ۔

مُنکَر ضمہ م، سک ن، فت ک۔ صف۔ ممنوع، ناواجب، قابل مذمّت۔

مُنکِر ضمہ م، سک ن، کس ک۔ صف۔ انکار کرنے والا؛ کافر۔ عَلَم: **مُنکِر نَکِیر** دو فرشتے جوقبر میں ایمان کی بابت سوال کرنے پر مامور بتائے جاتے ہیں، نیز **نَکِیرَین**۔

مُنکَسِر ضمہ م، سک ن، فت ک، کس س۔ صف۔ شکستہ، ٹوٹا ہوا؛ ہزیمت خوردہ۔ **مُنکَسِر اَلمِزاج** مسکین طبع، عاجزی انکسار برتنے والا [ع؛ شکستہ خاطر]۔

مُنکَشِف ضمہ م، سک ن، فت ک، کس ش۔ صف۔ عیاں، ظاہر، اِلقا کیا ہوا، کھولاہوا۔

مَنکنا فت م ن، سک ک۔ ف ل۔ چوکنّا ہونا، ہوشیاری سے کام لینا۔

مَنکُوحَہ فت م، سک ن، ومع۔ امث۔ نکاحی بیوی گھر والی جس سے نکاح بندھا ہو۔

مَنگانا فت مغ م۔ ف م۔ حکم یا فرمائش کر کے دور سے طلب کرنا؛ م م: **مَنگوانا**۔

مَنگتا فت م، غنہ، سک گ۔ امذ۔ فقیر، بھک منگا، مث **مَنگتی**۔

مَنگَٹ فت م، غنہ، فت گ۔ امث۔ کلائی۔ **مَنگٹی** کلائی کا ایک زیور، پہنچی۔

مُنگچی ضمہ م، غنہ، سک گ۔ امث۔ مونگ کی پُھلکی، مونگ کا بڑا۔

مَنگل فت م، غنہ، سک گ۔ امذ۔ خوشی، شادمانی، جشن م: **جَنگل میں مَنگل**؛ سیّارہ مریخ؛ سہ شنبہ، پیر کے بعد کا دن جو مریخ سے منسوب کیا جاتاہے۔

مَنگلا فت م، غنہ، سک گ۔ امث۔ نیک، خوش رُو، خوشخُو عورت یا بیوی؛ ایک بُوٹی جس کے پتے ہتیلی کی مانند کئی جگہ سے چرے ہوئے، پھول نیل کے پھول جیسا صندلی رنگ کا اور دو غلافوں میں ملفوف ہوتا

ہے جس میں سے ایک سے تین تک تخم نکلتے ہیں؛ دُرْوا، پَتْروتی (لاط: Panicum Dactylon) ہندو دیو مالا میں شو کی پتنی اُمیا پاروَتی کا ایک لقب۔

مَنْگْنی فت م، غنہ، سک گ۔ امث۔ شادی کے لیے نسبت قرار پانے کی رسم۔

مَنْگُوس فت م، غنہ، ومع۔ امذ۔ نیولا۔

مَنْگوَلا فت م، غنہ، ومج۔ امذ۔ پُھندنا، طرّہ۔

مَنْگھٹ فت م، غنہ، سک گھ۔ امذ۔ کُنوئیں کی میںڈھ۔

مَنْگیتَر فت مغ م، ے مج، فت ت۔ امذ، امث۔ جس کی منگنی ہو چکی ہو، مَنسُوب یا مَنسُوبہ۔

مِنْ مِنا کس م۔ صف دھیمے، اٹکتے، ٹھنکتے لہجے میں بولنے والا صف۔ مِنْمِنی ف ل۔ مِنْمِنانا کسی قدر غنغناہٹ کے ساتھ منہ ہی منہ میں بولنا۔

مُنْ مُنا ضمہ م، سک ن، ضمہ م۔ امذ۔ ایک سیاہ، تلخ غلّہ جو گیہوں کے کھیت میں اُگ آتا ہے اڑھایا، دھاڑا۔

مِنَن کس م، فت ن۔ مِنّت (رک) کی جمع۔ مرکب وصفی ذُوْالْمِنَن (رُل م نَن) احسانات کرنے والا۔

مَنُو فت م، ومع۔ امذ۔ انسان، نسل انسانی کا پہلا نمائندہ، ہندو دھرم کے عقائد و احکام کا مدوّن کرنے والا شاستری جسے برہما کا اوتار سمجھا جاتا ہے۔

مِنّو کس م، شد ن، ومع۔ امث۔ بلّی کا پیار کا نام نیز مِنّو بِلائی (کس ب)۔

مَنْوا فت م، سک ن۔ امذ من = دل کی تصغیر۔

مِنْوال کس م، سک ن۔ امذ۔ طور طریقہ، وضع ڈھنگ، قُماش۔

مَنَوتی فت م، ولین۔ امذ۔ لین دین کے معاملے میں کسی قسم کی قرارداد۔ امذ۔ مَنَوتی دار قرضے کی ادائگی کا ضامن۔

مَنُوچِہْر کس م، ومع، کس مج چ، سک ہ۔ صف۔ بہشتی صورت والا، نہایت حسین۔ [ف: مینو، بہشت]۔

مُنَوَّر ضمہ م، فت ن، شد فت و۔ صف۔ روشن، تاباں۔

مَنورتھ فت م، ومج، فت ر۔ امذ۔ دلی خواہش، دلی مدّعا۔

مُنَوِّم ضمہ م، فت ن، شد کس و۔ صف۔ خواب آور، جو نیند لائے (دوا، صدا وغیرہ)۔

مُنَوَّن ضمہ م، فت ن، شد فت و۔ صف۔ وہ حرف جس پر تنوین لگائی جائے یعنی دو زبر، دو پیش یا دو زیر۔

مَنوہَر فت م، ومج، فت ہ۔ صف۔ حسین، من موہنا۔

مُنْہ ضمہ م، غنہ (بروزن مُکھ) امذ۔ چہرہ؛ دہانہ؛ منبع، مخرج؛ چھید، سوراخ؛ پاس، لحاظ م: آپ کا منہ تھا جو میں چپ رہا۔ علاج میں پیسے کا منہ نہ کرو؛ حوصلہ، ہمت، حیثیت منصب م: اپنا مُنہ کہاں کہ اُن کی ثنا کریں۔ صف مُنْہا مُنْہ (مُو آمُوں) لبالب، پوری طرح بھرا ہوا۔ م ف۔ مُنہ اندھیرے صبح سویرے، تڑکے، مُنہ پھوڑ کر بے عزت بنا کر، ف م مُنہ لگانا بے تکلفی برت کر گستاخ بنا دینا۔

مِنْہا کس م، سک ن۔ صف۔ تفریق کیا، گھٹایا ہوا مُجرا، ف م۔ منہا کرنا کم کرنا، تفریق کا عمل کرنا۔ [ع: مِن ھا = اسی میں سے] امث۔ مِنْہائی تفریق۔

مِنْہاج کس م، سک ن۔ امث۔ شاہراہ؛ طریقہ، ضابطۂ کار۔

مُنْہدِم ضمہ م، سک ن، فت ہ، کس د۔ صف۔ ڈھایا ہوا، برکندہ، مسمار۔

مِہْنْدی کس مج مغ م، سک ہ (بروزن میتھی)۔ حنا، جس کے پتّے پیس کرلگانے سے ہاتھ سرخ ہو جاتے ہیں (لاط: Leusonia Alba)۔

مُنْہَضِم ضمہ م، سک ن، فت ہ، کس ض۔ صف۔ ہضم ہونے والا، جو پیٹ میں بچ جائے۔

مُنْہَمِک ضمہ م، سک ن، فت ہ، کس م۔ صف۔ پوری طرح مشغول، نہایت مصروف۔

مَنْہگا فت مج مغ م، سک ہ، (بروزنِ ایسا) صف۔ گراں، بہت داموں کا، بیش قیمت۔

مَنْہِی فت م، سک ن۔ صف۔ ممانعت کردہ، جس کے نہ کرنے کا حکم ہو۔ ج **مَنْہیات**۔

مَنْہِیار فت م، سک ن، کس ہ۔ رک: مَنہیار۔

مَنی (۱) فت م۔ امث۔ مرد کا مادۂ تولید۔

مَنی (۲) فت م۔ امذ۔ تکبّر، ہما ہمی، انانیت، مرکب عطفی **ما و مَنی**۔

مُنی ضمہ م، امذ۔ بڑے مرتبے کا عالم و زاہد، ہندو رشی۔

مُنّی ضمہ م، شد ن۔ امث۔ چھوٹی بچی۔ صف بہت چھوٹی سی (شے)۔

مُنْیا ضمہ م، سک ن۔ پدڑی، امث۔ چھوٹی فرج؛ بظر۔

مُنِیب ضمہ م، ی مع۔ صف۔ نیابت کرنے یا نائب مقرّر کرنے والا؛ نمائندہ، کارکن، ایجنٹ۔

مُنِیر ضمہ م، ی مع۔ صف۔ روشن، چمکدار۔

مُنِیم ضمہ م، ی مع۔ صف۔ منیب (رک)؛ اکاؤنٹنٹ، حساب دار [غالباً ع: منعم کی تحریف]۔

مَنْہیار فت م، سک نہ۔ امذ۔ کانچ کی چوڑیاں بنانے اور پہنانے والا۔ امث **منہیاری** نیز **مَنِہیار/ مَنْہیاری**۔

مُو ومع۔ امذ۔ بال، رونگھٹا نیز **موے موباف** چُٹلا۔ م ف **مُو بمُو** تفصیلاً، بالکل مُماثل۔ امث **مُوشِگافی** بال کی کھال نکالنا۔

مُوا ضمہ م (بروزنِ ہوا) صف۔ مرا، مویا؛ نیز بطور دشنام: مردود، ملعون، کمبخت۔ مث **مُوئی**۔

مَوات فت م۔ امث۔ صف۔ بنجر زمین، ویرانہ [ع: بنجر، بے جان]۔

مَوّاج فت م، شد و۔ صف۔ موجیں مارتا ہوا، طوفانی۔

مَواجِب فت م، کس ج۔ ج مذ۔ اُجرتیں، تنخواہیں، واجب امور، **مُوجب** کی ج ج۔

مُواجَہہ ضمہ م، فت ج ہ۔ امذ۔ آمنا سامنا، مقابلہ، دُوبدو؛ زبانی امتحان، انٹرویو، رسمی ملاقات، ف **بِاْلمُواجَہہ** (بل مُ واجَ ہَ) آمنے سامنے، بالمشافہہ۔

مُواخات ضمہ م۔ امث۔ بھائی چارہ، برادری، مُوالات۔

مُؤاخَذَہ ضمہ م، و غم، فت خ ذ۔ امذ۔ باز پرس، حساب فہمی، جواب طلبی۔

مَواد فت م، امذ۔ مادّہ، سامانِ کار، اجزاء، ضروری اشیاء، پیپ یا کچ لہو [ع: مَواد، مادّہ کی جمع]۔

مُوازَنہ ضمہ م، فت ز ن۔ امذ۔ دو اشیا کے باہمی وزن کا اندازہ، تولنا، جانچنا؛ قدر و قمیت کا مقابلہ۔

مُؤازِی ضمہ م، و غم۔ بروزنِ مقابل صف۔ مقابل، آمنے سامنے، ملتے جلتے، مماثل، مشابہہ، ہم قیمت۔ م فـ تخمیناً، قیاساً۔ عام **مُوازی**۔

مَواشِی فت م۔ اسم جنس۔ چوپائے، گائے بھینس، بھیڑ بکری، اونٹ وغیرہ، [ع: ماش ماشیہ کی جمع = چلنےوالا]۔

مُواصَلَت ضمہ م، فت ص ل۔ امث۔ میل ملاپ، ملاقات؛ وصل، ملن۔ ج: **مُواصَلات** ذرائع پیام رسانی، ذرائع حمل و نقل، رسد و رسائل۔

مَواضِع فت م، کس مج ض۔ ج مذ۔ گانو، بستیاں۔ واحد **موضَع** ج ج **مَواضِعات**۔

مَواعِید فت م، ی مع۔ ج مذ۔ میعادیں۔ واحد **مِیعاد**۔

مُوافِق ضمہ م، کس فـ صف۔ مطابق، ایک دوسرے سے میل رکھنے والے یا میل رکھنے والا، جوڑی دار۔

امث۔ **مُوَافَقَت** مطابقت، میل، یکسانیت۔

مَواقِع فت م، کس مج ق۔ ج مذ۔ موقع (رک) کی جمع۔

مَواقِف فت م، کس ق۔ مَوقِف (رک) کی جمع؛ مقامات، منازل۔

مُوالات ضمہ م۔ ج مذ۔ امث۔ دوستی، اتحّاد، وفاداری، کاروباری معاہدہ۔

مَوالی فت م۔ مولا کی جمع، دوستی رکھنے والے؛ سردار؛ لونڈی غلام، چاکر، مرعطفی **حالی مَوالی** مصاحب اور ملازم، حاضر باش لوگ۔

مَوالِید فت م، ی مع۔ ج مذ۔ مخلوقات، **مَوالِیدِ ثَلاثَہ** (کسمج د، فت ث) تین انواع کی مخلوق، مراد؛ جمادات، نباتات، حیوانات۔ واحد؛ **مَولُود**۔

مُؤانَست ضمہ م، و غم، فت ن س۔ امث۔ باہمی اُنس، دوستی، اخلاص۔ عام؛ **موانِسَت**۔

مَوانِع فت م، کسمج ن۔ ج مذ۔ مانعات، رکاوٹیں، بندشیں، واحد **مانِع**۔

مَواہِب فت م، کس ہ۔ ج مذ۔ انعامات، عطیات، فضائل وہبی۔ واحد **مَوہِبَت** (کس ہ، فت ب) امث۔

مُواہِبَت بخشش، عطا، فیض رسانی۔

مُوباف و مع۔ امذ۔ عورتوں کی چوٹی کے ساتھ گوندھی جانے والی پتلی سیلی یا پٹّی۔

موبَد ومع، فت ب۔ امذ۔ پارسی عالم دین، مجوسیوں کا دینی پیشوا۔

مُؤَبَّد ضمہ م، و غم، فت ء، شد فت ب۔ صف۔ ہمیشہ کا، ابدی دائمی۔

مَوت و لین۔ امث۔ مرنا، مرگ، وفات؛ تباہی، خرابی، شامت، نیستی، نابودی؛ مرنے کا واقعہ۔ امذ۔ **مَوتا** میّت۔

مُوت ومع۔ امذ۔ پیشاب؛ (بازاری) نطفہ، اولاد۔ ف ل **مُوتنا** پیشاب کرنا۔

مُؤتَمَر ضمہ م، و غم، سک ء، فت ت م۔ (بروزن معتَبر) امذ۔ اجتماع، اجلاس، کانفرینس۔

مُؤتَمَن ضمہ مج م، وغم، سک ء، فت ت، کس م۔ صف۔ امانت دار۔

مَوتیٰ و لین، ی غم۔ ج مذ۔ مرنے والے میّت کی جمع۔

موتی ومع۔ امذ۔ سیپ سے نکلنے والا گوہر، دُر، مَروارید؛ منکا، موتی کی شکل کی شے۔ **موتی جَھرا** (فت جھ) خسرہ۔

موتیا ومع، کس ت۔ امث۔ سفید خوشبودار پھول جس کی بندکلی موتی کی شکل کی ہوتی ہے۔ (لاط؛ Jasminum Zambak) صف۔ موتی کے رنگ کا، موتی کی طرح آبدار۔ چمکیلا کافوری۔ **موتیا بِند** (کس ب، سک ن) آنکھ میں پانی اترنے کا مرض۔

موتھ ومع۔ ایک خودرو پودے کی خوشبو اور جڑ، دواءً مستعمل۔ نیز **موتھا/ ناگَر موتھا** (لاط؛ Cyprus Jeminicus)۔

موتھا وج۔ امذ۔ ایک پودا جس کی گول لمبی جڑ، دواءً اور خوشبو بنانے کے لیے مستعمل ہے۔ نیز **ناگر موتھا** (فت گ) (لاط؛ cyprus Rotundus)۔

موٹ ومع۔ امث۔ گٹھڑی،گانٹھ، بھار، بندھا ہوا بوجھ۔

موٹا ومع۔ صف۔ فربہ، بھاری جسم والا، لحیم، شحیم؛ دبیز، جلی، نمایاں، ادنیٰ م؛ **موٹا اناج** معمولی درجے کا غلہ۔ **موٹا کام** جس میں کوئی باریکی نفاست یا نزاکت نہ ہو۔

مُوٹام ومع۔ امذ۔ مٹّی کا عارضی منارہ نُما ڈھیما جو کھدائی کے وقت چھوڑ دیا جاتا ہے، تاکہ اس سے گہرائی کی پیمائش کی جا سکے۔

مُوٹھ ومع۔ امث۔ قبضہ، ہتھا، دستہ؛ مٹّھی [قب؛ س؛ مُشٹی، ف؛ مُشت]۔

مَوٹھ ومج۔ امذ۔ ماش سے ملتی ایک سبزی مائل رنگ کی دال (لاط: Phaseolus aconite Folius)۔

مُؤَثِّر ضمہ مج م، وغم، فت ء، شدکس ث۔ صف مد مث۔ اثر کرنے والا، پُرتاثیر، کارگر، زوردار۔

مُوَثِّق ضمہ م، فت و، شد کس ث۔ صف۔ مضبوط، پکا، باوثوق؛ تصدیق کرنے والا، مُصدّق۔

مَوج ولین۔ امث۔ لہر، لرزش، ترنگ، اُمنگ، ولولہ۔ امذ۔ مَوجَہ (ہ غم) صف۔ مَوجی اپنی مرضی کا مختار، آزاد منش۔

مُوجِب ومع، کس ج۔ امذ۔ سبب، باعث، وجہ؛ واجب، لازم کرنے والا۔

مُوجِد ومع، کس ج۔ امذ۔ ایجاد کرنے والا، مخترع، بانی۔

مُوجَز ومع، فت ج۔ صف۔ مختصر، خلاصہ، جس سے ایجاز برتا گیا ہو۔ نیز وَجیز (فت و، ی مع) مر اضا جَہیزِ وَجیز (فت ج، ے مع، کس مج ز) مختصر ساز و سامان، تھوڑا جہیز جو کفایت کرے۔

مُؤَجَّل ضمہ م، وغم، فت ء، شد فت ج۔ صف۔ جس کے لیے مہلت دی گئی ہو، جس کی ادائگی ملتوی رکھی گئی ہو م: مَہر مؤَجَّل؛ مُؤَجَّل بَرقیہ/ تار تاخیر سے پہنچنے یا بھیجا جانے والا تار برقی پیغام۔

مَوجُود ولین، ومع۔ صف۔ حاضر، سامنے، مہیّا؛ وجود رکھنے والا؛ غائب اور ناپید کی ضد؛ قائم باقی؛ مستعد، تیار۔ ج مَوجُودات مخلوقات، کائنات۔ امث۔ موجُودگی حاضر، معلوم، مہیّا، پیدا، باقی ہونے کی صورت۔

مَوچ ومج۔ امث۔ کسی پٹھے یا عضلے کا بے طرح زور پڑنے سے مڑ جانا یا بے جگہ ہو جانا م: پاؤں یا گردن کی موچ۔ دھات کے برتن پر پڑ جانے والا گڑھا۔

مَوچَرَس ومج، فت چ ر۔ امذ۔ سینبھل کے درخت کا گوند، بطور دوا مستعمل (لاط: Moschatus Gum)۔

مَوچَری ومج، فت چ۔ امث۔ جوتی، پیزار، امذ۔ مَوچی جوتی بنانے یا گانٹھنے والا، جفت ساز۔

مَوچِنا ومج، سک چ۔ امذ۔ بال اُکھیڑنے کا آلہ، ایک ایک طرح کی نازک مہین چمٹی جس سے بال چننے یا نازک مہین اشیاء کو پکڑ کر اٹھا سکتے ہیں؛ ٹھٹھیروں کا اوزار جس سے برتن کی موچ نکالتے ہیں [س: مُوچ ف: مُوے چینا]۔

مُوَحِّد ضمہ م، فت و، شد کس ح۔ صف۔ ایک خدا کو ماننے والا۔

مُؤَخَّر ضمہ م، وغم، فت ء، شد فت خ۔ صف۔ جسے آخر یا بعد میں کیا یا رکھا جائے، ملتوی؛ پچھلا آخری۔ مُؤَخَّرُ الذِّکر (مُ اَخْ خَ رُذْ ذِکْر) جس کا نام بعد میں آیا۔

مُؤَدَّب ضمہ م، و غم، فت ء، شد فت د۔ صف۔ با ادب، باتمیز، ادب سکھایا ہوا، تربیت یافتہ امذ۔ مُؤَدِّب (شد کس د) ادب سکھانے والا، اتالیق۔

مُوَدَّت ضمہ م، فت و، شد فت د۔ امث۔ محبت، دوستی، اخلاص۔

مَودھو ومج، ومع۔ صف۔ بُدھو، احمق، سادہ لوح۔

مَودی ومج ۔ امذ۔ بقّال، غلّہ بیچنے والا، اشیاء خوردنی بیچنے والا دوکاندار۔ مَودی خانہ گودام، بھنڈار، نعمت خانہ،گنجینہ۔امث۔ مَودنی (ومج، کس د) مودی کی تانیث، مودی کی بیوی۔

مُؤَذِّن ضمہ م، فت ء، شد کس ذ۔ امذ۔ اذان دینے والا۔

مُوذی ومع۔ صف۔ ایذا دینے، آزار پہنچانے ولا؛ زہریلا جان کے لیے خطرناک؛ جابر، ظالم۔ نیز بطور دشنام: بد، بدذات۔

مَور (۱) ومج۔ امذ۔ امث۔ چیونٹا، چیونٹی، نیز مَورچَہ/ مُورچَہ (ہ غم) ننھی چینٹی/ چیونٹی۔

مَور (۲) ومج- امذ- کلغی دار لمبی دُم والا پرندہ جو اپنی دم کو چَنور کی صورت میں پھیلا کر اٹھا لیتا ہے، طاؤس صرّاخ- مث مَورنی- مَور پَنکھی (فت ب، غنہ) ایک بالشت بھر کی بوٹی جو نم زمین میں پھوٹتی اور بعض اوقات کائی زدہ عمارات میں بھی نظر آتی ہے، اس کی باریک شاخیں مور کی کلغی کی طرح ہوتی ہیں- (لاط: filicis)- چھوٹی کشتی جس کے گڑ گج پر مور کی شکل بنی ہوتی ہے-

مَور (۳) ومج- امذ- کلی، شگوفہ، پھلدار، پیڑوں پر پھل سے پہلے پھوٹنے والا شگوفہ- خصوصاً آم کی کلی، بور-

مَورا ومج- ضمیر اضافی- میرا کی متبادل شکل، گیتوں میں مستعمل-

مُورَت ومع، فت ر- امث- صورت ، شبیہہ، بُت، پُتلا، صنم، نیز مث مُورَتی خصوصاً وہ جس کی مندر میں پوجا کی جاتی ہے-

مُورِث ومع، کس ر- امذ- جس سے وراثت تاثیر ترکہ پہنچے؛ پُرکھا، جد- مرکب وصفی مُورِثِ اَعلیٰ جدّ اعلیٰ جس سے نسل خاندان، پیڑھی یا میراث کا سلسلہ شروع ہوا ہو- (فقہ) مُورِث فاسد (کس مج ث، کس س) نانا-

مَورچَنگ ومج، سک ر، فت ج- امذ- دھات کا بنا ہوا باجا جسے دانتوں سے دبا کر انگلی سے بجاتے تھے- (انگ: Jew's harp)-

مَورْچَہ (۱) ومج، سک ر، فت چ- امذ- قلعہ بندی؛ فوج یا قلعہ کے گرد حفاظتی حصار باندھنا؛ کمیں گاہ جہاں سے دشمن پر حملہ یا اُس کے حملے کا مقابلہ کیا جائے- حملہ یا دفاع کے لیے فوج کی صف بندی یا تعیناتی-

مَورچَہ ومج، سک ر، فت ج- (۲) امذ- (۱) مور = چیونٹا کی تصغیر- (۲) زنگ، زنگار؛ کائی، پھپھوند-

مُورْچھا ومع، سک ر- امذ- چکّر، غشی، گھمیری-

مَورْچَھل ومج، سک ر، فت چھ- امذ- چنور، مور کے پروں کو جھاڑوں کی طرح باندھ کر بنایا ہوا پنکھا-

مُؤَرِّخ ضمہ م، و غم، فت ۶، شد کس ر- امذ- تاریخ داں، تاریخ نگار- ج مُؤَرِّخِین (کسمج ر) صف- مُؤَرَّخَہ (مُ اَرْ رَ خَ) جس پر تاریخ درج ہو، تحریر کردہ، مرقومہ بتاریخ (فلاں)-

مَورِد و لین، کس ر- امذ- ورود وقوف پہنچنے کی جگہ- جہاں ٹھہرا جائے- مرکبات مَورِدِ اَلْطاف لطف و عنایت پانے والا، مَورِدِ طَنْز/ مَلامَت- طنز یا ملامت کا نشانہ-

مُؤَرَّد ضمہ م، و غم، فت ۶، شد فت ر- صف- اردو بنایا، اردو لب و لہجے میں ڈھالا ہوا غیر لفظ م: لالٹین، مِسمَریزم (مِس مَ رے زَم؛ انگ: Mesmerism)-

مُورکھ ومع، فت ر- صف- ناداں، سادہ لوح، بیوقوف-

مَورُوثی و لین، ومع- صف- وراثت، ترکے یا وصیت کی رُو سے پایا ہوا- پرکھوں سے پہنچاہوا-

مَوری ومج- امث- نالی، بدر رو، پانی کے نکاس کے لیے بنایا ہوا راستہ، چھید، سوراخ؛ پاجامے پتلون وغیرہ کے پائنچے کا مُنہ، پائنچا، آستیں-

مَوڑ ومج- امذ- کجی قوس یا زاویے کی شکل، چکّر، گھماؤ، نکڑ؛ تہہ، کاغذ کپڑے وغیرہ کی؛ راہ یا حالات کا نیا رخ، مرحلہ-

مَوز ولین- امذ- کیلا-

مَوزُوں ولین، ومع، غنہ- صف- وزن میں پورا، جچا تُلا، مُناسب؛ درست، ارکان عروض کے مطابق (شعر، کلام)- اکیف مث مَوزُونی/ مَوزُونِیَّت/ مَوزُوں طَبَع شعر کے وزن کی شناخت رکھنے والا، شعر کہنے کے قابل-

مَوزَہ ومع، فت ز۔ امذ۔ لمبی جراب، چمڑے کا جراب نما جوتا۔ [ف: موزَہ، س: موچ]۔

مُوسا ومع۔ امذ۔ چوہا، مُوش [ف: س]۔ نیز رک موسیٰ۔

مُؤَسِّس ضمہ م، و غم، فت ۶، شد کس س۔ امذ۔ بنیاد رکھنے والا، طرح انداز، بانی۔ صف/ امذ۔ مُؤَسَّسَہ (شد فت س) جس کی بنیاد رکھی گئی ہو؛ کار خیر کے لیے قائم کیا جانے والا ادارہ، وہ رقم جو کارخیر کے لیے مختص کی گئی ہو۔

مُوسَل ومع، فت س۔ امذ۔ اوکھلی، ہاوَن دستے یا کھرل کا سونٹا، موگری یا خُتکا۔ تصغیر مُوسلی۔

مَوسِم و لین، کس س۔ امذ۔ سال کی رتوں میں سے کوئی رُت، آب و ہوا، فضا، سماں، طبعی یا جغرافیائی ماحول؛ مجازاً: سماجی ماحول، فضا یا کیفیت عام: مَوسَم۔ صف مَوسَمی کسی خاص موسم سے نسبت رکھنے والا؛ عارضی، ہنگامی۔

مُوشنا ومع، سک س۔ ف م۔ کھا جانا، مار لینا، لُوٹ لینا، ہَضم کر جانا [مادّہ س: مُوش = چُوہا]۔

مَوسُوم و لین، ومع۔ صف۔ اسم دیا گیا، نام رکھا گیا، پکارا گیا۔ م: ایک فرشتہ موسوم بہ میکائیل، نیز مُسَمّیٰ۔

مُوسیٰ ومع۔ ی غم۔ علَم۔ بنی اسرائیل کی طرف مبعوث پیغمبر جن سے یدبیضا اور کوہ طور کو نسبت ہے۔ شاذ: مُوسی نیز صف مُوسَوی (فت س) حضرت موسیٰؑ یا امام موسیٰ کاظم سے منسُوبہ نیز مُوسائی۔

مُوسِیقار ومع، ی مع۔ امذ۔ گانے والا، مطرب، گائکی کا استاد [ع: موسیقی، یونانی میوز Musike + ف: ار] امث۔ مُوسیقی گانا، گانے کا فن، غِنا مُوسِیقیَت سُریلا پن، لحن، غنائیتہ

مُوَشَّح ضمہ م، فت و، شد فت ش۔ صف۔ مزّین، آراستہ، وہ نظم جو بندوں کی شکل میں موزوں کی گئی ہو۔ امث تَوشِیح۔

مُوشَک ومع، فت ش۔ امذ، امث۔ چھوٹا، چوہا، چوہیا، چھچھوندر۔

مُوَصِّل ضمہ م، فت و، شد کس ص۔ صفہ جس میں سے برقی رو گزر سکے، غلط العوام: موصِل۔

مَوصوف ولین، ومع۔ صف۔ تعریف کردہ، ذکر کردہ، نام بُردہ، مث مَوصُوفَہ (ف)۔

مَوصُول ولین، ومع۔ صف۔ جو پہنچایا گیا؛ وصول شدہ۔ (قواعد نحو) جملۂ خبریہ کا وہ ٹکڑا جو صلے کے ساتھ مل کر مبتدا بنتا ہے م: جو آئیں گے (موصول) وہ (صلہ) جائیں گے فعل۔

مُوصِی ومع۔ امذ۔ وصیّت کرنے والا۔ موصیٰ لہٗ (مُو سا لَ ہُو) جس کے لیے وصیت کی گئی ہو۔

مَوضَع ولین، فت ض۔ امذ۔ گانو، دیہہ، قصبہ؛ بستی، مقام، ٹھکانا، ج مَواضِع ج ج مَواضعات۔

مَوضُوع ولین، ومع۔ امذ۔ نقطۂ بحث، عنوان یا خلاصۂ مضمون، مقصد کلام صف: وَضع کردہ نیز وَضْعی گھڑا ہوا۔ ج مُواضَعات نئی اصطلاحات (فلسفہ) مَوضُوعی داخلی، معروضی کی ضد۔

مَوطِن ولین، کس ط۔ امذ۔ وطن یا وہ مقام جہاں کی شہریت اختیار کی گئی ہو۔ (انگ: ڈومیسائِل)۔

مَوعِظَت ولین، کس ع، فت ظ۔ امثہ نصیحت، تلقین۔

مَوعُود و لین، ومع۔ صف۔ جس کا وعد کیا گیا ہو، ج مَوعُودات (انگ: commitments)۔

مَوفُور ولین، ومع۔ صف۔ بھرپور، بکثرت، فراواں۔

مُوَقَّت ضمہ م فت و، شد فت ق: صف۔ کسی خاص وقت پر موقوف یا اس تک محدُود؛ کسی خاص وقت سے منسُوبہ وقتی، بندھے ہوئے اوقات کا پابند۔

مُوَقَّر ضمہ م، فت و، شد فت ق۔ صف۔ باوقار، ذی

عزّت، وقیع، اہم، قابل لحاظ۔

مَوقَع و لین، فت ق۔ امذ۔ جائے وقوع؛ مناسب جگہ؛ موزوں وقت، مُہلت، باری، وار، موافق صورت حال، نیز **موقَعَہ** (مَو قع)۔

مَوقِف ولین، کس ق۔ امذ۔ جائے قیام؛ نقطۂ نظر، اختیار کردہ رائے یا فیصلہ۔

مَوقُوف ولین، ومع۔ صف۔ ٹھہرایا ہوا، وقف کیا ہوا، منحصر؛ برخاست ختم، بند، رکا ہوا۔ امث۔ **مَوقُوفی** برخاستگی۔ بندش۔

مُؤَکَّد ضمہ م، و غم، فت ء، شد فت ک۔ صف۔ جس کی بابت تاکید کی گئی ہو، م: **سُنّت مُؤَکَّدَہ** وہ عمل جس کی بابت رسول اللہؐ کی خاص ہدایت ہو یا انہوں نے التزاماً کیاہو۔

مُوَکِّل ضمہ م، فت و، شد کس ک۔ امذ۔ کام سپرد کرنے، وکیل ٹھہرانے والا۔ **مُوَکَّل** (شد فت ک) جس کے سپرد کام کیا جائے۔ جن جو کسی جادو گر کے تابع ہو (عام : **مُوکّل**)۔

موکْش ومع، سک ک۔ امذ۔ مکتی، شانتی، مخلصی، آزادی؛ آواگون کے چکر سے نجات، نروان۔

موکھا ومع۔ امذ۔ دیوار میں سوراخ جس کے آر پاردیکھا جا سکے؛ ایک درخت جس کے پتّوں میں سے آکھ کی مانند دودھیا ریزش خارج ہوتی ہے۔ (لاط: Cherebera Switencobis)۔

موگْرا ومع، کس گ۔ امذ۔ (۱) بیلا، بڑی موتیا، رائے بیل (لاط: jasminum Pubescons) (۲) کوٹنے کا ڈنڈا، سونٹا، مُوسَل۔

مول ومع۔ امذ۔ دام، بھاؤ، قیمت، شرح، نرخ؛ شکاری کے گھات میں بیٹھنے کی جگہ۔

مُول ومع۔ امذ۔ سود پر لگائی ہوئی رقم؛ اصل زر؛ بیخ، جڑ، بنیاد۔

مَولا ولین۔ امذ۔ خدا، دوست، محبوب، ذات یا شخصیت، سردار، حاکم؛ بندہ، آزاد کردہ غلام۔ نیز **مَولیٰ** (مولا)۔ صف **مَولا دَولا** (ولین) کُھلے دل کا مرنجاں مرنج، مہربان فیاض آدمی۔

مَولانا ولین۔ امذ۔ عالموں، بزرگوں کو خطاب کرنے کا کلمہ؛ لفظاً ہمارے مولا نیز **مَولٰینا** (مولانا)۔

مَولائی ولین۔ امثد سرداری، امارت، بزرگی۔

مَولِد ولین، کس ل۔ امذ۔ جائے پیدائش، جنم بھوم۔

موَلْسری ومج، سک ل، کس س۔ امث۔ ایک اونچا گھنا درخت جس میں صندلی رنگ کے بہت خوشبودرا پھول لگتے ہیں، اس جنس میں کھجور کی طرح نر اور مادہ پیڑ الگ الگ ہوتے ہیں، نر میں پھل نہیں لگتا لیکن اس کا پھول قدرے بڑا ہوتا ہے؛ مکبر: **موَلْسرا** نر مولسری کا بڑا پھول (لاط: Mimusops Elengi)۔

مُؤَلِّف ضمہ م، و غم، فت ء ، شد کس ل۔ امذ۔ تالیف کرنے والا، مرتّب۔ صف **مؤلَّفَہ** (شد فت ل) تالیف کردہ، نیز امث **مُؤلِّفَہ** (شد کس مج ل) تالیف کرنے والی خاتون۔

مَولُود ولین۔ و مع۔ صف، امذ۔ پیدا شدہ؛ روز میلاد؛ رسو اللہ صلعم کے ذکرو ثنا کے لیے منعقد ہونے والی مجلس، محفل میلاد۔ نیز **مَولُود شَرِیف** [وضعی لفظ] مرکب وصفی **نَو مَولُود**۔ بچہ جو نیا نیا پیدا ہوا ہو۔

مَولَوی و لین، فت ل۔ امذ۔ عالم دین، پڑھا لکھّا آدمی، بزرگ شخص۔ **مولَوی مَعنوی** نکتہ دان مولوی، مراد: مولانا جلالدّین رومی۔

مُولی ومع۔ امث۔ ایک ترکاری جس کی جڑ لانبی سفید یا گول سرخ دو طرح کی ہوتی ہے۔ نرم پھیکی، ذائقہ سفید کا قدرے جھلّا (لاط: Raphamus Sativus)۔

موَم ومج۔ امذ۔ وہ کافوری رنگ کا نرم قدرتی مادّہ

جس سے شہد کا چھتہ بنا ہوتا ہے اور شمع یا موم بتی بنانے کے علاوہ اور بہت کاموں میں استعمال ہوتا ہے [ع: شمع = موم]۔ **موم جامہ** چیزوں پر لپیٹنے کا کپڑا جس پر چکنائی پھری ہوتی ہے تاکہ سیل سے محفوظ رہے۔

مومِن ومج، کس م۔ صف۔ ایمان لانے والا، مسلمان۔ [ع: مؤمِن]۔ **مومن جُلاہا** شمالی ہند کے مسلمان جلا ہے، ہندو کولی جُلاہوں سے امتیاز کے لیے مومن جُلاہے کہلاتے ہیں۔

مومی چھینٹ ومج، ی مع، غنہ۔ امث۔ ایک قسم کی ادنیٰ، سستی چھینٹ۔

مومِیا ومج، کس م۔ امث۔ حنوط کی ہوئی لاش ممی، وہ مادّہ جس سے ممی تیار کی جاتی تھی؛ ایک معدنی شے جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ اس سے ہڈّی جُڑ جاتی ہے نیز **مومیائی** [ع: مومِیاء]۔

مَون (۱) ولین۔ صف۔ چپ، خاموش (س: مَونو = چُپکا، مَون، چپ) امذ۔ **مَون بَرَت** (فت ب ر) چپ کا روزہ [س: ورت]۔

مَون (۲) ولین۔ امث۔ گھڑا، ناند، نیز امذ۔ **مَونا**۔

مَونا ومج، ف ل۔ بمعنی مرنا غیر مستعمل، مشتقات مُوا، موئی (بروزن ہوئی) بول چال میں مستعمل۔ (۲) سکھوں کا ایک فرقہ جو بال ترشواتا ہے۔

مُؤَنَّث ضمہ م، وغم، فت ء، شد فت ن۔ امث، صف۔ عورت، مادہ؛ صیغۂ تانیث جس کا اطلاق عورت یا اُن اشیا پر یا تصورات پر ہو جنھیں قواعد میں مادہ قرار دیا گیا ہے، جیسے، ٹوپی، دعوت۔

مُونج ومع، غنہ۔ امث۔ سرکنڈے کا پوست جس کی رسی بٹی جاتی ہے (لاط: Sacecharum Mumja)۔

مُونچھ ومع، غنہ۔ امذ۔ بالغ مرد کے بالائی لب پر اگنے والے بال، سَبَلت۔

مُونْدْنا ومع، غنہ، سک د۔ ف م۔ بند کرنا، میچنا، بھیڑنا۔

مُونْدَڑیا ومع مغ، فت د، سک ر۔ (بروزن چُنَریا) امث۔ چکّی کی مانی کا سوراخ جس میں نیچے کے پاٹ کی کیل داخل ہوتی ہے۔

مُونْڈَن ومع مغ، فت ڈ۔ امذ۔ عقیقہ، بال منڈانا۔

مُونڈْنا ومع، غنہ، سک ڈ۔ ف م۔ بال اُسترے سے صاف کرنا؛ لُوٹنا، استحصال کرنا۔

مَونْڈھا ومج مغ۔ امذ۔ شانہ، کاندھا؛ لباس کا وہ حصہ جو کاندھے کو ڈھانپے؛ بغیرٹیک کی گول کرسی عموماً سر کنڈوں کی بنی ہوئی۔

مُونْڈی کاٹا ومع مغ۔ صف۔ (بطور دشنام) سرکٹا، سر کاٹنے کے لائق (زنانہ بول چال)۔

مُونِس ومع، کس ن۔ صف۔انس رکھنے، دوستی کرنے والا، غمگسار، ساتھی۔

مُونگ ومع، غنہ۔ امث۔ ماش کے دانوں سے ملتا ایک غلّہ جو کئی رنگ کا ہوتا ہے، عام طور پر کاہی، دال کے طور پر کھایا جاتا ہے۔(لاط: Phaseolus Mungo) صف **مُونگیا** مونگ کے رنگ کا، سبز کاہی۔

مُونگ پَھلی ومع، غنہ، فت پھ۔ امث۔ ایک بیل میں اگنے والی عموماً دو یا تین خانوں کی لنبوتری پھلی جس کو بُھون کر اُسکی گری کھائی جاتی ہے۔ (لاط: Arachis Hopojaea)۔

مَونگا ومج مغ۔ امذ۔ ایک مردہ سمندری جنس کا ڈھانچہ جو طرح طرح کی شکلوں میں ہوتا ہے، اس کی ایک قسم زیورات میں قیمتی پتھر کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے۔ بعض نمونے آرائش کے طور پر سجائے جاتے ہیں، گرم علاقوں کے سمندر میں ایسے ٹاپو بھی ہیں جو دراصل اسی جنس کے بنے ہوئے ہیں؛ مرجان، بیخ مرجان، حجر البحر (لاط: Coraleum Rubrum)۔

مَوہ ومج۔ امذ۔ محبت، پیار، عشق؛ غشی۔ ف م۔

موہنا لبھانا، صف: لبھانے والا۔ نیز موہت، موہن محبوب، شری کرشن کا لقب۔ مث موہنی۔
مَوہِبَت و لین کسمج ہ، فت بد امث۔ عطا، بخشش۔ ج مَواہِب صف مَوہُوب عطا کیا ہوا، مرحمت کردہ۔
مَوہُوم ولین، ومع۔ صف۔ وہم پر مبنی، غیر اصلی، خیالی، فرضی، قیاسی۔
مُؤَیِّد ضمہ م، و غم، فت ء، شد کس ی۔ صف، امذ۔ تائید کرنے والا، ساتھی، مددگار۔
مَوِیز فت م، ی مع۔ امذ۔ ایک قسم کا کشمشی انگور جسے سکھا کر طبّی نسخوں میں دواءً تجویز کیا جاتا ہے۔ عموماً مَوِیز مُنَقّی (مُ نَق قا = بیج نکالا ہوا) یا صرف مُنَقّیٰ / مُنَقّا۔
مَوِیشی فت م۔ ے مج۔ گائے بھینس، بھیڑ بکری اونٹ وغیرہ سبزی خور پالتو چوپائے۔ اصلاً مَواشی (رک)۔
مَہْ فت مج م، ہ ملفوظ۔ امذ۔ ماہ (رک) کا مخفف،عام: مَہتاب، مَہوش۔
مَہا فت م۔ سابقۂ صفت۔ بڑا عظیم، بہت بڑھ چڑھ کر، بدرجۂ اعلیٰ م: مَہابَلی بہت قوی مہابھارت، بڑی لڑائی، جنگ؛ مَہابِیر بہت بہادر؛ مَہاپاپ، بڑا گنا؛ مَہاسَبھا بڑا جلسہ یا تنظیم؛ مَہاراج مخفف۔ مَہ م: مَہراج۔ راجاؤں کو خطاب کرنے کا لقب۔
مَہاپُشْپ فت م، ضمہ پ، سک ش۔ امذ۔ گڑھل کا پھول۔
مَہابَت فت م ب۔ امث۔ خوف، ہیبت، رعب، دبدبہ۔
مَہاتْما فت م، سک ت۔ امذ۔ بزرگ، قابل احترام ہستی [س: مَہا + آتمن روح : ہستی]۔
مُہاجِر ضمہ م، کس ج۔ صف۔ ہجرت کرنے والا؛ وہ پہلے مسلمان جنھوں نے مکّے سے مدینے ہجرت کی۔ امث۔ مُہاجَرَت (فت ج) ترک وطن، نقل مکانی۔
مَہاجَن فت م ج۔ امذ۔ ساہوکار، سوداگر، بیوپاری (لفظاً بڑا آدمی)۔
مَہار فت م۔ امث۔ اونٹ کی نکیل۔ نیز مِہار (کس م)۔
مَہارَت فت م ر۔ امث۔ اعلیٰ لیاقت، مشّاقی، چابکدستی۔
مُہاسا ضمہ م۔ امذ۔ سرخ دانہ، جیسےکہ بعض جوان آدمیوں کے چہرے پر نکل آتے ہیں۔
مَہاسَنْکھ فت م س، غنہ۔ امذ۔ گنتی کا سب سے بڑا عدد (عدد ۱ کے ساتھ ۱۹ سفر لگانے سے بنتا ہے) نیز مَہار سَنْکھ۔
مُہال ضمہ م۔ امث۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
مَہام فت م۔ ج مث۔ مہمّ، مہم (رک) کی جمع، نیز رک: مَدار المہام۔
مَہان فت م۔ صف۔ عظیم، زبردست، اعلیٰ۔
مُہانا ضمہ م۔ امذ۔ دو ندیوں کا سنگم؛ دریا کا دہانہ۔
مَہاوَت فت م و۔ امذ۔ فیلبان، مہا ماتر، امث۔ مَہاوَتْنی۔
مَہاوَٹ فت م و۔ امث۔ جاڑوں کی بارش۔
مَہاوَر فت م و۔ امذ۔ ایک سرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے؛ مہر گلانے کے لیے رنگین صوف یا نمدہ۔
مَہْبَط فت مج م، سک ہ، کس ب۔ امذ۔ نیچے اترنے، نُزُول کرنے کی جگہ، فرُود گاہ؛ ہوائی جہازوں کے اترنے کی پٹی (انگ: Runway)۔
مَہَت فت مج م ہ۔ امث۔ بزرگی بڑائی، مان؛ آن، ٹھسّا۔
مِہتا فت مج م، سک ہ۔ امذ۔ گانو کا مکھیا۔
مَہتاب فت مج م، سک ہ۔ امذ۔ چاند؛ چاندنی [ف:

مہ + تاب = روشنی]۔

مَہْتابی فت مج م، سک ہ۔ امث۔ ایک پتلے تار کی شکل کی آتشبازی جس میں سے ذرا دیر کو تیز سفید روشنی نکلتی ہے؛ کھلا چبوترہ یا برآمدہ جہاں بیٹھ کر چاندنی یا جاڑے میں دھوپ کا لطف اٹھایا جائے نیز آفتابی مہتابی۔

مِہْتَر کسمج م، سک ہ، فت ت۔ امذ۔ سردار، امیر، حاکم؛ (عاریتہً) خاکروب، امث مِہْترانی (سک ت) اکیف مث مِہترائی سرداری، سربراہی۔ [س: مَہْتر]۔

مُہْتَم ضمہ مج م، سک ہ، فت ت۔ صف۔ متفکر، سنجیدہ، منہمک، کسی امر سے پورا لگاؤ رکھنے والا مُہْتَم بِالْشّان (بش شان) معاملے کو پوری توجہ دینے والا، جو مسئلے سے دلچسپی کا حق ادا کرے۔ [ع: مہتم = فکر مند، متوجہ، منہمک، شان = کام، مصروفیت، شوکت، عظمت]۔

مُہْتَمِم ضمہ مج م، سک ہ، فت ت، کس م۔ امذ۔ منتظم، اہتمام کرنے والا، اپنے محکمے کا ذمّہ دار افسر۔

مِہتَو فت مج م، سک ہ، ومج۔ امذ۔ گانو کا مکھیا۔

مَہَتْوْ فت م ہ، سک ت و۔ امث۔ بڑائی، اہمیّت، مرتبہ، منزلت۔

مَہْجُور فت مج م، سک ہ، ومع۔ صف۔ بچھڑا ہوا، ہجر زدہ، دُور افتادہ۔ اکیف مث مہجُوری فراق۔

مَہْد فت مج م، سک ہ۔ امذ۔ پالنا، پنگورا، گہوارہ۔

مہدّی فت مج م، سک ہ۔ صف۔ ہدایت یافتہ، رہنما، ہادی؛ اثنا عشری فرقے کے بارھویں امام، امام منتظَر۔

مُہَذَّب ضم مج م، فت ہ، شد فت ذ۔ صف۔ تہذیب یافتہ، شائستہ، پُرتپاک، خوش اخلاق۔

مَہر فت مج م، سک ہ۔ امذ۔ نکاح کرنے والے کی طرف سے منکوحہ کو ادا کیا جانے والا حقّ زوجیت جو شرع اسلامی میں نکاح کی شرط لازم ہے۔ مَہر مُعَجّل وہ مہر جو نکاح کے وقت ادا کرنا ہو۔ مَہر مُؤَجّل وہ جس کی ادائگی ملتوی رکھی جائے۔

مِہر کس مج م، سک ہ۔ امذ۔ محبت، لطف، عنایت سورج، ایرانی، شمسی سال کا ساتواں مہینہ جو تقریباً ستمبر کے مطابق ہوتا ہے؛ شمسی مہینے کی ۱۶ویں تاریخ۔

مُہر ضم مج م، سک ہ۔ امث۔ انگوٹھی جس پر نام کھُدا ہو۔ دستاویز پر چھاپنے کے لیے الٹا لکھا یا کھُدا ہوا نقش یا نام یا اس کا چھاپا؛ طلائی سکّہ، اشرفی۔ امذ۔ مہر کَن (فت ک) مہر تیار کرنے والا کاریگر نقش کھودنے والا۔

مَہرا فت مج، سک ہ۔ امذ۔ کہار، ڈولی، پالکی اٹھانے؛ والا مزدور امث مَہری کہار کی بیوی جو گھریلو ماما کا کام کرتی ہے، کہارن۔

مُہران ضمہ مج م، سک ہ۔ امذ۔ سکّوں کا بنا ہوا ہار۔

مِہر گِیا کس مج م، سک ہ ر گ۔ امث۔ ایک بوٹی جس کی جڑ دو آپس میں لپٹے ہوئے آدمیوں کی سی ہوتی ہے، لچھمنا، لچھمنی۔

مُہْرَہ ضمہ مج م، سک ہ، فت ر۔ امذ۔ سیپ، گھونگا، سنکھ؛ چکنا، پتھر، کاغذ یا کپڑے کو گھوٹ کر چکنا کرنے کا آلہ؛ شطرنج کی بساط پر چھ مختلف شکلوں کی گوٹوں میں سے کوئی ایک؛ سانپ کا من؛ سانپ کا زہر چوس لینے والا روایتی پتّھر، کوئی اوزار یا آلۂ کار۔

مَہک فت مج م ہ۔ امث۔ خُوشبو، نکہت، سگندھ۔ اکیف مث مَہکار صف مَہکیلا (فت مج م، سک ہ، ی مع) خوشبودار، معطّر۔

مُہْلَت ضمہ مج م، سک ہ۔ فت ل امث۔ التوا، دیر دار، موقع، وقتی فرصت؛ ڈھیل۔

مُہْلِک ضمہ مج م، سک ہ، کس ل۔ صف۔ جو ہلاک کر سکے، قاتل، جان لیوا۔

مُہَلِّل ضمہ مج م، فت ہ، شد کس ل۔ صف۔ تہلیل یا توصیف الٰہی کرنے والا، تہلیل، تسبیح پڑھنے والا۔

[اصلاً : ہَلّو لویا پڑھنے والا جو عبرانی میں حمد کا کلمہ ہے]۔

مُہِم ضمہ م، کس ہ۔ صف، امذ۔ اہم، ضروری، لازمی؛ قابلِ غور و فکر؛ کوشش طلب کام، معرکہ، جنگی کارروائی؛ طلب جستجو، ہمت وری۔ ج مُہِمّات جنگیں، معرکے۔

مِہْمان کسمج م، سک ہ۔ امذ۔ کسی کے پاس عارضی قیام کرنے والا؛ دعوت میں بلایا جانے والا۔ مِہْماں سَرا (غنہ، فت س) مہمانوں کو ٹھہرانے کی جگہ، عارضی ٹھکانا، مِہْماں نوازی (غنہ فت ن) مہمانوں کی خاطر تواضع، امث۔ مہمانی۔

مُہْمَل ضمہ مج م، سک ہ، فت م۔ صف۔ بے معنی، لغو؛ کاہل، مجہول، ناکارہ، مث مُہْمَلَہ (ل) وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔ معرّا م؛ طائے مہملہ۔

مَہْمُوز فت مج م، سک ہ، ومع۔ صف۔ عربی کا وہ لفظ جس میں ہمزہ (با الف بطور مصمتّہ) حرف اصلی کے طور پر شامل ہو جیسے مآل، اردن، اساس۔

مَہْمُوم فت مج م، سک ہ، ومع۔ صف۔ غمگین، افسردہ، [ع: ہم = غم]۔

مَہْمیز فت مج م، سک ہ، ے مج۔ امث۔ گھوڑے کو ایڑ لگانے کے لیے سوار کی ایڑی یا رکاب میں لگی ہوئی کیل [ع: مہماز کا امالہ]۔

مِہْنا کسمج م، سک ہ۔ امذ۔ طعنہ، طنز، اُلاہنا۔

مُہْنال ضم مج م، سک ہ۔ امث۔ حقے کی نے کے دہانے پر کش لینے کے لیے چڑھائی جانے والی دھات کی نلکی۔

مَہْنامَت فت مج م، سک ہ، فت م۔ امث۔ (زنانہ بول چال) واویلا، فریاد، پکار، شور و غل۔

مَہَنْت فت م ہ، سک ن۔ امذ۔ بڑا سادھو، پردھان، مکھیا، بزرگ صورت آدمی۔

مُہَنّد ضمہ مج م، فت ہ، شد فت ن۔ صف۔ ہندی لہجے میں ڈھالا ہوا غیر زبان کا لفظ قب: مؤرّد۔

مُہَنْدِس ضمہ مج م، فت ہ، سک ن، کس د۔ امذ۔ علم ہندسہ کا ماہر، ریاضی دان، انجینئر۔ مہندسِ فَلَک سیارۂ زحل کا لقب۔

مَہْنگا رک: مَنْہْگا ،[اصلاً مہا + انگ + ا = بڑا بھاری جسم] اکیف مث مَہْنگائی گرانی۔

مَہُوا فت م، ضمہ ہ، (بروزن کَوّا) امذ۔ ایک اونچا درخت، پتّے سرخ زردی مائل، پھول کافوری، کھانے میں لذیذ اور خوشبودار جس سے شراب بھی کشید کی جاتی ہے، پھل گول چھوہارے کی مانند جسے گلوندا کہتے ہیں اور اس کا تیل گھی میں ملونی کے لیے استعمال ہوتا ہے (لاط: Bassia Latifolia)۔

مَہُورَت فت م، مع، فت ر۔ امث۔ وقت کی ایک تقسیم (۱۲ چھن دو گھڑی کے برابر)، دن کا تیسواں حصّہ؛ نیک ساعت، شبھ گھڑی، مَہُورَت دیکھنا/ نکالنا۔ کسی کام کے آغاز کے لیے جوتشی کا مبارک وقت تجویز کرنا۔

مُہَوَّس ضمہ م، فت ہ، شد فت و۔ صف۔ ہوس میں مبتلا کیا ہوا، دیوانہ، خبطی۔

مُہَوِّس ضمہ م، فت ہ، شد کس و۔ امذ۔ کیمیا گر، سونا بنانے کی دُھن میں مبتلا، علم کیمیاء کا ماہر [اردو کا تصرف]۔

مَہوکھا فت م، ومج۔ امذ۔ کوئل کی قسم کا ایک پرندہ (لاط: Cuculus Castaneus) نیز مَہُوک۔

مَہی (۱) فت م، امث۔ چھاچھ۔

مَہی (۲) فت م۔ امث۔ دنیا، ملک، زمین؛ کھیتی، ملکیت امذ۔ مَہیپال زمین کا رکھوالا راجہ؛ کسان۔ مَہین راجہ۔

مُہَیّا ضمہ م، فت ہ، شد فت ی۔ صف۔ موجود، حاضر، تیار۔

مُہیب ضمہ م، کس ی۔ صف۔ بھیانک، خوفناک [اصلاً ع: مَہیب فت م]۔

مُہَیِّج ضمہ م، فت ہ، شد کس ی۔ صف۔ ہیجان پیدا

کرنے والا، مرتعش کرنے والا۔

مَہیشری فت م، ے مج، سک س۔ امث۔ فطیری روٹی کی ٹکیا کے گڑ میں تیار کیے ہوئے میٹھے ٹکڑے (دیہاتی غذا)، سُتھریاں۔

مَہیش فت م، ے مج۔ امذ۔ بڑا دیوتا، شو شنکر کا لقب نیز **مَہیشَور** [س: مہا یشور کا مخفف]۔

مَہیلا فت م، ے مج۔ امذ۔ گھوڑوں کا دانہ جس میں گڑ موٹھ وغیرہ ملاتے ہیں۔ (طنزاً) بد مزہ کھانا۔

مَہین (۱) فت م، ی مع۔ صف۔ باریک، پتلا، لطیف، نازک، بہت چھوٹا، ذرّے کی مثل۔

مَہین (۲) رک: مَہی (۲) غنہ کےساتھ میں ہی کی تخفیف (لکھنؤ)۔

مَہینَہ فت م، ی مع، فت ن۔ امذ۔ سال کی بارہ تقسیموں میں سے کوئی۔ ۳۰ دن کے لگ بھگ کی مدّت؛ تنخواہ، ماہانہ۔ [غالباً ف: ماہانہ/ ماہینہ کی تحریف]۔

مَئی فت م۔ امث/ امذ۔ عیسوی سال کا پانچواں مہینہ [افزائش و برکت کی یونانی دیوی مائیا سے مَنسُوب قب: س: مایا]۔

مے ے لین۔ امث۔ شراب۔ صف۔ **مے خوار** (خار) شرابی؛ **مَئے ناب** (م اے) خالص شراب۔ **مَئے طَہُور** (فت ط، ومع) پاک شراب۔

میّا فت م، شد ی۔ امث۔ ماں کی تصغیر۔

مِیان کس م۔ امذ۔ بیچ، وسط؛ کمر؛ بیام، کشتی کا اگلا یا پچھلا نوکدار سرا؛ گزھ گج۔ م ف۔ درمیان، بیچ میں۔ امذ۔ نیام۔

مِیاں کس م، غنہ۔ امذ۔ کلمۂ خطاب و لقب۔ صاحب، جناب؛ نوجوان لڑکا؛ شوہر؛ استاد، نیز **مِیاں جی**۔

مِیانا کس م۔ امذ۔ ڈولا، پینس۔

مِیانَ تَہہ فت مج ت، سک ہ۔ امث۔ دولائی۔

مِیانَہ کس م، فت ن۔ صف۔ متوسط، درمیانہ۔ امذ۔ چھوٹی پالکی۔

مِیانی کس م۔ امث۔ پاجامے کی رومالی۔

مِیاؤں کس م، ومع۔ امث۔ بلّی کی آواز کی نقل۔

مِیت ی مع۔ امذ۔ دوست، یار، ساتھی۔

مَیِّت فت م، شد کس ی۔ امث۔ مردہ جسم، جنازہ، عام: **مَیَّت** (شد فت ی)۔

مَیتھُن ے لین، ضمہ تھ۔ امذ۔ مجامعت، مباشرت۔

مَیتھِلی ے لین، کس تھ۔ امث۔ میتھلایا ترہُت سے مَنسُوب، ترہت کے علاقے کی بولی، سیتا جی کا لقب جو ترہت کے راجہ جنک کی بیٹی تھیں۔

مِیتھی ے مج۔ امث۔ ایک ساگ جس کی پتیاں خوشبو کے لیے بعض کھانوں میں ڈالتے ہیں (لاط: Trigonellum Phenum Granicum)۔

مِیٹنا ے مج، سک ٹ۔ ف م۔ مٹانا، نیست و نابود کرنا، برباد کرنا۔

مِیٹھا ی مع۔ صف۔ شیریں، مُدھر، خوش ذائقہ، سہانا؛ ہلکا، دھیما، م: میٹھا میٹھا درد؛ سُریلا، امذ۔ موسمبی، لیموے شیریں، حلوہ۔ اکیف مث **مٹھاس** شیرینی۔ مرکب وصفی **مِیٹھا بَرس** عمر کا اٹھارھواں سال۔ مث **مِیٹھی**۔ مرکب وصفی **مِیٹھی چُھری** میٹھی باتیں کرنے اور در پردہ عداوت رکھنے والا۔

مِیثاق ی مع۔ امذ۔ معاہدہ، اقرار، پیمان، قول و قرار۔

مِیچک ے مج، فت چ۔ صف۔ سیاہ یا گہرا نیلا؛ مور کے پر کی آنکھ۔ امث **مِیچکَتائی** سیاہی، اندھیرا۔

مِیچنا ی مع، سک چ۔ ف م۔ آنکھیں بند کرنا۔

مِیخ ے مج۔ امث۔ کیل، کھونٹی، کھونٹا، چوب۔ امذ۔ **مِیخ چُو** لکڑی کا ہتھوڑا جس سے قنات کی چوبیں ٹھونکتے ہیں۔

مِید ی مع۔ امذ۔ مشک بلاؤ کے جسم سے حاصل

ہونے والا خوشبودار مادہ، زباد۔

مِیدا ے مج۔ امث۔ ادرک کی طرح کی ایک جڑ جو بخار وغیرہ کے لیے مفید سمجھی جاتی ہے۔ نیز **مِیدا لَکڑی** (لاط: Litsea Sabifera)۔

مَیدان ے لین۔ امذ۔ وسیع ہموار زمین، ہموار سطح؛ عرصۂ کار یا حدود کار؛ لڑائی کا میدان؛ نیز مراد: لڑائی، جنگ۔ **مَیدانِ قَلَم** قلم کی ترشی ہوئی نوک۔

مِیڈنی ے مج، سک د۔ امث۔ زمین، دھرتی، یاترا کے لیے جانے والوں کی ٹولی۔

مَیدَہ ے لین، فت د۔ امذ۔ باریک، سفوف کی طرح پسا اور چھنا ہوا آٹا۔ مراضا **مَیدے کی لوئی** گندھے ہوئے مہین آٹے کا پیڑا جسے بیل کر پُوری بناتے ہیں، استعارۃً نرم و نازک جسم خصوصاً پیٹ۔

مِیر ی مع۔ امذ۔ سردار، بزرگ، پیشوا؛ سیّد زادہ؛ کھیل میں جیتنے والا، میری؛ گنجفے کا ایک بڑا پتّہ۔ شکاری اور شکار کے درمیان آڑ جو شکاری کو اوجھل رکھے۔ **میر آتش** توپ خانے کا افسر۔ **میرِ آخوَر** چراگاہ کا نگراں۔ **میرِ بَخشی** مغلیہ عہد میں فوج کی تنخواہیں تقسیم کرنے والا افسر۔ **میر بُھچّڑی** (ضمہ بھ) ہیجڑوں کا ایک روایتی یا فرضی پیر۔ **مِیر دیہہ** ہرکاروں کا افسر، گانو کا لمبردار۔ **مِیرِ فَرش** فرشی چاندنی کے کونوں کو دبائے رکھنے کے لیے پتھر یا دھات کا گنبد نما وزن۔ **میرِ مِیراں** بہت بڑا امیر۔ اسم کیف مث **میری** سرداری۔ صف۔ جیتنے والا م: اورسب پھڈی، آپ میری رہے۔

مَیرا ے لین۔ امث۔ چکنی مٹی ملی ہوئی ریتیلی زمین۔

میرا ےمج۔ ضمیر۔ میں یا مجھ سے منسوب، اپنا، خود کا۔ ج: **میرے** (معزز یا متعدد کے لیے)۔ م: میرے دادا۔

مِیراث ی مع۔ امث۔ ترکہ، ورثہ جو عزیزوں کی طرف سے پہنچے۔

میراثی ی مع۔ امذ۔ ڈوم، پشتینی گویّا، امث۔ **میراثَن**۔

میران ی مع۔ امذ۔ میر میراں کا مخفف، بہت بڑا امیر بڑا سردار۔

میرانجی ی مع، ا مغ۔ امذ۔ ربیع الاخر کے مہینے کا دیسی نام۔

میرْزا ی مع، سک ر۔ امذ۔ امیر زادہ کا مخفف، مغلوں کا لقب، نیز **مِرزا** صف **مِرزا/ میرزا مَنِش** شریف النفس (انسان)۔ امث **مِیرزائی** امیری، شہزادگی۔

میری ی مع۔ صف۔ جیتاہوا، فتحمند، کامگار۔

مَیڑا ے مج۔ امذ۔ کھیت کی رکھوالی کے لیے بنایا ہوا چبوترہ یا مچان جس پر رکھوالا بیٹھتا ہے؛ جُتے ہوئے کھیت کو ہموار کرنے کا آلہ، سہاگا۔

میز ے مج۔ امث۔ کرسی پر بیٹھ کر کام کرنے یا کھانا کھانے کے لیے اونچی چوکی، یا اسی سے ملتا جلتا فرنیچر [پُرتگالی : میزا]۔ **میزْبان** مہمانوں کی مدارات کرنے والا۔امث۔ **میزْبانی** خاطر تواضع، مہمانداری۔

مِیزان ی مع۔ امث۔ ترازو؛ اعداد کا مجموعی شمار، حاصل جمع۔

مِیزانِیَہ ی مع۔ کس ن، فت ی۔ امذ۔ آمد و خرچ کا پیشگی تخمینہ۔ بجٹ۔

مُیَسَّر ضمہ م، فت ی، شدفت س۔ صف۔ حاصل، نصیب، دسترس کے اندر، موجود، مہیّا [ع: آسان کیا ہوا]۔

مَیسَرَہ ے لین۔ فت س ر۔ امذ۔ فوج کا بایاں بازو۔

میش ے مج۔ امث۔ بھیڑ، مینڈھا، امذ۔ **میشا** بھیڑ کا چمڑا۔

مِیعاد ی مع۔ امذ۔ وعدہ، میثاق، مقرّرہ، وقت یا

مہلت۔ صف **مِیعادی** جس کا وقت مقرّر ہو م؛ **مِیعادی بُخار** باری کا جاڑا بخار **مِیعادی ہُنڈی** جو تاریخ مقرّرہ پر بھنائی جا سکے۔

مِیقات ی مع۔ امث۔ مقرّرہ مدّت، مکتب کی کلاس یا گھنٹہ؛ وہ مقام جہاں سے حاجی احرام باندھ کر ہی کعبے کے لیے روانہ ہو سکتے ہیں۔

مَیکا ے لین۔ امذ۔ بیاہی عورت کے ماں باپ کا گھر اور خانداں۔

مِیکانکی ی مع، کس ن۔ صف۔ مشینوں سے متعلق (مجازاً) بے لوچ، بے لچک، بے رُوح (انداز یا عمل) نیز **مِیکانی** امث **مِیکانِیات** کلوں مشینوں کا علم، انجینئری۔

مِیکائیل ی مع۔ امذ۔ وہ فرشتہ جس کے ذمہ روایتہً مخلوق کو خوراک پہنچانے کا کام ہے۔

میکھ ے مج۔ امذ۔ مینڈھا، قدیم فلکیات کی رُو سے آسمان کا آٹھواں برج جو مینڈھے سے منسُوب ہے، برج حمل۔

میگڈَمْبَر ے مج، سک گ، فت ڈ، سک م، فت ب۔ رک؛ مکڈمبر۔

میگھ ے مج۔ امذ۔ بادل، گھٹا۔

مَیل (۱) ے لین۔ امذ۔ کدورت، کیچ، گاد، گندگی، کثافت، غلاظت، غُبار۔ مرکب عطفی **مَیل کُچَیل** صف **مَیلا چِیکَٹ/ مَیلا کُچَیلا۔**

مَیل (۲) ے لین۔ امذ۔ رغبت، رجحان، میلان، جُھکاؤ، رُجوع۔

مِیل (۱) ی مع۔ امث۔ سرمے کی سَلائی، کیل یا کیل نُما شے، کَھم، برج کا کَلس۔

مِیل (۲) امذ۔ فاصلے کا ایک پیمانہ، ۱۷۶۰ گز کے برابر؛ جہاز رانی کا مِیل جو خط استوا کے ایک درجے کے ۱/۶۰ کے برابر شمار ہوتا ہے، ج: **مِیل ہا مِیل** بہت میلوں کا فاصلہ۔ **مِیلانَہ** (ن) کرایہ فی میل۔ [ف: قب۔ انگ mile]۔

میل ے مج۔ امذ۔ ملاپ، دوستی، اتحاد، ربط و ضبط، یکسانیت، موزونیت، توافق، جوڑ، ملاوٹ۔

میلا ے مج۔ امذ۔ کسی عام دلچسپی کے موقع پر دور و نزدیک کے لوگوں کا اجتماع، عموماً خرید و فروخت اور تفریحات کے لیے نیز **میلا ٹھیلا** (ے مج) ٹھیلا بطور تابع، عوامی جشن۔

مِیلاد ی مع۔ امذ۔ رک مولود۔ **مِیلادی** (عموماً) میلاد مسیح سے تعلق رکھنے والا، سال سنہ۔

مَیلان ے لین۔ امذ۔ رجحان، التفات، توجہ، مَیل (۲)۔

مَیل خوَرا ے لین، سک ل، ومج۔ صف۔ ایسے رنگ کا کپڑا جس پر میل نمایاں نہ ہو، مَیل چُھپاؤ (کپڑا)۔

میل میل ے مج۔ فجائیہ، ہاتھی کے مہاوت ہاتھی کو تیز ہنکانے کے لیے یہ الفاظ پکارتےتھے نیز **میل اَگد بری۔**

ممانّسا کس م، امغ۔ امث۔ قیاس، اندازہ؛ ہندو فسلفے کی رو سے علم کے چھ وسائل میں سے ایک۔

مِیم ے مج۔ امث۔ انگریز عورت ، یورپی خاتون۔ [انگ: مَیڈم کا مؤرّد]۔

میمْنا ے مج۔ سک م۔ امذ۔ بکری کا بچّہ۔

مَیمَنَت ے لین، فت ن۔ امث۔ برکت، سعادت، خوش بختی۔ [ع: مَیمَنہ سیدھی طرف] مروصفی **مَیمَنَت لُزُوم** برکت والا، جس کے ساتھ برکت لازم ہے۔

مَیمَنَہ ے لین، فت م ن۔ امذ۔ فوج کا دایاں بازو۔

مَیمُون ے لین، ومع۔ صف۔ خوش نصیب، بختاور؛ بندر کا ایک نام۔

مَیں ے لین، غنہ۔ ضمیر واحد متکلم۔ بولنے والے کی اپنی ذات، آپ خود، خود بدولت۔ محاورہ **مَیں مَیں کرنا** انانیت پر طنز۔

مِیں ے مج، غنہ۔ حرف جار۔ درمیاں؛ کے اندر، کے

بیج۔

مین ی مع۔ امث۔ مچھلی، ماہی۔ محاورہ **مین میکھ نکالنا** خوردہ گیری کرنا۔ عیب چینی کرنا [لفظاً مچھلی صاف کرنا میکھ = صفائی]۔

مَینا ے لین۔ امث۔ خاکستری رنگ اور لال یا زرد چونچ کا پرندہ جو انسانی آواز کی نقل سیکھ جاتا ہے، سارکا (لاط: Acre detheris tristis) **آغا مَینا**، مینا کی ایک بہتر پہاڑی قسم جو زیادہ اچھا بولتی ہے، ابَلھا۔ **گُلاب مَینا** سرخی مائل رنگ کی مَینا (لاط: Pastor Roseus)۔

مِینا ی مع۔ امذ، امث۔ آسماں، جنت، نیز مِینُو (ومع)؛ نیلا رنگ، نیلا پتھر، شیشہ، شراب کی بوتل یا بلوری صراحی؛ نگینے جڑنے کا کام نیز **مِینا کاری**، نگینہ جڑنا یا رنگین مسالے سے چمکدار نقش بنانا، مرصّع کاری۔ **مینا بازار** زنانہ میلا؛ زیورات و نوادر کا بازار۔

مینا ے مج۔ امذ۔ پالکی **میانہ** (رک) کی تحریف۔

مِینار ی مع۔ امذ۔ رک: مَنار، مَنارہ۔

مَین پَھل ے لین، فت پھ۔ امث۔ اِندرایِن، حَنظل، ایک تلخ زہریلا پودا (لاط: Citrulus Colocynthis)۔

مینْٹْنا ی مع، غنہ، سک خ۔ ف م۔ گُوندھنا، مَتھنا، مَلنا۔

مِینڈ ی مع، غنہ۔ امث۔ گانے میں ایک سُر سے دوسرےپر جاتے ہوئے مدّھم کو اس طرح ادا کرنا کہ دونوں میں سروں کا باہمی ربط خوبصورتی سے واضح ہو جائے۔

مینڈ ے مج، غنہ۔ امث۔ کنویں کے دہانے کی مُنڈیر؛ کھیت کی باڑ، کان کا مڑا ہوا حاشیہ، ستار کے پردے کی ابھری ہوئی کور۔نیز **مینڈھ**۔

مینڈک ے مج مغ، فت ڈ۔ امذ۔ ٹھہرے ہوئے پانی کے آس پاس چار پنجوں پر پُھدکنے اور ٹرّانے والا بے دُم کا جانور جو ایک آبی لاروے سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کا دل سینہ چاک کرنے کے بعد بھی دیر تک دھڑکتا رہتا ہے، اس لیے طبّی تشریح و تدریس کے سلسلے میں اس پر عام طور سے عمل جراحی کی مشق کی جاتی ہے۔ **مینڈک پھوڑا** ایک آبلہ جو پانو کے تلوے میں ہوتا ہے اور چند روز میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ امث۔ **مینڈکی** چھوٹا یا مادہ مینڈک۔ محاورہ **مینڈکی کو زُکام ہونا** بے جا نخرے کرنا؛ کسی کام کا عادی ہو کر بناوٹ سے اُس پر ناک بھوں چڑھانا۔

مینڈھا ے مج مغ۔ امذ۔ بھیڑا، دنبہ، جوتش کی رو سے آسمان کا بارھواں برج، میکھ راس، برج حمل۔ دریا یا سمندر کی تندو تیز موج۔ محاورہ **مینڈھا اُچھلنا** امث۔ **مینڈھا سنگی** ایک بیل جس کے پتے گِلو کے پتّوں کی طرح ہوتے ہیں اور ان میں سے دودھیا مادہ ٹپکتا ہے (لاط: Helectoris Isora)۔

مینڈھی ے مج مغ۔ امث۔ بالوں کی چھوٹی لٹ جسے چوٹی کی طرح گوندھا گیا ہو ج مث **مینڈھیاں**۔

مَینْسل ے لین، سک ن، کس س۔ امث۔ ہڑتال، سرخ ہڑتال، سرخ سنکھیا، اس کے بہت سے نام اور بھی ہیں۔ نیپال کے علاقے سے زیادہ آتی ہے اس لیے نیپالی بھی کہلاتی ہے۔ نیز **مَنسل** [س: مَن + شِلا = پتھر]۔

مینگ ی مع، غنہ۔ امث۔ گری، مغز، گودا۔

مینگنی ے مج، غنہ، سک گ۔ امث۔ اونٹ، بکری چوہے وغیرہ کا فضلہ جو چھوٹی یا بڑی گولیوں کی مانند ہوتا ہے۔

مینُو ی مع، و مع۔ امذ۔ بہشت، فردوس، آسمان؛ نیلم، نیلا شیشہ یا نگینہ۔

مینْہ ے مج، غنہ، سک ہ ملفوظ۔ امذ۔ بارش، برکھا، باراں۔

میوَہ ے مج، فت و۔ امذ۔ پھل، ثمر، خشک یا تر، گودے یا گِری والے خول کی صورت میں درختوں پر لگنے والا بار یا فصل، ج میوَہ جات فواکِہ، گریاں، مغزیات۔

میہْمان ے مج، سک ہ۔ امذ۔ رک: مِہْمان امث میہْمانی۔

مھ

مھ مھا، یہ اردو کا چھیالیسواں مصمتہ ہے اور چودھواں مخلوط حرف، ہائیہ جو م اور ھ کی ملی ہوئی آواز کو ظاہر کرتا ہے، کسی لفظ کے شروع یا آخر میں نہیں آتا، صرف وسط میں واقع ہوتا ہے، م: تمھارا، تمھیں، کُمھار، کمھارَن، کُمھاری (نیز ایک حشرہ)۔ دیو ناگری میں اس صوتیے کے لیے بھی کوئی علیحدہ حرف یا علامت نہیں ہے، کیونکہ یہ بھی لھ کی طرح کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا، البتہ بعض دیہاتی بولیوں میں ہمارا کو مھارا (مثل تمھارا) بولا جاتا ہے۔

ن

ن نُون امذ۔ اردو ترتیب تہجی کا سینتالیسواں حرف، حَنکی غنائی مصمّتہ اس کی دو شکلیں ہیں، نون غنہ اور نون صحیح۔ نون غنہ مصمّتے کی تعریف میں نہیں آتا بلکہ صرف حرکات میں غنائیت پیدا کرتا ہے یا دو مصمّتوں کے درمیان غنائی آواز۔ م: ہاں (الف مغنونہ)؛ جنّگل (ں غنہ)۔ نون غننہ لفظ کے آخر میں ہو تو بے نقطہ لکھا جاتا ہے، وسط میں ہو تو اس پر الٹے جزم کی علامت وضاحت کے لیے لگا دی جاتی ہے۔ غنہ لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔ ن حروف سمشی میں شامل ہے، جمل میں ۵۰ عدد کا حامل۔

بعض الفاظ کے شروع میں سابقۂ نفی کے طور پر وارد ہوتا ہے مثلاً نجانے، نمعلوم؛ بعض الفاظ میں لاحقہ تانیث م: جوگن، دھوبن، دلہن، گوالن؛ یا علامت حاصل مص م: چلن؛ دھڑکن۔ بعض الفاظ میں درمیان کلمہ میم کی آواز دیتا ہے م : مِنّبَر (مِم بَر) چنّبر (چَم بَر) اَنبَہ (اَم بَ) عَنّبَر (عم بَر)، اَنّبیا، (اَمّ بِیا) چَنّپَت (شغوی حروف ب، پ سے پہلے)۔

نا (۱) علامت مصدر۔ م: آنا، دیکھنا، ہونا۔

نا (۲) کلمۂ نفی امذ۔ نہ ، نہیں م: ہر بات پر نا کہنا/ کرنا ٹھیک نہیں۔ سابقۂ نفی: م ناواقف نا درست، نالائق۔ "ہے" ناکی تخفیف م، آؤ گے نا؟ بول چال میں ترغیب، تملّق، تہدید، تاکید کے لیے یا بطور تزئین کلام؛ سنو نا، دیکھیے نا، مرکبات: **نابَکار** بطور دشنام، نالائق، بد، کمینہ؛ **ناپُرساں**، نہ پوچھنے والا، بےمروّتہ **نادار** غریب، مفلس؛ **ناخوانّدہ** (ناخاں دَ) اَن پڑھ، بن بلایا (مہمان)؛ **ناساز** (گار) غیر موافق، برگشتہ؛ **ناشِناس** نہ جاننے، نہ پہچاننے والا؛ **ناشِنَوا** نہ سننے والا، بےتوجہ؛ **ناکَتخُدا** غیر شادی شدہ؛ **ناکَس** اجنبی، غیر؛ **ناگَوار** غیر پسندیدہ، بدمزہ؛ **ناہَنجار** (ہَن جار) بداطوار۔ (مزید مرکبات بہ ترتیب تہجی۔)

نا (۳) امث۔ پہیّے کے مرکز کا سوراخ جس میں دھرا ڈالا جاتا ہے، نیز **ناگَر**۔

نا (۴) امث۔ نَے (رکی) کی ایک شکل، بانسری، نلکی۔

ناب (۱) صف۔ خالص، بےملاوٹ، ستھرا، پاک۔ امث۔ نالی، نلکی، خانہ۔ **ناب دان** موری۔ پانی کی نکاسی کا راستہ۔

ناب (۲) امذ۔ نکیلا دانت، کیلا؛ بچّے کے نکلتے ہوئے دانت کی کچلی۔ ج **اَنیاب** کُچلیاں۔

نابالِغ کس ل۔ صف۔ کمسن، جو شرعاً، قانوناً یا طبّی لحاظ سے سنِ بلوغ کو نہ پہنچا یا نہ پہنچی ہو۔

نابَکار فت ب۔ صف۔ برا، نکّما، نا اہل نالائق؛ بد، نیز بطور دشنام؛ ناہنجار، کمبخت۔ **نابَکار آمد** کی تخفیف۔

نابِغَہ کس مج ب، فت غ۔ امذ۔ ممتاز، سربرآوردہ، نہایت ذکی، ذہین فطین۔ ج **نَوابِغ**۔

نابَلَد فت ب ل۔ صف۔ ناواقف، انجان، بےخبر۔

نابُود و مع۔ صف۔ گم، ناپید، لا موجود، نیست۔

نابِینا ی مع۔ صف۔ اندھا، کور، بے بصارت۔

ناپ امث۔ پیمائش، اندازہ، پیمانہ نیز **ماپ** ف م **ناپنا/ ماپنا**۔

ناپاک صف۔ نجس، پلید، گندہ۔ اکیف مث **ناپاکی** غلیظ ہونا، نجس ہونا، غسل واجب ہونا۔

ناپائیدار ے مج۔ صف۔ بودا، کمزور، عارضی، بے ثبات، فانی۔ اکیف مث **ناپائیداری** نیز **ناپائِدار/ داری**۔

ناپَدِید فت پ، ی مع۔ صف۔ جو نظر سے اوجھل ہو، غیر مرئی، پوشیدہ، مخفی۔

ناپُرساں ضمہ پ، سک ر۔ صف۔ نہ پوچھنے والا، بے مرّوت، بےپروا، طوطاچشم۔

ناپَسَنْد فت پ س سک ن۔ صف۔ نامرغوب، رد کیا ہوا، نیز **ناپَسَنْدِیدَہ** (ی مع فت د) اکیف مث **ناپسندیدگی**۔

ناپَید ے لین۔ صف۔ گم، نابود۔ نیز **ناپَیدا**۔

ناتا امذ ۔ رشتہ، بندھن، تعلق، میل، قرابت۔ صف۔ **ناتی** قرابت دار، عزیز، ناتے والے۔

ناتَمام فت ت۔ صف۔ نامکمل، ادھورا۔ اکیف مث **ناتَمامی** کمی، نَقص، ناکامی۔

ناتُواں ضمہ ت۔ صف۔ کمزور، لاغر، نحیف اکیف مث **ناتوانی** نقاہت، کمزوری۔ عام **ناتَوانی**۔

ناٹا صف۔ ٹھگنا، پستہ قد، گِڈا۔ مث **ناٹی**۔

ناٹک فت ٹ۔ امذ۔ ڈراما، کہانی جو تماشے کے طور پر پیش کی جائے۔ بہروپ، سوانگ، نقل؛ بناوٹ کی بات۔

ناثِر کس ث۔ امذ۔ نثر نگار۔

ناج امذ۔ (عوام) اناج کا مخفف، غلّہ۔

ناجِنْس کس ج، سک ن۔ صف۔ غیر جنس کا، بے میل، اجنبی، کمتر درجے کا۔

ناجی صف۔ نجات پانے والا، بخشیدہ۔

ناچ امذ۔ رقص، اعضا کی موزوں جنبش، گھومنا، چکر کھانا۔

ناچار صف۔ بے چارہ، معذور، مجبور نیز **لاچار** بطور صرف: مجبوراً، بحالت مجبوری۔

ناحَق صف، م ف۔ باطل، حق کی ضد؛ نا واجب طور پر، بے جا، بے سبب۔

ناحِیہَ کس ح، فت ی۔ امذ سمت، جانب، علاقہ، قطعہ، ملک نقطۂ نظر۔ ج **نواح**۔

ناخُدا ضمہ خ۔ امذ۔ ملاّح، کشتی راں، مانجھی۔

ناخَلَف فت خ، ل، صف۔ کپوت، نالائق (اولاد)، ننگ اسلاف۔

ناخُن ضمہ خ۔ امذ انگلیوں یا پنجوں کے سرے پر چپٹی یا نکیلی افزائش۔

ناخُنَہ ضمہ خ، فت ن۔ امذ۔ ستار کی مضراب؛ آنکھ کی پھلی؛ نیز **نَاخُونَہ**۔

ناخْواست و غم، سک س۔ صف۔ بن مانگا، ناطلبیدہ، بلا کوشش، بلا جستجو، نیز **ناخواستہ** (ناخاس تَ)۔

ناخْوانْدہ و غم، امغ، فت د ۔ صف۔ ان پڑھ، جاہل؛ بے پڑھا (ورَق، کتاب وغیرہ)؛ بن بلایا (مہمان)۔ اکیف مث **ناخْوانْدگی** (نا خاں دَگی) جہالت، نوشت و خواند کی کمی۔

ناد امث۔ پکار، ندا، آواز دینا، فریاد، مدد کی درخواست [س، نیز ف]، **نادِ علی** ایک دعا کا نام جو انھی الفاظ سے شروعی ہوتی ہے اور اہل تشیّع میں رائج ہے۔ [ع: ناد؛ پڑھتے میں بدن کو ہلانا، جھومنا]۔

نادار امذ۔ مفلس، بے زر اکیف مث **ناداری** غربت، افلاس۔

ناداں صف۔ ناسمجھ، کمسن؛ ناواقف، جاہل، بے خبر۔ اکیف مث **نادانی**۔

نادانِستَہ کس ن، سک س، فت ت۔ م ف۔ انجانے میں، بلا ارادہ، بھولے سے، بے خبری میں۔ اکیف مث **نادانستگی**۔

نادِر کس د۔ صف۔ کمیاب، اچھوتا، عمدہ۔ امث **نادِرشاہی/ نادِرگردی** جابرانہ عملداری صف: پرتشدّد، زبردستی کا۔ [نادرشاہ قاچار کے نام پر موضوع]۔

نادِرَہ کس د، فت ر۔ صف۔ عجیب، اچھوتا۔ **نادِرَہ کار** باکمال، کرشمہ کاری دکھانے والا۔

نادِم کس د۔ صف۔ شرمندہ، خَجِل۔ اکیف مث **نَدامَت** (فت ن) شرمندگی۔ انفعال۔

نادِہَنْد کس مج د، ہ، سک ن۔ صف۔ واجبی ادائگی روکنے، قرضہ، کرایہ وغیرہ چکانے سے بچنے والا۔ اکیف مث۔ **نادہندگی** (نادِہن دگی)۔

نادیدَنی ی مع، فت د۔ صف جس کا نہ دیکھنا اچھا۔ ناقابل دید۔

نار (۱) امث۔ آگ، آتش امث۔ **نار سعیر** (فت س، ی مع) دہکتی بھڑکتی آگ، دوزخ۔

نار (۲) امث عورت زن نیز **ناری**۔

نار (۳) امذ۔ انار کا مخفف مونث **نارِپستاں** (سک ر، کس پ، سک س) انارجیسی چھاتیوں والی۔

ناراست سک س۔ صف۔ ٹیڑھا، کج؛ دروغ، جھوٹا۔ اکیف مث **ناراستی** غلطی، کجی، جھوٹ۔

ناراض صف۔ خفا، روٹھا، بگڑا۔ ناخوش۔ اکیف مث **ناراضی/ ناراضگی**۔

نارْجِیل سک ر، ی مع۔ امذ۔ ناریل، کھوپرا۔ [س؛ **نارکیل** کا معرب]۔

نارُد ضم ر۔ امذ۔ چچڑی جوکتوں کے کانوں میں پیدا ہوتی اور خون چوستی ہے۔

نارَسا فت ر۔ صف۔ جو منزل یا نشانے تک نہ پہنچ سکے؛ ہیچ، ناکام، بےاثر۔ اکیف مذ۔ **نارَسائی**۔

نارَسِیدَہ فت ر، ی مع، فت د۔ صف۔ کچا۔ خام، ادھ کچرا۔ اکیف مث **نارَسِیدَگی**۔

نارَنْج فت ر، سک ن۔ امذ۔ نارنگی، سنترہ، [ف نارنگ کا معرب قب س؛ نارنگا۔]

نارُو ومع۔ امذ۔ ایک مرض جو جوہڑوں، باولیوں کا پانی پینے سے ہو جاتا ہے اور جسم کے کسی حصے سے دھاگے کی طرح ایک کیڑا دنوں تک نکلتا اور کسی چیز پر لپیٹا جاتا رہتا ہے تاکہ ٹوٹنے نہ پائے جس میں جان کا خطرہ ہوتا ہے۔ نیز **نَہْروا** (فت مج ن، سک ہ)۔

نارْوَن سک ر، فت و۔ امذ۔ یک اونچا گھنا درخت، نیز انار کا درخت، انار کا پھول **گلنار**۔

ناری امث۔ رک؛ نار (۲)۔

نارْیَل سک ر، فت ی؛ امذ۔ ایک اونچا، کھجور سے ملتا ہوا درخت اور اس کا گول پھل جس کا ریشہ دار خول لکڑی کی طرح سخت اور گودا سفید نرم ہوتا ہے۔ کھوپرے کا درخت، نارجیل، جوز ہندی (لاط؛ Coconut plum) مجازاً؛ کھوپری۔

ناڑا امذ کمر بند، ازاربند، نس، نبض نیز **ناڑی** نبض۔

ناز امذ۔ گھمنڈ، غرور، تکبّر، اتراہٹ، نخرہ، غمزہ، ادائے محبوبانہ۔ صف **نازْ آفَرِیں** شوخی، ناز نخرے کرنے، ادائیں دکھانے والا یا والی۔ **نازْ بردار** جا و بےجا فرمائشیں پوری کرنے، سب حکم بجا لانے والا۔ ہر طرح خوش رکھنے کی کوشش میں مصروف۔ **ناز پَروَر** ناز پرورده، لاڈوں کا پلا؛ ناز آفریں، نازنیں، نازک اندام۔

نازاں غنہ۔ صف۔ فخر کرنے والا۔

نازْبُو سک ز، ومع۔ امث۔ تُلسی، مَنجری، ریحان، ایک خوشبودار پودا اور اس کا پھول (لاط؛ Osimun (album/Sanctum)۔

نازِش کس ز۔ امث۔ ناز کرنا، فخر، مباہات۔

نازُک ضمہ ز۔ صف مذ مث۔ بودا، کمزور، باریک، مہین، لطف نفیس، کومل، احتیاط طلب **نازک اَنْدام** دبلا پتلا دبلی پتلی؛ اکیف **نازُک اندامی** (فت ا سک ن)؛ **نازُک خِیالی** (کس خ) لطیف، پر معنی بات۔ **نازُک معامَلہ** (ضمہ م، فت م) مشکل، احتیاط طلب مسئلہ۔ اکیف **نازُکی** لطافت، نزاکت، خوش ادائی۔

نازْنِین سک ز، ی مع۔ امث صف۔ نازک اندام، دلربا البیلا، محبوب۔

نازِیبا ے مج۔ صف۔ نامناسب، قابل مذمت، بدنما۔

ناس (۱) ج مذ۔ لوگ، آدمی، خلقت۔ نیز **اُناس، اِنْس۔**

نَاس (۲) امذ۔ خرابی، بربادی، تخریب۔ محاورہ **ناس کرنا/ مارنا** تباہ کرنا، بگاڑنا۔

ناس (۳) امث۔ ہُلاس، نِسوار۔

ناساز صف۔ علیل، بیمار؛ نادرست، ناموافق، جوراس نہ آئے۔ نیز **ناسازگار** نامبارک، ناموافق۔

ناسِپاسی کس س۔ امث۔ ناشکری، احسان فراموشی۔ صف **ناسِپاس گُزار۔**

ناسْ پال امذ۔ انار کا چھلکا جو رنگ بنانے کے کام آتا ہے۔

ناسْتِک سک س، کس ت۔ امذ دہریہ، منکر، لا مذہب [س: ناستے؛ نہیں ہے]۔

ناسِخ کس س۔ صف۔ مٹانے، منسوخ کرنے والا؛ لکھنے، کتابت کرنے والا۔ **آیہ ٔ ناسِخَہ** قرآن کی وہ آیت جو کسی سابقہ آیت کو منسوخ قرار دے۔

ناسَزا فت س۔ صف۔ ناواجب، نازیبا، نالائق نیز **ناسَزا وار۔**

ناسُفتَہ ضمہ س سک ف، فت ت۔ صف بن چھدا، موصوفی **دُرناسُفتَہ** موتی جو پرویا نہ گیا ہو، نیز مجازاً؛ کنواری لڑکی؛ نیا مضمون جو کبھی شعر میں نہ باندھا گیا ہو۔

ناسَمَجھ فت س م۔ صف۔ نادان، کم فہم، کم عمر۔ امث **ناسَمَجھی** (سک م)۔

ناسُوت و مع۔ امذ۔ عالمِ انسانی، مخلوق، مادّی دنیا، دنیوی زندگی۔ [ع: ناس= لوگ]۔

ناسُور ومع۔ امذ۔ رستا ہوا زخم۔ ج **نَواسِیر** (ی مع)۔

ناش امذ۔ رک: ناس(۲) جس کی یہ ایک متبادل شکل ہے۔

ناشاد صف۔ غمگین، افسردہ، بدبخت۔

ناشائِسْتَہ کس ء، سک س ، فت ت۔ صف۔ غیر مہذب، بے تمیز؛ بھونڈا، بد مذاقی کا، گنوارُو۔ اکیف مث **ناشائسْتگی** (فت ت)۔

ناشْپاتی سک ش۔ امث ایک خوش ذائقہ پھل، گول مخروطی، سبز، بعض اقسام پر ہلکی سی سرخی، کُلواور کشمیر میں اس کی بہتر اور لطیف تر اقسام پیدا ہوتی ہیں۔ معمولی قسم کو ناخ کہتے ہیں۔ جو بہی سے مشابہ ہوتی ہے۔ (لا ط: Pyrus Communis۔ فارس میں اسے امرود کہتے ہیں۔)

ناشْتا سک ش۔ امذ۔ صبح کے وقت کا کھانا، [ف: نا+شتا = خالی پیٹ] نیز عام **ناشْتَہ** ہلکا سامان خورو نوش۔

ناشُدْنی ضمہ ش، سک د۔ صف۔ جو نہ ہو سکے، محال؛ بطور دشنام؛ کمبخت، بدنصیب۔ نیز اصلاً **ناشُدَنی۔**

ناشِر کس ش۔ امذ۔ اشاعت کرنے والا، طابع۔ پبلشر۔

ناشُکرا ضمہ ش، سک ک۔ صف۔ احسان ناشناس۔ امث **ناشُکراپن/ناشُکری** ناسپاسی، احسان کو بھول جانا۔

ناشکِیبا کس ش۔ ے مج۔ امذ۔ بے چین، مضطرب؛ بے صبرا، معذور، مجبور۔ امث **ناشکِیبائی** بے صبری۔

ناشِگُفتَہ کس ش، ضمہ گ سک ف، فت ت۔ صف۔ بن کھلا؛ بند، ناتمام؛ بے کیف۔ نامراد۔ نیز عام **شُگُفتَہ** (ضمہ ش)۔

ناشِناس کس ش۔ صف۔ نہ پہچاننے والا، نہ ماننے نہ گرداننے والا م: **قَدْرناشِناس** ناقدرا، بے قدری کرنے والا۔

ناشَنوا کس ش، فت ن۔ صف۔ نہ سننے والا، مراد بے پروا، جس پر اثر نہ ہو، جو داد رسی نہ کرے۔

ناصِب کس س۔ صف۔ تنگ کرنے، آزار پہنچانے والا،

امذ **ناصِبی** خارجی فرقے کا فرد۔ ج **نواصِب**۔
ناصَبُور فت ص، و مع۔ صف۔ بے چین؛ بے صبرا۔
ناصِر کس ص۔ امذ۔ مدد گار ، حامی، معاون۔
ناصَواب فت ص۔ صف۔ نادرست، ناواجب؛ نامناسب بے موقع۔
ناصِیَہ کس ص، فت ی۔ امذ۔ پیشانی۔ ماتھے کے بال، لوح، تختی۔ امث۔ **ناصِیَہ فَرسائی** ماتھا رگڑنا، جبہ سائی، اظہار عاجزی و بندگی۔
ناطِق کس ط۔ صف۔ بولنے، کلام کرنے والا؛ عقل، سمجھ رکھنے والا، سوچنے والا۔ **ناطِقَہ** (کس مع ط، فت ق) قوّتِ گویائی۔
ناظِر کس ظ۔ صف۔ دیکھنے والا، مشاہدہ کرنے والا؛ نگراں، محافظ۔ امذ۔ عدالتوں میں ماتحت عملے کی نگرانی کرنے والا افسر۔ ج **نُظّار** (نُزّار)۔
ناظِرَہ کس مع ظ، فت ر۔ صف۔ ناظر کی تانیث؛ قرآن شریف کے اصل متن کو دیکھ کر پڑھنا۔ حفظ کیے بغیر اور بلا ترجمہ قرآن پڑھنا۔ نیز **ناظِرَہ خوانی** (نازِرَ خانی)۔
ناظِم کس ظ۔ امذ۔ انتظام، انصرام کرنے والا؛ شاعر، نظم نگار؛ کسی سرکاری شعبے یا ضلع کا حاکم۔
ناظُورَہ و مع، فت ر۔ صف۔ جو سب کی توجہ کا مرکز ہو، اہم مرغوب، محبوب۔ امث۔ مالنوں کی نگراں عورت۔
ناغَہ فت غ۔ صف۔ امذ۔ خالی، بے کار، غیر حاضر؛ چُھٹّی، کام سے فرصت۔ [ف: ناگاہ کی تحریف]۔
ناف امث۔ پیٹ پر آنْول نال کے کٹنے کا نشان۔
نافِ زَمِین (کس مع ف) زمین کا مرکز، مراد: کعبہ۔ ف ل **ناف ٹَلنا** نقاہت یا بھاری بوجھ اٹھانے کے سبب ناف کے نیچے کے اعصاب اور رگوں کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا جس سے درد اٹھتا اور ہاضمہ بگڑتا ہے۔

نافِذ کس فـ۔ صف۔ جاری و ساری، عائد، لاگو (حکم، دستور وغیرہ)۔ کیمیا گروں کی اصطلاح۔ مذ۔ پارہ [ع: چھیدنے، سرایت کرنے والا]۔
نافِر کس فـ۔ صف۔ بچنے، دور بھاگنے۔ نفرت کرنے والا، مُتَنَفِّر۔
نافَرْجام فت ف، سک ر۔ صف۔ سرکش، بِن سَدھا (گھوڑا)، بدانجام، کمبخت۔
نافَرْمان فت ف، سک ر۔ صف۔ امذ۔ حکم نہ ماننے والا، حکم عدولی کرنے والا، بنفشہ کی قسم سے ایک ہلکے اودے یا کاسنی رنگ کا پھول۔ (لا ط Viola Odorata)۔
نافِع کس مع فـ۔ صف۔ مفید، فائدہ مند۔
نافَہ فت فـ۔ امذ۔ مشک کی تھیلی جو ایک قسم کے ہرن کے پیٹ میں ہوتی ہے۔ نیز **مُشک نافَہ**۔
نافَہْم فت مع ف، سک ہ۔ صف۔ ناسمجھ، نادان۔ امث **نافَہْمی**، کم عقلی، نادانی۔
نافی صف۔ نفی کرنے، مٹانے والا۔
ناقِد کس ق۔ امذ۔ پرکھنے والا، تنقید، تبصرہ کرنے والا، ادبی مُبَصِّر؛ معترض نکتہ چین۔
ناقِص کس ق۔ صف۔ ادھورا، نامکمل، عیب دار، ناکارہ۔ مر وصفی **ناقِصُ ٱلْعَقْل** (ناق سُل عَقْل) کم عقل، غبی، بیوقوف **ناقِص عِیار** (کس ع) کھوٹا۔ ناخالص (سونا، سکّہ)۔
ناقِل کس ق۔ امذ۔ نقل کرنے، دوہرانے، بیان کرنے والا، راوی۔
ناقُوس و مع۔ امذ۔ شَنکھ، ایک سمندری جانور کا خول جسے پھونکیں تو آواز کرتا ہے، اور مندروں میں بجایا جاتا ہے۔
ناقَہ فت ق۔ امث۔ اونٹنی، سانڈنی۔
ناک امث۔ وہ عضو جس سے سانس لیتے اور سونگھتے ہیں؛ محاورۃً عزت کی نشانی م: **ناک کَٹنا**

رسوائی ہونا، امذ **ناکڑا** لمبی بڑی ناک (برائے تکبیر یا تحقیر)۔

ناکا امذ۔ گلی، بازار یا بستی کا سرا؛ نکڑ، موڑ؛ چنگی یا پہرے کی چوکی؛ سُوئی یا سوئے کا سوراخ۔

ناکارَہ فت ر۔ صفہ نِکمّا، بیکار، نابکار آمد، عیبی، گیا گزرا۔

ناکَتْخُدا فت ک سک ت، ضمہ خ۔ صفہ غیر شادی شدہ، کنوارا یا کنواری۔ نیز **ناکَدْ خُدا**۔

ناکَس فت ک۔ صفہ ادنیٰ، معمولی (آدمی)، اَیرا غَیرا۔ **کَس وَ ناکَس** (کَ سَوْ نَاکَس) سب طرح کے، ایرے غیرے لوگ۔

ناگ امذ عموماً کالا، پھن پھیلانے والا سانپ،کوبرا، امث **ناگن** (فت گ)؛ ابرک سیاہ؛ سیسہ۔ **ناگ چَمپا** ایک درخت اور اس کا زرد، خوشبودار پھول۔ رک: ناگیسر۔

ناگا امذ۔ ہندو فقیروں کی ایک قسم؛ ایک پرانا دراوڑ قبیلہ جو آسام میں بستا ہے؛ نیز لونگ، قرنفل۔

ناگاہ م فہ اچانک، یکایک، سوءِ اتفاق سے۔ نیز **ناگہاں** (فت گ، غنہ) مخفف **ناگہ**۔

ناگ پَھنی فت بھ۔ امث۔ کانٹوں دار، زہریلا جنگلی پودا جسے حفاظت کے لیے کھیتوں کے گرد بو دیتے ہیں۔ (لاط: Serpentary rhezoma)۔

ناگر (۱) فت گ۔ امذ۔ شہری، نگر کا باسی، مہذب؛ چالاک، چنٹ آدمی؛ پان کی بہتر قسم؛ ایک روئیدگی (لاط: Cyperus)؛ **ناگربیل** (ے مج) ناگر پان کی بیل۔

ناگر (۲) فت گ۔ گاڑی کے پہیّے کا مرکزی حصہ جس میں دُھرے کا منہ ڈالنے کے لیے سوراخ ہوتا ہے نیز **نا، نال**۔

ناگرمَوتھا فت گ، سک ر، و مج۔ امذ۔ موتھ (رک) کی قسم سے ایک خوشبودار نبات (لاط: Cyperus rotundus)۔

ناگری فت ک۔ امث۔ سنسکرت،ہندی رسم الخط؛ (لفظاً) شائستہ (تحریر وغیرہ)۔عام **ناگری** (سک گ) نیز **دیوْ ناگری**۔

ناگُزیر ضمہ گ، ی مع۔ صفت۔ جس سے مفرنہ ہو؛ لازمی، ضروری۔

ناگُفتَنی ضمہ گ، سک ف، فت ت۔ صف جو کہنے کے قابل نہ ہو، جو نہ کہا جا سکے، نیز **ناگُفتَہ بِہ** (ناگُفْ تَ بِہْ) ناقابل بیان۔

ناگَل فت گ۔ امذ۔ ہَل؛ ہل کی کھونٹی جس سے جُوا اٹھاتے ہیں۔

ناگُنا ضمہ گ۔ صفہ نالائق، بے ہُنر؛ بے مروّت، احسان فراموش۔ مث **ناگُنی**۔

ناگوار فت گ۔ صفہ ناپسندیدہ، نامقبول، خلافِ مزاج، خلاف مرضی۔ نیز **ناگوارا** ناپسند، بدمزا۔ امث **ناگواری** ناپسندیدگی، ناخوشی، ناراضی۔

ناگوری ولین صفہ ہندوستان کے علاقے ہریانہ کے ایک مقام سے منسُوب،م؛ **ناگوری بَیل** (ے لین) بڑے سینگوں والا۔ اچھی نسل کا بیل۔

ناگہانی فت گ، صف م فہ اچانک، غیر متوقع۔ نیز رک : **ناگاہ**۔

ناگیسَر ے مج؛ فت س۔ ناگ چَنْپا کی کلی، نار مُشک؛ موسیقی کا ایک ساز [س: ناگ کیشر،ع: مِسک الرُمّاں، [لاط: Mesia speciosa]۔

نال امثہ نرسل، نلکی؛ بندوق کی نالی؛ جوئے کا اڈا چلانے والے کا کمیشن، نیز رک: **آنْول نال** جس کی یہ تخفیف ہے۔

نالا امذ۔ پانی کی تنگ گزر گاہ، چشمہ۔

نالاں غنہ۔ صفہ روتا ہوا، گریہ کناں؛ عاجز، تنگ،

شاکی۔

نالِش کس ل۔ امث۔ رونا، گریہ، فریاد؛ دعویٰ، استغاثہ۔ صف **نالِشی** (کس مج ل) دعوا دائر کرنے والا، فریادی، مستغیث۔

نالْکی سک ل۔ امث۔ تام جھام کی طرح کی بغیر پردوں کی پالکی جس میں مردانہ سواریاں بیٹھتی تھیں۔

نالَہ فت ل۔ امذ۔ آہ، آواز کے ساتھ رونا، فریاد، فغاں مرکب **نالہ ٔ شبْگیر** وہ آہ جو رات کے وقت سر ہو۔ [ف: شبگیر، شب بیدار، رات کو جاگنے یا چلنے والا]، **نالہ کَش** (فت ک) فغاں کرنے والا۔

نالی امث۔ نلکی، موری، پانی کی نکاسی کا راستہ، کھیتوں کی سچائی کے لیے بنایا ہوا پانی کا راستہ؛ نلکی، شِریان، ورید؛ نرسل کی طرح کی کھوکھلی شے، لمبا گڑھا جو پہلوان ورزش کے لیے کھودتے ہیں۔

نام امذ۔ کسی شخص یا شے کی شناخت کے لیے مقرر کیا ہوا لفظ، اِسم، عرف عام لقب؛ شہرت۔ صف۔ **ناموَر** (سک م، فت و) مشہور جس کی شہرت یا دھاگ ہو۔ امث **ناموَری** نیز **نام آوَری نام بُردَہ** (ضمہ م، سک ر، فت د) جس کا نام لیا گیا۔ مَسمّیٰ۔صف **نامی** مشہور۔

نامَحْرم فت مج م، سک ح، فت ر ۔ امذ۔ غیر، اجنبی۔ (فقہ اسلامی)عورت کا وہ عزیز یا غیر جس سے نکاح جائز ہو۔

نامِ خُدا کس مج م۔ ضمہ خ۔ کلمۂ دعا۔ خدا رکھے، چشم بددور، ماشاءاللہ۔ [ف: بنام خدا کی تحفیف]۔

نامُراد ضمہ م۔ صف۔ بدنصیب، ناکام۔ نیز بطور دشنام۔ کمبخت۔

نامَرْد فت م۔ سک ر۔ صف۔ قوت مردمی سے محروم، زنخا؛ بزدل، بودا۔امث **نامَردی**۔

نامُساعد ضمہ م، سک ع۔ صف۔ ناموافق، جس سے مدد نہ مل سکے۔ امث **نامُساعَدَت** ،(فت ع، د)۔

نامُشَخّص ضمہ م، فت ش شدفت خ۔ صف۔ انجانا، جس کی شناخت یا پہچان نہ ہو، مجہول، گمنام، بے تحقیق، غیر مُندرَج جس کی بابت کوئی یادداشت نہ ہو۔

نامَطْبُوع فت م۔ سک ط، و مع۔ صف۔ ناپسندیدہ، ناگوار۔

نامَعقُول فت م، سک ع، ومع۔ صف۔ خلاف عقل، لغو، (بطور دشنام) بے ہودہ۔ امث **نامَعقُولِیَت** خلاف عقل یا خلاف تہذیب بات۔

نامُوافِق ضمہ م، کس ف۔ صف۔ مخالف، ناساز گار، جو راس نہ آئے۔ اکیف مث **نامُوافَقَت** (فت ف) اختلاف، ناسازگاری۔

نامُوس و مع۔ امث۔ آبرو، عزت؛ (کنایتہ) حرم سرا، اہل حرم؛ اہل خانہ۔ امذ۔ معتمد عَلیہ فرد **نامُوسِ اکبر** حضرت جبریل کا لقب۔

نامَہ فت م۔ امذ۔ خط، مراسلہ، مکتوب، تحریر **نامَہ ٔ اَعْمال** اچھے برے کاموں کی فرد۔ کچا چٹھا۔

نامِہْرباں کس مج م، سک ہ، ر۔ صف۔ بے درد۔ ظالم، بےمروت۔ نیز **نامِہرباں** (غنہ)۔ امث **نامِہْربانی** بُرا برتاؤ۔

نامی (۱) صف۔ مشہور، نیک نام۔

نامی (۲) صف۔ نمو پانے والا، اگنے، بڑھنے، پھلنے پھولنے والا۔ امث **نامِیَہ** (نیز بلاشد) اگنے پنپنے کی قوت۔

نان امث۔ روٹی، خُبز۔ امذ **نانْبائی** (سک ن) روٹی پکانے والا دوکاندار، نان فروش، باورچی؛ روٹی اور شوربا بیچنے یا پکانے والا [نان +با=پانی، شوربا] نیز

نان پَز (ضمہ پ)۔ **نان پاؤ** (مج) پھولی ہوئی ولایتی روٹی جسے کاٹ کر توس بناتے ہیں عموماً مکھن کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔ **نانْ خَطائی** (سک ن، فت خ) پھولی پھولی ٹکیوں کی شکل میں ایک میدے کی مٹھائی۔ **نان وَ نَفقَہ** (نان/نانوَ نَف قَ) روٹی اور ضروریات زندگی کا خرچ۔

نان خواہ سک ن، و غم۔ امث۔ اجوائن۔

نانْ خُورِش ضمہ خ، و غم، کس ر ۔ امث۔ روٹی سالن، روٹی کوکسی چیز (لاوَن) کے ساتھ کھانا،م: نان خورش کے لیے صرف پیاز۔

نانا امذ۔ ماں کا والد۔ امث **نانی**۔

ناند سک ن۔ امث۔ مٹی کا کُھلے منہ کا گھرا برتن؛ نیز گائے بھینس کو چارہ پانی دینے کے لیے بنائی ہوئی کھوہ۔

نانْدھنا غنہ، سک دھ۔ ف م۔ شروع کرنا، ابتدا کرنا، تیاری کرنا۔

نانگھنا غنہ، سک گھ۔ ف م۔ لانگنا، پھلانگنا۔

نانواں امغ۔ امذ۔ (عوام) ریز گاری، رقم، نقدی۔

نانْھیال سک نھ۔ امذ۔ نانا نانی کا گھر؛ ماں کے عزیزوں کا کنبہ نیز امث **نَنْھیال** (دہلی)۔

ناؤ سک و۔ امث نالی، نلکی، نلکا۔ امذ ناودان پر نالہ، اولتی، نیز **نابْدان**۔

ناوَرْد فت و، سک ر۔ امث۔ جنگ، لڑائی۔

ناوک فت و۔ امذ تیر، خدنگ، بان۔ **ناوک اَنْداز/فگَن** (کس ف فت گ) تیر چلانے والا ۔

ناہَر فت ہ۔ شیر ، شیرببر۔

ناہَنْجار فت ہ، سک ن۔ صف۔ ناہموار، کُھردرا؛ بے راہ رو، بدچلن۔

ناہید ی مع۔ امث۔ سیارہ زُہرہ۔

نائِب کس ء، امذ۔ نیابت، قائم مقامی کرنے والا، نمائندہ، ڈپٹی۔ ج **نُوّاب** ،[ع: نیز حصہ، بخرہ]

نائِرَہ کس مج ء، فت ر۔ امذ۔ جنگ کا شعلہ، منافرت، جلن۔ (عروض) قافیے میں حرف روی کے بعد آنے والا عموماً آخری حرف، م: تارا، سارا میں الف۔

نائِک رک: نایک امث **نائِکہ** (کس مج ء) رک نایکہ۔

نائِم کس ء۔ صف۔ سونے والا، خفتہ خوابیدہ۔

ناؤ ومج۔ امث۔ کشتی، جہاز۔ نیز اصلاً: پراکرت ناؤ [س: نَو تص: نَو کا]۔

نائی امذ۔ حجّام، بال بنانے والا۔ جو اکثر پیغام رسائی کا بھی کام کرتا تھا امث **نائِن**۔

نائے ے مج امث۔ نے، بانسری؛ نلکی۔ **نائے وَ نوش** (ے غم)/ **نائونوش** عیش و نشاط۔

نایاب صف۔ ناپیدا، گم؛ منفرد، یگانہ۔

نایک فت ی۔ امذ۔ سردار، سربراہ، مکھیا۔ امث **نایکہ/ نایکا** چودھرانی؛ ڈیرہ دارنی۔ رنڈیوں سے پیشہ کرانے والی اور ان کی نگراں عورت۔ عام **نایکہ، نائکہ**۔

نَبات (۱) فت ب۔ ا مث پودے، زمین سے اگنے والی روئیدگی، سبزہ، جڑی بوٹیاں؛ ج **نباتات** امث **نباتیات** پودوں کا علم۔

نَبات (۲) فت ب۔ امث۔ مصری، مصری کی قلم یا کُوزہ۔ نیز **شاخِ نَبات**۔

نَبّاش فت ن، شدب امذ۔ کفن چور، زمین سے دفینے نکالنے والا۔ امث **نَبش** کھدائی، آثار قدیمہ کی تلاش۔

نَبّاض فت ن، شدب۔ امذ۔ نبض دیکھنے والا، طبیب، حکیم؛ مجازاً: پارکھ، ناقد۔

نِباہ کس ن۔ امذ۔ موافقت، میل ملاپ؛ امن و سلوک کے ساتھ گزارہ؛ ساتھ دینا، وعدہ یا ذمہ داری کو پورا کرنا۔ ف م **نِباہنا** نیز **نِبھانا**۔

نَبائِر فت ن کس ء۔ ج مذ **نَبیرہَ** (رک) کی جمع۔

اولاد و احفاد [وضعی لفظ]۔

نِبٹْنَا کس ن، فت ب، سک ٹ۔ ف ل/م۔ سُلجھنا، عہدہ بر آ ہونا؛ سبکدوش ہونا، مقابلہ کرنا۔

نَبیڑْنا فت ن، ے مج، سک ڑ۔ ف م۔ ختم کرنا، تمام کرنا، پورا کرنا، نمٹانا۔

نَبَرْد فت ن، ب سک ر۔ امث۔ جنگ، پیکار، لڑائی۔

نَبَس فت ن ب امذ، امث۔ بیٹی کی اولاد، نواسا، نواسی، پور دخت۔ نیز رک نبیرہ۔ قب **نَبِیس** پوتا۔

نَبْض فت ن سک ب۔ امث۔ حرکت کرنے والی شریان جسے کلائی پر محسوس کیا جاتا ہے اور طبیب اس سے مرض کی تشخیص میں مدد لیتے ہیں۔ امذ: **نَبّاض** نبض دیکھ کر مریض کا حال معلوم کرنے والا (کنایتہً) رمز شناس، پارکھ۔

نُبُوَّت ضمہ م ب، شدفت و۔ امث نبی کا منصب رسالت، پیغمبری، اللہ کی طرف سے وحی پہنچانا، غیب کی باتیں بتانا۔ امذ **نَبی** خدا کی طرف سے بندوں کی طرف مبعوث برگزیدہ انسان، رسول۔

نِبوْلی کس ن، و مج۔ امث۔ نیم کے درخت کا چھوٹا سا زرد، گٹھلی دار پھل، نمکولی۔

نَبَوی فت ن، ب۔ صف نبی سے منسُوب، خصوصاً جناب رسالتمآب صلعم سے متعلق۔

نِبَہْرا کس ن، فت مج ب، سک ہ۔ امذ نیم کے درختوں کا جُھنڈ۔

نَبِیذ فت ن، ی مع۔امث۔ ایک قدیم شراب کا نام جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ نشہ آور نہیں تھی۔ [ع۔ راندَہ، مردود؛ الکحل]۔

نبھانا کس ن۔ رک: نباہنا۔ ف ل مجھول **نبھنا** نباہ ہونا، نباہا جانا۔

نَبیرَہ فت ن، ی مع، فت ر ۔ امذ پوتا یا نواسہ۔

نَپَت فت ن، پ۔ امث ناپ، ماپ۔ پیمائش۔ نیز **نَپائی**۔

نَپُوتا فت ن، مع۔ امذ۔ بے اولادا، لاولد، اُوت، نیز بطور دشنام۔ امث **نَپُوتی**۔

نت کس ن۔ صف۔ سدا، مدام، ہمیشہ، م ف: ہر دفعہ، بار بار م ف: **نت نت** جم جم ہمیشہ بار بار۔ صف **نت نَیا/ نئے** تازہ، نئے نئے۔

نَتیجَہ فت ن ی مع فت ج امذ۔ انجام، حاصل، خلاصہ؛ بدلہ، پاداش؛ امتحان، آزمائش، درخواست کا فیصلہ۔ ج **نَتائج**۔

نَتْھ فت ن، سک تھ۔ امث۔ ناک کے نتھنے میں پہننے کا بالے کی طرح کا زیور جس میں چُنیاں بھی پروئی موئی ہوتی ہیں، سہاگ کی نشانی۔ تص **نَتْھنی** چھوٹی نتھ (طوائف) **نَتْھنی اُتارنا/اُتَرنا** کنواری رنڈی سے پہلی بار کسی گاہک کا ہم بستر ہونا۔

نِتھارْنا کس ن، سک ر ف م۔ کسی محلول سے خالص پانی کو الگ کرنا، عمل تقطیر۔

نَتْھنا فت ن ۰ سک تھ۔ امذ۔ ناک کا ایک سوراخ، ناک کے پہلو کی نرم کھال۔

نَتّھی فت ن، شد تھ۔ صف ساتھ پرویا سلا یا اٹکا ہوا۔ ہمرشتہ۔

نَٹ فت ن۔ امذ۔ بازیگر۔ کرتب دکھانے والا؛ ناچنے والا؛ نرسل، بانس کی ایک قسم؛ ایک راگ جس کی کئی قسمیں ہیں اور اس میں سب سر لگتے ہیں۔ امث **نَٹ بِدّیا** حیرت انگیز جسمانی کرتب دکھانے کا فن۔ **نَٹ راج** مہادیو، شِوشنکر کا لقب۔

نَٹ سال فت ن۔ امذ۔ کانٹا جو ٹوٹ کر جسم کے اندر رہ جائے۔

نَٹ کھٹ فت ن، کھ۔ صف۔ شریر، شوخ، چالاک۔

نَٹْوَر فت ن، سک ٹ، فت و۔ امذ۔ بہت شریر، بہت ہنر مند، شری کرشن کا ایک لقب۔

نِٹّھلا کس ن، فت ٹھ، شدل۔ صف۔ خالی، بیکار، ہاتھ پر ہاتھ دھرے۔

نِثار کس ن۔ امث۔ بکھیر، نچھاور۔ صف۔ قربان، صدقے، واری؛ عاشق، شیدا۔

نَثّار فت ن، شدث۔ صف۔ نثر نگار۔

نَثْر فت ن، سک ث ر امث۔ غیر منظوم تحریر یا تصنیف صف **نَثْری** نثر سے منسوب، نثر سے مشابہ، غیر موزوں (کلام)۔

نِج کس ن۔ صف۔ خود سے متعلق، اپنی ذات سے متعلق یا منسوب اندرونی، بیرونی کی ضد نیز **نِج کا/ نِجی** اپنا، ذاتی، گھریلو، خانگی۔

نَجابَت فت ن، ب۔ امث۔ شرافت، عالی نسبی، برتری۔ صف **نَجیب**۔

نَجات فت ن۔ امث۔ مخلصی، چھٹکارا، گلو خلاصی، رخصت؛ بخشش، مغفرت۔

نَجّار فت ن۔ شد ج۔ امذ۔ بڑھئی، لکڑی کا کاریگر۔ امث **نَجّاری**۔

نَجاسَت فت ن س۔ امث۔ غلاظت، گندگی۔ صف **نَجِس** گندا، ناپاک۔

نُجَبا ضمہ ن، فت ج۔ ج مذ۔ اشراف، اعیان، بڑے لوگ۔ نجیب کی جمع، نیز **نُجَباء**۔

نَجْم فت ن، سک ج۔ امذ۔ ستارہ۔ ج **نُجُوم** (ضمہ ن، و مع) ستارے؛ ستاروں کا علم، ستارہ شناسی۔ امذ **نُجُومی** جوتشی۔ **نَجْمُ الثّاقِب** روشن ستارہ، نیز شہاب ثاقب، ٹوٹنے والا تارا۔

نَجیب فت ن، ی مع۔ صف۔ شریف عالی نسب۔ **نَجیبُ الطَّرَفَین** جس کے ماں اور باپ دونوں کا خاندان اچھا ہو خصوصاً سادات کے لیے مستعمل۔

نُچا ضمہ ن۔ صف نوچا ہوا۔ مرکب عطفی **نُچا کُھچا** لُٹا کھَسوَٹا۔ ف ل: **نُچْنا** نوچا جانا۔

نِچُڑْنا کس ن، ضمہ چ سک ڑ، ف ل مجھول: نچوڑا جانا۔

نِچْلا کس ن، سک چ۔ صف نچنت، ساکت، سکون سے؛ بے قرار، چلبلا کی ضد۔

نِچِنْت کس ن، فت چ، سک ن۔ صف۔ پُرسکون، با اطمینان، آسودہ، مطمئن۔

نِچوڑْنا کس ن، و مج، سک ڑ۔ ف م۔ ہاتھوں سے بل دے کر یا بھینچ کر پانی نکال دینا (م: کپڑے یا بالوں کی)؛ رطوبت، سیلن زائل کرنے کا عمل۔

نِچھاوَر کس ن، فت و۔ امث۔ بکھیر، خیرات یا صدقے کے طور پر دولھا یا کسی عزیز ہستی کے سر پر سے نقدی وارنے، لٹانے کا عمل۔

نِچھَتّر کس ن، فت چھ، شدفت ت۔امذ۔ ستاروں کا جُھرمُٹ۔ منازل قمر یا راسوں میں سے کوئی ایک جن کی گنتی ۲۷ یا ۲۸ بتائی جاتی ہے۔ (اصلاً، س: **نَکْشَتْر** فت ن، سک ک فت ش سک ت) نیز **نَکْچَھتْر** (فت چھ)۔

نُحاس ضمہ ن۔ امذ۔ تانبا۔ **نَحّاس** (فت ن، شد ح) مس گر۔

نَحْر فت ن ، سک ح۔ امذ۔ قربانی۔ خدا کی راہ میں جانور ذبح کرنا۔

نَحْس فت مج ن، سک ح، صف۔ منحوس، نامبارک، نامسعود تثنیہ **نَحْسَین**۔ دو منحوس اجرام فلکی مراد مریخ اور زحل جو مبارک نہیں سمجھے جاتے۔

نَحْل فت مج ن، سک ح۔ امث۔ شہد کی مکھی، مُہال۔

نَحْو فت مج ن، سک ح، و۔ امث۔ (قواعد) جملے میں الفاظ کی صحیح ترتیب اور ان کا باہمی ربط، ترکیبِ نحوی کے اصول و قواعد کا علم۔ صف **نَحوی** علم نحو کا ماہر۔

نُحُوسَت ضمہ ن، و مع۔ امث۔ نامبارک ہونا، کمبختی، ناخوشگواری۔ عام: **نَحوست** (فت م)۔

نَحِیف فت ن۔ ی مع۔ صف۔ دبلا، لاغر؛ کمزور ناتواں۔ اکیف مث **نَحافَت/ نَحِیفی**۔

نَخ فت ن۔ امث۔ کچے ریشم کی لچھی، پتنگ کی ڈور کی ریل؛ کانچ کی چوڑی، پتلی لاکھ۔

نَخّاس فت ن، شدخ۔ امذ۔ بازار، گھوڑوں کی خرید و فروخت کی منڈی۔ [اصلاً: غلاموں کا سوداگر، بردہ فروش]۔

نخَالص کس ن، ل، صفـ۔ خالص، نرا (عوام)۔ اصلاً: غیر خَالص۔

نَخْچِیر فت ن، سک خ، ی مع۔امذ۔ شکار کیا ہوا جانور، صید۔ مجازاً: اسیر قیدی، زخمی۔ گھایل (آدمی)۔

نَخْرا فت ن، سک خ۔ امذ۔ مزاج داری، غمزہ، بناوٹی غصّہ، ناز برداری کرانے کا حیلہ۔

نُخُسْت ضمہ ن، ضمہ خ صفـ۔ پہلا، اوّل، ابتدائی نیز **نُخُستِیں**۔

نُخُسْتِمِثال فت ن، ضمہ خ، سک س، کس ت، سک م۔ امذ کسی جنس یا نوع کا ابتدائی نقش یا قدیم ترین نمونہ (انگ: Archetype)۔

نَخْشَب فت ن، سک خ۔ فت ش۔ علم۔ ایک قدیم شہر جہاں حکیم مقنع نے حسب روایت، ایک مصنوعی چاند بنایا تھا، جسے **مَاہِ نَخْشَب** کہتے ہیں۔ **چاہِ نخْشَب** وہ کنواں جہاں سے مقنع کا چاند طلوع ہوتا تھا۔

نَخْل فت ن، سک خ۔ امذ درخت، پیڑ، شجر؛ کھجور کا درخت۔ امث **نَخْلستَان** کھجور کے درختوں کا جھنڈ، صحرا کے درمیان کوئی سبزہ زار؛ نیز **نَخْلَہ/نَخیل**۔

نَخوَت فت ن، سک خ، فت و۔ امث۔ غرور، اکڑ، بد دماغی، خود پسندی۔

نُخُود ضمہ ف، و مع۔امذ۔ چنا۔ **نُخُودابَہ** دال جوش، دال ملا کر پکائی ہوئی یخنی جو مقوی غذا کے طور پر پی جاتی تھی۔ **نُخودی رنگ** پیلا رنگ جس میں سرخی یا چمک نہ ہو۔

ندا کس ن۔ امث۔ صدا، آواز، پکار (قواعد) پکارنے کا لفظ م: او، اے، ابے؛ نیز **حرفِ ندا**۔

نَدارَد فت ن، ر۔ صفـ۔ غائب، لاموجود، گُم، گول م: خط لکھو تو جواب ندارد۔ [لفظاً، ف: نہیں رکھتا۔]

نَدّاف فت ن، شد د۔ امذ۔ دُھنیا، روئی دُھنکنے والا۔امث **نَدّافی** دُھنیے کا کام یا پیشہ۔

نَدامَت فت ن، م۔ امث۔ نادم، شرمندہ ہونا، خجالت شرمساری۔

نِدان کس ن۔ م فـ۔ آخر کار، بالآخر (متروک)۔

نُدْرَت ضمہ ن، سک د، فت ر۔ امث۔ اچھوتا پن، اختراع، صنّاعی؛ نادر، عجیب ہونا۔

نُدَما ضمہ ن، فت د۔ ج مذ۔ ندیم (رک) کی جمع۔ [ع: نُدماء]۔

نَدْوَہ فت ن، سک د، فت و۔ امذ۔ انجمن، دارالمباحثہ، علمی مجلس۔

نَدی فت ن، شدد۔ امث۔ دریا، نہر۔ جمع **نَدِّیاں** تخفیف **نَدی/ نَدِیاں** (بلاشد) تص **نَدیا** (گتیوں میں مستعمل)۔

نَدیدَہ فت ن، ی مع، فت د۔ صف امذ۔ للچایا ہوا۔ ترسا ہوا، حریص، امث **نَدیدْپَن** (ی مع، سک د: فت پ) مث **نَدیدی** ؛[لفظاً ف: نادیدہ، نہ دیکھا۔]

نَدیم فت ن، ی مع۔ امذ۔ ہم صحبت، ساتھی، دوست۔ ج **نُدَماء**۔

نڈْر کس ن، فت ڈ۔ صفـ۔ بے خوف، بہادر، دلیر اکیف مذ۔ **نڈرپَن**۔

نڈْھال کس ن، صفـ۔ مضمحل، تھکاہارا، بے حال؛ ناتواں۔

نَذْر فت ن، سک ذ۔ امث۔ پیشکش، تحفہ، بھینٹ، نیاز [ع:عہد، اقرار: بھینٹ] نیز **نَذْرانَہ** پیش کی ہوئی چیز یا رقم ج **نُذُورات** (ضمہ ن، و مع)۔

نَر فت ن امذ۔ وہ شے یا جاندار جس میں جنس مذکر کے خواص ہوں یا جس پر صیغۂ مذکر کا اطلاق ہو۔

نِر کس ن۔ سابقہ، نفی م: نِربَل، نِرْ دھَن (رک)۔

نِرا کس ن۔ صف۔ خالص؛ محض۔

نِراج کس ن۔ امذ۔ بدنظمی، لاقانونیت، فوضویت۔

نِرآدر کس ن۔ فت د۔ صف۔ رسوا، ذلیل، بے غیرت۔

نِراس کس ن۔ امث۔ نا امیدی، مایوسی [اصلاً: نِراشا]۔

نِرالا کس ن۔ صف۔ انوکھا، اچھوتا، جداگانہ۔

نِرامالُو کس ن، ومع۔ امذ۔ جنگلی سیب (لاط: Feronia elephantum)۔

نِراہار کس ن۔ صف۔ خالی پیٹ؛ روزے سے؛ جس نے کچھ نہ کھایا ہو۔

نَرایَن فت ن ی۔ امذ۔ و شنو دیوتا کا لقب؛ معبود، خدا [اصلاً: نارایَن کی تخفیف]۔

نِرْباہ کس ن، سک ر۔ امذ۔ نباہ [اصلاً نرواہ۔]

نِربَسی کس ن۔ فت ب۔ امث جدوار [س: نِروِشی لاط: Delphinium donudatum]

نِرْبَل کس ن، سک ر، فت ب۔ صف۔ کمزور، بے طاقت، ناتواں، نازک۔ مث نِربَلا اکیف نِربَلائی/ نِربَلْتا ناطاقتی۔ ناتوانی، نزاکت۔

نِربَھر کس ن، فت بھ۔ صف، م فہ پُرشدّت، پُراصرار، زور دے کر، سختی کے ساتھ۔

نْرِپ سک ن، کس ر، فت پ۔ امذ۔ راجہ، سُورما۔ عام نِرپ (کس ن) نیز نِرپال/ نِرپال، نْرِپَت/ نِرْپت۔

نِرَپرادھ کس ن، فت ر، کس پ سک دھ۔ صف۔ بے خطا، معصوم، نِردوش [اصلاً: نِر اَپرادہ]۔

نِرپَھل کس ن، سک ر ، فت پھ۔ صف بے بار۔ بےثمر، جس میں پھل نہ لگے۔

نِرَت (۱) کس ن، فت ر۔ صف۔ مصروف، مشغول، محو، لو لگائے ہوئے۔ مث نِرَتا۔

نِرَت (۲) کس ن، فت ر۔ امث۔ بھاؤ بتانا، اعضا اور چہرے مہرے کی پرمعنی فنکارانہ جنبش یا ناچ، رقص۔ [اصلاً: نْرِتْیَہ]۔

نَرْتَک فت ن، سک ر، فت ت۔ امذ رقاص، بازی گر۔ نیز نرتک ۔[س: نَرتیک]۔

نْرِتْیَہ سک ن، کس ر سک ت، فت ی۔ امث۔ ناچنے کا فن، نرت وِدیا۔

نَرْجا فت ن، سک ر۔ امذ۔ صرافوں کا کانٹا، چھوٹی ترازو۔

نِرْجِت کس ن، سک ر، کس ج۔ صف۔ ہارا ہوا، ہزیمت خوردہ، پسپا کیا ہوا۔

نِرْجَل کس ن، سک ر، فت ج۔ صف۔ بے آب، ویرانہ، خشک زمین؛ کوئی شے جس میں پانی کی ملاوٹ نہ ہو، م: دودھ؛ پیاسا جو پانی سے پرہیز کرے یا جسے پانی نہ ملے۔ نِرجَلا پانی کے بغیر دن بھر کا برت یا روزہ۔

نِرْجَن کس ن، سک ر، فت ج۔ صف غیر آباد، انسانوں سے خالی۔

نِرْجَھر کس ن، سک ر، فت جھ۔ امذ۔ آبشار، پانی کا چشمہ۔

نِرْچَھل کس ن، سک ر، فت چھ۔ صف۔ سیدھا سادا، بھولا، جس میں چَھل فریب نہ ہو۔

نِرْخ کس ن، سک ر۔ امذ۔ بھاؤ، شرح، خرید فروخت کے دام۔ نِرْخْنامَہ داموں کی فہرست۔

نَرْخَرا فت ن، سک ر، فت خ۔ امذ۔ حلق کی نالی کا بیرونی حصہ، ٹینٹوا [اصلاً: نَرکھڑا س: نالَکھَ]۔

نَرْد فت ن، سک ر۔ امثد چوسر شطرنج وغیرہ کی گوٹ، مہرہ۔

نَرْدْ بان فت ن، سک ر۔ امذ۔ سیڑھی، زینہ [ف:

نَردُبان]۔

نِرْسا کس ن، سک ر۔ صف پھیکا سیٹھا، بےمزا؛ ادنیٰ درجے کا معمولی۔

نَرْسَل فت ن، سک ر، فت س۔ امذ۔ بانس کی ایک پتلی قسم [لاط: Calamus rotang]۔

نَرسِنگا فت ن، سک ر، کس س، غنہ۔ امذ چو پائے کا سینگ جو بھونپو کے طور پر پھونکایا بجایا جاتا ہے، صور، نفیر۔ صف **نَرسِنگھا** صف **نَرسِنگیا** مندر وغیرہ میں نرسنگا بجانے والا نفیر پھونکنے والا بینڈ یا طائفے کا بھو نپو بجانے والا ساتھی۔

نَرْسوں فت ن، سک ر، ومج۔ ظرف، امث، م ف۔ پرسوں سے اگلا یا پچھلا دن آج سے اگلا یا پچھلا تیسرا دن۔

نَرْغا فت ن سک ر۔ امذ۔ شکار کو گھیر کر لانے والی ٹولی؛ گھراؤ، یلغار، ہجوم، آفت کا سامنا۔ [ف: نرگہ]۔

نَرْک فت ن، سک ر۔ امذ۔ جہنم، دوزخ، دوسری دنیا میں عذاب کی جگہ۔

نِرُکْت کس ن، ضمہ ر، سک ک۔ صف۔ غیر واضح مبہم؛ لفظ کی اصل کا کھوج، اشتقاق۔

نَرکَچُور فت ن، سک ر، فت ک۔ و مع۔ امذ۔ کچور یا زرنباد (رک) کی ایک قسم۔

نَرْکُل فت ن۔ سک ر، ضمہ ک۔ امذ۔ نرسَل (رک)۔

نَرْگِس فت ن، سک ر، کس گ۔ امث۔ ایک پھول جس کے ڈنٹھل پیاز کے ڈنٹھلوں کی طرح لمبے اور پتیاں سفید اور زرد ہوتی ہیں۔ اسے روایتہ آنکھ سے تشبیہ دی جاتی ہے، عَبہرَ نیز (معرب) **نَرجِس** (یونانی: Narkissos) مرکب وصفی۔ **نَرگسِ شَہلا** نرگس کا پھول جس کے پیالے میں گہرے رنگ کی پتیاں اور ان میں سرخی کی جھلک ہو جسے نشیلی آنکھ کے مماثل کہا جاتا ہے۔ صف **نَرگِسی** نرگس سے منسوب، نرگس کی طرح کا؛ ابلے ہوئے اور بیچ میں سے کاٹ کر آدھے کیے ہوئے انڈوں سے بنا ہوا (کوفتہ یا پلاؤ)۔

نَرگسِیَّت فت ن، سک د، کس گ س، شدفت ی۔ امث خود پسندی، اپنے حسن پر گھمنڈ ، خود پر فریفتہ ہونا [یونانی دیو مالا کے کردار Narkissos لاط: Narcissus کے نام سے مشتق جس کی بابت روایت ہے کہ اپنا عکس پانی میں دیکھ کر خود پر عاشق ہو گیا تھا اور پھر نرگس کے پھول میں تبدیل کردیا گیا]۔

نَرْم فت ن، سک ر۔ صف چھونے میں ملائم، سُبُک، لطیف، آسانی سے دبنے بھنچنے والا؛ رحم دل دھیمے مزاج کا۔ سخت، درشت، تند کی ضد۔ امث **نَرْماہَٹ/ نَرْمی** ف م **نَرْمانا** نرم کرنا۔

نَرْما فت ن، سک ر۔امذ۔ ریشم اور سوت ملا ہوا پھولدار کپڑا؛ سینبھل (رک) کا درخت جس میں سے روئی کی طرح کے ریشے نکلتے ہیں؛ ایک قسم کی عمدہ روئی جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے۔

نِرَنْت کس ن، فت ر، سک ن۔ صف۔ لامتناہی، جس کی کوئی حد نہ ہو۔ [اصلاً: نر انت]۔

نِرَنْجَن کس ن، فت ر، سک ن، فت ج۔ صف۔ جو کبھی رنجیدہ یا غضبناک نہ ہو، حلیم، بُردبار۔ [س: انجن، جذبہ، رنگ۔ قب ف: نج رنگ]۔

نِرْوان کس ن، سک ر۔ امذ۔ مکتی شانتی آواگون کے چکّر سے نجات۔ [س: نِرو انم۔ جَل بجھنا]۔

نَری فت ن۔ امث۔ بکری یا بھیڑ کا کمایا ہوا نرم چمڑا۔

نَریا فت ن، سک ر۔ امث۔ کھپریل جس کی چھت چھائی جاتی ہے اور عموماً کھلی نالی کی شکل کی ہوتی ہے۔

نَریش فت ن، ے مج۔ صف۔ انسانوں کا حاکم۔ بڑا انسان، راجہ۔ نیز نَرِیندر۔

نَرِینَہ فت ن، ی مع، فت ن، صفہ جنس ذکور سے تعلق رکھنے والا۔ **اَولادِ نَرِینہ** بیٹا، بیٹے۔

نَڑ فت ن۔ امثہ نرسل، بانسری کی ایک قسم۔

نَزار فت ن۔ صف۔ نحیف، ناتواں، بدحال۔

نِزاع کس ن۔ امذ ۔ جھگڑا، تکرار، تنازعہ۔

نَزاکَت فت ن، ک۔ امثہ ناتوانی، نسائیت، معشوقیت؛ باریکی، لطافت، ہنر مندی۔ [ف نازک سے وضعی لفظ]۔

نَزاہَت فت ن، ہ۔ امثہ پاکیزگی، پرہیزگاری، عیبوں سے بری ہونا۔

نَزْد فت ن، سک ز۔ صف۔ قریب، پاس نیز **نَزدِیک** قریب۔ امث **نَزدِیکی** قُربت، قرابت۔

نِزْدات کس ن۔ سک ز۔ امذ۔ حساب جو بے باق نہ ہوا ہو؛ غیر متوازن تختۂ حساب، غیر تصفیہ شدہ حسابات۔ نیز **نِزْ داد**۔ [غالباً نج +دات/داد]۔

نَزْع فت ن، سک ز۔ امثہ جاں کنی، آخری وقت۔

نَزْلَہ فت ن، سک ز، فت ل۔امذ۔ زکام۔ اعضائے تنفس کی سوزش و ریزش۔ طب کی رو سے فساد بلغم۔ **نَزلَہ ءِ شُعَبِیَہ** (شُعْ بِ ی) پھیپھڑے کی نالیوں کی سوزش، **نَزلَہ ءِ صَدْرِیہ** (صَدرِی) **نَزلَہ ءِ وافِدَہ** (وافِ د) اِنفلوَینزا۔مثل: **نَزلَہ بَر عُضوِ ضَعیف** کمزور ہی عتاب کی زد میں آتا ہے۔

نُزُول ضمہ ن، ومع۔امذ۔ اُترنا، اوپر سے نیچے آنا، نازل، وارد ہونا، کہیں آ کر قیام کرنا؛ نیز سرکاری زمین۔

نَزْہَت فت ن ز ہ۔ امث پاکیزگی، عیبوں ، برائیوں سے بری ہونا صف۔ **نازِہْ** مث **نازِہَہ** پاکدامن۔

نُزْہَت ضمہ ن، سک ز، فت ہ۔ امثہ سیر و تفریح؛ چہل قدمی، خوش خرامی۔ **نُزْہَت کَدَہ** (ک د) تفریح گاہ۔

نِژاد کس ن۔ امثہ اصل و نسب، نسل، ناتی۔

نِژادِ نَو نئی نسل، نئی پیڑھی، نئی پود، نئے زمانے کے لوگ۔

نَژْنْد فت ن، ژ، سکِ ن۔ صفہ غمگین، افسردہ؛ زبردست، ہیبتناک، خرانٹ؛ بدلا ہوا۔ **نَژْنْدی** افسردگی، غمگینی۔

نَس فت ن۔ امثہ رگ، شریان یا ورید؛ پھول کا ریشہ، پتے کا نرم ڈنٹھل یا باریک اُبھار ۔

نِس کس ن۔ امثہ رات، وقت شب۔ م ف۔ **نِس دِن** رات دن، شب و روز۔

نَسّاب فت ن، شد س۔ امذ۔ خاندانوں کا حال جاننے والا، لوگوں کے حسب نسب کا ماہر، محقق۔

نَسّاج فت ن، شدس۔ امذ جلاہا، نورباف۔

نَسا جال فت ن۔ امذ۔ رگوں کا جال نسوں کا گچھا، تانا بانا؛ مکڑی کا جالا، فریب کا چکر۔

نِساء کس ن۔ اسم جنس۔ عورات، خواتین، عورتوں کی جنس، جنس اِناث۔ صف **نِسائی** زنانہ، نسوانی۔

نَسَب فت ن س۔ امذ۔ خاندانی سلسلہ ، نژاد؛ نِسبت علاقہ۔ **نَسَب نامَہ** (فت ن س م)۔ خاندانی شجرہ؛ (ریاضی) **نَسَب نُما** مکسور رقموں کا عدد کسر، م ۱/۲؛ میں ۲ نسب نما ہے۔

نِسْبَت کس ن، سک س، فت ب۔ امثہ تعلق، ربط، لگاؤ؛ تناسب؛ منگنی؛ مشابہت م ف **بَہ نِسْبت** (بَ نِس بَت) کے مقابلے میں، بمقابلہ۔ صف **نِسْبَتی** رشتہ دار، جس سے بیوی یا شوہر کے تعلق سے رشتہ ہو م؛ **برادرِ نِسْبَتی** سالا یا بہنوئی۔

نَسْتَرَن فت ن سک س، فت ت ر۔ امثہ گل سرخ، جنگلی گلاب، سیوتی (لا ط: Rosa glandulefera)، [فارسی لغات نے نرگس کا مترادف لکھا ہے؛ اور نزد بعض سیوتی]۔

نَسْتَعلیق فت ن سک س، فت ت، سک ع، ی مع۔ (۱) امذ۔ صف رسم الخط یا کتابت کی ایک دیدہ زیب

روش جو دو خطوط نسخ اور تعلیق کا مجموعہ قرار دیا جاتا ہے اور ایران و ہندو پاکستان میں مقبول ہے۔ اس میں سیدھے خط کم اور گولائیاں زیادہ ہیں۔ اسے لکھنے کے لیے قط دار قلم ضروری ہے۔ اور قواعدکتابت نسخ کی نسبت خاصے پیچیدہ ہیں (۲) صف، شائستہ، ادب و آداب سے واقف، خوش کلام، مہذب آدمی؛ خوش قطع (چہرہ) جس کے خدوخال اچھے ہوں اور بشرے سے ذہانت و متانت ظاہر ہو۔

نَسْخ فت ن سک س۔ امذ۔ منسوخی، موقوفی، نفی، تردید؛ **خطِّ نَسْخ** کتابت کی وہ خاص روش جس کی مختلف شکلیں اصل سے کسی قدر فرق کے ساتھ اسلامی دنیا میں رائج ہیں۔ عام طور سے عربی یا قرآنی خط کہلاتا ہے۔

نُسَخ ضمہ ن، س۔ ج مذ۔ نُسخہ کی جمع۔ کتب، متُون۔

نُسْخَہ ضمہ ن سک س، فت خ۔ امذ۔ لکھی یا چھپی ہوئی کتاب، تحریر، تصنیف، یادداشت طبیب کا لکھا ہوا دواؤں کا پرچہ؛ کیمیائی فارمُولا۔ کسی عمل یا ترکیب کا ہدایت نامہ۔

نَسْرِین فت ن، سک س، ی مع۔ امذ۔ سیوتی۔ گلاب سے ملتا ایک سفید خوشبودار پھول؛ نسترن کا مترادف۔

نَسَق فت ن، فت س۔ امذ۔ قاعدہ، دستور، تنظیم، بندوبست؛ آراستگی؛ پنکھڑیوں کی جھالر **نَسَقچی** منتظم، مہتمم۔ ج **اَنْساق**۔ [ع: نیز **نَسْق** مصدر = مرتب، منظم کرنا]

نَسْل فت ن،سک س۔ امث۔ ذُرّیات، اولاد در اولاد کا سلسلہ؛ نوع حیات ؛ جانداروں کی قسم۔ م فـ **نَسلاً بَعدَ نَسلٍ** (نَش لَن بَعْ دَ نَس لِن) پشت در پشت۔

نَسْنا فت ن، سک س۔ ف ل۔ بھاگنا، چنّپت ہونا۔

نِسْوار کس ن، سک س۔ امث۔ ہُلاس، ناس، پسا ہوا تمباکو جسے اس کے عادی ناک میں چڑھاتے ہیں۔ صف **نِسْواری** گہرا کشمشی رنگ۔

نِسْواں کس ن، سک س، غنہ۔ ج مث۔ عورتیں، جنس اِناث [ع۔ اِمراۃ عورت کی جمع بظاہر واحد سے بالکل غیر مماثل]۔ صف **نِسوانی** عورتوں سے منسُوب۔

نِسوت کس ن، و مج۔ صف، خالص، نتھرا ہوا، مصفّیٰ؛ نرا (پانی، تیل وغیرہ)۔

نَسُوڑھیا فت ن، و مع سک ڑھ۔ صف۔ منحوس، سبز قدم، شوم۔

نَسْیاً مَنْسِیّا فت ن، سک س، تن ا بفت، فت م، سک ن، کس س، شد ی۔ صف۔ بالکل فراموش، یکسر بھولا ہوا۔(عام: نَس، یَن مَ نَس یا)۔

نِسْیان کس ن، سک س۔ امذ۔ بھول۔ حافظے کی خرابی۔

نَسِیلا فت ن، ی مع۔ صف۔ رگوں والا۔ ریشہ دار۔

نَسِینی فت ن، ی مع، امث، سیڑھی، کاٹھ کا زینہ [س: نَشرِینْڑی]۔

نَسیم فت ن، ی مع۔ امث۔ تازہ ہوا؛ ہلکی، لطیف ہوا۔

نِسیَہ کس ن، سک س، فت ی۔ امذ قرض، اُدھار، وام۔ [ف۔اُدھار پر خریدنا،ع: نَسِیی (فت ن) بُھول، خطائے ذہن۔ قرض کے معنی میں نِسْیَہ فارسی اردو کا تصرف]۔

نَشْأَۃ فت ن، سک ش، فتء۔امث۔ اگنا، پنپنا، بڑھنا، روئیدگی، بڑھنے کی عمر۔ نیز **نَشْأَہ**۔**نَشْأَت** (نَش اَت)۔امث۔ **نَشْأَۃُ الثّانِیَہ** (نَش اَتُس سا نِ یَ) حیات نو؛ مغرب کے دور احیاء علوم Renaissance کے لیے مستعمل۔ (ع: رائج اصطلاح: نَشاۃ المُستانفہ)۔ تثنیہ **نَشْأَتَین** (نَش اَتَین) دونوں زندگیاں، دنیا و آخرت۔

نِشا کس ن۔ امذ۔ اطمینان، وِشواس، طمانیت۔ نیز **نِشاخاطر** [مخلوط ہ+ع ترکیب]۔

نِشا کس ن۔ امث۔ رات امذ۔ **نِشاچَر** رات کو چلنے والا، شب رَو، لٹیرا، امث **نِشانْدْھا** جو رات کو نہ دیکھ سکے، رات کا اندھا، رَتَوند کا مریض۔

نَشا فت ن۔ امذ۔ کلف، اہار، مانڈی۔ [ع: نَشاء]۔

نِشاشْتَہ کس ن، سک س، فت ت۔ امذ۔ گیہوں کی گری، گیہوں کی پیچ؛ کلف۔

نَشاط فت ن۔ امث۔ خوشی، شادمانی، مسرت۔ عام: **نِشاط**۔

نِشان کس ن۔ امذ۔ آثار، علامت؛ پتہ، کھوج، سراغ؛ ٹھپّا، چھاپا، نقش؛ دھبّا؛ یاد گار، نشانی؛ ہدف، نشانہ؛ دلہن والوں کی طرف سے دولھا کے لیے انگوٹھی وغیرہ کا تحفہ؛ جھنڈا، علَم، پھریرا۔ **نِشانْچی** نشانہ لگانے والا؛ جھنڈا اٹھانے والا۔ **نِشان دِہی** (کس مج د) پتہ بتانا۔ ج **نِشانات**۔

نِشانَہ کس ن، فت ن۔ امذ۔ وہ نشان یا ہدف جس پر تیریا گولی چلائی جائے، جس پر وار کیا یا ضرب لگائی جائے، یا جسے دکھ دیا جائے۔

نِشانی کس ن۔ امث۔ علامت، پہچان؛ نقش، ٹھپّا؛ یاد گار؛ کتاب میں یادداشت کے لیے رکھی جانے والی پتلی لمبی پٹّی۔

نِشْتَر کس ن، سک ش، فت ت۔ امذ۔ فصد کھولنے یا چیرا دینے کا نوکدار اوزار، آلۂ جراحی۔

نَشْت فت ن، سک ش۔ صف۔ گُم، نیست، نابود؛ برباد، تباہ۔

نِشْچِت کس ن، سک ش، کس چ۔ صف۔ تصفیہ شدہ، قرار داد، ٹھہرایا ہو، طے کیا ہوا۔

نِشْچَے کس ن، سک ش۔ ے لین۔ امذ۔ تفتیش، دریافت، تشخیص؛ تصفیہ۔

نَشْر فت ن، سک ش۔ امذ۔ بکھیرنا، پھیلانا؛ مشہور کرنا؛ ریڈیائی لہروں کے ذریعے اشاعت؛ زندہ کرنا یا ہونا۔ مرکب عطفی **حَشْر وَ نَشْر** (فت ح، و مج) اکٹھا کرنا اور منتشر کرنا۔ **نَشْرِیَہ** (نَش رِ یَ) ریڈیو یا ٹیلی وژن کے ذریعے عام اشاعت کے لیے پیش کیا جانے والا پیغام یا پروگرام۔ ج **نَشْرِیات**۔

نِشَسْت کس ن۔ ش، سک س۔ امث۔ بیٹھنا، بیٹھنے کی جگہ، بیٹھک؛ صحبت، مجلس؛ اجزا کو باہم جوڑنے جمانے ترتیب دینے کا عمل یا شکل۔ **نِشَسْت و بَرخاست** (و مج سک س) اٹھنا بیٹھنا، حرکات و سکنات؛ انداز، چال ڈھال جس سے تمیز و تہذیب کا اندازہ ہو۔

نَشْو وَ نُما فت ن، سک ش، و مج، ضمہ ن۔ امث۔ اُگنا، پنپنا۔ پرورش پانے کا عمل [اصلاً نشْو وَ نَماء؛ ن ش ی بڑھنا؛ نَما فت ن کے ساتھ =اُگنا، روئیدگی۔]

نُشُور ضمہ ن، و مع۔ امذ۔ روزِ قیامت، محشر۔

نَشْہ فت ن سک ش، فت ۔ (بروزنِ نغمہ) امذ۔ سُکر، مستی؛ سرور، کیف، ترنگ؛ مدہوشی، غفلت؛ جوش۔ ولولہ، گھمنڈ۔ [ع: نَشو] عام **نَشا** صف **نَشْہ آوَر** مست کرنے والا، مُنَشّیٰ۔

نَشیب فت ن، ے مج۔ امذ۔ ڈھلان۔ گڑھا۔

نَشید فت ن، ی مع۔ امذ۔ نغمہ۔ گیت، ترانہ۔

نَشیلا فت ن، ی مع۔ صف۔ نشے کی کیفیت میں؛ نشہ آور۔ [وضعی لفظ]۔

نَشیمَن فت ن، ے مج، فت م۔ امذ۔ آشیانہ، گھونسلا؛ بسیرے کی جگہ، مکان، گھر۔ [اصلاً ف: **نِشیمَن** کس ن]۔

نَص فت ن۔ امذ۔ متن، عبارت؛ رقم، تحریر۔ ج **نُصُوص** (ضمہ ن۔ و مع)۔ **نُصُوصِ قُرآنی** قران مجید کی آیات کے اصل الفاظ۔

نِصاب کس ن امذ۔ سرا، شروع، آغاز، مقررہ کم سے کم پونجی جس پر زکات عائد ہوتی ہے؛ مقررہ درس یا درسی کتب جو کسی جماعت کے طلبہ کے لیے پڑھنا ضروری ہو، پڑھائی کا کورس۔

نَصارا فت ن۔ ج مذ۔ حضرت عیسیٰؑ کے ماننے والے؛ عیسائیت کے پیرو۔ نیز **نَصاریٰ** (ی غم) واحِد **نَصْرانی**۔

نَصائِح فت ن، کس مج ء۔ ج مذ۔ نصیحت (رک) کی جمع، نصیحتیں۔

نَصْب فت ن۔ سک ص۔ امذ قائم کرنا، استادہ کرنے کا عمل۔ بنا کے کسی جگہ لگانا، جمانا، زمین میں گاڑ کے کھڑا کرنا؛ اَن گھڑ پتھر جسے پوجا جائے؛ کسی سمت کا قصد کرنا یا نشانہ لینا۔ **نَصْبُ ٱلعَین** (نَس بُل عَین) مقصد اصلی۔

نَصْر فت ن، سک ص۔ امذ۔ مدد، تائید، حمایت؛ فتح، کامرانی۔ اکیف مث **نُصْرَت**۔

نصف کس ن، سک ص۔ صف۔ آدھا **نصفُ ٱلنّہار** (نِس فُن نَ ہار) دوپہر۔ زوال آفتاب کا وقت۔ **نصف قُطْر** دائرے کے مرکز سے دور تک سیدھا خط، یا اتنا فاصلہ۔

نَصَفَت فت ن ، ص، فـ امث انصاف، عدل۔

نَصُوح فت ن، و مع۔ صف مخلص، قول کا سچا، نیک نیت **تَوبَۃ ٱلنَّصُوح** پُرخلوص، پکی سچی توبہ۔ نیز **تَوبَۃً نَّصُوحا** (تَو بَ تَنْ نَ سُو حا)۔

نَصِیب فت ن، ی مع۔ امذ۔ حصہ، حاصل تقسیم، مقدّر، نیز **نَصِیبا** تقدیر۔ روز مَرہ۔ **نَصِیب اَعدا** خدا نخواستہ، دور پار۔

نَصِیحَت فت ن، ی مع، فت ح۔ امث۔ اچھی صلاح، نیک مشورہ، آگاہ متنبّہ کرنا، اونچ نیچ سُجھانا۔ خبردار کرنا، محاورہ **نَصِیحت ہونا** سبق ملنا۔

نَصِیر فت ن، ی مع۔ صف۔ مدد گار، معاون، دوست، یاور۔

نَضارَت فت ن، ر۔ امث۔ تازگی، بالیدگی، سرسبزی، آبداری، طراوت۔ صف **نَضِیر**۔

نِطع کس ن سک ط۔ امذ۔ چمڑے کا دسترخوان؛ کھال جس پر قتل کرنے کےلیے لٹاتے تھے؛ تالُو۔

نُطْفَہ ضمہ ن، سک ط، فت ف۔ امث۔ مادّہٗ منویہ، دھات، جو مرد کے انزال میں خارج ہو کر عورت کے رحم میں حمل قرار پانے کا باعث ہوتی ہے۔ کنایتہً اولاد۔

نُطْق ضمہ ن، سک ط۔ امذ۔ بامعنی کلام، بات کرنے کی قدرت، گویائی، بول، بات۔

نَطُول فت ن، و مع۔ امذ۔ ٹکور، جسم کی گرم پانی سے سنکائی۔

نِظارَت کس ن، فت ر۔ امث۔ نگرانی، معائنہ، منتظمی۔ امذ **ناظِر** عام: **نَظّارَت**۔

نَظّارَہ فت ن، شد ظ، فت ر۔ نظر کرنا، دیکھنا، تماشا؛ منظر، جو دکھائی دے۔ نیز نَظارَہ (بلاشد) [ع: نظر دیکھنا، ناظر دیکھنے والا منظر جو نظر آئے، نظّارہ = دُوربین، آلۂ دوربین]۔

نَظافَت فت ن، فـ امث۔ پاکیزگی ستھراپن، صفائی۔ صف **نَظِیف** (ی مع) پاکیزہ۔

نِظام کس ن۔ امذ۔ ضابطہ، قرینہ۔ بندوبست، باقاعدگی؛ مربُوط ادارہ، تنظیم، ضابطہٗ کار، کار پردازی؛ **نِظامُ ٱلمُلک** کا مخفف جو عہد سابق میں ایک اعلیٰ منصب اور خطاب تھا۔ **نِظامُ ٱلاوقات** پروگرام لائحہٗ عمل۔ **نِظامِ شَمْسی** سورج اور اس کے گرد گھومنے والے سیّارے۔

نِظامَت کس ن، فت م۔ امث۔ ناظم کا عُہدہ یا منصب۔ (قب: انگ: ڈائریکٹریٹ)۔

نَظائِر فت ن، کس ء ۔ ج مذ، مث۔ نظیر کی جمع، نظیریں، مثالیں۔ نمونے۔

نَظَر فت ن، ظ۔ امث۔ نگاہ۔ بصارَت، نگرانی، معائنہ؛ پرکھ، جانچ، تیزنگاہی؛ توجہ، التفات ؛ بھوت پریت کا اثر، کسی حاسد یا بدخواہ کی آنکھ کا اثر۔ **نَظَر بَٹّو** داغ جو نظر بد سے بچانے کے لیے لگا یا جائے۔

نَظَری فت ن، ظ۔ صف۔ خیالی، قیاسی (بحث، تصور، مسئلہ)، بدیہی و اختیاری یا تجربی کی ضد؛ رد، نامنظور، ناپسند۔ محاورہ **نَظَری کرنا** کاٹ دینا، قلمزد کرنا، مسترد کرنا۔

نَظَرِیَہ فت ن، ظ، کس ر، شدفت ی۔ امذ۔ کلّیہ، خیال، قیاس جو ثبوت طلب ہو۔ جس کی تائید میں ثبوت لائے جائیں۔ ج **نَظَرِیّات** م **نَظَرِیۂ اِضافِیَت** حکیم آئن سٹائن کا عہد آفریں کلّیہ جسکی رو سے ابعاد ثلاثہ کے علاوہ ایک بعد زماں بھی ہے۔

نَظم فت ن، سک ظ۔ امث۔ لڑی، مالا؛ بندوبست، قرینہ؛ موزوں کلام، شاعری؛ **نَظمِ پروین** عقد ثریّا، سات سہیلیوں کا جھمکا۔ **نظمِ آزاد** ایسی شاعری جس میں مقررہ ارکان بحر کی پابندی نہ ہو۔ **نَظمِ مُعَرّیٰ** (مُ عَرْ را، ی غم) بے قافیہ نظم۔ **نَظمِ مُقَفّیٰ** (مُ قَف فا) وہ اشعار جن میں وزن و قافیہ موجود ہو۔

نَظْم وَ نَسَق فت ن، سک ظ، و مع، فت ن س۔ امذ مرکب عطفی۔ انتظام، بندوبست۔

نَظِیر فت ن ی مع۔ امث۔ مثال، نمونہ، صف۔ مثل، مانند۔

نَظِیف فت ن، ی مع، صف۔ رک؛ نظافت۔

نَعْت فت ن، سک ع۔ امث۔ قصیدہ، مدح۔ خصوصاً وہ کلام جو آنحضرت صلعم کی توصیف و ثنا میں ہو۔ صف **نَعْتِیَہ** (نَعْ تِ ی)۔

نَعْرہ فت ن، سک ع، فت ر امذ۔ پکار، زور کی صدا، جس میں للکار، دعویٰ یا عزم ہو **نَعْرَۂ تَکْبِیر** (نَعْ رَ ءِ تَکْ بیر) اللہُ اکبر پکارنا۔ **نَعْرَۂ نَبَرْد** (نَ بَرْ د) صلاے جنگ، مبارزہ طلبی۔

نَعْش فت ن، سک ع۔امذ۔ جنازہ؛ تابوت، ارتھی؛ لاش، میّت۔ **بَناتُ النَّعْش** (بَ نا تُنْ نَعْشْ) دُبِّ اَکبر/دُبِّ اَصْغَر (رک)۔

نَعْل فت ن، سک ع؛ امذ۔ جوتا، پیزار؛ پاپوش؛ گھوڑے کے سُم میں ٹھونکنے کا لوہے کا حلقہ، ہَیکل؛ محرابی شکل؛ پہلوانوں کے زور کرنے کا نعل کی شکل کا کُندہ؛ خراج، نذرانہ، نیز **نَعلِ بَہا** ماتحت رئیس کی طرف سے مقتدرِ اعلیٰ کو ادا کیا جانے والا باج۔ تثنیہ **نَعْلَین** جوتے کی جوڑی۔

نَعَم فت ن ع۔ کلمۂ اقرار۔ ہاں، اچھا، بجا، درست، امذ۔ مویشی ج: **اَنْعام**۔ مقولہ **عَوام کا اْلاَنْعام** (عَ وام کَل اَن عام) عام لوگ ریوڑ کی طرح (ہنکائے جاتے) ہیں۔

نِعَم کس مج ن، فت ع۔ ج مذ۔ نعمت کی جمع، نعمتیں۔ مرکب عطفی **نازونِعَم** آرام و آسائش لاڈ پیار۔

نِعْمَ اْلبَدَل کس مج ن، سک ع، فت م، ا غم، سک ل، فت ب د۔ امذ۔ کسی نقصان کے بدلے میں ہونے والا فائدہ۔ عمدہ بَدل۔ عام **نِعمُ اْلبَدَل** (ضمہ م)۔

نِعْمَت کس مج ن، سک ع، فت م۔ امث عمدہ، قابل قدر، رشک کے لائق شے، تحفہ یا بخشش؛ دولت، ثروت۔ **نِعْمَتِ غَیر مُتَرَقِّبَہ** (مُ ت رَقْ قِ ب) جو بغیر کسی آس یا توقع کے ہاتھ آ جائے۔ **نِعْمَت خانَہ** (خان) جالی دار الماری جس میں کھانے کی اشیا مکھیوں سے بچانے کے لیے رکھی جاتی ہیں۔

نَعْناع فت ن، سک ع۔ امذ۔ پودینہ۔ (لاط: Mentha piperita)۔

نَعُوذُ بِاللہ فت ن، و مع، ضم مج ذ، کس ب، اغم شدل۔ فقرہ۔ ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ خدا اپنی پناہ میں رکھے۔ (بطور فجائیہ) اپنی برأت کے اظہار یا اپنی بات میں زور پیداکرنے کے لیے مستعمل؛ حاشا، توبہ توبہ ہر گز نہیں؛ حیرت ہے، افسوس ہے نیز **نَعُوذُ بِاللہ مِن ذالک** (کس م، ل) ایسی بات سے خدا پناہ میں رکھے۔

نُعُوظ ضم مج ن، و مع۔ امذ۔ شہوت، خیزش، اِستادگی۔

نَعیم فت ن، ی مع۔ صف۔ امذ۔ با آسائش، پُرمسرت؛ بافیض، باکرامت ؛ م: جَنّتِ نَعیم نعمتوں والی بہشت۔ امذ دولت، ثروت۔

نَغْز فت ن، سک غ۔ صف۔ لطیف، حسین، عجیب، عمدہ، خوب۔ تص نَغْزَک (فت ز) صف نَغْز گو (و مج) خوش کلام، طرفہ گو، جدّت طراز (شاعر) نیز نَغْز گُفْتار (ضمہ گ سک ف)۔

نَغْمَہ فت ن سک غ، فت م۔ امذ گانا، گیت، غنا، موسیقی، لے، ترنّم۔ اکیف مث نَغْمَگی غنائیت، ترنّم۔ نَغْمَہ پَرداز، (فت پ، سک ر) گیت گانے والا، تانیں اڑانے والا، نیز نَغْمَہ سَرا (فت س) نَغمہ سَنْج (فت س، غنہ)۔

نَفّاخ فت ن، شدف۔ صف۔ پیٹ میں اپھارا پیدا کرنے والا، بادی؛ پھونکنے، پھلانے، ہوا بھرنے والا۔

نَفاذ فت ن۔ امذ۔ سرایت کرنا، دخیل ہونا؛ لاگو، عائد، جاری ہونا۔ عام: نِفاذ (کس ن)۔

نِفاس کس ن۔ امذ جننے کے بعد عورت کے جسم سے جاری رہنے والا خون [ع: ولادت، زچگی]۔

نَفاسَت فت ن، س۔ امث۔ صفائی، ستھرائی، پاکیزگی؛ خوبی عمدگی۔ [ع: قیمتی، گراں بہا ہونا]۔

نِفاق کس ن۔ امذ۔ پھوٹ، بگاڑ، ناچاقی، افتراق [ع: دھوکا، فریب کاری بناوٹ]۔

نَفائس فت ف، کس ء۔ ج مذ۔ جواہر، بیش قیمت اشیا۔ واحد نَفیسَہ قیمتی شے۔

نَفْخ فت ن، سک ف۔ امذ۔ پھونکنا، ہوا بھرنا، پھونک سے بجنے والے ساز کو بجانا م: نَفْخِ صُور قیامت کے دن اسرافیل کے صور کا پھونکا جانا۔

نَفَر فت ن۔ امذ، ایک آدمی، نوکر، مزدور؛ آدمیوں کی ٹولی؛ نیز نَفْری اشخاص کی تعداد۔

نَفْرَت فت ن، سک ف، فت ر۔ امث۔ شدید بے رغبتی، ناپسندیدگی، کراہت، گھن؛ بَیر، اِکراہ۔

نَفْرِین فت ن، سک ف، ی مع۔ امث۔ ملامت، پھٹکار، لعنت بھیجنا۔

نَفَس فت ن، فد امذ۔ سانس، ایک سانس کھینچنے کے برابر وقت یا وقفہ؛ کلام، گفتگو م: ہم نَفَس ہم کلام۔

نَفْس فت ن، سک فد امذ۔ جان، روح، ذات، ذہن؛ ذی روح وجود، جاندار، انسان؛ فرد، جوہر اصل شے، اصل مطلب؛ نیز نَفْسُ الْاَمْر (نَفْ سُل اَمْر) اصل حقیقت مرکب اضا؛ نَفْسِ اَمّارَہ (اَم مار) حریص وجود، بہت زیادہ حکم دینے، مطالبات کرنے والی جان یا دل۔ نَفْسِ لَوّامَہ (لَوْ وام) ملامت کرتا رہنے والا ضمیر، نَفْسِ ناطِقَہ (ناطِ قَ) بولنے والا وجود؛ "کسی کا نفس ناطقہ ہونا" سے مراد کسی کے مزاج میں بہت دخیل یا ذہن پر حاوی ہونا۔

نَفْسا نَفْسی فت ن سک فد امث۔ خود غرضی کا دور دورہ سب کا اپنی ا پنی ہوس میں متبلا ہونا، یا اپنی جان بچانے کی فکر میں ہونا۔ نیز نَفْسی نَفْسی [لفظاً: میری جان، میری ذات۔]

نَفْسیات فت ن، سک ف، کس س۔ امث۔ وہ علم جو انسان اور جانداروں کے نَفس، مَن یا وجود ذہنی سے تعلق رکھتا ہے۔ نیز عِلْمُ النَّفْس (عِلْ مُن نَفْس)۔

نِفْط کس ن، سک فد امذ۔ مٹی کا تیل، پٹرولیم۔

نَفْع فت ن، سک فد امذ۔ فائدہ، حاصل، ثمرہ،لابھ؛ منافع، بچت۔ صف نَفْع بَخْش فائدہ مند، سودمند، بارور۔ عام: نَفَع۔

نَفَقَہ فت ن، ف، ق۔ امذخرچ۔ (فقہ) وہ خرچ جو بیوی کے حق میں شوہر کے ذمّے واجب ہو۔

نَفْل فت ن، سک فد امذ۔ فرض و واجب کے علاوہ عبادت نماز کی وہ رکعتیں جو شوقِ صلوٰت میں ادا کی جائیں۔ نیز نافِلہ ج : نَوافِل عام: نَفِل۔

نُفُوذ ضمہ ن، و مع۔ امذ۔ سرایت کرنا، دخیل ہونا؛ لاگو، نافذ، جاری ہونا، موثر ہونا۔

نُفُور ضمہ ن، و مع۔ امذ۔ گریز، نفرت۔ صف۔ **نَفُور** فت ن، بچنے، بھاگنے، نفرت کرنے والا [ع: بھگوڑا، ڈرپوک]۔

نُفُوس ضمہ ن، و مع۔ ج مذ۔ لوگ، اشخاص، افراد؛ جانیں، شخصتیں، **نَفْس** (رک) کی جمع۔ **نُفُوسِ قُدْسِیہ** (ضمہ ق سک د، کس س، فت ی) پاک روحیں، نیک، برگزیدہ اشخاص۔

نَفی فت ن۔ امث۔ اِنکار، تردید، دلیل یا بات کو کاٹ دینا، موقوف، منسوخ، منقطع کرنا، اثبات کی ضد؛ نہیں؛ گھٹانے تفریق کرنے کا عمل۔ [ع: امذ **نَفی** انکار، تردید۔ صف **نَفِیّ** ردکردہ، انکارکردہ، **نَفْیِی** انکاری، غیر اِثباتی]۔

نَفِیر فت ن، ی مع۔ امث۔ شہنائی نیز **نَفِیری**؛ بگل، شیپور؛ خرّاٹا۔

نَفِیس فت ن، ی مع۔ صف۔ اعلیٰ، عمدہ؛ صاف ستھرا پاکیزہ، لطیف خوش وضع، خوش اُسلوب۔

نِقاب کس ن۔ امذ/ امث۔ چہرے کو ڈھانپنے کا پردا؛ بُرقع، گھونگٹ۔ عام **نَقاب** (فت ن)۔

نَقّاد فت ن، شد ق۔ امذ۔ تنقید کرنے والا، تنقید نگار۔ **ناقد** کا صیغہٗ تفصیل۔

نَقّارَہ فت ن، شد ق۔امذ۔ طَبل، نَوبت۔ ایک طرف سے منڈھا ہوا چوڑے منہ کا چوب سے بجایا جانے والا ساز۔

نَقّاش فت ن، شدق۔ امذ۔ مصور، نقش گر۔ امث **نَقّاشی**۔

نُقاط ضمہ ن۔ ج مذ۔ نقطے۔

نَقّال فت ن، شد ق۔ امذ۔ نقل اتارنے، ریس کرنے والا؛ دوہرانے، روایت کرنے والا؛ بہروپیا۔ امث **نَقّالی**۔

نَقاہَت فت ن، ہ۔امث۔ بیماری سے بحالی کے بعد کی کمزوری، ضعف، ناتوانی۔

نَقائص فت ن، کس ء۔ ج مذ۔ نقص (رک) کی جمع۔

نَقْب فت ن، سک ق۔ امث۔ شگاف، سیندھ۔ عام: **نَقَب**، **نَقب زَن** سیندھ مارنے والا۔ خفیہ طور سے شگاف یا سرنگ بنا کر گھس آنے والا۔ [ع: نَقْب: عَلَم ایک صحرائی علاقہ]۔

نَقْد فت ن، سک ق۔ امذ کھری، حاضر رقم؛ ادب یا فن پر رائے زنی، جانچ پرکھ م ف **نَقْدانَقْد** ترت، ہاتھوں ہاتھ۔صف **نَقْد دَم** اکیلا، مجرّد، تنہا۔ **نَقدو نَظَر** (ومج، فت ن ظ) تنقید و تبصرہ۔ امث **نَقْدی** نقد رقم، سکّے۔ [اصلاً ع: سکّوں کو پرکھنا]۔

نِقْرِس کس ن، سک ق، کس ر۔ امذ۔ گٹھیا کا مرض، جوڑوں کا درد وجع مفاصل۔ عام **نُقْرَس**۔

نُقرَہ ضمہ ن، سک ق، فت ر۔ امث۔ چاندی، امذ۔ سفید رنگ کا گھوڑا۔ صف **نُقْرَئی** ۔[فارسی لفظ ہے۔ عربی میں نقرہ = غار، گڑھا]۔

نَقْش فت ن، سک ق۔ امذ۔ تصویر، شبیہہ، مورت؛ رقم، تحریر؛ ٹھپّا، کھدا ہوا نشان یا حروف؛ تعویذ۔ صف **نَقّاش** تصویر بنانے والا، نقش گر، امث **نَقش بَنْدی** تصویر بنانا۔ صف: ایک صوفیانہ مشرب جو حضرت بہاؤالدین نَقْشْبَنْد سے منسوب ہے۔ **نَقْش پَرداز** (فت پ) نقش ساز۔ **نَقْش کاْلْحَجَر** (کل حَ جَر) جیسے پتھر پر کھودا ہوا نشان یا حروف، انمٹ نیز **کاْلنَّقْشِ فِیْ اْلْحَجَر** (کَن نَق شِ فِلْ حَ جَر)۔ **نَقْشی** نقش دار، مُنَقّش نیز **نَقْشِین** ج **نُقُوش** (ضمہ ن)۔

نَقْشَہ فت ن، سک ق، فت ش۔ امذ۔ تصویر، تمثیل؛ خاکہ، جدول فہرست ؛ مثل، نمونہ؛ حالت کیفیت۔

نَقْص فت ن، سک ق۔ امذ۔ کمی، خرابی۔ عیب؛ نقصان، خسارہ، نیز **نُقْصان** گھاٹا، خسارہ، حرج، مضائقہ۔

نَقْض فت ن، سک ق۔ امذ۔ ٹوٹ پھوٹ، شکست و ریخت؛ خرابی، بگاڑ۔ **نَقضِ اَمْن** (فت ا) جھگڑا فساد، بلوہ۔ **نَقْضِ عَہْد** (کس مع ض، فت مع ع، سک ہ) وعدہ خلافی۔

نُقْطَہ ضمہ ن، سک ق، فت ط۔ امذ۔ صفر کا نشان، بندی، (اقلیدس) وہ مقام جہاں دو خطوط ملیں؛ نیز **نُقْطۂ اِتّصال** (کس ا، شد کس مع ت)؛ چھوٹا سا گول دائرہ جو کسی مقام پر یادداشت کے لیے بنا دیاجائے۔ ج **نُقاط** (ضمہ ن) نیز **نِقاط** (کس ن) **نُقْطۂ نَظَر** (فت ن ظ) طرز نگاہ، زاویۂ نظر، سوچ، خیال، نظریہ۔ (انگ: Point of view) **نقطۂ نُہْم دائِرَہ** (ضم مع ن، سک ہ، کس مع ہ، فت ر) تمام عالم کا مرکز، جس کے گرد نو آسمان چکر لگاتے ہیں، مراد انسان یا انسان کامل۔

نَقْل فت ن، سک ق۔ امث نمونہ، نظیر، مثل؛ چربہ، مثنی؛ روایت، کہانی؛ خاکہ؛ منہ چڑانا؛ تبدیلی، ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا۔ صف **نَقْلی** بناوٹی، جھوٹا، جعلی؛ روایت کردہ، عقلی کی ضد۔

نُقْل ضم ن، سک ق۔ امذ۔ شراب کے ساتھ منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کےلیے عموماً نمکین اشیاء؛ (۲) قند کے گولے۔ (پھبتی) **نُقْلِ مَحْفِل** (کس مع ل، فت مع م، سک ح، سک ف) وہ شخص جو اپنی حماقتوں یا مسخرہ پن سے تفریح کا باعث بنے۔

نُقُود ضمہ ن، و مع۔ ج مذ۔ نقد کی جمع؛ جواہر یا زیورات کے عدد، م؛ چند نُقود طلائی۔

نُقُوش ضمہ ن، و مع۔ ج مذ۔ نَقش (رک) کی جمع۔

نَقِی فت ن کس ق، سک ی۔ صف۔ پاک، صاف، مُنَزّہ، بےعَیب۔ (علم) اثنا عشری سلسلے کے دسویں امام علی بن محمد کا لقب۔

نَقیب فت ن، ی مع۔ امذ۔ سربراہ؛ آگے آگے چلنے والا؛ چونکانے، خبردار کرنے والا؛ کڑ کَیت، اعلانچی، معلِن۔

نَقیض فت ن، ی مع۔ صف۔ اُلٹا، برعکس، ضِد، خلاف۔

نُکّا ضمہ ن، شدک۔ صف۔ نکیلا؛ امذ گیڑیوں کا کھیل؛ نوک۔ صف۔ **نُکّے دار** اونچی نوک والی، چونچ دار (ٹوپی)۔

نِکات کس ن۔ ج مذ۔ (بروزن صِفات) نُکتہ (رک) کی جمع۔

نِکاح کس ن۔ امذ۔ عقد، بیاہ۔

نِکاس کس ن۔ امذ۔ اِخراج کی راہ، نکلنے، باہر جانے کا راستہ؛ پانی کے بہاؤ کا رخ یا ذریعہ؛ مال کی فروخت یا برآمد۔ امث **نِکاسی** باہر نکالنا یا نکلنا، ٹھکانے لگانا۔

نِکالا کس ن۔ امذ۔ اخراج؛ نکاسی؛ دفع، دور کرنا، بدر کرنا، م؛ **دیس نِکالا** شہر بدر، ملک بدر کرنا۔

نَکْبَت فت ن، سک ک، فت ب۔ امث۔ بدحالی، مصیبت؛ افلاس۔

نک تَوڑا فت ن، و مع۔ امذ۔ ناز، نخرہ۔ نک چڑھاپن۔

نُکْتَہ ضمہ ن، سک ک، فت ت۔ امذ۔ باریکی؛ نازک، لطیف پرمعنی بات، لطیفہ؛ حاصل کلام؛ اصل مطلب؛ خال، تِل۔ ج **نِکات** (کس ن)۔

نُکْتِیاں ضمہ ن، سک ک، کس ت، غنہ۔ ج مث۔ ایک مٹھائی جو بیسن کی چھوٹی چھوٹی شیرہ بھری گولیوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ واحد **نُکْتی**۔

نِکَٹ کس ن، فت ک۔ صف۔ قریب، نزدیک۔

نَکْٹا فت ن، سک ک۔ صف۔ ناک کٹا؛ بے آبرو، رسوا۔ مث **نَکْٹی**؛ (بازاری) **نَکْٹی کا** بدنام عورت کا جنا (بطور دشنام)۔

نک چڑھا فت ن، چ۔ امذ۔ بدمزاج، دماغ دار، تنک مزاج۔

نک چِھکْنی فت ن، کس چھ، سک ک۔ امث۔

برنجاسف سے ملتی ہوئی ایک بوٹی جس کے پتے ہاتھوں میں مل کر سونگھنے سے بہت چھینکیں آتی ہیں۔(لاط: Artimesia Sternutatoria)۔

نَکِرَہ فت ن، کس مج ک، فت ر۔ (بروزن مَلِکہ) صف (قواعد) وہ اسم جو کسی نوع یا جنس کے کسی ایک فرد یا نمائندہ اکائی کو ظاہر کرے، م: گھوڑا، سر، شہر؛ معرفہ کی ضد، نیز **اِسم نَکِرَہ**۔

نُکّڑ ضمہ ن، شدفت ک۔ امذ۔ راستے کا سرا یا موڑ۔

نَک سِک فت ن کس س۔ امذ۔ شکل و صورت، قدوقامت، بات گات۔ محاورہ **نَک سِک سے دُرُسْت** خوش قطع خوش شکل۔ [نکھ = ناخُن + شیکھ چوٹی؛ پاؤں کے ناخن سے سر کی چوٹی تک]۔

نِکَسْنا کس ن، فت ک، سک س۔ ف ل۔ نکلنا، نمودار ہونا۔

نَکْسِیر فت ن، سک کس، ی مع۔ امث۔ ناک سے خون آنا ف م: **نَکسِیر پھُوٹنا**۔

نَک گھِسْنی فت ن، کس گھ، سک س۔ امث۔ ناک رگڑنا، عاجزی، خوشامد۔

نِکَلنا کس ن، فت ک، سک ل، ف ل۔ خارج ہونا، باہر آنا؛ اُگنا، پھوٹنا؛ طلوع، ظاہر ہونا، جاری، صادر ہونا؛ فاصل، زائد ہونا؛ مشہور ہونا، ثابت، محقق ہونا؛ رواج پانا۔ ایجاد ہونا؛ گزر جانا۔ چلا جانا م: موقع نکل گیا۔

نِکَمّا کس ن، فت ک، شدم۔ صف۔ خالی، بیکار؛ نکھٹو، نالائق، ناکارہ، ناقص۔

نَکّو فت ن، شدک، ومع۔ صف رسوا، بد نام۔

نِکو کس ن، و مج۔ صف۔ عمدہ، خوب، بھلا۔ م: **نِکوَ سِیرَت/سِیَر** (کس س، فت ی) اچھی طبعیت یا خصوصیات رکھنے والا، **نِکوَ کار** خوش اطوار، اچھے کام کرنے والا، **نِکوَ نام**، نیک نام۔ نیز **نیکُو/ نیکوَ** امث **نِکوئی/ نیکوئی** خوبی، نیکی۔

نَکْوا فت ن، سک ک۔ امذ۔ سوئی یا سوئے کا ناکا؛ ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کا سوراخ۔

نِکوَہِش کس ن، و مج، کس ہ۔ امث۔ ملامت، دُھتکار، پھٹکار، سرزنِش۔

نَکْہَت (۱) فت ن، سک ک، فت ہ۔ امث۔ خوشبو، مہک۔

نَکْہَت (۲) فت ن، سک ک، فت ہ،امذ۔ چاند کا ایک دورہ جو ۲۷ دن کا شمار ہوتا تھا۔ نیز **نَکھَت** (فت ن، کھ) [س: نَکْشَتْر]۔

نَکِیرَین فت ن، ی مع، ے لین۔ رک: مُنکر نکیر۔

نَکِیل فت ن ے مج۔ امث۔ اُونٹ کی مُہار۔

نُکِیلا ضمہ ن، ی مع۔ صف۔ نوک دار۔ مث **نُکِیلی**۔

نَکھ فت ن، سک کھ۔ امذ۔ ناخُن؛ (ہاتھ پانوں کے ناخنوں کی رعایت سے) ۲۰ کا عدد یا ایک کوڑی۔

نِکھاد کس ن۔ امذ۔ سَپتک کا ساتواں سب سے اُونچا سُر؛ نی۔

نِکھار کس ن۔ امذ۔ تازگی، شادابی؛ صفائی، اُجلاپن۔ ف ل **نِکھَرنا** جلا، رونق، تازگی پانا۔

نِکھَتّر کس ن، فت کھ، شد فت ت۔ صف۔ بہت برا، ناکارہ، عیبی۔

نِکھَٹُو کس ن، فت کھ، شدٹ، ومع۔ صف۔ مفت خورا، کام چور، بےکار رہنے والا۔ جو کچھ نہ کمائے۔

نِکَھد کس ن۔ فت کھ۔ صف۔ نِکھتر۔

نِکَھنڈ کس ن، فت کھ، سک ن۔ صف ٹھیک آ دھا، نِصفا نِصف۔

نَگ فت ن۔ امذ۔ قیمتی پتھر کا ترشا ہوا ٹکڑا، نگینہ؛ سامان کے عدد، م: ایک پھیرے میں چار نگ آئے۔

نِگار کس ن۔ امذ۔ مُورت، تصویر؛ حسین، معشوق؛ بیل بوٹا، نقش؛ (بطور لاحقہ) لکھنے والا م: نظم نگار؛

ہاتھوں کی مہندی کا نقش امث **نگار بندی** حنا بندی۔ امذ **نِگار خانَہ** تصویر خانہ، تصویروں یا نقاشی سے سجایا ہوا مکان۔ صف **نگارِیں** آراستہ، بیل بوٹوں سے سجا ہوا، منقش۔

نِگارِش کس ن، ر۔ امث۔ لکھنا، رقم کرنا؛ رقم، تحریر۔

نِگالی کس ن، امث۔ حقے کی نے کا سرا جس میں مُہنال لگاتے ہیں۔

نَگاہ کس ن۔ امث۔ نظر ، بینائی، بصارت؛ آنکھ؛ توجہ؛ نگرانی؛ پرکھ۔ مخفف **نِگہ** (کس ن، کس مج گ) م؛ **نِگہدار** (کس مج گ) نگرانی کرنے والا، **نِگہداشت** (کس مج گ) حفاظت، رکھوالی۔

نَگَر فت ن گ۔ امذ۔ شہر، بڑی بستی۔ تصغیر **نگری** (کس گ)، نیز **نَگَریا** (فت گ، سک ر)۔

نِگر کس ن، فت گ۔ لاحقہٗ فاعلی۔ دیکھنے والا م؛ حق نگر۔ سچائی پر نظر رکھنے والا؛ **دَسْت نِگَر** مدد کا محتاج۔

نِگَراں کس ن، فت گ۔ صف۔ نگہبان، چوکسی، حفاظت رکھوالی کرنے والا۔ اکیف مث **نِگْرانی** (سک گ)۔

نِگَلنا کس ن فت گ، سک ل۔ ف م۔ حلق سے نیچے اُتارنا؛ کھانا؛ ہضم، خورد برد کرنا۔

نِگَم کس ن، فت گ۔ امذ۔ مقدس صحیفہ، ویدوں کا کوئی اشلوک؛ نگر، شہر؛ منڈی، بازار؛ باٹ، راستہ؛ بیوپاری۔

نِگَنْد کس ف، فت گ، سک ن، امث۔ ایک بوٹی جس کے پتے پودینے سے مشابہ ہوتے ہیں، آگ بلیا۔ اس کی ایک بہتر قسم **نِگَنْد بابَری** کہلاتی ہے۔ دواءً مستعمل، مصفّیِ خون (لا ط: Vitex ningandu اور Eugenica Acutangula)۔

نِگَنْدَہ کس ن، فت گ، سک ن، فت د۔ امذ۔ روئی بھرے کپڑے مثلاً کمری، دَگلے یا جڑ اول مثلاً لحاف کی سطح پر لگائے ہوئے ٹانکوں میں سے کوئی ٹانکا جو روئی کو جمائے رکھنے کے لیے دیے جاتے ہیں تاکہ وہ ٹوٹ کر گالوں کی صورت میں نہ بٹ جائے۔

نِگوڑا کس ن، و مج۔ صف۔ (عورات) گھٹنے ٹوٹا، کمبخت؛ بدنصیب، بے چارہ، لائق ہمدردی۔ نیز نگوڑ مارا۔ مرکب **نگوڑا ناٹھا** اکیلا، مجرّد؛ بے اہل و عیال۔ مث **نگوَڑی ناٹھی**۔

نِگُوں کس ن، و مع غنہ۔ صف۔ جھکا ہوا، خمیدہ؛ الٹا، اوندھا **نگُونسار** (غنہ) جس کا سر جُھکا ہوا ہو۔ شرمندہ، خجل۔

نِگھرا کس ن، فت گھ۔ صف۔ بےگھر، بے ٹھکانا۔

نَگِین فت ن، ی مع۔ امذ۔ منکا، نگ، نگینہ۔

نَل فت ن۔ امذ۔ بانس کی طرح کی کھوکھلی عموماً دھات کی ڈھلی ہوئی موٹی نالی؛ ایک قسم کا بانس (لاط Amphidonax Karka)۔ عَلَم؛ (ہندو اساطیر) ایک راجہ کا نام جو اپنی بیوی دمینتی کو جوئے میں ہار گیا تھا۔ مرکب **نَل کُنْواں** وہ کنواں جس میں سے نل کے ذریعے پانی کھینچا جائے، ٹیوب وَیل۔ **نَل کھوَنْچا** سریش لگا کر چڑیاں پکڑنے کی لمبی چھڑ۔

نَلا فت ن۔ امذ۔ ہڈی، خصوصاً پنڈلی کی ہڈی؛ پیشاب کی دو نالیوں میں سے کوئی جو گردے سے مثانے تک جاتی ہیں بول چال (عورات) **نَلا ٹَلْنا** (فت ٹ) ناف ٹلنا، پیٹ کے پٹھوں کا اکڑ جانا۔

نَلائی فت ن امث۔ کھیت کیاری وغیرہ میں سے فالتو گھاس اکھاڑنا۔ نیز **نَرائی**۔

نَلْکا فت ن، سک ل۔ امذ۔ ٹونٹی دار نل جس میں سے پانی نکالا جاتا ہے۔ تص: **نَلْکی**۔

نِلْوَہْ کس ن، ومج (بروزن گِروَہْ)۔ صف، م فد سالم، سموچا؛ تمامتر؛ ایک دم؛ بےتکان۔

نَلی فت ن۔ امث۔ نلکی؛ بازو یا پنڈلی کی ہڈی جس میں حرام مغز ہوتا ہے، گودے دار ہڈی۔

نَم فت ن۔ صف، امذ، گیلا، تر، مرطوب ؛ گیلاپن؛ رطوبت، نمی۔ مرکب **نَم گِیر** رطوبت جذب کرنے والا۔ **نم گیرا** (ی مع) اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تانی جانے والی چادر، شبنمی۔

نُما ضمہ ن۔ لا حقۂ فاعلی۔ دکھانے والا؛ م: **جَہاں نما** جس میں دنیا کے مناظر دکھائی دیں جیسے جام جہاں نما (رک)، **قبلہ نُما** سمت بتانے والا مقناطیسی آلہ؛ مشابہ مثل، جیسا م: **فَلَک نُما** آسمان جیسا؛ نظر آنے، دکھائی دینے والا۔ م: **خُوشْنُما** (ومعدولہ، سک ش، ضمہ ن) دیدارو۔

نَماز فت ن۔ امث۔ عبادت صلوٰۃ **نَماز اِسْتِسْقا** بارش کی دعا کےلیے پڑھی جانے والی نماز۔ **نَماز پیشِیں** (ے مج، ی مع، غنہ) طلوع آفتاب کے بعد پہلی نماز، چاشت یا ظہر کی نماز۔ صف۔ **نَمازی** عبادت گزار۔ مراصنا (بول چال) **نَمازی کا ٹَکا** انعام کے پردے میں شرارت کی سزا (تلمیح ایک حکایت کی طرف کہ ایک لڑکے نے کسی نمازی کی ٹانگ پکڑ کر کھینچ لی اس نے اسے ایک ٹکا انعام دیا۔ اس سے حوصلہ پا کر اس نے یہی حرکت ایک اور کے ساتھ کی اور خاطر خواہ سزا پائی)۔

نَمّام فت ن، شد م۔ صف چغلخور، اِدھر کی اُدھر لگانے والا، لُترا۔

نُمائِش ضمہ ن، کس ء۔ امث۔ دکھانا، دکھاوا؛ ملاحظے کے لیے پیش کرنا، میلہ؛ میلہ لگانا؛ مصنوعات، فن پاروں وغیرہ کو عام ملاحظے یا فروخت کے لیے ترتیب دینا، سجانا۔ صف **نُمائِشی** مصنوعی، دکھاوے کا۔

نُمائِندگی ضمہ ن، کس ء، کس د۔ امثہ کسی کی قائم مقامی، کسی کی طرف سے وکالت یا ترجمانی۔

صف **نُمائِندہ** ترجمان، قائم مقامی کرنے والا؛ مثالی، نمونے کا۔

نُمایاں ضمہ ن، غنہ۔ صف۔ ظاہر، بیّن، عیاں؛ ممتاز، مشہور۔

نِمٹانا کس ن، سک م ۔ ف م۔ ختم کرنا، طے کرنا، چکانا۔ ف ل **نِمٹنا** فارغ ہونا، عہدہ برآ ہونا۔ نیز **نِبٹانا، نِبٹنا**۔

نِمُچّھا کس ن، ضمہ م ، شد چھ۔ صف۔ بے موچھوں کا، بے برُوت۔

نَمَد فت ن م۔ امذ۔ بغیر بُنا کُوٹ کر تیار کیا ہوا موٹا اونی کپڑا جس کا کمبل، ٹوپی یا بچھونا وغیرہ بناتے ہیں، نیز **نَمْدَہ** (نم دَ)۔ محاورہ **نَمْدَہ کَسنا** روانگی کے لیے تیار کرنا، دفع کرنا، قابو میں کرنا۔

نَمَسْتے فت ن، م ، سک س۔ امذ۔ ہندوانی سلام کا کلمہ۔ لفظاً : آپ کو سلام۔ نیز **نَمَسْکار** جھک کر تعظیم دینا، پر نام کرنا، ڈنڈوت۔ [س: نَمَس = جھکنا، پر نام کرنا]۔

نَمَش فت ن م۔ امذ۔ خاص ترکیب سے اٹھائے ہوئے دودھ کے لطیف جھاگ جن میں شکر ملا کر تفریحاً کھاتے ہیں۔ [ف: نِمشک = بالائی]۔

نَمَط فت ن م۔ امذ۔ انداز، روش، طریقہ۔ حرف تشبیہ مثل، مانند [ف : نَمَدہ کا معرّب۔]

نَمَک فت ن م۔ امذ۔ سفید سلونے ذائقے کی معدنی شے جو سمندر میں افراط سے گھلی ہوئی ہے اور کانوں سے بھی کھود کر پتھریلے ڈلوں کی شکل میں نکالی جاتی ہے؛ کھار، نون، مِلح؛ کھاری پن، سلونا ذائقہ؛ حسن، دلکشی، سانولی رنگت؛ لطافت، چاشنی، گفتار، کلام وغیرہ کی مزیداری۔ امث **نَمَک چَشی** کھانے کاذائقہ چکھنا نیز استعارۃً کسی کی خوبی پرکھنے کے لیے نظر ڈالنا، آزمائش کرنا۔ امذ **حَقِّ نَمَک** وہ فرض جو ملازم خود پر آقا کی

پرورش کی بنا پر اخلاقاً عائد سمجھتا ہو۔ صف

نَمک حرام (فت ح) احسان فراموش دغا باز (خصوصاً سابق ملازم)۔ نیز بطور دشنام۔ **نَمک حلال** خیر خواہ (ملازم)۔ صف **نَمکین** (فت ن سک مٖ، ی مع) نیز **نَمکیں** (فت ن م، ی مع غنہ) اکیف مث **نَمکینی** (نَم کی نی)۔

نِمکوَلی کس ن، سک م، و مج۔ امث نبولی، نیم کا پھل۔

نَمَل فت ن، سک م۔ امثہ چیونٹی۔ صف **نَملی** سست رفتار، خفیف (نبض)۔

نَمَن فت ن م۔ حرف تشبیہ ۔ مثل، مانند (قدیم)۔

نُمُو ضمہ م، و مع۔ امثہ پنپنا، پروان چڑھنا؛ روئیدگی، بالیدگی، افزائش۔

نُمُود ضمہ ن، و مع۔ امث ظہور، نمایاں ہونا، نظر آنا؛ جلوہ، جھلک؛ نمائش، رونق۔ تابداری۔ مرکب **نُمُودِ بے بُود** (ومج) جھوٹی نمائش، وہم، سراب۔

نُمُودار ضمہ م، و مع۔ صف۔ ظاہر، آشکار، پیدا۔

نُموذَج ضمہ ن، و مع، فت ذ۔ امذ۔رک: **اُنموذَج**۔

نَمُونَہ فت ن، و مع، فت ن۔ امذ۔ مثل، نظیر؛ اصل کی نقل، نقشہ، مثال یا نمائندہ [نیز ف: **نُمُونَہ**]۔

نِمُوہا کس م، ومع۔ صف۔ چپ رہنے والا، کم سخن۔

نَمِیقَہ فت ن، ی مع، فت ق امذ۔ خط، نامہ، نوشتہ۔

نِنانْوَاں کس ن، ا مغ۔ صف۔ جِس کا نام لینا منحوس ہو، قابل نفرت۔ (زنانہ بول چال) مراد: ہیضہ، منہ کا چھالا یا درد سر۔

نِنّانْوے کس ن، شد ن، سک ن، ی‌مج۔ عدد۔ سوسے ایک کم، نوے اور نو (۹۹)۔ صف **نِنّانواں** مث **نِنّانویں** (ی مع غنہ) امذ **نِنّانوے کا پھیر** لالچ، ہوس کا چکّر۔

نَنْد فت ن، سک ن۔ امثہ شوہر کی بہن۔

نِنْدا کس ن، سک ن۔ امث ملامت، رُسوا کرنا، الزام دہی۔

نِنْداسا کس ن مغ۔ (بروزن نِوالہ)۔ صف۔ نیند میں بھرا، خمار آلود۔ مث **نِنْداسی**۔

نَنْدوئی فت ن، سک ن، و مج۔ امذ۔ نند کا شوہر۔

نِنْدیا کس ن، سک ن د (بروزن چِندیا) نیند کی تصغیر (گیتوں، لوریوں میں مستعمل)۔

نَنگ فت ن، غنہ۔ امذ۔ رسوائی، بدنامی؛ باعث ذلت و خواری؛ شرم، لاج، غیرت؛ شہرت، عزت م: **حفظ نامُوس و نَنگ** (کس ح، کس مج ظ، و مع، و مج) عزت، حرمت کا بچاؤ۔

نَنگا فت ن، غنہ۔ صف۔ برہنہ، بےلباس، چُم؛ ظاہر، عیاں؛ فحش؛ سپاٹ، بےآرائش، مث نَنگی۔ عریاں،بےنیام (تلوار)۔ اختصار: **نَنگ** م: **نَنگ دَھڑَنگ** (ضمہ د ھ) ننگا چُم۔ مَثل **نَنگی کیا نَہائے گی کیا نچوڑے گی** بے مقدور، نادار کی نسبت فقرہ، عموماً اپنی ذات کی بابت۔

نَنّھا فت ن، شد نھ۔ صف۔ امذ۔ چھوٹا، مختصر، مہین؛ چھوٹا سا بچہ؛ کم عمر، ناسمجھ، ناتواں لڑکا۔ مث **نَنّھی**۔

نَنھیا فت ن۔ سک نھ۔ صف۔ نانا، نانی سے منسوب م: ننھیا ساس، شوہر یا بیوی کی نانی؛ **نَنھیا سُسَر** (ضمہ س، فت س) بیوی یا شوہر کا نانا۔

نَنھیال فت ن، سک نھ۔ امث۔ نانا نانی کا گھر یا کُنبہ۔ نیز **نانِہال** (کسج ن)۔

نَو ولیں عدد۔ ایک کم دس ۔ صف **نَواں** مث **نَویں** (ی مع)۔مرکب **نَورَتْن** (فت ر، سک ت)، نو جواہر یا نونگ، بازو بند، جوشن(نیز **نَونَگے**): خاص الخاص اہل دانش کا روایتی گروہ؛ جلال الدین اکبر اور اس سے پہلے بکرما جیت کے نومنتخب درباریوں کا لقب؛ مختلف ترکاریوں کی ملی جلی بُھجیا، دیوانی ہنڈیا۔ **نَو لَکّھا** نو لاکھ کی لاگت کا (ہار، محل وغیرہ)۔

نَو ولین۔ صف۔ نیا، جدید تازہ۔ انوکھا، مرکب **نو آبادی** استعماری طاقتوں کے بیرونی مقبوضات کا اصطلاحی نام لفظاً نئی آباد کردہ سرزمین۔ صف **نَو آئِین** نئی طرز کا، اچھوتا۔ **نَو بہ نَو** تازہ بتازہ، نئے سے نیا۔ **نَو خاستَہ** (سک س فت ت) تازہ اُگا ہوا؛ **نورَس** فصل کا تازہ پکا ہوا پھل۔ **نَوسِیکھ** (ی مع) زیرتربیت، اناڑی، نیز **نَومَشق، نَو آموز**۔

نوا فت ن۔ امث۔ آواز، صدا؛ لحن، نغمہ؛ ساز و سامان م؛ **بَرگ وَ نَوا** (فت ب سک ر، ومج)۔

نَوّاب فت ن، شدو۔ امذ۔ رئیس، امیر؛ نائبِ شاہ نیز عام؛ **نَواب** (بلا شد) [ع؛ نُوّاب؛ نائب کی جمع]۔

نَواح فت ن۔ امذ ج مذ۔ آس پاس کا علاقہ، مضافات، قرب و جوار۔ واحد **ناحِیَہ** علاقہ، رقبہ، قطعہ، ضلع، نیز رخ، سمت، نقطۂ نظر۔

نَوادِر فت ن، کس د۔ ج مذ۔ نادرہ (رک) کی جمع؛ اچھوتی، غیر معمولی، نایاب اشیا۔ ج ج **نَوادِرات**۔

نِواڑ کس ن۔ امث۔ سوت کی بُنی ہوئی چوڑی پٹی جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔ [ف؛ نَوار، نُوار]۔

نِواڑا کس ن۔ امذ دریا کی سیر کے لیے تفریحی کشتی، بجرا، بَھڑ۔

نَواز فت ن۔ لاحقۂ فاعلی۔ ساز بجانے والا؛ خاطر داری، قدر افزائی کرنے والا م؛ مرکب **نَے نَواز سامِعَہ نواز؛ غَرِیب نَواز** نیز صف **نَوازِندہ** (کس ز، سک ن، فت د) ساز بجانے والا۔

نَوازِش فت ن، کس ز۔ امث۔ عنایت، کرم، مہربانی، قدردانی۔ مرکب عطفی؛ **کرم نَوازِش**۔

نِواس کس ن۔ امذ۔ رہنا، اقامت کرنا، بسیرا کرنا؛ رہنے کا مکان۔

نَواسَہ فت ن، س۔ امذ۔ بیٹی کا بیٹا، پوردخت، مث **نَواسی**۔

نَواسی فت ن۔ عدد۔ اسّی اور نو، ایک کم نوّے (۸۹)۔

نَواسِیر فت ن، ی مع۔ ج مذ۔ رک؛ **ناسُور**۔

نَواصِب فت ن، کس ص۔ ج مذ۔ رک؛ **ناصِب**۔

نَوافِل فت ن، کس ف۔ ج مذ۔ رک **نَفل**۔

نَوال فت ن۔ امذ۔ بخشش، عطا۔

نِوالَہ کس ن، فت ل۔ امذ۔ لقمہ۔

نَوانا کس ن۔ ف م۔ جھکانا، نیچا کرنا۔ م؛ **سِیس نَوانا** سر جُھکانا۔

نَواہی فت ن۔ ج مذ۔ رک؛ **نَہی**۔

نَوبَت ولین، فت ب۔ امث وقت، مرحلہ، درجہ؛ حالت، کیفیت؛ مصیبت؛ نقّارہ، ڈنکا؛ مہلت، موقع۔صف **نَوبَتی** باری کا، وقفہ وقفہ سے آنے والا (م؛بخار)۔ امذ؛ نوبت بجانے والا۔

نَوٹَنکی ولین، فت ٹ، غنہ۔ امث۔ دیہاتی ناٹک۔

نَوج ولین۔ امث، فجائیہ (عورات) خدانخواستہ ایسا کیوں ہو، بھلا کاہے کو۔ ہر گز نہیں [غالباً س؛ نَوچیت = نہیں تو]۔

نوچ ومج، امث۔ خراش، نُہٹّا؛ ف م **نوچنا** ناخنوں سے کُھرچنا، کھسوٹنا، توڑنا، اکھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا، جھپٹنا؛ بھنبھوڑنا؛ پنجے، چونچ یا دانتوں سے کسی چیز کوریشہ ریشہ یا جھیر جھیر کرنا۔

نَوچی ولین امث۔ رنڈی جو کسی نائکہ کی نگرانی میں ہو۔

نَوحَہ ولین، فت ح امذ۔ گریہ وزاری، واویلا؛ مرثیہ۔ **نَوحَہ خوّاں** (خاں) نالہ و بکا کرنے، ماتمی شعر پڑھنے والا۔

نَوَد فت ن، و ۔ عدد۔ نوّے (۹۰)۔

نُور و مع۔ امذ۔ روشنی، جوالا؛ بینائی؛ بصارت؛ نیک ہدایت، بصیرت، جلائے قلب؛ رونق، آب و تاب؛ برق بجلی۔ صف **نُوری** مادّی روشنی کی موجوں سے متعلق؛ **نُورانی** مجازاً روحانی روشنی یا بصیرت سے متعلق۔ **نُورُالعَین** (نُورُل عَین) آنکھوں کی روشنی،

نیز نُورِچَشم (فت چ، سک ش) مراد: نہایت عزیز۔
نُورْ باف و مع۔ امذ مسلمان جولاہا، مومن۔
نُورٌ عَلیٰ نُور و مع، تن ضم ر، فت ع، ی غم ، و مع۔ فقرہ: نور پر نور، نہایت روشن؛ ایک سے بڑھ کر ایک؛ ایک خوبی پر مستزاد دوسری خوبی۔
نَورُوسی ولین، و مع۔ امذ۔ باریک مِلواں دھاریوں کا کپڑا۔
نُورَہ و مع، فت ر۔ امذ۔ بال صفا پوڈر جو چونے اور ہڑتال کو ملا کر بنایا جاتا تھا۔
نُوری و مع امذ۔ چُونا، آہک۔
نَوسَر ولین فت س۔ امذ۔ دھوکا، چال بازی صف نَوسَر باز/نَوسَریا (فت س، سک ر)۔
نوَش و مج امذ۔ تریاق، امرت، شہد؛ خوش مزا مشروب۔ (بطور لاحقہ) پینے والا م: مَے نوَش، نوَش خَنْد وہ مذاق جو خوش دلی سےکیا جائے، زہر خند کے برخلاف۔ نوَشا نوَش پینے پلانے کا سلسلہ؛ مسلسل پینا، صف نوَشِین شیریں، خوش مزہ۔
نَوشادَر ولین، فت د۔ امذ۔ شورے کی طرح امُونیا کی آمیزش سے تیارکردہ ایک نمک۔(ع: کبریت الدخان؛ (لاط: Ammonium Chloridum)۔
نَوِشْت فت ن، کس و، سک ش۔ امث رقم، تحریر، لکھائی مرکب عطفی نَوِشت وَ خَوانْد (خانْد) لکھائی پڑھائی تعلیم۔ صف نوِشتَہ لکھا ہوا۔
نَوِشتَۂ دِیوار جلی تحریر یا علامات خصوصاً جو آئندہ کے لیے خبردار کریں۔ [ف: نِوِشت]۔
نوَشْدارُو و مج، سک ش، و مع۔ رک اَنوَش دارُو۔
نَوع ولین۔ امث۔ قِسم، قبیل، گروہ؛ کسی وسیع جنس کی فرع یا شاخ ؛ وضع، نمونہ، طرح، قطع امث نَوعِیّت نوع کی شناخت، کسی خاص نوع سے تعلق ہونا؛ قِسم قبیل۔
نوَک و مج امث کانٹے، سوئی، تلوار یا پہاڑ کی چوٹی کی طرح کا سِرا؛ اَنی، ڈنک، شوشہ؛ پتلی ککڑ یا باڑ، چبھنے والی چیز یا بات؛ ادا بانکپن؛ شیخی مرعطفی نوَک جھوَک (و مج) چھیڑ چھاڑ، طعن وطنز۔ نوَک پَلَک (فت پ ل) چہرہ مہرہ، خدو خال، آن ، ادا؛ آرائش زیبائش۔ ف مر: نوَک پَلَک سَنْوارنا (فت مغ س) حتمی درستی، تفصیلی تصحیح یا تکمیل۔ نوَک دُم بھاگنا (ضمہ د) سیدھا دوڑنا، ایک سیدھ میں بھاگنا؛ بے تحاشا دوڑ پڑنا۔ صف نوَکِ زُبان (کس مج ک، فت/ ضمہ ز) از بر، اچھی طرح سے یاد، حِفظ (ہونا)۔
نَوکا ولین۔ امذ۔ چھوٹی ناؤ۔
نَوکَر ولین فت ک۔ امذ۔ ملازم، خدمت گار؛ برسرِ روز گار۔ امث نَوکْرانی (سک ک) خادمہ، گھریلو ملازمہ۔ نَوکری (سک ک) ملازمت، روز گار۔
نَوگِڑیاں ولین، کس گ، ج مث۔ ایک کلائی کا زیور جس میں متعدد گر ہیں یا ہڑیں ہوتی ہیں اور سرے گھنڈی دار، کلابتون سے بٹے ہوئے (اصلاً؛ نَوگْرِہیاں)۔
نَول ولین امذ۔ بخشش، انعام۔ تحفہ ٹیکس، محصول نیز نَوال ج اَنْوال۔
نَوَل فت ن و ۔ صف۔ نیا، تازہ، کم عمر۔ امث نَوَلا کم عمر عورت۔
نَوم ولین۔ امث۔ نیند۔
نَومی ومع۔ امث نویں، نہُم، ہندی مہینوں کی نویں تاریخ۔
نَومِید ولین، ی مع۔ صف۔ مایوس، ناأمید۔ امث نَومِیدی/نَومیدگی (فت د)۔
نوَن ومج۔ امذ۔ نمک۔
نوَنی و مج۔ امث۔ شور یا کھار جو سیل کے سبب

دیواروں کو لگ جاتی ہے نیز لَونی۔

نَوء و مع۔ مغربی افق پر طلوع ہونے والے ستارے؛ بَوارح کی ضد۔

نَوِید فت ن، ی مع۔ امث۔ خوش خبری، مژدہ، بشارت۔

نَویدَن فت ن، ے مج، فت د۔ امذ۔ درخواست، عرضداشت، آعلان۔

نَوِیس فت ن، ی مع۔ لاحقۂ فاعلی بمعنی لکھنے والا م: عَرائِض نَوِیس دوسروں کی عرضیاں لکھنے والا، منشی گیری کرنے والا۔

نَویلا ن، ے مج۔ صف۔ نیا، اچھوتا، نوجوان، رعنا، برنا۔ مث نَویلی

نَوِین فت ن۔ ی مع۔ صف۔ نیا۔ تازہ، نو۔

نَہ فت ن۔ حرف نفی۔ نہیں، نا۔

نُہ (۱) ضم مج ن۔ عدد۔ نو (۹)۔

نُہ (۲) ضم مج ن۔ امذ (دیہاتی) ناخن قب نُہنّا۔

نِہاد کس مج ن۔ امث۔ اصل، افتاد، سرشت، طینت، خصلت۔

نَہار فت ن۔ امذ۔ صبح؛ دن، یوم۔ نَہار مُنہ (مُوں) بغیر ناشتہ کیے، خالی پیٹ۔

نِہار کس ن۔ امث۔ باگ سے بندھا آہنی دہانہ جو گھوڑے کے منہ میں ڈالا جاتا ہے، دہانہ، [ع: نخر]۔

نَہاری فت ن۔ امث۔ گوشت اور گودے دار ہڈیوں کا خاص ترکیب سے تیار کردہ چٹ پٹا سالن جسے ادرک نیبو وغیرہ ڈال کر عموماً صبح کے وقت خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں۔

نِہال کس ن۔ امذ، صف۔ پودا، درخت؛ بستر کے نیچے بچھانے کا گدّا، تو شک نیز نِہالی تصغیر نِہالچَہ بچوں کے نیچے بچھانے کی چھوٹی توشک۔ صف شاد و خرم۔

نِہاں کس/کسمج ن،غنہ۔ صف۔ پوشیدہ، چھپا ہوا؛ مضمر، مُقدّر۔ نیز نِہانی (تراکیب میں م: اسرارِ نِہانی، اندامِ نِہانی (رک)۔

نَہان فت ن۔ امذ اشنان، اشنان کا میلہ۔

نِہانا کس ن۔ ف م۔ دودھ دیتے وقت گائے بکری وغیرہ کی ٹانگیں باندھ دینا۔

نَہانی فت ن۔ صف ۔ (عوام) حائضہ عورت۔

نِہانی کس ن۔ امث۔ بڑھئی کا چُول کی ڈول بنانے کا پٹاسی کی طرح کا اوزار، رُوکھانی۔

نِہائیَت کس ن، ء، شد فت ی۔ امث انتہا پسندی، مُتشدِد دانہ سیاست۔ (انگ: Extremism)۔

نِہایَت کس ن، فت ی۔ امث، م ف۔ انتہا، حَدِّ آخر؛ انجام نیتجہ؛ بہت زیادہ، از حد۔

نِہتّا کس ن، فت ہ، شدت ۔ صف۔ جس کے پاس ہتھیار نہ ہو، خالی ہاتھ، غیر مسلّح۔

نُہٹّا ضمہ مج ن، فت ہ، شد ٹ۔ امذ۔ پنجے کا وار، پنجے سے ڈالی ہوئی خراش۔

نَہْب فت مج ن، سک ہ ۔ امث۔ لوٹ مار، غار تگری۔ صف نَہّاب لٹیرا۔

نَہْج فت مج ن، سک ہ۔ امث۔ کھلا راستہ، صراط مستقیم؛ طور طریقہ، ڈھنگ۔

نَہْر فت مج ن، سک ہ۔ امث۔ کھود کر بنائی ہوئی ندی، پانی کے بہاؤ کا راستہ؛ آبجو۔

نُہَرنی ضم مج ن، فت ہ، سک ر۔ امث۔ ناخُن تراش۔

نَہْروا فت مج ن، ہ، سک ر۔ امذ۔ رک: نارُو۔

نِہْڑانا کس مج ن، سک ہ رک: نیہوڑانا۔

نَہْضَت فت مج ن سک ہ ، فت ض۔ امث۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ سرگرم، مستعد ہو جانا، آگے بڑھنا؛ ترقی، افزائش؛ نشاۂ ثانیہ، حیات نَو؛ کوچ، روانگی۔

نِہُفْتَہ کس مج ن، ضمہ ہ سک ف، فت تہ۔ صف۔ خفیہ، پوشیدہ چھپا ہوا۔

نَہْلا فت مج ن، سک ہ۔ امذ۔ تاش یا گنجفے کا وہ پتہ

جس پر نو نشان ہوں، دہلے سے کم قیمت روزمرّہ **نَہلے پر دَہلا** (فت مج د، سک ہ) بڑھی ہوئی، فائق جیتنے والی چال یا فقرہ وغیرہ۔

نَہُم فت ن ، ضمہ ہ صف عددی۔ نواں، نَو سے منسُوب۔

نِہَنگ کس ن فت ہ، غنہ۔ امذ۔ مگر مچھ، گھڑیال؛ سکّھوں کا ایک فرقہ، اکالی (رک)۔ نیز **نَہَنگ** (فت ف)۔

نَہَنگ فت ن، فت ہ، غنہ۔ صف۔ ننگا، برہنہ؛ بے شرم۔

نَہوَت فت ن، و مج۔ امث۔ ناداری، مفلسی۔

نَہْیْ فت ن، سک ہ۔ امث۔ ممانعت، بندش، **نَہْی عَنِ اَلْمُنکَر** (عَ نِلْ مُنْ کَر) ممنوعہ باتوں سے روکنا۔ عام: **نَہی**۔

نَے ے لین۔ (۱) امث۔ بانسری، الغوزہ؛ حقّے کی نِکالی یا نلی۔

نے ے مج۔ (۲) حرف نفی۔ نہیں، نہ، نا۔

نے ے مج۔ حرف جار۔ علامت فاعلی۔ م: زیدنے بکر کو مارا۔

نیابَت کس ن، فت ب امث نائب کا منصب، قائم مقامی، نمائندگی۔ نیز **نائبی**۔

نیار کس ن۔ امث۔ جانوروں کا چارہ، کُٹّی۔

نیارا کس ن۔ صف۔ نیا، انوکھا، اچھوتا، عمدہ، منتخب ۔ مث **نیاری** (نیز سک ن)۔

نیاریا کس ن، ر۔ امذ۔ دریائی ریت وغیرہ سے سونے کے ذرّات نکالنے والا پیشہ ور۔ امذ۔ **نیارپَن جَز** رسی، کفایت؛ ہوشیاری؛ چالاکی۔

نیاز کس ن۔ امث امذ۔ نذر، پیشکش، امذ: ارادت، عجزو انکسار؛ تعارف روشناسی، ملاقات؛ غرض، حاجت م: **بے نیاز** بے غرض، بے پروا؛ صف **نیاز مَنْد** مشتاق، ارادت گزار، آرزو مند، ملتجی، خاکساری برتنے والا، نیز **نیاز کیش** (ے مج)۔ جس کا شیوہ انکسار ہو۔

نیاگاں کس ن۔ ج مذ۔ بزرگ، اجداد، پُرکھے۔

نِیام کس ن، امث۔ تلوار یا خنجر کا غلاف، میان۔

نِیائے کس ن، امذ۔ انصاف، راستی۔ (منطق) استدلال یا منطقی قیاس صغریٰ کُبریٰ سے نتیجہ برآمد کرنا۔ نیز اصلاً **نْیاے** (سک ن) قب: **اَنّیاے** بےانصافی۔

نیبُو ی مع، و مع۔ امذ۔ لیموں ، ترنج کی قبیل سے زرد چھوٹا، کھٹّا پَھل۔

نِیَّت کس ن شد فت ی۔ امث۔ قصد ارادہ، مرضی، منصُوبہ اصل غایت؛ نماز شروع کرتے وقت پڑھے جانے والے الفاظ، نیز **نیَت** (بلا شد)۔

نیتا ے مج۔ امذ۔ لیڈر، سربراہ، رہنما۔

نیچ ی مع۔ امذ۔ صف۔ کم ذات ، حقیر، کمینہ؛ امث: پستی، اُونچ کی ضد۔

نَیچَہ ے لین، فت چ۔ امذ۔ چھوٹی نے، نلی؛ حقّے کی نے۔ **نَیچَہ بَند** حقّے کی نے اور کلی وغیرہ بنانے والا کا ریگر۔

نیر ی مع۔ امذ۔ پانی؛ (مجازاً) آنسو؛ صبح طلوع آفتاب سے پہلے نکال لی جانے والی مفرّح بے نشہ تاڑی۔ نیز **نیرا**۔

نَیِّر فت ن، شد کس ی۔ صف امذ۔ روشن، درخشاں؛ سورج۔نیز **نَیّرِ اَعْظَم** (کس مج ر، فت ا، سک ع، فت ط) **نَیّرِ رَخْشاں** (فت ر) تثنیہ: **نَیّرَین** (ے لین) چاند سورج۔ عام: **نَیَّر** (شد فت ی)۔

نَیرَنْج ے لین، فت ر۔ امذ۔ طلسم، نیز جادو، شعبدہ، ج **نَیرَنْجات**۔ [ف نیرنگ کا معَرب۔ اصلاً: نیرنج]۔

نَیرَنگ ے لین ، فت ر، غنہ ۔ رک: نَیرنج نیز **نَیرَنگِ نظر** نگاہوں کا تماشا، نظر فریب جلوہ۔مث **نَیرَنگی** بَدلتے ہوئے رنگ یا منظر، نظر کا دھوکا۔

نیرُو ی مع۔ ومع۔ امذ۔ زور، طاقت، نیز **نیرُو** (ے مج)۔

نیز ی مع۔ عطف۔ بمعنی اور، بھی ، مزید، دیگر ، علاوہ ازیں۔

نیزَہ ے مج ، فت ز۔ امذ۔ بلّم، بانس کا ہتھیار جس کے سرے پر لوہے کی نوک ہوتی ہے، سر کنڈے کا قلم [اصلاً : نَے یزَہ ۔ یزَہ، علامت تصغیر، چھوٹی نے یا نرکُل]۔

نَیساں ے لین ، غنہ امذ۔ قدیم شامی کیلنڈر کا ساتواں بارش کا مہنیہ، فروردین اور بیساکھ کے لگ بھگ۔ مرکب **اَبرِ نَیساں** اردو میں بمعنی بارش برسانے والا بادل۔

نیِسْت ے مج سک س۔ صف۔ ناپید، معدوم، فنا، ہست کا نقیض یا اُلٹ۔ اکیف مث **نیِسْتی** معدوم ہونا؛ ناداری، مفلسی، نحوست۔

نَیَستاں کس ن، فت ی، سک س، امذ۔ بانسوں، سرکنڈوں کا جنگل۔

نیش ے مج۔ امذ۔ نوک، خار؛ ڈنک؛ زہر۔

نیشْتَر ے مج، سک ش، فت تہ امذ۔ نوکدار آلۂ جرّاحی، نیز **نِشْتَر** (کس ن)۔

نیفَہ ے مج، فت فہ امذ۔ پاجامے کی نالی کی طرح کی سِلائی جس میں ازار بند پرویا جاتا ہے؛ اس طرح کی دوہری سلائی جو گوٹ یا حاشیے کے طور پر کی جائے۔

نیک ے مج۔ صف۔ عمدہ، خوب؛ کسی صفت میں بڑھ چڑھ کر،(م: نیک شاطِر = بہت چالاک)؛ خوش چلن، پرہیز گار، ایماندار، بھلا مانس۔

نیکا ے مج۔ صف۔ خوبصورت، نفیس، عمدہ۔

نیکُو ے مج، و مع۔ صف۔ اچھا، عمدہ، شریف، بھلا۔ مرکب **نیکُو خِصال** (کس خ) اچھی خُوبیوں، عادتوں والا، نیز **نیکُو سِیَر** (کس س، فت ی)، **نیکُو کار** اچھے کام کرنے والا۔ اکیف مث **نیکُوئی** خوبی، خوبصورتی۔

نیگ ے مج۔ امذ۔ روایتی حق، استحقاق، واجبی دستور؛ وہ انعام جو دلہن کے بہن بھائی دولھا سے وصول کرتے اور اس کے لیے رسماً جھگڑتے بھی ہیں۔ مرکّب **نیگ جوَگے** (و مج) انعام کے حقدار۔ محاورہ **نیگ لگْنا** کام آنا، صرف ہو جانا؛ (طنزاً) ہتھیا لیا جانا زبردستی کسی اور کو پہنچ جانا، خالصے لگنا۔

نَیل ے لین۔ امذ۔ حُصول، پانا، حاصل کرنا۔ مرکب اضا **نَیلِ مَرَام** مقصد، مدعا حاصل کرنا۔

نِیل ی مع۔ امذ۔ نباتی نیلا رنگ جو بعض پودوں سے حاصل ہوتا ہے؛ نیل کا درخت (لاط: Indigo fera-tinctoria)؛ جسم پر چوٹ کا نیلا نشان۔ محاورہ **نیل (کا ماٹھ) بگڑنا** جھوٹی خبر اڑنا (نیل سازوں کا عقیدہ ہے کہ نیل مٹکے میں خراب ہو جائے تو کوئی افواہ اڑانے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس لیے افواہ پر کہتے ہیں کہ کہیں نیل کا ماٹھ بگڑا ہو گا)۔

نِیلاب ی مع۔ امذ۔ دریا، سمندر۔

نِیلا تھوتھا ی مع۔ و مج۔ امذ۔ تانبے کا سلفیٹ جو ایک زہریلی شے ہے، دواءً مستعمل۔

نِیلام ی مع۔امذ۔ کُھلی فروخت جس میں سب سے اونچی بولی بولنے والے کے ہاتھ چیز بیچ دی جاتی ہے۔

نِیلا مْبَر ی مع، سک م، فت ب امذ، صف نیلا کپڑا؛ نیلی پوش۔

نِیل کَنْٹھ ی مع، فت ک، سک ن۔ امذ۔ ایک پرندہ جس کی گردن میں نیلی دھاری ہوتی ہے، سَبزَک (لاط: Carasias Indica)؛مہادیو شِوشَنکر کا لقب۔

نِیل گائے ی مع سک ل۔ امث ہرن کے قبیل کا ایک گائے کے برابر جانور۔ (لا ط: Antilope Picta)۔

نِیلاہَٹ ی مع، فت ہ۔ امث۔ نیلا پن، نیلے رنگ کا

نشان؛ نیلے رنگ کی آمیزش۔

نِیلَم ی مع، فت ل۔ امذ۔ نیلے رنگ کا قیمتی پتھر، یاقوت کُبود (لاط: Saphiras)۔

نِیلوَفَر ی مع۔ ومج۔ فت فـ امذ۔ کنول کی قسم کا نیلے رنگ کا پھول ، کمود۔ (لاط: Nymphoea lotus)

نِیلی ی مع۔ امذ صفـ نیل؛ نیلا، نیلگوں، کبودی نیز **نِیلی فام**۔

نِیم (۱) ی م۔ امذ۔ ایک گھنا درخت جس کے پتے آری کی شکل کے دندانے دار، اور کڑوے ہوتے ہیں۔ پھل زرد، کھرنی کے برابر جس میں ہلکی سی مٹھاس ہوتی ہے۔ رک نبولی (لاط: Melia azadirechita)۔

نِیم (۲) ی مع۔ صف۔ آدھا، نصف؛ ادھورا م: **نِیم بِرِشْت** (کس ب ر، سک ش) آدھا پکا یا آدھا تلا ہوا؛ **نِیم جاں** (غـ) ادھ موا؛ **نِیم حَکیم** اناڑی حکیم؛ **نِیم رَس** ادھ کچرا؛ **نِیم کَش** (فت ک) آدھا کھینچا ہوا(تیر) جس کی مار اوچھی ہو یا جو چھوڑا نہ گیا ہو۔

نِیمْچَہ ی مع سک م؛ فت چ۔ امذ۔ چھوٹی تلوار۔

نِیم کار ی مع۔ امذ۔ وہ کاریگر جو کرائے کے اوزاروں سے کام کرے۔

نِیمَہ ی مع۔ فت م صف، امذ۔ آدھا، نصف نیم؛ اَنْگا پاجامہ یا لمبا جاَنگھیا۔

نَین ے لین۔ امذ۔ آنکھ، آنکھیں، نیز ج **نَیناں** (غـ)؛ نیز **نَیَن** (فت ن ی) صف **نَین مُتْنا** (ضمہ م، سک ت) جلد رو دینے ، بہت آنسو بہانے والا۔

نِینْد ی مع، سک ن۔ امثـ سونا، وہ غفلت جو فطری تقاضے سے اعضا کو سکون پہنچانے کے لیے طاری ہوتی ہے، خواب، خوابیدگی۔

نَین سُکھ ے لین، ضمہ س۔ امذ۔ ایک نرم سفید سوتی کپڑا جس کی بُناوٹ میں پھول یا نقش ہوتے ہیں۔

نَینُو ے لین، و مع۔ امذ۔ نرم سوتی کپڑا جس کی بُناوٹ میں گول حلقے یا نشان بنے ہوتے ہیں۔ نین سکھ کی ایک قسم۔

نیو ے مج سک و ۔ امثـ بنیاد،بنا، کسی تعمیر کا وہ زیر زمین حصّہ جہاں سے تعمیر شروع ہوتی ہے۔

نیوار ی مع۔ امذ۔ خود رُو چاول، تِلی۔

نیوْتا ے مج، سک و۔ امذ۔ بلاوا، دعوت، ضیافت کا کھانا؛ کسی تقریب میں تقسیم ہونے والا شیرینی کا حصہ یا کھانا جو کسی کے گھر بھجوایا جائے۔

نِیوَش کس ن، و مج۔ بطور لاحقہ۔ سننے والا م: **نَصِیحَت نِیوَش** نیک صلاح پر کان دھرنے والا۔

نِیوَگ کس ن۔ و مج۔ امذ۔ تقرری، تعیناتی؛ قدیم ہندوانہ رسم کہ بے اولاد عورت شوہر کے خاندان کے کسی عزیز سے نطفہ حاصل کر سکتی ہے۔

نیوْلا ے مج، سک و۔ امذ۔ بلوں میں رہنے والا بڑے چوہے کے برابر اور گھوس سے چھوٹا ایک پُھرتیلا جانور جو سانپ کو ہلاک کر دیتا ہے؛ گھوڑے کے ٹخنے کا پھوڑا یا زخم۔

نیوْلی ے مج۔ سک و امثـ روپے رکھنے کی تھیلی، ہمیانی۔

نیہَہ ے مج، فت ہ۔ امذ۔ عشق، محبت نیز **نیہْہ** (سک ہ)،**نیہا** [س: شنیہہَ]۔

نَیْہَر فت ن، سک ی، فت ہ (بروزن مَنظر)۔ مَیکا، عورت کے ماں باپ کا گھر۔ نیز **نَیہَر** (ے لین)۔

نیہوَڑانا ے مج، و مج۔ ف ل، م۔ عاجزی کرنا، گڑ گڑانا، جُھکنا، جُھکانا، خم کرنا، م: **سر نیہوَڑانا** نیز **نِیہوَڑانا/ نِہڑانا** (کس مج ن، سک ہ)۔

نھ

نھ نھا، ن ھ مخلوط، امذ۔ اردو کا اڑتالیسواں مصمتہ، ن کی ہائیہ شکل جو بعض کلمات کے بیچ میں واقع ہوتی ہے۔ م: اُنھوں، اُنھیں، اِنھوں، انھیں، جِنھوں، کِنھوں، کُنھار، کَنھائی، کَانھا، کَنَھیّا، پَنْھیاری، مَنْھیار، نَنّھا، نَنّھی، اُنَھتّر، نَنْھیال۔ عربی الاصل کُنۡہ (بیخ، جڑ) میں بھی یہی مخلوط آواز پیدا ہوتی ہے۔ جمل میں اس کے (ن + ہ) ۵۵ اعداد شمار ہوں گے۔

و

و واو، واؤ۔ اردو ترتیب تہجی کا اُنَنچاسواں (۴۹) حرف، مُصوِّتہ نیز شفوی سِنّی مُصمتہ جس کی آواز نچلے ہونٹ کو اوپر کے اگلے دانتوں سے ملا کر ادھ کھلے منہ سے ادا کی جاتی ہے، یا مضموم صورت میں ہونٹوں کو گول کرکے جیسے وہ، وہی۔ بطور مصوّتہ یا حرف علّت ضمہ کی معروف و مجہول کشیدہ آواز پیدا کرتا ہے جیسے اُون، ہوش؛ یا لِین آواز جو ہونٹوں کی گولائی کو ذرا اور بڑھا کر حلق سے ادا کی جاتی ہے ، م : اَور، غَور۔ بعض الفاظ کے املا میں شامل، لیکن غیر ملفوظ رہتا ہے، جیسے خوْد (خُد)، خوْاہَر (خاہَر)۔اس صورت میں اسے واد مَعدُولہ کہتے ہیں۔ حروف قمری میں ہے اور جمل میں اس کے ٦ عدد شمار ہوتے ہیں۔

و بطور کلمہ حرف عطف ہے بمعنی اور، نیز، جو بعض اوقات بطور مصمتہ پڑھا جاتا ہے جیسے وَالسّلام، وَالِاَّ، اعلیٰ وَ اَولیٰ، ورنہ بطور علّت مجہول اواز ادا کی جاتی ہے جیسے دل و جان جو اکثر تخفیف ہو کر ضمہ مجہول کی آواز رہ جاتی ہے (دِلُ جاں، کَونُ مکاں)۔

وَ فت و۔ حرف قسم و عطف۔ لفظ کے شروع میں عموماً حرف قسم، م: وَاللہ ؛ الفاظ کےدرمیان عموماً حرف عطف م: آمَنّا وَصَدَّقْنا۔

وا (۱) صف۔ کُھلا ہوا، باز، مفتوح؛ کُشادہ، آشکار۔ بطور م ف: باز بمعنی دوبارہ، پھر، مکّرر کا مترادف۔ م: واپَسیں بازپسیں۔

وا (۲) حرف نُدبہ۔ افسوس، ہائے، اُف نیز **وائے/وائے** (واہ) م: **واحَسرَتا**۔

وا (۳) لاحقۂ تصیغرو تحقیر، م: مَنْوا، گھڑوا، گھولْوا،

پھلروا۔

وابَستَہ فت ب، سک س، فت تہ متعلق، مُنسلک، بندھا ہوا۔ اکیف مث وابَستگی (فت ت)۔ تعلق، لگاؤ، بندھن۔

واپَس فت پہ صف۔ لوٹا یا لوٹا یا ہوا؛ گردانیدہ، پیچھے گیا ہوا، لوٹ کر آیا یا بھیجا ہوا۔ اکیف مث واپَسی/واپسی لوٹنا، پیچھے جانا، پلٹنا؛ لوٹ کر آنا۔ مراضا دَم واپَسِیں (ی مع مغ) حالتِ نزع، آخری وقت۔

واثِق کس ث۔ صف۔ مضبوط، پکّا، قابل اعتبار۔

واجِب کس ج۔ صف۔ ضروری، لازم، ناگزیر؛ مناسب، درستہ لائق، سزاوار۔ (فقہ) وہ عمل جس کو دانستہ ترک کرنے والا مؤاخذے کا مستوجب ہو۔ مروصفی واجِبُ اَلاِذْعان (واج بُل اِزْعان) جس کی تعمیل لازم ہو۔ واجِبُ اَلتَّعزِیر (واج بُتْ تَعْ زِیر) قابل سزا، واجِبُ اَلْوُجود (واج بُل وُجُوْد) ازخود موجود، مراد خدا۔ واجِبُ اَلْوُصُول (واج بُلْ وُصُول) وصول طلب، بقایا۔ ج واجِبات فرائض، مطالبات، ضروری ارکان، اجزا یا اشیا۔ صف واجِبی لازمی، مناسب۔

واجِد کس ج۔ صف۔ ڈھونڈنے، پانے والا؛ جو حالت وجد میں ہو، جس پر جذب یا کیفیت طاری ہو۔

واچھَڑے فت چھ (قدیم) فجائیہ۔ تحسین اور دُلار کا کلمہ [س: واتْسَلّیَہ، شفقت کے اظہار کا کلمہ، پراکرت: واچھ یَ + ڑے کلمۂ تخاطب]۔

واحِد کس ح۔ صف۔ اکیلا، یکتا، اسماء حسنیٰ میں شامل؛ مفرد، ایک، جمع کی ضد۔ واحِد اَلْعَین (واح دُل عَین) یک چشم، کانا۔

وادی (۱) امث۔ نشیبی زمین جس پر سے دریا کا گزر ہو؛ دریا کے آس پاس کا علاقہ؛ گھاٹی، پہاڑوں سے گھری ہوئی زمین؛ بیابان، ویرانہ مراضا وادیِ خَموشاں (ے مج، فت خ، و مج، غنہ) قبرستان۔

وادی (۲) صف۔ بولتا ہُوا، فریادی، دعویدار؛ ساز بجانے والا۔ سازندہ۔ (موسیقی) وادی سُر کسی راگ کا وہ سر جو اس کی خاص شناخت ہو۔

وار (۱) امذ۔ حملہ، ضرب، چوٹ، مار؛ دن، روز، م: منگل وار، بدھ وار؛ دیر، اویر م: بیٹھے بیٹھے بڑی وار ہو گئی؛ باری، موقع، دفعہ م: اب کی بار، تمھاری وار، نیز واری قب:باری۔ صف۔ اِدھر، اِس طرف، پار کی ضد، مرکب وار پار اِدھر اُدھر، مخفف آر، م: آرپار اِدھر اُدھر؛ اِدھر سے اُدھر۔

وار (۲) لاحقۂ نسبت فاعلیت۔ بمعنی والا، نسبت رکھنے والا م: اُمّیدوار، خطاوار شاہْوار شاہوں کے لائق، بڑھیا، قیمتی؛ مثل، مانند، م: پَروانَہ وار م ف: طرح سے طریقے سے م: تَرتیب وار، سلسلَہ وار امذ بوجھ، بار، م: خَرْوار بارِخر، ایک گدھے کا بوجھ۔

وارا امذ۔ نفع، فائدہ، بچت، منافع۔

وارانیارا کس ن۔ امذ۔ دو ٹوک فیصلہ؛ خلاصی، نجات، فراغت، یکسوئی۔ ج وارے نِیارے (ہونا) (نِ یارے،نیز سک ن) بڑا فائدہ حاصل ہونا، بہت کچھ ہاتھ آنا۔

وارِث کس ر ۔ امذ وفات پانے والے کا جانشین یا اس کے اثاثے کا حقدار؛ حامی، مدد گار م: والی وارث۔

وارِد کس ر۔ صف آنے والا، موجود، مذکور ج وارِدات (کس مج ر) دل پر گزرنے، القا ہونے، نازل ہونے والے خیال وغیرہ؛ آنے، درآمد ہونے والی اشیا۔ مرکب عطفی وارِدات و سادِرات (کس مج د) درآمدات و برآمدات؛ بطور امث: حادثہ، واقعہ، سانحہ، جھگڑا، مجرمانہ کارروائی، اِن معنی میں نیز وارْدات (سک ر)۔

وارَسْتَہ فت ر، سک س، فت ت۔ صف۔ آزاد، بےنیاز، بے غرض۔ اکیف مث **وارَستَگی** (فت ت)۔

وارَفْتَہ فت ر، سک ف، فت ت۔ صف۔ دیوانہ، از خود رفتہ، بے خود، بے سُدھ۔ اکیف مث **وارَفْتَگی**۔

وارْنا سک ر۔ ف م۔ قربان کرنا، نچھاور کرنا۔ صف **واری** صدقے، قربان، نثار۔

واژُوں و مع، غنہ۔ صف۔ اوندھا، اُلٹا، برگشتہ، مخالف۔ نیز **واژگُوں** (سک ژ)۔

واسْطَہ سک س، فت ط۔ امذ۔ تعلق، لگاؤ، رابطہ، وسیلہ؛ سابقہ، سروکار۔

واسوخْت و مع، سک خ۔ امذ۔ ایک شعری صنف جس میں عاشق محبوب سے اس کی بے وفائی و بے پروائی کا شکوہ اور ترکِ محبت پر آمادگی ظاہر کرتا ہے جو واردات محبت کی ایک کیفیت ہے۔

واشُد ضمہ ش۔ امث۔ بند چیز کا کھلنا، کلی کا کِھلنا، گُھٹن دور ہونا۔

واصِف کس ص۔ صف۔ تعریف کرنے والا، وصف بیان کرنے والا، ثنا خواں، خصوصاً حمد گو۔

واصِل کس ص۔ صف۔ وصول ہونے والا، ملنے، جُڑنے وصل ہونے والا۔ **واصِل باقی** وصول و بقایا لگان (کا حساب)۔ **واصِلَ بَحَق** (فت ب ح) خدا کی طرف لوٹا ہوا، مرحوم۔ ج **واصِلات** (کس مج ص) محاصل، وصول شدہ رقمیں یا مال۔

واضِح کس مج ض۔ صف۔ ظاہر، صاف، عیاں، روشن صاف نظر آنے والا۔ اکیف مث۔ **وَضاحَت** (فت و ح)۔

واضِع کس مج ض۔ صف۔ بنانے، ایجاد کرنے، اختراع کرنے والا، مخترع۔

واعِظ کس ع۔ امذ۔ وعظ کہنے، نصیحت کرنے، اوامر و نواہی کی بابت ہدایت دینے اور ان پر اصرار کرنے والا۔

وافِر کس ف۔ صف۔ بکثرت، بافراط۔ عروض کی ایک بحر جس کا بنیادی رکن مفاعِلَتُن ہے۔

وافی صف۔ کامل، کافی، بھرپور [ع : نیز وفادار]۔

واقِع کس مج ق۔ صف۔ موجود، پیدا، حادثہ؛ پیش آنے والا، پایا جانے والا۔ ج **واقِعات** (کس مج ق) گزرے ہوئے احوال، سچّی باتیں، حالات کا سچّا سچّا بیان۔ **واقِعاتِ نَفْسُ اْلاَمْری** (نف سُل اَم ری) اصلی حقائق، اصلی باتیں جو سچ مچ رونما ہوں۔

واقِعَہ کس مج ق، فت ع۔ امذ۔ جو کچھ ہوا، جو کچھ گزرا، اصلی سچی بات، بیتی حقیقت، حادثہ، سانحہ؛ وفات۔

واقِعی کس مج ق۔ صف اصلی، سچّا، درست، مطابق اصل م ف؛ سچ مچ، حقیقت میں بلاشبہ۔

واقِف کس ق۔ صف۔ جاننے پہچاننے والا، آگاہ، شناسا؛ ملاقاتی؛ نیز **واقِف کار**؛ شاہد، گواہ؛ وقف قائم کرنے والا؛ اکیف مث **واقِفِیّت** (کس مج ق، کس ف، شد فت ی) شناسائی، جان پہچان، عِلم، معلومات، آگاہی۔ نیز عام؛ **واقْفِیَت** (سک ق)۔

والا (۱) لاحقہ فاعلی و نسبتی۔ بہت سے مرکبات میں مستعمل۔ مث **والی**، ج **والے**۔

والا (۲) صف۔ اونچا، بلند، عالی، بڑا، بزرگ م؛ **والا جاہ** بڑے رتبے والا **حُضُورِ والا** (ضمہ ح، فت مج ر) بادشاہ، امیر، آقا وغیرہ سے خطاب کا کلمہ **والا گوہَر** عالی خاندان، شریف النسل، **والا نامَہ** (نام) بزرگ بڑے آدمی کا خط۔ اکیف مث **والائی** بڑا پن، عُلو، عظمت۔

وَاِلّا فت و، کس ا، شدل۔ حرف جزا۔ ورنہ، وگرنہ، نہیں تو، بدوں صورت۔ **وَاِلّانَہ** (ن) ورنہ نہیں، نہیں تو نہیں۔ نیز **وَاِلاّ فَلا** ورنہ نہیں۔

والِد کس ل۔ امذ۔ ابّا، اَبو، پتا، پدر۔مروضعی **والِدِ ماجِد** ابُوئے محترم۔ تثنیہ **والِدَین** ابا اماں۔

وَاللہ فت و، غم ا، شدل بمد، سک ہ کلمۂ قسم۔ خدا گواہ ہے، میں سچ کہتا ہوں۔ فقرہ وَاللہُ اَعْلَم (وَلْ لاہُ اَعْ لَم) خدا بہتر جانتا ہے، مجھے نہیں معلوم۔ نیز وَاللہُ اَعْلَم بِالْصَّواب (بِس سَواب) خدا ہی حقیقت سے واقف ہے۔

والِہ فت ل ۔ صف۔ شیدا، عاشق، گرویدہ، فریفتہ [ع والِہا] (کس مج ل) م ف والِہانہ (والِ ہا نَہ) نہایت اشتیاق سے، بے اختیار۔

والی امذ۔ حاکم، امیر، حکمران؛ محافظ، نگہبان م اَللہ والی خدا نگہبان۔

واں ظرف مکاں (قدیم) وہاں کا مترادف (شاعری میں اب بھی مستعمل۔)

وام امذ۔ قرض، اُدھار۔ [ف: قرض نیز رنگ قب: فام]۔

وان امذ۔ برہمچاری جو گھر بار چھوڑ کر جنگل میں جابسے۔ نیز رک: بان۔

واوَین ے لین۔ تثنیہ۔ لفظاً: دو واو، مراد وہ حرف و سے مشابہ علامات جو اقتباس یا گفتگو کے اصل الفاظ کو عام عبارت سے متمیز کرنےکےلیے استعمال ہوتی ہیں۔ ("-")۔

واہ کلمۂ تحسین ۔ آفریں، مرحبا، کیا کہنا؛ بعض اوقات طرز تمسخر یا تردید کے لیے بھی، م: واہ کیا گودڑ گانٹھ کے رکھا ہے، واہ میں نے یہ کب کہا۔ نیز واہ رے! واہ واہ! واہ وا۔

واہِب کس ہ۔ صف۔ بخشنے، عطا کرنے، ہبہ کرنے والا۔ مرکب واہِبُ الْعَطایا (واہِ بُل ع تایا) عطیے دینے والا مراد اللہ تعالیٰ۔

واہِمہ کس مج ہ، فت م۔ امذ۔ تخیل، لا موجود کو موجود دیکھنے کی ذہنی قوت؛ وہم، نظر کا دھوکا حواس یا ذہن کا بہکنا۔

واہی صف لغو، بے اصل، فضول، لایعنی، [ع: کمزور، بودا، ناقابل اعتبار]۔ ج نیز بطور واحد واہِیات لغو باتیں یاوہ باتیں، نکمی شے۔

وائی ی مع۔ امث۔ سندھی رُومانی صوفیانہ حکایات میں غنائیہ ٹکڑے، لفظاً: قول؛ نیز کافی۔

وائے فجائیہ کلمۂ تاسف۔ آہ، ہائے۔ افسوس ہے۔

وَبا فت و۔ امث وہ بیماری جو بیک وقت بہت سے لوگوں میں پھیلی ہو، چُھوت کی بیماری، کنایتہً۔ کوئی علّت روش یا عادت جو عام ہو جائے۔ وَبائیِات وبائی امراض کی طبّی تحقیق (انگ Epidemiology)۔

وِبُھوتی کس و۔ و مع۔ امث۔ قدرت، طاقت۔

وَتَد فت و، ت۔ امذ۔ کُھونٹا، میخ، کھم، کھڑی بَلّی۔ (عروض) سہ حرفی لفظ ج اَوتاد مرکب و صفی وَتَدِ مَجْمُوع (مَج مُوْع) وہ سہ حرفی لفظ جس کے دو پہلے حرف متحرّک ہوں؛ نیز وَتَد مَقْرُون (مَق رُون)، وَتَدمَفْرُوق وہ سہ حرفی لفظ جس کا پہلا اور تیسرا حرف متحرّک ہو۔

وَتَر فت و ت۔ امذ۔ مثلث قائم الزّاویہ کے زاویۂ قائمہ کے مقابل کا ضلع (انگ: Hypotenuse)؛ کمان کی ڈوری یا تانت؛ چلّہ، ڈوری، تار؛ ریشہ؛ عصبہ۔

وِتْر کس و، سک ت۔ امذ۔ عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھی جانے والی آخری تین رکعتیں؛ عددِ طاق (۱، ۳ وغیرہ)۔

وِتْنا کس و سک ت۔ ضمیر صف۔ (عوام) مترادف اُتنا [برج بھاشا کا پر تو، مقامی]۔

وَتِیرَہ فت و، ی مع، فت ر۔ امذ۔ عادت، روش، چلن خصوصاً جو قابل اعتراض ہو۔

وَٹ فت و امذ۔ بڑ کا درخت، چھوٹی کوڑی؛ بَٹّہ؛ پتّھر کا گول ٹکڑا، بٹی ہوئی رسی یا ڈوری؛ حصّہ، بخرہ، کس چیز کا ایک ٹکڑا۔

وَثاق فت و۔ امذ۔ عہد، معاہدہ؛ ڈوری، بندھن؛ زنجیر۔نیز وِثاق (کس و)، مِیثاق (رک)۔

وَثَن فت وث۔ امذ۔ بُت، مجسّمہ۔ ج اَوثان۔
وُثُوق ضمہ و، ومع۔امذ۔ پختگی، مضبوطی؛ بھروسا، اعتبار۔ صف واثِق مضبوط۔
وَثِیقَہ فت و، یٰ مع، فت ق۔ امذ۔ دستاویز، تمسک، اقرار نامہ، صداقت نامہ؛ ایک سرکار سے دوسری سرکار کو بھیجا جانے والا رسمی مراسلہ یا یادداشت۔ ج وَثائق۔
وَجاہَت فت و، ہ۔ امث۔ ساکھ، اعتبار، وقار، ذی اثر ہونا؛ حُسن۔ صف وَجِیہ خوش شکل، باوقار۔
وَجْد فت و۔ سک ج۔ امذ۔ جذبہ، جذباتی ہیجان، جُھومنا، حال، کیف، جذب۔
وِجْدان کس و، سک ج۔ امذ۔ حالت جذب، القاءِ وہبی، فطری صلاحیت، فطری علم، فطری ہدایت۔
وَجْع فت و، سک ج۔ امذ۔ درد، تکلیف مۃ وجع مَفاصِل وجعُ المَفاصِل (وَجْ عُل مَ فاسِل) جوڑوں کا درد۔
وُجُوب ضمہ و، و مع۔ امذ۔ واجب، لازم فرض، ناگزیر ہونا۔
وُجُود ضمہ و، و مع۔ امذ۔ موجودگی؛ ہستی؛ حادث واقع، موجود مخلوق ہونا؛ پایا جانا۔ صف وُجُودی وحدت الوجود کا قائل۔ امث وُجُودِیَت بیسوی صدی کا نو ایجاد فلسفیانہ نظریہ جو مغربی فلاسفہ کِرکِیگارڈ اور سارتر سے منسوب ہے۔
وَجْہ فت و، سک ج۔ امث۔ سبب، باعث، علّت؛ امذ۔ چہرہ، رُخ سمت جانب۔ وَجْہِ تَسْمِیَہ (وَجْ ہِ تَسْ م یَ) نام رکھنے کا سبب، نام کی تشریح یا توجیہہ۔ وَجْہِ مَعاش روزی کا ذریعہ صَف وَجِیہ خوش شکل۔ (ع: وَجیہہ = اہم، معتبر، معزز)۔
وَجِیز فت ا، یٰ مع۔ صف۔ مختصر، باکفایت، جس میں بے جا طوالت نہ ہو۔
وِچار کس و، امذ۔ سوچ، فکر، خیال، عقل، سمجھ نیز بِچار۔
وَچَن فت و، چ۔ امذ۔ عہد، قول، وعدہ، قسم۔ نیز بَچَن۔
وَحْدانی فت مع و، سک ح۔ صف۔ واحد یا ایک سے نسبت رکھنے والا؛ توحید الٰہی کا قائل، موحّد۔

امث وحدانیت (کس ن، فت ی) مرکب امذ خُطُوط

وَحْدانی کسی لفظ یا عبارت کے ارد گرد لگائی جانے والی قوسیں جو جملۂ معترضہ یا توضیحی کلمات کو عام عبارت سے الگ کرتی ہیں۔ خطوط ہلالی، قوسین؛ ( )۔
وَحْدَت فت مع و، سک ح، فت د۔ امث۔ ایک ہونا، توحیدالٰہی۔ وَحْدَت اَلشُّہُود (وَ حْ دَ تُش شُ ہُو دْ) یہ صوفیانہ نظریہ کہ کائنات ذات باری کی شاہد ہے نہ کہ اس میں شامل۔ وَحْدَتُ اَلْوُجُود (وَ حْ دَ تُلْ وُجُود) یہ فلسفیانہ نظریہ کہ موجودات حقیقت اصلی کا جز ہیں نہ کہ صرف مظہر۔ وَحْدَتِ سِہ گانَہ ارسطو کے نظریے کے مطابق ڈرامے کی تین خصوصیات یا وحدتیں جو اسے مؤثر بناتی ہیں، یعنی زمان، مقام اور عمل یا کہانی کی وحدت پلاٹ کا ایک رہنا مخلوط نہ ہونا۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کے اقرار کا کلمہ۔ وَحْدَہٗ لاشَرِیکَ لَہٗ وہ ایک ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ ایک رہنا مخلوط نہ ہونا۔
وَحْش فت مع و، سک ح۔ امذ۔ ویرانہ، جنگلی جانور۔ج وُحُوش (ضمہ و، و مع)۔
وَحْشَت فت مع و، سک ح، فت، س، امث۔ ویرانی، سنسان پن، تنہائی؛ گبھراہٹ، افسردگی، اداسی وارفتگی،دیوان پن؛ بدکنا، بھڑکنا۔ صف وَحْشَتناک بھیانک، دہشت خیز، الم انگیز۔
وُحُوش ضمہ و، و مع۔ ج مذ۔ جنگلی جانور، درندے اور چوپائے۔
وَحْشی فت مع و، سک ح۔ صف۔ جنگلی، غیر

مہذّب، دیوانہ؛ اُلٹا، بایاں، پَٹ، چت کی ضد۔ (کتابت) نیزے کے آڑا قط لگے ہوئے قلم کا بایاں پَرا جو کاتب کے بائیں ہاتھ کی طرف ہو گا۔

وَحْی فت و، سک ح (بروزنِ وَصْل)۔ امث۔ نبی پر نازل ہونے والا خدا کا پیغام، اِلقاءِ غیبی۔ نیز عام **وَحی** (ی مع)۔

وَحید فت و، ی مع۔ صف۔ اکیلا، یگانہ، یکتا، جس کا مثل یا ثانی نہ ہو۔ اسماء حسنیٰ میں شامل۔ **وَحید اُلْعَصْر** (وَ حی دُ لْ عَصْر) اپنے دور کا لاثانی، یکتاے زمانہ۔

وِداد کس و۔ امث۔ دوستی، الفت نیز **وَداد/ وُداد**۔

وِداع کس و۔ امث رُخصت، روانگی؛ بچھڑنا، الگ ہونا؛ دلھن کی رخصتی۔ [اصلاً **وَداع** فت و]۔

وِدْوان کس و، سک د۔ امذ۔ عالم، دانا، دانشوَر۔

وَدُود فت و، و مع۔ صف۔ دوست، شفیق، محبّت والا۔اسماء حسنیٰ میں شامل۔

وِدّیا کس و، شد کس د۔ امث۔ علم، دانش، فلسفہ؛ ہنر، کمال۔

وَدیعت فت و، ی مع، فت ع۔ امث۔ امانت، سُپردگی؛ کسی کی تحویل میں دینا یا دی ہوئی شے۔

وَدْھ فت و۔ امذ۔ قتل، ماردھاڑ۔

وِدْھاتا کس و۔ صف۔ منتظم، بندوبست کرنے والا۔

وِدْھوا کس و، سک دھ۔ امث۔ بیوہ، رانڈ۔

وَر (۱) فت و۔ صف۔ غالب، فائق، حاوی؛ محبوب، منظور نظر؛ رشتے کا طالب لڑکا۔ نیز **بَر**۔

وَر (۲) لاحقۂ فاعلی۔ بمعنی والا،م؛ **تاج وَر** صاحب تاج، تاجدار، بادشاہ، **دِیدَہ وَر** صاحب نظر **نام وَر** نامی۔

وَراء فت و۔ حرف جار۔ اُدھر، پرے، پیچھے، پس، بعداز، علاوہ۔ م؛ وراء کوہ = پہاڑ کے پیچھے، مفہوم وراءِ الفاظ = پوشیدہ معنی؛ وراء موت = موت کے بعد۔ **ماوَرا** جو پیچھے یا علاوہ ہو؛ ماسوا۔ **وَراءُ اُلْوَرا** پیچھے سے پیچھے، بعید تر، بہت دور۔

وِراثَت کس و، فت ث۔امث۔ ترکہ، جو پچھلی پشت یا پشتوں سے پہنچے، ورثہ۔ میراث۔

وَرّاق فت و، شد ر۔ امذ۔ کاغذ بنانے والا؛ لکھنے والا، محرّر۔

وُرَثاء ضمہ و، فت ر۔ ج مذ۔ ترکے کے حقدار، ورثہ دار، وارث کی جمع۔

وِرْث کس و، کس ر۔ امذ، اِحاطہ، دائرے کا محیط، حلقہ؛ دستور، ضابطہٗ رسوم۔

وَرْد فت و، سک ر۔ امذ۔ گلاب کا پھُول۔

وِرْد کس و، سک ر۔ امذ۔ کسی کام کو بار بار کرنا کسی نام یا کلمے کو مسلسل دوہرانا؛ وظیفہ، نجی عبادت جو اپنی مرضی سے کی جائے، قرآن خوانی، [ع: جانوروں کا گھاٹ پر پانی پینے کے لیے آنا] ج **اَوراد** مرکب عطفی **اَوراد وَ وَظائف** (وزائف)اپنے شوق کی عبادت اور تسبیح خوانی۔

وَرْدی فت و، سک ر امثد کسی پیشے یا تنظیم کے افراد یا فوجیوں کا مقررہ لباس؛ وہ بگل جو فوجی بارکوں میں وردی اتارنے اور پہننے کی ہدایت کے طور پر مقرّرہ اوقات میں بجایا جاتا ہے۔ محاورہ **وَردی بَجْنا**

وِرُدھ کس و، ضمہ ر۔ صف۔ مخالف۔ برخلاف، رکاوٹ ڈالنے والا۔

وَرْزِش فت و، سک ر، کس ز۔ امث۔دستور،بندھا ہوا قاعدہ؛ کَسْرت، جسمانی یا ذہنی مشقت۔

وَرْشا فت و، سک ر۔ امث۔ بارش؛ مینہ؛ برسات، نیز **بَرْکھا**۔

وَرْطَہ فت و، سک ر، فت ط۔ امذ۔ شکل صورت حال؛ مخمصہ؛ چکّر؛ گڑھا، کنواں۔

وَرْع فت و سک ر۔ امذ۔ نیکی، پرہیزگاری تقویٰ، خدا ترسی۔

وَرْغَلانا فت و، سک ر، فت غ۔ ف م۔ شہ دینا، بھٹکانا، بہکانا۔ [فہ وَرغَلانیدن/ برغَلانیدَن]۔

وَرَق فت و، ر۔ امذ۔ کاغذ کا تاؤ، پارچہ؛ درخت کا پتّہ، پھول کی پتی؛ چاندی یا سونے کا کُوٹ کر مہین کیا ہوا پترا۔ **وَرَقُ الْخیال** (وَرَقُلْ خِ یال) بھنگ، حشیش۔ **وَرَقِ مُقوّہ** (مُ قَوْ وِ) گتّہ، ملٹ [ع: مُقَوّیٰ؛ نیزع: **وَرَقَہ** (فت رق)]۔

وَرْقیلا فت و، سک ر، ی مع۔ صف۔ پرت دار ، تہ درتہ (پتّھر وغیرہ)۔

وَرَم فت و، ر۔ امذ۔ سُوجَن۔

وَرَن فت و، ر۔ امذ۔ جسم کی رنگت، نسل، جات (یا ذات)، نوع۔ نیز **بَرَن** [س: وَرْنْا]۔

وَرْنَہ فت و، سک ر، فت ن۔ حرف جزا۔ نہیں تو، بدوں صورت، نیز **وَگرنَہ** [فہ وگرنہ کا مخفف]۔

وُرُود ضمہ و۔ ومع۔ امذ۔ آمد، پہنچنا، وارد ہونا، نازل ہونا۔

وَرے فت و، ے مع۔ ظرف۔ اِس طرف، اِدھر، قریب، نزدیک [اصلاً بْرُج بھاشا]۔

وَرِید فت و، ی مع۔ امث۔ وہ رگ جس کے ذریعے خون دل کی طرف واپس جاتا ہے؛ بطور خاص شہ رگ کے لیے مستعمل؛ نیز **حَبْلُ الْوَرِید** (حَب لُلْ وَرِید)۔

وِزارَت کس و، فت ر۔ امث۔ وزیر کا عہدہ، منصب یا دفتر، عملہ وغیرہ، دیوانی۔ مدارالمہامی۔

وَزْن فت و، سک ز۔ امذ۔ بوجھ، ثقل، بار، بھار، تول، درجۂ ثقالت، باٹوں یا تول کے پیمانوں کی رُو سے مقدار؛ بھاری پن، اہمیتہ پُرمغز، پُرمعنی ہونا۔ صف **وَزْنی** بھاری، اہم، قابل لحاظ۔

وَزِیر فت ر، ی مع۔ امذ۔ دیوان، مدارالمَہام، مِنِسٹر، مَنْتری۔

وِسادَہ کس و، فت د۔ امذ۔ تکیہ، گاؤ تکیہ، **وِسادَہ نَشِین** صدرنشین۔

وِساطَت کس و، فت ط۔ امث۔ واسطہ، وسیلہ، ذریعہ۔

وَشْتُو فت و۔ امث۔ مادی شے؛ اصل حقیقت۔ وجودِ محسوس۔

وَسْط فت و، سک س۔ امذ۔ بیچ، درمیان، مرکز، قلب، کمر؛ اعلیٰ و ادنیٰ کےدرمیان کا درجہ یا مقام۔ نیز **وَسَط** (فت س)۔صف **وَسْطی**، **وَسْطانی** ج۔ **اَوساط**۔ مث **وُسْطیٰ** (و س تا) بیچ کی، بیچ کے۔

وُسْعَت ضمہ و، سک س، فت ع۔ امث۔ پھیلاؤ، چوڑائی، فراخی کشادگی، گنجائش۔

وَسْمَہ فت و سک س، فت م۔ امذ۔ نیل کا پتہ یا اس سے تیار کردہ خضاب؛ چھاپہ نشان، داغ۔

وَسْواس فت و، سک س۔ امذ۔ وہم، گمان؛ ہراس، بُرا خیال جو دل میں گزرے، شک و شبہہ۔ ج **وَساوِس** ہر وصفی **وسواس الخَنّاس** شیطانی بہکاوا۔

وَسِیع فت و، ی مع۔ صف۔ فراخ، کشادہ، چوڑا، بڑی گنجائش والا؛ بسیط، غیر محدود۔ **وَسِیعُ الْقَلب** (وَسی عُل قَلب) کھلے دل کا، غیر متعصب؛ **وَسِیعُ النَّظَر** (و سِی عُن نَ زَر) دور دور تک نظر ڈالنے والا، کشادہ دل، بےتعصب۔

وَسِیلَہ فت و، ی مع، فت ل۔ امذ۔ واسطہ، ذریعہ، سبب توسل، وساطت۔

وَسِیم فت و، ی مع۔ صف خوب رُو، خوش جمال۔

وَش فت و، سک ش۔ لاحقۂ تشبیہ۔ مثل، مانند، جیسا م: **حُورْوَش** خوبصورت، مثل حُور؛ **ماہ وَش** چاند جیسا۔

وِش کس و۔ امذ۔ زہر، سم؛ نباتی گوند، مُر (لاط: Aconitum ferox)۔ **وِش کَنیا** (کَن یا) زہر پلا پلا کر تیار کی ہوئی جاسوس حسینہ جس کے ہونٹ

زہر بھرے ہو جاتے تھے اور قدیم روایات کے مطابق اس سے لوگوں کو مروانے کا کام لیا جاتا تھا۔ نیز **بِس** (رک)۔

وِشال کس و۔ صف۔ وسیع، عظیم، بسیط۔ کُل، تمام؛ حاوی، محتوی، م: **وِشال بھارَت** کل ہند۔

وِشِشْٹھ کس وش، سک ش ٹھ۔ عَلَم۔ ایک قدیم رِشی، رام چندر جی کے استاد؛ دُبِّ اکبر، نیز ایک ستارہ۔

وِشْنُو کس و، و مع۔ علم۔ ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں (تِری مُورْتی)میں سے ایک جو روزی رساں اور پرورش کرنے والا مانا جاتا ہے۔

وِشْواس کس ر، سک ش۔ امذ۔ یقین، اعتماد، اعتبار، بھروسا۔

وِشْوَ کس و ، سک س، فت و۔ صف۔ کُل، تمام عالم پر حاوی، کائناتی، سب کو سمائے ہوئے۔ نیز وِشْوَ۔ م: **وِشْوَ بھارَتی** کلُ ہند (سے متعلق)۔

وِشیش کس و، ے مج۔ صف۔ تمیز، پہچان، شناخت، خصوصیت، انفرادیت، صف **وِشیشَن** تمیز، تفریق کرنے والا؛ خاص نکتہ یا خیال سُجھانے والا۔ نیز **بِشیش، بِشیشَن**۔

وِشیلا کس و، ے مج۔ صف۔ بِس بھرا، زہریلا۔ نیز **بِسیلا**۔

وَصّاف فت و، شد ص۔ صف۔ وصف بیان کرنے والا؛ تعریف کرنے، تعارف کرانے والا، بہت بڑا ثنا خواں۔ واصف کا صیغہ تفصیل۔

وِصال کس و۔ امذ۔ ملن، ملاپ، ملاقات، محبوب سے ملنا؛ انتقال، موت، گویا خدا سے جا ملنا۔

وَصایا فت و۔ ج مذ۔ و صیتیں، رک: وصیت۔

وَصایت فت و، ی، امث۔ تولیت، ولی یا متولی ہونا، نابالغ کا سرپرست مختار، مجاز ہونا۔ صف **وَصِی**۔

وَصْف فت و سک ص۔ امذ۔ خوبی، اچھائی؛ امتیازی خصوصیت؛ بیان، ذکر، تعارف۔

وَصْل فت و۔ سک ص۔ امذ۔ پیوستگی، جُڑنا، باہم ملنا؛ ملاقات، ملن، ملاپ۔ نیز **وَصْلَت، وِصال**۔

وَصْلی فت و۔ سک ص۔ امث۔ خوشنویسی کی مشق کے لیے دوتہا دبیز چکنا کاغذ، زردوزی کی ایک قسم جس میں اُبھرواں کڑھت کی بجائے ہم سطح یعنی تہ دوز پھول بوٹے بنائے جاتے ہیں۔

وُصُول ضمہ و، و مع صف۔ جو مل گیا ہو، جو پا لیا جائے، امث **وُصُولی** پائی ہوئی، وصول شدہ یا وصول طلب رقم وغیرہ۔

وَصی فت و۔ صف۔ مختار، متولی، جسے کوئی کام یا منصب تفویض کیا گیا ہو؛ جس کو یا جس کی نسبت وصیت کی گئی ہو۔ مث **وَصِیَّہ**۔ج **اَوصِیاء**۔

وَصِیَّت فت و، کس ص، شد فت ی۔ امث کسی بات کا عہد لینا، یا کسی بات کی ہدایت کرنا، خصوصاً کسی مرنے والے کا مرنے سے پہلے کسی امر کی بابت اپنی مرضی کا اظہار کرنا، تاکید کرنا۔

وَضاحَت فت و، ح۔ امث۔ تشریح، تفصیل کرنا مبہم بات کو روشن کرنا، کھول کر بیان کرنا۔

وَضْع فت و، سک ض۔ امث۔ طور طریق، ڈھنگ، انداز؛ شکل، ڈول ڈیزائن؛ ج **اَوضاع**۔ **وَضْع کرنا** بنانا، ڈھالنا، مرتب کرنا، تشکیل دینا، **وَضعِ حَمْل** عورت کا جننے سے فارغ ہونا۔ (لفظاً بوجھ اتارنا)۔ **وَضْعْ قَطْعْ** حُلیہ نیز عام: **وَضَع قَطَع** (فت ض، ط)۔

وُضُو ضمہ و، و مع۔ امذ۔ نماز یا تلاوت، قرآن سے پہلے مقررہ طریقے سے ہاتھ، منہ پاؤں وغیرہ دھونا اور مسح کرنا؛ [ع: **وُضُوء** صفائی پاکیزگی۔

وَضِیع فت و۔ ی مع۔ صف۔ کمینہ، ادنیٰ، معمولی (آدمی)، شریف کی ضد۔

وَضِیمَہ فت و، ی مع، فت م۔ امذ۔ فاتحہ کا کھانا، کڑوی روٹی (رک) ولیمَہ کی ضد۔

وَطَن فت و، ط۔ امذ۔ جنم بھوم، مولد؛ دیس، جہاں کوئی مستقل سکونت اختیار کرے۔ مرکب وصفی وَطَنِ مالُوف وہ جگہ جہاں کسی کا عام طور پر قیام ہو، جہاں سے اس کو نسبت یا تعلق ہو۔ ج اَوطان (ولین)۔

وَطی فت و۔ امث۔ باہم مل کر کوئی کام کرنا، باہمی سازش؛ گھوڑے کی سَواری، کچلنا، روندنا؛ مباشرت، جماع۔ صف مُوَطّیٰ (مُ وَ ٹ تا) روندا، کھدیڑا ہوا، مراد جس کی اچھی طرح چھان بین کی گئی ، ٹھونک بجا کر دیکھا گیا، امام مالک کا مرتب کردہ مجموعۂ احادیث نبویؐ۔

وَظِیفَہ فت و، ی مع، فت ف۔ امذ، ورد، کوئی کام جو پابندی سے انجام دیا جائے؛ بندھا ہوا روزینہ؛ ماہانہ؛ پنشن؛ عطیہ۔ وَظِیفہ ٔ زَوجیت بیوی سے ہم بستری۔

وَعْدَہ فت و، سک ع، فت د۔ امذ۔ اقرار، عہد، پیمان بچن، قول جو کسی کو دیا جائے۔ رقم کی ادائیگی یا مال کی فراہمی کےلیے معیّنہ مدّت؛ موت کا معینہ وقت۔

وَعْظ فت و، سک ع۔ امذ۔ نصیحت، ہدایت، ناصحانہ اور دینی امور کی بابت تقریر جو کسی مجمع کے سامنے کی جائے۔

وَعَلَیکُم اُلسّلام فت و ،ع، ے لین، ضمہ ک، ال غم ، شد فت س۔ فقرہ۔ اور تم پر بھی سلامتی ہو، اَلسّلامُ عَلَیکم کا جواب۔

وَعْی فت و، سک ع۔ امذ۔ جوف، خول ظرف، تھیلی (جیسے معدے کی تھیلی) ج اَوعِیَہ۔

وَعِید فت و، ی مع۔ ج مذ۔ وعدے اور دھمکیاں؛ تنبیہہ۔

وَغا فت و۔ امذ۔ شور فساد، ہنگامہ؛ لڑائی، جنگ [ع: وَغیٰ]۔

وَغَیرَہ فت و، ے لین، فت ر ۔ فقرہ، امذ۔اور اس کے علاوہ، اور اس کے سوا، اور دوسرے، [ع: وَغَیرُہٗ کا اختصار]، وَغَیرَہا ان کے یا اس (مونث) کے علاوہ وَغیرَھُم اور ان سب کے علاوہ وَغَیرَ ہُما نیز ان دو کے علاوہ۔

وَفا فت و۔ امث۔ نباہ، خلوص، محبت، تعلق کی استواری، ساتھ دینا، ہمدمی، رفاقت، محبت کرنا؛ وعدہ پورا کرنا۔

وَفات فت و۔ امث۔ موت، مرگ، انتقال، وصال۔

وِفاق کس و۔ امذ۔ اتفاق، اتحاد، مُوافقت۔ دو یا کئی ملکوں کا ایک متحدہ حکومت کو اپنے بعض اختیارات سونپ کر مشترک ریاست قائم کرنا۔

وَفْد فت و، سک ف۔ امذ۔ مندوبین کی جماعت، نمائندوں کا جتھا۔ کسی ملک یا جماعت یا ادارے کی طرف سے کسی اجتماع میں شرکت کے لیے آنے والے۔ ج وُفُود (ضمہ و، و مع)۔ [ع: اصلاً؛ آمد] ۔

وُفُور ضمہ و، و مع۔ امذ۔کثرت، زیادتی، بہتات؛ زور، شدّت۔

وَفَیات فت و، ف۔ ج مث۔ وفاتیں، سانحات مرگ۔ وفات کی جمع۔

وَقار فت و۔ امذ۔ بھاری بھر کم، متین، سنجیدہ، بازعب ہونا؛ متانت سنجیدگی۔

وِقاع کس و۔ امذ۔مقابلہ، مجادلہ، مجامعت۔

وَقّاع فت و، شد ق۔ امذ۔ غیبت کرنے والا، لگائی بجھائی کرنے والا۔

وَقائع فت و۔ کس مج و۔ ج مذ۔ جنگیں، لڑائیاں؛ واقعات، سانحات، [ع: وقیعہ اور وقوعہ کی جمع]۔

وَقْت فت و، سک ق۔ امذ۔ زمان، ایک عرصہ، مدّت یا وقفۂ زمانی، میعاد، مہلت؛ ساعت؛ گھڑی، موقع، ہنگام، نوبت، دفعہ، باری۔

وَقْتاً فَوَقْتاً فت و، سک ق، تی فت ا، فت ف و، سک ق تی فت ا۔ م فـ کبھی کبھی ، گاہے گاہے۔

وَقَر فت و، ق۔ امذ، عزت، مان۔ وقار (رک) کی تخفیف۔

وَقِس عَلیٰ ہٰذا فت و، کس ق، سک س، فت ع، ی غم۔ جملہ۔اور اسی پر مزید قیاس کرو، مترادف **وَعَلیٰ ہٰذاالْقِیاس**۔

وَقْعَت فت و، سک ق، فت ع۔ مث عزت، لحاظ؛ اہمیت، وزن، زور۔

وَقْف فت و، سک ق۔ امذ۔ رکنا ٹھہرنا، ٹھہراؤ؛ تعطل؛ کسی مقصد کے لیے مختص کی ہوئی املاک جو قابل فروخت نہ ہو؛ صف۔ مخصوص، مختص۔ **وَقْف عَلَیَ الْاَولاد** (عَ لَل اَولاد) وہ وقف جو کوئی اپنی اولاد کی کفالت کے لیے قائم کرے۔ ج **اَوقاف**۔

وَقْفَہ فت و ، سک ق، فت فـ امذ۔ دو واقعات کا درمیانی زمانہ، تعطّل ، ٹھہراؤ ؛ مہلت؛ فرصت کاوقت؛ جملےکے آخر میں ختم ہونے کی علامت - ج **اَوقاف**۔

وُقُوع ضمہ و، و مع۔ امذ۔ واقع ہونا، گزرنا بیتنا، برپا ہونا۔ نیز **وُقُوعَہ** واقعہ حادثہ، واردات۔ گزری، بیتی ہوئی بات یا صورت حال۔

وُقُوف ضمہ و، و مع۔ امذ۔ ٹھہرنا، قیام کرنا، جاننا، آگاہ ہونا، علم، سمجھ، فہم۔ صف **بےوُقُوف** لا علم، جاہل، احمق، ناسمجھ، بے شعور۔

وَقِیع فت و، ی مع۔ صف۔ اہم، قابل لحاظ؛ باوقعت۔

وَکالَت فت و، ل۔ امث۔ ترجمانی، کسی کی طرف سے کسی امر میں پیروی کرنا۔ وکیل کا پیشہ یا کام۔ م فـ **وَکالَتہً** (لَ تَن) وکیل کے ذریعے، اَصالتہً کی ضد۔

وِکْرَم کس و، سک ک، فت ر۔ امذ۔ زور، بل، بہادری۔ عَلَم: **وِکْرَم آدِتْیَہ** گپتا خاندان کے مہاراجہ چندر گپت کا لقب (رک: **آدِتْیہ**)۔ عام بکر ماجیت۔

وَکِیل فت و؛ ی مع۔ امذ۔ کسی کی ترجمانی نیابت، قائم مقامی کرنے والا کسی کی طرف سے کسی امر میں بولنے، عمل کرنے والا؛ قانون داں جو عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے۔ ج **وُکَلاء** (وُکَ لا)۔

وَگَرنَہ فت و، گ، سک ر، فت ن، حرف جزا۔ اور اگر نہیں تو۔ مخفف ورنہ (رک)۔

وِلا (۱) کس و۔ امث۔ محبت، الفت۔

وَلا (۲) امث۔ مدت، عرصہ۔ اثناء م؛ م ف **دراین وَلا** اس عرصے میں۔

وِلادَت کس و، فت د۔ امث۔ بچے کی پیدائش، تولّد، جنم۔

وِلاَیت کس و، فت ی۔ امث۔ ولی کا منصب یا مرتبہ، مُتولی، متکفّل، سرپرست ہونا؛ ملک، ریاست، علاقہ، بیرونی یا غیر عملداری؛ انگلستان یا یورپ؛ شمال مغربی سرحد کے پار کا علاقہ۔ صف۔ **وِلاَیتی**۔

وَلَد فت ول۔ امذ۔ بیٹا، ابن، فرزند، پسر۔ ج **اَولاد** بیٹے بیٹیاں سَنھَاں۔ امذ۔ **وَلَدُالزِّنا** (وَلَ دُزْزِنا) غیر منکوحہ والدین کی اولاد، حرامی، نیز **وَلَدُالْحَرام** (وَلَ دُ لْ حَ رام) امث۔ **وَلَدِیّت** باپ کی شناخت، باپ کا نام۔

وَلَنْدیزی فت و، ل، سک ن، ے مج۔ صف۔ ملک ہالینڈ سے تعلق رکھنے والا۔

وَلْوَلَہ فت و، سک ل، فت و، فت ل۔ امذ۔ جوش، جذبہ، امنگ۔

وَلی فت و۔امذ۔ دوست، سرپرست؛ خدا رسیدہ بزرگ۔ اسماء حسنیٰ میں شامل۔ مث **وَلِیَہ**۔ مراضا **وَلی اَللّٰہ** (وَ لی اَلْ لاہَ) پہنچا ہوا آدمی، درویش۔ **وَلِیعَہد** (فت مع ع، سک ہ) بادشاہ کے بعد تخت کا وارث، یوراج۔ **وَلِیِّ نِعْمَت** (وَلِی ے نع مَت)۔ جو روزی کا وسیلہ بنایا گیا ہو۔ پرورش کرنے والا، غریب پرور (بطور کلمہ خطاب)۔

وَلیکِن فت و، ے مج، سک ک۔ حرف اِستدراک۔ مگر، نیز۔ مخفف وَلیِک، ولے [ع: وَلیکن، ولاکِن]۔
وَلیمہ فت و، ی مع، فت م۔ امذ خوشی کے موقع کی ضیافت۔ نکاح و زفاف کے بعد کی دعوت جو شوہر یا دولھا کی طرف سے دی جاتی ہے۔
وَنْت فت و، سک ن۔ لاحقۂ وصفی و فاعلی۔ مترادف، صاحب، والا م: بَلْوَنْت (فت ب) زور آور۔ کَلا وَنْت (فت ک) فن کار۔
وَنْش فت و، سک ن۔ امذ۔ خاندان، نسل، قبیلہ۔ عام، بَنْس۔
وُوں و مع۔ م فہ ویسے، اس طرح، یوں کی ضد۔
وُوں ہی ویسے ہی، جبھی، اسی وقت۔
وُوئی و مع۔ فجائیہ (عورات)۔ اُوئی کا مترادف، عموماً تکلیف حیرت، تعجب کے اظہار کے لیے۔
وَہ فت و۔ فجائیہ۔ داد و تحسین کا کلمہ، واہ، مرحبا۔
وُہ ومج۔ ضمیر غائب نیز ضمیر اشارہ۔ واحد، جمع، مونث جاندار و بے جان کے لیے مشترک صف، م ف وُہ وُہ ایسا ایسا، ایسی ایسی وغیرہ۔
وَہّاب فت و۔ شدہ۔ صف۔ بہت عطا کرنے والا، بڑی بخشش والا۔ اسماء حسنیٰ میں شامل۔ اکیف مذ وَہْب (فت مج و)۔
وَہّابی فت و۔ امذ۔ شیخ عبدالوَہّاب نَجْدی کے قائم کردہ فرقۂ اہل حدیث کا فرد جو ائمۂ اہل سنّت کی پیروی کا قائل نہیں اور غیر مقلّد کہلاتا ہے۔ عام: وَہابی۔
وَہّاج فت و، شدہ۔ صف۔ نہایت روشن، مُنَوَّر۔
وِہار کس و۔ امذ۔ تفریح، ہوا خوری، تماشا، سیر؛ جینیوں یا بودھوں کا مندر؛ ہند کا ایک صوبہ جو بنگال کےغرب میں ہے۔ عام: بہار۔
وَہاں فت و، غنہ۔ ظرفِ مکان۔ اُس جگہ، اُس موقع پر، کلمۂ تاکید: وَہِیں اُسی جگہ، اسی وقت۔ مترادف واں۔
وَہْبی فت مج و، سک ہ۔ صف۔ قدرت کی طرف سے بخشا ہوا، غیب سے پہنچا ہوا۔ خلقی، قدرتی۔
وَہْم فت مج و، سک ہ۔ امذ۔ تخیل، ذہن کی تخلیقی قوّت؛ فکر، سوچ؛ وسوسہ، واہمہ۔ صف وَہْمی شبہات میں مبتلا رہنے والا۔
وَہُوَ ہٰذا فت و، ضم مج ہ، فت و۔ فقرہ اور وہ یہ ہے، لیجیے حاضر ہے۔
وَے ضمیر غائب جمع بمعنی وہ (متروک)۔
وْیاکَرَن سک و، فت ک۔ امث قواعد زبان، گرامر، صرف و نحو۔
ویتَن ے مج، فت ت۔ امذ۔ اجرت، مزدوری۔
وید ے مج۔ امذ، ج مذ۔ عِلم، دانش؛ ہندو دھرم کے چار قدیم صحائف، یا ان میں سے کوئی ایک؛ صف: دانا، حکیم، مُعالج، ویدشاستر کا عالم۔ امذ۔ ویداَنْت (ے مج) چاروں وید؛ اپنشد پر مبنی، ہندو فلسفہ نیز ویدانّگ نیز عام وَید (ے لین) [س: وید، وَیدک]۔
وَیجَیَنْتی مالا ے لین، فت ج ی، سک ن۔ امث۔ وشنو کی مالا جس میں پانچ جواہر جڑے ہیں جو پانچوں عناصر (مع پتھر) نے دیے ہیں۔ اس: وے جینت = جھنڈا]۔
وَیدک ے لین، کس د۔ صف۔ ہندی علم طب سے متعلق، نیز وَیدْیک۔
وِیر ی مع صف امذ۔ بہادر، شجیع؛ ساونت، بہادر آدمی تص ویرا اکیف مث ویرْتا بہادری نیز بِیر۔
ویران ی مع۔ صف۔ اجاڑ، غیر آباد، بے رونق، اُداس۔ امذ وِیرانہ اکیف مث ویرانی۔
وَیش ے لین۔ امذ ہندوؤں کی چار جاتیوں میں سے تیسرے درجے کی جاتی یا ذات جس سے تجارت کھیتی باڑی وغیرہ مختلف پیشے منسوب کیے جاتے ہیں [س

وَیسیَہ]۔

وَیشْیا ے لین۔ امث۔ طوائف، رکھیل، رنڈی نیز **ویسیا۔ بیسِیا/ بیِسْوا**(ے مج)۔

وِینْجَن کس و، فت ی، سک ن، فت ج۔ امذ۔ مصمّتہ، حرف صحیح۔

وینی ے مج۔ امث۔ دو دریاؤں کا سنگم، م: **تْرِی وینی**۔

وِیوْپار کس و، و مج۔ امذ۔ کاروبار، تجارت نیز **بیوْپار، بے پاری** (ے لین)۔

وْیوْگ کس و، و مج۔ امذ۔ جدائی، فراق نیز **بِجوْگ**۔

ویوم سک و، و مج۔ امذ۔ فضا، سماء، آسمان۔

وْیوْہار سک و، ومج۔ امذ۔ عمل، طرز عمل، کارروائی۔ نیز **بیوْہار**۔

وَیہہ ولین، سک ہ۔ فجائیہ۔ واہ! چہ خوش! [ع: وَیہ قب ف: وَہ؛ اردو: واہ]۔

ہ

ہ ہے، ہا، ہائے ہَوز۔ امث۔ اردو کا پچاسواں حرف، حلقی مصمّتہ جس کا مخرج حائے حطی (ح) سے ذرا آگے ہے۔ یہ بغیر کسی احتکاک یا رگڑ کے ادا ہوتی ہے۔ بعض صورتوں میں یہ حرف جزو املا ہوتا ہے مگر اس کی آواز ادا نہیں کی جاتی۔ ایسی صورت میں اسے ہائے غیر ملفوظ کہتے ہیں، مثلاً: تاکہ، پردہ، جامہ وغیرہ۔ اردو تلفظ میں ہ ملفوظ اور حائے حطی میں چنداں فرق نہیں کیا جاتا۔ املا میں اسے ہائے دو چشمی (ھ) کی جگہ ہائیہ مصّمتے بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا رہا ہے م: ابہی (ابھی)، گہڑی (گھڑی) اور غیر ہائیّہ الفاظ میں بھی ہ کی جگہ دو چشمی ھ لکھی جاتی رہی مثلاً ھم، ھمارا ۔ کتابت میں مذکورۂ بالا گول شکل کے علاوہ اس کی اور کئی شکلیں بھی آتی ہیں: کہ، کُنہہ، ہیہ، کہہ، مہر، ہم۔ اس کے شوشے کو ب، ن وغیرہ سے متمیز کرنے کے لیے اس کے نیچے ایک علامت بنا دیتے ہیں جسے طرّہ یا لٹکن کہتے ہیں اور ہر، ہم وغیرہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔ جُمل میں اس کے عدد پانچ ہیں اور یہ حروف قمری میں سے ہے۔

ہمارے طریق املا میں ہ کی متبادل شکل ھ (دوچشمی ہے) اب صرف بعض مصمتوں کو ہایئہ بنانے کے لیے لکھی جاتی ہے۔ اس لیے اس کو علاحدہ حرف شمار نہیں کیا گیا۔

عربی اصل کے بہت سے الفاظ میں یہ تائے مدوَرہ کا بدل ہے م: أَمَة (أمہ) حِرفَة (حرفہ) صاعقة (صاعقہ)۔

ہا (۱) لاحقۂ جمع، کثرت کے معنی دیتا ہے، م: ہزار ہا، مِیل ہا مِیل، فسانَہاے کُہَن۔

ہا (۲) کلمۂ تاسّف و تنبیہ بمعنی ہائے، افسوس؛ یا بچوں کو نصیحت کے لیے انگلی اٹھا کر: ہا ایسا نہیں کرتے!

ہابِیل ی مع۔ عَلَم۔ حضرت آدمؑ کے بیٹے جن کو ان کے بھائی قابیل نے ازروئے صحائف قتل کر دیا تھا۔

ہات رک: **ہَت**۔

ہاتاپائی رک: **ہاتھاپائی**۔

ہاتف کس ت۔ امذ۔ لفظاً: پکارنے والا، مُنادی، بطور عَلَم فرشتۂ غیبی، سروش، مراد وجدان۔ تصوف اور شاعری میں جو خیالات بلا کاوش ذہن میں آئیں ہاتِف سے منسوب کیے جاتے ہیں، نیز **ہاتفِ غَیبی**۔جدید عربی میں ٹیلیفون کا مرادف۔

ہاتھ امذ۔ پنجہ، پہنچا؛ بازو؛ پنجے سے مونڈھے تک کا عضو؛ بیچ کی انگلی سے کہنی تک کا طول بطور پیمانۂ پیمائش؛ محاورۃً، دخل، تعلق؛ مدد سہارا؛ ہتھیار کا وار، کھلے پنجے کی ضرب؛ گنجفہ چوسرتاش وغیرہ میں کسی کھلاڑی کے چلنے کی باری یا چلی ہوئی چال؛ ایک باری میں ہاتھ میں آنے والے یا جیتے ہوئے پتے۔ مرکبات میں اور بھی بہت سے معنی پیدا کرتا ہے، م: ف ل **ہاتھ آنا** حاصل ہونا ملنا؛ پکڑا جانا۔ ف م: **ہاتھ اُٹھانا** مارنا؛ علیحدگی اختیار کرنا، ترک کرنا؛ **ہاتھ باندؔھنا** دونوں ہاتھ سینے پر رکھنا، باادب کھڑا ہونا؛ کسی کو بےبس، مجبور کردینا؛ محاورہ **ہاتھ پر ہاتھ دھرے بَیٹھنا** خالی، بےکار، بےروز گار ہونا؛ **ہاتھ پانْو پُھول جانا** گھبرا جانا؛ ف مر **ہاتھ پَھیلانا** بھیک مانگنا؛ **ہاتھ تَنگ ہونا** بمشکل گزارہ کرنا **ہاتھ جوڑنا** معافی مانگنا؛ **ہاتھ صاف کرنا** مہارت پیدا کرنے کے لیے مشق کرنا؛ کسی کو لوٹنا، **ہاتھ قَلم ہونا** ہاتھ کاٹے جانا، **ہاتھ ملانا** مصافحہ کرنا۔ **ہاتھ مَلنا** (فت م) پچتانا۔ اَمرَ: **ہاتھ لا(ؤ)** ہاتھ ملاؤ (عہد پکا کرنے یا کسی بات کی داد چاہنے کے لیے)۔ صف **ہاتھ چالاک** جسے چوری کا لپکا ہو، صفائی سے چیز اڑا لینے والا۔

ہاتھا پائی امث۔ دِھینگا مُشتی، مارپیٹ۔

ہاتھا جوڑی و مج۔ امث۔ پنجۂ مریم: ایک جھاڑی کی شاخ جس کی شکل ہاتھ کے پنجے سے ملتی ہے (لاط: Anastatica Hierochuntiana)۔

ہاتھ کا مَیل (ے لین) امذ۔ ہاتھ پر پڑی ہوئی خاک جسے جھٹک دیتے ہیں، مراد روپیہ جو خرچ کر دینے کے لیے ہوتا ہے۔

ہاتھ کے ہاتھ (ے مج) م ف۔ فوراً، ضمناً، چلتے چلتے، مرادف **لگے ہاتھوں**، ابھی کے ابھی۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا محاورہ۔ کسی کو کسی کے سپرد کرنا،کسی کی امان یا پناہ میں دینا۔

ہاتھوں ہاتھ (و مج) م ف۔ ایک سے دوسرے کے پاس، سلسلہ وار؛ بیک وقت بہت سے لوگوں کے درمیان م: ہاتھوں ہاتھ لینا۔ سب کا مل کر کسی کی آؤ بھگت کرنا؛ ہاتھوں ہاتھ پہنچانا۔

ہاتھی امذ۔ سونڈ والا، بھاری بھر کم جانور، فیل، پیل، گج۔ **ہاتھی دانْت** (غنہ) نر ہاتھی کے لمبے خمیدہ دانت جن سے بہت سی آرائشی چیزیں نیز ہتھے، مُوٹھ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ محاورہ **ہاتھی سے گنّے کھانا** زبردست سے کوئی چیز ہتھیا لینا؛ **ہاتھی کے پانو میں سب کا پانو** ایک بڑا آدمی سب کی نمائندگی کر سکتا ہے جدھر وہ لے جائے گا سب جائیں گے وہ چلا تو گویا سب چلے۔ مثل **ہاتھی نِکل گیا دُم باقی رہی** مہم سرہو گئی، تھوڑی سی کسر ہے۔ **ہاتھی لُٹ کر بھی سَوا لاکھ کا** بگڑا امیر بھی کچھ نہ کچھ اثاثہ رکھتا ہے۔ **ہاتھی ہَنگام** ہاتھیوں کے روندنے سے کھیت کی تباہی جس پر لگان میں معافی ملتی تھی۔

ہاتھی چُک ضمہ چ۔ امذ۔ اونٹ کٹارا کی قسم سے ایک پودا جس میں کرم کلّے کی طرح کا پھول لگتا ہے جسے مویشی شوق سے کھاتے ہیں اور ترکاری کے طور پر بھی پکایا جاتا ہے۔ [انگ: Artichoke لاط: Cynora Sicolymus]۔

ہاتھی سُونڈی و مع مغ۔ امث۔ تقریباً دو بالشت کا ایک پودا جس کے پتے بیضوی گہرے سبز اور پھول ہاتھی کی سونڈ سے مشابہ ہوتا ہے۔ (لاط: Helistropium Indicum)۔

ہاٹ امذ۔ بازار، منڈی؛ دیہاتی میلا؛ دکان۔

ہاجی صف۔ ہجو گو، مسخرا۔

ہادِم کس د۔ صف۔ ڈھانے، گرانے، مسمار، منہدم کرنے والا، م: ضَرَبِ ہادِم ڈھا دینے والی ٹکّر یا حملہ۔

ہادی صف۔ ہدایت دینے، نصیحت کرنے والا، رہنما، دینی پشوا؛ نیز مراد اللہ تعالیٰ۔ اسماء حسنیٰ میں شامل۔

ہار (۱) امث۔ شکست، مات، ہزیمت۔ ف ل ہارنا ناکام رہنا، جی چھوڑ دینا، تھک جانا، ف م: کھو دینا، گنْوا دینا م ف ہار کے عاجز آ کر، تھک کر ، نیز (بول چال) ہار کے جھک مار کے بڑی کوشش کے بعد بالآخر (وہی کیا جو نہ چاہا تھا)۔

ہار (۲) امذ۔ مالا، پھول مالا؛ گلے کا ایک زیور جو لڑی یا لڑیوں کی صورت میں ہوتا ہے۔

ہار (۳) لاحقۂ صفت و فاعلیت م: چَلَن ہار چلنے والا، چلنے کو تیار (مراد: موت کے قریب)؛ جانْہار دُکھ بھرنے جان دینے والا۔ نیز ہارا م: لکڑہارا (رک)۔

ہارسِنْگار کس مغ س۔ امذ۔ ایک پودا جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زعفرانی رنگ کپڑے رنگنے کے لیے بنایا جاتا ہے، نیز ہارسِنْگھار، ہَرسِنْگار (لاط: Mycranthus Arbortristis)۔

ہاڑ امذ۔ ہڈی، استخواں؛ ڈھانچا، جِسم۔

ہاڑنا سک ڑ ف م۔ باٹوں کو جانچنا؛ ترازو کی تول درست کرنا۔

ہاڑی امذ۔ ہڈیاں چُن کر گزر کرنے والا نیچ ذات کا آدمی؛ مُزارع (رک: ہالی)۔

ہاسِیَہ سک س، فت ی۔ امذ۔ مزاح، ظرافت ہاسیَہ رَس مزاحیہ ادب۔

ہاضِم کس ض۔ صف۔ جلد ہضم ہو جانے والا؛ جو غذا کو ہضم کرنے میں مدد دے (دوا وغیرہ)۔ امذ ہاضِمہ (کس مع ض) معدے کی غذا کو ہضم کرنے کی قوت۔

ہالوَن و مج۔ امث۔ رائی کی قسم سے ایک پودا، رک: حُرْف۔

ہالہ فت ل۔ امذ۔ حلقہ، روشنی کا گھیرا جو پورے چاند کے گرد نظر آتا ہے، ایسا ہی حلقہ جو مقدس چہروں کے گرد تصاویر میں بنا دیا جاتا ہے۔

ہالی امث۔ پتوار جس سے کشتی کا رخ موڑتے ہیں؛ ہل چلانے والا، نیز ہاڑی۔

ہالی مَوالی فت م۔ ج مذ۔ متعلقین، متوسلین، وابستگان [ع: اَہالی و مَوالی]۔

ہامُون ومع۔ امذ۔ صحرا، ویرانہ، بیابان۔

ہامی ی مع۔ امث۔ اقرار، ہاں کہنا۔

ہاں (۱) اقرار و اثبات کا کلمہ: بجا، درست، اچھا محاورہ ہاں میں ہاں مِلانا تائید کرنا، بےتأمّل دوسرے کی بات کو درست بتانا؛ بطور فجائیہ: تاسف جوش یا جذبے کے اظہار کے طور پر م: ہاں اے فلک پر جواں تھا ابھی عارف؛

ہاں (۲) ظرف۔ جگہ، مقام، گھر، ماحول، معاشرہ، عموماً مضاف کی صورت میں م: ہمارے ہاں۔ تمھارے ہاں، مرادف یہاں۔

ہانْپنا غنہ، سک پ۔ ف ل۔ جلدی جلدی سانس لینا، دم پھول جانا۔

ہانڈی امغ-امث- مٹی کا گول چوڑے پیٹ کا برتن، نیز دھات کی پتیلی، تص **ہنڈیا** پتیلی میں پکا ہوا کھانا م: کاہے کی ہنڈیا پکائی؟ کیا کھانا پکایا-

ہانک غنہ- امث- پکار، بانگ-

ہانکا امغ- امذ- شکار کو گھیرنے کے لیے شوروغل مچانا، ٹین پیٹنا، ڈھول بجانا-

ہانکنا غنہ، سک ک- ف م- جانور کو چلنے کا اشارہ کرنا؛ گاڑی چلانا- ف مرکب: **بڑ/گپ ہانکنا** شیخی بگھارنا، دُون کی لینا، بے اصل باتیں کرنا-

ہانکے پکارے امغ، ے مج، ضمہ پہ م فہ علانیہ، بَرملا، ڈنکے کی چوٹ (پر)-

ہانی امث- گھاٹا، نقصان، کمی-

ہاوَن فت و امذ- دوائیں مسالے وغیرہ کوٹنے کا آہنی گھرا، گول ظرف جس کے ساتھ دستہ یا موسل بھی ہوتا ہے- مرکب عطفی **ہاوَن دَستہ** (فت د، ت)-

ہاؤہو و مج، و مع- امث- چیخ پکار، شور وغُل- نیز **ہاتے وَہو** (ے غم)-

ہاہاکار امث- فریاد، واویلا، ہائے ہائے- (فعل مچنا)-

ہاہا ہی ہی امث- ہنسی ٹھٹھا، اُودھم-

ہائیکو ی مع، و مج- امث- جاپانی شاعری کی ایک صنف جس میں کُل ۱۷ ماتراؤں پر مبنی تین مصرع ہوتے ہیں- اردو میں بھی برتی جا رہی ہے-

ہائے فجائیہ، کلمۂ تاسف- افسوس، آہ، وائے- امث: فریاد، پُکار-

ہائیں ے مج- حرف تنبیہہ، حرف استعجاب- مترادف ارے، ہیں- کیوں؛ خبردار-

ہبّا ڈبّا فت ہ، شدب، فت ڈ، شد بہ امذ- کالی کھانسی-

ہبڑا فت ہ، سک بہ امذ- بد شکل، ڈراؤنی صورت کا آدمی، نیز **ہبوڑا**-

ہبڑ دَھبَڑ فت ہ، ب، دھ، م فہ بھاگ دوڑ، افراتفری نیز **اَبڑ دَبڑ**-

ہَبنَق فت ہ، ب، شدفت ن- امذ- ٹھگنا، وحشی، مضحکہ خیز ہیئت و صورت کا آدمی- نیز عام **ہونَق**-

ہبوڑا فت ہ، و مع- امذ، صف- ہوکے زدہ، کھانے پر پل پڑنے والا، جلدی جلدی منہ میں بھرنے والا- ف ل **ہبوڑنا** (ومج) ندیدہ پن سے نگلنا-

ہبُوط ضمہ ہ، و مع- امذ- نیچے اترنا، تنزل، گراوٹ؛ پستی؛ کساد بازاری-

ہِبہ سک ہ، فت بہ امذ- کسی کی ملکیت میں دینا، عطا کرنا، کسی اور کو بخشنا، کسی کے نام میں منتقل کرنا- **ہِبہ ءِ اِستِقبالی** وہ چیز جو فوری طور پر کسی کو نہ دی جائے بلکہ اس کی منتقلی آئندہ کسی وقت پر موقوف ہو-

ہَپ فت ہ- امث ہڑپ کی تخفیف، نگلنا، منہ میں نوالہ بھرنا- م ف **ہَپ ہَپ** جلد جلد ندید پن سے کھانا- صف **ہپّو** (و مع) ہڑپ کر جانے والا-

ہپّا فت ہ، شد پہ امذ- بچوں کی زبان میں کھچڑی یا کوئی نرم غذا؛ کھانے کی ایک دفعہ منہ میں ڈالنے والی مقدار-

ہَت فت ہ- کلمۂ نفرت- بھاگ! دور ہو، نیز **ہَت/ہات تیری کی** چل تیرا بُرا ہو، نیز **تیرے کی** ‹[س: ہَتیہ قتل]-

ہِت کس ہ- امذ- فائدہ، بھلا، خیر؛ دوست، مِیت؛ صف: فائدہ مند، مفید، مبارک؛ **ہِتوپدیش/ ہِت اُپدیش** بھلائی کی بات، نیک صلاح، پندِ سود مند-

ہتّا فت ہ شدت- امذ- ہاتھ میں پکڑنے کا آلہ، دستہ، قبضہ، مُوٹھ- نیز **ہتّھا**-

ہَتک فت ہ، سک تہ امث بے حرمتی، بے عزتی، تذلیل، عام: **ہَتک** ‹[ع: ھَتک = پردہ دری]، **ہتکِ عزّت** ازالہ ءِ حیثیتِ عرفی، بدنام کرنا، عزت کو بٹہ لگانا-

ہَتَوڑا فت ہ، ولین۔ امذ۔ کوٹنے، ٹھونکنے کا ڈنڈے دار لوہے کا آلہ امث **ہَتَوڑی**،نیز **ہَتھوڑا۔**

ہَت چُھٹ فت ہ، ضمہ چھ۔ صف۔ ذرا سی بات پر مار بیٹھنے والا، جو مارنے پر تلا رہے۔ نیز **ہتھ چُھٹ۔**

ہَت کَٹی فت ہ، ک۔ امث۔ ایسی چوٹ جو حریف کا ہاتھ بیکار کر دے۔

ہَتکَڑی فت ہ، سک ت، فت ک۔ امث۔ مجرموں کے ہاتھ باندھنے کا قفل دار کڑا، **ہَتھکَڑی۔**

ہَتکَنڈا فت ہ، سک ت، فت مغ ک۔ امذ۔ چال، سازشی کارروائی، نیز **ہَتھکَنڈا۔**

ہَتّی فت ہ، شدت۔ امث۔ (بچوں کی بولی) سزا سرزنش، مار۔ [ہَتّیا کی تحریف]۔

ہَتّیا فت ہ، شد کس ت۔ امث۔ قتل، جان سے مارنا؛ آفت، مصیبت، بوجھ، دنڈ۔ صف **ہَتّیارا** (فت ہ، سک ت) قاتل؛ جابر، ظالم۔

ہَتْیانا فت ہ۔ سک ت۔ ف م۔ جھپٹ لینا لُوٹ لینا، مارلینا، اپنے قبضے میں کر لینا، نیز **ہَتھیانا۔**

ہَتیلی فت ہ، ے مج۔ امث۔ کلائی اور انگلیوں کے درمیاں کھلے ہاتھ کا حصہ، نیز **ہتھیلی**

ہَتھ فت ہ۔ امذ۔ ہاتھ یا ہاتھی کی تخفیف، مرکّبات میں مستعمل، امث **ہَتھ نال** ہاتھی پر لادنے والی توپ۔ نیز **ہَت۔**

ہَتھیار فت ہ، سک تھ۔ امذ۔ اسلحہ، جنگ کے آلات میں سے کوئی آلہ۔

ہَٹ فت ہ۔ ضد۔ اپنی بات پر اَڑنا، اصرار کرنا، قوت ارادی۔ صف۔ **ہَٹ دَھرَم** بے جا ضد کرنے، اپنی بات کی پچ کرنے والا، بے انصاف، متعصّب۔

ہَٹّا کَٹّا فت ہ۔ شد ٹ، فت ک، شد ٹ۔ صف مضبوط، چست، تندرست، قوی۔

ہَٹانا فت ہ۔ ف م۔ الگ کرنا، دور کرنا؛ تبدیل کرنا۔ ف ل: **ہَٹنا** الگ ہونا، پیچھے جانا، مقابلہ ترک کرنا۔

ہَٹیلا فت ہ، ی مع۔ صف۔ ضدّی؛ دُھن کا پکا۔

ہَٹھ یوَگ فت ہ، و مج۔ امذ۔ یوگ کی ریاضت کے طور پر خود کو کڑی آزمائش میں مبتلا کرنا جس کے لیے بڑی قوت برداشت درکار ہو۔ نیز **ہَٹھ جوَگ، ہَٹ یوَگ۔**

ہِجا کس ہ امث۔ لفظ کے حروف کا تلفظ اور حرکات۔ عام، **ہِجّے**؛ ہَجو، مَلامَت۔

ہِجْر کس ہ، سک ج۔ امذ۔ جدائی، فراق، محبوب سے دُوری۔ نیز **ہِجراں** (غنہ)۔ [اصلاع: ہَجْر]۔

ہُجْر ضمہ ہ، سک ج۔ امذ فحش کلامی، گندہ دہانی، نیز **ہُجْراء۔**

ہِجْرَت کس ہ، سک ج فت ر۔ امث۔ روانگی، کُوچ، ترک وطن یا ترک سکونت؛ رسول خدا حضرت محمدؐ کا مدینے کی طرف سفر جب سے اسلامی کیلنڈر کی ابتدا ہوئی اور ہجری سالوں کا شمار ہوتا ہے۔ صف **ہِجْری** ہجرت بنویؐ سے منسوب، نیز **مُہاجِرت۔**

ہَجْو فت ہ، سک ج۔ امث۔ مذمت، ملامت، اشعار جو کسی کی عیب جوئی یا مذاق اڑانے کے لیے لکھے جائیں۔ **ہَجْوِ مَلیح** (ہَجْ وِ مَ لِیْح) مدح کے پیرائے میں مذمت۔ دو شالے میں لپیٹ کر مارنا۔

ہُجُوم ضمہ ہ، و مع۔ امذ۔ ہَلّہ، دھاوا، حملہ، یلغار؛ بھیڑ بھاڑ، مجمع۔

ہِچَر مِچَر کس ہ، فت چ، کس م، فت چ۔ امث۔ تامل، تذبذب، ٹال مٹول، لَیت و لعل، جھجک ہچکچاہٹ۔

ہُچْکا ضمہ ہ۔ امذ پتنگ اڑانے کی ڈور کی چرخی۔

ہِچْکِچانا کس ہ، سک چ، کس ک۔ ف ل، جھجکنا، تامل، تذبذب کرنا۔ اکیف مث **ہِچْکِچاہَٹ۔**

ہِچْکولا کس ہ، سک چ، و مج۔ امذ۔ دَھچکا، جھٹکا، محاورہ **ہِچکولے کھانا** ہلنا ڈولنا۔

ہِچْکی کس ہ، سک چ۔ امث۔ سانس کی نالی میں غیر ارادی جھٹکا جو حلق کی خفیف سی آواز کے

ساتھ کبھی کبھی متواتر محسوس ہوتا ہے، اور عموماً پانی پینے سے ٹھیک ہو جاتا ہے؛ دم توڑنے سے پہلے اسی طرح کا اضطراری عمل۔
ہَدایا فت ہ۔ ج مذ۔ ہدیے تحفے۔ ہدیہ کی جمع۔
ہِدایَت کس ہ، فت ی۔ امث۔ رہبری، نیک مشورہ، تلقین، نصیحت، ج **ہِدایات** احکام، مشورے، امذ **ہِدایَت کار** فلم، ناٹک وغیرہ میں اداکاروں وغیرہ کے کام کی فنی نگرانی کرنے والا۔
ہَدر فت ہ۔ سک د۔ امذ خونِ رائگاں، بےفائدہ زیاں یا جاں کا زیاں۔
ہَدڑا فت ہ۔ سک د۔ امذ۔ حلیہ، برا حُلیہ، بُرا حال، محاورہ **ہَدڑا بگاڑنا/ کھونا۔**
ہَدَف فت ہ، د۔ امذ۔ نشانہ جس پر وار کیا جائے جس کی شست لی جائے؛ مقصد، منزل مطلوبہ شے؛ شخص جس پر چوٹ کی جائے یا طنز و ملامت کا موضوع بنایا جائے، مطمح نظر۔ ج **اَہداف۔**
ہَدم فت ہ، سک د۔ امذ۔ ڈھانا، گرانا، منہدم کرنا، نیز **اِنْہِدام۔**
ہُدہُد ضمہ ہ، سک د۔ امذ۔ کُھٹ بڑھئی۔ ایک پرندہ جو اپنی چونچ سے لکڑی میں سوراخ کرتا ہے۔ (انگ: Hoopoe)۔
ہُدیٰ ضمہ ہ، ی غم۔ امذ۔ سیدھا راستہ دکھانا، ہدایت، رہبری [ع:ھَدی، ھُدیً (ہدَن)]۔
ہَدْیَہ فت ہ، سک د، فت ی۔ امذ۔ تحفہ، نذر، پیشکش؛ ختم قرآن کی تقریب جس میں بچے کو دولہا بناتے ہیں۔
ہَڈ فت ہ۔ امذ ہڈی کا مخفف، تراکیب میں م: **حرام ہَڈ** بدخصلت، مفت خورا، ناکارہ آدمی۔ **ہَڈّا** بڑی ہڈی، نلا۔ امث **ہَڈّی۔**
ہٰذا اسم اشارہ۔ یہ، یہی۔ مث **ہٰذِہ** (بازہی) **لِہٰذا** (کس مج ل) اس لیے، چنانچہ۔

ہَذَیان فت ہ، ذ۔ امذ۔ بڑبڑانا، بہکنا، بے معنی باتیں جو سوتے یا غفلت میں کی جائیں۔ عام: **ہَذیان۔**
ہَر (۱) فت ہ۔ عَلَم۔ ہندوؤں کے دیوتا وشنو اور ان کے اوتار شری کرشن کا لقب، نیز ہَری [س: ہَر]؛ ہل کی ایک مقامی شکل۔ صف: زردی مائل سبز، ہرا، م: **ہَرچَنْدَن** اعلیٰ قسم کا زردی مائل صندل۔
ہَر (۲) فت ہ۔ ضمیر واحد عمومی ، صف۔ ایک ایک، فرداً فرداً، سب کوئی، سبھی، سارے، تمام، کُل کے کُل۔ م: ہر روز، بلاناغہ، ہر آدمی، سب آدمی، ہر آن، لمحہ بہ لمحہ، ہر بات، ساری باتیں۔ نیز **ہَرایک/ ہَرہَر** ایک ایک۔ (برائے تاکید) **ہَرکَس** ایک ایک آدمی،سب افراد؛ **ہرکس و ناکَس** سبھی ایرے غیرے، خاص و عام۔ صف **ہَرفَن مَولا** کئی کاموں کا ماہر، یک فنا کی ضِد۔
ہَرا فت ہ۔ صف۔ سبز، شاداب، تروتازہ؛ کچا، خام؛ غیر مندمل (زخم)۔ مرکب **ہَرا بَھرا** لہلہاتا، سرسبز۔
ہَرّا فت ہ، شد ر امذ۔ ہڑ، ہلیلہ (لاط: Terminalia chebula/ myrobalans)۔
ہُرّا ضمہ ہ، شد ر۔ امذ۔ بھگدڑ، فرار **ہُرّا بولنا** پرندوں کا ایک ساتھ فرّاٹا بھرنا۔ **ہُرّا ہونا** کسی گروہ کا تتربتر، منتشر ہو جانا۔
ہَرّاج فت ہ، شد ر۔ امذ۔ نیلام۔
ہِراس کس ہ۔ امذ۔ خوف، ڈر، ہَول؛ مایوسی، افسردگی۔ صف **ہِراساں۔**
ہِرانْد کس ہ، سک ن۔ امث۔ کھانے میں مسالے کے کچا رہ جانے کی بو۔
ہَرانی جِتانی فت ہ، کس ج۔ امثد دل آزاری، عاجز کرنا، تنگ کرنا، ناحق پریشان کرنا۔
ہَراوَل فت ہ، و۔ امذ۔ فوج کا اگلا دستہ جو باقی فوج سے آگے روانہ ہوتا ہے۔
ہَر آئِینَہ فت ہ، سک ر، ی مع، فت ن۔ م فـ ضرور،

لازماً، ہر صورت میں، ہر اصول، ہر قانون کی رُو سے۔

ہرپھر کَر کس ہ پھ، فت ک۔ م ف۔ گھوم گھام کر،اِدھر اُدھر چل پھر کر؛ آخر کار۔ صف **ہرتا پھِرتا** اِدھر اُدھر پھرتا ہوا یا پھرنے کے بعد۔ نیز **ہرپھرکے**۔

ہَرْج فت ہ، سک ر۔ امذ۔ بے ترتیبی، بدنظمی، بے قاعدگی؛ شورش، گڑبڑ، فساد، نقصان، مضائقہ، خلل، نیز مرکب **ہَرْج مَرْج** ہنگامہ، آفت۔

ہَرْجانَہ فت ہ، سک ر۔ امذ۔ تاوان، دنڈ۔

ہَرجائی فت ہ، سک ر۔ صف۔ بے ٹھکانا، بےوفا جو کسی ایک کانہ ہو، جو کس کا نہ ہو سکے۔

ہَرچَنْد فت ہ، سک ر، فت چ، سک ن۔ م ف۔ اگرچہ، گوکہ؛ بہت کچھ، سب طرح سے۔ م: ہر چند کہا/ سمجھایا، نہ مانے۔

ہِردَے کس ہ، ی لین۔ امذ۔ دل، نفس، ضمیر، من۔ صف **چپَل ہردے** (فت چ پ د) بے وفا۔ ہرجائی۔

ہَردیکی چَمْچَہ فت ہ، سک ر۔ ے مج، ی مع۔ فت چ، سک م، فت چ۔ صف۔ مطلبی، اپنے فائدے کے لیے ہر ایک کے ساتھ لگ جانے والا۔

ہَرْزَہ فت ہ، سک ر، فت ز۔ امذ۔ لغو، بے معنی باتیں۔ فضول باتوں کا طومار؛ بکواس۔ مرکّب وصفی **ہَرزَہ سَرا/ہَرزَہ گو** لغو باتیں کرنے والا۔

ہَرْس فت ہ، سک ر۔ امذ۔ ہل کی پھالی یا نوک۔

ہَرْسا فت ہ، سک ر۔ امذ۔ صندل گھسنے کی سل۔

ہَرْسنگار فت ہ، سک ر، کس مج س۔ امذ۔ رک **ہارسنگھار**۔

ہَرْش فت ہ، سک ر۔ امذ۔ فرحت، انبساط، خرّمی، خورسنّدگی۔ ف م، ل **ہَرْشانا** خوش کرنا، خوش ہونا۔

ہَرکارَہ فت ہ سک ر، فت ر۔امذ۔ پیغام رساں، ڈاکیہ۔

ہَرگاہ فت ہ، سک ر۔ م ف۔ لفظاً: ہر جگہ، ہمیشہ۔ اصطلاحاً سرکاری اعلانات کا رسمی سر آغاز جس کے بعد عموماً سبب اعلان یا صورت حال جو اعلان کی محرک ہوئی بیان کی جاتی ہے۔

ہَرگِز فت ہ، سک ر، کس گ۔ تاکید نفی۔ (کلمۂ نفی نہیں کے ساتھ) کبھی نہیں بالکل نہیں۔

ہَرَم فت ہ، ر۔ امذ بڑھاپا، بوڑھا آدمی؛ دانائی، عقل کی پختگی؛ قدیم مصری بادشاہوں کا مقبرہ۔ ج **اَہْرام** (فت مج ا) صف۔ **ہَرَمی** ہرم کی شکل، مخروطی۔

ہُرْمُز ضمہ ہ، سک ر، ضمہ م۔ عَلَم، امذ۔ ایک قدیم ایرانی بادشاہ کا نام جو ۲۷۲ع میں حکمراں تھا (نیز ہُرمُزد)؛ سیّارہ مشتری؛ خلیج فارس کی ایک بندرگاہ؛ ایرانی مہینے کا پہلا دن۔ **بَحْرِ ہُرمُز** خلیج فارس کا ایک نام۔

ہِرمِزی کس ہ، سک ر، کس م۔ امث۔ ایک قسم کی سرخ مٹی جس سے دیواروں کو رنگنے کا کام لیا جاتا ہے۔ عام **ہِرمِچ، ہِرمِج، ہِرَمْجی**۔

ہَرمُشْٹا فت ہ، سک ر، ضمہ م، سک ش۔ صف۔ ہٹا کٹا، مشنڈا۔اکیف مث **ہَرمُشْٹی**۔

ہِرَن کس ہ، فت ر۔ امذ۔ تیز رفتار، سینگ دار صحرائی جانور جس کی بہت سی اقسام ہیں۔ آہُو، مرگ، ظبی۔ تصغیر **ہِرنَوٹا** امث، **ہِرْنی**۔

ہَرْنا (۱) فت ہ، سک ر۔ ف م۔ چھیننا، ہتیانا، جیتنا، فتح کرنا۔ حاصل مصدر **ہَرَن** م **مَنْ ہَرَن** دل جیتنا۔

ہَرْنا (۱) فت ہ، سک ر۔ امذ۔ گھوڑے کی کاٹھی کا اگلا اُبھار۔

ہَروتا فت ہ، ولین۔ امذ۔ ہل چلانے کے موسم کا آغاز۔

ہَروتی فت ہ، ولین۔ امث ہل چلانا، ہل چلانے کے لیے مزدور/ کسان کو دی جانے والی رقم۔ تقاوی، کاشتکار کو دیا جانے والا قرضہ؛ نیز **ہَرْوَل** امذ **ہَرْیا** کسان۔

ہُرْہُرا ضمہ ہ، سک ر، ضمہ ہ۔ امذ۔ رک: ہڑ جوڑی؛ ایک چھوٹا پودا جس کا پھول سفید اور بہت چھوٹا

ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کے پتے کو توڑ کر پھر جوڑا جائے تو جڑ جاتا ہے۔ (لاط: Gynandropsis orcleome pentaphilla)۔

ہَرْیالا فت ہ، سک ر۔ صف۔ سرسبز، بامراد، شاد کام م: **ہَریالا بَنا/بَنْرا** خوش بخت دُولھا مث **ہَریالی**۔

ہَریجَن فت ہ، ی مع، فت ج امذ۔ نیچ ذات کے آدمی کو دیا جانے والا معزز لقب، ہَری (اِیشوَر) کی اولاد۔

ہَری چُگ فت ہ، ضمہ چ۔ صف۔ خود غرض، بے وفا۔

ہَریسَہ فت ہ، ی مع، فت س۔ امذ۔ حلیم سے ملتا ایک قسم کا کھانا۔

ہَرْیَل فت ہ، سک ر، فت ی۔ امذ ایک سبز رنگ کا پرندہ جو مکھیوں کا شکار کرتا ہے۔ (لاط: Merops vividis)۔

ہَڑ (۱) فت ہ۔ امث۔ ہلیلہ، اہلیج اصفر، ایک زرد پھل جسے خشک کرکے دواءً استعمال کرتے ہیں۔ رک: ہلیلہ۔

ہَڑ (۲) فت ہ۔ امث ہڈی۔ **ہَڑ واڑ** جہاں ہڈیاں دفن ہوں، قبرستان خصوصاً خاندانی قبرستانوں کے لیے مستعمل۔

ہَڑبَڑانا فت ہ، سک ڑ، فت ب۔ ف ل۔ بوکھلانا، گھبرانا۔

ہَڑبَونگ فت ہ، سک ڑ۔ ولین، غنہ امث۔ افراتفری، بدنظمی، شوروغل۔

ہَڑَپ فت ہ، ڑ۔ امث بغیر چبائے نگل جانے کا عمل۔ نیز **ہَڑپّا**۔ ف ل **ہَڑپْنا**۔

ہَڑتال فت ہ، سک ڑ۔ امث۔ گندھک کی طرح ایک معدنی مٹی، عموماً زرد یا سُرخ، پَرت دار۔ جس میں سنہری؛ چمک ہو وہ بہتر شمار ہوتی ہے، دواءً مستعمل۔ [س: ہَری تالَم، ع: زرنیخ۔ لاط: Aurum Pigmentum]۔

ہَڑتال (۲) امث۔ سوگ میں یا بطور احتجاج کام یا کاروبار بند کرنا، [اصلاً: ہاٹ + تالا]۔

ہَڑ جوڑی فت ہ سک ڑ، و مج۔ امث۔ ہُرہُرا۔ ایک پودا جس کی شاخیں گرہ دار اور پتے مہندی سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کے بارے میں مشہور ہے کہ اس سے ہڈی جڑ جاتی ہے۔ نیز امذ **ہَڑجوڑا**۔

ہُڑدَنگا ضمہ ہ، سک ڑ، فت د، غنہ۔ امذ۔ اچھل کود کرنے والا، دنگئی مرکب **ہُڑدَنگاپَن** شور و غل، شرارت، طوفان بدتمیزی، مث **ہُڑدَنگی**۔

ہُڑک ضمہ ہ فت ڑ امث۔ کسی چیز کی شدید خواہش یا طلب ۔ امذ۔ **ہُڑکا** بچے کا کسی سے بچھڑ کر بے کل ہونا۔ ف ل **ہُڑکنا**۔

ہَڑواڑ فت ہ، سک ڑ، امث۔ شمشان یا قبرستان جہاں عزیزوں بزرگوں کی ہڈیاں گڑی ہوں۔

ہَزار فت ہ۔ عدد۔ دس سو۔ سَہَسَر۔ امذ **ہزار چَشم** کیکڑا، سرطان۔ **ہَزار داستاں** ایک چہکنے والا، خوش آوز بلبل۔ ج **ہَزارہا** (عدد) ہزاروں م ف۔ بھتیرا۔ بہت کچھ، م: ہزار کہا وہ مان کے نہ دیا۔

ہَزارَہ فت ہ، ر۔ امذ۔ پودوں کو پانی دینے کادستہ دار فوارہ؛ نہانے کا فوّارہ جس میں سے پھوہار نکلتی ہے۔ گیندے کی ایک بڑی قسم کا پھول جس میں بہت سی چھوٹی چھوٹی پتیاں ہوتی ہیں۔

ہِزَبْر کس ہ، فت ز، سک ب۔ امذ شیرببر، شیر درندہ۔

ہَزَج فت ہ، ز۔ امث۔ ایک عروضی بحر جس کا بنیادی رکن مفاعیلُن ہے۔

ہَزْل فت ہ، سک ز۔ امث۔ مزاح، مضحک کلام؛ فحش اشعار۔

ہَزیمَت فت ہ، ی مع، فت م۔ امذ۔ فرار، بھگدڑ، شکست اکیف **ہَزیمت خُوْرْدگی** (خردگی) شکست، ہار، فرار کی کیفیت، پسپائی۔ صف **ہَزیمَت**

خوْردَہ۔

ہَژْدہ فت ہ سک ژ، فت مع د۔ عدد۔ اٹھارہ۔ ہَشْت وَدَہ کا مخفف نیز ہَجْدَہ۔

ہَسْت فت ہ، سک س۔ فعل حال واحد غائب۔ ہے، موجود ہے؛ امذ۔ وجود، حیات، زندگی۔ مرکب ہَسْت وَ بود(ہَش تو بُود)دنیوی زندگی، دنیا میں وجود و قیام۔ نیز امث ہَسْتی وجود، حیات؛ بساط، بِضاعت مقدور۔

ہُش ضمہ ہ۔ امثہ دھتکار، بھگانے، اڑانے کے لیے منہ سے نکالی جانے والی آواز۔ نیز ہُشْتک ہُش کرنا۔ نیز ہوش (رک) کا مخفف م: ہُشْدار، ہُشْیار۔

ہَشّاش بَشّاش فت ہ، شدش، فت بہ صف۔ شاداں فرحاں، خوش و خرم، اہلا گہلا۔

ہَشْت فت ہ، سک ش۔ عدد۔ آٹھ، صف عددی ہَشْتُم آٹھواں، آٹھویں نیز ہَشْتُمیں۔ مرکب ہَشْت بَہِشت جنت کے آٹھ طبقے؛ خلد، دارالسّلام، دارالقرار، عَدن، ماوٰی، نعیم، عِلّیین، فِردوس۔

ہِشْت کس ہ سک ش۔ امث۔ دَھتکار، پھٹکار، ڈانٹ کا کلمہ۔ نیز ہُشْت۔ ہَشْت مُشْت جھڑکنا ڈانٹنا، مکّے تاننا، لڑ پڑنا۔

ہَشْتاد فت ے ہ، سک ش۔ عدد۔ اَسی (۸۰)۔

ہُشْدار ضمہ ہ، سک ش۔ کلمۂ تنبیہہ۔ ہوش دار کا مخفف؛ خبر دار، سنبھل جاؤ۔

ہُشْیار ضمہ ہ، سک ش۔ صفہ رک: ہوشار۔ امث ہُشْیاری سمجھداری؛ خیزش، استادگی۔

ہَضْم فت ہ، سک ض۔ امذ۔ غذا کے جزوبدن بننے کا عمل، غذا کا پچنا۔محاورہ ہَضْم کرنا پچانا؛ کسی کا مال مار لینا، کھا جانا۔

ہَفْت فت ہ، سک ف۔ عدد۔ سات (۷)۔ صف ہَفْتُم ساتواں، نیز ہَفْتُمیں (ی مع غنہ)۔ ہَفْت جوش مختلف دھاتوں کا مرکب۔ ہَفْتخَواں (ہَفت خاں) سات کٹھن مرحلےجو رستم و اسفندیار نے توران کی راہ میں طے کیے، (جس کے بعد ضیافت کے "خوان" بچھتے تھے)، مراد نہایت مشکل، دقت طلب کام۔ ہَفْت روزہ (روزہ) ہفتہ میں ایک بار نکلنے والا جریدہ۔ ہَفْت زبان وہ شخص جو سات یا کئی زبانیں جانتا ہو۔

ہَفْتاد فت ہ، سک فہ عدد۔ ستّر (۷۰)۔ ہَفْتاد و دو مِلّت بہتّر دینی فرقے جو مسلمانوں میں پیدا ہوئے۔

ہَفْتہ فت ہ، سک ف، فت تہ امذ۔ سات دن کا عرصہ؛ جمعہ کے بعد کا دن۔ ہَفْتہ دوسْت بے وفا جو صرف چند روز دوستی نباہے۔ ہَفْتہ عَشْرہَ (عَش ر) ہفتہ یا دس دن، چند روز۔

ہَق دَق فت ہ، سک ق، فت د۔ صف حیران پریشان نیز ہک دک ،[غالباً: حکّ و دکّا]۔

ہَکّا بَکّا فت ہ، شد ک، فت بہ صف۔ حیرت زدہ۔ سراسیمہ۔

ہَکَذا فت ک۔ م ف۔ اِسی طرح، ایسے ہی، ن

ہَکْلا فت ہ، سک ک۔ صف۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔ ف ل ہَکْلانا اٹک اٹک کر بولنا۔ مث ہَکلی امث ہَکْلاہَٹ ہکلاپن۔

ہَگاس فت ہ۔ امث۔ پاخانہ کرنے کی حاجت۔ صف ہَگاسا مث ہَگاسی۔ امذ۔ ہَگوڑا بے وقت بار بار ہگنے والا۔

ہَل فت ہ۔ امذ۔ کھیت جوتنے کا آلہ، محراث۔ ہَل جوتتا کسان، نیز ہَل واہا۔

ہَلّا فت ہ۔ شد ل۔ امذ حملہ، دھاوا،نیز ہَلّہَ (ہَلْ ل)۔

ہُلاس ضمہ ہ۔ امث۔ نسوار، نشے کے لیے سُونگھنے

کا پسا ہوا تنباکو۔ [س: اصلاً: فرحت]۔
ہَلاکَت فت ہ، ک، امث۔ قتل، موت، صف ہَلاک مقتول، مرا ہوا۔ صف تفضیل ہَلّاک (فت ہ، شد ل) غارتگر، قاتل۔ اکیف مث ہَلّاکی۔
ہِلال کس ہ۔ امذ۔ نیا چاند۔ صف ہِلالی نئے چاند کی شکل کا، قوسی، ہِلالَین دو ہلالی خط یعنی قوسین (انگ: بریکٹ)۔
ہَلا ہَل فت ہ، فت ہ۔ امذ۔ وہ زہر جو ہندو دیو مالا کے مطابق سمندر کو مَتھ کو نکالا گیا تھا، مراد: زہر قاتل۔ نیز صف ہَلا ہِل (فت ہ، کس ہ) قاتل، مار ڈالنے والا م: زَہرِہَلاہِل (س: ہلاہ) بعض لغات نے ہلاہِل بمعنی زہر کو ناحق عربی سے ماخوذ بتایا ہے۔ (ع: ھَلا ھل = باریک نفیس کپڑا)۔
ہَلْچَل فت ہ، سک ل، فت چ۔ امث۔ افراتفری، کھلبلی۔
ہَلْدی فت ہ، سک ل۔ امث۔ ایک پودے کی پیلی جڑ جس میں سے کئی شاخیں پھوٹتی ہیں جن پر کیلے کے پتوں کی طرح کے مگر چھوٹے پتے لگتے ہیں، کھانے میں مسالے کے طور پر مستعمل (لاط: Curcumae longa)۔
ہَلْدیا فت ہ، سک ل، کس د۔ امذ۔ ہلدی سے مشابہ ایک سیاہ جڑ جو زہریلی ہوتی ہے اور اسے ہلدی سے الگ کر دیا جاتا ہے۔ (لاط: Curcumae Zarumbet)۔
ہُلَّڑ ضمہ ہ، شد فت ل۔ امذ۔ شور و غل، دنگا فساد، بلوہ۔
ہِلْسا کس ہ، سک ل۔امث۔ ایک قسم کی دریائی مچھلی (لاط: Clupea alosa)۔
ہَلْسی فت ہ، سک ل امث۔ ایک جنگلی جھاڑی (لاط: Aegiceras majus)۔
ہَلْکا فت ہ، سک ل۔ صف۔ کم وزن؛ آسان، خفیف، معمولی؛ پھیکا (رنگ)، گہرا اور شوخ کی ضد۔ مرکب ہَلکا پُھلکا بہت کم وزن یا آسان۔
ہُلْکارنا ضمہ ہ، سک ل ر۔ ف م۔ جانور (مرغ، کتے وغیرہ) کو لڑنے، حملہ کرنے پر اکسانا، ہُشْکارنا، لَشکارنا۔
ہَلْکان فت ہ، سک ل۔ صف۔ مُضمحل، تھکاہارا، مشقت کے سبب بے حال۔
ہَلْکورا فت ہ، سک ل، و مج۔ امذ۔ لہر، موج، جھونکا۔
ہِلْکانا کس ہ، سک ل۔ ف م۔ اٹکانا، اڑانا، معلّق کرنا، منسلک کرنا م: پاؤں میں چپل ہلکا کے چل پڑا، نوکر کو اپنی طرف ہلکا لیا۔
ہَلْ مَن مُبارِز فت ہ، سک ل، فت م، سک ن، ضمہ م، کس ر۔ فقرہ للکار: کون لڑنے والا ہے۔ (جنگ میں حریف کو مقابلے پر بلانے کے لیے)۔
ہَلْ مَن مَزِید فت ہ، سک ل، فت م، سک ن، فت م، ی مع۔ فقرہ: کیا اور کچھ ہے۔ (کسی چیز سے نیت سیر نہ ہو تو اور زیادہ کی فرمائش۔)
ہِلْنا کس ہ، سک ل۔ ف ل۔ جنبش کرنا، اپنی جگہ سے کِھسکنا، ٹلنا؛ لرز جانا؛ مانوس ہو جانا۔ م: بچہ آیا سے ہل گیا۔
ہَلْوَاہا فت ہ، سک ل۔ امذ۔ رک: ہالی۔
ہُلْہُل ضمہ م، سک ل، ضمہ ہ۔ امث۔ ایک خود رُو بوٹی جس میں زرد پھول لگتا ہے، پتے پنجے کی مانند اور ڈنٹھل رُوئیں دار ہوتے ہیں، برسات میں بکثرت اگتی ہے۔ دواءً مُستعمل۔ (لاط: Gynandropsis pantaphylla) نیز ہُر ہُر، ہُلْہُلِ دیوانہ۔
ہَلْہَلَہ فت ہ، سک ل،فت ل،امذ:جوش، ترنگ؛ ہَڑک؛ شور، غوغا۔ اکیف مث ہَلْہَلاٹ بخار، جذبے یا جوش سے کانْپنا، لرزنا۔
ہَلِیلَہ فت ہ، ی مع، فت ل۔ رک: ہَڑ۔
ہَم (۱) فت ہ۔ ضمیر متکلم واحد و جمع۔ مَیں، ما۔

ہَم (۲) فت ہ حرف عطف۔ بھی، نیز، مزیدبرآں، اس کے علاوہ۔ بطور سابقہ: شریک، ساتھی، شامل کے معنی میں م: ہَم آغوش بغل گیر، ہَم پایَہ (فت ہ، ی) ایک رتبے والے، نیز ہَم پَلّہ وزن، طاقت رتبے میں ایک دوسرے کے برابر۔ ہَم چَشم برابر والے، ایک حیثیت رکھنے والے۔ ہَم رِکاب (کس ر) سواری کے ساتھ چلنے والے، ہَم سَنگ ہم وزن، مدّمقابل، برابر کے رتبے والے۔ ہَم صَفِیر ایک طرح کی بولی بولنے والے پرندے ، (کنایتہً) ہمزبان، ہم سخن، ہَم عَصر ایک زمانے کے لوگ۔ ہَمقِران (کس ق) ساتھ، ہم جلیس، ہَم نَفَس (فت ن، ف) رفیق، ساتھی۔ وغیرہ۔

ہَمّ (۳) فت ہ، امذ۔ غم، رنج، پریشانی۔ مرکب عطفی ہَمّ وَ غم (شد م، و مج) رنج والم۔

ہُم ضمہ ہ۔ ضمیر غائب جمع۔ وہ، اُن۔ آنہا۔ م: کُلّہُم سب ملا کر۔ دعائیہ جملہ دَام ظِلُّہُم ان کا سایہ قائم رہے۔

ہِم کس ہ۔ امث۔ برف، ژالہ، سردی،عَلَم: ہِمالَیہ برصغیر ہندو پاک کے شمالی پہاڑوں کا سلسلہ [لفظاً: برف یا سردی کا گھر۔ س: ہِمَ - برف]۔

ہُما (۱) ضمہ ہ۔ امذ۔ ایک خیالی پرندہ جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ کسی کے سر پر سے گزر جائے تو وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ہُما (۲) ضمہ ہ ضمیر غائب، تثنیہ۔ وہ دونوں م: ہر دو برادران طالعُمْرَہُما۔ دونوں بھائی، ان کی عمر دراز ہو۔

ہَمارا فت ہ۔ صفت نسبتی۔ ہم سب کا؛ میرا۔ مث ہَماری۔

ہَماشُما فت ہ، ضمہ ش۔ ج مذ۔ ایرے غیرے، ہر طرح کے لوگ۔

ہَمانا فت ہ صف، م فہ مماثل، ملتے جلتے، ایک جیسے؛ حسب سابق؛ ضرور، یقیناً؛ دوبارہ، مکرّر۔ یکایک، ایک دم؛ اُسی وقت۔

ہَماہَمی فت ہ۔ انانیت، خود پسندی، اپنے کو بہت سمجھنا، غرور، تکبّر۔

ہُمایُوں ضمہ ہ، و مع۔ صف۔ مبارک، اعلیٰ، افضل، شاہی، شاہانہ۔

ہِمّت کس ہ، شد فت م۔ امث۔ دلیری، حوصلہ۔

ہَمْتا فت ہ، سک م۔ امث۔ مثل، نظیر، مقابل۔ صف بےہَمْتا یکانہ، بے مثل۔

ہِمْرُوکس ہ، سک م، و مع۔ ریشم سے کڑھی ہوئی بوٹیوں کا مِلا جُلا سوتی ریشمی یا اُون ملا کپڑا جو دکن کی خاص صنعت تھی، اب تقریباً موقوف۔

ہَمْزَہ فت ہ، سک م، فت ز۔ امث اردو حروف تہجی کا ۵۱ واں حرفہ الف مُصَمّتہ یا حرف صحیح کا نام۔ جیسے آب، ان، ادب میں۔

ہُمَکْنا ضمہ ہ، فت م۔ ف ل۔ بچّے کا گود میں جسم کو اُچکانا۔ اکیف مث، ہُمَک۔

ہَمَگی فت ہ، م۔ صف۔ کُل، تمام، سب کے سب۔

ہِمَم کس ہ، فت م۔ ج مث۔ ہمتیں، ارادے، عزائم۔ واحد ہِمّت۔

ہَمَہ فت ہ، م۔ صف۔ سب، تمام، سارا، پورا، کل مخلوق، موجودات۔ فقرہ ہَمہ اَزُوست وحدت الشّہود کا نظریہ، ہَمَہ اُوست وحدت الوجود کا صوفیانہ نظریہ۔ م ف ہَمَہ تَن سرتاپا، جی جان سے پوری طرح، مستعدی سے م: ہَمَہ تَن گوش پوری طرح متوجہ صف۔ ہَمَہ داں سب کچھ جاننے والا، سب علوم پر حاوی ہَمَہ صِفَت مَوصُوف (کس ص۔ فت ف ولین ومع) جس میں ساری خُوبیاں موجود ہوں، سب خوبیوں کا حامل۔

ہِمْیانی کس ہ، سک م۔ امث۔ کِیسہ، روپے رکھنے کی تھیلی، ڈاب۔

ہَمیشَہ فت ہ، ے مج، فت ش۔ م فـ مدام، سدا، ہر وقت، ہر زمانے میں، مستقلاً۔ اکیف مث۔ ہمیشگی دوام۔
ہَمیل فت ہ،ے مج۔ امذ۔گلے کا ایک زیور جو عموماً روپوں کو جوڑ کر بنایا جاتا ہے۔ [غالباً از ع: حَمائِل]۔
ہَمیں فت ہ، ی مع، غنہ۔ اسم اشارہ صف۔ یہی، یونہی، بس اتناہی۔ نیز ہم ہی؛ مثل ہماری بلّی ہَمیں سے میاؤں ہمارا کھائے ہم پر ہی غرّائے۔
ہَمیں فت ہ ے مج، غنہ۔ ضمیر ج متکلم۔ ہم کو م: ہمیں کیا ہمیں کچھ مطلب نہیں۔
ہُن (۱) ضمہ ہ۔ امذ ایک قدیم سونے کا سکہ جو دکن میں رائج تھا۔ محاورہ: ہُن بَرسنا دولت کی ریل پیل ہونا [س: ہُوِنَ]۔
ہُن (۲) ضمہ ہ۔ اسم جنس۔ وسط ایشیا کی ایک قوم جو چوتھی، پانچویں صدی عیسوی میں ہند پر حملہ آور ہوتی رہی۔
ہَنجار فت ہ، سک ن۔ امذ۔ راستہ، طریق۔ انداز، روش، رویّہ؛ چلن؛ معماروں کا شاقول۔
ہِندسَہ کس ہ، سک ن د، فت س۔ امذ۔ گنتی کا عدد یا اس کی شکل (۱،۲،۳ وغیرہ) علم ریاضی، میکانیات [ع: ہِندَسَہ فت د]۔
ہِندُو کس ہ، سک ن، ومع۔ امذ صفہ ہندوستان کا رہنے والا، ویدک دھرم کا پیرو۔ صف۔ سیاہ فام، سیاہ گیسو؛ چہرے کا کالا تل نیز خالِ ہِندُو ،[اصلاً س: سَپتَ سِندُھو = سات دریا، کی تحریف] صف ہندوانہ، ہِنْدوانی۔ مث ہِنْدنی (سک ن د) ہِندُوے فلک سیّارہ زحل۔
ہِنْدوانَہ کس ہ، سک ن۔ امذ خربوزے کی ایک قسم۔
ہِنْدوانی کس ہ، سک ن د صف۔ ہندوؤں سے منسوبہ نیز ر ک: ہِنْدی۔
ہِنْدی کس ہ، سک ن۔ صف، امثہ ہِندسے منسوبہ ہندوستان کا باشندہ؛ ہند کی زبان اردو کا قدیم نام؛ وہ کھڑی بولی جو دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اور الفاظ کی پراکرت یا جدید شکل کی بجائے اصل سنسکرت (تَت سَم) کی طرف رجوع کرتی ہے۔ جدید ہندی مصنف اردو کے سوا تمام بولیوں کو جو راجپوتانہ سے بہار تک بولی جاتی ہیں ہندی کی تعریف میں شامل کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ سب کھڑی بولی سے مختلف ہیں۔ محاورہ ہِندی کی چِنْدی کرنا/نکالنا (کس چ، سک ن) بال کی کھال نکالنا، بے جا جرح یَا چھان بین سے کام لینا۔ نیز ہِنْدوانی، ہِنْدْوی۔
ہَنْڈا فت ہ، سک ن۔ امذ۔ مٹی کا مٹکا یا ہانڈی کی شکل کا بڑا برتن؛ گیس سے چلنے والا اونچا لیمپ جسے مشعلچی روشن کرتے اور شادیوں وغیرہ میں اجرت پر لے کر آتے تھے۔ بازاروں میں کھمبوں کے اوپر جلنے والا بجلی کا لیمپ۔
ہُنْڈار ضمہ ہ، سک ن۔ امذ۔ بھیڑیا۔
ہَنْڈ کُلْیا فت ہ، سک ن، ڈ، ضمہ ک، سک ل۔ امثہ۔ چھوٹی بچّیوں کی اپنے ہاتھ کی پکائی ہوئی ہنڈیا جو وہ کھیل کھیل میں کھانا پکانا سیکھنے کے لیے تیار کرتی تھیں۔ بعض چھوٹی بچیاں جھوٹ موٹ کی ہنڈیا چھوٹی چھوٹی کُلھیوں میں پکاتی تھیں۔
ہِنْڈوَل کس مغ ہ، و مج۔ امذ۔ ایک ر اگ جو موسم بہار اور صبح کے وقت کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے؛ ایک ہندی چھند کا نام۔
ہِنْڈوَلا کس مغ ہ، و مج۔ امذ۔ کھٹولیوں کا بنا ہوا اوپر سے نیچے گھومنے والا جُھولا، گہوارہ، کھٹولا، چرخ، چکّر۔
ہُنْڈی ضمہ ہ، سک ن۔ امثہ ایک ساہو کار کا دوسرے ساہو کار کے نام جاری کیا جانے والا رقم کی ادائیگی کا پرچہ، تَمَسُّک، جدید بینک ڈرافٹ کی قدیم شکل۔

مرکب دَرْشَنی ہُنْڈی تمسک جو فوری طور پر واجب الادا ہو۔ محاورہ ہُنڈی سکارنا (فت س) ہنڈی بھنانا، ہنڈی کی رقم ادا کرنا۔

ہَنْڈیا فت ہ، غنہ، سک ڈ۔ امث۔ پتیلی؛ پتیلی میں پکایا ہوا کھانا؛ مٹی کا گول پیٹ کا برتن۔

ہُنَر ضمہ ہ، فت ن۔ امذ۔ فن، کاریگری، صنّاعی، خوش اسلوبی، سلیقہ، صف ہُنَر مَنْد اکیف مث ہُنَر مَنْدی، ہُنَر وَری۔

ہَنْس فت ہ، سک ن۔ امذ۔ لمبی ٹانگوں لمبی گردن پتلی چونچ والا، سفید آبی پرندہ جس کے بازو پر چند سرخ پر بھی ہوتے ہیں۔ بڑے بگلے سے مشابہ۔ تصغیر ہَنْسک سرخ بگلا؛ پانو کا ایک زیور جو بگلے کے پنجے سے ملتا ہوا ہوتا ہے۔

ہِنْسا کس ہ، سک ن۔ امث۔ چوٹ، گزند، نقصانِ جان، تشدد، قتل نیز ہِمْسا۔ضد اَہِمْسا۔

ہَنْس راج فت ہ، سک ن۔ امذ۔ حوض، تالاب وغیرہ کے کنارے اگنے والی ایک بوٹی جس کے پتے چھوٹے دندانے دار، ڈنڈی سیاہی مائل سرخ، چمکدار اور جڑ سرخ ہوتی ہے۔ پَرسیاوشاں، شَعرالجبال، شعرالجن۔ (لاط: Adiantum lunulatum)۔

ہَنْسْلی فت ہ، غنہ، سک س۔ امث۔ گلے کے دونوں طرف سینے کی سب سے اُوپر کی ہڈی؛ گلے کا ایک ہلالی شکل کا زیور، ہَیکل۔

ہَنْسْنا فت ہ، غنہ، سک س، ف ل۔ خوشی، بشاشت یا طنز و تمسخر کا منہ کی جنبش اور آواز سے اظہار جو ایک مخصوص انسانی فعل ہے، خندہ، اِستہزا۔ امث ہَنْسی (فت مغ ہ) ہنسنے کا عمل، مذاق، قہقہہ (زور کی ہنسی) تمسخر۔ صف مذ مث ہَنْسوڑ جسے بہت ہنسنے کی عادت ہو۔ بول چال ہَنْسی میں کَھنْسی (فت مغ کھ) ہنسی ہنسی میں رنجش کی بات پیدا ہو جانا۔

ہَنْسیا فت ہ، غنہ سک س۔ امث۔ ٹہنیاں چھانٹنے کا دھاردار آلہ، بے دندانوں کی درانتی۔

ہُنْکار ضمہ ہ، غنہ۔ امث۔ ہاں یا ہُوں کہنا۔ نیز امذ ہُنْکارا۔ ف مر ہُنْکارا بھرنا ہوں کہنا جس سے سننے یا توجہ کرنے کا اظہار ہو۔

ہَنْکانا فت مغ ہ۔ ف م۔ گاڑی یا جانور کو چلانا، دوڑانا، دور بھگانا۔ نیز ہانْکنا۔

ہَنْگام فت ہ، غنہ۔ امذ۔ وقت، موقع، نوبت۔ صف ہَنْگامی وقتی، ناگہانی۔

ہَنْگامہ فت ہ، غنہ۔ امذ۔ شور غوغا، بھیڑ بھاڑ، فساد، بلوہ۔

ہِنْگُل کس ہ، غنہ، ضمہ گ۔ امذ۔ شنجرف، شنگرف، نیز ہِنْگلُو۔

ہِنْگَن کس ہ غنہ، فت گ۔ امذ ایک کانٹوں دار پودا (لاط: Balanitis Aegyptiaca)؛ ایک طرح کی اُڑنے والی آتشبازی؛ ایک طرح کا خدنگا۔

ہِنْگوَٹ کس ہ، غنہ، و مج۔ امذ۔ ایک کانٹے دار بڑا درخت جس میں ہلیلہ کی طرح کا پھل لگتا ہے،نیز ہِنْگَن، گَونْدی (لاط:Balanitis Roxburghii)۔

ہُنُود ضمہ ہ، و مع۔ ج مذ، اسم جنس، ہندو کی جمع، ہندو قوم۔

ہَنُوز فت ہ، و مع-م ف۔ ابھی تک، ابتک، اب بھی، نیز ہَنوَز (و مج)۔

ہَنُومان فت ہ، و مع۔ صف، عَلَم۔ (لفظاً) بڑے کلّے جبڑے والا۔ ہندو دیومالا میں بندر کی شکل کا دیوتا یا سردار جس نے لنکا پر چڑھائی میں رام چندر جی کی مدد کی تھی۔

ہِنْہِنانا کس ہ، سک ن، کس ہ۔ ف ل۔ گھوڑے کا اپنی مخصوص آواز نکالنا۔ امث ہِنْہِناہَٹ۔

ہُو (۱) و مع امذ۔ ہُوَ = وہ (مراد اللہ) کی تخیف نیز ہُو صوفیوں کا ایک نعرہ یاوِرد؛ سنّاٹا، خاموشی، م: ہُو

کا عالم ۔ مکمل خاموشی۔ ہُو حَق اورادو وظائف پڑھنے کی آواز۔ "ہو" اور "حق" کے نعرے؛ محاورہ ہُوحَق ہوَ جانا خاموشی چھا جانا، اُجڑ جانا۔ عالَمِ ہُو جہاں خدا کی ذات کے سوا کچھ نہ ہو، مکمل سکوت۔

ہُو (۲) و مع۔ امث۔ رونے کی آواز نیز ہُو ہُو۔

ہوَ و مج۔ امث پکارنے، للکارنے، بلانے، مخاطب کرنے کا کلمہ؛ مصدر ہونا کا۔ صیغۂ امر، مراد؛ پیداہو، بن جا، ف ل ہوَ آنا کسی جگہ کا پھیرا کر آنا؛ ف ل، ہو چکنا مَرجانا، مَنزل ہو جانا؛ ختم ہو جانا، پورا ہو جانا۔

ہَوا (۱) فت ہ۔ امث۔ عناصر اربعہ میں سے وہ عنصر جو سانس کے ساتھ جسم میں جاتا ہے۔ باد، پَوَن، رِیح؛ موسم، فضا؛ شہرت؛ عام روش، چلن۔ [ع: ہَوا۔] صف ہَوائی ہوا سے منسوب، افواہ، بے اصل بات۔ ہَوا خوَری سیر سپاٹا، چہل قدمی امذ۔ ہَوا دار کاندھوں پر اٹھا کر لے جانے والی ایک آدمی کے بیٹھنے کی کُھلی سواری۔ ہوا روَب ہوا کے جھونکے سے صفائی کرنے والا آلہ۔ (انگ: Vacuun Cleaner)۔

ہَوا (۲) فت ہ۔ امث۔ آرزو، خواہش؛ محبت، اشتیاق۔ [ع: ہوی] صف ہَوا خوَاہ (خاہ) مشتاق، خلوص مند۔

ہِواوُ کس ہ، و مج۔ امذ۔ ہمت، حوصلہ، جراَت۔ ہِواوُ کُھلنا جراَت پیدا ہونا، لحاظ، جھجک، تذبذب دُور ہونا۔

ھُوَالشّافی ضم مج ہ، فت و، ا ل غم، شدش۔ فقرہ: وہ (خدا) شفا دینےٓ والا ہے۔ طبیبوں کے نسخوں پر لکھا جانے والا حمدیہ کلمہ۔

ہَوائی فت ہ۔ صف۔ امث۔ ہوا سے متعلق یا منسوب؛ بے اصل بات، افواہ؛ نہایت باریک کتری ہوئی مغزیات، بادام، پستے کے مہین ورق جو حلوے وغیرہ پر چھڑکے جاتے ہیں؛ ایک طرح کی اُڑنے والی آتش بازی، جو خدنگے سے کم آواز کرتی ہے اور بہت تیزی سے چھوٹتی ہے۔ ہَوائیاں اُڑنا/ چھوٹنا (چہرے پر) سراسیمگی کے آثار نظر آنا۔

ہُو بَہُو و مع، فت بہ صف، م فد مِن و عَن، بالکل مشابہ، ایک جیسا، ویسا ہی۔

ہوَت و مج۔ امث۔ مالی فراغت، میسر ہونا ضد: نَہوَت ناداری۔ (عوام) کسی کو دور سے آواز دینے کا کلمہ مترادف اے، آے لیکن نام کے بعد پکارا جاتا ہے، م؛ نبو خاں ہوت!

ہوَتے ساتے و مج۔ م فد ہوتے ہوئے، موجودگی کے باوجود۔ مقدور ہونے کے باوجود۔

ہوَتے ستوَتے و مج، ے مج، ج مذ۔ عزیز، رشتہ دار؛ لگے سگے، حمایتی۔

ہوَتے ہوَتے و مج۔ م فد رفتہ رفتہ، بتدریج، کچھ عرصے میں، نیز ہوَتے ہُواتے ہوتے ہوتے، ہِرتے پِھرتے۔

ہُوَجیو و مع، کس ج۔ صیغۂ امر دعائیہ۔ کاش ہو، خدا کرے کہ ہو۔ ہوَنا کا صیغۂ امر۔ (قدیم) م؛ مبارک ہُو جیو ۔ ساز گار ہو۔

ہَودَج ولین، فت د۔ امذ۔ ہَودہ، ہاتھی کی عمّاری؛ اونٹ پر لادی جانے والی محمل۔

ہَودَہ ولین، فت د۔ رک:ہودج [ع: ہوَدَ ج ، ہ، ہودہ]۔

ہوَس فت ہ، و۔ امث۔ حرص و ہوا، خواہش، ہو کا، خام خیالی؛ حماقت۔

ہوَسَک ولین، فت س۔ امذ۔ ایک زنانہ مرض جس میں حمل کا گمان ہوتا ہے، لیکن درحقیقت حمل واقع نہیں ہوتا۔

ہوَش ومج۔ امذ۔ قائمیِ حواس؛ شعور، سمجھ، بیداری، عقل، فہم۔ صف ہوَشیار چوکنّا، باخبر، آگاہ؛ کائیاں۔ نیز ہُشیار (ضمہ ہ، سک ش)،

ہوشمَند۔
ہُوک و مع۔ امث۔ سینے پر غم کا دباؤ، ایسا درد جس میں منہ سے آہ یا ہائے نکل جائے؛ دل کا درد (عموماً ایک اعصابی یا نفسیاتی کیفیت)۔ محاورہ: ہُوک اُٹھنا دل پر دباؤ محسوس ہونا اور لب سے ہائے نکلنا۔
ہَوکا ولین۔ امذ۔ بڑھی ہوئی خواہش یا بھوک، حرص، ہوس، لالچ۔
ہَول ولین۔ امذ۔ خوف کا شدید احساس، دہشت، کلیجا دھک سے ہونا۔ گھبراہٹ جو خطرے کے خیال سے پیدا ہو۔ نیز حَول جَول گھبراہٹ، مارا مار۔ صف ہَولا، ہَولَٹ۔
ہوّلا و مع امذ۔ بُھنا ہوا بُونٹ،کچا چنا جو الاؤ میں بھونا گیا ہو۔
ہوّلی و مع، ی مع۔ امث۔ آغاز بہار کا ہندوانی تہوار۔ جس میں رنگ کھیلتے اور الاؤ پھونکتے ہیں۔
ہَولے ولین، ے مع۔ م فہ آہستہ، دھیرے نیز ہَولے سے آہستہ، نرمی سے۔
ہوّم و مع۔ امذ۔ قربانی کی ایک ہندوانہ رسم جس میں آگ میں چڑھاوے کے طور پر گھی ڈال کر اسے بھڑکاتے ہیں اور پنڈت منتر پڑھتے جاتے ہیں۔ نیز ہوَن۔
ہوں و مع، غنہ۔ امث۔ منہ سے نکلنے والی "ہُوں" کی آواز جس سے مراد اقرار یا تنبیہہ، ٹوکنا وغیرہ ہو سکتا ہے جو بولنے والے کے لہجے پر موقوف ہو گا۔ محاورہ ہُوں ہاں کرنا گول مول جواب دینا؛ بچے کا پہلے پہل با معنی کلمہ منہ سے نکالنا۔
ہوّنا ومع۔ ف ل و فعل امدادی۔ موجودگی۔ معرض وجود جَنم لینا، پیدائش۔ بطور فعل امدادی دوسرے افعال، اسما کے ساتھ مل کر بہت سے معنی پیدا کرتا ہے م: آباد ہونا، برباد ہونا، پشیمان ہونا، شاد مان ہونا وغیرہ وغیرہ۔ امر: ہو، ہُو جیو، ہُوجیے۔
ہوّنٹ و مع، غنہ۔ امذ۔ دہانےکے اوپر نیچے والے دونوں لب، اَدَر، شَفتین۔ نیز (قدیم) ہوّنٹھ۔
ہوّنڈار و مع مغ۔ امذ۔ بھیڑیا، نیز ہُنڈار۔
ہوّنس ولین، غنہ امث۔ نظَربَد، حاسدانہ نظر کا اثر۔ ف م ہَونسنا بدخواہی یا حسد کی نظر سے دیکھنا۔ نظر لگانا۔ صف ہَونسا حاسد، بد نظر، نیز ہُونس، ہُونَسنا۔
ہوَنّق فت ہ و، شدفت ن، صف۔ وَحشت زدہ، رک: ہَبنّق۔
ہوَنکنا ولین،غنہ، سک ک۔ ف ل۔ سانس کا زور زور سے چلنا؛ شیر کا دہاڑنے کے بعد ڈکرانا، بعض دوسرے جانوروں کے لیے بھی آتا ہے جو دھونکنی کی طرح زور زور سے سانس منہ سے نکالیں۔
ہوّنگلا و مع، غنہ، سک گ۔ امذ۔ ایک اونچی لمبی گھاس جو مرطوب زمین میں پیدا ہوتی ہے، موتھی گھاس، نیز ہوّگلا (و مع)(انگ: Elephant grass)۔
ہوّنہار ومع۔ سک ن، صف۔ ہونے والی بات؛ لائق خصوصاً بچّہ جس میں بڑائی یا خوبی کے آثار ہوں۔ نیز عام: ہوَنّہار۔
ہُوہا ومع۔ امث۔ منہ سے ہُوٗ "ہا" کی آواز نکالنا (مثلاً کبوتر بازوں کا کبوتروں کو اُڑانے کے لیے) شور، چیخ پکار، ہنگامہ۔
ہُوِیّت ضمہ ہ، کس و؛ شد فت ی امث۔ جو ہر ذات؛ حقیقت اصلی، وجود حقیقی؛ ماہیت؛ پہچان، عرفیت، شناخت۔
ہُوَیدا ضمہ ہ ے لین۔ صف۔ ظاہر، پیدا، بیّن، عیاں، واضح۔
ہِی کلمۂ حصر و تاکید جو لفظ کے آخر میں آتا ہے م: تم ہی = صرف تم؛ ایسے ہی، بالکل اسی طرح۔

ہے (۱) ے لین۔ ہونا مصدر ہے فعل حال۔ موجود، حاضر، پیدا، ہمدست۔

ہے (۲) ے لین۔ امشد کلمۂ تاسّف۔ ہائے کا مخفف۔ ہے ہے = ہائے ہائے۔

ہے ے مج۔ حرف ندا۔ مترادفِ اے، او، یا۔

ہیا کس ہ۔ امذ۔ دل، کلیجا؛ دلیری، بہادری، حوصلہ۔

ہیاؤ کس ہ۔ و مج۔ رک: ہِیاؤ جو زیادہ عام اور فصیح ہے۔

ہَیبت ے لین، فت ب۔ امشد دہشت، خوف، رعب صف مُہیب، ہَیبت ناک، پُرہَیبت بھیانک، ڈراونا۔

ہیٹا ے مج۔ صف۔ گھٹیا، ادنیٰ، کمزور، ناقص۔ صف نیز امث ہیٹی ہیٹا کی تانیث؛ سُبکی، ذلت۔

ہَیجان ے لین۔ امذ۔ شورش، کھلبلی، انتشار، جوش، شدت جذبات۔

ہیجڑا ی مع، سک ج۔ امذ۔ مخنّث، نامرد، زنخا۔ [ف: ہِیز ہ: ڑا]۔

ہیچ ے مج۔ صف۔ ناچیز، گھٹیا، بے حَقیقت، بے اہمیت ناپید، معدوم۔ [اصلاً ف: کوئی، کوئی بھی یا کوئی بھی نہیں]۔ ہیچ کارَہ ناکارہ، جو کسی کام کا نہ ہو۔ ہیچمَداں (ہیچ مَ داں) نالائق، جاہل، بے علم، عموماً اپنی ذات کے لیے مستعمل، نیز ہیچ مَیرز (مَ یرْز) بے قیمت، ناچیز۔

ہیر ی مع عَلَم۔ پنجاب کے مشہور رومانی قصے ہیر رانجھا کی ہیروئن، رانجھا کی محبوبہ۔

ہیرا ی مع۔ امذ۔ بیش قیمت سفید سخت شفاف پتھر، الماس؛ امث: تُلسی کی مالا جو بیراگی پہنتے ہیں۔ ہیراوَلی (فت و) ہیروں کی مالا۔

ہیرامَن طوطا ی مع، فت م، و مج۔ امذ۔ ایک افسانوی طوطا، بولنے والے طوطے کی ایک قسم۔ (لاط : Psittaus Sinensis)۔

ہیرا پھیری ے مج، امشد بار بار آنا جانا؛ سودا لے کر بار بار بدلنا؛ چالبازی، اصل چیز غائب کرکے نقلی چیز اس کی جگہ رکھ دینا؛ چکّر، موڑ توڑ کا راستہ، نیز ہیر پھیر (ے مج)۔ج مذ ہیرے پھیرے بار بار چکر لگانا، آنا اور جانا۔

ہیز ی مع۔ امذ۔ نامرد، بزدل۔

ہَیزَم ے لین، فت ز۔ امذ۔ جلانے کی لکڑی، لکڑی کا ایندھن۔

ہَیضَہ ے لین، فت ض۔ امذ۔ فساد ہضم، ایک متعدی مرض جس میں قے اور دستوں کی کثرت سے موت واقع ہو جاتی ہے، تُخمَہ۔

ہیک ی مع۔ ایک طرح کا ہلکا کسیلا ذائقہ جیسے گوندنی کے پھل میں۔

ہیکڑی ے مج، سک ک۔ امث دَھونس جمانا، رعب ڈالنا۔ دھینگا دھینگی، زبردستی۔ صف ہیکڑ خود سر، سرکش،نیز ہیکڑی باز۔

ہَیکَل ے لین، فت ک۔ امشد ہاڑ، ڈھانچہ، کالبُد؛ مَعبد، مندر؛ بلند عمارت، محراب؛ ہنسلی، ہمیل۔ مرکب قَوی ہَیکَل عظیم الجثہ، لمبا تڑنگا، بلند و بالا۔

ہیم ے مج۔ امذ۔ سونا، زر خالص۔

ہیمَنْت ے مج، فت م، سک ن۔ امذ ہندی سال کا پانچواں موسم، اگھن پوس کے دو مہینے (نومبر دسمبر کےلگ بھگ)؛ ربیع اور خریف کی درمیانی فصل نیر ہیوَنْت۔

ہینگ ی مع، غنہ۔ امشد ایک درخت کا گوند جسے انجدان بھی کہتے ہیں، اعلیٰ قسم کی ہینگ سفید اور خوشبودار ہوتی ہے مسالے کے طور پر مستعمل حلتیت، انگوزہ۔ ہیرا ہینگ سفید ہینگ۔ امذ ہینگڑا انجدانِ سیاہ کا گوند جو بدبودار ہوتا ہے۔ (لاط: ferula asafaetida ہینگ سفید)۔

ہَینگا ی لین مع۔امذ۔ کسانوں کا گوڑی کرنے کا آلہ: ایک لوہے کا ڈھانچا جس میں کنگھی کی طرح بہت سی نوکیں نکلی ہوتی ہیں اور اسے بیل کھینچتے ہیں اور زمین کو گوڑنے کے کام آتا ہے، نیز **سُہاگہ/سُہاگا۔**

ہینگا ی مع مغ۔ امذ۔ توہم پرست عورتیں اپنے بچے کو رات کے وقت اس نام سے پکارتی ہیں تاکہ اُلّو نہ سن لے جو انھیں اپنے ٹوٹکوں سے بیمار ڈال سکتا ہے۔ یہ نام ہینگ سے اس لیے منسوب کیا گیا کہ ان کے عقیدے کے مطابق ہینگ جادو کا توڑ ہے۔

ہیوَت ے مج، فت و۔ امذ۔ ۱ ساڑھ یا موسم بہار کی بارش، ابرگندہ بہار۔

ہیُولا فت ہ، ی مع۔ امذ۔ مادّہ، نیز وہ اصلی مادہ جس سے کائنات یا آدم کی تخلیق ہوئی؛ خاکہ، ڈول، ابتدائی نقشہ، کچّا بچّہ، بے ڈول جسم، انکھڑ آدمی۔ صف **ہیُولا مزاج** متلوّن المزاج، جس کی بات کو قرار نہ ہو، جس کا عندیہ پانا مشکل ہو۔ [نزد بعض ع: ہَیُتُ الاولیٰ کی تخفیف]۔

ہَیہات ے لین۔ کلمۂ افسوس۔ آہ، وائے، حیف، واویلا۔

ہِی ہِی امث۔ ہنسی، ٹھٹھا، ہنسی کی نقل صوت۔

ہے ہے ے لین۔ امث **ہائے ہائے** (رک) کی تخفیف۔

ہَیئت ے لین، فت ء امث خاکہ، نقشہ، صورت، کیفیت، جمعیت؛ علم الافلاک؛ نجوم، ستارہ شناسی، مرکب **ہَیئتِ حاکِمہ** حکومت کرنے والے لوگ؛ **ہَیئتِ کَذائی** بُری حالت۔ **ہَیئتِ نکاحی** (قانون) عورت کا باقاعدہ شادی شدہ ہونا۔ **ہَیئتِ مَجموعی** (فت م؛ و مع) عمومی، مجمل صورت حال؛ کسی جماعت کے تمام افراد۔

۶

۶ ہمزہ۔ امشد اردو ترتیب تہجّی کا ۵۱واں حرف، حلقی مصمتہ، الف ہمزہ کا ہم نام اور ہم آواز۔ صرف آخر یا درمیان کلمہ میں آتا ہے۔ اصطلاحا الف حرف صحیح ہو تو اسے ہمزہ کہتے ہیں اور جس لفظ میں الف واقع ہو اسے مہموز۔ لفظ "الف" عربی میں صرف ا حرف علت کے لیے مخصوص ہے۔ حرف الف کے قائم مقام کی حیثیت سے جمل میں ۶ کا عدد ایک شمار کیا جاتا ہے، اور بعض صورتوں میں اسے محض علامات اعراب کی طرح ایک علامت قرار دے کر شمار سے خارج رکھا جاتا ہے۔ جیسے بڑائی کمائی وغیرہ میں، یا اگر یہ حرف ی کا بدل ہو تو اس کے دس عدد لیے جاتے ہیں جیسے تمیز میں۔ لیکن تاریخ گو اس کلیے میں استثناء سے بھی کام لیتے ہیں۔

مرکب الفاظ میں جو ہائے مختفی یا ی پر ختم ہوں کسرۂ اضافت کے لیے حرف زائد کے طور پر استعمال ہوتا ہے م؛ درجۂ اول، ستارۂ سحر، دریائے رحمت بالائے بام۔ اگرچہ موخرالذکر دونوں الفاظ میں حرف ے خود اضافت کے معنی رکھتا ہے اور ۶ کو حشو شمار کر سکتے ہیں۔ مگر عام روش یہی ہے۔ بعض عربی الفاظ کے آخر میں آنے والی ہمزہ اردو میں اکثر حذف کر دی جاتی ہے، لیکن تراکیب میں ضرور شامل کی جاتی ہے۔ م؛ استثناء بہ استثناء چند؛ عُلما، عُلمائے کرام۔ اسی طرح درمیان کلمہ اکثر حذف کر دی جاتی ہے م؛ موٴخّر، موَخّر؛ موٴمِن، مومن؛ موٴتمر، موتمر۔ مُوذِّن موذِن۔

ی ے

ی ے ے، یا یائے تحتانی۔ امث۔ اردو ترتیب تہجی کا آخری حرف جس کی اکیلی حالت میں دو شکلیں ہیں؛ چھوٹی ے (ی) اور بڑی ے (ے)۔ چھوٹی ی یا ے معروف کہلاتی ہے اور بطور مصوّتہ ایک ہی حرکت کے لیے مخصوص کر دی گئی ہے یعنی جو لفظ بی بی میں پائی جاتی ہے۔ بڑی ے کو اب دو حرکات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یعنی مجہول اور لین، جیسے میرے (مجہول) اور مَے، ہَے (لین)۔ لیکن بعض لوگ اب بھی دونوں شکلوں کو یکساں تینوں حرکات کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ لفظ کے شروع اور بیچ میں یہ دو تحتی نقطوں سے پہچانی جاتی ہے اس لیے اسے یائے تحتانی بھی کہتے ہیں۔ حرف ی مصمتّہ بھی ہے۔ بطور حرف صحیح یا مصّمتہ پوری شکل میں صرف چھوٹی ے (ی) کتابت میں آتی ہے مثلاً حیّ و قیوم۔ لفظ کے شروع یا درمیان میں بطور مصّمتہ یا حرف صحیح بڑی ے اور چھوٹی ی کا امتیاز ختم ہو جاتا ہے کیونکہ معروف، لین اور مجہول آوازوں کے شوشے یکساں ہیں صرف علامات کے ذریعے ان کی آوازوں کو واضح کیا جا سکتا ہے۔ جیسے مِیر (ی معروف) میرا (ے مجہول) ایسا (ے لین)۔ حرف ے ، یا، حروف قمری میں ہے اور جمل میں اس کے دس عدد لیے جاتے ہیں۔

ی ے امث، چھوٹی ے۔ علامت تانیث، م: بیٹی؛ حرفہ، پیشہ رکھنے والے کی علامت م: درزی، دھوبی؛ علامت نسبت م: بخاری، پنجابی، کتابی، دینی؛ علامت صفت م: بَیری، نُوری؛ علامت حاصل مصدر م: خوبی، راستی؛ علامت فاعلیت م:خونی، نامی؛حرف نسبت ضمیر متکلم کے لیے م: سیدی، ربّی، استاذی، و علیٰ ہذالقیاس۔

ے ے۔امث۔ بڑی ے۔ جمع اور امالہ کی علامت م: بچّے، چھوٹے، راستے، میرے کمرے میں، اُجالے میں؛ علامت وحدت و تنکیرم: مَردے (کوئی مرد، ایک مرد)۔ اضافت کے لیے م: اولیائے کِبار۔

یا (۱) حرف ندا م: یا خدا، یارب، یا آباالحسن۔

یا (۲) حرف عطف۔ علامت متبادل م: یہ یا وہ، ایسا یا ویسا؛ مترادف: خواہ، چاہے۔

یا (۳) لاحقۂ نسبت و صفت م: تیلیا (تیل کے رنگ کا) سیپیا، دُودھیا۔

یاب لاحقۂ فاعلی۔ پانے والا م: وظیفہ یاب۔ کامیاب، بارریاب۔ صف **یابِنْدہ**۔ لاحقۂ کیفیت **یابی** م: کمیابی، دیر یابی۔ دیر میں یا بعد از وقت ملنا۔

یابِس کس بہ صف۔ خشک، سُوکھا؛ بے لطف، ناقص مرکب **رَطْب وَ یابِس** تازہ و خشک، مراد: خوب و ناخوب۔ ج **یابِسات** نقائص؛ خشکی پیدا کرنے والی دوائیں یا غذائیں۔ اکیف مث۔ **یَبُوسَت**۔

یابُو ومع۔ امذ ٹٹو۔

یات لاحقۂ ج مونثد م: مغزیات، عطایات، جو ضابطۂ علم کے مفہوم میں بھی آتا ہے۔ م: الٰہیات، سَمَکیات (مچھلیوں کا علم)۔

یاتا یات امثد آمدو رفت، آنا جانا، آواگمن۔

یاتْرا سک تہ امث۔ سفر، سفر پر روانگی، کسی مقدس مقام کی زیارت کے لیے جانا صف **یاتْری** مسافر، زائِر۔

یاجُوج ماجُوج و مع۔ اعلام۔ صحائف میں مذکور دو شریر کردار جو ایک روایت کے مطابق حضرت نوحؑ کے پوتے تھے اور طوفان نوح کے وقت کوہ الطائی کے شمال میں رہ گئے تھے؛ کنایتہً شریر فتنہ پرداز لوگ۔

یاد امثہ صف۔ قوت حافظہ، قوت خیال یعنی غیر موجود کو ذہن میں لانا، بچھڑے ہوئے کا خیال، صف: حافظے میں محفوظ۔ مرکب امث **یادْآوَری** یاد

کرنا، پرسش کرنا۔ **یادُاللہ** (یادلّہ) صاحب سلامت، ملاقات؛ **یاد خُدا** عبادت، وظیفہ۔ **یادْداشْت** (سک ش) حافظہ؛ عرضی؛ قلمبند کی ہوئی بات۔ **یادَشْ بَخیر** لفظاً: اس کی یاد سلامت، وہ کبھی نہ بُھلایا جائے، کسی عزیز یا دلچسپ شخص کا نام لینے پر کہتے ہیں، م: یادش بخیر حفیظ نے کیا خوب کہا ہے۔

یادْ گار سک د۔ امث۔ نشانی آثار؛ کسی کے نام سے منسُوب تعمیر یا ادارہ؛ اولاد، ذُرّیات۔

یار امذ۔ دوست، ساتھی، آڑی، مدد گار (یاور کا مخفف) محبوب؛ آشنا، رنڈی سے ملنے والا؛ (بطور لاحقہ) صاحب، مالک، فرماں روا. م: **شَہْر یار** مرکب **یارِ شاطِر** ہوشیار، دانا دوست۔ **یارِغار** جاں نثار دوست۔ امث **یاری** دوستی، اُنسیت، رغبَت۔

یاراں ج مذ۔ یار کی جمع، دوست احباب **یارانِ سَرِپُل** (کس مج ر، ضمہ ے) بے تکلف، قریبی دوست، نیز **یارانِ نَجد** (فت ن، سک ج)۔ **یارانِ طرِیقَت** (ی مع، فت ق) ایک مسلک کے لوگ، ہم مشرب۔

یارانَہ فت ن۔ امذ۔ دوستی، آشنائی، بے تکلّفی۔

یازَدہ فت مج د، سک ہ۔ عدد۔ گیارہ (۱۱) صف **یاز دَہُم** گیارہواں، گیارہویں۔

یازَہ فت ز۔ امذ۔ جماہی؛ انگڑائی۔

یاس امث۔ ناأمیدی، مایوسی، حرماں، نِراس۔ امث **یاسِیّت** مرکب **عمَرِیاس** عورت کے ایام ماہواری کا بند ہونا۔

یٰسٓ (یا سین) حروف مقطعات میں سے ہے۔ قرآن کی ایک سورت کا نام جو ان حروف سے شروع ہوتی ہے اور بعض اوقات نزع کے وقت سرہانے پڑھی جاتی ہے۔ نیز **یاسِین**۔

یاشْمن سک س، فت م۔ امث۔ سفید اکہری پتیوں کا بھینی خوشبو والا پھول، نیز **یاشْمِین** (ی مع) (لاط: Jasminum grand iflorum)۔

یافْت سک ف۔ امث۔ آمدنی، تحصیل۔ صف **یافْتَہ** (ت) پایا ہوا۔

یاقُوت و مع۔ امذ۔ ایک قیمتی پتھر جس کے کئی رنگ ہیں لیکن زیادہ تر سرخ یا قوت مراد لی جاتی ہے۔ لعل (لاط: Rubinus) **یاقُوتِ رُمّانی** (ضمہ ر، شدم) اناردانہ جیسا لعل (رُمّان = انار) صف امث **یاقُوتی** سرخ رنگ کا، یا قوت جڑا ہوا (زیور)؛ ایک معجون جو مقوی اعضاءِ رئیسہ خیال کی جاتی ہے۔

یاک امذ۔ تبت اور وسط ایشیا میں پایا جانے والا لمبے بالوں کا جنگلی بَیل۔

یامُر ضمہ م۔ امذ۔ کپڑوں پر چھوٹے چھوٹے آئینوں سے آرائش کا کام، رِلّی۔

یانا صف۔ بھولا، نادان۔ مث **یانی**۔

یاوَر فت و۔ صف۔ مدد گار۔ پشتی بان۔ اکیف مث **یاوَری** مدد، تائید، ساز گاری۔

یاوہ فت و صف۔ لغو، مہمل، فضول، الل ٹپ (بات) مرکب فاعلی **یاوَہ گو** بکواسی؛ اکیف مث **یاوَہ گوَئی** (ومج) بے سروپا گفتگو۔

یَبوُسَت فت ی، و مع، فت س۔ امث خشکی، خشک مزاجی، سوکھا پن، بے مزگی، بےذوقی، تقشّف۔ صف **یابِس**۔

یَتیِم فت ی، ی مع۔ صف، امذ۔ بِن ماں یا بن باپ کا بچہ، اکیلا، تنہا، مجرّد۔ج **اَیتام/ یَتامٰی** (یٰ تا ما) **دُرِیَتیم** ایسا موتی جس کی جوڑ کا دوسرا نہ ہو۔ اکیف مث **یَتیمی** ماں باپ سے محرومی۔

یَثْرب فت ی، سک ث، کس ر۔ علَم۔ مدینے کا قدیم نام۔

یَخ فت ی۔ امث۔ وہ برف جو آسمان سے گر کر جم

جائے، یا پانی کو ٹھنڈا کرکے جمائی جائے۔ صف **یَخ بَستَہ** برف کی طرح جما ہوا، نہایت سرد۔

یَخْنی فت ی، سک خ۔ امث۔ اُبالے ہوئے گوشت کا پانی۔ جو غذا کے طور پر پینے یا پلاؤ تیار کرنے کے لیے ہوتا ہے؛ نیز اُبلی ہوئی ترکاریوں کا عَرَق۔

یَد فت ی۔ امذ۔ ہاتھ۔ مرکب **یَدُاللہ** (یَ دُ لا ہْ) خدا کا ہاتھ ، حضرت علیؓ کا لقب۔ **یَدِبَیضا** (یَ دِبَے زا) چمکتا ہوا ہاتھ، مراد حضرت موسیٰؑ کا ہاتھ۔ **یَدِطُولیٰ** (ٹُولا) غیر معمولی مہارت بڑی دستگاہ۔

یُدھ ضمہ ی۔ امذ۔ جنگ، لڑائی، معرکہ۔

یَراق فت ی۔ امذ۔ لڑائی کے ہتھیار زرہ بکتر وغیرہ؛ گھوڑے کا ساز۔

یَرْغَمال فت ی سک ر، فت غ امذ۔ تاوان یا صلح کی ضمانت کے طور پر قبضے میں رکھا ہوا فرد یا افراد؛ ضمانت۔

یَرْغَہ فت ی،سک ر، فت غ۔امذ۔گھوڑے کی تیز دوگام یا رَہْوا چال؛ تیز رَو گھوڑا۔

یَرْقان فت ی، سک ر۔ امذ۔ (طب) خون میں صفرا کی زیادتی کے سبب یا جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والا مرض جس میں آنکھوں کی پتلیاں اور جلد زرد ہو جاتی ہے؛ پیلیا۔

یَزْداں فت ی، سک ز، غنہ۔ امذ۔ علم؛ مذہب زرتشت میں قوت خیر یا خدا کا نام، اَہرَمَن کی ضد۔

یَسار فت ی۔ امذ۔ بایاں ہاتھ، بائیں سمت؛ فراخی، خوشحالی، یُسر۔

یُسر ضمہ ی، سک س۔ امذ۔ آسائش، فراخی، خوشحالی۔

یَسِیر فت ی، ی مع۔ صف۔ چھوٹا، خُردسال؛ ادنیٰ معمولی، غریب۔

یَشْب فت ی، سک ش۔ امذ۔ ایک ٹھوس، سخت قسم کا قیمتی پتھر جس کے اند:ر خام صورت میں سفید، بھوری اور سبز لہریں ہوتی ہیں اور اس میں سے کئی رنگوں کے نگ تراشے جاتے ہیں۔ بعض لوگ زبر جد کو بھی یہی نام دیتے ہیں۔ عام **یَشَب** (انگ: Jasper)۔

یَشْم فت ی، سک ش۔ امذ ایک ٹھوس سبز پتھر جس کے نگینے تراشے جاتے ہیں۔

یَشوِدھَرا فت ی، و مج۔ علم۔ گوتم بدھ کی بیوی کا نام جسے چھوڑ کر وہ چل پڑے تھے۔

یَعْسُوب فت ی، سک ع، و مع، امذ۔ شہد کی مکھیوں کا نر؛ کنایتہً سردار، سربراہ۔

یَعْنی فت ی، سک ع۔ حرف توضیح؛ مطلب یہ کہ، مراد یہ کہ، نیز **اَعْنی** میرا مطلب یہ ہے۔

یَغْما فت ی، سک غ۔ امذ۔ لُوٹ، لوٹ کا مال، مال غنیمت نیز **یَغْمان**۔

یَقِین فت ی، ی مع۔ امذ۔ اعتبار، اعتقاد، ایمان م ف **یَقِیناً** (یَ قی نَن) ضرور بیشک، بلاشبہ۔ صف **یَقِینی** معتبر، معلوم، شک و شبہ سے بالاتر۔

یک فت ی۔ عدد، صف۔ ایک، واحد م ف **یک بَیک** (فت ب ی) ایکا ایکی، دفعتہً، اچانک،نیز **یکبارگی**۔ صف **یکجا** اکٹھے ایک ساتھ۔ **یَکْجان** شیر و شکر، باہم حل شدہ، پوری طرح گھلے ملے۔ **یک جِہَتی** (فت ہ) ایک مقصد کے لیے کام کرنا۔ **یَکْدِل**، دوست، ہم خیال متحد۔ اکیف مث **یَکدِلی** ایکا۔ **یَکْساں** ایک جیسا یا جیسے؛ م ف۔ برابر متواتر، لگاتار۔ اکیف مث **یَکْسانِیَت** ایک جیسا ہونا؛ تنوع کی ضد۔

یَکّا فت ی، شد ک صف، امذ۔ اکیلا، تنہا، مجرد؛ بےمثل؛ ایک گھوڑے کی عموماً ایک مسافر کے بیٹھنے کی اونچی، دو پہیّا چھتری دار سواری؛ تاش کا پتہ جس پر صرف ایک نشان ہو۔ نیز **یکّہ**، **اکّا**۔

یَکایک فت ی۔ م فـ اچانک۔ ایک دم، دفعتہً۔

یَکْتا فت ی، سک ک۔ صف۔ واحد، اکیلا، بے مثل۔

اکیف مث یَکْتائی وحدت۔
یک جَہتی فت ی، سک ک، کس مج ج، فت ہ۔ امث۔ عزائم کا اتحاد، اتفاق نیز یَکدِلی۔
یک چَشْم فت ی ج، سک ش۔ صف۔ کانا۔
یَکْدانَہ فت ی، سک ک، فت ن۔ صف۔ (موتی) جس کا مثل نہ ہو، جو ہر فرد۔
یَکدَسْت فت ی، سک ک، فت د، سک س۔ صف ایک ہاتھ میں، ایک ہاتھ کا تیار کردہ، م ف۔ ایک ہی ہاتھ میں، یکبارگی؛ کُل، تمام تر۔
یَکْرَنْگ فت ی، سک ک، فت ر، غنہ۔ صف یکساں، موافق، ہموار، بےمیل، مخلص۔ اکیف مث یکرَنگی اتحاد، ہم مذاقی، نیز یکْسار ہموار۔
یَکْزُبان فت ی، سک ک، ضمہ ز۔ صف۔ ہم آواز، کہنے، بولنے پکارنے میں شریک۔ نیز یک زُبان۔
یَکْسار فت ی، سک ک۔ صف۔ سپاٹ، ہموار، جس میں اونچ نیچ نہ ہو۔
یَکْساں فت ی، سک ک، غنہ۔ صف، م ف، ایک جیسا؛ برابر؛ متواتر، اکیف مث یَکْسانی، یَکسانِیَت ،[وضعی لفظ۔ فصحا یکسانی کو بہتر سمجھتے ہیں]۔
یَکْسو فت ی، سک ک، و مع۔ صف۔ ایک طرف، علیحدہ، مطمئن، بافراغت۔ اکیف مث یَکْسوئی سکون، اطیمناں، تذبذب سے نجات۔
یک شَنْبہ فت ی، سک ک، فت ش، ن مثلِ م، فت ب۔ امذ۔ اتوار کا دن یوم الاَحَد۔
یک ضَرْبی فت ی سک ک، فت ض، سک ر۔ صف۔ پستول، بندوق وغیرہ جس میں ہر بار گولی بھرنی پڑے۔
یکْ طَرْفَہ فت ی، سک ک، فت ط، سک ر، فت ف۔ صف۔ ایک طرف کا، جانبدارنہ (رائے، فیصلہ وغیرہ)۔
یک فَنا فت ی، سک ک۔ فت ن۔ صف۔ جو صرف ایکْ ہی ہنر جانتا ہو۔
یک قَلَم فت ی، سک ک، فت ق، ل۔ م ف۔ یکبارگی، ایک دم؛ تمام تر، بالکل، یکسر یک لخت۔
یک گُونَہ فت ی، سک ک، و مع، فت ن۔ صف۔ کسی قدر، کسی حد تک تھوڑا بہت۔
یک لَخْت رک، یک قلم۔
یَکُم فت ی، ضمہ ک۔ عدد نسبتی۔ پہلا، اول، مہینے کا پہلا دن یا تاریخ۔
یک مُشْت فت ی، سک ک، ضمہ م۔ سک ش۔ م ف۔ ایک ہی دفعہ میں (ادایگی) بالاقساط کی ضد۔
یُگ ضمہ ی۔ امذ۔ دور، زمانہ، طویل مدّت، عہد۔ عام: جُگ۔
یَگانَگَت فت ی، ن، گ۔ امث۔ اتحاد، دوستی ہم مذاقی۔ (فصیح یَگانَگی)۔
یَگانَہ فت ی، ن۔ صف۔ واحد، یکتا؛ دوست دار، مخلص۔
یَل امذ۔ پہلوان، دلاور، قوی ہیکل آدمی۔
یَلْدا فت ی، سک ل۔ امث۔ سال کی سب سے طویل رات؛ لمبی رات۔
یَلْغار فت ی، سک ل۔ امث۔ ہجوم، حملہ، ہَلّہ، دھاوا۔ [ت: الغار]۔
یَلَہ فت ی ل۔ امذ۔ آزادی، خلاصی، رہائی۔ صف آزاد، رہاشُدہ، صف مث۔ آوارہ عورت۔
یَم (۱) فت ی۔ امذ۔ سمندر، بحر، ساگر۔ مرکب وصفی یَمّ مُحیط (شد کس مج م) روئے زمین پر پھیلا ہوا سمندر۔
یَم (۲) فت ی۔ امذ موت، مرگ۔ مرکب، عَلَم۔ یَم دُوت اجل، موت کا فرشتہ [س، یَم دُوتِیَہ] یَم دَھر جمدھر کی ایک شکل، ایک طرح کا خنجر۔
یَمانی یم دوت کی بیوی۔
یَمانی (۱) فت ی۔ امث اَجوائن (رک)۔

یَمانی (۲) فت ی۔ صف۔ ملک یمن سے منسوب نیز یَمَنی۔
یَمَن فت ی، م۔ امذ۔ اَیمن (راگ) کی ایک شکل۔
یُمْن ضمہ ی، سک م۔ امذ۔ اقبال مندی، برکت، نیک بختی۔
یَمِین فت ی، ی مع۔ امذ۔ م فـ سیدھا ہاتھ، د ابنی طرف۔
یَنْتَر فت ی، سک ن، فت ت۔ امذ۔ جَنتر (رک)۔
یوجَن ومج، فت ج۔ امذ۔ ملاپ، وصل؛ فاصلے کا ایک پیمانہ (بقدر ۴ کوس)۔
یُوراج ضمہ ی، سک و۔ امذ۔ولی عہد، راجہ کا ہونے والا جانشین۔
یودّھا و مج، شد دھ۔ صف۔ جنگجو، سورما، عام جودھا۔
یُورِش و مع، کس ر۔ امث۔ یلغار، چڑھائی، ہجوم۔ نیز یَرُش۔
یُوز ومج۔ امذ۔ چیتا یا گُلدار۔
یوگ و مج۔ امذ۔ جوڑ، ملاپ؛ مراقبہ، استغراق، روحانی ریاضت، قوائے ذہنی و جسمانی کی افزائش کے لیے مخصوص ہندی ضابطہ؛ جوگی، سنیاسی کا بھیس، فقیری؛ صف؛ اہل، قابل، جوگا۔ نیز جوگ یوگا
[س؛ یوگَ، صف؛ یوگیَہ = اہل]۔
یَوم ولین۔ امذ ایک دن اور رات یا ۲۴ گھنٹے کا عرصہ؛ دن۔ یَومُ اَلْحِساب (یَومُل حِ ساب)۔ قیامت کا دن، روز جزا۔ م فـ یَوماً فَیوماً (یومَن فَ یَومَن) دن بہ دن، روز روز۔صف یَومِیہ روز کا، روزانہ، دن بھرے کے کام کی اُجرت یا راتب۔
یَوَن فت ی، و۔ امذ۔ بیرونی، غیر ملکی آدمی فوجی جوان یا حملہ آور [س؛ یَوَنَ غالباً یونانی۔ Ionian؛ نیز یُوَ = جوان، قب ف؛ جوان، انگ Youth]؛ مث یَوَنی۔
یُوں و مع، غنہ۔ م فـ ایسے، اس طرح؛ اس لیے۔ صف م؛ یُونْہی ویسے ہی، خواہ مخواہ، بےکار، بے فائدہ، نیز یُونْہیں (یُوں ہِیں/ئ ہِیں)۔ یُوں نہ وُوں ایسے نہ ویسے۔ یُوں سے وُوں اِدھر سے اُدھر۔
یونی ومج۔ امث۔ رَحِم، بچہ دانی؛ مولِد، جنم بھوم، جا ء پیدائش؛ عورت کی شرمگاہ؛ مرکب اضا یونی لِنگ (کس ل، غنہ) بَظر۔
یِہ کس مج ے۔ اسم اشارہ۔ اشارۂ قریب کے لیے مستعمل۔ جو یہاں، پاس، سامنے ہے۔ یہ ہِی (فصیح یِہی بروزنِ اَبھی)۔ یہ کی تاکید کے لیے مستعمل۔ بس یہ، فقط یہ، صرف یہ، بالکل، عین، قطعاً یہ۔ فقرہ یِہ جا وہ جا چنپت، دیکھتے دیکھتے غائب، تیزی سے روانہ۔
یَہاں فت ی۔ م فـ۔ اس جگہ، اس مقام پر، اس طرف؛ اس زندگی میں؛ میرے یا ہمارے پاس م؛ یہاں کیا رکھا ہے، یہاں کسے پروا ہے۔ مرکب یَہاں وَہاں اِدھر اُدھر، کئی جگہ، سب جگہ۔ یَہیں یہاں کی تاکید، صرف یہاں، بالکل اِسی جگہ۔
یَہُود فت ی، و مع۔ اسم جنس۔ بنی اِسرائیل، توریت کے ماننے والے، حضرت موسیٰؑ کے پیرو سامی نسل کے لوگ۔ واحد یَہُودی مث یَہُودَن امث۔ یَہُودیَت قوم یہود کا مذہب یا کردار۔ یَہُودِیَہ (تمام بنی اسرائیل کا قدیم علاقہ یا عملداری۔ نیز شاذ) جَہُود۔
یِہی کس مج ی۔ رک یِہ جس کی یہ تاکید ہے۔
یَہِیں فت ی، ی مع۔ ظرف رک؛ یہاں جس کی یہ تاکید ہے۔ یَہیں کہیں اِسی جگہ کے آس پاس۔
یُہیں ضمہ ی، ی مع۔ م فـ۔ یوں ہی کی تخفیف۔
یَیلا ے لین۔ امذ۔ گرمی گزارنے کے لیے ٹھنڈا مقام؛ سرد خانہ [ت؛ یَیلاق]۔

تمت بالخیر